المُنجد
عربی --- اردو
مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

مرتب :

لوئیس معلوف

ترجمہ

مولانا عبدالحفیظ بلیاوی

تقدیم :

محمد اسحاق بھٹی

تکمیل و نظرثانی :

قاری عبدالستار

فاضل مدینہ یونیورسٹی

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

حرفے چند

آج سے تقریباً ۳۵ سال قبل جب والد محترم حضرت مولانا عبدالخالق قدوسی رحمۃ اللہ علیہ نے مکتبہ قدوسیہ کا آغاز کیا تو اس کی بنیاد عربی کتب کے کاروبار سے رکھی۔ انہوں نے محدود پیمانے پر عربی کتب کی خرید و فروخت شروع کی اور ان کی شہادت (۲۳ مارچ ۱۹۸۷ء) تک الحمد للہ مکتبہ قدوسیہ پورے پاکستان میں عربی کتب کی فراہمی اور طباعت کا ایک اہم ادارہ بن چکا تھا۔ عربی کی نادر و نایاب کتب کے حصول کے لیے شائقین دور دراز سے تشریف لاتے۔ اسی طرح طباعت کے میدان میں بھی مکتبہ قدوسیہ نے عربی کی کئی ایک بلند پایہ کتب شائع کیں۔ عربی زبان و ادب کی خدمت کا یہ سلسلہ جاری و ساری ہے۔ کچھ عرصہ قبل مصباح اللغات بہت عمدہ معیار پر اور خوبصورت کمپوزنگ کے ساتھ شائع کی گئی جب کہ چار جلدوں پر مشتمل ایک بہت اہم کتاب "تاریخ ادب عربی" بھی جلد شائع ہو رہی ہے۔ اسی سلسلے میں ہماری ایک اور کاوش المنجد (عربی۔ اردو) آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

مولانا ابو الفضل بلیاوی نے جب مصباح اللغات مرتب کی تو اس کی بنیاد دراصل المنجد ہی تھی مولانا ابو الفضل نے المنجد کو سامنے رکھتے ہوئے اس میں بعض اضافے کر دیئے تھے۔ جب کہ کثیر تعداد میں المنجد کے الفاظ حذف کر دیئے تھے اور اس کو مصباح اللغات کا نام دیا تھا۔ ہماری خواہش تھی کہ المنجد کو اس کی اصل حالت میں ترجمہ کے ساتھ شائع کیا جائے۔ چنانچہ ہم نے مصباح اللغات میں ان حذف شدہ الفاظ کو نئے سرے سے ترجمہ کروا کر شامل کر دیا ہے جب کہ ان کے اضافہ جات کو خارج کر دیا ہے۔ یوں المنجد اپنی اصل شکل میں مکمل ہو گئی ہے۔ مولانا عبدالستار صاحب فاضل ریاض یونیورسٹی نے اس مشکل کام کو بہت محنت اور خلوص سے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

المنجد کی طباعت اور معیار کے متعلق بہتر فیصلہ تو قارئین ہی کر سکتے ہیں۔ البتہ ہم نے بساط بھر کوشش ہے کہ ظاہری اور معنوی اعتبار سے اس کو مفید سے مفید تر بنایا جائے۔ عربی الفاظ کو نمایاں کرنے کے لئے سرخ رنگ کی روشنائی استعمال کی گئی جب کہ اردو کے لیے سیاہ۔ علاوہ ازیں المنجد کے آخری ایڈیشن میں جدید عربی کے جو الفاظ ہیں ان کا ترجمہ بھی شامل کر دیا گیا ہے جو اس نسخے کی اہمیت کو دو چند کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ اہل عرب کے ہاں روزمرہ کے محاورے اور ضرب الامثال کا مختصر اور جامع ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ اپنی حد تک ہم نے کوشش کی ہے کہ تصحیح کا زیادہ سے زیادہ خیال رکھا جائے۔ اس مقصد کے لئے مختلف ماہرین فن کی خدمات حاصل کی گئیں جنہوں نے بار بار کتاب کی خواندگی کی۔ اس کے باوجود جو

کمی کوتاہی رہ گئی ہو، قارئین اس کی نشاندہی فرما کر ہمیں شکریہ کا موقع دیں۔ تاکہ آئندہ طباعت مزید بہتر ہو سکے۔

ہم محترم و مکرم جناب مولانا محمد اسحاق بھٹی کے ممنون ہیں کہ انہوں نے ہماری درخواست پر اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے وقت نکال کر اس بظاہر خشک موضوع پر علمی، تحقیقی اور جامع مقدمہ لکھا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن حکیم کی زبان کی مزید خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

ابوبکر قدوسی

اپریل ۲۰۰۱ء

تقدیم

''لغت'' عربی کا لفظ ہے اور مذکر استعمال ہوتا ہے۔ اس کے معنے ہیں زبان' بولی' آواز' فرہنگ' وہ کتاب جس میں الفاظ کے معنے درج ہوں اور مشکل الفاظ کے استعمال کا طریقہ بتایا گیا ہو۔ وہ صدا جس کی وساطت سے ایک شخص دوسرے شخص کے سامنے اپنا مقصد بیان کرتا اور اپنی ضرورت کا اظہار کرتا ہے۔

ہر زبان کے لغت کی کتابیں لکھی گئی ہیں اور ان کتابوں میں مشکل الفاظ کے معنے بتائے گئے ہیں۔ اردو زبان کے بھی بہت سے لغت موجود ہیں' جن میں اس زبان کے ماہرین نے دقیق اور مشکل الفاظ کے معانی درج کیے ہیں اور ان کے محل استعمال اور طریق بیان کی وضاحت کی ہے۔ انگریزی کتب لغت بھی معرض تصنیف میں آئی ہیں۔ اس موضوع کی بعض کتابیں وہ ہیں جن میں انگریزی الفاظ کے معنے انگریزی میں بتائے گئے ہیں' بعض میں اردو میں اور بعض میں عربی میں بیان کیے گئے ہیں۔ اسی طرح عربی کتب لغت کثیر تعداد میں ضبط تحریر میں لائی گئی ہیں۔ عربی سے عربی میں بھی' عربی سے اردو میں بھی' عربی سے فارسی اور انگریزی وغیرہ زبانوں میں بھی۔! پھر عربی لغت کی کتابیں صرف اہل عرب ہی نے نہیں لکھیں' غیر عربوں نے بھی اس زبان میں مہارت پیدا کی اور بہت سی کتب لغت تصنیف کی ہیں بلکہ عربی لغت نویسوں میں غیر مسلم بھی شامل ہیں جن کی بعض کتابیں ہمارے ہاں مشہور و متداول ہیں اور ہم ان سے استفادہ کرتے ہیں۔ غیر مسلموں کی کتابوں میں ایک کتاب ''المنجد'' ہے جو عربی سے عربی کے لغت کی کتاب ہے' پہلی دفعہ ۱۹۰۸ میں چھپی تھی۔ اب تک پینتیس چھتیس دفعہ چھپ چکی ہے۔ اس کے مصنف کا نام لوئیس معلوف ہے۔ یہ مشہور مستشرق پادری تھا یعنی فادر لوئیس معلوف۔ ۱۸۶۷ء میں پیدا ہوا تھا۔ ۱۹۴۶ میں فوت ہوا۔

کلام و تکلم کا آغاز کب ہوا؟

سوال یہ ہے کہ اظہار مقصد و مدعا کا سلسلہ کب سے جاری ہے اور کلام و تکلم کا آغاز کس طرح ہوا؟ اس کی ابتدا کب ہوئی اور کس زبان میں ہوئی؟

بعض کتابوں میں مرقوم ہے کہ بات چیت اور گفتگو کا سلسلہ تخلیق آدم سے بھی قبل سے جاری تھا اور جن اور ملائکہ ایک دوسرے سے باتیں کرتے تھے۔ ان کی کوئی زبان تو ہوگی جس میں وہ محو تکلم ہوتے تھے' لیکن انسانی بیان و کلام کی ابتدا اس وقت سے ہوئی' جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ حضرت آدم کا اولین مقام جنت تھا۔ وہیں اللہ کی طرف سے انھیں قوت گویائی سے نوازا گیا اور انھیں اس وقت کی موجود اشیا کے ناموں سے آگاہ کیا گیا۔ قرآن اس کا ذکر ان الفاظ میں کرتا ہے۔

وعلم ادم الاسمآء کلھا۔ (البقرہ:۳۱)

یعنی اللہ نے آدم کو سب چیزوں کے نام سکھا دیے۔

یہی لغت ونطق کی تاریخ ہے اور یہیں سے اس کا آغاز ہوتا ہے۔سوال یہ ہے کہ حضرت آدم کو اللہ نے کن چیزوں کے نام سکھائے؟

جواب دیا جاتا ہے کہ آسمان' زمین' دریا' درخت' پہاڑ' پتھر' پانی' نباتات' حیوانات وغیرہ ان سب چیزوں کے نام بتا دیے' جو اس وقت موجود تھیں اور استعمال میں آ سکتی تھیں۔فرشتوں کو اللہ نے ان چیزوں کے ناموں سے مطلع نہیں کیا تھا' حالاں کہ یہ چیزیں موجود تھیں' اس لیے کہ فرشتوں کو ان کی ضرورت نہ تھی۔ آدم کو چوں کہ دنیا میں رہنا تھا اور اس کی اولاد کا سلسلہ آگے بڑھنا اور پھلنا تھا' اس لیے ان کے لیے اکل وشرب کی بھی ضرورت تھی' لباس کی بھی ضرورت تھی اور حالات کے مطابق دیگر بہت سی اشیا کی حاجت تھی۔یعنی انھیں ان تمام چیزوں کے ناموں سے مطلع کر دیا گیا اور پھر وہ اطلاع آگے چلتی رہی۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سواری کے جانوروں' مویشیوں اور برتنوں کے نام بھی انھیں بتا دیے گئے تھے۔

سب سے پہلی زبان

روایات سے واضح ہوتا ہے کہ سب سے پہلے جو زبان سطح وجود پر ابھری اور جس سے دنیا کے اولین انسان حضرت آدم آشنا ہوئے' وہ عربی زبان تھی۔لیکن عربی کے ساتھ حضرت آدم کو کسی اور زبان سے شناسا کیا گیا یا نہیں؟ یہ مختلف فیہ بات ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک روایت بیان کی جاتی ہے کہ جنت میں حضرت آدم علیہ السلام کی زبان عربی تھی' لیکن جب انھوں نے اس درخت کا پھل کھا لیا جس کے کھانے سے اللہ نے منع فرمایا تھا تو عربی زبان ان سے چھین لی گئی اور وہ سریانی زبان بولنے لگے۔اس کے بعد اللہ نے ان کی توبہ قبول فرمالی اور غلطی معاف کر دی تو عربی زبان انھیں دوبارہ عطا فرما دی گئی اور وہ جنت سے دنیا میں آئے تو ان کی زبان عربی تھی اور وہ عربی میں گفتگو کرتے تھے۔

عربی زبان کی اہمیت

عربی زبان کے بارے میں متعدد صحابہ کرام سے متعدد روایات مروی ہیں۔ ایک روایت میں بتایا گیا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

احبوا العرب لثلاث

۱۔ فانی عربی ۔

۲۔ والقرآن عربی ۔

۳۔ ولسان اھل الجنة عربی ۔

تم عربی سے تین امور کی بنا پر محبت کرو۔
ایک اس لیے کہ میں عربی ہوں۔
دوسرے اس لیے کہ قرآن مجید عربی زبان میں ہے۔
تیسرے اس لیے کہ اہل جنت کی زبان عربی ہے۔

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر میں میت سے فرشتوں کے سوال و جواب کا سلسلہ عربی زبان میں ہوگا۔

ایک روایت سے پتا چلتا ہے کہ اللہ کی طرف سے انبیا علیہم السلام پر جن کتب و صحائف کا نزول ہوا' وہ عربی زبان میں تھیں' لیکن ان انبیا علیہم السلام کی زبان انہی قوموں کی تھی' جن قوموں کی طرف انھیں مبعوث فرمایا گیا تھا۔ پھر ان انبیا نے ان عربی کتب و صحف کا ترجمہ اپنی اپنی امتوں کی زبان میں کیا۔

معانی و مطالب میں عربی زبان کی وسعت

عربی زبان الفاظ و معانی کے لحاظ سے نہایت وسیع زبان ہے اور فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے دنیا کی کوئی زبان اس کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ یہی وجہ ہے کہ قدیم عرب کے شاعر اور ادیب جس فخر اور غرور کے ساتھ اس زبان میں اپنی مہارت کا تذکرہ کرتے ہیں دوسرے زبانوں کے پرانے ماہر و ادیب اس انداز سے شاید نہیں کرتے ہوں گے۔

عربی زبان کی وسعت کا یہ عالم ہے کہ ایک ایک لفظ میں کئی کئی معنے پنہاں ہیں اور اس باب میں اس کا دامن نہایت کشادہ ہے۔ مثلاً تلوار کر لیجیے' عربی میں اس کے لیے بہت سے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ اسی طرح شیر' نیزہ' اونٹ' بکری وغیرہ کے لیے بے شمار الفاظ مستعمل ہیں اور عرب ادبا و شعرا الفاظ کی اس بے پناہ کثرت پر انتہائی مسرت اور فخر کا اظہار کرتے ہیں۔

صلات اور حروف روابط

عربی زبان میں ایک بہت بڑا مسئلہ صلات اور حروف روابط کا ہے۔ کس فعل کا کیا صلہ ہونا چاہیے اور وہ صلہ کن حروف کے ساتھ آنا چاہیے' یہ مسئلہ بے حد اہمیت کا حامل ہے اور انتہائی دشوار بھی ہے۔ اگر رفع کا صلہ ''ب'' ہے تو کیا معنے ہوں گے' علیٰ' الیٰ' من' اور فی ہے تو کیا ہوں گے۔! اس میں بسا اوقات عربی کے بڑے بڑے ادیب ٹھوکر کھا جاتے ہیں' بلکہ بعض دفعہ بعض اہل زبان بھی لغزش کا شکار ہو جاتے ہیں۔۔۔ عربی کے لغت نویسوں نے اس مشکل کو پوری طرح پیش نگاہ رکھا ہے اور بتایا ہے کہ کس فعل کا کس موقعے پر کیا صلہ آئے گا اور کیا معنے دے گا۔ لیکن اس باب میں سب سے بہتر اور قابل اعتماد بلکہ کہنا چاہیے کہ حرف آخر قرآن مجید ہے۔ اگر عربی کے کسی ادیب کو اس کتاب ہدیٰ سے پورا شغف ہے اور اس میں وہ درک رکھتا ہے تو اسے صلات کی پوری مشق ہو جاتی ہے اور حروف روابط کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

عربی شعر کا معاملہ

پھر شعر میں الفاظ کا استعمال ایک بہت بڑا فن ہے---شعر ہر اعتبار سے صحیح ہے' ردیف' قافیہ' الفاظ سب معاملہ ٹھیک ہے' لیکن ماہرین فن اس میں بھی خوب سے خوب تر کی تلاش میں رہتے ہیں- اس کی ایک مثال ملاحظہ ہو-

خنسا عرب کی بہت بڑی شاعرہ تھی اور مرثیہ گوئی میں اس دور کا کوئی شاعر اس کا مقابلہ نہ کر سکتا تھا' وہ علاقہ نجد کی رہنے والی تھی اور اس کا اصل نام تماضر تھا- چوں کہ بے حد چست' تیز طرار' ذہین اور خوب رو تھی' اس لیے خنسا کے لقب سے مشہور ہوئی' جس کے معنے ہرنی کے ہیں- اس نے زمانہ جاہلیت بھی پایا اور زمانہ اسلام بھی-! اس کا سلسلہ نسب ساتویں پشت سے عرب کے نامور شاعر امراء القیس سے ملتا ہے- شاعری کے فن میں اس کی مہارت سے متعلق بعض دلچسپ باتیں تاریخ کی کتابوں میں مرقوم ہیں-

دورِ جاہلیت میں اہل عرب میں یہ دستور تھا کہ مختلف مقامات پر شعر و شاعری کی مجلسیں آراستہ ہوتی تھیں- ان مجلسوں میں مرد اور عورتیں برابر کی سطح پر حصہ لیتے تھے- خنسا بھی ان میں شامل ہوتی تھی اور اس کے خیمے پر ایک جھنڈا نصب کیا جاتا تھا' جس پر جلی حروف سے لکھا ہوتا تھا-

الخنساء-- ارثی العرب-
(خنساء- عرب کی سب سے بڑی مرثیہ گو)

تمام عرب شعرا نہایت شوق اور دلجمعی سے اس کا کلام سنتے تھے- نابغہ ذبیانی جس کا اصل نام زیاد بن معاویہ تھا' بڑی توجہ سے اس کے اشعار سنتا تھا- ایک مجلس میں خنساء بھی موجود تھی اور حضرت حسان بن ثابت بھی تشریف فرما تھے- نابغہ ذبیانی نے خنساء کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اگر میں نے ابو بصیر (اعشیٰ) کے اشعار نہ سنے ہوتے تو تمھیں موجودہ دور کے تمام شعرا سے بہتر قرار دیتا-

حضرت حسان کو دورِ جاہلیت میں بھی عرب کا بہت بڑا شاعر گردانا جاتا تھا اور زمانہ اسلام میں بھی انھوں نے رسول اللہ ﷺ کی مدح میں جو اشعار کہے' تاریخ اسلامی میں وہ اپنی مثال آپ ہیں-

انھوں نے نابغہ ذبیانی کی زبان سے خنساء کے اشعار کی تعریف سنی تو طیش میں آ گئے اور بولے:

"میں خنساء سے بہتر شعر کہتا ہوں-"

نابغہ ذبیانی نے یہ الفاظ سن کر حسان سے تو کچھ نہیں کہا البتہ خنساء کی طرف دیکھا-

خنساء نے حسان سے کہا: "آپ اپنے قصیدے کے جس شعر کو سب سے اچھا سمجھتے ہیں' وہ سنایے-"

حسان نے فوراً شعر پڑھا-

ان الجفنات یلمعن فی الضحی
واسیافنا یقطرن من نجدة دما

یعنی ہمارے پاس بڑے بڑے شفاف برتن ہیں جو چاشت کے وقت چمکتے ہیں اور ہماری تلواریں بلندی سے خون ٹپکاتی ہیں۔

اس شعر میں انھوں نے اپنے قبیلے کی سخاوت کا اظہار بھی کیا ہے اور بہادری و جنگ ہوئی کا بھی۔!

شعر سن کر خنساء نے کہا: ''یہ شعر سات مقامات پر بلندی سے گر گیا---'' اب وہ ان مقامات کی نشان دہی کرتی ہے۔

۱۔ ''جفنات'' کا لفظ دس سے کم پر بولا جاتا ہے۔ اس کے بجائے مناسب لفظ ''جفان'' تھا۔

۲۔ ''غر'' کے معنے پیشانی کی سفیدی کے ہیں۔ اس کی جگہ لفظ ''بیض'' ہوتا تو زیادہ بہتر تھا۔

۳۔ ''یلمعن'' عارضی چمک کو کہا جاتا ہے۔ یہاں ''یشرقن'' لایا جاتا تو بہت مناسب رہتا۔

۴۔ ''الضحی'' کی نسبت ''الدجی'' زیادہ موزوں تھا' کیوں کہ روشنی سیاہی میں زیادہ اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔

۵۔ ''اسیاف'' کا اطلاق جمع قلت پر ہوتا ہے' اس کے بجائے ''سیوف'' استعمال کرنا چاہیے تھا۔

۶۔ ''یقطرن'' میں وہ خوبی نہیں پائی جاتی جو ''یسلن'' میں پائی جاتی ہے' لہٰذا ''یقطرن'' کی جگہ ''یسلن'' زیادہ مناسب تھا۔

۷۔ ''دم کی جگہ'' دماء'' ہونا چاہیے تھا' اس لیے کہ اس میں کثرت کے معنے پائے جاتے ہیں۔

حضرت حسان نے خنساء کے یہ اعتراضات سنے اور خاموش رہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حسان نے خنساء کے اعتراضات کو اہمیت دی اور خنساء کے نزدیک شعر اس طرح ہونا چاہیے تھا۔

لنا الجفان البیض یشرقن فی الدجی

وسیوفنا یسلن من نجدة دماء

عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ عہد قدیم میں عرب عورتیں بھی عربی زبان کے مختلف گوشوں پر گہری نظر رکھتی تھیں اور اس سے خوب آگاہ تھیں کہ کون سا لفظ کس موقعے اور مقام پر زیادہ مناسب اور موزوں رہتا ہے۔ یہ زبان پر ان کے عبور کا ثبوت اور اس کی نزاکتوں سے کامل آگاہی کی دلیل ہے۔

ہر زبان کے لغت کی کتابیں لکھی گئی ہیں' جو زبان بولی جاتی ہے' اس کے نشیب و فراز کو سمجھنے اور مشکل الفاظ کو فہم کی گرفت میں لانے کے لیے لغات کی بہر حال ضرورت رہتی ہے۔ بعض دفعہ کسی لفظ کے معنی کا علم ہوتا ہے' لیکن اس کو مناسب اور صحیح انداز سے استعمال میں لانے میں مشکل پیش آجاتی ہے' اس مشکل سے نکلنے کے لیے کتاب لغت کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔

عربی کتب لغت کی کثرت

عربی لغت کی سب سے زیادہ کتابیں لکھی گئی ہیں اور ایک ایک کتاب کئی کئی جلدوں میں لکھی گئی ہے۔ اس طرح ان کی تعداد ہزاروں تک پہنچ گئی ہے۔ اس کا اندازہ صاحب بن عباد کے اس واقعہ سے کیجیے کہ ان کو کسی حکمران

نے اپنے یہاں آنے کے لیے درخواست کی تو انھوں نے جواب دیا کہ میں اپنے مقام سکونت سے آپ کے ہاں کس طرح آ سکتا ہوں۔ مجھے ساٹھ اونٹ تو فقط لغت کی کتابیں لادنے کے لیے درکار ہوں گے۔

یہ صرف ایک شخص کی بات ہے کہ اس کے پاس کتب لغت کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ انھیں کسی جگہ منتقل کرنے کے لیے ساٹھ اونٹوں کی ضرورت ہے۔ یقیناً ایسے اہل علم بھی ہوں گے جن کے پاس اس سے بھی زیادہ کتابیں ہوں گی۔

عربوں کا فطری ذوق

یہاں یہ بھی عرض کر دیں کہ قدیم دور کے جن عرب شاعروں اور اصحاب فصاحت و بلاغت کا کلام ہم پڑھتے اور سنتے ہیں، وہ کسی کے شاگرد نہیں تھے اور ان میں سے کسی نے کسی استاذ کے سامنے اس طرح زانوئے شاگردی تہ نہیں کیا تھا، جس طرح ہم کرتے ہیں۔ امراء القیس کس کا شاگرد تھا؟ نابغہ ذبیانی کس کے حلقہ تلمذ میں رہا تھا؟ خنسا نے کس سے استفادہ کیا تھا؟ حسان بن ثابت نے کس سے اصلاح لی تھی؟

کلثوم بن عمرو عتابی، سری بن احمد کندی اور اس طرح کے بہت سے شعرا و ادبا تھے، مگر کچھ پتا نہیں ان لوگوں نے یہ علم کس سے سیکھا تھا۔ خود نبی ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ انا افصح العرب (میں تمام باشندگان عرب سے زیادہ فصیح ہوں) پھر قبیلہ قریش کی زبان نہایت نکھری ہوئی اور صاف تھی۔ قبائل عرب میں سے بنو قیس، بنو تمیم، بنو اسد اور بنو ہذیل وغیرہ قبائل کی زبان نہایت فصیح تھی اور یہ نعمت انھیں ان کے فطری ذوق کی بدولت حاصل ہوئی تھی۔

عرب میں تحریر و کتابت کا آغاز

اب سوال یہ ہے کہ اہل عرب نے تحریر و کتابت کا سلسلہ کب شروع کیا اور کس طرح کیا اور اول اول عربی رسم الخط کی طرح کس نے ڈالی؟

اس سوال کا جواب محمد بن اسحاق ندیم وراق (وفات تقریباً ۳۹۰ھ) نے اپنی مشہور تصنیف ''الفہرست'' میں دیا ہے اور ہم یہاں اسی سے استفادہ کر رہے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

اس میں اختلاف ہے کہ سب سے پہلے عربی رسم الخط کی بنیاد کس نے رکھی۔ ہشام کلبی کا بیان ہے کہ اس کا اولیں موجد عرب عاربہ کا ایک گروہ ہے[۱]، جنھوں نے عدنان بن اد کے ہاں سکونت اختیار کی۔ ان کے نام یہ تھے:

---

[۱] یہاں یہ وضاحت کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ قبائل عرب کی تین قسمیں ہیں اور وہ ہیں (۱) عرب عاربہ (۲) عرب متعربہ اور (۳) عرب مستعربہ۔ عرب عاربہ خالص عربوں کو کہا جاتا ہے اور وہ نو قبیلے ہیں جو ارم بن سام بن نوح علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔ وہ نو قبیلے یہ ہیں: عاد، ثمود، امیم، عبیل، طسم، جدیس، عملیق، جرہم، وبار۔

عرب متعربہ اور عرب مستعربہ کا اطلاق ان لوگوں پر ہوتا ہے جو خالص عرب نہیں ہیں، ان میں دوسری قوموں کا اختلاط پایا جاتا ہے۔ عرب متعربہ قحطان کی اولاد ہیں، جن کی اصل زبان سریانی تھی۔ پھر انھوں نے یمن کو اپنا وطن بنا لیا تھا۔ یمن میں انھوں نے بنو اسماعیل سے عربی زبان سیکھی اور وہی ان کی زبان قرار پائی۔

ابوجاد، ہواز، حطی، کلمون، صعفص، قریسات[1]-

کتابت و تحریر کا آغاز انھوں نے اپنے ناموں کے مطابق کیا- یعنی وہ حروف لکھنا شروع کیے جو ان کے ناموں میں پائے جاتے ہیں- بعدازاں وہ ان حروف سے آشنا ہوئے جو ان کے ناموں میں موجود نہ تھے، مثلاً ثا، خا، ذال، ظا، شین، غین- ان حروف کو انھوں نے ''روادف'' کے نام سے موسوم کیا-

ابن ہشام کی روایت کے مطابق، یہ لوگ (ابوجاد، ہواز، حطی وغیرہ) شاہان مدین سے تعلق رکھتے تھے اور حضرت شعیب علیہ السلام کے زمانے میں ''یوم الظلہ'' میں ہلاک ہوئے-[2]

اس کی صورت یہ ہوئی کہ پہلے تو سات دن حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم اتنی سخت گرمی میں مبتلا رہی کہ ان کے لیے اس کا برداشت کرنا ممکن نہ رہا- جہاں جاتے ہیں، گرمی کی شدت میں مبتلا ہیں- سات دن یہ کیفیت طاری رہی- اس کے بعد یکایک آسمان سے سیاہ بادل نمودار ہوا اور سردی کا ریلا آیا، جس سے لوگ بے حد خوش ہوئے اور اس سیاہ بادل کے نیچے جمع ہو گئے- پھر اس بادل میں سے آگ کے شعلے برسنے لگے اور ان شعلوں نے نہایت تیزی کے ساتھ وہاں کے باشندوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا- حضرت شعیب علیہ السلام کی تکذیب کرنے والے تمام لوگ ان شعلوں میں بھسم ہو گئے- قرآن نے اس دن کو ''یوم الظلہ'' (سائبان کے دن) سے تعبیر کیا ہے، اس لیے کہ منکرین حق پر سیاہ بادل، سائبان کی طرح تن گیا تھا- صرف وہی لوگ اس عذاب سے محفوظ رہے تھے، جنھوں نے حضرت شعیب علیہ السلام کے احکام پر عمل کیا تھا- یوم الظلہ کو ابوجاد، ہواز، حطی، کلمون، صعفص اور قریسات بھی ہلاک ہو گئے تھے-

کلمون کی بہن نے ان کی ہلاکت پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے یہ مرثیہ کہا تھا-

کلمون ہدّ رکنی هلکه وسط المحله
سید القوم اتاه الحتف ثارا وسط ظله
جعلت نارا علیهم دارهم کالمضمحله

یعنی ''اے کلمون! میرا سہارا ختم ہوا، اس لیے کہ تو آبادی کے عین وسط میں ہلاک ہو گیا-
قوم کے سردار کو موت نے آدبوچا، جب کہ وہ سائبان کے نیچے اقامت گزیں تھا-
اس سائبان نے ان کے گھروں پر آگ برسادی اور گھر تباہ ہو گئے-''

گزشتہ سے پیوستہ

عرب مستعربہ، حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں، انھیں بنی سعد بن عدنان بن اد کہا جاتا ہے- حضرت اسماعیل علیہ اصل عرب نہ تھے، نہ ان کی آبائی زبان عربی تھی، ان کی شادی بنو جرہم میں ہوئی تو انھوں نے عربی زبان سیکھی، اس لیے ان کی اولاد جو ارض حجاز سے تعلق رکھتی ہے، عرب مستعربہ ہوئی-

[1] ہمارے ہاں ان ناموں کا تلفظ ی ہے: ابجد، ہوز، حطی، کلمن، صعفص، قریسات-

[2] حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو جب ان برائیوں سے روکا، جن کا وہ ارتکاب کرتی تھی تو ان لوگوں نے ان کی بات ماننے سے انکار کر دیا اور کہا کہ اگر تم سچے ہو اور واقعی تمھیں اللہ نے اپنا پیغمبر بنا کر بھیجا ہے تو ہم پر آسمان سے عذاب کی شکل میں کوئی ٹکڑا برسا دو- چنانچہ فاخذهم عذاب یوم الظلة (شعراء:۱۸۹) ''سائے کے دن کے عذاب نے ان کو آ پکڑا''

الفہرست کے مصنف محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے یہ نام ابن ابی سعد کی تحریر میں اس شکل وصورت اور اس اعراب کے ساتھ پڑھے ہیں۔

ابجد‘ ہوز‘ حطی‘ کلمن‘ صاع فض‘ قرست۔

کہتے ہیں‘ یہ آخری قافلہ تھا جو عدنان بن اد وغیرہ کے ہاں آ کر ٹھہرا۔ جب ان لوگوں نے اپنے آپ کو عربوں کے قابل میں ڈھال لیا تو عربی انداز کتابت وضع کیا۔ واللہ اعلم

کعب احبار کا کہنا ہے کہ پہلے شخص جنھوں نے عربی‘ فارسی اور ہر قسم کے اسالیب کتابت کو وضع کیا‘ آدم علیہ السلام ہیں۔ انھوں نے اپنی موت سے تین سو سال قبل ان اسالیب کتابت کو مٹی پر لکھا اور آگ پر پکایا۔ جب دنیا طوفان کی زد میں آئی تو انداز تحریر کے یہ نمونے محفوظ رہے‘ چنانچہ ہر قوم نے اپنے اپنے رسم الخط کو پہچانا اور اختیار کیا اور اسی انداز سے لکھنا شروع کر دیا۔

حضرت عبداللہ بن عباس کا فرمان ہے کہ سب سے پہلے جن لوگوں نے عربی رسم الخط وضع کیا‘ وہ قبیلہ بولان کے تین شخص ہیں۔ انھوں نے انبار کو اپنا مسکن بنایا اور اکٹھے ہو کر حروف مقطعہ اور موصولہ وضع کیے۔ ان کے نام مرامر بن مرہ‘ اسلم بن سدرہ اور عامر بن جدرہ ہیں۔ ایک قول کے مطابق مروہ اور جدلہ ہیں۔ مرامر نے شکل وصورت کو‘ اسلم نے فصل و وصل کو اور عامر نے نقطوں کو وضع کیا۔

اہل حیرہ سے پوچھا گیا: ”تم نے عربی کس سے سیکھی۔؟ انھوں نے جواب دیا۔ ”اہل انبار سے!“ نیز کہا جاتا ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام چوبیس برس کے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو عربی مبین بولنا سکھائی۔

محمد بن اسحاق کا کہنا ہے کہ جو چیز واقعیت وحقیقت سے قریب تر اور قابل قبول ہے اور جسے ثقہ لوگوں نے بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ عربی جن قبائل کی زبان تھی‘ وہ تھے حمیر‘ طسم‘ جدلیس‘ ارم اور حویل۔ یہ عرب عاربہ تھے۔ حضرت اسماعیل نے جب قبیلہ جرہم میں سکونت اختیار کی اور بڑے ہوئے تو اسی قبیلے میں‘ جو خاندان معاویہ بن مضاض جرہمی کی ایک شاخ تھا‘ شادی کی۔ چنانچہ یہ لوگ ان کی اولاد کے ننھیال ٹھہرے۔ اس رشتہ وتعلق کی بنا پر حضرت اسماعیل علیہ السلام نے اس قبیلے کی زبان سیکھی۔ اس کے بعد مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ جیسے جیسے ضروریات پیش آتی اور ظاہر ہوتی رہیں‘ حالات کے مطابق ان کی اولاد نے بات سے بات نکالی اور بہت سی چیزوں کے نام وضع کر لیے۔ پھر اس طرح جب دائرہ کلام زیادہ وسیع ہو گیا تو قبیلۂ عدنان میں عمدہ اور فصیح شعر کہنے کا رواج ہوا‘ جو آہستہ آہستہ مزید ترقی کر گیا۔

عرب کا ہر قبیلہ اپنی الگ بولی رکھتا تھا‘ جسے لوگ سیکھتے اور رواج دیتے تھے‘ لیکن زبان بنیادی طور پر سب کی ایک ہی رہی۔

اس بات کی تصدیق مکحول کی روایت سے ہوتی ہے جو وہ مختلف راویوں سے بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں‘ پہلا گروہ‘ جس نے عربی خط وضع کیا نفیس‘ نضر‘ تیما اور دومہ پر مشتمل ہے جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد تھے۔ انھوں نے اسے تفصیلی شکل میں وضع کیا اور قادور اور نبت بن ہمیسع بن قادور نے اسے پھیلایا اور عام کیا۔ وہ مزید کہتے ہیں کہ انبار کے چند افراد نے جو قبیلہ ایاد قدیم سے تعلق رکھتے تھے‘ حروف الف‘ ب‘ ت‘ ث وضع کیے اور عربوں

نے اسی سے سب کچھ سیکھا۔

محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے عمر بن شیبہ کی کتاب مکہ میں خود اس کے ہاتھ سے لکھی ہوئی یہ تحریر پڑھی ہے کہ مجھے علمائے مصر کے ایک گروہ نے بتایا کہ جس نے عربی کے خط جزم کو اختیار کیا وہ بنو مخلد بن نضر بن کنانہ کا ایک شخص ہے۔ اسی کی پیروی میں عربوں نے لکھنا شروع کیا۔

ایک دوسرے گروہ کا کہنا ہے کہ جو شخص علم کتابت کو قریش مکہ میں لایا وہ ابو قیس بن عبد مناف بن زہرہ ہے۔ ایک قول کے مطابق حرب بن امیہ ہے۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جب قریش نے (جدید تعمیر کے لیے) کعبہ کو گرایا تو اس کے ایک رکن کے نیچے سے ان کو ایک پتھر دستیاب ہوا جس پر یہ تحریر ثبت تھی۔

السلف بن عبقر یقرأ علی ربه السلام من رأس ثلاثة الاف سنة

یعنی تیسرے ہزار سال کے آغاز میں سلف بن عبقر اپنے رب کو سلام بھیجتا ہے۔

خزانہ مامون میں چمڑے پر لکھا ہوا عبد المطلب بن ہاشم کا ایک نوشتہ موجود تھا، جس پر یہ الفاظ مرقوم تھے:

حق عبدالمطلب بن هاشم من اهل مكة علی فلان بن فلان الحمیری من اهل وزل صنعا علیه، الف درهم فضة كیلا با لحدیدة و متی دعاه ادبها اجابه شهدالله والملكان۔

کہ اہل مکہ میں سے فلاں بن فلاں حمیری پر جو وزل صنعا سے تعلق رکھتا ہے، عبد المطلب بن ہاشم کا چاندی کا ہزار درہم بوزن حدیدہ واجب الادا ہے، جب بھی اس سے اس کا مطالبہ کیا جائے گا، وہ اسے ماننے پر مجبور ہوگا۔ اللہ اور اس کے فرشتے اس پر گواہ ہیں۔

یہ خط عورتوں کے خط کی مانند ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ عورتیں بھی لکھنا جانتی تھیں۔

قصبہ سور میں، مربین کے قبرستان میں ایک عرب کاتب اسید بن ابو العیص مدفون تھا، قبرستان کے کنارے ایک مسجد تھی۔ سیلاب کی وجہ سے اس میں شگاف پڑ گیا تو وہاں سے ایک پتھر برآمد ہوا جس پر یہ الفاظ کندہ تھے۔

انا اسید بن ابی العیص ترحم الله علی بنی عبد مناف

میں اسید بن ابو العیص ہوں، اللہ بنی عبد مناف پر رحم کرے۔

اب سوال یہ ہے کہ عرب اس نام (یعنی عرب) سے کیوں موسوم ہوئے؟

الفہرست میں مرقوم ہے کہ ابن ابو سعد لکھتا ہے کہ لوگ کہتے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسمٰعیل کے بیٹوں کو ان کے ننھیال کے ساتھ جو قبیلہ جرہم سے تعلق رکھتے تھے، دیکھا تو پوچھا۔

''اسماعیل! یہ کون لوگ ہیں؟''

انھوں نے جواب دیا: ''میرے بیٹے اور ان کے ننھال جرہم''

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو قدیم سریانی زبان میں باتیں کر رہے تھے' کہا: "اعرب لہ" یعنی ان کو ایک دوسرے میں جذب کر دو اور ملا دو۔

یہ تمام باتیں کہاں تک صحیح ہیں؟ یہ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔

اس سے آگے الفہرست میں خط حمیری اور مختلف علاقوں کے رسم الخط اور اندازِ کتابت کا ذکر کیا گیا ہے جو نہایت دلچسپ ہے۔ متعدد علاقوں کے اسالیب کتابت کے نمونے بھی درجِ کتاب کیے گئے ہیں۔

کتاب کی خصوصیت

زیر مطالعہ کتاب عربی زبان کے ہزاروں الفاظ پر مشتمل ہے اور اپنے انداز کی ایک منفرد کتاب ہے۔ اس کی بہت بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں سے مطلوبہ لفظ تلاش کرنے کا طریقہ نہایت آسان ہے۔ مثلاً آپ فعل مضارع کے جمع کے لفظ یَسْتَخْرِجُوْنَ کے معنے دیکھنا چاہتے ہیں تو اس کا مادہ تلاش کیجیے جو تین حروف خ ر ج (خَرَجَ) ہے۔

اسی طرح آپ کو لفظ یَسْتَبْدِلُوْنَ کی تلاش ہے تو پہلے ب د ل (بدل) پر نظر ڈالیے' پھر آگے بڑھتے بڑھتے "یَسْتَبْدِلُوْنَ" آ جایے۔

اس طرح ثلاثی' رباعی' خماسی وغیرہ کے تمام ابواب آپ کے سامنے آ جائیں گے اور مسئلہ آسانی سے حل ہو جائے گا۔

عربی لغت کی کتابوں کے مختلف طریقوں میں آسان ترین طریقہ یہی ہے جو اس کتاب میں اختیار کیا گیا ہے یعنی حروف تہجی کی ترتیب سے کتاب مرتب کی گئی ہے۔ جیسے آ' اَبّ' اَبَّبَ' اَبَتَ' اَبَثَ' اَبَجَدُ' اَبَدَ' اَبَرَ--- ایاد' ایلہ تک' اس کے آگے ب' پھر ت اور آخر میں ی۔

یہ نہایت آسان ترتیب ہے اور اس طرح ہر شخص بخوبی کتاب سے استفادہ کر سکتا ہے۔

میرے محترم عزیز ابوبکر قدوسی نے اپنے اشاعتی ادارے مکتبہ قدوسیہ کی طرف سے اس کتاب کی اردو زبان میں اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ ان کی یہ کوشش حد درجہ لائق تحسین ہے۔ یقیناً اہل علم اس کو سراہیں گے اور یہ کتاب ان کے تحقیقی کاموں میں ممد و معاون ہوگی۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ ان کے کاروبار میں برکت فرمائے اور یہ قرآن و حدیث کی جو نشر و اشاعت کر رہے ہیں' اسے قبولیت سے نوازے۔

محمد اسحٰق بھٹی

المنجد کے رموز واشارات

فا	سے مراد اسم فاعل	مص	سے مراد مصدر	(س)	سے مراد باب سَمِعَ يَسْمَعُ
مفع	سے مراد اسم مفعول	(ض)	سے مراد باب ضَرَبَ يَضْرِبُ	(ک)	سے مراد باب كَرُمَ يَكْرُمُ
ج	سے مراد جمع	(ن)	سے مراد باب نصر ينصر	(ح)	سے مراد باب حَسِبَ يَحْسِبُ
جج	سے مراد جَمْعُ الْجَمْعِ	(ف)	سے مراد باب فَتَحَ يَفْتَحُ		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کریں

بعض قیاسی احکام

عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہیے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لیے یہاں لکھ دیے جاتے ہیں:

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتدا: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں اس طرح شریک ہونا کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہوں۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لیے کرنا۔

(۱۶) تخیل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ. تکلف اور تخیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ. حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقیناً پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک وگمان۔

(۲۲) صیونت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا' چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کے لیے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔
(۲۷) لزوم وعلاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔
(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔
(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔
(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کرلیا۔
(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔
(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔
(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔
(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لیے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتدا: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)
(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ. عراق میں پہنچا۔ (۱۰)
(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَعْلَ. اس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)
(۴) تعدیہ: جیسے اخرج = نکالا۔ (۱)
(۵) تعریض: جیسے اَبْعَتُ الحِمار = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)
(۶) صیونت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)
(۷) لیاقت: جیسے اَلامَ الْفَرعِ. سردار قابل ملامت ہوا۔ (۲۸)
(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دور کی۔ (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ. گائے دودھ والی ہوگئی (۲۴)
(۱۰) مبالغہ: جیسے اَتْمَرَ النخلُ. کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)
(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ. میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)
(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ. میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)
(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیعَ بمعنی قلتہ یعنی فسختہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتدا: جیسے کَلَّمَ. اس نے کلام کی (مجرد کلم. زخمی کرنا) (۵)
(۲) الباس ماخذ: جیسے جلل الفرس. اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)
(۳) بلوغ: جیسے خیم. وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)
(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ. اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)
(۵) تخلیط: جیسے ذَهَّبَ. اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)
(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ الْقَوسَ. اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)
(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِي. اس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)
(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الْاِبِلَ. اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجرُ. درخت شگوفہ دار ہو گیا۔ (۲۴)
(۱۰) قصر: جیسے هَلَّلَ. اس نے لا الٰہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)
(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ. وہ بہت گھوما (۲۹)
(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِي. اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلہ

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمروًا. زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)
(۲) موافقت مجرد: جیسے سافر بمعنی سفر۔
موافقت اَفعل: جیسے باعدتہ بمعنی اَبْعَدْتُہٗ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضاعف بمعنی ضَعَّفَ (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتدا: جیسے تَکَلَّمَ. اس نے کلام کیا۔ (۵)
(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ. اس نے اپنے پتھر کو تکیہ بنایا۔ (۶)
(۳) تجنب: جیسے تَاَثَّمَ. اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)
(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ. وہ نصرانی ہو گیا۔ (۱۲)
(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)
(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ. اس نے گھونٹ کرکے پیا۔ (۱۷)
(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ. وہ بہادر بنا۔ (۲۰)
(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ. وہ مالدار ہو گیا (۲۴)

(۹) مطاوعت فعل: جیسے علمته فتعلّم. میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔(۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء: جیسے تَبَارَکَ اللّٰهُ. اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک. اونٹ کا بیٹھنا)(۵)

(۲) تشارک: جیسے تشاتَما. دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔(۳۴)

(۳) تخییل: جیسے تَمَارَضَ: اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۱۶)

(۴) مطاوعت فاعل: جیسے بَاعَدتُهٗ فَتَبَاعَدَ. میں نے اسے دور کیا سو وہ دور ہو گیا۔(۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتدا: جیسے اِنطَلَقَ. وہ گیا (مجرد طَلَقَ)(۵)

(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنکَسَرَ. وہ ٹوٹ گیا۔

مطاوعت فعل: جیسے کَسَرتُهٗ فانکسر. میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔

مطاوعت اَفعَلَ: جیسے اَغلَقَ البابَ فانغلق. اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔(۳۰)

فائدہ. باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں آتا اور ہمیشہ ایسے معانی کے لیے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِحتَجَرَ الفَارُ. چوہے نے بل بنایا۔(۲)

(۲) تخییر: جیسے اِکتَالَ الشَّعِیرَ. اس نے اپنے لیے جو ناپے (۱۵)

(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل. اپنے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔(۱۸)

(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممته فاغتمّ. میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔(۳۰)

(۵) طلب: جیسے اِکتَدَّ فُلاناً. اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔(۲۵)

(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب

(۷) موافقت تفاعل: جیسے اختصم بمعنی تخاصم (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب: جیسے استطعمته. میں نے اس سے کھانا طلب کیا (۲۵)

(۲) لیاقت: جیسے استرقع الثوب. کپڑا قابل پیوند ہوا۔(۲۸)

(۳) وجدان: جیسے استکرمته. میں نے اسکو کرم سے متصف پایا۔(۴)

(۴) حسبان: جیسے اِستَحسَنتُهٗ. میں نے اس کو اچھا گمان کیا (۳۱)

(۵) تحول: جیسے اِستَحجَرَ الطین. مٹی پتھر بن گئی (۱۲)

(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ. اس نے دیہاتوں کو وطن بنا لیا (۲)

(۷) تکلف: جیسے اِستَجرَأَ. اس نے جرأت دکھلائی۔(۳۰)

(۸) قصر: جیسے اِستَرجَعَ. اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیهِ رَاجِعُونَ کہا۔(۲۶)

(۹) مطاوعت افعل: جیسے اَقَمتُه فَاستَقَامَ. میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔(۳۰)

(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ و اِستَقَرَّ (۳۱)

موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِستَجَابَ (۳۱)

(۱۱) ابتدا: جیسے اِستَعَانَ. زیر ناف کے بال کاٹے (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسوَدَّ اللیلُ. رات بہت تاریک ہو گئی (۲۹)

فائدہ. اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لیے آتا ہے جیسے اِحمَرَّ، ابیضَّ اِحوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفعِیعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحدَودَبَ. بہت کبڑا ہو گیا۔(۲۹)

(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحلَولٰی التَّمرُ بمعنی حلا (۳۱)

باب اِفعِوَّال

(۱) مبالغہ: جیسے اِجلَوَّذَ. وہ بہت تیز دوڑا۔(۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحمَارَّ. بہت سرخ ہوا۔(۲۹)

یہ باب الوان وعیوب کے لیے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتَهٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔(۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنا لیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں' (۱) مصدر' (۲) اسم مرۃ' (۳) اسم نوع' (۴) ظرف مکان و ظرف زماں' (۵) اسم آلہ' (۶) اسم فاعل' (۷) اسم مفعول' (۸) صفت مشبہ' (۹) اسم تفضیل' (۱۰) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعۃ' تجارۃ' حیاکۃ

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے آباء' شراد' جماع

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعلان ہے جیسے غَلَیَان' جَوَلَان' حفقان

(۴) جس کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع' زکام' دوار

(۵) اس کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فُعال اور فَعِیل ہے جیسے رَحِیل' و ذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیر' نَئِیم

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَۃ ہے جیسے حُمْرَۃ' زُرْقَۃ' خُضْرۃ

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً:

(۱) فعل کا مصدر فُعُوْلَۃ اور فَعَالَۃ کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُوْلَۃ نَبَاهَۃ' فَصَاحَۃ

(۲) فعل لازمی کا مصدر فَعَل کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ' عَطَشٌ' بَلَجٌ

(۳) فعل لازمی کا مصدر فُعُوْل کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ' خُرُوْجٌ' نُهُوْضٌ

(۴) فَعِل اور فَعَل کے وزن پر جیسے فَهْم' نَصْر

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّلَ کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تفعلۃ کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعۃ' قَدَّمَ تقدمۃ اگر مہموز اللام ہو تو تفعلۃ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأ تَنْبِئَۃ و طَأ تو طِئَۃ' هنَّأ تهنئۃ اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلی تحلیه' زکی تزکیۃ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوسَمَ' تقویمًا' سَوَّدَ تسویدا

فَاعَلَ کا مصدر فعال و مفاعلۃ ہے جیسے قَاتَلَ قِتالاً و مُقَاتَلَۃً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَۃ کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ' مُیَاسَرَۃً' یَامَنَ مُیَامَنَۃ اور یَاوَمَ مُیَاوَمَۃً و یَوَامًا شاذ ہے۔

اَفْعَلَ کا مصدر اِفْعَال ہے جیسے اَکْرَمَ اِکْرَامًا اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' وہ الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے امات' اماتۃ' اغاث اغاثۃ' اشار اشارۃ

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّل اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُل ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یاء سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَاَنّٰی' تَاَنِّیًا' تغاضی تَغَاضِیًا۔

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَال' اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَال' اِفْعَوعَلَ کا افعیعال اور اِفْعَلَّ کا افعلال ہے جیسے اشترک اشتراکًا. انطلق اِنْطِلاقًا' اِحْدَوْدَبَ اِحْدِیْدَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا۔

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَۃً۔

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَۃ اور فِعْلَال ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَۃً و دِحْرَاجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَۃ اور وَسْوَاسًا۔

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ. اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلَال اِفْعَلَلَّ کا اِفْعِلَّال ہے جیسے

تدحرج تدحرجًا. اجرنجم احرنجامًا. اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرارًا فعل مجہول کے لیے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَرْبًا.

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے منظر، مضرب، مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مستثنیٰ ہیں۔ مَجِئی، مرجِعٌ، مَسِیْرٌ، مَصِیْرٌ، مَشِیْبٌ، مَرْفِق مَقِیْلٌ
مثال واوی سے مفعل کے وزن پر خواہ مضارع کا "عین" کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے موردٌ، مَوعِدٌ، مَوجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنحَدَر، مصطبَر، مزدحم

اسم مرۃ و اسم نوع

اس مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فعلة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً، جَلَسْتُ جَلْسَةً
ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلتَفَتُّ اِلتِفاتَةً، اِنطلقتُ اِنطلاقَةً. اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضربة واحدة، قاتلته مقاتلة، لا غير وما التفت اليه الا التفاتة وَاجبةً اجابة فقط.
اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فعلة کے وزن پر جیسے وقف وقفة الا[illegible] و مشى مِشْيَةَ المُخْتَال ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقة، قبيح المعاشرة.

ظرف مکان و ظرف زمان

ظرف مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرف زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔ ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مفعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر مَفْتَحٌ، مَسْمَعٌ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مفعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس مَنْزِل
اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں، ان سب کا وزن مفعِل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ، مَشْرِقٌ، مَغْرِبٌ، مَطْلِعٌ، مَجزِرٌ، مَرْفِقٌ، مَفْرِقٌ، مَسْكِنٌ، مَنْسِكٌ، مَنْبِتٌ، مَسْقِطٌ.
مثال سے ظرف زمان و مکان ہمیشہ مفعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مفعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد، مَوجِل، مَطوى، مرمى اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَل، اَخْرَجَ سے مُخْرَج، اِنْخَدَعَ سے مُنْخَدَع
کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لیے مفعلة کا وزن مقرر ہے جیسے مقبرة جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلة جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَالٌ جیسے مفتاحٌ. مِفْعَلَةٌ جیسے مِكْنَسَةٌ اور مِفْعَلٌ جیسے [illegible] اور یہ اوزان بھی قیاسی ہیں۔
مُنْخُلٌ، مُدْهُنٌ، مُكْحُلَةٌ، مدقٌ، مُسْعُطٌ، [illegible]، مُشْطٌ وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کی مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لیے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوم سِكِّين، فَاسٌ وغیرہ۔

اسم فاعل و اسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فاعل کے وزن پر آتا ہے جیسے [illegible] ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب [illegible] کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے [illegible]
اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات [illegible] جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَضْرُوبٌ، مَفْتُوحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے [illegible]

مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقبَلٌ. مُکرَمٌ. مُدَحرَجٌ

تنبیہ: (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے ابواب سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ. اَمْلَحَ سے مَالِحٌ. ایفعَ سے یَافِعٌ. اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ. اَحَبَّهُ سے مَحْبُوبٌ. اَجَنَّهُ سے مَجْنُونٌ. حَمَّهُ سے مَحْمُومٌ. اَزْکَمَهُ سے مَزْکُومٌ. اَسَلَّهُ سے مَسْلُولٌ.

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ، کَرِیمٌ، لَیِّنٌ، سَهلٌ، صَعْبٌ، لقیان، غضبان، کسول، عطشٰی، رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لیے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ، اعرج، ابلج اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقیم

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فُعلٰی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ، عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آ سکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سوادًا. اشد استخراجًا

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمد، حمد سے اور "حاتم اعطی من عمرو" میں اعطی سے اور "هذا السفر اَخْصَرُ من ذَاکَ" میں اَخْصَرُ، اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "مابا لبادیة انوا منه" میں انواء، نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی نچھتر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْیَرُ اور اَشَرُّ تھے۔ کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں:

فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ. نَصَّار. فَعَّالَةٌ جیسے عُلَّامَةٌ وَ فهامة. فِعِّیل جیسے صِدِّیق و سِکِّیر. مفعیل جیسے مِسْکِیْنَ وَ مِعْطِیْرُ. مِفْعَالُ جیسے مکسال و مقدام. فعلة جیسے ضحکة و ضُجُعَةٌ. فَعَلٌ جیسے شَرَهٌ، وَحَرِزٌ. فَعِیْلٌ جیسے رَحِیْمٌ وَ عَظِیْمٌ. فَعُوْلٌ جیسے کَذُوْبٌ. وَدُوْدٌ. فَاعِلَةٌ جیسے رَاوِیَةٌ. فُعُلٌ جیسے غُفُلٌ. فَعُوْلَةٌ جیسے فَرُوْقَةٌ. مِفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ. فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ. فُعَّالٌ جیسے کُبَّارٌ. مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاکٌ، اَدْرَکَ سے۔ معطاء اعطی سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِمْلَاقٌ. اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِیْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِیْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوْقٌ. اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تاء تانیث کے لیے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لیے ہے جیسے علامة، فهامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصیر، امراة نصیرة". "جاء نصیر و نصیرة"

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت میں ہو گی جیسے "زید قتیل". و اتت المرأة جریحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبیب و حبیبة

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یحییٰ البتول، مریم البتول اور

موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "هذا رسول و تلک رسولة. وجاء رسل و رسولة

مذکر ومؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة، قوة، نعمة، قدرة۔ الف مقصورہ جیسے عذری، فضلی، کبری، عظمی۔ الف ممدودہ جیسے حمراء، سوداء، بیضاء، زرقاء

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة، نخلة، ارطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی، مؤنث معنوی، مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم، زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اناث کے ساتھ مختص ہوں، جیسے اخت، ام وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام، مصر، قریش وغیرہ۔ یا اعضاء انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے، اس لیے کہ صدغ، مرفق، حاجب، خد، مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم ومغفور کی کتاب المبتکر فی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے، مشہور اسماء درج ذیل ہیں:

اتان، اذن، ارض، ارنب، اروی، است، اصبع، افعی، افق، بئر، باع، بنصر، ثعلب، جحیم، جهنم، حرب، خنصر، دار، دبر، ذراع، رجل، رحی، ریح، سعیر، سقر، سن، ساق، شمس، شمال، ضبع، عروض، عصا، عقب، عین، غول، فاس، فخذ، فلک، قدم، قدوم، قوس، کاس، کتف، کرش، کف، نار، نعل، ناب، ورک، ید، یمین، ینبوع

ہوا کے لیے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء، قبول، جنوب، دبور، شمال، هیف، حرور، سموم، صرصر، نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں، ابن الانباری فرماتے ہیں **الریح مؤنثة لا علامة فیها و کذلک سائر اسمائها الا الاعصار فانه مذکر**

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں: ابط، ابهام، ازار، بلد، جراد، حال، هانوت، خمر، درع، دلو، روح، زقاق، سبیل، سری، سراویل، سلاح، سکین، سلم، سلم، سماء، سوق، صاع، ضحی، طرس، طریق، عجز، عضد، عقاب، عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، فهر، قدر، قفا، قمیص، کبد، السان، مسک، ملح، منجنیق، موسی، نفس، وراء،

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان" رایت الرجلین و مررت بالرجلین.

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد، عبدالرحمن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب، ذواتا بعلبک

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رام رامیان، داع داعیان.

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا. رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان. فتی سے فتیان.

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان، قهقرآن، خوزلیان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قهقهریان، خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لیے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان۔ بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہوتا کہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواء ان اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالاء سے لالاء ان. قُرَّاء سے قُرَّاء ان۔

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لیے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماء ان اور سماوان۔

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب"، کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان، حموان، غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة، ابن، اسم یعنی سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض، اجمع، جمعا، کل اور عریب، دیار اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحدہ کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالت رفعی میں واؤ ماقبل مضموم اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین و مررت بِمُسلِمِینَ"

اس وزن پر جمع بنانے کے لیے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لیے طلحة باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واو نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذوو معدی کرب، ذوو بعلبک.

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو، ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامة کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون، عالمون، علیون، اهلون، بنون، سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون، سبون، منون

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات. اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبة سے طالبات، مسلمة سے مسلمات

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرة سے ثمرات، شجرة سے شجرات، امراة، شاة، قلة، أَمَةٌ، مِلَّةٌ شفة اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات، مریم سے مریمات

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات، امتیازات.

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات، حمی سے حمیات.

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر تثنیہ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے، جیسے سماوات، ارضات، سجلات، حمامات، سرادقات، شمالات، امهات، سراویلات وغیرہ۔

الفاظ عجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات

اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل' قناصل بطارکۃ' کراولۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فعلۃ' فعلۃ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرۃ تمرات. رَحْمَةٌ رَحَمَاتٌ.

اور اگر فِعْلۃٌ فُعْلۃ کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا' ساکن رکھنا اور فا کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرۃٌ سے کِسَرات' کِسرات' کِسِرات' حُجرۃٌ سے حُجَرات' حُجرات' حُجُرات.

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فاء کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوزَۃٌ سے جَوزَات' بیعۃ سے بیعات.

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیۃ سے رمیات اور رقوۃ سے رقوات' لیکن اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فاء بنانا جائز نہیں جروات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فاء مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضمّۃ سے ضمّات. عزّۃ سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رجل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رسل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسُد. بُعثٌ سے بُعثٌ.

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں: جمع قلت' جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں:

اَفعَال جیسے طِفلٌ سے اَطْفَال. اَفْعُل جیسے نہر سے انھر.

اَفعِلَۃ جیسے رغیف سے اَرْغِفَةٌ. فِعْلَۃ جیسے فعلۃ جیسے فتی سے فتیۃ.

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد' منابر' اناعیم' قنادیل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایھا الشُّیُوخُ لَا تَکُوْنُوا کَالفِتیَۃِ. احفظُوا اَنْفُسَکُمْ

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النہایۃ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں' صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کیے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

الْاَوْنُ: نرمی۔ آرام۔ سکون۔ وقار کے ساتھ چلنا۔
الْآنَ والْاَوَان. وقت۔ ج آوِنَۃ.
الْآنَ: ابھی۔
الْاِیْوَان: محل۔ ج ایوانات و اَوَاوِیْن.
الْاَوَان: کھوے (اس کے لیے واحد نہیں)
آہَ (ن) اَوْھًا واَوَّہَ و تَاَوَّہَ: درد مند ہونا۔ آہ آہ کرنا۔
الْاَوَّاہُ: بہت آہیں کرنے والا۔
الْآھَۃُ. آہ۔ کراہ۔ کھسرہ۔
اَوَی (ض) اُوِیًّا و اِوَاءً. الْبَیْتَ و اِلَی الْبَیْتِ: ٹھکانا لینا۔ پناہ دینا۔ اُترنا۔ (وآوَی واَوَّی) ہٗ الْبَیْتَ وَاِلَی الْبَیْتِ: ٹھکانا دینا۔ پناہ دینا۔ اُتارنا۔
اَوَی (ض) اَوْیَۃً واِیَّۃً و مَاوِیَۃً و مَاوَاۃً. لَہٗ: رحم کھانا۔ نرم دل ہونا۔ ترس کھانا۔
تَاَوّیٰ وتَآوّیٰ. الطُّیُورُ: اکٹھا ہونا۔
اِئْتَویٰ واِتَّوَی: پناہ لینا لَہٗ: ترس کھانا۔
المَاوَیٰ والمَأْوَاۃ: ٹھکانا۔ جائے پناہ۔
اِبْنُ آوَی: گیدڑ۔ بعض اس کی کنیت ابو زُھْرہ کہتے ہیں۔ ج بنات آوَی.
الْآیَۃُ: علامت مِنَ الْکِتَابِ: آیت
الْآیَۃُ: عبرت۔ آیٌ و آیَاتٌ.
آیَۃُ الرَّجُلِ: وجود۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ الْقَوْمُ بِآیَتِھِمْ" قوم پوری جماعت کے ساتھ نکلی۔
اَیْ. حرف نداء ہے جیسے "اَیْ زَیْدُ" حرف تفسیر جیسے "رَأَیْتُ غَضَنْفَرًا اَیْ اَسَدًا"
اِیْ: ہاں۔ ہمیشہ قسم سے پہلے واقع ہوتا ہے جیسے "اِیْ وَاللہِ"

ایؑ اس کے مختلف مواقع استعمال ہیں۔
(۱) شرط کے لیے اس صورت میں دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے۔ جیسے "اَیًّا تضرِب اَضرِب" جس کو مارے گا میں ماروں گا۔
(۲) استفہام کے لیے جیسے "اَیُّکُمْ اَتیٰ" تم میں سے کون آیا؟
(۳) اسم موصول جیسے "سَلِّمْ عَلیٰ اَیُّھُمْ اَفْضَلُ" ان میں سے جو افضل ہے اس کو سلام کر۔
(۴) حال کے معنی پر دلالت کرنے کے لیے اس صورت میں نکرہ کی صفت واقع ہوتا ہے۔ جیسے "زَیْدٌ رَجُلٌ اَیُّ رَجُلٍ" زید بہت کامل آدمی ہے۔ اور کبھی موصوف بِاَلْ منادی پر یا کے بعد مخاطب کو متنبہ کرنے کے لیے آتا ہے۔ جیسے یَا اَیُّھَا الرَّجُلُ۔
اِیَّا: وہ حرف جو ضمائر منصوبہ منفصلہ کے شروع میں لگایا جاتا ہے جس سے مقصد تخصیص پیدا کرنا ہوتا ہے جیسے "اِیَّاکَ اَعْنِیْ"
اَیَا: بعید کے لیے حرف نداء ہے اور کبھی ہمزہ کو ھ سے بدل کر ھیا بولتے ہیں۔
آدَ یَئِیْدُ اَیْدًا وَ آدًا۔ مضبوط و سخت ہونا۔
اَیَّدَہٗ تَائِیْدًا وَ آیَدَہٗ مُوَایَدَۃً: قوی کرنا۔ ثابت کرنا۔ صفت (مُؤَیِّد و مُؤیِد) صفت مفعولی مُؤَیَّد و مُؤیَد (تَاَیَّدَ:) قوی ہونا۔
اَلْاَدُو الْاَیْدُ: قوت۔
اَلْاِیَادُ: ہر وہ چیز جو کسی چیز کے لیے باعث تقویت ہو۔ پردہ۔ پناہ۔ فضاء آسانی۔ مضبوط پہاڑ۔ اِیَادُ الْجَیْشِ: فوج کا دایاں و بایاں بازو۔
اَلْاَیِّدُ: قوی۔
الْمُؤَیِّدُ: بڑا معاملہ۔ مصیبت۔ ج مَآوِدُ مُوَایِد۔
اَیَّار: ماہ مئی (رومی مہینے کا نام)
اِیبیکَا: پیٹ کی صفائی کے لئے دوائی استعمال کی جاتی ہے۔
اَیْدِیُولُوجِیَا: تصورات اور افکار میں بحث کرنے والا فن۔ ایک خاص مذہب جو افکار کو ہی بنیاد تصور کرتا ہے۔ (یونانی لفظ)
اَیِسَ(س) اِیَاسًا۔ منہ ناامید ہونا۔ صفت (آئِس)
اَیَّسَہٗ و آیَسَہٗ اِیئَاسًا ناامید کر دینا۔
اَلْآئِسَۃُ: پچاس یا اس سے زائد عمر والی عورت۔
آضَ یَئِیْضُ اَیْضًا: لوٹنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فَعَلَہٗ اَیْضًا" اس نے اس کو بھی کیا۔
ایضاً پر نصب مصدریت یا حالیت کی بنا پر ہے۔
ایک حالت سے دوسری حالت پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "آضَ سَوَادُ شَعْرِہٖ بَیَاضًا" اس کے بالوں کی سیاہی سفیدی سے بدل گئی۔
الْاَیْقُوْنَۃُ: مجسمہ اسٹیچو۔ اس کے مقابل میں عربی لفظ اَلنُّصْبَۃُ ہے۔
اَیِكَ(س) اَیَکًا وَاسْتَایَكَ الشَّجَرُ: گنجان ہونا۔
اَلْاَیْكُ: گنجان درخت۔ واحد (اَیْکَۃ)
اَلْاَیِكُ: پھل دار۔
اِیْل: عبرانی میں اللہ تعالیٰ کا نام۔ معنی قوی قدیر۔
اَلْاُیَّلُ والْاَیِّلُ والْاُیُّلُ: بارہ سنگھا ج اَیَائِلُ
اَیْلُوْل: ماہ ستمبر (رومی مہینے کا نام)
آمَ یَئِیْمُ اَیْمَۃً واُیُوْمًا وَاَیْمًا۔ الرَّجُلُ مِنْ زَوْجَتِہٖ اَوِ الْمَرْاَۃُ مِنْ زَوْجِھَا: رانڈ و بیوہ ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (اَیِّم) ج اَیَائِم وَاَیَامیٰ وَاَیِّمُوْنَ وَاَیِّمَات۔
اَیْمَہ: رانڈ بیوہ کرنا۔
تَاَیَّمَ: عرصہ تک بے نکاح کے رہنا۔
اَلْاَیْمُ: سانپ۔ نراژدہا۔ ج اَیُوْم۔
اَیْمُ اللّٰہِ: اللہ کی قسم۔
اَلْآمَۃ: عیب و نقص۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَرْبُ (مَاْیَمَۃٌ) مَیْتَمَۃٌ" لڑائی عورتوں کو رانڈ کرنے والی اور بچوں کو یتیم بنانے والی ہے
آنَ یَئِیْنُ اَیْنًا: وقت آنا۔ کہا جاتا ہے "آنَ لَكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لیے ایسا کرنے کا وقت آگیا۔
اَلْاَیْنُ: تھکن۔ ماندگی۔
اَلْآنَ وَالْاَوَانُ مادہ اون دیکھو۔
اَیَّانَ اسم شرط ہے۔ دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے "اَیَّانَ تَضْرِبْ اَضْرِبْ" جب تم مارو گے میں ماروں گا۔ اسم استفہام جیسے "اَیَّانَ تَرْجِعُ" تو کب واپس ہوگا؟ اور متی کے معنی میں بھی آتا ہے بمعنی کب۔
اَیْنَ: اسم ظرف ہے بمعنی کہاں جیسے "اَیْنَ یُوْسُفُ" یوسف کہاں ہے؟ اور معنی شرط کو متضمن ہو کر دو فعلوں کو جزم دیتا ہے خواہ مااس کے ساتھ لاحق ہو یا نہ ہو جیسے "اَیْنَ اَوْ اَیْنَمَا تقف اَقِفْ" تو جہاں کھڑا ہوگا میں کھڑا ہوں گا۔
اَیون بجلی کے مجموعات میں سے ایک ذرہ جب اس بجلی میں کمی ہو جائے تو ایون موجب ہوتا ہے اور جب زیادتی ہو جائے تو ایون سالب (منفی) ہوتا ہے۔
اِیہ: کچھ اور کہو۔ یا کرو۔ یا سناؤ۔
اَیَا وَاَیَاءُ وَاَیَاۃُ وَاِیَاۃُ الشَّمْسِ: آفتاب کی روشنی۔ اور ایسا ہی نباتات کی رونق کے معنی میں بھی آتا ہے۔ وَالْاَیَاۃُ: آفتاب کے گرد کا دائرہ۔

ب حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل کے لیے مستعمل ہے۔
الباءُ دوسرا حرف ابتدائی حروف میں سے۔
اس کا مخرج دونوں ہونٹوں کا ملنا ہے۔
حساب جمل میں اس کا نمبر (۲) ہے۔
(۱) الصاق: جیسے "امسکتُ بِالغُلام" میں نے غلام کو پکڑ لیا۔
(۲) اِستعانة: جیسے "کَتَبْتُ بِالْقَلَم" میں نے قلم سے لکھا۔
(۳) مصاحبت: "اِذْهَبْ بِسَلامٍ" سلامتی کے ساتھ جاؤ۔
(۴) ظَرفِیَّت: جیسے "سَارَ بِاللیلِ" وہ رات میں چلا۔
(۵) بدل: جیسے "بَاعَ الکُفرَ بِالْایْمَانِ" اس نے ایمان کے بدلے کفر لیا۔
(۶) تعدِیه: جیسے "ذَهَبْتُ بِهِ اِلَی الْبَیْتِ" میں اس کو گھر تک لے گیا۔
(۷) قسم: جیسے "بِاللّٰهِ" اللہ کی قسم۔
(۸) سببیت: "لَقِیْتُ بِزَیْدِ الْاَهْوَالَ" میں زید کی وجہ سے خطرات میں پڑ گیا۔
(۹) تاکید اور یہ زائدہ ہوتا ہے اور زیادتی کے مواقع حسب ذیل ہیں۔
کانَ منفی کی خبر میں جیسے "وَمَا كَانَ بِمُنْكَرٍ" یہ منکر نہیں۔ لیس کی خبر میں جیسے "لَیْسَ زَیْدٌ بِقَائِمٍ" زید کھڑا نہیں ہے۔ مَا مشابہ بلیس کی خبر میں جیسے "مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ" اللہ غافل نہیں ہے۔

اور افعِل صیغہ تعجب کے فاعل پر جیسے "اَکْرِمْ بِهِ اَحسِن بِه" اور نفس و عین کے تاکید لانے میں جیسے "جَاءَ الْوَزِیر بِنفسِه" وزیر خود آیا۔
اور کفی کے فاعل پر جیسے "كَفىٰ بِاللّٰهِ شَهِيدًا"
اور مفعول پر جبکہ اس کا تعدیہ ایک مفعول کی طرف ہو جیسے "کَفیٰ بِالْمَرْءِ کَذِبًا اَنْ یُحدِّثَ بِکُلِّ مَا سَمِعَ" اور مبتدا پر سماعی حیثیت سے جیسے "بِحَسْبِكَ دِرْهَمٌ" بجائے "حَسْبُكَ دِرْهَمٌ" کے۔
اور اِذا فجائیه کے بعد قیاسی حیثیت سے جیسے "خَرَجْتُ فَاِذَا بِزَیْدٍ فِی الطَّرِیْقِ".
اور اس حال پر جس کا عامل منفی ہو جیسے "فَمَا رَجَعَتْ بِخَائِبَةٍ رِکَابٌ".
اور کبھی عن و علیٰ و الیٰ کے معنی میں آتا ہے۔
البابا: پوپ ج بَابَوات نسبت کے لیے (بابوی)
بَأبأ. ہُ وَ بِهٖ کسی سے بابی وَ أنتَ وَ امی کہنا۔ الولدُ: بابا کہنا۔
البُؤبُؤ: اصل درمیانی حصہ۔ آنکھ کی پتلی۔ عالم۔ خوش طرح سردار۔
بَابِل: فرات کے کنارے کا وہ مشہور شہر جو کلدانیوں کا دار السلطنت تھا۔ جس کو نمرود نے بسایا تھا۔
البَابِلِیَّ: جادوگر۔ شراب۔ زہر۔
البَابُور: اسٹیمر۔ اس کی عربی باخرہ ہے

البابُونَج و البَابُونِج: بابونہ۔
بَاتولوجیا: علم طب کی ایک قسم جس میں بیماریوں کی تشخیص، علامات اور اسباب کی بحث ہوتی۔
بَأَجَ (ف) بأجًا و بَأجٌ: چلانا۔
البَأج و الباج: قسم۔ شکل۔ کہا جاتا ہے۔ "اَلنَاسُ بَأجٌ وَاحِدٌ" لوگ ایک روش طریقہ پر ہیں۔ والباج: ٹیکس جو بھیڑ بکری کے مالک سے لیا جائے۔
الباجوج: ج بوابیج جوتیوں کی ایک قسم (فارسی لفظ، فرانسیسی لفظ)
البادِزهر: زہر باد (ایک بیماری کا نام)
البَاذِنْجان و البَاذِنْجان: بینگن۔
بَأَرَ (ف) بأرًا و اِبْتَأرَ: کھودنا الشیَٔ: چھپانا۔ ذخیرہ کرنا الخَیر: پوشیدہ طور پر کرنا۔
أبار. ہٗ کسی کے لیے کنواں بنانا۔
البِئْرُ: کنواں۔ ج آبار و اَبآر و بِئار و اَبْؤُر (کلمہ مؤنث ہے)
البُؤرَة: گڑھا۔ آتشدان۔ ذخیرہ۔
اَلبَارَامُون— البَیرمون: عیسائیوں کا یوم عید (یونانی)
البارِنَامَجْ و البَرْنَامَجْ: بجٹ۔ فہرست حدیث کے راویوں اور اسنادِ کتب کی فہرست۔
البارود: بارود۔
البارُوْدَة: بندوق۔ ج بَوارِید
اَبارُونَ: کسی ممتاز شخصیت کا لقب جس کو یورپ میں اراضی تحفہ حکومت وقت دیا کرتی

تھی۔(فرانسیسی)
البأز. ج بئزان و بُؤوز و أبْؤز و (البَاز و البَازِي)ج أبْواز و بوازٍ و بِیْزان و بُزاة: باز.
البَازْدَار. باز وغیرہ شکاری پرندہ رکھنے والا۔ ج بَزَادِرَة.
البَازَار. بازار۔
البَازْرِكان. سوداگر۔
اَلْبَارَقْلِيط: عیسائیوں کے نزدیک روح مقدس اقنوم ثالث جس کا ترجمہ فریاد طلب کیا گیا۔ (یونانی)
باریوم: سفید دھات جس کی علامت Ba ہے۔
البَازَهْر. دیکھئے بادزهر.
بَؤُس (ک) بَاسًا. مضبوط و بہادر ہونا۔ صفت (بَئِس و بَئِيس)
بَئِس (س) بُؤسًا و بَئِيسًا و بُؤُوسًا و بُؤسى. سخت حاجت مند ہونا۔ صفت۔ (بائِس) ج بُؤَس.
بِئْسَ. فعل ماضی جامد ہے۔ مذمت کے لیے مستعمل ہے اور بَئِسَ الرَّجُلُ سے بنا ہے۔
اَبْأَسَ. مصیبتیں پڑنا: مصیبتوں اور سختیوں میں مبتلا کرنا۔
تَبَاءَسَ. بتکلف مفلس بننا۔
اِبْتَأَسَ. ناپسند کرنا۔ غمگین ہونا۔ اور اسی سے ہے "لا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ" جو کچھ وہ کرتے ہیں اس پر غم نہ کیجئے۔
البَأس. بہادری۔ قوت۔ خوف۔ عذاب۔ لَا بَأسَ بِهٖ: اس پر کوئی اعتراض نہیں لَا بَاسَ عَلَيْكَ: تمہارے اوپر کوئی خوف نہیں۔ لَا بَأسَ فِيْهِ: اس میں کوئی حرج نہیں۔ لابَأسَ اَنْ تَعْرِفُوْا: تمہارے جاننے میں کوئی دشواری نہیں۔
البُؤس. ج اَبْؤُس و (البَاسَاء و البُؤسى) شدت و محتاجی۔ و البَاسَاء: لڑائی۔ بھوک۔
بَنَاتُ بِئْسٍ: مصیبتیں۔
بِئْسَ. و بَئِيْسُ العَذَابِ: سخت عذاب۔

البَاسَلِيْق. کہنی کے قریب ایک رگ کا نام۔
بَاش. رئیس. باش کاتب۔ ہیڈ کلرک۔
البَاشَا. پاشا کا معرب۔ جو ایک معزز لقب ہے جس کو سلطان ترکی مخصوص مراتب کے لحاظ سے دیا کرتا تھا۔ ج باشادات و بَاشَات.
البَاشَق: ایک شکاری پرندہ۔
تَبَأّطَ. لیٹنا۔ فارغ البال ہونا۔ مطمئن ہونا۔
عَنْهُ: اعراض کرنا۔
باقهٗ (ن) بُؤوْقًا و اِنْبَاق. عَلَيْهِ الْوَيْلُ: اچانک آنا۔
البَاقَة: گلدستہ۔
بَؤُلَ (ک) بَوؤُوْلَة و بَالَة. کمزور اور ذلیل ہونا۔ صفت (بَئِيْلٌ)
بَالَطُو: گلاج اس کی عربی معطف ہے۔
بَابُوتُولُوجِيَا: جنگلی جانوروں کی ریسرچ کا علم۔
بَان: لمبے پتوں والا درخت سفید پھولوں والا جس سے تیل نکالا جاتا ہے۔
البَالُ. ویل مچھلی۔
البَالَةُ: عِنْدَ التُّجار: کپڑوں کا بنڈل۔ اس کی فصیح عربی امّالة ہے۔
البَالُو. ناچ گھر۔ اس کی فصیح عربی مرقص ہے (جدید)
البَالُوْن. غبارہ۔ اس کی فصیح عربی مُنْطَاد ہے۔ (جدید)
بَانْطَلُون: پتلون شروال کی طرح انگریزی پاجامہ۔
البَامِيَا. بھنڈی ترکاری۔ (جدید)
بَاهَ (ف) بأهًا. سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَابَأَهَ لِلْاَمْرِ اَوْ بِالْاَمْرِ" اس نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔
اَلْبَاوبَاب: موٹا درخت جو افریقہ میں پایا جاتا ہے۔
بَأَى (ف) بَأْوًا. عَلَيْهِم: فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔
بَاي: مالدار، یا صاحب گھر (ترکی زبان میں) الشیاء کے علاقہ میں صاحب قیادۃ کو بولتے ہیں۔

البَبْر والبَبَر. شیر ببر۔ ج بُبُور.
البَبْغَاء والبَبَّغَاء والبَبَغَاء. طوطا۔ ج بَبْغَاوَات
بَتَأَ (ف) بَتْأً. بِالْمَكَان: اقامت کرنا۔
بتّه (ن ض) بَتًّا و اَبَتَّه اِبْتَاتًا: كاٹنا۔ الْاَمْرَ: نافذ کرنا۔ النِّيَةَ: پختہ ارادہ کرنا۔
بَتَّتَه. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ توشہ دینا۔ الوَعْدَ: پختہ وعدہ کرنا۔
تَبَتَّتَ. ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ توشہ لینا۔
اِنْبَتَّ: کٹ جانا۔
البَاتُّ. کاٹنے والا۔ دُبلا۔ بَيْعٌ بَاتٌّ: لازمی بیع
اَلْبَتَّة: بَتَّ کا اسم مرة۔ البَتَّةَ وَبَتَّةً وبتاتًا: یقینًا. کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ اَلْبَتَّةَ" میں اس کو یقیناً نہیں کروں گا۔
البَتَّات و لِبَتِّي. موٹا کپڑا بننے والا یا بیچنے والا۔
البَتِيَّة: لکڑی کا بڑا پیپا۔ ج بَتَاتِيّ.
البَتِّيّ: اُونی رومال۔
بَتَرَهٗ (ن) بَتْرًا. کاٹنا۔
بَتِر (س) بَتَرًا و اِنْبَتَرَ. کٹ جانا۔
اَبْتَرَهُ. اللّٰهُ: بے اولاد کر دینا۔
البَاتِر والبَتَار والبَتَّار. شمشیر براں۔ ج بَوَاتِر.
الْاَبْتَر. کٹا ہوا۔ دم کٹا مِنَ الْحَيَّات: چھوٹا یا زہریلا سانپ۔ لا ولد۔ الْاَبْتَرَان: غلام و جنگلی گدھا۔ مؤنث بَتْرَاء. وَالبَتْرَاءُ مِنَ الخُطَب: وہ خطبہ جو حمد الٰہی سے خالی ہو۔
اَلْبِتْرُول: زمین کی معدنیات میں سے ایک اعلیٰ قسم کا پٹرول
بَتِعَ (س) بَتَعًا. مضبوط گردن یا مضبوط جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَبْتَع) مؤنث بَتْعَاء ج بُتْع.
الْاَبْتَع. پُر گوشت گٹھا ہوا۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا كُلُّهُمْ اَبْتَعُوْنَ" وہ سب کے سب آئے۔
بَتَكَه (ن ض) بَتْكًا وبَتَّكَه۔ کاٹنا۔

تبتّك و انبتك: کٹنا۔
البتکۃ: ٹکڑا۔ ج بتك.
الباتك و البتوك: خوب کاٹنے والا۔ تلوار۔
بتَلَ (ن ض) بتلًا و بتّل. الشیٔ: کاٹ کر جدا کرنا۔
بتّل و تبتّل: دنیا سے بے تعلق ہو کر خدا کی طرف متوجہ ہونا۔ شادی نہ کرنا۔
انبتل: کٹنا۔
عطاءٌ (بتْلٌ): بے مثل عطیہ۔ آخری عطیہ۔
البتول: غیر شادی شدہ عورت جو شادی کی طرف رغبت نہ کرے۔
البتولۃ و البتولیّۃ: تجرد کی حالت۔
البتیل: دنیا سے بے تعلق۔ وادی کے نچلے حصے کی نالی۔
خصرٌ بتیلٌ: پتلی کمر۔ ج بتل.
ابتولا: معقول آمدن والے خوبصورت عمدہ لکڑی والے درخت جو کہ زیادہ تر روس میں پیدا ہوتے ہیں۔
بثّ (ن ض) بثًّا و بثّث. الخبرَ: خبر پھیلانا۔
بثّ و باثّ و ابثّ. فلانًا الخبرَ: آگاہ کرنا۔ بتانا۔
تباثّ. القومُ الاسرارَ: ایک دوسرے کو راز بتانا۔
انبثّ: پھیلنا۔ متفرق ہونا۔ غبار وغیرہ کا اڑنا۔
البثّ: پراگندگی حال۔ سخت غم۔
بثبث: الخبرَ: پھیلانا الغبارَ: اڑانا۔
بثَر (ض) و بثِر (س) و بثُر (ک) بثْرًا و بثَرًا و بثورًا و تبثّر. وجهُه: چہرے پر پھنسیاں نکلنا۔ صفت (بثِر و بثیر)
الباثر: فا۔ بغیر کھودے ہوئے نکلنے والا پانی۔ حاسد۔
البثیر. بہت۔ کہا جاتا ہے "کثیرٌ بثیرٌ"
المبثور: بہت مالدار۔ وہ شخص جس پر حسد کیا جائے۔
بثِعتْ (س) بثعًا. الشفۃُ خاصّۃً کثرتِ خون سے سرخ ہونا۔
الابثع: وہ شخص جس کے ہونٹ کثرتِ خون سے سرخ ہو گئے ہوں۔ مؤنث بثعاء ج بثع.
بثق (ن) بثقًا و تبثاقًا و بثق النهرَ: پانی اچھی طرح بہنے کے لیے دریا کے بند کو توڑ دینا۔
انبثق: الماءُ: بہہ پڑنا بالکلامِ: تیز بولنا۔
البجّ: پرندے کا بچہ۔
بجّه (ن) بجًّا: پھاڑنا۔ نیزہ مارنا۔ بجّ الکلاُ الناقۃَ: موٹا کرنا۔
الابجّ: کشادہ آنکھ والا۔ مؤنث بجّاء کہا جاتا ہے "عینٌ بجّاءُ" کشادہ آنکھ۔
بجبج: الصبیَّ: بچے کو بہلانا۔
تبجبج: اللحمُ: ڈھیلا ہونا۔
بجِح (س) بجحًا. به: خوش ہونا۔
البجباج: موٹا گوشت سے بھرا ہوا۔
رملٌ بجباجٌ: جمع شدہ ریت
تبجّح: فخر کرنا۔ بڑا بننا۔
البجّاح: بہت فخر کرنے والا۔
بجد (ن) بجودًا و بجدًا. بالمکانِ: اقامت کرنا۔
البجد. من الناسِ: جماعت من الخیلِ: سو اور دو سو سے زائد گھوڑے۔
بُجدۃُ الامرِ و بَجدتُه و بُجُدتُه. حقیقت۔ اصلیت۔ کہا جاتا ہے: "عندہٗ بُجدۃُ الامرِ" وہ حقیقت شناس ہے۔ "وھو ابنُ بُجدۃِ الامرِ" وہ معاملہ کی حقیقت کا جاننے والا ہے۔
البجاد: دھاری دار کپڑا۔ ج بُجد.
بجِر (س) بجرًا. الرجلُ: موٹی جڑ والی اور باہر کو نکلی ہوئی ناف والا ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ دودھ اور پانی سے پیٹ بھرنے کے باوجود سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَجِر و ابجر)
تبجّر: النبیذَ: پینے میں زیادتی کرنا۔
الباجر: فا۔ پھولے ہوئے پیٹ والا۔ ج بجرۃ.
الابجر. ج اباجر و اباجیر و (البُجری) ج بجاری. برائی۔ مصیبت۔ بڑا معاملہ۔ کہا جاتا ہے "لقیتُ منه البجاریَّ" اس سے مجھے مصیبتیں حاصل ہوئیں۔
البَحْرُ بحور غلماء عروض کی اصطلاح میں شعروں کا وزن۔
بجس (ن ض) بجسًا و بجّس. الماءَ: پانی جاری کرنا الجرحَ: زخم چیرنا۔
بجس وانبجس و تبجّس. الماءُ: پانی جاری ہونا۔ بہنا۔
البجس والبجیس: بہنے والا۔ عینٌ بجیسٌ: بہت پانی والا چشمہ۔ ماءٌ بجیسٌ: بہتا ہوا پانی۔
بجعه (ف) بجعًا: تلوار سے کاٹنا۔
البجع: ایک قسم کا پرندہ جس کی چونچ لمبی اور چوڑی ہوتی ہے اور اس کی چونچ کے نیچے بڑا سا پوٹا ہوتا ہے۔ واحد بجعۃ.
بجَل (ن) و بجِل (س) بجلًا و بجولًا: خوش ہونا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (باجل)
بجُل (ک) بجالۃً و بجولًا: معزز ہونا۔ صفت (بجیل)
ابجله الشیءُ: کافی ہونا۔
بجلِ. حرف جواب مثل نعم کے۔ اسم فعل بمعنی حسب. تم کہتے ہو "بجلك" یعنی تمہارے لیے کافی ہے۔
بجم (ض) بجمًا و بجومًا: گھبراہٹ یا عاجزی سے خاموش ہو جانا۔
بجّم: بمعنی مجرد۔ دیر کرنا۔ تیز نظر ڈالنا۔ منقبض ہونا۔
بحّ (س) بحًّا و بححًا و بحوحًا و بحاحًا و بحوحۃً و بحاحۃً: گلو گرفتہ ہونا۔ بیٹھی ہوئی آواز والا ہونا۔ صفت (ابحّ) مؤنث بحّاء۔ ج بُحّ.
ابحّه و بحبحه: کسی کی آواز کو بھاری کر دینا۔
البُحّۃ: آواز میں بھاری پن اور خشونت۔
بحبح و تبحبح: اچھی طرح ٹھہرنا۔
تبحبح الدار: گھر کے وسط میں ٹھہرنا۔ "تبحبحتِ العربُ فی لغاتها" توسع کرنا۔

بَحْبُوحَةُ الدار: وسط۔ درمیان۔
اَلْعَیْش: فراخی زندگانی۔
بَحُتَ (ک) بُحُوحَةً: خالص ہونا۔
بَاحَتَه. اَلْوُدَّ: خالص دوستی کرنا فُلَانًا: بتانا۔
اَلْبَحْت: محض خالص۔ شَرَابٌ بَحْتٌ: سادہ بغیر کسی چیز سے ملا ہوا۔ مِسْكٌ بَحْتٌ: خالص مشک۔ عَرَبِیٌّ بَحْتٌ: خالص نسب والا عربی مؤنث بَحْتَة. بحت کا لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے آتا ہے۔ اگر چاہو تو مؤنث تثنیہ جمع لاسکتے ہو۔
اَلْبُحْتُر و اَلْبُحْتُرِی: پست قد گٹھے بدن والا۔
بَحَثَ (ف) بَحْثًا. فِی الْاَرْضِ: کھودنا۔ اور اسی سے مثل ہے "كَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِهٖ بِظِلْفِهٖ" یعنی وہ اپنی ہلاکت و بربادی کا سامان خود پیدا کرتا ہے
بَاحَثَهٗ: خطاب کرنا۔ گفتگو کرنا۔
تَبَاحَثُوْا: باہم گفتگو کرنا۔
بَحْثَرَ الشَّیْ بَحْثَرَةً: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ کھولنا۔
ف تَبَحْثَرَ. بکھرنا۔ جدا جدا کرنا۔ ظاہر ہونا۔
بَحِرَ (س) بَحَرًا: سمندر دیکھ کر ڈر سے حیران یا مبہوت ہونا۔ سخت پیاسا ہونے کی وجہ سے سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَحِر)
بَحَرَ (ف) بَحْرًا. اَلْاَرْضَ: شق کرنا النَّاقَةَ: کان چیرنا۔ صفت مفعولی (بحیرة) بَحَائِر و بُحُر.
اَلْبَاحِر. مبہوت۔ بیوقوف۔ فضولی۔
اَلْبَاحُوْر وَالْبَاحُوْرَاءُ: ماہ جولائی کی سخت گرمی۔ اَلْبَاحُوْرُ: چاند۔
اَلْبُحْرَان: فی عرف الاطباء: امراض حادہ کا وہ تغیر جو اچانک پیدا ہوتا ہے۔ نیز شدت مرض سے قوت مدرکہ میں خلل پیدا ہونا۔
اَلْبَحْرَیْن: ایک شہر کا نام نسبت کے لیے (بحرانی) خلاف قیاس۔
بَخَّ (ن) بَخًّا. فِی النَّوْمِ: خراٹے لینا۔

غصہ ٹھنڈا کرنا۔
بَخ: اسم فعل ہے تعریف اور اظہار خوشنودی کے لیے مستعمل ہے اور تاکید کے لیے مکرر بولتے ہیں۔ کہتے ہیں بَخ بَخ کسرہ سے۔ یا تنوین سے بمعنی واہ واہ۔ آفریں شاباش۔
بَخْبَخَ. فِی النَّوْمِ: خراٹے لینا اَلْبَعِیْرُ: اونٹ کا بلبلانا اور منہ کا جھاگ سے بھر جانا۔
الرَّجُلَ: کسی کو شاباش دینا۔
بَخْبَخَ و تَبَخْبَخَ. اَلْحَرُّ: کم ہو جانا۔
بَخَتَه (ن) بَخْتًا: مارنا۔
بَخَّتَهٗ: لاجواب کر دینا۔
بُخِتَ: بزدل ہونا۔
اَلْبَخْت: نصیبہ (فارسی کلمہ ہے جس کے لیے فصیح لفظ اَلْحَظُّ ہے)
اَلْبَخِیْت وَالْمَبْخُوت: نصیبہ ور۔
بَخْتَرَ بَخْتَرَةً و تَبَخْتَرَ: خوش رفتاری سے چلنا۔ متکبرانہ چال چلنا۔
اَلْبَخْتَرِیَّةُ و اَلتَّبَخْتُرِیَّةُ: متکبرانہ چال۔
بَخَرَت (ف) بَخَرًا. اَلْقِدْرُ: بھاپ نکلنا۔
بَخِرَ (س) بَخَرًا. اَلْفَمُ: گندہ ذہن ہونا۔ صفت (اَبْخَر)
تَبَخَّرَ: دھونی لینا۔ دھونی سے خوشبودار ہونا۔
اَلْبُخَارُ: بھاپ ج اَبْخِرَة
اَلْبَاخِرَة. اسٹیمر۔
اَلْبَخُوْر: ہر وہ چیز جس سے دھونی دی جائے ج اَبْخِرَة و بُخُوْرَات.
بَخُوْرُ مَرْیَم وبَخُوْرُ الْاَكْرَاد و بَخُوْرُ البر و بَخُوْرُ السُّوْدَان و بَخُوْرُ الْبَرْبَر. مختلف قسم کے نباتات کے نام۔
اَلْمِبْخَرَة. عودسوز۔
بَخَزَ (ن) بَخْزًا. عَیْنَهٗ: آنکھ پھوڑنا۔
بَخَسَه (ف) بَخْسًا. گھٹانا اور اسی سے ہے "لَاتَبْخَسْ اَخَاكَ حَقَّهٗ" اپنے بھائی کا حق مت گھٹاؤ۔ ظلم کرنا۔ بَخَسَ عَلَیْهِ: آنکھ پھوڑنا۔
تَبَاخَسَ. اَلْقَوْمُ: ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا۔

اَلْبَخْس. س ناقص۔ قرآن عزیز میں ہے۔ "وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ" ان کو بہت ہی کم قیمت کو بیچ ڈالا۔
اَلْبَخْس. وہ زمین جو بغیر سیراب کیے ہوئے پیداوار اگائے۔
اَلْبَخْسِیُّ. مِنَ الزَّرْعِ: وہ کھیتی جو بغیر آبپاشی کے پیدا ہو۔
اَلْاَبَاخِس. انگلیاں۔
بَخَشَ یَبْخُشُ. سوراخ کرنا۔
اَبْخَش: سوراخ۔ اَبْخَشِیْش: مٹھائی' عطیہ رشوت کی صورت میں یا عزت کی صورت میں (یہ سب الفاظ غیر فصیح عربی زبان کے ہیں)
بَخَصَ (ف) بَخْصًا. عَیْنَهٗ: آنکھ نکال لینا۔
بَخِصَ (س) بَخَصًا. اَلرَّجُلُ: کسی کی آنکھ کے اوپر یا نیچے غدہ ہونا۔ صفت (اَبْخَص) مؤنث بَخْصَاءُ ج بُخْصٌ.
تَبَخَّصَ. تیز نظر سے دیکھنا۔ پلکوں کا الٹ جانا۔
اَلْبَخَصُ: نچلے ابرو کے نیچے گوشت اس وقت ظاہر ہو جب غور سے دیکھے حیرانگی یا انکار کے وقت' قدم کا گوشت' انگلیوں کی جڑ کا گوشت۔
مَبْخُوْصُ. اَلْقَدَمَیْنِ: وہ شخص جس کے قدموں میں گوشت کم ہو۔
بَخَعَ (ف) بَخْعًا. نَفْسَهٗ: غم یا غصہ سے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا۔ الشَّاةَ: ذبح کرنے میں گدی تک کاٹ دینا لَهٗ نُصْحَهٗ: خالص خیر خواہی کرنا الرَّكِیَّةَ: کنواں پانی نکلنے تک کھودنا 'فُلَانًا خَبَرَهٗ'' تصدیق کرنا۔
بَخِعَ (س) بُخُوْعًا و بَخَاعَةً. بالحق: اقرار کرنا۔ حق کے سامنے جھک جانا۔
بَخَقَ (ف) بَخْقًا و اَبْخَقَ. عَیْنَهٗ: کانی کرنا پھوڑنا۔
رَجُلٌ (اَبْخَق وبَاخِق و بَخِیْق و مَبْخُوْق) کانا مرد۔
عَیْنٌ (بَخْقَاء و بَاخِقَة و بَخِیْقَة و مَبْخُوْقَة) کانی آنکھ۔

بَخِقَتْ (س) بَخقًا. عَيْنُه: بُری طرح کانی ہونا۔

بَخِلَ (س) بَخَلًا و بَخُلَ (ک) بُخلًا. بخیل ہونا۔ کنجوس ہونا۔ صفت بَخِيْل ج بخلاء عَلَيْه و عَنْهُ: کسی سے بخل کرنا۔ صفت باخِل ج بُخَّل.

بَخَّلَه. بخل کی جانب منسوب کرنا۔

اَبْخَلَه. بخیل پانا۔

البَخال والبَخَّال والمُبَخَّل والبَخِل بہت کنجوس۔

المَبْخَلَة. باعث بخل۔ اور اسی سے ہے،، اَلْوَلَد مَبْخَلَة مَجْبَنَة لڑکا باعث بخل اور باعث بزدلی ہوتا ہے۔

بَدَّ (ن) بَدًّا. رِجْلَيْه: ٹانگیں پھیلانا الرَّجُلَ عَنِ الشيءِ: دور کرنا۔ روکنا۔

بَدَّ (س) بَدَدًا. زیادتی گوشت کی وجہ سے دونوں رانوں میں فاصلہ ہونا۔

بَدَّدَ. الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ الرجل: تھکنا۔

بَادَّ مُبَادَّةً وبِدَادًا. مبادلہ کے طور پر بیچنا۔ القوم في السَّفَرِ: ہر ایک کا اپنا اپنا زادِ سفر لانا اور پھر مل کر خرچ کرنا۔

اَبَدَّ. الشَّيْءَ بَيْنَهُم: ہر ایک کا حصہ دینا۔ يَدَهُ: زمین کی طرف ہاتھ بڑھانا۔

تَبَدَّدَ. متفرق ہونا القوم الشَّيْءَ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔

اِسْتَبَدَّ. بِكَذَا: اپنے آپ کو ترجیح دینا۔ الأَمْر بفُلَانٍ: کسی معاملہ کا بے قابو ہو جانا۔

البَدّ والبَدِيْد. مثل و نظیر۔

البُدّ. چارہ کار۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو،، لَا بُدَّ مِنْ هٰذَا یہ لازمی ہے۔ بدلہ

والبُدَّة والبُدَاد. حصہ۔

ذَهَبُوْا (اَبَادِيْد تَبَادِيْد) یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔ وطَيْرٌ اَبَادِيْد وتَبَادِيْد متفرق پرندے۔

المُسْتَبِدّ. کام شروع کر کے خاتمہ ہی پر دم لینے والا۔

بَدَأَ (ف) بَدْئًا وابْتَدَأَ و تَبَدَّأَ. الشَّيْءَ و بِه: شروع کرنا۔ پہلے کرنا۔ بَدَأَ بِفُلَانٍ: آگے بڑھانا۔ بَدَأَ الشَّيْءَ: شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔

بَدَأَ و أَبْدَأَ. الله الخلق: پیدا کرنا۔ صفت (بَادِئ)

بَدَّأَه. شروع کرانا۔ فضیلت دینا۔

البَدْء والبَدْأَة والبَدَائَة والبَدِيْءَة: شروع۔ ابتداء۔ کہا جاتا ہے، اَفْعَلُهُ بَدْئًا وبَدْءَ بَدْءٍ واَوَّلَ بَدْءٍ وبَادِئَ بَدْءٍ وبَدْأَةَ ذِيْ بَدْءٍ یعنی میں اس کو ساری چیزوں سے پہلے کروں گا۔

والبَدَائَة: کسی جگہ کے لیے سفر کی ابتداء۔ تم کہتے ہو، اِكْتَرَيْتُ الفرسَ لِلْبَدَاءَةِ والرَّجْعَة میں نے گھوڑے کو آمد و رفت کے لیے کرایہ پر لیا۔ بدو کی جمع اَبْدَاء وبُدُوْءٌ۔

المَبْدَأ. اصل۔ سبب ج مَبَادِئ۔

اَلْمُبْتَدَاءُ. پہلا۔ وہ اسم مسند الیہ جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو۔

اَللاِبْتِدَائِي: پہلا کہا جاتا ہے۔ اَلْمَحْكَمَةُ الإِبْتِدَائِيَّة: وہ محکمہ جو فیصلہ کرنے کا زیادہ اختیار رکھتا ہے۔ اَلتَّعْلِيْم الابتدائي: ابتدائی تعلیم۔ اَلشَّهَادَةُ الإِبْتِدَائِيَّة: پرائمری سند۔

اَبْدَأَ الرَّجُلُ: عمدہ کلام لانا۔ کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ مَا يُبْدِئُ وَمَا يُعِيْد یعنی فلاں آدمی نہ تو عمدہ پیش کر سکتا ہے اور نہ اس کو اعادہ کر سکتا ہے۔

بَدَحَ (ف) بَدْحًا. هُ بِالعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔ بِالسِّرِّ: ظاہر کرنا۔

تَبَادَحُوْا. بِالشَّيْءِ: باہم مل کر پھینکنا۔

البَدْح. ج بُدُوْح وبِدَاح و (البَدَاح) ج بُدُح و (البُدْحَة): وسیع زمین۔

بَدَخَ (ف ض) و بَدُخَ (ک) بَدْخًا و بَدَاخَة: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (بَدِيْخ) ج بُدْخَاء۔

تَبَدَّخَ. عَلَيْه: بڑا بننا۔

بَدَرَ (ن) بُدُوْرًا. اِلَى الشَّيْءِ: جلدی کرنا ہ الی الشَّيْءِ: کسی چیز کے لیے کسی سے سبقت کرنا۔

بَادَرَ مُبَادَرَة وبِدَارًا. اِلَى الشَّيْءِ: جلدی کرنا الشَّيْءَ: وقوع سے پہلے کرنا۔ بَادَرَ فُلَانًا الشَّيْءَ وإِلَيْه: کسی چیز کے لیے کسی سے سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

تَبَادَرَ. القَوْم: جلدی کرنا۔

تَبَادَرَ وابْتَدَرَ. القَوْمُ اَمْرًا: بعض کا بعض سے سبقت کرنے کے لیے بڑھنا۔

اَلْبَادِر. جلدی کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج بَوَادِر۔

اَلْبَادِرَة. تیزی یا تیزی کے وقت

بَدَعَ (ف) بَدْعًا. الشَّيْءَ: گھڑنا۔ بغیر نمونہ کے کوئی چیز بنانا۔ ابتداء کرنا۔ ایجاد کرنا۔

بَدُعَ (ک) بَدْعًا و بَدَاعَةً وبُدُوْعًا: بے مثال ہونا۔ انوکھا ہونا۔

بَدِعَ (س) بَدَعًا. موٹا ہونا۔ صفت (بَدِيْع)

بَدَّعَهُ. بدعت کی نسبت کرنا۔

اَبْدَعَ. کسی کام کو خوش اسلوبی سے کرنا بِهِ: چھوڑ دینا (وابْتَدَعَ) الشَّيْءَ: ایجاد کرنا الرَّجُل: بدعت نکالنا۔

تَبَدَّعَ. بدعتی ہونا۔

اِسْتَبْدَعَ. الشَّيْءَ: عجیب و نادر سمجھنا۔

اَلْبِدْع. انوکھا۔ ناتجربہ کار مرد۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ بِدْعٌ فِي الْأَمْرِ فلاں نے اس کام کو پہلی مرتبہ کیا۔ ج اَبْدَاع وبُدُوع۔

اَلْبِدْعَة: بغیر نمونہ کے بنائی ہوئی چیز۔ دین میں نئی رسم۔ وہ عقیدہ یا عمل جس کی کوئی اصل قرون ثلاثہ مشہور ولہا بالخیر میں نہ ملے۔ ج بِدَع۔

البَدِيْع: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے الله بَدِيْعُ السَّمٰوٰت وَالْأَرْض اللہ نے آسمان و زمین کو بغیر کسی نمونہ کے پیدا کیا ہے۔

بَدِغَ (س) بَدَغًا: زمین پر گھسٹنا۔ بِالشَّرِّ اَو بِالْاَقْذَارِ: آلودہ ہونا۔

بَدَغَ (ف) بَدْغًا. الجَوْزَ اَو اللوزَ: اخروٹ یا بادام توڑنا۔

بَدَلَ(ن) بَدْلًا وأبْدَلَ وبَدَّلَ. الشَّيْءَ: بدلنا۔ بدلہ میں لینا۔
بَدِلَ(س) بَدَلًا ہڈیوں یاجوڑوں میں درد والا ہونا۔
بَدَّلَ وأبْدَلَ. الشَّيْءَ مِنه: بدلہ میں لینا وَبَدَّلَ الشَّيْءَ شيئًا. آخر. بدل دینا۔ کہا جاتا ہے' بَدَّلَ الله الخوف أمْنًا اللہ نے خوف کوامن سے بدل دیا۔
بَادَلَهُ. بكذا: بدلہ دینا۔
تَبَدَّلَا وتَبَادَلَا. ثَوْبَيْهِمَا: ایک دوسرے سے بدل لینا۔ تَبَدَّلَ: بدل جانا۔ متغیر ہونا۔
تَبَدَّلَهُ واسْتَبْدَلَهُ. بكذا: بدلہ میں لینا جیسے' تَبَدَّلَتِ الدَّارُ بأُنْسِهَا وَحْشًا مکان کی اُنسیت وحشت سے بدل گئی۔
اَلْبِدْلُ والبَدَلُ والبَدِيْلُ: بدلہ۔ جانشیں۔ سخی۔ فیاض۔ شریف۔ کہاجاتا ہے رجلٌ بِدْلٌ وبَدَلٌ ج أبْدال و بُدَلاء البَدَلُ: جوڑوں یاہاتھ پیروں یاہڈیوں کادرد۔ اور اسی سے ہے۔ رُبَّ بَدَلٍ شر مِنْ بَدَلٍ بہت سے عوض ہڈی کے درد سے برے ہیں۔ اَلْأبْدَال: صالحین کی وہ جماعت جن سے دنیا کبھی خالی نہیں رہی۔ کہتے ہیں کہ جب ان میں سے کوئی مرتا ہے تو فوراً دوسرا اس کا قائم مقام ہو جاتا ہے۔
اَلْبَدَّال کھانے پینے کی چیزوں کا بیچنے والا۔ بنیا۔ عوام۔ بقال کہتے ہیں۔
بَدَنَ(ن) بَدْنًا وبُدْنًا وبُدُونًا وبَدُنَ (ک) بَدَانَةً وبَدَانًا. موٹے بدن والا ہونا۔ صفت (بَادِن) مؤنث (بادِن: بَادِنَة) ج بُدَّن و(بَدين) ج بُدْن.
بَدَّنَه: زرہ پہنانا۔ وبَدَّنَ: بڑی عمر کا ہونا۔
البَدَن: جسم ۔ ج ابدان۔ چھوٹی زرہ ج بُدُون.
البَدَنَة: وہ گائے یا اُونٹ جس کی قربانی مکہ میں حج کے موقعہ پر کی جائے۔ عورتوں کی بغیر آستین والی قمیص۔ ج بَدَنات. و بُدْن.
المِبْدَان والمُبَدَّن. موٹے جسم والا۔ تناور۔
بَدَهَ(ف) بَدْهًا و بَادَهَ. الرَّجُلَ: کسی کے پاس اچانک آنا۔ صفت (بادِه) مؤنث (بَادِهَة) ج بَوادِه.
تَبَادَهُوا: الشِّعْرَ او الخُطَبَ: باہم بے فکروتامل کے شعر پڑھنا یا تقریر کرنا۔
اِبْتَدَهَ. اَلْخُطْبَةَ: بے فکروتامل کے تقریر کرنا۔ صفت (مُبْتَدِه و مِبْدَه)
البُدَاهَة والبَدَاهَة: ہر چیز کا آغاز۔ کہا جاتا ہے' لَحِقَهُ فِي بَدَاهَةِ جَرْيِهِ گھوڑ کے آغاز ہی میں اس سے جاملا۔ اچانک۔
البَدِيْهِيّ: بدیہی۔ (وہ چیز جس کے جاننے کے لیے غوروفکر کی ضرورت نہ ہو۔
بَدَا(ن) بُدُوًّا و بَدَاءً و بَدْوًا و بَدَاءَة: ظاہر ہونا۔ صفت (بادٍ) ج بَادُون و بُدًى و بُدِّيَ له فِي أمرٍ: خیال سوجھنا۔
بَدَا(ن) بَدَاوَةً و بِدَاوَةً و تَبَدَّى: بادیہ کی طرف جانا۔ بادیہ میں اقامت اختیار کرنا۔ صفت (اَلْبَدْوِيّ) وتَبَدَّى: ظاہر ہونا۔
تَبَادَى: بدوی صفت ہونا۔
البَدْو والبَادِيَة والبَدَاوة: صحراء جنگل۔ ج بَادِيَات وبَوَادٍ والبَدْو: خانہ بدوش عربی قبائل۔ اور بدو کی طرف نسبت کے لیے (بَدْوِيّ و بَدَوِيّ) مؤنث بَدْوِيَّة ج بَدَاوِيّ.
البَدْوَة: وادی کا کنارہ۔
البَدَاة: کھمبی۔ خاک۔ قائم کردہ رائے۔ ج بَدَوات.
بَذَّ(س) بَذَذًا و بَذَاذًا و بَذَاذَة و بُذُوْذَة: بدحال ہونا۔ شکستہ حال ہونا۔ صفت (بَذٌّ و بَاذٌّ) مؤنث (بَذَّة وبَاذَّة)
بَذَّه(ن) بَذًّا: غالب ہونا۔ فائق ہونا۔
بَاذَّهُ: سبقت کرنا۔
البَذّ والبَذِيْذ: مثل اور کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ بَذِّيْذٌ یگانہ روزگار مرد۔
بَذَأَ (ف) بَذْأً. الشَّيْءَ: ناپسند کرنا الشَّخْصَ وَعَلَى الشَّخْصِ: حقارت کرنا مذمت کرنا۔
بَذَأَ(ف) وبَذِئَ(س) وبَذُؤَ(ک) بَذَاءَة: فحش گو ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (بَذِئ)
أرْضٌ بَذِيئَة: وہ زمین جس میں گھاس نہ ہو۔
اَبْذَأ: فحش گوئی کرنا۔
بَاذَأَه. جھگڑا کرنا۔ فحش گوئی کرنا۔
بَذَحَه(ف) بَذْحًا. چیرنا الجِلْدَ عَنِ العرق: کھال ہٹانا۔
تَبَذَّحَ. السَّحَابُ: برسنا۔
البَذْح. پھٹن۔ ج بُذُوح: کہا جاتا ہے۔ فِي رِجْلِهِ بُذُوحٌ اس کے پاؤں میں بوائی ہے۔
البَذَح: رانوں کی خراش۔
بَذِخَ(س) بَذَخًا و بَذَخَ(ف) بَذْخًا و بَذُخَ(ک) بَذَاخَةً و تَبَذَّخَ: بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔ بڑی شان والا ہونا۔ صفت (بَاذِخ) ج بَوَاذِخ و(بَذِيخ) ج بُذَخاء.
بَاذَخَه: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
بَذَّرَ. المَالَ: فضول خرچی میں بکھیرنا۔ صفت (بَذُرٌ وتِبْذار و تِبْذارَة)
تَبَذَّرَ وانْبَذَرَ: متفرق ہونا۔ تَبَذَّرَ المَاءُ: رنگ بدل کر پیلا پڑجانا۔
بَذْرَقَ. اَلْمَالَ: بکھیرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
المُبَذْرِق: راہبر۔ دیدبان۔ رہنما۔
بَذَعَه(ف) بَذْعًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ ڈرانا۔ بَذَعَ الإنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔
اَبْذَعه: ڈرانا۔ خوف دلانا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔
البَذْع: برتن سے ٹپکا ہوا پانی۔
بَذَلَ(ن ض) بَذْلًا. الشَّيْءَ: دینا۔ سخاوت کرنا۔ کہا جاتا ہے' بَذَلَ نَفْسَه دُوْنَ أوْعَنْ فُلانٍ اس نے فلاں کی حمایت میں اپنی جان لڑا دی۔ صفت (بَاذِل وبَذُول) اور صفت مفعولی (مَبْذُول) بَذَلَ جُهْدَهُ: پوری کوشش کرنا۔

تَبَذَّلَ وَابْتَذَلَ: چھچھورا ہونا۔ وقار کے خلاف کرنا۔
بَذُمَ(ک) بَذَامَۃً: کسی رائے پر پختگی کے ساتھ ڈٹ جانا۔ صفت بذیم۔
اَلْبُذْم: دوراندیشی۔ قوت۔ طاقت۔ رائے کی عمدگی۔ مروت۔
اَلْمِبْذَم: مضبوط اُونٹنی۔
بَذَا(ن) بَذْوًا وَاَبْذَیٰ اِبْذَاءً عَلَیْہِ: فحش بکنا۔
بَذُوَ(ک) بَذَاءً و بَذَاءَۃً۔ فحش گو ہونا۔ صفت (بَذِیٌّ) ج اَبْذِیا مؤنث (بَذِیَّۃٌ)
البَذَاء: بیہودہ کلام۔
بَرَّ(ن) بِرًّا و مَبَرَّۃً۔ وَالِدَہٗ: اطاعت کرنا۔ حسن سلوک کرنا۔ خدمت کرنا۔ صفت (بَرٌّ) ج اَبرار و (بَارٌّ) ج بَرَرَۃ۔
بَرَّ(س ض) بِرًّا و بَرَارَۃً و بُرُوْرًا۔ فِی قَوْلِہٖ: سچ بولنا خَالِقَہٗ: اطاعت کرنا بَرَّتِ الیَمِیْن: قسم پوری ہونا۔ بَرَّتِ الصَّلَاۃ: نماز کا مقبول ہونا۔ بَرَّ اللہُ الصَّلٰوۃَ: نماز کو قبول کرنا۔
بَرَّرَہٗ: نیک چلن قرار دینا۔ وجہ جواز پیدا کرنا۔
بَارَّہٗ: حسن سلوک کرنا۔ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
اَبَرَّ: خشکی کا سفر کرنا عَلَیْہِ: غالب ہونا۔ نیک ہونا اللہُ حَجَّتَہٗ: قبول کرنا اَلیَمِیْنَ
تَبَرَّرَ: نیک ہونا۔ نیکی کے اظہار کا ارادہ کرنا۔
تَبَرَّرَہٗ: اطاعت کرنا۔
العَرَبِ اَبَرُّھُمْ کا مقصد یہ ہے کہ عرب کا سب سے زیادہ فصیح وہ بدوی ہے جو شہر سے بہت دور ہو۔
اَلْبُرِّیُّ: اچھی بات۔
اَلْمَبَرَّۃ: جو نیکی پر اُبھارے۔ عطیہ۔ ج مَبَرَّات و مَبَار۔
اَلْمَبْرُوْر۔ مِنَ الْاَفْعَالِ: شبہ۔ جھوٹ خیانت سے خالی۔
اَلْبَرِیْر: درخت پیلو کا پہلا پھل۔ واحد بَرِیْرَۃ
بَرَأَہٗ(ف) بَرْءًا و بُرُوْءًا: نیست سے ہست کرنا۔
بَرِیَٔ(س) بُرُوْءًا و بَرَاءً اوبَرَاءَۃً۔ مِنَ العَیْبِ وَالدَّیْن: خلاصی پانا۔ نجات پانا۔
بَرِیَٔ(س) و بَرَأَ(ف) وبَرُؤَ(ک) بَرْءًا و بُرُوْءًا۔ مِنَ الْمَرَضِ: شفایاب ہونا۔ چنگا ہونا۔
بَرَّأَہٗ تَبْرِئَۃً۔ بری کرنا۔ پاک کرنا مِنَ التُّھْمَۃِ: دور کرنا۔
اَبْرَأَ۔ الْمَرِیْضَ: شفا دینا ہٗ مِنَ الدَّیْن: بری کردینا اَلرَّجُلُ: مہینے کی پہلی رات میں داخل ہونا۔
بَارَأَ۔ شَرِیْکَہٗ: شریک سے جدائی اختیار کر لینا۔
تَبَرَّأَ۔ مِنَ الذَّنْب: گناہ سے بیزار ہونا۔
تَبَارَأَ۔ الزَّوْجَانِ: شوہر بیوی کا ایک دوسرے سے جدا ہونا۔
اِسْتَبْرَأَ: قرض یا گناہ سے برائت طلب کرنا۔
اَلْبَرِیُٔ وَالْبَرِیُّ: خالص۔ خالی۔ گناہ و تہمت سے پاک۔ ج بَرِیْئُوْن و بُرَآء و بِرَاء و اَبْرَاء واَبرِبَاء۔ مؤنث بَرِیْئَۃ و بَرِیَّۃ ج بَرِیْئَات و بَرِیَّات و بَرَایَا۔
البَرَاء: مہینے کی پہلی رات۔ اِبْنُ البَرَاءِ مہینے کی آخری رات۔ کہا جاتا ہے' اَنَا بَرَاءٌ مِنْ کذا میں اس سے بری ہوں۔ (اس کا تثنیہ جمع نہیں اور نہ اس کے لیے مؤنث ہے)
اَلْبُرْأَۃ: شکاری کی جھونپڑی۔ ج بُرَآء
البَرَائَۃ: بری کا مصدر۔ فرمان۔ پروانہ۔ ج بَرَأت۔
البَارِیُٔ: پیدا کرنے والا۔ صحت یاب جس کی لاغری باقی ہو۔
البَرِیَّۃ مخلوق۔ ج بَرَایَا۔
البُرَائِل وَالبُرَائِلَیّ: پرندہ کی گردن کے پر۔
البُرَائِلیّ: مرغ۔
بَرْأَلَ وتَبَرْأَلَ وَابْرَأَلَّ۔ الطَّائِر: پرندہ کا لڑنے کے لیے گردن کے پر کھڑے کرنا۔
البَرْبَخ: مٹی کا پرنالہ۔ ج بَرَابِخ
بَرْبَرَ: بک بک کرنا۔ بڑبڑانا۔ صفت (بَرْبَار)
تَبَرْبَرَ: وحشی ہونا۔
البَرْبَرِی: قوم بربر کا ایک فرد۔
البَرْبَر: مغربی افریقہ کی ایک قوم۔ اور بسا اوقات اس لفظ کا اطلاق زنگیوں اور حبشیوں پر بھی ہوتا ہے۔ ج بَرَابِر و بَرَابِرَۃ۔
بَرْبَصَ۔ الاَرْضَ: سینچنا۔
البَرْبَط: بربط (باجہ)
بَرَتَ(ض) بَرْتًا۔ الشَّیَٔ: کاٹنا۔
بَرِتَ(س) بَرَتًا: حیران ہونا۔
البُرْت والمِبْرَت۔ چینی۔ شکر سفید
البِرْت: کلہاڑا۔
البُرْت والبِرِّیْت: ماہر راہبر۔ ج اَبْرَات۔
البُرْتقان: نارنگی۔ نارنگی کا درخت۔ واحد (بُرْتقانۃ)
البُرْثن: ج مِنَ السِّبَاعِ وَالطَّیْرِ: پنجہ۔ چنگل ج بَرَاثِن۔
بَرِجَ(س) بَرَجًا: کھاتا پیتا ہونا۔ بَرِجت عَیْنُہٗ: آنکھ کا سیاہ اور کشادہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ صفت (اَبْرَج) اور آنکھ کی صفت (بَرْجَاء) ج بُرج۔
بَرَجَ۔ الشَّیْءُ: ظاہر ہونا۔ بلند ہونا۔
بَرَّجَ وَاَبْرَجَ: برج بنانا۔
تَبَرَّجَت۔ اَلْمَرْأَۃ: اجنبیوں کے سامنے آراستہ ہو کر نکلنا۔
اَلْبَرَج: خوبصورت۔ نمایاں۔ روشن۔ ج اَبْرَاج۔
البُرْج: ستون۔ قلعہ۔ محل۔ منار۔ گنبد۔ ج بُرُوج واَبْرَاج وَاَبْرِجَۃ۔ اَلْبُرْج: آسمانی برجوں میں سے ایک۔ آسمانی برج بارہ ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ حمل۔ ثور۔ جوزاء۔ سرطان۔ اسد۔ سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو اور حوت۔
فَلَکُ البُرُوْج: وہ دائرہ جس کو سورج آسمان میں بناتا ہے اور یہ دائرہ بارہ حصوں پر مشتمل ہے۔
ہر ایک کے ۳۰ درجے ہیں۔ موجودہ دور کے علماء اس کا نام دائرہ گرہن رکھتے ہیں۔

البارج: ماہر کشتی بان۔
البارجة: بڑی جنگی کشتی۔ ج بوارج۔ کہتے ہیں، ما فلانٌ الّا بارجة قد جمع فيه كل الشر یعنی فلاں بڑا شریر ہے۔ سفينة بارجة کھلی ہوئی کشتی۔
تباريج النبات: نباتات کے پھول۔
الابريج: دودھ بلونے کا آلہ۔
البرجاس: چراغ کی ایک قسم جو مسافر سواریوں کے ساتھ جلائے جاتے تھے۔
البرجد: موٹا دھاری دار کمبل۔
البرجيس: ایک ستارہ کا نام جس کو مشتری کہتے ہیں۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
البرجمة ج براجم: انگلیوں کے جوڑ۔ ہاتھ پیر کی چھوٹی چھوٹی ہڈیاں۔ انگلیوں کے جوڑ کی پشت۔
البراجم: قبیلہ تمیم کی ایک شاخ۔ انّ الشقيّ وافد البراجم امثلہ عرب میں سے ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو لالچ کی وجہ سے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے۔ اس کا واقعہ یوں ہوا کہ جب سوید بن ربیعہ نے عمرو بن ہند کے بھائی کو مار ڈالا تو عمرو بن ہند نے بنو تمیم کے سو آدمیوں کو جلانے کی قسم کھائی اور بنو دارم (قبیلہ بنی تمیم کی ایک شاخ) کے ننانوے آدمیوں کو قتل کر کے جلانے لگا تو ایک شخص جو براجم میں سے تھا گوشت کے جلنے کی بو پاکر وہاں آ موجود ہوا۔ عمرو بن ہند نے اس کو بھی قتل کر کے اپنی قسم پوری کرلی۔
برح (س) براحا وبرحا۔ المكانَ ومنه: ہٹنا۔ جدا ہونا۔ زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے، مابرح ولا برحت غنيا بمعنى مازالَ ولازلت۔ برح الخفاء: ظاہر ہونا۔
برح (ن) برحا۔ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا (بروحا) الصَّيْدُ: داہنی جانب سے گزرنا۔ صفت (بارح و بروح وبريح)
برّح به الأمر: تھکانا۔ سخت تکلیف دینا۔ الله عنك: تکلیف دور کرنا۔
ابرحه: ہٹانا۔ تعظیم کرنا۔ تعجب میں ڈالنا۔

بارح المكانَ: چھوڑ دینا۔
البرح: ج أبراح و (التبريح والبرحاء:) سختی۔ تکلیف۔ برائی۔
البرح: دہشت انگیز معاملہ۔
أمرٌ (برح:) تکلیف دہ معاملہ۔
البارح والبارحة گزشتہ رات۔ البارحة الأولى: گزشتہ رات سے پہلی رات۔ کہا جاتا ہے هذه فعلة بارحة یہ فعل غلط اور غیر ارادی ہے۔
برحى: ایک کلمہ جس کو نشانہ میں غلطی کے وقت بولتے ہیں اور مرحى اس کے خلاف ہے۔
البارح گرم ہوا۔ ج بوارح
ابن بريح: کوا۔
ب برد (ن) بردا و برد (ک) برودة: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (برد و بارد وبرود وبُراد) بردت الأرض: اولے پڑنا۔ بُرد القوم: سردی لگنا یا اولے پڑنا۔ برد الحق عليه اوله: ثابت ہونا۔ برد فلان: سونا۔ سست ہونا۔ کہا جاتا ہے، جدّ في الأمر ثم برد اس نے معاملہ میں کوشش کی پھر ٹھنڈا پڑ گیا۔
برد (ن) بردا: الحديدَ: ریتی سے رگڑنا۔ الخبز روٹی پر پانی ڈالنا العينَ: ٹھنڈا سرمہ لگانا۔
بردّه (ن) بردا او بردّه: ٹھنڈا کرنا الوجع: تکلیف کو ہلکا کرنا۔ سکون دینا الحق: ثابت کرنا۔ واجب کرنا بردنا الله و برد علينا: رات کو ٹھنڈک لگنا۔
ابرد: موسم سرما یا اولوں میں داخل ہونا اليه البريد: قاصد بھیجنا الشيء: ٹھنڈا کرنا۔
تبرد: ٹھنڈک چاہنا۔ کہا جاتا ہے نزل في الماء يتبرد وہ ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے پانی میں اترا۔
تبارد: کسی کام میں سست ہو جانا۔ ٹھنڈک ظاہر کرنا۔
ابترد: ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا۔

استبرده: ٹھنڈا پانا۔ استبرد عليه لسانه: اس نے اس پر زبان درازی کی۔
البرد: سردی۔ نیند۔
البرد: اولہ۔
البردة: ایک اولہ۔ بدہضمی۔
البرذون ٹٹو گھوڑا۔ ترکی گھوڑا۔ ج براذين۔
برز (ن) بروزا۔ میدان کی طرف نکلنا۔
برز (ن) وبرز (س) برازا: گمنامی کے بعد مشہور ہونا۔ صفت (بارز)
ابرزه: نکالنا۔ الكتاب: شائع کرنا۔
الرجل: ارادہ سفر کرنا۔
البرزخ دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ مرنے کے وقت سے دوبارہ اٹھنے تک کا زمانہ۔ ج برازخ۔ برازخ الإيمان: ایمان کی ابتداء اور آخر کے درمیان کی حالت۔ یا شک ویقین کے درمیان کی حالت۔
تبرزق۔ القوم: بغیر گھوڑوں اور اونٹوں کے جمع ہونا۔
البرازيق: لوگوں کی جماعتیں۔ بڑے راستہ کے ارد گرد چھوٹے راستے۔ واحد برزيق۔
برس (س) برسا: مقروض پر سختی کرنا۔
برّس۔ الارض: نرم بنانا۔
البرس والبرس: روئی۔
البرسيان: ایک قسم کی کھجور۔
البرسكوب: وہ عینک جس کے ذریعے رکاوٹوں کے باوجود دیکھا جاتا ہے۔
برسمه: برسام میں مبتلا کر دینا۔
البرسام: ایک ہذیانی بیماری۔
برسم برسام میں مبتلا ہونا۔ صفت (مبرسم)
برش (س) برشا وابرشّ: سفید داغوں والا ہونا۔ صفت (ابرش ومبرش) مکان۔
ابرش: مختلف رنگوں کی بہت نباتات والی زمین۔ سنة برشاء: سال جس میں گھاس کی پیداوار بہت ہو۔
البرشه والبرش: سفید داغ۔

البَرِیْش: سفید داغوں والا۔

بَرْشَم بَرْشَمَۃً و بِرْشامًا. الرَّجُل: غم کی وجہ سے خاموش ہونا لِلَیْہِ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

البُرْشُم: برقع۔

بَرْشَنَ الرسالۃ: گوند سے چپکانا۔

البَرْشان: گوند۔ لیئی۔

بَرِصَ (س) بَرَصًا. برص کی بیماری والا ہونا۔ صفت اَبْرَص) مؤنث بَرْصَاء ج بُرْص.

اَرْضٌ بَرْصَاء: مختلف جگہوں سے چری ہوئی زمین حَیَّۃٌ بَرْصَاء: سفید داغوں والا سانپ۔

اَبْرَصَہٗ: برص کی بیماری میں مبتلا کر دینا۔

تَبَرَّصَ. الارْضَ: چرا کر بالکل صاف کر دینا۔

البَرَص. ایک بیماری ہے جس کی وجہ سے جلد سفید ہو جاتی ہے اور سخت تکلیف دہ خارش پیدا ہو جاتی ہے۔

سَامّ اَبْرَص. چھپکلی۔ تثنیہ کی صورت میں ھذان سَامَّا ابرص اور جمع کی صورت میں ھٰؤُلاءِ سَوامّ اَبْرَص واَبَارِص بولتے ہیں۔

الاَبْرَص: چاند۔

بَرَضَ (ن) بَرْضًا. اَلْمَاء مِنَ الْعَيْنِ: تھوڑا نکلنا۔

بَرَضَ (ن) بُرُوضًا. النَّبات: اکھوا نکلنا۔

بَرَّضَ وابْرَضَ. المَکَان: بہت اکھوا والی ہونا۔

تَبَرَّضَ: تھوڑی چیز پر زندگی گذارنا۔ الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا الماء: چوسنا الارض: روئیدگی ظاہر ہونا۔

البَرْض. تھوڑا ج اَبْرَاض و بُرُوض واَبَارِض کہا جاتا ہے ھذا بَرْضٌ مِنْ عِدَّۃٍ یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔

اَلْبُرْضَۃ: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

البَارِض: اکھوا۔

عَیْنٌ (بَرُوْضٌ) تھوڑے پانی والا چشمہ۔

البُرَاض والبُرَاضَہ: تھوڑا۔

المَبْرُوض: کثرتِ داد و دہش کی وجہ سے تنگ دست۔

المُبَرْطِس والمُبَرْطِش: بائع اور خریدار کے درمیان دلال لِلْمُبَرْطِس: کرایہ پر گھوڑوں اور گدھوں کو چلانے والا۔

البُرْطَاش. پتھر کی چوکھٹ۔ فصیح عربی الاُسْکُفَۃ ہے۔

بَرْطَلَہٗ بَرْطَلَۃً: رشوت دینا تَبَرْطَلَ: رشوت لینا۔

البُرْطُل: ٹوپی۔

البِرْطِیْل: رشوت۔ لمبا پتھر ج بَرَاطِیْل

بَرْطَمَ: اللیل: تاریک ہونا لِلرَّجُل: غصہ کی وجہ سے ہونٹ لٹکانا (وتبرطم) غصہ سے پھولنا۔

البِرْطَام والبُرَاطِم: موٹے ہونٹ والا۔

بَرَعَ (ن) بَرَعَ (س) بَرُعَ (ک) بَرَاعَۃً وبُرُوْعًا: علم یا فضیلت یا جمال میں کامل ہونا۔ صفت بارع)

بَرَعَہٗ: علم یا فضیلت یا جمال میں غالب ہونا۔

بَرَعَ الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔

تَبَرَّعَ بالعَطَاءِ: صدقہ کرنا۔ تبرع کرنا۔

البَرِیْع: عقل و جمال میں کامل بَرْقٌ بَرِیْع: دور سے چمکنے والی بجلی۔

بَرْعَم بَرْعَمَۃً وتَبَرْعَم. الشَّجَرُ: شگوفہ نکلنا۔

البُرْعُم والبُرْعُمَۃ: ج بَرَاعِم و البُرْعُوم والبُرْعُوْمَۃ) ج بَرَاعِیْم: شگوفہ ناشگفتہ۔ پھل کا غلاف۔

البَرْغ: لعاب۔

بَرْغَثَ. المَکَان: بہت پسوؤں والا ہونا۔

البُرْغُوث: پسو۔ ج بَرَاغِیْث.

بُرْغُوث البَحْر: جھینگا۔

البُرْغُل والبَرْغَل: سخت چھنی ہوئی گندم۔

البَرْغَش: مچھر۔ واحد بَرْغَشَۃ)

البرغی والبُرْغِیُّ: پیچ والی کیل۔ ج براغی

فصیح عربی لُوْلَب ہے۔

البِرْفِیْر: ارغوانی رنگ۔ ارغوانی رنگ سے رنگا ہوا کپڑا۔

بَرَق (ن) بَرْقًا و بُرُوْقًا وبَرَقَانًا وبَرِیْقًا. البَرْق: ظاہر ہونا الشَّیْءُ: چمکنا۔ روشن ہونا السَّمَاءُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔ الرَّجُل: دھمکانا۔

بَرَقَتْ (ن) بَرْقًا وبَرَّقَتْ واَبْرَقَتْ. اَلْمَرْاَۃ: آراستہ ہونا۔

بَرِقَ (س) بَرَقًا: متحیر ہونا۔ چندھیا جانا۔ خیرہ چشم ہونا۔

بَرَّقَہٗ. آراستہ کرنا بَرَّقَ عَیْنَیْہِ و بِعَیْنَیْہِ: آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔

اَبْرَقَ: برق زدہ ہونا۔ دھمکانا۔ دور کا سفر کرنا بِسَیْفِہٖ: چمکانا عَنْ وَجْھِہٖ: ہٹانا اَبْرَقَتِ السَّمَاءُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔

اَلْبَرْق: بجلی ج بُرُوْق کہا جاتا ہے بَرْقٌ خُلَّبٌ و بَرْقُ خُلَّبٍ و برق الخُلَّبِ بے بارش کی بجلی۔

البَارِقَۃ: بجلی والا بادل۔ تلواریں سَحَابَۃٌ بَرَّاقَۃٌ) بجلی والی بدلی۔

البُرْقَۃ: دہشت۔ خوف۔

البَرَق: گھبراہٹ۔ دہشت۔ بھیڑ کا بچہ۔ ج اَبْرَاق و بُرْقَان.

البُرَق: گوہ۔

رَجُلٌ (بَرُوق:) بزدل۔

البُرْقَۃ: ج بُرَق و (الاَبْرَق) ج اَبَارِق: سخت ترین زمین جس میں ریت گارا پتھر ہو۔ اس کی تصغیر اُبَیْرِق) ہے لِلاَبْرَق: سیاہ سفید رنگ والا۔

البُرَاق: اس جانور کا نام ہے جس پر نبی کریم ﷺ شب معراج میں سوار ہوئے تھے۔ اُس جانور کا قد گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا۔

التَّبَارِیْق: تھوڑا سا تیل یا گھی جو کھانے میں ڈالا جائے۔

مَبْرِق. الصُّبْح: صبح طلوع ہونے کی جگہ۔

ج مبارق و مباريق.
برقح برقحة و تبرقح. وجهُهُ: بد صورت ہونا
الثوب آلودہ ہونا۔
برقشہ برقشۃ مختلف رنگوں سے آراستہ کرنا
فی الکلام: بے سر پیر کی باتیں کرنا۔
تبرقش مختلف رنگوں سے آراستہ ہونا۔
البرقش ایک لطیف آواز اور رنگین پروں والا پرندہ۔
ابو براقش ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پر کا بالائی حصہ خاکی اور بیچ کا حصہ سرخ اور نیچے کا سیاہ ہوتا ہے اور جب وہ پر نکالتا ہے تو مختلف رنگ دکھائی دیتے ہیں۔ مجازاً متلون المزاج کو کہتے ہیں۔
البرقوش پرانا جوتا۔
برقط: قریب قریب قدم سے چلنا۔ مڑ مڑ کر دیکھنا
الکلام: بے ترتیب بولنا۔
برقعها: برقع اوڑھنا۔
تبرقعت: برقع اوڑھنا۔
البرقع: برقع۔
برقل جھوٹ بولنا۔
البرقلة قول جو عمل سے خالی ہو۔
البرقیل ایک قدیم قلعہ شکن آلہ۔
البروق: لمبے تنے والا زیادہ پھولوں والا پودا زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے بکری اس کو نہیں کھاتی۔
البرقوق شفتالو۔
برك (ن) بروكا وتبراكا وبرّك واستبرك۔ البعیر: بیٹھنا۔ برّك بالمكان: اقامت کرنا۔
برّك فیه: برکت کی دعا کرنا۔
بارك۔ الرجل: برکت کی دعا کرنا۔ راضی ہونا۔ بارك الله لك وفيك وعليك
وبارکك: برکت دینا۔ بولتے ہیں بارك علی الانبیاء وآلهم یعنی ان کی عزت وعظمت جو تونے انہیں بخشی ہے برقرار رکھ۔ اور بورك فیك اس سائل سے کہتے ہیں جس کو دفع کرنا منظور ہوتا ہے۔

ابرك اونٹ کو بٹھانا۔
تبرّك۔ بہ برکت حاصل کرنا۔
تبارك۔ بہ نیک شگون لینا اللہ مقدس ہونا۔
ابترك۔ القوم گھٹنوں کے بل بیٹھ کر جنگ کرنا۔
ابترکوا فی العدو تیز دوڑنے کی کوشش کرنا فلانا پچھاڑنا اور اپنے سینہ کے نیچے دبا لینا فی عرضه وعلیه گالی دینا۔ اہانت کرنا۔
استبرك برکت کی فال لینا۔
البرك سینہ۔ اونٹوں کا گلہ۔ واحد (بارك) مؤنث (باركة) ج بروك۔
البركة زیادتی۔ بہتات۔ نیک بختی۔ نمو
البركة اونٹ کے بیٹھنے کی ہیئت۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ حوض۔ ج برك دودھ دینے والی بکری۔ ج برکات
البركة ایک چھوٹا سفید آبی پرندہ۔ پینے والے کی اجرت۔ ج برك وابراك وبركان۔
البریك اونٹ۔
الباروك: بزدل۔ کابوس۔
البراك نپائی لینے والا۔ پینے والا۔
المبرك: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے لیس بفلان مبرك جمل یعنی فلاں کے پاس کچھ نہیں۔
البروكة مادہ سیپی۔
برکیة لمبے پتوں سیدھے تنے والا پودا۔
البرکار والبیکار پرکار (جدید)
البرکان: آتش فشاں پہاڑ۔ جوالا مکھی (جدید)
برکعه: کاٹنا۔ پچھاڑنا۔ برکع لفرس چاروں پیروں پر کھڑا ہونا اور گھٹنوں کے بل گر پڑنا۔
برکع وتبرکع۔ الرجل: چوتڑ کے بل گرنا۔
البرکع: پست قد مرد۔
البرلمان پارلیمنٹ نظام۔
برم (ن) برما و برم۔ الحبل: دولڑیوں کو بٹنا۔ صفت مفعولی (مبروم وبریم)۔
الامر مضبوط کرنا۔
برم (س) برم ملنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔
بحجته دلیل کا نہ ملنا۔
ابرم۔ الحبل بمعنی برم الحبل ـــ ہ: زچ کرنا علیه فی الجدال خاموش کرنے کے ارادے سے بحث کیے جانا۔
تبرّم زچ ہونا۔
انبرم۔ الحبل رسی کا بٹ جانا۔
البرم درخت غصاہ کا پھل (دیکھئے غصاہ)
بخیل لئیم۔ وہ شخص جو بخل کی وجہ سے جوئے میں شریک نہ ہو۔ ج ابرام۔
البرمة پتھر کی ہانڈی۔ ج برم و برام۔
البرم بد اخلاق لوگ۔
البرام چیچڑی۔ ج ابرمه۔
البرّام رسی بٹنے والا۔
البریم والبرام دھاگا۔ ہر وہ چیز جو بٹی جائے۔ بٹی ہوئی رسی۔ البریم لشکر۔
المبرم: سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔
المبرم تکلہ۔ ج مبارم۔
السوار من الذهب المبروم اصل سونے کے کنگن۔
المبرم: دفع قضاء۔ مبرم اٹل فیصلہ۔
البرما طوی کی ایک قسم۔ (ترکی لفظ)
البرنامج۔ میزانیہ بجٹ (جدید)
البرناسیة ان شعراء کا مسلک جنہوں نے رومانی گانوں کو اپنایا اور لفظی صفت کا پورا اہتمام کیا (فرانسیسی لفظ)
برنسه: برنس پہنانا۔
تبرنس۔ برنس پہننا۔
البرنس وہ لمبی ٹوپی جو عرب میں پہنی جاتی تھی۔ وہ لباس جس کا کچھ حصہ ٹوپی کی جگہ کام دے۔
البرنیطة ایک خاص علاقے کی ٹوپی۔ (ہیٹ)
البرنیة: مٹی کا برتن۔ ج برانی
بره (س) برها۔ بیماری کے بعد جسم کا اصلی حالت پر آنا۔ صفت (ابره) مؤنث (برهاء)

جُھْرَہ۔
اَبْرَہَ. دلیل لانا۔
اَلبُرْهَةُ والبَرْهَةُ عرصہ۔ زمانے کا ایک حصہ۔ جُھْرَہ وبُرْهات.
اَلبَراهِمَةُ ہندوؤں کی ایک ذات مفرد (بَرْهَمَن)
بَرْهَنَ. الشَّیْءَ وَعَلَیْهِ وَعَنْهُ: دلیل قائم کرنا۔
تَبَرْهَنَ: دلیل سے ثابت ہونا۔
اَلبُرْهَان: دلیل۔ جُ بَرَاهِین.
اَلبِرْوَاز: چوکھٹا (جدید) اس کے لیے فصیح لفظ کفاف اور اِطار ہے۔
اَلبُرُوتِسْتُو: دعویٰ قائم باوجود بیکاری اور نقصان کے ادراک کے۔
اَلبُرُوتِسْتَانِي: معروف عیسائی مذہب پروٹسٹ کو ماننے والا۔
اَلبُرُوتُون: ہیدروجن کا ذرہ
اَلبُرُولِتَارِيَا: کام کرنے والا طبقہ (لاطینی لفظ)
اَلبُرُوم: بدبودار جسم سمندری پانیوں سے نکالا جاتا ہے سرخ بہنے والے مادے کی شکل میں علامہ BR
اَمْبُرُومز (الصُّفر): پیتل
اَبْرُومِیز: ہواء کی پیائش کا آلہ
بَرَا (ن) بَرْوًا وَاَبْرَی اِبْرَاءً. النَّاقَةَ: اُونٹنی کی ناک میں حلقہ ڈالنا۔
اَلبُرَة: حلقہ (خواہ کنگن ہو یا بالی یا پازیب ج بُرَی و بُرَات و بُرِیْن وبرین. کہا جاتا ہے "اَعْطَتْهُ الدُّنيا بُرَتَها" یعنی دنیا اس کے ہاتھ میں آگئی ہے۔
بَرَیٰ (ض) بَرْیًا وَابْتَرَیٰ. السَّهْمَ وَ القَلَمَ: تیر یا قلم تراشنا۔ صفت مفعولی (بَرِیٌّ و مَبْرِیٌّ)
الشَّخْصَ: دبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔
بَارَیٰ. الرَّجُلَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا
اِمْرَأَةً: فراق کی شرط پر صلح کرنا۔
اَبْرَیٰ. مٹی لگنا۔
تَبَارَیَا: باہم آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَرَّیٰ. لِمَعْرُوْفِهٖ: بھلائی کے درپے ہونا۔
اِنْبَرَیٰ: تراشا جانا لَهٗ: پیش آنا۔
اَلبَرَیٰ: مٹی۔
اَلبَارِی. فا. پیدا کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ تیر کا تراشنے والا۔ امثال عرب میں سے "اَعْطِ القَوْسَ بَارِیْهَا" کمان تراشنے والے کو دو۔ یعنی کام اس شخص کے سپرد کرو جو اس کی اہلیت رکھتا ہو۔
اَلبُرَايَة والبُرَاء: تراشہ۔ چھیلن۔
اَلبَرِیَّة: مخلوق۔ جُ بَرَایَا.
اَلاِبْرِیَة والتِبْرِیَة: سر کی بھوسی جو کنگھی کرتے وقت گرے۔
اَلبَرَّاءَ ة والمِبْرَاءُ والمِبْرَاة: چاقو۔ تراشنے کا اوزار۔
بَزَّهٗ (ن) بَزًّا و بِزِّيْزَیٰ. چھیننا۔ غالب ہونا الشَّیْءَ مِنْهُ: زبردستی لے لینا۔
اِبْتَزَّ. مِنْهُ الشَّیْءَ: زبردستی چھین لینا۔
اَلبَزّ: کتان یا روئی کے کپڑے۔ ہتھیار۔ ج بُزُوْز.
اَلبِزَّة: کپڑے۔ ہتھیار۔ ہیئت۔
اَلبَزَّاز. پارچہ فروش۔
اَلبِزَازَة: پارچہ فروشی۔
اَلبَزَابُوْرط: پاسپورٹ (جدید) پروانہ راہداری۔ اس کے لیے فصیح لفظ الجواز ہے۔
بَزْبَزَ: تیز چلنا۔ سخت ہانکنا۔ بھاگنا۔ بہت حرکت کرنا۔
بَزَجَ (ن) بَزْجًا. فخر کرنے میں مقابلہ کرنا عَلَیَّ فُلَانًا: بھڑکانا۔ اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
بَزَّجَهٗ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
بَازَجَهٗ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَازَجَا: باہم فخر کرنا۔
بَزِخَ (س) بَزَخًا: نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَخ) مؤنث (بَزْخَاء) جُ بُزْخ.
تَبَازَخَ. عَنِ الاَمْرِ: پیچھے ہٹنا۔ نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والے کی طرح چلنا یا بیٹھنا۔ تَبَازَخَتِ المَرْأَةُ: بڑے سرین والی ہونا۔
بَزَّخَ. لَهٗ: فروتنی کرنا۔
بَزَرَ (ض) بَزْرًا. الحُبُوْبَ: بونا۔ بیج چھیٹنا (وبَزَّرَ) القِدْرَ: مسالہ ڈالنا۔ بَزَرَ الاِنَاءَ: بھرنا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ بَزَرَ کَلَامَهٗ وتوبَلَهٗ" فلاں نے اپنی گفتگو میں نمک مرچ ملانا۔
اَلبِزْر. بیج۔ تخم۔ واحد (بِزْرَة) جُ بُزُوْر. مسالہ۔ ج اَبْزَار. جُ اَبَازِیْر کہتے ہیں "مِثْلِی لَایَخْفَیٰ عَلَیْهِ اَبَازِیْرُكَ" یعنی مجھ جیسے پر تمہاری گپیں پوشیدہ نہیں رہ سکتیں۔ البَزْر: رینٹ۔
اَلمَرْأَةُ (البَزْرَاءُ) بہت اولاد والی عورت۔
البَزَّار: بیج اور مسالہ کا بیچنے والا۔
اَلبَیْزَر: بیل کا بٹہ۔ دھوبی کا تختہ (والمِبْزَر:) دھوبی کی موگری۔
اَلبَیْزَار: باز پالنے والا۔ کاشتکار۔ ج بیازرة (معرب)
بَزُعَ (ک) بَزَاعَةً. الغُلَامُ: خوش طبع ذکی اور چست ہونا۔ صفت (بَزِیع) مؤنث (بَزِیْعَة)
تَبَزَّعَ. الغُلَامُ: چست و پھرتیلا ہونا۔ الشَّرُّ: شر و فتنہ کا بھڑکنا۔
البَزَّاع: بغیر جھجک کے گفتگو کرنے والا لڑکا (والبَزِیْع) من الغِلْمَان: تیز خاطر۔ چرب زبان لڑکا۔ اَلبَزِیْع: شریف آدمی۔
بَزَغَتْ (ن) بَزْغًا و بُزُوْغًا. الشَّمْسُ: طلوع ہونا۔ بَزَغَ الحَاجِمُ: نشتر لگانا۔ دَمَهٗ: خون بہانا۔
اِبْتَزَغَ: الرَّبِیْعُ: فصل بہار کا شروع ہونا۔
نُجُوْمٌ (بَوَازِغ) طلوع ہونے والے ستارے۔
اَلمِبْزَغ: نشتر۔
بَزَقَ (ن) بَزْقًا. تھوکنا۔ الاَرْضَ: بونا۔
البُزَاق: تھوک۔
البَزَّاق: ایک قسم کا گھونگا۔ واحد بَزَّاقَة.
بَزَلَ (ن) بَزْلًا و بَزَّلَ. الشَّیْءَ: سوراخ کرنا۔ الشَّرَابَ: صاف کرنا۔ بَزَلَ الاَمْرَ:

کسی کام کو کر گزرنا۔ رایکوئی نئی رائے پیش کرنا۔ کسی رائے پر جم جانا۔

بَزَلَ(ن) بزولا. البعیرُ اُونٹ کا جوان ہونا ناب البعیر کچلی کا نکلنا۔ صفت مذکر و مؤنث (بَازِلٌ ج بَوازِل و بُزَّل و بُزُل.

تبزَّلَ و ابتزلَ سوراخ ہونا۔

تَبَزَّلَ و اِبْتزَلَ: الْخَمْرَ شراب کے برتن میں سوراخ کرنا الجَسَد: جسم سے خون ٹپکنا۔

السِّقَاءُ مشک کا ٹپکنا

اِسْتَبْزَلَ: الشَّیَ: کھولنا الْخَمْرَ: صاف کرنا۔

البَزْل. سختی۔

لبَزْل: ایک قسم کا پہاڑی بکرا۔

البزال: برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔

البُزال: شراب کے مٹکے کا سوراخ۔

البَازِل: اُونٹ کی کچلیوں کا دانت۔ تجربہ کار مرد۔ کہتے ہیں رُمِیَ بِاَشْهُبَ بَازِلٍ وہ دشوار معاملہ میں پھنس گیا۔ الابَزلاُ بڑی مصیبت۔ عمدہ رائے۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ بزْلَاء الرَّأی عمدہ رائے والی عورت۔ وخُطَّة بَزْلَاءُ صاف وواضح طریق کار۔

المِبْزَل: شراب صاف کرنے کا آلہ۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔

بزم (ن ض) بَزْمًا. عَلَيْه: اگلے دانتوں سے کاٹنا الشَّیءِ: اُٹھانا فُلَانًا ثَوْبَه: چھین لینا النَّاقةَ: انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دوہنا الوتر القوس: کمان کے تانت کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے پکڑ کر تیر چلانا۔

البزِیم: ساگ یا ترکاری، غیرہ کا مٹھا باندھنے کے لیے پتے یا چھلکا۔

بَزَا (ن) بُزُوًا. عَلَيْهِ: درازدستی کرنا۔ بزاه وابزاهُ وابْزَیٰ بِه) غالب آنا بزا وبَزِی بَیْزَی بزًا وابْزَیٰ اِبْزَاءً) نکلے ہوئے سینے اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا صفت (اَبْزَیٰ) مؤنث بزواء.

تبَازی: باز کے مشابہ ہونا۔ سرین اُٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا۔

البزو مثل و نظیر۔

البَزِیَّ دودھ پیتا بچہ۔ کہا جاتا ہے " هُو بَزِیِّی" وہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔

البَزاغِ ڈینگ۔

البَاز والبَازی باز۔

بَسَّ(ن) بَسًّا وابَسَّ. الِابلَ: آہستہ آہستہ ہانکنا اور بس بس کہنا۔ "بَسَّ الْمَالَ فِی الْبِلَادِ" ملک میں مال کا پھیلا دینا۔ "بَسَّ السَّوِیْقَ:" گھی یا زیتون کے تیل میں ستو ملانا الْقَوْمَ عَنْهُ دھتکارنا۔ "وابَسَّ بِالنَّاقَةِ:" دوہنے کے لیے چمکارنا۔

اِنبَسَّ زمین پر پانی کا بہنا۔ الگ ہٹنا۔

البَسّ والبِسّ. بلا۔ کوشش۔ ج بِسَاس

البَسِیْس: تھوڑا کھانا۔

البَسِیْسَة: گھی یا زیتون کے تیل میں ملا ہوا ستو یا آٹا۔

البَسُوْس: اُونٹنی جو بغیر بس بس کہے ہوئے دودھ نہ دے۔ ج بُسُس

بَسْ بَسْ وبُسْ بُسْ: بکریوں، اُونٹوں، بلیوں کے بلانے یا ڈانٹنے کے لیے کلمہ۔

اَبْسُوس: جساس بن مرہ البکری کی خالہ جس کی وجہ سے بنی بکر اور بنی تغلب کے درمیان مشہور جنگیں ہوئیں اور اس کا نام منحوس سمجھا جاتا ہے۔

بَسْبَسَ: بِالْغَنَمِ اَوِ الْاِبلِ: بس بس کہہ کے بلانا بِهِ: کسی سے بس کہنا۔

البَسْبَس: بیابان، بے گھاس پانی والی زمین۔ ج بَسَابِس. تُرَّهَاتُ البَسَابِس والتُّرهاتُ البَسَابِس: جھوٹی اور باطل باتیں۔

البُسْتَان: باغ۔ ج بَسَاتین (جدید)

البُسْتانی: باغ والا۔ باغبان البستانی من النبات: لگائے ہوئے پودے۔

بستَرِینَة: سال کے آخر میں عیسائیوں کے ہاں جو تحائف پیش کئے جاتے ہیں۔

بَسَره (ن) بَسْرا جلدی کرانا۔ مغلوب کرنا (وابْسَرَ) القَرْحَةَ نچوڑ کر باندھنا الحَاجَةَ بے وقت طلب کرنا النَّخْلَةَ: درخت خرما میں قبل از وقت پیوند لگانا المَبَات: تر گھاس چرانا۔ وَاَبْسَرَ النخلُ: گدر کھجور والا ہونا۔

بَسَرَ(ن) بَسْرًا وبُسُوْرًا: ترش رو ہونا۔ صفت (بَاسِرٌ) اور اسی وجہ سے شیر کو (البَسُور) کہا جاتا ہے۔

تَبَسَّرَ وابْتَسَرَ. الْحَاجَةَ بے وقت طلب کرنا۔ اِبْتَسَرَ بالْاَمْرِ: شروع کرنا الشَّیَ: تازہ لینا۔ اُبْتُسِرَ لَوْنُه بدل جانا۔

البَسْر: ٹھنڈا پانی۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ بَسْرٌ" تیوری چڑھا ہوا چہرہ۔

البُسْر: تازہ چیز۔ گدر کھجور۔ واحد بُسْرَة ج بِسَارٌ. البُسْرَة: طلوع کے وقت کا آفتاب۔

البَاسُوْر ج بَوَاسِیر: بواسیر کی بیماری۔

المَبْسُوْر: بواسیر کی بیماری والا۔

المُبْسِرَات: ہوائیں جن کا چلنا بارش کی علامت ہو۔

بَسَطَ(ن) بَسْطًا. الثَوبَ: پھیلانا الرَّجُلَ: کسی کا دل بڑھانا الیَدَ: ہاتھ کشادہ کرنا الْعُذْرَ: عذر ظاہر کرنا یا قبول کرنا الْقومَ: وسیع ہونا فُلَانًا عَلَیْهِ: فضیلت دینا المکانُ السَّیفَ: تلوار سونتنا۔

بَسُطَ (ک) بَسَاطَةً: بسیط ہونا۔ پُر مذاق ہونا۔

بَسَّطَ. الثوبَ: پھیلانا۔

بَاسَطَهٗ: کسی سے کھل کر باتیں کرنا۔

تَبَسَّطَ وانْبَسَطَ: پھیلنا۔ دراز ہونا۔ بے تکلف ہو جانا۔ سیر و تفریح کرنا۔

البَاسِطُ: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے۔

البَاسِطَةُ: دور کی مسافت۔

یَدٌ (بَسْط و بُسُطٌ): کھلا ہوا ہاتھ۔

البَسْطَةُ: وسعت۔ دسترس۔ کمال۔

بَسْطَةُ الْعَیْش: فراخی زندگانی۔

البِسَاطُ: بچھونا۔ فرش۔ ج بُسُط.

البساط: کشادہ زمین۔

البسیط: مفرد۔ کشادہ زمین۔ پر مذاق۔

بسیط الوجہ: کشادہ رو۔ ہنس مکھ۔

اِبْسیط: خلاف مرکب' شعروں کا ایک وزن' جس کے الفاظ یہ ہیں۔ مستفعلن' فاعلن' مستفعلن' فعلن-

بَسیطُ الیَدَیْن: فیاض۔ سخی۔ ج بُسطاء۔

اَلبسیطة: زمین۔ زمین کا ہموار حصہ۔

اسطرما: گوشت ہانڈی۔

بَسَق (ن) بَسْقًا. تھوکنا۔

بَسَق (ن) بُسُوقًا. النَخْلُ: لمبے تنے اور لمبی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (بَاسِق) أصْحابَهُ وَعَلَى اَصْحابَهُ: فضیلت میں بڑھ جانا فی عِلْمِهٖ: ماہر ہونا۔

بَسَّقَهٗ: لمبا کرنا۔

تَبَسَّق: لمبا ہونا۔

البَاسِقَةُ: مؤنث۔ سفید صاف رنگ کا بادل۔ مصیبت۔ ج بَوَاسِق و بَوَاسِقُ السَّحاب: ابتدائی بادل۔

اَلْبسکوتی: خشک روٹی یا خشک حلوی۔

اَلْسیکولوجیا: علم نفس یا علم فلسفہ

بَسُلَ (ک) بَسَالًا وبَسَالَةً: بہادر ہونا صفت (بَسُوْل وباسِل) ج بُسْل و بُسَلاء و بُسْلٌ

بَسَل (ن) بُسُولًا. الرَّجُلُ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔ صفت (بَسْل و بَسِیْل) النَّبِیْذُ: نبیذ کا تیز ہونا اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔

بَسَلَهٗ (ن) بَسْلًا. ملامت کرنا۔ حلال کرنا۔ جائز کرنا عَنْ حَاجَتِهٖ: منع کرنا۔ روکنا۔

اَبْسَلَهٗ: ہلاکت کے لیے چھوڑ دینا۔ رہن رکھنا اللهُ الشَّیَ: حرام کرنا ٗ لِکَذَا: پیش کرنا اَبْسَلَ نَفْسَهٗ لِلْمَوْتِ: مرنے کے لیے تیار ہو جانا۔

بَسَّلَه: ناپسندیدہ بنا دینا (بَسَّلَ وَابْتَسَلَ) نفسَهُ لِلْمَوْت: اپنے آپ کو موت کے لیے پیش کر دینا۔

باسله: لڑائی میں حملہ کرنا۔

تَبَسَّلَ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔

اِسْتَبْسَلَ: مرنے یا مارنے کے لیے جنگ میں کود پڑنا۔

اَلبَسْل: سختی۔ حلال۔ حرام (واحد جمع مذکر و مؤنث مساوی ہیں) کہا جاتا ہے۔ "هذا بسل علیک" یہ تمہارے اوپر حرام ہے۔ اور کہا جاتا ہے "بَسْلًا لَهٗ" اس کے لیے خرابی ہو۔

اَجْبىٰ. زرعَه: پکنے سے پہلے بیچنا۔ اور اسی سے ہے "من اَجْبىٰ فَقَد اَرْبىٰ" جس نے پکنے سے پہلے (کھیتی کو) بیچا اس نے ربو کا معاملہ کیا۔
اِجْتَبىٰ. ہ: پسند کرنا۔ چن لینا۔
الجَبَاء ج اَجْباء و(الجَابِيَة). ج جَوَابٍ: اونٹوں کے پانی پینے کا حوض۔
الجِبَا: کنوئیں کی من۔
المَجْبىٰ: خراج۔ ٹیکس۔
جَثَّهُ (ن) جَثًّا واِجْتَثَّهُ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
الجَثّ والجُثّ: مردہ ٹڈی۔ یا شہد کی مردہ مکھی۔ کھجور کا غلاف۔ شہد میں ملا ہوا شہد کی مکھیوں کا پر وغیرہ۔ الجَثّ: موم۔
الجُثَّة: جسم انسانی۔ لاش۔ ج جُثث.
الجَثِيْث. من النخل: کھجور کا پودہ۔ واحد (جثيثه)
المِجَثَّة والمِجْثَاث: کھرپی۔ گھاس کھودنے کا اوزار
اِجْثَالَّ. الطيرُ: پر جھاڑنا۔ النَبْتُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا۔
جَثَلَتْهُ (ض) جَثْلًا. الريحُ: اُڑا لے جانا۔ بکھیر دینا۔
جَثِل (س) وجَثُل (ک) جَثَالَةً وجُثُولَةً. الشجرُ والشعرُ: گنجان و کالا ہونا۔ صفت (جَثْل وجَثِيل)
الجَثْلَة: چیونٹی۔ ج جَثْل.
الجُثَال: چنڈول۔
الجُثَالَة: بکھرے ہوئے پتے۔
الجَثْلِيق والجَاثَلِيق: لاٹ پادری۔ ج جَثَالِقَة (جدید)
جَثَمَ (ن ض) جَثْمًا وجُثُومًا. الليلُ: آدھی رات ہونا الرجلُ او الطائر والحيوانُ: سینہ کو زمین سے لگانا۔ صفت (جاثِم) ج جُثَّم.
الجَاثُوم والجُثَام: کابوس۔
رجل (جُثَمَة وجَثَّامَة وجُثَم وجَثُوم: بہت بیٹھنے والا یا بہت سونے والا۔
الجَثَمَة: ٹیلہ۔ پشتہ۔
الجُثْمَة: راکھ وغیرہ کا تودہ۔
الجُثْمَان: بدن۔ شخص۔
المَجْثَم: بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَجَاثِم.
المُجَثَّمَة: وہ پرندہ یا خرگوش جس کو باندھ کر تیر وغیرہ مارا جائے یہاں تک کہ مر جائے۔
جَثَا (ن) جُثُوًّا وجثي (ض) جُثِيًّا وجِثِيًّا: زانو پر بیٹھنا یا انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔ صفت (جاثٍ) ج جُثِيٌّ وجِثِيٌّ مؤنث جاثية.
جَاثَىٰ. ہ: گھٹنے سے گھٹنا ملا کر بیٹھنا۔
اَجْثىٰ. ہ: زانو کے بل بٹھانا۔
تَجَاثَوا: باہم زانو پر بیٹھنا۔
الجَثْوَة والجُثْوَة والجِثوَة: پتھروں کا ڈھیر۔ مٹی کا ڈھیر۔ قبر۔ ج جُثىً وجِثىً: شعلہ
جُثوة. الرجل: بدن۔
جَحْجَحَ. الشَّئَ: پورا جائزہ لے کر اقدام کرنا۔
عن الامر: ہٹ جانا۔ رُک جانا۔
الجَحْجَح والجَحْجَاح: فیاضی کی طرف سبقت کرنے والا سردار۔ ج جَحَاجِح وجَحَاجِيح وجَحَاجِحَة.
جَحَدَه (ف) جَحْدًا وجُحُودًا: کفر کرنا۔ جھٹلانا ہ حقَّه وجَحَدَ بِحَقِّهٖ: باوجود علم کے انکار کرنا۔ صفت (جَاحِد).
جَحِدَ (س) جَحَدًا. الشَّئُ: کم ہونا النبتُ: چھوٹا رہ جانا الارضُ: خشک ہونا

الرجلُ: بے خبر ہونا۔ صفت (جَحْد وجَحِد واَجْحَد) کہا جاتا ہے "عامٌ جَحِد" کم بارش والا سال۔ "ارض جَحِدة" خشک زمین۔ (لام الجحود) عند النحاة: لام جو ما نافیہ اور کان یکُ کے بعد تاکید نفی کے لیے آئے جیسے "وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ القرىٰ" خدا کا یہ کام نہیں ہے کہ بستیوں کو ہلاک کرے۔

جَحْدَرَهٗ: پچھاڑنا۔ لڑھکانا۔

تَجَحْدَرَ. الطائرُ: پر تول کر اُڑنا۔

الجَحْدَر: پست قد۔

جَحْدَلَهٗ: پچھاڑنا

جَحَرَ(ف) جَحْرًا وتَجَحَّر وانْجَحَر. الضبُّ او السبعُ: سوراخ میں داخل ہونا۔ جَحِرت لعین اندر کو دھنس جانا۔ تم کہتے ہو۔ "جَحَر الخيرُ عنَّا" خیر ہم تک نہ پہونچی۔

اَجْحَر وجَحَر. السبعَ: سوراخ میں داخل ہونے پر مجبور کرنا۔ واَجْحَرتِ السماءُ: بارش نہ ہونا۔ اجحرَ القومُ: قحط و سختی میں پڑنا۔ ہ: تنگی ڈالنا ہ الیٰ کذا: مجبور کرنا۔

اِجْتَحَر: سوراخ بنانا۔

تَجَحَّرَتِ. العينُ: اندر کو دھنسنا۔ اور اسی سے ہے عین (جَحْراء) گڑھے میں دھنسی ہوئی آنکھ۔

الجَحْر: گہرا گڑھا۔

الجَحْرَة والجَحْرة: خشک سال۔

الجُحْر: سوراخ۔ بل۔ ج اَجْحَار وجِحَرة واجحِرة۔

الجَاحِر: پیچھے رہ جانے والا جو قافلہ کو نہ پاسکے۔

الجَوَاحِر وہ جانور جو اپنے ریوڑ سے پیچھے رہ جائیں۔

المَجْحَر: چھپنے کی جگہ، جائے پناہ۔ ج مَجَاحِر۔

جَحَسَ و جَحَشَ(ف) جَحْسًا و جَحْشًا. الجلد: چھیلنا۔ کھرچنا۔

جَاحَسَ وجَاحَشَ. عن نفسه وعن غيره: مدافعت کرنا ہ: مزاحم ہونا۔ مقاتلہ کرنا۔

الجَحْش: گدھے کا بچہ۔ تشبُّہًا گھوڑے کے بچے کو بھی کہتے ہیں۔ ج جِحَاش وجِحْشان وجِحَشة.

الجَحْشة: گدھے کا مادہ بچہ۔ اون جو ہاتھ پر لپیٹ کر کاتی جائے۔

الجُحَوْش: چھوٹا بچہ۔

المَجْحُوش: وہ شخص جس کا آدھا بدن ماؤف ہو گیا ہو۔

جَحِظَت(س) جُحُوْظًا. عينه: اُبھرے ڈھیلے والی ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ رجل (جَاحِظ) العينين اُبھری ہوئی آنکھ والا مرد۔

جَحَّظَ. اليه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

الجَاحِظَتَان: دونوں آنکھوں کے ڈھیلے۔

جَحَفَ(ف) جَحْفًا: چھیلنا۔ بہالے جانا۔ برباد کر دینا ہ برِجْلِه: لات مارنا۔ جَحَفَ معه وله علی غيره: مائل ہونا له الطعامَ: کھانا نکالنا۔

جُحِفَ. الرجلُ: مبتلائے ہیضہ ہونا۔

اَجْحَفَ. السَّيْلُ: بہا لے جانا الدهرُ بالناس: ہلاک کرنا۔ جڑ سے مٹانا فلانٌ بِعَبْدِه: طاقت سے زیادہ کام کی تکلیف دینا اِجْحَاف کا استعمال بطورِ استعارہ کے نقص فاحش میں بھی ہوتا ہے۔

جَاحَفَهٗ: مزاحمت کرنا۔ جاحف عنه: مدافعت کرنا۔

تجَاحَفُوْا لاٹھی اور تلواروں سے لڑنا۔ بالكرة: بلے سے باہم دگر گیند چھیننا۔

اِجْتَحَفَهٗ: چھیننا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ ہلاک کرنا ماءَ البئر: تمام پانی نکال دینا السيلُ الوادي: کھود کر بہالے جانا۔

الجَحْفَة والجُحْفَة: حوض کے اطراف میں پانی کا بقیہ۔ السيلُ والموت (الجُحَاف: ہمہ گیر و تباہ کن۔ الجُحَاف: ہیضہ کے اسہال۔

المَجْحُوف: مبتلائے ہیضہ۔

الجَحَاف: جنگ۔ لڑائی۔

المُجْحِفَة: مصیبت۔

جَحْفَلَهٗ جَحْفَلَةً: پچھاڑنا۔ پھینکنا۔ سرزنش کرنا۔

تَجَحْفَلُوْا: جمع ہونا۔

الجَحْفَل: بڑا لشکر۔ ج جَحَافِل. رجل جَحْفَلٌ: بڑے مرتبہ کا مرد۔

الجَحْفَلَة: کھر دار جانور کا ہونٹ۔

جَحَلَہ(ف) جَحْلًا وجَحَّلَهٗ: پچھاڑنا۔

الجَحَل. ج جُحُول وجِحْلان: گرگٹ۔ گوہ کا بچہ۔ گبریلا۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ ج جِحَال: بڑی مشک۔ اور کہا جاتا ہے "رجل جَحْل" موٹا کشادہ پیشانی والا مرد۔

الجُحَال: زہر۔

الجَيْحَل: بڑی چٹان۔ پہاڑ۔ ہر بڑی چیز۔

جَحَمَ(ف) جَحْمًا. النارَ: بھڑکانا العينَ: کھولنا ہ عن الامر: روکنا۔

جَحِمَت (س) جَحَمًا وجَحْمًا وجَحُمَتْ(ک) جُحُومًا. النارُ: بھڑکنا۔

جَحَّمَهٗ. بعينيه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

اَجْحَمَ. عن الامر: رکنا۔ باز رہنا۔

اَجْحَمتِ النارُ: تیز بھڑکنا۔

تَجَحَّم: بخیل ہونا۔ جلنا

الجَاحِم: فا. بھڑکتی ہوئی چنگاری۔ من الحرب: سخت اور گھمسان کی جنگ۔ اور کہا جاتا ہے "نارٌ جاحِمَةٌ" تیز آگ۔ "عَيْنٌ جَاحِمَةٌ" اُٹھی کی اُٹھی رہ جانے والی آنکھ۔

الجَحِيْم: دوزخ۔ گڑھے میں سخت بھڑکتی ہوئی آگ۔ سخت گرم جگہ۔

جُحْمَةُ. النارِ: آگ کی بھڑک۔ ج جُحَم

الجُحَام: آنکھوں کی سوجن۔

الاَجْحَم: بہت سرخ آنکھوں والا۔ سوجی ہوئی آنکھوں والا۔ مؤنث جَحْماء. ج جُحْم وجُحُم وجَحْمیٰ.

الجَحَام: بخیل۔
الجَحْمَرِش: بہت بوڑھی عورت۔ بدصورت موٹا خرگوش۔ ج جَحَامِر: تصغیر جُحَیْمِر
الجَحْمَش والجَحْمُوش: بہت بوڑھی عورت۔
جَحْمَرِش: دودھ والی خرگوش
جَحِنَ (س) جَحَنًا. الصبیُّ: خوراک کی خرابی سے کمزور ہونا۔ صفت (جَحِن)
جَحَنَ (ف) جَحْنًا واَجْحَنَ وجحّن: فقر یا بخل کی وجہ سے اہل وعیال پر تنگی ڈالنا۔
اَجْحَنَهٗ: بری خوراک دینا۔
الجَحِن: دیر میں جوان ہونے والا من النبات: کمزور اور چھوٹا پودہ۔
جَحَا (ن) جَحْوًا: چلنا بالمکان: اقامت کرنا۔
اِجْتَحَاه: جڑ سے اکھیڑنا۔
الجَحْوَة: ایک قدم۔
جَخَّ (ض) جَخًّا: ہاتھ پیر چھوڑ کر لیٹنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا برجله: خاک اڑانا۔
جَخَرَ (ف) جَخْرًا. البئر: کشادہ کرنا۔
جَخِرَ (س) جَخَرًا. جوف البئر: کشادہ ہونا۔
اَجْخَرَ وَجَخَّرَ. البئر: کشادہ کرنا۔
تَجَخَّرَ. الحوضُ: پانی کے خشک ہو جانے کے بعد مٹی کا پھٹ جانا۔
الجَخِر: بہت کھانے والا۔ بزدل۔
جَخَفَ (ن ض) و جَخِفَ (س) جَخْفًا و جَخِيْفًا: اپنی حد سے زیادہ فخر کرنا۔ صفت (جَخَّاف)
الجَخِيف. س: بھاری لشکر۔ بہت مغرور انسان کے پیٹ کی آواز۔ نفس وروح۔ تم کہتے ہو "وقع ذلك فی جخیفی" میرے دل میں یہ واقع ہوا۔
جَخَا (ن) جَخْوًا. الکوزَ: سرنگوں کرنا۔ اوندھا کرنا۔
جُخِّیَ وتَجَخّیٰ. الکوزُ: سرنگوں ہونا۔ اوندھا ہونا الشیخ: خمیدہ کمر ہونا۔ جَخّی اللیلُ: گذر جانا۔
جَدَّ (ض) جَدًّا. فی اعین القوم: عالی مرتبہ ہونا۔
جَدَّ (ض) جِدَّةً. الثوبُ: نیا ہونا۔ (جَدًّا) الشیء: کاٹنا (ض ن) جدًّا کوشش کرنا فی الامر: تحقیق کرنا۔ اہتمام کرنا۔ جلدی کرنا به الامرُ: سخت ہونا۔
جَدَّ (س) جَدَدًا. الثدیُ او الضرعُ: خشک ہونا۔ صفت (اَجَد) اور ناقہ کی صفت (جَدَّاء) ہے۔ اور کہا جاتا ہے "سَنَةٌ جَدَّاء" قحط کا سال۔
جَدَّ (س) جَدًّا وجُدًّا: نصیب والا ہونا۔ صفت (مَجْدُوْد) کہا جاتا ہے "جُدِدْتَ یا فلان" تم خوش قسمت ہو۔
جَدَّدَ واَجَدَّ. الشَّیءَ: نیا کرنا۔ اَجَدَّ ثَوْبًا: نیا پہننا۔ اَجَدَّ الامرَ: اچھی طرح تحقیق کرنا فی الامر: سنجیدگی اختیار کرنا۔ کوشش کرنا۔
اَجَدَّ الطریقُ: سخت وہموار ہونا الرجلُ: سخت وہموار زمین پر چلنا۔
جَادَّهٗ مُجَادَّةً. فی الامر: کسی سے تحقیق کرنا۔
اِسْتَجَدَّ. الشیُٔ: نیا ہونا الشَّیءَ: نیا کرنا یا نیا پانا الثوبَ: نیا پہننا۔
تَجَدَّدَ: نیا ہونا۔
الجَدُّ. س: دادا۔ نانا۔ ج اَجْدَاد وجُدُود وجُدُوْدَة. مؤنث جَدَّة. ج جَدَّات.
الجَدُّ: نصیبہ. بزرگی۔ عظمت۔ روزی۔ نہر کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "عَثَرَ جَدُّهٗ او تَعِسَ جَدُّه" وہ نقصان میں رہا یا وہ ہلاک ہوا۔
الجِدُّ. س: کوشش۔ سنجیدگی۔ جلدی۔ اچھی طرح ثابت شدہ۔ و "فلانٌ عالمٌ جِدُّ عَالِمٍ:" فلاں انتہائی درجہ کا عالم ہے۔ "وعَظِیْمٌ جِدًّا:" بہت ہی بڑا۔ جِدًّا: کا نصب مصدریت کی وجہ سے ہے۔
الجُدُّ: حصہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ ذُوْجُدٍّ فی کذا" فلاں اس بارے میں خوش نصیب ہے۔ بہت پانی والا کنواں۔ کم پانی والا کنواں۔ چٹیل میدان کے اطراف میں تھوڑا پانی۔ سمندر کا کنارہ۔ ہر چیز کا کنارہ (والجُدِّی) بڑے حصہ والا۔ بہت نصیبہ والا۔
الجَدَد: ہموار سخت زمین۔ اسی سے مثل ہے "مَنْ سَلَكَ الجَدَدَ اَمِنَ العِثَار" جو ہموار سخت زمین پر چلتا ہے وہ لغزش سے محفوظ رہتا ہے۔ باریک ریت۔ ج اَجْدَاد.
الجِدَّة: دریا کا کنارہ۔ کتے کے گلے کا پٹکا۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ وجِدَّةُ الثَوْبِ: کپڑے کا نیا ہونا۔
الجُدَّة: علامت۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "رکب جُدَّةَ الاَمْرِ او جُدَّةً مِنَ الْاَمْرِ" اس نے رائے قائم کی۔ ج جُدَد.
ناقة (جَدَّاء) خشک تھن والی اونٹنی۔ سنة جَدَّاء: قحط کا سال۔
الجَادّ: کوشش کرنے والا۔ سرگرمی سے کام کرنے والا۔ سنجیدگی سے کام کرنے والا۔
الجَادَّة. الجادّ کا مؤنث۔ سڑک کا درمیان۔ ج جَوَادّ.
الجَدَاد والجِدَاد: کھجور توڑنا۔
جُدَادَة. النخل وغیرہ: کھجور وغیرہ کا کٹا ہوا درخت۔
الجُدَّاد: الجھا ہوا دھاگا یا آپس میں گتھی ہوئی ٹہنی۔
الجَدِیْد: نیا۔ ایک قسم کا پرانا سکہ۔ ج جُدُد.
الجَدِیْد والمَجْدُوْد: نصیبہ ور۔ کٹا ہوا۔
الجَدِیْدَان والاَجَدَّان: دن رات تثنیہ ہی مستعمل ہے۔ صرف دن یا رات کو جدید یا اَجَدّ نہیں کہتے۔
المُجَدَّد. مفع مِنَ الْاَکْسِیَة: مختلف دھاریوں والا۔
جَذَبَ (ن ض) جَذْبًا وجَذَبَ (ک) جُذُوْبَةً وتَجَذَّبَ. المکانُ: بارش نہ ہونے کی وجہ سے خشک ہونا۔ صفت (جَذْبٌ واَجْذَبُ وجَدِیبٌ وجَذُوبٌ

ومجذُوبٌ)

جَذَبَ فلانا: عیب لگانا۔

اَجْذَبَ. المکانُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا القومُ: قحط زدہ ہونا الارضَ: خشک پانا فلانًا: مہمان داری نہ پانا۔

جَذَّبَهُ: کمزور کرنا۔

تَجَذَّبَ: عیب دار ہونا۔

الجَذب. س: خشک سالی۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "مکان جَذب" قحط زدہ مقام۔ مؤنث جَذِبَةٌ ج جُذُوب. کہا جاتا ہے "اَرَضُوْن جُذُوبٌ واَرْضُوْن جُذْبٌ" قحط زدہ زمینیں۔

الجَذُوب والجَذِيب: قحط زدہ۔ اَرْضٌ (جَذباء) قحط زدہ زمین۔

المِجْذاب. من الآراضِي: بنجر زمین۔ ج مَجَاذِب.

الأَجَاذِب: وہ زمینیں جس میں پیداوار نہ ہو۔

مکان (مَجْذُوب) قحط زدہ۔

الجَدَث: قبر۔ ج جَدَاث واَجْدُث.

الجُدْجُد: سخت ہموار زمین۔ جھینگر۔ ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کا کیڑا جو رات میں آواز کرتا ہے۔ ج جَداجد.

جَدَحَ (ف) جَدْحًا واَجْدَحَ واجْتَدَحَ. السَّوِيقَ: گھولنا۔ جدحَ السَّوِيقَ في اللبن: ملانا۔ کہتے ہیں "جَدَحَ جُوَيْنٌ من سويق غيره" دوسرے کے ستو کو جُوَین نے گھولا "حلوائی کی دوکان اور دادا جی کی فاتحہ" کے طور پر ضرب المثل ہے۔

جَدَّحَهُ: ملانا۔

المِجْدَح: ستو وغیرہ گھولنے کا سامان۔ ایک ستارہ کا نام۔

المِجْدَاح: سمندر کا کنارہ۔ ج مَجَادِح.

مَجَادِيح. السماءِ: پچھتر۔ واحد مِجْدح: کہا جاتا ہے "اَرْسَلَتِ السَّمَاءُ مَجَادِيح الغَيْث" آسمان نے بارش کے لیے پچھتروں کو آزاد چھوڑ دیا۔

جَدَرَ (ن) جَدْرًا وجُدِرَ وجُدِّرَ: چیچک نکلنا۔ صفت (مَجْدُور و مُجَدَّر)

جَدَرَه (ن) جَدْرًا: لائق ومناسب بنانا الجدارَ: دیواروں سے گھیرنا الرجلُ: دیوار کی اوٹ میں ہو جانا۔

جَدَرَ وجَدُرَ (ک ن) جَدارةً واَجْدَرَ. النبتُ: کونپل نکلنا۔

جَدُرَ (ک) جَدارَةً. بکذا: لائق ہونا۔ صفت (جَدِير) کہا جاتا ہے "هو جَدِيرٌ بکذا ولکذا" ج جَدِيرُوْن وجُدَرَاء. مؤنث جَدِيرَة. ج. جَدِيرات و جَدائِر.

جَدَّرَ واجتَدَر. الحَائِطَ: دیوار بنانا اور پلاسٹر کرنا۔

الجُدَر والجَدَر: پھنسیاں۔ مار کا نشان۔ زخم کا نشان۔

الجَدِر. بالشيء وله: لائق۔ مناسب ج جَدِرُوْن.

الجَدْر. ج جُدْرَان و (الجِدَار) ج جُدُر وجُدْر: دیوار۔

الجَدْر والجَدَر: ایک قسم کی ریگستانی نباتات ج جُدُور. واحد (جَدْرَة وجَدَرَة)

الجُدَرِيّ والجَدَرِيّ: چیچک۔

المِجْدار: دھوکا (یعنی وہ چیز جو جانوروں اور چڑیوں کو بھگانے کے لیے کھیت میں کھڑی کی جاتی ہے۔

المَجْدَرة: لائق۔ کہا جاتا ہے "انّه مَجْدَرة لان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔ (مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لیے یکساں ہے) ارض مَجْدَرَة: بہت چیچک والی سرزمین۔

المَجْدُور: چیچک زدہ۔ کم گوشت والا۔ اور کہا جاتا ہے "انه مجدور ان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

جَدَعَ (ف) جَدْعًا. الانف وماشاكله: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "لأمرٍ مَاجَدَعَ قَصِيرٌ اَنْفَهٗ" کسی خاص مصلحت سے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ جَدَعَ فلانا: قید کرنا۔ باز رکھنا۔ الرجلَ عیالَه: نان نفقہ روک لینا۔ (وجَدَّعَ واَجْدَعَ) الولدَ: بری خوراک دینا۔

جَدِعَ (س) جَدَعًا: بری خوراک والا ہونا۔ صفت (جَدِع). الرجلُ: کان ناک کا کٹ جانا۔ صفت (اَجْدَع) مؤنث جَدْعاءُ ج جُدْع.

جَدَّعَهُ: کسی سے "جدعالك" کہنا یعنی اللہ تجھ کو عیب دار کر دے اور تجھ سے خیر کو منقطع کر دے۔

جادَعَهُ مُجادَعَةً وجِداعًا: گالی دینا۔ جھگڑا کرنا۔

تَجادَعَا: باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ اسی سے عرب کا قول ہے "تَرَكْتُ البلادَ تتجادَعُ اَفاعِيْهَا" میں نے ملک کو اس حال میں چھوڑا کہ وہاں کے اشرار ایک دوسرے کو کھائے جا رہے تھے۔

الجَدَعَة: کاٹنے کے بعد عضو کا بقیہ حصہ۔ کاٹنے کی جگہ۔

جَدَاعِ بروزن قطام: سخت سال۔ کہا جاتا ہے "واَجْحَفَتْ بهم جَدَاعِ" ان کو قحط کے سال نے برباد کر دیا۔

المِجْدَع: عضو کاٹنے کا اوزار۔

الجُدَاع: موت۔

جَدَفَ (ض) جُدُوفًا. الطيرُ: کٹے ہوئے پروں سے اڑنا الظبيُ: چھوٹے قدم سے چلنا الرجلُ: تیز چلنے میں ہاتھوں کو ہلانا۔

جَدَفَ (ض) جَدْفًا. الشَّيْءَ: کاٹنا۔ الملاحُ السفينةَ: چپو سے چلانا۔ السَّماءُ بالثلجِ: برف گرانا۔

جَدَّفَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔ کہا جاتا ہے "لاتُجَدِّفُوا بِنِعَمِ الله" اللہ کی نعمتوں کی ناشکری مت کرو المَلاحُ: چپو سے ڈونگی چلانا علی الله: کفر اور اہانت آمیز باتیں کرنا۔

جُدِّفَ. عليه: تنگی میں مبتلا کیا جانا۔ اور اسی

سے ہے"وانه لَمُجدَّف علیه العَیْش" وہ تنگ دست ہے۔
اَجْدَف. القومُ: چلانا۔ شور مچانا۔
الجَدَفَة: شور وشغب۔
رَجُلٌ (مَجْدُوْف) الید: چھوٹے ہاتھ والا۔ کٹے ہوئے ہاتھ والا"مَجْدُوْف الْإِزارِ وَالقَمِیْص" چھوٹا تہبند اور چھوٹی قمیص پہننے والا۔
المِجْدَاف: چپو۔مِجدافا الطَّیْرِ: پرندہ کے دونوں بازو۔ ج مَجَادِیْف
التَّجْدِیْف: کلمہ کفر۔ ج تَجَادِیْف.
الجُدَافی والجُدَافاء: غنیمت۔
الجَدَف: قبر۔ ج اَجْدَاف.
جَدَلَ (ن ض)جَدْلًا. الحبل بٹنا۔
جَدِلَ (س)جَدَلًا. الرجلُ: سخت جھگڑالو ہونا۔
وجَدَلَ (ن)جَدْلًا. الحبُّ: خوشہ میں سخت ہونا۔الولدُ: مضبوط اور سخت ہڈیوں والا ہونا۔
جَدَلَهُ (ض ن)جَدْلًا وجَدَّلَهُ: زمین پر پٹک دینا۔جدَّل الشعر: گوندھنا۔ چوٹی بنانا۔
جَادَلَهُ مُجَادَلَةً وجِدَالًا: جھگڑا کرنا۔
تَجَادَلًا: ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَجَدَّلَ رانْجَدَلَ: زمین پر پٹکا جانا۔
الجَدِل. س: سخت۔ ٹھوس۔ عضو۔ ج جُدُول. قبر۔
جِدْلَاءُ ج جُدل۔ محکم
اَلْجَدَلُ عِنْدَ الْمُنْطَقِیِّیْنَ: وہ قیاس جس میں مقدمات مشہورہ ہوں یاان کو تسلیم کر لیا گیا ہو۔ مثلاً فلاں رات کو گھومتا ہے لہٰذا چور ہے۔
الجَدَل: جھگڑا۔ جھگڑے کی مہارت۔
الجَدْلَة: ہاون کا دستہ۔
الجَدَالَة: زمین۔جَدَالة الخَلْق: گٹھے ہوئے بدن والا۔
الجَدِیْل: بٹی ہوئی رسی۔ ج جُدُل. جُدُل الانسان: انسان کے ہاتھ پیروں کی جوڑ ہڈی۔
الجَدِیْلَة: طریقہ۔ کہا جاتا ہے"عملی علی جَدِیْلَته" اس نے اپنے طریقہ پر کام کیا۔ قبیلہ۔ گوشہ۔ کنارہ رائے کی پختگی۔ کبوتر وغیرہ کا کابک۔
الْاَجْدَلِیّ والْاَجدل شکرا۔ ج جَادِل.
درْعٌ جَدْلَاءُ: مضبوط زرہ۔ ج جُدل.
الجَدَّال والجدِل والمجدَل والمِجْدَال: بہت جھگڑالو۔ الجَدَّال: کابک بیچنے والا۔
المَجْدَل: محل. ج مَجَادِل
المَجْدَل: لوگوں کی جماعت۔
المَجْدُوْل: بٹا ہوا یا مضبوط بٹا ہوا۔
اَلْجَدْوَل: فہرست' لسٹ' اور کہا جاتا ہے۔ اِسْتِقَامَ جَدْوَلُ الْقَوْمِ جب ان کا نظام مضبوط ہو۔
الجِدْوَل والجدوَل: نالہ۔
جَدَمَهُ (ن)جَدْمًا: کاٹنا۔ جَدَمَتِ النخلَةُ: پھلدار ہو کر خشک ہونا۔ صفت (جَادِم)
اِنْجَدَمَ: کٹ جانا۔
الجَدَمَة: پست قد۔
والجُدَامَة: وہ بالیاں جو پہلی مرتبہ گاہنے میں نہ ٹوٹیں۔
اَلجَدَم: پست طبقہ کے لوگ۔
جَدَا (ن)جُدُوًّا. علیه: عطیہ دینا۔
واجْتَدَی اِسْتَجْدَی. فلانًا: حاجت کا سوال کرنا۔ عطیہ مانگنا۔
اَجْدَی اِجْدَاءً: عطیہ پانا۔فلانًا: عطیہ دینا۔ الامرُ: نفع دینا۔ کہتے ہیں"مایُجْدِی عنك هذا" تم کو یہ فائدہ نہیں دے گا۔
اِجْتَدَاه: عطیہ دینا۔
الجَدَا: عام بارش والجداء نفع عطیہ۔
الجَادِی: مانگنے والا۔ عطیہ دینے والا۔
الجَادِی: زعفران۔
الجَدْوِی: عطیہ۔
الْاَجْدَی: زیادہ نافع۔
الجَدِیّ: سخی۔
الجَدْوَة: گلہ۔ ریوڑ۔
جَدَیَ (ض)جَدْیًا: عطیہ طلب کرنا۔
اَجْدَیَ اِجْدَاءً. الجرحُ: بہنا۔
الجَدْی: پہلے سال کا بکری کا بچہ۔ ج اَجْدٍ وجِداء وجِدْیان: قطب کے پہلو کے ایک ستارے کا نام جس کو"جَدْیُ الفَرْقَد" بھی کہتے ہیں آسمان کے ایک برج کا نام۔
الجَدْیَة: زین یا پالان کے نیچے کی گدی ج جَدْی و جَدَیات.
الجَادِیَاء: زعفران۔
جَدَّهُ (ن)جَدًّا: کاٹنا۔ توڑنا۔جدَّ فی سیرہ: تیز چلنا۔
جَدَّذَ: قوم سے اپنی پیروی چاہنا اور اس کا نہ ماننا۔
اِنْجَدَّ: کٹنا۔ ٹوٹنا۔
تَجَدَّذَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الجُذَاذ والجَذَاذ والجِذَاذ: توڑ ہوا۔ ٹکڑا۔ سونے کے ڈلے۔
الجَذَاذَة: ہر چیز کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "جَذَاذَته عَلَیْه کَذَا" وہ اس سے اتنا زیادہ۔
الجُذَاذَات: ریزہ۔ برادہ۔ کہا جاتا ہے عندی جُذَاذَاتٌ مِنَ الفِضَّةِ" میرے پاس چاندی کے ریزے ہیں۔
الجِذّ: کٹی ہوئی چیز کا چھوٹا ٹکڑا۔ تم کہتے ہو"ثُرتُ اِلَی الصنم فکَسَّرْته اَجْذَاذًا" میں بت پر ٹوٹ پڑا اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔
الجُذَّة: ٹکڑا۔
الْاَجَذّ: ٹوٹا ہوا۔ مؤنث جَذَّاء.
جَذَبَهُ (ض)جَذْبًا. واجْتَذَبَهُ. الیه: کھینچنا۔جذَبَ الشهرُ: اکثر حصہ گذر جانا۔
جَذَبَتِ الناقَةُ: کم دودھ والی ہونا۔المُهْر عن امه: دودھ چھڑانا۔
جَاذَبَهُ. الشیء: کسی چیز کے بارے میں کشمکش کرنا۔
تجَاذَبَا. الشَّیْءَ: کسی چیز کے بارے میں

باہم کشمکش کرنا۔
تَجَذَّبَ. اللبنَ: پینا۔
اِنجذب: کھنچ جانا۔ اِنجذب في السير: تیز چلنا یا دور تک جانا اور کہا جاتا ہے "اِنجذبَ بهم السَّيْرُ" وہ لوگ دور تک چلے۔
الجاذِب. فا. کم دودھ والی اونٹنی۔ ج جواذب وجِذاب.
الجَذْبَة: دور کی مسافت۔ کہا جاتا ہے "بينه وبين المنزل جذبة" اس کے اور منزل کے درمیان مسافت بعیدہ ہے۔
جَذَاب: موت کے لیے علم۔
الجاذِبِيّة: کھینچنے کی قوت۔
الجَذَّابَة: چھوٹی چڑیوں کے شکار کرنے کا کمپا۔
جَذَرَ(ن) جذرًا: کاٹنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔
جَذَّرَ. العَدَدَ: عدد کا جذر حاصل کرنا۔
جَذَّرَه واَجذَرَه: جڑ سے اُکھیڑنا۔
اِنجذر: جڑ سے اُکھڑنا۔
الجِذر والجَذر: جڑ۔ جَذرُ النبات: نباتات کی جڑیں جو زمین میں پھیلی ہوئی ہوں۔ ج جُذُور: مربع کا جذر۔ جذر البقرة: گائے کے سینگ۔
الجَذرِيّة: وہ دانت جو رباعیہ کے بعد ہو۔
المَجذُور: عدد کا مربع۔
اَلْجَذْرُ: عدد اپنے آپ میں ضرب دینا مثلاً 10X10=100 حاصل ہوتے ہیں- 100 (سو) 10 کا مجذور ہے-
الجَوْذَر والجُوذَر والجُوذُر: نیل گائے کا بچہ۔ ج جَوَاذِر وجآذر.
المُجَذَّر: بہت پست قد۔
جَذَعَ(ف) جَذْعًا. الدابةَ: بغیر چارہ کے روک رکھنا۔ بين البعيرين: ایک رسّی میں باندھنا۔
الجَذَع. من البهائم: چھوٹا بچہ۔ ج جِذاع وجُذعان اور اسی سے ہے "جُذعان الجبالِ" چھوٹے پہاڑ۔ نوجوان۔ اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ في هٰذا الامرِ جَذَعٌ" فلاں اس معاملہ میں نو آموز ہے۔
"واَعدتُ الامرَ جَذَعًا" میں نے اس کام کو از سر نو کیا۔ کہا جاتا ہے۔ "ذهبوا (جِذَعَ مِذَعَ) مبنی بر فتحہ: یعنی متفرق گئے۔
الجِذْع: درخت کا تنہ۔ ج جُذُوع واَجذاع. جِذعُ الانسانِ: نوجڑ۔ سر اور ہاتھوں اور ٹانگوں کے علاوہ انسان کا باقی جسم۔
المُجذَع والمُجذَّع: بے اصل وبے ثبات۔
جَذَفَ(ض) جَذفًا واَجذَفَ. الطائرُ: تیز اُڑنا۔ "جَذَفَتْ واَجذَفتِ المرأةُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا۔
جَذَفَ وجَذَّفَ. القارِبَ: چپو سے چلانا۔ الشئَ: کاٹنا۔
تَجَذَّفَ. في مشيه: تیز چلنا۔
المِجذاف: کشتی چلانے کا چپو۔
المَجذُوف: کٹی ہوئی ٹانگ والا۔
جَذِلَ(س) جَذَلًا واجتَذَلَ: خوش ہونا۔ صفت (جَذِل و جَذلان) ج جُذلان مؤنث جَذِلَة وجَذلَى.
جَذَلَ(ن) جُذُولا واستَجذَلَ: سیدھا کھڑا ہونا۔
اَجذَلَه: خوش کرنا۔
تَجاذَلَ. القومُ: باہم کینہ رکھنا۔ باہم دشمنی کرنا۔
الجِذل. من الشجرة: بغیر شاخوں کے درخت کا تنہ۔ ٹھنٹھ۔ کہا جاتا ہے "عَادَ الشئُ اِلیٰ جِذلِه" چیز اپنی اصل پر لوٹ آئی۔ لکڑی کا کندہ جو خارش والے اونٹ کے بدن رگڑنے کے لیے کھڑا کیا جائے۔ جُذَيل اس کی تصغیر ہے اور اسی سے ہے "انا جُذَيلها المُحَكَّك" میں تجربہ کار وواقف کار ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "هو جِذلُ مالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔ ج جِذال واَجذال وجُذُول وجُذُولة.
الجاذِل. فا. شادماں۔ ستون کی مانند ایک جگہ پر کھڑا رہنے والا۔ "سِقاءٌ جاذِلٌ": دودھ کو بدمزہ کردینے والی مشک۔
جَذَمَ(ض) جَذمًا وجَذَمَةً: جلدی سے کاٹنا۔
جُذِمَ جَذمًا: کٹے ہوئے ہاتھ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔
جُذِمَ: کوڑھی ہونا۔ صفت (اَجذَم ومَجذُوم ومُجذَّم).
اَجذَمَ عن الشئِ: باز رہنا۔ علیه: پختہ ارادہ کرنا۔ في سیرہ: تیز چلنا۔ یدہ: کاٹنا۔
اِنجَذَمَ وتَجَذَّمَ: کٹ جانا۔
الجِذم والجَذم: اصل۔ جڑ۔ ج جُذُوم واَجذام.
الجَذْمة والجَذَمَة: ہاتھ میں کٹنے کی جگہ۔
الجَذْمة: ٹکڑا۔ چابک۔ کوڑا۔
الجُذمة: ٹنڈاپن۔
الاَجذَم: ہتھ کٹا۔ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا۔ مؤنث جَذمَى وجَذماء اور کہا جاتا ہے "هو اَجذمُ الحجة" وہ شخص ایسا ہے جس کے پاس نہ دلیل ہے نہ زور بیان۔
الجُذَامَة: کٹی ہوئی کھیتی کا باقی ماندہ۔
المِجذام والمِجذامة: امور میں جلدی فیصلہ کرنے والا۔ جلدی سے دوستی کو ختم کر دینے والا۔
جَذَا(ن) جَذوًا وجُذُوًّا واَجذَى. علی الشئِ: اچھی طرح کھڑا ہونا۔
تَجاذَى. الحجرَ: اُٹھانا۔
الجَذَاة: بڑے درختوں کی جڑیں۔ ج جَذاء
الجِذوة والجَذوة والجُذوة: بھڑکتا ہوا انگارہ۔ ج جُذىً وجَذىً وجِذاء کہا جاتا ہے "فلان جُذوةُ شر" فلاں شر کا بانی اور اسے ہوا دینے والا ہے۔
جَذَى(ض) جَذيًا واَجذَى. فلانا عنه: منع کرنا۔
تَجاذَى تَجاذِيًا: کھسک جانا۔
الجِذی والجِذیة. من الشجرة: جڑ۔
جَرَّه(ن) جَرًّا وجَرِّيَة: کھینچنا۔ جَرَّ الابلَ: آہستہ ہانکنا۔ الكلمةَ: زیر لگانا۔ علی نفسه

جَرِيْرَةً: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
جَرَّهُ وجَرَّرَبهُ: سختی سے کھینچنا۔
جَارَّهُ رَسَنه: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَارَّه الدَّيْنَ" اس نے قرض ادا کرنے میں ٹال مٹول کی۔
اِنْجَرَّ: کھنچنا۔
جَرَّ واجْتَرَّ البعيرُ: جگالی کرنا۔
اَجَرَّ البَعِيْرُ: جگالی کرنا الفَصِيْلَ: دودھ پینے سے روکنے کے لیے زبان چیر دینا لسانه: گفتگو کرنے سے منع کرنا۔ اَجَرَّهُ رَسَنه: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ اجرّه الرمحَ: نیزہ گھسا کر چھوڑ دینا۔ اَجَرَّهُ الدَّيْنَ: مہلت دینا۔
اِجْتَرَّ واجْدَرَّ الشيء: کھینچنا۔
اِسْتَجَرَّ الشيءَ: کھینچنا المالَ: تھوڑا تھوڑا لینا لِفُلَان: مطیع وفرمانبردار ہونا۔
الجَرُّ. مص: اور اسی سے ہے "كان ذلك عام كذا وَهَلُمَّ جرًّا اِلي اليَوم" یہ واقعہ فلاں سال میں ہوا اور آج تک ایسا ہی ہے۔ جَرُّ الجَبَل: دامن کوہ۔ بجو وغیرہ کا سوراخ۔ اعراب کی ایک قسم خواہ حرکت سے ہو یا حرف سے۔
الجِرَّةُ: کھینچنے کی ہیئت۔ خانہ بدوش لوگ۔ (والجَرَّ) جگالی۔
الجَرَّةُ: جَرَّ کا اسم مرة. گھڑا۔ ج جَرّ وجرار.
الجَرَّةُ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔
الجُرَّةُ: گلہ بونے کے لیے سوراخ دار برتن۔ ہرن کے شکار کے لیے لکڑی کا پھندا ج جُرَر. کہا جاتا ہے۔ فعلت. ذلك من (جرَّاك وجُرائكَ وجَرَاكَ وجَرَائِك) میں نے یہ تمہاری وجہ سے کیا۔
الجِرِّيّ: ایک قسم کی مچھلی جس کو بام کہتے ہیں۔
الجِرِّيَّة والجِرِّيْئَة: پرندے کا پوٹا۔
الجَارُوْر: پانی بہنے کی جگہ۔ سیلاب کا بنایا ہوا نالہ فی اصطلاح المولدين: صندوقچی جو کھینچنے سے کھلے۔
بِئْرٌ (جَرُوْر): گہرا کنواں فرسٌ جَرُوْرٌ: قابو میں نہ آنے والا گھوڑا، امرأة جرور: لنجی عورت۔
الجَرِيْرَة: گناہ۔ کہا جاتا ہے "فعلت ذلك من جريرتك" میں نے اس کو تمہاری وجہ سے کیا۔
الجَرَّار: بہت کھینچنے والا۔ گھڑا بنانے والا۔ گھڑا بیچنے والا۔ جيش جرار: بہت بڑا لشکر عوام چھوٹی صندوقچی کے لیے لفظ جرَّار کو استعمال کرتے ہیں جو کھینچنے سے کھلتی ہو۔
الجَرَّارَة: زرد رنگ کا بچھو جو دم کو گھسیٹتا چلتا ہے۔
المَجَرُّ: پانی بہنے کی جگہ۔ شہتیر۔
المَجَرَّة: کہکشاں۔ عوام اس کو "درب التبانه" کہتے ہیں۔
جَرُوءَ (ک) جَرَائَةً وجُرْأَةً وجُرَةً وجَرَائِيَةً. عليه: دلیری کرنا۔ صفت (جَرِی) ج اَجْرَاء واَجْرِياء.
جَرَّأَه تَجْرِيْئًا: جرأت دلانا۔ دلیر بنانا۔
اِجْتَرَأ: دلیر ہو جانا۔
اِسْتَجْرَأ: بتکلف جرأت دکھلانا۔
الجَرِيْئَة: درندوں کے شکار کرنے کا مکان۔ ج الجَرائي.
الجِرِّيْئَة: پوٹا۔ حلق۔
جَرِبَ (س) جَرَبًا: خارش والا ہونا۔ صفت (جَرِب وجَرْبان واَجْرَب) ج جراب وجَرْبي واَجَارِب وجُرْب. جَرِبَ السيفُ: زنگ آلود ہونا۔
جَرَّبَهُ تَجْرِيْبًا وتَجْرِبَةً: آزمانا۔
اَجْرَبَ القومُ: قوم کے اونٹوں میں خارش پھیلنا۔ کھجلی میں مبتلا کرنا۔
الجَرَب: عیب۔ برائی۔ تلوار کا زنگ۔
الجَرْبَاء: اجرب کا مؤنث۔ قحط زدہ زمین۔ ستاروں بھرا آسمان۔
الجِراب: تلوار کا میان۔ چمڑے کا برتن۔ کنوئیں کا جوف۔ خصیتین کی تھیلی۔ ج اَجْرِبَة وجُرُب وجُرْب.
الجُرَاب: خالی کشتی۔
الجَرَبَّة: سخت وقوی افراد (انسان ہو یا حیوان) کھاؤ اور نکمے اہل وعیال۔
الجِرْبِيَاء: شمالی ہوا یا اس کی ٹھنڈک
الجِرِبَّان والجُرُبَّان. من السيف: میان پر تلہ۔ دھار من القميص: گریبان۔
المُجَرَّب: آزمودہ۔ دراهم مجرَّبة: کھرے دراہم۔
اَلجُرَّةُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ کرنے والی قوم۔
جَرْبَارَةُ: پھولوں کی ایک قسم۔
جَرْبِيَّةُ: پھولوں کی ایک قسم۔
الجَوْرَب: پاتابہ (فارسية) ج جَوَارِب وجَوَارِبَة.
جَوْرَبَه: پاتابہ پہنانا۔
تَجَوْرَب: پاتابہ پہننا۔
الجِرِّيْث: ایک قسم کی مچھلی۔ مارماہی۔
تَجَرْثَم واِجْرَنْثَم: اوپر سے نیچے گرنا اور سکڑ کر زمین پر آ رہنا۔ اِجْرَنْثَمَ: چمٹ کے رہ جانا۔
الجُرْثُوم والجُرْثُوْمَة. من الشيء: جڑ۔ یا درخت کی جڑ میں جمع شدہ مٹی۔ ج جَرَاثِيْم.
جُرْثُومة النمل: چیونٹیوں کی بستی۔ اور عصری زبان میں "جراثیم" (Grms) کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
جَرِج (س) جَرَجًا. الخاتمُ في اصبعه: ڈھیلی ہونے سے حرکت کرنا۔ صفت (جَرِج) الرجل: سخت زمین میں چلنا۔
الجَرَج: سخت زمین۔
الجُرْجة: توشہ رکھنے کا تھیلا۔ خرجی۔ ج جُرَج.
جَرْجَرَ. الجملُ: بلبلانا۔ الماء في حلقه: گڑگڑ کرنا۔ (وتَجَرْجَر) الماءَ: غٹ غٹ پینا۔

الجَرْجَر غلّہ کی دائیں کرنے کا آہنی آلہ۔ حلق. جَراجِر

الجَرْجَر وَالجِرْجِر لوبیا۔چنا۔

الجَرْجارَة چلی۔

الجِرْجِیر:ایک قسم کی ترکاری جو پانی میں پیدا ہوتی ہے۔

جَرَحَ(ف) جَرْحًا زخمی کرنا ہ بلسانہ: عیب لگانا۔ مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "جرح الشهادة" اس نے گواہی کو باطل کر دیا الرجلَ کمانا۔ صفت (جارِح)اور اسی سے ہے "مَالَهٗ جارِحةٌ"اس کے لیے کوئی کمانے والا نہیں۔

جَرِحَ(س) جَرَحًا زخمی ہونا۔

جَرَّحَهٗ:بہت زخمی کرنا۔ جَرَّحَ الشهادةَ: رد کرنا۔

اِجْتَرَحَ. الشَّیْءَ:کمانا۔ الْاِثْمَ:ارتکاب کرنا۔

اِسْتَجْرَحَ. الشیءُ فاسد ہونا۔

الجُرْح: زخم ج جُرُوْح واَجْرَاح.

الجُرْحَة:جس چیز سے مخالف کی گواہی یا دلیل مجروح کی جائے۔

الجِرَاحَة:زخم۔ج جِرَاح وجِرَاحات: جراح کا پیشہ۔گناہ۔

الجَرَّاح والجَرَاحِیّ: زخموں کا علاج کرنے والا۔سرجن۔

الجَارِحَة جارح کا مؤنث۔ چھری۔شکاری درندہ یا پرندہ یا کتا۔ عضو انسانی خصوصاً ہاتھ ج جَوَارِح. جَوارِحُ النهار: کنایہ ہے مصائب سے۔ اور اسی سے ہے "نَعُوْذُ باللّٰهِ مِنْ طَوَارِقِ اللیل وجَوَارِحِ النَّهارِ"ہم دن اور رات کے مصائب سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔ "الجَوَارِح مِنَ الطَّیْرِ" شکاری پرندے۔

المَجْرُوْح. ج مَجَارِیْح و (الجَرِیْح ج جَرْحیٰ:زخمی۔

جَرَدَ(ن) جَرْدًا وجَرَّدَ. العودَ:چھیلنا الجلدَ: بال اُتارنا السیفَ: ننگی کرنا القحطُ الارضَ: چٹیل کر دینا۔ جَرَّدَہ مِنْ ثوبه وجَرَّدَهُ ثَوْبَهٗ: ننگا کرنا۔ جَرَّدَ الکتابَ:اعراب نہ لگانا۔ جَرَّدَ الجَرِیْدَةَ: چھپنک دینا۔

جَرِدَ(س) جَرَدًا: چٹیل ہونا۔ ننگا ہونا المکانُ:ٹڈی زدہ ہونا الفرسُ: چھوٹے بال والا ہونا۔

جُرِدَتِ. الارضُ ٹڈیوں کے کھانے سے صاف ہو جانا۔

تَجَرَّدَ: ننگا ہونا الامر: تمام کاموں سے فارغ ہو کر مشغول ہونا اور کوشش کرنا الفرسُ گھوڑدوڑ میں آگے بڑھ جانا۔

اِنْجَرَدَ: ننگا ہونا بنا السیر: بغیر دوسری طرف التفات کیے ہوئے چلتے رہنا الثوبُ: گھسنا اور بوسیدہ ہونا۔

اِجْتَرَدَ. القطنَ دُھنا۔

الجَرْد. مص مکان جَرْدٌ بغیر نباتات والی جگہ۔ الثوبُ الجَرْد: پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ڈھال۔مال کا بقیہ ج جُرُوْد

الجَرَد والجَرِد: بغیر نباتات والی جگہ۔

الجَرَد بال کا چھوٹا ہونا۔

الجُرْدَة برہنگی۔

الجُرْدَة پرانا بوسیدہ کپڑا۔

الجَرَاد ٹڈی۔ واحد جَرادَة

الجُرَادَة ککڑی کا چھلکا۔

الجَرِیْد: کھجور کی ٹہنی جو پتوں سے صاف کر لی گئی ہو۔ واحد جَرِیْدَة

الجَرِیْدَة سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں۔مال کا بقیہ۔رجسٹر۔اخبار۔ج جَرائِد.

الاَجْرَد بغیر نباتات والی زمین۔ بے بال۔ چھوٹے بالوں والا۔ مؤنث جَرْداء. ج جُرْد. الاَجْرَد من الخیل: گھڑدوڑ میں آگے رہنے والا گھوڑا۔ لَبَنٌ اَجْرَد: بے جھاگ کا دودھ۔ صَخْرَة جَرْداء:صاف چکنی چٹان۔ خَمْرَةٌ جَرْداء شراب صافی۔

والجَرْد سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں۔اور کہا جاتا ہے" ما رأیته مُنْذُ اَجْرَدَیْنِ میں نے اس کو پورے دو دن یا دو مہینے یا دو سال سے نہیں دیکھا و" شَهْرٌ اَجْرَد "پورا مہینہ۔

سَنَةٌ جارُوْد وجارُوْدَة: سخت قحط والا سال۔

اَلتَّجْرِیْد نحویوں کے نزدیک کلمات کو لفظی عامل سے خالی کرنا جیسے زید قام اور صرفیوں کے نزدیک زائد حروف سے خالی کرنا جیسے قام زید۔

التَّجْرِیْدَة فوج کا دستہ۔

المِجْرَد دانتوں کے صاف کرنے کا برش۔ روئی دھنے کا آلہ۔

الجَرَّاد: تانبے وغیرہ کے برتنوں کی کھائی کرنے والا۔ قلعی گر۔

المُنْجَرِد چھوٹے بالوں والا۔

الجَرْدَق والجَرْدَقة روٹی۔ج جَرادِق.

الجَرْدَم سبز سر والی سیاہ ٹڈی نر۔ بہت بولنے والا۔

جَرَذَ(ن) جَرْذًا. الجرحُ نوہان زخم کا بستہ ہو کر سوجنا۔

جَرَّذَ. الشجرةَ گانٹھیں اُتارنا۔

اَجْرَذَہٗ: نکالنا۔ علیحدہ کرنا ہ الیہ: مجبور کرنا۔

الجَرَذ جانور کے کوچ کا ورم۔

الجُرَذ: ایک قسم کا چوہا۔ج جِرْذَان. کہا جاتا ہے" تَفَرَّقَتْ جِرْذَانُ بَیْتِه"اس کے گھر میں چوہے قلابازی کھا رہے ہیں۔

ارض (جَرِذَة):بہت چوہوں والی زمین۔

المُجَرَّذ: آزمودہ کار۔

الاَجْرَذ وہ شخص جو چلنے میں قدم کا اگلا حصہ قریب قریب رکھے اور ایڑی دور دور۔

جَرَزَ(ن) جَرْزًا کاٹنا۔ جڑ سے اکھیڑنا ہ الزمانُ ہلاک کرنا ہ بالشتم گالی دینا۔ کہا جاتا ہے" جَرَزَ ماعلَی المائدةِ" دستر خوان کا سب کچھ صاف کر گیا۔

جَرُزَ(ک) جَرَازَةً پیٹو ہونا۔

جَرِزَتِ(س) جَرَزًا. الارضُ بنجر ہونا۔ صفت (جارِزَة)ج جَوَارِز.

جارَزَهُ جِرَازًا ومُجارَزَةً: گالی کے مشابہ خوش طبعی کرنا۔
أَجْرَزَ. البَعِيرُ: لاغر ہونا المكانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت (مِجْراز)
تجارَزَ. القومُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
الارض (الجَرْز والجَرَز والجُرُز): بنجر زمین۔ زمین جس کی گھاس چرلی گئی ہو۔ ج أَجْراز کہا جاتا ہے "أَرْضٌ جَرْزٌ وأَرضٌ أَجْرازٌ وأَرضُونَ أَجْرَازٌ"
اَلجُرز: عورتوں کا ایک لباس۔
الجُرْز: لوہے یا چاندی کا ستون۔ ج أَجْرَاز وجِرَزَة. کہا جاتا ہے "طَوَتِ الحَيَّةُ أَجْرَازَهَا" سانپ کنڈلی مار کے بیٹھ گیا۔ "وطَوَى فلانٌ أَجْرَازَهُ" فلاں نے سستی کی۔
الجَرز: خشک سال۔ جسم۔ انسان کا سینہ۔ اُونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔
الجَرْزَة: ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰهُ بِجَرْزَةٍ" اللہ اس کو ہلاک کرے۔
الجُرْزَة: گٹھا۔ بنڈل۔ ج جُرَز.
الجُراز: شمشیر براں۔
الجَرُوز: بہت کھانے والا جو دستر خوان کو صاف کردے۔
المَجْرُوز. من الامكنة: نبات بریدہ جگہ۔
جَرَس (ض) جَرْسًا: بولنا۔ آواز سنانا الكلامَ: ترنم سے پڑھنا الشيءَ: زبان سے چاٹنا۔
أَجْرَسَ: الطائرُ: اُڑنے میں سرسراہٹ کی آواز سنائی دینا الحادي: حدی گانا الجرسَ: بجانا (والجرسَ) الحليُ: جھنکار ہونا۔ بجنا۔
جَرَّسَهُ. الدهرُ: تجربہ کار بنانا۔ جَرَّس بهم: بدنام کرنا۔
تَجَرَّسَ: بولنا۔ گفتگو کرنا۔ نغمہ سرائی کرنا۔
اِجْتَرَسَ. المالَ: کمانا۔
الجَرْس والجِرْس: آواز۔ آہستہ آواز۔
الجرس: اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ خَيْرِ جِرْسٍ" وہ شریف خاندان سے ہے۔ ج أَجْرَاس.
الجَرَس: گھنٹہ۔ گھڑیال۔ ج أَجراس.
ذات الأَجْرَاس: ایک قسم کا سانپ جس کی آواز گھنٹہ کی مانند ہوتی ہے۔
الجارِسَة: گھاس کھانے والا کیڑا۔ ج جَوارِس
الجَوَارِس: شہد کی مکھیاں۔
الجُرْسَة: آزمودہ کاری۔
المُجَرَّس: تجربہ کار۔ کہا جاتا ہے "ناقة مجرَّسة" سدھائی ہوئی اُونٹنی۔
جُرَاسِيْسٌ: سفید یا بنفشی پھولوں والا پودا زیادہ تر زیب وزینت کے لئے بویا جاتا ہے۔
جَرَش (ن) جَرْشًا. الحَبَّ والقمحَ: دلنا۔ (وجَرَّشَ) الراسَ: کھجلا کر بھوسی نکالنا۔
اِجْتَرَشَ. لعياله: کمائی کرنا الشَّيْءَ: اُچک لینا۔
الجَارُوش والجَارُوشَة: غلہ دلنے کی چکی۔ ج جَوَارِيش.
الجَرْش. مص: سانپ کے کینچلی سے نکلنے کی آواز۔
والجِرْش والجُرْش والجُرُش. مِنَ الليل: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "مضى جرش من الليل" رات کا ایک حصہ گذر گیا۔ ج أَجْرَاش وجُرُوش.
جَرَاشَةُ. الحَبِّ: دلا ہوا غلہ۔ سر کی بھوسی۔
الجَوَارِش: جوارش۔ (دوا)
الجَرِيش والمَجْرُوش: دلا ہوا۔
جَرِضَ (س) جَرَضًا. بريقه: فکر یا غم کی وجہ سے مشکل سے تھوک نگلنا رِيقَهُ: یکبار کی نگل لینا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ يَجْرَضُ عليك رِيقَه غيظًا" یعنی فلاں تمہارے اوپر دانت پیس رہا ہے۔
جَرَضَه (ن) جَرْضًا: گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "هو يَجْرِضُ نفسَه" وہ مرنے والا ہے۔
أَجْرَضَهُ. بريقه: اچھو لگوانا۔
الجَرَض والجَرِيض: تھوک جس سے پھندا لگ جائے۔ اور اسی سے مثل ہے "حالَ الجَرِيضُ دُونَ القَرِيضِ" شعر کہنے سے شدید غم نے روک دیا۔
الجَرِيض: غمگین۔ ج جَرْضَى: اور کہا جاتا ہے "فَلَتَ فلانٌ جَرِيضًا" فلاں مرنے ہی والا ہے۔
الجِرَّاض والجِرْيَاض والجِرْآض: بہت غمگین۔
الجُرْضُم والجُرَاضِم والجِرْضَمُّ: بہت کھانے والا۔ ناقة (جِرْضِمٌ وجِرْضَمٌ) موٹی تازی اُونٹنی۔
جَرَعَ (ف) جَرْعًا وجَرِعَ (س) جَرَعًا واجْتَرَعَ اِجْتِرَاعًا. الماءَ: یکبارگی پی لینا۔
جَرَّعَهُ. الماءَ: ایک ایک گھونٹ کر کے پلانا۔
تَجَرَّعَ. الماءَ: تھوڑا تھوڑا پینا الغيظَ: غصہ پی جانا۔
أَجْرَعَتِ. النَّاقةُ: کم دودھ والی ہونا۔ صفت (مُجْرِع) ج مَجَارِع ومَجَارِيع)
الجُرْعَة والجَرْعَة والجِرْعَة: گھونٹ۔
الجَرَعَة. ج جَرَع وجِرْعَان و (الجَرْعاء) ج جَرْعَاوَات و (الأَجْرَع) ج أَجَارِع: ہموار ریتلا میدان جس میں کچھ نہ اُگے۔
جَرَف (ن) جَرْفًا وجَرَّفَ وتَجَرَّفَ واجْتَرَفَ. الشَّيْءَ: کل یا اکثر حصہ کو لے جانا الطينَ: کھرچ لے جانا۔
أَجْرَفَ: الرَّاعِي إِبِلَهُ: اونٹ چرانا۔ اَلْجَرْف: چارہ
أَجْرَفَ. المكانُ: سیلاب زدہ ہونا۔
الجَرْف. مص۔ بہت مال (مویشی چاندی سونا وغیرہ۔ سرسبزی۔ وہ داغ جو اُونٹ کی ران یا بدن پر لگایا جاتا ہے۔
الجُرُف. ج جِرَفَة و (الجُرْف) ج

اَجْرَف: دریا کے کنارے کا وہ حصہ جس کو پانی نے کھوکھلا کر دیا ہو۔ اور اسی سے ہے "فلان یَبنی عَلی جُرُفِ هارٍ لَایدرِی مالَیْلٌ مِنْ نَهارٍ" فلاں دریا کے گرتے ہوئے کنارے پر گھر بناتا ہے اور اسے لیل و نہار کی تمیز نہیں۔
الجُراف. من السیل: تمام چیزوں کو بہا لے جانے والا سیلاب۔ اور کہا جاتا ہے "رجلٌ جُراف" تمام کھانا کھا جانے والا امرد۔
(والجِراب) ایک قسم کا پیمانہ۔
الجَارِف. فا. طاعون. عام تباہ کن موت (چاہے انسان کی ہو یا مویشی کی)
الجَارُوْف: بہت کھانے والا۔ تیز بہا لے جانے والا۔ منحوس۔ مؤنث جَارُوْفَة.
الجَرَّاف: بہت تیز بہا لے جانے والا۔
المُجَرَّف والمُجْتَرَف: وہ شخص جس کا تمام مال برباد ہو گیا ہو۔
المِجْرَف والمِجْرَفَة: بیلچہ۔ پھاوڑہ۔
جَرْفَسَهُ: پچھاڑنا الشَّیُٔ: بہت حرص سے کھانا۔
جَرِل (س) جَرَلًا. المکانُ: سخت اور پتھریلی ہونا۔
الجَرَل: سخت اور پتھریلی زمین ج اَجْرال.
الجَرْوَل: پتھریلی زمین۔ ج جَراوِل.
الجِرْیَال والجِرْیَالَة: شراب یا اس کا رنگ۔
جَرَمَ (ض) جَرْمًا. الشیَٔ: کاٹنا۔ پورا کرنا الناقة: اُون کترنا (جَرمًا وجَرامًا وجِرامًا) النخلَ: کھجوریں کاٹنا۔
جَرَمَ (ن) جَرْمًا واجْتَرَمَ. لاهله: کمانا۔
جَرَمَ (ض) جَرِیمةً واَجْرَمَ واجْتَرَمَ. الیه وعلیه: گناہ کرنا۔
جَرِمَ (س) جَرَمًا: گری ہوئی کھجوریں کھانا۔
لونُه: صاف ہونا۔
جَرُمَ (ک) جَرِیمةً: عظیم الجرم ہونا۔ بڑا گناہ کرنا۔
جَرَّمَه: کاٹنا۔

جَرَّمَهُ وتَجَرَّمَ. علیه: گناہ کی تہمت لگانا۔
تَجَرَّمَ الزمانُ او الشتاءُ: ختم ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "عامٌ مُجرَّم" پورا سال۔
الجُرْم. مص (والجُرْم) گناہ۔ ج جُرُوم واَجْرام. اور کہا جاتا ہے "لاجَرَمَ ولا جُرْمَ" یعنی ضروری یقیناً۔ اور کبھی قسم کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے "لا جَرَمَ لَا فْعَلَنَّ کَذَا" میں بخدا ایسا کروں گا۔
الجَرْم. س. ڈونگی۔ گرم ملک۔ ج جُرُوم.
الجُرُوْم: گرم ممالک۔ اس کے مقابلہ میں "الصُرود" ہے یعنی سرد ممالک۔
الجِرْم: جسم۔ رنگ۔ باصطلاح فلسفہ ستارہ و آسمان۔ ج اجرامٌ وجُرُمٌ وجُرُوم.
الجَرام والجُرام والجَرِیم: خشک کھجور۔ چھوہارہ۔
الجَرِیم: بڑے جسم والا۔ گنہگار۔ مؤنث جَرِیمَة ج جرام.
الجَرِیمَة: جرم۔ گناہ۔ گٹھلی۔ شجر جَرِیمة: کٹا ہوا درخت۔ الجَرِیْمَة: آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے۔ "هُو جَرِیمةُ اهله" وہ اپنے اہل کے لیے کمانے والا ہے "والعقاب جَرِیمَةُ فَرخِها" عقاب اپنے بچوں کی خوراک لانے والا ہے۔
جَرْمَزَ واجْرَمَّزَ. الرَجُلُ: سمٹنا۔ لوٹنا۔ بھاگنا۔ جواب میں غلطی کرنا۔
الجَرامِیز من الحیوان: جانور کی ٹانگیں۔ کہا جاتا ہے۔ "ضَمَّ الثورُ جَرامِیزَه" بیل نے اپنی ٹانگیں سمیٹ لیں۔ "واَخذَه بجرامیزه" اس نے سب لے لیا۔
الجُرْمُوْق: موزہ۔ وہ چیز جو موزہ کے اوپر اس کی حفاظت کے لیے پہنی جاتی ہے۔ عوام اس کو "کالوش" کہتے ہیں۔
جَرَن (ن) جُرُوْنًا. الثوبُ: بوسیدہ و نرم ہونا علی الامر: خوگر ہونا۔ عادی ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَرَنَتْ یدُه علی العَمَلِ" اس کا ہاتھ کام میں مشاق ہو گیا۔
جَرْنًا. الحَبَّ: پیسنا۔

اَجْرَنَ. الحبَّ: کھلیان میں جمع کرنا۔
اِجْتَرَنَ: کھلیان بنانا۔
الجَارِن: سانپ کا بچہ۔ مٹے ہوئے نشان والا راستہ من المتاع: استعمال شدہ بوسیدہ سامان۔ سِقاءٌ جَارِن: سخت چمڑے والی مشک۔ دِرعٌ جَارِنَة: نرم زرہ۔ ج جَوارِن و جارنات.
الجُرْن: پانی وغیرہ کے لیے کھدا ہوا پتھر۔ ج اَجْران وجِران. (والجَرِین) ج جُرُن: کھلیان کھجور وغیرہ خشک کرنے کی جگہ۔
الجِران. من البَعیر: اُونٹ کی گردن کا اگلا حصہ۔ ج جُرُن واَجْرِنَة اور کہا جاتا ہے "اَلقی البعیرُ جرانَه" یعنی اُونٹ بیٹھ گیا۔ "والقی فُلانٌ علی هذا الامرِ جرانه" یعنی فلاں نے اس مقصد پر اپنی نظر جمادی۔ "و ضَرَبَ الِاسْلَامُ بِجِرانِه" اسلام نے جڑ پکڑلی۔ "وضَرَبَ اللیلُ بِجرانِهِ" رات آگئی "والقی عَلَیْه جِرانَه" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔
المِجْرَن: کھلیان۔ رجل مِجْرَن: بہت کھانے والا امرد۔
المُجَرَّن. من السِیاط: نرم اور چکنا کوڑا۔
جَرَّهَ تَجْرِیهًا. الامرَ: ظاہر و آشکارا کرنا۔
تَجَرَّهَ. الامرُ: ظاہر و آشکارا ہونا۔
الجَراهِیَة: ظاہر و آشکارا۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ جَراهِیَةَ القوم" میں نے قوم کی چیخ پکار سنی۔
جَرْهَدَ واجْرَهَدَّ. فی السیر: تیز چلنا۔
الجَرْهَد والجُرْهُد: پھرتیلا چلنے والا۔
اَجْرَتْ اِجْراءً. الکلبةُ: پلوں والی ہونا۔
الجَرْو. بتثلیث الجیم: ہر چھوٹی چیز یہاں تک کہ انار اور خربزہ بھی۔ اور عموماً کتے اور شیر کے بچہ کے لیے مستعمل ہے۔ ج جِراء واَجْرٍ و جمع اَجْرِیَة.
الجَرْوَة: بتثلیث الجیم: جرو کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَلَی الاَمرِ جروتَه" اس نے اس کام میں صبر و استقلال سے کام لیا۔

"وضرب جروته عنه" اس نے صبر کر لیا۔

کلبة (مُجْرٍ ومُجْرِيَة) پلوں والی کتیا۔

جَرَیٰ (ض) جَرْيًا وجَرَيَانًا وجِرْيَةً. الماءُ: جاری ہونا۔ بہنا۔ کہا جاتا ہے "نَهرٌ سَرِيعُ الجِرْيَة" تیز بہنے والی ندی الفرسُ: دوڑنا الامرُ: واقع ہونا الی الشَّیٔ: قصدو ارادہ کرنا۔

اَجْرَی الْکَلِمَةَ: کلمہ کو منصرف بنانا۔

جَرَّیٰ واَجْرَیٰ. الماءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔

اَجْرَیٰ له الحِسَابَ: کسی کا حساب درج رجسٹر کرنا علیه الحساب: کسی کے ذمہ بقایا نکالنا۔

جَرَّیٰ فلانًا: وکیل بنا کر بھیجنا۔ اَجْرَیٰ الامرَ: نافذ کرنا۔ جاری کرنا۔ اَجْرَیٰ الامر الی فلان: سپرد کرنا یا نسبت کرنا۔ اَجْرَیٰ الی الشَّیء: قصد و ارادہ کرنا۔ اجری علیه الرزقَ: جاری کرنا۔ معین کرنا۔

اَجْرَیٰ القِصَاصَ: قصاص لینا۔ اجری الکلمةَ: منصرف کر دینا۔

جَارَاه: کسی کے ساتھ چلنا (تَجَارَيا) ساتھ ساتھ دوڑنا۔ چلنا۔ کہا جاتا ہے "الدينُ والرهنُ يتجاريان" قرض اور رہن ایک ہی طرح کے ہیں۔ جَارَیٰ فی الامر: موافقت کرنا۔

اِسْتَجْرَیٰ. فلانًا: کسی سے دوڑنے یا چلنے کے لئے کہنا۔ وکیل بنانا۔

الجَرِی: وکیل۔ پیغامبر۔ مزدور۔ ضامن۔ کہا جاتا ہے "هُوَ جَرِیٌّ لَهُ" وہ اس کا ضامن ہے ج اَجْرِيَاء. کہا جاتا ہے "من جَرَاك او من جَرَائك" یعنی تمہاری وجہ سے۔

الجِرَايَة: وظیفہ۔ فوجی کا روزینہ الجَرَاء والجِرَاء: جوانی۔ کہا جاتا ہے "جَارِية بَيِّنَة الجَرَاية" اچھی جوان لڑکی۔

الجِرَايَة والجَرَايَة: وکالت۔

الاِجْرِيَّا والاِجْرِيَّاء: کام کا طریقہ۔ خلق۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "جَرَیٰ علیٰ اِجْرِيَّاه

واِجْرِيَّانِه" وہ اپنی فطرت پر چلا۔"

الجِرِّیُّ والجِرِّيت: ایک قسم کی مچھلی۔ مار ماہی۔ بام۔

الجَرِّيَّة: پوٹا۔

الجَارِی: ترکی رسم الخط کی ایک قسم جو کہ خط تحی دیوانی اور تعلیق سے لیا گیا۔

الجَارِی. فا "نهر جارٍ" وہ دریا جو خشک نہ ہو۔

الجَارِيَةُ الجاری کا مؤنث۔ بچی۔ باندی۔ آفتاب۔ کشتی۔ سانپ۔ ج جَارِيَات و جَوَارٍ.

المَجْرَی: پانی بہنے کی جگہ۔ گذر گاہ۔ ج مَجَارٍ.

المَاجَرِيَات: واقعات وحوادث۔ جَرَی مَاجَرَی سے ماخوذ ہے۔ کہا جاتا ہے۔ کانت بَيْنَهُمْ مُناظرات ومَاجَرِيات يطول شرحها"

جَزَّ (ن) جَزًّا وجِزَّزَ واجْتَزَّ. الصوف او العشبَ او النخلَ: کاٹنا۔

جَزَّ واَجَزَّ واِسْتَجَزَّ. الغنمُ او البُرُّ او النخلةُ: کترنے یا کاٹنے کا وقت قریب آنا۔

اَجَزَّ التمرُ: خشک ہونا۔ اَجَزَّ القَوْمُ: کتری ہوئی بھیڑوں والی یا کٹی ہوئی کھیتی والی ہونا۔

الجِزَّة: کتری ہوئی اُون۔ ج جِزَز و جَزائز.

الجَزَز: غیر مستعمل اُون۔

الجُزَاز والجُزَازَة: اُون کا وہ حصہ جو کاٹتے وقت زمین پر گرے۔ جُزَازٌ من الليل: رات کا ایک حصہ۔

الجَزَاز والجِزَاز: کھیت کی کٹائی۔ کترنے یا کاٹنے کا وقت۔

الجَزُوزَة. من الغنم: بھیڑ جو کتری جائے ج جُزُز.

الجَزِيز: کترا ہوا۔ کاٹا ہوا۔

الجَزِيزَة: اُون کا گچھا۔

الجَزَّاز: کترنے یا کاٹنے والا۔

المِجَزّ: کترنی۔ قینچی۔

جَزَأَ (ف) جَزْءًا. الشَّیْءَ: اجزاء میں تقسیم کرنا۔ ایک جزء لینا۔ (وتَجَزَّأَ واجْتَزَأَ) بالشَّیء: اکتفاء کرنا۔

جَزَّأَ تَجْزِئَةً وتَجْزِيئًا. الشَّیْءَ: تقسیم کرنا۔ (جَزَّأَه واَجْزَأَه) بالشَّیء: قانع بنانا۔ کہا جاتا ہے "جَزَأَ المَاشِيَةَ بالرَّطْبِ عن الماء" جانور کو تر گھاس کھلائی اور پانی پلانے کی ضرورت نہیں ہوئی۔ اَجْزَأَ عنه: مستغنی ہونا۔

تَجَزَّأَ. تقسیم ہونا۔

الجَزْء. بعض۔ کفایت۔ کہا جاتا ہے "مالك في هذا غناءٌ و جَزْءٌ" تمہارے لیے اتنا بس ہے۔

الجُزْء. چیز کا ایک حصہ۔ ج اَجْزَاء اور اسی معنی میں جُزء و جَزاء بھی ہے۔

الجُزْئِی: جزء کی جانب منسوب۔ کلی کی ضد۔

الجُزْئِيَّة: ضد کلیت۔ ج جزئیات.

الجُزْأَة: چھری۔ ستالی وغیرہ کا دستہ۔

المَجْزَأ والمَجْزَأَة والمُجْزَأ والمُجْزَأَة: کسی چیز کا اتنا حصہ جو کافی ہو۔ کہا جاتا ہے "اَجْزَأَ مَجْزَأ فلان ومَجْزَاه ومَجْزَأَته ومُجْزَأَته" وہ فلاں کا قائم مقام ہوا۔

الجَزِئُ والمُجْزِئُ. من الطعام: آسودہ کرنے والا۔

الجَوَازِی: نیل گائے جو صرف گھاس چرتی ہے اور زیادہ پانی کی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔

جَزَحَ (ف) جَزْحًا. لهُ من المال: حصہ دینا الرَّجُلُ: اپنے کام کے لیے جانا الظباءُ: اپنی جھاڑی میں داخل ہونا۔

الجَزْح. عطیہ۔

الجُزْدَان: جزودان. بستہ۔ تھیلی۔

جَزَرَ (ن ض) جَزْرًا وجَزَرًا وجِزَارًا واجْتَزَرَ. الشاةَ: ذبح کرنا۔ جَزَرَ النخلةَ جَزْرًا: کاٹنا۔

جَزَرَ (ن ض) جَزْرًا. البحرُ: سمندر کا پیچھے ہٹنا الماءُ: خشک یا کم ہو جانا۔

أَجْزَرَ. النخلُ: کاٹنے کا وقت آنا۔ الشیخ: مرنے کا وقت آنا۔ فلانًا: ذبح کرنے کے لیے بکری دینا۔

تَجَازَرَا: باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَجَزَّرُوْهم واِجْتَزَرُوْهم. فی القتال: میدانِ جنگ میں دشمن کو درندوں کی خوراک بنا دینا۔

الجَزْر. مص۔: ذبح کرنا۔ بھاٹا۔ سمندر کے پانی کا اُتار۔

الجَزَر: ہر وہ جانور جس کا ذبح کرنا جائز ہو۔ واحد جَزَرَة. ذبیحه. جزر السباع: وہ گوشت جس کو درندے کھائیں۔ کہا جاتا ہے۔ "ترکوهم جَزَرًا" یعنی انہوں نے ان کو صحرا میں قتل کر دیا۔ الجَزَر: وہ زمین جہاں سے مد (جوار) لوٹے۔ و (الجزر) گاجر۔

الجَزَّار والجزير: ذبح کرنے والا۔

الجَزُوْر: ذبح کے لیے اُونٹنی یا بکری۔ ج جُزُر و جَزُوْرَات وجَزَائِر.

الجُزَارَة: ذبح کیے ہوئے جانور کے اطراف (یعنی سری پائے) اس لیے کہ ذبح کرنے والا ان کو ذبح کرنے کی اُجرت میں لیتا ہے۔ وہ چیز جس کو ذبح کرنے والا ذبح کی اُجرت میں لے۔

الجِزَارَة: ذبح کرنے کا پیشہ۔

الجَزِيْرَة. ج جَزَائِر وجُزُرٌ وجُزْر: زمین کا وہ حصہ جس کے چاروں طرف پانی ہو، دو آبہ۔ ممالك جزيرة العرب: ملک عرب۔ (اور یہ فی الحقیقت جزیرہ نما ہے۔

الجَزَائِر: شمالی افریقہ میں ایک ملک کا نام۔

الجَزَائِر الخالدات: بحر محیط (اٹلانٹک) کے مغربی حصہ میں چھ جزیرے۔

المَجْزِر: مذبح. بوچڑ خانہ۔ عوام اس کو مَسْلَخ: کہتے ہیں۔

جَزَعَ (ف) جَزْعًا. الوادی: پار کرلینا. مِن مَالِهِ جزعة: ایک حصہ دینا۔

جَزِعَ (س) جَزَعًا وجُزُوْعًا. منه: بے صبری کرنا۔ علیه: ڈرنا۔ صفت (جَزِع وجَازِع وجَزُع وجَزَاع وجُزُوْع)

جَزَّعَهٗ: تسلی دینا۔ بے صبری زائل کرنا۔

جَزَّعَ الشیَّ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الحوضُ: تھوڑے پانی والا ہونا۔

اَجْزَعَهٗ: گھبرا دینا۔ اَجْزَعَ منه جِزْعَةً: ایک حصہ باقی چھوڑ دینا۔

اِنْجَزَعَ وتَجَزَّعَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ ٹوٹنا۔

اِجْتَزَعَه: کاٹنا۔ توڑنا۔

الجَازِع. فا. ہر وہ لکڑی جس کو دو چیزوں کے درمیان عرض میں نصب کر کے اس پر کوئی چیز رکھیں۔ مؤنث جازعة.

الجَزْع. مص: مہرہ جس میں سفیدی و سیاہی ہوتی ہے۔ واحد جَزْعَة.

الجِزْع: لوگوں کے رہنے کی جگہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ جِزْعُ الوادی: وادی کا موڑ ج اَجْزَاع.

الجُزْع والجِزْع: رہٹ کا دُھرا۔

الجِزْعَة والجُزْعَة: تھوڑی چیز۔ بقیہ۔ ج جِزَع. الجُزْعة: چھری کا دستہ۔

الجَزِيْعَة: بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ ج جَزَائِع.

المِجْزَاع: بہت بے صبر۔ ج مَجَازِيْع.

المُجَزَّع والمُجْزِع. من الرُّطَب: نیم پختہ کھجور۔ وہ چیز جس میں سفیدی و سیاہی ہو۔ حوض مجزَّع: تھوڑے پانی والا حوض۔

جَزَفَ (ن) جَزْفًا واجْتَزَفَ. الشَّیَّ: اٹکل سے بیچنا یا خریدنا۔ و (المجزاف) بتثلیث الجیم و (الجِزْيَف) اٹکل کی بیع۔ کہا جاتا ہے "بيع جِزْيَف وبيع جُزَاف"

جَازَفَه مُجَازَفَة: اٹکل سے خرید و فروخت کرنا۔ اور اسی سے ہے "جازف فی کلامه:" اس نے بے تکی باتیں کیں۔ جازف بنفسه: اپنے آپ کو خطرہ میں ڈال دینا۔

الجَزْفَة: چوپایوں کا گلہ۔

الجَزَّاف. شکاری۔

الجَزُوْف. من الحوامل: حد ولادت سے گزرنے والی۔

المِجْزَفَة: مچھلی کا جال۔

جَزُلَ (ک) جَزَالَةً. الشیۃ: بڑا ہونا۔ موٹا ہونا۔ المنطق: فصیح ہونا۔ صفت (جَزْل) ج جِزَال و (جَزِيْل) ج اَجْزَال وجِزَال الرَّجُل: صائب الرائے ہونا۔

جَزَلَ (ض) جَزْلًا. الشَّیَّ: دو ٹکڑے کرنا القتبُ غارِبَ البعیرِ: کاٹا دینا۔ زخمی کر دینا۔

اَجْزَلَ. العطاءَ وفی العطاءِ ومن العطاءِ لفلان وعلیه: بہت دینا۔

اِسْتَجْزَلَهٗ: کسی چیز کو بڑا یا موٹا یا کسی کلام کو فصیح پانا۔ اِسْتَجْزَلَ رایَه: کسی کو صائب الرائے پانا۔

الجَزْل. مص: موٹا۔ بڑا۔ بہت۔ فیاض۔ بہت دینے والا۔ عمدہ رائے والا۔ عمدہ الفاظ۔

الجَزْل: خشک لکڑی۔

الجَزَال والجِزَال: کھجور کے پھل اُتارنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "هذا زَمَن الجِزَال" یہ کھجور کے پھل اُتارنے کا زمانہ ہے۔

الجُزَّال والجَزِيْل: بہت بڑی۔

الجَوْزَل: کبوتر کا بچہ۔ ج جَوَازِل.

جَزَمَه (ض) جَزْمًا: کاٹنا۔ جَزَمَ الحرفَ: ساکن کرنا الفعلَ: جزم دینا یا حرف علت یا تثنیہ و جمع سے نون گرا دینا الیَمِیْنَ: پوری کرنا۔ تم کہتے ہو "حلف یمینًا جَزْمًا" الامر: کسی امر کا قطعی فیصلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "امرته امرًا جَزْمًا" میں نے اس کو لازمی حکم دیا۔ "وهذا حکم جزمٌ" یہ لازمی و قطعی حکم ہے۔ جَزَمَ الی الامر: پختہ ارادہ کرنا جَزَمَ علیه الشَّیَّ: واجب کرنا۔ الرَّجُلُ: دن رات میں ایک ہی مرتبہ کھانا (واجْتَزَمَ) النَّخْلَةَ: پھلوں کا اندازہ کرنا و جَزَّمَ عنه: بزدل ہونا، عاجز ہونا۔ علیه: خاموش ہونا۔ القِربةَ: بھرنا۔

تَجَزَّمَ. العودُ: پھٹنا۔

اِنْجَزَمَ. العظمُ: ٹوٹنا۔ الحرفُ: ساکن

ہونا۔

الجزمُ. س: کہا جاتا ہے "قلم جزم" برابر قط والا۔ "امر جزم" وقت سے پہلے آنے والا معاملہ۔

الجزمُ: حصہ۔

الجازم. فا. جزم کا عمل کرنے والا۔ جیسے لَمْ. سِقاءٌ جازم: بھری ہوئی مشک۔ بعیر جازم: سیراب اونٹ۔ ج جوازِم۔

الجَزْمة: دن رات میں ایک مرتبہ کھانا۔

الجَزْمَة: بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔

سِقاءٌ او اِناءٌ (مجزم) بھری ہوئی مشک یا برتن۔

جَزیٰ (ض) جَزاءً. الرجلَ بکذا وعلیٰ کَذا: بدلہ دینا۔ جزی فلانًا حقه: ادا کرنا۔ جزاه الشیُٔ: کافی ہونا (واَجزیٰ) الامرُ منه او عنه: قائم مقام ہونا۔ تم کہتے ہو "یُجزی ھذا من او عن ذاك" یہ اس کے قائم مقام ہے۔

جازاه مُجازاةً وجِزاءً: بدلہ دینا۔

تَجازیٰ تَجازِیًا. دینه وبدینه علی فلان: طلب کرنا۔ تقاضا کرنا۔

اِجتزاه: بدلہ مانگنا۔

الجزاء والجَزاء والجَازِیة والمُجازاة: کسی چیز کا بدلہ۔ الجَازِیة کی جمع الجوازی. کہا جاتا ہے "جزتك الجوازِی" یعنی تم نے اپنے فعل کا بدلہ پالیا۔

الجِزْیة: زمین کا محصول۔ ٹیکس جو ذمی سے لیا جائے۔ ج جِزَی و جِزْیٌ و جِزاء۔

الاَجزیٰ: بہت کافی۔ تم کہتے ہو "اللحم السمین اَجزیٰ من المهزُول" موٹا گوشت دبلے سے زیادہ بہتر ہے۔

جَسَّهٗ (ن) جَسًّا واجتسّه: معلوم کرنے کے لیے ہاتھ سے چھونا۔ الارضَ: روندنا۔ ه بعینیه: گھورنا۔ تیز نظر ڈالنا۔

جَسَّ وتَجسَّس واجتَسَّ. الاخبارَ او الامورَ: تفتیش کرنا۔

الجَسِیس. ج جِسَّة و (الجاسوس) ج جواسیس والجَسَّاس:) جاسوس۔ برائی کی نیت سے خبروں کی تفتیش کرنے والا۔

جواسُّ. الانسان: انسان کے حواس خمسہ واحد (جاسَّة)

الجاسوسِیَّة: سی-آئی-ڈی اپنے ملک کے مفاد میں دشمن کی خفیہ خبریں اور پروگرام معلوم کرنے کا ادارہ۔

المَجَسّ والمَجَسَّة: چھونے کی جگہ۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "فلان ضیق المَجَسّ او المَجَسَّة" فلاں تنگ دل ہے۔ المجسَّة: نبض. کہا جاتا ہے "مَجسَّته حارة" اس کی نبض گرم ہے ج مَجاسّ

المِجَسَّة: چھونے کا آلہ۔ ج مَجاسّ و مِجَسّات.

جَسَأتْ (ف) جَسْئًا وجُسُوءً او جُسْأةً. الیدُ من العمل: کام کرنے کی وجہ سے سخت ہونا۔ صفت (جاسِئة وجَسْئاء)

الجَسْءُ: سخت کھال۔ جما ہوا پانی۔

الجاسِیة. من النبات ونحوه: خشک

جَسِدَ (س) جَسَدًا. الدمُ به: چپکنا۔ (جَسِدٌ و جاسِد)

جَسَّدَهٗ: زعفران سے رنگنا۔

تَجسَّدَ: تن آور ہونا۔

الجَسَد: بدن انسانی۔ زعفران۔ خشک خون ج اَجْساد نسبت کے لیے (جَسَدی و جُسْدانی)

تَجَسَّدَ: جسم والا ہونا۔

الجِساد: زعفران۔

الجُساد: پیٹ کا درد۔

الجَسِید: خشک خون۔

المُجسَد: کرتہ جو بدن سے متصل ہو۔ بنیان

جَسَرَ (ن) جَسارةً و جُسورًا. علی الامر: اقدام کرنا (و تجاسر) فخر کرنا۔ جری ہونا۔

جَسَرَ (ن) جَسْرًا: پل بنانا (و اجتسر) المفازة: عبور کرنا۔

جَسَّرَهٗ: بہادر بنانا۔

الجَسْر والجِسْر: پل۔ ج جُسُور و اَجْسُر. الجَسْر من الابل: بڑا اونٹ۔ من الرجال: بڑے ڈیل ڈول کا مرد مؤنث جَسْرة.

الجاسِر ج جُسّار وجاسِرُون و (الجَسُور) ج جُسُر و جُسْر: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ مؤنث جاسِرة و جَسُور. ج جَواسِر.

المَجسَرة: دلیری۔ بہادری۔

الجَسّار: بہت دلیری کرنے والا۔

جَسَعَ (ف) جُسُوعًا. عن العطاء: باز رہنا۔ رُک جانا۔

الجاسِع. من السفر: لمبا سفر۔

جَسُمَ (ک) جَسامَةً: تناور ہونا۔ صفت (جُسام وجَسِیم) ج جِسام مؤنث (جَسِیمة و جُسامة)

جَسَّمَهٗ: تن آور و موٹا کرنا۔

تَجَسَّمَ: تناور و موٹا ہونا۔

تَجَسَّمَ فی عینی کَذا: خیال میں آنا الامرَ: کسی بڑے کام کی طرف اقدام کرنا الرملَ: ریگستان کے بڑے حصے کو طے کر لینا فلانًا من بین القوم: انتخاب کرنا الارضَ: ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تجسَّم فُلانٌ مِنَ الکَرَم" فلاں بڑا فیاض ہے، گویا کہ وہ کرم کا مجسمہ ہے۔

الجِسْم: بدن۔ وہ چیز جس میں طول عرض، عمق ہو۔ ج اَجْسام واَجْسُم وجُسُوم. نسبت کے لیے (جِسْمِیّ و جِسْمانِیّ)

الجُسْمان: بدن۔

الجُسْم: بڑے بڑے اُمور۔

الاَجْسَم: تناور اور بڑا۔

المُجَسَّم: وہ عدد جو کسی جسم کی لمبائی کو عرض و عمق میں ضرب دینے سے حاصل ہو۔ ہر وہ چیز جس میں طول، عرض، عمق ہو۔

جَسا (ن) جَسْوًا وجُسُوًّا: بمعنی جَسَأ.

جاساه مُجاساةً: دشمنی کرنا۔

جَشَّه (ن) جَشًّا: کوٹنا۔ توڑنا۔ جَشَّ المکانَ: جھاڑو دینا۔ صاف کرنا۔ و بالعصاء: لاٹھی سے مارنا دَمْعَه: بہانا القومُ: کوچ کرنا۔ اکٹھا ہونا۔

اَجَشَّ. الشَّیَٔ: کوٹنا۔ توڑنا البُرَّ: موٹا پیسنا۔ صفت مفعولی (جَشِیْش و مَجْشُوْش)

اَجَشَّ واِجْتَشَّ. المکانُ: گنجان گھاس والی ہونا۔

الجَشّ. س۔ مَوْضَعٌ جَشٌّ: سخت پتھریلی جگہ۔

الجُشّ: پہاڑ۔ ج جِشاش.

الجَشَّة والجُشَّة: لوگوں کا ایک ساتھ آنے والا گروہ۔ بھدی آواز۔

الاَجَشّ: بھدی آواز والا آدمی۔ مؤنث جَشَّاء.

المِجَش والمِجَشَّة: چکی۔

جَشَأ نَفْسُه (ف) جُشُوْءً ا وجُشْأً و جَشَأً: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے جی متلانا المکانُ: خوب پیداوار ہونا من المکان: نکلنا البحرُ: جوش میں آنا۔

جَشَّأ تَجْشِئَةً وتَجَشَّأ تَجَشُّؤًا: ڈکار لینا۔

اِجْتَشَأ. البلادَ واجْتَشَأته البلادُ: ناموافق ہونا۔

الجُشَاء: ڈکار۔ واحد جُشَاة و جُشَأة.

جَشَبَ (ف) و جَشِبَ (س) جَشَبًا و جَشُبَ (ک) جَشَابَةً. الطعامُ: موٹا و بدمزہ ہونا۔ صفت (جَشْبٌ و جَشِبٌ و جَشِیْبٌ و مِجْشَاب و مَجْشُوْبٌ) و جَشُبَ الرَّجُلُ: بدغذا ہونا۔

المِجْشَب: موٹے جسم والا بہادر۔

جَشَرَ (ن) جَشْرًا و جَشَّرَ. المواشی: چرانے کے لیے لے جانا۔ وجَشَّرَ الاناءَ: خالی کرنا۔

جَشَرَ (ن) جُشُوْرًا. المصبحُ: پو پھٹنا الرَّجُلُ: سفر کرنا۔

جَشِرَ (س) جَشَرًا و جُشِرَ: کھانسنا۔ آواز بیٹھنا۔ صفت (اَجْشَر) مؤنث جَشْراء. ج جُشْر.

الجَشَر والجُشَّار: مویشی جو چراگاہ سے لوٹ کر شام کو گھر پر نہ آئیں۔ وہ لوگ جو چراگاہ ہی میں رات گذاریں اور گھر پر واپس نہ آئیں۔

الجُشَارِیّ: چرواہا۔

المِجْشَر: حوض. ج مَجَاشِر

الجَشِیْر: چمڑے کا تیر دان۔

الجُشَار: کھانسی۔

الجُشْرَة: سینہ کی سختی۔ خشک کھانسی۔

جَشِعَ (س) جَشَعًا و تَجَشَّعَ: بدترین قسم کا لالچی ہونا۔ صفت (جَشِع) ج جَشِعُوْن وجشاعی و جُشَعَاء وجشاع.

تَجَاشَعَا. الماءَ: باہم تنگی کرنا اور پیاسا رہنا۔

جَشِمَ (س) جَشْمًا وجَشَامَةً وتَجَشَّمَ الامرَ: مشقت سے کام کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَشِمْتُ الیك عرق القربة" تمہاری وجہ سے بڑی مصیبت جھیلی۔ وتَجَشَّمَ الرملَ: ریگستان کے بڑے حصہ کو طے کیا۔ "وتَجَشَّمَ فلانًا من بین القوم: اس نے قوم سے فلاں کا انتخاب کیا اور اسی کی روش پر چلا۔

جَشَّمَهُ واَجْشَمَهُ. الامرَ: کوئی کام کرنے کی تکلیف دینا "مهما تجشّمني فاني جاشم" جس کا تو مجھ کو حکم دے گا میں کروں گا۔

الجَشَم والجُشَم: بوجھ۔ بھاری کام۔ کہا جاتا ہے "القی علیَّ جشمه" اس نے میرے اوپر اپنا بوجھ ڈال دیا من البعیر: سینہ۔

المُجَشَّم والجُشَیْم: موٹا۔ بھاری۔

الجَوْشَن: سینہ۔ زرہ۔ جوشن اللیل: آدھی رات۔

جَضَّ (ض) جَضًّا و جَضِیْضًا: سخت

بندھ جانے کی وجہ سے کراہنا۔

جَصَّصَ. البناءَ: گچ کرنا الجروُ: آنکھیں کھولنا العنقودُ: پھوٹنا علی العدو: حملہ کرنا۔

اِجْتَصَّ و تَجَاصَّ. القومُ: قریب قریب اکٹھا ہونا۔

الجَصّ والجِصّ: گچ۔ چونہ۔

الجَصَّاص: گچ والا یا گچ بیچنے والا۔

الجَصَّاصَة: گچ بنانے کا کارخانہ۔

الجَصِیْص: فریاد و نالہ۔

الجَصِیْصَة: پاس پاس رہنے والا گروہ۔

جَضَّ (ن) جَضًّا. علیه بالسیف: حملہ کرنا۔

جَعَبَه (ف ض) جَعْبًا و جَعَّبَهُ تجعیبًا و جَعْبَاهُ جعباةً وجعباءً: الٹ دینا۔ پچھاڑ دینا۔ جَعَّب (الجعبة) ترکش بنانا۔

تَجَعَّبَ وانْجَعَبَ وتَجَعْبَی: پچھڑ جانا۔

تَجَعْبَی الجیشُ: کثرت کے ساتھ جمع ہونا۔

الجَعْبَة: ترکش۔ ج جِعَاب.

الاَجْعَب: بڑے پیٹ والا جو کام کرنے میں سست ہو۔ مؤنث جَعْبَاء. ج جُعْب.

الجَعْبَاء: دُبر۔

الجَعَّاب: ترکش بنانے والا۔

الجِعَابَة: ترکش بنانے کا پیشہ۔

الجُعْبُوْب: پست قد بد شکل۔ ج جعابیب

الجعبی والجَعْبَاة: حلقہ، دُبر۔

المُتَجَعِّب: ہر ایک کو پچھاڑ دینے والا۔

جَعْجَعَ. البعیرَ: بٹھانے یا اٹھانے کے لیے حرکت دینا۔ بٹھانا البعیرُ: بیٹھنا بالغریم: سختی سے مطالبہ کرنا فی المکان: غیر مطمئن حالت میں بیٹھنا۔

تَجَعْجَعَ: درد کی وجہ سے زمین پر گر پڑنا۔

الجَعْجَعَة س۔ اکٹھے ہونے والے اونٹوں کی آواز۔ چکی کی آواز۔ اور اسی سے مثل ہے "اسمع جعجعة ولا اری طحنا" چکی کی آواز سنتا ہوں اور آٹا دکھائی نہیں دیتا۔ اس

شخص کے حق میں بولتے ہیں جو دھمکی تو دے اور کچھ کر کے نہ دکھلائے یا اس بخیل کے حق میں جو وعدہ تو کرے اور پورا نہ کرے۔

الجَعجَاع: تنگ اور سخت جگہ۔ معرکہ جنگ۔ قحط زدہ زمین۔

جَعُدَ(ک) جَعَادَۃً و جُعُودَۃً. الشعرُ: گھنگھریالے ہونا۔

جَعَّدَ الشعرَ گھنگھریالے بنانا۔

تَجَعَّدَ. الشعرُ: گھنگھریالے ہونا۔ و تَجَعَّدَ الشَیءُ: سکڑنا۔

الجَعْدَ. من الشعر: گھنگھریالا۔ کہا جاتا ہے "هو جَعْدُ الید" وہ بخیل ہے۔ "جَعْد القفا" جس کے حسب میں کھوٹ ہو۔ ج جِعَاد. تراب جَعْدٌ: نمناک مٹی۔ وَجه جَعْدٌ: کم ملاحت والا گول چہرہ۔ زُبَدٌ جَعْدٌ: تہہ بر تہہ مکھن۔ (ابو جَعْدَہ و ابو جَعَادَۃ ابو جُعَادَۃ:) بھیڑیے کی کنیت۔

اَلْجَعْدَۃُ: موسم بہار کی خوشبودار انگوری جو کہ جلدی خشک ہو جاتی ہے۔

جَعَرَ (ف) جَعْرًا وانْجَعَرَ. السبعُ: پاخانہ کرنا۔

تَجَعَّرَ: کنوئیں میں گرنے کے خوف سے کمر میں رسی باندھنا۔

الجَعْر. س: درندے کا پاخانہ۔ ج جُعُور

تَحَوَّزَ. علیحدہ ہونا الحیۃ: کنڈلی مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَلَيْهِ فَمَا تَحَوَّزَ لَهُ" وہ اس کے پاس آیا اور اس کے لیے علیحدہ نہیں ہوا۔
تَحَاوَزَ. الفريقان: ایک دوسرے سے علیحدہ ہونا۔
اِنْحَازَ اِنْحِيَازًا. عنه: ہٹ جانا الیه: مائل ہونا القومُ: مرکز کو چھوڑ دینا۔ شکست کھانا۔
الحَوْزَةُ: گوشہ، کنارہ، طبیعت۔ حَوْزَةُ المملكةِ: ایک مملکت کی سرحدوں کا درمیانی حصہ۔
الحَوْز. وہ جگہ جس کے اردگرد دیوار وغیرہ کھڑی ہو۔ حَوْزُ الدار: مکان کے منافع جو اس کے ساتھ وابستہ ہوں۔ لیلةُ الحوز: پانی کی طرف اُونٹوں کے جانے کی پہلی رات۔
الحَوْزِی. اُونٹ کا ہانکنے والا۔ قوم سے علیحدہ ہو کر تنہا اُترنے والا۔ کالا۔
الحَيِّز والحَيْز. جگہ۔ کہا جاتا ہے "هذا في حيز التواتر" یعنی یہ چیز تواتر سے ثابت ہے۔
الحَوْزَاء. لڑائی۔
الحُوَيْزَاء. ساتھیوں سے پوشیدہ رکھا ہوا ذخیرہ۔
الاَحْوَزِی. ماہر۔ ہر کام میں پھرتیلا۔ بہتر کار گزار۔
الحَوَّاز. الحائز کا مبالغہ۔ اور اسی سے ہے "الاثم حَوَّازُ القُلُوب" گناہ دلوں پر غالب آنے والا ہے یہاں تک کہ آدم غیر پسندیدہ کام کر بیٹھتا ہے۔
الحُوَّاز. بڑے بڑے گبریلے۔
حاسَ (ن) حَوْسًا. القومَ: میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا الذِئْبُ الغَنَمَ: درمیان میں آکر پراگندہ کرنا۔ حاسَتِ المرأةُ ذيلَها: دامن کھینچتے ہوئے چلنا الجَزَّارُ الاهابَ: قصائی کا کھال کو اُتارنا۔
حَوِسَ (ن) حَوَسًا. دلیر و بہادر ہونا۔ صفت (اَحْوَس)
تَحَوَّسَ. دلیری دکھلانا في الكلام: گفتگو کیلئے تیار ہونا للشيء: دردمند ہونا۔
اِسْتَحْوَسَ اِسْتِحْوَاسًا. رُکنا۔ دیر کرنا۔
الاَحْوَس. دلیر و بہادر۔ وہ شخص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو جب تک کہ اپنی حاجت پوری نہ کرلے۔ بھیڑیا۔ ج حُوْس.
الحَوُوس. لوگوں کو بہت قتل کرنے والا۔ بہادر۔
الحُوَاسَة. غنیمت۔ حاجت (والحُوَيْسَاء) قرابت۔ رشتہ داری۔
حَاشَ (ن) حَوْشًا. الابلَ: جمع کر کے ہانکنا (واَحاشَ) اِحَاشَةً واَحْوَشَ اِحْوَاشًا و اِسْتَحْوَشَ اِسْتِحْوَاشًا) الصيدَ: گھیر کر پھندے کی طرف لانا۔ حَاشَ واَحْوَشَ واَحَاشَ عليه الصيدَ و اَحْوَشَهُ اِيَاه: شکار کرنے میں مدد کرنا۔
حَوَّشَهُ: بہت جمع کرنا۔ حَوَّشَ الرجل: دلیری دکھانا، تیاری کرنا۔
حَاوَشَهُ. على الامر: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
تَحَوَّشَ. عنه: علیحدہ ہونا منه: شرم کرنا المرأةُ من زوجها: بیوہ ہونا۔
اِنْحَاشَ. اکٹھا ہونا عنه: بھاگنا۔ بدکنا له الصيدُ: شکار کا خود آنا۔
تَحَاوَشُوْا. عليه: اپنے درمیان میں کر لینا۔
اِحْتَوَشَ. القومُ الصيدَ: قوم کا شکار کو ایک دوسرے کی طرف بدکانا۔ اِحْتَوَشَ القومُ الرجلَ و عليه: گھیر لینا اور اپنے درمیان میں کرلینا۔
الحَوْش. باڑہ کے مشابہ گھر کے اردگرد۔
الحُوَاشَة. باعث شرم۔ رشتہ داری۔ ایسا کام جس میں گناہ و قطع رحمی ہو۔
الحَائِش. فا. حائشُ الشجر: درخت کا گنجان حصہ۔ رجل (حُوْش) الفؤاد: ذکی و تیز فہم مرد۔
الحُوْشِيُّ. منَ الكلام: نادر و غریب کلام رجل حُوشِيٌّ: لوگوں سے نہ ملنے والا۔ ليلٌ حُوشِيٌّ: تاریک رات۔
حَاصَ (ن) حَوْصًا و حِيَاصَةً. الثوبَ دُور دُور سینا۔ حَوْلَهُ منڈلانا بینهما: تنگ کرنا۔
حَوِصَ (س) حَوَصًا تنگ گوشہ چشم والا ہونا۔ صفت (اَحْوَص) مؤنث حَوْصَاء ج حُوْص و اَحَاوِص
حَاوَصَهُ. چپکے سے گوشۂ چشم سے دیکھنا۔
اِحْتَاصَ اِحْتِيَاصًا. في امره: احتیاط کرنا۔
الحَوْص. س۔ پیٹ کا مروڑ۔ کہا جاتا ہے "لا طْعَنَنَّ في حَوْصِكَ" جو تم نے سیا ہے اُس کو میں اُدھیڑ دوں گا اور جس کو تم نے درست کیا ہے اُس کو بگاڑ دوں گا۔ "وما طعنتَ في حَوْصِهِ" تو اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوا۔ و "دخلَ في حَوْصِ النّاس" وہ لوگوں کے باطن اُمور میں داخل ہوا۔
الحِيَاصَة. جانور کا تنگ۔
الحِوَاص. لکڑی کی سوئی۔
الحَوَص. چھوٹی آنکھیں۔
حَوْصَلَ. الطائرُ: پوٹا بھرنا الحنطةَ: اکٹھا کرنا۔
الحَوْصَل والحَوْصَلَةُ والحَوْصَلَّة و الحَوْصَلاء. پرندہ کا پوٹا۔
حَاضَ (ن) حَوْضًا. حوض بنانا الماءَ: جمع کرنا۔
حَوَّضَ. حوض بنانا حولَ الامر: گھومنا ز چکر لگانا۔
اِحْتَاضَ و تَحَوَّضَ. حوض بنانا۔
اِسْتَحْوَضَ. الماءُ: حوض کے مشابہ گڑھے میں جمع ہونا۔

الحوض. پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج احواض و حِیاض و حِیضان. حوض الاذن کان کا گڑھا۔
المُحوَّض درخت کے ارد گرد پانی کا گڑھا۔
حاطَهُ (ن) حوطًا و حیطةً و حیاطةً. حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا بہ: گھیر لینا۔ احاطہ کرنا۔
حوَّطَهُ حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔ الساحة: گرداگرد دیوار بنانا الحائط: دیوار بنانا حوْل الامر گھومنا۔ چکر لگانا۔
حاوطَهُ کسی سے کوئی چیز حاصل کرنے کے لیے کہ جس کے دینے سے وہ انکار کر رہا ہو پیچھے پڑنا اور اس کے گرد چکر لگانا۔
احاط و احتاط. بہ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "احاط به علمًا" اس نے پورے طریقے سے علم حاصل کیا۔ احتاط الرجل: ہوش و حواس سے کام کرنا۔ احتاط علی الشئ: محافظت کرنا۔ احتاط لنفسه: بھروسہ کے ساتھ لینا۔
تحوَّطَهُ حفاظت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یتحوّط اخاہ حِیطةً حسنةً" فلاں اپنے بھائی کی بہت اچھے طریقے سے حفاظت کرتا ہے۔
استحاط. فی امره او تجارته: احتیاط کرنے میں مبالغہ کرنا۔
الحَوطة والحِیطة والحَیطة. احتیاط کا اسم۔ الحِیطة: پاکدامن شریف عورت۔
الحَوط. س۔ چاندی وغیرہ کا بنا ہوا چاند ہلالی شکل کا۔ سیاہ و سفید دو رنگوں کا دھاگا کہ جس میں مہرے یا کوڑی وغیرہ پرو کر نظر بد سے بچنے کے لیے عورتیں کمر پر باندھتی ہیں۔
الحِوط. وہ چیز جس سے دراہم کے نقصان کو پورا کریں۔
الاحوط. بہت احتیاط کرنے والا۔ قابل اعتماد۔ (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ احتیاط سے ماخوذ ہے۔)

الحائط. فا دیوار۔ باغ۔ ج حیطان و حِیاط.
الحوّاط حائط اسم فاعل کا مبالغہ۔ حُوّاط. الامر کسی کام کا مدار۔
الحُواطة غلّہ کی حفاظت کے لیے بنی ہوئی جگہ۔
المَحاط وہ جگہ جو قوم کے یا جانوروں کے پیچھے ہو اور جہاں ان کی حفاظت ہو۔
المُحیط. فا وہ خط جو دائرہ کا احاطہ کیے ہوئے ہو۔ البحر المحیط: بحر اوقیانوس جو ہر طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہے۔
حاف (ن) حوفًا و حوّف. الشئ: کنارہ پر کرنا۔ حوّف المکان:
تحوَّف. الشئ: کناروں سے کم کرنا۔ کنارہ کو پکڑنا۔
الحَوف. س۔ ازار کی مانند چمڑے کی ایک چیز جس کو بچے پہنتے ہیں۔ جانب۔ کنارہ۔ گوشہ۔
الحافان. زبان کے نیچے سبز رنگ کی دو رگیں۔
الحافة. جانب۔ کنارہ۔ شدت۔ حاجت۔ ج حافات و حِیف. حافتا الوادی و نحوه: وادی کے دونوں کنارے۔
حاق (ن) حوقًا. البیت: جھاڑو دینا الشئ: رگڑ کر چکنا کرنا بہ: احاطہ کرنا۔
حوّق. علیه: گڑبڑ گفتگو کرنا۔
الحَوق والحَوقة. بڑی جماعت۔
الحُوق. گھیرا۔ چوکھٹا۔
الحُواقة. کوڑا کرکٹ۔ سامان۔
المِحوَقة. جھاڑو۔ ج محاوق.
حوقل حوقلةً و حیقالًا. چلنے سے تھکنا۔ کمزور بڈھا ہونا الشیخ: چلنے میں کمر پر ٹیک لگانا۔ لاحول ولا قوة الا بالله العلی العظیم کہنا۔
الحَوقل. عمر رسیدہ بڈھا۔
الحَوقلةُ. س۔ لمبی گردن کی شیشی۔
حاك (ن) حوكًا و حِیاكًا و حِیاكةً الثوب: بننا۔ صفت (حائك) ج حاكة و

حوكة. مؤنث حائكة و حائك ج حائكات و حوائك. کہا جاتا ہے "حاك الشاعر القصیدة" شاعر نے قصیدہ بنایا۔ "وحاك الشئ فی صدری" فلاں چیز میرے دل میں جم گئی۔
ما احاك سیفه: نہ کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضربه فما احاك فیه سیفه" اس نے اُسے مارا تلوار نے کوئی اثر نہیں کیا۔ (یہ ہمیشہ نفی ہی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)
الحَوك. جنگلی تلسی۔ کہا جاتا ہے "هذا علی حوك هذا" یہ ہیئت و شکل و عمر میں اس کی مانند ہے۔
المحاكة. کارگہ۔ کھڈی۔
المَحوكة. لڑائی۔ جنگ۔
حال (ن) حولًا و حؤولًا: الشئ: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا الحول: گزرنا اور پورا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حالت الدار و حیل بها" گھر پر بہت سے سال گزرے علیه الحول: پورا سال گزرنا۔ القوس: کج ہونا العهد: پلٹ جانا الی مکان آخر: منتقل ہونا فی ظهر الدابة: جانور کی پیٹھ پر کود کر چڑھنا الشخص: متحرک ہونا۔ (حیلةً و محالًا) حیلہ کرنا۔
(حؤولًا و حیالًا) الانثیٰ: حاملہ نہ ہونا النخلة: ناغہ سے پھلدار ہونا۔ (حولًا و حؤولًا و حولولةً) درمیان میں حائل ہونا۔
حولت (س) حولًا عینه. بھینگی ہونا۔
حوّلَهُ تحویلًا. ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔ زائل کرنا۔ حوّله الیه: پلٹ دینا۔ حوّل الرجل: منتقل ہونا۔ حوّل الارض: ایک سال کے ناغہ سے کاشت کرنا الشئ: محال بنانا (واحال) العین: بھینگا کرنا۔
حاولَهُ محاولةً و حِوالًا. حیلہ سے طلب کرنا له البصر: تیز کرنا الشئ: ارادہ کرنا اور حیلہ سے طلب کرنا۔

اَحَالَ. الله الحول: پورا کرنا بالمکان: ایک سال قیام کرنا الرَجُلُ: محال بات کہنا الشیُ: چند سال گزرنا۔ اَحَالَ الغریم بِدَینِهٖ علیٰ آخر: قرض کو دوسرے کے حوالہ کرنا۔ صفت فاعلی (مُحِیْل) صفت مفعولی (مُحَال) اور دوسرے غریم کو (مُحَال علیه) مال کو (مُحَال به) اور اس فعل کو (الحوالة) کہتے ہیں۔ اَحَالَ عینه: بھینگی کر دینا۔ احَالَ عَلَيْهِ الماءَ مِنَ الدلو: اُنڈیلنا۔ کہا جاتا ہے "اَحَالَ عَلَيْهِ بالسوطِ یَضْرِبُه" وہ اس کو کوڑے سے مارنے پر متوجہ ہوا۔ اَحَالَ فی ظَهْرِ الدابَّةِ: کود کر سوار ہونا۔ اَحَالَ الامرَ علیٰ فلانٍ. کسی پر کسی کام کو منحصر کر دینا۔

اَحْوَلَ. الصبیُ: یک سالہ ہونا اور کہا جاتا ہے "ما اَحْوَلَهٗ وما اَحْیَله" وہ کتنا بڑا حیلہ ساز ہے۔ "وَهُوَ اَحْوَلُ مِنْكَ و احْیَلُ مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ حیلہ گر ہے۔

تَحَوَّلَ. عنه: پھر جانا الرَجُلُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا فی الامر: حیلہ و مکر سے کام کرنا۔

اِحْتَالَ اِحْتِیَالًا. حیلہ کرنا الشیُ: ایک سال کا ہونا عَلَيْهِ بالدَّيْنِ: دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔

اِحْتَوَلَه. القومُ: گھیر لینا۔

اِحْوَلَّتْ. عینهُ: بھینگی ہونا۔

اِحْوَالَّتِ. الارضُ: سرسبز ہونا اور ہموار اُگنا۔

اِسْتَحَالَ اِسْتِحَالَةً. ایک حال سے دوسری حالت کی طرف بدلنا۔ محال ہونا القوسُ: درستی کے بعد کج ہونا فلانٌ الشَّیَٔ: کسی چیز کی طرف دیکھنا کہ آیا اس میں حرکت ہے یا نہیں۔

اَلْحَوَانِی: سب سے زیادہ طویل پسلیاں اس واسطے کہ اِن میں ٹیڑھا پن ہوتا ہے۔

اَلْحَوضِيَّة: پھول کا نام جو کہ بڑے جسم والا متعدد رنگوں والا ایک ستارہ کی شکل پر ہوتا ہے۔

اَلْحَوَالَة: ایک شخص کی طرف سے دوسرا قرض کی ادائیگی کرے۔ اس کی کئی اقسام ہیں۔ (۱) حَوَالَةٌ بر[illegible]: منی آرڈر (۲) حَوَالَةٌ مَصْرِفِيَّةٌ: بینک ڈرافٹ۔ (۳) حَوَالَةٌ برقِيَّةٌ: ٹیلی گراف منی آڈر۔ (۴) اَلْحَوَالَةُ الْمُسَطَّرَة: کراس چیک (۵) اَلْحَوَالَةُ الْمُعْتَمِدَة (۵) ایل۔سی چیک طرفین کے اعتماد کے بغیر رقم نہ ملے۔ (۴) اَلْمُوقَّعَةُ علیٰ بَیَاض: بلینک چیک۔

الحَال. کیفیت۔ ہیئت۔ صفت (مذکر و مؤنث) گرم راکھ۔ کالی مٹی۔ حالُ متنِ الفرسِ: گھوڑے کی پشت کا درمیان۔ ج اَحْوَال واَحْوِ[illegible]

حَالَةُ. الشی[illegible]: کیفیت۔ حالت۔ ج حالات۔ حَا[illegible] الدهر: زمانہ کی گردشیں۔

الحَوْل. س۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "لَا حَوْلَ وَلَا قوة الا باللّٰه" یعنی نہ تو حرکت ہے نہ قوت ہے مگر اللہ تعالیٰ کی مشیت سے۔ ہوشیاری۔ دُور بینی۔ سال۔ ج حُؤول و اَحْوَال.

الحَوْلِیُّ. یک سالہ بچہ۔ ج حَوْلِیَّات. اور اسی سے ہے "حَوْلیات زُهَیْر" یعنی زہیر کے وہ قصائد جن کی نظم و ترتیب و تہذیب اور لوگوں کے سامنے پیش کرنے میں ایک سال کی مدت لگتی تھی۔

الحِوَل. ہوشیاری۔ دُور بینی۔ قدرت، تصرف زوال۔ انتقال۔ کہا جاتا ہے "لا حِوَلَ عَنْه"

الحَوَل. بھینگا پن۔

حَوْلُ وحَ[illegible]لی وحوال وحَوَالَی. الشیء او الشخص: گرد اگرد۔ کہا جاتا ہے "قَعَد حَوْلَه و حَوْلَيه و حَوَالَه وحَوَالَيه"

الحَوَال والحولان والحُوْلَان. تغیر و انقلاب۔

الحَوَالِیُّ والحُوَلِیّ والحُوَّلِیّ. حیلہ ساز۔

بہت سخت حیلہ گر۔

الحِوَال. ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔

حِیَالَ. الشیء: مقابل۔ سامنے اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ کل علیٰ حِیالِهٖ" ہر ایک علیحدہ علیحدہ بیٹھا۔

الحِیْلَة والحَوْلَة. ہوشیاری۔ دُور بینی۔ تصرف کی قوت۔ ج حِیَل و حِوَل.

الحُوْلَة. تعجب۔ امر منکر۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حُوْلَة" یعنی بہت حیلہ گر مرد۔ "وهٰذه من حُوْلة الدَهْر" یہ عجائبات زمانہ سے ہے۔

الحُوَل. بھینگا۔ بہت حیلہ گر۔

الحَوِیْل. گواہ۔ ضامن۔

الَاحْوَل. بھینگا۔ مؤنث حَوْلَاء. ج حُوْلٌ.

الحَائِل. فا. رنگ بدلا ہوا۔ یکسالہ۔ ہر وہ مادہ جو حاملہ نہ ہوتی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِمْرأة حَائِلٌ و نَخْلَة حَائِل" ج حُوْل و حُوَّل و حِیَال و حَوَائِل

الحَائِلَة. الحائل کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "ما فیْهِ حَائِلَة" اس میں کوئی حیلہ نہیں۔

المُحَال. مشکل۔ باطل۔ ٹیڑھا۔ غیر ممکن۔

المُحْوِل. یک سالہ بچّہ۔

المُحِیْل. مِنَ النساء: لڑکی کے بعد لڑکا یا لڑکے کے بعد لڑکی جننے والی عورت۔

المَحَالَة. ہوشیاری۔ تصرف کی قدرت۔ رہٹ۔ پیٹھ کا درمیان۔ ج مَحَال و مَحَاوِل. کہا جاتا ہے "لا مَحَالَة من الاَمْر" ضروری۔ اس میں کوئی شک نہیں۔

المَحَالَة: رہٹ۔ بڑی چرخی۔

المِحْوَال. بہت محال باتیں کہنے والا۔

المُسْتَحِیْل. بیہودہ و لغو بات۔ بھرا ہوا۔

المُسْتَحِیْلَة والمُسْتَحالة مِنَ القِسیِّ: ٹیڑھی کمان مِن الارض: ایک سال یا چند سال چھوڑی ہوئی زمین۔

حَامَ (ن) حَوْمًا و حَوَمَانًا. علی

الشیء و حوله: منڈلانا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت (حَائِم) ج حُوَّم۔ مؤنث حائِمَة۔ ج حَوائِم و حُوَّم (حَوْمًا و حِیَامًا و حُوُوْمًا) حَولَ غرضِہ و علیہ: طلب کرنا۔
حَوَّمَ۔ فی الامر: کام میں لگا رہا۔
الحَوْم۔ اُونٹوں کا بڑا گلہ۔
الحُوْم۔ شراب جو سر کو چکرا دے۔
حَوْمَة۔ القتالِ او البحر او الرملِ وغیر ذلک۔ بڑا حصہ۔ حَوْمَةُ الموت: موت کا ہجوم۔
الحُوْمَة۔ بلور۔
حَوْمَلَ حَوْمَلَةً۔ پانی اُٹھانا۔
الحَوْمَل۔ صاف سیلاب۔ کالا بادل۔
تَحَوَّنَ۔ الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔
حَوِیَ (س) حَوًی و اَحْوَوَی اِحْوِوَاءً و اِحْوَاوَیٰ اِحْوِیْوَاءً۔ سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہ ہونا۔ صفت (اَحْوَیٰ) مؤنث حَوَّاء ج حُوٌّ۔
حَوَیٰ (ض) حَوَایَةً و حَیًّا۔ الشَّیَٔ: جمع کرنا۔ حَوَّاہُ تَحْوِیَةً۔ قبضہ کرنا۔
تَحَوَّیٰ۔ سمٹنا۔ گول ہونا۔ الحیَّة۔ کنڈلی مارنا۔ الشَّیَٔ۔ قبضہ کرنا۔
اِحْتَوَیٰ اِحْتِوَاءً۔ الشیء و علیہ: جمع کرنا۔
الحَاوِی۔ فا۔ سانپ کا منتر کرنے والا۔ مؤنث حَاوِیَة ج حَاوِیَات و حَوَاوٍ۔
الحَاوِیَاء۔ سمٹی ہوئی آنتیں ج حَاوِیَاءَات و حَوَاوٍ۔
الحَوَاء والحَوَاة۔ آواز۔
الحَوِیُّ۔ استحقاق کے بعد مالک ہونے والا چھوٹا حوض۔
الحِوَاء۔ قریب قریب گھروں کا مجموعہ۔ ج اَحْوِیَة۔
الحَوِیَّة۔ الحوی کا مؤنث۔ سمٹی ہوئی آنتیں۔ چھوٹا حوض۔ کمبل کہ جس میں گھاس بھوسہ وغیرہ بھر کر اُونٹوں کے کوہان کے اردگرد رکھتے ہیں۔ ج۔ حَوَایَا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَلْمَنَا یا علیٰ الحوایا" اس شخص کیلئے جو موت کو خود ہی تلاش کرے۔
الحَوَّاء۔ سانپوں کا جمع کرنے والا۔
حَیْثُ۔ ظرف مکان۔ مبنی بر ضمہ۔ اور کہا جاتا ہے مِن ھذہ (الحَیْثِیَة) یعنی اس اعتبار سے۔ اور کبھی حیث زمان کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔
حَاجَ (ض) حَیْجًا۔ محتاج ہونا۔
اَحَاجَ واَحْیَجَ۔ المکانُ: کانٹے اگانا۔
الحَاج۔ کانٹا۔ ایک قسم کا ترش پودہ۔
حَادَ (ض) حَیْدًا و حَیَدَانًا و مَحِیْدًا و حَیْدَةً و حُیُوْدًا و حَیْدُوْدَةً۔ عَنِ الطَّرِیقِ: الگ ہونا۔ ہٹ جانا۔
حَیَّدَہٗ۔ گرہ پر کر دینا۔ حَیَّدَ السَّیْرَ: تسمہ میں گرہ لگانا۔
حَایَدَ مُحَایَدَةً و حِیَادًا۔ علیحدہ ہونا۔
الحَیْد۔ چیز کا اُبھرا ہوا حصہ۔ پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ۔ پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔ ج حُیُوْد و حِیَد و اَحْیَاد (والحِیْد) مثل و نظیر۔
الحَیْدَة۔ پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔
الحَیَدَیٰ۔ متکبر کی چال۔
الحَیْدَان۔ کنکری جو جانور کے چلنے سے اُڑے۔
المَحِیْد۔ حاد کا اسم ظرف۔
حَارَ (س) حَیْرًا و حَیْرَةً و حَیَرَانًا و حَیَرًا الماءُ: پانی کا اس طرح آنا جانا کہ یہ نہ معلوم ہو کہ کیسے جاری ہے۔ الرَّجُلُ: چکا چوند ہونا۔ راستہ گم کرنا۔ فی امرہ: حیران ہونا۔ صفت (حَیْرَان) مؤنث حَیْرَیٰ ج حَیَارَیٰ و حُیَارَیٰ۔
حَیَّرَہٗ۔ حیرانی میں ڈالنا۔
تَحَیَّرَ۔ الماءُ: بمعنی حَارَ الماءُ۔
المکانُ بالماء: بھر جانا (واسْتَحَارَ) حیرانی میں پڑنا۔ اِسْتَحَارَ المکانُ وبالمکانِ: چند دن کے لیے اُترنا السحابُ: کسی جانب میں متوجہ نہ ہونا۔
الحَیْر۔ حِمیٰ۔ باغ۔
الحَیْر والحِیَر۔ بہت اہل و مال۔ کہا جاتا ہے "لا آتیہ حَیْرَ دَھْرٍ" میں اُس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
الحَارَة۔ محلہ۔
الحَائِر۔ فا۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ بلند کناروں والی نشیبی جگہ۔ ج حُوْرَان و حِیْرَان
المَحَارَة۔ سیپی۔ ج مَحَارٍ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ المَحَارَتَان: سرین کے دونوں گول سرے جن سے ران کے سرے ملے ہوئے ہیں۔
المِحْیَر۔ بہت حیران۔
المُتَحَیِّرَات۔ کواکب۔ سیارہ۔ واحد (متحیرہ)
المُسْتَحِیْر۔ فا۔ وہ راستہ جو جنگل کے عرض میں ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں نکلا ہے۔ بھاری بادل جس کے لیے ہوا نہ ہو جو کہیں لے جائے۔
حَازَ (ض) حَیْزًا۔ الابلَ: ہانکنا۔
تَحَیَّزَ۔ الشیئ: کسی ایک ہی جگہ میں منحصر ہونا الحیَّةُ: کنڈلی مارنا۔
الحَیِّز۔ دیکھئے مادہ حوز۔
حَاسَ (ض) حَیْسًا: الشَّیَٔ: ملانا
الحَبْلَ: بٹنا (وحَیَّس) الحَیْسَ: حیس بنانا۔ کہا جاتا ہے "حِیْسَ حَیْسُھم" ان کی ہلاکت قریب ہوئی۔
الحَیْس۔ مں۔ ایک قسم کا کھانا جو کھجور، گھی اور ستو سے تیار کیا جاتا ہے۔ کچا کام۔ ردی کام۔
المَحْیُوْس۔ وہ جس کے ماں باپ دونوں غلام ہوں۔
حَاشَہٗ (ض) حَیْشًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔
حَاشَ مِنْہُ: گھبرانا الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔
الوادی: دراز ہونا۔
تَحَیَّشَ۔ گھبرانا۔
الحَیْشَان۔ بہت گھبرانے والا۔

حَاصَ (ض) حَيْضًا و حِيْصَةً و حُيُوْصًا و مَحِيْصًا و حَيَصَانًا وانْحَاصَ و تَحَايَصَ عن كَذَا: الگ ہونا۔ ہٹ جانا کہتے ہیں۔ "مَنْ حَاصَ عَنِ الشَّرِّ سَلِمَ" جو بُرائی سے الگ رہا محفوظ رہا۔ وَوَقَعَ فِي حَيْصَ بَيْصَ اَوْفِي حِيْصَ بِيْصَ" وہ ایسی گڑبڑی میں پڑ گیا جس سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں۔

حَالَصَهُ. فریب دینا اور غلبہ کرنا۔

الَاحْيَص. وہ شخص جس کی ایک آنکھ دوسری سے چھوٹی ہو۔

دَابَّةٌ (حَيُوص) بدکنے والا جانور۔

المَحِيْص. علیحدہ ہونے کی جگہ۔ بھاگنے کی جگہ۔

الحَيْصَاء والمِحْيَاص. وہ عورت جس کی اندام نہانی تنگ ہو۔

حَاضَتْ (ض) حَيْضًا و مَحِيْضًا و مَحَاضًا و تَحَيَّضَتْ. المرأةُ: ماہواری خون جاری ہونا۔ صفت (حائِض و حَائِضَة) ج حُيَّض و حَوَائِض.

حَيَّضَ. الماءَ: پانی بہانا۔

الحِيَاض. حیض کا خون۔

الحِيْضَة والمَحِيْضَة. حیض کا چیتھڑا۔

حَيْعَلَ. المؤذنُ: حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة حَيَّ عَلَى الْفَلَاح کہنا۔

حَافَ (ض) حَيْفًا. عليه: ظلم کرنا۔ صفت (حَائِف) ج حُيَّف و حُيُف و حَافَة.

تَحَيَّفَ. الشَّيْءَ: کم کرنا۔ اطراف سے گھٹانا۔

الحَائِف. فا۔ حَائِفُ الجَبَل: پہاڑ کا کنارہ۔

الحِيْفَةُ. گوشہ۔ کپڑے کا ٹکڑا جو قمیص کے دامن میں پیوند لگایا جائے۔ شکار کے واسطے ہنکایا ہوا جانور۔ ج حِيَف.

الَاحْيَف مِنَ الَامْكِنَة: وہ جگہ جہاں بارش نہ ہو۔ مؤنث حَيْفَاء.

حَاقَ (ض) حَيْقًا و حُيُوْقًا و حَيَقَانًا و اَحَاقَ اِحَاقَةً. بہ: احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔ حَاقَ بِهِم الَامْرُ: لازم ہونا۔ واجب ہونا بِهِمُ العذابُ: نازل ہونا فِيْهِ السَّيْفُ: اثر کرنا۔ نشان ڈالنا۔ اَحَاقَ الشَّيْءَ بكذا: گھیرا کرنا۔

حَايَقَهُ مُحَايَقَة. حسد کرنا۔ دشمنی کرنا۔ بغض رکھنا۔

اِحْتَاق. على الشيء: احتیاط کرنا۔

الحَيْق. بُرے فعل کی وجہ سے جو کچھ انسان کو لازم ہو۔

الحَيْقَل. بے فیض آدمی۔

حَاكَ (ض) حَيْكًا و حَيَكَانًا. متکبرانہ چال چلنا۔ صفت (حَائِك و حَيَّاك) مؤنث حَيَّاكَةٌ وحَيْكَانَةٌ و حَيْكَى (واَحَاكَ) السيفُ: کاٹنا السيفُ او الكلام فِيْه: اثر کرنا۔

اِحْتَاكَ اِحْتِيَاكًا. بثوبه: لپٹنا۔ مِشْيَة (حِيْكَى) متکبرانہ چال۔

حَالَ (ض) حَيْلًا. الشَّيْءُ: بدلنا الماءُ: وادی میں جمع ہونا۔

الحَيْل. قوۃ۔ وادی میں جمع شدہ پانی۔ ج اَحْيَال و حُيُول.

الَاحْيَل والَاحْوَل. بہت حیلہ کرنے والا۔

الحِيْلَة. ہوشیاری۔ دور بینی۔ تصرف کی قوت۔ ج حِيَل

الحَيْلَة. بکریوں یا بھیڑوں کا ریوڑ۔ حیلہ گری۔

الحِيْلَان. غلہ گاہنے کا اوزار۔

حَانَ (ض) حَيْنًا و حَيْنُوْنَةً. الشَّيْءُ: وقت قریب ہونا فلان: ہلاک ہونا۔ رنج و تکلیف میں پڑنا۔ توفیق سے محروم ہونا۔ حَانَ لَهُ اَنْ يَفْعَلَ كَذَا: وقت قریب آنا۔ السُّنْبُلُ خشک ہوکر کٹائی کا وقت قریب آنا۔

حَيَّنَهُ. وقت و میعاد مقرر کرنا اللّٰهُ فلانا: ہدایت کے لیے توفیق نہ دینا۔

حَايَنَهُ. وقت معین کیلئے معاملہ کرنا۔

اَحْيَنَ اِحْيَانًا. الرَّجُلُ او الشَّيْءُ: وقت آنا بالمكان: کچھ وقت کے لیے قیام کرنا۔

اَحَانَه. اللّٰه: ہلاک کرنا۔

تَحَيَّنَ. مِنْهُ غَفْلَةً: انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَحَيَّنُ طَعَامَ النَّاسِ" وہ لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔ توفیق و ہدایت سے محروم رہنا۔

اِسْتَحْيَنَ. وقت مناسب کی آرزو رکھنا۔

الحَان والحَانَة. شراب فروشی کی دکان۔

الحَيْن. ہلاکت۔ رنج و محنت۔

الحِيْن. وقت۔ ج اَحْيَان۔ جج اَحَايِين.

الحِيْنَة والمِحْيَان. وقت۔

الحَائِن. فا. بے وقوف۔

الحَائِنَة. مصیبت۔ ج حَوَائِن.

حَيِيَ (س) حَيَاةً. زندہ رہنا۔ اس میں ایک لغت ادغام سے بھی ہے۔ کہا جاتا ہے حَيَّ يَحْيَّ (حَيَاءً) منه: منقبض ہونا۔ الطَّرِيْقُ: ظاہر ہونا۔

حَيَّاه و تَحِيَّةً. حَيَّاكَ اللّٰهُ کہنا (یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے) سلام کرنا۔ حَيَّاهُ اللّٰهُ: باقی رکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّا الْخَمْسِيْنَ مِنْ عُمُرِه" وہ اپنی عمر کے پچاسویں سال کے قریب پہنچا۔

حَايَا مُحَايَاةً. الصبيَّ: غذا دینا زیدًا: شرم دلانا النارَ: بھڑکانا۔

اَحْيَاهُ. زندہ کرنا النارَ: پھونک کر سلگانا الارضَ: سرسبز بنانا۔

الرائدُ الارضَ: گھاس پانی طلب کرنے والے کا زمین کو سرسبز پانا اللهَ: بیدار رہنا۔

(اَحْيَاه واِسْتَحْيَاه). زندہ چھوڑنا۔

اِسْتَحْيَا واِسْتَحى. منه: شرم کرنا۔

اِسْتَحْيَاهُ واِسْتَحْيَا منه: منقبض ہونا۔ باز رہنا۔

حَيَّ وحَيَّ هَلًا و حَيَّهَل. اسم فعل بمعنی اَقْبِل وعَجِّل. کہا جاتا ہے "حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة" یعنی نماز کے لیے آؤ۔ (حي هَلْ) بفلان: فلاں کو بلاؤ۔

الحَيَا والحَيَاء. بارش۔ تروتازگی۔ نباتات۔

الحَیَا. شرم وحیا۔ کسی چیز سے منقبض ہونا اور ملامت کے خوف سے چھوڑنا۔ بارش و ترو تازگی۔ توبہ۔

الحَیَاۃ. زندگی۔

الحَیُّ. زندہ۔ نسبت کے لیے (حَیَوِیٌّ) مؤنث حَیَّۃ. اَرْضٌ حَیَّۃ: سرسبز زمین۔ کہا جاتا ہے "لا یَعْرِفُ الحَیَّ مِنَ اللَّیِّ" یعنی وہ بیوقوف ہے۔ الحَیُّ: محلہ۔ عرب کے قبیلوں میں سے چھوٹا قبیلہ۔ ج اَحْیَاء.

الحَیِیُّ والحَیِّی. شرم دلانا۔

الحَیَوان. جاندار۔ ج حَیَوانات.

المَحْیَا. وہ موقع جہاں شرم کی جائے۔ ج مَحَایٰ. زندگی۔

المُحَیَّا. چہرہ۔

خ : الخاء : بنیادی حروف میں سے ساتواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کا نمبر ۶۰۰ ہے۔

خَبَّ (ن) خَبًّا. النباتُ: بلند ہونا۔ بڑھنا

الرَّجُلُ: اپنی چیز کو روکنا۔ بخل کی وجہ سے بے نشان ہونے کیلئے پست زمین میں اُتر آنا (خَبًّا و خَبِیْبًا و خَبَبًا واِخْتَبَّ) الفرسُ فی عَدْوِہٖ: گھوڑے کا دوڑنے میں کبھی اگلی ٹانگوں پر کھڑا ہونا اور کبھی پچھلی پر۔ (خَبًّا و خَبَابًا)

البَحْرُ: جوش مارنا۔

خَبَّ (س) خَبًّا و خِبًّا. مکار ہونا۔

خَبَّبَهٗ. دھوکا دینا۔ خراب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَّبَ علٰی فلانٍ صَدِیْقَهٗ" اُس نے فلاں کے دوست کو بگاڑ دیا۔ خَبَّبَ لَحْمُهٗ: گوشت کے جاتے رہنے سے جھریاں پڑنا۔

اَخَبَّ. الفرسَ: گھوڑے کو خبب چال چلانا (دیکھئے مصدر خبب)

الخَبُّ. س۔ دغاباز۔ فریبی۔ فساد۔ ریت کی دھاری۔ نرم زمین جو دو سخت زمینوں کے درمیان ہو۔ ج خُبُوب. کہتے ہیں "اصابهم الخَبُّ" یعنی ہوائیں ان پر پیچیدہ ہو گئیں اور موجوں میں اضطراب ہو گیا۔

الخُبُّ. پست زمین۔ درخت کی چھال۔ ج خُبُوب و اَخْبَاب.

الخَبَّة. مثلثة الخاء: ریت یا بدلی کی دھاری۔ پٹی کی طرح دھجی۔ الخُبَّة: پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ وادی کا درمیانی حصہ۔ گوشت کا پارچہ۔

ثوبٌ (خِبَبٌ و خَبائبُ واَخْباب) پھٹے پرانے کپڑے (تعداد اجزاء کی وجہ سے صفت میں جمع لانا جائز ہے)

الخَبِیْب. زمین میں لمبا شگاف۔

الخَبِیْبَة. ریت یا بدلی کی دھاری۔ گوشت کا پارچہ۔ وادی کا درمیانی حصہ۔ ج خَبائِب.

المَخَبَّة. وادی کا درمیانی حصہ۔

خَبَأَ (ف) خَبْأً و خَبَأً. الشَّیْءَ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

خابأہ. کسی سے چیستاں و پہیلی کہنا۔

اِختَبَأَ. منه: چھپنا الشیء: چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اِخْتَبَأَهُ خَبِیْأً" اس نے اس سے ایک چیز پوشیدہ کی اور پھر اس سے دریافت کیا۔

الْخَبْءُ والخَبِیُّ. پوشیدہ۔ خَبْءُ الارض: نباتات۔ خَبْءُ السماء: بارش۔ کہتے ہیں "اخرج خَبْءُ السَّماءِ خَبْءَ الارضِ" بارش نے نباتات کو اگایا۔

الخِبَاء. اون یا بالوں کا خیمہ۔ ج اَخْبِیَة.

الخَبِیْئَة. پوشیدہ رکھی ہوئی چیز۔ ج خَبَایَا.

الخَابِئَة والخابیة. مٹکا۔ ج الخَوابِیء والخَوابی. بِنْتُ الخَابِیَة: شراب۔

الخُبَأَة. بہت پوشیدہ رہنے والی عورت۔

المَخْبَأ. چھپنے کی جگہ۔ ج مخابیء.

خَبَتَ (ض) خَبْتًا. ذِکْرُہٗ: پوشیدہ ہونا۔ مخفی ہونا۔

اَخْبَتَ. القومُ: کشادہ و پست زمین میں آنا الی اللہ: عاجزی و فروتنی کرنا۔

الخَبْت. کشادہ و پست زمین۔ ج اَخْبَات و خُبُوت.

الخَبْتَة والخِبْتَة. تواضع۔ عاجزی۔ فروتنی۔

الخَبِیْت. حقیر و فرومایہ و خبیث۔ کہا جاتا ہے "هو خَبِیْتُ النفس" وہ شکستہ دل ہے۔

خَبُثَ (ن) خُبْثًا و خَبَاثَةً و خَبَاثِیَةً پلید و ناپاک ہونا۔ صفت خَبِیْث۔ ج خُبُثٌ و خُبَثَا واَخْبَاث و خَبَثَة. خَبُثَتْ نَفْسُہ: جی متلانا۔ المرأة: زنا کرنا۔

خَبُثَ (ک) خُبْثًا. ردی ہونا۔ مکار ہونا۔

(واَخْبَثَ) برے لوگوں کے ساتھ رہنا۔

واَخْبَثَه: برائی سکھلانا۔ خراب کرنا۔ برائی کی طرف منسوب کرنا۔

خَبَّثَهٗ. خبیث بنانا۔ الطعامَ: کھانے کو ناگوار کر دینا۔

تَخَابَثَ. برائی ظاہر کرنا اور اس پر عمل کرنا۔

تَخَبَّثَ. بتکلف شرارت کرنا۔

اِسْتَخْبَثَ. برائی کرنا۔ شرارت کرنا۔ ہ: برا پانا۔

الخَبَث. مِنَ الحدید ونحوہ۔ لوہے کا میل سونے یا لوہے کا کھوٹ۔ بے فائدہ چیز۔

خَبَاثِ. بروزن قطام۔ خبیثة سے معدول ہے اور صرف ندا کی صورت میں عورت کو گالی دینے کے لیے آتا ہے جیسے "یا خَبَاثِ" اے بدکار عورت۔

خبث خبیث، سے معدول ہے اور یہ بھی صرف ندا ہی کے موقع پر مرد کو گالی دینے کے لیے آتا ہے۔ جیسے "یاخبث" یعنی اے بدکار مرد۔
الخبیث ناپاک۔ گھٹیا۔ ناپسندیدہ چیز۔ ہر حرام چیز۔ ہر خراب چیز۔ ج خبث و خبثاء و اخباث و خبثۃ۔ مؤنث خبیثۃ۔ ج خبیثات و خبائث۔
الخبائث بُرے افعال۔ وہ چیزیں جن کو عرب گندی سمجھتے تھے اور کھاتے نہیں تھے۔ جیسے سانپ و گبریلا وغیرہ۔ الاخبثان پیشاب، پائخانہ۔
الخبیث بڑا بدکار۔ بڑا شریر۔
الخبیثی بُرائی۔ پلیدی۔
المخبثۃ سبب فساد۔ کہا جاتا ہے: الکفر مخبثۃ لنفس المنعم" ناشکری منعم کی طبیعت کے لیے باعث فساد ہے۔
خبجہ(ن) خبجا۔ بالعصاء لاٹھی سے مارنا۔ الرجل گوز کرنا۔
الخبج و الخباجاء بیوقوف۔
الخبج و الخباج گوز۔
خبخب۔ الرجل ڈھیلے پیٹ والا ہونا: ہ بیوفائی کرنا۔
تخبخب۔ الشئ المضطرب ڈھیلا ہونا بدنہ موٹائی کے بعد دبلا ہونا۔ الحر گرمی کی تیزی کا کم ہونا۔
خبر(ن) خبرا و خبرۃ۔ الشئ آزمانا۔ تجربہ سے جاننا۔
خبر(ن) خبرا۔ الارض کھیتی کیلئے جوتنا الطعام مرغن کرنا۔
خبر(ک) و خبر(ف) خبرا و خبرا و خبرۃ و خبرۃ و مخبرۃ و مخبرۃ۔ الشئ و بہ حقیقت حال سے واقف ہونا۔
خبرہ و اخبرہ۔ الشئ و بالشئ آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اخبرہ خبورہ" یعنی اُس نے اطلاع دی ہر اُس چیز کی جو اس کے پاس تھی۔

خابرہ بٹائی پر کھیت جوتنا۔ پروا کرنا۔ بعضوں نے گفتگو کرنے اور بحث کرنے کے معنی میں استعمال کیا ہے۔
تخابر ایک دوسرے کو خبر دینا۔
تخبر۔ الامر حقیقت حال سے واقف ہونا۔
تخبرہ و استخبرہ خبر دریافت کرنا۔
تخبر القوم بکری کو خرید کر ذبح کرنا اور اس کے گوشت کو آپس میں تقسیم کرنا۔
اختبر۔ الشئ آزمانا۔ حقیقت حال سے واقف ہونا لاھلہ اپنے گھر والوں کے لیے کھانا لینا۔
المختبر لیبارٹری: (سائنس روم)
الخبر بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ والی اونٹنی۔ کھیتی۔ پہاڑ میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔ بیری یا اراک کا درخت اور اس کے ارد گرد کی گھاس۔ واحد (خبرۃ) ج خبور
الخبر نس۔ بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ والی اونٹنی۔
الخبر نس۔ علم۔ تجربہ۔ آزمائش۔ کہا جاتا ہے "صدق الخبر الخبر" آزمائش نے خبر کی تصدیق کر دی۔ رجل خبر و خبر خبر کا جاننے والا۔
الخبر خبر۔ ج اخبار و اخابیر
الاخباری تاریخ کی تدوین کرنے والا مورخ۔
الخبراء بڑا توشہ دان۔ بیری کے درختوں کو اگانے والی زمین۔ ج خباری و خبار و خبراوات۔
الخبرۃ نس۔ بکری جس کو لوگ مختلف قیمت دے کر خریدیں اور پھر آپس میں تقسیم کر لیں اور ہر ایک کو اس کی قیمت کے لحاظ سے ملے۔ زیادہ ثرید۔ خوراک وغیرہ جو اہل و عیال کیلئے خریدی جائے۔ کہا جاتا ہے "اجتمعوا علی خبرتہ" وہ لوگ اس کے کھانے پر جمع ہو گئے۔ سالن
الخبار نرم زمین۔ جڑیں۔ واحد (خبارۃ)

الخبیر واقف۔ آگاہ۔ دانا۔ کسان۔ ج خبراء کھیتی۔ اونٹ کے بال۔ گرے ہوئے بال۔ واحد (خبیرۃ) ج خبائر۔ الخبیر: اونٹ کے منہ کی جھاگ۔
الخابور ایک درخت کا نام۔ راس العین اور فرات کے درمیان ایک ندی کا نام۔
المخبر و المخبرۃ و المخبرۃ آگاہی جو خبر یا آزمائش سے حاصل ہو۔
خبز(ض) خبزا۔ الخبز: روٹی پکانا۔ القوم روٹی کھلانا۔ کہا جاتا ہے "خبزتھم و تمرتھم" میں نے ان کو روٹی کھجور کھلائی۔
خبزہ و تخبزہ مارنا۔ کہا جاتا ہے۔ "خبطنی برجلہ و خبزنی" اس نے مجھ کو اپنے پیر سے مارا۔
انخبز۔ المکان پست ہونا۔
اختبز۔ الخبز روٹی پکانا۔
الخبز روٹی۔ خبز الغراب ایک قسم کی نباتات جس میں روٹی کی مانند گول گول ٹکیاں نکلتی ہیں۔
الخبز پست جگہ۔
الخابز فا۔ روٹی والا۔
الخبیز پکی ہوئی روٹی۔ ثرید۔
الخبازۃ نانبائی کا پیشہ۔
الخباز نانبائی۔
الخبازی و الخباز و الخبیزۃ و الخبازۃ خبازی (ایک دوا کا نام)
خبس(ن) خبسا و اختبس و تخبس۔ الشئ لے لینا۔ غنیمت حاصل کرنا۔ کہا جاتا ہے "خبس فلانا حقہ" فلاں نے اس کے حق کو مار لیا۔ اختبس مالہ کھاتا رہنا۔
الخبوس ظلم کرنے والا۔ الخباس ظلم والی
الخابس و الخباس و المختبس شیر۔
الخبوس شیر۔ ظلم کرنے والا۔
الخباسۃ وہ چیز جو ظلماً لی جائے۔ (و الخباساء) غنیمت۔
خبش(ن) خبشا و تخبش۔ الاشیاء من ھھنا و ھھنا اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔

الخَبّاش. کمائی کرنے والا۔
خُباشات. العَيْش: زندگی بسر کرنے کی چیزیں جیسے کھانا، کپڑا وغیرہ۔ خُباشاتُ النَّاس: مختلف قوموں کی جماعت۔
خَبَصَ(ض) خَبْصًا. الشيء بالشَّيْءِ: ملانا (خَبَّصَ و تَخَبَّصَ واخْتَبَصَ) کھجور اور گھی کا حلوا بنانا۔ اِخْتَبَصَ الرَّجُلُ: اپنے لیے کھجور اور گھی کا حلوا بنانا۔ کھجور گھی کا حلوا کھانا۔
الخَبِيص و الخَبِيصَة. کھجور اور گھی کا حلوا۔
المِخْبَصَة. کڑھائی میں حلوے کو اُلٹنے پلٹنے کا چمچہ۔
خَبَطَ(ض) خَبْطًا زور سے مارنا۔ الشَّيْءَ: سخت روندنا اللیلَ: ٹیڑھا ٹیڑھا چلنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ يَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ" وہ رتوندی والی اُونٹنی کی طرح ٹیڑھا ٹیڑھا چلتا ہے۔ یعنی امور میں بغیر بصیرت کے تصرف کرتا ہے "وما اَدْرِى اَىُّ خَابِطِ لَيلٍ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ گمنام رات میں آنے والا کون ہے۔
الشَّيْطانُ زَيْدًا: دیوانہ کر دینا۔ ٥ بخير بغير جان پہچان کے دینا۔ البَعِيرَ: منہ کی چوڑائی میں لمبا داغ لگانا الشجرةَ: پتے جھاڑنا۔
خُبِطَ کام ہونا۔ صفت (مخبوط)
تَخَبَّطَهُ زور سے مارنا الشيطانُ زيداً: دیوانہ کر دینا البلادُ: فتنہ وفساد ولوٹ مار واقع ہونا۔ تَخَبَّطَ الشيءَ: روندنا۔
اِخْتَبَطَهُ زور سے مارنا زَيْدًا: بغیر کسی وسیلہ کے مانگنا۔ اِخْتَبَطَتِ البلادُ: فتنہ وفساد واقع ہونا۔
الخَبَط. درخت کے پتے جو ڈنڈے سے مار کر گرائے جائیں۔
الخَبْطَة. تالاب یا برتن کا بقیہ پانی۔ مشک میں بقیہ دودھ۔ حقیر چیز، دیوانگی۔ ج خَبَط و خُبَط. کہا جاتا ہے "عَلَيْه خَبْطَةٌ مِنَ الجَمال" اس کے اوپر جمال وخوبصورتی کا کچھ اثر ہے۔

الخِبْطَة. ہر چیز کا کچھ حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "كانَ ذٰلكَ بعد خِبْطَةٍ مِنَ اللَّيْل" یہ رات کے کچھ حصہ کے بعد ہوا۔ الخِبْطَةُ مِنَ المَاءِ: پانی کا گھونٹ۔ ج خِبَط.
الخَبَاط. غبار۔
الخِبَاط. چہرے کی چوڑائی میں لمبا داغ۔ ج خُبُط.
الخُبَاط. دیوانگی۔
الخَبُوط و الخَبِيط والاَخْبَط. من الخَيْل: زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔
الخَبِيط. حوض جس کو اُونٹوں نے پاؤں مار مار کر گرا دیا ہو۔ دہی جس میں تازہ دودھ ڈال کر ملا جلا دیا گیا۔
المِخْبَط و المِخْبَطَة و المِخْبَاط. پتے جھاڑنے کا ڈنڈا۔ دھوبی کی موگری۔
خَبَعَ(ف) خَبْعًا. في المكان: داخل ہونا الشَّيْءَ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے "جارِيَة خُبَعَة طُلَعَة" کبھی اپنے آپ کو چھپانے والی اور کبھی ظاہر کرنے والی لڑکی۔ (خُبُوْعًا) الصبيُّ: روتے روتے سانس رُکنا۔
خَبَقَ(ض) خَبْقًا گوز کرنا ٥: اپنے سے حقیر جاننا۔
تَخَبَّقَ. الشيُّ: بلند ہونا۔
الخِبَقّ. بہت کودنے والا مرد۔ تیز رفتار گھوڑا۔
خَبَلَهُ(ن) خَبْلًا و خَبَّلَهُ. خراب کرنا۔ بگاڑنا ٥ الحزن: عقل کو تباہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ الحُبُّ قَلْبَه" محبت نے اس کے دل کو تباہ کر دیا یدہ: لنجا کرنا ٥ عن كذا: روکنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ عن فِعْلِ اَبِيْه" اُس نے اپنے باپ کے رویہ سے کوتاہی کی۔
خَبِلَ(س) خَبَلًا و خَبَالًا. جنون لاحق ہونا۔ صفت (خَبِلٌ واَخْبَلُ) خَبِلَتِ اليَدُ: لنجا ہونا۔
اَخْبَلَهُ. نَاقَةً: عاریت پر دینا۔
اِخْتَبَلَهُ. عقل کو خراب کرنا۔ اِخْتَبَلَتِ الدَّابَةُ: جانور کا اپنی جگہ میں نہ ٹھہرنا۔

تَخَبَّلَتِ. اليَدُ: لنجا ہونا۔
اِسْتَخْبَلَهُ. الابلَ عاریت پر مانگنا۔
الخَبْل. س۔ قرض۔ منگنی۔ فتنہ (والخَبَل) ہاتھ پاؤں کی تباہی ج خُبُول.
الخَبَل. ایک پرندہ جس کی آواز اُلو کی آواز کے مشابہ ہے۔ دَهْرٌ (خَبِلٌ) بگڑا ہوا زمانہ۔
الخَبَال. فساد۔ نقصان۔ ہلاکت۔ زہر قاتل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَبَالٌ عَلىٰ اهلِهِ" وہ اپنے لوگوں کے لیے بوجھ ہے۔
الخَابِل. فسادی۔ شیطان۔ جن۔ کہا جاتا ہے۔ "مَسَّه الخابِلُ" اس کو جن نے دیوانہ بنا دیا۔ الخَابلان: برات دن۔
المُخْبَل. فا مُخْبِّل بغیر الف لام کے زمانہ کے ناموں میں سے ہے۔
المُخَبَّل. دیوانہ۔ تھڑولا۔ وہ شخص جو درد کی وجہ سے اچھی طرح چل نہ سکتا ہو۔
خَبَنَ(ض) خَبْنًا و خِبَانًا. الثوبَ: موڑ کر سینا الشاعِرُ: شعر میں خَبْن واقع کرنا (دیکھئے الخَبْن) واَخْبَن) الطَّعَامَ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔
اِخْتَبَنَ. الشَّيْءَ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔
الخُبْنَة. کپڑے کی تہ۔ خوراک جو دامن کی تہہ میں لے جائے۔ ج خُبَن.
الخَبْن. في العروض: علم عروض کی اصطلاح میں سبب خفیف سے ساکن کو حذف کر دینا۔ جیسے فَاعِلُن سے فَعِلُن. رجلٌ (خُبُنٌّ) مرد کہ جس کے اعضاء سمٹے ہوئے ہوں۔
خَبَا(ن) خَبْوًا و خُبُوًّا. خبت النارُ او الحِدَّةُ: بجھنا۔ دھیما پڑنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَا لَهُبُه" اس کے غصہ کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا۔
اَخْبىٰ. النارَ: آگ بجھانا۔
خَبىٰ. الشَّيْءَ چھپانا۔
اَخْبىٰ وخَبَّىٰ و تَخَبَّىٰ واسْتَخْبىٰ. الخِباءَ: خیمہ لگانا۔ اِسْتَخْبىٰ الخباءَ: خیمہ میں داخل ہونا۔
الخِبَاء. اُون یا اُونٹ کے بالوں کا خیمہ۔ بالی

میں جو یا گیہوں کا چھلکا۔ کلی کا غلاف ج اَخْبِیَة۔
خَتَّ (ن) خَتًّا۔ السِّنانُ الیه: پیاپے نیزہ مارنا۔
اَخَتَّه۔ حصہ کم کرنا۔ لَخَتَّ الرَّجُلُ: باپ کے ذکر پر شرمندہ ہونا۔
الخَتَت۔ بدن کی سُستی۔
الخَتِیت۔ گھٹیا، ناقص۔
خَتاهُ (ف) خَتْاً عن کذا: روکنا۔ منع کرنا۔
اِخْتَتَاَ۔ خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا مِنْ فُلانٍ: شرم، ڈر یا ذلت کی وجہ سے چھپنا لَهُ: فریب دینا الشَّیَٔ: اُچک لینا۔
مفازة (مُخْتَتِئَة) بیابان جس میں راستہ نہ ملتا ہو۔
خَتَرَه (ض) خَتْرًا: بری طرح سے بیوفائی کرنا۔ صفت (خاتِرٌ و خَتّارٌ و خَتِیْرٌ و خَتُورٌ و خِتِّیرٌ) (ن ض) خَتْرًا و خُتُورًا۔ نفسُهُ: جی بگڑنا۔
خَتِرَ (س) خَتَرًا۔ زہر یا دوا وغیرہ پینے کی وجہ سے بے حس ہونا۔
تَخَتَّرَ۔ سست وڈھیلا ہونا۔ مرض وغیرہ کی وجہ سے سست ہونا۔
خَتَّرَهُ۔ الشراب: بے حس کر دینا۔
خَتْرَبَهُ۔ کاٹنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
خَتْرَمَ خَتْرَمَةً۔ عاجزی یا گھبراہٹ کی وجہ سے چپ رہنا۔
خَتَعَ (ف) خَتْعًا و خُتُوعًا۔ الدلیلُ بالقوم: اندھیرے میں راہبری کرنا علی القوم: اچانک آجانا۔ (وانْخَتَعَ) فی الارض: دُور تک نکل جانا۔
الخَوْتَعُ والخَتِعُ والخُتَعُ۔ ماہر راہبر۔
الخَوْتَعُ: خرگوش کا بچہ۔ الخُتَعُ: بجو۔
الخُتَعَةُ: مادہ چیتا۔
الخِتاعُ۔ چمڑے کا دستانہ جو باز پالنے والے باز کے پنجوں کے خوف سے ہاتھ میں پہنتے ہیں۔
خَتَلَهُ (ن ض) خَتْلًا و خَتَلانًا و خاتَلَهُ مُخاتَلَةً۔ فریب دینا۔ کہا جاتا ہے "خاتَلَ الصیادُ" یعنی آہستہ آہستہ چلا تا کہ شکار کو احساس نہ ہو۔ صفت (خاتِل و خَتول)
تَخاتَلُوا۔ باہم ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِخْتَتَلَ۔ لِاَسْرارِ القَوْمِ: چوری سے سننا۔
اِخْتَتَلَ الرجلَ: فریب دینا۔
الخَتَل۔ چھپنے کی جگہ۔ خرگوش کا سوراخ۔
الخَوْتَل۔ خوش طبع و دانا مرد۔
الخَتّال۔ بڑا فریبی۔ مؤنث خَتّالَة۔
خَتَمَ (ض) خَتْمًا و خِتامًا۔ الشیءَ و علیه: مہر لگانا العملَ: ختم کرنا الکتابَ: پوری پڑھ لینا الاناءَ: مٹی وغیرہ سے بند کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَتَمَ عَلَیْكَ بابَه" یعنی اس نے تم سے اعراض کیا اللہ لَهُ بالخیر: اچھا انجام کرنا علی قلبه: بے سمجھ کر دینا الزرعَ و علیه: پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔
خَتَّمَ۔ اچھی طرح ختم کرنا۔ خَتَّمَهُ: انگوٹھی پہنانا۔
اِخْتَتَمَ۔ خاتمہ پر پہنچنا۔
تَخَتَّمَ۔ الخاتَمَ بِهِ: انگوٹھی پہننا۔ کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بالعَقِیْقِ" اس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی بامرِہ: چھپانا عنه: غفلت برتنا اور چپ رہنا۔ عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بِعَمامَتِه" اس نے اپنا عمامہ باندھا۔
اِخْتَتَمَهُ۔ پورا کرنا۔
اَلْخَتْم۔ مہر۔ شہد۔
الخاتام۔ انگوٹھی۔ مہر۔ ج۔ خَواتِیم۔
الخاتَم والخاتِم۔ ج خَواتِم و خُتُم: انگوٹھی۔ مہر۔ انجام۔ گدی کا گڑھا۔ ٹانگوں کی تھوڑی سی سفیدی۔
الخاتِمة۔ الخاتِم کا مؤنث۔ انجام۔ نتیجہ ج خَواتِم و خاتِمات۔
الخَتَم۔ انگوٹھی۔
الخِتام۔ مہر لگانے کی مٹی یا ہر وہ چیز جس سے مہر لگائی جائے۔ ج خُتُم
المُخَتَّم۔ مِنَ الخیل: گھوڑا جس کی ٹانگوں میں تھوڑی سی سفیدی ہو۔
خَتَنَ (ن ض) خَتْنًا۔ الشیَٔ: کاٹنا۔ الصبیَّ: ختنہ کرنا۔ صفت مفعولی (خَتِین و مَخْتُون) عامٌ مَخْتُونٌ: خشک سال۔
و خَتَنَ الرجلَ: فریب دینا۔
خَتَنَهُ (ن) خُتُونًا و خُتُونَةً و خاتَنَهُ۔ داماد بنانا۔ خاتَنَ الرجلَ: فریب دینا۔
اِخْتَتَنَ۔ الصبیُّ: ختنہ شدہ ہونا۔
الخِتان و الخِتانة۔ ختنہ۔ الخِتانة: ختنہ کرنے کا پیشہ۔
الخَتَن۔ عورت کی طرف سے رشتہ جیسے سسر، سالہ، داماد۔ ج اَخْتان۔
الخَتَنَة۔ الخَتَن کا مؤنث۔ ساس۔
الخاتُون۔ بیگم۔ معزز عورت کا لقب۔ ج خَواتِین (کلمہ عجمی ہے)
خَتایَخْتُو خَتْوًا۔ غم یا بیماری سے شکستہ دل ہونا۔ خَتاه: روکنا۔
اَخْتیٰ۔ المتاعَ: ایک ایک کر کے بیچنا۔
اِخْتَتیٰ اِخْتِتاءً۔ مرض یا غم کی وجہ سے شکستہ دل ہونا۔
خَثَّ۔ الشَّیَٔ: جمع کرنا اور درست کرنا۔
اِخْتَثَّ۔ شرم کرنا۔
الخُثّ۔ سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ یا خشک شدہ کائی۔
الخَثّ۔ والخُثَّة۔ آگ سلگانے کیلئے چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا مٹھا۔
خَثَرَ (ن) خَثْرًا و خُثُورًا و خَثَرانًا و خَثِرَ (س) خَثَرًا و خَثُرَ (ک) و تَخَثَّرَ اللبنُ: گاڑھا ہونا۔ دہی بننا۔ صفت (خاثِر)
خَثَرَت (ض) خَثْرًا۔ نفسُ الرجلِ: جی متلانا۔ مضطرب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَیْقَظَ فلانٌ خاثِرَ النَّفْسِ" فلاں شخص بیدار ہوا اس حال میں کہ وہ سست تھا۔
خَثِرَ (س) خَثَرًا۔ شرم کرنا۔
خَثَّرَ و اَخْثَرَ۔ اللبنَ: گاڑھا کرنا۔
اَخْثَرَ الزُبدَ: مکھن کو بغیر پگھلائے ہوئے چھوڑ دینا۔ اور امثلہ عرب میں سے ہے "ما یدری اَیُخْثِرُ ام یُذِیْبُ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو متردد و متحیر ہو۔

الخاثِرَة. جماعت۔
الخُثار. دستر خوان کا باقی ماندہ۔
الخُثارَة. چیز کا باقی ماندہ حصّہ۔ دودھ کا گاڑھا گاڑھا حصّہ جو باقی رہ جائے۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ صَفْوُهُ و بَقِيَت خُثارَتُه" اس کا خالص حصّہ ختم ہو گیا اور تلچھٹ باقی رہ گیا۔
تَخَثْعَمَ. خون سے آلودہ ہونا۔
الخَثْعَمُ و المُخَثْعَم. شیر۔
الخَثْعَمَة. جانور کو ذبح کرنا اور اکٹھے ہو کر کھانا پھر اسی جانور کے خون میں خوشبو ملا کر ہاتھ ڈال کر آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا معاہدہ کرنا۔
الخَثْلَة و الخَثَلَة. مِنَ البطن: پیڑو۔ کہا جاتا ہے "طَعَنه فی خَثْلَة بَطْنِه" اس نے اس کے پیڑو پر نیزہ مارا۔ ج خَثَلات و خَثْلات. الخَثْلَة. موٹی عورت۔
خَثِم(س) خَثَما. موٹی یا چوڑی ناک والا ہونا۔ صفت (خَثِم و اَخْثَم) خَثِمَتْ اَخْلافُ النَّاقَة: اونٹنی کے تھن کا بند ہونا۔
خَثَم(ن) خَثْمًا. اَنْفَه: کچل دینا۔
خَثَّم. الشَّیْءَ: چوڑا کرنا۔
الخُثْمَة. ناک کی چوڑائی یا موٹائی۔
خَثَی(ض) خَثْیًا. البقرُ: گوبر کرنا۔
خَجَّه (ن) خَجًّا. ہٹانا۔ دفع کرنا الحَطَبَ: پھاڑنا۔ چیرنا برجله: پاؤں سے خاک اڑانا بِسَلْحِه: پاخانہ کرنا۔ ساعدہ: گٹھا ہوا ہونا المرأةَ: جماع کرنا۔
اِخْتَجَّ. الجملُ: پیچ کھاتے ہوئے تیز دوڑنا۔ ریح (خَجُوج) تیز ہوا۔
خَجَأَ(ف) خَجْأً. الرَّجُلُ: چھپ کے گھر میں داخل ہونا اللَّیْلُ: ٥: مارنا۔ المرأةَ: جماع کرنا۔
خَجِیَ(س) خَجَأً شرم کرنا۔ بیہودہ بکنا۔
اَخْجَأَه. سوال میں اصرار کرنا۔
تَخاجَأَ دیر لگانا۔
الخُجَأَة. موٹا و سست۔ بیوقوف۔
الخَجِفُ و الخَجِیف. اوچھا پن۔

خَجِلَ(س) خَجَلًا. شرم سے سرگشتہ و بے خود ہونا۔ صفت (خَجِل و خَجْلان) الثوبُ: کپڑے کے نیچے کا حصّہ پھٹنا اور کشادہ ہونا۔ النَّباتُ: بہت اور گنجان ہونا۔ صفت (خَجِل) البعیرُ بالحَمْل: بوجھل ہونا بامرہ: مشتبہ ہونا مِن کذا: زچ ہونا فی طلب الرزق: سست ہونا۔
خَجَّلَه و اَخْجَلَه. شرمندہ کرنا۔ واَخْجَلَ النَّباتُ: لمبا و گنجان ہونا۔
الخَجَل. س۔ شرم۔
خَجَی(ض) خَجْیًا. التراب بِرِجْله: پاؤں سے خاک اڑانا۔
خَجِیَ(س) خَجًا. شرم کرنا۔
خَدَّ(ن) خَدًّا. فیه الضربُ: بدھی پڑنا الارضَ: کھودنا۔
خَدَّدَ تَخْدِیدًا. لَحْمُه: دُبلا ہو کر جھری پڑنا لَحْمَه: دُبلا کرنا۔
خادَّه مُخادَّةً کام میں مزاحم ہونا۔
تَخادَّا ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
تَخَدَّدَ. لحمُه: لاغری سے جھری دار ہونا القومُ: فرقے فرقے ہونا۔
الخَدُّ. چھوٹی ندی۔ طریقہ۔ لمبا گڑھا۔ لوگوں کی جماعت۔ ج اَخِدَّة و خِداد و خِدّان. الخدُّ مِنَ الوجه: رخسارہ۔ ج خُدُود.
الخُدَّة لمبا گڑھا۔ ج خُدَد.
الاُخْدُود. لمبا گڑھا۔ ج. اَخادِید.
الاَخادِید: کوڑے کے مارنے کے نشانات۔ اور اسی سے ہے اَخادِیدُ الاَرْشِیَة فی البئر: کنوئیں میں رسّی کھینچنے کے نشانات۔
المِخَدَّة: چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسارہ رکھتے ہیں۔ سرہانہ۔ ہل کا پھار۔
المِخَدّان دونوں کچلیاں۔
خَدَبَ(ن) خَدْبًا. جھوٹ بولنا ٥ بالسَّیف: تلوار سے مارنا۔
٥ الحَیَّةُ ڈسنا۔

تَخَدَّبَ. درمیانی چال چلنا۔
الخَدَب. لمبائی۔ کہا جاتا ہے "فی لِسانِه خَدَب" اس کی زبان میں اوچھاپن اور حماقت ہے۔
اَلخَدِب و الاَخْدَب. بیوقوف۔ لمبا۔ جلد باز۔ سیفٌ خَدِبٌ: تلوار قاطع۔
طَعْنَةٌ او حَرْبَةٌ خَدِبَة و خَدْباء: سخت یا کشادہ زخم والی نیزہ کی مار۔
الخُدْبَة. لمبائی۔
الخَدّاب. بڑا جھوٹا۔ دِرْعٌ (خَدْباء) کشادہ زرہ۔ الخَدْباء: ہر وہ جانور جو کٹ کھنا ہو۔
خَدَجَتْ(ن ض) خِداجًا و اَخْدَجَتْ الدابةُ: ناتمام بچّہ گرا دینا۔ صفت (خادِج و مُخْدِج) و صفت مفعولی خَدِیج و خَدُوج و مُخْدَج) اور خَدُوج کی جمع خُدُوج و خِداج و خَدائِج. اَخْدَجَ الشیءَ: گھٹنا صلوتَه: نماز میں کچھ کمی کر دینا۔
خَدَّجَتِ النّاقَةُ: ناتمام بچّہ گرانا۔
الخِداج نقصان۔
خَدِرَ(س) خَدَرًا. العضوُ: سُن ہونا) العینُ: خارش یا تنکا پڑ جانے کی وجہ سے آنکھ کا بھاری ہونا الحَرُّ او البَرْدُ: سخت ہونا النهارُ: ہوا بند اور تیز گرمی ہونا۔
خَدَرَ(ن) خَدْرًا متحیر ہونا الظبیُ: ریوڑ سے پیچھے رہ جانا الاَسَدُ فی عرینه: ماند میں رہنا بالمکان: اقامت کرنا (وخَدَّرَ واَخْدَرَ) النبتَ: پردہ میں رکھنا خَدَّرَ واَخْدَرَ العُضْوَ: سُن و بے حس کر دینا۔
اَخْدَرَ بالمکان: اقامت کرنا مع اهله: اپنے لوگوں کے ساتھ قیام کرنا الاسدُ: جھاڑی میں رہنا الاسدَ عرینه: کچھار کا شیر کو چھپا لینا۔
تَخَدَّرَ واِخْتَدَرَ چھپنا۔
الخادِر سست کاہل۔ حیران۔
الخِدْر. پردہ جو لڑکی کے لیے مکان کے گوشہ میں لگا دیا جائے۔ لڑکی کیلئے مکان کا

مخصوص حصہ۔ شیر کی جھاڑی۔ رات کی تاریکی ج اَخدار و خُدُور جج اَخادیر.
الخَدَر. عضو کی بے حسی۔ کاہلی، سستی۔ تاریکی۔ اندھیری جگہ۔
الخَدِر. بے حس عضو والا۔ لَیْلٌ خَدِرٌ: تاریک رات۔ مکانٌ خَدِرٌ: پوشیدہ اندھیری جگہ۔ نہارٌ خَدِرٌ: نمناک دن۔
الخِدار. شیر کی جھاڑی۔
الخُدْرَة. سخت تاریکی۔
الاَخدَر والخُدارِیُّ. تاریک رات
الخُدارِیُّ. کالا بادل۔
الخُدَارِیَّة. عقاب۔
الاَخدَر والخُدرِیُّ والاَخدَرِیُّ. ایک قسم کا جنگلی گدھا۔
هَوْدَجٌ (مَخْدُوْر) پردہ پڑا ہوا ہودہ۔
الخَدَرْنی. مکڑی۔
الخَدَرْنَق. نر مکڑی۔ اور بقول بعض بڑی مکڑی۔ ج خَدَارِن.
خَدَشَہ (ض) خَدْشًا و خَدَّشَہ. خراش لگانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ عیب لگانا۔
الخَدْش. س۔ خراش۔ ج خُدُوْش و خِداش واَخداش.
الخَدُوش. بہت خراش لگانے والا۔ پسو۔ مکھی۔
المُخادِش والمُخَدِّش. بلی۔
المُخَدَّش. انسان کی گردن میں کٹنے کی جگہ۔
خَدَعَہ (ف) خَدْعًا و خِدْعًا. دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ الضَّبُّ فی جُحرہ: بداخل ہونا۔ المطرُ: کم ہونا۔ الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا۔ داد و دہش سے رُکنا۔ السوق: بازار کا ماند پڑنا۔ رائج ہونا (ضد) الامورُ: مختلف ہو جانا۔ الشمسُ: غائب ہونا۔ الطریقُ: غیر معلوم ہونا۔
الشئُ: خراب ہونا۔ الثوبَ: موڑنا۔
الرجلَ: اخدع رگ کاٹ دینا۔
اَخدَعَہ. دغا بازی پر اکسانا۔ الشئَ: چھپانا پوشیدہ کرنا۔
خادَعَہ مُخادَعَةً و خِداعًا و اِختدَعَہ و تَخَدَّعَہ. دھوکا دینا۔ خادَع العینُ: دیکھی ہوئی چیز میں شک ڈالنا۔ تَخَدَّع ل: بتکلف مدد کرنا۔
تخادَع. فریب خوردہ ظاہر کرنا۔ القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِنْخَدَع. فریب خوردہ ہونا۔ دھوکے پر راضی ہونا۔ بہ: دھوکا کھاجانا۔ السوقُ: بازار کا ماند پڑ جانا۔
الخَدِیْعَة. ج خَدائع و (الخُدْعَة والخِداع) فریب۔ دھوکا۔ مکر و حیلہ۔
الخُدَعَة. لوگوں کو دھوکا دینے والا۔
الخُدَعَة والخَدّاع والخَیدع. بہت دھوکا دینے والا۔ سَنَة خَدّاعَة: کم پیداوار والا سال۔
الخادِع. فا. طریقٌ خادِعٌ راستہ جو کبھی ظاہر ہو اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ دینار خادِعٌ: کھوٹا دینا۔
الخادِعَة. مؤنث۔ بڑے دروازہ میں چھوٹا دروازہ۔ مکان کے اندر کوٹھری۔
الاَخْدَع. اسم تفضیل۔ الاَخْدَعان: گردن کی دونوں پہلوؤں پر دو پوشیدہ رگوں کا نام اور کہا جاتا ہے "لا قیمنّ اَخداعیكَ" میں تمہارے تکبر کو دور کردوں گا۔ و "فلانٌ شَدِیدُ الاَخْدَع" فلاں بڑا گردن کش ہے۔ ج اَخادِع.
الخَیْدَع. وہ شخص جس کی دوستی پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ راستہ جو مقصد کے مخالف ہو۔ چمکتی ہوئی ریت۔ فریب دینے والا بھیڑیا۔
الخَدُوْع. بہت فریب دینے والا۔
طریقٌ خَدُوْعٌ: راستہ جو کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ ج خُدُع.
المَخدَع والمُخدَع والمِخدَع. کوٹھری جو بڑے کمرہ کے اندر ہو۔ ج مَخادِع.
المُخَدَّع. تجربہ کار جو بار بار دھوکا کھا چکا ہو۔
الخَدْعُوْنَة. کدو کا ٹکڑا۔
خَدَفَ (ض) خَدْفًا. تیز چلنا۔
خَدَفَت السماءُ بالثلج: برف گرانا (واختدف) الشئَ: اُچک لینا۔
الخَدْف. س۔ کشتی کا چپوار۔
خَدِلَت (س) خَدَلًا و خَدالَة و خُدُوْلَة. لساق: پُر گوشت ہونا۔
ساقٌ خَدلَة پُر گوشت پنڈلی۔
خَدَمَہ (ض ن) خِدْمَة و خَدْمَة. خدمت کرنا۔ صفت (خادم) ج خُدّام و خَدَم مؤنث خادِم و خادِمَة.
اَخدَمَہ. خادم دینا۔
خَدَّم الرجلُ اِمرأتَہ: پازیب پہنانا۔
تَخَدَّمَہ. خدمت لینا۔ خادم بنانا۔
اِختَدَم. اپنی خدمت کرنا ہ: خادم مانگنا۔ خادم بنانا۔
اِستَخدَمَہ. خادم بنانا الرجلَ: خادم مانگنا۔
الخَدَمَة. وقت خواہ دن کا ہو یا رات کا۔
الخَدَمَة. پازیب۔ پنڈلی۔ لوگوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فَضَّ اللّٰہُ خَدَمَتَھُم" اللہ ان کی جماعت کو متفرق کر دے۔
(والخِدامَة) حلقہ کی مانند مضبوط چمڑے کا موٹا تسمہ جس کو اونٹ کے گٹے پر باندھا جاتا ہے۔ ج خَدَم و خِدام و خَدَمات
الخادِمِیَّة. نوکری۔
المَخدُومِیَّة. آقائی۔
الخَدّام. نوکر۔
الخِدِیْم. نوکر۔ غلام۔
الاَخدَم. گھوڑا جس کے پیر کی سفیدی کم ہو کر کھر کے کچھ اوپر گول سا ہو۔ مؤنث خَدْماء.
الخَدْماء: بکری جس کی ایک ٹانگ سفید اور باقی سیاہ ہوں۔
المَخدُوْم. مفع آقا۔ مولیٰ۔ کتاب مَخدُوْم: وہ کتاب جس کی بکثرت شروح و حواشی ہوں۔
المُخَدَّم والمُخَدَّمَة. پازیب پہننے کی

جگہ۔ تسمہ۔ عورت کے پاجامہ میں نیچے باندھنے کا دھاگا۔ قوم مُخَذَّمُونَ: بہت نوکر چاکر والے لوگ۔

خَادَنَہ مُخَادَنَۃً. دوستی کرنا۔ ساتھی بننا۔

الخِدْن. دوست۔ یار، ساتھی (مذکر و مؤنث) ج اَخْدَان.

الخَدِین: دوست، یار، ساتھی۔

الخُدَنَة. لوگوں سے بہت دوستی کرنے والا۔

خَدیٰ (ض) خَدْیًا و خَدَیَانًا. الفرسُ ام البعیرُ: تیز دوڑنا۔

اَخْدیٰ اِخْدَاءً. آہستہ آہستہ چلنا۔

الخَدَا. کیڑا جو گوبر میں سے نکلتا ہے۔ واحد (خَدَاۃ)

الخُدَیوِیُّ. عزیز مصر کا لقب۔ فارسی لفظ ہے بمعنی بادشاہ۔ وزیر۔ سردار۔

خَذَأ وخَذِیَ (س) خَذْأً و خُذُوءًا وخَذَاءً واسْتَخْذَأَ. لَهٗ: فروتنی کرنا۔ تابعدار ہونا۔

اَخْذَاہ. ذلیل کرنا۔ تابع بنانا۔

الخَذَأ. نفس کی کمزوری۔

خَذَّ (ن) خَذِیْذًا. الجُرحُ: پیپ بہنا۔

الخُذْرَۃ. پھرکی۔

خَذْرَفَ. جلدی چلنا ہٗ بالسیف: جسم کے اطراف کاٹنا الاناءَ: بھرنا۔

تَخَذْ رَفْتَہٗ. النویٰ: پھینک دینا۔

تَخَذْرَفَ الثوبُ: پھٹنا۔

الخُذْرُوْف. تیز چلنے والا۔ پھرکی۔ اس کو خَرَّارَہ بھی کہتے ہیں۔ اُونٹوں کا گلہ۔ اُونٹ جو گلہ سے علیحدہ ہو گیا ہو۔ "تَرَكَتِ السیوفُ راسَہ خَذَارِیْفَ" تلواروں نے اس کے سر کو ٹکڑے کر دیا۔ رجل (مُتَخَذْرِف) اچھے اخلاق والامرد۔

خَذَعَ (ف) خَذْعًا وخَذَّعَ. اللحمَ او القرعَ: بغیر جدا کئے ہوئے قاشیں تراشنا۔

تَخَذَّعَ. کٹنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوا خِذَعَ مِذَعَ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

الخُذْعَۃ. زمین وغیرہ کا ٹکڑا۔

الخَذِیْعَۃ. ایک قسم کا کھانا جو قیمہ سے تیار کیا جاتا ہے۔

المِخْذَعَۃ. چھری۔

الخَیْذَعُ. عیب۔

خَذْعَبَ و خَذْعَلَ. البِطِّیْخَ و نحوہ: پھانکیں کرنا۔

الخُذْعُوبَۃ والخُذْعُوْلَۃ. پھانک۔ قاش۔

خَذَفَ (ض) خَذْفًا. بالحصاۃ و نحوھا انگلیوں سے پھینکنا۔ گوپھن سے پھینکنا۔

تَخَاذَفَتْ. عیناہ بالدموع: جلدی آنسو بہانا۔

الخُذَّافَۃ. دُبر۔

المِخْذَفَۃ. گوپھن۔ غلیل۔

الخَذُوْف. مِنَ الدَّوَابِّ: تیز رفتار جانور جو دوڑنے میں کنکری اُڑائے یا جو چلنے میں پیروں کو پیٹ تک اُٹھائے۔ ج خُذُف۔

الخَذَفَان. تیز رفتاری۔

خَذَقَ (ن ض) خَذْقًا. الدابۃ: تیز چلنے کیلئے چھونا البازی: بیٹ کرنا۔

الخَذْق. گوبر۔ لید۔

خَذَلَ (ن) خَذْلًا و خُذْلَانًا و خِذْلَانًا. فلانًا و عنہ: مدد چھوڑنا۔ صفت (خَاذِل) ج خُذَّل صفت مفعولی (مَخْذُوْل) ج مَخَاذِیْل. خذلتِ الظَّبْیَۃُ: ریوڑ سے علیحدہ ہو جانا۔ صفت (خَاذِل و خُذُول)

(خَذَّلَ عنه اَصْحَابَه: مدد چھوڑنے پر اُکسانا۔ ہٗ: پسپائی اور ترک جنگ پر آمادہ کرنا۔

خَاذَلَہ مُخَاذَلَۃً. مدد چھوڑنا۔

تَخَاذَلَ. القومُ: باہم مدد چھوڑنا۔ رِجْلَاہُ: ٹانگوں کا کمزور ہونا۔

الخُذَلَان. زیادہ مدد چھوڑنے والا۔

الخُذَلَۃ. وہ شخص جس کی مدد ہمیشہ چھوڑ دی جائے۔

الخُذُوْل. بہت مدد چھوڑنے والا۔

رجلٌ خُذُوْلُ الرجل: وہ مرد جس کی ٹانگوں نے کمزوری یا کسی آفت یا نشہ کی وجہ سے جواب دے دیا ہو۔

خَذَمَ (ض) خَذْمًا وخَذَّمَ. الشیءَ: جلدی سے کاٹنا۔

خَذِمَ (س) خَذَمًا. نشہ میں ہونا۔ صفت (خَذِیم) کٹنا۔

خَذِمَ (س) خَذَمًا. تیز چلنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اَخْذَمَ. ذلت کا اقرار کرنا ہٗ الشرابُ: مست کر دینا۔

تَخَذَّمَ. الشیءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ الشیءَ: تکلف سے کاٹنا۔

اِخْتَذَمَ. قاطع ہونا الشیءَ کاٹنا۔

الخَذُوْم ج خُذُم و (الخَذِم والمِخْذَم والمُخَذَّم) مِنَ السیوف: کاٹنے والی تلوار۔

الخُذَامَۃ. چیز کا ٹکڑا۔

المِخْذَم. کاٹنے کا اوزار۔

خَذَا (ن) خَذْوًا وخَذِیَ (س) خَذًی ڈھیلا ہونا لحمُہ: گھٹا ہونا الاذنُ: لٹکتا ہوا ہونا۔

اِسْتَخْذیٰ. تابعدار ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔

الاَخْذیٰ. ڈھیلے کان والا۔ اذنٌ (خَذْوَاء) لٹکے ہوئے کان۔

خَرَّ (ن ض) خَرِیْرًا. الماءُ او الریحُ: پانی کے بہنے اور ہوا کے چلنے میں آواز ہونا۔ صفت (خَرَّار) النائمُ: خراٹے لینا۔

خَرَّ (ن ض) خَرًّا و خُرُورًا. اُوپر سے نیچے گرنا خَرَّ لِلّٰهِ سَاجِدًا. سجدہ میں گر پڑنا لِوَجْهِہٖ گرنا الرَّجُلُ: مرنا علیہ: غیر معلوم جگہ سے اچانک آپڑنا۔

اَخَرَّہٗ اِخْرَارًا. گرانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ بالسَّیْفِ فَاَخَرَّہٗ" اس نے اسے تلوار مار کر گرا دیا۔

اِنْخَرَّ. ڈھیلا ہونا۔

الخُرُّ. کان کی جڑ۔ زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب شگاف ڈال دے۔ ج خِرَرَۃ

(والخُرِّيُّ) چکی کا سوراخ۔

الخَرُوْر. بلی کی آواز۔ جگہ جس میں پانی اور گڑھے ہوں۔

الخَرِيْر. مص۔ سونے والے کا خراٹا۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست جگہ۔ ج اَخِرَّۃ.

الخَرَّار. بہت خراٹے لینے والا۔ مؤنث خَرَّارۃ. الخَرَّارۃ: پھرکی۔

خَرِئَ (س) خَرْأً و خِرَاءَۃً وخَرَاءَۃً وخُرُوْءاً. پاخانہ کرنا۔ بیٹ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرِئَتْ بَيْنَهُم الضبعُ" یعنی ان کے درمیان دشمنی ہوگئی۔

الخُرْء. ج خُرُوْء و (الخِراء) پلیدی۔ پاخانہ۔ بیٹ۔

المَخْرَاۃُ والمَخْرَاۃُ والمِخْرَاۃُ. پاخانہ کی جگہ۔ ج مَخَارِی.

خَرِبَ (س) خَرَبًا و خَرَابًا. البیتُ: اُجاڑ ہونا۔ صفت (خَرِب) مؤنث خَرِبَۃ. (خَرَبًا) الرَّجُلُ: پھٹے ہوئے یا چھدے ہوئے کان والا ہونا۔ صفت (اَخْرَب) مؤنث خَرْبَاء. ج خُرْب.

خَرَبَہٗ (ض) خَرْبًا. ڈھانا۔ ہلاک کرنا۔ پھاڑنا۔ سوراخ کرنا۔

خَرَبَ (ض) خِرَابَۃً و خَرَابَۃً و خَرْبًا و خُرُوْبًا. چور ہونا۔ صفت (خَارِب) ج خُرَّاب.

خَرَّبَ. البَيْتَ: ویران کرنا۔ ڈھانا المزادۃ: سوراخ کرنا۔

اَخْرَبَ. البيتَ: غیر آباد کرنا المكانُ: خالی ہونا۔

تَخَرَّبَ. الدُوْدَۃُ الشجرۃَ: سوراخ کرنا۔

اِسْتَخْرَبَ. الرَّجُلُ: مصیبت سے شکستہ دل ہونا اِلَيْهِ: مشتاق ہونا السَّقَاءُ: سوراخ دار ہونا۔

الخَرِب. ویران جگہ۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "هو خَرِبُ العِظَامِ" یعنی اس کی ہڈیوں میں گودا نہیں ہے۔ "وهُوَ خَرِبُ الجَوْفِ" یعنی وہ خالی پیٹ بھوکا ہے۔ "وهُوَ خَرِبُ الامَانَۃِ" یعنی وہ امانت دار نہیں ہے۔ رجلٌ (خِرِبَّان) بزدل مرد۔

الخُرب والخُرَّابَۃ والخُرْبَۃ. سرین کا گڑھا۔ سوئی کا ناکہ اور بقول بعض ہر گول سوراخ جیسے کان کا سوراخ۔ ج خُرُوب واَخْرَاب وخُرُوْب.

الخُرْب والخَرْبَۃ والخُرْبَۃ. چرواہے کا تھیلا۔ دین کی خرابی۔

الخُرْبَۃ. چھلنی۔ عیب۔ لغزش۔ باعث شرم چیز۔ دینی خرابی۔ کہا جاتا ہے "هو صاحبُ خُرْبَۃ" یعنی اس کے دین میں خرابی ہے اور اسی سے ہے "لحی الله ادنانا الیٰ کل خُرْبَۃ" اللہ تعالیٰ لعنت کرے کہ اس نے ہم کو دین کی ہر خرابی کے قریب کر دیا۔ "وما رَأَيْنَا مِنْ فلانٍ خُرْبَۃً فی دِيْنِہٖ" ہم نے فلاں کے دین میں کوئی خرابی نہیں دیکھی۔ ج خُرَبات.

الخَرْبَۃ والخَرِبَۃ. ویران جگہ۔ ج خَرِبات و خِرَب و خَرِب وخَرَائِب

الخِرْبَۃ: چور کی ہیئت۔

الخَرَاب. ویران۔ ج اَخْرِبَۃ و خِرَاب.

خَرَّابَۃ و خُرَّابَۃ. الإِبْرَۃ: سوئی کا ناکہ۔

الخَرُّوْب والخَرْنُوْب. ایک درخت کا نام واحد خَرُّوْبَۃ وخَرْنُوْبَۃ.

التَخَارِيْب. بھڑوں کے چھتے کے سوراخ۔ شہد کے چھتے کے سوراخ جس میں مکھیاں شہد جمع کرتی ہیں۔ اس کا مفرد تُخْرُوْب ہے (صحیح نخاریب بالنون ہے)

الخُرْبُد. کھٹا جما ہوا دودھ۔

الخِربِز. خربوزہ۔

خَرْبَشَ. خَرْبَشَۃَ الكتابَ اوالعملَ: بگاڑنا۔

خَرَابِيْشُ. الخطِّ: تحریر جو بگاڑی گئی ہو۔

خَرْبَصَ. الاشياءَ. الگ الگ کرنا المالَ: لے کر چیت ہو جانا۔

الخَرْبَصَۃ. جوان و پرگوشت عورت۔

خَرْبَقَ. چلنے میں جلدی کرنا الشَّیَٔ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا العملَ: بگاڑنا۔ الثوبَ: پھاڑنا النبتُ: ایک دوسرے سے متصل ہونا۔

الخَرْبَق. ایک قسم کی گھاس جس کی پتیاں بارتنگ کے مشابہ ہوتی ہے اور دو قسم کی ہوتی ہیں سیاہ و سفید۔

اِخْرَنْبَقَ. سر جھکانا۔ زمین سے چپٹنا۔

خَرَتَ (ن) خَرْتًا. الاُذُنَ: سوراخ کرنا الارضَ: راستوں سے واقف ہونا۔

خَرِتَ (س) خَرَتًا. ہوشیار راہبر ہونا۔

الخَرْت والخُرْت. سوئی وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "اَضْيَقُ مِنْ خَرْتِ الاِبْرَۃِ" و "اِجْعَلِ العُوْدَ فِي خَرتِ الفَاسِ" سینہ کے نزدیک ایک چھوٹی ہڈی۔ ج اَخْرَات وخُرُوت ذئبٌ خُرْت: تیر بھیڑیا۔

الخِرِّيْت. ماہر راہبر جو جنگل و بیابان کے مخفی راستوں سے بھی واقف ہو۔ ج خَرَارِيْت و خَرَارِت.

المَخْرَت. واضح راستہ۔

المَخْرُوْت. سے۔ پھٹے ہوئے کان یا ناک یا ہونٹ والا۔

الخَرْثَاء. بڑی کوکھ والی اور ڈھیلے گوشت والی عورت۔

الخَرْثَاء. سرخ چیونٹی۔

الخُرْثِيُّ. ردی و گھٹیا سامان۔ خُرْثِيُّ الكلامِ: بے فائدہ گفتگو۔

خَرَجَ (ض) خُرُوْجًا و مَخْرَجًا. مِن موضعہ: نکلنا فی العِلمِ: فائق ہونا بہ: نکالنا علیہ: جنگ کیلئے نکلنا الرَّعِيَّۃُ علی المَلِكِ: سرکشی و بغاوت کرنا الیٰ فلانٍ مِن دَيْنِہٖ: ادا کر دینا۔

خَرَّجَہٗ. مِنَ المكانِ: نکالنا الارضَ: خراج مقرر کرنا المسئلۃَ: مسئلہ کی توجیہ کرنا۔ الوَلَدَ فِي الاَدَبِ: مہذب و تجربہ کار بنانا العملَ: ایک دوسرے کے مخالف مختلف قسم کے کر دینا۔ الغلامُ اللوحَ: کچھ لکھنا اور کچھ

چھوڑ دینا الرَّاعِیَۃُ المرتعَ کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔

اَخْرَجَ. الشَّیْئَ: نکالنا الرجلَ: خراج ادا کرنا الرَّاعِیَۃُ المرتعَ: کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔

خَارَجَ. السَّیِّدُ عَبْدَہ: ہر مہینہ رقم معین کی ادائیگی کا معاملہ کرنا۔

تَخَارَجَ. الشُّرَکَاءُ: آپس میں تقسیم کرنا۔

تَخَرَّجَ. الوَلَدُ فِی الْاَدَبِ: تربیت یافتہ ہونا۔ صفت مُتَخَرِّج.

اِخْتَرَجَ. الشَّیْئَ: نکالنا۔ استنباط کرنا۔ ایجاد کرنا فلانًا: نکلنے کو کہنا۔

اِخْرَجَّ واخْرَاجَّ. الحیوانُ: سیاہ و سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (اَخْرَج) مؤنث خَرْجَاءُ.

اِسْتَخْرَجَ. الشَّیْئَ: استنباط کرنا ہ: نکلوانا المسئلۃ: حل کرنا اُسْتُخْرِجَتِ الارضُ: کھیتی کے قابل ہونا۔

الخَرْجُ. خراج۔ بعضوں کے نزدیک خَرْج اور خَرَاج میں فرق ہے۔ خرج وہ ہے جو انسان کے عوض میں ہو اور خراج عام ہے۔ خرج اول اول گھرتے وقت کا بادل۔ ج اَخراج.

الخَرْجَۃ خروج کا اسم مرۃ۔ جھروکا۔

الخُرْج خرجی۔ ج خِرَجَۃ.

الخَرَاج. مثلثۃ الخاء: زمین کا محصول۔ جزیہ۔ ج اَخْرَاج و اَخْرِجَۃ ج آخاریج.

الخُرَاج پھوڑا پھنسی۔ واحد (خُرَاجَۃ) ج خُرَاجَات.

خَرَّاج وَلَّاج وخُرَجَۃ وُلَجَۃ: بہت نکلنے والا۔ بہت داخل ہونے والا۔ بڑا ہوشیار۔ حیلہ گر۔

الخَارِج ہر چیز کا ظاہر۔ نکلنے والا۔

الخَارِجَۃ الخارج کا مؤنث۔ ج خَارِجَات و خَوَارِج. الخَوَارِج: باغی لوگ۔ جماعت سے نکلے ہوئے لوگ۔

الخَارِجِیُّ بیرونی۔ وہ شخص جو بذات خود سرداری حاصل کرے بغیر اس کے کہ پہلے سے اس کے خاندان میں سرداری ہو یا ایسا شخص جو دلیر اور باپ اس کا بزدل ہو اور اسی طرح اس گھوڑے کو بھی کہا جاتا ہے جو سابق ہو جائے اور اس کے ماں باپ ایسے نہ ہوں۔ بادشاہ کا باغی۔ جماعت کا مخالف۔ مذہب خوارج کا معتقد۔

الخَارِجِیَّۃ الخارجی کا مؤنث۔ وہ منصب جس کے تعلقات دوسری حکومتوں سے ہوں۔

المُخَرَّج والخِرِّیْج والمُتَخَرِّج تربیت یافتہ۔

الخُرُوج مص۔ یوم الخروج عید کا دن۔ قیامت کا دن۔

المَخْرَج مص۔ نکلنے کی جگہ۔ پائخانہ کا مقام۔ ج مَخَارِج. والمخرج عند القراء والصرفیین جُنہ سے حروف نکلنے کی جگہ۔

المُخْرَج مص نکلنے کی جگہ۔

خَرْخَرَ. النائمُ: خراٹے لینا النمرُ او السنورُ: آواز کرنا۔

تَخَرْخَرَ. بطنُہ بڑے ہونے کی وجہ سے پیٹ کا ہلنا۔

الخَرْخَر پانی بہنے یا ہوا چلنے کی آواز۔

الخَرْخَار کثرت سے بہتا ہوا پانی۔

خَرِدَت(س) خَرَدًا و تَخَرَّدَت الجَارِیَۃُ: باکرہ ہونا۔ دوشیزہ ہونا۔

خَرِدَ و اَخْرَدَ. الرَّجُلُ: زیادہ خاموش رہنے والا ہونا۔ کم گفتگو ہونا۔ ذلت کی وجہ سے شرم کرنا۔ اَخْرَدَالی اللھو: مائل ہونا۔

الخَرِیْد والخَرِیْدَۃ والخَرُوْد. باکرہ دوشیزہ۔ شرمیلی۔ زیادہ خاموش رہنے والی لڑکی۔ ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد. صوت خَرِیْدٌ: نرم آواز جس میں شرم و حیا کی آمیزش ہو۔ لؤلؤۃ خریدۃ: ناسفتہ موتی۔

الخَرِیْدَۃ ناسفتہ موتی۔ ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد.

الخُرْدَۃ معمولی اسباب تجارت۔

الخُرْدِی خردہ بیچنے والا۔ معمولی تاجر۔ بساطی۔

خَرْدَقَ. العمل بگاڑنا۔ کلمہ عامیہ ہے۔ فصیح خَرْبَقَ ہے۔

الخُرْدُق چھرہ ج خَرَادِق (دخیل)

خَرْدَلَ. الطعامَ: اچھا حصہ کھانا اللحمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔

الخَرَادِل گوشت کے ٹکڑے۔

لحمٌ (خَرَادِیلُ) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا گوشت۔

الخَرْدَل رائی۔ واحد (خردلۃ)

خَرَزَ(ن ض) خَرْزًا. الجلدَ: بتالی سے سینا۔

خَرِزَ(س) خَرَزًا: کمزوری کے بعد مضبوط کرنا۔

الخَرَز پوتھ جس کو لڑی میں پرو لیا جائے۔ شیشہ کے چھدے ہوئے دانے ز پتھر کے نگ واحد (خَرَزَۃ) خَرَزَۃ الظہر ریڑھ کی ہڈی کے منکے۔ خَرَزَات الملک شاہی تاج کے جواہر۔

الخُرْزَۃ سوراخ اور اس کا دھاگا۔ ج خُرَز.

الخِرَازَۃ موچی کا پیشہ۔

الخَرَّاز موچی۔

طائر (مُخَرَّز) پرندہ جس کے بازوؤں پر نقطے ہوں۔

المِخْرَز بتالی۔ ج مَخَارِز.

خَرِسَ(س) خَرَسًا گونگا ہونا۔ خَرْسًا: منکے سے پینا۔

اَخْرَسَہُ اللّٰہُ: گونگا کرنا۔ اَخْرَسَتِ الارضُ واسْتَخْرَسَت ناقابل زراعت ہونا۔

خَرَّسَ. علی النفساء: زچہ کو اس کی خوراک کھلانا۔

تَخَارَسَ گونگا بننا۔

تَخَرَّسَتْ. النفساءُ: زچہ کو اپنے لئے کھانا تیار کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "تَخَرَّسِی یا نفس لا مُخَرِّسَۃ لَکِ" یعنی تو اپنا کام خود ہی کر کوئی اور کرنے والا نہیں۔

الخُرْس والخِرَاس بچے کی پیدائش کا

کھانا۔
الخُرْسَة والتَخرِسَة. زچہ کا کھانا۔ اچھوانی۔
الخَرس والخِرس. مٹکا۔ ج خُرُوس
الخِرس: ناقابل زراعت زمین۔
الخَرّاس. مٹکا بنانے والا یا بیچنے والا۔
الخَرُوس. زچہ کہ جس کے لئے اچھوانی تیار کی جائے۔
الاَخرَس. گونگا۔ ج خُرس و خُرسَان و اَخارِس مؤنث خرساء. لَبَن اَخرس: جما ہوا دودھ کہا جاتا ہے۔ "ولّانی عُرضًا اَخرَسَ اَمرَس" یعنی اُس نے مجھ سے منہ پھیر لیا اور گفتگو نہیں کی۔
الخَرْساء. مصیبت۔ بغیر گرج و چمک کے بادل۔ رَجُلٌ (خَرِس) رات کو نہ سونے والا مرد۔
خَرشَهُ (ض) خَرشًا و خَرَّشَهُ و خارَشَهُ مُخارَشَةً و خِراشًا واِختَرَشَهُ. خراش لگانا ہ الذبابُ: کاٹنا۔ خَرَشَ و خَرَّشَ الغصنَ: ٹہنی کو ڈنڈے سے کھینچنا۔ خارَشَ الکلبُ: برانگیختہ کرنا۔ خَرَش واختَرَش لِعیَالِهِ: بال بچوں کے لئے کمائی کرنا۔
اِختَرَشَتِ الجِراءُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ خارَشه الشَّیَّ واختَرش منه الشَّیء: زبردستی لے لینا۔
تَخارَشَت. الکلابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور نوچنا۔
الخَرْش. کھمی۔ واحد (خَرْشَة) گھر کا ردی سامان۔ ج خُرُوش.
الخُراشَة. برادہ۔
الخِرْشاء. سانپ کی کینچلی۔ انڈے کا چھلکا۔ غبار۔ خِرْشاء العَسَلِ: موم۔ شہد کہ جس میں مُردہ کھیاں پڑی ہوں۔ ج خَراشِیّ.
المِخْرَش والمِخْراش. مڑے ہوئے سر کا ڈنڈا۔ عوام اس کو بَعْكُوزَة کہتے ہیں۔
خَرْشَبَ. العملَ: کام کو اچھی طرح نہ کرنا۔
الخَرْشَعَة. پہاڑ کی چھوٹی چوٹی۔ ج خَرْشَع و خَراشِع.
الخَرْشَفَة. گفتگو کی گڑبڑی۔ حرکت۔ (والخِرشاف) سخت زمین کہ جس میں چلنا دشوار ہو۔
الخَرْشُوف. ایک قسم کی نباتات۔
الخَرْشُوم. وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی پہاڑ کی نوک۔ بڑا پہاڑ۔ ج خَراشِیم.
خَرَصَ (ن ض) خَرْصًا. جھوٹ بولنا۔ فی الامر: اٹکل سے کہنا۔ قیاس کرنا۔ اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَصَ النخلَة" اس نے درخت خرما کے پھلوں کا اٹکل سے اندازہ کیا۔
خَرَصَ (ن) خِراصَةً. الشَّیءَ: درست کرنا۔
خَرِصَ (س) خَرَصًا. بھوک و سردی والا ہونا۔ صفت (خَرِصٌ و خارِص)
تَخَرَّصَ واِختَرَص. تہمت لگانا۔ جھوٹ بولنا۔ توشہ دان میں رکھنا۔
الخَرْص. اندازہ۔ تم کہتے ہو "کم خرص ارضك" تمہاری زمین کا کیا اندازہ ہے۔ توشہ دان۔ چھوٹا نیزہ۔ بھالا۔ مٹکا۔ ٹوکری۔
الخِرْص والخُرْص. ج خِرْصان و خُرْصان. سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ ج خِراص و اَخراص: درخت خرما کی شاخ۔
الخُرْص والخُرُص والخُرَص. شہد نکالنے کی لکڑی۔ جا خراص۔
الخُرْصَة. حصہ۔ زچہ کا کھانا۔
الخَرِيص. ٹھنڈا پانی۔ درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ پانی۔ نہر کی ایک جانب۔
الخَرَّاص. جھوٹا۔
المِخْرَص. نیزہ۔ ج مَخارِص.
خَرَطَ (ن ض) خَرْطًا. الوَرَقَ: ہاتھ سے مار کر پتے جھاڑنا العنقودَ: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا الشجرَةَ: کھینچ کر پتے جھاڑنا العُودَ: خراد سے ہموار کرنا الحَدیدَ: عمود کی مانند لمبا کرنا۔ الجَواهرَ: تھیلے میں جمع کرنا البازیَ: شکار پر چھوڑنا الرَّجلَ: فی الامرِ: کسی کام میں لگانا الرَّجُلَ: جھوٹ بولنا الدَّلْوَ فی البئرِ: لٹکانا الابلَ فی الرعی: چرنے کے لئے چھوڑنا جاریتَهُ: جماع کرنا بِاستِهِ: گوز کرنا عبده علی النَّاس: ایذا رسانی کیلئے مقرر کرنا۔
خَرَّطَهُ (ن) و خَرَّطَهُ. الدواءُ: اسہال لانا۔
خَرِطَت (س) خَرَطًا و اَخرَطَت. الشاةُ و النَاقَةُ: بکری یا اُونٹنی کو خرط کی بیماری لاحق ہونا خَرِط بالطَّعام: پھندا لگنا۔
تَخَرَّطَ. فی الامور: دلیری و خودسری کرنا۔
اِنخَرَطَ. الجسمُ: لاغر ہونا۔ اِنخَرطَت الخَرَزَة فی السِّلك: پرویا جانا۔ اِنخَرَطَ فی المَكانِ: جلدی سے داخل ہونا مِن: نکلنا الصقر: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔
بطنُ الانسان: پیٹ چلنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِنخَرَطَ عَلَینا بالقبیح" وہ ہمارے اُوپر فحش گوئی کے ساتھ متوجہ ہوا۔
اِختَرَطَ. السیفَ: سونتنا العنقودَ: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا۔
اِستَخرَطَ. فی البکاء: پھوٹ پھوٹ کے رونا۔
الخَراط. خراد کا کام کرنے والا۔ بڑا جھوٹا۔
الخَرَط. سارے جسم کی کمزوری۔ جانوروں کی ایک بیماری جو ان کے تھن میں ہوتی ہے اور اس سے جما ہوا دودھ نکلتا ہے۔
الخَرُوط. منہ زور جانور۔ ج خُرُط. بے عقلی و نادانی سے کاموں میں دخل دینے والا۔
الخِراطَة. خراد کے کام کا پیشہ۔
الخُراطَة. برادہ۔
الخَرِيطَة. تھیلا۔ مُلک کا نقشہ۔ اٹیلس۔ خَرِيطَه کو خارِطَه بھی کہتے ہیں اور عربی مُصَوَّر یا مُخَطَّط ہے۔
اَلخَرطَالُ انگوری جس کو جانور کھاتے ہیں اور امریکی لوگ اس کا مشروب پیتے ہیں۔

المخروط. وہ بکری یا اُونٹنی جس کو خرط کی بیماری لاحق ہو۔ ج مَخارِيط.
المِخرَطة. خراد کرنے کا اوزار۔ ج مَخارِط.
المَخرُوط. سخ۔ کم داڑھی والا۔ لمبا چہرہ جس میں عرض کم ہو
بئر مخروطة: تنگ مُنہ کا کنواں۔
الخِرطِيط. منقش پروں والا پروانہ۔ ج خراطِيط.
الخُرطُوم والخُرطُم. سونڈ۔ جلدی نشہ لانے والی شراب۔ انگور کا پانی جو ملنے سے پہلے نکلے۔ خراطيم القوم: سردارانِ قوم۔
خَرطَمه. سونڈ پر مارنا۔
اِخرَنطَم. ناک بلند کرنا۔ غضبناک ہونا۔ تکبر کرنا۔
الخَرطُون: زمین کے اندر بسنے والا کیڑا جو کہ زمین کو زراعت والی بنانے میں فائدہ مند ہے۔
خرَعه (ف) خَرعًا. پھاڑنا۔
خرِعَ (س) خَرعًا. الشئ: ٹوٹنا۔
وانخرع و تخرَّع. الرَّجلُ: سست ہونا۔ ناقص رائے ہونا۔ کمزور جسم ہونا۔
انخرعت القناة: پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
خرُعَ (ک) خَراعَةً و خُرعًا و خُرُوعًا. ڈھیلے جوڑوں والا ہونا۔ صفت خَرِعٌ و خَرِيعٌ.
خَرَّعَ. الثوبَ: عصفر (کسم) سے رنگنا۔
اِختَرَعَ. الشَّئ: پھاڑنا۔ پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا اور اس سے (الخرعة) ہے۔
فلانًا: خیانت کرنا۔ دھوکا دینا۔
الدابة: دوسرے کے جانور کو چند دن کام میں لانا اور پھر واپس کر دینا۔
الخراعة. سخ۔ بے باکی۔
الخِروَع. ارنڈی کا پودہ جس سے کسٹرائل تیار ہوتا ہے۔ ہر وہ پودہ جو نرمی سے دہرا ہو جائے۔ واحد خِروَعَة.
الخُراع. اُونٹنی کی دیوانگی۔ اُونٹنی کی پیٹھ کی شکستگی۔
الخَرُوع والخَرِيع والخِروَع. مِنَ النساء: نزاکت سے جھک جھک جانے والی عورت۔ ج خَرائِع و خُرُوع. عَيشٌ خَرُوعٌ. آسودہ زندگی رَجلٌ خَرِيعٌ: کمزور مَرد۔ ناقة خريع و مَخرُوعَة: اُونٹنی جس کو دیوانگی لاحق ہو۔
خرِف (س) و خرُف (ک) خَرفًا. بڑھاپے کی وجہ سے فاسد العقل ہونا۔ صفت (خرِف) مؤنث (خَرِفة).
خَرَفَ (ن) خَرفًا و خِرافًا و خَرافًا و مَخرفًا. الثمرَ: چننا۔
خُرِفَتِ. الارضُ: موسم خریف کی بارش ہونا۔ صفت (مَخرُوفة) البَهائِمُ: موسم خریف کا آنا یا ان کے چرنے کے لائق گھاس اگانا۔
خَرَّفَه. حرف (فسادِ عقل) کی جانب نسبت کرنا۔
خارَفَهٗ مُخارَفَةً و خِرافًا. موسم خریف میں معاملہ کرنا۔
اَخرَفَهٗ. بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ اَخرَفَتِ الشاةُ: موسم خریف میں بچہ دینا۔ اَخرف الرجلُ: موسم خریف میں داخل ہونا۔ الثمرَ: پھل توڑنے کا وقت آ پہنچا۔
اِختَرَفَ. الثمرَ: چننا۔ فی مكان: موسم خریف میں اقامت کرنا۔
الخَراف والخِراف. پھلوں کے چننے کا زمانہ۔
الخُرافَة: بے عقلی کی ہنسی لانے والی باتیں۔
الخَرُوف. بکری کا بچہ۔ ج خِراف و اَخرِفَة و خِرفان.
الخَرُوفَة. بکری کا مادہ بچہ۔ درخت خرما جس کا پھل توڑا جائے۔
الخُرفَة. چنا ہوا میوہ۔
الخَرِيف. موسم خریف۔ گرمی اور جاڑے کے درمیان کا زمانہ۔ موسم خریف کی بارش۔ اور نسبت کے لئے خَرِيفِيّ و خَرفِيّ و خَرَفِيّ. چنی ہوئی کھجور۔
الخَرِيفَة. درخت خرما جس سے تر کھجوریں چنی جائیں۔
الخُرافَة. باطل بات۔ ج خُرافات. چنا ہوا پھل۔
المِخرَف. چھوٹی ٹوکری۔ جس میں عمدہ کھجوریں چن کے رکھی جائیں۔
المَخرَفَة. درخت خرما کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ۔ ج مَخارِف. بڑھاپے کی وجہ سے عقل کی خرابی۔
المُخارِف. مِن الرجال: محروم۔
خَرفَش. الشئ: ملانا۔ خلط ملط کرنا۔
خَرَق (ن ض) خَرقًا. الثوبَ: پھاڑنا فلانًا بالرمح: نیزہ مارنا الكذبَ: جھوٹ گھڑنا المفازة: طے کر کے انتہا تک پہنچنا العادة: عادت کے خلاف کرنا البناء و فی البناء: روشندان کھولنا الريحُ: تیز چلنا الرَّجلُ: جھوٹ بولنا۔
خَرَق (ن) خُرُوقًا. فی البيت: لگاتار قیام کرنا۔
خرِق (س) خَرَقًا. خوف یا شرم سے دہشت زدہ ہونا۔ صفت (خَرِق) فی البيت: لگاتار قیام کرنا الغزالُ او الطائر: اُٹھنے یا اُڑنے سے عاجز ہونا۔
خرِق (س) خُرق (ک) خَراقَةً. بیوقوف ہونا۔ ادھورا کام کرنا۔ صفت (اَخرَق) مؤنث خَرقاء.
خَرَّقَهٗ. پھاڑنا خَرَّقَ الرَّجلُ: بہت جھوٹ بولنا۔
اَخرَقَهٗ. دہشت زدہ کرنا۔
تَخَرَّق وانخرَق واخرَورَق. پھٹنا وتَخَرَّق الكذب: جھوٹ گھڑنا تَخَرَّق فی الكَرَم: بے حد فیاضی کرنا تَخَرَّقَت وانخَرَقَتِ الريحُ: تیز چلنا۔
اِختَرَقَ. الارضَ: زمین میں ایک طرف کو بغیر راستہ کے چلنا القومَ: قوم کے درمیان سے چلنا الكذبَ: جھوٹ گھڑنا۔

الخَرْق. س۔ سوراخ۔ کشادگی۔ بغیر گھاس پانی کا بیابان۔ کشادہ زمین جس میں ہوائیں تیز چلیں۔ ج خُرُوق.

الخِرْق. ج اَخْراق و خُرّاق و خُرُوْق و (الخِرِّيق) فیاض۔ سخی۔

الخُرق والخَرَق والخُرْقَة. رائے کی کمزوری۔ نادانی و بیوقوفی۔ سختی۔ نومۃُ الخُرق: چاشت کے وقت کی نیند۔ اس کو نومۃ الخُرق اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس وقت سونے سے عبادت بڑھتی ہے۔

الخِرْقَة. کپڑے کا ایک ٹکڑا۔ ج خِرَق. چیتھڑا۔ دھجی۔

الخَارِق. فا. وہ چیز جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو۔ ج خوارِق.

الخَرِيق والخَرُوْق. ٹھنڈی تیز ہوا۔

الخَرِيق: نرم ہوا۔ ج خُرُق: وادی کا کشادہ حصہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔

الخَرْقَاء. اَخرق کا مؤنث۔ کشادہ زمین۔ تیز ہوا۔

المَخْرَق. بے گھاس پانی کا بیابان۔ ج مَخارِق. مَخارِق کا استعمال عام طور پر بدن کے منافذ جیسے منہ، ناک وغیرہ پر ہوتا ہے۔

المَخْرَقَة. جھوٹ۔

المِخْرَاق. خوبصورت بدن والا۔ فیاض۔ تجربہ کار۔ ج مَخارِيق. المخارِيق: وہ کپڑا جس کو بٹ کر بچے کھیلا کرتے ہیں۔

المُنْخَرِق: تیز رفتار۔

المُخْتَرَق. گزرگاہ۔ مُخْتَرَقُ الرِيَاح: ہوا کے چلنے کی جگہ۔ اور کہا گیا ہے "مکانٌ خاوِیُ المُخْتَرق" یعنی ایسی جگہ جہاں کوئی چلنے والا نہ ہو۔

خَرَمَهُ (ن) خَرْمًا. شگاف ڈالنا۔ سوراخ کرنا۔ خرم الخَرزَةَ: توڑنا ہ: ناک کی درمیانی ہڈی پھاڑنا الإبْرة: ناکہ توڑ دینا عن الطريق: ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "خَرَمَتْه الخَوارِمُ" یعنی وہ مر گیا۔ و "ماخرمتُ مِنْهُ شيئًا:" میں نے اُس میں سے کچھ کم نہیں کیا۔

خَرِمَ (س) خَرَمًا. نتھنوں کے بیچ کی چھدی ہوئی ہڈی والا ہونا۔ صفت (اَخرم)

خَرُمَ (ک) خَرامَةً. شوخ و بیباک ہونا۔ صفت (خارِم و خرِيم)

خَرَّمَ. الخَرْزَةَ: سوراخ کرنا۔

تَخَرَّمَ. ٹوٹنا۔

تَخَرَّمَهُ واخْتَرَمَهُ. ہلاک کرنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ اِخْتَرَمه المرضُ: لاغر کرنا۔ تَخَرَّمَتْه و اِخْتَرَمَتْه المَنِيَّةُ: اس کو موت نے لے لیا۔

اُخْتُرِمَ. عنّا: مرنا۔

اِنْخَرَمَ. انفُه: نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا چھدنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْخَرم ذلِكَ القَرْن" یہ زمانہ ختم ہو گیا۔

الخَرْم. س۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ ج خُرُوم.

الخُرْمان. جھوٹ۔

الخَرَمَة. ناک میں چھدنے کی جگہ۔

الخَرْماء. چھدا ہوا کان۔ عنزة خرماء: بکری جس کا کان عرض میں پھاڑ دیا گیا ہو۔

الخَوْرَمَة. انسان کی ناک کا بانسہ یا دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ۔

الاَخْرَم. مونڈھے کا کنارہ۔ شاہِ روم کا لقب۔

الاَخْرَمان: اُوپر کے جبڑے میں دو سوراخ دار ہڈیاں۔

المَخْرِم. پہاڑ کی نوک کا آخری سرا۔ ج مَخارِم. مخارِمُ اللیل: رات کے ابتدائی حصے۔

خَرْمَشَ. الکتابَ: مٹانا۔ بگاڑنا۔

خَرْنَفَهُ. بالسيف: تلوار سے مارنا۔

الخِرْنِق. جوان خرگوش۔ ج خَرانِق.

الخَوَرْنَق. بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس۔ ایک نباتات۔

خَزَّ (ن) خَزًّا. الحائط: دیوار پر کانٹے رکھنا خَزَّ التمرُ يَخْزَز: کچھ کھٹا ہونا۔ صفت (خازٌ واخْتَزَّه) بالرمح: نیزہ مارنا کہا جاتا ہے "خزّه واخْتزّه بِبَصَرِه: اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا۔

الخَزّ. ریشم۔ ریشم اور اُون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج خُزُوْز.

الخُزَز. نر خرگوش۔ ج خِزّان واَخِزَّة.

الخُزَيْز. بہت ہی خشک عوسج (عوسج ایک کانٹے کا نام ہے)

الخَزّاز. ریشم فروش۔

المَخَزَّة. خرگوشوں کی جگہ۔

خَزِبَ (س) خَزَبًا و تَخَزَّبَ. الجلدُ: بغیر درد کے سوجنا۔ صفت (خَزِب)

الشاةُ: سوجے ہوئے تھنوں والی ہونا۔ صفت (اَخزبة و خَزْباء)

الخِيْزَب والخَيْزَبان. نرم گوشت۔ ایک ٹکڑے کو (خَيْزَبة و خَيْزَبانة) کہتے ہیں۔

الخَيْزَبان: شتر مرغ کا نر بچہ۔

الخُزَيْبَة. سونے کی کان۔

الخَزْبَاز والخازِباز. مبني علی الكسْرة: ایک قسم کی مکھیاں جو باغوں میں ہوتی ہیں۔ باغ کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔

خَزَرَ (ن) خَزْرًا. کنکھیوں سے دیکھنا۔ چالاک ہونا۔ صفت (خازِر)

خَزِرَتْ (س) خَزَرًا. عينُه: تنگ آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْزَر) مؤنث خَزْراء ج

خُزْرٌ. خَزَرَ الرجُلُ: بھاگنا۔

خَزَّرَ. الشَّیءَ: تنگ کرنا۔

تَخازَرَ. نگاہ تیز کرنے کے لئے پلکوں کو سمیٹنا۔

الخَزَر. آنکھ کی تنگی۔ ایک قوم جن کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں اور اسی سے ہے "بَحْرُ الخَزَر" یعنی بحر کیسپین۔

الخَزْرَة والخُزَرَة. پیٹھ کا درد۔

الخُزْرَة. بدترین قسم کا بھینگا پن جس میں آنکھ کا ڈھیلا کنپٹی والے گوشے کی جانب اُلٹ جاتا ہے۔

الخَيْزُران. بانس۔ نیزے۔ نرکل۔ ہر نرم لکڑی۔ لکڑی جس سے ملاح کشتی کو چلاتا ہے۔

واحد (خَیْزُرَانَۃ) ج خَیَازِر۔
اَلْخَیْزُوْر. نرکل۔
اَلْخَوْزَرَیٰ والخَیْزَرَیٰ. ایک قسم کی چال نازو انداز کے ساتھ۔
خَزْرَفَ. فی مشیتہ: ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
خَزَعَ (ف) خَزْعًا و تَخَزَّعَ. الشَّیَٔ: کاٹنا عن القوم: پیچھے رہ جانا۔ خزع منہ شَیئًا: لینا۔ تَخَزَّعُوا الشَّیَٔ: باہم تقسیم کرنا۔
خَزَّعَ. الشَّیءَ: کاٹنا___ الشَّیَٔ بینھم: تقسیم کرنا۔
اِنْخَزَعَ. الحبلُ: نصف سے کٹ جانا۔ الرَّجُلُ: بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔
اِخْتَزَعَہٗ. لینا___ہ عن القوم: جدا کرلینا۔
الخُزَاع. موت۔
الخَزْعَۃ. ایک پاؤں سے لنگڑاپن۔
الخِزْعَۃ. گوشت کا ٹکڑا۔
الخُزَاعَۃ. ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹا جائے۔
الخَوْزَع. بڑھیا۔
الخَوْزَعَۃ. ریگ کا تودہ جو بڑے تودہ سے جدا ہو۔
الخَزُوْع. وہ شخص جو لوگوں کے مال کو اُڑا لے۔
الخَزْعَبَل والخُزَعْبِل والخُزَعْبِیْل. خوش طبعی کی باتیں۔ باطل باتیں۔
الخُزَعْبَلَۃ. خوش طبعی و مذاق۔
خَزْعَلَ. فی مشیہ: لنگڑانا الماشی: پاؤں کو جھاڑنا۔
الخُزَعْل. بجو۔
الخُزَعَالَۃ. خوش طبعی و کھیل کود۔
خَزَفَ (ض) خَزْفًا. فی مشیہ: ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا الثوبَ: پھاڑنا الشَّیءَ: چیرنا۔
الخَزَف. واحد (خزفۃ) ٹھیکری۔ مٹی کے پکے ہوئے برتن۔
الخَزَّاف والخَزَفِیّ. مٹی کے برتن بنانے والا یا بیچنے والا۔
خَزَقَہٗ (ض) خَزْقًا. آہستہ نیزہ مارنا۔
خَزَقَہٗ بالسھم: تیر مارنا۔ خَزَقَ الطائرُ: بیٹ کرنا الشَّیَٔ فی الارض: گاڑنا۔
تَخَزَّقَ وانْخَزَقَ. چھدنا۔
اِخْتَزَقَ. السیفُ: ننگی ہونا۔ میان سے نکل پڑنا۔
الخَازِق. فا. نیزے کا پھل۔
الخَازُوْق. تیز سرے کا ایک لمبا ڈنڈا جس کو مجرم کی دبر میں داخل کرتے تھے اور وہ اس پر مر جایا کرتا تھا۔ ج خَوَازِیْق. مولدین نے اسی سے فعل "خَوْزَقَ" بنایا ہے۔
المِخْزَقَۃ. چھوٹا نیزہ۔
خَزِكَ (س) خَزَكًا. اصرار کرنا۔
خَزِلَ (س) خَزَلًا. شکستہ پشت ہونا۔ صفت (اَخْزَل و مَخْزُوْل)
خَزَلَ (ض) خَزْلًا. الشَّیَٔ: کاٹنا ہ عن حاجتہ: روکنا۔
تَخَزَّلَ. کٹنا۔ بوجھل چلنا السَّحابُ:
اَلِاخْتِزَالُ: علم حساب میں حذف کرنا اور کثیر کو قلیل کی طرف لانا۔ کسر اور اختصار:
$(\frac{20}{6}, \frac{15}{25} - \frac{1}{2}, \frac{20}{5})$
اختصار (شارٹ) جلدی کی خاطر لکھنا۔
اِنْخَزَلَ. گرانباری سے چلنا فی کَلَامِہٖ: رُک جانا عن الجواب: لاپروائی کرنا مِنَ الْمکَان: علیحدہ ہونا۔
اِخْتَزَلَ. الشَّیَٔ: کسی چیز کو کاٹ لینا۔ ہ: عیب لگانا برایہ: علیحدہ رائے رکھنا ہ عَنْ قَوْمِہٖ: علیحدہ کرنا الوَدِیْعَۃَ: واپسی سے روک کر خیانت کرنا۔
الخُزْلَۃ. شکستگی پشت۔
الخُزَلَۃ. مراد سے روکنے والا۔
الخَوْزَلَیٰ والخَیْزَلَیٰ. ایک قسم کی چال جس میں نازو انداز ہو۔
خَزَمَ (ض) خَزْمًا. اللآلی: پرونا۔ (وخَزَّمَ) البعیرَ: ناک میں حلقہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَزَمَ انفَ فلانٍ" یا "جَعَلَ فی اَنْفِہ الخِزَامَۃَ" فلاں کی ناک میں ناتھ ڈال دی۔ یعنی تابع و مسخر کرلیا۔
خَازَمَہٗ مُخَازَمَۃً. الطریقَ: دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ ملنا۔
تَخَزَّمَ. الشَّرْكُ فی رجلہ: چبھنا۔
تَخَازَمَ. الجیشانِ: دو فوجوں کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الخَزَم. ایک درخت جس کی چھال سے رسی بناتے ہیں۔
الخُزَامَیٰ والخُزَام. ایک قسم کی نباتات جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔
الخِزَامَۃ. باریک چمڑا جس سے دو تسموں کو باندھا جائے۔ ج خَزَائِم.
الخَزُوْمَۃ. گائے۔ یا چھوٹے قد اور زیادہ عمر والی گائے۔
الاَخْزَم. نرسانپ۔
شراك (مَخْزُوْم) کٹا ہوا تسمہ۔
خَزَنَ (ن) خَزْنًا واخْتَزَنَ. المالَ: ذخیرہ کرنا۔ جمع کرنا السِّرَّ: چھپانا۔ اللسانَ: زبان روکنا۔ اِخْتَزَنَ الطَّرِیْقَ: قریب ترین راستہ اختیار کرنا۔
خَزِنَ (ن) خَزْنًا و خُزُوْنًا و خَزِنَ (س) خَزَنًا و خَزُنَ (ک) خَزَانَۃً. اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَزِیْنٌ)
اَخْزَنَ. محتاجی کے بعد مالدار ہوا۔
اِسْتَخْزَنَ. المالَ: ذخیرہ کرنے کو کہنا۔
اِسْتَخْزَنَ المالَ: ذخیرہ کرنا۔
الخِزَانَۃ والخَزِیْنَۃ. ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔
خَزَائِن. الخِزَانَۃ: خزانچی کا پیشہ۔
الخَازِن. فا. ذخیرہ کرنے والا۔ خازن الامیر: خزانچی۔ ج خَزَنَۃ و خُزَّان.
الخَازِن: زبان۔
الخَزْنَۃ والخَزِیْنَۃ. خزانہ۔ ذخیرہ کیا ہوا مال۔
الخَزَّان. زبان۔
المَخْزَن. ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج مَخَازِن. مَخَازِنُ الطریق. مقصود کی

طرف قریب ترین راستہ۔
خزاہ (ن) خزوًا: غالب آنا۔ سیاست کرنا۔ خواہش نفسانی سے روکنا۔ دشمنی کرنا۔
خزَ الدابۃ: سدھانا۔
خزِی (س) خزیًا و خزًی: ذلیل ہونا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔ خزِیَۃ و خزِی منہ خزایۃ و خزًی: شرم کرنا۔ صفت (خزٍ) مؤنث خزیۃ و (خزیان) مؤنث خزیاء ج خزایا۔
خزیٰ (ض) خزیًا ہ: شرمندگی میں ڈالنا۔ رسوا کرنا۔ بہت زیادہ رسوا ہونا۔
خازاہ مخازاۃً: شرمندگی میں ڈالنا۔
اخزاہ اخزاءً: شرمندگی میں ڈالنا۔ ذلیل کرنا۔ اہانت کرنا۔ اور جب کوئی شخص کوئی پسندیدہ فعل کرے تو کہا کرتے ہیں "اخزاہ اللّٰہ ما اشعرہ" جیسے کہ کہتے ہیں "قاتلہ اللّٰہ ما اشجعہ" ان جیسی دعاؤں میں معنی کا اعتبار نہیں ہوتا۔
استخزیٰ: شرم محسوس کرنا۔
الخِزی: ذلت۔ رسوائی۔ عذاب۔ دوری۔
الخِزیۃ والخَزیۃ: بلاء۔ مصیبت۔ ذلیل کن عادت۔
المخزاۃ: باعث رسوائی و شرمندگی۔
خسّ (س) خساسۃً و خسوسۃً و خِسّۃً: رذیل ہونا۔ وزن یا اندازہ میں کم ہونا۔ صفت (خسیس) ج خساس واخسّۃ۔
خسّ (ن) خسًّا و خسسًا۔ نصیبہ: حصہ کم کرنا۔
اخسّ: گھٹیا کام کرنا ہ: رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔ اخسّ حظّہ: حصہ کم کرنا۔
تخاسّوا الشیءَ: کسی چیز کو آپس میں لینا، دینا اور اس کی طرف سبقت کرنا۔
استخسّہ: رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔
الخسّ: خس۔ خسّ الحمار و خسّ البقر: دو جنگلی گھاس کے نام۔
الخِساس: ہر وہ چیز جس کو لوگ آپس میں دیں لیں۔

الخساسۃ: تھوڑا مال۔
الخسیسۃ: الخسیس کا مؤنث۔ ج خسائس و خسائس الامور: حقیر باتیں۔ شیءٌ (خُساس و مخسوس) معمولی گھٹیا چیز۔
الخُسّان: ستارے جو غائب نہ ہوں۔ جیسے بنات النعش۔
خسأ (ف) خسأ الکلبَ: دھتکارنا۔ (خسأً و خسوءًا) البصر: چندھیا جانا۔ نگاہ کا تھک جانا (وخسِیء (س) خسأً و انخسأ) الکلب: دور ہونا۔ دھتکارا جانا۔
خاسأ مخاسأۃً و تخاسأ و تخاسؤا القومُ: آپس میں ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔
الخسِیء: گھٹیا اون وغیرہ۔
الخاسیء فا من الخنازیر والکلاب: دھتکارے ہوئے کتے و سور جو لوگوں کے قریب نہ آنے دیئے جائیں۔
الخسیج: خیمہ۔ اون کا بنا ہوا کمبل۔
خسِر (س) خسرًا و خسْرًا و خُسرًا و خسارًا و خسارۃً و خسرانًا: نقصان اٹھانا۔ گمراہ ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (خاسر و خسیر و خیسری)
خسَر (ض) خسرًا و خسرانًا۔ المیزانَ: کم کرنا۔ گھٹانا المالَ: ضائع کرنا۔
خسّرہ واخسرہ: نقصان کرانا۔ گمراہ کرنا۔ ہلاک کرنا۔ اخسر الرجلُ: نقصان میں پڑنا۔ اخسر المیزانَ: گھٹانا۔ کم کرنا۔
الخاسر فا۔ کرۃ خاسرۃ: غیر مفید حملہ۔
الخنسر والخنسری: وہ شخص جو نقصان میں ہو۔ ج خناسرۃ۔
خسع خسعًا عنہ کذا: کسی سے کسی چیز کو دور کیا جانا۔
خاسع القوم و خسیعتھم: قوم کا خسیس ترین فرد۔
خسف (ض) خسوفًا المکانُ:

دھنس جانا القمرُ: گہن لگنا العینُ: آنکھ کا جاتا رہنا یا اندر کو دھنس جانا السقفُ: گرنا الشیءُ: کم ہونا الرجلُ: دبلا ہونا۔ خسف فی الارض و خُسف بہ: زمین میں دھنسنا (خسفًا) الشیءَ: کاٹنا العینَ: پھوڑنا اللّٰہ الارضَ: مع ساری چیزوں کے دھنسا دینا۔ اللّٰہ الارضَ بفلان: زمین میں دھنسا دینا۔ البئرَ: پتھریلی زمین میں کنواں کھودنا جو ہمیشہ جاری رہے فلانًا: ذلیل کرنا۔ ناپسندیدہ امر پر مجبور کرنا۔ خسف الشیءَ فخسف ھو: پھاڑنا اور پھٹنا۔ (لازمی و متعدی)
اخسفت وانخسفت عینہٗ: اندھی ہونا الارضُ: مع ساری چیزوں کے دھنس جانا البئرُ: گر جانا۔
الخسف: مر۔ عیب۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "سامہ خسفًا و خُسفًا" اس نے اس کو ذلیل کیا اور اس کو مشقت کی تکلیف دی۔
الخسف: کنوئیں کا سوت۔
الخاسف فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ۔ دبلا۔ بیماری کی وجہ سے لاغر۔ بھوکا۔ ج۔ خُسُف۔
الخَسف والخُسف اخروٹ واحد (خسفۃ) کہا جاتا ہے "باتوا علی الخسف" انہوں نے فاقہ سے رات گزاری۔ و "شربنا علی الخسف" بغیر کچھ کھائے ہوئے ہم نے پیا۔
الخسیف ج اخسفۃ و خُسُف و (الخسوف) ج خُسُف من الآبار: کنواں جو چٹان میں کھودا جائے اور اس کا پانی ختم نہ ہو۔ والخسیف من العیون: دھنسی ہوئی آنکھ من النوق: بہت دودھ والی اونٹنی جس کا دودھ جاڑے میں جلدی ختم ہو جائے۔ من السحاب: بہت پانی کو لے کر اٹھنے والا بادل۔
خسق (ض) خسقًا و خسوقًا۔ السھمُ: اچھی طرح نافذ نہ ہونا۔
الخسّاق: بڑا جھوٹا۔ کہا جاتا ہے "ھو ذو خسنات فی البیع" وہ کبھی بیع کو جاری کرتا

ہے۔ کبھی فتح کرتا ہے۔

خَسَلَهُ (ن) خَسْلًا. رذیل کرنا۔ دُور کرنا۔

الخِسالَة والخُسالَة. ہر چیز کا ردی حصہ۔

الخَسِيْل. فرومایہ۔ رذیل۔ ج خِسال و خَسائِل.

الخُسَّل والخُسّال. کمینے و کمزور لوگ۔

المُخسَّل والمَخسُوْل. رذیل۔ حقیر۔

خَاسَى مُخاسَاةً واَخسَى اِخساءً خَسَّى تَخْسِيَةً ٥ : اخروٹ سے باہم طاق و جفت کھیلنا۔

الخَسا. طاق۔ ج الاَخاسِي (خلاف قیاس) کہاجاتا ہے "خَسا اَوْ زَكًا" یعنی طاق یا جفت۔

الخَسِيّ. اُون کا کپڑا یا خیمہ۔

خَشَّ (ن) خَشًّا. فيه: داخل ہونا السحابُ: تھوڑی بارش برسنا زيدًا: نیزہ مارنا البعيرَ: اُونٹ کی خشاش ڈالنا۔ (دیکھئے لفظ "خشاش")

اِنخَشَّ. فيه: داخل ہونا بَيْنَ القَوْمِ: گھل مل جانا۔

الخَشّ. من: تھوڑی بارش۔ شگاف۔ کھردری چیز۔ پیادے۔

الخُشّ. ٹیلہ۔

الخاشّ. فا. الخشّ کا واحد بمعنی پیادہ۔

الخِشاش. کیڑے مکوڑے۔ پہاڑی سانپ۔ ایک قسم کی لکڑی جس کو اُونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں۔ واحد (خشاشَة) غضب۔ کہاجاتا ہے "حرَّكَ خشاشَهٗ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔

خَشَاشَا الشَّيْءِ: چیز کے دونوں کنارے۔ ج اَخِشَّة.

الخُشاش. ردی۔ گھٹیا۔ بہادر۔

الخَشّاء. گارے اور کنکر والی زمین۔ ج خَشّاوات و خَشاشِيّ.

الخُشَشاء. کان کے پیچھے اُبھری ہوئی ہڈی۔

المِخَشّ. دلیر مرد جو رات کی ہولناکیوں میں کام کرے۔ دلیر گھوڑا۔

الخشخش والخُشخُش. ہران کا بچہ جو چلنے

لگے۔

خَشَبَ (ض) خَشْبًا. الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: ملانا الشَّيْءَ: چھانٹنا۔ صاف کرنا السَّيْفَ: صیقل کرنا (واختشبَ) الشِّعرَ: آمد کے مطابق بغیر تنقیح کے اشعار کہنا۔

اِختشَبَ السَّيفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

خَشُبَ. الشَّيْءُ: موٹائی میں لکڑی کی مانند ہونا۔

تخشَّبَ. چراگاہ سے سوکھی گھاس چرنا۔ السَّيْفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

اِخشَوشَبَ. لکڑی کی مانند سخت ہونا۔ في عَيْشِه: مشقت پر صبر کرنا۔

الخَشَب. موٹی لکڑی۔ ج خَشَب و خُشُب و خُشْبان.

الخَشِب والاَخشَب. موٹا کھردرا۔

عَيْشٌ خَشِبٌ: ناپسندیدہ زندگی۔

الخَشّاب. لکڑی بیچنے والا۔ ج خَشّابَة

الخَشْباء. سخت زمین جس میں پتھر، کنکر اور گارہ ہو۔

الخَشِيب. مِنَ السُّيُوفِ: تلوار جو ابھی ڈھالی گئی ہو۔ صیقل کی ہوئی تلوار۔ ردی۔ گھٹیا۔ صاف کی ہوئی چیز مِنَ القِسِيّ: تراشی ہوئی کمان۔ ج خُشُب و خَشائِب.

المَخشُوب. مخلوط نسب والا۔ وہ شخص جس کی تعلیم و تربیت اچھی نہ ہوئی ہو۔ وہ شخص جو اچھے طریقے سے کام نہ کرتا ہو۔

المِخشاب. موٹا۔ پست قد۔

الخَشْبَل. سخت ٹیلہ۔

الخَشْتَق. کتان۔ ریشم۔ چوبغلہ۔

خَشْخَشَ خَشْخَشَةً و تَخَشْخَشَ. السِّلاحُ اَوِ الحُلِيُّ: جھنکار ہونا فلانٌ بَيْنَ الشَّجَرِ و بَيْنَ القَوْمِ: داخل ہو کر غائب ہو جانا۔

الخَشْخاش. پوست کا پودہ۔ واحد (خشخاشة)

خَشَرَ (ض) خَشْرًا دستر خوان پر ردی چیز چھوڑنا الشَّيْءَ: کسی چیز سے اس کے ردی

حصہ کو دور کرنا۔

خَشِرَ (س) خَشَرًا. بزدلی سے بھاگنا۔ حریص ہونا۔

الخُشار والخُشارَة. ہر چیز کا ردی حصہ۔ دستر خوان کا بچا کھچا۔ جو کا دانہ جس میں گودا نہ ہو۔ رذیل لوگ۔

خاشِرَة. النَّاسِ: رذیل لوگ۔ واحد (الخاشِر)

خَشْرَبَ خَشْرَبَةً. ادھورا کام کرنا۔

خَشْرَمَتِ. الضَّبُعُ: کھانے میں چپڑ چپڑ کرنا۔

الخَشْرَم. شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کی جماعت۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ نرم پتھر جس سے چونہ بناتے ہیں۔ ج خَشارِمَة.

الخُشارِم. موٹی آواز۔ بڑی ناک۔

خَشَعَ (ف) خُشُوعًا. له: فروتنی کرنا۔ عاجزی کا اظہار کرنا۔ صفت (خاشِعٌ) ج خُشَّع و خَشَعَة و خاشِعُوْن بِبَصَرِه: پست کرنا بَصَرُهٗ: نگاہ کا پست ہونا الصَّوْتُ: آواز کا پست ہونا. الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا الوَرَقُ: پتے مرجھانا الاَرْضُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔

اَخشَعَهٗ. کسی کو فروتنی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَخَشَّعَ. فروتنی کرنا۔ (وتَخاشَعَ) فروتنی دکھانا۔

اِختَشَعَ. کسی کے سامنے سر جھکاتے ہوئے فروتنی کرنا۔

الخاشِع. فا. مَکانٌ خاشِعٌ: وہ جگہ جس کا راستہ نہ ملے۔ بَلْدَةٌ خاشِعَةٌ: وہ شہر جس میں اُترنے کی کوئی جگہ نہ ہو۔ جِدارٌ خاشِعٌ: دیوار جو گر کر زمین کے ہموار ہو گئی ہو۔

الخُشْعَة. بچہ جو مردہ ماں کے پیٹ کو پھاڑ کر نکالا گیا ہو۔

الخُشْعَة. پست ٹیلہ۔ ج خُشَع

خَشَفَ (ن ض) خُشُوفًا و خَشَفانًا.

مُلک میں جانا اور غائب ہو جانا۔ رات میں چلنا۔ الماءُ: جمنا البردُ: تیز ہونا (وانخشف) فِی الشّیِ: داخل ہونا۔

خَشَفَ (ض) خشافةً. بالقومِ: ساتھ چلنا اور راہبری کرنا (خَشْفًا و خَشْفَةً) الجلیدُ: برف پر چلنے سے آواز نکلنا فی السَّیرِ: تیز چلنا۔

خَشِفَ (س) خَشَفًا. البعیرُ: پورے بدن پر خارش والا ہونا۔ صفت (اَخشف) مؤنث خشفاء. ج خُشْف.

خَشَّفَ. راستہ بتلانا۔

خاشَفَ. الی الشَّرِّ: برائی کی طرف سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "خاشَفَ فی ذِمَّتِهٖ" اس نے بدعہدی کرنے میں جلدی کی۔

خاشَفَ السَّهمُ: سنسناہٹ سنائی دینا۔

اَخشَفَت. الظَّبیةُ: بچہ والی ہونا۔

الخاشِف. فا. سیفٌ خاشِفٌ: تیز تلوار۔ ماءٌ (خاشِفٌ و خَشْفٌ) جما ہوا پانی۔

الخشف. بتثلیث الخاء: ہرن کا نوزائیدہ بچہ۔ ج خِشَفَةٌ (والخُشَف) سبز رنگ کی مکھی۔ واحد (خُشَفَة)

الخَشْف والخَشَفَة والخشفة. آواز۔ حرکت۔ آہٹ۔ الخَشْف: ذلت۔

الخِشف والخُشف گھٹیا قسم کا اُون۔

الخَشُوف. معاملات میں دخل دینے والا مِنَ الرِّجال: رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز مِنَ السُّیُوف تیز تلوار۔

الخُشّاف چمگادڑ۔

المَخْشَف وہ جگہ جہاں پانی جم گیا ہو۔

المِخْشَف. راہبر۔ معاملات میں دخل دینے والا۔ رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز۔

خَشَلَهٗ (ن) ہ خَشْلًا و خَشْلَةً. حقیر بنانا۔ خَشَلَ الشَّرابَ صاف کرنا۔

خَشِلَ (س) خَشَلًا. الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

تَخَشَّلَ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ ردی چیز لانا۔

الخَشْل والخَشَل. ردی۔ الخَشْل: ہر جوف دار چیز۔ خالی کیا ہوا انڈا۔ واحد (خَشْلَة) کہا جاتا ہے۔ رجلٌ (خَشْلٌ فَشْلٌ و خَشِلٌ فَشِلٌ) کمزور مرد۔

خَشَمَهٗ (ض) خَشْمًا. ناک کی جڑ توڑنا۔

خَشِمَ (س) خَشَمًا و خُشُوْمًا. چوڑی ناک والا ہونا الانفُ: بدبودار ہونا۔

خَشِمَ (س) خَشَمًا و خَشَمَ واَخْشَمَ و تَخَشَّمَ. اللحمُ: بدبودار ہونا۔ خَشَّمَهُ الشرابُ: ناک کی جڑ میں شراب کی بو پہنچ کر مست کر دینا۔

الاَخْشَم. چوڑی ناک والا۔ بو محسوس نہ کرنے والا۔ اَنْفٌ اَخْشَم: بدبودار ناک۔ مؤنث خَشْماء ج خُشْم.

الخَیْشُوْم. ناک کی جڑ۔ ج خَیَاشِیْم.

الخَیَاشِیْم: ناک کے اندر کی رگیں۔

خَیَاشِیْمُ الجبال: پہاڑوں کی چوٹیاں۔ کہا جاتا ہے۔ "اَشْرَفَتْ خَیَاشِیْمُ الجِبَال"

الخُشَام. شیر۔ بڑی ناک والا۔ بڑا پہاڑ جس کی بڑی چوٹی نکلی ہوئی ہو۔

رَجُلٌ (مَخْشُوْمٌ) مست مرد۔

خَشُنَ (ک) خُشْنَةً و خَشَانَةً و خُشُوْنَةً و مَخْشَنَةً. سخت و کھردرا ہونا صفت (خَشِن) ج خِشَان.

خَشَّنَهٗ. سخت و کھردرا بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَشَّنَ صَدْرَهٗ" اس نے اس کو غصہ دلا کر بھڑکا دیا۔

خَاشَنَهٗ. سختی کا برتاؤ کرنا۔

تَخَشَّنَ. سخت کھردرا ہونا۔ سخت زندگی بسر کرنا۔ موٹا کھردرا پہننا۔

تَخَاشَنَ. بتکلف سختی برتنا۔

اِسْتَخْشَنَ. الشّیَ کھردرا پانا۔

اِخْشَوْشَنَ. سخت کھردرا ہونا۔ عَلَیْهِ صَدْرُهٗ غضبناک ہونا۔

الخَشِیْن سخت طبیعت والا۔

الاَخْشَن. سخت و کھردرا۔ مؤنث خَشْنَاء ج خُشْن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَخْشَنُ بُرے حل والا۔ و "هُوَ اَخْشَنُ الجَانِب" وہ دشوار طاقت سے زیادہ ہے۔ "كَتِيْبَةٌ خَشْنَاء" بہت ہتھیار والی فوج۔

خَشِیَہٗ (س) خَشْیًا و خِشْیًا و خَشْیَةً و خَشَاةً و خَشْیَانًا و مَخْشِیَةً و مَخْشَاةً. ڈرنا۔

خَشَّاهُ تَخْشِیَةً و خَشَّاء. ڈرانا۔ خَشَّاهُ فُلانًا: کسی سے خوف دلانا۔

الخَشِی والخَاشِی والخَشْیَان و الخَشِیُّ. ڈرنے والا۔ مؤنث خَاشِیَةٌ و خَشِیَة و خَشْیَانَةٌ و خَشِیًّا. ج خَشَایَا.

الخَشِی والخَشِیُّ مِنَ النَّبَاتِ: خشک گھاس۔ کہا جاتا ہے "هذا المَکَانُ اَخْشَی مِنْ ذَاكَ" یہ جگہ اس سے زیادہ خوفناک ہے۔

خَصَّ (ن) خَصًّا و خُصُوْصًا و خُصُوْصَةً و خُصُوْصِیَّةً و تَخِصَّةً و خِصِّیَّةً و خِصِّیْصَی و خِصِّیْصَاء. فلانًا بالشّیِ خاص کرنا۔ خصوصیت دینا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّهٗ بِالْوُدِّ" یعنی اس نے اسی کے ساتھ محبت کی (خُصُوْصًا) الشّیُ: خاص ہونا الشّیَ لِنَفْسِهٖ اپنے لئے چھانٹ لینا۔

خَصَّ (س) خَصَاصَةً و خَصَاصًا و خَصَاصَاءً محتاج ہونا۔

خَصَّصَ. الشّیَ: خاص کرنا ہ بالشّیِ: کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا الغُلامَ: لکڑی کے سرے پر آگ لے کر گھمانا۔ بنیٹھی گھمانا۔

اِخْتَصَّ. محتاج ہونا بالشّیِ: خاص ہونا ہ بالشّیِ خاص کرنا اور اسی سے ہے۔ "اللّٰهُ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَاءُ" اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے۔

تَخَصَّصَ. بالشّیِ: خاص ہونا۔ تَخَصَّصَ الرَّجُلُ: خاص لوگوں میں سے ہونا۔

اِسْتَخَصَّ. الشّیَ: مخصوص ہونے کی درخواست کرنا۔

الخُصّ. بانس یا لکڑی کا جھونپڑا۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ ج أخْصاص و خُصوص و خِصاص. شهر (خِصٌّ) ناقص مہینہ۔

الخاصُّ. فا. عام کی ضد۔ یکتا۔

الخَاصَّة. عامَّة کی ضد۔ وہ چیز جس کو تم اپنے لئے خاص کر لو۔ خاصَّةُ المَلِك: بادشاہ کے مقرب لوگ۔ خاصَّةُ النَّبات: نباتات کی قوت و اثر۔ ج خَواصّ (والخَواصُّ والخُصّان والخِصّان) مِنَ القوم: برگزیدہ اور بڑے لوگ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا يَفْعَلُ هذا خِصّانُ النّاسِ" اس کو بڑے بڑے لوگ ہی کرتے ہیں۔

الخاصِّيَّة. خاصہ کی جانب نسبت۔ ج خاصِيَّات و خَصائص.

الأخَصُّ. افضل۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَكُنْ فِي اَطْبائِهِ اَخَصُّ مِنْ هٰذَيْن"

الخُصاصَة. انگور توڑنے کے بعد بیل میں چھوٹے ہوئے دانے۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ج خُصاص.

الخُصُوص والخَصُوص. علیحدگی۔ اس کے مقابلہ میں عموم ہے۔ انحصار۔ اس کے مقابلہ میں اطلاق ہے۔ اور کہا جاتا ہے "عَلَى الخُصُوصِ و خُصُوصًا" یعنی خاص طور پر جیسے حریری کا قول ہے۔ لَنْ يَصْقُلَ الخاطِرَ ويُنَشِّطَ الفاتِرَ كَقائلةِ الهَواجِرِ وخُصُوصًا في شَهْرَيْ ناجِرٍ.

الخَصاص. س. دروازہ کی جھری۔ برقع وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "بَدَرَ القَمَرُ مِنْ خَصاصِ الغَيْمِ" چاند بادل کے درمیان سے ظاہر ہوگیا۔ وَلَمَحْتُهُ مِنْ خَصاصِ البابِ" میں نے اس کو دروازہ کی جھری سے دیکھا۔ مکان وغیرہ میں شگاف۔ واحد (خَصاصَة) اور کہا جاتا ہے "سَدَدْتُ خَصاصَةَ فلانٍ" میں نے فلاں کی محتاجی دور کردی۔

خُوَيْصَّة. الانسان: وہ شخص جو خدمت کرنے کے لیے مخصوص ہو۔

خَصِبَ (ض) وخَصِبَ (س) خِصْبًا المكانُ: سرسبز ہونا۔ زرخیز ہونا۔ صفت (خَصِب و خَصِيب و مُخْصِب و مِخْصاب)

أخْصَبَ. المكانُ: سرسبز ہونا۔ اللهُ المكانَ: سرسبز کرنا۔ الشاةُ: سرسبزی میں پہنچنا۔ القومُ: سرسبزی پانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْصَبَ جَنابُ القَوْمِ" قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔

الخَصْبُ. شگوفہ خرما۔ بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خَصْبَة)

الخِصْب. سبز گھاس کی کثرت۔ فراخی زندگانی۔ ج أخْصاب. کہا جاتا ہے "بلدٌ خِصْبٌ و اَخْصابٌ" جمع کا صیغہ مبالغہ کے لئے یعنی سرسبز شہر اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ خَصِيبٌ واَرَضُونَ خِصْبٌ واَرْضٌ خِصْبَةٌ و خَصْبَةٌ"

الخِصاب. بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خِصابَة)

(رجل خَصِيب) بہت فیض والا مرد۔

خَصِرَ (س) خَصَرًا. اليومُ: ٹھنڈ ہونا۔ الرَّجُلُ: ٹھنڈک کی وجہ سے اطرافِ اعضاء میں تکلیف پہنچنا۔

أخْصَرَ. القُرُّ انامِلَه: سردی کا انگلیوں کو ٹھنڈا کردینا۔

خاصَرَهُ مُخاصَرَةً. ہاتھ پکڑ کر چلنا۔ کسی کے پہلو میں چلنا یا کسی کے کمر پر ہاتھ رکھ کر چلنا۔

اِخْتَصَرَ. اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ الكلامَ: مختصر کرنا۔ الطَّريقَ: قریب کا راستہ چلنا۔ في الشَّئِ: زائد چیزیں حذف کرنا۔ الرَّجُلُ: ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ لینا۔ بالعَصا: ٹیک لگانا۔

تَخاصَرَ. اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا۔ القومُ: ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر اکٹھے چلنا۔

تَخَصَّرَ. اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ بالمِخْصَرَة. لاٹھی کو ہاتھ میں لینا۔

الخَصْر. کمر۔ خَصْرُ القَدَم: تلوے کا گہرا حصہ جو زمین سے نہ لگے۔ ج خُصور.

الخَصَر. سردی۔

الخَصِر. ٹھنڈا۔

الخِصار. ازار۔

الخاصِرَة. من الانسان: پہلو۔ ج خَواصِر. پہلو کا درد۔

المِخْصَرَة. ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی ز چھڑی وغیرہ۔ عصائے شاہی جس کو بادشاہ تقریر کے وقت اپنے ہاتھ میں لے۔ ج مَخاصِر. مَخاصِرُ الطَّريقِ: اقرب ترین راستہ۔

المُخَصَّر. باریک کمر والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُخَصَّرُ القَدَمَيْنِ" وہ ایسا شخص ہے جس کا تلوا زمین سے نہیں لگتا۔

رجلٌ (مَخْصُور) کمر یا پہلو میں درد والا۔

اَخْصَر. مختصر. اِخْتَصَر کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے۔

خَصَفَ (ض) خَصْفًا واَخْصَفَ و اِخْتَصَفَ. النَّعلَ: جوتا سینا۔ جوتے پر ایک اور چمڑا چڑھانا۔ الشَّئَ على الشَّئِ: چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَخْصِفُونَ اَقْدامَ القَوْمِ بِاَقْدامِهِمْ" وہ لوگ قوم کی قدم بقدم پیروی کرتے ہیں۔

خُصِفَ. پیچھے کیا جانا۔ لاحق کیا جانا۔

خَصَّفَ. بد خلق ہونا۔ جو کچھ اپنے پاس نہ ہو اس کے تکلف میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّفَهُ الشَّيْبُ" بڑھاپے نے اس کے نصف بال سفید کردیئے۔

الخَصْف. س. جوتا۔

الخَصَف. سیاہ اور سفید سے مرکب رنگ۔

الخَصَفَة. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ موٹا کپڑا۔ ج خَصَف و خِصاف.

الخَصَف والخَصَفَة. چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے۔

الخُصْفَة. جوتے وغیرہ کا سوراخ۔

الخَصّاف. بڑا جھوٹا۔ موچی۔

الخَصِيف. راکھ۔ سلا ہوا جوتا۔ تازہ دودھ

جو دہی پر ڈالا جائے۔ (والاخصف) سفید و سیاہ۔ سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری۔
الاخصف: نر مرغ۔ مؤنث خصفاء۔
شاة (مخصوفة) سفید و سیاہ رنگوں والی بکری۔
خصل(ن) خصلا. الشیٔ: کاٹنا۔ جدا کرنا۔ (خصل(ن) خصلا و خصالا) القوم: فائق ہونا۔ مرتبہ میں بڑھ جانا۔
خصّل: ٹکڑے کرنا۔ الشجر: چھانٹنا۔
خاصلة خصالا و مخاصلة: تیر اندازی میں شرط لگانا۔
أخصل. الرامی: نشانہ پر ٹھیک لگانا۔
تخاصل. القوم: تیر اندازی میں باہم شرط لگانا۔
الخصل: مص۔ تیر کا نشانہ پر لگنا۔ شرط جو تیر اندازی میں مقرر ہو۔ جس پر جوا کھیلا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ "أحرز خصله و أصاب خصله" یعنی وہ غالب رہا۔ ج خصول۔
الخصلة: عادت (حسنہ یا قبیحہ) غالب استعمال حسنہ کیلئے ہے) تیر کا نشانہ پر لگنا۔ ج خصال (والخصلة) گچھا۔ کانٹے دار لکڑی۔ تر لکڑی کا کنارہ۔ ج خصل
الخصل: لٹکتے ہوئے درخت کا کنارہ۔
الخُصلة: بالوں کا گچھا، گوشت کا عضو۔
الخصیلة: بالوں کا گچھا۔ گوشت جس میں پٹھا بھی ہو۔ ج خصیل و خصائل کہا جاتا ہے "ارتعدت فرائصه و اضطربت خصائله" اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا اور پٹھے والا گوشت تھر تھرانے لگا۔
المخصل: شمشیر براں (مفصل میں ایک ضعیف لغت)
المخصال: درانتی۔
خصم(ض) خصما: جھگڑے میں غالب آنا۔
خاصمة خصاما و مخاصمة: جھگڑا کرنا۔ اسم (الخصومة) ہے۔

اختصم: جھگڑا کرنے کیلئے دلیل سمجھانا۔
تخاصم و اختصم. القوم: ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
الخصم: مص۔ مدمقابل۔ مخالف۔ جھگڑا کرنے والا۔ تثنیہ جمع اور مؤنث کے لیے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هما وهم وهی خصمی" ج خصوم و خصام و أخصام"
الخُصم: جانب۔ گوشہ۔ ج اخصام و خُصوم۔
الخصیم: جھگڑالو۔ ج اخصام و خُصماء و خُصمان۔
الخصِم: ج اخصام و خصمون (الخصوم) جھگڑالو۔ مخالف۔ مدمقابل۔
خصی(ض) خصاء: خصی کرنا۔
الخصِی: فوطوں میں درد والا۔
الخصیء: وہ شخص جس کے فوطے نکال لیے گئے ہوں۔ آختہ۔ ج خصیة و خصیان۔
الخُصیة: فوطہ۔ ج خصی۔ خصیة البحر و خصی الثعلب و خصیة الدیك و خصیة الکلب: مختلف نباتات کے نام۔
خضّض. الجاریة: سفید مہرے پہنا کر سنوارنا۔
خاضّه مخاضّة: بیع بالعوض کرنا۔
الخضض: سفید مہرے۔ رنگ برنگ کے کھانے۔ بیہودہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "منطق خضض"
الخضاض: کم حیثیت زیور۔ روشنائی۔ قیدی کی بیڑی۔ کتے یا بلی وغیرہ کے گلے کا پٹا۔ رجلٌ خضاض و خضاضة: بیوقوف مرد۔ مکان (خضیض) پانی سے تر جگہ۔
خضب(ض) خضبا و خضّب. الشیٔ: رنگین کرنا۔
خضب(ض) و خضب(س) خضوبا و خضب و اخضب. الشجر و المکان: سرسبز ہونا۔
تخضّب و اختضب. بالحناء: رنگین ہونا۔ صفت (خضیب) ج خضب و (مخضوب و مخضب)

اخضوضب اخضیضابا. الشجر: سرسبز ہونا۔
الخاضب: شتر مرغ جس کے بیخ پر اور جس کی ٹانگیں موسم ربیع کی گھاس کھانے سے سرخ ہو گئی ہوں۔
الخضاب: پودوں میں سبز مادہ جو کہ کلورین کے نام سے مشہور ہے وہ پتوں اور دانوں میں ہوا کے اندر کاربون آنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے جس کی مدد سورج کی شعاعیں بھی کرتی ہیں۔
الخضب: مص۔ درخت کی سبزی۔ بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی۔ ج خضوب۔
الخضاب: رنگ۔ رنگ کرنے کی چیز۔
الخضبة: بہت خضاب لگانے والی عورت۔
الخضوب: بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی۔
الخضیب: رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "کف خضیب و امرأة خضیب" رنگی ہوئی ہتھیلی۔ خضاب لگائی ہوئی عورت۔ ج خضب. الکف الخضیب: ایک ستارے کا نام۔
المخضب: کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن۔ لگن۔
خضخض خضخضة. الماء و نحوه: ہلانا۔
تخضخض: ہلنا۔
الخضاخض. من الاماکن: جگہ جس میں پانی و درخت زیادہ ہوں۔ بڑے پیٹ والا موٹا مرد (والخضخض) پچھوائی اور پروائی کے درمیان کی ہوا۔
خضد(ض) خضدا. العود: بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا۔ موڑنا. الشجر: کانٹے کاٹنا. الرجل: لکڑی گاجر وغیرہ کی مانند تر چیز کھانا۔
خضّد: کاٹنا۔
تخضّد و انخضد. العود: ٹوٹنا۔

اِنْخَضَدَتِ الثمارُ: پھلوں کا پارہ پارہ ہونا۔
الخَضَد. کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ پھلوں کی پژمردگی۔ نباتات کی کمزوری۔
خَضَد البَدَن: کاہلی کے ساتھ بدن کا درد اور ٹوٹنا۔ خَضَد السَّفر: تکانِ سفر (والخَضَاد) اعضاء کا درد۔
الخَضِد والمَخْضُوْد. اُٹھنے سے عاجز، کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَخْضُوْدٌ" ذلیل سے عاجز مرد۔
الاَخْضَد والمُتَخَضِّد. دوہرا ہونے والا۔
المِخْضَد. بہت کھانے والا۔
خَضِرَ (س) خَضَرًا. سبز ہونا الزَّرْعُ: سرسبز و شاداب ہونا۔
خَضَرَ (ن) خَضْرًا. النخلَ: کاٹنا۔
اَخْضَرَ. الرِیُّ النباتَ: سرسبز و شاداب کرنا۔
خَضَّرَ. الشیئَ: سبز کرنا۔
خَاضَرَهٗ مُخَاضَرَةً. درخت کے اُوپر ہی کچا پھل بیچ دینا۔
اِخْضَرَّ واِخْضَوْضَرَ. سبز ہونا۔ واِخْضَرَّ اللیلُ: سیاہ ہونا۔
اِخْتَضَرَ. الفاکهةَ: وقت سے پہلے کچا کھانا العشبَ: سبز رہتے ہوئے کاٹنا الجاریةَ: بلوغ سے پہلے بکارت زائل کرنا۔ اُخْتُضِرَ: جوان مرنا۔
الخِضْر والخَضِر. اس ذاتِ گرامی کا نام جن سے سیّدنا موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تھی۔ اور اس کی کچھ تفصیل سورۂ کہف میں ہے۔
الخَضِر. سبز۔ ٹہنی۔ کھیتی۔ سبز ترکاری۔ سبزہ زار۔
الخَضَار. نئی سبزی۔ زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔
الخَضِیْر. سبز۔ سبز ترکاری۔
الخُضْرَة. سبز رنگ۔ ترکاری۔ نرمی و نازکی۔ کہا جاتا ہے۔ "غُصْنٌ فِیْهِ خُضْرَةٌ" ٹہنی جس میں نرمی ہو۔ ج خُضَر وخُضَر و "خُضْرَةُ الدِّمَن" کوڑے کی سبزی (ایسی چیز جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو اس کیلئے بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں) والخُضْرَةُ فِي اَلْوَانِ الابلِ والخَیْلِ: ٹمیالا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو فِی اَلْوَانِ النَّاسِ: گندم گونی۔
الخَضَّار. سبزی فروش۔
الخُضَارة سبز ترکاریاں۔ خَضَارةُ: سمندر کیلئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
الخُضَارِیُّ والخُضَیْرِیُّ. ایک قسم کا پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں۔ ج خَضَارِیٌّ.
الخَضْرَاءُ اخضر کا مؤنث۔ القُبَّة
الخَضْرَاء: آسمان۔ و خَضْرَاءُ القَوْمِ: قوم کا بڑا حصہ۔ ج خَضْرَاوَات.
الخَضْرَاوَات: ترکاریاں۔ میوے۔
الاَخْضَرَان. گھاس و درخت۔
الاَخَاضِر. سونا۔ گوشت و شراب۔
الاُخَیْضِر. مکھی۔ آنکھ کی ایک بیماری۔
المَخْضَرَة سبزہ زار۔
خَضْرَمَ. الاُذنَ: کان کا کچھ حصہ کاٹ لینا۔
الخِضْرِم. بہت پانی والا کنواں۔ بہت بڑا سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ خِضْرِمٌ" بہت پانی والا سمندر۔ و "رَجُلٌ خِضْرِمٌ" بہت فیاض مرد۔ (والخِضَارِم) ج خِضْرِمُوْن وخَضَارِم وخَضَارِمَة:
الخُضْرُم: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی ز گوہ کا بچہ۔
المُخَضْرَم. غیر مختون۔ وہ شخص جو خود کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو۔ وہ شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو۔ وہ شخص جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو۔ "مَاءٌ مُخَضْرَمٌ: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔
خَضَعَ (ف) خُضُوْعًا و خَضْعًا و خُضْعَانًا. عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔ سرفگندہ ہونا۔ صفت (خَاضِع) ج خُضَّع و (خُضُوْع) ج خُضَع. لَهٗ: تابع و فرمانبردار ہونا النجمُ: مائل بغروب ہونا الرجلَ: ساکن کر دینا۔
خَضِعَ (س) خَضَعًا. الرَّجُلُ: جھکا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْضَع) مؤنث خَضْعَاء.
خَضَّعَهٗ. عاجز کرنا اللحمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اَخْضَعَ. عاجز ہونا۔ عاجز کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْضَعَتْنِی اِلَیْكَ الحَاجَةُ" تمہارے سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنا دیا۔ الکِبَرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو پست گردن بنا دینا۔
خَاضَعَهٗ. نرمی سے گفتگو کرنا۔
تَخَضَّعَ واِخْضَوْضَعَ. بتکلف عاجزی ظاہر کرنا۔
اِخْتَضَعَ. عاجز ہونا الصقرُ: ٹوٹ پڑنے کیلئے سر جھکانا فی سَیْرِهٖ: تیز چلنا۔
الخَضَع. س۔ پیدائشی گردن کی پستی۔
الاَخْضَع. ذلت پر راضی۔ دبی ہوئی گردن والا۔
الخُضَعَة. ہر ایک سے عاجزی ظاہر کرنے والا۔ اپنے ہمسر پر غالب آنے والا۔ ج خُضَع.
الخَضْعَة والخَضَعَة. تلواریں۔ کوڑے۔ تلواروں اور کوڑوں کی آواز۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسِّیَاطِ خَضْعَةً" میں نے کوڑوں کے پڑنے کی آواز سنی۔
الخَضِیْعَة. آواز جو جانور کے پیٹ سے سنائی دے۔ سیلاب کی آواز۔
الخَیْضَعَة. لڑائی کا شور۔ میدان جنگ اور اس کا غبار۔
الخَیْضَع. مِنَ الرِّجَالِ: ذلت پر راضی ہونے والا۔
خَضَفَ (ض) خُضَافًا وخَضْفًا. گوز کرنا۔ صفت (خَضِیْف وخَضُوْف وخَضَّاف)
الخَضَف. چھوٹا کدو یا ککڑی یا خربوزہ۔

الاخضف۔

خضِلَ(س) خضَلًا واَخضَل واِخضَلَّ و اِخضَوضَل. تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ صفت (خضِل و خاضِل) کہا جاتا ہے "عَیشٌ خضِلٌ" شاداب زندگی۔ و "شِوَاءٌ خضِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت۔ و "سِنَانٌ خضِلٌ" خون سے تر نیزہ۔

خضَّلَ واَخضَلَ. الشیء: تر کرنا۔

اِخضَالَّ واِخضَلَّ. تر ہونا۔ الشجرُ: بہت ٹہنی اور بکثرت پتے ہونا۔

الخضَل والخضِل. صاف موتی۔ ایک قسم کے مہرے۔ واحد (خضَلَة)

الخُضلَة. تروتازگی۔ آسودگی۔ نعمت۔ زندگی کا آرام و آسودگی۔

الخضِیلَة. سرسبز و شاداب باغ۔

المُخضَل والمُخضَلُّ. آسودہ زندگی والا۔

خضَم (ض) وخضِم (س) خضمًا. الطعامَ: انتہائی داڑھ سے کھانا۔ مُنہ بھر کے کھانا۔

اَخضَم لَهُ فی العَطَاءِ: زیادہ دینا۔

الخِضَمُّ. بڑا سمندر۔ سردار۔ بڑا فیاض (عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ سَیفٌ خِضَمٌّ: شمشیر بُراں۔

الخُضَام والخضَامَة. وہ چیز جو انتہائی داڑھ سے کھائی جائے۔

الخضِیمَة. سبز نباتات۔ بہت نباتات والی زمین۔ اُبلا ہوا گیہوں۔

الخُضمَّة. درمیان۔ چیز کا بڑا حصہ۔

المُخضَم والمُخضَّم. آسودہ زندگی والا۔

خطَّ(ن) خطًّا. بالقلم: لکھنا۔ الخطَّةَ لنفسِه: نشان لگا کر اپنے لیے مخصوص کرنا۔ الشَّیَ: قلم وغیرہ سے لکھنا علی الشیء: نشان لگانا۔ علامت لگانا الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا عذارُهُ: رخسار پر بال نکلنا۔ القبرَ: کھودنا الریاحُ الرملَ: دھاری ڈالنا فی الارض: لکیر کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "جاراہُ فما خطَّ غبارَهُ" اِس نے اُس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہنچا اور کہا جاتا ہے "فلانٌ یخُطُّ فی الارض" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔ خطَّ الطعامَ و فی الطعام: تھوڑا کھانا فی نومه: خراٹے لینا۔

خطَّط. لکیریں کھینچنا الخطوطَ نقش کرنا البلادَ: حدود مقرر کرنا۔

اِختطَّ. الوجهُ او غیرهُ: دھاری دار ہونا الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا الارضَ او الدارَ: اپنا معلوم ہونے کیلئے حد بندی کرنا خُطَّةً: معین کرنا۔ علامت لگانا۔

الخاطُّ. فا. جادوگر۔

الخطُّ. تحریر۔ کتابت۔ لمبا راستہ۔ خطُّ الاِستِوَاءِ: وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ ج خُطوط. وخُطُوطُ الکفِّ: ہاتھ کی لکیریں۔

الخُطُّ والخَطُّ. راستہ۔ سڑک۔ محلّہ۔

الخِطُّ والخِطَّة. وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔ زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لئے خاص کر لے۔ ج خِطَط.

الخُطَّة. کام۔ کہا جاتا ہے "تلك خُطَّةٌ لَیسَت مِن بَالِی" یہ کام میری شان کا نہیں ہے۔ "وفی راسه خُطَّةٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے۔ خصلت۔ جہالت۔ مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے۔ ج خُطَط. کہا جاتا ہے "فلانٌ یَبنِی خُطَطَ المکارِمِ" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے۔

الخطِّیُّ. نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے۔ اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے۔ خطِّیَّة.

الخَطُوط. زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا۔ عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔ جنگلی گائے۔

الخطَّاط. بہت لکھنے والا۔

المِخطُّ. کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی۔

المُخطَّط. دھاری دار۔ خوبصورت۔

خطِی (س) خطْأً. غلطی کرنا فی دینه: قصداً یا بلا قصد غلطی کے راستہ پر چلنا۔ (حطأ و خِطْأة) گناہ کرنا۔ صفت (خاطِی) ج خطَأة مؤنث خاطِئَة ج خواطِی

خطأت (ف) خطأً. القدرُ بزبدھا: جھاگ پھینکنا۔

خطَّأهُ تخطیئًا وتخطِئَة. غلطی کی طرف نسبت کرنا۔

اَخطأ اخطاءً وخاطِئَةً. غلطی کرنا الطریقَ: چوک جانا الرجلَ: غلطی میں ڈالنا الرامی الغرضَ: نشانہ پر نہ لگنا فی عمله: راہ راست سے ہٹ جانا۔

تخطأ وتخطاطأ. غلطی کرنا۔ تخطأ وتخاطأه: غلطی میں ڈالنا السهمُ الرمیَّةَ: نشانہ سے ہٹ جانا۔ تخطأ لَهُ فی المسئلة وبها: کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے درپے ہونا۔

الخطْء. گناہ۔

الخِطْء والخطَأ والخطاء. گناہ اور بقول بعض غیر ارادی گناہ۔ غلطی۔

الخطَّاء. بہت غلطی کرنے والا۔ بہت گناہ کرنے والا۔

الخطِیئَة. گناہ اور بقول بعض ارادی گناہ۔ ج خطایا و خطیئات

خطَب (ن) خُطبَة و خطبًا و خطابَة. وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہا جاتا ہے "خطب القومَ وفی القومِ" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔

خطُب (ک) خطابَة. واعظ ہونا۔ مقرر ہونا۔ لیکچرار ہونا۔

خطَب (ن) خطبًا وخطبَة وخِطِّیبی الفتاةَ: منگنی کرنا۔ صفت (خاطب) کہا جاتا

ہے "خطب الفَتاةَ عَلیٰ فلان" اس نے فلاں کے لیے لڑکی کی منگنی کی۔

خَطِب(س) خَطَبًا. الشَّیُ: تیرہ مائل سرخ زرد ہونا۔

خَاطَبَهُ خِطابًا و مُخاطبَةً و تَخاطُبًا. باہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "خاطبَهُ فِی فُلان" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔

اَخطَب. الصیدُ فُلانًا: قریب ہونا الحَنظَلَةُ: رنگین ہونا الحَنظَلُ: زرد ہونا اور سبز دھاریاں پڑنا۔

اِختَطَب. الفَتاةَ: منگنی کرنا القومُ فلانًا: قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لیے کسی کو بلانا عَلَی المِنبرِ: خطبہ دینا۔

الخَطب. س. حالت۔ کہا جاتا ہے "ما خَطبُكَ" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لیے مستعمل ہے۔ ج خُطُوب.

الخِطاب. گفتگو۔ فَصلُ الخطاب: فصاحت۔ حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمد اللہ کے بعد اَمّا بَعد کہنا۔

الخُطبَة. تقریر۔ گفتگو۔ خُطبَةُ الکِتاب: کتاب کا دیباچہ۔ الخُطبَة: تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو۔

الخِطب. منگنی کرنے والا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هو خِطبُها وهی خِطبُهُ" ج۔ اَخطاب.

الخِطبَة. س. منگنی کرنا۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔

الخَطّاب. منگنی کرنے والا۔ بہت تقریر کرنے والا۔

الخَطّابَة. بہت تقریر کرنے والا (مذکر مؤنث) الخَطّاب کا مؤنث۔

اَلخطابیَّةُ: شیعہ رافضہ میں سے ایک فرقہ جو کہ اپنے امیر ابوالخطاب کی طرف منسوب ہیں۔ وہ ان کو اپنے مخالفین کے خلاف جھوٹی گواہی دینے کا حکم کرتا تھا۔

الخَطِیب. منگنی کرنے والا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجلٌ خَطِیبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَباء.

الخِطِّیب. عورت کو پیغام نکاح دینے والا۔ ج خِطِّیبُون

الخِطِّیبی. عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے۔

الاَخطَبُ. شکرا. مِنَ الحَنظَلِ: سبز دھاریوں والا اندراین۔ الاَخطَبُ: خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَکتَبُ اور شِعرٌ سے اَشعَر. کہا جاتا ہے "کانَ اَخطَبَ اَهلِ زَمانِه" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا۔

خَطَرَ(ض) خَطَرانًا و خَطِیرًا. فی مَشیَتِهِ: ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا۔ الرُّمحُ: ہلنا بِسَیفِهِ اور رُمحِه: فخر و غرور سے ہلانا بیَدِه: چلنے میں آگے پیچھے کرنا (خَطرًا و خطرانًا وخَطِیرًا) الجملُ بذنبه: بار بار اٹھانا اور رانوں پر مارنا۔

خَطَر(ن ض) خُطُورًا. الامرُ لهُ: سوجھنا خَطَرَتِ الحوادثُ: پیش آنا۔ خَطَرَ الامرُ ببالِه و عَلیٰ و فِی بالِهِ: بھولنے کے بعد یاد آنا۔

خَطُر(ک) خَطَرًا و خُطُورَةً. عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (خَطِیرٌ) ج خُطَر.

خاطَرَ مُخاطَرَةً. بِنَفسِهِ: خطرہ میں ڈالنا ہ عَلیٰ کَذا: شرط لگانا۔

اَخطَرَ. الشَّیَ فی او عَلیٰ او ببالِه: یاد دلانا ہ: بلند مرتبہ میں ہم مثل ہونا المالَ: مال کو شرط پر رکھنا المَرِیضُ: خطرہ میں ہونا۔ صفت (مُخطِر)

تَخَطَّری. پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرانِی شرُّ فُلان" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔

تَخاطَرَ. القومُ عَلَی الشَّیِ: شرط لگانا۔

الخَطر. غلہ کا ایک بڑا پیمانہ (والخَطر) اونٹ کے سرینوں پر مینگنی اور پیشاب مل کر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔

الخَطر. بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جس کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج اَخطار.

الخَطر. قریب بہلاکت ج اَخطار. کہا جاتا ہے "رَکِبُوا الاَخطار" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی۔ رتبہ۔ مثل۔ ہم پلہ (اور ذی رتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے فِی ظِلِّ عیشٍ خَطِیرٍ مالَهُ خَطَر. شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطار. جج خُطُر.

الخَطرَة. ایک بار۔ تم کہتے ہو "ما لَقِیتُه اِلّا خَطرَةً" میں اس سے ایک بار ملا۔

الخاطِر. فا. امر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال اور کبھی دل اور نفس پر بھی مجازاً اطلاق کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی خاطِرِی" میرے دل میں واقع ہوا۔ و "فُلانٌ سَرِیعُ الخاطِر" فلاں تیز طبیعت ہے۔ و "جاشَ الشِّعرُ فِی خاطِرِی" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خَواطِر.

الخَطّار. الخاطِر کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل۔ شیر۔

الخَطّارَة. اونٹوں کا باڑہ۔

الخِطر. عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسّی۔ ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھمکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَیسَ لَهُ خَطِیرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔

المَخاطِر. خطرے (اس کیلئے مفرد نہیں)

الخُطرُب والخُطارِب. افترا پرداز۔ جھوٹا۔

خَطرَف و تَخَطرَف. چلنے میں جلدی کرنا۔ صفت (خِطرِیف و خُطرُف)

خَطرَفَهُ بالسَّیف: تلوار سے مارنا۔

خَطِف(س) خَطفًا. الشَّیَ: اُچک لینا

البرق البصر: چندھا کر دینا السمع: چوری سے سننا۔
خطَف (س) وخطِف (ض) خطفانًا. تیز چلنا۔ صفت (خطیف وخیطف)
خطّف. اُچک لینا (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لیے ہے)
اخطفہ. خطا کرنا۔ المرضُ: بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا الرجلُ: کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے ٹھیک ہونا۔
تخطّف واختطف. الشئَ: چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اُچک لینا۔
الخطف والخطَف. لاغری اور پہلوؤں کا دُبلا پن۔
الخَطفة. جھپٹا۔ عضو جس کو درندہ جھپٹا مار کر اُتار لے یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔
الخاطِف. فا. بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے۔ ج خواطِف.
اَخطف. الحَشیٰ: دُبلا۔
الخاطُوف. درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔
الخَطّاف. الخاطِف کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔
الخُطّاف: آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اُچک لیا جائے۔ ج خطاطِیف و خطاطِیف السباع: درندوں کے چنگل۔
الخَطَفی والخَیطَفی. تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَمشِی الخَطَفی" وہ تیز چلتا ہے۔
الخطیفة. ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچہ سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔
خطِل (س) خطلًا واخطل. فی کلامہ: بہت بولنا اور فحش بولنا۔ فی منطقہ اور رأیہ: غلطی کرنا۔ جیسے "اِصالۃُ الرّای صانتنِی من الخطَلِ" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔
تخطّل. فی المشی: نازانداز سے چلنا۔

الخاطِل. باطل۔
الخطَل. س۔ بیوقوفی۔ سبکی۔ سرعت۔ بہت ردی گفتگو۔ کہا جاتا ہے۔ "اَرٰی فی مشیتِہ خطَلا" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگوئے پریشان۔
الخَطِل. بیہودہ گفتگو والا۔ بیوقوف۔ سہمٌ خطِل: نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ ثوبٌ خطِل: موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر کھنچے۔ ج اخطال اور کہا جاتا ہے "رجلٌ خطِل الیدین" سخت ہاتھوں والا امرد و "رُمحٌ خطِل" بے ڈول لمبا نیزہ۔
الخطِل: تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "احوسُ فی الھیجاءِ بالرّمحِ خطِل" شجاع و بہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا ہوتا ہے۔ خطِل بالمعروف: داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔
الاخطَل. لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بیہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خطلاء ج خُطل.
الخَیطل. کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر فروش۔ ٹڈی دل۔
خطمہ (ض) خطمًا وخطّمہ. بالخطام: نکیل لگانا۔ خطمہ بالکلام: خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خطم الرجلَ: ناک پر مارنا۔ (خطمًا وخطامًا) القوسَ بالوتر: کمان پر تانت چڑھانا۔
اختطم. الخطامَ: نکیل لگانا۔
المَخطِم والمِخطَم. ناک۔
الخطم. س۔ ناک کا اگلا حصہ۔ چونچ من الدابّۃ: چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ امرٌ عظیم: پہاڑ کی چوٹی۔
الخِطام. مہار۔ نکیل۔ کمان کی تانت۔ ج خُطم.
الخاطِم. فا. کہا جاتا ہے "فُلانٌ خاطِمُ اَمرِ بنی فُلانٍ" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔
الخطّام. اسم مبالغہ۔ مِسکُ خطّامٍ: ناک کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری۔
الاخطم. لمبی ناک والا۔ کالا۔ مؤنث خطماء. ج خُطم
الخِطمی. ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ واحد (خِطمیّۃ)
خطا (ن) خطوًا. قدموں کے درمیان کشادہ کر کے چلنا۔
خطّا واخطی. الرجلَ: قدموں کو کشادہ کر کے چلانا۔ خُطّی عنہ الشئ: زائل کیا جانا۔
تخطّی تخطّیًا واختطی اختطاء. ہ الی کذا: پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
الخُطوۃ. چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ۔ عوام اسے فشحہ کہتے ہیں۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے۔ قرّب اللہ علیک الخُطوۃ: اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لیے قریب کر دیں۔ ج خُطی وخُطوات وخُطَوات وخُطْوات.
الخَطوۃ. بمعنی خُطوۃ. خطا کا اسم مرۃ فی المساحۃ: چھ قدم۔
الخطیۃ. گناہ۔
خظا خُظوًا خُظوًّا. لحمہ: گٹھا ہونا۔
اخظی. الرجلُ: موٹا ہونا۔ اخظاہ: موٹا کرنا۔
الخظی. گٹھے بدن والا۔ کہا جاتا ہے۔
خفّ (ض) خفًّا وخفّۃً وخِفّۃً. ہلکا ہونا۔ خفیف العقل ہونا۔ کم مال والا ہونا۔ المطرُ: کم ہونا (خفًّا وخفّۃً وخفوفًا) الی العدوّ: جلدی کرنا القومُ: جلدی کوچ کر کے کم ہونا۔
خفّف. الشئَ: ہلکا کرنا الحرف: مشدد نہ کرنا الثوبَ: باریک بنانا۔
اخفّ. کم سامان والا ہونا۔ سبک حال ہونا الرجلَ: جہالت پر اکسانا۔ عیب لگانا۔
تخفّف. چرمی موزہ پہننا۔ جلدی کرنا۔
تخافّ. ہلکا پھلکا ہونا۔
استخفّہ. ہلکا سمجھنا۔ جاہل سمجھنا۔ حق و

صواب سے ہٹانا ٥ الغناءُ طرب و نشاط میں
ڈالنا ٥ الطَّربُ:
اِسْتَخَفَّ بہ حقیر جاننا۔
اَلْخِفُّ ہلکا۔ تھوڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے
"خرج فِی خِفٍّ مِنْ اَصْحَابِہ" وُہ اپنے
تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔
الخُفُّ للبعیرِ و النَّعامِ اُونٹ اور شتر
مرغ کی ٹاپ۔ چرمی موزہ۔ ج اخفاف
و خِفاف کہا جاتا ہے "خفٌّ ضَاحِكٌ"
پھٹا ہوا موزہ۔ الخُفُّ قدم کا وہ حصہ جو زمین
سے لگے۔ سخت زمین۔
الخِفَّۃ ہلکا پن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل
میں)
الخفیف ہلکا۔ پھرتیلا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ
خفیفُ الرُّوح" وُہ لطیف اچھی صحبت والا
ہے و "خفیفُ القَلْب" ذکی و "خفیفُ
العَقْل" بیوقوف و "خفیفُ الظَّھر" کم اولاد
والا و "خفیفُ الیَد" پھرتیلا و "خفیفُ
العارِضَین" ڈاڑھی میں کم بال والا۔ ج اخِفَّاء
و خِفاف و اَخْفاف۔ الخفیفُ: علم
عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔
الخُفافُ ذکی، تیز فہم۔
الخَفَّاف چرمی موزوں کا بیچنے والا۔
الخُفُّوف بجو۔
خَفَاَ (ف) خَفْأً. الشَّیَٔ اُکھیڑ کر زمین پر
پٹکنا البیتَ ڈھا کر گرا دینا القِربَۃ مشک کو
پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا تا کہ پانی جذب نہ ہو۔
خَفَتَ (ن) خُفُوتًا. الصوتُ پست
ہونا۔ صفت (خافِتٌ و خَفِیْتٌ). (خُفاتًا)
اچانک مرنا۔ (و خَفْتًا و خافَتَ و تخافت
بکلامِہٖ و بصوتِہٖ پوشیدہ رکھنا۔ پست کرنا۔
آہستہ کرنا بالقِرائۃِ آہستہ پڑھنا۔ خافتَہٗ
پست گفتگو کرنا۔ تَخافتَ بتکلف ضعف و
سکون ظاہر کرنا۔
الخُفْتَا ایک قسم کی نباتات۔
الخُفْتَان چلتہ (جنگ میں پہننے کا ایک لباس
(دخیل)

الخافِتُ بے پانی کا بادل۔ زرع خافت:
کمزور پودہ جو ابھی لمبا نہ ہوا ہو۔
خَفِجَ (س) خَفَجًا. البعیرُ نج کی بیماری
لاحق ہونا۔
الخَفِیْجُ کمزور۔ سُست۔
الاَخْفَجُ نج کی بیماری والا۔ ٹیڑھے پاؤں
والا۔ عمود اَخْفَجُ ٹیڑھا ستون۔
الخَفْجُ ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا۔
خَفْخَفَ خَفْخَفَۃً. الخنزیرُ او الضَّبُعُ
آواز کرنا الرجلُ قمیصَہ الجدیدَ او
القِرطاسَ حرکت دینے سے آواز نکلنا۔
الخَفْخَافُ وہ شخص جس کی آواز ناک سے
نکلتی ہوئی معلوم ہو۔
خَفَدَ (ن) خَفْدًا و خَفَدانًا و خَفِدَ
(س) خَفَدًا تیز چلنا۔
الخُفْدُ دو الخُفْدُود چمگادڑ یا چمگادڑ کی
مانند ایک دوسرا پرندہ۔
الخَفَیْدَد تیز چلنے والا۔ شتر مرغ۔ ج
خَفادِد و خَفادِید و خَفَیْدَدات۔
خَفَرَ (ن ض) خَفْرًا و خَفَرًا. ہ و بہٖ و
علیہ پناہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ امن دینا ہ پناہ
دینے کی اُجرت لینا۔ خَفَرَ بالعَھْد وفا کرنا۔
عہد پورا کرنا۔ (خَفْرًا و خُفُوْرًا) فلانًا عہد
توڑنا۔ بیوفائی کرنا۔
خَفِرَ (س) خَفَرًا و خَفَارَۃً. الجاریۃُ
بہت شرمیلی ہونا۔ صفت (خَفِرٌ و خَفِرَۃٌ
و مِخْفار)
خَفَّرَہٗ امن دینا۔ حفاظت کرنا۔ شرمندہ
کرنا۔ کسی کے ساتھ رہبر بھیجنا۔
تَخَفَّرَ. بہٖ پناہ دینا۔ پناہ لینا۔ رہبر بننے کو
کہنا۔ تَخَفَّرَت الجاریۃُ بہت شرمیلی
ہونا۔
الخَفَارَۃ (بتثلیث الخاء) رہبری۔
عہد۔ الخُفَارۃ رہبر کی اُجرت۔
اَلْمَخْفَر پولیس اسٹیشن
الخُفْرَۃ. خفارۃ کے معنی میں اسم ہے۔ کہا
جاتا ہے "ھو فی خفرۃ اللّٰہ" وُہ اللہ کے ذمہ

ہے "ھٰذا خُفَیْرِی" یہ میرا رہبر ہے۔
الخَفِیْر پناہ دیا ہوا۔ پناہ دینے والا۔ حمایت و
حفاظت کرنے والا۔ ج خُفَراء۔
الخُفَرۃ پناہ دینے والا۔
خَفَسَ (ن) خَفْسًا ٹھٹھا کرنا۔
خَفَسَ الطعامَ او الشرابَ تھوڑا کھانا یا
پینا۔
البناءَ عمارت ڈھانا۔
خَفَسَ (ض) خَفْسًا و اَخْفَسَ بہت
بدزبانی کرنا۔
اِنْخَفَسَ. الماءُ پانی کا متغیر ہونا۔
تَخَفَّسَ. الرجلُ لیٹنا۔
شرابٌ (مُخْفِسٌ) جلد مست کرنے والی
شراب۔
خَفَشَ (ن) خَفْشًا. بہٖ پھینکنا البناءَ:
ڈھانا۔
خَفِشَ (س) خَفَشًا کمزور ہونا۔ پیدائشی
کمزور نظر والا ہونا۔ تنگ آنکھ والا ہونا۔ رتوند
والا ہونا۔ صفت (خَفِشٌ و اَخْفَش)
خَفَّشَ. البدنُ بدن کا کمزور ہونا۔
البناءَ عمارت ڈھانا الرجلَ پچھاڑ کر کچل
دینا بالارض زمین سے چمٹنا۔
الخُفَّاش چمگادڑ۔ ج خَفافِیْش.
خَفَضَ (ض) خَفْضًا پست کرنا۔
الصوتَ آہستہ کہنا الکلمۃَ زیر دینا۔
خَفَضَ الصَّوتُ آہستہ ہونا بالمکان:
اقامت کرنا الرجلُ عزنا الابلُ آہستہ چلنا
الجاریۃَ ختنہ کرنا۔
خَفُضَ (ک) خَفْضًا. العیشُ آسودہ و
خوشحالی ہونا۔ صفت (خَفِیْضٌ و خَفْضٌ و
خافِضٌ و مخفوضٌ)
خَفَّضَ. الشیَٔ آسان کرنا۔ نرم کرنا اور
اسی سے ہے "خَفِّضْ عَلَیْكَ" یعنی اپنے اوپر
نرمی کرو۔
تَخَفَّضَ. الامرُ آسان ہونا۔
اِنْخَفَضَ بلندی کے بعد پست ہونا
الصوتُ پست ہونا۔

اِختَفَضَ. السعرُ: بھاؤ گرنا۔

الخافِض. فا. اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ خافِضُ الطَّیرِ وخافِضُ الجَناحِ" وہ باوقار اور متحمل المزاج ہے۔ مؤنث خافِضَۃ۔

الخافِضَۃ: لڑکیوں کی ختنہ کرنے والی۔

الخَفض. مص (والخَفِیضَۃ) آسودگی۔ فراخی کی زندگی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فی خَفضٍ مِنَ العَیشِ" وہ آسودہ زندگی میں ہے۔

خَفَعَ (ف) خَفعًا بھوک وغیرہ سے چکرا کر گرنا۔ خَفَعَہُ بالسَّیفِ: تلوار سے مارنا۔ (خَفعًا وخَفَعانًا) السِّترُ: ہلنا۔

اَخفَعَہُ. الجُوعُ: چکرا کر گرا دینا۔

اِنخَفَعَ. بیہوشی کے قریب ہونا۔

المَخفُوع. دیوانہ۔

خَفَقَہُ (ن ض) خَفقًا. بالسَّیفِ: آہستہ تلوار سے مارنا۔ النَّعلُ: جوتے سے آواز نکلنا (خَفقًا و خُفُوقًا و خَفَقانًا) الفُؤادُ: دھڑکنا۔ الرّایَۃُ: پھڑپھڑانا۔ البَرقُ: کوندنا (خُفُوقًا) النجمُ: غروب ہونا۔ اللیلُ: اکثر حصہ گزر جانا۔ الطائرُ: اُڑنا۔ الرَّجُلُ فی البِلادِ: سفر کرنا۔ المکانُ: خالی ہونا۔

اَخفَقَ. مضطرب ہونا۔ حاجت میں ناکام رہنا۔ محروم ہونا۔ القومُ: قوم کے توشہ کا ختم ہو جانا۔ برأسِہِ: اونگھ سے سر ہلانا۔ بِثَوبِہِ: کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا۔ النجمُ: غروب ہونا۔ الطائرُ: بازو پھڑپھڑانا۔ ہ: پچھاڑنا۔

اِختَفَقَ. العَلَمُ او السرابُ: جھنڈے کا یا سراب کا ہلنا۔

الخَفقَۃ. خَفق کا اسم مرۃ۔

الخِفقَۃ. کوئی چیز جس سے مارا جائے۔ جیسے تسمہ وغیرہ۔

الخَفِق والخَفِقَۃ والخُفَق والخُفَقَۃ تپلی کمر کا گھوڑا (خَفِقَۃ اور خُفَقَۃ) میں تا تانیث کی نہیں مبالغہ کی ہے۔) ج خِفاق وخَفِقات و خُفَقات.

الخافِق. فا. مکانٌ خافِقٌ: انیس سے خالی جگہ۔ رجلٌ خافِقُ العَینِ: دھنسی ہوئی آنکھ والا۔

الخَفّاق. اسم مبالغہ۔ خَفّاقُ القَدَمِ: وہ شخص جس کے قدم کا اگلا حصہ چوڑا ہو۔

الخَفّاقَۃ. دُبُر۔ امرأۃٌ خَفّاقَۃُ الحَشا: تپلی کمر والی عورت۔

الخافِقان. پورب و پچھم۔

الخَوافِق والخافِقات. خافِقَۃ کی جمع۔ جھنڈے۔ خَوافِقُ السَّماءِ: ہوا چلنے کی چاروں سمتیں۔

الخَیفَق. مصیبت۔ بہت تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ وسیع بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا معلوم ہو۔

المَخفَق. ہموار زمین جس میں سراب حرکت کرتا ہوا ہو۔

المِخفَق. چوڑی تلوار۔

المِخفَقَۃ. کوڑا جس سے مارا جائے۔ اور بقول بعض لکڑی کا کوڑا۔

مَخافِق. النجم: ستاروں کے غروب ہونے کی جگہیں۔

المَخفُوق. مف. پاگل۔ دیوانہ۔

الخافِل. بھاگنے والا۔

الخَفَن. پیٹ کا ڈھیلا ہونا۔

الخَیفان. ٹڈی۔ واحد (خَیفانَۃ)

الخَفّان. شتر مرغ کے چوزے۔

الخُفّان. ایک قسم کا نرم پتھر۔ یہ استعمال عوام سے ہے فصیح لفظ "الرخفۃ" ہے۔

خَفا (ن) خَفوًا وخُفُوًّا. البرقُ: چمکنا۔ الشیءُ: ظاہر ہونا۔

خَفَی (ض) خَفیًا وخُفِیًّا. الشَّیءَ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَفَی المَطَرُ الفارَ" بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ (ضد)

خَفِیَ (س) خَفاءً وخُفیَۃً وخِفیَۃً. پوشیدہ ہونا۔ صفت (خافٍ وخَفِیٌّ)

خَفّی واَخفَی. الشَّیءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَخفِ عَنّا" ہمارے متعلق جو تم سے دریافت کرے اس سے ہماری حالت چھپاؤ۔ واَخفَی الرجلُ: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ اَخفَی الشَّیءَ: سرپوش ہٹانا۔

تَخَفّی واستَخفَی. چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔

اِختَفَی. الشَّیءَ: ظاہر کرنا۔ نکالنا۔ مِن فُلانٍ: چھپنا۔ البِئرَ: کھودنا۔

الخَفاء. مص. پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "بَرِحَ الخَفاءُ" یعنی معاملہ واضح ہو گیا۔ پردہ۔ چادر جو لباس کو چھپا لے۔ پوشیدہ چیز۔ ج اَخفِیَۃ۔ اَخفِیَۃُ الکَرَی: آنکھیں۔ اَخفِیَۃ الزَّھرَۃِ: کلی کے غلاف۔

الخَفِیُّ. لوگوں سے علیحدہ۔ مخفی جگہ میں رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ خَفِیُّ البَطنِ" پچکے ہوئے پیٹ کا مرد۔

الخافِی والخافِیاء. جن۔

الخافِیَۃ. الخافی کا مؤنث۔ پوشیدہ چیز۔ پوشیدگی۔ جن۔ ج خَوافٍ اور کہا جاتا ہے "اَرضٌ خافِیَۃٌ" جنوں کی سرزمین۔

الخَوافِی. پرندے کے بازوؤں کے نیچے چھپے ہوئے پر۔ اور امثال عرب سے ہے "لَیسَ القَوادِمُ کالخَوافِی" بیخ پر چھوٹے پروں کی مانند نہیں۔

الخَفِیَّۃ. الخَفِیُّ کا مؤنث۔ گنجان جھاڑی۔ کنواں جس میں پانی ہو۔ ج خَفایا و خَفِیّات کہا جاتا ہے "بِہ خَفِیَّۃٌ" اس پر کچھ جنون و دیوانگی کا اثر ہے۔

المُختَفِی. فا. کفن چور۔

خَقَّتْ (ض) خَقًّا و خَقَقًا و خَقِیقًا. القِدرُ: جوش سے سنسنانا۔ خَقَّ السَّیلُ فی الاَرضِ: گہرا گڑھا کر دینا (واَخَقَّتْ) البَکَرَۃُ: چرخی کے سوراخ کا چوڑا ہونا۔

الخَقُّ. ج اَخقاق وخُقُوق و (الاُخقُوق والاِخقِیق) زمین کا شگاف۔ تالاب جبکہ خشک ہو جائے۔

خاقان. ترکوں کے بادشاہ کا لقب۔ ج خَواقِین۔ کہا جاتا ہے (خَقَّنَہُ) القَومُ علٰی اَنفُسِہِم: لوگوں نے اس کو اپنا بادشاہ بنا لیا۔

خَلَّ (ن ض) خلًا وخلولًا. لحمہ: دُبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا (خَلَّ) الشَّیَ: سوراخ کرنا۔
الفصِیلَ: زبان کو چیر کر دودھ سے روکنے کیلئے لکڑی ڈالنا فی دُعَائِہ: خاص کرنا۔
خَلَّ اِلَیْہِ: محتاج و فقیر ہونا۔
خَلَّلَ العَصِیْرُ: کھٹا ہونا۔ سرکہ بنا العَصِیْرَ: سرکہ بنانا الاَسنانَ: خلال کرنا۔
خَلَّلَ فِیْ دُعَائِہ: خاص کرنا۔
خَالَّہٗ مُخَالَّۃً و خِلَالًا وخلالًا دوستی کرنا۔ بھائی بندی کرنا۔
اَخَلَّ محتاج ہونا بالشَّیْ: کوتاہی کرنا۔ چھوڑ دینا الوالی بالثُّغُوْرِ: لشکر کم کر دینا بِمَرْکَزِہٖ: مرکز کو چھوڑ دینا بِقَوْمِہٖ: غائب ہو جانا بالرَّجُلِ: پورا حق نہ دینا۔ بالاَمْرِ: برے طریقے سے انجام دینا۔ بگاڑ دینا۔ اَخَلَّ اللّٰہُ: محتاج کر دینا۔ اَخَلَّ بالرَّجُلِ: محتاج ہونا۔
تَخَلَّلَ القومَ: قوم میں مل جانا ہ بالرُّمْحِ: پیاپے نیزے مارنا الشَّیْ فیہ: نفوذ کرنا المَطَرُ: مخصوص جگہ میں برسنا الرَّجلُ: خلال کرنا۔
اِخْتَلَّ الاَمْرُ: کمزور و فاسد ہونا عقلہ: خراب ہونا اِلَیْہِ: محتاج ہونا العَصِیْرُ: سرکہ بنا العَصِیْرَ: سرکہ بنانا لَحْمُہٗ: لاغری کی وجہ سے کم ہونا الرَّجُلُ: اپنے لیے سرکہ بنانا۔
تَخَالُّوْا تخالًّا. باہم دوستی کرنا۔
الخَلُّ س۔ سرکہ۔ ریگستانی راستہ۔ دُبلے جسم والا۔ لاغر۔ موٹا۔ بوسیدہ کپڑا۔ کپڑے کی چیر۔ ج اَخُلٌّ وخِلال. کہا جاتا ہے "مالہٗ خَلٌّ ولا خَمْرٌ" اس کے پاس نہ جید ہے نہ ردی "ولستُ من ھذا الامرِ فی خَلٍّ ولاخَمْرٍ" مجھ کو اس معاملہ کے نہ خیر سے مطلب نہ شر سے کام۔ اُمُّ الخَلِّ: شراب۔
الخِلُّ والخُلُّ دوست۔ مؤنث خِلٌّ وخِلَّۃٌ. ج اَخْلال۔
الخَلَل سستی۔ فساد۔ رائے میں انتشار و پراگندگی۔ شگاف۔ دراڑ۔ ج خِلال۔

الخِلَل. دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ واحد (خِلَّۃ) کہا جاتا ہے "ھو خِلَل القومِ" وہ قوم کے درمیان ہے۔
الخَلَّۃ عادت۔ سوراخ۔ تھوڑا سرکہ ز۔ تھوڑی سی کھٹی شراب۔ حاجت۔ محتاجی۔ ج خِلال وخَلَل. الخَلَّۃ: ہلکی پھلکی عورت۔
الخُلَّۃ گھاس جس میں مٹھاس ہو۔ ج خُلَل.
دوستی۔ عادت۔ بیوی۔ محبوبہ۔ دوست (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے) تم کہتے ہو "ھو وھی وھنّ خُلَّتی"
الخِلَّۃ. دوستی۔ بھائی بندی۔ تلوار کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو۔ چمڑا جو منقش ہو۔ ج خِلَل و خِلال
الخِلال. سوراخ کرنے کا آلہ۔ لکڑی جو اونٹ کے بچے کی زبان میں لگا دی جاتی ہے تاکہ دودھ نہ پی سکے۔ ج اَخِلَّۃ (والخِلالۃ) دانت صاف کرنے کا تنکا۔
الخِلال و الخُلالۃ. دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ و خِلالُ الدِّیارِ: شہروں کا اردگرد۔ گھروں کے درمیان۔ کہا جاتا ہے ھو خِلالَھُم: وہ ان کے درمیان ہے۔
الخَلالۃ والخِلالۃ والخُلالۃ. سچی دوستی۔
الخَلِیْل. خالص دوست۔ ج اَخِلَّاء و خُلَّان. لاغر بدن۔ فقیر۔ مؤنث خلیلۃ. ج خلیلات و خلائل. شیٌٔ خلیلٌ: چھدی ہوئی چیز۔
الخَلَّال. سرکہ بیچنے والا۔ سرکہ بنانے والا۔
الاَخَلُّ. محتاج۔ دوسرے سے زیادہ محتاج۔
رَجلٌ (مِخَلٌّ) محتاج مرد۔
خَلا (ف) خُلُوءا. جگہ سے نہ ٹلنا۔
خَلَأَت الناقۃ: اڑ جانا۔
خَالَا مُخالاۃ. القومَ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری میں مشغول ہو جانا۔
خَلَبَہٗ (ن ض) خَلْبًا بظُفْرِہٖ: خراش لگانا، زخمی کرنا السَّبُعُ الفریسۃَ: چنگل سے پکڑنا الفَتیٰ: جوان کے دل کو چھین لینا اور فتنہ میں مبتلا کرنا۔
خَلَبَہٗ (ن) خَلْبًا وخِلابًا وخِلابۃً و خَالَبَہٗ مُخالَبَۃً وخَلَّبَہ واختلبَہ: نرم کلامی سے فریفتہ کرنا۔ صفت (خالبٌ وخَلوبٌ وخَلّابٌ وخَلَبُوت) مؤنث خالبۃ وخلبۃ وخَلُوبٌ وخَلّابۃ وخَلَبُوت
خَلِبَت (س) خَلَبًا. المرأۃُ: بیوقوف ہونا۔ صفت خَلباء۔
اَخْلَبَ. الماءُ: کیچڑ والا ہونا۔ صفت (مُخْلِب)
اِسْتَخْلَبَہٗ. بظُفْرِہٖ: خراش لگانا۔
الخِلْب. جگر کے اوپر کی جھلی۔ انگور کے پتے۔ ج اَخْلاب (والمِخْلَب) چنگل۔ ج مَخالِب. المِخْلَب: درانتی۔
الخُلْب والخُلُب. کیچڑ۔ کھجور کے درخت کا گودا۔ کھجور کے درخت کی چھال اور اس کی بٹی ہوئی رسی۔
الخُلَّب. بے بارش کا بادل۔ والبرقُ الخُلَّب وبَرْقُ الخُلَّب: بے بارش کے بادل کی بجلی۔ "اِنَّما اَنْتَ کَبَرْقِ خُلَّب" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے۔
الخُلَّبِی فریب۔
المُخَلَّب. مِنَ الثِّیاب: بہت نقش و نگار والا کپڑا۔
خَلْبَسَہ. او خلبس قلبہ: فریفتہ کرنا۔
الخُلابِس. نرم بات۔
الخُلابِس والخَلابِس والخَلابِیس: باطل و جھوٹی باتیں۔ الخَلابِیس: کمینے و فرومایہ لوگ۔
خَلْبَص. بھاگنا۔
خَلَجَہ (ن ض) خَلْجًا. کھینچنا۔ کھینچ کر نکالنا ہ بعَیْنِہ: آنکھ سے اشارہ کرنا الشَّیْ: حرکت دینا ہ بالسَّیف: تلوار سے مارنا الوَلَدَ: دودھ چھڑانا ہ الامرُ: مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَلَجَتْہُ اُمُورُ الدُّنیا" اس کو دنیا کے دھندوں نے پھنسالیا۔

خَلَجت(ن ض) خَلْجًا و خُلُوْجًا و خَلَجَانًا. العین پھڑکنا۔
خلِج(س) خَلَجًا چلنے یا تھکنے کی وجہ سے ہڈیوں کا درد کرنا الشَّیُٔ بگڑنا۔ خراب ہونا۔
خَالَج. قلبه امرٌ: کسی معاملہ کا دل کو سوچ بچار میں ڈال دینا۔
اَخلَج. حَاجِبَیْهِ مٹکانا۔
تَخَلَّج لڑکھڑانا۔ ہلنا، جھکنا الشَّیُٔ کھینچنا۔
تَخَالَجَتْه. الهموْمُ: کہا جاتا ہے "تخالج فی صدری شی" یعنی میرے دل میں کچھ خلجان ہوا۔
اِخْتَلَج جھڑ جانا العینُ پپوٹوں کا غیر ارادی طور پر پھڑکنا الشیء فی صدره: خلجان ہونا الشَّیُٔ: کھینچ کر نکالنا الولدَ: دودھ چھڑانا۔
اُخْتُلِجَ. من بینهم مرنا۔
الخَالِج. فا موت۔
الخُلُج. کاٹنے والے بدن کے لوگ۔ مشکوک نسب کے لوگ۔
الاَخْلَج رسّی۔
الخَلِیْج. من البحر: کھاڑی۔ ندی۔ چھوٹی کشتی۔ رسّی۔ ج خُلجان و خُلُج.
خَلِیْجَا النهر دریا کے دونوں جانب۔
الخِلاج ایک قسم کی دھاری دار چادر۔
الخَلُوْج اونٹنی جس کا دودھ بچہ جدا کرنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو۔ تیز رو اونٹنی۔ پراگندہ بادل۔ بہت پانی والا بادل۔
الاِخْلِیْج ایک قسم کی گھاس مِنَ الخَیْل: تیز رفتار گھوڑا۔
خَلْخَل. العظمَ گوشت چھڑا کر صاف کرنا المرأةَ پازیب پہنانا۔
تَخَلْخَل. الشَّیُٔ کسی چیز کے اجزاء کا ملا ہوا نہ ہونا۔ بیچ بیچ میں خالی ہونا من مَکانه جگہ سے ہلنا المرأةُ پازیب پہننا الثوبُ بوسیدہ ہونا۔
الخَلْخَال ج خَلَاخِیْل و (الخَلْخَل والخُلْخُل) ج خَلَاخِل پازیب۔ ثوب (خَلْخَالٌ و خَلْخَل) باریک کپڑا۔
المُخَلْخَل. پنڈلی پازیب پہننے کی جگہ۔ عسکر (مُتَخَلْخِل) بکھری ہوئی فوج۔
خَلَدَ(ن) خُلُوْدًا ہمیشہ رہنا۔ (خَلْدًا و خُلُوْدًا) باوجود زیادتی عمر کے کمزوری و بڑھاپا نہ آنا۔ صفت (خالِد ومُخْلَد ومُخْلِد ومُخَلَّد) الی المکان وبالمکان: اقامت کرنا الی الارض چمٹنا۔
خَلَّدَ واَخْلَدَ. الی المکان وبالمکان: اقامت کرنا ہ: ہمیشہ کیلئے رکھنا۔ اَخْلَدَ بصاحبه: ہمیشہ ساتھ رہنا۔ اَخْلَدَ اِلَیْهِ: مائل ہونا۔ جھکنا۔
الخُلْد. ہیشگی۔ دوام۔ بقا۔ الخُلَد: چھچھوندر۔ مَنَاجِذُ الخلد: کنگن۔ بالی۔ ج خِلَدَة.
الخَلَدْ دل۔ ہمیشہ رہنے والا۔
الخَلَدَة بالی۔ کنگن۔
الخَالِد. فا. اَبُوْ خَالِد کتا۔
الجَزَائِرُ الخَالِدَات جزائر کناری۔
الخَوَالِد دیگ دان کے پائے۔ پہاڑ۔ پتھر۔
الخُلَّر ایک قسم کی نباتات۔ بقول بعض لوبیا یا ماش۔
خَلَسَ(ض) خَلْسًا و خِلِّیْسی. الشَّیَٔ: فریب سے جھپٹا مار لینا۔
اَخْلَس. النبتُ سبز اور خشک ملا جلا ہونا الرأسُ بالوں کا کھچڑی ہونا۔ صفت خَلِسٌ و خَلِیْسٌ و مُخْلِس اَخلست الارضُ: کچھ ہریالی ہونا۔
خَالَسَهُ مُخَالَسَةً جلدی کرنا۔
تَخَالَسَ. القوم الشَّیَٔ: ایک دوسرے سے چھیننا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا یَتَخَالَسَان انفسهما" وہ دونوں ایک دوسرے کے قتل کا ارادہ کرتے ہیں۔
اِخْتَلَس. الشَّیَٔ فریب سے جھپٹا مار لینا القارئُ الحرکةَ: پر نہ پڑھنا۔ اس کے مقابلہ میں اشباع ہے جس کے معنی پڑھنے کے ہیں کہ جس سے بجائے حرکت کے حرف علت پیدا ہو جائے۔
الخُلْسَة. جھپٹ۔ جھپٹی ہوئی چیز۔ مناسب فرصت۔ اور اسی سے ہے "الخُلْسَةُ سریعةُ الفوتِ بَطِیْئَةُ العَوْدِ" فرصت جلد ختم ہو جانے والی اور دیر میں آنے والی ہے۔
الخَلِیْس والخَلَّاس چوکنا، بہادر۔
الخَلِیْسَة. درندے کے منہ سے چھڑایا ہوا جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مر جائے۔
الخِلَاسِیُّ وہ بچہ کہ جس کے ماں باپ میں سے ایک گورا ایک کالا ہو۔
خَلَصَ(ن) خُلُوْصًا و خَلَاصًا خالص ہونا مِنَ الهلاك: نجات پانا۔ محفوظ رہنا الماءُ مِنَ الکدرِ صاف ہونا الی المکان وبالمکان پہنچنا مِنَ القومِ جدا ہونا۔
خَلِصَ(س) خَلَصًا. اللحمُ: گوشت میں ہڈی کا چورا ہونا۔
خَلَّصَه. من کذا: نجات دینا۔ خَلَّصَ الشَّیَٔ صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ خلاصہ لینا۔
خَلَّصَ الرَّجُلُ: مثل شی دینا۔
خَالَصَه مُخَالَصَةً. فی العِشْرَة او المَوَدَّة: خلوص برتنا۔ خَالَصَهُ الوُدَّ: خالص دوستی کرنا۔
تَخَالَصَا باہم خالص دوستی کرنا۔
اَخْلَصَ. الشَّیَٔ خلاصہ لینا۔ چن لینا۔ ہ للّٰهِ: عیوب سے خالی کرنا الطاعة وفی الطَّاعَةِ: بے نام و نمود کے کرنا له الحبَّ او القولَ کھوٹ سے خالی کرنا۔
تَخَلَّصَ. منه نجات پانا۔ جدا ہونا من کذا الی کذا منتقل ہونا۔
اِسْتَخْلَصَه. چن لینا الشیء منه: اپنے لیے حاصل کرنا۔
الخَلَاص مص (والخِلَاص) کھوٹ سے خالی کیا ہوا۔ (سونا چاندی وغیرہ)
الخُلَاصَة والخِلَاصَة خالص گھی۔ پھر اس کا عام طریقہ سے استعمال ہر اس چیز پر ہونے لگا جو دوسرے سے خالص کر لیا گیا ہو۔ اور اسی سے ہے "خُلَاصَةُ الکَلَامِ"

الاِخْلاص و الِاخْلاصَة. مکھن جو تلچھٹ سے جدا کر لیا جائے۔ "كَلِمَةُ الِاخْلاص" لا اِلٰه اِلّا اللّٰه

الخَلَص. ہر سفید چیز۔

الخِلص. ج خُلَصاء و (الخُلصان) یار یا خالص دوست۔ خُلصان مفرد و جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُو خُلْصَانِي و هُم خُلْصَانِي"

الخَالِص. فا. بے کھوٹ۔ صاف رنگ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا ثَوْبٌ خَالِصٌ" یہ صاف رنگ کا کپڑا ہے۔ ج خُلَّص.

الخَالِصَة. خالص کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَالِصَتِي" وہ میرا دوست ہے و "هٰذا الشَّيُ خَالِصَةٌ لَكَ" یہ چیز تمہارے لیے مخصوص ہے۔

الخُلُوْص. رُبّ جو کھجور سے تیار کی جائے۔ تلچھٹ جو خالص گھی کی تہ میں بیٹھ جائے۔ بالائی

المُخَلِّص. فا. نجات دہندہ۔

خَلَطَ (ض) خَلْطًا و خَلَّطَ. الشَّیَٔ بالشیء: ملانا۔ کہا جاتا ہے "خَلَّطَ المَرِيضُ" بیمار نے مضر چیزیں کھائیں۔ و "خَلَّطَ فِي الكَلامِ" اُس نے بکواس کی۔

خَلَطَ فِي الشَّيْ: خراب و فاسد کرنا۔

اَخْلَطَ. الفرسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

خَالَطَه مُخَالَطَةً و خِلاطًا. ملنا۔ میل ملاپ کرنا۔ ساتھ رہنا الدَّاءُ فُلانًا: بیماری لاحق ہونا۔

خُولِطَ. فی عَقْلِه: مخبوط الحواس ہونا۔

اِخْتَلَطَ. ملنا الظَّلامُ: تاریکی کا چھا جانا الرَّجُلُ: خراب عقل والا ہونا۔ الفرسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

تَخَالَطُوْا. باہم ایک دوسرے کے ساتھ گتھ جانا۔

الخَلْط. س. لوگوں سے ملنے والا اور چاپلوسی کرنے والا۔

الخِلْط. ٹیڑھا تیر۔ ٹیڑھی کمان۔ بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "هُو خِلْطٌ بَيِّنُ الخَلاطَةِ" وہ بیوقوف ہے جس کی بیوقوفی ظاہر ہے۔ ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے۔ ج اَخْلاط. حرامی۔ اور کہا جاتا ہے "رَجلٌ خِلْطٌ مِلْطٌ" مخلوط نسب کا مرد۔

الاَخْلاط. ملی جلی قسمیں۔ اَخْلاطُ الجَسَدِ فِي عُرْفِ الاَقْدَمِيْن. خون۔ بلغم۔ سودا۔ صفرا۔ واَخْلاطُ القَوْمِ: قوم کے معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخَلِط. بیوقوف۔

الخُلْطَة. شرکت۔

الخِلاط. آدمیوں اور جانوروں کا ملا جلا ہونا۔

الخَلاطَة. عقل کی خرابی۔ بیوقوفی۔

الخَلِيْط. ج خُلُط و خُلَطَاء: خلط ملط رکھنے والا۔ شریک۔ وہ لوگ جن کا معاملہ ایک ہو۔ شوہر۔ پڑوسی۔ ساتھی۔ بھوسہ ملی ہوئی مٹی۔ خَلِيْطُ الرَّجُلِ: میل جول رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَلِيْطٌ مِنَ النَّاسِ" معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخُلَّيْطَى والخُلَيْطى. معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔ کہا جاتا ہے و "قَعُوْا فِي خُلَّيْطى" وہ لوگ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

المِخْلاط والمِخْلَط. بہت میل جول رکھنے والا۔ جمل (مُخْتَلِط) موٹا اونٹ کہ جس کی چربی گوشت کے ساتھ مل گئی ہو۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا. الشَّيَ: اُتارنا كَتِفَه اووِرْكَه: عضو کو جگہ سے ہٹا دینا القائدَ: معزول کر دینا الدابةَ: بندش سے آزاد کر دینا العِذارَ: اپنے مرتبہ کو گرا دینا (کنایہ ہے بے حیائی ہے) عَلَيْهِ ثَوْبًا: خلعت دینا۔ خَلَعَ الشَّجَرُ: پتے جھڑنا، نئے پتے نکلنا۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا و خُلْعًا. ابنَه: عاق کرنا۔ صفت مفعولی (خَلِيْع) زمانہ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ نہیں ہوتا تھا۔ اِمْرَأتَه: مال کے عوض میں طلاق دینا صفت مفعولی (خالِعٌ) اسم (الخُلْعَة)

خُلِعَ. المَيِّتُ: کفن جدا کیا جانا۔

خَلُعَ (ک) خَلاعَةً. خواہشات نفسانی کا تابع ہونا۔ بے حیاء ہونا۔

خَالَعَ مُخَالَعَةً. الرَّجُلُ زَوْجَتَه او المَرأةُ زَوْجَها: مال کے شرط پر جدائی اختیار کرنا۔

خَالَعَ الرجلَ: جوا کھیلنا۔

خَلَّعَه. جدا جدا۔ خالص کرنا۔

اَخْلَعَ. السنبلُ: خوشہ میں دانے بیٹھنا الشجرُ: نئے پتے نکلنا۔

تَخَلَّعَ. فِي المَشْيِ: چلنے میں پیروں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا فِي الشَّرابِ: منہمک ہونا القومُ: چپکے سے کھسک کر چلا جانا۔

تَخَالَعَ. الزَّوْجُ والزَّوْجَةُ: مال پر جدائی اختیار کرنا القومُ: باہم عہد توڑنا۔

اِنْخَلَعَ. ہٹ جانا۔ اُکھڑ جانا۔ زائل ہو جانا۔

اِخْتَلَعَ. الشیءَ: نکال لینا۔ کھینچ لینا۔

اِخْتَلَعُوا الرجُلَ: مال لے لینا۔ اِخْتَلَعَتِ المرأةُ مِنْ زَوْجِهَا: مال دے کر جدائی اختیار کرنا۔ اسم (الخُلْع)

الخِلْعَة. کپڑے جو عزت کے طور پر ملیں۔ اُتارا ہوا کپڑا۔ عمدہ مال۔

الخُلْعَة. عمدہ مال۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فيه خُلْعة" اس میں کمزوری ہے۔

الخُلاع. ایک قسم کی دیوانگی جو انسان کو لاحق ہوتی ہے۔

الخَلِيْع. بے حیائی کا کام کر کے اپنے مرتبہ کو گرا دینے والا۔ معزول شدہ۔ خبیث۔ جوئے باز۔ ج خُلَعَاء. بھیڑیا۔ بھوت۔ ثوبٌ خَلِيْعٌ بوسیدہ کپڑا۔

الخَلِيْعَة. بے حیائی۔ الخليع کا مؤنث۔ من مانی عورت۔

الخَوْلَع. بیوقوف۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ سرکہ میں جوش دیا ہوا گوشت۔ بھیڑیا (والخَيْلَع) خوف جو دل پر طاری ہو۔ الخَيْلَع: بے آستینوں کی قمیص۔

رجل خیلع: کمزور مرد۔ المُخلّع من الرجال: کمزور سست۔ اکھڑے ہوئے جوڑوں والا۔ وہ شخص جس کا سارا بدن یا کچھ بدن بے حس ہو۔
الخلعاء و الخلعلع: بجو۔

خلفه (ن) خلافة و خلّیفی: جانشین ہونا۔ ربّه فی قومه: جانشین بنانا۔ الرجل: (خلفا و خلفة) قائم مقام ہونا۔ الفاکهة بعضها بعضا: ایک دوسرے کے قائم مقام ہونا۔ (خلافة و خلوفا) الغلام: بیوقوف ہونا۔ صفت (خالف خالفة) عن خلق ابیه: باپ کے عادات و اخلاق سے بدل جانا۔ (خلوفا و خلوفة) فم الصائم: منہ کی بو کا متغیر ہونا۔ (خلَف (ض) خلفًا) الرجل لاهله: اپنے گھر والوں کے لیے پانی لانا۔ البیت: پچھلے حصہ میں ستون لگانا۔ اباه: باپ کے قائم مقام ہونا۔ کہا جاتا ہے "خلف اللّٰه لك و علیك" اللہ تعالیٰ تم کو بدلہ دیں۔ الثوب: مرمت کرنا۔ عن اصحابه: پیچھے رہ جانا۔ فلانًا: پیچھے سے پکڑنا۔ جانشین ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "خلف له بالسیف" اس کے پیچھے سے آکر اس نے اسے تلوار ماری۔ و "خلف له بخیر او شر" اس کی غیر موجودگی میں اس نے اس کا بھلا یا برا ذکر کیا۔

خلِف (س) خلفا: بائیں ہتھا ہونا۔ بھینگا ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ خلفت الناقة: حاملہ ہونا۔ صفت (خلفة)

خلّف الشیٔ: پیچھے چھوڑنا۔ مؤخر کرنا ہ: جانشین بنانا۔

خالفه خلافا و مخالفة: ناموافقت کرنا۔ خالف عن کذا: پیچھے رہنا بین رجلیه: آگے پیچھے کرنا اور تم کہتے ہو "خالفنی عن کذا" جبکہ وہ اعراض کر رہا ہو اور تم قصد کر رہے ہو۔ اور "خالفنی الی کذا" جبکہ وہ قصد کر رہا ہو اور تم اعراض کرتے ہو۔

اخلف: بُو کا بدلنا یا خراب ہونا الثوب: مرمت کرنا لاهله: اپنے لوگوں کیلئے پانی کھینچنا وعده و بوعده: پورا نہ کرنا ہ: وعدہ خلاف پانا الغیث: اُمید کے بعد نہ برسنا الشجرة: کٹی ہوئی شاخ کے بدلے دوسری شاخ نکلنا الطائر: پہلے پروں کے بعد دوسرے پر نکلنا الغلام: قریب البلوغ ہونا لنفسه: ایک چیز ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا ہ: پیچھے ڈالنا الدواء فلانا: کمزور کرنا اللّٰه علیه: ضائع شدہ کا بدلہ دینا۔

تخلّف عنهم: پیچھے رہنا النوم: پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔

تخالفوا و اختلفوا: اختلاف کرنا۔ ناموافق ہونا۔ اختلفه: جانشین ہونا۔ پیچھے کرنا۔ پیچھے سے پکڑنا۔ و اختلف الی المکان: بار بار جانا۔

استخلفه: اپنا جانشین بنانا فلانا من فلان: قائم مقام کرنا۔ استخلفت الارض: گرمی کی گھاس کو اگانا۔ استخلف الرجل لاهله: اپنے لوگوں کیلئے پانی یا میٹھا پانی لانا۔ پانی پلانا۔

الخلْف: مں۔ ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو اور اسی سے ہے "هؤلاء خلف سوء" اُن لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں۔ ردی قول اور امثال عرب میں ہے "سکت الفا و نطق خلفا" وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا اور بولا تو ردی بات۔ کلہاڑی کی دھار، بڑا کلہاڑا۔ بے نفع شخص۔ پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی۔ ج خلوف اور خلف قُدام کی نقیض ہے۔ بمعنی پیچھے و بعد ازاں۔

الخُلْف: وعدہ پورا نہ کرنا۔ خلاف مفرد ض خلیف کی جمع۔ قیاس الخلف: منطقیوں کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا۔

الخِلْف: مختلف۔ اُونٹنی کے تھن کا سرا۔ موسم بہار کی گھاس۔ ج اخلاف و خلفة

الخلفان: دو مختلف صفات والے۔ کہا جاتا ہے "له ولدان خلفان" اس کے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک اور دوسرا بیوقوف یا ایک لمبا اور دوسرا پست قد ہے۔ اور کہا جاتا ہے "ولدت الناقة خلفین" اُونٹنی نے ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیئے۔

ذات الخلفین: کلہاڑا جس کے دو سرے ہوں۔ ج ذوات الخلفین۔

الخلَف: ولد یا ولد صالح۔ بدلہ۔ کہا جاتا ہے "فی هؤلاء القوم خلف ممن مضی" یعنی اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں۔ وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو۔ کہا جاتا ہے "اعطاك اللّٰه خلفا من تلف" اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدلہ دیں۔ نسل۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "هم کرام خلفا عن سلف" یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں۔ و "هو خلف صدق عن ابیه" یعنی وہ اپنے باپ کا عادات و اخلاق میں سچا جانشین ہے۔

الخالف: فا۔ بیوقوف۔ وہ شخص جو تمہارے جانے کے بعد بیٹھا رہے۔ نبیذ خالف: بگڑی ہوئی شراب۔ الخالف: گوشت جس میں کچھ بُو پیدا ہو گئی ہو اور کھانے کے قابل ہو۔

الخالفة: الخالف کا مؤنث۔ گزری ہوئی جماعت کے بعد باقی ماندہ جماعت۔ مکان کے پچھلے حصہ کا ستون۔ رجل خالفة: بیوقوف۔ جھگڑالو۔ بہت اختلاف کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "ما ادری ای خالفة هو و ای الخالف هو" میں نہیں جانتا وہ کون شخص ہے۔

الخوالف: عورتیں۔ وہ زمینیں جن کی پیداوار بعد میں اُگے۔

الخلاف: ناموافقت۔ بید کی ایک قسم۔ آستین۔ المسائل الخلافیة: مختلف فیہ مسائل۔

الخلافة: امارت۔ قائم مقامی۔ امامت۔

الخلفة: مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل ہونا۔ ج خلف۔

الخلفة: آنا جانا۔ مخالف۔ مختلف۔ کپڑے کا

پیوند۔ گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اُگے۔ وہ چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے۔ باقی ماندہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُنَّ يَمْشِيْنَ خِلْفَةً" وہ سب آگے پیچھے آ جا رہی ہیں و "جَعَلَ اللَّيْلَ والنَّهَارَ خِلْفَةً" اس نے دن رات کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا۔ و "قوم خِلْفَةٌ" یعنی اختلاف کرنے والے لوگ۔ و "في البئرِ خِلْفَةٌ من الْمَاءِ" کنوئیں میں بقیہ پانی ہے۔

الخُلْفة. مخالفت۔ بیوقوفی۔ عیب۔ کھانے کا آخری مزہ۔

اِخْتِلَافُ الْمَنْظَر: زاویہ (ستارے اور زمین کے درمیان) وہ زاویہ جس کا سر "ک" ہو اور اس کا قاعدہ زمین کے قطر کا نصب اور ب ہو۔ اس اختلاف کو اختلاف افقی بولتے ہیں۔

الخَلِيْف. دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ یا پہاڑی راستہ۔ وعدہ سے پیچھے رہنے والا۔ وعدہ خلاف کرنے والا۔ ج خُلْف و خُلُف و خَلَف. الخَلِيْف: وہ عورت جو بالوں کو پیچھے لٹکا لے۔

الخَلِيْفة. جانشین۔ قائم مقام۔ بڑا بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو۔ یہ مذکر ہے۔ کہا جاتا ہے "هذا خَلِيْفَة آخر" اور کبھی لفظ کی رعایت سے مؤنث استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "خَلِيْفَةٌ أُخرىٰ" ج خلفاء و خَلَائِف. پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ثلثة خُلَفاء" اور دوسرے کے لحاظ سے مذکر و مؤنث دونوں لانا جائز ہے۔ تم کہو گے "ثَلَاثَة اَوْ ثلاث خَلَائِف"

الَاخْلَف. بائیں ہتھا۔ بھینگا۔ کم عقل۔ سیلاب۔ نر سانپ۔

الْمِخْلَاف. بہت وعدہ خلاف۔ ج مَخَالِيْف. المِخْلَاف: پروا۔ اور اسی سے مَخَالِيْف اليمن ہے۔

المَخْلَفَة. بیدا گنے کی جگہ۔ راستہ۔ مرحلہ۔ منزل۔

خَلَقَهٗ (ن) خَلْقًا و خَلْقَةً. پیدا کرنا۔ عدم سے وجود میں لانا الکذبَ: جھوٹ گھڑنا الادِيْمَ: کاٹنے سے پہلے اندازہ کرنا الشیَ: ہموار کرنا۔ چکنا کرنا۔ ملائم کرنا۔

خَلِقَ (س) خَلَقًا و خَلُقَ (ک) خُلُوْقًا و خُلُوْقَةً و خَلَاقَةً. چکنا و نرم ہونا۔

خَلَقَ (ن) و خَلِقَ (س) و خَلُقَ (ک) خُلُوْقَةً و خَلَقًا. الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

خَلُقَ الشیُ لَهٗ. لائق ہونا۔ سزاوار ہونا۔

خَلُقَ الغُلامُ: اچھے اخلاق والا ہونا۔

خَلَقَهٗ. خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا العودَ: ہموار کرنا القدحَ: نرم کرنا۔

خَالَقَهُمْ مُخالَقَةً. خوش خوئی کے ساتھ معاشرت کرنا۔

اَلْخَلَنْجُ: ایک درخت جس کے پھول گلابی اور پتے باریک چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

اَخْلَقَ. الثوبُ: بوسیدہ ہونا الشبابُ: جوانی کا ختم ہونا الثوبَ: بوسیدہ کرنا الثوب: بوسیدہ کپڑا پہنانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْلَقْتُ لَهٗ دِيْبَاجَتِيْ" میں نے اس کو اپنے ایسے راز پر مطلع کر دیا جس کے ظاہر ہونے سے عار ہو۔

تَخَلَّقَ. خلوق سے خوشبودار ہونا۔ بِغَيْرِ خُلُقِهٖ: بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا۔ اور اسی سے ہے "لَيْسَ التخلُّقُ بِالَاخلاقِ كَالخُلُقِ" بناوٹی اخلاق طبعی عادات جیسے نہیں۔

(واِخْتَلَقَ) الكذبَ: جھوٹ گھڑنا۔ افتراء کرنا۔

اِخْلَوْلَقَ. الثوبُ: بوسیدہ ہونا الرسمُ: زمین کے برابر ہو جانا متنُ الفرسِ: چکنی ہونا الدَّارُ: ویران ہونا۔ اور عسیٰ کے معنی میں اُمید کے لیے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "اِخْلَوْلَقَتِ السَّماءُ اَنْ تُمْطِرَ" اُمید ہے کہ بارش ہو۔

الخَلْق. مص۔ فطرت۔ لوگ۔ ہر چکنی چیز۔

الخِلْقَة. فطرت۔ ہیئت۔ ج خِلَق.

الخُلْق و الخُلُق. طبعی خصلت۔ طبیعت، مروّت۔ عادت۔ ج اَخلاق. علم الْاَخلاق: حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمت خلقیہ ہے۔

الخَلَق. مص۔ بوسیدہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ثوبٌ خَلَقٌ وجُبَّة خَلَقٌ". ج اَخْلَاق و خُلْقَان اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ اَخْلَاقٌ و ثِيَابٌ اَخْلَاقٌ"

الخَلَق. بادل جس میں بارش کا اثر ہو۔

الخَلَاق. بھلائی کا وافر حصہ۔

الخُلَاق. چکنا۔

الخِلَاق و الخُلُوْق. ایک قسم کی خوشبو جس کا جزء اعظم زعفران ہے۔

الخَلِيْق. لائق مناسب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَلِيْقٌ بِهٖ" وہ اس کے لائق ہے۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔ ج خُلُق و خُلَقَاء.

الخَلِيْقَة. طبیعت۔ مخلوق۔ کنواں جو کھودا جا رہا ہو۔ ج خَلَائِق.

الَاخْلَق. زیادہ لائق۔ چکنا۔ فقیر۔ مؤنث خَلْقَاء.

المُخْتَلِق. کامل و معتدل اخلاق والا۔

المُخْتَلَق. اخلاق کریمانہ رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هو (مَخْلَقَة) بذالك و لِذَلك" وہ اس کے لائق ہے۔

الخَلْقِيْن. بڑا دیگ۔ ج خَلَاقِيْن.

ابل (خِلْمَة) چرنے والے اُونٹ۔

خَلَا (ن) خُلُوًّا و خَلَاءً. الاناءُ: خالی ہونا المكانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا الرَّجُلُ: مکان میں اکیلا ہونا علَى الشیءِ: اقتصار کرنا۔ بس کرنا علٰى فلان: اعتماد کرنا بِه: فریب کرنا الشیَّ: گزرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه لخمسٍ خلوْنَ مِن الشَهر" میں نے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا عنِ الْاَمر و مِنْهُ: بیزار ہونا۔ عنِ الشیْ: بھیجنا بالشَّیْ: منفرد ہونا۔

خَلَا (ن) خَلْوَةً و خَلْوًا و خَلَاءً. بِه وَمَعَهٗ و اِلَيْهِ: تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خَلَا الرَّجُلُ بنَفْسِه" منفرد ہونا الامرَ:

کسی کام کے لیے فارغ ہونا بالمکان: لازم رہنا باللہ۔ مطمئن ہونا الحزنُ: غم سے جدا ہونا۔ صفت (خالٍ) ج خُلوٌ اور کہا جاتا ہے "اِفْعَل کذا و خلاك ذمٌّ" یعنی تمہیں اس کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔

خلّی تخلیة۔ الامر و عنہ: چھوڑنا مکانہٗ: مرنا سبیلَہٗ: چھوڑنا، آزاد کرنا بَیْنَ المشتری والمبیع: سپرد کرنا بینھما: دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا۔

خالاہٗ مُخالاۃً چھوڑ دینا۔

اَخْلی اِخْلاءً۔ المکان: خالی کرنا یا پانا المکانُ: خالی ہونا ہٗ وبہ و معہٗ: تنہائی میں ملنا فُلانًا معہٗ: کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنے دینا عنہٗ: چھوڑنا۔

تخلّی: تنہائی میں رہنا منہ و عنہٗ: چھوڑنا لہٗ: کسی کام کے لیے فارغ ہونا خلیّةً: اپنے لیے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔

اِختلی: تنہائی میں رہنا۔

اِستخلی۔ ہٗ: تنہائی میں ملاقات چاہنا بالملک: تنہائی میں ملنا المکانُ: خالی ہونا۔

الخلاء۔ سر۔ خالی مکان۔ پاخانہ۔ مکان خلاءٌ: خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "بات فی البلد الخلاء" اس نے تنہا شہر میں شب باشی کی۔ و "خلاؤك اَقْنی لحیائك" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا تمہاری حیاء کا نگہبان ہے "وانا منہ خلاء" میں اس سے بری ہوں۔ مفرد تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے۔

الخِلْو خالی (مذکر و مؤنث) ج اَخلاء اور کبھی مؤنث کے لیے خلوۃ استعمال کرتے ہیں۔

خلا و ماخلا۔ اِلّا کے معنی میں کلمہ استثناء ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنی منصوب ہوگا جیسے "جاء اتباعُ الامیر خلا او ما خلا زیدًا" اور حرف جر ہونے کی صورت میں مجرور ہوگا جیسے "خلا زیدٍ" اور خلا سے پہلے اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے۔

الخلوۃ تنہائی کی جگہ۔ ج خلوات۔

الخلیّة شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔ شیر کی جھاڑی۔ ج خلایا۔

اَلْخُلَیِّۃ ج خلایا تمام زندہ کائنات کا بنیادی مادہ۔ کائنات بسیطہ ایک خلیہ سے بنتی ہیں اور کائنات مرکب مجموعہ خلایا ہوتا ہے۔

الخلیّ۔ فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "انا خلیٌّ منہٗ" میں اس سے بری ہوں۔ ج خلیاء و خلیون۔ الخلی۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔

الخالی۔ فا کنوارا۔ کنواری۔ ج اخلاء۔

خلی (ض) خلیًا۔ النبات کاٹنا۔ الماشیة: جانوروں کیلئے گھاس کاٹنا۔ الفرسَ: منہ میں لگام دینا اللجامَ مِنَ الفرس: اُتارنا الشعیر فی المخلاۃ: توبرا میں جو ڈالنا القدر: ہانڈی کے نیچے ایندھن لگانا ہانڈی میں گوشت ڈالنا۔

خالی مُخالاۃً۔ ہٗ بچھاڑنا۔ فریب دینا۔

اَخلی۔ المکانُ: زیادہ گھاس والی جگہ ہونا الدابّةَ: گھاس کا چارہ دینا۔

اِختلی۔ العشب کاٹنا۔

اِنخلی۔ الخلی: کٹنا۔

اِخلولی اِخلیلاءً الرجل دودھ پینے پر مداومت کرنا۔

اَلْخَلَبُوز لکڑی اور روئی وغیرہ کی پیدائش میں بنیادی مادہ۔

الخلی تر گھاس۔ ج اخلاء واحد (خلاۃ)

المِخلی گھاس کاٹنے کا اوزار۔ کھرپا۔

المِخلاۃ توبرہ۔ ج مخالٍ۔

المُختلی شیر۔

خمّ (ن ض) خمًّا۔ البیتَ: جھاڑو دینا البئرَ: کنواں صاف کرنا الناقةَ دوہنا فلانًا: تعریف کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ھو یخمُّ ثیابَ فلان" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے (خمًّا وخُموما واَخَمّ) اللحم: بدبودار ہونا۔ صفت (خامٌّ و خمٌّ و مُخِمٌّ) اللبن بگڑنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لا یخمُّ فلان" اپنے افعال کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔

خمّمَ۔ الدجاجَ ڈربہ میں بند کیا جانا۔

تخمّم۔ ما علی الخوان: دستر خوان کا باقی ماندہ کھانا کھانا۔

اِختمّ۔ البیتَ جھاڑو دینا الشیءَ کاٹنا۔

الخُمامة: کوڑا کرکٹ۔ کوئیں کی صفائی میں جو نکلے۔ کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔

الخُمّ ڈربہ۔ ج خِمَمة۔

الخمّ خالی باغ۔

الخُمّان۔ مثلثة الخاء: اونیٰ درجہ کے لوگ۔ گھٹیا سامان۔ ناکارہ درخت۔

المِخَمّة جھاڑو۔

الخمیم۔ تازہ دودھ۔ تعریف کیا ہوا۔ سست قلب (مخموم) حسد و کینہ سے پاک صاف دل۔

الخمیت موٹا۔

خمج (س) خمجًا بیماری یا تھکن کی وجہ سے سست ہونا اللحمُ: بدبودار ہونا دینُہٗ او خُلُقُہٗ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا فلانًا: برائی سے ذکر کرنا۔

خمخم گنگنانا۔

الخُمخم ایک سمندری چھوٹا جانور۔

الخِمخِم ایک قسم کی کانٹے دار گھاس۔

خمدتِ (ن) وخمِدتْ (س) خمدًا و خمودًا۔ النارُ: آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ کا ختم ہو جانا الحُمّی: بخار کی تیزی کا کم ہونا۔ المریض بیہوشی طاری ہونا۔ مرنا۔

اَخمدَ۔ الرجلُ بے حرکت ہونا۔ خاموش ہونا انفاسہٗ: مار ڈالنا یا ذلیل کرنا۔ النارَ لپٹ کو بجھانا۔

الخمود آگ بجھنے کے لیے دبانے کی جگہ۔

خمر (ن ض) خمرًا چھپانا الشہادۃَ: پوشیدہ کرنا الرجلَ: شراب پلانا العجینَ خمیر ڈالنا فلانًا شرم کرنا۔

خمِر (س) خمرًا۔ عنہ: پوشیدہ ہونا، چھپنا عنہ الخبرُ: پوشیدہ رہنا الشیءُ سابقہ

حالات سے بدل جانا۔
خَمَرَ العجینَ: خمیر ڈالنا۔ وَجهَهٗ: ڈھانپ لینا۔ بَیتَه: گھر میں جمے رہنا
خامر مُخامرةً: بیع میں دھوکا دینا۔
القلب: داخل ہونا۔ الشَّيُ الآخرَ: باہم ملنا
ہ الداءُ: بیماری کا اندر تک اثر کرنا۔ بَیتَهٗ: گھر میں جمے رہنا۔ ہٗ: چھپنا۔
اَخمرَ۔ چھپنا۔ لہٗ: کینہ رکھنا۔ الشيَ: چھپانا غافل کرنا۔ العجینَ: خمیر ڈالنا۔ الامرَ: پوشیدہ کرنا۔ الارضُ: زمین میں گھنی جھاڑی بہت ہونا
ہ الشيَ: تحفہ دینا۔
تَخَمَّرَتِ واختمرت. المرأۃُ: اوڑھنی ڈالنا۔ واختمر العجینُ: خمیر ہو جانا۔
اِختمر العصیرُ: شراب بن جانا۔
الخَمْر والخَمْرة. انگوری شراب۔ ہر نشلی چیز۔
الخِمر. کینہ۔
الخَمَر. لوگوں کی جماعت و بھیڑ۔ گھنی جھاڑی۔ تم کہتے ہو "تَوارَىٰ الصَّیدُ عنّي في خمر الوَادِي" شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا۔
الخَمِر. وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو۔
رَجلٌ خَمِرٌ: وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔
الخُمار. شراب کی وجہ سے درد سر (والخُمار والخُمْرة) لوگوں کی کثرت و ہجوم۔
الخِمار. اوڑھنی۔ دوپٹہ۔ پردہ۔ ج اَخْمرة وخُمُر وخُمْر. کہا جاتا ہے "ما شَمَّ خِمارَكَ؟" یعنی کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری حالت سے بدل دیا۔
الاِختمار. کیمیائی تبدیلی: یعنی بنیادی مادہ دوسرے مادہ میں تبدیل کرنا مثلاً چینی کے شیرہ سے کحل بنانا۔
الخَمِیر والخَمِیرة. خمیر۔ الخمیر: خمیری روٹی۔
الخُمْرة. خمیر کرنے کا برتن۔ شراب کی تلچھٹ۔ شراب کی تکلیف و دوران سر۔ کھجور کی چھوٹی چٹائی۔ خمرة اللّبن: وہ چیز جس کو دودھ میں ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ ج الخُمَر (والخَمْرة والخَمَرة) بو جو تمہیں پہنچے۔
الخُمْرِيُّ. من الالوان: سیاہ رنگ جو سرخی مائل ہو۔
الخَمّار. شراب فروش و (الخَمّارة) شراب بیچنے کی جگہ۔
الخِمِّیر والمُستخمِر. بہت شراب پینے والا۔
المَخمُور. شراب کی وجہ سے مست۔
خَمَسَ (ن ض) خَمْسًا القومَ: پانچواں ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔
المالَ: پانچواں حصہ لینا۔ الحَبلَ: پانچ لڑیوں سے بٹنا۔
خَمَّسَ. الشيَ: پانچ رکن والا بنانا۔ اور اسی سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے جس کے معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ مصرعوں کا کر دینا ہے۔
اَخمسَ. القومُ: پانچ ہونا۔
الخُمْس والخُمُس. پانچواں حصہ۔ ج اَخماس. کہا جاتا ہے "ضرب اَخماسًا لِاَسْداسٍ" یعنی اس نے مکر و فریب میں کوشش کی۔
خُماس و مَخمس. پانچ پانچ (یہ خمسہ خمسہ سے معدول ہے) کہا جاتا ہے "جاءُوا خُماسَ و مَخمسَ" وہ پانچ پانچ آئے۔ یہ مذکر و مؤنث دونوں کیلئے مستعمل ہیں اور غیر منصرف ہیں۔
الخُماسِي. پانچ حرفوں والا۔ کہا جاتا ہے "جاریةٌ خُماسِیّةٌ" پنج سالہ لڑکی۔
الخَمْسة. پانچ۔ مؤنث کے لیے خمس۔
خَمسُون. پچاس۔
الخَمِیس. و یوم الخمیس: جمعرات۔ ج اَخْمِسَة واخمساء. الخمیس: لشکر۔ اس لیے کہ اس میں پانچ جماعتیں میمنہ. میسرہ. قلب. ساقہ. مقدمۃ الجیش ہوتی ہیں۔ رُمح (خمیس و مخموس) پانچ گز کا نیزہ۔
المُخَمَّس پانچ ارکان والا۔ بھاری بوجھ اٹھانے کیلئے لوہے کا ایک آلہ۔
المُخَمَّس وہ شکل جس کو پانچ برابر کے اضلاع گھیر لیں۔
التخمیس: شعراء کے نزدیک تین شطر کو شعر کے دو شطر کی طرف ملانا۔
خَمَش (ن ض) خمشًا و خُموشًا. الوجہَ: خراش لگانا۔ تھپڑ مارنا۔
خَمَّشه. زیادہ خراش لگانا۔
الخَمْش. مص. خراش۔ ج خُموش.
الخُماشة. خفیف زخم۔ ایسا زخم جس پر بدلہ مقرر نہ ہو۔ ج خُماشات. یا وہ زخم جو پوری دیت واجب ہونے سے کم درجہ کا ہو۔ جیسے ہاتھ، کان یا ناک وغیرہ کاٹنا۔
الخَموش. مچھر۔
خَمَصَ (ن) خَمْصًا و خُموصًا و اِنخمصَ. الجرحُ: ورم کا جاتا رہنا۔
خَمَصَه خَمْصًا و خُموصًا و مَخمَصةً الجوعُ: دُبلے پیٹ والا کر دینا (و خمص (ن) خمصًا و خمِص (ک) خمصًا و خُموصًا و مَخمصةً) البطنُ: پیٹ کا خالی ہونا۔ دُبلا ہونا۔
تخامَصَ. اللیلُ: صبح کے قریب رات کی تاریکی کا کم ہونا۔ عَنه: یکسو ہونا۔
الخَمْصة. بھوک۔
خَمَطَ (ن) خمطًا و خُموطًا و خمط (س) خمطًا. الخمرُ او اللبنُ: اچھی بو کا ہونا۔ بو میں تغیر پیدا ہو جانا۔ صفت (خامط و خَمِط) خَمَط الرجلُ: تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا۔ (خمط (ض) خمطًا) اللحمَ: بھوننا۔ صفت مفعولی خمیط
خَمَط (ن ض) خمطًا. اللبنَ: دودھ کو برتن میں ڈالنا۔
تخمَّط. تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا۔ البحرُ:

موج مارنا الفحل بزبڑانا۔

الخمط س۔ ہر کھٹی یا کڑوی چیز۔ ہر درخت کا تھوڑا پھل۔ ہر بے کانٹے والا درخت۔ پیلو کا پھل۔

الخمطة والخمطة. من اللبن دودھ کی بو۔

خمعت(ف) خمعا و خموعا و خمعانا. الضبع لنگڑاتے ہوئے چلنا۔

الخامعة بجو۔ ج خوامع.

الخماع لنگڑاہٹ۔

الخمع بھیڑیا۔ چور۔ ج اخماع.

الخيمع والخموع بدکار عورت۔

خمل(ن) خمولا. ذكره اوصوته: پوشیدہ و کمزور ہونا (خمل(ن) خملا) البسر نرم ہونے کے لیے گھڑے وغیرہ میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خمله الله" اللہ اس کو ہلاکت میں ڈال دے۔

خمل جوڑوں کی بیماری والا ہونا۔

اخمله گمنام و بے قدر کرنا۔ اخملت الارض نہبت گنجان درختوں والی ہونا۔

اخمل القطيفة روئیں دار بنانا۔

اختملت. الماشية: جانوروں کا اچھی گھاس والی زمین میں چرنا۔

الخامل. فا من الرجال گمنام و بے قدر۔ ج خمل.

الخمل کپڑے کا رواں۔ (والخمالة والخميلة) شتر مرغ کے پر۔

الخملة چادر۔ روئیں دار کپڑا۔

الخملة. راز۔ اندرونی کیفیتیں۔ ج خملات.

الخمال جوڑوں کا درد (والخمالي والخمل والخمل) خالص دوست۔

الخميل روئیں دار کپڑے۔ نرم خوراک۔ گہرا بادل۔ واحد خميلة.

الخميلة چادر۔ بہت گھنا درخت۔ بہت درختوں والی پست زمین۔ ج خمائل.

المخمل روئیں دار کپڑا۔

خمن(ن ض) خمنا و خمن. الشيء: تخمینہ کرنا۔ قیمت لگانا۔ اندازہ کرنا۔

الخامن گمنام و بے قدر۔

الخمن بدبو۔

الخمان کمزور نیزہ۔ گھٹیا درجہ کا آدمی۔ کہا جاتا ہے "هم خمان الناس" وہ گھٹیا درجہ کے لوگ ہیں۔

الخمانة کمزور نیزہ کا چھڑ۔

خن(ض) خنينا ناک میں رونا یا بولنا یا ہنسنا۔ صفت (اخن)

خن(ن) خنا. المال لینا۔ القوم قوم کے حریم میں داخل ہونا۔

اخنه عقل چھین لینا۔ صفت (مخنون) قیاس کے مطابق (مخن) ہونا چاہیے۔

استخنت. البئر بدبودار ہونا۔

الخن خالی کشتی۔

الخنة گنگناہٹ۔ ناک کی آواز۔

الخنان آسودگی۔ آرام۔

الخنان والخنان اونٹوں کا زکام۔ ناک کی ایک بیماری۔ پرندوں کے گلے کی ایک بیماری۔

المخن لمبا مرد۔

المخنة گنگناہٹ و ناک کی آواز۔ ناک۔ گھر کا درمیان۔ صحن۔ واضح راستہ۔ راستہ میں داخل ہونے کی جگہ۔ وادی کی تنگ جگہ۔ کہا جاتا ہے "فلان مخنة لفلان" فلاں چیز فلاں کے کھانے کی ہے۔

خنب(س) خنبا زکام والا ہونا۔ لنگڑا ہونا۔ ہلاک ہونا۔ کمزور ہونا۔

اخنب واختنب ہلاک ہونا۔ اخنب ہلاک کرنا۔ کمزور کرنا۔

تخنب تکبر کرنا اور ناک کے دونوں نتھنے بلند کرنا۔

الخنب ایک قسم کی بیماری جو ناک میں ہوتی ہے۔

الخنب زانو کا باطنی حصہ۔ پسلیوں یا انگلیوں کے درمیان کی کشادگی۔ ج اخناب.

الخناب لمبا۔ بیوقوف۔

الخنابة بر انشان۔ برائی۔

الخنابة والخنابة تکبر۔ غرور۔

الخنابتان والخنابتان ناک کے نتھنے۔

خنث(س) خنثا. الرجل ہیجڑا ہونا۔ صفت (خنث)

خنثه(ض) خنثا. ٹھٹھا کرنا السقاء: مشکیزہ کے سرے کو پھاڑ کر باہر کی طرف موڑ دینا۔

خنثه موڑنا۔ نرم کرنا۔ ہیجڑا بنانا۔

انخنث دوہرا ہونا۔ لچکنا۔

تخنث وانخنث ہیجڑا ہونا۔

خناث مؤنث کیلئے وصف ہے اور صرف نداہی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "یا خناث" یعنی اے لچکنے والی۔

خناث. الثوب واخناثه کپڑے کی تہیں کہا جاتا ہے "اطو الثوب على خناثه" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ واحد (خنث)

الخنث لچک۔

الخنثى ہیجڑا۔ ج خناثى و خناث.

المخناث وہ شخص جس میں بہت زیادہ لچک ہو۔ کہا جاتا ہے "رجل مخناث و امراة" مخناث ج مخانيث.

المخنث. ہیجڑا۔ وہ شخص جس میں لچک ہو۔

الخنجر والخنجر بڑی چھری۔ ج خناجر.

خنخن خنخنة. ناک میں بولنا في كلامه گنگنانا۔

الخنذب بد خلق۔

الخندریس پرانی شراب۔

الخندع خسیس۔ لئیم۔

الخندق کھائی۔ ج خنادق و (خندق) خندقة کھائی کھودنا۔

تخنذذ بے شرم دلیر ہونا۔

الخنذيذ لمبا۔ سخت۔ پہاڑ کی بلند چوٹی۔ بلیغ شاعر۔ بہادر۔ سخی۔ بگولہ۔ بدزبان۔ خصی گھوڑا۔ ج خناذيذ.

الخنذع. خسیس۔ لئیم۔

خنز (س) خنزًا و خُنُوزًا. اللحم: بدبودار ہونا۔ صفت (خَنِز و خنز)

الخُنْزوان والخُنْزوانة. تکبر۔ غرور۔

الخُنْزوان. بندر۔ نرسور۔

الخِنْزیر. سور۔ ج خَنازِیر. الخنازیر: کنٹھ مالا۔ خِنزیر البحر: مچھلی کی ایک قسم۔ خنزیرُ الهند: خرگوش کی مانند اس سے چھوٹا ایک جانور جس کی کھال پر مختلف رنگ کے داغ ہوتے ہیں۔ خِنزیرَةُ البئر: کنوئیں کی چرخی جس پر پانی نکالتے ہوئے رسّی لپیٹتے ہیں۔

الخنزرة. موٹائی۔ پتھروں کے توڑنے کی بڑی کدال۔

خنَس (ن ض) خَنْسًا و خُنُوسًا و خِناسًا. عنه: پیچھے ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ سکڑنا۔ کہتے ہیں "خَنَسَ الطَّرِيقُ عَنَّا" یعنی ہم راستہ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔ بیْنَ اصْحابه: چھپنا۔

خَنسَهُ (ن ض) خَنْسًا. پیچھے کرنا ابهامه: سمیٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَشارَ بِاَرْبَعٍ و خَنس اِبْهامه" اس نے چار انگلیوں سے اشارہ کیا اور انگوٹھے کو سمیٹ لیا القولَ: بُری بات کہنا الشیٔ عَنْه: چھپانا فُلانًا وبه: غائب کر دینا۔ چھپا دینا۔ صفت خانسٌ. ج خُنَّس.

خنِس (س) خنسًا. ناک کا چپٹا ہونا اور اس کے سرے کا اُٹھا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْنَس) مؤنث خَنْساء ج خُنس اسم الخنَس.

اَخْنسَهُ. عنْه: روکنا۔ پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْنَسْتُ عنه بَعْضَ حَقِّهٖ" میں نے اس کے کچھ حصہ کو روک لیا اَو عارَ الطَّرِیق: دشوار راستوں سے آگے بڑھ جانا۔

تخنّس. به: غائب کر دینا۔

اِنْخنس. عنه: پیچھے ہونا۔ سکڑنا۔

الخُنَس. ہرنیوں کے رہنے کی جگہ۔ ہرنیاں۔ جنگلی گائے۔

الخُنَّس. ستارے یا صرف سیارے۔ یا بقول بعض چند سیارے جن کے نام یہ ہیں۔ زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد۔

الخَنْساء. نیل گائے۔ ایک مشہور شاعرہ کا لقب۔

الاَخْنس والخَنُّوس. شیر۔ الاخنس: چیچڑی۔

الخَنَّاس. شیطان۔

الخُنَیْس. فریبی۔ حیلہ گر۔

الخُنسر. لئیم۔ کمینہ۔

الخنسر والخنسری. وہ شخص جو نقصان کے موقع میں ہو ج خناسرة.

الخَناسِیرُ. مصیبتیں۔

الخِنْشار. ایک قسم کی نباتات۔

الخِنَّوْص. مؤنث الخِنَّوْصة: سور کا بچہ۔ ج خَنانِیص

الخِنْصِر والخنصر. چھنگلیا۔ ج خَناصِر. کہا جاتا ہے۔ "هٰذا اَمْرٌ تُعْقَدُ عَلَیْهِ الخَناصِر" یعنی یہ ایسا معاملہ ہے جس کا اعتبار کیا جاتا ہے۔

خنَطه (ض) خنْطًا. رنج و غم پہنچانا۔

خَنطَش. تکبر و غرور کے ساتھ چلنا۔

الخِنطِیر. بہت بڑھیا۔ جس کی پلکیں لٹک آئی ہوں۔

الخَنطل. بلی۔ مصیبت۔ قطار، ٹڈی دل۔

خنع (ف) خُنوعًا. له و اِلیه: انکساری و فروتنی کرنا الی اللّٰه: بغیر عمل کے گڑگڑانا بفُلان: بیوفائی کرنا الی الامر الشیٔ: مائل ہونا۔

خنَعه. کلہاڑی سے کاٹنا۔

اَخْنعته. الحاجة له والیه: ذلیل و پست کر دینا۔

الخنع. ذلت۔

الخَنْعة. عار۔ تہمت۔

الخانع والخنوع. متہم۔ بدکار۔ بدگمانی میں ڈالنے والا۔ ج خنعة و خُنع.

الخِنْعابة. کمینہ۔

شَعْرٌ (خنعَب) لمبا بال۔

الخُنْعبة. چھوٹا گڑھا۔ مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔

خنَف (ض) خِنافًا. البعیرُ: دوڑنے میں سر کو سوار کی طرف پھیرنا۔ صفت (مذکر و مؤنث) (خنوف) ج خُنُف. (خَنُوفا) غضبناک ہونا الرجلُ بانفه: تکبر کرنا۔ صفت (خانف) المرأة: سینہ پر دوہتڑ مارنا۔

خنِف (س) خنفا. صدْرُهُ او ظهرُه: ایک جانب دوسری کے مخالف پیٹھ یا سینہ والا ہونا۔ صفت (اخنف) ج خُنْف.

المخنف. نشانات۔

خنفس. عن القوم: نفرت کرنا۔ علیحدہ ہو جانا۔

الخُنْفَس والخنفس والخُنْفُس و الخُنفسا والخُنفسانة. گبریلا۔ ج خنافس.

والخُنافس. شیر۔

خُنفساءُ البطاطس: آلو کو نقصان دہ امریکی سنڈھی۔

خنقه (ن) خَنْقًا و خنِقًا و خَنَّقَهُ تخنیقًا. گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "خنقته العبْرة" یعنی اُسے روتے روتے پھندا لگ گیا۔ خَنَقَ الاِناءَ: بھرنا۔ خنق السَّراب الجبلَ. پہاڑ کی چوٹی کو قریب قریب چھپا لینا۔ خَنَق زیدٌ الاربعینَ: قریب قریب ہونا۔

اِختنق. گلا گھٹنا۔

اِنْخنق. اپنا گلا گھونٹنا۔

الخنق والخنیق. گلا گھونٹا ہوا۔

الخُناق. ایک بیماری کا نام جس میں سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔

الخُناقیة. پرندوں اور گھوڑوں کے حلق کی بیماری کا نام۔

الخناق. رسّی وغیرہ جو گلا گھونٹنے کے کام میں آئے۔ گردن۔ کہا جاتا ہے "اخذه بخناقه" اس نے اس کی گردن پکڑلی۔

الخانق. فا. تنگ راستہ۔ گلی۔ خانق الذئب وخانق النمر وخانق الکلب: گھاسوں کے نام۔

الخنّاق. جس کی عادت گلا گھونٹنے کی ہو۔
المِخنَقة. گلوبند (ایک زیور) وہ چیز جس سے گلا گھونٹا جائے۔ ج مَخانِق و مَخانِيق.
المُخنَّق. سے۔ گلا گھونٹنے میں رسی کی جگہ گردن۔ کہا جاتا ہے "غُلامٌ مُخنَّق الخصرِ" پتلی کمر کا لڑکا۔
المُختنَق. تنگ جگہ۔
المُختنِق. گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی رخساروں تک ہو۔
خنا (ن) خَنْوًا وخَنِي (س) خَنًى و اَخنىٰ عَلَيْهِ فِي الكَلامِ: بدزبانی کرنا اَخنَى الجَرَادُ: بہت انڈے دینا المَرْعَى: بہت گھاس والی ہونا۔ اَخنىٰ عَلَيْهِ الدَّهرُ: طویل ہونا۔ ہلاک کرنا۔ ظلم کرنا۔ بیوفائی کرنا اور کہا جاتا ہے "اَخنىٰ بِہ" اس نے اسے چھوڑ دیا اور اس کے ساتھ بدعہدی کی۔
الخَنىٰ. بدزبانی۔ خَنىٰ الدَّھر: مصیبتیں واحد (خَناۃ)
خابَ (ن) خَوبًا. محتاج ہونا۔
الخَوبَة. بھوک۔ بغیر چارہ والی زمین یا وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔
خاتَ (ن) خَوْتًا وخَوَتانًا. الرجلُ. عمر رسیدہ ہونا۔ عہد توڑنا۔ خلاف وعدگی کرنا المالَ: کم کرنا (وانْخاتَ واخْتاتَ)
البَازِی عَلَى الصَّيْدِ: ٹوٹ پڑنا۔
خاتَ (ن) خَوَاتًا. العقابُ: عقاب کے بازوؤں میں سرسراہٹ ہونا۔
تَخوَّتَ واخْتاتَ. المالَ: کم کرنا الشَّیءَ: اُچک لینا حَدِيثَ القَوْمِ: سن کر یاد رکھنا الشَّاۃَ: فریب دے کر چرانا۔ کہا جاتا ہے "هُم يَخْتَاتُوْنَ اللَّيْلَ" وہ رات میں رہزنی کرتے ہیں۔
الخَوَّات. دلیر مرد۔
خَوِثَ (س) خَوَثًا. البطنُ: ڈھیلا ہونا۔ کھانے سے بھرا ہوا ہونا۔ صفت (اَخوَث) مؤنث (خَوثاء)
اَخاخَ اِخاخةً. العشبُ: پوشیدہ ہونا۔ کم ہونا۔
الخَوخ. شفتالو۔ واحد (خَوخَة)
الخَوخَة. روشن دان۔ پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔
الخَوخاء والخَوخاۃ والخَوخاءة. بیوقوف۔
خَوَّدَ. الرَّجُلُ: تیز چلنا مِنَ الطَّعَامِ شَيئًا: کچھ حاصل کرنا۔
تَخوَّدَ. الغُصنُ: جھکنا۔
الخَوْد. نازک بدن۔ جوان عورت۔ ج خَوْدات وخُوْد.
خَاوَذَہ مُخاوَذَۃً. الی الشیء: ایک کا دوسرے کے بعد آنا۔ کہا جاتا ہے "خاوَذْنا اِلَى المَاءِ" یعنی ہم واپس آرہے تھے اور وہ لوگ جارہے تھے۔ خاوَذَہ: بار بار زیارت کیلئے آنا۔ خاوَذَته الحُمّىٰ: غیر متعین وقت پر آنا۔ خاوَذَ عَنْہ. علیحدہ ہونا۔
تَخاوَذَ. القَومُ: باہم عہد وپیمان کرنا۔
تَخوَّذَ. نگہبانی کرنا۔ تم کہتے ہو "تخوذنا بالزیارۃ" اس نے ہم سے بار بار ملاقات کی۔
الخُوذَة. خود۔ ج خُوَذ.
خُوْذانُ. النَّاسِ: لوگوں کے خادم۔
خِوَاذُ. الحُمّىٰ: غیر معین وقت میں بخار آنا۔
خارَ (ن) خُوارًا. البقرةُ: آواز کرنا۔
(خُؤُورًا و خَوِرَ (س) خَوَرًا) ست و کمزور ہونا۔ ٹوٹنا قوۃُ المریض: کم ہونا۔
خَوَّرَ. کمزور ہونا۔ ڈھیلا ہونا الارضُ: کثرت بارش کی وجہ سے نرم ہو جانا الرجلَ: کمزوری کی طرف نسبت کرنا۔
اَخارَہ. مائل کرنا۔ موڑنا۔ پھیرنا۔ تم کہتے ہو "اَخَرْنَا الاِبِلَ اِلَى مَوضعِ کذا" ہم نے اُونٹوں کو فلاں مقام کی طرف پھیر دیا۔
تَخاوَرَتْ. الثِّيرانُ: بیلوں کا باہم آواز نکالنا۔
اِستَخارَہ. مہربانی چاہنا المنزلَ: صاف کرنا۔
الخَوْر. سں۔ دو بلندیوں کے درمیان پست زمین۔
الخُوار. سں۔ گائے کی آواز۔ بکریوں، ہرنوں اور تیر کی آواز کے لیے بھی مستعمل ہے۔
الخَوّار. بزدل۔ کمزور۔ سُست۔ فرس خَوَّارُ العِنانِ: تابعدار تیز رفتار گھوڑا۔
الخَوَّار مِنَ الزِّنادِ: چقماق۔
الخُورِی. کاہن۔ ج خوارِنة (دخیل)
الخُوْرِس. گرجا میں خادموں کے قیام کی جگہ (جدید)
خازَہ (ن) خَوزًا. دشمنی کرنا۔
خاسَت (ن) خَوسًا. الجِيفَةُ: بدبودار ہونا البِضاعةُ: مندا ہونا خاسَ العَهدَ وبالعَهدِ: بدعہدی کرنا بالوَعدِ: خلاف وعدہ کرنا بفلانٍ: بیوفائی کرنا۔
خَوَّسَ. الشَّيءَ: کم کرنا۔ گھٹانا الابلَ: ایک ایک کر کے پانی پر بھیجنا۔
خاشَہ (ن) خَوْشًا. بالرُّمحِ: نیزہ مارنا الشَّیءَ: لینا الرَّجُلُ: ہجوم میں داخل ہونا۔
خَوَّشَ و تَخَوَّشَ. الشَّیءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ و تَخَوَّشَ الرَّجُلُ: موٹائی کے بعد لاغر ہونا۔
الخَوْش. پہلو۔
الخَوْشان. ایک قسم کی گھاس جس میں ترشی ہوتی ہے۔ واحد (خَوْشانَة)
خَوِصَ يَخْوَصُ خَوَصًا. دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْوَص) مؤنث خَوْصاء ج خُوص الشَّاةُ: تمام جسم میں سفیدی کے ساتھ ایک سفید اور ایک سیاہ آنکھ والی ہونا۔
خَوَّصَ. پہلے شرفا کا پھر کمینوں کا اکرام کرنا التاجَ: سونے کے پتروں سے مزین کرنا ٥ الشَّيْبُ: بڑھاپا شروع ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَوِّصْ مَا اَعْطاكَ" یعنی جو کچھ وہ دے اس کو لے لو اگرچہ تھوڑا ہو۔
خاوَصَ و تَخاوَصَ. آنکھوں کو بھینچ کر

تیز دیکھنا النجومُ: مائل بغروب ہونا۔

خاوَصَہٗ مُخاوَصَۃً وخاوَصَہُ البیعَ: بیچنے میں مقابلہ کرنا۔

اَخْوَصَ. النخلُ: پتے والا ہونا۔

تَخَوَّصَ. الشیئَ: تھوڑے ہونے کے باوجود لے لینا العَطِیَّۃَ: تھوڑا تھوڑا کر کے لینا۔

الخَوَّاص. کھجور کے پتوں کا بیچنے والا۔ اور اس کے عمل کو (الخِیاصَۃ) کہتے ہیں۔

الخُوْص. کھجور کے پتے۔ واحد (خُوْصَۃ)

الخَوْصاء. گرم ہوا جو آنکھوں کو چندھا کر دے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوا فِي الظَّهِيرَةِ الخَوْصاءِ" وہ دوپہر کی سخت گرمی میں نکلے۔

خاضَ (ن) خَوْضًا وخِیاضًا. الماءَ: داخل ہونا۔ گھسنا الشرابَ: ملانا الغَمَراتِ: سختیوں میں کود پڑنا فی الحدیثِ: مشغول ہونا الجوادُ فی المیدانِ: کلیلیں کرنا۔ بالفَرَسِ: پانی پر لے جانا بالسَّیفِ: زخم میں تلوار ہلانا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یخوضُ المَنایا" وہ اپنے آپ کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے۔ وَھُوَ یَخُوضُ اللَّیْلَ وہ رات کو ہولناکیوں کی پروانہ کرتے ہوئے گھس پڑتا ہے۔

خَوَّضَ. الماءَ: داخل ہونا۔ گھسنا۔

خاوَضَ مُخاوَضَۃً واَخاضَ

اِخاضَۃُ الفرسِ: پانی میں داخل کرنا۔

اَخاضُوا الماءَ: جانوروں کو پانی میں ڈال دینا۔

تَخَوَّضَ. بتکلف گھسنا۔

اِختاضَ. الماءَ: داخل ہونا۔ گھسنا۔

تَخاوَضَ. القومُ فی الحَدِیْثِ: باہم مشغول ہونا۔

الخَوْضَۃ. خاض کا اسم مرۃ۔ موتی۔

الخَوّاض. بہت گھسنے والا۔

المَخاضَۃ. پانی میں گھسنے کی جگہ۔ ج مَخاوِض ومَخاض ومَخاضات.

تَخَوَّطَہٗ. وقتاً فوقتاً آنا۔

الخُوْط. نرم ٹہنی یا ہری شاخ۔ ج خِیطان.

خافَ (س) خَوْفًا وخِیفًا ومَخافَۃً وخِیْفَۃً وتَخْوافًا. گھبرانا۔ احتیاط کرنا۔ ڈرنا۔ کہا جاتا ہے "خافَہٗ وخافَ مِنْہُ وخافَ عَلَیْہِ"

صفت (خائف) ج خُوَّف وخُیَّف وخِیَّف وخائفون. وتخوَّفَ الحقَّ: حق کو مار لینا۔ وتَخَوَّفَ الشیئَ: تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔ تَخَوَّفَ عَلیہ شیئًا: خوف کھانا۔

خوَّفَہٗ. ڈرانا الطریقَ: ایسا کر دینا کہ لوگ ڈرنے لگیں۔

اَخافَہٗ اِخافَۃً. ڈرانا۔ اَخافَ الطَّرِیْقُ: گھبراہٹ میں ڈالنا۔

خاوَفَہٗ. ڈرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خاوَفَنِیْ فَخُفْتُہٗ اَخُوْفُہٗ" میں نے اس سے ڈرنے میں مقابلہ کیا تو میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ ڈرنے والا نکلا۔

الخَوَّاف. شور۔

الخاف. بہت ڈرنے والا۔

الخافَۃ. چمڑے کا جبہ جس کو شہد نکالنے والا پہنتا ہے۔ جس کے ذریعہ سے پھلوں کو چنا جائے۔

الخِیْفَۃ. ڈرنے والے کی حالت۔ ج خِیَف.

المَخُوْف. خوفناک۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ مَخُوْفٌ" خوفناک راستہ۔

خَوِقَ (س) خَوَقًا وانْخاقَ وتَخَوَّقَ. کشادہ ہونا۔ صفت (اَخْوَق) مؤنث خَوْقاء ج خُوْق.

اَخاقَ اِخاقَۃً. ملک میں جانا۔

خَوَّقَہٗ. کشادہ کرنا۔

تَخَوَّقَ. عنہ: دور ہونا۔

الخُوْق. بالی کا حلقہ۔

الخَوَق. کشادگی۔ خارش۔

الاَخْوَق. خارش والا۔ کانا۔

مکان (مُنْخاق) کشادہ جگہ۔

خالَ یَخُوْلُ خَوْلًا وخِیالًا. المَواشِیَ: نگہبانی کرنا فلانٌ علی اَھْلِہٖ: تدبیر اُمور کرنا۔ انتظام کے لیے کافی ہونا۔

خالَ یَخالُ خَوْلًا. تنہائی کے بعد غلاموں والا ہونا۔

خَوَّلَہُ. الشیئَ: عطا کرنا۔ بخشش کرنا یا مالک بنانا۔

اَخْوَلَ واُخْوِلَ. ماموں والا ہونا۔

اَخالَ. فیہ خالًا مِنَ الخَیْرِ واَخالَہٗ: فراست سے بھلائی معلوم کرنا۔

تَخَوَّلَ فِیْہِ خالًا مِنَ الخَیْرِ و تَخَیَّلَ تَخَوُّلًا وتَخَیُّلًا. بھلائی معلوم کرنا۔

تَخَوَّلَ خالًا: ماموں بنانا فلانًا: نگہبانی کرنا۔

اِسْتَخْوَلَھُمْ. خادم بنانا۔ استخولَ واستخالَ فِیْھِمْ: ماموں بنانا۔

الخَوَل. خولی کی جمع۔ غلام۔ لونڈیاں۔ لفظ واحد ہی جمع کے لیے مستعمل ہے۔ اور کبھی واحد کے لیے (خائل) بولتے ہیں۔

الخال. ماموں۔ ج اَخْوال واَخْوِلَۃ وخُؤُوْل وخُوَّل. وخُؤُوْلَۃ

الخالَۃ. ماں کی بہن۔ موسی۔ ج خالات. تم کہتے ہو "ھُما اِبْنا خالَۃ" یہ دونوں ایک دوسرے کے خالہ کے بیٹے ہیں۔ الخال: خیر کا نشان۔ فوج کا جھنڈا۔ چیز کا مالک۔ تم کہتے ہو "انا خال ھذا الفرس" میں اس گھوڑے کا مالک ہوں۔

الخَوَلِیّ. مال کا بہتر منتظم۔ ج خَوَل.

الخائل. فا. الخول کا واحد۔ کہا جاتا ہے "ھو خائلُ مالٍ" وہ مال کا منتظم ونگہبان ہے اور کبھی حذف ہمزہ سے "خالُ مالٍ" کہتے ہیں۔

الخَوْلَۃ. ہرنی۔

الاَخْوَل. وہ شخص جس کے بہت سے ماموں ہوں۔ رجل (مُخْوِل ومُخْوَل ومُخال) شریف ماموں والا۔

خامَتْ (ن) خُوْمانًا. الارضُ: ناموافق آب وہوا والی ہونا۔

اخامَ اِخامَۃً. الفرسُ: تین ٹانگوں پر کھڑا

ہونا۔
الخام. روئی کا کپڑا۔ ج اَخوام. اَرْضٌ (خَامَۃٌ) ناموافق آب وہوا والی زمین۔
خَانَہٗ (ن) خَوْنًا وخِیَانَۃً ومَخَانَۃً و خَانَۃً. فِي کَذَا: امانت میں خیانت کرنا۔
خَانَہٗ سَیْفُہٗ: اُچٹ جانا۔ خَانَہٗ الدَّھْرُ: آسودگی کو سختی سے بدل دینا۔ خَانَتْہٗ رِجْلَاہٗ: چلنے پر قادر نہ ہونا۔ خَانَ الدلو الرِشاءُ: ٹوٹ جانا۔ العَھْدَ: توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے ''خَانہ العَھْدَ اَو الاَمَانَۃَ'' یعنی اس نے عہد یا امانت میں خیانت کی۔ صفت (خَائِن) ج خُوَّان و خَانَۃ و خَوَنَۃ (خَوْنًا) جسم میں کمزوری اور نظر میں ضعف ہونا۔
خَوَّنَہٗ. خیانت کی نسبت کرنا۔
خَوَّنَہٗ وخَوَّنَ مِنْہٗ وتَخَوَّنَہٗ. تھوڑا تھوڑا کر کے کم کرنا۔ خَوَّنَہٗ وتَخَوَّنَہٗ. نگہبانی کرنا۔ ور اسی سے ہے ''کَانتِ الحُمیّ تَتَخَوَّنُہٗ'' س کو وقت پر بخار آتا ہے۔ تَخَوَّنَہٗ الدَّھْرُ: سودگی کو سختی سے بدل دینا۔
اِخْتَانَہٗ. خیانت کرنا المال چرانا۔
اِسْتَخَانَہٗ. خیانت کرنے کا ارادہ کرنا۔
الخَان. دکان۔ سرائے۔ ج خَانات (دخیل) اور خان ترکوں کے بادشاہ کا لقب تھا۔
الخَائِنَۃ. الخَائِن کا مؤنث۔ الخَائِنَۃ: ت خیانت کرنے والا۔ ''تا'' مبالغہ کے لیے ہے۔ جیسے رَاوِیَۃ بہت روایت کرنے والا۔
الخُوَان والخِوَان. دستر خوان۔ عوام اس سفرہ کہتے ہیں۔ ج اَخْوِنَۃ وخُوْن.
الخَوُوْن والخَوَّان. بہت خیانت کرنے لا۔
الخَوَّانَۃ. بہت خیانت کرنے والا۔ ''تا'' بالغہ کے لیے ہے۔ دبر۔
خَوَّتِ الدَّارُ تَخُوْخَوًّا. گر جانا النجومُ: غیر بارش ہوئے غروب ہونا۔
الخَوُّ. بھوک۔ کشادہ وادی (و الخَوُّ) شہد۔
الخَوَّۃ. کشادہ زمین۔

خَوِیَ (ض) خَوَاءً. البَیْتُ: گرنا۔ خالی ہونا رأسہ: کثرتِ نکسیر سے خون سے خالی ہونا (خَوِیً وخَوَاءً) بھوکا ہونا الزَنْدُ: آگ نہ دینا (خَیًّا) النجومُ: بے بارش کے ہونا۔ مائل بغروب ہونا (خَوِیً وخَوَایَۃً) الشیء: اُچک لینا۔
خَوِیَ (س) خَیًّا وخَوِیًّا وخَوَایَۃً. المکان: خالی ہونا۔
خَوَّیٰ تَخْوِیَۃً. البعیرُ: بیٹھنے میں پیٹ کو زمین سے اُونچا رکھنا الطائرُ: اُڑنے میں بازو لٹکانا۔
اَخْوَیٰ اِخْوَاءً. الزَنْدُ: آگ نہ دینا۔ النجومُ: بے بارش کے ہونا الرجلُ: بھوکا ہونا مَا عِنْدَ فُلَانٍ: سب کچھ لے لینا (و خَوَّت) المَاشِیَۃُ. بہت موٹا ہونا۔
اِخْتَوَیٰ اِخْتِوَاءً. بے عقل ہونا البلدَ: عبور کرنا ما عِنْدَ فُلَانٍ: سب کچھ لے لینا الفرسَ: اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان نیزہ مارنا۔
الاَخْوَیٰ. عقل و ہوش رفتہ۔ مؤنث خَیًّا وخَوْیَاءُ.
الخَوَیٰ والخَوَاءُ. کھانے سے پیٹ کا خالی ہونا۔ دو چیزوں کے درمیان کا خلاء۔ خَوَاءُ الفَرَسِ: گھوڑے کے اگلے پچھلے پیروں کے درمیان کا فاصلہ۔
الخَوِیُّ. خالی پیٹ والا۔
الخَوِیّ. نرم وپست زمین۔
خَابَ (ض) خَیْبَۃً وتَخَیَّبَ. محروم ہونا۔ ناامید ہونا۔ کہا جاتا ہے ''خَابَ سَعْیُہٗ'' یعنی وہ ناکامیاب ہوا۔
خَیَّبَہٗ واَخَابَہٗ. محروم کرنا۔
قَدْحٌ (خَیَّابٌ) آگ نہ دینے والا چقماق۔
المَخْیَبَۃ. باعث محرومی۔
خَاتَ (ض) خَیْتًا وخُیُوْتًا. آواز کرنا۔
خَارَ (ض) خَیْرًا. صاحب خیر ہونا۔
اللّٰہُ لَکَ فِی الْاَمْرِ: بہتری کرنا۔
خَارَ (ض) خِیْرَۃً وخیرۃً وخَیْرًا و

خَیَّرَ الشَیَٔ عَلٰی غَیْرِہٖ: فضیلت دینا۔
خَارَ د: انتخاب کرنا اور اسی سے ہے ''اللّٰھُمَّ خِرْلِی'' اے اللہ میرے لیے دو امر میں سے بہتر کا انتخاب کر۔
خَیَّرَہٗ و خَایَرَہٗ. فی الامْرِ وبَیْنَ الْاَمْرَیْنِ. پسند کرنے کے لیے اختیار دینا۔ و خَایَرَہٗ فی العِلْمِ فَخَارَہٗ: علم میں مسابقت کرنا اور غالب رہنا۔
تَخَیَّرَہٗ واخْتَارَہٗ. چن لینا۔ انتخاب کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔
اِسْتَخَارَ اِسْتِخَارَۃً. طلب خیر کرنا۔ اللّٰہَ: طلب خیر کی دعا کرنا۔
الخَیْر. ج خُیُوْر: بھلائی، نیکی۔ کسی چیز کا اپنے کمال کو پہنچنا مال ج اَخْیَار وخِیَار: بہت نیکی والا۔ اور خیر اسم تفضیل کا صیغہ (اَخْیَر) کا مخفف ہے اور اس کی مؤنث (خَیْرَۃ) ہے۔ کہا جاتا ہے ''فُلَانَۃٌ خَیْرَۃُ النَّاسِ و خَیْرُھُم''
الخِیْر. شرف۔ بزرگی۔ کرم۔ اصل۔ ہیئت۔
الخَیِّرَۃ. بہت خیر والی۔ ہر چیز سے بہتر۔ ج خَیِّرَات
الخِیْرَۃ والخِیَرَۃ. مِنَ الشَّیءِ او القَوْمِ: افضل۔
دَسَمَ (ن ض) دَسْمًا. القارورةَ: ڈاٹ لگانا البابَ: بند کرنا الجرحَ: زخم میں بتی رکھنا المطرُ الارضَ: کچھ کچھ تر کرنا البعیرَ: قطران وغیرہ ملنا (دیکھئے قطران) الاثرَ: مٹا المرأةَ: جماع کرنا۔
دَسِمَ (س) دَسَمًا و دُسُوْمَة. چربی والا ہونا۔ صفت (دَسِم و اَدْسَم) مؤنث (دَسِمَة و دَسْمَاء) ج دُسْم و دُسُم
(دسِم وتدسَّم) الشیُ: میلا ہونا۔ مَیلا ہونا۔ وتدسَّم الرجلُ: چکناہٹ کی چیز کھانا۔
دَسَّمَ. الشَّیْ: چربی ڈالنا۔ کالا کرنا المطرُ الارضَ: تر کرنا۔
اَدْسَمَ. القارورةَ: ڈاٹ لگانا
الدَّسْم. کنارہ۔ کسی چیز کی انتہا۔ کہا جاتا ہے "انا علی دسم الامر" میں کام کے خاتمہ پر ہوں۔
الدَّسَم. گوشت یا چربی کی چکنائی۔ چربی کا میل۔
الدُّسْمَة. خاکستری (والدسام) ڈاٹ۔ کاگ۔ کہا جاتا ہے "مَاهُوَ اِلَّا دُسْمَة" یعنی اس میں نفع نہیں۔
الدَّیْسَم. ریچھ یا اس کا بچہ۔ لومڑی یا اس کا بچہ۔ گھاس۔ تاریکی۔ سیاہی۔ کام کا ساتھی۔ مہربان۔
الدَّیْسَمَة. ذرہ۔
دَسَا یَدْسُوْ دَسْوًا و دَسِیَ یَدْسَی دَسْیًا. کم ہونا الرجلُ: پوشیدہ ہونا۔
دَسَّی. الرجلُ: بگاڑنا۔ گمراہ کرنا نفسه: گمنام کرنا۔
دَشَّ (ن) دَشًّا. دشیشہ (ایک قسم کا کھانا) تیار کرنا الحبَّ: غلّہ کو کچلنا۔
الدَّشِیْش. گیہوں کی مانند ایک غلہ جس کو موٹا موٹا پیسا جاتا ہے۔
الدَّشِیْشَة. ایک قسم کا کھانا جس کا جزء اعظم کوٹا ہوا گیہوں ہے۔
الدَّوْشَق. بڑا مکان۔ موٹا اونٹ۔
الدَّوْشَك. بچھونا۔
دَشَنَ (ن) دَشْنًا. الشیَ: دینا۔
دَشَّنَ. الثوبَ: پہلی مرتبہ پہننا۔ المعبدَ: برکت دینے کے لیے سب سے پہلی مرتبہ نماز پڑھنا۔
تَدَشَّنَ. الشیَ: لینا۔
الداشن. فا. الدَّاشِنُ مِنَ الثِّیَابِ: نیا کپڑا جو ابھی استعمال نہ کیا گیا ہو مِنَ الدُّوْرِ: نیا مکان جس میں ابھی کسی نے سکونت نہ کی ہو۔
دَشَا (ن) دَشْوًا. لڑائی میں گھس پڑنا۔
دَظَّهٗ. دھتکارنا۔
دَعَّهٗ (ن) دَعًّا. سختی سے دھتکارنا۔ دھکے دینا۔
اَدَعَّ. الرجلُ: چھوٹے چھوٹے بال بچے والا ہونا۔
الدعاع. چھوٹے چھوٹے بال بچے۔

الدُعاع. کھجور کے متفرق درخت۔ ایک جنگلی درخت کے دانے۔ پروں والی سیاہ چیونٹیاں۔ واحد دُعاعَة.

دَعَبَهُ (ف) دَعْبًا و دَعَابَةً. دفع کرنا۔ مزاح کرنا۔ خوش طبعی کرنا۔ (دَعْبًا) المرأةَ: جماع کرنا۔

دَاعَبَهُ مُدَاعَبَةً. کھیل کود کرنا۔ خوش طبعی کرنا۔ ہنسی مذاق کرنا۔

تَدَاعَبَ. القَوْمُ: باہم ہنسی مذاق کرنا۔

تَدَعَّبَ. عَلَيْهِ: ناز کرنا۔

الدَعِب والدَاعِب. کھیل کود ہنسی مذاق کرنے والا۔

الدَعَّاب والدَعَّابَة. بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔ دَعَّابَة میں "تا" مبالغہ کی ہے، تانیث کی نہیں۔

الدُعَابَة. ہنسی مذاق۔ سیاہ چیونٹی۔ بیوقوفی۔

الاَدْعَب. بیوقوف۔ مؤنث دَعْبَاء. ج دُعْب.

الدُعْبُب. بہت کھیلنے والا۔ اچھا گانے والا۔ نازک بدن نوجوان۔

الدُعْبُوب. سیاہ چیونٹی۔ ایک قسم کا سیاہ دانہ جو کھایا جاتا ہے۔ راستہ جس پر آمدورفت زیادہ ہو۔ پست قد مرد جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ شادمان۔ مخنث۔ بیوقوف۔ لمبا گھوڑا۔ لَيْلَة دُعْبُوب: بُری رات یا بہت کالی رات۔

الدُعْبُوث والدُعْبُوس. بیوقوف۔ کم عقل۔

الدِعْبِل. مینڈک کے انڈے (والدِعْبِلَة) مضبوط اونٹنی۔

دَعَتَ (ف) دَعْتًا. سختی سے ہٹانا۔ دھکے دینا۔

دَعَثَ (ف) دَعْثًا. پاؤں یا ہاتھ وغیرہ سے مٹی باریک کرنا۔ دَعَثَ بِهِ الأَرْضَ: پٹک دینا۔

دُعِثَ. رونگٹے کھڑے ہونا۔ سستی لاحق ہونا۔

اَدْعَثَ. فی الشَرِّ: بُرائی میں مبالغہ کرنا۔

الشَيْءَ: باقی رکھنا۔ چوری کرنا۔

اِنْدَعَثَ. الشَيْءُ: روندا جانا۔

تَدَعَّثَتْ. صُدُوْرُهُمْ: کینہ رکھنا۔

الدَعْث. س۔ مرض کی ابتداء۔

الدِعْث. کینہ۔ پانی کا بقیہ۔ ج اَدْعَاث ودِعَاث.

دَعْثَرَ. الحَوْضَ: ڈھانا الأَرْضَ: روندنا۔

الدَعْثَر. بیوقوف۔

الدُعْثُوْر. مِنَ الحَوْضِ: حوض جس کے چاروں طرف شکستہ ہوگیا ہو۔ گڑھا مِنَ النَعَمِ: بہت چوپائے۔

دَعِجَت (س) دَعَجًا. العَيْنُ: آنکھ کا بہت سیاہ اور بڑی ہونا۔

اَدْعَج. بڑی اور بہت سیاہ آنکھوں والا۔ مؤنث دَعْجَاء. ج دُعْج. الدَعْجَاء: قمری مہینہ کی اٹھائیسویں رات۔

الدُعْجَة. آنکھ کی سیاہی۔ مع وسعت کے۔

لَيْل اَدْعَج. تاریک رات۔

المَدْعُوج. مجنون۔ پاگل۔

دَعِرَ (س) دَعَرًا. العُودُ: دھواں دینا اور نہ سلگنا۔ بوسیدہ ہونا۔ صفت (دَعِر) الزَنْدُ: آگ نہ دینا۔ صفت (اَدْعَر)

دَعَرَ (ف) ودَعِرَ (س) دَعَارَةً. الرَجُلُ: بدکار ہونا۔

تَدَعَّرَ. وجهُه: چہرہ کا بری طرح سے داغ دار ہونا الرَجُلُ: شریر ہونا۔ خبیث ہونا۔

الدَعَر والدَعْرة والدَعَارَة والدِعَارَة. بُرائی۔ فسق۔ فساد۔

الدَعَارَة والدَعَّارَة. بدخلقی۔

الدَاعِر. فا. شریر۔ خبیث۔ ج دُعَّار مؤنث۔ دَاعِرَة. الدَائِرَة: درخت خرما جو گابھانہ دیا جا سکے۔ ج مَدَاعِير.

الدُعْر. لکڑی کھانے والا کیڑا۔ واحد (دُعْرَة) رَجُلٌ (دُعَرٌ ودُعَرَة) ساتھیوں کے ساتھ خیانت کرنے والا۔

دَعَزَ (ف) دَعْزًا. ہٹانا۔ دفع کرنا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

دَعَسَ (ف) دَعْسًا. الشَيْءَ: روندنا۔ الوِعاءَ: بھرنا فُلانًا: دفع کرنا۔ (ودَعَّسَه) بالرُمْحِ: نیزہ مارنا المَرْأَةَ: ذلیل ورسوا کرنا۔

دَاعَسَه مُدَاعَسَةً. باہم نیزہ بازی کرنا۔

الدَعْس. س۔ نشان۔ طَرِيق دَعْس: بہت نشانوں والا راستہ۔

المَدْعَس. امید کی جگہ۔

المِدْعَس والمِدْعَاس. بہت آمدورفت کا راستہ۔ نیزہ۔ ج مَدَاعِس و مَدَاعِيس.

المِدْعَس.: نیزہ مارنے والا۔

دَعَصَهُ (ف) دَعْصًا وادْعَصَهُ. قتل کرنا۔ دعَصَهُ بالرُمْحِ: نیزہ مارنا۔

دَاعَصَه. عزت میں مقابلہ کرنا۔

تَدَعَّصَ. اللحمُ: گل سڑ کر ریزہ ریزہ ہونا۔

الدِعْص. ج دِعَصَة وادْعَاص و (الدِعْصَة ج دِعْص): ریت کا تودہ۔

المَدَاعِص. نیزے۔

الدَعْصَاءُ: نرم زمین جہاں بنسبت دوسری جگہوں کے گرمی زیادہ ہو۔

دَعَقَ (ف) دَعْقًا. الطريقَ: بہت روندنا۔ صفت مفعولی (دَعْق ودَعِق ومَدْعُوق) الغَارَةَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا المَاءَ: جاری کرنا الرَجُلَ: فوراً مار ڈالنا (وادْعَق) الخَيْلَ: ایڑ لگانا عَلَيْهِمُ الخَيْلَ: کسی قوم پر لوٹ ڈالنے کیلئے گھوڑوں کو لے آنا۔

دَعِقَ (س) دَعَقًا. الطَرِيقُ: بہت آمدورفت والا ہونا۔

الدَعْقَة. حملہ وچیخ۔

الدُعْقَة. اونٹوں کا گلہ۔ بارش کی بوچھاڑ۔

المَدْعَق. پانی بہنے کی جگہ۔

دِعْوِيقَةُ الطَيُون: ایک چھوٹی چڑیا کا نام۔

خيل (مَدَاعِيق) لڑائی میں لوگوں کو کچلنے والے گھوڑے۔

دَعَكَ (ف) دَعْكًا. الثوبَ: ملائم بنانا الخصمَ: نرم کرنا الجِلْدَ: ملنا الشَيْءَ فی

التُّرَاب: مٹی میں لوٹانا۔ کہا جاتا ہے "دَعَكَهٗ بِالْقَوْلِ" اس نے اس کو سخت و ست کہہ کر تکلیف پہنچائی۔
دَعِكَ (س) دَعْكًا. بیوقوف ہونا۔ صفت (دَاعِك و دَاعِكَة) مؤنث (دَاعِكَة) کہا جاتا ہے "فُلَان اَحْمَق دَاعِكَة" فلاں بیوقوف ہے۔
دَاعَكَهٗ مُدَاعَكَةً. سخت جھگڑا کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔
تَدَاعَكَ. القَومُ: باہم سخت جھگڑنا۔ تداعَكوا فی الحَرب: لڑائی میں باہم زور آزمائی کرنا۔
الدَّعِك. سخت جھگڑالو۔
الدُّعَك. گمنام۔ کمزور۔ ایک قسم کا پرندہ۔
الدُّعْكَة راستہ کا بڑا حصہ۔
المِدْعَك والمُدَاعِك. سخت دشمن۔
دَعَلَ (ض) دَعْلًا دھوکا دینا۔
دَاعَلَه باہم فریب دینا۔
الدَّاعِل. فا بھاگنے والا۔
دَعْلَجَ دَعْلَجَةً. اللَّيْلُ: تاریک ہونا الشَّيْءُ: کسی چیز کے رنگوں کا مخلوط ہونا الرَّجُلُ: بار بار آنا جانا الشَّيْءَ لڑھکانا۔
الدَّعْلَج. بھری ہوئی گون۔ باہم لپٹی ہوئی نباتات۔ خوبصورت نازک بدن جوان۔ تاریکی۔ بھیڑیا۔ گدھا۔ اونٹنی جو ہانکنے سے نہ چلے۔ آنے جانے والے کا نشانِ قدم۔
دَعَمَ (ف) دَعْمًا. الشَّيْءَ: سہارا دینا۔ ٹیک لگانا ہ مدد دینا۔ قوی کرنا۔
اِدَّعَمَ ٹیک لینا۔
تَدَاعَمَ. الاَمْرُ فُلَانًا ہجوم ہونا
الدِّعمَة ج دِعَم و (الدِّعَام) ج دُعُم و (الدِّعَامَة ج دَعَائِم): ستون۔ کھمبا۔ لکڑی کا ستون جو چھپر کیلئے کھڑا کیا جائے۔
الدِّعْمَتَان والدِّعَامَتَان: چرخی کے دونوں طرف کے ڈنڈے دِعَامَةُ القَومِ: رئیس قوم۔
الدُّعْمِيُّ بڑھئی۔ کوئی چیز جس میں مضبوط سہارا لگا ہوا ہو۔ راستہ کا بڑا حصہ۔
فَرَس (اَدْعَم و دُعْمِيٌّ) سینہ میں سفیدی والا گھوڑا۔
المُدَّعَم جائے پناہ۔
دَعْمَصَ. المَاءُ: بہت سیاہ کیڑوں والا ہونا۔
الدُّعْمُوص. پانی کا سیاہ کیڑا جو تالابوں میں پانی کم ہو جانے پر ظاہر ہوتے ہیں اور عوام اس کو (البُلْعُط) کہتے ہیں۔ ج دَعَامِص و دَعَامِيص.
دَعَنَ (ف) دَعَانَةً. شوخ و بیباک ہونا۔
الدِّعِنُّ. شوخ و بیباک۔ ج دِعَنَّة.
دَعَا (ن) دُعَاءً و دَعْوَى ہ: پکارنا۔ رغبت کرنا۔ مدد طلب کرنا ہ اِلَى الاَمْرِ کسی کام کی طرف لے جانا بِهٖ: حاضر ہونے کو کہنا۔ دَعَاهُ فُلَانًا و بِفُلَانٍ نام رکھنا۔ المَيِّتَ: بین کرنا (ہ: دَعْوَةً و مَدْعَاةً) دعوت کھانے کیلئے بلانا (دُعَاءً) لَهٗ: دعا کرنا عَلَيْهِ: بددعا کرنا اِلَيْهِ: کسی چیز کی طرف بلانا۔
دَاعَاهُ مُدَاعَاةً. جھگڑا کرنا۔ باہم پہیلی کہنا الحَائِطَ: گرانا۔
اَدْعَاهُ اِدْعَاءً. غیر باپ کی طرف منسوب کرانا۔
تَدَعَّتْ تَدَعِّيًا. النَّائِحَةُ: نوحہ کرنے میں آواز کو بلند کرنا۔
تَدَاعَى. العَدُوُّ: متوجہ ہونا القَوْمُ: ایک دوسرے کو بلانا۔ تَدَاعَوْا الشَّيْءَ: دعویٰ کرنا۔ تداعَتِ الحِيطَانُ: شکستہ و ویران ہونا۔
القَوْمُ عَلَيْهِ: دشمنی میں متفق ہونا۔
اِنْدَعَى اِنْدِعَاءً. لِدَعْوَتِهٖ: جواب دینا۔
اِدَّعَى. الشَّيْءَ: حق یا باطل کا دعویٰ کرنا۔ بِهٖ اپنی طرف نسبت کرنا عَلَيْهِ: مقدمہ کرنا اِلَى غَيْرِ اَبِيْهِ: باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہونا الشَّيْءَ: تمنا کرنا اِدَّعَى فِی الحَرْبِ: حریف کے سامنے اپنا نام و نسب پیش کرنا۔
اِسْتَدْعَاهُ اِسْتِدْعَاءً. پکارنا الشَّيْءَ: طلب کرنا۔
الدُّعَاء دعا کا مصدر۔ ج اَدْعِيَة.
الدَّعْوَة. پکار۔ قسم۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّی دَعْوَةَ الرَّجُلِ" یعنی وہ مجھ سے قریب ہے۔ اور یہ مانند (هُوَ مِنِّی رَمْيَةَ السَّهْمِ و مَزْجَرَ الكَلْبِ" کے ہے کہ اس کا بھی مطلب یہی ہے۔ "وَلَهُمُ الدَّعْوَةُ عَلَى غَيْرِهِمْ" دعا میں ان سے ابتداء ہے۔ و كُنَّا فِی دَعْوَةِ فُلَانٍ ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔ (والدَّعَاوَة الدِّعَاوَة) اِدَّعَاء کے اسم ہیں۔
الدَّعْوَى. س۔ مقدمہ۔ دعویٰ۔ ج الدَّعَاوِی والدَّعَاوَى.
الدَّعَّاء بہت دعا کرنے والا۔
الدَّعَّاءَة انگشت شہادت۔
الاُدْعِيَّة والاُدْعُوَّة چیستاں پہیلی۔
الدَّعِيُّ. لے پالک۔ وہ شخص جس کے نسب میں شبہ ہو۔ غیر باپ یا غیر قوم کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنے والا۔ ج اَدْعِيَاء.
الدَّاعِی. فا لوگوں کو اپنے دین و مذہب کی طرف بلانے والا۔ ج دُعَاة مؤنث دَاعِيَة ج دَاعِيَات و دَوَاعٍ (والدَّاعِيَة) سبب۔ ج الدَّوَاعِی. دَاعِی اللَّبَنِ: دودھ کا وہ حصہ جو تھن میں چھوڑ دیا جائے تاکہ بقیہ دودھ آسانی سے دوہا جا سکے۔ و دَوَاعِی الصَّدْرِ: فکر و غم۔ و دَوَاعِی الدَّهْرِ زمانہ کی گردشیں۔
المَدْعَاة کھانے کی دعوت۔ سبب۔
دَغْدَغَ دَغْدَغَةً. فُلَانًا بِكَلِمَةٍ: طعن و تشنیع کرنا۔
الدَّغْدَغَة. پھسپھسی گفتگو کرنا۔ چھپانا۔ استہزاء کرنا۔ گدگدی کرنا۔ عوام گدگدی کے لیے "زَكْزَكَ والزَّكْزَكَة" بولتے ہیں۔
المُدَغْدَغ حسب و نسب میں عیب دار۔
دَغَرَهٗ (ف) دَغْرًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔
دَغَرَتِ المَرْأَةُ حَلْقَ الصَّبِيِّ: انگلی سے دبانا الاُمُّ اِبْنَهَا: آسودگی سے کم دودھ پلانا۔

وَغَرَ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: ملانا ۵: بھینچ کر مار ڈالنا فِی الْبَیْتِ: داخل ہونا۔ عَلَیْہِ: اچانک آنا۔

دَغِرَ(س) دَغْرًا. الرَّجُلُ: بد خلق و کمینہ ہونا۔ صفت (دَاغِرٌ)

دَغِرَ(س) دَغْرًا و دَغْرَیٰ. عَلَیْھِمْ: لوگوں پر اچانک پہنچ جانا۔

اِنْدَغَرَ: بھنچ جانا عَلَیْہِ: اچانک آنا۔

الدَّاغِرُ: ذلیل۔ حقیر۔ خبیث۔ مفسد۔

الدَّغْرَۃُ: کسی چیز کو اُچک کرلے لینا۔

الْمَدْغَرَۃُ: گھمسان کی جنگ۔

دَغَشَ(ف) دَغْشًا و اَدْغَشَ: تاریکی میں داخل ہونا۔ دَغَشَ عَلَیْھِمْ: اچانک آنا۔

دَاغَشَہٗ: بھیڑ کرنا حَوْلَ الْمَاءِ: پیاس کی وجہ سے پانی کے گرد منڈلانا الْمَاءَ: جلدی پینا فِی الشَّیْءِ: کسی چیز کو حرص کی وجہ سے کسی سے مکر سے طلب کرنا ظُلْمَۃَ اللَّیْلِ: رات کی تاریکی میں بغیر کسی سُستی کے چل پڑنا۔

تَدَاغَشَ. الْقَوْمُ و (دَغْوَشُوْا): آپس میں گتھ جانا۔

الدَّغَشُ و الدُّغْشَۃُ و الدَّغِیْشَۃُ: تاریکی۔

دَغِصَ(س) دَغَصًا: خوراک یا غصہ سے بھرنا۔

دَاغَصَ مُدَاغَصَۃً. فِی الْعَمَلِ: جلدی کرانا۔

اَدْغَصَہٗ: غصہ سے بھر دینا۔ اَدْغَصَہُ الْمَوْتُ: فوراً موت کا آنا۔

الدَّاغِصَۃُ: گھٹنے کی چپنی۔ عوام اس کو صَابُوْنَۃُ الرُّکْبَۃِ کہتے ہیں۔ گٹھا ہوا گوشت۔ رقیق پانی۔ ج دَوَاغِصُ.

الدَّغْصَانُ: غضبناک۔

دَغَفَ(ف) دَغْفًا. الشَّیْءَ: سختی سے پکڑنا۔ دَغَفَھُمُ الْحَرُّ: گرمی کا زیادہ ہونا۔

اَبُو الدَّغْفَاءِ: بیوقوف۔

الدَّغْفَلُ: ہاتھی یا بھیڑیے کا بچہ۔ بہت سے پر۔ عَیْشٌ دَغْفَلِیٌّ: آسودہ زندگی۔ عَامٌ دَغْفَلِیٌّ: سرسبز سال۔ فراخی کا سال۔

دَغَلَ(ن) دَغْلًا. فِیْہِ: متہم کی طرح داخل ہونا۔

اَدْغَلَ. الرَّجُلُ: درختوں کے جھنڈ میں داخل ہو کر چھپ جانا الْاَرْضُ: گنجان درختوں والی ہونا بِہٖ: خیانت کر کے اچانک مار ڈالنا۔ چغل خوری کرنا الشَّیْءَ: تباہ کن چیز ملا دینا۔

الدَّغَلُ ج اَدْغَال و دِغَال و (الدَّغِیْلَۃ) درختوں کا جھنڈ۔ فساد و تباہی۔ خوف و ہلاکت کی جگہ۔

مکان (دَغِلٌ) گنجان درختوں والی جگہ۔ پوشیدہ۔

الدَّاغِلَۃُ: باطنی کینہ۔ کسی کے عیوب و خیانت تلاش کرنے والے لوگ۔

الدَّغَاوِلُ: مصیبتیں (جمع ہے بغیر واحد کے)

الْمَدْغَلُ: وادی کا درمیانی حصہ۔ ج مَدَاغِلُ.

دَغَمَھُمْ و دَغِمَھُمْ (ف س) دَغْمًا و دَغَمَانًا. الْحَرُّ او الْبَرْدُ: گرمی یا سردی کا پڑنا دَغَمَ اَنْفَہٗ: توڑنا۔ دَغَمَ الْاِنَاءَ: ڈھانپنا۔

اَدْغَمَ. اللّٰہُ فُلَانًا: سیاہ رو کرنا۔ ذلیل کرنا۔

اَدْغَمَھُمُ الْحَرُّ او الْبَرْدُ: گرمی یا سردی کا پڑنا۔

الْفَرَسَ اللِّجَامَ: لگام لگانا۔ اَدْغَمَہُ الشَّیْءُ: غمگین کرنا۔ اَدْغَمَ الرَّجُلُ: لقمہ کو بغیر چبائے ہوئے نگلنا۔ (وَادَّغَمَ) الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا۔ اسی سے صرفیوں کی اصطلاح ادغام (ایک حرف دوسرے حرف میں شامل کرنا) ہے۔

اِدْغَامَّ. الْفَرَسُ (اِدْغِیْمَامًا): بقیہ جسم سے منہ کا زیادہ سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَدْغَمُ)

الدَّغَمُ و الدُّغْمَۃُ: گھوڑے کا رنگ جس کا منہ باقی جسم سے زیادہ سیاہی مائل ہو۔

الْاَدْغَمُ: کالی ناک والا۔ ناک میں بولنے والا۔ ج دُغْمٌ.

الدُّغَامُ: حلق کا درد۔

دَغْمَرَہٗ دَغْمَرَۃً: عیب لگانا۔ الشَّیْءَ: ملانا۔ الرَّجُلُ: بدخلق ہونا۔

الدَّغْمَرِیُّ و الدُّغْمُرِیُّ: برے بھلے ملے جلے اخلاق والا۔ رَجُلٌ (دُغْمُوْرٌ) مرد بدخو۔

الدَّغَامِرُ: قوم کے گھٹیا درجہ کے لوگ۔

دَفَّ(ض) دَفًّا و دَفِیْفًا: آہستہ چلنا۔ لَہُ الْاَمْرُ: تیار ہونا۔ ممکن ہونا الطَّائِرُ: پر پھڑ پھڑانا۔

دَفَّ(ض) دَفًّا. الشَّیْءَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔

دَفَّفَ و دَافَّ: جلدی کرنا۔ دَفَّفَ الْجَرِیْحَ و دَافَّہٗ و دَافَّ عَلَیْہِ: پوری طرح سے فوراً مار ڈالنا۔ و دَفَّفَ الرَّجُلُ: دف بجانا۔

اَدَفَّ اِدْفَافًا. الطَّائِرُ: پر پھڑ پھڑانا۔ اَدَفَّتْ عَلَیْہِ الْاُمُوْرُ: پے درپے آنا۔

(وتَدَافَّ) الْقَوْمُ: ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔ اِسْتَدَفَّ. الطَّائِرُ: زمین کے قریب اُڑنا الْاَمْرُ: درست ہونا۔ پورا ہوجانا۔ الرَّجُلُ بِالْمُوْسٰی: استرے سے مونڈنا۔

الدَّفُّ س۔ ہر چیز کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ اللّٰہُ بِذَاتِ الدَّفِّ" اللہ اس کو نمونیا میں مبتلا کرے۔

(الدُّفُّ) ایک قسم کے باجہ کا نام۔ ج دُفُوْف.

الدَّفَّۃُ ہر چیز کا پہلو۔ دَفَّتَا الطَّبْلِ: ڈھول کے دونوں طرف کے چمڑے۔ پتوار (آخر معنی میں کلمہ مولدہ ہے۔ اس کے لیے فصیح لفظ السُّکَّانُ ہے)

الدَّافَّۃُ: دشمن کی طرف مارچ کرنے والی فوج۔ لوگوں کی جماعت جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتی رہے۔

الدَّفَّافُ: دف بجانے والا۔ دف بنانے والا۔

اقرب الموارد میں بحوالہ لسان العرب ہے کہ دفاف مالک دف کو مُدَفِّف بنانے والے کو اور مُدَفْدِف بجانے والے کو کہتے ہیں۔

الدَّفُوْف. مِنَ الطَّیْرِ: کسی چیز پر ٹوٹ

پڑتے وقت زمین سے قریب ہونے والا پرندہ۔
دَفِئَ یَدْفَأُ دَفأً و دُفُوءًا و دَفُؤَ یَدْفُؤُ دَفَاءَةً. مِنَ البَرْدِ: گرم ہونا۔ گرمی محسوس کرنا۔
دَفَّأَهُ. گرم کرنا۔
اَدْفَأَهُ. گرم کپڑا پہنانا۔ بہت دینا۔ گرم کرنا
الجَرِيْحُ: فوراً مار ڈالنا القَوْمُ: جمع کرنا۔
تَدَفَّأَ و اِدَّفَأَ و اِسْتَدْفَأَ. گرم کپڑا پہننا۔ گرم ہونا۔
الدِفْأُ. سخت گرمی۔ ج اَدْفَاء. اونٹوں کی پیداوار اور جو اس سے نفع حاصل ہو۔
عطیه دِفأُ الحَائِط: دیوار کی اوٹ۔ کہا جاتا ہے "اُقْعِدَ فِي دفاءِ الحَائِط" وہ دیوار کی اوٹ میں بٹھایا گیا۔ گرم کپڑے۔ گرمی حاصل کرنے کا سامان۔ تم کہتے ہو "مَا عَلَيْهِ دِفْء" اس پر گرمی حاصل کرنے کا کوئی سامان نہیں۔
الدَفَأُ. س۔ کندھے کا سینہ کی طرف جھکنا۔
الدِفَاء. گرمی حاصل کرنے کا سامان۔ (کپڑا وغیرہ)
الدَفِيُّ الدَفِئُ. گرمی حاصل کرنے والا۔ گرم کپڑے پہنے والا۔ مؤنث دَفِئَة و دَفِيْئَة.
الدَفِئَةُ مِنَ الاَرَاضِي: گرم زمین۔
الدَفْآن. گرمی حاصل کرنے والا۔ مؤنث دَفْأَى.
الاَدْفَأُ. وہ شخص جس کا کندھا سینہ کی طرف جھکا ہوا ہو۔ مؤنث دفأى. الاَدْفَاء: مرد خیمہ نشین۔
اَرْض (مِدْفَاة) گرم زمین۔
اِبِل (مُدْفِئَة و مُدْفَأة و مُدَفِئَة و مُدَفَّاة) بہت اُون اور چربی والا اونٹ۔
الدَفْتَر. رجسٹر۔ کاپی۔ ج دَفَاتِر.
دَفَرَهُ (ن) دَفْرًا. سینہ میں مار کر ہٹانا۔
دَفِرَ (س) دَفَرًا و دَفْرًا. ذلیل ہونا۔
اللَحْمُ: کیڑے پڑنا الشَيْئُ: بدبودار ہونا۔ صفت (دَفِر و اَدْفَر) مؤنث۔ دَفِرَة و دَفْرَاء. كَتِيْبَة دَفْرَاء: لشکر جس سے لوہے کے زنگ کی بو آئے۔

اَدْفَرَ. الرَجُلُ: تیز گندہ بغل ہونا۔
الدَفْر. س۔ بدبو۔
دَفَارِ. مَبْنِيْ عَلَى الكَسْرِ بروزن قَطَام: لونڈی (یہ کلمہ لونڈی کے لیے گالی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ اور اکثر نداء کے موقع پر آتا ہے)
اَلدِّفْرَان: صنوبر کی ایک قسم
دَفَعَهُ (ف) دَفْعًا و دَفَاعًا و مَدْفَعًا. ہٹانا۔ دور کرنا۔ دَفَعَهُ فِي كَذَا: داخل کرنا۔
اِلَيْهِ الشَيْئَ: ادا کرنا القَوْلَ: دلیل سے باطل کرناہ اِلَى كَذَا: مجبور کرنا عَنْه الاَذىٰ: بچانا۔ محفوظ کرنا عَنِ المَوْضِع: کوچ کرنا۔ چھوڑنا اِلَيْهِ: پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْق يَدْفَعُ اِلَى مَكَانِ كَذَا" راستہ جو فلاں جگہ تک پہنچتا ہے۔
دُفِعَ. اِلَى المكان: پہنچنا۔
دَافَعَهُ مُدَافَعَةً و دِفَاعًا. مزاحمت کرنا عَنْهُ: حمایت کرنا۔ مدد کرنا عَنْه الاَذىٰ: ہٹانا، دور کرنا دَافَعَهُ عَنْ حَقِّه: ٹال مٹول کرنا۔
تَدَفَّعَ. السَيْلُ: زور سے بہنا۔
اِنْدَفَعَ. السَيْلُ: زور سے بہنا الفرسُ فِي سَيْرِه: تیز دوڑنا الرجلُ فِي الحَدِيْث: بات چیت میں مشغول ہونا۔ اِنْدَفَعَ يَقُوْلُ: کہنے لگنا اِنْدَفَعَ الرَجُلُ: ہٹنا۔
تَدَافَعَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَدَافَعُوْا الشَيْء: ہر ایک کا دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَيْف يَتَدَافَعُهُ الحَيُّ" مہمان جس کو قبیلہ کے لوگ ایک دوسرے کے ذمہ ڈالتے ہیں۔
اِسْتَدْفَعَ. اللّٰهُ الشَرَّ: شر کو ہٹانے کی دعا کرنا۔
الدَفْعَة. دَفَعَ کا اسم مرۃ۔
الدُفْعَة. بوچھار۔ برتن یا مشک سے جتنا ایک مرتبہ گرے۔ ج دُفَع و دُفُعَات.
الدَوَافِع. نشیب زمینیں جہاں سیلاب کا پانی جمع ہو جائے۔
الدَفُوْع. بہت ہٹانے والا مِنَ الدَوَاب: لات مارنے والا۔

الدَفَّاع. بہت دفع کرنے والا۔
اَلدِّفَاع: ملک اور اس کی سرحدوں کی حفاظت بری، بحری اور فضائی ذرائع سے کرنا۔
الدُفَّاع. موج یا سیلاب کا زور۔ بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي دُفَّاعٍ مِنَ النَاسِ" وہ بہت لوگوں میں آیا۔
المَدْفَعُ. پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَدَافِع.
اَلْمِدْفَعُ: وہ اوزار و ہتھیار جن کے ساتھ بم پھینکے جاتے ہیں۔ ان میں سے چند درج ذیل ہیں مِدْفَع: توپ۔ مِدْفَعَة مُضَادَّة لِلطَّائِرَات: طیارہ شکن توپ۔ مِدْفَعُ الذَّرِّي- ایٹم بم پھینکنے کا میزائل۔ قَاذِفُ الصَّوَارِيْخ: راکٹ گرانے والا۔
المِدْفَع. ہٹانے کا اوزار۔ توپ۔ ج مَدَافِع.
المِدْفَع: بہت دفع کرنے والا۔
المُدَفَّع. ہر جگہ سے دھتکارا ہوا فقیر۔
دَفَقَ (ض ن) دَفْقًا. المَاءُ: زور سے گرانا اللّٰهُ رُوْحَه: موت دینا الكُوْزَ: گرا کر خالی کر دینا۔
دَفَقَ (ن) دَفْقًا و دُفُوْقًا. المَاءُ: گرنا اَلنَّهْرُ: بھر کر بہنا (جمہور کے نزدیک اس کا استعمال صرف متعدی ہی کی صورت میں ہوتا ہے۔)
دَفَّقَ. دَفَقَ کا مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "دَفَّقَتْ كَفَّاهُ العَطَاءَ" یعنی اس کے دونوں ہاتھوں نے بہت زیادہ بخشش کی۔
اَدْفَقَ. الكوزَ: گرا کر خالی کر دینا۔
تَدَفَّقَ و اِسْتَدْفَقَ. المَاءُ: گرنا الدَابَةُ: تیز دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَان يَتَدَفَّقُ فِي البَاطِل" فلاں باطل میں سبقت کرتا ہے۔
اِنْدَفَقَ و اِسْتَدْفَقَ. المَاءُ: گرنا۔
الدُفْقَة. ایک دفعہ۔ یکبارگی۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا دُفْقَة" وہ سب یکبارگی آگئے۔
سَيْل دُفَاق. بہت زیادہ سیلاب جو وادی کے دونوں کناروں کو بھر دے۔
الاَدْفَق. ٹیڑھا۔ فکر یا بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر۔ سَيْر اَدْفَق: تیز چالی۔ مؤنث

دفقاء۔

الدِفقّی تیز حال۔ کہا جاتا ہے "مَشْی الدِفِقّی" تیز چال چلا۔ (والدِفقّۃ) تیز رفتار اونٹنی یا گھوڑا۔

الدِفلطقران (دیکھئے قطران) زفت (ایک دوا کا نام) کنیر۔

الدِفلی کنیر۔ ایک جماعت کے نزدیک الف الحاق کا ہے اس لیے اس پر تنوین آتی ہے اور دوسروں کے نزدیک تانیث کا اس لیے تنوین نہیں آتی۔

دَفَن (ض) دَفنًا. المیّتَ گاڑنا۔ دفن کرنا الحدیثَ چھپانا الابلُ تیز دوڑانا الابلُ تیز دوڑنا۔

تَدَفَّن وانْدَفَن چھپنا الابلُ تیز دوڑنا۔

اِدَّفَن. العبدُ آقا کے خوف سے بھاگنا۔ (دُفُون) الشئَ چھپانا۔ صفت

تَدافَن. القومُ باہم چھپانا۔

دَافِن. الامرَ مخفی معاملہ کا اندرونی حصہ۔

الدَّفن دفن کیا ہوا۔ ج اَدْفان. مدفون زمین۔ ج دُفُن. رجل دَفنٌ گمنام و بے قدر مرد۔

دَاء (دِفن ودَفِن) پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔

الدَّفِینۃ گاڑا ہوا۔ گاڑا ہوا خزانہ۔ ج دفائِن کہا جاتا ہے "فُلان یثیر الدَّفائِنَ" فلاں بڑا عالم ہے۔

الدَّفِین دفن کیا ہوا۔ چھپا ہوا۔ ج دُفَن ودُفَناء واَدْفان. رَکِیّۃ دَفِین: دفن شدہ کنواں۔ اِمرأۃ دَفِین پوشیدہ عورت۔ ج دُفنی. دَاء دَفِین پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے "هو دَفِین المروءۃ او دَفن المروءۃ" وہ بے مروت ہے۔

الدِفان. من الرکایا کنوئیں سے پٹا ہوا کنواں ج دُفن کہا جاتا ہے "ماء دِفان" پوشیدہ پانی۔

الدَّفافِین کشتی کے تختے۔ واحد (دَفّان)

المدفن گاڑنے کی جگہ۔

الدِفِنس والدِفْناس کمینہ و بیوقوف۔ بخیل۔ مِنَ النساء بیوقوف۔ بھاری جسم کی عورت۔

الدافِہ مسافر۔

دَفَا (ن) دَفْوًا ودَافی مُدافاۃ واَدْفی اِدْفاء. الجریحَ فوراً مار ڈالنا۔ واَدْفی الظبیُ لمبے سینگوں والا ہونا۔

تَدافا ق تلافی کرنا۔

الدَّفا خمیدگی۔

الاَدْفی خمیدہ۔ مؤنث دَفْواء. طائر اَدْفی لمبے بازوؤں والا پرندہ۔ ناقۃ دَفْواءُ لمبی گردن والی اونٹنی۔ شَجَرۃ دَفْواءُ بڑا درخت۔ عقاب دَفْواءُ ٹیڑھی چونچ والا عقاب۔

دَقَّ (ض) دِقَّۃ باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ دقیق ودشوار ہونا۔

دَقَّ (ن) دَقًّا. الشئَ توڑنا الباب: کھٹکھٹانا الشئَ ظاہر کرنا الشئَ علی الشئِ او بالشئِ کوٹنا۔

دَقَّق. الشئَ بہت باریک کرنا۔ آٹا کرنا فی الحساب وغیرہ باریک بینی سے کام لینا۔

اِدَقَّہ اِدْقاقًا باریک کرنا الرجلُ بکری دینا۔ کہا جاتا ہے "اتیتہ فما اَدَقَّنی ولا اَجَلَّنی" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو تھوڑا دیا نہ زیادہ۔ اَدَقّ الرجلُ بخل کی وجہ سے معمولی چیز کے پیچھے پڑنا۔

دَاقَّقہ مُداقّۃ. الحسابَ فی الحسابِ غور سے جانچ کرنا۔

اِنْدَقّ اِنْدِقاقًا باریک ہونا۔ اِنْدَقَّت عُنقُہٗ ٹوٹنا۔

تَدَاقّ. الرجلان باریکی میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَدَقّ اِسْتِدْقاقًا پتلا و باریک ہونا۔ اور اسی سے ہے "اِستدقّ الهلالُ" ہلال باریک ہے۔

الدِقّ باریک تھوڑا۔ اور اسی سے ہے "اخذت دِقّہ وجِلّہ" میں نے قلیل وکثیر سب لے لیا۔ حُمَّی الدِّقّ دق کا بخار۔

الدَّقَّۃ کا اسم مرۃ۔

الدِّقّۃ کوٹنے کی ہیئت۔ خست۔ چھوٹائی۔ باریکی اور اسی سے ہے "دِقّۃ المعانی" معانی کی باریکی۔

الدُّقَّۃ باریک خاک۔ مصالحے۔ نمک۔ دھنیا۔ خوبصورتی۔

الدُّقاق چورہ۔ آٹا (والدُّقاقۃ) باریک خاک جس کو ہوا اڑائے۔ دُقاق العیدان ودِقاقُها چھپٹی۔

الدَّقِیق باریک۔ آٹا۔ مشکل معاملہ۔ تھوڑا۔ ج اَدِقّۃ واَدِقّاء مؤنث دَقِیقۃ.

الدَّقِیقۃ دقیق کا مؤنث۔ منٹ۔ درجہ کا ساٹھواں حصہ۔ ج دَقائِق. الدَّقیقۃ: بکریاں۔ کہتے ہیں "کَمْ دَقِیقتُكَ" تمہاری بکریاں کتنی ہیں؟

الدَّقّاق بہت کوٹنے والا۔ آٹا بیچنے والا۔

الدَّقّاقۃ کوٹنے کا اوزار۔

المِدَقّ والمُدُقّ ج مَداقّ و (المِدقّۃ) کوٹنے کا اوزار۔

المُدَقَّق قیمہ۔ باریک کوٹا ہوا گوشت۔

المَدقوق دق کے بخار والا۔

المُدَقّقۃ پھولوں کی ایک درمیانی قسم۔ مؤنث کا عضو تناسل۔

مُسْتَدَقّ. الساعِد کلائی کا پتلا حصہ۔ مُسْتَدَقّ کُلِ شئٍ ہر چیز کا باریک و پتلا حصہ۔

دَقْدَق. الناسُ شور مچانا۔

الدَّوابُّ سُم کی آواز سنائی دینا۔

دَقِر (س) دَقَرًا شکم سیر ہونا المکانُ: سبزہ زار ہونا النباتُ زیادہ ہونا۔ الرجلُ شکم پری کی وجہ سے قے کرنا۔

الدَّقْر والدَّقْرۃ والدَّقِیرۃ والدَّقَری. سرسبز و خوبصورت باغ۔ ارض (دَقْراء) سرسبز و نمناک زمین۔

الدُّقْرال لکڑی جس پر انگور کی بیل چڑھائی

جائے۔ واحد دُفْرَانة.

الدَّوْفَرَة. بنجر زمین جو پہاڑوں کے درمیان ہو۔

الدِفْرَار. جانگھیا۔ ج دَفَارِیْر.

الدِفْرَارَة. چغلی۔ بُری عادت۔ جھگڑا۔ ج دَفَارِیْر. کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالدَّفَارِیْر" وہ قبیح قسم کی چھوٹی چیزیں لایا۔ جانگھیا۔ پائجامہ۔

رَجُل دِفْرَارَة: چغل خور۔ پست قد۔

دَفَسَ (ن) دَفْسًا ودُفُوْسًا. فِی الْبِلَادِ: گھس جانا الْوَتَدُ فِی الْاَرْضِ: گڑ جانا الْبِئْرَ: بھر دینا۔

الدَّفْشَة. ایک چھوٹا سا جانور ہے۔

دَقِعَ (س) دَقَعًا. تھوڑے سے گزارہ پر راضی ہونا۔ ذلت اور فقر کی وجہ سے خاک نشین ہونا۔

اَدْقَعَهُ. محتاج بنا دینا۔ ذلیل کرنا۔

اَدْقَعَ بِهِ وَاِلَیْهِ فِیْ الشَّتْمِ وَنَحْوِهٖ: گالی دینے میں مبالغہ کرنا۔ اَدْقَعَ الرَّجُلُ: مٹی میں ملا ہوا ہونا۔

الدَّاقِع. فا. رنجیدہ۔ تھوڑی کمائی کا طالب۔

الْاَدْقَع. مٹی۔ جُوْعٌ اَدْقَعُ: سخت بھوک۔

الدَّقَّاع والدُّقَاع والدِقْعِم. مٹی (دِقْعِم میں میم زائد ہے)

الدَّقْعَاء. مٹی۔ بنجر زمین۔

کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ الْقَوْمَ" (صَقْعَیٰ دَقْعَیٰ) میں نے قوم کو خاک نشین دیکھا۔

الدَّیْقُوْع. سخت بھوک۔

الدَّوْقَعَة. فقیری۔ ذلت۔

الْمُدْقِع. زمین پر پٹک دینے والا۔ ذلیل۔ بھاگنے والا۔ دُبلا۔ جُوْعٌ مُدْقِعٌ: سخت بھوک جو زمین پر گرا دے۔

الْمِدْقَاع. لالچی۔ تھوڑے پر راضی ہونے والا۔ ج مَدَاقِیْع.

دَقَلَهُ (ن) دَقْلًا. منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔ ناک یا مُنہ پر مارنا (دُقُوْلًا) غائب ہونا فِیْهِ: داخل ہونا۔

اَدْقَلَ. النَّخْلُ: ردی کھجور والا ہونا۔ الرَّجُلُ: کمزور بچہ والا ہونا الشَّاةُ. دبلی و کمزور ہونا۔ صفت مُدْقِل.

الدَّقَل. ردی کھجور۔ بادبان کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ اَطْوَلَ مِنَ الدَّقَلِ واَنْتَ تَنْثُرُ كَلَامَكَ نَثْرَ الدَّقَلِ" میں تم کو دیکھتا ہوں کہ بادبان کے ڈنڈے سے بھی زیادہ لمبے ہو اور گفتگو ردی قسم کی کرتے ہو۔

الدَّقَل. جسم کی ناتوانی۔

الدَّقَلَة والدَقِلَة والدَقِیْلَة. دُبلی پتلی بکری۔ ج دَقَّال ودَقَائِل.

دَقَمَهُ (ن) دَقْمًا. اچانک سینہ پر مار کر دھکا دینا۔ دانت توڑنا الرِّیْحُ عَلَیْهِ: ہوا کا آنا۔

دَقِمَ (س) دَقَمًا. اگلے دانتوں کا گرنا۔ صفت دَقِمٌ واَدْقَم.

اَدْقَم. فاہ: اگلے دانتوں کو توڑنا۔

الدَقْم. سخت غم۔

الدَقْمَة. منہ کا اگلا حصہ۔

الدَقْم. نقصان۔

دَقَنَ (ن) دَقْنًا. فی لحی الرَّجل: ٹھوڑی پر مکا مارنا۔ دَقَنَهُ: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔

دَكَّ (ن) دَكًّا. الْحَائِطَ: دیوار گرا کر زمین کے برابر کرنا الْاَرْضَ: ہموار کرنا التُّرَابَ: مٹی کوٹ کر ہموار کرنا الْبِئْرَ: کنوئیں کو مٹی وغیرہ ڈال کر پاٹنا التُّرَابَ عَلَی الْمَیِّتِ: میت پر مٹی ڈالنا ہٗ: دھکا دینا الدَّابةَ فی السَّیْرِ: جانور کو تھکانا۔ کہا جاتا ہے "دَكَّتِ الْحُمّٰی الرَّجُلَ" بخار نے مرد کو کمزور کر دیا۔

دُكَّ. مریض ہونا۔

دَكَّكَ. الشَّیْئُ بِالشَّیْئِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔

اِنْدَكَّ. ہموار ہونا الرَّجُلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا السِّنَامُ: کوہان کا پیٹھ کے برابر ہونا۔

تَدَاكَّ. عَلَیْهِ الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔

الدَّكُّ. س۔ ہموار زمین۔ ہموار جگہ۔ ج۔ دُكُوْك.

الدُّكُّ. ج دِكَكَة و (الدِكَّاء) ج دَكَّاءَات. نرم مٹی کا پشتہ۔ نرم پہاڑ۔

الدَّكَّاءُ: پست کوہان کی اونٹنی۔

الدِّكَّة. ازار بند۔ صحیح لفظ التِكَّة ہے۔

الدَّكَّة. ہموار ریگستان۔ بیٹھنے یا کرسی رکھنے کے لیے چبوترہ۔ ج دِكَاك.

الدُّكَّان. دکان۔ چبوترہ۔ ج دَكَاكِیْن.

الدَّكَّاك. بہت روندنے والا۔ بہت کوٹنے والا۔

الْاَدَكُّ. چوڑی پیٹھ والا چھوٹا گھوڑا۔ بغیر کوہان کا اونٹ۔ اور اس سے اسم (الدَّكَكُ) ہے۔ ج دُكّ ودُكُك مؤنث دَكَّاء. یَوْم اوشَهْر او حَوْل (دَكِیْك) پورا دن یا مہینہ یا سال۔

الْمِدَكُّ. مضبوط و قوی زمین کو سخت روندنے والا مرد۔ ہموار کرنے کا اوزار۔

اَمَة (مِدَكَّة) کام کرنے میں قوی باندی۔

دَكْدَكَ. الْحُفْرَةَ: گڑھے کو مٹی سے بھر دینا۔

تَدَكْدَكَتْ. الْجِبَالُ: گرنا۔

الدَّكْدَك والدِكْدِك. ج دَكَادِك و (الدَكْدَاك) ج دَكَادِیْك: سخت زمین۔

دَكَسَ (ن) دَكْسًا. الشَّیْئُ: بھرنا۔

دَكِسَ (س) وَكَسًا. الشَّیْئُ: تہ بتہ ہونا۔

اَدْكَسَ. الْمَكَانُ: سبزی ظاہر ہونا۔

الدَكِیْسَة. مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی جماعت۔

الدَاكِس. فا. چھینک وغیرہ سے بدفالی۔

الدَاكِس مِنَ الظِّبَاءِ: وہ ہرن جو پیچھے سے آئے اور اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔

الدُّكَاس. اُونگھ۔

الدَوْكَس. شیر۔ بہت چوپائے اور بکریاں۔

دَكَلَ (ن ض) دَكْلًا. الطِّیْنَ: لیپنے کے لیے ہاتھ سے مٹی جمع کرنا الشَّیْئَ: روندنا۔

دَكَّلَ. الدَّابةَ: جانور کو مٹی میں لوٹانا۔

تَدَكَّلَ. اپنے آپ کو بڑا سمجھنا عَلَیْهِ: ناز کرنا

عنه: دیر کرنا۔
الدَّکلَة. پتلا گارا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والے لوگ۔
الاَدْکل. سیاہی مائل۔
الدَکِیل. روندا ہوا۔
دَکَمَ(ن) دَکْمًا. الشَّیْءَ: بعض کو بعض پر کوٹنا ٥ فِی صَدْرِهٖ: سینہ پر مار کر ہٹانا فاه اَوْ اَنْفَه: منہ یا ناک توڑنا المرأةَ: جماع کرنا۔
دَکَمَهٗ. فی الشَّیْءِ: داخل کرنا ٥ فی رَاسِهٖ: سر میں سینگ سے مارنا۔
تَدَاکَمَ. القَومُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
الدُّکمة. سیاہی مائل رنگ۔
دَکَنَ(ن) دَکْنًا ودَکَّنَ. المتاعَ: تہ بتہ رکھنا۔ دَکَّنَ الدُّکَّانَ: دکان لگانا۔
دَکِنَ(س) دَکَنًا. سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَدْکن) مؤنث دَکْنَاء. ج دُکن.
الثَّوبُ: میلا و گرد آلود ہونا۔
الدُّکْنَة. سیاہی مائل رنگ۔
الدُّکَّان. دکان کا چبوترہ۔ ج دَکَاکِیْن (کلمہ فارسیہ ہے)
الدُّکَّانِی. دکان والا۔
دَلَّهٗ(ن) دَلَالَةً ودُلُولَةً ودِلِّیْلٰی. اِلٰی الشَّیْءِ وعَلَیْهِ: راستہ دکھانا۔ رہنمائی کرنا۔
(ض) دَلًّا ودَلَالًا ودَلَّ(س) دَلَلًا) ناز و نخرہ کرنا المَرْاَةُ عَلٰی زَوْجِها: بناوٹی مخالفت کرنا الرَّجُلُ: فخر کرنا۔ اپنی داد و دہش کا احسان جتانا۔
اَدَلَّ اِدْلَالًا. عَلَیْهِ: محبت پر بھروسہ کرنا۔ اور اسی سے ہے "اَدَلَّ فَاَمَلَّ" اُس نے محبّت پر بھروسہ کیا اور ملول کر دیا۔ دلیری کرنا عَلٰی اَقْرَانِه: اوپر سے دبا لینا البَازِیْ عَلٰی صَیْدِهٖ: اوپر سے جھپٹا مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ یُدِلُّ بِه" وہ اس پر بھروسہ کرتا ہے "اَدَلَّ بالطَّرِیْق": پہچاننا۔
تَدَلَّلَ. عَلَیْهِ: گستاخی و جرأت کرنا المرأةُ عَلٰی زَوْجِها: بناوٹی مخالفت کرنا۔
اِنْدَلَّ. راستہ پانا الماءُ: گرنا۔

اِسْتَدَلَّ. عَلَیْهِ: رہنمائی کرنے کو کہنا۔
اِسْتَدَلَّ بِکَذَا عَلَی الاَمْرِ: دلیل کرنا۔
الدَّالَّة. دالّ کا مؤنث۔ ناز و نخرہ۔ جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَیْهِ دَالَّة" اس کو اس کے اوپر ناز ہے۔
الدَّلُّ. مص۔ سکون و اطمینان کی حالت۔ اچھی سیرت۔
الدَّلَال. مص۔ ناز و نخرہ۔
الدَّالُوْلَاء. ناز۔
الدِّلَالَة. دلالی کا پیشہ۔ دلال یا رہبر کی اجرت۔
اَلدَّلَالَةُ: رہنمائی، دلیل، مرشد، سیاحوں کو رہنمائی کرنے والی کتاب، سفر کارڈ، دلیل الخُلْف- ریاضی کے مسئلہ میں مخالف کے بدلنے پر دلیل قائم کرنا۔
الدَّلَّال. خریدار اور بیچنے والے کے درمیان کا آدمی۔
الدَّلِیْل. ج اَدِلَّة واَدِلَّاء و (الدَّلَالَة) ج دَلَائِل: ہر وہ چیز جس سے رہنمائی ہو سکے۔ حجت و دلیل۔ الدَّلِیْل: رہنما۔ مرشد۔
الدَّلَّة. احسان۔ ناز و نخرہ کرنا۔
الاَدَلُّ. احسان جتانے والا۔
الدُّلِّی والدَّلِیْلَة. واضح راستہ۔
المُدِلُّ. فا. اپنے اوپر اور اپنے سامان پر بھروسہ رکھنے والا۔ المُدِلُّ بِالشَّجَاعَةِ: دلیر۔
الدُّلْب. چنار کا درخت۔ واحد (دُلْبَة)
الدُّلْبَة. سیاہی۔
الدَّالِب. چنگاری جو بجھی نہ ہو۔
الدَّوْلَاب والدُّوْلَاب. رہٹ۔ چرخی پر گھومنے والی چیز۔ ج دَوَالِیْب. (دخیل)
المَدْلَبَة. بہت چنار کے درختوں والی زمین۔
الدَّلْبُوْث. ایک قسم کی گھاس کا نام۔
دَلَثَ (ض) دَلْثًا. قریب قریب قدم رکھنا۔
تَدَلَّثَ. اِلَیْهِ: کسی کے پاس گھس پڑنا۔
اِنْدَلَثَ. الرَّجُلُ: خود سر ہونا۔

اِدَّلَثَ. الشَّیْءُ: ڈھانکنا۔
الدِّلَاث. تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ دِلَاث ونَاقَة دِلَاث. ج دُلُث و دُلْث"
دَلَجَ(ض) دُلُوْجًا. کنوئیں سے پانی نکال کر حوض میں ڈالنا۔ صفت (دَالِج) ج دُلَّج.
اَدْلَجَ اِدْلَاجًا واِدَّلَجَ اِدِّلَاجًا. القَومُ: پوری رات یا آخری حصہ میں چلنا۔ اسم (الدَّلْجَة والدُّلْجَة)
الدَّلَج والدَّلَجَان والدَّلَجَة. رات کے آخری حصہ کا وقت۔
الدَّوْلَج. تہ خانہ (والمَدْلَجَة) وحشی جانوروں کا بھٹ۔
المِدْلَجَة. لکڑی یا چمڑے کا بڑا برتن جس میں دودھ لے جایا جائے۔ ڈول۔
المَدْلَج والمَدْلَجَة. حوض اور کنوئیں کے درمیان کا راستہ۔
المِدْلَاج. آخری رات میں چلنے کا عادی۔
المُدْلِج و اَبُومُدْلِج. سیہی۔
دَلَحَ(ف) دُلُوْحًا. بوجھ کی وجہ سے آہستہ چلنا۔
تَدَالَحَ. الرَّجُلَان الشَّیْءَ بَیْنَهُمَا: کسی چیز کو لکڑی پر اٹھانا۔
الدَّالِح. ج دُلَّح ودَوَالِح و (الدَّلُوْح) ج دُلُح: بہت پانی والا بادل۔
فَرَس (دُلَح) سوار کو نہ تھکانے والا گھوڑا۔ بہت پسینہ والا گھوڑا۔
دَلِخَ(س) دَلَخًا. موٹا ہونا الاِنَاءُ: بھر کر بہہ پڑنا۔
الدَّالِخ. موٹا۔ کہا جاتا ہے بَعِیْر دَالِخ واِبِل دُلَّخ ودَوَالِخ.
الدَّلُوْخ. موٹا۔ ج دُلُخ.
دَلْدَلَ دَلْدَلَةً. اَعْضَائَه اَوْرَاسَه: چلنے میں ہلانا۔
تَدَلْدَلَ. فِی مَشْیِهٖ: لڑکھڑانا الشَّیْءُ: لٹکتے ہوئے ہلنا۔
الدُّلْدُل والدُّلْدُوْل. سیہی۔ الدُّلْدُل: بڑا معاملہ۔

الدَّلْدَال: اضطراب۔ قوم دَلْدَال: لڑکھڑاتی ہوئی چلنے والی قوم۔

دَلَّس. البائعُ: سامان کے عیب کو چھپانا المُحَدِّثُ: محدث کا حدیث کی روایت میں اپنے راوی کا نام نہ لینا بلکہ اس سے اُوپر کے راوی کا نام لینا اور لفظ ایسا اختیار کرنا جس میں سماع کا احتمال ہو۔

دَالَسَه مُدَالَسَةً: فریب دینا، ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَلَا يُدَالِسُ وَلَا يُوَانِسُ" وہ نہ ظلم کرتا ہے نہ خیانت۔

أَدْلَسَ. المَكَانُ: موسم گرما کے آخر میں یا چر لینے کے بعد سرسبز ہونا۔

تَدَلَّسَ. الرَّجُلُ: چھپنا الطَّعَامَ: تھوڑا تھوڑا لینا الدَّابَّةُ: چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس کو چٹ کر جانا۔

اِنْدَلَسَ. الشَّيُّ: پوشیدہ ہونا۔

الدَّلَس فریب، دھوکا۔

الدَّلَس نباتات جو موسم گرما کے اخیر میں یا چر لینے کے بعد سبز ہو جائے۔ ج أَدْلَاس (والدُّلْسَة) تاریکی۔

دَلَصَ(ن) دَلِيْصًا چمکنا۔ نرم ہونا۔ صفت (دَلِصٌ) ج دِلَاصٌ و (دَلِيْصٌ) ج دُلُصٌ.

دَلِصَتْ(س) دَلَاصَةً. النَّاقَةُ: بوڑھی اور گرے ہوئے دانت والی ہونا۔

دَلَّصَ. الشَّيُّ: چمکدار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَلَّصَ السَّيْلُ الحَجَرَ" سیلاب نے پتھر کو چمکدار بنا دیا الدِّرْعَ: ملائم کر دینا الجَبِيْنَ: بال اُکھیڑنا۔

اِنْدَلَصَ. الشَّيُّ مِنْ يَدِه پھسل کر گرنا۔ الشَّيُّ من الشَّيِّ نکلنا۔

الدَّلِيْص والدَّلِيْصَة ہموار زمین۔

الدِّلَاص نرم و چمکدار۔ کہا جاتا ہے "دِرْعٌ دِلَاصٌ" نرم و چمکدار زرہ۔

الدُّلَّاص نرم، چکنا، چمکدار۔

دَلَظَه(ض) دَلْظًا سینہ میں مار کر ہٹانا۔

دَلَظَ فِي سَيْرِه تیز گزرنا۔

دَالَظَه مدافعت کرنا۔

اِنْدَلَظَ. الماءُ: زور سے بہنے لگنا۔

دَلَعَ(ف) دَلْعًا وادْلَعَ لسانَه: زبان نکالنا۔

دَلَعَ(ف ن) دَلْعًا ودُلُوْعًا واندَلَعَ وادَّلَعَ. لسانُه: زبان کا منہ سے باہر نکلنا۔ اِندَلَعَ البَطْنُ: پیٹ کا بڑا اور ڈھیلا ہونا السَّيْفُ: تلوار کا میان سے باہر نکلنا۔

الدَّلِيْع والدَّلُوْع کشادہ راستہ، نرم راستہ۔ ج دَلَائِع. والدَّلُوْع مِنَ النُّوْق اُونٹوں سے آگے رہنے والی اونٹنی۔

الدُّلَّاع والدُّلَّاعة سمندری سیپی کی ایک قسم

المُدَلَّع ناز و نعمت میں پرورش یافتہ۔ اسم (الدَّلَاعة) اور یہ مولدین کے نزدیک ہے۔

الدَّلْعَس والدِّلْعِس والدِّلْعَوْس والدِّلْعَاس والدُّلَاعِس. مِنَ الجِمَالِ: سدھا ہوا اونٹ۔

الدِّلْغَان چکنے والی مٹی۔ (لغت عامیہ ہے۔)

دَلَفَ(ض) دَلْفًا ودَلَفًا ودُلُوْفًا ودَلِيْفًا ودَلَفَانًا بیڑی پڑے ہوئے کی طرح آہستہ آہستہ چلنا النَّاقَةُ بِحِمْلِهَا اونٹنی کا بوجھ لے کر اُٹھنا الجَيْشُ لشکر کا آگے بڑھنا۔ صفت (دَالِف) ج دُلَّف ودُلُف.

أَدْلَفَ. لَه القَوْلَ: سختی سے گفتگو کرنا الكِبَرُ: آہستہ چلانا۔

تَدَلَّفَ. اِلَيْهِ: چلنا اور نزدیک ہونا۔

اِنْدَلَفَ. عليهِ: گرنا۔

الدَّالِف تیر جو نشانہ کے قریب گرے اور پھر وہاں سے علیحدہ ہو جائے۔

الدُّلَف بہادر۔

الدَّلُوْف تیز اُڑنے والا گدھ۔ موٹا اونٹ۔ بہت پھلدار درخت خرما۔ ج دُلُف.

الدُّلْفِيْن ایک قسم کا تھن والا سمندری جانور جس کی تھوتھنی چونچ کی شکل کی ہوتی ہے اور جس کے متعلق مشہور ہے کہ ڈوبنے والے کو اپنی پیٹھ پر بٹھا کر بچاتی ہے۔ معرب ہے۔ عربی میں اس کا مرادف الدُّخس ہے۔

طَرِيق (دُلْفُق ودِلْفَاق) روشن و نمایاں راستہ۔

دَلَقَ(ن) دَلْقًا وادْلَقَ. السَّيْفَ مِنْ غِمْدِه: تلوار کو میان سے سونتنا۔ دَلَقَ البَابَ: دروازہ کو زور سے کھولنا عَلَيْهِمُ الغَارَةَ: لوٹ ڈالنا البَعِيْرُ شِقْشِقَتَه: اونٹ کا جھاگ نکالنا۔ (دَلْقًا ودُلُوْقًا. السَّيْفُ:) تلوار کا میان سے نکل پڑنا الخَيْلُ گھوڑوں کا پے درپے نکلنا۔ صفت (دُلُق) واحد (دَالِق ودَلُوْق)

اِنْدَلَقَ. الشَّيُّ: اپنی جگہ سے نکل پڑنا۔ الخَيْلُ گھوڑوں کا بہت تیزی کے ساتھ نکل پڑنا السَّيْفُ: تلوار کا میان سے نکل پڑنا۔

تَدَلَّقَ. السَّيْلُ عَلَيْهِ: بہت تیزی کے ساتھ سیلاب کا بہہ پڑنا۔

اِسْتَدْلَقَ. السَّيْفَ: میان سے نکالنا۔

الدَّلَق ایک جانور کا نام ہے جو بلی سے چھوٹا ہوتا ہے اس کا رنگ زرد ہوتا ہے پیٹ اور گردن میں کچھ سفیدی ہوتی ہے۔

سَيْف (دَلِق و دَالِق ودَلُوْق) میان سے آسانی سے نکلنے والی تلوار۔

غَارَةٌ دَلُوْقٌ: سخت لوٹ۔ نَاقَةٌ دَلُوْق: بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اونٹنی۔ ج دُلُق.

الدِّلْقِم بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اونٹنی (میم زائد ہے۔)

دَلَكَ(ن) دَلْكًا. الشَّيُّ: رگڑنا۔ ملائم کرنا ہ الدَّهْرُ: تجربہ کار بنانا وَجْهَه بالطِّيْب: خوشبو لگانا الرَّجُلُ حَقَّه: ظلم کرنا غَرِيْمَه: قرض خواہ کو ٹالنا (دُلُوْكًا) الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔ صفت (دَالِك)

دَالَكَ مُدَالَكَةً. الغَرِيْمَ قرض خواہ کو ٹالنا۔

تَدَلَّكَ نہانے کے وقت بدن ملنا۔ بالطِّيْب خوشبو لگانا۔

الدَّلْك نرمی۔ کہا جاتا ہے "فِي رُكْبَتِه دَلْكٌ" اس کے زانو میں نرمی ہے۔ غروب آفتاب کا وقت۔

الدلوك. لگانے کی خوشبو یا دوا وغیرہ۔
الدَلِيْك. وہ شخص جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنا دیا ہو۔ ج دُلُكٌ. خاک جس کو ہوا اُڑا دے۔ ایک قسم کی نباتات۔
الدَوْلُوْك. بڑا معاملہ۔ ج دَآلِيْك.
المِدْلَكُ والمِدْلَكَة. ملنے کا اوزار۔
المَدْلُوْك. مفع. البَعِيْرُ المَدْلُوْكُ: نرم گھٹنے والا اونٹ۔ وہ شخص جو سفر کی وجہ سے تجربہ کار ہو گیا ہو۔
المُدَالِك. وہ شخص جو اپنے آپ کو گھٹیا باتوں سے بلند نہ رکھے۔
دَلِمَ (س) دَلَمًا واِدْلَامَّ اِدْلِيْمَامًا. چمکدار سیاہ ہونا۔ صفت (اَدْلَم) مؤنث دَلْمَاء.
دَلِمَتِ الشفةُ: ہونٹ کا ڈھیلا ہونا اور لٹکنا۔
اِدلَامَّ الليلُ: رات کا بہت تاریک ہونا۔
اَدْلَمَ شَفَتَهٗ: ہونٹ کا ڈھیلا کرنا۔
الدُلَم. ہاتھی۔
الدَلَام. سیاہی۔ سیاہ۔ کہا جاتا ہے "شیٔ دَلَام" کالی چیز۔
الدَلْمَاء. قمری مہینہ کی تیسوی رات۔
الاَدْلَم. مِنَ الالوان: کالا۔ کالا سانپ۔ لمبا کالا۔
الدَيْلَم. مصیبت۔ حوض کے پاس چیونٹیوں اور چیچڑیوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ لشکر۔ نر تیتر۔ قطا پرندہ کی ایک قسم۔ جماعت۔ دشمن۔
اِدْلَمَسَّ اِدْلِمْسَاسًا. الليلُ: سخت تاریک ہونا۔
الدُلَمِس والدُلَامِس. سخت تاریکی۔ مصیبت۔
الدِلْمِس. مصیبت۔
تَدَلْمَصَ. رَاْسُهٗ: سر کا گنجا ہونا۔
الدُلَمِص والدُلَامِص. چمکدار۔ راس دُلَمِص: گنجا سر۔
طَرِيْق (دَلَنْع) نرم راستہ۔ ج دَلَانِع.
دَلِهَ (س) دَلَهًا وَدُلْهًا وَدُلُوهًا وتَدَلَّهَ. غم و عشق وغیرہ سے سرگشتہ ہونا۔ حیران ہونا۔
دَلَهَ (ف) دَلْهًا. عَنْهُ: تسلی پانا۔

دلّهه. حیران کرنا۔ مدہوش کرنا۔
الدَالِهُ والدَالِهَة. غم و عشق وغیرہ کی وجہ سے سرگشتہ و دیوانہ۔ کہا جاتا ہے "ذهب دمه دَلْهًا" (اس کا خون رائیگاں گیا۔)
المُدَلَّه. عشق وغیرہ کی وجہ سے بے خود و دل رفتہ۔
دَلْهَثَ. الرجلُ: جلد آگے بڑھنا۔
الدَلْهَث والدُلَاهِث والدِلْهَاث. پیش قدمی کرنے والا۔ دلیر۔ شیر۔
اِدْلَهَمَّ. الليلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔ الظَلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیر ہونا۔ الرجلُ: بوڑھا ہونا۔
الدَلْهَم. تاریک۔ بھیڑیا۔ نرسنگ خوار پرندہ۔ عشق کی وجہ سے عقل رفتہ و مدہوش۔
الدِلْهَام والدَلَهْمَس. دلیر۔ بہادر مرد۔ شیر۔
الدَلَهْمَس: بہت تاریک رات۔
دَلَا (ن) دَلْوًا ودَلْيًا. الدلوَ: ڈول کنوئیں میں لٹکانا۔ نکالنے کے لیے کھینچنا۔
حاجتَه: حاجت طلب کرنا۔
دَلَّاهُ: نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَلَوتُ بفلانٍ اِلَيْكَ" میں نے تیرے پاس فلاں کو سفارشی بنایا۔ و "دَلَّاهُ بغرورٍ" اس نے اس کو دھوکے میں ڈالا۔ دَلَوْتُ بِالدَلْوِ: ڈول سے پانی کھینچنا۔ دَلَّاهُ بِالحَبْلِ مِنَ السَطْحِ: اس نے اس کو رسّی کے ذریعہ چھت سے لٹکایا۔
دَالَاهُ. نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا۔
اَدْلٰى اِدْلَاءً. کنوئیں میں ڈول لٹکانا۔ فِيْهِ: کسی کے بارے میں بُری بات کہنا۔ بِقَرَابَتِهٖ: قرابت سے وسیلہ پکڑنا۔ بِحُجَّتِهٖ: دلیل بیان کرنا۔ اِلَيْهِ بِمَالٍ: دینا۔
اُدْلٰى اِلٰى فلانٍ: کسی کے پاس جھگڑا لے جانا۔
تَدَلّٰى. الثمر مِنَ الشَجَر: پھل کا لٹکنا۔ مِنَ الخَيْل: گھوڑے سے اُترنا۔
اِدْلَوْلٰى اِدْلِيْلَاءً. جلدی کرنا۔
الدَلْو. مص۔ ڈول (مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں) ج دِلَاءٌ واَدْلٍ ودُلِيٌّ ودِلِيٌّ کہا جاتا ہے "اَلْقِ دَلْوَكَ فِي الدِلَاءِ" یعنی تم بھی کوشش کرو۔ الدَلْوُ: ایک برج آسمانی کا نام۔ اُونٹ کا داغ۔ مصیبت۔

الدَالَاة. ڈولچی ج دَلًى و دَلَوَات.
الدَالِي. فا۔ ج دَلَاة. سیاہ انگور۔
الدَالِيَة. رہٹ۔ زمین جس کو ڈول یا رہٹ سے سینچا جائے۔ انگور کی بیل۔ ج دَوَالٍ (یہ مولد ہیں)
دَلِيَ (س) دَلًى. متحیر ہونا۔
تَدَلّٰى. بِهٖ: قریب ہونا۔ لَهٗ فروتنی کرنا۔
دَمَّ (ن) دَمًّا. الشیءَ بالصِبْغ او القِير او نحوهما: کسی چیز پر ملنا۔ الارضَ: ہموار کرنا۔ اليَرْبُوْعُ جُحْرَهٗ: جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ کو مٹی وغیرہ سے پاٹ کر برابر کرنا۔ الرجلَ: پوری طرح سے عذاب دینا۔ مارنا یا سر کچلنا۔ القومَ: نیزہ مار کر ہلاک کرنا۔ الرجلُ: تیز چلنا۔
دَمَّ (ن ض س) دَمَامَةً. حقیر و بدصورت ہونا۔ صفت (دَمِيْم) ج دِمَام مؤنث دَمِيْم و دَمِيْمَة ج دَمَائِم و دِمَام.
دَمَّمَ. الشیءَ: کسی چیز پر طلاء کرنا۔
اَدَمَّ. الرجلُ: بُری بات کرنا یا بدصورت بچہ والا ہونا۔
الدَمّ والدِمَم والدِمَام. ہر وہ چیز جو بطور طلاء کے استعمال کی جائے۔
الدَم. بمعنی خون۔
الدِمَّة. چیونٹی۔ جوں۔ مینگنی۔ بکریوں کا باڑہ۔ بلی۔ حقیر و پست قد مرد۔
الدُمَّة. روش۔ طریقہ۔ گڑیا۔ ج دُمَم.
الدَيْمُوْم والدَيْمُوْمَة. وسیع بیابان۔ ج دَمَامِيْم. الدَيْمُوْمَة. بمعنی دوام و ہمیشگی۔
المِدَمَّة. ایک قسم کی دندانہ دار لکڑی جس سے زمین کو ہموار کرتے ہیں۔
المَدْمُوْم. خون کی مانند سرخ۔ بہت موٹا۔ چربی دار۔
دَمُثَ (ک) دَمَاثَةً. نرم اخلاق ہونا۔

دمِث(س) دَمَثًا. المَكانُ وغَيْرُهٗ: نرم ہونا۔
دَمَّثَ. المَضْجعَ: نرم بنانا المَكانَ: نرم کرنا لَهُ الحَدِيْثَ: ذکر کرنا۔
الدَمْث والدَمَث والدَمِث و الدَمِيْث. نرم ریتلی جگہ۔ ج دِماث وأدْماث. اور اسی سے ہے "رجل دَمِثُ الاَخْلَاقِ" نرم اخلاق والا مرد۔ اَرْضٌ (دَمْثاء) نرم زمین۔
الدُمُوْثَة. نرم خوئی۔
الدَمائِث. نرم چیزیں۔ واحد (دَمِيْثَة)
الاُدْمُوْث. بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ۔
دَمَجَ(ن) دُمُوْجًا وانْدَمَجَ وادَّمَجَ. فِی الشَّیٔ: مضبوط گڑ جانا۔ دَمَجَ الْاَمْرُ: درست ہونا۔
دَمَّجَهٗ. فِي الشَّيْءِ: داخل کرنا۔ گاڑنا۔
دَامَجَهٗ دِماجًا. عَلَيْهِمْ: موافقت کرنا۔
اَدْمَجَ. الشَّیٔ فِي الثَّوْبِ: کسی چیز کو کپڑے میں لپیٹنا الحَبلَ: رسّی کو اچھی طرح بٹنا۔
الکَلامَ: بہتر ترتیب دینا الفرسَ: دُبلا کرنا۔
تَدامَجَ. القَوْمُ عَلَيْهِ: باہم مدد کرنا۔ اکٹھا جمع ہونا۔
تَدَمَّجَ. فِي ثِيَابِهٖ: کپڑوں میں لپٹنا۔
الدَامِج. فا. تاریک۔ کہا جاتا ہے "لَيْلٌ دَامِجٌ" تاریک رات۔
الدِمجُ. دوست۔ نظیر۔
الدَمْجَة. طریقہ۔ کہا جاتا ہے "عَلیٰ تِلكَ الدَمْجَةِ" اس طریقہ پر۔
الدُماج والدِماج. بہت مضبوط۔ سیدھا۔
المُدْمَج. مع. تیر کی چھڑ۔
المِدْمَاجَة. پگڑی۔
دَمَخَ (ف) دَمْخًا. بلند ہونا رَاسَه: سر توڑنا۔ کچلنا۔ لَيْلٌ (دَامِخ) معتدل رات۔
دَمَرَ (ن) دُمُوْرًا ودَمَارًا ودِمَارَةً. ہلاک ہونا (دُمُوْرًا) عَلَيْهِمِ: بغیر اجازت کے آنا یا برے ارادہ سے اچانک آنا۔

دَامَرَ. اللَّيْلَ: جاگتے رہنا۔
دَمَّرَهُمْ وَدَمَّرَ عَلَيْهِمْ. ہلاک کرنا۔
تَدْمُر. ملک شام کے ایک بڑے شہر کا نام۔ ایک قلعہ کا نام۔
التَدْمُرِيُّ. کمینہ۔ جنگلی چوہا جس کے ناخن ٹوٹ گئے ہوں اور گوشت سخت ہو۔ کہا جاتا ہے "مَافِي الدَارِ تَدمُرِيٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔
دَمَسَ(ن ض) دَمْسًا و دُمُوْسًا. الظَلَامُ او اللَيْلُ: سخت سیاہ ہونا۔ صفت (دَامِسٌ) المَوْضعَ: مٹانا۔
دَمَسَهٗ (ن) دَمْسًا ودَمَّسَه. ڈھانپنا۔ دفن کرنا۔ چھپانا۔
دَمَسَ عَلَيْهِ السِرَّ او الخَبرَ: پوشیدہ کرنا بَينَهُم. اصلاح کرنا۔
دَمِسَتْ (س) دَمَسًا. يَدُهٗ: گندگی سے آلودہ ہونا۔
دَامَسَ مُدامَسَةً. الشَیٔ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
اَدْمَسَ. اللَيْلُ: تاریک ہونا الشَیٔ: پوشیدہ کرنا۔
تَدَمَّسَ. آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔
اِنْدَمَسَ. تہ خانہ میں داخل ہونا۔
الدَمْس. مں. صورت جو دور سے دکھائی دے۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ دَمْسًا" میں نے صورت دیکھی۔
الدُمْس. مِنَ الامُورِ: بڑے بڑے اُمور۔ کہا جاتا ہے "جَائَنا بِاُمُوْرٍ دُمْسٍ" وہ ہمارے پاس بڑے بڑے اُمور لایا۔
الدَمَس والدَمِيْس. ہر وہ چیز جو ڈھک دی جائے۔
الدِماس. ہر وہ چیز جو تم کو چھپالے۔
الدَامُوْس. شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج دَوَامِيْس.
الدَيْماس والدِيْماس. تہ خانہ۔ غسل خانہ۔ قبر۔ ج دَيَامِيْس و دَمامِيْس.
لَيْلٌ (اُدْمُوْس) تاریک رات۔
الدَيامِيْس. گہری جگہیں جہاں روشنی نہ پہنچے۔

الدُمُسْتُق. رومیوں کے کمانڈر کا لقب۔ ج دَمَاسِق.
دَمْشَق. الاَمرَ: جلدی سے پورا کرنا الشَیٔ: آراستہ کرنا۔
تَدَمْشَق. دمشق میں آنا۔
دَمْشَقُ. اليَدَيْنِ: دونوں ہاتھوں سے جلدی کام کرنے والا۔
دِمَشْق و دِمِشْق. شام کا دارالخلافہ۔ نسبت کے لیے دِمَشْقِيٌّ. ج دَمَاشِقَة.
المُدَمْشَق. نیم پختہ بھنا ہوا گوشت۔
دَمَصَ (ن) دَمْصًا. فِي الشَّیٔ: جلدی کرنا۔ دَمَصَتِ الکَلْبَةُ بِجَرْوِها. ناتمام بچہ گرا دینا۔
دَمِص (س) دَمَصًا. سر میں کم بال والا ہونا۔ پچھلے حصہ میں باریک اور اگلے حصہ میں موٹی ابروؤں والا ہونا۔ صفت (اَدْمَص) مؤنث دَمْصَاء ج دُمْص.
دَمَعَت (ف) دَمْعًا ودَمِعَت. (س) دَمَعًا ودَمَعانًا ودُمُوْعًا. العَيْنُ: آنسو بہنا۔ دَمِعَ الاِناءُ: بھر جانا۔
اَدْمَعَ. الاِناءَ: لبالب بھر دینا۔
اِسْتَدْمَعَ. آنسو بہانا۔
الدَمْع. آنسو۔ واحد (دَمْعَة) ج دُمُوْع واَدْمُع. دَمْعَةُ الکَرْمِ: شراب۔
اِمْرَأةٌ (دَمِعة و دَمِيْع) جلدی رونے والی۔ بہت آنسوؤں والی عورت۔ ج دَمْعیٰ ودَمائِع.
ورَجُلٌ دَمِيْعٌ: جلدی رونے والا۔ بہت آنسوؤں والا مرد۔ ج دُمَعَاء ودَمْعیٰ.
الدَامِع. فا. مَكَانٌ دَامِعٌ. نمناک جگہ۔
شَجَّةٌ دَامِعَةٌ: خون بہانے والا زخم۔
الدَمَّاع. پانی جو درخت کے کاٹنے سے نکلے۔ آنکھ کا پانی جو بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے نکلے۔
الدَمَّاع والدَمُوْع. بہت آنسو والا۔
الدُمَّاع: نمناک جگہ۔ يَوْمٌ دَمَّاعٌ: خفیف بارش کا دن۔

قَدَحٌ (دَمْعَان) لبالب بھرا ہوا پیالہ۔
المِدْمَع. آنسو بہنے کی جگہ۔ ج مَدَامِع.
الدمَاعِ. رخسارہ پر آنسو کا نشان۔
دَمَغَه (ف ن) دَمْغًا. دماغ تک زخمی کرنا۔ صفت مفعولی (دَمِيغ و مَدْمُوغ)
ہ الشَّمْسُ: دماغ کو تکلیف پہنچانا۔
ہ: مغلوب کرنا الحَقُّ البَاطِلَ: نیست ونابود کرنا۔ باطل کرنا۔ ناپید کرنا۔
دَمَّغَ. الاَطْعِمَةَ بالدَّسَمِ: چربی ڈالنا۔
اَدْمَغَه. اِلٰی كَذَا: محتاج بنانا۔ حاجت مند بنانا۔ اَدْمَغَ الطَّعَامَ: نگلنا الشَّيَّ: داخل کرنا۔ شَجَّةٌ (دَامِغَة) دماغ تک پہنچنے والا زخم۔
الدِّمَاغ. سر کا بھیجا۔ ج اَدْمِغَة. اُمُّ الدماغ: دماغ کے اوپر کی باریک جھلی۔
دَمَقَ (ن) دُمُوقًا. عَلَيْهِ: بغیر اجازت کے داخل ہونا۔
دَمَقَ (ن ض) دَمْقًا. الشَّيَّ: چرانا۔ فَاهُ: دانت توڑنا۔ (ودَمَّقَ واَدْمَقَ) الشَّيَّ في الشَّيِّ: داخل کرنا۔
اِنْدَمَقَ. عَلَيْهِ: بغیر اجازت کے داخل ہونا۔ نکلنا۔
الدَمَق. برف کے ساتھ سخت ہوا۔
الدَامِق. فا. (والدَمُوق) مِنَ الرِجَال: خراب آدمی جس سے کوئی نفع نہ ہو۔
الدَمِيق. دوسرے میں داخل کیا ہوا۔
المُنْدَمَق. داخل ہونے کی جگہ۔
الدِمَقْس والدِمَقَاس. سفید ریشم۔ دیبا۔
ثَوْبٌ (مُدَمْقَس) ریشم کا بنا ہوا کپڑا۔
دَمَكَ (ن) دُمُوكًا. الاَرْنَبُ: خرگوش کا تیز دوڑنا الشَّيُّ: چمکدار و نرم ہونا۔ (دَمْكًا) الشَّيَّ: پینا الرِشَاءَ: رسی بٹنا۔
الدَامِكَة. مصیبت۔ ج دَوَامِك.
الدَمُوك. تیز گزرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَحًى دَمُوك" تیز پیسنے والی چکی۔ ج دُمُك.
المِدْمَك. بیلن۔
المِدْمَاك. کچی اینٹوں یا پتھروں کا ردا۔ ج مَدَامِيك.
الدَمَكْمَك. بہت مضبوط۔ رَحًى دَمَكْمَك: تیز پیسنے والی چکی۔
دَمَلَ (ن) دَمْلًا. الدُمَّلَ: پھوڑا اچھا کرنا۔ (دَمَلَ ودَوْمَلَ) بَيْنَهُم: اصلاح کرنا۔
دَمِلَ (س) دَمَلًا واِدَّمَلَ واِنْدَمَلَ. الجُرْحُ: زخم اچھا ہونا۔
دَامَلَه. نرمی سے سلوک کرنا۔
تَدَمَّلَ. المَكَانُ: کھاد پڑنا۔
تَدَامَلَ. القَوْمُ: باہم صلح کرنا۔
الدَمْل. مص۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "عَامَلَه بالدَمْل" اِس نے اُس کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کیا۔
الدُمَّل والدُمَل. پھوڑا۔ واحد (دُمَّلَة) ج دَمَامِل ودَمَامِيل.
الدَمَال. کوڑا کرکٹ جس کو سمندر پھینک دے۔ سیاہ بدبودار پرانی کھجور۔ مینگنی مٹی وغیرہ جس کو جانور روند دیں۔ کھاد۔ کہا جاتا ہے۔ "هٰذَا دَمَالُ ذَاكَ" یہ اس کا مصلح ہے۔
الدَمَّال. زمین میں کھاد ڈالنے والا۔
دَمْلَجَ دَمْلَجَةً ودِمْلَاجًا. الشَّيَّ: کسی چیز کو اچھے طریقے سے ڈھالنا۔
الدُمْلُج والدِمْلِج. ج دَمَالِج و (الدُمْلُوج) ج دَمَالِيج: بازوبند۔ پہنچی۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَىٰ عَلَيْهِ دَمَا لِيْجَه" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔ الدَمَالِيج: سخت زمینیں۔
المُدَمْلَج. ہموار راستہ۔
دَمْلَحَه. لڑھکانا۔
دَمْلَقَه. چکنا و ہموار کرنا۔
حَجَرٌ (دَمْلَق ودُمَلِق ودُمَالِق) چکنا پتھر۔
دَمْلَكَ. الشَّيَّ: چکنا کرنا۔
تَدَمْلَكَ. چکنا ہونا الثَدْىُ: گول ہونا اور ابھرنا۔
الدُمْلُوك. گول چکنا پتھر۔
دَمَنَ (ن) دَمْنًا. الاَرْضَ: کھاد ڈالنا۔
دَمِنَ (س) دَمَنًا. النَحلُ: سیاہ و بدبودار ہونا عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔
دَمَّنَ. البَعِيْرُ المَكَانَ: اُونٹ کا مینگنی کرنا بَابَ فُلَانٍ: کسی کے دروازہ پر پڑے رہنا فُلَانًا: اجازت دینا۔
اَدْمَنَ. الشَّيَّ: ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُدْمِنُ خمرٍ" ہمیشہ شراب پینے والا مرد۔
تَدَمَّنَ. المَكَانُ اوالمَاءُ: جگہ یا پانی کا مینگنیوں سے پلید ہونا۔
الدَمْن. مص۔ کھجور کے درخت کی بوسیدگی و سیاہی۔
الدِمْن والدَمَان. گوبر۔ کھاد۔ راکھ۔ کھجور کے درخت کی بوسیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دِمْنُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم ہے۔
الدِمْنَة. گھر کے نشانات۔ حوض کا بقیہ پانی۔ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ ج دِمَن ودِمْن. و "خَضْرَاءُ الدِمَنِ وخُضْرَةُ الدِمَن" کوڑے کی سبزی اور یہ دونوں مثال ہیں ان چیزوں کے لیے جن کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔ الدِمْنَة: پرانا کینہ۔ کہا جاتا ہے "فِي قَلْبِه دِمْنَة" اس کے دل میں پرانا کینہ ہے۔
دَمِهَ (س) دَمْهًا. الرَمْلُ: ریت کا سخت گرم ہونا۔
دَمْهَتْه. الشَّمْسُ: دھوپ لگنا اور جلانا۔
دَمِيَ (س) دَمًى ودُمِيًّا. الجُرْحُ: خون دینا۔ صفت (دَمٍ)
دَمَّىٰ تَدْمِيَةً واَدْمَىٰ اِدْمَاءً. الجُرْحَ: زخم سے خون نکالنا۔ اَدْمَىٰ الرَجُلَ: خون بہانا۔ دَمَّىٰ لِفُلَانٍ: راستہ آسان کرنا۔ قریب کرنا۔
اِسْتَدْمَىٰ. مِنْ غَرِيمِه: قرض دار سے نرمی سے قرض وصول کرنا الرَجُلُ: ناک سے خون بہتے وقت سر جھکانا الذَبِيحَ: خون لینا۔
الدَامِي. فا. جس کا خون بہہ رہا ہو۔
ودَامِي الشَفَة: فقیر یا مانگنے کا حریص۔

الدَامِیَة. الدامیہ مؤنث۔ زخم یا مار جس سے خون بہے۔
الدَمُ خون۔ اس کی اصل دَمْیٌ بقول بعض دَمْوٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور کبھی میم سے بدل لیتے ہیں اور مشدد بولتے ہیں۔ مثنی دَمَانِ و دَمَیَانِ و دَمَوَانِ ج دِمَاء و دُمِیٌّ تصغیر دُمَیٌّ اور نسبت کے لیے (الدَمِیُّ والدَمَوِیُ) دَمُ الْاَخَوَیْنِ: ایک دوا کا نام۔ الدَمِی۔ کہا جاتا ہے "رَجُل ذُوْدَمٍ خون کا مطالبہ کرنے والا مرد۔
الدَمَة خون کا ٹکڑا۔
الدُمْیَة پتلی جو خون کی مانند سرخ و منقوش ہو۔ بت۔ ج دُمًی۔
الدَمْیَا خیر و برکت۔
المُدَمَّی بہت سرخ گھوڑا وغیرہ۔ خون لگا ہوا تیر۔
دَنَّ (ن) دَنًّا و دَنَنًا. الذُبَابُ بھنبھنانا (دَنِیْنًا) الرَجُلُ گنگنانا۔ اس طرح بولنا کہ کچھ سمجھ میں نہ آئے۔
دَنِنَ (س) دَنَنًا پیٹھ میں جھکاؤ ہونا۔ صفت (اَدَنُّ) مؤنث (دَنَّاءُ) ج دُنٌّ.
بیت اَدَنُّ پست مکان۔
اَدَنَّ. بالمکان اقامت کرنا۔
الدَنُّ بڑا مٹکا جو بغیر زمین کھودے ہوئے نہ رکے۔ ج دِنَان.
الدَنِّیَة قبی ٹوپی۔
الدَنَّة چیونٹی کی مانند ایک کیڑا۔
دَنَأَ (ف) و دَنُؤَ (ک) دُنُوئَةً و دَنَاءَةً خسیس ہونا۔ کمینہ و ذلیل ہونا۔ صفت (دَنِیٌ) ج اَدْنَاء و دُنَاء.
دَنِئَ (س) دَنَأً. الرَجُلُ کبڑا ہونا۔ صفت (اَدْنَأُ) مؤنث (دَنْأَی)
اَدْنَأَ ذلیل سواری پر سوار ہونا۔
دَنَّأَہُ کمینہ بنانا۔
تَدَنَّأَ کمینگی پر آکسانا۔
الدَنِیْئَة کمینگی۔ عیب۔
الدِنَّبُ و الدِنَّبَة و الدِنَّابَة پست قد۔

دَنَجَ (ن) دِنَاجًا. الاَمْرُ کسی کام کو مضبوطی سے کرنا۔
الدُنْجُ عقل مند لوگ۔
دَنَحَ (ف) دُنُوْحًا و دَنَّحَ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔
الدِنْحُ نصرانیوں کی ایک عید۔
الدَنْحَبَة خیانت۔
دَنَخَ (ف) دَنْخًا گرانبار ہو کر چلنا۔
دَنَّخَ فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ گھر میں رہنا۔
المُدَنَّخُ فحش بکنے والا۔ وہ شخص جس کے سر میں کہیں بلندی اور کہیں پستی ہو۔
دَنْدَنَ دَنْدَنَةً. الذُبَابُ بھنبھنانا الرَجُلُ گنگنانا حَوْلَ المَاءِ چکر لگانا۔ گھومنا۔
الدِنْدِنُ گنگناہٹ۔ پرانا ہونے کی وجہ سے سیاہ شدہ پودا۔
دَنَّرَ الدِیْنَارَ تَدْنِیْرًا دینار بنانا۔ دَنَّرَ الوَجْهُ دینار کی طرح روشن و چمکدار ہونا۔
دُنِّرَ بہت دینار والا ہونا۔
الدِیْنَارُ سونے کا ایک پرانا سکہ۔ ج دَنَانِیْر.
دَنِسَ (س) دَنَسًا و دَنَاسَةً عِرْضُهُ اَوْ ثَوْبُهُ اَوْ خُلُقُهُ عیب دار ہونا۔ میلا ہونا۔ صفت (دَنِسٌ) ج اَدْنَاس و مَدَانِیْس.
دَنَّسَهُ میلا کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَنَّسَهُ سُوْءُ خُلُقِهِ" اس کی بد خلقی نے اس کو عیب دار کر دیا۔
تَدَنَّسَ میلا ہونا۔
الدَنَسُ میل کچیل۔ ج اَدْنَاس.
المَدَانِسُ عیوب۔ گندی جگہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَتَصَوَّنُ مِنَ الاَدْنَاسِ وَالمَدَانِسِ" وہ عیوب سے بچتا ہے۔
دَنِعَ (ک) دُنُوْعًا و دَنَاعَةً کمینہ و بے خبر ہونا۔ صفت (دَانِع و دَنْع و دَنِع و دَنِیْع و دَنِیْعَة)
دَنِعَ ذلیل ہونا۔ کمینہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ خواہش مند ہونا۔
اَدْنَعَ صلحاء کے طریقہ کی پیروی کرنا۔

رَجُل (دَنْعَة) بے خیر و بے فیض آدمی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ دَنْعِ النَّاسِ" وہ کمینے لوگوں میں سے ہے۔
دَنِفَ (س) دَنَفًا. المَرِیْضُ بیماری کا بڑھ جانا اور قریب المرگ ہونا۔ الشَمْسُ آفتاب کا زرد ہونا اور ڈوبنے کے قریب ہونا ه المَرَضُ بیماری کا تیز ہو جانا۔ الشَیْئُ قریب کرنا۔
الدَنَفُ مرض دائمی۔ ہمیشہ کا بیمار۔ کہا جاتا ہے "رَجُل دَنَفٌ وَامْرَأَة دَنَف وَهُم دَنَفٌ" اور کہا جاتا ہے۔ "کَادَتِ الشَمْسُ تَکُوْنُ دَنَفًا" آفتاب ڈوبنے کے قریب ہے۔
الدَنِفُ مرض لازم والا۔ ج اَدْنَاف مؤنث دَنِفَة ج دَنِفَات.
الدِنْفِسُ بیوقوف عورت۔
الدُنَافِسُ بدخو۔
دَنْقَشَ زردیدہ نگاہ سے دیکھنا۔
الدِنْفِصَة دبلی عورت۔
دَنَقَ (ن) دُنُوْقًا باریک امور نکالنے کا حریص ہونا۔ صفت (دَنِیْق) ج دُنُق.
دَنَّقَ. الوَجْهُ غم یا مرض سے کمزور ہونا لِلْمَوْتِ قریب المرگ ہونا العَیْنُ آنکھ کا اندر دھنس جانا الشَیْئُ بری طرح سے لینا الشَمْسُ آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا الرَجُلُ مرنا اِلَیْهِ النَظَرَ لگاتار دیکھنا۔
الدُنْقَة گیہوں میں ایک قسم کا دانہ جس کو اکرایا منمنا کہتے ہیں۔
الدَانِقُ (والدَانَق) بیوقوف۔ چور درہم کے چھٹے حصہ کا ایک سکہ۔ ج دَوَانِق و دَوَانِیْق (کلمہ فارسیہ)
الدَنْقَرُ شورہ۔
دَنْقَسَ زردیدہ نگاہ سے دیکھنا۔ بَیْنَهُمْ فساد ڈالنا۔
دَنْکَسَ. فِیْ بَیْتِهِ گھر میں چھپ کے بیٹھنا اور لوگوں کی ضروریات کے لیے نہ نکلنا۔
دَنَا یَدْنُو دُنُوًّا و دَنَاوَةً. لِلشَیْئِ وَمِنْهُ وَاِلَیْهِ کسی چیز کے قریب ہونا۔ صفت (دَانٍ)

ج دُنَاة.

دَنِيَ يَدْنَىٰ دَنًا و-نَايَةً. گھٹیا ہونا۔ ردی ہونا۔ صفت(دَنِيٌّ. ج اَدْنِيَاء)

دَنَّاهُ تَدْنِيَةً. قریب کرنا۔ دَنّىٰ فِيْ الْاُمُوْرِ: ہر چھوٹے بڑے امر کے پیچھے پڑنا۔

دَانٰى مُدَانَاةً. القَيْدَ: بیڑی کو تنگ کرنا۔ بَيْنَ الاَمْرَيْنِ: قریب قریب کرنا۔

الاَمْرَ: نزدیک ہونا۔

اَدْنٰى اِدْنَاء. تنگ زندگی بسر کرنا۔ قریب ہونا۔ قریب کرنا۔ کسی کے قریب کرنا۔

السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔

تَدَنّٰى. تھوڑا تھوڑا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْدٌ يَتَدَنّٰى خَيْرٌ مِنْ قَرِيْبٍ يَتَبَعَّدُ" دور کا آدمی جو تھوڑا تھوڑا قریب ہو اس قریب سے بہتر ہے جو دور ہو۔

تَدَانٰى تَدَانِيًا. القَوْمُ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ تَدَانَتْ اِبِلُهُ: کم ہونا۔

اِدَّنٰى. قریب ہونا۔

اِسْتَدْنَاهُ. قریب ہونے کو کہنا۔

الدَّنَاوَةُ. س۔ قرابت۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا دَنَاوَةٌ" ان دونوں کے درمیان قرابت و رشتہ داری ہے۔ الاَدْنٰى. دَنِيٌّ کا اسم تفضیل۔ ج اَدَانٍ و اَدْنَوْنَ. مؤنث دُنْيَا. ج دُنًى.

الاَدْنَوْنَ: نسب کے لحاظ سے قریبی رشتہ دار لوگ۔

الدُّنْيَا. موجودہ زندگی۔ ج دُنًى. نسبت کے لیے(دُنْيَوِيٌّ و دُنْيَاوِيٌّ و دُنْيِيٌّ) اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ دُنْيَا دَانِيَةٍ" وہ آسودہ زندگی میں ہے جو چاہتا ہے حاصل کر لیتا ہے۔ وَهُوَ ابْنُ عَمٍّ دِنْيٍ و دِنْيًا و دُنْيَا و دِنْيَةً" وہ چچا کا بیٹا ہے جو نسب میں لاحق ہے۔

المُدْنِّي. مِنَ الرِّجَال: کمزور۔ نَاقَةٌ (مُدْنٍ و مُدْنِيَة) وضع حمل کے قریب والی اونٹنی۔

دَهْتَهُ (ف)دَهْتًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔

دَهْدَمَ. البِنَاءَ: ڈھانا۔

تَدَهْدَمَ. ویران ہونا۔ منہدم ہونا۔

دَهْدَهَ و دَهْدَى. الحَجَرَ: لڑھکانا۔

تَدَهْدَهَ و تَدَهْدَى. لڑھکنا۔

الدُّهْدُوْهُ والدُّهْدُوَّةُ والدُّهْدِيَّةُ. گبریلا کی گولی۔

الدَّهْدَأُ والدَّهْدَاءُ. چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ کہا جاتا ہے "ما اَدْرِيْ اَيُّ الدَّهْدَاءِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے۔

دَهَرَ (ف) دَهْرًا. القَوْمَ و بِالْقَوْمِ اَمْرٌ مَكْرُوْهٌ: قوم پر امر ناپسندیدہ واقع ہونا۔

الدَّهْر. زمانہ طویل۔ لمبی مدت۔ دَهْرُ الاِنْسَانِ: انسان کے زندگی گزارنے کا زمانہ۔ دہر عصر کا مرادف ہے۔ مصیبت۔ غایت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا ذَاكَ بِدَهْرِي" یہ میری عادت نہیں "وَمَا دَهْرِيْ بِكَذَا" یہ میری غایت و انتہا نہیں۔ غلبہ۔ ج اَدْهُر و دُهُوْر کہا جاتا ہے "لَا آتِيْهِ دَهْرَ الدَّاهِرِيْنَ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

الدَّهْرِيُّ. بددین جو عالم کے قدیم و غیر مخلوق ہونے کا قائل ہو۔

الدَّهْرِيَّةُ. ایک فرقہ جو عالم کے قدیم ہونے کا قائل تھا۔

الدُّهْرِيُّ. وہ شخص جس کی عمر طویل ہو اور جس پر ایک زمانہ گزر چکا ہو۔

دَهْر (دَاهِر و دَهِيْر) سخت وطویل زمانہ۔

الدِّهَار والمُدَاهَرَةُ. غیر معین مدت کے لیے معاملہ کرنا۔

الدَّهَارِيْر. زمانہ گزشتہ کی ابتداء (اس کے لیے واحد نہیں) مصیبتیں۔ زمانہ کے حوادث۔ کہا جاتا ہے "دُهُوْرٌ دَهَارِيْرُ" طویل زمانے و "كَانَ ذٰلِكَ فِيْ دَهْرِ الدَّهَارِيْرِ" یہ زمانہ قدیم میں تھا۔

قَوْمٌ (مَدْهُوْرُوْنَ) آفت رسیدہ لوگ۔

دَهِسَ (س)دَهْسًا. المَكَانُ: نرم ہونا کہ جس میں نہ صرف ریت ہی ہو نہ صرف مٹی۔ صفت (اَدْهَس) مؤنث دَهْسَاء ج دُهْسٌ. الادهس: سرخ مائل بسیاہی۔

الدَّهْسَاءُ: بڑے سرین والی عورت۔

اَدْهَسَ. القَوْمُ: نرم زمین میں چلنا۔

الدَّهْس: نباتات کہ ابھی سبزی غالب نہ ہوئی ہو۔ نرم زمین کہ جس میں نہ صرف ریت ہو نہ صرف مٹی۔ زمین کہ ابھی اچھی طرح اس پر روئیدگی نہ ہو۔ ج اَدْهَاس.

دَهْسَمَ. الشَّيْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔

دَهِشَ (س) دَهَشًا و دُهِشَ. متحیر ہونا۔ صفت(دَهِش و مَدْهُوْش و دَهْشَان)

دَهَّشَهُ و اَدْهَشَهُ. مدہوش کرنا۔

الدَّهْشَم. بہت دیالو۔ فیاض۔ سخی۔ سمندر۔

دَهَقَ (ف) دَهْقًا. الكَأْسَ: پیالہ بھرنا۔ المَاءَ: پانی کو تیزی سے گرانا الشَّيْءَ: توڑنا۔ کاٹنا: مارنا۔

اَدْهَقَ. الكَأْسَ: پیالہ بھرنا: جلدی کرانا۔

اِدَّهَقَتِ. الحِجَارَةُ: مضبوطی سے ایک دوسرے سے جڑ جانا۔

الدَّهَقُ. شکنجہ۔

الدِّهَاق. مِنَ الكُئُوْسِ: بھرا ہوا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "كَأْسٌ دِهَاقٌ" چھلکتا ہوا پیالہ۔ و "مَاءٌ دِهَاقٌ" بہت پانی۔

دَهْقَنَ. القَوْمُ فُلَانًا: قوم کا کسی کو چودھری بنانا۔

تَدَهْقَنَ. چودھری بننا۔

الدَّهْقَنَةُ. چودھراہٹ۔

الدُّهْقَان والدِّهْقَان. چودھری ج دَهَاقِنَةٌ و دَهَاقِيْن. الدَّهْقَان. سوداگر۔

دَهَكَ (ف) دَهْكًا. الشَّيْءَ: پیسنا۔ توڑنا۔ الاَرْضَ: روندنا المرأة: جماع کرنا۔

الدَّهْكَل. سختی وبلا۔

الدَّهْلِيَّةُ: آمنے سامنے پتوں والا بڑے پھولوں والا ایک پودا۔

الدِّهْلِيْز. ڈیوڑھی۔ لمبا تنگ راستہ۔ ج دَهَالِيْز. اَبْنَاءُ الدَّهَالِيْزِ: وہ بچے جو راستہ سے اٹھائے جائیں۔

دَهَمَهُ (ف) و دَهِمَهُ (س) دَهْمًا. الاَمْرُ: اچانک آپڑنا۔

دَھَمَتِ. النَارُ القِدرَ آگ کا ہانڈی کو سیاہ کرنا۔
اِدْھَمَّہٗ غمگین کرنا۔
اِدْھَمَّ وادْھَامَّ اِدْھِیمَامًا. الفرسُ: گھوڑے کا سیاہ ہونا۔
الدَھم بڑی تعداد۔ ج دُھُوم.
الاَدْھَم. سیاہ۔ نئے نشانات۔ پرانے نشانات۔ مؤنث دَھمَاءُ دُھْم. الاَدْھَم: بیڑی۔ ج اَدَاھِم.
الدَھم مخلوق۔ کہا جاتا ہے "اَیُّ الدَھم ھُوَ" وہ اللہ کی کونسی مخلوق ہے۔
الدُھْمَۃ سیاہی۔
الدَھْمَاء. الاَدھم کا مؤنث۔ ہانڈی۔ لوگوں کی جماعت۔ قمری مہینہ کی انتیسویں رات۔ ایک چوڑی قسم کی گھاس جس سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں۔ حَدِیْقَۃ (دَھْمَاءُ ومُدْھَامَّۃٌ) سبز باغ جس کی سر سبزی مائل بسیاہی ہو۔
الدَھِیم والدُھَیْمَاء وأُمُّ الدُھَیم مصیبت۔ الدُھَیْم بیوقوف۔
دَھْمَجَ. الشَیْخُ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا الخَبَرَ اپنی طرف سے زیادہ کرنا۔
الدَھْمَج الدُھَامِج بڑے ڈیل ڈول کی چیز۔ دو کوہان کا اونٹ۔
دَھَنَ(ن) دَھْنًا ودِھْنَۃً. الرأسَ سر پر تیل ملنا الشَیْءَ تر کرنا۔ تیل لگانا۔ (دَھَنَ) دَھْنًا و دَاھَنَہٗ مُدَاھَنَۃً وادْھَنَہٗ فریب دینا۔ باطن کے خلاف ظاہر کرنا۔ وادْھَنَ عَلَیْہِ رحم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْھَنْتَ اِلَّا عَلٰی نَفْسِكَ" تم نے صرف اپنے نفس پر رحم کیا۔
دَھَنَتْ(ف ن ض) دِھَانًا ودَھَانَۃً النَاقَۃُ اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔
دَھَّنَ. الشَیْءَ تیل لگانا۔ تر کرنا۔
تَدَھَّنَ وادَّھَنَ تیل لگنا۔
اَلدُّھْنَۃ اتنی بارش جو زمین کو تر کر دے۔
الدُھْن. دَھَنَ الشَیْءَ یعنی تر کرنا کا اسم۔
دُھْنُ الشَیْءِ کسی چیز کا تیل۔ ج اَدْھَان ودِھَان.
الدُھْنَۃ تھوڑا تیل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ طَیِّبُ الدُھْنَۃِ" وہ اچھی خوشبو والا ہے۔
الدَھْنَاء بیابان۔ سرخ رنگ کی ایک گھاس جس کے پتوں سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں۔
الدَھَّان تیل لگانے والا۔ تیل بیچنے والا۔
الدِھَان سرخ چمڑا۔ وہ روغن جس کو دیوار وغیرہ پر لگایا جائے۔ پھسلن کی جگہ۔
الدَھِیْن کم دودھ والی اونٹنی۔ تیل لگا ہوا۔ کمزور۔
المُدْھُن پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ تیل کی شیشی۔ ج مَدَاھِن.
دَھْوَر. الشَیْءَ گڑھے میں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "دَھْوَرَ الکَلَامَ" کلام کو ایک دوسرے کے پیچھے لایا۔ و "دَھْوَرَ اللُقَمَ" اس نے لقمہ کو گول کیا اور نگل گیا۔ دَھْوَرَ الحَائِطَ اس نے دیوار دھکا دے کر گرا دی۔
تَدَھْوَر گڑھے میں گرنا۔ تَدَھْوَرَ اللَیْلُ گزر جانا۔
دَھَی(ف) دَھْیًا ودَھْیٌ. فُلَانًا فلاں کی طرف نسبت کرنا۔ عیب لگانا۔ مرتبہ گھٹانا۔ آفت وبلا پہنچانا۔
دَھِيَ(س) دَھْیًا ودَھَاءَۃً ودَھَاءً چالاک ہونا۔ چالاکی سے کام کرنا۔ صفت (دَاہٍ) ج دُھَاۃ و (دَہٍ) ج دَاھُوْن. دَاھِیَۃ ج دَوَاہٍ میں تاء مبالغہ کی ہے۔ تم کہتے ہو "رَجُلٌ دَاھِیَۃٌ وامْرَأَۃٌ دَاھِیَۃٌ" چالاک مرد چالاک عورت۔
تَدَھّٰی چالاک ہونا۔
تَدَاھٰی تکلف چالاک بننا۔
الدَھَاء بیرکی۔ ہوشیاری۔ مکر وحیلہ۔
الدَاھِیَۃ بری بات۔ مصیبت۔ بڑا معاملہ۔ ج دَوَاہٍ. دَاھِیَۃٌ دَھْیَاء سخت مصیبت۔
دَوَاھِی الدَھْرِ زمانہ کے حوادث۔
الدَھِیُّ عقلمند۔ تیز فہم ج اَدْھِیَاء ودُھَوَاء.
الدَوُّ جنگل۔
دَاءَ یَدَاءُ دَاءً ودَوْءًا وادَاءَ وادْوَاءً واِدَاءَ وادَاءَۃً بیمار ہونا۔ صفت (دَاءٍ ومُدِیءٌ) وادْوَأَ مرض لاحق ہونا۔
الدَاء بیماری۔ ج اَدْوَاء. دَاءُ الذِئْبِ: بھوک۔ دَاءُ الثَعْلَبِ ایک بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں اور اس کو الحاصتہ بھی کہتے ہیں اور اگر کھال بھی گرنے لگے تو اس کو "دَاءُ الحَیَّۃِ" کہتے ہیں۔ دَاءُ الفِیْل پا کی بیماری۔ کہتے ہیں "بِہٖ دَاءُ الظَبْیِ"
الدَّبِی بیمار۔
دَاجَ(ن) دَوْجًا خدمت کرنا۔
الدَاجَۃ لشکر کے خدام۔ چھوٹی چھوٹی حاجتیں۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَکْتُ حَاجَۃً وَلَا دَاجَۃً" میں نے چھوٹی بڑی کوئی حاجت نہیں چھوڑی۔ اور یا "داجۃ" اس قول میں حاجت کا تابع ہے۔
اَلدَّوْجَس لشکر جو کہ کسی ملک کا سربراہ ہو۔
دَاحَ(ن) دَوْحًا. البَطْنُ پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا الشَجَرَۃُ بڑا ہونا۔ صفت (دَائِحَۃٌ) ج دَوَائِح.
دَوَّحَ. المَالَ بکھیرنا البَطْنُ پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا۔
تَدَوَّحَ وانْدَاحَ. البَطْنُ پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا۔ اِنْدَاحَ الشَیْءُ کسی چیز کا وسعت کے ساتھ پھیلنا۔
الدَوْحَۃ بڑا پھیلا ہوا درخت۔ بڑا سائبان۔ ج دَوْحٌ اَدْوَاح. الدَوْح بڑا مکان۔
الدَاح بچوں کا منقش کھلونا۔ ریشم کا بنا ہوا کنگن۔
الدَاحَۃ بنیا۔
الدَوَّاح بہت بلند۔
دَاخَ(ن) دَوْخًا ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا البِلَادَ غالب ہونا۔
دَوَّخَ. البِلَادَ: و (دَیَّخَھَا) شہروں میں چکر لگانا غالب ہونا الرَجُلَ کسی کو ذلیل

کرنا الوَجْعُ رَاسَه: درد کا سر کو چکرا دینا۔
اَدَاخَهٗ اِدَاخَۃً. ذلیل کرنا۔
الدَّوْخَة. سر کا چکر (کلمہ عامیہ ہے فصیح دُوَار وهُدَام ہے)
لَیْلٌ (دَائِخ) تاریک رات۔
الدَّوْخَلَة والدَّوخَلَّة. کھجور کے پتوں کی زنبیل۔
دَادَیَدَادُدَوْدًا وَدوَّدَ ودِیْدَ واَدَاد اِدَادَۃً الطَّعَامُ: کھانے میں کیڑا پڑنا۔ صفت (مَدُوْد)
الدُّوْدَة. کیڑا ج دُوْدٌ ودِیْدَانٌ.
دُوْدَةُ القَزِّ: ریشم کا کیڑا۔
الدُّوَاد. چھوٹے کیڑے۔ تیز رو مرد۔
الدُّوَیْد. دود کی تصغیر (چھوٹا کیڑا)
الدَّوْدَاة. جھولا۔ ج الدَّوَادِیْ.
الدِّیْدَاء. تیز دوڑ۔
الدُّوَادَار والدُّوَیْدَار. کاتب۔ منشی۔ (جدید)
دَارَ(ن) دَوْرًا ودَوْرَانًا. گھومنا۔ چکر کھانا الدَّهْرُ: اُلٹنا پلٹنا بالشَّیْئِ و عَلَیْهِ وحَوْلَه: گرد گھومنا۔
دِیْرَ. بِه: چکرانا۔ سر کا چکر لاحق ہونا۔
دَوَّرَه. گول بنانا ہ و بِه: گھمانا۔
دَاوَرَه مُدَاوَرَۃً ودِوَارًا. کسی کے ساتھ گھومنا عَلَی الْاَمْرِ: کسی کام کو انجام دینا الْاُمُوْرَ: کام کو انجام دینے کے لیے غور کرنا۔
اَدَارَ اِدَارَۃً. الشَّیْئُ: گھومنا ہ و بِه: گھمانا الشَّیْئَ: لینا الْاَمْرَ: احاطہ کرنا۔
ہ عَلَیْهِ: لازم کرنے کا ارادہ کرنا۔
ہ عَنْ حَقِّهٖ: حق کو چھوڑ دینے کی خواہش کرنا۔
اُدِیْرَ. بِه: چکرانا۔ سر کا چکر لاحق ہونا۔
تَدَوَّرَ. گول ہونا۔
تَدَیَّرَ. البُقْعَةَ: کسی جگہ کو مکان بنانا۔
اِسْتَدَارَ اِسْتِدَارَۃً. گھومنا الشَّیْئُ: گول ہونا الشَّیْئَ و بِه: گھمانا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَدَارَ بِمَا فِیْ قَلْبِیْ" جو کچھ میرے دل میں تھا اس نے اسے معلوم کرلیا۔

الدَّار. گھر۔ مکان۔ رہنے کی جگہ۔ ج دُوْرٌ ودِیَارٌ اَدْوُرٌ واَدْوُر واَدْوِرَۃ ودِیَارَۃ واَدْوَار ودُوْرَات ودِیَارَات ودُوْرَان ودِیْرَان (کلمہ مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں۔) الدَّار: شہر۔ قبیلہ۔ کہا جاتا ہے "مَرَّتْ بِنَا دَارُ بَنِیْ فُلَانٍ" یعنی ہم بنو فلاں کے قبیلہ سے گزرے۔ سال یا زمانہ۔
دَارُ القَرَار: جنت۔ الدَّارَان: دنیا و آخرت۔ دَارُ الحَرْب: وہ مقام جہاں غیر الٰہی قانون رائج ہو۔
الدَّارَة. اُترنے کی جگہ۔ قبیلہ۔ پہاڑوں کے درمیان وسیع زمین۔ حلقہ۔ چاند کا ہالہ۔ ج دَارَات ودُوْر.
(والدِّیْرَة والتَّدْوِرَة) مِنَ الرَّمْلِ: گول ریتلی جگہ۔ ودَارَات العَرَب: عرب کے شہروں کے مشہور مقامات جو ایک سو دس سے زائد ہیں۔
الدَّارِیُّ. عطر فروش (دارین کی جانب منسوب ہے جو بحرین میں ایک بندرگاہ ہے اور جہاں ہندوستان سے مشک آتی تھی۔ ملاح جو پتوار کا نگہبان ہو۔ چوپائے و مویشی والا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی الْمَکَانِ (دَارِیٌّ اَوْدُوْرِیٌّ او دَیَّار اَوْدَیُّور) یعنی کوئی نہیں۔ الدُّوْرِی: ایک قسم کی چڑیا۔
الدَّارِیَّة. ہمیشہ گھر میں رہنے والا (تا مبالغہ کے لیے ہے۔)
الدَّوْر. مص. حرکت۔ گھوم۔ چکر۔ ج اَدْوَار دَفْعَة عِنْدَ الْاَطِبَّاءِ: بخار کی باری۔ عِنْدَ الْمَوْسِیْقِیِّیْنَ: دو یا زائد شعروں کا قطعہ۔
عِلْمُ الْاَدْوَار: فن موسیقی۔
الدَّوْرَة. دار کا اسم مرة.
الدُّوَار والدَّوَار. سر کا چکر۔
الدَّوَّار والدَّوَّارِی. بہت پھرنے والا۔ کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ دَوَّارٌ ودَوَّارِی بِالْاِنْسَانِ" زمانہ انسان کے ساتھ اُلٹنے پلٹنے والا ہے۔ یعنی طرح طرح کے حوادث سے دوچار کرتا ہے۔

دَوَّارُ الشَّمْس: سورج مکھی۔
الدُّوَّار. ریت کا گول تودہ۔ منزل۔
الدَّوَّارَة. پرکار۔ اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔
الدَّوَّارَة والدُّوَّارَة. مِنَ الرَّاس: سر کا گول حصہ۔ دَوَّارَة البَطْن: بکری کا اوجھ۔
اَلدَّائِرَةُ الْکَبِیْرَةُ یا الْعَظِیْمَةُ: اس کا قطر کرہ کے قطر کے برابر ہو۔
اَلدَّائِرَةُ الصَّغِیْرَة: جس کا قطر کرہ کے قطر سے تھوڑا ہو۔
دَائِرَتَان مُتَعَامِدَتَان: برابری والے دو دائرے۔ جس کے عمود انقطاع لفظ ہوں۔
دَائِرَةُ السَّمْتِ الْاِعْتِدَالِیَّة
وہ جس میں زمین کے دو قطب سورج کی مسافت برابری پر ہو اس وجہ سے زمین پر روشنی نصف علاقہ پر پڑتی ہے اور باقی نصف پر اندھیرا ہوتا ہے اس وقت رات دن کے گھنٹے برابر ہوتے ہیں اور یہ اعتدال سال میں دو دفعہ ہوتا ہے ایک دفعہ ۲۱، ۲۲ آذار (مارچ) اس کو اعتدال ربعی بولتے ہیں اور دوسری دفعہ ۲۲، ۲۳ ایلول یعنی ستمبر اس کو اعتدال خریفی بولتے ہیں۔
"دَائِرَةُ سَمْتِ الْقُلَّابِیَّة"
وہ دائرہ جس میں سورج خط استواء کافی فاصلے پر ہوتا ہے اور چند دن کے لئے ظاہر ہوتا ہے گویا کہ وہ اپنی جگہ پر قائم ہے اور یہ سال میں دو دفعہ ہوتا ہے ایک دفعہ ۲۱ حزیران یعنی جون۔ اس کا نام انقلاب صیفی ہے۔
دوسری دفعہ ۲۱ کانون اول یعنی ۲۱ دسمبر اس کو انقلاب شتوی بولتے ہیں۔
الدَّائِرَة. جو کسی چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہو۔ حلقہ۔ انسان کے پیشانی کے پاس کی بھنوری۔ گھوڑے کے بدن کی بھنوری۔ شکست۔ مصیبت عِنْدَ الْمُهَنْدِسِیْنَ: سطح مستوی جس کو ایک گول خط احاطہ کئے ہوئے ہو اور اس گول خط کا نام محیط ہے۔
مَرْکَزُ الدَّائِرَة: دائرہ کے بیچ کا نقطہ۔ قطر الدَّائِرَة: وہ خط مستقیم جو مرکز سے گزرتا ہوا دائرہ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کردے۔ ج

دَوائِر. کہا جاتا ہے ''دَارَتْ عَلَيْهِم الدَّوَائِر''یعنی ان پر مصائب پڑے۔
الدَّيْر. راہبوں کے رہنے کی جگہ۔ ج اَدْيِرَة وَدُيُوْرَة وَاَدْيَار.
الدَّيْرَانِي والدَّيَّار. دیر والا یا دیر کا رہنے والا۔
الاِدَارَة. ادار کا اسم و مصدر۔
مَدَار. الشَّيْءُ: جس پر کوئی چیز چکر کھائے الاَمْر: کسی کام کا دار و مدار۔
المُدَارَة. ڈول کی ایک قسم۔
المُدِيْر. منیجر۔ منتظم۔ گورنر۔
دَوْزَنَ. القَانُون و نَحْوَهٗ: ستار، سارنگی وغیرہ کے تار کسنا۔ کلمہ فارسیہ اس کا مرادف عربی میں بضّ و بظّ ہے۔
دَاسَ (ن) دَوْسًا وَدِيَاسًا وَدِيَاسَةً الشَّيْءَ: پاؤں سے ملنا فُلَانًا: کسی کو ذلیل کرنا السَّيْفَ: تلوار کو صیقل کرنا۔
(وَادَاس) الزَّرْعَ: گاہنا۔
دَاوَسَ. القَوْمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِي القِتَال: جنگ میں ایک دوسرے کو پاؤں سے روندنا۔
اِنْدَاسَ. پاؤں سے روندا جانا۔
الدِّيْسَة. گھنا جنگل۔ ج دِيَس و دِيَس.
الدُّوَاسَة والدُّوَيْسَة. جماعت۔
الدَّوَّاس. بہادر۔ شیر۔
الدَّوَّاسَة. ناک۔
المَدَاس. جوتہ۔
المِدْوَس والمِدْوَاس. کھائی کرنے کا اوزار۔ صیقل کرنے کا آلہ۔ ج مَدَاوِس و مَدَاوِيْس.
اَلدَّوَّاسَة. جولاہے کے تانے کی لکڑی۔ چکی یا راہٹ چلانے کے لئے لوہے کا ٹکڑا۔ سائکل کا پیڈل۔
دَوِشَ (س) دَوَشًا. عَيْنُهٗ: بیماری سے آنکھ خراب ہونا۔ صفت (اَدْوَش) مؤنث دَوْشَاء ج دُوْش.
دُوْعَة ج دُوَع.

دَاغَ (ن) دَوْغًا. القَوْمُ: سب کو مرض لاحق ہونا الطَّعَامُ: سستا ہونا۔
دَاغَهُ الحَرُّ: گرمی کا کسی چیز کو بگاڑ دینا۔ خراب کرنا۔
الدَّوْغَة. بیوقوفی۔ سردی۔
دَافَ (ن) دَوْفًا وَادَافَ. الدَّوَاءَ وَنَحْوَهٗ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔ پانی میں پگھلانا اور گاڑھا ہونے کے لیے حرکت دینا۔ صفت (مَدُوف وَمَدْوُوْف وَدَائِف)
الدَّوْفَان. کابوس۔
الدَّوْفَص. پیاز۔
دَاقَ يَدُوقُ دَوْقًا وَدُؤُقًا وَدُؤُوْقَةً وَدَوَاقَةً. دبلا ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (دَائِق) الطَّعَامُ: چکھنا۔
اَدَاقَ. القَوْمُ بِهٖ: احاطہ کرنا۔
اِنْدَاقَ اِنْدِيَاقًا. بَطْنُهٗ: پیٹ کا پھولنا۔
الدَّوْقَة والدَّوْقَانِيَة. فساد۔ تباہی۔ بیوقوفی۔
الدُّوْق. بیوقوفی۔
الدَّوْقَعَة. فقیری و ذلت۔
دَاكَ (ن) دَوْكًا وَمَدَاكًا. القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ حیص بیص میں پڑنا۔ بیمار ہونا الشَّيْءَ: کوٹنا۔ رگڑنا۔ پیسنا المَرْأَةَ: جماع کرنا الطِّيْبَ: بو سونگھنا۔
تَدَاوَكَ. القَوْمُ: لڑائی جھگڑے میں باہم تنگ ہونا۔
الدُّوْكَة والدَّوْكَة. جھگڑا۔ برائی۔
المِدْوَك والمِدَاك. خوشبو پیسنے کا پتھر یا وہ پتھر جس پر خوشبو پیسی جائے۔
دَالَ (ن) دَوْلَةً. الزَّمَانُ: ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پلٹنا۔ کہا جاتا ہے ''دَالَتْ لَهُ الدَّوْلَةُ'' دولت اس کیلئے اُلٹ پلٹ گئی الرَّجُلُ فِي مَشْيِهٖ: باوجود چھوٹے چھوٹے قدم رکھنے کے تیز چلنا بَطْنُهٗ: پیٹ کا لٹکنا الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا ہونا (دَالَةً وَدَوْلًا) مشہور ہونا۔
دَاوَلَ مُدَاوَلَةً. اللّٰهُ الاَيَّامَ بَيْنَ النَّاسِ: اللہ تعالیٰ کا زمانے کو لوگوں کے درمیان اُلٹنا پلٹنا کہ کبھی ایک جماعت کے لیے ہو کبھی دوسری کے لیے المَاشِيْ بَيْنَ قَدَمَيْهِ: کبھی ایک قدم پر کھڑا ہونا اور کبھی دوسرے پر۔
اَدَالَ اِدَالَةً. الشَّيْءَ: باری باری ایک کے بعد دوسرے کو دینا اللّٰهُ بَنِيْ فُلَانٍ مِنْ عَدُوِّهِمْ: غلبہ دلانا۔ فتح مند کرانا اللّٰهُ زَيْدًا مِنْ عَمْرٍو: حکومت منتقل کرنا۔
تَدَاوَلَهٗ. الاَيْدِيْ: ہاتھوں ہاتھ لینا۔ باری باری لینا۔ اور اسی سے محاورہ ہے۔ ''تَدَاوَلُوا الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ'' انہوں نے چیز کو باری باری لیا۔
اِنْدَالَ. بَطْنُهٗ: لٹک کر زمین تک پہنچنا۔ مَافِيْ بَطْنِهٖ: خارج ہونا الشَّيْءُ: لٹکنا۔ القَوْمُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
اِسْتَدَالَ. الاَيَّامَ: زمانہ کو اپنے موافق کر لینا۔
الدَّوْلَة. مس۔ (وَالدُّوْلَة) ایسی چیز جو کبھی کسی کے لیے اور کبھی کسی کیلئے ہو اسی وجہ سے مال اور غلبہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ والدَّوْلَة عِنْدَ اَرْبَابِ السِّيَاسَةِ: بادشاہ و وزراء۔ حکومت۔ گورنمنٹ۔ ریاست۔ ج دِوَل وَدُوَل اور کہا جاتا ہے ''كَانَتْ لَنَا عَلَيْهِمُ الدَّوْلَةُ'' ہم کو ان پر غلبہ حاصل ہوا۔ ''وَالدَّهْرُ دُوَلٌ'' زمانہ کو قرار نہیں ایک حالت پر نہیں رہتا۔
الدَّالَة. شہرت۔ ج دَالٌ.
الدُّوْلَة. مصیبت۔ ج دُوْلَات.
الاِدَالَة. غلبہ۔ کہا جاتا ہے ''دَوَالَيْكَ'' یعنی یکے بعد دیگرے۔ مطلب یہ ہے کہ اے فلاں کام کو یکے بعد دیگرے کر۔ اور اس سے مراد تاکید ہوتی ہے۔ اور کہا جاتا ہے ''فَعَلْنَا ذٰلِكَ دَوَالَيْكَ'' ہم نے اُس کو باری باری کیا۔
دَامَ يَدُوْمُ وَيَدَامُ دَوْمًا وَدَوَامًا وَدَيْمُوْمَةً. ہمیشہ رہنا۔ ثابت رہنا۔ الشَّيْءُ: ٹھہرنا۔ گھومنا الدَّلْوُ: بھر جانا ''دِمْتَ تَدُوْمُ'' یعنی ماضی مکسور العین اور

مضارع مضموم العین نادر ہے۔ "مَادَام" افعالِ ناقصہ میں سے ہے جیسے "لَا يَجْرِى الْإِصْلَاحُ مَادَامَ فُلَانٌ حَاكِمًا" یعنی اس وقت تک اصلاح نہیں ہو سکتی جب تک فلاں شخص حاکم ہے (دَيْمًا) السَّمَاءُ: لگاتار برسنا۔

دِيْمَ بِه وَاُدِيْمَ بِه. سر چکرانا۔

دَوَّمَتْ تَدْوِيْمًا. الشَّمْسُ: وسط آسمان میں گھومنا الْخَمْرُ شَارِبَهَا: سر چکرا دینا عَيْنُه: حلقہ میں پھرنا الشَّيْئَ: تر کرنا الْعِمَامَةَ: سر کے گرد لپیٹنا اَلطَّائِرُ: فضا میں چکر لگانا الزَّعْفَرَانَ فِي الْمَاءِ: رگڑ رگڑ کر گھسنا الْقِدْرَ: ٹھنڈے پانی کا چھینٹا دے کر جوش ٹھنڈا کرنا بِالدُّوَّامَةِ: لٹو سے کھیلنا (وَدَيَّمَتْ) السَّمَاءُ: لگاتار برسنا۔

دَاوَمَ. عَلَى الْأَمْرِ: ہیشگی کرنا الشَّيْئَ: مہلت سے کرنا۔ ہیشگی طلب کرنا۔

اَدَامَ اِدَامَةً. الشَّيْئَ: ہمیشہ کرنا الْاَمْرَ: ہیشگی کرنا۔ اَدَامَتِ السَّمَاءُ: لگاتار برسنا۔ الدَّلْوَ: بھرنا الْقِدْرَ: ٹھنڈے پانی کا چھینٹا دے کر جوش ٹھنڈا کرنا۔

تَدَوَّمَ. انتظار کرنا۔

اِسْتَدَامَ اِسْتِدَامَةً. الشَّيْئَ: مہلت سے کرنا۔ ہیشگی طلب کرنا الطَّائِرُ: فضا میں چکر لگانا غَرِيْمَه: نرمی کرنا۔

الدَّائِمُ. فا. مَاءٌ دَائِمٌ: ٹھہرا ہوا پانی۔

الدَّامَاءُ. سمندر۔

الدَّوْمُ. مص. ہمیشہ۔ کھجور کی مانند ایک درخت۔ بڑے بڑے درخت۔

الدُّوَامُ: سر کا چکر۔

الدَّوْمَانُ. پرندے کا منڈلانا۔

الدِّيْمَةُ. لگاتار بارش جس میں چمک و گرج نہ ہو۔ ج دِيَمٌ وَدُيُوْمٌ. کہا جاتا ہے "مَطَرَتْهُمُ السَّمَاءُ بِدِيْمَةٍ وَبِدِيَمٍ" آسمان نے ان پر لگاتار بارش کی۔

اَلدَّامَا. شطرنج جیسا ایک کھلونا۔

اَلدَّيْمَا. ایک قسم کا جائے نماز

الدُّوَّامَةُ. لٹو۔ ج دَوَّامٌ.

الدَّيْوُمُ. ہمیشہ۔

الْمُدَامُ وَالْمُدَامَةُ. شراب۔

الْمُدَامُ. لگاتار بارش۔

الْمُدِيْمُ. جس کی ناک سے خون جاری ہو۔

الْمَدِيْمُ. وہ جگہ جہاں لگاتار بارش ہو۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَدِيْمٌ وَاَرْضٌ مَدِيْمَةٌ" لگاتار بارش والی جگہ یا زمین۔

الْمِدْوَمُ وَالْمِدْوَامُ. ڈوئی۔ کفگیر۔

دَوْمَلَ دَوْمَلَةً. بَيْنَ الْقَوْمِ: اصلاح کرنا۔

دَانَ يَدُوْنُ دَوْنًا. گھٹیا ہونا۔ کمزور ہونا۔

دَوَّنَ. الدِّيْوَانَ: ترتیب دینا ہ: رجسٹر میں نام لکھنا۔

اُدِيْنَ. گھٹیا ہونا۔ کمزور ہونا۔

تَدَوَّنَ. پورے طریقہ سے مستغنی ہونا۔

دُوْنَ. نیچے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دُوْنَه" وہ اس سے مرتبہ میں کم ہے۔ آگے۔ کہا جاتا ہے "مَشٰى دُوْنَه" وہ اس کے آگے چلا۔ بمعنی غیر۔ کہا جاتا ہے۔ "مِنْ دُوْنِ اَنْ يَفْعَلَ" بغیر کرنے کے۔ الدُّوْنُ. گھٹیا۔ حقیر کم مرتبہ جیسے "شَيْئٌ دُوْنٌ" گھٹیا چیز۔ اور کبھی شریف کے معنی میں آتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے۔ "حَالَ الْقَوْمُ دُوْنَ فُلَانٍ" یعنی قوم فلاں کے اور اس کے مطلوب کے درمیان حائل ہو گئی۔

دُوْنَكَ. اسم فعل بمعنی خذ یعنی لو۔ کہا جاتا ہے "دُوْنَكَ زَيْدًا" یعنی زید کو پکڑو۔

الدِّيْوَانُ وَالدَّيْوَانُ. مجموعہ کتب۔ اشعار و قصائد کا مجموعہ۔ رجسٹر جس میں وظیفہ خواروں یا فوجیوں کے نام درج ہوں۔ ج دَوَاوِيْنُ و دَيَاوِيْنُ. کچہری۔ کونسل۔

دُوَيْنُ. دون کی تصغیر۔

دَاهَ(ن) دَوْهًا. متحیر ہونا۔

تَدَوَّهَ. الشَّيْئُ: متغیر ہونا الْاَمْرَ: مشغول ہونا۔ کسی کام میں گھس پڑنا۔

دَوَّى. جنگل میں چلنا۔

الدَّوُّ وَالدَّوِّيَّةُ. جنگل۔

دَوِيَ(س) دَوًى. بیمار ہونا صَدْرُه: کینہ رکھنا۔

دَوٰى(ض) دَوِيًّا. گنگناہٹ سنائی دینا۔

دَوّٰى تَدْوِيَةً. اللَّبَنُ: دودھ پر باریک جھلی سی جمنا السَّحَابُ: گرجنا الصَّوْتُ: گنگناہٹ سنائی دینا۔

دَاوٰى مُدَاوَاةً. الْمَرِيْضَ: بیمار کا علاج کرنا۔

اَدْوٰى اِدْوَاءً. مریض کے ساتھ رہنا۔ ہ: بیمار ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُدْوِى وَيُدَاوِى" فلاں بیمار ڈالتا ہے اور علاج کرتا ہے۔

تَدَاوٰى. خود اپنا علاج کرنا۔

الدَّوٰى. مص. بیمار۔ بیوقوف۔ اپنی جگہ پر ہمیشہ رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ دَوًى وَرِجَالٌ دَوًى وَنِسَاءٌ دَوًى" مذکر و مؤنث واحد جمع سب کیلئے لفظ واحد ہی ہے اس لیے کہ اصل میں یہ مصدر ہے۔

الدَّوَاةُ. دوات۔ ج دَوًى وَدُوِيٌّ وَدِوِيٌّ وَدَوَيَاتٌ. انگور خربزہ وغیرہ کا چھلکا۔

الدُّوَايَةُ وَالدِّوَايَةُ. پتری باریک جھلی سی جو دودھ وغیرہ پر ہو جائے۔ الدِّوَايَةُ: دانتوں کی زردی۔

الدَّوِيُّ. مریض۔ خراب پیٹ والا۔ بیوقوف۔ اپنی جگہ پر ہمیشہ رہنے والا۔

الدَّوِيُّ. آواز۔ ہوا کی سنسناہٹ۔ مکھی کی بھنبھناہٹ۔ پرندہ کی پھڑ پھڑاہٹ۔ اور بعضوں کے نزدیک بادل کے گرج کے لیے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے "مَافِي الدَّارِ دِوِيٌّ وَدُوِيٌّ وَدَوَوِيٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

مَكَانٌ دَوِيٌّ: صحت کے لیے ناموافق۔

الدَّيْبُوْذُ. دوسوتی کپڑا۔ ج دَيَابِيْذُ دَيَابُوْذُ.

دَاثَ يَدِيْثُ دَيْثًا. نرم و آسان ہونا۔

دَيَّثَهُ. نرم کرنا۔ دَيَّثَهُ الدَّهْرُ: تجربہ کار بنانا۔ طَرِيْقٌ مُدَيَّثٌ پامال راستہ۔

دَاجَ يَدِيْجُ دَيْجًا وَدَيَجَانًا. تھوڑا چلنا۔

الدَّيْجَانُ. ٹڈی دل۔

دَاخَ(ض) دَيْخًا. نرم ہونا۔

دَیَّخه. نرم کرنا۔
الدَّیْخ. خوشہ خرما۔ ج دِیَخة.
الدَّیْذن والدَّیْذان. عادت۔
الدَّیْر. راہبوں اور ننوں کے رہنے کی جگہ۔ ج اَدْیِرة واَدْیَار ودُیُوْرَة. اور نسبت کے لیے خلافِ قیاس (دَیْرانی)
الدَّیَّار. دیروالا۔ گھر میں رہنے والا۔
الدَّیْزج. گھوڑا جس کے سر سے لے کر دم تک سیاہ لکیر ہو۔
دَاصَ یَدِیْصُ دَیْصانًا. ٹیڑھا ہونا عَنِ الطَرِیق: ہٹ جانا۔ دَاصتِ الغدّة بَیْنَ الْجِلْدِ وَاللحمِ: غدود کا دبانے سے اِدھر اُدھر ہونا۔
دَاصَ (ض) دَیْصًا. لڑائی سے بھاگنا۔ کمینہ ہونا عَنِ الطَرِیق: ہٹ جانا۔ کترا جانا۔
اِنْدَاصَ. ہاتھ سے پھسل جانا۔
بِالشَّرِّ عَلٰی فُلَانٍ: اچانک لانا۔
الدَّائِص. فا. چور۔ ج دَاصة. کسی چیز کے گرد چکر لگانے والا۔
الدَّیَّاص. مضبوط پٹھے والا۔
المَدَاص. غوطہ لگانے کی جگہ۔
دَاقَه یَدِیْقُهٗ دَیْقًا. اُکھیڑنے کیلئے ٹیڑھا کرنا۔
الدِیْك. مرغ۔ ج دُیُوْك و اَدْیَاك و دِیَکة. بَیْضَةُ الدِیْك: اس چیز کیلئے مثال کے طور پر بولتے ہیں جو صرف ایک ہی بار ہو۔
الدِیْك: بڑا مہربان۔ موسم بہار۔
اَرْض (مَدَاکَةٌ ومُدَاکَةٌ ومَدِیکَةٌ) بہت مرغوں والی زمین۔
دَیْکَسَ. الرَجُلُ فِيْ بَیْتِه: لوگوں کی ضرورت کے لیے باہر نہ نکلنا۔
دَانَهٗ یَدِیْنُهٗ دَیْنًا. قرض دینا۔ صفت فاعلی (دَائِن) وصفت مفعولی (مَدْیُون)
الرَجُلَ: قرض لینا۔ صفت (دَائِن) فُلَانًا: بدلہ دینا۔
دَانَهٗ (ض) دِیْنًا. مالک ہونا۔ غلام بنانا۔ ناپسندیدہ بات پر اُکسانا۔ ذلیل کرنا۔ حکم دینا۔ خدمت کرنا۔ بھلائی کرنا۔ دَانَ الرجُلُ: عزیز ہونا۔ ذلیل ہونا۔ فرماں برداری کرنا۔ نافرمانی کرنا۔
دَانَ (ض) دِیْنًا ودِیَانَةً وتَدَیَّنَ. بالملة الاسلامية: دین اختیار کرنا۔
دَیَّنَهٗ. اپنے دین کے تابع بنانا۔ دَیَّنَهُ الشَّیْءَ: مالک بنانا۔
دَایَنَهٗ مُدَایَنَةً. فیصلہ کیلئے لے جانا۔ قرض کا معاملہ کرنا۔
اَدَانَ اِدَانَةً. قرض لیناہ: قرض دینا۔
تَدَیَّنَ. قرض لینا۔
تَدَایَنَ. القومُ: ایک دوسرے سے قرض لینا۔ قرض سے خرید و فروخت کرنا۔
اِدَّانَ اِدِّیَانًا واسْتَدَانَ اِسْتِدَانَةً. قرض لینا۔ اِدَّانَ الشَّیْءَ: اُدھار خریدنا۔
الدَّیْن. قرض۔ کہا جاتا ہے "قَضٰی دَیْنَه" یعنی وہ مر گیا۔ ج دُیُوْن واَدْیُن.
الدِیْن. مِن۔ حساب۔ اسی سے ہے "یَوْمُ الدِیْن" ملکیت۔ قدرت۔ حکم۔ مذہب۔ ملت۔ حالت۔ عادت۔ سیرت۔ تدبیر۔ نافرمانی۔ گناہ۔ مجبوری۔ پرہیزگاری۔ فرمانبرداری۔ بدلہ۔ قہر و غلبہ۔ ذلت۔ ج اَدْیَان. کہا جاتا ہے۔ "قومٌ دِیْنٌ" فرمانبرداری کرنے والے لوگ۔
الدِیَانَة. دینداری۔ تمام وہ چیزیں جو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کے تحت میں آئیں۔ ملت و مذہب۔ ج دِیَانَات.
الدَّیِّن. دیندار۔ دین کو مضبوطی سے پکڑنے والا۔
الدِیْنَة. قرض۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُه بِدِیْنَة" میں نے اس کے ہاتھ اُدھار بیچا۔ فرمانبرداری۔ عادت۔
الدَّیْنُوْنَة. قضا۔ حساب۔
دینامو: ڈینمو (DYNAMO) بجلی پیدا کرنے والا آلہ
الدَّیَّان. قاضی۔ غلبہ والا۔ حاکم۔ حساب لینے والا۔ بدلہ دینے والا۔
الدِّیْنَامِیت: ہائیڈروکلورک ایسڈ H.C.L (ڈینامیٹ)(DYNAMITE)
المَدِیْن. غلام۔ بدلہ دیا ہوا۔ وہ شخص جس سے حساب لیا گیا ہو۔ مؤنث مَدِیْنَة. کہا جاتا ہے "لِفُلَان مَدِیْن و مَدِیْنَة" فلاں کیلئے لونڈی غلام ہے۔
المُدَان. قرض دار۔
(المِدْیَان) بہت قرض لینے یا دینے والا۔ (مذکر و مؤنث) ج مَدَایِیْن.
اَلدِّیْنَامِیَّة: ارسطو کا فلسفہ: مادی عناصر کا اعتراف نہ کرنا سوائے ان کے جن کا عملی مرکب جسموں کے پھیلاؤ اور ان کے خائص کو محدود کرے۔
دِیْنَامومتر: شدت قوۃ کی پیائش کا اوزار۔

ذ: الذال: نواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ لثوی حروف سے ہے۔ حساب جمل میں اس کے نمبر ۷۰۰ ہے۔

ذا یہ۔ اسم اشارہ ہے قریب کیلئے۔ تثنیہ حالتِ رفعی میں ذَان اور حالتِ نصبی و جری میں ذَیْنِ ج اُوْلَاء اور شاذ طریقہ سے ذَیَّا استعمال کرتے ہیں۔ اور اس پرھاء تنبیہ داخل کر کے ھذا بولتے ہیں اور جب مَنْ یا مَا استفہامیہ کے بعد ذا واقع ہو تو اَلَّذِیْ کے معنی میں ہوتا ہے۔ جیسے "مَاذَا فَعَلْتُ وَمَنْ ذَافِی الدَّارِ" کیا ہے جو تم نے کیا۔ کون ہے جو گھر میں ہے۔ اور مَا کے ساتھ اسم استفہام ہوتا ہے۔ جیسے "لِمَا ذَاتَرَكْتَنَا" تو نے ہم کو کیوں چھوڑ دیا ہے؟

ذَاكَ اسم اشارہ متوسط کیلئے اور ہاء تنبیہ کے ساتھ ھذاك اور تصغیر کی صورت میں ذَیَّاك اور تثنیہ حالتِ رفعی میں ذَانِكَ اور حالتِ نصبی وجری ذَیْنِك اور جمع اُولٰئك۔

ذَالِك اسم اشارہ بعید کیلئے۔ تثنیہ ذَانِّك ج اُولٰئِك اور تصغیر ذَیَّالِك۔

ذَأَبَ (ف) ذَأْبًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ الدَّابَّةَ: جانور کو ہانکناہ: خوف دلانا۔ دھتکارنا۔ مذمت کرنا الغُلَامَ: لڑکے کی زلفیں بنانا۔ ذَأَبَتْه الرِیْحُ: ہر جانب سے آنا الرَّجُلُ: سخت آواز نکالنا۔ تیز چلنا۔

ذُئِبَ بھیڑیے سے گھبرانا۔ بکریوں میں بھیڑیے کا پڑنا۔

ذَئِبَ (س) ذَأَبًا وذُؤُوبَ (ک) ذَآبَةً۔ مکاری و خباثت میں بھیڑیے جیسا ہونا۔ بھیڑیے سے ڈرنا۔

اَذْأَبَ بھیڑیے سے گھبرانا الارضُ: بھیڑیوں والی ہونا (ذَأَّبَ) الغُلَامَ: لڑکے کی زلفیں بنانا۔ ذَأَبَہٗ: گھبرا دینا۔

تَذَأَّبَ خباثت میں بھیڑیے جیسا ہونا الشَّیْءَ: کسی چیز کو باری سے لینا۔ تَذَأَّبَتْ وتَذَاءَبَت الرِیْحُ عَلَیْهِ: کبھی ادھر سے کبھی اُدھر سے آنا۔ تَذَأَّبَتْه وتَذَاءَبَتْهُ الرِیْحُ: ہر جانب سے چلناہ الجنُّ: گھبرا دینا۔

تَذَأَّبَ وتَذَاءَبَ للنَّاقَةِ: اونٹنی کو دوسری کے بچہ پر مہربان بنانے کیلئے بھیڑیے جیسا بن کر چھپنا۔

اِسْتَذْأَبَ اِسْتِذْآبًا بھیڑیے جیسا ہونا۔

الذَّأب مں۔ فحش۔

الذِئْب بھیڑیا۔ ج ذِئَاب واَذْؤُب ذُؤْبَان۔ داءُ الذِئْبِ: بھوک۔ ذُؤْبَان العَرَبِ: عرب کے چور و فقراء۔

الذِئْبَة مادہ بھیڑیا۔ ایک بیماری جو جانوروں کے گلے میں ہوتی ہے۔ کجاوہ یا زین کے دونوں پہلوؤں کے درمیان کی کشادگی۔

الذِئْبَان اونٹ کی گردن اور ہونٹ کے بال۔ اُون جو تراش لینے کے بعد باقی رہ جائے۔

الذُؤَابَة پیشانی کے بال۔ تلوار کا علاقہ۔ ذُؤَابَةُ كُلِّ شَیْءٍ: چوٹی۔ اور اسی سے ہے "هُوَ ذُؤَابَةُ قَوْمِه" وہ اپنی قوم کی ناک ہے۔ و "عَلَوْتُ ذُؤَابَةَ الجَبَلِ" میں پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گیا۔ ذُؤَابَةُ الرَّحْلِ: کجاوہ کے آخر میں لٹکتی ہوئی کھال۔ ذُؤَابَةُ النَّعْلِ: جوتے کا تسمہ ج ذَوَائِب اور دھمکی کے وقت بولتے ہیں "لَاَ قْتُلَنَّ فِیْ ذُؤَابَتِكَ"

اَرْضٌ (مَذْأَبَة) بہت بھیڑیوں والی سرزمین۔

ذَئِرَ (س) ذَأَرًا غضبناک ہونا عَنْه: ڈرنا۔ گھبرانا۔ ناک چڑھانا۔ صفت (ذَائِرٌ و ذَائِر) بالشَّیْءِ: کسی چیز کا عادی ہونا۔

(وذَاءَرَ) عَلَیْهِ: دلیری کرنا۔

ذَئِرَت وذَائَرَتْ مُذَاءَرَةً۔ اَلْمَرأَةُ عَلیٰ بَعْلِهَا: عورت کا شوہر کی نافرمانی کرنا۔ صفت (ذَائِر وذَئِرٌ وذَئِرَة ومُذَائِر)

اَذْأَرَه غضبناک کرنا۔ جرأت دلانا۔ برانگیختہ کرنا۔ اکساناہ اِلیٰ كَذَا: مجبور کرناہ بِصَاحِبِه: ورغلانا۔

ذَأَفَ (ف) ذَأْفَانًا مرنا۔

ذَأَفَ عَلَی الاَسِیْرِ وذَأَفَه (ف) ذَأْفًا وذَأَفًا واَذْأَفَه فوراً مار ڈالنا۔

اِنْذَأَفَ دل کا کٹ جانا اور مر جانا۔ موتٌ (ذُؤَاف) ناگہانی موت۔ سَمٌّ ذُؤَافٌ: زہر قاتل۔

الذَأْفَان موت (والذِئْفَان و الذُؤْفَان والذَّیْفَان والذَّیِّفَان) وزہر قاتل۔

ذَأَلَ (ف) ذَأْلًا وذَأَلَانًا آہستہ ناز سے

چلنا۔
تَذَائَل. حقیر بنا۔ چھوٹا بننا۔
ذُؤَالَة. بھیڑیے کا علم جنس۔ ج ذُؤْلَانٌ و ذِئْلَانٌ.
الذَأَلَان والذُؤْلَان. بھیڑیا۔ گیدڑ۔
المِذْأَل. ہلکا پھلکا تیر۔
ذَأَمَه (ف) ذَأْمًا. عیب لگانا۔ رسوا کرنا۔ حقارت کرنا۔ دھتکارنا۔
اَذْأَمَه اِذْآمًا. عَلٰی کَذَا: مجبور کرنا۔
الذَأْم والذَام. عیب اور امثال عرب میں سے ہے "قَدْ لَاتَعْدَمُ الحَسنَاءُ ذَامًا" یعنی کبھی خوبصورت عورت میں بھی عیب ہوتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ ذَأمَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔
ذَبَّ (ن) ذَبًّا. عَنْهُ: دفع کرنا۔ حمایت کرنا۔
ذَبَّ (ض) ذَبًّا و ذَبَبًا وذُبُوبًا. گرمی یا پیاس سے خشک ہونا جِسْمُهُ: لاغر ہونا۔
النَبْتُ: پژمردہ ہونا۔ مرجھانا۔
ذُبَّ. البَعِيْرُ او الرَجُلُ: مجنون ہونا الفرسُ: گھوڑے کے نتھنے میں مکھی داخل ہونا۔ صفت (مَذْبُوْبٌ)
ذَبَّبَ تَذْبِيْبًا. بہت دفع کرنا شَفَتَهُ: ہونٹ کا پیاس وغیرہ سے خشک ہونا النَهَارُ: تھوڑا باقی رہنا۔
اَذَبَّ. المَكَانُ: بہت مکھیوں والی ہونا۔ صفت (مَذْبُوب ومُذِبٌّ)
الذَبُّ. س۔ بہت حرکت کرنے والا۔ جنگلی بیل۔
الاَذَبّ. لمبا۔ جنگلی بیل۔ اُونٹ کی کچلی۔
الذُبَاب. مکھی۔ ج اَذِبَّة وذِبَّان ذُبٌّ. بھڑ اور شہد کی مکھی اور مچھر پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ واحد (ذُبَابَة) ذُبَابُ السَّيْفِ: تلوار کی دھار۔ ذُبَابُ العَيْنِ: آنکھ کی پتلی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعَزُّ مِنْ ذُبَابِ العَيْنِ" وہ آنکھ کی پتلی سے زیادہ عزیز ہے۔ الذُبَاب: جنون۔ طاعون۔ بدبختی۔ دائمی برائی۔

الذُبَابَة. ذُبَاب کا واحد۔ ذُبَابَةُ الشَيْءِ: چیز کا بقیہ۔ عَطَشٌ (مُذَبِّبٌ) سخت پیاس۔
الذَبَّاب والمِذَبُّ. اپنی قوم کی بہت حمایت کرنے والا۔
الذُبَّان. پیاس سے مرجھایا ہوا۔
المِذَبَّة. مور چھل۔ چوری۔ ج مِذَبَّات و مِذَابٌّ. اور اسی سے ہے "اَذْنَابُهَا مَذَابُّهَا" یعنی جانوروں کی دُم ان کیلئے مور چھل ہے۔
اَرْضٌ ذَبُوبَةٌ ومَذْبُوبَة. بہت مکھیوں والی زمین۔ رَاكِبٌ (مُذَبِّبٌ) تنہا جلد باز سوار۔
ذَبَحَه (ف) ذَبْحًا وذَبَاحًا. پھاڑنا۔ گلا کاٹنا۔ ذبح کرنا۔ گلا گھونٹنا الدَنَّ: مٹکے میں سوراخ کرنا۔
ذَبَّحَ. القَوْمَ: ذبح کرنے میں مبالغہ کرنا۔
اِذَّبَحَ. مذبوح بنانا۔
تَذَابَحُوْا. ایک دوسرے کو ذبح کرنا۔
الذِبْح. جو ذبح کیا جائے۔ مقتول۔
الذِبَح والذُبَح. ایک قسم کی سانپ کی چھتری۔
الذَابِح. فا. داغ کرنے کا ایک آلہ جس سے گردن کے عرض میں داغ لگاتے ہیں۔
الذُبَاح والذُبَّاح والذِبَاح. و الذُبْحَة والذِبْحَة والذُبَحَة. وَالذِّبَحَة. حلق کا درد۔
الذَبِيْح. ذبح کیا ہوا۔ قربانی کے لائق جانور۔ اسمٰعیل علیہ السلام کا لقب۔
الذَبِيْحَة. ذبیح کا مؤنث۔ جو عنقریب ذبح کیا جائے۔ ج ذَبَائِح.
المِذْبَح. ذبح کرنے کا اوزار۔
المَذْبَح. ذبح کرنے کی جگہ۔ ج مَذَابِح.
مَذَابِح الكَنَائِس: گرجا کی قربان گاہ۔
ذَبْذَبَ. الشَيْءُ المُعَلَّقُ فِي الهَوَاءِ: لٹکی ہوئی چیز کا حرکت کرنا الرَجُلُ. حیران و متردد ہونا۔ ذَبْذَبَهُ: متردد و حیران چھوڑنا۔ ذَبْذَبَ اَهْلَه: حمایت کرنا الخَلْقَ: تکلیف پہنچانا الشَيْءَ: حرکت دینا۔ ہلانا۔
تَذَبْذَبَ. ہلنا۔ حرکت کرنا۔

الذَبْذَبَة. س۔ زبان۔ ہوا میں حرکت کرنے والی چیز۔ وہ چیز جو ہودج پر زینت کے لیے لٹکائی جائے۔ ج ذَبَاذِب.
الذَبَاذِب. کپڑے کے چھوڑ۔ کپڑے کے نچلے حصے۔
المُذَبْذَب. متردد۔ متحیر۔ پس و پیش کرنے والا۔
ذَبَرَ (ن ض) ذَبْرًا. الكِتَابَ: لکھنا۔ نقطے لگانا۔ بغیر رکے ہوئے تیز پڑھنا الشَيْءَ: جاننا اور اچھی طرح سمجھنا۔
ذَبَرَ (ض) ذَبْرًا وذَبَارَةً. اچھی طرح دیکھنا۔
الخبرَ: سمجھنا الشِعْرَ: شعر پڑھنا۔
ذَبِرَ (س) ذَبَرًا. عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔
ذَبَّرَ. الكِتَابَ: لکھنا۔ نقطے لگانا۔ بغیر رکے ہوئے تیز پڑھنا۔
الذِبْر. س۔ کتاب ج ذِبَار.
المِذْبَر. قلم۔
ذَبَلَ وذَبُلَ (ن ک) ذُبُوْلًا وذَبْلًا. النَبَاتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا۔ مرجھانا۔ الفرسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا لِسَانُه اَو شَفَتُهُ: زبان یا ہونٹ کا خشک ہونا۔ کہا جاتا ہے "ذَبَلَتْه ذَبُوْلٌ" اسے مصیبت لاحق ہوئی۔
اَذْبَلَ. النَبَاتَ: پژمردہ کرنا الفرسَ: گھوڑے کو دبلا کرنا۔
تَذَبَّلَ. فِي المَشْيِ: نازو انداز سے چلنا۔
تَذَبَّلَتِ المرأةُ: لاغر بدن ہوتے ہوئے مردوں کی چال چلنا۔
الذَبْل. س۔ کچھوے کی پیٹھ کی ہڈی۔ آغازِ جوانی۔
الذِبْل. پیر گمشدگی۔
الذَبْلَة. مینگنی۔ مرجھا دینے والی گرم ہوا۔
الذُبْلَة. پیاس سے ہونٹوں کا خشک ہونا۔
الذَابِل. فا. باریک۔ دبلا۔ ج ذُبَّل و ذُبُل.
الذَابِلَة. الذابل کا مؤنث۔ عَيْنٌ ذَابِلَة: چشم نیم باز۔ ج ذَوَابِل. الذَوَابِل: رماح کی

صفت ہے۔ کہتے ہیں "الرِّمَاحُ الذَّوابل" یعنی باریک نیزے۔ صفت کو موصوف کے قائم مقام کرکے نفس رماح پر بھی اطلاق کرتے ہیں۔

الذُّبَالَة والذُّبَّالَة. بتی۔ج ذُبَال.

ذَجَّ (ن)ذَجًّا. سفر سے واپس آنا۔ الماءَ: پینا۔

ذَجَلَهٗ (ن) ذَجْلًا. ظلم کرنا۔ صفت (ذَاجِل)

ذَحَّهٗ ذَحًّا. تھپڑ مارنا الحطب: لکڑی چیرنا۔ پھاڑنا الفِلْفِلَ: مرچ کوٹنا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

ذَحجَهٗ (ف) ذَحْجًا. چھیلنا۔ حرکت دینا۔ ذَحجَتْهُ الرِيحُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا المرأةُ بولَدِهَا: جننا۔

ذَحْذَحَ. قریب قریب قدم رکھ کر تیز چلنا الرِيحُ التُرابَ: خاک اُڑانا۔

الذَحل. خون کا بدلہ۔ دشمنی۔ کینہ۔ ج ذُحُول واَذْحَال. تم کہتے ہو"لِيْ عِنْدَهُمْ ذُحُوْل" مجھے ان سے کینہ ہے۔

ذَحیٰ (ض)ذَحْيًا. الصُّوْفَ: اُون کو کوٹنا الرِيحُ القَوْمَ: کھلی ہوا لگنا۔

المَذْحَاة. بغیر درختوں والی زمین۔ ج مَذَاحٍ

ذَخَرَ (ف) ذَخْرًا. الشَیْئَ: وقت ضرورت کے لیے چھپا رکھنا۔

اِذَّخَر و اِدَّخَرَ. بمعنی ذخر.

الذُّخْر. ذَخَرَ کا اسم جس کو ذخیرہ بنا کر رکھا جائے۔ج اَذْخَار.

الذَاخِر. فا. موٹا۔

الذَخِيْرَة. وقت ضرورت کے لیے جو چیز چھپا کر رکھی جائے۔ ج ذَخَائِر. اسی سے ہے ذَخَائِرِ الحَرْبِ اور کہتے ہیں "اَعْمَالُ المُؤمِنِيْنَ ذَخَائِر عِنْدَاللّٰهِ" مومنین کے اعمال اللہ کے ہاں ذخیرہ ہیں۔

الاِذْخِر. سبز گھاس۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔ واحد اِذْخِرَة ج اَذَاخِرُ.

المَذْخَر. ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔ج مَذَاخِر.

المَذَاخِر. جوف۔ رگیں۔ انتڑیاں۔ پیٹ کے نچلے حصے۔

ذَرْ. چھوڑ دے۔

ذَرَّ (ن)ذَرًّا. المِلْحَ: نمک چھڑکنا۔ الحبَّ فِي الاَرضِ: دانہ بونا الاَرضُ النَبَاتَ. اگانا (ذَرًّا وذُرُوْرًا) القرنُ او النَباتُ: اُگنا الشمسُ: آفتاب طلوع ہونا اللحمُ: گوشت سکڑنا۔

ذَرَّ (س ن) ذَرًّا وذُرُوْرًا. الرجلُ: سر کے اگلے حصہ کا سفید ہونا۔

الذَّرُّ. چھوٹی چیونٹی۔ ذرات۔ واحد (ذَرَّة) نسل۔

الذَرُوْر. آنکھ یا زخم میں چھڑکنے کی دوا۔ عطر۔ ج اَذِرَّة.

الذَرِيْرَة. ایک قسم کی خوشبو۔

الذَرِّیُّ. تلوار کی آب وجوہر۔

ذُرِّيَّة. الرجلِ (بتثليث الذال) اولاد و نسل۔ ج ذراری و ذُرِّيَّات.

الذِرَار. غضب و غصہ۔ غصہ کی وجہ سے روگردانی۔

اَلذَّرَّةُ. واحد الذَّرِّ ج ذَرَّات: بہت چھوٹا حصہ۔ اس کا دوسرا نام جوہر فرد۔ علم کیمیا کا پرانا نظریہ تھا کہ ذرہ کے مزید ٹکڑے نہیں ہو سکتے۔ جدید نظریہ کے مطابق اس کے لاکھوں حصے بنائے جا سکتے ہیں۔

الذُرَارَة. دوا وغیرہ جو چھڑکنے سے گرے۔

المِذَرَّة. چھڑکنے کا آلہ۔ غلہ وغیرہ بھیرنے کا سامان۔

ذَرَأَ (ف)ذَرْأً. اللّٰهُ الخَلْقَ: پیدا کرنا۔ الشَيْئَ: زیادہ کرنا الاَرْضَ: بونا۔

وَذَرِیَ (س)ذَرَأً) شَعْرُهٗ: سفید ہونا۔ فُلَانٌ: سفید بال والا ہونا۔ صفت (اَذْرَأ) مؤنث ذَرْءَاء.

اَذْرَأَ اِذْرَاءً. غضبناک کرنا۔ ڈرانا ہ بالشَّیْئِ: حریص بنانا اِلٰی کَذَا: مجبور کرنا الدَمْعَ: بہانا النَاقَةَ: تھن میں دودھ اُتارنا۔ صفت (مُذْرِیٔ)

الذَّرْء. تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "يَكْفِيْنِي ذَرْءٌ مِنْ خَيْرٍ" مجھے تھوڑی سی نیکی کافی ہے۔ و "هُمْ ذَرْأُ النَّارِ" وہ لوگ آگ کیلئے پیدا کئے گئے ہیں۔

الذُرْأَة. بڑھاپے کی ابتدائی سفیدی جو کنپٹیوں میں ظاہر ہوتی ہے۔

الذَرِیُّ. بکھیرا ہوا۔ زَرْعٌ ذَرِیٌّ: کھیت جس میں ابھی بیج ڈالا گیا ہو۔

ذَرِبَ (س) ذَرَبًا وذَرَابَةً وذُرُوْبَةً السَيْفُ: تلوار کا تیز ہونا۔ صفت (ذَرِبٌ) ج ذُرْبٌ الجُرْحُ: زخم کا خراب ہونا الرَجُلُ: عجز کے بعد فصیح ہونا المِعْدَةُ: بگڑنا۔ درست ہونا۔ (ضد)

ذَرَبَ (ن) ذَرْبًا وذَرَّبَ واَذْرَبَ. السَيْفَ: تلوار تیز کرنا۔ اَذْرَبَ الرَجُلُ: تنگ گزارے والا ہونا۔

الذَرَب. مص۔ زبان کی تیزی۔ ناقابل علاج بیماری۔ زنگ۔ مورچہ۔ ج اَذْرَاب.

الذِرْب. جگر کی ایک بیماری۔ گردن کا غدود۔ رَجُلٌ ذِرْبٌ: تیز زبان مرد۔

الذَرِب. موچی کی رانپی۔ ذَرِبُ اللسَان: تیز زبان۔ ج ذُرْب. لِسَانٌ ذَرِبٌ: زبان فصیح۔ فحش گو زبان۔

الذِرْبَة. غدود۔ تیز زبان عورت۔ ج ذِرَب.

الذَرَاب. زہر۔

الذَرَبِیٰ. عیب۔

الذَرَبِیُّ. مصیبت۔

الاَذْرَبِی. خلاف قیاس۔ آذر بائیجان کی جانب نسبت۔

المِذْرَبُ. زبان۔

ذَرَحَ (ف) ذَرْحًا وذَرَّحَ. الشَیْئَ فِی الرِيحِ: ہوا میں اُڑانا الطَعَامَ: ذراح نامی کیڑا ڈالنا۔ وذَرَّحَ اللَبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔ الزَعْفَرَانَ فِی المَاءِ: پانی میں تھوڑا سا زعفران ڈالنا۔

الذُرَّاح والذُرُّوْح والذُرِّيْح والذُرَاح

والذُّرُوح والذُّرَّاح والذَّرِيحة والذُّرْحُوح والذُّرْنُوح. ایک قسم کا اُڑنے والا زہر دار کیڑا۔ مفرد کا استعمال کم ہے جمع ہی استعمال ہوتا ہے۔ تصغیر ذُرَيْرِح آتی ہے۔

الذَّرَاح. پانی ملا ہوا دودھ۔

الذَّرِيحة. پشتہ۔ ٹیلہ۔ ج ذَرِيح

لَبَنٌ اَوعَسَلٌ (مُذَرَّحٌ) زیادہ پانی والا دودھ یا شہد۔

ذَرَعَ (ف) ذَرْعًا. الثوبَ: ذراع سے ناپنا ہ: کسی کے پیچھے سے ذراع سے گلا گھونٹنا (دیکھئے ذراع) ذرعه القيُّ: غالب ہونا اور خود بخود آنا۔

ذَرِعَ (ف) ذَرْعًا وذَرِعَ (س) ذَرَعًا. عِنْدَ الرَّجُلِ واِلَيْه: سفارش کرنا۔ ذَرِعَتْ رِجْلاه: چلنے سے عاجز ہونا۔

ذَرُعَ (ك) ذَرَاعَةً. الفَرَسُ: گھوڑے کا کشادہ قدم ہونا۔ صفت (ذَرِيْع)

ذَرَّعَ. الرَّجُلَ: کسی کے پیچھے ہو کر ذراع سے گلا گھونٹنا بالشيءِ: اقرار کرنا فِي السِّبَاحَة: تیرنے میں بازو پھیلانا فِي المشي: چلنے میں بازو ہلانا الرَّجُلُ: ڈرانے یا خوش خبری دینے کے لیے بازوؤں کو بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَرَّعَ لِي شَيْئًا مِنْ خَبَرِه" اس نے مجھے کچھ خبر دی۔ و "ذَرَّعه بَيْنَنَا" اس نے اس کو ہمارے درمیان وسیلہ بنایا۔

ذَارَعَهُ. باہم مل جانا۔ الرَّجُلَ: ناپ کر بیچنا۔ صَاحِبَهُ فَذَرَعَه: قدم بڑھانے میں مقابلہ کرنا اور غالب رہنا۔

اَذْرَعَ. الشيءَ: ہاتھ سے قبضہ کرنا ذِرَاعَيْه مِنْ تَحْتِ الجُبَّةِ: نکالنا فِي الكَلَام: بہت گفتگو کرنا۔

تَذَرَّعَ. فِي الكَلَام: بہت گفتگو کرنا الشيءَ: ہاتھ سے ناپنا الابلُ الماءَ: بازوؤں تک پانی میں اترنا۔ بِذَرِيعَةٍ: وسیلہ بنانا الشيءُ: ہاتھ ہاتھ بھر کا پھٹنا۔

اِنْذَرَعَ. ناگاہ پہنچنا۔ کشادہ چلنا۔

تَذَارَعَتْ. الابلُ المَفَازَةَ. طے کرنا۔

اِسْتَذْرَعَ. بالشيءِ: چھپنا اور وسیلہ بنانا۔

الذَّرْعُ. س۔ ہاتھ کا پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے "اَبْطَرْتُ فُلَانًا ذَرْعَه" میں نے اس کو طاقت سے زیادہ تکلیف دی۔ و "اَبْطَرَنِي ذَرْعِي" یعنی میرے بدن کو دبلا کر دیا اور میری معاش کو منقطع کر دیا۔ و "ضِقْتُ بالاَمْرِ ذَرْعًا" یعنی میں اس پر قادر نہیں۔ و "هُوَ وَاسِعُ الذَّرْعِ" وہ صاحب قدرت ہے۔ و "هُوَ خَالِي الذَّرْعِ" یعنی اس کا دل رنج و غم سے خالی ہے و "ذَرْعُهُ كَذَا" یعنی اس کا طول اتنا ہے۔

الذِّرَاعُ. مِنَ الرَّجُلِ: کہنی سے بیچ کی انگلی تک کا حصّہ۔ بازو (مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں) طاقت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَاسِعُ الذِّرَاعِ" مرد صاحب قدرت" و "ضَاقَ بالاَمْرِ ذِرَاعُه" یعنی وہ اس پر قادر نہیں و "هُوَ لَكَ عَلَى حَبْلِ الذِّرَاعِ" یہ تمہارے لیے تیار و حاضر ہے۔ و "جَعَلْتُ اَمْرَكَ عَلَى ذِرَاعِكَ" یعنی تمہارا معاملہ میں نے تمہارے اوپر چھوڑ دیا جیسا تمہارا جی چاہے کرو۔ ج اَذْرُعٌ وذُرْعَانٌ والذِّرَاعُ مِنَ البَقَرِ والغَنَمِ: گائے اور بکری کا دست مِنَ الخَيْلِ والابِلِ: گھوڑے اور اونٹ کی پنڈلی کے نچلے حصّہ سے اوپر کا حصّہ۔ اَوْلَادُ ذِرَاعٍ واَوْلَادُ الذَّارِعِ: کتے۔ گدھے۔

الذَّرَعُ. س۔ اُمید۔ جنگلی بچھڑا۔ ج ذِرْعَانٌ.

الذَّرِعُ. زبان دراز۔ رات دن چلنے والا۔ اچھی مصاحبت والا۔ مؤنث ذَرِعَةٌ ج ذَرِعَاتٌ الذَّرِعَاتُ: تیز کشادہ قدم والیاں۔

الذُّرْعَةُ. وسیلہ۔ ج ذُرَعٌ

الذَّرُوعُ. تیز و کشادہ قدم گھوڑا یا اونٹ۔

الذَّرِيعُ. سفارش کرنے والا۔ تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ ذَرِيعٌ" جلدی کی موت۔ و "قَتْلٌ ذَرِيعٌ" حد سے بڑھا ہوا شنیع قسم کا قتل۔

الذَّرِيعَةُ. وسیلہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذَرِيعَتِي اِلَى فُلَانٍ" وہ فلاں کے پاس میرے لیے وسیلہ ہے۔ اونٹنی جس کے پیچھے شکاری شکار کرنے کے وقت چھپتا ہے۔ ج ذَرَائِعُ

الاَذْرَعُ. بہت فصیح۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُمْ اَذْرَعَ قَتْلٍ" اس نے ان کو بہت جلدی اور بہت برے طریقے سے قتل کیا۔

المَذْرَعُ. کھیتی کی زمین اور جنگل و بیابان کے درمیان کے دیہات۔ جانور کی ٹانگ۔ ج مَذَارِعُ و مَذَارِيعُ.

المُذَرَّعُ. مع۔ وہ اونٹ جس کے سینہ پر نیزہ وغیرہ مارا گیا ہو اور اس کی اگلی ٹانگوں پر خون بہہ رہا ہو۔ سبقت کرنے والا گھوڑا۔ مِنَ الثِّيرَان: بیل جس کی پنڈلیوں پر سیاہ داغ ہوں مِنَ النَّاسِ: جس کی ماں باپ سے زیادہ شریف ہو۔

ذَرَفَ (ض) ذَرْفًا و ذَرِيفًا و ذُرُوفًا و ذَرَفَانًا و تَذْرَافًا. الدَّمْعُ: بہنا۔ صفت (ذَرِيفٌ و مَذْرُوفٌ) العَيْنُ و مَعَهَا: بہانا (ذَرَفَانًا) سست چال چلنا۔

ذَرَّفَ. تَذْرِيفًا و تَذْرِفَةً و تَذْرَافًا. الدَّمْعَ: بہانا ہ المَوْتَ: قریب المرگ کرنا الشيءَ: خبردار کرنا عَلَى الخَمِيسِ: زائد ہونا۔ بڑھ جانا۔

اِسْتَذْرَفَ. الشيءَ: قطرے قطرے ٹپکانا الضَّرْعُ:

الذَّرَّافُ. تیز رو۔

المَذَارِفُ. آنسو بہنے کی جگہیں۔ کہا جاتا ہے "سَالَتْ مَذَارِفُ عَيْنَيْه" واحد مَذْرَفٌ.

ذَرَقَ (ض ن) ذَرْقًا واَذْرَقَ. الطَّائِرُ: بیٹ کرنا۔ واَذْرَقَ المَكَانُ:

الذُّرَقُ. ایک انگوری زمین پر پھیلنے والی جو کہ طبی فوائد رکھتی ہے۔

الذَّرْقُ. بیٹ۔

لَبَنٌ (مُذَرَّقٌ) پانی ملا ہوا دودھ۔

ذَرْقَطَ. الكَلَامَ: بولنا۔

ذَرَا يَذْرُو ذَرْوًا وذَرَى يَذْرِي ذَرْيًا وذَرَّى تَذْرِيَةً واَذْرَى اِذْرَاءً. الرِّيحُ التُّرَابَ: اُڑانا۔ بکھیرنا الحِنْطَةَ:

اساون کرنا۔ اَذْرَى الشَّیْءَ: گرانا۔ بکھیرنا۔ کہاجاتاہے "اَذْرَاہُ الفَرَسُ مِنْ ظَھْرِہٖ" اُس کو گھوڑے نے اپنی پیٹھ سے گرادیا۔ اَذرتِ العَیْنُ دَمْعَھَا: آنسو بہانا۔ ذَرَّی الشَّاۃَ: اُون تراشنا اور علامت کے لیے کچھ چھوڑ دینا۔

ذَرَا یَذْرُو ذَرْوًا۔ الشَّیْءُ: ہوا میں اُڑ جانا الظَّبْیُ: تیز دوڑنا اِلٰی فُلَانٍ: قصد کرنا فُوْہٗ: دانت گرنا۔

تَذَرّٰی غلہ کا بھوسہ سے صاف ہونا۔ المَکَانَ اَوِ الجَبَلَ: کسی جگہ پر یا پہاڑ پر چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "تَذَرّٰی مِنْ بَرْدِ الشِّمَالِ بِصَخْرَۃٍ" یعنی اس نے شمالی ہوا کی ٹھنڈک سے چٹان کی پناہ لی۔

اِسْتَذْرٰی بِہٖ: پناہ لینا بِالشَّجَرَۃِ: سایہ لینا۔

الذَّرٰی گھر کے سامنے کا صحن اور اس کے اطراف۔ جائے پناہ۔ ہر وہ جگہ جہاں تم چھپ سکو۔ تم کہتے ہو "اِتَّخَذْتُ الحَائِطَ ذَرًی لِی" میں نے دیوار کی پناہ لی۔ "وَاَنَا فِی ذَرٰی فُلَانٍ" میں فلاں کی پناہ و حفاظت میں ہوں۔ و "ھُوَ کَرِیْمُ الذَّرٰی" وہ طبعا کریم ہے۔ الذَّرٰی: وہ غلہ جس کا اوساون کیا جائے۔ گرا ہوا آنسو۔

الذُّرَاوَۃ بھوسہ وغیرہ جو اوساون کرتے وقت گرے۔ وہ چیز جس کو ہوا اُڑا لے جائے۔

الذُّرْوَۃ والذِّرْوَۃ بلندی۔ بلند جگہ۔ ہر چیز کا بلند حصہ۔ ج ذُرًی وذِرًی۔

الذُّرْوَۃ: بڑھاپا۔

الذُّرَۃ مکئی۔

المِذْرٰی والمِذْرَاۃ جیلی جس سے گیہوں کھولتے ہیں۔ ج مَذَارٍ۔

المِذْرَوَانِ سر کے دونوں پہلو۔ دونوں سرین کے کنارے۔ اور اسی سے ہے "جَاءَ یَنْفُضُ مِذْرَوَیْہِ" وہ دھمکی دیتا ہوا آیا۔

مِذْرَوَا القَوْسِ: کمان کے دونوں کنارے۔

تَذَعَّبَتْہُ الجِنُّ خوفزدہ کرنا۔

اِنْذَعَبَ المَاءُ: لگاتار بہنا۔

الذُّعْبَانُ جوان بھیڑیا۔

المُذْعَابِیْنَ لگاتار و پیاپے۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُھُمْ مُذْعَابِیْنَ کَاَنَّھُمْ عُرْفُ ضِبْعَانٍ" میں نے لوگوں کو یکے بعد دیگرے دیکھا گویا کہ وہ لوگ نر بجو کے ایال ہیں۔

ذَعَتَ (ف) ذَعْتًا سخت گلا گھونٹنا۔ خاک آلود کرنا۔ سختی سے ہٹانا۔

ذَعَجَہٗ (ف) ذَعْجًا سختی سے ہٹانا۔ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

الذَّعَاعُ فرقے۔ واحد (ذَعَاعَۃٌ)

ذَعْذَعَ الشَّیْءَ: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَعْذَعَتْہُ النَّوَائِبُ" اس کو مصیبتوں نے جھڑ جھڑا دیا السِّرَّ اَوِ الخَبَرَ: فاش کرنا۔ پھیلانا الرِّیْحُ الشَّجَرَ: جھڑ جھڑا دینا۔

تَذَعْذَعَ بکھرنا۔ پھیلنا۔ پراگندہ ہونا۔

الذِّعْذَاعُ چغل خور۔ بھید کو نہ چھپانے والا۔

ذَعَاذِعُ النَّخْلِ: کھجور کے ردی درخت۔ کہاجاتاہے "تَفَرَّقُوْا ذَعَاذِعَ" وہ لوگ اِدھر اُدھر متفرق ہوگئے۔

ذَعَرَہٗ (ف) ذَعْرًا ڈرانا۔ خوفزدہ کرنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔

ذُعِرَ ڈرنا۔ صفت (مَذْعُوْرٌ)

ذَعِرَ (س) ذَعَرًا دہشت زدہ ہونا۔

اَذْعَرَہٗ ڈرانا۔

تَذَعَّرَ ڈرنا۔

اِنْذَعَرَ ڈرنا۔ گھبرانا۔

الذُّعْرُ خوف۔ ڈر۔

اَمْرٌ (ذُعْرٌ) خوفناک معاملہ۔

الذَّاعِرُ فا۔ ڈرنے والا۔ خبیث۔

رَجُلٌ (ذَاعِرٌ وذُعَرَۃٌ وذُعْرَۃٌ) عیب دار مرد۔

الزُّعْرَۃ دبر۔

الذُّعَرَۃ ایک پرندہ جو ہر وقت اپنی دُم کو ہلاتا رہتا ہے۔

سَنَۃٌ (ذُعْرِیَّۃٌ) سخت سال۔

الذَّعْوَرُ خوفزدہ۔ تہمت اور بُری باتوں سے ڈرنے والی عورت۔

نَاقَۃٌ (مُذَعَّرَۃٌ) پاگل اونٹنی۔

ذَعَطَہٗ (ف) ذَعْطًا جلدی سے ذبح کرنا۔ موت (ذَاعِطٌ و ذُعُوْطٌ) جلد آنے والی موت۔

ذَعَفَ (ف) ذَعْفًا زہر قاتل پلانا الطَّعَامَ: کھانے میں زہر ملانا۔

ذَعِفَ (س) ذَعَفَانًا مرنا۔

اَذْعَفَہٗ جلدی مار ڈالنا۔

اِنْذَعَفَ دِل کا کٹ جانا۔ سانس پھولنا۔

الذَّعْفُ والذُّعَافُ فوراً ہلاک کرنے والا زہر۔ مَوْتٌ ذُعَافٌ: جلدی آنے والی موت۔ کہا جاتا ہے "حَیَّۃٌ ذَعْفُ اللُّعَابِ" فوراً ہلاک کرنے والا سانپ۔

الذَّعَفَانُ مص۔ موت۔

طَعَامٌ (مَذْعُوْفٌ) زہر ملا ہوا کھانا۔

ذَعَقَہٗ (ف) ذَعْقًا چیخنا بِہٖ: گھبرا دینا۔

دَاءٌ (ذُعَاقٌ) مہلک بیماری۔ مَاءٌ ذُعَاقٌ: سخت کھاری پانی۔

ذَعِنَ (س) ذَعْنًا واَذْعَنَ لَہٗ: مطیع و فرمانبردار ہونا۔ فروتنی کرنا۔ اَذْعَنَ بِالحَقِّ: اقرار کرنا۔

المِذْعَانُ آسانی سے تابع ہونے والا۔

ذَعَّ (ن) ذَعًّا جَارِیَتَہٗ: جماع کرنا۔

ذَفَّ (ض) ذَفًّا و ذَفَفًا و ذِفَافًا عَلَی الجَرِیْحِ: فوراً مار ڈالنا فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا (ذَفًّا) الطَّاعُوْنُ فُلَانًا: ہلاک کرنا۔

ذَفَّفَ وذَافَّ واَذَفَّ الجَرِیْحَ وذَافَّ عَلَیْہِ وَلَہٗ: فوراً مار ڈالنا۔ وذَفَّفَ جَھَازَ رَاحِلَتِہٖ: سواری کے سامان کو ہلکا کرنا۔

ذَفَّ (ض) ذَفِیْفًا واسْتَذَفَّ اسْتِذْفَافًا الاَمْرُ: ممکن ہونا۔

الذُّفُّ تھوڑا پانی۔

الذَّفَافُ مص۔ ذَفَّ عَلَی الجَرِیْحِ کا اسم تھوڑی چیز۔ (والذُّفَافُ) زہر قاتل۔ تھوڑا پانی۔ ج ذُفُفٌ واَذِفَّۃٌ۔ الذُّفَافُ: ہلکا پھلکا

تیز۔
الذَفِیف والمُذَفَّف. ہلکا پھلکا تیز۔
ذَفْذَفَ ذَفْذَفَةً. الجَرِیْحَ: مار ڈالنا۔
ذَفْذَفَ: ناز سے چلنا۔
ذَفِرَ (س)ذَفَرًا. الشَّیُٔ: بو ظاہر ہونا(عام طور سے بدبو میں ☐ ہے)صفت(ذَفِر و اَذْفَر) مؤنث ذَفِرَة و ذَفْراء النَّبْتُ: زیادہ ہونا۔
اِسْتَذْفَرَ. بالاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔
الذَفَر والذَفَرَة. بو کی تیزی۔ بدبو۔
الذَفْراء. ایک قسم کی بدبودار سبزی۔
الذِفْرَیٰ. کان کے پیچھے کی ہڈی۔ ج ذِفْرَیات وذَفَارَیٰ وذَفَار.
رَوْضَةٌ (مَذْفُوْرَة) باغ جس میں ذفراء سبزی بہت ہو۔
اَلذَّفْرَةُ: ایک خوشبودار پودے کا نام۔
ذَقَنَهٗ (ن)ذَقْنًا. ٹھوڑی پر مارنا(وَذَقَنَ) عَلیٰ یَدِہٖ اَوْعَصَاہ: ٹھوڑی کو سہارا دینا۔
ذَاقَنَه مُذَاقَنَةً. تنگ کرنا۔
الذَقَن والذِقَن. ٹھوڑی۔ ج اَذْقَان.
الذَقِن. بہت بوڑھا۔
الذَاقِنَة. حلق کے کنارہ پر ابھرا ہوا حصہ۔
الاَذْقَن. لمبی ٹھوڑی والا۔ مؤنث ذَقْنَاء. ج ذُقْن.
ذَکَرَ (ن)ذِکْرًا و تِذْکَارًا. اَللّٰہَ: تسبیح و تمجید کرنا۔الشَّیُٔ: دل میں یاد کرنا۔لِفُلَان حَدِیْثًا: ذکر کرنا۔الاَمْرَ: اچھی طرح سمجھنا۔اِسمَ اللّٰہ: اللہ کا نام لینا۔حَقَّ فُلَانٍ. کسی کے حق کی حفاظت کرنا۔
ذَکَّرَ. الکَلِمَةَ: مذکر استعمال کرنا۔ذَکَّرَہ الشَّیُٔ وذَکَّرہ بِه: یاد دلانا۔القَوْمَ: وعظ و نصیحت کرنا۔
اَذْکَرَہٗ. الشَّیُٔ: یاد دلانا۔المَرْأَةُ: لڑکے جننا۔ صفت(مذکر)
ذَاکَرَہٗ مُذَاکَرَةً. فِی اَمْرٍ: کسی معاملہ میں گفتگو کرنا۔
تَذَکَّرَ. الشَّیُٔ: یاد کرنا۔

تَذَاکَرُوْا. فِی الاَمْرِ: کسی کام میں باہم مشغول ہونا۔تَذَاکَرُوْا الشَّیُٔ: کسی چیز کو یاد کرنا۔
اِدَّکَرَوا اِدَّکَرَ واِذْدَکَرَ واِسْتَذْکَرَ. الشَّیُٔ: یاد کرنا۔واِسْتَذْکَرَ الشَّیُٔ: پڑھنا۔ حفظ کرنا۔اِسْتَذْکَرَ الرَّجُلَ: یادداشت کے لیے کسی کی انگلی میں دھاگا باندھ دینا۔
الذِکْر. س۔ شہرت۔ کہا جاتا ہے"لَهٗ ذِکْرٌ فِي النَّاسِ" اس کی لوگوں میں شہرت ہے۔ تعریف و ثنا۔ شرف و بزرگی۔ نماز و دُعا۔ وَالذِکْرُ مِنَ الرِّجَالِ: توانا و دلاور مرد۔ مِنَ القَوْلِ: بلند و سنجیدہ قول۔مِنَ المَطَرِ: بڑے قطروں والی بارش۔ ذِکْرُ المَیِّتِ: مرنے کے بعد لوگوں کی زبان پر نام باقی رہنا۔ ذِکْرِ الحَقِّ: چک۔ ج ذُکُوْر.
الذُکْر. یاد آوری۔ کہا جاتا ہے" واجْعَلْهُ مِنِّی عَلیٰ ذُکْرٍ" اس کو میرے لیے ایسا کر دے کہ میں نہ بھولوں۔
الذِکِر والذَکِّیر والذَکُوْر والذِکِّیْر. بہت یاد کرنے والا۔ اچھی قوت حافظہ والا۔ اچھی یادداشت والا۔ والذَکِیْر مِنَ الحَدِیْدِ: عمدہ اور سخت لوہا۔رَجُلٌ ذَکِیْرٌ: خوددار مرد۔اِمْرَأَةٌ ذَکِرَةٌ: مردوں سے مشابہت کرنے والی عورت۔
الذِکْرَة. یاد۔
الذَکَر. نر۔مِنَ الحَدِیْدِ: عمدہ لوہا۔مِنَ النُحَاسِ: سخت تانبا جو اچھی طرح کوٹا نہ جا سکے۔سَیْفٌ ذَکَرٌ: تلوار جس کی دھار عمدہ لوہے کی ہو اور پشت معمولی لوہے کی۔مَطَرٌ ذَکَرٌ: سخت بارش۔الذَکَرُ مِنَ النَخْلِ: پھل نہ دینے والا کھجور کا درخت۔ ج ذُکُوْر و ذُکُوْرَةٌ وذُکْرَان وذِکَارٌ وذِکَارَة وذِکَرَة. ذُکُوْرُ البَقْلِ: وہ ترکاریاں جو لمبی اور سخت ہو گئی ہوں۔
الذَکَر. عضو تناسل۔ ج ذُکُوْرٌ و مَذَاکِیْر.
الذِکْرَیٰ. یاد دہانی۔ دل یا زبان سے یاد کرنا۔

الذُکْرَة. شہرت۔ کلہاڑی کے سر پر فولاد کا ٹکڑا۔وذُکْرَةُ السَّیْفِ: تلوار کی تیزی۔
الذَاکِرَة. ذاکر کا مؤنث۔ قوت حافظہ۔
التَذْکِرَة. ضرورت کو یاد دلانے والی چیز۔و عِنْدَ المُوَلِّدِیْنَ: سر ☐۔ پاسپورٹ۔ ٹکٹ۔ ج تَذَاکِر.
رَجُلٌ (ذَکَّار) اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کرنے والا۔
الذُکُوْرَة. مردمی۔
المُذْکِر. لڑکے جننے والی عورت۔ یَوْمٌ مُذْکِرٌ: سخت دہشت کا دن۔ طَرِیْقٌ مُذْکِرٌ: خوفناک راستہ۔ دَاهِیَةٌ مُذْکِرٌ: سخت مصیبت۔
المُذَکَّر. نر۔مِنَ السُیُوْفِ: آبدار تلوار۔ طَرِیْقٌ مُذَکَّرٌ: خوفناک راستہ۔ یَوْمٌ مُذَکَّرٌ: سخت دہشت کا دن۔
المُذْکِرَة والمُتَذَکِّرَة. مردوں کی مشابہت کرنے والی عورت۔
المِذْکَار. عورت جس کی عادت لڑکے جننے کی ہو۔اَرْض مِذْکَارٌ: سخت ترکاری اگانے والی زمین۔
ذَکَتْ تَذْکُوْ ذُکُوًّا وذَکًا وذَکَاءً واِسْتَذْکَتِ. النَّارُ: سخت شعلہ بھڑکنا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا۔الحَرْبُ: لڑائی کا تیز ہونا۔
ذَکِیَ یَذْکیٰ وذَکِیَ یَذْکیٰ وزَکُوَ یَذْکُوْ ذَکَاءً. تیز خاطر ہونا۔ صفت ذَکِیٌّ) مؤنث ذَکِیَّة. ج اَذْکِیَاء.
ذَکَا یَذْکُوْ ذَکًا وذَکَاةً. الذَبِیْحَة: ذبح کرنا(ذَکَاءً) المِسْکُ مشک کی خوشبو بھڑکنا۔ صفت ذَکِیٌّ)
ذَکیٰ. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔الحَرْبَ: لڑائی کی آگ بھڑکانا۔الذَبِیْحَةَ: ذبح کرنا۔الرَّجُلُ: بڑی عمر کا اور موٹا ہونا۔
اَذْکیٰ. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔ روشن کرنا۔ الحَرْبَ: لڑائی کی آگ بھڑکانا۔ اور کہا جاتا ہے"اَذْکیٰ عَلَیْهِ العُیُوْن" اس نے اس پر

جاسوس بھیجے۔
اِسْتَذْکیٰ اِسْتِذْکَاءً. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔ روشن کرنا۔اِسْتَذْکَتِ النَّارُ: آگ کا تیز بھڑکنا۔
الذَّکَاء. س۔ تیزی خاطر۔زود فہمی۔
ذُکَاء. آفتاب کا اسم علم ہے (غیر منصرف) کہا جاتا ہے ''طَلَعَتْ ذُکَاءُ'' آفتاب طلوع ہوگیا۔اِبْنُ ذُکَاءَ: صبح۔
الذُّکْوَۃُ والذُّکْیَۃُ. ایندھن۔ آگ سلگانے کی چیز۔
المَذْکَاء. س۔ انگار(و الذَّکَاۃ) ذبح۔
المُذْکِی والمُذَکّی. مِنَ السَّحَابِ: بہت بارش والا بادل۔المُذَکّی مِنَ الخَیْلِ: گھوڑا جس کی عمر پوری اور قوت کامل ہوچکی ہو۔ج المَذَاکی والمُذَکّیات.
ذَلَّ (ض) ذُلًّا وذِلَّةً وذَلَالَةً ومَذَلَّةً. ذلیل ہونا۔خوار ہونا۔صفت ذَلِیْل وذُلَّان۔ ج اَذِلَّاء واَذِلَّة وذِلَال. (ذُلًّا وذِلًّا) البَعِیْرُ: آسانی سے تابع ہونا۔صفت ذَلُوْل ج ذِلَّة وذُلُل. کہا جاتا ہے ''ذَلَّتْ لَهُ القَوَافِی'' اسے قوافی کی آمد ہوئی۔
ذَلَّلَهُ واَذَلَّهُ واسْتَذَلَّهُ. ذلیل کرنا۔اَذَلَّهُ واسْتَذَلَّهُ: ذلیل پانا۔اَذَلَّ الرَّجُلُ: مستحق ذلت ہونا۔ذلیل ساتھیوں والا ہونا۔
ذُلِّلَ. الکَرْمُ: گچھے لٹکایا جانا یا برابر کیا جانا النَّخلُ: درخت خرما کے خوشوں کو لکڑی پر رکھنا۔
تَذَلَّلَ. لَهُ: خاکساری وفروتنی کرنا۔
الذِّلُّ. س۔ مہربانی ونرمی۔ذِلُّ الطَّرِیْقِ: راستہ کا روندا ہوا حصہ ج اَذْلَال. کہا جاتا ہے ''دَعْه عَلیٰ اَذْلَالِه'' اس کو اپنی حالت پر چھوڑ دو۔و''جَاءَ عَلیٰ اَذْلَالِه'' وہ اپنے طور طریقہ پر آیا۔و''اُمُوْرُ اللّٰهِ جَارِیَةٌ اَذْلَالَها اَوْ عَلیٰ اَذْلَالِها'' اللہ کے امور حسب مواقع جاری ہیں۔و اَذْلَالُ النَّاسِ: سب سے آخری لوگ۔
الذُّلُّ. س۔ تابعداری۔ سہولت۔ نرمی۔ تواضع۔ کہا جاتا ہے ''ذُلٌّ ذَلِیْلٌ'' ذلیل کرنے والا یا بڑی ذلت۔
الذُّلُوْلِیُّ. نرم اور اچھے اخلاق والا۔
طَرِیْقٌ مُذَلَّلٌ. چلتا ہوا راستہ۔
شَجَرَةٌ (مُذَلَّلَةٌ) درخت جس کو ہر شخص پالے۔
ذَلَجَ (ن) ذَلْجًا. المَاءَ: گھونٹ گھونٹ پینا۔
الذُّلَاح. پانی ملا ہوا دودھ۔
ذَلَغَ (ف) ذَلْغًا. پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔صفت اَذْلَغ الطَّعَامَ:) کھانا الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
ذَلِغَت (س) ذَلَغًا. شفته: ہونٹ کا الٹنا۔ صفت اَذْلَغ)
تَذَلْذَلَ. الشَّیْءُ: ڈھیلا ہونا۔مضطرب ہونا۔
الذُّلْذُلُ والذِّلْذِل. کپڑے کا دامن۔ ج ذَلَاذِل. کہا جاتا ہے ''شَمِّرْ ذَلَاذِلَكَ لِهٰذَا الْاَمْرِ'' اس کام کیلئے اپنے دامن کو سمیٹ لو۔ یعنی مستعد ہو جاؤ۔ ذَلَاذِلُ النَّاسِ وُ ذُلَیْذِلَاتُهُمْ'' سب سے آخری لوگ۔
ذَلِفَ (س) ذَلَفًا. الانفُ: ناک چھوٹی اور ہموار ہونا۔
الاَذْلَف. چھوٹی اور ہموار ناک والا۔مؤنث ذَلْفَاء ج ذُلْف.
ذَلَقَ (ن) ذَلْقًا واَذْلَقَ. الطَّائِرُ: بیٹ کرنا۔ذَلَقَ اللِّسَانُ: تیز و فصیح ہونا۔(و اَذْلَقَ وذَلَّقَ) السِّکِّیْنَ: چھری تیز کرنا۔
ذَلَقَه واَذْلَقَه وذَلَّقَه: کمزور ولاغر کرنا۔ذَلَقَ الضَّبَّ: بجو کو باہر نکالنے کیلئے سوراخ میں پانی ڈالنا۔
ذَلِقَ (س) ذَلَقًا. السَّیْفُ او اللِّسَانُ: تلوار یا زبان کا تیز ہونا۔السِّرَاجُ: چراغ روشن ہونا۔الرَّجُلُ: رنجیدہ ہونا۔ مِنَ العَطَشِ: پیاس سے قریب الموت ہونا۔
ذُلِقَ (ک) ذَلَاقَةً. اللِّسَانُ: فصیح ہونا۔
اِنْذَلَقَ. تیز زبان ہونا۔
الذَّلْق. مَذْلَقُ الشَّیْءِ وذَلْقَتُه: کسی چیز کی تیزی۔ذَلْقُ اللِّسَانِ: زبان کا کنارہ۔
ذَلْقُ السَّهْمِ: تیر کا باریک حصہ۔
الذَّلِق والذَّلْق والذُّلُق والذُّلْق والذَّلِق والذَّلِیْق. مِنَ الاَلْسِنَةِ او الاَسِنَّةِ: تیز زبان یا بھالا۔کہا جاتا ہے ''لِسَانٌ ذَلِقٌ طَلِقٌ وذُلُقٌ طُلُقٌ وذَلْقٌ طَلْقٌ'' تیز زبان فصیح و بلیغ۔
الاَذْلَق. مِنَ الاَلْسِنَةِ او الاَسِنَّةِ: تیز زبان یا بھالا۔ ج ذُلْق.
الذَّوْلَق. مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی تیزی۔
ذَوْلَقُ اللِّسَانِ: زبان کا کنارہ۔ اور اسی سے ہے ''اَلاَحْرُفُ الذَّوْلَقِیَّةُ'' یعنی وہ حروف جن کا مخرج کنارہ زبان ہے۔
یہ حروف چھ ہیں تین ان میں سے شفوی (دو ہونٹ کے ملنے کی وجہ سے ادا ہونے والے حرف) وہ تین حرف: با- فا- میم ان کا دوسرا نام ذُلقیه ہے- ان میں سے تین حرف زبان کی جڑ سے ادا ہوتے ہیں- وہ تین حرف لام' رانون- ان کا نام ویقة ہے-
ان میں سے تین حرف زبان کی جڑ سے ادا ہوتے ہیں- وہ تین حرف لام' رانون' ان کا نام ویقة ہے-
المُذْلَق. تیز کنارہ والا۔پانی ملا ہوا دودھ۔
ذَلِیَ یَذْلیٰ ذَلْیًا. الرُّطَبُ: ترکھجور چننا۔
اِنْذَلیٰ. الرُّطَبُ: ترکھجور چنا جانا۔
تَذَلّیٰ. تواضع۔فروتنی کرنا۔
اِذْلَوْلیٰ. ذلیل ہونا۔ مطیع ہونا۔ چھپ کر چپکے سے جلدی نکل جانا۔
ذَمَّهُ (ن) ذَمًّا و مَذَمَّةً: برائی بیان کرنا الاَنْفُ: رینٹ بہنا۔
ذَمَّمَهُ. برائی بیان کرنے میں مبالغہ کرنا۔
ذَامَّ. عَیْشَهُ: قناعت کرتے ہوئے گزارہ کرنا۔
اَذَمَّهُ. قابل مذمت پانا۔ پناہ دینا اور اپنی حفاظت میں لے لینا۔الرَّجُلُ: قابل مذمت فعل کرنا۔لَه وَلَهُ: کسی کے لیے پناہ لینا المَکَانُ: خشک و بے برکت ہونا۔اَذَمَّ بِهِمْ:

حقارت کرنا اور بقول بعض مذموم حالت میں چھوڑنا۔

تَذَامَّ القومُ: ایک دوسرے کی برائی بیان کرنا۔

تَذَمَّمَ منه: ننگ و عار سمجھنا اور شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ اَتَذَمَّمُ مِنَ الْقَوْمِ" میں قوم سے دوسروں کی طرف منتقل ہو جاؤں گا۔

اِسْتَذَمَّ قابل مذمت فعل کرنا۔ به: پناہ طلب کرنا اِلٰی فُلَان: کسی کے ساتھ ایسا فعل کرنا جس پر وہ اس کی مذمت کرے۔

الذَّمّ س۔ برائی۔ مذمت۔ ج ذُمُوْم۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلْ کَذَا و خَلَاكَ ذَمٌّ" ایسا کرو تمہیں اس پر ملامت نہ ہوگی۔ الذَّمّ بمعنی مذمُوم مصدر بمعنی مفعول۔

بئر (ذَمَّة) کم پانی والا کنواں۔ زیادہ پانی والا کنواں۔

الذِمُّ کفالت۔ بہت زیادہ لاغر۔ ہلاک ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذِمٌّ" ہلاک ہونے والا مرد۔

الذِمام حق۔ عزت۔ حرمت۔ ج اَذِمَّة۔

الذَمَامَة و الذِمَامَة کفالت۔

الذُمَامَة بقیہ۔

الذِمَّة امان۔ عہد۔ ذمہ داری۔ کہا جاتا ہے "فِیْ ذِمَّتِیْ کَذَا" یعنی میری ذمہ داری میں۔ ج ذِمَم۔ اَهْلُ الذِمَّة: دارالسلام میں جزیہ دے کر رہنے والے کفار۔ ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنے والی قوم۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ فِیْ ذِمَّةِ اللّٰه" تو اللہ کی پناہ میں ہے۔

الذِمِّیْ جزیہ دے کر دارالسلام میں رہنے والا۔

الذَمِیْم برا۔ منہ پر کی پھنسی۔ شبنم۔ رینٹ۔ بدمزہ پانی۔ بئرٌ ذَمِیْم: کم یا زیادہ پانی والا کنواں (ضد) ج ذِمَام

المُذِم فا۔ بے حرکت۔ اَمْرٌ مُذِمٌّ: عیب دار۔

المَذَمَّة س۔ برائی۔ حق و حرمت۔ اور اسی سے ہے "هُوَ یَحْفَظُ مَذَمَّتَه" وہ اپنے حق کی حفاظت کرتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے "قَضٰی مَذَمَّتَه اَوْ مَذِمَّتَه" اس نے مذمت و برائی کے خوف سے اس کے ساتھ احسان کیا۔ "وَاَذْهِبْ مَذَمَّتَه بِشَیْءٍ" اس کو کچھ دو کہ اس کا حق ہے۔

المُذَمَّم مذموم۔

ذَمَأ (ف) ذَمْأ الامرُ عَلَیْه: دشوار ہونا۔

ذَمْذَمَ الرجلُ: تھوڑا عطیہ دینا۔

ذَمَرَه (ن) ذَمْرًا دھمکی دینا۔ ذَمَرَه عَلَی الْاَمْرِ: ملامت کے ساتھ کسی کام پر برانگیختہ کرنا الاَسَدُ: گونجنا۔ دھاڑنا۔

ذَمَّرَ الشَّیْءَ: اندازہ کرنا الرَّجُلَ: کسی کے مونڈھے کو چھونا۔

تَذَمَّرَ فوت شدہ چیز پر اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ یَتَذَمَّرُ عَلٰی رَبِّه" وہ اپنے رب پر بگڑتا تھا عَلٰی فُلَان: بگڑنا اور دھمکی دینا۔ (وتَذَامَرَ) القَوْمُ ایک دوسرے کو جنگ پر برانگیختہ کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

الذَمِر و الذِمِر و الذِمْرُ و الذِمِّیْر بہادر۔ ج اَذْمَار

الذِمَار ہر وہ چیز جس کی حمایت و حفاظت ضروری ہو۔ حرم۔ اپنے لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَمْنَعُ ذِمَارًا مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ حفاظت کرنے والا ہے و "هُوَ حَامِیُ الذِمَار" وہ قابل نگہداشت چیز کی حمایت و حفاظت کرنے والا ہے۔

ذَمَارِ جنگ پر برانگیختہ کرنے کے لیے اسم فعل ہے۔

الذَمَارَة شجاعت۔ بہادری۔

الذَیْمُرِیُّ تیز طبیعت۔

المُذَمَّر کندھا۔ گردن اور اس کا اردگرد۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ الْاَمْرُ الْمُذَمَّرَ" معاملہ شدت کو پہنچ گیا۔

ذَمَلَ (ن ض) ذَمْلًا و ذُمُوْلًا و ذَمِیْلًا و ذَمَلَانًا البَعِیْرُ: اونٹ کا آہستہ چلنا۔

ذَمَّلَ البَعِیْرَ: اونٹ کو آہستہ چلانا۔

نَاقَة (ذَمُوْل) آہستہ چلنے والی اونٹنی۔ ج ذُمُل

الاَذْمَل برص والا۔

ذَمِه (س) ذَمْهًا الحَرُّ: گرمی سخت ہونا الرجُل بالحَرّ: سخت گرمی لگنا۔

ذَمِیَ (س) ذَمًا و ذَمَاءً ہلنا۔

ذَمِیَ (ض) ذَمَاءً لمبی بیماری والا ہونا۔ قریب الموت ہونا۔ بدبو نکلنا (ذَمْیًا) جلدی کرنا (ذَمَتْهُ الرِیْحُ تَذْمِیَه ذَمْیًا) تکلیف دینا۔

اَذْمَی اِذْمَاءً فُلَانًا: مار کر مرنے کے قریب کر دینا۔

اِسْتَذْمَی مَا عِنْدَه: جو کچھ کسی کے پاس ہو ڈھونڈ کر سب کچھ لے لینا۔

الذَمْی بدبو۔

الذَمَاء بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "اَطْوَلُ ذَمَاءً مِنَ الضَبِّ" وہ بجو سے زیادہ سخت جان ہے۔ اس وجہ سے کہ بجو کی روح بڑی دیر میں نکلتی ہے۔

ذَنَّ (ض) ذَنِیْنًا و ذَنَنًا المُخَاطُ: رینٹ بہنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّه لَیَذِنُّ" یعنی وہ بڑھاپے یا مرض کی وجہ سے ضعیف ہے۔ و "مَا زَالَ یَذِنُّ فِیْ تِلْكَ الحَاجَةِ حَتّٰی اَنْجَحَهَا" ہمیشہ اس حاجت میں لگا رہا یہاں تک کہ اس کو کامیاب کر لیا۔

ذَنَّ (س) ذَنَنًا و ذَنَنَ رینٹ بہنے والا ہونا۔

ذَنَّ (ض) ذَنِیْنًا البَرْدُ: سخت سردی ہونا۔

الذَنَن گندگی۔

الاَذَنّ وہ شخص جس کے دونوں نتھنوں سے رینٹ بہہ رہی ہو۔ مؤنث ذَنَّاء۔ ج ذُنٌّ اور اَنْفُكَ مِنْكَ وَاِنْ كَانَ اَذَنَّ مثال ہے۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے ضعفاء قوم سے بیزار ہو۔

الذُنَان و الذَنِیْن بہنے والی رینٹ۔

الذُنَانَة حاجت۔ کمزور چیز کا بقیہ۔

ذنبہ (ض ن) ذنبا و پیچھے لگے رہنا۔
ذَنَّبَ العِمامَةَ: شملہ لٹکانا الکتابَ: تتمہ لگانا الضَّبَّ: بجو کی دُم پکڑ لینا الجرادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا (الضَّبُّ: بجو کا سوراخ سے صرف دُم باہر نکالنا۔

اَذْنَبَ الرجلُ: گنہگار ہونا۔

تَذَنَّبَ علیه: زیادتی کرنا الرَّجلُ: شملہ لٹکانا الطریقَ: راستہ اختیار کرنا۔

تَذانَبَ السَّحابُ: بادلوں کا ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔

اِسْتَذْنَبَه پیچھے جانا۔ گنہگار پانا یا سمجھنا الامْرُ: کامل ہونا۔

الذَّنْب گناہ۔ ج ذُنُوب و جج ذُنُوبات۔

الذَّنَب مِنَ الحَیَوان: دم۔ ج اَذْناب۔ اَذْنابُ النّاسِ: معمولی لوگ۔ ذَنَبُ العَقْرَب: بچھو کا ڈنک۔ ذَنَبُ السَّوْطِ: کوڑے کا کنارہ۔ ذَنَبُ الثَّعْلَب وذَنَبُ الفَرَس وذَنَبُ الخَیْل: مختلف نباتات کے نام۔ اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَ بِذَنَبِه" اس نے اقامت کرلی۔ ورَکِبَ ذَنَبَ البَعِیرِ وہ ناقص حصہ پر راضی ہو گیا۔ ورَکِبَ ذَنَبَ الرِّیحِ وہ آگے بڑھ گیا اور کوئی اس کو نہ پا سکا۔ و "بَیْنِی وبَیْنَه ذَنَبُ الضَّبِّ" میرے اور اس کے درمیان دشمنی ہے۔

الذِّناب اونٹ کی دُم باندھنے کی رسی۔

ذِنابُ الشیءِ: چیز کا پچھلا حصہ۔ ج ذَنائِب۔

الذِّنابة قرابت۔ (والذُّنابة والذِّنَبة) مِنَ الوادِی وادی کے بہنے کی انتہائی جگہ۔

الذِّنَبة: دم۔ ذِنَباتُ النّاسِ وذُناباتُهم: لوگوں میں معمولی اور گھٹیا درجے کے لوگ۔

الذُّنابی پرندہ کی دم۔

الذَّنُوب مِنَ الخَیْلِ: لمبی اور زیادہ بالوں کی دُم والا گھوڑا۔ ج ذَنائِب و ذِناب واَذْنِبة۔ الذَّنُوبُ: قبر۔ دنبہ کی چکی کا گوشت۔

ضَبٌّ (اَذْنَبُ) لمبی دُم والی گوہ۔

الذِّنَبِیّ والذَّنَبِیّ۔ دم۔

المِذْنَب لمبی دم۔ پتلا نالہ۔ کہا جاتا ہے "سالَت المَذانِبُ" نالے بہ پڑے (والمِذْنَبة) چمچہ۔

المُذَنَّب دُم دار۔ اور اسی سے ہے "نَجْمٌ مُذَنَّبٌ" دُم دار تارہ۔

المُذانِب مِنَ الابلِ والخَیْلِ: سب سے آخر میں چلنے والا اونٹ یا گھوڑا۔

نَجْمٌ مُذَنَّبٌ دم دار ستارہ۔ اس ستارے کا دم کئی سالوں کے بعد ظہور ہوتا ہے۔ ١٩١٠ء میں ظاہر ہوا تھا اب ١٩٨٨ء میں ظاہر ہوگا۔

ذہ وذِہ اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے اور اس پر "ھا" تنبیہ داخل کرتے ہیں اور کہتے ہیں هٰذِهٖ و هٰذِه۔

ذَهَبَ (ف) ذَهابًا وذُهُوبًا ومَذْهَبًا۔ جانا۔ گزرنا۔ مرنا۔ الامْرُ: ختم ہونا علی الشیءِ: بھول جانا بہ: لے جانا۔ ساتھ جانا۔ جگہ سے ہٹانا اور اسی سے ہے "ذَهَبَتْ بِهِ الخُیَلاءُ" اس کو تکبر لے گیا یعنی اس کو اس کے مرتبہ سے گرا دیا۔ فی المَسْئلة اِلٰی کَذا: فلاں رائے اختیار کرنا۔

ذَهِبَ (س) ذَهَبًا سونے کی کان میں بہت سا سونا پا کر حیران ہونا۔

اَذْهَبَ وذَهَّبَ سونے کی قلعی کرنا۔ صفت مفعولی (ذَهِیبٌ ومُذْهَبٌ و مُذَهَّبٌ) اَذْهَبَه واَذْهَبَ بِه: لے جانا۔ جگہ سے ہٹانا۔

الذَّهَب س۔ سونا (کبھی مؤنث بھی بولتے ہیں) ج اَذْهاب و ذُهُوب و ذُهْبان۔ ایک ٹکڑے کو (ذَهَبَة) کہتے ہیں۔ الذَّهَب: انڈے کی زردی۔ ج ذِهاب و اَذْهاب و جج اَذاهِیب۔

الذِّهْبَة ہلکی یا بہت بارش۔ ج ذِهاب واَذْهاب و جج اَذاهِیب۔

الذَّهُوب جانے والا۔

المَذْهَب س۔ روش۔ طریقہ۔ اعتقاد۔ اصل۔ ج مَذاهِب "تَمَذْهَبَ بِالمَذْهَبِ" اسی سے فعل بنا ہے یعنی اس نے مذہب اختیار کیا۔ مشہور مذاہب چار ہیں۔ حنفی۔ شافعی۔ حنبلی۔ مالکی۔

المُذْهَبات زمانہ جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے آٹھ تعلقات کے علاوہ سات قصائد۔

ذَهِرَ (س) ذَهَرًا۔ فوہ: کالے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَذْهَر) مؤنث ذَهْراء۔ ج ذُهْر۔

ذَهَلَ (ف) ذَهْلًا و ذُهُولًا۔ الشیءَ و عَنْهُ: بھول جانا۔ غافل ہو جانا۔

ذَهِلَ (س) ذُهُولًا۔ ہکا بکا ہونا۔ ہوش میں نہ رہنا۔

اَذْهَلَ غافل کر دینا۔

الذُّهْل والذَّهْل مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔

المَذْهَل ہکا بکا ہونے کی جگہ۔

الذُّهْلُول مِنَ الخَیْلِ او الرِّجال: عمدہ گھوڑا۔ اچھا آدمی۔ ج ذَهالِیل۔

ذَهَنَ (ف) ذَهْنًا۔ الامْرَ: سمجھنا۔ تیزی خاطر میں غالب آنا (واَذْهَنَ واسْتَذْهَنَ) الرَّجُلَ عَنِ الامْرِ: فراموش کر دینا۔

ذَهِنَ (س) ذَهَنًا۔ الشیءَ: سمجھنا۔

ذَهُنَ (ک) ذَهانَةً اچھے حافظہ والا ہونا۔

ذُهِنَ ذہن کا زائل ہونا۔

ذاهَنَه زیرکی و تیزی خاطر میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّه یُذاهِنُ النّاسَ یُفاطِنُهُم" وہ لوگوں سے ذہانت اور فطانت میں مقابلہ کرتا ہے۔ اَقْرَبُ المَوارِد میں شرح اشارات کے حوالہ سے ہے کہ علوم حاصل کرنے کے لئے نفس کی استعداد کا نام ذہن ہے اور اس استعداد کی جودت کا نام فطانت۔

الذِّهْن سمجھ۔ عقلی قوت۔ حافظہ۔ زیرکی۔ تیزی خاطر۔ چربی۔ قوت اور اسی سے ہے "ما بِرِجْلِی ذِهْنٌ" میرے پیر میں چلنے کی قوت نہیں۔ ج اَذْهان۔

الذِهن. سمجھ۔ زیرکی۔ ج اَذْهان. کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اهل الاذهان" وہ سمجھ دار لوگوں میں سے ہے۔

رجل "ذَهِن و ذِهْنٌ" ذکی اور سمجھ دار مرد۔

ذَهَا (ن) ذَهْوًا. تکبر کرنا۔

ذُوْ. صاحب مالک۔ تثنیہ ذَوَان. ج ذَوُوْنَ (اس کا اعراب اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب ہے) کہا جاتا ہے "وَجَدْتُه ذَاصَبَاحٍ" میں نے اس کو صبح کے وقت پایا و "جَاءَ مِنْ ذِيْ نَفْسِه" وہ فرمانبرداری کی حالت میں آیا۔ اور فقہاء کے قول "ذُوالْيَد اَحَقُّ" کا مطلب یہ ہے کہ قبضہ کرنے والا زیادہ حق دار ہے "وكَانَ ذٰلِكَ مِنْ ذِيْ قَبْلُ" یعنی یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔

ذَوُوْالْاَرْحَام: رشتہ دار۔ اقرباء۔ الذَوُوْن والْاَذْوَاء: یمن کے بادشاہ جن کے نام لفظ ذو سے شروع ہوتے ہیں۔ جیسے ذُوْيَزَن. ذُوْنَوَاس. ذُوْرِيَاش. وغیرہ۔

ذَاتُ. ذُوْ کا مؤنث۔ تثنیہ ذَوَاتَان. ج ذَوَات (اس کا اور اس کے تثنیہ اور جمع کا اعراب انہی جیسے مشابہ کلمات کا اعراب جیسا ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهٗ ذَاتَ يَوْمٍ او ذَاتَ لَيْلَة اَوْذَاتَ مَرَّةٍ" میں نے اس سے کسی دن یا کسی رات یا کسی دفعہ ملاقات کی۔ "وكَانَ ذٰلِكَ ذَاتَ الْعُوَيْم" یہ گزشتہ سال تھا۔ و "جَلَسَ ذَاتَ الْيَمِيْن" وہ داہنی جانب بیٹھا۔ "وَلَقِيْتُه اَوَّلَ ذَاتِ يَدَيْنِ" میں سب سے پہلے اس سے ملا۔ ذَاتُ الصَّدْرِ: فکر یا بھید۔ ذَاتُ الْيَمِيْن: داہنی جانب۔ ذَاتُ الْبَيْن: حال۔ کہا جاتا ہے "اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُم" تم لوگ اپنی اس حالت کو درست کرو جس پر اتفاق کر سکتے ہو۔

ذَاتُ شَفَةٍ: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُه فَمَا رَدَّ عَلَيَّ ذَاتَ شَفَةٍ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے جواب میں ایک کلمہ بھی نہیں کہا۔

ذَاتُ الْيَدِ: ملکیت۔ کہا جاتا ہے "قَلَّتْ ذَاتُ يَدِه" اس کی ملکیت کم ہو گئی اور کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَّجَاجَةُ ذَاتَ بَطْنِهَا" یعنی مرغی نے انڈا دیا یا بیٹ کی۔ ذَاتُ الْجَنْب عِنْدَ الْاَطِبَّاء: نمونیا۔ ذَاتُ الرئة وذَاتُ الصَّدْر و ذَاتُ الكَبِد: بیماریوں کے نام۔

الذات. وہ چیز جو جاننے یا خبر دینے کے قابل ہو۔ ذاتُ الشَّيْئِ: نفس شئ. عين شئ. جوهر شئ. اِسْمُ الشَّيْئِ. عِنْدَ النُّحاة: نحویوں کے نزدیک اسم ذات وہ ہے جو کسی ذات سے تعلق رکھتا ہو۔ جیسے مرد۔ شیر وغیرہ اور اس کے مقابلہ اسم معنی ہے جیسے علم، شجاعت، سخاوت وغیرہ۔ الذَوَات عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْن: قوم کے بڑے بڑے لوگ۔

الذَاتِي. ذات کی جانب منسوب۔

ذَابَ (ن) ذَوَبَانًا و ذَوْبًا. الثَلْجُ او السَّمَنُ: برف یا گھی پگھلنا دَمْعُهٗ: آنسو بہنا الشَّمْسُ: آفتاب کا گرم و تیز ہونا الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بیوقوف ہونا۔ شہد کھانے پر مداومت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَابَ لِي عَلَيْهِ حَقٌّ" میرا حق اس پر ثابت ہوا و "مَا ذَابَ فِي يَدِي مِنْهُ خَيْر" مجھ کو اس سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ و "ذَابَ جِسْمُ الرَجُل" لاغر ہو گیا۔

ذَوَّبَ. السَّمَنَ: گھی پگھلانا الغُلَامَ: لڑکے کے گیسو بنانا۔

اَذَابَ اِذَابَةً. السَّمَنَ: گھی پگھلانا حَاجَتَه: حاجت پوری کرنا القَوْمُ اَمْرَهُم: درست کرنا عَلَى الْعَدُوِّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا۔

اِسْتَذَابَه. پگھلانے کو کہنا۔ شہد مانگنا الشَّيْئَ: باقی رکھنا حَاجَتَهٗ: پوری کرنا۔

الذَاب. عیب۔

الذَوْب. س. خالص شہد۔ ذَوْبُ الذَّهَب: سونے کا پانی یا پگھلا ہوا سونا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الكَلَامُ ذَوْبُ الرُّوْحِ" یہ کلام روح کو پگھلانے والا ہے۔

الذَوْبَة. ذَابَ کا اسم مرۃ کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ مِنْهُ ذَوْبَةٌ" اس سے حماقت ظاہر ہوئی۔ مال کا بقیہ جس کو انسان باقی رکھے فاقة (ذَوُوْب) موٹی اونٹنی۔

الاِذْوَاب والْاِذْوَابَة. مکھن جو ہانڈی میں گھی حاصل کرنے کیلئے پگھلایا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْلٰى مِنَ الذَوْب بالِاذْوَابَة" وہ خالص شہد جو خالص مکھن کے ساتھ ملا ہوا ہو۔ اس سے زیادہ میٹھا ہے۔

المِذْوَب. سونا وغیرہ پگھلانے کی کٹھالی۔

المِذْوَبة. چمچہ۔

ذَاجَ (ن) ذَوْجًا. جلدی کرنا الماءَ: پانی پینا۔

ذَاحَ (ن) ذَوْحًا. سخت چال چلنا۔

(وذَوَّحَ) الإبلَ: اونٹوں کو متفرق و پراگندہ کرنا۔

ذَادَه (ن) ذَوْدًا اوذِيَادًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "ذَادَ الإبلَ عَنِ المَاءِ" اس نے اونٹوں کو پانی سے ہٹا دیا (وذَوَّدَ) عَنْ حَسَبِه: بچانا۔ حمایت کرنا۔ صفت (ذائد) ج ذُوَّد و ذُوَّاد وذَادَة.

اَذَادَ اذَادَة وَاذْوَدَهٗ اِذْوَادًا ہٹانے میں مدد دینا۔

الذَوَّاد. بہت دفع کرنے والا۔

المَذَاد. چراگاہ۔

المِذْوَد. مویشیوں کا تھان۔ جس سے کسی چیز کو ہٹایا جائے۔ بیل کا سینگ۔ زبان۔

رجال (مَذَاوِدُ ومَذَاوِيْد) قابل نگہداشت چیزوں کی حمایت کرنے والے لوگ۔

اَلذَّوْد: اونٹ جن کی تعداد تین سے لے کر تیس (۳۰) تک۔ مؤنث کے لئے اس کا واحد کوئی نہیں یا یہ خود واحد ہے اس کی جمع اَذْوَاد ہے۔

ذَاطَهٗ (ن) ذَوْطًا. سخت گلا گھونٹنا۔ الاِنَاءَ: بھرنا۔

ذَوِطَ (س) ذَوَطًا. چھوٹی چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا۔ صفت (اَذْوَط)

الذَوْطَة. زرد پیٹھ والی مکڑی۔ ج ذِوَاط.

الذَوَط. ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

ذَاعَ (ن) ذَوْعًا. مَالَهٗ: سب کچھ پراگندہ

کر دینا۔

اَذَاعَ اِذَاعَةً. القَوْمُ بِمَا فِي الحَوْضِ: قوم کا سارا پانی پینا الرَّجُلُ بِمَالِهٖ: لے جانا۔

ذَافَ (ن) ذَوْفًا. کشادہ قدم رکھتے ہوئے چلنا۔

ذَاقَ (ن) ذَوْقًا و ذَوَاقًا و مَذَاقًا الشَّيْءَ: چکھنا العَذَابَ. عذاب برداشت کرنا الرَّجُلَ وما عِندَ الرجل: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما ذاق ذواقًا" اس نے کچھ نہیں چکھا۔

تَذَوَّقَ. الشَّيْءَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا۔

تَذَاوَقَ. القَوْمُ الشَّيْءَ: چکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَذَاوَقُوا الرِّمَاحَ" انہوں نے نیزوں کو سنبھالا۔

اِسْتَذَاقَهٗ. آزمائش کرنا۔ تجربہ کرنا۔ لَهُ الأمْرُ: آسانی سے حاصل ہونا۔ اسی سے ہے "لَا يَسْتَذِيقُ لِيَ الشِّعْرُ إِلَّا فِي فُلَانٍ" میرے لیے شعر کی آمد نہیں ہوتی مگر فلاں کے حق میں۔

الذَّوْقُ والذَّائِقَةُ. چکھنے کی قوت۔

الذَّوْقُ والذَّوَاقُ. طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الذَّوْقِ لِلشِّعْرِ" اس کی طبیعت شعر کے لئے زیادہ موزوں ہے

الذَّوَاقُ: مزہ۔ کہا جاتا ہے "ذَوَاقُه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔

المَذَاقُ. مزہ۔ کہا جاتا ہے "مَذَاقُه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔ "وهُوَ مُرُّ المَذَاقِ" وہ کڑوے مزہ کا ہے۔

ذَوِيَ (ض) وذَوِيَ (س) ذُوِيًّا. النَّبَاتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا۔

اَذْوَى اِذْوَاءً. پژمردہ کرنا۔

الذَّوِيُّ. بکری کے چھوٹے بچے۔

الذَّوَاةُ. خربوزہ یا انگور وغیرہ کا چھلکا۔

ذِی اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے۔

ذَيْتَ ذَيْتَ اَوْ ذَيْتِ و ذَيْتُ. بات چیت یا فعل کیلئے کنایہ ہے جیسے "قُلْتُ لَهٗ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے اس سے ایسا ایسا کہا۔ و "فَعَلْتُ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے ایسا ایسا کیا اور اسی کے مانند (ذَيًّا ذَيًّا و ذَيَّةَ ذَيَّةَ) ہیں۔

ذَاجَ (ض) ذَيْجًا. الماءَ: پانی پینا۔

ذَايَجَهٗ مُذَايَجَةً. کسی کے ساتھ ہو کر پینا۔

ذَيَّخَتْ. النَّخْلَةُ: گابھا نہ لگنا۔

اَذَاخَ اِذَاخَةً. بِالْمَكَانِ: گرد اگرد گھومنا بني فلان: ذلیل کرنا۔

الذِّيخُ. دلیر بھیڑیا۔ زیادہ بالوں والا۔ نر بجو۔ مؤنث ذِيخَةٌ. عمدہ گھوڑا۔ تکبر۔ ایک سرخ رنگ کا ستارہ۔ ج اَذْيَاخٌ و ذُيُوخٌ. و ذِيَخَةٌ.

ذَارَهٗ يَذَارُهٗ ذَيْرًا. ناپسند کرنا۔

الذِّيرَةُ. مٹی ملا ہوا گوبر۔

ذَاعَ (ض) ذَيْعًا و ذُيُوعًا و ذَيْعُوعَةً و ذَيَعَانًا. الخَبَرُ: پھیلنا۔ اور کہا جاتا ہے "ذَاعَ فِي جِلْدِهِ الجَرَبُ" اس کے جسم میں کھجلی پھیل گئی۔

اَذَاعَ اِذَاعَةً. الخَبَرَ وبالخَبَرِ: پھیلانا السِّرَّ بِالسِّرِّ: ظاہر کرنا القَوْمُ مَا فِي الحَوْضِ او بِمَا فِيهِ: سارا پی لینا بِالشَّيْءِ: لے جانا۔

اِنْذَاعَ. الخَبَرُ: پھیلنا۔

المِذْيَاعُ. راز کی حفاظت نہ کرنے والا۔ ج مَذَايِيعُ. تم کہتے ہو "فُلَانٌ لِلْاَسْرَارِ مِذْيَاعٌ و لِلْاَسْبَابِ مِضْيَاعٌ" فلاں بھیدوں کو بہت ظاہر کرنے والا اور اسباب کو بہت ضائع کرنے والا ہے۔

الذَّيْفَانُ والذِّيفَانُ. مہلک زہر۔

ذَالَ (ض) ذَيْلًا. الثَّوْبُ: کپڑے کا لمبا ہونا۔ دامن دار ہونا الطَّائِرُ: پرندہ کا دم کو کھینچنا یا پھیلانا النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: اونٹنی کا رانوں پر ادھر ادھر مارنا الجَارِيَةُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا الشَّيْءُ: ادنیٰ ہونا۔ حَالُهٗ: پست و فروتر ہونا فُلَانٌ اِلَى فُلَانٍ: گستاخی کرنا۔

ذَيَّلَ. الثَّوْبَ: کپڑے کا لمبا کرنا۔ الكِتَابَ: کتاب کے آخر میں کچھ بڑھانا۔

اَذَالَ اِذَالَةً وَاَذْيَلَ اِذْيَالًا. الثَّوْبُ: دامن والا ہونا الرَّجُلُ ثَوْبَهٗ: کپڑے کا دامن بنانا۔ دامن لمبا کرنا۔ مَالَهٗ: خرچ کرنا ہ: اہانت کرنا فَرَسَهٗ و غُلَامَهٗ: لاپروائی کی وجہ سے دبلا کرنا۔

المَرْأَةُ قِنَاعَهَا: عورت کا برقع کو لٹکانا۔

الدَّمْعَ: آنسو بہانا۔

تَذَيَّلَ. فِي الكَلَامِ: گستاخی کرنا۔ الجَارِيَةُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا الفَرَسُ فِي اسْتِنَانِهٖ: گھوڑے کا دوڑنے میں خوشی سے دم ہلانا۔

تَذَايَلَ. حَالُهٗ: پست و فروتر ہونا۔

الذَّيْلُ. چیز کا آخری حصہ۔ ذَيْلُ الثَّوْبِ: دامن۔ ذَيْلُ الرِّيحِ: ریت پر ہوا کے نشانات۔ ذَيْلُ الفَرَسِ: دم یا دم کا لٹکا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي ذَيْلٍ ذَائِلٍ" وہ بڑی سخت ذلت میں ہے۔ ج اَذْيَالٌ و ذُيُولٌ و اَذْيُلٌ.

اَذْيَالُ النَّاسِ و ذُيُولُهُمْ: آخر کے لوگ۔

الذَّائِلُ. فا. دامن دار۔ دِرْعٌ ذَائِلٌ او ذَائِلَةٌ: لمبے دامن والی زرہ۔ کہا جاتا ہے "طَالَ ذَيْلُه" یعنی اس کا حال اچھا ہو گیا اور مال بڑھ گیا۔ ثَوْبٌ (مُذَالٌ او مُذَيَّلٌ) لمبے دامن کا کپڑا۔

المُذَالَةُ. باندی۔ لونڈی۔ اور مثل ہے "اَخْيَلُ مِنْ مُذَالَةٍ" باندی سے زیادہ متکبر۔ اس لئے کہ اس کی اہانت کی جاتی ہے اور وہ اپنی حماقت سے ناز و انداز سے چلتی ہے۔ دِرْعٌ مُذَالَةٌ: لمبی زرہ۔

اَرْضٌ (مُتَذَيَّلَةٌ) زمین جس پر ہلکی سی بارش ہو۔

المِذْيَالُ لمبے دامن والا (مذکر و مؤنث)

ذَامَهٗ (ض) ذَيْمًا و ذَامًا. عیب لگانا۔ مذمت کرنا۔ صفت (مَذِيمٌ و مَذْيُومٌ)

الذَّامُ والذَّيْمُ. عیب۔ مذمت۔

الذِّيْنُ. عیب۔

ر: الراء: بنیادی حروف میں سے دسواں ہے۔ یہ حروف الذولقیہ میں سے ہے۔ حساب جمل میں اس کا نمبر ۲۰۰ ہے۔

رَأَبَ (ف) رَأْبًا. الصَّدْعَ: پھٹن درست کرنا۔ مرمت کرنا الشَّیْءَ: جمع کر کے نرم باندھنا بَیْنَهُم: صلح کرانا۔

رَأَبَتِ الْاَرْضُ: سبزی کاٹ لینے کے بعد سرسبز ہونا۔

اِرْتَأَبَ اِرْتِآبًا. الصَّدْعَ: پھٹن درست کرنا۔ پیوند کرنا۔

الرَّأْب. مص۔ پھٹن۔ شگاف۔ سردار۔ ج رِئَابٌ. کہا جاتا ہے "کَفٰی بِفُلَانٍ رَأْبًا لِاَمْرِكَ" فلاں تمہارے امر کو درست کرنے والا کافی ہے۔ (اس جملہ میں مصدر بمعنی اسم فاعل ہے)

الرُّؤْبَة. لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس سے کسی چیز کو درست کیا جائے۔ سوراخ بند کرنے کی چیز۔ گاڑھا دودھ۔ رات کا گزرا ہوا وقت۔ حاجت۔ ج رِئَاب ورُؤْبَات. کہا جاتا ہے "هُوَ رِئَابُ بَنِی فُلَانٍ" وہ بنو فلاں کے اُمور کا درست کرنے والا ہے۔

اَلْمَرْأَبُ: کاروں موٹر سائیکلوں وغیرہ کو درست کرنے کی جگہ (ورکشاپ)

الرَّآَّب والمِرْآب. درست کرنے والا۔

رَأْبَلَ رَأْبَلَةً. ایک جانب کو جھکتے ہوئے چلنا گویا کہ ننگے پیر چلنے کی وجہ سے تکلیف ہے۔

تَرَأْبَلَ. القَوْمُ: چور بنا علَیْهِ: لوٹ ڈالنا۔

الرِّئبَال والرِّيبَال. شیر۔ بھیڑیا۔ ج رَآبِل ورَآبِیْل ورَآبِلَة ورَیَابِیْل.

الرِّئبَال. اکلوتا لڑکا۔

الرَّاتِيْنَج. صنوبر کا گوند۔

رَؤُدَ (ک) رُؤُدَةً. الغُصْنُ: ٹہنی کا تر اور بہت نازک ہونا۔ صفت (رَؤُد)

تَرَأَّدَت. الرِّيْحُ: ہوا کا اِدھر اُدھر چلنا۔

تَرَأَّدَ الرَّجُلُ: اُٹھنے میں کانپنا (وارْتَأَد) الغُلَامُ: خوش عیشی کی وجہ سے لڑکے کے بدن کا تھلکنا الغُصْنُ: جھکنا العُنُقُ: گردن کا پیچیدہ ہونا (تَرَأَّدو تَرَاءَد) الضُّحٰی: روشنی پھیلنا۔ دن چڑھنا۔

رَأْدورَائِد. الضُّحٰی: آفتاب چڑھنے اور روشنی پھیلنے کا وقت۔ والرَّأْد: کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

الرَّادِيُولَا: کتان کی قسم سے ایک پودا۔

الرِّئْد. ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رِئْدِی" یہ میرا ہم عمر ہے۔ درخت کا پودہ۔ ج اَرْآد.

الرَّأْد والرَّأْدَة والرُّؤْد والرُّؤْدَة. خوبصورت نوجوان عورت۔ الرُّؤْد: نرمی سہولت۔ کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

رَأْرَأَ. پتلی پھرانا۔ تیز دیکھنا۔ رَأْرَأَ بِعَیْنَیْهِ: آنکھیں پھرانا۔ صفت مذکر (رَأْرَأ) صفت مؤنث رَأْرَأ ورَأْرَأَة ورَأْرَاء ورَأْرَاءَة

الظِّبَاءُ: ہرنیوں کا دُم ہلانا السَّحَابُ او السَّرَابُ: بادل یا سراب کا چمکنا الرَّجُلُ: پڑھنے یا بولنے میں حرف ر زیادہ بولنا۔

رَؤُسَ یَرْؤُسُ رِئَاسَةً. رئیس ہونا۔

رَأَسَ (ض) رِئَاسَةً. القَوْمَ: سردار قوم ہونا (رَأَسَهُ (ف) رَأْسًا) سر پر زخم پہنچانا السَّیْلُ الغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ جمع کرنا۔

رُئِسَ. دردِ سر والا ہونا۔

رَأَّسَهُ. سردار بنانا۔

تَرَأَّسَ و اِرْتَأَسَ. سردار ہونا۔

اِرْتَأَسَهُ: گردن پکڑ کر زمین میں جھکا دینا۔

اِرْتَأَسَ الشَّیْءَ: کسی چیز کے سرے پر سوار ہونا۔

الرَّأْس سر۔ ج اَرْؤُس ورُؤُوْس و رُؤْس و آرَاس. اس کا اطلاق ہر ذی روح کے لیے ہوتا ہے اور اکثر جانوروں کے لیے جیسے اَرْبَعُوْنَ رَأْسًا مِنَ الغَنَمِ.

الرَّأْس: چیز کی چوٹی۔ سردار قوم۔ رَأْسُ الشَّهْرِ اوالعام: مہینے یا سال کا پہلا دن۔ اور کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ رَأْسًا" اس نے اس کام کو ابتداء کیا۔ و "وَلَدَتْ ثَلَاثَةً رَأْسًا عَلٰى رَأْس" اس عورت نے یکے بعد دیگرے تین بچے جنے۔ و "رُمِیْتُ مِنْكَ فِی الرَّأْس" تیری رائے میرے حق میں ایسی بُری ہوئی کہ تو میری طرف دیکھتا بھی نہیں۔ و "هٰذَا قِسْمٌ بِرَأْسِهٖ" یہ مستقل ایک

قسم ہے۔ و"اَنت علیٰ رَأسِ اَمرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔

رِیَاسُ. السَّیفِ: تلوار کا قبضہ۔
کہا جاتا ہے "اَنتَ علیٰ رِئَاسِ اَمرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔

الرَّائِس. فا. حاکم۔ ج رُؤاس.

الرَّئِیْس والرَّیِّس. سردار قوم۔ چودھری۔ ج رُؤساء.

الرِّئِّیس. مستحکم سرداری والا۔

الرَّوائِس. وادیوں کی بلندیاں۔ اگلے بادل۔ واحد رَئِیسَة.

الرَّأّاس. سری بیچنے والا۔

الاَرْأس. بڑے سر والا۔ مؤنث رَأساء.

الرُّواسِیُّ. بڑے سر والا۔

المِرْآس. مِنَ الخَیلِ: وہ گھوڑا جو گھڑ دوڑ میں دوسرے گھوڑوں کے سر کو کاٹے۔ گھڑ دوڑ میں آگے بڑھنے والا۔

المُرائِس. جنگ سے جی چرانے والا۔

المَرْؤُوس. رعیت، محکوم۔ بڑے سر والا (والرَّئِیْس) وہ شخص جس کے سر میں زخم لگا ہو۔

رَأفَ (ف)رَأفَةً ورَؤُوفَ (ک)رَافَةً ورَئِفَ (س)رَأفًا و تَرَأَّفَ. بِهِ: بہت مہربانی کرنا۔ صفت (رَؤُوفٌ ورَؤُفٌ و رَأفٌ ورَئِفٌ ورائِفٌ)

تَرَاءَفُوا. آپس میں مہربانی کرنا۔

رَأّفَهُ واسْتَرْأفَهُ. مہربان بنانا۔ مہربانی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّأف. شراب۔

اِسْتَرأَلَ. الرَّأل: شتر مرغ کے بچہ کا قوی و مضبوط ہونا۔النَّبَاتُ: لمبی ہونا۔

الرَّأل. شتر مرغ کا بچہ۔ مؤنث رَألَة. ج رِئَال وأرْؤُل ورِئْلان. رِئالَة. کہا جاتا ہے "خَوَّدَ رَألُه" یعنی وہ گھبرا گیا۔

الرُّؤَال. گھوڑے کے منہ کے جھاگ۔

الرَّائِل والرَّاؤُول. دانتوں کے نیچے زائد نکلا ہوا دانت۔ نعامة (مُرْئِلَة) بچے والی مادہ شتر مرغ۔

المُرائِل. جلدی کرنے والا۔

رَأمَ (ف)رَأمًا. الحَبلَ: مضبوط بٹنا۔ القِدحَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا۔

رَئِمَ (س)رَأمًا و رِئمانًا. الجُرحُ: زخم کا انگور بندھنا۔الشَّیْءَ: محبت کرنا۔ اُلفت کرنا۔النَّاقَةُ و لَدَها: مہربان ہونا۔ صفت (رَائِمٌ ورائِمَةٌ رُؤُومٌ) ج رَوائِم. کہتے ہیں "هو رُؤُومٌ لِلضَّیمِ" وہ ذلیل ہے۔ ذلت پر راضی ہو جانے والا ہے۔

اَرأمَ إرآمًا. الجرحَ: زخم کو علاج کر کے اچھا کرنا۔الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔ ہ علَى الاَمرِ: مجبور کرنا۔النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوسرے کے بچہ پر مہربان بنانا۔

تَرَأّمَهُ. وتَرَأّمَ عَلَیهِ: مہربان ہونا۔

الرِّئْم. سفید ہرن۔ ج اَرْآم وآرام. مؤنث رِئْمَة.

الرُّؤام. لعاب۔

الرَّوائِم. دیگ دان کے پائے۔

رَأیٰ یَرَیٰ رأیًا ورُؤیَةً وراءَةً. ورِئْیانًا. بصارت یا بصیرت سے دیکھنا۔ یَرَیٰ کی اصل یَرْأیٰ ہے اور اصل کا استعمال نادر ہی ہوتا ہے۔ اور اَمر کا صیغہ رَ ہے۔ کہا جاتا ہے "یا تُرَیٰ ویاهَل تُرَیٰ" یعنی اے شخص کیا تو گمان کرتا ہے؟ اور مضارع کا صیغہ گمان کے معنی میں مجہول ہی سنا گیا ہے۔

رَآءَ. الشَّیءَ: دیکھنا۔

رَأیٰ (ف)رَأیًا. الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا۔الزَّندَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

الزَّنْدُ: آگ نکلنا۔الرَّایَةَ: جھنڈا گاڑنا۔

رَأّیْتُه تَرْئِیَةً. خلاف حقیقت دکھانا۔

رَائَیْتُه مُراءَاةً ورِئاءً. خلاف حقیقت دکھانا۔ ورَائَیتُه مُراءَاةً: باہم مشورہ کرنا۔

اَرْأیٰ اِرْئاءً. عقل و رائے والا ہونا۔ چہرے میں حماقت ظاہر ہونا۔ آئینہ میں دیکھنا۔ دکھاوے کے لیے کام کرنا۔ پھیپھڑے کے درد والا ہونا۔ بہت خوش منظر ہونا۔ دیکھنے کے وقت پلکوں کو ہلانا
الرَّایَةَ: جھنڈا گاڑنا الحامِلُ مِنْ غَیرِ ذَواتِ الحافِرِ والسَّبُعِ: حمل سے حاملہ معلوم ہونا۔ صفت (مُرْءٍ و مُرْئِیَةٌ)

اَراه یُرِیْهِ اِراءَةً وإراءً. الشَّیءَ: دکھانا۔ صفت مذکر (مُرٍ) صفت مؤنث مُرِیَة. کہا جاتا ہے "اَرِني برأیِكَ" مجھے مشورہ دو۔ و "اَرَی الله بُفلانٍ" اللہ تعالیٰ فلاں کو عذاب دیں اور اس کے دشمن کو وہ دکھلائیں جس پر وہ خوش ہو۔

تَرَأّیٰ وتَراءیٰ. فِی المِرْآةِ: آئینہ میں دیکھنا۔تَرَأّیٰ و تَراءیٰ لَهُ: دیکھنے کے درپے ہونا۔ وتَراءَی النّاسُ. ایک دوسرے کو دیکھنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَراءَیْنا فِی الاَمرِ" ہم نے معاملہ میں غور کیا۔ و "تَرَأّیٰ بِرَأیِ فُلانٍ" وہ فلاں کا ہم خیال ہوگیا۔ و "تَرَاءَیٰ لِی اَنَّ الاَمرَ کَیْتَ کَیْتَ". میرے لئے یہ ظاہر ہوگیا کہ معاملہ ایسا ہے۔ و "تَرَاءَیْنا الهِلالَ". ہم نے چاند دیکھنے کی کوشش کی۔

اِرْتَأیٰ. الاَمرَ: غور کرنا۔ شک کرنا۔ سوچنا۔

اِسْتَرْأیٰ. ہ: دیدار چاہنا۔ رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرأَیْتُه واسْتَرَیْتُه"

اِسْتَرأیٰ بالمِرآةِ: آئینہ سے دیکھنا۔

الرَّای. رائے۔ اعتقاد۔ تم کہتے ہو "رَائِیْ کَذا" میرا اعتقاد ایسا ہے۔ تدبیر کی رسائی۔ ج آراء وأرآء.

الرِّیُّ والرُّیُّ والرُّوَاء والرِّیُّ. منظر اور حسن منظر۔

الرُّؤیَا. خواب ج رُؤًی. کہا جاتا ہے "جاءَ حِینَ جُنَّ رُؤیًا اَورَأیًا" وہ اس وقت آیا جبکہ تاریکی خوب ہوگئی۔

الرُّؤیَة. آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُؤًی.

الرِّیَة. دیکھنا۔

الرِّئاء. مص. حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا

جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ رِئَاءً" اُس نے اس کو نمود اور دکھاوے کے لیے کیا۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ رِئَاءُ اَلْفٍ" وہ لوگ دیکھنے میں تقریبًا ہزار ہیں۔ و "قَوْمٌ رِئَاءٌ" ایک دوسرے کے مقابل قوم۔ و "دُوْرُنَا رِئَاءٌ" ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔

التَّرْئِيَةُ منظر یا حسن منظر۔

الرَّءّاءُ بہت دیکھنے والا۔

الرِئَةُ پھیپھڑا۔ ج رِئَات و رِئُون اور نسبت کے لیے (رِئَوِيٌّ)

رَئِيُّ القومِ: قوم کا سردار جس کی رائے سے سب اتفاق کریں۔ الرَّئِيُّ بڑا سانپ۔ کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔

هُوَ (اَرْاٰی) بِكَذَا وہ اس کے لائق ہے۔

المِرْآةُ آئینہ۔ ج مَرَاءٍ و مَرَايَا۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے يَتَمَرْأَى یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اس کو سیبویہ نے بیان کیا ہے)

المَرْأَى والمَرْآةُ منظر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَرْآةٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔ و تُخْبِرُ عَنْ مَجْهُوْلِهٖ مَرْآتُهٗ اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے و "هُوَ مِنِّیْ مَرْاٰی و مَسْمَعٌ او بِمَرْاٰی و بِمَسْمَعٍ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی بات سن سکتا ہوں۔

رَبَّ(ن) رَبًّا۔ القومَ: بالادست ہونا۔ انتظام کرنا النِعْمَةَ: بڑھادہ کرنا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ مالک ہونا الاَمْرَ: کسی کام کو درست کرنا۔

الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ خوشبو دار بنانا۔

بالمَكَانِ: اقامت کرنا (رَبًّا و رُبًّا)

الزِّقَّ: مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو اچھی ہو جائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔

(رَبًّا و رَبَّبَ تَرْبِيبًا و تَرِبَّةً و اِرْتَبَّ اِرْتِبَابًا) الوَلَدَ: لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا۔

و رَبَّبَ الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ اور خوشبو دار بنانا۔

اَرَبَّ بالمَكَانِ: اقامت کرنا مِنْهُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَبَّتِ السَّحَابَةُ" جبکہ لگاتار برسے۔

تَرَبَّبَ القومُ: اکٹھا ہونا۔

الصَّبِيَّ: بچے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ تم کہتے ہو "رَأَيْتُهٗ يَتَرَبَّبُ اَرْضَكُمْ" میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔

اُرْتُبَّ العِنَبُ: انگور کا پکانے سے رُب تیار ہونا۔

الرَّبُّ مص۔ مالک۔ سردار۔ درست کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ اور اس کی طرف نسبت کے لیے (رَبِّی و رَبَّانِی و رُبُوْبِی)

الرَّبَّانِی عارف باللہ۔ عالم۔

اَلرَّبَّانِی ملاحوں کا چیئرمین

الرَّبَّةُ رب کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ۔ بڑا گھر۔

الرِّبَّةُ بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت۔ ج اَرِبَّة و رِبَاب.

الرُّبُّ پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَاب و رُبُوب.

رُبَّ و رُبَّةَ و رُبَّمَا و رُبَّتَمَا حرف جر ہے حسب سیاق کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ دیتا ہے اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لیے شرط ہے کہ موصوف ہو اور جب اس کے آخر میں "ما" لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "رُبَّمَا الخَلِيْلُ مُقْبِلٌ و رُبَّمَا اَقْبَلَ الخَلِيْلُ" اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "رُبَّمَا ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ صَقِيْلٍ"

الرَّابُّ سوتیلا باپ۔

الرَّابَّةُ سوتیلی ماں۔

الرَّبَبُ بہت پانی۔ میٹھا پانی۔

الرَّبَابُ سارنگی کی مانند ایک باجہ۔ سفید بادل۔ واحد (رَبَابَةٌ)

الرِّبَابُ عہد۔ دوست۔ دس۔ دس آدمیوں کی جماعتیں۔

الرِّبَابَةُ الرب کا اسم۔ مملکت۔ عہد و پیمان جیسے "كُنْتَ اِمْرَءًا اَفْضَتْ اِلَيْكَ رِبَابَتِي"

الرُّبَّى بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو۔ بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ مضبوط گرہ۔ حاجت۔ نعمت۔ احسان۔

الرُّبُوبَةُ و الرُّبُوْبِيَّةُ الرب کا اسم۔

الرُّبَّابُ جماعت۔

الرُّبَّانُ ملاحوں کا سردار۔

الرَّبِيبُ و الرَّبُوْبُ سوتیلا لڑکا۔ سوتیلا باپ۔ ج اَرِبَّةٌ. الربيب مشک کو بنانے والا اور درست کرنے والا۔

الرَّبِيبَةُ دایہ۔ سوتیلی لڑکی۔ سوتیلی ماں۔ ج رَبَائِب.

المَرْبُوبُ پرورش کیا ہوا۔ غلام، بندہ۔

المَرَبُّ جائے اقامت یا جائے اجتماع۔ تم کہتے ہو "هٰذَا مَرَبُّ القَوْمِ" یہ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔ لوگوں کا جمع کرنے والا آدمی۔

(المِرْبَاب: بہت پیداوار والی زمین۔

المُرَبَّبُ جس کے اوپر انعام کیا جائے۔

المَرَبَّةُ مملکت۔

(رَبَأَ ف) رَبْأً چڑھنا۔ بلند ہونا۔ عَلٰى جَبَلٍ: پہاڑ پر سے جھانکنا فِي الاَمْرِ: غور و فکر کرنا القَوْمَ و لِلْقَوْمِ: دیدبان بنا الشَّيْءَ: بلند کرنا المَالَ: حفاظت کرنا۔ انتظام کرنا۔ لے جانا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنِّي اَرْبَأُ بِكَ عَنْ ذٰلِكَ" یعنی میں اس کو تمہارے لیے پسند نہیں کرتا۔ "و مَارَبَأْتُ رَبْأَهٗ" تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی پرواہ کی۔ و اَرْبَأْهُ یعنی اس کی حفاظت کرو۔

رَبَّاہ تَرْبِئَۃً. لے جانا۔

رَابَأَہُ مُرَابَأَۃً. چوکنا رہنا۔ بچنا۔ نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔

اِرْتَبَأَ اِرْتِبَاءً. بِھِم: دیدبان بنا۔

المِرْبَأۃ: دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا علَی الجَبَل: پہاڑ پر سے جھانکنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَبَأَ الشَّمْسَ مَتَی تَغْرُبُ" یہ دیکھتے رہو کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے۔

الرَّبِیُٔ والرَّبِیْئَۃُ. فوج کا دیدبان۔ ج رَبَایَا. کہا جاتا ہے "بَثُّوا رَبَایَاھُمْ" انہوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا۔

المَرْبَأُ والمِرْبَأُ والمَرْبَأۃ والمُرتَبَأ. دیدبانی کی جگہ۔ المِرْبَأ: سیڑھی۔

رَبَتَ (ن)رَبْتًا ورَبَّتَ تَرْبِیْتًا. پرورش کرنا۔ رَبَّتَ الصَّبِیَّ: بچے کو سلانے کے لیے تھپکنا۔

رَبِتَ (س)رَبَتًا. الشَّیُٔ: بند ہونا۔

رَبَثَہُ (ن)رَبْثًا ورَبَّثَہُ. عَنْ کَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔ بوجھل کرنا۔

تَرَبَّثَ. ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔

اِرْتَبَثَ واِرْبَثَّ. القَوْمُ: پراگندہ ہونا۔ متفرق ہونا۔ اَمْرُھُمْ: کمزور ہونا۔ بکھر جانا۔

الرِّبِّیْثٰی. مانع۔ روک۔

الرَّبِیْثَۃ. مکر۔ مانع۔ ج رَبَائِث.

الرَّبِیْث والمَرْبُوْث. رُکا ہوا۔

رَبُجَ (ک)ورَبِجَ. (س)رَبَاجَۃً. کودن ہونا۔ بلید ہونا۔

تَرَبَّجَ. متحیر ہونا۔ کودن ہونا۔

الاِرْبِجَان. ایک قسم کی نباتات۔

رَبِحَ (س)رِبْحًا ورَبَحًا ورَبَاحًا. فِی تِجَارَتِہ: نفع اُٹھانا۔

رَبَّحَہُ. نفع کرانا۔

رَابَحَہُ مُرَابَحَۃً وَاَرْبَحَہُ. عَلٰی سِلْعَتِہ: نفع دینا۔ اَرْبَحَ النَّاقَۃ: صبح اور دوپہر میں دوھنا۔

تَرَبَّحَ واِسْتَرْبَحَ. نفع طلب کرنا۔

الرَّابِح. فا. مَالٌ رابِحٌ: نفع دینے والا مال۔

الرِّبْح. ج اَرْبَاح (الرِّبح والرَّبَاح) نفع۔ الرُّبَح: اونٹ جو بیچنے کے لیے لائے جائیں۔ اونٹ کے چھوٹے بچے۔

الرَّبَاح. شراب۔

الرَّبَاحِی. کافور کی ایک قسم۔

الرُّبَاح والرُّبَّاح. نر بندر۔ بکری کا بچہ۔ اونٹ کا بچہ۔ ج رَبَابِیْح.

مَتْجَر (رَبِیْح) فائدہ مند تجارت۔

الرِّبَحْل. بڑے ڈیل ڈول والا۔ مؤنث رِبَحْلَۃ.

رَبِخَ (س)رَبَخًا. البَعِیْرُ: اونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا (رَبْخًا رُبُوْخًا رَبَاخًا) المرأۃُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بے ہوش ہو جانا۔

اَرْبَخَ. الرَّمَلُ: تہ بتہ ہونا الرَّجُلُ: سختیوں میں مبتلا ہونا۔

تَرَبَّخَ. الرَّجُلُ: سست و ڈھیلا ہونا۔

الرَّبِیْخ. بڑا پالان۔

رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا. بالمَکَان: اقامت کرنا۔

رَبَدَہُ (ن)رَبْدًا. روکنا۔ منع کرنا۔

رَبَدَ الاِبلَ: اونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔

رَبَّدَتِ. الشَّاۃُ: تھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا۔ تَرَبَّدَ الضَّرْعُ: تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔

تَرَبَّدَتِ. السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا اللَّوْنُ: رنگ بدل جانا۔

اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا واِرْبَادَّ اِرْبِیْدَادًا: خاکستری رنگ والا ہونا۔

الرَّبْد. س۔ ایک قسم کی نباتات۔

الرُّبد. تلوار کا جوہر۔

الرَّابِد. س۔ ایک قسم کی نباتات۔

الاَرْبَد. خاکستری رنگ والا۔ عَامٌ اَرْبَدُ: قحط والا سال۔ مؤنث رَبْدَاء. الرَّبْدَاء: سخت و شدید۔ کہا جاتا ہے "دَاھِیَۃٌ رَبْدَاءُ" بلائے بد۔ ج رُبْد. الاَرْبَد. ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر۔

المِرْبَد. اونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔

الرَّبِیْد. کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔

الرَّبِیْدَۃ. دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کا صندوق۔

المُتَرَبِّد. شیر۔

رَبِذَ (س)رَبَذًا. چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَبِذ) کہا جاتا ہے "ھُوَ رَبِذُ العِنَانِ" وہ تنہا بھاگنے والا ہے۔ مؤنث رَبِذَۃ. لِثَّۃٌ رَبِذَۃٌ: کم گوشت والا مسوڑھا۔

اَرْبَذَ. الثَّوبَ او الحَبْلَ: کپڑے یا رسی کو کاٹنا۔

الرِّبْذَۃ والرَّبَذَۃ. چیتھڑ جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ کوڑے کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں۔ اُون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سربند۔ ج رِبَذ ورِبَاذ ورَبَذ.

الرِّبْذَۃ. بے خبر آدمی۔ ہر پلیدی۔

الرَّبَذِیُّ. کمان کا چلہ۔ کوڑا۔

رَبُزَ (ک)رَبَازَۃً. زیرک و دانا ہونا۔ الکَبْشُ: مینڈھے کا فربہ ہونا۔

رَبَّزَ. القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔

اِرْتَبَزَ. الشَّیُٔ: پورا و کامل ہونا۔

الرَّبِیْز. زیرک و دانا۔

رَبَسَہُ (ن)رَبْسًا. بِیَدَیْہِ: ذہتر مارنا۔ (ورَبَّسَ) القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔

اَرْبَسَہ اِرْبَاسًا. غضبناک کر دینا۔

اِرْتَبَسَ. العُنْقُوْدُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گھسنا۔ ٹھوس ہونا۔

اِرْبَسَّ اِرْبِسَاسًا. الرَّجُلُ: ملک میں جانا۔ فِی اَمْرِہ: تصرف کرنا۔ اَمْرُھُمْ: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔

الرِّبْس. س۔ امر منکر۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رِبْسٍ" وہ بہت مال لایا۔
الرِّبْسَاۃُ. سخت مصیبت۔ ج رُبْس.
"جَاءَ بِاُمُوْرٍ رُبْسٍ" وہ مصائب لایا۔
الرَّبِیس. بہادر۔ مصیبت۔ دہتّر مارا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ ٹھوس۔ (اُمُّ الرُّبَیْس) بڑا سانپ۔ مصیبت کی کنیت۔
الرَّبَسَۃ. میلی کچیلی بد ہیئت عورت۔
الرِّبْیَاس. چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے۔
اَرْبَش. الشَّجَرُ: پتے دار ہونا اور بقول بعض پھلدار ہونا۔
الاَرْبَش. مختلف رنگوں والا۔ مؤنث رَبْشَاء. اَرْضٌ رَبْشَاء: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔
الرُّبْشَۃ. رنگوں کا اختلاف۔
الرَّبَش. نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔
رَبَصَ (ن) رَبْصًا. بِہٖ: کسی کے لیے خیر و شر کا انتظار کرنا۔ برائی پہنچانے کیلئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔
تَرَبَّصَ. انتظار کرنا عَنِ الاَمْرِ: رک جانا فِی الْمَکَانِ: ٹھہرنا بِفُلَانٍ: بمعنی رَبَصَ بِسِلْعَتِہٖ: گرانی کا انتظار کرنا۔
الرُّبْصَۃ. انتظار۔ رنگ برنگ۔
رَبَضَتْ (ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا و رِبْضَۃً. الدَّابَّۃُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔ رَبَضَ الاَسَدُ عَلٰی فَرِیْسَتِہٖ اوالقِرْنُ عَلٰی قِرْنِہٖ: دبوچ کر بیٹھنا۔
رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا. فُلَانًا او المَکَانَ: پناہ لینا۔
رَبَّضَہٗ. بالمَکَانِ: ٹھہرانا الدَّوَابَّ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل کر کے بٹھا دینا الشَّمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔
تَرَبَّضَ. ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔
الرَّابِض. فا. (الرَّبَّاض) شیر۔

الرَّابِضَۃ. رابض کا مؤنث۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز۔ نک چپٹے کے لیے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَتُہٗ رَابِضَۃٌ عَلٰی وَجْہِہٖ"
الرُّبْضُ والرِّبْض والرُّبُض والرَّبَض. بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُبْضٌ عَنِ الاَسْفَارِ اَوْعَنِ الحَاجَاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لیے نہ نکلنے والا مرد۔
الرُّبْض. عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔
الرِّبْض. مِنَ البَقَرِ: بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔
الرَّبَض. بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاض.
الرُّبْضَۃ والرُّبُضَۃ. ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا مرد۔
الرِّبْضَۃ. لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔
الرَّبُوْض. مِنَ القُرٰی: آباد گاؤں۔ مِنَ الدُّرُوْعِ. کشادہ زرہ مِنَ الشَّجَرَۃِ: بڑا درخت۔ ج رُبُض. قِرْبَۃٌ رَبُوْضٌ: بڑی مشک جو اٹھائی نہ جا سکے۔
الرَّبِیْض. باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔ مع اپنے چرواہوں کے۔ پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
المَرْبِض. جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِض (والمَرْبَض) پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
رَبَطَہٗ (ن ض) رَبْطًا. باندھنا۔ مضبوط کرنا اللّٰہُ عَلٰی قَلْبِہٖ: قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (رَبَاطَۃً) مضبوط دل ہونا۔
رَابَطَ رِبَاطًا ومُرَابَطَۃً. الاَمْرَ: مداومت کرنا الجَیْشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔
تَرَابَطَ. المَاءُ فِی المَکَانِ: پانی کا جمع ہو کر ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔
اِرْتَبَطَ. فَرَسًا: حفاظت سرحد کے لیے تیار کرنا فِی الحَبْلِ: بندھنا اور لٹکنا۔
الرِّبَاط. مص۔ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لیے قیام کرے۔ ج۔ رُبُط. الرِّبَاط: فقراء کے لیے مکان موقوفہ۔ ج رِبَاطَات. کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَہٗ" یعنی وہ مر گیا یا مرض سے تندرست ہوگیا۔
الرَّابِط. فا. راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔ رَابِطُ الجَاشِ: قوی دل غیر خائف۔
الرَّابِطَۃ. رابط کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔
الرَّبِیْط. بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد۔ فلسفی۔
رَبِیْطُ الجَاشِ: بہادر۔
الرَّبِیْطَۃ. باندھے ہوئے جانور۔
خلافِ قیاس دَابَّۃٌ رَبِیْطَۃٌ. اور دَوَابُّ رَبِیْطَۃ کہا جاتا ہے اور دَابۃ رَبِیْط بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّبَّاط. تانت کو باندھنے والا۔
الرُّبُط. بندھے ہوئے اور چارہ دیئے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِیْط)
المَرْبَط والمَرْبِط. جانوروں کی باندھنے کی جگہ ج مَرَابِط.
المُرَابَطَۃ. آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُرَابِطَات.
رَبَعَ (ف) رَبْعًا. توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلَیْکَ اَوْ عَلٰی نَفْسِکَ او عَلٰی ظَلْعِکَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو بالمَکَانِ: اقامت کرنا عَنْہُ: رکنا۔ عَلَیْہِ: مہربانی کرنا الرَّجُلُ: فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کیلئے پتھر اٹھانا بِعَیْشِہٖ: راضی رہنا الاِبِلُ: چوتھے دن پانی پینے آنا۔ رَبَعَتْ عَلَیْہِ الحُمّٰی: چوتھے

دن بخار آنا (رُبُوْعًا) الربیعُ: موسم بہار آنا۔

رَبَعَ(ف ن ض) رَبْعًا. الحَبْلَ: چار بل کی رسّی بٹنا القَوْمَ: اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔

رُبِعَ. القومُ: موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لئے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوْعَة) الرَّجلُ: چوتھے دن بخار آنا۔

رَبَّعَ. البَیْتَ او الحَوْضَ: مکان یا حوض چوکور بنانا۔ رَابَعُوا. الحملَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ اُٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَابَعتُه" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اونٹ کی پیٹھ پر لادا۔

اَرْبَعَ. چوتھے سال میں داخل ہونا۔ القَوْمَ: چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا الإبلَ: پانی پر جانے کے لیے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَّجلُ: بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔

اُرْبِعَ. الرَّجلُ: چوتھیا بخار والا ہونا۔

تَربَّعَ. فی جُلُوسه: چار زانو ہو کر بیٹھنا۔ (وارْتَبَعَ) الجَمَلُ: اونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا بالمَکانِ: فصل بہار میں اقامت کرنا۔ وارْتَبَعَ الحَجَرَ: پتھر اُٹھانا۔

اِسْتَرْبَعَ. الرَّملُ: ریت کا تہ بتہ ہونا۔ الشَّئَ: طاقت رکھنا۔

الرَّبْعُ. س۔ گھر۔ گھر کا اردگرد۔ اُترنے کی جگہ۔ موسم گزارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع ورُبُوْع واَرْبُع واَرْبَاع (والرَّبِعُ) میانہ قد۔

الرُّبْعُ والرُّبُعُ. چوتھائی ج اَرْبَاع و رُبُوع۔

الرُّبَعُ. اونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہو اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو ھُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُمْ رُبَعٌ ولا ھُبَعٌ"۔ ج: رِبَاع واَرْبَاع مؤنث رُبَعَة۔

ج رُبَعَات و رِبَاع۔

الرِّبْعُ. تین دن اونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمَّی الرِّبْعِ: چوتھیا بخار۔

الرَّابِعُ. فا. چوتھا۔ رَبِیْعٌ رَابِعٌ: بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبِلٌ رَوَابِعُ: چوتھے دن پانی پینے والے اونٹ۔

رُبَاعَ. چار چار۔ کہا جاتا ہے "اَتَوْا رُبَاعَ" وہ لوگ چار چار آئے۔

الرَّبْعَة. میانہ قد (مذکر و مؤنث) ج رَبْعات و رَبَعَات. عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے "فَتحَ العَطَّارُ رَبْعَتَه" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔

الرَّبَاعُ. اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی رَبَاعِهِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔

الرَّبَاعَة والرِّبَاعَة. اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیْهِم مَنْ یَضْبطُ رَبَاعَتَهٗ اِلَّا فُلَانٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری۔ کہا جاتا ہے "لَا یُقِیْمُ رَبَاعَةَ القَوْمِ اِلَّا فُلَان" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ و "هُوَ رَبَاعَةُ قَومه" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ مملوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

الرَّبَاعِیَه. سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِیَات.

الرَّبَاعِی. وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبْع و رُبُع و رِبْعَان و رِبَاع و رُبع و اَرْبَاع. مؤنث رَبَاعِیَة ج رَبَاعِیَات.

الرُّبَاعِیُّ. چار سے مرکب۔

الرَّبِیْعُ. ج اَرْبِعَة ورِبَاع واَرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار۔ سبز چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِیْعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار

ج اَرْبِعَاء ورُبْعَان: زمین کیلئے پانی کا حصہ ج رُبْع: چوتھائی۔

الرِّبْعِیُّ. مِنَ المَسَاکِنِ: موسم بہار کی اقامت گاہ۔

الرَّبِیْعَة. پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اُٹھایا جائے۔ باغ۔ لوہے کا خود۔ توشہ دان۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

الرَّوْبَعُ. کمزور۔ کمینہ۔

الرَّوْبَعَة. پستہ قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اونٹ کے بچوں کی ایک بیماری۔

اَرْبَعَة. چار۔ مؤنث اَرْبَع. الرِّیَاحُ الاَرْبَع: پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اتری ہوائیں۔

ذَوَاتُ الاَرْبَع: چارپائے۔

اُمُّ اَرْبَع واَرْبَعِیْن. ایک قسم کا کیڑا۔

الاَرْبِعَاءُ. مثلثة الباء: بدھ کا دن۔ تثنیہ اَرْبِعَاوَان. ج اَرْبِعَاءَات واَرْبِعَاوَات.

قَعَدَ (الاَرْبُعَاء والاُرْبُعَاوَی) وہ چار زانو بیٹھا۔

الاُرْبُعَاء: ستون خانہ۔

اَرْبَعُوْن. چالیس۔

المَرْبَع. موسم بہار کی بارش (والمُرتَبَع) موسم بہار کی اقامت گاہ۔"

المِرْبَع والمِرْبَعَة. لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لیے استعمال کی جائے۔

المُرْبِع. موسم بہار میں بچہ جننے والی اونٹنی۔

المُرْبَع. چوتھیا بخار والا۔

المُرَبَّع. چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے $٤^{٢}=٤\times٤=١٦$

المِرْبَاع. وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائی موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی۔

(والمُرْتَبِع والمَرْبُوْع) درمیانہ قد۔

المَرَابِيع. ابتدائے موسم بہار کی بارشیں۔
اليَرْبُوْع. ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ ج يَرابِيْع۔
رَبَغَ (ف) رَبْغًا. القَوْمُ فِيْ النَعِيْم: خوشحال زندگی بسر کرنا۔
رَبِغَ (س) رَبْغًا. عَيْشُه: فراخ و آسودہ ہونا الرَجُلُ. بدکار و شوخ چشم ہونا۔ صفت (رَبِغ)
رَبُغَ (ک) رَبَاغَةً. بہت ہونا۔
الأَرْبَغ. کثیر و کشادہ۔
رَبَقَه (ن ض) رَبْقًا و رَبَّقَهُ. پھندے سے باندھناہ فِيْ الأَمْرِ: کام میں ڈالنا۔
ورَبَّقَ الكَلَامَ: جھوٹ سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرَجُلُ أثْنَاءَ حَبْلِه وأَرْبَاقَه" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کیلئے رسّی کا پھندا بنایا۔
تَرَبَّقَهُ. لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَيْئَ فِيْ عُنُقِيْ" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔
اِرْتَبَقَ. فِي الحِبَالَةِ: لٹکانافِي الأَمْرِ: کسی کام میں پھنسنا۔ اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِيْ حَبَالَتِهٗ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔
الرِبْق. پھندوں والی رسّی۔
الرَبْقَة والرِبْقَة. رسّی کا پھندا۔ ج رِبَق ورِبَاق وأَرْبَاق. کہا جاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَهٗ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ و "نَقَضُوا الحِبَالَ واكَلُوا الرِبَاقَ" انہوں نے عہد و پیمان توڑ دیئے۔
الرَبِيْق. پھندے سے باندھا ہوا یا پھندے میں پھنسا ہوا۔
المُرَبَّقَة. چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔
التِرْبِيْق. بکری باندھنے کی رسّی۔
رَبَكَ (ن) رَبْكًا. الشَيْئَ: ملانا۔
الرَبِيْكَة: گارا بنانا: کیچڑ میں گرانا۔
رَبِكَ (س)رَبَكًا. پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِكٌ و رَبِيْكٌ)
اِرْتَبَكَ. فِي الوَحلِ: کیچڑ میں گرنا فِيْ الأمْرِ: پھنس کے رہ جانا فِيْ كَلَامِهٖ: رُک رُک کے گفتگو کرنا الصَيْدُ فِي الحِبَالَة: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑ پھڑانا الأمْرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
اِرْبَاكَ اِرْبِيْكَاكًا. رَأيُه: رائے کا گڑبڑ ہو جاناالرَجُلُ عَنِ الأمْرِ: کام سے رک جانا۔
الرَبِيْكَة. گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "رَمَاه بِرَبِيْكَة" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا (والربيك والرَبُوك) ایک قسم کا کھانا جو پنیر، کھجور اور گھی ملا کر تیار کرتے ہیں اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔
الأَرْبَك. مِنَ الابل: کالا اونٹ۔
رَبَلَ (ن ض)رَبْلًا. القَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ المَرَاعِيْ: بہت گھاس والی ہونا۔
رَبَّلَ وأَرْبَلَ. المَكَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔
رَابَلَ. بدکار ہونا اور برائی کا منتظر رہنا۔
تَرَابَلَ. لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔
تَرَبَّلَ. موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہوناجِسْمُه: پھولنا الأرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔تَرَبَّلَ القَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔
اِرْتَبَلَ. مَالُه: بہت ہونا۔
الرَبْل. موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج رُبُوْل۔
الرَبَل. بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔
رَجُلٌ (رَبِلٌ) موٹا مرد۔
الرَبْلَة والرَبَلَة. ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رَبَلات۔
الرِبْيَل. تنہا لوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔
الرَبَالَة والرَبِيْلَة. گوشت کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "ضَمِرَ بَعْدَ رَبَال" ۃ وہ موٹائی کے بعد دبلا ہو گیا۔ الرَبِيْلَة: تری۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔
الرِيْبَال. لمبی پیچیدہ نباتات۔ شیر۔ ج رَبَابِيْل۔
المِرْبَال. بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔
الرَبِيْل. ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت، موٹی اونٹنی۔
أرْبَنَه. بیعانہ دینا۔
تَرَبَّنَ. جہاز کا کپتان ہونا السَفِيْنَةَ: کشتی چلانا۔
الرَبُوْن او الأرْبُوْن والأُرْبَان. بیعانہ۔
الرُبَّان والرُبَّانِي. جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَة و ربابين. رُبَّانُ كُلِّ شَيْئٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِرُبَّانِهٖ اَوْ بِرُبَّابَةٍ" اس نے سارا لے لیا۔
رَبَا يَرْبُوْ رَبَاءً ورُبُوًّا. المالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا الرَابِيَةَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔
(رَبْوًا) الفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔
(رَبْوًا ورُبُوًّا) الوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا۔ اور نیز کہا جاتا ہے "رَبَيْتُ و رَبِيْتُ رَبَاءً ورَبِيًّا" میں نے نشوونما پائی۔
رَبَّى تَرْبِيَةً و تَرَبّى. الوَلَدَ: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّى التُفَّاحَ بالسُكَّر: مربہ ڈالنا۔
رَابَى مُرَابَاةً. سود پر مال دینا۔
الرَجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔
أرْبَى اِرْبَاءً. سود لیناالشَيْئَ: بڑھانا ہ: اُمید دلانا(عَلَيْه فِي كَذَا وارْتَبَا اِرْتِبَاءً) زیادہ کرنا۔
الرِبَا. زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لیے رِبَوِيٌّ۔
الرَبَا. زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلَيَّ رَبَاءٌ" فلاں کا میرے اوپر

احسان ہے۔

الرَّابِيَة ج رَوَابٍ و (الرُّبْوة والرَّبْوَة والرِّبْوَة) ج رُبًى و رُبِيٌّ ٹیلہ۔

الرُّبْوَة. عِنْدَ الحُسَّاب دس لاکھ۔

الرِّبْوَة. بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبًى.

الرُّبَيْبَة حشرات الارض کی ایک قسم۔ بلی۔

الرَّبَاة والرَّبَاوَة بتثلیث: ٹیلہ۔

الرَّبْو ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت۔ ج اَرْبَاء. الرَّبْو والرَّبْوَةُ عِنْدَ الاَطِبَّاء: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔

الأُرْبِيَّة. اہل خاندان۔ چچا زاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي أُرْبِيَّة قَوْمِه" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔

رَتَّ (ض) رَتًّا. ہکلانا۔ تتلانا۔ صفت مذکر (اَرَتُّ) و صفت مؤنث (رَتَّاء ورُتّى) ج رُتٌّ.

اَرَتَّهُ اِرْتَاتًا. اللّٰهُ: ہکلا کر دینا۔

الرَّتُّ. سخت۔ نر سور۔ جنگلی سور۔ ج رِتَتَة. الرَّتُّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوْت. کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ رُتُوْتِ النَّاس" وہ لوگوں کا سردار ہے۔

الرُّتَّة. ہکلا پن۔ لکنت۔ زبان کی بستگی۔

رَتَأَ (ف) رُتُوْءًا. گلا گھونٹنا العُقْدَةَ: گرہ مضبوط کرنا فِي المَكَانِ: اقامت کرنا الرَّجُلُ: چلا جانا۔

اَرْتَأَ. رک رک کر ہنسنا۔

رَتَبَ (ن) رَتْبًا و رُتُوبًا. الشَّيْءُ: قائم و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَتَبَ فِي الصَّلٰوة" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔

رَتَّبَهُ. ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔

اَرْتَبَ. سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا الغُلَامُ الكَعْبَ: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔

تَرَتَّبَ. ترتیب وار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

الرَّتَب. سختی و تنگی۔ بلند زمین، قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں۔ (والرَّتْب) خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔ چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ۔

الرَّتَبَة. انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الرُّتْبَة. مرتبہ۔ ج رُتَب.

التُّرْتُب والتُّرْتَب. قائم و ثابت چیز۔ ہمیشگی۔ مٹی۔ غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں۔ کہا جاتا ہے "جَاۤئُوْا تُرْتُبًا" وہ سارے آئے۔

التُّرْتُبَّة. راستے کے مانند جس پر آدمی چلے۔

الرَّاتِب. فا. عَيْشٌ رَاتِبٌ: عیش دائم۔ والرَّاتِبُ عِنْدَ المحَدِّثِيْن: تنخواہ۔ وظیفہ۔ ج رَوَاتِب. الرَّوَاتِب: سنن مؤکدہ۔

المَرْتَبَة. درجہ۔ اعلیٰ درجہ۔ ج مَرَاتِب.

رَتَجَ (ن) رَتْجًا. البَابَ: دروازہ بند کرنا (رَتَجَانًا) الصَّبِيُّ: بچے کا چلنے لگنا۔

رَتِجَ (س) رَتَجًا. الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

اَرْتَجَ. البَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا۔

الخِصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا۔

الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا۔

البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔

اُرْتِجَ واُرْتُتِجَ واُسْتُرْتِجَ. الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

الرَّتَجُ والرِّتَاج. بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو۔

سِكَّة (رَتَج) تنگ گلی۔ مَالٌ رَتَجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو۔

الرِّتَاجَة چٹان۔ ج رَتَائِج.

(والمَرْتَج) تنگ راستہ۔ ج مَرَاتِج.

المِرْتَاج. تنگ راستہ۔ کنجی۔ مکان (مُرْتَج) بہت نباتات والی جگہ۔

رَتَخَ (ف) رُتُوْخًا. العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا بالمَكَانِ: اقامت کرنا مِنَ الخَيْرِ: پیچھے رہنا۔

رَتَعَ (ف) رَتْعًا و رُتُوْعًا و رِتَاعًا. آسودہ زندگی بسر کرنا۔ فِي المَكَانِ: اقامت کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا۔ صفت (رَاتِع) ج رُتْع و رُتَّع ورِتَاع ورُتُوْع و رَاتِعُوْن. رَتَعَ فِيْ مَالِ فُلَانٍ: دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا۔ فِيْ لَحْمِ فُلَانٍ: غیبت کرنا۔

اَرْتَعَ. القَوْمُ: سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا. الاَرْضُ: چرنے والے کو آسودہ کرنا

الغَيْثُ: بارش کا چارہ کو اگانا۔

الدَّوَابَّ: جانوروں کو چرانا۔

الرَّتْعَة. سبزے کی کثرت۔ اور اسی سے ہے "اَسْمَنَنِي القَيْدُ والرَّتْعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کر دیا۔

الرَّتِع. آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔ كَلَأٌ رَتِعٌ: چرنے والے کے لیے کافی گھاس۔

الاَرْتَاع. مِنَ النَّاسِ: بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ اَرْتَاعًا مِنَ النَّاسِ" میں نے بہت لوگوں کو دیکھا۔

الرَّتَّاع. سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے جانے والا۔

المُرْتِع. آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔

المَرْتَع. چراگاہ۔

رَتَقَ (ن) رَتْقًا. الثَّوْبَ: جوڑنا۔

الفَتْقَ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ الرَّاتِقُ الفَاتِقُ" وہ اصلاح کرنے والا ہے۔ و "رَتَقَ فَتْقَهُمْ" اس نے ان کے درمیان

صلح کرادی الشئَ: بند کرنا۔
اِرْتَتق. الشیُٔ: جڑ جانا۔
الرِتَاق. دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں۔
الرَتَقة. انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الرُتُوْق. عزت و شرف۔
رَتَكَ (ض ن) رَتْكًا و رَتَكًا و رتكانًا البَعِیْرُ: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔
اَرْتَكَ: البَعِیر: اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا۔اَرْتَكَ الضِحكَ: آہستہ ہنسنا۔
المَرْتَك. مرداسنگ۔
رَتِلَ (س) رَتَلًا. الشیَٔ: عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا۔ صفت (رَتِل)
رَتَّلَ. الکَلامَ: اچھی طرح ترتیب دینا۔ القُرْآن: قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا۔
تَرَتَّلَ. فِی القَوْلِ: ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا۔
الرَتَل. س۔ عمدہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "کَلامٌ رَتَلٌ"۔ خوبی۔ آراستگی۔ ہر چیز کی خوبی۔
ثَغررَتَلٌ: خوبصورت ہموار دانت۔
التَرْتِیْل. پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا۔ آواز کو عمدہ بنانا۔ مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حروف اچھی طرح ادا ہوں۔
الاَرْتَل. اچھی ترتیب والا۔ تتلانے والا۔
الرُتَیْلاء. کیڑے مکوڑے وغیرہ جیسے مکڑی، مکھی وغیرہ۔ ج رُتَیْلاوات. ایک قسم کی نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔
رَتَمَهٗ (ض) رَتمًا. توڑنا یا کوٹنافِی بَنِی فُلان: پرورش پانا۔ اور کہا جاتا ہے "مارَتَمَ بِکَلِمَةٍ" وہ ایک لفظ نہیں بولا۔(رَتِیمًا) رتم کے دانے کھانے سے بیہوش ہونا۔ سست ہونا۔
اَرْتَمَ وتَرَتَّمَ واِرْتَتَمَ. یاد رکھنے کے لیے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ اَرْتَمْتُ زَیْدًا: یاد آنے کیلئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھ دیا۔
الرَتَم. ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں۔ واحد (رَتَمَةٌ)
الرَتَم: بھرا ہوا توشہ دان۔ کامل حیاء۔ آہستہ گفتگو۔ راستہ۔
الرُتَام. بوسیدہ۔
الرَتَمَة. ج رَتَم ورِتامٌ و (الرَتِیْمَة) ج رَتائِم: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لیے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔
الرَتِیْم. آہستہ چال۔ وہ مخص جس کو رتم کے دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہوئی ہو۔ ج رُتَامیٰ.
شَرٌّ (تُرْتُم و تُرْتَمٌ) دائمی فساد۔
رَتَنَ (ن) رَتْنًا. الشَحْم بالعَجِیْن: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔رَتاہ یَرْتُوْہ رَتْوًا. ڈھیلا کرنا۔ باندھنا۔القَلْبَ: دل کو قوی کرناہ اِلَیْه: ملانا۔الدَلْوَ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا۔ (رَتْوًا ورُتُوًّا) بِرَاسِه: سر سے اشارہ کرنا۔الرَجُلُ: قدم رکھنا۔
رُتِیَ. فِی ذَرْعِه: سست بازو ہونا۔
الرَتْوَة. قدم ز بلند زمین۔ تھوڑا سا وقت۔ حد نظر تک۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَنا و بَیْنَهُمْ رَتْوَة" ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بمقدار حد نظر کے ہے۔
الرَاتِی. دوسروں سے زائد علم والا۔
رَثَّ (ض) رَثَاثَةً ورُثُوثة. الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَثٌّ) ج رِثاث.
اَرَثَّ اِرْثَاثًا. الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔
اُرْتُثَّ. زخمی کو میدانِ جنگ سے لایا جانا۔ صفت (مُرْتَثٌّ)
الرِثُّ. س۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثاث. کہا جاتا ہے "کَلامٌ غَثٌّ رَثٌّ"، یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔
الاَرَثُّ. بوسیدہ۔ پرانا۔
الرَثِیْث. بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مُردہ۔
الرِثّه. گھر کا ردی سامان۔ ج رِثث و رِثاث. کمزور لوگ۔
الرَثَاثَة. س۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔
رَثَأَ (ف) رَثْأً. اللَبَنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرناالشَیَٔ بالشَیِٔ: ملانا غَضَبُه: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔
اَرْثَأَ واِرْتَثَأَ. اللَبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔
اِرْتَثَأفِی رَایِه: رائے میں گڑبڑی کرنا۔
اِرْتَثَأَ عَلَیْهِمُ الاَمْرُ: گڑ بڑ ہونا۔اِرْتَثَأ.
الرَثِیْئَة: دہی پینا۔
الرَثْءُ والرَثَأة. بیوقوفی۔ کم سمجھی۔ کمزور دلی۔
الرَثِیْئَة. رَثَأ اللَبَنَ کا اسم. دہی۔ بیوقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔
رَجُلٌ (مَرْثُوْدٌ) کمزور دل۔ کم سمجھ۔
رَثَدَ (ن) رَثْدًا وارْتَثَدَ. المَتاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعولی (رَثِیْدٌ و مَرْثُوْدٌ)
رَثِدَ (س) رَثَدًا وارْثَد. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِحْتَفَر حَتیٰ اَرْثَدَ"، اس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔اَرْثَدَ القَوْمُ: جماعت ہونا۔
الرَثَد والرِثْدَة. لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔
الرَثَد. ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔
رَثَدُ البَیْتِ: گھر کا ردی سامان۔
المُرْثَد والمَرْثَد. فیاض و سخی مرد۔
المَرْثَد: شیر۔
رَثَطَ (ن) رُثُوطًا واِرْثَطَ وتَرَثَّطَ. فِی قُعُوْدِه: نشست میں جھکے رہنا۔
رَثِعَ (س) رَثَعًا. بہت حریص و لالچی

ہونا۔ صفت (رَثِعٌ)ج رَثِعُوْن.

اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَانًا. المطرُ: لگاتار برسنا فُلَانٌ: کمزور اور سست ہونا الشَعْرُ: بال کا لٹکنا۔

رَثَمَ (ض) رَثْمًا. الانفَ: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعولی (رَثِیْم و مَرْثُوْم)

رَثِمَ (س) رَثَمًا وارْثَمَّ. الفَرسُ: ناک کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِمٌ وأرْثَمُ) صفت مؤنث (رَثِمَةٌ ورَثْمَاءُ)ج رُثْمٌ.

الرَثَم والرُثْمَة. گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔

الرَثْمَة. ہلکی بارش۔ ج رِثَام.

المَرْثِم والمِرْثَم. ناک۔ ج مَرَاثِم.

رَثَّنَ تَرْثِيْنًا. اچھی طرح سے بارش ہونا۔

الرَثَان. لگاتار بارش۔

اَرْضٌ (مَرْثُوْنَةٌ و مُرَثَّنَةٌ) بارش شدہ زمین۔

رَثَايَرْثُو رَثْوًا ورَثَىٰ يَرْثِي رِثْيًا ورِثَاءً ورِثَايَةً ومَرْثَاةً ومَرْثِيَةً. المَيِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔

رثى لَهُ: رحم کرنا۔

رَثَىٰ يرثي رِثَايَةً. عَنْه حَدِيْثًا: یاد کرنا۔

رَثِي يَرْثِىٰ رَثَى ورَثْيًا. جوڑوں کے درد والا ہونا۔

رَثَّى و تَرَثَّىٰ. المَيِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔

الرَثَّاثَة والرَثَّايَة. نوحہ کرنے والی عورت۔

الرَثْيَة. جوڑوں کا درد (والرِثْيَّة) کمزوری۔ سستی۔ بیوقوفی۔

المَرْثَاة والمَرْثِيَة. وہ اشعار وغیرہ جس میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔ مَرَاثٍ و "اَلْمَرَاثِي السَبْع" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔

رَجُلٌ (مَرْثُوٌّ) کمزور عقل والا مرد۔

الرَثُوْ. دہی۔

رَجَّ(ن) رَجًّا. ہلانا۔ حرکت دینا۔

رَجَّهُ(ن) ورَجَّ رَجًّا. ہلنا۔ حرکت دینا۔

اِرْتَجَّ. البحرُ: موج مارنا الكَلامُ: ملتبس ہونا۔

الرَّجَّة. حرکت۔ رجَّةُ القَوْم: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔

رَجَاجُ. الغنم او الناسِ: کمزور و لاغر۔ کہا جاتا ہے "نَعْجَةٌ رَجَاجَة" لاغر بھیڑ۔

نَاقَةٌ (رَجَّاء) بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔

اَرْجَأ. الامرَ: کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَأتِ الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا۔ الصَائدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔

رَجَبَ (ن) رَجْبًا. مِنْهُ: شرم کرنا۔

رَجَبَه بكَلامٍ سَيِّئٍ: تہمت لگانا (رَجْبًا و رُجُوْبًا وارْجَبَ) ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجِبَ (س) رَجَبًا. مِنْهُ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔ رَجِبَه: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَّبَه. ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النَخلَةَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا۔ اور اسی سے ہے "اَنَا جُذَيْلُها المحككُ وعُذَيْقُها المُرَجَّبُ" اس قول میں جُذَيْل جذل کی اور عُذَيْقِ عِذْق کی تصغیر ہے۔ جذل کے معنی تنہ اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ محکک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے تھونی لگا دی گئی ہو۔ رَجَّبَ الرَجُلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔

تَرَجَّبَ. خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا الرَجُلَ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَب. قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ ج اَرْجَاب ورُجُوْب ورِجَاب. کہا جاتا ہے "اَجَّلْتُكَ اِلىٰ سَبْعَةِ اَرْجَابٍ" میں نے تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔ رَجَبَان: ماہ رجب و شعبان۔

الرُجْبَة. سہارا جو کھجور کے درخت کے لیے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَب.

الرَاجِبَة. انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب.

الاَرْجَاب. آنتیں۔ (واحد نہیں)

المُرَجَّب. ث۔ خوفناک۔ معظم۔

رَجَحَ (ف ن ض) رُجْحَانًا ورُجُوْحًا. المِيزانُ: جھکنا الرَايُ: غالب ہونا۔ ہ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔ دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا ہ بِيَدِهٖ: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (رَجَاحَةً) حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔

رَجَّحَهُ وارْجَحَهُ. جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔ رَجَّحَ وارْجَحَ لَهُ: جھکتا ہوا دینا۔

رَاجَحَه. جھکنے میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّحَ. الرَايُ عِنْدَه: غالب و برتر ہونا فِي القَوْلِ: مائل ہونا الشيُ: ہلنا الاُرْجُوحَة بِه: جھکنا۔

اِرْتَجَحَ. فِي الاُرْجُوحَة: جھولے میں جھکنا الإبلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔

الرُجُح. مِنَ الجِفَان: بھرے ہوئے بڑے پیالے مِنَ الكَتَائِب. لشکر گراں۔

الاُرْجُوحَة. ج اَرَاجِيْح (لرُجَاحَة و الرُجَّاحَة والمَرْجُوحَة) جھولا۔

الاَرَاجِيْح. بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔

اِمْرَأة (رَجَاح) بڑے سرین والی عورت۔

رَجَدَ (ن) رَجَادًا. خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)

اِعْتَرَاجِحَة اَوالتِبَايِنَةُ العَدَدِيَّة: (علم جبرا) دو مخالف عدد کا مجموعہ: ۴ + ۹۲۶-۱

رُجِدَ رَجْدًا ورُجِّدَ واُرْجِدَ. کانپنا۔

رَجَزَ (ن) رَجْزًا. رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ ورَجَّازٌ ورَجَّازَة) رَجَزَ بِه: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَجَّزَہٗ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَاجَزَ. صاحبہ: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّزَ: رجز پڑھنا۔ الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا۔ السَّحَابُ: بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔

اِرْتَجَزَ: رجز پڑھنا۔ الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا۔ بِفُلَانٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا۔ الرَّجَزَ فِي القِتَالِ: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔

تَرَاجَزَ. القَوْمُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔

الرُّجْز والرِّجْز: گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجز: گناہ۔

الرَّجَز: اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام۔

الرِّجَازَة: عورتوں کے لئے اونٹ پر کی ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔

الاُرْجُوْزَة: بحر رجز کا قصیدہ۔ ج اَرَاجِیز۔

الاَرْجَز: رجز کی بیماری والا۔

رَجَسَ (ن ض) رَجْسًا. البَعِیْرُ: اونٹ کا آواز کرنا۔ السَّمَاءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔ فلانًا عَنِ الاَمْرِ: روکنا (وارْجَس) پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ (س) ورَجُسَ (ک) رَجَاسَةً: برا کام کرنا۔ صفت (رَجِس)۔

اِرْتَجَسَتْ. السَّمَاءُ: گڑگڑانا۔ البِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔

الرِّجْس والرَّجَس والرِّجِس: گندگی، پلیدی۔ الرِّجْس: برا عمل۔ برے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔

الرَّجَّاس: سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ اوسَحَابٌ رَجَّاسٌ" بہت تیز آواز والا بادل یا اونٹ۔

بَعِیْرٌ رَجُوْسٌ مِرْجَس: تیز آواز نکالنے والا اونٹ۔

المِرْجَاس: پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

المَرْجُوسَة: فساد و گڑبڑاہٹ۔

رَجَعَ (ض) رُجُوْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجِعَةً. ورُجْعَى ورُجْعَانًا: واپس آنا۔ لوٹنا۔ (رَجْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجَعًا) الکَلَامُ فِیْهِ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ اِلَّا سَجْعٌ لَیْسَ فِیْهِ رَجْعٌ" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ العَلَفُ فِی الدَّابَّةِ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدُه عَلٰی بَدْئِه" وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا۔ الشَّیْءَ عَنْهُ او اِلَیْهِ: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا (رُجُوْعًا و رِجَاعًا) الطَّیْرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔

رَجَّعَ. فِی صَوْتِه: حلق میں آواز کو گھمانا۔ (وتَرَجَّعَ) فِی المُصِیْبَةِ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ﴾ کہنا۔ رَجَّعَتِ الدَّابَّةُ: قدم رکھنا۔ تَرَجَّعَ النَّاقَةَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔

رَاجَعَهُ. فِی الاَمْرِ: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا۔ و الکَلَامَ: دوبارہ گفتگو کرانا۔ الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بری عادت کی طرف لوٹ جانا۔

اَرْجَعَهُ: رد کرنا۔ پھیرنا۔ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا۔ الرَّجُلُ فِی المُصِیْبَةِ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ﴾ کہنا۔ اللّٰهُ بَیْعَتَه: نفع کرانا۔

اِرْتَجَعَ. النَّاقَةَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اس جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ اِلَی الشَّیْءِ: واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَهُ: واپس کرنا۔ المَرْأَةُ جِلْبَابَهَا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔ اِرْتَجَعَ عَلَی الغَرِیْمِ: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاعَ خَیْلَه فَارْتَجَعَ مِنْهَا رِجْعَةً صَالِحَةً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔

تَرَاجَعَ. القَوْمُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا۔ القَوْمُ الکَلَامَ بَیْنَهُمْ: قوم کا آپس میں گفتگو میں الٹ پھیر کرنا۔

اِسْتَرْجَعَ. مِنْهُ الشَّیْءَ: واپس لینا۔ فِی المُصِیْبَةِ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ﴾ کہنا۔ الحَمَامُ فِی غِنَائِه: کبوتری کا گٹ کری کرنا۔

الرَّجْع: خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاعٌ ورُجْعَان ورِجْعَان۔ الرَّجْع: لید۔ مِنَ الاَرْضِ: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو۔ مِنَ الکَتِفِ: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "کَوَاهُ عِنْدَ رَجْعِ کَتِفِه" اس کی مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَّدیٰ: آواز باز گشت۔

الرَّجِیْع. مِنَ الکَلَامِ: واپس کی ہوئی گفتگو۔ لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ۔ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِیْرٌ رَجِیْعٌ: سفر سے تھکا ہوا اونٹ۔ ج رَجَائِع۔ دَابَّةٌ رَجِیْعُ اَسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔

الرَّاجِع. فا۔ عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِع۔

الرَّجْعَة: رجع کا اسم نوع۔ حجت۔ اونٹ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔

الرَّجْعَة: واپسی۔

والرُّجْعَة والرُّجْعَی والرُّجْعَان و الرُّجُوْعَة: خط کا جواب۔ المَرْجِع: لوٹنے کی جگہ۔ مونڈھے کا نچلا حصہ۔

المَرْجُوع والمَرْجُوْعَة: خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ کئے گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ هٰذَا البَیْعُ مَرْجُوْعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں۔

الْمُرَاجِع مِنَ النِّسَاء: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آگئی ہو۔

الرِّجَاع. مہار کا وہ حصہ جو اونٹ کی ناک پر ہو۔ ج اَرْجِعَة ورُجُع.

رَجَفَهُ (ن) رَجْفًا و رَجَفَانًا ورَجِيْفًا. تیز ہلانا۔ ہلنا (لازمی و متعدی) الرَّجُلُ: بہت کانپنا۔ کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا۔ الاَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ الْقَوْمُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا۔ الرَّعْدُ: گڑگڑانا۔ الاَسْنَانُ: دانتوں کا کرنا۔

اَرْجَفَ. لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بُری خبروں کو پھیلانا القَوْمُ: بالشَّيْئِ وفيه: گھسنا الرِّيْحُ الشَّجَرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔

اَرْجَفَتِ الْاَرْضُ. زمین میں بھونچال ہونا۔ زلزلہ ہونا۔

تَرَجَّفَ وارْتَجَفَ. بہت زیادہ کانپنا۔

اِسْتَرْجَفَ. رَاسَه: حرکت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا يَسْتَرْجِفُوْنَ الاَرْضَ نَجْدَةً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انہوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا۔

الرَّجْفَة. اسم مرة۔ زلزلہ۔ بھونچال۔

الرَّاجِف. فا. جوڑی والا بخار۔

الرَّاجِفَة. قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ۔

الرَّجَّاف. بہت کانپنے والا۔ سمندر۔ قیامت کا دن۔

الاَرَاجِيْف. گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں۔ کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ الْمَخَاوِيْفُ كَثُرَتِ الْاَرَاجِيْفُ" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اُڑتی ہیں۔

التَّرْجَاف. اضطراب۔ بے قراری۔

رَجَلَ (ن) رَجْلًا. الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوڑ دینا۔ الشَّاةَ: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا۔ رَجَلَه: ٹانگ پر مارنا۔

رَجِلَ (س) رَجَلًا. پیدل چلنا۔ بیمار ٹانگ والا ہونا الدَّابَّةُ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا۔ الشَّعرُ: بال کچھ گھنگریالے ہونا۔ الفَصِيْلُ: اونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوٹنا۔

رَجَّلَهُ. قوی کرنا الشَّعرَ: کنگھی کرنا۔

اَرْجَلَهُ. مہلت دینا۔ پیدل چلانا۔ الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔

تَرَجَّلَ. سواری سے اُتر کر پیدل چلنا المَرْاَةُ: مرد جیسی ہونا الشَّمْسُ: آفتاب کا بلند ہونا البِئرَ وفي البِئر: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اُترنا الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا۔

اِرْتَجَلَ. دیگچی میں پکانا۔ الشَّاةَ: ٹانگیں باندھنا ہ: پاؤں سے پکڑنا الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا الكَلَامَ: فی البدیہ کہنا۔ بِرَايِه: منفرد ہونا الرَّجُلُ: پیدل چلنا۔ النَّهارُ: دن کا چڑھنا الفَرَسُ: درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ رِجْلَكَ" اپنی شان کو لازم پکڑ۔

الرَّجِل. ... پیدل چلنے والا۔ مرد۔ شَعْرٌ رَجِلٌ: کچھ گھنگریالے بال۔

الرِّجْل. ج اَرْجُل: پاؤں۔ ج اَرَاجِل. کسی چیز کا حصہ۔ ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَائَتْ رِجْلُ دِفَاعٍ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذَالِكَ فِيْ رِجْلِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا۔ الرِّجل: پاجامہ۔ سفید کورا کاغذ۔ فقیری۔ آدمی کا پاخانہ۔ بہت سونے والا مرد۔ خوف۔ تم کہتے ہو "اَنَا مِنْ اَمْرِيْ عَلٰى رِجْلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے۔ پیش قدمی۔ رِجْلُ البَحْرِ. کھاڑی خلیج۔ رِجْلَا السَّهْمِ: تیر کے دونوں کنارے۔ رِجْلُ الغُرَابِ ورِجْلُ الجَرَادِ: دو نباتات کے نام رِجْلُ الجَبَّارِ ورِجْلُ الجَوْزَاءِ ورِجْلُ قَنْطُوْرَسَ: ستاروں کے نام۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُقَدِّمُ رِجْلًا ويُؤَخِّرُ اُخْرٰى" یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اُٹھاتا ہے کبھی دوسرا۔

الرَّجُل. مرد۔ پیدل چلنے والا۔ ج رِجَال و رِجْلَة ورَجْلَة واَرَاجِل ورِجَالَات. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَجُلٌ فِي الرِّجَالِ" فلاں کامل مرد ہے۔

الرَّجْل. ... مِنَ الشَّعْرِ: کم گھنگریالے بال۔ ج اَرْجَال ورَجَالىٰ.

الرَّاجِل. پیدل چلنے والا۔ الرَّجِلُ مِنَ الشَّعْرِ: کم گھنگریالے بال۔

الرَّاجِل. فا. پیدل چلنے والا۔ ج رَجْل و رَجَّالَة ورُجَّال ورِجَال ورَجَالىٰ ورُجَالىٰ و رُجْلَان. کہا جاتا ہے "جَائَتِ الخَيَّالَةُ والرَّجَّالَةُ" سوار و پیادے سب آئے۔ و "اَغَارَ عَلَيْهِمِ بِخَيْلِهٖ و رَجِلِهٖ" اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں سے لوٹ ڈالی۔ رَجُلٌ رَاجِلٌ: پیدل چلنے والا مرد۔

الرِّجْلَة. خرفہ کا ساگ۔ خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ۔ ج رِجَل.

الرُّجْلَة. چلنے کی قوت۔ مردانگی۔ الرُّجْلَةُ: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی۔

الرَّجُلَة. عورت۔

الرَّجِيْل. ج۔ اَرْجِلَة واَرَاجِل واَرَاجِيْل: پیدل چلنے والا ج رَجْلىٰ ورُجَالىٰ ورَجَالىٰ. بہت چلنے پر قادر۔ كَلَامٌ رَجِيْلٌ: فِي البديهه كلام. رَجُلٌ رَجِيْلٌ: قوی مضبوط مرد۔ مكان رَجِيْلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں۔ فَرَسٌ رَجِيْلٌ: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے۔

الاَرَاجِيْل. شکاری لوگ۔

الرُّجُوْلَة والرُّجُوْلِيَّة والرَّجُوْلِيَّة و الرُّجْلِيَّةُ. مردمی۔ مردانگی۔

الرَّجْلَان. پیدل چلنے والا۔ ج رُجَالىٰ و رَجَالىٰ و رَجْلىٰ. مؤنث رَجْلىٰ. ج رِجَال و رَجَالىٰ.

الْاَرْجَل. مِنَ الدَّوَابِ: ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رَجُل اَرْجَل. بڑے پاؤں والا مرد۔ مؤنث رَجْلاءِ ج رُجْل اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْجَلهُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔

التَرْجِیْل. س جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔

التَراجِیْل. کرفس (ایک دوا کا نام)

المِرْجَل. دیگ۔ کنگھی۔ ج مَراجِل.

المُرَجَّل. مِنَ النَّسِیْجِ و نَحوَه: کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔

المُمَرْجَل. مِنَ الثِیابِ: کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔

اِمْرَأةٌ (مُرْجِل) لڑکے ہی جننے والی عورت۔

رَجَمَهٗ (ن) رَجْمًا. سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔

القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

الرَّجُلَ: اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جاءَ یَرْجُمُ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔

رَجَّمَ. اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَّمَ بالغَیْبِ" اس نے اٹکل پچو باتیں کیں۔ القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

رَاجَمَهٗ مُرَاجَمَةً. ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَوْمِهٖ: مدافعت کرنا ٥ فِی الحَرْبِ اَو الکَلامِ اَو العَدْوِ: لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔

تَرَاجَمُوْ. ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔ بالکَلامِ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

اِرْتَجَمَ. الشَّیْءُ: تہ بتہ ہونا۔

الرَّجْمُ. س دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوم. الرَّجْمُ: اٹکل کی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "رَجْمًا بالغَیْبِ" اٹکل پچو۔ و صَارَ فُلانٌ رَجْمًا. فلاں حقیقت حال سے واقف نہیں۔

الرَّجَم. کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج رِجام.

الرُّجْمَة الرَّجَمَة. قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان لگایا جائے۔ بجو کا بھٹ۔ ج رُجَم و رِجام.

الرَّجِیْم. سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔

الرِّجام. کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسّی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَةٌ)

المِرْجَم. مِنَ الرِجالِ: مضبوط قوی مرد۔

فَرَسٌ مِرْجَمٌ: بہت روندنے والا گھوڑا۔

حَدِیْثٌ (مُرَجَّم) ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔

المِرْجام. پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔ مِنَ الاِبِلِ: مضبوط اونٹ۔

المَراجِم. قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بالمَراجِمِ" انہوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔

رَجَنَ (ن) ورَجِنَ (س) ورَجُنَ (ک) رُجُوْنًا. بالمَکَانِ: اقامت کرنا الحَیْوانُ: مانوس ہونا۔

رَجَنَ (ن) رَجْنًا ورَجَّنَ واَرْجَنَ الدَّابَّةَ: چارہ کھانے کیلئے گھر پر روکنا۔ رَجِنَ فُلانًا: شرم کرنا۔ واَرْجَنَتِ النَّاقَةُ: گھر پر ٹھہرنا۔

اِرْتَجَنَ. بالمَکَانِ: اقامت کرنا الزُبْدُ: پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا عَلَی القَوْمِ اَمْرُهُمْ. گڑبڑ و فاسد ہونا۔

الرَّجِیْن. مہلک زہر۔

الرَّجِیْنَة. جماعت۔

المَرْجُوْنَة. خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِیْ مَرْجُوْنَةٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔

رَجَهَ (ض) رَجْهًا. ہلنا بالشَّیْءِ: دانتوں سے پکڑنا۔

اَرْجَهَ. الاَمْرَ: وقت سے پیچھے ہٹانا۔

رَجَا (ن) رَجاءً ورَجْوًا ورَجَاةً. ومَرْجَاةً ورَجَاوَةً ورَجَاءَةً. پُر امید ہونا الشَّیْءَ: امید کرنا۔ خوف کرنا الرَّجُلَ: کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔

رَجِیَ (س) رَجًا. کلام سے رک جانا۔

رُجِیَ. عَلَیْهِ: کلام منقطع ہونا۔

رَجّٰی وتَرَجّٰی وارْتَجٰی. الشَّیْءَ: امید کرنا۔ رَجّٰی وارْتَجٰی فُلانًا: اُمید لگانا۔ وارْتَجٰی الشَّیْءَ: خوف کرنا۔

اَرْجٰی. الاَمْرَ: مؤخر کرنا الصَّیْدَ: نہ پانا۔

اَرْجَی البِئرَ: کنوئیں کا من بنانا اَرْجَتِ النَّاقَةُ: جننے کے قریب پہنچنا۔

الرَّجَا و لرَّجَاء. کنارا۔ رَجَوا البِئْرِ: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرِّجاءُ: چھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔

الرَّجِیَّة. امید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَلَیْسَ لِیْ فِیْ فُلانٍ رَجِیَّةٌ" فلاں سے مجھے کوئی امید نہیں۔

الْاُرْجِیَّة. جو چیز موخر و ملتوی کی جائے۔

الرَّحَّة. سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو۔

الرَّحَح. کھر کی چوڑائی۔

الرُّحُح. چوڑے پیالے۔

الاَرَحّ. بھرے تلوے والا۔ مؤنث رَحَّاء ج رُحٌّ.

رَحُبَ (س) رَحَبًا و رَحُبَ (ک) رُحْبًا ورَحَابَةً. المَکَانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَحْبٌ و رَحِیْبٌ ورُحَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَحِبَکُمُ الاَمْرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے (اور یہ شاذ ہے۔)

رَحَّبَ. المَکَانَ: کشادہ کرنا بہ مَرْحَبَةً: بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔

اَرْحَبَ. المَکَانُ: کشادہ ہونا المَکَانَ: کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْحِبْ یَا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔

تَرَاحَبَ. کشادہ ہونا۔

الرَّحْب. کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ رَحْبٌ واَرْضٌ رَحْبَةٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ "ورَحْبُ الصَّدْرِ" کشادہ دل۔ و "رَحْبُ الفَهْمِ" زیادہ عقل والا و "رَحْب

الباع او الذراع" فیاض۔ سخی۔

الرُّحْبیٰ. سب سے چوڑی پسلی۔

الرُّحْبَیَان: بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔

الرَّحْبَة والرُّحبَة. کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو اور بہت لوگ آتے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ۔ مِنَ الدار: مکان کا صحن مِنَ الوادِی. وادی کے دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحاب و رَحْب ورَحْبات ورَحَب ورَحَبات.

الرَّحِیْب. بہت کھانے والا۔

التَرْحَاب. خوش آمدید۔

رَحَائِبُ النُّجُوْمِ: کشادہ اطراف۔ واحد رَحِیْبَةٌ.

المَرْحَب. کشادگی۔ اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِكَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔ و" مَرْحَبَكَ اللّٰه و مَسْهلَكَ" اللہ تم کو کشادہ اور نرم زمین میں اُتارے۔ "اَهلًا و مَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ۔ وحشت مت کرو۔ اور بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "لامَرْحَبًا بِكَ"

رَحْرَحَ. مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا الشَیْءَ عَنْ فُلانٍ: چھپانا بِالکَلامِ: واضح کلام نہ کرنا۔

تَرَحْرَحَ. الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔

الرَحْرَح والمَرْحَراح والرَحْرَحَان. پھیلا ہوا کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے "عَیشٌ رَحْرَحٌ ورَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی۔

رَحَضَ (ف) رَحْضًا وارْحَضَ. الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔

رُحِضَ. المَحْمُوْمُ: پسینہ آنا۔

اِرْتَحَضَ. الرَّجُلُ: رسوا ہونا۔

ثَوْبٌ (رَحْضٌ) کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ الرَّحْض: مشک۔ پرانہ توشہ دان۔

الرُّحَاض. پسینہ کی آمد۔

الرُّحَاضَة. وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھوون۔

الرُّحَضَاء. بخار اترتے وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو شرابور کر دے۔

الرَّحِیْض. دھویا ہوا۔

المِرْحَاض. غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مِخبَاط کہتے ہیں) پاخانہ۔ ج مَرَاحِیض.

المِرْحَضَة والمِرْحَاضَة. کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے۔

الرُّحَاق والرَّحِیْق. شراب۔ الرحیق: ایک قسم کی خوشبو۔ حَسبٌ رَحِیْقٌ: بے داغ حسب۔ مِسْكٌ رَحِیْقٌ: خالص مشک۔

رَحَلَ (ف) رَحْلًا و رَحِیْلًا و تَرْحَالًا. عَنِ المَکَانِ: ترک وطن کرنا اِلیٰ المَکَانِ: منتقل ہونا البَعِیْرَ: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَهُ نَفْسِی" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا بِالسَّیْفِ: کسی پر تلوار اُٹھانا البِلادَ: پھرنا۔ گھومنا۔

رَحَّلَهُ. کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرانا الثَّوْبَ: نقش و نگار کرنا۔

رَاحَلَهُ. کوچ کرنے میں مدد دینا۔

اَرْحَلَ. سواری کے بہت جانور والا ہونا الدَّابةُ: چوپائے کا کمزوری و لاغری کے بعد موٹا و مضبوط ہونا: سواری دینا۔ الابِلَ او النَّاقَةَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔

تَرَحَّلَ. القَوْمُ عَنِ المَکَانِ: منتقل ہونا۔ فلانًا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔

اِرْتَحَلَ. عَنِ المَکَانِ: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا البَعِیْرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ الاَمْرَ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔

اِسْتَرْحَلَهُ. سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا النَّاسَ نَفْسَه: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔

الرَّحْل. س کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرُ اِلیٰ رَحْلِه" مسافر اپنی قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامان سفر۔ کہا جاتا ہے "حطَّ رَحْلَه واَلْقیٰ رَحْلَه" اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کر لی۔ ج رِحَالٌ واَرْحُلٌ. الرِحان: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے۔

الرِحْلَة. کوچ۔ تم کہتے ہو "غدًا رِحْلَتُنَا" کل ہمارا کوچ ہے۔ سفر نامہ۔

الرُحْلَة. جہت سفر۔ تم کہتے ہو "دِمَشْق رُحْلَتُنَا" ہماری جہت و سفر دمشق ہے۔ سفر۔ عَالِم رُحْلَةٍ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ بَعِیْرٌ ذُوْ رُحْلَةٍ ورِحلَةٍ: مضبوط و قوی اونٹ۔

الرَّحِیْل. س کوچ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جَمَلٌ رَحِیْلٌ و نَاقَةٌ رَحِیْلَة: چلنے میں قوی اونٹ۔

الرَّاحِل. فا. ج رَاحِلُوْن. ورُحَّل و رُحَّال.

الرَّاحِلَة. مِنَ الابِلِ: سواری کے لائق اونٹ۔ سفر و بار برداری کے لئے مضبوط اونٹ واونٹنی (تا مبالغہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِل.

الرِحَالَة. بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین۔ ج رَحَائِل.

الاَرْحَل. مِنَ الخَیْلِ وَالشَّاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری۔

الرَّحَّال. کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ ج رَحَّالَة.

الرَّحَّالَةُ. بہت سفر کرنے والا۔

الرَّحُوْل. بہت منتقل ہونے والا۔

الرَّاحُوْل. کجاوہ۔

المَرْحَلَة. مسافر کے ایک دن کا سفر۔ ج مَرَاحِل.

المُرْحِل. بہت سواری کے جانور والا۔

(والمِرْحَل) مِنَ الجَمَالِ: مضبوط و قوی۔

المُرَحَّل. مِنَ الابِلِ: کجاوا کسا ہوا اونٹ۔ مِنَ الثِّیاب: کجاوہ کے مانند نقش و نگار والا

کپڑا۔
مُرْتَحل. البعیرِ اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ۔
رَحِمَہٗ(س) رَحْمَۃً و مَرْحَمَۃً ورُحْمًا ورُحُمًا نرم دل ہونا۔ مہربان ہونا۔ شفقت کرنا۔ بخش دینا۔
رَحِمَتْ(س) ورَحُمَتْ(ک) رَحْمًا و رَحَمًا و رَحَامَۃً و رُحِمَتِ. المَرْأَۃُ: ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا۔ صفت (رَحُوم ورَحِمَۃ و رَحْمَاء)
رَحَّم و تَرَحَّم. عَلَیْہِ: کسی کے متعلق "رَحِمَہُ اللّٰہ" کہنا۔
تَرَاحَم. القَوْمُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔
اِسْتَرْحَمَہٗ مہربانی طلب کرنا۔
الرَحِم والرِحْم (مؤنث) بچہ دانی۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ کہا جاتا ہے "ذُوْ الرَحِم" یعنی رشتہ دار۔ ج اَرْحَام.
الرُحَام بچہ دانی کے ایک مرض کا نام۔
الرُحْمَۃ والرُحْمیٰ والرُحْم. نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت واحسان ہے۔
الرَّحَمُوْت بڑی مہربانی۔
الرَاحِم والرَحُوم مہربانی کرنے والا۔
الرَحِیْم. مہربانی کرنے والا۔ جس پر مہربانی کی جائے۔ ج رُحَمَاء. الرَحِیْم. اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الرَحْمَان. مہربانی کرنے والا۔ یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے۔
المَرْحَمَۃ. مہربانی۔ ج مَرَاحِم.
المُرَحَّم. جس پر مہربانی کی جائے (و المَرْحُوْم) مولدین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے۔
رَحَا یَرْحُوْ رَحْوًا ورَحیٰ یَرْحِیْ رَحْیًا و تَرَحّیٰ. الحَیَّۃُ: کنڈلی مارنا۔ رَحَا الرَحیٰ: چکی چلانا۔
الرَحیٰ (مؤنث) چکی۔ تثنیہ رَحَوَان ورَحَیَان ج اَرْحَاء واَرْحِیَۃ واَرْحٍ ورُحِیٌّ ورِحِیٌّ واُرْحِیٌّ. الرَحیٰ: بیضہ۔ گھمسان کی جنگ۔ سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَحیٰ قومِہٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ داڑھ۔ کہا جاتا ہے "طَحَنَہٗ بِاَرْحَائِہٖ" اس نے اس کو اپنی داڑھ سے پیس دیا۔ بادل۔ وہ قبیلہ جو نہ تو اپنی جگہ سے ٹلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے۔ ج اَرْحَاء.
المُرْحِّی چکی ساز۔
المَرْحیٰ. گھمسان کارن۔
رَخَّہٗ(ن) رَخًّا پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا. الشَرَابَ پانی ملانا۔
رَخَّ(ض) رَخًّا. العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔
اَرَخَّ. فِی الاَمْرِ: مبالغہ کرنا. العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔
اِرْتَخَّ. الرَجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔ متردد ہونا۔
الرَخ نرمی۔ سہولت۔
الرُخّ ایک خیالی بڑے جانور کا نام۔ (واحد)
رُخَّۃ. شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ ج رِخَاخ و رِخَخَۃ.
الرَخَاخ. نرم گھاس۔ عَیْشٌ رَخَاخٌ: آسودہ زندگی۔ رَخَاخُ العَیْشِ: زندگی کی فراخی و آسودگی۔ اَرْضٌ رَخَاخٌ: نرم زمین۔
اَرْضٌ (رَخَّاء) نرم زمین۔ ج رَخَاخِیُّ.
الرَخْت زین۔ ج رُخُوْت. (جدید)
الرَخْرَخ والرَخْرَاخ. پتلا گارا۔
تَرَخَّش واِرْتَخَش. ہلنا۔ مضطرب ہونا۔
الرَخْشَہ اضطراب۔ حرکت۔
رَخُصَ. (ک) رُخْصًا. الشَیْءُ: سستا ہونا۔ صفت (رَخِیْص) رَخَاصَۃً و رُخُوْصَۃً نرم ونازک ہونا۔ صفت (رَخْصٌ و رَخِیْصٌ) مؤنث رَخْصَۃٌ ج رَخَائِص.
رَخَّص. السِعْرَ: بھاؤ سستا کرنا لَہٗ کَذَا و فِی کَذَا: ممانعت کے بعد اجازت دینا۔
اَرْخَصَہٗ. سستا کرنا۔ سستا پانا یا خریدنا۔
تَرَخَّص. فِی الاَمْرِ: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا فِی کَذَا: اجازت دیا جانا۔
فِی حَقِّہٖ: اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا۔
اِرْتَخَصَہٗ سستا سمجھنا یا سستا خریدنا۔
اِسْتَرْخَصَ. الشَیْءَ: سستا سمجھنا۔
الرُخْصَۃ والرُخُصَۃ. تخفیف۔ آسانی۔ کہا جاتا ہے "لَكَ فِی ھٰذا الاَمْرِ رُخْصَۃٌ" تم کو اس معاملہ میں آسانی ہے۔ پینے کی باری۔
مَوْتٌ (رَخِیْص) جلدی آنے والی موت۔
رَخُفَ(ن) رَخْفًا و رَخِفَ(س) رَخَفًا ورَخُفَ (ک) رَخَافَۃً ورُخُوْفَۃً. العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔ صفت (رَخْفٌ ورَاخِفٌ)
اَرْخَفَ. العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔ پانی بڑھانا۔
الرَخْف والرَخْفَۃ. پتلا مکھن۔ گیلا گندھا ہوا آٹا۔ ج رِخَاف.
الرَخْفَۃ والرَخِف. نرم و پتلا پتھر۔
الرَخْل والرَخِل والرِخْلَۃ. بھیڑ کا مادہ بچہ۔ ج اَرْخُل ورُخَال ورِخَال ورِخْلَان ورَخِلَۃ ورِخَلَۃ.
المُرْخِلُ. بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا
رَخُمَ(ن) رَخْمًا ورَخُمَ(ک) رَخَامَۃً الصَوْتُ او الکَلَامُ: آواز یا گفتگو کا نرم ہونا۔
صفت (رَخِیْم) الجَارِیَۃُ: نرم گفتگو والی ہونا۔ صفت (رَخِیْمَۃ ورَخِیْم)
رَخَمَتْ(ن) رَخْمًا ورَخَمًا ورَخْمَۃً. الدَجَاجَۃُ البَیْضَ و عَلَی البَیْضِ و (اَرْخَمَتْ) عَلَی البَیْضِ: مرغی کا انڈے سینا۔ صفت (رَاخِم و مُرْخِم و مُرْخِمَۃ)
رَخِمَتْ (ف ن) رَخْمًا ورَخْمَۃ ورَخْمَۃً المَرْأۃُ وَلَدَھَا: کھیل کود کرنا۔ لاڈ پیار کرنا ورَخِمَہٗ: مہربانی کرنا۔
رَخَمَ. رَحِمَ میں ایک لغت ہے۔
رَخَّمَ تَرْخِیْمًا. الشَیْءَ: دُم کاٹ دینا۔ اور

اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادیٰ ہے۔ نرم آواز کر دینا۔ الدَّجَاجَةَ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔

الرَّخَم. س گدھ۔ واحد (رَخَمة) ج رُخَم. نرمی و محبت۔ گاڑھا دودھ۔

الرُّخَام. سنگ مرمر۔ ایک ٹکڑے کو (رُخَامَة) کہتے ہیں۔

الرُّخَامىٰ. نرم ہوا۔ ایک قسم کی نباتات۔

الاَرْخَم. مِنَ الخَيْل: گھوڑا جس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو۔ مؤنث رَخْماء ج رُخْم.

التَرْخُوم والیَرْخَم والیَرْخُوم. نر گدھ۔

رَخِيَ (س) رَخًا ورِخْوَةً ورَخُوَ (ک) رَخَاوَةً. نرم ہونا۔ آسان ہونا۔ آسودہ زندگی والا ہونا۔ صفت (رَخْو ورُخْو ورِخْو)

رَخَا (ن) ورَخِيَ (ف) ورَخِيَ (س) ورَخُوَ (ک) رَخَاء العَيْشُ: زندگی کا آسودہ ہونا۔ صفت (رَاخٍ ورَخِيٌّ)

رَاخَاهُ مُرَاخَاةً. دور کرنا۔ جیسے کہتے ہیں "خِلْتُ الفِرارَ يُراخِي الاَجَلَ" میرا خیال تھا کہ گریز موت کو دور کر دے گی۔ الشيءَ: نرم کرنا۔ العُقْدَةَ: گرہ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "رَاخِي خَنَاقَهُ اورِبَاقَه" یعنی اس نے اسے مہلت دی۔ رَاخَتِ المَرْأَةُ: بچہ جننے کے قریب ہونا۔

اَرْخيٰ اِرْخَاءً. الشيءَ: نرم کرنا۔ الفَرَسَ ولِلْفَرَس: گھوڑے کی رسی ڈھیلی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْخِ لَهُ الحَبْلَ" اس کی رسی ڈھیلی کر دو۔ یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو۔ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا اور کہا جاتا ہے "اَرْخيٰ عِمَامَتَه" یعنی وہ مطمئن و مامون ہو گیا۔ دَابَّتَه: جانور کو آزادانہ چلنے دینا۔ زِمَامَ النَّاقَةِ: اونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑنا۔

رَخّيٰ. الشَّيءَ بالشَّيءِ: ملانا۔

تَرَاخيٰ تَرَاخِيًا. عَنْه: دور ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔ دیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاخَتِ السَّمَاءُ" یعنی بارش میں دیر ہوئی۔ تَرَاخيٰ الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں سست ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي الاَمْرِ تَرَاخِيًا" معاملہ میں وسعت و گنجائش ہے۔

اِرْتَخيٰ واِسْتَرْخيٰ. نرم ہونا۔ استرخت به حالُه: تنگی اور سختی کے بعد اس کی حالت اچھی ہو گئی۔

الرَّخَاء. س فراخی زندگی۔

الرُّخَاء. نرم ہونا۔

الاُرْخِيَّة. ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے۔ ج اَرَاخِيّ.

المِرْخَاء. تیز دوڑنے والا جانور۔ ج مَرَاخٍ (مذکر و مونث دونوں کیلئے ہے) کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِرْخَاءٌ واَتَانٌ مِرْخَاءٌ"

رَدَّهُ (ن) رَدًّا و مَرَدًّا و مَرْدُودًا و رِدِّيديٰ. عَنْ كَذَا: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ لوٹانا۔ رَدَّ فُلانًا: خطاکار ٹھہرانا۔ البَابَ: بھیڑ دینا۔ عَلَيْهِ الشَّيءَ: پھیر دینا۔ قبول نہ کرنا۔ اِلَيْهِ جَوَابًا: جواب بھیجنا۔ اِليٰ بَيْتِه: لوٹا دینا اور کہا جاتا ہے "مَا يَرُدُّ هٰذا عَلَيْكَ شيئًا" یہ تم کو کچھ نفع نہیں دے گا۔ الشيءَ: ایک حالت سے دوسری حالت پر کر دینا جیسے "فَرَدَّ شُعُوْرَهُنَّ السُّوْدَ بيضًا" ان کے کالے بالوں کو سفید کر دیا۔ رَدَّ القَوْلَ تَرْدَادًا: بار بار دہرانا۔

رَدَّدَ. القَوْلَ: بمعنى رَدَّ القَوْل (تشدید کثرت کے لئے ہے)

رَادَّهُ. الشيءَ: واپس کر دینا۔ في الكَلامِ: بحث کرنا۔

اَرَدَّ. البَحْرُ: جوش میں آنا۔ الرَّجُلُ: غصہ سے پھول جانا۔ الشَّاةُ: تھن والی ہونا۔ صفت (مُرِدّ)

تَرَدَّدَ. رد ہونا۔ فِي الاَمْرِ: شک و شبہ میں پڑ جانا۔ اِلَيْهِ: بار بار آنا۔ (و تَرَادَّ) فِي الجَوَابِ: زبان کا لڑکھڑانا۔

تَرَادًّا. البَيْعَ: بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا۔ تَرَادَّ المَاءُ: روک کی وجہ سے پیچھے ہٹنا۔

اِرْتَدَّ. الشَّيءَ: واپس کرنا۔ واپس کرنے کو کہنا علىٰ اَثَرِه او عَنْ طَرِيْقِه: لوٹنا۔ عَنْ دِيْنِه: دین کو چھوڑنا۔ دین سے پھر جانا۔ عَنْ هِبَةٍ: ہبہ کو لوٹا لینا۔ اِليٰ الصَّوَابِ: صواب کی جانب لوٹ جانا۔

اِسْتَرَدَّ. الشيءَ: واپس کرنے کو کہنا۔ الشيءَ: واپسی چاہنا۔ الهِبَةَ: ہبہ کو لوٹا لینا۔

الرَّدُّ. س زبان کی لڑکھڑاہٹ۔ نباتات کی کثرت۔ کہا جاتا ہے "ضَيْعَةٌ كَثِيْرَةُ الرَّدِّ" بہت نباتات والی جائیداد۔ شيءٌ رَدٌّ ردی چیز۔ اَمْرٌ رَدٌّ: مخالف سنت کام۔ دِرْهَمٌ رَدٌّ: کھوٹا درہم۔ کہا جاتا ہے "لَا تُعْطِنِي مِنْ رُدُوْدِ الدَّرَاهِم" مجھے کھوٹے درہم مت دو۔

الرِّدُّ. چیز کا سہارا۔

الرُّدِّيٰ. طلاق دی ہوئی عورت۔

الرَّدَّة. رد کا اسم مرۃ۔ کچھ جمال کے ساتھ زشت روئی۔ کہا جاتا ہے "فِي وَجْهِه رَدَّةٌ" اس کے چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بدصورتی ہے۔

الرِّدَّة. ارتداد کا اسم۔ ٹھوڑی کا پچکنا۔ پہاڑ کی گونج۔ بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الاِبِلُ رِدَّةً" اونٹ نے دوسری بار پانی پیا۔

الرَّدَاد والرِّدَاد. واپسی۔

الرَّدِيْد. بادل جو برس چکا ہو۔

التَّرْدَاد. رد۔ تکرار۔

الاَرَدُّ. نافع تر۔

الرَّادَّة والمَرَدَّة. فائدہ۔ کہا جاتا ہے "لَارَادَّةَ او لَامَرَدَّةَ فِيْه" اس میں کوئی فائدہ نہیں۔

المِرَدُّ. فا مدت تک سفر میں رہنے والا یا زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا۔ غضبناک۔ سوجے ہوئے تھنوں والی اونٹنی۔ اونٹ جس نے پانی بہت پیا ہو۔ مَرَادّ.

المِرَدُّ. مِنَ الرِّجَال: بہت رد کرنے والا۔ بہت حملہ کرنے والا۔

المَرْدُوْد. نا س زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا یا مدت تک سفر میں رہنے والا۔

المَرْدُوْدَة. مردود کامؤنث۔ استرا۔
المُرَدَّد. حیران وسرگشتہ۔
رَدَأَ(ف) رَدْأً. الحائطَ: دیوار کو ٹیک لگانا۔ الرَّجُلَ: مدد کرنا۔ رَدَأَهُ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔
رَدُؤَ (ک) رَدَاءَةً. ردی ہونا۔ صفت (رَدِئٌ)ج أَرْدِيَاء وأَرْدِئَا.
أَرْدَأَ. بُرا کام کرنا یا بُری چیز پہنچانا ہ: خراب کرنا۔ بگاڑنا السِّتْرَ: لٹکانا الحائطَ: دیوار کو تھم لگانا فُلَانًا: تسکین دینا۔ برقرار رکھنا ہ علی مائۃ بزیادہ کرنا۔ بڑھانا۔
تَرَادَأَ. القَوْمُ: باہم مدد کرنا۔
الرِّدْءُ. مددگار۔ مدد۔ ایک جانب کا بھاری بوجھ جو جانور پر لادیں۔ ج أَرْدَاء.
تَرَدَّبَهُ. نرمی سے پیش آنا۔
الرَّدْب. راستہ جس کا آخری سرا بند ہو۔
الإِرْدَبُّ. چوبیس صاع کا ایک بڑا پیمانہ۔ سطح زمین پر بہنے والی۔ ج أَرَادِبّ.
الإِرْدَبَّة. چوبچہ۔ بڑی اینٹ۔
رَدَحَ (ف) رَدْحًا. ثابت قدم رہنا۔ الشَّیْءَ: زمین پر پھیلا کر برابر کرنا۔ (وأَرْدَحَ) البَیْتَ: گاڑھا گاڑھا لیپنا۔
رَدَّحَ. الشَّیْءَ: زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔
الرَّدْح. سر ہلکا درد۔
الرَّدَح. لمبی مدت کہا جاتا ہے "أَقَامَ رَدَحًا مِنَ الدَّهْرِ" اس نے زمانہ دراز تک اقامت کی۔
الرَّدَاح. بہت بڑا لشکر۔ تاریکی بڑا درخت۔ بڑا پیالہ مِنَ الکِبَاشِ: بڑی چکی والا دنبہ۔ ج۔ رُدُح.
الرُّدْحَة. خیمہ کے پچھلے حصہ کا پردہ۔ کشادگی رُدْحَةُ الصائد: پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے ارد گرد کھڑا کرلے۔
الرَّدَاحة والرِّدَاحة. بجو کے شکار کے لئے مکان۔
رَدَخَ(ف) رَدْخًا. رَأْسَهُ: سر توڑنا۔

رَدَسَ (ن ض) رَدْسًا. القَوْمَ: پتھر مارنا الحائطَ: گرانا، ڈھانا الرَّجُلَ: ذلیل کرنا الأَرْضَ: ہموار کرنا بالشَّیْءِ: لے جانا الحَجَرَ بالحَجَرِ: پتھر سے پتھر توڑنا۔
رَادَسَهُ. ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔
تَرَدَّسَ. مِنْ مَکَانِهِ: گرنا۔ المِرْدَس والمِرْدَاس. پتھر توڑنے کا آلہ۔ سر۔ پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کیلئے ڈالا جائے۔
رَجُلٌ (رَدُوْس ورِدِّيْس) بہت دفع کرنے والا۔
رَدَعَهُ(ف) رَدْعًا. عَنْ کَذَا: روکنا، ہٹانا ہ بالشَّیْءِ: لتھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ فَرَدَعَ بِهِ الأَرْضَ" اس نے لے کر زمین پر پٹک دیا۔
السَّهْمَ: تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کیلئے زمین پر مارنا المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
رُدِعَ. رَدْعَةً: خاموش ہونا اور چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔ رُدِعَ بِهِ: پچھاڑا جانا۔
رَدَّعَه. بالزعفران: زعفران میں لت پت کرنا۔
تَرَدَّعَ. لت پت ہونا۔
تَرَادَعَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو باز رکھنا۔
اِرْتَدَعَ. باز رہنا بالطِّیْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹنا۔
الرَّدْع. سر گردن۔ زعفران۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ فُلَانٌ رَدْعَهُ" جبکہ روکا جائے اور وہ نہ رکے۔ و "رَکِبَ البَعِیْرُ رَدْعَهُ" جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اس کے جوف میں داخل ہو جائے۔
قَمِیْصٌ (رَادِعٌ) قمیص جس میں خوشبو کا اثر ہو۔
الرِّدَاع. کیچڑ و پانی۔
الرُّدَاع. جسم میں خوشبو کا اثر۔ مرض کی واپسی۔
الرَّدِیْع. پچھاڑا ہوا۔ ثَوْبٌ رَدِیْعٌ بِزعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔ سَهْمٌ (رَدِیْعٌ و مِرْدَعٌ) تیر جس کا پھل گر گیا ہو۔
المِرْدَع. محروم واپس آنے والا۔ کاہل۔ پستہ قد۔ خوشبو کے اثر والا۔
رَدَغَتْ(ف) رَدْغًا. السَّمَاءُ: تھوڑی بارش برسانا۔ رَدَغَ بِهِ الأَرْضَ: پٹک دینا۔
أَرْدَغَ. المَکَانُ: بہت کیچڑ والی ہونا۔ صفت (رَدْغ)
اِرْتَدَغَ. کیچڑ میں پڑنا۔
الرَّدْغ والرِّدَاغ. کیچڑ۔ گارا۔
الرَّدْغَة والرَّدَغَة. سخت کیچڑ۔ ج رَدْغ ورِدَاغ. ورَدَغَات. مَاءٌ رَدْغَةٌ: کیچڑ ملا ہوا پانی۔
الرَّدِیْغ. پچھاڑا ہوا۔ بیوقوف۔
المَرْدَغَة. گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کا حصہ۔ عمدہ پر رونق باغ۔ ج مَرَادِغ.
رَدَفَهُ(ف) ورَدِفَ لَهُ(س) رَدْفًا. پیچھے ہونا۔ رَدَفَهُ و رَدِفَ له: پیچھے سوار ہونا۔ ردیف بننا۔ رَدِفَ الأَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
رَادَفَهُ. ردیف بننا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرَادِفُ" جانور جو ردیف نہیں سوار کراتا۔
أَرْدَفَ. پے درپے ہونا ہ: اپنے پیچھے سوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرْدِفُ" جانور جو ردیف کو نہیں سوار کراتا۔ أَرْدَفَ الشَّیْءَ و بالشَّیْءِ و عَلَیْهِ: کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔ تم کہتے ہو "أَرْدَفْتُ خَیْلًا عَلٰی خَیْلٍ لِی" میں نے اپنے گھوڑے کے پیچھے ایک گھوڑے کو کر لیا۔ أَرْدَفَ لَهُ: پیچھے آنا الأَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
تَرَادَفَا. ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ ایک کا دوسرے کا پیچھے سوار ہونا۔ تَرَادَفَتِ الکَلِمَاتُ: کلمات کا ہم معنیٰ ہونا۔
اِرْتَدَفَهُ. پیچھے ہونا۔ اِرْتَدَفَ العَدُوَّ: دشمن کو پیچھے سے پکڑنا ہ: اپنے پیچھے سوار کرانا۔
تَرَدَّفَهُ. پیچھے سوار ہونا۔
اِسْتَرْدَفَهُ. پیچھے سوار کرنے کی درخواست

کرنا۔

الرِدْف. پیچھے سوار ہونے والا۔ پیروی کرنے والا۔ کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخر فِی الجَاهلیَّة: زمانہ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا اور اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا۔ ج اَرْداف.

الرِدْف: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ الرِدْفان: رات دن۔

الرِدْف والرِداف. مِنَ الدَابَة: جانور کا چوتڑ۔

الرَدِیْف. سوار کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ج رِداف ورُدَفَاء نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والرَدِیْف فِی اصْطِلَاح الجُنْدِیَة: وہ فوجی جو آزاد کر دیا جائے اور ضرورت کے وقت بلا لیا جائے۔

الرَادِفَة والرَادُوْف. رَوَادِف کا واحد ہے اور رَوَادِف درخت خرما کے اس پودے کو کہتے ہیں جو درخت خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جز زمین میں نہ ہو۔ کوہان کے پیچھے حصہ میں تہ بتہ چربی۔ اگر اگلے حصہ میں ہو تو اس کو رَوَاکِب کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ جَزُوْرَهُمْ لَذَاتُ رَوَاکِبَ ورَوَادِف"

الرَوَادِف. سُرین۔ پیچھے رہنے والی قوم۔

الرِوَادِفَة. بادشاہ کی قائم مقامی۔

الرُدَافی. مددگار لوگ۔ کہا جاتا ہے "جاءُوْا رُدَافِی" وہ لوگ آگے پیچھے آئے۔

رَوْدَکَة. آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔

الرَوْدَك. خوش شکل لڑکا۔ مؤنث رَوْدَکَة.

رَدَمَ (ن) رَدْمًا. الثُلْمَة او البَابَ: رخنہ یا دروازہ بند کرنا القَوْسَ: کمان کو کھینچ کر آواز نکالنا البَعِیْرُ: چھونا۔

رَدَمَ (ن) رَدْمًا. الشیُ: بہنا السَحَابُ: ہمیشہ گھرا رہنا الحمّیٰ: ہمیشہ بخار رہنا الشَجَرَةُ: خشک ہونے کے بعد سبز ہونا۔

رُدِمَ الشیُ: کسی چیز کے ایک حصہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑا جانا۔

اَرْدَمَ. السَحَابُ: ہمیشہ گھرا رہنا الحُمّیٰ عَلَیْهِ: ہمیشہ بخار رہنا۔

رَدَّمَ. الثَوْبَ: پیوند لگانا النَاقَةُ عَلیٰ وَلَدِها: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا۔

تَرَدَّمَ. ثَوْبَه: کپڑے میں پیوند لگانا الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا۔

الخُصُوْمَةُ: جھگڑے کا طویل ہونا ہ: درپے ہو کر حقیقت معلوم کرنا النَاقَةُ عَلیٰ وَلَدِها: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا القَوْمُ الاَرْضَ: زمین کی پیداوار کو بار بار کھانا۔

الرَدْمُ. س دیوار کا ملبہ۔ کمان کی آواز۔ (والرُدَام والمَرْدام) ہر وہ چیز جو بے نفع ہو۔

الرَدَم. رخنہ کی بندش۔ ج رُدُوْم.

الرَدِیْم. مِنَ الثِیَاب: پرانا کپڑا۔ ج رُدُم.

الاَرْدَم. ماہر ملاح۔ ج الاَرْدَمُوْن.

ثَوْبٌ (مُرَدَّم و مُرْتَدَم) پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا۔

المُتَرَدَّم. پیوند لگائی ہوئی جگہ۔ زمانہ جاہلیت کے شاعر عنترہ کے قول "هَلْ غَادَرَ الشُعَراء مِنْ مُتَرَدَّم" کا مطلب یہ ہے کہ پہلے شعراء نے کیا کوئی جگہ پیوند لگانے کی باقی چھوڑی ہے یعنی سب کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے۔

رَدَنَ (ض) رَدْنًا. الاشیاءَ: تہ بتہ رکھنا۔ المراَةُ: تکلے پر کاتنا النارَ: آگ سلگانا۔

رَدِنَ (س) رَدَنًا. الجلدُ: سکڑنا۔

رَدَّنَ واَرْدَنَ. القمیصَ: آستین لگانا۔

اَرْدَنَتِ الحمّیٰ: بخار کا مدت تک رہنا۔

اِرْتَدَنَت. المراَةُ: تکلا بنانا۔

الرُدْن. آستین کی جڑ۔ آستین کا کشادہ کنارہ۔ عرب اسی میں دراہم و دنانیز رکھا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے محاورہ ہو گیا "ثقُل ردنه" یعنی وہ مالدار ہو گیا۔ ج اَرْدان.

الرَدْن. س ہتھیار کی جھنکار۔

الرَدَن. سوت۔ ریشم۔ ج اَرْدَان.

الرَادِن. فا. زعفران۔

احمر (رَادِنی) سرخ جس میں زردی ملی ہو۔

الاردن. ایک قسم کا سرخ رنگ کا ریشم۔

الرُدَیْنِی. نیزہ۔ ردینہ نامی عورت کی جانب منسوب جو عمدہ نیزہ بنانے میں مشہور تھی۔

المِرْدَن. تکلا۔

المُرْدِن. تاریک۔ اندھیرے والا۔ عرق مُرْدِن: بدبودار پسینہ۔

خَیْطٌ (مَرْدُوْنٌ) ملایا ہوا دھاگا۔

رَدَهَ. (ف) رَدْهًا. فلانا بحجر: سنگسار کرنا البَیْتَ: بڑا مکان بنانا۔

رَدَّهَ. الرجلُ: شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے سردار قوم بننا۔

الرَدْهَة. پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے سب سے بڑا گھر۔ گھر کی سب سے کشادہ جگہ۔ ج رَدْه ورِدَاه ورُدَه.

رَدیٰ (ض) رَدْیًا ورَدَیَانًا. الشیَ: توڑنا۔ ہ: دھکا دینا ہ بحجر: پتھر مارنا الفَرَسُ: گھوڑے کا اچھلتے ہوئے دوڑنا۔ الجَارِیَةُ: لڑکی کا ایک پاؤں اٹھا کر دوسرے پاؤں سے اچکتے ہوئے چلنا فُلانٌ: جانا۔ تم کہتے ہو "مَا اَدْرِی اَیْنَ رَدیٰ" میں نہیں جانتا کہاں گیا فِی البِئْر: کنوئیں میں گرنا فُلان: بلند پہاڑ سے گرنا عَلیٰ الخَمسِیْنَ مِنْ عُمرِہ: زائد ہونا۔

رَدِیَ (س) رَدیٰ. ہلاک ہونا۔ گرنا۔

رَدّیٰ. الرجلَ: ہلاک کرنا: چادر اڑھانا۔ ہ فی البئر: کنوئیں میں گرانا مَالُهُ: زیادہ ہونا عَلیٰ الخَمْسِیْنَ: زائد ہونا الفَرسَ: کدانا۔

رَادیٰ مُرَادَاة. الرَجلَ: پھسلانا۔ نرمی برتنا عَنِ القَوْم: کسی قوم کی جانب سے دوسروں پر پتھراؤ کرنا۔

تَرَدّیٰ. چادر اوڑھانا۔ تَرَدّیٰ فی البئر:

کنوئیں میں گرنا۔

اِرْتَدٰی. چادر اوڑھنا۔ گلے میں تلوار لٹکانا۔

اِرْتَدَتِ الْجَارِیَۃُ: لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں سے اُچکتے ہوئے چلنا۔

الرِدَاء. چادر۔ عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی پوشش۔ جمیل۔ تلوار۔ کمان۔ عقل۔ نادانی۔ باعث زینت۔ باعث عیب۔ رِدَاءُ الشَّبَاب: جوانی کی رونق۔ رِدَاءُ الشَّمْس: آفتاب کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ غَمْرُ الرِدَاءِ" وہ فیاض اور بھلائی کرنے والا ہے و "خَفِیْفُ الرِدَاءِ" وہ کم مقروض اور کم عیال والا ہے۔ ج اَرْدِیَۃ.

الرِدَاءَۃ. بڑی چادر۔

الرَدَاۃ. چٹان۔ ج رَدًی.

الرَدِی. ہلاک ہونے والا۔

المِرْدَاۃ. لڑائی کا چکر۔ اور اسی سے ہے "طَحَنَتْہُ مِرْدَاۃٌ طَحُوْنٌ" لڑائی کے چکر نے اُسے پیس کر رکھ دیا (والمِرْدَی) بڑی چادر۔ ازار۔ پتھر توڑنے کا پتھر۔ ج مَرَادِی.

المَرادِی: گھوڑے یا اُونٹ کی ٹانگیں زمین پر پاؤں کو ٹیکنے والا گھوڑا۔ المَرادِی: ہاتھی۔

رَذَّت (ن) رَذَاذًا وارَذَّت. السَّمَاءُ: پھوار برسانا۔ وَاَرَذَّت القِرْبَۃُ: بہہ پڑنا۔

الرَّذَاذ. پھوار۔

رَذُلَ (ک) رَذِلَ (س) رَذَالَۃً. قابل حقارت ہونا۔ قبیح ہونا۔ صفت (رَذْلٌ) ج اَرْذَال و رُذَال و رُذُول ورُذُلُوْن و (رَذِیْل) ج رُذَلَاء و رِذَال.

رَذَلَہٗ (ن) رَذْلًا و اَرْذَلَہٗ. حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔

اَرْذَلَ. بُرا کام کرنا۔ کمینوں کا ساتھی ہونا ہ: حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔

الدَّرَاھِمَ: کھوٹے کر کے واپس کرنا۔

اِسْتَرْذَلَہٗ. حقیر سمجھنا۔

الرُذَال. حقیر و کمینہ (والرُذَالَۃ) چیز کا ردی حصہ۔ رُذَالَۃُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا گھٹیا۔

الرَذِیْلَۃ. نالائقی۔ بُری عادت۔ ج رَذَائِل.

الاَرْذَل. اسم تفضیل۔ گھٹیا۔ ردی۔ ج اَرَاذِل واَرْذَلُوْن.

المُرْذِل. رذیل ساتھیوں والا یا حقیر جانور والا۔

رَذَمَ (ن ض) رَذْمًا و رَذَمَانًا و رَذِمَ (س) رَذَمًا واَرْذَمَ. الاِنَاءُ: لبالب ہو کر بہنا۔ صفت (رَذِم) واَرْذَمَ عَلَی الخَمْسِیْنَ مِنْ عُمرِہٖ: زائد ہونا۔

الرِذْم والرِذْمَان. مِنَ النَّاسِ: متفرق جماعت۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُ رِذْمًا مِنَ النَّاسِ" میں نے لوگوں کی متفرق جماعت دیکھی۔ "وَکَانَ فِی رِذْمَانٍ مِنَ النَّاسِ" وہ ایسی جماعت میں تھا جس کے افراد بہت نہیں تھے۔

الرُذَام والرَذِم. کمزور جس میں مروت نہ ہو۔

الرَذُوْم. بہنے والا۔ لبالب پیالہ جس میں سے گرے۔ ج رُذُم و رَذَم.

الرِّزْمَۃ: اَلتَّوَافُقِیَّۃُ (علم ھندسۃ): چار سیدھے نقاط جو ایک موافق تقسیم نقطہ پر پہنچے۔ اَلَّلاَّ تَوَافُقِیَّۃ: پہلی قسم کی ضد۔

رَذِیَ (س) رَذَاوَۃ واَرْذِی. بیماری سے نڈھال ہونا۔ صفت (رَذِیٌّ) رُذَاۃ. مؤنث رَذِیَّۃ.

اَرْذَاہ. نڈھال کر دینا۔ پھینک دینا۔ صفت مفعولی (مُرْذًی)

الرَذِیُّ. بیماری سے نڈھال۔ کمزور۔ لاغر۔

رَزَّتِ (ن ض) رَزًّا. الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے دُم کو زمین میں چھبونا۔ السَّمَاءُ: گرجنا۔ ہ: نیزہ مارنا البَابَ: دروازہ میں کنڈی لگانا۔ السَّھْمَ فِی الحَائِط: تیر کو دیوار میں گاڑنا۔

اَرَزَّتْ. الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں چھبونا۔

رَزَّزَ. الوَرَقَ: کاغذ کو چکنا کرنا الاَمْرَ: کسی معاملہ کو درست کرنا۔

اِرْتَزَّ. السَّھْمُ فِی الحَائِط: تیر کا دیوار میں گڑ جانا۔ البَخِیْلُ عِنْدَ المَسْئَلَۃِ: بخیل کا سوال کے وقت بخل کرنا۔

الرُزّ. چاول (اُرُزّ میں ایک لغت ہے)

الرِزّ والرِزِّیْزَی. دور کی آواز۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ بادل کی گرج۔ آواز۔

الرَزَّۃ. زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا ہے۔ کنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا وغیرہ باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں۔ ج رِزَاز و رَزَّات و رُزَز.

الرَزَّۃ. پیٹھ میں ایک قسم کا درد۔

الرَزَاز. سیسہ۔

الرَزَّاز. چاول کا سوداگر۔

الاِرْزِیْز. کپکپی۔ نیزہ کا گھسنا۔ چھوٹے اولے۔ لمبی آواز والا۔

الرَزِیْز. ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ رَزِیْزُ الرَّعْد: گرج کی آواز۔

المُرَزَّز. مِنَ الطَّعَام: چاول سے تیار کیا ہوا کھانا۔

المَرَزَّۃ. چاول اُگنے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں چاول جمع کئے جائیں یا جہاں چاول بہت ہوں۔

رَزَأَ (ف) رَزْأً ورُزْءًا و مَرْزِئَۃً. الرَجُلَ مَالَہٗ: کچھ حاصل کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یُرْزَأُ" یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو حاصل کرتے ہیں ورَزِیَ (س) رَزْأً و اِرْتَزَءَ. الرجل: بھلائی حاصل کرنا۔ اِرْتَزَاَ الشَیْءَ: کم کرنا۔ و اِرْتَزَأَ الشَیْءُ: کم ہونا۔

الرُزْء. ج اَرْزَاء و (الرَزِیْئَۃ والبَرْزِیَّۃ) ج رَزَایَا: بڑی مصیبت۔

المُرَزَّأ. فیاض سخی۔ ج مُرَزَّؤُوْن.

والمُرَزَّؤُوْن: قوم جس کے منتخب لوگ مر گئے ہوں۔

المَرْزِئَۃ. بڑی مصیبت۔

رَزَبَہٗ (ن) رَزْبًا. چمٹے رہنا۔

الاِرْزَبّ. چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔

المِرْزَبَّۃ والمِرْزَبَۃ. لوہے کی سلاخ۔ لوہار کا ہتھوڑا۔ ج مَرَازِب.

المِرْزَاب. پرنالہ۔ بڑی یا لمبی کشتی۔ ج

مَرَازِیب.

الْمَرْزُبَان. فارسیوں کا رئیس۔ ج مَرَازِبَة و (الْمَرْزُبَة) فارسیوں کی سرداری۔

رَزَحَ (ف) رَزْحًا ورُزُوْحًا ورِزَاحًا. الجَمَلُ: لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا۔ صفت (رَازِحٌ) ج رُزَّح الرَّجُلُ: کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا الرَّجُلَ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا (وارْزَحَ) لعنبَ: گرے ہوئے انگور اُٹھانا رَزَحَتْ وتَرَازَحَتْ) حاله: بُرا حال ہونا۔

رَزَّحَ. النَّاقَةَ: اونٹنی کو لاغر کرنا۔

ابلٌ (رَزَاحیٰ ورزحیٰ ورُزَّح و رَوَازِح) لاغر و کمزور اونٹ۔

الْمَرْزَح. ہموار زمین۔

المِرْزَح والمِرْزَحَة. انگور کی بیل کو زمین سے اُٹھانے کیلئے لکڑی۔ ج مَرَازِح.

المِرزَح: آواز.

المِرْزَاح. مِنَ الابلِ: بہت ہی لاغر اونٹ جو چلنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ج مَرَازِیح.

رَزَخَهُ (ف) رَزْخًا. بِالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا۔

الرَّزْدَق. لوگوں کی صف۔ درخت خرما کی قطار (جدید)

الرُّزْدَاق. دیہات اور اس کے ارد گرد کی مینیں۔ ج رُزْدَاقات ورَزَادِیْق.

اَرْزَغَ. الْمَاءُ: پانی کم ہونا الْمَكَانُ: بہت کیچڑ والی جگہ ہونا الْمُحْتَفِرُ: کھودنے والے کا ناک مٹی تک پہنچنا الْمَطَرُ الْاَرْضَ: بارش از مین کو تر کر دینا الرَّجُلَ: عیب سے آلودہ رنا فِيْ فُلَانٍ: بہت تکلیف پہنچانا، حقارت رنا، عیب لگانا، طعن و تشنیع کرنا۔

رَازَغَه. کشتی کرنا اور فریب دینا۔

اِسْتَرْزَغَة. کمزور سمجھنا۔

الرَّزَغَة. پتلا گارا۔ کیچڑ۔ ج رَزَغ رِزَاغ.

الرَّزَغ: تری۔

الرَّزِغ والرَّازِغ. کیچڑ میں پھنسا ہوا۔

رَزَفَ (ض) رَزِیْفًا و رَزَّفَ وارْزَفَ اِلَیْهِ: آگے بڑھنا الجملُ: اُونٹ کا بلبلانا۔ دوڑنا۔ رَزَفَ الْاَمْرُ: قریب ہونا۔ اَرْزَفَ النَّاقَةَ: ذلکی چلانا۔ اُرْزِفَ الْقَوْمُ: جلدی سے شکست وغیرہ میں پھنسانا۔

نَاقَةٌ (رَزُوْف) کشادہ قدم، تیز رفتار اونٹنی۔

رَزَّافَاتُ. البَلَد: شہر کے قریب کی جگہیں۔

رَزَقَه (ن) رِزْقًا. روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "رَزَقَهُ اللهُ الغنیٰ" اللہ اسے توانگری دے۔

رُزِقَ. روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا۔

اِرْتَزَقَهُ. روزی مانگنا الجُنْدُ: روزی لینا۔

اِسْتَرْزَقَهُ. روزی مانگنا۔

الرِزْق. روزی۔ ج اَرْزَاق. بارش۔

الرِزْقُ الحَسَن: بغیر محنت و مشقت کے حاصل ہونے والی روزی (والرَزْقَة) ج رَزَقات. سپاہیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ رَزْقَةَ هٰذا الشَّهْرِ او هٰذا العَامِ" میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔

الرَّازِقِیُّ. کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔ شراب۔

الرَّازِقِیَّة. کتاں کے سفید کپڑے۔ شراب۔

الرَّزَّاق. روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق ہوتا ہے)

المُرْتَزَق. ج. جس سے فائدہ اُٹھایا جائے۔

المُرْتَزِقَة. وہ لوگ جنہوں نے اپنی رسد حاصل کرلی ہو۔

المَرْزُوْق. ج خوش نصیب۔

رَزَمَ (ن) رَزْمًا. الشَّیْئَ: جمع کر کے باندھنا بالشَّیْئِ: پکڑنا عَلٰی عَدُوِّه: دشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا الرَّجُلُ: مرنا الْاُمُّ بِه: جننا۔

رَزَمَ (ض ن) رُزُوْمًا ورُزَامًا. البعیرُ. اونٹ کا لاغری کی وجہ سے اُٹھ نہ سکنا۔ صفت (رَازِم) ج رُزَّام (رَزْمَة) الشِّتَاءُ: سرد ہونا۔

رَزَّمَ. الثِّیَابَ: کپڑوں کا گٹھڑی میں باندھنا۔ الْقَوْمُ: کسی جگہ میں چمٹ کر رہنا۔

رَازَمَ. بَیْنَهُمَا: جمع کرنا فِی الْمَطَاعِمِ: بدل بدل کر کھانا کھانا الدَّارَ: دیر تک رہنا۔

اَرْزَمَ. الرَّعْدُ: سخت گرجنا۔ اَرْزَمَتِ النَّاقَةُ: بچہ کیلئے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهُ مَا اَرْزَمَتْ اُمُّ حَائِلٍ" میں اس کام کو جب تک اونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا۔

اِرْزَأَمَّ اِرْزِئْمَامًا. غضبناک ہونا۔

الرَّزْمَة. دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

الرِّزْمَة. مِنَ الثِّیَابِ وغَیْرِهَا: گٹھری۔ ج رِزَم.

الرَّزَمَة. بچے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچہ پر مہربان ہونے کے وقت بغیر منہ کھولے ہوئے صرف حلق سے نکلنے والی اونٹنی کی آواز اور اسی سے مثال ہے "لَا خَیْرَ فِیْ رَزَمَةٍ لَا دِرَّةَ فِیْهَا" اس اونٹنی کی آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہنچائے۔

غَیْثٌ (رَزِمٌ) وہ بارش جس میں بادل کی گرج ختم نہ ہو۔

الرِزَام. سخت مرد۔ ج رُزَّم.

اَسَدٌ (رَزَامَة ورُزَام) اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا شیر۔

الرَزِیْم. شیر کی گونج۔

الرَّزَّام والمُرْزِم. اپنے شکار پر چکر لگانے والا اور غرانے والا شیر۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِالْمُرْتَزَمِ"

المِرْزَم. گٹھری باندھنے کی چیز جیسے رسی۔

اُمُّ المِرْزَمِ: بادِ شمالی یا مطلقا ہوا۔

المِرْزَمَان. دو ستارے جو دونوں شعریٰ کے ساتھ ہوتے ہیں اور ان دونوں کو منحوس سمجھا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لَا خَیْرَ فِی الزَّمَانِ مَا طَلَعَ المِرْزَمَان" یعنی اس زمانہ

میں خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں۔
رَزَنَ(ن) رَزْنًا. الشَّیَٔ ہاتھ سے اُٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا بالمَکَانِ: اقامت کرنا۔
رَزُنَ(ک) رَزَانَۃً. سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔ بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت مذکر (رَزِیْن) صفت مؤنث (رَزَان) رزینہ نہیں بولا جاتا۔
رَازَنَ. الرَّجُلَ دوست ہونا۔ ساتھ اُترنا۔
تَرَازَنَا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
تَرَزَّنَ. فِی الاَمْرِ اوفِیْ مَجْلِسِہٖ: سنجیدہ و صاف رائے ہونا۔
الرَّزْن والرِّزْن. بلند جگہ جس میں پانی رُک جائے۔ ج رُزُوْن ورِزَان واَرْزَان. الرِّزْن: کنارہ۔
الرِّزْنَۃ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج رِزَان.
الاَرْزَن. سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں۔
الرَّزِیْن. ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَزِیْنُ الرَّایِ"
الرَّوْزَنَۃ روشن دان۔ ج رَوَازِن.
رَزَیٰ.(ض) رَزْیًا. فُلَانًا: احسان قبول کرنا۔
اَرْزَیٰ اِرْزَاءً. اِلَیْہِ واَرْزَیٰ اِلَیْہِ ظَھْرَہٗ: سہارا لینا۔ پناہ لینا۔
رَسَّ(ن) رَسًّا. البِئْرَ: کنواں کھودنا الشَّیَٔ: دھنسانا لَہُ الخَبَرَ: بیان کرنا المَیِّتَ: میت کو دفن کرنا خبرھم: معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ بَیْنَھُمْ: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا (ضد) رَسًّا ورَسِیْسًا وارَسَّ) السَّقَمُ فِیْ جَسَدِہٖ: بیماری کا لازم ہو کر ٹھہر جانا۔
رَاسَّہٗ مُرَاسَّۃً. بالاَمْرِ: کسی کام کی کسی کے ساتھ ابتداء کرنا۔
تَرَاسَّ. القَوْمُ الخَبَرَ: رازدارانہ کہنا۔
اِرْتَسَّ. الخَبَرُ فِي النَّاسِ: پھیلنا۔ ظاہر ہونا۔
الرَّسّ. مص۔ پرانا کنواں۔ علامت۔ معدن ہر چیز کی ابتداء۔ بخار کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ رَسُّ حُمَّی" اسے بخار کی ابتداء ہے۔ رَسّ الحُبِّ: آغاز محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنِي رَسٌّ مِنَ الخَبَرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہنچا۔
الرَّسَّۃ. مضبوط ستون۔
الرُّسَّۃ والاُرْسُوْسَۃ. ٹولی۔
الرَّسِیْس. مص۔ ثابت۔ عاقل۔ غیر صحیح خبر۔ رِیحٌ رَسِیْسٌ: نرم ہوا۔ رَسِیْسُ الحُمَّی: بخار کی ابتداء۔ رَسِیْسُ الحُبِّ: آغاز محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔
الرُّسَی. ٹیلہ۔ بڑی بوند کی بارش۔
رَسَبَ ورَسُبَ(ن و ک) رُسُوْبًا و رَسَبًا. الشَّیُٔ فِي الماءِ: تہ نشین ہونا العَیْنُ: آنکھ اندر کو دھنس جانا۔
اَرْسَبَہٗ. نیچے اُتارنا۔
الرَّاسِب والرَّسُوْب. مِنَ الرِّجَالِ: حلیم۔ بردبار۔ ثابت قدم۔
الرُّسَب والرَّسَب والرَّسُوْب و المِرْسَب. مِنَ السُّیُوْفِ: اندر کو گھس جانے والی تلوار۔
الرَّوَاسِب سیلاب کی وجہ سے زرخیز مٹی کا بہہ کر دریاؤں اور سمندروں میں گرنا۔
الرَّوْسَب بلا۔ مصیبت۔
رَسِحَ(س) رَسَحًا. دبلے چوتڑ اور دبلی ران والا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْسَحُ) صفت مؤنث (رَسْحَاءُ) ج رُسْحٌ. اِمْرَاَۃٌ رَسْحَاءُ: بدصورت عورت۔
اَرْسَحَہٗ. لاغر کرنا۔
رَسَخَ(ن) رُسُوْخًا. گڑ جانا۔ کہا جاتا ہے "رَسَخَ الحِبْرُ فِی الصَّحِیْفَۃِ" روشنائی کتاب میں جم گئی۔ "وَرَسَخَ العِلْمُ فِي القَلْبِ" علم دل میں جاگزیں ہو گیا۔ و فُلَانٌ رَاسِخٌ فِي العِلْمِ فلاں مضبوط علم والا ہے الغَدِیْرُ: تالاب کا پانی نیچے اُتر گیا۔
اَرْسَخَہٗ. گاڑ دینا، ثابت کرنا، مضبوط کرنا۔
تَرَسَّخَ. فِي التُّقَی: پرہیزگاری میں راسخ ہونا۔
الرَّسْدَق والرُّسْدَاق بمعنی الرَّزْدَق والرُّزْدَاق.
رَسَعَ(ف) رَسْعًا. العُضْوَ: خراب اور ڈھیلا ہونا عَیْنُہٗ: چپٹے ہوئے پپوٹے والی ہونا الصَّبِیَّ: بچّہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
رَسِعَ(س) رَسَعًا. خراب پپوٹوں والا ہونا۔ صفت (اَرْسَع) عَیْنُہٗ: خراب پپوٹوں والی ہونا۔ صفت (رَسْعَاءُ) بِہِ الشَّیُٔ: چمٹنا۔
رَسَّعَ. خراب گوشہ چشم والا ہونا۔ کسی مقام پر جم کے رہنا الشَّیُٔ: چپکانا السَّیْرَ: ایک تسمہ کو پھاڑ کر اس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا الصَّبِیَّ: بچّہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
الرِّسَاعَۃ ج رَسَائِع: تلوار کی پرتلے کے نچلے حصّہ میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرُّسُوْع. کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرَّسِیْع. چپکایا ہوا۔ ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ۔
رَسَغَ(ن) رَسْغًا. البَعِیْرَ: اگلی ٹانگوں کے گٹے میں رسّی باندھنا۔
رَسَّغَ. المَطَرُ: ٹخنے تک برسنا العَیْشَ: وسیع کرنا الکَلَامَ: دو قسم کی باتوں کو ایک میں ملانا۔
رَاسَغَہٗ. گٹا پکڑ کے پچھاڑ دینا۔
اِرْتَسَغَ. عَلَی عِیَالِہٖ: نفقہ میں وسعت کرنا۔
الرُّسْغ والرُّسُغ. گٹا۔ پہنچا۔ ج اَرْسَاغ واَرْسُغ.
الرَّسِیْغ. مِنَ العَیْشِ: کشادہ زندگی۔ مِنَ الطَّعَامِ: بہت خوراک۔
الرِّسَاغ. وہ رسّی جس کو جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں۔
المُرَسَّغ. مِنَ الآرَاءِ: کمزور و نادرست

رائے۔

رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا و رَسِيْفًا و رَسَفَانًا. پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا۔

أَرْسَفَ. الدَّابَةَ: بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا۔

اِرْتَسَفَ. الشَّيُّ: بلند ہونا۔

رَسِلَ (س) رَسَلًا و رَسَالَةً. الشَّعْرُ: بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا البَعِيْرُ: اونٹ کا نرم چال والا ہونا۔

رَسَّلَ. فِي القِرأةِ: خوش آوازی سے پڑھنا۔ آہستہ آہستہ درستی کے ساتھ پڑھنا الفُصْلَانَ: اونٹ کے بچوں کو دودھ پلانا۔

رَاسَلَهُ. فِيْ وعَلىٰ وبالْأَمْرِ: خط وکتابت کرنا۔ رَاسَلَهُ الغِنَاءَ: گانے میں مقابلہ کرنا۔

أَرْسَلَهُ. بھیجنا۔ چھوڑنا۔ أَرْسَلَ القَوْلَ: بلا قید بولنا فُلَانًا عَلَيْهِ: مسلط کرنا۔ أَرْسَلَ بِهٖ إِلَيْهِ: پیغام کے ساتھ بھیجنا قوله مثلاً: اپنے قول کو ضرب المثل بنانا۔

تَرَسَّلَ. نرمی کرنا۔ آہستگی کرنا۔ رسول ہونے کا دعویٰ کرنا فِي الرُّكُوبِ: اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا فِي القُعُوْدِ: اردگرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر چارزانو بیٹھنا۔

تَرَاسَلَ. القَوْمُ: باہم خط وکتابت کرنا۔

اِسْتَرْسَلَ. الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔ لٹکنا الشَّيُّ: نرم ہونا إِلَيْهِ: بے تکلفی برتنا فِي الكَلَامِ: گفتگو میں وسعت کرنا۔

الرَّسْلُ. مِنَ السَّيْرِ: نرم چال مِنَ الشَّعْرِ: لٹکے ہوئے بال مِنَ الإِبِلِ: نرم چال والا اونٹ۔

الرِّسْلُ. نرمی۔ آسودگی۔ دودھ۔ گھوڑے کے بازو کا کنارہ۔ ج أَرْسَال. الرِّسَالُ: اونٹ کی ٹانگیں (الرِّسْلُ والرِّسْلَةُ) آہستگی، نرمی۔ کہا جاتا ہے "عَلىٰ رِسْلِكَ يَا رَجُلَ" یعنی اے شخص آہستہ و باوقار رہ۔

لرِسْلَة: جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُ وا أَرْسَالًا" یعنی وہ گروہ گروہ آئے۔

الرَّسَلُ. س۔ جماعت۔ گروہ۔ ریوڑ۔ ج أَرْسَال.

اَلرَّسُوْلِيّ عیسائی کیتھولک کے نزدیک کرسی رسول یعنی پوپ کی طرف سے صادر کردہ فرمودات۔

الرَّسْلَةُ. کاہل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ فِيْهِ رَسْلَةٌ نَاقَةٌ رَسْلَةٌ" نرم چال والی اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ رَسْلَةٍ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ نرمی و آسودگی میں ہیں۔ الرَّسْلَةُ: وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت اور لمبے لمبے بال ہوں۔

الرِّسَالَةُ والرَّسَالَةُ. پیغام۔ پیغامبری خط۔ ج رَسَائِل ورَسَالَات.

الرَّسُوْلُ. بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ ج رُسْل ورُسُل وأَرْسُل ورُسَلَاء. الرُّسُلُ: چھوٹی بچی جو ابھی اوڑھنی نہ ڈالتی ہو۔

الرَّسِيْلُ. بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ پیغام بھیجنے والا۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ گھوڑ دوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا۔ کشادہ۔ سانڈ۔ میٹھا پانی۔ ج أَرْسُل ورُسُل ورُسَلَاء.

الرُّسَيْلَةُ. الرِّسْلَة کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "أَلْقَى الكَلَامَ عَلىٰ رُسَيْلَاتِهٖ" یعنی اس نے بے اتفاقی کی۔

المُرْسَلَةُ. لمبا ہار جو سینہ تک واقع ہو۔ ج مُرْسَلَات. المُرْسَلَاتُ: ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔

المِرْسَالُ. چھوٹا تیر۔ پیغامبر۔ نَاقَةٌ مِرْسَالٌ: نرم رفتار اونٹنی۔ ج مَرَاسِيْل.

رَسَمَ (ن) رَسْمًا. المَطَرُ الدِّيَارَ: مٹا کر زمین سے ملا ہوا نشان باقی رکھنا۔ لَهٗ كَذَا: حکم دینا عَلىٰ كَذَا: لکھنا الكِتَابَ: لکھنا نَحْوَهٗ: دوڑتے ہوئے جانا ہ الأَسْقُفُ: گرجا کا کوئی عہدہ دینا۔ اسم "الرِّسَامَةُ" ہے۔

رَسَمَ (ص) رَسِيْمًا. البَعِيْرُ: پاؤں کا نشان چھوڑنا۔ تیز چلنا۔ صفت (رَسُوْم)

رَسَّمَ. الثَّوْبَ: دھاری دار بنانا (وأَرْسَمَ) النَّاقَةَ: چلا کر پاؤں کے نشان ڈلوانا۔

تَرَسَّمَ. الدَّارَ: گھر کے نشانات وغیرہ غور سے دیکھنا الشَّيُّ: یاد کرنا البَانِيْ و الحَافِرُ: عمارت بنانے یا کھودنے کیلئے زمین دیکھنا۔

اِرْتَسَمَ. الأَمْرَ: فرمانبرداری کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَسَمَ لَهٗ كَذَا فَارْتَسَمَهُ" اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجالایا لِلّٰهِ تعالىٰ: تکبیر کہنا اور دعا کرنا الرَّجُلُ: گرجا کے کسی عہدہ پر پہنچنا۔

الرَّسْمُ. س۔ گھر کے مٹے ہوئے نشانات۔ مٹی میں دبا ہوا کنواں۔ کسی چیز کا خاکہ۔ علامت۔ غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "أَرىٰ وُدَّكُمْ رَسْمًا ووُدِّيْ حَقِيْقَةً" میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں۔ ج رُسُوْم وأَرْسُم. معاملہ عِنْدَ أَهْلِ الجِبَايَةِ: ٹیکس۔

اَلرَّسْمُ منظر کشی۔ حقیقت کے خلاف ڈرامہ وغیرہ۔

الرَّاسِمُ. فا۔ بہتا ہوا پانی۔

الرَّسَمُ. رفتار کی خوبی۔

الرَّاسُوْمُ. ج رَوَاسِيْم و (الرَّوْسَمُ) ج رَوَاسِم: مہر۔ مٹکے وغیرہ پر (قومہ) مہر کرنے کی چیز۔ کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلّہ کے ڈھیر پر قومہ مہر کی جائے۔ الرَّوْسَمُ: علامت۔ نشان۔ مصیبت۔ الرَّوَاسِمُ: زمین پر پاؤں کے نشان ڈال کر چلنے والے اونٹ۔ واحد (رَاسِم ورَاسِمَة)

المَرْسُوْمُ. مفعول۔ لکھا ہوا۔ سرکلر۔ ج مَرَاسِم و مَرَاسِيْم.

الرَّسَّامُ. نقش کرنے والا۔ نقشہ بنانے والا۔

الرَّسْمَانُ والمِرْسَمُ. زمین پر نشان ڈالتے ہوئے اونٹ کی چال۔

رَسَنَ (ن ض) رَسْنًا وأَرْسَنَ. الدَّابَةَ: جانور کے سر میں رسی ڈالنا۔ رَسَنَ وأَرْسَنَ الدَّابَةَ: جانور کو چرنے کیلئے آزاد

چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے "رَمیٰ بَرَسَنِہٖ عَلیٰ غَارِبِہٖ" اس نے اس کے کندھے پر اس کی رسّی ڈال دی یعنی اسے بالکل آزاد چھوڑ دیا۔
اَرْسَنَ الْمهرُ: بچھیری کا تابع ہونا۔ گردن میں رسّی ڈالنے کے لئے سر دے دینا۔
الرَّسَن. جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسّی۔ ج اَرْسَان واَرْسُن.
المَرْسِن والمرْسَن. مِنَ الدَابةِ: رسّی ڈالنے کی جگہ۔ ج مَرَاسِن. ناک۔
رَسَا يَرْسُوْ رَسْوًا ورُسُوًّا. ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ صفت مذکر (راسٍ) صفت مؤنث (راسِية) ج رَوَاسٍ ورَاسِيَات.
رَسَتِ السَّفِيْنَةُ: لنگر انداز ہونا۔ رَسَابَيْنَ الْقَوْمِ: صلح کرانا عَنْهُ حَدِيْثًا: کسی سے روایت کرنا۔ لَهُ الحَدِيْثَ: کسی کے سامنے کچھ حصّہ بیان کرنا الصَّوْمَ: روزے کی نیت کرنا۔
رَاسیٰ. ہ: تیراکی میں مقابلہ کرنا۔
اَرْسیٰ اِرْسَاءً. الشَّیْئُ: ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا السَّفِيْنَةَ: کشتی کو لنگر انداز کرنا الوَتَدَ فِي الاَرْضِ: کھونٹے کو زمین میں گاڑنا۔
الرَّسْوُ. خبر کا ایک حصّہ۔
الرَّاسِي. فا. قِدْرٌ رَاسِيَةٌ: ایک جگہ پر رہنے والی بڑی دیگ۔
الرَّوَاسِيْ. مضبوط پہاڑ۔
الرَّسِيُّ. ثابت۔ خیمہ کے درمیان کا تھم۔
المَرْسیٰ. بندرگاہ۔ ج مَرَاسٍ.
المُرْسیٰ. مص. باری تعالیٰ کے قول "يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا" کے معنی یہ ہیں کہ "لوگ آپ (ﷺ) سے دریافت کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی؟"
المِرْسَاة. کشتی کا لنگر۔ ج مَرَاسٍ. کہا جاتا ہے "اَلْقیٰ مَرَاسِيَهٗ" یعنی اس نے اقامت کی "واَلْقَتِ السَّحابُ مَرَاسِيْهَا" بادل جم کر برسا۔

رَشَّ (ن) رَشًّا و تَرْشَاشًا. المَاءَ: پانی چھڑکنا السَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا الشَّيئَ: دھونا۔
اَرَشَّت. السَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا الطَّعْنَةُ: کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر نکلنا الشِّوَاءُ: بھونے ہوئے گوشت سے چربی ٹپکنا الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ لانا۔
تَرَشَّشَ. عَلَيْهِ المَاءُ: متفرق چھینٹے پڑنا۔ بہنا۔
الرَّشّ. مص. پھوار۔ ج رِشَاش. تکلیف دہ مار۔
الرَّشَاش. پانی خون وغیرہ کا چھینٹا۔
المِرَشَّة. پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔
رَشَأ (ف) رَشْأً. الظَّبيُ: ہرن کا قوی ہو کر ماں کے ساتھ چلنا الظَّبْيَةُ: ہرن کا جننا۔
الرَّشَأ. ہرن کا بچّہ یا وہ جو چلنے لگے۔ ج ارشاء.
الرُّشْبَة. مغز سے خالی ناریل جس سے پانی نکالیں۔
المَرَاشِب. مٹی جس سے مٹکوں کا منہ بند کر دیں۔
رَشَحَ (ف) رَشْحًا ورَشَحَانًا واَرْشَحَ وارْتَشَحَ. الاِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔ رسنا الجَسَدُ: بدن کا پسینہ والا ہونا ورَشَحَ الظَّبيُ: ہرن کا اُچھلنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَرْشَحْ لَهُ بِشَيْئٍ" اس نے اس کو کچھ نہیں دیا۔
رَشَحَتِ النَّاقَةُ ولدها رَشْحًا واَرْشَحَتْهُ ورَشَّحَتْهُ. اونٹنی کا اپنے بچّہ کی دم کی جڑ کو اپنے سر سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر کر جانا تاکہ بچّہ اس سے لاحق رہے۔ صفت (رَاشِح مُرْشِح و مُرَشِّح)
رَشِحَ پسینہ سے تر ہونا۔
رَشَّحَ. المَالَ: بہتر انتظام کرنا الوَلَدَ: پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے ہے "هُوَ يُرَشَّحُ لِوَلَايَةِ العَهْدِ" وہ ولی عہدی کیلئے تیار کیا جارہا ہے الظَّبْيَةُ ولَدَهَا: جننے کے وقت آلائش چاٹنا النَّاقَةُ وَلَدَهَا: بمعنی رَشَحَتْهُ الغَيْثُ النَّبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھانا۔
تَرَشَّحَ. وَلَدُ النَّاقَةِ: ماں کے ساتھ چلنے کے لائق ہونا الظَّبْيَةُ: جننے کے وقت آلائش چاٹنا المَاءُ: پتھروں سے ٹپکنا۔ الرَّجُلُ لِلاَمْرِ: لائق ہونا۔ اہل ہونا۔
اِسْتَرْشَحَ. النَّبَاتُ: بلند ہونا۔ بڑھنا النَّبَاتُ: چرانے کیلئے بڑھنے کا انتظار کرنا۔
الرَّشْح. مص. پسینہ۔
الرَّاشِح. فا. پتھروں سے ٹپکنے والا پانی۔ مِنَ المِعْصَلاَن: چلنے میں قوی۔ پہاڑ جس کا نچلا حصہ تر ہو۔ زمین پر رینگنے والا کیڑا۔ ج رَوَاشِح.
الرَّشِيْح. پسینہ۔ ایک قسم کی نباتات۔
المِرْشَح والمِرْشَحَة. زین کے نیچے کا خوگیر۔
الاَرْشَح. بہت ذہین۔ ذکی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْشَحُ فُؤَادًا" وہ تیز خاطر ہے۔
رَشَدَ(ن) رُشْدًا ورَشَادًا ورَشِدَ(س) رَشَدًا ہدایت پانا۔ راہ راست پر چلنا اَمْرَهُ: ہدایت یافتہ ہونا۔
رَشَّدَهُ واَرْشَدَهُ. اِلیٰ كَذَا وعَلَيْهِ ولَهُ: ہدایت کرنا۔ رَشَّدَهُ القَاضِي: سیدھے راستہ پر چلنا۔
اِسْتَرْشَدَ. لِاَمْرِهٖ: راہ راست پانا۔ ہ: ہدایت طلب کرنا۔
الرُّشْد. مص. ہدایت۔ راہ راست پر ہونا۔
الرَّشْدَة والرِّشْدَة: حلال زادہ۔
الرَّشْدیٰ. ہدایت۔
الرَّشِيْد. سیدھے راستہ پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔
الرَّشَاد والرَّشَد. ایک قسم کی نباتات۔
الرَّشَادَة. چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر۔ ج رَشَاد.
المَرَاشِد. سیدھے و متوسط راستے (جمع ہے واحد نہیں)

اُمّ (رَاشِد) چوہیا۔

رَشْرَش رَشْرَشَةً. الشيُّ: ڈھیلا ہونا۔ البعِيْرُ: اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کیلئے سینہ سے زمین رگڑنا۔

تَرَشْرَش. المَاءُ: بہنا۔ خُبْزٌ اوعَظْمٌ (رَشْرَش ورِشْرَاش) نرم روٹی یا ہڈی۔

رَشَف (ض ن) رَشْفًا و رَشِيْفًا و تَرْشافًا ورشِف (س) رَشَفًا ورَشَفَانًا المَاءَ و نَحوَهٗ: چوسنا الإنَاءَ: پی کر خالی کرنا۔

رَشَّف وارْشَف وتَرَشَّف وارْتَشَف المَاءَ: خوب چوسنا۔

الرَشْف والرَشَف. حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَشَفٌ"، بے پانی کا حوض۔

الرَشَاف. بہت چوسنے والا۔

المِرْشَف. پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَرَاشِف

المَرَاشِف: ہونٹ۔

رَشَقَه (ن) رَشْقًا. بالسَهْمِ: تیر مارنا۔ بِبَصَرِه: گھور کے دیکھنا ٥ بِلِسَانِه: طعن و تشنیع کرنا اور اسی سے ہے "اِيَّاكَ ورَشَقَاتِ اللِّسَان"، زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔

رَشُق (ک) رَشَاقَةً. الغُلامُ: خوبصورت قد والا ہونا۔ چابک دست ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَشِيْق) ج رَشَاق۔

رَاشَقَهٗ مُرَاشَقَةً. ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر مارنا۔

تَرَاشَق. القَوْمُ: باہم تیر اندازی کرنا اور کہا جاتا ہے "تَرَاشَقُوْا بِاَلْسِنَتِهِمْ وتَرَاشَقُوْا بِاَعْيُنِهِمْ"، انھوں نے اپنی زبانوں سے طعن و تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا۔

تَرَشَّق. فِي الاَمْرِ: تیز ہونا۔

اَرْشَق. النَظَر اِلَيْه: تیز نظر سے دیکھنا۔ القَوْمُ بِبَصَرِه: نگاہ ڈالنا الظَبْيَةُ: ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا الرَامِی: سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْشَقَنِي مَقْصَدِي"، اس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا و "مَا اَرْشَقَ هٰذِهِ القَوْسَ"، یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔

الرَّشْق. تیز تیز پھینکنے والی کمان۔ رَشِيْق کی جمع۔

الرَشْق والرِشْق. قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ رَشْقَ قَلَمِه"، میں نے اس کے قلم کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِشْق: تیر اندازی ج اَرْشَاق.

الاَرْشَق. سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِيْدٌ اَرْشَق"، کھڑی گردن۔

الرَشِيْق: نازک اندام خوبصورت۔ مِنَ اللَفْظِ او الخطِّ: پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط۔

رَشَم (ن) رَشْمًا. بيْدر الحِنْطَة: گیہوں کے کھلیان پر قومہ مہر کرنا۔ (ورَشَّم) لکھنا۔

رَشِم (س) رَشَمًا. کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (اَرْشَم)

اَرْشَم. الشَّجَرُ: درخت کا پتے والا ہونا۔ الاَرْضُ: سبزی نکلنا شروع ہونا البَرْقُ: بجلی چمکنا۔ المَاشِيَةُ: ابتدائی سبزی چرنا۔

(وارْتَشَم) الإنَاءَ: برتن پر قومہ مہر کرنا۔

الرَشْم. ابتدائی سبزی۔ بجو کی منہ کی سیاہی (والرَشَم) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا اثر۔

الاَرْشَم. داغدار۔ کتا (چونکہ اس کے نتھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہے) مِنَ الغَيْث: تھوڑی بارش۔ عَامٌ اَرْشَمُ: سال کہ جس میں ارزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔

الرَوْشَم والرَاشُوْم. غلّہ کے انبار پر قومہ مہر کرنے کی منقوش تختی۔

الرُشْمَة. بجو کے منہ کی سیاہی۔

رَشَن (ن) رَشْنًا و رُشُوْنًا. بن بلائے مہمان بننا الكَلْبُ فِي الاِنَاءِ: کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔

الرَشَن والرَوْشَن. پانی نکلنے کا دہانہ۔

الرَاشِن. فا. بن بلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "الحُلْوَان"، بھی کہا جاتا ہے۔

الرَوْشَن. روشن دان۔ ج رَوَاشِن.

رَشَاه (ن) رَشْوًا. رشوت دینا۔

رَاشَى مُرَاشَاةً. فلانًا: رشوت دینا۔ مدد کرنا۔

اَرْشَى. الدَلْوَ: ڈول میں رسّی لگانا الشَجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا القَوْمُ فِي دَمِه: کسی کے خون میں شریک ہونا اَرْشَوْا بِسَلَاحِهِمْ فِيْهِ: کسی کے مقابلہ کے لئے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔

تَرَشَّى. الرَجُلُ: باہم نرمی برتنا۔

اِرْتَشَى. رشوت لینا مِنْهُ رِشْوَةً: رشوت لینا۔

اِسْتَرْشَى. فِيْ حُكْمِه: رشوت مانگنا الفَصِيْلُ: اونٹ کے بچّہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا مَا فِي الضَرْعِ: تھن سے دودھ نکالنا۔

الرُشْوَة والرَشْوَة والرِشْوَة. رشوت۔ ج رُشًى ورِشًى.

الرِشَاء. رسّی۔ ڈول کی رسّی۔ ج اَرْشِيَة کہا جاتا ہے "اَتْبِعِ الدَلوَ رِشَاءَهَا"، ڈول کے پیچھے رسّی بھی کرو۔ اس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کرانا ہو۔ وارشية النَبَات: نباتات کی بیلیں۔

الرَشَاة. ایک قسم کی نباتات۔ ج۔ رَشَا.

الرَشِيّ. اونٹ کا بچّہ۔

التَرْشَاء. ڈول کی رسّی۔

رَصَّ (ن) رَصًّا. الشَيْءَ: ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا الدجاجةُ: بَيْضَتَهَا: مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کیلئے چونچ سے درست کرنا۔

رَصْرَصَهٗ. ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا الرَجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

تَرَصَّصَ وارْتَصَّ. باہم چمٹنا۔ جڑنا۔
الرَّصَاص. سیسہ۔ قلعی۔ واحد (رَصَاصَته)
الرَّصَاصِیُّ. سیسہ کے رنگ کا۔
الرَّصَص. دانتوں کی پیوستگی۔
الرَّصِیْص. ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مؤنث رَصِیْصَةٌ. ج رَصَائِص. کہا جاتا ہے ”رُصَّتْ عَلَی الْقَبرِ الرَّصَائِصُ“ قبر پر پتھر تہ بتہ لگائے گئے۔ الرَّصِیْص: انڈوں کا ڈھیر۔ عورت کے منہ کا نقاب۔
الاَرَصّ. قریب قریب دانتوں والا۔ مؤنث رَصَّاء. ج رُصّ. فَخِذٌ رَصَّاء: ایک دوسرے سے ملی ہوئی ران۔
الاُرْصُوْصَة. خربزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔
الرَّصَّاصَة. بخیل۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔ بُنْیَان (مَرْصُوْصٌ) مضبوط عمارت۔
الرَّصَب. انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔
رَصِحَ (س) رَصَحًا. قریب قریب سرین صفت (اَرْصَح) مؤنث رَصْحَاء.
رَصِخَ. فِی الْاَمْرِ: بمعنی رَسَخ.
رَصَدَه (ن) رَصْدًا ورَصَدًا. انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔
رُصِدَ. الْمَکَانُ: بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُوْد)
رَاصَدَه. نگہبانی کرنا۔
اَرْصَدَ. الرَّقِیْبَ: گھات میں راستہ پر کھڑا کرنا لَهٗ شَیْئًا: تیار کرنا۔ مہیا کرنا لَهٗ خَیْرًا اَوشَرًّا: پیش کرنا۔ بدلہ دینا الْحِسَابَ: ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔
اِرْتَصَدَه وتَرَصَّدَه. امید لگانا۔ تَرَصَّدَ لَهٗ: گھات میں بیٹھنا۔
تَرَاصَدَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔
الرَّاصِد. فا. نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ ج رُصَّد ورَصَد.

الرَّصَد. راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ ج اَرْصَاد. گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر ومؤنث سب کے لئے اور کبھی جمع کیلئے اَرْصَاد بولتے ہیں)
الرَّصْدَة. بوچھار ج رِصَاد.
الرُّصْدَة. تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔
الرَّصُوْد. پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اونٹنی۔
الرَّصِیْد. گھات میں رہنے والا۔
الْمِرْصَاد. راستہ (والمَرْصَد) گھات۔ ج مَرَاصِیْد ومَرَاصِد. مَرَاصِدُ الحَیَّات: سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔ اَرْضٌ (مُرْصِدَةٌ) تھوڑی سی گھاس والی زمین۔
رَصْرَص. الْبِنَاءَ: عمارت مضبوط بنانا فِی الْمَکَانِ: ٹھہرنا۔ رہنا۔
الرَّصْرَاصَة. سخت زمین۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔
رَصَعَهٗ (ف) رَصْعًا. بِیَدِه: تھپڑ مارنا بِالرُّمْحِ: سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ السِّنَانَ فِی الْمَطْعُوْنِ: زور سے بھالا مار کر گھسا دینا الْحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا (رُصُوْعًا) اقامت کرنا۔
رَصِعَ (س) رَصَعًا. بِالشَّیْءِ: چپکنا بِالطِّیْبِ: مہک اٹھنا المرأةَ رِصَاعًا: جماع کرنا۔
رَصَّعَ. الشَّیْءَ: اندازہ کرنا اور بننا۔ کہا جاتا ہے ”رَصَّعَ الطَّائِرُ عُشَّهٗ بِالْقُضْبَانِ“ پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کر کے تیلیوں سے بنا۔ الذَّهَبَ بِالْجَوَاهِرِ: سونے میں جواہر بٹھانا۔ کہا جاتا ہے ”تَاجٌ مُرَصَّعٌ بِالْجَوَاهِرِ“ جواہر کا جڑا ہوا تاج العِقْدَ بِالْجَوَاهِرِ: ہار میں جواہر پرونا۔
اَرْصَعَهٗ. بِالرُّمْحِ: سخت نیزہ مارنا۔
اِرْتَصَعَ. الْحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا بِهٖ: چپکنا اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا پیوستہ وقریب قریب ہونا۔

تَرَصَّعَ. جڑاؤ ہونا۔ شاداں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔
تَرَاصَعَتِ. الْعَصَافِیْرُ: جفتی کرنا۔
الرَّصِیْعَة. کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ ج رَصَائِع.
الاَرْصَع. لاغر سرین والا الطَّعْنُ اَرْصَعُ: پورا گھسا ہوا نیزہ۔
الرَّصَّاع. بہت جماع کرنے والا۔
الْمِرْصَاع. لٹو۔ ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو چوڑا کریں۔
الرُّصْغ. بندوبست۔ گٹا۔
الرِّصَاغ. بمعنی الرِّسَاغ.
رَصَفَ (ن) رَصْفًا. الْحِجَارَةَ: پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا المُصَلِّی قَدَمَیْهِ او بَیْنَ قَدَمَیْهِ: نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا اور کہا جاتا ہے ”هٰذَا الاَمْرُ لَا یَرْصُفُ بِكَ“ یہ کام تمہارے لائق نہیں۔
رَصُفَ (ک) رَصَافَةً. الْعَمَلُ: مضبوط ہونا۔
رَصِفَتْ (س) رَصَفًا و رُصِفَتْ رَصَفًا اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا ترتیب وار وہموار ہونا۔
اَرْصَفَ. شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا۔
تَرَصَّفَتْ وتَرَاصَفَتْ وارْتَصَفَتْ الْحِجَارَةُ: پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔ القَدَمُ فِی الصَّفِّ: ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہونا اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا ترتیب وار ہونا۔
الرَّصَف. پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَة)
الرَّصَفَتَانِ: گھٹنوں کی ہڈیوں کے پٹھے۔ گھٹنے۔ الرَّصَف: پانی کا بند۔ مَاءُ الرَّصَف: پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔
الرِّصَاف. پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔

گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج رَصَف و رُصُف۔
الرَّصِيْف۔ نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رَصِيْفٌ: مضبوط کام اور مولدین کے نزدیک رَصِيْف کا اطلاق پتھروں کے فرش کیے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔
الرُّصَافَة۔ پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ اطراف شہر کا سبزہ زار اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔
الرُّصُوْفَة۔ ثابت قدمی۔
المِرْصَافَة۔ ہتھوڑا۔
المُرْتَصِف۔ شیر۔ رَجُلٌ مُرْتَصِفُ الْاَسْنَان: قریب قریب دانتوں والا امرد۔
رَصَنَ (ن) رَصْنًا۔ الاَمْرَ: پورا کرنا۔ مضبوط کرنا الدَّابَةَ: داغ لگانا ہ بِلِسَانِهٖ: گالی دینا۔
رَصُنَ (ک) رَصَانَةً۔ العَقْلُ وغَيْرُهٗ: سنجیدہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِيْنٌ)
رَصَّنَ۔ الشَّيْءَ مَعْرِفَةً: خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے "رَصِّنْ لِيْ هٰذَا الْخَبَرَ"، میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔
اَرْصَنَه۔ مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔
الرَّصَن۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرَّصِيْن۔ اپنے ساتھی کی ضرورت کیلئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔
المِرْصَن۔ جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔
رَصَا (ن) رَصْوًا۔ الشَّيْءَ: مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔
اَرْصٰى۔ بِالْمَكَانِ: جم کے رہنا۔
رَضَّهٗ (ن) رَضًّا: کوٹنا۔ دلنا۔
رَضَّضَ۔ الشَّيْءَ: اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔
تَرَضَّضَ۔ کوٹا جانا۔ دلا جانا۔
اَرَضَّ۔ سست و بوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا فی الْاَرْضِ: جانا۔ التَّعَبُ العَرَقَ: پسینہ بہانا۔
اِرْتَضَّ۔ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔

الاَرَضّ۔ جم کر بیٹھنے والا۔
الرَّضِيْض والمَرْضُوْض۔ کوٹا ہوا۔
الرُّضَاض۔ ریزے۔ چورہ۔
الرُّضَّة والمِرَضَّة والرَّضّ۔ گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔
المِرَضَّة: کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔
رَضَبَ (ن) رَضْبًا وارْضَبَ۔ المَطَرُ: زور سے بارش ہونا السَّمَاءُ: آسمان کا برسانا
(رَضَبَ وتَرَضَّبَ) الرِّيْقَ: تھوک چوسنا۔
الرَّاضِب۔ فا۔ مِنَ المَطَرِ: زور سے برسنے والی بارش۔
الرُّضَاب۔ چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مَاءٌ رُضَابٌ: میٹھا پانی۔
المَرَاضِب والمَرَاضِيْب۔ خوش مزہ تھوک۔
رَضَحَ (ف) رَضْحًا۔ النَّوٰى او الحَصٰى: گٹھلی یا کنکری توڑنا رَاسَه بِالحَجَرِ: کچلنا۔
تَرَضَّحَ۔ الحَصٰى: کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ: روٹی کا چورا کرنا۔
تَرَاضَحُوْا۔ بِالنُّشَابِ: ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔
اِرْتَضَحَ۔ مِنَ الاَمْرِ: عذر کرنا۔
الرَّضْح۔ س۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنَاءُ رَضْحٌ مِنَ الخَبَرِ"، ہم کو تھوڑی خبر ملی۔
الرُّضَح۔ شکستگی۔
الرَّضِيْح۔ ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔
الرَّضْحَة۔ گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ رَضْحَةٌ مِنَ المَطَرِ"، یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ ج رَضَحَات
المِرْضَاح۔ گٹھلیوں کے توڑنے کا پتھر۔
رَضَخَ (ض ف) رَضْخًا۔ النَّوٰى او الحَصٰى: گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے "رَضَخَ لَهٗ مِنْ مَالِه رَضْخًا"، یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا التُّيُوْسُ: باہم سینگ مارنا اور عوام کہتے ہیں "رَضَخَ لَهٗ"، یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ و "رَضَخَ لِلْحَقِّ"، اس نے حق کا یقین کیا۔
رَاضَخَه۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا الشَّيْءَ: بادل ناخواستہ دینا مِنْه شَيْئًا: پانا۔ حاصل کرنا۔
اَرْضَخَ۔ لِلرَّجُلِ: بہت میں سے تھوڑا دینا۔
تَرَاضَخَ۔ القَوْمُ بِالحِجَارَةِ: باہم پتھراؤ کرنا۔
تَرَضَّخَ۔ الحَصٰى: کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ: توڑ کر کھانا الخَبَرَ: سن کر یقین نہ کرنا۔
الرَّضْخ۔ س۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی غیر یقینی خبر۔
الرَّضِيْخ۔ توڑی ہوئی گٹھلی۔
الرَّضِيْخَة والرُّضَاخَة۔ تھوڑا عطیہ۔
المِرْضَاخ۔ پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔ ج مَرَاضِيْخ (المِرْضَخَة)
رَضَدَ (ن) رَضْدًا۔ المَتَاعَ: سامان کو ترتیب سے رکھنا۔
اِرْتَضَدَ۔ المَتَاعَ: سامان ترتیب سے رکھنا۔
رَضِعَ (س) ورَضَعَ (ف ض) رَضْعًا ورَضَعًا ورَضِعًا ورَضَاعًا ورِضَاعًا ورَضَاعَةً ورِضَاعَةً وارْتَضَعَ۔ الوَلَدُ اُمَّهٗ: ماں کا دودھ پینا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع۔
رَضُعَ (ک) رَضَاعَةً۔ لئیم ہونا۔ کمینہ ہونا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع
رَاضَعَه رِضَاعًا ومُرَاضَعَةً رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا اِبْنَه: دائی پلائی کو دینا الطِّفْلُ: بچے کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔
اَرْضَعَه۔ دودھ پلانا۔ اَرْضَعَتِ المَرْأَةُ: دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔ صفت (مُرْضِع) اس کلمہ میں تاء علامت تانیث لاحق نہیں ہوئی اس وجہ سے یہ کہ طبقہ اناث ہی کیلئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس

وقت صفت (مُرْضِعَة) ہوگی۔ ج مُرْضِعَات و مَرَاضِعُ)
اِسْتَرْضَعَ. دائی پلائی طلب کرنا یا دودھ پلانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعْتُ الْمَرْأَةَ وَلَدِی"، عورت سے میں نے اپنے بچّہ کو دودھ پلانے کو کہا۔
الرَّضَع. کمینگی۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے۔ واحد (رَضَعَة)
الرَّاضِع. فا. دودھ والی۔ کمینہ۔ بخیل۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔
الرَّاضِعَة. راضع کا مؤنث۔ الرَّاضِعَتَان بچّہ کے اگلے دو دانت۔ ج رَوَاضِع.
الرَّضِيْع. ج رُضَعَاء والرَّضِع ج رُضَع. دودھ پیتا بچّہ۔ کمینہ۔ رَضِيْعُك: تمہارا رضاعی بھائی اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہوگا اس لئے مراضع کے معنی میں ہے۔
الرَّضَاعَة. س. پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔ (والرِّضَاعَة) اِرضاع کا اسم۔
الرَّضُوْعَة. اپنے بچّہ کو دودھ پلانے والی عورت۔
الرَّضَّاع. بہت دودھ پلانے والے۔ کمینہ۔
المَرَاضِيْع. کمینے۔
رَضَفَه (ض) رَضْفًا. داغ لگانا۔ رَضَفَ اللَّبَنَ: دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا اللَّحْمَ: گوشت کو گرم پتھر پر بھوننا۔
رَضَّفَهُ. سخت غضبناک کر دینا۔
الرَّضْف. گرم پتھر۔ واحد (رَضْفَة) کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى الرَّضْفِ" یعنی وہ رنجیدہ ہے۔ الرَّضْف: ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَيْهَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو۔
الرَّضَفَة. گرم پتھر۔ گرم پتھر سے کیا ہوا داغ۔ ج رَضَف و رَضَفَات.
الرَّضِيْف. گرم پتھر (والرَّضِيْفَة) گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِيْفَة" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔ الرَّضِيْف والمَرْضُوْف. گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔
الرَّضِيْفَة والمَرْضُوْفَة. اوجھ جس کی دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کاٹ کر اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کر کے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔
المِرْضَافَة. داغ کرنے کا آلہ۔
مُطْفِئَةُ (الرَّضْفِ) ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گزرے۔
اَرْضَكَ. عَيْنَيْهِ: آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا۔
رَضَمَ (ض) رَضْمًا. الاَرْضَ: زمین کو جوتنا البَيْتَ: گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا۔ صفت مفعولی (رَضِيْم و مَرْضُوْم) المَتَاعَ: سامان کو تہ بتہ رکھنا۔ الشَّيْءَ: توڑنا۔ عَلَيْهِ الصَّخْرَ: ڈالنا (رَضْمًا ورَضَمَانًا) فِي المَشْيِ: سست چلنا۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
اِرْتَضَمَ. المَتَاعُ: سامان تہ بتہ ہونا۔
الرَّضْم والرَّضَم والرِّضَام. بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں۔ رَضْم کا واحد (رَضْمَة)
الرُّضَام: ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا قلیل حصہ۔
رَضَاهُ يَرْضُوْهُ رَضْوًا. پسندیدگی میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِي فَرَضُوْتُه" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔
رَضِيَ (س) رُضًى ورِضًى ورُضْوَانًا و رِضْوَانًا و مَرْضَاةً. عنه و عليه: خوش ہونا۔ راضی ہونا۔ صفت (رَاضٍ) ج رَاضُوْن و رُضَاةٌ و رُضَّ ج رُضُوْن و (رَضِي) ج اَرْضِيَاء و رُضَاةٌ.
رَضِيَ. الشَّيْءَ ورَضِيَ بِه و فِيْهِ: پسند کرنا۔ قناعت کرنا۔ صفت مفعولی (مَرْضِي و مَرْضُوّ) کہا جاتا ہے "رَضِيَ اللّٰهُ عَنْ فُلَان و رُضِيَ عنه" یعنی اللہ اس کے اعمال کو قبول کرے اور اس سے خوش رہے۔ "رَضِيَتْ مَعِيْشَة" اس کی زندگی پسندیدہ ہے۔
رَاضَى رِضَاءً ومُرَاضَاةً. الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔ پسندیدگی میں مقابلہ کرنا۔
اَرْضَى و رَضَّى. الرَّجُلَ: رضامند کرنا۔ خوش کرنے کے لائق دینا۔
تَرَضَّى. الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔
تَرَاضَى. القَوْمُ الشَّيْءَ: قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا۔
اِرْتَضَاهُ. لِخِدْمَتِهِ او لِصُحْبَتِهِ: پسند کرنا۔
اِسْتَرْضَاه. رضامندی طلب کرنا۔ و اِسْتَرْضَيْتُه کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو۔
رَجُلٌ و امْرَأَةٌ (رِضًى) پسندیدہ مرد یا عورت (چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے یہی ہے)
عِيْشَةٌ (رَاضِيَةٌ) پسندیدہ و اچھی زندگی (اس میں اسناد مجازی ہے)
رَضْوَى. مدینہ طیبہ او رینبع کے درمیان ایک پہاڑ کا نام اور نسبت کے لئے رَضْوِيّ.
الرِّضَاء. خوشنودی۔
الرِّضْوَة. خوشنودی۔ کہا جاتا ہے "مَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ رِضْوَتِه" میں نے اس کو اس کی رضامندی سے کیا۔
الرَّضِيّ. عاشق۔ دبلا۔ چھریرا۔
اِرْطَ اِرْطَاطًا. بیوقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔ فِي مَقْعَدِه: جم کے بیٹھنا۔

اِسْتَرطَهٗ. بیوقوف سمجھنا۔
الرَطِیْط. شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بیوقوف۔ ج رِطَاط.
الرَطَائِط. بیوقوف (جمع ہی ہے اس کے لئے واحد نہیں)
رَطَأَ (ف) رَطأَ. القَوْمَ: قوم کو ناپسندیدہ امر میں پھنسا دینا بِسلْحِه: پاخانہ کرنا المَرْأَة: جماع کرنا۔
اِسْتَرْطَأ. الرجُلُ: بیوقوف ہونا الرجُل: بیوقوف سمجھنا۔
الرَطأ. بیوقوفی۔
الرَّطِیٔ. بیوقوف۔ ج رِطَاء مؤنث رَطِئَة و رَطْآء.
رَطَبَ (ن) رَطَابَةً البُسْرُ پختہ ہونا۔ بسر کھجور کا رطب ہونا۔
رَطَبَ (ن) رَطْبًا و رُطُوْبًا. الدابة: جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔
رَطِبَ (س) ورَطُبَ (ک) رُطُوْبَةً و رَطَابَةً تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔
رَطُبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔
رَطَّبَ و اَرْطَبَ. الثَّوْبَ و نَحْوَهٗ. تر کرنا۔
رَطَّبَ و اَرْطَبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔ رَطَّبَ القَوْمَ: پختہ کھجور کھلانا۔ وَاَرْطَبَت الاَرْضُ: زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔
اَرْطَبَ النَّخْلُ: کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔
اَرْطَبَ القَوْمُ: پختہ کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔
تَرَطَّبَ. تر ہونا اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ لِسَانِیْ بِذِکْرِكَ" تمہاری یاد سے میری زبان تر ہے۔
الرَّطْب و الرَّطِیْب. تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پر وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَطِیْبٌ" خوش حال زندگی۔
الرُّطْب و الرُّطُب. سبز چارہ۔
الرُّطَب. پختہ تازہ کھجور۔ واحد (رُطَبَة) ج رِطَاب و اَرْطَاب.

الرَّطْبَة: گھاس نما پودہ تین پتوں والا۔ بنفشی رنگ پھولوں والا جنگل میں اور زراعت کیا جاتا ہے۔
المَرْطَبَة. کھارے کنوئیں کے درمیان میٹھا کنواں۔
اَلْمِرطَاب: درجہ حرارت اور ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ دوسرا نام میزان رطوبت ہے۔
الرَّطَاب. بروزن نظام: عورتوں کے لئے ایک گالی۔
اَلْمِرطَبَانُ: اچار مربہ جمع کرنے کے لئے برتن۔ (عامی لفظ ہے)
الرَّطْز. کمزور بال وغیرہ۔
الرُّطَازَات. خرافات۔
رَطَسَ. (ن ض) رَطْسًا. تھپڑ مارنا۔
اِرْطَسَّت. عَلَیْهِ الحِجَارَةُ: پتھروں کا تہ بتہ ہونا۔
رَطَعَ (ف) رَطْعًا. الجاریةَ: جماع کرنا۔
الرَّطْع. زکام۔
رَطَلَ (ن) رَطْلًا. الشیء ہاتھ میں اٹھا کر وزن معلوم کرنا الرجلَ. دوڑنا۔
رَطَّلَ. الشعر تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا. الشیء رطل پیمانہ سے وزن کرنا (وارْطَلَ) الرجلُ: ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔
رَاطَلَ. رطل سے بیچنا۔
الرِّطْل و الرَّطْل. بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ اُتولہ۔ ج اَرْطَال. الرطل مِنَ الرِجَال: بیوقوف۔ سست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام۔ قریب البلوغ لڑکا۔ سبک رفتار گھوڑا۔
الرِطْلَة. سبک رفتار گھوڑی۔
الرُّطَیْلاء. رتیلا کی تصحیف ہے۔
المُرَطَّل. مِنَ الرجَال: نرم۔ لمبا۔
رَطَمَهٗ (ن) رَطْمًا. کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور مشکل کام میں پھنسانا۔
رطم وارْطم فی قُعودِه: جم کے بیٹھنا۔
وارْطَمَ الرجلُ: خاموش رہنا۔
رُطِمَ. البَعِیْرُ اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا۔

ترطم. السلح: پاخانہ روکنا۔
ارْتَطَم. کیچڑ میں گرنا یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسنا فی الامر: کسی معاملہ میں پھنس جانا عَلَیْهِ الاَمْرُ: مشتبہ ہونا الشیء: ڈھیر لگنا۔
الرُّطْمة. پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی دشوار ہو۔
الرُّطَام. قبض۔
الرُّطُوْم. بیوقوف مرد۔
الراطم. کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔
امْرَأَةٌ (مَرْطُوْمَةٌ) بدی کے ساتھ متہم عورت۔
رَطَنَ لَهٗ (ن) رَطَانَةً و رِطَانَةً و رَاطَنَهٗ مُرَاطَنَةً. عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
تَرَاطَنَ. القومُ و تَرَاطَنُوْا فِیْمَا بَیْنَهُمْ: باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
الرُّطَیْنٰی. کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "مَاءُ رُطَیْنَاكَ هٰذِهٖ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے۔
رَعَتَ (ن) رَعْتًا. الرِیْحُ: ہوا کا ٹھہر جانا۔
الرعاع. کمینے و رذیل لوگ۔
الرَّعَاعَة. شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ (ف) رَعْبًا و رُعْبًا. خوف کرنا الرجلَ: خوف دلانا (رَعْبًا) الاِنَاءَ او الحَوْضَ: برتن یا حوض کا بھرنا السَّنَامَ و نَحْوَهٗ: کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ رَعَبَتِ الحَمَامَةُ: کبوتر وغیرہ کا غٹرغوں کرنا۔
رَعَّبَ تَرْعِیْبًا و تَرْعَابًا. الرجلَ: خوف دلانا الاناءَ: برتن بھرنا۔ السنامَ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا فُلَانًا. کسی کیلئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
ارْتَعَبَ. ڈرنا۔
الرَّعْب. جادو کا منتر۔ مقفی نثر۔ بُرا وعدہ۔
الرُّعْب و الرُّعُب. گھبراہٹ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَة.
الرَّعِیْب. خوفزدہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ

رَعِيْبُ العَيْنِ و مَرْعُوْبُ العَيْنِ'' بزدل جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔

الرَّعَّاب. جادو کرنے والا۔ مقفی نثر بولنے والا۔

الرَّعَّابَة. لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔

الرُّعْبُوْب. بزدل۔ ج رَعَابِيب

(الرُّعْبُوْبَة والرِعبِيْب) مِنَ الجَوَارِي: نازک اندام لڑکی۔

المُرْعَبِب. موٹا جس سے چربی ٹپکے۔

التَرْعِيْبَة. کوہان کا ٹکڑا۔ ج تَرَاعِيْب.

المِرْعَبَة. ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔

تَرَعْبَلَ: اللَّحمُ: گوشت کے پارچے پارچے ہونا۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الرَّجُلُ: بیوقوف سست عورت سے نکاح کرنا۔

تَرَعْبَلَ اللَّحْمُ: گوشت کا پارچے پارچے ہونا۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

الرَّعْبَلُ مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ: موٹا اونٹ۔

الرَّعْبَلَة والرُّعْبُوْلَة. پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِل و رَعَابِيْل اور کہا جاتا ہے ''ثَوْبٌ رَعَابِيل'' یعنی پرانا کپڑا۔

الرَّعْبَلَة والرَّعْبَلِيْل. مِنَ الرِيَاحِ: ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔

الرُّعْبُوْلَة. پھٹا ہوا۔ چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔

رَعَثَ (ف) رَعْثًا ورَعِثَ (س) رَعَثًا. العَنْزُ: کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔

تَرَعَّثَ وارْتَعَثَ. المَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔

الرَّعْثُ والرَّعَثُ. رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کی کلی۔

الرَّعْثَة والرَّعَثَة. بالی۔ مرغ کی کلغی؛ مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاث و رُعُث.

الرَّعْثَاء. بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں؛ لمبے دانہ والا انگور۔

الرَّاعُوْثَة. پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تاکہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔

رَعَجَهُ (ف) رَعْجًا ورَعَجًا وارْعَجَهُ. تنگی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ اَرْعَجَ الرَّجُلُ: بہت مال مویشی والا ہونا۔ رَعِجَ (س) رَعَجًا المَالُ او العَدَدُ. بہت ہونا۔ الوَادِي: وادی کا بھر جانا۔ اِرْتَعَجَ الرَّجُلُ. کانپنا۔ کہا جاتا ہے خَرَجُوْا وَلَهُمْ اِرْتِعَاجٌ. لوگ نکلے اس حال میں کہ ان کے لئے اضطراب تھا۔ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الوادی. بھر جانا۔ المَالُ: بہت ہونا۔

الرَّعْجُ. بہت مویشی۔

رَعَدَ (ف ن) رَعْدًا و رُعُوْدًا. السَّحَابُ: بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے ''وَرَعَدَ لِي فُلَانٌ و بَرَقَ'' یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ و ''رَعَدَتِ المَرْأَةُ و بَرَقَتْ'' یعنی وہ عورت بناؤ سنگھار کے سامنے آئی۔

اَرْعَدَ الرَّجُلُ: کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا؛ گڑگڑاہٹ سننا۔ زَيْدًا: دھمکی دینا۔ الخَوْفُ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا؛ لرزا دینا۔

اُرْعِدَ. کپکپی ہونا۔

تَرَعَّدَ. حرکت کرنا۔ کانپنا۔

اِرْتَعَدَ. اضطراب کرنا۔ کانپنا۔

الرَّعْدُ. س۔ بادل کی گرج۔ کہا جاتا ہے ''جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ والصَّلِيْلِ'' یعنی وہ لڑائی لایا۔

الرَّعْدَة والرِّعْدَة. کپکپی۔

الرَّعَّاد. بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور اس کو ''سَمَكَةُ الرَّعْدِ'' بھی کہتے ہیں۔

الرَّعَّادَة. بہت بولنے والا۔

الرَّاعِدَة. گرجنے والا بادل۔ صَلَفٌ تَحْتَ الرَّاعِدَة: اس شخص کے لئے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِد. ذَاتُ الرَّوَاعِد: مصیبت۔

رَعْدَدَ. سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

تَرَعْدَدَ. کپکپی ہونا۔

الرِّعْدِيْد والرِّعْدِيْدَة. بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رَعْدِيْد: نرم و نازک نباتات۔ ج رَعَادِيْد.

رَعْرَعَ. المَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا۔ الفَرَسَ. گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا۔ ہ اللهُ: اگانا۔

تَرَعْرَعَ. الصَّبِيُّ: بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔ المَاءُ او السَّرَابُ: پانی یا سراب کا متلاطم ہونا۔ السِّنُّ: دانت کا ہلنا۔

الرَّعْرَع والرُّعْرُع والرَّعْرَاع. اچھے قد اور اچھی جوانی والا۔ ج رَعَارِع ورَعَارِيْع.

الرَّعْرَاع. بزدل۔ لمبا نرکل۔

رَعَسَ (ف) رَعْسًا. کانپنا۔ تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا۔ (رَعْسًا ورَعَسَانًا) رَاسَهُ: بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا۔

اَرْعَسَهُ. کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔

تَرَعَّسَ وارْتَعَسَ. کانپنا۔

نَاقَةٌ (رَاعِسَةٌ) اونٹنی جو نشاط میں ہو۔

الرَّعُوْس. خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا۔

الرَّعِيْس. چلنے میں لڑکھڑانے والا۔

الرَّعَّاس. نرم نیزہ جس میں لچک ہو۔

المِرْعَس. خسیس آدمی جو کوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے۔

رَعِشَ (س) رَعَشًا وارْتَعَشَ. کانپنا۔ صفت (رَعِش ورَعِيْش)

اَرْعَشَهٗ و رَعْشَهٗ. کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔ عاجز کرنا۔
الرَعِش و الرِعْشِیْش. بزدل۔ جلد باز۔
الرِعْشَة. جلد بازی۔
الرُعَاش. مرض کی وجہ سے کپکپی۔
نَاقَةٌ (رَعُوش) بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی۔
الرَعْشَاء. مِنَ النَعَامِ: تیز رفتار شتر مرغ۔ مِنَ النُوْق: تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی۔
المُرْعَش والمَرْعَش. ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے۔
الرَعْشَن. کانپنے والا۔ بزدل۔ جلدی کرنے والا۔
رَعَصَ (ف) رَعْصًا وارْعَصَ. الشَيْءَ: حرکت دینا۔ ہلانا۔ کھینچنا عَلَیْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا۔
تَرَعَّصَ وارْتَعَصَ. عَلَیْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا الجَدْیُ: بکری کے بچہ کا خوشی میں آکر اُچھلنا۔
رَعَظَ (ف) رَعْظًا. السهمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ پیکان کی جگہ توڑ دینا۔
رَعَّظَهٗ. عَنْ كَذَا: سُست کر دینا۔ جلدی کرانا الوتَدَ: اُکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
اَرْعَظَ. السَهْمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ فُلَانًا: سُست کر دینا۔
الرُعْظ. تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج اَرْعَاظ. کہا جاتا ہے "كَسَرَ عَلَيْهِ اَرْعَاظَ النَبَال" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدتِ غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے۔
رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا. الفَرَسُ الخَيْلَ: آگے بڑھ جانا۔
رَعِفَ (س) رَعَفًا. الدَمُ: نکسیر پھوٹنا۔ (ورَعَفَ (ف ن) رَعْفًا ورُعَافًا) الرَجُلُ: نکسیر والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِهِ البَابُ" یعنی وہ اچانک داخل ہوا۔

اَرْعَفَهٗ. جلدی کرانا القِرْبَةَ: مشک کو لبالب بھرنا القَلَمَ: قلم میں زیادہ روشنائی لگانا۔
اِرْتَعَفَ واسْتَرْعَفَ. آگے بڑھنا۔ واسْتَرْعَفَتِ الحَصیٰ رِجْلَهٗ: کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔
الرَعْف. مص۔ نیزہ مارنے کی پھرتی۔
الرُعَاف. نکسیر۔ بہت بارش۔
الرَعَّاف. بہت نکسیر والا۔ بہت آگے بڑھنے والا۔
الرُعَافِي. بہت دینے والا۔ (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے۔)
الرَاعِف. فا. نتھنے کا کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ج رَوَاعِف.
الرَوَاعِف. نیزے۔
الرَعُوْف والرَاعُوْف والرَاعُوْفَة و الاُرْعُوْفَة. مِنَ البِئْر: کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الرَعُوْف. ہلکی بارش۔
المَرَاعِف. ناک اور اس کا ارد گرد۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه عَلَى الرَغْمِ مِنْ مَراعِفِه" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
المُسْتَرْعِف. مِنَ الخَيْلِ: آگے رہنے والا گھوڑا۔
رَعَقَ (ف) رُعَاقًا ورَعِيْقًا. بَطْنُ الدَابَةِ: جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا۔
رَعَلَ (ف) رَعْلًا الشَيْءَ: کشادہ۔ پھاڑنا۔ فُلَانًا: سخت نیزہ مارنا۔
رَعِلَ (س) رَعَلًا. بیوقوف ہونا۔ النَبَاتُ: لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخوں والی ہونا۔ صفت (اَرْعَل)
رَعَّلَ. الكَرْمُ: انگور کی کونپلیں پھوٹنا۔
اَرْعَلَهٗ. سخت نیزہ مارنا۔
اِسْتَرْعَلَتْ. الغَنَمُ: بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا۔ اِسْتَرْعَلَ الرَجُلُ: جنگ میں آگے آگے چلنا۔

الاَرْعَل. بیوقوف۔ مؤنث رَعْلاء ج رُعْل لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخ والی نباتات۔ ضَرْبٌ اَرْعَل: گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے والی تلوار کی ضرب۔
الرَعْل. پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ رَعْلٌ
الرِعْل: کپڑے۔
الرَعْل. شہد کی نر مکھی۔
الرُعَال. رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔
الرَعَالَة. بیوقوفی۔
الرَعْلَة. شتر مرغ۔ بکری یا اونٹنی کے کان کے پچھلے حصّے کو کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔ تھوڑے گھوڑوں کا یا گائیوں کا گلہ۔ ج رِعَال و اَرْعَال واَرَاعِيْل. کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الخَيْلُ رِعَالًا واَرَاعِيْل" اَرَاعِيْلُ الرِيَاحِ اَوِ السَحَاب: ابتدائی ہوائیں یا بادل۔
الرُعْلَة. انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعَل ریحان و آس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔
الرَعِيْل. آگے آگے رہنے والی جماعت (گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال.
المِرْعَل. شمشیر براں۔
المِرْعَل. عمدہ مال۔
المُسْتَرعِل. گلہ سے نکلا ہوا جانور۔ گلہ بان۔ اونٹ والا۔
رَعَمَ (ن) رَعْمًا. الشَيْءَ: نگہبانی کرنا۔ الشَمْسَ: آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔
رَعَمَتْ (ف) ورَعُمَتْ (ک) رَعَامَةً و اَرْعَمَتْ. الشَاةُ: بہت دبلی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوْم)
رَعَّمَ. الشَاةَ: بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔
الرَعَام. نگاہ کی تیزی۔
الرُعَام. رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج اَرْعِمَة.
الرُعَامَة والرُعَامی. ایک قسم کا درخت۔
الرُعَامیٰ. جگر کی زیادتی۔
الرِعْم. چربی۔ اُم رِعْم: بجو۔

الرَّعُوْم. نفس۔

الرُّعُوْم. نازک بدن عورت۔

رَعَنَ (ن) رَعْنًا ورَعِنَ (س) رَعَنًا و رَعُنَ (ک) رُعُوْنَة. بیوقوف ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ گفتگو میں طیش والا ہونا۔ صفت (اَرْعَن)

رَعَنَتْه (ن) رَعْنًا. الشَّمْسُ: دھوپ لگنے سے بیہوشی طاری ہونا۔

الرَّعْن. س۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج رِعَان ورُعُوْن.

الاَرْعَن. چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔

الرَّعُوْن. تیز یا بہت حرکت کرنے والا۔ رات کی تاریکی۔

رَعَا يَرْعُوْ رَعْوًا ورَعْوَةً ورِعْوَةً و رُعْوَةً. غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرَّعْوٰى والرُّعْيَا)

اِرْعَوٰى اِرْعِوَاءً. مِنَ الجهل: رکنا۔ باز رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ) رجوع کرنا۔

رَعٰى يَرْعٰى رَعْيًا ورِعَايَةً ومَرْعًى. الماشِيَةُ الكَلَاءَ: جانور کا گھاس چرنا الماشِيَةَ: جانور کو گھاس چرانا النُّجُوْمَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا الاَمِيْرُ رَعِيَّةً رِعَايَةً: امیر کا انتظام مملکت کرنا عَلَيْه حُرْمَتَه: پاس عزت کرنا الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔

رَاعٰى مُرَاعَاةً. النُّجُوْمَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔ انجام پر غور کرنا الرَّجُلَ: کسی کے حق کو نگاہ رکھنا۔ رَاعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا۔

رَاعَيْتُه سَمْعِيْ: توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يُرَاعِيْ اِلٰى قَوْلِ احدٍ" وہ کسی بات کی طرف توجہ نہیں کرتا۔ الحِمَارُ الحُمُرَ: گدھے کا گدھوں کے ساتھ چرنا۔

اَرْعٰى. الماشِيَةَ: جانور کو چرانا المَكَانَ: چراگاہ بنانا عَلَيْه: شفقت۔ مہربانی کرنا۔

اَرْعَيْتُه سَمْعِيْ: بات سننا۔ اَرْعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا اللّٰهُ الماشِيَةَ: چری اگانا۔

رَعَّاهُ تَرْعِيَةً. کسی سے "رَعَاهُ اللّٰهُ" کہنا۔

اِرْتَعَتْ وتَرَعَّتِ. الماشِيَةُ: جانور کا چرنا۔

اِسْتَرْعٰى اِسْتِرْعَاءً. الماشِيَةَ: چرانے کے لیے کہنا ہ ماشِيَتَهُ: رکھوالی کیلئے کہنا اور اسی سے مثال ہے "مَنْ اسْتَرْعَى الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ" جس نے بھیڑیے سے رکھوالی کیلئے کہا۔ اس نے ظلم کیا۔ اس شخص کی لئے بولتے ہیں جو خائن کو کسی چیز کا امین بنائے ہ السَّمْعَ: توجہ کرنے کو کہنا ہ الشَّیْ: کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لیے کہنا۔

الرِّعْيَة. چرائی۔

الرُّعْيَا والرُّعْوٰى والرَّعْيَا والرَّعْوٰى. حفاظت۔

الرَّعْي. س۔ کہا جاتا ہے "رَعْيًا لك" یعنی تمہاری حفاظت ہو۔

الرِّعْي. گھاس۔ ج اَرْعَاء. رِعْيِ الحَمَام والاِبِل: دو گھاسوں کے نام۔

الرَّعِيَّة. چرنے والا جانور۔ جانور جو چرائے جائیں۔ قوم۔ کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔ ج رَعَايَا. رَعِيَّةُ المَلِك و رعاياه: تابع فرمان لوگ۔

الرَّعَاوٰى والرُّعَاوٰى. لوگوں کے اردگرد چرنے والے مویشی۔

الرَّعَاوِيَّة. عوام کے مویشی۔

الاَرْعَاوِيَه. شاہی مویشی۔

الرَّاعِي. فا. بہت الفت کرنے والا حاکم قوم۔

رَاعِي الماشِيَةِ: چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج رُعَاةٌ ورُعْيَان ورُعَاء ورِعَاء. مؤنث رَاعِيَة ج رَوَاعٍ. رَاعِيَةُ الشَّيْبِ ورَوَاعِيْه: بڑھاپے کی ابتداء۔ رَاعِي الجَوْزَاءِ ورَعِي النَّعَائِم: دو ستاروں کے نام۔ رَاعِي البُسْتَان ورَاعِيَةُ الاَتُن: ٹڈیوں کی ایک قسم۔ رَاعِيَةُ الرَّاس: جوں۔

المَرْعٰى. س۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ (والمَرْعَاة) چراگاہ۔

المَرْعِيّ. جو چرا جائے۔ جس کی حفاظت کی جائے۔

رَغِبَ (س) رَغْبًا و رُغْبًا ورَغْبَةً. فيه: چاہنا۔ خواہش کرنا۔ عَنْه: اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ بے التفاتی کرنا۔ چھوڑ دینا۔

به عن غيرِه: دوسرے پر فضیلت دینا۔

رَغِبَ (س) رَغْبًا ورُغْبٰى ورَغْبٰى رَغْبَةً ورَغَبَةً ورُغْبُوتًا ورَغَبَاتًا ورُغْبَاءَ اِلَيْه: خواری و عاجزی ظاہر کرنا۔ خواری و ذلت سے مانگنا۔

رَغُبَ (ک) رُغْبًا ورُغُبًا ورَغَابَةً. بہت کھاؤ ہونا الوادِي: فراخ و کشادہ ہونا۔

رَغَّبَه وارْغَبَه. في الشَّيْء: رغبت دلانا۔ رَغَّبَه: مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَبَ اللّٰه قَدْرَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے۔

اِرْتَغَبَ. فيه: خواہش کرنا۔ چاہنا۔

تَرَاغَبَ. الوادِي: کشادہ ہونا۔ الناسُ في الخَيْرِ: خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔

الرَّغَب. مرغوب۔

الرُّغْب والرُّغَاب. مِنَ الاَرْضِ: بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔

طَرِيْق (رُغُب) کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ.

الرَّغِيْب. بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَغِيْبٌ و سِقَاءٌ رَغِيْبٌ" کشادہ حوض و مشک۔ حِمْلٌ رَغِيْبٌ: بھاری بوجھ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِيْبُ الخُطْوَةِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَاب.

المَرْغُوْب. خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

الرَّغِيْبَة. رغیب کا مؤنث۔ امر مرغوب۔ بہت عطیہ۔ ج رَغَائِب.

رَغَثَ (ف) رَغْثًا. الوَلَدُ اُمَّه: ماں کا دودھ پینا ہ. لگاتار نیزے مارنا القَوْمُ فلانًا: سوال کر کے سارا مال ختم کر دینا۔

رُغِثَ. کسی سے بہت سوال کیا جانا اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا۔ پستان کی رگوں میں

درد ہونا۔
اَرْغَثَتْ. المَرْأۃُ: دائی پلائی ہونا۔ وَلَدَھا: دودھ پلانا۔ صفت (رَغُوث ورَغُوثَۃ و مُرْغِث:) اَرْغَثَہ: پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا۔ بار بار نیزہ مارنا۔
اِرْتَغَث. الوَلَدُ اُمَّہ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
الرُغَثاء. پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے۔
المُرْغَث. انگلی میں انگوٹھی کی جگہ۔
رَغِدَ(س) رَغَدًا ورَغُدَ(ک) رَغادَۃً عَیْشُہ: آسودہ و خوش حال ہونا۔ عیش کی صفت (رَغْدٌ ورَغَدٌ ورَغِیْدٌ)
اَرْغَدَ. القومُ: آسودہ زندگی والی ہونا مَواشِیَھُمْ: جانوروں کے چرنے کے لیے آزاد چھوڑنا اللّٰہُ عَیْشَہ: آسودہ بنانا۔
اِرْغادَّ. رائے میں متردد ہونا اللَّبَن: دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا۔
اِسْتَرْغَدَ. العَیْشَ: آسودہ زندگی پانا۔ قَوْمٌ (رَغْدٌ) ونِساءٌ رَغْد: آسودہ زندگی والی قوم۔ اور یہ رَاغِد کی جمع ہے جیسے خادِم کی جمع خَدَم.
الرَغِیْدَۃ. ایک قسم کا کھانا جو جوش دیے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔
المَرْغَدَۃ. باغ۔
رَغَسَہُ(ف) رَغْسًا واَرْغَسَہُ. اللّٰہ مالًا وولدًا: بہت دینا۔
اِسْتَرْغَسَہُ. نرم سمجھنا۔
الرَغْس. نعمت و برکت۔ نمو۔ ج اَرْغاس.
المُرْغِس. مِنَ العَیْش: فراخ زندگی۔
المَرْغُوْس. مبارک۔
المَرْغُوْسَۃ. المَرْغُوس کا مؤنث۔ کثرت سے بچے جننے والی عورت۔
رَغَشَ(ف) رَغْشًا. عَلَیْہِ: شور مچانا۔
رَغَفَ(ف) رَغْفًا. العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا البَعِیْر: اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا۔

اَرْغَفَ. چلنے میں جلدی کرنا اِلَیْہِ: تیز نظر سے دیکھنا۔
الرَغِیْف. گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ چپاتی۔ روٹی۔ ج اَرْغِفَۃ ورُغُف ورُغْف و رُغْفان و رَغِیف.
وَجْہٌ (مُرَغَّف) سخت چہرہ۔
رَغَلَ(ف) رَغْلًا. الولدُ اُمَّہُ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
اَرْغَلَ. الرجلُ. غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا اِلَیْہِ: مائل ہونا الزرعُ: کھیتی کے خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا الشیَ: بے موقع رکھنا۔
الجَدیُ اُمَّہ: بکری کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا المکانُ: رَغَل نامی گھاس اگانا الماءَ: بہت گرانا۔
الرُغْل. ایک قسم کی کڑوی گھاس۔ ج اَرْغال.
الرَغُوْل. اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَمٌ رَغُوْلٌ" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے۔
الارْغَل. من العَیْش: فراخ زندگی۔
الرَغْلَۃ. بکری۔ بھیڑ کا بچہ۔
رَغَمَہُ(ف) رَغْمًا. مغلوب و مجبور کرنا۔
رَغَمَ الشَيَ: ناپسند کرنا۔
رَغِمَ(س) ورَغَمَ(ن) رَغْمًا ورَغْمًا. اَنْفُہ لِلّٰہ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ صفت (رَاغِم) الانفِ. ج رُغْمَ الاُنُوْف.
ورَغِمَہ: ناپسند کرنا۔
رَغَّمَہُ. ذلیل کرنا اور رَغْمًا رَغْمًا کہنا۔
اَنْفَہ: خاک آلود کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَغَّمَ اللّٰہ اَنْفَہ" یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے فُلانٌ اَنْفَہ: فروتنی کرنا۔
اَرْغَمَہُ. ذلیل کرنا۔ ناراض کرنا۔ ناپسندیدہ کام پر اکسانا و الذُلّ: خاک آلود کرنا۔ اَرْغَمَ اَھْلَہ: اپنے اہل کو ناپسندیدگی سے چھوڑنا اللقمۃَ من فیہ: لقمہ کو منہ سے مٹی میں ڈالنا اللّٰہُ اَنْفَہ: ذلیل کرنا۔ اَرْغَمَتِ الغَنَمُ اَوِ الظِباءُ: بکری یا بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی

بہنا۔
رَاغَمَہُ. باہم غضبناک ہونا۔ ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ دشمنی کرنا۔ غصہ سے علیحدہ ہونا۔
تَرَغَّمَ. عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ تَرَغَّمَتُ الرَجُلَ: کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا۔
الرَغْم والرُغْم والرِغْم. ناپسندیدگی۔ مجبوری۔ ذلت۔ مٹی۔ کہا جاتا ہے "اَتَی عَلَی رَغْمِہ" وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا۔
الرَاغِم. فا. رَاغِمُ الاَنْف: ذلیل: ج رُغْمُ الاُنُوْف.
الرَغام. مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت۔
الرُغَام. رینٹ۔ ج اَرْغِمَۃ.
الرُغامۃ. حاجت۔ مطلوب۔ کہا جاتا ہے "لِيْ عِنْدَ فُلانٍ رُغامۃ" مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے۔
الرَغْماء. مِنَ الشاءِ. ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری۔
المَرْغِم والمَرْغَم. ج مَراغِم و (الرُغامی) ناک الرُغامی: جگر کی زیادتی۔ پھیپھڑوں کی رگیں۔
المُراغَم. ﷺ بھاگنے کی جگہ۔ جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِذْلِي عَنْ دَارِ الھَوانِ مُراغَم" میرے لیے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے۔ قلعہ۔
المَرْغَمَۃ. ناپسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ عَلیٰ مَرْغَمَتِہِ" میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا۔
المِرْغام. غضب میں ڈالنے والا۔ مؤنث مِرْغامَۃ.
رَغَنَ(ف) رَغْنًا. فِیْہِ: لالچ کرنا۔ اِلَیْہ: کان لگانا۔
اَرْغَنَہ. طمع دلانا۔ اَرْغَنَ الاَمْرَ: آسان کرنا اِلَیْہِ: کان لگانا۔ اَرْغَنَ لِفُلان: اطاعت و فرماں برداری کرنا۔
الارْغُن والارْغُنُوْن. (آرگن ایک باجہ کا نام)

رَغَا(ن) رُغاءً. البعیرُ او النعامُ او الضبعُ بلبلانا۔ چیخنا الصبیُّ بہت رونا۔
الرَغدُ زور سے گرجنا۔
رَغَا(ن) رَغوًا ورغًی تَرْغِیَۃً وارْغی اِرْغاءً. اللبنُ و نحوہٗ دودھ پر جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "ارْغی الرجلُ وازبدَ" مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی۔ "وَاَتیتُہٗ فما اَثغیٰ ولَاارْغیٰ" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اونٹنی تو لیل کرنا۔ مغلوب کرنا۔ ورغّی فُلانًا غضبناک کرنا۔
اِرْتغیٰ. اللبنَ دودھ سے جھاگ اُتار لینا
الرُغوۃ جھاگ پینا۔
الرَغوۃ والرُغوۃ والرِغوۃ ج رُغًی ورِغًی و (الرُغایۃ والرِغایۃ والرِغاوۃ والرُغاوی والرِغاوی) منَ اللبنِ: دودھ کا جھاگ۔
الراغیۃ اونٹنی۔ کہتے ہیں "مالہٗ ثاغیۃ ولا راغیۃ" تو اس کے پاس بکری ہے نہ اونٹنی۔
المِرْغاۃ کفگیر۔
المُرغِیَّ. منَ الکلامِ مبہم گفتگو۔
رَفَّ(ن ض) رَفًّا بہت کھانا ہ خدمت کرنا۔ بھلائی و احسان کرنا۔ ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا النّاسُ بہ گھیر لینا بہ اکرام و تعظیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ مَنْ کانَ یَحُفُّہ ویَرُفُّہٗ" وہ شخص چلا گیا جو اس پر نوازش و مہربانی کرتا تھا۔
البیتَ گھر میں الگنی بنانا الی کذاخوش ہونا۔ رَفَّتْ عَینُہٗ پھڑکنا) البرقُ بجلی کا چمکنا شَفَتَیہ ہونٹ کا چوسنا۔
اللبنَ ہر روز دودھ پینا ثوبًا دوسرا کپڑا لگا کر نیچے سے کشادہ کرنا۔
الدابۃَ بھوسہ کھلانا۔
رَفَّ(ض) رَفًّا ورَفِیفًا وارْ... النباتُ لہلہانا۔ رَفّتِ العینُ پھڑکنا۔ رَفَّ البرقُ بجلی چمکنا۔ رَفَّ لَونُہٗ چمک

اُٹھنا۔
اَرَفَّ اِرْفافًا. الطائرُ پرندہ کا دونوں بازو پھیلانا۔
الرَفُّ س۔ الگنی۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں۔ ریت کی باریک نوک۔ مویشی کا گلہ یا پرندوں کی ڈار۔ بکریوں کا باڑہ۔ ملائم کپڑا۔ ج رُفوف ورِفاف.
الرِفُّ اونٹوں کا گلہ۔ ہر دن کا پینا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذتْہُ الحُمیّ رِفًّا" اُس کو روزانہ بخار آیا۔
الرُفّ والرُفّۃ بھوسہ و بھوسہ کا چورہ۔
الرُفاف بھوسہ کا چورہ۔
الرَفِیف. س۔ چھت۔ فراخ سالی فتی رفیف الاخلاقِ اچھے اخلاق والا جوان۔
الرَفّاف اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "ثغرٌ رَفّاف" سفید و شفاف دانت۔
رَفّاَ(ف) رَفْأً. الثوبَ کپڑے کو رفو کرنا۔ مرمت کرنا ہ خوف سے تسکین دینا۔ مدد دینا۔ بَیْنَھُم صلح کرانا السفینۃَ کشتی کو کنارہ پر لانا۔
رَفّأہٗ ترْفِئۃً و ترْفِیئًا مبارک باد دینا اور "بالرِفاءِ والبنِیْنَ" کہنا۔ (بالرِفاءِ والبنینَ) شادی کرنے والے کیلئے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق و اتحاد رہے اور تمہارے بیٹے پیدا ہوں۔
اَرْفَأَ. اِلیہِ قریب ہونا اور پناہ لینا۔ الشیءَ اِلیہِ قریب کرنا الرجلُ کنگھی کرنا۔
السفینۃَ کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا۔
ارْفَأہٗ و رافأہٗ مدارات کرنا۔ مدد کرنا۔
الرِفاءُ اتفاق۔
الرَفّاءُ رفوگر۔
المَرْفَأُ والمُرْفأُ. منَ البحرِ بندرگاہ۔ ج مَرافِیءُ.
رَفَتَ(ن ض) رَفْتًا. الشیءَ توڑنا، کوٹنا، چورہ کرنا (وارفَتَّ و ترَفَّتَ ٹوٹنا، چورہ

ہونا العظمُ ریزہ ریزہ ہونا۔
الحَبْلُ رسی کا کٹ جانا۔
الرُفت بھوسہ۔ ہر چیز کو توڑنے والا۔
الرُفات چورہ۔ ریزہ۔ ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے۔
رَفَثَ(ن ض) رَفْثًا ورَفِثَ(س) رَفَثًا وارْفَثَ. فی کلامِہٖ فحش گوئی کرنا۔
الرَفَث س۔ گندی گفتگو۔ جماع۔
رَفَحَہٗ نئی شادی والے کو مبارکباد دینا۔
رَفَخ. عَیْشٌ رَافِخ ناز و نعمت کی آسودہ زندگی۔
الرُفُوْحُ مصیبتیں۔
رَفَدَہٗ(ض) رَفْدًا او ارْفَدَہٗ دینا۔ مدد دینا۔ رَفَدَ الحائطَ سہارا دینا۔ رَفَدَ الدابۃَ و علیھا وارْفَدَ لھا چوپایہ کیلئے پالان بنانا۔
رافَدَہٗ مدد دینا۔
رَفّدَہٗ تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔
ترافَدَ. القومُ باہم مدد کرنا۔
اِرْتفَدَ المالَ کمائی کرنا۔ حاصل کرنا۔
اِسْترْفَدَہٗ عطیہ طلب کرنا۔ مدد طلب کرنا۔
الرَفْد۔ حصہ۔ بڑا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "اُرِیْقَ رَفْدُہٗ" اس کا انتقال ہو گیا۔
الرِفْد ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھا دی جائے تاکہ اس کیلئے سہارا ہو جائے۔ عطیہ۔ مدد۔ بڑا پیالہ۔ ج ارْفاد ورُفُوْد.
الرِفْدۃ لوگوں کی جماعت۔ ج رِفَد.
الرَافِد. فلاں بادشاہ کی غیبوبت میں اس کا قائم مقام۔ ج رُفَّد.
الرَافِدَانِ دریائے دجلہ و فرات۔
الرَافِدۃ پل کے اوپر چھت کی لکڑی۔ عوام اسے "وَصْلَۃ" کہتے ہیں۔ ج رَوافِد.
الرِفادۃ زخم کی پٹی۔ زین۔ زین یا کجاوہ کے سہارے کی چیز۔
ناقۃٌ رَفُوْدٌ ایک دفعہ کے دوھنے میں پیالہ بھرنے والی اونٹنی۔ ج رُفُد.
المَرْفَد والمِرْفَد۔ ج مَرافِد.

المِرْفَد بڑا پیالہ۔ ج مَرافِد۔

المَرافِيد بکریاں جن کا دودھ جاڑے یا گرمی میں کبھی ختم نہ ہو۔

المُرْفِد بازی گر۔

رَفْرَفَ. الطَّائِرُ: پرندے کا پھڑ پھڑانا الشَّيُّ: آواز کرنا۔

الرَّفْرَف لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں۔ خیمہ کا دامن۔ زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکتا ہوا حصہ۔ درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی شاخیں۔ ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے۔ فرش۔ بچھونا۔ تکیہ۔ باریک ریشمی کپڑا۔ کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتِ الرِّيحُ رَفْرَفَ الفُسْطَاطِ" ہوا نے خیمہ کے دامن کو اِدھر اُدھر کر دیا۔ رَفْرَفُ الدِّرْعِ: زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں۔ ج رَفارِف۔

الرَّفْرَاف. ایک پرندہ جس کو "خَاطِفُ ظِلِّه" بھی کہتے ہیں۔ نر شتر مرغ۔

رَفَزَهُ (ض) رَفْزًا مارنا۔

الرَّافِز حرکت کرنے والی رگ۔

رَفَسَه (ن ض) رَفْسًا ورِفَاسًا سینہ پر مارنا البَعِيرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا اللحمَ و نَحْوَه: گوشت کا قیمہ کرنا۔

الرِّفَاس. اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسّی۔

الرَّفْسَة. سینہ پر لات مارنا۔

ناقةٌ (رَفُوسٌ) دولتی مارنے والی اونٹنی۔

رَفَشَ (ن) رَفْشًا کھانے پینے میں فائدہ اُٹھانا۔ خوب کھانا پینا القمحَ: گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا کر لے جانا الشَّيَّ: کوٹنا (رُفُوشًا) فِي الأمرِ: کشادہ ہونا۔

رَفِشَ (س) رَفَشًا چوڑے کانوں والا ہونا۔ صفت (اَرْفَش) مؤنث رَفْشَاء۔ ج رُفْش۔

رَفَّشَ لِحْيَتَه: داڑھی میں کنگھا کرنا۔

الرَّفَّاش. گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا اُٹھا کر ماپنے والے کے پاس ڈالنے والا۔

الرَّفْش بیلچہ۔ کشتی کا چپو۔

المِرْفَشَة بیلچہ۔

رَفَصَ. تَرَافَصُوا الماءَ باری باری پانی پر آنا۔ ہر ایک آنے والے کو (رَفِيص) کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَفِيصُكَ" وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے۔

اِرْتَفَصَ. السِّعْرُ بھاؤ گراں ہونا۔

الرُّفْصَة پانی پینے کی باری۔

رَفَضَ (ن ض) رَفْضًا ورَفَضًا. الشَّيَّ: پھینکنا۔ چھوڑنا۔ صفت رَافِض ج رَافِضُونَ ورَفَضَه ورُفَّاض (وارْفَضَ) الابلَ: چراگاہ میں متفرق کر دینا۔ رَفَضَ و ارْفَضَ الوَادِي: کشادہ ہونا۔

رَفَضَت (ن) رُفُوضًا. الابلُ: چرواہے کی نگاہ کے سامنے تنہا تنہا چرنا۔

تَرَفَّضَ. بکھرنا۔ متفرق ہونا۔ ٹوٹنا الدَّمْعُ: آنسو بہانا اور بکھرنا۔

اِرْفَضَّ. الدَّمْعُ: آنسو بہنا و ٹپکنا الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا الشَّيُّ: متفرق ہو کر جانا اور اسی سے ہے "اِرْفَضَّ النَّاسُ عَنْه" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے الوَجْعُ: درد کا زائل ہونا۔

اِسْتَرْفَضَ. الوَادِي: کشادہ ہونا۔

الرَّفَض ج رِفَاض و (الرَّفْض) ج اَرْفَاض. اونٹنیوں یا ہرنیوں کا متفرق گلہ۔ کہا جاتا ہے "نَعَامٌ رَفَضٌ" تھوڑے متفرق شتر مرغ۔ چیز کا بکھرا ہوا حصہ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فِي القِرْبَةِ رَفَضٌ مِنْ مَّاءٍ" مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔

الرَّافِضَة. جنگ وغیرہ میں اپنے قائد و رہنما کو چھوڑ دینے والی جماعت۔ ج رَوَافِض اور اسی سے ہے "لَا خَيْرَ فِي الرَّوَافِضِ"

الرَّافِضَة: شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت کے لیے "رَافِضِيٌّ"

الرِّفَاض پریشان راستے۔

الرُّفَاض. مِنَ الشَّيِّ: ٹکڑے۔ ریزے۔

رَجُلٌ (قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ) قبضہ کرنے والا اور چھوڑ دینے والا مرد۔

الرُّفُوض متفرق گھاس۔ رُفُوض النَّاسِ: لوگوں کے گروہ۔ رُفُوض الأرْضِ: زمین جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو۔ زمین جو حِمى ہونے کے بعد چھوڑ دی گئی ہو۔

الرَّفِيض چھوڑا ہوا۔ پسینہ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ۔

الرَّفِيض والمَرْفُوض چھوڑا ہوا۔

المَرْفَض. مِنَ الوَادِي: سیلاب بہنے کی جگہ۔ ج مَرَافِض۔

رَفَعَ (ف) رَفْعًا. الشَّيَّ: اُٹھانا فُلَانًا عَلَى صَاحِبِه فِي المَجْلِسِ: آگے بڑھانا الكَلِمَةَ: رفع کی علامت لگانا الشَّيَّ: لینا الشَّيَّ فِي خِزَانَتِه: چھپانا الجَمَلُ فِي السَّيْرِ: چلنے میں جلدی کرنا القَوْمُ: ملکوں میں گھستے چلے جانا الجَمَلَ: تیز چلانا الحَدِيثَ: پہلے قائل تک سند پہنچانا۔

(رَفْعًا ورَفَاعًا ورِفَاعَةً) القَوْمُ الزَّرْعَ: کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا (رَفْعًا ورُفْعَانًا) زَيْدًا إِلَى الحَاكِمِ: فیصلہ کرانے کے لیے جانا ہ إِلَى السُّلْطَانِ: پیش کرنا۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَذَا أَمْرٌ يَرْفَعُ الرَّاسَ" یہ ایسا امر ہے جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث مجد و بزرگی ہے۔ و "فُلَانٌ لَا يَرْفَعُ العَصَا عَنْ عَاتِقِه" یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔

رَفُعَ (ک) رِفْعَةً ورَفَاعَةً عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (رَفِيع) ورَفُعَ رَفَاعَةً: بلند آواز والا ہونا الثَّوْبُ: باریک ہونا۔ صفت (رَفِيع)

رُفِعَ. لَهُ الشَّيُّ: دور سے دیکھنا۔

رَفَّعَهُ. بلند کرنا۔ رَفَّعَ القَوْمَ: لڑائی سے دور کرنا۔

رَافَعَهُ. إِلَى الحَاكِمِ: شکایت کر کے فیصلہ کے لئے حاضر کرانا ہ قطع تعلق کرنا بِهِمْ: رحم کرنا۔

تَرَفَّعَ. برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَفَّعَتْ بِیْ هِمَّتِیْ عَنْ كَذَا" میری ہمت نے مجھ کو اس سے برتر بنادیا ہے الشَّیْءَ او الرَّجُلَ بلند کرنا۔

تَرَافَعَا. ایک دوسرے کو بلند کرنا الْخَصْمَانِ اِلَی الْحَاكِمِ فیصلہ کے لیے جانا۔

اِرْتَفَعَ بلند ہونا السِّعْرُ بھاؤ گراں ہونا النَّهَارُ دن کا چڑھنا دراز ہونا۔ مِنْ بَیْنِهِمُ الْخِصَامُ دشمنی زائل ہونا۔ الشَّیْءُ بلند ہونا۔

اِسْتَرْفَعَ. الشَّیْءَ اُٹھانے کو کہنا الْخِوَانُ: دستر خوان خالی ہونا اور اُٹھانے کا وقت آنا۔

الرَّافِعُ. فا. بَرْقٌ رَافِعٌ چمکنے والی بجلی۔

الرِّفْعَةُ مص. بلندی و مرتبہ۔

الرَّفَاعُ والرِّفَاعُ کھیتی میں دانے کا موٹا ہونا۔ کٹی ہوئی کھیتی کا کھلیان میں لے جانا۔

اَلرَّافِعَةُ وَالمخل (فارسی کلمہ): بوجھ اٹھانے کا اوزار۔ کرین۔ پتھر توڑنے کا آلہ بھاری اشیاء تولنے کا آلہ جس کا دوسرا نام القبان بھی ہیں قینچی جس کو المقصّ بھی بولتے ہیں۔ دستپناہ جس کو الملقط بولتے ہیں۔ چیٹی جس کو الکسّارۃ بولتے ہیں۔

الرَّفَاعَةُ والرُّفَاعَةُ والرِّفَاعَةُ. مِنَ الصَّوْتِ آواز کی بلندی و شدت۔ الرِّفَاعَةُ والرُّفَاعَةُ گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔

الرَّفِیْعَةُ حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا معاملہ۔

الْمَرْفُوْعُ مفـ. ایک قسم کی تیز دوڑ مِنَ الْكَلَامِ بلند گفتگو۔ والْحَدِیْثُ الْمَرْفُوْعُ عِنْدَ الْمُحَدِّثِیْنَ وہ حدیث جس کی سند نبی کریم ﷺ تک متصل ہو۔

الْاِرْتِفَاعُ ارباب مساحت کے نزدیک بلندی مثلث یا اضلاع والی یا مخروطی شکل میں۔ دو قاعدوں کے درمیان ایک عمود (علم ہندسہ والوں کے نزدیک) کسی ستارے کا بلند ہونا (فلکیات میں) وہ زاویہ جو کہ افق اور زمین و کوکب کے درمیان واقع ہونے والے سیدھے خط کے درمیان ہو۔

الْمِرْفَعُ بلند کرنے کا آلہ۔

الْمَرْفَعُ والْمَرَافِعُ. عِنْدَ الْمَسِیْحِیِّیْنَ: مسیحیوں کے روزہ سے پہلے کچھ مقررہ دن۔

رَفُغَ (ک) رَفَاغَةً. الْعَیْشُ کشادہ و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِغٌ و رَفِیْغٌ و اَرْفَغُ)

اَرْفَغَ. لَهُ الْمَعَاشَ آسودہ و کشادہ بنانا۔

تَرَفَّغَ آسودگی میں زندگی بسر کرنا۔ جماع کے لیے عورت کی دونوں رانوں کے درمیان بیٹھنا۔

الرُّفْغُ ج. اَرْفُغٌ و رِفَاغٌ. وادی کی بہت بری جگہ۔ بہت خاک والی زمین۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ كَرُفْغِ التُّرَابِ" یعنی وہ بہت زیادہ مال لایا۔ گوشہ ج اَرْفَاغٌ و رُفُوْغٌ. جسم میں میل جمع ہونے کی جگہ۔ جوار کا بھوسہ۔

اَرْفَاغُ النَّاسِ نااہل و کمینے لوگ۔

(الرَّفْغُ والرَّفَاغَةُ والرَّفَاغِیَةُ) آسودہ زندگی كَلَسٌ رَفْغٌ نرم چونے کا گارہ۔

الرُّفْغُ ناخن کا میل۔

الرُّفْغُ بغل۔ اندام نہانی کا ارد گرد۔ اور اسی سے ہے "اِذَا الْتَقَی الرُّفْغَانِ وَجَبَ الْغُسْلُ" یعنی جب دونوں شرمگاہ مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

الرُّفْغُ ناخن کا میل۔

الْمَرَافِغُ ج. ران و بغل (جمع ہے اور اس کا واحد نہیں۔)

الْمَرْفُوْغَةُ تنگ اندام نہانی والی عورت جس سے کوئی جماع نہ کر سکے۔

رَفَقَ (ن) رَفْقًا. نفع پہنچانا۔ مدد کرنا۔ کہنی پر مارنا النَّاقَةَ. اونٹنی کے بازو کو باندھنا۔ الْعَمَلَ مضبوطی سے کرنا۔

رَفَقَ و رَفُقَ (ن و ک) و رَفِقَ (س) رِفْقًا و مَرْفَقًا و مِرْفَقًا و مَرْفِقًا. بِهِ و لَهُ و عَلَیْهِ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔

رَفِقَ (س) رَفَقًا. الْبَعِیْرُ پہلو سے مڑی ہوئی کہنی والا ہونا۔ صفت (اَرْفَقُ)

رَفُقَ (ک) رَفَاقَةً. الرَّجُلُ ساتھی ہونا۔

رَافَقَهُ رفیق ہونا۔ ساتھی ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَافَقَهُ فِی السَّفَرِ" وہ سفر میں اس کے ساتھ رہا۔

اَرْفَقَهُ. مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ نفع پہنچانا۔

تَرَفَّقَ. بِهِ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ عَلَیْهِ سہارا لینا۔

تَرَافَقَ. الرَّجُلَانِ ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِرْتَفَقَ. کہنی یا تکیہ پر ٹیک لگانا۔ مدد طلب کرنا۔ الْاِنَاءُ: بھر جانا الْقَوْمُ سفر میں باہم ساتھی ہونا۔ بِهِ نفع اٹھانا۔

اِسْتَرْفَقَهُ. مہربانی طلب کرنا۔ نفع رسانی طلب کرنا۔

تَمَرْفَقَ. تکیہ لینا۔

الرِّفْقُ مص. نرم برتاؤ۔ مہربانی۔ ہر وہ چیز جس سے مدد لی جائے۔

الرَّفْقُ مص. نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ رَفْقُ الْبُغْیَةِ" یہ سہل الحصول معاملہ ہے۔

الرَّفَقُ تھن میں دودھ کی نالیوں میں خرابی۔

نَاقَةٌ (رَفِقَةٌ و رَفْقَاءُ) اونٹنی جس کے تھن کے اندر دودھ کی نالیوں میں خرابی ہو۔

الرِّفْقَةُ والرُّفْقَةُ والرُّفَاقَةُ ساتھیوں کی جماعت۔ ج رِفَاقٌ و رِفَقٌ و رُفَقٌ و اَرْفَاقٌ.

الرَّافِقَةُ لطف و مہربانی۔ بہتر سلوک۔

الرِّفَاقُ اونٹنی کے بازو باندھنے کی رسی۔ ج رُفُقٌ.

الرَّفِیْقُ ساتھی۔ مہربان۔ ج رُفَقَاءُ.

الْمِرْفَقُ والْمَرْفِقُ کہنی۔ ہر وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے۔ ج مَرَافِقُ.

الْمَرْفِقُ ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے اور اسی سے ہے "مَرَافِقُ الدَّارِ" یعنی گھر کے منافع جیسے کنواں، باورچی خانہ، پاخانہ وغیرہ۔ و "مَرَافِقُ الْبِلَادِ" شہر کے منافع جن سے سارے باشندے مستفید ہوں۔

المِرْفَقَة. چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسار رکھتے ہیں۔
المِرْفَق المُرْتَفَق. تکیہ لگانے کی جگہ۔
المُرْتَفِق. بھرا ہوا۔ ثابت۔
رَفَلَ (ن) رَفْلًا ورُفُوْلًا ورَفَلَانًا. دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنا۔ ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔ صفت مذکر (رَفِل) صفت مؤنث رَفِلَةٌ.
رَفَلَ (ن) رَفْلًا ورَفِلَ (س) رَفَلًا. بدنما لباس پہننا۔ بے ڈھنگے طریقے سے کام کرنا۔ صفت مذکر (اَرْفَل ورَفِل) وصفت مؤنث رَفْلاء.
اَرْفَلَ. دامن گھسیٹنا۔ ناز سے چلنا۔ ثِیابَهٗ: کپڑوں کو لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "اَرْفَلَ رِفْلَهٗ" اس نے دامن لٹکایا۔
رَفَّلَهٗ. تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔ مالک بنانا۔ ذلیل کرنا۔ الاِزَارَ: ازار لٹکانا اور ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ. تکبر کی وجہ سے ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ. عَلَیْهِ: رئیس و سردار بننا۔
الرِّفْل. دامن۔
الرَّفَل. س۔ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کی تہ کا تھوڑا پانی۔
الرِّفَل. لمبے دامن والا۔ لمبی دُم والا گھوڑا۔ بہت گوشت والا۔ کشادہ کپڑا۔
عَیْش رِفَلٌّ: کشادہ زندگی۔
الرُّفَال. مِنَ الشَّعْرِ: لمبے بال۔
المِرْفَال. مِنَ الرِّجَالِ والنِّسَاءِ: دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنے والا یا چلنے والی۔
الرِّفَان. آہستہ آہستہ قطروں والی بارش۔
رَفَهَ (ف) رَفْهًا ورِفْهًا ورُفُوْهًا. خوش حال ہونا۔ صفت (رَافِه ورَفْهَان)
رَفَهَتِ الاِبِلُ: حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔ صفت (رَافِهَة) ج رَوَافِه.
رَفُهَ (ک) رَفَاهًا ورَفَاهِیَةً ورَفَاهَةً العَیْشُ: زندگی کا خوش گوار و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِه ورَفِیه)
رَفَّهَ واَرْفَهَ. الرَّجُلَ: آسودہ و خوشحال بنانا۔ رَفَّهَ عَنْهُ: مہلت دینا۔ بارِ غم ہلکا کرنا۔ کشادگی کرنا۔ اَرْفَهَ ورَفَّهَ الرَّاعِی. الاِبِلَ: حسب مرضی آنے دینا۔ اَرْفَهَتِ الاِبِلُ: اونٹ کا پانی کے قریب رہنا۔ اَرْفَهَ القَوْمُ قوم کے مویشی کا حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔
رُفِّهَ. عَنْهُ: تنگی و رنج دور کیا جانا۔
اَرْفَهَ وتَرَفَّهَ واسْتَرْفَهَ. آرام لینا۔
الرِّفْهُ. س۔ چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔
الرَّفْهَة. رحمت و مہربانی۔
هُوَ (رَافِه) بِهٖ. وہ اس پر مہربان ہے۔
الرُّفَهْنِیَةُ. فراخی، عیش ارزانی۔
الرُّفَه. خشک گھاس اور اسی سے مثل ہے "اَغْنَی مِنَ التُّفَه عَنِ الرُّفَه"
رَفَا (ن) رَفْوًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر رفو کرنا۔ درست کرنا۔ صفت (رَافٍ) ج رُفَاة اور صفت مفعولی (مَرْفُوٌّ) ٥: ڈر دور کرنا۔ فاقہ دور کرنا۔
رَفَّی تَرْفِیَةً. العَرِیْسَ: شادی شدہ کو دعا دینا اور "بالرِّفَاءِ والبَنِیْن" کہنا۔
رَافَی رِفَاءً ومُرَافَاةً. الرَّجُلَ: موافقت کرنا۔
اَرْفَی. اِلَیْهِ: پناہ لینا۔
تَرَافَی. القَوْمُ عَلَی الاَمْرِ: باہم موافق ہونا۔
الرِّفَاء. اتفاق و موافقت۔
الاَرْفَی. ڈھیلے پن کے ساتھ لمبے کانوں والا۔ مؤنث رَفْوَاء ج رُفْو.
الاُرْفِیُّ. ہرن کا دودھ یا مطلقاً دودھ۔
رَقَّ (ض) رِقَّةً. پتلا ہونا لَهٗ: رحم کرنا وَجْهُهٗ: شرم کرنا الرَّجُلُ: بُرے حال والا اور کم مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَقَّتْ عِظَامُهٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔
رَقَّ (ض) رِقًّا. العَبْدُ: غلام بننا یا غلام رہنا۔
رَقَّقَهٗ. پتلا کرنا۔ رَقَّقَ اللَّفْظَ: نرمی سے پڑھنا الکَلَامَ: خوبصورتی سے گفتگو کرنا۔ مَشْیَهٗ: آہستہ چلنا مَابَیْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا۔
اَرَقَّ. الشَّیْءَ: پتلا کرنا الوَاعِظُ قَلْبَهٗ: دل کو نرم کرنا الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا۔ العِنَبُ: انگور کا پتلے چھلکے اور زیادہ شیرہ والا ہونا العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا۔
تَرَقَّقَ. الشَّیْءُ: پتلا ہونا لَهٗ: رحم کھانا۔ ترس کھانا۔
اِسْتَرَقَّ. الشَّیْءُ: پتلا ہونا العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا اللَّیْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا المَاءُ: پایاب ہو جانا۔
الرِّقّ. س۔ غلامی۔ پتلی چیز۔ پتلی کھال۔ جس پر لکھا جائے۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ درخت کے پتے یا جانوروں کے لیے آسانی سے حاصل ہونے والی ٹہنیاں۔
الرَّقّ. لکھنے کے لیے پتلی کھال۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ پتلا۔ مگرمچھ کے مشابہ ایک آبی جانور۔ بڑا یا نر کچھوا۔ ج رُقُوْق.
الرِّقّ والرُّقّ والرَّقَق. نرم و کشادہ زمین۔
الرُّقّ. سمندر یا وادی کا پتلا پانی۔
الرَّقَق. کمزوری۔ باریکی۔ کھانے کا پتلا پن۔
الرَّقَّة. زمین جو پانی سے بھر جائے اور پھر خشک ہو جائے۔ ج رِقَاق. الرَّقَّة: ایک شہر کا نام۔ الرَّقَّتَان: دو شہر ہیں جن کے نام رقہ ورافقہ ہیں اور یہ باب تغلیب سے ہے۔
الرِّقَّة. رحمت۔ مہربانی۔ شرم۔ باریکی۔ رِقَّة العَیْشِ: زندگی کی آسودگی۔ رِقَّة الجانب: ضعف و کمزوری سے کنایہ ہے۔
الرَّقَاق. بیابان۔ ہموار نرم زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرُّقَاق. پتلا۔ پتلی روٹی۔ واحد (الرُّقَاقَة) نرم مٹی والی کشادہ زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرَّقِیْق. پتلا۔ ج اَرِقَّاء مؤنث رَقِیْقَة. ج رِقَاق. کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِیْقُ المَعَانِی" وہ لطیف معانی والا ہے۔ و "عَیْشٌ رَقِیْقُ الحَوَاشِی" یعنی خوش حالی اور آسودگی والی

زندگی۔ و "رَجُلٌ رَقِیقُ الحَالِ" کم مال والا مرد۔ و "لَفظٌ رَقِیقٌ" یعنی آسان و خوشگوار لفظ۔ الرَّقِیقُ: غلام۔ (واحد و جمع دونوں کے لئے) کہا جاتا ہے۔ عَبْدٌ رَقِیقٌ و عَبِیْدٌ رَقِیقٌ اور کبھی اَرِقَّاء جمع بولتے ہیں اور باندی کے لیے رَقِیقٌ اور رَقِیقَةٌ دونوں کا استعمال ہے۔ رَقِیقُ الاَنفِ: ناک کا نرم حصہ۔ الرَّقِیقَانِ: ناک کے نتھنوں کے کنارے۔ مَرَاقُّ البَطنِ: پیٹ کا نرم و پتلا حصہ۔ المُرَقَّقُ: چوڑی پتلی روٹی۔ المِرْقَاقُ: بیلن۔ المُسْتَرَقُّ: چیز کا نرم حصہ۔

رَقَأَ (ف) رَقْأً و رُقُوْءًا۔ الدَّمْعُ اَوِ الدَّمُ: آنسو یا خون کا خشک ہونا۔ منقطع ہونا۔ رَقَأَ بَیْنَھُمْ: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا فِی الدَّرَجَةِ: چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَأْ عَلیٰ ضَلْعِكَ" اِرْقَ عَلیٰ ظَلْعِكَ میں ایک لغت ہے۔ یعنی اپنے اوپر نرمی کرو اور استطاعت سے زیادہ بوجھ مت لادو۔

اَرْقَأَ الدَّمَ اَوِ الدَّمعَ: خشک کرنا۔

الرَّقُوْءُ: خون بند کرنے والی چیز۔ قوم کے درمیان صلح کرانے والا۔

المَرْقَأَةُ والمِرْقَاةُ: سیڑھی۔ زینہ۔

الرَّقَاءُ: فساد۔

رَقَبَهٗ (ن) رُقُوْبًا و رُقُوْبًا و رَقَابَةً و رِقْبَانًا و رِقْبَةً و رَقْبَةً: نگہبانی کرنا، انتظار کرنا، ڈرانا النَّجْمَ: ستاروں کی دیکھ بھال کرنا ہ: گلے میں رسی ڈالنا۔

رَاقَبَهٗ: نگہبانی کرنا۔ رَاقَبَ اللّٰهَ فِی اَمْرِهٖ: خوف کرنا۔

اَرْقَبَهٗ۔ الدَّارَ: بشرط رُقبیٰ زندگی بھر کے لئے دینا (دیکھو لفظ رُقبیٰ) اَرْقَبَهُ الرُّقْبیٰ: کسی کے لیے رقبی کرنا (دیکھو لفظ رقبیٰ)

تَرَقَّبَهٗ و اِرْتَقَبَهٗ: انتظار کرنا۔ اِرْتَقَبَ المَکَانَ: چڑھنا۔

تَرَاقَبَا: ایک دوسرے کی نگہبانی کرنا۔

الرَّقَبُ: گردن کی موٹائی۔

الرُّقْبیٰ: کسی کو مکان وغیرہ اس شرط پر دینا کہ اگر میں تم سے پہلے مر جاؤں تو یہ مکان تمہارے لیے ہے اور تم مر گئے تو پھر میں واپس لے لوں گا۔

الرِّقْبَةُ: احتیاط۔ بچاؤ۔ نگہبانی۔ خوف۔ ڈر۔ گھبراہٹ۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ مَالًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ مال آباء و اجداد سے حاصل نہ کیا ہو۔ ایسے ہی کہا جاتا ہے و "وَرِثَ مَجْدًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ آباؤ اجداد صاحب مجد نہ ہوں۔

الرَّقَبَةُ: گردن یا پس گردن۔ ج رِقَابٌ و رَقَبَاتٌ و رَقَبٌ و اَرْقُبٌ۔ الرَّقَبَةُ: مملوک غلام (مجازاً) کہا جاتا ہے "هُمْ غِلَاظُ الرِّقَابِ" وہ سخت اور سرکش لوگ ہیں۔

الرُّقْبَةُ: چیتے کے شکار کے لیے گڑھا جیسے زبیہ شیر کے لئے۔

الاَرْقَبُ: مؤنث رَقْبَاءُ۔ و (الرَّقَبَانُ والرَّقَبَانِی) موٹی گردن والا۔ الاَرْقَبُ: شیر۔

الرَّقُوْبُ: میراث کے لیے اپنے شوہر کی موت کا انتظار کرنے والی عورت۔ وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو یا وہ جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو۔ الرَّقُوْبُ مِنَ الشُّیُوْخِ وَالاَرَامِلِ: وہ لوگ جن کی کوئی کمائی نہ ہو اور نہ وہ کمائی کرنے کی طاقت رکھتے ہوں۔ اُمُّ الرَّقُوْبِ: مصیبت۔

الرَّقِیْبُ: ج رُقَبَاءُ: نگہبان۔ محافظ۔ منتظر پس ماندگان۔ چچازاد بھائی جوئے کے تیروں میں سے تیسرا تیر۔ ایک ستارہ کا نام۔ رَقِیْبُ الجَیْشِ: دیدبان۔ ج رُقُبٌ و رَقِیْبَاتٌ: ایک خبیث قسم کا زہریلا سانپ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِیْبُ نَفْسِهٖ" وہ اپنے اعمال کا خود ہی نقاد ہے۔ کسی کو کچھ کہنے کا موقع نہیں دیتا۔ نیز "الرَّقِیْبُ" اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الرَّقَّابَةُ: مالک کی غیبوبت میں مال کی نگرانی کرنے والا خادم۔

المَرْقَبُ والمَرْقَبَةُ: نگرانی کرنے کی اونچی جگہ۔ ج مَرَاقِبُ۔

المِرْقَبُ: دوربین۔

رَقَحَ۔ مَالَهٗ: بہتر انتظام کرنا۔

تَرَقَّحَ۔ لِعِیَالِهٖ: کمائی کرنا۔

اِرْتَقَحَ: زیادہ ہونا۔

الرَّقَاحَةُ: کمائی تجارت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ (رَاقِحَةُ) اَهْلِهٖ" وہ اپنے اہل و عیال کیلئے کمائی کرنے والا ہے۔

الرَّقَاحِیُّ: سوداگر۔

رَقَدَ (ن) رَقْدًا و رُقُوْدًا و رُقَادًا: سونا۔ صفت (رَاقِدٌ) ج رُقُوْدٌ و رُقَّدٌ۔ السُّوْقُ: بازار کا مندا پڑنا الحَرُّ: گرمی کم ہونا۔ عَنِ الاَمْرِ: کام سے غافل ہونا عَنْ ضَیْفِهٖ: مہمان کی خبر گیری نہ کرنا الثَّوْبُ: پرانا ہونا۔

اَرْقَدَ: سلانا اَرْقَدَ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔

تَرَاقَدَ: سوتا ہوا ظاہر کرنا القَوْمُ عَلیٰ فُلَانٍ: قوم کا کسی کے خلاف مدد دینا۔

اِرْقَدَّ اِرْقِدَادًا: جلدی کرنا۔

اِسْتَرْقَدَ: نیند کا غالب ہونا۔

الرَّقْدَةُ: نیند۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْنَا رَقْدَةٌ مِنَ الحَرِّ" یعنی ہمارے اوپر دس دن کے برابر گرمی پڑی۔

الرُّقَدَةُ والیَرْقُوْدُ: بہت سونے والا۔

الرَّقُوْدُ: ہمیشہ سونے والا۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ رَقُوْدُ الضُّحیٰ" چاشت تک سونے والی۔ یعنی آسودہ حال عورت۔

الرَّقَدَانُ: بکری کے بچہ وغیرہ کی اچھل کود۔

الرَّاقُوْدُ: بڑا مٹکا۔ ج رَوَاقِیْدُ: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ایک قسم کا پیمانہ۔

التَّرْقِیْدُ: ایک قسم کی چال۔ تَرْقِیْدُ البَیْضِ: بچے نکالنے کے لیے مرغی کے نیچے انڈے رکھنا۔

المَرْقَدُ: خواب گاہ۔ ج مَرَاقِدُ۔

المُرْقِدُ: خواب آور دوا۔ واضح راستہ۔

رَقْرَقَ۔ المَاءَ: چھڑکنا العَیْنَ: آنسو بہانا الخَمْرَ: پانی ملانا الطِّیْبَ فِی الثَّوْبِ: خوشبو لگانا۔

تَرَقرَقَ. الماءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ چمکنا۔ آنا جانا العَینُ: آنسو بہانا الدَّمعُ: آنسو کا آنکھ میں چکر کھانا۔ الشَّمسُ: آفتاب کا گھومتا ہوا معلوم ہونا۔

الرَّقرَاق: وہ جو چمکے۔ آئے جائے۔ مِنَ الدَّمعِ: آنسو جو آنکھوں ہی میں پھر رہا ہو۔ مِنَ السَّحابِ: آنے جانے والا بادل۔

الرُّقَارِق: سمندر یا وادی کا رقیق پانی۔ باریک کپڑا۔ بہت آبدار تلوار۔

رَقَزَ(ن) رَقزًا: ناچنا العِرقُ: اُچھلنا۔

الرَّقَّاز: ناچنے والا۔

رَقَشَه(ن) رَقشًا: نقش کرنا الکَلامَ: لکھنا۔ سجانا۔

رَقَّشَ. الکَلامَ: لکھنا۔ سجانا۔ گھڑنا الصَّحِیفَةَ: سطریں کرنا الرَّجُلَ: عتاب کرنا الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔

تَرَقَّشَ: مزین ہونا۔

اِرتَقَشَ: حسن زینت ظاہر کرنا الجَیشُ: لڑائی میں گتھ جانا۔

الأَرقَش: سفید و سیاہ چیتوں والا۔ مؤنث رَقشَاء۔

الرَّقش والرَّقشَة: ایک قسم کا رنگ جس میں مٹیالا پن اور سیاہی ہو۔

الرَّقشَاء. مِنَ الحَیَّاتِ: چتی دار سانپ۔ ایک قسم کا کیڑا۔ اونٹ کے مستی کے وقت کے جھاگ۔

رَقَصَ(ن) رَقصًا: ناچنا۔ اضطراب کرنا النَّبِیذُ: جوش مارنا فِي الکَلامِ: جلدی جلدی بولنا (رَقصًا ورَقَصًا و رَقَصَانًا) الجَمَلُ: اونٹ کا دوڑنا۔

رَقَّصَه وأَرقَصَه: نچانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِرقَصَ القَومُ فِي سَیرِهِم" جبکہ وہ اپنی چال میں کبھی بلند ہوں اور کبھی پست۔

اِرتَقَصَ. السِّعرُ: بھاؤ گراں ہونا۔

تَرَقَّصَ. الشَّيءُ: جلدی جلدی پست و بلند ہونا۔

الرَّقَّاص: وہ پتلی جو کہ لٹکائی جائے اور دھاگہ کے ذریعے ناچے۔ ہر جسم جو کہ اپنے محور کے اردگرد اپنے بوجھ کی وجہ سے گھومے۔

الرَّقَّاص: بہت ناچنے والا۔ اور اسی سے ہے رَقَّاصُ السَّاعَةِ (گھڑی کا پنڈولم)

الرَّقَّاصَة: رقاص کا مؤنث۔ عربوں کے ایک کھیل کا نام۔ باوجود بارش کے پیداوار نہ اگانے والی زمین۔

شِعرٌ (مُرَقِّص) وجد میں لانے والا شعر۔

فَلاةٌ (مُرَقِّصَة) بیابان جو چلنے والے کو دوڑنے پر اُبھارے۔

رَقِطَ(س) رَقَطًا: سیاہ پر سفید نقطے یا سفید پر سیاہ داغ والا ہونا۔

رَقَّطَ. عَلَى الثَّوبِ: روشنائی وغیرہ چھڑک کر داغ ڈالنا۔

تَرَقَّطَ تَرَقُّطًا وارقَطَّ ارقِطَاطًا و ارقَاطَّ ارقِیطَاطًا: سیاہ یا سفید داغ والا ہونا۔ صفت (أَرقَط) مؤنث رَقطَاء ج رُقط الأَرقَط: چیتا۔

الرُّقطَة: سیاہ پر سفید یا سفید پر سیاہ داغ۔

الرَّقطَاء: فتنہ وفساد۔

اَلرُّقَّطَاء: زیبائشی پودا۔

رَقَعَ(ف) رَقعًا. الثَّوبَ: کپڑے پر پیوند لگانا الغَرَضَ بِسَهمِه: نشانہ پر مارنا ذَنَبَهُ بالسَّوطِ: دم پر کوڑے سے مارنا فِي السَّیرِ: تیز چلنا الرَّجُلَ: ہجو کرنا الشَّیخُ: اُٹھنے کے لیے ہتھیلیوں کا ٹیک لگانا۔

رَقُعَ(ک) رَقَاعَةً: بیوقوف و بے حیاء ہونا۔ صفت (رَقِیع و أَرقَع و مَرقَعَان)

رَقَّعَ تَرقِیعًا. الثَّوبَ: کپڑے پر پیوند لگانا اور اسی سے ہے "رَقَّعَ دُنیَاهُ بِآخِرَتِه" اس نے اپنی دنیا کی اصلاح آخرت سے کی۔ و "هُوَ صَاحِبُ تَرقِیعٍ و تَوصِیلٍ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنی باتوں میں نمک مرچ لگایا کرتا ہو۔

رَاقَعَ. الخَمرَ: ہمیشہ شراب پینا۔

أَرقَعَ. الثَّوبُ: کپڑے کا پیوند کے قابل ہونا الرَّجُلُ: حماقت کا کام کرنا۔

تَرَقَّعَ. البِلادَ: شہروں میں ارزانی و فراخی میں کمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا (اِرتَقَعَ) بِهِ وَلَه" یعنی اس نے اس کی پروا نہیں کی۔

اِستَرقَعَ. الثَّوبُ: قابل مرمت ہونا۔

الرَّقع: س۔ متقدمین کے نزدیک ساتواں آسمان۔

الرَّقعَة: نشانہ میں تیر کی آواز۔

الرُّقعَة: تحریر کا پرزہ۔ کپڑے کا پیوند۔ رُقعَةُ الشَّطرَنج: شطرنج کا تختہ۔ رُقعَةُ الغَرَض: جس پر نشانہ لگایا جائے۔ رُقعَةُ الأَرض: زمین کا ایک ٹکڑا۔ رُقعَةُ الشَّيءِ: چیز کا اصل و جوہر۔ ج رُقَع ورِقَاع۔ کہا جاتا ہے "فِي هٰذَا الجَمَلِ رُقعَةٌ مِنَ الجَرَبِ" اس اونٹ میں خارش کی ابتداء ہے۔

الرَّقعَاء. أَرقَع کا مؤنث۔ بَقَرَةٌ رَقعَاء: مختلف رنگوں والی گائے۔

الرَّقِیع: آسمان یا قدماء کی اصطلاح میں پہلا آسمان۔ ج أَرقِعَة۔

جُوعٌ (یَرقُوع) سخت بھوک۔

المُرتَقَع: کپڑے میں پیوند کی جگہ اور کہا جاتا ہے "لَا أَرَى فِیهِ مُرتَقَعًا" میں اس کے اندر کوئی موقع گالی یا ہجو کا یا کوئی موقع اصلاح کا نہیں دیکھتا ہوں۔

أَرقَلَ: دوڑنا۔ پویہ چلنا المَفَازَةَ: بیابان کو طے کرنا۔ أَرقَلَتِ النَّخلَةُ: درخت خرما کا لمبا ہونا۔

الرَّقلَة: کھجور کا لمبا درخت۔ ج رِقَال و رِقَل۔

الرَّاقُول: کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی۔ یاسی۔

المِرقَال والمُرقِل والمُرقِلَة. مِنَ الإِبِل: تیز رفتار اونٹ۔ ج مَرَاقِیل و مَرَاقِل و مُرقِلات۔

رَقَمَ(ن) رَقمًا ورَقَّمَ: لکھنا الکِتَابَ: اعراب و نقطے لگانا۔ رَقَمَ الثَّوبَ: کپڑے کو دھاری دار بنانا البَعِیرَ: اونٹ پر داغ لگانا الخُبزَ: روٹی پر نقش ڈالنا اور "فُلانٌ یَرقُمُ

عَلَی الْمَاءِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کاموں میں حاذق و ماہر ہو۔
الرَّقْم. س۔ دھاری دار نقش یا دھاری دار چادر کی ایک قسم۔ مہرج اَرْقَام و رُقُوْمُ الْاَرْقَامُ الْهِنْدِيَّةُ: ہندسے۔
الرَّقْم الرَّقِم و بِنْتُ الرَّقِم. مصیبت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالرَّقْمِ او بِالرَّقِمِ" یعنی وہ بہت مصیبت لایا۔ و "جَاءَ بِالرَّقِمِ الرَّقْمَاءِ" وہ بہت بڑی مصیبت لایا۔
الرَّقْمَة. باغ۔ وادی کا پہلو۔ وادی میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔ خبازی۔ کہا جاتا ہے "مَا وَجَدْتُ فِي الْاَرْضِ اِلَّا رَقْمَةً مِنْ كَلَاءٍ" میں نے زمین میں صرف تھوڑی سی گھاس پائی۔
الرَّقَمَة. ایک قسم کی نباتات۔
الرَّقِيْم. کتاب۔ لکھا ہوا۔
الْاَرْقَم. ایک خبیث قسم کا سانپ۔ چتی دار سانپ۔ ج اَرَاقِم. اس کی مادہ کو رَقْمَاء نہیں رَقْشَاء کہتے ہیں۔ الْاَرْقَمْ: قلم۔
الرَّقَم و الرُّقْمَة. چتی دار سانپ کا رنگ۔
الْمِرْقَم. قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ داغ لگانے کا آلہ۔ ج مَرَاقِم.
الْمَرْقُوْم. س۔ كِتَابٌ مَرْقُوْمٌ: واضح لکھی ہوئی کتاب۔ ثَوْرٌ مَرْقُوْمُ الْقَوَائِمِ: ٹانگوں میں سیاہ دھاری یا داغوں والا بیل۔ اَرْضٌ مَرْقُوْمَةٌ: تھوڑی گھاس والی زمین۔
رَقَنَت (ن) رَقْنًا. الْجَارِيَةُ: لڑکی کا مہندی لگانا۔
رَقَّنَهُ. نقش و نگار کرنا۔ لکھنا۔ رَقَّنَ الْكِتَابَ: مزین کرنا۔ سجانا۔ قریب قریب سطریں لکھنا۔
الْخَطَّ: نقطے لگانا و اَرْقَنَ) لِحْيَتَهُ: داڑھی پر خضاب لگانا۔
اَرْقَنَ و تَرَقَّنَ اِرْتَقَنَ و اسْتَرْقَنَ. خضاب لگایا ہوا ہونا۔
الرَّقِيْن و الْمَرْقُوْن. لکھا ہوا۔
الرِّقَان و الرُّقُوْن و الْاِرْقَان. مہندی یا زعفران۔
الرَّقْن. مردار خوار پرند کا انڈا۔
الرَّقْوُ و الرَّقْوَة. گول و بلند ریت کا ٹیلہ۔
رَقِيَ (س) رَقْيًا و رُقِيًّا. الْجَبَلَ و فِيْهِ و اِلَيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَ عَلَىٰ ظَلْعِكَ" یعنی اپنی طاقت کے مطابق چڑھو اور اپنے نفس پر طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔
رَقَىٰ (ض) رَقْيًا و رُقِيًّا و رُقْيَةً. ہ و عَلَيْهِ: نفع یا نقصان کے لیے منتر کرنا۔
رَقَّاهُ تَرْقِيَةً. بلند کرنا۔ چڑھانا۔
اِرْتَقَىٰ اِرْتِقَاءً و تَرَقَّىٰ تَرَقِّيًا. الْجَبَلَ و فِيْهِ و اِلَيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا فِي السُّلَّمِ: سیڑھی کے ڈنڈوں پر چڑھنا بِهِ الْاَمْرُ: انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ يَتَرَقَّىٰ بِهِ الْاَمْرُ حَتّٰى بَلَغَ غَايَتَهُ" فلاں کے لیے معاملہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ انتہا کو پہنچ گیا۔ و تَرَقَّى الرَّجُلَ: ہنسلی کی ہڈی پر مارنا۔
تَرَاقَىٰ. اَمْرُهُمْ اِلَى الْفَسَادِ. معاملہ میں لگاتار فساد کا ہونا۔
اِسْتَرْقَاهُ. منتر کرنے کو کہنا لَهُ: کسی کے لیے منتر کرنے والے کو طلب کرنا۔
الرُّقْيَة. منتر۔ افسوں۔ تعویذ۔ ج رُقًى و رُقْيَات و رُقَيَات.
الرَّاقِي. فا. منتر کرنے والا۔ ج رُقَاة و رَاقُوْنَ مؤنث رَاقِيَة ج رَوَاقٍ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَاقِيَةٌ" مثل رَجُلٌ رَاوِيَةٌ کے۔ تا مبالغہ کیلئے ہے، تانیث کی نہیں۔
الرَّقَّاء. ماہر منتر کرنے والا۔ پہاڑوں پر بہت چڑھنے والا۔
الْمُرْتَقَىٰ. چڑھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَقَدْ اِرْتَقَيْتُ مُرْتَقًى صَعْبًا" میں دشوار مقام پر چڑھا۔
التَّرْقُوَة. ہنسلی کی ہڈی۔ ج تَرَاقِي
الْمَرْقَىٰ و الْمِرْقَاة و الْمَرْقَاة. سیڑھی کا پایہ۔ ج مَرَاقٍ
رَكَّ (ض) رَكًّا و رِكَّة و رَكَاكَة. ضعیف و کمزور ہونا۔ اسی قول سے ہے "اِقْطَعْهُ مِنْ حَيْثُ رَكَّ" اس کو جہاں سے کمزور ہے کاٹ دو الرَّجُلُ کم علم یا کم عقل ہونا۔
رَكَّ (ن) رَكًّا. الشَّيْءَ: بعض کو بعض پر جمانا۔ کہا جاتا ہے "رَكَّ الْاَمْرَ فِي عُنُقِهِ" اس نے کام اپنے ذمہ لازم کیا الشَّيْءَ بِيَدِهِ: ہاتھ سے دبا کر موٹائی معلوم کرنا۔
رَكَّكَ و اَرَكَّ. السَّحَابُ: ہلکی بارش برسانا۔ اَرَكَّ الْحَقُّ فُلَانًا: غالب ہونا۔
اُرِكَّتْ و رُكِّكَتْ الْاَرْضُ: ہلکی بارش برسنا۔
اِرْتَكَّ. مضطرب ہونا۔ ہلنا۔ فِي الْاَمْرِ شک کرنا۔
اِسْتَرَكَّهُ. کمزور سمجھنا یا کمزور پانا
الرِّكُّ و الرَّكُّ. ج رِكَاك و اَرْكَاك و (الرِّكَّة و الرُّكَيْكَة) ہلکی بارش۔ اَرْضٌ رِكٌّ: ہلکی بارش والی زمین۔ الرِّكُّ: لاغر۔
الرَّكَاك و الْاَرَكُّ. کمزور عقل۔ کمزور رائے۔
الرَّكِيْك. ج رِكَاك و رِكَكَة: کمزور عقل یا کمزور رائے۔ ڈھیلا ڈھالا کم ہمت۔ الرَّكِيْكُ مِنَ الْكَلَامِ: پھس پھسی گفتگو۔ رَجُلٌ رَكِيْكُ الْعِلْمِ: کم علم مرد۔ ثَوْبٌ رَكِيْكُ النَّسْجِ: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔
الرَّكَاكَة کمزور عقل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُكَاكَةٌ و مَرْاَةٌ رُكَاكَةٌ" ج رِكَاك
الرُّكُوْكَة. کمزوری۔
رَكِبَ (س) رُكُوْبًا و مَرْكَبًا. الدَّابَّةَ و عَلَى الدَّابَّةِ: چڑھنا۔ سوار ہونا الْبَحْرَ. دریائی سفر کرنا الطَّرِيْقَ: راستہ پر چلنا۔ اَثَرَهُ: پیچھا کرنا هَوَاهُ: مطیع خواہشات ہونا رَاْسَهُ: بغیر سوچے سمجھے کسی کام کو کر گزرنا الذَّنْبَ: ارتکاب کرنا الْخَطَرَ: اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔ رَكِبَهُ الدَّيْنُ: مقروض ہونا۔
رَكِبَ (س) رَكَبًا. بڑے زانو والا ہونا۔
رَكَبَهُ (ن) رَكْبًا. زانو پر مارنا۔

رُکِبَ زانو میں درد والا ہونا۔
رَکَّبَ الشَّیْئَ ترکیب دینا۔ بعض کو بعض پر رکھنا ٥ الفَرَسَ سوار کرانا۔
اَرْکَبَہٗ سواری دینا المُہْرُ سواری کے قابل ہونا۔
تَرَکَّبَ ترکیب پانا۔
اِرْتَکَبَہٗ سوار ہونا الذَّنْبَ گناہ کر بیٹھنا الاَمْرَ دلیری سے گھس پڑنا۔
الدَّیْنَ قرض زیادہ لینا۔
تَرَاکَبَ الاَمْرُ تہ بتہ ہونا۔
الرَّکْبُ اونٹ یا گھوڑوں کے سوار۔ یہ اسم جمع ہے اور بقول بعض جمع۔ ج اَرْکُبٌ و رُکُوْبٌ۔
الرِّکْبَۃُ "رَکِبَ الدَّابَۃَ" کا اسم۔ سوار ہونے کی ایک قسم۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ حَسَنُ الرِّکْبَۃِ" وہ اچھی طرح سوار ہونے والا ہے۔
الرُّکْبَۃُ زانو۔ گھٹنا۔ ج رُکَبٌ و رُکْبَاتٌ و رُکُبَاتٌ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ اِصْطَکَّتْ فِیْہِ الرُّکَبُ" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں گھٹنے ایک دوسرے سے رگڑ کھاتے ہیں۔ رُکْبَۃُ الدَّجَاجَۃِ و رُکْبَۃُ الرَّامِیْ: دو ستاروں کے نام۔
الرِّکَابُ زین کا وہ لٹکا ہوا حصہ جس میں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے۔ ج رُکُبٌ۔ الرِّکَابُ: سواری کے اونٹ اس کا واحد رَاحِلَۃٌ ہے۔ ج رُکُبٌ و رِکَائِبُ و رِکَابَاتٌ۔ رِکَابُ السَّحَابِ: ہوائیں۔
الرَّکُوْبُ بہت سوار ہونے والا۔
(و الرَّکُوْبَۃُ) سواری کا اونٹ۔ سواری۔ ج رَکَائِبُ۔ طَرِیْقٌ رَکُوْبٌ: چلتا ہوا راستہ۔
الرَّکَّابُ بہت سوار ہونے والا۔ مؤنث رَکَّابَۃٌ۔
اَلْمَرْکَبَاتُ واحد مَرْکَبَۃٌ: مختلف شکلوں کی ساماں والی (راہٹ) گاڑیاں خواہ گھوڑوں گدھوں کے ذریعے چلیں یا بجلی تیل وغیرہ کے ساتھ۔
الرُّکَّابُ کابوس۔

الرَّاکِبُ فا سوار۔ ج رُکَّابٌ و رُکْبَانٌ و رُکُوْبٌ و رِکْبَۃٌ و رَکْبٌ و رَکَبَۃٌ۔ مؤنث رَاکِبَۃٌ ج رَوَاکِبُ پہاڑ کی چوٹی۔
الرَّاکِبُ الرَّاکِبَۃُ و الرَّاکُوْبُ و الرَّاکُوْبَۃُ درخت خرما کے بالائی حصہ کا قلم جو زمین تک لٹکا ہوا نہ ہو۔
الرَّکِیْبُ جڑا ہوا۔ دوسرے کے ساتھ سوار۔ کھیتی۔ نَخْلٌ رَکِیْبٌ: ایک قطار میں نہر کے کنارے لگائے ہوئے کھجور کے درخت۔
الاَرْکَبُ بڑے زانو والا۔ بَعِیْرٌ اَرْکَبُ: اونٹ جس کا ایک زانو دوسرے سے بڑا ہو۔
المَرْکَبُ مص۔ سواری خواہ بری ہو یا بحری۔
المُرَکَّبُ مفـ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمُ المُرَکَّبِ" فلاں اپنے اصل کے لحاظ سے کریم ہے۔ الجَھْلُ المُرَکَّبُ: باوجود جہالت کے اپنے آپ کو عالم سمجھنا۔
المَرْکُوْبُ مفـ۔ سواری۔ ج مَرَاکِیْبُ۔
رَکَحَ (ف) رَکْحًا وارْتَکَحَ عَلَی الشَّیْءِ و اِلَیْہِ: سہارا لینا۔ ٹیک لگانا (رُکُوْحًا) اِلَیْہِ مائل ہونا۔
اَرْکَحَ عَلَیْہِ: سہارا لینا ٥ اِلَیْہِ: ٹیک لگانا۔ کہا جاتا ہے "اَرْکَحْتُ اِلَیْہِ ظَھْرِیْ" میں نے اس کی طرف اپنی پیٹھ کی ٹیک لگائی۔
تَرَکَّحَ فِی المَعِیْشَۃِ: حصول معیشت کے لیے تصرف کرنا فِی الدَّارِ: فراخی و کشادگی کرنا بالمَکَانِ: اقامت کرنا، ٹھہرنا۔
الرُّکْحُ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ پہاڑ کا گوشہ۔ بنیاد۔ گھر کا صحن۔ ج رُکُوْحٌ۔ اَرْکَاحٌ۔ الاِرْکَاحُ: راہبوں کے مکانات۔
الرُّکْحَۃُ گھر کا صحن۔ ج رُکَحٌ۔
الرُّکْحَاءُ سخت بلند زمین۔
جَفْنَۃٌ (مُرْتَکِحَۃٌ) ثرید سے بھرا ہوا پیالہ۔
رَکَدَ (ن) رُکُوْدًا المَاءُ اوِ الرِّیْحُ: ٹھہرنا۔
المِیْزَانُ: ترازو کا برابر ہونا۔ عَصِیْرُ العِنَبِ: جوش ٹھنڈا پڑنا العَکَرُ والثُّفْلُ: تلچھٹ بیٹھنا الشَّمْسُ بالکل سر پر آکر ٹھہر جانا۔ کہا جاتا ہے "رَکَدَتْ رِیْحُھُمْ" یعنی ان کی حکومت جاتی رہی۔
الرَّاکِدُ فا ٹھہرا ہوا۔
الرَّکُوْدُ بھرا ہوا پیالہ: ہمیشہ دودھ دینے والی اونٹنی۔
المَرَاکِدُ ٹھہرنے کی جگہیں۔
رَکْرَکَ الشَّیْءُ: کمزور ہونا الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ رَکْرَکَۃٌ" وہ ہر چیز میں کمزور ہے۔
رَکَزَ (ن ض) رَکْزًا الرُّمْحَ و نَحْوَہٗ: زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔
رَکَّزَ الرُّمْحَ: گاڑنا۔
اَرْکَزَ المَعْدِنُ: دھات والا ہونا۔
الرَّجُلُ: کان پانا۔
اِرْتَکَزَ العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔
الشَّیْءُ: اپنی جگہ میں برقرار رہنا عَلَی العَصَاءِ: لاٹھی پر سہارا لینا۔
الرِّکْزُ دھیمی آواز۔ آہٹ۔ دانا و فیاض آدمی۔
اَلرَّاکِزُ صاحب وقار و سنجیدہ آدمی
الرِّکْزَۃُ حزم۔ حکمت۔ ثبات عقل۔ کہا جاتا ہے "کَلَّمْتُہٗ فَمَا رَاَیْتُ لَہٗ رِکْزَۃً" میں نے اس سے گفتگو کی تو اس کے اندر میں نے عقل کا کچھ حصہ نہیں دیکھا۔ الرِّکْزَۃُ: چاندی یا سونے کا بڑا ٹکڑا۔ کھجور کا درخت جو جڑ سے اکھیڑ لیا جائے۔
الرَّکِیْزَۃُ زمین کے اندر دفن کیے ہوئے جواہر۔ ج رَکَائِزُ۔
الرِّکَازُ زمین کے اندر اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی دھاتیں۔ واحد (رِکْزَۃٌ) ج اَرْکِزَۃٌ و رِکْزَانٌ۔
المَرْکَزُ دائرہ کا وسطی نقطہ کہ جس سے دائرہ تک جتنے خط نکلیں باہم برابر ہوں۔ رہنے کی جگہ۔ ج مَرَاکِزُ۔ مراکزُ الأسنانِ: دانت نکلنے کی جگہیں۔

رَکَسَ (ن) رَکْسًا. الشَّیئَ: اُلٹ دینا۔ البَعِیْرَ: اونٹ پر رکاس باندھنا (دیکھئے لفظ رکاس)
اَرْکَسَہٗ. اوندھا کرنا الشَّیئَ: پہلی حالت پر لوٹا دینا الثَّوْبَ فِی الصِّبْغِ: کپڑے کو دوبارہ رنگ میں ڈالنا الجَارِیَۃُ: پستان اُبھرنا شروع ہونا۔
تَرَاکَسَ. الشَّعْرُ: بالوں کا تہ بتہ ہونا۔
اِرْتَکَسَ. اوندھا ہونا۔ دوبارہ مبتلائے مصیبت ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ فِیْ مَکَانِہٖ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔
الرِّکْس. پلیدی۔ گندگی مِنَ النَّاسِ: جماعت۔ گرنے کے بعد مرمت کی ہوئی عمارت۔ پل۔
الرَّاکِس. وہ بیل جو کھلیان کے وسط میں ہو اور دوسرے بیل اس کے بعد ہوں۔
الرِّکَاس. رسّی جو اونٹ کی مہار میں باندھ کر زانو میں باندھ دیں۔
الرِّکَاسَۃ والرِّکَاسَۃ. جو چیز زمین میں گاڑی جائے۔ جیسے میخ؛ کیل وغیرہ۔
الرَّکِیْس. اوندھا کیا ہوا۔ کمزور۔
رَکَضَ رَکْضًا: دوڑنا۔ پاؤں ہلانا ٥: دفع کرنا الفَرَسَ بِرِجْلَیْہِ: گھوڑے کو ایڑ لگانا الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْہِ: پرندہ کا جلدی سے پر پھڑ پھڑانا مِنْہُ: جلدی سے بھاگنا۔
النُّجُوْمُ: ستاروں کا چلنا القَوْسَ: تیر اندازی کرنا الاَرْضَ والثَّوْبَ: پیر سے ملنا۔
رُکِضَ. الفَرَسُ: دوڑایا جانا۔ صفت (مَرْکُوْض)
رَاکَضَہٗ مُرَاکَضَۃً. گھوڑا دوڑانے میں مقابلہ کرنا۔
تَرَاکَضَ. القَوْمُ: باہم دوڑانا۔
اِرْتَکَضَ. ہلنا۔ مضطرب ہونا الجَنِیْنُ: پیٹ میں حرکت کرنا الرَّجُلُ فِیْ اَمْرِہٖ: اپنے معاملہ میں تصرف کرنا خَیْلَھُمْ اِلَیْہِ: دوڑانا القَوْمُ فِی المَیْدَانِ: دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔

الرَّکْضَۃ. حرکت۔ دھکا۔
الرَّکُوْض. تیز دوڑنے والا۔ قَوْسٌ رَکُوْضٌ: جلدی تیز پھینکنے والی کمان۔
المِرْکَاض. بہت دوڑنے والا۔
المِرْکَض. آگ سلگانے کی چیز مِنَ القَوْسِ: کمان کا گوشہ۔ ج مَرَاکِض۔
مَرَاکِض الحَوْض. حوض کے کنارے۔
المِرْکَضَۃ. کمان کا گوشہ۔ گھوڑا جو زمین پر اپنی ٹانگوں کو مارے۔ قَوْسٌ (مُرْکَضَۃ) جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔
رَکَعَ (ف) رَکْعًا ورُکُوْعًا. سر جھکانا۔ پشت۔ خم کرنا اِلَی اللّٰہِ: اللہ کے سامنے پست ہونا الرَّجُلُ: تونگری کے بعد محتاج ہونا۔ اوندھا ہونا و پھسلنا۔
رَکَّعَہٗ واَرْکَعَہٗ. جھکوانا۔
الرَّاکِع. فا. سر جھکانے والا۔ ج. رَاکِعُوْن و رُکَّع ورُکُوْع.
الرُّکْعَۃ والرَّکْعَۃ. زمین کا گڑھا۔
الرَّکْعَۃ: رَکَعَ کا اسم مرۃ۔
رَکَلَہ (ن) رَکْلًا ورَکَّلَہ. لات مارنا۔ ایڑ لگانا۔ کہا جاتا ہے "رَکَلَ الفَرَسَ" اس نے گھوڑے کو دوڑانے کے لیے ایڑ لگائی۔
رَکَلَتِ الْخَیْلُ الاَرْضَ: زمین پر سم مارنا۔
رَاکَلَ. صَاحِبَہ: ایک دوسرے کو لات مارنا۔
تَرَاکَلَ. القَوْمُ: باہم لات مارنا۔
تَرَکَّلَ. الحَافِرُ بِالمِسْحَاۃِ و عَلَیْھَا: پاؤں سے زمین میں دھنسانا۔ تَرَکَّلَتِ الاَرْضُ: کھروں سے کھدنا۔
الرَّکل. گندنا۔ (الرَّکَّال) گندنا فروش۔
الرَّکْلَۃ. رکل کا اسم مرۃ۔ ساگ کا گٹھا۔
المَرْکَل. راستہ۔ جانور کو ایڑ لگنے کی جگہ۔ ج مَرَاکِل. تم کہتے ہو "فَرَسٌ نَھْدُ المَرَاکِل" بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔
المِرْکَل. سوار کا پیر۔ ج مَرَاکِل.
رَکَمَ (ن) رَکْمًا. الشَّیئَ: تہ بتہ کرنا۔ ڈھیر لگانا۔

تَرَاکَمَ واِرْتَکَمَ. الشَّیئُ: ڈھیر لگنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاکَمَ لَحْمُ فُلَانٍ" یعنی فلاں موٹا ہو گیا۔
الرَّکَم. تہ بتہ بادل۔
الرُّکْمَۃ. کیچڑ کا ڈھیر۔ الرُّکَام. تہ بتہ بادل یا ریت وغیرہ کا ڈھیر۔ قَطِیْعٌ. رُکَام: بڑا ریوڑ۔
اَلرَّکِیْمَۃُ (اَلذَّرِّیَّۃ) ایٹمی مواد پیدا کرنے کا آلہ۔
اَلْمِرْکَمُ: بجلی بھرنے کا آلہ۔
مُرْتَکَمُ. الطَّرِیْق: شاہراہ۔
المَرْکُوْم. مثٔ سَحَابٌ مَرْکُوْمٌ: تہ بتہ بادل۔ نَاقَۃٌ مَرْکُوْمَۃٌ: موٹی اونٹنی۔
رَکَنَ (ن) ورَکِنَ (س) رُکُوْنًا. اِلَیْہِ: مائل ہونا۔ آرام لینا۔ اعتماد و بھروسہ کرنا۔
رَکُنَ (ک) رَکَانَۃً ورُکُوْنَۃً. صاحب وقار و سنجیدہ و ثابت قدم بنانا۔
اَرْکَنَ. اِلَیْہِ: بھروسہ کرنا۔
تَرَکَّنَ: مضبوط و صاحب وقار ہونا۔
الرُّکْن. باعث تقویت۔ عزت و قوت و غلبہ۔ بڑا معاملہ مِنَ الشَّیئِ: جزء۔ ہر چیز کا قوی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رُکْنٌ مِنْ اَرْکَانِ قَوْمِہٖ" فلاں اپنی قوم کے اشراف میں ایک شریف ہے۔ رُکْنُ الرَّجُلِ: آدمی کی قوم۔ ج اَرْکَان و اَرْکُن. الاَرْکَان: اجسام بسیطہ جن سے مادیات کی ترکیب ہوتی ہے اور قدماء کے نزدیک وہ چار ہیں۔ آگ؛ پانی؛ ہوا اور مٹی۔
الرَّکْن. چوہا۔ جنگلی چوہا۔
اَرْکَانُ الْحَرْبِ: فوجی قیادت کے قائدین — وہ جگہ جہاں فوجی قائدین رہائش پذیر ہوں۔
الرَّکِیْن. ثابت قدم۔ سنجیدہ۔ با وقار۔
الرَّکِیْنُ مِنَ الجِبَالِ: بلند اطراف والا پہاڑ۔
الرُّکَیْن. چوہا۔ جنگلی چوہا۔
الاُرْکُوْن. رئیس۔ بڑا کسان۔ ج اَرَاکِنَۃ (کلمہ یونانیہ ہے)
المِرْکَن. لگن۔ کپڑے وغیرہ دھونے کا ٹب۔

ج مَرَاكِن.
اَلْمُرْكِنَّ: بڑا تھن۔ نَاقَةٌ مُرْكِنَةٌ: بڑے تھنوں والی اونٹنی۔
رَكَا(ن) رَكْوًا. الْاَرْضَ: کھودنا۔ الْحَوْضَ: حوض کو بنا کر تیار کرنا الْاَمْرَ: درست کرنا الشَّيْءَ: باندھنا الْاَمْرَ: مؤخر کرنا الْحَمْلَ عَلَى الْبَعِيْرِ: بوجھ دو چند لادنا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا عَلٰى فُلَانٍ: برائی بیان کرنا۔
اَرْكَى اِرْكَاءً. الْاَرْضَ: کھودنا۔ الْحَوْضَ: حوض کو تیار کرنا الْاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ عَلَيْهِ: برائی بیان کرنا اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ لَهُمْ جُنْدًا: کسی کے لیے فوج تیار کرنا۔
رَاكَى. عَلَى الْاَمْرِ: کسی معاملہ پر بھروسہ و اعتماد کرنا۔
تَرَكَّى وَارْتَكَى. عَلَيْهِ: کسی پر بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔
الرَّكْوَةُ. بتثلیث الراء: چھوٹی ڈونگی۔ وہ برتن جو انگور وغیرہ نچوڑتے وقت جمع ہونے کیلئے نیچے رکھیں۔ الرِّكْوَةُ: چھاگل ج رِكَاءٌ ورَكَوَاتٌ.
الرَّكِيَّةُ. پانی والا کنواں۔ ج رَكَايَا ورَكِيٌّ.
الْمُرْتَكِي والْمُرَاكِي: ہمیشہ رہنے والا۔
الْمَرْكُوُّ: کنوئیں کا چوبچہ۔ بڑا حوض۔
الرَّكِيُّ. ضعیف وسُست۔
رَمَّ (ن ض) رَمًّا ومَرَمَّةً. الْبِنَاءَ اَوِ الْاَمْرَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا السَّهْمَ بِعَيْنِهِ: تیر کو دیکھنا اور اسے ہموار کرنا الْبَهِيْمَةُ: چوپائے کا لکڑیوں کو منہ سے پکڑنا اور کھانا الشَّيْءَ: کھانا۔
رَمَّ (ض ن) رِمَّةً ورَمًّا ورَمِيْمًا. الْعَظْمُ: ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَمِيْم) ج اَرْمَاءٌ. رَمَّ الْحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔
اَرَمَّ. الْعَظْمُ: بوسیدہ ہونا۔ پُر مغز ہونا۔ اَرَمَّ اِلَى اللَّهْوِ: کھیل کی طرف مائل ہونا۔ الْقَوْمُ: خاموش ہونا۔

رَمَّمَ. الْبِنَاءَ: عمارت کی مرمت کرنا۔ درست کرنا۔
تَرَمَّمَ. الشَّيْءَ: کسی چیز کی اصلاح ودرستی کے درپے ہونا الْعَظْمَ: ہڈی سے گوشت چھڑا لینا۔
اِرْتَمَّتْ. الْبَهِيْمَةُ: چوپائے کا ٹہنیوں کو منہ سے پکڑ کر کھانا۔ اِرْتَمَّ مَا عَلَى الْخِوَانِ: کھا کر دستر خوان کا سب کچھ صاف کر دینا۔
اِسْتَرَمَّ. الْبِنَاءُ: عمارت کا قابل مرمت ہونا الرَّجُلَ: کسی چیز کی درستی کیلئے بلانا۔
الرَّمُّ: مس اور کہا جاتا ہے "مَا لِي مِنْهُ حَمٌّ ولَارَمٌّ" مجھے اس سے چارہ نہیں یعنی یہ میرے لئے ضروری ہے۔ و "مَالَهُ حَمٌّ ولَارَمٌّ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
الرِّمُّ. نمناک مٹی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالطِّمِّ والرِّمِّ" وہ بری وبحری چیزیں یا خشک و تر چیزیں یا مٹی و پانی یا بہت مال لے کر آیا۔
الرُّمُّ. غم۔ جماعت۔
الرَّمَّاءُ. مِنَ النِّعَاجِ: سفید بھیڑ۔
الرُّمَّةُ. پرانی رسّی کا ٹکڑا۔ ج رُمَمٌ اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ الشَّيْءَ بِرُمَّتِهِ" اس نے اس کو سب کچھ دے دیا۔
الرِّمَّةُ. پرانی رسّی کا ٹکڑا۔ پردار چیونٹی۔ بوسیدہ ہڈی۔ ج رِمَمٌ ورِمَامٌ.
الرَّامَّةُ. مِنَ الْجَوَارِي: بہتر کار پرداز وماہر لڑکی۔ ج رُمَّمٌ.
حَبْلٌ (رِمَامٌ وَاَرْمَامٌ ورِمَمٌ) پرانی و بوسیدہ رسّی۔ الرَّمِيْمُ والرُّمَامُ. بوسیدہ۔
الرُّمَامَةُ. بقدر ضرورت گزارہ۔ کہا جاتا ہے "اِكْتَفَى بِالرُّمَامَةِ" اس نے بقدرِ ضرورت گزارہ پر کفایت کی۔
الْمِرَمَّةُ والْمَرَمَّةُ. کھر دار جانور کا ہونٹ۔
الْمُرِمَّاتُ. مصیبتیں۔
رَمَأَ (ف) رَمْأً ورُمُوْءًا. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا الْخَبَرَ: گمان کرنا اور اندازہ کرنا (وَاَرْمَأَ) عَلَى الْمِائَةِ: زائد ہونا۔ اَرْمَأَ اِلَيْهِ: قریب ہونا۔

مُرَمَّآتٌ. الْاَخْبَارِ: جھوٹی خبریں۔
رَمَثَهُ(ن) رَمْثًا. درست کرنا۔ ہاتھ سے پونچھنا۔ چرانا۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔
رَمِثَ(س) رَمَثًا. الْبَعِيْرُ: رمث درخت کے پتوں کے کھانے سے بیمار ہونا۔ اَمْرُهُمْ: گڈمڈ ہونا۔ مخلوط ہونا۔
رَمَّثَ. عَلَى الْمِائَةِ: زائد ہونا۔ (و اَرْمَثَ) الْحَالِبُ فِي الضَّرْعِ: تھن میں کچھ دودھ چھوڑ دینا۔
اَرْمَثَ واسْتَرْمَثَ. فِي مَالِهِ: باقی رکھنا۔
اَرْمَثَ الشَّيْءَ: نرم کرنا۔
الرِّمْثُ. غضا کے مشابہ ایک درخت کا نام۔ ایک قسم کی شور و تلخ گھاس جس کو اونٹ چرتے ہیں۔ پرانے کپڑوں والا مرد۔ کمزور پیٹھ والا۔
الرَّمَثُ. تھن کا بقیہ دودھ۔ دریا کے عبور کرنے کے لیے لکڑیوں کا تختہ۔ زیادتی۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلَى فُلَانٍ رَمَثٌ" فلاں کو فلاں پر فضیلت ہے۔ پرانی رسّی۔ ج اَرْمَاثٌ و رِمَاثٌ. اور کہا جاتا ہے "حَبْلٌ اَرْمَاثٌ" پرانی رسّی۔
الرُّمْثَةُ. دھونے کے بعد تھن کا بقیہ دودھ۔
الرَّمْثَاءُ والْمَرْمَثَةُ. رمث گھاس اگانے والی زمین۔
الرَّمَّاثَةُ. مادہ نیل گائے۔
رَمَجَ(ن) رَمْجًا. الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
رَمَّجَ. الْكَاتِبُ: لکھنے کے بعد خراب کرنا۔
رَامِجٌ. فا۔ پرندہ جس کو جال میں باندھ دیتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے شکاری پرندوں کا شکار کریں یا اُلو کہ اُس کے پر باندھ دیتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے باز کا شکار کریں۔
الرَّمَاجُ. نیزے کی گرہیں اور پورے۔
رَمَحَ (ف) رَمْحًا. نیزہ مارنا۔ رَمَحَتْهُ الدَّابَّةُ: جانور کا لات مارنا۔ رَمَحَ الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا۔
رَامَحُوْا. باہم نیزہ بازی کرنا۔

تَرامَحَ. القَومُ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
الرُّمح. نیزہ۔ ج رِمَاح واَرْمَاح. کہا جاتا ہے "كَسَرَ وابَيْنَهُمْ رُمْحًا" یعنی ان کے درمیان شر وفساد واقع ہو گیا۔ و "رُمِينا بيومٍ كظِلِّ الرُّمح" یعنی ہم ایسے دن میں پھنس گئے جو لمبا تھا اور تنگ تھا۔ و "هُمْ عَلَى بَنِي فُلَانٍ كَرُمحٍ وَاحِدٍ" وہ لوگ بنی فلاں کے خلاف مانند جماعت واحدہ کے ہیں۔ "واَخذَتِ الإبلُ رِمَاحَهَا" یعنی اونٹنیاں موٹی ہو گئیں یا دودھ دینے لگیں اور ان وجوہ سے انہوں نے اپنے آپ کو ذبح ہونے سے بچا لیا۔ الرُّمح: فقر وفاقہ۔
الرَامِح. نیزہ والا (اس معنی میں فاعل ذِی كَذَا ہے اور اس کے لیے فعل نہیں)
ثورٌ رَامِحٌ: سینگوں والا بیل۔ السَّماكُ الرَامِح: ایک ستارہ کا نام۔
الرَمَّاح. نیزہ ساز۔ نیزہ لینے والا۔ ج رَمَّاحة. والرَمَّاحة مِنَ القِسِيّ: زور سے نیزہ پھینکنے والی کمان۔
الرِمَاحة. نیزہ سازی۔
دَابَّةٌ (رَمَّاحةٌ ورَمُوحٌ) بہت کاٹنے والا جانور۔
اَرْمَخَ. الرَّجُلُ: نرم وتابع ہونا۔
اَرْمَخَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کے دانت نکلنا۔ موٹا ہونا۔
الرِمْخ. بہت سے درخت جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں۔
رَمَدَ (ض) رَمْدًا و رِمَادَةً. سردی سے ہلاک ہونا۔ (ن ض) (رَمْدًا) القَومَ: قوم پر پہنچ کر ہلاک کر دینا۔
رَمِدَتْ (س) رَمَدًا. العَيْنُ: آنکھ دکھنا الرَّجُلُ: آشوبِ چشم والا ہونا۔ رَمِدَ عَيْشُ القَومِ: ہلاک ہونا۔
رَمَّدَ. الشَّيْءَ: راکھ میں ڈالنا۔ رَمَّدَتِ النَاقَةُ: تھن والی ہونا۔
اَرْمَدَ. محتاج ہونا القَومُ: قحط وخشک سالی میں پڑنا۔ قوم کے مویشیوں کا ہلاک ہونا۔
العَيْنَ: مبتلائے آشوبِ چشم کرنا۔ اَرْمَدَهُ: راکھ جیسا کر دینا۔ ہلاک کر دینا۔
اِرْمَدَّ. الشَّيُّ: خاکستری رنگ کا ہونا۔ العَيْنُ: آنکھ دکھنا فُلَانٌ: شتر مرغ کی طرح دوڑنا۔
الرَمَد. آشوبِ چشم۔ آنکھ کا دکھنا۔ ہر وہ چیز جو آنکھ کے لیے تکلیف دہ ہو۔
الرَمِد. آشوبِ چشم والا مِنَ المِيَاهِ: متغیر پانی مِنَ الثِيَابِ: میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمِدَةٌ.
الاَرْمَد. آشوبِ چشم والا۔ خاکستری رنگ کا۔ ثَوبٌ اَرْمَد: میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمْدَاء. الرَمْدَاء: شتر مرغ۔ ج رُمْدٌ.
الرَمَاد. راکھ۔ ج اَرْمِدَة اور عرب کا قول "هُوَ يَنْفُخُ فِي رَمَادٍ" مثال ہے اور اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو بے فائدہ کام کرے۔
الرَمَادَة. ہلاکت۔
الرِمْدَة. تھوڑی سی چیز۔
الرُمْدَة. خاکستری رنگ۔
الرَمَادِيّ. خاکستری رنگ کا۔
الرِمْدِدَاء والاِرْمِدَاء. خاکستر۔ راکھ۔
المُرْمَد والمُرْمِدُّ. آشوبِ چشم والا۔
المُرَمَّد. گرم راکھ میں بھونا ہوا۔
رَمَزَ (ن ض) رَمْزًا. اِلَيْهِ: اشارہ کرنا۔ ہ بِكَذَا: برانگیختہ کرنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
رَمَزَ (ن) رَمَزَانًا. الظَبْيُ: ہرن کا چھلانگ مارنا غَنَمَهُ: ایک چرواہے سے ناراض ہو کر بکریوں کو دوسرے کے سپرد کرنا۔
رَمُزَ (ک) رَمَازَةً. بہت حرکت کرنا۔ عقلمند ہونا۔ بزرگ وشریف ہونا۔
تَرَمَّزَ واِرْتَمَزَ. تیار ہونا مِنَ الضَّرْبَةِ: مار سے تلملا اٹھنا القَومُ: اٹھنے کے لیے یا خصومت کے لیے اپنی جگہ ہی پر کلبلانا۔
اِرْمَازَّ اِرْمِئْزَازًا. الرَّجُلُ: جگہ سے ہٹنا یا جگہ سے چپے رہنا (ضد) منقبض ہونا۔ متحرک ہونا۔
تَرَامَزَ. القَومُ: ہر ایک کا دوسرے کی جانب اشارہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ عَلَيْهِم فتَغَامَزُوْا وتَرَامَزُوْا" میں ان کے پاس گیا تو وہ آپس میں ایک دوسرے کو اشارے کرنے لگے۔
الرَمْز والرُمُز والرَمَز. اشارہ۔ ج رُمُوز.
الرَمِيز. مکرم ومعظم۔ اصیل۔ عقلمند۔ بہت حرکت کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَمِيزُ الفُؤَادِ" تنگ دل مرد۔
الرَمَّازَة. دبر۔ زانیہ۔ رنڈی۔ بڑا لشکر۔
التَرَامِز. مِنَ الاِبِلِ: پوری قوت والا اونٹ اِبِل (مَرَامِيز) بہت حرکت کرنے والا اونٹ۔
الرَمْزِيَّة: شعری مسلک جو کہ اشاروں کے ساتھ چیزوں اور ان کے ہم جنس کے درمیان تشبیہ دیتے ہیں۔
الرَامُوز. سمندر۔ اصل۔ نمونہ۔ ج رَوَامِيز.
الرُمَيْز. چھڑی۔
رَمَسَهُ (ض ن) رَمْسًا. ڈھانپنا۔ دفن کرنا الخَبَرَ: چھپانا۔ القَبْرَ: قبر پر مٹی ہموار کرنا۔ ہ بالحَجَرِ: کسی پر پتھر پھینکنا۔ صفت مفعولی (رَمِيس و مَرْمُوس)
اَرْمَسَ. المَيِّتَ: دفن کرنا۔
اِرْتَمَسَ. فِي المَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔
الرَمْس. وہ قبر جو سطح زمین سے بلند نہ ہو۔ قبر کی مٹی۔ پست آواز۔ ج رُمُوس واَرْمَاس.
الرَوَامِس. رات میں اڑنے والے پرندے۔ ہر جانور جو رات کو نکلے۔ واحد (رَامِس)
(والرَامِسَات) نشانات کو مٹا دینے والی ہوائیں۔
الرَامُوس. قبر۔ ج رَوَامِيس
المَرْمَس. قبر کی جگہ۔
رَمَشَ (ن ض) رَمْشًا. الشَّيْءَ: انگلیوں سے پکڑنا۔ رَمَشَتِ الغَنَمُ: بکریوں کا تھوڑا چرنا ہ بالحَجَرِ: کسی کو پتھر مارنا ہ بِيَدِهِ:

ہاتھ سے چھونا۔
اَرْمَش. الشَّجرُ: درخت پر پتے آنا۔ پھلدار ہونا الرَّجُلُ: کمزوری و سستی سے کسی چیز کی طرف بہت دیکھنا فِي الدَّمْعِ: تھوڑے آنسو بہانا۔
الرَمَش. پلکوں کی سرخی سیلانِ آب کے ساتھ۔ پلک کے بالوں کا آپس میں چمٹ جانا۔
الرُمْش. نوجوانوں کے ناخن کی سفیدی۔
الرِمْش. ـس۔ پھولوں کا دستہ۔ رِمْشُ العَيْنِ: پلک۔
الاَرْمَش. خوبصورت بناوٹ والا۔ مؤنث رَمْشَاء. ج رُمْش (والمُرَمَّش) چندھی آنکھوں والا۔ الاَرْمَش: مختلف رنگوں والا۔
اَرْض (رَمْشَاء) بہت گھاس والی زمین۔ خشک بے گھاس کی زمین (ضد)
المِرْمَاش. دیکھتے وقت آنکھوں کو بہت پھرانے والا۔ ج مَرَامِيْش.
رَمَص (ن) رَمْصًا. اَللّٰهُ مُصِيبَتَهُ: مصیبت کو دفع کرنا۔ دور کرنا بَيْنَهُمْ: صلح کرانا الشَّيءَ: ٹٹولنا اِلَيْهِ: کسی طرف پست نگاہ سے دیکھنا الدَّجَاجَةُ: بیٹ کرنا۔ صفت (رَمُوْص) السِبَاعُ: بچہ جننا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰهُ اُماً رَمَصَتْ بِهٖ" برا کرے اللہ اس ماں کے لیے جس نے اس کو جنا ہے۔
رَمِصَت (س) رَمَصًا. عَيْنُهٗ: کیچڑ بہنا۔ صفت مذکر (اَرْمَص) صفت مؤنث (رَمْصَاء) ج رُمْص. رَمِص الرَّجُلُ: کیچڑ بہتی ہوئی آنکھوں والا ہونا۔
الرَمَص. ـس۔ آنکھ کا کیچڑ۔
رَمِضَ (س) رَمَضًا. النَّهارُ: دن کا سخت گرم ہونا الشَّمْسُ: ریت وغیرہ پر سخت دھوپ پڑنا الرَّجُلُ: گرم زمین سے پاؤں جلنا۔
الطَّائِرُ: پیاس کی تیزی سے پرندہ کے جوف کا گرم ہونا عَيْنُهٗ: گرم ہو کر جل اٹھنا لِلاَمْرِ: غصہ سے جل اٹھنا۔
رَمَضَ (ن ض) رَمْضًا. النَّصْلَ: باریک ہونے کیلئے دو ہموار پتھروں کے درمیان رکھ کر کوٹنا (ورَمَّضَ وارْمَضَ) الغَنَمَ: گرم زمین میں چرانا۔ ورَمَّضَ الصَّوْمَ: روزہ کی نیت کرنا۔ رَمَّضَ الرَّجُلَ: کچھ انتظار کر کے چلا جانا۔ وارْمَضَ الشَّيءَ: جلانا۔ اَرْمَضَ الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ دکھ دینا۔ اَرْمَضَ الحَرُّ القَوْمَ: گرمی تیز ہونے سے تکلیف پہنچنا الاَمْرُ فُلاَنًا: غصہ سے جلانا۔
تَرَمَّضَ. الصَّيْدَ: سخت گرم جگہ میں شکار کرنا۔ تَرَمَّضَتْ نَفْسُهٗ: جی متلانا۔
اِرْتَمَضَ. مِنَ الحُزْنِ: غم سے جل اٹھنا لِفُلاَنٍ: کسی کے لیے غمگین ہونا كَبِدُهٗ: خراب ہونا الفَرَسُ بِهٖ: کودنا۔
الرَمَض. ـس۔ گرمی کی جلن۔ خریف سے پہلے کی بارش جو گرم زمین پر ہو۔
الرَمَضِيّ. مِنَ السَّحَابِ والمَطَرِ: گرمی کے آخر اور خریف کی ابتداء کی بارش یا بادل۔
رَمَضَان. قمری مہینوں کا نواں مہینہ۔ ج رَمَضَانَات و رَمَاضِيْن وارْمِضَاء وارْمِضَة.
الرَمْضَاء. گرمی کی تیزی۔ دھوپ کی تیزی کی وجہ سے گرم زمین۔
الرَّمَاضَة. ہر چیز کی تیزی۔
الرَمِيْض والرَمِيْضَة. مِنَ النِصَالِ: تیز بھالا۔
رَمَطَهٗ (ض) رَمْطًا. عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا۔
رَمَعَ (ف) رَمَعَانًا. اَنْفُهٗ: غصہ یا بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔ صفت (رَمِعٌ) عَيْنُهٗ بِالدُّمُوْعِ: آنسو بہانا بِيَدِهٖ: ہاتھ سے اشارہ کرنا رَاسَهٗ: سر ہلانا۔ رَمَعَتِ المَرْاَةُ بِالصَّبِيِّ: عورت کا بچہ جننا (رَمْعًا ورَمَعَانًا) الرَّجُلُ: تیز چلنا۔
رُمِعَ وارْمَعَ. السَّاقِيْ: شراب پلانے والے کی پیٹھ یا پیٹ میں درد ہونا۔
رُمِعَت. المَرْاَةُ بِالصَّبِيِّ. عورت کا بچہ جننا۔
تَرَمَّعَ. غصہ سے کانپنا۔
الرَّامِع. فا۔ سر کو جھکا کر اٹھانے والا۔
الرُمْعَة. ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "رُمْعَةٌ مِنْ نَبتٍ" گھاس کا ایک قطعہ۔
الرَّمَّاعَة. دبر۔ بچہ کا تالو جو حرکت کرتا رہتا ہے۔
اليَرْمَع. پھرکی۔ سفید چمکتی ہوئی کنکریاں جو توڑنے سے ٹوٹ جائیں۔ ج يَرَامِع. کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ يَفُتُّ اليَرْمَعَ" میں نے اس کو کنکریاں توڑتے ہوئے چھوڑا۔ یعنی وہ مغموم و شکستہ دل تھا۔
المُرَمِّعَة. بیابان۔ کہا جاتا ہے "اَتَى بِمُرَمِّعَاتِ الاَخْبَارِ" وہ جھوٹی خبریں لایا۔
الرُمَاع. ساقی کی پیٹھ کا درد جس کی وجہ سے وہ پلا نہ سکے یا پیٹ کا درد جس سے چہرہ زرد پڑ جائے۔
رَمَغَ (ف) رَمْغًا. الشَّيءَ: چمڑے وغیرہ کو ہاتھوں سے ملنا۔
رَمَّغَ. رَاسَهٗ: سر پر تیل لگانا الكَلاَمَ: گفتگو میں نمک مرچ لگانا الطَّعَامَ: سالن سے تر کرنا۔
رَمَقَهٗ (ن) رَمْقًا. چھلتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔ دیر تک دیکھنا۔
رَمَّقَ. دیر تک دیکھنا الكَلاَمَ: گھڑنا۔ باطل سے آراستہ کرنا العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا ہ بِالشَّيءِ: کسی کی آخری سانس کو کسی چیز کے ذریعہ بچالینا۔
رَامَقَ مُرَامَقَةً. العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا الرَّجُلَ: شر سے بچنے کے لیے سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ النَّخْلَةُ تُرَامِقُ بِعِرْقٍ" یعنی یہ درخت خرما نہ بڑھتا ہے نہ ہی مرجھاتا ہے۔
تَرَمَّقَ. المَاءَ واللَّبَنَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔
اِرْمَقَّ وارْمَاقَّ. الشَّيءُ: کمزور ہونا۔ پتلا ہونا۔ اِرْمَاقَّ الرَّجُلُ: دبلے پن سے ہلاک ہونا۔ اِرْمَقَّ الطَّرِيْقُ: راستہ کا دراز ہونا۔
عَيْشٌ (رَمِقٌ ورِمَاقٌ) تنگ زندگی۔

الرِّماق: نفاق و دشمنی کی وجہ سے ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الرَّمق: بقیہ زندگی۔ مِنَ العَیْش: تھوڑا گزارہ جو زندگی کے آخری سانس کو باقی رکھے۔ ج اَرماق۔ الرَّمَق: بکریوں کا گلہ (رمہ فارسی کا معرب)
الرُّمقة والرُّماق والرِّماق۔ مِنَ العَیْشِ: تھوڑا گزارہ جو زندگی کو باقی رکھے۔ قوت لا یموت۔
الرَّامِق والرَّمُوق۔ فقیر۔ حاسد۔ ج رُمُق۔ رَجُلٌ (رُمَّق) کمزور مرد۔
المُرْمَقُ والمُرمَّق۔ العَیْشِ: تنگ گزارہ والا۔
المُرامِق۔ بدخلق۔ تھوڑی محبت والا۔
الیَرْمُوق۔ کمزور نظر والا۔
حبلٌ (اَرْماق) کمزور رسّی۔
رَمَكَ (ن) رُمُوکًا۔ بالمَکانِ: اقامت کرنا الاِبلُ علَی المَاءِ: اونٹوں کا پانی پر قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔
اَرمَکہ۔ بالمَکان: ٹھہرانا۔ قیام کرنا۔
اِرْمَكَّ اِرْمِکاکًا۔ دبلا پتلا ہونا۔ البَعِیْرُ اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْمَك) وصفت مؤنث رَمْکَاءُ ج رُمْكٌ۔
اِسْتَرْمَكَ۔ القَوْمُ: حسب میں عیب دار ہونا۔
الرَّامِكُ والرَّامَكُ۔ ایک قسم کی خوشبو۔
الرَّمَکَۃ۔ گھوڑی یا ترکی گھوڑی جو نسل بڑھانے کے لیے رکھی جائے۔ ج رَمَكٌ ورِمَاكٌ ورَمَکات واَرْماكٌ رَجُلٌ رَمَکۃ: کمزور مرد۔
الرُّمْکۃ۔ اونٹوں میں خاکستری رنگ۔
رَمَلَ (ن) رَمْلًا۔ الطَّعامَ: کھانے میں ریت ملانا النَّسِیجَ: باریک بننا السَّرِیْرَ: جواہر وغیرہ سے آراستہ کرنا۔ الثَّوبَ بالدَّمِ: کپڑے کو خون سے تھیڑنا۔ آلودہ کرنا۔ (رَمَلًا ورَمَلانًا ومَرْمَلًا) کندھوں کو ہلاتے ہوئے دوڑنا۔

رَمِلَتْ۔ المَرْأۃُ مِنْ زَوْجِھَا: عورت کا بیوہ ہونا النَّسِیجَ: باریک بننا الکَلامَ: کلام کو گھٹیا قرار دینا الخَطَّ: خشک ہونے کے لئے ریت ڈالنا الثَّوبَ بالدَّمِ: کپڑے کا خون سے لتھڑنا۔
اَرْمَلَ۔ القَوْمُ: توشہ ختم ہونا۔ محتاج ہونا۔ زَادَھُمْ: توشہ ختم کرنا المَرْأۃُ: بیوہ ہونا۔ الحَبْلَ: رسّی دراز کرنا السَّھْمُ بالدَّمِ: تیر کا خون سے آلودہ ہونا النَّسِیجَ: باریک بننا۔
تَرَمَّلَتْ۔ المَرْأَۃُ: عورت کا بیوہ ہونا۔
تَرَمَّلَ وارْتَمَلَ۔ بالدَّمِ: خون سے آلودہ ہونا۔
الرَّمْلُ۔ ریت۔ رَمْلَۃٌ اس سے خاص ہے ج رِمَالٌ واَرْمُلٌ عِلْمُ الرَّمْلِ: ایک علم ہے جس میں ریت پر لکیریں کھینچ کر آئندہ کے احوال کو معلوم کرتے ہیں۔ اُمّ رِمَال: بجو۔
الرَّمَلُ۔ تھوڑی بارش۔ زیادتی۔ گائے کی ٹانگوں میں بدن کے رنگ کے مخالف دھاریاں۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام۔ فن موسیقی کا ایک راگ۔
الرَّمْلَۃ۔ زمین کا ٹکڑا جس پر ریت ہو۔
الرُّمْلَۃ۔ کالی دھاری ج رُمَلٌ واَرْمال۔
الاَرْمَلُ۔ مسکین۔ مرد جس کی بیوی نہ ہو۔ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو۔ رنڈوا۔ ج اَرَامِل واَرَامِلۃ مؤنث اَرْمَلَۃ۔ عَامٌ اَرْمَلُ کم بارش والا سال۔
الاَرْمَلۃ۔ ضعیف و محتاج لوگ۔
سَنَۃٌ (رَمْلاءُ) کم بارش والا سال۔ نَعْجَۃٌ رَمْلاءُ بھیڑ جس کی ٹانگیں سیاہ اور بقیہ جسم سفید ہو۔
الرَّمَّال۔ ریت بیچنے والا۔
المِرْمَلُ۔ چھوٹی بیڑی۔
المُرْمِلُ والمُرَمِّلُ۔ شیر۔
الرُّمَّان۔ انار۔ انار کا درخت۔ واحد (رُمَّانَۃٌ)
الرُّمَّانَۃ۔ ناف اور اس کا ارد گرد۔
المَرْمَنَۃ۔ انار اُگنے کی جگہ۔
رَمِهَ (س) رَمَهًا۔ الیَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

رَمٰی (ض) رَمْیًا ورِمَایَۃً۔ الشَّیْءَ وبالشَّیْءِ: پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "رَمَی السَّھْمَ عَنْ اَوْ عَلَی القَوْسِ" تیر کو کمان سے پھینکنا المَکانَ: کسی جگہ کا قصد کرنا اللّٰہُ لَہٗ: مدد کرنا۔ رَمَاہُ بِکَذَا: عیب لگانا۔ تہمت لگانا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمٰی بِحَبْلِہٖ عَلٰی غَارِبِہٖ" اس نے اس کی رسّی اس کے کاندھے پر رکھ دی یعنی اسے آزاد چھوڑ دیا۔ "رَمٰی عَلَی الخَمْسِیْنَ" زائد ہونا المَالُ: بہت ہونا۔
رَمٰی بِہٖ عَلَی البَلَدِ: حاکم و والی بنانا۔
اَرْمٰی اِرْمَاءً۔ الشَّیْءَ مِنْ یَدِہٖ: پھینکنا۔ ہٗ عَنْ فَرَسِہٖ: گھوڑے سے گرا دینا۔ اَرْمٰی عَلَی الخَمْسِیْنَ: زائد ہونا۔ اَرْمَتْ بِہٖ البِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔
رَامَاہُ مُرَامَاۃً ورِمَاءً وتَرْمَاءً۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے پر تیر پھینکنا۔ رَامٰی عَنْ قَوْمِہٖ: تیر اندازی کرنا۔
تَرَامٰی تَرَامِیًا۔ القَوْمُ: بعض کا بعض پر تیر اندازی کرنا اور پتھراؤ کرنا الاَمْرُ: تاخیر ہونا۔ السَّحَابُ: بعض کا بعض سے مل جانا۔
تَرَامَتْ بِہٖ البِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔
تَرَامَی الشَّیْءُ: لگاتار ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ الشَّرُّ یَتَرَامٰی بَیْنَھُمْ" شر ان کے درمیان لگاتار ہوتا رہا۔ "وتَرَامٰی اَمْرُہٗ اِلَی الظَّفَرِ اَوِ الخُذْلَانِ" اس کا معاملہ کامیابی یا ناکامی کی طرف پہنچ گیا۔
اِرْتَمٰی اِرْتِمَاءً۔ پھینکا جانا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ فَارْتَمٰی" اس نے اسے پھینکا وہ پھینکا گیا الصَّیْدَ: شکار پر تیر مارنا۔ اِرْتَمَتْ بِہٖ البِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔ اِرْتَمَیَا: ایک کا دوسرے پر تیر پھینکنا۔
تَرَمّٰی۔ تیر پھینکنا اور شکار کرنا۔
الرِّمْیُ۔ پتھر پھینکنے کی آواز۔
الرَّمَاءُ۔ زیادتی۔ ربوا۔ سود۔
الرِّمْیَۃ۔ زیادتی "فِی ھٰذَا رِمْیَۃٌ عَمَّا قِیْلَ لِی" جو کچھ مجھ سے کہا گیا ہے اس سے اس میں

زیادتی ہے۔و "هُوَ صَاحِبُ رَمْيَةٍ" وہ باتوں میں زیادتی کرنے والا ہے۔ رَمِیّ کا اسم مرۃ اور عرب کا قول "رَمْيَةٌ مِنْ غَيْرِ رَامٍ" مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو غلط کار ہو اور اتفاقاً کوئی صحیح کام کرے۔

الرَّامِي. فا. ج رُمَاة ورَامُوْن. ایک ستارہ کا نام۔

اَلرَّامِي اَو قَنْب سِمَاك: بھنگ

الرَّمِيُّ. سخت بارش برسانے والا بادل۔ ج اَرْمَاء واَرْمِيَةٌ ورَمَايَا.

الرَّمِيَّة. شکار جس پر تیر پھینکا جائے۔ ج رَمَايَا.

المِرْمىٰ. تیر پھینکنے کا آلہ۔ ج مَرَامٍ.

المِرْمَاة. چھوٹا کمزور تیر۔ کھر۔

المَرْمىٰ. مصدر میمی۔ تیر پھینکنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا الكَلامُ بَعِيْدُ المَرامِيْ" یہ کلام دور رس ہے۔ "وَمَا اَبعد مَرْمىٰ هِمَّتِه" اس کی ہمت کا میدان کتنا وسیع ہے "وَلَهُ هِمَّةٌ قَصِيَّةُ المَرْمىٰ" اس کی ہمت دور تک پہنچنے والی ہے۔

رَنَّ (ض) رَنِيْنًا واَرَنَّ. رونے میں آواز بلند کرنا۔ فریاد کرنا۔ رَنَّ واَرَنَّ اِلَيْهِ: کان لگانا۔

رَنَّتْ واَرَنَّتِ القَوْسُ: آواز کرنا۔ رَنَّ واَرَنَّ واِسْتَرَنَّ لِكَذا: کھیل کود کرنا۔

رَنَّنَ. القَوْسَ: آواز نکالنا (تَرْنِيْنًا و تَرْنِيْنَةً) چیخنا۔

الرَّنَّة. آواز مطلقاً یا کمان وغیرہ کی آواز کے لئے خاص ہے۔

الرَّنِيْن. آواز مطلقاً یا غمگین آواز۔

الرَّنَن. تھوڑا پانی۔ ایک جانور جو گرمی کے زمانہ میں ٹراتا ہے۔

قَوْسٌ (مِرَنَّةٌ ومِرْنَان) بہت آواز کرنے والی کمان۔

الرُّنّٰى. تمام مخلوق۔ ماہ جمادی الاخری کا نام اس معنی میں اس پر الف لام نہیں آتا۔

رَنَاَ (ف) رَنْأً. آواز کرنا اِلَيْهِ: دیکھنا مِشْيَتِه: گرانبار چلنا۔

الاَرْنَب. خرگوش۔ (یہ بزدلی کے لیے ضرب المثل ہے) ایک قسم کا زیور۔ ج اَرَانِب (والیَرْنَب) چھوٹی دم کا ایک قسم کا جنگلی چوہا۔

الاَرْنَبَة. ارنب کا واحد۔ ناک کا بانسہ "جَدَعَ فُلانٌ اَرْنَبَةَ فُلانٍ" فلاں نے فلاں کی ناک کاٹ لی یعنی اہانت کی۔ ج اَرَانِب.

نَسِيْجٌ (مُؤَرْنَبٌ و مُرْنَبٌ) خرگوش کے بال ملا کر بنا ہوا۔

اَرْض (مُرْنِبَةٌ ومُؤَرْنِبَةٌ و مُؤَرْنَبَةٌ) بہت خرگوش والی زمین۔

رَنَّحَهُ تَرْنِيْحًا. کمزور کرنا۔ الرِّيْحُ الغُصْنَ: جھکانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُهُ حَتّٰى رَنَّحْتُه" میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ اس پر بیہوشی طاری ہو گئی۔

رُنِّحَ. عَلَيْهِ: غشی طاری ہونا۔ فرار یا خوف یا غم کی وجہ سے سست و کمزور ہو کر جھک پڑنا۔ صفت مُرَنَّح)

تَرَنَّحَ وارْتَنَحَ. نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھکنا عَلَيْهِ: فخر و برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَنَّحَ بِالكَلامِ عَلَيَّ جهلًا" اس نے جہالت کی وجہ سے میرے اوپر فخر کا اظہار کیا۔

الرُّنَح. چکر۔ دوران سفر۔

المُرَنَّحة. جہاز کا اگلا حصہ۔

رَنِخَ (ن) رَنْخًا. سست ہونا۔

رَنَّخَهُ. خوار و ذلیل ہونا۔

تَرَنَّخَ. خوار و ذلیل ہونا؛ بِه: کسی چیز سے لٹک جانا۔

الرَّنْد. ایک قسم کی خوشبودار جنگلی گھاس جو آس کے مشابہ ہوتی ہے۔ کھجور کی پتیوں سے بنی ہوئی چھوٹی گون۔

الرُّنْز. چاول۔

رَنَعَ (ف) رُنُوْعًا. دبلا و لاغر ہونا۔ لَوْنُه: رنگ کا متغیر ہونا۔ الدَّابَّةُ: جانور کا سر ہلا کر مکھی اڑانا۔ الرَّجُلُ: کھیلنا۔

رَنَّعَ. رَاْسَه: حرکت دینا۔

المَرْنَعَة. کھیل کود کی آواز۔ وسعت باغ۔ ارزانی و فراخ سالی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي المَرْنَعَةِ لِكُلِّ قَوْمٍ مَقْنَعَةً" ارزانی اور فراخی سال میں ہر قوم کے لیے آسودگی ہے۔

اَرْنَفَ. الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ البَعِيْرُ: اونٹ کا سر ہلاتے ہوئے چلنا۔ النَّاقَةُ بِاُذُنَيْهَا: اونٹنی کا تھکن کی وجہ سے کان ڈھیلا کرنا۔

الرَّانِف. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر ایک چیز کا کنارہ۔

الرَّانِفَة. ناک کا کنارہ۔ کان کی نرم ہڈی کا کنارہ۔ چوتڑ کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے مِنَ الكُمِّ: آستین کا کنارہ۔ ج رَوَانِف اور کہا جاتا ہے "عَلَوْا رَوَانِفَ الآكَامِ" وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھ گئے۔

رَنَقَ (ن) رَنْقًا ورُنُوْقًا ورَنِقَ (س) رَنَقًا. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ صفت رَنْق ورَنِق ورَنَق)

رَنَّقَ. المَاءَ: پانی کا گدلا کرنا۔ پانی صاف کرنا۔ القَوْمُ بِالمَكَان: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بغیر اڑنے کے پر پھڑ پھڑانا۔ النَّوْمُ فِي عَيْنَيْهِ: آنکھوں میں نیند بھر آنا۔ جَنَاحُ الطَّائِرِ: بازو ٹوٹنے سے پرندہ کا گرنا عَيْنَاهُ: بھوک وغیرہ سے نگاہ کا پست ہونا جِسْمُه اور رَاْيُهُ: کمزور ہونا۔ السَّفِيْنَةُ: کشتی کا اپنی جگہ پر گھومنا۔ الرَّجُلُ: حیران ہونا۔ المَنِيَّةُ مِنْهُ: موت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "رَنِّقْ ولَا تعجلْ" یعنی ٹھہرو انتظار کرو جلدی مت کرو۔ النَّظَرَ اِلَيْهِ: دیر تک دیکھنا۔

اَرْنَقَ. المَاءَ: پانی گدلا کرنا۔ اللِّوَاءَ: حملہ کرنے کے لیے جھنڈا ہلانا۔ اللِّوَاءُ: جھنڈے کا ہلنا۔

تَرَنَّقَ. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔

الرُّنُق. س۔ جھوٹ۔

الرَّنْقَاء. مِنَ الطَّيْرِ: انڈے سینے والا پرندہ۔ عوام اس کو فرقہ کہتے ہیں۔ لِلْاَرْضِ الرَّنْقَاء: بنجر زمین۔ ج رَنْقَاوَات.

الرَّنْقَة. کیچڑ ملا ہوا پانی۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ج رَنَائِق (یہ رنائق کا مقلوب ہے)

الرَّوْنق چمک دمک۔ خوبصورتی۔
التَرنُوْق والتُرنُوْق والتُرنُوْقاء نہروں کا کیچڑ۔ سیلاب کے بہنے کی جگہ جبکہ پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرَّنْکَۃُ ایک مچھلی کا نام
رنم(س) رَنِیمًا ورنَمًا و ترَنّمَ خوش آوازی سے گانا۔
الرنم والرَّنمۃ ایک قسم کی نباتات۔
الرُّنم گانے والی عورتیں۔ خوش الحانی سے گانے والیاں۔ ہوشیار لونڈیاں۔ اور کہا جاتا ہے "عُود رُنُم" بجنے والا بربط۔
رنا(ن) رُنُوًّا ورنًا۔ اِلَیْهِ ولَهٗ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا الرَّجُلُ: مشغولی قلب کے ساتھ طرب اور کھیل کود میں ہونا (وترانی) عَنْهُ: غفلت برتنا۔
رَنّی تَرْنِیَۃً گانا اِلَیْهِ: مشتاق ہونا۔
(وارْنی) الحَسَنُ فُلانًا: تعجب میں ڈالنا اور دیکھنے پر برانگیختہ کرنا۔ ارْنَاہ اِلَی الطَّاعَۃِ: کسی کو طاعت پر متوجہ کرنا اور اس کا طاعت پر مداومت کرنا۔
رَانَاہ سلوک کرنا۔ مقابلہ کرنا جیسے "لَهٗ شَرَفٌ یَرَانِی الْکَوَاکِبَ" یعنی اسے ایسی شرافت حاصل ہے جو لوگوں کی نظر کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں ستاروں سے مقابلہ رتی ہے۔
ترَنّیٰ محبوب کی طرف لگاتار دیکھنا۔
الرَنَا س۔ وہ چیز جس کی طرف خوبصورت ہونے کی وجہ سے دیر تک دیکھیں۔
الرَنَاء خوبصورتی۔
الرَنَاء اچھی آواز۔ طرب۔
الرَنَّاء والرَّنُوُّ دل پسند و خوبصورت چیز کی طرف دیر تک دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَنُوُّ الْاَمَانِی" وہ بہت سی آرزوؤں کی توقع کرتا ہے۔
رَهِبَ(س) رَهْبَۃً ورُهْبًا ورَهْبًا و رَهَبًا ورُهْبَانًا ورَهَبَانًا خوف کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَرْهَبْ بِكَ"

رَهَبَ الجَمَلُ اٹھنے لگنا پھر کمزوری کی وجہ سے بیٹھ جانا۔ رَهَبَتِ النَّاقَۃُ سفر کی وجہ سے تھکنا۔ صفت مذکر و مؤنث (رَهْبٌ) ج رِهَاب۔
اَرْهَبَ تھکے ہوئے اونٹ پر سوار ہونا۔ آستین لمبی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْهَبَ عَنْهُ النَّاسَ بَاسُه ونَجْدَتُه" یعنی اس کے دبدبہ اور دلیری نے لوگوں کو ڈرنے پر برانگیختہ کیا۔
تَرَهَّبَ راہب بننا۔ ہ دھمکی دینا۔
اِسْتَرْهَبَه خوف دلانا۔
الرَّهْبُ نیزہ کا باریک پھل۔ مِنَ الاِبِلِ: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ یا اونٹنی۔ ج رِهَاب۔
الرُّهْبُ آستین۔
الرَّهْبَۃ والرَّهْبیٰ والرُّهْبیٰ والرَّهْبَاء۔ ڈر۔ خوف۔
الرَّهْبَانِیَّۃ والرُّهْبَانِیَّۃ دنیا اور لذائذ دنیا سے بے تعلقی۔
الرَّاهِبُ فا۔ شیر۔ گرجاؤں کا گوشہ نشین۔ ج رُهْبَان۔ مؤنث رَاهِبَۃ ج رَاهِبَات و رَوَاهِب۔ الرَّاهِبَۃ ڈراؤنی حالت۔
الرَّهَّاب بہت زیادہ خوف کرنے والا۔ ج رَهَّابِیْن ورَابِنَۃ و رَهَّابُوْن۔ مؤنث رَهَّابَۃ ج رَهَّابَات۔
الرُّهْبَان۔ راہب۔ ج رَهَابِیْن مؤنث رُهْبَانَۃ ج رُهْبَانَات۔
الرَّهَبُوْت والرَّهَبُوْتیٰ بہت ڈر۔ شدید خوف۔
اَلاِرْهَابِی عوام کو خوفزدہ کرنے والا حاکم۔
اَلْحُکْمُ الاِرْهَابِی خوفزدہ کرنے کا حکم
الرَّهْبَنَۃ راہبوں کا طریقہ اختیار کرنا۔
المَرَاهِب خوفناکیاں۔
الرَّهِیب والمَرْهُوب خوفناک۔ شیر۔
رَهْبَلَ غیر مفہوم کلام کرنا۔
تَرَهْبَلَ تیز چال چلنا۔
الرَّهْبَل مبہم کلام۔ غیر مفہوم کلام۔
الرَّهْبَلَۃ تیز چال۔

ارْهَجَ غبار۔ اڑانا بَیْنَ القَوْمِ: بعض کو بعض پر بھڑکانا السَّمَاءُ: آسمان کا برسنے لگنا۔
الرَّهْجُ والرَّهَجُ اڑایا ہوا غبار۔ والرَّهَجُ: فتنہ و فساد۔ شور و شغب۔ بغیر پانی کے بادل۔ واحد (رَهْجَۃ)
الرَّهْوَجَۃ ایک قسم کی چال۔
رَهَدَ(ف) رَهْدًا باریک پیسنا۔
رَهِدَ سخت نادانی و حماقت کرنا۔
رَهَادَۃُ العَیْشِ زندگی کی آسودگی۔
الرَّهْوَدِیَّۃ مہربانی و نرمی۔
الرَّهِید نرم و نازک۔ ارزاں۔
الرَّهِیْدَۃ نرم و نازک عورت۔ الرَّهِیْدَۃ: ایک قسم کا کھانا جو کوٹے ہوئے گیہوں اور دودھ سے تیار ہوتا ہے۔
اَمْرٌ (مَرْهُوْد) غیر محکم کام۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهُم مَرْهُوْدِیْنَ" یعنی میں نے ان کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ کسی امر کا عزم نہیں رکھتے تھے۔
الرَّهْدَل بیوقوف۔ کمزور۔
الرَّعْدَن والرُّهْدَن والرِّهْدَن۔ بزدل۔ بیوقوف۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ کا نام۔ ج رَهَادِن ورَهَادِنَۃ۔
الرُّهْدُوْن جھوٹا۔
رَهْرَہ رَهْرَهَۃً۔ مَائِدَتَه: جود و سخاوت سے دستر خوان پھیلانا۔
ترَهْرَہ۔ السَّرَابُ: سراب کا متواتر چمکنا جِسْمُه: جسم کا آسودگی کی وجہ سے سفید و نرم و نازک ہونا۔
الرَّهْرَهَۃ س۔ چہرہ کی بشاشت۔ بشرہ کی چمک دمک۔
جِسْمٌ (رَهْرَہٌ ورَهْرَاہٌ ورُهْرُوْهٌ) سرخ سفید نازک بدن۔ طَسْتٌ رَهْرَہٌ ورَهْرَاہٌ: تھوڑی گہرائی کا طست۔ وماءٌ رَهْرَاہٌ ورُهْرُوْهٌ: صاف پانی۔
رَهَزَ(ف) رَهْزًا ورَهَزَانًا۔ المُبَاضِعُ: جماع کرنے والے کا حرکت کرنا۔
ارْتَهَزَ۔ لِلاَمْرِ: خوشی سے جھومنا۔

رَهَس (ف) رَهْسًا. الشَّيْءَ: سخت روندنا۔ بہت پامال کرنا۔
تَرَهَّس. الشَّيْءُ: ہلنا۔ اِدھر اُدھر ہونا۔
اِرْتَهَس. القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ اِرْتَهَسَت رِجْلَا الدَّابَّة: رگڑ کھانا الوَادِي: بھر جانا الجَرَادُ: تہ بتہ ہونا۔
اِرْتَهَش. الرَّجُلُ: کانپنا القَوْمُ: قوم کے درمیان لڑائی واقع ہونا القَوْسُ: نرم و سست ہونا الفَرَسُ: گھوڑے کا ٹکرانا۔
تَرَهَّش. الرَّجُلُ: کریم و سخی ہونا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
الرَّهَش. جانوروں کا اگلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا۔
الرَّهِيش. مِنَ التُّرَاب: گرتی ہوئی مٹی جو نہ رکے۔ کمزور۔ باریک۔ کم گوشت والا۔ باریک پیکان۔ پتلا تیر۔ نَاقَة رَهِيشَة. بہت دودھ والی اونٹنی۔
الرَّاهِشَان. بازوؤں کے باطن کی دو رگیں۔
الرُّهْشَة. کرم۔ حیا۔
الرَّوَاهِش. ہتھیلی کے ظاہر کی رگیں۔ جانور کے بازوؤں کے اندر کی رگیں۔ واحد (رَاهِش و رَاهِشَة)
رَهَص (ف) رَهْصًا. الشَّيْءَ: سخت نچوڑنا الصَّيْدَ: شکار کو سست کر دینا ٥: ملامت کرنا۔ جلدی کرانا الحَائِطَ: دیوار کا پہلا ردہ رکھنا الفَرَسَ: کھر کو زخمی کرنا۔
رَهِصَ (س) رَهَصًا و رَهْصًا الفَرَسُ: گھوڑے کا زخمی کھر والا ہونا۔
اَرْهَص. الحَائِطَ: دیوار کا پہلا ردہ رکھنا الشَّيْءَ: بنیاد رکھنا۔ ثابت کرنا ٥: بھلائی کا منبع بنانا الفَرَسَ: گھوڑے کے کھر کو زخمی کرنا۔
رَاهَص. غَرِيمَه: قرض دار کی نگرانی کرنا۔
تَرَاهَصَت. الصُّخُورُ: چٹانوں کا آپس میں جمنا۔
الرَّهْص. مِنَ الحَائِط: دیوار کا پہلا ردہ۔ مٹی جس سے دیوار بنائی جائے۔
الرَّهَّاص. مٹی گارہ بنانے والا۔

الرَّهْصَة. گھوڑے کے سم کا زخم۔
الرَّهِيص. مِنَ الخَيْل: سم کے زخم والا۔ خُفٌّ رَهِيصٌ: اونٹ کا کھر جس کو پتھر لگ گیا ہو۔ اَسَدٌ رَهِيصٌ: شیر جو اپنی جگہ سے ٹلتا نہ ہو۔
الرَّوَاهِص. مِنَ الحِجَارَة: سم کو زخمی کرنے والا پتھر۔ مضبوط جمی ہوئی چٹانیں۔ واحد (رَاهِصَة)
المَرْهَصَة. مرتبہ۔ درجہ۔ ج مَرَاهِص۔
رَهَط. (ف) رَهْطًا. اللُّقْمَةَ: بڑا لقمہ لینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَرْهَطُ" وہ بہت کھاتا ہے۔
رَهَّط. بہت کھانا اللُّقْمَةَ: بڑا لقمہ لینا الرَّجُلُ: سواری کی پیٹھ پر جم کے بیٹھنا۔ گھر سے نہ نکلنا۔
اِرْتَهَط. القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
الرَّهْط و الرَّهَط. آدمی کی قوم اور قبیلہ تین سے دس تک کا گروہ جس میں کوئی عورت نہ ہو اور اس لفظ کا واحد نہیں۔ ج اَرْهُط و اَرْهَاط و ج اَرَاهِيط و اَرَاهِط اور جب رہط کی جانب عدد کی اضافت ہوتی ہے تو اس سے مراد اشخاص و افراد ہوتے ہیں جیسے "عِشْرُوْنَ رَهْطًا" یعنی بیس شخص۔ اور کہا جاتا ہے "نَحْنُ ذُوْ رَهْطٍ" ہم اکٹھے ہیں۔ الرَّهْط دشمن۔
الرِّهَاط. گھر کا سامان۔
الرُّهَطَة و الرُّهَطَاء و الرَّاهِطَاء. مِن جُحْرَةِ اليَرْبُوع: جنگلی چوہے کا وہ سوراخ جس سے وہ مٹی باہر نکالتا ہے۔ ج رَهَاطِي
التَّرْهُوط. بہت کھانے والا۔
رَهَف (ف) رَهْفًا. السَّيْفَ: تلوار کو باریک کرنا۔
رَهُفَ (ک) رَهَافَةً و رَهَفًا. باریک و پتلا ہونا۔ صفت (رَهِيف)
اَرْهَف. السَّيْفَ: تلوار کی دھار پتلی کرنا۔
اَرْهَف بالكَلَام. فی البدیہہ کہنا۔
الرَّهِيف. پتلا۔ پتلی کی ہوئی دھار والی چیز۔

المُرْهَف. سَيْفٌ مُرْهَفٌ: تیز پتلی دھار کی ہوئی تلوار۔ فَرَسٌ مُرْهَفٌ: دبلے پیٹ اور قریب قریب پسلیوں والا گھوڑا۔ خَصْر مُرْهَف: پتلی کمر مُرْهَفُ الجِسْم: دبلا پتلا۔ رَجُلٌ (مَرْهُوْف) البدن: پتلے جسم والا مرد۔
رَهِق (س) رَهَقًا. بیوقوف ہونا۔ صفت (رَهِق) ہلکا ہونا۔ ظلم کرنا۔ برائیوں کا مرتکب ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ جلدی کرنا السَّفَرُ: قریب ہونا۔ وقت آنا۔ کہا جاتا ہے "رَهِقَت الكِلَابُ الصَّيْدَ" یعنی کتے شکار پر جا پہنچے۔
رَهَّقَه. برائی کی تہمت لگانا۔
رَاهَق. الغُلَامُ: جوانی کے قریب پہنچنا۔ صفت (مُرَاهِق) کہا جاتا ہے "صَلَّى الصَّلٰوةَ مُرَاهِقًا" اس نے وقت ختم ہونے کے قریب نماز پڑھی۔
اَرْهَقَه. ظُلْمًا: مبتلائے ظلم کرنا ٥ اِثْمًا: گناہ پر برانگیختہ کرنا ٥ عُسْرًا: تکلیف دینا ٥: پالینا۔ فوق الطاقة کام پر اکسانا۔ الصَّلٰوةَ: آخر وقت تک مؤخر کرنا۔ زَيْدًا اَنْ يُصَلِّي: نماز پڑھنے کی جلدی کرانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُرْهِقْنِي لَا اَرْهَقَكَ اللّٰه" تو میرے اوپر سختی نہ ڈال اللہ تیرے اوپر سختی نہیں ڈالے گا۔
الرَّهَق. س گناہ و تہمت۔ کمی عقل۔ جہالت۔ فوق الطاقة کام پر برانگیختہ کرنا۔
الرَّهَقَى. ایک قسم کی ڈور۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَعْدُوا الرَّهَقَى"
الرِّهَاق و الرُّهَاق. مقدار۔ تقریباً۔ کہا جاتا ہے "كَانُوا رُهَاقَ مِائَة" وہ لوگ سو کے قریب تھے۔
الرَّهِيق. شراب۔
الرَّيْهُقَان. زعفران۔
المُرْهَق. قتل کرنے کے لیے گرفتار۔ تنگی میں ڈالا ہوا۔
المُرَهَّق. خفیف العقل و جاہل۔ بدی و شرارت سے متہم۔ فیاض۔

رَهَكَ (ف) رَهْكًا. الشَّيَ باریک پیسنا۔ (رَهِيكٌ و مَرْهُوكٌ) صفت مفعولی
بِالْمَكَانِ اقامت کرنا۔
اِرْتَهَكَ چلنے میں سُست ہونا۔
الرَّهْكُ مص۔ نیک کام۔
الرَّهْكَةُ کمزوری۔
الرَّهْكَةُ وَالرُّهْكَةُ. مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الْاِبِلِ کمزور و ناتواں۔
رَهِلَ (س) رَهَلاً ڈھیلے اور پھولے ہوئے گوشت والا ہونا۔ صفت (رَهِلٌ) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيهِ رَهَلٌ" فلاں میں آماس کے ساتھ ڈھیلا پن ہے۔
رَهَّلَهُ وَاَرْهَلَهُ. النَّوْمُ نیند کا سست و ڈھیلا کرنا۔
تَرَهَّلَ ڈھیلا ہونا۔
الرِّهْلُ شبنم کے مشابہ پتلا پتلا بادل۔
الْمُتَرَهِّلُ. عِنْدَ الْاَطِبَّاءِ ڈھیلے بدن والا۔
اَرْهَمَتِ. السَّمَاءُ نرم بارش برسانا۔
الرِّهْمَةُ. نرم لگاتار بارش۔ ج رِهَمٌ ورِهَامٌ.
الرِّهَامُ وَالرُّهُومُ دُبلی بکری۔
الرُّهَامُ غیر شکاری پرندہ۔ بڑی تعداد۔
الْاَرْهَمُ زیادہ فراخی وارزانی والا۔
الْمَرْهَمُ مرہم۔ ج مَرَاهِمُ
مَكَانٌ (مَرْهُومٌ) وہ جگہ جہاں ہلکی بارش ہوئی ہو۔
رَهْمَسَ رَهْمَسَةً باہم راز کی باتیں کرنا۔ لڑائی کی تعریض کرنا۔
رَهَنَ (ف) رَهْنًا. الشَّيَّ فُلَانًا وَ عِنْدَ فُلَانٍ گرو رکھنا۔ الشَّيُّ ہمیشہ رہنا اور اسی سے ہے "نِعْمَةُ اللّٰهِ رَاهِنَةٌ" اللہ کی نعمت ہمیشہ رہنے والی ہے۔ الشَّيَّ ہمیشہ رکھنا۔ بِالْمَكَانِ اقامت کرنا (رُهُونًا) دُبلا ہونا۔ صفت (رَاهِنٌ)
رَاهَنَهُ رِهَانًا و مُرَاهَنَةً. عَلَى الْخَيْلِ: دوڑانے کیلئے شرط لگانا عَلٰى كَذَا: شرط ٹھہرانا۔ اَرْهَنَهُ. الشَّيَّ کسی کے پاس گرو رکھنا۔ اَرْهَنَ فُلَانًا کمزور کرنا۔ پیشگی دینا۔ فِي السِّلْعَةِ گران کرنا لِضَيْفِهِ الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ مہمان کے لیے ہمیشہ کھانا پانی تیار رکھنا۔ اَرْهَنَ الْمَيِّتَ الْقَبْرَ میت کو قبر میں رکھنا۔
تَرَاهَنَ. الْقَوْمُ آپس میں شرط لگانا۔
اِرْتَهَنَ. الشَّيَّ مِنْهُ گروی لینا بِالْاَمْرِ: کسی معاملہ میں مقید ہونا۔
اِسْتَرْهَنَهُ. الشَّيَّ گروی طلب کرنا۔
الرَّاهِنُ فا۔ تیار۔ ہمیشہ رہنے والا۔ محکم و مضبوط۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ حُجَّةٌ رَاهِنَةٌ" یہ مضبوط دلیل ہے۔ ہمیشہ رہنے والی خوراک وغیرہ۔ لاغر، دُبلا۔
الرَّاهِنَةُ گھوڑے کی ناف اور اس کا ارد گرد۔
الرَّهْنُ مص۔ گروی۔ کسی چیز کا روکنا۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ ج رِهَانٌ وَرُهُونٌ وَرُهُنٌ و رهن کہا جاتا ہے "اِنِّي لَكَ رَهْنٌ بِكَذَا" میں تمہارے لیے اس کا ضامن ہوں۔ هٰذَا (رَهْنٌ) مَالٍ یہ مال کے برابر ہے۔ شَيُّ مَرْهُونَةٍ کے لیے بولتے ہیں کہ وہ مال جو لیا جا رہا ہے اس کے یہ برابر ہے۔
الرِّهَانُ مص۔ خَيْلُ الرِّهَانِ شرط لگانے کے گھوڑے اور "هُمَا كَفَرَسَيْ رِهَانٍ" دو ہم رتبہ چیز کے بارے میں بطور مثال کے بولتے ہیں۔
الرَّهِينُ گروی رکھا ہوا۔ کسی چیز کے بدلے میں روکی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا رَهِينٌ بِاَعْمَالِي" میں اپنے کاموں میں پھنسا ہوا ہوں۔
الرَّهِينَةُ گروی رکھی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا رَهِينَةٌ بِكَذَا" میں اس میں پھنسا ہوا ہوں یا میں اس کا ضامن ہوں۔ و "كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ" ہر ایک نفس اپنے کمائے ہوئے کے ساتھ گروی ہے۔ و "اَلْخَلْقُ رَهَائِنُ الْمَوْتِ" مخلوق موت کے ساتھ محبوس ہے۔
الْمُرْتَهَنُ مفع۔ ہر وہ چیز جو کسی چیز کے بدلے میں روکی جائے۔ الْمُرْتَهِنُ بِالْاَمْرِ کام میں پھنسا ہوا۔ کہا جاتا ہے "كُلُّ امْرِءٍ بِالْمَوْتِ مُرْتَهِنٌ" یعنی ہر انسان موت کے ساتھ مقید ہے۔ الْاُمُورُ (مَرْهُونَةٌ) بِاَوْقَاتِهَا کام اپنے وقت پر واقع ہوتے ہیں۔
الرَّهْنَامَجُ وَالرَّهْنَامَجُ ملاحوں کے لیے بحری راستہ کا نقشہ (راہنامہ کا معرب)
رَهَا (ن) رَهْوًا نرمی کرنا۔ نرم چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الْخَيْلُ رَهْوًا" گھوڑے نرم چال سے آئے۔ و "اُرْهُ عَلٰى نَفْسِكَ" اپنے اوپر نرمی کرو الْبَحْرُ دریا کا ساکن ہونا بَيْنَ رِجْلَيْهِ کھولنا الطَّائِرُ پرندہ کا بازو پھیلانا۔
رَاهَى مُرَاهَاةً. الرَّجُلَ قریب ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ باہم حماقت کرنا۔
اَرْهَى اِرْهَاءً کشادہ جگہ پانا۔ رہو پرندہ کے کھانے پر مداومت کرنا لَهُمُ الطَّعَامَ ہمیشہ تیار رکھنا عَلٰى نَفْسِهِ نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْهِ عَلٰى نَفْسِكَ" اپنے اوپر نرمی کرو و "اَرْهٰى لَكَ الشَّيُّ" تمہارے لیے یہ چیز ممکن ہے و "اَرْهَيْتُهُ لَكَ" میں نے تم کو اس پر قدرت دی۔
تَرَاهٰى. الْقَوْمُ باہم نرمی برتنا۔
اِرْتَهٰى. الْقَوْمُ باہم مختلط ہونا۔ رہیہ تیار کرنا۔ (دیکھئے لفظ رَهِيَّةٌ)
الرَّهْوُ سارس یا اس کے مشابہ ایک پرندہ ج رِهَاءٌ (وَالرَّهْوَةُ) لوگوں کی جماعت۔ بلند یا پست جگہ۔ بِئْرٌ رَهْوٌ چوڑے منہ کا کنواں۔
ثَوْبٌ رَهْوٌ باریک کپڑا۔ غَارَةٌ رَهْوٌ: لگاتار لوٹ۔ اور کہا جاتا ہے "اَلنَّاسُ رَهْوٌ مَابَيْنَ الْمَدِينَةِ وَالْجَبَلِ" لوگ شہر اور پہاڑ کے درمیان لگاتار آ رہے ہیں۔
الرَّهَاءُ. مِنَ الْاَمَاكِنِ کشادہ جگہ۔
مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ہر چیز کا ہموار حصہ۔
الرَّاهِي. مِنَ الْعَيْشِ آسودہ زندگی۔
الرَّاهِيَةُ. الرَّاهِي کا مؤنث۔ شہد کی مکھی۔

الرَّهِيَّة. ایک قسم کا کھانا جو خوشہ کو ہاتھوں سے مل کر کوٹا جاتا ہے اور دودھ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

الرَّهْوَان. پست زمین۔ ترکی گھوڑے کو بھی رَهْوَان کہتے ہیں جبکہ چلنے میں نرم پیٹھ کا ہو (معرب)

الأَرْهَاء. اطراف وجوانب۔

المُرْهِي. مِنَ الْخَيْلِ: تیز رفتار گھوڑا جو دیکھنے میں تیز نہ ہو اور مقابلہ کے وقت ہاتھ نہ لگے۔ ج المَرَاهِي.

رَهْوَكَ. الرَّجُلُ: چلنے میں ڈھیلے جوڑوں والا ہونا القَوْمُ: مضطرب ہونا۔

الرَّهْوَكُ. موٹا (بکری کا بچہ یا ہرن) شَابٌّ

رَهْوَكٌ. نازک بدن جوان۔

رَهِيَا. کمزور اور سست ہونا۔ فاسد الرائے ہونا۔ محنت یا بڑھاپے کی وجہ سے کسی کی آنکھوں کا اندر گھس جانا السَّحَابُ: برسنے کے لیے تیار ہونا۔

تَرَهْيَا. مضطرب ہو کر حرکت کرنا فِي أَمْرِهِ: کام میں کاہلی کرنا؛ کبھی ارادہ کرنا کبھی چھوڑنا السَّحَابُ: برسنے کے لیے تیار ہونا۔

رَوَّأَ تَرْوِيئًا و تَرْوِئَةً. فِي الْأَمْرِ: کام کے انجام میں غور وفکر کرنا۔

الرَّوِيئَةُ والرَّوِيَّةُ. غور وفکر۔

الِارْتِيَاءُ. سوچ بچار غور وفکر کرنا۔

الرَّاءُ. حروف تہجی کا ایک حرف۔ سمندر کا جھاگ۔ ایک درخت کا نام۔ واحد (رَائَة)

رَابَ (ن) رَوْبًا ورُؤُوْبًا. اللَّبَنُ: جمنا۔ صفت (رَائِب) کہا جاتا ہے "رَابَ دَمُهُ" اس کی ہلاکت کا وقت قریب آگیا الرَّجُلُ: متحیر ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ عقل میں فتور ہونا۔ سست ہونا۔ نیند؛ بھوک یا اونگھ کی وجہ سے متوالا جیسا ہونا۔

رَوَّبَتِ. الدَّابَّةُ: جانور کا تھکنا۔

رَوَّبَ وأَرْأَبَ. اللَّبَنَ: دہی جمانا۔

الرَّائِبُ. فا۔ جما ہوا دودھ؛ دہی۔

الرَّائِبُ مِنَ الْأُمُوْرِ: صاف معاملات جن میں کوئی شبہ نہ ہو۔ نیز مشتبہ امور (ضد)

الرَّابُ. اندازہ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَابُ كَذَا" یہ اس کے مقدار کا ہے۔

الرَّوْبُ. جما ہوا دودھ۔ مکھن نکلا ہوا دودھ؛ دہی۔ کہا جاتا ہے "ما عِنْدَه شَوْبٌ ولَارَوْبٌ" اس کے پاس نہ تو شہد ہے نہ جما ہوا دودھ اور حدیث میں ہے "لَا شَوْبَ ولَارَوْبَ فِي الْبَيْعِ و الشِّرَاءِ" خرید و فروخت میں دھوکا؛ فریب اور اور گڑبڑ نہیں ہونی چاہیے۔

الرُّوْبَةُ والرَّوْبَةُ. جاون (یعنی چھاچھ جو دہی جمانے کے لیے دودھ میں ڈالا جائے؛ دودھ کا بقیہ۔)

الرُّوْبَةُ. حاجت اور اسی سے ہے "فُلَانٌ لَا يَقُوْمُ بِرُوْبَةِ أَهْلِهِ" فلاں اپنے لوگوں کی حاجت کیلئے مستعد نہیں۔ مدار زندگانی۔ محتاجی۔ حیرانی۔ زیادہ پینے سے کسل مندی۔

الرُّوْبَةُ مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کا ٹکڑا مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔

الرَّجُلُ: مرد کی عقل۔ تم کہتے ہو "هُوَ يحدثني وَاَنَا اِذْ ذَاكَ غُلَامٌ لَيْسَتْ لَهُ رُوْبَةٌ" وہ مجھ سے بات کر رہا تھا اور میں اس وقت ایسا لڑکا تھا جس کے لیے عقل نہ ہو۔

الأَرْوَبُ. حیران۔ سست۔ اونگھ یا شکم سیری کی وجہ سے کسل مند۔

الرَّوْبَى. وہ لوگ جو چلنے کی وجہ سے سست ہوگئے ہوں۔ قَوْمٌ رَوْبَى: سست طبیعت کے لوگ؛ وہ لوگ جنہوں نے دہی پیا ہو اور سست ہوگئے ہوں۔ واحد (رَائِبٌ ورَوْبَان)

المِرْوَبُ. دودھ جمانے کا برتن۔

سِقَاءٌ (مُرَوَّبٌ) مشکیزہ جس میں دودھ جمایا گیا ہو۔

الرُّوْبِيْنِيَّةُ. ایک درخت کا نام۔

رَاثَ (ن) رَوْثًا. الفَرَسُ: لید کرنا۔

الرَّوْثُ. لید۔ ج أَرْوَاثٌ.

الرَّوْثَةُ. روث کا واحد۔ ناک کے سرے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضْرِبُ بِلِسَانِهِ رَوْثَةَ أَنْفِهِ" فلاں اپنی ناک کے کنارے تک زبان کو لے جاتا ہے۔ کنایہ ہے زبان دراز ہونے سے۔ چونچ۔

المَرَاثُ والمَرْوَثُ. لید کا مخرج۔

رَاجَ (ن) رَوْجًا ورَوَاجًا. الأَمْرُ: جلدی ہونا السِّلْعَةُ: رائج ہونا الدَّرَاهِمُ: رواج پکڑنا الطَّعَامُ: کھانا تیار ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَحْضِرْ لَنَا مَارَاجَ" جو کچھ میسر ہو اس کو ہمارے لئے حاضر کرو۔ رَاجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا نامعلوم سمت سے چلنا۔

رَوَّجَ. الشَّيْءَ و بِهِ: جلدی کرنا السِّلْعَةَ والدَّرَاهِمَ: رائج کرنا فُلَانٌ كَلَامَهُ: مزین ومبہم کرنا۔

تَرَوَّجَ. حوض کے گرد اگرد گھومنا۔ صفت (رَوَّاج)

الرَّوْجَةُ. جلدی۔

رَاحَ (ن) رَوَاحًا. شام کے وقت آنا یا جانا یا کام کرنا اور بغیر وقت کی تخصیص کے مطلقًا جانے کے معنی میں مستعمل ہے۔

(رَوَاحًا ورَوْحًا) القَوْمَ وإِلَيْهِمْ وعِنْدَهُمْ: شام کے وقت کسی کے پاس جانا (مطلقًا) جانا۔

(رَوْحًا) اليَوْمُ: تیز ہوا والا ہونا۔

رَاحَ يَرِيْحُ رِيْحًا. الشَّيْءَ: بو محسوس کرنا۔

رَاحَ يَرَاحُ رِيْحًا. اليَوْمُ: تیز ہوا والا ہونا البَيْتُ: ہوادار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَحِ الْبَابَ حَتّٰى يَرَاحَ الْبَيْتُ" دروازہ کھولو تاکہ گھر ہوادار رہے الرِّيْحَ الشَّيْءُ: ہوا لگنا۔ القومُ الريحَ: ہوا میں داخل ہونا۔

رَاحَ يَرَاحُ رَاحَةً. لِلْمَعْرُوْفِ: بھلائی کو خوشی سے کرنے کے لیے جلدی کرنا۔

يَدَهُ لِلْأَمْرِ: سبک ہونا الشَّجَرُ: نئے پتے نکالنا الشَّيْءَ: بو محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَاحَ مِنكَ مَعْرُوْفًا" اس نے تم سے بھلائی حاصل کی۔

رَاحَ يَرَاحُ رَوَاحًا ورِاحًا وراحَةً و

رِیَاحَۃ ورُوُوْحًا واَرْیَحِیَّۃ لِلْاَمْرِ: کسی کام کیلئے خوشی کے ساتھ متوجہ ہونا۔
رَاحَتْ تَرَاحُ رَائِحَۃً الْاِبِلُ: اونٹوں کا شام کے وقت واپس آنا۔ رِیْحَ: ہوا لگنا۔ صفت مَرُوْحٌ مَرِیْحٌ۔
رَوِحَ یَرْوَحُ رَوَاحًا: کشادہ ہونا۔
رَوَّحَ۔ الْقَوْمَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا الرَّجُلَ: آرام دینا۔
الْاِبِلَ: شام کے وقت باڑہ میں اونٹوں کو واپس لانا بِالْجَمَاعَۃِ: تراویح کی نماز پڑھانا قَلْبَہ: کسی کے دِل کو بیدار کر دینا۔
الدُّھْنَ: تیل کو خوشبودار بنانا۔
عَلَیْہِ بِالْمَرْوَحَۃِ: پنکھا جھلنا۔
اَرَاحَ اِرَاحَۃً۔ الْقَوْمُ: ہوا میں داخل ہونا ٥ آرام پہنچانا عَلٰی فُلَانٍ حَقَّہ: واپس کرنا الْاِبِلَ: باڑہ کی طرف اونٹوں کو واپس لانا الْمَعْرُوْفَ: بھلائی حاصل کرنا، پانا الشَّیْئَ: بُو محسوس کرنا الْمَاءُ او اللَّحْمُ: پانی یا گوشت کا بدبودار ہونا۔
الرَّجُلُ: سانس لینا۔ شام کے وقت میں داخل ہونا۔ مرنا۔ کہا جاتا ہے ”اَرَاحَ فَاَرَاحَ“ اس نے مر کر آرام پہنچایا۔
اَرْوَحَ۔ الْمَاءُ: پانی کا بدبودار ہونا الشَّیْئَ: بُو محسوس کرنا عَلَیْہِ حَقَّہ: واپس کرنا۔
رَاوَحَ۔ بَیْنَ الْعَمَلَیْنِ: باری باری مشغول ہونا بَیْنَ رِجْلَیْہِ: باری باری ایک ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔
تَرَوَّحَ: شام کے وقت چلنا یا عمل کرنا۔
الْقَوْمَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا الشَّجَرُ: نئے پتے نکالنا النَّبْتُ: نباتات کا طویل ہونا الْمَاءُ: پانی کا بودار ہونا بِالْمِرْوَحَۃِ: پنکھا ہلانا۔
الشَّیْئُ: بھڑک دار خوشبو والی ہونا۔
تَرَاوَحَ۔ الرَّجُلَانِ الْاَمْرَ: باری باری کرنا۔ اور اسی سے یہ قول ہے ”اِنَّ یَدَیْہِ تَتَرَّاوَحَانِ بِالْمَعْرُوْفِ“ اس کے دونوں ہاتھ باری باری بھلائی کو کرتے ہیں۔

اِرْتَاحَ: خوش ہونا اللّٰہُ لَہ بِرَحْمَتِہ: مصیبت سے چھڑانا۔ کہا جاتا ہے ”ھُمَا یَتَرَوَّحَانِ عَمَلًا“ وہ دونوں نوبت بنوبت کرتے ہیں۔
اِسْتَرَاحَ اِسْتِرَاحَۃً: آرام پانا۔ اِلَیْہِ: سکون پانا۔
اِسْتَرْوَحَ اِسْتِرْوَاحًا: آرام پانا۔ الشَّیْئَ: سونگھنا الْغُصْنُ: ٹہنی کا ہوا سے ہلنا الصَّیْدُ: شکار کا انسان کی بُو محسوس کرنا الشَّجَرُ: سرسبز کرنا۔
الرَّاحُ۔ س۔ شراب۔ خوشی۔ نشاط۔ یَوْمٌ رَاحٌ: سخت ہوا کا دن۔
الرَّاحَۃُ۔ س۔ آرام۔ الراح کا واحد۔ یعنی ہتھیلی۔ صحن۔ کف دست۔ کہا جاتا ہے ”تَرَکْتُہ عَلٰی اَنْقٰی مِنَ الرَّاحَۃِ“ میں نے اس کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ اس کے پاس کچھ نہیں تھا۔ کپڑے کی تہ۔ کہا جاتا ہے ”اِطْوِ الثَّوْبَ عَلٰی رَاحَتِہ“ کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ ج رَاحَاتٌ۔ لَیْلَۃٌ رَاحَۃٌ: تیز ہوا والی رات۔
الرَّوْحُ۔ آرام۔ نرم ہوا۔ انصاف جو شکایت کرنے والے کو آرام پہنچائے۔ مدد۔ خوشی۔ رحمت و مہربانی۔ یَوْمٌ رَوْحٌ: عمدہ و خوشگوار دن۔ سہانا دن۔
الرَّوْحَۃُ۔ و راح کا اسم مرۃ۔ ج رَاحَاتٌ۔ لَیْلَۃٌ رَوْحَۃٌ: سہانی رات۔
الرُّوْحُ۔ جان (مذکر و مؤنث) نفس۔ کہا جاتا ہے ”ھُوَ خَفِیْفُ الرُّوْحِ“ یعنی وہ لطیف و پاکیزہ ہے۔ وحی۔ حکم خداوندی۔ امر الٰہی۔ قرآن۔ پیغام خداوندی۔ جبرئیل۔ الرُّوْحُ الْاَعْظَمُ: اللہ تعالیٰ۔ رُوْحُ الْقُدُسِ: عیسائیوں کے نزدیک اقانیم ثلاثہ کا تیسرا اقنوم الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ: حضرت جبرئیل نسبت کیلئے (رُوْحَانِی) ج اَرْوَاحٌ اور متقدمین حکماء کے نزدیک معدنیات کی ایک قسم۔ جیسے پارہ پر اطلاق ہوتا ہے۔ نیز دواؤں کے ست و جواہر پر بولا جاتا ہے۔ الْاَرْوَاحُ الْخَبِیْثَۃُ: شیاطین۔

الرَّوَحُ۔ دونوں ٹانگوں کے درمیان کشادگی وسعت۔
الرَّوَاحُ۔ س۔ شام یا زوال آفتاب سے رات تک۔ اس کے مقابلہ میں صباح ہے۔ کہا جاتا ہے ”خَرَجُوْا بِرَوَاحٍ مِنَ الْعَشِیِّ“ وہ شام کی ابتدا میں نکلے۔ و ”اَفْعَلُ ذَالِكَ فِیْ سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ“ میں صبح شام اس کو کرتا ہوں (والرُّوَیْحَۃ والرَّوَاحَۃ والرَّاحَۃ) خوشی جو یقین حاصل ہونے سے پیدا ہو۔
الرِّیْحُ۔ ہوا (مؤنث) ج اَرْیَاحٌ و اَرْوَاحٌ ورِیَاحٌ ورِیَحٌ وجج اَرَاوِیْحُ واَرَایِیْحُ۔ بُو۔ اچھی چیز۔ رحمت۔ مدد۔ غلبہ وقوت اور ہوائیں چار ہیں۔ الْجَنُوْبُ: دکھنی۔ الشَّمَالُ: اُتری۔ الصَّبَاءُ: پُروائی۔ الدَّبُوْرُ: پچھوائی۔
الرِّیْحَۃُ: ہوا۔ بُو۔
الرَّیْحَانُ: ہر ایک خوشبودار پودہ۔ معیشت و روزی۔ فرزند۔ ج رَیَاحِیْنُ۔
الرَّیْحَانَۃُ: گلدستہ۔
الرَّیِّحُ مِنَ الْاَیَّامِ: تیز یا اچھی ہوا والا دن۔
الرَّائِحَۃُ: رائح کا مؤنث۔ بُو۔ ج رَائِحَاتٌ وروَائِحُ الرَّوَائِحُ: شام کے وقت کی بارش یا بادل۔ کہا جاتا ہے ”مَالَہ سَارِحَۃٌ وَلَا رَائِحَۃٌ“ یعنی اس کے پاس مویشی میں سے کچھ نہیں۔
الْاَرْوَحُ: ٹانگوں کے درمیان کشادگی والا۔ مؤنث رَوْحَاءُ ج رُوْحٌ (والاریح) کشادہ۔
الْاَرْیَحِیُّ: کشادہ اخلاق والا۔
الْاَرْیَحِیَّۃُ: وہ خصلت جو انسان کو افعال حمیدہ اور فیاضی کرنے سے مسرور کرتی ہے۔
التَّرَاوِیْحُ: ترویحہ کی جمع۔ جس کے معنی مطلقًا بیٹھنے کے ہیں۔ پھر اس بیٹھنے پر اطلاق ہونے لگا جو رمضان کی راتوں میں چار رکعت پڑھ لینے کے بعد آرام حاصل کرنے کے لیے بیٹھتے ہیں۔ پھر ہر چار رکعت ہی کو ترویحہ کہنے لگے اور تراویح کا اطلاق پوری بیس رکعت نماز پر بھی

ہوتا ہے جن کو رمضان میں پڑھتے ہیں۔
المُراح۔ روانہ ہونے یا واپس آنے کی جگہ۔
المُراح. اونٹ یا گائے یا بکری کا باڑہ۔
المَرُوح والمَرِيح. ہر وہ چیز جس کو ہوا لگے۔
يوم مَرُوح: اچھی ہوا والا دن۔
المِرْوَح والمِرْوَحة. پنکھا۔ ج مَراوِح.
المَرْوَحة. بیابان۔ ج مَراوِح.
المُرَوَّح. شئ. دُهن مُرَوَّح: خوشبو دار تیل۔
المُستَراح. پاخانہ۔
راد يرُوْدُ رَوْدًا ورِيادًا. الشئَ: طلب کرنا الأرضَ: قیام کے لیے چراگاہ و پانی وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا قومه مرعًى او منزلًا: قوم کے لیے چراگاہ یا منزل کی تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔
راد يرود رودانا وريادًا. کسی چیز کی تلاش میں گھومنا اور آنا جانا۔ رادتِ الإبل: اونٹوں کا چراگاہ میں آگے پیچھے آنا جانا۔
رادت رودا ورودانا. المرأة: پڑوسیوں کے ہاں اکثر آنا جانا الريحُ: ہوا کا نرم چلنا۔ الماشية: مویشیوں کا چرنا۔
راوَدَه مُراوَدة ورِوادًا. چاہنا۔ راوده عن و على نفسه: فریب دینا۔ برائی کی ترغیب دینا۔ پھسلانا على كذا: ارادہ کرنا۔
رَوَّدَه. طلب و جستجو پر اکسانا۔
أراد إرادة. چاہنا۔ خواہش کرنا۔ راغب ہونا ه: على الأمر: برانگیختہ کرنا۔
أرود إرْوادًا و مُرْوادًا و مُرْوَدًا و رُوَيْدًا و رُوَيْداء ورُوَيْدِيَة. في السير: آہستگی سے چلنا۔ نرم چلنا۔
ارْتاد ارتيادًا. الشئ: طلب کرنا۔
استَراد. لأمر الله: فرمانبردار ہونا۔ حکم اللہ کی جانب لوٹ آنا اور جھک جانا۔
الدابة: جانور کا چرنا الرجلُ: چل پھر کر روزی طلب کرنا۔
الرائد. ج رادة ورُوَّاد ورائدون. جاسوس۔ وہ شخص جس کو لوگوں نے چارہ پانی کی تلاش میں بھیجا ہو۔ چکی کا دستہ ورائد العين آنکھ کا تنکا۔ کہا جاتا ہے "هو رائد الوساد" وہ غم کے لاحق ہونے کی وجہ سے غیر مطمئن ہے۔
الرّاد. بمعنی الرائد۔
الرِيد. طلب۔ تلاش۔
الرادة والرائدة والرُوادة. پڑوسیوں کے گھروں میں بہت پھرنے والی عورت۔
الرُّود. مئ. ريح (رود ورائدة) نرم چلنے والی ہوا۔ کہا جاتا ہے "امش على الرُّوْدِ" یعنی آہستہ چلو۔
الرّاذار: راڈار جنگی جہازوں کی آمد، رفتار اور ان کو روکنے کی معلومات دینے والا آلہ۔
الرّادیکسالی: ایسے مذہب کی طرف نسبت والا جو کہ مکمل سیاسی اصلاحات کا مطالبہ کرتے ہیں۔
رُوَيْد. أرْوَد کا مصدر مصغر ہے۔ کہا جاتا ہے "رُوَيْدًا" یعنی آہستہ۔ و "رُوَيدكَ زيدًا" و "رُوَيدَ زيدٍ" یعنی زید کو مہلت دی۔ و"ساروا سيرًا رويدًا" و "ساروا رُوَيدًا" یعنی وہ لوگ نرمی و آہستگی سے چلے۔
الأرْوَد. کام میں آہستگی کرنے والا۔ اور کہتے ہیں "الدهر أرود ذو غِير" یعنی زمانہ اپنا کام سکون کے ساتھ کرتا ہے جس کی خبر بھی نہیں ہوتی۔ و "الدهر أروَدُ مستبدٌّ" یعنی زمانہ معاملات میں نرم ہے اور غالب ہے۔
المِرْوَد. سرمہ کی سلائی۔ لگام کے حلقہ کا لوہا۔ چرخی کا ڈنڈا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ کھونٹی ج مَراوِد.
المَراد والمُستَراد: چراگاہ میں اونٹوں کے آنے جانے کی جگہ۔ مُستَراد الرجل: آمد و رفت کی جگہ۔
المَراوِيد. جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں آنے جانے والی۔
الرَّوَنْد والرِيوَنْد والراوَنْد. ریوند چینی۔ ایک دوا کا نام۔
راز (ن) رَوْزًا. الحجرَ: پتھر اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا الرجلَ: آزمانا الدينارَ دینار کا وزن معلوم کرنے کے لیے تولنا۔ الأراضی: زمین کے پاس قیام کرنا اور اسے قابل کاشت بنانا ما عِندَه: طلب کرنا۔ چاہنا۔ صفت (رائز) ج رازة.
رَوَّزَ. الكلامَ او الرأىَ: آہستہ آہستہ غور کرنا۔
رازَه. آزمائش کرنا۔
الرازى. منسوب بہ شہر رے۔
الرَوْنيزَق. بڑی چادر۔
الراز. معماروں کا سردار۔ ج رازة اور اس کی اصل رائز ہے۔ مثل شاكٍ و شائك کے۔
الرِيازة. معماری۔
المِراز والمِهرازة. وزن۔ مقدار۔
المِرازان. دونوں پستان۔
الرُوزنامة. روزنامچہ۔ کیلنڈر۔ جنتری (کلمہ فارسی ہے روز اور نامہ سے مرکب ہے)
راس يرُوس رَوْسًا. متکبرانہ چلنا۔ بہت کھانا السيلُ الغُثاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا لے جانا۔
استراس. کھانا طلب کرنا۔
الرَّوُوس. مئ. مرد۔ کہا جاتا ہے "انّه رَوُوسُ سوءٍ" وہ برا آدمی ہے۔ عیب۔ بہت کھانا۔
روائس. الأودِيَة: وادیوں کے بلند حصے۔
روائس السحاب: اگلے بادل۔
راش يرُوش رَوْشًا. بہت کھانا۔
ه المرضُ: کمزور کرنا۔
الراش. من الجمال او الرماح: کمزور اونٹ یا نیزہ۔ یہ رائش کا مخفف ہے۔ مؤنث راشة.
الرَوْش. کمی عقل۔
الأرْوَش. کمی عقل والا۔ مؤنث روشاء.
راص (ن) رَوْصًا. بیوقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔
راض يرُوض رَوْضًا ورياضة و

رِیَاضًا. المهر: بچھیرے کو سدھانا۔ صفت (رَائِض) ج رَاضَة ورُوَّاض و رُوَّض و رَائِضُوْن اور صفت مفعولی (مَرُوْض) مؤنث مَرُوْضَة۔

رَوَّضَ. المهر: بچھیرے کو خوب سدھانا الرَّجُلُ: باغوں میں رہنا المَطَرُ الاَرْضَ: باغ کی مانند بنادینا۔

رَاوَضَهُ. عَلَى الاَمْرِ: کسی کو کسی کام پر بہلا پھسلا کر لگا دینا۔

اَرَاضَ اِرَاضَةً. سیراب ہونا۔ القَوْمُ: سیراب کرنا المَكَانُ: بکثرت باغات ہونا اللّٰهُ الاَرْضَ: مرغزار بنانا۔ باغات بنانا الحَوْضُ: حوض کی تہ کا پانی سے ڈھلکنا۔

اَرْوَضَ. المَكَانُ: بکثرت سرسبزی و باغات والی ہونا الاَرْضُ مِنَ المَطَرِ: زمین کا بارش سے تر ہونا۔

تَرَاوَضَ. القَوْمُ فِي الاَمْرِ: کسی معاملہ میں باہم مناظرہ کرنا فِي البَيْعِ والشِّرَاءِ: آپس میں خرید و فروخت میں جھگڑنا۔

اِرْتَاضَ. المُهْرُ: بچھیرے کا سدھ جانا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَاضَتِ القَوَافِي الصَّعْبَةُ لِلشَّاعِرِ" یعنی شاعر کی مشکل قوافی کی آمد ہوئی۔

اِسْتَرَاضَ اِسْتِرَاضَةً: المَكَانُ: جگہ کی سطح کا پانی سے ڈھلکنا۔ کشادہ ہونا۔ النَّفْسُ: خوش ہونا المَكَانُ: بکثرت باغات والی ہونا۔

الرَّوْضُ. س۔ باغ۔ وہ زمین جو مختلف قسم کے نباتات سے سرسبز ہو۔

الرَّوْضَةُ. باغ۔ ج رَوْض و رِيَاض و رَوْضَات و رِيضَان. رَوْضَاتُ الجَنَّاتِ: باغوں کے بہترین ٹکڑے۔

الرَّوْضَةُ: حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فِي الحَوْضِ رَوْضَةٌ مِنَ المَاءِ" حوض میں تھوڑا پانی ہے جس نے زمین کو چھپالیا ہے۔

الرِّيضَةُ. الرَّوْضَةُ میں ایک لغت۔

الرِّيَاضَةُ. مص۔ جسمانی ورزش۔ بری حالت کو اچھی حالت سے بدلنا۔ اخلاقِ نفسانی کی تہذیب۔ عبادت اور حقائق ایمانی میں غور و فکر کرنا۔

العِلْمُ الرِّيَاضِي و عِلْمُ الرِّيَاضِيَّات: علم حساب۔ الجبرا و جیومیٹری وغیرہ علوم۔

الرَّيِّضُ. وہ جانور جس کو سدھایا جانا شروع کیا گیا ہو۔ مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔ "اَمْرٌ رَيِّضٌ" غیر محکم کام۔

الرَّيِّضَةُ. باغ۔

المَرَاضُ. نرم نشیبی زمین میں سخت جگہ جو پانی کو روک لے۔ ج مَرَايِض و مَرَاضَات.

اَرْضٌ (مُسْتَرْوِضَةٌ) عمدہ نباتات اگانے والی زمین۔ نَبَاتٌ مُسْتَرْوِضٌ: نباتات جو بڑھنے اور لمبے ہونے میں انتہا کو پہنچ گئی ہو۔

رَاطَ يَرُوْطُ و يَرِيْطُ رَوْطًا و رَيْطًا. بالمَكَانِ: پناہ ڈھونڈنے والے کی مانند ہونا۔

رَاعَ يَرُوْعُ رَوْعًا و رُؤُوْعًا. مِنْهُ: گھبرانا۔ صفت (رَائِع و رَوِع) فِي يَدَيِّ كَذَا: فائدہ دینا۔ رَاعَهُ الاَمْرُ: گھبرا دینا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَاعَ يَرُوْعُ و يَرِيْعُ رُوَاعًا. لوٹنا۔ واپس ہونا۔

رِيْعَ. فُلَانٌ: گھبرانا۔ ڈرنا۔

اَرَاعَهُ و رَوَّعَهُ. گھبرا دینا۔ ڈرانا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَوِعَ (س) رَوَعًا. اَرْوَع ہونا۔ (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

اَرْوَعَ اِرْوَاعًا. الرَّاعِي الغَنَمَ: چرواہے کا بکریوں کو ڈانٹنا۔

اِرْتَاعَ و تَرَوَّعَ. مِنْهُ و لَهُ: ڈرنا۔ اِرْتَاعَ لِلْخَبَرِ: خبر کی وجہ سے خوش ہونا۔

الرَّوْعُ. مص۔ خوف۔ ڈر۔ لڑائی۔

الرَّوْعَةُ. ڈر۔ حسن و جمال کا حصہ۔

الرُّوْعُ. دل کا سیاہ نقطہ اور بقول بعض دل میں ڈر کی جگہ۔ ذہن۔ عقل۔ کہا جاتا ہے "اَفْرِغْ رُوْعَكَ" اپنے دل کو مطمئن رکھو۔

الرَّوَعُ. اَرْوَع کا اسم (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

الاَرْوَعُ. حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی۔ ج رُوْع و اَرَاوِع مؤنث رَوْعَاء. قَلْبٌ اَرْوَعُ: جلدی گھبرا جانے والا دل۔

فُلَانٌ. (رُوَاعُ) القَلْبِ ہوشیار۔ ذکی۔

الرَّائِعُ. فا۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ج رَائِعُوْن و رُوَّع مؤنث رَائِعَة ج رَوَائِع و رُوَّع. كَلَامٌ رَائِعٌ: خوشگوار کلام۔

رَائِعَةُ. الشَّيْبِ: بڑھاپے کی ابتداء میں رَائِعَةُ النَّهَارِ او الضُّحَى: دن یا چاشت کے وقت کا بڑا حصہ۔

المُرَوَّعُ. خوفزدہ۔ درست الہام پانے والا۔

رَاغَ (ن) رَوْغًا و رَوَغَانًا. الصَّيْدُ: شکار کا ادھر ادھر جانا الرَّجُلُ عَنِ الطَّرِيْقِ: مکر و فریب سے راستہ سے کترا کترا کر چلنا۔ اِلَى كَذَا: چپکے سے کسی جانب مائل ہو جانا۔ عَلَيْهِ بالضَّرْبِ: مارنے کیلئے ٹوٹ پڑنا۔

رَوَّغَ. اللُّقْمَةَ فِي الدَّسَمِ: لقمہ کو اچھی طرح چکنائی میں الٹ پلٹ کر تر کرنا۔

رَاوَغَهُ مُرَاوَغَةً. کشتی لڑنا۔ فریب دینا۔ رَاوَغَهُ عَلَى الاَمْرِ: پھسلانا اور غلانا۔ رَاوَغَ القَوْمُ: مکر و فریب سے ایک دوسرے کو طلب کرنا۔

اَرَاغَهُ اِرَاغَةً و اِرْتَاغَهُ اِرْتِيَاغًا. مکر و فریب سے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ اُرِيْغُ حَاجَةً لِي" میں ہمیشہ اپنی حاجت کو طلب کرتا رہا اور کہا جاتا ہے "اِرْتَاغَ العُقَابُ الصَّيْدَ" عقاب شکار کا پیچھا کرتے ہوئے ادھر ادھر جاتا رہا۔ اَرَاغَهُ عَلَى اَمْرٍ و عَنْ اَمْرٍ: پھسلا بہلا کر طلب کرنا اَرَاغَ الرَّجُلَ: دھوکا دینا۔

تَرَوَّغَ. الحِمَارُ: گدھے کا خاک میں لوٹنا۔

تَرَاوَغَا. ایک دوسرے کو فریب دینا۔ باہم کشتی کرنا۔

الرَّائِغُ. فا. طَرِيْقٌ رَائِغٌ: کج راستہ۔

الرَّوَاغُ و الرُّوَيْغَةُ. مکر و حیلہ۔

الرَّوَّاغ بہت فریب و مکر کرنے والا۔ لومڑی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَعْلَبٌ رَوَّاغٌ" و "هُمْ ثَعَالِبُ رَوَّاغَةٌ" وہ یا وہ لوگ فریب دینے والی لومڑی کی مانند ہیں۔

الرِّيَاغ سرسبزی۔

رَافَ يَرَافُ. رَأَفَ يَرْأَفُ میں ایک لغت ہے۔

الرَّوْف سکون، اطمینان۔

الرَّوْفَة رحمت۔

رَاقَ يَرُوْقُ رَوْقًا. الشَّرَابُ صاف ہونا عَلَيْهِ فضیلت وخوبی میں بڑھ جانا۔

رَاقَهُ رَوْقًا وَرَوَقَانًا. الشَّيْءُ: تعجب میں ڈالنا۔ پسند آنا۔ خوش کرنا۔

رَوِقَ يَرْوَقُ رَوَقًا اوپر کے دو لمبے دانتوں والا ہونا۔ صفت (أَرْوَقُ) مؤنث رَوْقَاءُ ج رُوْقٌ.

رَوَّقَ. الشَّرَابُ: صاف کرنا۔ رَوَّقَ بِضَاعَتَهُ: سامان بیچ کر عمدہ سامان خریدنا (رَوَّقَ وَأَرْوَقَ إِرْوَاقًا) اللَّيْلُ: تاریکی پھیلانا۔

رُوِّقَ. البَيْتُ: سائبان بنایا جانا۔

رَاوَقَهُ مُرَاوَقَةً کسی کے برآمدہ کے مقابل برآمدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُرَاوِقِي" اس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے مقابل ہے۔

أَرَاقَ إِرَاقَةً. الْمَاءَ: بہانا دَمَهُ: خون گرانا۔ کنایۃ قتل کرنے سے۔

الرَّائِق. فائق۔ رَوَقٌ و رُوْقَةٌ.

الرَّوْق: س۔ سینگ مِنَ الْبَيْتِ: سائبان، برآمدہ مِنَ الشَّبَابِ جوانی کی رونق وابتداء مِنَ الْخَيْلِ: خوبصورت گھوڑا مِنَ اللَّيْلِ رات کا ایک حصہ۔ مِنَ الْمَاءِ وَ نَحْوِهِ: صاف۔ رَوْقُ الْفَرَسِ نیزہ جو گھوڑے کے کانوں کے درمیان میں رکھا ہوا ہو۔ اس صورت میں گھوڑے کو "أَرْوَق" کہتے ہیں۔

الرَّوْق خالص محبت۔ چیز کی زیادتی۔ بارش۔ عمر۔ پردہ۔ بڑا خیمہ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "دَاهِيَةٌ ذَاتُ رَوْقَيْنِ" یعنی بڑی مصیبت و "رَمَى بِأَرْوَاقِهِ عَلَى الدَّابَّةِ" یعنی وہ سوار ہوا و "أَلْقَى بِأَرْوَاقِهِ عَنِ الدَّابَّةِ" یعنی وہ دابہ سے اُتر پڑا۔ و "أَلْقَى أَرْوَاقَهُ" یعنی وہ تیز دوڑا۔ نیز بمعنی اطمینان کے ساتھ اقامت کی۔ و "ضَرَبَ رَوْقَهُ بِمَنْزِلِ كَذَا" وہ فلاں منزل پر اُترا اور اُس نے خیمہ لگایا۔ و "أَلْقَى عَلَيْكَ أَرْوَاقَهُ وَ شَرَا شِرَهُ" اس موقع پر بولتے ہیں جب یہ کہنا ہو کہ تم فلاں سے بہت زیادہ محبت کرتے ہو۔ و "أَلْقَتِ السَّحَابَةُ أَرْوَاقَهَا" بادل نے اپنا دھانہ کھول دیا۔

الرُّوَاق والرِّوَاق. برآمدہ۔ سائبان۔ چھت سے لے کر نیچے تک کا پردہ۔ ج أَرْوِقَة و رِوَاقَات ورُوُق. رِوَاقُ الْعَيْنِ: ابرو۔ رِوَاقُ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

الرَّاوُوْق. چھننا۔ برتن جس میں شراب صاف کی جائے۔ پیالہ۔

رَيِّقُ. الشَّبَابِ جوانی کی رونق وابتداء اور کہا جاتا ہے "كُنْتُ فِي رَيِّقِ زَمَانِي" میں اپنے زمانہ کی ابتداء میں تھا۔ و رَيِّقُ كُلِّ شَيْءٍ ہر چیز کا افضل حصہ۔

الرَّوَق اوپر کے دو دانتوں کا لمبا ہونا (اور یہ عیب ہے)

الرَّوْقَة بہترین حسن وجمال۔

الرُّوْقَة رائق کی جمع۔ بہتر لوگ۔ کہا جاتا ہے "غِلْمَانٌ رُوْقَةٌ" خوبصورت لڑکے اور یہی مذکر، مؤنث، واحد اور جمع کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ رُوْقَةٌ جَارِيَةٌ رُوْقَةٌ و جَوَارٍ رُوْقَةٌ"

الأَرْوَق. سینگ والا۔ اوپر کے دو بڑھے ہوئے دانتوں والا۔

المُرَوَّق. صاف کیا ہوا۔ نتھارا ہوا۔ بَيْتٌ مُرَوَّقٌ سامنے پردہ لٹکا ہوا مکان۔

الرَّوْكَة والرَّوْكَاء بڑ اُلو کی آواز۔

رَوَّلَ. الفَرَسُ گھوڑے کی رال بہنا۔ رَوَّلَ الخُبْزَ گھی سے روٹی کو اچھی طرح تر کرنا۔

الرُّوَال گھوڑے کی رال۔ ج رَوَاوِيل.

المِرْوَل بہت رال والا۔

رَامَ(ن) رَوْمًا ومَرَامًا. الشَّيْءَ: ارادہ کرنا۔ صفت (رَائِمٌ) ج رُوَّمٌ و رُوَّام.

رَوَّمَ. ٹھہرنا فُلَانًا وَبِهِ: خواہش دلانا رَايَةً ایک چیز کے بعد ایک چیز کا ارادہ کرنا۔

تَرَوَّمَ. بہ بُھٹھا کرنا۔

الرَّام ایک درخت کا نام۔

الرَّامَة جوہڑ۔ ایک دیہاتی موضع کا نام۔ اشعار میں اکثر اس کا استعمال تثنیہ سے ہوتا ہے۔

الرَّوْم والرُّوْم کان کی لو۔

الرُّوْم والأَرْوَام بحر متوسط کے شمال کے رہنے والے لوگ۔ واحد (رُوْمِيٌّ) نصرانیوں کا ایک گروہ۔ بَحْرُ الرُّوْم بحر متوسط جس کو بحر ابیض بھی کہتے ہیں۔

رُوْمَة و رُوْمِيَة قدیم اور مشہور شہر کا نام جو اٹلی کا دارالسلطنت ہے۔ نسبت کے لیے رُوْمَانِيٌّ.

الرُّوْمِي خالی کشتی کا بادبان۔

الرُّوْمَة سریش جس سے تیر کا پر جوڑا جاتا ہے۔

الرُّوْمَنْطِيقِيَّةُ أَوِ الرُّوْمَانْسِيَّةُ. ادبی نظریہ جس میں شعور اور خیال عقل پر غالب ہوتا ہے اور انفرادی تسلط ہوتا ہے۔

المَرَام مقصد۔ مطلب۔ ج مَرَامَات.

رَانَ يَرُوْنُ رَوْنًا. الأَمْرُ: سخت ہونا۔ رَانَتِ اللَّيْلَةُ: سخت خوفناک ہونا۔

الرُّوْن سختی۔ ج رُؤُوْن.

رُوْنَةُ. الشَّيْءِ چیز کا بڑا حصہ۔ چیز کی سختی۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ اللّٰهُ عَنْكَ رُوْنَةَ هٰذَا الْأَمْرِ" اللہ تعالیٰ تم سے اس معاملہ کی سختی کو دور کریں۔

الأَرْوَنَان. سخت۔ دشوار (الأَرْوَنَان و الأَرْوَنَانِيّ) ہر چیز کی سختی (مثلاً سردی، گرمی، خوشی، غمی، شور وغیرہ کی) مؤنث أَرْوَنَانَة وأَرْوَنَانِيَّة.

مَرُوْنٌ. بہ مغلوب۔

الرَّوَنْد و الرَّوْنَد و الرَّوَانَد: ایک پودا جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں طبی فائدہ میں معدہ کو طاقت اور اخراج مادہ ہے۔

رَاهَ (ن) رَوْهًا ورَوَاهًا. الماءُ: پانی کا سطح زمین پر لہر مارنا۔

رَوَى (ض) رِوَايَةً. الحَدِيثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا۔ صفت رَاوٍ۔ ج رُوَاةٌ و رَاوُوْنَ الحَبْلَ: رسی بٹنا الرَّحْلَ: اونٹ پر رسی سے کجاوہ باندھنا القَوْمَ: قوم کے لیے پانی لانا۔

رَوِيَ (س) رِيًّا ورَيًّا ورِوًى. مِنَ المَاءِ: سیراب ہونا۔ صفت (رَيَّان) مؤنث رَيَّا. ج رِوَاء الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔

رَوَّى تَرْوِيَةً. سفر میں پانی ساتھ لے جانا ٥ الشِّعْرَ: شعر کی روایت کرنے پر آمادہ کرنا النَّبَاتَ: نباتات کو پانی دینا۔ رَوَّى فِي الأَمْرِ: غور و فکر کرنا۔

تَرَوَّى تَرَوِّيًا. سیراب ہونا۔ غور و فکر کرنا الحَدِيثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا القَوْمُ: سفر میں پانی ساتھ لے جانا۔ تَرَوَّتْ مَفَاصِلُهُ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

اِرْتَوَى. اِرْتِوَاءً مِنَ المَاءِ. سیراب ہونا۔ الحَبْلُ: رسی کا بٹ جانا۔ مَفَاصِلُهُ. جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

الرِّيُّ. سیرابی۔ ایک درخت کا نام۔ خوش حالی و زیادتی نعمت۔

الرِّوَى. سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرِّوَّ. سرسبزی (اس کی اصل رَوْيٌ ہے یا کو واو سے بدل دیا گیا ہے۔)

الرَّيَّا. عمدہ خوشبو۔ عَيْنٌ (رَيَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِنْ أَيْنَ رَيَّتُكُمْ" کہاں سے تم پانی لاتے ہو۔

الرِّئَةُ. رِئَى کا اسم نوع۔ پھیپھڑا۔ رِئَةُ البَحْرِ: سمندر کے حیوانات میں سے ایک قسم ہے۔

الرَّوِيُّ. مِنَ الشُّرْبِ: پوری سیرابی۔ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ شُرْبًا رَوِيًّا" میں نے خوب سیراب ہو کر پیا۔ مَاءٌ رَوِيٌّ: اور اور سیراب کرنے والا پانی اور ایسا ہی کہا جاتا ہے "كَأْسٌ رَوِيَّةٌ" الرَّوِيُّ سخت بارش والا بادل۔ تندرست و صحیح العقل۔ پلانے والا۔ قافیہ کا حرف۔

الرَّوِيَّةُ. الرَّوِيُّ کا مؤنث۔ امور میں غور و فکر۔ حاجت۔ قرض وغیرہ کا بقیہ۔

الرَّيَّان. سیراب۔ سرسبز ٹہنی وغیرہ۔ مؤنث رَيَّا۔ ج رِوَاءٌ. وَجْهٌ رَيَّانُ: پر گوشت چہرہ۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَيَّانٌ مِنَ العِلْمِ وَهُمْ رِوَاءٌ مِنْهُ" فلاں یا وہ لوگ بہت علم والے ہیں۔

الرِّوَاءُ. ج أَرْوِيَةٌ (المِرْوَى) ج مَرَاوٍ و مَرَاوِيّ: جانور پر بوجھ باندھنے کی رسی۔

الرَّوَاءُ. خوشگوار پانی۔ سیراب کرنے والا۔ بہت پانی۔

الرُّوَاءُ. خوشنمائی۔ چہرہ کی رونق۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَهُ رُوَاءٌ" مرد کہ اس کے چہرہ پر رونق ہے۔

الرَّاوِيَةُ. حدیث یا اشعار کو نقل کرنے والا تا مبالغہ کے لیے ہے۔ ج رَوَايَا۔ جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے۔ پانی کی پکھال۔

الأَرْوِيَّةُ والإِرْوِيَّةُ. پہاڑی بکری۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ ج أَرَاوِيُّ و أَرَاوٍ أَرْوَى.

يَوْمُ (التَّرْوِيَةِ) ماہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ۔ اس وجہ سے کہ اس تاریخ میں عرفات میں جانے کے لیے اونٹوں کو پانی پلایا کرتے تھے یا یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے اس تاریخ میں اپنے خواب کے معاملہ میں غور و فکر کیا تھا۔

رَابَهُ يَرِيبُهُ رَيْبًا. شک یا تہمت میں ڈالنا۔ کسی سے کوئی ناپسند بات دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَرِيبُهُ أَحَدٌ بِشَيْءٍ" فلاں کو کوئی کسی چیز سے قلق میں نہیں ڈال سکتا۔

أَرَابَهُ إِرَابَةً. شک میں ڈالنا۔ قابل شک ہونا۔ بے قرار کرنا الرَّجُلُ أَوِ الأَمْرُ: قابل شک ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَرَابَهُ مِنْهُ أَمْرٌ" یعنی اس نے اس کے ساتھ بدگمانی کی اور تہمت کا یقین نہیں کیا۔

تَرَيَّبَ تَرَيُّبًا. مِنْهُ: خوف کرنا۔ ڈرنا بِهِ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

اِرْتَابَ اِرْتِيَابًا. مِنَ الشَّيْءِ: شک کرنا بِفُلَانٍ: تہمت لگانا۔

اِسْتَرَابَ اِسْتِرَابَةً. شک میں پڑنا بِهِ کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

الرَّيْبُ. تہمت۔ شک۔ حاجت۔ رَيْبُ المَنُونِ گردش زمانہ۔

الرِّيبَةُ. شک و تہمت۔ بے قراری۔ بے کلی۔ ج رِيَبٌ.

أَمْرٌ (رَيَّابٌ) ڈرانے والا معاملہ۔

رَاثَ يَرِيثُ رَيْثًا و تَرَيَّثَ. تاخیر کرنا۔ دیر کرنا۔

رَيَّثَ. تھکنا۔ کہا جاتا ہے "رَيَّثَ عَمَّا كَانَ عَلَيْهِ" یعنی جس معاملہ میں وہ تھا اس میں کوتاہی کی لِلشَّيْءِ: نرم کرنا۔

أَرَاثَهُ إِرَاثَةً. دیر کرانا۔

اِسْتَرَاثَهُ اِسْتِرَاثَةً. دیر کرنے والا پانا۔ دیر کرنے والا سمجھنا۔

الرَّيْثُ. مقدار۔ مہلت۔ کہا جاتا ہے "وقف (رَيْثَمَا) صَلَّيْنَا" جب تک ہم نے نماز پڑھی وہ ٹھہرا رہا۔ و "مَا قَعَدْتُ عِنْدَهُ إِلَّا رَيْثَ أَعْقِدُ شِسْعِي" میں اس کے پاس تسمہ باندھنے کی مقدار بیٹھا۔ یہاں لفظ ریث بغیر ما کے اور فعل مضارع بغیر ان کے مستعمل ہے جیسے کہ يُرِيدُ يَفْعَلُ بجائے يُرِيدُ أَنْ يَفْعَلَ کے ہے۔

الرَّيِّثُ. سست۔ دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ (مُرَيَّثُ) العَيْنَيْنِ: کمزور نظر والا۔

رَاخَ يَرِيخُ رَيْخًا و رَيَخَانًا وَرُيُوخًا. ذلیل ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

رَيَّخَهُ. کمزور کرنا۔

المَرِيخُ. سینگ کے اندر کی نرم چھوٹی ہڈی۔ ج أَمْرِخَةٌ.

الرَّيْدُ. پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ ج رُيُودٌ.

ریح (ریْدةٌ ورادةٌ وریدانةٌ) نرم ہوا۔
رِیْرَ. القومُ ارزانی وفراخ سالی میں پہنچنا۔
رَیَّرَ. القومُ: موٹاپا غالب ہونا۔ رَیَّرت البلادُ ارزانی و فراخ سالی والے ہونا۔ رُیِّرَ القومُ ارزانی وفراخ سالی میں پہنچنا۔
الرِیْر رال جو بچے کے منہ سے نکلے۔ (الرِیْر والرِیْر والرار) ہڈی کا مغز جو لاغری کی وجہ سے پگھل چکا ہو۔
الرائِرة زانو کی ہڈی کا مغز۔
راس یریس رَیْسًا و رَیسانًا متکبرانہ چال چلنا الشیَٔ: کسی چیز کی پوری حفاظت کرنا القومَ برتر ہونا غالب ہونا۔
الرَیِّس سردار قوم۔
راشَ یریشُ رَیْشًا مال ومتاع جمع کرنا ہ: کھلانا۔ پہنانا۔ مدد کرنا۔ غنی بنانا ہ مالًا دینا من حاله درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لایریْشُ ولا یَبْری" فلاں نہ نقصان پہنچاتا ہے نہ فائدہ۔ و "لا ترِش علَیّ" میری گفتگو میں دخل مت دو۔ (و اراشَ وریَّشَ) السهمَ: پر لگانا۔ رَیَّشَ السقمُ فلانًا: کمزور کرنا۔
اِرْتاشَ. السهمَ: تیر میں پر لگانا (وتریَّشَ) خوش حال ہونا۔
الرِّیْشُ پرندوں کے پر۔ پرندوں کے لئے زینت اور حفاظت کا ذریعہ ہیں۔
ان کی (پروں کی) پانچ اقسام ہیں۔
(۱) القوادِم (۲) المناکِبُ (۳) لخوافی (۴) الاباهر (۵) الکُلی۔
الرِیْش پرندے کے پر۔ واحد (رِیشةٌ) ج رِیاش وارْیاش. الریش: لباس فاخرہ۔ متاع خانہ۔ مال۔ سرسبزی۔ معاش۔
الراش پرندے کے پر۔ ج ارْیاش. جمَلٌ راش: کمزور اونٹ۔ رجلٌ راشٌ: مالدار مرد۔ رُمحٌ راشٌ کمزور نیزہ۔ طیرٌ راش: پرندہ جس کے پر نکل آئے ہوں۔ مؤنث راشَةٌ کلا (رَیْشٌ و ریِّشٌ) بہت پتیوں والی گھاس۔

الرَیش کان یا چہرہ پر بکثرت بال۔
الرَیّاش. من النُوق کانوں پر بکثرت بال والی اونٹنی۔
الرِیاش ع ہ لباس و سامان۔ سرسبزی۔ معاش۔ مال۔
الرَیّاش تیروں پر پر لگانے والا۔
الرایش فا۔ رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے کا بچولیا۔ پردار تیر۔
الاَرْیَش. کانوں یا چہرہ پر بہت بال والا۔ مؤنث رَیْشاء. رَیِّش ورجلٌ اریش: مال ولباس والا مرد۔
المَریش والمُریَّش. من السهام: پر لگایا ہوا تیر۔ والبُرْدُ المُرَیَّش: پروں کے نقش والی چادر۔ المُرَیَّش. بہت بالوں والا؛ کم گوشت والا۔ کمزور پیٹھ والا۔
المُرَیَّش من الرجال: سر میں شاہی اعزاز کا پر لگانے والا۔
الرَیْطَة ایک پاٹ کی چادر۔ ہر کپڑا جو چادر کی مانند ہو۔ کفن۔ ج رَیْط و رِیاط.
الرائطة ایک پاٹ کی چادر۔
راعَ یَریْعُ رَیْعًا و رُیُوْعًا ورِیاعًا و رَیَعانًا. الشیُٔ: نشو ونما پانا۔ زائد ہونا الزرعُ کھیتی کا بڑھنا (رَیْعًا) السرابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا منه ڈرنا عنهُ و اِلیه واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "هربت الابلُ فصاحَ بها الراعی فراعتْ الیه" اونٹ بھاگ پڑے اور چرواہے نے آواز دی تو سب اس کے پاس واپس آ گئے۔ و "فُلانٌ لا یَریْعُ لِکَلامِكَ" فلاں تیری بات نہیں مانتا۔
رَیَّعَ. القومُ: جمع ہونا الطعامُ: بڑھنا اور زیادہ ہونا الطعامَ بڑھانا اور زیادہ کرنا۔
اَراعَ اِراعةً. الزرعُ: کھیتی کا بڑھنا اللهُ الزرعَ: کھیتی کو بڑھانا القومُ: بڑھی ہوئی کھیتی والی ہونا الابلُ: اونٹوں کا بہت بچوں والے ہونا۔
تَرَیَّعَ. ٹھہرنا۔ بے قرار ہونا۔ حیران ہونا الماءُ: بہنا السرابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا القومُ اکٹھا ہونا۔
یداهُ بالجُوْدِ فیاضی کرنا۔
اِسْتَراعَ اِستراعةً حیران ہونا یداه بالجُوْدِ فیاضی کرنا۔
الرَیْع۔ س۔ سراب کی اضطرابی کیفیت۔ خوقٌ من کلِّ شیٔ ہر چیز کا اول وافضل۔ من الضحی: چاشت کے وقت کی روشنی و چمک من الدرْعِ دامن وآستین کی زیادتی۔
الرَیْع ہر چیز کی زیادتی اور کہا جاتا ہے (لیس لَه رَیْعٌ) اس کے لیے پیداوار نہیں۔
الرِیْع بلند ٹیلہ۔ بلند جگہ۔ پہاڑ کا کشادہ راستہ۔ وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ۔ عیسائیوں کا گرجا۔ کبوتروں کا برج۔ ج رِیاع ورُیُوع وارْیاع.
الرِیْعة بلند زمین۔ اکٹھی جماعت۔
الرَیْعان. من کُلّ شیٔ: ہر چیز کا اول و افضل ارضٌ (مَریْعَةٌ) سرسبزی والی زمین۔
مطرٌ (مُریْعٌ) سرسبزی لانے والی بارش۔
ناقةٌ (رَیْعانَةٌ و مِریاعٌ) جلدی اور بہت دودھ والی اونٹنی۔
راغ یریغ ریْغًا بھاگنا۔
رَیَّغَ تریِیغًا. الثریدةَ: گھی میں تر ہونا۔
تَرَیَّغَت. الثریدةُ گھی میں تر کرنا۔
الرِیْغ گرد وغبار۔ مٹی۔
المُرَیَّغ خاک آلود۔
رافَ یریفُ رَیْفًا وارْیَفَ ارْیافًا و تَرَیَّفَ. سبزہ زار زمین آنا۔ رافت الماشیةُ سبزہ چرنا۔
رایفَ مُرایفةً للظِنّة: تہمت کے قریب ہونا۔
اراف اِرافةً واَرْیَفَ اِرْیافًا. المکانُ: سبزہ زار ہونا۔
الراف شراب۔
الرِیْف سبزہ زار۔ پانی کے قریب کی زمین۔ ج اَرْیاف ورُیُوف. الریف: کھانے پینے میں وسعت۔ مکان (رَیِّف) سرسبز جگہ۔ مؤنث رَیِّفة

رَاقَ يَرِيقُ رَيْقًا. اَلْمَاءُ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ: سطح زمین پر پانی کا بہنا. اَلشَّيْءُ: چمکنا۔
اَلسَّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔
(رَيْقًا ورُيُوْقًا) بِنَفْسِهٖ: جان دینا۔
رَيَّقَهُ. الشَّرَابَ: نہار مُنہ پلانا۔
اَرَاقَ اِرَاقَةً. اَلْمَاءَ: گرانا۔
تَرَيَّقَ. اَلسَّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔
الرَّيْقُ. س. باطل۔ پانی۔ خُبْزٌ رَيْقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی (والرَّيِّقُ والرَّيُّوْقُ) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اول وافضل۔
الرِّيْقُ. ج اَرْيَاقٌ ورِيَاقٌ و (الرِّيقَةُ) تھوک۔ کہا جاتا ہے "اِنِّي عَلَى الرِّيْقِ" میں نہار منہ ہوں و "شَرِبْتُ عَلَى الرِّيْقِ و عَلٰى رِيْقِ النَّفسِ اَوْ رِيْقَةِ النَّفسِ" میں نے نہار مُنہ پیا۔ الرِّيْقُ: قوت۔ بقیہ جان۔
الرَّائِقُ. فا. خالص۔ نہار مُنہ والا مفلس۔
خُبْزٌ رَائِقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی۔
الْمَاءُ الرَّائِقُ: وہ پانی جو نہار مُنہ پیا جائے۔
الرَّيِّقُ. نہار مُنہ والا۔
رَالَ يَرِيْلُ رَيْلًا. الصَّبِيُّ: بچے کے مُنہ سے لعاب بہنا۔ رال بہنا۔
الرِّيَالُ. رال. مُنہ کا لعاب۔ چاندی کا ایک بڑا سکہ (اس کے معنی کے لحاظ سے دخیل ہے)
رَامَ يَرِيْمُ رَيْمًا. حَمْلُ الْبَعِيْرِ: بوجھ کا جھک پڑنا الْمَكَانَ و مِنْهُ: دور ہونا۔ علیحدہ ہونا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا عَنْهُ: ہٹ جانا اور کہا جاتا ہے "مَا رَامَ بِفِعْلِ كَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا اور یہ کان جیسا عمل کرتا ہے جیسے "اِذَا رُمْتَ مِمَّنْ لَايَرِيْمُ مُتَيَّمًا" بمعنی لَا يَزَالُ مُتَيَّمًا. (رَيْمًا ورَيَمَانًا) الْجُرْحُ: زخم کا انگور باندھنا۔
رِيْمَ. بِهٖ: چھوڑ دیا جانا۔
رَيَّمَ تَرْيِيمًا. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
عَلٰى كَذَا: بڑھنا السَّحَابَةُ: بادل کا ہمیشہ گھرا رہنا۔

الرَّيْمُ. س. زیادتی۔ تم کہتے ہو "فِي هٰذا العِدْلِ رَيْمٌ عَلَى الآخَرِ" اس گٹھری میں دوسری سے زیادتی ہے۔ چھوٹی پہاڑی۔ قبر۔ قبر کا درمیان۔ تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ۔ وقت کا لمبا عرصہ۔ سیڑھی۔ ذبح شدہ جانور کی ہڈی جو تقسیم کے بعد بچ جائے اور قصائی کو دیدی جائے۔(والرِّيْمُ) خالص سفید اونٹنی۔
رَانَ يَرِيْنُ رَيْنًا ورُيُوْنًا. الشَّيْءُ فُلَانًا و عَلَيْهِ وبِهٖ: غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "رَانَ هَوَاهُ عَلٰى قَلْبِهٖ" اس کی خواہشات اس کے دل پر غالب آگئیں۔ رَانَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔ رَانَ الْمَوْتُ عَلَيْهِ وبِهٖ: موت کا آجانا۔
رِيْنَ. بِهٖ: لاینحل مشکل میں پڑنا۔ مرنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔
اَرَانَ اِرَانَةً. اَلْقَوْمُ: ہلاک شدہ مویشی والی ہونا۔ صفت (مُرِيْنُوْن)
الرَّانُ. موزہ کی طرح جوتا۔
الرَّيْنُ. میل کچیل۔
الرَّيْنَةُ. شراب۔ ج رَيْنَات.
رَجُلٌ (مَرِيْن) عَلَيْهِ: شخص جس کے مال مویشی ہلاک ہوگئے ہوں۔
رَاهَ يَرِيْهُ رَيْهًا. الرَّجُلُ: آنا جانا۔ آمد و رفت کرنا۔
رَيَّهَ تَرْيِيْهًا. آمدورفت کرانا۔
تَرَيَّهَ. اَلسَّرَابُ: سراب کا کبھی نمایاں کبھی ناپید ہونا۔
اَرْيٰى اِرْيَاءً. الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا۔ جھنڈا نصب کرنا۔
رَيّٰى. الرَّايَةَ: جھنڈا بنانا۔
الرَّايَةُ. علامت جو پہچان کے لیے لگائی جائے۔ جھنڈا اور اس کی کنیت "اُمُّ الحَرْبِ" ہے اور یہ لوا سے بڑا ہوتا ہے۔ ج رَايَات ورَايٌ.
الرَّيُّ. مملکت ایران میں ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے (الرازی)

الرِّيُّ. خوش منظر۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ رِيٌّ حَسَنٌ" فلاں خوش منظر ہے۔ عَيْنٌ (رَيَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔

ز الزای: بنیادی حروف میں سے گیارواں حرف ہے اور حروف اسلیہ (زبان کی نوک سے نکلنے والے) میں سے ہے۔حساب جمل میں اس کا نمبر (۷) ہے۔

زَأَبَ (ف) زَأْبًا. ڈگمگا کے پینا اَلدَّهْرُ بِہٖ: زمانہ کا لٹنا اَلْمَاشِيَةَ: مویشی ہانکنا۔ بِحَمْلِہٖ: بوجھ کھینچنا (وَازْدَأَبَ اِزْدِئَابًا) اَلْقِرْبَةَ) مشک اُٹھا کر تیز دوڑنا۔

زَأْبَرَ. اَلثَّوْبَ: کپڑے کا رواں والا ہونا۔ اَلثَّوْبَ: کپڑے سے رواں نکالنا۔

اَلزِّئْبَرُ وَالزُّوْبُرُ وَالزَّوْبَرُ. کپڑے کا رواں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَتِ الْاَيَّامُ بِنَضَارَتِهٖ وَ نَفَضَتْ زِئْبَرَهٗ" زمانہ اس کی رونق کو لے گیا اور اس کے روئیں کو جھاڑ دیا۔ یعنی اس کا زمانہ پرانا ہو گیا۔

زَأْبَقَ. اَلشَّيْئَ: پارہ کی قلعی کرنا۔

اَلزِّئْبَقُ وَالزِّئْبِقُ. پارہ۔

زَأَجَ (ف) زَأْجًا. بَيْنَهُمْ: بھڑکانا۔ اکسانا۔ ایک کو دوسرے پر مسلط کرنا۔

زَأَدَهٗ (ف) زَأْدًا وَزَأَدًا وَزُؤْدًا وَ زُؤُدًا گھبرا دینا۔

اَلزُّؤْدُ وَالزُّؤُدُ. گھبراہٹ۔

لَيْلَةٌ (مَزْؤُوْدَةٌ) خوف و گھبراہٹ کی رات۔

زَأَرَ (ف ض) وَزَئِرَ (س) زَئِيْرًا وَزَأْرًا وَتَزْآرًا وَازْأَرَ ازْآرًا وَتَزَأَّرَ. اَلْاَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔ صفت (زَئِرٌ وَزَائِرٌ وَ مُزْئِرٌ) اَلْفَحْلُ: آواز کو گڑگڑانا۔

اَلزَّأْرَةُ. زَأَرَ کا اسم مرۃ۔ جنگل؛ جھاڑی۔ باغ۔ مِنَ الْاِبِلِ وَالْغَنَمِ: اونٹوں اور بکریوں کا گنجان ریوڑ۔

زَأْزَأَ. سر اور دم اُٹھا کر تیز چلناo: خوف دلانا اَلشَّيْئَ: ہلانا؛ حرکت دینا۔

تَزَأْزَأَ. ڈر کر چھپنا۔ اپنے دونوں پہلوؤں کو ہلاتے ہوئے چلنا مِنْهُ: ڈر کر خاکساری کرنا اَلشَّيْئُ: ہلنا۔

زَأَطَ (ف) زَأْطًا. بہت شور مچانا۔

زَأَفَهٗ (ف) زَأْفًا. جلدی کرانا۔

اَزْأَفَ اِزْآفًا. عَلَيْهِ: ادھ مری کو مار ڈالنا۔ اَزْأَفَهٗ بَطْنُهٗ: بوجھل کرنا کہ چل نہ سکے۔

اَلزُّؤَافُ. جلدی کرانا۔ مَوْتٌ زُؤَافٌ: جلدی کی موت۔

زَأَكَ (ف) زَأْكَانًا. ناز سے چلنا۔

تَزَاءَكَ تَزَاؤُكًا. مِنْهُ: شرم کرنا۔

زَأَمَ (ف) زَأْمًا وَزُؤَامًا. جلدی مرنا۔ خوب ڈٹ کے کھاناo: گھبرا دینا۔

o اَلْبَرْدُ: کپکپا دینا لِيْ كَلِمَةً: ایسی بات کہنا جس کا حق یا باطل ہونا معلوم نہ ہو اور کہا جاتا ہے "مَازَأَمَ بِحَرْفٍ" یعنی اس نے کچھ نہیں کہا۔

زُئِمَ زَأْمًا وَزَئِمَ (س) زَأَمًا وَ اِزْوَأَمَ. بہت گھبرانا۔ زَئِمَ بِفُلَانٍ: چلانا۔ آواز دینا۔

زَأَّمَهٗ تَزْئِيْمًا. گھبراہٹ میں ڈالنا۔

اَزْأَمَهٗ. عَلَى الْاَمْرِ: کسی کام پر مجبور کرنا۔ اَلْجُرْحَ: زخم کا اچھے ہونے تک علاج کرنا۔

اَلْمَوْتَ (اَلزُّؤَامُ) مکروہ موت۔ جلدی کی موت۔

اَلزِّئْمُ. آنکھ۔ حسب۔ کہا جاتا ہے "طَعَنُوْا فِيْ زِئْمِهٖ" لوگوں نے اس کی حسب کے متعلق طعن و تشنیع کی۔

اَلزَّئِمُ. بہت خوفزدہ۔

اَلزَّأْمَةُ. حاجت۔ بہت کھانا پینا۔ ہوا۔ سخت آواز۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْصِيْهٖ زَأْمَةً" وہ اس کے ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ اَلزَّأْمَةُ مِنَ الطَّعَامِ کھانے کا ذخیرہ جو کافی ہو۔

اَلزُّؤَانُ. ایک قسم کا دانہ جو عموماً گیہوں کے کھیت میں اُگتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔ واحد (زُؤَانَةٌ)

زَأَى (ف) زَأْيًا. تکبر کرنا۔

اَزْأَى. فُلَانًا بَطْنُهٗ: پیٹ بھر جانے کی وجہ سے حرکت پر قادر نہ ہونا۔

زَبَّ (ض) زَبًّا. چہرے اور کانوں پر بہت بال ہونا اَلشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔

زَبَّ (ن) زَبًّا. اَلْقِرْبَةَ: مشک بھرنا اَلْحِمْلَ: بوجھ اُٹھانا۔

زَبَّبَتِ. اَلشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا اَلْعِنَبَ: انگور خشک کرنا۔

اَلرَّجُلُ: زیادہ بولنے سے جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فُلَانٌ حَتّٰى زَبَّبَ فَمُهٗ" فلاں

نے گفتگو کی یہاں تک کہ اس کے مُنہ سے جھاگ آنے لگا۔

اَزَبَّ اِزْبابًا. العِنَبُ: انگور خشک کرنا الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔

تَزَبَّبَ. العِنَبُ: انگور خشک ہونا۔ الرَّجُلُ: غصّہ سے بھر جانا فِی الکلامِ: زیادہ بولنے سے جھاگ نکلنا۔

اِزْدَبَّتْ. اِزْدِبابًا القِرْبَةُ: مشک کا بھر جانا۔

الزَّبَبُ. مص۔ بالوں کی زیادتی و لمبائی۔

الزَّبابَةُ. ایک قسم کا بڑا چوہا جو بہرا ہوتا ہے اور چوری میں اس کی مثال دیا کرتے ہیں اور کہتے ہیں "اَسْرَقُ مِنْ زَبابَةٍ"

الزَّبِيبُ. خشک انگور یا انجیر بیچنے والے کو "زَبّاب" کہتے ہیں۔ سانپ کے مُنہ کا زہر۔

الزَّبِيبَةُ. زبیب کا واحد۔ ایک قسم کا زخم جو ہاتھ میں ہوتا ہے۔ مُنہ کے جھاگ۔

الزَّبِيبَتانِ سانپ یا کتے کی آنکھ کے اوپر دو سیاہ نقطے۔ اور اسی وجہ سے سانپ کو "ذَاتُ الزَّبِيبَتَيْنِ" کہتے ہیں۔

الاَزَبُّ. چہرے اور کانوں پر بہت بال والا۔ مؤنث زَبَّاءُ. عامٌ اَزَبُّ: سرسبز اور زیادہ پیداوار والا سال۔ امثلہ عرب میں ہے "کُلُّ اَزَبَّ نَفُوْرٌ" یعنی چہرے پر بالوں والا اونٹ بدکنے والا ہوتا ہے اس وجہ سے کہ بالوں کی زیادتی کے سبب سے اپنی دیکھی ہوئی چیز کو کچھ اور خیال کرتا ہے اور بدکتا ہے۔

دَاهِيَةٌ زَبَّاءُ: بڑی مصیبت۔

الزَّبِيبِيُّ. کشمش بیچنے والا۔ بھگوئے ہوئے خشک انگور۔ خشک انگور کی شراب۔

المُزِبُّ والمُزَبَّبُ. فا. بہت مال والا۔

الزَّبَنْتَلُ. پستہ قد۔

زَبَدَ(ن) زَبْدًا. مکھن کھلانا السِّقاءَ: مشک میں مکھن نکلنے کے لئے بلوانا۔

زَبَدَ(ض) زَبْدًا. السَّوِيقَ: ستو میں مکھن ملانا لَهُ: مکھن دینا۔

زَبَّدَ. اللَّبَنُ: دودھ کے اوپر مکھن آنا شِدْقُهُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا القُطْنَ: روئی دھننا۔

اَزْبَدَ. اَلبَحْرُ او القِدْرُ او الفَمُ: سمندر یا ہانڈی یا مُنہ سے جھاگ نکلنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْعَى الرَّجُلُ وَاَزْبَدَ" یعنی اس کا غیظ و غضب جوش میں آگیا اور اس نے دھمکی دی۔ الشَّیْءُ: بہت سفید ہونا السِّدْرُ ونحوُہ: شگوفہ نکلنا۔

تَزَبَّدَ. الشِّدْقُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا۔ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا اور دھمکی دینا۔ الزُّبْدَةَ: مکھن لینا الشَّیْءَ: خلاصہ لینا۔ خلاصہ نکالنا۔ نگلنا الیَمِینَ: قسم کھانے میں جلدی کرنا۔

الزُّبْدَةُ والزُّبْدُ. مکھن۔ ج زُبَدٌ و زُبْدَةُ الشَّیْءِ: چیز کا عمدہ و افضل حصہ اور اِخْتَلَطَ زُبْدُهُ بِخَاثِرِهِ ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے معاملہ میں متحیر ہو جائے۔

الزِّبْدُ. داد و دہش۔

الزَّبَدُ. ج اَزْبَادٌ و (الزَّبَدَةُ) ج زَبَدٌ: جھاگ۔ میل۔ اور اسی سے مثل ہے "صَرَّحَ المَحْضُ عَنِ الزَّبَدِ" خالص جھاگ سے علیحدہ ہو گیا۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ خبر مظنون کے بعد سچی بات معلوم ہو۔

الزَّبَادُ. ایک قسم کی خوشبو جو ایک جانور سے حاصل کی جاتی ہے اور یہ جانور بلی کی مانند اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس جانور کو بھی الزَّبَاد وسِنَّوْرُ الزَّبَادِ اور قِطُّ الزَّبَادِ کہا جاتا ہے۔

الزُّبَّادُ. ایک قسم کی نباتات۔ زُبَّادُ اللَّبَنِ: غیر مفید چیز اور اسی سے مثل ہے "اِخْتَلَطَ الخَاثِرُ بِالزُّبَّادِ" یعنی عمدہ ردی سے مل گیا۔

الزِّبْدِيَةُ. مٹی کا پیالہ۔ ج زبادیُّ.

المِزْبَدُ. مکھن نکالنے کا آلہ۔ ج مَزابِدُ.

المُزْبِدُ. فا. جھاگ پھینکنے والا۔ بحر مُزْبِدٌ: جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

المُزْدَبِدُ. مکھن والا۔

زَبَرَهُ(ن ض) زَبْرًا. عَنِ الاَمْرِ: کام سے منع کرنا۔ روکنا السَّائِلَ: جھڑکنا الرَّجُلَ: پتھر مارنا البِنَاءَ: عمارت کو ایک کے اوپر ایک بنانا) عَلَيْهِ: صبر کرنا (وزَبَرَ و اِزْدَبَرَ) الکتابَ: لکھنا۔

زَبُرَ(ک) زَبَارَةً. بڑے جسم کا ہونا۔ صفت (زَبِیرٌ)

اَزْبَرَ. الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔ بڑے جسم کا ہونا۔ الکَبْشَ: موٹا کرنا۔

اِزْبَأَرَّ اِزْبِئْرَارًا. الکَلْبُ: کتے کے بال کھڑے کرنا الشَّعْرُ: بال کھڑے ہونا۔ الرَّجُلُ: آمادۂ شرارت ہونا النَّبَاتُ و الوَبَرُ: نباتات یا اونٹ کے بالوں کا اُگنا۔

الزَّبْرُ. مص۔ عقل۔ قوی۔ مضبوط۔ پتھر۔ تحریر۔ کلام۔

الزِّبْرُ. کتاب۔ ج زُبُورٌ عقل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ زَبْرٌ" اس کو عقل نہیں۔

اخذه (بزبره او بزابره) یعنی اس نے اس کو پورا لے لیا۔

الزَّبِرُ. بہت قوی۔

الزُّبْرَةُ. لوہے کا بڑا ٹکڑا۔ کاندھا اور پیٹھ ایال (شیر وغیرہ کی) ناف۔ ج زُبَرٌ و زُبُرٌ.

الزَّبُورُ. فرشتہ۔ گروہ۔ کتاب۔ ج زُبُرٌ. حضرت داؤدؑ کی کتاب۔

الزَّبِيرُ. لکھی ہوئی چیز۔ قوی مرد۔ مصیبت۔ ظریف۔ ہوشیار مرد۔ کیچڑ۔

الاَزْبَرُ. بڑے کندھوں والا۔ ایذا رساں۔ مؤنث زَبْرَاءُ. ج زُبْرٌ.

التَّزْبِرَةُ. زَبَّرَ کا مصدر۔ تحریر۔ کتابت۔

المِزْبَرُ. قلم۔

المُزْبِرُ. بڑے کندھے والا۔

اَرْضٌ (مَزْبَرَةٌ) بہت بھڑوں والی زمین۔

اَسَدٌ (مُزْبَرَانِیٌّ) بہت ایال والا شیر۔

بِئْرٌ (مَزْبُورَةٌ) پتھروں سے من بنایا ہوا کنواں۔

زَبْرَجَ. الشَّیْءَ: خوبصورت بنانا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔

الزِّبْرِجُ. نقش و نگار کی زینت۔ ہر خوبصورت چیز۔ سونا۔ سرخ پتلا بادل۔ ج زَبَارِجُ.

الزبرجد. زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر ج زبارِج۔
زبط (ض) زبطا و زبیطا. البطُّ: کڑ کڑانا۔
الزباطة و الزبّاطة. بط
تزبّع. بد خلق ہونا۔ غضبناک ہونا۔ جھگڑالو ہونا۔
الزبنع. غصہ ور جھگڑالو۔
الزوْبع. حقیر۔ پستہ قد۔
الزوْبعة. بگولہ۔ اس کو اُمّ زوْبعة اور ابُو زوْبعة بھی کہا جاتا ہے۔ ج زَوابع.
الزّوابع: مصیبتیں۔
الزنْباعة. چرمی موزے یا جوتے کی نوک۔
زبعر. الزبعری: بد خلق۔ سخت۔ چہرے اور ابرو پر زیادہ بالوں والا۔ مادہ مگرمچھ اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں پر ہاتھی کو اُٹھالیتا ہے۔
الزبعری. لمبے پروالا تیر۔
زبق (ض) زبْقا. شعْرهُ: بال اُکھیڑنا ہ فی السجن: قید کرنا۔ تنگی ڈالنا ہ فِی الشیْ: داخل کرنا. الشیْ بالشیْ: مخلوط کرنا۔ ملانا القفْلَ: تالا کھولنا المرْأةُ بولَدها: پھینک دینا۔
اِنْزبق. فِی البیْتِ: گھر میں داخل ہونا۔ فِی الحِبالَة: جال میں پھنسنا۔ چھپنا۔
الزابُوقة. مِنَ البیْتِ: مکان کا گوشہ۔
الأزْبق. بیوقوف جو اپنی حماقت کی وجہ سے اپنی داڑھی کے بال نوچے۔
المزْبوقة والزبیْقة. مِنَ اللّحی: نوچی ہوئی داڑھی۔
زبَلَ (ض) زبْلا و زبّلَ. الارْض: زمین میں کھاد ڈالنا (وازْدبل) الشیْ: اُٹھانا۔
الزابل و الزّابل. پستہ قد۔
الزبالَ والزُّبال. وہ چیز جس کو چیونٹی منہ میں اُٹھا کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "ما اصاب منْهُ زُبالًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔

الزبْل و الزبْلة و الزبیْل. گوبر۔ کھاد۔
الزبیْل و الزبّیْل. خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں۔
الزُبْلة. لقمہ۔
الزبالة. تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "ما فی البئر زُبالة" کنوئیں میں تھوڑا پانی نہیں ہے۔
الزبیْل. ج زُبُل و زُبلان و (الزِّبیْل) ج زبابیل و (الزنْبیْل) والزنْبیْل ج زنابیْل. ٹوکرا۔ برتن۔ توشہ دان۔
المزْبَلة والمزْبُلة. کوڑا خانہ۔ ج مزابل.
زبَنَهُ (ض) زبْنا. دفع کرنا۔ ٹکر لگانا۔ علیحدہ کرنا۔ زبنَتِ النّاقةُ: اونٹنی کا دوھنے کے وقت زانو سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "زبنَ عنّا معْرُوْفَهُ" اس نے ہم سے بہتر سلوک کو روک لیا۔ زبن الثّمر: درخت پر پھل بیچنا۔
ازْبن. بیْتَه عنِ الطّرِیْق: راستہ سے ہٹ کر علیحدہ مکان بنانا۔
زابَنَهُ مُزابنة. ایک دوسرے کو ہٹانا۔ ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ درخت پر پھل بیچنا۔
تزابَن. القوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
اِنْزبَنَ. القوْمُ: علیحدہ ہونا۔ کنارہ پر ہونا۔
تزبّنَهُ. زبردستی غلبہ کرنا۔
اِسْتزْبَنَهُ. غالب ہونا۔
الزبَن. س۔ بیْتٌ زبَن: گھروں سے علیحدہ گھر۔ مقامٌ زبَن: تنگ مقام جہاں کھڑے نہ ہو سکیں۔
الزبن. گوشہ۔
الزبن و الزبُنّ. بہت دفع کرنے والا۔
زُبنَتَا. النّاقة: اونٹنی کی دونوں ٹانگیں۔
الزبّین. پیشاب، پاخانہ کو روکنے والا۔
الزبْنِیَة. سخت۔ جن و انسان میں سے سرکش۔ سپاہی ج زبانِیَة.
الزبانِیَة. عِنْد العرب: سپاہی۔ ان فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو گنہگاروں کو ہانک کر جہنم کی طرف لے جائیں گے۔
الزبُوْن. مِنَ النُّوْق: دوھنے کے وقت بہت زانو مارنے والی اونٹنی۔ حرْبٌ زبُوْنٌ: سخت لڑائی۔ الزبُوْن: بیوقوف غبی (اس معنی میں فصیح نہیں)
الزبُوْنة و الزبُّوْنة. گردن اور کہا جاتا ہے "فیه زبُوْنة" اس میں تکبر ہے۔
زُبانی. العقْرب: بچھو کا ڈنک۔
زُبانیا. العقْرب: بچھو کے سر کی جانب وہ دونوں حصے جو آنکڑے کے مانند ہوتے ہیں۔
المُزابنة. س۔ اندازہ سے بیع کرنا۔
زبی (ض) زبیا وازْدبی ہ: اُٹھانا، ہانکنا۔
زباه بشرّ: تہمت لگانا۔
ازْباه ازْباء. اُٹھانا۔
زبّی. فُلانا: ہانکنا اللّحْم: شکار کے گڑھے میں گوشت بکھیرنا۔
زبّی و تزبّی. الزُبْیة: شکار کا گڑھا کھودنا۔
تزبّی فی الزُبْیته: شکار کیلئے گڑھے میں چھپنا۔
تزابی تزابیا. تکبر کرنا۔
الزُبْیة. درندوں کے شکار کا گڑھا۔ پشتہ جس پر پانی نہ چڑھے۔ ج زُبی. کہا جاتا ہے "السّیْلُ الزُبی" یعنی معاملہ بہت سخت ہوگیا۔
الأزْبی. جلدی۔ نشاط۔ ایک قسم کی چال۔ برائی۔ بڑا معاملہ۔ ج ازابیّ.
زجّ (ن) زجّا. دوڑنا ہ: کسی کو نیزے کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا۔ زجّه بالرُمْح: کسی کو نیزہ مارنا بالشیْ: کوئی چیز پھینکنا۔
زجّ (ض) زججا و ازْوجّ. حاجبهُ: لمبی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت (ازجّ) مؤنث زجّاء ج زُجّ (ایسی بھوں کو بھی ازجّ کہتے ہیں۔)
زجّج. الحاجب: ابرو کو لمبی اور باریک بنانا الموْضِع: درست و ہموار کرنا۔ کہا جاتا ہے "نقر خشْبةً ثُمّ زجّج موْضع النّقْر" اس نے لکڑی کو کھودا پھر کھدی ہوئی جگہ کو ہموار کیا۔
ازجّ. الرُّمْح: نیزے کا نچلا حصہ لگانا۔ نیزے کا نچلا حصہ نکالنا۔
الزُّجّ. نیزے کا نچلا لوہا (اس کے مقابلہ میں

اوپر کا لوہا سنان ہے) مثل ہے "جعل الزُّجَّ قُدَّامَ السِّنَانِ" یعنی اس نے ادنیٰ کو اعلیٰ پر فضیلت دی۔ کہنی کی نوک۔ تیر کا پھل۔ ج زِجَاج وَازِجَّة و زِجَجَة اور کبھی الزجاج کو رماح کے معنی میں بھی مجازاً استعمال کرتے ہیں۔

الزَّجَاج والزُّجَاج والزِجاج. شیشہ (زَجاجة زِجاجة زُجاجة) شیشہ کا ٹکڑا۔ شیشہ کا برتن۔ حَشِیْشَةُ الزُّجَاج: ایک قسم کی گھاس جس سے شیشہ صاف کیا جاتا ہے۔

الزُّجاجِیّ. شیشہ بیچنے والا۔

الزَّجَّاج. شیشہ بنانے والا۔

الزِجاجة. شیشہ گری کا پیشہ۔

الزُّجج. پھل لگے ہوئے چھوٹے نیزے۔ سدھائے ہوئے گدھے۔

الاَزَجّ. لمبی پنڈلیوں والا۔ لمبے لمبے قدم والا شتر مرغ۔ مؤنث زَجَّاء ج زُجّ۔

المِزَجّ. چھوٹا نیزہ۔ رُمْحٌ (مُزَجّ) نچلا لوہا لگا ہوا نیزہ۔

المِزَجَّة. وہ چیز جس سے ابرو کو باریک اور لمبی کریں۔

الزُّجبة. کلمہ ت۔ کہا جاتا ہے "ما سَمِعْتُ مِنْهُ زُجْبَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجرَهُ (ن) زَجْرًا. عَنْ كذا: روکنا۔ منع کرنا۔ ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا الرِيْحُ السَّحابَ: ہوا کا بادلوں کو اُٹھا کر لانا الکلبَ وبالکلب: کتے کو ڈانٹنا۔ دھتکارنا الطَّیْرَ: شگون لینے کیلئے پرندہ کو اُڑانا۔ (اگر داہنی جانب سے پرندہ اڑتا تو اچھا شگون لیتے تھے ورنہ برا) زَجر الرجلَ: کہانت کرنا۔ کہتے ہیں "زجرت اَنْ یَکُوْنَ کَذَا وکَذَا" یعنی میں نے ایسا ہونے سے ڈرایا تھا۔

اِزْدَجرہ. منع کرنا۔ روکنا۔ چلا کر دھتکارنا (وانْزَجَر) رک جانا۔

تَزَاجَر. القَوْمُ عَنِ الشَّرِّ: ایک دوسرے کو برائی سے منع کرنا۔

الزَّجْر. س۔ (والزَجر) ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ج زُجور.

الزَّاجِر. فا زاجِرُ الاِنسان: ضمیر۔ ابو زاجر: کوا۔

الزَّجَّار. بہت ڈانٹنے والا۔

نَاقَةٌ (زَجُوْر) اونٹنی جو بغیر ڈانٹے ہوئے دودھ نہ دے۔

المَزْجَر. ڈانٹنے کی جگہ (والمَزْجَرَة) ڈانٹنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذِكْرُ اللهِ مَزْجَرةٌ للشَّیْطانِ" اللہ کا ذکر شیطان کے ڈانٹنے کا وسیلہ ہے۔

زَجَلَ (ن) زَجْلًا. ہ وبہ: تیر مارنا۔ دفع کرنا ہ بالرُمْحِ: نیزہ مارنا الحَمَامَ: کبوتر کو دور جانے کے لیے روانہ کرنا۔ ایسے کبوتر کو حُمامُ الزَاجِل یا حُمامُ الزَجَّال کہتے ہیں۔

زَجِلَ (س) زَجَلًا. خوش [illegible] گانا۔ شور و فریاد کرنا۔ صفت (زَجِل وزاجِل) القَوْمُ: کھیل کود کرنا۔

الزَجَل. شعر کی ایک قسم۔ سَحَابٌ ذُوْزَجَلٍ گرجنے والا بادل۔ زَجَلُ الجِنِّ: جنوں کی گنگناہٹ۔

الزَجْلَة. لوگوں کا شور۔ ج زَجَلات.

الزُّجْلَة. لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال۔ حالت۔ ج زُجَل۔

مَسَافَةٌ (زَجُوْل) دور کی مسافت۔

الزَّاجِل والزَّاجَل. حلقہ کی مانند لکڑی جو رسّی کے سرے پر باندھتے ہیں۔ نیزے کے نچلے حصّہ کے لوہے کا حلقہ۔ فوج کا سردار۔ ج زَوَاجِل۔

الزَّجَّالة. چھوٹے نیزے سے مارنے والے لوگ۔

المِزْجَل والمِزْجال. چھوٹا نیزہ۔

المَزْجَل. کبوتروں کی روانگی کی جگہ۔ نَاقَةٌ (زَجْلاء) تیز رفتار اونٹنی۔

زَجَمَ (ن) زَجْمًا. آہستہ بولنا۔ آہستہ بات سنانا۔ کہا جاتا ہے "سکتَ فما زجم بحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

الزُّجَم. ایک قسم کا پرندہ۔

الزَّجْمة والزُّجْمة. آہستہ بات۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اسمع لَهُ زَجْمَةً" میں نے اس سے ایک بات بھی نہیں سنی۔ وَهُوَ لَا یُخَالِفُهُ بزَجْمةٍ: وہ اس کی ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ الزَّجْمَة: رطوبتیں جو بچّہ کے ساتھ شکم مادر سے نکلیں۔

قَوْسٌ (زَجُوْم) کمزور آواز والی کمان۔

الزَّجْنَة. نرم و خفی آواز۔ اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ زَجْنَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَا (ن) زَجْوًا وزَجّٰی تَزْجِیَةً وازْجٰی اِزْجاءً وازْدَجٰی. ہ: ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "کَیْفَ تُزَجِّی اَیَّامَكَ" تم اپنا زمانہ کس طرح بسر کرتے ہو؟ و "زَجّٰی فُلانٌ حاجتی" فلاں نے میری حاجت کے حصول کو آسان کر دیا۔ اَزْجَی الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ اَزْجَی الدِرْهَم: دراہم کا رائج کرنا۔

زَجَا (ن) زَجْوًا وزُجُوًّا وزَجاءً. الاَمْرُ: کامیاب ہونا۔ آسان ہونا الخَراجُ: خراج کا آسانی سے جمع ہونا فُلانٌ: ہنسی منقطع ہونا۔

تَزَجّٰی تَزَجِّیًا. بالشَّیْئِ: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔

المُزْجٰی. تھوڑی چیز۔ ردی چیز۔ مؤنث مُزْجَاة۔

الاَزْجٰی. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ اَزْجٰی مِنْ فُلانٍ بِهٰذَا الاَمْرِ" یعنی فلاں شخص اس کام کو فلاں سے زیادہ نافذ کرنے والا ہے۔

المُزجِی. کمزور جس کو کاموں میں رغبت دلانے کی ضرورت ہے۔

زَحَّهُ (ن) زَحًّا. دفع کرنا؛ ہٹانا یا جلدی سے کھینچنا عَنْ مَکانِهِ: علیحدہ کرنا۔

زَحَبَ (ف) زَحْبًا و زُحُوْبًا. اِلَیْہِ نزدیک ہونا۔
زَحَرَ (ف ض) زَحِیْرًا وزُحارًا وزُحارۃً. پیچش میں مبتلا ہونا۔ عمل یا سختی کی وجہ سے آہ بھرنا زَحَرَتْ بِہٖ اُمُّہٗ: جننا۔
زَحَرَہٗ بالرُّمْحِ: سر پر نیزہ مارنا۔
زُحِرَ. مبتلائے پیچش ہونا۔
زَحَّرَ. پیچش میں مبتلا ہونا۔
زَاحَرَہٗ. دشمنی کرنا۔
تَزَحَّرَ. پیچش میں مبتلا ہونا عَنْہُ اُمُّہٗ: جننا۔
الزُّحار والزَّحِیْر. پیچش۔
الزُّحَر والزَّحّار والزَّحْرَان. بخیل اس وجہ سے کہ وہ سوال کے وقت آہ بھرتا ہے۔
زَحْزَحَہٗ. عَنْ مَکانِہٖ: دور کرنا۔ ہٹانا۔
تَزَحْزَحَ. دور ہونا۔ ہٹنا۔
الزَّحْزَح. دوری۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ بِزَحْزَحٍ مِنْہُ" وہ اس سے دوری پر ہے۔
الزَّحْزَاح. دور۔
زَحَفَ (ف) زَحْفًا و زَحَفانًا و زُحُوْفًا. آہستہ آہستہ زانو یا سرین پر گھسٹنا اِلَیْہِ: چلنا کہا جاتا ہے "زَحَفَ العَسْکَرُ اِلَی العَدُوِّ" لشکر دشمن کی طرف گیا گویا کثرت کی وجہ سے گھسٹ کر چلا الشَّیْءَ: آہستہ آہستہ کھینچنا۔
البَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت مذکر۔
زَاحِفٌ وزَاحِفَۃ تا مبالغہ کیلئے ہے۔ صفت مؤنث زَاحِفَۃ ج زَوَاحِف و (زُحُوْف)
ج زُحُف السَّھْمُ: تیر کا نشانہ سے ورے گرنا پھر گھسٹ کر نشانہ کو لگنا۔ صفت (زَاحِف) ج زَوَاحِف.
اَزْحَفَ. اپنے انتہائی مطلوب پر پہنچنا طُوْلُ السَّفَرِ: تھکا دینا البَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا
الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ یا گھوڑے والا ہونا اَزْحَفَ بَنُوْ فُلَانٍ: بڑا لشکر بننا۔
زَاحَفْناھُمْ. ایک دوسری کی طرف گھسٹنا۔
تَزَحَّفَ واِزْدَحَفَ. اِلَیْہِ: چلنا۔
تَزَاحَفَ. القَوْمُ فِی الْحَرْبِ: بعض کا بعض کی طرف جانا اور قریب ہونا۔

الزَّحْف. س بڑا لشکر جو دشمن کی طرف جائے۔ ج زُحُوف
الزُّحَفَۃ. قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ جو دور نہ جائے۔
الزِّحاف. فِی العَرُوْض: علم عروض کی اصطلاح میں وہ تغیر جو سبب خفیف یا ثقیل کے دوسرے حرف میں واقع ہو۔
الزَّحّاف. گھسٹنے والا۔ مؤنث زَحّافۃ
الزَّحّافات مِنَ الحَیْوان: رینگنے والے جانور۔
المَزْحَف. گھسٹنے کی جگہ ج مَزَاحِف.
مَزَاحِفُ الحَیّاتِ: سانپوں کے رینگنے کی جگہ مَزَاحِفُ السَّحابِ: قطرہ گرنے کی جگہ۔
بَعِیْرٌ (مِزْحاف) اونٹ جس کو تھک جانے کی عادت ہو۔ ج مَزَاحِف و مَزَاحِیف.
زَحَكَ (ف) زَحْكًا. بالمَکانِ: اقامت کرنا عَنْہُ: قریب ہونا عَنْہُ: بعید ہونا البَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔
اَزْحَكَ. تھکے ہوئے جانور والا ہونا۔
زَاحَکَہٗ. عَنْ نَفْسِہٖ: دور کرنا۔
تَزَاحَكَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بعید ہونا۔ ایک دوسرے سے قریب ہونا (ضد)
زَحَلَ (ف) زُحُوْلًا. عَنْ مَکانِہٖ: زائل ہونا۔ دور ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ صفت (زَاحِل وزَحِل)
زَحَلَ (ف) زَحْلًا. تھکنا۔
اَزْحَلَہٗ. اِلَیْہِ: پناہ لینا۔
اَزْحَلَہٗ وزَحَّلَہٗ. دور کرنا۔
تَزَحَّلَ. عَنْ مَکانِہٖ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا۔
زُحَل. ایک سیارہ کا نام جس کو بلندی اور بعد کے لیے بطور مثال کے بیان کرتے ہیں
ورَجُلٌ زُحَلٌ: کام سے علیحدہ رہنے والا خواہ اچھا کام ہو یا برا۔
الزُّحَلَۃ. کاموں سے علیحدہ رہنے والا۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ اپنے سوراخ میں دُم کی طرف سے داخل ہونے والا جانور۔

مسافۃ (زَحُوْل) دور کی مسافت۔
الزَّحْلِیْل. تیز۔ علیحدہ رہنے والا (والزُّحْلُوْل) تنگ پھسلنے کی جگہ۔
الزُّحْلُوْل: ہلکے پھلکے جسم والا۔
المَزْحَل. وہ جگہ جہاں کہیں سے علیحدہ ہو کر جائیں۔ زَحَلَ کا مصدر میمی۔ کہا جاتا ہے "اِذا لَمْ یَکُنْ عَن شَفْرَۃِ السَّیْفِ مَزْحَل" جبکہ تلوار کی دھار سے علیحدہ ہونے کی جگہ نہ ہو۔
زَحْلَفَ. الشَّیْءَ: لڑھکانا۔ علیحدہ کرنا الإناءَ: برتن کو بھرنا۔ زَحْلَفَ فِی الکَلامِ: جلدی جلدی بولنا۔
تَزَحْلَفَ. لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا۔
تَزَحْلَفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا مائل بغروب ہونا۔ دوپہر میں ڈھلنا۔
الزُّحْلُوْفَۃ. چکنی ڈھلوان جگہ جس پر لڑھکا جائے۔ ج زَحالف و زَحالِیف
الزُّحالف. چھوٹے چھوٹے کیڑے جو چیونٹی کے مشابہ ہوتے ہیں۔
زَحْلَقَ و زَحْلَكَ و تَزَحْلَقَ و تَزَحْلَكَ والزُّحْلُوْقۃ والزُّحْلُوکۃ بمعنی زَحْلَفَ و تَزَحْلَفَ والزُّحْلُوْفَۃ۔
الزُّحْلُوْقَۃ. لمبے تختے کا جھولا جس کے دونوں جانب بیٹھ کر جھولیں۔
زَحَمَہٗ (ف) زَحْمًا و زِحامًا. تنگی کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
زاحَمَہٗ. تنگی کرنا۔ زاحَمَ الخَمْسِیْنَ: قریب ہونا۔
اِزْدَحَمَ وتَزاحَمَ. القَوْمُ: ایک دوسرے پر تنگی کرنا۔ ایک دوسرے کو دھکیلنا۔
الاَمْواجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔
الزَّحْم. س بھیڑ کرنے والے لوگ۔
الزَّحْمَۃ. بھیڑ۔ تنگی۔
الزِّحام. س یَوْمُ الزِّحام: قیامت کا دن۔
المِزْحَم. بہت بھیڑ کرنے والا (۱)
مَزَاحِم) ہاتھی۔

زَخْمر. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

زَحَنَ (ف) زَحْنًا. دیر کرنا ہ عَنِ المَكَانِ: دور کرنا۔

تزحّن. دیر کرنا۔ سُمْنا عَنْ مكانِهٖ: ہلنا عَلَى الشَّيْءِ و عَنْهُ: ناپسندیدگی کے باوجود کرنا۔

رجلٌ زُحَنٌ. پستہ قد مرد۔ مؤنث زُحَنَةٌ.

الزَحْنة. سخت گرمی۔ مع ساز و سامان کے قافلہ۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ زُحَنَةٌ" ان لوگوں کے لیے دیر کا کام ہے۔ "ولَهُ زُحْنَةٌ بَعْدُ" جب کہ سفر کا ارادہ کرے اور کوئی کام نکل آئے جس سے تاخیر ہو جائے۔

الزُحْنة. وادی کا موڑ۔

زَخَّ (ن) زَخًّا غضبناک ہونا بالإبلِ: اُونٹوں کو تیز چلانا ہ: گڑھے میں دھکیلنا المرأةَ: جماع کرنا۔

زَخَّ (ن) زَخًّا وزَخِيْخًا. الجمرُ: چنگاری کا تیز چمکنا۔

الزَخّ. س۔ کینہ۔ غُصّہ۔ غضب۔

الزَخّة. کینہ۔ غُصّہ۔ غضب (والمَزَخّة والمِزَخّة) بیوی۔

زَخْزَخ. المَرْأَةَ: جماع کرنا۔

زَخَر (ف) زَخْرًا و زُخُوْرًا و تَزْخارًا. البَحْرُ: دریا کا چڑھنا اور موج مارنا الوادِي: لبی اور پانی سے بھری ہوئی ہونا النَّباتُ: نباتات کا لمبا ہونا القَوْمُ: جنگ یا روانگی جنگ کیلئے پرجوش ہونا الحَرْبُ او القِدْرُ: جوش مارنا ہ: بھرنا۔ موٹا کرنا۔ آراستہ کرنا۔ خوش کرنا بِما عِنْدَهٗ: فخر کرنا۔

زَاخَرَهٗ. فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَاخَرَهٗ فَزَخَرَهٗ" اس نے اس سے فخر کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَزَخَّرَ. البَحْرُ او الوَادِي: دریا یا وادی کا چڑھنا اور موج مارنا۔

تزخور. بما عنده: فخر کرنا۔

الزاخر. فا۔ کریم۔ شادماں۔ بھرا ہوا۔ چھلکنے والا مِنَ الشَّرَفِ: بلند عزت۔

زَوَاخِر. الوَادِي: وادی کی گھاس۔

الزَخّار. زَخِر کا اسم مبالغہ۔

نَباتٌ (زَخُورٌ وزُخَارِيٌّ و زَخُوَرِيٌّ) لمبا و گنجان پودہ۔ زُخَارِيُّ النباتِ: پودہ کی تر و تازگی جبکہ گنجان ہو اور شگوفہ نکل آئے۔ کہا جاتا ہے "قَدْ اَخَذَتِ الاَرْضُ زُخَارِيَّهَا" جبکہ زمین کی نباتات لمبی و طویل ہو جائے۔

كَلَامٌ زَخْوَرِيٌّ: متکبرانہ دھمکی آمیز گفتگو۔

الزَخْوَرِيّ. لمبا۔

زَخْرَفَهٗ. خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا الكَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا۔

تَزَخْرَفَ. الرَجُلُ: مزین ہونا۔

الزُخْرُف. سونا۔ چیز کی خوبصورتی۔

زُخْرُفُ الكَلَامِ: جھوٹ سے آراستہ کی ہوئی گفتگو۔ زُخْرُفُ الاَرْضِ: زمین کے سبزی کے رنگ۔ ج زخارِف. الزخارِف: کشتیاں۔ پانی پر اُڑنے والے کیڑے۔

زخارفُ المَاءِ: پانی کے راستے۔

زَخَفَ (ف) زَخْفًا و زَخِيْفًا. تکبر کرنا۔

زَخَّفَ. فِي القَوْلِ: بہت بولنا۔

تَزَخَّفَ. مزین ہونا۔ آراستہ ہونا۔ خوبصورت بننا۔

المِزْخَف. فخر کرنے والا متکبر۔

زَخَمَهٗ (ف) زَخْمًا. سختی سے ہٹانا۔

زَخِمَ (س) زَخَمًا وَاَزْخَمَ. اللَحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت (زخم)

اِزْدَخَم. الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانا۔

الزَخَمَة. بدبودار گوشت۔

الزَخْمَاء. بدبودار عورت۔

الزِدْب. حصّہ۔ ج اَزْداب.

زَدَر. لوٹنا۔ (صدر میں ایک لغت ہے)

اَزْدَر. لوٹانا۔ (اَصْدر میں ایک لغت ہے)

الاَزْدَران. دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ اَزْدَرَيْهِ" یعنی وہ خالی ہاتھ آیا۔

اِزْدَرَم. نگلنا۔

اَزْدَفَ. اللَيْلُ: تاریک ہونا (اَسْدَفَ میں ایک لغت ہے)

الزِدْق. سچائی (الصدق میں ایک لغت ہے)

زَدَا (ن) زَدْوًا. الصبيُّ الجَوْزَ و بالجَوْزِ: بچے کا اخروٹ کو گڑھے میں پھینک کر کھیلنا۔

المِزْداة والمِزْداء. اخروٹ سے کھیلنے کا گڑھا۔

اَزْدىٰ اِزْداءً. سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا۔

زَرَّ (ن) زَرًّا. القَمِيْصَ: کرتے میں گھنڈی لگانا۔ بٹن لگانا الشَّيْءَ: جمع کر کے باندھنا المَتَاعَ: سامان کو جھاڑنا الرَجُلَ: دھتکارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ زَرَّهٗ بالرُمْحِ: نیزہ مارنا الشَّعْرَ: بال اُکھیڑنا۔ نوچنا۔ عَيْنَهٗ: آنکھ تنگ کرنا۔

زَرَّ (س) زَرًّا. الرجلُ: گھنڈی لگانا۔ اپنے مخالف پر سختی کرنا۔ عقل و تجربہ بڑھنا۔

زَرَّ (ض) زَرِيْرًا. سنانُ الرُمْحِ: نیزے کے پھل کا چمکنا العَيْنُ: آنکھ چمکیلی ہونا۔

اَزَرَّ. القَمِيْصَ: بٹن لگانا۔

زَرَّرَ. ثَوْبَهٗ: بٹن لگانا۔ بٹن بنانا۔

تَزَرَّرَ. القَمِيْصُ: بٹن لگا ہوا ہونا۔

الزِرّ. گھنڈی۔ بٹن۔ ج اَزْرار وزُرُوْر. دِل کے نیچے کی چھوٹی ہڈی۔ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے۔ سرین کا وہ کنارہ جو گڑھے میں ہے۔ خیمہ کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی زِرُّ السَّيْفِ: تلوار کی تیزی۔ زِرُّ الشَّيْءِ: وہ چیز جس پر کسی چیز کا مدار ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِرُّ مالٍ" وہ مال کے مصالح کا جاننے والا ہے۔ و "اَعْطاهُ الشَّيْءَ بِزِرِّهٖ" اس نے اس کو ساری چیز دے دی۔ و "جَاءَ فُلَانٌ بِزِرِّهٖ" فلاں شخص بذاتہ آیا۔

الزَرَّة. دانت کا کاٹنا۔ تلوار کی دھار کا زخم۔

الزِرَّة. دانت کے کاٹنے کا نشان۔ عقل۔

الزُرَارة. ہر وہ چیز جو دیوار پر پھینکی جائے اور وہ اسے چمٹ جائے۔

الزُرَّار والزَرِيْر. سریع الفہم۔ تیز خاطر۔

الزَرِيْر. ایک قسم کی گھاس جو رنگنے کے کام

(زریبہ) میں آتی ہے۔ واحد

الزَّارَۃُ. جانوروں کو لگنے والی مکھی۔

حِماءۃ (مزز) دانت سے کاٹنے والا گدھا۔

زَرَأم اِزرَام اِزرِنمامًا واِزرَام.

اِزرِنمامًا. کلامُہٗ اودَمُہٗ اوبَولُہٗ: گفتگو یا خون یا پیشاب کا منقطع ہونا۔

زرب (ن) زَرْبًا المواشیَ: جانوروں کو باڑے میں داخل کرنا۔ لِلغنم: بکریوں کے لیے باڑہ بنانا۔

زَرِبَ (س) زَرَبًا الماءُ: پانی کا بہنا۔

اِنزَرَبَ. باڑہ میں داخل ہونا۔

اِزرَبَّ. النباتُ: نباتات کا زرد ہونا۔ سبزی ملی ہوئی سرخ ہونا۔

الزَّرب. مص۔ داخل ہونے کی جگہ۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ (والزِّرب) باڑہ۔ ج زُرُوب۔

الزَّرب. پانی بہنے کی جگہ۔

الزَّارُوبُ. عند العامۃ: لمبی تپلی گلی۔ فصیح لفظ الزُّقب ہے۔

الزِّربِیّ والزِّربِیَّۃ. مسند۔ گدے تکیے مخملی نہالچہ۔ ہر وہ چیز جو بچھائی جائے اور اس پر ٹیک لگائی جائے من النبتِ: گھاس جو زرد ہو یا سبزی آمیز سرخ ہو۔ ج زرابی۔

الزِّربِیّۃ. جی حضوری۔

الزَّرِیبَۃ: باڑہ۔ شیر کی جھاڑی۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج زرائب و زرائب۔

المِزراب. پرنالہ۔ ج مزاریب۔

زَرجَنَہ. فریب دینا القومَ: شرکاء مکان میں سے کسی کا مکان لینا اور کسی کا زمین۔

الزرجون. انگور کی ٹہنیاں۔ واحد (زرجونۃ) ایک قسم کا سرخ رنگ۔ شراب (معرب)

زرح (س) زَرحًا. ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹنا۔

الزَّارِح. فا۔ چست۔ ج زُرّاح۔

الزرُوح والزرُوحۃ. چھوٹا ٹیلہ۔ ج زراوح۔

المزرح. پست زمین۔

تَزَرنَقَ: بیع عینہ کرنا۔ بیع عینہ کا مطلب یہ ہے کہ کسی شے کو فروخت زائد قیمت کے ساتھ انتظار قیمت کے عوض۔ زائد چیز لینا۔

زرد (ن) زَرْدہ گلا گھونٹنا۔ الدِّرْعَ. زرہ بننا۔ کہا جاتا ہے "زَرَدَ عینَہ علیٰ صاحبِہ" وہ اپنے ساتھی پر غضبناک ہوا اور ترش روئی سے پیش آیا۔

زَرِدَ (س) زَرَدًا وازْدَرَد وتَزَرَّدَ. اللقمۃَ: لقمہ کو جلدی نگلنا اور کہا جاتا ہے "تَزَرَّدَ الیمینَ" اس نے لاپروائی کے ساتھ قسم کھانے میں جلدی کی۔

الزَّرد. بنی ہوئی زرہ جس کے حلقے ایک دوسرے میں داخل ہوں۔ ج زُرُود۔ حمار الزَّرَد. ایک جانور جو گدھے کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ گورخر۔

الزَّرِد. جلدی نگلنے والا۔

الزَّرْدَۃ. ایک مرتبہ نگلنے کی مقدار۔

الزِّراد والمِزْرَد. اونٹ کا گلا گھونٹنے کی رسی تاکہ کف سے سوار کو آلودہ نہ کرے۔

الزَّرّاد. گلا گھونٹنے والا۔ زرہ بنانے والا۔

الزِّرادۃ. زرہ بنانے کا پیشہ۔

المَزرَد. گلا۔

المُزدَرَد. گلا۔ کہا جاتا ہے "اخذہٗ بمزدرِدِہ" یعنی اس نے اس پر تنگی ڈالی۔

زَرْدَبَہ وزَرْدَمہ. گلا گھونٹنا۔ الطعامَ: کھانے کو نگلنا۔

الزَّرْدَمۃ. سر اور گلے کے درمیان کا گوشت یا حلق میں نگلنے کی جگہ۔

زرزر. الزُّرزور: زرزور پرندہ کا آواز کرنا الرجلُ: ہمیشہ زرزور پرندہ کو کھانا۔ بالمکان: اقامت کرنا۔

الزُّرزور. ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہے۔ بعض ان میں بالکل کالے ہوتے ہیں اور بعض میں سفید چتی ہوتی ہے۔ ج زرازیر و زرازر۔

الزرزار والزرازر. سریع الفہم تیز خاطر۔ ج زرازرۃ۔

الزرزوری. وہ جو زرزور پرندہ کے رنگ کا ہو۔

زرط (ض) زَرْطًا اللقمۃَ: لقمہ کو نگلنا۔

زرع (ف) زَرْعًا وازْدَرَعَ الارضَ: بونا۔ بیج ڈالنا۔ زرع اللہ النباتَ: اگانا۔ کہا جاتا ہے "زرعَ لہ بعد شقاوۃ" یعنی اس کو فقر و حاجت کے بعد مال و دولت حاصل ہوئی۔

زارعَ مزارعۃ فلانًا: بونا بٹائی پر معاملہ کرنا۔

اَزرَعَ. الزرعُ: پتے نکلنا۔ کھیت کاٹنا القومُ: کھیتی کرنے پر قادر ہونا۔

تزرّعَ. الی الشر: بدی کی طرف جلدی کرنا۔

الزارع. فا۔ ج زارعون وزُرّاع۔ ایک کتے کا نام اور اسی وجہ سے کتوں کو "اولاد زارع" کہتے ہیں۔

الزرع. مص۔ کھیت۔ اولاد۔ ج زروع

الزُّرعۃ (والزَّرعۃ والزِّرعۃ) بیج

الزَّرعۃ کھیتی، کہا جاتا ہے "ما فی ہذہ الارض زَرعۃ" اس زمین میں کھیتی کے قابل کوئی جگہ نہیں ہے

الزرعۃ چکور کا بچہ۔

الزراعۃ. کاشتکاری۔ کھیت۔

الزریعۃ. بوئی ہوئی چیز۔ کھیتی۔

الزرّاع. بہت کھیتی کرنے والا۔ چغل خور (اس وجہ سے کہ وہ بھی لوگوں کے دلوں میں کینہ بو دیتا ہے) ج زراعون وزراعۃ۔

الزرّاعۃ. زرّاع کا مؤنث۔ کشت زار ج زرّاعات۔

الزریع. صرف بارش سے سیراب ہونے والی کھیتی۔

الزریع وہ پودہ جو کھیتی کٹنے کے وقت گرے ہوئے دانے سے اُگ آئے۔

المزرعۃ والمزرَعۃ. کھیتی۔ ج مزارع

المزدرع کھیتی کرنے کی جگہ۔ کشت زار۔

زرف(ن) زرفا کودنا فی الکلام
زیادتی کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ (زُرُوفًا وزریفا)
الیٰ القریب ہونا۔ دیر لگانا۔ جلدی کرنا (ضد)
زرف(س) زرفا۔ الجرحُ زخم کا اچھا
ہونے کے بعد تازہ ہونا۔
زَرَّفَہٗ علیحدہ کرنا۔ دور کرنا الشیئَ زیادتی
کرنا فی الکلام کلام میں زیادتی کرنا اور
جھوٹ بولنا القومُ جدا جدا کرنا الرمحَ فیہ
نیزہ بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "زرَّف علی
الستّین" وہ ساٹھ سے بڑھ گیا۔
اَزْرَفَ آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا۔
الجرحُ زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔
الناقةَ اونٹنی کو آکسانا۔ تیز کرنا الرَّجُلُ
زرافہ جانور خریدنا (دیکھئے لفظ زرافہ)
اِنْزَرَفَ۔ القومُ گھاس پانی کی تلاش میں جانا
الریحُ گزر جانا الشیئُ آر پار ہونا۔
الزرافة والزَّرافة والزَّرافَّة والزُّرافَّة
ایک جانور کا نام جو اونٹ کے برابر ہوتا ہے اور
اس کی اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں
اور اس کی گردن گھوڑے کی مانند اور کھال چیتے
کی مانند ہوتی ہے اور اس کے دو چھوٹے چھوٹے
سینگ بھی ہوتے ہیں۔ ج زَرَافِیُّ زَرَافِی
زَرَافات۔ زَرَائِف۔
الزُّرافۃ بہت چھوٹا۔
الزرافة والزَّرافَّة دس یا بیس آدمیوں کا
گروہ۔ ج زرافات اور اسی سے ہے۔ "طاؤا
الیہ زرافات و وُحدانا"
الزَّرافة والزَّرافۃ وہ جگہ جہاں کھیت کیلئے
پانی نکالا جائے۔ ج زرافات زَرَّافات۔
المِزْرَاف والزَّرُوْف والزَّرُوَف۔ من
النوق تیز رفتار اونٹنی۔
زَرْفَنَ۔ شعرہٗ بالوں کو زنجیر کی طرح بنانا۔
الزُّرْفِین چھوٹی زنجیر۔ ج زَرَافِین۔
زرق(ض ن) زرقا۔ الطائرُ پرندہ کا بیٹ
کرنا۔ زرقت عینہ نحوی کنکھیوں سے
دیکھنا۔
زرق الطائرَ پرندہ کو چھوٹے نیزے سے
مارنا الرجلَ ببصرہٖ گھورنا الناقةُ الرحلَ
اونٹنی کا کجاوہ پیچھے کی جانب ڈال دینا۔
زرِق(س) زرقًا۔ الرجلُ اندھا ہونا۔
عینُہٗ نیلگوں ہونا الشیئُ نیلگوں ہونا۔
آسمانی رنگ کا ہونا۔
ازرقت۔ عینُہ نحوی آنکھ کا پھرنا اور
سفیدی کا ظاہر ہونا الناقةُ حملَها اونٹنی کا
کجاوہ کو پیچھے کی جانب ڈال دینا۔
اِزْرَقَّ اِزْرِقَاقًا واِزْرَاقَّ اِزْرِیْقَاقًا نیلگوں
ہونا عینُہ نحوی بمعنی اَزْرَقت عَیْنُہٗ۔
اِنْزَرَقَ پیچھے ہٹنا۔ چت لیٹنا۔ السَّھْمُ آر
پار ہونا۔
الزرَق والزُّرْقَة آسمانی رنگ۔ نیلگونی۔
الزُّرَق کھر کے کچھ اوپر کی سفیدی۔
الزُّرْقَة تعویذ کا مہرہ۔
الزُّرَّق ایک شکاری پرندہ۔ ج زَرَارِق
گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ تیز نظر والا۔
الاَزْرَق نیلگوں۔ مؤنث زَرْقاء ج
زُرْق۔ الاَزرَق باز۔ نصلٌ ازرقُ چمکیلا
تیر کا پھل۔ ماءٌ ازرقُ صاف پانی۔ عدوٌ
ازرقُ سخت دشمن (اور یہ اس وجہ سے کہ
رومیوں اور دیلمیوں کی آنکھیں نیلگوں ہوتی
ہیں اور ان میں اور عربوں میں سخت دشمنی
تھی۔ اس وجہ سے ہر سخت دشمن کو عدو ازرق
کہنے لگے) اور چونکہ نیزے اور بھالے میں بھی
نیلگونی ہوتی ہے اس لیے ان پر بھی زُرق کا
اطلاق کرتے ہیں۔
الزرقاء۔ ازرق کا مؤنث۔ ج زُرق
شراب۔ آسمان۔
الزُّرَیْق وابو زُرَیق چڑیا سے کچھ بڑا ایک
پرندہ۔
الزُّرَیْقاء دودھ اور زیتون کے تیل میں تر کیا
ہوا ثرید۔ ایک جانور جو بلی کے مشابہ ہوتا ہے
مگر اس کی ٹانگیں چھوٹی اور جسم لمبا ہوتا ہے۔
الزرَّاقة۔ والعامةُ تُسمّیھا الزَّارُوْقَة
پچکاری (عوام اسے زَارُوْقَہ کہتے ہیں۔)
الاَزَارِقَة خارجیوں کا ایک گروہ جو نافع بن
الازرق کے ساتھی تھے اور مخالفین کو قتل کرنا
اور ان کی عورتوں کو قید کرنا جائز سمجھتے تھے۔
واحد (الاَزْرَقِیُّ)
المِزْرَاق چھوٹا نیزہ من الاباعر پیچھے کی
طرف بوجھ ڈالنے والا اونٹ۔ ج مزاریق۔
زَرْقَفَ وازْرَنْقَفَ جلدی کرنا۔
زَرْقَلَ زَرْقَلَةً۔ لی بحقّی حق دینا۔
الشعرَ بالوں کو جھاڑنا۔
الزرقم بہت نیلگوں آنکھ والا (مذکر و
مؤنث) ج زراقم۔
الزراقم بہت سے سانپ۔
زرِک(س) زرکًا بد خلق ہونا۔
زرِم(ض) زرمًا وزُرِمَہٗ وازْرِمًا کاٹنا۔
کہتے ہیں "زرمتُ بہ اُمُّہ" اس کی ماں نے اس
کو جنا۔ وزرّمہُ الدھرُ زمانہ نے اس سے خیر
منقطع کردیا۔
زرِم(س) زرمًا۔ الشیئُ منقطع ہونا۔
ازدرم نگلنا۔
ازرام غضبناک ہونا۔ اکڑنا۔
الزرِم قلیل تھوڑے جتھے والا۔ بخیل۔ تنگ
حال۔
الازرم منقطع۔ بلی۔
الزریم تھوڑے جتھے والا۔ ذلیل۔
الزُّرْمُوْ جوتا۔
زَرْنَقَ زَرْنَقَةً۔ الارضَ چھوٹی نہر سے پانی
دینا۔ کنوئیں پر زرنوق لگانا۔ دیکھئے "زرنوق"
فلانا اللباسَ کسی کو لباس پہنانا۔
تَزَرْنَقَ۔ بالثیاب کپڑے پہننا الرجلُ
چھوٹی نہر سے اجرت پر آب کشی کرنا۔
الزُّرْنُوْق چھوٹی نہر۔ چکی کا دستہ۔
الزُّرْنُوقَان کنوئیں کے منہ پر کے دو کھمبے
جس میں چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے۔
الزرنقة بہ زیادتی۔ حسن کامل۔
الزرنیق پڑتال۔
زرَی(ض) زرْیًا وزُرْیًا وزرایَةً و
مَزْرِیَةً ومَزْرَاةً وازْرَی وتزرّی۔ علیہ
عملہ کسی کام پر عتاب کرنا۔ عیب لگانا۔

أَزْرَى بِالأَمْرِ: سستی کرنا۔ أَزْرَى بِهِ وأَزْرَاهُ: عیب لگانا۔ حق گھٹانا۔
زَارَاهُ مُزَارَاةً. ایک دوسرے کو عتاب کرنا۔
اِزْدَرَى واسْتَزْرَى: ہ: حقیر سمجھنا۔
الزرِيّ. ناکارہ۔ ذلیل۔
المِزْرَاء. لوگوں کو عیب لگانے والا۔
زَطَّ (ن) زَطًّا. الذُّبَابُ: مکھی کا بھنبھنانا۔
الزُّطّ. جاٹ (ہندوستان کی ایک قوم) واحد زُطِّيٌّ۔
زَعَبَ (ف) زَعْبًا. الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا القِرْبَةَ: مشک بھری ہوئی اُٹھانا۔
القِرْبَةَ: پانی گرانا السَّيْلُ: سیلاب کا وادی کو بھر دینا الوادی: وادی کا بھر جانا الشَّيْءَ: کاٹنا لَهُ مِنَ المَالِ:
زَعْبًا وزَعْبَةً وزُعْبَةً. مال کا کچھ حصہ دینا المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
زَعَبَ (ف) زَعِيبًا. الغُرَابُ: کائیں کائیں کرنا۔
تَزَعَّبَ. غضبناک ہونا۔ شاداں ہونا۔ فِي أَكْلِهِ و شُرْبِهِ: بہت کھانا پینا۔ القَوْمُ المَالَ. قوم کا مال میں سے اپنا اپنا حصہ لینا۔
اِزْوَعَبَ. الشَّيْءَ: کاٹ لینا۔
الزَّعْبَة والزُّعْبَة والزِّعْب: مال کا ایک حصہ۔
الأَزْعَب. پستہ قد کمینہ۔ موٹا۔ مؤنث زَعْبَاءُ ج زُعْب۔
سَيْلٌ (زَاعِبٌ وزَعُوبٌ) وادی کو بھرنے والا سیلاب۔
الزَّاعِب. اچھار ہبر۔
زَعِيبُ. النَّحْلِ: شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
الزُّعْبُوب. پستہ قد کمینہ۔
زَعْبَقَ. القَوْمَ: پریشان و متفرق کرنا۔ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا۔
تَزَعْبَقَ. الشَّيْءُ مِنْ يَدِي: بکھر جانا اور متفرق ہو جانا۔
زَعْبَل. بڑے پیٹ اور پتلی گردن والا۔ بڑا سانپ۔ گرگٹ۔ ڈول۔ روئی کا پودہ۔ ج زَعَابِل۔
زَعَجَه (ف) زَعْجًا وأَزْعَجَ. بے قرار کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ زرعج الرَّجُلُ: چلانا۔
أَزْعَجَه إِلَى المَعْصِيَةِ: گناہ پر اُبھارنا۔
اِنْزَعَجَ. بے قرار ہونا۔ ہٹنا۔
الزَّعَج. بے قراری۔
المِزْعَاج. ایک جگہ پر نہ ٹھہرنے والی عورت۔
زَعِرَ (س) زَعَرًا و اِزْعَرَّ واِزْعَارَّ. شَعْرُهُ أَوْ رِيشُهُ: کم اور بکھرے ہوئے بال یا پروالا ہونا۔ زَعِرَ الرَّجُلُ: بے خیر ہونا۔
الزَّعَارَة والزَّعَارَّة. بدخوئی و تندمزاجی۔
الزَّعِر والأَزْعَر. کم اور متفرق بالوں والا۔
مَوْضِعٌ زَعِرٌ وأَزْعَرُ: کم پیداوار والی جگہ۔ مؤنث زَعِرَة وزَعْرَاء۔
الزُّعْرَة. ہمیشہ مضطرب اور خوفزدہ رہنے والا ایک پرندہ۔
الأَزْعَر: چور، سرکش، چھیننے والا۔ مؤنث زَعْرَة و زَعْرَاء ج زُعْرٌ و زُعْرَانٌ۔
الزُّعْرَان. نوجوان لوگ۔
الزُّعْرُوْر. ایک درخت جس کا پھل سرخ رنگ کا اور گٹھلی گول بڑی ہوتی ہے جس کی وجہ سے مغز کم ہوتا ہے۔ واحد (زُعْرُوْرَة) رَجُلٌ زُعْرُور: بدخلق بے خیر مرد۔ ج زَعَارِير۔
الزَّعَارِير. گوبر وغیرہ جو اون میں لگ جائے اور جم جائے۔
بَحْرٌ (زَعْرَفٌ) بہت پانی والا سمندر۔
زَعْزَعَه زَعْزَعَةً. سخت حرکت دینا۔
الإِبِلَ فِي السَّيْرِ: ہانکنا۔
تَزَعْزَعَ. ہلنا۔
الزَّعْزَعَة. س۔ ج زَعَازِع. الزَّعَازِع: زمانہ کے مصائب۔
رِيحٌ (زَعْزَعٌ و زُعْزُعٌ وزَعْزَاعٌ وزُعَازِعٌ و زَعْزَعَانٌ) آندھی۔ ہوا کا طوفان جَرْيٌ زَعْزَعٌ: تیز دوڑ۔
بَحْرٌ (زَعْرَفَة) بہت پانی والا سمندر۔
زَعَطَ (ف) زَعْطًا. گلا گھونٹنا الحِمَارُ: گدھے کا رینگنا۔
الزَّاعِط. فا. مَوْتٌ زَاعِطٌ: جلدی کی موت۔
زَعَفَه (ف) زَعْفًا وأَزْعَفَه وازْدَعَفَه. فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الجَرِيحَ وأَزْعَفَ عَلَيْهِ: زخمی کو فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الحَدِيثَ: زیادہ کرنا اور جھوٹ بولنا۔
سُمٌّ (زُعَاف) زہر قاتل۔
مَوْتٌ (مُزْعِفٌ) فوراً ہلاک کرنے والی موت۔
سَيْفٌ مُزْعِفٌ: فوراً ہلاک کرنے والی تلوار۔
الزُّعُوف. ہلاکت کی جگہیں۔
الزُّعُوفَة. پتھر جس کو کنوئیں کی تہ میں ڈال دیں اور اس پر بیٹھ کر کیچڑ وغیرہ صاف کریں۔
زَعْفَرَهُ. زعفران سے رنگنا الطَّعَامَ: کھانے میں زعفران ڈالنا۔
تَزَعْفَرَ. زعفران سے خوشبو دار ہونا۔ زعفران سے رنگا ہوا ہونا۔
الزَّعْفَرَان. زعفران۔ کیسر۔ ج زَعَافِر۔
زَعْفَرَانُ الحَدِيدِ: لوہے کا زنگ۔
زَعْفَق. الزُّعَافِق: بخیل۔ بدخلق۔ ج زَعَافِق۔
زَعَقَ (ف) زَعْقًا. چلانا، چیخنا ہ و زَعَقَ بِهِ. ڈرانا بِالدَّابَّةِ: تیز چلا کر ہانکنا۔
الرِّيحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا ہ العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
زَعُقَ (ک) زَعَاقَةً. المَاءُ: پانی کا بے حد کھاری ہونا۔
زَعِقَ (س) زَعَقًا. شاداں ہونا (و زَعِقَ وانْزَعَقَ) الرَّجُلُ: رات میں ڈرنا۔
انْزَعَقَ الفَرَسُ: آگے بڑھنا، تیز چلنا۔
أَزْعَقَه. ڈرانا۔ خوف دلانا السَّيْرَ: چلنے میں جلدی کرنا القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک

ڈالنا۔

الزعق رات میں ڈرنے والا۔ شادماں جو کچھ گھبرایا بھی ہو۔

الزعقة چیخ۔

الزعاق بہت کھاری پانی جو پیا نہ جا سکے۔

الزعوقة. زعاق کا اسم۔

الزعاق. من الخیل: بہت اور تیز چلنے والا۔ گھوڑا؛ پیچھے پیچھے چلاتے ہوئے جانوروں کو ہانکنے والا۔

الزعِیق خوفزدہ۔

المزعق زمین کھودنے کا اوزار۔

زعِل (س) **زعلا.** شادماں ہونا **من المرض وغیرہ:** تنگ دل و مضطرب ہونا۔

ازعله شادماں کرنا۔ **من مکانه:** ہٹانا۔

تزعل شادماں ہونا۔

الزعل والزعلان والازعیل شادماں۔

الزعل بھوک سے بلبلانے والا۔

زعم (ف ن) **زعما و زِعما و زُعما و مزعما:** سچ یا جھوٹ کہنا اور اکثر مشکوک یا ایسی چیزوں میں جس کے جھوٹ ہونے کا یقین ہو استعمال کیا جاتا ہے **(زعامة) علی القوم:** سردار بننا۔

زعم (ف ن) **زعما. بالمال:** کفیل ہونا۔ ضامن ہونا **اللبن:** دودھ مزیدار ہونے لگنا۔

زعِم (س) **زعما. فیه:** لالچ کرنا۔

ازعم. الامر: ممکن ہونا **اللبن:** دودھ مزیدار ہونے لگنا **الیه:** فرمانبردار ہونا؛ تابع ہونا **علی القوم:** سردار بننا **الارض:** سبزی کا پھوٹنا **ہ:** کھلانا۔ **ازعمه المال:** مال کا ضامن بنانا۔

زاعمه بھیڑ کرنا۔

تزعمه جھوٹی باتیں بیان کرنا۔

تزاعم. القوم علی الامر: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ باہم غیر موثق باتیں کرنا۔

الزعِم. من الشواء: بہت چربی والا جس سے بھونتے ہوئے چربی آگ پر ٹپکے۔

الزعمة. زعم کا اسم مرة۔ ج **زعمات** کہا جاتا ہے **"هذا ولا زعمتك او زعماتك"** یعنی یہی صحیح ہے اور میں تمہارا گمان نہیں خیال کرتا ہوں۔

الزعمی جھوٹا۔ سچا۔ ضد۔

الزعامة. س۔ شرف۔ سرداری۔ ہتھیار۔ زرہ۔ عمدہ مال یا اکثر مال۔ گائے۔

الزعوم گفتگو میں عاجز۔ چربی دار عورت۔ کم چربی والی عورت (ضد)

الزعموم گفتگو میں عاجز۔

الزعیم ضامن۔ کفیل۔ سردار۔ رئیس۔ ج **زُعماء.**

المزعم سف۔ لالچ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے **"هذا امر مُزعم"** یعنی یہ امر غیر موثوق ہے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ و **"هذا امر فیه مزاعم"** یہ ایسا امر ہے جس میں جھگڑے ہیں۔

المزعامة سانپ۔

زعنفت. الماشطة العروس: مشاطہ کا دلہن کو آراستہ کرنا۔

الزعنفة والزعنفة پستہ قد مرد یا عورت۔ ہر چیز کا ایک حصہ۔ جسم کے اطراف مانند ہاتھ پیر کے۔ ردی۔ قبیلہ کا ایک ٹکڑا جو علیحدہ ہو یا دوسرے کے ساتھ مل جائے۔ کپڑے کا ٹکڑا یا نچلا پھٹا ہوا حصہ۔ مصیبت۔ ج **زعانف**

الزعانف مچھلی کے پر۔ ہر وہ جماعت جن کی کوئی ایک اصل نہ ہو۔

زعا یزعو زعوا منصف ہونا۔ عادل ہونا۔

زغب (س) **زغبا و زغب وازغابّ الصبی او الفرخ:** بچہ یا چوزہ کا رواں نکلنا۔ صفت **(زغب)**

ازغب. الکرم: انگور کی بیل میں پتے نکلنے لگنا۔

الزغب پردوں یا بالوں کے روئیں۔ واحد **(زغبة)**

الزُغابی والزُغابة. چھوٹے روئیں۔ کہا جاتا ہے **"ما اصبت منه زغابة"** میں نے اس سے روئیں کے برابر بھی کچھ حاصل نہیں کیا۔

الازغب روئیں دار۔ مؤنث **زغباء.** ج **زُغب**

زُغبّ قطا کا چوزہ۔

الزُغبة گلہری۔

الزُغبب پستہ قد بخیل۔

زغبر. الثوب روئیں دار ہونا۔

الزِغبر والزِغبر والزُغبُر رواں۔ کہا جاتا ہے **"اخذ الشئ بزغبره"** اس نے ساری چیز لے لی۔

الزغبرة. عند العامة: رواں۔ کلمہ محرف ہے صحیح لفظ **الزغب** ہے۔

الزغبد مکھن۔

زغد (ف) **زغدا. السقاء:** مشک نچوڑنا **فلانا:** گلا دبانا **البعیر:** اونٹ کا سخت بلبلانا **النهر:** دریا کا چڑھنا۔ موج مارنا **ہ بالکلام:** اکسانا۔ بھڑکانا۔

ازغدت. المرأة ولدها. عورت کا بچہ کو دودھ پلانا۔

الزغید والزغیدة مکھن جو مشک کو دبانے سے اس کے منہ سے نکلے۔

نهر (زغاد) بہت پانی والا چڑھا ہوا دریا۔

المزغند غضبناک۔

زغر (ف) **زغرا. الشئ:** چھین لینا۔ زبردستی لینا **الشئ:** بکثرت ہونا **البحر:** چڑھنا۔ موج مارنا۔

الزغر. من کل شئ: زیادتی۔ افراط۔

الزغار کنچوا۔

زغرب ہنسنا۔

الزغرب بہت پانی۔ **بئر زغرب و زغربة:** بہت پانی والا کنواں۔

زغرد زغردة. البعیر: اونٹ کا اپنے حلق میں آواز کو لوٹاتے ہوئے بلبلانا۔

زغزغ. الکلام: رکیک گفتگو کرنا۔ **الشئ:** چھپانا **بالرجل:** تمسخر کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔

الزغزغ سبک وچست آدمی۔ حسب ونسب میں مطعون۔

الزُغْزُغ. پستہ قد حقیر۔ ایک پرندہ۔
الزُغْزُغِيَّة. عجم میں سے بعض لوگوں کی زبان۔
الزَغْزَغِيَّةُ. ایک قسم کا کھانا جو گھی اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔
زَغَفَ (ف) زَغْفًا. المَاءُ: پانی بہت ہونا۔ فِيْ حَدِيْثِه: بہت بولنا اور جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "زَغَفَ كَلَامًا كَثِيْرًا" و "زَغَفَ لَنَا مَالًا كَثِيْرًا" اس نے بہت بکواس کی اور اس نے ہم کو بہت مال دیا ٥ بِالرُمِحْ: نیزہ مارنا۔
اِزْدَغَفَ. الشَئَ: سارا لے لینا۔
الزَغْف. س۔ کشادہ اور لمبی زرہ۔ بادل جو برس چکا ہو اور ابھی گھرا ہوا ہو۔
دِرْعٌ (زَغِيْفٌ) کشادہ، مضبوط اچھے حلقوں والی زرہ اور کہا جاتا ہے "دُرُوْعٌ زُغْفٌ وزَغَفٌ واَزْغَافٌ وزُغُوْفٌ"
الزَغَف. چھپٹیاں۔ درخت کی کمزور شاخیں۔
الزَغَّاف. بہت بولنے والا۔
الزَغْفَة والزَغَفَة. کشادہ یا مضبوط زرہ۔
المِزْغَف. حریص۔ بہت خواہش مند۔
زَغْفَل زَغْفَلَةً. جھوٹ بولنا۔
زَغَلَ (ف) زَغْلًا. المَاءَ: پانی بار بار گرانا الشَرابَ: کلی کرنا الصَبِيُّ اُمَّهٗ: بچّہ کا دودھ پینا۔
اَزْغَلَ. المَاءَ: گرانا الاُمُّ وَلَدَهَا: بچّہ کو دودھ پلانا الطَائِرُ فَرخَه: پرندہ کا بچّہ کو چوگا دینا الشَرابَ: کلی کرنا۔
الزَغَل. دھوکا۔
الزُغْلِيّ. دھوکا دینے والا۔
الزُغْلَة. کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے۔ ایک مرتبہ پانی گرانے کی مقدار۔
الزُغْلوْل. بچّہ۔ ہلکا پھلکا جلد باز مرد۔ ج زَغَالِيْل.
تَزَغَّمَ. الجَمَلُ: اونٹ کا جھاگ کو اپنے جبڑوں میں پھرانا اور اسی سے ہے "تَزَغَّمَ الرَجُلُ" یعنی اس نے غضبناک ہو کر گفتگو کی۔
الزَغُوْم والزُغْمُوْم: گفتگو کرنے میں عاجز و درماندہ۔
زَفَّ (ض) زَفًّا و زُفُوْفًا تیز دوڑنا الرِيْحُ: ہوا کا چلنا (زَفًّا وزَفِيْفًا) الطَائِرُ: پرندہ کا پر پھیلا کر اُترنا۔
زَفَّ (ن) زَفًّا وزِفافًا. العَرُوْسَ اِلىٰ زَوْجِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا البَرْقُ: چمکنا۔
اَزَفَّ. العَرُوْسَ اِلىٰ زَوْجِها: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا الرَجُلُ: تیز دوڑنا ٥: تیز دوڑانا۔
اِزْدَفَّ. الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانا العَرُوْسَ: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
اِسْتَزَفَّهٗ. السَيْلُ: سیلاب کا بہا لے جانا۔ ٥ السَيْرُ: سبک بنانا۔
الزَفّ. چھوٹے چھوٹے پر۔
الزَفَف. پرندہ کے رُوئیں کا ایک پر ایک چپکا ہوا ہونا۔
الزَفَّة. زَفَّ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهٗ زَفَّةً اَوْ زَفَّتَيْنِ" میں اس کے پاس ایک بار یا دو بار آیا۔
الزُفَّة. گروہ۔
الاَزَفّ. تیز رفتار۔ باریک پروں والا۔
الزَفِيْف والزَفَّان والزَفَّاف. سبک تیز رفتار۔
الزَفُوْف. شتر مرغ مِنَ النُوْق: عمدہ چال والی تیز رفتار اونٹنی۔ قَوْسٌ زَفُوْفٌ. آواز دینے والی کمان۔
المِزَفَّة. پالکی۔
زَفَتَ (ن) زَفْتًا. الانَاءَ: بھرنا الرَجُلَ: غیظ میں ڈالنا۔ منع کرنا۔ دھتکارنا۔ تھکانا۔ کہا جاتا ہے "زَفَتَ الحَدِيْثَ فِي اُذُنِ الاَصَمِّ" اس نے بہرے کے کان میں بات ٹھونس دی۔
زَفَّتَ. السَفِيْنَة: کشتی پر زفت ملنا۔
الزِفْت. تارکول جیسی ایک چیز جس کو کشتی وغیرہ پر ملا کرتے تھے۔
زَفَدَ (ن) زَفْدًا. الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔ فَرَسه شَعِيْرًا: گھوڑے کو بہت جو کھلانا۔
اِزْدَفت. المَالَ: سارا لے لینا۔
زَفَرَت (ض) زَفْرًا و زَفِيْرًا. النارُ: آگ سے بھڑکنے میں آواز نکلنا الاَرْضُ: نباتات اگانا۔ زَفَرَ الرَجُلُ: لمبی لمبی سانس لینا۔ الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا شروع کرنا۔ وزَفَرَ الشَئَ زَفْرًا: اُٹھانا المَاءَ: پانی کھینچنا۔
اِزْدَفَرَ. الشَئَ: اُٹھانا۔
اَلزِفْر. بھاری بوجھ۔ مشک۔ مسافر کا سامان۔ جماعت یا دستہ فوج۔ ج اَزْفَار.
الزَفَر. درخت کے نیچے لگانے کی تھونی۔
الزُفَر. شیر۔ بہادر۔ سمندر۔ بہت پانی والا دریا۔ سخی۔ سردار۔ مشک کے اُٹھانے کیلئے مضبوط آدمی۔ بہت عطیہ۔ دستہ فوج۔
الزَفِيْر. س۔ مصیبت۔ گدھے کی آواز کی ابتداء اور انتہا کو اَلشَّهِيْق کہتے ہیں۔
الزَفْرَة والزُفْرَة. لمبی سانس۔ گرم سانس۔
زَفْرَةُ الدَابَةِ زَفْرَتُهَا: جانور کا پھولا ہوا پہلو۔
الزَفْرَة زَفَرَ الرَجُلُ اَو الحِمَارُ کا اسم ج زَفَرَات. کبھی ضرورت شعری کی بنا پر فا کو ساکن کر کے زَفْرَات کہتے ہیں۔ فَرَسٌ (اَزْفَر) بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔ ج زُفْر.
الزَافِرَة. جماعت۔ دستہ فوج۔ مصیبت۔ تیر کے پر کے علاوہ یا پیکان کی جانب دو ثلث سے کم۔ کندھا اور اس کے گرداگرد۔ کمان۔ بڑا سردار۔ زَافِرَةُ الرَجُلِ: مرد کے اقارب و انصار۔ زَافِرَةُ البِنَاء: عمارت کا کھمّ۔ ج زَوَافِر الزَوَافِر: پسلیاں۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ شَدِيْدُ الزَوَافِر" مضبوط پسلیوں والا گھوڑا۔ پانی لانے والی لونڈیاں۔ انگور کی بیل اُٹھانے کی ٹٹی۔ زَوَافِرُ المَجْدِ: بزرگی کے اسباب۔
المُزْفَر والمُزْدَفَر. لمبی سانس۔ سانس لینے کی جگہ۔

الْمَزْفُوْر. مِنَ الدَوَابّ: مضبوط جوڑوں والا جانور۔

زَفْزَفَ. الرَجُلُ: تیز چلنا۔ عمدہ چال چلنا الطائِر: پر پھیلا کر اُترنا الرِيحُ الحَشِيْشَ: ہوا کا گھاس کو حرکت دینا اور اس سے سائیں سائیں کی آواز نکلنا المَرْكَبُ: سواری کے چلنے سے آواز سنائی دینا۔

زَفَنَ (ض) زَفْنًا. ناچنا۔ سخت دھکا دینا اور لات مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَنَوْتُ مِنْهُ فَزَفَنَنِي" میں اس سے قریب ہوا اس نے مجھے دھکا دیا۔

الزِفْن. چھت کے اوپر کا سامان۔ النَاقَةُ (الزَافِنَةُ والزَفُوْن) لنگڑی اونٹنی۔

الزَفّان. ناچنے والا۔

الإزْفَنَّة. حرکت۔ رَجُلٌ اِزْفَنَّة: متحرک مرد۔

الزَيْزَفُوْن. ایک درخت جس کے پھول سفید ہوتے ہیں اور اس میں پھل نہیں آتا۔

نَاقَةٌ زَيْزَفُوْن: تیز رفتار اونٹنی۔

زَفَى يَزْفِي زَفْيًا و زَفَيَانًا. زَفَتِ القَوْسُ: آواز دینا الرِيحُ السَحَابَ والتُرَابَ: ہوا کا بادل یا مٹی کو اڑانا الرَجُلُ: بِنَفْسِهِ: جان دینا۔

اَزْفَى. الشَيَّ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا اور اسی سے ہے "اَزْفَيْتُ العَرُوْسَ" جبکہ میکہ سے دلہن کو سسرال لے جائیں۔

الزَافِي. سبک تیز رفتار۔

الزَفَيَان. س۔ ہلکا پن۔ ہلکا۔ نَاقَةٌ زَفْيَان: تیز رفتار اونٹنی۔

المَزفِيُّ والمُنْزَفِيّ والمُتَزَفِّي. ڈرایا ہوا۔

زَقَّ (ن) زَقًّا. الطائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ فَرْخَهٗ: چوزہ کو چوگا دینا الكَبْشَ: مینڈھے کی کھال اتارنا۔ الجِلْدَ: بال کاٹنا۔

الزِقّ. مشک۔ زِقُّ الحَدَّادِ: لوہار کی بھٹی۔ ج اَزْقَاق وزِقَاق وزُقَّاق واَزُقّ.

الزُقّ. شراب۔ ج زَقَقَة.

الزَقَقَة. چوزہ کو چوگا دینے والی فاختائیں۔ چھوٹے بچوں کو تیار کرنے والے۔

الزُقَاق. گلی۔ تنگ راستہ (مذکر و مؤنث) ج اَزِقّه وزُقَّان. الزُقَّان و بَحْرُ الزُقَاقِ: جبرالٹر کی آبنائے۔

الزُقَّة والزُقَّق. پن ڈبی نامی ایک پرندہ۔

الزَقَّاق. مشک بنانے والا۔

زَقَبَ (ن) زَقْبًا. الجُرْذُ فِي الحُجرْ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ وزَقَبَه فِي الحُجْر: داخل کرنا (لازم و متعدی)

زَقَّبَ. المُكاً: آواز کرنا (مکاء ایک پرندہ ہے)

اِنْزَقَبَ. الجُرْذُ فِي الحُجْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔

الزَقَب. تنگ راستہ۔ نزدیکی۔ کہا جاتا ہے "رَمَيْتُهٗ مِنْ زَقَبٍ" میں نے اس کو نزدیک سے تیر مارا۔

زَقَحَ (ف) زَقْحًا وزُقَاحًا. القِرْدُ: بندر کا آواز کرنا۔

الزَقْر. شکرا۔ (الصَقْر) میں ایک لغت ہے۔

الزَقَر. دوزخ (السَقَر میں ایک لغت ہے۔)

زَقْزَقَ زَقْزَقَةً وزَقْزَاقًا. الطائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ چہچہانا فَرْخَهٗ: چوزہ کو چوگا دینا الصَبِيَّ: بچہ کو کدانا الرَجُلُ: آہستہ ہنسنا۔ ہلکا ہونا۔

الزَقْزَاق. آہستہ چلنے والا۔ ایک قسم کی چیونٹیاں۔

زَقَعَ (ف) زَقْعًا وزُقَاعًا. الدِيْكُ: مرغ کا ککڑوں کوں کرنا الحِمَارُ: گدھے کا زور سے گوز کرنا۔

زَقَفَ (ن) زَقْفًا و تَزَقَّفَ واِزْدَقَفَ الشَيَّ: چھین لینا یا جلدی سے اُچک لینا۔ اور اسی سے ہے "تَزَقَّفَ الكُرَةَ بالصَوْلَجَان" وہ گیند کو بلے سے جلدی سے لے گیا۔ تَزَقَّفَ واِزْدَقَفَ اللقمَةَ: لقمہ نگلنا۔

الزُقْفَة. ہر وہ چیز جو نگل لی جائے۔ ہر وہ چیز جو ہاتھ میں لی جائے۔

زَوْقَلَ. العِمَامَةَ: سر کے دونوں جانب کناروں کو لٹکانا۔

زَوَاقِيْلُ. العِمَامَةَ: عمامہ کے نیچے سے نکلے ہوئے بال۔

الزُقْل والزَواقِيْل. چور۔ لٹیرے۔

الزَقِيْلة. تنگ گلی۔

زَقَمَهٗ (ن) زَقْمًا واِزْدَقَمَهٗ. نگلنا۔

اَزْقَمَهٗ. الشَيَّ: نگلوانا۔

زَقَّمه. تھوہر کھلانا۔

تَزَقَّمَ. لقمہ کرنا۔ نگلنا۔ تھوہڑ کھلانا۔ اللَبَنَ: دودھ بہت پینا۔

الزَقُّوم. جہنم کے ایک درخت کا نام۔ تھوہڑ مہلک خوراک۔ ایک جنگلی گھاس جس کا پھول چنبیلی کی مانند ہوتا ہے۔

الزَقْمة. زقم کا اسم مرۃ۔ طاعون۔

زَقَنَ (ن ض) زَقْنًا. الحِمْل: بوجھ اُٹھانا۔

اَزْقَنَهٗ. اُٹھانے میں مدد دینا۔

زَقَا يَزْقُوْ زَقْوًا وزُقَاءً وزُقِيًّا وزِقِيًّا وزُقُوًّا وزَقَى (ض) زَقْيًا. الطائِرُ: پرندہ کا چہچہانا۔ صفت مذکر (زَاقٍ) ج زَوَاق. صفت مؤنث (زَاقِيَة) ج زَوَاق الصَبِيُّ: بچہ کا بہت رونا۔

اَزْقَاه. رلانا۔

الزُقْيَة. روپے پیسوں کا ڈھیر۔

الزَقْيَة. چیخ۔

زَكَّ (ن) زَكًّا وزَكَكًا وزَكِيكًا الشَيْخُ: دوڑنے یا چلنے میں کمزوری کی وجہ سے قریب قریب قدم رکھنا۔ (زَكًّا) الغُلَامُ: دوڑنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا بِسَلْحِه: بیٹ کرنا۔ زَكَّهُ الماءُ: آسودہ کرنا عَلَى فُلَان: غضب ناک ہونا۔

زُكَّ. الرَجُلُ: بوڑھا ہونا۔ بیماری کی وجہ سے کمزور ہونا۔

اَزَكَّ. عَلَى الاَمْرِ: اصرار کرنا بِرَايِهٖ: خود رائے ہونا۔

تَزَكَّكَ. ساز و سامان لینا یا ہتھیار اُٹھانا۔

اِزْدَكَّ. الزَرْعُ: سیراب ہونا۔

الزُكّ. فاختہ کا چوزہ۔

الزِّکّۃ. ہتھیار۔
الزُّکّۃ. غم وغصہ۔
زَکَأہٗ(ف) زَکْأً. مارنا زَکَأہٗ الدّرَاھِمَ: نقد دینایا جلدی نقد دینا زَکَأہٗ حَقّہ: پورا کرنا
اِلَیْہِ: پناہ لینا۔
اِزْدَکَأ. حَقَّہٗ مِنْہُ: حق وصول کرنا۔
رَجُلٌ (زُکَأٌ وزُکَأۃٌ وزُکَّاءٌ) النَّقْدِ: جلدی نقد دینے والا۔
المَزْکَأ. جائے پناہ۔
زَکَبَ (ن) زَکْبًا وزُکُوْبًا. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا الْمَرْاَۃَ: عورت کا ایک ہی مروڑ میں بچّہ کو جننا الْمَرْاَۃَ: جماع کرنا۔
اِنْزَکَبَ. البَحْرُ: سمندر کے پانی کا پست زمین میں یا گڑھے میں داخل ہونا۔
الزُّکْبَۃ. لڑکا۔ نطفہ۔
زَکَتَ (ن) زَکْتًا وازْکَتَ وزَکَّتَ. الاناءَ: برتن کو بھرنا۔
اَزْکَتَتِ. الْمَرْاَۃُ بِغُلَامٍ: لڑکے کو جننا۔
المَزْکُوْت. انڈوں سے بھری ہوئی ٹڈی۔ بھرا ہوا غمگین۔
زَکَرَ(ن) زَکْرًا وزَکَّرَ. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
زَکَّرَ وتَزَکَّرَ. الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔
الزُّکْرَۃ. شراب وغیرہ کیلئے چمڑے کا برتن۔ ج زُکَر.
زَکَمَہٗ(ن) زَکْمًا وازْکَمَہ. مبتلائے زکام کرنا القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔ زَکَمَتْ بِہ اُمُّہٗ: جننا۔
زُکِمَ. زکام زدہ ہونا۔ صفت (مَزْکُوْم)
الزُّکْمَۃ. زکام۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ زُکْمَۃُ سُوْءٍ" فلاں کی اولاد غیر صالح ہے۔
الزُّکْمَۃ. اُجْذ۔ آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ زُکْمَۃ وَلَدِ اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کا آخری بچہ ہے۔
زَکِنَ (س) زَکْنًا. الاَمْرَ: تاڑ جانا۔ سمجھنا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَکِنْتُ اَنَّہٗ رَجُلُ سُوْءٍ" میں نے جانا کہ وہ برا آدمی ہے
مِنْہُ عَداوۃً کسی کی دشمنی کا علم ہونا (زُکُوْنًا)
اِلَیْہِ: پناہ لینا۔ مل جل جانا۔
زَکَّنَ. گمان کرنا عَلَیْہِ: مشتبہ کرنا۔
زَاکَنَہٗ. ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا الجَیْشُ یُزَاکِنُ الاَلْفَیْنِ" یہ لشکر دو ہزار کے قریب ہے ہ: قریب وہم نشین ہونا۔
اَزْکَنَہٗ. الاَمْرَ: جتانا۔ سمجھانا الشَّیْءَ: صحیح گمان کرنا۔
الزَّکَانَۃ والزَّکَانِیَۃ. صحیح گمان۔
رَجُلٌ (زَکِنٌ) سمجھدار مرد۔
رَجُلٌ (زُکُن) اچھی یادداشت والا مرد۔
زَکَا یَزْکُوْ زَکَاءً وزُکُوًّا وزَکِیَ(س) زَکِیَ. الزَّرْعُ: بڑھنا الرَّجُلُ: نیک و صالح ہونا۔ خوش عیش ہونا۔ زکی ہونا الاَرْضُ: عمدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا لَایَزْکُوْ بِكَ" یہ تمہارے لائق نہیں۔
زَکِیَ. بڑھنا۔ زائد ہونا۔ پیاسا ہونا۔
ہٗ اللّٰہ: نشوونما کرنا۔ پاک کرنا۔ صالح بنانا۔ زکوۃ لینا۔ زَکّٰی لَہٗ: زکوۃ ادا کرنا نَفْسَہ: خودستائی کرنا۔
اَزْکٰی. الزَّرْعُ: بڑھنا ہ اللّٰہ: نشوونما کرنا۔
تَزَکّٰی. صدقہ ادا کرنا۔ زکی ہونا الشَّیْءُ: بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔
الزَّکَا. جفت عدد۔ کہا جاتا ہے "اَخَسًا ھٰذا ام زَکَا" یہ طاق ہے یا جفت۔
الزَّکَاۃ. چیز کا عمدہ حصہ۔ زکوۃ. صدقہ۔ پاکیزگی۔ ج زَکَا وزَکَوَات.
التَّزْکِیَۃ. زکّی کا مصدر۔
الزَّاکِی. فا عمدہ نشوونما پانے والا۔ ج زُکَاۃ.
الزَّکِیّ. اچھی نشوونما پانے والا۔ ج اَزْکِیَاء مؤنث زَکِیَّۃ. کہا جاتا ہے "اَرْضٌ زَکِیَّۃٌ" عمدہ زرخیز زمین۔
زَلَّ(ض س) زَلًّا وزَلَلًا وزُلُوْلًا وزَلِیْلًا ومَزِلَّۃً وزِلِّیْلٰی و زِلِیْلَاءُ. پھسل کر گرنا
عَنِ الحَقِّ او الصَّوَابِ: پھر جانا عُمْرُہٗ: گزر جانا (زَلَّ زَلِیْلًا و زُلُوْلًا) جلدی گزرنا۔
زَلَّ زُلُوْلًا. الدِّرْھَمُ: کم وزن ہونا۔ صفت (زَالٌّ) ج زَوَالٌّ. کہا جاتا ہے "دَرَاھِمُ زَوَالٌّ" کم وزن والے درہم۔
زَلَّ(س) زَلَلًا. ہلکے سرین والا ہونا۔ صفت (اَزَلُّ) مؤنث زَلَّاءُ. ج زُلٌّ.
اَزَلَّہٗ. پھسلانا۔ لغزش کرانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَلَّ اِلَیْہِ نِعْمَۃً" اس نے اس کے ساتھ بہتر سلوک کیا اور نعمت دی۔ و "اَزَلَّ اِلَیْہِ مِنْ حَقِّہٖ شَیْئًا" اس نے اس کو اپنے حق میں سے کچھ دیا۔ "اَزَلَّہ اِلَی القَوْمِ" اس نے اس کو قوم کے سامنے پیش کیا۔
اِسْتَزَلَّہٗ. پھسلانا۔ لغزش کرانا۔
الزَّلُّ. پھسلنے کی جگہ (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "مَکَانٌ زُلٌّ واَرْضٌ زُلٌّ".
الزَّلَل. مص۔ گناہ کا ارتکاب۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ زَلَلِیْ" میں اللہ سے اپنے ارتکاب گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہوں۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "فِیْ مِیْزَانِہ زَلَلٌ" اس کے ترازو میں نقصان ہے۔
الزَّلَّۃ. زَلَّ کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ گرنا۔ گناہ۔ ولیمہ۔ دلہن۔ خوراک جو دوست یا رشتہ دار کے دستر خوان سے اُٹھایا جائے۔ ج زَلَّات.
الزِلَّۃ. چکیلے پتھر واحد زِلٌّ.
الزُّلَّۃ. احسان۔ دمہ۔
مَاءٌ (زُلَالٌ وزَلُوْل وزَلِیْل وزُلَازِل) صاف میٹھا خوشگوار پانی۔ الزُّلَال: بہت پھسلنے والا۔
الاَزَلُّ. تیز رفتار۔ ہلکے سرینوں والا۔ مؤنث زَلَّاء قَوْسٌ زَلَّاءُ: کمان جس سے تیر جلد نکل جائے۔
المَزَلَّۃ والمِزَلَّۃ. پھسلنے کی جگہ۔ ج مَزَالُّ.
المُزَلِّلُ. فا بہت بھلائی کرنے والا۔
زَلِبَ(س) زَلْبًا. بِہ بلازم رہنا۔ چپٹا رہنا۔ جدا نہ ہونا۔

الزُّلبة. لقمہ۔ تیر۔
الزَّلابِيَّة. جلیبی۔
زَلَجَ (ض) زَلْجًا وزَلِيْجًا وزَلَجَانًا. تیزی سے چلنا۔
زَلَجَ (ن) زَلْجًا وأَزْلَجَ. البَابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کرنا (دیکھئے مِزْلاج)
زَلَجَ (ن) زَلَجَانًا. فُلَانًا: آگے ہونا۔
زَلِجَ (س) زُلُوْجًا وتَزَلَّجَ. پھسلنا۔ اور اسی سے مِزْلَجٌ ہے۔ ان سواروں کو کہتے ہیں جن میں پہیے نہیں ہوتے اور برف پر پھسلتی ہیں ج مَزَالِج. زَلَجَ الْكَلَامُ مِنْ فِيْهِ: بات کا منہ سے نکل پڑنا الماءُ عَنِ الْحَنْجَرَةِ: پانی کا حلق سے پیٹ میں اتر جانا۔
زَلَّجَ. الْكَلَامَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔ عَيْشَه: تھوڑی سی چیز پر زندگی بسر کرنا۔
تَزَلَّجَ. الشَّيْءُ: پھسلنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَلَّجَ السَّهْمُ عَنِ الْقَوْسِ" تیر کمان سے پھسل گیا۔ النَّبِيْذَ: نبیذ پینے پر اصرار کرنا۔
مَكَانٌ (زَلْجٌ وزَلَجٌ وزَلِيْجٌ) پھسلنے کی جگہ۔ الزَّالِجُ. فا. مصیبتوں سے نجات پانے والا۔ بہت پینے والا۔ سَهْمٌ زَالِجٌ: تیر جو زمین پر پھسلتا ہوا جائے۔
الزَّلُوْجُ. تیز رفتار۔ سَهْمٌ زَلُوْجٌ: کمان سے پھسلنے والا تیر۔ قَدَحٌ زَلُوْجٌ: ہاتھ سے پھسل جانے والا پیالہ۔ عَقَبَةٌ زَلُوْجٌ: دور دراز لمبی گھاٹی۔
الزَّلَج. چکنی چٹانیں۔
نَاقَةٌ (زَلْجَى وزَلِيْجَة) تیز رفتار اونٹنی۔
الزِّلَاج والمِزْلَاج والمِزْلَاخ. ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔
المُزَلَّج. کم بخیل۔ قوم میں اجنبی آدمی۔ بے مروت۔ ہر چیز کا گھٹیا۔
زَلَحَ (ف) زَلْحًا وتَزَلَّحَ. چکھنا۔
الزَّلَح. باطل۔ کہا جاتا ہے "أَمْرٌ زَلَحٌ" امر باطل۔
الزُّلَح. بڑے کشادہ پیالے۔
تَزَلْحَبَ. عَنْهُ: پھسلنا۔

زَلْحَفَه. علیحدہ کرنا۔
تَزَلْحَفَ وازْلَحَفَّ. علیحدہ ہونا۔
الزِّلْحَفَة. کچھوا (سلحفاۃ کی تحریف ہے)
الزَّلَخْلَخ. ہلکا پھلکا مرد۔
الزَّلَخْلَخَة. پھلکا چپاتی۔ لگن۔
زَلِخَ (س) زَلَخًا. موٹا ہونا۔
زَلَخَ (ض) زَلْخَانًا وزَلَخَانًا. الرَّجُلُ: چلنے میں آگے ہونا رِجْلُه: پھسلنا۔
زَلَخَ (ض ن) زَلْخًا. فُلَانًا بِالرُّمْحِ: بھونکنا رَأْسَهُ: زخمی کرنا۔
زَلَّخَهُ. چکنا و ہموار کرنا۔
أَزْلَخَ. البَابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کر دینا۔ (دیکھئے مزلاج)
تَزَلَّخَ. پھسلنا۔
مَكَانٌ (زَلْخٌ وزَلَخٌ) پھسلنے کی جگہ۔
الزَّلُوْخ. تیز رفتار۔ بِئْرٌ زَلُوْخٌ: کنواں جس کے من پر پھسلن ہو۔
الزُّلَخَة. بچوں کے پھسلنے کی جگہ۔
زَلْدَبَ زَلْدَبَةً. اللُّقْمَةَ: لقمہ نگلنا۔
زَلِزَ (س) زَلَزًا. بے قرار ہونا۔
الزَّلَز والزِّلَز. سامان خانہ۔ آنے کا راستہ۔
زَلْزَلَ زَلْزَلَةً وزَلْزَالًا وزِلْزَالًا وزُلْزَالًا اللّٰهُ الأَرْضَ: بھونچال لانا و ڈرانا، خوف دلانا۔ الإِبِلَ: اونٹ کو سختی سے ہانکنا۔
تَزَلْزَلَتِ. الأَرْضُ: بھونچال ہونا۔ نَفْسُه: موت کے وقت جان کا گھونگرو میں بولنا۔
الزَّلْزَلَة. س. بھونچال۔ ج زَلَازِل.
الزَّلَازِل: سختیاں۔ ہولناک چیزیں۔
الزُّلْزُل. ماہر طبلچی۔ نقارچی۔ غُلَامٌ زُلْزُلٌ: ہلکا پھلکا لڑکا۔
الزِّلْزِل. سامان خانہ۔
الزُّلْزُوْل. سبک ظریف۔ سکی۔ جنگ و بدی۔
زَلَعَ (ف) زَلْعًا. الشَّيْءَ: قریب سے چھیننا۔ رِجْلَه: جلانا۔ الماءَ مِنَ البِئْرِ: پانی نکالنا۔
رَأْسَهُ: سر پھاڑنا۔ تم کہتے ہو "زَلَعْتُ لَهُ مِنْ مَالِي زَلْعَةً" میں نے اپنے مال میں سے ایک حصہ دیا۔

زَلِعَتْ (س) زَلَعًا وزُلُوْعًا وتَزَلَّعَتْ. قَدَمُهُ: قدم کے ظاہر یا باطن کا پھٹنا كَفُّهُ: اوپر سے پھٹنا الجُرْحُ: خراب ہونا۔ تَزَلَّعَ رِيْشُه: پر کا گر جانا۔
زَلَعَتْ (ن) زُلُوْعًا. الشَّمْسُ: آفتاب طلوع ہونا النَّارُ: آگ کا بلند ہونا۔
أَزْلَعَهُ. فِي الشَّيْءِ: کسی چیز کا لالچ دلانا۔
ازْدَلَعَ. الشَّيْءَ: قریب سے چھیننا۔ حَقَّهُ: کسی کا حق کاٹ لینا الشَّجَرَةَ: درخت کاٹنا۔
الزَّلَعَة. خراب شدہ زخم۔
الزَّوْلَع. پھٹی ہوئی ایڑیوں والا۔
الزِّبْلَع. چھوٹی کوڑیوں کی ایک قسم۔
الدَّزْلَع. پھٹے ہوئے پیروں والا۔
ازْلَعَبَّ. السَّحَابُ: گہرا گھرنا۔
سَيْلٌ (مُزْلَعِبٌّ) بڑا سیلاب۔
زَلَغَ (ن) زُلُوْغًا. النَّجْمُ: ستارہ طلوع ہونا النَّارُ: آگ کا بلند ہونا۔
تَزَلَّغَتْ. رِجْلُه: پھٹنا۔ (جید لغت تزلعت ہے)
ازْلَغَبَّ. الفَرْخُ: چوزہ کے پر نکلنا۔ الشَّعْرُ: مونڈنے کے بعد اگنا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا وزَلَفًا وزَلِيْفًا وتَزَلَّفَ وازْدَلَفَ. آگے ہونا۔ قریب ہونا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا وزَلَّفَ. الشَّيْءَ: آگے کرنا۔ زَلَّفَ فِي الكَلَامِ: زیادہ کرنا۔
أَزْلَفَهُ. نزدیک کرنا الأَشْيَاءَ: جمع کرنا الدَّلِيْلُ القَوْمَ: رہبر کا قوم کو آگے بڑھنے پر برانگیختہ کرنا۔
الزَّلَف والزُّلَف والزُّلْفَى. نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔
الزَّلَف. باغ۔
الزُّلْفَة. نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رات کا ایک حصہ۔ بڑا پیالہ۔ ج زُلَف وزُلُفَات و

زُلفات اور بقول بعض الزُلف بمعنی رات دن ملنے کے اوقات۔

الزَلَفَة. بھرا ہوا حوض۔ سیپی۔ کپڑے دھونے کا طشت۔ بڑا پیالہ۔ چکنا پتھر۔ سخت یا جھاڑو دی ہوئی زمین۔ باغ۔ ج زَلَف.

العَقَبَة (الزَلُوف) دور دراز گھاٹی۔

المَزْلَفَة. آبادی جو بیابان اور کشت زار کے درمیان ہو۔ ج مَزَالِف. المَزَالِف: کوچ کرنے کی جگہیں۔ واحد مَزْلَفَة.

زَلِقَت (س) وزَلَقَتْ (ن) زَلَقًا. القَدَمُ: قدم پھسلنا۔ بِمَكَانِهِ: ملول ہو کر علیحدہ ہونا۔

زَلَقَهُ(ض) زَلَقًا وزَلَّقَه وازْلَقَهُ. پھسلانا عَنْ مَكَانِهِ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا رَاسَهُ سر مونڈنا۔ زَلَّقَ المَوْضِعَ: پھسلنے والی جگہ بنانا زَلَّقَ بَدْنَهُ: بدن پر تیل لگانا۔ اَزْلَقَهُ و زَلَّقَه بِبَصرِهِ: غصہ کی وجہ سے تیز نظر سے دیکھنا۔

ازْلَقَت الفَرَسُ: گھوڑی کا ناتمام بچہ گرانا۔

تَزَلَّقَ. اس طرح بننا سنورنا کہ چہرے کی رونق بڑھ جائے۔

الزَلَق والزَلْق والزَلِق والزَلَّاقَة. پھسلن کی جگہ۔ اَرْضٌ زَلَقٌ: چکنی سپاٹ زمین جس میں کچھ نہ ہو۔

الزَلِق. وہ شخص جس کو جماع کرنے میں دخول سے پہلے انزال ہو جائے۔

الزَلَقَة. چکنی چٹان۔ آئینہ۔ نَاقَةٌ (زَلُوقٌ) تیز رفتار اونٹنی۔ عَقَبَةٌ زَلُوْقٌ: دور دراز گھاٹی۔

الزَلِيْق. ناتمام گرا ہوا بچہ۔

الزُلَيْق. ایک قسم کا شفتالو۔ واحد زُلَيْقَة.

المِزْلَاق. ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔ ناتمام بچہ گرانے والی گھوڑی۔

المَزْلَق وَالمَزْلَقَه. پھسلن کی جگہ۔

الزُلْقُوم. گلا۔

زَلَمَ (ن) زَلْمًا. خطا کرنا الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔ الأَنفَ: ناک کاٹنا العَطَاءَ: کم دینا۔

زَلَّمَهُ. نرم کرنا۔ ہموار کرنا الرَحیٰ: چکی کو گھمانا اور کناروں سے پکڑنا العطاءَ: کم دینا الغِذَاءَ: بری خوراک دینا۔

اِزْدَلَمَ. الشَّيْ: کاٹنا۔ جڑ سے کاٹنا۔

اِزْلَأَمَّ اِزْلِئْمَامًا. الشَّيُ: سیدھا کھڑا ہونا القَوْمُ: جلدی کوچ کرنا۔ اِزْلَامَّتِ الضُحیٰ: چاشت کے وقت کا روشن ہونا۔

الزَلَم. کھریا اس کا پچھلا۔ بے پر کا تیر۔ ج اَزْلَام: فال نکالنے کا تیر۔ الزَلَم: ایک قسم کی بوٹی جس کے پھل پھول نہیں ہوتے اور اس کی جڑیں زمین کے بہت اندر اور گرہ دار ہوتی ہیں جس میں چوڑے تخم ہوتے ہیں اور عوام کے نزدیک حب العزیز کے نام سے مشہور ہے۔

الزَلَمَة والزُلْمَة والزَلمة. ہیئت و قد۔ کہا جاتا ہے "هُوَا لَعَبْدُ زُلْمَةً" وہ غلام کے مشابہ ہے۔

الزَلَمَة. بکری کے کان کا کٹا ہوا ٹکڑا جو لٹکتا رہے۔

زَلُوْمَة. الابْرِيْق عِنْدَ العَامةِ: ٹونٹی۔ فصیح لفظ بلبل ہے۔

المُزَلَّم. پستہ قد۔ سبک و چست۔ ظریف

المُزلَّم والزَلِيْم. مِنَ السِهَامِ: عمدہ بنا ہوا تیر۔

المُزَلَّم وَالاَزْلَم. کٹے ہوئے کان والا۔

الزَلْمَاء. الاَزْلَم کا مؤنث۔ مادہ شکرا۔ پہاڑی بکری۔ عمدہ بنایا ہوا تیر۔

زَمَّهُ (ن) زَمًّا. باندھنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَمَّ البَعِيْرَ بِاَنْفِهِ: ناک میں تکلیف کی وجہ سے سر اٹھانا الرَجُلُ بِرَأسِهِ: سر بلند کرنا بِاَنفِهِ: تکبر و گردن کشی کرنا القَوْمَ: رفتار میں قوم سے آگے بڑھنا (وزَمَّمَ) الجمَالَ: اونٹ کے نکیل ڈالنا۔ زَمَّ النَعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا الذِئبُ السَخْلَةَ: بھیڑیے کا بکری کے بچہ کو سر اونچا کر کے لے جانا۔

زَمَّتِ(ن) زُمُوْمًا. القِربَةُ: مشک کا بھرنا نَابُ البَعِيْرِ: اونٹ کے دانت نکلنا۔

(زِمِيْمًا) الزُنْبُوْرُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔

اَزَمَّ. النَعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

زَامَّ مُزَامَّةً. تکبر کرنا۔ زَامَمْتُ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔

اِنْزَمَّ. بندھنا۔

ازْدَمَّ. تکبر سے سر بلند کرنا الذِئبُ السَخْلَة: بھیڑیے کا بکری کے بچے کو سر بلند کر کے لے جانا۔

الزِمَام. جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ مہار۔ باگ۔ نکیل۔ لگام۔ ج اَزِمَّة. زِمَامُ النَعْلِ: جوتے کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِمَامُ قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم کا سردار چودھری ہے۔ و "هُوَ زِمَامُ الاَمْرِ" یعنی اس پر کام کا دار و مدار ہے و "اَلقَوْا فِيْ يَدِهِ زِمَامَ الاَمْرِ" لوگوں نے اپنا معاملہ اس کے ہاتھ میں دے دیا کہ جس طرح چاہے فیصلہ کرے۔ و "هُوَ عَلیٰ زِمَامِ اَمْرِهِ" وہ اپنے کام کے پورا ہونے کے قریب ہے۔ و "هُوَ يَصْرِفُ اَزِمَّةَ الاُمُوْرِ" وہ جس طرح چاہتا ہے امور میں تصرف کرتا ہے۔

الزَامّ. فا. رَجُلٌ زَامٌّ: گھبرانے والا مرد ج زُمَّمٌ کہا جاتا ہے۔ "دَارِيْ مِنْ دَارِهِ (زَمَمٌ)" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ و "اَمْرُ القَوْمِ زَمَمٌ" قوم کے معاملے قریب قریب ہیں۔ ووَجْهِي زَمَمُ بَيْتِهِ میرا چہرہ اس کے گھر کے مقابل ہے۔

الزُمَّام. اونچی گھاس۔

الازْمِيْم. مہینے کے آخر کا چاند۔

زَمُتَ (ک) زَمَاتَةً و تَزَمَّتَ. سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔ صفت (زَمِيْتٌ) ج زُمَتَاء و (زِمِّيت)

زَمَتَهُ(س) زَمْتًا. گلا گھونٹنا۔

زَمَجَ(ن) زَمْجًا. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ عَلَيْهِمْ: بغیر بلائے ہوئے آ کر کھانا۔

زَمِجَ (س) زَمَجًا. غضبناک ہونا۔ صفت (زَمِج) کہا جاتا ہے۔ اَخَذَهُ (بِزَأمَجِهِ) یعنی اس نے سارا لے لیا۔

الزُمَّج. عقاب سے چھوٹا ایک سرخ رنگ کا شکاری پرندہ۔ ج زَمَامِيْج. زُمَّجُ المَاءِ:

ایک آبی پرندہ جو صرف مچھلی کھاتا ہے۔
الزِمِجّی. پرندہ کی دم کی جڑ۔
زِمِجَّةُ. الظَّلِیْم: شتر مرغ کی چونچ۔
الْمُزْمَئِج. غضبناک۔
زَمْجَر زَمْجَرَةً. شور مچانا (وتَزَمْجَر) الْاَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔
اِزْمَجَرَّ. آواز کرنا۔
الزَمْجَرَة. س. بانسری۔ زَمْجَرَةُ کُلِّ شَیْئٍ: ہر چیز کی آواز۔ ج زَمَاجِر وزَمَاجِیْر.
الزُمَّح الزَوْمَح. کمینہ۔ پست قد۔ بدصورت۔ کالے رنگ کا۔ بدصورت وشریر۔
الزَامِح. پھوڑا۔
زَمَخ (ف) زَمْخًا. تکبر کرنا۔ صفت (زَامِخ) ج زُمَّخ.
عَقَبَةٌ (زَمَخٌ و زَمُوْخٌ) دور دراز و سخت گھاٹی۔
زَمْخَر. النَمِرُ: چیتے کا غصہ سے دھاڑنا۔ (العَشَبُ:) شگوفہ والا ہونا اور بڑھنا۔
(وازْمَخَرَّ) الصَّوْتُ: آواز کا تیز ہونا۔
تَزَمْخَرَ. النَمِرُ: چیتے کا غضبناک ہونا اور دھاڑنا۔
الزَمْخَر. بڑی بانسری۔ بہت گنجان درخت۔
رَجُلٌ زَمْخَرٌ: عالی مرتبہ مرد (والزَمْخَرِیُّ) کھوکھلی۔ ہڈی۔
الزَمْخَرة. زانیہ عورت۔ زَمْخَرة الشَّبَابِ: بھرپور جوانی الشَّجَرِ: درخت کا گنجان ہونا۔
الزِمْخِیر. تھوڑا۔
السَّبْرَة. ٹھنڈی صبح۔ ج سَبَرات.
السُّبَر والسُّبَرَة. ایک شکاری پرندہ۔
السِّبار. ج سُبرو (المِسْبَر والمِسْبار) ج مَسابر و مَسابير: زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔
السِّبار: افریقہ کے جنگلوں کا ایک درندہ جو بجو کے مشابہ ہوتا ہے۔
اَلسَّابُوْرَة: مٹی وغیرہ اٹھانے کے لئے ٹوکرا۔
السِّبارَة. ایک قسم کا جہاز۔
السَّابِرِی. سابور کی جانب منسوب۔ عمدہ کھجور۔ باریک بنی ہوئی مضبوط زرہ۔
السَّبُّورَة. سلیٹ۔ بلیک بورڈ۔
المَسْبَر. ہیئت و حسن و جمال۔ کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ مَسْبَرَهُ و مَخْبَرَهُ"
المِسْبار. زخم کی گہرائی معلوم کرنے والا۔ ج مَسابِير.
مَسْبَرةُ. الجرح: زخم کی گہرائی۔
المَسْبَرة. آزمائش۔
المَسْبُوْر. ش۔ اچھی ہیئت والا۔
سَبْرَتَ. الرَّجُلُ: قناعت کرنا۔
السُّبْرُت والسُّبْرُوْت والسِّبْرِيت والسِّبْرات. مسکین و محتاج۔ ج سَبارِيت و سَبارِ. السُّبْرُوْت: تھوڑی چیز۔ امرد لڑکا۔
السُّبْرُوْت مِنَ الأرْض: چٹیل بیابان۔
المُسَبْرَت. وہ شخص جس کے بال نہ ہوں۔
سَبْسَبَ. المَاءَ: پانی بہانا الرَّجُلُ: نرم و آہستہ چلنا۔ بری گالی دینا۔
تَسَبْسَبَ. الماءُ پانی بہنا۔
السَّبْسَب. بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔ ج سَباسِب اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ سَباسِب او سُباسِب" بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔
سَبِطَ(س) سَبْطًا و سَبَطًا و سُبُوْطًا و سَبُطَ(ن) سُبُوْطَةً و سَباطَةً.
الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔
سَبُطَ(ک) سَباطَةً. المطرُ: بہت بارش ہونا اور دور تک ہونا۔
سُبِطَ سَبْطًا. بخار ہونا۔
سَبَّطَتِ. النَّاقَةُ او النَّعْجَةُ: اونٹنی یا بھیڑ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ صفت (مُسَبِّط)
اَسْبَطَ. خوف کی وجہ سے چپ رہنا۔ کمزور ہونا۔ گر کر بے حس و حرکت ہونا بالأرْضِ: چمٹنا فِي نَوْمِهِ: نیند میں آنکھیں بند کرنا عَنِ الأمْرِ: غفلت کرنا۔
السِّبْط. اولاد کی اولاد۔ اس کا اطلاق اکثر نواسوں پر ہوتا ہے جیسے حفید کا اطلاق پوتوں پر مِنَ اليَهُوْدِ: یہ لفظ یہودیوں کے لیے ایسے ہی مستعمل ہے جیسے عرب کیلئے قبیلہ کا لفظ۔ ج اَسْباط.
السَّبْط والسَّبِط. مِنَ الشَّعْرِ: سیدھے بال۔ السَّبْط مِنَ المطرِ: بکثرت بارش۔ ج سِباط. کہا جاتا ہے "هُوَ سَبِطُ اليَدَيْنِ اَوْ سَبْطُ البَنان" یعنی وہ فیاض و کریم ہے۔ و "سَبْطُ الجِسْم" عمدہ قد و قامت والا۔
السَّبَط. ترو تازہ لمبی گھاس۔ چینا کی مانند ایک پودہ۔ واحد (السَّبَطة) شَعْرٌ سَبْط: سیدھے بال۔ السَّبِط: درخت جس کی ڈالیاں بہت ہوں اور جڑ ایک ہو۔
سَباط. بروزن قطام بمعنی بخار۔
سُباط. ایک ترکی مہینہ مطابق ماہ فروری۔ اس کو شباط بھی کہتے ہیں (اور یہ منصرف اور غیر منصرف دونوں ہے۔)
السُّباطَة. بال جو کنگھی کرنے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا خانہ۔
السَّابُوْط. ایک سمندری جانور۔
السَّاباط. چھت جو دو مکانوں کے درمیانی راستہ پر ہو۔ ج سَوابيط و ساباطات.
السَّبَطانة. نے۔ جس میں گولی ڈال کر پرندہ کو مارتے ہیں۔
اِسْبَطَرَّ اِسْبِطْرارًا. دراز ہو کر لیٹنا۔
اِسْبَطَرَّتِ الابِلُ: تیز چلنا لَهُ البِلادُ: کسی کیلئے ممالک و بلاد کا درست ہونا۔
السِّبَطْر. تیز خاطر و چالاک۔ لمبا۔ اسدٌ سِبَطْرٌ: حملہ کرنے کے وقت دراز ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "جِمالٌ سِبَطْراتٌ" لیٹے ہوئے اونٹ (اس میں تا تانیث کی نہیں بلکہ ایسی ہی ہے جیسے حَمَّامات اور رِجالات مذکر کی جمع میں۔)
السُّباطِر والسَّبَيْطَر. لمبا مرد۔
السِّبَطْرَى. متکبرانہ چال۔
سَبَعَ (ف ن) سَبْعًا. القَوْمَ: ساتواں ہونا۔ مال کا ساتواں حصہ لینا الحَبْلَ: سات لڑی کی رسی بنانا الشَّيءَ: سات بنانا الرَّجُلَ: غیبت کرنا۔ گالی دینا الشَّيءَ: چرانا۔ الذِّئبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکری کو پھاڑنا۔
سُبِعَتِ. الوَحْشِيَّةُ: درندے کا بچے کو کھا جانا۔ صفت (مَسْبُوْعَة)
سَبَّعَهُ. سات بنانا یا سات گوشہ کا بنانا الإناءَ: برتن کو سات مرتبہ دھونا اللهُ لَكَ: سات مرتبہ یا سات گنا دینا یا سات اولاد دینا المرْأةُ: عورت کا ساتویں مہینے بچہ جننا القَوْمُ: پورے سات سو ہونا۔
سابَعَهُ مُسابَعَةً و سِباعًا. گالی گلوچ کرنا۔
اَسْبَعَ. القَوْمُ: سات ہونا الرَّاعِي: چرواہے کے جانوروں میں درندہ کا آپڑنا الشَّيءَ: سات بنانا المَكانُ: بہت درندوں والی ہونا ہ: درندے کا گوشت کھلانا الرَّجُلُ: گھاٹ پر ساتویں دن جانے والے اونٹوں کا مالک ہونا۔ ایسے اونٹوں کو (سَوابِع) کہتے ہیں۔
اِسْتَبَعَ. الشَّيءَ: کسی چیز کو چرانا الغَنَمَ:

بکری کو پھاڑنا القَوْمُ: سات ہونا۔
السّابِع. فا. ساتواں۔ ج سَبَعَةٌ و سَابِعُوْنَ.
سَبْعَة. سات۔ مؤنث۔ سَبْع.
السَبْع. سَبْعَة کا مؤنث۔ یَوْمُ السَبْعِ: قیامت کا دن۔ السَبْعُ المَثَانِي. سورۂ فاتحہ یا پہلی سات سورتیں۔ کہا جاتا ہے "طَافَ بِالبَيْتِ سَبْعًا" اس نے بیت کا سات مرتبہ طواف کیا۔
السَبُع والسَبْع والسَبَع. درندہ۔ ج اَسْبُع و سِبَاع و سُبُوع و سُبُوعَة مؤنث سَبُعَة و سَبْعَة. السَبُع مِنَ الطَيْرِ: شکاری پرندہ۔
السُبْع. ساتواں حصہ۔ ج اَسْبَاع. و حُمّيٌ السُبْعِ: ساتویں روز کی باری کا بخار۔
السِبْع. اونٹوں کا ساتویں دن گھاٹ پر آنا۔
السُبَاعِيّ. سات گوشے والا۔ سات حروف والا لفظ۔ بڑا اونٹ۔ سُبَاعِيّ البَدْنِ: پورے قد و قامت والا۔ مَوْلُوْدٌ سُبَاعِيٌّ: ساتویں مہینے پیدا ہونے والا بچہ۔
السَبْعُوْنَ. مِنَ العَدَدِ: ستر (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)
السَبِيْع. ساتواں حصہ۔
الاُسْبُوْع. ہفتہ۔ ج اَسَابِيع اَرْضٌ (مَسْبَعَة) بہت درندوں والی زمین۔
المُسْبَع. ساتویں مہینے پیدا شدہ بچہ۔ وہ بچہ جس کی ماں مر گئی ہو اور کوئی دوسری عورت دودھ پلائے۔ منہ بولا بیٹا۔
المَسْبُوْع. درندہ سے خائف۔
سَبَغَ (ن) سُبُوْغًا. العَيْشُ: زندگی کا وسیع و فراخ ہونا الثَوْبُ: کپڑے کا زمین تک لمبا ہونا الشَيءُ: پورا ہونا اِلَي وَطَنِه: مائل ہونا المَطَرُ: بارش کا زمین سے قریب ہونا۔
اَسْبَغَ. اللّٰهُ عَلَيْهِ النِعْمَةَ: نعمت کا کامل کرنا یا پوری کرنا الثَوْبَ: کپڑے کا لمبا و کشادہ کرنا الرَجُلُ: پوری زرہ پہننا لَهُ النَفَقَةَ: کسی کے لیے کشادگی سے خرچ کرنا اور تمام ضروریات پوری کرنا۔
السَّابِغ. فا. دِرْعٌ سَابِغَةٌ: پوری زرہ۔ ج سَوَابِغ. ذَنَبٌ سَابِغٌ: لمبی دم۔ سَابِغُ الاِلْيَتَيْنِ: بڑے چوتڑوں والا۔
السَبْغَة. آسودگی۔ وسعت۔
اَلتَّسْبِيْغُ: علم عروض والوں کے نزدیک فاعلاتن کے آخر میں حرف ساکن زائد کرنا مقطوع رمل کی قسم میں وہ فاعلاتان ہو جاتا ہے۔
التَسْبِغ والتَسْبِغَة. خود کا وہ حصہ جو زرہ کی کڑیوں سے مل کر گردن کو چھپاتا ہے۔ ج تَسَابِغ (دونوں لفظ فتحہ با سے بھی ہیں۔)
سَبْغَل. اِسْبَغَلَّ الثَوْبُ: کپڑے کا پانی سے تر ہونا الشَعْرُ: بالوں کا تیل سے تر ہونا۔
المُسْبَغِلّ. فراخ و دراز۔
سَبَقَهُ (ن ض) سَبْقًا. اِلٰي كَذَا: آگے بڑھ جانا ہ عَلٰي كَذَا: غالب ہونا۔ سَبَقَ عَلٰي قَوْمِه: قوم سے بخشش و کرم میں بڑھ جانا۔ صفت (سَابِق) ج سَابِقُوْن و سُبَّاق.
سَبَّقَهُ. شرط لینا یا دینا الشَاةُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا الطَيْرَ: پرندہ کے پیر میں بندھن ڈالنا۔ سَبَّقَ البَدْرَةَ بَيْنَ الشُعَرَاءِ: دس ہزار کی تھیلی شعراء کے درمیان رکھنا تاکہ جو غالب ہو وہ لے لے۔
اَسْبَقَ. القَوْمُ اِلَي الاَمْرِ: سبقت کرنا۔
سَابَقَهُ سِبَاقًا و مُسَابَقَةً. آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَابَقْتُ بَيْنَ الخَيْلِ" میں نے گھڑ دوڑ میں مقابلہ کرایا۔
تَسَابَقَ واسْتَبَقَ. القَوْمُ: ایک دوسرے پر آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ اِسْتَبَقَا البَابَ او اِلَي البَابِ: دونوں نے دروازے کی طرف آگے بڑھنے کی کوشش کی۔ اِسْتَبَقَا الصِرَاطَ: دونوں آگے بڑھ گئے اور راستہ کو چھوڑ دیا۔ یہاں تک کہ گمراہ ہو گئے۔
السَبَق. ج اَسْبَاق و (السُبْقَة) شرط جو آگے بڑھنے پر رکھی جاتی ہے۔
کہا جاتا ہے هُمَا (سِبْقَانِ) وہ دونوں ایک دوسرے پر سبقت کرنے والے ہیں۔
السَابِق. فا. گھڑ دوڑ کے میدان کا پہلا گھوڑا۔ اس کو مجلی بھی کہا جاتا ہے بقیہ گھوڑوں کے نام ترتیب وار یہ ہیں۔ المُصَلّي. المُسَلّي. التَالِي. المُرْتَاح. العَاطِف. الحَظِيّ. المُؤَمَّل. اللَطِيْم. السُكَيْت. ج. سَابِقُوْن و سُبَّاق اور کبھی اس کو اسم قرار دے کر سَوَابِق جمع لاتے ہیں۔ جیسے خَاتَم و خَوَاتِم.
السَابِقَة. السَابِق کا مؤنث۔ اولیت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ سَابِقَة فِي هَذَا الاَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اولیت حاصل ہے۔ ج سَوَابِق و سَابِقَات. السَوَابِق: گھوڑے۔
السَبَّاق. بہت آگے بڑھنے والا۔
السِبَاق. مص۔ پائے بند۔ بندش۔ سِبَاقُ الخَيْلِ. گھڑ دوڑ۔
السُبُوْق والمُسَبَّق. مِنَ الخَيْلِ: آگے بڑھنے والا گھوڑا۔
سَبَكَ (ن ض) سَبْكًا و سَبَّكَ. الفِضَّةَ: پگھلا کر سانچے میں ڈھالنا الكَلاَمَ: کلام کو حشو و زوائد سے پاک کر کے عمدہ بنانا۔ سَبَّكَتْهُ التَجَارِبُ: مہذب بنانا۔
اِنْسَبَكَ. الذَهَبُ و نَحْوُهُ: پگھلنا۔ ڈھلنا۔
السَبِيْك. پگھلا ہوا۔ میل کچیل سے صاف کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "تِبْرٌ سَبِيْك"
السَبِيْكَة. چاندی وغیرہ کا ڈلا جو پگھلا کر سانچہ میں ڈھالا گیا ہو۔ ج سَبَائِك.
المَسْبَك. پگھلانے اور ڈھالنے کی جگہ۔ ج مَسَابِك. اِسْبَكَرَّ. دراز ہو کر لیٹنا الاَسَدُ: حملہ کے وقت دراز ہونا۔ اِسْبَكَرَتِ الجَارِيَةُ: پورے قد والی ہونا۔
سَبَلَ (ن) سَبْلاً: گالی دینا۔
سَبَّلَ. المَالَ: اللہ کی راہ میں خیرات کرنا الشَيءَ: مباح کرنا السِتْرَ: پردہ لٹکانا۔
اَسْبَلَ. السِتْرَ: پردہ لٹکانا الدَمْعَ: آنسو بہانا الماءَ: پانی گرانا الطَرِيقُ: بہت

آمدورفت والا ہونا السَّمَاءُ: برسنا الدَّمْعُ او المَطَرُ: بکثرت آنسو بہنا یا بکثرت بارش ہونا الزَّرْعُ خوشہ نکلنا۔

عَلٰی فُلَانٍ: کسی کے خلاف بہت گفتگو کرنا۔

السَّبَلُ. بارش جو ابھی زمین تک نہ پہنچی ہو۔ آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ پر پردہ ہو جاتا ہے۔ بہنے والی بارش یا خون۔ خوشہ۔ ناک۔ اَسْبَلَ الدَّمْعُ او المَطَرُ کا اسم۔ کہا جاتا ہے "سَبَلٌ مِنْ رِمَاحٍ" نیزوں کا مجموعہ خواہ کم ہو یا زیادہ "ثِیَابٌ سَبَلٌ:" لٹکائے ہوئے کپڑے۔

السَّبَلَةُ. مونچھ کے بال۔ اوپر کے لب کے درمیان کا دائرہ۔ داڑھی کا اگلا حصہ۔ ج۔ سِبَال (والسُّبُوْلَةُ والسَّبُوْلَةُ) خوشہ۔ کہا جاتا ہے "مَلَا الإِنَاءَ اِلٰی سَبَلَتِه" اس نے برتن کو کنارہ تک بھر دیا۔ و "جَرَّ سَبَلَتَه" اس نے تکبر سے اپنے کپڑے کھینچے و "بَعِیْرٌ حَسَنُ السَّبَلَةِ" باریک کھال والا اونٹ۔ و "جَاءَ وَقَدْ نَشَرَ سَبَلَتَه" وہ دھمکی دیتا ہوا آیا۔

السَّبِیْلُ. راستہ یا واضح راستہ (مذکر و مؤنث) ج سُبْلٌ و سُبُلٌ و اَسْبُلٌ و اَسْبِلَةٌ و سُبُوْلٌ

اِبْنُ السَّبِیْلِ: مسافر۔ سَبِیْلُ اللّٰهِ: جہاد۔ طلب علم۔ حج۔ امور خیر جن کا اللہ نے حکم دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَكَ عَلَیَّ سَبِیْلٌ" تم کو میرے اوپر مواخذہ کا کوئی حق نہیں۔ و "لَیْسَ عَلَیَّ فِیْ كَذَا سَبِیْلٌ" میرے اوپر اس میں کوئی مواخذہ نہیں اور مولدین کہتے ہیں "مَا عَلَی الْمُحْسِنِ سَبِیْلٌ" محسن پر کوئی معارضہ نہیں۔ و "سَبِیْلُنَا اَنْ نَفْعَلَ كَذَا" یعنی ہم اس کام کے لائق ہیں۔

السَّبِیْلَةُ. راستہ یا واضح راستہ۔

السَّابِلَةُ. رہ چلتا راستہ۔ کہا جاتا ہے۔ "سَبِیْلٌ سَابِلَةٌ" راستہ پر گزرنے والے لوگ۔ ج سَوَابِلُ۔

عَیْنٌ (سَبْلَاءُ) لمبے پلکوں والی آنکھ۔ اِمْرَأَةٌ سَبْلَاءُ. مونچھوں والی عورت۔

الاَسْبَلُ والمُسْبِلُ والمُسْبَلُ والمُسَبَّلُ والمُسَبَّلُ. لمبی مونچھوں والا۔ المُسْبَلُ: گوہ۔ جوئے کے تیروں میں سے پانچواں یا چھٹا تیر۔ ماہ ذی الحجہ۔

اَسْبَنْتَ. المَرْاَةُ ہمیشہ سیاہ تہ بند باندھنا۔

السَّبَنِیَّةُ. عورتوں کا سیاہ تہ بند۔

السَّبَنْتُ والسَّبَنْتَةُ. عرصہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَه سَبَنْتًا" اس کے پاس میں نے عرصہ تک اقامت کی۔

السَّبَنْتٰی. دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَانِتُ و سَبَاتٌ.

السَّبَنْدٰی. دلیر۔ جنگ میں پیش قدمی کرنے والا۔ ج سَبَانِدُ.

سُبِهَ سَبْهًا و سُبِّهَ تَسْبِیْهًا. بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت (مَسْبُوْهٌ و مُسَبَّهٌ)

السَّبَهُ. بڑھاپے کی وجہ سے زوال عقل۔

رَجُلٌ (سُبَّهٌ و سُبَاهٌ) مغرور مرد۔

السُّبَاهُ. سکتہ۔ زوال عقل۔

رَجُلٌ (سَبَاهِیٌّ) بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل شدہ مرد۔

المُسَبَّهُ. فصیح زبان والا۔

سَبَهْلَل. کہا جاتا ہے "جَاءَ الرَّجُلُ سَبَهْلَلًا" مرد بغیر ہتھیار اور ڈنڈے کے آیا۔ یعنی لاپروائی سے آیا یا بغیر کسی کام کے آیا۔ "هُوَ یَمْشِیْ سَبَهْلَلًا" وہ بیکار آتا جاتا ہے۔

سَبٰی یَسْبِیْ سَبْیًا و سِبَاءً. العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا الرَّجُلَ. دور کرنا۔ جلاوطن کرنا الخَمْرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا الحَافِرُ المَاءَ: پانی تک کھودنا فلانًا: کسی کو اپنی محبت میں قید کرنا۔

اِسْتَبٰی اِسْتِبَاءً. العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا قَلْبَ فُلَانٍ: کسی کے دل کو اپنی محبت میں قید کرنا الخَمْرَ: شراب ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا۔

تَسَابٰی. القَوْمُ: بعض کا بعض کو قید کرنا۔

تَسَبّٰی. فُلَانٌ لِفُلَانٍ: کسی کا کسی سے اظہار محبت کرنا اور اپنی طرف مائل کرانا۔

السَّبْیُ. مص۔ قیدی۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِسَبْیٍ كَثِیْرٍ" عموماً اسیر کا لفظ مردوں کیلئے اور سَبْیٌ کا اطلاق عورتوں پر ہوتا ہے۔ ج سُبِیٌّ و سَبْیُ الحَیَّةِ: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔

السَّبِیُّ. قیدی مرد۔ قیدی عورت۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَبِیٌّ و جَارِیَةٌ سَبِیٌّ" ج سَبَایَا سَبِیُّ الحَیَّةِ: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔

السَّبِیَّةُ. قیدی عورت۔ ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجی ہوئی شراب۔ موتی جس کو غوطہ خور نکالے۔

السَّبِیُّ والسِّبَاءُ. لکڑی جس کو سیلاب ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے۔

سَوَابِیْ. السَّابِیَاءُ: جنگلی چوہے کے سوراخ کی مٹی۔

السَّتُّ. عیب۔ بری گفتگو۔

السِّتَّةُ. چھ۔ مذکر کے لیے مستعمل ہے اور مؤنث کے لیے سِتٌّ.

السَّاتُ. چھٹا۔

السِّتُّوْن. ساٹھ (مذکر و مؤنث)

السَّتَبُ. ایک قسم کی تیز چال۔

سَتَرَ (ن ض) سَتْرًا و سَتَرًا و سَتَّرَ. الشَّیْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔ ڈھانکنا۔

سَاتَرَه مُسَاتَرَةً. العَدَاوَةَ: مخفی دشمنی کرنا۔

تَسَتَّرَ واسْتَتَرَ وانْسَتَرَ. چھپنا۔ ڈھک جانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا یَسْتَتِرُ مِنَ اللّٰهِ بِسِتْرٍ" یعنی وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا نہیں۔

السِّتْرُ. پردہ۔ خوف۔ حیاء۔ ج سُتُوْرٌ و اَسْتَارٌ کہا جاتا ہے "مَالَه سِتْرٌ وَلَا حِجْرٌ" یعنی اُسے حیا و عقل نہیں۔ و "هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَه" اللہ نے اس کے پردہ کو پھاڑ دیا۔ یعنی اس کی برائیاں ظاہر کر دیں۔

السُّتْرَةُ. مص۔ ڈھال۔

السِّتَارُ. پردہ۔ ج سُتُرٌ کہا جاتا ہے "مَدَّ اللَّیْلُ سِتَارَه" رات نے اپنے پردہ کو پھیلا

دیا۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔
السُّتْرَةُ. ج سُتَر و (السِتَارَة) ج سَتَائِر: پردہ۔ سُتْرَةُ السَطْحِ: چھت پر پردہ کی دیوار۔
السَتِيْر. چھپا ہوا۔ پاکدامن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَتِيْرٌ وامْرَأَةٌ سَتِيْرَه". ج سُتَراءُ. مثل قُتَلاء و شُهَدَا. و شَجر سَتِيْر: بہت ڈالیوں والا درخت۔
المَسْتُوْر. مفع۔ پاک دامن۔ ج مَسْتُوْرُوْن و مَسَاتِيْر.
السَتَّار. سَاتِرٌ کا مبالغہ اور یہ صفات باری تعالیٰ میں سے ہے۔
الإسْتَار. مِنَ العَدَدِ: چار فِي الوَزْنِ: چار مثقال۔ ج اَسَاتِر و اَسَاتِير.
المِسْتَر والإسْتَارَة. پردہ۔
المُسَتَّر. مف۔ جَارِيَةٌ مُسَتَّرَةٌ: پردہ نشین لڑکی۔
المِسْتَع والمُسْتَع. چست و چالاک اور بہت کار گزار مرد۔
السَتُّوق والسُتُّوق. کھوٹا درہم جس پر چاندی کا ملمع ہو۔
المُسْتُقَة والمُسْتَقَة. لمبے آستین کی پوستین۔ چنگ وغیرہ بجانے کا آلہ۔
سَتَلَ (ن) سَتْلًا وتَسَاتَلَ وانْسَتَلَ واسْتَتَلَ. القَوْمُ: پے درپے یکے بعد دیگرے نکلنا اللُؤلُؤ: موتیوں کا لگاتار بکھرنا الدَمْعُ: آنسو قطرہ قطرہ بہنا۔ صفت سَائِل)
سَتِلَه (س) سَتَلًا و سَاتَلَةً: پیروی کرنا۔
السَتَل. س۔ عقاب یا ایک قسم کا پرندہ جو عقاب یا گدھ کے مشابہ ہوتا ہے۔ ج سِتْلَان و سِتْلَان.
السُتَالَة. ردی چیز۔
المُسْتَل. تنگ راستہ۔ ج مَسَاتِل.
اَسْتَنَ. الرَجُلُ فِي السَنَةِ: قحط سالی میں پڑنا۔
الاَسْتَن والاَسْتَان. بوسیدہ درخت کی جڑیں۔

الإسْتَانه. شہر □۔
سَتَهَ (ف) سَتْهًا. الرَجُل: پیچھے لگنا۔ چوتڑ پر مارنا۔
السَتْه والسِتْه والسَتَه. سرین۔ ج استاه.
الاَسْتَه والسُتَاهِيّ. بڑی سرین والا۔ ج سُتْه و سُتْهَان و ستاهيّ. مؤنث سَتْهَاء.
سَتَا (ن) سَتْوًا. جلدی کرنا۔
اَسْتَي وسَتَّى. الثوب: کپڑا بننے کے لیے تانے کو پھیلانا۔
السَتَا. تانا۔ بھلائی۔ کہا جاتا ہے "نَالَ مِنْهُ سَتًّا"، اس نے اس سے بھلائی حاصل کی۔
الُاسْتِيّ. تانا تنا ہوا کپڑا۔
سَتَاةُ. الثَوْبِ: کپڑے کا تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ لُحْمَة ولَا سَتَاةٌ" نہ تو تو بانا ہے اور نہ تانا۔ یعنی نہ تو تو نافع ہے نہ نقصان رساں۔
سَجَّ (ن) سَجًّا. پتلا پتلا پاخانہ کرنا۔ الحَائِطَه: دیوار لیپنا۔
السَجَّة والسَجَاج. بہت پانی والا دودھ۔
السُجُج. لیپی ہوئی چھتیں۔ پاک نفوس۔
المِسَجَّة. لکڑی کا ایک اوزار جو لپائی کے کام آتا ہے۔
السَجْب. پرانی مشک۔ ج سُجُب. سِقَاءٌ (سَاجِبٌ) خشک مشک۔ ج سَوَاجِب.
سَجَحَت (ف) سَجْحًا. الحَمَامَةُ: کبوتر کا کو کو کرنا (و سَجَّحَ) لَهُ بِكَلَامٍ: تعریض کرنا۔ اشارہ کنایہ سے بات کرنا۔
سَجِحَ (س) سَجَحًا و سَجَاحَةً. اعتدال کے ساتھ طول ہونا۔ کم گوشت والا ہونا الخَدُ: رخسارہ کا ملائم ہونا خُلُقُه: اخلاق کا نرم ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي عَقْلِه رَجَاحَةٌ وفِي خُلُقِه سَجَاحَةٌ" اس کی عقل میں پختگی اور اخلاق میں نرمی ہے۔
اَسْجَحَ. الوَالِي: معاف کرنا الرَجُلُ: نرم اور لطافت آمیز گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِذَا سَاَلْتَ فَاَسْجِحْ" یعنی جب تم سوال

کرو تو نرم الفاظ بولو۔
انْسَجَحَ. لَهُ بِكَذَا: سخاوت وجواں مردی کیا جانا۔
السُجُح. نرم آسان۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُجُحٌ"، نرم اخلاق کا مرد۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بُيُوْتُهُمْ عَلَى سُجُحٍ وَاحِدٍ" ان کے مکانات ایک اندازہ کے ہیں (والسُجُح) راستہ کا درمیانی حصہ۔
السَجِيْح. نرم و آسان۔
السَجِحَة والسَجِيْحَة. عادت۔ فطرت۔ طبیعت۔ السَبِيْحَة: اندازہ کہا جاتا ہے "رَكِبَ سَجِيْحَة رَاسِه" اس نے ایک رائے کو اپنے لئے پسند کیا اور اس پر چل پڑا۔
الاَسْجَح. خوبصورت متناسب اعضاء والا۔ مؤنث سَجْحَاء. ج سُجْح.
سَجَاحِ. بروزن قطام۔ نام ایک عورت کا جس نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں دعوئے نبوت کیا تھا۔
السِجَاح. سامنے۔ کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ سِجَاحَ وَجْهِه" میں اس کے منہ کے سامنے بیٹھا۔
السُجَاح. فضائے آسمانی۔
المَسْجُوح والمَسْجُوحَة. عادت۔
سَجَدَ (ن) سُجُوْدًا. فروتنی سے جھکنا۔ عبادت کیلئے زمین پر پیشانی کو رکھنا۔ صفت مذکر (سَاجِد) ج سُجَّدٌ و سُجُوْد و صفت مؤنث (سَاجِدَةٌ) ج سَاجِدَات و سَوَاجِد.
کہا جاتا ہے "هُوَ سَاجِدُ المَنْخِرِ"، وہ پست و ذلیل ہے۔ "عَيْنٌ سَاجِدَةٌ"، جھکی ہوئی آنکھ۔ و "نَخْلَةٌ سَاجِدَةٌ"، جھکا ہوا کھجور کا درخت۔
سَجِدَت (س) سَجَدًا. رِجْلُه: پیر کا پھولنا۔
اَسْجَدَ. سر جھکانا عَيْنَه: نگاہ پست کرنا۔
الاَسْجَد. پھولے ہوئے پاؤں والا۔
السَجَّاد. بہت سجدہ کرنے والا۔

السِجْدة. سجد کا اسم۔
السَّجَّادَة والمِسْجَدَة. جائے نماز۔
المَسْجد والمَسْجِد. سجدہ گاہ۔ عبادت گاہ۔ ج مَسَاجِد. المَسْجِدُ الحَرَامُ: بیت اللہ شریف۔ المَسْجِد الاَقْصیٰ: مسجد بیت المقدس۔ المَسْجِدَان: مکہ و مدینہ کی مسجدیں۔
المَسْجَد. آدمی کی پیشانی۔ ج مَسَاجِد.
سَجَرَ (ن) سَجْرًا. التَّنُّور: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا الماءُ النَهر: پانی کا دریا کو بھرنا البَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا الماءَ فِي حلقِه: پانی ٹپکانا الکلبَ: گلے میں لکڑی باندھنا الشَيءَ: بھیجنا (سَجْرًا و سُجُوْرًا) النَاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔
سَجَّرَ. الماءَ: پانی جاری کرنا التَّنُّور: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا النَاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔
سُجِّرَ. البَحْرُ: سمندر کا چڑھنا۔ بلند موجوں والا ہونا۔
سَاجَرَهٗ. مخلص دوست بننا۔
اِنْسَجَرَ. الإناءُ: برتن کا بھر جانا الإبلُ فِي سَيْرِهَا: اونٹوں کا لگاتار چلنا۔
السَّجْر. مص۔ بادل کی گرج۔ بِئْرٌ سَجْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔
السُّجْرَة. پانی جو دریا کو بھر دے۔ ج سُجَر (والسَّجَر) فِي العَيْنِ: سرخی ملی ہوئی سپیدی۔
السَّاجِر. فا۔ سیلاب جو ہر چیز کو بھر دے۔ وہ جگہ جس کو سیلاب آ کر بھر دے۔
السَّاجُوْر. لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکائی جاتی ہے۔ ج سَوَاجِيْر: اور اسی سے ہے "سَوْجَرَ الكَلْبَ" یعنی اس نے کتے کے گلے میں لکڑی لٹکائی اور کہا جاتا ہے "فِي اَعْنَاقِهِمْ سَوَاجِرُ" ان کے گلوں میں طوق ہیں۔
المِسْجَر والسَّجُوْر. تنور میں جھونکنے کی لکڑی وغیرہ۔
السَّجِيْرُ. مخلص دوست۔ ج سُجَرَاء

الاَسْجَر. آنکھوں میں سرخی والا۔ مؤنث سَجْرَاء. خالص کیچڑ والا تالاب۔ شیر۔ شَعْرٌ (مُسَجَّر و مُنْسَجِر) لٹکے ہوئے بال۔ المُسَجَّر: وہ دریا وغیرہ جس کا پانی کم ہو گیا ہو۔
المَسْجُوْر. مص۔ ساکن اور بھرا ہوا۔ خالی (ضد) زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔ اللُؤْلُؤ المَسْجُوْر: پروئے ہوئے موتی۔ لڑی سے بکھرے ہوئے موتی۔ لُؤْلُؤَةٌ مَسْجُوْرَةٌ: بہت آبدار موتی۔
السَّجْوَرِيّ. بیوقوف۔
سَجِسَ (س) سَجَسًا. الماءُ: گدلا اور متغیر ہونا۔ صفت (سَجْسٌ و سَجِسٌ و سَجِيْسٌ)
سَجَّسَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا بدبودار و خراب ہونا۔
السَّجَس. مص۔ فساد۔ گدلا پن۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِيكَ سَجِيْسَ اللَّيَالِيْ" میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
السَّجْسَج. زمین جو نہ سخت ہو نہ نرم۔ پو پھٹنے اور آفتاب نکلنے کے درمیان کا وقت۔ کہا جاتا ہے "یَوْمٌ سَجْسَجٌ" دن کہ جس میں نہ تو تکلیف دہ گرمی ہو اور نہ سخت سردی ہو۔ و "هَوَاءٌ سَجْسَجٌ" گرم اور سرد کے درمیان معتدل فضا۔ و "رِيْحٌ سَجْسَجٌ" نرم و معتدل ہوا۔ ج سَجَاسِج و سَجَاسِيْج.
سَجَعَ. (ف) سَجْعًا. الخَطِيْبُ: مقفّی کلام بولنا۔ صفت (سَاجِع و سَجَّاع و سَجَّاعَة) الحَمامَةُ: کبوتر کا کو کو کرنا۔ صفت (سَاجِعَة و سَجُوْع. ج سُجَّع وسَوَاجِع) النَاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا (اور یہ کمان کے لیے بھی مستعمل ہے) کہا جاتا ہے "سَجَعَ فُلَانٌ ذٰلِكَ المَسْجَعَ" فلاں نے اس مقصد کا ارادہ کیا۔
سَجَّعَ. الخَطِيْبُ والحَمامَةُ: بمعنی سَجَعَ (تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔)
السَّاجِع. فا۔ گفتگو، رفتار وغیرہ میں درمیانی چال چلنے والا۔ وَجْهٌ سَاجِعٌ: اچھی خلقت کا معتدل چہرہ۔ نَاقَةٌ سَاجِعَةٌ: طرب ونشاط کے ساتھ آواز نکالنے والی اونٹنی۔
السَّجْعُ. مقفّی کلام۔ ج اَسْجَاع.
السَّجْعَة والاُسْجُوْعَة. قافیہ دار کلام کا ایک ٹکڑا۔ ج اَسَاجِيْع.
المَسْجَع. مقصد۔
سَجَفَ (ن) سَجْفًا و سَجَّفَ. البَيْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا۔
سَجِفَ (س) سَجَفًا. پتلی کمر والا ہونا۔
اَسْجَفَ. السِتْرَ: پردہ لٹکانا۔ البَيْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا اللَيْلُ: تاریکی بڑھنا۔
السَّجْف والسِجْف. ج سُجُوْف و اَسْجَاف و (السِجَاف والسَّجِيْف) دروازے کے دو پردے جن کے بیچ میں کھلا ہوا ہو۔ پردہ۔ السِجَاف: گوٹ۔ سنجاف۔ کہا جاتا ہے "اَرْخَى اللَّيْلُ سُجُوْفَه" رات نے پردے ڈال لئے۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔
السُّجْفَة. رات کا ایک حصہ۔
السِجَافَة. پردۂ حجاب۔
سَجَلَ (ن) سَجْلًا. به: اوپر سے پھینکنا۔ الماءَ: پانی گرانا الكِتَابَ: لگاتار پڑھنا۔
سَجَّلَ. بالشَّيءِ: اوپر سے پھینکنا۔ سَجَّلَ الرَّجُلُ: عہد نامہ لکھنا الاَوْرَاق: کچہری اور محکموں میں اوراق کو تحریر میں لانا۔ القَاضِيْ عَلَيْهِ: فیصلہ کرنا عَلَيْهِ بِكَذَا: مشہور کرنا لَهٗ بِمَالِهٖ: ثابت کرنا۔
سَاجَلَهٗ مُسَاجَلَةً و سِجَالًا. مقابلہ کرنا۔ دوڑ یا شعر گوئی میں مقابلہ کرنا۔
اَسْجَلَ. بہت خیر والا ہونا ہ: بہت دینا۔ الحَوْضَ: بھرنا۔ الكَلَامَ: کلام کو بلا کسی قید کے بولنا۔ النَاسَ: چھوڑنا۔ لَهُمُ الاَمْرَ: لوگوں کے لیے کسی معاملہ کو مباح کر دینا اور اسی سے ہے "هٰذَا مُسْجَلٌ لَه اِنْ شَاءَ اَخَذَه وَاِنْ شَاءَ تَرَكَه" یہ اس کے لیے مباح ہے چاہے لے لے چاہے چھوڑ دے۔ "اَسْجَلَ الاَنْعَامَ فِي الزَّرْعِ":

کھیت میں جانوروں کو آزادانہ چھوڑنا۔
تَساجَلَا. باہم مقابلہ کرنا۔
اِنْسَجَلَ. اوپر سے گرنا۔ کہا جاتا ہے "سَجَلَ المَاءَ فَانْسَجَلَ" اس نے پانی گرایا پس وہ گرا۔
السَّجْل. مر۔ بڑا ڈول جس میں پانی ہو۔ ڈول بھر۔ عطیہ۔ سخی مرد۔ بڑا تھن۔ ج سِجَال و سُجُوْلَ اور کہا جاتا ہے "الحَرْبُ بَيْنَهُمْ سِجَالٌ" یعنی لڑائی میں غلبہ کبھی ایک کو ہوتا ہے کبھی دوسرے کو۔ السَّجْلُ: حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَعْطَاهُ سَجْلَه مِنْ كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔
السِجِلّ. معاہدات کا رجسٹر۔ احکام کا رجسٹر۔ قاضی کا رجسٹر جس میں دعوے اور احکام وغیرہ لکھے جاتے ہیں تاکہ قاضی کے پاس محفوظ رہے۔ ج سِجِلَّات.
السِجِّيل. کنکر۔
عَيْنٌ (سَجُوْلٌ) بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔
السَجِيْل. حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ سَجِيْلَه مِنْ كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔ شَيْءٌ سَجِيْلٌ: بہت سخت چیز۔ ضَرْعٌ سَجِيْلٌ: لٹکا ہوا بڑا تھن۔ دَلْوٌ سَجِيْل و سَجِيْلَةٌ: بڑا ڈول۔ (نَاقَةٌ سَجْلَاء) بڑے تھنوں والی اونٹنی۔
السَّوْجَلَة والسَّوْجَل والسَّاجُوْل. شیشی کا غلاف۔ ج سَوَاجِيْل.
المُنْسَجَل. مفع۔ ہر ایک کیلئے جائز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْنَاهُ وَالدَّهْرُ مُنْسَجِلٌ" ہم لوگوں نے اس کام کو ایسے وقت میں کیا کہ کوئی کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔
السِجِلَّاط. چنبیلی۔
سَجَمَ (ن) سُجُوْمًا و سِجَامًا. الدَمْعُ: آنسو بہنا۔ صفت (سَاجِم)
سَجَمَ (ن ض) سَجْمًا و سُجُوْمًا عَنِ الاَمْرِ دیر کرنا۔ (ض ن) سَجْمًا و سُجُوْمًا و سَجَمَانًا العَيْنُ اَوِ السَّحَابَةُ المَاءَ: آنکھ کا آنسو یا بادل کا پانی بہانا۔
سَجَّمَ تَسْجَامًا و تَسْجِيْمًا واَسْجَمَ. المَاءَ: پانی گرانا۔ اَنْجَمَتِ السَّحَابَةُ: دیر تک برسانا۔
اِنْسَجَمَ. المَاءُ: پانی گرنا۔ بہنا۔ الكَلَامُ: کلام کا مرتب ہونا۔
تَسَاجَمَتِ. الدُّمُوْع: آنسو بہنا۔ گرنا۔
اَسْجَم. پانی۔ آنسو۔
عَيْنٌ (سَجُوْم) آنسو بہانے والی آنکھ۔ ج سُجُوْم. نَاقَةٌ (سَجُوْمٌ و مِسْجَامٌ) بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج سُجُوْم و مَسَاجِيْم.
مَكَانٌ (مَسْجُوْم) بارش شدہ جگہ۔
سَجَنَهٗ (ن) سَجْنًا. قید کرنا۔ سجن الهَمَّ: غم پوشیدہ کرنا۔
سَجَّنَ. الشَيْءَ: پھاڑنا۔
السِجْن. قید خانہ۔ ج سُجُوْن.
السَّجَّان. داروغہ جیل۔
السَجِيْن. قیدی۔ ج سُجَنَاء و سَجْنٰى. مؤنث سَجِيْن و سَجِيْنَةٌ ج سَجْنٰى و سَجَائِن. ضَرْبٌ سَجِيْنٌ: سخت مار جو مضروب کو زمین پر بٹھادے۔
اَلْمَسْجُوْن. مفع۔ قیدی۔
السَاجِنَة. السَاجِن کا مؤنث۔ پہاڑ میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج سَوَاجِن.
السِجِّيْن. ہمیشہ۔ سخت۔ وہ شخص جو ہمیشہ بلا بیوی کے رہے۔ ایک مقام کا نام جس میں کفار و فجار کے اعمال نامے ہیں۔ جہنم کی ایک وادی کا نام۔ برملا واعلانیہ۔ کہا جاتا ہے 'جَاءَ سِجِّيْنًا' وہ برملا آیا۔ کھجور کے درخت کے اردگرد کا گڑھا۔
السَجَنْجَل. آئینہ۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج سَنَاجِل.
سَجَا يَسْجُوْ سَجْوًا و سُجُوًّا. اللَّيْلُ: رات کا سنسان ہونا۔ ہمیشہ رہنا۔ النَاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔
سَجّٰى تَسْجِيَةً. المَيِّتَ: میت کو کپڑے سے ڈھکنا۔ اور اسی سے ہے "سَجِّ مَعَائِبَ اَخِيْكَ" اپنے بھائی کے عیوب کو چھپاؤ۔
اَسْجَتِ اِسْجَاءً. النَاقَةُ: اونٹنی کا زیادہ دودھ والی ہونا۔ اَسْجَى البَحْرُ: سمندر کی موجوں میں سکون ہونا الرَجُلُ: کسی چیز کو چھپانا۔
سَاجَاهُ. کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بِالطَعَامِ فَمَا سَاجَيْنَاهُ" وہ ہمارے پاس کھانا لایا ہم نے اس کو نہیں چھوا۔
السَاجِي. فا. ساکن۔ قرار یافتہ۔ نرم۔ کہا جاتا ہے "عَيْنٌ سَاجِيَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ و "لَيْلَةٌ سَاجِيَةٌ" سنسان رات۔ بہت تاریک رات جو ہر چیز کو ڈھانک لے۔
اِمْرَأَة (سَجْوَاءُ) الطَرْفِ: جھکی ہوئی نگاہ والی عورت۔ نَاقَةٌ سَجْوَاء: دوھنے کے وقت خاموش رہنے والی اونٹنی۔ رِيْح سَجْوَاء: نرم ہوا۔
السَجِيَّة. طبیعت۔ عادت۔ ج سَجِيَّات و سَجَايَا
سَحَّ (ن) سَحًّا. بہت موٹا ہونا۔ المَاءَ: پانی کو لگاتار بہت گرانا اور اسی سے ہے "اِسْتَنْشَدْتُه قَصِيْدَةً فَسَحَّهَا عَلَيَّ سَحًّا" میں نے اس سے قصیدہ پڑھوایا اس نے میرے سامنے لگاتار پڑھا۔ مارنا۔ کہا جاتا ہے "سَحَّهُ مِائَةَ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے (سَحًّا و سُحُوْحًا و تَسْحَاحًا) بہت بہنا۔
سَحَّتْ (ض) سُحُوْحًا و سُحُوْحَةً: الشَاةُ. بہت موٹی ہونا گویا کہ موٹاپے کی وجہ سے چربی بہاتی ہے۔ صفت (سَاحّ و سَاحَّة) ج سِحَاح و سُحَاح.
اِنْسَحَّ. اِبطُ البَعِيْرِ عَرَقًا: اونٹ کی بغل سے پسینہ بہنا۔
السَحّ والسُحّ. خشک متفرق کھجوریں۔
السَحَاح. فضاء آسمانی۔
سَحَابَةٌ (سَحُوْح) بہت بارش والا بادل۔
غَارَةٌ (سَحَّاء) اچانک دشمن پر مصیبت لانے والی لوٹ۔

عَیْنٌ (سَحَاحَةٌ) بہت آنسوؤں والی آنکھ۔
فَرَسٌ (مِسحٌ) تیز رفتار عمدہ گھوڑا۔
سَحَبَهٗ (ف سَحْبًا) زمین پر گھسیٹنا۔ الرَّجُلُ: بہت کھانا پینا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَسْحَبُ ذَیْلَه" وہ متکبرانہ چال چلتا ہوا آیا۔
تَسَحَّبَ عَلَیْهِ: ناز کرنا مِنَ الاکل او الشُّرْب: بہت کھانا پینا فِی حَقِّ فُلَانٍ: چھین کر اپنے حق میں ملا لینا۔
السَّحْب. گھسٹنا۔
السُّحْبَة. آنکھ کا پردہ (و السُّحَابَة) تالاب کا باقی ماندہ پانی۔
السَّحَاب. بادل۔ ج سُحُب. واحد (سَحَابَة) ج سَحَائِب. کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهٗ سَحَابَةَ یَوْمِنَا" میں نے اس کے پاس پورے دن اقامت کی۔
السَّحْبَل. کشادہ وادی۔ بڑا ڈول۔ بڑی مشک۔ بڑا پیٹ۔ بڑی گوہ۔
سَحَتَ (ف سَحْتًا و سُحْتَ. حرام مال کمانا۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ ذبح کرنا۔
سَحَتَ الشَّحْمَ عَنِ اللَّحْمِ: چربی کو گوشت سے علیحدہ کرنا۔ وَجْهَ الْاَرْضِ: مٹانا۔
اَسْحَتَهٗ. خراب کرنا۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ اَسْحَتَ تِجَارَتَهٗ: تجارت میں حرام داخل ہونا۔
اُسْحِتَ. مال ضائع ہونا۔
السَّحْت. مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ عذاب۔ اور کہا جاتا ہے "مَالُهٗ اَوْ دَمُهٗ سَحْتٌ" اس کا مال یا خون اس شخص کیلئے جو ان کو معدوم کرے مباح ہے۔ السُّحْت والسُّحُت. حرام۔ ہر وہ کمائی جو خبیث و قبیح ہو اور اس سے عار لازم آئے۔ جیسے رشوت وغیرہ۔ ج اَسْحَات.
مَالٌ (سُحْتٌ و سُحُتٌ و سَحِیْتٌ و مُسْحَتٌ و مَسْحُوْتٌ) تلف شدہ مال۔ ہلاک شدہ مال۔ رَجُلٌ سُحْتٌ و سَحِیْتٌ: بڑا پیٹو۔ آسودہ ہونے والا۔ عَامٌ (اَسْحَتٌ) و اَرْضٌ (سَحْتَاء) بے نباتات والا سال یا زمین۔
السُّحْتُوت والسِّحْتِیْت. کم روغن اور زیادہ پانی والا ستو۔ تھوڑی چیز۔
السُّحْتُوت والسِّحْتِیّ. پرانا کپڑا۔
السَّحِیْتَة. سب کچھ بہا لے جانے والا بادل۔ ج سَحَائِت.
مَسْحُوْتُ. اَلجَوْفِ والمِعْدَةِ: آسودہ نہ ہونے والا۔ زیادہ بدہضمی ہونے والا۔ (ضد)
سَحَجَهٗ (ف سَحْجًا و سَحَّجَهٗ. چھیلنا الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: کسی چیز کو کسی چیز سے رگڑ کر چھیلنا۔ صفت مفعولی (مَسْحُوْجٌ و سَحِیْجٌ)
سَحَجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا جلدی چلنا۔
تَسَحَّجَ وانسَحَجَ. چھلنا۔
السَّحَّاج. بہت چھلنے والا۔ کہا جاتا ہے "زَمَنٌ سَحَّاجٌ" بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل کر رکھ دے۔
السَّحُوْج والمِسْحَاج. بہت قسم کھانے والی عورت۔
المِسْحَج والمِسْحَاج. مِنَ الدَّوَابِّ: تیز چلنے والا جانور۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ المِسْحَاج: لکڑی کاٹنے کا اوزار۔
زَمَنٌ مِسْحَاجٌ: بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل دے۔
سَحَرَهٗ (ف سِحْرًا. دھوکا دینا۔ جادو کرنا۔ فریفتہ کرنا عن کَذَا: پھیرنا۔ دور کرنا۔ سحر عن الاَمْرِ: کسی معاملہ سے دور ہونا و سَحَرَ الفضةَ چاندی پر سونے کا جھول چڑھانا۔
سَحَرَهٗ (ف سَحْرًا. پھیپھڑے پر مارنا۔ صفت مفعولی (مسحور و سَحِیْر) المطرُ الطین: خراب کرنا۔
سَحِرَ (س سَحَرًا. صبح سویرے آنا۔ ڈول وغیرہ کھینچنے سے پھیپھڑے کا کٹ جانا۔ صفت (سَحِر و سَحِیْر)
سَحَّرَهٗ. جادو کرنا۔ سحری دینا یا کھلانا۔ غذا دینا۔ مشغول کرنا۔
اَسْحَرَ. صبح کے وقت جانا۔
تَسَحَّرَ. سحری کھانا۔
اِسْتَحَرَ. صبح کے وقت میں داخل ہونا یا صبح کے وقت نکلنا۔ الدیکُ: مرغ کا صبح کے وقت بانگ دینا۔
السِّحْر. مص۔ وہ چیز جس کا ماخذ لطیف و دقیق ہو۔ باطل کو حق کی صورت میں ظاہر کرنا۔ جادو۔ دھوکا۔ حیلہ۔ فساد۔ ہر وہ چیز جس کے حاصل کرنے میں شیطانی تقرب کی ضرورت ہو۔ ج اسحار و سُحُوْر. السِّحْر الکلامی: کلام کی لطافت جو جادو کا کام کرے اور خیالات کو پلٹ دے اور اسی سے ہے "اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا"
السَّحَر. صبح سے کچھ پہلے۔ السَّحَر الاَعْلیٰ: صبح کاذب۔ والسَّحَر الآخر: صبح صادق۔ اَلسَّحَرُ: ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْحَار.
السَّحْر والسَّحَر والسُّحْر. پھیپھڑا۔ ج سُحُور و سُحُر و اَسْحَار اور کہا جاتا ہے "اِنْقَطَعَ مِنْهُ سَحْرِی" میں اس سے ناامید ہو گیا۔ و "انتفخ سَحْرُه" وہ بزدل ہو گیا۔ گویا خوف کی وجہ سے اس کا پھیپھڑا پھول گیا۔ و "مَاتَ فلانٌ بَیْنَ سَحْرِی و نَحْرِی" فلاں کا انتقال میرے سینہ سے ٹیک لگائے ہوئے ہوا۔
السَّحَرِی والسَّحَرِیَّة. صبح سے کچھ پہلے۔
السُّحْرَة. صبح کاذب۔
السُّحَارَة. پھیپھڑا مِنَ الشاۃِ: بکری کے پھیپھڑے اور نرخرہ کا وہ حصہ جس کو قصاب کاٹ لیتا ہے۔
السَّحُوْر. سحری۔ وہ کھانا جو صبح سے کچھ پہلے کھایا جائے۔
السَّحِیْر. پیٹ کی بیماری والا مِنَ الخیل: بڑے پیٹ والا گھوڑا۔
السَّحَّار. جادوگر۔
السَّاحِر. فا۔ عالم۔ ج سَحَرَة و سَحَّار و سُحَّار و سَاحِرُوْنَ. مؤنث السَّاحِرَة. ج سَاحِرَات و سَوَاحِر.

السوحر۔ بید کا درخت۔
المُسَحَّر۔ وہ شخص جس کا پھیپھڑا دور کر دیا گیا ہو۔ خوف دلایا ہوا۔ جادو کیا ہوا۔ کھوکھلا۔
المَسْحُوْرَۃ۔ مفع۔ خراب کیا ہوا کھانا۔ کثرت بارش یا کسی اور وجہ سے خراب جگہ۔
عنز مسحورۃ: کم دودھ والی بھیڑ۔ اَرْض مَسْحُوْرَۃ: بنجر زمین۔
تَسَحْسَحَ۔ الماءُ: پانی کا اوپر سے بہنا۔
السَحْسَح والسَحْسَحَۃ۔ گھر کا صحن (السُحْسُح والسُحْسَاح) مِنَ المطر: بہت سخت بارش جو زمین کے کنکر، پتھر وغیرہ کو بہالے جائے۔
سَحَطَ (ف) سَحْطًا و مَسْحَطًا۔ جلدی ذبح کرنا ہ الطعامَ: پھندا لگانا سَحَطَ الشرابَ: پانی ملانا السخلَ: بکری کے بچّہ کو ماں کے ساتھ چھوڑنا۔
اِنسحط۔ من یدہ: ہاتھ سے پھسل کر گرنا عن النخلۃ ونحوھا: لٹکنا اور بغیر ہاتھ سے پکڑے ہوئے اُترنا۔
المَسْحَط۔ حلق۔
شاۃ (سَحِیط و سَحُوْطَۃ) ذبح کی ہوئی بکری۔
سَحَفَ (ف) سَحْفًا۔ الشعرَ عَنِ الجلدِ: بال کو کھال سے زائل کرنا الرأسَ: سر مونڈنا (واَسْحَفَتِ) الریحُ السحابَ: ہوا کا بادلوں کو اُڑا دینا۔ واَسْحَفَ السَحْفَۃ: پیٹھ کی چربی کو بیچنا۔
السَحْفَۃ۔ پیٹھ کے اوپر کی چربی۔ ج سِحاف وسُحُف۔
السُحاف۔ سل کی بیماری۔
السَحِیف۔ چکی کی آواز پیسنے کے وقت۔ دودھ دوہنے کی آواز۔
السَحِیفَۃ۔ سخت بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے۔ چربی جو چھیل کر جدا کی جائے۔ ج سَحائف۔
السَحُوْف۔ سخت بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے "ناقۃ سَحُوْف" بے چربی والی اونٹنی۔ اونٹنی جس کے تھن لمبے ہوں اور تھن کے سوراخ تنگ ہوں۔ جمل اَوْ ناقۃ سَحُوْف: زیادہ چربی والا اونٹ یا اونٹنی۔
مَسْحَف۔ الحَیَّۃ: زمین پر سانپ کے چلنے کے نشانات۔
المِسْحَفَۃ۔ گوشت چھیلنے اور چمڑا کھرچنے کا آلہ۔
رَجُلٌ (مَسْحُوْف) سل کی بیماری والا۔
اَرْض (مُسْحَفَۃ) باریک گھاس والی زمین۔
سَحَقَہُ (ف) سَحْقًا۔ بہت زیادہ کوٹنا۔ باریک کرنا۔ ہلاک کرنا الریحُ الارضَ: ہوا کا تیز چلنے کی وجہ سے صاف کر دینا الرأسَ: سر مونڈنا الشیَٔ الشدیدُ: نرم کرنا القَمْلَۃَ: جوں کو مار ڈالنا الثوبَ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ کرنا العینُ دمعَھا: آنکھ کا آنسو بہانا۔ کہا جاتا ہے "سَحَقَہُ اللّٰہُ" اللہ نے اس کو دور کر دیا۔
سَحِقَ (س) وسَحُقَ (ک) سحقًا: دور ہونا۔
سَحُقَ (ک) سُحُوْقَۃً۔ الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا ہونا النخلۃُ: درخت خرما کا طویل ہونا۔ صفت (سَحُوْق) ج سُحُق۔
سَحَّقَ۔ بہت باریک پیسنا۔
اَسْحَقَہُ۔ دور کرنا۔ ہلاک کرنا الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا خفُّ البعیرِ: گھس جانا۔ الضرعُ دودھ خشک ہو جانا اور تھن کا پیٹ سے لگ جانا۔
اِنْسَحَقَ۔ باریک ہونا القلبُ: دل کا شکستہ ہونا الشیُٔ: کشادہ ہونا۔ دور ہونا الثوبُ: باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا۔ الدلوُ: ڈول کا خالی ہو جانا۔
السَحْق۔ مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ کہا جاتا ہے "ثوبٌ سَحْقٌ و سَحْقُ ثوبٍ" باعتبار وصف یا اضافت کے۔ نیز کہا جاتا ہے "سَحْق درھم" کھوٹا درہم ج سُحُوق۔
السُحْق والسُحُق۔ دوری۔ کہا جاتا ہے "سُحْقًا لَہُ" یعنی اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کرے۔
السَحِیْق۔ دور۔ مِسْکٌ سَحِیْقٌ: باریک پسی ہوئی مشک۔
السَوْحَق۔ لمبا یا لمبا مرد۔
السَحّاقَۃ۔ بہت پینے والا۔ امرأۃ سَحّاقۃ: عورت جس کی پستانیں لمبی ہوں اور لٹک آئی ہوں۔
السَحُوقَۃ۔ سحیق کا مؤنث۔ زور کی بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے۔ ج سَحائق۔
دَمْع (منسحق) بہے ہوئے آنسو۔ ج مَساحِق (نادر) کہا جاتا ہے "جرتْ مِن عینِہ مَساحِقُ الدُموعِ" اس کی آنکھ سے آنسوؤں کی قطاریں بہہ پڑیں۔
الاَسْحَق۔ دور۔
المِسْحَق۔ جس سے پیسا جائے۔
سَحَلَ (ف) سَحْلًا۔ الشیَٔ: چھیلنا۔ پیسنا۔ کوٹنا الرجلَ: گالی دینا۔ ملامت کرنا۔ الغریمَ مائۃ درھمٍ: قرض خواہ کو نقد ادا کرنا۔ ہ مادّہ سوط: مارنا الثوبَ: کچے دھاگے سے بننا۔ الحبلَ: رسی کو اکہرا بٹنا۔
سَحَلَتْ۔ سَحْلًا و سُحُوْلًا۔ العینُ: رونا۔
سَحَلَ (ض) سَحِیْلًا و سُحالًا۔ البغلُ: خچر کا ہنہنانا۔
ساحَلَہُ۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ ساحَلَ القومُ بأولادِھم: ساحل پر لانا۔
اَسْحَلَہُ۔ گالی خوردہ پانا۔
اِنسَحَلَ۔ چھلنا۔ پسنا۔ باریک ہونا۔ بالکلام: گفتگو جاری کرنا۔ اِنسحلتِ الدراھمُ: چمکدار ہونا۔
السَحْل۔ مص۔ (السَحِل) ج اَسْحال وسُحُول و سُحُل و (السَحِیل) کپڑا جس کا سوت کچا ہو۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔
الساحِل۔ فا۔ سمندر کا کنارہ۔ ج سَواحِل۔

السِحَال. لگام۔

السُحْلَة. چھوٹا خرگوش جو اپنی ماں سے جدا ہو گیا ہو۔

السُحَالَة. چاندی یا سونے کا برادہ۔ گیہوں یا جو کی بھوسی۔ ناکارہ لوگ۔

الاِسْحِل. ایک درخت کا نام جس کی مسواکیں بنائی جاتی ہیں۔

الاَسَاحِل. پانی کی نالیاں۔

المِسْحَل. سنگ تراشی کا اوزار۔ ریتی۔ زبان۔ لگام۔ بلیغ خطیب۔ بہادر۔ چست۔ ساقی۔ جلاد۔ حدود کو قائم کرنے والا۔ پختہ ارادہ۔ اکہری بٹی ہوئی رسّی۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فُلَانٌ مِسْحَلَهُ" فلاں نے گمراہی اختیار کی۔ المِسْحَل: شیطان۔ داڑھی کی ایک جانب چھلنی۔ توشہ دان کا منہ۔ بہت پانی والا۔ پرنالہ۔ بہت بارش۔ خسیس آدمی۔ سخاوت وفیاضی۔ گدھے کا بچہ۔ گورخر۔ ماہر قرآن۔ روئی کا پاکیزہ کپڑا۔ ج مَسَاحِل.

السُحَال والسَحِيل. ہنہناہٹ۔

شاب (مُسْحُلانٌ ومُسْحُلانِيٌّ) لمبا یا سیدھے بالوں والا جوان۔ مؤنث مُسْحُلانَة و مُسْحُلانِيَّة)

المُسْحُول. مفع۔ چھوٹا۔ حقیر۔ ہموار کشادہ جگہ۔

السَّحْلَبِيَّات: سحلبی انگوریاں جو کہ اپنی ترکیب میں بے مثل ہیں ان کے پھول مرغوب ہوتے ہیں چائے کی طرح ان کا مشروب پیا جاتا ہے۔

السَحْلال. بڑے پیٹ والا۔

سَحِمَ (س) وسَحُمَ (ک) سَحمًا. کالا ہونا۔ صفت (اَسْحَم) مؤنث سَحْماء. ج سُحْم.

سَحَّمَ. وَجْهَهُ: چہرہ کالا کرنا۔

اَسْحَمَتِ. السَمَاءُ: برسانا۔

السُحَام والسَّحَام والسُحْمَة سیاہی۔

الاَسْحَم. سینگ۔ بادل۔ سرپستان۔ شراب کی مشک۔ بت۔ خون جس میں قسم کھانے والے اپنے ہاتھوں کو ڈبوتے تھے۔

السَحَم. لوہا (والسحِيم والاَسْحَمَان) ایک درخت کا نام۔

السَحْمَة. لوہے کا ٹکڑا۔

السُحُم. لوہار کے ہتھوڑے۔

سَحَنَ (ف) سَحْنًا. الحَجَرَ: پتھر توڑنا الخَشَبَة: لکڑی کو رگڑ کر نرم و چمکدار بنانا الشَّيْءَ: باریک پیسنا۔

سَاحَنَه. ملاقات کرنا۔ بہتر میل ملاپ سے رہنا۔ سَاحَنَه الشَّيْءَ کسی چیز میں شرکت کرنا (و تَسَحَّنه) کسی کے چہرہ مہرہ رنگ و روغن کو دیکھنا۔

السَحْنَة والسَحَنَة والسَحْنَاء والسَحَنَاء ہیئت رنگ کھال کی تابانی۔

المِسْحَنَة. پتھروں کو توڑنے کا اوزار۔ ج مَسَاحِن.

سَحَاه يَسْحَاه و يَسْحُوه و يَسْحِيه سَحْيًا. چھیلنا الطِّينَ: کھرچنا۔ صفت (سَاحٍ) ج سُحَاة و سَاحُون مؤنث سَاحِيَة الشَّعر: مونڈنا (واَسْحَى اِسْحَاءً و سَحَّى تَسْحِيَةً) الكِتَاب: خط پر کسی چیز سے مہر کرنا۔

اِسْتَحَى اِسْتِحَاءً. الشَّيْءَ: چھیلنا۔ الشَّعرَ: مونڈنا اِسْتَحَى مِنْهُ: شرم کرنا۔

السِحَاء. مِنَ الكِتَاب: خط پر مہر کرنے کی چیز۔ واحد سَحَاءَة. السِحَاءَة: دماغ کی جھلی۔ ج سَحَايَا.

السَحَاة میدان۔ جانب۔ ایک قسم کی خاردار گھاس۔ چمگادڑ۔ ج سَحًى.

السِحَايَة. بادل کا ٹکڑا۔ دماغ کی جھلی۔ کسی چیز کا برادہ۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ۔

السَاحِيَة. سیلاب یا زور کی بارش۔

السَحَّاء. بیلچہ بنانے والا۔

الاُسْحُوَان. بہت کھانے والا۔ لمبے قد کا خوبصورت۔

المِسْحَاة. بیلچہ۔ کدال۔ ج مَسَاحٍ.

سَخَّتْ (ن) سَخًّا. الجَرَادَةُ: ٹڈی کا زمین میں دم چبھونا فِيْ السَيْرِ او الحَفْرِ: دور تک جانا یا کھودنا۔

السَخَاخ. نرم عمدہ زمین۔

سَخَأَ (ف) سَخْأً. النَارُ تَحْتَ القِدْرِ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا۔ سلگانا۔

السَخَب. شور۔

السِخَاب. لونگ وغیرہ کا ہار جس میں موتی جواہر وغیرہ نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُكَ وَارِثَ السِخَابِ" یعنی میں نے تم کو مانند بچے کے نا سمجھ پایا۔ ج سُخُب.

اِسْخَاتَّ اِسْخِيْتَاتًا. الجُرْحُ: زخم کے ورم کا ہلکا ہونا۔

السُخْت والسِخِّيْت. سخت۔

السُخْت. کھردار جانوروں کے پیٹ سے جو کچھ نکلے قبل اس کے کہ کچھ کھائیں۔

المَسْخُوت. تاباں۔ چمکیلا۔

السِخِّيْت. بلند اٹھا ہوا غبار۔ سفید آٹا۔ سخت۔ کم گھی والا ستو۔

السِخْتِيَان والسَخْتِيَان. دباغت دی ہوئی بکری کی کھال۔

سَخِرَهُ (ف) سِخْرِيًّا و سُخْرِيًّا و سَخَّرَهُ و تَسَخَّرَهُ واسْتَسْخَرَهُ. بیگار لینا۔ مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا۔

سَخَرَتْ (ف) سَخْرًا. السَفِيْنَةُ: کشتی کا عمدہ رفتار سے چلنا۔ صفت (سَاخِرَة) ج سَوَاخِر.

سَخِرَ (س) سَخْرًا و سَخَرًا و سُخْرًا و مَسْخَرًا و تَسَخَّرَ واسْتَسْخَرَ. بِهِ و مِنْهُ: ٹھٹھا کرنا۔ تم کہتے ہو "اَنَا اَقُوْلُ هٰذَا وَلَا اَسْخَرُ" میں اس کو کہتا ہوں اور ہنسی نہیں کرتا ہوں۔ یعنی بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں۔

السُخْرَة. جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ بیگار یا بیگاری (والسُخْرِيَّة) ٹھٹھا۔

المَسْخَرَة. وہ جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ (لغت عامیہ)

سَخِطَ (س) سَخَطًا. الرَّجُلَ و عَلَيْهِ غضبناک ہونا۔ الشَّيْءَ: ناپسند کرنا۔

اَسْخَطَهُ. غضبناک کرنا۔

تَسَخَّطَهٗ. ناراض ہو کر غضبناک ہونا اور ناپسند کرنا العَطَاءَ : کم سمجھنا۔

السُخْط والسُخُط والسَخَط. ناراضی اور بقول بعض بڑے لوگوں کی ناراضی۔

المَسْخُوْط. مـ ناپسندیدہ۔

المَسخط والمَسْخَطَة. سبب ناراضی۔ ج مَسَاخِط.

سَخُف (ک) سُخْفًا و سَخَافَةً. کمزور عقل والا ہونا۔ سَخُفَ الغَزْلُ : باریک ہونا السِقَاءُ : کمزور ہونا۔

سَخَّفَهٗ. کم عقل قرار دینا۔

سَاخَفَهٗ. بیوقوفی میں مدد دینا۔

السُخْفَة والسَخْفَة. لاغری۔ کمزوری۔ کم عقلی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ سُخْفَةِ عَقْلِكَ" یہ تمہاری کم عقلی کی وجہ سے ہے۔

السَخْف. تنگ گزارہ کی زندگی (والسُخْف) کم عقلی۔

السَخِيْف. کم عقل۔ ثَوْبٌ سَخِيْفٌ : باریک جھرجھرا کپڑا۔ رَجُلٌ سَخِيْفٌ : کمزور عقل والا مرد۔ سَخِيْفُ العَقْلِ : ناقص عقل والا۔ رَأْيٌ سَخِيْفٌ : کمزور رائے۔ سَحَابٌ سُخِيْفٌ : پتلا بادل۔

السَخَافَة. مـ ہر چیز کی کمزوری۔

أَرْضٌ (مُسخِفَة) کم گھاس والی زمین۔

سَخَلَه (ف) سَخْلًا. صاف کرنا۔ چھانٹ دینا۔ سَخَلَ الشَّيْءَ : فریب سے لینا۔

سَخَّلَه. عیب لگانا۔ کمزور کرنا۔

اَسْخَلَ. الأَمْرَ : پیچھے کرنا۔

السَخِل. کمزور مِنَ القَوْمِ : رذیل۔ ج سُخَّل و سُخَّال.

السَخْلَة. بکری کا بچہ۔ ج سَخْل و سِخَال و سُخْلَان و سِخْلَة.

السُخَالَة. پچھوڑن۔ چھلکن۔

المَسْخُوْل. فرومایہ۔ ضعیف۔ مجہول۔ اور اسی سے ہے "كَوَاكِبُ مَسْخُوْلَةٌ" یعنی مجہول ستارے۔

سَخِمَ. اللَّحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا۔

المَاءَ : پانی گرم کرنا اللّٰهُ وَجْهَهٗ : سیاہ رو کرنا ہ بِصَدْرِهٖ : غضبناک کرنا۔

تَسَخَّمَ. عَلَيْهِ : کینہ رکھنا۔ غضبناک ہونا۔

السَخَم. ▯ سیاہی۔

السُخْمَة. سیاہی۔ کینہ۔ غضب۔

السُخَام. کوئلہ۔ ہانڈی کی سیاہی۔ پرندہ کے بازوؤں کے نیچے کے نرم پر۔ لَيْلٌ سُخَامٌ : کالی رات (السُخَامِىُّ والسُخَامِيَة) خوشگوار شراب۔

الأَسْخَم. کالا۔ مؤنث سَخْمَاء. ج سُخْم.

السُخَامِيُّ. کالا۔

السَخِيْمَة. کینہ۔ کہا جاتا ہے "سَلَلْتُ سَخِيْمَتَه باللُطْفِ والتَرَضِّيْ" میں نے اس کے کینہ کو لطف ورضامندی سے نکال لیا۔ پاخانہ۔ حدیث میں ہے "مَنْ سَلَّ سَخِيْمَتَهٗ عَلٰى طَرِيْقٍ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰه" جس شخص نے راستہ پر پاخانہ کیا اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ج سَخَائِم.

المُسَخَّم. مـ کینہ ور۔

سَخَنَ (ن) و سَخِنَ (س) و سَخُنَ (ک) سُخُوْنَةً و سَخَانَةً و سَخْنًا و سُخْنًا و سُخْنَةً. گرم ہونا۔

سَخَنَهٗ (ن) سَخْنًا. بالضَرْبِ : تکلیف دہ طور پر مارنا اور اسی سے ہے "مَا اَسْخَنَ ضَرْبُهٗ" اس کی مار کس قدر تکلیف دہ ہے۔

سَخِنَتْ (س) سَخَنًا و سُخُوْنًا و سُخْنَةً. عَيْنُه : آنکھ کا تکلیف سے جل اُٹھنا۔

اَسْخَنَ و سَخَّنَ. الشَّيْءَ : گرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْخَنَ عَيْنَه و بِعَيْنِه" یعنی اس نے اسے رلا دیا۔

السَخْن والسَخْنَة والسِخْنَة والسَخَنَة والسِخِنَة والسُخُوْنَة. گرمی۔ بخار۔ کہا جاتا ہے "عَلَيْكَ بالأَمْرِ عِنْدَ سُخْنَةِ" معاملہ کو اس کے ابتداء ہی میں ٹھنڈا ہونے سے پہلے سنبھال لو۔

السُخْن والسَخْنَان والسُخْنَان و السَخْنَان. گرم۔

مَاءٌ (سَخِّيْن) گرم پانی۔ ضَرْبٌ سِخِّيْن : تکلیف دہ مار۔ السِخِّيْن : کدال۔ بیلچہ۔ قصائیوں کی چھری۔ ہل کا دستہ۔ ج سَخَاخِيْن.

السَاخِن. فا. گرم۔ ج سُخَّانٌ. مؤنث سَاخِنَةٌ. کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ سَاخِنَةٌ" گرم رات۔

السُخَاخِيْن. گرم۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سُخَاخِيْن" گرم پانی (کلام عرب میں مفاعیل کا وزن اس کے علاوہ کوئی نہیں۔)

السَخِيْن. ہر وہ چیز جو نہ گرم ہو نہ ٹھنڈی۔

السَخِيْنَة. ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ گرم کھانا۔

التَسَاخِيْن. ہانڈیاں۔ موزے۔ چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں۔ (جمع ہے جس کا واحد نہیں اور یا تَسْخَنَ یا تَسْخَان واحد ہے۔)

المِسْخَنَة. ہانڈی۔ ج مَسَاخِن.

سَخَا يَسْخُوْ وسَخِيَ يَسْخٰى و سَخُوَ يَسْخُوْ سَخًا و سَخَاءً و سَخَاوَةً و سُخُوًّا و سُخْوَةً. فیاض ہونا۔ سخی ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَخِيْتُ نَفْسِيْ و بِنَفْسِيْ عَنِ الشَّيْءِ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان ادھر نہیں ہوا۔

سَخَا النَّارَ يَسْخُوْهَا سَخْوًا و يَسْخَاهَا سَخْوًا و سَخْيًا. راکھ نکال کر آگ جلانا القِدْرَ : ہانڈی کے نیچے آگ جلانا الرَّجُلُ : حرکت سے سکون اختیار کرنا۔

تَسَاخٰى و تَسَخّٰى بتکلف فیاض بننا۔

السَخَاوَة. فیاضی۔ بخشش۔

السَخَاءَة. ایک قسم کی سبزی۔ ج سَخَاءٍ.

السَخِيُّ. فیاض۔ ج اَسْخِيَاء و سُخَوَاء مؤنث سَخِيَّة. ج سَخَايَا و سَخِيَّات.

الأَرْضُ (السَخْوَاء) کشادہ نرم زمین۔ ج سُخَاوِيْ و سَخَاوٍ.

أَرْضٌ (سَخَاوِيَة) نرم کشادہ زمین۔ ج

سَخَاوِیُّ.
مَسْخَنُ النَّارِ: وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تاکہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔
المِسْخَاة. چھپٹی۔ آگ کی کریلنی۔
سَدَّ (ن) سَدًّا. الاناءَ: برتن بند کرنا الثُّلْمَةَ: رخنہ درست کرنا البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
سَدَّ (س ض) سَدَدًا و سَدَادًا. درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَسِدُّ فِيْ قَوْلِهِ" وہ ٹھیک بات کہتا ہے و "قُلْتُ لَهُ سَدَادًا مِنَ القَوْلِ و سَدَدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کہی الشَّيءُ: سیدھا ہونا۔
سَدَّدَ. الرُّمْحَ: سیدھا کرنا ہ: راہ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔
اَسَدَّ. الشَّيءُ: سیدھا ہونا الرَّجُلُ: راہِ راست کو پہنچنا یا طلب کرنا۔
تَسَدَّدَ. سیدھا ہونا الشَّيءُ: درست ہونا۔
اِنْسَدَّ واِسْتَدَّ اِنْسِدَادًا واِسْتِدَادًا. بند ہونا۔
اِسْتَدَّ. الشَّيءُ: درست ہونا۔
السَّدَّ والسُّدَّ. ج اَسْدَاد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔ پہاڑ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتْ عَلَيْهِ الاَرْضُ بالاَسْدَادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہوگئے۔ والسَّدَّ ج اَسِدَّة عیب مثل اندھے پن کے۔ والسُّدَّ. ج سُدُوْد: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جَرَادٌ سُدٌّ" یعنی ٹڈی دل۔ والسُّدَّ. ج سِدَدَة وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔ وادی۔ مسایَة.
كَلَامٌ (سَدٌّ) صحیح ودرست کلام۔
السَّدَد. مص۔ درستی۔ جو درست ہو۔
السَّدَاد. مص۔ درستی وراستی۔ ہدایت۔
السِّدَاد. ڈھکنا۔ دودھ جو تھن کے سوراخ میں خشک ہو جائے اور دودھ کی نالی کو بند کر دے۔
السِّدَادَة. ڈھکنا۔

السُّدَاد. ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔
رَجُلٌ (سَدَّاد) راہ راست پر رہنے والا مرد۔
السُّدَّة. دروازہ۔ برآمدہ۔ بیٹھنے کی جگہ جیسے منبر۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ ج سُدَد.
عَيْنٌ (سادَّة) اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ۔ ج سُدُد
الاَسَدُّ. ج سُدٌّ (السَّدِيْد) ٹھیک درست۔ حق کا قصد کرنے والا۔
المَسَدّ. بند کرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "سَدَّ مَسَدَّهُ" یعنی قائم مقام۔
سَدَجَ (ن) سَدْجًا. بالشَّيءِ: گمان کرنا۔ (و تَسَدَّجَ) جھوٹ بولنا۔ جھوٹی باتیں گھڑنا۔ صفت (سَدَّاج)
اِنْسَدَجَ. اوندھا گرنا۔
سَدَحَهُ (ف) سَدْحًا. ذبح کر کے زمین پر پھیلانا۔ پچھاڑنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ سَدَحَ بالمكانِ. اقامت کرنا (سَدَحَهُ و سَدَّحه) قتل کرنا۔
اِنْسَدَحَ. چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔
السَّادِح. فا. مالدار۔ صاحب فراخی و ارزانی۔ مؤنث سَادِحَة. السَّادِحَة: گھٹا ٹوپ بادل۔
السَّدِيْح والمَسْدُوْح. چت لیٹا ہوا۔
اِنْسَدَحَ. پھیلنا۔
سَدَرَ (ن ض) سَدْرًا و سُدُوْرًا. الشَّعْرَ: بال لٹکانا الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ لمبا لٹکانا۔
الرَّجُلُ فِي البِلَادِ: جا کر واپس نہ آنا۔
سَدِرَ (س) سَدَرًا و سَدَارَةً. حیران ہونا۔ لاپروا ہونا البَعِيْرُ: شدت گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت (سَادِرٌ) کہا جاتا ہے "تكَلَّمَ سَادِرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔
اِنْسَدَرَ. الشَّعْرُ: بال لٹکنا اور کہا جاتا ہے "اِنْسَدَرَ يَرْكُضُ" وہ آہستہ دوڑا۔ نیچے اُترنا اور ہمیشہ چلنا۔

تَسَدَّرَ. بِثَوْبِهِ: اوڑھ لینا۔
السِّدْر. بیر کا درخت۔ ج سُدُوْر.
السِّدْرَة. بیر کا درخت۔ ج سِدْرَات. و سِدِرَات و سِدَرَات و سِدَر. و سِدْرَةُ المُنْتَهي. ساتویں آسمان میں عرش اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لیے منتہا ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کی انتہا وہیں تک ہے۔
السَّدِر. حیران۔ سمندر۔ نَاقَةٌ سَدِرَةٌ: بوڑھی اونٹنی۔
السِّدَار. پردہ کی مانند جو خیمہ کے عرض میں لگایا جاتا ہے۔
السَّدَّار. بیر کے پتوں کا بیچنے والا۔
السَّدِيْر. تازہ گھاس۔ حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام۔ شاہ نعمان کے ایک محل کا نام۔ یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں۔ سَدِيْرُ النَّخْلِ: وہ جگہ جہاں درخت خرما بہت سے ہوں۔
الاَسْدَرَان. آنکھ کی دو رگیں۔ دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ اَسْدَرَيْهِ" وہ بے حصول مقصود خالی ہاتھ آیا۔
سَدَسَ (ض) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا ہونا۔
سَدَسَ (ن) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا حصہ لینا۔
سَدَّسَ. الشَّيءَ: چھ پہل بنانا۔
اَسْدَسَ. القَوْمُ: چھ ہونا۔ چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا البَعِيْرُ: آٹھویں سال میں دانت گرانا۔
السِّدْس. اونٹ کے لیے چھٹے روز پانی پینے کی باری۔ ست کی اصل سدس ہے۔
السُّدْس والسُّدُس. چھٹا حصہ۔ ج اَسْدَاس اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَضْرِبُ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ" وہ مکر و فریب کی کوشش کرتا ہے۔
السَّدَس. آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔
السَّادِس. فا. چھٹا۔ مؤنث سَادِسَة.

السُّداسِيُّ چھ سے مرکب۔ چھ حرفوں والا کلمہ جیسے زنج بیل۔ کہا جاتا ہے جاءُوْا (سُداس) وہ لوگ چھ چھ ہو کر آئے اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
السُّدُوس والسَّدُوس. سبز رنگ کی چادر۔ السُّدُوس چراغ کی سیاہی۔
السَّدِيس چھٹا حصہ۔ ج سُدُس چھ سے مرکب۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔ چھ سال والی بکری۔
المُسَدَّس. شش پہل۔ وہ سطح جو چھ باہم برابر ضلعوں سے گھری ہو۔ المُسَدَّس: ریوالور جس میں چھ کارتوس ہوتے ہیں۔
سَدَعَ(ف) سَدْعًا ذبح کر کے پھیلانا الشيءَ بالشَّيءِ ٹکرانا۔
سُدِعَ رنج واذیت پہنچایا جانا۔
السَّدْعة رنج واذیت۔
المِسْدَع. اپنے ارادہ پر چلنے والا۔ ہادی رہنما۔
سَدَفَ(ض) سَدْفًا. القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا الحِجابَ: پردہ لٹکانا۔ صفت مفعولی (مَسْدُوف)
اَسْدَفَ. سونا۔ بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (اَسْدَف) مؤنث سَدْفاءُ ج سُدْف الفَجْرُ: روشن ہونا السِّتْرَ: پردہ اٹھانا المَرأةُ القِناعَ: برقعہ ڈالنا۔ اَسْدَفَ عَنْ كَذَا الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَسْدِفِ البابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ تاکہ گھر میں روشنی ہو سکے۔
سَدَّفَه. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
السَّدَف. تاریکی۔ روشنی (ضد) بھیڑ۔ ج اَسْداف.
السَّدْف. وجود جو دُور سے دکھائی دے۔ ج سُدُوف.
السَّدْفَة والسُّدْفَة. تاریکی ۔ روشنی۔ (ضد) السُّدْفَة: دروازہ۔ دروازے کا چھجہ

اس کو بارش سے بچائے۔
السَّدِيف. کوہان کی چربی کا ایک ٹکڑا۔ ج. سِداف و سَدائِف.
السِّدافَة. پردہ۔
السَّدَق والسَّوْذَق. سذق و سوذق کی تصحیف ہے۔
سَدِكَ(س) سَدَكًا و سَدْكًا. بالأَمْرِ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔ صفت (سَدِك) بہ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدِكٌ بالرُّمْحِ" بہت نیزہ مارنے والا ہے۔
سَدَلَ(ن ض) سَدْلًا و سَدَّلَ. الشَّعْرَ اَوِ الثَّوْبَ بال یا کپڑا لٹکانا۔ سَدَلَ الثَّوبَ: کپڑا اھاڑنا فِي البِلادِ جانا۔
سَدِلَ(س) سَدَلًا. خِلْقَةً: جھکاؤ والا ہونا۔
تَسَدَّلَ وانْسَدَلَ لٹکنا۔
سَوْدَلَ. الرَّجُلُ لمبی مونچھوں والا ہونا۔
السِّدْل ہار جو سینہ تک لمبی ہو۔
(والسُّدْل) پردہ۔ ج اَسْدال واَسْدُل وسُدُول. کہا جاتا ہے اَرْخَى اللَّيْلُ سُدُولَه. رات نے اپنے پردے لٹکائے یعنی تاریکی چھاگئی۔
السَّدَل. جھکاؤ۔ میلان۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ سَدَلٌ اِلٰى جانِبٍ" اس کے اندر ایک جانب میلان ہے۔
السَّدِيل. ہودہ پر جو لٹکایا جائے۔ پالکی وغیرہ کا پردہ۔ ج سُدُل واَسْدال و سَدائِل.
شَعْرٌ (مُسَدَّلٌ) بہت لمبے بال۔
السَّوْدَل. مونچھ۔
سَدَمَ(ن) سَدْمًا. البابَ: دروازہ بند کرنا۔ بھیڑنا۔
سَدِمَ(س) سَدَمًا. ندامت کے ساتھ غمگین ہونا۔ غم کے ساتھ غضبناک ہونا۔ بالشَّيءِ: بہت خواہش مند ہونا۔ حریص ہونا المَاءُ: پانی کا بہت دنوں کی وجہ سے متغیر ہونا اور کائی سے ڈھک جانا۔
سَدَّمَ. المَاءَ طُوْلُ عَهْدِه: متغیر کر دینا۔

ماءٌ (سَدْمٌ و سَدُمٌ و سِدمٌ و سُدُمٌ) کائی سے ڈھکا ہوا یا زیادہ دنوں کی وجہ سے متغیر پانی جمع کے لیے کہا جاتا ہے۔ مِیاهٌ سُدُمٌ واَسْدَامٌ وسِدَامٌ. رَجُلٌ سُدُمٌ غضبناک مرد۔
السَّدَم. ندامت کے ساتھ غم۔ غم کے ساتھ غصہ۔
السَّدْمان. ندامت کے ساتھ غمگین۔ غم کے ساتھ غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدْمانُ نَدْمانُ"
اَلسَّدِيْم کرہ آسمانی پر کمزور روشنائی والے ستارے۔ اَلسَّدِيْم تیز تلوار یا اس کی دھار۔
السَّدِيْم. ج سِدام: بہت یاد کرنے والا۔ ج۔ سُدُم: گہرا یا باریک کہرا۔
سَدَنَ(ن ض) سَدْنًا و سِدانَةً: کعبہ یا بت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا۔ صفت (سادِن) ج سَدَنَة کہا جاتا ہے "هُوَ سادِنُ فُلانٍ و آذِنُه" یعنی فلاں کا دربان ہے۔
سَدَنَ لِسِتْرَ: پردہ لٹکانا۔
السِّدْن والسَّدَن. ج اَسْدان. و (السَّدَران) پردہ۔
سِدانَة. الكَعْبَةِ کعبہ کی خدمت۔
السَّدِن. چربی۔ اون۔ خون۔ پردہ۔
السَّدّان. نہائی (صحیح لفظ سدّان ہے۔)
سَدَا اسْدُ و سَدْوًا. بِيَدِه نَحْوَ الشَّيءِ: کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانا الصَّبِيُّ بالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ النّاقَةُ فِي المَشْيِ: کشادہ قدم رکھنا اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَهُ" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔
اَسْدَى اِسْدَاءً. النَّخْلُ غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔
اِسْتَدَى اِسْتِدَاءً. بِيَدِه: ہاتھ بڑھانا الصَّبِيُّ بالجَوْزِ: اخروٹ سے کھلینا الفَرَسُ پسینہ والا ہونا۔
السّادِى. فا. چھٹا۔ مؤنث سادِيَة. ج سُوادٍ النُّوقُ السَّوادِي: کشادہ قدم

رکھنے والی اونٹنیاں۔

سَدَی یَسْدَی سَدًی. البُسْرُ: غلافِ خرما کا ڈھیلا پڑنا۔ صفت (سَدٍ) الْاَرْضُ: زمین کا بہت نمناک ہونا اللَّیْلَةُ: بہت شبنم والی ہونا۔ صفت (سَدِیَةٌ)

سَدَی یَسْدِی سَدْیًا. الثَّوبَ: تانا تننا۔

سَدَّی. الثَّوبَ (تَسْدِیَةً) تانا تننا۔ اِلَیْہِ: احسان کرنا مَعْرُوْفًا: بھلائی کرنا الْاَرْضَ: نمناک کرنا۔

اَسْدَی اِسْدَاءً. الثَّوبَ: تانا تننا۔ کہا جاتا ہے "اَلْحِم مَا اَسْدَیْتَ" یعنی جس احسان کو تم نے شروع کیا ہے اسے پورا کرو اِلَیْہِ: احسان کرنا الْاَرْضَ: نمناک کرنا بینھما: اصلاح کرنا الْاَمْرَ: بیکار چھوڑنا۔

تَسَدَّی تَسَدِّیًا. الشَّیْءَ: سوار ہونا۔ چڑھنا۔ اوپر سے پکڑنا الثَّوبَ: تانا تننا۔

السَّدٰی. تانا۔ ج اَسْدِیَةٌ نمی۔ شبنم۔ شہد۔ بھلائی (والسَّدَاء) سبز کچی کھجور۔

السَّدَاۃ. مِنَ الثَّوبِ: تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ بِلُحْمَةٍ وَلَاسَدَاۃٍ" یعنی تم سے نہ کچھ نفع ہے نہ نقصان۔

اِبِلٌ (سُدًی وَسَدًی) بیکار چھوڑے ہوئے اونٹ (واحد وجمع کے لئے) کہا جاتا ہے "ذَھَبَ کَلَامُہ سُدًی" اس کی گفتگو لغو و بیکار گئی۔

الْاَسْدِیُّ وَالْاُسْدِیُّ. وہ کپڑا جس کا تانا تنا گیا ہو۔

الْمِسْدَاۃُ. تانا تننے کا آلہ۔

السَّذَابُ. ایک بدبودار پودہ جس کے پتے صقر کی طرح ہوتے ہیں۔

السُّذْبَةُ. ایک قسم کا برتن۔

السَّاذَجُ. سادہ کا معرب۔ ایک قسم کی گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے۔ تیز بات۔

السَّذَاجَةُ. سادگی۔

السَّذَقُ. سدہ کا معرب۔ ایرانیوں کا ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحرا و بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے۔

السَّوْذَقُ السَّیْذَاقُ وَالسَّیْذُقَانُ. کنگن۔ شکرا۔ السَّوْذَقُ: زنجیر کا حلقہ۔

السَّوْذَقِیُّ. چست۔ چالاک۔ متکبر۔

السُّذَانِقُ وَالسَّوْذَنِیْقُ وَالسَّوْذَانِقُ. شکرا۔

سَرَّہ (ن) سُرُوْرًا وَمَسَرَّةً وَسُرًّا وَسُرًی وَتَسِرَّةً. خوش کرنا۔

سَرَّہ (ن) سَرًّا. ناف میں نیزہ مارا۔ الصَّبِیَّ: بچے کا نال کاٹنا فلانًا: پھولوں کا گلدستہ دے کر مبارکباد دینا۔

سَرَّ (س) سَرًّا. ناف میں درد ہونا۔

سُرَّ سُرُوْرًا. خوش ہونا۔ صفت (مَسْرُوْرٌ) الصَّبِیُّ: ولادت کے وقت نال کاٹا جانا۔

اَسَرَّہ اِسْرَارًا. خوش کرنا۔ اَسَرَّ السِّرَّ: بھید چھپانا۔ بھید ظاہر کرنا (ضد) اِلَیْہِ بِکَذَا: چپکے سے بیان کرنا اِلَیْہِ الْمَوَدَّةَ وَبِالْمَوَدَّةِ: اپنی دوستی کو چھپانا۔

سَرَّرَہ. خوش کرنا۔ سَرَّرَہ سُرِّیَّةً: لونڈی سے شادی کرانا۔ اس میں ایک لغت تَسَرَّاہ بھی ہے۔

سَارَّہ. پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں بات کرنا۔

تَسَرَّرَ. لونڈی بنانا۔ ایک لغت اس میں تَسَرَّی بھی ہے جیسے تَظَنَّنَ میں تَظَنَّی الثَّوبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

تَسَارَّ. الْقَوْمُ: باہم سرگوشی کرنا اور ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَارَّ زَیْدٌ اِلٰی مَاتَکْرَہُ" یعنی جس سے تم کو نفرت ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔

اِسْتَسَرَّ اِسْتِسْرَارًا. لونڈی کو ہم خوابی کے لیے مخصوص کرنا عَنْهُ: چھپنا۔ الْقَمَرُ: چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ سرار سے ماخوذ ہے) الشَّیْءَ: چھپانے میں مبالغہ کرنا الرَّجُلُ: خوش ہونا الرَّجُلَ: اپنے بھید کو کسی سے ظاہر کرنا۔

السَّرُّ. مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَرٌّ سَرٌّ" نیکی کر کے خوش ہونے والا مرد۔ اور اسی طرح "قَوْمٌ بَرُّوْنَ سَرُّوْنَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے لوگ۔

السِّرُّ. ج اَسْرَار: بھید راز۔ کہا جاتا ہے "صُدُوْرُ الْاَحْرَارِ قُبُوْرُ الْاَسْرَارِ" احرار کے سینے بھید کے لیے قبر ہیں۔ و "رَجُلٌ سِرِّیٌّ" کاموں کو پوشیدہ طور پر کرنے والا مرد۔ و "فُلَانٌ سِرُّ ھٰذَا الْاَمْرِ فُلَان" اس امر کا جاننے والا ہے۔ السِّرُّ: طریقہ۔ وسط۔ وادی کا درمیان۔ خالص چیز۔ عمدہ و افضل چیز۔ پاک و عمدہ زمین۔ قمری مہینہ کی پہلی رات یا آخری رات یا درمیان مہینہ۔ اصل ہر چیز کا جوف و مغز۔ ج اَسِرَّةٌ جیسے قِنٌّ کی جمع اَقِنَّة۔

السِّرُّ وَالسِّرَرُ. ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ ج اَسْرَار ج اَسَارِیْر. الْاَسَارِیْرُ: چہرہ کی خوبیاں۔

السُّرُّ. نال جس کو دائی جنائی ولادت کے وقت بچہ کی ناف سے کاٹتی ہے۔ ج اَسِرَّۃٌ اور سُرٌّ کا اطلاق سرور کے معنی پر بھی ہوتا ہے۔

السِّرَرُ وَالسُّرَرُ. ہتھیلی اور پیشانی کے خطوط۔ ناف کا وہ حصہ جس کو دائی جنائی کے وقت کاٹتی ہے۔ السَّرَرُ: قمری مہینے کی آخری رات۔ کسی چیز کا کھوکھلا ہونا۔

السَّرَّۃُ. گلدستہ۔

السُّرَّۃُ. نال جس کے ذریعہ سے جنین کے پیٹ میں غذا پہنچتی ہے۔ ناف۔ ج سُرَّات و سُرَر سُرَّۃُ الْوَادِی: وادی کا درمیان یا وادی کی بہترین جگہ۔ سُرَّۃُ الْبَلَدِ: وسط شہر۔ سُرَّۃُ الْحَوْضِ: حوض کی تہ میں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ سُرَّۃُ الْفَرَسِ: ایک ستارہ۔ اِمْرَأَۃٌ سُرَّۃٌ: لوگوں کو خوش کرنے والی عورت۔

السُّرُوْرُ. خوشی۔

السُّرُوْرُ. خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔

السَّرِیْرُ. تخت۔ عموماً تخت شاہی کیلئے بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "زَالَ عَنْ سَرِیْرِہٖ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی۔ خواب گاہ۔ گردن اور سر کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا اَسِرَّۃَ رُؤُوْسِھِمْ" انہوں نے ان کی گردن

میں سر کے ملنے کی جگہ پر مارا۔ نعمت۔ فراخی زندگانی۔ ٹیلہ پر کی ریت۔ ج اَسِرَّةٌ و سُرُرٌ.

السَّرِيْرَةُ. بھید۔ راز۔ وہ امر جس کو پوشیدہ رکھا جائے۔ نیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَيِّبُ السَّرِيْرَةِ" وہ پاک دل صاف نیت والا ہے۔ ج سَرَائِرُ.

السُّرِّيَّةُ. لونڈی جو ہم خوابی کے لیے مخصوص کی جائے۔ ج سَرَارِيُّ۔ اغلب یہی ہے کہ اس کا اشتقاق سِرٌّ سے ہے اور بعضوں کے نزدیک سرور سے ہے۔

السِّرِّيْرُ. بھائیوں سے اچھا سلوک کرنے والا اور ان کو خوش رکھنے والا۔

السَّرَّاءُ. خوشی۔ خوش حالی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَدِيْقٌ لَهُمْ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ" وہ ان لوگوں کا خوش حالی و بدحالی میں دوست ہے۔ سنگریزہ والی زمین۔ اَرْضٌ سَرَّاءُ: عمدہ زمین۔ السِّيَرَّاءُ: مجوف نالی۔

السِّرَارُ. ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ لکیریں۔ ج اَسِرَّةٌ. السِّرَارُ: قمری مہینے کی آخری رات۔

السَّرَارُ. خالص نسب۔ سَرَارُ الشَّهْرِ: قمری مہینے کی آخری رات۔ سَرَارُ الْوَادِي: وادی کی عمدہ جگہ۔

السَّرَارَةُ. خالص۔ نسب۔ وادی کا درمیان۔ سَرَارَةُ الشَّيْءِ: عمدہ خالص۔ ج سَرَائِرُ.

السَّرَارُ: خلوص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سِرٌّ بَيِّنُ السَّرَارَةِ" وہ خالص ہے جس کا خالص ہونا ظاہر ہے۔ و "هُوَ فِي سَرَارَةٍ مِنْ عَيْشِهِ" وہ اچھی زندگی میں ہے۔

السَّارُوْرَاءُ. خوشی و خوش حالی۔

الاَسَرُّ. کھوکھلا چقماق مِنَ الرِّجَالِ: اجنبی۔ زیادہ موٹا۔

المَسَرَّةُ. س۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔ ج مَسَارُّ.

المِسَرَّةُ. ایک جوف دار آلہ جس کو سننے والے کے کان میں لگا کر بات کرتے ہیں۔

المَسْرُوْرُ. خوش۔ مؤنث مَسْرُوْرَةٌ.

سَرَأَتْ (ف) سَرْأً و سَرَّأَتْ تَسْرِئَةً الجَرَادَةُ او السَّمَكَةُ او الضَّبَّةُ: ٹڈی یا مچھلی یا گوہ کا انڈا دینا المَرْأَةُ: بہت اولاد والی ہونا۔

اَسْرَأَتِ السَّمَكَةُ انڈے دینے والی ہونا۔

السَّرْءُ والسِّرْءُ والسَّرْأَةُ والسِّرْأَةُ. ٹڈی یا مچھلی یا گوہ وغیرہ کا انڈا۔

السَّرُوْءُ. مِنَ السَّمَكِ و نَحْوِهَا: بہت انڈے والی۔ ج سُرُؤٌ و سُرَأٌ.

اَرْضٌ (مَسْرُوْءَةٌ) ٹڈیوں والی زمین۔

سَرَبَ (ن) سُرُوْبًا. الماءُ: پانی کا جاری ہونا الرَّجُلُ: چھپتے چلے جانا۔ الاِبِلُ: چرنے کے لیے جانا (سَرْبًا) القِرْبَةُ: مشک سینا۔

سَرِبَ (س) سَرَبًا. الاِنَاءُ: برتن ٹپکنا المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی کا بہنا۔

سُرِبَ. ناک کے نتھنوں میں چاندی کا دھواں پہنچنے سے گھٹن لاحق ہونا۔ صفت مَسْرُوْبٌ.

سَرَّبَ. الاِبِلَ: گروہ گروہ بھیجنا۔ اِلَيَّ الاَشْيَاءَ: ایک کے بعد ایک دینا الحَافِرُ: دائیں بائیں کھودنا القِرْبَةَ: مشک میں پانی ڈالنا (واَسْرَبَ) اَلمَاءَ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی بہانا۔

تَسَرَّبَ. مِنَ المَاءِ: پانی سے بھر جانا۔ الوَحْشُ فِي حُجْرِهِ: وحشی جانور کا اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔

اِنْسَرَبَ. سوراخ میں داخل ہونا۔ المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی بہنا۔

السَّرْبُ. س۔ جانور۔ جانب۔ سینہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخَلَّى السَّرْبِ" فلاں پر کوئی تنگی نہیں کی گئی ہے۔ "خَلِّ لَهُ سَرْبَهُ" اس کا راستہ چھوڑ دو۔

السِّرْبُ. ہرنوں کا گلہ۔ پرندوں کی ڈار۔ عورتوں کی جماعت۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ راستہ۔ دل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاسِعُ السِّرْبِ" فلاں کشادہ دل ہے۔ ج اَسْرَابٌ.

السَّرَبُ. وحشی جانور کا سوراخ۔ تہ خانہ۔ نالی جس سے پانی آئے۔ مشک سے بہنے والا پانی اور کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ سَرَبٌ" چلتا ہوا راستہ۔ ج اَسْرَابٌ.

السَّرِبُ. بہنے والا پانی۔ مَزَادَةٌ سَرِبَةٌ: بہنے والی مشک۔

السَّرْبَةُ. قریب کا سفر۔ مشک کی سیون۔

السُّرْبَةُ. ہرن، اونٹ وغیرہ کا ریوڑ۔ طریقہ۔ انگور کی بیل کی قطار۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ ج سُرَبٌ.

السَّرَابُ. وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا نظر آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے۔ جھوٹ اور مکر و فریب کے لیے اس سے مثال دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَخْدَعُ مِنَ السَّرَابِ" وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے۔

السَّارِبُ. فا. کھلم کھلا ظاہر۔ ظَبْيَةٌ سَارِبَةٌ: چراگاہ میں جانے والی ہرن (والسَّرُوْبُ) سیدھا جانے والا۔

والمَسْرَبُ. ج مَسَارِبُ: جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لِلْوَحْشِ وَالنَّعَمِ مَسَارِبُ و مَسَارِحُ" وحشی جانوروں اور چوپاؤں کے لیے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔ مَسْرَبُ المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔

المَسْرَبَةُ والمَسْرُبَةُ. چراگاہ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی جگہ۔ دبر۔ ج مَسَارِبُ.

المُنْسَرِبُ. بہت لمبا۔ تیز بہنے والا پانی۔

سَرْبَخَ. الرَّجُلُ: خفیف و سبک ہونا۔ آہستہ چلنا۔ دوپہر میں چلنا۔

السَّرْبَخُ. کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہو جائے۔

قفر (سِرْبَاخٌ و مُسَرْبَخٌ) بیابان دور دراز جس میں آدمی گم ہو جائے۔

سَرْبَلَهُ. کرتا پہنانا۔

تَسَرْبَلَ. بِالسِّرْبَالِ: کرتا پہننا۔
السِّرْبَالُ. کرتا یا ہر وہ لباس جو پہنا جائے۔ ج سَرَابِیل.
سَرَجَ (ن) سَرْجًا. جھوٹ بولنا الْمَرْأَةُ شَعْرَهَا: چوٹی بنانا۔
سَرِجَ (س) سَرَجًا. جھوٹ بولنا۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا۔
سَرَّجَ. الشَّیْءَ: خوبصورت بنانا۔ سَرَّجَهُ اللّٰهُ: توفیق دینا۔ سَرَّجَ الشَّعْرَ: چوٹی بنانا۔ الْحَدِیْثَ: گھڑنا۔ کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَیَّ أُسْرُوْجَةً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔ و"اِنَّهُ لَیُسَرِّجُ الْاَحَادِیْثَ تَسْرِیْجًا" وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں۔ "سَرَّجَ الثَّوْبَ" اس نے دور دور سلائی کی اور صحیح شَرَّجَهُ شین معجمہ سے ہے۔
أَسْرَجَ. الْفَرَسَ: گھوڑے پر زین کسنا۔ السِّرَاجَ: چراغ روشن کرنا۔
تَسَرَّجَ. عَلَیْهِ: جھوٹا گمان کرنا۔
السَّرْجُ. زین. ج سُرُوْج.
السِّرَاجُ. چراغ۔ ج سُرُج. سِرَاجُ اللَّیْلِ: جگنو۔
السِّیْرَجُ. تل کا تیل۔ اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔
السَّرَّاجُ. جھوٹا۔ زین ساز و (السِّرَاجَةُ) زین سازی کا پیشہ۔
السُّرَیْجِیَّاتُ. سریج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔
الْمَسْرَجَةُ. چراغ دان۔ ج مَسَارِج.
الْمِسْرَجَةُ. چراغ۔ ج مَسَارِج.
السِّرْجِنُ والسِّرْجِیْنُ والسِّرْجُوْنُ. گوبر۔
سَرَحَتْ (ف) سَرْحًا و سُرُوْحًا. الْمَوَاشِیْ: جانوروں کا چرنے کے لیے جانا۔ السَّیْلُ: سیلاب کا آہستہ بہنا (سَرْحًا) الْمَوَاشِیَ: جانوروں کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔ سرحهُ: بھیجنا۔ سَرَحَ مَا فِیْ صَدْرِهِ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔

سَرِحَ (س) سَرَحًا. الرَّجُلُ: کسی کا اپنے اُمور کے لیے نکلنا۔
سَرَّحَ. الْمَوَاشِیَ: جانوروں کو چرنے کیلئے چھوڑنا الْقَوْمَ: آزاد کرنا چھوڑ دینا الزَّوْجَةَ: طلاق دینا۔ اسم (السَّرَاح) ہے۔ اِلَیْهِ رَسُوْلًا: پیغامبر بھیجنا الْاَمْرَ: آسان کر دینا۔ اللّٰهُ فُلَانًا لِلْخَیْرِ: بھلائی کی توفیق دینا۔ الشَّعْرَ: کنگھا کرنا عنه: کشادگی کر دینا۔
اِنْسَرَحَتْ. الدَّابَّةُ: جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا الرَّجُلُ: چت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ننگا ہونا۔
تَسَرَّحَ. مِنَ الْمَكَانِ: نکلنا عَنْهُ: کشادگی کیا جانا الْكَتَّانُ. کتاں کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔
السَّرْحُ. مص۔ جانور۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ ہر لمبا درخت۔ بے کانٹوں کا درخت۔ واحد (سَرْحَةٌ) ج سُرُوْح.
السَّرْحَةُ. جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو۔
خَیْلٌ (سُرُحٌ و نَاقَةٌ سُرُحٌ) تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ مِشْیَةٌ سُرُحٌ: نرم چال۔ عَطَاءٌ سُرُحٌ: بغیر ٹال مٹول کے فوری بخشش۔
السِّرْحَانُ. بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا وسط۔ ج سَرَاحٍ و سَرَاحٌ و سَرَاحِیْنُ. ذَنَبُ السِّرْحَانِ: فجر کاذب۔
السِّرْحَانَةُ. سرحان کا مؤنث۔
السَّرِیْحُ. مِنَ الْاُمُوْرِ: آسان۔ جلدی کیا ہوا۔ جلدی۔ والسَّرِیْحُ مِنَ الْخَیْلِ: ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔
السَّرِیْحَةُ. تسمہ جس سے جوتہ وغیرہ سیا جائے۔ کپڑا کا ٹکڑا۔ تنگ زمین کا روشن راستہ۔ ج سَرَائِح.
السَّارِحُ. فا. چرواہا جو اونٹوں کو چرائے۔ جانور۔ مؤنث سَارِحَةٌ اور کہا جاتا ہے "مَا لَهُ سَارِحَةٌ وَلَا رَائِحَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
الْمِسْرَحُ. ج مَسَارِح و (الْمِسْرَحَةُ) کنگھی۔ بال یا کتاں وغیرہ کے جدا جدا کرنے کا اوزار۔
الْمَسْرَحُ. چراگاہ۔ ج مَسَارِح.
الْمَسْرَحُ: وہ جگہ جہاں کہانیوں کو ڈراموں میں پیش کیا جاتا ہے۔ اس کو المرسح پڑھنا غلط ہے۔
الْمُنْسَرِحُ. اوزان شعر کا ایک وزن
(السِّرْیَاحُ) مِنَ الْخَیْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ رَجُلٌ سِرْیَاحٌ: لمبا مرد۔ السِّرْیَاحُ: ٹڈی۔
السَّرَاحُ. تسریح کا اسم۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلْهُ فِیْ سَرَاحٍ و رَوَاحٍ" یعنی اس کو آسانی سے کرو۔
السُّرْحُوْبُ. گیدڑ۔ لمبا متناسب الاعضاء ج سَرَاحِیْب.
السِّرْحَالُ. بھیڑیا۔
سَرَدَ (ن ض) سَرْدًا و سِرَادًا. الْجِلْدَ: چمڑے کو سینا الشَّیْءَ: کسی چیز میں سوراخ کرنا الدِّرْعَ: زرہ بننا الْحَدِیْثَ او الْقِرَاءَةَ: اچھی طرح بیان کرنا یا پڑھنا الصَّوْمَ: پے درپے روزے رکھنا الْكِتَابَ: جلدی سے پڑھنا۔
سَرِدَ وسَرِدَ (س) سَرَدًا. لگاتار روزے رکھنا۔
سَرَّدَ وأَسْرَدَ. الْاَدِیْمَ وَنَحْوَهُ: چمڑے وغیرہ میں سوراخ کرنا اور سینا النَّخْلُ: درخت خرما کا پانی نہ ملنے سے مرجھانا۔
تَسَرَّدَ. الدُّرُّ: موتیوں کا لڑی میں ترتیب وار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَرَّدَ دَمْعُهُ كَمَا يَتَسَرَّدُ اللُّؤْلُؤُ" اس کے آنسو موتیوں کی طرح ترتیب وار ہیں۔
السَّرْدُ. مص. ہر زرہ اور حلقہ کے لیے اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "نُجُوْمٌ سَرْدٌ"
السَّرَدُ. مص. لگاتار ہونا۔
السَّرَادُ. پھل کو پانی نہ ملنے سے پژمردگی۔

السِراد والسرِيد والمِسْرَد. سُتالی۔
المِسْرَد: زبان۔ دہرا سلا ہوا جوتا۔
السارد. موچی۔
السرّاد. زرہ بنانے والا۔
المَسْرُوْد والمُسرَد والمَسْرُوْدَة. زرہ۔
السِرْداب. تہ خانہ۔ ج سَرادِیب.
سَرْدحَہ. بیکار چھوڑنا۔
السِرْداح والسِرْداحة. لمبی اونٹنی اور بقول بعض مضبوط پر گوشت اونٹنی۔
السِرْداح: کیلے کے درختوں کا جھنڈ۔ واحد سِرْداحة. اَرْض سِرْداحة: ہموار زمین۔ دور کی زمین۔ ج سَرادِح و سَرادِیح.
سَرْدَق. البیْتَ: پردہ لگانا۔ شامیانہ لگانا۔ خیمہ لگانا۔
السُرادِق. شامیانہ۔ خیمہ۔ بلند غبار یا دھواں جو کسی چیز کو محیط ہو۔ ج سُرادِقات.
سَرِسَ (س) سَرَسًا. بدخلق ہونا۔ جہالت کے بعد دانا و ہوشیار ہونا۔
السِرِیْس. عقل مند۔ زیرک۔ مقبوضہ چیز کا محافظ۔
سَرْسَر. الشَفرة: دھار تیز کرنا۔
السُرْسُوْر. زیرک۔ محبوب۔ خالص ساتھی کہا جاتا ہے۔ "هُوَ سُرْسُوْرُ مَالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔
السِرسام. ایک دماغی بیماری کا نام۔
سَرَطَ (ن) وسرِط (س) سَرطًا و سَرطانًا و تَسرَّط واسْترَط. الشَیَٔ: نگلنا۔
اِنسَرط. الشَرابُ فِیْ حَلْقِه: حلق میں آسانی سے اُترنا۔
السِراط. واضح راستہ۔
السُراط. مِن السُیُوْف: بہت کاٹنے والی تلوار۔
السُراطِیّ. بہت کاٹنے والی تلوار۔
(والسُرط والسرْواط والسِرطة والسرَّاط والسرطِیْط) جلدی نگلنے والا۔ بہت کھانے والا۔ السُرط. تیز چلنے والا۔
السُرَّیطی. اسم ہے سَرط کا۔ نگلنا۔
السرطان. س۔ کیکڑا۔ اور اس کا نام عَقرَبُ الماءِ بھی ہے اور عوام اس کو السلطعُون کہتے ہیں۔ السرطان: ایک برج آسمانی کا نام ہے۔ ایک پھوڑے کا نام جس میں کیکڑے کی ٹانگوں کی طرح رگیں دکھائی دیتی ہیں اور کہا جاتا ہے "فرسٌ سرطانٌ اَوْ سرطانُ الجرْیِ" یعنی تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المَسْرط والمسْرط. حلق۔ المسرط: جلدی کھانے والا۔
سَرطع. گھبراہٹ کی وجہ سے تیز دوڑنا۔
السَرْطل والسرْطم. بے ڈول۔ لمبا۔
السَرِیْطم والسرْطم. بہت کھانے والا۔
سَرِعَ (س) وسرُع (ک) سُرْعَة و سَرَعًا و سَرعا و سرعا و سُرْعًا و سَراعَة. جلدی کرنا۔
سارعَ. الَیْه: سبقت کرنا فی الْاَمْر: کوشش کرنا۔
اَسرَعَ. فِی المَشیِ: جلدی چلنا۔
تسارعَ و تسرَّعَ. الی الْاَمْر: سبقت کرنا۔ جلدی کرنا۔ (تسرَّع بالْاَمر:) سبقت کرنا۔ تسرَّع الْاَمر: جلدی ہونا۔
السَرْع والسرع. انگور کی تازہ شاخ۔ ہر تر شاخ۔ ج سُرُوع.
سَرْعانَ و سِرْعانَ و سُرْعان. اسم فعل مبنی بر فتحہ۔ بمعنی اسرع یعنی جلدی کرو۔ کہا جاتا ہے "سَرْعانَ القَوْمُ" یعنی اے قوم جلدی کر۔ اور کبھی تعجب کے لیے آتا ہے۔ جیسے "لَسَرْعان ما فعلْت" یعنی تو نے کس قدر جلدی کی۔
سَرَعانُ و سَرْعانُ. القومِ او الخیْلِ: سب سے آگے کے لوگ یا گھوڑے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِیْ سرَعانِ النَاسِ" وہ سب سے آگے کے لوگوں میں آیا۔
السرِیْع. جلد باز۔ ج سُرْعان. مؤنث سرِیعة. ج سِراع. اشعار کے اوزان میں ایک وزن۔
السرِع والسَرْعان. جلد باز۔ مؤنث سرْعی.
اَساریْع. کمان کی لکیریں۔ کہا جاتا ہے "قوسٌ ذات اساریع" لکیروں والی کمان۔ سفید جسم اور سرخ سر والے کیڑے۔ واحد (اُسْرُوْع و یسْرُوْع)
المِسْرَع والمِسْراع. خیر یا شر کی طرف جلدی لپکنے والا۔ ج مساریع و مساریع.
کائی کے بڑے پودے سمندری کناروں پر ہوتے ہیں ان کو التروغا بولتے ہیں۔
السَرْغوْس: مچھلی کی ایک قسم۔
السُرْغوف. نازک و سبک گوشت۔ مؤنث سُرْغُوْفة. السُرْغوْفة: لمبے قد کی نازک بدن عورت۔ ٹڈی۔ کپڑے کو چاٹنے والا کیڑا۔
سرفت (ن) سَرْفًا. السُرْفة الشجرةَ: کیڑے کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا الأمُ ولدَها: ماں کا بچہ کو زیادہ دودھ پلا کر بیمار کرنا۔
سرِفَ (س) سَرفًا. الامرَ: بیکار چھوڑنا۔ جاہل ہونا۔ خطا کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما فی عطائِهِمْ منٌّ ولا سرف" یعنی وہ لوگ داد و دہش کے موقعہ پر غلطی نہیں کرتے بایں طور کہ غیر مستحق کو دے دیں اور مستحق کو محروم کر دیں۔ سرف القوْمَ: تجاوز کرنا الطعامُ: گھن لگنا الرجلُ بالخمر: شراب کا حریص ہونا۔
اَسْرف. المالَ: فضول خرچی کرنا فی کذا: حد سے تجاوز کرنا۔ زیادتی کرنا۔ خطا کرنا۔ جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ صفت (مُسرِف)
السُرفة. گھن۔ سرخ جسم اور کالے سر

والا کیڑا جو چھوٹی لکڑیوں کو اپنے لعاب سے جوڑ کر گھر بناتا ہے اور اس میں داخل ہو کر مر جاتا ہے۔ اسی سے مثال ہے "ھو اصنعُ من سُرفة" وہ سرفہ سے زیادہ کاریگر ہے۔

السرَف. حد و اعتدال سے تجاوز کرنا۔ زیادتی۔ خطاء۔ کہا جاتا ہے "اکلہُ سرفًا" اس نے جلدی سے کھایا۔

السراف. سرفہ (مذکورہ بالا کیڑے) کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا۔

رجلٌ (سرِف) الفؤاد: غافل مرد۔ سرِفُ العقل: خراب یا کم عقل والا۔

ارض (سرِفة) زمین جس میں سرفہ کیڑے بہت ہوں۔

السرُوف. سخت اور بڑا۔

السریف. انگور کی بیل کی قطار۔

سرق (ض) سَرَقًا و سَرِقًا و سَرِقَةً و سَرِقَةً و سَرَقَانًا. منہُ الشئَ و سرقہُ الشئَ: چرانا۔ کہا جاتا ہے "سُرِقُوا لَیلةً مِن الشھر" جبکہ اس رات میں عیش کے ساتھ رہیں۔ و "سَرَقتنی عَینی" میری آنکھ میرے اوپر غالب ہوئی۔

سُرِق الرجلُ: کسی کے مال و متاع کا چوری ہو جانا صوتُہ: آواز پڑنا۔ گلا بیٹھ جانا۔ صفت مسروقُ الصوت.

سرِق (س) سرقًا الشئُ: پوشیدہ ہونا۔ سرِقت مفاصلُہُ: جوڑوں کا سخت ست ہو جانا۔

سرّقہُ. چوری کی نسبت کرنا۔ سرّق الشئَ: چرانا۔

سارقہ النظر: ایک دوسرے کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا اس طرح پر کہ کسی اور کو علم نہ ہو۔ سارق النظر الیہ: کسی کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔

تسرّق. تھوڑا تھوڑا چرانا النظر والسمع: چوری سے دیکھنا یا سننا۔

انسرق عنہُ: جانے کیلئے پیچھے ہٹنا۔

انسرقت مفاصلہ: جوڑوں کا ست ہو جانا۔

استرق. منہُ الشئَ: چرانا السمعَ: چھپ کر سننا الکاتبُ بعض المحاسبات: چھپا لینا۔ ظاہر نہ کرنا۔

السرقة. مص۔ چرائی ہوئی چیز۔

السارق. فا ج سرقة وسُرّاق و سارقُون مؤنث سارقة. السارقة: لوہے یا چمڑے کا طوق۔ ج سوارق. السوارق. تالے کی زائد جھڑ۔

السَرَقَة. س۔ حریر کا ٹکڑا۔ ج سرق (یہ کلمہ اس معنی کے لحاظ سے فارسی ہے۔)

السرّاق. بہت چرانے والا۔

السَرُوق. چور۔ ج سُرُق.

السُراقة. چرائی ہوئی چیز۔

المُسترِق. فا۔ ناقص کمزور۔ مُسترِق العُنق: چھوٹی گردن والا۔

السُرقُع: ترش نبیذ۔

السَرقین و السِرقین گوبر۔ کھاد۔

سرِک (س) سرکًا. قوت و توانائی کے بعد کمزور جسم والا ہونا۔

سرُوک و تسرُوک. لاغری یا تھکن کی وجہ سے آہستہ چلنا۔

سرّمہ. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تسرّم. ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

السُرم. مستقیم آنت کا کنارہ۔ ج اسرام.

السرم. دبر کا درد۔

السُرمان والسِرمان. زرد و سیاہ بھڑ۔

السرمد. ہمیشہ۔ لیلٌ سرمدٌ: لمبی رات۔

السرمدیّ. جس کی ابتدا و انتہا نہ ہو۔

تسرمط الشعر: بال ہلکے اور کم ہونا۔

السرمط والسُرامط والسرومط والمُسرمط والسرمطیط. ہر ایک لمبی چیز۔ السرومط: ہر کمبل وغیرہ جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے۔ رجل سرمط: ہر چیز کو نگلنے والا مرد۔

السرمق. ایک گھاس کا نام۔

السَرمقیات. انگوری کی ایک قسم۔

سرھد. السنام: کوہان کو کاٹنا الصبیَّ: بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔

السرھد. کوہان کی چربی۔ ماءٌ سرھدٌ: بہت پانی۔

المُسرھد. مف۔ موٹا۔

سرھف. الغذاءَ: غذا کو عمدہ بنانا۔ الصبیَّ: بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔

سرا یسرُو سَرْوًا. سرت الجرادة: ٹڈی کا انڈے دینا (و سرّی تسریة واسری اسراء) الثوبَ عنہ: کپڑے اُتارنا۔

سرا یسرُو وسرُو یسرُو وسری یسری سروًا و سراوةً وسرًا وسراء. صاحب مروت و سخاوت ہونا۔

سُرّی وانسری انسراء. عنہُ الھمُّ. غم زائل ہونا۔ دور ہونا۔ سُرّی القومِ: سردار قوم کا مارا جانا۔

ساراہ مُساراة. ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

تسرّی تسرّیًا. بتکلف مروت و سخاوت کرنا۔ لونڈی کو ہم خوابی کے لیے مقرر کرنا۔

استری استراءً. اختیار کرنا۔ چننا۔ الموتُ القومَ: قوم کے سرداروں میں موت واقع ہونا۔

السرو. مص۔ فضل۔ مروت و سخاوت۔ ایک درخت کا نام۔ واحد (سروة) ابو السرو: بخور۔

السَرْوُ: آواز والے صندوق ایک سیدھا سوراخ۔

السَرْوِیَة: ایک پودے کا نام۔

السِروة والسُروة والسَروة. چھوٹا تیر اور بقول بعض چوڑے پھل کا تیر۔ ج سری و سُری. السرو ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی شکل کا ہو۔

السراة. پیٹھ۔ دن کی چڑھائی من

الطَّرِیْق: درمیانہ راہ۔ ج سَرَوَاتِ.

سَرَوَاتِ الْقَوْمِ: سرداران قوم۔

السَّرِیّ. صاحب شرف و مروت یا صاحب مروت و سخاوت۔ شریف سخی سردار۔ ہر چیز میں عمدہ۔ ج سُرًی وسُرَاۃ وسَرَاۃ وأسْرِیاء و سُرَوَاء مؤنث سَرِیَّۃ ج سَرِیَّات وسَرَایَا.

سَرْوَلَہٗ. پاجامہ پہنانا۔

تَسَرْوَل. پاجامہ پہننا۔

السِّرْوَال والسِّرْوَالَۃ والسِّرْوِیْل. پاجامہ۔ ازار۔ کلمہ فارسی ہے اور مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ ج سَرَاوِیْل. فَرَسٌ (مُسَرْوَل) بازوؤں اور رانوں تک سفیدی والا گھوڑا۔

حَمَامَۃٌ (مُسَرْوَلَۃ) ٹانگوں پر پر والا کبوتر۔

سَرٰی یَسْرِی سُرًی وسَرْیَۃً وسُرْیَۃً وسِرَایَۃً وسَرَیَانًا ومَسْرًی واِسْتَرٰی. رات میں چلنا۔ صفت (سَارٍ) ج سُرَاۃ وسَرٰی بِہٖ: رات میں سفر کرانا وسَرٰی عِرْقُ الشَّجَرَۃِ: درخت کی جڑ کا زمین کے نیچے چل پڑنا۔ سَرَی الدَّمُ فِی الْعُرُوْقِ: خون کا رگوں میں دوڑنا الْھَمُّ: غم زائل ہونا اور کہا جاتا ہے "سَرَی الْجَرْحُ اِلَی النَّفْسِ" یعنی زخم نے اثر کیا یہاں تک کہ ہلاکت واقع ہوگئی۔

سُرِیَ عَنْہُ: غصہ یا غم کا زائل ہونا۔

اَسْرٰی اِسْرَاءً. رات میں چلنا الرَّجُلُ: کشادہ زمین کی طرف جانا۔

سَرّٰی. عَنْہُ اور عَنْ قَلْبِہٖ: کسی سے غم دور کرنا قَائِدُ الْجَیْشِ: کمانڈر کا دستہ فوج بھیجنا۔

سَارٰی. صَاحِبَہٗ: ساتھ ساتھ رات میں چلنا۔

تَسَرّٰی وانْسَرٰی. دیکھئے مادہ س ر و۔

السُّرٰی والسَّرَیَان والسُّرْیَۃ. مصادر۔ رات کا سفر اور عرب کا قول "عِنْدَ الصَّبَاحِ یَحْمَدُ الْقَوْمُ السُّرٰی" مثال ہے جو ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ مشقت برداشت کرنے میں راحت کی امید ہو۔

اِبْنُ السُّرٰی: رات کا مسافر۔

السِّرْیَۃ. ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی شکل کا ہو۔

السَّرَاۃ. ہر چیز کا بالائی حصہ۔ سَرَاۃُ الْجَبَلِ. پہاڑ کی چوٹی۔ سَرَاۃُ الضُّحٰی: ابتدائے وقت چاشت۔

السَّرَّاء. رات میں بہت چلنے والا۔

السَّارِی. فا. ج سُرَاۃ (والمُسَارِی و. المُسْتَرِی) شیر۔

السَّارِیَۃ. ساری کا مؤنث۔ رات کو چلنے والی جماعت۔ رات کو آنے والا بادل۔ ستون عِنْدَ المَلَّاحِیْن: مستول۔ ج سَوَارٍ.

اَلسَّارِیَۃُ: متعدی مرض

اَلسَّرْیَالِیَّۃُ: ایک ادبی نظریہ جس میں منطق کو کلی طور پر ترک کرنے کا نظریہ پیش کیا گیا۔

السَّرَایَۃ والسَّرَایَا. شاہی محل (کلمہ فارسیہ ہے)۔

السَّرِیّ. چھوٹی ٹڈی۔ ج اَسْرِیَۃ وسُرْیَان.

السَّرِیَّۃ. دستہ فوج۔ تیر کا چھوٹا اور گول پھل۔ ج سَرَایَا.

السَّاسَب والسِّیْسَب والسَّیْسَبَ. ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں۔

السِّیْسَبَان. ایک درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول سفید ہوتے ہیں اور اس کا دانہ مثانہ کی پتھری کو توڑنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

الاَسَطُّ. لمبی ٹانگوں والا مرد۔

السُّطُط. ظالم لوگ۔

المَسْطَبَۃ والمِسْطَبَۃ. چبوترہ۔ نہائی کہکشاں۔ فقراء اور سائلین کے جمع ہونے کی جگہ۔ سرائے۔ ج مَسَاطِب (صاد کے ساتھ ابلغ ہے۔)

سَطَحَہٗ (ف) سَطْحًا. بچھانا۔ پچھاڑنا۔ "لٹانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَسَطَحَہٗ" اس نے اس کو مارتے مارتے بچھا دیا (وسَطَّحَ) البَیْتَ: چھت کو ہموار کرنا۔

سَطَحَ وسَطَّحَ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو بٹھانا۔

تَسَطَّحَ. ہموار ہونا۔

اِنْسَطَحَ. بغیر کسی حرکت کے چت لیٹنا۔ پھیلنا۔

السَّطْح. س۔ چھت۔ چوڑی چوٹی۔ ج سُطُوْح.

السَّطِیْح. پھیلا ہوا۔ کمزوری یا بیماری کی وجہ سے سستی سے اُٹھنے والا (والسَّطِیْحَۃ) توشہ دان۔

السُّطَّاح. ایک قسم کی گھاس۔ زمین پر پھیلی ہوئی بیل۔ واحد (سُطَّاحَۃ)

المِسْطَح. ہموار کرنے کا اوزار۔ بیلن۔ خیمہ کا ستون۔ کھلیان۔ کھجوروں کے خشک کرنے کی جگہ (والمِسْطَاح) کھجور کی شاخوں کی چٹائی۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتَ الْاَرْضَ مَسَاطِحَ" میں نے زمین کو چراگاہ سے خالی دیکھا۔

اَلْمُسَطَّح: وہ شکل جس کو ایک خط گھیرے۔ اَنْفٌ (مُسَطَّحٌ) بہت پھیلی ہوئی ناک۔

المَسْطُوْح. مقتول لمبا پڑا ہوا۔

سَطَرَ (ن) سَطْرًا. لکھنا ہ بِالسَّیْفِ. تلوار سے کاٹنا۔ سَطَرَ الرَّجُلَ. پچھاڑنا۔

سَطَّرَ بے اصل باتیں جمع کرنا عَلَیْہِ. گھڑی ہوئی باتیں بیان کرنا القِرْطَاسَ. سیدھی سطر ہونے کیلئے لکیریں کھینچنا۔

اَسْطَرَ پڑھنے میں غلطی کرنا۔

اِسْتَطَرَ. لکھنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مُسْتَطَرٌ" یہ لکھا ہوا ہے۔

السَّطْر والسَّطَر. قطار۔ لکیر۔ کہا جاتا ہے "کَتَبَ سَطْرًا" و "غَرَسَ سَطْرًا و بَنٰی سَطْرًا مِنْ بِنَائِہٖ" ج اَسْطُر و سُطُوْر واَسْطَار و جج اَسَاطِیْر اور کہا جاتا ہے

"اِنْ هٰذا اِلَّا اَسَاطِیْرُ الاَوَّلِیْن" یہ تو کچھ بھی نہیں۔ صرف بے سند باتیں ہیں جو پہلے سے چلی آرہی ہیں۔ السَّطْر: تحریر و کتابت۔ یک سالہ بکری۔

السُّطْرَة. آرزو۔

السُّطْر. چکنی چپڑی باتیں۔

الاِسْطار والاَسْطار والاُسْطُوْر و الاُسْطِیْر. و ایضا بالھاءِ فِیْ کُلِّھَا: ہر وہ چیز جو لکھی جائے۔ ج اَسَاطِیْر.

الاُسْطُوْرَة والاِسْطِیْرَة. بے اصل بات۔

السَّاطِر والسَّطَّار. قصاب۔

السَّاطُوْر. گوشت کاٹنے کی چھری۔ ج سَوَاطِیْر.

المِسْطَرَة والمَسْطَرَة. لکیروں کے کھینچنے کا رولر۔ ج مَسَاطِر.

المُسْطار والمُسْطارَة والمِسْطَار والمِسْطَار: تیز شراب جو پینے والے کو پچھاڑ دے۔ شیرۂ انگور پکانے سے پہلے بلند غبار۔

سَطَعَ (ف) سَطْعًا و سُطُوْعًا و سَطِیْعًا. الغُبَارُ او الرَّائِحَةُ والنُّوْرُ: غبار یا بو یا روشنی کا بلند ہونا۔ پھیلنا اور اسی سے ہے "سَطَعَتْ رَائِحَةُ المِسْكِ" یعنی مشک کی خوشبو پھیلی بِیَدَیْهِ: تالی بجانا۔ تم کہتے ہو "سَطَعَتْنِی رَائِحَةُ المِسْكِ" جبکہ مشک کی خوشبو تمہاری ناک میں پہنچے (سَطْعًا) رَاسَهٗ: گردن لمبی کر کے سر اُٹھانا البَعِیْرَ: گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا۔

سَطِعَ (س) سَطَعًا. دراز گردن ہونا۔ صفت (اَسْطَعُ) مؤنث (سَطْعَاء)

سَطَّعَهٗ. بلند کرنا۔ اُٹھانا۔ پھیلانا البَعِیْرَ. گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا۔

السَّطَع. س۔ ہر وہ چیز جو بلند ہو اور پھیلے عام اس سے کہ غبار ہو یا روشنی یا بجلی۔

السَّطْع. تالی۔ تالی بجانے یا تیر پھینکنے کی آواز۔

السِّطَاع. لمبا اونٹ۔ خیمہ یا گھر کا سب سے لمبا ستون۔ اونٹ کی گردن یا پہلو میں لمبا داغ۔ ج سُطُع و اَسْطِعَة.

السَّطِیْع. صبح۔ لمبا۔

المِسْطَع. فصیح۔ خوش بیان۔ کہا جاتا ہے "خَطِیْبٌ مِسْطَعٌ و مِصْقَعٌ" یعنی بلیغ لیکچرار۔

سَطَلَ (ض ن) سَطْلًا. الدَّوَاءُ: مدہوش کرنا۔

اِنْسَطَلَ واسْتَطَلَ. مدہوش ہونا (لغت عوام ہے) کہا جاتا ہے جَاءَ (یَتَسَیْطَلُ) وہ تنہا آیا اس کے ساتھ کچھ نہ تھا۔

السَّاطِل. مِنَ الغُبَار: بلند غبار۔

السَّطْل. ایک تانبے کا برتن جس میں دستہ لگا ہوا ہوتا ہے جس کو پکڑ کر اُٹھاتے ہیں۔ ج اَسْطَال وسُطُوْل. مرد دراز قامت۔

السَّیْطَل. بمعنی سَطْل اور بقول بعض بمعنی طشت۔

الاُسْطُوْل. جہازوں کا بیڑا۔ ج اَسَاطِیْل (کلمہ عجمی ہے)

سَطَمَ (ن) سَطْمًا. البَابَ: دروازہ بھیڑنا۔ بند کرنا۔

السِّطَام. آگ کی کریلنی۔ شیشی کی ڈاٹ۔ تلوار کی دھار۔

السَّطْم. س۔ تلوار کی دھار۔

السُّطُم. جڑیں۔

الاِسْطَام. آگ ہلانے کی کریلنی۔

الاُسْطُمّ والاُسْطُمَّة. مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: درمیان۔ بڑا حصہ مِنَ البَحْرِ: سمندر کا بڑا حصہ اور اسی سے ہے "وَلَیْلٌ طَمَا اُسْطُمُّهٗ" رات کی تاریکی بہت بڑھ گئی۔ اُسْطُمَّةُ القَوْمِ قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ اشراف قوم۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فِیْ اُسْطُمَّةِ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کے درمیان میں ہے۔ ج اَسَاطِم.

السَّاطِن. خبیث۔ پلید۔

الاَسْطَان. ایک پیتل کا برتن۔

الاُسْطُوْن. مِنَ الجِمَالِ: لمبی گردن کا اونٹ۔

الاُسْطُوَانَة. کھمبا۔ ستون۔ جانور کی ٹانگ۔ ج اَسَاطِیْن (کلمہ اجنبیہ ہے) کہا جاتا ہے "ھُمْ اَسَاطِیْنُ الزَّمَانِ" وہ لوگ زمانہ کے یکتا ہیں۔ و "اَسَاطِیْنُ مُسَطَّنَةٌ" مضبوط کھمبے۔

المُسَطَّن. لمبی ٹانگوں والا۔

سَطَا یَسْطُوْ سَطْوًا وسَطْوَةً. بِهٖ و عَلَیْهِ: کسی پر حملہ کرنا۔ مغلوب کرنا۔ مضبوط پکڑنا۔ الفَرَسُ: خود سری سے دور دور قدم رکھنا الماءُ: بہت ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا سَطَوْتُ فِی الطَّعَامِ" میں نے کھانے کو نہیں چکھا۔

اَسْطٰی اِسْطَاءً. عَلَیْهِ: بمعنی سطا۔

سَاطٰی. الرَّجُلَ: سختی برتنا۔ نرمی کرنا۔ (ضد)

السَّاطِی. فا. دور دور قدم رکھ کر چلنے والا گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو چلنے میں دم کو اُٹھائے۔

تَسَعَّبَ. الشَّیْءُ: تار سا کھنچنا (جیسے شہد شیرہ وغیرہ سے)

اِنْسَعَبَ. الماءُ: پانی بہنا۔

السُّعَب. ہر لزوجت والی چیز جس سے تار کی مانند کھنچے۔

السُّعْبُوْب. شہد۔ شیرہ۔ لعاب خطمی وغیرہ کا تار۔ ج سَعَابِیْب.

المُسَعَّب. جائز۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مُسَعَّبٌ لَهٗ" وہ اس کے لیے جائز ہے۔

السَّعْبَر. بہت پانی والا کنواں۔ مَاءٌ سَعْبَرٌ بہت پانی۔ سِعْرٌ سَعْبَرٌ: ارزاں نرخ۔ ج سَعَابِرُ سَعَابِرُ الطَّعَامِ: گیہوں کا پچھوڑن۔

السَّعْتَر. پہاڑی پودینہ (لغت جیدہ صَعْتَر بالصاد ہے۔)

السَّعْتَرِیّ اوِ الصَّعْتَرِیّ. بہادر۔ سخی۔ چالاک۔

سعَدَ (ف) سعْدا و سُعُوْدا اليوْمُ: مبارک ہونا۔
سعِدَ (س) وسُعِد سعَادة. نیک بخت ہونا۔ صفت (سَعِیْدٌ) ج سُعداءُ و (مسْعُوْد) ج مساعِیْد.
ساعَدهٗ علَى الْاَمْرِ: کسی کی کسی کام پر مدد کرنا۔
اَسْعَدَهٗ علَى الْاَمْرِ: مدد کرنا۔ اَسْعَدَهُ اللّٰه: نیک بخت بنانا۔ صفت (مُسْعُوْد) مُسْعَدٌ نہیں کہا جاتا۔
تَسعَّدَ. مبارک ہونا الرَّاعِي: سَعْدَان گھاس کی چراگاہ تلاش کرنا۔
اِسْتَسْعَدَ. بِالشَّيْ: اپنے لیے مبارک سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَسْعَدَ فُلَانٌ بِرُوْيةِ فُلَانٍ" فلاں نے فلاں کے دیکھنے کو اپنے لیے مبارک سمجھا۔
السَّعْد. برکت۔ خوش بختی۔ ج اَسْعُد سُعُوْد. کہا جاتا ہے "لبَّيْكَ و سَعْدَيْكَ" یعنی میں تمہاری خدمت کے لیے بار بار حاضر ہوں۔ سُعُوْدُ النُّجُوم: دس ستارے ہیں جن میں سے ہر ایک کو سَعْد کہا جاتا ہے۔
السُّعْدُ: سعدی پودے کی ایک قسم ہے اس سے اچھے قسم کے پیاز پیدا ہوتے ہیں۔
السَّاعِد. فا. سردار۔ کہا جاتا ہے "مالهُم ساعِدٌ يعْتمِدُوْنه" ان کے لیے کوئی سردار نہیں جس پر اعتماد و بھروسہ کریں۔ بازو۔ کہا جاتا ہے "شَدَّ اللّٰهُ علَى سَاعِدِكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے بازو کو مضبوط کریں۔ سَاعِدَا الطَّيْرِ: پرندے کے بازو۔ ج سَوَاعِد. کہا جاتا ہے طَائِر شَدِيْدُ السَّوَاعِد: مضبوط بازو والا پرندہ۔
السَّاعِدَة. چرخی کا ڈنڈا۔ ج سَوَاعِد.
السَّوَاعِد: دریا یا سمندر کی طرف پانی جانے کے نالے۔ ہڈی میں مغز کی نالی۔ تھن میں دودھ نکلنے کے سوراخ۔
السَّاعِد E: سونے یا چاندی کا بازو بند۔ شیر۔
السَّعْدَانُ: بندر
السَّعَادة. نیک بختی۔
السُّعَادَى. موتھا جو ایک قسم کی خوشبودار گھاس ہے جو زخموں کے لیے بہت مفید ہے۔
السَّعْدَان. ایک خار دار پودہ جو اونٹوں کے لئے بہتر چارہ ہے اور اسی سے مثل ہے "مَرْعًى ولَا كَالسَّعْدان" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کم پر قناعت کر لے۔
سُعْدَان. اِسعاد کا اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "سُبْحانَ اللّٰه وسُعْدانَه" یعنی میں خدا کی پاکی بیان کرتا ہوں اور اس کی تابعداری کرتا ہوں۔
السَّعْدَانَة. کبوتر۔ پستان کا سرا یا پستان کے سر کی اردگرد کی سیاہی۔ حلقہ دُبر۔ ترازو کی رسّی کی گرہ۔
السُّعُوْدَة. نیک بختی۔
سُعَاد و سُعْدَى. فرضی محبوبہ کے نام۔ جن کو قدیم شعراء تشبیب میں استعمال کرتے تھے۔
سَعَرَ (ف) سَعْرًا و اسْعَرَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا البَعِيْرَ الاَبِلَ بجرْبِه: کھجلی پھیلانا۔ سَعَرَ القَوْمَ شرًا. ساری قوم میں بدی پھیلا دینا۔ سعرناهُم بالنَّبل: جلانا۔ پوست کرنا۔ سعَرَ اللَّيْلَ بالمَطِيِّ: طے کرنا۔ سَعَرَتِ النَّاقَةُ فِي سَيْرِهَا او نٹنی کا تیز دوڑنا۔ صفت (سَعُوْر) کہا جاتا ہے "سَعَرْتُ اليَوْمَ فِي حاجتِي سَعْرةً" یعنی میں آج اپنی ضرورت سے تمام دن چکر لگاتا رہا۔
سَعِرَ (س) سَعَرانًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
سُعِرَ. البَعِيْرُ: اونٹ کا پاگل ہونا۔ صفت (مَسْعُوْرٌ) الرَّجُلُ: گرم ہوا سے جھلس جانا۔
سعَّر. النَّارَ: آگ بھڑکانا الشَّيَ: کسی چیز کا بھاؤ مقرر کرنا یا بھاؤ کا اندازہ کرنا۔ القَوْمُ: بھاؤ پر اتفاق کرنا۔
ساعرهٗ مُساعرة. بھاؤ ٹھہرانا۔
تسعَّرت. النَّارُ: آگ بھڑکنا الحَطَبُ: لکڑی کا جل اُٹھنا۔
استعر. بھڑکنا الشَّرُّ: بُرائی کا پھیلنا الجرْبُ فِي البَعِيْرِ: اونٹ کی بغل وغیرہ میں کھجلی شروع ہونا۔
السَّعْر. مص رَمْيٌ سَعْرٌ: سخت تکلیف دہ تیر اندازی۔
السِّعْر. نرخ۔ ج اَسْعَار
السُّعْر. گرمی۔ سخت بھوک (و السُّعُر) دیوانگی۔ السُّعُر: رنج و عذاب۔
السعِر. پاگل۔ دیوانہ۔ ج سَعْرى
السُّعْرة. کام کی ابتداء اور اس کی تیزی۔ کھانسی۔ حرارت کی پیائش میں اکیلی۔
السعر والسُّعْرة. سیاہی مائل رنگ۔
السَّعِيْر. آگ کی لپیٹ۔ ج سُعُر
السُّعار. گرمی۔ بھوک کی تیزی۔ پیاس کی شدت۔
السَّاعُوْر. آگ۔ تنور۔
السَّاعُوْرَة. آگ۔
الاَسْعَر. دبلا پتلا جس کے پٹھے ظاہر ہوں۔ سیاہی مائل رنگ والا۔ مؤنث سعراء ج سُعْر
المِسْعَر. آگ جلانے والا۔ کہا جاتا ہے "هُو مِسْعَرُ حرْبٍ" وہ لڑائی بھڑکانے والا ہے۔ سخت۔ لمبی گردن۔ كَلْبٌ مِسْعَرٌ: دیوانہ کتا (و المِسْعَار) آگ جلانے کی چیز۔
المَسْعُوْر. باوجود شکم سیری کے کھانے کا حریص۔ نَاقَةٌ مَسْعُوْرَة E: دیوانہ اونٹنی۔
مَسَاعِرُ. البَعِيْرِ: اونٹ کی ران کی جڑیں اور بغل۔ کہا جاتا ہے "اخذَ الجرْبُ فِي مسَاعِرِ البَعِيْرِ" اونٹ کی ران کی جڑوں

میں کھجلی شروع ہوگئی۔
السِّعْرارَة والسُّعْرُوْرَة. صبح۔ شعاع۔ آفتاب جو روشن دان میں داخل ہو۔
سَعْسَعَ و تَسَعْسَعَ. بہت بوڑھا ہونا۔ الشَیْخ: بڑھاپے کی وجہ سے لڑکھڑانا۔ قریب قریب قدم رکھنا۔ سَعْسَعَ راسه: سر کو تیل سے تر کرنا۔
السَّعْسَع. بھیڑیا۔
سعطه(ف ن) سَعْطا و سَعَطا و اَسْعَطه. الدَواءَ. ناک میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْعَطه الرُمْحَ" اس نے ناک میں نیزہ مارا۔ و "اَسْعَطه عِلْمًا" اس نے اس کو علم سمجھانے میں بہت کوشش کی۔
اِسْتَعَط. الدَواءَ. ناک میں چڑھانا۔
اِسْتَسْعَطه. ناک میں دوا چڑھانے کو کہنا۔
السَّعِیط. خوشبو۔ بان کا درخت۔ بان کا تیل۔ رائی کا تیل (والسُّعاط) بُو کی تیزی۔
السَّعُوط. ناک میں چڑھانے کی دوا۔ نسوار (مولدہ) اور عوام "عَطُوْس" کہتے ہیں۔
المِسْعَط والمُسْعُط. نسوار کی ڈبیا۔
سَعَفَهُ(ف) سَعْفًا. بحاجته: کسی کی حاجت پوری کرنا۔
سَعِفَ(س) سَعْفًا. ناخن کے اردگرد پھٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔
سُعِفَ. الوَجْهُ. پھنسیوں والا ہونا۔ صفت (مَسْعُوْف)
سَعَّفَ. المِسْكَ: مشک کو دوسری خوشبوؤں سے ملانا۔
سَاعَفَه. موافقت کرنا۔ مدد دینا۔
اَسْعَفَه. بحاجته: کسی کی حاجت پوری کرنا۔
ہ عَلَى الْاَمْرِ. مدد کرنا۔ اَسْعَفَ بالرَجُلِ: کسی کے قریب ہونا الشیُ: قریب ہونا۔
اَسْعَفَ لَهُ الصَیْدُ. شکار کا موقع دینا۔

اَسْعَفَتِ الحاجة. حاجت کا قریب پہنچنا۔ وقت آنا اِلَیْهِ. توجہ کرنا۔ قصد کرنا۔
تَسَعَّفَت. اَظْفارہ. پھٹنا۔
السَّعْف. س۔ سامان۔ کمینہ آدمی۔
السَّعْفَة. پھنسیاں جو منہ یا سر میں نکلتی ہیں۔
السَّعَف. س۔ دلہن کا جہیز۔ سامانِ خانہ۔ ج سُعُوْف. کھجلی کی مانند اونٹ کے منہ کا ایک مرض۔ کھجور کی شاخ۔ واحد (سَعَفَة)
السُّعُوْف. بڑے پیالے۔ انسانی خصلتیں۔ مثل جود و کرم۔ گھریلو سامان (اس کے لیے واحد نہیں)
الاَسْعَفُ. مِنَ الابلِ: منہ کی بیماری والا اونٹ مِنَ الخَیْلِ: سفید پیشانی والا گھوڑا۔ مؤنث سَعْفاء. ج سُعْف.
السُّعاف. ناخن کے اردگرد چیٹ اُکھڑنا۔
المُساعِف. فا۔ قریب۔ کہا جاتا ہے "مکان مُساعِف" قریب جگہ۔
سَعَلَ(ن) سُعالًا و سُعْلَة. کھانسنا (سَعْلا) کام وغیرہ کے لیے چست ہونا۔
اَسْعَلَه. چست بنانا۔ کھانسی پیدا کرنا۔
اِسْتَسْعَلَتِ. المرأةُ: بھتنی جیسی ہونا۔
السُّعال. کھانسی۔ قَصَبُ السُّعالِ: پھیپھڑے کی رگیں۔
السِّعْلاء والسِّعْلاة والسِّعْلیٰ. بھتنی یا بھوت۔ ج سَعالی و سِعْلیات.
السَّعالی. پودہ کا نام جو حشیشة السُّعال کے نام سے بھی مشہور ہے۔
السّاعِل والمَسْعَل. حلق یا حلق میں کھانسنے کی جگہ۔
سَعَمَ(ف) سَعْمًا. البعیرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔ صفت (سَعُوْم)
سَعَمَهُ و سَعْمَهٗ. غذا دینا۔
سیل (مِسْعام و مُسْعامٌ) تیز سیلاب۔
اَسْعَنَ. بڑا خیمہ یا سائبان بنانا۔
تَسَعَّنَ. الجَمَلُ. خوب موٹا ہونا۔
السَّعْن. چربی۔ خالص شراب۔

السُّعْن. مشک جس کا نصف حصہ کاٹ کر ڈول بنالیں۔ ج سِعَنة.
السَّعْنَة. مبارک۔ منحوس (ضد) کھانے کی کثرت یا قلت۔ کہا جاتا ہے "مالَهٗ سَعْنَةٌ ولا مَعْنَة" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
السُّعْنَة. سائبان۔ اونٹ کے بالائی ہونٹ کا لٹکا ہوا حصہ۔ ج سُعَن.
المُسْعَن. بڑا ڈول۔
السَّعانِیْن. عیسائیوں کا تہوار جو عید فصح سے پہلے ہوتا ہے۔ مشہور الشعانِیْن معجمہ سے ہے۔ (معرب)
السَّعْوُ السِّعْوُ والسَّعْوَة والسِّعْوَة والسَّعْواء والسُّعْواء. رات کا ایک حصہ۔
السِّعْواء والسُّعْواء: بدزبان خلع کرنے والی عورت۔
الاَسْعاء. رات کے حصے۔
السَّعْوَة. موم۔
السُّعاوِیُّ. بیداری اور سفر پر صبر کرنے والا۔
سَعٰی یَسْعٰی سَعْیًا. عمل کرنا۔ چلنا۔ دوڑنا اِلَیْهِ: قصد کرنا فِی حاجة الرجلِ: کسی کی حاجت پوری کرنے کی کوشش کرنا۔ لِلْاَمْرِ: حاصل کرنے کے لیے اہتمام کرنا۔
لِعِیالِه: کمائی کرنا (سِعایةً) صدقات وغیرہ وصول کرنا (سِعایةً وسَعْیًا) بِفُلانٍ عِنْدَ الاَمیرِ: چغل خوری کرنا۔ سَعَتِ الْاَمَةُ: بدکاری کرنا۔ زنا کرنا۔
ساعٰی. ہُ: کوشش کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ساعانی فُلانٌ فَسَعَیْتُهٗ" فلاں نے کوشش کرنے میں مقابلہ کیا میں اس پر غالب رہا۔
اَسْعٰی اِسْعاءً. الرجلَ: کوشش کرانا۔
اَسْعٰی بِه. تلاش کرنا۔
اِسْتَسْعٰی اِسْتِسْعاءً. الرجلَ: وصول صدقات کے لیے مقرر کرنا العَبْدَ: آزادی

حاصل کرنے کے لیے کام کرانا۔
السِّعَايَة. س۔ چغل خوری۔
السَّاعِي. فا. محصِّل. خراج و صدقات وصول کرنے والا۔ ج سُعَاة. السَّاعِي: ڈاکیہ۔
المَسْعِيٰ. کوشش۔ مسلک۔ تصرف۔ ج مَسَاعٍ.
سَغَبَ (ن) وسَغِبَ (س) سَغْبًا و سُغُوْبًا و سَغَبًا و سَغَابَةً و مَسْغَبَةً. بھوکا ہونا۔ صفت (سَاغِبٌ و سَغِبٌ و سَغْبَانٌ) مؤنث سَغْبیٰ. ج سِغَاب.
اَسْغَبَ. القَوْمُ: قوم کا قحط میں مبتلا ہونا۔
السَّغَاب. بھوک۔
المُسْغَب. جائز۔
سَغَدَ سَغْدًا. سوجنا۔
فِصَالٌ (سَاغِدَةٌ و مُسْغَدَةٌ و مُسَاغَدَةٌ) اونٹ کے دودھ سے آسودہ موٹے بچے۔
السَّغْد. نرم و ہلکی بارش (اس کا تنہا استعمال نہیں ہوتا) کہا جاتا ہے "اَغْضَّه اللّٰه بِسَغْدٍ مَغْدٍ" یعنی اللہ تعالیٰ اس کو نرم بارش سے ترو تازہ رکھے۔
سَغِلَ (س) سَغَلًا. لاغر ہونا۔ جھریوں والا ہونا۔ صفت (سَغِل)
سَغَمَهُ. الماءَ: گھونٹ گھونٹ پانی پلانا۔
سَغَمَ الوَلَدَ: بچہ کو اچھی غذا دینا۔ پرورش کرنا۔
اَسْغَمَهُ. تکلیف پہنچانے میں مبالغہ کرنا۔
اُسْغِمَ و سُغِّمَ. اچھی غذا دیا جانا۔
المُسَغَّم والمُسْغَم. اچھی غذا والا۔ ناز و نعمت سے پرورش پایا ہوا فربہ لڑکا۔
اَلسَّاغُو: کھجور کے تنے سے باریک مغز جو کہ نشہ آور ہوتا ہے-
اَلسَّاغُوْنِيَّةُ: کھجور کی ایک قسم جو کہ آسام اور انڈونیشیاء میں پائی جاتی ہے-
سَفَّ (ن) سَفِيْفًا. الطَّائِرُ اَوِ السَّحَابُ: زمین سے قریب ہو کر اُڑنا یا گزرنا۔
الخُوْصَ: کھجور کی پتیوں سے بنا الماءَ: بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔
سَفَّ (س) سَفًّا. الدَّوَاءَ السَّوِيْقَ و نَحْوَهُمَا: دوا یا ستو وغیرہ پھانکنا۔
اَسَفَّ اِسْفَافًا الخُوْصَ. بنا الرَّجُلُ: بھاگنا۔ ادنیٰ کاموں کے پیچھے پڑنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَسَفَّ اِلَى الاُمُوْرِ الدَّنِيَّةِ" یعنی وہ ادنیٰ کاموں کے قریب ہوا البَعِيْرَ: خشک چارا دینا الفَرَسَ اللِّجَامَ: گھوڑے کے منہ میں لگام لگانا الطَّائِرُ او السَّحَابُ: زمین سے قریب ہو کر اُڑنا یا گزرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَسَفَّ مِنْهُ بِشَيْءٍ" اس نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔ اَسَفَّ النَّظَرَ: تیز نظر سے دیکھنا الشَّيْءَ: بعض کو بعض سے ملا کر جوڑنا الاَمْرَ: قریب ہونا۔ اُسِفَّ وَجْهُهُ: رنگ بدل جانا گویا کہ خاک آلود ہے۔
اِسْتَفَّ. الدَّوَاءَ: دوا پھانکنا۔
السِّفُّ والسُّفُّ. ایک قسم کا باریک لمبا سانپ جو ریگستانوں اور چٹانوں کے درمیان اُچھلتا ہے جس کی وجہ سے عربوں کا گمان تھا کہ وہ اُڑتا ہے اور اس کے نام القَفَّازَة والطَّفَّارَةُ بھی ہیں۔
السُّفَّة. کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔ ایک مٹھی گیہوں یا ستو وغیرہ۔ موباف والسَّفُوْف) دوا وغیرہ کی پھنکی۔
السَّفِيْفُ م س۔ ابلیس کا نام۔ کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔ کجاوہ اور ہودہ کا تنگ۔
السَّفِيْفَة. کجاوہ باندھنے کی چوڑی تنگ مِنَ الخُوْصِ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چیز۔ ج سَفَائِف.
سَفِتَ (س) سَفْتًا. بہت پینا اور سیراب نہ ہونا۔
السَّفِت. بے برکت کھانا۔
سَفْتَجَهُ. ہنڈی دینا۔
السُّفْتَجَة. ہنڈی۔ ج سَفَاتِج.
سَفَحَ (ف) سَفْحًا و سُفُوْحًا. الدَّمَ او الدَّمْعَ: خون یا آنسو بہانا۔ گرانا (سَفْحًا و سُفُوْحًا و سَفَحَانًا) الدَّمْعُ: آنسو گرنا۔ صفت (سَافِح) ج سَوَافِح (جیسے فارس کی جمع فَوَارِس)
سَفَحَ. الرَّجُلُ: غیر مفید کام کرنا۔
سَافَحَا و تَسَافَحَا. زنا کرنا۔ بدکاری کرنا۔
سَفْحُ الجَبَلِ: دامن کوہ۔ ج سُفُوْح.
الاَسْفَح. وہ شخص جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔
السَّفَّاح. بہت خون بہانے والا۔ بہت دینے والا۔ قادر الکلام فصیح۔
السَّفِيْح. موٹا کمبل۔ جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ بورا۔ گون۔
السِّفَاح. س۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُم سِفَاحٌ" ان کے درمیان خونریزی ہے۔ زنا کاری۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَ المَرْأَةَ سِفَاحًا" اس نے عورت سے زنا کاری کی۔
سَفَدَ (ض) الذَّكَرُ اُنْثَاهُ و سَفِدَ (س) سَفْدًا و سَفِدَ عَلَيْهَا و سَافَدَهَا سِفَادًا و مُسَافَدَةً. جفتی کرنا۔
سَفَّدَ. اللَّحْمَ: گوشت کو بھوننے کے لیے سیخ میں پرونا۔
اَسْفَدَ] جفتی کرانا۔
اِسْتَسْفَدَ. البَعِيْرَ: اونٹ کے پیچھے سے آ کر سوار ہونا۔
السَّفُّوْد. گوشت بھوننے کی سیخ۔ ج سَفَافِيْد.
سَفَرَ (ن) سُفُوْرًا. سفر کے لیے روانہ ہونا المَرْأَةُ: چہرہ کھولنا۔ صفت (مُسَافِر) الصُّبْحُ: روشن ہونا الحَرْبُ: لڑائی کا ختم ہونا (سَفْرًا) البَيْتَ: گھر کو جھاڑو دینا الرِّيحُ الغَيْمَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔ الكِتَابَ: لکھنا الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا۔ البَعِيْرَ: ناک میں نکیل لگانا۔ کھیت کے نچلے حصہ کو چرانا۔
سَفَرَ (ن ض) سَفْرًا و سِفَارَةً و سَفَارَةً

بَیْنَ الْقَوْمِ: لوگوں میں صلح کرانا۔ صفت (سِفِیْر) ج سُفْرَاء۔
اَسْفَرَ. چہرہ کھولنا الصُّبْحُ: روشن ہونا۔
الْوَجْهُ: چہرہ خوبصورت و منور ہونا۔
الْحَرْبُ: لڑائی سخت ہونا مُقَدَّمُ رَاسِهِ: سر کے اگلے حصّہ کے بال جھڑنا اَسْفَرَ الشَّجَرُ: پتے گرنا الْبَعِیْرَ: بمعنی سَفَرَهُ.
سَفَّرَ. الرَّجُلَ: سفر کے لیے بھیجنا۔
الْبَعِیْرَ: نکیل لگانا النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
سَافَرَ سِفَارًا و مُسَافَرَةً. اِلٰی بَلَدِ كَذَا: روانہ ہونا فُلَانٌ: مرنا۔ سَافَرَتْ عَنْهُ الْحُمّٰی: بخار چھوٹنا۔
تَسَفَّرَ. ابتدائی رات میں آنا یا چرانا۔ شَیْئًا مِنْ حَاجَتِهِ: کچھ حاصل کرنا الْجِلْدُ: کھال کا اثر پذیر ہونا لِمَرْأَةَ: عورت سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
اِنْسَفَرَ. شَعْرُهُ عَنْ رَاسِهِ: سر سے بال جھڑنا۔
الْغَیْمُ: بادلوں کا پراگندہ ہونا۔
الْاِبِلُ: جانا۔
اِسْتَسْفَرَ. الْمَرْأَةَ: عورت سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
السَّفْرُ. سِر. جسم انسانی کا داغ۔ ج سُفُوْر اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَفْرٌ" یعنی مسافر و "قَوْمٌ سَفْرٌ" یعنی مسافرین۔ و "نَاقَةٌ سَفْرٌ" سفر کرنے والی اونٹنی۔ اور سفر جمع سافر کی ہے جیسے صَاحِبٌ کی جمع صَحْبٌ.
السِّفْرُ. بڑی کتاب۔ توریت کے اجزاء میں سے ایک جز۔ ج اَسْفَار.
السَّفَرُ. مسافت کو طے کرنا۔ غروب آفتاب کے کچھ بعد کا وقت۔ ج اَسْفَار.
السُّفْرَةُ. مسافر کا کھانا۔ زاد سفر۔ دستر خوان۔ ج سُفَر.
السِّفَارُ والسِّفَارَةُ. مہار۔ چمڑا یا لوہا جس کو اونٹ کی ناک پر رکھتے ہیں۔ ج اَسْفِرَة و سُفُر و سَفَائِر.

السَّافِرُ. فا. مسافر۔ ج اَسْفَار و سَفْر و سَفَرَةٌ و سَفَار و جج اَسَافِر. والسَّافِرُ: کاتب۔ ج سَفَرَة.
السَّافِرَةُ. السَّافِرُ کا مؤنث۔ ج سَوَافِر. مسافرین۔ کہا جاتا ہے "كَثُرَتِ السَّافِرَةُ هُنَا" یہاں سفر کرنے والے بہت ہیں اور کہا جاتا ہے "قَوْمٌ سَافِرَةٌ" سفر کرنے والی قوم۔
السَّفِیْرُ. دو قوموں کے درمیان صلح کرانے والا۔ ج سُفَرَاء. ایلچی۔ گرے ہوئے بال یا پتے۔ کھیتی کا نچلا حصّہ۔
السَّفِیْرَةُ. چاندی یا سونے کا ہار۔ ج سَفَائِر.
السَّفَارَةُ والسِّفَارَةُ. ایلچی گری۔ قوموں کے درمیان اصلاح۔
السُّفَارَةُ. جھاڑو دینے سے جمع کیا ہوا کوڑا کرکٹ۔
السَّفَّارَةُ. مسافر لوگ۔
السَّفُّوْرُ. کرہ کی شکل کی ایک مچھلی جس میں کانٹے بہت ہوتے ہیں اور اس کو "قُنْفُذُ الْمَاءِ" بھی کہتے ہیں۔
السَّفُّوْرَةُ. تختی کہ جس پر حساب لکھیں اور نقل کرنے کے بعد مٹا دیں۔
الْمُسَافِرُ. جنگلی بیل۔ الْمُسَافِرَةُ: گائے۔
الْمِسْفَرُ والْمِسْفَارُ. بہت سفر کرنے والا۔ مؤنث مِسْفَرَةٌ.
الْمَسْفُوْرُ. سفر سے تھکا ہوا۔
الْمِسْفَرَةُ. جھاڑو۔ ج مَسَافِر ومَسَافِر الْوَجْهِ: چہرہ کے وہ حصّے جو نمایاں ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ مَسْفَرَ وَجْهِهِ و مَسَافِرَ وُجُوْهِهِمْ" ان کے چہرہ کا نمایاں حصّہ کس قدر خوبصورت ہے۔
السَّفَرْجَلُ. بہی۔ ج سَفَائِج اور کبھی سَفَارِل بھی کہا جاتا ہے۔ واحد (سَفَرْجَلَةٌ)
السِّفْسِیْرُ. دَلَّال. خادم۔ منتظم۔ ظریف و زیرک۔ ماہر لوہار۔ داروغہ۔ ج سَفَاسِرَة و سَفَاسِیْر.

السَّفْسَطَةُ والسِّفْسِطَةُ. استدلال و قیاس جس کی بنیاد مغالطہ پر ہو۔ ج سَفْسَطَات اور نسبت کے لیے (سَفْسَطِیّ و سُوْفَسْطَائِی)
السُّوْفَسْطَائِیَّةُ. ایک فرقہ جو محسوسات و بدیہیات کا انکار کرتا ہے۔
الْعَمَلَ: کام کو اچھی طرح سے نہ کرنا۔
سَفْسَفَتْهُ الرِّیْحُ سطح زمین سے اُڑانا۔
الْمُسَفْسِفَةُ. ہوا جو غبار کو اُڑائے۔
الْمُسَفْسِفُ. مرد کم عطاء و لئیم۔
سَفْسَقَ. الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
السَّفْسَقَةُ والسِّفْسِقَةُ. مِنَ السَّیْفِ: تلوار کا جوہر۔ ج سَفَاسِق. کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ وَاضِحُ السَّفَاسِقِ" واضح نشانات کا راستہ۔
السُّفَاسِقُ. ہر لمبی چیز۔
السَّفْسُوْقَةُ. راستہ کا درمیان۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِیْهِ سُفْسُوْقَةٌ مِنْ اَبِیْهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ و "سُفْسُوْقَةُ السَّیْفِ" تلوار کا جوہر۔
سَفَطَ (ن) سَفْطًا. السَّمَكَةَ: مچھلی کے سفنے اُتارنا۔
سَفُطَ (ن) سَفَاطَةً. سخی و پاکیزہ نفس ہونا۔
سَفَطَ. الْحَوْضَ: حوض کو درست کرنا اور بلند بنانا۔
تَسَقَّطَهُ. تھوڑا تھوڑا پینا۔ جذب کرنا۔
اِسْتَفَطَ. الشَّیْئَ: کل لے لینا۔ کل پی جانا۔
السَّفَطُ. مچھلی کا سفنا۔ ٹوکری۔ جامہ دان۔ ج اَسْفَاط.
السَّفَّاطُ. ٹوکری بنانے والا۔
سُفَاطَةُ. الْبَیْتِ: سامان خانہ۔
السَّفِیْطُ. پاکیزہ نفس۔ سخی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَفِیْطُ النَّفْسِ" وہ سخی و پاکیزہ نفس ہے۔ کمینہ اور ہر بے قدر چیز (ضد)

درخت سے گری ہوئی سبز کھجور۔
مُسفَّط. الرّاس: بڑے سر والا۔
سَفَعَهٗ(ف) سفعًا. طمانچہ مارنا۔ الشّیٔ: نشان لگانا بناصیته: پیشانی کے بال پکڑ کر کھینچنا (و سَفَعَت) السُمُومُ وَجههٗ لو کا چہرہ کو جھلس کر رنگ بدل دینا۔
سَفِعَ(س) سَفعًا. سرخی مائل سیاہ ہونا۔
سَافعَهٗ. ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔ سینہ سے لگانا۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔ لڑائی کرنا۔
تَسفّع. بالنار: آگ تاپنا۔
اِستَفع. الرّجلُ: کپڑا پہننا۔
اِسْتُفِع. لَوْنُهٗ: خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا۔
السّفع. س۔ کپڑا۔ رنگا ہوا کپڑا۔ ج سُفُوْع۔
السفع و السُفعة: سرخی مائل سیاہی۔
السُفْع و السُفْعة: دانہ اندرائن۔
السُفْع: آہنی دیگ دان۔
سُفَع. الشّمْس: آفتاب کا سیاہ داغ۔
سُفَعُ الثَوْر: بیل کے چہرہ کی سیاہ چتیاں۔
السّوَافِع: لو کی لپٹیں۔ مفرد (سَافِعَة)
الاَسْفَعُ: سرخی مائل سیاہ رنگ والا۔ مؤنث سَفْعَاء ج سُفْع. شکرا۔ جنگلی بیل۔
السَفْعاء: دیگ دان کا ایک پایہ۔ حَمَامَةٌ سَفْعَاء: سبز گردن والا کبوتر۔
مَسْفُوْع. العَيْن: دھنسی ہوئی آنکھ والا۔
ثَوْرٌ (مُسَفَّعٌ) چہرہ میں سیاہ چتیوں والا بیل۔ كَمِيٌّ مُسَفَّعٌ: آہن پوش بہادر جو لوہے کے زنگ سے کالا پڑ گیا ہو۔
سَفَقَهٗ(ن) سَفقًا. طمانچہ مارنا۔ سَفَق البَاب: دروازہ بھیڑنا۔
اَسْفَق. البَاب: دروازہ بند کرنا الحَائِكُ الثّوْب: جلاہے کا کپڑے کو گف بننا۔
سَفُق(ک) سَفَاقَةً. الثّوْبُ: کپڑے کا گف ہونا۔
اِنسَفق. البَابُ: دروازہ کا بھیڑا جانا۔

السَفْقَة: طمانچہ۔ تھپڑ۔
السَفِيْق: گف کپڑا۔ رَجُلٌ سَفِيْقُ الوَجْه: بے حیا مرد۔
السَفِيْقَة: سونے وغیرہ کا باریک تار۔ لکڑی کا چوڑا لمبا ٹکڑا جس پر چٹائی وغیرہ لپیٹی جاتی ہے۔
سَفَكَ(ض) سَفْكًا. الماء او الدم: پانی یا خون بہانا۔ الكَلَام: بہت بولنا۔
سَفَّكَهٗ: کسی کے سامنے سُفکہ پیش کرنا۔ (دیکھئے سُفکۃ)
اِنْسَفَك: گرنا۔ بہنا۔
السَفُوْك والسَفَّاك: بہت خون گرانے والا۔ اور کہا جاتا ہے "مَسْفُوْكٌ و سَفَّاكٌ بالكَلَام" وہ بڑا جھوٹا ہے۔
السَفِيْك: گرایا ہوا۔ بہایا ہوا۔
رَجُلٌ (مِسْفَكٌ) بڑا باتونی مرد۔
السُفْكَة: وہ چیز جو مہمان کے سامنے غذا سے پہلے دل بہلاؤ اور وقت گزاری کے لیے پیش کی جائے۔
سَفَل(ن) وسَفِلَ(س) وسفل(ک) سُفُوْلًا و سَفَالًا. پست ہونا۔ نیچا ہونا۔ حقیر ہونا۔ صفت (سَافِل) ج سافلُوْن و سَفَلَة و سُفَّلٌ و سُفَّال و سُفْلَان. (سَفُل (ک) سَفْلًا و سُفْلًا و سَفَالًا) فِي عِلْمِه أو خُلُقِه: ادنیٰ ہونا (سُفُوْلًا) فِي الشّیٔ: نیچے اُترنا۔
سَفَّلَهٗ: نیچے اُتارنا (سَافَلَهٗ) کمینگی کے افعال میں مقابلہ کرنا۔
تَسَفَّلَ: آہستہ آہستہ نیچے اُترنا۔
اِسْتَفَل: اُترنا۔
السِفْل و السُفْل: پستی۔
السِفْلَة و السُفَالَة: سب سے نچلا حصہ۔
سُفَالَةُ كُلِّ شَئ: تہ۔ پیندا۔ (سِفْلَة القَوْم و سَفِلَتُهُم) ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ سُفَالَةُ الرِيْح: ہوا کے چلنے کی نچلی جگہ۔
السَفَالَة: کمینگی و خست۔
السَافِلَة: دبر۔ مِنَ الرُمْح: نیزے کا نچلا

حصہ۔ کہا جاتا ہے "ما عالِيَةُ الرُمح كسافِلَتِه" سَافِلَةُ النَهْر: ندی کا نشیبی حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بعالِيَةِ النَهْر و سَافِلَتِه" میرا گزر ندی کی بلند و پست جگہ پر ہوا۔
الاَسْفَل: پست تر۔ ج اسافل. کہا جاتا ہے "رَدَدْنَاهُ اَسْفَلَ سَافِلِيْن" ہم اس کو پستی کی حالت والوں سے بھی پست تر کر دیتے ہیں۔
السُفْلیٰ و السُفْلِيَّة و السُفُوْل ضد العُلْویٰ و العُلْوِيَّة و العُلُوّ۔
المَسْفُلَة: پست تر۔ کہتے ہو "انا اسكن فِي مَعْلَاةِ المَدِيْنَة و فُلَانٌ فِي مَسْفَلَتِهَا" میں شہر کے بالائی حصہ میں اور فلاں نشیبی حصہ میں رہتا ہے۔
سَفَنَتْ(ن) و سَفِنَت(س) سفنا. الرِيْحُ: ہوا کا سطح زمین پر چلنا۔
سَفَن(ض) سفنا. الشّیٔ: چھیلنا۔
سَفَّنَه: تراشنا اور نرم کرنا۔
السَفَن: کھردری کھال جس کو تلوار کے قبضہ پر لگاتے ہیں۔ چوب تراشی کا اوزار۔
السَافِنَة و السَفُوْن. من الرِيَاح: سطح زمین پر چلنے والی ہوا۔ ج سوافِن۔
السَفِيْن: پھنی۔ (دخیل)
السَافِيْن: باطن۔ پشت کی ایک لمبی رگ کا نام جو دل کی رگوں کی ساتھ متصل ہے۔
السَفِيْنَة: کشتی۔ ج سُفُن و سَفِيْن و سَفَائِن و (السَفّان) کشتی ساز و (السفانة) کشتی سازی۔ سَفَائِنُ البَرِّ: اونٹ۔
السَفَانَة: موتی۔
المِسْفَن: چوب تراشی کا اوزار۔
سَفَنَج: جلدی کرنا۔۔۔ بِفُلَان النَقْد: جلدی دینا۔
السَفَنْج و السِفَنْج و السُفِنج: اسپنج۔ مردہ بال۔
السَفَنَّج: تیز۔ لمبا۔ مؤنث سفنّجة۔
الاِسْفَانَاخ: پالک کا ساگ۔

الاسْفِنط والاِسْفَنط. خوشبودار انگوری شراب۔(دخیل)

سفِہ (ن) سَفْھًا. الرَّجلَ: گالی دینے میں غالب آنا۔ بیوقوفی پر برانگیختہ کرنا۔۔۔ یا بیوقوفی کی طرف نسبت کرنا۔۔۔ نفسَہٗ: ذلیل کرنا۔ اپنے آپ کو ہلکا سمجھنا۔ سفِہ نصیبَہ. اپنا حصہ بھولنا۔

سفِہَ (س) سَفَھًا. غیر۔ بردبار یا جاہل یا ردی اخلاق والا ہونا۔ صفت (سفِیْہ. ج سِفاہٌ و سفھاءُ. مؤنث سَفِیْھَۃٌ ج سِفاہٌ و سُفَہٌ و سَفائِہُ و سَفِیْھَات. سَفِھَتِ الطَّعْنَۃُ: جلدی خون بہنا. سفِہ الشَّرابَ: بہت پینا۔۔۔ نصیبَہٗ: اپنا حصہ بھولنا۔

سفُہ (ک) سَفاھَۃً و سَفاھًا. جاہل ہونا۔ بیوقوف ہونا۔

سَفَّہَ. الرجلَ: بیوقوف بنانا۔ بیوقوفی کی طرف نسبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "سفَّہ الجھلُ حلمَہٗ" اس کی جہالت نے اس کی عقل کو طیش میں مبتلا کر دیا۔

سافَھَہٗ. گالی گلوچ کرنا۔۔۔ الدنَّ: مٹکے کے پاس بیٹھ کر تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔ پینے میں زیادتی کرنا اور انکل سے بغیر اندازہ کے پینا۔

اَسْفَہ. اللّٰہُ فلانًا الماءَ: بہت پلانا اور سیر نہ ہونے دینا۔

تسفَّہَ. الرجلُ: بتکلف بیوقوف بننا۔ ... الریحُ: ہوا کا غیر ہموار چلنا۔۔۔ الریحُ الغصونَ: شاخوں کو جھکا دینا۔۔۔ فلانًا عن مالِہٖ: فریب دینا۔

تَسافَہَ. علینا: نادانی کرنا۔ جہالت کا سلوک کرنا۔

السَفَہ. مص۔ جہالت۔ عدم و بردباری۔ □ بداخلاقی۔

السافِہ. فا. بیوقوف۔ بہت پیاسا۔

وادٍ (مَسْفَہَۃٌ) بھری ہوئی وادی۔

المَسْفَھَۃ. بہت پانی پلانے والی خوراک۔ کہا جاتا ہے "طَعامٌ مَسْفَھَۃٌ"

سفا یسفو سَفْوًا. تیز چلنا یا تیز اڑنا۔

سفِی (س) سفًا و سفاءً. پیشانی میں کم بال والا ہونا۔۔۔ الرجلُ: بیوقوف ہونا۔ صفت (سَفِیٌّ) سفِیتْ یدُہٗ: ہاتھ کا پھٹنا۔

اسْفی. بیوقوف ہونا۔۔۔ فلانًا: طیش پر آمادہ کرنا۔۔۔ بہ: برائی کرنا۔ اسْفتِ الناقۃُ: دبلی ہونا۔ اسفی الزرعُ: خوشہ کے خشک اطراف والی ہونا۔۔۔ الریحُ: ہوا کا چلنا۔

سافی. الرجلَ: گالی دینا۔ علاج کرنا۔

السَّفا. پیشانی میں بالوں کی کمی۔ مٹی۔ دبلا پن۔ ہر خاردار درخت۔ واحد (سَفاۃٌ) و السفا من السنبلِ: خوشہ کا خار۔

السفاءُ دوا۔

بغلٌ (اَسْفی) پیشانی میں کم بال والا خچر۔ تیز رفتار۔ مؤنث سفواءُ. ریحٌ سفواءُ: غیر ہموار تیز چلنے والی ہوا۔

سفی یسفی سفیًا واسفی اِسْفاءً.

سفَتْ واسْفتِ الریحُ الترابَ: خاک اڑانا۔ صفت (سافیۃٌ) ج سافِیاتٌ و سَوافٍ

سفی یسفی سفیًا. الترابُ: غبار اڑنا۔

السافِیاءُ. غبار۔

السَّفِیُّ. ہوا جس کو اڑائے۔

السفِیُّ. پراگندہ غبار۔

الاسفی. من الخیلِ: پیشانی میں کم بال والا گھوڑا۔ مؤنث سفیاءُ ج سُفْیٌ.

المُسْفی. چغل خور۔

سقِبَتْ (س) سقَبًا وسقوبًا. الدارُ: قریب ہونا۔

اَسْقَبَتِ الناقۃُ: اکثر نر بچے جننا۔

تَساقبتِ البیوتُ: قریب قریب ہونا۔

السقب. ج اسْقُبٌ و سِقابٌ و سُقُوبٌ

سُقْبان: اونٹنی کا نوزائیدہ بچہ اور مثل میں بولا جاتا ہے "اذلُّ من السقبانِ بین الحلائب" دودھ دینے والی اونٹنیوں کے درمیان نوزائیدہ بچوں سے زیادہ ذلیل۔۔۔ ج سقْبان و (السقِیبۃ) خیمہ کا ڈنڈا۔

السقْب: لمبی موٹی سرسبز شاخ۔ منزلٌ (سقْبٌ) قریب منزل۔

السَّاقب. فا. قریب۔ دور (ضد)

المِسْقب والمِسْقاب. نوزائیدہ اونٹ کے بچے کی ماں۔ المسقاب: اکثر نر بچے جننے والی اونٹنی۔

سقَد (ض) سقْدًا وسقَّد واسْقد. الفرسَ: دبلا کرنا۔ چھریرا کرنا۔

السُّقْدۃ. ج سُقْدد (السُّقَیدۃ) ج سُقَیدات: سرخ رنگ کا ایک پرندہ جس کو فارسی میں زورک کہتے ہیں۔

سقَرَتْہُ (ن) سقْرًا. الشمسُ: جھلسنا۔

اَسْقرتِ. النخلۃُ: درخت خرما سے شیرہ بہنا۔

السقْر. مص۔ شکرا۔ شیرہ۔

سقَر. دوزخ کا علم (کلمہ غیر منصرف ہے) کہا جاتا ہے "جاءَ (باسْقُر) والبُقَر و بنات غِیَرٍ" اس نے سفید جھوٹ کہا۔

السقْرۃ. سورج کی سخت تپش۔ ج سقرات.

الساقُور. گرمی۔ جانوروں کو داغنے کا لوہا۔

السقّار. غیر مستحق کو بہت لعنت کرنے والا کافر۔ ج سقّارۃ.

سقط (ن) سُقوطًا و مَسْقَطًا. گرنا۔ کہا جاتا ہے "سقط من عینی" وہ میری آنکھوں سے گر گیا۔ یعنی حقیر ہو گیا۔ سقط فی الکلامِ: غلطی کرنا۔۔۔ النجمُ: غائب ہونا۔۔۔ الحرُّ: گرمی پڑنا۔۔۔ الحرُ عنّا: دور ہونا۔۔۔ علی ضالّتِہٖ: موقع بازیافت سے مطلع ہونا۔۔۔ القومُ الیَّ: نازل ہونا۔ اترنا۔۔۔ الولدُ من بطنِ امِّہٖ: نکلنا۔ باہر آنا۔ سقط فی یدہٖ: نادم ہونا۔ کہتے ہیں "علی الخبیرِ سقطتَ" حقیقت کار کے جاننے والے کے پاس تم پہنچے۔

سُقِط واُسْقِط. فی یدہٖ: لغزش کرنا۔

غلطی کرنا۔ نادم ہونا۔ حیران ہونا۔

سَاقَطَهٗ سِقَاطًا و مُسَاقَطَةً. گرانا یا پے بہ پے گرانا۔۔۔ ہ الحَدِيْث: باری باری گفتگو کرنا۔۔۔ الفَرَسُ الخَيْلَ: دوڑ میں سبقت کرنا۔۔۔ الفَرَسُ العَدْوَ: گھوڑے کا سُست دوڑنا۔

اَسْقَطَهٗ. گرانا۔ اَسْقَطَتِ المَرْأَةُ السِقْطَ: عورت کا ناتمام بچہ گرانا۔۔۔ لَهٗ بِالْكَلَامِ: گالی دینا۔ بیہودہ بات کہنا۔۔۔ الرَجُلَ: کسی کے ساتھ ایسی کارروائی کرنا جس سے وہ حقیر ہو جائے کہ کوئی غلطی کر بیٹھے یا جھوٹ بولے یا اپنے راز کو ظاہر کر دے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَسْقَطَ فِيْ كَلِمَةٍ" اس نے کسی کلمہ میں غلطی نہیں کی۔

تَسَقَّطَهٗ. لغزشوں کو ڈھونڈنا۔

الخَبَرَ: تھوڑی تھوڑی خبر حاصل کرنا۔

تَسَاقَطَ واِسَّاقَطَ. الشَيْئُ: پے بہ پے گرنا۔

السَقَطُ. برف یا شبنم۔ لَيِم (۔۔۔۔۔ و السِقْطُ و السُقْطُ) ناتمام بچہ جو وقت سے پہلے گر جائے۔ السِّقْطُ. خیمہ کا گوشہ۔ پرندہ کا بازو۔ کہا جاتا ہے "رَفَعَ الطَائِرُ سِقْطَيْهِ" پرندہ نے اپنے دونوں بازو اُٹھائے۔ بادل کا کنارہ جو زمین پر گرتا ہوا دکھائی دے۔

السَقْطَة. زور سے گرنا۔ ٹھوکر۔ لغزش۔

السَقَط. ناکارہ و بے برکت چیز۔ ردی سامان۔ رسوائی۔ تحریر یا قول یا حساب کی غلطی۔ ج اَسْقَاط.

السَاقِط. فا. فرد مایہ۔ کمینہ۔ ج سُقَاط و سِقَاط. مؤنث سَاقِطَة.

السَاقِطَة. کم عقل کمینہ۔ وہ پھل جو پکنے سے پہلے گر جائے۔ ج سَوَاقِط.

السِقَاط. س. سَاقِط کی جمع۔ لغزش۔ وہ پھل جو پکنے سے پہلے گر جائے۔ پرندہ کا بازو۔

السُقَاط و السُقَاطَة. گری ہوئی چیز۔

السُقُوْط. گرا ہوا۔

السَقِيْط. بیوقوف۔ کم عقل۔ مؤنث سَقِيْطَةٌ. برف۔ شبنم۔ یخ۔ اولہ۔

السَقَّاط. بہت گرنے والا۔ بہت تیز تلوار جو مقطوع سے پہلے زمین پر گرے۔ (۔۔۔۔۔ و السَقَطِيّ) ردی سامان بیچنے والا۔ کباڑیا۔

السَقَّاطَة. بہت گرنے والی۔ سَقَّاطَةُ البَابِ عِنْدَ المُوَلَّدِيْنَ. دروازہ کی چٹخنی۔

المَسْقِط و المَسْقَط. گرنے کی جگہ۔ ج مَسَاقِط. مَسْقَطُ رَاسِ الرَجُلِ: جائے پیدائش۔ المَسْقَط. پرندہ کا بازو۔

المَسْقَطَة. گرنے کا سبب۔

مُسْقِطَةُ الاَحْبَال: بڑی مصیبت۔ الاُمُّ (المِسْقَاط) ناتمام بچہ گرانے والی ماں۔

سَقَعَهٗ (ف) سَقْعًا: کسی کو تھپڑ مارنا۔ کسی کو سخت سست کہنا۔ کسی کے ساتھ بُرائی سے پیش آنا۔ سَقَعَ الدِيْكُ. مرغ کا بانگ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِي اَيْنَ سَقَعَ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔

اُسْتُقِعَ. لَوْنُهٗ. رنگ کا بدل جانا۔

السُقْع. گھر۔ زمین کا گوشہ۔ ج اَسْقَاع.

السِقَاع. اوڑھنی کو تیل سے بچانے کا چیتھڑا۔ برقع۔ اونٹنی کی ناک کو باندھنے کی چیز۔ (۔۔۔۔۔ و المِسْقَع) لغت ہے۔ صِقَاع و مِصْقَع میں۔

الاَسْقَعُ. چڑیا کی مانند ایک پرندہ جس کا سر سفید اور پَر سبز ہوتے ہیں اور جو پانی کے قریب رہتا ہے۔ ج اَسَاقِع. دشمنوں اور حاسدوں سے دور رہنے والا۔

السَوْقَعَة. ثرید کے اوپر کا حصہ۔۔۔ مِنَ الرِّدَاءِ اَوِ الْخِمَارِ اَوِ الْعِمَامَةِ. وہ حصہ جو سر سے متصل ہو اور جلدی سے میلا ہو جائے۔

سَقَفَ (ف ن) سَقْفًا و سَقَّفَ. البَيْتَ: چھت ڈالنا۔

سَقَفَ (ف ن) سِقِّيْفَى و سُقَفَ و تَسَقَّفَ. بشپ بننا۔

اَسْقَفَه و سَقَّفَه. عَلَيْهِمْ. بشپ بنانا۔

سَقِفَ (س) سَقَفًا. جھکاؤ کے ساتھ لمبا ہونا۔ صفت (اَسْقَفُ) مؤنث سَقْفَاء ج سُقْف. سَقِفَتِ الرِجْلُ: پاؤں کا دائیں جانب کو جھکنا۔

السَقْف. مِنَ البَيْتِ: چھت۔ ج سُقُوْف. آسمان۔

السَقِيْف. چھت۔ ج سُقُف و سُقْف.

السَقِيْفَة. چھت پاٹنے کا پتھر یا تختہ۔ سونے یا چاندی کا لمبا و باریک تار۔ اونٹ کی پسلی۔ ج سَقَائِف. کہتے ہیں "هَدَمَ السَفَرُ سَقَائِفَ البَعِيْرِ" سفر نے اونٹ کی پسلیوں کو توڑ دیا۔

السَقِيْفَة. ڈیوڑھی۔

الاَسْقَف. موٹی اور لمبی ہڈیوں والا۔

۔۔۔۔۔ مِنَ الجِمَالِ: بے بال والا اونٹ۔

مِنَ الظِلْمَانِ: ٹیڑھی گردن والا شتر مرغ۔

الاُسْقُفُ. بشپ پادری۔ جس کا درجہ قسیس سے اُونچا اور مطران سے کم ہوتا ہے۔ مطران۔ ج اَسَاقِفَة و اَسَاقِف (کلمہ یونانی ہے۔)

الاُسْقُفِيَة. بشپ کا درجہ۔ بشپ کی رعیت۔ بشپ کی جانب منسوب۔

المُسَقَّف. سخ. لمبا۔

سَقَلَهٗ (ن) سَقْلًا. صیقل کرنا۔ آئینہ وغیرہ کو جلا دینا۔

سَقِلَ (س) سَقَلًا. البَعِيْرُ: کمر میں داہنی جانب کو کجی والا ہونا۔

السُقْل. کمر۔

السَقِل. مِنَ الرِجَالِ: پتلی کمر والا مرد۔

۔۔۔۔۔ مِنَ الخَيْلِ: پیٹھ میں کم گوشت والا گھوڑا۔

الاِسْقَالَة. اونچی جگہ پر پہنچنے کے لئے پاڑھ۔ ج اَسَاقِيْل.

سَقْلَبَه. پچھاڑنا۔

السَقْلَبُ. علاقہ خزر کے باشندوں کی ایک جماعت جو بعد میں یورپ کے ملکوں میں پھیل گئی تھی۔ واحد (سَقْلَبِي) ج سَقَالِبَة.

سَقِمَ (س) (سَقُمَ ک) سَقْمًا و سُقْمًا و سَقَامًا و سَقَامَةً. بیمار ہونا یا دیر تک بیمار رہنا۔ صفت (سَقِيْم) ج سِقَام و سُقَمَاء.

اَسْقَمَهٗ و سَقَّمَهٗ. بیمار ڈالنا۔ واَسْقَمَ

الرَّجُلُ: بیمار گھروالا ہونا۔
السَقم والسُقم. ج اَسْقَام و (السَقَام) بیماری۔
السَقِم والسَقِيْم. بیمار۔ کَلَامٌ سَقِيْمٌ: نا درست کلام۔ مَكَانٌ سَقِيْمٌ: خوفناک جگہ۔ کہاجاتا ہے "هُوَ سَقِيْمُ الصَّدْرِ عَلَى اَخِيهِ" وہ اپنے بھائی سے کینہ رکھتا ہے۔
المِسْقَام. بکثرت بیمار رہنے والا۔
اَرْضٌ (مَسْقَمَةٌ) بہت بیماریوں والی زمین۔
السَقَنْقُوْر. ایک جانور کا نام ہے۔
سَقَىٰ (ض) سَقْيًا. الرَّجُلَ: پلانا۔ کسی سے "سَقَاكَ اللّٰهُ يا سَقْيًا لَكَ" کہنا۔ عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔۔۔الثَّوْبَ: گہرا رنگنا۔ سَقَاهُ اللّٰهُ الغَيْثَ: بارش بھیجنا۔۔۔ بَطْنُهُ: بیماری کی وجہ سے پیٹ میں پانی جمع ہونا۔
سُقِيَ. قَلْبُهُ عَدَاوَةً: دل کا دشمنی سے بھرپور ہونا۔۔۔بَطْنُهُ: بیماری کی وجہ سے پیٹ میں پانی جمع ہونا۔
السَّمَنْجُونِیّ. آسمانی رنگ والا۔ (جدید)

السَّمَنْد والسَّمَنْدل والسَّنْدل. ایک قسم کا پرندہ۔

سَمَهَ (ف) سُمُوْهًا. مدہوش ہونا الفرسُ: گھوڑے کا بغیر تھکن کے بہت تیز دوڑنا۔

سَمَّه. الابلَ: بیکار چھوڑ دینا۔ صفت مفعولی (سُمَّة)

السَّامِه. حیران۔ ج سُمَّة.

السُّمَّهیٰ. فضاء آسمانی۔ ترمرے (یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں فضاء آسمانی سے مکڑی کے جالے کی مانند اُترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے) (والسُّمَّه والسُّمَّیْهیٰ والسُّمَیْهیٰ والسُّمَیْهاء والسُّمَّیْهاء) جھوٹی اور باطل چیزیں۔

سَمْهَجَ. کلامَهٗ: جھوٹ بولنا۔ الحبلَ: رسی مضبوط بٹنا الشیئَ: چھوڑنا۔ الدَّراهمَ: رواج دینا الیمینَ: قسم میں سختی کرنا۔

السِّمْهاج. جھوٹ۔

اِسْمَهَدَّ. السنامُ: کوہان کا بڑا ہونا۔

السَّمْهَدُ. خشک وسخت چیز۔

السَّمْهَد والسَّمَهْدَد. بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔

اِسْمَهَرَّ. مضبوط و سخت ہونا۔ نیزہ کی طرح سیدھا ہونا الظلامُ: بہت اندھیرا ہونا۔

السَّمْهَرِیّ. مضبوط نیزہ۔ کہا جاتا ہے "رُمْحٌ سَمْهَرِیٌّ و رِماحٌ سَمْهَرِیَّةٌ" قَدٌّ سَمْهَرِیٌّ معتدل قد۔

سَمَا یَسْمُوْ سُمُوًّا. بلند ہونا البصرُ: اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَوْتُ اِلَیْه بصرِی" اس کی طرف میں نے نگاہ اُٹھائی و "سَمَا اِلَیْه بَصَرِی" اس کی طرف میری نگاہ اُٹھی۔ و "نَفْسُه تَسْمُوْ اِلیٰ مَعالِی الْاُمُورِ" اس کا نفس بڑے بڑے اُمور کی طرف مائل ہے به: بلند کرنا القومُ: شکار کیلئے جانا (سما یسمو سمُوًّا) الرجلَ زیدًا و بزیدٍ نام رکھنا۔

سَمّیٰ. الرجلَ زیدًا اَو بزیدٍ: نام رکھنا الشَّارِعَ فِی العملِ: کام شروع کرنے والے کا اللہ کا نام لینا۔

اَسْمیٰ. الشیئَ: بلند کرنا الرجلَ زیدًا و بزیدٍ نام رکھنا ہٗ من بلدٍ الیٰ بلدٍ روانہ کرنا۔

سَامیٰ مُسَاماةً. الرجلَ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لایُسامیٰ" فلاں سے فخر میں مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔

تَسامیٰ تَسامِیًا. القومُ: باہم فخر کرنا۔ ایک دوسرے کو نام لے کر پکارنا علی الخیلِ گھوڑے پر سوار ہونا۔

تَسَمّیٰ. نام پانا اِلیٰ و بالقومِ: منسوب ہونا۔

اِسْتَمیٰ اِسْتِماءً. الصائدُ: شکار کی جرابیں پہننا۔ شکار کرنا ہ: کسی کی زیارت کو جانا۔ کسی کے اندر خیر وصلاح معلوم کرنا۔

اِسْتَسْمیٰ اِسْتِسْماءً. نام پوچھنا۔

السَّامِی فا ج سَامُوْن و سُماة مؤنث سَامِیَةٌ ج سَامِیاتٌ و سَوامٍ کہا جاتا ہے "رَدَدْتُ مِنْ سَامِی طَرفِه" یعنی میں نے اس کے نخوت و غرور کو توڑ دیا۔ السامی: شکار کی اونی جراب پہنے ہوئے شکاری۔ ج سُماة.

السَّماء. آسمان۔ فضاء واسع جو زمین کو احاطہ کئے ہوئے ہو۔ ہر وہ چیز جو تم سے اوپر ہو۔ گھوڑے کی پیٹھ۔ ہر چیز کی چھت۔ بارش یا بادل گھاس۔ نیکوں کی روحوں کے رہنے کی جگہ۔ ج سَماوات و سَمٰوٰت (الف کو صرف کتابت میں حذف کر کے) وسُمِیٌّ واَسْمِیَة (والسَّمارة) گھر کا چھجہ۔ وسَماوَةُ کُلِّ شیئٍ: ہر چیز کا ڈھانچہ۔

السَّماء. اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "شاعَ سُماه" اس کی شہرت و نیک نامی پھیل گئی۔

الاِسْم و الاُسْم. نام۔ وہ لفظ جو کسی جوہر یا عرض کی تعیین و تمیز کے لیے وضع کیا گیا ہو۔ اس کا ہمزہ ہمزۂ وصل ہے۔ ج اَسْماء و اَسامٍ و اَسامِی و اَسْماوات اور

بَسْمَلَه میں همزه کو حذف کر دیتے ہیں اور دوسری جگہ باقی رکھتے ہیں۔ بَسْمَلَه کے معنی بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اسم الجلالة: باری تعالیٰ کا نام۔

السَّمُ والسِمُ والسُمُ. اسم کے لغات۔ کہا جاتا ہے "هٰذا سِمُه" یعنی یہ اس کا نام ہے۔

السَمِيُّ. بلند ہونے والا۔ سَمِيُّكَ: ہمنام نظیر۔

بَسْمَلَةُ: عیسائیوں کے نزدیک باپ، بیٹے اور روح م'دس کے نام پڑھنا - مسلمانوں کے نزدیک: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ--

اَلِاسْمِيَّة: ان فلاسفہ کا مذہب جو کہ اجناس اور انواع کے بذات خود وجود یا حقیقت کا انکار کرتے ہیں-

السَمَوِيُّ. اسم کی جانب منسوب۔

المِسْمَاة. شکاری کی اونی جراب۔

المُسَمَّىٰ. مسمّٰی۔ معین۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مُسَمَّىٰ قَوْمِهٖ و مِنْ مُسَمَّاتِهِمْ" وہ قوم کے بہترین لوگوں میں سے ہے۔

سَنَّ (ن) سَنًّا. السِكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ "هٰذَا مِمَا يَسُنُّكَ عَلىٰ طَعَامٍ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو تمہیں کھانے کی رغبت دلاتی ہے الرُمْحَ: تیر پر پھل لگانا الاَسْنَانَ: مسواک کرنا العُقْدَةَ: گرہ کھولنا الاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا الرَجُلَ: کسی کو بھالا مارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ دانت توڑنا۔ حد سے زیادہ تعریف کرنا الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ آسان کرنا۔ جاری کرنا۔

الطَرِيْقَةَ: طریقہ اختیار کرنا عَلَيْهِمِ السُنَّةَ: طریقہ مقرر کرنا الطِيْنَ: مٹی کا برتن وغیرہ بنانا الشَّيْءَ: تصویر بنانا الماءَ او التُرَابَ: پانی یا مٹی آہستہ آہستہ گرانا۔ العَيْنُ الدَمْعَ: آنکھ کا آنسو بہانا الاَمِيْرُ رَعِيَّتَه: بہتر انتظام کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ فُلَانٌ طَرِيْقًا مِنَ الخَيْرِ" فلاں نے خیر کا طریقہ جاری کیا جس کو اس کی قوم پہلے سے نہیں جانتی تھی۔

سُنَّتِ. الاَرْضُ: زمین کا چرنے سے صاف ہونا۔

سَنَّنَ. السِكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ صیقل کرنا۔ الرُمْحَ: نیزے پر پھل لگانا الرُمْحَ اِلَيْه: کسی کے سامنے نیزہ کرنا القَوْلَ: اچھی گفتگو کرنا الاَسْنَانَ: مسواک کرنا۔

اَسَنَّ. الرَجُلُ: بوڑھا ہونا الصَبِيُّ: بچے کا دانت نکلنا۔ اَسَنَّ اللّٰهُ سِنَّهٗ: دانت اگانا الماءَ: پانی گرانا الرُمْحَ: نیزے پر پھل لگانا۔

اِسْتَنَّ. الماءُ: پانی گرنا الطَرِيْقُ: راستہ واضح ہونا الفَرَسُ: گھوڑوں کا آگے پیچھے دوڑنا السَرَابُ: سراب کا چمکنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنَّ بِه الهَوىٰ حَيْثُ اَرَادَ" یعنی اس کو خواہش نفس ہر طرف لے گئی الرَجُلُ: دانتوں کو خلال کر کے صاف کرنا۔ (و تَسَنَّنَ) بِسُنَّتِه: عمل کرنا۔ پیروی کرنا اور اسی سے ہے "اِسْتَنَّ بِسِيْرَةِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کی سیرت کی پیروی کی۔ و تَسَنَّنَ فِي عَذْرِه: اپنے رخ پر دوڑنا۔

اِسْتَسَنَّ. زیادہ عمر والا ہونا الطَرِيْقَةَ: طریقہ اختیار کرنا الطَرِيْقُ: آمدورفت والا ہونا العَيْنُ: بہتے ہوئے آنسو والی ہونا بِسَيْفِه: تلوار کو حرکت دینا بالشَيْءِ: تابعداری کرنا۔

السِنُّ. ج اَسْنَان و اَسِنَّة و اُسُنّ: دانت (مؤنث) دارنتی یا کنگھی وغیرہ کا دندانہ۔ لہسن کا جوا۔ قلم میں تراشنے کی جگہ۔ ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ چربیدگی۔ اور اسی سے ہے "اَعْطُوْا السِنَّ حَظَّهَا مِنَ السِنِّ" یعنی جانوروں کو ان کے چرنے کا حق دو۔ ج اَسْنَان: عمر (مؤنث) کہا جاتا ہے "طَعَنَ و طُعِنَ فِي سِنِّه" یعنی وہ بوڑھا ہو گیا۔ و "هُوَ حَدِيْثُ السِنِّ" وہ نئی عمر کا ہے "هُوَ كَبِيْرُ السِنِّ و كَبِرَتْ سِنُّه" وہ بوڑھا ہے و "هُوَ سِنُّ فُلَانٍ" وہ فلاں کا ہم عمر ہے۔ و "له اِبْنٌ سِنُّ اِبْنِكَ و اَوْلَادٌ اَسْنَانُ بَنِيْكَ" اس کے لڑکے تمہارے لڑکوں کے ہم عمر ہیں۔

السَنَن. طریقہ۔ کہا جاتا ہے "استقام فُلَانٌ علىٰ سَنَنٍ واحد" فلاں ایک ہی طریقہ پر قائم رہا "اُمْضِ علىٰ سَنَنِكَ" تم اپنے طریقہ پر چلے چلو "مَرَّ السَهْمُ فِي سَنَنِه" تیر سیدھا نکل گیا ادھر اُدھر نہیں ہوا۔ (والسِنَن والسُنَن والسُنُن) من الطرِيْقِ: کشادہ راستہ۔ بڑا راستہ۔

السَنَّة. سَنَّ کا اسم مرۃ۔ مادہ ریچھ۔ مادہ چیتا۔

السُنَّة. خصلت۔ طریقہ۔ طبیعت۔ شریعت۔ چہرہ یا اس کا دائرہ۔ ج سُنَن۔

اَهْلُ السُنَّة: وہ لوگ جو حضرت ابو بکر صدیقؓ، عمر فاروقؓ اور عثمان غنیؓ کی خلافت کے قائل ہیں۔

السُنِّيَّة. اسلام کا ایک بڑا فرقہ جو سنت کی جانب منسوب ہے۔ واحد (سُنِّی)

السِنَّة. دو سروں والا کلہاڑا۔ سِنَّة من الثوم: لہسن کا ایک جوا۔

السِنَان. نیزے کا پھل۔ ج اَسِنَّة.

السِنَان: سان۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ سِكِّيْنَه بالسِنَان" اس نے اپنی چھری کو سان سے تیز کیا۔

السَنُوْن. منجن۔

السَنِيْن. سان پر تیز کیا ہوا۔ پتھر کے رگڑنے سے جو گرے۔ وہ زمین جس کی گھاس کو چر لیا گیا ہو۔ سَنِيْنُ المَرْءِ: ہم عمر۔ مؤنث سَنِيْنَة السَنِيْنَة ایک طرز پر چلنے والی ہوا۔ ریت کا بلند ٹیلہ۔ ج سَنَائِن۔

المِسَنّ. سان جس پر چھری وغیرہ کو تیز کیا جائے۔

المُسِنّ. مِنَ الدَوَابّ: بڑی عمر والا جانور۔ ج مَسَانّ۔

المسنون. معجماً مسنونٌ: بدبودار کیچڑ۔ رجلٌ مسنونُ الوجهِ: چمکدار کتابی چہرے والا۔ مرمرٌ مسنونٌ: نرم چکنا کیا ہوا سنگ مرمر۔

طریقٌ (مُستَسِنٌّ و مُستَسَنٌّ) آمدورفت والا راستہ۔

مُستَنّ الطریق: راستہ کا نمایاں حصہ۔

المُستَنّ: شیر۔

السَّناب. سخت بُرائی۔

السِّناب والسِّنابة. لمبی پیٹھ اور پیٹ والا۔

السَّنَب. بہت دوڑنے والا۔

السَّنب والسَّنبة والسَّنبتة. زمانہ کا ایک حصہ۔

السَّنُوب والسِّنَّاب والسَّنبَاب و السِّنبوت. غضبناک۔ بہت شر والا۔ غیبت کرنے والا۔ جھوٹا۔

السَّنباء. دُبُر۔

السُّنباذج. سان کا پتھر۔ (جدید)

السَّنبوسق والسَّنبوسك. سموسہ

السُّنبُوق. ڈونگی۔ چھوٹی کشتی۔

السُّنبُك. کھر کا کنارہ والسُّنبُك من السیف: آرائش تلوار کا کنارہ من بیضة الحدید: خود کا بالائی حصہ من المطر: ابتداء بارش۔ ہر چیز کا اول۔ کم نفع والی سخت زمین۔ ج سنابك. کہا جاتا ہے "طلب الرزق فی سنابك الأرض" اس نے اطراف زمین میں روزی تلاش کی۔

سنبل الزرعُ: خوشوں والی ہونا۔

الرجلُ ثوبَه: کپڑے کو لٹکا کر کھینچنا۔

السُّنبُل من الزرع کالبُرّ والشعیر: خوشہ بالی۔ واحد (سُنبُلَة) ج سنابل وسُنبُلات. ایک خوشبو دار گھاس۔

السُّنبُلُ الرُّومی: ایک خوشبو دار بوٹی

والسُّنبُلة: آسمان کے ایک برج کا نام۔

اَسنَتَ القومُ قحط زدہ ہونا۔

سَنَّتَ القدرَ: ہانڈی میں زیرہ ڈالنا۔

سانتوا الأرضَ: نباتات تلاش کرنا۔

عامٌ (سَنِتٌ و سنیتٌ و مُسنِتٌ) قحط سالی۔ رجلٌ سَنِتٌ: بے نفع مرد۔

السَّنُّوت والسِّنُّوت. زیرہ اور بقول بعض شہد یا پنیر۔

المُسنِت. مسکین جس کے پاس کچھ نہ ہو۔

السُّنتُب. بدخلق۔

سنج (ن) سَنجا الثوبَ: کپڑے کے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں رنگنا۔

السِّناج. دیوار وغیرہ پر دھوئیں کا اثر (والسِّنِیج) چراغ۔

سَنجة المیزان. باٹ۔ ج سَنجات

(دخیل) السُّنجة. سیاہ سفید رنگ (ثوبٌ مُسَنَّجٌ) سیاہ سفید دھاری دار کپڑا۔

السِّنجاب والسُّنجاب. چوہے سے بڑا ایک جانور جس کی دُم بہت گچھے دار بالوں سے اوپر کو اُٹھی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی کھالوں سے پوستین بناتے ہیں۔

السَّنجق. جھنڈا۔ ج سناجق. جدید۔

سنح (ف) سَنحا و سُنحا و سُنوحا. الامرُ او الرأیُ: پیش آنا۔ ظاہر ہونا۔ سوجھنا۔

لی الشعرُ: آسان ہونا بکذا: اشارہ سے سمجھانا الرجلُ عن رایه: رائے سے پھیر دینا۔

به و علیه: تنگی ڈالنا۔ تکلیف پہنچانا۔

(سُنوحا وسانح سناحا و مُسانحة) الطیرُ او الظبیُ: پرندہ یا ہرن کا بائیں سے دائیں طرف گزرنا۔

تسنّح من الریح ہوا کی طرف پشت پھیرنا۔

تسنّحه واستنسحه عن کذا: کھود کرید کرنا۔

السُّنح. س۔ برکت من الطریق: درمیانی راہ۔

السانح. فا. بائیں جانب سے آنے والا۔ اور اس کے مقابلہ میں بارح ہے۔ جس کے معنی ہیں دائیں جانب سے آنے والا۔ عرب "سانح" سے نیک شگون اور "بارح" سے بدشگون لیا کرتے تھے۔ اور اسی سے مثال ہے "من لی بالسانح بعد البارح" یعنی میرے لیے منحوس کے بعد مبارک کا ضامن کون ہوگا۔ اس کو مکروہ کے بعد محبوب کی توقع کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

السَّنیح. بائیں جانب سے آنے والا۔ موتی۔ زیور۔ ج سُنُح

السَّنحنح. رات کو نہ سونے والا۔

سنخ (ف) سُنوخا فی العلم. راسخ ہونا۔

سنخ (ف) سنخا. بگڑنا۔ متغیر ہونا۔ صفت (سَنِخٌ) مؤنث سَنِخة من الطعام: بہت کھانا الفمُ: دانتوں سے خالی ہونا۔

اسنانُه: دانتوں کی جڑوں کا تباہ ہونا۔

السِّنخ. اصل من السنّ: دانت اُگنے کی جگہ۔ ج اسناخ و سُنوخ. سنخ النصل: پھل کا اتنا حصہ جو تیر کے اندر داخل ہو۔ سِنخ الکلمة: کلمہ کا اصل ماخذ۔ سِنخ الحُمّٰی: بخار کی تیزی۔

السَّنخ. اونٹ۔

السَّنخة والسَّناخة. بدبودار ہوا۔

سند (ن) سُنودا واستند و تساند. الیه: اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ سند الجبلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔ سند للاربعین: چالیس کے قریب ہونا۔ سند ذنبُ الناقة: اونٹنی کے دم کا دائیں بائیں سرین پر لگنا۔

سنّد سند (ایک قسم کی چادر) اوڑھنا۔

الشیءَ: ٹیک لگا کر مضبوط کرنا۔

ساند مُساندة و سنادا شعره و فی شعره: شعر میں مختلف ردیف لانا

الرجلَ: مدد کرنا و علی العمل: کفایت کرنا الی الشیء: ٹیک لگانا۔

اَسْنَد. فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا ہ فی الجبل: پہاڑ پر چڑھانا فی العَدْو: دوڑنے میں کوشش کرنا اَسْنَدَہٗ اِلَی الشَّیْ: ٹیک لگانا۔

السَّنَد. ایک قسم کی چادر۔ سہارا اور مولدین کے نزدیک بمعنی دستاویز مستعمل ہے۔ ج سندات پہاڑ کا وہ حصہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَسْناد.

السَّنْدۃ. ایک قسم کی نباتات۔

السِّناد. قافیہ کا ہر عیب جو حرف روی سے پہلے ہو۔ ناقۃٌ سِنادٌ: لمبی ٹانگوں والی اونٹنی۔ دبلی ؛ قوی۔

الاِسْناد. مص. عِنْدَ اَھْلِ الْمُناظَرَۃ: حوالہ دینا۔ ج اَسانِید والاَسْنادُ فِی عِلْمِ العَرَبِیَّۃ: دو کلموں کے درمیان نسبت تامہ واقع کرنا جیسے مبتدا و خبر یا فعل و فاعل کے درمیان نسبت۔ جیسے زَیْدٌ قائِمٌ و قامَ زَیْدٌ.

السَّنْدان. اَ نہانی. اہرن. ج سَنادِیْنُ (دخیل)

السِّنْدان. بڑا اور مضبوط مرد۔ قوی بھیڑیا۔

السِّنْدانۃ. گدھی۔

السِّنْدِیان. شاہ بلوط کا درخت۔ واحد (سِنْدِیانَۃٌ) فارسی کلمہ ہے۔

السَّنِیْد. لے پالک۔ منہ بولا بیٹا۔

المُسْنَد. مِنَ الحَدِیْث: جس کی سند قائل تک پہنچائی جائے۔ ج مَسانِد و مَسانِیْد. المُسْنَد: ایک قسم کا طرز تحریر جس کو بنو حمیر استعمال کرتے تھے۔ منہ بولا بیٹا۔ زمانہ۔

المِسْنَد والمِسْنَدۃ. جس پر ٹیک لگائی جائے۔ ج مَسانِد. کہا جاتا ہے "خرجَ القَوْمُ (مُتَسانِدِیْنَ)" لوگ مختلف جھنڈوں کے نیچے ہو کر نکلے۔ کسی ایک امیر کے تحت میں نہیں تھے۔

المُسْتَنَد. جس پر اعتماد و بھروسہ کیا جائے۔

السِّنْدَاْوُ والسِّنْدَاْوَۃ ہلکا۔ دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ پست قد۔ موٹے سر اور پتلے جسم والا۔ السِّنْدَاْوَۃ: کپڑے کا ٹکڑا جس کو عمامہ کے نیچے تیل سے بچانے کے لیے باندھا جاتا ہے۔

جملٌ (سِنْدَأْبٌ) قوی اور سخت اونٹ۔

سَنْدَر. جلدی کرنا۔

السَّنْدَرۃ. مص. جلدی۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بناتے ہیں۔ ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول "اَکِیْلُکُمْ بالسَّیْفِ کَیْلَ السَّنْدَرۃ" کا مطلب یہ ہے کہ میں تم لوگوں کو بہت زیادہ قتل کروں گا۔

السَّنْدَرِیُّ. دلیر۔ لمبے قد والا۔ مضبوط۔ کمان۔ نیلگوں۔ نیزہ۔ شیر۔ تلوار وغیرہ کا سفید پھل۔ بڑی آنکھوں والا۔ عمدہ۔ ردی۔ ایک بڑا پیمانہ (والسَّنْدَر والسِّنْدَر) دلیر۔

السَّنْدَرُوْس. ایک قسم کا گوند یا کہرباء کی مانند ایک معدنی چیز۔

السُّنْدُس. ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

السَّنْدَل. ایک قسم کا پرندہ۔ چرمی موزہ کا پائتابہ۔

سَنِرَ (س) سَنَرًا. بد خلق ہونا۔

السَّنَوَّر. (س) سَنَرًا بد خلق ہونا۔

السَّنَوَّر. ایک ہتھیار زرہ کی مانند چمڑے کا بنا ہوا لباس۔ لوہے کا ہر ایک ہتھیار۔

السِّنَّوْر. بلی۔ سردار ؛ دُم کی جڑ۔ گردن کی ہڈی کے مہرے۔ ج سَنانِیْر.

السُّنَّار. بلی۔

سَنْسَنَت. الرِّیْحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔

السِّنْسِن. پیاس۔ پسلی کی ہڈیوں کے سرے۔ ج سَناسِن (والسِّنْسِنَۃ) ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "جاءَتِ الرِّیْحُ سَناسِنَ" ہوا ایک ہی طریقہ پر آئی۔

سَنِطَ (ک) سَناطۃ و سَنِطَ (س) سَنَطًا. کوسج یا کچی داڑھی والا ہونا۔ صفت (سِناط و سُناط و سَنُوْط) ج سُنُط و اَسْناط.

السَّنْط. گٹا۔ پہنچا۔

السِّنْطَبۃ. بے ڈول لمبائی۔

السِّنْطاب. لوہار کا ہتھوڑا۔

السِّنْطِیر والسِّنْطُور. ایک قسم کا ستار جس کے تار تانبے کے ہوتے ہیں۔

سَنْطَلَ. الرَّجُلُ: سر جھکا کر چلنا۔

السَّنْطَلۃ. مص. لمبائی۔

السِّنْطالۃ. سر جھکا کر سکون کی چال۔

السِّنْطِیْل. لمبا۔

المُسَنْطَل. مذ. سست چال چلنے والا۔ جو قریب گرنے کے ہو۔ بے ڈول جسم کا بڑے پیٹ والا۔

اِسْطَنْبُوْل: ایک پودے کا نام جس کا تنا ملائم پھول گلابی ہوتے ہیں۔

السِّنْطِلِیْل. لمبے قد والا۔

سَنَعَ (ف ن) وسَنُعَ (ک) سَناعۃ و سُنُوْعًا. حسین و خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (سَنِیْع) مؤنث سَنِیْعَۃ.

اَسْنَعَ. الغُلامُ: لڑکے کا طویل و خوبصورت ہونا الرَّجُلُ: خوبصورت بچوں والا ہونا۔ گٹے کا درد والا ہونا الشَّیْ: زیادہ کرنا۔

السِّنْع. گٹے کے مقام کی باریکی۔ گٹے کا جوڑ۔ ج سِنَعۃ و اَسْناع.

السَّنَع. خوبصورتی۔

الاَسْنَع. لمبا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "ھذا اَسْنَعُ مِنْ ذاکَ" یہ اس سے افضل ہے۔ مؤنث سَنْعاء.

السَّنِیْعَۃ. پہاڑی راستہ۔ ج سَنائِع.

السُّنْعُبَۃ. تیولا۔ اوپر والے ہونٹ کے اندرونی حصہ میں ابھرا ہوا گوشت۔

سَنَفَ (ن ض) سَنْفًا. البَعِیْرَ: اونٹ پر تنگ باندھنا النّاقَۃَ: اونٹنی کا اونٹ سے

آگے نکل جانا۔

اَسْنَفَ. البَعِيْرُ: چلنے میں گردن آگے بڑھانا۔ اَسْنَفَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا الرِّيْحُ. ہوا کا تیز چلنا۔ البَرْقُ: بجلی کا قریب ظاہر ہونا الاَمْرَ: مضبوطی سے کرنا البَعِيْرَ. تنگ باندھنا۔

السِّنْف. لکڑی جو پتوں سے خالی ہو؛ پھلی کا چھلکا۔ پتا۔ ج سُنُوْف.

السِّنْف. ایک تلخ دانہ جو گیہوں؛ جو میں ہوتا ہے۔ جماعت۔ صنف۔ پھلی۔ واحد (سِنْفَةٌ) ج سِنْفٌ. جج سِنَفَة.

السِّنِيْف. بچھونے کی گوٹ۔ ایک کپڑا جس کو اونٹ کے مونڈھوں پر باندھتے ہیں۔ ج سُنُفٌ و سُنُفٌ واَسْنِفَةٌ.

المُسْنِفَة. مِنَ السِّنِيْنَ: خشک سال۔ مِنَ الاراضي: قحط زدہ زمین۔

سِنَاف. البَعِيْرِ. اونٹ کا تنگ۔ ج سُنُفٌ و سُنُفٌ واَسْنِفَةٌ.

السِّنْفَتانِ والسُّنْفَتانِ. دو لکڑیاں جن میں کنوئیں کی چرخی پھنسی ہوئی ہوتی ہے۔

المِسْنَاف. وہ اونٹ جو کجاوہ کو اِدھر اُدھر کرتا ہو جس کی وجہ سے تنگ باندھنا پڑے۔ ج مَسَانِيْف.

سَنِق (س) سَنَقًا. بدہضمی ہونا (بقول بعض سَنِق صرف حیوانات کے لیے مخصوص ہے۔)

اَسْنَقَهُ. النَّعِيْمُ: ناز و نعمت والا ہونا۔ خوش حال ہونا۔

السُّنْقُر والسُّنْقُو. ایک شکاری پرندہ جو شکرے سے بڑا اور خوبصورت ہوتا ہے۔

السِّنْكسار والسِّنكسار. عِنْدَ النصرانيينَ نصرانیوں کے اولیاء و صالحین کے حالات کا مجموعہ جو گرجوں میں پڑھا جاتا ہے۔ (جدید)

سَنِم (س) سَنَمًا. البَعِيْرُ. بڑے کوہان والا ہونا النَّبتُ. خوشہ یا پھول نکلنا۔

سَنَّم. الكَلأُ البَعِيْرَ: موٹے کوہان والا کر دینا الإناءَ: برتن بھرنا الشيئَ. بلند کرنا القَبْرَ. قبر کو کوہان نما کرنا المِكْيَالَ: پیمانہ کو بھر کر کوہان جیسا کر دینا۔

اَسْنَم. الكَلأُ البَعِيْرَ. موٹے کوہان والا کر دینا الدُّخَانُ: دھوئیں کا بلند ہونا۔ اَسْنَمتِ النَّارُ: آگ سے لپٹ اُٹھنا۔

تَسَنَّم. النَّاقَةَ. اونٹنی کے کوہان پر سوار ہونا الشيئَ. کسی چیز پر چڑھنا فُلانًا: غفلت میں پکڑ لینا ہ الشَّيْبُ: بڑھانا۔ پھیل جانا۔

السَّنِم. مِنَ الابلِ: بڑے کوہان والا اونٹ مِنَ النَّبَاتِ: زمین سے بلند شگوفے والے پودے۔

السَّنَام. کوہان۔ ج اَسْنِمَة. کہا جاتا ہے "فُلانٌ سَنَامُ قَوْمِه" وہ اپنی قوم میں بڑا ہے۔

سَنَمَةُ. النَّبَاتِ: نباتات کا اوپر کا حصہ جیسے بالی؛ شگوفہ۔ رَجُلٌ (سَنِيْمٌ) عالی مرتبہ مرد۔

السُّنُم. گائے۔

التَّسْنِيْم. جنت کے ایک چشمہ کا نام۔

المُسَنَّم. مِنَ الجمال: اونٹ جس پر سواری نہ کی جائے۔

السِّنِمَّار. چاند۔ چور۔ رات میں نہ سونے والا۔

السَّنمُورَة. ایک قسم کی مچھلی جس کو نمک لگا کر خشک کرتے ہیں۔ (جدید)

سَنِه (س) سَنَهًا. بہت برسوں والا ہونا۔ صفت (سَنِهٌ) الطعامُ او الشَّرابُ: بگڑ جانا متغیر ہونا۔

سَانَهَ. الرَّجُلَ: سال وار معاملہ کرنا۔ سَانَهَتِ النَّخْلَةُ. ایک سال کے ناغہ سے پھل لانا۔

تَسَنَّهَ. بہت برسوں والا ہونا الخُبْزُ. بدبو دار ہونا عِنْدَهُ: ایک سال تک اقامت کرنا۔

السَّنْهاء. مِنَ النخلِ: ایک سال کے ناغہ سے پھل دینے والا درخت خرما۔ خشک سالی والا۔ کہا جاتا ہے "سَنَةٌ سَنْهَاء" بغیر بارش و بغیر پیداوار کا سال۔

سَايَسْنُو سَنْوًا وسَنَاوَةً و سُنُوًّا و سِنَايَة. السَّحابُ الاَرْضَ. بادل کا زمین کو سیراب کرنا البَرْقُ. بجلی کوندنا الباب: دروازہ کھولنا۔ سَنَتِ النَّارُ. روشنی بلند ہونا السَّماءُ: برسنا۔ سنا على الدابة: جانور پر پانی لانا الدَّلْوَ: ڈول کو کنوئیں سے کھینچنا۔

سَانَى سِنَاءً و مُسَانَاةً. الرَّجُلَ: ایک سال کیلئے معاہدہ کرنا یا اُجرت پر رکھنا۔

تَسَنَّى تَسَنِّيًا. الشيئَ: چڑھنا۔ "تسنّت العُقْدَةُ" گرہ کھلنا۔

السَّنَة. سال۔ ج سُنُوْن و سِنُوْن وسنوات و سنهات. تصغیر سُنَيَّة و سُنَيْنَة و سُنَيْهَة. نسبت کیلئے سِنَوِيّ و سَنَهِيّ.

سَنَةٌ سَنْوَاءُ. سخت سال۔

السَّنَاء. بجلی کی چمک۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السَّنَةُ الضَّوْئِيَّةُ. (فلکیات) وہ مسافت جس میں روشنی ایک سال بھر میں طے کرتی ہے۔ یعنی ۹۴۶۸ ارب کلومیٹر سب سے قریب ستارہ ہماری طرف چار ضوئی سالوں سے زیادہ دور ہے۔

السَّانِي. فا پانی لانے والا۔ ج سُنَاة.

السَّانِيَة. رہٹ۔ اونٹنی جس پر کنوئیں سے پانی لایا جائے۔ ج سوانٍ.

السَّنَةُ الانقلابيّة او الاستوائيّة: وہ وقت جو کہ سورج کے گزرنے کے لئے ہوتا ہے اعتدال ربیع کے نقطہ پر دو دفعہ مسلسل۔ جس کی قیمت (مقدار) ۲۴۲۲، ۳۶۵ شمسی درمیانے دن۔

المَسْنُوُ والمَسْنِيّ. رہٹ سے سیراب کی ہوئی چیز۔

السَّنَةُ النُّجُوْمِيَّةُ او المَدرِيَّةُ: زمین کا

سورج کے اردگرد گردش کرنے کا وقت جب کہ اس کو سورج کے مرکز سے کسی سیارے کے ساتھ جمع ہوتے ہوئے دو دفعہ دیکھا جاتا ہے۔

المُسنّاۃ. بند جو سیلاب کو روکے۔ ج مُسنَّوات و مُسنّیات. کہا جاتا ہے "عَقَدُوْا مُسَنَّیاتٍ لِحَبْسِ المِیاہِ" انہوں نے پانی روکنے کے لیے بند باندھا۔

سَنِیَ (س) سَنَاءً. بلند مرتبہ ہونا۔

سَانَی مُسَاناۃً و سِناءً. الرَّجُلَ: خوشنود کرنا۔ مدارات کرنا۔ مطالبہ میں نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَانَیْتُہٗ حَتّٰی اِسْتَخْرَجْتُ مَا عِنْدَہٗ" میں نے اس کے ساتھ نرمی کر کے جو کچھ اس کے پاس تھا سب نکلوا لیا۔

اَسْنٰی اِسْنَاءً. البَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ لَہٗ الجائِزَۃَ: بیش قیمت انعام دینا "جَاوَرْتُہٗ فَاَسْنٰی جِوَارِی" میں اس کا پڑوسی تھا۔ اس نے پڑوس کا حق ادا کر دیا۔ القَوْمُ: ایک سال کسی جگہ مقیم رہنا۔

تَسَنّٰی. الاَمْرُ: تیار ہونا۔ الرَّجُلُ: آسانی و نرمی کرنا۔ الشَّیْءُ: متغیر ہونا۔ القُفْلُ: تالا کھلنا۔ الرَّجُلَ: راضی کرنا۔

السَّنَی. بجلی۔ ریشم۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السَّنَاء. س۔ بمعنی سَنٰی۔ بلندی۔ روشنی۔

السَّنایا. شریف و عالی مرتبہ مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَنایا" (جمع کے وزن پر مفرد ہے)

السَّنِیّ. عالی مرتبہ۔ مؤنث سَنِیَّۃٌ.

السِّنایۃ. تمام چیز۔ پوری کی پوری۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُہٗ بِسِنَایَتِہٖ" میں نے اس کو سارا کا سارا لے لیا۔

سَہَبَ (ف) سَہْبًا. الشَّیْءَ: لینا۔

اَسْہَبَ. الکَلامَ و فِی الکَلامِ: لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْہِب و مُسْہَب) ثانی نادر ہے۔ الرَّجُلُ: بہت دینا۔ حریص و لالچی ہونا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا کشادہ قدم رکھنا۔ اَسْہَبُوْا الدَّابَّۃَ: جانور کو چرنے کیلئے چھوڑ دینا۔

اُسْہِبَ. مدہوش ہونا۔ عقل کھو دینا یا زیادتی محبت یا مرض یا خوف کی وجہ سے رنگ بدل جانا۔ اُسْہِبَتِ البِئْرُ: زیادہ گہرائی کی وجہ سے پانی نہ ملنا۔ صفت (سَہْبَۃٌ و مُسْہَبَۃٌ.)

اِسْتَہَبَ. بہت دینا۔

السَّہْب. س۔ بیابان۔ مِنَ الخَیْلِ: کشادہ قدم سے تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی سَہْبٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

السُّہْب والسُّہُب. مِنَ الاَرْضِ: وسیع و ہموار میدان۔ کہا جاتا ہے "قَطَعُوْا سُہْبًا او سُہُبًا مِنَ الاَرْضِ" انہوں نے زمین کے ہموار میدان کو طے کیا۔

سَہَجَتِ (ف) سَہْجًا. الرِّیْحُ: ہوا کا لگاتار تیز چلنا۔ الرِّیْحُ الاَرْضَ. ہوا کا زمین کو صاف کر دینا۔ الطِّیْبَ: خوشبو گھسنا۔ القَوْمُ لَیْلَتَہُمْ: تمام رات چلنا۔

السَّاہِج. ج سُہَّجٌ (والسَّیْہَج والسَّہُوْج والسَّیْہُوْج) مِنَ الاَرْیاحِ: تیز ہوائیں۔

المَسْہَج. تیز ہوا کی گزرگاہ۔ جہاں تیز ہوا چلے۔

المِسْہَج. ہر حق و باطل میں بولنے والا۔ فصیح و بلیغ۔

سَہِدَ (س) سَہَدًا و تَسَہَّدَ: بیدار رہنا۔ کم نیند والا ہونا۔

سَہَّدَہٗ. بیدار رکھنا۔ کہا جاتا ہے "سَہَّدَہُ الہَمُّ" اس کو غم نے بیدار رکھا۔

السُّہْد والسُّہاد. بے خوابی۔

السُّہُد. کم نیند والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُہُدٌ" کم سونے والا مرد "عَیْنٌ سُہُدٌ" کم سونے والی آنکھ۔

السُّہْدَۃ. بیداری اور کہا جاتا ہے "مَارَاَیْتُ مِنْہُ سُہْدَۃً" میں نے اس کے اندر خیر کی طرف رغبت نہیں دیکھی۔

السَّہْوَد. بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے "غُلامٌ سَہْوَدٌ" نازک اندام جوان لڑکا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَسْہَدُ مِنْکَ رَاْیًا" وہ تم سے زیادہ ہوشیار ہے۔

المُسَہَّد. س۔ کم نیند والا۔

السَّہْدَر. بعید۔

سَہِرَ (س) سَہَرًا. ساری رات بیدار رہنا۔ صفت (ساہِرٌ و سَہْرانُ) اور کہا جاتا ہے "لَیْلَۃٌ ساہِرَۃٌ" رت جگے والی رات۔ البَرْقُ: بجلی کا رات کو چمکنا۔

اَسْہَرَ. جاگتے رکھنا۔

ساہَرَہٗ. اکٹھے جاگنا۔

السُّہار. بیداری۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُہَارُ العَیْنِ" کم سونے والا مرد۔

السَّاہُوْر. بیداری۔ زیادتی۔ چاند کا ہالہ۔ چاند۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ القَمَرُ فِی السَّاہُوْرِ" یعنی چاند گہن میں آگیا۔ ساہُوْرُ عَیْنِ المَاءِ: چشمہ کا منبع۔ السَّاہُور: مہینے کے باقی نو دن۔

السَّہّار والسُّہَرَۃ. بہت بیدار رہنے والا۔

السَّاہِرۃ. السَّاہِرُ کا مؤنث۔ زمین اور بقول بعض سطح زمین۔ ہمیشہ جاری رہنے والا چشمہ۔ چاند۔ خوفناک جنگل۔

الاَسْہَران. آنکھ کی دو رگیں ناک کی دو رگیں۔

المنْہار. بیداری پر قادر۔

سَہِفَ (س) سَہَفًا. القَتِیْلُ: مقتول کا نزع کی حالت میں تڑپنا۔

سَہِفَ (س) سَہَفًا. بہت پیاسا ہونا۔ ہلاک ہونا۔

اِسْتَہْفَہٗ. خفیف سمجھنا۔

السَّاہِف فا. ہلاک ہونے والا۔ جس پر جان کنی کے وقت پیاس کا غلبہ ہو۔

ساھف الوجہ متغیر چہرے والا۔
السھفس۔ مچھلی کے سفنے۔
السھاف پیاس کی بیماری جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔ طعام (مسھفۃ) بہت پانی پلانے والا کھانا۔ رجل مسھوف: بہت پانی پینے والا جو سیراب نہ ہوتا ہو۔
السھوق بڑا جھوٹا۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ درختوں کا شاداب تنا۔
السھوق کشادہ قدم والا۔
سھک (ف) سھکا. الریحُ ہوا کا تیز چلنا الریحُ التراب عن وجہ الارض: غبار اُڑانا الشی کسی چیز کو گھسنا۔
سھکت سھوکا. الدابۃ جانور کا آہستہ چال چلنا۔
سھک (س) سھکا بدبودار ہونا۔ صفت (سھک) کہا جاتا ہے "بدی سھکۃ من السمک" میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔
السھک و السھکۃ و السھوکۃ پسینہ یا سڑے ہوئے گوشت یا مچھلی کی بدبو۔
السھک لوہے کا زنگ۔
ریح (ساھکۃ) بہت تیز ہوا۔ ج سواھک و ساھکات. (ریح سھوک و سیھک و سیھوک و مسھکۃ) بہت تیز ہوا۔
السیھک غبار جس کو ہوا اڑا دے۔
السھاک و المسھک ہوا کی تیزی کی طرح بلاغت سے گفتگو کرنے والا۔
المسھک من الخیل تیز رفتار گھوڑا۔
المسھک و المسھکۃ. تیز ہوا کی گزرگاہ۔
سھل (ک) سھولۃ. المکانُ: نرم ہونا۔
سھل (ک) سھولۃ و سھالۃ. الامرُ: آسان ہونا۔ صفت (سھل و سھل)
سھل. الامر لہ و علیہ آسان کر دینا۔ الموضع نرم کر دینا۔

ساھلہ مساھلۃ نرم برتاؤ کرنا۔
اسھل پہاڑ سے میدانی زمین کی طرف اُترنا ہ الدواءُ پیٹ کو نرم کرنا۔ دست لانا۔
الرجلُ لوگوں کے ساتھ نرمی برتنا۔ الامرُ نرم پانا۔
اُسھل. الرجلُ اسہال والا ہونا۔
تسھل. الامرُ آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما تسھل لی ان افعلہ" میرے لیے اس کا کرنا آسان نہیں ہوا۔
تساھلا ایک دوسرے سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔ تساھل الامرُ علیہ آسان ہونا۔
استھل. المکانَ نرم سمجھ کر اقامت کرنا۔
استسھلہ آسان سمجھنا۔
السھل نرم زمین۔ ہموار زمین۔ ج سھول و سھولۃ اور نسبت کے لیے (سُھلی) جیسے "بعیرٌ سُھلیٌّ" نرم زمین میں چرنے والا اونٹ اور تم کہتے ہو: "ارضٌ سھلٌ" سھلُ الوجہِ کم گوشت والا چہرہ۔
سھلُ الخلق نرم اخلاق والا اور کسی کو خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا کرتے ہیں "اھلا وسھلا" یعنی تم اپنے ہی لوگوں میں آئے۔ اجنبیوں میں نہیں اور تم نے نرم زمین پر قدم رکھا۔ سخت زمین پر نہیں۔
السھلۃ والسھل ریت جیسی مٹی جس کو پانی بہا لاتا ہے۔ السھلۃ اسہال۔
الاسھال. عند الاطباء دست آنا۔
السھول دست آور دوا۔
سُھیل ایک روشن ستارہ جو بلادِ عرب میں گرمی کے آخر زمانہ میں طلوع ہوتا ہے۔ مشہور ہے کہ اس کے طلوع ہونے پر کبریلے مر جاتے ہیں۔ متنبی کہتا ہے۔
وتُنکرُ موتَھم وانا سُھیلٌ
طَلَعْتُ بموتِ اولادِ الزناءِ
سھم (ف) وسھم (ک) سھومۃ و

سھو سلاغری کی وجہ سے رنگ متغیر ہونا وجھہ. تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ سھمہ: قرعہ اندازی میں غالب ہونا۔
سھم لو کی لپٹ لگنا۔
ساھمہ قرعہ اندازی کرنا۔
اسھم لہ فی کذا حصہ مقرر کرنا بین القوم قرعہ ڈالنا فی الکلام لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسھِم مُسھَم)
تساھم واستھم. القومُ باہم قرعہ اندازی کرنا۔ تساھموا الشیَ باہم تقسیم کرنا۔
السھم ج سھام قرعہ اندازی کا تیر۔ تیر۔ سھم الرامی ایک ستارہ۔ ج اسھم و سھمۃ و سُھمان حصہ۔ کہا جاتا ہے "اصابہ فی القسمۃ سھمان" تقسیم میں اُس کو دُہرا حصہ ملا۔
السھمۃ قرابت۔ تقسیم۔ حصہ۔
السُھم. آفتاب کی کرنیں۔ حرارتِ غالبہ۔ پیاس۔ عقلاء۔ حکماء۔
الساھمۃ. من النوق دبلی پتلی اونٹنی۔
السھام لو کی گرمی۔ گرمی کی تیزی۔ ترمرے یعنی مکڑی کے جالے کی طرح ایک چیز جو سخت گرمی کے زمانہ میں فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
السُھام دبلے پن کے ساتھ رنگ متغیر ہونا۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
السھیم شریک۔ حصہ دار۔
المُسھم لاغری کی وجہ سے رنگ بدلا ہوا دوغلا گھوڑا۔
المُسھَمۃ. من الثیاب دھاری دار کپڑا۔
المسھَم والمسھوم. من الابلِ سُہام بیماری والا اونٹ۔
السھوم عقاب۔
سھا یسھو سھوا وسُھوا. فی الامر وعن الامرِ غافل ہونا۔ بھولنا۔ دل کا

دوسری طرف متوجہ ہونا۔ صفت (سَاہٍ و سَھْوان)
اِلَیْہِ: پست نگاہ سے دیکھنا۔
سَھُوَ یَسْھُوُ سَھَاوَۃً. الفَرَسُ: گھوڑے کا آسانی سے تابع ہونا۔ صفت (سَھْوٌ)
اَسْھیٰ. الرَّجُلُ: سہوہ بنانا (دیکھیے نیچے لفظ سَھْوَۃ)
سَاھیٰ. الرَّجُلَ فِي الْمُعَاشَرَۃِ: نرمی کرنا۔ خوش خلقی کا برتاؤ کرنا ٥: غافل کرنا۔ استہزاء کرنا۔
سَھَّاہٗ. فریپان میں گرم کر کے خشک کرنا۔
السَّھْوُ. مص. سکون۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "اَفْعَلَہٗ سَھْوًا رَھْوًا" یعنی اس کام کو بغیر کسی تقاضے کے آسانی و نرمی سے کرو۔ "مَاءٌ سَھْوٌ" نتھرا ہوا صاف پانی "جَمَلٌ سَھْوٌ" نرم تابعدار اونٹ "اَمْرٌ سَھْوٌ" نرم کام۔ "رِیْحٌ سَھْوٌ" نرم ہوا۔ ج سِھَاءٌ.
السُّھیٰ والسُّھَا. بنات نعش صغری میں بہت ہی چھوٹا سا ستارہ۔ اور اسی سے مثل ہے "اُرِیْھَا السُّھیٰ و تُرِیْنِي الْقَمَرَ" جو سوال از آسمان و جواب از ریسمان کے موقع پر بولتے ہیں۔
السِّھْوُ والسِّھْوَاءُ. رات کا ایک حصہ۔
السَّھْوَۃُ. السھو کا مؤنث۔ سہا کا اسم مرۃ ج۔ سِھَا: کانس۔ مہتابی۔ طاقچہ یا روشندان۔ صحن کے سامنے کا پردہ۔ پانی کے سامنے کا خیمہ جو اعراب قائم کیا کرتے تھے۔ پتھر کی چٹان۔ پالکی۔ نرم کمان۔
السَّاھِي. فا. کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ سَاہٍ رَاہٍ" یعنی نرم رفتار اونٹ۔ ج جِمَالٌ سَوَاہٍ رَوَاہٍ
الاَسَاھِي. الوان. رنگ (اس کے لیے مفرد نہیں۔)
سَھْوَکَہٗ. پچھاڑنا۔ ہلاک کرنا۔
تَسَھْوَکَ. پچھاڑا جانا۔ ہلاک ہونا۔ پشت پھیرنا۔ نرم چلنا۔

سَاءَ یَسُوْءُ سَوَاءً. الشَّيْءُ: قبیح ہونا۔ برا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَاءَتْ سِیْرَتُہٗ" اس کی عادت بری ہے۔
سَاءَ یَسُوْءُ سَوْءًا وسَوْءًا وسَوَاءَۃً وسَوَایَۃً وسَوَائِیَۃً ومَسَاءً ومَسَاءَۃً و مَسَایَۃً ومَسَائِیَۃً ومَسَائِیَّۃً الاَمْرُ فُلَانًا: غمگین کرنا۔ مکروہ سلوک کرنا بِہٖ ظَنًّا: برا گمان کرنا۔
سَوَّأَہٗ تَسْوِئَۃً وتَسْوِیْئًا. خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ سَوَّأَ عَلَیْہِ عَمَلَہٗ: عیب لگانا۔ سرزنش کرنا۔
اَسَاءَ اِسَاءَۃً. الشَّيْءَ: خراب کرنا۔ بگاڑنا اِلَیْہِ: برا سلوک کرنا۔
اِسْتَاءَ. غمگین ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَاءَہٗ فَاسْتَاءَ" اس نے اسے غمگین بنایا اور وہ غمگین ہوا۔
السُّوْءُ. سَاءَہٗ کا اسم۔ آفت۔ شر و فساد۔ ج اَسْوَاءٌ.
السَّوْءُ. مص. رَجُلُ سَوْءٍ: و رَجُلُ السَّوْءِ: بدکار مرد۔ والسَّوْءُ: فساد۔ آگ۔ آنکھ کی کمزوری۔
السَّیِّءُ. قبیح۔ برا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَیِّءُ الظَّنِّ" وہ لوگوں سے بدگمان ہے۔
السَّیِّئَۃُ. السَّیِّءُ کا مؤنث۔ برائی۔ گناہ۔ ج سَیِّئَاتٌ.
السَّوْءَۃُ. فاحشہ۔ بری عادت۔ شرمگاہ۔ ج سَوْءَاتٌ.
الاَسْوَاءُ. اسم تفضیل مؤنث سُوْآیٰ.
بُرَا. السُّوْآیٰ: جہنم کی آگ۔
السَّوْءَاءُ. بری عادت۔ بدشکل عورت۔
المَسَاءَۃُ. برا قول یا فعل۔ ج مَسَاوِئُ.
المَسَاوِئُ: برائیاں۔ عیوب۔ نقائص۔
السُّوْبَۃُ. دور کا سفر۔
السُّوْبِیَۃُ. گیہوں کی شراب۔
سَاجَ یَسُوْجُ سَوْجًا وسُوَاجًا وسَوَجَانًا. آہستہ آنا جانا۔
سَوَّجَ وسَیَّجَ. الکَرْمَ و نَحْوَہٗ او عَلَی الکَرْمِ. انگور وغیرہ میں باڑ لگانا۔
السِّیَاجُ. دیوار۔ انگور وغیرہ کی باڑ۔ ج سِیَاجَاتٌ واَسْوِجَۃٌ وسُوْجٌ.
السَّاجُ. ساکھو کا درخت۔ ج سِیْجَانٌ. واحد (سَاجَۃٌ) کشادہ گول چادر۔
کِسَاءٌ (مُسَوَّجٌ) گول کیا ہوا کمبل۔
السَّاحَۃُ. گوشہ۔ کنارہ۔ مکانوں کے درمیان کا چوک۔ ج سَاحٌ و سُوْحٌ و سَاحَاتٌ.
سَاخَ یَسُوْخُ سَوْخًا وتَسَوَّخَ. فِي الطِّیْنِ: گارے میں دھنس جانا۔ سَاخَ الشَّيْءُ فِي الْمَاءِ: تہ نشین ہونا (سَاخَتْ) بِھِمُ الاَرْضُ.
سُیُوْخًا و سُؤُوْخًا وسَوَخَانًا. نگل لینا۔
السُّوَاخُ والسُّوَّاخُ والسُّوَّاخیٰ والسُّوَاخِیَۃُ. بہت کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مُطِرْنَا حَتّٰی صَارَتِ الاَرْضُ سُوَّاخیٰ" ہمارے اوپر بارش ہوئی۔ یہاں تک کہ زمین کیچڑ ہوگئی۔ و "بَطْحَاءُ سُوَّاخِیٌ" سنگریزہ والی زمین جس میں پیر دھنس جائے۔
سَادَ یَسُوْدُ سِیَادَۃً وسُوْدَدًا وسُؤْدُدًا وسَیْدُوْدَۃً وسُوْدًا. شریف ہونا۔ بزرگ ہونا قَوْمَہٗ: سردار ہونا۔ ٥: بزرگی و شرافت کے فخر کرنے پر غالب ہونا۔ صفت (سَائِد) ج سَادَۃٌ: جج سَادَاتٌ الرَّجُلَ: کسی سے راز کی بات کہنا۔ (سُوَادًا) الرَّجُلُ: زرد کائی جمے ہوئے پانی کو پینا۔
سَوِدَ یَسْوَدُ سَوَدًا واسْوَدَّ اِسْوِدَادًا واسْوَادَّ اِسْوِیْدَادًا. کالا ہونا۔
سَوَّدَ. دلیر ہونا ٥: سردار بنانا۔ الشَّيْءَ: کالا کرنا الرَّجُلَ: سرداروں کو قتل کرنا۔
سَاوَدَہٗ. مکر و فریب کرنا۔ رات کے اندھیرے میں ملنا۔ سرداری یا سیاہی میں مقابلہ کرنا۔ راز کی بات کہنا۔ سَاوَدَ الاَسَدَ: شیر کو ہٹانا۔ ہانکنا۔

اَسْودت اِسْوادًا واسادتْ اِسادۃً المرْأۃُ: کالا بیٹا جننا۔ سردار جننا۔
تسوَّدَ: نکاح کرنا۔ سردار ہونا۔ کالا ہونا۔
اِسْتادَ القوْمَ: سردار قوم کو قتل کرنا یا قید کرنا فِيْ بَنِيْ فُلانٍ: سردار قوم کی لڑکی سے منگنی کرنا۔
السوْد: سیاہ پتھروں والا ہموار میدان۔ ج اَسْواد۔ ایک قطعہ کو (سوْدۃ) کہتے ہیں۔
السوْدۃ: کھجور کے درختوں والی زمین۔
السوْد: مص: سرداری۔ ایک قسم کی نباتات۔
السَواد: سیاہی۔ وجود۔ تم کہتے ہو "رایْتُ سوادًا" میں نے وجود کو دیکھا۔ ج اَسْودۃ۔ ج اساوِد۔ بہت مال۔ بہت تعداد۔ سَوادُ البَلْدَۃ: شہر کے اردگرد کی آبادیاں۔ سَوادُ اللَیْلِ: پوری رات۔ سَوادُ الناس: عام لوگ سَوادُ العَسْکر: اسلحہ و سامان فوج۔ سَوادُ العَیْن: آنکھ کا سیاہ حصہ۔ پتلی۔ سَوادُ القَلْبِ: دل کا سیاہ نقطہ۔
السُواد: رازدارانہ گفتگو۔ دانتوں کی ایک بیماری۔ رنگ کی زردی۔
السِواد: آواز۔
السَوادِیَّۃ والسُوْدانِیَّۃ: بجھنگا۔
السُوْدان: سوڈان کا باشندہ۔ واحد (سودانی) سیاہ رنگ کے لوگ۔
السِّیْد: بھیڑیا۔ شیر۔ ج سِیْدان۔
السِیْدَۃ: مادہ بھیڑیا۔
السِیْدانۃ: بھیڑیا۔
السَیِّد: سردار۔ تخفیفًا (سَید) بھی ایک لغت ہے۔ ج اَسْیادوسادۃ وسَیائد۔ عِنْدَ المُسْلِمِیْنَ: حضرت فاطمہ رضي اللہ عنہ کی اولاد اور ان کی نسل سے جو لوگ ہوں۔
السَیِّدان: حضرت حسینؓ
السائِد۔ فاج: ج سادَۃ۔ ج سادات مؤنث اَسْوَد۔ سُوْدٌ وسُوْدانٌ۔

سوْداء: کالا۔ من العیْن: آنکھ کی پتلی۔ مِن القوْم: بزرگ تر۔ کہا جاتا ہے "ھُو اَسْوَدُ مِنْ فُلانٍ" وہ فلاں سے بزرگ تر ہے۔ تصغیر اُسَیْود و اُسَیِّد۔ الاسْودان: کھجور اور پانی یا سانپ اور بچھو۔ والاَسْوَد: مؤنث اَسْودَۃ ج اساوِدۃ بڑا کالا سانپ جس کو نخش بھی کہتے ہیں۔ السھْم الاَسْود: مبارک تیر جس سے برکت حاصل کی جائے۔ گویا بہت ہاتھوں کے پڑنے کی وجہ سے کالا ہوگیا ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ اَسْوَدُ الکبِد" فلاں دشمن ہے۔ و علیٰ ھذا القیاس "ھُم سُوْدُ الاَکْبادِ"
السَوْداء والسُوَیْداء عِنْدَ الاَطِبَّاءِ: ایک خلط کا نام۔ مالیخولیا کی بیماری۔ الحبَّۃُ السَوْداء: کلونجی۔ سوْداءُ القَلْبِ و سُوَیْداؤہ: دل کا سیاہ نقطہ۔
السُوْدَدُ والسُوْدُد: مرتبہ بلند۔ سرداری۔ ماءٌ (مَسْوَدَۃ)
المَسْوُوْد: مرض مالیخولیا کا بیمار۔
المُسَوَّدَۃ والسواد عِنْدَ الکُتَّاب: پہلی تحریر جس کو صاف نہ کیا گیا ہو۔ اس کے مقابلہ میں صاف شدہ کو مُبَیَّضَۃ کہتے ہیں۔
عِنْدَ الطَبَّاعِیْن: پروف (المُسوَّدۃ والمُسْوَدَّۃ) مِنَ الایَّام: سخت زمانہ۔ مصائب کے دن۔
السَوْذَق والسُوْذَق والسَوْذانق والسَوْذَنِیْق: شکرا یا شاہین۔
سارَیَسُوْرُ سَوْرًا الحائط: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔ (سَوْرًا و سُؤُوْرًا) اِلَیْہِ: کودنا الشَراب فِیْ رَاسِہٖ: شراب کا سر کو چکرانا۔
سَوَّرَ: کنگن پہنانا المدِیْنَۃ: شہر پناہ پانا المرْأۃ: الحائط: دیوار پر چڑھنا۔
سَاوَرَہٗ سِوارًا ومُساوَرَۃً: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ حملہ کرنا تم کہتے ہو

"ساورت الحیَّۃ الراکب" سانپ نے سوار پر حملہ کیا ہ الشرابُ: سر کو چکرانا۔
تسوَّرَ: کنگن پہننا الحائط و علیْہ: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔
السُوْر: شہر پناہ۔ ج اَسْوار و سِیْران۔
السُوْر: عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ سُوْرٌ من الابل" اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں۔
سُوریۃ و سُوْرِیَۃ: ملک شام۔
السُوْرۃ: سار کا اسم مرۃ۔
سَورۃ الخمْرِ و (سُوارُھا) شراب کی تیزی سَوْرَۃ السُلْطان: بادشاہ کا دبدبہ۔ سَوْرَۃ المجْد: بزرگی کا اثر۔ سَوْرَۃ البرْد: سردی کی تیزی۔
السُوْرَۃ: مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لہ عِنْدَكَ سُوْرَۃ" تیرے نزدیک اس کا مرتبہ ہے "و لہ سُوْرَۃٌ فِی المجْدِ" اس کے لیے بزرگی کا مرتبہ ہے۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَہُ علیكَ سُوْرَۃ" اسے تمہارے اوپر فضیلت ہے۔ شرف۔ علامت۔ لمبی و خوبصورت عمارت من الکتاب: قرآن پاک کی سورت اور اس کو السُوْرۃ بھی کہا جاتا ہے۔ ج سُوَرٌ و سُوْرٌ و سُوْرات و سُوَرات۔
السِوار والسُوار والاِسْوار: کنگن۔ ج سُوْر وأسوِرہ وأسْوِرَۃ وأساوِر ج اساوِرۃ و یُسُوْر۔ الاساوِرۃ: عجمیوں کی ایک پرانی قوم جو بصرہ میں آکر رہ پڑی تھی۔
السوَّار: وہ شخص جس کے سر کو شراب جلد چکرا دے۔ شراب پینے کے بعد اپنے ہم نشین پر حملہ کرنے والا۔ کلبٌ سوَّار: لوگوں پر حملہ کرنے والا کتا۔
السوَّار: شیر۔
الاِسْوار والاُسْوار: گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا۔ تیر انداز عند الفرس: فوجی افسر۔ ج اساوِر واَساوِرۃ۔

السُّوَارِی. بلندی۔

المِسْوَر والمِسْوَرَة. چمڑے کا تکیہ۔ ج مَسَاوِر۔

المُسَوَّر. کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ۔

مَلِكٌ مُسَوَّرٌ: طاقتور بادشاہ۔

السُّوْرَنْجَان والسَّوْرَنْجَان. ایک دوا کا نام۔ جنگلی سنگھاڑا۔

سَاسَ يَسُوْسُ سِيَاسَةً. الدَّوَابَّ: دیکھ بھال رکھنا۔ سدھانا القَوْمَ: اُمور کی تدبیر و انتظام کرنا الاَمْرَ: انتظام کرنا۔ صفت (سَائِس) ج سَاسَة وسُوَّاس اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُجَرَّبٌ قَدْسَاسَ و سِيْسَ عَلَيْهِ" فلاں تجربہ کار ہے جو ادب آموز ہے یا مودب ہے۔

سَاسَ يَسَاسُ وسَوِسَ يَسْوَسُ و سِيْسَ يَسَاسُ سَوْسًا و تَسَوَّسَ. الطَّعَامُ: گھن پڑنا الشَّاةُ: بکری کا بہت جوں والی ہونا۔

سَوَّسَ. الطَّعَامُ: گھن پڑنا لَهُ اَمْرًا: مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّسَ فُلَانٌ اَمْرَ القَوْمِ" فلاں قوم کے اُمور کا مالک بنایا گیا۔

اَسَاسَ. الطَّعَامُ: گھن پڑنا۔ اَسَاسَهُ النَّاسُ: رئیس و سردار بنا لینا۔ اَسَاسَتِ الشَّاةُ: بہت جوں والی ہونا۔ صفت (مُسِيْس)

السَّاس. منتظم۔ دانت کی جڑ جس کو کیڑوں نے کھا لیا ہو (اس کی اصل سائِس ہے مثل هارٍ و هائِرٍ و صافٍ صائِفٍ کے۔)

السُّوْس. اون یا لکڑی کا کیڑا۔ گھن۔ واحد (سُوْسَة) کسی چیز کا کھانے والا۔

السُّوْس: اصل طبیعت۔ تم کہتے ہو "الفَصَاحَةُ مِنْ سُوْسِه" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ ملیٹھی کا درخت۔

السَّوَس. ایک بیماری جو جانوروں کی سرین پر ہوتی ہے۔

السُّوَاس. گھوڑوں کے گردن کی ایک بیماری جو گردن کو خشک کر دیتی ہے۔

السِّيَاسَة. س۔ پالیٹکس۔ ملکی تدبیر و انتظام۔ السِّيَاسَةُ المَدَنِيَّةُ: شہری انتظام۔ عدل و استقامت کے ساتھ اس طرح پر انتظام کرنا کہ سب کی معاشی حالت اچھی ہو۔

السُّوْسَن والسَّوْسَن والسُّوْسَان. ایک خوشبو دار بوٹی۔ جنگلی و بستانی دو قسم کی ہوتی ہے۔ واحد (سُوْسَنَة) ج سَوَاسِن.

السُّوسِيُو لوجيا. ہیئت اجتماعیہ کے حالات کا علم۔

سَاطَهُ يَسُوْطُهُ سَوْطًا. کوڑے مارنا الشَّيْءَ: مخلوط کرنا الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا الاَمْرَ: تہ و بالا کر دینا (سَوْطَانًا) نَفْسَه: جی کا متلانا۔

سَوَّطَ. الكُرَّاثُ: گندنا کی شاخیں نکلنا الاَمْرَ: مخلوط کرنا۔ گڈمڈ کرنا الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا۔

اِسْتَوَطَ. الاَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

السَّوْطُ. کوڑا۔ چابک۔ ج۔ اَسْوَاط و سِيَاط السَّوْط: حصہ۔ سختی۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُمَا يتعاطيان سَوْطًا واحدًا" وہ دونوں ایک طرز پر کام کرتے ہیں۔ السِّيَاط. گندنا کی شاخیں۔

السَّوَّاط. سپاہی جس کے پاس کوڑا ہو۔

السَّوِيْط. گڈمڈ۔ ملا ہوا۔

المِسْوَاط. بغیر چابک کے نہ چلنے والا گھوڑا۔ (والمِسْوَط) لکڑی وغیرہ کی کوئی چیز جس سے کسی چیز کو کسی چیز میں مخلوط کیا جائے۔

المِسْيَاط. پانی جو حوض کے تہ میں باقی رہ جائے۔

سَوْطَر. دیکھئے سَيْطَر.

سَاعَ يَسُوْعُ سَوْعًا. ضائع ہونا۔

سَاعَتِ الاِبِلُ: بغیر چرواہے کے آزادی سے چرنا۔

سَاوَعَهُ مُسَاوَعَةً وسِوَاعًا. گھنٹہ بھر کے لیے معاملہ کرنا الرَّجُلَ: ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔

اَسَاعَ اِسَاعَةً. الشَّيْءَ: بیکار چھوڑنا۔ ضائع کرنا۔

اَسْوَعَ اِسْوَاعًا. ایک گھنٹہ متوخر ہونا۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔

السَّوْع والسُّوَاع. رات کا ایک حصہ۔

السَّائِع. ہلاک ہونے والا۔ ج سَاعَة.

السَّاعَة. گھنٹہ۔ وقت موجود۔ ابھی۔ کہا جاتا ہے "اِقْضِنِيْ حَقِّي السَّاعَةَ" میرے حق کو ابھی ادا کرو۔ گھڑی (مولدة) ج سَاعَات و سَاعٌ السَّاعَةُ الرَّمْلِيَّةُ: ریت گھڑی۔ السَّاعَةُ الشَّمْسِيَّةُ: دھوپ گھڑی۔

سَاعَةٌ سَوْعَاءُ. سخت وقت۔

السُّوَيْعَة. ساعت کی تصغیر یعنی تھوڑا وقت۔

رَجُلٌ (مِسْيَاعٌ و مُسِيْعٌ) لِلْمَالِ. مال کا بہت ضائع کرنے والا۔ تابع کے طور پر کہا جاتا ہے "هو مضياع مسياع و مُضِيْع مُسِيْع".

السُّوَاع والسُّوْعَاء. مذی یا ودی۔ حدیث میں ہے فِي السُّوْعَاءِ الوُضُوْءُ.

السُّوَاع. ایک بت کا نام جس کی پرستش نوح علیہ السلام کے زمانہ میں ہوتی تھی اور بعد میں قبیلہ ہذیل اس کی پرستش کرتا تھا۔

المُسَوَّع. جائز۔

سَاغَ (ن) سَوْغًا و سُوَاغًا و سَوَغَانًا. الاَمْرُ: جائز ہونا۔ صفت (سَائِغ)

الشَّرَابُ: خوشگوار ہونا۔ صفت (سائغ و سَيِّغ واَسْوَغ) کہا جاتا ہے "سَاغَ لِي الشَّرَابُ سَاغَتْ بِهِ الاَرْضُ" دھنسا دینا۔

سَاغَ يَسُوْغُ سَوْغًا و سَاغَ يَسِيْغُ سَيْغًا. الشَّرَابَ: خوشگوار کرنا۔ جید لغت

(اَساغَهُ) ہے۔

سَوَّغَ. الْاَمْرَ: جائز کرنا لَهُ كَذَا: دینا۔ کسی کے لئے خاص کر دینا۔

اَساغَ. الطَّعَامَ اوِ الشَّرَابَ: خوشگوار بنانا اور کہا جاتا ہے "اَسِغْ لِيْ غُصَّتِيْ" یعنی مجھے مہلت دے۔

اَسْوَغَ اِسْوَاغًا. الصَّبِيُّ اَخَاهُ: ساتھ پیدا ہونا یا ایک کے بعد دوسرا پیدا ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (سَوْغٌ و سَوْغَةٌ و سَيِّغٌ) کہا جاتا ہے "هٰذَا سَوْغُ هٰذا وهُوَ اَخُوْهُ سَوْغُهُ وهِيَ اُخْتُه سَوْغُهُ وهُوَ اَخُوْهُ سَيِّغُه وهِيَ اُخْتُهُ و سَيِّغُه" یہ سب ان موقعوں پر بولتے ہیں جبکہ دونوں بچے ساتھ پیدا ہوئے ہوں یا یکے بعد دیگرے اور ان کے درمیان کوئی تیسرا نہ ہو۔

اِسْتَسَاغَ. الشَّرَابَ: خوشگوار پانا۔

السَيِّغ. مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔

السِوَاغ. حلق کے پھندے کو دور کرنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَلْمَاءُ سِوَاغُ الغُصَصِ" پانی پھندے کو دور کرنے والا ہے۔

سَافَ يَسُوْفُ و يَسَافُ سَوْفًا. اِلْمَالُ: ہلاک ہونا۔ جانوروں میں بیماری واقع ہونا۔

سَافَ يَسُوْفُ سَوْفًا. عَلَيْهِ: صبر کرنا (واِسْتَافَ اِسْتِيَافًا) الشَّيْءَ: سونگھنا۔

سَوَّفَهُ. ٹالنا۔ بار بار کہنا کہ عنقریب کروں گا ہ الْاَمْرَ: پورا اختیار دینا۔

سَاوَفَهُ مُسَاوَفَةً. سونگھنا۔ راز کی بات کہنا۔ ٹالنا۔

اَسَافَ اِسَافَةً. مال ہلاک ہونا۔ اولاد کا مرنا۔ صفت (مُسِيْفٌ) اور اولاد کو (مُسَافٌ) کہتے ہیں۔ اَسَافَهُ اللّٰهُ: ہلاک کرنا۔

سَوْفَ. مبنی بر فتحہ: حرف استقبال ہے "س" سے اس کا زمانہ طویل ہوتا ہے اور یہ فعل سے جدا نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَقْتَاتُ السَّوْفَ" فلاں آرزوؤں میں زندگی بسر کرتا ہے۔

السَّائِفَةُ. باریک ریت اور ریتلی اور سخت زمین کے درمیان والی زمین۔

السَوَافُ والسُوَافُ. جانوروں کی بیماری و ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي الْمَالِ سَوَافٌ" مال میں ہلاکت واقع ہوئی اور اسی سے مثل ہے "اَسَافَ حَتّٰى مَا يَشْتَكِيْ السَوَافَ" اس شخص کے حق میں بولا کرتے ہیں جو سختیوں کے برداشت کرنے کا عادی ہو جائے۔

السَافُ والسَافَةُ. مٹی یا کچی اینٹوں کا ردہ۔ ج آسُفٌ و سَافَاتٌ. کہا جاتا ہے "بَنِيْ سَافَيْنِ او ثَلَاثَ سَافَاتٍ" اس نے دو یا تین ردے رکھے۔ السَافُ: ایک شکاری پرندہ۔

السَافَةُ والسُوْفَةُ. ریتلی اور سخت زمین کے درمیان کی زمین۔ ج سُوْفٌ و سُوَفٌ.

المَسَافَةُ والمَسَافُ. ج مَسَاوِفُ و (السِيْفَةُ) دوری۔ فاصلہ۔ تم کہتے ہو "كَمْ مَسَافُ هٰذهِ الْاَرْضِ و مَسَافَتُها و سِيْفَتُهَا" اس زمین کا کتنا فاصلہ ہے۔ و "بَيْنَهُمْ مَسَاوِفُ مَرَاحِلَ" ان کے درمیان بہت بُعد ہے۔ المَسَافُ: ناک۔

المِسْيَافُ. وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔

المُسْتَافُ. قطع مسافت کرنے والا۔ سونگھنے کی جگہ۔

اَلسُّوْفِيَاتُ: روسی قائدین نے انقلاب روس کے بعد اس لفظ کو کارکنوں، زمینداروں اور فوجی قائدین کی جماعت پر بولا ہے۔ بعد میں مملکت روس پر اس کا استعمال ہونے لگا۔

المُسَوِّفُ. فا۔ صابر۔ خود مختار۔

المِسْوَفُ. عطر دان۔

سَاقَ يَسُوْقُ سَوْقًا و سِيَاقًا و سِيَاقَةً و مَسَاقًا واِسْتَاقَ واِسْتِيَاقًا. المَاشِيَةَ. جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔ صفت (سَائِقٌ) ج سَاقَةٌ و سُوَّاقٌ و سَائِقُوْنَ. صفت مفعول (مَسُوْقَةٌ) اور کہا جاتا ہے "سَاقَهُ مَسَاقَ غَيْرِهٖ" اس نے اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔ سَاقَ الحَدِيْثَ: بیان کرنا۔

سَاقَهُ يَسُوْقُهُ سَوْقًا و سِيَاقًا. پنڈلی پر مارنا۔ سَاقَ اِلَيْهِ المَالَ: بھیجنا۔ پیش کرنا مِنَ امْرَاتِهٖ: مہر دینا المَرِيْضُ نَفْسَه عِنْدَ المَوْتِ و سِيقَ عَلَى المَجْهُوْلِ: جانکنی ہونا۔

سَوِقَ يَسْوَقُ. سَوَقًا. اچھی اور پُر گوشت پنڈلی والا ہونا۔

سَوَّقَ. النَّبتُ: تنہ دار ہونا ہ الْاَمْرَ: مالک بنانا المَاشِيَةَ: جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔

سَاوَقَهُ. ہانکنے میں فخر کرنا۔

اَسَاقَهُ اِسَاقَةً واِسْتَسَاقَهُ اِسْتِسَاقَةً المَاشِيَةَ: ہانکنے کے لئے دینا۔

تَسَوَّقَ. خرید و فروخت کرنا۔

تَسَاوَقَتِ. المَاشِيَةُ: قطار میں چلنا۔ چلنے میں بھیڑ کرنا۔

اِنْسَاقَ. ہانکا جانا الاِبلُ: قطار میں چلنا۔

السَاقُ. پنڈلی (مؤنث) ج سُوْقٌ و سِيْقَانٌ واَسْوُقٌ. سَاقُ الشَّجَرَةِ: درخت کا تنہ۔

سَاقُ الحَمَامِ و سَاقُ الغُرَابِ: دو نباتات کے نام۔ سَاقُ حُرٍ: نر قمری۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ الاَمْرُ عَنْ سَاقِهِ" یعنی معاملہ سخت ہو گیا۔ و "قَامَتِ الحَرْبُ عَلٰى سَاقٍ" یعنی جنگ سخت ہوئی۔ و "وَلَدَتِ المَرْأَةُ ثَلَاثَةً بَنِيْنَ عَلٰى سَاقٍ وَاحِدَةٍ" عورت کے تین بیٹے لگاتار پیدا ہوئے ان کے درمیان میں کوئی لڑکی نہیں۔

السَاقَةُ. جلو۔ لشکر کا پچھلا دستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ سَاقَةِ الجَيْشِ" فلاں لشکر کے پچھلے دستہ میں ہے۔

السُّوق. بازار۔ (مؤنث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے) ج اَسْوَاق.
سُوْق الحَرْب: میدانِ جنگ۔
السَوق. پنڈلی کی لمبائی۔
السُّوْقَة. رعیت۔ عوام۔ معمولی لوگ (واحد جمع ؛ مذکر مؤنث)
السَّيِّق. مِنَ السَّحَابِ: بادل جس کو ہوا اُڑا دے۔
السَّيِّقَة. جانور جن کو دشمن ہانک کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "اَلْمَرْءُ سَيِّقَةُ الْقَدَرِ" مرد تابع قضاء و قدر ہے۔ السَّيِّقَة: شکاری کی اوٹ۔ ج سَيَائِق. و سَيِّقَات.
السَّوِيْق. ستو۔ ج اَسْوِقَة. شراب۔
السِيَاق. مہ۔ عورت کا مہر۔ سِيَاق الکَلَام: اسلوب کلام۔ کہا جاتا ہے وَقَعَتْ هٰذِهِ العِبَارَة فِيْ سِيَاقِ الْکَلَامِ: " یعنی یہ عبارت وسط کلام میں داخل ہے۔
السَّوَّاق. ہانکنے والا۔ ستو بیچنے والا یا بنانے والا۔
الاَسْوَق. لمبی پنڈلیوں والا۔ مؤنث سُوْقَاء ج سُوْق.
السُّوَّاق. لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر کھڑا ہونے والا پودا۔
المِسْوَق. لکڑی جس سے جانوروں کو ہانکیں۔ اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر شکار کو دھوکا دیں۔
المُنْسَاق. تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھلوان والا پہاڑ۔
سَاكَ يَسُوْكُ سَوْكًا و سَوَّكَ. الشَّيْءَ: رگڑنا۔ ملنا۔ اور اسی سے ہے "سَاكَ الْاَسْنَانَ بِالْعُوْدِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔
سَاكَ سِوَاكًا و تَسَاوَكَ. آہستہ چلنا۔ کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔
تَسَوَّكَ تَسَوُّكًا و اِسْتَاكَ اِسْتِيَاكًا. مسواک کرنا۔

السِوَاك. مہ ج سُوْك و (المِسْوَاك) ج مَسَاوِيْك. دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مِسْوَاك.
سَالَ يَسَالُ سُوَالًا و سَوَالًا. سَأَلَ کا ایک لغت۔
سَوِلَ يَسْوَلُ سَوَلًا. ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَسْوَل. مؤنث سَوْلَاء. ج سُوْل.
سَوَّلَ. لَهُ الشَّيْطَانُ: گمراہ کرنا۔ کسی کام کے کرنے کے لئے روغن قاز ملنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ تَسْوِيْلَاتِ الشَّيْطَانِ" یہ شیطان کی گمراہیوں میں سے ہے۔ و "سَوَّلَتْ لَهُ نَفْسُهُ كَذَا" اس کے نفس نے اس کو مزین کر دیا۔
تَسَوَّلَ. البَطْنُ: ڈھیلا پڑنا۔
السُوْل. السُّؤْل کا مخفف۔
السُّؤَلَة. بہت پوچھنے والا۔
السَوْلَاء. اَسْوَل کا مؤنث۔ بڑا ڈول۔
السَوِيْل. برابر۔ کہا جاتا ہے "اَنَا سَوِيْلُكَ فِي هٰذَا الْاَمْرِ" میں اس کام میں تمہارے برابر ہوں۔
سَامَ يَسُوْمُ سَوْمًا و سَوَامًا. السِّلْعَةَ فروخت کے لئے پیش کرنا اور قیمت بتلانا۔ المُشْتَرِيُ السِّلْعَةَ: بھاؤ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَامَ بِسِلْعَتِهِ كَذَا وَكَذَا" اس نے اپنے سامان کا اتنے اور اتنے کا بھاؤ کیا۔ سَامَتِ الْمَاشِيَةُ: جانور کا چراگاہ میں جانا۔ سَامَهُ الْاَمْرَ تکلیف دینا۔ سَامَهُ خَسْفًا: ذلیل کرنا الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ: پرندہ کا منڈلانا۔ الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا اور جلدی سے گزرنا۔ سَامَ النَّاقَةَ عَلَى الْحَوْضِ: اونٹنی کو حوض پر لے جانا۔
سَوَّمَهُ. الاَمْرَ: کرنے کی تکلیف دینا۔ ہ فِيْ مَا يَمْلِكُهُ: حاکم بنانا۔ پوری قدرت دینا فُلَانًا: کسی کو اس کے منشاء پر چھوڑ دینا کہ جو چاہے کرے۔ امثالِ عرب میں سے ہے "عَبْدٌ و سُوِّمٌ" اس کمینہ کے متعلق بولتے ہیں جس کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو الخَيْلَ: گھوڑوں کو چرنے کے لئے چھوڑنا عَلَيْهِمْ: لوٹ ڈال کر فساد پھیلانا الفَرَسَ: گھوڑے پر داغ لگانا۔
سَاوَمَ سِوَامًا و مُسَاوَمَةً. بِالسِّلْعَةِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔
تَسَاوَمَ. السِّلْعَةَ: فروخت کرنے میں جھگڑنا۔ فِي السِّلْعَةِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔
اَسَامَ اِسَامَةً. المَاشِيَةَ: جانور کو چراگاہ کی طرف روانہ کرنا اِلَيْهِ بِبَصَرِهِ: نظر ڈالنا۔
اِسْتَامَ. فُلَانًا السِّلْعَةَ: قیمت دریافت کرنا بِهَا: زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔
تَسَوَّمَ. علامت لگانا۔
السَّام. موت۔ نرکل۔ واحد (سَامَةٌ)
السَّامَة: موت۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا۔ کنوئیں کے اوپر کا گڑھا۔ ج سِيَم.
السِّيْمَة والسُّوْمَة والسِّيْمَا والسِّيْمَى. علامت بینت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ سُوْمَةُ الصَّلَاحِ و سِيْمَةٌ" اس کے اندر بھلائی کی علامت ہے۔
السِّيْمِيَا والسِّيْمِيَاء. علامت۔ خوبصورتی۔
السَّائِم. فا. خودسری سے چلنے والا۔ چرواہا۔
السَّائِمَة والسَّوَام. چرنے والا اونٹ۔ جانور۔ ج سَوَائِم.
السُّوَام. مہ۔ ایک پرندہ۔
المَسَام. جلدی گزرنا۔
المَسَامَة. چوکھٹ کے نیچے والی لکڑی۔
المُسَوَّم. خوبصورت بناوٹ والا۔ علامت لگایا ہوا۔ الخَيْلُ المُسَوَّمَة. چرائے ہوئے یا چھوڑے ہوئے گھوڑے۔
سَوِيَ يَسْوَى سِوًى. الرَّجُلُ: درست کام والا ہونا۔
سَوَّى. الشَّيْءَ: درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔

کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ الْمُعْوَجَّ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے ٹیڑھے کو درست کیا وہ درست نہیں ہوا۔ ہموار کرنا اور مطلقاً بنانے اور کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے الْاٰبَارُ یُسَوِّی الْاِبَرَ. (وسَاوٰی) بَیْنَھُمَا وَ سَوَّاہ وَ سَاوَاہ بِهٖ: برابر کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّیَتْ عَلَیْهِ الْاَرْض: یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کر دیا گیا۔ وساوی الشَّیْئَ: برابر کرنا۔ سَاوَی الرَّجُلُ قِرْنَهٗ: ہم مثل ہونا۔ قدروقیمت میں برابر ہونا۔ علم و شجاعت میں ایک جیسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَایُسَاوِی دِرْھَمًا" یہ ایک درہم کے برابر نہیں۔

اَسْوٰی اِسْوَاءً. رسوا ہونا۔ ذلیل ہونا۔ درست اُمور والا ہونا الشَّیْئَ: ہموار کرنا اَسْوَاہ: برابر کرنا۔

تَسَوّٰی. ہموار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَوَّتْ بِهِ الْاَرْض" یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کر دیا گیا۔

تَسَاوَیَا. فِیْ کَذَا: ہم مثل ہونا۔ برابر ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔

اِسْتَوٰی. الشَّیْئُ: معتدل و برابر ہونا۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ الشَّیْئَ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے چیز کو سیدھا کیا وہ سیدھی نہیں ہوئی الرَّجُلُ: درست اُمور والا ہونا۔ پوری جوانی کو پہونچنا عَلَیْهِ: غالب ہونا عَلٰی ظَھْرِ الدَّابَةِ: جم کے بیٹھنا۔ "اِسْتَوٰی عَلٰی سَرِیْرِ الْمَلِكِ" کنایہ ہے کامل قبضہ و تصرف سے اِلَی الشَّیْئِ: قصد و ارادہ کرنا۔ اِسْتَوَتْ بِهِ الْاَرْضُ: ہلاک و مدفون ہونا۔ اِسْتَوَی الطَّعَامُ: پک کر تیار ہونا۔

السَّوٰی. ارادہ۔

السَّوَاء. برابر۔ درمیان۔ بیچ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ سَوَاءَہٗ" اس نے اس کے وسط میں مارا۔ و "لَقِیْتُهٗ فِیْ سَوَاءِ النَّھَار" میں نے اس سے دوپہر میں ملاقات کی اور سواء غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "جَاءُوْا سَوَاءَ زَیْدٍ" زید کے علاوہ سب آئے اور مستوی کے معنی میں بھی جیسے "مَکَانٌ سَوَاءٌ وَ ثَوْبٌ سَوَاءٌ" یعنی لمبائی و چوڑائی برابر والی جگہ یا کپڑا۔ و "سَوَاءُ السَّبِیْل" سیدھا راستہ۔ و هٰذَا دِرْھَمٌ سَوَاءٌ یہ پورا درہم ہے۔ سَوَاءُ الْجَبَل: پہاڑ کی چوٹی۔ السَّوَاءُ: مثل و مانند "ھُمَا فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ سَوَاءٌ" وہ دونوں اس معاملہ میں ایک جیسے ہیں اور اگر تم چاہو تو بجائے سَوَاءٌ کے سَوَاءَان بھی کہہ سکتے ہیں اور جمع کی صورت میں ھُمْ سَوَاء یا ھُمْ اَسْوَاء اور خلاف قیاس "ھُمْ سَوَاسٍ و سَوَاسِیَة و سَوَاسِوَة" بھی کہہ سکتے ہیں۔ ولَیْلَةُ السَّوَاءِ: تیرھویں یا چودھویں کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سَوَاءٍ وَالْعَدَمُ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے۔ اور جب سواء کے بعد ہمزۂ تسویہ ہو تو اَم کا ہونا ضروری ہے چاہے دو اسم واقع ہوں یا فعل۔ جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ اَزَیْدٌ جَاءَ اَمْ عَمْرٌو" میرے لئے برابر ہے چاہے زید آئے یا عمرو۔ و "سَوَاءٌ عَلَیَّ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ" میرے لئے برابر ہے چاہے تم کھڑے رہو یا بیٹھو اور سواء کے بعد دو فعل بغیر ہمزۂ تسویہ کے واقع ہوں تو ثانی کا عطف اَوْ کے ذریعہ ہوگا جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قُمْتَ اَوْ قَعَدْتَ اور اگر دو مصدر واقع ہوں تو ثانی کا عطف واوٗ اور اَوْ دونوں سے جائز ہے جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قِیَامُكَ اَوْ قُعُوْدُكَ و قِیَامُكَ و قُعُوْدُكَ"

السِّوٰی وَالسُّوٰی. برابر۔ و ط۔ غیر مانند سواء کے اور یہ حروف استثناء میں سے ہیں جیسے "جَاءُوْا سِوَی زَیْدٍ" اور تم کہتے ہو "عِنْدِیْ رَجُلٌ سِوَاكَ" تمہاری جگہ میرے پاس دوسرا شخص ہے۔ و "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سِوًی وَالْعَدَم" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے اور کہا جاتا ہے "ھُمَا عَلٰی حَدِّ سِوًی" یعنی ان کے درمیان تفاوت نہیں۔

السِّوَی. ہموار۔ درست۔ برابر۔ انصاف۔ مکانٌ سَوِیٌّ: بیچ کی جگہ۔ غُلَامٌ سَوِیٌّ: بے عیب لڑکا۔ ج اَسْوِیَاء.

السَّوِیَّة. السَّوِیُّ کا مؤنث۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ عَلٰی سَوِیَّةٍ فِیْ هٰذَا الْاَمْر" وہ سب اس معاملہ میں برابر ہیں۔ و "قَسَمْتُ بَیْنَھُمَا بِالسَّوِیَّةِ" میں نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کر دیا۔ لونڈیوں اور محتاجوں کی سواری۔ ج سوایا۔

السِّیّ. بیابان۔ برابر۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "ھُمَا سِیَّان" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ مکان سِیٌّ: ہموار جگہ۔ اور مؤنث کے لئے کہا جاتا ہے "مَاھِیَ بِسِیٍّ لَكَ وَلَیْسَتِ الْمَرْأَةُ لَكَ بِسِیٍّ و مَالَكَ بِاَسْوَاءٍ" یہ عورت یا یہ عورتیں تمہاری مثل نہیں۔ اور "لَا سِیَّمَا" سی اور ما سے مرکب ہے اور کلمہ استثناء ہے اور مشہور یہ ہے کہ اس کا استعمال واو کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور لَاسِیَمَا تخفیف کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی لا محذوف ہوتا ہے اور یہ ضعیف لغت ہے۔

لَاسِیَّمَا اس لفظ کے ذریعے اس کے بعد والے لفظ کو معنی میں ترجیح ہوتی ہے اس کے ماقبل پر اس کلمہ (لاسیما) کے بعد والے لفظ کے اعراب میں دو توجیہ ہیں۔

(۱) مرفوع اس بنیاد پر کہ وہ مبتدا محذوف کی خبر ہے مثلاً یعجبنی الربیع لاسیما ازھارہ۔

لانفی جنس سی: اسم ما موصولہ محلا مجرور مضاف الیہ ہی مبتدا محذوف ازھارہ اس کی خبر۔

مبتداء خبر مل کر صلہ موصول کا۔

لانفی جنس کی خبر محذوف: موجودۃ

(۲) مجرور اس بنیاد پر کہ ما زائدہ سی

مضاف اور ازھار مضاف الیہ۔
اس صورت میں لا کا اسم : سی اور خبر موجودة۔
الاَسْوی. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا المَکانُ اَسوَی ھٰذہِ الاَمْکِنَۃِ"
الاِسْتِوَاء. مص۔ درستی۔ اعتدال و (خط الاستواء) عِنْدَ الْجُغْرافِیِّیْن: وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصّوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔
سَیَّأت و تَسَیَّأت. النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بغیر دوھنے کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے "تَسَیَّأتْ عَلَی الْاُمُوْر" میرے اُوپر اُمور مختلف ہوگئے۔ و "تَسَیَّأ فُلانٌ بِحَقِّی" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کر لیا۔
اِنْسَیَأ. اللَّبَنُ: دودھ کا بغیر دوھنے کے بہنا۔
السُّیُ والسِیُّ. دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوھے ہوئے نکلے۔ ج سُیُوْء.
سَابَ یَسِیْبُ سَیْبًا. الماءُ: پانی کا ہر طرف کو بہنا الرَّجُلُ: تیز چلنا فِیْ کلامہ بغیر غور و فکر کے بولنا الدابۃ: جانور کا آزادانہ چلنا۔
سَیَّبَہٗ چھوڑ دینا العَبْدَ غلام کو آزاد کر دینا۔
اِنساب اِنْسِیَابًا. تیز چلنا۔ اِنْسَابَتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔ فَلانٌ نَحْوَنَا لوٹنا۔
السَّیْب. مص۔ بارش۔ داد و دہش۔ مال زیادتی۔ گھوڑے کے دُم کے بال۔ کشتی کا چپو۔ ج سُیُوْب.
السِّیْب پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُیُوْب
سِیْب (فارسی)

السیاب والسَّیاب والسُّیَّاب. کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح۔ اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بُسر ہیں) واحد سَیابۃٌ و سَیَّابَۃٌ. السیابۃ شراب۔
السِّیْبَان. صِئْبَانٌ محرف کلمہ ہے۔ بمعنی جوں کے انڈے۔
السَّائِبَۃ. چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا۔ غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں نذر وغیرہ کیلئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے (اس کے بچّے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا اور گھاس پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔) ج سُیَّب و سَوائِب.
سَیَّجَ. الکَرْمَ: انگور میں باڑ لگانا۔
السِیَاج. دیوار۔ باڑ۔ ج سیاجات واَسْوِجَۃ و سُوْج.
السَّیْجان ایک قسم کی مچھلی۔
سَاحَ یَسِیْحُ سَیْحًا و سَیَحانًا. الماءُ: پانی کا سطح زمین پر بہنا۔ صفت ماءٌ سائِحٌ و سَیْحٌ کہا جاتا ہے "ھٰذہِ الاَرْضُ تُسْقَی بِالْمَاءِ سَیْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے الظِّلُّ: پھرنا۔ ہٹ جانا (سَیْحًا و سَیَحانًا و سِیَاحَۃ و سُیُوْحًا) زمین میں عبادت کے لئے پھرنا۔ شہروں میں پھرنا۔ صفت (سائح) ج سُیَّاحٌ و سَائِحُوْن.
سَیَّحَہٗ واَسَاحَہٗ بہانا۔ کہا جاتا ہے "یسیّح تَسْیِیْحًا کثیرًا" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی۔ اساح الفرسُ بذنبہ: گھوڑے کا دم کو لٹکانا۔
اِنْسَاحَ. بَطْنُہٗ پیٹ کا بڑا ہونا۔ موٹا ہونا الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا بالُہٗ: کشادہ دل ہونا۔ اِنْسَاحَتِ الصَّخْرَۃ چٹان کا پھٹ جانا۔

السَّیْحُ. مص۔ بہنے والا پانی۔ دھاری دار کمبل۔ ج سُیُوْح و اَسیاح.
السائح. مسجد میں رہنے والا روزہ دار۔
السَّیَّاح. ملکوں میں بہت پھرنے والا۔
المِسْیاح. بُرائی اور چغلی کو پھیلانے والا۔ ج مَسَایِح.
المُسَیَّح. من الثیاب دھاری دار کپڑا۔
ساخ یَسِیْخُ سَیْخًا و سَیَخانًا. مضبوط ہونا۔ ساخَتْ قدمُہٗ فِی الطِّیْن: گارے میں پاؤں کا دھنس جانا۔
السِّیْخ. بڑی چھری۔ (فارسی)
السِّیَاخ. مٹی کی عمارت۔ ج سُیُوْخ.
سار(ض) سَیْرًا و تَسْیارًا و مَسِیْرًا و مَسِیْرَۃً و سَیْرُوْرَۃً. جانا۔ چلنا۔ سفر کرنا۔ ہ و بہ: چلانا الدابۃ: جانور پر سوار ہونا السُّنَّۃ: عمل کرنا۔ جیسے "و اوّلُ راضیٍ سُنَّۃً مَنْ یسیرُھا" کسی سنت پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے۔ کہا جاتا ہے "سِرْ عَنْکَ" یعنی غافل ہو جاؤ اور برداشت کرو۔ اس کی تقدیر یہ ہے "سِرْ وَدَعْ عنک الشک و المِراءَ" سار الکلامُ او المثلُ فی النّاس: مشہور ہونا۔
سَیَّرَ واَسَار. الرجلَ: چلانا الجُلَّ عن ظَھْرِ الدابۃ: اتار دینا۔ سیّر الثوب او السھم: دھاری ڈالنا۔ سیّر المثل: لوگوں میں مشہور کرنا۔ سیّر سیرۃ: پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا۔ سیّرہ من بلدہٖ جلا وطن کرنا۔ نکال دینا۔
سایرہٗ ساتھ چلنا۔
تَسَیَّرَ. الجلدُ: چھل جانا۔
تسایرا. باہم مل کر چلنا۔ تسایر عن وجھہِ الغضبُ زائل ہونا۔
اِسْتَار اِسْتِیَارًا. زاد راہ خریدنا بسیرۃ فُلان: کسی کی سیرت و عادت پر چلنا۔
سَارُ. الشیءِ: تمام چیز۔ سائر میں ایک لغت ہے۔

السَّیْرُ. تسمہ۔ ج سُیُورٌ و سُیُورَةٌ وَاَسْیَارٌ.

السِّیْرَةُ. سار کا اسم۔ عادت۔ طریقہ۔ طرزِ زندگی۔ ہیئت۔ سِیْرَةُ الرَّجُلِ: سوانح عمری۔ لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ السِّیْرَةِ" وہ اچھی عادت والا ہے۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَنْ طَابَتْ سَرِیْرَتُهٗ حُمِدَتْ سِیْرَتُهٗ" جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔ ج سِیَر.

السِّیَرَاء. دھاری دار چادریں یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو۔ خالص سونا۔ ایک قسم کی نباتات۔ گٹھلی سے چمٹا ہوا چھلکا۔ دل کا پردہ۔ کھجور کی ٹہنی۔

السَّائِرُ. فا. سَائِرُ الشَّیْءِ: چیز کا بقیہ۔ المَثَلُ السَّائِرُ:

السَّیَّارُ والسُّیَرَةُ والسَّیُوْرُ. بہت چلنے والا۔

السَّیَّارَةُ. السَّیَّار کا مؤنث۔ قافلہ۔ آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ۔ جیسے زحل؛ مشتری؛ مریخ؛ زمین؛ زہرہ؛ عطارد وغیرہ۔ ج سَیَّارَات. السَّیَّارَةُ: موٹر کار۔

التَّسْیَار. مص۔ سیر کا مبالغہ۔

المَسُوْرُ. مص۔ قیاس کے لحاظ سے مَسْیر ہے۔ مگر مصدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا۔ طَرِیْقٌ مَسُوْرٌ: آمدورفت والا راستہ۔

المَسِیْرَةُ. مص۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا مَسِیْرَةُ یَوْمٍ" ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے۔

المُسَیَّرُ. مِنَ الثِّیَابِ: دھاری دار کپڑا۔

السِّیْرَجُ. تل کا تیل۔

سَیِسَ یَسْیَسُ سَیَسًا. الطَّعَامُ: گھن پڑنا۔

سَاسَاہ. مجرم دلانا۔ عار دلانا۔

السِّیْس. چنبیلی کا پودہ۔

السِّیْسَاء. ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ۔

سِیْسَاءُ الظَّهْرِ مِنَ الدَّوَابِّ: جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ۔

سَیْطَرَ سَیْطَرَةً و تَسَیْطَرَ. نگہبان ہونا۔ داروغہ ہونا۔

سَاعَ یَسِیْعُ سَیْعًا و سُیُوْعًا. الشَّیْءُ: ضائع ہونا (وانْسَاعَ و تَسَیَّعَ). المَاءُ: پانی کا ادھر اُدھر بہنا۔ اِنْسَاعَ الجَامِدُ: جمی ہوئی چیز کا پگھلنا۔

سَیَّعَ. الحَائِطَ بِالطِّیْنِ: دیوار کا مٹی سے لیپنا۔ الشَّیْءَ: تیل وغیرہ ملنا۔

اَسَاعَ. الشَّیْءَ: ضائع کرنا۔

السَّیْعُ. مص۔ سطح زمین پر بہنے والا پانی۔

السِّیَاعُ. گارا۔ کہگل۔

السَّیْعَاءُ والسِّیْعَاءُ. رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجْتُ بَعْدَ سَیْعَاءٍ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر جانے کے بعد میں نکلا۔

المِسْیَعَةُ. کرنی۔ کہگل کرنے کا اوزار۔

نَاقَةٌ (مِسْیَاعٌ) بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لئے جانے والی اونٹنی۔

سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا. الشَّرَابُ: خوشگوار بنانا۔

السَّیْغُ. مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔

سَافَتْ تَسِیْفُ سَیْفًا. اَلْیَدُ: ناخن کے اردگرد پھٹنا۔

سَافَهٗ یَسِیْفُهٗ سَیْفًا. تلوار سے مارنا۔

تَسَیَّفَهٗ. تلوار سے مارنا۔

سَایَفُوْا و تَسَایَفُوْا واسْتَافُوْا اِسْتِیَافًا. باہم تلوار بازی کرنا۔ واُسْتِیْفَ القَوْمُ: تلوار سے مارا جانا۔

السَّیْفُ. تلوار۔ ج اَسْیَافٌ و سُیُوْفٌ وَاَسْیُفٌ و مَسْیَفَةٌ (السَّائِفُ) تلوار سے مسلح۔ سَیْفُ الجَبَّارِ: تین ستاروں کے نام۔ سَیْفُ الرِّیَاحِ: ایک قسم کی نباتات۔

السَّیْفُ والسِّیْفُ. ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے۔

السِّیْفُ: سمندر کا کنارہ یا ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْیَاف وہ چیز جو کھجور کے ڈنٹھل کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے۔

السَّیْفَانُ. مِنَ الرِّجَالِ: لمبا و پتلا مرد۔ مؤنث سَیْفَانَةٌ. اور بقول بعض عورتوں ہی کے لئے مخصوص ہے۔

السَّیَّافُ. شمشیر زن۔ ج سَیَّافَةٌ. رَجُلٌ سَیَّافٌ: خون گرانے والا مرد۔ سَیَّافُ الاَمِیْرِ: جلاد۔

الاَسْیَافُ. پارٹیاں۔

المَسَایِفُ. خشک سالی۔ قحط۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُمُ المَسَایِفُ" ان کو قحط سالی لاحق ہوئی۔

المُسِیْفُ. تلوار سے مسلح۔ دلیر۔ فقیر۔

المُسَیَّفُ. مِنَ الدَّرَاهِمِ: درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں مِنَ البُرُوْدِ: چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں۔

السِّیْکَاس: کھجور کی مانند پتوں اور تنے کے لحاظ سے لیکن صنوبر کے زیادہ قریب درخت ہے۔ اکثر زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

السِّیْکَاہ. فن موسیقی کا ایک راگ (جدید)

سَالَ (ض) سَیْلًا و سَیَلَانًا و مَسِیْلًا و مَسَالًا. المَاءُ: بہنا۔ سَالَتْ غُرَّةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا۔

اَسَالَ اِسَالَةً و سَیَّلَ تَسْیِیْلًا. المَاءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔ اَسَالَ الجَامِدَ: پگھلانا۔ اَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ: لمبا کرنا۔

تَسَایَلَ. القَوْمُ: ہر طرف سے آنا۔

السَّائِلَةُ. مِنْ غُرَرِ الخَیْلِ: گھوڑے کی ناک تک پیشانی کی سفیدی۔ ج سَوَائِل.

السَّیْلُ. مص۔ بہنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَیْلٌ" بہنے والا پانی۔ السیل: سیلاب۔ ج سُیُوْل.

السِیْلَۃُ. پانی بہنے کی جگہ۔ سال کا اسم مرۃ۔
السَیْلَۃ. پانی کا بہاؤ۔
السِیْلان. ایک قیمتی پتھر۔ تلوار کا وہ حصہ جو میان میں داخل ہو۔ ج سَیَالِیْن.
السَوَائِل. مِنَ المَعَادِنِ وغَیْرِھا: بہنے والی چیزیں۔
السَیَالُ. سفید لمبے کانٹوں والا ایک پودہ کہ جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے۔ واحد سَیَالَۃٌ.
السَیَّال. زور سے بہنے والا۔ مؤنث سَیَّالَۃ
السَیَّال: ایک قسم کی مچھلی۔
مَسِیْلُ. المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَسَائِل و مُسُل واَمْسِلَۃ و مُسْلَان.
المُسَال. مِنَ الْوَجْہِ: ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب۔
سِینَمَا توغرَاف: وہ آلہ جو کہ بنائی گئی تصاویر کو سکرین پر پیش کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہو۔ وہ گھر جس میں مناظر سینمائی دکھائے جائیں۔
اَسِیْزَامَا: سینما کا جدید آلہ جو کہ اشخاص کی تصاویر وغیرہ ایسی عمدہ پیش کرتا ہے گویا کہ وہ اصلی اور حقیقی ہیں۔
السِیْمُوْنِیَّۃ. سیمون جادوگر کی طرف منسوب۔ مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش۔
سِیَۃُ. القَوْسِ: کمان کا سرا۔ ج سِیَات.

ش: الشین: بنیادی حروف میں سے تیرہواں ہے۔ یہ حروف شجریہ سے ہے۔ حساب جمل میں اس کے نمبر (۳۰۰) ہے۔
الشُؤْبُوب. بارش کی بوچھاڑ۔ دھوپ کی تیزی۔ ہر چیز کی حد۔ ہر چیز کی شدت دفع۔ آغاز حسن۔ ج شآبیب کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ شَآبِيبِ الْوَجْهِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے۔
شَئِزَ (س) شَأزًا و شُؤزَةً و شُؤَازًا. المَكَانُ: سخت اور بلند ہونا۔ ناہموار ہونا۔ صفت (شأزٌ و شَئِزَةٌ) (و شُئِزَ) بے آرام ہونا۔ ڈرنا۔
اَشْأزَهُ. رنجیدہ کرنا۔ بے آرام کرنا۔ ڈرانا۔ اَشْأزَ الرَّجُلُ: عَنْ كَذا بلند ہونا۔
اِشْتَأزَ. بدکنا۔
الشَأزَةُ. اسم مرة خَيْلٌ شَأزَةٌ: موٹا گھوڑا۔
المَشْئُوزُ والمَشْوُزُ. بے آرام۔ بے قرار۔ خوفزدہ۔
شَئِسَ (س) شَأسًا. الشَّئُ: سخت ہونا۔ الرَّجُلُ: مرض یا غم سے بے قرار ہونا اَلْمَكَانُ: سخت و سنگریزہ دار ہونا۔ مَکَانٌ (شَئِسٌ و شِأسٌ) سخت و سنگریزہ والی جگہ۔ ج شَئِيسٌ و شُؤُسٌ.
شَأشَأَ شَأشَأةً و شَأشَاءً. الرَّاعِي. الغَنَمَ اَوِ الحَمِيْرَ و بِهَا: شَأشَأ یا شُؤْ شُؤْ کہہ کر ہانکنا۔ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں گابھا لگنا۔
تَشَأْشَأَ. القَوْمُ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔
الشَأشَاء. س۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ کھجور کے لمبے درخت۔
شَئِفَتْ (س) شَأفًا. الرَّجُلُ: آبلہ پڑنا۔ صفت (مَشْؤُفَةٌ) شَئِفَتْ اَصَابِعُه: ناخنوں کے اردگرد پھٹنا۔ (شَأفًا و شَأفَة، فُلانًا و لِفُلانِ: بغض رکھنا۔
شَئِفَ. خوفزدہ ہونا۔ ڈرایا جانا۔ صفت (مَشْؤُف) شُئِفَتِ الرَّجُلُ: آبلہ پڑنا۔
اِسْتَشْأفَتِ. القَرْحَةُ: خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا۔
شَأفَ. الجُرْحِ: زخم کی خرابی۔
الشأفة. جڑ۔ تلوے کا زخم۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَاصَلَ شَأفَتَهُ" اس نے اسے جڑ سے کھو دیا۔ و "بَيْنَهُمْ شَأفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے۔ واِسْتَاصَلَ اللّٰهُ شَأفَتَهُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے۔
شَأفَةُ الرَّجُلِ. اہل و مال۔
رَجُلٌ شَأفَةٌ. معزز و بلند مرتبہ مرد۔
شَأمَ (ف) شَأمًا. القَوْمَ و عَلَيْهِمْ: بدبختی ڈالنا۔ صفت (شَائِمٌ)
شَؤُمَ (ک) شَآمَةً و شُئِمَ. عَلَيْهِمْ: منحوس و نامبارک ہونا۔
شَأمَهُمْ. ملک شام کی طرف روانہ کرنا۔
شَاءَمَ مُشَاءَمَةً. بِه: بائیں طرف لینا۔
الرَّجُلُ: بملک شام میں آنا۔
اَشْأمَ. ملک شام کا ارادہ کرنا۔ ملک شام میں آنا۔ سر اُٹھائے ہوئے گزرنا۔
تشاءم و تشأم. ملک شام کی جانب منسوب ہونا۔ بائیں طرف ہونا۔
تشاءم واسْتَشْأم. بِه: بدفالی کرنا۔ بد شگون لینا۔
الشُؤْمُ. نحوست۔ کالے اونٹ۔
الشامُ والشأمُ. ملک شام۔
الشأمِيُّ والشَآمِي والشَآمِيُّ۔ ملک شام کی جانب منسوب۔
الشائِم. فا۔ نحوست لانے والا۔
الشَأمَة والمَشْأمَة. نحوست۔
الشِيْمَة والشِئْمَة. خلق۔ طبیعت۔ عادت۔ ج شِیَم
الاَشْأمُ. اسم تفضیل اور اسی سے ہے "اَشْأمُ كُلِّ امْرِئٍ بَيْنَ لِحْيَيْهِ" ہر آدمی کو بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے۔ یعنی زبان۔ بدبختی لانے والا۔ مؤنث شُؤْمیٰ.
واليدُ الشُؤْمیٰ. بایاں ہاتھ۔
الاَشَائِم. اشأم کی جمع۔
المَشُوْم والمَشْؤُوْم. منحوس۔ بدبخت۔ ج مَشَائِيم.
شَأنَ (ف) شَأنًا. صاحب عزت و مرتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَأنَ شَأنَكَ" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا۔ "مَا شَأنَ شَأنَكَ" اس نے تمہارے کام کی پرواہ

نہیں کی۔ و "اشان شانك" اپنی حالت پر رہو۔

اِشْتَأَن. شأنك: کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا۔

الشأن. ج شُؤُوْن و شِئَان و شِئْيْن: بڑے بڑے اُمور و احوال۔ معاملہ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "من شانه كذا وان يفعل كذا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے۔ و "ماشانك" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شُؤُون و شُؤُون: سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "بلغت الرائحة الى شؤون رأسه" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی۔ پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں شُؤُون واشؤن: رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں۔ کہا جاتا ہے "فاضت شؤونه" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہوگئیں الشُؤُوْن: حاجتیں۔ کہا جاتا ہے "كلفني شؤونك" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کر دو شؤون الخمر: شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے۔

شَأى يشؤ وشأوًا واشتأى اشتئاءًا. القوم: آگے بڑھ جانا۔ شأى التراب من البئر: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔

شائى مشاءاة. القوم: آگے بڑھنا۔ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تشائى تشائيا. القوم: ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔ متفرق ہونا۔ تشاءى مابينهما: فاصلہ پر ہونا۔

الشأو. س۔ مدت۔ غایت۔ کہا جاتا ہے "فلان بعيد الشأو" یعنی فلاں عالی ہمت ہے و "عداشاوًا" وہ ایک چکر دوڑا۔

الشأو: اونٹنی کی مہار۔ اونٹنی کی مینگنیاں۔ زنبیل۔ کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔

المشأة. کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔ ٹوکری جس سے کنوئیں سے مٹی نکالی جائے۔ ج المشائی.

شَبَّ (ض) شبابا و شَبِيبَةً. الغلام: جوان ہونا۔ کہتے ہیں "من شب الى دب" جوانی سے بڑھاپے تک۔

شَبَّ (ن ض) شبيبا و شبابا و شبوبا. الفرس: اکٹھے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا۔ نشاط میں ہونا۔ عرب کا مقولہ ہے "الجوهر يشب بعضه بعضا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھاتا ہے۔

شَبَّ (ن) شبا و شبوبا. النار: آگ روشن کرنا۔ شبت النار: آگ روشن ہونا الشئ: بلند ہونا۔ بڑھنا۔

شُبَّ. الشئ: زیادہ کیا جانا۔ بلند کیا جانا۔

شُبَّت النار: روشن ہونا۔ شب له الشئ: اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا۔

شَبَّبَ و تشبب. جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا الشاعر بالفتاة: عورتوں کے محاسن و اوصاف کو بیان کرنا۔ شبب قصيدة: عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "شبب قصيدته بفلانة" شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے تھے۔ پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ ایام شباب کا ذکر نہ ہو۔ شبب الكتاب: کتاب شروع کرنا۔ تشببت النار: آگ روشن ہونا۔ بھڑکنا۔

اَشَبَّ. الغلام: لڑکے کا جوان ہونا۔ الرجل: جوان اولاد والا ہونا اللّٰه الغلام: لڑکے کو جوان کرنا الفرس: گھوڑے کو اکسانا۔ الثور: بیل کا بوڑھا ہونا۔ صفت (مُشِبّ و مُشَبّ و شبب و مشب)

اُشِبَّ. لَهُ كذا: مقدر کیا جانا۔

الشَّبُّ. پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے۔ جوان۔ شب الليل: ایک قسم کی نباتات۔

الشباب والشبيبة. س۔ جوانی؛ بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ۔ ابتداء جیسے "شباب النهار" دن کی ابتداء۔ الشباب بمعنی تشبیب کہا جاتا ہے۔ "قصيدة حسنة الشباب" اچھی تشبیب والا قصیدہ اور شبیبہ کی جمع شبائب.

الشبوب. عمدہ بنانے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هذا شبوب لكذا" یہ اس کے حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے۔ مثلا "الخمار شبوب لوجهها" اوڑھنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے (والشباب) جس سے آگ جلائی جائے۔

الشَّبَّابة. ایک قسم کی بانسری (مؤلدة) عوام اس کو منجيرة کہتے ہیں۔

الشابّ والشبّ. جوان۔ ج شباب و شبان و شببة. مؤنث شابة و شبة. ج شابات و شبات و شواب و شبائب.

المشبّ. شیر۔

المشبوب. من الرجال: تیز خاطر مرد۔ المشبوبتان: زہرہ، مشتری۔ نار مشبوبة: بھڑکائی ہوئی آگ (نار شابة نہیں بولتے۔)

الشبث. سوئے کا ساگ۔

شبث (س) شبثا و تشبث. بكذا: چمٹنا۔ معلق ہونا۔ رجل (شبثة) اپنے مقابل کو چمٹنے والا۔

الشبث. مکڑی۔ ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں بہت ہوتی ہیں۔ ج اشباث و شبثان. رجل (شبث) چمٹنے والی طبیعت والا مرد۔

الشباث والشبوث. ٹیڑھے سرے والی سیخ۔ ج شبابيث.

اشبج. الباب: دروازہ بھیڑنا۔

الشبج. بلند دروازہ یا دروازہ۔ واحد (شبجة)

شبح (ف) شبحا. الشئ: پھاڑنا۔ چیرنا الجلد: کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا الرجل: گھسیٹنا الداعی: دعا کے لئے ہاتھ

فلانًا لہ: کسی کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا۔ پھیلانا

شَبُحَ (ک) شَبَاحَةً. لمبے چوڑے بازوؤں والا ہونا۔

شَبَّحَ. بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دور دیکھنا۔ الشَّيَ: چھیلنا۔ چوڑا کرنا۔

تَشَبَّحَ. الحَرْبَاءُ عَلَى العُودِ: گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا۔

الشَّبْحُ والشَّبَحُ. شخص۔ بلند عمارت کا دروازہ۔ ج شُبُوحٌ و اَشْبَاحٌ. اشباح المالِ: نظر آنے والا مال جیسے اونٹ، گائے بکری وغیرہ۔

الشَّبْحَة. اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نَزَعَ سَقْفَ بَيْتِي شَبْحَةً شَبْحَةً" اس نے میرے گھر کی چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی۔

عِندَ المُوَلَّدِينَ: گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسی۔

المَشْبَحَة: وہ تصاویر جو سکرین پر سینما گھر میں دکھائی جاتی ہیں۔

الشَّبْحَان. لمبا۔

الشَّبَحَان. مِنْقَلَةٌ کھیل کود کی دو لکڑیاں۔ (دیکھیے مِنْقَلَةٌ)

الشِّبْدِعُ والشِّبْدَعُ والشِّبْدِعَةُ. بچھو۔ مصیبت۔ زبان۔ ج شَبَادِع.

شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا. الثَّوبَ وَنَحْوَهُ: بالشت سے ناپنا۔ شَبَرَهُ مَالًا. کسی کو مال دینا۔

شَبِرَ (س) شَبَرًا. الرَّجُلُ: اکڑنا۔ اترانا۔

شَبَّرَ. الشَّيَ: اندازہ کرنا فُلانًا: تعظیم کرنا۔

أَشْبَرَ. فُلانًا: فضیلت دینا ہ مَالًا: دینا الرَّجُلُ: لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا۔ پستہ قد بیٹوں والا ہونا۔

تَشَابَرَ. الفَرِيقَانِ فِي الحَرْبِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے۔

تَشَبَّرَ. بڑا ہونا۔

الشَّبْرُ. مہر۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهَا وَلَمْ يُعْطِهَا شَبْرَهَا" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا۔ نکاح۔ عمر۔ قد و قامت۔

الشِّبْرُ. عمر۔ بالشت۔ ج أَشْبَار. کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِيرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے۔

الشِّبْرُ. عطیہ۔ خیر۔

الشِّبْرَة. قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)

الشُّبْرَة. عطیہ۔

الشَّبُّور. بگل۔ ج شَبَابِير و شَبُّورَات. (کلمہ عبرانی ہے)

شَابِرُ. المِيزَانِ: چور۔

فُلانٌ (أَشْبَرُ) مِنْكَ: فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے۔

الأَشْبُور. ایک قسم کی مچھلی۔

المَشَابِر. نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے۔ واحد (مِشْبَر و مِشْبَرَة)

شَبْرَقَهُ. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شَبْرَقَ اللَّحْمَ: پارچہ پارچہ کرنا۔ شَبْرَقَتِ الدَّابَّةُ فِي مَشْيِهَا جانور کا دور دور قدم رکھنا البَازِي الصَّيْدَ: نوچنا اور پھاڑنا الثَّوْبَ: برا بننا۔

الشَّبَارِق والشُّبَارِق. ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبَارِقُ و شُبَارِقُ و شَبَارِيقُ و شِبْرِق و شِبْرَاقٌ" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔

الشِّبْرِق. بلی کا بچہ۔ ج شَبَارِق.

الشِّبْرِقَة. کپڑے کا ٹکڑا۔

الشِّبْرَاق. مِنْ كُلِّ شَيٍّ: تختی۔

ثَوْبٌ (مُشَبْرَق) برا بنا ہوا کپڑا۔

تَشَبَّصَ. الشَّجَرُ: آپس میں گتھا ہوا ہونا۔

الشَّبَص. درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ تختی۔

شُبَاط. ترکی مہینہ۔ مطابق فروری۔

الشَّبُّوطُ والشُّبُّوطُ والشَّبُوطُ. ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ج شَبَابِيط.

شَبِعَ (س) شِبَعًا و شَبْعًا. وَمِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا۔ تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ هٰذَا الأَمْرِ و رَوِيتُ" جبکہ تم کسی معاملہ سے ملول ہو جاؤ۔

شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً. عَقْلُهُ: بہت عقل والا ہونا۔

شَبَّعَت. غَنَمُهُ: آسودگی کے قریب ہونا۔

أَشْبَعَهُ. کھلا کر شکم سیر کرنا الشَّيَ: زیادہ کرنا الثَّوْبَ مِنَ الصِّبْغِ: خوب گہرا رنگنا الكَلامَ: مکمل کہنا۔

تَشَبَّعَ. بتکلف شکم سیر ہونا۔ ظاہر کرنا۔ بہت کھانا۔

الشِّبْعُ والشِّبَعُ. کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے۔

الشُّبَاعَة. آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا۔

الشُّبْعَة. ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار۔

الشَّبْعَانُ. شکم سیر۔ مؤنث شَبْعَى و شَبْعَانَة ج شِبَاع و شَبَاعَى. کہا جاتا ہے "هِيَ شَبْعَى الذِّرَاعِ" وہ پرگوشت بازو والی ہے۔ و "شَبْعَى الخَلْخَالِ أَوِ السِّوَارِ والدِّرْعِ" یعنی موٹی۔

الشَّبِعَة. شکم سیر عورت۔

الشَّبِيع. بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِيعُ الغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا۔ و "رَجُلٌ شَبِيعُ العَقْلِ" بہت عقل والا مرد۔ و "حَبْلٌ شَبِيعٌ" بہت لٹوں والی رسی۔ ج شُبُع.

شَبِقَ (س) شَبَقًا. بہت شہوت والا ہونا۔ صفت (شَبِق) مؤنث شَبِقَة. مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا۔

الشَّوْبَق. بیلن۔ ج شَوَابِق (کلمہ فارسی

ہے) مشہور (شَوْبَك) ہے فتحہ شین اور کاف سے چوبک کا معرب ہے۔

شَبَكَتْ (ض) شَبْكًا. الْاُمُوْرُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ شَبَكَهٗ عَنْهُ: غافل کر دینا

(شَبَك و شَبَّكَ) الشَّیْءَ: ایک دوسرے میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَكْتُ اَصَابِعِيْ بَعْضُهَا فِيْ بَعْضٍ و شَبَكْتُ بَيْنَ اَصَابِعِيْ" میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔

اَشْبَكَ. الْقَوْمُ: نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا۔ "اَشْبَكَ الْمَكَانُ" قریب کنوئیں والی ہونا۔

شَابَكَ. بَيْنَ الْاَصَابِعِ: انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا۔

تَشَابَكَتِ. الْاُمُوْرُ: باہم مختلط ہونا۔

اِشْتَبَكَ و تَشَبَّكَ. مختلط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا الْكَلَامُ اوِ الْاُمُوْرُ: پیچیدہ ہونا۔

الشَّبَكَةُ. شکاری کا جال۔ ج شَبَكٌ و شِبَاك و شَبَكَات. الشَّبَكَةُ: بہت کنوئیں والی زمین۔ قریب قریب والے کنوئیں۔

الشُّبْكَةُ. قرابت۔

طَرِيْقٌ (شَابِكٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ۔ ج شَوَابِكُ.

الشَّبَّاكُ. جال بنانے والا۔

الشُّبَّاكُ. دریچی جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج شَبَابِيْكُ. الشَّبَّاكُ: شکاری کا جال۔ شکاری۔ گویا کہ شَابِك کی جمع ہے۔ جیسے قاری کی جمع قراء۔

الشَّبَائِكُ. جھگڑے۔

الْمُشَبَّكُ. ایک قسم کا کھانا۔

شَبِلَ (ن) شُبُوْلًا. الْغُلَامُ: لڑکے کا ناز و نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت (شَابِل) فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ: پرورش پانا۔

اَشْبَلَ. عَلَيْهِ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَشْبَلَتِ الْمَرْاَةُ عَلٰى اَوْلَادِهَا: شوہر کی وفات کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔

الشِّبْلُ. شیر کا بچہ جب کہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَال و شِبَال واَشْبُل و شُبُوْل. اَبُو الْاَشْبَالِ: شیر۔

لَبُؤَةٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔

مَكَانٌ (مَشْبُوْلٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔

شَبَمَ (ن) شَبْمًا و شَيَّمَ. الْجُدَیَ: بکری کے بچے کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔

شَبِمَ (س) شَبَمًا. الْمَاءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا۔

الشَّبَم. سردی۔

الشَّبِم. صبح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صبح شام-الشَّبِم. ہتھیار۔ زہر۔ موت۔

الشِّبَام والشِّبَمّ. لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پیے۔

الشِّبَام. برقع کے دو دھاگے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔

الْمُشَبَّم. تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔

شَبَنَ (ن) شُبْنًا. الْغُلَامُ: لڑکے کا نازک اندام و پرگوشت ہونا۔ (شُبُوْنًا) الشَّیْءُ: قریب ہونا۔

الشَّابِنُ. مِنَ الْغِلْمَانِ: نازک اندام پرگوشت لڑکا۔

الشَّبِيْنُ والْاِشْبِيْنُ. دولھا کا خدمت گار۔

شَبِيْنَةٌ واشْبِيْنَةٌ. دلہن کی خدمت گار (کلمہ سریانیہ ہے)

الشَّبَانِيُّ والْاَشْبَانِيُّ والشَّبَّانِيُّ. سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔

شَبَّهَهٗ. اِيَّاهُ و شَبَّهَهٗ بِهٖ: تشبیہ دینا۔ تمثیل دینا۔

شَبَّهَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ: مشتبہ کرنا۔ مشکل ہونا۔

شُبِّهَ الشَّیْءُ: مشتبہ کیا جانا۔

شُبِّهَ. عَلَيْهِ الْاَمْرُ:

اَشْبَهَهٗ و شَابَهَهٗ. مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔

اَشْبَهَ فُلَانٌ اُمَّهٗ فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔

تَشَبَّهَ بِهٖ: مانند ہونا۔ عمل میں مشابہت کرنا۔

تَشَابَهَ. الرَّجُلَانِ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ الْاَمْرُ. مُتَشَابِهٌ یعنی غیر محکم ہونا۔

اِشْتَبَهَا. ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

اِشْتَبَهَ فِي الْاَمْرِ. صحیح ہونے میں شک کرنا

الْاَمْرُ عَلَيْهِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔

الشِّبْهُ والشَّبَهُ. مثل مانند۔ ج اَشْبَاه و مَشَابِه جیسے (حسن و محاسن) الشَّبَهُ: مشابہت ایک خار دار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔ (الشِّبْه والشَّبَه والشَّبَهَان والشِّبْهَان) پیتل۔

الشُّبْهَةُ. مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَه و شُبُهَات.

الشَّبِيْه. مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاه.

الْمُشَبَّه والْمُشْتَبِه. مِنَ الْاُمُوْرِ: مشکل۔ جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِيَّاكَ والْمُشَبَّهَات" اپنے آپ کو امور مشکلہ سے بچاؤ۔

الْمُشَبِّهَةُ: اسلامی فرقوں میں سے ایک فرقہ جو کہ اللہ تعالیٰ کو صفات و اسماء میں مخلوق کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔

شَبَا يَشْبُو شَبْوًا. الشَّیْءُ: بلند ہونا. الْفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔ الْوَجْهُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا۔ النَّارُ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔

اَشْبَى اِشْبَاءً. الرَّجُلَ: تعظیم و اکرام کرنا۔ دینا۔ عَلَيْهِ: مہربان ہونا۔ مصیبت میں ڈالنا

الشَّجَرُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا۔ ہٹانا

الرَّجُلُ: ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشْبِي و مُشْبٍ)

الْاَوْلَادُ اَبَاهُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے

مشابہ ہونا۔

الشَبَاۃُ نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا مِنَ السَّیْفِ: دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبًا و شَبَوات بیوقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رَجُلٌ شَبَاۃٌ" یہ بیوقوف مرد ہے۔

شَبْوَۃُ بچھو کے لئے علم ہے اور علمیۃ تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔

الشَّبْوُ دکھ۔ تکلیف۔

شَتَّ (ض) شَتًّا و شَتَاتًا و شَتِیْتًا متفرق ہونا (وشَتَّتَ واَشَتَّ) الْاَشْیَاءَ: متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بِیْ قَوْمِیْ" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔

تَشَتَّتَ وانْشَتَّ واسْتَشَتَّ. الشَّمْلُ: متفرق ہونا۔

الشَّتُّ مص۔ پراگندگی۔

اَمْرٌ (شَتٌّ وشَتَاتٌ) پراگندہ و متفرق۔ کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اَشْتَات کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَتَاتًا و جَاءُوْا اَشْتَاتَ شَتَاتَ" وہ لوگ متفرق متفرق ہو کر آئے۔ نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔

شَتَّانَ مبنی علی الفتح اور کبھی نون مکسور ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ کے معنی میں۔ کہا جاتا ہے "شَتَّانَ بَیْنَھُمَا وما بَیْنَھُمَا وما زَیْدٌ واَخُوْہُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔

الشَّتِیْتُ مص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَتّٰی (جیسے مَرِیْض و مَرْضٰی) ثَغْرٌ شَتِیْتٌ: چھدرے دانت۔

اُناس (شَتّٰی وشُتُوتٌ) مختلف قبائل کے لوگ۔ اشیاء شَتّٰی: مختلف چیزیں۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ اَمْرٍ شَتّٰی" وہ لوگ متفرق امور میں پڑ گئے۔

شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا. الشَّیْیَٔ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا الرَّجُلَ: زخمی کرنا العَیْنَ پلک اُلٹنا۔

شَتِرَ (س) شَتَرًا. کٹنا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا بہ: گالی دینا۔ (وشُتِرَ) اُلٹی ہوئی پلک والا ہونا یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔

شَتَّرَ. عَیْنَہ پلک اُلٹنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔ قبیح باتیں سنانا۔

اِنْشَتَرَتْ. عَیْنُہ: اُلٹی ہوئی پلک والی ہونا۔

الشَّتَرُ مص۔ کٹنا۔ پلک لٹنا۔ عیب و نقص۔ الشُّتْرَۃُ دو انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشِّتِّیْرُ بہت عیب و برائی والا۔ بد خلق۔

الاَشْتَرُ اُلٹی ہوئی پلک والا۔ پھٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث شَتْرَاءُ ج شُتْرٌ.

الشَّوْتَرۃ بڑے سرین کی عورت۔

شَتِعَ (س) شَتَعًا بیماری یا بھوک کی وجہ سے گھبرا اُٹھنا۔

شَتَغَہ (ض) شَتْغًا روندنا۔ ذلیل کرنا۔

اَشْتَغَہ تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔

المَشَاتِغُ ہلاکتیں۔

شَتَلَ یَشْتُلُ شَتْلاً وَ شَتَّلَ اَشْتَلَ (سریانی لفظ) پودے کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگانا۔ الشتلۃ "اشتل" کا واحد: وہ پودا جس کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگایا جائے۔ اس کو ہماری زبان میں "پنیری" بولتے ہیں۔

اَلْمَشْتَلُ بیج لگانے کی جگہ تاکہ اگنے کے بعد اس کو دوسری جگہ لگایا جا سکے۔

اَلْمَشْتُوْلُ وہ شخص جس کا لباس غیر منظم ہو۔

شَتَمَہُ (ن ض) شَتْمًا ومَشْتَمَۃً ومَشْتُمَۃً ومَشْتِمَۃً وتَشْتَامًا گالی دینا (شَتَمًا) گالی دینے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَاتَمَہُ فَشَتَمَہُ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

شَتُمَ (ک) شَتَامَۃً بدصورت و کریہ المنظر ہونا۔ صفت (شَتِیْمٌ) الشَّتِیْم غضبناک شیر۔

شَتَّمَہُ بہت گالی دینا۔

شَاتَمَہُ باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَشَاتَمَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

تَشَتَّمَ گالی سننے کے درپے ہونا۔

الشَّتَامَۃُ مص۔ بدصورتی کے ساتھ بدن کی درشتی۔

الشَّتِیْمَۃُ گالی۔ ج شَتَائِم.

الشَّتَّام والشَّتَّامَۃُ برے چہرہ والا۔ بد خلق۔

الشَّتَّام والشَّتَّامَۃُ بہت گالی دینے والا۔

الشَّتَامَۃ شیر غضبناک۔

شَتَنَ (ن) شَتْنًا. الثَّوْبَ کپڑے کو بننا۔ صفت (شَاتِنٌ)

الشَّتْنُ مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَتْنُ الکَفِّ" سخت ہتھیلی والا مرد۔

الشَّتُوْنُ بننے والا۔

شَتَا یَشْتُوْ شَتْوًا وشَتِیَ تَشْتِیَۃً وتَشْتّٰی تَشْتِیًا. بِالْبَلَدِ: کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا۔ شَتَا وتَشَتّٰی المَکَانَ: بزمانہ سرما قیام کرنا۔ شَتَاہُ: زمانہ سرما کے لئے کافی ہونا۔

شَتَا یَشْتُوْا شَتْوًا وشُتِیَ واَشْتٰی القَوْمُ: موسم سرما میں داخل ہونا۔ موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اُٹھانا اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا شَیْئٌ یُشْتِیْنِیْ" یہ زمانہ سرما میں میرے لئے کافی ہوگی۔ شَتَا الشِّتَاءُ: سردی پڑنا۔

شَاتٰی مُشَاتَاۃً وشِتَاءً. الرَّجُلَ جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا۔

الشِّتَاءُ مص۔ موسم سرما۔ ج اَشْتِیَۃ وشُتِیٌّ اور نسبت کے لئے (شَتْوِیٌّ وشَتَوِیٌّ)

الشَّتْوِیُّ: جاڑے کی بارش فاکھتہ

الشتاء: آگ۔
الشتاء والشتا. قحط۔
الشتاۃ والشتوۃ. جاڑا۔ صاحب
الشتوۃ: وہ شخص جس کے پاس جاڑے
میں پناہ لیں۔
الشتی جاڑے کی بارش۔
المشتی والمشتاۃ. جاڑے کا زمانہ یا
جاڑے کی جگہ۔ موسم سرما گزارنے کی
جگہ۔ ج المشاتی
کہا جاتا ہے ''ہذہ مشاتینا ومصایفنا
ومرابعنا'' یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و
ربیعی منازل ہیں۔
الشث. چھوٹے سیب کی طرح خوشبو دار
کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت
جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے
پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال
کرتے ہیں۔ جنگلی اخروٹ۔ شہد کی کھیاں۔
پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند
رہ جائے۔ ج شثاث واحد (الشثۃ)
الشث: ہر چیز کی بہت تعداد۔
شثرت (س) شثرا. عینہ: آنکھ موٹی
ہونا۔
الشثر. پہاڑ کا کنارہ۔ ج شثور. قناۃ
(شثرۃ) تیرہ [illegible] جس کے ٹکڑے ٹوٹنے
کے وقت اڑیں۔
شثلت (س) شثلا وشثلت (ک)
شثولۃ. اصابعہ: موٹی ہونا۔
شثل الاصابع: سخت اور موٹی انگلیوں
والا۔
قدم (شثلۃ) موٹا اور سخت قدم۔
شثن. بمعنی شثل.
شج (ن ض) شجا. الراس: زخمی کرنا۔
توڑنا۔ کہا جاتا ہے ''فلان یشج مرۃ
ویأسو مرۃ''، فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی
درست کرتا ہے۔ شج المفازۃ: بیابان
طے کرنا۔
المرکب البحر: جہاز کا سمندر کو
پھاڑنا۔
الشراب بالماء: ملونی کرنا۔ کہا جاتا ہے
''شج الارض براحلتہ'' یعنی بہت تیز
چلایا۔
شج (س) شججا سر میں زخم یا نشان
زخم والا ہونا۔ صفت (اشج و شجیج) ج
شجی و (مشجوج ومشجج)
الشجیج. المشجج: میخ۔ کھونٹی۔
شججہ. سر کو بہت زخمی کرنا۔ شجج
علی الامر: پختہ ارادہ کرنا۔
شاج مشاجۃ وشجاجا وتشاج.
القوم: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔
الشجاج فضائے آسمانی۔
الشجۃ. سر کا زخم۔ ج شجاج
الشجج س۔ پیشانی میں زخم کا نشان۔
الشجاج. سر کو بہت زخمی کرنے والا۔
شجبہ (ن) شجبا. ہلاک کرنا۔ غمگین
کرنا۔ کھینچ کر مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے
''انک لتشجبنی عن حاجتی'' تو مجھ کو
میری حاجت سے مشغول رکھتا ہے
''شجب الفنیۃ بشجاب'' اس نے
شیشی میں ڈاٹ لگائی۔
شجب (ن) شجبا وشجوبا وشجب
(س) شجبا. ہلاک ہونا۔ مرنا۔ غمگین
ہونا۔ صفت (شجب وشاجب) الشئ:
جانا۔
شجب (ن) شجیبا. الغراب: کوے کا
جدائی کے لئے آواز کرنا۔
اشجبہ. غمگین کرنا۔
تشاجب. الشئ. خلط ملط ہونا۔ بعض کا
بعض میں داخل ہونا۔
تشجب. غمگین ہونا۔
الشجب. س۔ حاجت۔ غم۔ ستون خانہ۔
مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنا
لیں۔ ج شجوب واشجاب.
الشجب س۔ رنج و تکلیف جو مرض یا
قتال کی وجہ سے لاحق ہو۔ ج شجوب.
الشاجب. بہت بک بک کرنے والا۔
من الغربان: بہت کائیں کائیں کرنے والا
کوا۔
الشجاب. شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج
شجب (والشجب والمشجب) لکڑی
کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے
جاتے ہیں۔
الشجباء. مشک۔
الشجذۃ. نرم بارش۔
المشجاذ. گوپھن۔
شجر (ن) شجرا. الشئ: باندھنا۔
فلانا: علیحدہ کرنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے
''ما شجرک عن کذا'' تم کو فلاں سے
کس چیز نے روکا الرجل بالرمح: نیزہ
مارنا فمہ: لکڑی سے کھولنا الدابۃ: جانور
کو ٹھہرانے کے لئے لگام سے مارنا یہاں
تک کہ منہ کھول دے الشجرۃ: درخت
کے بعض حصے کو پکڑنا البیت: ستون لگانا۔
النبات: جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اٹھانا۔
شجر (ن) شجرا و شجورا. بینہم
امر: مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے
''شجر مابینہم'' باہم جھگڑنا۔
شجر (س) شجرا. الرجل: بہت
جمعیت والا ہونا۔
شجر. النبات: درخت ہو جانا النخل:
ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر
رکھنا۔
شاجرہ مشاجرۃ جھگڑا کرنا الماشیۃ:
گھاس وغیرہ ختم ہو جانے سے درخت کے
پتوں پر گزارہ کرنا الماشیۃ: جانوروں کو
درخت چرانا۔
اشجر. المکان: درخت اگانا۔
تشاجر. القوم: باہم مخالفت کرنا۔ باہم
جھگڑا کرنا۔ تشاجروا بالرماح: باہم نیزہ
بازی کرنا الشئ: بعض کا بعض میں داخل
ہونا۔
انشجر. جلدی سے چھٹکارا پانا نومہ: نیند

کا دور ہونا۔
اِشتجر. القَومُ: باہم جھگڑنا الرَّجلُ: آگے بڑھنا۔ جلدی سے چھٹکارا پانا۔ ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ کا سہارا دینا اور اسی سے ہے "بات مُرتفِقًا مُشتجِرًا"
نَوْمُه نیند کا دُور ہونا۔
الشَّجر درخت۔ ج اَشجار وشَجْراء۔ واحد (شَجَرَةٌ) شَجَرَاتٌ. شَجرةُ النَّسَبِ: جس میں مورثِ اعلیٰ سے لے کر اولاد در اولاد تک کا بیان ہو۔ الشَّجَرةُ المَلْعُونَةُ: تھوہر کا درخت۔ شَجَرةُ الحَيَاتِ اَوْشَجَرةُ مَعْرِفَةِ الخير مِنَ الشَّرِّ: وہ درخت جس کا پھل کھانے سے حضرت آدمؑ کو جنت میں اللہ تعالیٰ نے منع کیا تھا۔
نَبَاتٌ خَشَبِيٌّ: دراز قد پودے (درخت) قدرتی جنگلات میں یا خود بوئے گئے ان میں سے ایک قسم ہمیشہ سرسبز یا موسم کی وجہ سے ان کے پتے گر جاتے ہیں۔ زیادہ تر لکڑی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔ اور کچھ خوبصورتی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔
شَجَرُ المَطَّاط: ربڑ کا درخت جو کہ لمبا ہوتا ہے خاص کر جنوب مشرق ایشیاء میں۔
شَجَرةُ الخُبز: وہ درخت جس کے بڑے بڑے پھل ہوتے ہیں ان کو کوٹ کر پیس کر روٹی پکائی جاتی ہے۔
شَجَرُ الزَّنْبَق: وہ درخت جس کے پھول خزامی پودے کی طرح خوبصورت اور خوشبو دار ہوتے ہیں۔ اس کے چھلکے صحت افزاء ہوتے ہیں۔
الشَّجر درخت۔ شجر میں ایک لغت ہے۔
الشَّجْر. س. مختلف فیہ امر۔ ٹھوڑی یا دونوں جبڑوں کے درمیان کا حصہ۔ منہ کا وہ حصہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو۔ ج اَشجار وشُجُورٌ وشِجَارٌ. الحُرُوْف الشَّجَرِيَّةُ: ش ض ج۔ اور بقول بعض۔ ش ج ق ک ی۔

اَلشَّجْرُ منہ کھلنے کی جگہ
اَلْحُرُوْفُ الشَّجْرِيَّة جو کہ منہ کھلنے کی جگہ سے ادا ہوں وہ شین۔ ضاد اور جیم ہیں۔
الشَّجْرَةُ اسم مرۃ۔ چاہ زنخداں۔
مَكَانٌ (شَجِرٌ وشَجِيْر واَشْجَر ومُشْجِر) درختوں والی یا بہت درختوں والی جگہ۔ مؤنث شَجِرَةٌ وشَجِيْرَةٌ وشَجْرَاءُ ومُشْجِرَةٌ.
الشَّجْرَاءُ گنجان درخت۔ گنجان درختوں والی زمین اور اس کے مقابلہ میں مردار ہے۔ یعنی وہ زمین جس میں درخت نہ ہوں۔ اور اس سے ہے "قَطَعْتُ كُلَّ شَجْرَاءَ ومَرْدَاءَ" میں نے ہر قسم کی گنجان درختوں والی اور چٹیل زمین طے کی۔
الشِّجَار والشِّجَار. ہودہ کی لکڑی۔ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ الشِّجار: دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی۔ تھوتھنی یعنی لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔ کنوئیں پر کی لکڑی۔ اونٹ کا داغ۔ ج شُجُر.
الشَّجِيْر. تلوار۔ اجنبی اونٹ یا آدمی۔ برا ساتھی۔
الشَّجَّار. درختوں کا ماہر۔ ج شَجَّارُوْن.
الشَّوَاجِر. مشغول رکھنے والی چیزیں۔ مَوَانِع. رِمَاحٌ شَوَاجِر: ایسے نیزے جن کے گھاؤ مختلف جگہ ہوں۔
المَشْجَر والمِشْجَر. ہودہ کی لکڑی؛ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ المَشْجَر: درخت کی جگہ۔ المِشْجَر: لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے یا پھیلائے جاتے ہیں۔ ج مَشَاجِر.
مَكَانٌ (مُشْجِرٌ) بہت درختوں والی جگہ۔
ثَوْبٌ (مُشَجَّرٌ) درخت کی طرح نقش و نگار سے مزین کپڑا۔ اہل چین کی تحریر کو بھی مُشَجَّر کہتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ بھی درخت کی طرح ہوتی ہے۔
شَجُعَ(ک) شَجَاعَةً. دلیر و بہادر ہونا۔

شَجَعَ(ن) شَجْعًا دلیری و بہادری میں غالب ہونا۔
شَجِعَ(س) شَجَعًا. لمبا ہونا۔ صفت (اَشْجَع) مؤنث شَجْعَاء.
شَجَّعَه. قوی دل بنانا عَلَى الاَمْرِ. جرأت دلانا۔
شَاجَعَه دلیری میں مقابلہ کرنا۔
تَشَجَّعَ. بہادر بننا۔ بتکلف دلیری ظاہر کرنا۔
الشُّجَاع والشَّجَاع والشِّجَاع. دلیر۔ بہادر۔ جری۔ ج شُجْعَان وشِجْعَان وشِجَاع وشُجَعَا وشُجْعَةٌ وشَجْعَة وشِجْعَة وشَجَعَة.
الشُّجَاع والشِّجَاع ایک قسم کا سانپ۔ ج شَجْعَاع وشِجْعَان واَشْجِعَة.
رَجُلٌ (شَجْعَةٌ وشُجْعَةٌ) عاجز بزدل مرد۔ بے ڈول لمبا۔
الاَشْجَع. اسم تفضیل۔ بہادر۔ مؤنث شَجْعَاء. ج شُجْع. شیر لمبا۔ آگے بڑھنے والا اونٹ۔ ایک قسم کا سانپ۔ زمانہ۔
الاَشْجَع والاِشْجَع. انگلی کی جڑ جو ظاہر کف کے پیچھے سے ملی ہوتی ہے یا ہتھیلی کی پشت کی رگ۔ ج اَشَاجِع.
الشَّجِع. بہادر۔ دیوانہ اونٹ۔ جَمَلٌ شَجِعُ القَوَائِم: جلدی قدم اٹھانے والا اونٹ۔
الشَّجِيْع. دلیر۔ بہادر۔ ج شُجْعَانٌ شِجَاعٌ وشُجَعَاءُ واَشجعةٌ. مؤنث شَجِيْعَةٌ. ج شَجَائِع وشِجَاعٌ وشُجْعٌ.
الشُّجْعُ. درخت کی جڑیں۔
الشَّجَاعَةُ. دلیری۔ بہادری۔ خوف کے وقت دل کی مضبوطی۔
المُشْجَع. انتہائی پاگل۔
الشَّجَم. ہلاکت۔
الشُّجُم. لمبی اور بڑی مصیبتیں۔
شَجَنَ (ن) وشَجُنَ (ک) شَجْنًا وشُجُونًا. غمگین ہونا۔ صفت (شَاجِنٌ)

شَجَنَهٗ (ن) شَجْنًا وشُجُوْنًا وشَجَّنَه. غمگین کرنا۔

شَجَنَتْ (ن) شُجُوْنًا. الحَمامَةُ: کبوتر کا غم کے ساتھ نوحہ کرنا۔

اَشْجَنَهٗ. غمگین کرنا۔ اَشْجَنَ الکَرْمُ: انگور کے درخت کا پیچیدہ اور اُلجھی ہوئی شاخوں والا ہونا۔

تَشَجَّنَ. حرکت کرنا۔ غمگین ہونا الاَمْرَ: یاد کرنا الشَّجَرُ: درخت کا گنجان ہونا۔

الشَّجْنُ. س۔ الشَّجَنُ. ج شُجُوْنٌ و (الشَّاجِنَةُ. ج شَوَاجِنُ) وادی کا راستہ یا وادی کے بالائی حصّہ کا راستہ۔

الشَّجَنُ. س۔ غم۔ اندوہ۔ خواہش نفس۔ ج شُجُوْنٌ واَشْجَانٌ. (الشَّجْن والشِّجْنة والشَّجْنَةُ. والشُّجْنَةُ) اُلجھی ہوئی پیچیدہ ٹہنی۔ ہر چیز کی شاخ۔ کہتے ہیں "الحَدِیْثُ ذُوْشُجُوْن" یعنی بات میں بات نکلتی ہے۔ الشِّجْنَةَ: پہاڑ کا شگاف۔ شِجْنَةٌ وشُجْنَةٌ کی جمع شِجْنٌ وشَجْنٌ وشِجَنَاتٌ وشُجْنَاتٌ وشُجُنَاتٌ.

شَجَا (ن) شَجْوًا واَشْجٰی اِشْجَاءً. الرَّجُلَ: غمگین کرنا۔ خوش کرنا (ضد) برانگیختہ کرنا۔ اَشْجَی الغَرِیْمَ او السَّائِلَ: قرض خواہ یا سائل کو اس کی خواہش کے مطابق دینا۔

شَجِیَ (س) شَجًا. غمگین ہونا بالشَّجَا: حلق میں ہڈی پھنس جانے سے گھٹنا اور اسی سے ہے "عَلَیْكَ بِالْكَظْمِ واِنْ شَجِیْتَ بِالعَظْمِ" اگر تمہارے حلق میں ہڈی پھنس جائے تو اپنے اوپر بردباری کو لازم جانو۔ شَجِیَ الغَرِیْمُ عَنْهُ: جانا۔

تَشَاجٰی. حزن و ملال ظاہر کرنا۔

الشَّجَا. س۔ ہڈی وغیرہ جو حلق میں پھنس جائے۔ غم واندوہ۔

الشَّجْوُ. س۔ غم۔ اندوہ۔ حاجت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عِنْدِی شَجْوٌ" اس کی مجھ سے ایک حاجت ہے۔ گریہ و زاری کا ایک دور۔ کہا جاتا ہے "بکٰی فُلَانٌ شَجْوَه" و "بَکَتِ الحَمامَةُ شَجْوَهَا"

الشَّجِی الشَّجِیّ. غمگین۔ فکر مند۔ مؤنث شَجِیَةٌ و شَجِیَّةٌ اور نسبت کے لئے (الشَّجَوِیُّ) مَفَازَةٌ (شَجْوَاء) دشوار گزار بیاباں۔

شَحَّ (ن ض س) شَحًّا وشِحًّا وشُحًّا. بالشَّیْءِ وعَلَی الشَّیْءِ: بخل کرنا۔ حرص کرنا۔

شَاحَّ. بالشَّیْءِ عَلٰی فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کا بخل کرنا ٥: کسی سے جھگڑا کرنا۔ اسی سے ہے "لا مُشَاحَّةَ فِی الاَمْرِ" یعنی معاملہ بالکل صاف ہے اس میں کوئی مناقشہ اور جھگڑا نہیں۔

شَاحَّ. القَوْمُ عَلَی الاَمْرِ وفِیْهِ: کسی چیز میں باہم بخل کرنا۔ تَشَاحُّوْا عَلَی الشَّیْءِ: اپنے لئے اختیار کرنے کا ارادہ کرنا۔ تَشَاحَّ الخَصْمَانِ فِی الجَدَلِ: ہر ایک کا غالب ہونے کا ارادہ کرنا۔

الشُّحّ. س۔

الشَّحِیْح. بخیل۔ حریص۔ ج شِحَاح و اَشِحَّة واَشِحَّاءُ. مؤنث شَحِیْحَةٌ. ج شَحَائِحُ. اِبِلٌ شَحَائِحُ. کم دودھ والی اونٹنیاں۔

الشَّحَاحُ. بخیل۔ حریص۔ الشَّحَاحُ مِنَ الاَرْضِ: وہ زمین جو بغیر زیادہ بارش کے پانی نہ بہائے۔ زَنْدٌ شَحَاحٌ: چقماق جو آگ نہ دے "مَاءٌ شَحَاحٌ:" تھوڑا پانی جو زمین کو نہ ڈھکے۔

شَحَبَ (ف ن) و شَحُبَ (ک) وشَحِبَ شُحُوْبَةً وشُحُوْبًا. لَوْنُهٗ: بھوک یا مرض وغیرہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔

الشَّاحِبُ. فا. لاغر یا رنگ بدلا ہوا اور کہا جاتا ہے "شَاحِبُ اللَّوْنِ" جیسے کہا جاتا ہے "شَاحِبُ الجِسْمِ"

شَحَتَ (ف) شَحْتًا. المُدْیَةَ: چھری تیز کرنا۔

شَحَجَ (ف ض) شَحِیْجًا وشُحَاجًا وتَشْحَاجًا وتَشَحَّجَ. البَغْلُ او الغُرَابُ: خچر کا ہنہنانا۔ کوے کا کائیں کائیں کرنا۔

الشَّحَّاج والمِشْحَج والشَّاحِجُ. گورخر۔ بَنَاتُ شَحَّاجٍ وبَنَاتُ شَاحِجٍ: خچریں۔

شُحَاجُ. البَغْلِ اَوِالغُرَابِ و (شَحِیْجُهُمَا) خچر یا کوّوں کی آواز۔

الشَّوَاحِج. کوّے۔

شَحَذَ (ف) شَحْذًا. السِّکِّیْنَ ونَحْوَهٗ: چھری تیز کرنا۔ صفت مفعولی (شَحُو ذوشَحِیْذ) ٥ بِبَصَرِهٖ: گھورنا ٥ بعَیْنِه: نظر بد لگانا۔ الجُوْعُ مِعْدَتَهٗ. سخت بھوک لگنا۔ فِی التَّسَوُّلِ: مانگنے میں بہت اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَشْحَذُ النَّاسَ" وہ لوگوں سے اصرار سے مانگتا ہے عَلَیْهِ: غضبناک ہونا۔ الدَّابَةَ: جانور کو تیز ہانکنا (وتَشَحَّذَهٗ) ہٹانا۔ دھتکارنا وتَشَحَّذَ الرَّجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

اَشْحَذَ. السِّکِّیْنَ: چھری تیز کرنا۔

شَاحَذَه. تلوار وغیرہ تیز کرنے میں مشابہت کرنا۔

الشَّحَّاذُ. گداگر۔ سائل۔ ج شَحَاحِذَة (الشِّحَاذَة) گداگری کا پیشہ۔

الشَّحْذَان والشَّحَذَان. بھوکا۔ ہانکنے والا۔ ہلکا چلنے والا۔

رَجُلٌ (شُحْذُوْذٌ) تیز اور غصہ کے وقت طیش میں آنے والا۔

المِشْحَذُ. چھری وغیرہ تیز کرنے کا سامان؛ تیز ہانکنے والا۔

المِشْحَاذُ. ٹیلہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج مَشَاحِیْذ.

المَشْحَذَةُ. وہ چیز جو باعث تیزی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الکَلَامُ مَشْحَذَةٌ لِلْفَهْمِ"

یہ کلام سمجھ کے لئے باعث تیزی ہے۔
شَحَرَ (ف) شَحْرًا مُنہ کھولنا۔
الشَّحْر س۔ پانی بہنے کی جگہ۔ بطن وادی (والشِّحْر) کنارہ۔ ساحل۔
شَحْرِ عمَّان وشِحْرِ عمَّان: عمان اور عدن کے درمیان کا ساحل۔
الشِّحْرَةُ تنگ ساحل۔
الشَّحْرُوْر: کالے رنگ کا چڑیا سے بڑا ایک خوش آواز پرندہ۔ ج شَحَارِیْر اور اس کو (شُحْرُور) بھی کہا جاتا ہے۔
شَحِزَ (س) شَحَزًا گھبرانا۔ ڈرنا۔
شَحَزَ (ف) شَحْزًا جماع کرنا۔
شَحْشَحَ البَعِیْرُ: اونٹ کا آواز کو پھرانا الطَّائِرُ: پرندہ کا جلدی سے اُڑنا چوکنا رہنا الصُّرْدُ: آواز کرنا۔
الشَّحْشَح والشَّحْشَاح: بے برکت۔ بخیل۔ بدخلق۔ ہمیشگی کرنے والا۔
الشَّحْشَحُ: وسیع بیابان۔ بہادر مرد۔ غیرت دار۔ خوش بیان لیکچرار۔
الشَّحْشَحَان بخیل۔ غیرت دار۔ لمبا۔
المُشَحْشِحُ والمُشَحْشَحُ بے برکت۔
اَشْحَصَهُ: تھکانا مِنَ المَکَانِ و(شَحَّصَهُ) عَنْهُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ جلا وطن کرنا۔
شَحَطَ (ف) شَحْطًا وشَحَطًا وشُحُوْطًا ومَشْحَطًا الاِنَاءَ: برتن بھرنا اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا العَقْرَبُ الرَّجُلَ: بچھو کا ڈسنا الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا فُلَانًا: سبقت لے جانا (وشحط) (س) شَحْطًا المَکَانُ: دور ہونا۔
شَحَطَ وشَحِطَ الجَمَلَ: اونٹ کو ذبح کرنا۔
شُحِطَ بالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔
شَحَّطَهُ: خون میں لتھیڑنا۔
اَشْحَطَهُ دور کرنا۔
تَشَحَّطَ بالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔

الشَّحِط س۔ خون میں لت پت ہونا۔
پرندہ کی بیٹ (والمِشْحَط) انگور کی ٹہنیوں کو اُٹھانے کا تھم۔ عوام اس کو (مَسْمُوْك) کہتے ہیں۔
الشَّحَاطَة جوتی کی ایک خاص قسم جس کو گھروں میں پہنا جاتا ہے۔
الشَّاحُوْطَة: وہ آلہ جس کے ساتھ پتھروں میں سوراخ کئے جاتے ہیں۔
شَحِط یشحط علی الارض: کھینچنا۔ (سریانی)
شَحَطَ عُوْدُ الثِّقَابِ باریک لکڑی جلانا۔
مَنْزِلٌ (شَاحِطٌ) دور کی منزل۔
الشَّحَّاط دور۔
شَوَاحِطُ الاَوْدِیَةِ دور کی وادیاں۔
الشَّوْحَطَة لمبی گھوڑی۔
شَحَكَ (ف) شَحْكًا الجَدْيَ: بکری کے بچے کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔
الشِّحَاكُ تھوتھنی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔
شَحَلَ الکَرْمَ انگور کی بیل تراشنا۔ کلمہ عامیہ ہے۔ فصیح قضبَ ہے۔
شَحَمَهُ (ف) شَحْمًا چربی کھلانا۔
شَحُمَ (ك) شَحَامَةً بہت چربی دار ہونا۔ صفت (شَحِم)
شَحِمَ (س) شَحَمًا چربی کی خواہش کرنا۔ صفت (شَحِم)
شَحِمَتْ (س ن) شُحُوْمًا النَّاقَةُ: لاغری کے بعد موٹی ہونا۔
اَشْحَمَ بہت چربی والا ہونا (وشَحَّمَ) القَوْمَ: چربی کھلانا۔
الشَّحْم چربی۔ ایک ٹکڑے کو (شَحْمَة) کہتے ہیں۔ ج شُحُوْم
الشَّاحِمُ والشَّحَّامُ چربی بیچنے والا۔
الشَّحَّام بہت چربی کھلانے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِمٌ لاحِمٌ" چربی دار پُر گوشت مرد یا لوگوں کو بہت چربی کا گوشت کھلانے والا۔

الشَّحْمَة چربی کا ٹکڑا۔ شَحْمَةُ الاَرْضِ کیچوا۔ سانپ کی چھتری۔ شَحْمَةُ الاَرْضِ وشَحْمَةُ الرَّمْلِ: گرگٹ کی قسم کا ایک جانور جو زمین یا ریت میں گھس کر رہتا ہے العَیْنِ: آنکھ کا غلہ۔ شَحْمَةُ الاُذُنِ: کان کی لو شَحْمَةُ الرُّمَّانِ: انار کے اندر کا باریک چھلکا المرجِ: نرمی اور امثال میں سے ہے "ما کُلُّ بَیْضَاءَ شَحْمَةٌ ولا کُلُّ سَوْدَاءَ تَمْرَةٌ" ہر سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی ایک صفت میں مشابہت اور بقیہ صفات میں مغایرت ہو۔
الشَّحِم تھوڑے رس کا انگور۔ چربی کا حریص۔
الشَّحِم اکڑ۔
الشَّحِیْم موٹا۔
الشَّحِیْم والشَّحِیْمَة سریانیوں کے فرائض نماز کی کتاب (کلمہ سریانیہ ہے)
المُشَحَّمْ والمُشْحِم گھر میں بہت چربی رکھنے والا۔
المُشَحَّم والمَشْحُوْم چربی کی بنی ہوئی چیز۔
شَحَنَ (ف) شَحْنًا السَّفِیْنَةَ کشتی پر لادنا المَدِیْنَةَ بالخَیْلِ: بھرنا الرَّجُلَ: دھتکارنا۔ دور کرنا۔
شَحَنَ (ف ن) وشَحِنَ (س) شَحْنًا الکِلَابُ کتوں کا دُور تک جانا اور شکار نہ کرنا۔
شَحِنَ (س) شَحَنًا عَلَیْهِ: کینہ رکھنا۔
اَشْحَنَ المَکَانَ: بھرنا السَّیْفَ: میان میں کرنا۔ سونتنا (ضد) لَهُ بِسَهْمٍ: تیر مارنے کے لئے تیار کرنا الصَّبِیُّ: رونے کے لئے آمادہ ہونا۔
شَاحَنَهُ بغض و عداوت رکھنا۔ دشمنی کرنا۔
الشُّحْنُ جہاز پر یا ریل گاڑی یا ٹرک پر مال

ڈالنا۔ اَلسَّیَّارَۃ الشَّاحِنَۃ:ٹرک
اَلشَّاحِنَۃ ج شَاحِنَات :ریل مال گاڑی
کے لوڈ والے ڈبے۔ ریل گاڑی کے سواری
والے ڈبے۔ اس کو حافلہ بھی بولتے ہیں۔
تشَاحَنُوْا ۔ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔
الشَّحْناء ۔بغض۔ کینہ۔ دشمنی۔ عداوت۔
الشَّحْنہ ۔عداوت۔ دشمنی۔ کشتی بھرنے
کی چیز۔ شِحْنَۃُ البلدِ: پولیس۔ کوتوال۔
سواروں کی جماعت کا ایک دستہ۔ کہا جاتا
ہے "بالبلدِ شِحْنَۃٌ مِنَ الخیلِ"شہر میں
سواروں کی جماعت کا ایک دستہ ہے۔
الشِّحْنَۃ: چارپایوں کے لئے ایک دن
رات کا چارہ۔ ج شِحَنٌ۔ مَرْکَبٌ
(شاحِنٌ) بھری ہوئی سواری۔
المُشَاحِنُ۔ فا۔ عَدُوٌّ مُشَاحِنٌ: بہت
سخت دشمنی کرنے والا دشمن۔
شحَ یشحُوْ ویشْحا شَحْوًا۔ الرَّجُلُ:
مُنہ کھولنا اللِجامُ فَم الفرس:کھولنا۔
شَحَا الرَّجُلُ: قدم کو دور دور رکھنا
الفَمُ :کھلنا۔
اَشحی۔ فاہ :کھولنا۔
شَحیّ تَشْحِیَۃً۔ فُوْہُ :منہ کھلنا۔
تَشَحیّ۔ عَلَیْہ :زباں درازی کرنا۔
الشَّحاءُ وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا۔
الشَّحْوُ۔ جوف۔
الشَّحْوَۃُ۔ اسم مرۃ۔ قدم۔ کہا جاتا ہے
"فَرَسٌ بَعِیْدُ الشَّحْوَۃ" دور دور قدم
رکھنے والا گھوڑا۔ "رَجُلٌ بَعِیْدًا لشحْوۃِ
فِیْ مَقَاصِدِہٖ"اپنے مقاصد میں عالی ہمّت
مرد۔
الشَّحْوَاء۔ چوڑا کنواں۔
شَحِی یَشْحٰی شَحْیًا۔ ایک لغت ہے۔
شحا وادی میں۔
شخَّ(ن) شَخًّا۔ پیشاب کرنا فِی النَّوْمِ:
خراٹے لینا اللَّبَنُ :دوھنے کے وقت آواز
نکلنا۔
شخَب (ف ن) شَخْبًا ومَشْخَبًا۔
اللَّبنَ: دوہنا اللَّبنُ: بہنا اَوْدَاجُ القَتِیْلِ
دَمًا: مقتول کی رگوں سے خون جاری
ہونا۔
اِنْشَخَبَ۔ دوھا جانا۔
الشُخَابُ۔ تازہ دودھ۔
الشَّخْبُ۔ س۔ خون (الشُّخْبُ) دودھ
کی دھار۔ واحد (الشُّخْبَۃُ)ج شِخَاب۔
الاُشْخُوب۔ تھن سے دودھ نکلنے کی
آواز۔ ج اشاخِیب۔
دَوَجٌ (شَخِیْبٌ)خون پھینکنے والی رگ۔
الشِّنْخاب والشُّنْخُوْبُ والشُّنْخُوْبَۃُ۔
پہاڑ کی چوٹی۔ ج شناخِیْبُ۔
شَخُتَ (ک) شُخُوْتَۃً۔ دُبلے جسم والا
ہونا۔ صفت (شَخْت و شَخِت) ج
شِخَات کہا جاتا ہے "ھُوَ شَخْتُ
الخُلُقِ" وہ ادنٰی اخلاق والا ہے۔ و "ھُوَ
شَخْتُ العَطاءِ"وہ کم داد ودہش والا ہے۔
"ھُوَ شَخْتُ الجُزارَۃِ" وہ باریک ٹانگوں
والا ہے۔
شَخَتَہ۔ الیہ۔ پہچانا۔
الشَّخْت والشَّخِّیْتُ والشَّخِیْتُ
والشِّخْتِیْت ۔بلند غبار۔
الشَّخْتُوْر والشَّخْتُوْرَۃ۔ ڈونگی۔ جس
میں ایک ہی آدمی سوار ہو۔
شَخَرَ(ض) شَخِیْرًا۔ حلق یا ناک سے
آواز نکالنا۔
شخر (ض) شَخِیْرًا وشَخْرًا۔ الفَرسُ
او الحمارُ گھوڑے کا ہنہنانا۔ یا گدھے کا
رینکنا۔
شَخَرَ۔ الحِلْس :کجاوہ باندھنے کیلئے جانور
کی پیٹھ سے ٹاٹ یا کمبل اُٹھانا النخلۃَ:
ٹوٹنے کے خوف سے کھجور کے گچھوں کو
ٹہنی پر رکھنا۔
الشَّخْر۔ س۔ مِنَ الشَّباب :ابتداء جوانی
مِنَ الرَّحلِ :کجاوہ کے اگلے اور پچھلے حصّہ
کی درمیانی جگہ۔
الشَّخِیر ۔س۔ پہاڑ کا وہ حصّہ جو قدموں
سے لگ کر گرے۔
الشِّخِّیر۔ بہت خراٹے لینے والا۔
شَخَزَ (ف) شَخْزًا۔ مضطرب ہونا۔
عَلَیْہِ الاَمْرُ :دشوار ہونا ہ بالرُمْحِ: نیزہ
مارنا بَیْنَھُمْ :اکسانا اور فساد ڈالنا۔
تَشَاخَز۔ القَوْمُ: باہم بغض رکھنا۔
الشَّخْزُ۔ س۔ رنج و مشقت کی شدت۔
شَخَسَ (ف) شَخْسًا۔ الرجُلُ:
مضطرب ہونا الحمارُ: گدھے کا جمائی کے
وقت مُنہ کھولنا۔
اَشْخَسَ۔ الرجُلَ وبہ: غیبت کرنا۔
اَشْخَسَ لَہُ فِی المَنْطِق: گفتگو میں ترش
روئی کرنا۔
شَاخَسَ۔ اَمْرُ القَوْمِ: مختلف ہونا۔
الحِمارُ: لید سونگھنے کے بعد سر اُٹھا کر
مُنہ کھولنا۔
تَشَاخَسَ۔ الحِمارُ: بمعنی شَخَسَ او
شَاخَسَ اَسْنانُہ: بڑھاپے کی وجہ سے گر
کر یا جھک کر بے ترتیب ہونا اَمْرُھُمْ: تباہ و
پریشان ہونا۔
الشَّخِیْس۔ حکم کے خلاف کرنے والا۔
امر متفرق۔
شَخْشَخَ۔ بِبَوْلِہ: دور تک پیشاب کی
دھار گرانا۔ صفت (شَخْشَاخٌ)
شَخْشَخَتِ النَّاقَۃُ: بیٹھے ہوئے سینہ
اُٹھانا۔
الشَّخْشَخَۃُ۔ س۔ ہتھیار کی جھنکار۔ کاغذ یا
نئے کپڑے یا خشک چیز کی آواز۔
شَخَصَ (ف) شُخُوْصًا۔ الشَّیُٔ: بلند
ہونا عَنْ قَوْمِہ اَوْ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ: جانا۔
کوچ کرنا اِلَیْھِم :واپس آنا۔ لوٹنا النَّجْمُ:
ستارہ کا طلوع ہونا السَّھْمُ: تیر کا نشانہ
سے اوپر اوپر نکل جانا الجُرْحُ :سوجنا ورم
کرنا بَصَرُہٗ: ٹکٹکی لگانا۔
المَیِّتُ بَصَرُہٗ وبِبَصَرِہٖ: میت کی نگاہ کا
کھلا رہ جانا۔
شُخِصَ۔ بِہٖ: کسی امر کے لاحق ہونے

سے بے قرار ہونا۔
شَخُصَ (ک) شَخَاصَةً. موٹا ہونا۔
شَخَّصَ. الشَّیْءَ: تعین کرنا۔ تمیز کرنا اور اسی سے اطباء کے نزدیک تشخیص امراض ہے۔
اَشْخَصَهُ. بے آرام کرنا۔ بے قرار بنانا۔
اَشْخَصَ الرَّجُلُ: جانے کا وقت قریب قریب ہونا بِهٖ: غیبت کرنا لَهُ فِی الْمَنْطِقِ واَشْخَصَ اِلَیْهِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا ہ: اِلٰی قَوْمِهٖ: واپس کرنا۔ لوٹانا الرَّامِی: نشانہ سے ہٹ کر بلند پڑنا یا ڈالنا۔ (لازم و متعدی)
تَشَخَّصَ. معین ہونا۔ ممیز ہونا لَهُ: کسی شخص کی صورت دکھائی دینا۔
تَشَاخَصُوْا. باہم اختلاف کرنا۔
الشَّخْصُ. جسم انسانی وغیرہ جو دور سے دکھائی دے۔ ج اَشْخُصٌ واَشْخَاصٌ وشُخُوْصٌ.
الشَّخِیْصُ. جسیم۔ مؤنث شَخِیْصَةٌ. سردار مِنَ الْمَنْطِقِ: ترش روئی سے گفتگو کرنے والا۔
شَخَلَ (ف) شَخْلًا. الشَّرَابَ: صاف کرنا النَّاقَةَ: دوھنا۔
شَاخَلَهُ. خالص دوستی کرنا۔
الشَّخْلُ والشَّخِیْلُ. خالص دوست۔
المِشْخَلُ والمِشْخَلَةُ. چھننا۔
المَشْخَلَبَةُ. موتی کے مشابہ سفید مہرہ۔ ایک زیور کا نام جو درخت خرما کی چھال اور مہرہ سے بناتے ہیں اور کبھی اس لڑکی کو بھی مَشْخَلَبَةٌ کہتے ہیں جو اس زیور کو استعمال کرے۔
شَخَمَ (ن) وشَخِمَ (س) وشَخُمَ (ک) شُخُوْمًا وشَخَمًا واَشْخَمَ. الطَّعَامُ او اللَّحْمُ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت (شَخِمٌ) الفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشْخَمَ الرَّجُلُ: رونے کے لئے تیار ہونا۔

شَخَّمَ. الطَّعَامَ: خراب کرنا۔
الطَّعَامُ: خراب ہونا الفَمُ. منہ کا بدبودار ہونا۔
اِشْخَامَّ. النَّبْتُ: خشک و تر گھاس کا آپس میں مل جانا۔
شَعْرٌ (اَشْخَمُ) سفید بال۔ رَوْضٌ اَشْخَمُ: بے نباتات کے باغ۔ عَامٌ اَشْخَمُ: خشک سال جس میں نہ پانی ہو نہ چراگاہ۔
الشُّخُمُ. وہ لوگ جن کی ناک خوشبو یا بدبو سے بند ہوگئی ہو۔
الشَّخَا. شورہ زار۔
شَدَّ (ض ن) شَدًّا. الرَّجُلُ. دوڑنا۔ النَّهَارُ: بلند ہونا عَضُدَهُ: قوی کرنا۔ الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔ باندھنا۔ کسنا اور اسی سے ہے "شَدُّ الرِّحَالِ" اور یہ کنایہ ہے سفر سے عَلٰی یَدِهٖ: اعانت کرنا۔ تقویت پہنچانا۔ اور کہا جاتا ہے "لَا اَمْلِكُ شَدًّا وَلَا اِرْخَاءً" یعنی میں کسی چیز پر قادر نہیں۔
شَدَّ (ض ن) شَدًّا وشَدَّةً وشُدُوْدًا عَلَی العَدُوِّ: دشمن پر حملہ کرنا۔
شَدَّ (ض) شِدَّةً. قوی ہونا۔
شَدَّدَهُ. قوی کرنا۔ شَدَّدَ الضَّرْبَ: بہت مارنا عَلَیْهِ: تنگی کرنا الحَرْفَ: تشدید لگانا الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔
شَادَّهُ. فِی الْاَمْرِ: غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جھگڑنا۔ سختی کرنا۔ اَشَدَّ. عقل یا عمر کی پختگی کو پہنچنا۔ مضبوط چوپایہ والا ہونا۔
تَشَدَّدَ. قوی ہونا۔ کسی کام میں سختی کرنا۔
اِشْتَدَّ. قوی ہونا فِی السَّیْرِ: تیز دوڑنا۔ عَلٰی قِرْنِهٖ فِی الحَرْبِ شِدَّةً: حملہ کرنا۔ عَلَیْهِ المَرَضُ: تیز ہونا۔ بڑھنا۔
تَشَادَّ. الشَّیْءُ: مضبوط ہونا۔
الشَّدُّ. س۔ شَدُّ النَّهَارِ: دن چڑھنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا شَدَّ النَّهَارِ وفِی شَدِّ النَّهَارِ" وہ دن چڑھنے کے وقت

ہمارے پاس آیا۔ اور "شَدُّ الرِّحَالِ" کنایہ ہے سفر سے۔
الشَّدَّةُ. شَدَّ کا اسم مرۃ۔ لڑائی کا حملہ۔
الشِّدَّةُ. اشتداد کا اسم ہے۔ سختی۔ تنگی۔ ج شِدَد. والشِّدَّةُ: مصیبت۔ ج شَدَائِد
شِدَّةُ الْاَرْضِ: زمین کی سختی۔
الشُّدَّی. سختی۔
الشَّدِیْدُ. بہادر۔ قوی۔ بلند۔ مضبوط۔ بخیل۔ شیر۔ ج اَشِدَّاء وشِدَاد وشُدُوْد کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَدِیْدُ الْعَیْنِ" ایسا شخص جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو مِسْكٌ شَدِیْدُ الرَّائِحَةِ" تیز خوشبو والا مشک۔
الشَّدِیْدَةُ. الشدید کا مؤنث۔ ج شدائد. و "الحُرُوْفُ الشَّدِیْدَةُ" آٹھ ہیں جن کا مجموعہ "اجدت طبقك" ہے۔
الاَشَدُّ والاُشُدُّ. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَلَغَ اَشُدَّهٗ" یعنی فلاں طاقت و قوت کے زمانہ کو پہنچ گیا اور یہ جمع ہے جس کا واحد نہیں یا واحد ہے جو جمع کے وزن پر ہے۔
المِشَدُّ. ایک قسم کا کپڑا جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے۔
المُشِدُّ. مضبوط چوپایوں والا۔
المُتَشَدِّدُ. فا. بخیل۔ امور میں سختی کرنے والا۔
شَدَحَ (ف) شَدْحًا. موٹا ہونا۔ صفت (شَادِحٌ)
اِنْشَدَحَ. ٹانگوں کو پھیلا کر چت لیٹنا۔
الشَّادِحُ. فا مِنَ الكَلَاءِ: وسیع سبزہ۔
الاَشْدَحُ. چوڑا۔
الشُّدْحَةُ والمُشْتَدَحُ. فراخی۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عَنْهُ شُدْحَةٌ اومُشْتَدَحٌ"، تمہارے لئے اس میں گنجائش ہے۔
شَدَخَ (ف) شَدْخًا. اعتدال سے ہٹ جانا الرَّاسَ: سر توڑنا۔ کچلنا الرَّجُلَ: گردن کٹنے کی جگہ پر مارنا۔ (شَدَخَتْ غُرَّةُ الفَرَسِ شَدْخًا وشُدُوْخًا) ماتھے کی

سفیدی کا ناک تک پھیلنا۔ گھوڑے کو (اَشْدَخ) کہتے ہیں۔

شَدَّخَ. الرَّاسَ: سر توڑنا۔ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)

تَشَدَّخَ وانْشَدَخَ. الرَّاسُ: سر ٹوٹنا۔ کچلا جانا۔

الشَّدَخُ. ناتمام بچہ جو آسانی سے گر جائے۔

الشَّدْخَةُ. مِنَ النَّبَاتِ: نرم و نازک۔ تازہ نباتات۔

الشَّادِخ. فا. چھوٹا جبکہ نرم و نازک ہو۔ غُلَامٌ شَادِخٌ: جوان لڑکا۔ اَمْرٌ شَادِخٌ: اعتدال سے ہٹا ہوا معاملہ۔

الشَّادِخَة. الشَّادِخ کا مؤنث۔ گھوڑے کے ماتھے کی سفیدی جو ناک تک پھیلی ہوئی ہو۔

الاَشْدَخ. شیر مِنَ الخَيْلِ: ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی والا گھوڑا۔ مؤنث شَدْخَاء ج شُدُخ.

المُشَدَّخ. مع. گردن کٹنے کی جگہ۔

الشَّادِر. تخت رواں۔ خیمہ۔ چھوٹا مکان۔

شَدَفَهُ (ض) شَدْفًا. ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔

شَدِفَ (ف س) شَدَفًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا۔

اَشْدَفَ. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

تَشَادَفَ. جھکنا۔

الشَّدَفُ. س. رخسارے کا جھکاؤ۔ اونٹ کے سر کی پیچیدگی۔ تاریکی۔ کالبد۔ ج شُدُوْف.

الشَّدِف. لمبا جلدی کودنے والا۔

الشُّدْفَة. ٹکڑا (الشَّادُوْف) ڈولچی۔ چھاگل (جدید)

الاَشْدَف. رخسارہ کے جھکاؤ والا۔ نشاط کے ساتھ چلنے والا اونٹ۔ بڑے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ مؤنث شَدْفَاء ج شُدْف.

شَدِقَ. (س) شَدَقًا. چوڑے جبڑے والا ہونا۔ صفت (اَشْدَق) مؤنث (شَدْقَاء) ج شُدْق.

تَشَدَّقَ. بتکلف فصاحت ظاہر کرنے کے لئے باچھیں کھولنا بالكَلَامِ وفِيْهِ: بغیر احتیاط کے ہر قسم کی باتیں کرنا۔ لوگوں کے ساتھ ٹھٹھا کرنا۔

الشِّدْق والشَّدْق. جبڑا۔ شِدْقُ الوَادِي: وادی کا کنارہ۔ ج اَشْدَاق وشُدُوْق.

الاَشْدَق. زبان آور۔ بلیغ۔

الشَّدِيْق. مِنَ الوَادِي: کنارہ۔ ج شُدُق.

الشَّدْقَم والشُّدَاقِم. چوڑے جبڑے والا۔ شیر۔

الشِّدْيَاق. عِنْدَ النَّصَارٰى: کاہن سے ایک درجہ کم والا پادری۔ ج شَدَائِقَه (دخیل)

الشَّادِكُوْنَة. بستر۔ مغنيه (جدید)

الشَّوْدَكَان. ہتھیار، ہتھیار کا سامان۔

شَدَنَ (ن) شُدُوْنًا. الظَّبْيُ: قوی ہونا اور ماں سے بے نیاز ہونا (تمام کھردار اور سم والوں کے بچوں کے لئے مستعمل ہے۔)

اَشْدَنَتِ. الظَّبْيَةُ: قوی بچے والی ہونا۔ صفت (مُشْدِن) ج مَشَادِنُ ومَشَادِيْنُ.

الشَّذَنُ. ایک پودہ ہے جس کا پھول چنبیلی کے مانند ہوتا ہے۔

الشَّادِنُ. فا. جب مطلق بولا جائے تو ہرن کا بچہ مراد ہوتا ہے۔

شَدَهَ (ف) شَدْهًا. الرَّاسَ: سر کچلنا۔ (شَدَهَ واَشْدَهَ) الرَّجُلَ: دہشت میں ڈالنا۔

شُدِهَ. مدہوش ہونا۔

اِنْشَدَهَ واِشْتَدَهَ. متحیر ہونا۔

الشُّدَاه والشُّدْه والشَّدْه والشَّدَه. حیرت۔ دہشت۔

المَشَادِه. مشاغل۔ حیران و بے خود کر دینے والے معاملات۔

شَدَا يَشْدُوْ شَدْوًا. الرَّجُلُ: گا کر شعر پڑھنا الإِبِلَ: حدی گا کر ہانکنا الشِّعْرَ: گانا اور سر نکالنا مِنَ العِلْمِ شَيْئًا: کچھ حاصل کرنا۔ صفت (شَادٍ) ج شُدَاةٌ وشَادُوْن.

شَدَاه فُلَانًا او بِفُلَانٍ: تشبیہ دینا۔ شَدَا شَدْوَهُ: وہ اس کی چال چلا۔

اَشْدٰى اِشْدَاءً. گانے میں ماہر ہونا۔

الشَّدَا. بقیہ قوت۔ گرمی۔ کھجلی۔ مِنَ الشَّيْءِ: کسی چیز کی حد۔ کنارہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْه شَدًا" اس نے اس میں سے تھوڑا سا لیا۔ و "لَمْ يَبْقَ مِنَ المَرِيْضِ اِلَّا شَدًا" جبکہ قریب الموت ہو جائے۔

الشَّدْوُ. س. بہت میں سے تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوْا شَدْوًا مِنْ مَالِه" انہوں نے اس کے بہت سے مال میں سے تھوڑا سا لیا۔

الشَّاد. چپڑاسی۔ (جدید)

شَذَّ (ن ض) شَذًّا او شُذُوْذًا عَنِ الجُمْهُوْرِ اَوِ الجَمَاعَةِ: علیحدہ ہونا۔ اکیلا ہونا القَوْلُ: مخالف قیاس ہونا۔ عَنِ الاُصُوْلِ مخالف قاعدہ ہونا۔ صفت (شَاذٌّ) ج شُذَّاذ وشَوَاذّ. مؤنث شَاذَّة ج شَوَاذّ والشُّذَّاذُ مِنَ النَّاسِ: تھوڑے لوگ اور اسی سے ہے "جَاءُوْا شُذَاذًا" یعنی تھوڑے لوگ آئے۔ وہ لوگ جو کسی قوم میں ہوں اور ان کے قبیلہ سے نہ ہوں۔ شُذَاذُ الآفَاق: مسافر لوگ۔

شَذَّهُ (ن) شَذًّا وشَذَّذَهُ. شاذ کرنا۔

اَشَذَّ. نادر بات کہنا الشَّيْءَ: جدا کرنا۔ شاذ کرنا۔

الشُّذَّان والشَّذَّان. متفرق کنکریاں وغیرہ۔ شُذَّانُ النَّاسِ: متفرق لوگ۔

شَذَبَ (ن ض) شَذْبًا وشَذَّبَ. اللِّهَاءَ: چھال چھیلنا الشَّيْءَ: کاٹنا۔

شَذَبَ: وَشَذَّبَ الشَّجَرَ: درخت کو چھانٹنا اَلمَالَ: بکھیرنا۔ شَذَّبَ عَنْهُ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ شَذَّبه: دھتکارنا۔

تَشَذَّبَ. ٹہنا۔ دور ہونا القَوْمُ: متفرق ہونا۔

الشَّذَب. درخت کے ٹکڑے۔ متفرق لکڑیاں۔ چھلکے۔ سامان خانہ۔ کھائی ہوئی گھاس کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "فِی الْاَرْضِ شَذَبٌ مِنَ الْكَلَاءِ" ومَالَهُ اِلَّاشَذَبٌ مِنَ العَسْكَرِ" ہر ایک بقیہ کے معنی میں ہے۔ ج اَشْذَابٌ.

الشَّذْبَةُ. درخت کی کاٹی ہوئی ٹہنی۔

الشَّاذِبُ. فا. وطن سے دور۔

الشَّوْذَب. مِنَ الرِجَالِ: لمبا خوبصورت قد والا۔ ہر چیز کا عمدہ حصہ۔

المِشْذَبُ. شاخ تراشی کا آلہ۔

المُشَذَّبُ. مف. کانٹوں سے صاف کیا ہوا تنہ۔ فَرَسٌ مُشَذَّبٌ. لمبا گھوڑا جس میں گوشت زیادہ نہ ہو۔

شَذَّرَ. النَظْمَ: مہرہ لگا کر جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَذَّرَ كَلَامَهُ بِشِعْرٍ" کلام میں شعر داخل کرنا بفُلَانٍ: بدنام کرنا۔

تَشَذَّرَ. برائی یا مقابلہ کے لئے تیار ہونا۔ غضبناک ہونا۔ سبک ہونا اور کام کے لئے چست ہونا ہ: دھمکانا القَوْمُ: متفرق ہونا اور اپنی اپنی راہ لینا القوم فِی الحَرْبِ: حد سے گزرنا۔

الشَّذْر. سونے کا ٹکڑا جو کان سے نکالا جائے۔ مہرہ جس سے لڑی میں موتیوں کو جدا کیا جائے۔ چھوٹے موتی۔ واحد (الشَّذْرَة) ج شَذَرَات وشُذُوْر. کہا جاتا ہے "تفَرَّقُوْا شَذَرَ مَذَرَ وشِذَرَ مِذَرَ" وہ سب بکھر گئے اور ہر ایک نے اپنی راہ لی۔

الشَّوْذَر. چادر۔ بے آستین کی قمیص۔

رَجُلٌ (شَيْذَارَة) صاحب غیرت مرد۔

شَذَفَ (ن) شَذْفًا. کہا جاتا ہے "مَا شَذَفْتُ منه شَيْئًا" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا (اس کا استعمال صرف نفی کے ساتھ ہی ہوتا ہے۔)

الشَّوْذَق. کنگن۔

الشَّذَام. بچھو اور بھڑ کا ڈنک۔ نمک۔

الشَّيْذُمَان. بھیڑیا۔

الشَّيْذُمَانَة. تیز رفتار جوان اونٹنی۔

شَذَا يَشْذُوْا شَذْوًا. مشک لگانا الخَبَرَ: معلوم کر کے سمجھانا (وَاَشْذَى) فُلَانًا: تکلیف دینا و اَشْذَاهُ عَنْهُ: دور کرنا ؛ ہٹانا۔

شَذَّى تَشْذِيَةً. بِالخَبَرِ: معلوم کر کے سمجھانا۔

الشَّذْو. س. مشک۔ مشک کی خوشبو۔

الشَّذَا. بو کی تیزی۔ تکلیف۔ برائی۔ نمک۔ کھیلی۔ مسواکوں کے درخت کا نام۔ لکڑی کے ٹکڑے۔ مکھی۔ ایک قسم کی کشتی۔ بھوک کی تیزی۔

الشَّذَاةُ. شَذَا کا واحد۔ ج شَذَوَاتٌ. قوت کا بقیہ۔ پرانی چیز۔

شَرَّ (ض ن س) شَرًّا وشَرَارَةً وشَرَرًا. شریر ہونا۔ شرارت کرنا۔ صفت مذکر (شَرٌّ) وصفت مؤنث (شَرَّة) ج اَشْرَار وشِرَار واَشِرَّاء.

شَرَّ (ن) شَرًّا: اللَحْمَ اِوِ الثَوْبَ: گوشت یا کپڑے کو خشک ہونے کے لیے دھوپ میں ڈالنا فُلَانًا: برائی کی طرف نسبت کرنا۔ لوگوں میں مشہور کرنا۔ دھتکارنا اَشَرَّ الشَّیْئَ: ظاہر کرنا۔

شَارَّهُ. جھگڑا کرنا۔

تَشَارًّا تَشَارًّا. باہم جھگڑنا۔

الشَّرّ. س. برائی۔ ج شُرُوْر. یہ ہر قسم کی برائی اور خطا کے لیے اسم جامع ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرُّ النَّاسِ وهُمْ شِرَارٌ واَشْرَارٌ واَشِرَّاءُ وهِيَ شَرَّةٌ اَوْشُرَّى النِسَاءِ" وہ لوگوں میں بہت بڑا ہے اور اصل اس کی (اَشَرّ) ہے۔ اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ ہمزہ کو کثرتِ استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے جیسے خیر میں۔

الشِّرَّة. برائی۔ تیزی۔ چستی۔ غضب۔ سبکی۔ لالچ۔ شِرَّةُ الشَّبَاب: جوانی کی چستی۔

الشُّرَة. مکروہ۔ کہا جاتا ہے "مَا قُلْتُ ذٰلِكَ لِشُرَتِكَ" میں نے تیرے مکروہ سمجھنے کی وجہ سے اس کو نہیں کیا۔

الشَّرَرُ والشَّرَارُ. آگ کی چنگاری جو اڑے۔ واحد (شَرَرَة وشَرَارَة)

الشَّرِيْر. شرارت کرنے والا۔ ج اَشْرَار واَشِرَّاء. مؤنث شَرِيْرَة. الشَّرِيْر: سمندر کا کنارہ۔ ج اَشِرَّة.

الشِّرِّيْر. بہت شرارت کرنے والا۔ شیطان کا لقب۔ ج شِرِّيْرُوْن.

الاِشْرَارَة. پنیر وغیرہ خشک کرنے کے لیے چٹائی۔ اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔ خشک گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَارِيْر.

الشَّرِيْرَة. بڑی سوئی۔

الشَّرَّان. بھنگا۔ مچھر کی مانند ایک کیڑا جو انسان کے منہ کے سامنے اڑتا ہے اور کاٹتا نہیں۔ واحد (شَرَّانَةٌ)

شَرِبَ (س) شُرْبًا وشُرْبًا وشِرْبًا ومَشْرَبًا وتَشْرَابًا. الماءَ: پینا۔ گھونٹ لینا۔ سیراب ہونا۔ شَرِبَ السُّنْبُلُ الدَقِيْقَ: کنایہ ہے غلہ کی تیاری سے اور کہا جاتا ہے "اَكَلَ عَلَيْهِ الدَّهْرُ وشَرِبَ" یعنی ہلاک ہوگیا و "اَكَلَ فُلَانٌ مالي وشربه" یعنی ختم کر دیا۔

شَرِبَ (س) شَرَبًا. پیاسا ہونا۔ پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد) شَرِبَ بِهِ: کسی پر جھوٹ بولنا۔

شَرَبَ (ن) شَرْبًا. الكَلَامَ: سمجھنا۔

شَرَّبَهُ. پانی پلانا شَرَّبَ القِرْبَةَ: نئی مشک میں مٹی اور پانی ملنا تاکہ پانی خوشگوار رہے قَصَبُ الزَرْعِ: کھیتی کے ڈنٹھل کا سیراب ہونا السُّنْبُلُ الدَقِيْقَ: خوشہ کے دانوں میں گودا بیٹھنا۔

اَشْرَبَهُ. پلانا اَشْرَبَ الرَجُلُ: پیاسا ہونا۔ پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد) اللَوْنَ: گہرا رنگنا الثَوْبَ حُمْرَةً: کپڑے کے رنگ میں سرخی کو ملانا بِهِ: کسی پر

جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "اَشرَبَنِي مَالَمْ اَشْرَبْ" اس نے میرے متعلق ایسی چیز کا دعوی کیا جس کو میں نے نہیں کیا الابل: باندھنا وأُشرِبَ حُبُّ فُلان اس کے دل میں فلاں کی محبت جاگزیں ہوگئی۔
شَارَبَهُ مُشَارَبَةً وشِرَابًا. ساتھ پینا۔
تَشَارَبَا. ایک دوسرے کے ساتھ پینا۔
تَشَرَّبَ. الثَّوْبُ العِرْقَ: جذب کرنا۔ چوسنا۔
اِسْتَشْرَبَ. لَوْنُهُ: تیز اور گہرا ہونا۔
اِشْرَأَبَّ. لِلشَّيْءِ وإلَيْهِ: گردن اُٹھا کر دیکھنا۔ اسم (الشُّرَأْبِيبَةَ) جیسے اِطْمَأَنَّ سے طُمَأْنِينَةٌ.
الشَّرْبُ. مص شَارِبٌ. اسم فاعل کی جمع ہے۔
الشِّرْبُ. مص۔ پینے کا پانی۔ پانی کا حصہ۔ گھاٹ۔ پینے کا وقت۔ ج اَشْرَاب.
الشَّرْبَةُ. شَرِبَ کا اسم مرۃ۔ جو ایک مرتبہ پیا جا سکے۔
الشُّرْبَةُ. چہرے کی سرخی۔ کہا جاتا ہے "فِي وَجْهِهِ شُرْبَةٌ مِنْ حُمْرَةٍ" اس کے چہرہ میں سرخی ہے۔ سیراب ہونے کی مقدار پانی۔
الشَّرْبَةُ. بہت پینا۔ پیاس۔ گرمی کی شدت۔ ج شَرَب و شَرَبَات.
مَاءٌ (شَرُوْبٌ وشَرِيْبٌ) پینے کے لائق پانی۔ الشَّرِيْبُ: بہت پینے والا۔ پینے کا ساتھی جو شخص تمہارے ساتھ مل کر پانی لائے یا تمہارے ساتھ پلایا جائے۔ اُونٹوں کو گھاٹ پر لانے میں ساتھی۔
الشَّرَبَّةُ. بے درخت کے گھاس والی زمین۔ وادی کا کنارہ۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ عَلٰى شَرَبَّةٍ وَاحِدَةٍ" فلاں ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔
الشَّرَابُ. ہر ایک پینے کی چیز۔ ج اَشْرِبَةٌ.
الشُّرْبَةُ والشَّرُوْبُ والشَّرَّابُ والشِّرِّيْبُ. بہت پینے والا۔
الشَّرَّابَةُ. شراب کا مؤنث۔
عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ ترکی ٹوپی وغیرہ کا پھندنا۔ ج شَرَارِيْبُ. شَرَّابَةُ الرَّاعِيْ: ایک پودہ کا نام۔
الشَّارِبُ (فا) ج شَرْبٌ (جیسے رَاكِبٌ جمع رَكْبٌ) جانوروں کی کمزوری۔
شَارِبُ الرَّجُلِ: مونچھ دونوں جانب کے اعتبار سے تثنیہ لاتے ہیں اور "شَارِبَا الرَّجُلِ" کہتے ہیں اور اطراف و اجزاء کے اعتبار سے جمع "شَوَارِبُ الرَّجُلِ" بولتے ہیں۔ الشَّوَارِبُ: گردن کی رگیں۔ گردن میں پانی گزرنے کی جگہیں۔
الشَّارِبَةُ. الشَّارِبُ کا مؤنث۔ ج شَارِبَاتٌ وشَوَارِبُ: دریا کے کنارے رہنے والی قوم۔
الشُّرُوْبُ. پانی پینے والے۔
الشَّرَابِيُّ. سقہ۔ بھشتی۔
المَشْرَبُ. پانی۔ پانی پینے کی جگہ۔ اور اب خواہش نفس اور میلان کے معنی میں مستعمل ہے۔ جیسے "وَافَقَ الاَمْرُ مَشْرَبَهُ" معاملہ اس کی خواہش کے مطابق ہوگیا۔ ج مَشَارِبُ.
المَشْرَبَةُ والمَشْرُبَةُ. نرم زمین جو ہمیشہ سرسبز رہے۔ پینے پلانے کا کمرہ۔ پینے کی جگہ۔ ج مَشَارِبُ کہا جاتا ہے "طَعَامٌ ذُوْمَشْرَبَةٍ" پانی پلانے والا کھانا یعنی جو شخص اسے کھائے پانی زیادہ پیئے۔
المِشْرَبَةُ. پانی پینے کا برتن۔ ج مَشَارِبُ.
المَشْرُوْبُ. مف۔ ہر وہ چیز جو پی جائے۔
الشُّرَابِثُ. سخت ہتھیلی والا۔ شیر۔
شَرْبَقَ. الثَّوْبَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الشَّرْبِيْنُ. سرو کی مانند ایک درخت کا نام جس سے عمدہ قطران نکلتا ہے۔
شَرِثَتْ (س) شَرَثًا واِنْشَرَثَتْ. يَدُهُ: ہاتھ کا سردی کی وجہ سے سخت ہو کر پھٹنا۔ شَرِثَ الرَّجُلُ: سردی کی وجہ سے سخت ہو کر پھٹے ہوئے ہاتھ والا ہونا۔ صفت (شَرِثٌ) النَّعْلُ: جوتے کا چٹخنا۔
الشَّرْثُ. ہر پرانی بوسیدہ چیز۔
الشَّرِثُ. مِنَ السُّيُوْفِ والاَسِنَّةِ: تیز تلوار و بھالا۔
الشَّرْثَةُ. پرانا جوتا۔
شَرَجَ (ن) شَرْجًا. جھوٹ بولنا الشَّيْءَ: جمع کرنا الشَّرَابَ بِالْمَاءِ: ملونی کرنا (و شَرَّجَ واَشْرَجَ) الحِجَارَةَ: پتھروں کو تہ بتہ لگا کر جمانا الخَرِيْطَةَ: کناروں کو ملا کر باندھنا۔ وشَرَّجَ الثَّوْبَ: کپڑے میں لنگر ڈالنا۔ دور دور سینا۔ عوام سَرَّجَ کہتے ہیں۔
اَشْرَجَ صَدْرَهُ عَلٰى كَذَا: کسی بات کو چھپانا۔
شُرِّجَ. اللَّحْمُ: چربی سے مخلوط ہونا۔
شَارَجَهُ. مشابہ ہونا۔
تَشَرَّجَ. الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔
اِنْشَرَجَ. الشَّيْءُ: دو ٹکڑوں میں پھٹنا۔
الشَّرْجُ. مص۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَرْجُ ذَاكَ" یہ اس کے مثل ہے "هُمَا شَرْجٌ وَاحِدٌ" وہ دونوں ایک نوع کے ہیں۔ فرقہ۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحُوْا فِي الْاَمْرِ شَرْجَيْنِ" وہ کام میں دو فرقے ہوگئے۔ سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ ج شِرَاج وشُرُوْج.
الشَّرْجَةُ. سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ گڑھا جس میں کھال بچھا دی جائے اور پانی ڈالا جائے اور اس میں سے اونٹ پانی پئیں۔
الشَّرَجُ. وادی کی کشادہ جگہ۔ کاج (اس معنی کے لحاظ سے اسم جنس ہے) کمان کی پھٹن۔ ج اَشْرَاج.
الشَّرِيْجُ. مثیل۔ مانند۔ لکڑی کے دو برابر برابر کے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا۔ لکڑی جس سے دو کمانیں بنائی جائیں۔ قوس

شَرِيْجٌ پھٹی ہوئی کمان۔ ج شَرَائِج۔
الشَّرِيْجَة. درخت خرما کی پتیوں سے بنی ہوئی ٹوکری۔ بانس کا ٹھاٹھر جو دکان کے دروازہ پر لگایا جائے۔ پٹھا جس سے تیر کے پر کو جوڑیں۔ ج شَرَائِج.
سَهْمٌ مُشَرَّجٌ. تیر جس میں پر کو جوڑنے والا پٹھا لگا ہو۔
الشِّيْرَج. تل کا تیل۔ (دخیل)
الشَّرْجَب. اصیل گھوڑا۔ لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔
الشَّرْجُبَان والشُّرْجُبَان. ایک قسم کا پودہ جس کا پھل بینگن کے مشابہ ہوتا ہے اور اس سے کھال کی دباغت کرتے ہیں۔
شَرَحَ (ف) شَرْحًا. اللحمَ: لمبے ٹکڑے کاٹنا المَسْئَلَةَ: مسئلہ کی باریکی کو کھول دینا اور بیان کرنا الکَلامَ: سمجھانا الشَّيْئَ: کھولنا؛ کشادہ کرنا۔ حفاظت کرنا صَدْرَه لِلشَّيْئِ و بالشَّيْئِ: خوش ہونا اِلَى الشَّيْئِ: رغبت ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَشْرَحُ اِلَى الدُّنْيَا" فلاں دنیا کی طرف رغبت ظاہر کرتا ہے۔
شَرَّحَ. الشَّيْئَ: کاٹ کر جدا جدا کرنا۔ اور اسی سے اطباء کے نزدیک "علم التشریح" ہے شَرَّحَ قطعةَ اللَّحْمِ: پتلا پتلا پارچہ کاٹنا الشَّيْئَ: کھولنا ظاہر کرنا۔
اَشْرَحَ. صَدْرَهٗ: خوش ہونا۔
اِنْشَرَحَ. کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَه بقبُوْلِ الْخَيْرِ فَانْشَرَحَ" اللہ نے اس کے سینہ کو قبول خیر کے لیے کشادہ کر دیا اور وہ کشادہ ہو گیا۔
الشَّرْحَة. گوشت کا ٹکڑا۔ گوشت کا پارچہ۔
الشَّرِيْحُ والشَّرِيْحَةُ. گوشت کا ٹکڑا۔ موٹے گوشت کا دراز ٹکڑا۔ ج شَرَائِح.
الشَّارِحُ. فا. بیان کرنے والا۔ کھیت کی پرندوں سے حفاظت کرنے والا۔
المَشْرُوْحُ. مف. سراب۔

المَشْرَح. اندام نہانی۔
شَرَخَ (ن) شُرُوْخًا الصَّبِيُّ: جوان ہونا۔ صفت (شَارِخ) ج شَرْخ (جیسے صَاحِب کی جمع صَحْبٌ) (شَرْخًا وشُرُوْخًا) نَابُ البَعِيْرِ: دانت نکلنا۔
الشَّرْخ. مص. اصل۔ ابتداء جوانی۔ اول امر۔ کسی چیز کا اُبھرا ہوا کنارہ۔ مثل ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرْخِيْ" وہ میرا ہم عمر ہے۔ و "هُمَا شَرْخَان" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ "شَرْخَا الرحل" کجاوہ کا اگلا و پچھلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَايَزَالُ بَيْنَ شَرْخَيْ رَحْلِهٖ" یعنی فلاں ہمیشہ سفر کرتا رہتا ہے۔ اونٹ کی سالانہ پیدائش۔ ج شُرُوْخ.
الشُّرْخُوْب. ریڑھ کی ہڈی۔ ج شَرَاخِيْب.
شَرَدَ (ن) شَرْدًا وشُرُوْدًا وشُرَادًا وشِرَادًا. بدک کر بھاگنا عَلَى اللّٰهِ: اطاعت سے نکل جانا۔ صفت (شَارِد) ج شُرَدٌ (شُرُوْدٌ) ج شُرُدٌ مؤنث شَارِدَةٌ ج شَوَارِد وشُرَّد. و شَوَارِدُ اللُّغَة: نوادر کلمات۔
شَرَّدَهٗ واَشْرَدَهٗ. دھتکارنا۔ بھگانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُطَرَّدٌ مُشَرَّدٌ" فلاں دھتکارا ہوا؛ بھگایا ہوا ہے؛ جیسے کہا جاتا ہے "طَرِيْدٌ شَرِيْدٌ" شَرَّدَ شَمْلَهُمْ: جماعت متفرق کر دینا۔ شَرِّد بِفُلَانٍ: لوگوں کو کسی کے عیوب سنانا۔
تَشَرَّدَ. القَوْمُ: جانا۔
الشَّرِيْد. دھتکارا ہوا۔
الشَّرِيْدَة. الشريد کا مؤنث۔ چیز کا بقیہ۔ ج شَرَائِد.
الشِّرْدَاح. موٹا ڈیلے گوشت والا۔
شَرْذَ. الجَمْعَ: متفرق کرنا۔
الشِّرْذِمَة. لوگوں کی قلیل جماعت۔ ج شَرَاذِم وشَرَاذِيْم. ثِيَابٌ شَرَاذِمُ پھٹے ہوئے کپڑے۔
شَرَزَهٗ (ن) شَرْزًا. کاٹنا۔ صفت (شَارِزٌ) ج شُرَّازٌ.
شَرَّزَهٗ. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ گالی دینا۔ عذاب دینا۔
شَارَزَ. بد خلق ہونا الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا۔ دشمنی کرنا۔
اَشْرَزَهٗ. سختی و ہلاکت میں ڈالنا۔
الشَّرْزُ. مص. قوت۔ سختی و درستی۔ سخت و درشت۔ جیسے "عَذَّبَهُ اللّٰهُ عَذَابًا شَرْزًا" اللہ اس کو سخت عذاب دے۔
الشَّرْزَةُ. اسم مرۃ۔ ہلاکت۔ سختی۔
الشُّرَّاز. شارز اسم فاعل کی جمع۔ لوگوں کو سخت عذاب دینے والے۔
الشِّيْرَاز. دہی جس میں سے پانی نکال دیا گیا ہو۔ ج۔ شَوَارِيْز وشَرَارِيْز.
المشارز. فا. سخت۔ بد خلق۔
المُشَرَّز. مف. بندھا ہوا۔ ملائے ہوئے کناروں والا۔
الشَّرِس (س) شَرَاسَةً وشَرَسًا وشَرِيْسًا. بد خلق ہونا۔ صفت (شَرِس وشَرِيْس واَشْرَس) شَرِسَتِ المَاشِيَةُ: کانٹے اور چھوٹے پودے ہمیشہ کھانا۔
شَرَسَهٗ (ن) شَرْسًا. سخت کلامی سے جلانا۔ النَّاقَةَ: لگام سے کھینچنا۔
شَارَسَهٗ مُشَارَسَةً وشِرَاسًا. سخت معاملگی کرنا۔
تَشَارَسَ. القَوْمُ: باہم دشمنی کرنا۔
شَرِسَت (س) شَرَاسَةً. المَاشِيَةُ: خوب چرنا۔
الشَّرَس والشِّرْس. مص (والشِّرْس) کانٹے دار چھوٹے پودے۔ الشَّرْسَاء. اشرس کا مؤنث۔ سفید پتلا بادل۔
الشَّرِيْس. مص. بد خلق۔ بہت جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ نَفْسٌ شَرِيْسَةٌ" اس کے اندر بد خلقی اور جھگڑا کرنے کی عادت ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْشَرِيْس" وہ بد خلق ہے۔ وقَدْ لَانَ شَرِيْسُهٗ اس کی بد خلقی نرم پر

گی۔ شِرِّیْسُ الْاَکْلِ: بہت کھانے والا۔
الشِّرِّیْس: شیر۔ ایک بدمزہ پودہ۔
اَرْضٌ (شَرِیْسَةٌ ومُشْرِسَةٌ) بہت کانٹے دار چھوٹے پودوں والی زمین۔
الشِّرَاس. س. سریس۔
شَرْسَفَ شَرْسَفَةً. بدخلق ہونا۔
الشُّرْسُوْف. پسلیوں کا وہ کنارہ جو پیٹ کی جانب ہوتا ہے۔ بندھا ہوا اونٹ۔ سختی کی ابتداء۔ مصیبت۔ شَرَاسِیْف.
شَرْشَرَ. الشَّیْئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔ کاٹ کر جھاڑنا السِّکِّیْنَ: چھری پتھر پر تیز کرنا۔
الْمَاشِیَةُ النَّبَاتَ: جانور کا گھاس چرنا۔
تَشَرْشَرَ. مِنْهُ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
الشَّرْشَر. ایک قسم کی بیل جس میں کانٹے نہیں ہوتے۔ واحد (شَرْشَرَة) شِوَاءٌ شَرْشَر: بھنا ہوا گوشت جس سے چربی ٹپکتی ہو۔
الشِّرْشِرَة. ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔
الشَّرَاشِر. نفس۔ تمام بدن۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰی عَلَیْهِ شَرَاشِرَہٗ" اس نے اس سے محبت کی یہاں تک کہ اپنے آپ کو ہلاک کر لیا۔ بوجھ۔ شَرَاشِرُ الذَّنَبِ: دُم کے اطراف۔
الشُّرْشُوْر. ایک پرندہ جس کو "بِرْتِش" بھی کہتے ہیں۔ ج شَرَاشِیْر.
شَرَصَه (ن) شَرْصًا. کھینچنا۔
شَرَصَهٗ وشَرَّصَهٗ. بِکَلَامِهٖ: گالی دینا۔
الشَّرْص. س. سختی۔ درشتی۔
الشِّرْص. کنپٹی کے پاس بال گرنے کی جگہ۔ ج شِرَاصٌ وشِرَصَةٌ.
شَرَطَ (ن ض) شَرْطًا. عَلَیْهِ فِیْ بَیْعٍ ونَحْوِهٖ: شرط لگانا الجِلْدَ: نشتر مارنا۔
شَرِطَ (س) شَرَطًا. کسی بڑے معاملہ میں پھنسنا۔
شَرَّطَ. الجِلْدَ: نشتر لگانا الشَّیْئَ: باندھنا۔

شَارَطَهٗ باہم شرط لگانا۔
اَشْرَطَ. الاِبِلَ: اونٹ کو فروخت کرنے کیلئے نشان لگا کر جدا کرنا اِلَیْهِ رَسُوْلًا: جلدی ایلچی بھیجنا نَفْسَهٗ اَوْمَالَهٗ فِیْ اَمْرٍ: پیش کرنا نَفْسَهٗ لِکَذَا: تیار کرنا۔ آمادہ ہونا بِالشَّیْئِ وفِیْهِ: ہلکا سمجھنا اور شرط لگانا۔
تَشَرَّطَ. فِی العَمَلِ: اچھی طرح غور کرنا۔ اپنے اوپر غیر ضروری شرطیں لگانا۔
تَشَارَطَا. القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ شرط لگانا۔ تَشَارَطُوْا عَلَی الشَّیْئِ: التزام شرط کرنا۔
اِشْتَرَطَ. لَهٗ کَذَا: شرم لازم کرنا۔
اِسْتَشْرَطَ. المَالُ: درستی کے بعد خراب ہونا۔
الشَّرْط. س. کسی چیز کا لازم کرنا۔ ج شُرُوط. کمینہ۔ بیچ۔ ج اَشْرَاط.
الشَّرَط. س. علامت۔ ہر چیز کا اول ہر چھوٹی نالی۔ ردی مال۔ چھوٹے چھوٹے مال۔ ج اَشْرَاط. الاَشْرَاط: رذیل لوگ۔ شریف لوگ (ضد) کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ شَرَطِ النَّاسِ واَشْرَاطِهِمْ" وہ رذیل یا شریف لوگوں میں سے ہے۔
الشُّرْطَةُ. شرط جو تم لگاؤ۔ فوج کا پہلا دستہ جو میدان جنگ میں آئے۔ شُرْطَةُ: کُلِّ شَیْئٍ: عمدہ و بہترین (والشُّرْطِیُّ) شُرَط کے واحد ہیں۔ شُرَط کے معنی والی کے اعوان و انصار لوگ اور آج کل کے زمانہ میں کوتوال کو کہتے ہیں۔ اس وجہ سے کہ وہ ایسی علامت لگاتے ہیں جس سے وہ پہچانے جاتے ہیں۔
الشُّرَط. فوج کا پہلا دستہ جو میدان جنگ میں حاضر ہو اور موت کے لیے تیار ہو۔
الشَّرِیْط. شرط۔ پوست خرما کی بٹی ہوئی رسّی جس سے تخت وغیرہ کو باندھیں۔ ڈبہ جس میں عورت خوشبو وغیرہ رکھے۔ ج شُرُط.
الشَّرِیْطَةُ. شرط۔ پھٹے ہوئے کان والا۔

اونٹ۔ ج شَرَائِط.
اَشْرَطُ. النَّاسِ: رذیل آدمی۔
المِشْرَط والمِشْرَاط والمِشْرَطَة. نشتر۔ ج مَشَارِط ومَشَارِیْط.
شَرَعَ (ف) شَرْعًا. لِلْقَوْمِ: قانون بنانا۔ شریعت جاری کرنا لَهُمُ الطَّرِیْقَ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَرَعَ اللّٰهُ لَنَا کَذَا بِشَرْعِهٖ" یعنی خدا نے ہمارے لیے ایسا ظاہر کیا الرَّجُلَ: حق کو غالب کرنا اور باطل کو مٹانا البَیْتُ: گھر کا کھلے ہوئے راستہ پر ہونا۔
البَابَ اِلَی الطَّرِیْقِ: دروازہ کو کھلے ہوئے راستہ کی جانب کرنا الحَبْلَ: رسّی کی گرہ کو کھول کر دونوں کناروں کو کڑے وغیرہ میں ڈالنا۔
الشَّیْئَ: بہت بلند کرنا۔
شَرَعَ (ف) شَرْعًا: شُرُوْعًا. فِی المَاءِ: پانی میں داخل ہونا یا اوک سے پینا۔
الوَارِدُ: پانی کو منہ لگا کر پینا المَاشِیَةَ: جانور کو پانی پر لے جانا الاَمْرَ: کام شروع کرنا فِی الاَمْرِ: کام میں مشغول ہونا الرِّمَاحَ فَشَرَعَتْ هِیَ: نیزے کو کسی کی جانب سیدھا کرنا اور سیدھا ہونا۔ (لازمی و متعدی)
الطَّرِیْقُ: راستہ ظاہر ہونا بِفُلَانٍ: کسی کو پانی پر لے جانا فُلَانٌ عَلَیْنَا: قریب ہونا اور جھانکنا۔ شَرَعَ یَضْرِبُ: مارنے لگنا۔ (افعال مقاربہ سے ہے۔)
شَرَّعَ واَشْرَعَ. الطَّرِیْقَ: راستہ ظاہر کرنا۔
ہ فِی المَاءِ: پانی میں داخل کرنا۔ شَرَّعَ الحَبْلَ: رسّی کی گرہ کھولنا۔ شَرَّعَ السَّفِیْنَةَ: کشتی میں بادبان لگانا۔ اَشْرَعَ بَابَهٗ اِلَی اَوْعَلَی الطَّرِیْقِ: راستہ کی طرف دروازہ کھولنا۔ اَشْرَعَ عَلَیْهِ الرُّمْحَ: کسی کی جانب نیزہ سیدھا کرنا۔
اَشْرَعَ الشَّیْئَ: بہت بلند کرنا۔

اِشْتَرَعَ الشَّرِيْعَةَ: قانون بنانا۔ شریعت جاری کرنا۔
الشَّرْعُ. س۔ اللہ کے مقرر کردہ احکام۔ اور کہا جاتا ہے "شَرْعُكَ مَا بَلَغَكَ المحلَّ" یعنی تمہارے لیے اتنا توشہ کافی ہے جو مقصد کی جگہ تک پہنچا دے۔ اور یہ اس شخص سے کہتے ہیں جس کو تھوڑے پر قناعت کرنے کیلئے برانگیختہ کرنا ہو(الشِرْعُ والشَّرَعُ) مثل۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ فِي هذا شَرْعٌ واحِدٌ وهُمْ فِي هٰذَا شَرْعٌ" یعنی لوگ اس میں برابر ہیں۔
الشِرْعُ: جوتے کا تسمہ۔
الشِّرْعَة والشِرْعَة. تانت۔ کہا جاتا ہے "ضَربُوْا علَى الشَّرْعِ" انہوں نے تانت کو بجایا۔ الشِرْعَة: قطا پرندہ کے شکار کرنے کا جال۔ شریعت۔ مثل۔ پانی کی طرف راستہ۔ عادت۔ ج شِرْعٌ شَرْعٌ وشِرَاعٌ۔
الشِّرْعَة. کشتی۔ ج شِرَاع۔
الشَّرِيْع. بہادر۔ عمدہ کتاں مِنَ اللِيْفِ: درخت خرما کی چھال کے کانٹے جو سخت ہو گئے ہوں۔
الشَّرِيْعَةُ. طریقہ۔ اللہ کے مقرر کیے ہوئے احکام۔ چوکھٹ۔ دریا کے کنارے رہنے والوں کے لیے گھاٹ۔ ج شَرَائِع۔
نَهْرُ الشَّرِيْعَة: دریائے اُردن۔
الشَّارِعُ. اسم فاعل۔ مؤنث شَارِعَةٌ. ج شُرَّعٌ و شُرُوعٌ وشَوَارِعُ. کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شُرَّعٌ وشَوَارِعُ" پانی میں داخل ہونے والے اونٹ۔ بَيْتٌ شَارِعٌ: وہ مکان جس کا دروازہ راستہ کی جانب ہو۔
والشَّارِعُ. ج شَوَارِعُ. سڑک۔ عام راستہ۔ رِمَاحٌ شَارِعَةٌ وشَوَارِعُ: کسی کی جانب سیدھے کیے ہوئے نیزے۔
الشَّوَارِعُ مِنَ النُّجُوْمِ: غروب کے قریب ستارے۔
اَنْفٌ (اَشْرَعُ) لمبے بانسہ والی ناک۔

الشِّرَاعُ. ہر وہ چیز جو بلند اور کھڑی کی جائے۔ بادبان۔ تانت جب تک کہ کمان پر لگی رہے۔ اونٹ کی گردن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شِرَاعُ الاَنْفِ" لمبے بانسہ کی ناک والا مرد۔ ج اَشْرِعَةٌ وشُرُعٌ۔
الشَّرَاعَة. دلیری۔
الشَّرَّاعُ. عمدہ کتاں بیچنے والا۔
الشَّرْعِيُّ. مطابق شریعت۔
الشِّرَاعِيُّ. مِنَ الاِبِلِ: لمبی گردن والا اونٹ۔
الشِّرَاعِيُّ. مِنَ الرِماحِ: لمبے نیزے۔ ایک شخص کی جانب منسوب جس کا نام شراع تھا اور وہ نیزے بنایا کرتا تھا۔
المَشْرَعُ والمَشْرَعَة والمَشْرُعَة. دریا کے کنارے رہنے والوں کے لیے گھاٹ۔ ج مَشَارِعُ۔
المُشَرَّعُ. مِنَ البُيُوتِ: بلند مکان۔
المَشْرُوعُ. سیدھا کیا ہوا۔ جس کو شریعت جائز رکھے۔ والاَمْرُ المَشْرُوْعُ: وہ کام جس کو تم شروع کرو۔
شَرْعَبَ. الْاَدِيْمَ: لمبا کاٹنا۔
الشَّرْعَبُ. لمبا۔
الشَّرْعَبِيُّ. ایک قسم کی چادر۔ لمبا خوبصورت جسم والا۔
شَرَفَه (ن) شَرْفًا. کسی سے عزت و مرتبہ میں غالب ہونا۔ صفت مفعولی (مَشْرُوْفٌ) الحَائِطَ: دیوار میں کنگرہ بنانا۔
شَرُفَ (ک) شَرَافَةً وشَرَفًا. دین یا دنیا میں بلند مرتبہ ہونا۔ صاحب عزت ہونا۔ (شَرُفَتِ النَاقَةُ شُرُوْفًا) بوڑھی ہونا۔
شَرِفَ (س) شَرَفًا. بلند ہونا۔
شَارَفَه. شرافت پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ شَارَفَ المَكَانَ: چڑھنا الشَّيْءَ: اوپر سے جھانکنا۔ قریب ہونا۔
شَرَّفَهٗ. تعظیم کرنا۔ بزرگی دینا۔ عزت کرنا۔ شَرَّفَ البَيْتَ: کنگرہ بنانا۔ المَكَانَ:

چڑھنا۔
اَشْرَفَ. الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ المَكَانَ: چڑھنا۔ عَلَيْهِ: اوپر سے جھانکنا۔ لَكَ الشَّيْءُ: ممکن ہونا۔ قدرت و طاقت میں ہونا۔ عَلَى المَوْتِ: قریب الموت ہونا۔ عَلَيْهِ: ڈرنا یا مہربانی کرنا۔
اَشْرَفَتِ الخَيْلُ: تیز دوڑنا۔ نَفْسُهٗ عَلَى الشَّيْءِ: حریص ہونا اور ہلاک ہونا۔
تَشَرَّفَ. البَيْتُ: کنگرے دار ہونا۔ الرَجُلُ: عزت پانا۔ بِكَذَا: باعث عزت جاننا۔ المَكَانَ: چڑھنا۔ الشَّيْءَ: ہاتھوں سے اُڑ کر کے کسی چیز کی طرف نظر اُٹھا کے دیکھنا۔ لِلشَّيْءِ: جھانکنا۔ عَلَى الشَّيْءِ: اوپر سے جھانکنا۔
تُشُرِّفَ. القَوْمُ: ذی عزت لوگوں کا قتل کیا جانا۔
اِشْتَرَفَ. سیدھا کھڑا ہونا۔
اِسْتَشْرَفَ. سیدھا کھڑا ہونا۔ الشَّيْءَ: ہاتھ کی آڑ کر کے نظر اُٹھا کے دیکھنا۔
اِسْتَشْرَفَهٗ حَقَّهٗ: ظلم کرنا۔ حق مار لینا۔ الشَّاةَ: عیوب سے سالم لینے کیلئے دیکھ بھال کرنا۔
الشَّرَفُ. س۔ عزت و بزرگی۔ شرافت۔ بلند مکان۔ ناک۔ ج اَشْرَافٌ. شَرَفُ البَعِيْرِ: کوہان۔ الشَّرَفُ: شریف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرَفُ قَوْمِهٖ وكَرَمُهُمْ" وہ قوم کا شریف ہے۔
الشَّرْفُ. خاندانی شرافت۔
الشُّرْفَة. مِنَ القَصْرِ: کنگرہ۔ ج شُرَفٌ
والشُّرْفَةُ مِنَ المَالِ: عمدہ مال اور کہا جاتا ہے "اُعِدَّ زِيَارَتُكُمْ شُرْفَةً" تمہاری ملاقات کو میں اپنے لئے باعث عزت سمجھتا ہوں۔
الشَّرَفَة. شَرَفَاتٌ کا واحد۔ شَرَفَاتٌ ان مثلث یا مربع برجیوں کو کہتے ہیں جو دیوار کے بالائی حصہ میں ہوتی ہیں۔
الشَّارِفُ. فا. عنقریب شرف حاصل

کرنے والاالسہم شارق: پرانا تیر دنّ
شارِق: پرانی شراب کا مثلاًمن النُّوق: بوڑھی اونٹنی۔ ج شُرَّف وشُرُف وشُرُوْف وشُرُف.
الشارِفة. شارف کا مؤنث۔ بوڑھی اونٹنی۔ ج شارِفات وشَوارِف.
الشَّوارِف. شراب کے برتن۔ مٹکا وغیرہ۔
الشارُوف. جھاڑو۔
الشریْف. شرف و عزت والا۔ ج شُرَفاء واَشْراف مؤنث شَرِیْفَة. ج شَرائِف وشَرِیْفات حارِكٌ شَرِیْفٌ: بلند مونڈھا۔
اَشْرافُ الانْسانِ: انسان کے ناک، کان۔
الاَشْرَف. اسم تفضیل۔ چگادڑ۔ قصر اَشْرَف. مؤنث شَرْفاء. ج شُرُف: کنگرہ دار یا برجی والا محل رَجُلٌ اَشْرَفُ: بلند کاندھے والا مرد مَنْکِبٌ اَشْرَف: بلند مونڈھا۔
الشَّرْفاءُ. اَشْرَف کا مؤنث مِنَ الآذان: لمبا کان۔
المُشْرَف. مِنَ الاَماکِنِ: بلند جگہ۔
المُشْرَف. جھانکنے کی جگہ۔ ج مَشارِف. مَشارِفُ الارْضِ: زمین کی بلند جگہیں۔
المَشْرَفِیّ. عرب کے ان دیہات کی طرف منسوب جو مشارف الشام کے نام سے موسوم ہیں اور انہی سے ہے السُّیُوْف المَشْرَفِیَّةُ اور بقول بعض السُّیُوْف المَشْرَفِیَّة یمن کے ایک علاقہ کی طرف منسوب ہیں مَشارِفُ الشّام کی طرف نہیں۔
المُسْتَشْرِف. بلند۔
شَرَق (ن) شَرْقًا. الشّاةَ: بکری کے کان کو لمبائی میں چیرنا۔ صفت مفعولی (شَرْقاءُ) الثَّمَرَ: پھل توڑنا۔
شَرَقَت (ن) شَرْقًا وشُرُوْقًا. الشَّمْسُ: آفتاب طلوع ہونا النَّخْلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔
شَرِق (س) شَرَقًا. بِرِیْقِه: اچھو لگنا۔ شَرِقَتْ عَیْنُهُ: آنکھ کا سرخ ہونا لَوْنُهُ: شرم کی وجہ سے سرخ ہونا الجُرْحُ بالدَّم: زخموں کا خون سے بھرنا الدَّمُ فی عَیْنِه: آنکھ میں خون ظاہر ہونا المَوْضِعُ باَهْلِه: جگہ کا لوگوں سے بھر کر تنگ ہونا الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا الشَّیُٔ: مخلوط ہونا الارْضُ: پانی جاری ہونے کے ناقابل ہونا الشّاةُ: لمبائی میں چرے ہوئے کان والی ہونا۔
شَرَّق. مشرق کی طرف متوجہ ہونا۔ چمکدار خوبصورت چہرے والا ہونا اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے کرنا اور دھوپ میں خشک کرنا۔ البِناءَ: چونے وغیرہ سے لیپنا الشَّیْٔ بالزَّعْفَرانِ: کسی چیز کو زعفران سے رنگنا۔
اَشْرَقَت. الشَّمْسُ. آفتاب کا طلوع ہونا۔ چمکنا اَشْرَقَ وَجْهُهُ: چمکدار ہونا المَکانُ: سورج کی چمک سے روشن ہونا۔ الرَّجُلُ: طلوع آفتاب کے وقت داخل ہونا اَشْرَقَتِ الشَّمْسُ المَکانَ: روشن کرنا۔ الثَّوْبَ فی الصِّبْغ: گہرا رنگنا۔ اَشْرَقَهُ بِرِیْقِه: اچھو لگوانا النَّخْلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔
تَشَرَّق. دھوپ میں بیٹھنا۔ دھوپ کھانا۔
اِنْشَرَقَتْ. القَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔
اِشْرَوْرَقَتْ اِشْرِیْراقًا. العَیْنُ بالدَّمْعِ: آنسوؤں سے ڈبڈبانا۔ سرخ ہونا۔
الشَّرْق. مص۔ آفتاب طلوع ہونے کی جگہ۔ پھٹن اور اسی سے ہے "ما دَخَلَ شَرْقٌ فِی شَیْئٍ" میرے منہ کے شگاف میں کچھ داخل نہیں ہوا۔ ج اَشْراق (والشِّرْق) روشنی جو دروازے کی دراڑ سے داخل ہو۔
الشَّرْق. مص۔ آفتاب۔
الشَّرْقَة. شرق کا اسم مرۃ۔ تم کہتے ہو "اَخَذَتْهُ شَرْقَةٌ كادَ یَمُوْتُ مِنْها" اس کو اچھو لگ گیا جس سے وہ مرنے کے قریب ہوگیا۔ جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ (والشَّرِقَة) آفتاب جگہ طلوع ہو۔
الشَّرِیْق. آفتاب جگہ طلوع ہو۔ خوبصورت لڑکا۔ ج شُرُق.
التَّشْرِیْق. ،ایّامُ التَّشْرِیْق، عیدالاضحی کے بعد تین دن۔ اس لیے کہ ان دنوں میں قربانی کا گوشت خشک کیا جاتا ہے۔ التَّشْرِیْق: عید کی نماز اس لیے کہ طلوع آفتاب کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
الشّارِق. فا. آفتاب بوقت طلوع۔ کہتے ہیں "لا اُکَلِّمُكَ ما ذَرَّ شارِقٌ" میں تم سے گفتگو نہیں کروں گا جب تک آفتاب طلوع ہو اور کبھی آفتاب کے علاوہ ستاروں پر بھی اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔ پہاڑ وغیرہ کی شرقی جانب۔ ج شُرُق.
الشّارُوق. چونا راکھ ملا ہوا۔
المَشْرِق والمَشْرَق والمُشْرِق. طلوع آفتاب کی جگہ یا جہت۔ ج مَشارِق.
المَشْرُقَةُ والمَشْرَقَةُ والمُشْرُقَة والمِشْراق والمَشْرِیق. جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔
مِشْرِیْقُ البابِ: دروازے کی دراڑ جس میں سے طلوع آفتاب کے وقت روشنی پڑے۔
المِشْراق. وہ شخص جس کی عادت ہو کہ دوسرے کو اچھو لگنے میں مبتلا کر دے۔
المُشَرَّق. مفع۔ چونہ راکھ سے پلستر کیا ہوا۔
الشِّرِقْراق والشَّرَقْراق والشِّرْشِراق والشِّقِرّاق ایک چھوٹا پرندہ جس کو "اَخْیَل" بھی کہتے ہیں اور عوام اس کو "شُقْرَّق" کہتے ہیں۔
شَرِکَتْ (س) شَرَکًا. النَّعْلُ: تسمہ

ٹوٹنا۔

شَرِكَهُ (س) شَرْكًا وشَرِكًا وشِرْكَةً وشَرِكَةً. شریک ہونا۔

شَرَّكَ. النَّعْلَ: جوتے میں تسمہ لگانا۔

اَشْرَكَهُ. فِي اَمْرِهِ: کام میں شریک بنانا۔

اَشْرَكَ بِاللّٰهِ: شریک ٹھہرانا۔ شرک کرنا۔ صفت (مُشْرِك ومُشْرِكِيٌّ) اور اسم (الشِرْك)

النَّعْلَ: جوتے میں تسمہ لگانا۔

شَارَكَهُ و تَشَارَكَا. باہم شریک ہونا۔

اِشْتَرَكَ. الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ اِشْتَرَكَ الْقَوْمُ فِي كَذَا: باہم شریک ہونا۔

الشِرْكُ. شَرِكَ واَشْرَكَ کا اسم۔ شریک حصہ۔ اور اسی سے ہے "بِيعَ شِرْكٌ مِنَ دارِهِ" اس کے گھر کا ایک حصہ بیچا گیا۔ ج اَشْرَاك.

الشِرْكَة. س شریک کا حصہ۔ دو یا دو سے زائد حصوں کا آپس میں اس طرح ملنا کہ ایک دوسرے سے ممتاز نہ ہوں اور عقد پر بھی بولا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ اختلاط نہ ہو۔

الشَرَك. جال۔ پھندا۔ ج شُرُك واَشْرَاك. راستہ پر جانوروں کے قدموں کے نشانات۔ واحد (شَرَكَة)

الشِرَاك. جوتے کا تسمہ جو پشت قدم پر پڑے۔ زمین پر گھاس کی ایک پٹی۔ ج اَشْرُك وشُرُك.

الشُّرَكِيُّ والشُّرَّكِيُّ. تیز چال اور کہا جاتا ہے "لَطَمَهُ لَطْمًا شُرَكِيًّا" اس نے اس کو جلدی جلدی پیاپے طمانچے مارے۔

الشَرِيك. ساجھی۔ شریک۔ ج شُرَكَاء واَشْرَاك. مؤنث شَرِيكَة. ج شَرَائِك.

المُشَارِك. ساجھی۔ حصہ دار۔

المُشْتَرَك. مع جس میں دو یا دو سے زائد شریک ہوں۔ کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ مُشْتَرَكٌ و رَأْيٌ مُشْتَرَكٌ وامْرٌ مُشْتَرَكٌ" لفظ مشترک: جس کے معانی بہت ہوں جیسے لفظ عین۔ رَجُلٌ مُشْتَرَكٌ: غمگین آدمی کی طرح خود بخود باتیں کرنے والا۔

اَلْاِشْتِرَاكِيُّ: اشتراکیت کو ماننے والا۔

اَلْاِشْتِرَاكِيَّةُ: وہ نظریہ جس میں معاشرہ کے وسائل آمدن مشترکہ ہوں اور اس کو ان پر خرچ کیا جائے ان سے کام لیا جائے اور خرچ دیا جائے۔ یعنی آمدن کا حق ملکیت یا وراثت بالکل نہ ہوگا۔

شَرَمَ (ض) شَرْمًا. الشَيْءَ: پھاڑنا۔ الاَنْفَ: ناک کا بانسہ کاٹنا الثَرِيْدَةَ: ثرید کو کناروں سے کھانا لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهِ: تھوڑا سا دینا۔

شَرِمَ (س) شَرَمًا. کٹی ہوئی ناک والا ہونا۔ صفت (اَشْرَم) مؤنث شَرْمَاء ج شُرْم.

شَرَّمَهُ. پھاڑنا۔ چیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَشَرَّمَ وانْشَرَمَ. پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ شَرَّمَ الصَيْدَ: شکار کا زخمی ہو کر بھاگنا۔

الشَارِم. فا. نشانہ کے گوشہ کو چھیدنے والا تیر۔

الشَرْم. س. کھاری۔ سمندر کے پانی کا گہرا حصہ۔ ایک قسم کا درخت۔ ج شُرُوْم.

شَرِنَ (س) شَرَنًا. الصَخْرُ: چٹان کا پھٹنا۔

الشَرَن. شگاف۔

الشَرَنْبَث والشَرَنْبَذ. موٹے اور سخت ہاتھوں والا۔ شیر۔

الشَرَنْبَى. ایک پرندہ۔

شَرْنَفَ. الزَرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے پتوں کو کاٹنا۔

الشِرْنَاف. کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو کھیتی کے لیے مضر ہیں۔

شَرْنَقَ. الشَيْءَ: کاٹنا۔

الشَرَانِق. سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔ والشَرَانِق عِنْدَ المُوَلَّدِيْنَ: ریشم کے کیڑے کا کویا؛ واحد (شَرْنَقَة) اس کو "فَيَالِج" بھی کہتے ہیں جس کا واحد "فَيْلَجَة" ہے۔ نیز "صُلَّج" کہتے ہیں جس کا واحد "صُلَّجَة" ہے۔

شَرِهَ (س) شَرَهًا وشَرَاهَةً. اِلَى الطَعَامِ وعَلَيْهِ: بہت حریص ہونا۔ صفت (شَرِه وشَرْهَان)

الشَرْهَاء. مِنَ السِنِيْنَ: خشک سال۔

شَرْهَفَ. الصَبِيَّ: بچہ کو عمدہ غذا دینا۔

الشَرْوُ و الشِرْوُ. شہد۔

الشِرْوَال. سروال میں ایک لغت ہے۔ بمعنی پاجامہ۔

شَرَىٰ يَشْرِي شِرَاءً وشِرًى. الشَيْءَ: خریدنا، بیچنا اللَحْمَ اَو الثَوْبَ: دھوپ میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا بِنَفْسِهِ عَنْ قَوْمِهِ آگے بڑھ کر قوم کی طرف سے لڑنا۔ بادشاہ کے سامنے قوم کی نمائندگی کرنا۔

ہ. ٹھٹھا کرنا۔ غمگین کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهِ مَاشَرَاهُ" اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کیا اللّٰهُ فُلَانًا: پتی اُچھلنے کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

شَرِيَ يَشْرَىٰ شَرًى. البَرْقُ: بجلی کا چمکنا زِمَامُ الدَابَةِ: بہت زیادہ ہلنا الرَجُلُ: غضبناک ہونا۔ اصرار کرنا الجِلْدُ: جسم پر پتی اُچھلنا۔ صفت (شَرٍ) الشَرُّ بَيْنَهُمْ: بُرائی پھیلنا الفَرَسُ فِيْ سَيْرِهِ: تیز دوڑنا الفَرَسُ فِي لِجَامِهِ والبَعِيْرُ فِيْ زِمَامِهِ: کھینچنا۔

اَشْرَىٰ. الزِمَامَ: حرکت دینا الشَيْءَ: جھکانا۔ الحَوْضَ: حوض کو بھرنا البَرْقُ: بجلی کا تیز چمکنا بَيْنَهُمْ: بھڑکانا القَوْمُ: خارجی جیسا ہونا یعنی طاعت امام سے نکل جانا۔

شَرَّىٰ. اللَحْمَ اوالثوبَ ونَحْوَهُمَا: گوشت یا کپڑے کو دھوپ میں ڈالنا۔

شَارَىٰ مُشَارَاةً وشِرَاءً. الرَجُلَ: خرید و فروخت کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

اِشْتَرَىٰ. خریدنا۔ بیچنا۔

تَشَارَىٰ تَشَارِيًا. الرَجُلَانِ: باہم

غضبناک ہونا۔
تَشَرّٰی تَشَرِّیًا. متفرق ہونا۔ خوارج میں سے ہونا۔
اِسْتَشْرٰی اِسْتِشْرَاءً. الفرسُ فِیْ سَیْرِہٖ: تیز دوڑنا الرَّجُلُ فِی الْاَمْرِ اصرار کرنا۔ اِسْتَشْرَتِ الْاُمُوْرُ: بڑا اور دشوار ہونا الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
اِشْرَوْرٰی اِشْرِیْرَاءً. مضطرب ہونا۔
الشَّرْیُ. اندرائن۔ عرب کہا کرتے تھے۔ "لِفُلَانٍ طَعْمَانِ اَرْیٌ وشَرْیٌ" یعنی فلاں میٹھا بھی ہے اور کڑوا بھی۔ درخت خرما جو بیج سے اگا ہو۔ واحد (شَرْیَۃٌ)
الشِّرَاءُ. ج اَشْرِیَۃٌ و (الشِّرٰی) خرید و فروخت۔
الشَّرَاءُ. طرف۔ جانب۔
الشَّرٰی. پتی اُچھلنے کی بیماری۔ پہاڑ۔ راستہ۔ طرف۔ جانب۔ ج اَشْرَاءٌ. کہا جاتا ہے "دَخَلُوْا اَشْرَاءَ الْحَرَمِ" وہ لوگ حرم کے اطراف میں داخل ہوئے۔ الشَّرٰی: فرات کی جانب شیروں کے رہنے کی ایک جگہ جس کو بطور مثال کے کہا کرتے ہیں (والشَّرَاۃُ) ردی مال یا عمدہ مال۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شَرَارَۃٌ" یعنی عمدہ اونٹ۔
الشَّرِیُّ. مِنَ الْخَیْلِ: پسندیدہ۔ رفتار میں انتہا کو پہنچا ہوا۔
الشَّرِیَّۃُ. الشَّرِیُّ کا مؤنث۔ طریقہ۔ طبیعت۔ روش۔ وہ عورت جو ہمیشہ لڑکی جنے۔
الشَّرْوٰی. مثل یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وهِیَ وهُمَا وهُمْ وهُنَّ شَرْوَاكَ" یعنی تمہارے مثل ہیں اور کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَا یَمْلِكُ شَرْوٰی نَقِیْرٍ" وہ نقیر کی برابر کسی چیز کا مالک نہیں۔ فقیری کے لیے بطور مثال کے بولا کرتے ہیں۔ اور نقیر اس گڑھے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے۔

الشَّرْیَانُ. ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بناتے ہیں۔ اُچھلنے والی رگ جس میں خون دوڑتا ہے۔ ج شَرَایِیْنُ.
الشِّرْیَانَاتُ. جسم کی باریک رگیں۔
الشَّارِیْ. اسم فاعل۔ ج شُرَاۃٌ. زمانہ حال کے علماء اس کلمہ کو بجلی پر دلالت کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ الشُّرَاۃُ: خوارج۔
الْمُشْتَرِیْ. فا خریدار۔ ایک سیارہ کا نام۔ ایک قسم کا پرندہ۔
شَرْیَفَ. الزَّرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے مضر پتوں کو کوٹنا۔
الشِّرْیَافُ. کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو مضر ہوں۔
شَزَّ (ض) شَزَازَۃً. بہت خشک ہونا۔ صفت (شَزٌّ و شَزِیْزٌ)
شَزَبَ (ن) وشَزُبَ (ک) شَزْبًا وشُزُوْبًا. کھردرا ہونا یا لاغر و خشک ہونا۔ صفت (شَازِبٌ) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِبٌ شَازِبٌ" رنگ بدلا ہوا لاغر و خشک مرد۔ ج شُزَّبٌ وشَوَازِبُ.
شَزَّبَ. الْفَرَسَ: گھوڑے کو لاغر کرنا۔ چھریرا بنانا۔
تَشَازَبَ. الْقَوْمُ عَلَی الْمَاءِ وغَیْرِهٖ: اپنے حصہ کا منتظر ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ مُتَشَازِبُوْنَ" وہ لوگ اپنے حصہ کا انتظار کر رہے ہیں۔
الشُّزْبَۃُ. اسم مرۃ۔ کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی۔ الشُّزْبَۃُ مِنَ الْاُتُنِ: دبلی پتلی گدھی۔
الشُّزْبَۃُ. فرصت۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ شُزْبَتُهٗ" اس کی فرصت کا موقع نکل گیا۔
الشَّزِیْبُ. لکڑی جس کی اصلاح ابھی نہ ہوئی ہو۔ کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی۔ ج شُزُوْبٌ.
الشَّوْزَبُ. علامت۔
شَزَرَ (ض) شَزْرًا. الرَّجُلَ والَیْهِ: غصہ میں ترچھی نظر سے دیکھنا فُلَانًا: دائیں بائیں سے نیزہ مارنا۔ نظر بد لگانا۔
شَزَرَ (ن ض) شَزْرًا واِسْتَشْزَرَ. الحَبْلَ: رسّی بٹنا۔ اِسْتَشْزَرَ الْحَبْلُ: رسّی کا بٹ جانا۔ اِسْتَشْزَرَ الشَّیْءَ: بلند کرنا الشَّیْءُ: بلند ہونا۔
اَشْزَرَہٗ. اللّٰهُ: ایسی مصیبت میں پھنسانا جس سے رہائی ممکن نہ ہو۔
تَشَزَّرَ. غضبناک ہونا لِلْقِتَالِ: آمادۂ جنگ ہونا۔
شَازَرَہٗ مُشَازَرَۃً. دشمنی کرنا۔
تَشَازَرَ الْقَوْمُ: ترچھی نظر سے ایک دوسرے کو دیکھنا۔
الشَّزْرُ. مص۔ سختی۔ دشواری۔ کہا جاتا ہے "غَزْلٌ شَزْرٌ" ناہموار کتا ہوا سوت۔
الشَّزَرُ والشُّزْرَۃُ. آنکھ کی سرخی۔
الْاَشْزَرُ. سرخ۔ عَیْنٌ شَزْرَاءُ: غصہ کی وجہ سے سرخ آنکھ۔
شَزِنَ (س) شَزَنًا. الرَّجُلُ: چست ہونا۔
تَشَزَّنَ. الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔ لَهٗ فِی الْخُصُوْمَۃِ: جھگڑے میں سختی برتنا۔ لِلسَّفَرِ: سفر کی تیاری کرنا۔ سامان کرنا۔
(تَشَزُّنًا وتَشْزِیْنًا) الرَّجُلَ: پچھاڑنا۔ الشَّاۃَ: ذبح کرنے کے لیے لٹانا۔
الشَّزْنُ. چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔
الشَّزَنُ والشُّزُنُ. سختی۔ جانب دوری۔ زمین کی سختی۔ مِنَ الْعَیْشِ: زندگی کی سختی۔
الشُّزُنُ: چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔
الشَّزْنَۃُ. مِنَ النِّسَاءِ: بخیل عورت۔
الشُّزُوْنَۃُ. سختی۔
شَزَا یَشْزُوْا شَزْوًا. بلند ہونا۔
شَسَّ (ض) شُسُوْسًا. الشَّیْءُ: خشک ہونا۔
الشَّاسُّ. لاغر ضعیف و خشک۔
الشَّسُّ. سخت زمین جو ایک پتھر کی طرح معلوم ہو۔ ج شِسَاسٌ وشُسُوْسٌ

وشسِيس.
شَسِبَ(س) وشَسُبَ(ک) شَسَبًا وشُسُوبًا. خشک و لاغر ہونا۔ صفت (شاسِبٌ ج شُسُبٌ.
الشَسْبُ والشَسِيْبُ. مِنَ القِسِيِّ: کمان جس کی لکڑی پتلی ہو۔
الشَسُوب. مِنَ النُوق اونٹنی جس کا بچہ سردی میں مر جائے اور پھر دودھ نہ دے۔
شَسع (ف) شَسْعًا وشُسُوْعًا. المَنْزِلُ دور ہونا۔ صفت (شَسُوْعٌ ج شُسُعٌ و (شاسِعٌ). شَسْعًا وشَسَّع واشْسَع) النَعْلَ: جوتے کے لیے تسمہ بنانا۔
اشْسَع. الشَيَّ دور کرنا۔
شسِع (س) شَسَعًا. النَعْلُ: جوتہ کا تسمہ ٹوٹنا الفرسُ گھوڑے کے ثنیہ اور رباعیہ دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔
بہ دور کرنا۔
الشِسْعُ. جوتی کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "اَوْنی مِنَ الشِسْعِ" جوتی کے تسمہ سے بھی قریب۔ تنگ زمین۔ کسی جگہ کا کنارا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِشِسْعٍ مِنَ الوَادی" وہ وادی کے کنارے پر اُترا۔ تھوڑا مال۔ زیادہ مال (ضد) اور کہا جاتا ہے "هُوَ شِسْعُ مالٍ" وہ مال کا انتظام کرنے والا ہے۔ ج اشْسَاع.
شَسَفَ(ن) شَسُفَ(ک) شُسُوْفًا شَسَافَةً وشَسَافَةً. خشک و لاغر ہونا۔ صفت (شاسِفٌ وشَسِيْفٌ)
الشَسْفُ. خشک روٹی کی ٹکیہ۔
الشَسِيف کچی کھجور چیر کر خشک کی ہوئی۔
الشَسِيف وہ شخص جو لاغری کی وجہ سے خشک ہو چلا ہو۔
شَصَّتْ (س ض) شُصُوْصًا وشِصَاصًا. الناقةُ اونٹنی کا بہت کم دودھ والی ہونا المعِيشَةُ تنگ گزران ہونا

الرَجُلُ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما اَدْرِی اَیْنَ شَصَّ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔
شَصَّ(ن) شَصًّا واشَصَّهُ. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ دُور کرنا۔ ہٹانا۔ اَشَصَّ الرَجُلُ دُور چلا جانا۔ اَشَصَّتِ النَاقَةُ اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔ صفت شَصُوْصٌ. مُشِصٌّ نہیں کہتے۔
الشِصُّ. مشاق چور۔ ج شُصُوْص (والشَصُّ) مچھلی شکار کرنے کا کانٹا۔ جس کو "سَنَّارَة" بھی کہتے ہیں۔ ج شُصُوْص.
الشَصُوْصُ. مِنَ النُوق اوالشِيَاه: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج شُصُص وشَصَائِص وشِصَاص. سَنَةٌ شَصُوْصٌ خشک سال۔ کہا جاتا ہے "نَفَی اللّٰهُ عَنكَ الشَصَائِص" اللہ تمہاری سختیوں کو دُور کرے۔
شَصَبَ(ن) شُصُوْبًا وشَصِبَ(س) شَصَبًا. العَيْشُ تنگ گزارن ہونا۔ صفت (شَاصِبٌ) الاَمْرُ دشوار ہونا المَكَانُ قحط زدہ ہونا۔
شَصَبَ(ن) شَصْبًا. الشَاةَ بکری کی کھال اُتارنا۔
اَشْصَبَ. اللّٰهُ عَيْشَهُ تنگ گزران کرنا۔
الشِصْبُ. سختی۔ قحط۔ خشک سالی۔ حصّہ۔ ج اَشْصَاب.
الشَصْبُ والشَصَبُ. خشکی۔
الشُصُبُ کھال اُتری ہوئی بکری۔ عَيْشٌ (شَصِبٌ) دشوار و تنگ گزران زندگی۔
الشَصِيبُ حصّہ۔ مسافر۔
الشَصِيبَةُ سختی و خشک سالی۔ کنوئیں کی گہرائی۔ ج شَصَائِب. الشَصَائِب پالان کی لکڑی۔
الشَصَّابُ قصاب۔
شَصَرَ(ن) شَصْرًا. الثَوْبَ کپڑے کو دُور دُور سینا۔ لنگر ڈالنا فُلانًا بالرُمْحِ کسی کو نیزہ مارنا۔ ٥. الثَورُ بیل کا سینگ مارنا۔
الشَصَر ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے

اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شَصَرَة. ایک چھوٹا پرندہ۔ ج اَشْصَار.
الشَاصِرُ. فا. الشَاصِرُ مِنَ الظِبَاءِ: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شَاصِرَة ج شَوَاصِر.
الشَاصِرَة درندوں کیلئے ایک جال۔
الشَوْصَر. مِنَ الظِبَاءِ ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔
الشَصِيْر کانٹے کی چبھن۔
شَصَا يَشْصُو شُصُوًّا وشَصِيَ يَشْصَى شُصِيًّا. البَصَرُ نگاہ کا پتھرا جانا السَحَابُ بادل کا بلند ہونا القِرْبَةُ مشک کا خوب اچھی طرح بھر جانا المَيِّتُ میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا۔ کہا جاتا ہے "شَصَا بِرِجْلِهِ" اس نے اپنی ٹانگ اُٹھائی۔
اَشْصَى. بَصَرَهُ ٹکٹکی لگانا۔ نگاہ اُٹھانا۔
الشَصْوُ. سختی۔ مسواک۔
شَطَّ(ض ن) شَطًّا وشُطُوْطًا. دُور ہونا۔ فُلانًا دُور کرنا۔ ظلم کرنا۔
شَطَّ(ض) شَطَطًا زیادتی کرنا۔ حق سے دُور ہو جانا عَلَيْهِ فِي قَوْلِهِ وحُكْمِهِ: ظلم کرنا فِي سِلْعَتِهِ حد سے تجاوز کرنا اور بیش قیمت کرنا۔
اَشَطَّ اِشْطَاطًا واشْتَطَّ اشْتِطَاطًا زیادتی کرنا۔ حد سے تجاوز کرنا۔ حق سے دُور جا پڑنا عَلَيْهِ ظلم کرنا۔
شَطَّطَ زیادتی میں مبالغہ کرنا۔
سَاطَّهُ زیادتی کرنے میں مقابلہ کرنا۔
الشَطُّ سن۔ دریا یا سمندر کا کنارہ۔ ج شُطُوط وشُطَّان کوہان کی ایک جانب۔ ج شُطُوط.
الشَطَّةُ اسم مرۃ۔ جارِيَةٌ شَطَّةٌ سڈول بدن والی لونڈی۔
الشَطَّةُ والشَطَاطَةُ والشَطَاط والشُطَاطُ دوری۔ الشِطَاط والشُطَاط: قد و قامت کی خوبصورتی اور اعتدال۔
الشَاطُّ. فا. رَجُلٌ شَاطٌّ سڈول بدن

والامرد۔مؤنث شاطَۃ.

شَطَأَ(ف) شَطْاءً وشُطُوْءًا.کنارہ پر چلنا الدَابۃ بالحمْلِ جانور پر بوجھ لادنا۔ فُلَانًا :مغلوب کرنا ۔ الاُمُّ بالوَلَد :بچہ گرا دینا (واَشْطَأَ) الزَرْعُ :کھیتی میں خوشہ نکلنا۔ اشْتَطَأَ الشَجَرُ بغُضُوْنِہٖ:درخت میں ٹہنی نکلنا۔ اَشْطَأَ الرَجُلُ :زکام والا ہونا۔ اَشْطَأَ الوَادِی :دونوں کناروں پر بہنا۔ کہتے ہیں ''ملنا لِوَادِی کَذَا فَوَجَدْنَاہ مُشْطئًا''ہم فلاں وادی کی طرف متوجہ ہوئے تو اس کو دونوں کناروں سے بہتا ہوا پایا۔

شَطَّأَ تَشْطِیئًا. النَهْرُ :دونوں کناروں پر بہنا۔

شَاطَأَہٗ.ایک دوسرے کے ساتھ دریا کے کنار پر چلنا۔

الشَطْأُ.کنارہ۔ج شُطُوْء (والشَطَأُ)کھیتی کے پتے یا خوشہ۔درخت خرما کے پودے۔ مِنَ الشَجَرِ :شاخیں جو درخت کی جڑ میں نکل آئیں۔ج اَشْطَاء.

الشُطْأَۃ.زکام۔

الشَاطِئ. فا مِنَ النَهْرِ.جانب۔ تم کہتے ہو ''شَاطِئُ الْاَوْدِیَۃ''اس کی جمع نہیں آتی۔ مِنَ البَحْرِ .کنارہ۔ج شَوَاطِی وشُطْاَن.

شَطَبَ(ن) شَطْبًا. الشیَٔ .لمبا کاٹنا یا چیرنا ہ وشَطَّبَ فَوْقَہٗ :لکیر کھینچنا الرَجُلَ :دُور ہونا عَنْہُ :اعراض کرنا۔ ہٹنا الرُمْحُ عَنْ مَقْتَلِہٖ :نیزے کا خطا کرنا۔

شَطَّبَہٗ.جسم میں عمل تشریح کرنا۔

تَشَطَّبَ. کٹنا (وانْشَطَبَ) المَاءُ ونحوُہٗ :بہنا۔

الشَطْبُ. مس۔ لمبا خوبصورت قد و قامت والا۔ درخت خرما کی تر و سبز شاخ۔ ج شُطُوْب.

الشَطْبَۃ. مِنَ النَخْلِ :کھجور کی سبز شاخ۔ تلوار۔ج شُطَب.لکیر جو غلط تحریر پر کھینچ دی جائے (والشَطْبَۃ) لمبی خوبصورت لڑکی۔ اچھے گوشت والا گھوڑا۔

الشُطْبَۃ والشُطَبَۃ والشِطْبَۃ.تلوار وغیرہ کے پھل کی دھاری۔ج شُطَب.

الشَطِیْبَۃ.اونٹ کے کوہان کا ٹکڑا جو لمبا کاٹ لیا گیا ہو۔جیسے شَطَائِب.

الشَطَائِب. مختلف فرقے۔سختیاں۔

سَیْفٌ (مَشْطُوْبٌ ومُشَطَّبٌ)دھاری دار تلوار۔ رَجُلٌ مُشَطَّبٌ :وہ شخص جس کے چہرہ میں تلوار وغیرہ کی ضرب کا نشان ہو۔

شَطَرَ (ن) شَطْرًا. الشیَٔ :دو برابر حصوں میں کرنا بیْتَ الشِعْرِ :شعر کا نصف حذف کرنا النَاقَۃَ اوالشَاۃَ :ایک جانب کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔ اور کہتے ہیں شَطَرَ شَطْرَہٗ اس نے اس کی جانب کا قصد کرنا۔

شَطَرَت(ن) شُطُوْرًا. النَّاقَۃُ :اونٹنی کے تھن کے ایک حصّہ کا لمبا ہونا۔ شَطَرَ بَصَرُہٗ اس طرح دیکھنا کہ تمہاری طرف بھی نظر رہے اور دوسرے کی جانب بھی الدَارُ: دُور ہونا (شَطَارَۃً) شوخ و بیباک ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا۔ (شُطُوْرًا وشُطُوْرۃ وشَطَارَۃً) عَنْہُمْ :جدا و بعید ہونا عَلٰی اَھْلِہٖ :خباثت و کمینگی کی وجہ سے موافقت چھوڑ دینا اِلَیْھِم :متوجہ ہونا۔

شَطُرَ(ک) شَطَارَۃً.شوخ و بیباک ہونا۔ چالاک وخبیث ہونا (شُطُوْرَۃ النَّاقَۃُ)اونٹنی کے ایک پستان کا دوسرے سے لمبا ہونا۔ ایک پستان خشک ہونا۔

شَطَّرَ. الشیَٔ :دو حصوں میں تقسیم کرنا۔ الشِعْرَ :شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ بڑھا دینا (مولّدۃ) النَّاقَۃَ و باالنَّاقَۃِ :اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔

شَاطَرَہٗ. مَالَہٗ آدھا آدھا تقسیم کر لینا۔ فُلَانًا :کسی کے گھر کے متصل گھر والا ہونا النَّاقَۃَ :اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔

الشَطْر. مس۔ جزء۔ نصف۔ اور اسی سے ہے ''شَطْر بیْت الشِعْر''شعر کا نصف واحد؛ دُوری ۔جہت؛ جانب۔ اور اسی سے ہے شَطَر شَطْرَہٗ و ''فَوَلِّ وجْھَكَ شَطْرَ الْمَسْجِد''اپنے چہرہ کو مسجد کی جانب پھیرو۔ ج اَشْطُرْ وشُطُوْر ناقہ کے تھن کے دو حصّے ہوتے ہیں دو اگلے اور دو پچھلے۔ ہر دو باکھوں کو شطر کہتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے ''حَلَبَ اشْطُر الدَھْر''یعنی اس نے تجربہ کیا اور زمانہ کے خیر و شر کو وہ پہچان گیا اور امثال عرب سے ہے ''ھٰذَا حَلْبٌ لَكَ شَطْرہ''یہ ایسا عمل ہے جس میں فریقین کا نفع ہے۔

الشِطْرَۃ.اسم نوع۔ اور کہا جاتا ہے ''اَوْلَادُ فُلَان شِطْرَۃٌ''یعنی فلاں کی اولاد نصف مذکر نصف مؤنث ہے۔

الشَطْرَان.صرف نصف تک بھرا ہوا مؤنث شَطْرَیٰ.

الشَاطِر. فا. شوخ و بیباک۔ چالاک و خبیث۔ج شُطَّار.

الشَطُوْر. (مِنَ النِعَاج اوالنُوْق:) بھیڑیا۔ اونٹنی جس کے ایک جانب کا تھن لمبا ہو یا ایک جانب کا تھن خشک ہو گیا ہو۔ ثَوْبٌ شَطُوْرٌ.کپڑا جس کی ایک جانب دوسرے سے لمبی ہو۔ دَارٌ شَطُوْر :دوسرے مکانوں سے علیحدہ مکان۔

الشَطِیْر. دُور۔ اکیلا۔ مسافر۔ اجنبی۔ ج شَطَراء وشُطُر. آدھا۔ کہا جاتا ہے ''ھٰذا شَطْرُہٗ وشَطِیْرہٗ''یہ اس کا آدھا ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے ''ھٰذا نِصْفُہ ونَصِیْفُہ.''

المَشْطُور. مع۔ چٹنی لگی ہوئی روٹی۔ مِنَ الرجْز :فن عروض کی اصطلاح میں بحر رجز کے چھ اجزاء سے تین جز حذف کیا ہوا۔

المُشَاطِر. ہمسایہ۔ کہا جاتا ہے ''ھُمْ مُشَاطِرُونا''ان کے گھر ہمارے گھر سے متصل ہیں۔

الشِطْرَنْج.ایک مشہور کھیل ہے۔ سنسکرت لفظ چترانگ کا معرب۔ اس میں چھ قسم کے مہروں سے کھیلتے ہیں جو شاہ فرزین؛ فیل؛ اسپ

رخ اور پیدل کہلاتے ہیں۔ ج شِطْرَنْجات.

شَطَسَ (ن) شَطْسًا. فِي الْاَرْضِ: سفر کرنا۔

الشَّطْس. س۔ چالاکی۔

الشُّطس والشُّطْسَة. مخالفت۔ دشمنی۔ عناد۔

الشَّطُوْس. ہر طرف کو جانے والا۔ حکم کے خلاف چلنے والا۔

شَطِعَ (س) شَطْعًا. الرَّجُلُ: مرض وغیرہ کی وجہ سے گھبرا اُٹھنا۔

شَطَفَ (ن) شُطُوْفًا. الرَّجُلُ: جانا اور دُور ہونا عَنِ الشَّيْءِ: ہٹنا الثَّوْبَ وغیرہ: کپڑا وغیرہ دھونا۔

سَهْمٌ (شَاطِفٌ) نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ نِيَّةٌ (شَطُوْفٌ) ارادہ بعید و بے پایاں۔

الشُّطْفَة. مِنَ الشَّيْءِ: ٹکڑا۔ ج شُطَف.

شَطَنَهُ (ن) شَطْنًا. مخالفت کرنا۔ دُور کرنا۔ رسّی سے باندھنا۔ شَطَنَ فِي الْاَرْضِ: داخل ہونا (شُطُوْنًا) الدَّار: دُور ہونا۔

الرَّجُلُ: حق وغیرہ سے دُور ہونا

اَشْطَنَهُ: دُور کرنا۔

شَيْطَنَ شَيْطَنَةً وتَشَيْطَنَ. شیطانی فعل کرنا۔

الشَّاطِن. فا. خبیث۔ حق سے دُور ہونے والا۔

الشَّطَن. رسّی۔ ج اَشْطَان.

بِئْرٌ (شَطُوْنٌ) زیادہ گہرا کنواں۔ حَرْبٌ شَطُوْنٌ: بہت سخت جنگ۔ نِيَّةٌ شَطُوْنٌ: ارادۂ بعید رُمْحٌ شَطُوْنٌ: لمبا ٹیڑھا نیزہ۔

الشَّطِيْن. دُور۔

الشَّيْطَان. ج شَيَاطِيْن. دیو۔ ہر سرکش و نافرمان (آدمی ہو یا جن یا جانور) اور اسی سے ہے "شَيَاطِيْنُ الْعَرَبِ" عرب کے سرکش و نافرمان لوگ۔ سانپ۔ شَيْطَانُ الْفَلَاةِ: پیاس۔ مُخَاطُ الشَّيْطَان: ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اور کہا جاتا ہے "رَكِبَهُ شَيْطَانُهُ" یعنی وہ غضبناک ہوا و "شَيَاطِيْنُ الرَّاسِ" غصے کا جوش۔

شَطِيَ (س) شُطِيًّا. الْمَيِّتَ: میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا۔

شَطّٰى تَشْطِيَةً. الشَّاةَ: کھال اُتارنا اور گوشت کو جدا جدا کرنا۔

اِنْشَطٰى. الشَّيْءُ: پراگندہ و متفرق ہونا۔

شَظَّ (ن) شَظًّا. الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ سختی میں ڈالنا (وشَظَّظَ واَشَظَّ) الْقَوْمَ: پراگندہ و متفرق کرنا۔ دھتکارنا۔ شَظَّ واَشَظَّ الْجَوَالِقَ: ٹیڑھے سرے کی لکڑی کو بورے کے دونوں گوشوں میں باندھنا۔

الشَّظّ. س۔ دن کا بقیہ۔ ج اَشْظَاظ.

الشِّظَاظ. ٹیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے کے دونوں گوشوں میں داخل ہو۔ ج اَشِظَّة.

الشَّظِيْظ. بندھا ہوا بورا۔ چری ہوئی لکڑی۔ ج اَشْظَاظ. کہا جاتا ہے "طَارُوْا اَشْظَاظًا اور شِظَاظًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔

شَظِفَ (س) شَظَفًا. الْعَيْشُ: تنگ گزران ہونا الرَّجُلُ: تنگ زندگی والا ہونا۔ صفت (شَظِفٌ) الْعَيْشِ: شَظِفَتْ يَدُهُ: سخت اور کھردرا ہونا السَّهْمُ: تیر کا کھال اور گوشت کے درمیان داخل ہونا۔ (وشَظُفَ (ک) شَظَافَةً) الشَّجَرُ: سخت ہونا۔ صفت (شَظِيْف)

شَظَفَهُ (ن) شَظْفًا. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔

الشَّظَف. س۔ ج شِظَاف و (الشَّظَاف) تنگی و سختی۔

الشِّظَاف. دُوری۔

الشَّظَف. س۔ لاٹھی کی پھٹن۔

الشِّظْف. خشک روٹی۔ کھونٹی کی مانند لکڑی۔ چھپٹی۔ ج شِظْفَة.

الشَّظِف. بدخلق۔ بڑا جنگجو۔ عُوْدٌ شَظِف: ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ اَرْضٌ شَظِفَةٌ: سخت و خشک زمین۔

الْمِشْظَف. بے ارادہ تعریض کرنے والا۔

شَظِيَ (س) يَشْظٰى شَظًى. پھٹنا۔ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔

شَظٰى يَشْظِي شَظْيًا. السِّقَاءُ: خوب اچھی طرح بھر جانا الْمَيِّتُ: میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا۔

شَظّٰى تَشْظِيَةً. الْقَوْمَ: متفرق کر دینا الْفَرَسَ: گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا۔

اَشْظٰى ہ: گھٹنے کی باریک ہڈی پر مارنا۔

تَشَظّٰى. پھٹنا۔ متفرق ہونا الْعُوْدُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِنْشَظٰى. پھٹنا۔

الشَّظٰى. س۔ دست یا زانو کی پتلی اور چھوٹی ہڈی یا ان میں کے چھوٹے چھوٹے پٹھے۔ قوم کے پیرو۔ اجنبی لوگ جو قوم میں داخل ہو جائیں۔

الشَّظِيَّةُ. کمان۔ پنڈلی کی ہڈی۔ لکڑی۔ ہڈی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج شَظَايَا وشَظِيٌّ.

الشِّظْيَة. پتھر کا بڑا ٹکڑا جو پہاڑ سے ایک طرف کو نکلا ہوا ہو۔

شَعَّ (ض) شَعًّا وشَعَاعًا. الْمَاءُ: بکھرنا۔ پھیلنا (شَعًا وشَعِيْعًا) جلدی کرنا۔

شَعَّ (ن) شَعًّا وشَعَاعًا. الْمَاءَ: بکھیرنا۔ کہا جاتا ہے "شَعَّ الْغَارَةَ عَلَيْهِمْ" ہر طرف سے لوٹ ڈالنا۔

اَشَعَّ اِشْعَاعًا. الْمَاءَ ونَحْوَهُ: بکھیرنا الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشہ نکلنا السُّنْبُلُ: دانوں سے پر ہونا۔

اِنْشَعَّ. الذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ. بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا۔

الشُّعّ. مکڑی کا جالا۔ شُعُّ الشَّمْسِ: آفتاب کی کرن۔

الشُّعَاع. آفتاب کی کرن۔ ج اَشِعَّة و شُعُع و شِعَاع.

الشُّعَاع (علم ہندسہ)

خط مستقیم کا ٹکڑا جس کو سامنے نے جایا گیا ہو خط مستقیم کا قطعہ جو مرکز اور نقطہ دائرہ کو ملا دے۔ اس کا نام شعاع الدائرہ ہے۔

اَشِعَّۃُ س اور رُنْجِن: غیر مرئی شعاعیں غیر شفاف اجسام جیسے لکڑی اور معدنی پلیٹ کو جلاتی ہے۔
اَشِعَّۃُ مَا قَبْلَ الاَحْمَرِ: سفید روشنی میں موجود غیر مرئی شعاعیں جن کا وقوع شرارے میں سرخ رنگ سے قبل ہوتا ہے بہت گرم ہوتی ہیں۔ اَشِعَّۃُ مَا بَعْدَ البِنَفْسَجِی: غیر مرئی سفید روشنی میں موجود شعاعیں جن کا وقوع شرارے میں بنفشی کے بعد ہوتا ہے۔ یہ فوٹو گرافی کی پلیٹ پر نشان چھوڑ جاتی ہے۔ اس کے ذریعے اس کے وجود کا علم ہوتا ہے۔
الاشعۃ المُهْبِطَۃُ: ہلکے (خفیف) گیس کی نالی میں بجلی کے آنے کی وجہ سے نیچے سے اوپر کی طرف بجلی کے شرارے جاتے ہیں۔
اَلْشَعَّاعُ شعاع کو چھوڑنے کا آلہ۔
الشَعَاعُ۔ س۔ خون وغیرہ کا بکھرنا۔ ہلکا سایہ مِنَ اللَّبنِ: زیادہ پانی ملا ہوا دودھ ہر بکھری ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ بِالعَصَاءِ عَلَى الحَائِطِ فَتَطَايَرَتْ شَعَاعًا" میں نے لاٹھی کو دیوار پر مارا جس کی وجہ سے لاٹھی کے چیتھڑے اُڑ گئے۔ و "ذَهَبَ القَوْمُ شَعَاعًا" قوم بکھر گئی و "طَارَ قَلْبُهُ شَعَاعًا" اس کا دل غموں کی وجہ سے پراگندہ ہو گیا۔ و "طَارَتْ نَفْسُہ شَعَاعًا" خوف وغیرہ کی وجہ سے اس کا جی پراگندہ و پریشان ہو گیا۔
شُعَاعُ السُنْبُلِ وشَعَاعُہٗ وسَعَاعُہٗ وشَعُّہٗ۔ خوشہ کا خشک کانٹا جب تک کہ خوشہ پر رہے۔
الشَعُّ والشَعِيْعُ۔ جلدی۔ والشعُ مِنْ كُلِّ شَئٍ: بکھری ہوئی۔
شَعَبَ (ف) شَعْبًا۔ الشَئَ: جمع کرنا۔ متفرق کرنا۔ درست کرنا۔ بگاڑنا (ضد) پھاڑنا۔ الشَئُ: ظاہر ہونا القَوْمُ: متفرق ہونا الرَجُلُ: مرنا۔ شَعَبَتْهُ المَنِيَّۃُ: اچانک ہلاک کرنا فُلَانًا: مشغول کرنا اللِجَامَ الفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کو روکنا اور دوسری طرف کو پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْعَبْ لِیْ شُعْبَۃً مِنَ المَالِ" یعنی اپنے مال میں سے ایک حصہ مجھ کو دو۔ شَعَبَ اِلَى القَوْمِ: اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر قوم کی طرف مائل ہونا الاَمِیْرُ رَسُوْلًا اِلٰى مَوْضِعِ كَذَا: پیغامبر بنا کر بھیجنا۔
شَعِبَ (س) شَعَبًا۔ الرَجُلُ اَوِ الثَوْرُ: کندھوں اور سینگوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔
شَعَّبَ واَشْعَبَ۔ عَنْهُ: ہمیشہ کیلئے جدا ہونا۔
اَشْعَبَ الرَجُلُ: مرنا۔
شَاعَبَ۔ و شَاعَبَتْ نَفْسُہٗ: مرنا۔
شَاعَبَ الحَيٰوۃَ: ہلاک کرنا صَاحِبَہٗ: دُور ہونا۔
اَلشَّعْبُ: بڑا قبیلہ۔ وہ طبقات جن پر عرب کی نسل تقسیم ہیں درج ذیل ہیں۔ (۱) الشَّعْبُ (۲) اَلْقَبِيْلَۃُ (۳) اَلعِمَارَۃُ (۴) اَلْبَطَن (۵) اَلْفَخِذُ (۶) اَلْفَصِيْلَۃُ (۷) اَلعَشِيْرَۃُ۔ شعب میں کئی قبائل ہوتے ہیں قبیلہ میں کئی عمارہ، عمارہ میں کئی بطن، بطن میں کئی فخذ، فخذ میں کئی فصیلہ اور فصیلہ میں کئی عشیرہ ہیں۔ خزیمہ شعب ہے کنانہ قبیلہ، قریش عمارہ، قصی بطن، ہاشم فخذ اور عباس فصیلہ ہے۔ عشیرہ سے مراد ایک باپ کے قریب ترین بیٹے۔
تَشَعَّبُوْا۔ متفرق ہونا۔ تَشَعَّبَ الزَرْعُ: شاخوں والی ہونا النَهْرُ: متفرق شاخیں نکلنا عَنْهُ دُور ہونا۔ تَشَعَّبَتْهُم الفِتْنَۃُ: جدا جدا کر دینا۔ تَشَعَّبَتْ اَغْصَانُ الشَجَرَۃِ: متفرق شاخیں پھیلنا الشَئُ: درست ہونا۔
اِنْشَعَبَ۔ عَنْهُ: دُور ہونا اَغْصَانُ الشَجَرَۃ: جڑ سے شاخیں نکلنا الطَرِيْقُ او النَهْرُ: جدا ہونا۔ اِنْشَعَبَ الرَجُلُ واِنْشَعَبَ نَفْسُہٗ: مرنا الشَئُ: درست ہونا۔ اِنْشَعَبَ بِہٖ القَوْلُ: بات میں سے بات نکلنا۔
الشَعْب۔ س۔ بڑا قبیلہ۔ لوگوں کی جماعت مثل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا شَعْبَانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ دوری۔ دُور۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ شَعْبٌ" دُور کا پانی۔ سر کے ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ۔ شگاف۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَأَمَ شَعْبُهُمْ" وہ لوگ متفرق ہونے کے بعد جمع ہو گئے۔ ج شُعُوْب۔
الشُعُوْبِيَّۃُ۔ وہ لوگ جو عرب کی حقارت کریں اور عجم پر فضیلت نہ دیں۔ واحد (شُعُوبِیٌّ)
الشِعْبُ۔ پہاڑی راستہ۔ پانی کا راستہ۔ درۂ کوہ۔ بڑا قبیلہ۔ جانب۔ ج شِعَاب اور کہتے ہیں۔ "شَغَلَتْ شِعَابِی جدوای" یعنی اہل و عیال پر خرچ کی وجہ سے دوسروں پر مہربانی کرنے سے باز رہا۔
الشَعَب۔ س۔ دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الشُعْبَۃ۔ فرقہ۔ کسی چیز کا گروہ۔ شاخ۔ دونوں سینگوں یا دو شاخوں کے درمیان کا فاصلہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ وادی کی بڑی نالی۔ پہاڑ کی دراڑ۔ ج شُعَبٌ وشِعَابٌ وشُعُبٌ الدَهْرِ: زمانہ کے احوال۔ شُعَبُ السَفُّوْدِ: سیخ کے دندانے جس میں بھوننے کیلئے گوشت لٹکاتے ہیں۔ شُعَبُ اليَدِ: انگلیاں۔ شُعَبُ الفَرَسِ: گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر وغیرہ۔ شُعَبُ الجِسْمِ: ہاتھ پاؤں۔ شُعْبَتَا الرَحْلِ: کجاوہ کا اگلا پچھلا حصہ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ مَسْأَلَۃٌ كَثِيْرُ الشُعَبِ" یہ ایسا مسئلہ ہے جس کی تفریعات بہت ہیں۔
شَعْبَانُ۔ قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ۔ ج شَعْبَانَات وشَعَابِيْن (کلمہ غیر منصرف ہے)
شَعُوْبُ۔ موت کے لیے علم ہے اور غیر منصرف ہے۔
الاَشْعَبُ۔ جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا۔ مؤنث شَعْبَاء۔ ج شُعْب۔
الشَعَّاب۔ شگاف کو درست کرنے والا۔ پیشہ کا نام (الشِعَابَۃ) ہے۔
الشَعِيْب۔ کجاوہ۔ پرانی مشک۔ توشہ دان۔ ج

شُعْب.

الشَّاعِبَان. دونوں کندھے۔

المَشْعَب. راستہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَشْعَبُ الحَق" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے۔ ج مَشَاعِب.

المِشْعَب. سوراخ کرنے کا آلہ۔ ج مَشاعِب.

المُشَعَّب. درست کیا ہوا۔

شَعْبَذَ. شعبدہ بازی کرنا۔ بازی گری کرنا۔

شَعِثَ (س) شَعَثًا. الاَمْرُ: پراگندہ ہونا۔ (شَعَثًا وشُعُوثَةً) الشَّعْرُ: بالوں کا غبار آلود ہونا۔ چکٹ جانا۔

شَعَّثَ. الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا ہ بِخَيْرٍ: خیر پہنچانا۔ مِنْ فُلان: چشم پوشی کرنا مِنْهُ شَيْئًا: لے لینا۔ نکال لینا عَنْهُ: مدافعت کرنا مِنَ الطَّعَام: تھوڑا کھانا الشَّاعِرُ: شعر میں تشعیث جاری کرنا (تشعیث علم عروض کی اصطلاح میں "فاعلاتن" کے وتد کے دو متحرک میں سے ایک متحرک حذف کرنے کو کہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ مفعولن کے وزن پر ہو جاتا ہے۔)

تَشَعَّثَ. پراگندہ ہونا۔ بکھرنا مِنَ الطَّعَام: تھوڑا کھانا الشَّعْرُ: بالوں کا چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا الشِّعْرُ: شعر میں تشعیث جاری ہونا۔

الاَشْعَث. چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔ مؤنث شَعْثَاء. ج شُعْث.

الشَّعْث. پراگندگی معاملہ۔

الشَّعَث. مص۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَهُمْ" اللہ نے ان کے امر کو جمع کر دیا۔

الشَّعِث وَالشَّعْثَان. چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔

شَعَرَ (ن) شَعْرًا وشَعَرًا. الثَّوْب: کپڑے میں بال بھرنا الرَّجُلُ: شعر کہنا بِفُلَان: کسی کے لیے شعر کہنا۔

شَعَرَ (ن) وشَعُرَ (ک) شِعْرًا وشَعْرًا [1] وشِعْرَى وشُعْرَى وشِعْرَى وشَعْرَةً وشِعْرَةً بتثلیث الشین وشُعُورًا وشُعُورَةً ومَشْعُورًا ومَشْعُورَةً ومَشْعُورَاء. بِهِ: جاننا۔ محسوس کرنا۔ لَهُ سمجھنا۔

شَعِرَ (س) شَعَرًا. زیادہ اور لمبے بال والا ہونا۔

شَعَّرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: کپڑے میں بال بھرنا۔

اَشْعَرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا الثَّوْبَ: کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا ہ الاَمْرَ وبالاَمْرِ جتا دینا۔ خبر دینا۔ ہ الشِّعَارَ: شِعَار (وہ کپڑا جو بالوں سے متصل ہو) پہنانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَشْعَرَ الهَمُّ قَلْبِي" غم میرے دل کے ساتھ چپک گیا۔ اَشْعَرَهُ بِكَذَا: چپکانا القَوْمُ: اپنے لیے خاص علامت مقرر کرنا۔ ایک دوسرے کو علامت مقررہ سے پکارنا۔ اَمْرَ فُلَانٍ: مشہور کرنا الرَّجُلَ: برے نام سے مشہور کرنا ہ شَرًّا: ڈھانپ لینا۔

شَاعَرَهُ فَشَعَرَهُ. شعروں میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا اور غالب ہونا۔

اُشْعِرَ. المَلِكُ: بادشاہ کا قتل کیا جانا۔

تَشَعَّرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا۔

تَشَاعَرَ. بتکلف شاعر بننا۔

اِسْتَشْعَرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا الشِّعَارَ: پہننا القَوْمُ: ایک دوسرے کو علامت خاص سے پکارنا بالثَّوْبِ: شعار کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَشْعِرْ خَوْفَ اللّٰهِ" اللہ کے خوف کو اپنے قلب کے لیے شعار بنا لو۔

الشَّعْرُ والشَّعَرُ. بال۔ ج اَشْعَار وشِعَار وشُعُور. واحد (شَعْرَةٌ) ج شَعَرَات.

شَعْرُ الغُول: ایک قسم کی نباتات۔

الشِّعْر. مص۔ کلام منظوم۔ ج اَشْعَار. "لَيْتَ شِعْرِي فُلَانًا اوعَنْ فُلَان اَوْ لِفُلَان مَا صَنَعَ" یعنی کاش مجھے فلاں کے متعلق علم ہوتا کہ اس نے کیا کیا۔

الشِّعْرَة. بال کا ایک ٹکڑا (والشِّعْرَاء) ناف کے نیچے بال اگنے کی جگہ۔

الشَّعِرْ والشَّعْرَانِيّ. بہت اور لمبے بال والا۔

الشَّعَار. درختوں والی جگہ۔ نرم زمین میں گنجان درخت جہاں لوگ سردی میں گرمی حاصل کریں اور گرمی کے زمانہ میں سایہ لیں۔ درخت۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس۔ شَعَارُ الحج: احکام حج و رسوم حج۔ واحد (شَعَارَة)

الشِّعَار. مخصوص لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقعہ پر ایک دوسرے کو پکاریں۔ مولدین اس کو "سرُّ اللَّيْلِ" کہتے ہیں۔ لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت بدن کے بالوں سے متصل لباس گھوڑے کا جھول۔ کڑک۔ گنجان درخت۔ ج اَشْعِرَة وشُعُر. شِعَارُ الحَج: علامت و رسوم حج۔ و شِعَارُ المَمْلَكَة: حکومت کے علامات۔ واحد (شِعَارَة)

الشَّعِيْر. جو۔ واحد (شَعِيْرَةٌ) ج شَعِيْرَات اور شَعِيْرَةٌ کا اطلاق اس پیمائش پر بھی ہوتا ہے جو خچر کے بالوں کے چھ بال کے برابر ہو۔ نیز گوہاجنی جو آنکھ کے پلک کے کنارے پر ہوتی ہے۔

الشَّعِيْرَة. علامت۔ ج شَعَائِر. شَعَائِرُ الحَج: حج کے رسوم و علامات۔

الشَّعِيْرِي. شعیر کی جانب منسوب۔ جو کا بیچنے والا۔

الاَشْعَر. بہت اور لمبے بال والا۔ مؤنث شَعْرَاء. ج شُعْر. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشْعَرُ الرَّقَبَة" یعنی فلاں گردن پر بہت بالوں والا ہے گویا کہ وہ شیر ہے۔ الاَشْعَر: ج اَشَاعِر: جانور کے کھر کے گرد اگرد کا چمڑا۔ گوشت جو ناخن کے نیچے نکلے۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا البَيْتُ اَشْعَرُ مِنْ هٰذَا" یہ شعر اس سے اچھا ہے۔

الشَعْرَاء. الاَشْعَر کا مؤنث۔ پوستین۔ جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی لوگوں کی کثرت اور بھیڑ۔ ایک قسم کا آرڈر۔ ایک شور قسم کا درخت۔ اَرْضٌ شَعْرَاء: بہت درختوں والی زمین۔ رِمَال شَعْراء: نصی نامی گھاس اگانے والا ریگستان۔ الشَعْرَاء مِنَ الدَواهی: سخت مصیبتیں۔ ج شُعْر.

الشَاعِر. فا۔ شعر کہنے والا۔ ج شُعَرَاء. مؤنث شَاعِرَة. ج شَوَاعِر و شَاعِرَات.

شِعْرٌ شَاعِرٌ: عمدہ شعر۔

اَصَحَّ اِصْحَاحًا. تندرست کرنا یا تندرست پانا۔ مرض کا زائل کر دینا۔ اَصَحَّ الرَّجُلُ: آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا۔
تَصَحَّحَ بِکَذَا: فلاں چیز سے علاج کرنا۔
اِسْتَصَحَّ. مِنْ مَرَضِهِ: مرض سے تندرست ہونا الکَلَامَ: صحیح پانا۔
الصِّحَّة. س۔ تندرستی۔
الصَّحَاح. س۔ مِنَ الطَّرِیْقِ: راستہ کا دشوار حصہ۔
الصَّحِیْح. تندرست۔ عیب وغیرہ سے بری۔ بھروسہ کے قابل۔ ج اَصِحَّاء وصِحَاح واَصِحَّة وصَحَائح.
المَصَحّ. صحت کی جگہ۔
المَصَحَّة والمِصَحَّة. صحت دینے والی۔ صحت محفوظ رکھنے والی۔ کہا جاتا ہے "الصَّوْمُ مَصَحَّةٌ" یعنی روزہ صحت دینے والا ہے یا صحت کا حافظ ہے "اَرْضٌ مَصَحَّةٌ" ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں۔
صَحِبَ (س) صُحْبَةً وصَحَابَةً و

صِحَابَةً وَصَاحَبَةً مُصَاحَبَةً. ساتھی ہونا۔ دوستی کرنا۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

صَحَبَ (ف) صَحْبًا. المَذْبُوحَ: کھال اُتارنا۔

اَصْحَبَ. الرجلُ: ساتھی والا ہونا۔ بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے ہی مانند ہونا۔ دشواری کے بعد تابعدار ہونا الماءُ: پانی کا کائی والا ہونا فُلانًا: محفوظ رکھنا ہ عنْ کَذَا: روک دینا ہ الشَیْءَ: ساتھ کر دینا۔

تَصَحَّبَ. منْہُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ ما یتصحّبُ مِنْ شَیْءٍ"، یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے۔

اِصْطَحَبَ. فُلانًا: حفاظت کرنا۔

اِصْطَحَبُوْا: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِسْتَصْحَبَہ. ساتھی بنانا۔ ساتھی بننے کے لیے کہنا۔ ساتھی بنا۔ اِسْتَصْحَبَہُ الشیءَ: کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لیے کہنا الشیءَ: کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔

الصَاحِب. ساتھی۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔ مالک۔ وزیر۔ گورنر۔ کہا جاتا ہے "صَاحِبُ حَمَاۃٍ"، یعنی حاکم حماۃ اور "یا صاحِ"، یا صاحب کی ترخیم ہے۔ ج صَحْب واَصْحَاب و صُحْبَة وصِحَاب وصُحْبَان وصِحَابَة وصَحَابَة اور اَصْحَاب کی جمع اَصَاحِیْب۔

الصَاحِبَة. صاحب کا مؤنث۔ بیوی۔ ج صَاحِبَات وصَوَاحِب۔

الصَحَابَة. وہ حضرات (رضی اللہ عنہم) جو سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔

الصَحَابِیُّ: جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب ہو۔ نیز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے فردِ واحد۔

المُصَاحِبُ. ساتھ رہنے والا۔ دشواری سے فرمانبردار ہونے والا۔

المُصْحَب. پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے۔ عُوْدٌ صُحَبٌ: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو۔ اَدِیْمٌ مُصْحَبٌ: وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کیے گئے ہوں۔

المُصْحَب و المِصْحَاب. فرمانبردار۔ ذلیل۔ اَدِیْمٌ مُصْحِبٌ: جس چمڑے پر بال یا اون ہو۔ عُوْدٌ مُصْحَبٌ: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو۔

المَصْحُوْب. مثلہ۔ ادیم مصحوب: وہ چمڑا جس پر سے بال نہ اُتارے گئے ہوں۔ عُوْدٌ مَصْحُوْبٌ وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِذْهَبْ مَصْحُوْبًا مُصَاحَبًا"، یعنی محفوظ خیریت و عافیت کے ساتھ جاؤ۔

صَحَرَ (ف) صَحْرًا. اللبنَ: دودھ کو اُبالنا۔ صَحَرَتْہُ الشمسُ: دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا۔

صَحَرَ (ف) صَحِیْرًا وصُحَارًا. الحِمارُ: گدھے کا زور سے رینکنا۔

صَحِرَ (س) صَحَرًا. سرخی مائل مٹیالا ہونا۔ صفت اصحر مؤنث صَحْرَاءُ ج صُحْر اور رنگ کا نام صُحْرَۃ۔

اَصْحَرَ. جنگل کی طرف جانا المکانُ: جنگل کی مانند وسیع ہونا الامرَ و بالامرِ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُصْحِرْہُ اَمْرَكَ"، یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو۔ اور "اَصْحِرْ مَافِی قَلْبِكَ"، یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو الرجلُ. کانا ہونا۔

اِصْحَارًّا اِصْحِیْرَارًا. سرخی مائل مٹیالے رنگ والا ہونا۔

الصُحْرَة. سرخ سفید رنگ۔

الصَحْرَاء. بیابان جس میں نباتات نہ ہو۔ ج صَحَارَی صَحَار و صَحَارِیّ و صَحْرَاوَات۔

الصَحِیْرَۃ. دودھ جو اُبالا جائے اور اس میں گھی اور آٹا ملا دیا جائے۔

المُصَاحِر. وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے۔

المُصْحُر. شیر۔

صَحْصَحَ. الامرُ: روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔

الصَحْصَح والصَحْصَاح والصَحْصَحَان. ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو۔ ج صَحَاصِح.

التُرَّهَاتُ الصَحَاصِحُ و تُرَّهَاتُ الصَحَاصِحِ: لغویات۔ خرافات۔ اضافت کے ساتھ بہتر ہے۔

الصُحْصُح والصُحْصُوْح من الرجال: مرد باریک بیں۔

المُصَحْصِح. خالص محبت والا۔ باطل کوش۔

صَحَّفَ. الکلمۃَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔

اَصْحَفَ. الکتابَ: کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا۔

تَصَحَّفَ. القارئُ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَیْہِ الصحِیْفَةُ"، یعنی صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہو گیا۔

الصَحْفَة. بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں۔ ج صِحَاف. الصحاف: چھوٹے چھوٹے چشمے۔

الصِحَافَة. ایڈیٹری۔ عالم الصحافۃ: محررینِ اخبار۔

الصَحِیْفَةُ. لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِیْفَةُ الوَجْہِ: چہرے کی کھال۔ کہا جاتا ہے صُنْ صَحِیْفَةَ وَجْهِكَ: اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ۔ ج صَحَائف و صُحُف.

الصُحَیْفَة. چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو۔

الصَحِیْف. روئے زمین۔

الصَحَّاف. پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔ کتب فروش۔

الصُحُفِیّ. بغیر استاد کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا۔ (و المُصَحِّف) پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔

المُصْحَف والمِصْحَف والمَصْحَف مجلد کتاب۔ جمع. مصاحف

المصحف. تغیر کیا ہوا۔

صحل (س) صحلا صوته: پڑی ہوئی آواز والا اور بھاری آواز والا ہونا۔ صفت صحل و اصحل۔

اصطحم. لرجل: سیدھا کھڑا ہونا۔

اصحام اصحیماما. النبات: پودہ کا بہت سرسبز ہونا۔ سبزی کا زردی سے ملنا۔ صفت اصحم مؤنث صحماء. رنگ۔ صحمة الارض: زمین کے نباتات کا متغیر ہونا الزرع: سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا۔

صحنه (ف) صحنا. مارنا۔ کہا جاتا ہے "صحنه عشرین سوطا" اس نے اُس کو بیس کوڑے مارے۔ صحنه برجله: پیر سے مارنا الرجل: کسی کو پیالہ میں کچھ دینا۔ صحنه دینارا: دینار دینا بینهم: اصلاح کرنا۔

الصحن. چھوٹا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فرس واسع الصحن" صحن الدار: انگنائی الصحن من الارض: ہموار زمین۔ ج صحون

الصحنان. جھانجھ ایک قسم کا باجا۔

صحنا الاذنین. کان کے اندرونی حصے۔

فرس صحون. لات مارنے والا گھوڑا۔

الصحنی والصحناة والصحناء والصحناءة. چھوٹی نمک ملی ہوئی مچھلی۔

المصحنة. برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو۔

صحا یصحو صحوا وصحوا و صحی یصحی صحا واصحی اصحاء. الیوم: دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا۔ صفت صحو و صاح۔ مصحی السکران: نشہ اتر جانا الرجل: بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا۔ افاقہ میں آنا۔ صفت صاح ج صاحون صحاة مؤنث صاحیة ج صاحیات و صواح۔

صحاه: ہوش میں لانا۔ اصحی القوم: آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا۔

الصحو. کہا جاتا ہے "سماء صحو و یوم صحو" یعنی آسمان اور دن بے ابر و باد ہیں۔ اور یہ وصف بالمصدر ہے۔

المصحاة. باعث افاقہ۔ کہا جاتا ہے "فی مسلاة من کرب الهم و مصحاة من سکر الهم" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشۂ غم سے افاقہ ہے۔

المصحاة. برتن۔ طشت۔ پیالہ۔

صخ (ن) صخا الحدید بالحدید لوہے کو لوہے پر مارنا الصوت الاذن: آواز کا کان کو بہرا کر دینا (صخا صخیخا) الحدید: لوہے کا آواز کرنا لحدیثه: کان لگانا۔

الصخة. اسم مرۃ۔ باری (والصخ و الصخیخ) پتھر یا لوہے کی آواز۔

الصخیخ. خوف زدہ کوّے کی آواز۔

الصاخة. سخت آواز جو بہرا کر دے۔ مصیبت۔ قیامت۔

صخب (س) صخبا. شور مچانا۔

صاخبه مصاخبة. ایک دوسرے کا شور مچانا۔

تصاخب. القوم: باہم شور مچانا اور ریپیٹ کرنا۔

اصطخبت. الطیر او الضفادع: پرند یا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا۔

الصخب. مص. شور۔

الصاخب والصخب والصخاب و الصخوب والصخبان. شور مچانے والا۔ مؤنث صخبة و صخباء و صخابة و صخوب و صخبی

صخد (س) صخدا و صخدانا الیوم: سخت گرم ہونا۔

صخدته (ف) صخدا الشمس: جلانا۔ الصرد: لٹورے کا آواز کرنا۔

صخد (ف) صخودا له: کان لگانا۔

اصخد الحر: گرمی تیز ہونا الرجل: گرمی میں داخل ہونا الحرباء: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔

الصاخدة. دوپہری۔

الصخدان والصخدان. سخت گرمی کا دن۔

صیخد الشمس: گروۂ آفتاب۔

هاجرة صیخود. سخت گرم دوپہری۔ ج صیاخید. صیاخید الحر: گرمی کی تیزی۔

المصخدة. دوپہر۔ ج مصاخد

المصطخد. دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔

صخره فرمانبردار کرنا۔

اصخر المکان: پتھریلا ہونا۔ صفت مصخر

الصخرة الصخرة. ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان۔ ج صخر و صخر و صخور و صخورة و صخرات. کہا جاتا ہے "فلان صخرة الوادی" فلاں بہت مستقل ہے۔

الصخر من الامکنة: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هو صخر الوجه او اصخر الوجه" یعنی وہ بے حیا ہے۔

الصخراویة انتہائی خوشبو والا درخت جس کے پھولوں کی خوشبو دور دور تک پھیل جاتی ہے۔

الصاخر لوہے پر لوہے کی جھنکار۔

الصاخرة. پینے کے لیے مٹی کا پیالہ۔

صخف (ف) صخفا الارض: زمین کھودنا۔

المصخفة. زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال۔ پھاوڑا۔

صخمته (ن) صخما الشمس: آفتاب کا جھلس دینا۔

اصطخم الرجل: سیدھا کھڑا ہونا۔

صخی یصخی صخا. الثوب: کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت صخ

الصخاة میل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔

صده (ن) صدا عن کذا: روک دینا۔

منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّبِیْلُ" یعنی راستہ کے درے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہوگئی۔

صَدَّ (ن ض) صَدًّا و صُدُوْدًا. عَنْهُ: اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ. جمع صُدَّاد: مؤنث صَادَّةٌ جمع صَوَادُّ و صُدَّاد.

صَدَّ (ن ض) صَدِیْدًا. مِنَ الشَّیْءِ: چیخ پڑنا۔ چلانا۔

صَادَّهُ. مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ یُصَادُّهُ و یُصَادُّهُ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔

صَدَّدَ. تالی بجانا الجُرْحُ: پیپ دینا۔

اَصَدَّهُ. عَنْ کَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔

الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔

تَصَدَّدَ لَهُ: درپے ہونا۔

اِصْطَدَّتْ. المَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا۔

الصَّدُّ. س الصُّدُّ: بلند بادل۔ وادی کا کنارہ۔ ج اَصْدَاد و صُدُوْد.

الصَّدَد. درپے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ۔

الصِّدَاد. پردہ۔ ج اَصِدَّة.

الصَّدُوْد. روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔

الصَّدِیْد. س۔ پیپ خون سے ملی ہوئی۔

صَدِیْدُ الفِضَّة: پگھلی ہوئی چاندی۔

الصُّدَّاد. سانپ۔ چھپکلی۔ پانی پر جانے کا راستہ۔ ج صَدَائِد.

صَدِیَ (س) صَدأً و صَدُؤَ (ک) صَداءةً. الحَدِیْدُ: زنگ لگ جانا۔ صفت صَدِیٌّ مؤنث صَدِئَةُ الشَّیْءِ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت اَصْدَأُ مؤنث صَدْآء الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا۔

صَدَأَ (ف) صَدْأً و صَدَّأَ تَصْدِئَةً الشَّیْءَ: زنگ دور کرنا المِرْآةَ: آئینہ کو صاف کرنا۔

اَصْدَأَهُ. مورچہ والا جیسا بنانا۔

تَصَدَّأَ. لَهُ: درپے ہونا۔

الصَّدَأُ. زنگ۔ مورچہ۔ رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد۔

الصَّدِئُ. جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔

الصُّدْأَة. مورچہ کا رنگ۔

صَدَحَ (ف) صَدْحًا و صُدَاحًا. الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت صَادِحٌ و صَدَّاحٌ و صَیْدَحٌ و صِیْدَاحٌ و صَدُوْحٌ و صَیْدَحِیٌّ و مِصْدَحٌ و مِصْدَاحٌ.

الصَّدَحُ. عَلَم. خالی مکان۔ چھوٹا پتھریلا ٹیلہ۔ شَیْءٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ج صِدْحَان.

الصَّدْحَة والصُّدْحَة والصَّدَحَة. مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔

صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا و مَصْدَرًا. عَنِ المَکَانِ و عَنِ المَاءِ: واپس ہونا اِلَی المَکَانِ: متوجہ ہونا الرَّجُلَ عَنْ کَذَا: واپس کر دینا (صُدُوْرًا) الاَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا مِنْهُ: ظاہر ہونا عَنْهُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔

صَدَرَهُ صَدْرًا. سینہ پر مارنا۔

صُدِرَ. سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُوْرٌ.

صَدَّرَهُ. واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الکِتَابَ بِکَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے بڑھنا۔

اَصْدَرَهُ. عَنْ کَذَا: واپس کرنا۔ اَصْدَرَ الاَمْرَ: ظاہر کرنا الرَّجُلَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُوْرِدُ وَلَا یُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔

صَادَرَهُ. عَلَی الشَّیْءِ و بِهِ: اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔

تَصَدَّرَ. صدرِ مجلس میں بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔

الفَرَسُ. گھوڑے کا آگے کو سینہ نکالنا۔

تَصَادَرُوا. عَلٰی مَاشَاءُوْا: صَدَرُوا.

الصَّدْرُ. ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ۔ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "اَخَذْتُ صَدْرًا مِنْهُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ القَوْمِ: رئیس۔ الصَّدْرُ الاَعْظَمُ: وزیر اعظم۔ ج صُدُوْر.

بَنَاتُ الصَّدْرِ. افکار۔

ذَاتُ الصَّدْرِ. سینہ کی ایک بیماری کا نام۔

صُدُوْرُ الوَادِی: وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِصَدْرِهِ" یعنی اوّل حصہ کو لے لیا۔ فُلَانٌ بَعِیْدُ الصَّدْرِ" یعنی غیر مہربان۔

الصَّدَرُ. پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی۔ صَادِر کا اسم جمع۔

الصَّادِرُ. فا. لوٹنے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے۔ یعنی پانی پر آنے والا۔ اور اسی سے ہے "مَالَهُ صَادِرٌ وَلَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِیْقٌ صَادِرٌ: پانی پر لے جانے والا راستہ۔ طَرِیْقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ: ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔

الصُّدْرَة. مِنَ الاِنْسَانِ: سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔

التَّصْدِیْرُ. تنگ اُونٹ کے سینے کا۔

الصِّدَارُ. صدری۔ اُونٹ کے سینے پر نشان۔

الصَّدَارَة. تقدم۔ وزارتِ عظمی کا عہدہ (والصِّدَیْرَة) سینے کا اوپر کا حصہ۔ ج صَدَائِر.

الاَصْدَرُ. مضبوط بڑے سینے والا۔

الاَصْدَرَانِ: کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔

المَصْدَرُ. جائے صدور۔ ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لیے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل وجڑ ہیں۔

المُصْدِرُ. فا. رَجُلٌ مُصْدِرٌ: کاموں کو پورا کرنے والا۔

اَلْمُصدّر قوی اور بڑے سینہ والا۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
صدع(ف) صُدُوعًا۔ اِلیٰ کذا مائل ہونا۔
صدع(ف) صدعًا۔ الشیئَ اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو القومَ متفرق کر دینا الامر ظاہر کرنا بالحقّ حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا فی الامر کر گزرنا الامر بالحقّ حق کا فیصلہ کرنا فلانًا قصد کرنا۔
صدعہ عن کذا روک دینا النھر کاٹ دینا فی المکان گزرنا۔ عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھذا الطریق یصدع فی ارض کذا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے اللیلَ رات میں چلنا۔
صُدِع و صُدّع درد سر میں مبتلا ہونا۔ صفت مصدوع
صدّع۔ الشیئَ پھاڑنا الفلاۃ او النھر بیابان یا نہر کو طے کرنا۔
تصدّع۔ القومُ متفرق ہونا۔ تصدّعت الارض بہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا۔
تصدّع وانصدع۔ الشیئُ پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تصدّعت وانصدعت الارض بالنبات" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔
اِنصدع الصباحُ صبح کی روشنی پھیلنا۔
الصادع۔ قاضی۔ جبلٌ صادعٌ دور تک پھیلا ہوا پہاڑ۔ وادٍ صادعٌ دور تک پھیلی ہوئی وادی۔ سبیلٌ صادعٌ دور تک پھیلا ہوا راستہ۔ صُبحٌ صادعٌ روشن صبح۔
الصَّدْع شگاف۔ ج صُدُوع۔
الصدْع والصدَع ہلکا پھلکا مرد۔ قوی جوان۔ صدعُ الحدیدِ لوہے کا مورچہ یا زنگ۔ کہا جاتا ہے "الناس علیھم صدعٌ واحدٌ" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔
الصدع آدمیوں کی جماعت۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔

الصدعۃ اسم مرۃ۔ پھٹن۔ پراگندگی۔ تفرق۔ ج صدعات کہا جاتا ہے "رایت بینھم صدعات" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات و "اصلحوا ما فیکم من الصدعات" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو۔
الصدعۃ ج صدع والصدیع ج صُدُع بکریوں کا ریوڑ۔ اونٹوں کا گلہ۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ صدیع بمعنی مصدوع۔ صبح۔ پھٹا ہوا کپڑا۔ وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔
الصُّداع دردِ سر۔
التصداع تفریق۔
المصدع سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج مصادع۔
المِصدع نیزہ۔ تیر۔ چھری کا چوڑا پھل۔
خطیبٌ مصقعٌ مِصدعٌ بلیغ خطیب۔
صدغ(ف) صدغًا۔ عن الامر باز رکھنا۔ روکنا۔ سیدھا کرنا النملۃَ چیونٹی کو مارنا۔
صدغ(ف) صدغًا مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنا۔
صدغ(ن) صدغًا و صدوغًا۔ الی الشیئِ مائل ہونا۔
صدُغ(ک) صداغۃ کمزور و ناتواں ہونا۔
صُدِغ کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔
صادغہ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا۔
الصُّدغ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ ج اصداغ
الصدَغ کجی۔ ٹیڑھاپن۔
الصِّداغ کنپٹی پر نشان۔
الصدیغ کمزور۔ تین دن کا بچہ۔
الاصدغان دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
المصدغۃ تکیہ۔
بعیرٌ مُصدّغ و مصدوغ کنپٹی پر نشان والا اونٹ۔

صدف(ن ض) صدفًا و صدوفًا پھر جانا۔
صدف(ض) صدفًا۔ عنہ اعراض کرنا فلانًا پھیر دینا۔ ہٹانا۔
صدف(س) صدفًا گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔
اصدفہ۔ عنہ پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔
صادفہ پانا۔
تصادف ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصدف سیپی۔
الصدفۃ ایک سیپی۔ ج اصداف۔ صدفۃ الاذن کان کا اندرونی حصہ۔
الصدف۔ فی الخیل رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری۔ الصدف الصدفۃ جانب۔ کنارہ۔
الصدف والصُّدْف والصَّدَف والصُّدُف پہاڑ کا کنارہ۔ الصدف زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ۔
فرسٌ اصدف وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور ہوں۔
الاصداف سمندر کی موجیں۔
الصدفۃ ملاقات۔
الصدفیات نرم مزاج جانور جو کہ پانی میں زندگی بسر کرتا ہے اس میں ہڈی نہیں ہوتی اور جلد مچھلی کی طرح ہوتی ہے۔
الصدوف گندہ ذہن۔ بہت اعراض کرنے والا۔
المصدوف مخفی۔ چھپا ہوا۔
صدق(ن) صدقًا و صدقًا و مصدوقۃ و تصداقًا سچ بولنا فی وعدہ و وعیدہ پورا کرنا فی الجملۃ بہادری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "صدق القتال و صدق فلانا القتال" سخت جنگ کی ہ النصیحۃ او المحبۃ خالص نصیحت یا محبت کرنا ہ الحدیث سچی بات بیان کرنا۔ سچی خبر دینا۔

صَدَّقَهٗ. سچا جاننا۔ سچا سمجھنا۔
صَادَقَهٗ صِدَاقًا و مُصَادَقَةً. دوست بننا۔
صَادَقَه الْمَوَدَّةَ: خالص دوستی کرنا۔
اَصْدَقَ. الاِبْنَةَ. بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔
تَصَدَّقَ. صدقہ دینا عَلَى الْفَقِيْرِ بِكَذَا فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔
تَصَادَقَا. محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ تَصَادَقَا الْحَدِيْثَ او الْمَوَدَّةَ او فِيْهِمَا. ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔
الصَّدْقُ. س۔ سیدھا ٹھوس نیزہ ہو یا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدْقٌ وقَنَاةٌ صَدْقَةٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ۔ کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدْقُ اللِّقَاءِ والنَّظَرِ" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص۔ ج صُدُقٌ و صُدْقٌ و صَدْقُوْنَ. مؤنث صَدْقَةٌ ج صَدْقَاتٌ.
الصِّدْقُ. سچ۔ فضیلت۔ صلاح۔ سختی۔ مضبوطی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلُ صِدْقٍ و صَدِيْقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے۔ یعنی کامل ہے۔
الصَّدَقَةُ. خیرات۔ ج صَدَقَاتٌ
الصَّدُقَةُ والصُّدْقَةُ والصَّدْقَةُ والصُّدُقَةُ. مہر۔
الصَّدَاقُ والصِّدَاقُ. مہر۔ ج اَصْدِقَةٌ و صُدُقٌ.
الصَّدَاقَةُ. سچی دوستی۔
الصَّادِقُ. سچا۔ تَمْرٌ صَادِقُ الْحَلَاوَةِ. بہت میٹھی کھجور۔ نِيَّةٌ صَادِقَةٌ: خالص نیت۔ حَمْلَةٌ صَادِقَةٌ. شدید حملہ۔
الصَّدُوْقُ. ہمیشہ سچ بولنے والا۔ ج صُدُقٌ و صُدْقٌ.
الصَّدِيْقُ. پیارا دوست۔ ج اَصْدِقَاءُ و صُدَقَاءُ و صُدْقَانٌ. جج اَصَادِقُ. مؤنث صَدِيْقَةٌ.
الصِّدِّيْقُ. بہت سچا۔ سچائی میں کامل۔ عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا۔ حضرت ابو بکرؓ کا لقب۔
الْمِصْدَاقُ. کسی کی سچائی کا گواہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ ذُوْ مَصْدَقٍ او ذُوْ مِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔
الْمَصْدُوْقَةُ. سچائی۔
التَّصْدِيْقُ: علم منطق میں وہ شے جس کے وجود کے علاوہ اس پر حکم بھی لگا دیا جائے وہ تصدیق ہے اگر وجود مانا جائے اور حکم نہ لگایا جائے تو وہ تصور ہے۔
اس کی مثال: کسی حیوان کو دیکھ کر اس پر ناطق یا غیر ناطق نہ لگانا تصور ہے۔
صَدَمَهٗ (ض) دفع کرنا۔ ہٹانا۔ آپڑنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَمَهٗ اَمْرٌ شَدِيْدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی "صَدَمَتْهُ حُمَيَّا الْكَاسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔
صَادَمَهٗ مُصَادَمَةً. مارنا۔
اِصْطَدَمَ و تَصَادَمَ. الْفَارِسَانِ: ایک دوسرے کو مارنا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
الصُّدَامُ. جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔
الصَّدْمَةُ. اسم مرۃ۔ دفعةً واحدةً کہا جاتا ہے "صَرَعَهٗ بِصَدْمَةٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا۔ "اَعْطَاهُ رِزْقَ شَهْرَيْنِ بِصَدْمَةٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دے دی۔
الصَّدْمَتَانِ والصَّدِمَتَانِ. پیشانی کے دونوں جانب۔
الاَصْدَمُ. وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔
رَجُلٌ مِصْدَمٌ. جنگجو بہادر۔
صَدَا يَصْدُوْا صَدْوًا وصَدًّى. بِيَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
صَدِيَ يَصْدَى صَدًى. سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ وصَادٍ و صَدْيَانُ. مؤنث صَدْيَا و صَادِيَةٌ ج صَوَادٍ. کہا جاتا ہے "اَنَا صَدْيَانُ اِلَى حَدِيْثِكَ وَلِيَ اَحْشَاءٌ صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں۔ صَدِيَ الشَّيْءُ. لمبا ہونا۔
صَادَاهُ مُصَادَاةً. مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔
الصَّدَى: اَلْهَامَةُ: یعنی زمانہ جاہلیت کے عقیدہ کے مطابق جب مقتول کو قبر میں ڈال دیا جائے اور اس کا انتقام نہ لیا جائے تو میت کی قبر سے ایک جانور باہر نکل کر آواز دیتا ہے اور انتقام کا نعرہ لگاتا ہے۔ اس کو بوم القبر (قبر کا الو) یا الْهَامَة بولتے ہیں۔
صَدَّى تَصْدِيَةً. بِيَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
اَصْدَى اِصْدَاءً. مَرَّنَا الْجَبَلُ: گونجنا۔ آواز بازگشت کرنا۔
تَصَدَّى لَهٗ: در پے ہونا لِلْاَمْرِ: کسی معاملے کے لیے متوجہ ہونا۔
الصَّدَى. سخت پیاس۔ آواز بازگشت۔ گونج۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ج اَصْدَاءٌ کہا جاتا ہے "هُمُ الْيَوْمَ اَعْدَاءٌ وَهُمْ غَدًا اَصْدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مُردہ ہوں گے "و مَنَعَتْ صَدَاهُ" یعنی اس کے در پے ہونے کو روک دیا۔ "صَمَّ صَدَاهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔ و "اَصَمَّ اللّٰهُ صَدَاهُ" یعنی ہلاک کر دے۔
الصَّدَى. الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو ادھر ہی وہ اپنے سر کو پھراتا ہے اور وہ اُجاڑ تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔
زمانہء جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے سر سے نکلتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ۔ اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔
صَرَّ. (ن) صَرًّا. الصُّرَّةَ: تھیلی کو باندھنا الدَّرَاهِمَ فِي الصُّرَّةِ: تھیلی میں رکھنا الْفَرَسُ اُذُنَهٗ و بِاُذُنِهٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا النَّاقَةَ و بِالنَّاقَةِ: تھن کو باندھ دینا تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔
صَرَّ (ض) صَرًّا و صَرِيْرًا. الشَّيْءُ: چرچرانا الرَّجُلُ: زور سے چیخنا چلانا۔ پیاسا

ہونا۔ الْاُذُنُ: کان بجنا۔
صُرَّ. النَّبَاتُ: ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔
صَرَّتِ النَّاقَةُ: آگے بڑھنا۔ صَرَّ اُذُنَه سننے کے لیے کان کھڑے کرنا۔
صَارَّہٗ مُصَارَّةً. عَلٰی کَذَا: مجبور کرنا۔
اَصَرَّ. عَلَی الْاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا اور اکثر برائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "اَصَرَّ عَلَی الذَّنْبِ" جب کہ باز نہ آئے۔ قرآن میں ہے ﴿کَانُوْا یُصِرُّوْنَ عَلَی الْحِنْثِ الْعَظِیْمِ﴾ یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے السُّنْبُلُ: خوشے میں خار نکلنا الفَرَسُ اُذُنَه و بِاُذُنِهٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔
الصِّرُّ والصِّرَّةُ. سردی۔ رِیْحٌ صِرٌّ: سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصِّرَّةُ. چیخ۔
الصَّرَّةُ. شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔
الصُّرَّةُ. تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَر.
یَمِیْنٌ صِرّٰی. سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "هِیَ مِنِّیْ صِرّٰی" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔
الصَّرَر. خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَة.
الصَّارُّ. فا. شَجَرٌ صَارٌّ: گنجان درخت۔
الصَّارَّةُ. الصَّارُّ: کا مؤنث۔ حاجت۔ پیاس۔ ج صَوَارُّ.
الصَّرُوْرُ والصَّارُوْرُ والصَّرُوْرِیُّ والصَّارُوْرِیُّ. جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد و جمع دونوں کے لئے)
الصَّرَارِیُّ. ملاح۔ ج صَرَارِیُّوْن.
الصِّرَار. دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج اَصِرَّة.
الصَّرَّار. صَارٌّ کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَّیْلِ: جھینگر۔
اَلصَّرَّارَةُ: سانپ کھانے والا عقاب۔
الصَّرارَة والصَّرُورَة والصَّارُوْرَة و

الصَّارُوْرَاء. وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)
صَرَّارُ اللَّیْلِ: ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کیڑا جو رات کو آواز کرتا ہے۔
الصَّرِیْرَة: تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ ج صَرَائِر.
المَصَارُّ. آنتیں۔
المَصْرُوْر. مفـ بندھا ہوا قیدی۔
صَرَبَ (ض) صَرْبًا. کاٹنا، کمانا، دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا الصَّبِیُّ: بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔
صَرِبَ (س) صَرَبًا. اللَّبَنُ: تھن میں دودھ جمع ہونا۔
اَصْرَبَ. اِلَیْهِ مَالًا: دینا۔
صَرَّبَ. ترش دودھ پینا۔
اِصْطَرَبَ. اللَّبَنَ فِي الْوَطْبِ: دودھ کو ترش ہونے کے لیے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔
اِصْرَابَّ. الشَّیْءُ: صاف اور چکنا ہونا۔
الصَّرْب والصَّرَب. بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ و صَرَبَةٌ.
الصِّرْب. غریب عربوں کے تھوڑے مکانات۔
الصَّرِیْب. کھٹا دودھ۔ ج صُرُب.
المَصْرُوْب. مفـ جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔
المِصْرَب. برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِب.
صَرَّجَ. الحَوْضَ. حوض کو چونا، مٹی ملا کر بنانا۔
الحَوْضَ بِالنُّوْرَةِ: حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔
الصَّارُوْج. چونا مٹی ملا ہوا (معرب)
صَرُحَ (ک) صَرَاحَةً و صُرُوْحَةً. صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِیْحٌ جمع صُرَحَاء مؤنث صَرِیْحَةٌ.
صَرَحَ (ف) صَرْحًا. الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔

واضح کرنا۔
صَرَّحَ. المُتَکَلِّمُ: بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِیْ نَفْسِهٖ: ظاہر کرنا الاَمْرَ: واضح کرنا۔ الاَمْرُ: واضح ہونا لازم و متعدی ہے۔ النَّهَارُ. دن کا بے بادل ہونا۔ الخَمْرُ: شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ کے ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مُحْضِهٖ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہوگیا۔ صَرَّحَتِ السَّنَةُ: خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَّامِی: تیر انداز کا خطا کرنا۔
اَصْرَحَ. الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔
صَارَحَهٗ صِرَاحًا و صُرَاحًا و مُصَارَحَةً. کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَمَّةٌ مُصَارَحَةً او صِرَاحًا" رو در رو گالی دی۔
صَارَحَ وصَرَّحَ بِمَا فِیْ نَفْسِهٖ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔
اِنْصَرَحَ. الحَقُّ: واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔
تَصَرَّحَ. الزَّبَدُ عَنِ الخَمْرِ: شراب سے جھاگ دور ہونا۔
الصَّرْح. قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوْح.
الصَّرْحَة. سخت زمین۔ صَرْحَةُ الدَّارِ: گھر کا صحن۔ ج صَرَحَات.
الصَّرَح والصَّرَاح والصِّرَاح والصُّرَاح. خالص۔
الصَّرَاحَة والصُّرُوْحَة. خلوص۔ وضاحت۔
الصُّرَاحِیَّة. مِنَ الخَمْرِ: خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "کَذِبٌ صُرَاحِیَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔
الصُّرَاحِی. واضح۔ ظاہر۔
یَوْمٌ مُصَرِّحٌ و مُصَرَّحٌ. بے بادل کا دن۔
صَرَخَ (ن) صُرَاخًا و صَرِیْخًا. سخت چیخنا۔ فریاد کرنا القَوْمَ: فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔
اَصْرَخَهٗ. فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔
تَصَرَّخَ. بتکلف چیخنا۔

تَصَارَخَ واصْطَرَخَ. القَوْمُ: چیخ و پکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ بمعنی صَرَخَ.

الصَّارِخ. فا. مرغ۔

الصَّارُوخ. راکٹ (دفاعی اسلحہ جو بم کو لے کر چلتا ہے)

میزائل: اس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔

(۱) اپنے آپ اپنے آلات کے زور پر مخصوص ہدف کی طرف چلتا ہے۔ (۲) راڈار کی طاقت سے خاص شعاعوں کے پیچھے دوڑتا ہے۔ (۳) خاص قوت کے ذریعے جو اس کو ہدف مقرر کی طرف لے جاتا ہے۔

الصَّارِخَة. الصارخ کا مؤنث۔ فریاد رسی۔ داد خواہی۔ داد خواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ الْقَوْمِ" میں نے قوم کی داد خواہی کی آواز سنی۔

الصَّرَّاخ. بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔

الصَّرِيخ. س۔ فریاد رس۔ داد خواہ۔ ج صُرَخَاء.

صَرِدَ (س) صَرَدًا. السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا الرَّجُلُ: سردی برداشت کرلینا۔ سردی محسوس کرنا السِّقَاءُ: جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا۔ کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلْبِي عَنْهُ"، یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔

صَرَدَ (ن) صَرْدًا واَصْرَدَ. الرَّامِي السَّهْمَ: نشانہ لگانا۔ اَصْرَدَ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔

صَرَّدَ. الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا اَقْطَاءً کم دینا الرَّجُلَ: سیرابی سے کم پلانا۔

الصَّرْد. محض خالص۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الْخَمْرَ صَرْدًا"، خالص شراب پلائی۔ اُحِبُّهُ حُبًّا صَرْدًا خالص محبت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی۔ يَوْمٌ صَرْدٌ: ٹھنڈا دن۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدتِ سردی سے مرگیا۔ اَرْضٌ صَرْدٌ. سرد ملک۔ ج صُرُوْد. اس کے خلاف اَرْضٌ جُرُوْمٌ ہے۔ یعنی گرم ممالک۔

الصَّرَد. بڑا لشکر۔ بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جائے۔

الصَّارِد. فا. سَهْمٌ صَارِدٌ: نشانہ پر لگنے والا تیر۔

الصَّوَارِد. ٹھنڈی ہوائیں۔

الصُّرَد. لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِرْدَان.

الصُّرَدَان. زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں۔

الصَّرِد. مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو مِنَ الرِّجَال: سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صَرْدَى يَوْمٌ صَرِدٌ: سخت ٹھنڈا دن۔

الصُّرَاد والصُّرَيْد. بے پانی کا پتلا بادل۔

نَعْجَةٌ صَرِيْدَةٌ. سردی زدہ۔ بھیڑ۔ ج صَرَائِد.

الْمِصْرَاد. بے درخت کی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَهْمٌ مِصْرَادٌ. نشانہ پر لگنے والا تیر۔

سَهْمٌ مُصْرِد. نشانہ پر لگنے والا تیر۔

الْمُصْطَرِد. سخت غضبناک۔

صَرْصَرَ. الصُّرَدُ او الصَّقْرُ: آواز کرنا الرَّجُلُ: چیخنا الشَّيْءَ: چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔

الصَّرْصَر. مِنَ الرِّيَاحِ: تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ (الصُّرْصُر) ج صَرَاصِر.

الصُّرْصُوْر ج صَرَاصِيْر. جھینگر۔ مجیرا۔ الصُّرْصُوْر: کشتی۔

الصِّرَاط. راستہ۔ ج صُرُط۔

الصُّرَاط. لمبی تیز تلوار۔

صَرَعَهُ (ف) صَرْعًا وصِرْعًا ومَصْرَعًا. پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا الشِّعْرَ: دو مصرعے بنانا البَابَ: دو کواڑ لگانا۔

صُرِعَ. مرگی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ"، یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔

صَرَّعَهُ. سخت پچھاڑنا الشِّعْرَ: مصرعے لگانا البَابَ: کواڑ لگانا۔

صَارَعَهُ صِرَاعًا ومُصَارَعَةً. کشتی لڑنا۔

تَصَارَعَ واصْطَرَعَ. الرَّجُلَانِ: باہم کشتی لڑنا۔

اِنْصَرَعَ. پچھاڑا جانا۔

تَصَرَّعَ. لِصَاحِبِهِ: تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَتَصَرَّعُ لَهُ وَاِلَيْهِ حَتّٰى اَجَابَنِي" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔

الصَّرْع. س۔ مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم کہا جاتا ہے "هُوَ صَرْعُ كَذَا"، یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے۔ ج اَصْرُع صُرُوْع.

والصَّرْعَان: رات دن یا صبح شام۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ صَرْعَيِ النَّهَارِ"، یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُوْ صَرْعَيْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكْتُهُمْ صَرْعَيْنِ" یعنی میں نے ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

الصِّرْع. س۔ مثل۔ قسم۔ رسی کی لڑی۔ ج اَصْرُع وصُرُوْع. کشتی لڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا صِرْعَان"، یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں۔

الصَّرْعَة. اسم مرۃ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَفْعَلُهُ عَلٰى كُلِّ صَرْعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔

الصُّرْعَة. جس کو لوگ پچھاڑ دیں۔

الصُّرَعَة والصَّرَّاع والصُّرَّاعَة و الصِّرِّيْع والصَّرُوْع. لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُرَعَةٌ" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔ الصُّرَعَة: حلیم و بردبار۔ اس لیے کہ اس کی بردباری غضب و غصہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔

الصُّرُع جمع صُرُوْع کی ہے۔

الصِّرَاعَة. کشتی کا فن۔

الصَّرِيْع. زمین پر پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ ج صَرْعَى. کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِيْعَ الْكَاسِ"، یعنی مجنون ہو کر رات گزاری۔

درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ ج سرع۔
المَصْرَع۔ س۔ پچھاڑنے کی جگہ۔ ج مَصارِع۔
المِصْراع مِنَ البَاب: دروازے کا ایک پٹ مِنَ الشِعْرِ: شعر کا ایک مصرعہ ج مَصَارِیْع۔
صَرَفَهٗ (ض) صَرْفًا: پھیرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰہُ قُلُوْبَھُمْ" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کر دے۔ صَرَفَ الشَرَابَ: خالص شراب پینا "اَلدَنَانِیْرَ" دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا المَالَ: خرچ کرنا الکَلِمَۃَ: منصرف بنانا۔ یعنی جر و تنوین لاحق کرنا۔
صَرَفَ (ن) صَرِیْفًا: بِنَابِهٖ: دانت پیسنا البَابُ: بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔
صَرَّفَهٗ: مبالغہ کے ساتھ صرفہ کے معنی میں ہے۔ صَرَّفَ الشَّیْئَ: بیچنا الدَّرَاھِمَ: تبدیل کرنا الخَمْرَ: خالص شراب پینا الکَلَامَ: بات سے بات نکالنا ٥ فِی الاَمْرِ: سپرد کر دینا صَرَّفَ المَاءَ: جاری کر دینا۔ اللّٰہُ الرِیَاحَ: ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا۔
صَارَفَهٗ: مبادلہ کرنا۔ صَارَفَ نَفْسَهٗ عَنِ الشَّیْئِ: پھیر دینا۔ باز رکھنا۔
اَصْرَفَهٗ عَنْ کَذَا: رد کر دینا۔ ہٹا دینا۔
اَصْرَفَ الشَرَابَ: کچھ نہ ملانا۔
تَصَرَّفَ فِی الاَمْرِ: کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِهٖ الاَحْوَالُ: مصائب و آفات کا غالب آجانا۔
اِنْصَرَفَ الرَّجُلُ: باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الکَلِمَۃُ: منصرف ہونا۔
اِصْطَرَفَ: کمائی کرنے کیلئے پھرنا الدَرَاھِمَ: بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ ھٰذِہٖ الدَرَاھِمَ بِدِیْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ اللّٰہَ المَکَارِہَ: مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا۔
الصَّرْفُ: ایک علم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَّھْرِ و صُرُوْفُهٗ: مصائب زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَیَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الحَدِیْثِ او الکَلَامِ: کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین۔ صَرْفُ المَالِ: خرچ کرنا۔
الصِّرْفُ: خالص۔ جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔
الصَّرْفَانِ الصِّرْفَانُ: رات دن۔
الصَّرَفَان: موت۔ پیتل۔ سیسہ۔
الصِّرَافَۃُ: صرافی کا پیشہ۔
الصَّرْفَۃُ: اسم مرۃ۔ گردش۔ مہرہ؛ منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازلِ قمر میں سے۔ اُونٹنی کو صبح کے وقت دوھ کر اگلی صبح تک کیلئے چھوڑ دینا۔
الصَّرُوْفُ: وہ اُونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔
الصَّرِیْفُ: س۔ چاندی خالص۔ صَرِیْفُ البَابِ: دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِیْفُ القَلَمِ: قلم کے چلنے کی آواز (و المَصْرُوْف) ہر شے خالص۔ درخت کی خشک شدہ شاخ۔
الصَّرِیْفَۃُ: الصَّرِیْفُ کا مؤنث۔ درخت خرما کی خشک ٹہنی۔ چپاتی۔ ج صُرُفٌ و صُرَافٌ و صَرِیْفٌ۔
تَصَارِیْفُ الدَّھْرِ: مصائب زمانہ۔
الصَّرَّافُ والصَّیْرَفُ والصَّیْرَفِیُّ: روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَیَارِفَۃٌ۔
الصَّرَّافُ والصَّرْفِیُّ: علم صرف کا جاننے والا۔
المُتَصَرِّفُ: مُلک کے ایک حصہ کا حاکم۔
المُتَصَرِّفِیَّۃُ: مُلک کا ایک حصہ۔ مُلک کے ایک حصہ کا حاکم۔

صَرْقَعَ اَصَابِعَهٗ: انگلیاں چٹخانا۔
صِرْقَاعَۃٌ: گوپھن۔ گوپھن کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔
صَرُمَ (ک) صَرَامَۃً۔ السَّیْفُ: کاٹنا الرَّجُلُ: دلیر و چالاک ہونا۔
صَرَمَ (ض) صَرْمًا و صُرْمًا۔ الحَبْلَ: توڑنا الشَّیْئَ: کاٹنا۔ فُلَانًا: چھوڑنا۔ گفتگو بند کرنا فُلَانٌ عِنْدَنَا شَھْرًا: اقامت کرنا۔
صَرَّمَهٗ: صرم کا مبالغہ ہے۔
صَارَمَهٗ، مُصَارَمَۃً: مقاطعہ کرنا۔ علیحدہ ہونا۔
اَصْرَمَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا النَّخْلُ: پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔
تَصَرَّمَ الرَّجُلُ: بہادری کرنا۔
تَصَرَّمَ وَانْصَرَمَ: کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
تَصَرَّمَتْ وَانْصَرَمَتِ السَّنَۃُ: سال ختم ہونا۔
تَصَارَمَ القَوْمُ: قطع تعلق کر لینا۔
اِصْطَرَمَ الشَّیْئَ: کاٹنا۔
الصَّرْمُ: س۔ کھال (معرب چرم) الصَّرَّامُ: چرم فروش۔
الصِّرْمُ: جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم۔ چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج اَصْرَام وَاَصَارِم و اَصَارِیم و صُرْمَان۔
الصُّرْمُ: س۔ بے تعلقی۔
الصِّرْمَۃُ: قسم۔ اُونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَم۔
الصَّارِمُ۔ فا: بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار۔ ج صَوَارِم۔
الصَّرَامَۃُ: س۔ رَجُلٌ صَرَامَۃٌ: مستقل بالرائے۔ دُھن کا پکا۔
الصَّرُوْمُ: کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح کاٹنے والا۔ الصُّرَامُ: جنگ۔ مصیبت۔ رَجُلٌ صُرَامٌ: کاٹنے میں قوی مرد۔
الصَّرِیْمُ: کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصہ۔ صبح۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔ زمین جس کی کھیتی

کٹ چکی ہو۔ غلّہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔
صَرِیْمَا اللَّیْلِ: رات کا اوّل و آخر حصہ۔ اَمْرٌ صَرِیْمٌ: لازمی امر۔
الصَّرِیْمَۃ. عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔
الصَّیْرَمُ. پختہ رائے والا۔ مصیبت۔ دن میں ایک بار کھانا۔
الاَصْرَم. جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاءُ ج صُرْم (والمُصْرَم) بہت بال بچّے والا مفلس۔
الاَصْرَمَان. رات دن۔ کوّا و بھیڑیا۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہٗ بِوَحْشِ الاَصْرَمَیْنِ" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوّے ہیں۔
الصَّرْمَاء. الاَصْرَم کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل۔ ہانڈی۔ کم دودھ والی اُونٹنی۔
المَصْرِم. ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آجائے۔
المِصْرَم. درانتی۔
الصُّرْنَایَۃ. بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔
صَرَا یَصْرُو صَرْوًا. اِلَیْہِ: دیکھنا۔
صَرَی یَصْرِیْ صَرْیًا. الشَّیْءَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَی اللّٰہُ عَنْہُ الشَّرَّ" اللہ اس شر کو دُور کرے۔ صَرَی بَوْلَہٗ: پیشاب روک دینا۔ فُلَانًا: منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا۔ الشَّیْءُ: بلند [illegible]نا۔ نیچے ہونا۔ القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا۔ بَیْنَہُمْ: فیصلہ کرنا۔
صَرِیَ یَصْرٰی صَرًی. المَاءُ: دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا۔ اللَّبَنُ: دودھ کا مزہ بدل جانا۔ فُلَانٌ فِیْ یَدِ فُلَانٍ: کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا۔ الدَّمْعُ: آنسو کا بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِیَتْ وَاَصْرَتْ. النَّاقَۃُ: اُونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرَّی تَصْرِیَۃً. الشَّاۃَ: دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لیے تھن میں روک دینا۔

الصَّرَی. باقی ماندہ (الصِّرَی) پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرِیٌّ" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَّارِی. فا. ملاح۔ ج صُرَّاءٌ و صَرَارِیُّ و صَرَارِیُوْنَ. بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ.
الصَّارِیَۃ. الصاری کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔
الصَّرَاۃ والصَّرَّی والمُصَرَّاۃ. مِنَ الشَّاۃِ اَوِ النُّوْقِ: وہ بکری یا اُونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تاکہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَۃ والمِصْطَبَّۃ. چبوترہ۔
المِصْطَب. لوہار کی نہائی۔
المِصْطَح. خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلّہ کی گہائی کے لیے ہموار کی جائے۔ ج مَصَاطِح.
صَطَرَ (ن) صَطْرًا. لکھنا۔
صَیْطَرَ. داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔
المِصْطَع. فصیح و بلیغ۔
الاَصْطُمَّۃ. چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔
صَعُبَ (ک) صُعُوْبَۃً. عَلَیْہِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ. مؤنث صَعْبَۃٌ. ج صِعَاب.
اَصْعَبَ. الاَمْرُ: مشکل ہونا۔ الشَّیْءَ: شکل پانا۔ الجَمَلُ: سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔
صَاعَبَہٗ مُصَاعَبَۃً. سختی کرنا۔
صَعَّبَہٗ. دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ. دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ الاَمْرَ: دشوار بنانا۔
تَصَاعَبَ. باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ. مشکل ہونا۔ الشَّیْءَ: مشکل پانا۔
الصَّعْب. س۔ دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔
الصَّعُوْب. دشوار۔ ج صُعُب.

الصُّعْبُوْب. دشوار۔
المَصَاعِب. سختیاں۔ مشقتیں۔
المُصْعَب. سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو۔ ج مَصَاعِب ومَصَاعِیْب. کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ ومَصَاعِیْبُ" سرکش اُونٹ۔
صَعْتَرَ. النَّحْلُ: پہاڑ پودینہ کھانا۔ الرَّجُلُ الشَّیْءَ: مزین کرنا۔
الصَّعْتَر. پہاڑی پودینہ۔
الصَّعْتَرِیّ. چالاک۔ کریم۔ بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُوْدًا وصَعَدًا وصُعُدًا فِی السُّلَّمِ: سیڑھی پر چڑھنا بِہٖ: چڑھانا (صُعُوْدًا) المَکَانَ: نیچے جھانکتے ہوئے چڑھنا۔
صَعَّدَ. فِیْ وعَلَی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا فِی الوَادِیْ: وادی میں اُترنا۔
صَعَّدَ فِیْہِ النَّظَرَ: اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔
اَصْعَدَ. مکّہ کو جانا فِی الاَرْضِ: اونچی زمین کی طرف جانا فِی الوَادِیْ: وادی میں اترنا فِی العَدْوِ: تیز دوڑنا ہ: چڑھانا۔
اَصْعَدَتِ السَّفِیْنَۃُ: بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اُڑنا۔
تَصَعَّدَ و تَصَاعَدَ. چڑھنا۔ تَصَعَّدَہٗ و تَصَاعَدَہُ الاَمْرُ: دُشوار و مشکل ہونا۔ تَصَعَّدَ النَّفَسُ: مشکل سے سانس نکلنا۔
اِصَّعَّدَ. چڑھنا۔
الصَّاعِدُ. فا. کہا جاتا ہے "بَلَغَ کَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر۔ اور یہ باعتبارِ حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔
الصَّعَّاد. بہت چڑھنے والا۔
الصُّعُد. بلندی۔ کہا جاتا ہے "ھَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اُترا و"ھٰذَا النَّبَاتُ یَنْمُوْ صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ ایک درخت ہے جس سے تار کول پگھلایا جاتا ہے۔
الصَّعَد. مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت عذاب۔

الصَّعِید. مٹی۔ قبر۔ راستہ۔ زمین کا بلند حصہ۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْحَدِیقَةُ صَعِیدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہوگیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ ج صُعُد و صُعُدَات و صُعْدَان. مصر میں چند شعروں کا نام صَعِید ہے۔

الصُّعُود. چڑھائی۔ خَمِیسُ الصُّعُود: جمعرات کا دن جس میں سیّدنا حضرت مسیح آسمان پر تشریف لے گئے۔

الصَّعُود. چڑھائی۔ چڑھتا ہوا راستہ۔ دُشوار گزار گھاٹی۔ ج صُعُدو اَصْعِدَة و صَعَائِدُ کہا جاتا ہے "لَأُرْهِقَنَّكَ صَعُوْدًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔

الصُّعَدَاء. غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔

الصُّعَدَاء. مشقت۔

الصَّعْدَة. اسم مرۃ۔ سیدھا نیزہ۔ ج صِعَاد و صَعَدَات۔

الصَّعُوْدَاء. دُشوار گزار گھاٹی۔

المُصَعَّد. مِنَ الْاَشْرِبَةِ: آگ سے گرم کیا ہوا۔

التَّصَعُّدُ: جامد جسم کا دھواں کی شکل میں تبدیل ہونا۔ بغیر پگھلنے کے۔

المَصْعَد: بجلی یا گیس کے بند کرنے کے مقام۔

المِصْعَدُ: بلند عمارت پر چڑھنے کے لئے لفٹ۔

جَبَلٌ مُصْعِدٌ. بلند پہاڑ۔

المِصْعَاد. درخت خرما پر چڑھنے کی رسّی۔

صَعِرَ (س) صَعَرًا. وَجْهُهُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب کو جھکنا۔ صفت اَصْعَر. مؤنث صَعْرَاء ج صُعْر رَاْسُهُ: سر کا چھوٹا ہونا۔

صَعَّرَ و صَاعَرَ و اَصْعَرَ. تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقتًا ہوتا ہے۔

تَصَعَّرَ و تَصَاعَرَ. تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔

صَعْرَرَ. الشَّیْءَ: گھمانا۔

تَصَعْرَرَ. گھومنا۔

اِصْعَنْرَرَ واِصْعَرَّرَ. پیچ و تاب کھانا۔

اِصْعَرَّتِ. الْاِبِلُ. تیز دوڑنا۔

الصَّعَّار. مغرور و متکبر۔

الصُّعْرُر والصُّعْرُوْر. درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ ج صَعَارِیر۔

الصُّعْرُوْرَة. گبریلا کی گولی۔

صَعْصَعَ. الْقَوْمَ. متفرق کر دینا الشَّیْءَ. حرکت دینا۔ مِنْ فُلَانٍ خوف کرنا۔ رَاْسَهُ بِالدُّهْنِ. سر کو تیل سے چکنا کرنا۔

تَصَعْصَعَ. متحرک ہونا، متفرق ہونا۔ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ بِهِمُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے اِن کو پراگندہ کر دیا۔ "تَصَعْصَعَتْ صُفُوفُهُمْ" یعنی ان کی صفتیں منتشر ہوگئیں۔

الصَّعْصَع. متفرق۔ (والصُّعْصُع) ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ ج صَعَاصِع کہا جاتا ہے "ذَهَبُوا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

صُعِفَ صَعْفًا. کپکپی لاحق ہونا۔ صفت مَصْعُوْف۔

اَصْعَفَ. الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ مل دل کر اسے کھایا جا سکے۔

الصَّعْفَة. کپکپی۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔

الصَّعْفَق والصَّعْفُوْق والصَّعَفْقِیّ. وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کیلئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔

الصَّعْفُوْق: کمینہ۔ ج صَعَافِیق و صَعَافِقَة۔

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً. السَّمَاءُ الْقَوْمَ. بجلی گرانا۔ صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔

صَعِقَ (س) صَعْقًا. الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا الرَّكِيَّةُ: کنوئیں کا گر جانا (وصَعِقَ صَعْقًا وصَعَقًا وصَعْقَة وتَصْعَاقًا) گرج سے غشی طاری ہو جانا۔ مرنا۔ صفت صَعِق۔ صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔

اَصْعَقَتْهُ. السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔ اَصْعَقَه: قتل کرنا۔

الصَّعْق. س۔ چیخ۔ موت۔

الصُّعَاق. بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَة. س۔ آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ موت۔ ہر مہلک عذاب۔ عذاب کی چیخ۔ ج صَوَاعِق۔

الْمَصْعُوْق. غشی والا۔ اچانک مرنے والا۔

الصُّعْقُر. مچھلی کے انڈے۔

صَعِلَ (س) صَعَلًا واِصْعَالَّ. چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ صفت اَصْعَل. مؤنث صَعْلَاء ج صُعْل۔

الصَّعْل. چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا۔ گدھا جس کے بال گر گئے ہوں۔

صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً. محتاج بنانا۔ دُبلا کرنا۔

تَصَعْلَكَ. فقیر و محتاج ہونا۔

الصُّعْلُوْك. فقیر و محتاج۔ کمزور۔ ج صَعَالِك و صَعَالِیك. صَعَالِیكُ الْعَرَبِ: عرب کے چور اور فقراء۔

اَصْعَنَ. الرَّجُلُ. چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔

اِصْعَنَّ. الشَّیْءُ: باریک اور نازک ہونا۔

صَعَایَصْعُو صَعْوًا. باریک اور چھوٹا ہونا۔

الصَّعْو. چھوٹے چڑے۔ واحد صَعْوَة

صَعْوَات. ممولا۔ ج صِعَاء واَصْعَاء نَاقَةٌ

صَعْوَةٌ. چھوٹے سر والی اُونٹنی۔

الصُّغْب. جوں کے انڈے۔

صَغِرَ (س) و صَغُرَ (ک) صَغَرًا وصَغَارَة و صِغَرًا و صُغْرَانًا. چھوٹا ہونا۔

صَغُرَ (ک) صِغَرًا وصُغْرًا وصَغَارًا وصَغَارَةً وصُغْرَانًا۔ ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

صَغَرَ (ن) وصَغِرَ (س) صَغَرًا. القَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔

صَغَّرَو اَصْغَرَهٗ. چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَهٗ فِي اَعْيُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "اَصْغَرتِ الاَرْض" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔ اَصْغَرَ القَوْمُ: چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔

تَصَاغَرَ. الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ اِلَيْهِ نَفْسُهٗ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہوگیا۔

اِسْتَصْغَرَهٗ. چھوٹا پانا۔ چھوٹا سمجھنا فُلَانٌ: چھوٹا طلب کرنا۔

الصِغْرَة. اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِغْرَةُ اَبَوَيْهِ او صِغْرَةُ اَوْلَادِ اَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مِنَ الصِغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔

الصَغَار والصُغْر. ذلت۔ ظلم۔

الصَغَارة. چھوٹا پن۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صغارت مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغر جسامت میں چھوٹا ہونا۔

الصُغَار والصُغْرَان. چھوٹا۔

الصَاغِر. ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے۔ ج صَغَرَة و صَاغِرُوْن.

الصَغِیْر. چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَار و صُغَراء.

الاَصْغَر. اسم تفضیل۔ ج اَصَاغِرُ اَصَاغِرَةٌ واَصْغَرُوْن. مؤنث صُغْرٰی. ج صُغَر.

الاَصْغَرَان. دِل و زبان۔ اور اسی سے مثل ہے "المرء باصغريه" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چیزوں یعنی دِل و زُبان سے وابستہ ہے۔

صَغَا يَصْغُوْ يصغٰى صَغْوًا وصَغِيَ يَصْغَى صَغًى وصُغِيًّا. اِلَيْهِ: جھکنا النُجُوْمُ او الشَّمْسُ: ڈوبنے لگنا۔ صفت صَغْوَاء اور جمع صَوَاغٍ.

اَصْغٰى اِصْغَاءً. اِلٰى حَدِيْثِهٖ: کان لگانا اِلَيْهِ: سننے کے لئے جھکنا الاِنَاءَ: جھکانا الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے "اَصْغٰى حَقَّهٗ" جبکہ حق گھٹا دیا۔

الصِغْو. کنوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دوہرا ہو۔ صِغْوُا الكَفّ او المِغْرَفَةِ: ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج اَصْغَاء.

صَاغِيَةُ. الرَّجُلِ: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "اَكْرِمُوْا الرَّجُلَ فِيْ صَاغِيَتِهٖ" یعنی اس کے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔

صَفَّ (ن) صَفًّا و صَفَّفَ. الشَّيْءَ: صف بنانا القَوْمَ: میدانِ جنگ میں صف بندی کرنا صَفَّ القَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا الطَّائِرُ بِجَنَاحِهٖ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا الاِبِلُ قَوَائِمَهَا: اُونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا السَّرْجَ: گدی بنانا۔

صَافَّ مُصَافَّةً. القَوْمَ فِي القِتَالِ: میدانِ جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔ بنانے والا مُصَافِّي کہلاتا ہے۔

اَصَفَّ. السَّرْجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔

تَصَافَّ. القَوْمُ: صفوں میں اکٹھا ہونا۔

اِصْطَفَّ. القَوْمُ: صفوں میں کھڑا ہونا۔

الصَفّ. سیدھی قطار۔ کلاس۔ صف بستہ قوم۔ ج صُفُوْف.

الصِفَف. زرہ کے نیچے کا لباس۔

الصُفَّة. ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے۔ صُفَّةُ السَّرجِ او الرَّحلِ: زین یا کجاوہ کی گدی۔ صُفَّةُ المَسْجِدِ: مسجد کا سایہ دار چبوترہ۔ الصُفَّة: گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو۔ صُفَّةٌ مِنَ الدَّهْرِ: زمانے کی ایک مدت۔ ج صُفَف و صُفَّات و صِفَاف.

الصَافّ. فا. الصافةُ مِنَ الاِبِلِ: جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں۔ ج صَافَّات و صَوَافّ. الصَافَّات: فرشتے۔

نَاقَةٌ صَفُوْف. بہت دودھ دینے والی اُونٹنی جو کثرتِ دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگا دے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہنے کے وقت ایک صف میں کر لے۔

الصَفِيْف. خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔

الصَفْصَاف: ایک درخت جو کہ عام طور پر ٹوکرہ بنانے کے کام آتا ہے۔

المَصَفّ. صف باندھنے کی جگہ۔ میدانِ جنگ۔ مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج مَصَافّ.

تَصَفَّتَ. الرَّجُلُ: قوی و مضبوط ہونا۔

الصِفَتّ والصِفَتَّان والصِفَتَّان. بھاری بھرکم جسم والا۔ قوی سخت اندام۔

صَفَحَ (ف) صَفْحًا. عَنْهُ: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ گناہ معاف کرنا۔ صفح السَّائِلَ عَنْ حَاجَتِهٖ: حاجت پوری نہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتَيْتُهٗ فِيْ حَاجَةٍ فَصَفَحَنِيْ" میں اس کے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی ۵ بِالسَّيْفِ: تلوار کی چوڑائی کی طرف سے مارنا الشَّيْءَ: چوڑا کرنا النَّاسَ: لوگوں میں مقابلہ کر کے ان کی حالت دیکھنا وَرَقَ المُصْحَفِ: ایک ایک ورق کو پیش کرنا فِي الاَمْرِ: غور کرنا۔

صَفَحَتْ (ف) صُفُوْحًا. النَّاقَةُ وغَيْرُها. دودھ کا ختم ہو جانا۔ صفت صَافِح.
صَفَّحَ. الشَّيْءَ: لمبا چوڑا کرنا المَكَانَ: مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا۔
صَفَّحَ بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔
أَصْفَحَ. السَّائِلَ: محروم واپس کر دینا الشَّيْءَ: اُلٹنا پلٹنا۔
صَافَحَهُ مُصَافَحَةً وصِفَاحًا. ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔
تَصَفَّحَ. الشَّيْءَ: تامل کرنا۔ دیر تک دیکھنا القَوْمَ: چہروں کو غور سے دیکھنا تاکہ حالات کا اندازہ ہو سکے۔ حالات کا جائزہ لینا۔
تَصَافَحَ. القَوْمُ: باہمدگر مصافحہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الأَجْفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔
اِسْتَصْفَحَهُ. الذَّنْبَ: گناہ کی معافی چاہنا۔
الصَّفْحُ. جانب مِنَ الوَجْهِ: رخسارہ مِنَ الإنْسَانِ: پہلو مِنَ السَّيْفِ. چوڑا پہلو۔ ج صِفَاح. کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی اعراض کیا۔
الصَّفْحَةُ. مِنَ الشَّيْءِ: جانب۔ چہرہ مِنَ الكِتَابِ: ورق کا ایک جانب۔ صَفْحَةُ الرَّجُلِ: سینہ کی چوڑائی۔ ج صَفَحَات.
الصَّفْحَانِ والصَّفْحَتَانِ. رخسارے۔
الصُّفْحُ. چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔
الصِّفَاحُ والصَّفَحُ. رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ صِفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔
الصَّفِيْحُ. آسمان۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔
الصَّفِيْحَةُ. چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔ صَفِيْحَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال۔ ج صَفِيْح و صَفَائِح.
الصَّفَائِحُ: سر کی چار ہڈیاں۔ دروازے کے تختے۔
الصُّفَّاحُ. پتلے چوڑے پتھر۔ اُونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں۔ ج صُفَّاحَات صَفَافِيْح.
الصَّفَّاحُ والصَّفُوْحُ. معاف کرنے والا۔
الصَّفُوْحُ بمعنی کریم۔
المُصْفَحُ. چوڑا۔ اُلٹا جھکا ہوا مِنَ الوُجُوْهِ: ملائم و خوبصورت مِنَ الأُنُوْفِ: ستواں ناک مِنَ الرُّؤُوْسِ: کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل مِنَ القُلُوْبِ: جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں مِنَ النَّاسِ: جو کافر سے کافرانہ طریقہ سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے۔
المُصَفَّحُ. چوڑا۔ جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں۔ أَنْفٌ مُصَفَّحٌ: ستواں ناک۔
المُصَفَّحَةُ والمُصْفَحَةُ. تلوار۔ ج مُصَفَّحَات و مُصْفَحَات.
صَفَدَهُ (ض) صَفْدًا وصُفُوْدًا وصَفَّدَهُ. قید کرنا۔ ہتھکڑی لگانا۔
أَصْفَدَهُ. قید کرنا مَالًا: دینا۔
الصَّفَدُ. بخشش۔ بندھن۔ ج أَصْفَاد کہا جاتا ہے "الصَّفَدُ صَفَدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔ الصِّفَادُ. ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے۔ بندش۔
صَفَرَ (ض) صَفِيْرًا. ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔ صَفَرَ بِالفَرَسِ عِنْدَ وُرُوْدِهِ: گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔
صُفِرَ صَفْرًا. پیٹ میں صفار جمع ہونا۔ صفت مَصْفُوْر (دیکھئے صُفار)
صَفِرَ (س) صَفَرًا وصُفُوْرًا وصُفُوْرَةً الإنَاءُ: برتن کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَفِرَ وِطَابُهُ او إنَاؤُهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔
صَفَّرَ. الشَّيْءَ: زرد کرنا الثَّوْبَ: زرد رنگنا البَيْتَ: خالی کرنا لِلدَّابَّةِ: ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا بِالدَّابَّةِ: جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔
أَصْفَرَ. محتاج ہونا الإنَاءُ: خالی ہونا البَيْتَ خالی کرنا۔
اِصْفَرَّ اصْفِرَارًا. زرد رنگ ہونا۔
الصِّفْرُ والصَّفْرُ والصُّفْرُ. خالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ صِفْرٌ مِنَ المَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ اليَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔
الصُّفْرُ. سونا۔ پیتل۔
الصِّفْرُ. زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔
صَفَر. قمری مہینوں میں سے دوسرا مہینہ۔ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ ج أَصْفَار
الصَّفَرَانِ. عربی سال کے دو مہینے جس میں سے پہلے کا نام ظہور اسلام کے بعد محرم ہو گیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔
الصَّفَرُ. س۔ یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلَى شُرْسُوْفِهِ الصَّفَرُ" یعنی بھوکا ہوا۔ عقل کہا جاتا ہے "لا يَلْتَاطُ هٰذَا بِصَفَرِي" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دل میں نہیں چپکتا۔
الصَّفِرُ. خالی۔ ج أَصْفَار. کہا جاتا ہے "إنَاءٌ أَصْفَارٌ" خالی برتن۔
الصُّفَيْرَاءُ: ایک درخت جس کے پتے سبز زردی مائل ہوتے ہیں۔
اَلْبَابَانِيَّةُ: زینب و زینت والا ایک درخت جس کے پتے پر نما ہوتے ہیں اور سفید رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔
الصَّفْرَةُ. ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔
الصُّفْرَةُ. زردی۔ سیاہی۔
مَصْفَار: ایک قسم کی مچھلی۔
الصِّفْرِيْتُ. کثیر العیال محتاج۔ ج صَفَارِيْت.
الصَّفَرِيُّ والصَّفَرِيَّةُ. فصل خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصل خریف میں ہوتا ہے۔
الصُّفَارُ. آواز۔ زرد رنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے۔ کینچوا۔ پیٹ کے

کپڑے۔ زردی جو رنگ پر غالب ہو (والصِفار) جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ۔

الصُفارَة. مرجھایا ہوا پودہ۔

الصَفِیْر. ہر آواز جو لمبی ہو اور حروف سے خالی ہو۔ حُرُوْفُ الصَفِیْر: زای معجمہ سین و صاد مہملہ ہیں۔

الصَفَّار. ٹھٹھیرا۔

الصَفَّارَة. سیٹی۔ مقعد۔

الصَفَّارِیَّة. زرد پروں کا پرندہ۔

الصَافِر. سیٹی بجانے والا چور۔ ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے۔ مثال ہے "ھُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے۔ ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے ہر ایک آواز کرنے والا۔ پرندہ۔ کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ صَافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں۔

الاَصْفَر. زرد رنگ والا۔ مؤنث صَفْرَاء ج صُفْر.

الصُفْر. دنانیر۔

الاَصْفَران. زعفران اور سونا۔

الصَفْرَاء. مؤنث اَصْفَر. سونا۔ پِت۔ ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو۔ ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں۔

المُصْفِر. فا. محتاج۔

المَصْفُوْر والمُصَفَّر. بھوکا۔

الصِفْرِد. ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے۔

صَفْصَفَ. الرَجُلُ: بیابان میں اکیلا چلنا العُصْفُوْرُ: چڑیا کا چہچہانا۔

الصُفْصُف. چڑیا۔

الصَفْصَفَة. بیابان۔

الصَفْصَاف. بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے۔ واحد صَفْصَافَة.

صَفَعَهُ (ف) صَفْعًا. تھپڑ مارنا۔

صَافَعَهُ و تَصَافَعًا. ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔

الصَفْعَان و المُصْفَعَانِی. جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں۔

صَفَقَهُ (ن ض) صَفْقًا. تھپکی لگانا۔ تالی بجانا۔ صَفَقَ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ کھولنا۔ (ضد) الرَجُلَ عَنْ مُرَادِهٖ: کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا الطَائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندہ کا بازوؤں کو پھڑپھڑانا عَیْنَه: آنکھ بند کر دینا العُوْد: بربط کے تاروں کو حرکت دینا القَدَحَ. پیالہ بھرنا الشَرَابَ: صفائی کیلئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا لَهٗ بِالبَیْعِ و صَفَقَ عَلٰی یَدِهٖ و صَفَقَ یَدَهٗ بِالبَیْعَة: سودا کرنے کیلئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا الرَجُلَ: جانا ہ بِالسَّیْفِ: تلوار مارنا الرِیْحُ الاَشْجَارَ: ہوا کا درختوں کو حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "صَفَقَتْ عَلَیْنَا صَافِقَةٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی۔

صَفُقَ (ک) صَفَاقَةً. الرَجُلُ: بے حیا ہونا الثَوْبُ: کپڑے کا گف ہونا۔

اَصْفَقَهٗ. باز رکھنا۔ اَصْفَقَ البَابَ والقَدَحَ والشَرَابَ بمعنی صَفَقَ الحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا لِلقَوْمِ: اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے الثَوْبَ: کپڑے کو گف بننا۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَقُوْا عَلٰی قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا القَوْمُ: مضطرب و پریشان ہوئے۔

صَفَّقَ. الطَائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندے کا بازو پھڑپھڑانا الرَجُلُ یَدَیْهِ: تالی بجانا حَوْلَ الشَیْءِ: طواف کرنا الرَجُلُ: جانا الشَرَابَ: صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔

صَافَقَ. الرَجُلَان عِنْدَ البَیْعِ: بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔

صَافَقَ الرَجُلُ بَیْنَ جَنْبَیْهِ. ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا. بَیْنَ ثَوْبَیْنِ: ایک کپڑے کو دوسرے کے اوپر پہننا۔

تَصَافَقَ. القَوْمُ: خرید و فروخت کرنا۔

تَصَفَّقَ. الرَجُلُ: تردد کرنا لِلاَمْرِ: درپے ہونا۔

اِنْصَفَقَ. واپس ہونا۔ پھر جانا القَوْمُ عَلَیْهِ: متوجہ ہونا۔

اِصْطَفَقَ. العُوْدُ: بربط کے تاروں کا متحرک ہونا البَحْرُ: موجوں کا متلاطم ہونا القَوْمُ: مضطرب ہونا الاَشْجَارُ: حرکت کرنا النِسَاءُ عَلَی المَیِّتِ: عورتوں کا میت پر نوحہ و بین کرنا۔

الصَفْق. گوشہ۔ جانب۔ دروازہ کا کواڑ۔

صَفْقَا العُنُقِ: گردن کی دونوں اطراف۔

صَفْقَا الفَرَسِ: گھوڑے کے رخسارے۔

صَفْقُ الجَبَلِ: پہاڑ کی سطح۔ ج صُفُوْق.

الصِفْق. دروازے کا کواڑ۔ پٹ۔

الصَفْقَة. خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عقد بیع۔ کہا جاتا ہے "صَفْقَةٌ رَابِحَةٌ" نفع بخش عقد بیع۔ "صَفْقَةٌ خَاسِرَةٌ" نقصان دہ عقد بیع "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے۔

الصَفَق. گوشہ۔ دماغ کا آخری حصہ۔

الصِفَاق. کھال کے نیچے کی جھلی۔ پیٹ پر کی جھلی۔ وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھ دیتے ہیں۔ ج صُفُق.

الصَافِقَة. نازل ہونے والی جماعت۔ مصیبت۔

الصَفَّاق. صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنے والا اور لین دین کرنے والا۔

الصَفُوْق. بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُق.

الصَفَائِق. آنے جانے والے قافلے۔

الصَفَائِق والصَوَافِق. مصیبتیں۔ حوادث۔

الصَفِیْق. بے حیا۔ بے شرم۔ کہا جاتا ہے "وَجْہٌ صَفِیْقٌ" بے شرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِیْقٌ" گف۔ کپڑا۔

المَصْفَق. راستہ۔

المُصَافِق. فا. ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا مِنَ الإبِلِ: جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔

صَفَنَ (ض) صُفُوْنًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا الرَّجُلُ: دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا بِهِ الاَرْضَ: زمین پر دے مارنا (صَفْنًا) الطَّائِرُ الحَشِیْشَ او الوَرَقَ: پرندہ کا اپنے بچے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بتہ رکھنا الرَّجُلَ: خصیتین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔

الصُّوْفَان. ایک نرم خشک چیز ہے جو درخت کی لکڑی کے اندر ہوتی ہے جو جلدی آگ پکڑ لیتی ہے۔
الصَوِف والصُّوْفَانِي بہت اُون والا۔
جُبَّةٌ صَيِّفَةٌ. بہت اُون والا جبہ۔
صَاقَ. الدَّابَّةَ: ہانکنا۔
الصَوِيْق. ستو۔ سویق میں ایک لغت ہے۔

الصَاق. پنڈلی۔ ج صُوْق. ساق میں ایک لغت ہے۔
صَاكَ يَصُوْكُ صَوْكًا. بِهِ الزَعْفَرَانُ اَو المِسْكُ او نَحْوُهُمَا: زعفران یا مشک وغیرہ کا چپکنا۔
تَصَوَّكَ. فِي رَجِيْعِهِ و بِرَجِيْعِهِ: گوبر میں لتھڑنا۔
صَالَ يَصُوْلُ صَوْلًا و صَوْلَةً. عَلَيْهِ: کود پڑنا (صَوْلًا وصِيَالًا وصَالًا وصُؤُوْلًا وصَيَلَانًا ومَصَالَةً) عَلَيْهِ: حملہ کرنا اور زبردستی کرنا۔
صِيْلَ. لَهُ الاَمْرُ: کوئی معاملہ مقدر کیا جانا۔
صَوَّلَ. البَيْدَرَ: کھلیان کے اطراف و جوانب کو جھاڑو دینا الشَّئَ: پانی سے نکالنا۔ پانی میں ڈال کو صاف کرنا۔
صَاوَلَهُ مُصَاوَلَةً وصِيَالًا وصِيَالَةً ایک کا دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے پر کود پڑنا۔
تَصَاوَلَا. ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے پر کود پڑنا۔
الصَّوْلَة. حملہ۔ قدرت۔ قہر۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُه اَوَّلَ صَوْلَةٍ" یعنی اوّل وہلہ میں ملاقات کی۔
صُوْلَةُ. الحِنطَةِ: پانی میں سے نکالا ہوا اور صاف کیا ہوا گیہوں۔
الصُوَالَة. گیہوں وغیرہ کا کوڑا کرکٹ جو پانی سے صاف کرنے میں نکلے۔ کھلیان کے ارگرد کا کوڑا کرکٹ۔
الصَئُوْل. مِنَ الرِجَالِ: لوگوں کو مارنے والا۔ لوگوں پر زبردستی کرنے والا۔
المِصْوَل. بھگونے کا برتن۔ ج مَصَاوِل.
المِصْوَلَةُ. کھلیان کا جھاڑو۔
صَامَ يَصُوْمُ صَوْمًا وصِيَامًا واصْطَامَ. روزہ رکھنا۔ چلنے پھرنے / بولنے / کھانے پینے سے رُک جانا۔ صفت صَائِم ج

صَائِمُوْن وصُوَّام وصُيَّام وصُوَّم وصُيَّم وصِيَام. صَامَ الشَهْرَ: روزہ رکھنا۔ مَنِيَّتَهُ: موت چکھنا النَعَامُ: شتر مرغ کا بیٹ کرنا۔ صَامَ النَهَارُ: دوپہر ہونا۔ صَامَتِ الشَمْسُ: آفتاب کا وسط آسمان پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهُ والشَمْسُ فِي مَصَامِهَا" یعنی میں اس کے پاس ایسے وقت پہنچا کہ آفتاب وسط آسمان میں تھا۔ صَامَتِ الرِيْحُ: ہوا کا رُک جانا۔
صَوَّمَهُ. روزہ رکھوانا۔
الصَوْم. روزہ۔ [illegible] سے رُکنا۔ روزہ دار یہ لفظ مذکر و مؤنث واحد جمع سب پر بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَوْمٌ هِيَ صَوْمٌ هُمْ صَوْمٌ". شَهْرُ الصَوْمِ: رمضان۔ صَوْمُ النَعَامِ: شتر مرغ کی بیٹ۔
الصَوَام. مِنَ الاَرَاضِي: خشک بے پانی کی زمینیں۔
الصَّوْمَان. روزہ دار۔ ج صَيَامَى.
الصَائِم. روزہ دار۔ يَوْمٌ صَائِم. وہ دن جس میں روزہ رکھا جائے۔ مَاءٌ صَائِم. ٹھہرا ہوا پانی۔ الصَائِمَةُ مِنَ السَكَاكِيْن: کند چھری مِنَ الخَيْلِ: بغیر چارہ کے کھڑا ہونے والا گھوڑا۔ والصَائِمَةُ مِنَ البَكَرَاتِ: نہ گھومنے والی چرخی۔
الصَوَّام. بہت روزہ دار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَوَّامٌ قَوَّام" یعنی وہ دن میں روزے رکھنے والا اور رات میں عبادت کرنے والا ہے۔
مَصَامُ الفَرَسِ ومَصَامَتُهَا. گھوڑے کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
صَوْمَعَ. الشَّئَ: جمع کرنا۔ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔
الصَوْمَعَة والصَوْمَع. راہب کی کٹی' گرجا۔ الصَوْمَعَة: عقاب: ایک قسم کی لمبی ٹوپی' پہاڑ کی چوٹی۔ ج صَوَامِع.
صَوْمَلَ. الرَجُلُ: کھال کا بھوک کی وجہ سے خشک ہو جانا۔

صَانه يَصُوْنُهُ صَوْنًا و صِيَانًا و صِيَانَةً و اِصْطَانَهُ اِصْطِيَانًا. حفاظت کرنا۔ صفت مفعولی مَصُوْن. مَصُوْوْن: دوسرا کم استعال ہوتا ہے۔ صَانَ الثَّوْبَ او العِرضَ: کپڑے اور آبرو کو عیب لگانے والی چیزوں سے محفوظ رکھنا۔

تَصَوَّن و تصاون. مِنَ العَيْبِ: اپنے نفس کی عیب سے حفاظت کرنا۔ تصوُّنَهُ: بچنے کے لیے تکلف کرنا۔

الصَوَان والصِوَان والصُوَان و الصِيَان والصُيَان والصَيَان. کپڑوں یا کتابوں کے محفوظ کرنے کا برتن۔

الصَوَّانَة. ایک سخت قسم کا پتھر۔ ذبر۔

المَصَان والمِصْوَان. کمان وغیرہ کا غلاف۔

الصَوَّ. خالی۔ کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ صَوٌّ" خالی برتن۔

الصُوَّة. گونج۔ آواز بازگشت۔ ٹیلہ' نشانِ راہ کا پتھر۔ ج صُوًى ج اَصْوَاء. الصُوْى والاَصْوَاء: قبور۔

صَوِى يَصْوِىْ صُوِيًّا وصَوَى يَصْوِى صَوًى و صَوَّى تَصْوِيَةً واَصْوَى اِصْوَاءً النَخلُ: خشک ہونا۔ صفت صَوِيٌّ وصاوٍ الضَرْعُ: تھن کا خشک ہو جانا۔

صَوِىَ(س) صَوًى. الرَّجُلُ: قوی ہونا۔

صَابَ يَصِيْبُ صَيْبًا. درست ہونا۔ صفت صَائِب. صَابَهُ السَّهْمُ: تیر کا نشانے پر لگنا۔

سَهْمٌ صَيُوْب. تیر نشانے پر لگنے والا۔ ج صُيُوْب.

الصُيَّاب والصُيَّابَة والصُيَاب و الصُيَابَة. خالص۔ ہر چیز میں سے عمدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صُيَّابِهِمْ ومِنْ صُيَّابَتِهِم" یعنی وہ سب میں عمدہ ہے۔

الصُيَّابَة. سردار۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صُيَّابَةُ قَومِهِ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ صُيَّابَةُ القَوْمِ: یعنی جماعت قوم۔

صَاحَ يَصِيْحُ صَيْحًا وصَيْحَةً وصِيَاحًا وصُيَاحًا وصَيَحَانًا. چیخنا چلّانا بِهِ: پکارنا۔ آواز دینا۔ عَلَيْهِ: ڈانٹنا العُنْقُوْدُ: تر خوشے کا بڑھنا۔

صِيحَ. بِهِمْ: گھبرانا فيهم: ہلاک ہونا۔

صَيَّحَ. چیخنے میں مبالغہ کرنا الشَّيْءَ: توڑ دینا۔ پھاڑنا۔ صَيَّحَتِ الرِيْحُ او الشَمْسُ البَقْلَ: ہوا یا آفتاب کا ساگ کو خشک کرنا۔

صَايَحَ وتَصَايَحَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو پکارنا۔ صَايَحَ بِهِ: آواز دینا۔ پکارنا۔ تَصَايَحَ جَفْنُ السَيْفِ: تلوار کے میان کا پھٹ جانا۔

تَصَيَّحَ وانْصَاحَ. پھٹ جانا۔ تَصَيَّحَ البَقْلُ. اوپر کی جانب سے خشک ہونا۔ شروع ہونا۔ اِنْصَاحَ الفجرُ والبَرْقُ: ظاہر ہونا۔ اِنْصَاحَتِ الارْضُ: زمین کا کچھ حصہ روئیدگی سے ڈھک جانا اور کچھ کا خالی رہنا۔

الصَيْحَة. چیخ۔ عذاب۔ اچانک غارت۔

الصَائِحَة. مؤنث صَائِح. نوحہ کی چیخ۔

الصَيَّاح. بہت چیخنے والا۔

صَادَ يَصِيْدُ و يَصَادُ صَيْدًا وتَصَيَّدَ واِصْطَادَ. الطَيْرَ: پرندے کا شکار کرنا۔ صفت صَائِد. صَادَ فُلَانًا: کسی کیلئے شکار کرنا۔ صَادَ واِصْطَادَ المَكَانَ: فلاں جگہ میں شکار کرنا۔ صَادَ زَيْدًا: ٹیڑھی گردن کا کر دینا۔

صَيِدَ يَصْيَدُ صَيَدًا. ٹیڑھی گردن کا ہونا۔

اَصَادَهُ. شکار پر اکسانا۔ اَصَادَ البَعِيْرَ: تکلیف دینا۔ علاج کرنا (کجی گردن کا)

الاَصْيَد. تکبر سے سر کو بلند کرنے والا۔ وہ اُونٹ جس کی گردن ٹیڑھی ہو۔ بادشاہ اس لیے کہ وہ بھی فخر و غرور کی وجہ سے ادھر اُدھر نہیں دیکھتا۔ شیر۔ مؤنث صَيْدَاء ج صِيد.

الصَاد. حروفِ تہجی کا ایک حرف جس کا عدد بحساب جمل ۹۰ ہے۔ تانبا۔ پیتل۔ ج صِيدَان ایک مرض ہے جو اُونٹ کو ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کی ناک ہمیشہ بہتی رہتی ہے اور وہ اپنے سر کو بلند کرتا ہے۔ شیر۔

الصَيْد. شکار۔

الصَيْدَاء. مؤنث اَصْيَد. کنکر۔ ارض صَيْدَاء. سخت زمین۔

الصَيَد. س (والصِيْد) اُونٹ کی مذکورہ بالا بیماری۔

الصَيَّاد. شکاری۔ شیر۔

الصَيُوْد. شکاری۔ کہا جاتا ہے۔ كَلْبٌ صَيُوْدٌ و صَقْرٌ صَيُوْدٌ. ج صِيْدٌ و صُيُوْدٌ. الصَيُوْدُ مِنَ النِسَاءِ: بدخلق عورت۔

الصَيْدَان. سونا۔ تانبا۔ صَيْدَان الحَصىٰ. کنکریاں۔

الصَيْدَانَة. بھوت مِنَ النِسَاء. بدخلق۔ بہت بولنے والی۔

المِصْيَد والمِصْيَدة والمَصْيَدَة والمَصِيْدَة. جال۔

المَصِيْد. شکار کیا ہوا۔

المَصَاد والمُصْطَاد والمُتَصَيَّد. شکار گاہ۔

الصَيْدَلَة. دوا فروشی۔

الصَيْدَلِيّ والصَيْدَلَانِيّ. دوا فروش۔ ج صَيَادِلَة. یہ کلمہ دخیل ہے اور اس کے لیے اجزائی کا لفظ بھی استعال کیا جاتا ہے اور دواخانہ کو اجزائیہ کہتے ہیں۔

الصَيْدَن. مضبوط عمارت۔ چاندی کی سل۔ تنگ چادر۔ بجو۔ لومڑی۔ بادشاہ۔ عطر فروش۔ ایک چھوٹا سا جانور ہے جو اپنے آپ کو لوگوں کی نگاہ سے محفوظ رکھنے کے لیے زمین میں بھٹ بناتا ہے۔

الصَيْدَنَانِيّ. بھٹ۔

صَارَ يَصِيرُ صَيْرًا وصَيْرُوْرَةً ومَصِيْرًا. لوٹنا۔ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پلٹنا۔ جیسے "صَارَ زَيْدٌ غَنِيًّا" یعنی

فقر سے غنا کی طرف پلٹ گیا۔ منتقل ہونا
اِلٰی کَذَا او اِلٰی فُلَانٍ: پہنچنا۔ اور یہ افعالِ
ناقصہ میں سے ہے۔
صَارَهُ يُصُوْرُهُ و يَصِيْرُهُ صَيْرًا. کاٹنا۔
الشَیْئَ: روک دینا۔
صَيَّرَهُ واَصَارَهُ اِصَارَةً. ایک حالت سے
دوسری حالت کی طرف کر دینا۔
تَصَيَّرَهُ. مشابہ ہونا۔
الصَّيْر. انجام۔
الصِّيْر. کسی شے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ عَلٰی صِيْرِ الْاَمْرِ" یعنی فلاں کام
کے پورے ہونے کے کنارے پر ہے۔
دروازے کی جھری۔ چھوٹی نمکین مچھلیاں۔
یہودیوں کا پادری۔ انجام کار۔
الصِّيَار. گایوں کا گلہ۔ چنگ کی آواز۔
الصِّيَارَة والصِّيْرَة. گائے بکریوں کا باڑہ۔
ج صِيْر و صِيَر.
الصَّائِرَة. خشک گھاس۔
الصَّيِّر. جماعت۔ قبر۔
الصَّيُّوْر. عقل رائے (الصَّيُّوْرَة) انجام
کار۔
المَصِيْر. انجامِ کار۔ پانی کا منتہی۔ ج
مَصَائِر.
الصِّيْصَة والصِّيْصِيَة. کپڑا بننے والے کا
کونچ۔ مرغ کا خار۔ ہرن اور گائے کا
سینگ۔ چھوارے توڑنے کا دستہ۔ قلعہ۔
گڑھی اور ہر پناہ لینے کی جگہ۔ ج
صَيَاصِي.
صَاعَ يَصِيْعُ صَيْعًا واَصَاعَ. الغَنَم.

متفرق کرنا القَوْمَ: ایک دوسرے پر حملہ
کرنا۔
تَصَيَّعَ. المَاءُ: متحرک ہونا۔ جوش مارنا۔
اِنْصَاعَ. الرَّجُلُ: تیزی سے واپس ہونا۔
الطَّيْرُ: فضاء آسمانی میں چڑھنا۔
صَافَ يَصِيْفُ صَيْفًا و صَيَّفَ و
تَصَيَّفَ واصْطَافَ. المَكَانَ: موسم گرما
میں اقامت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا
الطَّعَامُ يُصَيِّفُنِي" یعنی یہ کھانا میرے لیے
گرم موسم گرما بھر کیلئے کافی ہے۔
صَافَ (ض) صَيْفًا و صَيُوْفَةً. السَّهْمُ
عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا عَنِی
وَجْهَهُ: منہ پھیر لینا۔
صِيْفَ وصُيِّفَ. المَكَانُ او الرَّجُلُ:
مکان یا آدمی پر موسم گرما میں بارش ہونا۔
صفت مفعولی۔ مَصِيْفٌ مَصْيُوْفٌ و
مُصَيَّفٌ۔
صَايَفَهُ مُصَايَفَةً و صِيَافًا. موسم گرما کے
لیے معاملہ کرنا۔
اَصَافَ اِصَافَةً. بڑھاپے میں شادی کرنا یا
بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا القَوْمُ: زمانہ گرمی
میں داخل ہونا اللّٰهُ عَنْهُ الشَّرَّ: اللہ کا شر کو
دور کرنا۔ اَصَافَتِ الدَّابَّةُ: جانور کا گرمی
کے زمانہ میں بچہ دینا۔
الصَّيْف. موسم گرما۔ ج اَصْيَاف.
الصَّيْفَة. موسم گرما۔ یہ صَيْف سے اخص
ہے۔ ج صِيَف.
الصَّيِّف والصَّيِّفَة. موسم گرما کی بارش۔
کہا جاتا ہے "اَصَابَتْنَا صَيِّفَةٌ غَزِيْرَةٌ" ہم

پر موسم گرما کی کثیر بارش ہوئی۔
الصَّيِّف والصَّيِّفِي. گھاس جو موسم گرما
میں اُگتی ہے۔
الصَّائِف والصَّاف. گرم۔
صَيْفٌ صَائِفٌ. تاکید کے موقعہ پر بولا
جاتا ہے جیسے لَيْلٌ لَائِلٌ.
الصَّائِفَة. مؤنث الصَّائِف کا۔ موسم گرما
کا وقت۔ گرمی کے زمانے میں جنگ۔
"صَائِفَةُ الْقَوْمِ" زمانہ گرما کی خوراک۔ ج
صَوَائِف.
المَصِيْف والمُتَصَيَّف والمُصْطَاف.
موسم گرما بسر کرنے کا مکان۔ المَصِيْف:
ندی جہاں پر بل کھاتی ہو۔
اَرْضٌ مِصْيَاف. زمین جس میں روئیدگی
موخر ہو جائے اور موسم گرما میں اس میں
بارش زیادہ ہوئی ہو۔ ج مَصَائِيف.
المَصَايِيْف. وہ بچے جو گرمی میں پیدا
ہوں۔
الصِّيْق. چڑا چڑے۔ ج صِيْقَان. پسینہ۔
بدبو۔ آواز (والصِّيْقَة) وہ غبار جو فضاءِ
آسمانی میں چکر لگائے۔ ج صِيَق.
صَاكَ يَصِيْكُ صَيْكًا. بِهِ الطِّيْبُ او
الدَّمُ: خوشبو یا خون کا چپکنا۔
صِيْلَ. لَهُ كَذَا: مقدر کیا جانا۔
الصَّيْم. بہت سخت۔
الصِّيْن. ملک چین۔
الصَّوَانِي. چینی برتن۔ واحد صِيْنِيَّة.
الصِّيْنِيَّة: کسی دھات کا طبق جو کسی چیز کو
پیش کرنے کے لیے بنایا گیا ہو۔

ض: الضاد: پندرھواں حرف بنیادی حروف سے مخارج کے لحاظ سے حروف شجریہ سے ہے۔ بحساب جمل اس کا عدد (۸۰۰) ہے۔
الضِئْب. ایک دریائی جانور۔ موتی۔
الضُوْبان. موٹا قوی مرد یا اُونٹ۔
ضَأَدَ(ف) ضَأْدًا. خصومت میں غالب آنا۔
ضُئِدَ ضُؤَادًا. زکام زدہ ہونا۔
اَضْأَدَهُ اِضْآدًا. زکام میں مبتلا کرنا۔
الضُؤْد والضُؤْدَةُ والضُؤْدَةُ. زکام۔
المَضْؤُوْد. زکام زدہ۔
ضَأَزَهُ(ف) ضَأْزًا و ضَأَزًا ظلم کرنا۔
ضَأَزَهُ حَقَّهُ: حق گھٹانا۔
قِسْمَةٌ ضُؤْزىٰ و ضَأْزىٰ و ضِئْزىٰ. ناقص تقسیم۔
الضَيَّاز. کاموں میں گھس پڑنے والا۔
الضُؤْزَة. حقیر مرد۔
ضَأْضَأَ ضَأْضَاةً وضَوْضَأَ ضَوْضَاةً. القَوْمُ فِي الحَرْبِ: قوم کا لڑائی میں شور مچانا۔
الضَأْضَأُ والضَوْضَأُ والضَوْضَىٰ. لڑائی کا شور۔
الضُؤْضُؤ والضِئْضِئ. اصل۔ کان۔ معدن۔ الضُؤْضُؤ: ایک قسم کا پرندہ جس کے پروں پر طرح طرح کے نقطے ہوتے ہیں۔

ضَئِطَ (س) ضَأَطًا. الرَجُلُ: چلنے میں مونڈھے اور جسم کو حرکت دینا۔
ضُئِكَ. زکام زدہ ہوا۔ الضُؤَاك: زکام۔
ضَؤُلَ (ک) ضَآلَةً وضُؤُوْلَةً. لاغر ہونا۔ حقیر ہونا۔
ضَاءَلَ. شَخْصَهُ: اپنے آپ کو حقیر کرنا۔
تَضَاءَلَ. حقیر ہونا۔ کمزور ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ الشَيُّ: سکڑنا۔
اِضْطَأَلَ. چھوٹا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت مُضْطَئِل.
الضَئِيْل. چھوٹا۔ باریک۔ حقیر۔ دُبلا۔ ج ضُؤَلَاءُ و ضِئَال و ضَئِيْلُوْن.
الضُؤَلَة. کمزور۔ دُبلا۔
الضَئِيْلَة. ضَئِيْل کا مؤنث۔ باریک سانپ۔ حلق کا کوا۔
ضَأَنَ (ف) ضَأْنًا. الضَأْنَ: بھیڑ کو بکریوں سے جدا کرنا۔
اَضْأَنَ اِضْآنًا. بہت بھیڑ والا ہونا۔
الضَأْن. بھیڑ۔ دُنبہ۔
الضَّائِنِيّ مولدین کے نزدیک بھیڑ کا گوشت
الضَائِن. کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَائِنٌ"، کمزور مرد۔ ریت کا سفید چوڑا قطعہ۔ اُون والا۔ بھیڑ، دُنبہ۔ ج ضُأْنٌ و ضَأْنٌ و ضَئِيْن و ضِئِيْن.
الضَائِنَة. مؤنث ضَائِن ج ضَوَائِن.
الضِئْنِيّ. وہی جمانے کی بڑی مشک بھیڑ کی کھال کی۔

ضَأَى يَضْأَى ضَأْيًا. الرَجُلُ: جسم کا لاغر ہونا۔
ضَبَّ (ض) ضَبًّا. چپ ہونا۔ النَاقَةَ. اُونٹنی کو پوری ہتھیلی لگا کر دوہنا عَلَى الشَيِّ: جمع کرنا الشَيَّ: زمین سے چمٹنا عَلَيْهِ: مضبوطی سے پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضِبُّ فُوْهُ او تَضِبُّ لِثَاتُه بِكَذَا اَوْ عَلَى كَذَا" جبکہ حرص زیادہ ہو جائے (ضَبًّا و ضَبِيْبًا) الرِيْقُ اَوْ الدَم: تھوک یا خون بہنا۔
ضَبَّتْ (ض) ضَبًّا و ضُبُوْبًا الشَفَةُ: ہونٹ میں ایسی بیماری ہونا جس کی وجہ سے خون بہے۔
ضَبُبَ يَضْبُبُ وضَبِب يَضَبُّ ضَبَابَةً: المَكَانُ: کسی جگہ میں زیادہ گوہ ہونا۔ صفت ضَبِبٌ مؤنث ضَبِبَةٌ.
ضَبَّبَ. عَلَى الشَيِّ: سخت قبضہ کرنا۔ جمع کرنا۔ ضَبَّبَ عَلَى الضَبِّ: گوہ کو بھڑکانا۔
ضَبَّبَ البَابَ. دروازے میں بلی لگانا۔
اَضَبَّ. خاموش ہونا۔ چیخنا اور گفتگو کرنا۔ (ضد) المَاءُ او الرِيْقُ: پانی یا تھوک بہنا اليَوْمُ: دن کا کہر والا ہونا المَكَانُ: زیادہ روئیدگی والا ہونا الشَعْرُ: بال کا زیادہ ہونا۔ القَوْمُ: کسی کام کے لیے اکٹھا اُٹھ کھڑا ہونا۔ القَوْمُ فِيْ بُغْيَتِهِمْ: حصولِ مطلب کیلئے متفرق ہونا۔ اَضَبُّوا لِفُلَانٍ: کسی کے

طلب کرنے کے لئے متفرق ہونا۔الماءَ او
الدَم: بہانا۔عَلَی الاَمْرِ: حاوی ہونا۔عَلَی
الشَّیْءِ: چھپانا۔عَلَی المَطْلُوْب کامیابی
کے قریب ہونا۔اَضَبُّوْا عَلَیْہِ: بھیڑ کرنا۔
اَضَبَّ عَلٰی مَا فِیْ نَفْسِہٖ: جو کچھ دِل میں
ہو اس پر خاموش رہنا۔عَلٰی غَلٍّ فِیْ قَلْبِہٖ:
کینہ کو دِل میں پوشیدہ رکھنا۔
تَضَبَّبَ. الصَبِیُّ: بچے کا موٹا ہونے لگنا۔
الضَبُّ. گوہ۔ ج اَضُبّ و ضُبَّان و
ضِبَّاب و مَضَبَّۃ. عرب کہتے تھے "لَا
اَفْعَلُہٗ حَتّٰی یَرِدَ الضَبُّ" یعنی میں یہ کام
نہیں کروں گا یہاں تک کہ گوہ پانی پر آئے
اس لیے کہ ان کا خیال تھا کہ گوہ پانی پر
نہیں آیا کرتی۔
بَقْلَۃُ الضَبِّ. ایک خوشبودار نباتات۔
الضَبُّ. اُونٹ کے سینہ یا قدم کا ورم۔
اُونٹ کے اگلے پیر کا مرض۔ ہونٹ کا
مرض جس سے خون بہے۔
الضَبُّ والضِبُّ. پوشیدہ کینہ۔ ج
ضِبَاب. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَبٌّ ضَبٌّ"
یعنی دغا باز حیلہ گر مرد۔
الضَبَّۃ. ضَبّ کا مؤنث۔ شگوفہ قبل اس
کے کہ کھلے۔ سختی سے نچوڑ کر دوھنا۔
دروازے کا لوہے یا لکڑی کا موسلا۔ ج
ضِبَاب.
الاَضَبُّ. مِنَ الجِمَالِ: وہ اُونٹ جس کو
(ضب) کی بیماری لاحق ہو۔ مؤنث ضَبَّاء.
ج ضُبٌّ.
الضَبُوْبُ. تھن میں تنگ سوراخ والی
بکری۔
ضَبِیْبُ السَیْفِ: تلوار کی دھار۔
الضَبَابَۃ. کہرا۔ ج ضَبَاب.
الضَبِیْبَۃ. ایک قسم کی خوراک جو گھی اور
کھجور کے شیرہ سے بچوں کے لیے تیار کی
جاتی ہے۔
اَرْضٌ مَضَبَّۃٌ. زیادہ گوہ والی زمین۔ ج
مَضَابُّ.

المِضْبَاب. بخیل۔
ضَبَأَ (ف)ضَبْأً و ضُبُوْءًا. الرَجُلُ: زمین
یا درخت سے چمٹنا۔ صفت ضَبِیٌّ الصَائِدُ:
شکاری کا فریب دینے کے لیے چھپنا۔ہ
بالاَرْضِ: چمٹنا۔اِلَیْہِ: پناہ لینا۔مِنْہُ: شرم کرنا
عَلَی القَوْمِ: اچانک آجانا۔
اَضْبَأَ. الشَّیْءَ: چھپانا۔عَلَیْہِ: خاموش رہنا
اور چھپانا۔مَا فِیْ یَدِہٖ و عَلَیْہِ: پکڑے رکھنا۔
اِضْطَبَأَ اِضْطِبَاءً. مِنْہُ: چھپنا۔
الضَابِیْ. راکھ۔
المَضْبَأُ. چھپنے کی جگہ۔ ج مَضَابِیْ.
ضَبَثَ (ض)ضَبْثًا واضْطَبَثَ بالشَّیْءِ و
عَلَیْہِ: سختی سے قبضہ کرنا۔ضَبَثَ بِہٖ: حملہ
کرنا۔ضُبِثَ عَلَیْہِ: مارا جانا۔
الضَبْثَۃ. قبضہ۔ ج ضَبَثَات واَضْبَاث.
الضُبَّاث. شیر کے پنجے۔
الضَبَّاث والضَبْث والضَبُوْث. شیر۔
المَضَابِث. چنگل اور شیر کے پنجے۔
مِضْبَث. واحد۔
ضَبَحَ (ف) ضَبْحًا و ضُبَاحًا.
الخَیْلُ فِی وردھا: گھوڑے کا دوڑنے کی
حالت میں جوف سے آواز نکالنا۔
(ضُبَاحًا) الاَرْنَبُ والثَعْلَبُ والقَوْسُ:
آواز کرنا۔ضَبَحَتِ النَارُ العُوْدَ: آگ کا
لکڑی کو متغیر کر دینا۔
ضَابَحَہ. رو در رو مقابلہ کرنا۔ گالی دینا۔
بُرا بھلا کہنا۔
اِنْضَبَحَ. لَوْنُہٗ: راکھ کے رنگ کا ہو جانا۔
تَضَابَحَا. ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ بُرا
بھلا کہنا۔
الضَبْحَاء. کمان کہ جس میں آگ کا اثر
ہو۔
الضِبْح. راکھ۔
المَضْبُوْح. سنگستان کا پتھر۔
ضَبَدَ (ن)ضَبْدًا. تر اور گدر کھجوروں کو
ملانا۔
ضَبَّدَہٗ. غصہ آور چیزوں کو یاد دلانا۔

الضَبَد. غصہ۔ غضب۔
ضَبَرَ (ن)ضَبْرًا. الحِجَارَۃَ: تہ بتہ
رکھنا۔الکُتُبَ: جمع کرنا یا بنڈل بنانا۔ضَبْرًا
و ضَبَرَانًا) الفَرَسُ او المُقَیَّدُ: ٹانگوں کو
جمع کرنا اور کودنا۔
ضَبَّرَ. الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
الضَبْر. لکڑی کی بنی ہوئی چیز جس پر
کھال منڈھی ہوئی تھی اور جس کے اندر
داخل ہو کر جنگ کے لیے قلعے کے قریب
پہنچتے تھے۔ ج ضُبُوْر. الضَّبْر: فقرِفرسٌ
ضَبْرٌ: گھوڑا تام الخلقۃ.
الضَبْر والضَبِر. جنگلی اخروٹ کا
درخت۔
الضِبْر. بغل۔
الضِبَار والضُبَار. کتابیں۔ ان کا واحد
نہیں۔
الضَبَارَۃ. خلقت کی مضبوطی۔
الضِبَارَۃ والضُبَارَۃ. کتابوں کا بنڈل یا
تیروں کا گٹھا۔ ج ضَبَائِر.
الاِضْبَارَۃ. کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا
گٹھا۔ ج اَضَابِیْر.
الضِبَارَۃ. لوگوں کی جماعت۔ مجمع کہتے
ہیں "رَاَیْتُہُمْ یَخْرُجُوْنَ مِنَ المَکَانِ
ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ" میں نے ان کو دیکھا کہ
لوگ جوق در جوق نکل رہے تھے۔
الضِبِّر. بہت زیادہ کودنے والا۔
الضَبِیْر والضَبُوْر. سخت۔ شیر۔
الضُبَّار. ملوط کی مانند ایک درخت۔ واحد
ضُبَّارۃ.
المِضْبَر. کودنے والا۔ شیر۔المضبور.
وارنتی۔
ضَبَزَہٗ (ض)ضَبْزًا. کنکھیوں سے تیز
دیکھنا۔
الضَبِز والضَبِیْز. مِنَ الذِئَابِ: تیز نظر
بھیڑیا۔
ضَبَسَ (ن)ضَبْسًا عَلَی الغَرِیْمِ:
قرضدار پر سختی سے تقاضا کرنا۔

ضَبِسَتْ (س) ضَبْسًا. نَفْسُه: جی کا بگڑنا اور متلانا۔
الضَّبس. بخیل۔
الضِّبس. شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِبْسُ شَرٍّ" وہ برائی کا ساتھی ہے یعنی شریر ہے۔
الضَّبِس. سخت مزاج۔ فریبی۔
الضَّبِيْس. سخت مزاج۔ گراں تن۔ گراں جان۔ بزدل۔ بیوقوف۔
ضَبَطَهُ (ن ض) ضَبْطًا و ضَبَاطَةً. لازم ہونا۔ غالب ہونا۔ قوی ہونا۔ خوب حفاظت کرنا العَمَلَ: مضبوط کرنا الكِتَابَ: تصحیح کرنا۔ اعراب لگانا عَلَيْهِ: گرفتار کرنا۔
ضَبِطَ (س) ضَبْطًا. دونوں ہاتھوں سے کام کرنا۔ صفت اَضْبَط مؤنث ضَبْطَاء. ج ضُبْط.
ضُبِطَتِ. الاَرْضُ. زمین پر بارش ہونا۔
تَضَبَّطَ. زبردستی گرفتار کرنا۔ تَضَبَّطَ الضَّانُ: موٹا ہونا۔ تھوڑی سی گھاس کھانا۔
اِنْضَبَطَ: قابو میں آنا۔ مضبوط ہونا۔
الضَّبْط. مص۔ روک۔ گرفتاری۔
الضَّابِط. فا. قوی۔ ہوشیار۔ حاکم۔ فوج کا جنرل۔ ج ضُبَّاط (والضَّابِطَة) عِنْدَ العُلَمَاء وہ قاعدہ کلیہ جو اپنے سارے جزئیات پر منطبق ہو۔
اَلضَّابِطِيَّةُ واحد: الضابطی۔
حاکم کا لشکر جن سے مال کو جمع کرنے' حفاظت کرنے اور مجرمین وغیرہ کو حکومت کے سامنے حاضر کرنے کی خدمت لی جاتی ہے۔
الضَّابِطُ والاَضْبَط. شیر۔
ضَبَعَ (ف) ضَبْعًا و ضُبُوْعًا و ضَبَعَانًا البَعِيْرُ: اُونٹ کا تیز دوڑنا اور اپنے پہلوؤں کو پھیلانا القَوْمُ الصُّلحَ: صلح کی طرف مائل ہونا۔ ضَبَعَه ضَبْعًا: مارنے کیلئے ہاتھ بڑھانا الرَّجُلُ: ظلم کرنا عَلٰى فلان: بددعا کے لیے ہاتھ اُٹھانا۔
ضَبَّعَ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ ضَبَّعَتِ الخَيْلُ والاِبِلُ: چال میں پہلوؤں کو پھیلانا۔
ضَابَعَه مُضَابَعَةً. ایک دوسرے کی طرف تلوار کا ہاتھ بڑھانا۔ الرَّجُلُ: مصافحہ کرنا۔
اِضْطَبَعَ. بازو ظاہر کرنا۔ داہنی بغل سے چادر کو نکال کر بائیں کاندھے پر ڈالنا الشَّئَ: بغل میں لینا۔
الضَّبُع والضَّبْع. بجو۔ لفظ مؤنث ہے۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج ضِبَاع واَضْبُع وضُبُع و ضُبُوْعَة و ضَبُعَات و مَضْبَعَة اور تصغیر ضبع کی اُضَيْبِع۔ خلاف قیاس اور کبھی مادہ کے لیے ضَبُعَة کا استعمال کیا جاتا ہے اور دو قسمیں مشہور ہیں۔ ضبع مخططة (دھاری دار) ضبع رقطاء (خال دار) اور ضبع رقطاء مخططة سے بڑا اور قوی ہوتا ہے۔
الضَّبْع. بازو کا وسط۔ بازو۔ بغل۔
الضَّبْع والضِّبْع والضُّبْع. جانب۔ کنارہ۔ ج اَضْبَاع.
الضَّبُع. قحط کا سال۔
الضَّبْع والضِّبَاع. دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھانا۔
الضِّبْعَان. نر بجو۔ مثنٰی. ضِبْعَان. ضِبْعَانَان غلط ہے۔ ج ضَبَاعِيْن. مؤنث ضِبْعَانَة ج ضَبَاعِيْن و ضِبْعَانَات.
الضَّابِع. فا مِنَ الخَيْلِ والاِبِلِ: تیز دوڑنے والا۔ ج ضُبَّع.
ضَبَنَ (ن) ضَبْنًا. المَكَانُ: تنگ ہونا۔ صفت ضَبِنٌ عَنْهُ الهَدِيَّةَ: ہدیہ کو روک دینا۔ منع کرنا۔ ضَبَنَه: بغل اور پہلو کے درمیان اُٹھانا۔
اَضْبَن واِضْطَبَنَ. بغل اور پہلو کے درمیان اُٹھانا۔
الضِّبْن. بغل اور پہلو کے درمیان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ ضِبْنِ فُلَان او ضِبْنَتِه" یعنی فلاں آدمی فلاں کی پناہ میں ہے۔
الضِّبْنَة والضَّبْنَة والضُّبْنَة. بال بچے۔
الضِّبْنَة والضَّبِنَةُ. بیوی۔
الضِّبْن والمَضْبُوْن. لنجا۔
ضَبَا يَضْبُوْ ضَبْوًا. اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ ضبته النار: آگ کا بھون دینا اور متغیر کر دینا۔
اَضْبٰى. الشَّئَ: اٹھانا۔ روکنا۔ عَلَيْهِ: فتح مندی کے لیے جا پہنچنا۔
الضَّابِي. فا۔ راکھ۔
الضَّبْوَة. عِنْدَ العَامَةِ: تمباکو کیلئے چمڑے کا بٹوہ اور صحیح لفظ الضَّبَّة ہے اور ممکن ہے کہ یہ ظَبْيَة کی تحریف ہو۔
المُضْبَاة. بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔
المَضْبَاة. بھوبھل میں روٹی پکانے کا گڑھا۔
ضَجَّ (ض) ضَجًّا و ضَجِيْجًا و ضَجَاجًا و ضُجَاجًا. چیخنا۔ شور مچانا۔
اَضَجَّ اِضْجَاجًا. القَوْمُ: چیخنا۔ شور مچانا۔
ضَجَّجَ. الرَّجُلُ: جانا اور مائل ہونا الطَّائِرَ و نَحْوَهُ: زہر دینا۔
ضَاجَّه ضِجَاجًا و مُضَاجَّةً. جھگڑا کرنا اور شور مچانا۔
الضَّجَّة. چیخ و پکار۔ شور۔
الضَّجَاج. ہاتھی دانت۔ ایک قسم کا مہرہ۔
الضِّجَاج. گوند جو کھایا جاتا ہے۔ ہر اس درخت کا پھل جو پرندوں یا درندوں کو بطور زہر کے دیا جائے۔
الضَّجُوْج مِنَ النُّوْقِ: دودھ دوہتے وقت چلانے والی اُونٹنی۔
الضَّجَّاج. بہت شور مچانے والا۔
ضَجِرَ (س) ضَجَرًا و تَضَجَّرَ. مِنْهُ: تنگ دِل ہونا۔ بے قرار ہونا۔ زچ ہو جانا۔ صفت ضَجِر.
اَضْجَرَهُ. ستانا۔ زچ کر دینا۔ بے قرار کر دینا۔ تنگ دِل کر دینا۔
الضَّجَر. غم کی وجہ سے تنگ دِلی۔ بے قراری۔
الضَّجِر. تنگ مکان۔

الضُجْرَۃُ. بے قراری۔ تنگ دِلی۔
الضَجُوْر والضَجِرَۃ. بہت بے قرار۔ بہت تنگ دِل۔
المُضْجِر. بے قرار کرنے والا۔ تنگ دِل کرنے والا۔ ج مَضَاجِر و مَضَاجِیر.
ضَجَعَ (ف) ضَجْعًا و ضُجُوْعًا وانْضَجَعَ واَضْجَعَ واِضْطَجَعَ. پہلو کے بل لیٹنا۔ ضَجَعَ النَجْمُ: ستارہ کا ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔
اَضْجَعَہٗ. پہلو کے بل لٹانا۔ الشَیْئَ: پست کرنا۔ الحَرْفَ: حرف کا کسرہ کی طرف امالہ کرنا۔ جوَالِقَہٗ: بھری ہوئی گون کو خالی کر دینا۔
ضَجَّعَتِ. الشَمْسُ: غروب کیلئے مائل ہونا (و تَضَجَّعَ) فِیْ الْاَمْرِ: کوتاہی کرنا۔
ضَاجَعَہٗ. ساتھ لیٹنا۔ صفت مُضَاجِع. کہا جاتا ہے "ضَاجَعَہُ الهَمُّ". یعنی اس کو غم لازم ہے۔
تَضَاجَعَ. عَنِ الْاَمْرِ: غفلت کرنا۔
الضَجُوْع. مس۔ ہر وہ چیز جس سے کپڑا دھویا جائے۔ صابون۔
الضَجْعَۃ. صابون کا ایک ٹکڑا۔ ایک بار کا سونا۔ رائے کی کمزوری۔ آرام۔ راحت۔
الضِجْع. جھکاؤ۔ کہا جاتا ہے "ضِجْعُہٗ اِلَیَّ". یعنی اس کا میلان میری طرف ہے۔
الضِجْعَۃ. پہلو پر لیٹنے کی ہیئت۔ کاہلی۔
الضُجْعَۃ. رائے کی کمزوری (و الضُجَعَۃ والضُجْعِیّ والضِجْعِیّ والضُجْعِیَّۃ والضِجْعِیَّۃ) بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔
الضَاجِع. فا۔ لیٹنے والا۔ کاہل۔ وادی کا موڑ۔ وادی کا ڈھلوان۔ بیوقوف مِنَ الدَّوَابّ. بے برکت جانور مِنَ النُجُوْم: غائب ہونے کی طرف مائل ستارہ۔ ج ضَوَاجِع. رَجُلٌ ضَاجِع بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ ضَاجِعًا اِلَیْہِ". یعنی میں تم کو اس کی طرف مائل دیکھتا ہوں۔

الضَاجِعَۃ. مؤنث ضَاجِع. نہر کا دھانہ۔ ٹیلہ۔ ج ضَوَاجِع (والضَجْعَاء) زیادہ بکریاں۔
الضَجُوْع والمَضْجُوْع. کمزور رائے والا۔ الضَجُوْع: مشک جو لے جانے والے کو جھکا دے۔ کشادہ ڈول۔ پانی کی زیادتی سے آہستہ آہستہ چلنے والا بادل۔
الضَجِیْع. ساتھ لیٹنے والا۔ مؤنث ضَجِیْعَۃ.
المَضْجَع. خواب گاہ۔ ج مَضَاجِع.
اَلْمُضْطَجَع. خواب گاہ۔ مَضَاجِعُ الغَیْث: بارش کی جگہ۔
ضَجِمَ (س) ضَجَمًا الفَمُ او العُنُقُ: منہ یا گردن کا ٹیڑھا ہونا۔ جس کا ٹیڑھا ہو جائے اس کو اَضْجَم اور مؤنث کو ضَجْمَاء کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "فِیْ فَمِہٖ ضَجَمٌ" یعنی اس کے منہ میں کجی ہے۔
تَضَاجَمَ. الفَمُ: منہ کا ٹیڑھا ہونا۔ الاَمْرُ بَیْنَھُمْ: مختلف فیہ ہونا۔
الضَحّ. آفتاب کی روشنی۔ جس پر آفتاب کی روشنی پڑے۔
ضَحْضَحَ و تَضَحْضَحَ. السرابُ: سراب کا متحرک ہونا اور چمکنا۔ ضَحْضَحَ الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔
الضَحْضَح. تھوڑا پانی۔
الضَحْضَاح تھوڑا پانی یا نایاب پانی۔ بہت اُونٹ۔
ضَحِكَ (س) ضَحْكًا و ضِحْكًا و ضِحِكًا و ضَحِكًا. ہنسنا۔ کہا جاتا ہے "ضَحِكَ مِنْہُ و بِہٖ و عَلَیْہِ" اس نے کشادہ روئی کی اس طرح پر کہ دانت ظاہر ہوگئے۔ القِرْدُ: بندر کا آواز کرنا السَحَابُ: بادل کا چمکنا۔ الطَرِیْقُ: راستہ کا ظاہر ہونا۔ ضَحِكَتِ الاَرْضُ عَنِ النَبَاتِ: اُگانا۔ الشَیْبُ براسہٖ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ طَلْعُ النَخْلَۃِ: درخت خرما کا شگوفہ نکلنا (ضَحِكًا) الرَجُلُ: تعجب کرنا۔

ضَاحَکَہٗ. ایک دوسرے کے ساتھ ہنسنا۔ ہنسی میں غالب آنا۔
اَضْحَکَہٗ. ہنسانا۔ اَضْحَكَ الحَوْضَ: لبریز کر دینا۔
تَضَحَّكَ و تَضَاحَكَ واسْتَضْحَكَ. ہنسنا۔ و تَضَاحَكَ الرَجُلُ: بتکلف ہنسنا۔ تَضَاحَكَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہنسانا۔
الضَحْك. مس۔ سفید دانت۔ گلی۔ جھاگ۔ برف۔ درمیان راستہ۔ تعجب۔ شہد یا شہد مع موم کے۔ کھجور کا شگوفہ غلاف سے نکلا ہوا۔
الضَاحِك. فا۔ ہنسنے والا۔ پہاڑ میں نہایت سفید چمکتا ہوا پتھر۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ رَایٌ ضَاحِكٌ" یعنی ظاہر ہے جس میں کوئی التباس نہیں۔
الضَاحِكَۃ. مؤنث ضَاحِك. دانت جو ہنستے ہوئے ظاہر ہو جائیں۔ ج ضَوَاحِك. کہا جاتا ہے "اِفْتَرَّ عَنْ ضَوَاحِکِہٖ" اس نے ہنسنے میں دانتوں کو ظاہر کیا۔
الضُحَکَۃ والضُحُکَۃ والضَحَّاك والضَحُوْك والمِضْحَاك. بہت زیادہ ہنسنے والا۔ الضَحُوْك والضَحَّاك: درمیان راستہ۔ الضَحُوْك کی جمع ضُحُك.
الضُحْكَۃ. جس آدمی پر لوگ ہنسیں۔
الضُحَکَۃ. جو لوگوں پر ہنسے۔
الاُضْحُوْكَۃ. وہ چیز جس پر ہنسی آئے۔ ج اَضَاحِیْك.
ضَحِلَ (ف) ضَحْلًا. الغَدِیْرُ: تالاب کا پانی کم ہونا۔ الماءُ: پانی کا پایاب ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَضْحَلَ خَیْرَكَ". یعنی کس چیز نے تمہاری خیر و برکت کو کم کر دیا۔
الضَحْل. پایاب پانی۔ ج ضِحَال واَضْحَال و ضُحُوْل.
المَضْحَل. وہ جگہ جہاں پانی کم ہو۔
ضَحَا یَضْحُو ضَحْوًا و ضُحُوًّا وضُحِیًّا. الرَجُلُ: دھوپ کھانا۔ الشَیْئُ: دھوپ کا لگنا۔ الطَرِیْقُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا

"ضَحَاظِلُّہٗ" یعنی مر گیا اور یہ الہٰی کے قول "شَجَرَۃٌ ضَاحِیَۃٌ" (غیر سایہ دار درخت) سے ماخوذ ہے۔
ضَحِیَ یَضْحَی ضَحًا و ضَحَاءً. دھوپ لگنا۔ دھوپ کھانا۔ کھل جانا۔ ضَحِیَتِ اللَّیْلَۃُ: بے بادل کا ہونا۔
ضَحّٰی تَضْحِیَۃً. فُلَانًا: چاشت کے وقت کھانا کھلانا بِالشَّاۃِ: بقر عید کے زمانہ میں چاشت کے وقت ذبح کرنا یا مطلقاً ذبح کرنا۔ اَلْغَنَمَ: چاشت کے وقت چرانا اَلرَّجُلَ: فدیہ ہو جانا عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ جلدی نہ کرنا۔ اِلَیْہِ: بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔
ضَاحَی مُضَاحَاۃً. اَلرَّجُلَ: چاشت کے وقت آنا۔
اَضْحٰی. چاشت کے وقت میں داخل ہونا۔ اَضْحٰی یَفْعَلُ کَذَا: چاشت کے وقت ایسا کرتا تھا یا مطلقاً ایسا کرتا تھا (یہ کلمہ ان جیسے جملوں میں کانَ جیسا عمل کرتا ہے) اَلشَّیْئَ: ظاہر کرنا۔ عَنِ الْاَمْرِ: دور رہنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْحَی اللّٰہُ ظِلَّکَ" یعنی اللہ تیرے سائے کو دور کر دے۔ مراد یہ ہے کہ تجھے ہلاک کر دے۔
تَضَحّٰی تَضَحِّیًا. چاشت کے وقت کھانا۔ چاشت کے وقت تک سونا۔ دھوپ کھانا۔
اِسْتَضْحٰی اِسْتِضْحَاءً لِلشَّمْسِ: موسم سرما میں دھوپ کھانا۔
اَلضَّحَاءُ. چاشت کا وقت۔
اَلضَّحْوُ اَلضَّحْوَۃُ. چاشت کا وقت۔
اَلضُّحٰی. چاشت۔ آفتاب۔ بیان۔ کہا جاتا ہے "مَا لِکَلَامِہٖ ضُحًی" یعنی اس کے کلام کے لیے بیان نہیں۔
اَلضَّحْیَانُ. چاشت کے وقت کھانے والا۔ مؤنث ضَحْیَانَۃٌ.
اَلضَّحِیَّۃُ. دن کا □ بلند ہونا۔ قربانی کی بکری۔ ذبیحہ۔ ج ضَحَایَا.
اَلْاَضْحَاۃُ. قربانی۔ ج اَضْحًی.
اَلْاُضْحِیَّۃُ اَلْاِضْحِیَّۃُ: قربانی۔ ج اَضَاحِیّ. یَوْمُ الْاَضْحٰی. قربانی کا دن۔
اَلْاَضْحٰی مِنَ الْخَیْلِ. سفید سیاہی مائل گھوڑا۔ مؤنث ضَحْیَاءُ.
اَلضَّاحِیْ. فا. دھوپ کھانے والا۔ ضَاحِی الْجِلْدِ: جسم کا کھلا ہوا حصہ۔
اَلضَّاحِیَۃُ. مؤنث ضاحی۔ ہر شے کا کھلا ہوا حصہ۔ ج ضَوَاحٍ. ضَوَاحِی الْبَلْدَۃِ: اطراف شہر۔ ضَوَاحِی الْحَوْضِ: حوض کے اطراف۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ ضَاحِیَۃً" یعنی اعلانیہ کیا۔ شَجَرَۃٌ ضَاحِیَۃُ الظِّلِّ. بے سایہ درخت۔
یَوْمٌ اِضْحِیَانٌ. بے بادل کا دن۔
لَیْلَۃٌ اِضْحِیَانَۃٌ و اِضْحِیَّۃٌ. چاندنی رات۔
اَرْضٌ مَضْحَاۃٌ. سورج کے سامنے کی زمین یا جس سے سورج غائب نہ ہو۔
ضَخَّ (ن) ضَخًّا. اَلْمَاءَ: پانی گرانا۔ ضَخَّتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا۔
اِنْضَخَّ الْمَاءُ: گرنا۔
اَلْمِضَخَّۃُ. پچکاری۔
ضَخَرَ (ف) ضَخْرًا عَیْنَہٗ. آنکھ نکال لینا۔
ضَخُمَ (ک) ضَخَامَۃً و ضِخَمًا. موٹا ہونا۔ صفت ضَخْمٌ. ج ضِخَامٌ مؤنث ضَخْمَۃٌ. ج ضَخْمَاتٌ.
ضَخَّمَہٗ. موٹا بنانا۔
اَلضُّخَامُ. ہر شے کا بڑا۔
اَلْاَضْخَمُ. موٹا۔ زیادہ موٹا۔
اَلْمِضْخَمُ. بہت مارنے والا۔ سردار۔ عالی مرتبت۔
ضَدَّ (ن) ضَدًّا فُلَانًا فِی الْخُصُوْمَۃِ: جھگڑے میں غالب آنا۔ ضَدَّہٗ عَنْ کَذَا: نرمی سے ہٹانا۔ باز رکھنا اَلْقِرْبَۃَ: مشک کو بھر دینا۔
ضَادَّہٗ مُضَادَّۃً. مخالفت کرنا۔
اَضَدَّہٗ. غضبناک ہونا۔ ضد کرنا۔
تَضَادًّا اِتَّضَادًّا. ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔
اَلضِّدُّ. مخالف۔ مثل و نظیر۔ دشمن۔ ج اَضْدَادٌ و ضِدٌّ.
اَلْاَضْدَادُ. ایسے کلمات جو معانی متضادہ پر دلالت کریں جیسے یہی لفظ ضد کہ اس کے معنی مخالف اور نظیر دونوں کے ہیں۔
اَلضَّدِیْدُ. ضد۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "لَا ضَدِیْدَ لَہٗ." یعنی اس کا کوئی مثل نہیں۔
ضَدِیَ یَضْدَی ضَدًی. عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ صفت ضَادٍ مؤنث ضَادِیَۃٌ. ج ضَوَادٍ و ضَادِیَاتٌ.
ضَادَاہُ مُضَادَاۃً. مخالفت کرنا۔
اَضْدَی اِضْدَاءً. اَلْاِنَاءَ: برتن کو بھر دینا۔
ضَرَّ (ن) ضَرًّا و ضُرًّا. فُلَانًا و لِفُلَانٍ: نقصان دینا ٥ اِلٰی کَذَا: مجبور کرنا۔
ضُرَّ. بَصَرُہٗ: اندھا ہونا۔
ضَارَّہٗ ضِرَارًا و مُضَارَّۃً. نقصان دینا۔ مخالفت کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ ضَارَّ اِمْرَاَتَہٗ: اپنی بیوی پر سوکن لانا۔
ضَرَّرَہٗ تَضْرِیْرًا. بہت زیادہ نقصان دینا۔
اَضَرَّہٗ. تکلیف پہنچانا ٥ عَلَی الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔ اَضَرَّ بِہٖ: بہت قریب ہونا اِلَیْہِ و عَلَیْہِ: جلدی کرنا۔ اَضَرَّ بِعَدْوِہٖ: کچھ تیز دوڑنا عَلَی السَّیْرِ الشَّدِیْدِ: تیز چلنے میں صبر کرنا اَلرَّجُلُ: سوکن کر کے لانا۔ اندھا ہونا۔
تَضَرَّرَ. نقصان پہنچنا۔
اِضْطَرَّہٗ. اِلٰی کَذَا: محتاج کرنا۔ مجبور کرنا۔
اُضْطُرَّ. مجبور کیا جانا۔
اِسْتَضَرَّ. بِہٖ: نقصان پہنچنا۔
اَلضَّرُّ والضُّرُّ والضَّرَرُ. نقصان۔ تنگی۔ سختی بدحالی۔ ج اَضْرَارٌ. اور عوام کے استعمال میں ضَرَّہ چھوٹی چیونٹی کے معنی میں ہے مگر صحیح لفظ ذَرٌّ ہے۔
اَلضِّرُّ والضُّرُّ. سوکن کر کے لانا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِرُّ اَضْرَارٍ" یعنی مصیبتوں

میں ایک مصیبت ہے۔
الضرَّاء. سختی۔ قحط۔ جانی و مالی نقصان۔
الضُرَّة. جانی و مالی نقصان۔
الضَرَّة. حاجت۔ تنگ حالی۔ تکلیف۔ پستان کی جڑ۔ پستان۔ تھن۔ مالِ کثیر۔
ضرَّة المرأة. سوکن۔ ج ضرائِر. کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ دَاءُ الضرَّائِر" یعنی ان کے درمیان حسد ہے۔ الضَرَّتَانِ: چکی کے دونوں پاٹ۔
الضارُّ. نقصان پہنچانے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے۔
الضرُوْرَة والضارُوْرَة والضارُوْرِ والضارُوْرَاء. حاجت۔ الضارُوْرَة بمعنی ضرر۔
الضرَارَة. اندھا ہونا۔ جانی و مالی نقصان۔
الضَرِیْر. اندھا۔ لاغر مریض۔ نقصان زدہ۔ ج اَضِرَّاء واَضْرَار مؤنث ضرِیْرَة. ج ضرائِر.
الضَرِیْر. غیرت۔ مخالفت۔ صبر۔ وادی کا کنارا۔ نفس۔ بقیہ جسم۔ صابر۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ ضرِیْرٌ و ذُوْ ضرِیْرٍ علی الشیٔ" یعنی جب کہ صابر ہو "نَاقَةٌ ذات ضَرِیْرٍ" یعنی دیر میں تھکنے والی۔
الضَرُوْرِیّ. جس پر انسان کو مجبور کیا جائے۔ جس میں اختیار مسلوب ہو اور منطقیوں کی اصطلاح میں بمعنی بدیہی۔
التَضِرَّة والتَضُرَّة. بدحالی۔
المَضَرَّة. نقصان۔ ج مَضَارّ.
ضَرَأَ (ف) ضرْأً. الشَیْءُ: مخفی ہونا۔ چھپنا۔
اِنْضَرَأَتْ اِنْضِرَاءً. الاِبِلُ: اونٹوں میں موت کا واقع ہونا الشَجْرَةُ: درخت کا خشک ہونا۔
ضَرَبَ (ض) ضَرْبًا. الشَیْءُ: متحرک ہونا۔ العِرْقُ: رگ کا پھڑکنا الجُرْحُ او الضِرْسُ: زخم یا داڑھ میں درد ہونا العَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک مارنا اللَیْلُ: رات طویل ہونا الزَمَانُ: گزرنا الطَیْرُ: پرندہ کا خوراک کی تلاش میں جانا ہ: مارنا ہ البَرْدُ: سردی لگنا۔ ضَرَبَ الخَیْمَة: خیمہ قائم کرنا۔ ضَرَبَتِ العَنْکَبُوْتُ نَسِیْجَهَا: مکڑی کا جالا تننا۔ ضَرَبَ الاَجَلَ: مدت مقرر کرنا المثل: مثال بیان کرنا الدِرْهَمَ: درہم پر ٹھپہ لگانا الخاتم: انگوٹھی ڈھالنا الصَلَاةَ: نماز قائم کرنا الشَیْءَ بِالشَیْءِ: ملانا الحَاسِبُ کَذَا فِی کَذَا: ضرب دینا الجِزْیَةَ عَلَیْهِمْ: جزیہ مقرر کرنا عَلَیْهِمُ الذِلَّةَ: ذلت کو لازم کر دینا لَهٗ سَهْمًا مِنْ مَالِهٖ: مال سے حصہ مقرر کرنا عَلٰی یَدِهٖ: روک دینا القَاضِی عَلٰی یَدِهٖ: قاضی کا کسی کو تصرف سے منع کر دینا۔ ضَرَبَ بنفسه الاَرْضَ: اقامت کرنا۔ سفر کرنا فِی الْمَاءِ: تیرنا بَیْنَهُمْ: فساد کرا دینا فُلَانًا عَنْ فُلَانٍ: روک دینا۔ منع کر دینا بِیَدِهٖ: اشارہ کرنا عَنْ فُلَانٍ کَذَا: روک لینا الدَهْرُ بَیْنَنَا: جدا کر دینا بِالقِدَاحِ: تیروں کو گھمانا عَلٰی اُذُنِهٖ: سننے سے منع کرنا عَلَی المَکْتُوْبِ: مہر لگانا فِی البُوْقِ: بگل بجانا اِلَیْهِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی میں نے اعراض کیا اور اس کو چھوڑ دیا و "ضَرَبْتُ عَنْهُ جَرْوَتِی" میں نے اس سے بے رغبتی کی اور اس سے باز رہا و "ضَرَبَ بِذَقَنِهِ الاَرْضَ" یعنی بزدلی کی اور خوف کیا و "ضَرَبَ فِی الاَرْضِ ضَرْبًا و ضَرَبَانًا" تجارت یا غزوہ کے لیے سفر کرنا۔
ضَرِبَ (س) ضَرَبًا. النَبَاتُ: نباتات کا سردی یا ہوا سے مرجھا جانا۔
ضُرِبَتِ الاَرْضُ: زمین پر کہرا پڑنا۔
ضَرَّبَهٗ. بہت مارنا الشَیْءَ بِالشَیْءِ: ملانا المَظَلَّةَ بِالخُیُوْطِ: چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا ہ النَجَّادُ المُضَرَّبَةَ: درزی کا رضائی کو سینا ضَرَّبَتْ عَیْنُهٗ: آنکھوں کا دھنس جانا۔ ضَرَّبَ بَیْنَهُمْ: بھڑکا دینا ہ فِی الحَرْبِ: برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ دلاور کرنا۔
ضَارَبَهٗ مُضَارَبَةً وضِرَابًا. ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔ مارنے میں بڑھ جانا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَهٗ و ضَارَبَ لَهٗ فِی المَالِ و بِالمَالِ: کسی کے مال سے تجارت کرنا اور نفع میں شریک ہونا۔
اضرب فی المکان: اقامت کرنا۔ سر جھکانا عَنْهُ: اعراض کرنا القَوْمُ: پالے سے ڈھک جانا الخُبْزُ: پکنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْرَبَ جَأْشًا لِاَمْرِ کَذَا" یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کر لیا۔
تَضَرَّبَ. الشَیْءُ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔
تَضَارَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔
اِضْطَرَبَ. متحرک ہونا۔ موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا الاَمْرُ: خلل پر ہونا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا فِی اَمُوْرِهٖ: متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے اِضْطَرَبَ حَبْلُهُمْ یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہو گیا مِنْ کَذَا: تنگ دِل ہونا فُلَانٌ: حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتِمًا مِنْ ذَهَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لیے کہا۔
اِسْتَضْرَبَ. العَسَلُ: شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔
الضَرْب. مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج اَضْرَاب. خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ ضَرْبٌ" ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے فِی العُرُوْضِ. فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جز۔ ج ضُرُوْبٌ واَضْرَاب واَضْرُبٌ. دِرْهَمٌ ضَرْبٌ: ٹھپہ لگا ہوا درہم۔ دَارُ الضَرْبِ: ٹکسال۔
الضَرْب والضَرَب. سفید گاڑھا شہد۔
الضَرْبَة. اسم مرۃ۔ دفعۃً واحدۃً۔ کہا جاتا ہے "لَا آخُذُ مَالِی عَلَیْكَ اِلَّا ضَرْبَةً

وَاحِدَةً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔ آفت۔ فساد۔
الضَرَبَان. س۔ ضَرَبَانُ الدَهْرِ: زمانے کے حوادث۔
الضروب والضَرِب. مارنے والا۔
الضَرَّاب. زیادہ مارنے والا۔
الضَارِب. فا۔ پست جگہ جس میں درخت ہوں۔ وادی کے مشابہ۔ تاریک رات جس کی تاریکی محیط ہو۔ ج ضَوَارِب. الطَيْرُ الضَوَارِب: خوارک تلاش کرنے والے پرندے۔
الضَرِيْب. مارنے والا۔ ج ضُرَبَاء پٹا ہوا۔ ج ضَرْبی قسم۔ مثل۔ شکل۔ حصہ؛ آدمی کی ہیئت۔ برف پالا۔ ج ضَرَائب.
الضَرِيْبَة. طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ ضَرِيْبَتُهُ الَتِي ضُرِبَ عَلَيْهَا" یعنی یہ اس کی عادت ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ تلوار سے مارا ہوا۔ بدن کا وہ حصہ جہاں مار واقع ہو۔ جزیہ مِنَ السَيْفِ: دھار مِنَ الصُوْفِ و نَحْوَهُ: اُون یا روئی کی پونی۔ ج ضَرَائِب.
المَضْرِب. مارنے کی جگہ یا وقت۔ اصل (والمَضْرَبُ) تلوار یا اس کی دھار۔ ہڈی جس میں گودا ہو۔ ج مَضَارِب.
المِضْرَب والمِضْرَاب. مارنے کا اوزار۔ زخم۔ بہت مارنے والا۔ المِضْرَب: بڑا خیمہ۔ ج مَضَارِب.
المُضْرِب والمُضْرِبَة مِنَ الحَيَّاتِ: غیر متحرک سانپ۔
مَضْرِبَةُ السَيْفِ ومَضْرِبَتُهُ. تلوار کی دھار۔
بِسَاطٌ مُضَرَّبٌ. سلا ہوا بچھونا۔
المُضَرَّبَة. دلائی۔ رضائی۔
ضَرَجَ (ن) ضَرْجًا. الشَئَ: پھاڑنا الثَوْبَ بِالدَمِ: خون میں لتھیڑنا الشَئَ اِلَى الاَرْضِ: ڈالنا۔
ضَرَّجَهُ. لتھیڑنا ضَرَّجَ الثَوْبَ: سرخ رنگنا جو گلابی سے کچھ زائد ہو الاَنْفَ بِالدَمِ: خون آلود کر دینا الكَلَامَ: آراستہ کرنا الاِبِلَ: لوٹ میں دوڑانا۔
ضَرَّجَ واَضْرَجَ. الجَيْبَ: لٹکانا۔
تَضَرَّجَ. پھٹنا الزَهْرُ: پھول کا کھلنا الشَئُ: لت پت ہونا الخَدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا المَرْاَةُ: عورت کا بناؤ سنگھار کرنا۔
اِنْضَرَجَ. پھٹنا لَنَا الطَرِيْقُ: کشادہ ہونا مَا بَيْنَ القَوْمِ: دوری ہونا۔
اِنْضَرَجَتِ العُقَابُ: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔
الضَرِيْج. ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ عَدْوٌ ضَرِيْجٌ. تیز دوڑ۔
الاِضْرِيْج. زرد رنگ کی چادر۔ سرخ ریشم۔ سرخ رنگ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المِضْرَج. پرانا مستعمل کپڑا۔ ج مَضَارِج
المَضَارِج: مشقتیں۔
عَيْنٌ مَضْرُوْجَةٌ. بڑی خوبصورت آنکھ۔
الضَرْجَع. چیتا۔ ج ضَرَاجِع.
ضَرَحَ (ف) ضَرْحًا. الشَئَ: پھاڑنا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَحَ شَهَادَةَ فُلَانٍ عَنِّي" یعنی فلاں کی شہادت کو رد کر دیا۔ "ضَرَحْتُ عَنِّي الثَوْبَ" میں نے کپڑے کو اُتار دیا۔ القَبْرَ: قبر کھودنا۔ ضَرَحَ لِلْمَيِّتِ: میت کیلئے صندوقی قبر بنانا۔
ضَرَحَتْ (ن) ضُرُوْحًا و ضَرْحًا. السُوْقُ: کساد بازاری ہونا ضَرْحًا و ضِرَاحًا. الدَابَةُ بِرِجْلِهَا. دولتی مارنا۔
ضَارَحَهُ. ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تیر مارنا۔ قریب ہونا اور مقابل ہونا۔
اَضْرَحَهُ. فاسد کرنا۔ دور کرنا۔ اَضْرَحَ السُوْقُ: کساد بازاری کرنا۔
اِنْضَرَحَ. الشَئُ: پھٹنا مَا بَيْنَ القَوْمِ. دوری ہو جانا۔ تعلقات کا ختم ہو جانا۔
اِضْطَرَحَ. الشَئَ: ڈال دینا۔ پھینک دینا۔
الضُرَاح. چوتھے آسمان میں ﴿بیت المعمور﴾
الضَرْح. س۔ کھال۔ دوری۔ وحشت۔
الضَرِح. خراب آدمی۔ نِيَّةٌ ضَرَحٌ: دور دراز کا ارادہ۔
الضَرُوْح مِنَ الدَوَابِ: دولتی مارنے والا جانور۔ قَوْسٌ ضَرُوْحٌ: زور سے پھینکنے والی کمان۔
الضَرِيْح. دور۔ قبر۔ ج ضَرَائِح.
المُضْرَح والمَضْرَحِيّ. شکرہ۔ لمبے ڈینے کا گدھ۔ المَضْرَحِيُّ: فیاض سردار۔ سفید چیز۔
ضَرَسَ (ض) ضَرْسًا. الشَئَ: ڈاڑھ سے سخت کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَسَهُ الدَهْرُ" یعنی زمانہ نے اس پر مصیبت ڈالی۔ "ضَرَسَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو کچل دیا۔ ضَرَسَ البِئْرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا الرَجُلُ: رات تک خاموش رہنا۔
ضَرِسَتْ (س) ضَرَسًا. الاَسْنَانُ: دانت کھٹے ہونا۔ ضَرَّسَهُ. الزَمَانُ: زمانہ کا سخت ہونا۔ ضَرَّسَهُ الحُرُوْبُ او الاَيَّامُ: تجربہ کار کر دینا۔
اَضْرَسَ. الحَامِضُ الاَسْنَانَ: ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا ہٗ: رنجیدہ کرنا ہٗ بِالْكَلَامِ: خاموش کر دینا۔
ضَارَسَهُ. لڑائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ضَارَسَ الاُمُوْرَ: تجربہ کرنا اور پہچاننا۔
تَضَارَسَ الْقَوْمُ ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔ البِنَاءُ: ناہموار ہونا۔
الضِرْس. ڈاڑھ کے دانت۔ ج اَضْرَاس.
الضِرس. ٹیلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا گیا ہو۔ ہلکی بارش۔ ج ضُرُوْس.
الضَرِس. سخت مزاج۔ بھوک کی وجہ سے غضبناک۔ تجربہ کار۔ مسافر۔ جنگجو۔
الضَرُوْس. مِنَ النُوْقِ: وہ اونٹنی جو

ڈوبنے والے کو کاٹ کھائے۔ حربٌ ضروسٌ: سخت جنگ۔

الضَّرِيْس. پتھر کا مَن بنا ہوا کنواں۔ ریڑھ کی ہڈی۔ بہت بھوکا۔ ج ضَرَاسِي.

الْمُضَرَّس. مصیبت زدہ۔ مِنَ الوَشْيِ: وہ کپڑا جس پر دانت کی طرح نقش و نگار بنے ہوں۔ کہا جاتا ہے "فِي الْيَاقُوْتَةِ تَضْرِيْسٌ" یاقوت میں ناہمواری۔ ج تَضَارِيْس. تَضَارِيْسُ الْاَرْضِ: زمین میں دانت کے مانند نکلی ہوئی بلندیاں۔

الضِّرْضِم. شیر۔ نر درندے۔

ضَرَطَ (ض) ضَرْطًا وضَرِطًا وضُرَاطًا وضَرِيْطًا. گوز کرنا۔

ضَرِطَ (س) ضَرَطًا. ہلکی ڈاڑھی اور باریک اَبرو والا ہونا۔ صفت اَضْرَط.

ضَرَّطَ واَضْرَطَ. الحِمَارُ: بہت گوز کرنا۔ ضَرَّطَ واَضْرَطَ الحِمَارَ: گدھے سے اتنا کام لینا کہ گوز نکل پڑے۔ "ضَرَّطَ واَضْرَطَ بِفُلَانٍ" ٹھٹھے کے طور پر گوز کی آواز منہ سے نکالنا۔

مُضَرِّطُ الْحِجَارَةِ: حیرۃ کے بادشاہ عمرو بن ہند کا لقب۔

الضَّرَّاط والضَّرُوْط والضِّرُّوْط. گوز کرنے والا۔ زیادہ گوز کرنے والا۔

الضُّرَيْط. موٹا۔ کہا جاتا ہے "كَبْشٌ ضُرَيْطٌ و نَعْجَةٌ ضُرَيْطَةٌ" امثلہ عرب میں سے ہے "الاَخْذُ سُرَّيْطٌ والقَضَاء ضُرَّيْط یا الاَخْذُ سُرَيْطَى والقَضَاء ضُرَّيْطَى یا الاَخْذُ سِرَّيْطَى والقَضَاء ضُرَّيْطَى یا الاَخْذُ سُرَيْطَاء والقَضَاء ضُرَيْطًا" یعنی قرض کو لے کر نگل لیتا ہے اور ادا کرنے میں گوز کرتا ہے۔

اَوْدَى الْبَعِيْرُ اِلَّا ضَرِطًا. مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ذلیل و خوار ہوگیا ہو اور سب کچھ ضائع ہوگیا ہو اور جو باقی رہا ہو اس سے کچھ نفع حاصل نہ ہو۔

اَضْرِطًا وانْتَ الاَعْلَى. مثال ہے قوی کے لیے جو باوجود قدرت کے کمزور سے دبتا ہو۔

الضُّرَاط والضَّرِيْط. گوز۔

ضَرَعَ (ن) ضُرُوْعًا. مِنَ الشَّيْءِ: قریب ہونا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

ضَرَعَ (ن،) ضَرْعًا. فَرَسَهُ: سدھانا۔

ضَرَعَ (ف) ضَرَاعَةً و ضَرِعَ (س) ضَرَعًا و ضَرُعَ (ک) ضَرَاعَةً. کمزور ہونا۔ اِلَيْهِ: فروتنی کرنا۔ صفت ضَارِع و ضَرِعٌ. ج ضَارِعُوْنَ و ضُرُوْع و ضَرَعَة.

ضَرَّعَ. مِنْ فُلَانٍ: چپکے چپکے قریب آنا۔ ضَرَّعَت الشَّمْسُ: غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔ ضَرَّعَ الرُّبُّ: شیرہ کا اچھی طرح نہ پکنا۔

ضَارَعَهُ. مشابہ ہونا۔ ضَارَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔

اَضْرَعَتْ الشَّاةُ: بکری کے تھن کا ظاہر ہونا یا بڑا ہونا۔ صفت ضَرْعَاء و ضَرُوْع وضَرِيْع وضَرِيْعَةٌ: بچہ کی پیدائش سے پہلے بکری کا دودھ اُترنا۔ اَضْرَعَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا لِفُلَانٍ مَالًا کسی کے لیے مال خرچ کرنا الحُمّٰى فُلَانًا. کمزور کر دینا۔ مثال ہے الحُمّٰى اَضْرَعَتْنِي لِلنَّوْمِ اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو حاجت کے وقت ذلت برداشت کرے۔ اَضْرَعَتْهُ الحَاجَةُ اِلَى فُلَانٍ: مجبور کر دینا۔

تَضَرَّعَ. ذلیل ہونا۔ چپکے چپکے قریب آنا اِلَى اللّٰهِ: عاجزی سے دُعا کرنا الظِّلُّ: سائے کا سمٹنا۔

تَضَارَعَا. ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

اِسْتَضْرَعَ. لَهُ انکساری □ کرنا ; ذلیل ہونا۔

الضَّرْع. تھن۔ ج ضُرُوْع.

الضِّرْع. مثل۔ رسّی کی لٹ۔ ج ضُرُوْع.

الضَّرَع. مِن کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَرَعٌ و قَوْمٌ ضَرَعٌ."

الضَّارِع. لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

الضَّرْعَاء والضَّرِيْعَة. مِنَ الشَّاءِ والبَقَرِ: بڑے تھن والی۔

الضَّرُوْع: بڑے تھن والی۔ عاجز و ذلیل۔

الاَضْرَع. لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

المُضَارِع. مشابہ۔ افعال میں سے ایک فعل ہے جو حال اور استقبال پر دلالت کرتا ہے اور ماضی کے صیغے پر حرف (اتین) میں سے ایک حرف بڑھانے سے بنتا ہے۔ علمِ عروض کی ایک بحر کا نام۔

ضَرْغَمَ و تَضَرْغَمَ. شیر جیسا کام کرنا۔ شیر کے مشابہ ہونا۔

الضِّرْغَم. شیر۔ ج ضَرَاغِم.

الضِّرْغَام والضِّرْغَامَة. شیر۔ بہادر۔ قوی۔

الضَّرْف. عِنْدَ العَامَّةِ: گھی تیل وغیرہ کے لیے چمڑے کا برتن اور صواب ظَرف ہے اور اس کے مرادف زق ہے۔

الضُّرْفَة. کثرت۔

ضَرْفَطَهُ. بِالحَبْلِ: رسّی سے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔

ضَرُكَ (ک) ضَرَاكَةً. بیوقوف ہونا۔

الضَّرِيْك. احمق۔ اندھا۔ لنجا۔ بدحال۔ فقیر۔ مذکر گدھ۔ ج ضَرَائِك و ضُرَكَاء.

الضِّرَاك. موٹا آدمی۔ مضبوط و توانا آدمی۔ شیر۔

ضَرِمَ (س) ضَرَمًا. بھوک یا غصہ سے بھڑکنا۔ ضَرِمَت النَّارُ: آگ کا مشتعل ہونا عَلَيْهِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا فِي الطَّعَامِ: کھانے کو بالکل صاف کر دینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔

اَضْرَم و ضَرِم واسْتَضْرَمَ النَّارُ: آگ روشن کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔
اِضْطَرَمَت وتَضَرَّمَتِ النَّارُ: مشتعل ہونا۔ تَضَرَّم الرَّجُلُ عَلَيْه: غصہ سے بھڑک اُٹھنا۔ اِضْطَرِمَ المَشِيْبُ: بڑھاپا آجانا۔
الضُرْم والضِرُم. ایک خوشبو دار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور پھول سعتر کے مانند ہوتا ہے۔الضِرْم: عقاب کا بچہ۔
الضَرَم. بھوک کی وجہ سے غصہ۔ ایندھن۔ اسی سے مثال ہے "نَفَخْتَ فِيْ غَيْرِ ضَرَمٍ" جبکہ بے فائدہ کام کرے۔
الضِرِم. بھوکا۔ عقاب کا بچہ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
الضَرَمَة. چنگاری۔ آگ۔ ج ضَرَم. کہا جاتا ہے "مَا فِيْ الدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الضِرَام. بھڑک۔ جلن۔ کورا۔ چھچھی۔ کشادہ زمین۔
الضِرَامَة. لکڑی جو مشتعل ہو۔ بطم کا درخت۔
الضَرِيْم. جلا ہوا۔
الضِرْيَم. ایک درخت کا گوند۔
ضَرَا يَضْرُ و ضُرُوًّا. العرقُ: رگ کا خون بہانا جو بند نہ ہو الرَّجُلُ: چھپنا۔
ضَرِي يَضْرَیٰ ضَرَاوَةً و ضَرًى و ضَرْيًا و ضَرَائَةً بالشَّيْ: حریص ہونا (ضَرَيً و ضِرَاءً و ضَرَاءً) الكَلْبُ بالصَّيْدِ: کتے کا شکار پر خوگر ہونا مع گوشت خون کے چٹ کر جانا۔ صفت ضَرِيٌّ و ضَارٌّ. مؤنث ضَارِيَةٌ. ج ضَوَارٍ. ضَرِيَ النَّبِيْذُ: جھاگ والا ہونا۔
ضَرَّيَ واَضْرَیٰ. الكَلْبَ بالصَّيْدِ: شکار پر کتے کو بھڑکانا۔ اَضْرَی الرَّجُلُ: جھاگ والی نبیذ پینا۔
اِسْتَضْرَیٰ. لِلصَّيْدِ: شکار کو بے خبری میں پکڑنا۔

الضَرَاء. س۔ گنجان درخت۔ وسیع میدان۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِيْ الضَّرَاءَ" یعنی وہ درختوں میں چھپ چھپ کر چل رہا ہے۔
الضَرَیٰ. س۔ لڑائی کی شدت۔
الضِرْو. شکار کا عادی کتا۔ مؤنث ضِرْوَة. ج ضِرَاء و اَضْرٍ. ایک قسم کا درخت۔
الضَرِيُّ: ایک قسم کی نبیذ۔
الضَوَارِي. جمع ضارِي مِنَ الحَيْوَانَاتِ. درندے جیسے شیر، چیتا وغیرہ۔
ضَرَی يَضْرِي ضَرْيًا. العِرْقُ بِالدَّمِ رگ کا خون بہانا۔ صفت ضَرِيٌّ.
ضَزَّ (س) ضَزَزًا. بدخلق ہونا۔
اَضَزَّ عَلَيْه: بخل کرنا۔ اَضَزَّهُ: پیسنا۔
الاَضَزُّ. بدخلق۔ تنگ جبڑے والا۔ وہ شخص جس کے اوپر نیچے کی ڈاڑھیں مل گئی ہوں جس کی وجہ سے صاف گفتگو نہ کر سکے۔ ج ضُزٌّ.
المُضِزُّ. بدخلق۔ غضبناک۔
ضَزَنَهُ (ن ض) ضَزْنًا. جو چاہتا ہے وہ نہیں بلکہ جو کچھ ہاتھ میں ہو اس پر قبضہ کر لینا۔
تَضَازَنَ. القَوْمُ: آپس میں ایک دوسرے سے لینا دینا اور غلبہ کرنا۔
الضَيْزَن. قابل اعتبار نگہبان۔ آل و اولاد شرکاء۔ پانی لیتے ہوئے جھگڑا کرنے والا۔
ضَعْضَعَهُ. زمین تک ڈھا دینا۔
تَضَعْضَعَ. فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ ضعیف ہونا۔ مریض یا غم کی وجہ سے دُبلا ہونا مَالُهُ: کم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَعْضَعَ بِهِ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس کو ذلیل کر دیا۔
الضَعْضَع والضعضاع. کمزور۔ بغیر رائے اور تدبیر کا آدمی۔
الضَعْضَعة. س۔ شدت۔ فروتنی۔ خاکساری۔

ضَعَطَهُ (ف) ضَعْطًا. ذبح کرنا۔
ضَعَفَ (ن) ضَعْفًا و ضُعْفًا و ضَعُفَ (ک) ضَعَافَةً و ضَعَافِيَةً. کمزور ہونا۔
ضَعَفَ (ف) ضَعْفًا. القَوْمَ: زیادہ کرنا الشَّيْ: دوچند کرنا۔
ضَعَّفَهُ. دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔
ضَعَّفَ الحَدِيْثَ: ضعف کی طرف نسبت کرنا (و تَضَعَّفَهُ واسْتَضْعَفَهُ) ضعیف سمجھنا۔
اَضْعَفَهُ. دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔ صفت مفعولی مَضْعُوْف. قیاس کے مطابق مُضْعَف ہونا چاہئے تھا اور یہ ایسا ہی ہے جیسے "اَسْعَدَهُ اللّٰه" سے مسعود نہ کہ مُسْعَد. اَضْعَفَ الرَّجُلُ: کمزور جانور کا مالک ہونا۔
ضَاعَفَهُ. دوچند کرنا۔
تَضَاعَفَ. دوچند ہونا۔
الضَعْف والضُعْف. کمزوری۔
ضِعْفُ. الشَّيْ: دوچند اور یا دو چند سے زیادہ جو غیر محصور ہے پس ان کے قول "لَكَ ضِعْفُهُ" کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لیے دوچند یا سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہے۔ ج اَضْعَاف اَضْعَافُ الكِتَابِ: کتاب کی سطور کا فاصلہ۔
الاَضْعَاف مِنَ الجَسَدِ: اعضاء جسم یا ہڈیاں۔
الضَعْف. کمزوری۔ عقل و رائے کی کمزوری۔
مُضَاعَف عَدَد صَحِيْح: ایک عدد صحیح کو دوسرے صحیح عدد میں ضرب دینے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔
مُضَاعَف اَصْغَر: ضرب دینے کے بعد سب سے چھوٹا عدد جو پورا پورا تقسیم ہو جائے۔
مضاعف مشترک جو کئی پر تقسیم ہو جائے۔
الضعفان. کمزور۔ ج ضعافي.
الضعوف. کمزور۔
الضعيف. کمزور۔ ج ضعاف و ضعفاء.

و ضَعَفَة و ضَعْفٰی مؤنث ضَعِیْفَة.
الضَعِیْفُ مِنَ الکَلَامِ درجہء فصاحت سے گرا ہوا کلام۔
المُضَاعَفَةُ مِنَ الدُرُوْعِ: ایسی زرہ جس کے حلقے دُہرے دُہرے ہوں۔
اَرْضٌ مُضَعَّفَة. زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
ضَعِلَ (س) ضَعَلًا. ماں باپ کے قریب النسب ہونے سے بچے کا دُبلا ہونا۔
ضَغَا یَضْغُوْ ضَغْوًا. پوشیدہ ہونا۔
اَضَغَّ. اَلْقَوْمُ: سرسبز باغ میں ہونا۔ فراخ دستی کی زندگی بسر کرنا۔ اَضَغَّتْ واِضْطَغَّتِ الاَرْضُ. سبزہ زار ہونا۔
الضَغِیْغ. تروتازگی۔
الضَغِیْغَة. سرسبز باغ۔ فراخ دستی کی زندگی۔ پتلا خمیر۔ لوگوں کی مختلط جماعت۔
ضَغَبَ (ف) ضَغْبًا. بھیڑیے یا خرگوش کی طرح آواز کرنا۔ گھبرا دینا۔
الضَغِیب والضُغَاب. خرگوش اور بھیڑیے کی آواز۔
الضَغْبُوْس. لومڑی کا بچہ۔ کمزور مرد۔ ککڑی کھیرا۔ ہلیون کی مانند ایک سبزی۔ ج ضَغَابِیْس.
ضَغَثَ (ف) ضَغْثًا. الحَدِیْثَ: ملانا۔ کپڑے کو دھونا اور صاف نہ کرنا الشَیْئَ: جمع کرنا۔
اَضْغَثَ. الحَالِمُ الرُؤْیَا: خواب کو شک سے بیان کرنا۔
ضَغَّثَ. النَبَاتَ: سبزی کا مٹھا بنانا۔
اِضْطَغَثَ. الحَطَبَ: لکڑی کو اکٹھا کرنا۔
الضِغْث. تر و خشک گھاس کا مٹھا۔
مِنَ الخَبَرِ والاَمْرِ: مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ ج اَضْغَاث. اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ: گڑبڑ خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جا سکے۔
کَلَامٌ ضَغْثٌ و ضَغِثٌ. ایسی گفتگو جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

التَضْغِیْث. بارش سے تر زمین یا نباتات۔
ضَغَطَه (ف) ضَغْطًا واَضْغَطَه. بھینچنا۔ بھیڑ کرنا۔ تنگی کرنا۔
ضَاغَطَهٗ ضِغَاطًا و مُضَاغَطَةً. ایک دوسرے کو بھینچنا۔ تنگی کرنا۔
تَضَاغَطُوْا. تنگی کرنا۔
اِنْضَغَطَ. مغلوب ہونا۔
اِضْتَغَطَ. عَلَیْه: تاوان وغیرہ میں سختی کرنا۔ اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔
الضُغْطَة. تنگی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ فُلَانًا ضُغْطَةً" جبکہ تم تنگی کرو تاکہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔
الضُغْطَة. قہر۔ تنگی۔ مجبوری۔ ضُغْطَةُ القَبْرِ. فشار قبر۔
الضَاغِط. فا۔ نگہبان۔ امانت دار۔
الضَاغُوْط. کابوس (ایک قسم کی بیماری)
الضَغِیْط. کمزور رائے والا۔ ج ضَغْطٰی مؤنث ضَغِیْطَة.
اَلْمِضْغَط: ہواء، فضا اور موسم کو معلوم کرنے کا آلہ۔
المَضْغَط. پست زمین۔ ج مَضَاغِط.
ضَغَمَ (ف) ضَغْمًا. الشَیْئَ و بِه: بھنبھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضَغَمَهٗ ضَغْمَةَ الاَسَدِ" اس نے اسے شیر کی طرح بھنبھوڑ لیا۔
الضُغَامَة. دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
الضَیْغَم. شیر۔ کاٹنے والا۔ ج ضَیَاغِم.
الضَیْغَمِیُّ شیر۔
ضَغِنَ (س) ضَغَنًا. عَلَیْه: کینہ رکھنا اِلَیْه: مائل ہونا۔
اِضْطَغَنَهٗ. بغل کے نیچے لینا۔
اِضْطَغَنَ و تَضَاغَنَ. اَلْقَوْمُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَغَنَ فُلَانٌ عَلٰی فُلَانٍ ضَغِیْنَتَه" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔
الضِغْنُ. کینہ۔ شوق۔ میلان۔ کجی۔

بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج اَضْغَان.
الضَاغِن والضَغِن. کینہ ور۔ فَرَسٌ ضَاغِنٌ و ضَغِنٌ: اڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔ عُوْدٌ ضَغِنٌ: ٹیڑھی لکڑی۔
الضَغِیْنَة. کینہ۔ ج ضَغَائِن.
ضَغَا یَضْغُوْا ضَغْوًا. المُقَامِرُ: خیانت کرنا اِلَیْه: عاجزی کرنا (ضَغْوًا وضُغَاءً) السِنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَضْغَاه اِضْغَاءً. میاؤں میاؤں کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
تَضَاغٰی. بھوک یا مار سے بلبلانا۔
الضُغَاء. س۔ ذلیل آدمی کی آواز۔
ضَفَّ. (ن) ضَفًّا و ضَفَفًا. اَلْقَوْمُ عَلَی المَاءِ او الطَعَامِ: بھیڑ کرنا (ضَفًّا) الشَیْئَ. جمع کرنا۔
تَضَافَّ. اَلْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ کم مال والا ہونا۔
ضَفُّ الحَالِ: بدحال۔
الضَفَّة. جماعت۔
الضَفَّة والضِفَّة. دریا کا کنارہ۔
مِنَ البَحْرِ: سمندر کا ساحل۔ ج ضِفَاف.
الضَّفَف. مال کی قلت اور اہل و عیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلد بازی۔
الضَفَافَة. بے عقل۔
عَیْنٌ ضَفُوْفٌ. بہت پانی والا چشمہ۔
مَاءٌ مَضْفُوْف. جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔
ضَفَدَهٗ (ض) ضَفْدًا. طمانچہ مارنا۔
ضَفْدَعَ المَاءُ: پانی کا مینڈکوں والا ہونا الرَجُلُ: سکڑنا۔ گوز کرنا۔
الضِفْدَع. مینڈک۔ ج ضَفَادِع و ضَفَادِی اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضِفْدَعَة.
ضَفَرَ (ض) ضَفْرًا و ضَفَرَ. الحَبْلَ: رسی بٹنا الشَعْرَ: بال گوندھنا۔ ضَفَرَ البِنَاءَ: عمارت کے پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔
الرَجُلُ: دوڑنے میں کودنا الدَابَّةَ: جانور

کے مُنہ میں لگام دینا۔
ضَافَرَہٗ. عَلَی الْاَمْرِ: مدد کرنا۔
تَضَافَرُوْا. عَلَی الْاَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِنْضَفَر. گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْضَفَرَ الْحَبْلَان" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔
الضَفْر. س۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ ج ضُفُوْر و اَضْفَار۔
الضِفَار. کجاوہ کا تنگ۔ ج ضُفُر.
الضَفِرَة. ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ کِنَانَةٌ ضَفِرَةٌ: بھرا ہوا ترکش۔
الضَفِیْر. گندھے ہوئے بالوں کی رسّی۔ سمندر کا کنارہ۔ کجاوہ کا تنگ۔
الضَفِیْرَة. گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ چوٹی۔ ج ضَفَائِر. کہا جاتا ہے "کِنَانَةٌ ضَفِیْرَةٌ" یعنی بھرا ہوا ترکش۔
ضَفَزَ (ن) ضَفْزًا. کودنا فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہاتھ یا پیر سے مارنا الفَرَسَ: گھوڑے کے مُنہ میں لگام دینا البَعِیْرَ: اُونٹ کے مُنہ میں زبردستی لقمہ دینا۔
اِضْطَفَزَہٗ. زبردستی نگلنا۔
الضَفَّاز. چغل خور۔
الضَفِیْزَة. بڑا لقمہ۔ ج ضَفَائِز.
ضَفْضَفَة. القَوْمِ: جماعت۔ قوم۔
ضَفَطَہٗ (ن) ضَفْطًا. بِالحَبْلِ: رسّی سے باندھنا الرَّجُلُ: حاجت پوری کرنا بِسَلْحِہٖ: پاخانہ کرنا۔
ضَفُطَ (ک) ضَفَاطَةً. ڈھیلے اور بڑے پیٹ کا ہونا۔ جاہل اور کمزور رائے کا ہونا۔
تَضَافَطَ. اللَّحْمُ: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔
الضَفْطَة. جہالت۔ کمزوری رائے۔
الضَافِط. فا۔ مسافر جس کا سفر دُور کا نہ ہو۔
الضَافِطَة. مؤنث ضَافِطٌ. بار برداری کا اُونٹ۔ کمینہ آدمی۔ شتربان۔

الضَفَّاط والضِفِط والضَفِیْط. موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔ بیوقوف۔ کاہل جو قوم کا ساتھ جنگ وغیرہ میں نہ دے۔ شتربان۔
الضُفَّاط. کمینہ آدمی۔
الضَفْطَ. موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔
ضَفَنَ (ض) ضَفْنًا. اِلَیْہِ: کسی کے پاس جا کر بیٹھنا بِحَاجَتِہٖ: حاجت پوری کر دینا۔ بِرِجْلِہٖ: لات مارنا مَعَ الضَعِیْفِ: ساتھ آنا بِہِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا فُلَانًا: چوتڑ پر لات مارنا عَلَیْہِ: ظلم کرنا۔
تَضَافَنَ. القَوْمُ عَلَیْہِ: مل کر مدد کرنا۔
الضِفْن والضِفَنّ. بیوقوف۔ چھوٹے قد کا موٹا۔
ضَفَا یَضْفُوْ ضَفْوًا. الرَّاسُ: سر پر بال بہت زیادہ ہونا الحَوْضُ: حوض کا کناروں سے بہنا الثَوْبُ: کپڑے کا پورا ہونا۔ صفت ضَافٍ.
الضَفَا. جانب۔ مثنی ضَفَوَان.
ضَفْوَةُ. العَیْشِ: خوش عیشی۔
ضَقَّ (ض) ضَقًّا. آواز کرنا۔
ضَکَّہٗ (ن) ضَکًّا.
جھینچنا الاَمْرُ فُلَانًا: تنگ ہونا ہٗ بِالْحُجَّةِ: مغلوب کرنا۔
ضَکَزَہٗ (ن) ضَکْزًا. زور سے چھونا۔
الضَکِل. تھوڑا پانی۔
الضَیْکَل. بڑے ڈیل ڈول کا۔ ننگا۔ فقیر۔ ج ضَیَاکِل و ضَیَاکِلَة.
الاَضْکَل. ننگا۔
ضَلَّ (س ض) ضَلَالًا وضَلَالَةً. گمراہ ہونا۔ دین حق یا راہ حق سے ہٹ جانا۔ صفت ضَالٌّ. ج ضُلَّال و ضَالُّوْنَ
الطَرِیْقَ او عَنْہُ. ہدایت نہ پانا الشَیْءُ عَنْہُ: ضائع ہونا بیکار جانا۔ ضَلَّ سَعْیُہٗ: کامیاب نہ ہونا الشَیْءُ: تلف ہونا الرَّجُلُ: مرنا اور گل سڑ کر مٹی اور ہڈی ہو جانا الرَّجُلَ: بھول جانا۔

ضَلَّلَہٗ تَضْلِیْلًا و تَضْلَالًا. گمراہ کر دینا۔ گمراہی کی طرف نسبت کرنا۔
اَضَلَّ. الشَیْءَ: ضائع کرنا۔ ہلاک کرنا۔ دفن کرنا۔ غائب کرنا ہٗ اللہ: اللہ کا کسی کو گمراہ کر دینا فُلَانٌ فَرَسَہٗ: گھوڑے کا بھاگ جانا اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں گیا الشَیْءَ او الرَّجُلَ: گمراہ پانا اور اسی سے ہے "اَتٰی قَوْمَہٗ فَاَضَلَّھُمْ" یعنی اپنی قوم کے پاس آیا تو ان کو گمراہ پایا۔
تَضَالَّ. گمراہی کا دعویٰ کرنا۔
اِسْتَضَلَّ. گمراہ ہونے کو کہنا۔
الضَلّ والضُلّ والضَلَال والضَلَالَة. گمراہی۔ باطل۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ضُلُّ بْنُ ضُلٍّ او ضِلُّ بْنُ ضِلٍّ او ضُلَّ اَضْلَالٍ او ضِلُّ اَضْلَالٍ" یعنی وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں یا اس کے اندر خیر نہیں۔
الضَلَل. گمراہی۔ پانی جو پتھروں کے نیچے بہے یا درختوں کے نیچے جس کو کبھی دھوپ نہ لگے۔
الضَلَّة. اسم مرة۔ حیرت۔ خیر یا شر کے طلب کرنے میں غائب ہونا۔
الضِلَّة. گمراہی۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ دَمُہٗ ضِلَّةً" یعنی اس کا خون بلا قصاص کے ضائع ہو گیا۔ "ذَھَبَ ضِلَّةً" یعنی معلوم نہیں کہاں گیا۔ "ھُوَ تِبْعُ ضِلَّةٍ" یعنی وہ مصیبت ہے "ھُوَ یَلُوْمُنِی ضِلَّةً" یعنی ملامت کرنے میں اسے ہدایت کی توفیق نہیں ہوئی۔
الضُلَّة. کامل رہنمائی۔ کہا جاتا ہے "دَلِیْلٌ بِہٖ ضُلَّةٌ" یعنی ایسا رہنما ہے جس کے اندر کامل رہنمائی ہے۔
الضَالَّة. مؤنث ضَالٌّ. گم شدہ چیز جس کے پیچھے تم پھر رہے ہو۔ ج ضَوَالّ.
الضِلِّیْل. بہت زیادہ گمراہ۔
الاُضْلُوْلَة. گمراہی۔ ج اَضَالِیْل.
المَضَلّ. جس میں لوگ گمراہ ہو جائیں۔

المُضِلُّ. فا۔ سراب۔
المَضَلَّة والمَضِلَّة. گمراہی۔ اَرْضٌ مَضَلَّةٌ و مَضِلَّةٌ: زمین جس میں راستہ بھول جائیں اور جمع کیلئے کہا جاتا ہے "اَرْضُوْنَ مَضَلَّات."
المُضَلَّل. بہت زیادہ گمراہ۔ گمراہی کے پیچھے بہت زیادہ پڑنے والا جس کو خیر کی توفیق نہ دی گئی ہو۔
ضَلُعَ(ک) ضَلَاعَةً. قوی مضبوط پسلیوں والا ہونا۔ صفت ضَلِيْع.
ضَلَعَ(ف) ضَلْعًا. الشَّیٔ: ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت ضَالِعٌ الرَّجُلَ: پسلی پر مارنا عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔
ضَلِعَ (س) ضَلَعًا و ضَلْعًا. پیدائشی ٹیڑھا ہونا۔ صفت ضَلِعٌ اور اسی سے ہے "لَا قِيْمنِ ضَلَعَكَ او ضَلْعَكَ" یعنی میں تیری کجی کو درست کر دوں گا۔ ضَلِعَ مَعَ فُلَانٍ: جھکنا الرَّجُلُ: شکم سیر یا سیراب ہونا۔
ضَلَّعَه. جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔ بوجھل کرنا۔
ضَلَّعَ الثَّوبَ: کپڑے پر پسلیوں کے مانند نقش و نگار بنانا۔
اَضْلَعَهُ. جھکانا۔ بوجھل کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَضْلَعَتْهُ الخُطُوْبُ" یعنی فلاں کو حوادث نے بوجھل کر دیا۔
تَضَلَّعَ. شکم سیر یا سیراب ہونا اور اسی سے ہے "تَضَلَّعَ مِنَ العُلُوْمِ" یعنی اس نے علوم سے حصہ کامل پایا۔
اِضْطَلَعَ. قوی ہونا بِحَمْلِهِ: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اس کی طاقت رکھنا۔
الضِّلْع. میلان و ٹیڑھا پن۔ کہا جاتا ہے "ضَلْعُكَ مَعَ فُلَانٍ" تمہارا میلان فلاں کی جانب ہے۔
الضِّلْع والضِّلَع. پسلی (مؤنث) اَضْلُع و ضُلُوْع و اَضْلَاع. کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى ضِلْعٍ جَائِرَةٍ" یعنی وہ سب میرے اوپر ظلم کرنے میں متفق ہیں۔ الضِّلَع والضِّلَع مِنَ البِطِّيْخ: خربوزے کی قاش پھانک۔ ضِلْعُ السِّلْقِ و نَحْوَهٗ: چقندر کے پتوں کی موٹی رگ۔ الضِّلَع: چھوٹا پہاڑ۔ پھندا۔ جال ابرو۔
المِضْلَعَة. جانب۔
الضِّلَعَة. ایک سبز رنگ کی چھوٹی مچھلی۔
الاَضْلَع. مضبوط موٹا مرد۔ ج ضُلْع.
الضُّلُوْع. زمین کا ڈھلوان۔
الضَّلِيْع. مضبوط پسلیوں والا۔ قوی۔ ج ضُلْع. مؤنث ضَلِيْعَة رَجُل ضَلِيْعُ الفَم: بڑے منہ والا۔ قَوْسٌ ضَلِيْعٌ و ضَلِيْعَةٌ و مَضْلُوْعَةٌ: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔
المُضْلِع مِنَ الاَحْمَال: بوجھل۔ عاجز کر دینے والا۔ کہا جاتا ہے "مُضْلِعٌ بِهٰذَا الاَمْرِ" اسے اس کام کی طاقت ہے۔
المُضَلَّع. پہلوؤں والا مِنَ الثِّيَاب. دھاری دار کپڑا۔
اَلْمُضَلَّع او ذُو الاَضْلَاع: (ہ) خط منکسر اور اس کے قطعات کو اضلاع اور اطراف اضلاع کو رؤس بولتے ہیں۔
اَلْمُضَلَّعُ الْمُنتَظِمُ: وہ خط جس کے اضلاع برابر ہوں اسی کو محدب اور مجمی بولتے ہیں۔
اَلْمُضَلَّعُ الرُّبَاعِيّ: چار اضلاع والا۔
اَلْمُضَلَّعُ الْخُمَاسِي: پانچ اضلاع والا
اَلْمُضَلَّعُ السُّدَاسِيّ: چھ اضلاع والا
ضَمَّ (ن) ضَمًّا. الشَّیٔ: جمع کرنا الشَّیٔ اِلَيْهِ: قبضہ کرنا اور اپنی طرف کھینچنا عَلَى الشَّیٔ: قبضہ کرنا فُلَانًا اِلَيْهِ: ساتھ رکھنا۔ ضَمَّه اِلَى صَدْرِهِ. معانقہ کرنا الحَرْفَ: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ جَنَاحَه عَنِ النَّاسِ" یعنی اس نے لوگوں سے نرمی برتی۔
ضَامَّه. اِلَيْهِ: ملانا۔
اَضَمَّهٗ. الشَّیٔ اِلَى فُلَانٍ: فلاں کی طرف چیز بھیجنا۔
اِنْضَمَّ. ملنا عَلَى كَذَا: مشتمل ہونا۔
تَضَمَّمَ. الشَّیٔ: پوری طرح سے شامل ہونا۔
اِضْطَمَّهٗ. اپنی طرف ملانا۔ اِضْطَمَّ عَلَيْهِ: مشتمل ہونا۔
الضَّمُّ والضَّمَّة. پیش کی حرکت۔
الضَّمَّةُ. گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔
الضِّمَام. ملانے کا ذریعہ۔
الضُّمْوْم. دو لمبے ٹیلوں کے درمیان کی وادی۔
الضَّمِيْم. ساتھی۔ مؤنث ضَمِيْمَة.
الاِضْمَامَة. جماعت۔ ج اَضَامِيْم مِنَ الكُتُبِ: کتابوں کا بنڈل۔
المُنْضَمّ. عَلَى كَذَا: مشتمل ملا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ مُنْضَمًّا" یعنی لاغر ہو گیا گویا کہ بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا ہے۔
ضَمَجَ (ن) ضَمْجًا و ضَمَّجَ. جَسَدَهٗ: خوشبو لگانا۔
ضَمَجَ واَضْمَجَ. بِالاَرْضِ: زمین سے چمٹ جانا۔
الضَّمْجَة. ایک بدبودار کیڑا جو کاٹتا ہے۔ کھٹل۔
الضَّمَج. آفت جو انسان کو لاحق ہو۔
اِضْمَحَلَّ. نیست و نابود ہونا السَّحَابُ. بادل کا کھل جانا۔
ضَمَخَ (ن) ضَمْخًا و ضَمَّخَ. جَسَدَهٗ بِالطِّيْبِ: بدن میں خوشبو لگانا۔
تَضَمَّخَ وانْضَمَخَ واضْطَمَخَ. بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا۔
الضِّمْخَة. موٹی عورت یا اونٹنی۔
ضَمَدَ (ن ض) ضَمْدًا وضَمَّدَ. الجُرْحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہا جاتا ہے "اُضْمُدْ عَلَيْكَ ثِيَابَكَ" یعنی اپنے کپڑے کو اپنے اوپر باندھو "ضَمَدَه بِالعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری اور ایسا ہی "ضَمَدَ رَاْسَهٗ بِالسَّيْفِ"

ضَمِدَ (س) ضَمَدًا. خشک ہونا۔ سخت غضبناک ہونا عَلَيْهِ. کینہ کرنا۔

اَضْمَدَ. اَلْقَوْمَ: جمع کرنا۔

تَضَمَّدَ. الْجُرْحُ: پٹی بندھ جانا۔

الضَّمْد. ۔س۔ تر۔ خشک۔ عمدہ بکریاں۔ خراب بکریاں۔ کینہ۔ وری۔ الضِّمْد. دوست۔ ساتھی۔

الضَّمَد. ظلم۔ پرانا حق۔

الضَّامِد. فا۔ لازم۔

الضِّمَاد والضِّمَادَة. پٹی جس سے عضو مجروح کو باندھا جائے کہا جاتا ہے ''اَنَا عَلٰى ضِمَادَةٍ مِنَ الْاَمْرِ'' یعنی میں کام کے نزدیک پہنچ گیا ہوں۔

ضَمَرَ(ن) وضَمُرَ(ک) ضُمُوْرًا. دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ چھریرا ہونا۔ صفت ضَامِرٌ مؤنث ضَامِر و ضَامِرَةٌ ج ضُمَّر و ضَوَامِر.

اَضْمَرَ الْاَمْرَ: پوشیدہ کرنا فِيْ نَفْسِهٖ شَيْئًا. اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا الخبر: ۃ تک پہنچنا۔ اَضْمَرَتِ الْاَرْضُ فُلَانًا: زمین نے اس کو موت یا سفر کی وجہ سے غائب کر دیا۔ الشَّاعِرُ: شاعر کا اضمار برتنا اور اِضْمَار اصطلاح فن عروض میں یہ ہے کہ دوسرے حرف کو ساکن کر دیں۔ جیسے مُتَفَاعِلُن کے دوسرے حرف کو ساکن کر دیں تو مُتْفَاعِلُن ہو کر مُسْتَفْعِلُن کے وزن پر ہو جاتا ہے۔

اَضْمَر وضَمَّرَ. الْفَرَسَ: دُبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔

تَضَمَّرَ وَجْهُهٗ. لاغری کی وجہ سے کھال سکڑ جانا۔

اِنْضَمَرَ الْغُصْنُ. ٹہنی کا خشک ہونا۔

اِضْطَمَرَ. مل جانا۔ الْفَرَسُ. گھوڑے کا دُبلا ہونا۔ چھریرا ہونا۔

الْاِضْمَار. علم عروض میں دوسرے حرف کو ساکن کرنا۔ جیسے تامتفاعلن اس کو ستفعلن کی طرف منتقل کر دیا گیا۔

الضُّمْر. چھریرا۔ دُبلا۔ پتلے پیٹ والا۔ نازک بدن۔ مؤنث ضُمْرَةٌ. تنگ۔ راز (الْمُضْمَر) پوشیدہ۔

الضُّمْر والضُّمُر. دُبلا پن۔

الضَّمِيْر. راز۔ پوشیدہ خیال۔ پژمردہ انگور۔ ضمیر نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جو متکلم مخاطب اور غائب پر دلالت کرے جیسے اَنَا. اَنْتَ. هُوَ ج ضَمَائِر.

الضِّمَار. پوشیدہ۔ ٹالا ہوا وعدہ۔ ہر وہ چیز جس پر اعتماد نہ ہو۔ مال جس کی واپسی کی اُمید نہ ہو مِنَ الدَّيْنِ: جس کی مدت معین نہ ہو۔

الْاِضْمَار. ۔س۔ زحافاتِ شعریہ کی ایک قسم؛ تشریح اضمر فعل کے تحت میں دیکھو۔

الضَّوْمَرَان والضَّيْمُرَان. ایک قسم کی خوشبو دار گھاس۔

الْمِضْمَار. گھوڑ دوڑ کے میدان کی انتہا۔ وہ میدان جہاں گھوڑے چھریرے کیے جائیں۔ گھوڑوں کے چھریرے کرنے کی مدت۔ میدانِ گھوڑ دوڑ۔

ضَمَزَ (ن ض) ضَمْزًا. چپ رہنا اللقمة. بڑا لقمہ بنانا اور نگل جانا عَلٰى مَالِهٖ: بخل کرنا۔ صفت ضَامِزٌ و ضَمُوْزٌ. ج ضُمُوْزٌ.

ضَمَسَهٗ (ض) ضَمْسًا. آہستہ آہستہ چبانا۔

ضَمْضَمَ ضَمْضَمَةً. دل کو قوی کرنا۔ بہادر بنانا الْاَسَدُ: شیر کا گونجنا فُلَانٌ عَلَى الْمَالِ: کل لے لینا۔

الضَّمْضَم والضُّمَاضِم. دلیر۔ گرانڈیل۔ شیر غضبناک۔

ضَمِنَ(س) ضَمْنًا و ضَمَانًا الشَّيْءَ و بِهٖ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا ٥ جمع کرنا۔

ضَمِنَ(س) ضَمْنًا و ضَمَانَةً. الرَّجُلُ: ایسے مرض میں مبتلا ہونا جو ہمیشہ رہے اور وقتاً فوقتاً سخت ہوتا رہے۔ صفت ضَمِنٌ.

ضَمَّنَ الشَّيْءَ الْوِعَاءَ: برتن میں رکھنا ٥ الشَّيْءَ. ذمہ دار بنا دینا الشَّاعِرُ. شاعر کا تضمین کرنا۔ یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے کلام میں شامل کر لینا۔

تَضَمَّنَ. الشَّيْءَ. مشتمل ہونا الشَّيْءَ عَنِّيْ: اس نے میری طرف سے اپنے ذمہ لے لیا۔

الضَّمَن والضُّمْنَة والضُّمَان والضَّمَانَة. ہمیشہ کا رہنے والا مرض۔ لنجا پن۔

الضِّمْن. اندرون شَيْءٍ. ضِمْنَ الْكِتَابِ: کتاب کا بیچ۔ الضَّمِن. عاشق۔ پرانے مرض والا۔ کہا جاتا ہے ''هُوَ ضَمِنٌ عَلٰى اَهْلِهٖ'' یعنی وہ اپنے لوگوں پر بوجھ ہے۔

الضَّامِن. فا۔ ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔

الضَّمِيْن. کفیل۔ مرض لازم میں مبتلا۔ ج ضَمْنٰى

الضَّمَان. ۔س۔ کفالت۔ تاوان۔ ڈنڈ۔

الْمَضْمُوْن. ۔ن۔ جس کی کفالت کی جائے۔ مِنَ الْجُمْلَةِ: مفہوم جو جملہ سے سمجھ میں آئے اور جملہ اس کے لیے بیان نہ کیا گیا ہو۔ ج مَضَامِيْن.

الْمُضَمَّن. مفع۔ تضمین کیا ہوا مِنَ الْاَصْوَاتِ: غیر مکمل آواز جب تک دوسرے سے ملایا نہ جائے سمجھ میں نہ آئے۔

ضَنَّ(س ض) ضَنًّا وضِنًّا و ضِنَّةً و ضَنَانَةً و مَضَنَّةً واِضْطَنَّ. بِالشَّيْءِ: بخل کرنا۔ ضَنَّ بِالْمَكَانِ: مکان سے جدا نہ ہونا۔

الضِّنّ والضِّنَّة. جس پر بخل کیا جائے۔ خاص۔ کہا جاتا ہے ''هُوَ ضِنِّيْ و ضِنَّتِيْ'' وہ میرے ساتھ مختص ہے۔

الضِّنَن. بہادر۔

الضَّنِيْن. بخیل۔ کہا جاتا ہے ''اِنَّمَا يُضَنُّ بِالضَّنِيْنِ'' یعنی بخیل کے ساتھ بخل کیا

جاتا ہے۔
الضَّنائِن وہ چیزیں جن کی نفاست کی وجہ سے بخل کیا جائے اور اسی سے ہے "ضَنائِنُ اللّٰہ" اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے خاص لوگ۔
الضَّنانَةُ. س. بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَجَمْتُ عَلَى الْقَوْمِ وَهُمْ بِضَنانَتِهِمْ" میں قوم پر اچانک پہنچ گیا اور وہ لوگ متفرق نہیں ہوئے تھے۔
المَضَنَّة والمَضِنَّة. جس پر بخل کیا جائے۔ ج مَضانّ.
ضَنَأ(ف) ضَنْأً و ضُنُوْءًا. چھپنا فِي الأرْض: جانا المَالُ: کثیر ہونا (ضَنَأَتْ (ف) ضَنْأً و ضُنُوْأً و ضَنِئَتْ(س) ضَنْأً و اضْنَأتِ) المَرْأةُ: بہت اولاد والی ہونا۔ صفت ضَانِئٌ و ضَانِئَةٌ ج ضَوَانِئُ.
اِضْطَنَأَ لَهُ و مِنْهُ. شرمانا اور منقبض ہونا۔
الضَّنْءُ اصل۔ معدن۔ کثرتِ نسل۔ ج ضُنُوْءٌ.
الضَّنْءُ والضِّنْءُ اولاد (اس کیلئے واحد نہیں)
الضُّنَائَة والضُّنَاءَة ضرورت۔
ضَنَبَ(ن) ضَنْبًا بِهِ الأرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ ضَنَبَ بالشَّيءِ قبضہ کرنا۔
ضَنِطَ(س) ضَنَطًا. الشَّحْمُ: موٹا اور ٹھوس ہونا۔
اِنْضَنَطَ. الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔
الضَّنط. تنگی۔
الضَّنط چربی۔ نشاط۔ ڈینگ۔
الضِّناط. کنوئیں وغیرہ پر بہت زیادہ بھیڑ۔
ضَنُكَ(ک) ضَناكَةً. سُست رائے۔ ضعیف العقل۔ کمزور بدن والا۔ صفت ضَنِيْكٌ ج ضُنُكٌ (ضَناكَةً و ضَنْكًا و ضُنُوْكَةً) تنگ ہونا۔
ضُنِكَ ضَنْكًا زکام زدہ ہونا۔
اَضْنَكَهُ اللّٰہ زکام میں مبتلا کرنا۔

الضَّنْك. تنگ۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے مَكَانٌ ضَنْكٌ و عِيْشَةٌ ضَنْكٌ.
الضِّناك. مضبوط جسم والا۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِناكٌ و اِمْرَأةٌ ضِناكٌ" بڑا درخت۔
الضُّناك والضُّنْكَة زکام۔
الضَّناكَة س. تنگ زندگی۔
الضَّنِيْك. تنگ زندگی۔ صرف خوراک پر خدمت کرنے والا۔ کٹی ہوئی چیز۔
ضَنِيَ(س) ضَنًى(وادی) مرض کی وجہ سے کمزور و لاغر ہونا۔ صفت ضَنًى و ضَنٍ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ ضَنًى و ضَنِيًا" ضَنًى بفتح النون میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور ضَنٍ بکسر النون جب بولا جائے گا تو اس کیلئے تثنیہ جمع اور مؤنث کے صیغے استعمال کئے جائیں گے۔ ضَنِي کی جمع اَضْنَاء.
ضَانَى مُضَانَاةً الشَّيْءَ او الأمْرَ بمشقت برداشت کرنا۔
اَضْنَى اِضْنَاءً. المَرَضُ فُلانًا بیماری کا سُست کر دینا الرَّجُلُ بیماری کی لاغری کی وجہ سے صاحب فراش ہونا۔
تَضَنَّى بتکلف بیمار ہونا۔ بننا۔
اِنْضَنَى سُست ہو جانا۔
الضَّنَى بیماری۔ لاغری۔ بدحالی۔
الضِّنو والضَّنو والضُّنى اولاد۔ کہا جاتا ہے "لَهُ ضِنْوٌ كَثِيْرٌ" اس کی بہت اولاد ہے۔
الضِّنى مخفی بیماریاں۔
ضَنَتْ تَضْنِي و ضَنِيَت تَضْنَى ضَنًى و ضَنَاءً المَرْأةُ: کثیر اولاد ہونا۔ ضَنَى نَصِيْبُ فُلانٍ حصہ کا بڑھنا۔
ضَهَبَ(ف) ضَهْبًا بالنَّار: آگ سے متغیر کرنا۔
ضَهَبَ(ف) ضُهُوْبًا کمزور ہونا۔

ضَهَّبَ اللَّحْمَ: گوشت کو بریاں کرنا القَوْسَ: نرم کرنے کے لیے آگ کے سامنے کرنا۔ صفت ضَهْبَاء ضَهَّبَ القَوْمُ: زیادہ ہونا اور تیز چلنا۔
ضَاهَبَهُ مُضَاهَبَةً. برا تاؤ کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔
ضَهْبٌ. القَوْمِ مخلوط لوگ۔
الضَّيْهَب: پہاڑ کا وہ گرم حصہ جہاں گوشت کو بھون سکتے ہوں۔
ضَهَتَ(ن) ضَهْتًا سخت روندنا۔
ضَهَدَ(ف) ضَهْدًا.
اَضْهَدَه و اَضْهَدَ بِهِ و اِضْطَهَدَ غلبہ کرنا اور ظلم کرنا۔ تکلیف دینا اور مجبور کرنا۔
الضُّهْدَة. غلبہ اور قہر۔ کہا جاتا ہے ضُهدة لِكُلِّ اَحَدٍ یعنی ہر وہ شخص جو چاہتا ہے اسے مجبور کرتا ہے۔
الضَّهِيْدُ. سخت مضبوط۔
الضَّهْر والضَّاهِر پہاڑ کی چوٹی۔ وادی۔
الضَّهْر کچھوا۔
ضَهَزَهُ و ضَهَسَهُ(ف) ضَهْزًا و ضَهْسًا. سخت روندنا الدَّابَّةُ جانور کا اگلے دانتوں سے کاٹنا۔
ضَهَلَ(ف) ضَهْلًا و ضُهُوْلًا. اللَّبَنُ: تھوڑا تھوڑا جمع ہونا النَّاقَةُ و نَحْوُهَا: تھوڑی دودھ والی ہونا۔ صفت ضَهُوْل ج ضُهُل ضَهِلَة. حَقَّهُ. حق کم کرنا (و تَضَهَّلَ) اِلَى فُلانٍ: کسی کی جانب بغیر ارادہ جنگ کے لوٹنا۔
اَضْهَلَ. النَّخْلُ: کھجوریں پکنے لگنا اِلَى فُلانٍ مَالًا مال کو فلاں کی طرف کر دینا۔
اِسْتَضْهَلَ. الخَبَرَ: حسب امکان خبر طلب کرنا۔
الضَّهْل مجتمع دودھ۔ تھوڑا پانی۔
الضَّاهِلَة. مِنَ الْعُيُوْن تھوڑے پانی کا چشمہ۔ الضَّهْوَاءُ بے پستان عورت۔
الضَّهْوَة جوہڑ۔ ج اَضْهَاء.
ضَهِيَتْ تَضْهَى ضَهًى. المَرْأةُ عورت

کا بغیر پستان اور بغیر دودھ کے ہونا۔ صفت ضَهْيَاء ج ضُهْي۔ ضَهِيَتِ الْاَرْضُ: زمین میں کچھ نہ اُگنا اور بغیر پانی کے چٹیل میدان ہونا۔

ضَاهٰى مُضَاهَاةً. الرَّجُلَ: مشابہ ہونا۔

الضَّهِيُّ. مشابہ۔ ہم شکل۔ کہا جاتا ہے "هو ضَهِيُّكَ" وہ تمہارا ہم شکل ہے۔

ضَاءَ يَضُوْءُ ضَوْءًا او ضُوْءًا و ضِيَاءً القَمَرُ وغيرُهُ: روشن ہونا۔ چمکنا۔

ضَوَّءَ تَضْوِئَةً. البَيْتَ: روشن کرنا۔ عَنِ الْاَمْرِ: پھر جانا۔

اَضَاءَ اِضَاءَةً. البَيْتُ: روشن ہونا۔ البَيْتَ: روشن کرنا۔

تَضَوَّأَ. تاریکی میں کھڑا ہونا تاکہ آگ کی روشنی میں لوگوں کو دیکھ سکے۔ تَضَوَّأَهُ: کسی ایسی جگہ مائل ہونا جہاں سے آگ کی روشنی سے دیکھ سکے۔

اِسْتَضَاءَ بِهِ: روشن ہونا مِنْ فُلَانٍ: مشورہ کرنا۔

الضَّوْءُ والضُّوْءُ. روشنی۔ ج اَضْوَاءٌ.

الضِّيَاءُ والضِّوَاءُ. روشنی۔

الضَّوِيُّ والمُضِيُّ. روشن۔ روشن کرنے والا۔

ضَاجَ يَضُوْجُ ضَوْجًا. عَنْ كَذَا: اعراض کرنا۔ پھر جانا (وانضاج) الوَادِيُ: کشادہ ہونا۔

تَضَوَّجَ الوَادِيُ: وادی کا بہت پیچ دار ہونا۔

اِنْضَوَجَ فِيْ ضَوْجِ الوَادِيْ: وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔

الضَّوْجُ: وادی کا موڑ۔ ج اَضْوَاجٌ.

الضَّوْجَانُ. سخت خشک۔ مؤنث ضَوْجَانَةٌ.

ضَوَّجَ. اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔

ضَارَ يَضُوْرُ ضَوْرًا. سخت بھوکا ہونا۔

ضَارَهُ الْاَمْرُ: نقصان پہنچنا۔

تَضَوَّرَ. درد کی تکلیف یا ☐ بھوک سے پیچ و تاب کھانا الذِّئْبُ و نَحْوُهُ: بھوک سے بلبلانا۔

الضَّوْرُ. سخت بھوک۔

الضُّوْزُ. کالی بدلی۔

الضُّوْرَةُ. ذلیل۔ حقیر۔

ضَازَ يَضُوْزُ ضَوْزًا. التَّمْرَةَ: پھل کو چبانا ہُ حَقَّهُ: کم کر دینا۔

ضَوْضٰى ضَوْضَاةً و ضِيْضَاءً. شور مچانا۔

الضَّوْضٰى والضَّوْضَا والضِّيْضَاءُ. شور و غوغا۔

ضَوَّطَ. الاَشْيَاءَ: جمع کرنا۔

تَضَوَّطَ. الشَّيْئُ: جمع ہونا۔

الاَضْوَطُ. ٹیڑھے جبڑے والا۔ بیوقوف۔

الضَّوِيْطَةُ. بیوقوف۔ حوض کی تہ کی مٹی کا گیلا خمیر۔

ضَاعَهُ يَضُوْعُهُ ضَوْعًا. حرکت دینا۔ رنجیدہ کرنا۔ بھڑکا دینا۔ گھبرا دینا۔ ضَاعَ المِسْكُ: مشک کی خوشبو پھیلنا الدَّابَّةَ: جانور کو دُبلا کرنا الصَّبِيُّ. رونے میں پیچ و تاب کھانا۔

تَضَوَّعَ. المِسْكُ: مشک کی خوشبو بھڑکنا۔ الصَّبِيُّ. رونے میں پیچ و تاب کھانا (وانضاع) الفَرْخُ: پرندہ کے بچے کا چوگہ کے لیے اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا۔

الضُّوَعُ والضُّوَعُ. نر اُلو۔ رات کو اُڑنے والے پرندوں میں سے ایک پرندہ۔

الضُّوَاعُ. نر اُلو کی آواز۔

رَجُلٌ مَضُوْعٌ. خوفزدہ۔

ضَافَ يَضُوْفُ ضَوْفًا. عَنِ الشَّيْئِ: الگ ہونا۔

ضَانَ يَضُوْنُ ضَوْنَةً. زیادہ اولاد ہونا۔

الضُّوْنَةُ. مـ۔ چھوٹی بچی۔

الضَّيْوَنُ. بلا۔ ج ضَيَاوِنُ.

الضَّوَّةُ. شور۔ لڑائی کا شور۔

ضَوِيَ يَضْوٰى ضَوًى. خلقتاً یا بلاغری سے پتلی ہڈی کا ہونا۔

ضَوٰى يَضْوِيْ ضَيًّا وضُوِيًّا. اِلَيْهِ: ملنا۔ پناہ لینا الرَّجُلَ: رات کو آنا۔ ضَوَاهُ اِلَيْهِ: مائل کرنا۔

اَضْوٰى. دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا الرَّجُلَ: کمزور کرنا ہ حَقَّهُ: کم کرنا الاَمْرَ: کچا کام کرنا۔ اَضْوَتِ المَرْاَةُ: کمزور بچہ جننا۔

اَضْوَاهُ اِلَيْهِ: اپنی طرف مائل کرنا۔

اِنْضَوٰى اِنْضِوَاءً. اِلَيْهِ: شامل ہونا۔ ملنا۔

الضَّاوِي. فا. رات کو آنے والا۔

الضَّاوِيُّ. کمزور دُبلا۔ خلقتاً یا لاغری سے کمزور جسم والا۔ مؤنث ضَاوِيَةٌ.

ضَاجَ يَضِيْجُ ضَيْجًا و ضُيُوْجًا و ضَيْجَانًا عَنْهُ و اِلَيْهِ: جھکنا۔ مائل ہونا۔

ضاجت عِظَامُهُ: لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا ہل جانا۔

ضَاحَتْ تَضِيْحُ ضَيْحًا. البِلَادُ: خالی ہونا۔

ضَاحَ و ضَيَّحَ. اللَّبَنَ: پانی ملانا۔ ضَيَّحَ فُلَانًا: پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔

تَضَيَّحَ اللَّبَنُ: پانی میں دودھ ملنا الرَّجُلُ: پانی ملا ہوا دودھ پینا۔

الضَّيْحُ. شہد۔

الضَّيْحُ والضَّيَاحُ. پانی ملا ہوا دودھ۔ شوربا۔

الضَّيْحَةُ. پانی ملے ہوئے دودھ کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

ضَارَهُ يَضِيْرُهُ ضَيْرًا. الاَمْرُ: نقصان دینا۔

ضَازَهُ يَضِيْزُهُ ضَيْزًا. ظلم کرنا۔ ضَازَهُ حَقَّهُ: کم کرنا۔

الضِّيْزُ. ٹیڑھ۔ کجی۔

قِسْمَةٌ ضِيْزٰى. ناقص تقسیم۔ ظالمانہ تقسیم۔

ضَاطَ يَضِيْطُ ضَيْطًا و ضَيَطَانًا. فِيْ مَشْيَتِهِ. موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور مونڈھوں کو حرکت دینا۔ صفت

ضَيْطان و ضِيَاط.

ضَاعَ يَضِيْعُ ضَيْعًا وضِيْعًا وضَيْعَةً وضَيَاعًا. ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ بیکار ہونا۔ صفت ضَائِعٌ ج ضُيَّع و ضِيَاع.

اَضَاعَه. ضائع کرنا۔ اَضَاعَ الرَّجُلُ: بہت جائیداد والا ہونا۔

تَضَيَّعَ الْمِسْكُ: مشک کا بھڑکنا۔ مشک کو خوشبو کا پھیلنا۔

الضَّيَاع س۔ ایک قسم کی خوشبو۔ بے فائدہ۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ ضَيَاعًا و ضِيْعًا و ضَيْعًا" یعنی مر گیا اور کسی کو اس کی پروا نہ ہوئی۔

الضَّيْعَة. جائیداد۔ زمین سیر حاصل۔ اس کی تصغیر ضُيَيْعَةٌ ہے اور جمع ضِيَع و ضِيَاع و ضَيْعَات. الضَّيْعَة: پیشہ۔ کہا جاتا ہے "كَانَتْ ضَيْعَةُ الْعَرَبِ سِيَاسَتَه الْإِبِلِ" عرب کا پیشہ اونٹوں کا انتظام کرنا تھا۔

الْمِضْيَاع. بہت ضائع کرنے والا۔

الْمَضْيَعَة والْمَضِيْعَة. موضع ہلاکت۔ جہاں ضائع ہونے کے اسباب زیادہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "بِلَدِكُمْ مَضْيَعَةُ الْعِلْمِ" تمہارے شہر میں علم کے ضائع ہونے کے اسباب بہت ہیں۔

ضَافَ يَضِيْفُ ضَيْفًا اِلَيْهِ: مائل ہونا۔ ہٹ جانا۔ ضَافَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے لیے مائل ہونا السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے ہٹ جانا الرَّجُلُ: خوف کرنا مِنْه: پرہیز کرنا اور ڈرنا۔

ضَافَهُ يَضِيْفُهُ ضَيْفًا و ضِيَافَةً. مہمان ہونا۔ مہمانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَافَ الْهَمُّ فُلَانًا" یعنی فلاں پر غم نازل ہوا۔

ضَيَّفَهُ. مہمان بنانا۔ مہمانی کا کھانا پیش کرنا۔ ضَيَّفَه اِلَيْهِ: جھکانا۔ ضَيَّفَ الرَّجُلُ: مائل ہونا۔ ہٹ جانا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے لیے مائل ہونا۔

اَضَافَ الرَّجُلُ. دوڑنا۔ جلدی چلنا۔ خوف کرنا الشَّيْئَ اِلَى الشَّيْئِ: جھکانا۔ سہارا دینا۔ ملانا الرَّجُلَ: پناہ دینا۔ مجبور کرنا مِنْهُ: چوکنا رہنا عَلَيْهِ: جھانکنا فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: مہمان اُتارنا الْكَلِمَةَ اِلَى الْكَلِمَةِ: ایک کی نسبت دوسرے کی طرف طریقہ مخصوص پر کرنا۔

تَضَيَّفَهُ. مہمان ہونا۔ طلب ضیافت کرنا۔

تضيف الرَّجُلُ: مائل ہونا الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

اِنْضَافَ اِلَيْهِ: ملنا۔

تَضَايَفَ الْوَادِي: تنگ ہونا۔

اِسْتَضَافَهُ. ضیافت طلب کرنا۔ اِسْتَضَافَ بِه: فریاد کرنا مِنْ فُلَانٍ اِلٰى فُلَانٍ: پناہ لینا۔

الضَّيْف. مہمان (واحد و جمع) مؤنث ضَيْف و ضَيْفَة ج اَضْيَاف و ضُيُوف و ضِيَاف و ضِيْفَان و اَضَائِف.

الضَّيْفَن. طفیلی۔

الضِّيْف. پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي ضِيْفِ فُلَانٍ" وہ فلاں کے پہلو میں ہے۔

الضِّيَافَة. مہمانی کا کھانا۔

الْمُضَافُ فِي الْحَرْبِ: جو جنگ میں گھر گیا ہو جو قوم کے ساتھ چپکا دیا گیا ہو۔

الْمَضِيْف والْمَضِيْفَة. مہمانی کی جگہ۔

الْمِضْيَاف. بہت مہمانوں والا میزبان۔

الْمَضِيْفَة والْمُضِيْفَة. حزن۔ غم۔

مَضَائِف. الْوَادِي: وادی کے پہلو۔

ضَاقَ يَضِيْقُ ضِيْقًا و ضَيْقًا. تنگ ہونا۔ صفت ضَيْق و ضَائِق و ضَيِّق الرَّجُلُ: بخل کرنا۔

ضَيَّقَهُ تَضْيِيْقًا. تنگ کرنا۔ ضُيِّقَ عَلَيْهِ: سختی کیا جانا۔

اَضَاقَ اضَاقَةً. تنگ کرنا۔ اضاق الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔

تَضَيَّقَ و تَضَايَقَ. تنگ ہونا۔ وتضايق الْاَمْرُ بِه او عَلَيْهِ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَايَقَ الْقَوْمُ" یعنی قوم کشادہ دل نہیں یا ان کے مکان کشادہ نہیں۔

ضَايَقَه مُضَايَقَة. سختی کرنا۔

الضِّيْقُ والضَّيْقُ. سختی۔ حزن غم جس سے تنگ دلی ہو۔

الضِّيْقُ والضَّيْقُ. شک۔

الضِّيْقَة والضَّيْقَة. بدحالی۔ محتاجی۔ ج ضِيَق و ضَيْق.

الضَّائِقُ. فا. تنگ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ضَائِقٌ صَدْرُهُ بِكَذَا" فلاں وجہ سے تنگ دل ہے۔ ج ضَاقَةٌ جیسے سَيِّد کی جمع سَادَة.

الْاَضْيَق. بہت تنگ۔ مؤنث ضِيْقَى و ضُوْقَى.

الضَّاكَة: شمالی افریقہ میں ایک درخت کا نام جس کا پھل کھایا جاتا ہے۔

الْمَضِيْق. تنگ جگہ۔ مشکل کام۔ گھاٹی۔ ج مَضَايِق.

ضَامَهُ يَضِيْمُهُ ضَيْمًا. ظلم کرنا۔ مجبور کرنا۔

ضَامَه واسْتَضَامَه حَقَّهُ: کم کر لینا۔

الضَّيْم. ظلم۔ ج ضُيُوم.

ضِيْم الْجَبَلِ: پہاڑ کا کنارہ۔

الضَّامَة. حاجت۔ ضرورت۔

ط اَلطَّاءُ:ہجائی حروف میں سے سولہواں حرف ہے۔ حروف نطعیۃ سے ہے۔ یعنی تالو سے خارج ہونے والا حرف ہے۔ بحساب جمل اس کا عدد (۹) ہے۔

طَأطَأَ. الرَّاسَ وغیرہ: پست کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَأطَأَ رَاسَهُ عَنْ كَذَا" یعنی فلاں چیز سے اس نے اپنے سر کو پست کر لیا۔ فَرَسَهُ: گھوڑے کو تیز دوڑانے کیلئے اس کی دونوں رانوں میں ایڑ لگانا۔ طَأطَأَتِ الْمَرْأَةُ سِتْرَهَا: عورت کا پردہ ڈالنا۔ طَأطَأَ يَدَهُ بِالْعِنَانِ لگام کو ڈھیلا چھوڑنا۔ الْحُفْرَةَ: گڑھے کو گہرا کرنا۔ فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: کسی کو مرتبے سے گرادینا۔ طَأطَأَ فِيْ قَتْلِ الْقَوْمِ: قوم کے قتل کرنے میں مبالغہ کرنا، سختی برتنا۔

تَطَأطَأَ. پست ہونا۔

الطَّأطَأُ. پست زمین۔ چھوٹا اونٹ۔

الطَّآةُ. کیچڑ۔

طَبَّهُ (ن ض) طَبًّا. علاج کرنا۔ طَبَّ الرَّجُلُ: جلد بازی نہ کرنا۔ نرمی کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "مَنْ اَحَبَّ طَبَّ" یعنی جو دوست رکھتا ہے نرمی کرتا ہے اور کہا جاتا ہے "اِصْنَعْهُ صَنْعَةَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حَبَّ" یعنی معاملہ کرو اس شخص جیسا جو کسی کے ساتھ محبت کرتا ہے تو نرمی کرتا ہے خَرَزَ الْقِرْبَةَ مشک میں پیوند لگانا۔ عام لوگ کہتے ہیں "طَبَّ عَلٰى وَجْهِهٖ" یعنی وہ اپنے منہ کے بل اوندھا ہو گیا اور صواب اَكَبَّ ہے اور کہا جاتا ہے "مَا كُنْتَ طَبِيْبًا وَلَقَدْ طَبِبْتَ اور طَبَبْتَ" یعنی تم طبیب نہیں تھے اور بن گئے۔

طُبَّ. الرَّجُلُ: جادو کیا جانا۔

طَبَّبَه. علاج کرنا۔ طَبَّبَ الْخَيَّاطُ الثَّوْبَ. درزی کا کپڑے میں کشادہ ہونے کے لیے جوڑ لگانا۔

الْقِرْبَةَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔

طَابَّ مُطَابَّةً. الاَمْرَ: مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُطَابُّ هٰذَا لَامْرَ مُنْذُ حِيْنَ كَيْ اَبْلُغَه" یعنی میں ایک مدت سے اس امر کی مشق و مزاولت کر رہا ہوں تاکہ اس کو حاصل کر لوں۔

تَطَبَّبَ. الرَّجُلُ: طبیب بننا لِفُلَانٍ: علاج کرانا۔

اِسْتَطَبَّه. دوا تجویز کرانا۔

الطَّبُّ. طبیب۔ حاذق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَبٌّ بِهٰذَا الاَمْرِ" یعنی وہ اس امر کا عالم ہے۔ طبیب۔

الطِّبُّ. ارادہ۔ خواہش۔ حال۔ شان۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طِبُّه الْمَجُوْنُ" فلاں کی عادت مذاق کی ہے۔

الطَّبُّ. والطِّبُّ والطُّبُّ. جسمانی اور روحانی علاج۔ نرمی۔ جادو۔

الطِّبَاب. جس سے علاج کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبَابُ مَرَضِكَ" یعنی یہ تمہارے مرض کا علاج ہے۔

الطِّبَّةُ. مؤنث۔ طَبٌّ. گوشہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ تِلْكَ الطِّبَّةِ" یعنی وہ اس گوشہ میں ہے۔

الطِّبَّةُ ج طِبَبٌ الطِّبَابَةُ ج طِبَابٌ. زمین، کپڑے، کھال یا بادل کا مستطیل ٹکڑا۔ والطِّبَابَةُ مِنَ الخرز: مشک کے نچلے حصہ میں دو سوراخوں کے درمیان کا چمڑا۔

الطَّبِيْبُ. فن طب کا جاننے والا۔ فن طب کا ماہر۔ ج اَطِبَّه. اَطِبَّاء. مؤنث طَبِيْبَةٌ.

الْمَطْبُوْبُ. سحر زدہ جس پر جادو کا اثر ہو۔

طَبِجَ (س) طَبَجًا. الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔ صفت اَطْبَجُ عَلٰى رَاسِهٖ و عَلٰى كُلِّ اَجْوَفٍ: سر پر یا ہر کھوکھلی چیز پر مارنا۔

تَطَبَّجَ. فِي الْكَلَامِ: مختلف رنگوں میں گفتگو کرنا۔

طَبَخَ (ف ن) طَبْخًا و طَبَخَ. اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔ طَبَخَ الصَّبِيُّ: بچہ کا حرکت کرنا۔ بڑھنا۔

اِنْطَبَخَ. پکنا۔

اِطَّبَخَ. الرَّجُلُ: اپنے لیے پکانا اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔

الطَّبْخُ و الطِّبْخُ. جو کچھ پکایا جائے۔

الطُّبَاخَة. ہانڈی کے جھاگ۔ پکی ہوئی چیز۔

الطِّبَاخَة. باورچی گیری۔

الطَّبَّاخ. پکانے والا۔ اور اس کو طاہی بھی کہتے ہیں اور استعمال عوام میں طبّاخ کا اطلاق [illegible] پر ہوتا ہے اور حسن یہ ہے کہ اس کو منصب کہا جائے۔

الطَّبِيخُ. پکی ہوئی چیز۔ چونہ۔ پکی اینٹ۔ ج اَطْبِخَةٌ.
الطَّابِخُ. پکانے والا۔ سخت بخار۔
الطَّابِخَةُ. مؤنث طَابِخٌ. دوپہر۔
الطَّبَاخُ والطُّبَّاخُ. مضبوطی۔ قوت۔ موٹاپا۔ کہا جاتا ہے "مَافِيْ كَلَامِهٖ طُبَاخٌ" یعنی کوئی فائدہ نہیں۔
الْاَطْبَخُ. بہت زیادہ بیوقوف۔
الْمَطْبَخُ. باورچی خانہ۔ ج مَطَابِخُ.
الْمِطْبَخُ. پکانے کا اوزار۔ ج مَطَابِخُ
الْمُطْبَخُ والْمُطَّبَخُ. باورچی خانہ۔
طَبَرَ (ن) طَبْرًا. اُچھلنا۔ کودنا۔ چھپنا۔
الطَّبَرُ والطَّبَرْزِيْنُ. کلہاڑا (یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)
الطُّبَّارُ. انجیر کے مشابہ ایک درخت۔ واحد طُبَّارَةٌ.
الطَّبَرِيُّ. طبرستان کی طرف منسوب۔
طَبَزَهٗ (ن) طَبْزًا. بھر دینا۔
الطِّبْزُ. پہاڑ کا مضبوط کنارہ۔ دو کوہان کا اونٹ۔
طَبَّسَهٗ. گارے سے لیپنا۔
الطَّبْسُ. ہر ایک کالی چیز۔
الطِّبْسُ. بھیڑیا۔
بَحْرٌ طَبِيْسٌ. بہت پانی والا سمندر۔
الطَّبْشُ. لوگ۔
اَلطَّبْشُوْرَةُ: چاک جو کہ تختہ سیاہ اور سلیٹ پر برائے تحریر استعمال ہوتا ہے۔
الطَّبْشَةُ. استعمال عوام میں بچوں کے مارنے کی لمبی چھڑی اور فصیح لفظ مِخْفَقَةٌ ہے۔
الْمَاءَ: پانی کو حرکت دینا۔
طَبَعَ (ف) طَبْعًا. الشَّيْءَ: کسی چیز کی تصویر بنانا عَلَيْهِ: مہر لگانا الدِّرْهَمَ: سکہ ڈھالنا۔ السَّيْفَ: تلوار بنانا۔ ڈھالنا اللّٰهُ الْخَلْقَ: پیدا کرنا الدَّلْوَ: ڈول بھرنا۔ کہا جاتا ہے "طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِهٖ" یعنی اللہ تعالیٰ نے اس کے دل پر مہر کر دی جس کی وجہ سے وہ خیر کی توفیق سے محروم ہے۔

طَبِعَ (س) طَبَعًا. میلا کچیلا ہونا۔ عیب دار ہونا السَّيْفُ: تلوار کا زنگ آلود ہونا۔ صفت طَبِعٌ و اَطْبَعُ
طُبِعَ عَلَى الْجَهْلِ. پیدا کیا جانا۔
طَبَّعَ. الْاِنَاءَ: بھر دینا۔ گندا کرنا۔ عوام کہتے ہیں "طَبَّعَ الدَّابَّةَ" یعنی سدھا لیا۔ فصیح لفظ اس کے لیے "رَاضَهَا" ہے۔
تَطَبَّعَ. بھر جانا۔ ڈھلنا۔ بِطِبَاعِ اَبِيْهِ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا النَّهْرُ بِالْمَاءِ: نہر کا کناروں سے بہہ نکلنا۔
اِنْطَبَعَ. بھر جانا۔ ڈھلنا۔
الطَّبْعُ. پیدائشی عادت۔ مثال۔ نمونہ۔ کہا جاتا ہے "اِضْرِبْهُ عَلٰى طَبْعِ هٰذَا" یعنی اس کو اس کے نمونہ پر بناؤ۔ ج طِبَاعٌ.
الطِّبْعُ. پانی جذب ہونے کی جگہ۔ پیمانہ بھر۔ مشکیزہ۔ نہر ج طُبُوْعٌ و طِبَاعٌ (والطَّبَعُ) زنگ میل کچیل۔ عیب۔ ج اَطْبَاعٌ.
الطَّبِعُ. کمینہ۔ سَيْفٌ طَبِعٌ: زنگ آلود تلوار۔
الطَّابِعُ والطِّبَاعُ. خلقی عادت۔
الطَّابِعُ والطَّابَعُ. مہر۔ ہر وہ چیز جس سے مہر کی جائے۔ ج طَوَابِعُ. کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ عَلَيْهِ طَابِعُ الْفَصَاحَةِ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس پر فصاحت کی مہر ہے۔
طَوَابِعُ الْبَرِيْدِ. خط پر لگانے کے لئے ڈاک ٹکٹ جو کہ اندرون اور بیرون خطوط پر لگائی جاتی ہیں۔
اَلطَّوَابِعُ الْاَمِيْرِيَّةُ: رسید ٹکٹ یعنی مالی معاملات میں ٹکٹ دستخط یا توثیق کے لئے لگائی جاتی ہے۔
اَلطَّوَابِعُ الْقُنْصُلِيَّةُ: حکومت کی طرف سے ٹکٹ جو کہ سفارتخانوں میں استعمال کی جاتی ہیں۔
الطَّبَّاعُ. طَابِعٌ اسم فاعل کا مبالغہ۔
الطِّبَاعَةُ. تلوار سازی۔ چھاپنے کا پیشہ۔
دَارُ الطِّبَاعَةِ: تلوار سازی کا کارخانہ۔ چھاپنے کی جگہ۔

الطَّبِيْعَةُ. خلقی و جبلی عادت۔ ج طَبَائِعُ.
الطَّبَائِعُ الْاَرْبَعُ. سردی۔ گرمی۔ خشکی۔ تری۔
الطَّبِيْعِيُّ. جو طبیعت کے ساتھ مختص ہو۔ جو ہر چیز کو طبیعت کی طرف منسوب کرے۔ جو علم طبیعات کا ماہر ہو اور علم طبیعات وہ علم ہے جس میں طبائع اشیاء سے بحث کی جائے۔
الطُّبْعَانُ. مہر۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طُبْعَانُ الْاَمِيْرِ" یہ امیر کی مہر ہے۔
الْمَطْبَعَةُ والْمَطْبَعُ. چھاپنے کی جگہ۔ ج مَطَابِعُ.
الْمِطْبَعَةُ. چھاپنے کا آلہ۔ پریس۔ ج مَطَابِعُ.
الْمَطْبُوْعُ. مفع۔ چھپا ہوا۔ پسندیدہ مِنَ الشُّعَرَاءِ: جو بلا تکلف اشعار کہے۔
طَبِقَتْ (س) طَبَقًا و طَبَقًا يَدُهٗ: بند ہونا۔ پہلو سے لگنا۔ طَبِقَ يَفْعَلُ الشَّيْءَ: شروع کرنا۔ کرنے لگنا۔
طَبَّقَ الشَّيْءُ: عام ہونا السَّحَابُ الْجَوَّ: بادل کا فضا کو گھیر لینا الْمَاءُ وَجْهَ الْاَرْضِ: ڈھانپ لینا السَّيْفُ الْمَفْصَلَ: تلوار کا جوڑ کو جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يُطَبِّقُ الْمَفْصَلَ" جبکہ حجت میں غالب ہو۔ طَبَّقَ الْحَاكِمُ فِيْ حُكْمِهٖ: حاکم کا درست فیصلہ کرنا الْفَرَسُ فِيْ عَدْوِهٖ: دوڑنے میں ایک ساتھ دونوں ٹانگوں کا اُٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا۔
طَابَقَهٗ طِبَاقًا و مُطَابَقَةً. موافقت کرنا۔
طَابَقَ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: دونوں کو ایک طریقہ پر کرنا بَيْنَ قَمِيْصَيْنِ: ایک کے اوپر ایک پہننا۔ عَلَى الْاَمْرِ: برابری کرنا الرَّجُلُ عَلَى الْعَمَلِ: حاوی ہونا بِالْحَقِّ: اقرار کرنا۔ یقین کرنا الْمُقَيَّدُ: قیدی کا چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا الْفَرَسُ فِيْ جَرْيِهٖ: اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پچھلی ٹانگوں کو رکھنا۔
اَطْبَقَ الشَّيْءُ: ڈھانپنا اللَّيْلُ: تاریک ہونا النُّجُوْمُ: کثرت سے ظاہر ہونا الرَّحٰى: ایک پاٹ کو دوسرے پاٹ پر رکھنا۔ کہا جاتا ہے

"اطبق شفتیك" یعنی چپ رہ۔ اطبق الراکع: رکوع کی حالت میں دونوں ہاتھوں کو گھٹنے کے درمیان کر لینا۔ اطبقوا علی الامر: اجماع کر لینا۔ اطبقت الحمّی: بخار کا لگاتار رہنا۔ کہا جاتا ہے "ما اطبق فلانا" یعنی وہ کیسا حاذق ہے۔

تطابق القوم: اتفاق کر لینا۔

تطبّق وانطبق الشیٔ: بند ہونا۔

الطِبْق: مطابق۔ کہا جاتا ہے "هذا طِبق ذاك" یعنی یہ اس کے مطابق ہے۔ دن کا حصہ۔ لاسہ جس سے پرندوں کا شکار کیا جائے۔ ایک درخت کا پھل الطبق من الناس: جماعت۔

الطَبَق: مطابق۔ پردہ۔ طشتری۔ ج اطباق

الطَبَق: سطح زمین۔ ریڑھ کی ہڈی من اللیل والنهار: دن رات کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اقمت عنده طبقا من النهار" یعنی میں نے اس کے پاس دن کے بڑے حصے میں اقامت کی من المطر: عام بارش۔ کہا جاتا ہے مطر طبق ودیمة طبق حال۔ کہا جاتا ہے "الدهر اطباق" یعنی زمانے کے مختلف احوال ہیں۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "مضی طبق بعد طبق" یعنی ایک جماعت کے بعد دوسری جماعت گزر گئی "جاءَ طبق من جراد" یعنی ٹڈیوں کی جماعت آئی۔ "اطباق الرّاس" سر کی ہڈیاں۔ بنات طبق: مصیبتیں۔ کچھوے۔ سانپ۔ امّ طبق: مصیبت۔

الطِبْقَة: جال۔ پھندا۔ دن کا ایک حصہ۔ ج طِبَق و طِبَق

المُطابقة (ع ج): دو برابر مقداروں کا مجموعہ ان میں حروف کی مقدار جو بھی ہو۔

ب×ج=ب×۲ب ج×ج

(س+۱)(س+۲) = (س+۳س+۲)

الطَبْقَة: مرتبہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "ان کتبه الیّ طبقة" اس کے خطوط میری طرف متواتر آئے۔ ج طبقات۔

الطَبَق: بند۔

الطَبِیق: رات کا ایک حصہ۔ ج طُبق (والطِباق) مطابق۔ کہا جاتا ہے "هذا طبیق ذاك او طباقه" یعنی یہ اس کے مطابق اور موافق ہے۔ طباق الارض: زمین کی سطح۔

الطابق والطابَق: کڑاہی۔ آدھی بکری۔ ج طوابق و طوابیق۔

الطابق والطابَق والطاباق: شیشہ۔ بڑی پکی اینٹ (اور یہ دخیل ہے)

المُطبِق: زمین کے نیچے قید خانہ۔ الجنون المطبق: لگاتار جنون۔ سنة مطبقة: سخت قحط۔ المطبقات: مصیبتیں۔ الحروف المطبقة: ص ض ط ظ۔

المطبِّق: صائب الرائے۔ سحابة مطبقة: تمام زمین پر برسنے والا بادل۔

طَبَلَ (ن) طبلا و طبّل: ڈھول بجانا۔ عوام کہتے ہیں۔ طبل فی المشی: یعنی چلنے میں تھک گیا اور صحیح لفظ (بلط) ہے۔

الطَبْل: ڈھول۔ ج طبول و اطبال۔

الطبّال: ڈھول بجانے والا۔

الطِبالة: ڈھول بجانے کا پیشہ۔

الطُبلة: ڈھولک۔

الطَبْلِیّة ج طبلیات: گول میز جس پر روٹی لگائی جائے اور کھائی جائے۔

الطُبْلِیّة: خراج کے روپے۔ ج طبلیات۔

الطوبالة: مادہ بھیڑ۔ ج طوبالات۔

طَبَنَ (ض) طبنا۔ النار: آگ کو دبا دینا۔

طَبَنَ (ض) طبنا طبن (س) طبنا و طبانة و طبانیة و طبونة۔ الشیٔ و للشیٔ: سمجھ دار ہونا۔ صفت طبن و طابن۔ طابنه: موافق ہونا۔ طابن الحفیرة: گہرا کرنا۔

اطبأنّ اطبئنانا بالمکان: مطمئن ہونا۔

الطِبْن والطَبن: بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "ایّ الطبن هو" یعنی وہ کون آدمی ہے۔

الطُبْن: طنبور یا بربط۔

الطبن: گھر۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا لائے۔

الطَبن والطِبن والطُبن والطَبَن: مردار جو گدھوں اور درندوں کے شکار کیلئے جال میں رکھا جائے۔ اعرابیوں کا ایک کھیل۔

الطَبِنة: سمجھ۔ ج طبن۔

الطُبنة: طنبور کی آواز۔ ایک کھیل۔

الطابون: گڑھا جس میں حفاظت کے لیے آگ کو دبا دیا جائے۔

الطبنجة: تمنچہ۔ ج طبنجات۔

طباه یطبوه طبوا واطباه اطباء: پکارنا۔ بلانا۔

طباه یطبیه طبیا: کھینچنا ہ عنه: باز رکھنا ہ الیه: بلانا۔

طَبِیت تطبی طبی الناقة: ڈھیلے تھنوں والی ہونا۔

اطباه اطباء: بلانا۔

الطِبی والطُبی: تھن گدھی، گھوڑی، اونٹنی اور مادہ درندوں کا۔ ج اطباء۔

الطبواء والطبیّة من النوق: ڈھیلے تھنوں والی اونٹنی۔

طثّ (س) طثّا الشیٔ: پاؤں یا ہتھیلی سے مار کر جگہ سے ہٹانا۔

الطثّ: بچوں کا ایک کھیل جس میں گول لکڑی کو پھینکتے ہیں۔

المطثّة: بچوں کے کھیل کی ایک گول لکڑی۔

طثر (ن) طثرا و طثورا و طثر اللبن: دودھ کا بالائی والا ہونا۔ صفت طاثر۔

الطثرة: کیچڑ۔ کائی۔ بالائی۔ غلیظ پانی۔ وسعت عیش۔ بھیڑ کا اون۔

اطثر الشیٔ: زیادہ کرنا۔ □

طجن (ن) طجنا و طجّن الشیٔ: بھوننا۔

الطاجن والطیجن: کڑاہی۔ ج طیاجن وطواجن (اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)

المطجّن: بھنا ہوا۔

طحرت (ف) طحرا العین قذاها:

خس و خاشاک کو دور کرنا۔ نکال پھینکنا۔ صفت
طَحُورَةُ الرِّيحِ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔
طَحَرَ (ض) طَحْرًا و طَحِيرًا و طُحَارًا۔ آہ کرنا۔
الطَّحَرُ و الطَّحْرُ۔ متفرق پتلے پتلے بادل۔
الطَّحْرَةُ و الطَّحْرِيَةُ۔ بادل کا ٹکڑا۔
الطَّحُورُ۔ جلدی کرنے والا۔
الطَّحُورُ و المِطْحَرُ۔ مِنَ القِسِيِّ: دو پھینکنے والی کمان۔
الطُّحَارُ۔ سخت قسم کی پیچش جس میں آدمی آہ آہ کرنے لگے۔
الطُّحْرُورُ۔ بدلی۔ ج طَحَارِيرُ۔
الطَّحَارِيرُ: بادل کے ٹکڑے۔
طَحْرَبَ۔ تیز دوڑنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا گوز کرنا۔
الطِّحْرِبُ۔ کوڑا کرکٹ۔
الطِّحْرِبَةُ۔ مُثَلَّثَةٌ۔ بادل یا کپڑے کا ایک ٹکڑا۔
طَحْطَحَهُ۔ توڑنا۔ طَحْطَحَ القَوْمُ بِالقَوْمِ: متفرق کر دینا۔ ہلاک کرنا مَالَهُ۔ بکھیرنا۔ طَحْطَحَ الرَّجُلُ۔ ہلکی ہنسی ہنسنا۔
تَطَحْطَحَ۔ ٹوٹنا۔ متفرق ہونا۔ ہلاک ہونا۔ بکھرنا۔
طَحَلَهُ (ف) طَحْلًا۔ تلی پر مارنا۔ طَحَلَ الإِنَاءَ۔ برتن بھرنا۔
طَحِلَ (س) طَحْلًا و طَحَلًا۔ تلی کا بڑھنا المَاءُ۔ پانی کا بدبودار ہونا۔
طُحِلَ طَحْلًا۔ تلی کی بیماری ہونا۔ صفت مَطْحُولٌ۔
الطِّحَالُ۔ تلی۔ ج أَطْحِلَةٌ و طُحُلٌ و طِحَالَاتٌ۔
الطُّحَالُ۔ مرض جو تلی کو لاحق ہو۔
الطُّحْلَةُ۔ خاکستری رنگ۔
الأَطْحَلُ۔ خاکستری رنگ والا۔ مؤنث طَحْلَاءُ ج طُحْلٌ۔
الطَّحِلُ۔ بڑی تلی والا۔ غضبناک۔ بھرا ہوا۔

کیچڑ والا پانی۔
الطُّحْلُبُ۔ عِنْدَ العَامَّةِ: باریک تنکے اور فصیح لفظ کُشا ہے۔
طَحْلَبَ۔ المَاءُ: کائی والا ہونا۔ صفت مُطَحْلَبٌ۔ مُطَحْلِبٌ الأَرْضُ: سرسبز ہونا۔ الرَّجُلُ: قتل کرنا۔
الطُّحْلُبُ: شدید سبز رنگ کی بیل جس کے پتے اور ٹہنی ہوتی ہے لیکن تنا نہیں ہوتا دور دور تک پھیل جاتی ہے درختوں اور مکانوں پر عام چڑھ جاتی ہے۔
الطِّحْلِبُ و الطُّحْلُبُ و الطُّحْلَبُ۔ کائی۔ ایک ٹکڑا کائی کا۔
طَحْلَبَةٌ۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ طَحْلَبَةٌ" یعنی اس کے اوپر بال نہیں۔
طَحَمَ (ف) طَحْمَةً۔ عَلَيْهِ۔ کودنا اور حملہ کرنا اور یہ استعمال عوام ہے اور ممکن ہے کہ یہ قَحَمَ کی تحریف ہو۔
الطُّحْمَةُ۔ مُثَلَّثَةٌ۔ مِنَ النَّاسِ: جماعت۔ مِنَ السَّيْلِ: سیلاب کا زور۔ مِنَ اللَّيْلِ: بہت تاریکی (والطَّحْمَاءُ) ایک قسم کی سبزی۔
الطُّحَمَةُ۔ سخت جنگجو۔ بہت اُونٹ۔
الطَّحُومُ۔ تیز ہانکنے والا۔
المَطْحُومُ۔ بھرا ہوا۔
طَحَنَ (ف) طَحْنًا و طَحَنًا۔ البُرَّ: گیہوں پیسنا المَنِيَّةُ القَوْمَ: ہلاک کرنا۔
طَحَنَتِ الأَفْعَى۔ سانپ کا کنڈلی مارنا۔ صفت مِطْحَانٌ۔
تَطَحَّنَ۔ پیسنا۔
الطِّحْنُ و الطَّحِينُ۔ پسا ہوا آٹا۔
الطَّاحِنَةُ۔ مؤنث طَاحِنٌ۔ ڈاڑھ۔ ج طَوَاحِنُ۔
الطَّحَّانُ۔ پیسنے والا۔ آٹے کا بیچنے والا۔
الطِّحَانَةُ۔ پسائی کا پیشہ۔
الطَّاحُونُ و الطَّاحُونَةُ۔ چکی پیسنے کا مکان۔ ج طَوَاحِينُ۔
الطَّحُونُ و الطَّحَانَةُ۔ لڑائی۔ بڑا لشکر۔

بہت اُونٹ۔
المِطْحَنَةُ۔ چکی۔ ج مَطَاحِنُ۔
المَطْحَنَةُ۔ پیسنے کا مکان۔ ج مَطَاحِنُ۔
طَحَا يَطْحُو طَحْوًا۔ بعید ہونا۔ ہلاک ہونا۔ الشَّيْءَ: دفع کرنا بِالكُرَةِ: پھینکنا القَوْمَ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
طَحَا يَطْحَا طَحْوًا۔ الشَّيْءَ: پھیلانا۔ دراز کرنا۔ الشَّيْءُ: پھیلنا۔ دراز ہونا القَمَرُ: روشن ہونا الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "طَحَا بِهِ هَمُّهُ" یعنی اس کی ہمت اس کو ہر کام پر لے گئی۔ پہلو پر لیٹنا طَحَا بِفُلَانٍ شَحْمُهُ: موٹا ہونا۔
الطَّحَا۔ چوڑی زمین۔
الطَّاحِي۔ بلند۔ پھیلنے والا۔ بڑی جماعت۔
مَظَلَّةٌ طَاحِيَةٌ و مَطْحُوَّةٌ و مَطْحِيَّةٌ۔ بڑا سائبان۔
بَقْلَةٌ مُطْحِيَةٌ۔ زمین پر پھیلنے والی سبزی۔
طَحَى يَطْحَى طَحْيًا۔ پہلو پر لیٹنا۔
الطَّحْيَةُ۔ بادل کا ٹکڑا۔
طَخَّ (ن) طَخًّا۔ الشَّيْءَ: پھینکنا اور دُور کرنا۔ (طُخُوخًا) بد خلق ہونا۔
المِطْخَةُ۔ ایک لکڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں۔
طَخِشَتْ (س) طَخَشًا۔ العَيْنُ: آنکھ کا بے نور ہونا۔
طَخْطَخَ۔ الشَّيْءَ: برابر کرنا۔ ایک کو دوسرے سے ملانا اللَّيْلَ: تاریک کرنا۔
تَطَخْطَخَ۔ اللَّيْلُ: تاریک ہو □ □نا السَّحَابُ: بادل گھر کر برابر ہونا۔
الطَّخْطَاخُ۔ گھرا ہوا بادل۔ بد خلق۔
الطُّخَاطِخُ۔ تاریکی۔
طَخِشَ۔ يَطْخَشُ: العَيْنُ: اندھیر ہونا۔
طَخَمَ (ف) طَخْمًا و طَخُمَ (ک) طَخَامَةً۔ تکبر کرنا۔
اِطْخَمَّ۔ اللَّحْمُ: خشک ہو کر سیاہی مائل ہونا۔
الطَّخْمَةُ۔ بکریوں کا گلہ۔

الطُخمة ناک کے اگلے حصے کی سیاہی۔
الاَطخم. جانور یا انسان کے ناک کا اگلا حصہ (و الطخیم) خشک گوشت۔
طَخا یَطخُوا طَخوًا و طُخوًا. اللیلُ: تاریک ہونا۔
الطَخاء. بلند بادل۔ دل کی گھبراہٹ۔
الطَخیة و الطِخیة و الطُخیة. تاریکی۔ بادل کا ایک ٹکڑا۔ الطخیة: بیوقوف ج طَخیُون.
الطخواء و الطخیاء. مِنَ اللَیالی: تاریک راتیں۔
الطَاخیة. سخت تاریکی۔
طَرَّ(ن) طَرًّا. الماشیة. جانوروں کو زور سے ہانکنا الابلَ: اُونٹوں کو اطراف سے گھیرنا الشیئَ: کاٹنا الثوبَ: کپڑے کو پھاڑنا۔ الابلُ الجبالَ: اُونٹوں کا پہاڑ کو طے کرنا۔ طَرَّ القومَ: کسی قوم پر گزرنا السکّینَ: چھری تیز کرنا۔ البُنیانَ: کسی عمارت کی مرمت کرنا۔ الحوضَ: حوض کو لیپنا المالَ: مال چھیننا اور اسی سے ہے "طَرَّ عقلَهُ" فُلانًا: طمانچہ مارنا۔ دھتکارنا۔
طَرَّ(ن ض) طَرًّا و طُرُورًا. الشاربُ او النباتُ. مونچھ یا نباتات کا اُگنا۔ طَرَّت النُجُومُ: ستاروں کا روشن ہونا یَدُهُ: زخم کی وجہ سے گر جانا۔ الرجلُ مِنَ السَطحِ: گرنا۔
اَطَرَّهُ گرانا۔ کاٹنا۔ دھتکارنا۔ اَطَرَّه علَی الامرِ: برانگیختہ کرنا۔
طَرَّرت الجاریةُ: لڑکی کا اپنی زلفوں کو سنوارنا۔
الطُرُّ. کنارہ ج اَطرار. کہا جاتا ہے "هُوَ یَحمِیْ اَطرارَ البلادِ" یعنی وہ اطراف بلاد کی حفاظت کرتا ہے۔ "و جاؤ اُطرًّا" یعنی سب آئے۔
الطِرّة کمر۔
الطُرَّة. پیشانی۔ پیشانی کے بال۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ کنارہ۔ کتاب کا حاشیہ۔ نہر کا کنارہ۔ وادی کا کنارہ۔ بادل کا لمبا ٹکڑا۔ ج طُرَّات و طُرر و طِرار و اَطرار اور اس لفظ کو اس علامت کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں جو شاہی فرامین وغیرہ میں لگایا جاتا ہے جس میں بادشاہ کا نام مع لقب کے ہوتا ہے اور صواب لفظ طُغرا ہے۔
غُلامٌ طارٌّ و طَریرٌ. جوان جس کی مسیں بھیگ گئی ہوں۔ سِنانٌ طَریرٌ. تیز نیزہ۔
المُطِرّ. فا. غضبٌ مُطِرٌّ. بے موقع غضب۔
الطِرّیان. تشتری۔ طباق۔
المُطِرَّة. عادت۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ مُطِرَّةٌ حَسَنَةٌ" ان کی اچھی عادت ہے۔
طَرَأ(ف) طَرْأً و طُرُوْأً. علیهم. دُور سے اور اچانک آ جانا۔ کہا جاتا ہے "طَرَءَ عَلَیَّ هَمٌّ لَا اُطِیقُهُ" میرے اوپر ایسا غم آ پڑا ہے جس کی مجھے طاقت نہیں۔
طَرُؤَ(ک) طَرَاءَةً و طَرَاءً: النباتُ. تروتازہ ہونا۔ صفت طَرِیٌّ.
اَطرَأَهُ حد سے زیادہ مدح کرنا۔
الطَارِی. فا. اجنبی۔ مسافر۔ غیر اصلی۔ ج طُرَّاءٌ طُرَاءٌ.
الطَارِئَة. مؤنث طَارِی. مصیبت۔ ج طَوَارِی و طَارِئَات. اور طَارِئَة کو ان لوگوں پر بھی بولا جاتا ہے جو غیر ملکی ہوں اور کسی جگہ آباد ہو جائیں۔
الطُرْآن راستہ۔ اَمر منکر۔ غیر پسندیدہ بات کہا جاتا ہے "حَمَامٌ طُرْآنِیٌّ" یعنی وہ کبوتر جو نہ معلوم کہاں سے آیا "کَلامٌ طُرْآنِیٌّ" جو کلام غیر پسندیدہ اور ادب و تہذیب سے گرا ہوا ہو۔
طُرَاةُ. السَیلِ. سیلاب کا زور۔
طَرِبَ(س) طَرَبًا. خوشی یا غم سے جھومنا۔ صفت طَرِبٌ.
طَرَّبَ. گانا فِیْ صَوتِهِ. سُر نکالنا عَنِ الطریقِ: ہٹ جانا۔ طَرَّبَهُ وَ اَطرَبَهُ و تَطَرَّبَهُ. خوشی پر برانگیختہ کرنا۔
اِستَطرَبَ. بہت خوش ہونا فُلانًا. خوش ہونے کو کہنا الابلُ. حُدی سے حرکت میں لانا۔
الطُرُوب و المِطراب و المِطرابة. بہت زیادہ خوش۔
المَطرَب و المَطرَبَة. تنگ راستہ۔ ج مَطارِب. المَطارِب. متفرق راستے۔
الطِربَال. ہر بلند عمارت۔ دُور سے نظر آنے والا جھنڈا۔ بڑی چٹان پہاڑ کی جو فضا میں ہو ج طَرابیل. طَرابیلُ الشامِ: ملک شام کے گرجے۔
الطِربِیل. گانے کی مشین۔ ج طَرابِیل.
طَرَحَ(ف) طَرْحًا. الشیئَ و بالشیئِ: پھینک دینا عَنهُ. ڈال دینا اور دُور کر دینا۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَتِ النَوٰی بِفُلانٍ کُلَّ مَطرحٍ" یعنی فراق نے فلاں کو دُور ڈال دیا۔ طَرحَ الثوبَ عَلَیهِ: کسی چیز پر کپڑا ڈالنا۔ طَرَحَتِ الاُنثٰی: حمل گرانا۔ طَرَحَ الحَاسِبُ: حساب کرنے والے کا کسی بڑے عدد کو چھوڑ دینا عَلَیهِ المَسألَةَ: مسالہ پیش کرنا۔
طَرِحَ(س) طَرَحًا. بد خلق ہونا۔ خوش عیش ہونا۔
طَرَّحَ. طرح کا مبالغہ۔ طَرَّحَ بِهِ السَفَرُ اِلٰی نَاحِیَةٍ کَذَا: سفر نے اس کو فلاں گوشہ میں پھینک دیا۔ طَرَّحَ الاُنثٰی: حمل گروانا البِناءَ: عمارت کو بہت بلند کرنا۔
طَارَحَهُ مُطَارَحَةً. الکَلامَ او الشِعرَ او الغِنَاءَ: گفتگو یا شعر یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
اِطَّرَحَهُ پھینک دینا۔ دُور کر دینا۔
تَطَارَحَ. القَومُ الکَلامَ او الغِنَاءَ: ایک کا دوسرے سے کلام یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
الطِرح ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔ حمل ناتمام۔
الطَرَح و الطَرُوح و الطَرَاح. مکان بعید۔ الطَرُوح. لمبی شاخوں والا درخت خرما ج طُرُوح.
الطُرحَة. چادر سبز رنگ کی اور عوام کے نزدیک بمعنی اوڑھنی۔
الطَرِیح ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا ج طَرحَی.

الطُرَّح. ڈالا ہوا؛ پھینکا ہوا۔
الاطرُوحة. سوال جو تم کسی کے سامنے پیش کرو۔
المَطْرَح. ڈالنے کی جگہ۔ بچھانے کی جگہ۔ ج مَطارِح. کہا جاتا ہے "مَا طَرَحَكَ هٰذَا المَطْرَحَ" یعنی تمہیں اس میں کس نے ڈال دیا۔
طَرْفٌ مِطْرَحٌ. دُور بین نگاہ۔ رُمْحٌ مِطْرَحٌ لمبا نیزہ۔
المُطَرَّح ـ قَوْلٌ مُطَرَّحٌ: وہ قول جس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔
الطَرْخَان والطُرْخَان. رئیس۔ ج طَرَاخِنَة.
الطَرْخُون. ایک قسم کی نباتات ہے جس کا ریشہ عاقرقرحا ہے۔
الطِرِّيْخ. ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
اِطْرَخَمَّ. اللَّيْلُ: تاریک ہونا الرَجلُ: نگاہ کمزور ہونا۔
طَرَدَهٗ (ن) طَرْدًا و طَرَدًا. دُور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دھتکارنا ہ مِنْ بِلَادِهٖ: جلاوطن کرنا۔ طَرَدَ الْاِبِلَ: اِدھر اُدھر سے جمع کرکے ہانکنا۔
طَرِدَ (س) طَرَدًا. شکار کا پیچھا کرنا۔
طَرَّدَ السَوْطَ: اُٹھانا۔ طَرَّدهٗ عَنِ البَلَدِ. جلاوطن کرنا۔
طَارَدَ طِرَادًا و مُطَارَدَةً. الاَقْرانَ: ایک کا دوسرے کے اُوپر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فُرْسَانُ الطِرَادِ" وہ لوگ مدافعت کے شہسوار ہیں۔
اَطْرَدَهٗ. جلاوطن کرنے کا حکم دینا۔ جلاوطن کرنا۔
تَطَارَدَ. القَوْمُ: بعض کا بعض پر حملہ کرنا۔
اِنْطَرَدَ. جلاوطن ہونا۔
اِطَّرَدَ. دُور ہونا الاَمْرُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا اور درست ہونا الاَنْہارُ: جاری ہونا القَوْمُ اِلَی المَسِیْرِ: پے در پے چلنا۔
اِسْتَطْرَدَ لَهٗ: فریب دینے کیلئے شکست کو ظاہر کرنا۔ کلام کو اس طرح بیان کرنا کہ اس سے دوسرا کلام لازم آجائے۔ اِسْتَطْرَدَ اِلَیْهِ الاَمْرُ: پہنچنا۔
الطَرَد. کھجور کے پودے۔ ج طُرُوْد.
الطَرَد. پانی جس میں جانور گھستے ہوں۔
الطَرَّاد. طارِد کا مبالغہ۔ تیز رفتار جنگی جہاز کشادہ مکان۔ لمبا دن۔
الطَرِيْد. دھتکارا ہوا۔ بھاگنے والا جو تمہارے بعد پیدا ہوا اور تم بھی اپنے بعد پیدا ہونے والے کا طرید کہلاؤ گے مِن الاَيَّامِ لمبا دن۔
الطَرِيْدَان. رات دن۔
الطَرِيْدَة. بھگایا ہوا شکار؛ ریشم وغیرہ کا مستطیل ٹکڑا۔ چرایا ہوا اُونٹ۔ تنور وغیرہ کے صاف کرنے کے لیے بھیگا ہوا چیتھڑا۔ ج طَرَائِد.
الطِرَاد. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَمْشِيْ مَشْيًا طِرَادًا" یعنی فلاں سیدھی چال چلتا ہے۔ چھوٹا نیزہ۔
المِطْرَد. چھوٹا نیزہ۔ ج مَطَارِدُ.
يَوْمٌ مُطَّرِد. لمبا دن۔
حُكْمٌ مُطَّرِدٌ. عام حکم اور اسی سے ہے "قَاعِدَةٌ مُطَّرِدَةٌ"
المَطْرَدة و المِطْرَدة. وسط راستہ۔ شاہراہ المطردة: دھتکارنے کا سبب۔
طَرِزَ (س) طَرَزًا. بد خلقی کے بعد اچھا اخلاق ہونا فِي المَلْبَسِ: لباسِ فاخرہ استعمال کرنا۔
طَرَزَهٗ (ن) طَرْزًا. گھونسہ مار کے ہٹانا۔
طَرَّزَ. الثَوْبَ: بیل بوٹے بنانا۔
تَطَرَّزَ. الثَوْبُ: بیل بوٹے والا ہونا۔ فِيْ لُبْسِهٖ: لباسِ فاخرہ پہننا۔
الطَرْز. ہیئت۔ طریقہ۔ ترتیب۔
الطِرَاز. کپڑے کا نقش و نگار۔ مقام جہاں کپڑے اچھے بنے جائیں۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلٰی طِرَازِ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے "لَيْسَ هٰذَا مِنْ طِرَازِ ذَاكَ" یعنی یہ تمہارے طور و طریقے پر نہیں۔ ج طُرُز.
الطِرَازَة. بیل بوٹے بنانے کا پیشہ۔
الطَرَّازَة والمُطَرِّز. بیل بوٹے بنانے والا۔
طَرَسَ (ض) طَرْسًا. الشَّیءَ: مٹانا الكِتَابَ: لکھنا۔
طَرَّسَ. الكِتَابَ: اچھی طرح مٹانا البَابَ: دروازہ کالا کرنا الكَاتِبُ: لکھے ہوئے پر لکھنا۔
طَرَّسَهٗ: فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا۔
تَطَرَّسَ فِی المَآكِلِ: عمدہ کھانے کھانا عَنِ الشَّیءِ: پرہیز کرنا۔
الطِرْس. صحیفہ۔ صحیفہ کہ جس کو مٹا کر پھر لکھا جائے۔ ج اَطْرَاس و طُرُوْس.
طَرِشَ (س) طَرَشًا. بہرا ہونا۔ صفت اَطْرَش مؤنث طَرْشَاء ج طُرْش.
تَطَارَشَ. بتکلف بہرا بننا۔
الطَرَش والطُرْشَة. بہراپن۔
الاُطْرُش والاُطْرُوش. بہرا۔
طِرْشَمَ. اللیلُ: تاریک ہونا۔
طَرِطَ (س) طَرَطًا. بیوقوف ہونا۔ صفت طَرِطٌ. ابروؤں پر کم بال ہونا۔ صفت طَارِطٌ. الحَاجِبَيْنِ و طَرِطُهُمَا وَاَطْرَطُهُمَا واَطْرَط. مؤنث طَرْطَاء. اِمْرَاَةٌ طَرْطَاءُ العَيْنَيْنِ جس کی پلکوں پر کم بال ہوں۔
طَرْطَرَ. شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔
طِرْطُوْر. لمبا پتلا مرد۔ لمبی نوکدار ٹوپی اور طُرْطُوْر اہل لبنان و شام کے نزدیک عورتوں کے زیورات میں سے ایک زیور ہے جس کو سر پر استعمال کیا جاتا ہے اور بسا اوقات اسے طُنْطُوْرة بھی کہتے ہیں۔
طَرَفَه (ض) طَرْفًا. طمانچہ مارنا۔ طرفه عَنْهُ: واپس کرنا۔ باز رکھنا۔ طَرَفَ بَصَرَهٗ اَوْ بِعَيْنِهٖ: جھپکانا۔ عَيْنَهٗ: آنکھ میں کوئی چیز لگانا جس سے پانی نکلے اور پھر بند ہو جائے۔ صفت مَطْرُوْفَةٌ. طَرَفَتْ عينه: نظر پھرانا فُلَانٌ: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "ما بَقِيَتْ مِنْهُمْ عَيْنٌ تَطْرِفُ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا

سب مر گئے یا قتل کیے گئے۔

طَرُفَ (ک) طَرَافَةً. نیا مال ہونا۔

طَرَفَهُ. ایک گوشہ میں کرنا۔ آنکھ میں کچھ پڑ جانا۔ طَرَّفَ الخَيلَ: گھوڑوں کی اگلی قطار کو پیچھے کر دینا۔ بَنَانَهُ: پورے کو مہندی سے رنگنا الشَّيَ: پسند کرنا۔

اَطْرَفَ. نئی عمدہ چیز لانا۔ پلکوں کو بند کرنا۔ كذا بكذا: لاق کرنا۔ الشَّیَ: تحفہ دینا۔

تَطَرَّفَ. ایک کنارہ میں ہونا الشَّیَ: کنارہ پر ہونا۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا الشَّیَ: اطراف سے لینا۔ پسند کرنا عَلَيْهِمْ: غارت ڈالنا۔

اِطَّرَفَ. الشَّیَ. نئی چیز خریدنا۔

اِسْتَطْرَفَهُ. نیا سمجھنا الشَّیَ: نیا پانا۔ فائدہ لینا۔ پسند کرنا۔

اَلطَّرْفُ. آنکھ۔ کسی چیز کا کنارہ۔ ہر شے کا منتہی۔ ج۔ اَطْرَافٌ. الطَّرْفُ: شریف۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ بِطَرْفٍ خَفِيٍّ" یعنی خوف یا حیا کی وجہ سے نیم باز آنکھوں سے دیکھا۔

اَلطِّرْفُ. نجیب الطرفین۔ ج اَطْرَافٌ. اصیل (گھوڑا وغیرہ) ج طُرُوفٌ و اَطْرَافٌ مؤنث طِرْفَةٌ. نیا مال۔ مِنَ النَّبَاتِ: جو ابھی اپنے غلاف شگوفہ میں ہی ہو مِنَ النَّاسِ: جو بوجہ ملالِ طبع کسی کے ساتھ معاشرت پر قائم نہ رہے۔ ایسا حریص نگاہ کا کہ جس چیز کو دیکھے اس کے متعلق خواہش کرے کہ وہ اس کے پاس ہو۔ رَجُلٌ طِرْفٌ فِي نَسَبِهِ: نئی شرافت والا۔ اِمْرَأَةٌ طِرْفُ الْحَدِيثِ: خوش کلام عورت۔

اَلطَّرَفُ. ہر شے کا منتہی۔ گوشہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ شریف۔ ج اطراف جج اَطَارِيفُ. اطراف البَدَنِ: دونوں ہاتھ ا دونوں پیر اور سر۔ اَطْرَافُ النَّاسِ: ادنی قسم کے لوگ۔ شرفاء اور خاندانِ شرفاء۔ اَطْرَافُ الرَّجُلِ: اقرباء۔

اَلطَّرِفُ. غیر مستقل۔ جو کسی ساتھی کی صحبت پر قائم نہ رہے۔ نئی شرافت والا۔

اَلطُّرْفَةُ. خون کا نقطہ جو آنکھ میں ہو جاتا ہے۔

اَلطُّرْفَةُ. بلیغ بات۔ نئی عمدہ چیز۔ ج طُرَفٌ.

اَلطَّرْفَاءُ. جھاؤ کا درخت۔

اَلطَّارِفُ. فا۔ نیا مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَّالِدُ: پرانا مال۔

اَلطَّارِفَةُ. مؤنث طارف. کہا جاتا ہے "جَاءَ بِطَارِفَةِ عَيْنٍ" یعنی اتنا مال کثیر لایا کہ جو دیکھے اس کی آنکھ کو چکا چوند لگ جائے ج طَوَارِفُ

الطَّوَارِفُ: آنکھیں۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرَاهُ الطَّوَارِفُ" طَوَارِفُ الخِبَاءِ: خیمہ کا وہ حصہ جو باہر نظر ڈالنے کے لیے اُٹھا دیا جائے۔ طَوَارِفُ القَرَائِحِ: طبیعت کے لطائف و ظرائف۔

اَلطَّرِيفُ. نادر میوہ مِنَ المَالِ: نیا حاصل کردہ مال، اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَّلِيدُ: پرانا مال۔ الطَّرِيفُ: نئے مال والا۔ نئی شرافت والا۔ ج طُرْفٌ و طِرَافٌ.

اَلطَّرِيفَةُ. طریف کا مؤنث۔ نادر و مستحسن بات ج طَرَائِفُ. کہا جاتا ہے "طَرَائِفُ الْحَدِيثِ" پسندیدہ باتیں۔ "هَلْ وَرَاءَكَ طَرِيفَةُ خَبَرٍ تُطْرِفُنَا بِهِ" یعنی کوئی خبر جدید ہے جو تم ہمارے سامنے پیش کرو۔

اَلْاُطْرُوفَةُ. نئی عمدہ نادر بات۔

اَلطِّرَافُ. چمڑے کا خیمہ۔ اتنا حصہ کھیتی کا جو اطراف سے کاٹ لیا جائے۔ ج طُرُفٌ. شرافت و بزرگی۔

اَلْمُطْرِفُ. مِنَ المَالِ: نیا مال حاصل کرنے والا۔

اَلْمِطْرَفُ و اَلْمُطْرَفُ. نقش و نگار والی ریشم کی چادر ج مطارف۔

طَرْفَسَ. نظر تیز کرنا۔ گھورنا۔ بہت کپڑے پہننا اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا اَلْمَوْرِدُ: گھاٹ کا گدلا ہونا الماءَ: پانی پر آنے جانے والوں کا زیادہ ہونا۔

اَلطِّرْفِسَانُ. تاریکی۔ بچھونا۔ غالیچہ۔

اَلطِّرْفِسَاءُ. تاریک۔

طَرَقَهُ (ن) طَرْقًا. ہتھوڑا مارنا النَّجَّارُ الصُّوفَ: اُون دُھننا الشَّیَ: بجانا البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا الابِلُ الماءَ: اُونٹوں کا پانی میں گھسنا۔ الرَّجُلُ: جادو منتر کے طور پر کنکری پھینکنا (طَرْقًا و طُرُوقًا) اَلْقَوْمَ: رات کے وقت آنا۔

طَرِقَ (س) طَرَقًا. گدلا پانی پینا (طَرَقًا) البَعِيرُ: اُونٹ کے گھٹنے میں کمزوری یا اس کی پنڈلی میں کجی ہونا۔ صفت اَطْرَقُ. مؤنث طَرْقَاءُ ج طُرْقٌ.

طَرَّقَ لَهُ. راستہ بنانا المَوْضِعَ: راستہ اختیار کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُطَرِّقُوا المَسَاجِدَ" یعنی مسجدوں کو راستہ مت بناؤ۔ "طَرَّقَ طَرِيقَةً حَسَنَةً" اچھا طریقہ گھڑ لینا الحَدِيدَ: لوہے کو کوٹنا اور پھیلانا۔ طَرَّقَتِ الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: بچے کو مشکل سے جننا۔ القَطَاةُ: انڈے دینے کا وقت قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "طَرَّقَ بِحَقِّي" یعنی میرے حق کا انکار کیا پھر اقرار کر لیا۔

طَارَقَ. بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ: اُوپر نیچے پہننا۔ الظَّلَامُ او الغَمَامُ: تاریکی یا بادل کا پیا پے آنا۔

اَطْرَقَ. خاموش ہونا۔ نگاہ جھکا کر زمین کی طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْرَقَ رَاسَهُ" یعنی سر جھکایا۔ اِلَى اللَّهْوِ: مائل ہونا الصَّيْدَ: جال لگانا اَطْرَقَتِ الابِلُ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔ الرَّجُلُ: پیدل چلنا۔ نکاح کرنا۔

تَطَرَّقَ. اِلَيهِ: چلنا یہاں تک کہ پہنچنا۔ اِلَى الاَمْرِ: راستہ تلاش کرنا۔

اِطَّرَقَتِ. الابِلُ: بعض کا بعض کے پیچھے چلنا۔ متفرق ہونا اور سیدھے راستہ کو چھوڑ دینا۔ اِطَّرَقَ جَنَاحُ الطَّيْرِ: پرندے کے بازوؤں کا ایک پر ایک جم جانا۔ التُّرَابُ: مٹی کا تہ بتہ ہونا۔

تَطَارَقَ الشَّیُ: پے در پے ہونا۔ تَطَارَقَتِ الابِلُ: بعض کا بعض کے پیچھے ہونا۔

اِسْتَطْرَقَ. الشَّیَ: راستہ بنانا بین

الصفوف صفوں کے درمیان چلنا کنکری پھینکنے کو کہنا۔
الطرق والطرق والطرقة مرتبہ۔ دفعہ کہاجاتا ہے "اتیتہ طرقین" یعنی میں اس کے پاس دو مرتبہ آیا۔
الطرق والطرق پھندا۔ جال ج اطراق
الطرقة پھندا۔ جال۔ ج طرق
الطرق مشک کی سلوٹ۔ ج اطراق
پانی جمع ہونے کے مواضع۔ اُونٹوں کے پیر کے نشانات۔ اطراق البطن پیٹ کی سلوٹ۔
الطرقة طرق کا اسم نوع۔ طریقہ۔ ج طرق۔
الطرقة راستہ۔ طریقہ۔ عادت۔ لالچ۔ تہ بتہ پتھر ج طرق
الطراق جوتے کا چمڑا۔ لوہا کہ جس کو چوڑا کر کے ڈھال وغیرہ پر منڈھیں۔ جوتے کے چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتا گانٹھیں۔ ج طرق
الطریق راستہ (مذکر و مؤنث) ج طرق اطرق و اطرقة واطرقاء و جج طرقات
الطریقة عادت۔ حالت۔ مذہب دھاری۔ کپڑے کا مستطیل ٹکڑا۔ لمبا کھجور کا درخت۔ خیمے کا ستون۔ سائبان کا ستون۔ قوم کا شریف اور افضل۔ واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هو طریقة قومه وهم طریقة قومهم یا وهم طرائق قومهم ج طرائق۔ ثوب طرائق پرانا کپڑا طرائق الدهر حوادث دہر۔
الطارق فا۔ رات کو آنے والا۔ ج طراق و اطراق۔ صبح کا ستارہ۔
الطارقة طارق کا مؤنث۔ مصیبت۔ قبیلہ مرد۔ چھوٹا تخت۔ ج طوارق و طارقات۔
الطریق مؤنث طریقة۔ المطراق ج مطاریق بہت سر جھکانے والا۔
المطرق والمطرقة روئی، اُون دُھننے کا ڈنڈا۔ ہتھوڑا۔ ج مطارق۔
المطروق ۔ وہ شخص جس میں نرمی اور ڈھیلا پن ہو۔ وہ شخص جس میں جنون اور بیوقوفی ہو۔ ماء مطروق وہ پانی جس میں اُونٹ مینگنی و پیشاب کریں۔
المطراق نظیر۔ ج مطاریق
المطاریق پیدل چلنے والے لوگ۔ اُونٹوں کی قطار۔
طرم (س) طرما بیت النحل شہد سے بھرنا طرما العسل چھتے سے شہد بہنا۔
اطرمت اسنانه دانتوں پر میل جمنا۔
طرم فوه مُنہ کا بدمزہ یا بدبودار ہونا۔
تطرم فی الکلام کلام کرنے میں رُک جانا۔
الطرم والطرم والطریم شہد۔ الطریم تہ بتہ بادل۔ رجل طریم مرد دراز قد۔
الطرمة جگر۔
الطرمة والطرمة والطرمة اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔
الطرامة دانتوں کی زردی۔ دانتوں کے درمیان کا بقیہ کھانا۔ مُنہ کے اوپر خشک تھوک۔
الطریم غصہ۔
الطرموث بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔
طرمح البناء لمبی بنانا۔
الطرماح والطرماح والطرموح لمبا۔
الطرماح مشہور۔ عالی نسب۔ پیش بیں۔
طرمذ بیکار ڈینگ مارنا۔ جھوٹا فخر کرنا۔ صفت طرما ذو طرمذان۔
طرمس گھبراہٹ سے خاموش رہنا۔ مکروہ جاننا۔ بھاگنا الوجه ترش رو ہونا الکاتب الکتابة مٹانا (واطرمس) اللیل تاریک ہونا۔
الطرماس والطرمس والطرمساء سخت تاریکی۔
الطرموس والطرموسة بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔
الطرموق چمگادڑ۔
طرویطرو وطری یطری طراوة وطرانة وطراءة وطراء الغصن او اللحم ٹہنی یا گوشت کا تازہ و نرم ہونا۔ صفت طری۔
طرا یطرو طروا علیهم دُور سے آنا۔
طری الشیء تروتازہ کرنا الطیب خوشبوؤں کو مخلوط کرنا الطعام کھانے میں مسالہ ملانا۔
اطری اطراء فلانا تعریف میں مبالغہ کرنا۔ اطرورى تخمہ ہونا اور پیٹ پھولنا۔
الطرا جو کچھ زمین میں غیر جنس زمین سے ہو۔ لاتعداد مخلوق۔
الطری نرم تازہ۔
الاطریة سویاں۔
الاطروان من الشباب ابتدائے شباب۔ عنفوانِ شباب۔
طری (س) طری الیه متوجہ ہونا۔
طرزه (ن) طرزا گھونسہ مار کے ہٹانا۔
طسه (ن) طسا غالب آنا اور خاموش کرنا ہ فی الماء غوطہ دینا۔ طس القوم سیر میں دُور تک چلا جانا۔ کہا جاتا ہے "ما ادری این طس" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔
طسس جانا فی البلاد سفر کرنا۔
الطس ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی۔ ج طساس وطسوس وطسیس۔
الطسة والطسة ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی۔ ج طسات وطسات وطسس وطساس۔
الطساس برتن مذکور کو بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔
الطساسة برتن مذکور بنانے کا پیشہ۔
طسأ (ف) طسأ وطسئ (س) طسأ تخمہ ہونا۔ صفت طاسئ طیسئ۔ طسامنه شرم کرنا۔
اطسأه بدہضمی کرنا۔
الطسأة تخمہ۔ ہیضہ۔
الطست ہاتھ دھونے کا تانبے کا برتن ج طسوت۔
طسع (ف) طسعا فی البلاد جانا۔

طَسِعَ (س) طَسَعًا. بے غیرت اور مفلس ہونا۔ صفت طَسِعٌ و طَسِيْعٌ.
طَسَمَ (ن) طَسْمًا. الشَّيْءَ: مٹانا۔
طَسَمَ (ض) طُسُوْمًا. مٹنا۔
طَسِمَ (س) طَسَمًا. ہیضہ ہونا۔ تخمہ ہونا۔
الطَّسَم. تاریکی۔ تیرگی۔ گرد آلودگی۔
طَسْمٌ او اَطْسَامٌ مِنْ سَحَابٍ: تھوڑے سے بادل۔
الطِّسَام والطُّسَام والطَّسَّام. مِنَ الغُبَارِ: بہت زیادہ غبار۔
طشت (ن ض) طَشًّا واَطَشَّتِ السَّمَاءُ: پھوہار برسانا۔
طُشَّ. الرَّجُلُ: زکام جیسی بیماری لاحق ہونا۔
الطُّشَاشُ والطُّشَّة. زکام جیسی ایک بیماری کا نام۔
الطَّشَاش. کمزوری نگاہ۔
الطِّشَّة. چھوٹا بچہ۔
طَعِمَ (ش) طَعْمًا وطُعْمًا. الشَّيْءَ: چکھنا عَلَيْهِ: قادر ہونا۔
طَعِمَ (س) طَعْمًا وطَعَامًا الطَّعَامَ: کھانا (طَعْمًا) الغُصْنُ: ایک درخت کی ٹہنی کا دوسرے درخت کی ٹہنی میں گھس جانا۔
طَعَمَ (ف) طَعْمًا آسودہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَطْعَمُ آكِلُ هٰذَا" یعنی اس کا کھانے والا آسودہ نہیں ہوتا۔
طَعَّمَ الغُصْنَ: ٹہنی کو دوسرے درخت کی ٹہنی سے پیوند لگانا اور عرف اطباء و عوام میں ٹیکہ لگانے کے معنی میں مستعمل ہے۔ "طَعَّمَ العَظْمُ" گودے دار ہونا۔
اَطْعَمَ. الغُصْنَ: پیوند لگانا ۂ: کھانا کھلانا۔ خوراک دینا الشَّجَرُ: پھل دینا' پھل پکنا الشَّيْءُ: مزے دار ہونا یا مزے کا بدل جانا۔
طَاعَمَ و تَطَاعَمَ. الحَمَامَ: مادہ کی چونچ میں چونچ ڈالنا۔ طَاعَمَهُ: ساتھ کھانا۔
تَطَعَّمَ. الشَّيْءَ: چکھنا۔
اِطَّعَمَ. مزیدار ہونا۔ اِطَّعَمَتِ الشَّجَرَةُ: پھل کا پکنا اور عمدہ ہونا۔ عرب بولتے ہیں "هُوَ لَا يَطَّعِمُ" یعنی نہ تو وہ ادب سیکھتا ہے اور نہ ایسی چیز حاصل کرتا ہے جو اسے درست کر دے۔
اِسْتَطْعَمَ. مزہ پانا: کھانا مانگنا الطَّعَامَ: مزہ معلوم کرنے کے لیے چکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطْعَمه الحَدِيْثَ" یعنی اس نے بات کہنے کے لیے کہا۔
الطَّعْم. مزہ ج طُعُوم. کھانے کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْطَعْمٍ" یعنی صاحب عقل و تجربہ ہے۔
الطُّعْم. کھانا۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامُ طُعْمٍ" یعنی ایک شخص کو سیر کرنے والا ہے۔ دانے جو شکار کے لیے ڈالے جائیں۔
الطِّعْمَة. کھانے کا طریقہ۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔
اَلتَّطْعِيْمُ: ایک گوشہ یا ٹہنی دوسری ٹہنی میں لگانا۔ (پیوندکاری کرنا)
الطُّعْمَةُ. خوراک۔ کھانے کی دعوت۔ رزق۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ ضَيْعَتِي طُعْمَةً لِفُلَانٍ" یعنی میں نے فلاں کو اپنی جائیداد زراعت کے لیے عاریت پر دے دی ج طُعَم.
الطَّعَام. خوراک ج اَطْعِمَة جج اَطْعِمَات. گیہوں۔
الطَّعِم والطاعِم. خوش خوراک۔ کہا جاتا ہے "اَنَا طَاعِمٌ عَنْ طَعامِكُمْ" یعنی میں تمہارے کھانے سے مستغنی ہوں۔
جَزُوْرٌ طَعُوْمٌ و طَعِيْمٌ. ذبح کرنے کے اونٹ نہ دُبلے نہ موٹے۔ الطعومة: بکری جو کھانے کیلئے روک لی گئی ہو۔
الطَّعَامِي. کھانا بیچنے والا۔
المَطْعَم. کھانے کی جگہ۔ خوراک۔ ج مَطَاعِم.
المِطْعَم. زیادہ کھانے والا۔
المُطْعَام. مہمان نواز۔
المُطْعَم. رزق دیا ہوا۔
المَطْعُوْم. خوراک۔ جو چکھا جائے۔ پیوند۔ ٹیکہ۔
طَعَنَهُ (ف ن) طَعْنًا. نیزہ مارنا اور چبھونا فِي المَفَازَة: جانا فِي السِّنِّ: بوڑھا ہونا الفَرَسُ فِي العِنَانِ: لگام کھینچ کر تیز چلنا (طَعْنًا وطَعَنَانًا: فِي الرَّجُلِ و عَلَيْهِ) عیب لگانا۔
طَعَنَهُ. مار اللَّيْلَ: ساری رات چلنا۔
اظلّ. الیومُ: دن کا سایہ دار ہونا ہ سایہ ڈالنا۔ اپنی پناہ میں لینا۔ اظلّ الامرُ فلانًا پہنچ جانا۔ قریب ہونا اور اسی سے ہے۔

اظلّک الشهرُ یعنی مہینہ آگیا۔

تظلّلَ. بالشجرةِ: درخت کے سایہ میں بیٹھنا۔

استظلّ بالظلِّ. سایہ کے نیچے بیٹھنا من الشیئِ: سایہ لینا الکرمُ: انگور کی شاخ کا گھ جانا العیونُ: چشمے کے پانی کا نیچے اتر جانا الشمسُ: آفتاب کا بادل میں چھپ جانا۔

الظِّلّ. سایہ ج ظِلال و اَظلال و ظُلُول. عزت۔ آرام و آسودگی۔ ظلّ من اللیل: رات کا حصہ یا اس کی سیاہی۔ من القیظ: گرمی کی شدت من الثوب: کپڑے کا رواں۔

ظلُّ الشبابِ او الشتاءِ: جوانی یا جاڑے کی ابتدا۔ کہا جاتا ہے "بقِی عندی ظلَّ النهارِ" وہ میرے پاس تمام دن رہا اور یہ اس لیے کہ ظل کا بقا و زوال شئے کے زوال و بقا پر موقوف ہے۔ "و هو فی ظلِّه" یعنی وہ اس کی پناہ میں ہے۔ "و مشیتُ علی ظلّی او انتعلتُ ظلّی" میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لیے میرا سایہ نہیں تھا۔ و "کان ذلک الیومُ اطولَ من ظلِّ القناةِ" یعنی یہ

دن نیزے کے سائے سے بھی زیادہ طویل تھا۔ عرب نیزہ کے سائے کو بہت زیادہ طویل سمجھتے تھے۔ "فُلَانٌ یُبَارِی ظِلَّ رَاسِهٖ" بولا کرتے تھے جب کوئی تکبر کرتا تھا۔ مُلَاعِبُ ظِلِّهٖ او خَاطِفُ ظِلِّهٖ ایک پرندہ کا نام ہے۔

الظَّلَلُ درخت کے نیچے کا پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔

الظَّلَّة اسم مرۃ۔ اقامت۔

الظُّلَّة تنگ سائبان۔ ہر وہ کہ جس کی سردی وگرمی میں پناہ لیں۔ ہر سایہ دار ج ظُلَل و ظِلَال.

الظَّلَال والظِّلَال والظِّلَّة والظِّلَالَة. ہر سایہ دار۔ ظِلَالُ الْبَحْرِ: سمندر کی موجیں۔

الظَّلِیْل سایہ دار۔ ہمیشہ سایہ والا۔

الظَّلِیْلَة مؤنث ظَلِیْل. زیادہ درختوں کا باغ۔ وادی کے نچلے حصے۔ پانی کا چشمہ۔

المِظَلَّة والمَظَلَّة. جس سے سایہ لیا جائے۔ بڑا خیمہ۔ چھتری۔ ج مَظَالّ. عید المظال یہودیوں کی عید جس میں درخت کے پتوں سے خیمے بناتے ہیں اور مصر کی آزادی کی یادگار میں ان خیموں میں چند روز قیام کرتے ہیں۔

یَوْمٌ مُظِلٌّ سائے والا دن۔

ظُلْظُل کشتیاں۔

ظَلَعَ(ف) ظَلْعًا. البَعِیْرُ اونٹ کا چلنے میں لنگڑانا۔ صفت ظَالِعٌ. ظَلَعَتْ بِهِمُ الْاَرْضُ: زمین تنگ ہونا۔

الظَّلْع. عیب۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلٰی ظَلْعِكَ" یعنی تم ضعیف ہو جس چیز کی طاقت نہیں رکھتے ہو اس سے رک جاؤ۔ "لَا یَرْبَعُ عَلٰی ظَلْعِكَ مَنْ لَیْسَ یَحْزُنُهٗ اَمْرُكَ" یعنی تمہاری شان کا اہتمام وہی کرے گا جو تمہارا غم خوار ہوگا۔ "اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِكَ" اور کبھی ہمزہ کے ساتھ "اِرْقَأْ" کہا جاتا ہے یعنی پہلے اپنی حالت کو درست کرو یا اتنی ہی تکلیف اٹھاؤ جتنی کی طاقت رکھتے ہو۔ مطلب یہ ہے کہ اپنی حد سے آگے مت بڑھو اور اپنی کوتاہی وعاجزی کو دیکھو اور اپنے عیوب کی وجہ سے خاموش رہو اس لیے کہ سیڑھی پر چڑھنے والا اگر لنگڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے نفس کے ساتھ نرمی کرتا ہے۔

الظَّلَع لنگڑا پن۔

الظَّالِع. فا۔ جھکنے والا۔ متہم (مذکر ومؤنث) اور مؤنث کے لیے ظَالِعَةٌ بھی بولا جاتا ہے ج ظُلَّع.

الظَّلَّاع. جانور کی ٹانگ میں بیماری جو تھکن سے نہ ہو۔

ظَلَفَ(ن) ظَلْفًا. کھر پر لگنا۔ ظَلَفَ نَفْسَهٗ عَنِ الشَّیْءِ باز رکھنا۔

ظَلِفَ(ن ض) ظَلْفًا. القَوْمَ: قوم کے نشان قدم پر چلنا۔ ظَلَّفَ و ظَالَفَ مُظَالَفَةً اَثَرَهٗ قدم کے نشانات کو مٹا دینا۔

ظَلِفَتْ(س) ظَلَفًا الْاَرْضُ: سخت ہونا مَعِیْشَةُ فُلَانٍ: تکلیف دہ ہونا نَفْسُهٗ رُک جانا۔

ظُلِفَ الرَّجُلُ: سخت زمین میں روکا جانا تاکہ کوئی نشان قدم کا پتہ نہ لگ سکے۔

ظَلَّفَهٗ. عَنْ کَذَا دور کرنا۔ ظَلَّفَ عَلٰی کَذَا زیادہ کرنا۔

اَظْلَفَهٗ دور کرنا۔

اِظَّلَفَ و تَظَلَّفَ. سخت پتھریلی زمین میں پڑنا۔

الظِّلْف. پھٹے ہوئے کھر۔ ج ظُلُوْف و اَظْلَاف کہا جاتا ہے "جَاءُوْا عَلٰی ظِلْفِهٖ" یعنی اس کے نشان قدم پر آئے۔ الظِّلْف: حاجت وتنگی عیش۔ سخت زندگی۔

الظَّلْف باطل۔ مباح۔ بے کار۔ کہا جاتا ہے "ذهب دمه ظَلْفًا و ظَلَفًا و ظَلِیْفًا" یعنی اس کا خون بیکار گیا۔

الظَّلَف و الظَّلِف پانی اور کیچڑ سے بلند جگہ

رَجُلٌ ظَلِفُ النَّفْسِ: اوصاف ذمیمہ سے پاک صاف۔

اَرْضٌ ظَلْفَة و ظَلِفَةٌ و ظَلَفَةٌ. سخت پتھریلی زمین۔

الظَّلِیْف بدحال۔ ذلیل۔ سخت مشکل کام ج ظُلُف ظُلُف.

رَجُلٌ ظَلِیْفُ النَّفْسِ: اخلاق رذیلہ سے پاک صاف۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِظَلَفِهٖ و بِظَلِیْفِهٖ و بِظَلَفَتِهٖ و بِظَلِیْفَتِهٖ" یعنی سب کچھ لے لیا کچھ نہیں چھوڑا۔

الظَّلْفَاء. ہموار لمبا پتھر۔

الاُظْلُوْفَة. تیز پتھر والی زمین ج اَظَالِیْف.

ظَلَمَ(ض) ظُلْمًا و ظَلْمًا و مَظْلِمَةً. بے موقع رکھنا ہ: ظلم کرنا ہ حَقَّهٗ: گھٹانا الْاَرْضَ: بے موقع کھودنا الطَّرِیْقَ: راستہ سے ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا ظَلَمَكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" یعنی تم کو کس چیز نے ایسا کرنے سے منع کیا۔ ظَلَمَ الْبَعِیْرَ بغیر کسی مرض اور علت کے ذبح کرنا اور ہر وہ کام جس کو وقت سے پہلے کیا جائے اس پر ظلم کا اطلاق ہوتا ہے۔

ظَلِمَ(س) ظَلْمًا و اَظْلَمَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اَظْلَمَ اللّٰهُ اللَّیْلَ: رات کو تاریک کرنا۔ اَظْلَمَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا۔ مظلوم ہونا۔

ظَلَّمَهٗ. ظلم کی طرف نسبت کرنا ہ الحَاکِمُ: ظلم کی شکایت دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَظَلَّمَ فُلَانٌ اِلَی الْحَاکِمِ مِنْ فُلَانٍ فَظَلَّمَهٗ" یعنی فلاں نے فلاں کی حاکم سے ظلم کی شکایت کی اس نے شکایت دور کر دی۔

تَظَلَّمَ مِنْهُ: ظلم کی شکایت کرنا ہ حَقَّهٗ. گھٹا دینا الرَّجُلُ: ظلم پر صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَلَمْتُه فَتَظَلَّمَ" میں نے اس پر ظلم کیا اس نے صبر کیا۔

تَظَالَمَ الْقَوْمُ بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔

اِظَّلَمَ و انْظَلَمَ. ظلم برداشت کرنا۔

الظَّلْم برف۔ دانتوں کی چمک۔ ج ظُلُوْم.

الظُّلْم بے موقع رکھنا۔ حق گھٹانا۔ ظلم۔

الظَّلَم بدن۔ پہاڑ۔ ج ظُلُوْم.

لَیْلٌ ظَلِمٌ بہت تاریک رات۔

الظُّلْمَة والظُّلُمَة. تاریکی ج ظُلَم و ظُلُمَات و ظُلْمَات و ظُلَمَات.

الظُلَم. قمری مہینے کی انیسویں، بیسویں، اکیسویں راتیں۔

الظُلَامَة و المَظْلِمَة. ظلم جو تم اُٹھاؤ۔ جو چیز تم سے ظلماً لے لی جائے۔ ج۔ مَظَالِم۔

الظَالِم. ج۔ ظَالِمُوْن و ظَلَمَة و ظُلَّام۔

الظَلَام والظَلْمَاء. تاریکی۔ ابتدائی رات۔

لَيْلَة ظَلْمَاء: بہت تاریک رات۔ اللَّيْلُ ظَلْمَاء بھی کہا جاتا ہے اور یہ شاذ ہے۔

الظِلَام. ظلم۔ بے انصافی۔ کہا جاتا ہے "نظر اِلَيَّ ظِلَامًا" اس نے مجھ کو ترچھی نظر سے دیکھا۔

الظَلَّام والظِلِّيْم والظَلُوْم. بہت زیادہ ظلم کرنے والا۔

الظَلِيْم. مظلوم۔ نر شتر مرغ ج۔ ظِلْمَان و ظُلْمَان و اَظْلِمَة۔

اَلظَّلَامِيُّ: جو شخص ظلامیہ مذہب پر ہو۔

اَلظَّلَامِيَّةُ: وہ لوگ جن کا نظریہ ہے کہ عوام کو تعلیم و تعلم دینا درست نہیں۔

الظَلِيْمَة. جو تم سے ظلماً لی جائے۔

اَمْرٌ مِظْلَام. دشوار و مشکل کام۔

ظَمِيَ (س ظَمًا و ظَمَأً و ظَمَاءً و ظَمَاءَةً) سخت پیاسا ہونا۔ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔ صفت مذکر ظَمِيٌّ و ظَامِيٌّ و ظَمْآن اور صفت مؤنث ظَمِيَة و ظَامِئَة و ظَمْآى و ظَمْآنَة. ج۔ ظِمَاء مذکر و مؤنث دونوں کے لیے۔

ظَمَّاهُ و اَظْمَاهُ. پیاسا کرنا۔ دُبلا کرنا۔

تَظَمَّأ. پیاس پر صبر کرنا۔

الظِمْءُ. پیاس۔ ج۔ اَظْمَاء.

الظَمَا والظَمَاء. پیاس۔

المِظْمَاء. سخت پیاس والا۔

المَظْمَأ. پیاس لگانے والی جگہ۔

ظَمِيَ يَظْمِي ظَمًى. گندم گوں ہونا۔ صفت اَظْمَى. مؤنث ظَمْيَاء. ج۔ ظُمْي.

شَفَةٌ ظَمْيَاءُ: پژمردہ گندمی ہونٹ۔ عَيْنٌ ظَمْيَاءُ: باریک پلکوں والی آنکھ۔ لِثَّةٌ ظَمْيَاءُ: کم خون والے مسوڑھے۔ سَاقٌ ظَمْيَاءُ: کم گوشت والی پنڈلی۔

ظَمْيَاءُ. سیاہ اونٹنی۔

المُظْمِي. وہ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش کے پانی سے ہو۔

ظَنَّ (ن ظَنًّا. جاننا اور یقین کرنا اور اسی سے "ظَنُّوْا اَنْ لَا مَلْجَأَ مِنَ اللهِ اِلَّا اِلَيْهِ" یعنی یقین کیا کہ اللہ کے عذاب سے کوئی جائے پناہ نہیں مگر اسی کی طرف۔ اور گمان کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے "ظَنَنْتُ زَيْدًا صَاحِبَكَ"۔

ظَنَّهُ و اَظَنَّهُ و اِظَّنَّهُ و اِطَّنَهُ بِكَذا. تہمت لگانا۔ اَظَنَّهُ الشَّيْءَ: وہم میں ڈالنا۔

اَظَنَّ فِيْهِ النَّاسَ: تہمت کیلئے پیش کرنا۔

تَظَنَّنَ و تَظَنَّى. گمان کرنا۔

الظَنُّ. گمان۔ اور شک و یقین کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ ج۔ ظُنُوْن ج ج ظَنَائِن (خلاف قیاس)

الظِنَّة. تہمت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ ظِنَّةٌ" اس میں تہمت ہے۔ تھوڑی چیز۔ ج۔ ظِنَن و ظَنَائِن.

الظَنَانَة. تہمت۔

الظَنَّان والظَنُوْن. بدگمان۔ رَجُلٌ ظَنُوْنٌ: کم حیلہ۔ کمزور۔ جس پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ بِئْرٌ ظَنُوْنٌ: کنواں جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں۔ دَيْنٌ ظَنُوْنٌ: قرض جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وصول ہوگا یا نہیں۔ رَجُلٌ ظَنُوْن: جس کی خبروں پر بھروسہ نہ کیا جائے۔

الظَنِيْن. متہم۔ بدگمانی کی وجہ سے جس سے دشمنی کی جائے۔ بے برکت۔ ج۔ اَظِنَّاء.

ظَنٌّ. خیال رکھے جانے کے لائق۔ نَفْسٌ ظَنَّاء: نفس متہم۔

مَظِنَّةُ الشَّيْءِ: جگہ جہاں چیز کے موجود ہونے کا گمان ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَظِنَّةُ الخَيْرِ و فِي المَسْاَلَةِ مَظِنَّةُ اِعْتِرَاضٍ" ج۔ مَظَانّ.

الظُنْبُوْب. قدم کی جانب پنڈلی کی ہڈی کا کنارہ ج۔ ظَنَابِيْب. کہا جاتا ہے "قَرَعَ ظَنَابِيْبَ الاَمْرِ" یعنی آسان کر دیا "قَرَعَ لِهٰذَا الاَمْرِ ظُنْبُوْبَه و سَاقَه" یعنی کوشش کی اور کوتاہی نہیں کی۔

ظَهَرَ (ف ظُهُوْرًا. ظاہر ہونا۔ باہر آنا۔ ظَهَرَهُ ظَهْرًا: پیٹھ پر مارنا۔ ظَهَرَ بِعِلْمِهِ: فخر کرنا۔ بِالشَّيْءِ و بِهِ: پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔ الثَّوْبَ: ابرہ لگانا۔ ظَهْرًا و ظُهُوْرًا) البَيْتَ: مکان پر چڑھنا۔ عَلَيْهِ: اعانت کرنا۔ فُلَانٌ و عَلَيْهِ: غالب ہونا۔ عَلَى السِّرِّ: بھید پر مطلع ہونا۔ فُلَانٌ بِحَاجَتِيْ: حاجت کو ہلکا سمجھنا اور پیٹھ پیچھے ڈالنا۔

ظَهُرَ (ك ظَهَارَةً. مضبوط پیٹھ والا ہونا۔

ظَهِرَ (س ظَهَرًا. پیٹھ میں شکایت ہونا۔ صفت ظَهِرٌ.

اَظْهَرَ. الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔ پیٹھ پیچھے ڈالنا۔ الكِتَابَ: ازبر پڑھنا۔ اَظْهَرَهُ عَلٰى عَدُوِّهٖ. دشمن پر غالب کرنا۔ عَلَى السِّرِّ: بھید پر مطلع کرنا۔ مرتبہ بڑھانا۔ ظَهَر) دوپہر میں چلنا۔ دوپہر میں داخل ہونا۔

ظَهَّرَ واَظْهَرَ حَاجَتِيْ: ضرورت کو پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔ غافل ہونا۔

ظَاهَرَهُ مُظَاهَرَةً و ظِهَارًا. مدد کرنا۔ ظَاهَرَ بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ: اوپر نیچے کپڑے پہننا۔

تَظَاهَرَ: ظاہر ہونا۔ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے دُور ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِسْتَظْهَرَ. الشَّيْءَ: احتیاط کرنا۔ بچانے کیلئے پیٹھ پیچھے کرنا۔ بِهِ: مدد طلب کرنا۔ تیاری کرنا چڑھنا۔ عَلَيْهِ: غالب ہونا۔ الدَّرْسَ: سبق کو زبانی پڑھنا۔

الظَهْر. پیٹھ۔ پیٹ کا مقابل ج۔ اَظْهُر و ظُهُوْر و ظُهْرَان. الظَهْر: بار برداری کا اونٹ۔ مال کثیر۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔ خشکی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے "سَارُوْا فِيْ طَرِيْقِ الظَهْرِ" یعنی خشکی کے راستہ میں چلے۔ سخت

زمین قِدْرٌ ظَهِرٌ: پرانی ہانڈی۔ کہا جاتا ہے "قَرَاَہ عَلٰی ظَھْرِ قَلْبِہٖ او عَلٰی ظَھْرِ لِسَانِہٖ" یعنی حفظ بغیر کتاب کے از بر پڑھا "واَعْطَاہُ عَنْ ظَھْرِ یَدٍ" یعنی بغیر بدلے کے دیا۔"و ھُوَ نَازِلٌ بَیْنَ ظَھْرَیْھِمْ و ظَھْرَانَیْھِمْ و بَیْنَ اظھرھم" وہ ان کے درمیان نازل ہوا۔"رأیتہ بین ظَھْرَانَی اللَّیْلِ" یعنی میں نے اس کو عشاء اور فجر کے درمیان دیکھا۔"قَلَبَ لَہٗ ظَھْرَ الْمِجَنِّ" یعنی وہ اس کیلئے بدل گیا اور دشمنی کی۔"قَلَبَ الْاَمْرَ ظَھْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ میں خوب غور کیا۔"قَتَلَہٗ ظَھْرًا" اس نے اچانک مارڈالا۔"ھُوَ یَاکُلُ عَلٰی ظَھْرِ یَدَیْ" یعنی میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔"لَا تَجْعَلْ حَاجَتِی بِظَھْرٍ" یعنی میری حاجت کو مت بھولو اور پیٹھ پیچھے مت ڈالو۔

الظِّھْرِیُّ. اُونٹ برائے ضرورت۔ پیٹھ پیچھے ڈالا ہوا۔ بھولا ہوا۔ ظِھَارِیٌّ.

الظُّھْر. دن کے آدھے ہونے کا وقت ج اَظْھَار.

اَلظَّاھِرِیَّۃ: ان لوگوں کا مسلک جن کے نزدیک علوم شریعت ظاہری نصوص ہی کے ساتھ حاصل ہوتے ہیں۔

محسوس واقعات۔

الظِّھْرَۃ. مدد۔ کہا جاتا ہے"جَعَلَ حَاجَتِی ظِھْرَتَہ" میری حاجت کو پس پشت ڈال دیا اور بھول گیا۔

اَلْمُظْھَرُ: اسم ظاہر جو کہ ضمیر کا الٹ ہوتا ہے۔

الظِّھْرَۃ والظُّھْرَۃ. مددگار۔ للظُّھْرَۃ: گچھوا۔

الظَّھْرَۃ. گھر کا سامان؛ کہا جاتا ہے"جَائَنَا بِظَھْرَتِہٖ و بُظْھْرَتِہٖ و بِظْھْرَتِہٖ" ہمارے پاس مع اپنی قوم کے آیا۔

الظَّھِیْر. مددگار۔ مضبوط پیٹھ والا۔ بیمار پیٹھ والا۔

الظَّھِیْرَۃ. مؤنث ظَھِیْر دن کے آدھے ہونے کی حد۔ ظَھَائِر.

الظُّھَار. تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔

الظِّھَارَۃ. کپڑے کا ابرا۔

الظَّاھِر. فا۔ باطن کا ضد ظَاھِرُ الْبَلَدِ بیرونِ شہر۔ کہا جاتا ہے"قَرَاَہٗ ظَاھِرًا" یعنی حفظ بغیر کتاب کے پڑھا۔

الظَّاھِرَۃ. مؤنث ظَاھِرَۃُ العُیُوْنِ: اُبھری ہوئی آنکھ ظَاھِرَات و ظَوَاھِر.

ظَاھِرَۃُ الرَّجُلِ: کنبہ؛ قبیلہ۔ ظَاھِرَۃُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔ الظَّوَاھِر: بلند زمینیں۔

الْمَظْھَر. جائے ظہور۔

الْمُظْھِر. فا۔ سواری والا۔

الْمُظَھَّر. قوی پیٹھ والا۔

الظَّوْنَۃ. بیوقوف۔

ظَافَہٗ یَظُوْفُہٗ و یَظَافُہٗ ظَوْفًا. دھتکارنا۔ دفع کرنا۔

ظُوْف. الرَّقَبَۃِ و ظَافُھَا. گردن کی کھال۔ کہا جاتا ہے"تَرَکْتُہٗ بِظُوْفِ رَقَبَتِہٖ اَوْ بِظَافِھَا" یعنی میں نے اُس کو تنہا چھوڑ دیا۔

اَظْوَی. بیوقوف۔

الظِّیَۃ. مردار جب سڑنا شروع ہو۔

الظَّیُّ والظَّیَّان. شہد للظَّیَّان: جنگلی چنبیلی۔

الْمَظْیَاۃ والمَظْوَاۃ مِنَ الاَرَاضِی: جنگلی چنبیلی والی زمین۔

ظَیَّاہُ تَظْیِیْنًا. غمگین کرنا۔

الظَّیْأۃ. بیوقوف۔

ع: اَلْعَیْن اٹھارواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ حروف حلق میں سے ایک یعنی اس کا مخرج حلق ہے۔
بحساب جمل اس کا عدد (۷۰) ہے۔
عَبَّ (ن) عَبًّا. تغیر کے بعد چہرے کا خوبصورت ہونا الماءَ: جانوروں کی طرح مُنہ لگا کر پانی پینا۔ عَبَّتِ الدَلْوُ: ڈول کا بھرتے وقت گڑگڑانا (عُبَابًا) البَحْرُ: موج کا زیادہ ہونا اور بلند ہونا۔
تَعَبَّبَ النبیذَ ڈگڈگا کے پینا۔
الاَعَبَّ. فقیر۔ سخت ناک والا۔
العَبُّ. س۔ اولے۔ عب الشَمْس: آفتاب کی روشنی۔
العُبَّ. آستین کا سرا۔ ج عُبَاب.
العُبَب اُچھلنے والے پانی۔
العَبَاب مُنہ لگا کر پانی پینا۔
العُبَاب. سیلاب کا چڑھاؤ۔ عُبَابُ البَحْرِ موج۔ کہا جاتا ہے "جاؤا بِعُبَابِهِم" سب آئے۔
العُبِّیَّة والعِبِّیَّة نخوت۔ فخر۔ تکبر۔ غرور۔
الیَعْبُوب. تیز بہنے والا دریا۔ تیز رفتار لمبا گھوڑا۔ بادل ج یَعَابِیب.
عَبَأَ (ف) عَبْأً و عَبَّأَ تَعْبِئَةً و تَعْبِیْئًا المَتَاعَ: سامان کرنا الجَیْشَ لِلْحَرب: لشکر مرتب کرنا۔ عَبَأَ اِلٰی فُلَان و لَهٗ: قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَعْبَأُ بِهٖ" مجھے اس کی پروا نہیں۔

اِعْتَبَأَ مَا عِنْدَهٗ: سب کچھ لے لینا۔
العِبْءُ. بوجھ۔ بوری۔ گٹھری۔ ج اَعْبَاء (والعَبُ) مثل۔ نظیر۔ ج اَعْبَاء.
العَبَاء. جبّہ۔ ج اَعْبِئَة.
العَبَاءَة. جبّہ۔
المَعْبَأ. راستہ۔
عَبَثَ (ن) عَبْثًا. الشَیْءَ بالشَیْءِ: ملانا۔
عَبِثَ (س) عَبَثًا کھیل کود کرنا۔ مذاق کرنا بالدِیْن: حقارت کرنا۔ صفت عَابِث و عِبِّیْث.
عَبِیْثَةُ النَاسِ. مختلف قسم کے لوگ۔
العَبَث. بے فائدہ۔ لغو۔ بے نتیجہ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ عَبَثًا" اس نے یہ کام لغو کیا۔
العَبِیْث. ایک قسم کا پھول۔
العَبَوْثُرَان والعَبَیْثُرَان. ایک قسم کا خوشبو دار پودہ۔ ثاء کے فتحہ سے بھی ہیں۔
عَبَدَ (ن) عِبَادَةً و عُبُوْدَةً و عُبُوْدِیَّةً و مَعْبَدًا و مَعْبَدَةً. اللّٰهَ: ایک جاننا۔ خدمت کرنا۔ ذلیل ہونا۔ خضوع کرنا۔ پرستش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَبَدَكَ عَنِّی" یعنی کس چیز نے تم کو مجھ سے روکا۔
عَبُدَ (ک) عُبُوْدَةً و عُبُوْدِیَّةً. باپ دادا سے غلام رہنا۔
عَبِدَ (س) عَبَدًا و عَبَدَةً عَلٰی فُلَان: غضبناک ہونا مِنْهُ ناک چڑھانا۔
مَا قَالَهٗ انکار کرنا عَلٰی نَفْسِهٖ ملامت کرنا الرَجُلُ: نادم و پشیمان ہونا هٗ: لازم ہونا۔ جدا

ہونا عَلَی الشَیْءِ: حریص ہونا۔ صفت عَابِدٌ و عَبِدٌ.
عَبَّدَهٗ. فرماں بردار بنانا۔ غلام بنانا۔ عَبَّدَ الطَرِیْقَ: راستہ کو چلتا ہوا بنانا۔ پائمال کرنا۔ الرَجُلُ: جلدی کرنا۔ بھاگنا البَعِیْرَ: قطران ملنا (دیکھئے القَطِرَان) کہا جاتا ہے "عَبَّدَ یَعْدُو" یعنی کچھ تیز دوڑا۔ "مَا عَبَّدَانْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔
اَعْبَدَهُ الغلام: غلام کا مالک بنانا۔ اَعْبَدَ الغُلَامَ: غلام بنانا القَوْمُ: جمع ہونا۔
تَعَبَّدَ عبادت کے لیے علیحدہ ہونا هٗ: اطاعت کیلئے بلانا۔ غلام بنانا۔ غلام جیسا برتاؤ کرنا۔
تَعَبْدَدَ القَوْمُ: متفرق ہونا۔
اِسْتَعْبَدَهٗ و اِعْتَبَدَهٗ. غلام بنانا۔
العَبْد. آدمی۔ غلام۔ ج عَبِیْد و عِبَاد. و عَبَدَة و عَبْدُوْن و اَعْبُد و عُبْدَان و عِبْدَان و عِبِّدَان و اَعْبَاد و مَعْبَدَة و عِبِدَّاء و عِبِدَّی و عُبْدٌ و عُبُدٌ و مَعْبُوْدَاء ج ج اَعَابِد و مَعَابِد و اَعْبِدَة عَبْدٌ قِنٌّ و عَبْدُ قِنٍّ خاندانی غلام۔
العَبْدِیَّةُ والعُبُوْدَة والعُبُوْدِیَّة و التَعْبِیْدَة. فرمانبرداری۔ غلامی۔ دَرَاهِمُ عَبْدِیَّة پرانے دراہم۔
العِبَاد. عبد کی جمع۔ حیرہ کے چند نصرانی عربی قبائل۔ نسبت کے لیے عِبَادِیٌّ.
العَبَادِیْد و العَبَابِیْد. لوگوں کے فرقے۔ گھوڑوں کے گلے۔ دُور کے راستے۔ (ان کا واحد

نہیں)

العَابِد. فا- خادم- ج عَبَدَة. عُبَّاد. عَابِدُوْن مؤنث عَابِدَة ج عَابِدَات و عَوَابِد.

العَبَدَة. قوت- بقاء- موٹاپا- زندگانی- خوشبو پینے کا پتھر- خودداری-

المُعْبَد. عبادت گاہ- ج مَعَابِد.

المُتَعَبَّد. عبادت گاہ-

المِعْبَد. کسی- پھاوڑا- ج مَعَابِد.

المُعَبَّد. مع- روندا ہوا راستہ- مکرم معظم- میخ- کھونٹی- قطران ملا ہوا اونٹ بَعِیْرٌ مُعَبَّدٌ: اونٹ جس کی سواری چھوڑ دی گئی ہو- مؤنث مُعَبَّدَة. المُعَبَّدَة: قار ملی ہوئی کشتی-

عَبِرَ (ن) عَبْرًا: غمگین ہونا اور آنسو بہانا العَیْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا الکتابَ چپکے چپکے غور کرنا الدَّرَاهِمَ: کمیت و کیفیت دراہم کو دیکھنا

عَبَرَ (عَبْرًا و عُبُوْرًا) السَّبِیْلَ: طے کرنا- مرنا- گزرنا النَّهْرَ والوَادِیَ: پار کرنا عبر به گزر جانا المَاءَ: (عَبْرًا و عِبَارَةً) الرُّؤْیَا خواب کی تعبیر بیان کرنا-

عَبِرَ (س) عَبَرًا: عبرت حاصل کرنا عَابِرٌ اور اسی سے عرب کا قول ہے "اللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ یَعْبُرُ الدُّنْیَا وَلَا یَعْبُرُهَا" اے اللہ! ہم کو ان لوگوں میں سے بنا جو دُنیا سے عبرت حاصل کرتے ہیں اور بغیر تیری رضامندی حاصل کیے جلدی مرتے نہیں-

عَبَّرَ. الرُّؤْیَا: خواب کی تعبیر بیان کرنا عَمَّا فِیْ نَفْسِهٖ: دِل کی بات ظاہر کرنا عَنْ کَذَا بولنا عَبَّرَهُ بِالْمَاءِ: پار کرانا الدَّرَاهِمَ دراہم کی کمیت و کیفیت دیکھنا بِهٖ: ہلاک کرنا بِهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا-

اِعْتَبَرَ الشَّیءَ: آزمانا- غور کرنا مِنْهُ تعجب کرنا نصیحت حاصل کرنا- بِهٖ: اعتبار کرنا-

اِسْتَعْبَرَ. آنسو بہانا- غمگین ہونا الرَّجُلُ: الدَّرَاهِمَ: کمیت و کیفیت معلوم کرنا- اِسْتَعْبَرَهُ الرُّؤْیَا: تعبیر بیان کرانا- دراہم کی اَوِ الدَّرَاهِمَ: کیفیت و کمیت پوچھنا العَیْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا-

العَابِر. فا- گزرنے والا- کسی چیز میں غور کرنے والا- ج عَابِرُوْن و عُبَّار و عَبَرَة مؤنث عَابِرَة کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَابِرَ سَبِیْلٍ" بغیر ٹھہرے ہوئے گزرتے ہوئے داخل ہوا-

العَبَّار. مبالغہ عابر خواب کی تعبیر بتانے والا- جَمَلٌ عَبَّارٌ: چلنے میں قوی اُونٹ-

العَبْر والعِبْر. مِنَ الوَادِیْ: کونہ- کنارہ- مجلس- عَبْر و عِبْر: بہت آدمیوں والی مجلس-

بَنَاتُ عِبْرٍ: جھوٹ- باطل- اَبُوْ بَنَاتِ عِبْرٍ: جھوٹا-

العُبْر. ہر چیز کی کثرت- انسان کی ہی کثرت پر استعمال ہوتا ہے- تیز چلنے والا بادل- عورت جس کا بچہ کھو گیا ہو- عقاب (و العبر) آنکھ کی گرمی جو آنسو بہاتی ہے-

العَبْر والعِبْر والعُبْر. قوی مضبوط- (مذکر مؤنث واحد جمع) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِبْرٌ لِکُلِّ عَمَلٍ" یعنی ہر عمل کے لائق ہے "جِمَالٌ عِبْرُ أَسْفَارٍ" چلنے میں قوی اُونٹ-

العَبْرَة. عبر کا اسم مرۃ- آنسو ج عِبَر و عَبَرَات. غم-

العِبْرَة. نصیحت- کہا جاتا ہے "لَكَ بِفُلَانٍ عِبْرَةٌ" احوال و کیفیات میں غور و فکر تعجب- اصل جو نظائر کا مرجع ہو-

اَلْعِبَارَةُ الْجَبْرِیَّة: اعداد اور حروف کا مجموعہ جن کے ساتھ عمل جبر کیا جا سکے-

العِبَارَة. اسم ہے عَبَّرَ کا- معنی پر دلالت کرنے والے الفاظ- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ العِبَارَةِ" فلاں اچھا بیان کرنے والا ہے- "هٰذَا عِبَارَةٌ عَنْ کَذَا" یہ اس کے ہم معنی ہے-

اَلْعَابُوْر: وہ پرندوں کی جماعت جو کہ کسی ایک علاقہ میں ٹھکانہ نہ بنائیں جیسے ترغل بوروار اور فری- (سریانی لفظ)

العَبِر. مؤنث عَبِرَة. العَبْرَان. مؤنث عَبْرَی ج عَبَارَی. آنسو بہانے والا-

غمگین-

العِبْرِیّ والعِبْرَانِیّ. یہودی- یہودیوں کی زبان-

العِبْرَانِیَّة. یہودیوں کی زبان- یہودیت-

العَبِیْر. ایک مرکب خوشبو کا نام- سَهْمٌ عُبْرٌ: بہت پروں والا تیر- قَوْمٌ عُبْرٌ: بہت لوگ-

المَعْبَر. گزرگاہ- گھاٹ-

المِعْبَر والمِعْبَرَة. دریا عبور کرنے کا ذریعہ-

المُعْبَر. بہت بالوں یا پروں والا- غُلَامٌ مُعْبَرٌ: لڑکا جس کو احتلام ہونے لگے اور ابھی تک ختنہ نہ ہوا ہو-

اَلْعَتْرَب: سماق نامی درخت جس کا پھل کھٹا ہوتا ہے-

عَبَسَ (ض) عَبْسًا و عُبُوْسًا: ترش روئی کرنا- تیوری چڑھانا- چیں بجبیں ہونا (و عَبَّسَ) الوَجْهُ: ترش رو ہونا- عَبَسَ وَجْهَهُ: ترش روئی کرنا-

عَبِسَ (س) عَبَسًا البَعِیْرُ: اُونٹ کی دُم پر مینگنی کا خشک ہونا الوَسْخُ فِیْ یَدِهٖ و عَلَیْهَا: میل خشک ہونا-

اَعْبَسَ الرَّجُلُ: میلا ہونا الإِبِلُ: دُم پر خشک مینگنی والا ہونا الثَّوْبُ: میل خشک ہونا-

تَعَبَّسَ. ترش رو ہونا-

العَبَس. س- اُونٹ کی دم پر خشک مینگنی-

العَبُوْس والعَبَّاس. بہت ترش رو- شیر- یَوْمٌ عَبُوْسٌ: سخت دن-

عَبَشَ (ن) عَبْشًا. الشَّیءَ: اصلاح کرنا- درست کرنا-

العَبْش. درستی- صلاح (و العَبَش والعُبْشَة) عبادت- کند ذہنی-

العَبْشَة والعَبَشَة. غفلت-

عَبَطَ (ض) عَبْطًا. الذَّبِیْحَةَ: موٹے تازے کو ذبح کرنا الضَّرْعَ: تھن کو خون آلود کر دینا التُّرَابَ: مٹی اُڑانا الرَّجُلُ: غیبت کرنا الدَّوَاهِیْ فُلَانًا: بلا کسی سبب کے مصیبت

پہنچنا الکذبَ بلاکسی عذر کے جھوٹ گھڑنا
عِرضَہٗ گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔ عَبَطَ
الرِّیحُ وَجْهَ الاَرْضِ سطح زمین کا صاف کر
دینا الشَّیءُ پھٹ جانا۔
اَعْبَطَهُ الْمَوْتُ صحت و جوانی میں موت
واقع ہونا۔
اِعْتَبَطَ. الذَّبِیحَۃَ موٹا تازہ ذبح کرنا
المَوْتُ صحت و جوانی میں موت واقع ہونا
الرَّجُلَ بلا قتل کرنا العِرضَ گالی دینا۔ بے
آبرو کرنا الرَّجُلُ بخار آنا۔ زخمی کیا جانا۔
العَبْطُ سفید جھوٹ۔ خالص افترا۔ کہا جاتا
ہے مات عَبْطَۃً یعنی صحیح تندرست جوان مر
گیا۔
العَبِیطُ تندرست موٹا تازہ ذبح کیا ہوا
جانور۔ ج عُبُط و عِباط. اَدِیمٌ عَبِیطٌ
پھٹا ہوا چمڑا۔ دَمٌ عَبِیطٌ تازہ خون۔
الاِعْتِباطُ مصدر اِعْتَبَطَ. الحَذْفُ
الاِعْتِباطِی عِنْدَ النُّحاۃِ وہ حذف جو بغیر
کسی علت کے ہو۔
العَوْبَطُ مصیبت۔ سمندر کا وہ حصہ جہاں پانی
زیادہ ہو۔ ج عَوابِط.
عَبْعَبَ. الجَیْشُ لشکر کا شکست کھانا۔
تَعَبْعَبَ. الشَّیءَ پورے کو ہلاک و برباد کر
دینا۔
العَبْعَبُ کشادہ کپڑا۔ اُونٹ کے بالوں کا نرم
کمبل (و العَبْعابُ) بلند قد والا۔ کشادہ حلق
والا۔ کامل الخلقت۔
عَبِقَ(س) عَبَقًا و عَباقَۃً و عَباقِیَۃً
الطِّیبُ بہٖ خوشبو لگنا المَکانُ بالطِّیبِ
جگہ کا خوشبو سے بھڑک اُٹھنا فلانٌ بالشَّیءِ
حریص ہونا بالمَکانِ اقامت کرنا۔
عَبَّقَ رائحۃَ الطِّیبِ خوشبو پھیلانا۔
العَبَقَۃُ گھی وغیرہ کا بقیہ۔
العَبِقُ خوشبو دار۔ وہ چیز جس سے خوشبو
بھڑکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَبِقٌ لَبِقٌ" یعنی
ظریف مرد۔
العَباقِیَۃُ مکار۔ مصیبت۔ چہرے پر زخم
کا نشان۔ شاطر چور۔
عَبْقَرَ عَبْقَرَۃً السَّرابُ سراب کا چمکنا۔
عَبْقَرُ نام ایک مقام کا جس کے متعلق عرب
کا گمان تھا کہ وہاں جنات بہت ہیں۔
العَبْقَرِیُّ عبقر کی طرف منسوب۔ سردار۔
ہر چیز سے فائق۔ تعجب انگیز چیز۔ مؤنث
عَبْقَرِیَّۃٌ (و العَباقِرِیُّ) ایک قسم کا نفیس
فرش۔
عَبَکَ(ن) عَبْکًا. الشَّیءَ بالشَّیءِ ملانا۔
العَبَکَۃُ ٹکڑا۔ مشک کی میل۔ رسّی کی گانٹھ
کہتے ہیں "یَبْلَی الحَبْلُ و تَبْقَی العَبَکَۃُ"
یعنی رسّی جل جائے اور بل نہ جائے۔
عَبَلَ(ض) عَبْلًا. الشَّجَرُ درخت سے
پتے گرانا الحَبْلَ رسی بٹنا الشَّیءَ کاٹنا۔ رد
کرنا۔ روکنا بہلے جانا الشَّجَرُ پتے نکلنا۔
عَبِلَ(س) عَبَلًا و عَبُلَ(ک) عُبُولًا و
عَبالَۃً موٹا ہونا۔ صفت عَبْلٌ و عَبِلٌ و
عِبالٌ و عابِلٌ عُبُلٌ مؤنث عَبْلَۃٌ
عَبْلاتٌ و عِبالٌ.
اَعْبَلَ موٹا ہونا۔ سفید ہونا الشَّجَرُ
درخت کا لپٹی ہوئی پتیوں والا ہونا۔
العَبَلُ لپٹی ہوئی پتیاں۔ گرے ہوئے پتے۔
ج اَعْبالٌ.
العَبِیلُ موٹا۔ مؤنث عَبِیلَۃٌ.
الاَعْبَلُ سخت قسم کا پتھر جو سفید اسرخ اور
کالا ہوتا ہے ج اَعْبِلَۃٌ.
العَبالُ جنگلی گلاب۔
العَبْلاءُ چٹان۔ بقول بعض سفید چٹان ج
عِبالٌ.
المِعْبَلَۃُ تیر کا لمبا چوڑا پھل ج مَعابِل.
العَبُولُ موت۔
عَبُمَ(ک) عَبامَۃً و عَبامًا بیوقوف ہونا۔
ماءٌ عُبامٌ سست پانی۔
العَبامُ سست تھکا ہوا۔ موٹا۔ بیوقوف۔
بے عقل۔ بے ادب۔ بزدل۔ ج عُبُم.
العَباماءُ بیوقوف۔
عَبَنَ(ن) عَبْنًا موٹا اور کھردرا ہونا۔
صفت عَبَنٌّ و عَبَنّی مؤنث عَبَنّاۃٌ
عَبَنّیاتٌ.
العَبْهَرُ نرگس۔ چنبیلی (و العَباهِرُ) بھرے
ہوئے جسم والا۔ لمبا۔
عَبْهَلَہٗ بیکار کرنا۔ عَبْهَلَ الاِبِلَ اونٹ کو
آزاد چھوڑ دینا۔
العَباهِل. مِنَ الاِبِلِ آزاد چھوٹے ہوئے
اُونٹ۔
العَباهِلَۃُ یمن کے بادشاہ جو اسلامی حکومت
کے زمانے میں اپنی سلطنت پر چھوڑ دیے گئے
تھے۔ واحد عَبْهَل.
عَبا یَعْبُو عَبْوًا چہرے کا دمک اُٹھنا
المَتاعَ تیار کرنا۔
جارِیَۃٌ عابِیَۃٌ خوبصورت لڑکی۔
عَبّی تَعْبِیَۃً. الجَیْشَ لشکر کو ترتیب دینا۔
تَعَبّی تیار ہونا۔
العَبِیُّ حصہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا عَبِیُّكَ مِنَ
الجَزُورِ" ذبح کئے ہوئے (اُونٹ یا
بکری) سے یہ تمہارا حصہ ہے۔
رَجُلٌ عَباءٌ و عَبایِیٌّ بھاری جسم والا اکھڑ۔
العَبایَۃُ جبہ۔ ج عَبایاتٌ و عَبِیٌّ.
عَتَّ(ن) عَتًّا بالمَسْأَلَۃِ سوال کرنے میں
اصرار کرنا۔ ہ بالکَلامِ جھڑکی دینا۔
عاتَّہٗ جھگڑا کرنا۔ بار بار کلام کو لوٹانا۔
تَعَتَّتَ فِی کَلامِهٖ بار بار کلام کو دہرانا۔
العَتَتُ کلام وغیرہ میں سختی۔
عَتَبَ(ن ض) عَتْبًا و عُتْبانًا و مَعْتَبًا و
مَعْتَبَۃً و مَعْتِبَۃً. عَلَیْهِ کسی فعل پر سرزنش
کرنا۔ خفگی ظاہر کرنا۔
(عَتْبًا و عِتابًا و عِتِّیبی) فلاں ملامت
کرنا (عَتْبًا و عَتَبانًا و تَعْتابًا) ایک پاؤں پر
کودنا (البَعِیرُ) تین ٹانگوں پر چلنا (عُتْبانًا)
البَرْقُ بجلی کا لگاتار چمکنا مِنْ مَکانٍ اِلٰی
مَکانٍ و مِنْ قَوْلٍ اِلٰی قَوْلٍ ایک جگہ سے
دوسری جگہ یا ایک بات سے دوسری بات کی
طرف منتقل ہونا۔
عَتَّبَ. الرَّجُلُ دیر کرنا البابَ دروازے

کی دہلیز بنانا۔ عَاتَبَهٗ عِتَابًا و مُعَاتَبَةً عَلٰی کَذَا ملامت کرنا۔ غصہ کرنا۔ ناز سے خطاب کرنا۔

اَعْتَبَهٗ بسبب ناراضی و ملامت کو دُور کرنا۔ رضامند کرنا۔ اَعْتَبَ عَنْهُ پھر جانا۔

تَعَتَّبَ القَوْمُ ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَتَعَتَّبُ بِشَیْءٍ وَلَا یَتَعَتَّبُ عَلَیْهِ فِیْ شَیْءٍ" یعنی اس پر عیب نہیں لگایا جاتا۔ تَعَتَّبَ بَابَ فُلَانٍ: کسی کی چوکھٹ کو پھلانگنا۔ کسی کی چوکھٹ پر پڑا رہنا۔

تَعَاتَبَ الرِّجَالُ ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ ناز سے ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔

اِعْتَتَبَ میانہ روی اختیار کرنا۔ الطَّرِیْقَ آسان راستہ چھوڑ کر دشوار اختیار کرنا و مِنْهُ و عَنْهُ پھر جانا۔

اِسْتَعْتَبَهٗ رضامند کرنا۔ رضامندی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْتَبْتُهٗ فَاَعْتَبَنِیْ" اس سے میں نے رضامندی طلب کی اس نے مجھے رضامند کر دیا۔ اور اسی سے ہے "مَا بَعْدَ الْمَوْتِ مُسْتَعْتَبٌ" یعنی موت کے بعد طلب رضامندی کا موقع نہیں۔

العَتَبُ لنگڑاہٹ۔ کہا جاتا ہے "بِرِجْلِهٖ عَتَبٌ" اس کے پیر میں لنگڑاہٹ ہے۔

العَتِبُ بہت عتاب کرنے والا۔

العَتَبُ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی یا بیچ والی اور چھنگلیا کے پاس والی انگلی کا درمیان۔ فساد۔

العَتَبُ و العَتَبَةُ مکروہ امر۔ شدت۔ سخت زمین۔

العَتَبَةُ چوکھٹ۔ سیڑھی کا زینہ۔ ج عَتَبٌ و عَتَبَات۔ عَتَبَاتُ المَوْتِ موت کی سختیاں۔

العُتْبَةُ وادی کا موڑ۔

العُتْبٰی رضامندی۔

الاُعْتُوْبَةُ باعث عتاب۔ ج اَعَاتِیْب۔

العَتُوْبُ جس پر عتاب کا اثر نہ ہو۔ راستہ۔

المَعْتَبَةُ و المَعْتِبَةُ مص۔ عتاب۔ غضب۔

المَعْتُوْبُ مفع۔ جس پر عتاب کیا جائے۔

اُمُّ عِتْبَان اُمُّ عِتَابٍ بجو۔

عَتُدَ (ک) عَتَادًا و عَتَادَةً الشَّیءُ تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔

عَتَّدَ و اَعْتَدَ الشَّیءَ تیار کرنا۔

تَعَتَّدَ فِیْ صَنْعَتِهٖ غور سے کرنا۔

العَتَادُ سامان جو کسی مقصد کیلئے تیار کیا جائے۔ سامانِ جنگ۔ بڑا پیالہ۔ ج اَعْتُدٌ و عُتُدٌ و اَعْتِدَة۔

العَتَدُ و العَتِدُ مِنَ الخَیْلِ دوڑنے کے لیے تیار گھوڑا۔ مضبوط۔ تام الخلقۃ (مذکر و مؤنث)

العُتْدَةُ سامان۔ کہا جاتا ہے "خُذْ لِلْاَمْرِ عُتْدَتَهٗ" کام کے لیے اس کا سامان لو۔ ج عُتَد۔

العَتُوْدُ ایک سالہ بکری کا بچہ ج اَعْتِدَة و عِدَّان۔

العَتِیْدُ تیار۔ آمادہ۔ بھاری بھرکم جسم کا۔

العَتِیْدَةُ مؤنث عَتِیْد۔ سنگھاردان۔

عَتَرَ (ض) عَتْرًا الشَّیءُ مضبوط ہونا (تعتارًا) العَتِیْرَةَ ذبح کرنا و (عَتْرًا و عَتَرَانًا) الرُّمْحُ حرکت کرنا۔

العِتْرُ اصل۔ اور اسی سے مثل ہے "عَادَتْ اِلٰی عِتْرِهَا لَمِیْسُ" یعنی لمیس اپنی اصل کی طرف لوٹ گئی یہ مثال اس کیلئے بولی جاتی ہے جو اپنی پرانی عادت پھر اختیار کر لے۔

العِتْرُ ہر وہ جانور جو ذبح کیا جائے۔ بکواس (و العَتِیْرَةُ) بکری جس کو جاہلیت کے زمانہ میں رجب کے مہینے میں بتوں کے نام پر ذبح کیا کرتے تھے۔ ج عَتَائِر۔

العِتْرَةُ کنبہ۔ اولاد۔ مشک خالص کا ٹکڑا۔ خوشگوار تھوک۔ مرزنجوش۔ دانتوں کی تیزی و صفائی۔

العَتَّارُ بہادر۔ مضبوط گھوڑا۔ سخت خالی مقام۔

المُعْتَرُ مِنَ الرِّجَالِ موٹا۔ اور عوام کے نزدیک بمعنی شریر۔

عَتْرَسَهٗ سخت بھینچنا۔ سختی سے پکڑنا۔

عَتْرَسَهٗ مَالَهٗ مال غصب کر لینا۔

العَتْرَسُ و العَتَرَّسُ سخت بھینچنے والا۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹے موٹے جوڑوں والا۔ شیر۔ مرغ۔

العِتْرِیْسُ سخت سرکش۔ غضبناک۔ بلا۔ مصیبت۔

عَتْرَفَ لَهٗ سخت ہونا۔

تَعَتْرَفَ بزرگی ظاہر کرنا۔

العِتْرِیْفُ و العُتْرُوْفُ خبیث۔ بدکار۔ مضبوط اونٹ۔ ج عَتَارِیْف۔

عَتَفَ (ض) عَتْفًا الشَّعْرَ بال اکھیڑنا۔

العِتْفُ مِنَ اللَّیْلِ رات کا ایک حصہ۔

عَتَقَ (ض) عَتْقًا و عِتْقًا و عَتَاقًا و عَتَاقَةً العَبْدُ آزاد ہونا۔ صفت عَتِیْق و عَاتِق۔

عَتَقَ (ن) عَتْقًا و عِتْقًا و عَتُقَ (ک) عَتَاقَةً پرانا ہونا الشَّیءُ درست ہونا الخَمْرُ شراب پرانی اور عمدہ ہونا۔ صفت عَاتِق و عَتِیْق و عُتَاقٌ الیَمِیْنُ عَلَیْهِ: قسم واجب ہونا۔

اَعْتَقَ العَبْدَ غلام آزاد کرنا الفَرَسَ تیز دوڑانا مَالَهٗ درست کرنا۔

عَتَّقَ الخَمْرَ پرانی کرنا۔ عَتَّقَ الثَّوْبَ: کپڑے کو پرانا کرنا فُلَانًا بِفِیْهِ منہ سے کاٹ کھانا۔

العِتْقُ مص۔ اصل کا خالص ہونا۔ جمال۔ شرافت۔ نجابت۔ آزادی۔ کہنگی۔

العُتْقُ کہنگی۔ آزادی۔ عاتق بمعنی کندھا کی جمع۔

العُتُقُ وہ درخت جس سے اوزار بنائے جاتے ہیں۔

العَاتِقُ فا۔ کندھا۔ ج عَوَاتِق و عُتُق۔ کشادہ مشک۔ عمدہ شراب۔ پرانی شراب۔ دوشیزہ۔ ج عُتَّق۔ عَاتِقُ الثُّرَیَّا نام ستارہ

(والعَاتِقه) پرانی سرخ کمان۔

العُتاق. پرانی عمدہ شراب۔

العَتِیق. پرانا۔ آزاد کردہ غلام۔ کریم۔ عمدہ ج عُتَقاءُ و عُتُقٌ. فَرَسٌ عَتِیقٌ: خوش منظر گھوڑا۔ ج عِتاق. البَیْتُ العَتِیْقُ: خانہ کعبہ۔

اَمَةٌ عَتِیقٌ: آزاد کردہ لونڈی۔

المُعَتَّقَة. پرانی عمدہ شراب۔ ایک قسم کا عطر۔

عَتَكَ (ض) عَتْکًا و عُتُوْکًا. لڑائی میں حملہ کرنا الفَرَسُ: گھوڑے کا دانت کاٹنے کا ارادہ کرنا۔ عَتَكَ البَلَدَ: شہر پر ظلم کرنا عَلَی الاَمْرِ: کسی کام پر اقدام کرنا اِلَی المَکانِ: مائل ہونا عَلَیْهِ بِخَیْرٍ او شَرٍّ: بھلائی یا برائی سے پیش آنا اللبَنُ: دودھ کا کھٹا ہونا القَوْسُ: کمان پرانی ہونے سے سرخ ہونا۔ صفت عاتِکه ج عَوَاتِك.

العَاتِك. فا۔ شریف۔ خالص۔ النَبِیْذُ العاتِك. صاف شراب۔ اَحْمَرُ عَاتِكٌ: تیز سرخ۔

العَتْك س۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی عَلَیْهِ عَتْكٌ" یعنی ایک زمانہ گزر گیا۔

العَتِیك. پرانے ہونے سے سرخ مِنَ الاَیامِ: سخت گرمی والا۔

عَتَلَهٗ (ن ض) عَتْلًا. سختی سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "عَتَلَهٗ اِلَی السِجْنِ" قید خانے کی طرف سختی سے کھینچا۔ الشَّیْءَ: اٹھانا۔

عَتِلَ (س) عَتَلًا اِلَی الشَّرِّ: برائی کی طرف جلدی کرنا۔ صفت عَتِلٌ.

اِنْعَتَلَ (و تَعَتَّلَ) کھنچ جانا جگہ سے نہ ہٹنا۔

العَتَلَة. بڑا ڈھیلا۔ کدالہ۔ بڑی لاٹھی۔ ج عَتَل.

العُتُلّ. بہت کھانے والا۔ سرکش۔ سخت عادت والا۔ سخت۔

العَتّال. بار بردار۔ قلی۔ پیشے کا نام۔ العِتالَة.

العَتِیل. مزدور۔ خادم۔ ج عُتُل و عُتَلاء.

داءٌ عَتِیلٌ سخت مرض۔

المِعْتَل. کھینچنے میں قوی و مضبوط۔

عَتِمَ (ض) عَتْمًا. اللَیْلُ: رات کا ایک حصہ گزرنا عَنِ الاَمْرِ: کام کرتے کرتے رُک جانا۔ قِرَی الضَیْفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔

عَتَّمَ عَنِ الاَمْرِ: کام کرتے کرتے رک جانا قِرَاهُ: مہمانی کے کھانے میں تاخیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاعَتَّمَ اَنْ وَقَفَ بِنَا" یعنی دیر نہیں کی۔ "حَمَلَ عَلَیْهِم فَمَا عَتَّمَ" یعنی ان پر حملہ کیا تو منہ نہیں پھیرا الرَجُلُ: تاریکی میں چلنا الطَائِرُ: پرندہ کا انسان کے سر کے قریب پر پھڑپھڑانا۔

اَعْتَمَ قِرَی الضَیْفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔ دیر ہونا (لازم و متعدی) حَاجَتَهٗ مؤخر کرنا حَاجَتُهٗ: مؤخر ہونا اللَیْلُ: رات کا ایک حصہ گزرنا الرَجُلُ: تاریکی میں چلنا یا داخل ہونا عَنِ الاَمْرِ: کام کرتے کرتے رک جانا۔

عَتَمَتْ (ن ض) عَتْمًا واعْتَمَتْ و تَعَتَّمَتْ واسْتَعْتَمَتْ النَاقَةُ. عشاء کے وقت دوہا جانا۔ صفت عَاتِمَة. ج عَاتِمَات و عَوَاتِم اِسْتَعْتَمَ الرَجُلُ: دیر کرنا النَعَمَ: چوپایوں کے دوہنے میں دیر کرنا۔

العَتْمُ والعُتُم. جنگلی زیتون کا درخت۔ واحد عَتْمَة و عُتُمَة.

العَتَمَة. رات کی پہلی تہائی۔ رات کی تاریکی۔ دیر کرنا۔

العَاتِم. فا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا ضَیْفٌ عَاتِمٌ" ہمارے پاس مہمان دیر میں شام کے وقت آیا۔ مؤنث عَاتِمَة.

النُجُوْمُ العَاتِمَات ستارے جو غبار وغیرہ کی وجہ سے تاریک ہو جائیں۔

العَتُوْم. اونٹنی عشاء کے وقت دودھ دینے والی۔ العَتُوْمَة: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

المِعْتَام. دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ مِعْتَامُ القِرَی: دیر میں مہمانی کا کھانا پیش کرنے والا۔

عَتَنَهٗ (ض ن) عَتْنًا. اِلَی السِجْنِ: قید خانے کی طرف زور سے دھکیلنا۔

اَعْتَنَ عَلَی غَرِیْمِهٖ: قرض دار پر سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔

العَاتِن و العَتُوْن. قوی ج عُتُن.

العَتِن مِنَ الرِجَالِ: سخت پر حملہ کرنے والا۔

عَتِهَ (س) و عُتِهَ عَتَهًا و عُتْهًا و عَتَاهًا و عُتَاهًا و عَتَاهَةً و عَتَاهِیَه. کم عقل ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت مَعْتُوْه و مُعَتَّه و عَتَاهِیَة.

فِی العِلْمِ: حریص ہونا۔ عُتِهَ فُلَانٌ فِی فُلانٍ: تکلیف پہنچانے کا خواہش مند ہونا۔ صفت عَتِیه ج عُتَهَاء.

تَعَتَّهَ. جاہل بننا۔ پاگل بننا عَنْهُ: تغافل برتنا۔

العَتَاهِیَة والعَتَاهَة. س۔ جنون اور دہشت سے پاگل لوگ۔ العَتَاهتَه: گمراہی۔ بیوقوفی۔

عَتَا یَعْتُوْ عُتُوًّا و عُتِیًّا و عِتِیًّا. تکبر کرنا۔ حد سے گزرنا۔ صفت عَاتٍ ج عُتَاة و عُتِیّ عَنِ الاَدَبِ: ادب قبول نہ کرنا۔

العَاتِی. فا۔ سرکش۔ لَیْلٌ عَاتٍ. بہت تاریک رات۔

العَتِیّ. سرکش۔ ج اَعْتَاء.

عَتِیَ یَعْتَی. بمعنی عَتَا یَعْتُو.

تَعَتَّی تَعَتِّیًا. نافرمانی کرنا۔ اطاعت نہ کرنا۔

عَثَّهٗ (ن) عَثًّا. اصرار کرنا۔ عَثَّتِ العُثَّةُ الصُّوْفَ: کیڑے کا اون کو چاٹنا۔ عَثَّتِ الحَیَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈس لینا۔ سانپ کے پھونکنے سے بال کا گرنا۔

عَثَّثَ تَعْثِیْثًا و عَاثَّ عِثَاثًا و مُعَاثَّةً فِی غِنَائِهٖ: سر نکالنا۔

اَعَثَّه. عِرْقُ سُوْءٍ: بداصلی کا نیکی سے روک دینا۔

العِثّ. ایک قسم کے سانپ جو خشک سالی میں ایک دوسرے کو کھا جاتے ہیں۔ ج عِثَاث.

العَثَّاء. سانپ۔

العُثَّة. مِنَ النِسَاءِ: لاغر بدن کی عورت۔ گمنام حقیر عورت ج عِثَاث.

العُثَّة. کیڑا اون چاٹنے والا۔ ج عُثّ و

عُثَت بڑھیا۔ بیوقوف عورت۔ بدزبان گمنام عورت۔

عَثَرَ (ن ض) عَثِرَ (س) عَثُرَ (ک) عَثْرًا و عِثِيرًا و عِثَارًا. کرالفرس: گھوڑے کا پھسلنا اور اوندھا ہو العِرق: رگ کا حرکت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عثر بهم الزمان" زمانہ نے ان کے اندر تباہی ڈال دی "عثر جدّه" یعنی ہلاک ہو گیا۔

عَثَر (ن) عَثْرًا و عُثُوْرًا. على السرّ وغيره بھید پر مطلع ہونا۔

عَثَّرَه و اَعْثَرَه. پھسلانا اَعْثَرَهٗ على السّرّ وغيره: بھید پر مطلع کرنا۔ اَعْثَرَهٗ على اَصْحابه: بتا دینا اَعْثَرَبه عِنْدَ الْاَمِير: عیب لگانا۔ طعنہ دینا۔

تَعَثَّر الرَّجُلُ وَالفَرَسُ والجِلْدُ: بمعنی عَثَر لِسانُه: زبان کا رُکنا۔

العُثْر. (عقاب و العثر) جھوٹ۔

العَثْرَة. لغزش۔ جہاد۔ لڑائی۔ گرنا۔ ج عَثَرات.

العَثُور. بہت گرنے والا۔ بہت پھسلنے والا۔

العاثِر. جھوٹا۔

العاثُور. شیر کے شکار کیلئے گڑھا۔ کنواں ج عَواثِر و عَواثِير (والعِثار) پھسلن۔ بدی۔ مکروہ۔ جائے ہلاکت۔ جب کوئی آدمی ورطہ میں پڑ جائے تو کہا جاتا ہے "قَدْ وَقَعَ فِيْ عاثُور شر" یعنی شدت میں پڑ گیا۔

العِثْيَر. مٹی۔ غبار و العَيْثَر و العَثْيَر) مخفی نشان۔

اَلعَثْقُول: کیلے کا گچھا۔

عَثْكَلَ الهَوْدَج: ہودہ کو جھالر وغیرہ سے مزین کرنا الرحل: سست رفتار سے دوڑنا

العِذْق: بہت گچھے دار ہونا۔

العُثْكُوْلَة والعُثْكُوْل والعِثْكال. کھجور کا گچھا ج عَثَاكِيل.

العُثْكُوْلَة. جھالر وغیرہ جو ہودج میں لٹکایا جائے۔

عَثِلَ (س) عَثَلًا. الشَّيْءُ: بکثرت ہونا۔

موٹا ہونا۔ صفت عَثِلٌ و عَثْلٌ.

عَثَلَتْ (ن عَثْلًا) يَدُه: ٹوٹنے کے بعد ٹیڑھا جڑنا۔

العَثَل. بکری کے اوجھ پر کی چربی کی چادر۔

العَثُوْل. بیوقوف۔ ج عُثُل.

العِثْيَل. نر بجو۔

العِثْوَل. سر اور جسم پر بہت بالوں والا۔ مِنَ الرِّجال: اُجڈ درشت مزاج۔

عَثَمَ (ن) عَثْمًا. العظمُ المكسورُ: ٹوٹی ہوئی ہڈی کا ناہموار جڑنا العظم: ہڈی کو ناہموار جوڑنا۔

اِعْتَثَم به: مدد طلب کرنا۔ نفع اٹھانا بيده: جھکانا۔

العَيْثُوم. بجو۔ ہاتھی۔

العَيْثَمِي. گورخر۔

العُثْمان. حباری کا بچہ۔ سانپ۔ سپولیا۔ اژدھے کا بچہ۔

اَبُوْ عُثْمان. سانپ۔

عَثَنَ (ن) عَثْنًا و عُثَانًا و عُثُوْنًا فِي الجَبَل پہاڑ پر چڑھنا و عَثَّنَ) الثَّوْبَ: کپڑے کو دھونی دینا عَثَنَتْ و عَثَّنَت النَّارُ: آگ سے دھواں نکلنا۔ کہا جاتا ہے "عَثَّنَ عَلَى القَوْمِ" یعنی فساد پیدا کر دیا۔

عَثِنَ (س) عَثَنًا. الثَّوْبُ: کپڑے کا خوشبو دار ہونا۔

تَعَثَّنَ. دھونی لگنا۔

العُثَان. ـس۔ غبار۔ دھواں۔ ج عَوَاثِن.

العَثَن. دھواں، غبار، چھوٹا بُت۔

العَثِن والمَعْثُوْن. دھواں لگنے سے بگڑا ہوا کھانا۔

العِثْن. ناظم مال۔ رنگی ہوئی روئی۔

المُعَثَّن. ـس۔ بڑی ڈاڑھی والا۔

العُثْنُوْن. ڈاڑھی من المطرِ او الريح. بارش یا ہوا کی ابتداء ج عَثَانِين.

عَثَا يعثوا عُثُوًّا و عَثَى يَعْثِيْ و يَعْثَى و عَثِيَ يَعْثَى عُثِيًّا و عِثِيًّا و عَثَيَانًا. فساد۔ کفر یا کبر میں مبالغہ کرنا۔ صفت عاثٍ. ج عُثاة و عُثِيّ و عِثِيّ.

العَثْوَة. زلف دراز۔ ج عُثّى.

الاَعْثَى. سیاہی مائل رنگ والا۔ بیوقوف۔ بہت بالوں والا۔

عَجَّ (ن ض) عَجًّا و عَجِيْجًا. چلانا۔ آواز بلند کرنا الناقة: اونٹنی کو عاج عاج" کہہ کر ہانکنا و اَعَجَّت) الرِّيحُ: ہوا کا غبار اڑانا۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ رائحة تَعُجُّ فِي المَسْجِد" اس کی بو ہے جو مسجد میں بھڑک اٹھتی ہے۔

عَجَّجَ الغُبار: غبار اڑانا البَيْتَ مِنَ الدُّخان: مکان کو دھوئیں سے بھر دینا۔

تَعَجَّجَ. دھوئیں سے بھر جانا۔

العُجَّة. ایک قسم کا کھانا جو انڈا، آٹا اور گھی یا تیل سے تیار کیا جاتا ہے۔ خاگینہ۔

العَجاج. غبار۔ دھواں۔ بیوقوف۔ ادنیٰ لوگ۔ واحد العَجاجَة.

العَجاجَة. غبار۔ بہت اونٹ۔ کہا جاتا ہے "لَبَدَ عَجاجَتَهٗ" یعنی جس کام میں تھا اس سے رک گیا "لَفَّ عجاجته عَلَيْهِمْ" یعنی غارت ڈالا۔

العَجّاج. چیخنے والا۔ چلانے والا۔ غبار کو اڑانے والا الیوم عَجّاج: گرد و غبار والا دن۔

رِيْحٌ مَعاجِيْج. غبار اڑانے والی ہوا۔

عَجِبَ (س) عَجَبًا مِنَ الْاَمْر و لَهٗ: تعجب کرنا اليه: پسند کرنا۔

اَعْجَبَهٗ و عَجَّبَهٗ. تعجب میں ڈالنا اُعْجِبَ بالشَّيْءِ: خوش ہونا اور تعجب کرنا اُعْجِبَ بِنَفْسِه: غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما اَعْجَبَهٗ بِرَاْيِه" وہ اپنی رائے پر مغرور (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ فعل تعجب مجہول سے بنایا گیا ہے۔)

تَعَجَّبَ واسْتَعْجَبَ مِنْهُ: تعجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعَجَّبَنِيْ فُلانٌ" یعنی فلاں نے مجھ کو فریفتہ کر لیا اور فتنہ میں ڈال دیا۔

العَجْب. ہر شئے کا پچھلا حصہ۔ دُم کی جڑ۔ ج عُجُوْب.

العُجب فخر۔ غرور۔ خود بینی۔ پیش آمدہ چیز کا انکار۔

العَجب حیرانی۔ تعجب مِنَ الشَّیٔ مندی ج اَعْجاب۔

العُجاب والعُجّاب والعَجِیب جس پر تعجب کیا جائے۔ العُجاب تعجب کی حد سے متجاوز۔ مبالغہ کے لئے۔ عَجَبٌ عُجابٌ عَجَبٌ عَجِیبٌ کہا جاتا ہے۔

العَجِیبَة جس پر تعجب کیا جائے۔ ج عَجائِب۔

الأُعْجُوبَة جس پر تعجب کیا جائے۔ ج اَعاجِیب۔

العَجْباء عورت جس کی خوبصورتی یا بدصورتی پر تعجب کیا جائے مِنَ النِّیاقِ موٹی اونٹنی۔

رَجُلٌ تِعْجابَة صاحب عجائبات۔

التَّعاجِیب عجائبات۔ اس کا واحد نہیں۔

العَجْدَة کوا۔ ج عَجَد۔

العَجْد والعُجْد دانہ انگور۔ دانہ خشک انگور۔

عَجَرَ (ن) عَجْرًا عُنُقَہٗ گردن موڑنا بالسَّیْفِ تلوار سے حملہ کرنا القاضِیَ عَلَیْہِ قاضی کا تصرف سے روک دینا ہ بالعَصا لاٹھی مارنے سے بدھی پڑنا الشَّیٔ پھاڑنا (عَجْرًا و عَجَرانًا و عاجِرًا) خوف سے جلدی گزرنا۔

عَجِرَ (س) عَجَرًا موٹا ہونا۔ بڑے پیٹ کا ہونا۔ صفت اَعْجَر الفَرَسُ موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔

تَعَجَّرَ بَطْنُہٗ موٹاپے کی وجہ سے پیٹ میں سلوٹ پڑنا۔

اِعْتَجَرَ عمامہ لپیٹنا۔ اِعْتَجَرَتِ المَرْأَۃُ اوڑھنی ڈالنا۔

العَجْر ابھار۔ مقدار جسم۔

العُجْرَة گرہ (دھاگے یا لاٹھی یا بدن کی گوں کی) کہا جاتا ہے "ذَکَرَ عُجَرَہٗ و بُجَرَہٗ" یعنی اس کے عیوب بیان کر دیئے یا اس کی ظاہر و پوشیدہ سب باتیں بیان کر دیں۔

العَجُور خربوزہ کی ایک قسم۔

الاَعْجَر بڑے پیٹ والا۔ بہت بھرا ہوا کپڑا۔ مؤنث عَجْراء ج عُجْرٌ. العَجْراء گرہ دار لاٹھی۔

العَجّار گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑا کھانے والا۔

العَجاجِیر گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔

العُجْرُوز ہوا کی وجہ سے ریت میں دھاری ج عَجارِیر۔

المِعْجَر عورت کے سر پر باندھنے کا کپڑا۔ اوڑھنی۔ پگڑی۔

المُعَجَّر عمامہ بندھا ہوا۔

عَجْرَدَ ننگا کرنا۔

تَعَجْرَدَ ننگا ہونا۔ صفت مُعَجْرِد.

العَجْرَد ہلکا پھلکا تیز۔ سخت۔ عضو تناسل۔

العَجارِد عضو تناسل۔

العَجْرَد دلاور۔ ننگا۔

العَنْجَرِد بد زبان عورت۔

تَعَجْرَفَ تکبر کرنا۔ سرکشی کرنا۔

العَجْرَفَة تکبر۔ کلام میں اکھڑپن۔ کہا جاتا ہے "فِی الجَمَلِ عَجْرَفَةٌ و عَجْرَفِیَّةٌ فِی المَشْیِ" یعنی اونٹ چلنے میں لاپرواہ ہے۔

عَجارِفُ الدَّهْرِ و عَجارِیفُہٗ حوادث۔ سختیاں۔ عَجارِفُ المَطَرِ و عَجارِیفُہٗ بارش کی شدت۔

عَجْرَمَ الرَّجُلُ تیز دوڑنا۔

العَجْرَم والعُجْرُم والعُجارِم سخت آدمی۔

اَلعَجْرَم چھوٹے کانٹوں والا چھوٹے پتوں والا انڈوں کی طرح سیاہ چھوٹے پھلوں والا درخت۔

عَجَزَتْ و عَجُزَتْ (ن ک) عُجُوزًا المَرْأَۃُ عورت کا بڑھیا ہونا۔

عَجَزَ (ض) و عَجِزَ (س) عَجْزًا و عُجُوزًا و عَجَزانًا و مَعْجَزًا و مَعْجِزًا و مَعْجَزَةً و مَعْجِزَةً عَنْ کذا قادر نہ ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔ عاجز ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَجَزَ فُلانٌ عَنِ العَمَلِ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔ طاقت نہیں رکھتا۔ صفت عاجِزٌ ج عَواجِز و عَجَزَة۔

عَجَّزَ عاجز کرنا۔ عجز کی طرف منسوب کرنا۔ روک دینا۔ المَرْأَۃُ عورت کا بڑھیا ہونا۔

اَعْجَزَ عاجز کر دینا۔ عاجز پانا۔ اَعْجَزَہٗ الشَّیٔ چیز کا قبضہ سے نکل جانا۔ اَعْجَزَ فِی الکَلامِ اپنے مقصود کو بہترین اسلوب سے ادا کرنا۔

عاجَزَہٗ مُعاجَزَةً مسابقت کرنا۔ عاجَزَ الرَّجُلُ عاجز ہونا۔

تَعَجَّزَ عجز کا دعویٰ کرنا البَعِیرَ اونٹ کے چوتڑ پر سوار ہونا۔

اِسْتَعْجَزَ عاجز پانا۔

العَجْز تلوار (والعُجْز والعِجْز والعَجُز والعَجِز) پچھلا حصہ۔ سرین۔ عَجُزُ بَیْتِ الشِّعْرِ مصرعہ ثانی ج اَعْجاز. بَناتُ العَجُزِ تیریں۔ اَعْجازُ النَّخْلِ: درخت خرما کی جڑیں۔ کہا جاتا ہے رَکِبَ اَعْجازَ الاِبِلِ یعنی ذلت اور مشقت میں مبتلا ہونا۔

رَجُلٌ عَجِزٌ و عَجُزٌ عاجز۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عِجْزَةُ اَبِیہِ و عِجْزَتُہٗ" یعنی وہ اپنے باپ کا آخری لڑکا ہے (مذکر و مؤنث واحد جمع سب کے لئے) وُلِدَ بِعِجْزَةِ الوالدین کے بوڑھا ہونے پر پیدا ہوا۔

العِجاز والعِجازَة پٹھا جس سے تلوار کے دستے کو باندھیں۔

العِجازَة والاِعْجازَة گدی جس کو عورتیں سرین پر باندھتی ہیں تاکہ بڑے معلوم ہوں۔

العَجُوز بڑھیا۔ ج عُجُزٌ و عَجائِز.

العَجُوز شراب۔ مصیبت۔ کشتی۔ راستہ۔ ہانڈی۔ کمان۔ آگ۔ موت۔ کھجور کا درخت۔ اونٹنی۔ سوئی۔ زمین۔ خرگوش۔ شیر۔ ہر چیز کا ہزار۔ کنواں۔ دریا۔ بہادر۔ گائے۔ سوداگر۔

ڈھال۔ توبہ۔ بیل۔ بھوکا۔ تیر دان۔ بڑا پیالہ۔ بھوک۔ دوزخ۔ لڑائی۔ نیزہ۔ بخار۔ خیمہ۔ آفتاب کا ہالہ۔ عورت کی قمیص۔ دُنیا۔ بھیڑیا۔ جھنڈا۔ گدھ۔ رعشہ۔ گھوڑی۔ آسمان۔ گھی۔ گرم ہوا۔ سال۔ آفتاب۔ خط۔ باٹ۔ صومعہ۔ بجو۔ گور خر مادہ۔ بچھو۔ چاندی۔ قبلہ۔ مشک۔ دیگ۔ قیمت۔ لشکر۔ کعبہ۔ عورت۔ کتا۔ مشک۔ بادشاہ۔ دیگ کا پایہ۔ داہنا ہاتھ۔ تلوار کی دھار۔ عافیت۔ پرہیز گاری۔ قبضہ۔ تلوار کی میخ۔ ایام العجوز جاڑے کے آخر میں سات دن سخت سردی کے جس کے چار دن فروری میں اور تین دن مارچ میں ہوتے ہیں اور عام لوگ ان کو "مُستقرضات" کہتے ہیں اور ان دنوں کے نام یہ ہیں صِنٌّ. صِنَّر. وبَر آمِرٌ. موتمرٌ مُعَلِّل. مُصفی الجَمرِ یا مُکفی الظعن.

(بہت سے شعراء نے اپنے قصائد میں معانی عجوز کے جمع کرنے کی کوشش کی ہے انہی قصیدوں میں سے ایک قصیدہ کتاب کے آخر میں لگایا گیا ہے۔

الاَعْجَز بڑے سرین والا۔ کِیسٌ اَعْجَز: بھری ہوئی تھیلی۔

العَاجِز فا۔ ج عَوَاجِز. ثَوْبٌ عَاجِزٌ: تنگ کپڑا۔ اِمْرَاَۃٌ عَاجِزٌ: عاجز عورت۔

العَجْزَاءُ مؤنث اَعْجَز ریت کا اُونچا ٹیلہ۔

المِعْجَز بڑا پیالہ۔

المِعْجَاز راستہ۔ ہمیشہ عاجز رہنے والا۔

المُعْجِزَۃ خارق عادت جس کو اللہ تعالیٰ کسی نبی کے ہاتھ سے ظاہر کردے اور دوسرے اس سے عاجز ہوں۔ ج مُعْجِزَات.

المَعْجُوزَۃ جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔

العَجِیزَۃ عورت کی سرین۔ کبھی مرد کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔ ج عَجِیزَات.

عَجَسَ(ض) عَجْسًا. عَنْ حَاجَتِہٖ: باز رکھنا۔ عَجَسَ عَلَی الشَّیءِ: کسی چیز کو مظبوطی سے پکڑنا۔

تَعَجَّسَ پیچھے ہٹنا الاَمْرُ: کسی کام کے درپے ہونا۔ پیچھا کرنا بِالقَوْمِ: دیر کرانا۔ تَعَجَّسَہٗ راوی کو ضعیف سمجھنا۔ تَعَجَّسَہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ: کسی کو اس کی ضرورت سے روکنا۔

العُجْسَۃ رات کی تاریکی۔ رات کی ایک ساعت۔

العَجُوْس بوجھل بادل۔ لگاتار بارش۔

العَجَاسَاء اُونٹوں کا بڑا گلہ۔

المَعْجِس کمان کا قبضہ۔

عَجْعَجَ عَجْعَجَۃً بہت چیخنا۔

العَجْعَاج بہت چیخنے والا مِنَ الخَیْلِ: اصیل گھوڑا۔ عمر رسیدہ گھوڑا۔

العَجْعَجَۃ چیخ ج عَجَاج.

عَجَفَ(ن) عُجُوْفًا کھانا چھوڑ دینا۔

عَجَفَ(ض) عَجْفًا و عُجُوْفًا و عَجَّفَ نَفْسَہٗ عَنِ الطَّعَامِ: باوجود بھوک کے دوسرے کو کھلانے کی غرض سے کھانے کو چھوڑ دینا نَفْسَہٗ عَلَی المَرِیْضِ: صبر سے تیمارداری کرنا۔ نَفْسَہٗ عَلٰی فُلَانٍ: گمراہی کو برداشت کرنا اور مواخذہ نہ کرنا۔

عَجَفَ(ن ض) واَعْجَفَ الدَّابَّۃَ: جانور کو لاغر کرنا۔ اَعْجَفَ القَوْمُ: دُبلے جانوروں کا مالک ہونا۔ عَجَفَ عَنْ فُلَانٍ: کسی سے دُور ہونا۔ اَعْجَفَ بِنَفْسِہٖ عَلَی المَرِیْضِ: صبر سے تیمارداری کرنا۔

عَجِفَ(س) و عَجُفَ(ک) عَجَفًا: کمزور ہونا۔ دُبلا ہونا۔ صفت مذکر عَجِفٌ واَعْجَف اور مؤنث عَجِفٌ و عَجْفَاء عِجَاف البِلَادُ: بارش نہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلُوْا فِیْ بِلَادٍ عِجَافٍ: غیر بارش شدہ شہروں میں اُترے۔

عَجَّفَ الرَّجُلُ: آسودگی سے کم کھانا نَفْسَہٗ عَنِ الطَّعَامِ: کھانا چھوڑ دینا۔

العِجَاف اندرائن۔ زمانہ۔ جمع عَجْفَاوِیٰ خلاف قیاس۔

التَعَجُّف تنگی حالت۔

العَجِیْف لاغر دُبلا۔ ج عَجْفٰی.

عَجِلَ(س) عَجَلًا و عَجَلَۃً. جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَجِلَ بِہٖ اِلَیْہِ" اس نے ایک کام سے دوسرے کی طرف جلدی کی الاَمْرُ: دیر سمجھ کر دوسرا کام کر لینا۔

عَجَّلَ جلدی کرنا ہٗ: سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا لَہٗ مِنَ الثَّمَنِ کَذَا: پیش کرنا۔ اللَّحْمَ: گوشت کو جلدی پکانا۔

اَعْجَلَہٗ سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ اَعْجَلَ الشَّیءَ: جلدی کھانا۔ اَعْجَلَتِ النَّاقَۃُ: ناقص بچہ گرا دینا۔

عَاجَلَہٗ مُعَاجَلَۃً. بِذَنْبِہٖ: جلدی مواخذہ کرنا اور سزا دینا ہٗ بِضَرْبٍ: مارنے میں سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

تَعَجَّلَ فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا الاَمْرَ: جلدی کام کرنا۔

اِسْتَعْجَلَہٗ برانگیختہ کرنا۔ جلدی کرنے کا حکم دینا۔ سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

العِجْل بچھڑا۔ عُجُوْل و عِجَلَۃ و عِجَال

العِجْلَۃ پچھیا ' رہٹ۔ ج عِجَل و عِجَال.

العَجَل والعُجْلَۃ والعُجَالَۃ: جلدی کیا جائے۔ کھانا جو موجود ہو۔ مہمان کیلئے جو جلدی تیار کیا جائے۔

العَجَلَۃ جلدی۔ ہلکاپن۔ گارا۔ کیچڑ۔ سامان لانے کی گاڑی۔ رہٹ۔ ج عَجَل و عِجَال و اَعْجَال.

العَاجِل والعَجِل والعَجُل جلد باز۔

العَاجِلَۃ مؤنث عَاجِلٌ دُنیا۔

العِجَّوْل بچھڑا۔ ج عَجَاجِیْل.

العَجْلَان مؤنث عَجْلٰی ج عَجَالٰی و عُجَالٰی و عِجَال والعَجُوْل ج عُجُل والعَجِیْل ج عِجَال جلد باز۔

العَجُوْل والعَجَّال بہت زیادہ جلد باز۔

العَجُوْل موت۔ بچہ کھونے والی۔ متحیر عورت۔

العَجِیْل ناشتہ پانی جو مہمان کے سامنے جلدی سے پیش کیا جائے۔

العُجَيْلَة والعُجَيْلَى والعُجَّيْلَى: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "سارا العُجَيْلَى" تیز چال چلا اور اس کا ضد هُوَيْنا ہے۔
المِعْجَال: برانگیختہ کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج مَعَاجِيل۔ مَعَاجِيل الطَّرِيق: مختصر راستے۔ اِمْرَأَةٌ مِعْجَال: وقت سے پہلے جننے والی عورت۔
طَرِيقٌ مُسْتَعْجِلَة: مختصر راستہ۔ قریب کا راستہ۔
المِعْجَلُ: تیز رفتاری چیک کرنے کا آلہ۔

عَجَمَ (ن) عَجْمًا و عُجُومًا العُوْدَ: دانت سے کاٹ کر لکڑی کی نرمی سختی معلوم کرنا۔ السَّيْفَ: تجربے کے لیے تلوار کو حرکت دینا۔ الشَّيْءَ: امتحان کرنا۔ آزمائش کرنا۔ صفت عَاجِم ج عُجُم (عَجْمًا) الكِتَابَ او الحَرْفَ: نقطہ لگانا۔ الكِتَابَ: حروف پر اچھی طرح وقف نہ کرنا۔ عَجَمَتْهُ الأُمُوْرُ: عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَجَمَتْهُ عَيْنِي مُنْذ كَذَا" میری آنکھوں نے اس کو فلاں وقت سے نہیں دیکھا ہے "رَأَيْتُ فُلَانًا فَجَعَلَتْ عَيْنِي تَعْجُمُهُ كَأَنَّهَا تَعْرِفُهُ و عَجَمَ عُوْدَ فُلَانٍ" یعنی اس کی آزمائش کی اور اس کے حال کی تحقیق کی۔
اَعْجَمَ و عَجَّمَ الكِتَابَ: اِعراب نہ لگانا۔ نقطہ اور حرکات لگا کر یا تفسیر کر کے اِبہام کو دُور کرنا۔ اَعْجَمَ البَابَ: دروازے میں تالا لگانا۔ الكَلَامَ: عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
عَجُمَ (ک) عُجْمَةً: لکنت ہونا۔ صفت اَعْجَم مؤنث عَجْمَاءُ ج عُجْم۔
عَاجَمَهُ: تجربہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَاجَمْتُ الأُمُوْرَ و عَاجَمَتْنِي" میں نے اُمور کی آزمائش کی اور اُمور نے میری۔
تَعَاجَمَ: کنایہ کرنا۔ توریہ کرنا۔ الرَّجُلُ: القَوْمُ: اجنبی ہونا۔ عجمی ظاہر کرنا۔
اِنْعَجَمَ. عَلَيْهِ الكَلَامُ: دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔
اِسْتَعْجَمَ: عجز سے ساکت ہونا۔ القِرَاءَة: پڑھنے پر قادر نہ ہونا عَلَيْهِ الكَلَامُ: کلام کا دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔
العَجْم والعُجْم: دُم کی جڑ۔
العَجَم: ملک فارس و فارسی لوگ غیر عرب۔
(والعُجْم) چھوہارے کی گٹھلی۔
العَجَم والعُجَام: گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِهٰذَا الرُّمَّان عَجَم" واحد عَجَمَة و عُجَامَة۔
العَجَمَة: کھجور کا درخت۔
العَجْمَة: اسم مرۃ۔ سخت چٹان۔ ج عَجَمات۔
العُجْمَة و العَجَمَة: ابہام۔ کھول کر نہ بیان کرنا۔ ریت کا تودہ۔
الاَعْجَم: غیر عربی اگرچہ عجمی زبان فصیح بولتا ہو۔ جو صاف کھول کر نہ بیان کرے اگرچہ عربی ہو۔ گونگا۔ ج اَعْجَمُون۔ اعاجم مؤنث العَجْمَاء: چوپایہ ج عَجْمَاوَات۔ اَعْجَم: ریت کا ٹیلہ جس میں درخت نہ ہو۔
الاَعْجَام: غیر عرب۔
العَجَّام: بڑی چمگادڑ۔
الاَعْجَمِيّ والعُجْمِيّ: غیر عرب۔ جو عجم کی جانب منسوب ہو۔
العَوَاجِم: دانت۔ مفرد عَاجِمَة۔
رَجُلٌ صُلْبُ المَعْجَم: آزمائش کے وقت سخت۔
المُعْجَم: مصدر میمی۔ حروف تہجی بند دروازہ۔ لغت کی کتاب کو بھی مُعْجَم کہتے ہیں۔ مُعْجَم

عَجَنَ (ن ض) عَجْنًا الدَّقِيقَ: آٹا گوندھنا۔ عَلَى العَصَا: لاٹھی پر ٹیک لگانا دونوں ہاتھوں کا ٹیک لگا کر اُٹھنا۔ الرَّجُلُ: صفت عَاجِن ج عُجُن۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَجَنَ و خَبَزَ" یعنی عجن بوڑھا ہو گیا۔ اَعْجَنَ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔
اِعْتَجَنَ الدَّقِيقَ: آٹا گوندھنا فُلَانٌ: خمیر بنانا۔
تَعَجَّنَ. الشَّيْءُ: گندھ جانا۔ خمیر ہونا۔
العَجَن. مِنَ الجِمَال: موٹا اُونٹ۔
العَجْنَاء: کم دودھ والی اُونٹنی۔ بہت موٹی اُونٹنی۔
العَجِين: گندھا ہوا آٹا۔ خمیرا۔ ج عُجُن۔
العُجُن: ڈھیلے ڈھالے بدن کے مرد یا عورت۔
العَجِينَة: گندھے ہوئے آٹے کا ایک پیڑا۔ خمیرا۔ بیوقوف۔ جماعت۔ اُمُّ عَجِينَة: گدھ۔
العِجَان: گردن۔ سرین۔ ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ۔ خصیتین اور دبر کا درمیانی حصہ۔ ج عُجُن و اَعْجِنَة۔
العَجَّان: بہت آٹا گوندھنے والا۔ بیوقوف۔
عَاجِنَةُ المَكَان: مکان کا وسط حصہ۔
المِعْجَن والمِعْجَنَة: آٹا گوندھنے کا برتن۔

عَجَّهَ. بَيْنَهُمَا: جدائی کرا دینا۔
تَعَجَّهَ: جاہل بننا۔ الاَمْرُ: ملتبس ہونا۔
العُجَاهِن: سیبی۔ جو خالص النسب نہ ہو۔ خادم۔ باورچی۔ ج عَجَاهِنَة۔

عَجَا يَعْجُو عَجْوًا البَعِيرُ: اُونٹ کا بلبلانا اور سرکش ہونا۔ عَجَتِ الاُمُّ الوَلَدَ: ماں کا بچے کو وقت رضاعت کے بعد دودھ پلانا۔ دودھ پلانا۔ فُلَانٌ فَاهُ: منہ کھولنا۔ عَجَاهُ اللَّبَنَ: دودھ کا غذا ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَ فُلَانٌ مَا عَجَاهُ" یعنی سختی میں مبتلا ہوا (و عَاجَى) الوَلَدَ: ماں کے علاوہ کسی دوسرے کا دودھ پلانا یا دودھ روک دینا اور غذا دینا۔
عَجَا وعَجِيَ (ن س) وَجْهَهُ: منہ ٹیڑھا کرنا۔ عَجِيَ الصَّبِيُّ: دودھ کے علاوہ کسی دوسری چیز سے پرورش پانا۔
العَجِيّ: ماں کو کھونے والا۔ دوسرے کے دودھ سے پرورش پانے والا۔ مؤنث عَجِيَّة ج عَجَايَا۔
العُجِيّ: بچہ کہ جس کی ماں نے وقت کے بعد دودھ پلایا ہو۔ بچہ کہ جس نے دوسرے کے

دودھ سے پرورش پائی ہو۔ مؤنث عُجَیَّۃ ج عُجَایَا و عَجَایَا۔
العَجْوَۃ و العُجَاوَۃ عمدہ قسم کی کھجور۔
العُجَاوَۃ و العِجَاوَۃ و العُجْوَۃ دودھ جو کہ یتیم کو پلائیں۔
عَجَتْ تَعجی عَجْیًا۔ المَرْاَۃُ صَبِیَّھَا: عورت کا بچے کو دودھ پلانا۔
العَجَایَۃ و العُجَایَۃ۔ عمدہ قسم کی کھجور۔ جانور کے بندوبست کا پٹھا ج عُجًی و عُجیٌّ و عَجَایَا۔
عَدَّ(ن) عَدًّا و تَعْدَادًا الشَّیَٔ شمار کرنا۔ گننا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَدَدْتُ زَیْدًا صَادِقًا" زید کو میں نے سچا گمان کیا۔
عَدَّدَ۔ المَیِّتَ: خوبیاں شمار کرنا۔ خوبیاں بیان کرنا الشَّیَٔ: شمار کرنا۔ عدد والا کر دینا المَالَ: زمانے کیلئے ساز و سامان بنانا۔
اَعَدَّہٗ لِاَمرٍ تیار کرنا۔ حاضر کرنا۔
عَادَّہٗ عِدَادًا و مُعَادَّۃً لڑائی میں مقابلہ کرنا الشَّیَٔ القَوْمَ: چیز کا قوم پر برابر برابر تقسیم ہونا۔
تَعَدَّدَ و تَعَادَّ عدد میں زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ یَتَعَدَّوْنَ و یَتَعَادُّوْنَ عَلٰی اَلْفٍ" یعنی وہ ہزار سے زائد ہیں۔
اِعْتَدَّ شمار ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا شَیٌٔ لَا یُعْتَدُّ بِہٖ" یعنی یہ ایسی چیز ہے جس کا اعتبار نہیں کیا جاتا اور اس کی طرف التفات نہیں کیا جاتا۔ "اِعْتَدَّ الْاَمْرَ تِجَارَۃً" یعنی تجارت کا گمان کیا۔ عوام کہتے ہیں "اِعْتَدَّ بِنَفْسِہٖ" یعنی اپنے نفس پر اعتماد کیا۔
اِسْتَعَدَّ لِلْاَمرِ تیار ہونا۔
عددِ صحیح زیرو سے لے کر تمام گنتی مثبت و منفی مثلاً ----۳،۲،۱،۰۔
اَلعَدَادُ الزَّوج اوِ الْمُزدوِج جو ۲ کے علاوہ پر تقسیم نہ ہو جیسے ۴، ۱۲۔ المفرد زوج کا الٹ جو دو پر تقسیم نہ ہو جیسے ۳، ۵۔ اَلعَدَدُ الاَوَّلی او الاَوَّلُ اوِ الاَصْلِی جو اپنے آپ پر یا ایک پر تقسیم ہو۔

اَلعَدَدُ الْکَسْرِی اوِ الْکَسْرِ جو ایک کا ایک جزیا کئی جز ہوں جیسے ۲/۱، ۴/۷۔
اَلعَدَدُ الْمُوْجب جس کی طرف + (جمع) کا اشارہ ہو۔
والعدد السالب جس کی طرف (-) نفی کا اشارہ ہو۔
اَلعَدَدُ التَّخَیُّلِی اوِ الْوَھْمِی فرضی عدد سمجھنے کے لئے۔
اَلعَدَدَانِ الْمُتَقَابِلَانِ وہ عدد جن کی حسابی قیمت ایک ہو اور ان کا اشارہ مختلف ہو جیسے +5' --5۔
اَلعَدَدَان الاَوَّلِیَان فِیْمَا بَیْنَھُمَا وہ دو عدد جن کو تقسیم کرنے والا مشترک صحیح عدد نہ ہو جیسے ۴، ۹۔ الاعداد المُتَبَاینۃ عندالعرب: جن کو اکٹھے کوئی کسر یا عدد صحیح شمار نہ کرے، دیگر صورت میں اعداد مشترکہ ہوں گے۔
اَلاِعْدَادُ الْجَبرِیَّۃ اوِ الْمُوَجَّھَۃ وہ اعداد جن کی طرف اشارہ (+) یا (-) ہو اور اس کے ساتھ صفر ملا ہو۔
العَدَد۔ شمار۔ گنتی۔ گنا ہوا مِنَ الاِنْسَانِ: آدمی کی عمر کے سال۔ ج اَعْدَاد۔
العِدَاد۔ عطاء دیوانگی کا اثر۔ ہمسر۔ حریف۔ موت کا وقت۔ پیشی کا دن۔ کمان کی آواز۔ شمار۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فِیْ عِدَادِھِم" یعنی منجملہ ان کے ہے (والعِدَاد) مِنَ الوَجْعِ وقت مقررہ پر درد کا بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ مَرَضُ عِدَادٍ" اس کا مرض وقت مقررہ پر عود کرتا ہے۔
اَلْعَدَّاد گاڑیوں کے چلنے کی مسافت کو معلوم کرنے کا میٹر یا استعمال شدہ بجلی کو یا استعمال شدہ پانی کو پیمائش کرنے کا میٹر۔
العِدّ۔ جاری پانی جو منقطع نہ ہو۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا بَرَضٌ مِنَ عِدٍّ" یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔ پرانا کنواں۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "ھو عِدُّكَ" وہ تمہارا ہمسر ہے۔ ج اَعْدَاد۔
العِدَّۃ۔ جماعت۔ چند۔ تعداد۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِیْ عِدَّۃُ کُتُبٍ" میرے پاس کتابوں کا ایک ڈھیر ہے۔ "عِدَّۃُ المَرْاَۃِ" عورت کے طلاق یا شوہر کی وفات پر سوگ کا زمانہ۔ ج عِدَد۔
العُدَّۃ۔ تیاری۔ کہا جاتا ہے "کُوْنُوْا عَلٰی عُدَّۃٍ" تیار رہو۔ سامان حرب وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمرِ عُدَّتَہٗ" معاملے کیلئے سامان کو لے لیا ج عُدَد (والعُدّ) مہاسے۔ پھنسیاں جو چہرے پر نکلتی ہیں۔
العَدَّان و العِدَّان۔ کسی چیز کا زمانہ و موسم یا زمانے کا اول و بہتر۔ کہا جاتا ہے "کَانَ ذٰلِكَ فِیْ عَدَّانِ الشَّبَابِ و عَلٰی عِدَّانِ مُلْکِہٖ" ج عَدَادِیْن۔
العَدَدِیّ۔ عدد کی جانب منسوب۔ جو چیز شمار سے بیچی جائے۔
العَدِیْد۔ شمار۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "مَا اَکْثَرَ عَدِیْدَھُمْ" ان کا شمار کس قدر کثیر ہے۔ شمار کیا ہوا۔ ہمسر۔ ہم مثل۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ الدَّرَاھِم عَدِیْدُ ھٰذِہٖ" یعنی یہ دراہم اس کے مقدار میں ہیں۔ العَدِیْد مِنَ القَوْمِ: جو قوم میں شمار کیا جائے اَیَّامٌ عَدِیْدَۃٌ: چند دن ج عَدَائِد العَدَائِد: بہت سے ہم مثل۔ تقسیم شدہ مال۔ میراث۔
العَدِیْدَۃ حصہ۔
المُعَدّ فا۔ پورے سامان والا۔
عَدَر(ن) عَدْرًا و عُدْرَۃً۔ جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔
عَدِرَ(س) عَدَرًا و اِعْتَدَرَ الْمَکَانُ: پانی زیادہ ہونا۔ اِعْتَدَرَ المَطَرُ: بکثرت برسنا۔
العَادِر فا۔ جھوٹا۔ پھسلنے والا۔
العَدَّار ملاح۔
العَذْر و العُذْر۔ موسلا دھار کثیر بارش۔
عَدَسَہٗ (ض) عَدْسًا۔ خدمت کرنا۔
العُظام والعُظّام. بڑا۔ مؤنث عُظامۃ و عُظّامۃ.
العَظْمۃ. ہڈی کا ٹکڑا۔
العَظَمۃ مِنَ السَّاعِدِ واللِّسانِ: کلائی یا زبان کا موٹا حصہ ج عَظَمات. عَظَماتُ القومِ سرداران قوم (والعَظَمُوت

والعُظَامَة)تکبر۔ نخوت۔ فخر۔
العِظَامَة والعُظَّامَة والعُظْمَة و
الِاعْظَامَة.گدی جس کو عورتیں سرین پر
بڑا ظاہر ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔
العَظِيْمَة.مؤنث عَظِيْم. سخت مصیبت۔
ج عَظَائم. عَظَائِمُ اللّٰهِ: اللہ کے بڑے
بڑے اُمور۔
العَظْمِيُّ.سفیدی مائل کبوتر۔
مُعْظَمُ الشَّيْ: چیز کا بڑا حصہ ج مَعَاظِم.
کہا جاتا ہے "اِنَّ لِفُلَانٍ مَعَاظِمَ وَاجِبَةَ
المُرَاعَاةِ" فلاں کے لیے بڑے بڑے
حقوق ہیں جن کی رعایت واجب ہے۔
المُعْظَمَة.سخت مصیبت۔
عَظَا يَعْظُوْ عَظْوًا. فُلَانًا: غمگین کرنا۔
غیبت کرنا. بھلائی سے روکنا۔ زہر پلانا۔
عَظِي يَعْظَي عَظْيًا فُلَانًا:غمگین کرنا۔
العَظَايَة والعِظَايَة والعِظَائَة والعَظَائَة.
چھپکلی کے مشابہ ایک جانور ج عَظَاءٌ و
عِظَاءٌ و عَظَايَات و عَظَايَا.
عَفَّ (ض) عَفًّا و عِفَّةً و عفافًا و
عَفَافَةً و تَعَفُّف. حرام یا غیر مستحسن سے
رکنا۔ پاک دامن ہونا۔ صفت مذکر عَفِيف
وعِفٌّ ج اعِفَّة وَاَعِفَّاء وعِفُّوْن. صفت
مؤنث عَفِيْفَة وعِفَّةٌ ج عَفِيْفَات و
عَفَائِف وعِفَّات عَفَّ عَنْ كَذَا : باز
رہنا۔ تَعَفَّفَ:بتکلف پاک دامن بننا۔ تھن
کے بقیہ دودھ کو پینا۔
اَعَفَّ اللّٰهُ فُلَانًا:پاکدامن کرنا۔
تَعَافَّ النَاقَةَ : اُونٹنی کو دوسری مرتبہ
دوھنا المَرِيْضَ:علاج کرنا۔
اِعْتَفَّ واِسْتَعَفَ عَنِ الخَبِيْثِ: رُکنا
البَعِيْرُ اليَبِيْسَ:اُونٹ کا مٹی کے اُوپر اُوپر
خشک گھاس چرنا۔
العِفَّة.س۔ پارسائی۔ پاکدامنی۔ طہارت
بدن۔
العُفَّة والعُفَافَة. تھن میں بقیہ دودھ اور
اسی سے ہے سَأَلَه فما اَعْطَاهُ اِلَّا عُفَافَةً
یعنی تھوڑا سا دیا۔ العِفَاف: دوا۔ کہا جاتا
ہے "جَاءَ عَلٰی عِفَّانِ ذٰلِكَ"یعنی وہ فلاں
وقت میں آیا۔
عَفَتَ(ض) عَفْتًا الشَيْ: موڑنا اور توڑنا
کَلَامَه وَفِي كَلَامِه: لکنت کی وجہ سے
بولنے میں منہ ٹیڑھا کرنا۔ صفت عَفَّات.
العَفت.لکنت۔
الاَعْفَت. بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا
بیوقوف۔
عَفجه(ض) عَفْجًا بالعَصَا:لاٹھی مارنا۔
العَفْج والعِفْجُ والعفَج والعَفِج آنت
ج اَعْفَاج و عَفْجَةٌ.
المِعْفَج. بیوقوف۔
المِعْفَجَة والمِعْفَاج. لاٹھی۔ کپڑے
دھونے کی موگری۔ اور عوام (مِخْبَاط)
کہتے ہیں۔
عَفَد (ض) عَفْدًا و عَفَدَانًا. دونوں
ٹانگیں ملا کر کودنا۔
اِعْتَفَدَ. بھوک کی وجہ سے مرنے کے
لیے دروازہ بند کرنا اور سوال نہ کرنا۔
عَفَره(ض) عَفْرًا فِي التَرَاب: مٹی میں
لتھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا الشَيْ: زمین
پر پٹک دینا۔
عَفِر (س) عَفَرًا و اِسْتَعْفَرَ. خاکستری
رنگ ہونا۔ خاک آلود ہونا۔ صفت اَعْفَرُ.
عَفَّرَه. فِي التُرَاب: مٹی میں لتھیڑنا۔
زمین میں دھنسا دینا۔ جو شخص ذلیل کیا گیا
ہو اس کیلئے "قَدْ عُفِّرَ وَاُرْغِمَ" بولا جاتا
ہے "عَفَّرَ اللَّحْمَ" دھوپ میں ریت پر
خشک کرنا الشَّيْ : سفید کرنا۔ عَفَّرتِ
المَرْاَةُ فِي العِظَامِ : عورت کا دودھ
چھڑانے کے لیے پستان پر مٹی لگانا۔
اِعْتَفَرَ. الشَيْ:خاک آلود ہونا
الثَوبُ فِي التُرَابِ: کپڑے کو مٹی میں
لتھیڑنا فُلَانٌ: قادر ہونا۔ قوی ہونا الرَّجُلَ:
زمین پر پٹک دینا۔ کودانا ہ الاَسَدُ: شیر کا
پچھاڑنا۔
تعافر. الثَرِيدُ:ثرید کا سفید ہونا۔
تَعَفَّرَا وانْعَفَرَ فِي التُرَاب:مٹی میں لوٹ
پوٹ لگانا الشَيْءُ: خاک آلود ہونا۔ تَعَفَّرَ
الوَحْشُ:وحشی جانور کا موٹا ہونا۔
العَفْر والعَفَر. مٹی۔ خاک۔ ج اَعْفَار.
العِفْر والعُفْر. نر سور یا مطلقاً سور۔ بہادر۔
سخت موٹا۔ العُفْر: بعد۔ بے رونق بازار۔
مہینے کی ساتویں؛ آٹھویں؛ نویں رات۔ مردِ
دلیر و چالاک۔ موٹا۔ ج اَعْفَار وَ عِفَار.
رَجُلٌ عِفْرٌ و عِفِرٌّ و عِفْرًى و عُفَارِيَة.
خبیث مرد۔
الاَعْفَر. ہرن کی ایک قسم جو کم دوڑتا
ہے۔
العُفْرَة. خاکستری رنگ۔
العُفْرَة والعَفْرَة. مِنَ الدِيْكِ: مرغ کے
گردن کے بال مِنَ الاِنْسَانِ: وسط سر کے
بال مِنَ الاَسَدِ : شیر کے بال۔ عُفْرَةُ
الحَرِّ:گرمی کی شدت۔
العُفْر. زمانہ۔ وقت۔ مہینہ۔
العُفَرَة. مخلوط لوگ۔ عُفْرَة و عُفُرَة
الحَرِّ او البَرْدِ:گرمی یا سردی کی شدت۔
العَفَار. بغیر شکر وغیرہ کا ستو۔ درخت
جس سے آگ نکالنے کا کام لیا جاتا ہے
واحد عَفَارَةٌ.
العَفَارَة. خباثت۔ برائی۔
العِفْرِيَة. بڑا سخت مکار۔ خبیث۔
العِفْرِيَةُ والعِفْرَاة مِنَ الدِيْكِ
والاِنْسَانِ : بمعنی عُفْرَة. جب کوئی
غضبناک ہو کر آئے تو کہا کرتے ہیں۔
"جَاءَ نا فِشًا عِفْرِيَته."
العَفِير. گوشت جو دھوپ میں ریت پر
خشک کیا جائے۔ خُبْزٌ عَفِيرٌ: بلا سالن کے
روٹی (والمَعْفُور) مٹی میں لتھیڑا ہوا۔
العَفِير: وہ عورت جو پڑوسن کو ہدیہ نہ
بھیجتی ہو۔
العَفِيرَة. کبریلا کی گولی۔
العَفَّار. مؤنث کھجور میں مذکر کھجور کا

پھول ڈالنے والا۔
العَفْرَاء. الَاعْفَر کا مؤنث ج عُفْر. سفید زمین مِنْ لَيَالِي الْقَمَرِ: تیرھویں رات۔
العِفِرِّين. مرد قوی کامل۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ لَيْثُ عِفِرِّين: شیر۔ عِفِرِّين: نام شیر کی جھاڑی کا۔
المُعَافِر. ساتھیوں کے ساتھ چلنے والا تاکہ ان کے بچے ہوئے سے کچھ حاصل کر لے۔
تَعَفْرَتَ. دیو ہونا۔ شریر ہونا۔
العِفْرِيْت. سخت خبیث۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ اور یہ انسان؛ جنات؛ شیاطین سب میں سے ہوتا ہے۔ ج عَفَارِيْت مؤنث عِفْرِيْتَه.
عَفْرَسَه. پچھاڑنا اور غالب ہونا۔
العِفْرِس والعِفْرِيْس والعِفْرَاس والعُفْرُوس والعَفَرْنَس: شیر۔
العَفَارِيْس. شتر مرغ۔
عَفَزَ (ض) عَفْزًا. اَهْلَه: اپنی بیوی سے کھیل کود کرنا الجَمَّالُ بَعِيْرَه: ساربان کا اونٹ کو بٹھانا۔
العَفْز. س و العَفَاز: کھایا ہوا اخروٹ۔
العَفَازَة. ٹیلہ۔
عَفَسَه (ض) عَفْسًا. پچھاڑنا اور روندنا۔ قید کرنا عَنْ حَاجَتِه: حاجت سے باز رکھنا؛ روکنا المَاشِيَة: جانور کو بغیر چارے کے رکھنا۔ ہ: زمین پر چمٹا دینا۔ سختی سے زمین پر کھینچنا ہ بِرِجْلِه: چوتڑ پر لات مارنا۔
عَافَسَه. کشتی کرنا۔ مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ يُعَافِسُ الاُمُوْر."
تَعَافَسَ واِعْتَفَسَ القَوْمُ: آپس میں کشتی کرنا۔
اِنْعَفَسَ فِي التُّرَاب: خاک آلود ہونا۔ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔
العِفَاس. فساد۔
المَعْفُوْس. قیدی۔
عَفَشَ (ض) عَفْشًا الشَّيْئَ: جمع کرنا۔
العُفَاشَة. بے خیر و برکت آدمی۔
الاَعْفَش. کمزور نگاہ والا۔
عَفَصَهُ (ض) عَفْصًا. اکھیڑنا۔ موڑنا۔ الرَّجُلَ: کشتی میں غالب آنا۔ عَفَصَ حَقَّه مِنْهُ: حق لینا۔
عَفَصَ واَعْفَصَ القَارُوْرَةَ: شیشی میں کاگ لگانا۔ ڈاٹ لگانا۔ اَعْفَصَ الحِبْرَ: روشنائی میں مازو ڈالنا۔
عَفَّصَ الثَوْبَ: کپڑے کو مازو سے رنگنا۔
عَافَصَهُ مُعَافَصَةً. کشتی لڑنا۔
العَفْص. مازو۔ مازو کا درخت۔ بلوط کا درخت۔
العَفَص. ناک کی کجی۔
العَفِص. کسیلا۔
العُفُوْصَة. کسیلا پن۔
العِفَاص. کاگ۔ ڈاٹ۔ شیشی کا سربند۔
عَفَطَتْ (ض) عَفْطًا و عَفِيْطًا و عَفَطَانًا. العَنْزُ: بکری کا ریح خارج کرنا الضَّانُ: بھیڑ کا چھینکنا (عَفْطًا) الرَّاعِي: بکری کے گوز کے مانند ہونٹوں سے آواز نکالنا۔
بِغَنَمِه: بھیڑ کی چھینک کے مانند آواز سے بھیڑ کو ڈانٹنا یا بلانا فُلَانٌ فِي كَلَامِه: لکنت کرنا۔
العَافِط فا (والعَفِط) بہت گوز کرنے والا۔
العَافِطَة. مؤنث عافط۔ بھیڑ۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَالَه عَافِطَةٌ ولا نَافِطَه" یعنی اس کے پاس نہ بھیڑ ہے نہ بکری۔ مُراد یہ ہے کہ کچھ بھی نہیں۔
الاَعْفَط. بیوقوف۔
العَفَّاط العِفَاطِيُّ والعِفْطِيّ. ہکلا۔ لکنت والا۔
عَفَقَ (ض) عَفْقًا. الرَّجُلُ: غائب ہونا۔ بلا کسی ضرورت کے آنا جانا۔ تیز جانا۔ تھوڑا سا سونے کے بعد جاگنا پھر سونا۔ عُفَقَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا ہ عَنِ الاَمْرِ: منع کرنا العَمَلَ: کام کو ادھورا کرنا الشَّيْئَ: جمع کرنا عَلَيْهِ الصَّيْدَ: کسی کی جانب شکار کو ہانک کر لانا الرِّيحُ الشَّيْئَ: پراگندہ کرنا۔ عَفَقَ الحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔
عَفَّقَ الغنم بعضها على بعض: بکریوں کو اکٹھا کرنا۔
عَافَقَه مُعَافَقَةً و عِفَاقًا. فریب دینا۔
عَافَقَ الذِئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکریوں کے آتے جاتے میں نقصان کرنا۔
اَعْفَقَ: بلا ضرورت کے اکثر آنا جانا۔
تَعَفَّقَ بِه: پناہ لینا۔
اِعْتَفَقَ القَوْمُ بِالسُّيُوْفِ: آپس میں تلوار بازی کرنا الاَسَدُ فَرِيْسَةَ: شیر کا شکار پر مائل ہونا۔
اِنْعَفَقَ. فِيْ حَاجَتِه: جلدی کرنا۔
العَفَاقَة. دُبر۔
رَجُلٌ مِعْفَاقُ الزِّيَارَةِ: بہت ملاقات کرنے والا۔
المُنْعَفِق. پانی پر سے واپس ہونے والا۔
عَفَكَ (ض) عَفْكًا الكَلَامَ: سیدھی طرح سے بات نہ کرنا۔ بیہودہ کلام کرنا۔
عَفِكَ (س) عَفَكًا و عَفْكًا. سخت بیوقوف ہونا۔ صفت اَعْفَك و عَفِك و عَفِيْك مؤنث عَفْكَا ج عُفْك. الاَعْفَك. بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
عَفَنَ (ض) عَفْنًا و عَفَّنَ اللَّحْمَ: گوشت کو بدبودار کرنا۔ عَفَنَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
عَفِنَ (س) عَفَنًا و عُفُوْنَةً و تَعَفَّنَ الشَّيْئُ: تری کی وجہ سے خراب ہونا اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت عَفِنٌ و مَعْفُوْنٌ و مُعَفَّنٌ و مُتَعَفِّن.
العَفَنُ والعُفُوْنَة: موذی مرض جو کہ اعضاء تناسل سے شروع ہوتی ہے اور ان کو خراب کر دیتی ہے یہ مرض کثرت کے ساتھ دوسری عالمی جنگ (جنگ عظیم ثانی) کے دونوں

میں ظاہر ہوئی۔ اس وجہ سے ان امراض متعدیہ کو ختم کرنے کے لئے جراثیم مار ادویات ایجاد کی گئیں۔
اَعْفَن. الشَّئُ: بدبودار پانا۔
عَفَا يَعْفُو عَفْوًا عَنْهُ وَلَه ذَنْبَه و عَفَاعَنْ ذَنْبِه: درگزر کرنا۔ معاف کرنا۔ سزا کو چھوڑ دینا۔الله عنه: گناہوں کو معاف کرنا عَنِ الشَّئُ: رکنا۔عَنِ الحَقِّ: ساقط کرنا الشَّئَ: زیادہ کرنا۔عَلَيْهِ فِي العِلْمِ: بڑھ جانا الصُّوْفَ: اون کاٹنا۔فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کیلئے جانا۔عَفَتِ الاَرْضُ: زمین کا سبزی سے ڈھک جانا۔الشَّئُ: زیادہ اور لمبا ہونا۔ عَفَتِ الرِّيْحُ الاَثَرَ اَوِ المَنْزِلَ: مٹا دینا۔(عَفَا عَفْوًا و عَفَاً و عُفُوًا) الاَثَرُ او المَنْزِلُ: مٹنا۔ثُر فُلَانٍ: ہلاک ہونا۔ مرنا۔
عَفَا يَعْفُوْا عَفْوًا و عُفِي يَعْفِي عَفْيًا الشَّعْرَ: بالوں کو چھوڑ دینا یہاں تک کہ لمبے اور زیادہ ہو جائیں۔عَفّٰی تَعْفِيَةً بالوں کا لمبا اور زیادہ ہونا۔ عَفَتِ الرِّيْحُ المَنْزِلَ: مٹا دینا۔عَلٰى مَا كَانَ مِنْهُ: بگاڑ کے بعد درست کرنا۔ عَفَتِ العِلَّةُ صَاحِبَهَا: ہلاک کرنا۔
عَافٰى مُعَافَاةً وعِفَاءً و عَافِيَةً اللهُ فُلَانًا: صحت دینا۔ بلا اور برائی سے بچانا۔
اَعْفٰى اِعْفَاءً اللّٰهُ فُلَانًا: عافیت دینا الشَّعْرَ: بالوں کو بڑھنے کیلئے چھوڑ دینا الرَّجُلُ: بہت مال دار ہونا۔ زائد مال کو خرچ کرنا۔ مِنَ الاَمْرِ: بَری کر دینا۔زَيْدًا بِحَقِّهٖ: حق کو پورے طریقہ سے ادا کر دینا الرَّجُلَ: دینا۔المَرِيْضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا۔
تَعَفّٰى تَعَفِّيًا: مٹنا اور مضمحل ہونا۔
تَعَافٰى تَعَافِيًا: عافیت پانا۔الشَّئَ: چھوڑنا۔
اِعْتَفٰى اِعْتِفَاءً: فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کے لیے آنا۔اِعْتَفَتْ واِسْتَعْفَتْ الاِبِلُ اليَبِيْسَ: اُوپر اُوپر سے خشک گھاس کو چرنا۔اِسْتَعْفٰى الرَّجُلُ مُكَلِّفَه: استعفٰی دینا۔ معافی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْفٰى مِنَ الْخُرُوْجِ فَاَعْفَاه" یعنی فلاں نے نکلنے سے معافی مانگی اور اس نے معاف کر دیا۔
العَفَاءُ. مٹی۔ بارش۔ گھروں کی بربادی۔ ہلاکت۔ آنکھ کا پھولا۔
العِفَاءُ. زیادہ لمبے بال۔ شتر مرغ کے پر۔ اُونٹ کے بال۔
العَفْوُ. عمدہ چیز۔ فضل و معروف۔ مِنَ المَالِ: خرچ سے زائد جس کا دینا دشوار نہ ہو۔ زمین جس میں کوئی نشان نہ ہو۔
العَفَا والعَفْو والعِفْو والعُفْو. گدھے کا بچہ۔ جعِفَا و عِفْوَة.
العَفْوَةُ. دیت۔ گدھے کا مادہ بچہ۔ ج عِفْو.
العَفْوَة والعِفْوَة والعفعوة. ہانڈی کا جھاگ۔عفوة الشي: چیز کا خالص۔
عَفْوَةُ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ: عمدہ کھانا پانی۔
العِفْوَة والعُفْوَة مرد کے سر کے بال۔
العِفَاوَة. شوربے کا اچھا حصہ جو کسی معزز کو دیا جائے۔
العِفَاوَة. دیگ کا نچلا شوربہ۔
العِفَاوَة والعَفَاوَة والعُفَاوَة. ہانڈی کا جھاگ۔
العَفُوُّ. معاف کرنے والا۔ بہت معاف کرنے والا۔
العَافِي. فا۔ بخشنے والا۔ درگزر کرنے والا۔ لمبے بال والا۔ مٹنے والا جعُفِيٌّ. دیگ کا نچلا شوربہ۔ گھاس یا پانی طلب کرنے والا۔ گھاٹ پر اُترنے والا مہمان۔ ہر طالب بخشش و رزق۔ جعُفَاةٌ و عُفِيٌّ و عَافِيَة. کہا جاتا ہے "كَثُرَتْ عَلَى الكَرِيْمِ عَافِيَةٌ" کریم پر بخشش کے طلب کرنے والے بہت ہوئے۔
العَافِيَة. عافی کا مصدر یا اسم۔ کامل صحت ہر طالب رزق جعَافِيَات و عَوَافٍ.
المُعْفِي. فا۔ ساتھی جو سلوک کا طالب نہ ہو۔
عَقَّ (ن)عَقًّا الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔عَقَّتِ الرِّيْحُ المُزْنَ: بارش برسانا۔الدَّلْوُ: کنوئیں سے بھرا ہوا ڈول نکلنا۔(عُقُوْقًا و مُعَقَّةً) الوَلَدُ والِدَه: والد کی نافرمانی کرنا اور شفقت نہ کرنا اور استخفاف کرنا۔ صفت عَقٌّ و عَاقٌّ ج عَقَقَة واَعِقَّة واَعَقٌّ و عُقَّق و عُقُق.
عَقَّ (س)عَقَقًا. پھٹنا۔
عَقَّتْ (ض)عَقَقًا و عَقَاقًا و عِقَاقًا الفَرَسُ: گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوْق.
عَاقَ مُعَاقَّةُ اَبَاهُ: مخالفت کرنا۔
اَعَقَّ الكَرْمُ انگور کی بیل کی جڑوں سے شاخ نکلنا۔فُلَانٌ نافرمانی کرنا۔اَعَقَّتِ الفَرَسُ. گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت۔ عَقُوق.
اِنْعَقَّ. الوَادِي: وادی گہری ہونا۔الغُبَارُ: غبار بلند ہونا۔العُقْدَةُ: گرہ مضبوط ہونا البَرْقُ: بجلی کا بادل میں چھپ جانا (واعْتَقَّ) پھٹنا۔اِعْتَقَّ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔المُعْتَذِرُ: عذر بیان کرنے میں مبالغہ کرنا۔
العَاقّ. اسم فاعل جعَاقُّوْنَ و عَقَقَة و اَعِقَّة مؤنثعَاقَّةٌ جعَوَاقّ و عَاقَّات.
العَقّ والعَقَّة: گہرا گڑھا۔
العُقّ والعُقَاق. مِنَ المَاءِ: کڑوا پانی۔
العِقَّة. نوزائیدہ بچے کے بال جعِقَق.
العَقُوْق مِنَ الخَيْلِ: حاملہ گھوڑی۔ غیر حاملہ گھوڑی جعُقُق جعِقَاق.
العَقِيْق. سرخ مہرے۔ واحدعَقِيْقَة: وادی اور ہر پانی بہنے کی جگہ جس کو سیلاب نے وسیع کر دیا ہو جاَعِقَّة: نوزائیدہ بچے کے بال۔ عرب میں چند مقامات کے نام۔
العَقِيْقَة. نوزائیدہ بچے کے بال۔ توشہ

دان۔ نہر۔ بکری جو پیدائش کے ساتویں دن بال مونڈتے وقت ذبح کی جائے۔ تیر جس کو زمانہء جاہلیت میں سھم الاعتذار کہتے تھے۔ اور خون کے بدلے کا فیصلہ کرنے کے لیے آسمان کی طرف پھینکتے تھے۔ اگر خون میں لت پت واپس آتا تھا تو قصاص لیتے تھے اور اگر صاف آتا تھا تو دیت پر مصالحت کر لیتے تھے۔

عِقَّان الکرم او النَّخِیل: شاخیں جو انگور کی بیل یا درخت خرما کی جڑ سے نکلیں۔

عَقَب (ض ن) عَقْبًا. ایڑی مارنا۔ عَقَب القَوْس اوِ السَّهْمَ: پٹھا لپیٹنا (عَقْبًا و عُقُوبًا و عَاقِبَةً) الرَّجُلَ او مَکان الرَّجُلِ پیچھے آنا۔ جانشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَب الشَّیْبُ"، یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی۔

عُقِب عَقبًا. ایڑی میں درد ہونا۔

عقّبه. پیچھے آنا۔ پیچھے لانا۔ عقّب الصَّلوة نماز پوری کر لینے کے بعد دعا وغیرہ کیلئے بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "عَقَّبَ الشَّیْبُ"، یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی فِی الاَمْرِ: کسی چیز کے طلب کرنے کے لیے کوشش کرنا اور آمدورفت رکھنا الحاکِمُ علٰی حُکْمِ سلَفِهٖ: حاکم کا اپنے سلف کے فیصلے کے خلاف فیصلہ کرنا۔

عَلَیْهِ: بدنام کرنا اور غلطیوں کو بیان کرنا۔

عَاقَبَه مُعَاقَبَةً. پیچھے آنا۔ عَاقَبَه فِی الرَّاحِلَةِ: نوبت بنوبت سوار ہونا۔

عاقبه عِقَابًا و مُعاقَبَةً. بذَنْبِه و علٰی ذَنْبِه مواخذہ کرنا۔ سزا دینا۔ اسم العُقوبة۔

اَعقَبه. جانشین ہونا۔ اچھا بدلہ دینا۔ عرب کہتے تھے "اَعْقَبْتُ الرَّجُلَ"، یعنی بہترین بدلہ دیا اور "عاقَبْتُهٗ"، یعنی برا بدلہ دیا۔ عاقِبه اچھے بدلے کو اور عِقاب برے بدلے کو کہتے ہیں۔ اَعْقَبه فِی الرَّاحِلَةِ. نوبت بنوبت سوار ہونا۔ اَعْقَب فُلَانٌ: مرنا اور اولاد چھوڑ جانا۔ الاَمْرُ: اچھا انجام ہونا

الرَّجُلُ: برائی سے بھلائی کی طرف لوٹنا۔

اَعْقَبَتِ الاَرْضُ: زمین کا چرے جانے کے بعد پھر سرسبز ہونا۔ کہا جاتا ہے "اُعْقِبَ عِزُّهٗ ذُلًّا" یعنی اس کی عزت ذلت سے بدل گئی۔

تَعَقَّبَه. تلاش کرنا۔ نقائص تلاش کرنا۔ پیروی کرنا۔ جرم پر گرفت کرنا۔ تَعَقَّبَ عَنِ الْخَبَرِ شک کی وجہ سے خبر کو دوسری مرتبہ پوچھنا۔ تعقّب مِن اَمْرِهٖ: نادم ہونا۔

تَعَاقَبَ. الرَّجُلَان او اللَّیْلُ والنَّهَارُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ تَعَاقَبَا عَلَی الرَّاحِلَةِ: نوبت بنوبت سوار ہونا۔

القَوْمُ فِی الشَّیْءِ او الاَمْرِ: باری باری کرنا۔

تَعَاقَبُوا علی فُلَان بالضَّرْبِ کسی کو مارنے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِعْتَقَبَ البائعُ السِّلْعَةَ: قیمت پر قبضہ کرنے کے لیے سامان کو روک لینا

الرَّجُلَ: قید کرنا مِن کذا نَدَامَةً انجام میں ندامت اُٹھانا القَوْمُ عَلَیْهِ: مدد کرنا۔

استَعْقَبَه. عیوب و نقائص کو تلاش کرنا۔

العَقْب. ہر پیچھے آنے والی چیز۔

العَقْب والعقِب. ایڑی۔ بیٹا۔ پوتا۔ ج اعْقَاب. اَعْقَابُ الاُمُوْرِ: اُمور کے انجام۔ کہا جاتا ہے "جاءَ عَقِبَهٗ و بعَقِبِهٖ" جانشین ہوا "رَجَعَ علٰی عَقِبِهٖ" وہ جلدی سے اسی راستے سے واپس گیا جس سے آیا تھا "وَطِیَ عَقِبَهٗ" وہ اس کے نشان قدم پر چلا "سَافَرَ عَلٰی عَقِبِ الشَّهْرِ" اس نے مہینے کے آخر میں سفر کیا۔

العُقْب والعُقُب. انجام۔ نتیجہ۔ ج اَعْقَاب.

العَقَب. پٹھا جس سے تانت بنایا جاتا ہے۔ ج اَعْقَاب.

العُقْبَة. باری۔ بدل۔ تم کہتے ہو "تَمَّتْ عُقْبَتُكَ"، تمہاری باری پوری ہوگئی "اَخَذْتُ مِنْ اَسِیْرِی عُقْبَةً"، میں نے اپنے قیدی سے بدلہ لے لیا۔ العُقْبَةُ مِنَ الجَمَال: حسن کا اثر۔

العُقْبَةُ: کھانے کے بعد جو میٹھی چیز کھائی جائے۔ شوربے کا بقیہ حصہ جو ہانڈی والے کو دیا جائے۔ رات دن۔ اس لیے کہ یہ باری باری آتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُقْبَةُ بَنِی فُلَان" وہ بنی فلاں کا آخری ہے ج عُقَب اَبُوْ عُقْبَةَ: سور۔

العِقْبَة. حسن کا اثر۔

العَقَبَة. دشوار گزار گھاٹی۔ پہاڑی و دشوار راستہ۔ ج عِقَاب و عَقَبات.

العُقْبٰی. کام کا بدلہ۔ ہر چیز کا آخر۔ آخرت۔

العُقُوبَة والعِقَاب والمُعَاقَبَة. بدی کا بدلہ۔ سزا۔

العُقَاب. ایک قوی شکاری پرندہ ج عِقْبان واَعْقُب جج عَقَابِیْن. العُقَاب: ایک ستارے کا نام۔ حوض کی طرف پانی کی نالی۔ ٹیلہ پتھر جس پر ساقی کھڑا ہوتا ہے۔

العَقِیْب. پیرو۔ پیچھے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَقِیْبُهٗ" وہ اس کے پیچھے پیچھے آتا ہے۔

العَقُوْب. اُمورِ خیر میں پیروی کرنے والا۔ اچھا جانشین۔

العاقِب. فا۔ نائب۔ اچھا جانشین۔

العَاقِبَة. مؤنث۔ عاقب۔ نسل۔ ہر چیز کا آخر۔ اچھا بدلہ۔ ج عواقب۔

العُقْبَان. بمعنی عاقبت۔

العُقَیْب. ایک شکاری پرندہ جو چوہے اور خرگوش وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کو "مُرْزَة" بھی کہتے ہیں۔

المِعْقَب. ہانکنے میں ماہر۔ اوڑھنی۔ بالی۔

المِعْقَاب. وہ عورت جس کی عادت ہو کہ ایک بار لڑکا جنے اور دوسری مرتبہ لڑکی۔ وہ مکان جس میں خشک انگور رکھا جائے۔

المُعَاقِب. فا۔ بدلہ لینے والا۔

الْمُعَقِّبات. رات دن کے فرشتے۔ تسبیحات جو باری باری پڑھی جائیں۔

الْيَعْقُوب. نر چکور۔ ج يَعَاقِيب یا زائدہ ہے۔

الْعُقْبُول والعُقْبُولَة. سختی۔ بیماری یا عداوت کا بقیہ۔ بخار کے بعد ہونٹوں پر کی پھنسیاں ج عَقَابِيل۔

عَقَدَ (ض) عَقْدًا الحَبْلَ: گرہ لگانا۔ البَيْعَ او اليَمِينَ: بیع یا قسم کو پکا کرنا۔ الحَاسِبُ: حساب لگانا۔ ہ عَلَى الشَّيءِ: معاہدہ کرنا۔ لَهُ الشَّيءَ: ضامن ہونا۔ الخَيْطَ: دھاگے میں گرہ لگانا۔ البَنَّاءُ: معمار کا محراب بنانا۔ البِنَاءَ بِالجِصِّ: عمارت کو چونے سے مضبوط کرنا۔ الزَّهْرُ: پھول کے اجزا کا جمع ہو کر پھل بن جانا۔ العَسَلُ و نَحْوُهُ: شہد کا گاڑھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ نَاصِيَتَه" یعنی غضبناک ہوا اور برائی کیلئے تیار ہوا۔ "عَقَدَ عُنُقَهُ اِلَيْهِ" یعنی پناہ لی "عَقَدَ لَهُ الرِّئَاسَةَ فِي قَوْمِهِ" یعنی اس کو اس کی قوم میں رئیس بنا دیا "عَقَدَ لَهُ عَلَى الجَيْشِ" یعنی اس کو لشکر کا سردار بنا دیا۔

عَقِدَ (س) عَقَدًا. گرہ دار زبان والا ہونا اللِّسَانُ: زبان کا رکنا۔ صفت أَعْقَدُ و عَقِدٌ.

عَقَّدَ. البَيْتَ: محراب بنانا۔ اليَمِينَ: قسم کو پکا کرنا۔ الحَبْلَ: رسّی میں گرہ لگانے میں مبالغہ کرنا۔ الكَلَامَ: مبہم کلام کرنا (وأَعْقَدَ) الدِّبْسَ و نَحْوَهُ: شیرہ کو جوش دے کر گاڑھا کرنا۔

عَاقَدَهُ مُعَاقَدَةً. معاہدہ کرنا۔

تَعَقَّدَ. الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا۔ الرَّمْلُ: ریت کا تہ بہ تہ ہونا۔ السَّحَابُ: بادل کا محراب کے مانند ہونا۔ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ الاِخَاءُ: مضبوط ہونا۔

اِنْعَقَدَ. گرہ لگنا۔ الاَمْرُ لِفُلَانٍ: خالص ہونا۔ الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا۔ الزَّهْرُ: پھول کے اجزاء کا جمع ہو کر پھل بن جانا۔

تَعَاقَدَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنا۔

اِعْتَقَدَ. المَالَ: جمع کرنا۔ الاَمْرَ: تصدیق کرنا۔ نہایت پختہ یقین رکھنا۔ دین بنانا۔ الشَّيءُ: سخت ہونا۔ اور اسی سے ہے "اِعْتَقَدَ النَّوَى" جبکہ گٹھلی سخت ہو جائے الاِخَاءُ بَيْنَهُمَا: سچی ہونا۔ ثابت ہونا۔ باندھنا الدُّرَّ ونَحْوَهُ: موتی وغیرہ کے ہار بنانا۔

الْعَقْدُ. محراب ج اعقاد و عقود اور اعداد کے عقود دہائیوں کو کہتے ہیں جیسے دس، بیس، تیس، نوے تک۔

العِقْدُ. ہار ج عُقُوْد.

العَقِدُ والعَقَدُ. ریت کا ڈھیر واحد العَقِدَةُ والعَقَدَةُ.

العُقْدَةُ. گرہ۔ جائیداد۔ شہر کی حکومت۔ حاکموں کی بیعت مِنْ كُلِّ شَيءٍ: ہر چیز کی مضبوطی۔ اتنی مقدار جو آدمی کو کافی ہو۔ بہت درختوں والی جگہ۔ جو کسی چیز کو روک لے اور باندھ لے۔ کہا جاتا ہے "تَحَلَّلَتْ عُقْدَهُ" یعنی اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

العَاقِدُ. فا۔ ج عَقَدَة کہا جاتا ہے "جَاءَ عَاقِدًا عُنُقَه" تکبر سے گردن موڑتا ہوا آیا۔

العَاقِدَةُ مؤنث عَاقِدٌ ج عَاقِدٌ و عَاقِدَات العاقدات: جادوگرنیاں۔

العَقَدَةُ. زبان کی جڑ۔

العَقَّادُ. بہت عقد کرنے والا۔ دھاگہ اور گھنڈی کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

العِقَادَةُ. دھاگہ گھنڈی بنانے کا پیشہ۔

العَقِيدُ. معاہدہ کرنے والا مِنَ الدِّبْسِ: گاڑھا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَقِيْدُ الكَرَمِ اَوِ اللُّؤْمِ" یعنی فلاں آدمی طبعًا کریم یا لئیم ہے۔

العَقِيدَةُ. جس پر پختہ یقین کیا جائے۔ جس کو انسان اپنا دین بنائے اور اس کا اعتقاد رکھے۔ ج عقائد۔

الاَعْقَدُ. وہ شخص جس کی زبان میں گرہ ہو۔ جس میں گرہیں ہوں۔ کتا یا بھیڑیا جس کی دم مڑی ہوئی ہو۔ مؤنث عَقْدَاءُ ج عُقْد.

العُنْقُود والعِنْقَاد مِنَ العِنَبِ و نحوہ گچھا۔ ج عَنَاقِيْد.

المَعْقِدُ. گرہ بندھنے کی جگہ۔ جوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّي مَعْقِدُ الاِزَارِ" یعنی وہ مرتبہ کے لحاظ سے مجھ سے قریب ہے ج مَعَاقِد.

المَعَاقِدُ: وہ منازل جہاں بار بار لوٹ لوٹ کر آئیں۔

المِعْقَادُ. بچوں کے گلے میں ڈالنے کے لیے تعویذ وغیرہ کی لڑی۔

المُعَقِّدُ. فا۔ جادوگر۔

المُعْتَقَدُ. اعتقاد جس کا انسان اعتقاد کرے۔

عَقَرَهُ (ض) عَقْرًا. زخمی کرنا۔ ذبح کرنا۔ عَقَرَ الاِبِلَ: کونچیں کاٹنا۔ عَقَرَ بِهِ: چلنے سے روک دینا۔ بِالصَّيْدِ: شکار کے پیچھے لگنا۔

عَقَرَتْ (ض) عَقْرًا و عُقْرًا و عُقَارًا و عَقُرَتْ (ک) عُقْرًا و عَقَارَةً و عِقَارَةً و عُقِرَتْ. المرأةُ او الناقةُ: بانجھ ہونا۔ صفت العَاقِر.

عَقُرَ (ک) عُقْرًا. الاَمْرُ: بے نتیجہ ہونا۔

عَقِرَ (س) عَقَرًا. دہشت زدہ ہونا۔ متحیر ہونا۔ کانپنا۔

عَقَّرَ الاِبِلَ: اونٹ کو بہت زخمی کرنا۔

عَاقَرَ مُعَاقَرَةً. الشَّيءَ: لازم پکڑنا۔ ہمیشگی کرنا۔ الخَمْرَ: شراب پینے میں مداومت کرنا۔ ہ: گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔ ہجو کرنا۔ اونٹ ذبح کرنے میں فخر کرنا۔

اَعْقَرَهُ. دہشت زدہ کرنا۔ اَعْقَرَ اللهُ المَرْأَةَ: عورت کو بانجھ کر دینا۔

تَعَقَّرَ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا۔ شَحْمُ النَّاقَةِ: چربی کا گٹھا ہوا ہونا۔ الرَّجُلُ: جائیداد

زیادہ ہونا الغیثُ: لگاتار بارش ہونا (واعتقر وانعقر) ظَهْرُ الدَّابَّةِ مِنَ الرَّحْلِ او السَّرْجِ: کجاوہ یا زین سے جانور کی پیٹھ کا زخمی ہونا۔ اِنْعَقَرَتْ قَوَائِمُ البَعِیْرِ: کونچیں کٹ جانا۔

تَعَاقَرَ الرَّاعِیَانِ: اُونٹ کے ذبح کرنے میں مقابلہ کرنا۔

العَقْر. گھر کا درمیانی حصہ۔ محلہ۔ قوم۔ بلند عمارت۔ اُترنے کی جگہ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔

العُقْر. عورت کا مہر۔ قوم کے اُترنے کی جگہ۔ حوض کا پچھلا حصہ۔ گھر کا درمیانی حصہ۔ گھر میں عمدہ جگہ۔ بہترین گھاس۔ قصیدے کا بہتر شعر۔ محل۔ ج اَعْقَار.

بیضة العُقر: مرغی کا پہلا انڈا۔ العُقر: بانجھ (والعُقر) بڑی آگ۔

العَقْرة والعُقْرة والعَقَارة. بانجھ پن۔

العَقْرَاء. مؤنث الاَعْقر. اُونچا ٹیلہ۔

العَقَار. گھر کا سامان۔ جائیداد ہر غیر منقول چیز۔ سرخ رنگ ج عَقَارَات.

العُقَار. گھر کا سامان۔ عمدہ مال۔ بہترین گھاس۔ شراب۔

العُقَر والعُقَرة والمِعْقَر. جانوروں کو تھکا کر زخمی کرنے والا۔ اِمرأة عقرة: رحم کی بیماری والی عورت۔

العَقَّار. بہت زخمی کرنے والا۔ درخت۔ جڑی بوٹی سے علاج کرنے والا۔ دوا۔ ج عَقَاقِیْر.

العِقِّیْر. صیغہ مبالغہ۔ درخت۔

العَقُوْر. کاٹ کھانے والا جانور ج عُقُر.

العُقَرة والعَاقُوْر والمِعْقَر والمِعْقَار والمُعَقِّر. مِنَ السروج: پیٹھ کو زخمی کرنے والی زین۔

العَقِیْر. زخمی۔ دہشت زدہ ج عَقْرٰی

رَجُلٌ عَقِیْرٌ: بے اولاد مرد۔

العَقِیْرَة. زخمی شکار۔ کٹی ہوئی پنڈلی۔ گانے والے یا رونے والے یا پڑھنے والے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "رَفَعَ عَقِیْرَتَه" آواز بلند کی نَخْلَةٌ عَقِیْرَةٌ کٹے ہوئے سر کا درخت خرما۔

العَاقِر. بانجھ عورت ج عُقَّر و عَوَاقِر.

رَجُلٌ عَاقِرٌ: بے اولاد مرد ج عُقَّر.

الاَعْقَر. اُونٹ جس کے دانت ٹوٹ گئے ہوں۔ مؤنث عَقْرَاء ج عُقْر.

العُقْرٰی. جائیداد۔

المُعْقِر. بہت جائیداد والا۔

اَرْضٌ مَعْقَرة. بہت بچھوؤں والی زمین۔

العَقْرَب. بچھو۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے اور غالب تانیث ہے۔ اُمُّ عَرِیْطٍ او اُمُّ ساهِرة کنیت ہے اور کہا جاتا ہے کہ نر کو عقربان کہتے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مادہ کو عَقْرَبَة کہتے ہیں۔ ج عَقَارِب.

العَقْرَب: آسمان کے ایک برج کا نام۔

العَقَارِب: سختیاں۔ چغلیاں۔ کہا جاتا ہے دَبَّتْ عَقَارِبُه. ودَبَّتْ مِنْهُ عَقَارِبُ السِّعَايَةِ وَاِنَّه لَتَدِبُّ عَقَارِبُهٗ" یعنی وہ لوگوں کی بے آبروئی کرتا ہے۔ عَیْشٌ ذُوْ عَقَارِبَ: سختی و تنگی کی زندگی۔ عَقَارِبُ الشِّتَاءِ: ٹھنڈک کی سختی۔ عَقْرَبُ السَّاعَةِ: گھڑی کی سوئی۔

العَقْرَبَاء. مادہ بچھو۔

اَرْضٌ مُعَقْرِبَة. بہت بچھوؤں والی زمین۔

المُعَقْرَب. موڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔ گٹھا ہوا مضبوط جسم۔ کامل مددگار۔

العَقْرَطَل والعِقْرِطْل. مادہ ہاتھی۔ ہتھنی۔

عَقَشَ (ن) عَقْشًا. العُوْدَ: لکڑی کو موڑنا المالَ: جمع کرنا۔

عَقَصَ (ض) عَقْصًا. الشَّعْرَ: بالوں کی چوٹی بنانا یا گوندھنا المَرْأَةُ شَعْرَهَا: عورت کا جوڑا باندھنا۔

عَقِصَ (س) عَقَصًا. التَّیْسُ: مینڈھے کا پیچھے مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا الرَّجُلُ: بخیل ہونا۔ بد خلق ہونا۔ مڑی ہوئی اُنگلی والا ہونا۔

العَقِص. بخیل۔ بد خلق۔ جمع شدہ ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

العُقْصَة. مِنَ القَرْنِ وغَیْرِهٖ: سینگ وغیرہ کی گرہ ج عُقَص.

العِقْصَة. چوٹی ج عِقَص و عِقَاص.

العَقِیْصَة. چوٹی ج عَقَائِص و عِقَاص.

العِقَاص. موباف ج عُقُص.

الاَعْقَص. وہ شخص جس کی اُنگلیاں مڑی ہوئی ہوں۔ جس کے دو اگلے دانت اندر کو گھسے ہوئے ہوں۔ بخیل مِنَ التُّیُوْسِ مینڈھا جس کے سینگ پیچھے کو مڑے ہوئے ہوں۔ مؤنث عَقْصَاء ج عُقْص.

المِعْقَص. ٹیڑھا تیر۔ ج مَعَاقِص.

المِعْقَاص. مڑے ہوئے سینگ کی بھیڑ بکری۔

عَقْعَقَ عَقْعَقَةً الطَّائِرُ بِصَوْتِهٖ: کٹکری کرنا۔

العَقْعَق. کوّے کی شکل کا ایک پرندہ۔ کوا۔ عوام اسے قعق کہتے ہیں اور عرب اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔

عَقَفَ (ض) عَقْفًا و عَقَّفَ العُوْدَ و نَحْوَهٗ: فتعقَّفَ وانْعَقَفَ: کنارے سے موڑنا اور ٹیڑھا کرنا۔ پس مڑ جانا اور ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت اَعْقَف و مَعْقُوْف.

العَقْفَاء. مؤنث اعقف۔ لکڑی یا لوہا جس کے کنارے پر کجی ہو مڑے ہوئے سینگ کی بکری ج عُقْف (والعُقَیْفَاء) ایک گھاس ہے جس سے بکریاں مر جاتی ہیں۔

العَقُوْف. مِنْ ضُرُوْعِ البَقَرِ: گائے کا تھن کہ دوہتے وقت دودھ سیدھا نہ نکلے۔

العُقَاف. بکریوں کا ایک مرض جس سے ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں ایسی بکری کو عاقف کہتے ہیں اور اس کی جمع عَوَاقِف ہے۔

العُقَّافَه. لکڑی جس کے ایک طرف کجی ہو شَوْکَةٌ عَقِیْفَة. مڑا ہوا کانٹا۔

المَعْقُوْف. مڑا ہوا۔ وہ جانور جس کو

عُقّاف کی بیماری ہو۔ شَیْخٌ مَعْقُوْفٌ: خمیدہ کمر بڈھا۔

عَقَلَ (ن ض) عَقْلًا. الدَّواءُ بَطْنَه: دواء کا قبض کر دینا البَعِیْرَ: ٹانگ ران ملا کر رسّی سے باندھنا المَرْأَةُ شَعْرَها: بالوں میں کنگھا کرنا القَتِیْلَ: مقتول کی دیت ادا کرنا عَنْ فُلَان: کسی کی جانب سے تاوان یا دیت ادا کرنا لَهُ دَمَ فُلَان: دیت پر راضی ہو جانا اور قصاص کو چھوڑ دینا۔

عَقَلَ (ض) عَقْلًا و مَعْقُولًا الغُلامُ: لڑکا کا سمجھدار ہونا۔ دانا ہونا فُلَانٌ بَعْدَ الصَّبا غلطی کو پہچان لینا (عَقْلًا) الشَّیْئَ: سمجھنا۔ تدبر کرنا۔ صفت عاقِل۔ ج عاقِلُوْنَ و عُقَلَاءِ و عُقَّال. صفت مؤنث عاقِلَةٌ ج عاقِلاتٌ و عَواقِل.

عَقَلَ (ض) عَقْلًا و عُقُوْلًا المُصارِعُ خَصْمَهُ: ٹانگ میں پھنسا کر گرانا الوَعْلُ: بلند پہاڑ پر چڑھ جانا اور محفوظ ہو جانا۔ اِلَیْهِ: پناہ لینا۔

عَقِلَ (س) عَقَلًا البَعِیْرُ: اُونٹ کا ٹیڑھی ٹانگوں والا ہونا۔ صفت اَعْقَل مؤنث عَقْلَاء ج عُقْل.

عَقَّلَ الغُلَامُ: لڑکے کا عقل مند ہونا۔ الغُلَامَ: لڑکے کو عقل مند بنانا البَعِیْرَ: اُونٹ کی ٹانگ ران ملا کر باندھنا الرَّجُلَ عَنْ حَاجَتِه: روک دینا۔

عَاقَلَه مُعَاقَلَةً. سمجھ بوجھ میں مقابلہ کرنا۔

اَعْقَلَهُ. عقل مند پانا۔ اَعْقَلَ الرَّجُلُ: سال کی زکوٰۃ واجب ہونا۔

تَعَقَّلَ الغُلَامُ: لڑکے کا سمجھ دار ہونا۔ بتکلف عقل مند بننا۔ تَعَقَّلَهُ: منع کرنا۔ روکنا۔ تَعَقَّلَ الرَّجُلَ: پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا الرَّحْلَ اَوِ السَّرْجَ: کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا۔

تَعَاقَلَ. بتکلف عقلمند بننا۔ تَعَاقَلُوْا دَمَ القَتِیْلِ: دیت کے ادا کرنے میں شریک ہونا۔

اِعْتَقَلَ الرُّمْحَ: نیزہ کو رکاب اور پنڈلی کے درمیان رکھنا البَعِیْرَ: اُونٹ کی ٹانگ ران ملا کر باندھنا الرَّحْلَ اَوِ السَّرْجَ: کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا مِنْ دَمِ فُلَان: دیت لینا الدَّواءُ بَطْنَه: دوا کا قبض کرنا۔ الرِّجْلَ: پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا۔

اِعْتَقَلَه: روکنا۔ ٹانگ میں ٹانگ لگا کر پچھاڑنا الشَّاةَ: بکری کی ٹانگ کو اپنی ران اور پنڈلی کے درمیان دبا کر دوہنا۔

اُعْتُقِلَ لِسَانُهُ: زبان بند ہو جانا۔

العَقْل. روحانی نور جس سے غیر محسوس چیزوں کا ادراک ہوتا ہے۔ دل۔ دیت ج عُقُول.

العَقْلِيُّ. عقل کی طرف نسبت۔ جس میں حس باطنی کو دخل نہ ہو۔

العَقْلَة. زبان کی روک۔

العُقْلَة. جس سے باندھا جائے ج عُقَل.

العِقَال. رسّی جس سے اُونٹ کے زانو کو باندھا جائے۔ سر پر باندھنے کی رسّی۔

العِقَال. اُونٹ یا بکری کی ایک سال کی زکوۃ۔ کہا جاتا ہے "اَدَّیْتُ عِقَالَ سَنَةٍ" یعنی ایک سال کی زکوۃ میں نے ادا کر دی۔

عِقَالُ المِئِیْن: وہ شریف جو قید کیا جائے تو دو سو اُونٹوں کا فدیہ ادا کرے۔

العَاقِل. فا۔ سمجھدار ج عُقَلَاءِ و عَاقِلُوْنَ و عُقَّال اور عورت کو بھی عاقل کہا جاتا ہے العَاقِل پہاڑی بکرا دیت ادا کرنے والا۔ ج عَاقِلَه

العَاقِلَة. مؤنث عاقل۔ سمجھنے کی قوت۔

عَاقِلَةُ الرَّجُلِ: باپ کی طرف کے رشتہ دار۔

العَقُوْل. سمجھ دار۔ قابض دوا۔

العَقِیْل. معقول۔

العَاقُوْل. دریا کا بڑا حصہ۔ موج۔ وادی یا نہر کا موڑ۔ بے نشان زمین۔ مبہم اُمور۔ ج عَوَاقِیْل

العُقَّال. جانوروں کی ٹانگ کی بیماری۔

العَقِیْلَة. مِنَ النِّسَاءِ: شریف پردہ نشین عورت مِنَ الاِبِلِ: عمدہ قسم کے اُونٹ مِنَ القَوْمِ: سردار مِنْ کُلِّ شَیْئٍ: ہر چیز کا عمدہ حصہ۔ عقیلة البحر: موتی ج عَقَائِل.

المَعْقِل. جائے پناہ۔ اُونٹ باندھنے کی جگہ۔ بلند پہاڑ ج مَعَاقِل.

المَعْقُلَة. خون بہا۔ تاوان۔ کہا جاتا ہے "صَارَ دَمُه مَعْقُلَةً عَلٰی قَوْمِه" یعنی اس کا خون تاوان ہوگیا جس کو وہ ہر سال ادا کرتے ہیں۔ ج مَعَاقِل.

المَعْقُوْل. سمجھا ہوا۔ عقل ج معقولات۔ علم المَعْقُوْلَاتِ: وہ علم جس میں عقلی چیزوں سے بحث کی جائے۔

عُقِمَتْ (ن) عَقْمًا و عُقْمًا و عَقُمَتْ (ک) عُقْمًا و عَقِمَتْ (س) عَقَمًا و عُقِمَتْ عَقْمًا و عُقْمًا. المَرْأَةُ اَوِ الرَّحِمُ: بانجھ ہونا۔ صفت عَقِیْم. عُقِمَتْ مَفَاصِلُه: جوڑوں کا خشک ہونا۔

عَقِمَ (س) عَقَمًا. خاموش ہونا۔

عَقَمَ (ض) عَقْمًا و اَعْقَمَ و عَقَّمَ اللّٰهُ المَرْأَةَ: بانجھ کرنا۔ عَقَّمَه: خاموش کرنا۔

عَقَّمَ الشَّیْئَ: جراثیم کو مار دینا۔

عَاقَمَه مُعَاقَمَةً. جھگڑا کرنا۔ خصومت کرنا۔ گالی دینا۔

اِعْتَقَمَ اِلَیْهِ: آنا جانا فِی الاَمْرِ: دخل دینا۔

العَقْم و العَقْمَة و العِقْمَة. سرخ کپڑا۔ نقش و نگار کی ایک قسم۔

المَرْأَةُ العَقِیْم. بانجھ عورت ج عَقَائِم و عُقُم.

الرَّجُلُ العَقِیْم. بے اولاد مرد ج عُقَمَاء و عِقَام و عقمی. عقل عقیم: عقل جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

حَرْبٌ عَقِیْم: سخت لڑائی۔ کہا جاتا ہے "الدُّنْیا عَقِیْم" یعنی دنیا بے برکت ہے۔

حَرْب عَقَامٌ و عُقَام: سخت لڑائی۔ دَاءٌ عُقَامٌ: لاعلاج مرض۔ یَوْمُ عُقَامٍ: سخت

دن۔ العقام: بے اولاد۔ بد خلق۔
العقیمة. مِنَ الْاَرْحَامِ: بانجھ۔ ج عقائِم.
العُقْمِیُّ والعقمیّ مِنَ الْکَلَامِ: پوشیدہ کلام۔
العُقْمِیّ: خاندانی شرافت والا۔
المَعْقِم. ہڈیوں کا جوڑ۔ ریڑھ کی ہڈی کے مہرے ج مَعَاقِم. مَعَاقِمِ الْخَیْلِ: گھوڑے کے جوڑ۔
المَعْقُوْم. مِنَ الرِّجَالِ: بے اولاد۔
عَقَا یَعْقُوْ عَقْوًا وَاِعْتَقَی اِعْتِقَاءً. کنواں کھودنا اور ایک جانب سے سوت نکالنا۔ عَقَا العَلَم: جھنڈا بلند ہونا۔ عَقَا الْاَمْرُ: مکروہ جاننا فُلَانًا: روکنا اِعْتَقَی الرَّجُلُ: رکنا۔
عَقَاهُ و عَاقَاهُ: روکنا۔
العَقْوَة. گھر کا گرد اگرد۔ میدان۔ محلہ ج عِقَاء.
عَقِیَ یَعْقی عَقْیًا. الْاَمْر: مکروہ جاننا (وعَقَّی) الوَلَدَ: بچے کو گھٹی پلانا۔ عَقَّی الطَّائِرُ: اُڑنے میں بلند ہونا۔
اَعْقَی اِعْقَاءًا. کڑوا ہونا الشَّیْئَ: مکروہ جاننا۔
العِقی. نوزائیدہ بچے کا پاخانہ ج اَعْقَاء.
العِقْیان. خالص سونا۔
عَكَّ (ن ض) عَكًّا الیَوْمُ: سخت گرمی مع گھٹن کے ہونا۔ صفت عَكٌّ و عَكِیْكٌ.
عَكَّة الْحُمّٰی: لگاتار بخار ہونا الرَّجُلَ: حق کا ٹال مٹول کرنا عَكَّه عَنْ حَاجَته: باز رکھنا هُ بِالْحُجَّة: مغلوب کرنا هُ بِالْاَمْرِ او بِالْقَوْلِ: بار بار بات کہہ کے تھکا دینا هُ بِالسَّوْط: کوڑے سے مارنا هُ بشرٍّ: بار بار کرنا الکلامَ: وضاحت کرنا۔
عُكَّ: گرمی سے جوش مارنا الرَّجُلُ سخت بخار چڑھنا۔
عَاكَّه. عَلَیْهِ: مائل کرانا۔
العَكَّة والعِكَّة والعُكَّة والعِكَاكُ و العَكِیْك. گھٹن کے ساتھ سخت گرمی۔

العُكَّة والعكة: تیز بخار۔ گرم ریت۔
العُكَّة: گھی کا ڈبہ ج عُكَك و عِكَاك۔ اور اسی سے ہے سَمِنَ الصَّبِیُّ حَتّٰی صَارَ كَالعُكَّة بچہ موٹا ہوا یہاں تک کہ مانند ڈبے کے ہو گیا۔ لَیْلَةٌ عَكَّةٌ: سخت گرمی والی رات۔ یَوْمٌ عَكِیْكٌ: سخت گرم دن ج عِكَاك.
عَكَبَت (ن) عُكُوْبًا الْاِبِلُ: اونٹوں کا بھیڑ کرنا۔
القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ عَكَبَ الرَّجُلُ: ٹھہرنا۔
عَكِبَ (س) عَكَبًا موٹے ہونٹ اور جبڑے والا ہونا۔ پیر کی قریب قریب انگلی والا ہونا۔ صفت اَعْكَبُ مؤنث عَكْبَاء ج عُكْبٌ.
عَكَبَتِ النَّارُ: دھوئیں والی آگ ہونا۔
تَعَكَّبَتْهُ. الهُمُوْمُ: تفکرات اور غموں کا ہجوم کرنا۔
اِعْتَكَبَ الغُبَارُ: غبار اٹھنا الغُبَارَ: غبار اڑانا المَكَانُ غبار والا ہونا الْاِبِلُ: کسی جگہ میں جمع ہونا اور غبار اڑانا۔
العَكَبُ والعُكُوْبُ العَاكُوْبُ والعُكَاب. غبار۔ العُكَاب: دھواں۔ ہانڈی کی بھاپ۔
العَاكِب. فا. بھیڑ۔ انبوہ ج عُكُوْب.
الاَعْكَب والعِكَاب والعُكَب. عنکبوت بمعنی مکڑی کا اسم جمع۔
العُكُوْبُ. غبار۔ ایک قسم کی خار دار سبزی کو پکی اور کچی دونوں طرح سے کھائی جاتی ہے۔
العِكْبِر. ایک چیز جس کو شہد کی مکھی اپنے بازو وغیرہ پر لگا کر لاتی ہے اور اس کو شہد کی جگہ میں رکھتی ہے۔
عَكْبَشَة. مضبوط باندھنا۔
تَعَكْبَش. فیه الغُصْنُ: ٹہنی کے کانٹے چبھنا۔
عَكَدَ (ض) عَكْدًا و اَعْكَدَ اِلَیْهِ: پناہ

لینا۔ عکد الاَمْرُ فُلانًا: ممکن ہونا۔
عَكِدَ (س) عَكَدًا. الضَّبُّ: بجو کا موٹا ہونا۔ صفت عَكِد.
عَكِدَ به واِعْتَكَدَه لازم ہونا۔
اِسْتَعْكَدَ الضَّبُّ: بجو کا موٹا ہونا۔ الماءُ: پانی کا جمع ہونا۔
عُكْدُ الشَّیْئِ: چیز کا درمیان۔ کہا جاتا ہے عُكْدُكَ هٰذَا الْاَمْرُ یعنی فلاں امر تمہارے لئے غایت ہے۔
العُكْدَة. و مغزہ کی ہڈی قوت گوہ کا سوراخ۔
عَكَدَة. اللِّسَان: زبان کی جڑ۔
عَكَرَ (ن ض) عَكْرًا و عُكُوْرًا عَلَیْهِ: حملہ کرنا۔ پھرنا۔ مڑنا۔ مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَكَرَ عَلَیْهِ الزَّمَانُ بِخَیْرٍ" زمانہ اس پر خیر و برکت کے ساتھ مائل ہوا۔
عَكِرَ (س) عَكَرًا. الماءُ و نحوُهُ: پانی کا گدلا ہونا۔ صفت عَكِر.
عَكَّرَ واَعْكَرَ الماءَ: پانی کو گدلا کرنا۔
واَعْكَرَ اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔
اَعْكَرَ الرَّجُلُ: مرد کا دوبارہ حملہ کرنا۔
اِعْتَكَرَ. عَلَیْهِ: حملہ کرنا اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا المَطَرُ: سخت بارش ہونا۔
اِعْتَكَرَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا غبار اڑانا (و تَعَاكَرَ) القَوْمُ فِی الحَرْبِ: گھمسان کی جنگ کرنا۔
العَكَرُ. تلوار کا مورچہ مِنْ كُلِّ شَیْئٍ: تلچھٹ۔
العِكْرُ. اصل۔ جڑ۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ اِلٰی عِكْرِهِ" یعنی فلاں اپنی اصل کی طرف لوٹ گیا۔ عادت۔
العَكْرَة و المَعْكَرُ: بھاگنے کے بعد دوبارہ حملہ۔
العَكَرَة. اونٹوں کا گلہ۔ زبان کی جڑ ج عَكَر۔ اختلاط و التباس۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ عَكْرَة" یعنی وہ گڑبڑی میں پڑ گئے۔
العَكَّار. بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔

غلامٌ عکَردٌ. موٹا تازہ لڑکا۔
العِکْرِشۃ. خرگوش مادہ۔
عِکْرِمُ اللَّیْلِ: رات کی تاریکی۔ عِکْرِمَۃ معرفہ بحالت علم۔ اور العِکْرِمَۃ: کبوتری یا مادہ قمری۔
عَکَزَ (ن) عَکْزًا. الرُّمْحَ: نیزہ گاڑنا بالشَّیْءِ: راستہ پانا و تعکَّزَ) علٰی عُکَّازَتِہٖ: ڈنڈے پر سہارا لینا۔ تعکَّزَ قَوْسَہٗ: کمان کو سہارا بنانا۔
عَکِزَ (س) عَکْزًا. سکڑنا۔
عَکَزَ الرُّمْحَ: نیزے میں پھل لگانا۔
العِکْزِ. بخیل۔ بد خلق۔
العُکَّاز والعُکَّازۃ. ڈنڈا جس میں نیچے پھل لگا ہوا ہو ج عکاکِیْز و عُکَّازات۔
العکازیْل. شیر کا بچہ۔
عَکَسَ (ض) عَکْسًا الکَلَامَ و نَحْوَہٗ: کلام کو اُلٹ دینا۔ الشَّیْءَ: آخر کو اوّل کی طرف کر دینا۔ زمین کی طرف جھٹکا دے کر کھینچنا اور پٹک دینا۔ البَعِیْرَ: اُونٹ کو نکیل لگا کر رسّی کو ٹانگ سے باندھ دینا رأسَ البَعِیْرِ: اُونٹ کے سر کو موڑنا ہٗ عَنِ الْاَمْرِ: پھیر دینا۔ ہٹا دینا علٰی فُلَانٍ اَمْرَہٗ: کسی کے معاملہ کو اسی پر لوٹا دینا الطَّعَامَ: کھانے میں دودھ ملا ہوا شوربا ڈالنا۔
عَکِسَ (س) عَکَسًا. تنگ خو ہونا۔
عَاکَسَ مُعَاکَسَۃً و عِکَاسًا الکَلَامَ: کلام کو پلٹ دینا ہٗ: ایک دوسرے کی پیشانی کو پکڑنا اور عوام کے استعمال میں بمعنی مخالفت کرنا۔
تَعَکَّسَ فِیْ مَشْیِہٖ: رینگ کر چلنا۔
تعاکَسَ واعْتَکَسَ وانْعَکَسَ. پلٹ جانا۔ اِعْتَکَسَ: دودھ ملا ہوا شوربا بنانا۔
عِکَاسُ البَعِیْرِ: نکیل کی رسّی جو اُونٹ کے زانو میں باندھ دیتے ہیں۔
عَکْسُ القَضِیَّۃِ: دوسرا قضیہ معکوسہ
اَلتَّعَاکُسُ: علم ہیئت میں نقات کو معکوس کرنا۔
اَلْاِنْعِکَاسُ: شعاع ضوئی کو الٹ کرنا جیسے آئینہ کے منہ کو الٹ کرنا اور ساکن پانی کی سطح کو۔
اَلْمَعْکُوْسُ: علم حساب میں عدد کو مقلوب کرنا۔
العُکَّاس. زمکڑی۔
العَکِیْس. دودھ جو شوربے میں ملایا جاتا ہے۔ رسی جس سے اُونٹ کو روکتے ہیں۔ درخت کی شاخ جس کو زمین کے نیچے دبا دیتے ہیں کہ اس سے دوسرا درخت نکلتا ہے۔
العَکِیْسَۃُ. بہت سے اُونٹ۔ تاریک رات۔
عَکِشَ (س) عَکَشًا. الشَّعْرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا النَّبتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔
عَکَشَ (ض) عَکْشًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ صفت عَکِش. صفت مفعولی معکوش
الرجلَ: مضبوط باندھنا علَیْہِ: حملہ کرنا۔
تَعَکَّشَ الْاَمْرُ: دشوار ہونا الشَّیْءُ: سکڑنا الشَّعْرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا۔
العَکِشُ. مِنَ الشَّعْرِ: پیچیدہ اور تہ بتہ بال۔ بیکار و فضول آدمی۔ شجرۃٌ عَکِشَۃٌ: بہت زیادہ شاخ دار گنجان درخت۔
العُکَّاش والعُکَاش والعُکَّاشَۃ والعُکَاشَۃ. مکڑی یا مکڑی کا جالا۔
عَکَصَہٗ (س) عَکْصًا عَنِ حَاجَتِہٖ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔
عَکِصَ (س) عَکَصًا بدخو ہونا۔ صفت عَکِص عکصت الدَّابَّۃُ: سرکشی کرنا۔
تَعکَّص بکذا علیہ: بخل کرنا۔
رَملۃٌ عکِصَۃٌ. دشوار گزار تودۂ ریت۔
عَکَظَہٗ (ض) عَکْظًا. مغلوب کرنا۔ فخر کو رد کر دینا۔ روکنا الشَّیْءَ: رگڑنا الادِیْمَ: چمڑے کو دباغت کیلئے رگڑنا۔ عَکَظ بالشَّیْءِ: فخر کرنا۔ عَکَظَہٗ و عکَّظہٗ عَنِ حاجتہٖ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔
عَاکَظَہٗ مُعَاکَظَۃً. ٹال دینا۔
تَعَکَّظَ. عَلَیْہِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا القَوْمُ: اجتماع کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
تَعَاکَظَ. القَوْمُ: مقابلہ کرنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
العَکِظ والعَکِیْظ. چھوٹے قد والا۔
عُکَاظ. عرب کے ایک بازار کا نام تھا جس میں عرب کے قبائل جمع ہوا کرتے اور بیع و فروخت کرتے تھے اور مفاخرت کے اشعار پڑھا کرتے تھے (مذکر و مونث ہے)
عَکَفَہٗ (ن ض) عَکْفًا عَنِ الْاَمْرِ: منع کرنا ہٗ عَلَی الْاَمْرِ: کسی چیز پر روکے رکھنا۔ (عَکْفًا و عُکُوْفًا) القَوْمُ حَوْلَہٗ و بِہٖ: گرداگرد چکر لگانا۔ عکف علی الامرِ: ہمیشہ لازم رہنا (واعتکف و تعکَّف) فی المکانِ: بند رہنا۔
عکف الجوہرَ: تہ بتہ رکھنا الشَّعْرَ: بالوں کو گھنگریالا کرنا ہٗ عَنْ کذا: روکنا۔ منع کرنا۔
عَاکَفَہٗ مُعَاکَفَۃً. لازم رہنا۔
العَکِف مِنَ الشَّعْرِ: گھنگریالے بال۔
العَاکِف. فا۔ مقیم۔ ج عَاکِفُوْنَ و عُکَّفٌ و عُکُوْفٌ شعرٌ مَعْکُوْفٌ. کنگھی چوٹی کئے ہوئے بال۔
المُعکَّف. مڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔
عَکَلَ (ن ض) عَکْلًا. الشَّیْءَ: بکھرنے کے بعد اکٹھا کرنا المتاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا۔ الرَّجُلَ: پچھاڑنا البعیرَ: اُونٹ کو رسّی سے بازو اور پاؤں ملا کر باندھنا۔ عکل فی الامرِ: کوشش کرنا فُلَانٌ: مرنا (واعکل واعتکل) علیہ: مشکل و مشتبہ ہونا۔ اعتکل الرَّجُلُ: جدا ہونا۔ الثَّوْرَانِ: بیلوں کا سینگوں سے لڑنا۔
العُکْل والعِکْل. لئیم۔ کمینہ ج اَعْکَال.
العَاکِل. فا۔ بخیل۔ چھوٹے قد والا ج عُکْل.
العِکَال. اُونٹ کے زانو باندھنے کی رسی۔
المِعْکَل. چرواہے کی سوئی جس کو وہ درخت سے بنا لیتا ہے۔ ج معاکِل۔
عَکَمَ (ض) عَکْمًا. المتاعَ: سامان کی گٹھری باندھنا علیہ: حملہ کرنا الرَّجُلَ: انتظار کرنا عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا ہٗ عَنْ زِیَارَتِہٖ: ہٹانا

البعیرَ اونٹ پر باندھنا لِاَرْضِ کَذَا قصد کرنا۔
عُکِمَ عَنْہُ ہٹایا جانا۔
عَکِمَتْ. الْاِبِلُ اونٹوں کا موٹا ہونا۔
اَعْکَمَہٗ باندھنے میں مدد دینا۔ بندھوانا۔
عَاکَمَہٗ مُعَاکَمَۃً عَلٰی فُلَانٍ مدد کرنا۔
اِعْتَکَمَ الشَّیْءُ ڈھیر لگنا۔
العِکْمُ ج اعکام و عکوم. لعکامٌ ج عِکْمٌ گٹھری۔
العِکَمُ بوری۔ بنڈل۔ گٹھر۔ کنوئیں کی چرخی۔ عورتوں کے سامان رکھنے کا بیگ۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ عُکُوْمٌ عَنْ کَذَا" یعنی اس کے لئے فلاں چیز سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔
المِعْکَمُ ہر گوشت۔
تَعَکَّنَ. اَلْبَطْنُ موٹاپے کی وجہ سے سلوٹ پڑنا۔
العُکْنَۃُ پیٹ کی سلوٹ۔ ج. عُکَن و اَعْکَان و دِرْعٌ ذَاتُ عُکَنٍ وسیع و کشادہ زرہ۔
العِکَانُ گلا۔
العَکْنَاءُ مِنَ النُّوْقِ او الشَّاءِ موٹے تھن والی اونٹنی یا بکری۔
العَکْنَانُ بہت اونٹ۔ بہت شتر مرغ۔
عَکَا یَعْکُوْ عَکْوًا. ذَنَبَ الدَّابَّۃِ جانور کی دم کو اس کی جڑ کی طرف موڑنا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مَعْکُوٌّ" یعنی دم مڑا ہوا گھوڑا ہٗ فِی الحَدِیْدِ: قید کرنا اور باندھنا۔ عَکَتِ الْاِبِلُ موٹا ہونا۔ عَکَا الضَّبُّ بِذَنَبِہٖ گوہ کا اپنی دم کو موڑنا۔ الدُّخَانُ دھوئیں کا اوپر چڑھنا عَلٰی قَوْمِہٖ مائل ہونا بِاِزَارِہٖ ازار باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔
العَکْوَۃُ و العُکْوَۃُ جانور کی دم کی جڑ۔ زبان کی جڑ۔ ازار بند کی موٹی گرہ۔ ہر چیز کا بڑا حصہ۔ ہر چیز کی موٹائی۔ العکوہ بگلا۔ ج عُکًا و عِکَاءٌ.
العَکِیُّ مِنَ الْبَانِ الضَّانِ ایک دوسرے پر دودھ دوہا ہوا اور جما ہوا۔
الْاَعْکٰی سخت دم کی جڑ والا۔ موٹی پیشانی والا۔ مونث عَکْوَاءُ.
عَکِیَ یَعْکٰی عَکْیًا و عَکِیَّ واعکی مرنا۔ عَکٰی بِاِزَارِہٖ ازار بند باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا بالمکان اقامت کرنا۔ صفت عَاکٍ ج عُکَاۃٌ. اَعْکَاۃٌ مضبوط۔ باندھنا۔
عَکَی الدُّخَانُ دھوئیں کا اوپر چڑھنا۔
عَلَّ (ض) عَلًّا و عَلَلًا و تَعِلَّۃً دوسری مرتبہ پینا ہٗ دوسری مرتبہ پلانا ہٗ ضَرْبًا: لگاتار مارنا۔
عُلَّ عِلَّۃً مریض ہونا۔
عَلَّلَہٗ بار بار پلانا۔ ہٗ بِکَذَا مشغول کرنا۔ کھیل کود میں ڈالنا۔ عَلَّلَ الشَّیْءَ علت بیان کرنا۔ دلیل سے ثابت کرنا الکَلِمَۃَ کلمہ کی تعلیل کی وجہ بیان کرنا۔ تعلیل کرنا الثَّمرۃَ: بار بار پھل توڑنا۔ المَالَ بہترین انتظام کرنا ہٗ علاج کرنا۔
اَعَلَّ. الرَّجُلُ گھونٹ گھونٹ پلانا ہٗ اللّٰہُ: بیمار کرنا الکَلِمَۃَ تعلیل کرنا۔
تَعَلَّلَ حجت ظاہر کرنا بِکَذَا مشغول رہنا۔
تَعَلَّلَتْ و تَعَالَّتْ. المَرْاَۃُ مِنْ نِفَاسِھَا: نفاس سے پاک ہو جانا۔ تَعَالَّ الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّہٖ بچے کا پستان سے سارے دودھ کو چوس لینا۔
اِعْتَلَّ مریض ہونا بِالْاَمْرِ مشغول رہنا۔ عذر بیان کرنا۔ اِعتلت الریح نرم ہونا ہٗ: بہتان لگانا۔ اِعتلت الکلمۃ حرف علت والا ہونا الرَّجُلُ دوسری مرتبہ پینا عَنْہُ اس کی وجہ سے بیمار پڑنا۔
العَلُّ موٹا بڑا بکرا۔ بڑی عمر کا لاغر۔ بیماری سے سکڑے ہوئے چمڑے والا بے خیر و برکت۔ ج اَعْلَالٌ.
العَلَّۃُ بہلاوہ۔ سوکن ج عَلَّاتٌ کہا جاتا ہے ہو علات یعنی ایک مرد کے چند ماؤں کے بیٹے اور اس کے عکس کو اولادِ اخیاف کہتے ہیں۔
عَلَّ. لعلّ میں ایک لغت ہے۔
العِلَّۃُ بیماری۔ مشغول کر دینے والا واقعہ۔ اور اسی سے ہے "لَا یَعْدَمُ مَانِعٌ عِلَّۃً" اس شخص کے لئے مثال بیان کی جاتی ہے جو عذر کرتا ہے اور اپنے مافی الید کے بچانے کیلئے منع کر دیتا ہے عِلَّۃُ الشَّیْءِ سبب ج عِلَّاتٌ و عِلَلٌ جج اَعْلَال العِلَّاتُ حالات۔ مختلف احوال۔ کہا جاتا ہے "جَرٰی عَلٰی عِلَّاتِہٖ" یعنی ہر حال میں۔ یا باوجود مختلف احوال کے قبول کیا گیا۔ والعِلَّۃُ فِی العُرُوْضِ وہ تغیر جو اشعار کے عروض و ضرب میں لازمی طور پر لاحق ہو۔ سوائے نادر صورتوں کے حروف العلۃ الف، واو، یا۔
العَلَلُ دوسری مرتبہ پینا۔ کہا جاتا ہے علل بعد نہل پہلی مرتبہ پینے کے بعد دوسری مرتبہ پینا۔
العُلَالَۃُ و التَّعِلَّۃُ بہلاوہ۔ العُلَالَۃُ پہلی مرتبہ دودھ دوھنے کی مہلت کے بعد دوھا ہوا دودھ۔ بقیہ دودھ، نیزہ بازی کے بعد نیزہ بازی، دوڑ کے بعد دوڑ۔
العَلِیْلُ مریض ج اَعِلَّاءُ.
المُعَلُّ و المَعْلُوْلُ مریض۔
العَلِیْلَۃُ مونث عَلِیْلٌ عورت جو بار بار خوشبو لگائے۔ ج عَلِیْلَاتٌ و عَلَائِلُ.
الیَعْلُوْلُ سفید حوض۔ پانی کا بلبلا۔ سفید بادل تہ بتہ بادل۔ بارش کے بعد بارش۔ دو کوہان والا اونٹ۔ ج یَعَالِیْلُ یا زائدہ ہے۔
عَلَبَ (ن) عَلْبًا و عَلَّبَ الشَّیْءَ کاٹنا۔ نشان لگانا۔ خراش لگانا۔
عَلَبَ (ن) عَلْبًا و عَلِبَ (س) عَلَبًا. سخت ہونا۔ صفت عَلِبٌ.
عَلَبَ و عَلِبَ واسْتَعْلَبَ اللَّحْمُ سخت ہونے کے بعد بو کا بدل جانا۔ عَلِبَ السَّیْفُ: دندانہ دار ہونا۔
العَلْبُ مار کا نشان (والعِلْبُ والعَلِبُ) سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ سخت چیز ج عُلُوْبٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلْبٌ" سخت

ظالم آدمی۔

العُلبَة. چمڑے یا لکڑی کا بڑا برتن ج عِلاب و عُلَب۔

العِلبَة. درخت کی موٹی گرہ۔ ج عِلَب.

العِلبَاء گردن کے پہلو کا پٹھا ج عَلابِیٌ. کہا جاتا ہے "تَشَنَّجَ عِلبَائُهُ" وہ بوڑھا ہو گیا۔

عَلَثَ (ض) عَلثًا. الشَّیَٔ: جمع کرنا۔ الشَّیَٔ بالشَّیٔ: ملانا۔ کہا جاتا ہے علث البُرَّ بالشعیرِ گیہوں کو جو میں ملا دیا الزَّندُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔

عَلِثَ (س) عَلَثًا القَومُ: آپس میں سختی سے لڑنا۔

تَعَلَّثَ لَهُ الذُّنُوبَ: حیلہ کرنا۔ مکر کرنا بہ: چیز الشَّیَٔ: اچھی طرح نہ بنانا۔

اِعتَلَثَ. بغیر انتخاب کئے ہوئے لے لینا۔

العَلَث. گیہوں وغیرہ میں سے جو چیز نکال کر پھینکنے کے قابل ہو اس کو ملا دیا جائے (و العلیثة) گیہوں جو سے ملا ہوا۔

العُلاثَة. دوسری چیز سے ملائی ہوئی چیز ادھر اُدھر سے جمع کرنے والا آدمی۔

اَعلاثُ. الزَّادِ: جو بغیر انتخاب اور عادت کے کھایا جائے۔

العَلِیث. جو گیہوں کے روٹی۔

العَلِث والمُعتَلِث. جو باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہو۔ بے کار تیر۔

عَلَجَهُ (ن) عَلجًا. معالجہ میں غالب آنا۔

عَلِجَ (س) عَلَجًا. مضبوط ہونا۔

عَالَجَهُ مُعَالَجَةً و عِلاجًا. مشق کرنا المَرِیضَ: بیمار کا علاج کرنا۔

تَعَلَّجَ الرَّملُ: ریت کا اکٹھا ہونا۔

تَعَالَجَ. علاج کرنا القَومُ: آپس میں جنگ کرنا۔

اِعتَلَجَ القَومُ: لڑائی کرنا۔ کشتی کرنا۔

اِعتَلَجَتِ الوَحشُ: ایک دوسرے کو مارنا الاَرضُ: لمبے لمبے سبزہ والی ہونا الاَمواجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا اور اسی سے ہے اعتلجتِ الهُمُومُ فی صَدرِہ: غم اس کے سینہ میں موج مارنے لگے الرَّملُ: ریت کا جمع ہونا۔

اِستَعلَجَ جِلدُہٗ کھال کا موٹا ہونا۔ فُلانٌ: داڑھی نکلنا۔

العِلج. گدھا۔ جنگلی گدھا۔ گورخر۔ موٹا قوی عجمی کافر۔ اور بعض مطلقاً کافر پر اطلاق کرتے ہیں۔ ج عُلُوج و اَعلاج و عِلَجَة.

رَجُلٌ عَلِجٌ و عِلجٌ و عُلَج و عُلَّجٌ مضبوط کاموں کا کرنے والا امرد۔

العِلاج. دواء۔ مشق۔ دفاع۔

العَلَج. چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔

العُلُوج. پیغام۔ پیغامبر۔

العُلجان. کانٹے دار درخت۔

العَلجَم. لمبا اونٹ یا گدھا۔ بہت پانی کا تالاب۔

العُلجُم و العُلجُوم. بہت سیاہ۔

العُلجُوم. بہت کھجوروں والا باغ۔ سمندر کی موج۔ رات کی تاریکی۔ نر مینڈک۔ مینڈھا۔ پہاڑی بکرا۔ بوڑھا بیل۔ ایک سفید پرندہ۔ نر بطخ۔ نر شتر مرغ۔ بہت پانی۔ جھاڑی۔ لوگوں کی جماعت۔ ج عَلاجِیم.

عَلِدَ عَلَدًا سخت و مضبوط ہونا۔ صفت عَلِد.

العِلد. گردن کا پٹھا۔ ج عِلاد.

العَلَندَی و العِلندی مِن کُلِّ شَیٍٔ: سخت و موٹا ج عَلانِد و عَلادَی.

العَلَندَد. مِن کُلِّ شَیٍٔ: سخت و موٹا۔

العَلَندَس. بہت سخت۔ العلندسة مونث

العِلدَمی. پیٹو۔ بندہ شکم۔

عَلِزَ (س) عَلَزًا و عَلَزَانًا. بے چین ہونا۔ صفت عَلِز. عَلِزَ اِلَی الشَّیٔ: مائل ہونا۔ مشتاق ہونا فلاں کذا: بہ تکلف مریض بننا۔

اَعلَزَہٗ. عاجز کرنا الوَجعُ: بے چین کر دینا۔

عَلَسَ (ض) عَلسًا الماءَ: پینا الاِبلُ: اونٹ کا کھانے کے لئے کچھ نہ پانا۔

عَلِسَ. الدَّاءُ: مرض کا سخت ہونا الرَّجُلُ: شور مچانا۔ کہا جاتا ہے "ما عَلَسُوہُ تَعلِیسًا" انہوں نے اسے کچھ نہیں کھلایا۔

العَلس و العُلاس و العَلُوس. خوراک کھانا۔

العَلَس. گیہوں کی ایک قسم۔ مسور۔ ایک قسم کی چیونٹی۔ چچڑی۔

المُعَلَّس. تجربہ کیا ہوا۔

العِلَّوش. گیدڑ۔ بھیڑیا۔

عَلَّصَتِ التُّخمَةُ فِی مِعدَتِه: بدہضمی کی وجہ سے معدہ میں درد ہونا۔

عَالَصَه عِلاصًا. ایک دوسرے کو مارنا۔

اِعتَلَصَ مِنهُ شَیئًا: تھوڑا سا لینا۔

العُلصَة. تھوڑا سا۔

العِلَّوص. بدہضمی اور یہ لفظ صفت بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلَّوصٌ" بدہضمی والا امرد۔

عَلَصَہ (ض) عَلصًا. الوَتَدَ و نَحوَہ: کھونٹ کو اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔

عَلَطَ (ن ض) عَلطًا و عَلَّطَ النَّاقَةَ: اونٹنی پر داغ لگانا بِشَرٍّ: بدگوئی کرنا۔ عَلَطَ البَعِیرَ: اونٹ کی گردن سے پٹہ کو نکال دینا۔

تَعَلَّطَ. القَوسَ: تانت چڑھانا۔

اِعتَلَطَ. الرَّجُلُ وبہ: جھگڑا کرنا۔

اِعلَوَّطَ. البَعِیرَ: اونٹ کی گردن سے لٹک کر سوار ہونا الاَمرَ: بلا سوچے سمجھے داخل ہونا۔

العُلُط مِنَ النُّوق: بے نشان و بے مہار اونٹنی ج اَعلاط. اَعلاط الکَواکِب: بے نام کے ستارے۔

العُلطَة. گردن کا پٹہ۔ ج عُلَط.

العِلاط. گردن کا پہلو۔ آفتاب کی شعاع۔ لڑائی و جھگڑا۔ اونٹ کی گردن کی رسی ج اَعلِطَة و عُلُط (والاعالیط) اونٹ کی گردن کا نشان۔

عَلَفَ (ض) عَلفًا و عَلَّفَ واَعلَفَ. الدَّابَّةَ: جانور کو چارہ دینا۔ عَلَفَ الرَّجُلُ: بہت پینا۔

اَعلَفَ وعَلَّفَ الطَّلحُ: پھلی نکلنا۔

تَعَلَّفَ. چارہ ڈھونڈنا۔

اِعْتَلَفَتِ الدَّابَّةُ: چارہ کھانا۔
اِسْتَعْلَفَتِ الدَّابَّةُ: ہنہنا کر چارہ مانگنا۔
العِلْف. بہت کھانے والا۔
العَلِيْف. چارہ ہی کھانے والا۔ج عَلَائِف.
المَعْلُوْفَة. چارہ ہی کھانے والا۔
العَلَف. چارہ ج عُلُوْفَة وَاَعْلَاف وعِلَاف.
العَلَّاف. چارہ بیچنے والا ج عَلَّافَة.
العَلِيْفَة. چارہ ہی کھانے والا جانور ج عَلَائِف.
العَلُوْفَة. چارہ ہی کھانے والا جانور (واحد و جمع) العَلُوْفَة: چارہ ج عُلُف.
المُعْلَف والمِعْلَف. تھان۔ چارہ کھانے کی جگہ ج مَعَالِف.
عُلُف. ببول کی پھلی۔
عَلْفَطَ الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ: ملانا۔
عَلَقَ(ن) عَلْقًا و عُلُوْقًا البَعِيْرُ و نَحْوُهُ النَّبَاتَ و مِنَ النَّبَاتِ: اوپر اوپر سے چرنا الصَّبِيُّ: انگلیاں چوسنا۔ (عَلْقًا) الرَّجُلَ: گالی دینا ہٗ بِلِسَانِهٖ: بدگوئی کر کے تکلیف پہنچانا۔
عَلِقَتْ(س) عُلُوْقًا المَرْاَةُ وَكُلُّ اُنْثٰی بِالْوَلَدِ. حاملہ ہونا الوَحْشُ بِالْحِبَالَةِ: وحشی جانور کا جال میں پھنس جانا الدَّابَّةُ: جانور کا پانی پینا اور جونک کا چمٹ جانا الشَّوْكُ بِالثَّوْبِ: کپڑے میں کانٹے کا لگ جانا (عَلَقًا) الْاِبِلُ فِی الْوَادِی. چرنے کے لئے جانا۔
عَلِقَ(س) عُلُوْقًا و عِلْقًا و عَلَقًا و عَلَاقَةً فُلَانًا و عَلِقَ بِهٖ: محبت کرنا۔ حُبُّهٗ بِقَلْبِهٖ: محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَلِقَ مِنْهُ كُلَّ مَعْلَقٍ" یعنی اس سے اس نے محبت کی اور محبت دل کے پردے میں داخل ہو گئی۔ عَلِقَ دَمَ فُلَانٍ: قتل کرنا۔ ہر وہ چیز جو اپنے موقع میں واقع ہو اس کیلئے عَلِقَ مَعَالِيْقَهٗ بولتے ہیں (عِلْقًا) اَمْرَهٗ: جاننا۔ عَلِقَ يَفْعَلُ كَذَا: کرنے لگا۔
عُلِقَ الرَّجُلُ: گلے میں جونک لگایا جانا۔ جس کو لگایا جائے اس کو مَعْلُوْق کہتے ہیں۔
عَلَّقَ الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ و عَلَيْهِ و مِنْهُ: لٹکانا الْاَمْرَ: چمٹ جانا البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ بَابًا عَلٰی دَارِهٖ: دروازہ لگانا۔
عُلْقَةٌ. دل کا مائل ہونا۔
اَعْلَقَ الرَّجُلُ: جونک لگانا القَوْسَ: کمان کو لٹکانے کے لئے علاقہ بنانا الصَّائِدُ: شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا ظُفْرَهٗ بِالشَّيْئِ: ناخن چبھو دینا الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ: لٹکا دینا۔
تَعَلَّقَ الشَّيْئُ: لٹکانا الشَّوْكُ بِالثَّوْبِ: کانٹے کا کپڑے سے اُلجھنا الصَّيْدُ بِالْحِبَالَةِ شکار کا جال میں پھنسنا (واعْتَلَقَ) فُلَانًا و بِهٖ: محبت کرنا۔
العَلَقُ. س۔ اور کہا جاتا ہے "فِیْ ثَوْبِهٖ عَلَقٌ" یعنی اس کے کپڑے میں کسی چیز کے اُلجھنے سے پھٹن ہے (والعِلْقُ) ہر چیز کا نفیس۔ تھیلا۔ ج اَعْلَاق و عُلُوْق. کہا جاتا ہے "هُوَ عِلْقُ عِلْمٍ" یعنی وہ علم کا شائق ہے۔
العَلَقُ. س۔ خون۔ ہاتھ سے چمٹنے والی مٹی لٹکائی ہوئی چیز۔ درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ جونک۔ واحد عَلَقَة.
العِلْقَة. لٹکانے کی نوعیت۔ بغیر آستینوں کے قمیص۔ بہترین کپڑا۔
العُلْقَة. درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاوٴ کے طور پر کھائیں۔ تھوڑی سی چیز۔ تعلق ج عُلَق. کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ هٰذَا الْمَالِ عُلْقَةٌ" یعنی مجھ کو اس مال سے تعلق ہے "لَمْ يَبْقَ عِنْدَهٗ عُلْقَةٌ" اس کے پاس کچھ بھی باقی نہیں رہا۔
العُلَقُ. موت۔ جماعت کثیرہ۔ اشغال۔
العَلَاق. درخت کا وہ حصہ جس کو جانور پا سکے ؛ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاوے کے طور پر کھائیں۔
العَلَاقَةُ. س۔ دوستی۔ دشمنی۔ موت۔ گزر بسر کا ذریعہ جس کا انسان سے تعلق ہو جیسے مال زوجہ اولاد۔ تعلق۔ محبت۔ ج عَلَائِق. کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ عَلَاقَةٌ" یعنی مجھ کو اس معاملہ سے تعلق ہے۔
العِلَاقَة. ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز۔ ج عَلَائِق.
العَلُوْق. مصیبت۔ موت۔ ہر وہ جس کا انسان سے تعلق ہو۔ بہت چمٹنے والا۔ دائی پلائی۔
العَوْلَق. بھوت۔ چھلاوہ۔ کتیا۔ بھیڑیا۔ بھوک۔ دُم۔
العَلِيْق. جانوروں کا چارہ جیسے جو وغیرہ۔
العُلَّيْق والعُلَّيْقٰی. ایک قسم کی گھاس جو درخت پر لپٹتی ہے اور اس کا پھل توت کے مانند ہوتا ہے۔
التَّعْلِيْقَة. کتاب کا حاشیہ۔ ج تَعَالِيْق.
المُعَلَّقَة. مونث معلق. وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو گیا ہو اور کچھ پتہ نہ چلتا۔
المُعَلَّقَات. زمانہء جاہلیت کے سات قصائد ہیں جن کو کعبہ میں آویزاں کیا گیا تھا اسی وجہ سے ان کو معلقات کہتے ہیں۔
المِعْلَق. پیالہ جس کو سوار اپنے ساتھ لٹکائے رہتا ہے۔
المِعْلَاق. زبان۔ ہر وہ چیز جس سے لٹکایا جائے۔ ج مَعَالِيْق. وَرَجُلٌ مِعْلَاقٌ: جھگڑالو۔
عوام کے نزدیک (مِعْلَاق) کا اطلاق ذبیحہ کے پھیپھڑے ؛ جگر ؛ دل پر ہوتا ہے اور فصیح (سَحَارَة) ہے۔
عَلْقَمَ الشَّيْئُ: کڑوا ہونا الطَّعَامَ: کھانے میں کڑوی چیز ڈالنا۔
العَلْقَم. اندرائن۔ حنظل۔ ہر کڑوی چیز۔
عَلَكَ(ن ض) عَلْكًا. العِلْكَ و نَحْوَهٗ: چبانا نَابَيْهِ: دانت پیسنا۔
عَلَّكَ الجِلْدَ: کھال کی اچھی طرح سے دباغت کرنا يَدَيْهِ عَلٰی مَالِهٖ: بخل کی وجہ سے ہاتھ روک لینا۔
العِلْكَ ہر گوند جو چبایا جائے۔ ج عُلُوْك و اَعْلَاك. ایک ٹکڑے کو العِلْكَة کہتے ہیں۔

اَلْعَلِكَةُ. وہ زمین جو پانی کے قریب ہو۔
اَلْعَلِكُ. لیس دار چیز جو ہاتھوں سے چمٹ جائے۔
اَلْعُلَاكُ و اَلْعَلَاكُ. جو چیز چبائی جائے۔
اَلْعَلَّاكُ. بہت چبانے والا۔ گوند بیچنے والا۔
عَلَمَهٗ (ن ض) عَلْمًا. نشان لگانا۔ عَلَمَ الشَّفَةَ: ہونٹ چیرنا۔
عَلِمَ (س) عِلْمًا الرَّجُلُ: حقیقت علم کو پالینا۔ الشَّيْءَ: پہچاننا۔ یقین کرنا الشَّيْءَ و بِهٖ: جاننا۔ ادراک کرنا الْاَمْرَ: مضبوط کرنا۔
عَلِمَ (س) عَلَمًا اوپر کا ہونٹ پھٹنا۔ صفت اَعْلَم. عَلَّمَه تَعْلِيْمًا و عِلَّامًا الصَّنْعَةَ وَغَيْرَهَا: سکھلانا۔ عَلَّمَ لَهٗ عَلَامَةً: پہچاننے کے لئے علامت مقرر کرنا۔
اَعْلَمَهُ الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ: جتا دینا۔ اطلاع دینا۔ اَعْلَمَ الْفَرَسَ: لڑائی میں رنگے ہوئے اون کا نشان۔ گھوڑے پر لگانا الثَّوْبَ: کپڑے پر نشان بنانا۔ نقش و نگار کرنا نَفْسَهٗ: لڑائی کی علامت لگانا عَلٰى كَذَا مِنَ الْكِتَابِ وَغَيْرِهٖ: علامت لگانا۔
عَالَمَهٗ. علم میں غلبہ کرنا۔
تَعَلَّمَ. سیکھنا الْاَمْرَ: مضبوط کرنا۔ اور تَعَلَّمْ صیغہ امر اِعْلَمْ کے معنی میں ہے۔
اِعْتَلَمَ. الْمَاءُ: پانی بہنا الشَّيْءَ: جاننا الْبَرْقَ: پہاڑ میں بجلی کا چمکنا۔
تَعَالَمَ الْقَوْمُ الشَّيْءَ: جاننا۔
اِسْتَعْلَمَهُ الْخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔
اَلْعَلَمُ. کپڑے کا نقش۔ جھنڈا۔ قوم کا سردار۔ ج اَعْلَام. اَلْعَلَمُ: راستہ کا نشان۔ اونچا پہاڑ۔ علامت نشان۔ منارہ ج اعلام و عِلَام.
اَلْعِلْمُ. مص۔ حقیقت شی کا ادراک۔ یقین و معرفت ج عُلُوم.
عَلَامَ. عَلٰى حرف جر اور ما استفہامیہ سے مرکب ہے اور الف حذف کر دیا گیا ہے۔
اَلْعَلَامَةُ. نشان۔ راستہ کا نشان۔ ج عَلَام و عَلَامَات.
اَلْعَالَمُ. ساری مخلوق۔ ماسوی اللہ۔ ج عَوَالِم و عَالَمُوْنَ و عَلَالِم.
اَلْعَالِمُ. فا۔ ج عُلَّام و عَالِمُوْنَ (و الْعَلِيْمُ) موصوف بالعلم ج عُلَمَاء.
اَلْعَلَّامُ و الْعُلَّامُ و الْعَلَّامَةُ و التِّعْلَامَةُ مبالغہ کے صیغے۔ بہت زیادہ جاننے والا۔
اَلْعُلَامُ و الْعُلَّامُ. شکرہ۔ باز۔
اَلْعُلَامِيُّ. سبک روح۔ تیز فہم۔
اَلْعَلَمُ. مص۔ عالم۔
اَلْعِلْمُ التَّعْلِيْمِيُّ: علم ریاضی (حساب) علم موسیقی، عِلْمُ التَّنْجِيْمِ: ستاروں کے آنے جانے کا علم جس کے ذریعے بقول اصحاب علم النجوم وہ لوگوں کو مستقبل کی معلومات، فوائد اور نقصانات سے آگاہ کرتے ہیں۔ اَلْعِلْمُ الْعَمَلِيُّ: قواعد کے مطابق فنون کو تجربہ گاہ میں استعمال کرنا۔ عِلْمُ الْفَلَكِ اجرام فلکی کے مواقع کے بارے میں، ان کے مادہ، مسافت اور ان کے دورانیے کے متعلق بحث کرنا۔ اَلْعِلْمُ النَّظَرِيُّ: علم عملی کا صدیقی نظریات قائم کرنا بغیر عمل کے۔ اَلْعِلْمُ اللَّدُنِّيُّ وہ علم جو اللہ تعالیٰ سے بذریعہ وحی سیکھا جائے۔
اَلْعُلُوْمُ الْمُدَوَّنَةُ وہ علوم جن کو کتابوں میں تحریر کر دیا گیا ہے۔
اَلْعُلُوْمُ الْمُتَعَارِفَةُ وہ ابتدائی معلوم معلومات جن کو علوم مرونہ میں پیش کیا گیا۔
اَلْعُلُوْمُ الْآلِيَّةُ وہ علوم جن کے ذریعے دوسرے علوم حاصل ہوں جیسے منطق۔
اَلْعُلُوْمُ الْعَرَبِيَّةُ وہ علوم جو عربی زبان کو سمجھنے میں مدد دیں جیسے صرف، نحو، معانی اور بیان۔
اَلْعُلُوْمُ الشَّرْعِيَّةُ وہ علوم جن میں شرعی احکام ذکر کیے جاتے ہیں خواہ عملی یا اعتقادی جیسے علم الکلام و علم الفقہ۔
اَلْعُلُوْمُ الْحَقِيْقِيَّةُ وہ علوم جو کہ شریعت کے بدلنے کے ساتھ نہیں بدلتے۔ جیسے علم کلام و منطق۔
اَلْعُلُوْمُ الْاِلٰهِيَّةُ وہ علوم جن میں اللہ تعالیٰ کے وجود اور صفات کے متعلق بحث کی جائے۔
عِلْمُ النَّفْسِ. سیکولوجیا۔
عِلْمُ طَبَقَاتِ الْاَرْضِ جولجوجیا۔
عِلْمُ الْحَيَاةِ بیولوجیا۔
عِلْمُ الْاِجْتِمَاعِ علم سوسیولوجیا۔
عِلْمُ وَظَائِفِ الْبَدَنِ فیزیولوجیا۔
عِلْمُ اَعْضَاءِ الْبَدَنِ سورفولجیا۔
اَلْاَعْلَمُ. اسم تفضیل۔ وہ شخص جس کے اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو۔ مونث عَلْمَاءُ ج عُلْم
اَلْعَلْمَاءُ زرہ۔
اَلْاُعْلُوْمَةُ. علامت۔ ج اَعَالِيْم.
اَلْعُلْمَةُ و الْعَلَمَةُ. اوپر کے ہونٹ میں پھٹن۔
اَلْعَيْلَمُ. سمندر۔ بہت پانی کا کنواں۔ مینڈک موٹا۔ نازک بدن (و الْعَيْلَامُ) نر بجو ج عَيَالِم و عَيَالِيْم.
اَلْمَعْلَمُ. راستہ کی نشانی۔ معلمُ الشَّيْءِ: چیز کے پائے جانے کی جگہ۔ ج معالم. کہا جاتا ہے "خَفِيَتْ مَعَالِمُ الطَّرِيْقِ: راستہ کی نشانیاں مخفی ہو گئیں۔
اَلْمَعْلُوْمِيَّةُ. معلوم کی طرف نسبت۔
اَلْعِلْمَادُ و الْعِلْمَادَةُ: جس پر دھاگے کا گولہ بنایا جائے۔ ج عَلَامِدَة و عَلَامِيْد.
عَلَنَ (ن ض) و عَلُنَ (ک) و عَلِنَ (س) عَلَنًا و عَلَانِيَةً و عُلُوْنًا و اِعْتَلَنَ و اِسْتَعْلَنَ الْاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ صفت عَالِنٌ و عَلِنٌ و عِلِّيْنٌ.
عَالَنَ مُعَالَنَةً و عِلَانًا الْعَدَاوَةَ و بِالْعَدَاوَةِ: کھلم کھلا دشمنی کرنا۔
عَالَنَهٗ وَ اَعْلَنَهُ الْاَمْرَ و بالامر و عَلَّنَهٗ اِلَيْهِ: ظاہر کرنا۔
اِسْتَعْلَنَ. الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ: ظاہر کرنے کے درپے ہونا۔
اَلْعَلَانِيَةُ. مص۔ کھلم کھلا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَلَانِيَةٌ" یعنی اس کا امر ظاہر ہے۔ ج عَلَانُوْنَ.
اَلْعَلَانِيُّ. وہ شخص جس کا معاملہ ظاہر ہو۔ ج عَلَانِيُّوْنَ.
اَلْعُلَنَةُ جو شخص اپنے راز کو پوشیدہ نہ رکھے۔

علِه (س) علهًا منہمک ہونا۔ متحیر ہونا۔ دہشت زدہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ قابل ملامت ہونا۔ گھبراہٹ سے آنا جانا۔ بدفطرت ہونا۔ صفت مذکر علهان ج عِلاه صفت مونث علهی ج عِلاهی۔

العِلْه وہ شخص جس کا نفس شرارت پسند ہو۔ وہ شخص جو متحیر ہو کر آئے جائے۔

العاله شتر مرغ۔ عورت جو ایک راستہ پر نہ چلے۔ مختلف قسم کے ارادے کرے۔

العَلَه مس۔ برائی۔ غم۔

عَلا يَعْلُوْ عُلُوًّا و عَلِي يَعْلى عَلاءً واعتلى الشيُ او النهار: بلند ہونا۔ علا الرَّجلَ: غالب ہونا۔ہ بالسَّيف: تلوار سے مارنا۔ المكانَ و به چڑھنا۔ الدَّابةَ: جانور پر سوار ہونا۔ عَلا فِي الارض: تکبر کرنا۔ عَلابه: بلند کرنا۔ الامرَ ولِيَه: طاقت رکھنا۔ صفت عَالٍ بالامر: مستقل ہونا۔ قرنه: ہمسر پر غالب آنا۔ عَلَت العَيْن عن فُلان: کسی سے نگاہ کا ناموافق ہونا۔ عَلاو عَلِي فِي المكارم درجہ میں بلند ہونا۔ اِعتلى الشئ: قوی ہونا۔ غالب ہونا۔

عَلّى واعلى الشئ: چڑھنا۔

عَلّى واعلى وعالى الشئ: بلند کرنا۔

عَلّى الكتاب عنوان لکھنا۔ علی واعلی المتاعَ عن الدابة اتارنا۔ علّى اللهُ فُلانًا: اللہ کا کسی کو بلند کرنا اور عالی مرتبہ بنانا۔

عَالي الشئ و به: چڑھنا۔ کہا جاتا ہے عَالِ عَنِّي یعنی مجھ سے دور ہو۔

تعلى الرَّجلُ: آہستہ آہستہ چڑھنا۔ تعَلّت المرأةُ من مرضها: صحت پانا۔

تعالى بلند ہونا۔ تعالتِ المرأةُ من مرضها: صحت پانا۔ تعالَ آجا۔ (فعل امر)

اِسْتعْلى النهارَ: بلند ہونا۔ غالب ہونا (واعلولى) الشیئ: چڑھنا۔

عَلُ اسم ہے بمعنی فوق۔ جب معرفہ ہو تو مبنی علی الضم اور نکرہ کی صورت "مِنْ عَلُ" میں "مِنْ عَلٍ" کہا جاتا ہے اور "اتيتهُ مِنْ عَلا" بھی کہا جاتا ہے۔

العَلا والعُلى بلندی۔ شرافت۔

العُلى والعلاية بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عِلْيُ القوم" یعنی وہ لوگ قوم کے سردار ہیں۔

علْوُ الشئ و عُلوَةُ و عِلوَةُ و عُلاوتُهُ: بلندی۔ کہا جاتا ہے "اخذه علوًا" یعنی اس نے اس کو زبردستی لے لیا۔

العِلاوة من كُلِّ شئي ہر چیز میں سے زیادہ بوجھ لادنے کے بعد جو لٹکا دیا جائے۔ سر یا گردن کا اوپر کا حصہ ج عَلاوِیٰ و علاویٰ۔ کہا جاتا ہے "اعطيتك الف دينار و دينارًا علاوة" میں نے تجھ کو ہزار دینار دیے اور ایک دینار زائد دیا۔

العَلاة نہائی۔ بلند اونٹنی ج علوات و علا۔

العليُّ اللہ تعالی کے اسمائے حسنی میں سے ایک نام۔ بلند۔ شریف۔ سخت ج عليون و علیه۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عِلْيةُ القوم" یعنی وہ قوم کے سردار اور اشراف ہیں۔

العليُ بلندی۔

العلوی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جانب نسبت۔ ج علویہ۔

العُلّية والعِلّية بالاخانہ ج علالی۔ کہا جاتا ہے "هو من عُليّة قومه و عِلّيتهم و عليهم و عُليّهم" یعنی وہ اپنی قوم میں صاحب رفعت و شرف ہے۔

العالي فا رجلٌ عالي الكعب یعنی شریف۔ کہا جاتا ہے "اتيتهُ من عالٍ" یعنی میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔

العالية مونث عالی۔ نیزے کا اوپر کا حصہ یا نیزے کا نصف اعلی ج عاليات و عوالي۔ العوالي نیزے۔ العوالي مدینہ طیبہ کے اردگرد کے گاؤں اور ان کی طرف جب نسبت کرتے ہیں تو عالي و عُلوِيّ کہتے ہیں۔

عالية الشئ: چیز کا بلند حصہ۔ عالية الوادي وادی کا وہ حصہ جہاں سے پانی گرے۔

الاعلى اسم تفضیل زیادہ بلند۔ کہا جاتا ہے "هو اعلى بهم عينا" یعنی وہ لوگوں کے احوال و کوائف کا زیادہ دیکھ بھال کرنے والا ہے مونث عُليا ج عُلى۔

المُعتلى شیر۔

العُليا والعلياء ہر بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے شفة عُلياء و علياء العليا: پہاڑ کی چوٹی۔ آسمان۔

العليّون اعلی جنت کا نام اور یہ جمع علی کی ہے وہ لوگ جو شہر کے بلند حصوں میں رہیں۔ اور توانگر اور اہل شرافت کو "اهل عليين" کہتے ہیں۔ پست درجے کے لوگوں کو "سفليون"۔

العِليان والعَليان موٹا لمبا۔ کہا جاتا ہے "رجل عليان و امرأة عليان" نر بجو۔

العِليان والعلّيان بلند آواز۔

العُليان کتاب کا عنوان۔

المَعلاة شرف و بلندی ج معال۔

المُعلّى جوئے کا ساتواں تیر۔

الحروف المستعلية خ۔ ص ض ط ظ غ ق۔

علون علونة و علوانا الكتاب: خط پر پتہ لکھنا۔

علوان الكتاب: سرنامہ۔

علي يعلى عليا و عُليا السطح: چڑھنا۔

العلي والعِلي والعُليا والعلياء والعِليان والعُليان والعلاية والعلية والعلى والعلي مادہ علی و میں ذکر ہو چکا۔

على حروف جر میں سے ہے۔ مندرجہ ذیل معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استعلاء: جیسے حمل علی الدابة (جانور پر لادا گیا)

(۲) مصاحبت: جیسے بذل المال على الفقر (مال کو باوجود فقر کے خرچ کیا۔)

(۳) مجاوزہ: بمعنی عن جیسے رضي عليه ای رضي عنه یعنی وہ اس سے راضی ہوا۔

(٤) تعلیل: جیسے عَلَامَ تَضْرِبُنِیْ (کس وجہ سے تم مجھ کو مار رہے ہو۔)

(٥) ظرفیت: جیسے دَخَلَ الْمَدِیْنَةَ عَلٰی حِیْنِ غَفْلَةٍ (شہر میں غفلت کے وقت میں داخل ہوا۔)

(٦) موافقت باء: جیسے اِرْكَبْ عَلٰی اِسْمِ اللہِ (اللہ کے نام سے سوار ہو۔)

(٧) استدراك جیسے عَلٰی اَنَّ قُرْبَ الدَّارِ خَيْرٌ مِنَ الْبُعْدِ (لیکن گھر کا قُرب دُوری سے بہتر ہے۔)

(٨) اور کبھی فوق کے معنی میں اسم ہو کر مستعمل ہے اور یہ اس وقت جبکہ مِن کے بعد ہو جیسے اَقَامَ مِنْ عَلٰی جَنَاحِ الْهَيْكَلِ (وہ ہیکل کے بازو پر کھڑا ہوا) اور کہا جاتا ہے عَلَيَّ كَذَا و بِكَذَا یعنی مجھ کو اتنا دو۔ عَلَيْكَ زَيْدًا یعنی زید کے ساتھ لازم رہو عَلَيْكَ بِكَذَا یعنی فلاں چیز کے ساتھ تمسک کرو۔ اور یہ اس صورت میں اسم فعل ہوتا ہے۔

عَمَّ (ن) عُمُوْمًا الشَّيْءُ عام ہونا الْمَطَرُ الْاَرْضَ: بارش کا ساری زمین کو عام ہونا (عَمًّا) الْقَوْمَ بِالْعَطِيَّةِ: سب کو شامل کرنا (عمومة) چچا ہونا۔

عُمَّ رَأْسُهٗ عَمًّا و عُمِّمَ پگڑی لپیٹا جانا۔

عُمِّمَ الرَّجُلُ: سردار بنایا جانا۔

اَعَمَّ: معزز چچوں والا ہونا۔

عَمَّمَ: عام کرنا ہٗ: عِمَامَةً: بندھوانا ہٗ الْاَمْرَ: کسی امر کا قلادہ ڈالنا۔

اِعْتَمَّ و تَعَمَّمَ واسْتَعَمَّ: عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَمَّ الشَّابُّ: طویل ہو گیا۔ "تَعَمَّمَتِ الْاٰكَامُ بِالنَّبْتِ" ٹیلے نباتات سے بھر گئے۔ گویا کہ عمامہ جیسا معلوم ہوتا ہے۔ تعمّم۔ چچا کہہ کے پکارنا۔ اِسْتَعَمَّهٗ چچا بنانا۔

العَمُّ سہ۔ جماعت کثیرہ۔ چچا ج عُمُوْمَةٌ و اَعْمَامٌ واَعُمٌّ اور نسبت کے لئے عَمَوِيٌّ (والعُمُّ) لمبے لمبے کھجور کے درخت۔

العَمَّةُ پھوپی ج عَمَّاتٌ.

العِمَّةُ عمامہ باندھنے کی ہیئت۔

رَجُلٌ عُمِّيٌّ عام۔

العُمَمُ جسم کا کمال۔ جوانی اور مال وغیرہ کا کمال۔

العَمَمُ کثرت۔ اجتماع۔ عامہ کا اسم جمع۔ ہر معاملہ کا عام و شامل۔ رَجُلٌ عَمَمٌ کامل العقل: کامل الخیر۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰى فُلَانٌ عَلٰى عَمَمِهٖ."

العُمُوْمُ سہ۔ عمومیت۔ شمولیت اور نسبت کیلئے عمومیّ۔

العِمَامَةُ پگڑی۔ خود کا وہ حصہ جو سر کے برابر بنا کر ٹوپی کے نیچے پہنا جاتا ہے ج عَمَائِمُ و عِمَامٌ کہا جاتا ہے "اَرْخٰى عِمَامَتَهٗ" وہ خوش حال ہو گیا۔ العَمَامَةُ: قحط۔ کال۔ قیامت۔

العَامُّ سب کو شامل ہونے والا۔ خلاف خاص۔

العَامَّةُ مونث عام۔ عَامَّةُ النَّاسِ: عام لوگ ج عَوَامُّ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ عَامَّةً" یعنی قوم ساری کی ساری آئی۔

العَمِيْمُ ہر وہ چیز جو اکٹھی ہو اور کثیر ہو۔ قوم کا خالص۔ ہر چیز کا کامل ج عُمُمٌ.

العَمِيْمَةُ مِنَ النِّسَاءِ: پورے قد کی لمبی تڑنگی عورت۔ نَخْلَةٌ عَمِيْمَةٌ: لمبا کھجور کا درخت۔ ج عُمٌّ

الاَعَمُّ اسم تفضیل۔ جماعت کثیرہ۔ موٹا۔

المِعَمُّ مخیر۔ عام فیض والا۔

المُعَمَّمُ سردار جس کو قوم نے مقتدی مان لیا ہو۔

العَمْبَرُ عنبر۔

عَمَتَ (ض) عَمْتًا و عَمَتَ الصُّوْفَ: اون کی پونی بنانا۔ عَمَتَهٗ: مغلوب کرنا۔ مقصد سے ہٹا دینا۔ اندھا دھند لاٹھی سے مارنا۔

رَجُلٌ عَمِيْتٌ ظریف دلاور۔ عالم زیرک۔

العِمِّيْتُ نگہبان۔ سمجھدار ظریف۔ مدہوش۔ وہ شخص جو اپنی چال میں کسی جہت کی ہدایت نہ پائے۔ ج عَمَامِيْتُ.

العَمِيْتَةُ اون کی پونی ج عَمَائِتُ و عُمُتٌ و اَعْمِتَةٌ.

عَمَجَ (ض) عَمْجًا: پانی میں تیرنا فِيْ سَيْرِهٖ دوڑنا (وتَعَمَّجَ) السَّيْلُ او الحَيَّةُ: پیچ دار ہونا۔

العَمِجُ والعُمَّجُ والعَوْمَجُ: سانپ۔

عَمَدَ (ض) عَمْدًا السَّقْفَ: چھت میں ستون لگانا لِلشَّيْءِ وَاِلَى الشَّيْءِ: قصد کرنا اِلَى الرَّجُلِ: کسی کا ارادہ کرنا الشَّيْءَ: گرانا ۃ: ستون سے مارنا ہٗ الْمَرَضُ او الْاَمْرُ: دبلا کرنا۔ تکلیف پہنچانا (و عَمَّدَ) الوَلَدُ: چشمہ دینا۔ عَمَّدَ السَّيْلُ: بند لگا دینا۔

عَمِدَ (س) عَمَدًا عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ بلازم ہونا الثَّرٰى: تر کرنا مِنْهُ: تعجب کرنا فُلَانٌ: درد مند ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَمِدَنِي الْاَمْرُ فَعَمِدْتُ" یعنی معاملے نے مجھے درد مند کر دیا اور میں درد مند ہوا۔

اَعْمَدَ الشَّيْءَ: ستون لگانا۔

تَعَمَّدَ الْاَمْرَ: قصد کرنا (واعْتَمَدَ) چشمہ کرانا۔ اِعْتَمَدَ الحَائِطَ و عَلَى الحَائِطِ: دیوار پر ٹیک لگانا۔ اِعْتَمَدَهٗ واعْتَمَدَ عَلَيْهِ: بھروسہ کرنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَمَدَ لَيْلَةً: رات میں سوار ہو کر جانا۔

اِنْعَمَدَ الشَّيْءُ: ستون کے بل کھڑا ہونا۔

العَمْدُ سہ کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ عَمْدًا و عَنْ عَمْدٍ" جان بوجھ کر کیا۔ "وَفَعَلَهٗ عَمْدَ عَيْنٍ و عَمْدًا عَلٰى عَيْنٍ" اس نے اس کو کوشش اور یقین کے ساتھ کیا۔

العَمِدُ وہ جگہ جس کو بارش نے تر کر دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَمِدُ الثَّرٰى" یعنی وہ بڑا فیاض ہے۔

العُمْدَةُ جس پر ٹیک لگائی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے۔ لشکر کا پیغامبر۔ ج عُمَدٌ.

العِمَادُ جس کا سہارا لیا جائے ج عُمُدٌ و عُمَدٌ بلند عمارتیں۔ واحد۔ العِمَادَةُ اور یہ عَمَّدَ الوَلَدَ (یعنی چشمہ دینا) سے اسم ہے۔

لشکر کا پیغام بر۔ اَھلُ العِمادِ. بلند عمارتوں والے۔ کہا جاتا ہے "فُلَان طَوِیْلُ الْعِمَادِ" فلاں کا مکان زائرین کے لئے علامت ہے "ھُوَ رَفِیْعُ العِمَادِ" وہ شریف آدمی ہے۔

العَمُوْد. ستون۔ سہارا۔ لوہے کا ڈنڈا ج اَعْمِدَة و عَمَد و عُمُد. العَمُوْد: سردار۔ لشکر کا پیغامبر۔ رگ جو جگر کو سیراب کرتی ہے۔ کان کا بڑا حصہ۔ سخت غمزدہ۔ عَمُوْدُ البَطن: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ عَلٰی عَمُوْدِ بَطْنِهٖ" یعنی اس کی پیٹھ پر مارا۔ عَمُوْدُ الْمِیْزَان ترازو کی ڈنڈی۔ عَمُوْدُ الصُّبح. صبح کی روشنی۔ عَمُوْدُ النَّسَبِ جو خط مستقیم پر ہو۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامُوْا عَلٰی عَمُوْدِ رَائِیْهِمْ" یعنی ایسے طریقہ پر کہ جس پر بھروسہ کر سکتے ہیں اَھلُ العَمُوْدِ و اَھلُ العُمُد: وہ لوگ جو خانہ بدوش ہوں۔ العَمُوْدُ او الخطُّ العَمُوْدِی عِنْدَ المُهَنْدِسِیْنَ وہ خط جو دوسرے خط پر قائم ہو جس کے دونوں جانب دو زاویے برابر برابر نکلیں۔

ت
ب

ب ت عمودی یا خط عمودی۔

العَامِد. فا۔ مونث عَامِدَةٌ. لَیْلَةٌ عَامِدَةٌ. لمبی رات۔

مُتَعَامِدَانِ: زاویہ قائمہ بناتے ہیں- ایک ان دو میں سے ایک دوسرے پر عمودی ہوتے ہیں-

العَمِیْد. سخت غمزدہ۔ وہ شخص جس کو عشق نے شکستہ دل کر دیا ہو۔ عَمِیْدُ القَوْمِ: قوم کا سردار۔ ج عُمَدَاء عَمِیْدُ الْاَمْرِ: قوام امر۔ عَمِید الوَجَع: درد کا مقام۔ العَمِیْد وہ مریض جو اپنی بیماری کی وجہ سے بیٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو اور اسے تکیوں کا سہارا لگایا جاتا ہو۔

المَعْمُوْدِیَة. بپتسمہ۔

العُمُد والعُمُدَّانِی. کامل ترین نوجوان۔

العَمَیْذَر. نازک بدن لڑکا۔

عَمَرَ (ن) عَمْرًا. المنزلُ باھله: آباد ہونا المَنْزِلَ: آباد کرنا۔ صفت مفعولی مَعْمُوْر الدَّار گھر تعمیر کرنا۔ اور اسم العمارہ ہے بالمَکان: اقامت کرنا۔ هُ اللّٰه: زندہ رکھنا عَمَارَةً الله مَنْزِلَة: آباد کرنا۔

عَمَرَ (ض و ن) عُمُوْرًا و عِمَارَةً و عُمرانًا الرَّجُلُ بَیْتَه: لازم پکڑنا۔ عَمَرتُه کَذَا: زندگی بھر کیلئے دینا (عَمْرًا و عِمَارَةً) رَبَّهٗ: عبادت کرنا۔ خدمت کرنا۔ روزہ رکھنا۔ نماز پڑھنا (عُمْرًا و عَمْرًا و عَمَارَة و عَمِر (س) عَمْرًا و عَمْرًا و عَمَارَةً) لمبی عمر پانا عَمُرَ (ک) و عَمِر (س) عَمَّارَةً) المَالُ: مال بہت زیادہ ہونا۔

عَمَّر واَعْمَرَ المَنْزِلَ: آباد کرنا۔ عَمَّرَة واَعْمَرَة اَرضًا: زندگی بھر کیلئے دے دینا۔ عَمَّرَ الرَّجُلُ: لمبی زندگی پانا۔ عَمَّرَة اللّٰهُ: زندہ رکھنا۔ عَمَّرَ الثَّوْبَ. کپڑے کو اچھا بننا۔ جب تم کسی کو اللہ کی قسم دیتے ہو کہ فلاں کا کام عمر بھر کرے تو کہتے ہو۔ اَعْمَرَكَ اللّٰهُ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا. اَعْمَرَهُ المکَانَ: آباد کرنے کیلئے دینا۔ اَعْمَرَ الْاَرْضَ: آباد پانا۔ اَعْمَرَ عَلَیْهِ: غنی کرنا۔

اِعْتَمَر المکَانَ: قصد کرنا۔ زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَان مُعْتَمِرًا" فلاں زیارت کرنے کے لیے آیا "اِتَّخَذْنَا نَادِیًا نَعْتَمِرُه" ہم نے ایک مجلس بنا لی جس میں بیٹھتے ہیں۔ اِعْتَمَرَ الرَّجُلُ: پگڑی باندھنا۔

اِسْتَعْمَرَة فِی المَکَانِ: آباد کرنا۔ جیسے اِسْتَعْمَرَ اللّٰهُ عِبَادَة فِی الْاَرْضِ: یعنی اللہ نے اپنے بندوں کو زمین میں آباد کرنا چاہا۔

العَمْر. زندگی ج اَعْمَار. دین۔ اور قسم میں کہا جاتا ہے "لَعَمْرِی" وَلَعَمْرُ اللّٰهِ واَعْمَرَ اللّٰه. العَمْر: دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ ج عُمُور.

العَمْرَان. حلق کے کوے کے دونوں طرف لٹکا ہوا گوشت۔

العُمْر والعُمُر. زندگی۔ عربوں کے نزدیک عمر کا اندازہ چالیس سال کا تھا۔

العُمُر: مسجد؛ گرجا۔ دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ مسوڑھا۔

عُمَر. علم ہے اور علمیت و عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔ خلیفہء ثانی کا نام ہے العمران: سیدنا ابو بکر و عمرؓ۔

عَمْرو. علم ہے۔ اور اس میں حالت رفعی و جری میں خلیفہء ثانی کے نام سے امتیاز کیلئے واؤ لگایا جاتا ہے۔ ج عَمْرُوْن واَعْمُر و عُمُور. اُمُّ عَمْرٍو: بجو کی کنیت۔

العُمْرَان. آبادی۔

العَمْر. س۔ دین۔ عورتوں کے سر ڈھانکنے کا رومال۔

العَمْرَة. ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج؛ پگڑی وغیرہ۔ اَبُوعَمْرَة بھوک اور افلاس کی کنیت۔

العُمْرة. آباد مکان کا ارادہ۔ اور اصطلاح شرع میں طواف اور سعی بین الصفا والمروۃ کا نام۔ ج عُمَر و عُمْرات.

العَمَار. سلام۔ پھول جس سے شراب کی مجلس کو مزین کرتے تھے۔

العَمَارَة. س۔ ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج؛ پگڑی وغیرہ۔ مزین کپڑے کا ٹکڑا جو خیمہ میں لگایا جاتا ہے۔ پھولوں کا دستہ جو بادشاہ کو سلام کرتے ہوئے پیش کیا جائے۔ بڑا قبیلہ۔ قبیلہ۔ جنگی جہازوں کا بیڑا۔

العِمَارَة. س۔ جس سے مکان کی آبادی ہو۔ چھوٹا قبیلہ۔

العُمَارَة. عمارت کی مزدوری۔

العُمْرٰی. وہ مکان یا زمین جس کو زندگی بھر کے لیے دے دیا جائے۔

مَكَانٌ عَمِيْرٌ: آباد۔ ثَوْبٌ عَمِيْرٌ: گف کپڑا۔

العَامِر. فا۔ گھر کا رہنے والا ج عُمَّار مؤنث عَامِرَة ج عَوَامِر. مَكَانٌ عَامِرٌ: آباد جگہ۔ تم کہتے ہو تَرَكْتُهُمْ عَامِرِيْنَ بِمَكَانِ كَذَا: یعنی میں نے اُن کو فلاں جگہ میں آباد چھوڑا۔ العَامِر: بجو کا بچہ۔ اُمّ عَامِر: بجو۔ عَوَامِرُ البُيُوْتِ: سانپ وغیرہ۔ واحد عَامِر و عَامِرَة.

العَمِيْرَة. شہد کا چھتہ۔ بڑا قبیلہ۔ ج عَمَائِر.

العَمَّار. صیغہ مبالغہ۔ قوی الایمان۔ بردبار۔ صاحب وقار۔ موت تک امر و نہی پر قائم رہنے والا۔ اچھی تعریف والا۔

العُمَّار. جِنّات جو مکانوں میں رہتے ہیں اور یہ جمع ہے عامر کی۔

المَعْمَر. آباد۔ خوش حال جگہ۔

اَلاِسْتِعْمَارُ: ایک ملک کا دوسرے ملک کے حصے یا مکمل ملک پر قبضہ کرنا۔

المُسْتَعْمَرَة. نو آبادی (مولدة)

اليَعْمُوْر. بکری کا بچہ۔ چھوٹی بھیڑ۔ ج يَعَامِيْر.

العَمَرَّد. ہر چیز کا لمبا۔ خوش۔ قوی؛ سخت مزاج مرد۔ شیر نر۔ بھیڑیا۔

العَمَّرَس. مرد قوی۔ العُمْرُوْس: بکری کا بچہ ج عَمَارِيْس.

العُمْرُوْط. چور۔ سرکش۔ ج عَمَارِط و عَمَارِيْط و عَمَارِطَة.

العَمَرَّط. جوان۔ سبک۔ دلیر۔ بلا۔ مصیبت۔

عَمَسَ (ن) عَمْسًا الكِتَابَ: مٹانا۔ الاَمْرَ. دیدہ دانستہ جاہل بننا۔ عَمَسَ واَعْمَسَ الشَّيْءَ: چھپانا۔

عَمِسَ (س) و عَمُسَ (ک) عَمْسًا و عَمَسًا و عُمُوْسًا و عَمَاسَةً. اليَوْمُ: سخت ہونا۔ تاریک ہونا۔

عَامَسَه مُعَامَسَةً. راز بتانا۔ دشمنی چھپانا۔

تَعَامَسَ. تغافل کرنا۔ عَنْهُ: نہ جاننے والا ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعَامَسَ عَلَيَّ" یعنی اس نے مبہم رکھا اور مجھ کو شبہ میں رکھا۔

العَمْس والعَمَاس والعَمُوْس والعَمِيْس مشکل کام۔ يَوْمٌ عَمَاسٌ: سخت دن۔ حَرْبٌ عَمَاسٌ و عَمِيْسٌ سخت لڑائی۔ لَيْلٌ عَمَاسٌ: بہت تاریک رات۔

العَمَاس: قوی شیر۔ مصیبت ج عُمُس و عُمْس.

العَمُوْس والمُعَامِس. وہ شخص جو کاموں کو نادانوں کے مانند بے باکانہ کرے۔

اَمْرٌ مُعَمَّسٌ. سخت کام۔

عَمِشَتْ (س) عَمَشًا عَيْنُه: آنکھ کا کمزور ہونا۔ چندھا ہونا۔ صفت مذکر اَعْمَش صفت مؤنث عَمْشَاء ج عُمْش فِيْهِ الكَلَامُ: کلام کا اثر کرنا۔

عَمَشَه (ن) عَمْشًا. بلا قصد مارنا الوَلَدَ: لڑکے کا ختنہ کرنا۔

عَمَّشَ و تَعَامَشَ عَنِ الشَّيْءِ: غافل ہونا

عَمَّشَه اللّٰهُ: چندھے پن کو دور کرنا۔

اِسْتَعْمَشَة. بیوقوف جاننا۔

العُمْشُوْش. انگور کا خوشہ جس میں سے کچھ دانے کھا لیے گئے ہوں۔

عَمَطَ (ن) عَمْطًا واِعْتَمَطَ عِرْضَه: عیب لگانا۔ بے آبرو کرنا۔

عَمُقَ (ک) و عَمِقَ (س) عُمْقًا المَكَانُ او الطَّرِيْقُ. دور ہونا۔ کشادہ اور لمبا ہونا۔ صفت عَمِيْق ج عَمِق و عُمُق و عِمَاق.

عَمُقَتْ (ک) عُمْقًا و عَمَاقَةً البِئْرُ و نَحْوُهَا: گہرا ہونا۔ صفت عَمِيْقَة. ج عَمَائِق.

اَعْمَقَ و عَمَّقَ واِعْتَمَقَ. البِئْرَ: کنوئیں کو گہرا کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَمَّقَ النَّظَرَ فِي الاُمُوْرِ" اس نے امور میں گہری نظر ڈالی۔

تَعَمَّقَ فِي الاَمْرِ: معاملے کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کرنا فِي كَلَامِه: خوب چرب زبانی سے گفتگو کرنا۔

العَمْق والعُمْق والعُمُق. گہرائی۔ العَمْق والعُمْق: جنگل کے اطراف سے جو بعید ہو۔ ج اَعْمَاق.

العَمَق. حق و استحقاق۔ کہا جاتا ہے "لَفِيْهِ عَمَق" یعنی اس کیلئے حق و استحقاق ہے۔

العَمَقَة. برتن کی تہ میں گھی کا میل۔

رَجُلٌ عَمِقِيُّ الكَلَامِ: ایسا شخص جس کی بات بہت گہری ہو۔

عَمِلَ (س) عَمَلًا. کام کرنا۔ محنت کرنا لِلاَمِيْرِ عَلٰى بِلَادِهٖ: عامل بننا۔ حاکم بننا عَلَى الصَّدَقَةِ. صدقہ جمع کرنے کی کوشش کرنا البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ عَمِلَتِ الكَلِمَةُ فِي الكَلِمَةِ: ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ میں اثر کرنا۔ اعراب دینا۔

عَمَّلَه: عمل کی اُجرت دینا ہ عَلَى البَلَدِ: عامل بنانا۔ حاکم بنانا۔ کہا جاتا ہے "عُمِّلَ فُلَانٌ عَلَيْهِمْ" یعنی فلاں شخص ان کے اوپر حاکم بنایا گیا۔

اَعْمَلَهٗ. عامل بنانا۔ حاکم بنانا۔ اَعْمَلَ الرُّمْحَ صدر نیزہ سے مارنا الآلَةَ او الرَّاْيَ: استعمال کرنا الكَلِمَةَ فِي الكَلِمَةِ: کلمے کا دوسرے کلمے پر اثر کرانا الرَّجُلَ: اُجرت دینا۔

عَامَلَهٗ مُعَامَلَةً. عمل کی تکلیف دینا۔ معاملہ کرنا۔

تَعَمَّلَ. لِكَذَا. عمل کو برداشت کرنا۔ مِنْ اَجْلِ فُلَانٍ او فِي حَاجَتِه کوشش کرنا؛ در پے ہونا۔ تَعَامَلَ. القَوْمُ. بعض کا بعض کے ساتھ معاملہ کرنا۔

اِعْتَمَلَ. کام میں مضطرب ہونا۔ اثر قبول کرنا۔ اپنے لیے کام کرنا۔

اِسْتَعْمَلَهٗ. عامل بنانا۔ عمل کرنے کو کہنا۔ استعمل الآلَةَ: آلہ استعمال کرنا الثَّوْبَ: کپڑا استعمال کرنا۔ اُسْتُعْمِلَ فُلَانٌ: شاہی

اعمال میں سے کسی عمل کے لیے مقرر ہونا۔
العَمل. مص. الفعل بقصد۔ ارادۃً فعل کرنا (والعَاملیة)وہ جس پر عامل والی ہو۔ ج اَعْمال و اَعْمال البَلَد : ملک کے مضافات۔
العَمِل. کاریگر۔ پسندیدہ کاریگر۔ بَرْقٌ عَمِلٌ:لگاتار چمکنے والی بجلی۔
العَمِلَة.مؤنث عَمِلٌ.وہ جو کیا جائے۔
العَمْلَة. ایک مرتبہ کا عمل۔ خیانت۔ چوری۔
العِمْلَة. عمل کی ہیئت۔ جو عمل کیا جائے۔ (والعُمْلَة) عمل کی اُجرت۔ اور عوام اس کو نقود کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔
العَامِل. فا۔ کام کرنے والا۔ وہ شخص جو کسی کے امور مالی وغیرہ کا متولی ہو ج عُمَّال و عَامِلُوْنَ و عَمَلَةٌ. رئیس۔ والی۔ حاکم۔ عَامِلُ الرُّمْح:نیزے کے پھل کے قریب کا حصہ۔
اَلْعَامِلُ عِنْدَالنُّحاة:نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ کے آخر پر اعراب واجب کردے جیسے قَامَ الولد۔
اَلْعَامِلُ بِالْتِماسِ:وہ مادہ جو قلیل مقدار میں کیماوی اجسام میں ملایا جائے اس میں جلدی اثر انداز ہو جائے اس کی مقدار میں کمی نہ آئے شروع سے لے کر آخر تک۔
العَامِلَة. مؤنث عامل ج عَامِلات و عوَامِل عَامِلَةُ الرُّمح: نیزے کے پھل کے قریب کا حصہ۔ العَوامِل.پاؤں۔ کھیتی اور دائیں کرنے کے بیل۔
العَمَّال صیغہ مبالغہ۔ مؤنث عَمَّالَة.
العِمَالَة.عامل کا پیشہ۔ العِمَالَة والعَمَالة والعُمَالَة.عامل کی اُجرت۔ عوام کہتے ہیں
العَمُوْلَة: کمیشن ایجنٹ۔
العَمُوْل. مزدور۔
العَمِيْل عِنْدُ التُّجَّارِ: ایجنٹ۔ آڑھتی۔
شریک عمل۔ ج عُملاءُ.
المَعْمَل.کارخانہ۔ کام کرنے کی جگہ ج مَعَامِل
المُعَامَلات.کاروباری معاملات۔ احکام شرعیہ جن کا تعلق امور دنیاوی سے ہو۔ جیسے بیع و شرا کے احکام۔
المُسْتَعْمَل.مث. استعمال کیا ہوا۔
اليَعْمَل واليَعْمَلَة.کام کرنے والا اُونٹ اونٹنی ج يَعَامِل و يَعْمَلات .
عَمَنَ (ض) و عَمِنَ (س) عَمْنًا بالمکان.اقامت کرنا۔
عَمَّنَ واَعْمَنَ الرَّجُلُ:ملک عمان میں جانا۔ کسی جگہ میں ہمیشہ رہنا۔
العَمُوْنُ.اقامت کرنے والا ج عُمُن.
عَمَهَ و عَمِهَ(ف س) عَمَهًا و عُمُوهًا و عُمُوْهِيَةً و عَمَهَانًا و تَعَامَهَ. متحیر ہونا۔ گمراہی میں بھٹکنا۔ صفت عَمِهٌ ج عَمِهُوْنَ و عَامِهٌ ج عُمَّهٌ.
عَمِهَ(س) عَمَهًا المَكَانُ:بے نشان و بے علامت ہونا۔ صفت مذکر اَعْمَه صفت مؤنث عَمْهَاءُ ج عُمْه.
عَمَّهَ فِيْ ظُلْمِ فُلَان:ناحق ظلم کرنا۔
العَمَه. مص. بصیرت کا فقدان۔
عَمِيَ يَعْمَى عَمًى. اندھا ہونا۔ دِل کا اندھا ہونا اور جاہل ہونا۔ عَنِ الشَّيْ و عِنْدَه:ہدایت نہ پانا۔ عَلَيْهِ:مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَمِيَتِ الاَخبَارُ عَنْ فُلَانٍ" یعنی پوشیدہ ہو گئیں۔
عَمِيَ عَمَايَةً.اصرار کرنا۔ گمراہ ہونا۔
عَمَى يَعْمِي عَمْيًا. السَّحَابُ:بہہ پڑنا۔ المَوْجُ: جھاگ پھینکنا فُلَانٍ: سخت گرمی میں آنا۔
عَمّى تَعْمِيَةَ المَعْنَى. معنی پوشیدہ رکھنا (واَعْمَى) الرَّجُلُ:اندھا کرنا۔ اندھا پانا۔
تَعَامَى. بتکلف اندھا بننا۔
تَعَمَّى تَعَمِّيًا. اندھا ہونا۔
اِعْتَمَى اِعْتِمَائًا. الشَّيْ:چننا۔ قصد کرنا۔
العَمِيَة والعُمِيَّة والعَمَايَة والعَمَائة. گمراہی۔ گمراہی پر اصرار۔
العِمِيَّة والعُمِيَّة.غرور۔ گمراہی۔
العَمِر.اندھا ج عُمُوْن.مؤنث عَمِيَةٌج عَمِيَات.
العَمِي: اندھا ج عُمْيٌ و عُمْيَانٌ و أعْمَاءٌ و عُمَاة.مؤنث عَمْيَاء. الأعْمَى: جاہل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَمِي القَلْبُ: یعنی جاہل آدمی۔
العَامِيَة. بہت گریہ و زاری کرنے والی عورت۔
العَمَاء. بلند بادل۔ موسلا دھار برسنے والا بادل۔
الأعْمِيان. سیلاب و آتش زدگی۔
المَعْمِيَة. بے نشان زمین۔ ج مَعَامِي
مُكَانٌ عَمًى واَعْمَى. ایسی جگہ جس میں ہدایت نہ ملے۔
العَامِيٌّ.وہ شخص جو اپنے راستے کو نہ دیکھتا ہو۔
المُعَمَّى. مث مِنَ الكَلَام:چیستان۔ پہیلی۔
عَنْ حروف جر میں سے ہے اور معانی ذیل میں مستعمل ہے۔
(۱) مجاوزۃ جیسے تَرَحَّلْ عَنْ مَكَانٍ فِيْهِ ضَيْمٌ:اس جگہ سے چل دے جہاں ظلم ہو۔ (۲) بدل جیسے يَوْمٌ لَا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَيْئًا:وہ یوم جس میں کوئی نفس کسی نفس کا بدلہ نہیں دے گا۔ (۳) تعلیل جیسے مَا فَعَلَ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ اِضْطِرَارٍ:اس نے اُس کو مجبور ہو کر کیا۔ (۴) بعد جیسے عَنْ قَلِيْلٍ تَرَى. تھوڑی دیر کے بعد تجھے معلوم ہو جائے گا۔ (۵) استعلاء جیسے اَحْبَبْتُ الْاِحْسَانَ اِلَى الْفُقَرَاءِ عَنْ كَثْرَةِ الصَّلٰوةِ: میں نے فقراء کے ساتھ اچھے سلوک کو کثرت نماز پر ترجیح دی اور کبھی اسم ہو کر جانب کے معنی میں آتا ہے اور اس وقت اس پر حرف جر داخل ہوتا ہے جیسے "جَلَسَ مِنْ عَنْ يَسَارِ الْخَلِيْفَة"

خلیفہ کی بائیں جانب بیٹھنا۔
عَنَّ (ن ض) عَنًّا و عَنَنًا و عُنُوْنا واعْتَنَ لَهُ الشَّيْءُ: سامنے ظاہر ہونا۔ پیش آنا۔
عَنَّ عَنِ الشَّيْءِ: اعراض کرنا۔ عَنَّ فُلانًا: گالی دینا۔ عَنَّ و عَنَّنَ الكِتَابَ. عنوان لکھنا۔ و عَنَيْتُ الکتاب: ایک نون کو یا سے بدل کر بھی کہتے ہیں۔
عَنَّ و عَنَّنَ واَعَنَّ اللِّجَامَ: لگام میں ڈوری لگانا۔
عَنَّ واَعَنَّ الفَرَسَ: گھوڑے کو لگام سے روکنا۔
عَانَّهُ مُعَانَّةً و عِنَانًا. مقابلہ کرنا۔
العَانُّ. فا۔ لمبی رسی۔ پھیلا ہوا بادل۔
العَانَّةُ. مؤنث۔ العَانُّ۔ بادل۔
العُنَّة. رسی؛ اُونٹ یا گھوڑے کے لیے لکڑی کا باڑہ۔ ہانڈی رکھنے کا چولہا۔
العَنَان. بادل۔ والعَنَانَة بادل کا ایک ٹکڑا۔ عَنَانُ السَّمَاءِ: آسمان کی بلندی۔
عَنَانُ الدَّارِ. گھر کا کنارہ۔ گھر کا گرداگرد۔
العِنَان. س۔ لگام کی رسی۔ ج اَعِنَّة و عُنُن. کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِيْرُ العِنَانِ"، یعنی وہ بے خیر آدمی ہے۔ "وَرَجلٌ طَوِيْلُ العِنَانِ" شریف آدمی و "اَبِيُّ العِنَانِ" خوددار۔ و "اِمْتِلاءَ عِنَانُه" جبکہ اپنی کوشش کو پہنچ جائے۔ "وَذَلَّ عنانُه" یعنی تابع و فرمانبردار ہوگیا۔ و "هُما يَجْرِيَانِ فِيْ عِنَانٍ"، جبکہ دونوں فضیلت وغیرہ میں برابر ہوں۔ "وَجَرَى الفرسُ عِنَانًا" یعنی ایک چکر دوڑا۔ "وَكَبَا فِيْ عِنَانِه" یعنی اپنے چکر میں ٹھوکر کھا گیا۔ "وَارْخِ مِنْ عِنَانِه" یعنی اس کو ڈھیل دے دو۔
وشرِكَةُ العِنَانِ: دو آدمیوں کا مخصوص مال میں شرکت کرنا۔ العِنَان: سامنے آنے والی چیز۔
العَنَن. سامنے آنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "عَنَانَاكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا: انتہائی یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الاَعْنَان. درخت کے اطراف۔ اَعْنَانُ السَّمَاءِ. آسمان کے اطراف۔ افق۔
العَنَّان. بہت سبقت لے جانے والا۔
المِعَنّ. لایعنی امور میں دخل دینے والا۔ خطیب۔ مؤنث مِعَنَّة.
المَعْنُوْن. مجنون۔ پاگل۔
عَنَّبَ الكَرْمُ: انگور کی بیل میں انگور آنا۔
العِنَب. انگور۔ ج اَعْنَاب. ایک دانے کو عِنَبَة کہتے ہیں۔
العَنَّاب. انگور بیچنے والا۔ عنب الثَّعْلَب مکوے۔
عِنَبُ الثَّعْلَب: سفید پتوں والی سفید پھولوں والی دوائی کا نام۔
عِنَبُ الذِّبِّ: چمڑے کو رنگنے کے لئے ایک پودا جس کو طب میں اسہال کے ضد سمجھا جاتا ہے۔
اَلعِنَبِيَّة: انگور جیسا ایک پھل۔
العُنَاب والاَعْنَب. بڑی ناک والا۔
العُنَّاب. عُناب. ایک دوا کا نام۔ واحد عُنَّابَة.
عَنْبَرَ الشَّيْءَ: عنبر سے خوشبودار کرنا۔
العَنْبَر. ایک قسم کی خوشبو۔ زعفران۔ ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ڈھال جو عنبر مچھلی کی کھال سے بنائی جاتی ہے۔ ج عَنابِر.
عَنْبَرُ الشِّتاء و عَنْبَرَتُه. سردی کی شدت
عَنْبَرَةُ القِدْر: پیاز۔
العَنْبَرِيّ. عنبر سے معطر کی ہوئی شراب۔
عَنِتَ (س) عَنَتًا. دشواری میں پڑنا۔ مصیبت سے ہلاک ہونا۔ گناہ کرنا الشَّيْءُ: خراب و فاسد ہونا العظْمُ: درستی کے بعد ٹوٹ جانا۔ صفت عَنِت.
عَنَّتَهُ. سختی کرنا۔ ایسی چیز لازم کرنا جس کا ادا کرنا دشوار ہو۔ عَنَتَ الشَّيْءُ العَظْمَ المَجْبُوْرَ: درست شدہ ہڈی کو توڑ دینا۔
عَنَتَ فِي الجبلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
اَعْنَتَ الجابرُ الكسِيْرَ: جڑے ہوئے کو پھر توڑنا۔ ٹوٹے ہوئے کی دیکھ بھال نہ

کرنے کی وجہ سے فساد زیادہ ہونا الرَّاكِبُ الدَّابَّةَ: جانور پر سختی سے زیادہ لادنا الرَّجُلَ: ہلاکت میں ڈالنا۔
تَعَنَّتَه. تکلیف پہنچانا۔ کسی کی لغزش کو ڈھونڈنا۔ تَعَنَّتَ الرَّجُلَ وعَلَيْه فِي السُّوالِ: بطریق تلبیس سوال کرنا۔
العَنُوْت. دشوار گزار ٹیلہ۔
عَنْتَرَة. لڑائی میں بہادری کرنا۔
عَنْترة بالرُّمح: نیزہ مارنا۔ عَنْتَر العُنْتَر: مکھی کا بھنبھنانا۔
العَنْتَر والعُنْتُر والعُنْتَر مکھی۔ نیلی مکھی۔ واحد عَنْتَرة.
اَلعَنْتَرَة: سبعہ معلقات کے شاعروں میں سے ایک شاعر کا لقب جس کی بہادری کی وجہ سے لوگوں کے لئے ضرب المثل بن گیا۔
عَنْتَلَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
العُنْتُل. سخت۔ ضِباعٌ عناتل: شکار کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینے والے بجو۔
العَنْثَة والعُنْثَة والعِنْثَة. جلی نام۔ ایک مخصوص گھاس جبکہ وہ خشک اور سیاہ ہو جائے۔ ج عِنَاث.
العَنْثُوَة والعُنْثُوَة. بمعنی عنثة ج عناثي
العَنْثُوَة: ٹھوڑی کے بال۔
عَنَجَ (ن ض) عَنْجًا واعْنَجَ الشَّيْءَ: کھینچنا۔ الدَّلْوَ: ڈول کو رسّی سے باندھنا۔
العِنَاج. پیٹھ کا درد۔ رسّی جس کو بڑے ڈول کے نیچے باندھتے ہیں۔ ج اَعْنِجَة و عُنُج.
عَنْجَة. الهَوْدَج: ہودے کے دروازے کا بازو۔
العَنْجَج. بڑا۔
العُنْجُج. جنگلی ریحان۔
العُنْجُوْج. عمدہ گھوڑا۔ عمدہ اُونٹ۔ اوّل جوانی ج عَنَاجِيج.
عَنْجَرَ عَنْجَرَةً. ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔
العُنْجُوْرَة. شیشی کا غلاف۔
العُنْجُه. بڑی موٹی سیپی۔ اکھڑ مرد۔

عِنْدَ. ظرف مکان و ظرف زمان۔ جیسے وقفت عِندَ الْبَابِ و سَافَرْتُ عِنْدَ مَغِيْبِ الشَّمْسِ اور مِن کے داخل ہونے سے مجرور ہوتا ہے جیسے اَتَيْتُ مِنْ عِنْدِهٖ.

عَنَدَ(ن ض) و عَنِدَ(س) و عَنُدَ(ک) عُنُوْدًا عَنِ الطَّرِيْقِ اوِ. القَصْدِ : تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا۔ مائل ہونا الرَّجُلُ: دیدہ دانستہ حق کی مخالفت کرنا۔ صفت عَنِيْدج عُنُد (واَعْنَدَ) العِرْقُ : رگ سے خون لگاتار بہنا۔ اَعْنَدَ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔

عَنَدَ(ن) عُنُوْدًا عَنْ اَصْحَابِهٖ: سفر میں علیحدہ ہو جانا۔

عَانَدَه مُعَانَدَةً و عِنَادًا. علیحدہ ہونا۔ مقابلہ کرنا الشَّيْئَ: لازم ہونا الرَّجُلَ: کسی کے جیسا کام کرنا۔

تَعَانَدَ القَوْمُ : بعض کا بعض کے ساتھ مخالفت کرنا۔

اِسْتَعْنَدَ الفَرَسُ: گھوڑے کا سرکشی کرنا۔ منھ زور ہونا ہُ القَيْئُ: غالب ہونا فُلَانًا: قصد کرنا۔

العَانِد. فا۔ میانہ روی سے ہٹنے والا۔ ج عُنَّد. عَوَانِد. کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ طَعْنًا عَانِدًا" اس نے اس کو دائیں بائیں سے نیزہ مارا۔ دَمٌ عَانِدٌ: ایک جانب سے بہنے والا خون۔

اَلْعِنَادِي: عنادی مذہب کو ماننے والا۔

اَلْعِنَادِيَّةُ : وہ لوگ جو چیزوں کو حقیقت ماننے سے انکاری ہیں۔

العِنْد. دل۔ معقول۔

العَنَد. جانب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي وَسَطًا لَا عَنَدًا" وہ وسط میں چلتا ہے کنارہ میں نہیں۔

العُنْد و العِنْد و العَنْد. گوشہ۔

العَنُوْد. میانہ روی سے ہٹنے والا ج عُنُد. کہا جاتا ہے "سَحَابَةٌ عَنُوْدٌ" موسلا دھار برسنے والا بادل۔ عَقَبَةٌ عَنُوْدٌ: دشوار گزار گھاٹی۔ رَجُلٌ عَنُوْدٌ: کسی کے ساتھ نہیں بلکہ تنہا اترنے والا مرد۔

عَنْدَرِ المَطَرُ: سخت بارش ہونا۔

عَنْدَلَ عَنْدَلَةً. الهَزَارُ: بلبل کا چہچہانا۔

العَنْدَلِيْب. بلبل۔ ج عَنَادِل.

العَنْدَم. (دم الاخوین)۔

عَنَزَه(ن) عَنْزًا. نیزہ مارنا۔ عَنَزَ وَ اِعْتَنَزَ واِسْتَعْنَزَ عَنْهُ: علیحدہ ہونا اور ایک گوشہ میں اترنا۔

اَعْنَزَ الشَّيْئَ: جھکانا۔

تَعَنَّزَ. لوگوں سے علیحدہ ہونا۔

العَنْز. س۔ بکری۔ مادہ چکور۔ مادہ شکرہ۔ ہرنی۔ مادہ گدھ ج عِنَاز و اَعْنُز و عُنُوْز.

العَنْزَة. بکری۔

العَنَزَة. ڈنڈا جس کے نیچے پھل لگا ہو۔ عَنَزَةُ الفَاْسِ پھاوڑے کی دھار ج عَنَزَ و عَنَزَات.

اَلْقَزُوقَةُ : جھولا۔ اس سے فعل مشتق عنزق نکالا گیا ہے۔

العَنُوْز و العَنِيْز. مصیبت میں مبتلا۔

عَنَسَ (ض) عَنْسًا العُوْدَ لکڑی کو جھکانا۔ موڑنا۔

عَنَسَتْ (ن ض) و عَنِسَتْ (س) عُنُوْسًا و عِنَاسًا و عَنَّسَتْ و عُنِّسَتْ واَعْنَسَتِ الجَارِيَةُ: لڑکی کا بالغ ہونے کے بعد دیر تک بلاشادی کے رہنا۔ صفت عَانِس ج عَوَانِسُ و عُنْسٌ و عُنَّسٌ و عُنُوْس عَنَسَ الرَّجُلُ: بغیر نکاح کے بڑی عمر تک رہنا۔ صفت عَانِس. اَعْنَسَ الشَّيُّ : متغیر کرنا۔ اَعْنَسَ الشَّيْبُ وَجْهَهٗ: بڑھاپے کا چہرے کو بدل دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَمْ تَعْنُسْ اَو لَمْ تَعْنِسِ السِّنُّ وجهه : یعنی فلاں کی عمر نے بڑھاپے کی طرف رخ نہیں کیا۔ و عَنَّسَ الجَارِيَةَ اَهْلُهَا: لڑکی کو اس کے گھر والوں نے نکاح کرنے سے روکے رکھا۔ صفت مُعَنَّسَة ج مُعَنَّسَات و مُعَانِس.

عَنِسَ (س) عَنَسًا. ہر وقت آئینہ میں دیکھنا۔

العَنْس. س۔ عقاب۔ قوی اونٹنی ج عِنَاس و عُنُوس.

العَنَاس. آئینہ ج عُنُس.

عَنَشَ (ن ض) عَنْشًا. العُوْدَ: لکڑی کو موڑنا۔ جھکانا۔ الرَّجُلَ : تکلیف پہنچانا۔ غضبناک کرنا۔

عَانَشَه مُعَانَشَةً و عِنَاشًا. لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا۔ مفاخرت کرنا۔

اِعْتَنَشَه. لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا۔ ظلم کرنا۔

تَعَانَشَا. ایک دوسرے سے معانقہ کرنا۔

تَعَنَّشَ المَالَ: ہر طریقہ سے مال جمع کرنا۔

الْاَعْنَش. چھ انگلیوں والا۔ چھنگا۔

العُنْصُر العُنْصَر. اصل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَكَرِيْمُ العُنْصُر" وہ اصلاً شریف ہے۔ حسب۔ ہمت۔ حاجت۔ مصیبت۔ ہیولیٰ۔ مادہ جسم بسیط۔ ج عَنَاصِر اور قدماء کے نزدیک عناصر چار تھے۔ آگ پانی ہوا اور مٹی۔

عِيْدُ العُنْصُرَة. نصرانیوں کی ایک عید ہے جو عید فصح کے پچاس دن کے بعد ہوتی ہے۔ اور یہودیوں کے نزدیک طور سینا پر احکام شریعت کے نزول کی یادگار میں عید ہے۔

العُنْصُل والعُنْصَل والعُنْصُلَاءِ والعُنْصَلَاء. جنگلی پیاز۔ جس کو بصل الفار بھی کہتے ہیں۔

العُنْصُوَة والعِنْصُوَة والعُنْصُوَة والعِنْصِيَة والعِنْصَاة. متفرق تھوڑے سے بال یا گھاس وغیرہ ج عَنَاص.

العُنْظُب والعُنْظُبَان والعُنْظُوْب. ایک قسم کی ٹڈی۔ مؤنث عُنْظُوْبَة.

عَنْظَى بِهٖ: ٹھٹھا کرنا۔ بری بات سنانا۔ گالی دینا۔

العُنْظُوَان والعِنْظِيَان. فحش بکنے والا۔

العُنظُوان: ایک ترش قسم کی نباتات۔
العُنظُوانَة. واحد ہے عُنظُوان کی۔ مادہ۔ ٹڈی ج عُنظُوانات.
عَنعَنَ عَنعَنَةً. ہمزہ کو عین کی طرح پڑھنا الرّاوِي: روایت کو عَنْ فُلَانٍ عَنْ فُلَانٍ سے بیان کرنا۔
عَنُفَ (ک) عُنفًا و عَنافَةً. بالرَّجلِ و عَلَيْهِ سختی کرنا۔ صفت عَنِيفٌ ج عُنُف.
عَنَّفَه واَعنَفَه. سختی سے معاملہ کرنا۔ وعَنَّفَة سختی سے جھڑکنا۔ عتاب کرنا۔
اَعنف الْاَمرَ: سختی سے لینا۔
اِعْتَنَفَ الْاَمْرَ: سختی سے لینا۔ الشَّئُ: شروع کرنا المجلس سے پھر جانا۔
العَنْف والعِنْف والعُنْف. سختی۔ سخت دلی۔
العُنْفَة والعُنُفَة. ابتدا۔ شروع۔
الاَعْنَف. سختی سے پیش آنے والا۔
عُنفُوان الشَّباب وعُنفُوَة. ابتدائی جوانی۔ عُنفُوانُ الخَمرِ: شراب کی تیزی۔
المَعْنَفَة. سختی کا سبب۔
تَعَنْفَصَ. ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔
العَنْفَقَة. داڑھی بچہ۔ ج عَنافِق.
عَنِقَ (س) عَنَقًا. لمبی گردن والا ہونا۔ صفت اَعْنَق.
عَنَّقَ. طلع النخل: کھجور کے شگوفہ کا لمبا ہونا۔ عَنَّقَه: گردن پکڑنا۔ عَنَّقَ عَلَيْه: چلنا اور گردن اُٹھا کر دیکھنا۔
عَانَقَة مُعانَقَةً و عِناقًا. بغل گیر ہونا۔ گلے لگانا۔ عَانَقَتِ الْاِبِلُ: تیز چلنا۔
اَعْنَقَ. الزَّرْعُ: کھیتی کا لمبا ہونا۔ خوشہ نکلنا۔
الکَلْبُ: کتے کی گردن میں پٹہ ڈالنا۔
النَّجْمُ: ستارہ کا غروب ہونا۔ اَعْنَقَتِ البِلَاد: دور دور ہونا الدَّابَّةُ: جانور کا چوڑے قدم ڈال کر تیز چلنا الرِّيْحُ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
تَعَنَّقَ اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا بل میں گھسنا۔
تَعَانَقَ. الرَّجُلَان: ایک کا دوسرے سے گلے ملنا۔
اِعْتَنَقَ. الشَّئَ. لازم ہونا۔ سختی سے پکڑنا۔
اِعْتَنَقَ الرَّجُلَان: لڑائی وغیرہ میں ایک کا دوسرے کے گلے کو پکڑنا۔
العُنْقَ والعُنُق گلا (مذکر ہے اور مؤنث بھی مستعمل ہے) ج اَعْناق. و عُنُقُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اول۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ فُلَانٌ فِي عُنُقِ الصَّيْفِ" وہ گرمی کی ابتدا میں مر گیا "قَدْ اَخَذَ بِعُنُقِ السِّتِّيْنَ" وہ ساٹھ سال کی ابتدا میں پہنچ گیا۔ "وَكَانَ ذٰلِكَ عَلٰى عُنُقِ الدَّهْرِ" وہ زمانہ قدیم سے تھا۔ "وَلَهٗ عُنُقٌ فِي الْخَيْرِ" اس کیلئے پہلی ہی نیکی میں سبقت ہے۔ "وَهُمْ عُنُقٌ اِلَيْكَ" وہ لوگ تیری طرف مائل ہیں۔ تیرے منتظر ہیں۔ والعُنُق: رئیس لوگ۔ جماعت۔
اَلْعَنَاقِيَّةُ: سفید پھولوں والی زمین پر ایک ویل۔
العَنَق. س۔ جانور کی تیز چال۔
العَناق. بکری کا بچہ سال پورا ہونے سے پہلے۔ ج اَعْنُق و عُنُوق. عَنَاقُ الْاَرْضِ: بلی کی قسم کا ایک شکاری جانور۔ العَنَاق: مصیبت (والعَنَاقَة) سختی و محرومی۔
الاَعْنَق. لمبی گردن والا۔
العَنْقَاء. اَعْنَق کا مؤنث۔ ج عُنْق. عَنْقَاءُ مُغْرِب والعَنْقَاء المُغْرِبُ والمُغْرِبَة: ایک فرضی پرندہ کا نام۔ مصیبت۔ ٹیلہ کی چوٹی۔ کسی چیز کی ہلاکت و بربادی کی خبر دینی ہوتی ہے تو کہتے ہیں حَلَّقَتْ بِهٖ فِي الْجَوِّ عَنْقَاءُ مُغْرِبٍ: یعنی عنقاء مغرب اس کو فضاء آسمانی میں لے کر اڑا۔ هَضْبَةٌ عَنْقَاءُ. بلند ٹیلہ۔
العَانِقَاء. جنگلی چوہے کا سوراخ۔
العَنِيْق. گردن۔ بغل گیر ہونے والا۔
المُعْنِق. تیز دوڑنے والا۔ زمین کا سخت و بلند حصہ۔ لمبی گردن والا۔ ج مَعَانِق.
المِعْنَاق. عمدہ گردن والا گھوڑا یا تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ ج مَعَانِيْق
المِعْنَقَة پٹہ۔ ہار۔
عَنقَشَ. بالشَّئِ. چمٹ جانا۔
تَعَنْقَشَ بِه: سخت ہونا۔ پیچ کھانا۔
عَنَكَ (ن) عُنكًا و عُنُوْكًا و تَعَنَّكَ الرَّمْلُ: ریت کا ڈھیر ہو کر بلند ہونا۔ صفت عَنِيكٌ ج عُنُكٌ. عَنَكَ البَاب دروازہ بند کرنا الرَّجُل سفر کرنا الفَرَس: حملہ کرنا اور پھرنا۔
عَنَّكَة. ملامت کرنا اور مشقت میں ڈالنا۔
اَعْنَكَ. الرَّجُل: تودۂ ریگ میں پڑنا۔ البَاب: دروازہ بند کرنا۔
العِنْك. تودۂ ریگ۔
العَنْكَبُوْت. مکڑی ج عَنَاكِبُ عَنْكَبُوْتَات.
العَنْكَب. نر مکڑی ج عَنَاكِب و عَنَاكِيْب.
العَنْكَبَة والعَنْكَبَاة والعَكَنْبَاة مادہ مکڑی ج عَنَاكِبُ و عَنَاكِيْب..
اَلْعَنْكَبُوْنِيَاتُ: عنکبوت بچھو وغیرہ جیسے جانوروں کی جماعت۔
عَنَّمَ. البَنَانَ. پورے کو عنم سے رنگنا (دیکھئے عَنَم)
اَعْنَمَت المَاشِيَةُ: جانور کا عنم کو چرنا۔ (دیکھئے عنم)
العَنَم. ایک درخت ہے جس کا پھل سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور جس سے رنگے ہوئے پورے کو تشبیہ دیتے ہیں۔ واحد العَنَمَة.
العَنَم: انگور کی بیل کے دھاگے جو ٹٹی کی لکڑیوں سے لپٹ جاتے ہیں۔
العَنَمَة. انسان کے ہونٹ کا پھٹن۔
العَنَمِيُّ. سرخی آمیز خوبصورت چہرہ۔
العَيْنُوْمِ. نر مینڈک۔
عَنَا يَعْنُوْ عَنَاءً و عُنُوًّا. لَهٗ: خضوع کرنا۔ جھکنا۔ فرمانبردار ہونا۔ ذلیل ہونا۔ صفت

عَان و عَنیٌّ مؤنث عَانِیَة و عَنِیَّة الشَّیُٔ: ظاہر کرنا۔ عَنَتِ الْاَرْضُ بِالنَّبَاتِ: اگانا۔ عَنَاہُ الْاَمْرُ: غم میں ڈال دینا۔ عَنَا اِلْاَمْرُ عَلَیْہِ: دشوار ہونا۔ عَنَتِ الْاُمُوْرُ بِفُلَانٍ: نازل ہونا۔ (عَنْوًا) الکتابَ: عنوان لکھنا۔ خط پر پتہ لکھنا۔

عَنَا یَعْنُوْ عَنْوَۃً: زبردستی لے لینا۔ صلحا لینا۔

عَنَا یَعْنُوْ و عَنِیَ یَعْنیٰ عَنًا۔ فِی الْقَوْمِ: قیدی ہونا۔ صفت عَانٍ ج عُنَاۃٌ مؤنث عَانِیَۃٌ ج عَانِیَاتٌ و عَوَانٍ۔

عَنّٰی تَعْنِیَۃً۔ الرَّجُلَ: قید کرنا۔

اَعْنٰی اِعْنَاءً۔ الرَّجُلَ: فرمانبردار کرنا۔ ذلیل کرنا۔ اَعْنَتِ الْاَرْضُ النَّبَاتَ: اگانا۔

العَانِی: بہتا ہوا خون یا پانی۔

العِنْوُ والعِنَا: گوشہ۔ کنارہ۔ ج اَعْنَاء کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا اَعْنَاءٌ مِنَ النَّاسِ" ہمارے پاس مختلف قبائل کے لوگ آئے۔

عَنْوَنَ عَنْوَنَۃً: دیباچہ لکھنا۔

عُنْوَانُ الکتابِ و عِنْوَانُہ و عُنْیَانُہ و عِنْیَانُہ: دیباچہ کتاب۔ "وَعُنْوَانُ کُلِّ شَیْءٍ" وہ جس کے ظاہر سے باطن کا حال معلوم ہو جائے، کہا جاتا ہے "الظَّاهِرُ عُنْوَانُ الْبَاطِنِ"۔

عَنِیَ یَعْنِیْ عَنْیًا الْاَمْرُ لِفُلَانٍ: واقع ہونا۔ نازل ہونا فِیْہِ الْاَکْلُ: مفید ہونا الْاَرْضُ بِالنَّبَاتِ: اگانا (عَنْیًا و عِنَایَۃً) بِمَا قَالَہٗ کَذَا: مراد لینا۔

عَنَی اللّٰہُ بِہٖ عِنَایَۃً: حفاظت کرنا۔

عَنِیَ یَعْنِیْ عِنَایَۃً و عِنَایَۃً و عُنْیًا الْاَمْرُ۔ فُلَانًا: مشغول کرنا۔ فکر مند کرنا۔ عُنِیَ بِالْاَمْرِ و عَنِیَ بِہٖ یَعْنیٰ عَنًی: مشغول ہونا۔ فکر مند ہونا۔ مشقت لاحق ہونا۔ صفت عَانٍ و عَنٍ۔

عَنِیَ یَعْنِیْ عَنَی الْاَکْلُ فِیْہِ: مفید ہونا۔

عَنِیَ یَعْنیٰ | عَنَاءً: تھکنا۔

عَنّٰی تَعْنِیَۃً و اَعْنٰی اِعْنَاءً الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ امر دشوار کی تکلیف دینا۔ الکِتَابَ: دیباچہ لکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی شَیْئًا" یعنی کسی چیز کو فائدہ نہیں دیا۔

عَانٰی مُعَانَاۃً الشَّیْءَ: مشقت برداشت کرنا الرَّجُلُ مَالَہٗ: مال کی حفاظت کرنا ۃ مدارات کرنا۔ الھُمُوْمُ فُلَانًا: تفکرات کا آنا۔

تَعَنّٰی تَعَنِّیًا: برداشت کرنا۔ تھکنا الْاَمْرَ برداشت کرنا۔ تکلیف اٹھانا فِی الْاَمْرِ: قصد کرنا الحُمّٰی فُلَانًا: بخار کا بار بار آنا۔

اِعْتَنٰی اِعْتِنَاءً۔ بِالْاَمْرِ: اہتمام کرنا۔ پروا کرنا الْاَمْرُ: واقع ہونا۔ نازل ہونا۔ کہا جاتا ہے ھُوَ بِہٖ اَعْنٰی: یعنی زیادہ اہتمام کرنے والا ہے۔

العَنِیُّ: اہتمام کرنے والا۔ مؤنث عَنِیَّۃ۔

العُنْیَان: عنوان۔

العَنِیَّۃ والعَنَاء والعَنَا: تھکن۔

المَعْنیٰ: مقصود۔ معنی (الکلمۃ): کلمہ کا مدلول۔ معنی الکلام: کلام کا مضمون ج مَعَانٍ۔ معانی سے انسان کے صفات محمودہ بھی مراد لیے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حسنُ المعانی" فلاں اچھی صفات والا ہے۔

المَعْنَوِیّ: معنی کی طرف منسوب۔

مَعْنِیُّ الکلامِ و مَعْنَاتُہٗ و مَعْنِیَّتُہٗ: مدلول کلام۔

عَہِدَ(س) عَہْدًا الْاَمْرَ: پہچاننا الشَّیْءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرتے رہنا فُلَانٌ وَعْدَہٗ: حفاظت کرنا اور پورا کرنا۔ عَہِدَ اللّٰہَ: توحید بیان کرنا فُلَانًا بِمَکَانِ کَذَا: ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَہْدِیْ بِہٖ قَرِیْبٌ"، میری ملاقات اس سے قریب ہے۔ عَہِدَ اِلٰی فُلَانٍ: وصیت کرنا اور شرط لگانا اِلَیْہِ فِی کَذَا: وصیت کرنا اور ذمہ دار بنانا۔

عَہِدَ المَکَانُ: موسم ربیع کی پہلی بارش کا ہونا۔

عَاہَدَہٗ: معاہدہ کرنا۔ حلیف بننا۔

اَعْہَدَ۔ فُلَانًا مِنْ کَذَا: امین بنانا۔ بری کرنا۔ کفالت کرنا۔

تَعَاہَدَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے معاہدہ کرنا۔ حلیف بننا۔

تَعَاہَدَ و تَعَہَّدَ و اِعْتَہَدَ الشَّیْءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ عہد کی تجدید کرنا۔

تَعَہَّدَ و اِعْتَہَدَ اَمْلَاکَہٗ: اپنے املاک کی حفاظت و اصلاح کرنا۔ (تَعَاہَدَ) کا لفظ بھی اس کے لیے مستعمل ہے۔

اِسْتَعْہَدَ فُلَانٌ مِنْ صَاحِبِہٖ: عہد لینا فُلَانًا مِنْ نَفْسِہٖ: اپنے حوادث نفس کا ذمہ دار ٹھہرانا۔

العَہْدُ: س۔ وفا۔ ضمان۔ امان۔ ذمہ۔ دوستی۔ وصیت۔ میثاق۔ قسم۔ شاہی فرمان۔ ج عُہُوْد۔ وہ مکان جس میں کسی چیز کا عہد کیا گیا ہو۔ وَلِیُّ الْعَہْدِ: بادشاہ کا جانشین۔ کہا جاتا ہے "کَانَ ذٰلِكَ فِیْ اَوْ عَلٰی عَہْدِ فُلَانٍ" یعنی یہ فلاں کے زمانہ میں تھا "وَ عَہْدِیْ بِہٖ اَنَّہٗ لَکَرِیْمٌ" یعنی میرے علم میں وہ کریم ہے و "ھُوَ قَرِیْبُ الْعَہْدِ بِکَذَا" وہ فلاں کے قریب ازال ہے "وَعَلَیَّ عَہْدُ اللّٰہِ لَاَفْعَلَنَّ کَذَا" میرے اوپر اللہ کی قسم ہے کہ میں ایسا کروں گا۔ کہا جاتا ہے "مَتٰی عَہْدُكَ بِفُلَانٍ" تم نے اسے کب دیکھا۔ العَہْدُ القَدِیْمُ: بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح سے پہلے لکھی گئیں۔ العَہْدُ الجَدِیْدُ: بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح کے بعد لکھی گئیں۔

العَہْدُ والعَہْدَۃ والعِہْدَۃ: موسم ربیع کی پہلی بارش۔ ج عِہَاد۔

العِہَادَۃ: موسم ربیع کی پہلی بارش۔

العُہْدَۃ: ضمان۔ کفالت۔ اصلاح کے لیے واپسی۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِی الْاَمْرِ عُہْدَۃٌ" یعنی میں اصلاح کیلئے عنقریب لوٹوں گا۔ حظ یا عقل کا نقص۔ کہا جاتا ہے

"فِی خطِہ عُھْدَۃٌ" اس کا خط ردی ہے۔

العَھِد۔ عہدے کو پسند کرنے والا۔ معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔

العِھْدَان۔ ضمان و کفالت۔

العَھِیْد۔ معاہدہ کرنے والا۔ معاہدہ کیا ہوا۔ پرانا۔

المَعْھَد۔ وہ جگہ جس میں کوئی چیز معہود ہو۔ لوگوں کی واپسی کی جگہ۔ ج مَعَاھِد۔

المَعْھُوْد۔ ~ معروف۔ مشہور۔

عَھَرَ (ف) عَھْرًا و عَھَرًا و عُھُوْرًا و عَھَارَۃ و عُھُوْرَۃ و عَھِرَ (س) عَھَرًا۔ اِلَیْھَا: زنا کرنے کے لیے جانا۔ صفت مذکر عَاھِرٌ ج عُھَّارٌ صفت مؤنث عَاھِر و عَاھِرَۃ ج عَوَاھِر۔

عَاھَرَھَا عِھَارًا۔ زنا کرنے کے لیے جانا۔

العَھِر۔ زنا کرنے کیلیے جانے والا۔ زنا کار۔

العَاھِل۔ شہنشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ بے خاوند عورت۔ ج عَوَاھِل۔

عَھَنَ (ن) عَھْنًا۔ بالمَکَان: اقامت کرنا۔ مِنَ المَکَان: نکلنا۔ فِی العَمَل: کوشش کرنا۔ اِلٰی فُلَان: عھد الینا لِفُلان مَرَادَہٗ: جلدی پورا کرنا۔ الشَّیْئ: ہمیشہ ہونا اور ثابت ہونا۔

عَھَنَتْ (ن ض) عُھُوْنًا۔ جَرَائِدُ النَّخْلِ: درخت خرما کی شاخوں کا خشک ہونا۔

عَھَنَ (ض) عَھْنًا۔ القَضِیْبُ: شاخ کا لچکنا اور ٹوٹنے کے قریب ہونا۔

عَھِنَ (س) عَھَنًا لَہٗ کَذَا: جلدی کرنا۔ الشَّیْئُ: حاضر ہونا۔

العِھْن۔ اون یا رنگی ہوئی اون ج عُھُوْن۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عِھْنُ مَالٍ" یعنی وہ مال کا بہتر انتظام کرنے والا ہے۔

العُھْنَۃ۔ شاخ کی لچک جو ٹوٹنے کے قریب ہو۔

العِھْنَۃ۔ اون یا رنگی ہوئی اون کا ایک ٹکڑا۔ ایک درخت ہے جس کا پھول سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

العَاھِن۔ فا فقیر حاضر۔ ثابت۔ جلدی کرنے والا۔ ڈھیلا۔ کاہل۔

العَوَاھِن۔ درخت خرما کی خشک شدہ شاخیں۔ عَاھِنَہ کی جمع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَمَی الکَلَامَ عَلٰی عَوَاھِنِہٖ" جو کچھ منہ میں آیا کہہ دیا۔ بغیر سوچے ہوئے کہ صحیح ہے یا غلط۔

عَاثَ یَعُوْثُ عَوْثًا و عَوَّثَ فُلَانًا عَنْ کَذَا: ہٹا دینا یہاں تک کہ متحیر ہو جائے۔

عَوَّثَہٗ: دیر کرا دینا۔

تَعَوَّثَ۔ متحیر ہونا۔

المَعَاث۔ مذہب۔ مسلک۔ گنجائش۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لِیْ عَنْ ھٰذَا الْاَمْرِ لَمَعَاثًا" یعنی میرے لئے اس معاملے میں گنجائش ہے اس لیے اس کا چھوڑنا میرے لیے ممکن ہے۔

عَاجَ یَعُوْجُ عَوْجًا و مَعَاجًا بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ فُلَانًا بِالْمَکَان: مقیم کرانا۔ السَّائِرُ: ٹھہرنا۔ اِلٰی اَوْ عَلَی المَکَان: مائل ہونا۔ متوجہ ہونا۔ فُلَانٌ عَمَّا عَزَمَ عَلَیْہِ: پختہ ارادہ سے ہٹ جانا۔ البَعِیْرَ: اونٹ کو لگام سے پھیرنا۔ کہا جاتا ہے مَا اَعُوْجُ بِکَلَامِہٖ: میں اس کے کلام کی پروا نہیں کرتا۔ (عِیَاجًا و عَوْجًا) اِلَیْہِ: مائل ہونا۔

عَوِجَ یَعْوَجُ عَوَجًا۔ العُوْدُ و نَحْوُہٗ: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا ہونا۔ الْاِنْسَانُ: بد خلق ہونا۔ صفت اَعْوَج۔

عَوَّجَ تَعْوِیْجًا۔ العُوْدَ و نَحْوَہٗ: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا کرنا۔ العَصَا و نَحْوَہٗ: لاٹھی وغیرہ پر ہاتھی دانت جڑنا۔ صفت مفعولی مُعْوَجَۃ تسکین عین کے ساتھ ہے۔ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو پھیرنا۔ عَوَّجَہٗ عَنِ الشَّیْئِ: باز رکھنا۔

تَعَوَّجَ تَعَوُّجًا و اِعْوَجَّ اِعْوِجَاجًا العُوْدُ: لکڑی کا ٹیڑھا ہونا۔

اِنْعَاجَ اِنْعِیَاجًا عَلَیْہِ: مڑنا۔

العَاج۔ ہاتھی دانت۔ العَاجَۃ: ہاتھی دانت کا ایک ٹکڑا۔

العَوَّاج۔ ہاتھی دانت کا بیچنے والا۔

العِوَج۔ کجی۔ پیچیدگی۔

العَوْجَاء۔ مؤنث اَعْوَج۔ کمان۔ دُبلی اونٹنی ج عُوْج۔

المُعَاج۔ مص۔ ٹھہرنے کی جگہ۔

عَادَہٗ یَعُوْدُہٗ عَوْدًا۔ ہٹانا۔ عَادَ السَّائِلَ: واپس کرنا۔ عَادَ فُلَانًا بِالْمَعْرُوْفِ: احسان و بھلائی کرنا۔

عَادَ یَعُوْدُ عَوْدًا و عَوْدَۃً و مَعَادًا لِکَذَا و اِلٰی کَذَا: کسی کی طرف ہونا۔ اعراض کے بعد واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَادَ عَلَیَّ مِنْ فُلَانٍ مَکْرُوْہٌ" فلاں کی جانب سے مجھے تکلیف پہنچی۔

عَادَ یَعُوْدُ عَوْدًا و عِیَادًا۔ الشَّیْئَ: دوبارہ کرنا۔ اسی سے مثل ہے "العَوْدُ اَحْمَدُ"۔

عَادَ الْاَمْرُ کَذَا بمعنی صار اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور کبھی ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف انتقال کے لیے آتا ہے جیسے "عَادَ فُلَانٌ شَیْخًا" یعنی فلاں جوان سے بوڑھا ہو گیا۔

عَادَہٗ عَوْدًا۔ عادت بنا لینا۔

عَادَ یَعُوْدُ عَوْدًا و عِیَادًا و عِیَادَۃً و عُوَادَۃً المَرِیْضَ: بیمار پرسی کرنا۔ صفت مذکر عَائِد ج عُوَّادٌ و عُوْدٌ و عَوْدٌ۔ اور صفت مؤنث عَائِدَۃ جمع عُوَّد اور صفت مفعولی مَعُوْد اور مَعْوُوْدٌ۔

عَوَّدَ فُلَانًا کَذَا: عادی بنا دینا۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا بوڑھا ہونا۔ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔

عَیَّدَ تَعْیِیْدًا۔ عید میں حاضر ہونا۔

عَاوَدَہٗ مُعَاوَدَۃً و عِوَادًا۔ الرَّجُلُ: امر اوّل کی طرف واپس آنا۔ الشَّیْئَ: عادت بنا لینا۔ کہا جاتا ہے "عَاوَدَتْہُ الحُمّٰی" بار بار بخار آیا۔ "عَاوَدَہٗ بِالْمَسْاَلَۃِ" بار بار سوال کیا۔

اَعَادَ اِعَادَۃً الْاَمْرَ و الکَلَامَ: لوٹانا۔

دہرانا الشَّیْءَ: عادت بنالینا۔ طاقت رکھنا الشَّیْءَ اِلٰی مَکَانِہٖ: اس کی جگہ پر واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا یُعِیْدُ وَمَا یُبْدِیْ" جبکہ کوئی حیلہ نہ ہو۔ "رَاَیْتُ فُلَانًا مَا یُبْدِیْ وَمَا یُعِیْدُ" یعنی کچھ بھی گفتگو نہیں کرتا نہ ابتداءً نہ عادۃً۔

تَعَوَّدَ تَعَوُّدًا الْمَرِیْضَ: بیمار پرسی کرنا الشَّیْءَ: عادی ہونا۔

اِعْتَادَ اِعْتِیَادًا. الشَّیْءَ: خوگر ہونا۔ عادی ہونا۔

تَعَاوَدَ الْقَوْمُ فِی الْحَرْبِ: ہر فریق کا اپنے ساتھیوں کے پاس واپس جانا۔

اِسْتَعَادَ اِسْتِعَادَۃً. لوٹنے کو کہنا الشَّیْءَ فُلَانًا و مِنْ فُلَانٍ: لوٹانے کو کہنا الشَّیْءَ: عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔

عَادَ. عرب اولیٰ کا ایک شخص۔ ایک پرانا قبیلہ جو اسی شخص کے نام سے موسوم تھا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ عَادَ ھُوَ" مجھے نہیں معلوم کہ وہ کون ہے۔

الْعَادِیُّ. وہ امر جس کی عادت جاری ہو۔ پرانی چیز۔ اقوام قدیمہ کے کھنڈرات۔ ج عَادِیَّات.

الْعَوْد. س۔ بوڑھا اونٹ۔ بوڑھی بکری۔ ج عِوَدَۃ. پرانا راستہ۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدًا عَلٰی بَدْءٍ" اوَ "رَجَعَ عَوْدُہٗ عَلٰی بَدْئِہٖ" یعنی اس کا سفر ختم نہیں ہوا اور واپس آگیا۔

الْعُوْد. لکڑی۔ کٹی ہوئی ٹہنی۔ ایک قسم کی خوشبو جس کو بطور بخور استعمال کیا جاتا ہے۔ زبان کی جڑ کی ہڈی۔ سارنگی ج عِیْدَان و اَعْوَاد و اَعْوُد.

عُوْدُ الصَّلِیْبِ و عُوْدُ الْقَرْحِ و عُوْدُ الْاَنْجِبَارِ. دواؤں کے نام۔

الْعِیْد. عید۔ ہر وہ دن جس میں کسی صاحب فضل یا کسی بڑے واقعہ کی یادگار مناتے ہوں۔ کہا گیا ہے کہ اس کو عید اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ہر سال لوٹ کر وہ دن آتا ہے اور اصل اس کی (عِوْد) ہے۔ اور اس کی جمع قاعدہ کے مطابق (اَعْوَاد) ہونی چاہئے تھی مگر (عَوْد) بمعنی لکڑی کی جمع سے فرق کیلئے اس کی جمع (اَعْیَاد) آتی ہے۔ اَلْعِیْد: بار بار آنے والی بیماری یا غم وغیرہ۔

الْعَادَۃ. عادت۔ ج عَادَات و عَاد و عِیَد و عَوَائِد۔ (عوائد گویا عائدہ کی جمع ہے۔)

الْعَوَّاد. سارنگی بجانے والا۔

الْاَعْوَد. نافع تر۔ زیادہ مفید۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَعْوَدُ عَلَیْكَ" یعنی یہ تمہارے لیے زیادہ نافع ہے۔

الْعَائِدَۃ. مؤنث عائد. ج عُوَّد و عَوَائِد و عَائِدَات: بھلائی۔ صلہ۔ مہربانی۔ منفعت۔ ج عَوَائِد. الْعَوَائِد. محصول۔

الْعَوَاد. مہربانی۔ بھلائی کا کام۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لَكَ عِنْدَنَا عَوَادًا حَسَنًا" یعنی تمہارے لیے ہمارے پاس وہ ہے جو تم پسند کرو۔ عواد تثلیث عین کے ساتھ ہے۔

الْعُوَادَۃ. س۔ کھانا جو ایک مرتبہ کھالینے کے بعد نئے مہمان کیلئے دوبارہ لایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَكَ الْعَوَادَۃُ ولَكَ الْعَوْدُ وَالْعَوْدَۃُ" تیرے لیے واپسی کا حق ہے۔

الْمَعَاد. س۔ لوٹنے کی جگہ۔ آخرت۔ جنت۔ حج (وَالْمَعَادَۃ) رونے کی جگہ نوحہ کرنے کی جگہ۔ ج مَعَاوِد.

الْمُعِیْد. فا۔ حاذق۔ تجربہ کار۔ عالم بالامور۔ بار بار جہاد کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مُبْدِیٌٔ مُعِیْدٌ" سدھایا ہوا گھوڑا۔

الْمَعَاوِد. فا۔ ہمیشگی کرنے والا۔ اپنے عمل میں ماہر۔ جواں مرد۔

الْمُتَعَیِّد. غضبناک۔ سخت ظالم۔

عَاذَ یَعُوْذُ عَوْذًا و عِیَاذًا و مَعَاذًا و مَعَاذَۃً تَعَوَّذَ و اِسْتَعَاذَ بِفُلَانٍ مِنْ كَذَا: پناہ لینا۔ عَاذَ بالشَّیْءِ: لازم ہونا۔

عَوَّذَ تَعْوِیْذًا و اَعَاذَ اِعَاذَۃً وَاَعْوَذَ اِعْوَاذًا. الرَّجُلَ: حفاظت کی دعا کرنا اور اُعِیْذُكَ بِاللهِ کہنا۔ منتر کرنا۔ عَوَّذَ الرَّجُلَ: کسی پر تعویذ لٹکانا۔

تَعَاوَذَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا۔ ایک دوسرے پر بھروسہ کرنا۔

الْعَوْذ. پناہ۔ کہا جاتا ہے "عَوْذٌ بِاللهِ مِنْكَ" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

الْعِیَاذ. س۔ پناہ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "الْعِیَاذ بالله منك" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

الْعَوَذ. پناہ کی جگہ۔ کراہت۔ درختوں سے گرے ہوئے پتے۔ ناکس و فرومایہ لوگ۔

الْعُوْذَۃُ ج عُوَذٌ و التَّعْوِیْذ ج تَعَاوِیْذ و الْمَعَاذَۃُ ج مَعَاذَات تعویذ۔ اسماء یا آیاتِ قرآنی جو لکھ کر آدمی کے گلے وغیرہ میں دفع بیماری وغیرہ کیلئے لٹکایا جائے۔

الْعَوَاذ. کراہت۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَکْتُ فُلَانًا اِلَّا عَوَاذًا مِنْهُ" میں نے فلاں کو صرف کراہت کی وجہ سے چھوڑ دیا۔

الْعَائِذ. فا ج عُوَّذ نئی جننے والی ہرنی یا اونٹ یا گھوڑا ج عُوْذٌ و عُوْذَانٌ ج عُوْذَات.

الْعَائِذَۃ. مؤنث عَائِذ ج عَوَائِذ و عَائِذَات الْعَوَائِذ: چاند ستارے جن کے وسط میں ایک ستارہ ہے جس کا نام ربع ہے۔

الْمَعَاذ. س۔ جائے پناہ۔ منتر۔ کہا جاتا ہے "مَعَاذَ اللهِ و مَعَاذَ وَجْهِ اللهِ" و "مَعَاذَۃَ اللهِ و مَعَاذَۃَ وَجْهِ اللهِ" یعنی اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

الْمُعَوَّذ. ٹپکا ڈالنے کی جگہ۔ تعویذ لٹکانے کی جگہ۔ گھروں کے ارد گرد اونٹوں کی چراگاہ۔

الْمُعَوَّذ والْمُعَوِّذ والْعُوَّذ کانٹوں یا درختوں کی جڑ میں یا پتھر کے نیچے کی نباتات۔

عَارَہٗ یَعُوْرُہٗ عَوْرًا. کانا کر دینا۔ عَارَ الشَّیْءَ: لے جانا اور تلف کرنا (واَعَار) عَیْنَ الْمَاءِ او الرَّکِیَّۃَ: پانی کے چشمہ یا کنوئیں کو بند کر دینا۔ عَارَتْ عَیْنُ الْمَاءِ او الرَّکِیَّۃُ: پانی کے چشمہ یا کنوئیں کا بند ہونا۔

عَوِرَ یَعْوَرُ عَوَرًا و اِعْوَرَّ. کانا ہونا۔ صفت مذکر۔ اَعْوَر صفت مؤنث عَوْرَاء ج عُوْر و عُوْرَان.

عَوَّرَهُ. کانا کرنا۔ عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا۔
عَوَّرَ عَلَیْهِ اَمْرَهُ: قباحت ظاہر کرنا۔ عَوَّرَ
الْمَكَائِیلَ: پیمانوں کا اندازہ کرنا عَیْنَ الْبِئْرِ:
کنوئیں کو مٹی سے بھر دینا۔ عَنْ فُلَانٍ:
دوسرے کی جانب سے جھوٹ بولنا۔ فُلَانًا:
رد کر دینا اور حاجت پوری نہ کرنا۔

اَعْوَرَهُ اِعْوَارًا. کانا کر دینا۔ اَعْوَرَ الشَّیْءُ:
ظاہر ہونا۔ اعضاء مستورہ کا کھل جانا۔ اعور
الفارسُ: سوار میں نیزہ لگنے کی جگہ ظاہر ہونا
الرَّجُلُ: شک کرنا۔

اَعَارَهُ اِعَارَةً. الشَّیْءَ وَمِنَ الشَّیْءِ: منگنی
دینا۔

عَاوَرَهُ الشَّیْءَ مُعَاوَرَةً. منگنی دینا۔ عَاوَرَ
الشَّمْسَ: انتظار کرنا۔ عَارَهُ الشَّیْ: جیسا
کسی نے کچھ کیا ویسا ہی اس کے ساتھ کرنا۔

عَاوَرَ و عَایَرَ. الْمَكَائِیلَ: پیمانوں کا اندازہ
کرنا۔

اِعْوَرَّ. کانا ہونا۔ اِعْوَرَّتْ و اِعْوَارَّتْ
الْعَیْنُ: آنکھ کا کانی ہو جانا۔

تَعَوَّرَ الْعَارِیَةَ: منگنی مانگنا (و تَعَاوَرَ
واِعْتَوَرَ) الْقَوْمُ الشَّیْءَ: باری باری لینا۔
دست بدست لینا۔ کہا جاتا ہے "تَعَاوَرَتِ
الرِّیَاحُ رَسْمَ الدَّارِ" مکان کے نشانات و
کھنڈرات پر مختلف ہوائیں۔ کبھی جنوبی کبھی
شمالی کبھی غربی کبھی شرقی چلیں۔

اِسْتَعْوَرَ الرَّجُلُ: منفرد ہونا۔ اکیلا ہونا۔

اِسْتَعَارَ. الشَّیْءَ مِنْ فُلَانٍ و اِسْتَعَارَ فُلَانًا
الشَّیْءَ منگنی دینے کو کہنا اور اسی سے ہے "اَرَی
الدَّهْرَ یَسْتَعِیْرُ فِیْ ثِیَابِیْ" میں زمانہ کو دیکھتا
ہوں کہ وہ میرے کپڑوں کو عاریت دینے کو کہتا
ہے اور یہ آدمی اس وقت کہتا ہے جبکہ وہ بوڑھا
ہو جاتا ہے اور اسے موت کا خوف ہوتا ہے۔

الْعَوْرَةُ. خَلَلٌ جو سرحد میں ہو اور جس سے
خوف کیا جائے۔ الْعَوْرَةُ مِنَ الْجِبَالِ:
شگاف مِنَ الشَّمْسِ: جائے طلوع و غروب۔
الْعَوْرَةُ: ہر امر جس سے شرم کی جائے۔
انسان کے اعضاء جن کو حیا سے چھپایا جاتا ہے ج
عَوْرَات عَوَرَات.

الْعَائِرُ. فا۔ وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا ہو۔
آشوب چشم۔ تنکا۔ ہر وہ چیز جو آنکھ کو تکلیف
پہنچائے۔ الْعَائِرُ مِنَ السِّهَامِ او
الْحِجَارَةِ: وہ تیر یا پتھر جس کا پھینکنے والا معلوم
نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهُ سَهْمٌ او حَجَرٌ
عَائِرٌ" اس کو ایسا تیر یا پتھر آ کر لگا جس کے
پھینکنے والا معلوم نہیں۔

الْعَائِرَةُ. مؤنث عائر۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ
مِنَ الْمَالِ عَائِرَةُ عَیْنَیْنِ" اس کے پاس اتنا
مال ہے جو دونوں آنکھوں کو بھر دیتی ہے۔ عَیْنٌ
عَائِرَةٌ: تنکے والی آنکھ ج عَوَائِر. الْعَوَائِرُ مِنَ
الْجَرَادِ: ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔

الْعَارَةُ والْعَارِیَةُ والْعَارِیَّةُ. منگنی۔ منگنی
دینا۔ وہ چیز جس کو لوگ آپس میں لیں دیں۔ ج
عوار و عَوَارِیّ.

الْعَوَار والْعِوَار و الْعُوَار. عیب۔ کپڑے
کا پھٹن۔

الْاَعْوَر. کانا۔ مؤنث عَوْرَاء ج عُوْر و
عُوْرَان. و عِیْرَان. الْمَعَانِی الْعُوْر:
معانی مشکلہ۔ فَلَاةٌ عَوْرَاءُ بے پانی کا جنگل۔
کلمة عَوْرَاء: کلمہ قبیحہ۔ الْاَعْوَر: کوا۔
ردی۔ ضعیف؛ بزدل۔ بری رہنمائی کرنے
والا۔ پھٹی ہوئی کتاب؛ وہ شخص جس کا حقیقی
بھائی نہ ہو۔ وہ راستہ جس میں کوئی علامت نہ
ہو۔ ج اَعَاوِر.

الْعَوِر. ردی۔ سیرت۔ شَیْءٌ عَوِرٌ: وہ چیز
جس کا نگہبان کوئی نہ ہو۔ مؤنث عَوِرَة.

الْعُوَیْر. کوا۔

الْعِیْرَان. ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔

الْعُوَّار. تنکا۔ ابابیل۔ راستہ سے ناواقف۔
کمزور۔ بزدل۔ ج عواویر.

الْمُعَار. دبلا کیا ہوا گھوڑا۔ اور بقول بعض دم
نچا ہوا گھوڑا۔

الْمُعْوِر. مِنَ الْاَمْكِنَةِ: دہشت ناک۔
رَجُلٌ مُعْوِرٌ: بری عادت والا۔ شَیْءٌ مُعْوِرٌ:
جس کا کوئی نگہبان نہ ہو۔

عَازَ یَعُوْزُ عَوْزًا الشَّیْءُ فُلَانًا: محتاج ہونا۔
اور کامیاب نہ ہونا۔

عَوِزَ یَعْوَزُ عَوَزًا. الشَّیْءُ: دشوار ہونا۔
باوجود حاجت کے کمیاب ہونا الْاَمْرُ: سخت ہونا
الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ صفت عَوِزٌ و عَائِزٌ و
اَعْوَزُ.

اَعْوَزَ اِعْوَازًا. الرَّجُلُ: محتاج و بدحال
ہونا۔ صفت مُعْوِزٌ و مُعْوَزٌ. اَعْوَزَهُ
الْمَطْلُوْبُ: مطلوب کا عاجز کر دینا اور اس کا
حصول دشوار ہونا۔ اَعْوَزَنِی الشَّیْءُ: محتاج
ہونا اور قادر نہ ہونا۔ اَعْوَزَ الشَّیْءُ: دشوار ہونا
الدَّهْرُ فُلَانًا: زمانہ کا کسی کو محتاج کر دینا۔

اِعْوَزَّ اِعْوِزَازًا. حیلہ کرنا۔ حالت کا گڑبڑ
ہونا۔

الْعَوْز. س۔ دانہ انگور۔ واحد عَوْزَةٌ. الْعَوَز
حاجت۔ تنگی۔

الْمِعْوَز والْمِعْوَزَة. پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ہر وہ
کپڑا جس سے دوسرے کپڑے کی حفاظت ہو۔
ج مَعَاوِز و مَعَاوِزَة.

عَاسَ یَعُوْسُ عَوْسًا و عَوَسَانًا. رات
میں چکر لگانا عَلٰی عِیَالِهِ: آل اولاد کے لیے
محنت سے کمانا عِیَالَهُ: خوراک دینا (عَوْسًا و
عِیَاسَةً) الذِّئْبُ: بھیڑیے کا رات میں
خوراک ڈھونڈنا (عَوْسًا) الشَّیْءَ: تعریف
کرنا مَعِیْشَتَهُ: درست کرنا۔

عَوِسَ یَعْوَسُ عَوَسًا. ہنسنے میں رخساروں
میں گڑھا پڑنا۔ صفت اَعْوَس.

الْعُوْس. سپید مینڈھے اور نسبت کیلئے
عُوْسِیٌّ. کہا جاتا ہے. كَبْشٌ عُوْسِیٌّ.

الْعَوَّاس. صیغہ مبالغہ۔

عَاصَ یَعَاصُ و عَوِصَ یَعْوَصُ عِیَاصًا
و عَوَصًا. الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا
الْكَلَامُ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔

اِعْتَاصَ اِعْتِیَاصًا. الْاَمْرُ عَلَیْهِ: سخت
ہونا؛ دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا جس کی وجہ سے
صواب کو نہ پانا۔

عَوَّص. فعل یا قول میں راہ راست پر نہ ہونا۔

الشَّاعِرُ او الخطِيْبُ: ایسا شعر یا کلام کہنا جس کا سمجھنا دشوار ہو۔

اَعْوَصَ عوصًا و عِياصًا. والقِياسُ اعْواصًا: بِخَصْمِهٖ و علي خَصْمِهٖ: دلائل سے حیران کر دینا فِي الْكَلامِ: باریک بات کہنا۔

عاوَصَهٗ مُعاوَصَةً. کشتی لڑنا۔ پچھاڑنا۔

الاَعْوَص. باریک بات۔ مؤنث عوصاء.

العوصاء. مؤنث اعوص. سختی۔ حاجت كَلِمَةٌ عوصاء. کلمہ نادرہ۔

لعوص. دشواری۔

العائص والعوص والعيصاء. سختی۔ حاجت۔ العوص: نفس قوت۔ حرکت۔

لعويص. من الأمور: دشوار من الكلام جس کا سمجھنا دشوار ہو من الدَّواهي: سخت مصیبتیں۔ مؤنث عويصَةٌ. العويص: سختی۔ نفس۔ قوت۔ حرکت۔

عاضَ يَعُوْضُ عَوْضًا و عوضًا و عياضًا و عوض و عاوض و اعاض اعاضَةً فلانًا من كذا: بدلہ دینا۔

تعوّض واعتاض. منْهُ: بدلہ لینا۔

اعتاض و استعاض فُلانًا: بدلہ مانگنا۔

عوْض. یہ کلمہ مبنی ہے اور تینوں حرکتوں کے ساتھ مستعمل ہے اور اسم ظرف ہے۔ استغراق مستقبل کا کام دیتا ہے جیسے "لا افارقك عوْض" یعنی میں تجھ سے کبھی جدا نہیں ہوں گا یا استغراق ماضی کے کام میں آتا ہے جیسے "ما رايتُ مثلَهُ عوض" یعنی میں نے اس کے مانند کبھی نہیں دیکھا اور نفی کے ساتھ مختص ہے اور اضافت کی حالت میں معرب ہوتا ہے جیسے "لَا افْعلُهُ عوْضَ العائضين" یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔

العِوَض. ج اعْواض ... العائض والمعوَّضة: بدلہ۔

تعوط المرْأةُ او النَّاقَةُ: عورت یا اونٹنی کا کئی سال بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا العنق: گردن لمبی ہونا۔

اِعْتاطت المرأة او الناقة: عورت یا اونٹنی کا کئی سال تک بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا۔ ج عُوْطٌ و عوائط و عِيطٌ و عُيَّط و عِيطات.

عَافَ يَعُوْفُ عوْفًا الطَّائِرُ: پرندہ کا منڈلانا۔

تعوّف الْاَسَدُ. شیر کا رات میں شکار کو ڈھونڈنا اور پھاڑنا۔

العاف. نرم۔

العوف س حال۔ حصہ۔ مہمان۔ مرغ۔ شیر۔ بھیڑیا۔ اہل و عیال کیلئے مشقت برداشت کرنے والا۔ پرندہ۔ ایک خوشبودار نباتات۔

ابو عوف نر ٹڈی۔ اُمّ عوف. مادہ ٹڈی۔

العواف والعُوافة شکار جس کو شیر رات میں پھاڑے۔ غنیمت۔

عاقَهُ يَعُوْقُهُ عوْقًا و عوّقَهُ واعاقَهُ اعاقَةً واعْتاقَهُ اعْتِياقًا عن كذا: روکنا۔ باز رکھنا۔ ہٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "اعوق بي الزَّادُ او الدَّابَّةُ اعواقًا" یعنی مجھ کو سفر سے توشہ یا سواری نے باز رکھا۔

تَعوّق. پیچھے ہٹنا۔ تعوّق فُلانًا: باز رکھنا۔ روک دینا۔

العوْق والعُوَق. روکنے والا۔ بے فیض آدمی۔ لوگوں کو اچھے کاموں سے روکنے والا۔ وادی کا موڑ۔ ج اعواق. العِرَق والعوق والعوق والعيّق والعُوّق والعُوقَة. بزدل۔ روکنے والا۔

رجُلٌ عوْقَةٌ و عُوقَةٌ و عَوَقٌ و عَيِّقٌ و عَيِّقٌ لوگوں کو اعمال خیر سے روکنے والا۔

العوق. بھوک۔

اَلعائقُ: پھولوں کی ایک قسم۔

العائق. قا۔ ہر روکنے والی چیز۔ ج عوائق و عُوَق. عوائق الدهر: زمانے کے مشاغل۔

العائقة. مؤنث عائق. عمل سے روکنے والی چیز۔ ج عوائق.

العَيُّوْق. نام ایک ستارے کا جو ثریا کے پیچھے ہوتا ہے۔

العُواق والعُوَيْق. چلتے ہوئے جانور کے پیٹ کی آواز۔

عَاكَ يعُوْكُ عوْكًا و مَعاكًا عليه: حملہ کرنا۔ متوجہ ہونا بِهٖ: پناہ لینا مَعاشَهُ: کمائی کرنا۔ صفت عائك.

تعاوك القوْمُ: باہم لڑنا۔

اِعْتَوك القوْمُ: ہجوم کرنا۔

اَلْعوْكُ. س۔ کہا جاتا ہے "ما به عوْكٌ" یعنی اس میں کوئی حرکت نہیں۔

اَلعويكَةُ والمعُوكَة. لڑائی۔

المعاك. جائے پناہ۔ راستہ۔ برداشت۔

عَالَ يعُوْلُ عوْلًا فِي حُكْمِهٖ: ظلم کرنا۔ راہ حق سے ہٹ جانا (يعُوْلُ عوْلًا و عَالَ يعِيل عيْلًا) فِي المِيْزان: خیانت کرنا المِيْزان: گھٹنا امْرُ القوْمِ: مضطرب ہونا الشَّيُّ فلانًا: بھاری ہونا۔ عالتِ النَّاقَةُ ذنْبَها: اونٹنی کا دُم اٹھانا۔

عَالَ يعُوْلُ عوْلًا وعِيالَةً. کثیر العیال ہونا۔

عَالَ يعُوْلُ عوْلًا و عِيالَةً و عُوُوْلًا الرَّجُلُ عِيالَهُ: اہل و عیال کے معاش کی کفالت کرنا الیتِيْمَ: کفالت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَالَ عوْلُهُ و عِيلَ عوْلُهُ" یعنی اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔

عَالَ و عِيلَ صَبْرُهُ: صبر جاتا رہنا۔

الرَّجُلُ محتاج ہونا۔ صفت۔ معول۔

اَعالَ لعالَةً واعْوَلَ اعْوالًا واعْيلَ اعْيالًا الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔ اعالَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ اعالَ و اعْيلَ: حریص ہونا۔ صفت مُعْوِلٌ و مُعِيلٌ اعالَ عِيالَهُ: اہل و عیال کے معاش کیلئے کافی ہونا۔

اَعْوَلَ. چیخ کر رونا۔ اعْولَتِ القوْسُ: کمان کا آواز کرنا۔ اعْولَ الرَّجُلُ: حرص کرنا علي فُلانٍ. ناز کرنا۔ بھروسہ کرنا۔

عوَّلَ چیخ کر رونا علي فُلانٍ و بِهٖ: مدد مانگنا۔ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔ کہا جاتا ہے

"عَوِّلْ عَلَیَّ بِمَا شِئْتَ" یعنی جو تم چاہو مجھ سے مدد لو۔ اور عَوَّلَ عَلَیْهِ مُعَوَّلًا کہا جاتا ہے اور تَعْوِیْلًا نہیں کہا جاتا اور اسم العول ہے اور کہا جاتا ہے "عَوَّلْنَا اِلٰی فُلَان فِیْ حَاجَتِنَا فَوَجَدْنَاهُ نِعم المعول" یعنی ہم نے فلاں کی اپنی حاجت میں پناہ لی اور ہم نے اس کو بہتر جائے پناہ پایا۔

عَیَّلَ تَعْیِیْلًا عَیَالَهٗ: اہل و عیال کے معاش کے لیے کافی ہونا۔

اِعْتَوَلَ اِعْتِوَالًا. چیخ کر رونا۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ عَالٌ وَلَا مَالٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

العَوْل والعَوْلَة والعَوِیْلِ. چیخ کے ساتھ گریہ وزاری۔ العَوْل: ہر تکلیف دہ کام۔ اہل و عیال کی خوراک مدد طلب کیا ہوا۔

العِوَل. بھروسہ۔ اعتماد۔ مدد طلب کرنا۔ عمدہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِوَلِی مِنَ النَّاسِ" یعنی لوگوں میں فلاں آدمی میرے لیے قابل اعتماد ہے۔

العَالَة. شتر مرغ۔ بارش سے بچنے کے لیے لکڑی وغیرہ کی جھونپڑی۔

عَیِّلُ الرَّجُلِ: گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو مذکر و مؤنث دونوں کو شامل ہے ج عِیَال و عِیَائِل و عَالَة.

المِعْوَل. کدال ج مَعَاوِل.

المُعَوَّل. جس سے فریاد کی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے۔

عَامَ یَعُوْمُ عَوْمًا فِی المَاءِ: تیرنا۔ صفت عَائِم. عَامَتِ السَّفِیْنَة فِی المَاءِ: کشتی کا چلنا۔ عَامَ الزَّمَامُ: لگام کا ہلنا۔ عَامَتِ النُّجُومُ: ستاروں کا چلنا۔

عَوَّمَ. کٹی ہوئی کھیتی کا دستہ دستہ رکھنا۔ عوَّم السَّفِیْنَة. کشتی چلانا۔ کھینا الکَرْمُ: درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔

عَوَّمَت و عَاوَمَت النَّخْلَة: درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔ عَاوَم فُلَانٌ فُلَانًا ایک سال کیلئے کرایہ پر معاملہ کرنا۔

اَعْوَم اِعْوَامًا. ایک سال کا ہونا۔ سال کے اوّل میں ہونا۔

العَام. جمع عَامَة کی۔ دن ز سال۔ ج اَعْوَام تصغیر عُوَیْم. نسبت کے لیے عامی.

العَامَة. عمامہ کا پیچ۔ سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے۔ گھنٹی۔ العامَة: کٹی ہوئی کھیتی کے جمع کئے ہوئے گٹھے ج عَامٌ.

العُوْمَة. پانی میں تیرنے والا ایک کیڑا۔ ایک قسم کا سانپ ج عُوم

العَوَّام. عائم کا مبالغہ۔ تیز رفتار گھوڑا۔

العَوَّامَة. پھنسی کی ڈوری کی وہ لکڑی وغیرہ جو پانی پر تیرتی رہتی ہے اور جس کی حرکت سے اندازہ ہوتا ہے کہ مچھلی پھنسی ہے۔

العُوَّام. سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهٗ ذَاتَ العُوَیْم" یعنی میں سالوں میں کسی سال ملا۔ المُسْتَعَام. جہاز۔ کشتی۔

عَانَتْ تَعُوْن عَوْنا المرْأَةُ: عورت اُدھیڑ عمر کی ہونا۔

عَوَّنَهٗ تَعْوِیْنًا و عَاوَنَهٗ مُعَاوَنَةً و عِوَانًا و اَعَانَهٗ اَعَانَةً عَلَی الشَّیْءِ: مدد کرنا۔ عَوَّنَتِ المَرْأَةُ: ادھیڑ عمر کی ہونا۔ اعَانَهٗ مِنْهُ: اس نے اس کو اس سے خلاصی دی۔

تَعَاوَنَ واِعْتَوَنَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِسْتَعَان. فُلَانًا و بِفُلَان: مدد طلب کرنا۔

العَوْن. س۔ مدد کرنا۔ مددگار۔ خادم (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے) ج اَعْوَان.

العَانَة. گدھی۔ گور خر کا ریوڑ۔ پیڑو۔ ج عُوْن و عَانَات

العَوَان. بارش شدہ زمین جنگ جس میں بار بار لڑائی ہو۔ الحربُ العوان: سخت جنگ

العَوَان: ادھیڑ عمر کا۔ ج عُوْن.

العَوَانَة. کھجور کا لمبا درخت۔ ریت کا ایک کیڑا۔ ایک جانور جو سیہہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔

المَعَانَة والمَعُوْنَة والمَعُوْن. مدد۔

المِعْوَان. بہتر مددگار۔ بہت مددگار۔ ج مُعَاوِیْن.

اَلتَّعَاوُنِیَّة: کھانے پینے اور لباس وغیرہ اشیاء کا سستا سٹور جس کو یوٹیلٹی سٹور بولا جاتا ہے۔

اَلْمُعَیَّنُ: چار برابر اضلاع والی شکل قائم زاویہ کے علاوہ۔ شکل معین بنانا۔

المُتَعَاوِنَة. بوڑھی عورت۔

عَاهَ یَعُوْهُ عُوُوْهًا و عِیْهَ الزَّرْعُ: کھیتی کا آفت رسیدہ ہونا الرَّجُلُ: آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ صفت عَائِهٌ و عَاهٍ و عَاهٌ و اَعْوَهُ.

عَوَّهَ الرَّجُلَ: آفت پہنچانا (واَعَاهَ واَعْوَهُ اِعَاهَةً واِعْوَاهًا و تَعَوَّهَ تَعَوُّهاً) آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ عَوَّهَ القَوْمُ: کچھ دیر سونے کیلئے سفر میں ٹھہر جانا۔ عَوَّهَ عَلَیْهِمْ. ٹھہرنا۔ اقامت کرنا۔

العَاهَة. آفت۔ اَهْلُ العَاهَات. آفت رسیدہ لوگ۔

المَعْیُوه والمَعُوْهُ والمَعْیه مِنَ المَوَاشِی وَغَیْرَهَا: آفت رسیدہ۔

عَوٰی یَعْوِی عُوَاءً و عَیًّا و عَوَّةً و عَوِیَّةً الکَلْبُ او الذِّئْبُ و ابن آوی: بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا یَعْوِی وَمَا یَنْبَح" جبکہ کسی کو ضعیف سمجھا جاتا ہے۔ القَوْمُ اِلَی الفِتْنَةِ: بلانا (عَوَاهُ یَعْوِیْه عَیًّا: عَنِ الشَّیْءِ) باز رکھنا (و عَوَّی) القَوْسَ و نَحْوُهَا: کمان کو جھکانا الحَبْلُ او الشَّعْرُ: رسّی یا بال کو موڑنا عَنِ الرَّجُلِ: جواب دینا اور غیبت کرنے والے کی تکذیب کرنا۔

اِعْتَوَی اِعْتَوَاءً الشَّیْءَ: موڑنا الکَلْبُ کتے کا بھونکنا۔

عَاوَی. الکِلَابَ مُعَاوَاةً. بھونک کر کتے کو اکسانا۔

تَعَاوَی تَعَاوِیًا القَوْمُ عَلٰی فُلَانٍ: کسی پر ہجوم کرنا۔

اِنْعَوَی اِنْعِوَاءً. مڑنا۔

اِسْتَعْوَی اِسْتَعْوَاءً القَوْمَ: فریاد کرنا۔ فتنہ

پر اُبھارنا۔ هُ: بھونکوانا۔
العَوَّاء. بہت بھونکنے والا کتا۔
العَوَّة. س۔ آواز۔ شور (العُوَّة) چوتڑ۔
المُعَاوِيَة. کتیا۔ لومڑی کا بچہ۔
عَابَ يَعِيْبُ عَيْبًا الشَّيْئَ: عیب دار بنانا۔ صفت فا عَلٰی عَائِب اور صفت مفعولی مَعِيْبٌ و مَعْيُوْبٌ.
فُلَانًا: عیب کی طرف منسوب کرنا۔ عَابَ الشَّيْئُ: عیب ناک ہونا۔ صفت عائب۔
عَيَّبَ و تَعَيَّبَ الرَّجُلَ: عیب کی نسبت کرنا الشَّيْئَ: عیب دار بنانا۔
تَعَايَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔
العَيْب. س۔ برائی۔ ج عُيُوب.
العَيْبَة. ایک مرتبہ عیب جوئی۔ العَيْب: چمڑے کی زنبیل۔ کپڑوں کے محفوظ رکھنے کا صندوق۔ ج عِيَب و عِيَاب و عَيْبَات؛ و العَيْبَةُ مِنَ الرَّجُلِ: بھید کی جگہ۔
العَاب. عیب۔ برائی۔
العَيَّاب و العَيَّابَةُ و العُيَبَة. بڑا عیب جو۔
المَعَاب و المَعَابَة. عیب۔ برائی۔ ج مَعَائِب.
المَعِيْب وَالمَعْيُوْبُ. عیب دار۔
المُعَيِّب. زنبیل بنانے والا۔
عَاثَ يَعِيْثُ عَيْثًا و عُيُوْثًا و عَيَثَانًا الشَّيْئَ: فاسد کرنا فِيْ مَالِهٖ: فضول خرچی کرنا اور خرچ کرنے میں جلدی کرنا۔ صفت مذکر عَيْثَان صفت مؤنث عَيْثٰی.
عَيَّثَ. اندھیرے میں ہاتھ سے ٹٹولنا۔ اور کہا جاتا ہے عیث يفعل كَذَا. یعنی وہ ایسا کرنے لگا۔
تَعَيَّثَتِ الْإِبِل: سیرابی سے کم پینا۔
العَيُوْث و العَيَّاث. بہت زیادہ فساد کرنے والا (و العَائِث) شیر۔
العَيْثَة. ایک مرتبہ فساد انگیزی۔ نرم زمین۔
عَاجَ يَعِيْجُ عَيْجًا بِالشَّيْئِ: پروا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَعِيْجُ بِكَلَامِهٖ" یعنی میں اس کی گفتگو کی پروا نہیں کرتا۔ و ما عِجْتُ بِالشَّيْئِ: یعنی میں اس پر راضی نہیں۔ "وَشَرِبْتُ الدَّوَاءَ فَمَا عِجْتُ بِهٖ" یعنی میں نے دوا پی اور کوئی فائدہ نہیں اٹھایا (یہ کلمہ ہمیشہ منفی ہی مستعمل ہوتا ہے۔)
عَارَ يَعِيْرُ عَيْرًا. حیرانی کے ساتھ آنا جانا الفَرَسُ: گھوڑے کا ناک کی سیدھ پر بھاگنا کہ کوئی چیز اس کو پھیر نہ سکے۔ اسم العِيَار فُلَانًا: عیب لگانا۔ عَارَتِ القَصِيْدَةُ: قصیدہ کا مشہور ہونا۔
عَيَّرَ فُلَانًا: عار کی طرف نسبت کرنا۔ فعل کی برائی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَيَّرَهُ كَذَا وَعَيَّرَهُ بِكَذَا عَيَّرَ الماءُ:" کائی والا ہونا۔
عَايَرَ و مُعَايَرَة و عِيَارًا المِكْيَالُ او المِيْزَانُ. اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ عَايَرَ فُلَانًا: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
اَعَارَ اِعَارَةً الفَرَسَ: چرنے کے لیے چھوڑنا۔ موٹا کرنا۔
تَعَايَرَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔ ایک دوسرے کو شرم دلانا۔
العَار. عیب۔ ہر وہ قول یا فعل جس سے انسان کو شرم آئے۔ ج اَعْيَار.
العَيْر. س۔ گدھا یا گورخر۔ اور گورخر کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے۔ ج اَعْيَار و عِيَار و عُيُوْر و عُيُوْرَة و عِيَارَات مؤنث عَيْرَةٌ
العَيْرُ: ہری بھری چیز۔ آنکھ کی پتلی یا پلک' کھونٹی۔ لکڑی جو ہودج کے آگے لگی ہوتی ہے۔ پہاڑ۔ سردار۔ بادشاہ۔ ڈھول۔ عَيْرُ القَدَمِ: قدم کے وسط میں ابھرا ہوا حصہ۔ عَيْرُ النَّصْلِ: تیر کے پھل کا درمیان حصہ۔ عَيْرُ الوَرْقَةِ: پتے کے درمیان کا خط۔
العِيْر. قبیلہ حمیر کا قافلہ۔ پھر سارے قافلوں پر بولا جانے لگا۔ ج عِيَرَات و عِيْرَات.
العَائِر. فا۔ حیران۔ مزدور۔ چکر لگانے والا سَهْمٌ عائر جس تیر کا چلانے والے معلوم نہ ہو۔ شَاةٌ عَابِرَة: بکری جو دو گلوں کے درمیان پریشان ہو کہ کدھر جائے۔
العِيَار. جمع عَيْر. عِيَارُ الشَّيْئِ: ہر چیز کا اندازہ۔ ج عِيَارَات عِيَارُ الدَّرَاهِم او الدَّنَانِير: دراہم اور دنانیر کا ٹھپہ۔
العَيَّار. بہت پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ فَرَسٌ عَيَّار: تیز رفتار گھوڑا۔
المِعْيَار. کسوٹی۔ ج مَعَايِيْر.
المُعَار. مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جو مع سوار کے راستہ سے ایک طرف ہو جائے۔
المَعَايِر. عُيُوب۔
المُسْتَعِيْر. جو گدھے کے مشابہ ہو۔ موٹا گھوڑا۔
اَعْيَسَ اِعْيَاسًا الزَّرْعُ: کھیتی کا مرجھانا۔ خشک ہونا۔
تَعَيَّسَت. الإِبِلُ: بھورے رنگ کا ہونا۔
العَيَس و العِيْسَة. بھورے رنگ کا اُونٹ۔
العِيْس. بھورے رنگ کا اُونٹ۔ واحد۔ مذکر اَعْيَس واحد مؤنث عَيْسَاء. العِيْس: عمدہ قسم کے اُونٹ۔ العَيْسَاء: مادہ ٹڈی۔
عِيْسٰى. عبرانی لفظ ہے نام ایک نبیؑ کا ہے نسبت کے لیے عیسوی اور عیسٰی۔
عَاشَ يَعِيْشُ عَيْشًا و عِيْشَةً و مَعَاشًا و مَعِيْشًا و مَعِيْشَةً و عَيْشُوْشَة. زندہ رہنا۔
عَيَّشَهُ و اَعَاشَهُ و اِعَاشَةً. زندہ رکھنا۔
عَايَشَهُ. ساتھ زندگی بسر کرنا۔
تَعَيَّش. اسباب زندگی کے لیے کوشش کرنا۔
تَعَايَشُوا. بِالْاُلْفَةِ و المَوَدَّةِ: محبت و پیار سے ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔
العَائِش. فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ عَائِشٌ" اس کی حالت اچھی ہے۔
العَيْش. س۔ زندگی۔ کھانا۔ روٹی (و العِيْشَة) زندگی کی حالت۔
العَيَّاش. روٹی بیچنے والا۔ کھانے بیچنے والا۔ عائش کا مبالغہ۔
المُعَاش و المَعِيْشَة. کھانے پینے کی جس چیز سے زندگی بسر ہو سکے۔ زندگی کا ذریعہ۔
المَعَاش. زندگی کے گزران کے ڈھونڈنے کا وقت یا زمانہ ج مَعَائِش.

الْمُتَعَيِّش. فا۔ جس کے پاس کچھ گزر بسر کے قابل ہو۔
الْعِيْص. گنجان درخت۔ اچھے درختوں کے اگنے کی جگہ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ عِيْصٍ كَرِيْمٍ" یعنی شریف اصل سے ہے۔ ج أَعْيَاص و عِيْصَان.
الْمَعِيْص. درخت کے اگنے کی جگہ۔
عَاطَتْ تَعِيْطُ عَيْطًا. الْعُنُقُ: گردن لمبی ہونا۔
عَيِطَ يَعْيَطُ عَيَطًا الرَّجُلُ: لمبی گردن کا ہونا۔ صفت مذکر أَعْيَط اور صفت مؤنث عَيْطَاءُ ج عِيْط.
عَيَّطَ تَعْيِيْطًا. چیخنا۔ چلانا۔
تَعَيَّطَ. غضبناک ہونا الْقَوْمُ: چیخنا۔ شور مچانا۔
تَعَيَّطَتِ الْعُنُقُ: گردن لمبی ہونا۔ تَعَيَّطَ الْعُوْدُ: لکڑی میں سے پانی جیسا بہہ کر گوند بن جانا۔
الْعِيَاط. چیخ۔ شور۔
الْعَائِط. فا۔ چیخنے والا ج عُوْط و عِيْط و عُيَّط و عُوْطَط و عِيْطَات. اور مبالغہ کے لیے کہا جاتا ہے عَائِطٌ عِيْطٍ و عُوْطٍ و عُوْطَط.
هَضْبَةٌ عَيْطَاء. اونچا ٹیلہ۔
عَافَ يَعِيْفُ و يَعَافُ عَيْفًا و عِيَافًا و عَيَفَانًا. الطَّعَامَ وَغَيْرَهُ: کراہت کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
عَافَ يَعِيْفُ عِيَافَةً. الطَّيْرَ: پرندہ اڑا کر شگون لینا۔
عَافَتْ تَعِيْفُ عَيْفًا الطَّيْرُ: منڈلانا اور اسم عَيْفَة.
أَعَافَ إِعَافَةً. الْقَوْمُ: پانی ناپسند کرنے والے جانوروں کا مالک ہونا۔
إِعْتَافَ إِعْتِيَافًا. سفر کیلئے توشہ لینا الطَّعَامَ وَغَيْرَهُ: ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
الْعَائِف. فا۔ شگون لینے والا۔
الْعَيْفَة. ایک مرتبہ مکروہ جاننا۔ عَيْفَةُ الطَّائِرِ: منڈلانا۔ پرندہ کا چکر۔

الْعِيْفَة. کراہت کی نوعیت۔ عمدہ مال۔
الْعِيْفَان و الْعَيُوْف. شگون لینے والا۔
نُسُوْرٌ عَوَائِفُ مقتولین پر منڈلانے والے گدھ۔
الْعَيِّفَان. نفرت کرنے کا عادی۔
الْمَعِيْف. مکروہ۔
الْمُتَعَيِّف. شگون لینے والا۔ فال نکالنے والا۔
عَاقَ يَعِيْقُ عَيْقًا. بمعنی عَاقَ يَعُوْقُ عَوْقًا.
عَاكَ يَعِيْكُ عَيْكَانًا. مونڈھے کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
عَالَهُ يَعِيْلُهُ عَيْلًا و مَعِيْلًا. الشَّيْءُ: عاجز کرنا۔ محتاج کرنا۔ عَالَ فِيْ مَشْيِهِ: نازو انداز سے چلنا۔
عَالَ يَعِيْلُ عَيْلًا و عُيُوْلًا و عُيُوْلًا فِي الْأَرْضِ: جانا اور پھرنا۔
عَالَ يَعِيْلُ عَيْلًا و عَيْلَةً و عُيُوْلًا و مَعِيْلًا. محتاج ہونا۔ صفت عَائِل مؤنث عَائِلَة اسم عَيْلَة. عَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا۔
عَيَّلَ. کثیر العیال ہونا عِيَالَهُ: معاش کی کفالت کرنا الْقَوْمَ: عیال بنالینا۔ بیکار چھوڑ دینا فَرَسَهُ: مہمل کر دینا۔ بیکار چھوڑ دینا۔
أَعْيَلَ أَعْيَالًا. کثیر العیال ہونا۔ صفت مذکر مُعْيِل. صفت مؤنث مُعْيِلَة.
تَعَيَّلَ فِي الْمَشْيِ: نازو انداز سے چلنا۔
الْعَائِل. فا۔ محتاج ج عَالَة و عُيَّل و عِيَل و عَيْلَى.
الْعَيْلَان. نر بجو۔
عَيِّلُ. الرَّجُلِ: گھر کے لوگ ج عَيَائِل.
عَيْلَةُ الرَّجُلِ و عَائِلَتُهُ. گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہا جاتا ہے "أَمْسَيْتُ أَخَا عَيْلَةٍ" یعنی فقیر و محتاج ہو گیا۔
الْعَالَة. فاقہ۔
الْعَيَّال. ناز سے چلنے والا۔
الْعِيَالَة و الْمِعَالَة. لِلْبَرْذُوْنِ وَغَيْرِهِ: چارہ۔
رَجُلٌ مُعَيَّلٌ صاحب عیال۔ اہل و عیال والا۔
عَامَ يَعَامُ و يَعِيْمُ عَيْمًا و عَيْمَةً. دودھ کا خواہش مند ہونا۔

أَعَامَهُ إِعَامَةً. اللّٰهُ: بغیر دودھ کے چھوڑنا۔
أَعَامَ الرَّجُلُ: بغیر دودھ کے رہنا۔ الْقَوْمُ: دودھ کم ہونا۔
إِعْتَامَ إِعْتِيَامًا. عمدہ مال چھانٹ لینا۔
الْعَيْمَة. دودھ کی بہت زیادہ خواہش۔
الْعِيْمَة. عمدہ مال۔
الْعَيَام. دن۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا الْعَيَامَ كُلَّهُ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔
الْعَيْمَان. دودھ کا خواہش مند۔ مؤنث عَيْمَى ج عَيَامَى.
عَانَ يَعِيْنُ عَيْنًا. الرَّجُلَ: نظر لگانا۔ صفت عَائِن. صفت مفعولی مَعِيْن و مَعْيُوْن (عَيْنًا و عَيَانًا و عَيَنَانًا) الْمَاءُ او الدَّمْعُ: پانی یا آنسو جاری ہونا۔ عَانَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَضَرْتُ حَتّٰى عِنْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ پانی کے چشمہ تک پہنچ گیا۔
(عِيَانَةً) الْقَوْمَ: خبر لانا عَلَى الْقَوْمِ: جاسوس بننا۔
عَيِنَ يَعْيَنُ عَيَنًا و عِيْنَةً. آنکھ کی بڑی چوڑی پتلی والا ہونا۔
عَيَّنَ تَعْيِيْنًا. الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔ شگوفہ دار ہونا التَّاجِرُ: سامان کو ایک مدت کے وعدے پر بیچنا اور پھر پہلے ثمن سے کم میں دوبارہ خرید لینا الْعَيْنَ: عین کو لکھنا اللُّؤْلُؤَةَ: بیندھنا۔
الْقِرْبَةَ: مشک میں پانی ڈالنا تاکہ سلائی کے سوراخ بند ہو جائیں الْحَرْبَ بَيْنَنَا: لڑائی جاری کرا دینا الشَّيْءَ: خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا فُلَانًا: برائیوں کو رو در رو کہہ دینا عَلٰى فُلَانٍ: جاسوسی کرنا عَلَى السَّارِقِ: متہمین میں سے چور کو متعین کرنا الشَّيْءَ لِفُلَانٍ: کسی کے لیے مخصوص کر دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَيَّنَ لِيْ بِشَيْءٍ وَمَا عَيَّنَنِيْ شَيْئًا" یعنی مجھ کو کچھ نہیں دیا۔
أَعَانَ إِعَانَةً. دیکھو مادہ عون۔ کہا جاتا ہے

"حضَرْتُ حتّٰی اَغْنَیْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ میں پانی کے چشموں تک پہنچ گیا۔ "وَمَا اَعْیَنَه" وہ کتنا بد نظر ہے۔

عَایَنَهٗ عِیَانًا و مُعَایَنَةً۔ خود دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔

تَعَیَّنَه۔ نظر بد لگنا۔ تَعَیَّنَ الرَّجُلَ: یقینی طور پر دیکھنا۔ تَعَیَّنَ الشَّیْءَ: دیکھنا الجلدُ: کھال کا آبلہ دار ہونا الرَّجُلَ: کسی شئے کے حاصل کرنے کے لیے توقف کرنا۔ تَعَیَّنَ عَلَیْهِ الشَّیْءُ: معین چیز لازم ہونا السِّقَاء کہنگی کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے دائرے پڑ جانا۔

اِعْتَانَ الشَّیْءَ: عمدہ لے لینا۔ اُدھار خریدنا القَوْمَ: خبر لانا لِفُلاَنٍ مَنْزِلاً: تلاش کرنا۔

العَائِنُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ عَائِنٌ" یعنی کوئی نہیں "و شَرِبَ مِنْ عَائِنٍ" یعنی بہتے ہوئے پانی سے پیا۔

العَائِنَةُ۔ مؤنث عائِن۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهُ اَوَّلَ عَائِنَةٍ وَاَدْنٰی عَائِنَةٍ" یعنی ہر چیز سے پہلے عَائِنَةُ بنی فُلاَنٍ: مال ومحافظین مال۔

العَیْنُ۔ س۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے یا پلک وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کلمہ مؤنث ہے ج اَعْیُنٌ و عُیُوْنٌ و عِیُوْنٌ واَعْیَانٌ و جج اَعْیُنَات اور تصغیر عُیَیْنَةٌ۔

العَیْنُ۔ اہل شہر۔ اہل مکان۔ بد نظری۔ کہا جاتا ہے "بِهِ عَیْنٌ" یعنی وہ بد نظر ہے۔ انسان اور اسی سے ہے "مَا بِالدَّارِ عَیْنٌ" یعنی کوئی نہیں۔ خالص۔ واضح۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرَ الْحَقَّ بِعَیْنِهٖ" یعنی حق کو خالص اور واضح طریقہ سے بیان کیا۔ نفیس۔ عزت۔ جھنڈا۔ عَیْنُ الاِبْرَةِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان۔ جاسوس۔ جماعت۔ ہر موجودہ چیز۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُهٗ عَیْنًا بِعَیْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ کھال کے چھوٹے چھوٹے حلقے۔ دینار۔ نقد موجود۔ ذات شئی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هُوَ عَیْنًا او بِعَیْنِهٖ" سود۔ سردار۔ شریف قوم۔ کمانڈر۔ فوج کا ہراول۔ آفتاب یا شعاع۔ مال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی کے گرنے کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ پانی کا چشمہ ج اَعْیُنٌ و عُیُوْنٌ۔ ترازو کا جھکاؤ۔ گوشہ۔ نظر۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ عَیْنٌ عَلٰی فُلاَنٍ" یعنی فلاں فلاں کے اوپر نگہبان ہے "هُوَ عَبْدُ عَیْنٍ او صَدِیْقُ عَیْنٍ" وہ دکھاوے کا خادم یا دوست ہے لَقِیْتُهٗ عَیْنَ عُنَّةٍ میں اس کو ایسی حالت میں ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا "لَقِیْتُهٗ اَوَّلَ عَیْنٍ" میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی "لاَ تَطْلُبْ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کیلئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑدے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑ جائے۔ "صَارَ خَبَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" و "اَنْتَ عَلٰی عَیْنِیْ" تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے "هَا هُوَ عَرْضُ عَیْنٍ" یعنی وہ قریب ہے فَعَلَهٗ عَلٰی عَیْنٍ و عَلٰی عَیْنَیْنِ و عَمْدَ عَیْنٍ و عَمْدَ عَیْنَیْنِ و عَمْدًا عَلٰی عَیْنٍ۔" یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی۔ وفَقَاعَیْنَهٗ یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا "و نَعِمَ اللّٰهُ بِكَ عَیْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے۔

العِیْنُ۔ نیل گائے۔

العَیَنُ۔ س۔ اہل شہر۔ جماعت۔

العِیَانُ۔ س۔ شخص۔ کہا جاتا ہے لَقِیَهٗ اوراٰهُ عِیَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اس کو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں۔

العِیَانُ ہل کا پھل ج عُیُنٌ واَعْیِنَةٌ۔

العِیْنَةُ۔ عمدہ مال۔ عِیْنَةُ الخَیْلِ: عمدہ گھوڑے۔ العِیْنَةُ مِنَ النَّعْجَةِ: بکری کی آنکھ کا گرد اگرد عِیْنَةُ الحَرْبِ: مادۂ جنگ۔ کہا جاتا ہے ثَوْبٌ عِیْنَةٌ: خوش نما کپڑا۔ البَیْعُ العِیْنَةُ: کسی چیز کو اس کی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر اُدھار بیچنا۔

العِیَانِیُّ مِنَ الشُّهُوْدِ: عینی گواہ۔

العَیْنِیَّةُ۔ عین کی طرف منسوب۔

العَیُوْنُ۔ بہت نظر لگانے والا۔ ج عِیْنٌ و عُیُنٌ۔

الاَعْیَنُ۔ وہ شخص جس کی پتلی بڑی اور چوڑی ہو۔ مؤنث عَیْنَاءُ ج عِیْنٌ۔ الاَعْیَنُ: جنگلی بیل۔ العَیْنَاءُ: خوبصورت آنکھ والی۔ بہترین کلمہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عَیْنَاءُ" یعنی سرسبز زمین۔

المُعَایَنَةُ۔ س۔ برادری۔

المَعَانُ۔ منزل۔ کہا جاتا ہے "هُمْ مِنْكَ بِمَعَانٍ" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔

العَیَّانُ و المِعْیَانُ۔ بہت نظر لگانے والا۔

المَاءُ المَعِیْنُ والمَعْیُوْنُ۔ جاری پانی۔

عَیْنٌ مَعْیُوْنَةٌ: بہت پانی والا چشمہ۔

المُعَیِّنُ فا "فِی الهَنْدَسَةِ" شکل مسطح مساوی الاضلاع۔

المُعَیَّنُ۔ مف۔ بیل۔ آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا نِیَّةٌ مُعَیَّنَةٌ و مُعَیِّنَةٌ یعنی نیت ظاہرہ۔

المُعْتَانُ۔ گھاس پانی تلاش کرنے والا۔

عَاهَ یَعِیْهُ عَیْهًا۔ آفت پہنچنا۔

العَائِهَةُ۔ شور۔ چیخ۔

العَاهَةُ۔ آفت۔

اَرضٌ مَعْیُوْهَةٌ۔ آفت رسیدہ زمین۔

عَیَّ یَعَیُّ و عَیِیَ یَعْیَی عَیًّا و عَیَاءً بِاَمْرِهٖ و عَنْ اَمْرِهٖ: عاجز ہونا۔ ناقابل ہونا الاَمْرَ: جاہل ہونا۔

عَیِیَ یَعْیَی عِیًّا۔ فِی المَنْطِقِ: کلام میں رک جانا۔ عاجز ہونا۔ صفت عَیِیٌّ و عَیٌّ۔

عَیَّا تَعْیِیَةً وعَایَا مُعَایَاةً۔ الرَّجُلَ: غیر مفہوم کلام کہنا۔ عَایَا صَاحِبَهٗ پیچیدہ گفتگو کرنا۔

اَعْیَا اِعْیَاءً المَاشِیْ: چلنے والے کا تھکنا۔ اَعْیَاهُ: تھکانا اَعْیَا الدَّاءُ الطَّبِیْبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا الاَمْرُ عَلَیْهِ: عاجز بنا دینا۔

تَعَایَا الاَمْرُ عَلَیْهِ و تَعَیَّا عَلَیْهِ وتَعَایَاهُ۔ عاجز کرنا۔

تَعَایَا و تَعِیًّا واسْتَعْیَا بِالْاَمْرِ: ناقابل ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔
العَیَاء۔ س۔ عاجزی۔ وَاءٌ عَیَاءٌ: ناقابل علاج مرض۔

العَیُّ۔ تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز۔ ج اَعْیَاءٌ۔
العَیِّی۔ تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز ج۔ أَعْیِیَاء واَعْیِیَة۔
العَیَّان۔ تھکاہوا۔ عاجز۔

اَلْاُعْیِیَّةَ۔ پیچیدہ کلام۔
المُعْیِی۔ تھکاہوا۔ عاجز۔

غ : اَلْغَینُ انیسواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ یہ حروف حلقی (حلق سے نکلنے والے حروف) سے ہے بحساب جمل اس کا عدد (۱۰۰۰) ہے۔

غَبَّ (ن) غَبًّا و غِبًّا چند دن کے بعد ملاقات کرنا۔ عَنْہُ: ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غَبَّتْ عَلَیْہِ الحُمّٰی: بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غَبَّ عِنْدَہُ: رات بسر کرنا الرَّایَ: رائے اختیار کرنے میں توقف کرنا۔

غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا و غُبُوْبَۃً. الطَّعَامُ کھانے کا باسی ہونا۔ بدبودار ہونا۔ غَبَّتِ الْاُمُوْرِ: کاموں کا انتہا کو پہنچنا۔

غَبَّتْ (ض) غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا المَاشِیَۃُ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دے کر پانی پینا۔ صفت غَابَّۃٌ ج غَوَابٌّ و غَابَّاتٌ.

اَغَبَّ. المَاشِیَۃَ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دے کر پانی پلانا القَوْمَ: ایک دن ناغہ دے کر ملاقات کو آنا۔ اَغَبَّتْہُ. الحُمّٰی و اَغَبَّتْ عَلَیْہِ: تیسرے دن بخار آنا۔ اَغَبَّ الطَّعَامُ: کھانے کا بدبودار ہونا عِنْدَہُ: رات بسر کرنا۔

غَبَّبَ. الشَّیُٔ: فاسد ہونا فِی الْاَمْرِ: مبالغہ نہ کرنا عَنْھُمْ: دفع کرنا الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا۔

الغَابُّ. فا۔ باسی گوشت۔ نَجْمٌ غَابٌّ: ثابت ستارہ۔

الغِبُّ. س۔ نتیجہ انجام۔ بمعنی بعد حُمَّی الغِبِّ: تیسرے دن کا بخار اور صفت موصوف کی صورت میں حُمّٰی غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے۔

مَاءٌ غِبٌّ: دور کا پانی ج اَغْبَاب.

الغُبّ. لہر جو کنارے سے ٹکرائے۔ پست زمین۔ ج اَغْبَاب و غُبُوْب و غُبَّان.

الغُبَّۃ. زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سامان۔

الغَبَب. مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے نیچے لٹکنے والا گوشت۔ ج اَغْبَاب.

الغَبِیْب. باسی گوشت۔ چھوٹی ندی پہاڑی یا زمینی۔

الغَبِیْبَۃ. صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو دوہا جائے۔ اور پھر اگلے دن بلویا جائے۔

التَغِبَّۃ. جھوٹی شہادت۔

المُغِبُّ. شیر۔

المَغَبَّۃ. انجام۔

المُتَغَبِّبْ. انجام کا انتظار کرنے والا۔

غَبَثَ (ن) غَبْثًا. الجُبْنَ بِالسَّمَنِ: پنیر کو گھی سے لت کرنا۔

اِغْبَثَّ. مٹیالا رنگ کا ہونا۔ صفت "اَغْبَث"

الغُبْثَۃ. مٹیالا رنگ۔

غَبِجَ (س) غَبْجًا. المَاءَ: لگاتار گھونٹ گھونٹ پینا۔

الغُبْجَۃ. گھونٹ۔

غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا. گزرنا۔ ٹھہرنا۔ گرد آلود ہونا۔

غَبِرَ (س) غَبَرًا. الجُرْحُ: زخم کا خراب ہو کر مندمل ہونا۔ اور پھر ٹوٹ جانا۔ صفت "غَبِرٌ"، غبار لگنا۔

غَبَّرَ. غبار اُڑانا الشَّیٔ: غبار میں لتھیڑنا۔ الرَّجُلُ: لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کہنا۔ یا قراءت وغیرہ میں آواز کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے "غَبَّرَفِی وَجْہِ فُلَانٍ"، اس نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بڑھ گیا۔

اَغْبَرَ. غبار اُڑانا۔ گرد آلود ہونا۔ فِی الْاَمْرِ: متوجہ ہونا اور کوشش کرنا۔ اَغْبَرَتِ السَّمَاءُ: زور سے برسنا۔

اِغْبَرَّ. گرد آلود ہونا الْیَوْمُ: بہت غبار والا ہونا۔

الغِبْر. چیز کا بقیہ۔ ج اَغْبَار.

الغُبَّر. چیز کا بقیہ۔ ج غُبَّرات. کہا جاتا ہے "غُبَّرُ المرْضِ"، یعنی مرض کا بقایا۔

الغُبْرَۃ. خاکستری رنگ۔

والعَبْرَۃ والغُبَار. مٹی۔ خاک۔

الغَبَر. بقاء. دَاھِیَۃُ الغَبِرِ: منقطع نہ ہونے والی بڑی مصیبت۔ مٹی۔

الغَبْرَۃ. گرد۔ غبار۔

الغَبِر. گرد غبار۔ ناسور۔ جُرْحٌ غَبِرٌ: خراب شدہ زخم۔

الْاَغْبَر. خاکستری رنگ والا۔ بھیڑیا۔ جانے والا۔ کہا جاتا ہے "لَا یَغُرَّنَّكَ عِزُّ الدُّنْیَا فَاِنَہ اَغْبَرَ"، دنیا کی عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لیے کہ وہ جانے والی ہے۔ ج غُبْر۔ سخت بھوک کی صفت میں یہ لفظ مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "الجُوْعُ الْاَغْبَرُ والمَوْتُ الْاَحْمَرُ."

الغَبْرَاءُ. مؤنث اَغْبَر. مادہ چکور۔ زمین۔ کہا

جاتا ہے "مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ مِثْلَ فُلَان"، مثل فلاں پر نہ تو آسمان نے سایہ ڈالا اور نہ زمین نے اٹھایا۔ بَنُوْ غَبْرَاءَ وَ بَنُوْ الغَبْرَاءِ: فقراء۔ سَنَةٌ غَبْرَاءُ: خشک سال۔

الغُبَيْرَاء چنیا کی شراب۔ ایک قسم کا پودہ۔

الغُبْرَان ایک غلاف میں دو کھجور۔

الغَابِر. فا۔ گزرا ہوا۔ باقی۔ کہا جاتا ہے "وَهُوَ غَابِرُ بَنِي فُلَان" وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے۔ ج غُبَّر و غَابِرُوْنَ. غُبَّرُ الشَّيْءِ: چیز کا بقیہ۔ غُبَّرُ اللَّيْلِ: رات کا آخری حصہ۔ غُبَّرَ النَّاسِ: رُتبہ کے لحاظ سے آخری۔

المِغْبَار. مِنَ النَّخْلِ وَغَيْرِهَا: گرد آلود درخت خرما وغیرہ۔

المُغَبِّرَة وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے رہیں۔

غَبِسَ (ن) غَبْسًا واَغْبَسَ واغْبَسَّ واِغْبَاسَّ. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (اَغْبَس) ج غَبَس. اَغْبَسَ الشَّيْءُ: خاکستری رنگ کا ہونا۔

الغُبْسَة و الغَبْس. خاکستری رنگ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔

غَبِشَ (س) غَبْشًا واَغْبَشَ. اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط ہونا۔

تَغَبَّشَهُ. دھوکا دینا۔ ظلم کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا۔

الغَابِش. دھوکا باز۔ فریبی؛ ظالم۔

الغَبَش. رات کا بقیہ۔ آخری رات کی تاریکی ج اَغْبَاش.

الغُبْشَة. رات کا بقیہ۔ لَيْلٌ (غَبِشٌ واَغْبَشُ) تاریک رات۔ و لَيْلَةٌ غَبْشَاء ج غُبش۔

غَبِصَتْ (س) غَبَصًا. العَيْنُ: ہمیشہ رونے کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا۔

الغَبَص. آنکھ کی کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "فِي عَيْنِهِ غَبَصٌ" اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے۔

غَبَطَ (ض) غَبْطًا. الكَبْشُ: مینڈھے کا موٹاپا معلوم کرنے کیلئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔

غَبَطَهُ (ض) و غَبِطَ (ف) غَبْطًا و غِبْطَةً کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لیے بھی تمنا کرنا۔ صفت (غَابِطٌ) ج غُبَّط.

غَبَّطَهُ. رشک دلانا۔

اَغْبَطَ. السَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَغْبَطَ عَلَيْنَا المَطَرُ" النَّبَاتُ: زمین کو ڈھانپ لینا۔ اَغْبَطَتِ الحُمّٰى عَلَيْهِ بخار کا لگاتار رہنا۔

اِغْتَبَطَ وَاُغْتُبِطَ. خوشی اور اچھی حالت میں رہنا۔

الغَبْط و الغِبط. کٹی ہوئی کھیتی کے مٹھے ج غُبُوْط.

الغِبْطَة. حسن حال؛ خوشی؛ رشک؛ پادری کا لقب۔

الغَبِيْط. کجاوہ۔ پست زمین جس کے دونوں طرف بلندی ہو۔ پانی کی لہر جو زمین کی بلندی کو کاٹ دے۔ ج غُبُط.

الغَبُوْط. مِنَ النُّوْقِ: اُونٹنی جس کی چربی بغیر ہاتھ سے ٹٹولے ہوئے معلوم نہ ہو۔

سَمَاءٌ (غَبْطَى) لگاتار برسنے والا بادل۔

اَرْضٌ (مُغْبِطَةٌ) نباتات سے گھری ہوئی زمین۔

الغَبْغَب. گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔

غَبَقَهُ (ن ض) غَبْقًا و غَبَّقَهُ. شام کو پینے کی چیز پلانا۔ غَبَقَ الغَنَمَ: بکری کو شام کو پلانا یا دوھنا۔

اِغْتَبَق. شام کو پینے کی چیز پینا الخَمْرَ: شام کے وقت شراب پینا (و تَغَبَّقَ) النَّاقَةَ: شام کے وقت دوہنا۔ (الغَبُوْق) شام کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے۔ وہ جو شام کو دوہا جائے (الغَبُوْقُ و الغَبُوْقَة) اُونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔ ج غَبَائِق. تم کہتے ہو "لَقِيْتُه ذَا صَبُوْحٍ وَذَا غَبُوْقٍ" یعنی میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی۔

الغَبَقَة. وہ رسّی جو ہل چلاتے وقت بیل کے کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے ہیں۔

الغَبْقَان. شام کے وقت پینے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَبْقَانُ اِمْرَاَةٌ غَبْقَى" ج غَبَاقَى.

غَبَنَ (ن) غَبْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو تنگ یا چھوٹا کرنے کیلئے موڑ کر سینا الرَّجُلُ: کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ دیکھے نہ اسے علم ہو الطَّعَامَ: کھانے کو حاجت کے وقت کے لیے چھپانا۔

غَبَنَهُ (ن) غَبْنًا و غَبَنًا. فِي البَيْعِ او الشِّرَاءِ: دھوکا دینا فُلَانًا: قیمت وغیرہ میں نقصان پہنچانا۔ صفت (غَابِنٌ) صفت مفعولی (مَغْبُوْنٌ)

غَبِنَ (س) غَبْنًا و غَبَنًا. الشَّيْءَ و فِيْهِ: بھولنا۔ غلطی کرنا۔ (غَبَنًا و غَبَانَةً رَايَهُ): کم سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا۔

تَغَابَنَ. بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا۔

اِغْتَبَنَ. الشَّيْءَ: بغل میں چھپانا۔

الغَبْن و الغَبَن. مص۔ خرید و فروخت میں دھوکا و الغَبَانَة. کند ذہنی۔ بھول چوک۔

الغَبَن. کپڑے کی کترن۔

الغَابِن. فا۔ کام سے سستی کرنے والا۔ کام چور۔

الغَبِيْن و المَغْبُوْنَ. کم سمجھ۔

اَلْغَبْنُ وَالْغَبَنُ وَالْغَبَانَةُ کمزور رائے۔ بھول جانا۔

الغَبِيْنَة. دھوکا۔

المُغَابَنَة. خرید و فروخت میں نقصان۔

المَغْبِن. بغل۔ جسم کی لوٹ ج مَغَابِن.

غَبِيَ يَغْبَى غَبًا و غَبَاوَةً. الشَّيْءَ و عَنْهُ: نا سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا الشَّيْءُ عَلَيْهِ: مخفی رہنا عَنْهُ الخَبَرُ: جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ مِنْهُ الشَّيْءُ: مخفی ہونا۔

تَغَابَى عَنْهُ تَغَابِيًا و تَغَابَاهُ. غفلت برتنا۔

تَغَبَّاهُ و اِسْتَغْبَاهُ. غبی جاننا۔ غبی سمجھنا۔

الغَبَاء. زمین کی پوشیدگی مِنَ التُّرَابِ بلند غبار۔

الغَبْوَة و الغُبْوَة. غفلت۔

الغَبَاوَة و الغُبَّى. جہالت۔ نا سمجھی۔ غفلت۔

الغَبِی. کم سمجھ جاہل ج اَغْبِیَاء و اَغْبَاء.
غَبّٰی تَغْبِیَةً. الشَّیَٔ: چھپانا الشَّعْرَ: بال کو
چھوٹا کرنا یا جڑ سے اکھیڑنا۔
اَغْبٰی. السَّحَابُ: کم برسنا، بوچھار برسانا۔
الغَبَاء. مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار۔
الغَبْیَة. کم بارش یا بوچھار۔
مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ
عَلٰی غَبْیَةِ مِنَ الشَّمْسِ" یعنی آفتاب کے
غائب ہونے کے وقت آیا۔
الاَغْبٰی مِنَ الْاَغْصَانِ: گنجان ٹہنی۔ مؤنث
غَبْیَاء ج غُبِیٌّ شَجَرَةٌ غَبْیَاء: گنجان
درخت۔
المَغْبَاة. درندہ جانوروں کے شکار کا گڑھا۔
ج مَغَاب.
غَتَّ (ن) غَتًّا. الطَّعَامُ او الکَلَامُ:
خراب ہونا الشَّیَٔ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبونا
فُلَانًا. غمگین کرنا، گلا گھونٹنا فُلَانًا بِالْاَمْرِ:
تھکانا اور غمگین کرنا ٥ بِالْکَلَامِ: سرزنش
کرنا۔ غَتَّ الضِحْكَ: ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی
روکنا المَاءَ: برتن کے منہ سے بغیر علیحدہ کئے
ہوئے گھونٹ گھونٹ پانی پینا۔
غَتَّتَ وَاغْتَتَ. الطَّعَامَ: کھانے کو خراب
کرنا۔ بگاڑنا۔
غَتِلَ (س) غَتَلًا. المَکَانُ: بہت درخت
والا ہونا۔ صفت (غَتِل)
اَغْتَمَ. الزِّیَارَةَ: زیادہ ملاقات کر کے ملول
کرنا۔
الغَتْم. سخت گرمی جس سے دَم گھٹے۔
الغُتْمَة. گفتگو میں رکاوٹ۔
الْاَغْتَم والغُتْمِیُّ. جو اچھی طرح گفتگو نہ کر
سکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَغْتَم و قَوْمٌ غُتْم
واَغْتَام وامْرَاَةٌ غَتْمَاء."
غَثَّ (ض۔س) غَثَاثَةً و غُثُوْثَةً الشَّاةُ:
بکری کا دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت (غَثَّة)
اللَّحْمُ: لاغر ہونا حَدِیْثُ القَوْمِ ردی ہونا۔
فاسد ہونا۔
غَثَّ (ض) غَثًّا وغَثِیْثًا. عَلَیْهِ المَکَانُ:
ناموافق ہونا الجُرْحُ: زخم سے پیپ وغیرہ
بہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یغثُّ عَلَیْهِ شَیٌٔ"
یعنی کسی چیز کے متعلق نہیں کہتا کہ وہ ردی ہے
تاکہ اس کو چھوڑے۔
اَغَثَّ. دُبلا ہونا۔ فاسد ہونا۔ فِی الکَلَامِ:
بیکار گفتگو کرنا اللحْمَ: دُبلا گوشت خریدنا۔
اِغْتَثَّتِ. الخَیْلُ. موسم بہار کی گھاس پر
پہنچنا۔
تَغَثَّثَ. الشَّیَٔ. کم سمجھنا۔
اِسْتَغَثَّ. الجُرْحَ: علاج کر کے پیپ وغیرہ
نکالنا۔
الغَثُّ. دُبلا۔ مِنَ الکلامِ: ردی کلام۔
الغَثِیْث. دُبلا۔
غَثِیْثُ الجُرْحِ وغَثِیْثَتُهُ. پیپ، خون
وغیرہ۔
الغَثِیْثَة. بے فائدہ چیز۔ عقل کا فتور۔
غَثَرَ (ن) غَثْرًا. المَکَانُ بِالنَّبَاتِ:
سبزی سے لہلہانا۔
اَغْثَرَ. الشَّجَرُ: درخت سے گوند بہنا۔
اِغْثَارَّ. الثَّوْبُ. زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت
(اَغْثَر)
الغَثَر. کپڑے کا رُواں والا ہونا۔
الغُثْر والغَثَرَة والغَثْرَاء والغَیْثَرَة. کمینے
لوگ۔
الغَثْرَة. ارزانی و تروتازگی۔
الغُثْرَة. سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ۔
الاَغْثَر. سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ والا۔
مؤنث (غَثْرَاء) ج غُثْر. زیادہ اُون کا کمبل۔
شیر، بھیڑیا۔ کیچڑ۔ جاہل۔
المِغْثَر والمِغْثَار والمُغْثُوْر. بعض
درختوں کا گوند ج مَغَاثِیْر.
اَرْضٌ (مُغْثِرِیَةٌ) سبز سے لہلہانے والی
زمین۔
غَثَمَ (ن) غَثْمَالَهُ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
الغَثِمَة. اوجھ کا وہ حصہ۔ جس میں بہت سے
پرت ہوتے ہیں۔
الغُثْمَة. سیاہی مائل سفید رنگ۔
الاِغْثَم. سیاہی مائل سفید رنگ والا۔
المَغْثُوْم. مخلوط۔
الغَثِیْمَة. ایک قسم کا کھانا جس میں ٹڈی پڑتی
ہے۔
غَثَا یَغْثُوْ غَثْوًا و غُثُوًّا واَغْثٰی. الوَادِی:
زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا۔
السَّیْلُ المرتَعَ: سیلاب کا چراگاہ کو بدمزہ بنا
دینا۔
الغُثَاء والغُثَّاء. جھاگ۔ کوڑا کرکٹ جو
سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔
غَثٰی یَغْثٰی غَثْیًا. الوَادِی: زیادہ کوڑے
کرکٹ والی ہونا الکَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَثَتْ تَغْثِی غَثْیًا وغَثَیَانًا وتَغَثَّتِ
النَّفْسُ: متلی آنا غَثَتِ السَّمَاءُ
بالسَّحَابِ: آسمان پر بادل چھاجانا۔
غَثِیَ یَغْثٰی غَثْیًا. الکَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَدَّ (س) غَدًّا وغُدَّ. البَعِیْرُ: اُونٹ کا
غدود والا ہونا۔
غَدَّ، غُدَّ وَغُدِّدَ وَاُغِدَّ. غدود والا ہونا۔
صفت (مُغِدٌّ)
غَدَّدَ نَصِیْبَهُ: حصہ۔ لینا۔
اَغَدَّ غدود والا ہونا۔ عَلَیْهِ: غصّہ سے
پھولنا۔
الغَدَد. اُونٹوں کا طاعون۔ ج غِدَاد.
الغُدَدَة. مال کا ایک حصہ۔ سامان ج غَدَائِد.
(والغُدَدَة) اُونٹوں کا طاعون، گوشت کا سخت
ٹکڑا جو مرض کی وجہ سے کھال اور گوشت کے
درمیان پیدا ہو جاتا ہے۔ ج غُدَد و غَدَایِد.
المِغْدَاد. بہت غضبناک (مذکر و مؤنث)
غَدَرَ (ن ض س) غَدْرًا و غَدَرَانًا. خیانت
کرنا۔ عہد توڑنا۔
غَدِرَ (س) غَدَرًا المَکَانُ: بہت پتھر والا
ہونا عَنْ اَصْحَابِهِ: اپنے ساتھیوں سے پیچھے
رہ جانا الرَّجُلُ: تالاب کا پانی پینا اللَّیْلُ:
اَغْدَرَه. پیچھے چھوڑنا۔ آگے بڑھ جانا۔ باقی
رکھنا۔ کیچڑ میں پھینکنا۔ اَغْدَرَ اللَّیْلُ: رات کا
تاریک ہونا۔

غَادَرَہٗ غِدَارًا و مُغَادَرَۃً. چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔
تَغَدَّرَ. پیچھے رہ جانا۔
اِغْتَدَرَ. الرَّجُلُ: چوٹی بنانا۔
اِسْتَغْدَرَ. المَكَانُ: تالابوں والا ہونا۔
الغَدَر. س۔ پتھر والی جگہ۔ درخت والے پتھر۔ کیچڑ جو تالاب میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔
الغَدَر والغَدَرَۃ والغُدَارَۃ. جو چھوڑا جائے۔
الغَدِیْر. نہر۔ تالاب۔ پانی جس کو سیلاب چھوڑ جائے۔ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدُر و غُدْر و غُدْرَان و اَغْدِرۃ.
الغَدِیْرَۃ. چوٹی ج غَدَائِر. الغَدِیْرَۃ. سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدْرَان.
الغَادِر. فا۔ خیانت کرنے والا ج غَادِرُوْن و غَدَرَۃ و غُدَّار مؤنث غَادِرَۃ ج غَادِرَات و غَوَادِر.
الغَدْرَاء. تاریکی۔ لَیْلَۃٌ (غَدْرَاءُ و غَدِرَۃ و مُغْدِرَۃ) تاریک رات۔
الغُدَر والغُدَرَۃ والغِدِّیْر والغَدَّار والغَدُوْر. بہت غدر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَدُوْرٌ وامْرَاَۃٌ غَدُوْرٌ". ج غُدُر اور مذکر کی گالی میں یاغُدَرُ بمعنی یاغادِرُ اور جمع میں یاآلَ غُدَرِ مستعمل ہے۔
یَاغَدَارِ. مبنی علی الکسرۃ. عورت کی گالی میں مستعمل ہے۔
غَدَفَ (ن) غَدْفًا وغَدَفَ. لَہٗ فِی العَطَاءِ: بہت دینا۔
اَغْدَفَ. اللَّیْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا الشَّبْکَۃَ عَلَی الصَّیْدِ: شکار پر جال ڈالنا البَحْرُ: سمندر کا بہت لہروں والا ہونا المَرْاَۃُ قِنَاعَهَا عَلٰی وَجْهِهَا: عورت کا چہرہ پر نقاب ڈالنا۔
اِغْتَدَفَ. مِنْہٗ: زیادہ لے لینا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ. اللَّیْلُ: رات کا آنا۔ تاریک ہونا۔
الغَادِف. ملاح۔
الغُدَاف. لمبا کالا بال۔ سیاہ بازو۔ بڑا کوا۔ بڑا گدھ۔ ج غِدْفَان.
الغَدَف. نعمت۔ ارزانی۔ تروتازگی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِی غَدَفٍ" وہ لوگ خوش حالی میں ہیں۔
المِغْدَف والغَادُوْف. چپو۔
الغُدَافِل. کامل۔ لمبا۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ ج غَدَافِل.
غَدِقَ (س) غَدَقًا و اَغْدَقَ و اِغْدَوْدَقَ. المَطَرُ: بکثرت بارش ہونا عَیْنُ المَاءِ: کثیر ہونا اور خوشگوار ہونا۔ صفت (غَدِقَۃ) اَغْدَقَ العَیْشُ: آسودہ ہونا۔ اَغْدَقَتِ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔
غَدَقَ (ض) غَدْقًا المَكَانُ: بارش سے تر ہونا اور سرسبز ہونا۔ صفت (غَدِق)
تَغَدَّنَ. الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔
اِغْدَوْدَنَ. النَّبْتُ: سبز ہونا اور زیادتی و شادابی کی وجہ سے سیاہی کی طرف مائل ہونا الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا اور گرنا الشَّعْرُ: لمبا ہونا اور لپٹا ہوا ہونا صفت (غَدَوْدَن)
الغَدَن. نیند۔ اونگھ۔ ڈھیلا پن، سستی
والغُدْنَۃ. نرمی۔ نزاکت۔
الغِدَان. شاخ جس پر کپڑے لٹکائے جائیں۔
الغُدَانِی. نازک بدن جوان۔
غَدَا یَغْدُوْ غُدُوًّا. صبح کے وقت جانا۔ جانا۔ اور صار کے معنی میں مستعمل ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔
غَدَا یَغْدُوْ غَدْوًا وغُدُوَّۃً واِغْتَدَی. عَلَیْہِ: سویرے آنا۔
غَدِیَ یَغْدَی غَدًا وتَغَدَّی. صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "هَلْ لَكَ اَنْ تَتَغَدَّی بِہٖ قَبْلَ اَنْ تَتَغَشّٰی بِنَا" یعنی کیا تیرے لیے یہ امکان ہے کہ ہم کو ہلاک کرنے سے پہلے اس کو ہلاک کرے۔
غَدَّی. الرَّجُلَ: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا۔
غَادَی مُغَادَاۃً. الرَّجُلُ صبح کے وقت آنا۔
الغَد. آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو۔ نسبت کے لیے (غَدِیٌّ و غَدَدِیٌّ)
الغُدْوَۃ. صبح ؛ فجر اور طلوعِ آفتاب کا درمیان ؛ دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًی و غُدُوٌّ.
الغَدَاۃ. صبح ؛ فجر اور طلوعِ آفتاب کا درمیان۔ دن کا ابتدائی حصہ ؛ ج غَدَوَات کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ غَدَاتَیْنِ" یعنی وہ دو دن کا ہے۔
الغَدِیَّۃ. بمعنی غُدْوَۃ و غَدَاۃ ج غَدَایَا و غَدِیَّات.
الغُدَیَّۃ. غداۃ کی تصغیر۔
الغَدَاء. صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عَشَاء ہے ج اَغْدِیَۃ.
الغَادِی. فا۔ شیر۔
الغَادِیَۃ مؤنث غَادِی. بادل جو صبح کے وقت اٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ و غَادِیَات.
الغَدْیَان. صبح کا کھانا کھانے والا۔ مؤنث غَدْیَا.
المَغْدَی والمَغْدَاۃ. صبح کو جانے کی جگہ۔
غَذَّ (ن ض) غَذًّا. الشَّیءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
اَغَذَّ اِغْذَاذًا. السَّیْرَ و فِی السَّیْرِ: چلنے میں جلدی کرنا الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
الغَاذّ. فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ حس۔
الغَذِیْذَۃ. زخم کا خون پیپ وغیرہ۔
غَذَمَ (ن) غَذْمًا. لَہٗ مِنَ المَالِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
وغَذِمَ (س) غَذَمًا وتَغَذَّمَ واِغْتَذَمَ. الشَّیءَ: بہت حرص سے کھانا۔
اَغْذَمَ وتَغَذَّمَ الفَصِیْلُ مَا فِی ضَرْعِ اُمِّہٖ: اونٹنی کے بچہ کا تھن سے سب دودھ پی لینا۔
الغُذْمَۃ. مال کا ایک حصہ۔ ج غُذَم
والغَذْمَۃ. بہت دودھ۔ ج غُذَم.
بِئْرٌ غَذِیْمَۃٌ. وسیع کنواں۔

الغَدِم و المُتَغَذِّم. بہت زیادہ کھانے والا۔
غَذْمَرَ غَذْمَرَۃً. غضبناک ہونا۔ الشَّیْءَ. جداجدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا۔ اٹکل سے بیچنا۔

تَغَذْمَرَ. فِي المَجْلِس. غصہ سے چلانا۔
الغَذْمَرَۃ. س۔ شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور چیخ کا مخلوط ہونا۔ ج غذامیر.

غَذَا يَغْذُو غُذُوًّا. الرَّجُلُ بالطَّعَام: خوراک دینا الطَّعَامُ الصَّبِيَّ. بچہ کو فائدہ دینا اور کافی ہونا العِرْقُ. خون بہانا الرَّجُلُ: جلدی کرنا الفرسُ. تیز گزرنا۔

غَذَّی تَغْذِیَۃً. الرَّجُلَ. غذا دینا۔ پرورش کرنا۔ غَذَّی العِرْقُ. خون بہانا۔

تَغَذَّی تَغَذِّیًا و اغْتَذَی اِغْتِذَاءً. خوراک کھانا۔

اسْتَغْذَی اسْتِغْذَاءً. الرَّجُلَ: سخت پچھاڑنا۔

الغِذَاء. خوراک۔ ج اَغْذِیَۃ.
الغَاذِي. فا. غَاذِي المَال. مال کا منتظم۔ ج غُذَاۃ و غَاذُوْنَ مؤنث غَاذِیَۃ ج غَوَاذٍ.
الاَغْذَی. اسم تفضیل۔
الغَذِيّ. رحم کا بچہ (بکری کیلئے خاص ہے) ج غِذَاء. جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے۔
الغَذَوِيُّ. رحم کا بچہ۔
الغَذَوَان. بدزبان۔ تیز رفتار گھوڑا۔

غَرَّہٗ (ن) غَرًّا و غِرَّۃً و غُرُوْرًا. دھوکا دینا۔ بیہودہ اُمید دلانا۔ کہا جاتا ہے "مَا غَرَّكَ بِفُلَان" یعنی تُو نے اُس پر دلیری کیونکر کی؟
غَرًّا الماءَ: پانی گرانا۔
غَرًّا و غِرَارًا. الطَّائِرُ فَرْخَہٗ: پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا الرَّجُلُ: غرغر پرندہ کھانا الرَّاعِيَ: اُونٹ کو چرانا الماءُ پانی کا نایاب ہونا۔

غَرَّ (ن) غَرًّا و غَرَارًا و غَرِرَ (س) غَرَارَۃً. شریف ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔
غَرَّ (ض) غِرًّا و غَرَارَۃً. تجربہ کے باوجود بچوں جیسا کام کرنا۔

غَرَّ (س) غَرَرًا و غُرَّۃً و غَرَارَۃً الوَجْهُ: خوبصورت سفید رنگ والا ہونا۔ الشَّيْءُ. سفید ہونا۔

غَرَّرَ تَغْرِیْرًا و تَغِرَّۃً. بالشَّيْءِ. ہلاکت کیلئے پیش کرنا الطَّائِرُ. پرندہ کا اُڑنے کیلئے پر پھیلانا القِرْبَۃَ. مشک بھرنا۔ غَرَّرَتْ ثَنِيَّۃُ الغُلَامِ: بچے کے اگلے دانت نکلنا۔

غَارَّتْ غِرَارًا و مُغَارَّۃً. السُّوْقُ: بازار کا ماند پڑ جانا۔ غَارَّ التَّحِیَّۃَ: کم کرنا۔ غَارَّتِ النَّاقَۃُ: اُونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
تَغَرَّرَ. الفرسُ. گھوڑے کی پیشانی سفید ہونا۔

اِغْتَرَّ و اِسْتَغَرَّ. بِکَذَا. دھوکا کھانا۔
اِغْتَرَّہٗ و اِسْتَغَرَّہٗ. بے خبری میں آنا۔ و اِغْتَرَّہٗ: بے خبری کا طالب ہونا۔

الغَرُّ. س۔ زمین میں شگاف۔ کپڑے یا کھال کی شکن۔ کہا جاتا ہے "طویت الثوب علی غرہ" یعنی میں نے کپڑے کو اُس کی پہلی تہہ پر لپیٹا۔ چھوٹی ندی ج غُرُوْر.
الغَرُّ و الغِرَار. تلوار کی دھار۔ الغِرَار: نیند وغیرہ کی کمی۔ کساد بازاری۔ اُونٹنی کے دودھ کی کمی ج اَغِرَّۃ کہا جاتا ہے "اتانا علی غِرَار" یعنی وہ ہمارے پاس جلدی آیا۔ الغِرَار: تیر بنانے کا نمونہ اور اسی سے ہے "ہُمْ عَلٰی غِرَارٍ وَاحِدٍ" یعنی وہ ایک جیسے ہیں۔ کہا جاتا ہے "وَلَدَتْ ثَلَاثَۃً بَنِیْنَ عَلٰی غِرَارٍ" یعنی اس نے تین بچے پے درپے جنے جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں۔

"لَبِثَ القَوْمُ غِرَارَ شَهْرٍ" قوم ایک مہینہ کی مدت ٹھہری رہی۔

الغَرَارَۃ. غفلت۔ نوعمری۔ کہا جاتا ہے "کان ذلك علی غرارتی" یعنی یہ میری نوعمری کے زمانہ میں تھا۔

الغُرْغُرَۃ. ایک آبی پرندہ جو گہرے جوہڑ میں زندگی گزارتا ہے۔
الغُرَّۃ. گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ مِنْ کُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ۔ مِنَ القَوْمِ: شریف مِنَ الرَّجُلِ: چہرہ۔ روشنی یا صبح ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے "قَدْ بَدَتْ غُرَّتُہٗ" غلام۔ باندی۔ ج غُرَر.
الغُرَر. مہینہ کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی، دوسری، تیسری رات۔ عرب۔ مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر دوسری تین راتوں کو نفل اور اس کے بعد تسع پھر عُشر پھر بِیْض پھر دُرَع پھر ظُلَم پھر حَنَادِس پھر وَادِئ پھر مَحَاق کہتے ہیں۔
الغِرّ. ناتجربہ کار جوان۔ مؤنث غِرٌّ و غِرَّۃٌ ج اَغْرَار.
الغُرَّی. اپنے قبیلہ میں سردار عورت۔
الغِرَّۃ. س۔ غفلت۔ ناتجربہ کاروں کی جماعت۔ ج غِرَر.
الغُرَّۃ. مہینے کا پہلا دن۔ ایک کالے رنگ کا آبی پرندہ۔
الغَرَر. ہلاکت کے درپے۔ کہا جاتا ہے "انا غَرَرٌ مِنْكَ" میں تم سے دھوکے میں ہوں۔
الغُرُوْر. دھوکا دینا اور یہ دُنیا کی صفت میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدنیا غرور" غرغرہ کی دوائیں۔
الغُرُوْر. س۔ بیہودہ باتیں۔
الغَارّ. فا۔ غافل۔ کنواں کھودنے والا۔ مؤنث غَارَّۃ.
الغَرَّار. بہت دھوکہ دینے والا۔
الغَرِیْر. اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے "اَدْبَرَ غَرِیْرُہٗ و اَقْبَلَ ہَرِیْرُہٗ" یعنی اس کی اچھی عادت جاتی رہی اور بُری عادت آگئی۔ اچھی زندگی۔ ج غُرَّان. ضامن۔ دھوکا زدہ۔ ناتجربہ کار جوان۔ ج اَغِرَّۃ و اَغِرَّاء مؤنث غَرِیْرَۃ ج غَرِیْرَات و غَرَائِر.
الغُرَیْر. کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں ہے "اَسْمَنُ مِنْ غُرَیْرٍ" اور اس کا نام یَغْر اور غُرْغُوْر بھی ہے۔
الاَغَرُّ. خوبصورت۔ ہر چیز کا سفید۔ فیاض۔

سردار شریف مِنَ الاَیَّام: سخت گرم دن۔ مِنَ الخَیْل: پیشانی پر سفیدی والا۔ مؤنث غَرَّاء ج غُرٌّ وغُرَّان۔
الغِرَارَةُ. بورا۔ تھیلا۔ ج غَرَائِر۔
الغُرَّانُ. پانی کے بلبلے۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ المَاءُ بِغُرَّانِہٖ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا۔
المُغَارُّ. کم دودھ والی اُونٹنی۔ ج مَغَارُّ. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُغَارُّ الکَفِّ" یعنی بخیل ہے۔
المَغْرُوْر. مئ۔ فریب خوردہ۔
غَرَبَ (ن) غَرْبًا. جانا فُلَانٌ عَنَّا: جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا فِیْ سَفَرِہٖ: طویل سفر کرانا (غروبا) الرجل: دور ہونا النجم: ستارہ کا غائب ہونا۔ ڈوبنا۔
غَرَبَ (ن) غُرْبَةً وغُرْبًا وغرابةً. پردیسی ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔
غَرُبَ (ک) غرابةً. الکَلَامُ: مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا الشَّیْءُ: غیر مانوس ہونا۔
غَرِبَ (س) غربًا. لو سے چہرہ کالا ہونا۔
غَرَّبَ. دُور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم میں پہنچنا ہٗ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مسافرت پر برانگیختہ کرنا۔ جلاوطن کرنا فِی الاَرْضِ: دُور تک لے جانا۔
اَغْرَبَ. مغرب میں جانا۔ شہروں میں دور تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا۔ فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا فِی الضِّحْكِ و نَحْوِہٖ: مبالغہ کرنا الحَوْضَ: حوض کو بھرنا الفَرَسُ فِیْ جَرْیِہٖ: گھوڑے کا بہت دوڑنا الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔ یہاں تک کہ مر جائے ہٗ: علیحدہ کرنا اُغْرِبَ واُغْرِبَ المَرِیْضُ: تکلیف زیادہ ہونا۔ اُغْرِبَ عَلَیْہِ وبہ: بُرا سلوک کرنا۔
تَغَرَّبَ. وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔
اِغْتَرَبَ. وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب میں شادی کرنا۔
اِسْتَغْرَبَ. الشَّیْءَ: نادر پانا یا سمجھنا۔ الدَّمْعُ: آنسو بہانا۔

واُسْتُغْرِبَ. فِی الضِّحْكِ: ہنسنے میں مبالغہ کرنا۔
الغَرْب. مس۔ پچھم۔ ہر چیز کا اوّل۔ دھار۔ نشاط۔ تیزی۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی اَخَافُ عَلَیْكَ غَرْبَ الشَبَابِ" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے۔ بڑا ڈول۔ آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے۔ آنسو۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ آنکھ کا اگلا حصہ۔ آنکھ کا پچھلا حصہ۔ دوری۔ آنکھ کی پھنسی۔ گوشۂ چشم کا ورم۔ تھوک کی کثرت۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "سَهْمُ غَرْبٍ" اضافت سے اور "سَهْمٌ غَرْبٌ" وصف سے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ ج غُرُوْب.
الغُرْبَة. دُوری۔
الغَرَبُ. مس۔ سونا۔ چاندی۔ پیالہ۔ شراب۔ پانی جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "سَهْمُ غَرَبٍ وسَهْمٌ غَرَبٌ" وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ و "بِعَیْنِہٖ غَرَبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو۔
الغُرَاب. کوا۔ مختلف قسمیں ہیں۔ غراب اسود۔ ابقع۔ زاغ ج اَغْرُب و غُرُبٌ و غِرْبَان واَغْرِبَةٌ جج غَرَابِیْنُ. کہا جاتا ہے "طَارَ غُرَابُہٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا اس کے بال سفید ہو گئے۔ وَاَرْضٌ لَا یَطِیْرُ غُرَابُهَا یعنی سرسبز ہے۔ الغُرَاب اولہ و برف۔ سر کا پچھلا حصہ۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی ابتداء۔ اور دھار۔ جیسے غُرَابُ الفَاسِ. اور کوّے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اُٹھنے اور چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "بَكَرْتُ بُكُوْرَ الغُرَابِ" کوّے کی مانند صبح سویرے اُٹھا۔ "فُلَانٌ اَحْذَرُ مِنَ الغُرَابِ" فلاں کوّے سے زیادہ چوکنا ہے۔ و "دُوْنَ هٰذَا شَیْبُ الغُرَابِ" اس سے کم کوّے کی سیاہی ہے اَغْرِبَةُ العَرَبِ: عرب کے سیاہ لوگ۔ الغُرَاب پرانی قسم کی ایک کشتی۔
الغُرَابَان. دونوں سرین کے نچلے حصے جو ران سے ملے ہوئے ہوں۔

الغَارِب. فا۔ کندھا۔ پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کے حصہ۔ ہر چیز کا اعلیٰ حصہ۔ ج غَوَارِب اور اسی سے ہے۔ غَوَارِبُ المَاءِ بلند موجیں۔
الغَرِیْب. مسافر۔ وطن سے دُور۔ اجنبی ج غُرَبَاء عجیب و غیر مانوس مِنَ الکَلَامِ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ مؤنث غَرِیْبَةٌ ج غَرَائِب.
الغُرُب. بمعنی غریب۔
المُغْرَب. صبح۔ ہر سفید چیز یا جس کے کنارے سفید ہوں۔ عُنْقَاء (مُغْرِب و مُغْرِبَة) دیکھئے لفظ "عُنْقَاء."
المَغْرِب. پچھم۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ ممالک افریقیہ اور بزبانِ حال ممالک یورپ۔
مَغْرِبَانُ. الشَّمْسِ: آفتاب کے طلوع و غروب کی جگہ۔
المَغْرِبِیُّ. ممالک مغرب کی طرف منسوب۔ ج مَغَارِبَة.
الغِرْبِیْب. سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید مستعمل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ غِرْبِیْب"
غَرْبَلَ غَرْبَلَةً الحِنْطَةَ: گیہوں چھاننا۔ البَلَدَ: ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا۔ فِی الاَرْضِ: جانا الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جدا جدا کرنا القَوْمَ: قوم کو قتل کرنا اور کچل دینا۔
الغِرْبَال. چھلنی۔ دُف۔ چغل خور ج غَرَابِیْل.
المُغَرْبَل: مئ۔ گھٹیا۔ پھولا ہوا۔ مقتول۔ زوال پزیر ملک۔
الغِرْبِیْل. چھلنی۔ دُف۔ چغل خور۔
غَرِثَ (س) غَرَثًا. بھوکا ہونا۔
صفت (غَرْثَان) ج غَرْثَی وغَرَاثَی و غِرَاث مؤنث (غَرْثَی) ج غِرَاث.
غَرَّثَ. الکَلْبَ: کتے کو بھوکا رکھنا۔
الغَرِث والغَارِث. بھوکا۔
غَرِدَ (س) غَرَدًا وغَرَّدَ واَغْرَدَ و

تغرد. الطائر: پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور گٹکری کرنا أغرده الطائر: گا کر خوش کرنا۔
استغرده. گانے پر برانگیختہ کرنا۔
الأغرود والأغرودة. پرندہ کی سریلی آواز ج أغاريد.
الغرد والغرد والغريد. گانے والا۔
غرزه (ض) غرزا. بالإبرة ونحوها: سوئی وغیرہ چبھونا۔ غرز الإبرة في الشيء: داخل کرنا۔ الراكب رجله في الغرز: رکاب میں پاؤں ڈالنا۔ عودا بالأرض: زمین میں لکڑی گاڑنا۔ غرزت الجرادة انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا۔ صفت (غارز و غارزة)
غرّز. الإبرة في الشيء: داخل کرنا۔ غرّزت الجرادة: انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا۔ الغنم. بکری کو موٹی ہونے کے لیے دودھنے سے چھوڑ دینا۔
أغرز. الإبرة: بمعنی غرز الوادي: غرز نامی پودہ اگانا في الشيء: داخل ہونا۔
اغترز السير: روانگی قریب ہونا فلان السير: روانگی کے قریب ہونا۔ سوار ہونا الراكب رجله في الغرز: سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا۔
الغرز. مع. رکاب۔ زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی۔ ج غروز. کہا جاتا ہے "الزم غرز فلان" یعنی اس کے امر و نہی کی اطاعت کرو۔ "اشدد يديك بغرزه" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کردو۔
الغرز. ایک چھوٹی قسم کا پودہ۔
الغريزة. طبیعت ج غرائز.
الغارز. فا۔ اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو۔ عيون (غوارز) نہ بہنے والے چشمے۔
التغريز. کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے منتقل کر کے دوسری جگہ لگایا جائے۔ ج تغاريز.
المغرز. گاڑنے کی جگہ۔ ج مغارز.
غرس (ض) غرسا وغراسة الشجر: درخت کا پودہ لگانا۔
انغرس. پودہ لگنا۔
الغرس. س. پودہ لگایا ہوا ج غراس وأغراس.
الغرس. پودہ۔ پانی جو رحم سے نکلے۔ چھوٹا کوا۔ ج أغراس.
الغريس. پودا لگایا ہوا۔ بھیڑ۔
الغريسة. کھجور کا پودا جو ابھی اگا ہو۔ گٹھلی جو بوئی جائے۔ انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو۔ پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک۔ ج غرائس وغراس.
الغراس. پودہ۔ پودہ لگانے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "هذا زمن الغراس" جس طرح کہا جاتا ہے "هذا زمن الحصاد".
المغرس. پودہ لگانے کی جگہ ج مغارس.
الغرش. من المسكوكات: ایک سکہ ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے۔ ج غروش.
غرض (س) غرضا. اليه: مشتاق ہونا۔ صفت (غرض) منه: تنگ دل ہونا۔ ملول ہونا۔ خوف کرنا۔
غرض (ض) غرضا. الاناء: برتن بھرنا۔ کم بھرنا الشيء: تازہ چننا۔ وقت سے جلدی کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ ہو جائے (غريضا) له: تازہ دودھ پلانا۔
غرض (ک) غرضا. اللحم: گوشت تازہ ہونا۔ صفت (غريض) ج أغاريض.
غرّض. مزاح کرنا۔ تازہ گوشت کھانا۔ الشيء: تازہ چننا في سقائه: مشک میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فلان بحر لا يغرّض" یعنی فلاں آدمی سمندر کی مانند ہے جو خالی نہیں کیا جا سکتا۔ غرّض فلانا: نشانہ بنانا۔
أغرض. فلانا: تنگ دل کرنا الغرض: نشانہ پر ٹھیک مارنا الاناء: برتن بھرنا۔
غارض. الإبل: اونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر لے جانا۔
تغرّض وانغرض. الغصن. شاخ کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔
اغترض. الشيء: کسی چیز کو اپنی غرض بنانا۔
أغترض فلان: جوان مرنا۔
الغارض. فا۔ تڑکے پانی پر جانے والا۔ لمبی ناک۔ کہا جاتا ہے "أتيته غارضا" یعنی دن کے ابتدا میں۔
الغرض. س. وادی کی ناقص شاخ ج غرضان وغرضان وأغرض کجاوہ کا تنگ ج أغراض وغروض.
الغرضة. کجاوہ کا تنگ ج غرض وغرض.
الغرض. س. مطلوب۔ حاجت۔ قصد۔ کہا جاتا ہے "فهمت غرضك" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا۔ نشانہ جس پر گولی ماری جائے۔ ج أغراض.
الغريض. طرب انگیز گیت۔ بہترین گویا۔ ہر سفید تازہ بارش کا پانی۔ پانی جس پر تڑکے آیا جائے۔ تازہ گوشت۔
الإغريض. شگوفہ۔ ہر سفید تر و تازہ۔ ج أغاريض.
المغرض. اونٹ کا تنگ۔ ج مغارض.
المغروض. مع بارش کا پانی۔
الغرضوف. نرم ہڈی جیسے کان ناک کی ج غراضيف. الغرضوفان: دو لکڑیاں جو کجاوہ کے دائیں بائیں باندھی جاتی ہیں۔
غرغر غرغرة. غرغرہ کرنا۔ غرغرت القدر: ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔ غرغره: ذبح کرنا۔ غرغره بالرمح: حلق میں نیزہ مارنا الرجل: آواز گلوگیر نکالنا۔ موت کے وقت خر خر کرنا اللحم: گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔
تغرغر. بالماء او الدواء: پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تغرغرت العين بالدمع" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔
الغرغر. ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی کہتے ہیں۔ واحد (غرغرة)
الغرغور. بمعنی الغرير (دیکھئے الغرير)
الغرغرة. بوٹا۔ پیشانی کی سفیدی۔ کہا جاتا

ہے"فُلانٌ غُرغُرَۃٌ" یعنی فلاں شریف ہے۔
غَرَفَ (ض)غَرْفًا. الشَّیْءَ: کاٹنا۔ صَیتَہٗ:
پیشانی کے بال کترنا۔
واِغْتَرَفَ. الماءَ بیَدِہٖ پانی کا چلو لینا۔
تَغَرَّفَہٗ. کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں
سب لے لینا۔
اِنْغَرَفَ. الشَّیْءُ: کٹنا۔ مرنا اور ٹوٹنا العظْمُ:
ہڈی کا ٹوٹنا فُلانٌ: مرنا۔
الغَرْف. س (والغَرَف) پودہ جس سے
چمڑے کو دباغت دیا جائے۔
الغِرْفَۃُ. چلو لینے کی ہیئت۔ جوتی۔ ج غِرف.
الغُرْفَۃُ. چلو۔ ج غِرَافٌ کوٹھری کے اندر
کوٹھری؛ بالاخانہ؛ بالوں کا گچھا۔ ج غُرَفٌ و
غُرْفَاتٌ و غُرَفَاتٌ و غُرُفَاتٌ.
الغَارِفَۃُ. مؤنث غارِفٌ اسم فاعل مِنَ
النُّوق: تیز دوڑنے والی اُونٹنی۔ ج غَوارِف.
الغَرَاف. ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔
الغَرَّاف. بہت چلو لینے والا۔ نَہرٌ غرّافٌ:
بہت پانی کی نہر۔ غَیْثٌ غَرَّافٌ بہت
بارش۔
الغَرُوْف. مِنَ الآبارِ: وہ کنوئیں جن سے
پانی چلو سے لیا جائے۔
الغَرِیْف. مِنَ الشَّجَرِ: گھنا درخت۔ بانس؛
نرکل وغیرہ کی جھاڑی۔
الغَرِیْفَۃ. گھنا درخت۔ جوتی۔ تلوار کے
پرتلے کے نچلے حصہ۔ کا چمڑا۔
المِغْرَف. تیز رفتار گھوڑا اور "فارسٌ
مِغْرَفٌ" بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَغارِف.
المِغْرَفَۃ. چمچہ۔ ڈوئی۔ ج مَغَارِف.
غَرِقَ (س) غَرَقًا. فِی المَاءِ: ڈوبنا۔
صفت (غَرِقٌ وغارِقٌ وغَرِیْقٌ) ج غَرقی
غَرِقَ فُلانٌ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔
مستغنی ہونا۔
غَرَقَ (ن) غَرْقًا. مِنَ اللّبَنِ: دودھ وغیرہ
کا گھونٹ لینا۔
اَغْرَقَ. فِی الأمْرِ: مبالغہ کرنا۔
اَغْرَقَہٗ وغَرَّقَہٗ. ڈبو دینا۔ اَغْرَق و غَرَّقَ
فِی القَوْسِ: کمان کو بہت زیادہ کھینچنا اَغرق و
غَرَّقَ اللِّجامَ بالفِضَّۃِ: لگام کو چاندی سے
مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْرَقَ اَعْمَالَہٗ
بالمَعاصِی" یعنی اپنے اعمالِ صالحہ کو معاصی
کی وجہ سے ضائع کر دیا۔
غارَقَہٗ. قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غارَقَتْنِی
لَمنِیَّۃ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی۔
اِغْتَرَقَ. النَفَسَ: بہت ہانپنا۔
لَبَعیرُ التَصْدِیرَ: اُونٹ کے پیٹ کے موٹے
ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا۔
الفَرَسُ الخَیلَ: گھوڑوں کی جماعت میں
داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا۔ کہا جاتا ہے فُلانٌ
یَفْتَرِقُ العَیْنَ یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی
وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری
طرف نہیں ڈالنے دیتا۔
اِسْتَغْرَقَ. الشَّیْءَ: کل لے لینا الغَایَۃَ:
مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا فِی النَّوْمِ: گہری
نیند سونا فِی الضَّحْكِ: کھلکھلا کر ہنسنا۔
اِغْرَوْرَقَتْ. العَیْنُ: ڈبڈبا آنا۔
الغُرْقَۃ. دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی
مقدار ج غُرَق
غَرْقَأَتِ. الدجاجَۃُ بَیْضَتَھَا: مرغی کا کچا
انڈا دینا البَیْضُ: کچا انڈا کرنا۔
الغِرْقِئُ. انڈے کے سفیدی کی جھلی۔ انڈے
کی سفیدی۔
غَرِلَ (س) غَرَلًا. الصبیُّ: بچے کا غیر
مختون ہونا۔ صفت (اَغْرَل) مؤنث غَرْلاءُ ج
غُرْلٌ.
الغَرِل. ڈھیلا ڈھالا آدمی۔ بہت ہی زیادہ لمبا
نیزہ۔
الاَغْرَل. ارزانی کا سال۔ خوش عیش زندگی۔
الغُرْلَۃ. چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے
ہیں۔
غَرِمَ (س) غُرمًا وغَرامۃً ومَغْرَمًا الدَّیْنَ
ونَحْوَہٗ: قرض وغیرہ ادا کرنا۔
فِی التِّجارَۃِ: تجارت میں نقصان اُٹھانا۔
اَغْرَمَہٗ وغَرَّمَہٗ الدَّیْنَ: قرض کی ادائیگی کو
لازم کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرِّمَ السَّحابُ"
یعنی بارش ہوئی۔
اُغْرِمَ. بالشَّیْءِ: بہت خواہش مند ہونا۔
تَغَرَّمَ. تاوان برداشت کرنا۔
اِغْتَرَمَ. تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا۔
الغَرَامَۃ و الغُرم. تاوان۔ مال جس کا ادا کرنا
ضروری ہو۔ ضرر۔ مشقت۔
الغَرَام. اشتیاق۔ محبت جو دل کو مبتلائے
عذاب کرنے والا ہو۔ ہلاکت۔ عذاب۔
الغَرِیْم. قرض خواہ۔ قرض دار۔ مخالف۔ ج
غُرَماءُ و غُرَّام.
اَلغَرَامَاتِیْقُ اَوالغَرَامَاطِیْقُ: وہ علم جو بولنے
اور لکھنے میں غلطی سے بچائے یعنی علم صرف،
علم نحو اور علم عروض۔ اس لفظ کا اطلاق اس
کتاب پر بھی ہوتا ہے جس میں یہ علم پایا جائے۔
المَغْرَم. تاوان۔ ج مَغَارِم.
غَرِنَ (س) غَرَنًا العَجِیْنُ: گندھے ہوئے
آٹے کا خشک ہونا۔
الغِرن. کمزور۔
الغِرْیَن والغِرْیَن. تر یا خشک مٹی جو سیلاب
میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے۔
بیوقوفی۔
الغِرْنَیْق والغُرْنَیْق والغُرْنُوْق والغُرانِق.
ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا
ہے سفید خوبصورت جوان کیلئے بھی بولا جاتا
ہے۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ غُرانِقٌ وصَبِیَّۃٌ
غُرانِقٌ وغُرانِقَۃٌ" ج غَرانِق وغَرانِیق و
غَرانِقۃ.
غَرَا یَغْرُو وغُرُوًّا. الرَّحلُ: تعجب کرنا
الجِلْدَ: سریش سے جوڑنا الشَّحْمَ قَلْبَہٗ:
چربی کا دل پر چھا جانا۔
اَلْغَرْنُوقِی: ایک افریقی پھول کا نام
غَرِیَ یَغْرَی غَرَاءً و غَرًا و غِرًی و غُرًی
و اُغْرِیَ. بِکَذَا: بہت خواہش مند ہونا۔
بہت رغبت رکھنا۔ غَرِیَ الغَدِیْرُ: تالاب کا
پانی ٹھنڈا ہونا فُلانٌ: بہت زیادہ غضبناک ہونا
(غَرَاۃً) بِہٖ: چمٹنا۔ لازم ہونا۔

غَرّٰی تغریَۃً. الشَّیْءَ: سریش سے جوڑنا۔
اَغْرٰی. الرَّجُلَ بِکَذَا: برانگیختہ کرنا۔
اَغْرٰی العَدَاوَۃَ بَیْنَھُمْ: دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا۔
غَارٰی غِرَاءً ومُغَارَاۃً. فُلَانًا: سخت جھگڑا کرنا بَیْنَ الشیئینِ: ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا۔
الغِرَاء والغَرَاء. ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے۔ جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لیئی۔ الغِرَاءُ: خوبصورتی۔
الغَرَاء والغَرْوٰی. خواہش مندی۔ کہا جاتا ہے "لَاغَرْوَ وَلَاغَرْوٰی مِنْ کَذَا" یعنی اس سے تعجب نہیں۔
الغَرِیُّ. خوبصورت۔ عمدہ عمارت۔
المِغْرَاۃ. سریش پگھلانے کا آلہ۔
غَزَّ (ن) غَزًّا واِغْتَزَّ. بِفُلَانٍ: خاص کرنا الِابلِ او الصَبِیِّ: اُونٹ یا بچہ پر نظر بد سے حفاظت کیلئے رنگی ہوئی اُون لٹکانا۔
غَازَّہٗ مُغَازَّۃً. سبقت کرنا۔ جھگڑنا۔
اَغَزَّ. الشَّجَرُ: درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا۔ اَغَزَّتِ البَقَرَۃُ: گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا۔
تَغَازَّ. القَوْمُ الشَّیْءَ: آپس میں جھگڑا کرنا۔
الغُزّ. جمع۔ ترکوں کی ایک قوم۔ واحد (غُزِّیٌّ)
غَزُرَ (ک) غَزْرًا وغَزَارَۃً وغُزُرًا. اَلمَاءُ وغیرہ: پانی وغیرہ کثیر ہونا۔ غَزُرَتِ النَّاقَۃُ: اُونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
تَغَزَّرَ. الرَّجُلُ: زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا۔
غَازَرَ واسْتَغْزَرَ. زیادہ لینے کے لیے تھوڑا دینا۔
الغَزْر. س۔ کھجور کے پتوں کی بکری۔
والغَزَارَۃ. کثرت۔
اَلغَزَارُ: باریک کانوں کا پودا جس سے تحریر کے لئے قلمیں بنائی جاتی ہیں۔
الغَزِیْرُ. ہر چیز کا بہت۔ ج غِزَار.

الغَزِیْرَۃ. مؤنث غَزِیْر مِنَ النُوقِ: بہت دودھ والی اُونٹنی مِنَ العُیُوْنِ: بہت آنسوؤں والی آنکھ مِنَ الآبارِ والیَنَابِیْعِ: بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزَار
المِغْزَار. مِنَ الابِلِ: بہت دودھ والی اُونٹنی۔ مَکَانٌ (مَغْزُوْرٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ۔
غَزَلَ (ض) غَزْلًا واغْتَزَلَ. الصُّوْفَ: اُون کاتنا۔
غَزِلَ (س) غَزَلًا بِالنِسَاءِ. عورتوں سے باتیں کرنا۔ عشق بازی کرنا۔ عورتوں کے حسن وجمال کی تعریف کرنا۔
غَازَلَ. المَرْأَۃَ: عورت سے بات کرنا اور پھسلانا۔ کہا جاتا ہے "غَازَلَ فُلَانٌ الاَرْبَعِیْنَ مِنَ العُمُرِ" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہوگیا و "هُوَ یُغَازِلُ رَغْدًا مِنَ العَیْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے۔
اَغْزَلَتْ. الظَّبْیَۃُ: ہرنی کا بچے والی ہونا المَرْأَۃُ: عورت کا تکلہ گھمانا۔
تَغَزَّلَ. فُلَانٌ: بتکلف عشق بازی کرنا۔
تغازل القَوْمُ: بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا۔
الغَزْل. س۔ کاتا ہوا۔
الغَزَل. س۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود۔
الغَزَال. ہرن کا بچہ۔ ج غِزَلَۃ و غِزْلَانٌ.
دَمُ الغَزَال. نام ایک نباتات کا۔
الغَزَالَۃ. غزال کا مؤنث۔ چڑھتے وقت کا سورج غَزَالَۃُ الضحٰی وغزَالَاتُہٗ: چاشت کی ابتداء۔
الغَزِل. عورتوں سے بات کرنے والا۔ عشق بازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو۔
الغَازِلَۃ. کاتنے والی۔ ج غُزَّل و غوازل.
الغِزِّیْل. عورتوں سے باتیں کرنے والا۔
الغَزَّال. بہت کاتنے والا۔
الاَغْزَل. غَزِل کا اسم تفضیل۔
مِنَ الحُمّٰی: بار بار آنے والا بخار۔

المِغْزَل والمَغْزَل والمُغْزَل. تکلہ ج مَغَازِل.
غَزَاہُ یَغْزُوْہُ غَزْوًا. طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَفْتُ مَا یُغْزٰی مِنْ ہٰذَا الْکَلَامِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا۔
غَزْوًا وغَزَاوَۃً وغَزَوَانًا. القَوْمَ: کسی قوم سے جنگ کیلئے چلنا۔ جہاد کیلئے نکلنا۔
غَزّٰی واَغْزٰی. فُلَانًا: جہاد کیلئے بھیجا جانا۔ سامان دینا، برانگیختہ کرنا ہٗ: مہلت دینا۔ مطالبہ کو مؤخر کردینا۔
اِغْتَزٰی اِغْتِزَاءً. فُلَانًا: قصد کرنا بِہٖ: مخصوص کرنا۔
الغَزْوَۃ. غزا کا اسم مرۃ۔ ج غَزَوات.
الغَازِی. فا۔ ج غُزَاۃ وغُزًّی وغُزِیٌّ وغُزَّاء مؤنث غَازِیَۃٌ ج غَوَازٍ و غَازِیَات.
الغَزَاۃ. اسم ہے غزو کا ج غَزَوَات.
الغِزْوَۃ. جس کا قصد کیا جائے۔ جس کو طلب کیا جائے۔
المَغْزٰی. جنگ کرنا۔ جنگ کرنے کی جگہ۔
مغزی الکلام: مقصد کلام۔ ج مَغَازٍ.
المَغَازِی. غازیوں کے مناقب۔ غازیوں کے افعال۔
اِمْرَاَۃٌ (مُغْزِیَۃٌ) عورت جس کا شوہر جہاد میں ہو۔ اَتَانٌ اوناقۃٌ مُغْزِیَۃٌ: دیر سے جننے والی گدھی یا اُونٹنی۔
غَسَّ (ن) غَسًّا. فِی البِلَادِ: داخل ہونا الکَلَامَ: کلام میں عیب لگانا ہٗ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا الهِرَّۃَ: بلی کو ڈانٹنا۔ اور غس کہنا۔
اِنْغَسَّ. فِی المَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔
الغُسّ. کمزور نالائق۔
غَسَرَ (ن) غَسْرًا. عَلَی الغَرِیْمِ: قرض دار پر سختی کرنا۔
تَغَسَّرَ الغَزْلُ: کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔ اُلجھا ہوا ہونا الاَمْرُ: ملتبس ہونا۔ مختلط ہونا۔

صفت (غَسِرٌ)
الغَسَر. جس چیز کو ہوا اُڑا کا تالاب میں ڈال دے۔
اَغْسَف. تاریکی میں داخل ہو۔
الغَسَف. تاریکی۔
غَسَقَ (ض) غَسْقًا و غَسَقًا و غَسَقَانًا واَغْسَقَ. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
اَغْسَقَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا المُؤَذِّنُ: مؤذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔
غَسَقَ (ض) غَسْقًا وغسوقا وغَسِقَ (س) غَسَقَانًا. المَاءُ: پانی گرنا الغَیمُ: بارش ہونا العَینُ: آنکھ کا ڈبڈبانا۔ اور تاریک ہونا۔
الغَسَق. اوّل شب کی تاریکی۔
الغَاسِق. فا۔ چاند۔ رات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیہوں کی ایک قسم۔ الغَسَاق والغَسَّاق. ٹھنڈا۔ بدبودار۔
غَسَلَ (ض) غَسْلًا و غُسْلًا. الشَّیْءَ: پانی سے میل کچیل دُور کرنا ہ: تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ بہت جماع کرنا۔
غَسَّلَ. الشَّیْءَ: دھونے میں مبالغہ کرنا۔ بہت جماع کرنا۔
اِنْغَسَل. دُھلنا الشَّیْءُ: بہنا۔
اِغْتَسَلَ. نہانا بِالطِّیبِ: خوشبو لگانا الفَرَسُ: گھوڑے کو پسینہ آنا۔
الغُسُل والغُسْل. اسم ہے غسل سے۔
الغِسْل والغُسْل: ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے صابن وغیرہ ج اَغْسَال.
الغِسْلَة والغَسُوْل والغَسُوْل. ہاتھ منہ دھونے کی چیز۔
الغُسَالَة. مِنَ الشَّیْءِ: پانی جس سے دھویا جائے (دھونے سے جو پانی گرے۔ کپڑا جو دھویا جائے۔
الغَسِیْل. نہلایا ہوا۔ ج غَسْلٰی و غُسَلَاء مؤنث غَسِیْلَة ج غَسَالٰی.
الغَاسُوْل. صابون۔ اور ہر وہ چیز جس سے عموماً دھویا جائے۔ ایک پودہ کا نام ہے جس سے دھوتے ہیں۔
الغَسَّال. اسم مبالغہ۔ مؤنث غَسَّالَةٌ.
المَغْسَل والمَغْسِل. غسل خانہ۔ ج مَغَاسِل.
المُغْتَسَل. غسل خانہ۔ ج مُغْتَسَلَات.
المُغْتَسَل. وہ پانی جس سے نہایا جائے۔
المِغْسَل. وہ چیز جس سے دھویا جائے۔
المِغْسَلَة. وہ برتن جس میں کپڑے دھوئے جائیں۔
اَلْغِسْلِیْنُ. دوزخیوں کے جسموں سے نکلنے والی پیپ۔
غَسْلَبَ. الشَّیءَ مِنْ فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کو چھین لینا۔
غَسَمَ (ن) غَسْمًا واَغْسَمَ. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاسِمٌ)
الغَسَم. سیاہی۔ تاریکی۔ خاکستری۔
الغُسَم والاَغْسَام. آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔
غَسَنَ (ن) غَسْنًا. الشَّیْءَ: چبانا۔
غُسَانُ القلْب وغَسَّانُه. دِل کے انتہائی گوشے۔ کہا جاتا ہے "عَلِمتُ اَنَّ ذٰلِكَ مِنْ غَسَّانِ قَلْبِكَ" میں نے جان لیا کہ یہ تمہارے دِل کی گہرائی سے ہے۔
الغَسَّان والغَیْسَان. جوانی کی تیزی اور کہا جاتا ہے "مَا اَنتَ مِنْ غَسَّانِهٖ" تم اس کے مردوں میں سے نہیں ہو۔
الغَسَّانِیُّ. بہت خوبصورت۔
الغُسْنَةُ والغُسْنَاة. بالوں کا گچھا۔ ج غُسَنٌ غُسُنَات وغُسْنَات.
الاَغْسَان. لوگوں کے اخلاق و عادات۔ پرانے کپڑے۔
الغَیْسَانَة. نرم ونازک عورت۔
غَسَا یَغْسُوْ غَسْوًا وغَسِیَ یَغْسٰی غَسًی واَغْسٰی. اللیْلُ. رات کا تاریک ہونا۔
اَغْسَاہ اللیْلُ. تاریکی ڈالنا۔
الغَسَاة. کچی کھجوریں۔ ج غَسَوَات وغَسًی شَیخٌ (عَاسٍ) پیر فانی۔
غَشَّهٗ (ن) غَشًّا وغِشَشًا. خلافِ ضمیر ظاہر کرنا اور خلافِ مصلحت کو مزین کرنا۔ دھوکا دینا۔
اَغَشَّهٗ. دھوکے میں ڈالنا اَغَشَّهٗ عَنْ حَاجَتِهٖ: جلدی کرنا اور حاجت سے باز رکھنا۔
اِغْتَشَّ واِسْتَغَشَّ. الرَّجُلَ: خیانت کا گمان کرنا۔ خائن سمجھنا۔
الغِشّ. دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت۔ دِل کی سیاہی۔ ترش روئی۔ ہر چیز کی کدورت۔
الغُشّ. دھوکا باز۔ ج غُشُوْن.
الغَاشّ. دھوکا باز ج غَشَشَةٌ وغُشَّاشٌ.
الغَشَش. گدلا پانی۔
الغِشَاش والغَشَاش. تاریکی کا اوّل و آخر۔
قَوْمٌ (غَشَاشَةٌ) دھوکہ باز لوگ۔
المَغْشُوْش. مع۔ غیر خالص۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ مَغْشُوْشٌ" غیر خالص پانی ملا ہوا دودھ۔
غَشَمَهٗ (ن ض) غَشْمًا و تَغَشَّمَهٗ. ظلم کرنا۔
غَشَمَ (ض) غَشْمًا الحَاطِبُ. لکڑی چننے والے کا رات کو لکڑی چننا اور بغیر سوچے بوجھے جو ہاتھ لگے اس کو کاٹنا۔
الغَاشِم والغَشُوْم والغَشَّام. ظالم۔ غاصب۔
المِغْشَم. خود رائے دُلیر کہ جو چاہے کرے۔ ظالم۔
الغَشَمْشَم. بمعنی مغشم. بہت ظلم کرنے والا۔
الغَشَمْشَمَة والغَشَمْشَمِیَّة. دُلیری۔ جرات۔
غَشْمَرَ غَشْمَرَةً. السَّیْلُ: سیلاب کا آنا الرَّجُلُ: حق یا باطل میں خود رائی کرنا اور کوئی پروانہ کرنا الاَمْرَ: بے سوچے سمجھے کام کرنا فُلَانًا: ظلم کرنا۔
تَغَشْمَرَ. عَلَیْهِ: غضبناک ہونا فُلَانًا: زبردستی لے لینا اور ظلم کرنا۔ شمر

السَّيل او الجَيش: سیلاب یا لشکر کا آنا۔
الغَشْمرة. س۔ آواز۔ ج غَشامِر.
الغَشْمرِيَّة. ظلم۔
الغِشْمِير. سختی۔ زبردستی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بالغَشْمِير" یعنی اس کو سختی سے لیا۔
غَشَا يَغْشُو غَشْوًا. فلانًا: کسی کے پاس آنا۔
غَشِيَ (س) غَشَاوَةً. الاَمْرُ فُلانًا: مبتلا کردینا۔
غَشا. الفَرَسُ وغيره: سفید سر والا ہونا۔
غَشِيَ (س) غَشَيانًا. فلانًا: کسی کے پاس آنا ہ بالسَّوْط. کوڑے سے مارنا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَه و بِثَوْبِه: ڈھانپ لینا تاکہ نہ دکھائی دے نہ سنائی دے۔
الغِشْوَة والغِشَاوَة. دونوں میں غین کی تثلیث ہے۔ پردہ۔ الغَشْوَة: غشا کا اسم مرۃ۔
الاَغْشى. مِنَ الخَيل وغيرِهَا: سارے جسم کے خلاف سفید سر والا گھوڑا۔ مؤنث غَشْواء.
غَشِيَ يَغْشَى غَشْيًا وغِشَايَةً الاَمْرُ وفُلانًا: نازل ہونا۔ ڈھانکنا۔ غَشِيَ المَرْأَةَ: جماع کرنا المَكانَ: آنا اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غُشِيَ عَلَيْه غَشْيًا وغُشْيًا وغَشَيانًا: بیہوشی طاری ہونا۔ صفت مفعولی مَغْشِيٌّ عَلَيْه.
اَغْشَى. الاَمْرُ فُلانًا: نازل کرانا۔ ڈھکوانا اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا اللهُ عَلَى بَصَرِه: نگاہ پر پردہ ڈال دینا۔ اَغْشانِي فُلانًا فلاں کے پاس آنے کیلئے برانگیختہ کرنا۔
غَشَّى. الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ: ڈھانکنا۔
غَشَّيْتُهُ الاَمْرَ میں نے اس کو کام سے ڈھانک دیا۔
تَغَشَّى. بِثَوْبِه: اپنے آپ کو ڈھانکنا۔
تغشى المرأة: جماع کرنا۔ تغشاه الامر: کام نے اس کو ڈھانک لیا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَه و بِثَوْبِه: اپنے آپ کو ڈھانک لینا۔
الغِشَاء. پردہ۔ ج اَغْشِيَة.
الغَشَايَة والغِشَايَة والغُشْيَة والغِشْيَة والغَشْي والغُشْي والغَشَيَان. پردہ۔
بیہوشی۔ غشی۔
غشائيات الاَجْنِحة پروں کے چار حصے والے کیڑے جن میں سے بھونڈ اور بعض چیونٹی کی اقسام ہیں۔
الغَاشِيَة. مؤنث غَاشِي. پردہ۔ دل کا پردہ۔ ج غَواشٍ. مصیبت۔ قیامت۔ اندرونی بیماری کا نام۔ غَاشِيَةُ فُلانٍ: خدام۔ ملاقاتی دوست احباب جو بار بار آئیں۔
الغَشَيَان. آنا۔
غَصَّ (س۔ ن) غَصَصًا بالطَّعَام والمَاءِ: کھانے یا پانی سے پھندا لگنا۔ اچھو لگنا۔ صفت (غَاصٌّ و غَصَّان) المَكانُ بِهِمْ: بھر جانا اور تنگ ہونا۔
غَصَّ (ن) غَصًّا. الشَّيْءَ: قطع کرنا۔
اَغَصَّه. اچھو لگوانا۔ کسی کے گلے میں پھندا لگوانا۔ کہا جاتا ہے "اغص علينا الارض" اس نے ہمارے اوپر زمین تنگ کر دی۔
اِغْتَصَّ. المَكانُ بِهِمْ: تنگ ہونا۔
الغُصَّة. جس کا پھندا لگے۔ غم۔ اندوہ ج غُصَص.
غَصَبَهُ (ض) غَصْبًا عَلَى الشَّيْءِ: مجبور ہونا الشَّيْءَ: زبردستی لے لینا المَرْأَةَ: زنا بالجبر کرنا الجِلْدَ: کھال سے بال اور اون دور کرنا۔ صفت (غَاصِب) ج غَاصِبُوْن وغُصَّاب اور اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے غَصَبَهُ مَالَهُ اور کبھی مفعول اوّل میں مِن کی زیادتی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "غَصَبْتُ مِنْهُ مَالَهُ"
اِغْتَصَبَ. الشَّيْءَ: ظلم و زبردستی سے لینا المَرْأَةَ: زنا بالجبر کرنا۔
غَاصَبَه. ہر ایک کا دوسرے سے چھیننا۔
الغَصْب. س۔ چھینی ہوئی چیز۔
غَصَنَ (ض) غَصْنًا. الغُصْنَ: ٹہنی کو کاٹنا۔ ٹہنی کو کھینچنا الشَّيْءَ: لینا ہ عَنْ حَاجَتِه: پھیرنا۔ منع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا غَصَنَكَ عَنِّي" کس چیز نے تم کو مجھ سے باز رکھا۔
اَغْصَنَ وغَصَّنَ. العُنْقُودُ: بڑے دانوں والا ہونا۔ اَغْصَنَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا شاخ دار ہونا۔
الغُصْن شاخ ج غُصُوْن واَغْصَان و غِصَنَة.
الغُصْنَة شاخ میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنی۔
ثَوْرٌ (اَغْصَن) سفید دُم کا بیل۔
غَضَّ (ن) غَضًّا وغَضَاضًا وغِضَاضًا و غَضَاضَةً. طَرْفَهُ و مِنْ طَرْفِه او صَوْتَهُ: و مِنْ صَوْتِه: نگاہ یا آواز پست کرنا۔ روکنا الغُصْنَ: شاخ کو بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا الشَّيْءَ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَغُضُّكَ دِرْهَمًا" میں ایک درہم کو نہیں کروں گا مِنَ فُلانٍ: کسی کا مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "غَضَّ بَصَرَه" یعنی جس چیز کا دیکھنا جائز نہیں اس سے منع کیا۔ "غَضَّ طَرْفَهُ لِفُلانٍ" فلاں کی وجہ سے مکروہ بات برداشت کر لی "و غُضَّ لِي سَاعَةً" یعنی اپنی سواری کو تھوڑی دیر کے لیے روک لو اور ٹھہر جاؤ۔
غَضَّ (س ض) غَضَاضَةً وغُضُوْضَةً النَّبَاتُ وغيره: نباتات کا تروتازہ ہونا۔ صفت (غَضٌّ) ج غِضَاض.
غَضَّض. تروتازہ کو کھانا۔ تروتازہ و نرم و نازک ہونا۔ ذلت و خواری لاحق ہونا۔
اِنْغَضَّ. الطَّرْفُ: نگاہ کا بند ہونا۔
تَغَاضَض. عَنْهُ: غفلت برتنا۔
الغَضَاض والغُضَاض. سر کا اگلا حصہ یا چہرے یا اوپر کا حصہ۔
الغَضَّة. ذلت و نقصان ج غُضَض.
الغَضِيضَة والغَضَاضَة. ج غَضَائِض: ذلت و نقصان۔
المَغَضَّة. ج مَغَاضّ: ذلت و نقصان۔
الغَضّ. س۔ تروتازہ۔ نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ غَضٌّ" یعنی تروتازہ نئی جوانی ج

غِضَاض.
الغَضِيْض. تروتازہ۔ ناقص۔ ذلیل۔
طَرْفٌ غَضِيْضٌ: پست نگاہ۔ ج اَغِضَّاء واَغِضَّة مؤنث غَضِيْضَةٌ ج غَضَائِض.
غَضِب (س) غَضَبًا و مَغْضَبَةً عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ صفت (غَضِبٌ وغَضُبٌ وغَضْبَانٌ) مؤنث غَضْبٰى وغَضُوْبٌ وغَضْبَانَةٌ. ج غَضْبٰى و غَضَاب و غَضَابٰى وغُضَابٰى. اور کہا جاتا ہے "غَضِبَ لِفُلَان" یعنی فلاں کے لیے غضبناک ہو گیا۔ "وغَضِب مِنْ لَا شَيْءٌ" یعنی بغیر کسی سبب کے غضبناک ہوا۔
اَغْضَبَهُ وغَاضَبَهُ مُغَاضَبَةً. غضب پر برانگیختہ کرنا۔ وغَاضَبْتُهُ: ایک کا دوسرے کو غصہ دلانا۔ غَاضَبَ فُلَانًا: ناراض کرنا۔ ایک دوسرے کو ناراض کرنا۔ اَغْضَبَتِ العَيْنُ: آنکھ کا تنکا وغیرہ نکال دینا۔
تَغَضَّبَ واِسْتَغْضَبَ. عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔
الغَضْبَةُ. غضب کا اسم مرۃ۔ مچھلی کی کھال۔ سر کی کھال۔
الغِضَاب والغُضَاب. آنکھ کا تنکا۔
الغُضَابِيّ. مکدر زندگی بسر کرنے والا۔
الغُضُبُّ والغُضُبَّة والغَضَبَّة. غضبناک۔
غَضَرَهُ (ن ض) غَضْرًا. اللّٰهُ: خوشحال کرنا۔ آسودہ حال بنانا۔ غَضَر الرَّجُلَ: کسی کو روکنا۔ منع کرنا الشَّيْءَ: کاٹنا۔
غَضِر (س) غَضَرًا وغَضَارَةً. آسودہ حال ہونا۔ بہت مال دار ہونا۔ اچھی زندگی والا ہونا۔ صفت (غَضِرٌ)
غَضَرَ (ض) غَضْرًا وتَغَضَّرَ. عَنْهُ: تجاوز کرنا۔ پھر جانا۔ غَضَر عَلَيْهِ: مائل ہونا لِفُلَان: مِنْ مَالِهِ: مال میں سے کچھ دینا۔
اُغْتُضِرَ. جوان مرنا۔
الغَضَار. خالص چپکنے والی مٹی۔ چپکنے والی مٹی کا بنا ہوا پیالہ۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لیے رکھتے ہیں۔
الغَضَارَة. س۔ نعمت۔ آسودہ زندگی۔ وسعت و آسودہ حالی۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ خالص مٹی۔ بڑا پیالہ۔ ج غَضَائِر.
الغَضْرَاء. مِنَ الأرض: پانی کے قریب کی عمدہ زمین۔ وہ زمین جس میں خالص مٹی ہو اور قطاۃ ایک پرندہ ہے اس کو بھی غَضْرَاء کہتے ہیں۔ ج غَضَارِيّ. کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ غَضْرأ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ آسودہ حالی اور خیر میں ہیں۔
الغَاضِر. فا۔ مانع۔ کھال جس کی دباغت اچھی ہوئی ہو۔ اپنی ضروریات کے لیے تڑکے جانے والا۔ مؤنث (غَاضِرَة)
الغَضِيْر. نرم و نازک۔ سبز رنگ والا۔
ارض غَضِيرة: خالص مٹی والی زمین۔
المُغْضِر. صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مُغْضِرُوْن.
المَغْضُوْر. صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مَغْضُوْرُوْن و مَغَاضِيْر.
الغُضْرُوْف. بمعنی غُرْضُوْف.
غَضْغَضَ. المَاءَ: پانی کم کر دینا۔
و تَغَضْغَضَ. المَاءُ: پانی کم ہونا۔ پایاب ہونا۔
غَضَفَ (ض) غَضْفًا. العُوْدَ: لکڑی توڑنا الكَلْبُ اُذُنَهُ: کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا الوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا۔ دوہرا کرنا (غُضُوْفًا) آسودہ حال ہونا۔
غَضِفَ (س) غَضَفًا. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ غَضِفَتِ الاُذُنُ: خِلْقَةً: ڈھیلا ہونا۔ صفت (غضفاء) ج غُضْفٌ.
غَضِفَ العَيْشُ: آسودہ ہونا۔ صفت (اَغْضَفُ وغَاضِفٌ)
اَغْضَفَ. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ السَّحَابُ: بادل کا چھا جانا اور آمادۂ بارش ہونا۔
غَضَّفَ. الشَّيْءَ: لٹکانا۔
تَغَضَّفَت. الجَارِيَةُ: لچکنا۔ ناز و انداز سے چلنا الحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَغَضَّفَتِ الدُّنْيَا عَلَيْهِ" دنیا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہے۔ تَغَضَّفَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ: رات کا آنا۔ البِئْرُ: کنوئیں کا منہدم ہونا۔
اِنْغَضَفَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا گرنا اِنْغَضَفَتْ اُذُنَهُ: کان کا ٹوٹنا الضَّبَابُ: کہر کا تہ بتہ ہونا القَوْمُ فِيْ الغُبَار: قوم کا غبار میں داخل ہونا۔
الغَاضِف. فا۔ خوش حال۔ خوش عیش۔ کتا جس کا کان آگے کو لٹکا ہوا ہو۔
الغَضَف. درخت خرما کے مانند ایک درخت۔ واحد (غَضَفَة)
اَلْغَضَنْفَرُ: شیر، سخت جسم والا مرد۔
الغَضَفْة. سنگ خوار کے مانند ایک پرندہ۔
الأغْضَف. لٹکے ہوئے کان کا کتا۔ موٹے پیروں کا تیر۔ تاریک رات۔ عَيْشٌ اَغْضَف: خوش حال زندگی۔
غَضَنَهُ (ن ض) غَضْنًا. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا النَّاقَةُ: اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا اور اسم (الغِضَان) ہے۔
اَغْضَنَ. السَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔
اَغْضَنَت عَلَيْهِ الحُمّٰى: تیز بخار آنا اور ہمیشہ رہنا عَلَيْهِ اللَّيْلَ: رات کا تاریک ہونا۔
غَاضَنَ مُغَاضَنَةً. عَيْنَه: آنکھ کا جھپکانا المَرْأَةَ: آنکھ جھپکا کر عورت سے بات چیت کرنا۔
غَضَّن. الشَّيْءَ: موڑنا۔ شکن ڈالنا۔
غَضَّنَتِ السَّمَاء: لگاتار برسنا النَّاقَةُ: اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا۔
تَغَضَّن. مڑنا۔ شکن پڑنا۔
الغَضْن والغَضَن. کپڑے یا کھال کی شکن۔ تھکن۔ مشقت۔ غَضَنُ العَيْن: آنکھ کی ظاہری کھال ج غُضُوْن. غُضُوْنُ الاُذُن: کان کی سلوٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ غُضُوْن" پیشانی پر شکن والا آدمی "وكَانَ الاَمْر فِيْ غُضُوْنِ ذٰلِكَ" یعنی اس کے درمیان میں۔

الغَضْنَة الغَضَنَة. باریک چھلکا جو چیچک والے کی جلد پر ہوتا ہے۔
الغَضِیْن. اُونٹنی کا ناتمام بچہ۔
الاَغْضَن. خلقتاً تکبر یا عداوت کی وجہ سے آنکھ سمیٹنے والا۔
غَضَا یَغْضُوْ غَضْوًا. اللیْلُ: تاریک ہونا البَعِیْرُ: اُونٹ کا درخت غضا چرنا۔ صفت (غَاضٍ)
غُضُوًّا. نعمت اور آسودہ حالت میں ہونا۔ صفت (غَاضٍ) مؤنث (غَاضِیَة) ج غَوَاضٍ.
غَضِیَ یَغْضٰی غَضًی. البَعِیْرُ: درخت غضا کے کھانے سے اُونٹ کے پیٹ میں درد ہونا۔ صفت (غَضٍ) مؤنث غَضِیَّة ج غضایا غَضِیَتِ الاَرْضُ: بہت درخت والی ہونا۔
اَغْضٰی اِغْضَاءً. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاضٍ) خلافِ قیاس۔ اَغْضٰی عَیْنَهٗ: آنکھ بند کرنا۔ عَلَی الاَمْرِ: خاموش رہنا۔ صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْضٰی عَنْهُ طَرْفَهٗ" اِس سے اُس نے نگاہ پھیر لی۔ و "اَغْضٰی عَلَی القَذٰی" اس نے صبر کیا اور معاف کر دیا۔
تَغَاضٰی. آنکھیں بند کر لینا عَنْهُ: غفلت برتنا۔
الغَضَا. جھاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اور اس کی چنگاری دیر تک نہیں بجھتی۔
واحد (غَضَاة) جھاڑی۔ اَهْلُ الغَضَا: نجد کے رہنے والے۔
الغَاضِیَةُ. غَاضِی کا مؤنث۔ تاریک۔ روشن۔ کہا جاتا ہے لیلة غَاضِیَةٌ یعنی تاریک رات "نَارٌ غَاضِیَةٌ" یعنی روشن آگ۔ آگ ج غَوَاضٍ.
الغَضْیَاءُ. غضا کے اُگنے کی جگہ۔ اَرْضٌ غَضْیَاء. بہت درخت غضا والی زمین۔
غَطَّ (ن ض) غَطًّا واَغَطَّ الشَّیْءَ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبونا و غوطہ دینا۔
غَطَّ (ن) غَطًّا. سخت نچوڑنا۔
غَطَّ (ض) غَطِیْطًا. النَّائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا۔ البَعِیْرُ: اُونٹ کا بلبلانا۔
تَغَاطَّ. الرَّجُلَانِ فِی المَاءِ: ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا۔
الغَطُّ. فِی المَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔
الغَطَاط. سنگ خوار پرندے کی ایک قسم۔
و الغَطَاط. صبح کی ابتداء۔
اَلْغُطَیْطَةُ: تیز تلوار۔
غَطْرَسَ غَطْرَسَةً. عَلٰی فُلَانٍ: تکبر کرنا الرَّجُلُ: اپنے ہم عمروں پر دست درازی کرنا بِالشَّیْءِ خود پسند ہونا ہٗ: غضبناک کرنا۔
تَغَطْرَسَ. ناز کرنا۔ تکبر کرنا غضبناک ہونا۔ بخل کرنا۔
الغِطْرِس. متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِس.
الغِطْرِیْس. متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِیْس.
غَطْرَشَ. اللیْلُ بَصَرَهٗ: رات کا نگاہ کو تاریک کرنا بَصَرُهٗ: نگاہ تاریک ہونا۔ الرَّجُلُ: بڑائی ظاہر کرنا۔
تَغَطْرَفَ. نازو انداز سے چلنا۔ تکبر کرنا۔
الغِطْرَفَة. تکبر۔
الغِطْرَاف والغِطْرِیْف. سخی۔ سردار۔ خوش طبع جوان۔ خوبصورت ج غَطَارِفَة و غَطَارِیْف. الغِطْرِیْف: باز کا بچہ۔ مکھی۔
الغُطْرُوْف والغُطْرُوْف. خوبصورت خوش طبع جوان۔
غَطَسَ (ض) غَطْسًا. فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ کھانا ہٗ فِی المَاءِ: غوطہ دینا فِی الاِنَاءِ: برتن میں منہ لگا کے پینا۔
غَطَّسَهٗ. فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔
تَغَاطَسُوْا. فِی المَاءِ: پانی میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔ تَغَاطَسَ الرَّجُلُ: غفلت برتنا۔
الغَاطِسُ. فا. لَیْلٌ غَاطِسٌ: تاریک رات۔
الغِطَاس. عِنْدَ النَّصَارٰی: نصرانیوں کی ایک عید۔
الغَطَّاس. قعر دریا تک غوطہ لگانے والا۔ ایک پرندہ جس کو غَوَّاص بھی کہتے ہیں۔
الغَطُوْس. لڑائیوں میں پیش قدمی کرنے والا۔
المَغْطَس. غوطہ لگانے کی جگہ۔
المِغْطَس. بڑا برتن جس میں غوطہ لگائیں۔ ج مَغَاطِس.
غَطَشَ (ض) غَطْشًا. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاطِشٌ و اَغْطَش)
اَلتَّغْطِیْس: عیسائیوں کے بپتسمہ کا دن۔
غَطَشَ (ض) غَطْشًا و غَطَشَانًا. مرض یا بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔
غَطِشَ (س) غَطَشًا. کمزور نظر والا ہونا۔ صفت (اَغْطَش و غَطِش) مؤنث (غَطْشَاء و غَطِشَة) ج غُطْش و غَطِشَات.
اَغْطَشَ. اللیْلُ: رات تاریک ہونا۔
اللّٰهُ اللیْلَ: رات کو تاریک کرنا۔
تَغَطَّشَ. عَیْنُهٗ: نگاہ کمزور ہونا۔
تَغَاطَشَ. عَنْهُ: اندھا بننا و غفلت برتنا۔
اِغْطَاش. کمزور نظر والا ہونا۔
الغُطَاش. رات کی تاریکی۔
الغَطَش. فِی العَیْنِ: سیلانِ اشک کے ساتھ نظر کی کمزوری۔
فَلَاةٌ (غَطْشَاء و غَطِیْش و غَطْشٰی) چٹیل میدان جس میں راستہ کا پتہ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فَلَاةٌ غَطْشٰی ونَحْنُ کَرِمَالِهَا غَطْشٰی" چٹیل میدان تھا اور ہم اس میں اسی میدان کی ریت کے مانند پیاسے تھے۔ لیلة غطشاء: تاریک رات۔
غَطْغَطَت غَطْغَطَةً. القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا النَّوْمُ عَلٰی فُلَانٍ: نیند کا غالب آنا وتَغَطْغَطَ البَحْرُ: سمندر میں موجوں کا بلند ہونا۔ تَغَطْغَطَ الشَّیْءُ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
الغَطَاغِط. بکری کے مادہ بچے۔ واحد (غُطْغُط)

الغَطْغَطَة۔ س۔ سنگ خوار کی آواز کے مانند نقل کرنا۔

غَطِفَ (س) غَطَفًا۔ پلکوں کا طویل ہونا اور مڑ جانا۔ صفت (اَغْطَف) مؤنث (غَطْفَاء) ج غُطْف۔

الغَطَفُ۔ س۔ وسعت عیش۔

الاَغْطَف۔ مِنَ العَيْش: آسودہ زندگی۔

الغِطَمُّ۔ بڑا سمندر۔ وسیع الاخلاق آدمی۔ جماعت کثیر۔

غَطْمَط۔ البَحْرُ: سمندر کا بلند موجوں والا ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ السَيْلُ: آواز دینا۔

تَغَطْمَط۔ البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا اور موجوں کا بلند ہونا الصَوْتُ: آواز کا گلوگیر ہونا۔

بَحْرٌ (غُطَامِط) بڑی موجوں والا سمندر۔

الغَطْمَطَم۔ بڑا سمندر۔

غَطَا يَغْطُو غَطْوًا وغُطُوًّا۔ الشَيْءُ: چھپانا الماءُ وغيرُه: بلند ہونا اللَيْلُ: رات کی تاریکی کا سب چیزوں کو چھپالینا۔

غَطّٰى تَغْطِيَةً واَغْطٰى اِغْطَاءً۔ الشيءَ: چھپانا۔ اَغْطَى الكَرْمُ: پانی جاری ہونا اور بیل کا پھیلنا۔

تَغَطّٰى واِغْتَطٰى۔ چھپنا۔

الغِطَاء۔ پردہ۔ سرپوش۔ ج اَغْطِيَة۔

الغِطَايَة۔ عورت کی کرتی۔

غَطِيَ يَغْطٰى غَطْيًا وغُطِيًّا۔ اللَيْلُ: رات کا تاریک ہونا الشَبَابُ: جوانی کا بھرپور ہونا الماءُ: پانی کا بہت ہونا۔ صفت (غَاطٍ) الشَيْءَ وعَلَى الشَيْءِ: چھپانا۔

واَغْطٰى۔ الشَجَرُ: درخت میں لمبی لمبی شاخوں کا ہونا۔ اَغْطَاه: چھپانا۔

الغَاطِيَة۔ مؤنث غَاطٍ۔ انگور کی بیل۔

غَفَّ الطَائِرُ: پرندے کا گرنا۔

اِغْتَفَّتْ وتَغَفَّفَتْ۔ الدَابَةُ: جانور کا موسم بہار کے چارہ پر پہنچنا۔ اِغْتَفَّتِ الدابَةُ: چوپایہ کا چارہ پانا۔ اِغْتَفَّ فُلَانًا: تھوڑا دینا۔

تَغَفَّفَ۔ الاناءَ او الضَرْعَ: برتن یا تھن کے بقیہ کو لینا۔

الغَفُّ۔ خشک شدہ پتے۔

الغُفَّة۔ چارہ جس کو اونٹ منہ سے جلدی لے سکے۔ گزارہ۔ غُفَّةُ الاناءِ او الضَرْعِ: برتن یا تھن کا بقیہ۔ الغُفَّةُ: چوہا۔

غَفَرَ (ض) غَفْرًا۔ الشَيْءَ: ڈھانکنا۔ الشَيْبَ بالخِضَابِ: سفید بالوں کو خضاب سے چھپانا۔

غَفْرًا وغُفْرًا وغَفِيْرَةً وغُفْرَانًا ومَغْفِرَةً وغُفُوْرًا۔ لَهُ الذَنْبَ: چھپانا اور معاف کردینا الاَمْرَ: درست کرنا۔

غَفَرَ (ض) وَ غَفِرَ (س) غَفْرًا و غَفَرًا المَرِيْضُ: مریض کا دوبارہ بیمار ہونا۔ غَفِرَ و غُفِرَ الجُرْحُ: زخم کا تازہ ہونا۔ غَفِرَ الثَوْبُ: کپڑے کا روئیں دار ہونا۔

غَفَّرَ۔ الشَيْءَ: چھپانا ڈھانکنا الرَجُلُ: غفر اللهه لَهُ: کہنا۔

اَغْفَرَه: چھپانا۔ اَغْفَرَ الرِمْثُ: گوند نکالنا۔

تَغَفَّرَ۔ گوند چننا۔

تَغَافَرُوْا۔ ہر ایک کا دوسرے کے لیے مغفرت کی دعا کرنا۔

اِغْتَفَرَ۔ اللهُ ذَنْبَه: بخش دینا۔

اِغْفَارَّ۔ الثَوْبُ: روئیں دار ہونا۔

اِسْتَغْفَرَ۔ اللهَ الذنبَ ومِنَ الذَنْبِ: بخشش طلب کرنا۔

الغَفْر والغَفَر۔ رواں کپڑے کا۔ الغَفْر: چھوٹی چھوٹی گھاس (الغَفْر والغَفَر والغُفَار) گردن وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے بال۔

الغَفْر والغِفْر۔ پہاڑی بکری کا بچہ۔ ج غِفَرَة واَغْفَار و غُفُوْر۔

الغِفْر۔ گائے کا بچہ۔

الغَفِرُ۔ گردن وغیرہ پر چھوٹے چھوٹے بال والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَفِرُ القَفَا وامْرَأَةٌ غَفِرَةُ الوَجْه۔"

الغِفَار۔ رخسارہ پر نشان۔

الغُفْرَة۔ ڈھکنا۔ سرپوش۔ کہا جاتا ہے "غَفَر الشَيْءَ بِغُفْرَتِه" اس نے مناسب طریقہ سے اصلاح کردی۔

الغِفَارَة۔ خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے ٹکڑا کہ جس سے کمان کے گوشہ کو لپیٹتے ہیں۔ چیتھڑا جس سے عورتیں اوڑھنی کو میل یا تیل وغیرہ سے بچاتی ہیں۔ اور وہ چیز جس سے کسی چیز کو چھپائیں۔

الغِفَارَة۔ لمبی چوڑی چادر جس کو علمائے یہود اوڑھتے تھے۔

الغَافِر۔ فا۔ ج غَافِرُوْن و غَفَرَة۔

الغَفُوْر۔ بہت بخشنے والا۔ مؤنث و مذکر دونوں کے لیے مستعمل ہے۔

الغَفَّار۔ بہت بخشنے والا۔ مؤنث غَفَّارَة۔

الغَفِيْر۔ س۔ رواں۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا جَمًّا غَفِيْرًا وجَمَّ الغَفِيْرِ والجَمَّ الغَفِيْرَ" یعنی جماعت آگئی جس میں شریف ورذیل سبھی قسم کے لوگ ہیں۔

المِغْفَرَةُ۔ پہاڑی بکری بچہ والی ج مُغْفِرَات۔

المِغْفَرُ والمِغْفَرَة۔ خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے۔ ج مَغَافِر۔

المِغْفَرُ والمُغْفُر والمُغْفُوْر۔ ایک قسم کا گوند جو بعض درختوں سے نکلتا ہے۔ ج مَغَافِر ومَغَافِيْر۔ اَرْضٌ (مُغْفُوْرٌ) وہ زمین جس میں یہ گوند بہت نکلتا ہے۔

الغَفَش۔ آنکھ کا کیچڑ۔

غَافَصَه غِفَاصًا و مُغَافَصَةً۔ اچانک آجانا۔ اچانک پکڑ لینا۔

الغَافِصَة۔ مصیبت زمانہ ج غَوَافِص۔

غَفَقَه (ض) غَفْقًا بالسَوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا۔ غَفَقَ عَلَيْهِ: کسی پر اچانک آجانا۔ الرَجُلُ: اچانک واپس آجانا۔

غَفْقَةٌ۔ کچھ تھوڑا سا سونا۔

غَفَّقَ۔ اس طرح سونا کہ لوگوں کی باتیں سن رہا ہو۔

تَغَفَّقَ۔ الشَرَابَ: تمام دن شراب پینا یا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔

اِغْتَفَقَ بِهٖ: احاطہ کرنا۔

الغَفَق. س۔ ہلکی بارش۔

المَغْفِق. مرجع۔ لوٹنے کی جگہ۔

المُنْغَفَق. واپس ہونے اور مڑنے کی جگہ۔

غَفَلَ (ن) غُفُوْلًا وغَفْلَةً وغَفَلًا عَنْهُ: غافل ہونا۔ بھول جانا۔ چھوڑ دینا الشَّیَٔ: چھپانا۔

غَفَّلَهٗ. غافل بنانا۔ غافل سمجھنا۔ غَفَّلَ الشَّیَٔ: چھپانا۔

اَغْفَلَ. الشَّیَٔ: چھوڑ دینا۔ غافل نام رکھنا۔ غافل سمجھنا الکِتَابَ: نقطے نہ رکھنا۔ ہٗ: کام کے وقت کو پوچھنا اور فرصت کا انتظار کرنا۔

غَافَلَهٗ وتَغَفَّلَهٗ واِغْتَفَلَهٗ واِسْتَغْفَلَهٗ غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ اِغْتَفَلَهٗ: غافل سمجھنا۔

تَغَافَلَ. بتکلف غافل بننا۔ تَغَافَلَ: غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ تَغَافَلَ عَنِ الاَمْرِ: غافل ہونا۔ بھول جانا۔

الغُفْل. س۔ فراخی عیش۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي غُفْلٍ مِن عَيْشِهٖ" وہ فراخی عیش میں ہے۔

الغُفْل. بے علامت۔ بے حسب آدمی مِنَ الشِّعْرِ: جس کا قائل معلوم نہ ہو مِنَ الاَرْضِ: غیر آباد زمین مِنَ الرِّجَالِ: ایسا آدمی جس سے نہ خیر کی توقع ہو نہ شر کا اندیشہ۔ مِنَ الکُتُبِ: جس کا مصنف معلوم نہ ہو۔ مِنَ الشُّعَرَاءِ: مجہول شاعر ج اَغْفَال. نَعَمٌ (اَغْفَال) بے علامت چوپائے۔

الغَافِل. فا۔ ج غَافِلُوْنَ وغُفُوْل و غُفَّل.

الغَفْلَان. غافل۔

الغُفْلَان. غافل۔ غفلت ورزی وبے خبری۔

المَغْفَلَة. ڈاڑھی بچہ۔

المُغَفَّل. ۔ بے خبر آدمی۔ سادہ لوح۔

غَفَا يَغْفُوْ غَفْوًا وغُفُوًّا وغَفِيَ يَغْفٰى غَفْيَةً واَغْفٰى. اونگھنا۔ ہلکی نیند سونا۔ کہا جاتا ہے غَفَيْتُ اور غَفِيْتُ کم بولا جاتا ہے غَفَا الشَّیُٔ. پانی پر تیرنا۔

الغَفْوَة. غفا کا اسم مرۃ۔ ہلکی نیند۔

غَفَى يَغْفِي غَفْيًا واَغْفٰى. الطَّعَامَ: غلّہ کو صاف کرنا۔ واَغْفَى الطَّعَامُ: بہت کوڑا کرکٹ والا ہونا۔ اغفى الرَّجُلُ: کھلیان میں بھوسہ پر سو جانا۔

اِنْغَفَى. الشَّیُٔ. ٹوٹنا۔

الغَفَى. گیہوں کا چھلکن۔

الغُفَاء. گیہوں کا چھلکن۔ درخت خرما کیلئے آفت جو غبار کے مانند ہوتا ہے اور میووں کو پکنے نہیں دیتا۔

الغَفْيَة. بلند ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھے۔

الغُفَانَة ۔ آنکھ کی سفیدی۔

غَقَّ (ض) غَقًّا و غَقِيْقًا. القَارُ: قار کا جوش مارنا اور اس کی آواز سنائی دینا (دیکھئے قار) الصَّقْرُ: شکرہ کا آواز کرنا۔

غَقُّ المَاءِ وغَقِيْقُه. تنگ جگہ میں پانی کے داخل ہونے کی آواز۔

الغَقَّاق. اسم مبالغہ۔

غَلَّه (ن) غَلًّا فِي الشَّیِٔ: داخل کرنا۔

غَلَّ المَفَازَةَ: بیابان میں داخل ہونا الشَّیَٔ: چپکے سے لینا اور اپنے سامان میں ملا دینا المَاءُ بَيْنَ الاَشْجَارِ: پانی کا درختوں کے درمیان جاری ہونا۔ نگاہ کا راہ راست سے بھٹک جانا۔

غُلُوْلًا. خیانت کرنا فِي الشَّیِٔ: داخل ہونا فِي البِلَادِ: گھستے ہوئے چلے جانا۔

غَلَّ (ن) غَلًّا وغَلَّلَ. الغِلَالَةَ: غلالہ پہننا۔ (دیکھئے غلالہ) غَلَّه وغَلَّلَه: ہاتھ میں ہتھکڑی یا گلے میں طوق ڈالنا۔

غَلَّ (ض) غِلًّا وغَلِيْلًا. صَدْرُهٗ: کینہ والا ہونا۔ دھوکے فریب والا ہونا۔

غُلَّ غُلًّا وغُلَّةً. سخت پیاسا ہونا۔ صفت (غَلِيْل ومَغْلُوْل ومُغْتَلٌّ)

اَغَلَّ. الرَّجُلُ: خیانت کرنا۔ اَغَلَّتِ الاَرْضُ غَلَّه والی ہونا۔ غلّہ پیدا کرنا۔ اَغَلَّ البَصَرَ: تیز نظر کرنا۔ اَغَلَّهٗ: خیانت کی طرف نسبت کرنا۔ عَلٰى عِيَالِه: بال بچوں کیلئے غلّہ لانا الخَطِيْبُ: خطیب کا اپنے کلام میں صواب کو نہ پہنچنا الجَازِرُ فِي الجِلْدِ: قصائی کا کچھ گوشت اور چربی کے ساتھ کھال کو کھینچنا۔

اِنْغَلَّ وتَغَلَّلَ. فِي الشَّیِٔ: داخل ہونا۔

اِغْتَلَّ الضَّيْعَةَ: جائیداد سے غلّہ کو لینا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔

اِغْتَلَّ وتَغَلَّلَ. بالغَالِيَةِ: غالیہ لگانا۔

اِسْتَغَلَّ. الاَرْضَ: زمین سے غلّہ لینا۔ عَبْدَهٗ: غلام کو غلّہ لانے پر مجبور کرنا۔

الغِلّ. کینہ ودھوکا فریب۔

الغُلّ. پیاس۔ ہتھکڑی یا طوق ج اَغْلَال و غلول کہا جاتا ہے "هٰذَا غُلٌّ فِيْ عُنُقِكَ" یعنی یہ تیرے لئے لازم ہے اور تجھے اس پر سزا ملے گی۔

الغَلَّة. مکان کا کرایہ یا زمین کا ماحصل ج غَلَّات و غِلَال.

الغُلَّة. سخت پیاس۔ کپڑے کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج غُلَل.

الغَلَل. پیاس۔ درختوں کے درمیان بہنے والا پانی۔ چھنا (چائے وغیرہ چھاننے کا) گوشت جو کھال پر رہ جائے۔ ج اَغْلَال.

الغِلَالَة. ہر وہ کپڑا جو کپڑے کے یا زرہ کے نیچے پہنا جائے مثلاً بنیان یا شلوکا وغیرہ۔ زرہ کے دو حلقوں کو ملانے والی میخ۔ ج غَلَائِل. گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔

الغَالِيَة. ایک قسم کی مرکب خوشبو۔

الغَلِيْل. سخت پیاسا۔ سخت پیاس۔ کینہ۔ سوزش محبت یا سوزش غم۔

الغَلِيْلَة. مؤنث غلیل۔ زرہ یا زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ ج غَلَائِل.

المِغْلَال. بہت غلّہ والا۔

المُغْتَلّ. پیاسا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مُغْتَلٌّ اِلَيْهِ" یعنی میں اس کا مشتاق ہوں۔

المُغَلَّات والمُسْتَغَلَّات. زمین کا زائدہ (بصورت کرایہ یا غلّہ)

غَلَبَ الرَّجُلُ و غَلَبَ عَلَيْهِ (ض) غَلْبًا وغَلَبًا وغَلَبَةً ومَغْلَبًا ومَغْلَبَةً وغُلُبّٰى

وغِلِبّٰی وغَلَبّۃ وغَلَابِیَۃ واغتلبَہٗ غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَلَبَ عَلَیْہِ الکَرَمُ" کرم کا اس کے اوپر غلبہ ہوگیا گویا کہ وہ اس کی عادت ثانیہ ہے۔
غَلِبَ (س) غَلَبًا. موٹی گردن والا ہونا۔ صفت (اَغْلَب) مؤنث غَلْبَاء ج غُلْبٌ.
غَلَّبَہٗ. غالب بنانا۔
غَالَبَہٗ غِلَابًا ومُغَالَبَۃً. ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
تَغَلَّبَ. عَلَی البَلَدِ: شہر پر زبردستی تسلط جما لینا۔
تَغَالَبُوْا عَلَی البلد: شہر پر قابض ہونے کے لئے ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
اِغْلَوْلَب الشَّعْبُ: گھنا ہونا القَوْمُ: بہت ہونا۔
اِسْتَغْلَب. عَلَیْہِ الضِحْکُ: تیز ہونا۔ غالب ہونا۔
الغَلَّاب. بہت غالب ہونے والا۔ ج غَلَّابُوْن.
الغَالِب. فا ج غَالِبُوْن وغَلَبَۃ. کہا جاتا ہے "ھٰذَا ما یُحْدِثُ غَالِبًا و فِی الغَالِب" یہ اکثر احوال میں واقع ہوتا ہے۔
الاَغْلَبُ. اسم تفضیل۔ اسی سے ہے "عَلَی الْاَغْلَب و فِی الْاَغْلَب" یعنی عَلَی الاکثر و فِی الاکثر. الاَغْلَب: شیر۔
الغَلْبَاء. مؤنث اغلب۔ گھنے درختوں کا باغ۔ بڑا اونچا ٹیلہ۔ بہت عزیز خاندان۔
الغُلُبَّۃ. مـ مِنَ الرِجَال: جلد غالب آنے والا۔
المُغَلَّب. مـ۔ بار بار مغلوب کیا ہوا۔
المَغْلَبَۃ. مـ۔ غلبہ۔ غلبہ کی جگہ۔
غَلَتَ (ن) غَلْتًا. البَیْع او الشِرَاءَ: فسخ کرنا۔
غَلِتَ (س) غَلَتًا. غلطی کرنا۔ حسابی غلطی کے لئے اکثر استعمال ہوتا ہے۔

تغَلَّتَہٗ واغْتَلَتَہٗ. چانک پکڑ لینا۔ غفلت میں پکڑ لینا۔
الغَلْتَۃ. رات کا ابتدائی۔
غَلِثَ (س) غَلَثًا. القَوْمُ: سختی سے مقابلہ کرنا۔
واِغْتَلَثَ. الزَنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
غَلَثَ (ض) غَلْثًا. الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔
الغَلَث. مـ۔ غلہ کے ساتھ ملا ہوا کوڑا کرکٹ۔
الغَلِث. مجنون۔ والمُغَالِث: سخت جنگ کرنے والا۔
الغَلِث والغَلِیْث والمَغْلُوْث مِنَ الْبُرِّ. وہ گیہوں جس میں کوڑا کرکٹ ملا ہوا ہو۔
غَلَجَ (ض) غَلْجًا وغَلَجَانًا. الفرسُ: برابر ایک رفتار پر چلنا۔
تَغَلَّجَ. عَلَیْہِ: ظلم کرنا۔
الغُلُج. عمدہ جوانی۔
الاُغْلُوْج. نرم و نازک شاخ۔ ج اَغَالِیْج.
اَلْغَلَادِیْشِیَا: بڑے کانٹوں والا ایک درخت۔
غَلَّسَ فِی العَمَلِ: آخر رات کی تاریکی میں کام کرنا۔ المَاءَ: آخر رات کی تاریکی میں پانی پر پہنچنا۔
اِنْغَلَسَ. آخر رات کی تاریکی ج اَغْلَاس.
غَلَصَہٗ (ن) غَلْصًا وغَلْصَمَہٗ غَلْصَمَۃً. حلق کاٹنا۔ حلق پکڑنا۔
الغَلْصَمَۃُ. مـ سر اور گلے کے درمیان کا گوشت۔ جماعت۔ قوم۔ سرداران قوم۔ ج غَلَاصِم. کہا جاتا ہے "ھُوَ فِیْ غَلْصَمَۃِ مِنْ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم میں شریف و معزز ہے۔
غَلِطَ (س) غَلَطًا. فِی الْاَمْرِ: غلطی کرنا۔ صفت (غَالِط) اور صفت مفعولی (مَغْلُوْط فِیْہِ).
غَلَّطَہٗ. غلطی کی نسبت کرنا۔

غَالَطَہٗ غِلَاطًا ومُغَالَطَۃً واَغْلَطَہٗ. غلطی میں ڈالنا۔
تَغَالَطَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا۔
المَغْلَطَۃ. وہ مسائل مبہمہ جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے۔ وہ چیز جس میں غلطی کی جائے یا کثرت سے جس میں غلطی واقع ہو ج مَغَالِیْط.
الاُغْلُوْطَۃ. بمعنی مُغْلَطَۃ ج اُغْلُوْطَات واَغَالِیْط.
الغَلُوْطَۃ. بمعنی مَغْلَطَۃ. کہا جاتا ہے ھٰذِہٖ مَسْاَلَۃ غَلُوْطَۃٌ. یعنی یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں بکثرت غلطی ہوتی ہے۔
المِغْلَاط. بہت غلطی کرنے والا۔
غَلَظَ (ن ض) و غَلُظَ (ک) غَلَظًا وغَلْظَۃً وغِلْظَۃً وغُلْظَۃً وغِلَاظَۃً. موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (غَلِیْظ) ج غِلَاظ و (غَالِظ) ج غَلَظَۃٌ.
غَلُظَتِ السُنْبُلَۃُ: خوشہ میں دانہ نکلنا الرَجُلُ: سخت و تندخو ہونا۔
غَلَّظَہٗ. گاڑھا کرنا۔ غَلَّظَ الیَمِیْنَ: قسم کو موکد کرنا عَلَیْہِ فِیْ الیَمِیْن: قسم میں سختی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْہُ مِیْثَاقًا غَلِیْظًا" اس سے پختہ عہد لیا۔
اَغْلَظَ. المُسَافِرُ: مسافر کا سخت زمین پر اُترنا الشَّیْئَ: غلیظ پانا لَہٗ فِیْ الْقَوْلِ: درشت کلامی کرنا۔ سختی سے جھڑکنا۔
غَالَظَ مُغَالَظَۃً. دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
اِسْتَغْلَظَ. گاڑھا ہونا۔ موٹا ہونا۔ سخت ہونا الشَّیْئَ: موٹا پانا۔
الغُلَاظ. گاڑھا۔ موٹا۔ سخت۔
الغَلَظ. سخت زمین۔
الغِلْظَۃ. مـ سختی۔ گندگی۔ موٹاپا۔ بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَہُمْ غِلْظَۃٌ" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے۔
غَلَفَ (ن) غَلْفًا. الشَّیْئَ: ڈھانکنا۔ غلاف میں ڈالنا۔

غَلِفَ (س)غَلَفًا. غیر مختون ہونا۔
غَلَّفَ. الشَّیْ: غلاف میں ڈالنا۔ ڈھانکنا۔ چھپانا۔
اَغْلَفَ. الشَّیْ: غلاف بنانا۔ غلاف میں ڈالنا۔
تَغَلَّفَ و اِغْتَلَفَ. غلاف میں ہونا۔
تَغَلَّفَ الرَّجُلُ: داڑھی میں غالیہ۔ یعنی مرکب خوشبو لگانا۔ اِغْتَلَفَ بِالْغَالِيَة: غالیہ خوشبو لگانا۔
الغَلْف. س ایک درخت ہے دباغت کے کام میں آتا ہے۔
الغُلْفَة. ختنہ کا چمڑا جس کو ختنہ کرنے والا کاٹتا ہے ج غُلَفٌ الغُلْفَتَان: مونچھوں کے دونوں کنارے۔
اَلْمُغَلَّفُ: غلاف شدہ کتاب۔
الاَغْلَف. غیر مختون۔ کہا جاتا ہے "قَلْبٌ اَغْلَف" یعنی ایسا دِل جو نہ محفوظ رکھے نہ سمجھے "عَامٌ اَغْلَف" ارزانی کا سال۔
الغِلَاف. وہ چیز جس میں کوئی چیز داخل کی جائے اور چھپائی جائے جیسے میان ج دان ج غُلُفٌ و غُلُف و غُلَفٌ.
الغَلْفَاء. اَغْلَف کا مؤنث ج غُلْف اَرْضٌ غَلْفَاء: بغیر چری ہوئی زمین۔ سَنَةٌ غَلْفَاءُ: ارزانی کا سال۔
غَلِقَ (س) غَلَقًا. تنگ دِل ہونا۔ زچ ہونا۔ غضبناک ہونا۔ بد خلق ہونا۔ صفت (غَلِق) الرَّهْنُ فِي يَدِ الْمُرْتَهِن. حق مرہون ہونا اور یہ اس وقت جبکہ راہن رہن چھڑانے سے عاجز ہو جائے۔
اَغْلَقَ وغَلَّقَ. البَابَ: دروازہ بند کرنا اور نادر طریقہ پر بولا جاتا ہے۔
غَلَقَ (ض) غَلْقًا اور یہ اَغْلَقَ میں ایک ردی لغت ہے۔
اُغْلِقَ. عَلَيْهِ الْاَمْرُ: معاملہ کا مبہم ہونا۔
اُغْلِقَ الْقَاتِلُ فِي يَدِ الْوَالِي: قاتل کو والی کے قبضہ میں دیا جانا تاکہ جو چاہے فیصلہ کرے۔ کہا جاتا ہے "اُغْلِقَ فُلَانٌ بِجَرِيْرَتِه" فلاں اپنے جرم کی وجہ سے حوالہ کیا گیا اور اسم (الغَلَاق) ہے۔
غَالَقَهُ مُغَالَقَةً. شرط لگانا۔
تَغَالَقَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے شرط لگانا۔
اِسْتَغْلَقَ. البَابُ: دروازہ کا کھلنا دشوار ہونا۔
الكَلَامُ عَلٰى فُلَانٍ: گفتگو کا بند ہو جانا۔
الغَلَقُ. قفل۔ تالا۔ بڑا دروازہ عِنْدَ البَنَّائِيْن: معماروں کی اصطلاح میں غَلَق اس پتھر کو کہتے ہیں جو محراب یا قبہ کے بیچ میں لگایا جاتا ہے ج اغلاق جج غَالِيْق.
كَلَامٌ (غَلِقٌ ومُغْلَقٌ) مشکل کلام جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
بَابٌ (غَلَقٌ) بند دروازہ۔
المِغْلَقُ. جوئے کے فائدہ بخش تیروں میں سے ایک تیر ج مَغَالِق.
المِغْلَقُ والمِغْلَاقُ والمُغْلُوقُ. قفل۔ تالا جس سے دروازہ بند کیا جائے۔ ج مَغَالِيْق.
غَلِمَ (س) غَلَمًا وغُلْمَةً واغْتَلَمَ. شہوت پرست ہونا۔ صفت (غَلِمٌ وغِلِّيْمٌ ومُغْتَلِمٌ) مؤنث غلمة وغليم وغليمة ومغلمة اغتلم الشراب: جوش مارنا۔
اِغْلَمَتِ الْاَمْوَاجُ: تیز ہونا۔
الغُلَام. سبز خط۔ نوجوان۔ غلام۔ مزدور ج غِلْمَان وغِلْمَةٌ واَغْلِمَةٌ.
الغُلَامَة. غلام کا مؤنث۔ باندی۔ لونڈی۔
الغُلُوْمَة والغُلَامِيَّة والغُلُوْمِيَّة. نوجوانی۔
الغَيْلَم. مذکر۔ کچھوا۔ مینڈک کنوئیں میں پانی کا سوت۔ بہت بالوں والا نوجوان۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ غَيْلَمٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
غَلَنَ (ض) [illegible] جوش پر ہونا۔
غُلْوَانُ. الشباب او الامر [illegible] جوانی کی نشاط اور ابتدا۔
غَلَا يَغْلُوْ غُلُوًّا. زیادہ ہونا بلند ہونا النَّبْتُ: نباتات کا گنجان اور بڑا ہونا بِالدِّيْن: دین میں جوشیلا و پختہ ہونا۔
غَلَا غَلَاءً. السِّعْرُ: بھاؤ بڑھ جانا۔ صفت (غَالٍ و غَلِيٌّ)
غَلَا يَغْلُوْ غَلْوًا وغُلُوًّا. السَّهْمَ و بِالسَّهْمِ: تیر کو انتہائی دُور تک پھینکنا۔
غَالٰى غِلَاءً ومُغَالَاةً. السَّهْمَ وبِالسَّهْمِ: تیر کو انتہائی دُور تک پھینکنا فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا بِالشَّیْ: قیمت بڑھانا۔ گراں قیمت پر خریدنا وغَالٰى الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔ اَغْلٰى الشَّیْ: گراں قیمت پر خریدنا السِّعْرَ: بھاؤ گراں کرنا الكَرْمَ: انگور سے پتے اُتار دینا۔
اَغْلٰى وتَغَالٰى واغْلَوْلٰى. الشَّجَرُ: درخت کا گنجان ہونا اور بڑا ہونا۔
اِغْتَلٰى. البَعِيْرُ: اُونٹ کا تیز چلنا۔
اِسْتَغْلٰى. الشَّیْ: گراں پانا۔
الغَالِي. فا۔ ج غُلَاة مؤنث غَالِيَة ج غَالِيَاتٌ و غَوَالٍ. الغَالِي. موٹا گوشت۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُ بِالْغَالِي و بِالْغَلِيّ" یعنی میں نے گراں بیچا۔
الغَلَاء. س۔ قیمت کی زیادتی۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ج غَلِيَة.
الغُلَوَاء والغَلْوَاء. حد سے گزرنا (والغُلْوَان) آغاز جوانی و نشاط جوانی۔ کہا جاتا ہے "خَفِّضْ مِنْ غُلَوَائِكَ" یعنی اپنی سرکشی اور حد سے گزرنے کو پست کر و "فعله فِي غُلَوَاءِ شَبَابِه" اس نے اُس کو اپنے آغاز جوانی میں کیا۔
الغَلْوَة. ایک تیر پرتاب ج غَلَوَات وغِلَاء.
المِغْلٰى والمِغْلَاة. تیر جو انتہا تک پھینکا جائے۔ ج مَغَال.
غَلٰى يَغْلِي غَلْيًا و غَلَيَانًا. جوش مارنا۔
غَلّٰى تَغْلِيَةً واَغْلٰى اِغْلَاءً. القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔ الرَّجُلَ: دُور سے اشارہ سے سلام کرنا۔

تَغَلّٰی. غالیہ (مرکب خوشبو) لگانا۔
الغَالِیَة. مرکب خوشبو۔ ج غَوَال
اَلْغَلْبُوْن: ٹوٹی والا چھوٹا برتن جس میں شراب گرم کی جاتی ہے۔
غَمَّهُ (ن) غَمًّا. ڈھانپ لینا۔ غمگین کرنا۔
غَمَّ الیَوْمُ: تیز گرمی والا ہونا القَمْرِ النُّجُوْمَ: تاروں کی روشنی کو ماند کر دینا الشَّیُٔ الشَّیْٔ غالب ہونا۔
غُمَّ. عَلَیْهِ الاَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔
غَمَّ (س) غَمَمًا. لمبے بال والا ہونا۔ صفت (اَغَمّ) مؤنث غَمَّاء ج غُمٌّ.
اَغَمَّهُ. غمگین کرنا۔ اَغَمَّ الیَوْمُ: سخت گرمی والا ہونا۔ اَغَمَّتِ السَّمَاءُ: بادل والا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اغمَّكَ لِیْ وَ عَلَی وِالَیَّ" کس چیز نے تم کو میرے لئے غمگین کیا۔
غَامَّهُ مُغَامَّةً. ایک دوسرے کو غمگین کیا۔
تَغامَّ. بتکلف غم ظاہر کرنا۔
اِنْغَمَّ. ڈھک جانا (واِغْتَمّ) غمگین ہونا۔
اِغْتَمَّ النَبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا اور بہت ہونا۔اِغتَمَّ الرَّجُلُ: پوشیدہ ہو جانا۔
الغَامَّ. فا۔یَوْمٌ غَامٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔
الغَمَّ. غم۔ حزن۔ اندوہ۔ کرب۔ ج غُمُوْم یَوْمٌ غَمٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔
الغُمَّة. غم۔ حزن۔ ملال۔ حیرت۔ ج غُمَم کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ غُمَّةٍ" یعنی وہ حیرت میں ہے۔
لَیْلَةٌ (غَمٌّ وغَمَّةٌ) گرم رات۔ غم کی رات۔
اَلاَغَمُّ. مِنَ السَّحَاب: گھرا ہوا بادل۔
لَیْلَةٌ غَمَّاءُ: بادل والی رات۔
الغُمّی. سختی تاریکی۔ گرد آلودگی۔
الغَمَام. بادل۔ ایک ٹکڑے کو (غَمامة) کہتے ہیں ج غَمَائِم کہا جاتا ہے ہو یفتر عن مثل حب الغمام وہ اولے جیسے دانتوں سے ہنستا ہے۔الغُمام. زکام۔
المَغْمُوْم. زکام زدہ۔

الغِمَامَة. منہ پر کا چھینکا۔ اور کبھی اس کے لئے بھی بولتے ہیں جو گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے اِدھر اُدھر لگا دیتے ہیں تاکہ سوائے سامنے کے، نہ دیکھ سکے ج غَمَائِم.
الغَمَّاء والغُمّی. غم۔ حزن۔ مصیبت کہا جاتا ہے "مِثْلُكَ یَكْشِفُ الغَمَّاءَ" تمہیں جیسا آدمی مصیبت کو دور کر سکتا ہے۔
الغَمِیْم. گرم کیا ہوا گاڑھا دودھ۔
الغُمُوْم. جمع غم۔ چھوٹے مخفی ستارے۔
غَیْمٌ (مُغْمِمٌ) بہت پانی والا بادل۔
اَرْضٌ (مُغْمَمَةٌ) بہت پیداوار والی زمین۔
غَمَتَهُ (ض) غَمتًا. الطعام: کھانے کا دل پر ثقیل ہونا اور مدہوش کر دینا هُ فِیْ الماءِ: پانی میں ڈوبانا الشَّیَٔ: ڈھانکنا۔
غَمِتَ (س) غَمَتًا. کھانا دل پر ثقیل ہونے سے مدہوش سا ہونا۔
غَمَجَ (ض) غَمْجًا وغَمِجَ (س) غَمَجًا. الماءَ: لگاتار گھونٹ سے پانی پینا۔
الغَمْجَة والغُمْجَة. گھونٹ ج غُمَجٌ.
غَمَدَ (ن ض) غَمْدًا. السَّیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا الشَّیَٔ: چھپانا الاَمْرَ: درست کرنا۔
غَمِدَت (س) غَمَدًا. البِئر: کنوئیں کا زیادہ پانی والا ہونا۔ کم پانی والا ہونا۔ غَمِدَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
اَغْمَدَ. السَّیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ الاَشْیَاءَ: بعض کو بعض میں داخل کرنا۔
غَمَّدَهُ وتَغَمَّدَهُ. عیوب چھپا لینا۔
تَغَمَّدَهُ اللّٰهُ برَحْمَتِهِ: رحمت میں چھپا لینا۔ رحمت کے سایہ میں رکھنا۔ تَغَمَّدَ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
اِغْتَمَدَ. اللَّیْلَ: رات میں داخل ہونا۔
الغِمْد. تلوار کی نیام ج غُمُوْد وَاَغْمَاد.
سَفِیْنَةٌ (غَامِدٌ و غَامِدَةٌ) بھری ہوئی کشتی ج غَوَامِدُ.
مُغْمَدَاتُ الاَجْنِحَة: کیڑوں کی بڑی قسم جن کے جسم اوپر والے۔ حصے چار پر ہوتے ہیں اور نیچے پردہ ہوتا ہے۔

بِئْرٌ (غَامِدٌ وغَامِدَةٌ) مٹی سے ڈھکا ہوا کنواں۔
مِغْمَدُ. السَّیْفِ: تلوار کی میان ج مَغَامِد.
غَمَرَه (ن) غَمْرًا. المَاءُ: پانی کا بلند ہو کر ڈھانکنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَرَ فُلَانًا بِفَضْلِهِ" اس نے فلاں کو اپنے فضل و احسان سے ڈھانپ لیا۔
غَمِرَ (س) غَمْرًا وغَمَرًا. صَدْرُهُ عَلَیَّ: کینہ سے بھر جانا۔ غَمِرَتْ یَدُهُ: گوشت کی چکناہٹ لگنا۔
غَمُرَ (ک) غَمَارَةً وغُمُوْرَةً. المَاءُ: بہت ہونا الرَّجُلُ: جاہل ہونا۔
غُمِرَ. عَلَیْهِ: بیہوشی طاری ہو جانا۔
غَمَّرَ. وجهه: منہ پر زعفران ملنا بِالشَّیْٔ: چھینکنا یا دفع کرنا۔
اَغْمَرَهُ. الحَرُّ: گرمی کم ہو جانے کی وجہ سے سفر پر جرأت دلانا۔
غَامَرَهُ مُغَامَرَة. مقاتلہ کرنا اور موت کی پروانہ کرنا۔
اِغْتَمَرَ وتَغَمَّرَ. منہ پر زعفران ملنا۔
اِغْتَمَرَ واِنْغَمَرَ. پانی میں ڈوبنا۔ اِغتمر المَاءُ الشَّیَٔ: ڈوبانا۔
الغَمْر. مص۔ بہت پانی۔ سمندر کا بڑا حصہ۔ کامل کپڑا۔ کریم وسیع الاخلاق ج غِمَارٌ وغُمُوْر کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ غَمْرٌ" کشادہ کپڑا "ولَیْلٌ غَمْرٌ" بہت تاریک رات و "غَمْرُ النَّاس" لوگوں کی جماعت "هُوَ غَمْرُ الرِدَاء" وہ بہت بھلائی کرنے والا سخی ہے۔
الغَمْر والغِمْر والغُمُر. نا تجربہ کار جاہل۔ ج اَغْمَار الغِمْر: کینہ۔ پیاس۔
الغُمْرُ. زعفران منہ وغیرہ پر لگانے کی ایک چیز ہے جس کو ورس سے بناتے ہیں۔
الغَمَر. مص۔ ناتجربہ کار۔ جاہل۔ کینہ۔ گوشت کی چکناہٹ۔ ج غُمُوْر. غمر

النّاس. لوگوں کی جماعت۔
الغُمر. چھوٹا پیالہ ج غِمار و اَغمار.
الغِمر. بہت چربی والا۔ چکنا۔
غَمْرَةُ. الشَّیِّ : سختی۔ ج غَمَرات و غِمار و غُمَر. غَمَراتُ المَوْتِ: موت کی سختیاں۔
الغُمْرَة. زعفران۔
الغَمارَة. جہالت و بے خبری۔
والغُمار والغَمار والغُمارَة. لوگوں کی جماعت۔ مختلف لوگوں کی جماعت۔
الغامِر. فا۔ اُجاڑ زمین۔ المَال الغامِر. بہت مال۔
الغَمِير. بہت پانی۔
المُغتَمِر. مدہوش۔
المَغمُور. مف۔ گمنام غیر مشہور و مقہور۔
الغَمارِيد. سانپ کی چھتری۔
غَمَزَ (ض) غَمْزًا. ٹٹولنا القَناة: نیزہ کو آزمائش کیلئے دانتوں سے چبانا۔
ہ بِالعَيْن او الجَفنِ او الحَاجب. آنکھ یا پلک یا ابرو سے اشارہ کرنا۔ غَمَزَ عَيْبَهُ اَوْدَاؤُهُ: عیب یا مرض کا ظاہر ہونا۔
غَمَزَتِ الدَابَّةُ: جانور کا لنگڑا ہونا۔ غَمَزَ بِالرَجُلِ وعَلَيْهِ: طعنہ دینا اور برائی کی کوشش کرنا۔
غَامَزَهُ مُغَامَزَةً. ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
اَغْمَزَ . فِيهِ: عیب لگانا۔ حقیر ثابت کرنا۔ گھٹیا مال جمع کرنا۔
تَغامَزَ. القَوْمُ: آنکھوں سے ایک دوسرے کو اشارہ کرنا۔
اِغْتَمَزَ. طعنہ دینا۔ الکلمة: کمزور سمجھنا۔
الغَمَز. گھٹیا مال۔ دُبلے پتلے جانور۔ کمزور مرد ج غُمَزٌ واَغماز کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ غَمْزٌ مِنْ قَوْمٍ غَمْزٍ او اَغْمَازٍ."
الغَامِز. فا۔ نیزے کی آزمائش کرنے والا۔
الغَمَّاز. اسم مبالغہ۔ مؤنث غَمَّازَة.
الغَمِيز. کھلا ہوا عیب۔

المَغمَز. عیب طعنہ یا طمع کی جگہ۔ ج مَغامِز.
الغَمِيزَة. بمعنی مَغمَز. عقل یا عمل کی کمزوری۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيهِ غَمِيزَة او مَغمز" اس میں کوئی نمایاں عیب نہیں۔
المَغمُوز. مف۔ متہم الغموز: اونٹنی جب تک اس کے کوہان پر ہاتھ نہ ڈالیں۔ موٹائی و دُبلا پن سے ظاہر نہ ہو۔
غَمَسَ (ض) غَمْسًا. الشَّیَّ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا غوطہ دینا۔ السِنَانَ فِي صَدْرِهِ بھالے کو سینہ میں داخل کرنا۔ گھسانا۔
غُمُوْسًا. النجم: ستارے کا ڈوبنا۔ غروب ہونا۔
غَمَّسَهُ. سختی سے ڈبونا۔ غَمَّسَ الشُرْب: کم پینا۔ الابل: اونٹ کو پلانا پھر واپس جانا۔
غَامَسَ مُغَامَسَةً. خطرات میں کود پڑنا۔
فُلَانًا: ایک دوسرے کو پانی میں غوطہ دینا۔
فِي الْاَمْرِ: جلد بازی کرنا۔
اِنْغَمَسَ واغْتَمَسَ. فِي المَاءِ: غوطہ لگانا۔
فِي الشَّیِّ: داخل ہونا۔ گھسنا۔
الغَمُوس. مصیبت میں ڈالنے والا معاملہ۔
مِنَ الرِجَالِ: بہادر۔ کہا جاتا ہے "طَعْنَةٌ غَمُوسٌ" پار ہو جانے والی نیزہ کی مار "اليَمِين الغَمُوس" جان بوجھ کر جھوٹی قسم ج غُمُس.
الغَمِيس. تاریکی لَيْلٌ غَمِيسٌ: تاریک رات۔
والغَمِيسَة. جھاڑی۔ درختوں کا جھنڈ۔ ہر وہ گنجان چیز جس میں چھپا جا سکے۔
الغَمَّاسَة. مرغابی جس کی بہت قسمیں ہوتی ہیں۔ ج غَمَّاس. طعنة غَمَّاسة: کشادہ زخم۔
غَمِشَ (س) غَمَشًا. چندھا ہونا۔ کمزور نظر ہونا۔ سیلان اشک کی وجہ سے چندھا ہونا۔ صفت (اَغْمَش)

غَمَصَهُ (ض) و غَمِصَهُ (س) غَمْصًا. حقارت کرنا۔ غَمَصَ النِعمَة: نعمت کی ناشکری کرنا۔
عَلَيْهِ: جھوٹ بولنا عَلَيْهِ كَلَامَهُ: عیب لگانا۔
غَمِصَ (س) غَمَصًا. آنکھ کا کیچڑ والی ہونا۔ غَمِصَت عَيْنُه: کیچڑ بہنا۔ صفت (اَغْمَص) اور آنکھ کو (غَمْصاء) کہتے ہیں جمع غُمْص.
اِغْتَمَصَهُ. حقیر جاننا۔ حقارت کرنا۔ جھوٹا سمجھنا۔
الغَمَص. س۔ آنکھ کی کیچڑ۔
رَجُلٌ (غَمِصٌ) عیب لگانے والا۔
الغَمُوص. جھوٹا۔ یمین غموص: جھوٹی قسم۔
رَجُلٌ (مَغْمُوصٌ) عَلَيْهِ: جس کے حسب یا دین میں عیب لگایا جائے۔
غَمَضَ (ن) و غَمُضَ (ک) غُمُوْضًا الكَلَامُ: کلام کا دقیق ہونا۔
غَمَضَ (ن ض) غَمْضًا. السَيْفُ فِي اللَحْمِ: تلوار کا گوشت میں گھسنا الرَجُلُ فِي الْاَرْضِ: سفر کرنا عَنْهُ فِي البَيْعِ: خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔
غَمِضَ (س) غُمُوضَةً و غَمَاضَةً المَكَانُ: پست ہونا۔
غَمَّضَ واَغْمَضَ. عَيْنَهُ: آنکھ بند کرنا۔
عَنْهُ فِي البَيْعِ: خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔ غَمَّضَ الكَلَامَ: مبہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَّضَ عَنِ الاِسَائَة" چشم پوشی کرنا۔ اِغْمَضَتِ العَيْنُ فُلَانًا: حقارت کرنا۔ اَغْمَضَ عَنِ الشَّیِّ: درگزر کرنا۔
اَغْمَضَ عَلَى كَذَا: برداشت کرنا اور راضی ہونا۔ اَغْمَضَ فِي السَلْعَةِ: گھٹیا ہونے کی وجہ سے قیمت کم کرنا حَدَّ السَّيْفِ: تلوار کی دھار باریک کرنا فُلَانًا: کسی سے دوڑ میں آگے نکل جانا بعد اس کے کہ پہلے وہ آگے نکل چکا تھا۔

اِنْغَمَضَ. طَرْفُهٗ: آنکھ کا بند ہونا۔
اِغْتَمَضَ. البَرْقُ: بجلی کی چمک بند ہونا۔
الرَّجُلُ عَنِ الاَسَائَةِ: چشم پوشی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اِغْتَمَضَتْ عَيْنَاهُ" یعنی اس کی آنکھیں نہیں سوئیں۔
الغَمْضُ. س۔ پست زمین ج غموض و اغماض کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ غَمْضٍ" فلاں ذلیل وگمنام ہے۔
الغُمْضُ والغِمَاضُ والغَمَاضُ والتَّغْمَاضُ. آنکھ کا بند ہونا۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "مَا اِكْتَحَلَتْ عَيْنِي غُمْضًا او غِمَاضًا او اغْمَاضًا او تَغْمَاضًا او تَغْمِيْضًا" یعنی میں نہیں سویا۔
الغَامِضُ. فا۔ پست زمین ج غَوَامِضُ گمنام۔ ذلیل اَمْرٌ غَامِضٌ: مبہم معاملہ۔
الخَلْخَالُ الغَامِضُ: پازیب جو پنڈلی کو بھر دے۔ الغَامِضُ مِنَ الكُعُوْبِ والسُّوْقِ: موٹا ٹخنہ یا موٹی پنڈلی۔
غَوَامِضُ الاِبِلِ: چھوٹے اونٹ۔
الغَامِضَةُ. مؤنث غَامِضٌ ج غَامِضَاتٌ و غَوَامِضُ. الدَّارُ الغَامِضَةُ: مکان جو سڑک سے علیحدہ ہو۔
الغَمِيْضَةُ. عیب۔
الغُمُوْضَةُ. "مَا فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ غُمُوْضَةٌ" یعنی اس معاملہ میں کوئی عیب نہیں۔
المُغْمِضَاتُ. گناہ جو جان بوجھ کر آدمی کرے۔ مغمضات اللَّيْلِ: رات کی تاریکیاں۔
غَمَطَهٗ (ض) و غَمِطَهٗ (س) غَمْطًا. حقارت کرنا۔ حقیر جاننا۔ غَمَطَ النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔ ناقدری کرنا۔ الحَقَّ: حق کا انکار کرنا۔ المَاءَ: پانی کا زور سے گھونٹ بھرنا۔ الذَّبِيْحَةَ: ذبح کرنا۔
اَغْمَطَ. عَلَيْهِ الشَّيْئُ: ہمیشہ ہونا۔
غَامَطَ مُغَامَطَةً فِي الشُّرْبِ: لگاتار گھونٹ لگانا۔

تَغَمَّطَ عَلَيْهِ التُّرَابُ: مٹی سے ڈھانکنا یہاں تک کہ مار ڈالنا۔
اِغْتَمَطَ. دوڑ میں ہارنے کے بعد آگے بڑھ جانا۔ بالكَلَامِ: غالب ہونا۔ اِغْتَمَطَ الشَّيْئُ: نکل جانا اور پھر کوئی نشان نہ ملنا۔
الغَمْطُ. س۔ پست زمین۔
غَمْغَمَ غَمْغَمَةً بیل کا خوف کے وقت ڈکارنا۔ الاَبْطَالُ: بہادروں کا مقاتلہ کے وقت شور مچانا۔ الكَلَامَ: غیر واضح کلام بولنا۔ الصَّبِيُّ: بچے کا دودھ کیلئے پستان پر رونا۔
تَغَمْغَمَ. الرَّجُلُ: غیر واضح بولنا۔ الغَرِيْقُ تَحْتَ المَاءِ: ڈوبے ہوئے کا پانی کے نیچے بولنا۔
الغَمْغَمَةُ. س۔ خوف کے وقت کی آواز۔ مقاتلہ کے وقت کی آواز۔ غیر واضح کلام ج غَمَاغِمُ.
غَمِقَ (س ن) و غَمُقَ (ک) غَمْقًا المَكَانُ: نمناک ہونا۔ سیلن والا ہونا النَّبَاتُ: نمناکی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت غَمِقٌ مؤنث غَمِقَةٌ.
غُمِقَ. البَعِيْرُ: اونٹ کا غمقہ کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
الغُمْقَةُ. ایک بیماری جو پیٹھ میں ہوتی ہے۔
المَغْمُوْقُ. پیٹھ کی بیماری والا۔
غَمَلَ (ن) غَمْلًا. الشَّيْئَ: چھپانا۔ فلانًا: پسینہ کیلئے ڈھانکنا۔ البُسْرَ: گدر کھجور کی پال دبانا۔ العِنَبَ فِي الزَّنْبِيْلِ: انگور کو زنبیل میں تہ بتہ رکھنا۔ الشَّيْئَ: درست کرنا۔
وتَغَمَّلَ. النَّبَاتُ: ایک دوسرے پر چڑھنا الشَّيْئُ: وسیع ہونا۔
غَمِلَ (ض) غَمَلًا. پیچیدہ ہو کر خراب و بدبودار ہونا۔ الجُرْحُ: پٹی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت غَمِلٌ.
اَغْمَلَ. الاَهَابَ: کچے چمڑے کا چھوڑ دینا۔ یہاں تک کہ وہ بگڑ جائے۔
اِنْغَمَلَ. الاَدِيْمُ: چمڑے کا خراب ہونا۔

صفت غَمِيْلٌ
الغَمِيْلُ: مِنَ النَّصِيِّ (ایک قسم کی گھاس) پیچیدہ اُگی ہوئی مِنَ الاَرْضِ: پست زمین ج غُمْلٌ.
المَغْمُوْلُ. سے۔ گمنام۔
الغُمُوْلُ. درختوں سے ڈھکی ہوئی وادی ج غَمَالِيْلُ.
الغَمْلَجُ والغَمَلَّجُ والغِمْلَاجُ والغُمْلُوْجُ والغِمْلِيْجُ. غیر مستقل جو ایک حالت پر نہ رہے۔ مؤنث غَمْلَجٌ وغَمَلَّجٌ غُمْلُوْجَةٌ وغِمْلِيْجَةٌ.
الغُمْلُجُ والغِمْلِيْجُ. موٹا لمبا المُغْلَوْجُ: سایہ میں اُگی ہوئی شاخ ج غَمَالِيْجُ.
غَمَنَ (ن) غَمْنًا. الشَّيْئَ: چھپانا البُسْرَ: گدر کھجور کی پال دبانا فُلَانًا: پسینہ لانے کے لئے ڈھانکنا۔
غَمِنَ وانْغَمَنَ فِي الاَرْضِ: غائب کیا جانا۔ غائب ہونا۔
الغُمَّةُ. ایک قسم کا اُبٹنا۔
غَمَا يَغْمُوْ غَمْوًا. البَيْتَ: لکڑی اور مٹی سے چھت پاٹنا۔
الغَمَا. مکان کی چھت یا چھت کی لکڑی مٹی وغیرہ۔ اس کا تثنیہ غَمَوَانِ ج اَغْمِيَةٌ واَغْمَاءٌ.
غَمٰى (ض) غَمْيًا وغَمًّى. البَيْتَ: بمعنی غَمَا يَغْمُوْ.
غُمِيَ واُغْمِيَ. اليَوْمُ: تمام دن ابر رہنا۔ غُمِيَ واُغْمِيَ عَلَى المَرِيْضِ. غشی طاری ہونا۔ صفت مَغْمِيٌّ و مُغْمًى عَلَيْهِ.
الغَمِيُّ. گھوڑے کو پسینہ لانے والی پوشش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَمِيٌّ" یعنی بے ہوش مرد اور جمع کے لئے کہا جاتا ہے "رِجَالٌ غَمِيٌّ واَغْمَاءٌ"
والغِمَاءُ: مکان کی چھت ج اَغْمَاءٌ و اَغْمِيَةٌ.
غَنَّ (س) غَنًّا. النَّخْلُ: درخت خرما کا

چکنا۔الوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہونا۔
وغنًّا وغنّۃً: گنگنانا۔
غَنّنَ۔ الرَّوْضَ: زیادہ درخت والا بنانا۔
اَغَنَّ۔ الشَّجَرُ: درخت کا پکنا الوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہونا الرَّوْضُ: باغ کا سرسبز کرنا الذُّبَابُ: مکھی کا بھنبھنانا الرَّجُلُ: نرم آواز نکالنا۔
الغُنان۔ مکھی کی بھنبھناہٹ۔
الغُنّۃ۔ گنگناہٹ۔
الاَغَنُّ۔ گنگنانے والا۔حرف اَغَنُّ: غنہ کا حرف۔الوَادِی الاَغَنّ: زیادہ گھاس اور درختوں والی وادی۔ مؤنث غَنّاء۔
القَرْیَۃ الغَنّاء۔ آباد گاؤں۔
غَنِثَ (س)غَنَثًا۔ الرَّجُلُ: سانس لے کر پینا۔غَنِثَتْ نَفْسُہ: متلانا۔
تَغَنّثَہ۔ الشَّیُٔ: بوجھل ہونا۔ بھاری ہونا۔ چمٹنا۔
الغَنْثَر۔ بیوقوف۔
غَنِجَ (س)غَنَجًا وتَغَنَّجَ۔ ناز کرنا۔ صفت (غَنِج ومِغْناج) مؤنث غَنِجَۃ ومِغْنَاج)
الغُنْج والغُنُج والغُنَاج ناز نخرہ۔
الغَنَاج۔ کاجل جس کو عورتیں گوندنے میں استعمال کرتی ہیں۔
الاُغْنُوجَۃ: ناز و نخرہ کرنے کی چیز۔ ج اَغَانِیج۔
الغُنْدَر والغُنْدُر۔ مِنَ الغِلْمَان: موٹا تازہ لڑکا۔
تَغَنْدَرَتِ المَرْأَۃُ۔ لکیر سے چلنا
الغَانِد۔ نرخرہ۔
غَنِصَ (س)غَنَصًا۔ تنگ دل ہونا۔
اَلغَنَاقَلِبُوْن: زرد اور سفید پھول اس کو ہار بنا کر قبروں پر ڈالتے ہیں۔
غَنَظَ (ض)غَنْظًا۔ قریب ہلاکت ہونا۔ الاَمْرُ فُلَانًا: دشوار ہونا۔غَنّظَہ واَغْنَظَہ) غیظ و غضب سے بھر دینا۔

غَانَظَہ۔ ایک دوسرے کو مشقت میں مبتلا کر دینا۔
الغَنْظ والغَنَظُ والغِنَاظ والعِنَاظ۔ لازمی رنج و غم۔
المَغْنُوْظ۔ ست۔ غمزدہ۔
غَنِمَ (س)غُنْمًا۔ الشَّیَٔ: مفت حاصل کرنا۔ غُنْمًا وغَنَمًا وغِنمًا وغَنِیمۃً وغُنْمَانًا۔ غنیمت حاصل کرنا۔
غَنّمَہ۔ کَذَا: حصہ سے زائد دینا۔
اَغْنَمَہ۔ الشَّیَٔ: غنیمت حاصل کرانا۔
تَغَنَّمَ واغْتَنَمَ واسْتَغْنَمَ۔ الشَّیَٔ: غنیمت سمجھنا۔تَغَنَّمَ فُلَانٌ: بکریاں جمع کرنا جیسے تَأَبَّل: اونٹ جمع کرنا۔
الغَنِیْمَۃ۔ مال جو جنگ میں حاصل ہو۔ کمائی۔ ج غَنَائِم۔ کہا جاتا ہے۔"الغَنِیْمَۃ بَارِدَۃٌ" یعنی پاک کمائی یا بلا مشقت کی کمائی۔
الغُنْم۔ بمعنی غنیمت۔غُنُوْم
الغَنِیْم۔ بمعنی غنیمت۔
الغَنَم۔ س۔ بکریاں اور اس کیلئے اس لفظ سے واحد نہیں واحد کیلئے لفظ شاۃ) ہے ج اَغْنَام وغُنُوْم واَغَانِم۔ کہا جاتا ہے۔غَنَمٌ (مُغَنَّمَۃٌ ومُغْنَمَۃٌ) یعنی بہت بکریاں۔
الغَنَّام۔ بہت بکریوں والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ بہت مال غنیمت حاصل کرنے والا۔
المَغْنَم۔ غنیمت۔ مَغَانِم۔ کہا جاتا ہے مَغْنَمٌ بَارِدٌ" یعنی پاک غنیمت۔ کہا جاتا ہے (غُنَامَاكَ) اَنْ تَفْعَلَ كَذَا۔ تمہاری کوشش کی انتہا یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الغُنْوَۃ۔ بے نیازی۔ کہا جاتا ہے"لَہٗ عَنْہُ غُنْوَۃٌ) اس کو اُس سے بے نیازی ہے۔
غَنِیَ (س)غِنًی۔ الرَّجُلُ: نکاح کرنا۔
غَنِیَتِ المَرْأَۃ: حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہونا۔
غِنًی ومَغْنًی۔ بالمکان: اقامت کرنا۔ صفت(غَانٍ) کہا جاتا ہے"غَنُوْا بِدِیَارِھِم ثُمَّ فَنُوا" اپنے ممالک میں اقامت کی پھر فنا ہوگئے۔فُلَانٌ زندہ رہنا۔ زندگی بسر کرنا۔

غَنِیَ۔ غِنَاءً وغُنْیَانًا۔ مالدار ہونا۔بِالشَّیِٔ عَنْ غَیْرِہ: اکتفا کرنا۔
غَنّٰی تَغْنِیَۃً۔ آواز کرنا الشِّعْرَ و بالشِّعْر: گانا بالمَرْأَۃ۔ عشق بازی کرنا۔ الشَّاعِرُ بِفُلَانٍ: کسی کی مدح کرنا یا ہجو کرنا۔غَنَّاہُ اللّٰہُ: مال دار کر دینا۔
اَغْنٰی اِغْنَاءً۔ الرَّجُلَ: مالدار کر دینا۔ عَنْہُ: کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے"اَغْنٰی عَنْہُ غَنَاءَ فُلَانٍ ومَغْنَاہُ ومُغْنَاہُ ومَغْنَاۃَ ومُغْنَاۃَ" یعنی قائم مقام ہوا۔اَغْنٰی عَنْہُ كَذَا۔ دور کر دینا۔ اور کہا جاتا ہے"مَا یُغْنِی عَنْكَ ھٰذَا وَمَا اَغْنٰی شَیْئًا" یعنی نافع نہیں ہے۔
تَغَنّٰی تَغَنِّیًا۔ مالدار ہونا بالمَرْأَۃِ: عورت سے عشق بازی کرنا بالشِّعْر: شعر گانا بالفُلَان: کسی کی مدح یا ہجو کرنا۔تَغَنَّتِ المَرْأَۃُ: عورت کا نکاح کرنا۔
اِسْتَغْنٰی۔ بے نیاز ہونا عَنْہُ بِہٖ: اکتفا کرنا اللّٰہَ: اللہ سے بے نیاز ہونے کی دعا کرنا۔
الغِنٰی والغِنْیَۃ والغُنْیَۃ والغُنْیَان۔ اکتفا۔ توانگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے"مَالَہٗ عَنْہُ غِنًی وغِنْیَۃٌ وغُنْیَانٌ" یعنی اس کے لئے اس سے چارہ نہیں۔
الغِنٰی والغَنَاء۔ اکتفا توانگری۔ کہا جاتا ہے "لَا غِنٰی عَنْہ" یعنی ضروری ہے۔
الغِنَاء۔ عَنِ الصَّوْتِ: گیت۔ سر۔
اُلاُغْنِیَۃ والاِغْنِیَّۃ والاُغْنِیَۃ والاِغْنِیَۃ۔ گیت۔ سر۔ راگ۔ ج اَغَانِیّ واَغَانٍ۔
الغَنِیّ۔ اکتفا کرنے والا۔ توانگر۔ مالدار۔ کہا جاتا ہے"ھُوَ غَنِیٌّ عَنْہُ" یعنی وہ اس سے بے نیاز ہے ج اَغْنِیَاء۔
الغَانِی۔ فا۔ غنی۔ کہا جاتا ہے"رَجُلٌ غَانٍ عَنْ كَذَا" یعنی فلاں چیز سے بے نیاز۔
الغَانِیَۃ۔ مؤنث غَانِی۔ وہ عورت جو حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز

ہو۔ نکاح کرنے والی۔ ج غانِیات وغَوان۔

المَغنٰی. منزل۔ ج مَغان کہا جاتا ہے "خَرِبَتْ مَبانِیھِم وخَلَتْ مُغانِیھِم" یعنی ان کا شرف جاتا رہا اور ان کے مکان خالی ہوگئے۔ "ومَالَهُ عَنْهُ مُغنًی" یعنی اس کیلئے اس سے چارہ نہیں۔

غَھِبَ (س) غَھَبًا واغْھَبَ. عنْہُ. غافل ہونا۔ بھولنا۔

اِغتَھَبَ. تاریکی میں چلنا۔

الغَھَبُ. س۔ کہا جاتا ہے "اَصابَ الصَّیْدَ غَھَبًا" یعنی شکار پر غفلت میں بلا قصد کے پہنچ گیا۔ "فَعَلَهُ غَھَبًا" اس کو بلا قصد کیا۔

الغَیْھَب. تاریکی۔ بہت تاریک رات۔ بہت سیاہ گھوڑا۔ غافل بیوقوف اور کمزور ج غَیاھِب.

الغَیْھَبان. تاریکی۔ پیٹ۔

الغَیْھَبَۃ. مؤنث۔غَیْھَب. لڑائی کا شور۔

غاثَه یَغُوْثُهُ غَوْثًا واَغاثَهُ اِغاثَةً ومَغُوْثَةً. اعانت کرنا۔ مدد کرنا۔

غَوَّثَ. الرَّجُلَ: واغوثاہ کہنا۔

اِسْتَغاثَ الرَّجُلَ وبہ: مدد طلب کرنا۔

الغَوْث والغُوَاث والغَوَاث. مدد۔

الغَوْث والغِیَاث والغَوِیْث. کھانے وغیرہ کی مدد۔

المَغاوِث. پانی۔ کہا گیا ہے کہ اس کیلئے مفرد نہیں۔

غَاجَ یَغُوْجُ غَوْجًا وتَغَوَّجَ. الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا مڑنا۔ تَغَوَّجَ الرَّجُلُ. فِی مَشْیَتِہ. چال میں لچکنا۔

غَارَ یَغُوْرُ غَوْرًا. پستی کی طرف آنا۔ الماءُ: گہرائی میں جانا۔ صفت (غائر) النَھارُ: سخت گرمی والا ہونا۔ الرَّجُلُ: دوپہر میں سونا۔ الشَّیئَ او القَوْمَ: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرْتُ فِی غَیْرِ مَغار" بغیر مطلب کے میں نے طلب کیا۔

غارَت تَغُوْرُ غَوْرًا وغُؤُوْرًا. عَیْنُہُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

غَوْرًا وغُؤُوْرًا وغِیارًا. فِی الْاَمْرِ: معاملہ میں باریک نظر سے دیکھنا۔ فِی الشَّیْئِ: داخل ہونا۔

غارَتْ غِیارًا وغُؤُوْرًا. الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا۔

غارَلھُم اللهُ غِیارًا وغارَھُم. رزق وغیرہ سے اعانت کرنا۔

غَوَّرَ. پستی کی طرف آنا۔ الماءُ: زمین میں اُترنا۔ الرَّجُلَ: دوپہر میں چلنا یا نازل ہونا یا سونا۔ القَوْمَ: قوم کو شکست دینا۔ غَوَّرَت الشَّمْسُ او النُّجُوْمُ: غروب ہونا ڈوبنا۔ کہا جاتا ہے غَوَّرَ النَّھارُ: جبکہ دن ڈھل جائے۔

اَغارَ اِغارَۃً. چلنے میں جلدی کرنا۔ پستی کی طرف آنا۔ سفر کرنا۔ الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔

اَغارَ اِغارَةً وغارَةً ومُغارًا. عَلَیْھِمْ. لوٹ ڈالنا۔ الفَرَسُ: تیز دوڑنا۔ بِھِمْ والَیْھِمْ: مدد دینے کے لیے آنا۔

غاوَرَ مُغاوَرَةً. العَدُوَّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا۔ بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

تَغَوَّرَ. پستی کی طرف آنا۔ ظاھِرُ العَیْنِ دھنس جانا۔

تَغاوَرَ. القَوْمُ. بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

اِغْتارَ اِغتِیارًا. نفع اٹھانا۔ غلّہ حاصل کرنا۔

اِسْتَغارَ. علَیْھِم. لوٹ ڈالنا۔ الرَّجُلُ: پست زمین میں اُترنے کا ارادہ کرنا۔ موٹا ہونا۔ الجُرحُ: زخم کا سوجنا۔

اِسْتَغْوَرَهُ اِسْتِغْوارًا. غلّہ مانگنا۔

الغار. غار ج اَغْوار وغِیْران. ایک قسم کا درخت واحد (غارة) غُبار۔ بڑا لشکر۔ انگور کے پتے۔ غیرت۔ ٹھوڑی کا گڑھا۔

الغاران: ہڈیاں جن میں آنکھیں ہیں اور نیچے کے تالو۔

الغارَۃ. س۔ لوٹ۔ اسم ہے اغارۃ کا ج غارات. تیز رفتار غارت ڈالنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے حَبْلٌ شَدِیْدُ الغارَۃ مضبوط بٹی ہوئی رسّی و "شَنَّ الغارَۃَ عَلَیْھِم" گھوڑوں کو متفرق کر دیا اور ہر طرف سے ان پر ٹوٹ پڑا۔

الغَوْر. س۔ پست زمین۔ نیچے اُترا ہوا پانی۔ گڑھا۔ غار۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ بَعِیْدُ الغَوْر" فلاں نہایت باریک بین ہے۔ و "غَرَفْتُ غَوْرَ المَسْأَلَةِ" مسئلہ کی حقیقت میں نے جان لی۔

الغائِرۃ. مؤنث غائِر. دوپہر۔ دوپہر کا سونا۔

الغَوْرَۃ. آفتاب۔ قیلولہ۔

الغِوَر. خون بہا۔

الغَوْرٰی. ہر چیز کا گڑھا۔

المَغار والمُغار والمَغارَۃ والمُغارَۃ. غار، لوٹ ج مَغاوِر ومَغارات

المُغار: لوٹ کی جگہ۔

المِغْوار والمُغاوِر. مِنَ الرِّجالِ: بہت لوٹ ڈالنے والا۔ فَرَسٌ مِغْوارٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

غازَهُ یَغُوْزُهُ غَوْزًا. قصد کرنا۔

الغاز. گیس۔ ج غازات

غاصَ یَغُوْصُ غَوْصًا وغِیاصًا وغِیاصَۃً ومَغاصًا. فِی الْماءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔ صفت (غائص) ج غَوّاص و غاصَۃ. غاصَ عَلَی الشَّیْئِ: اچانک آجانا۔ عَلَی المَعانِی: معانی کی حقیقت تک پہنچنا۔

غَوَّصَہ. غوطہ لگوانا۔

الغَوّاص. بہت غوطہ لگانے والا۔ وہ شخص جو موتی وغیرہ کیلئے غوطہ خوری کرتا ہے اور اس فن کا نام "الغِیاصَۃ" ہے۔ ایک پرندہ جو غوطہ لگاتا رہتا ہے۔

الغَوّاصَۃ. غواص کا مؤنث۔ آبدوز کشتی۔

المَغاص. س۔ غوطہ لگانے کی جگہ۔ پنڈلی

غَاطَ يَغُوطُ غَوْطًا. الحُفرَة: گڑھا کھودنا۔
فِيهِ: داخل ہونا۔ گھسنا۔ کہا جاتا ہے هٰذَا رَمْلٌ تَغُوطُ فِيهِ الْاَقْدَامُ یہ ایسی ریت ہے جس میں پاؤں گھس جاتے ہیں۔
فِي الْمَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔
غَوَّطَ. البِئْرَ: کنواں گہرا کھودنا۔
الطَّعَامَ: بڑے بڑے لقمے نگلنا۔
تَغَوَّطَ. پائخانہ کرنا۔ کہا جاتا ہے تَغَوَّطَ وَبَالَ. پیشاب یا پائخانہ کیا۔
تَغَاوَطَا. فِي الْمَاءِ: ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
اِنْغَاطَ. العُوْدُ: لکڑی کا مڑنا۔
الغَائِط. فا۔ پائخانہ۔ پائخانہ کرنے کی جگہ۔ پست زمین۔
الغَوْطُ والغَاط والغَوْطَة. پست زمین۔ ج غُوط واَغْوَاط وغِيَاط وغِيطَان.
ج الغَاط.
الغُوطَة. جماعت۔ شام میں ایک جگہ کا نام ہے جہاں پانی اور درخت بہت ہیں۔ اس کو غوطہ دمشق بھی کہتے ہیں۔
بِئْر (غَوِيطٌ) بہت گہرا کنواں۔
الغَاغ. پودینہ۔ واحد (غَاغَة)
الغَاغَة. بہت سے مختلف لوگ۔
لَلْغُوَافَة: امریکی علاقے کا ایک درخت۔
الغَوْغَاء. ٹڈی جو اُڑنے کیلئے تیار ہو یا جس کے پر نکل آئے ہوں۔ بہت سے مختلف لوگ۔ نیچے طبقے کے لوگ۔ فسادی لوگ۔
غَالَهُ يَغُولُهُ غَوْلًا واغْتَالَهُ. ہلاک کرنا۔ اچانک پکڑ لینا۔
غَالَتْهُ الخَمْرُ: شراب کا مست کر دینا۔
غَاوَلَ مُغَاوَلَةً. جلدی چلنا۔
تَغَاوَلَا. ایک دوسرے پر سبقت کرنا۔
تَغَوَّلَ. الاَمْرُ: ابتر ہونا۔ تَغَوَّلَتِ الْمَرْأَةُ: رنگ برنگ ہونا۔ تَغَوَّلَتْهُمُ الغِيلَانُ: بے راہ کر دینا۔
الْاَرْضُ بِفُلَانٍ: ہلاک کر دینا اور بے راہ کر دینا۔
الغَوْل. مص۔ درد سر۔ مدہوشی۔ جنگل کی دُوری۔ مشقت۔ پست زمین۔ بہت مٹی۔
الغُول. مصیبت۔ ہلاکت۔ چھلاوہ۔ ج اغوال و غيلان سانپ۔ ہر وہ چیز جس سے عقل زائل ہو جائے۔ جادوگر اور جن جو مختلف رنگ بدلیں۔ موت۔ ج اَغْوَال.
الغِيلَة. اسم ہے اِغْتِيَال کا۔
الغَائِلَة. مؤنث غَائِل. مصیبت۔ فساد۔ ہلاکت۔ برائی ج غَوَائِل.
الاَغْوَل. مِنَ العَيْشِ: آسودہ زندگی۔
المِغْوَل. ہلاک کرنے کا آلہ۔ لمبا پیکار۔ کیتی۔
المَغَالَة. ہلاکت۔
غَوَى يَغْوِي غَيًّا وغَوِيَ يَغْوَى غَوَايَةً. گمراہ ہونا۔ محروم ہونا۔ ہلاک ہونا۔
وغَوَّى وأَغْوَى. الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔
غَوِيَ يَغْوَى وغَوَى يَغْوِي غَوًى الفَصِيلُ. اُونٹ کے بچے کو بدہضمی ہونا اور لاغر ہو کر قریب ہلاکت ہونا۔ صفت (غَوٍ)
تَغَاوَى. تکلیف گمراہ بننا۔ بتکلف جاہل بنا۔ القَوْمُ عَلَيْهِ: قتل کرنے کے لئے ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِنْغَوَى. الرَّجُلُ: گرنا اور جھکنا۔
اِسْتَغْوَى. الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔ کہا جاتا ہے بِتُّ (غَوًى و غَوِيًّا و مُغْوِيًا و مُغْوًى و مَغْوِيًّا) یعنی میں نے تنہا رات بسر کی۔
الغَيَّة والغِيَّة. گمراہی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ وَلَدُ غَيَّةٍ" یعنی وہ ولد الزنا ہے۔
الغَاوِي. فا ج غَاوُوْنَ وغُوَاة. رَاسٌ غَاوٍ: چھوٹا سر یا بہت پھرنے والا سر۔
والغَوِي والغَوِيّ والغَيَّان گمراہ۔ خواہشات کا غلام۔
الغَاوِيَة. مؤنث غَاوِي. مشک جس میں پانی ہو۔
الاُغْوِيَة. مصیبت۔ ہلاکت۔ درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ النَّاسُ فِي اُغْوِيَةٍ" ج اَغَاوِي.
المَغْوَاة. گمراہی کی جگہ۔ ج مَغَاوٍ.
المُغَوَّاة. گمراہی کی جگہ۔ ج مُغَوَّيَات.
غَابَ يَغِيبُ غَيْبًا وغَيْبَةً وغِيَابًا وغُيُوبًا ومَغِيبًا. عَنْهُ: غائب ہونا۔ دُور ہونا۔ جدا ہونا۔
غَابَتِ الشَّمْسُ غِيَابًا وغَيْبُوبَةً. آفتاب کا غروب ہونا الشَّيءُ عَنْ فُلَانٍ. پوشیدہ ہونا عَنْ بِلَادِهِ: سفر کرنا۔
غَابَ يَغِيبُ غِيَابًا وغِيَابًا وغَيْبَةً وغِيَابَةً وغُيُوبَةً الشَّيءُ فِي الشَّيءِ: چھپ جانا۔
غَابَهُ غَيْبَةً واِغْتَابَهُ واغْتِيَابًا. غیبت کرنا۔ پیٹھ پیچھے بدگوئی کرنا۔
غَيَّبَهُ. دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے غَيَّبَهُ غَيَابُهُ یعنی وہ اپنی قبر میں دفن کیا گیا۔
اَغَابَتْ. المَرْأَةُ: غائب شوہر والی ہونا۔ صفت (مُغِيبٌ ومُغِيبَةٌ ومُغْيِبٌ)
غَايَبَهُ مُغَايَبَةً. پیٹھ پیچھے بات کہنا۔ تم کہتے ہو "اَنَا مَعَكُمْ لَا اُغَايِبُكُمْ" میں تمہارے ساتھ ہوں تمہاری پیٹھ پیچھے بات نہیں کروں گا۔
تَغَيَّبَ. عَنْهُ: غائب ہونا۔
تَغَايَبَ. القَوْمُ: غائب ہونا۔
الغَيْب. مص۔ شک۔ ہر وہ چیز جو تم سے غائب ہو۔ بھید۔ پست زمین۔ ج غِيَاب وغُيُوب. کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ صَوْتًا مِنْ وَرَاءِ الغَيْبِ" یعنی میں نے آواز ایسی جگہ سے سنی جس کو میں دیکھتا نہیں۔
الغَيْبَة والغَيَابَة. پست زمین۔ قبر۔
الغَيَابَةُ مِنْ كُلِّ شَيءٍ: پردہ مِنَ الوَادِي او الجُبِّ: وادی یا کنوئیں کی گہرائی۔
الغِيبَة. پیٹھ پیچھے کی بدگوئی۔
الغَائِب. فا۔ ج غُيَّب وغَيَب وغُيَّاب وغَائِبُونَ. غَائِبُكَ: جو چیز تم سے غائب ہو۔

الغَابَة. بانس کی جھاڑی۔ پست زمین۔ لوگوں کی جماعت' لمبا نیزہ۔ ج غَاب وغَابَات غابَةُ البَحْرِ: سمندری کیڑوں کا متحجر درخت۔

الغَیَاب. س۔ قبر۔ غَیَابُ الشَّجرِ وغَیَّابُه: درخت کی جڑیں۔

الغَیُوْب والغَیَّاب. غائب کا اسم مبالغہ۔

الغَیْبُوْبَة. غروب۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهٗ عند غَیْبُوْبَةِ الشَّمْسِ" میں نے اس سے آفتاب کے غروب کے وقت ملاقات کی۔

غَاثَ یَغِیْثُ غَیْثًا. اللّٰہُ البلادَ: برسانا۔

غَاثَ الغَیْثُ الاَرْضَ: بارش کا زمین پر برسنا۔

غَیْثَتِ. الاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔ صفت(مَغِیْثَة ومَغْیُوْثَة) غَاثَ النُوْرُ: روشن ہونا۔

تَغَیَّثَ. البَعِیْرُ: اُونٹ کا موٹا ہونا۔

الغَیْث. بارش۔ گھاس جو بارش کی وجہ سے اُگے۔ کہا جاتا ہے "رَعَیْنَا الغَیْثَ" اور بسا اوقات بادل کو بھی غیث کہتے ہیں۔ ج غُیُوْث واَغْیَاث اور کہا جاتا ہے غیث مغیث عام بارش۔ سَحَابٌ (غَیِّثٌ) موسلا دھار بارش کا بادل اور کہا جاتا ہے "بِئْرٌ ذَاتُ غَیِّثٍ" بہت پانی والا کنواں۔

غَیِدَ یَغْیَدُ غَیَدًا. الغُلَامُ: لڑکے کا جھکی ہوئی گردن والا ہونا۔ نرم کندھوں والا ہونا۔ صفت مذکر(اَغْیَد) صفت مؤنث (غَیْدَاءُ) ج غِیْد.

تَغَایَدَ. فِیْ مَشْیَتِهٖ: نزاکت کی وجہ سے چلنے میں جھکنا۔

الغَیَد. س۔ نزاکت۔

الاَغْیَد. نرم و نازک پودہ: مکان اغید بہت پودہ والی جگہ۔

الغَادَة. نرم و نازک بدن عورت۔ تروتازہ شاخ۔ ج غَادَات.

غَیْدَانُ الشَّبَاب. اوّل جوانی۔

غَیْدِ غَیْدِ. مکرر مستعمل ہے اور مبنی علی الکسر ہے اور اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی جلدی کرو' جلدی کرو۔

غَیْدق. المَطَرُ: بارش کا بہت ہونا۔

الغَدَق. س۔ بہت پانی۔

الغَیْدَاق. سرسبز۔ فیاض۔

والغَیْدق والغَیْدَقَان. نرم و نازک۔غَارَ یَغَارُ غَیْرَةً وغَیْرًا وغَارًا. الرَّجُلُ عَلٰی اِمْرَاَتِهٖ مِنْ فُلَان وهِیَ عَلَیْهِ مِنْ فُلَانَة: غیرت کھانا۔ صفت (غَیْرَان وغَیُوْر و مِغْیَار) مؤنث(غَیُوْر وغَیْرٰی) ج غَیَارٰی وغُیَارٰی وغُیُر ومَغَایِرْ اور اسم الغَیرة.

غَارَهٗ یَغِیْرُهٗ غِیَارًا. نفع دینا۔ کہا جاتا ہے "غَارَهٗ بِخَیْرٍ" یعنی اس کو خیر کا نفع دیا۔ و "غَارَهُمُ اللّٰہُ بِمَطَرٍ" یعنی اللہ نے ان کو بارش سے سیراب کیا۔

غَارَهٗ یَغِیْرُهٗ غَیْرًا وغَیَرَهٗ. خون بہا دینا۔

غَیَّرَ الشَّیٔ: بدل دینا۔ تغیر کر دینا۔

غَایَرَہٗ غِیَارًا ومُغَایَرَةً. تبادلہ کرنا۔ مخالفت کرنا۔ خرید و فروخت میں مقابلہ کرنا۔ غیر ہونا۔ مغایرت برتنا۔

اَغَارَهٗ اِغَارَةً. غیرت پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّجُلُ اِمْرَاَةً: مرد کا دوسرا نکاح کر کے پہلی بیوی کو غیرت میں ڈالنا۔

تَغَیَّرَ. بدل جانا عَلٰی اِمْرَاَتِهٖ: بیوی پر غیرت آنا۔

تَغَایَرَ. الزَّوْجَان: ایک دوسرے پر غیرت کرنا تَغَایَرَت الاَشْیَاءُ: چیزوں کا مختلف ہونا۔

اِغْتَار اِغْتِیَارًا. الرَّجُلُ: غلہ مہیا کرنا۔

الغِیَر. س۔ اسم تَغَیُّرٌ سے کہا جاتا ہے "مَنْ یَکْفُر بِاللّٰہِ یَلْقَی الغِیَرَ" یعنی جو شخص کفر باللہ کرے گا وہ متغیر الحال ہوگا کہ صلاح سے فساد کی جانب پہنچ جائے گا۔

بَنَاتُ غِیَرٍ: جھوٹ اور باطل باتیں اور (غَیْر) کا لفظ سوی کے معنی میں آتا ہے ج اَغْیَار اور لا کے معنی میں بھی اور بوجہ حالیت کے منصوب ہوتا ہے۔ جیسے "فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَلَاعَادٍ" بمعنے لا باغیًا اور اِلّا کے معنی میں بھی۔ پس اسم الازم الاضافہ ۃ ہوتا ہے لفظوں میں مقطوع عن الاضافة بھی ہوتا ہے اگر معنی سمجھ میں آ سکے اور اس سے پہلے لَیْسَ یالَا ہو اور اضافت کے وقت رفع اور نصب جائز ہے اور حذف مضاف الیہ کے وقت رفع اور ضمہ نصب اور فتحہ بھی جائز ہے۔ کہو گے "قَبَضْتُ عِشْرَةً لَیْسَ غَیْرَهَا وَلَیْسَ غَیْرُهَا وَلَیْسَ غَیْرٌ وَلَیْسَ غَیْرُ وَلَیْسَ غَیْرًا وَلَیْسَ غَیْرَ" بمعنی لَیْسَ اِلَّا اور کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ غَیْرَ مَرَّةٍ" یعنی ایک سے زائد مرتبہ کیا۔

الغَیْرَة. خون بہا۔ غلّہ کا ذخیرہ۔ نخوت اسم ہےغَار کا تغَیُر.

غِیَرُ. الدَّهْرِ: زمانے کا حوادث۔

الغَیْرِیَّة. عینیت کے خلاف۔ ہر روش میں سے ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا۔

المَغِیْر والمَغْیُوْر. سیراب شدہ مقامات۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ مَغِیْرٌ ومَغْیُوْر واَرْضٌ مَغِیْرَةٌ ومَغْیُوْرَة."

غَاضَ یَغِیْضُ غَیْضًا ومَغَاضًا وتَغَیَّضَ وانْغَاضَ. پانی کا کم ہونا۔ نیچے اُتر جانا الثَّمَنُ: قیمت گھٹنا۔

غَاضَ وغَیَّضَ واَغَاضَ الماءَ او الثَّمَنَ: پانی یا قیمت کم کرنا دَمْعَهٗ: آنسو روکنا۔

الغَیْض. س۔ ناتمام بچہ۔ قلیل۔

الغَیْضَه. ایک مرتبہ کم کرنا۔ جھاڑی۔ پانی کی جگہ میں بہت درخت۔ ج غِیَاض واَغْیَاض وغَیْضَات.

المَغِیْض. پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ ج مَغَایِض. کہا جاتا ہے "مَاءُ مَغِیْضٍ" یعنی وہ پانی جو جمع ہونے کی جگہ تک جاری ہو۔

غَاظَ یَغِیْظُ غَیْظًا. فِیْهِ: داخل ہونا۔

المُغَایَظَة. خصومت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ

مُغَايظَةٌ" یعنی ان کے درمیان خصومت ہے۔
الغَيظ. باغ۔
غَاظَهٗ يَغِيظُهٗ غَيظًا وغَيَّظَهٗ وَاَغَاظَهٗ وغَايَظَهٗ غصّہ دلانا۔ غصّہ پر برانگیختہ کرنا۔
کہا جاتا ہے "غَايَظَ صَاحِبَهٗ فِي العَمَلِ" مقابلہ کرنا۔
تَغَيَّظَ. الحرُّ: سخت گرمی ہونا (واغتَاظَ) غضبناک ہونا۔
الغَيْظ. س. غضب یا سخت غضب۔
الغِيَاظ. غم۔ مشقت۔
المَغِيظ. ناراض۔ رنجیدہ۔
غَافَت تَغِيفُ غَيفَانًا وَاَغيَفَتْ وتَغَيَّفَتْ. الشَّجَرَةُ: دائیں بائیں جھکی ہوئی شاخوں والا ہونا۔ صفت (غَيْفَاء)
(غَيَّفَ) بھاگنا۔ بزدل ہونا (و تغَيَّفَ) عَنِ الاَمرِ. انکار کرنا۔ اعراض کرنا۔ ہٹنا۔
اَغَافَ. الغُصْنَ: ٹہنی کو جھکانا۔
الغَاف. ایک درخت ہے جس کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے واحد غَافَةٌ ہے۔
الغَيف. پرندوں کا جھنڈ۔
الاَغْيَف. نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ اَغيَف" یعنی آسودہ و خوش حال زندگی۔ مؤنث غيفاء شجرة غيفاء: جھکی ہوئی ڈالیوں والا درخت۔
الغَيَّاف بہت بڑی لمبی داڑھی والا۔
الغَيفَان و الغَيَفَان. متکبرانہ چال۔
غَيَّقَ. المَال بگاڑنا۔ فاسد کرنا فِي رَاْيِهٖ: غیر مستقل مزاج ہونا الطَّائِر. اپنی جگہ پر پھڑ پھڑانا بَصَرَهٗ نگاہ کو پھیرنا۔
تَغَيَّقَت. العَيْنُ. آنکھ کا تاریک ہونا۔
غَاقِ مبنی علی الکسر۔ کوے کی آواز کی حکایت اگر نکرہ کیا جائے تو (غَاقٍ) تنوین سے کہا جاتا ہے۔
الغَاق. کوا (والعاقة) ایک آبی پرندہ ہے جس کو غَوَّاص اور غُرَاب المَاء بھی کہتے ہیں۔

غَالَت تَغِيلُ غَيْلًا وَاَغَالَتْ اِغَالَةً المَرْاَةُ وَلَدَهَا: بچے کو بحالت حمل دودھ پلانا۔ صفت (غَائِلَة و مُغِيل ومُغْيِل)
غَالَهٗ يَغِيلُهٗ غِيَالًا وغِيَالَةً وغُؤُولًا. چرانا۔
اَغيَلَتْ اِغيَالًا. المَرْاَة ولدها: بچے کو بحالت حمل دودھ پلانا الشَّجَرَة درخت کا بڑا اور گھنا ہونا الغَنَم: بکری کا سال میں دو مرتبہ بچہ جننا۔
تَغَيَّلَ. القَوْمُ: کثیر المال ہونا۔
تَغَيَّلَتْ واسْتَغْيَلَتْ. الشَّجَرَةُ: درخت کا گھنی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (مِغْيَال)
اِغتَال اِغتِيَالًا. الغُلَامُ: موٹا تازہ ہونا۔
الغَيْل. حالت حمل کا دودھ۔ موٹا تازہ لڑکا۔ مؤنث غَيْلَة. زمین پر بہتا ہوا پانی۔ وادی جس میں چشمے جاری ہوں۔ دُور کی چیز جو نزدیک دکھائی دے۔
الغِيل. جھاڑی۔ گنجان درخت۔ وادی جس میں پانی ہو۔ شیر کی مانند ج اَغيَال وغُيُول.
الغِيلَة. دھوکا۔ غفلت سے مار ڈالنا۔ حمل میں دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهٗ غِيلَةً" دھوکے سے مار ڈالا۔
الغَائِلَة. شر۔ باطنی کینہ۔ حوض میں شگاف۔ ج غَوَائِل. الغوائل: مصیبتیں۔
المَغَالَة. بدی۔ برائی۔
الاَغيَل. پُر گوشت۔
الغَيَّال. اسم مبالغہ۔ شیر اس وجہ سے کہ غَيْل یعنی جھاڑی میں رہتا ہے۔
المُغْيَال. گھنا سایہ دار درخت۔
غَامَتْ تَغِيمُ غَيمًا وغَيَّمَتْ وَاَغَامَتْ اِغَامَةً وَاَغيَمَتْ اِغيَامًا و تَغَيَّمَتِ السَّمَاءُ. بادل والا ہونا۔ غَامَ البَعِيْرُ. اُونٹ کا پیاسا ہونا۔ صفت (غَيمَان) مؤنث (غَيمٰى) اَغيَمَ القَوْمُ. پیاسا ہونا اَغيَمُوا فِي المَكَانِ. اقامت کرنا۔
غِيْم. البَعِير. اُونٹ کا پیاسا ہونا۔

الغَيْم. س. بادل ج غُيُوم. واحد (غَيمَةٌ) پیاس۔ اُونٹ کی ایک بیماری جس سے پیٹ لگتی ہو۔
يَوْمٌ (غَيُوْمٌ) بدلی کا دن۔
غَانَ يَغِينُ غَيْنًا. پیاسا ہونا۔
غَانَتْ نَفْسُهٗ: متلانا۔ غَانَت و غِينَتِ السَّمَاءُ. آسمان پر بادل گھر آنا۔
غِيْنَ وَاُغْيِنَ. عَلٰى قَلْبِهٖ: خواہشات کا غالب ہونا۔
اَغَانَ السَّحَابُ السَّمَاءَ. بادل گھر آنا۔
غَيَّنَ. غَيْنًا. حرف غ لکھنا۔
الغَيْن. س. حروف تہجی کا ایک حرف۔ بادل۔
الغَيْنَة. بلا پانی کے گھنے درخت۔
الغَيْنَة. پیپ مُردار سے جو بہے جھاڑی۔
الاَغْيَن. مِنَ الشَّجَرِ وَالنَّبَاتِ: سرسبز اور لمبا۔ مؤنث غَيْنَاء ج غِيْن.
الغَيْهَم. تاریکی۔
غَيَّا تَغْيِيَةً وَاَغْيَا اِغْيَاءً. الغَايَة اى الرَايَة: جھنڈا گاڑنا۔ غَيَّا القَوْمُ: جھنڈا گاڑنا الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔
اَغْيَا السَّحَابُ. بادل کا ایک جگہ پر ٹھہر جانا۔ اَغْيَا الرَّجُلُ: شرافت یا معاملہ میں انتہا کو پہنچنا۔
الفَرَسُ فِي سِبَاقِهٖ. گھوڑے کا حد مقررہ پر پہنچنا۔
غَايَا مُغَايَاةً. القَوْمُ فِي رَاْسِهٖ بِالسُّيُوْفِ: کسی کے سر پر تلواروں کا بلند کرنا۔
تَغَايَت. الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ: پرندہ کا منڈلانا۔ کہا جاتا ہے "تَغَايَوْا عَلَيْهِ حَتّٰى قَتَلُوْهُ" یعنی ایک دوسرے کی اعانت کی یہاں تک کہ قتل کر دیا۔
الغَايَة. مدت۔ جھنڈا۔ نتیجہ۔ ج غَايَات. وغَايٌ اور نسبت کیلئے (غَالِيٌّ) اور کہا جاتا ہے "غَايَتُكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" یعنی تمہاری انتہائی طاقت ہے کہ تم ایسا کرو۔ وَالغَايَة: پھڑ پھڑانے والا پرندہ۔ چڑیوں کے پھنسانے

کی لے۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بَعِیْدُ الغَایۃِ" یعنی تمہاری رائے درست ہے۔
الغَایَۃُ. آفتاب کی شعاع کی روشنی کنوئیں کی گہرائی۔ ہر وہ چیز جو انسان پر سایہ انداز ہو۔ جیسے بادل۔ گرد و غبار ج غَیَایَات.
الغَیَّۃ. غوی کا مادہ دیکھئے۔
الغیردیا: چوڑے پھولوں والا مالٹا رنگ کے پتے والا پودا۔
المُغَیَّا. جس کیلئے غایت مقرر کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "الغَایَۃُ لَایَدْخلُ فِیْ المُغَیَّا" یعنی حد محدود میں داخل نہیں۔

ف : اَلْفَاءُ بیسواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ شفوی حروف (ہونٹ کے ہونٹ کے ساتھ ملنے کی وجہ سے ادا ہونے والے) سے ہے۔ بحساب جمل اس کا عدد (۸۰)

اَلْفَاءُ یہ حرف کئی معنوں میں مستعمل ہے۔

(۱) ترتیب جیسے قَامَ زَيْدٌ فَعَمْرٌو.

(۲) تعقیب جیسے حَبَسَ زَيْدًا فَقَتَلَهُ.

(۳) سببیت جیسے ضَرَبَ زَيْدًا فَمَاتَ.

(۴) رابطہ۔ جواب شرط میں جیسے اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَنِيْ فَاحْفَظُوْا وَصَايَايَ. شبہ جواب شرط میں جیسے اَلَّذِيْ يَاْتِيْنِيْ فَلَهُ دِرْهَمٌ.

(۵) ناصبہ مضارع کیلئے بتقدیر اَنْ جیسے زُرْنِيْ فَاُكْرِمَكَ.

(۶) استیناف کیلئے جیسے يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ.

(۷) زائدہ جیسے زَيْدٌ فَلَا تَضْرِبْهُ. خَرَجْتُ فَاِذَ الْاَسَدُ فِي الدَّارِ. وَلَمَّا قُمْتَ فَقُمْنَا.

اِفْتَاَتَ. بِرَاْيِهٖ: رائے میں منفرد ہونا۔ اکیلا ہونا عَلَى الْبَاطِلِ. گھڑ لینا۔

اُفْتِيْتَ. اچانک مرجانا۔

فَادَهُ (ف) فَادًا. دل پر مارنا۔ دل پر لگنا۔

فَادَ الخوف فُلَانًا: بزدل بنانا اللَّحْمَ فِي النَّارِ: گوشت بھونا الْخُبْزَ: روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا۔

فَئِدَ فَادًا وفُئِدَ (س) فَادًا. دل کی بیماری والا ہونا۔

اِفْتَادَ الرَّجُلُ. بھوننے کیلئے آگ جلانا۔

اللَّحم فِي النَّارِ. گوشت بھونا۔

تَفَاْدَتْ. النَّارُ. آگ کا جلنا۔

الفُؤَاد. دل۔ بسا اوقات عقل پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج اَفْئِدَةٌ.

الفَئِيْد. آگ۔ بھنا ہوا۔ بزدل۔

الْاُفْؤُوْد. بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔ بھوبھل میں روٹی رکھنے کی جگہ۔ ج اَفَائِيْد.

المُفْتَاد. آگ جلنے کی جگہ۔

المِفْاَد والمِفْاَد والمِفْاَدَة. آگ کریدنے کا لوہا یا لکڑی۔ سیخ۔ مَفَائِد ومَفَائِيْدُ.

المَفْؤُوْد. دل کی بیماری والا۔ بزدل۔ بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔ بھنا ہوا۔

فَارَ (ف) فَارًا. التُّرَابَ: مٹی کھودنا۔ الشَّيْءَ: دفن کرنا۔ چھپانا۔

فَئِرَ (س) فَارًا. المَكَانُ: بہت چوہے والا ہونا۔

الفَار. س۔ چوہا۔ ج فِئْرَانٌ وفِئَرَةٌ واحد (اَلْفَارَة) مذکر ومؤنث دونوں کیلئے۔

الفَارَة. مشک کا نافہ۔

مَكَانٌ (فَئِرٌ) وَاَرْضٌ (فَئِرَةٌ ومَفْاَرَةٌ) بہت چوہوں والا مکان۔ بہت چوہوں والی زمین۔

فَاَسَ (ف) فَاْسًا. الخَشَبَةَ: لکڑی کو کلہاڑی سے پھاڑنا الرَّجُلَ: کلہاڑی سے مارنا۔ سر کے پچھلے حصہ پر لگنا۔

الفَاْسُ. س۔ کلہاڑی۔ کبھی بغیر ہمزہ کے بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے (فَاسٌ) اور یہ مؤنث سماعی ہے ج اَفْؤُس و فُؤُوْس فَاْسُ الرَّاْسِ: سر کے پچھلے حصہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔ فَاْسُ الفَمِ: مُنہ کا وہ کنارا جس میں دانت ہیں۔ فَاْسُ اللِّجَامِ: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے مُنہ میں ہوتا ہے۔

فَاْفَا فَاْفَاَةً. الرَّجُلُ: حرف فا اکثر بولنا۔ صفت (فَاْفَاءٌ وفَاْفَا)

فَاقَ (ف) فُوَاقًا. ہچکی آنا۔

فَاَلَهُ تَفْئِيْلًا. بِالشَّيْءِ: فال لینا۔

تَفَاَّلَ وتَفَاءَلَ و اِفْتَاَلَ. بِهٖ: اچھا شگون لینا۔

الفَال. نیک شگون۔ جیسے مریض کسی کو یا سالم کہتے ہوئے سنے تو اس سے یہ سمجھے کہ صحت ہو جائے گی۔ کہا جاتا ہے "لَا فَالَ عَلَيْكَ" یعنی تیرے اوپر کوئی ضرر نہیں۔ ج فُؤُوْلٌ واَفْؤُلٌ.

فَاَمَ (ف) فَاْمًا. مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔

فَاَمَ وفَئِمَ فَاْمًا وتَفَاْمَ. البَعِيْرُ: گھاس سے پُمنہ بھرنا۔

فَاَمَ واَفْاَمَ. القَتَبَ: پالان کو وسیع کرنا۔

اَفْاَمَ الدَّلْوَ: ڈول بھرنا۔

الفِئَام. لوگوں کی جماعت اور اس لفظ سے واحد نہیں ج فُؤُمٌ کہا جاتا ہے قَطَّعُوْهُ (فُؤَمًا) یعنی ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔

فَاَى يَفْاَى فَاْوًا وفَاْيًا. رَاْسَ فُلَانٍ: کسی کے سر کو تلوار سے پھاڑ دینا۔

اَفْاَى. تنگ وادی میں پڑنا۔

تفأی. القَدْحُ: پیالہ کا پھٹنا۔
اِنفأی. کھلنا الشّئ: پھٹنا۔
الفأو. س۔ دو پہاڑوں کے درمیان شگاف۔ وادی میں تنگ جگہ۔ چکنی جگہ۔ ریت کا تودہ۔ رات۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ پہاڑوں کے درمیان عمدہ زمین۔
الفِئة. جماعت۔ گروہ ج فِئات و فِئُون.
فَتَّ (ن) فَتًّا وفَتَّتَ. الشّئَ: انگلیوں سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِیْ سَاعِدِہٖ" یعنی اس نے اس کو کمزور کر دیا۔ "فَتَّ فِیْ عُضُدِہٖ" یعنی اس کی قوت توڑ دی اور اس کے اعوان وانصار کو متفرق کر دیا۔
اِنفتَّ وتفتَّتَ. ٹوٹنا۔
الفَتُّ. س۔ پتھر میں پھٹن۔ کہا جاتا ہے "هُمْ اَهلُ بَیْتٍ فَتٌّ وفِتٌّ وفُتٌّ" یعنی وہ لوگ منتشر ہیں۔
الفَتَّة الفُتَّة. خشک مینگنیاں جو توڑی جائیں اور چقماق کے نیچے رکھ کر آگ روشن کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذا لَا یُسَاوِی فُتَّةً" یعنی یہ مینگنی کے برابر نہیں۔ کھجوروں کا ڈھیر۔
الفُتَات. چورا۔
الفَتِیْتَة. ریزہ ریزہ شدہ چیز کا ایک ٹکڑا ج فَتَائِتُ.
الفَتِیْت والفَتُوْت والمَفتُوْت. چورا کیا ہوا۔
فَتَأَ (ف) فَتْأً. النارَ: آگ بجھانا۔ فَتَأَہٗ عَنِ الاَمْرِ: کسی کام سے روک دینا۔
فَتِئَ (س) فَتْأً. عَنْهُ: رکنا۔ بھولنا۔ کہا جاتا ہے "مافَتَأَ (ف س) ومَافَتِئَ (س) یفعل ذٰلِكَ" یعنی ہمیشہ یہ کرتا رہا۔ اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور سوائے ماضی و مضارع کے دوسرے افعال کا استعمال نہیں۔
فَتَحَ (ف) فَتْحًا. البابَ: دروازہ کھولنا۔
القَنَاةَ: پانی بہنے کے لئے نالی نکالنا۔
البِلَادَ: ملک پر غالب ہونا۔ مالک ہونا۔ فتح کرنا الحَاکِمُ بَیْنَ النَّاسِ: حاکم کا فیصلہ کرنا اللّٰهُ عَلَیْهِ: سکھلا دینا۔ پہنچا دینا سِرَّہٗ عَلٰی فُلَانٍ: کسی پر بھید ظاہر کر دینا۔
فَتْحًا وفُتَاحَةً. اللّٰهُ عَلٰی فُلَانٍ: مدد کرنا۔
فَتَّحَ. بمعنی فتح تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔
تَفَتَّحَ. کھلنا فی الکَلَامِ. بِالمَالِ عَلٰی فُلَانٍ: اظہار کرنا اور فخر کرنا۔ تَضَتَّحَتْ الاَکْمَةُ عَنِ الشّئِ: کھل جانا۔ النَّوْرُ: کلیوں کا کھلنا۔ اِنفتَحَ کھلنا۔ اِنْفَتَحَ عَنِ الشّئِ: کھل جانا۔
فَاتَحَهٗ. فیصلہ کے لئے لے جانا۔ فَاتَحَهٗ بِالاَمْرِ: پہلے مخاطب کرنا۔ فَاتَحَ فُلَانًا: بھاؤ کرنا اور کچھ نہ دینا۔ فَاتَحَ البَیْعَ: بیع میں آسانی کرنا المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
تَفَاتَحَ. القَوْمُ کَلَامًا بَیْنَهُمْ: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔
اِفْتَتَحَ. البِلَادَ: ملک فتح کرنا (واستفتح) الاَبْوَابَ: دروازے کھولنا الاَمْرَ بِکَذَا: شروع کرنا۔ اِسْتَفْتَحَ الرَّجُلُ: مدد طلب کرنا۔
الفَاتِحُ. فا۔ ج فَتَحَةٌ وفَاتِحُوْنَ.
الفَتْحُ. س۔ مدد۔ روزی۔ دریاؤں کا جاری پانی۔ بہار کی پہلی بارش ج فُتُوْح. یَوْمُ الفَتْحِ: قیامت کا دن۔ الفَتْحُ: زبر۔
الاِفْتِتَاحِیَّةُ: اداریہ اخبار
الفُتُوْحَات. لڑائی سے جو ممالک فتح ہوں۔
الفَتْحَة. ایک مرتبہ کھولنا۔ زبر۔
الفَتَاحَة. س۔ مدد۔
الفِتَاحَةُ والفُتَاحَة. دو دشمنوں کے درمیان فیصلہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا فُتَاحَاتٌ" یعنی ان دو کے درمیان خصومتیں ہیں۔
الفُتُحُ. کھلا ہوا وسیع دروازہ۔ کھلی ہوئی وسیع شیئی۔
الفُتْحٰی. ہوا۔
الفُتْحَة. کشادگی۔ مال یا علم وادب پر ناز۔ ج فُتَح.
الفَاتِحَة. مِنَ الشّئِ: ابتدا اور اسی سے ہے فَاتِحَةُ الکِتَابِ ج فَوَاتِحُ۔
الفُتُوْحُ. بہار کی پہلی بارش ج فُتُح.
الفَتَاحُ والفِتَاحُ والفُتُوْحَة. حکومت۔
الفَتَّاحُ اسم مبالغہ۔ حاکم۔ قاضی۔
الاِسْتِفْتَاحُ. س۔ اور حرف استفتاح۔ نحویوں کے نزدیک الا ہے۔
المَفْتَحُ. خزانہ دفینہ۔ ج مَفَاتِیْح.
المِفْتَحُ. کنجی۔ ج مَفَاتِح. المَفْتَحُ: پانی کی نالی۔
المِفْتَاحُ. کنجی۔ ج مَفَاتِیْحُ.
فَتِخَ (س) فَتَخًا. ڈھیلے نرم و کمزور جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْتَخُ) فَتَخَ (ف) فَتْخًا وفَتَّخَ. اَصَابِعَهٗ: انگلیوں کو مروڑنا اور نرم کرنا۔
اَفْتَخَ. الرَّجُلُ: تھکنا اور سانس پھولنا۔
تَفَتَّخَ. چھلا پہننا۔
الفَتْخَة والفَتَخَة. چھلا۔ بغیر نگینے کے انگوٹھی۔ نگینہ والی انگوٹھی کو خاتم کہتے ہیں۔
ج فَتَخ (فَتَخَات وفُتُوْخ وفِتَاخ. فُتُوْخُ الاَسَدِ) شیر کے پنجے۔
الاَفْتَخُ. نرم کمزور ڈھیلے جوڑوں والا۔ مؤنث فَتْخَاءُ ج فتخ. اَسَدٌ اَفْتَخُ: چوڑے ہاتھ پاؤں والا شیر۔ رَجُلٌ اَفْتَخُ الطَّرَفِ: کمزور نگاہ والا مرد۔
الفَتَخ والفَتَخَة. گٹے سے باز تک کا باطنی حصہ۔
فَتَرَ (ن ض) فُتُوْرًا وفُتَارًا وتَفَتَّرَ. تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا المَاءُ: حرارت کم ہونا عَنِ العَمَلِ: کوتاہی کرنا۔
فَتَرًا وفُتُوْرًا جِسْمُهٗ: کمزور نرم جوڑوں والا ہونا۔
فَتْرَةً وفُتُوْرًا. الحَرُّ: کم ہونا۔
فَتَرَہٗ (ن ض) فَتْرًا. انگوٹھا اور انگشت شہادت کے درمیان ناپنا۔
فَتَّرَ. تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا۔ السَّحَابُ: ٹھہرنا اور آمادۂ بارش ہونا۔ فَتَّرَہٗ: سکون و نرمی پر برانگیختہ کرنا۔ فَتَّ

الماء: گرم پانی کی حرارت کو کم کرنا۔
اَفْتَر. کمزور پلکوں والا ہونا الشَرَابُ: شراب کا مست کر دینا ہٗ الداءُ او السُکر: بیماری یا نشہ کا کسی کو ضعیف و کمزور کر دینا۔
اِسْتَفْتَرَ. الفَرَسُ: سواری چھوڑ دیے جانے کی وجہ سے تھکن دور ہو کر آرام پانا۔
اَلْغَاتُوْرَةُ: سامان خرید و فروخت کا تفصیلی بل جس میں قیمت سامان اور حساب لکھا ہوتا ہے۔
الفتر. کمزوری۔ فتور۔
الفِتْر. انگشت شہادت اور انگوٹھا کے درمیان کھلی ہوئی حالت میں۔
الفتر. آٹا چھاننے کیلئے کھجور کی چٹائی۔
الفَتْرَة. سستی و کمزوری۔ صلح۔ بخار کے دو باری کے درمیان کا زمانہ۔ دو نبیوں کے درمیان کا زمانہ۔ ج فَتَرات۔
والفِتَر. ایک قسم کی مچھلی جس کے پکڑنے سے کپکپی پیدا ہوتی ہے۔
الفُتَار. س. بیہوشی کی ابتدا (مَاءٌ. فَاتُوْرٌ) نیم گرم پانی۔
فَتْرَصَهٗ فَتْرَصَة. کاٹنا۔
فَتَشَ (ض) فَتْشًا وفَتَّشَ. الشَّیَ: ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ فتش و فتش عنه: سوال کرنا اور بحث کرنا۔
اَلْمُفَتِّشُ: تفتیشی (انکوائری) افسر۔
اَلْفَتُوْشُ: وہ کھانا جو روٹی کے ٹکڑوں، پیاز، اجمور اور کھیر وغیرہ سے تیار کر کے اس پر کھٹائی لگائی جاتی ہے۔
اَلْفِتِّیْشُ زاکٹ
الفَتَّاش. بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔
فَتَغَ (ف) فَتْغًا الشَّیَ: روند کر ریزہ ریزہ کرنا۔
تَفَتَّغ. ریزہ ریزہ ہونا۔
فَتفَتَ اِلَیْهِ فَتْفَتَةً چپکے چپکے بات کہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا هٰذِهِ الفتفَتَةُ و الدَنْدَنَةُ"
الفَتَافِت. پوشیدہ اقوال۔
فَتَقَ (ن ض) فَتْقًا وفَتَّقَ. الشَّیَ: پھاڑنا الثَوْبَ: کپڑے کی سیون توڑنا۔ اُدھیڑنا
المِسْكَ: مشک کی خوشبو نکالنا۔
العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ڈالنا۔
بَیْنَ القَوْمِ: اختلاف پیدا کرانا۔
الکَلَامَ: واضح کہنا۔
فَتِقَ (س) فَتَقًا. المکان: سرسبز ہونا۔
اَفْتَقَ. القَوْمُ: کھلے بادل پر جانا۔ قَرْنُ الشَمْسِ: آفتاب کا بادلوں میں ظاہر ہونا۔
السَحَابُ: بادل کا کھل جانا الرَجُلُ. مختلف مصائب و آفات والا ہونا۔
تَفَتَّقَ وانْفَتَقَ. پھٹنا وانْفَتَقَتِ المَاشِیَةُ: مویشی کا موٹا ہونا۔ تَفَتَّقَ فُلَانٌ بِالکَلَامِ: زبان کا رواں ہونا۔
الفَتْقُ. س. کشادہ جگہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فُلَانٌ اِلَی فَتْقٍ" فلاں ایسے مقام کی طرف نکلا جہاں بارش نہیں اور اردگرد میں بارش ہے ج فُتُوْق. کہا جاتا ہے "عَامُ ذُو فُتُوْق" کم بارش کا سال۔ سرسبزی۔ قحط سالی۔ زندگی میں اللہ الفتق والفتق. صبح۔
الفِتَاق. خمیر کا بڑا پیڑا۔ آفتاب۔ آفتاب کی شعاع۔ درخت خرما کی سفید جڑ۔ دوائیوں کا مرکب۔
الفُتُوْق. آفات جیسے مرض بھوک فقیری تھوڑی بارش۔
الفَتِیْق. موٹائی سے پھٹ پڑنے والا۔
الصُبْحُ الفَتِیْق: چمکنے والی صبح۔ رَجُلٌ فَتِیْقُ اللسَان تیز زبان مرد۔
اِمْرَاَةٌ (فُتُقٌ و مُتَفَتِّقَةٌ) تیز زبان۔ جلد جواب دینے والی عورت۔
المَفْتُوْق. مع فتق کی بیماری والا۔
الفَیْتَق. دربان۔ بڑھئی۔ لوہار۔ بادشاہ۔
مَفْتَقُ. القَمِیْصِ: قمیص کا گریبان۔
الفَتْقَاء. کشادہ شرمگاہ والی عورت۔
فَتَكَ (ن ض) فَتْكًا وفِتْكًا وفُتْكًا و فُتُوْكًا. الرَجُلُ: دلیر ہونا۔ بہادر ہونا۔ نڈر ہونا۔
بِفُلَان: غفلت میں پکڑنا یا قتل کرنا۔
فِي الاَمْرِ: کسی کام میں اصرار کرنا۔ مبالغہ کرنا۔
فَتُكَ (ن ض) فُتُوْكًا. فِي صَنَاعَةِ: اپنے پیشہ میں ماہر ہونا فِي الخُبْثِ: خیانت میں مبالغہ کرنا۔
فَتَّكَ. القُطْنَ: روئی دھننا۔
اَفْتَكَ. الرَجُلُ: بمعنی فَتَكَ
فَاتَكَهٗ مُفَاتَكَةً. کھلم کھلا قتل کرنا فاتَكَ الشَّیَ و الاَمْرَ: کسی کام کو سختی سے کرنا ہ: ہنر مندی سے مقابلہ کرنا۔ مانگی ہوئی قیمت دینا۔
تَفَتَّكَ. بِاَمْرِهِ: خودرائی سے کام کرنا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔
الفَاتِك. فا۔ دلیر۔ بہادر۔ ج فُتَّاك کہا جاتا ہے "هُو فَاتِكُ القَلْبِ" یعنی وہ کر گزرنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَفْتَكَهُ" یعنی کس قدر جھگڑالو ہے۔
فَتَلَ (ض) فَتْلًا و فَتَّلَ. الحَبْلَ: رسّی بٹنا۔ کہا جاتا ہے "فَتَلَ وَجْهَهُ عَنْهُمْ" یعنی ان سے اپنے چہرے کو پھیر لیا "و فَتَلَ ذُؤَابَةَ فُلَان" یعنی اس کو رائے سے ہٹا دیا۔ فَتَلَ البُلْبُلَ: چہچہانا۔ اور مثال ہے "مَا زَالَ یَفْتِلُ مِنْ فُلَانٍ فِي الذِرْوَةِ والغَارِب" یعنی وہ فلاں کے فریب دہی کیلئے چکر لگاتا ہے۔
فَتِلَ (س) فَتَلًا. بعید پہلوؤں والا ہونا۔ صفت (افتل) مؤنث (فَتْلَاء)۔
تَفَتَّلَ و انْفَتَلَ. رسّی وغیرہ کا بٹ جانا۔
الفَتْلَةُ. فتل کا اسم مرۃ۔ ہاتھ کے پٹھے کی سختی۔ بیری اور ببول کے دانہ رکھنے کا برتن۔ ج فَتْلٌ
الفَتْلَة. درخت عُرْفُط اور عضاہ کا دانہ ج فتل. کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَی عَنْكَ فَتْلَةً او. فَتَلَةً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دوں گا۔
الفَتِیْل. بٹا ہوا۔ مؤنث فَتِیْلَةٌ: کھجور کی گٹھلی کے شگاف کی باریک بتی (و الفَتِیْلَه) بدن کے میل کی بتی جو بدن کے ملنے سے بنتی ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَی عَنْكَ فَتِیْلًا" یعنی میں تم

کو کچھ بھی فائدہ نہیں دے سکتا۔ الفَتِیْلَة: بتی۔ ج فَتَائِل و فَتِیْلَات.

الفَتَّال. بہت بٹنے والا بلبل۔

المِفتَل. بٹنے کا آلہ۔

المَفْتُوْل. ع مفتول الخلق: مضبوط اور گٹھا ہوا جسم والا۔

فَتَنَه (ض) فَتْنًا وفُتُوْنًا وفَتَنَه وافْتَنَهٗ. تعجب میں ڈالنا۔ مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ فتنہ میں ڈالنا۔ فَتَنَ الرَّجُلُ: فتنہ میں پڑنا۔ (لازم ومتعدی) صفت (فَاتِن) ج فُتَّان.

فَتَنَ (ض) فُتُوْنًا وفُتِنَ. اِلَی النِّسَاءِ: عورتوں سے بدکاری کا ارادہ کرنا۔

فَتَنَ (ض) فِتْنَةً ومَفْتُوْنًا فُلَانًا: گمراہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔

فَتْنًا. الشَّیْءَ: جلانا فُلَانًا عَنْ رَأْیِهٖ: روک دینا۔ پھیر دینا۔

فَتَنَهٗ. الصَّائِغُ الذَّهَبَ: سنار کا سونے کو پگھلا کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا۔

فُتِنَ وافْتُتِنَ. مصیبت زدہ ہو کر مال یا عقل جاتی رہنا فِیْ دِیْنِهٖ: اعراض کرنا۔

اِفْتَتَنَ. فتنہ میں پڑنا۔ افْتَتَنَهٗ: فتنہ میں ڈالنا۔

تَفَتَّنَه. فتنہ میں ڈالنے کیلئے تکلف کرنا۔

الفَاتِن. فا۔ چور؛ شیطان؛ حق سے گمراہ کرنے والا۔

الفَتْنُ. س۔ حال۔ قسم اور اسی سے ہے "العُمْرُ فَتْنَان"، یعنی عمر کی دو قسمیں ہیں۔ اچھی اور بری۔

الفِتْنَة. س۔ آزمائش۔ گمراہی و کفر رسوائی۔ رنج۔ دیوانگی۔ عبرت۔ عذاب۔ مرض۔ مال و اولاد۔ اختلاف آراء و وقوع جنگ و جدال ج فِتَن.

الفَتَّان. بہت فتنہ انگیز۔ چور۔ شیطان۔ سنار۔ الفَتَّانَان: چاندی و سونا۔

الفَتَّانَة. مؤنث۔ فَتَّان. کسوٹی۔

الفَتِیْن. پتھریلی زمین کہ جس کے پتھر جلے ہوئے جیسے ہوں ج فُتُن. ذَهَبٌ فَتِیْنٌ: جلا ہوا سونا۔

الفَیْتَن. بڑھئی۔

المَفْتُوْن. س۔ ع۔ دیوانہ۔ پاگل۔

فَتَا یَفْتُوْ فَتْوًا الرَّجُلَ: سخاوت وجوانمردی میں غالب ہونا۔

فَتِيَ (س) فَتًى وتَفَتّٰی تَفَتِّیًا. جوان ہونا۔

فُتِّيَ تَفْتِیَةً وتَفَتّٰی تَفَتِّیًا. فُتِّیَت البنت و تفتت: پردہ نشین کرنا۔ لڑکوں کے ساتھ کھیلنے سے روکنا۔ تَفَتَّی الرَّجُلُ: صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمرد بننا۔ کہا جاتا ہے "اَبْرُوْ مِنْ شَیْخٍ یَتَفَتّٰی."

اَفْتٰی اِفْتَاءً. فُلَانًا فِی الْمَسْأَلَةِ: فتویٰ دینا۔

فَاتٰی. الرَّجُلَ: جوانمردی میں غالب ہونا۔ فتویٰ پوچھنا۔

تَفَاتٰی. صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمردی ظاہر کرنا۔ تَفَاتَوْا اِلَی العَالِمِ: فتویٰ دریافت کرنے کے لئے جانا۔

اِسْتَفْتٰی استفتاءً. العَالِمَ فِیْ مسالة: فتویٰ طلب کرنا۔

الفَتَاءُ والفُتُوَّة. جوانی۔ الفُتُوَّة: سخاوت کرم۔ مروت۔

الفُتْوٰی والفَتْوٰی والفُتْیَا. شرعی مسائل میں ماہر شریعت کا فیصلہ ج الفَتَاوِی والفَتَاوٰی.

الفَتٰی. نوجوان۔ سخی۔ غلام۔ اس کا تثنیہ فَتَوَان و فَتَیَان اور ج فِتْیَان وفِتْیَة وفِتْوَة وفُتُوٌّ وفُتِیٌّ وفِتِیٌّ.

الفَتَیَان. دن رات۔

الفَتَاة. نوجوان عورت۔ باندی۔ ج فتیات وفَتَوَات.

الفَتِیُّ. ہر ایک جوان سال ج فِتَاءٌ واَفْتَاء مؤنث فَتِیَّة.

اَلْفِتْیَة: سفید پھول کی ایک قسم۔

المُفْتِی. فا ماہر علم فقہ جو مسائل کا جواب دے۔

فَتَّ (ن) فَتًّا. القُفَّةَ: ٹوکری سے بکھیر دینا۔ الحَارَّ بِالبَارِدِ: ٹھنڈا کر دینا۔ جوش کم کر دینا۔

اِنْفَتَّ. العُوْدُ: لکڑی کا ٹوٹنا الرَّجُلُ شکستہ دل ہونا۔

ثَمْرٌ (فَتٌّ) متفرق کھجور۔

المَفَتَّة. زیادتی کثرت۔

فَثَأَ (ف) فَثْأً وفُثُوْءًا. القِدْرَ: ہانڈی کا جوش ٹھنڈا کرنا الغَضَبَ: غصہ کی تیزی کم کرنا الشَّیْءَ عَنْهُ: روکنا۔

اَفْثَأَ. تھکنا؛ سست ہونا بالمَكَانِ: اقامت کرنا (وانْفَثَأَ) الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا۔

فَثَجَ (ن) فَثْجًا. الشَّیْءَ: کم کرنا المَاءَ الحَارَّ بِالبَارِدِ گرمی کم کرنا (و فَثَجَ واَفْثَجَ واُفْثِجَ) بوجھل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحْرٌ لَا یُفْثَجُ"، فلان بحر ناپیدا کنار ہے۔

الفَاثِج. فا۔ حاملہ اونٹنی ج فَوَاثِج.

الفَاثُوْر. سنگ رخام کی میز۔ آفتاب کی ٹکیہ۔ فرش۔ بڑا پیالہ۔ شرفا کا برتن۔ جاسوس۔

فَثَغَ (ف) فَثْغًا. رَاسَهٗ: پھوڑنا۔

فَجَّ (ن) فَجًّا. القَوْسَ: کمان کو کھینچنا۔ ما بین رجلیه: کشادہ و بعید کرنا۔ فَجَّتِ النَّاقَةُ لِلْحَلْبِ: اونٹنی کا دوہنے میں ٹانگیں پھیلانا۔

فَجَّ (س) فَجَجًا. چلنے میں ٹانگوں کے درمیان کشادہ ہونا۔ صفت (اَفَجّ) مؤنث (فَجَّاء) ج فُجّ.

اَفَجَّ. مَابَیْنَ رِجْلَیْهِ: کشادہ اور بعید کرنا۔ صفت (مُفِجّ) فِی المَشْیِ. جلدی چلنا۔ درہ میں چلنا اَفَجَّ الاَرْضَ بِالمِحْرَاثِ: ہل چلانا۔

تَفَاجَّ. ٹانگیں پھیلا کر چلنا۔

اِنْفَجَّتِ. القَوْسُ: کمان کا کھنچ جانا۔

اِفْتَجَّ. الرَّجُلُ: درے میں چلنا۔

الفَجّ. درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔ ج فِجَاج.

الفُجَاج. درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔

الفِجُّ والفَجَاجَة. مِنَ الفَوَاكِهِ وغَیْرِهَا:

کچا میوہ وغیرہ۔
الفُجَّة. دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ يَمْشِيْ (مُفَاجًّا) یعنی فلاں ٹانگیں پھیلائے ہوئے چلتا ہے۔
الافْجِيْج. کشادہ وادی۔ تنگ وگہرا۔
الفُجْج. کاہل و سُست لوگ۔ ایسے لوگ جن کی صحبت کو ناپسند کیا جائے۔
فَجَأ (ف) وفَجِئَ (س) فَجأً وفَجْأةً وفَجَائَةً وفَاجأ مُفَاجَاةً وافْتَجأ افْتِجَاءً. الرَّجُلَ: اچانک آجانا۔ جلدی کرنا۔
الفُجَائَة. س۔ اچانک۔
حَرْف (المُفَاجَاة) لفظ اذا ہے جیسے خَرَجْتُ فَإذَا الاَسَدُ بِالبَابِ اور اس کو الفُجَائِيَه بھی کہا جاتا ہے۔
فَجَرَ (ن) فَجْرًا. المَاءَ: پانی بہانا۔ جاری کرنا القَنَاةَ: نالی نکالنا۔
اللّٰهُ الفَجْرَ: فجر طلوع کرنا فُلَانًا: جھٹلانا۔ نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔
فَجَرَ (ن) فُجُوْرًا. عَنِ الحَقِّ: تجاوز کرنا۔
عَنْ سَرْجِه: زین سے ایک طرف کو جھک جانا۔
فَجَرَ (ن) فَجْرًا وفُجُوْرًا. جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ گناہ کرنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا اَمْرُهُمْ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔
مِنْ مَرْضِه. صحیح و تندرست ہونا۔
فَجِرَ (س) فَجْرًا. فیاضی کرنا۔
فَجَّرَ. المَاءَ: پانی بہانا جاری کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ الرَّجُلَ: بدکاری کی طرف نسبت کرنا۔
فَاجَرَ فِجَارًا ومُفَاجَرَةً. المَرْأةَ: زنا کرنا۔
اَفْجَرَ. جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ کفر کرنا۔ حق سے تجاوز کرنا۔ فجر میں داخل ہونا۔ مال کثیر لانا اليَنْبُوْعَ: چشمہ جاری کرنا۔
فُلَانًا: فاجر پانا۔
اِنْفَجَرَ. عَلَيْهِمُ العَدُوُّ: دشمنوں کی طرف سے بکثرت آجانا۔
و تَفَجَّرَ. المَاءُ: پانی کا جاری ہونا۔
الصبحُ: صبح کا روشن ہونا بالعطاء فیاضی کرنا۔ اِنْفَجَرَ عَنْهُ اللَّيْلُ: رات کا ختم ہونا۔
اِفْتَجَرَ. فِيْ الكَلَامِ: گھڑنا۔ بناوٹی بات کہنا۔
تَفَاجَرَ. القَوْمُ: گناہوں میں منہمک ہونا۔
الفَجْرُ. بخشش۔ عطیہ۔ بھلائی۔ مال و کثرتِ مال۔ الفَجْر. س۔ صبح کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ فَجْرٌ" یعنی کھلا ہوا صاف راستہ۔
الفَجْرَةُ. □ فجر کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فَجْرَةَ" وہ جھوٹ پر سوار ہوا یعنی جھوٹی بات بنائی اور یہ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
الفُجْرَة. مِنَ الوَادِي: وادی کا وسیع حصہ جس میں پانی بہہ رہا ہو۔ ج فُجَر.
الفُجْرَة والمَفْجَرَة والمُنْفَجَر: پانی بہنے کی جگہ۔ مُنْفَجَر الرمل: ریگستان میں راستہ۔
فَجَارِ. الفجور کا اسم ہے اور معرفہ ہے جیسے "فَحَمَلْتُ بَرَّةَ واحْتَمَلْتَ فَجَارِ" اور عورت کیلئے بھی فَجارِ بمعنی فاجرہ آتا ہے اور صرف ندا ہی کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔
الفِجَار. کشادہ راستے جو دو پہاڑوں کے درمیان ہوں۔
الفَاجِر. فا۔ زانی۔ گناہوں کا تابعدار۔ جادوگر ج فَاجِرُوْن وفَجَرَة وفُجَّار.
الفَاجِرَة. مؤنث فاجر۔ کہا جاتا ہے "يَمِيْنٌ فَاجِرَةٌ" یعنی جھوٹی قسم۔
الفَجُوْر. زانیہ۔ زانی۔ گناہوں میں منہمک ج فُجُر.
الفَاجُوْر. زناکار۔ گناہوں میں منہمک۔
فَجَزَ (ن) فَجْزًا. تکبر کرنا۔
فَجَسَ (س) فَجْسًا. تکبر کرنا۔ شرارت کرنا فُلَانًا: غالب آنا۔
اَفْجَسَ. باطل پر فخر کرنا۔
تَفَجَّسَ. عَلَيْهِ: تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا۔
فَجَشَ (ن) فَجْشًا. سر توڑنا۔ چوڑا بنانا۔
فَجَعَهُ (ف) فَجْعًا وفَجَعَةً. دردمند کرنا۔ مصیبت زدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "فَجِعَ فِيْ مَالِه وبِمَالِه" اس کو مال کی وجہ سے مصیبت لاحق ہوئی۔
اَفْجَعَتْهُ المُصِيْبَةُ: مصیبت زدہ کرنا۔
تَفَجَّعَ. دردمند ہونا۔ صلہ اس کا لام ہے۔
الفَاجِع. فا۔ بڑا غم جو انسان کو لاحق ہو۔ جدائی کا کوا۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأةٌ فَاجِعٌ" دردمند عورت۔ رَجُلٌ (فَاجِعٌ و مُتَفَجِّعٌ) دردمند مصیبت زدہ مرد۔ حسرت و افسوس کرنے والا مرد۔
مَوْتٌ فَاجِعٌ وفَجُوْعٌ. مصیبت لانے والی موت۔
الفَاجِعَة. مصیبت ج فَوَاجِع.
الفَجِيْعَة. مصیبت ج فَجَائِع
فَجَلَ (ن) فَجْلًا وفَجِلَ (س) فَجَلًا. الشَّيُّ: ڈھیلا اور موٹا ہونا۔
فَجَّلَ. الشَّيَّ: چوڑا کرنا۔
اِفْتَجَلَ. الاَمْرَ: ایجاد کرنا۔
الفَاجِل. فا۔ جواری۔
الفُجْلُ والفِجْلُ. مولی۔ واحد فُجْلَة.
الفَجَّال. مولی بیچنے والا۔
الاَفْجَل. وہ شخص جس کے دونوں قدموں کے درمیان دوری ہو۔
فَجِمَ (س) فَجَمًا. موٹے جبڑے والا ہونا۔ صفت (اَفْجَم)
تَفَجَّمَ وانْفَجَمَ. الوَادِي: وادی کا کشادہ ہونا۔ فَجْمَةُ. الوَادِي وفُجْمَتُهُ: وادی کی کشادہ جگہ۔
اَفْجَنَ. سداب کھانے کی مداومت کرنا۔
الفَيْجَن. سداب (ایک قسم کی گھاس)
فَجَا يَفْجُو فَجْوًا. البَابَ: دروازہ کھولنا القَوْسَ: کمان کھینچنا۔
فَجِيَ يَفْجَى فَجًا. پنڈلیوں یا پیروں کے درمیان دوری کرنا۔ صفت (اَفْجَى) مؤنث فجواء فجيت القوسُ: کمان کا کھنچا ہوا ہونا النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا۔

تفاجی کشادہ جگہ ہونا۔
انفجی۔ الباب: دروازہ کھلنا۔ القوم عن فلان علیحدہ ہونا۔ ہٹ جانا۔ القوس کمان کھنچ جانا۔
الفجوۃ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ مکان کا میدان۔ صحن۔ کشادہ جگہ ج فجوات وفجاء۔
الفجواء مؤنث افجی کشادہ زمین۔
فجی یفجی فجی بمعنی فجی الوادی۔
فجّی تفجیۃ۔ الشئ: ظاہر کرنا۔ ننگا کرنا۔ الشئ عنہ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
افجی افجاء۔ الرجل: بال بچوں پر خرچ میں وسعت کرنا۔
فحّ (ن ض) فحا وفحیحا وتفحاحا النائم: سونے والے کا خراٹے لینا الافعی: سانپ کا پھنکارنا۔
فحۃ۔ الفلفل: مرچ کی تیزی۔
الفحح پھنکارنے والے سانپ۔
الفحیح مص۔ فحیح الافعی سانپ کے منہ کی آواز۔
فحج (ف) فحجا تکبر کرنا۔
فحج (س) فحجا وفحجۃ وفحج فی مشیتہ قدم کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دور کرنا۔ صفت (افحج) فحج رجلیہ ٹانگوں کو پھیلانا۔
افحج۔ عن الامر رکنا۔ ہٹ جانا۔
تفحّج۔ الرجل ٹانگوں کو پھیلانا۔
انفحجت۔ ساقاہ کشادہ و بعید ہونا۔
فحس (ف) فحسا۔ الشئ من الماء وغیرہ: ہاتھ میں لے کر زبان سے چاٹنا۔ جوں کو ہاتھ سے ملنا۔
تفحّس۔ فی مشیتہ ناز سے چلنا۔
فحش (ک) فحشا وفحاشۃ الامر: برا ہونا۔ فحشت المرأۃ: قبیح ہونا اور بوڑھی ہونا۔
فحش بہ: طعن و تشنیع کرنا۔
افحش و تفاحش: بری بات کہنا۔ بری بات کرنا۔
افحش الرجل بخل کرنا۔
تفاحش الامر قباحت میں زیادہ ہونا۔
تفحّش۔ علیہم بلسانہ بدکلامی کرنا۔ گالی سنانا۔
الفاحش۔ قبیح۔ بدخلق۔ بہت بخیل۔ ہر وہ چیز جو حد سے بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے غبن فاحش جبکہ اتنا زیادہ نقصان ہو جائے جو عادتاً برداشت نہ کیا جا سکتا ہو۔ رجل فاحش یعنی قول یا جواب میں حد سے گزرنے والا مؤنث فاحشۃ۔
الفاحشۃ زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ ج فواحش۔
الفحشاء زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ۔
الفحّاش۔ فاحش کا اسم مبالغہ مؤنث فحّاشۃ۔
الفحش مص۔ قبیح قول یا فعل۔
المتفحّش۔ بدزبان بے حیا۔
فحص (ف) فحصا۔ عنہ تفتیش کرنا۔ کھود کرید کرنا المطر التراب: بارش کا مٹی کو الٹ پلٹ دینا التراب کھودنا برجلہ پاؤں سے کھودنا۔ الظبی ہرن کا تیز دوڑنا للخبزۃ: روٹی کے لیے آگ میں جگہ بنانا۔
فاحصہ فحاصا ومفاحصۃ۔ ایک دوسرے کے عیوب اور بھیدوں کی تلاش و جستجو کرنا۔
فحّصہ وافحصہ۔ عنہ دور کرنا۔
تفحّص وافتحص۔ عنہ کھود کرید کرنا۔
الفحص مص امتحان۔ ہر رہنے کی جگہ۔ ج فحوص۔
الفحصۃ۔ مص کا اسم مرۃ۔ چاہ زنخدان۔
الفحیص۔ ساتھی کے عیب اور بھید کی ٹوہ میں رہنے والا۔
الفحّاص۔ بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔
المفحص۔ گڑھا جو سنگ خوار نے انڈے دینے کیلئے بنایا ہو ج مفاحص۔ کہا جاتا ہے لیس لہ مفحص قطاۃ۔
الافحوص بمعنی مفحص ج افاحیص۔
فحض (ف) فحضا توڑنا۔ اکثر اس کا استعمال تر چیز کیلئے آتا ہے جیسے ککڑی وغیرہ۔
فحفح خراٹے لینا۔ آواز پڑ جانا۔
الفحفاح وہ شخص جس کی آواز بڑھ گئی ہو۔ بہت بولنے والا۔ مؤنث فحفاحۃ۔
ارض (فیحق) کشادہ زمین۔
فحل (ف) فحلا وافتحل۔ ابلہ فحلا کریما: عمدہ سانڈ جفتی کیلئے ڈھونڈنا۔
تفحّل سانڈ کے مشابہ ہونا الشجر: درخت کا بے پھل ہونا۔
استفحل۔ الامر بڑا ہونا۔ استفحلت النخلۃ: درخت خرما کا نر کھجور جیسا ہونا۔
الفحل سانڈ۔ نر ہر حیوان کا ج فحول وافحل وفحال وفحالۃ وفحولۃ فحول الشعراء: فضیلت رکھنے والے شعراء۔ ہجو کرنے میں غالب ہونے والے شعراء۔
الفحل والفحّال۔ نر کھجور ج فحاحیل۔
الفحلۃ من النساء: تیز زبان عورت۔ ایسے اخلاق والی جو جنس عورت کے لائق نہ ہو۔
الفحلۃ والفحولۃ والفحالۃ مردانگی۔
الفحیل۔ بمعنی فحل۔ صاحب مردمی۔ فحل فحیل: شریف۔
فحم (ف) فحما جواب سے ساکت ہونا۔
فحمت (ن) فحوما البئر: پانی ٹھہر جانا۔
فحم (س) و فحم فحما وفحاما و فحوما وافحم۔ الصبی بچے کا روتے روتے آواز بند ہونا۔
فحم (ک) فحوما و فحومۃ کالا ہونا۔
فحّم۔ الشئ کالا کرنا۔
افحمہ۔ دلیل دے کر خاموش کر دینا۔ کہا جاتا ہے "ھاجاہ فافحمہ" و "وجدہ مفحما" یعنی اس کی ہجو کی اور خاموش کر دیا یا خاموش پایا یعنی وہ شعر کہنے پر قادر نہیں تھا
افحم الرجل: عشاء کے وقت کی تاریکی میں

داخل ہونا اَلْهَمَ الشاعِرَ: غم نے شعر کہنے سے منع کر دیا۔
الفَحْم و الفَحَم والفَحِيْم. کوئلہ۔
الفَحْمَة. کوئلے کا ٹکڑا۔ فحمة الليل: سخت تاریکی ج فِحَام و فُحُوْم.
الفُحُوْمَة. سیاہی۔
الفَحَّام. کوئلہ بیچنے والا۔ ج فَحَّامَة.
الفَحُوْم. جواب نہ دے سکنے والا۔
الفَاحِم. فا. مَاءٌ فَاحِمٌ: ٹھہرا ہوا پانی۔
الفَاحِم والفَحِيْم. کالا۔
المُفْحِم. فا۔ جواب مُفْحِم: خاموش کر دینے والا جواب۔
المُفْحَم. مف لاجواب۔ شعر نہ کہہ سکنے والا۔
المَفْحَمَة. کوئلہ کی جگہ۔
فَحَا يَفْحُوْ فَحْوًا و فَحْى. بِكَلَامِهِ إِلَى كَذَا: اپنے کلام سے کسی مضمون کی طرف اشارہ کرنا۔
الفَحَا والفِحَى: مسالہ یا خشک مسالہ ج أَفْحَاء.
الفَحْوَى والفَحْوَاء والفُحْوَاء. مِنَ الكَلَامِ: مضمون کلام ج فَحَاوٍ.
فَحَّتْ (ض) فَحًّا وفَحَّةً وفَحْحًا رِجْلَاهُ: ٹانگوں کا کمزور ہونا۔ صفت (أَفَحُّ) مؤنث فَحَّاء ج فُحّ.
فَحَّ (ن) فَحًّا وفَحِيْحًا افْتَحَّ. النَّائِمُ: خراٹے لینا۔ فحت الافعى: سانپ کا پھنکارنا۔
الرَّائِحَة: خوشبو کا بھڑکنا۔
الفَخّ. جال۔ ج فِخَاخ وفُخُوْخ کہا جاتا ہے "وَثَبَ فُلَانٌ مِنْ فَخِّ الشَّيْطَانِ" یعنی توبہ کر لیا۔
الفَخَّة. خراٹے لینے والے کی نیند۔ گندی عورت۔
فَخَتَ (ف) فَخْتًا. السَّقْفَ: چھت میں سوراخ کرنا رَأْسَهُ بِالسَّيْفِ: سر پر تلوار مارنا الشَّيْءَ: کاٹنا الإِنَاءَ: برتن کھولنا۔ فَخَتَ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔
فَخَّتَتِ. الفَاخِتَةُ: فاختہ کا کوکو کرنا۔
تَفَخَّتَ. فاختہ کی چال چلنا۔ تعجب کرنا۔
اِنْفَخَتَ. السَّقْفُ: چھت کا سوراخ دار ہونا۔
الفُخْت. س. چال۔ چھت میں گول سوراخ چاند کی روشنی یا اس کا سایہ۔
الفَاخِتَة. فاختہ ج فَوَاخِت
فَخَجَ (ن) فَخْجًا. الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ فُلَانًا و بِهِ: ڈینگ مارنا اور بڑائی ظاہر کرنا۔
فَخِجَ (س) فَخَجًا. جدا جدا رانوں والا ہونا۔ صفت (أَفْخَج)
فَخَذَهُ (ف) فَخْذًا. ران پر مارنا۔ ران کو توڑنا۔ فُخِذَ: اس کی ران توڑ گئی۔
فَخَّذَ. قَوْمَهُ: قبیلے قبیلے کو پکارنا۔ بَيْنَهُمْ: جدا جدا کرنا القَوْمَ عَنْ فُلَانٍ: مدد نہ دینا فُلَانًا: قبیلہ سے بھگا دینا۔
تَفَخَّذَ. معاملہ سے ہٹ جانا۔ تَفَخَّذَهُ: کسی کی ران پر ران رکھنا۔
اِسْتَفْخَذَ. جھک جانا۔ مطیع ہو جانا۔
الفَخْذ والفِخْذ والفَخِذ. ران کلمہ مؤنث ہے ج أَفْخَاذ.
الفَخْذ. قبیلہ ج أَفْخَاذ. یہ کلمہ مذکر ہے۔
فَخَرَ (ف) فَخْرًا وفَخَرًا و فَخَارًا وفَخَارَةً وفِخِّيرَى وفِخِّيْرَاءُ وافْتَخَرَ. فخر کرنا۔ فَخَرَهُ: فخر کرنے میں غالب ہونا۔
فَخَرَهُ (ف) وفَخَرَهُ وأَفْخَرَهُ. عَلَى فُلَانٍ فخر کرنے میں فضیلت دینا۔
فَخِرَ مِنْهُ (س) فَخَرًا وتَفَخَّرَ. ننگ سمجھنا۔ ناک چڑھانا۔ تکبر کرنا۔
فَاخَرَهُ فِخَارًا ومُفَاخَرَةً. فخر کرنے میں غالب ہونا۔
تَفَاخَرَ. القَوْمُ: بعض کا بعض پر فخر کرنا۔ ہر ایک کا دوسرے کے مفاخر پر فخر کرنا۔
اِسْتَفْخَرَ. الشَّيْءَ: قابل فخر سمجھنا۔ قابل فخر بنانا۔
الفَخْر والفَخَر. س. فضیلت۔ بڑائی۔
الفَخْرَة. فخر۔
الفَاخِر. ہر چیز میں کا عمدہ۔
الفِخِّيْر والفِخِّيْرَة. بہت فخر کرنے والا تا مبالغہ کے لیے ہے۔
الفَخُوْر والفَخِيْر. فخر کرنے والا الفَخِيْر: فخر کرنے میں مغلوب۔
الفَخَّار. ٹھیکری۔ پکی ہوئی مٹی۔ واحد (فَخَّارَة)
الفَخَّارِي. ٹھیکری بیچنے والا کمہار۔
الفَاخُوْر. ایک قسم کا پھول ج فَيَاخِيْر
المَفْخَرَة والمَفْخُرَة. افعال حمیدہ۔ وہ چیز جس پر فخر کیا جائے۔ ج مَفَاخِر.
فَخَزَ (ف) وفَخِزَ (س) فَخْزًا وفَخَزًا وتَفَخَّزَ. تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا۔
الفَخْز. س. فضیلت۔
فَخَشَ (ف) فَخْشًا. الأَمْرَ: ضائع کرنا۔
فَخْفَخَ فَخْفَخَةً. الرَّجُلُ: لغو و باطل کرنا۔
الفَخْفَخَة. س. کاغذ یا نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ۔
تَفَخَّلَ. حلم و وقار ظاہر کرنا۔ عمدہ کپڑے پہننا۔
فَخُمَ (ک) فَخَامَةً. موٹا ہونا۔ عظیم المرتبہ ہونا۔
فَخَّمَهُ. تعظیم کرنا۔ فَخَّمَ الحُرُوْفَ فِي اللَّفْظِ: حروف کو پڑھنا۔
الفَخْم. عظیم المرتبہ مِنَ المَنْطِقِ: درست بات۔
الفُخْمِيَّة. بڑائی۔ برتری۔ الأَفْخَم. اعظم۔ بڑے مرتبہ والا۔
فَدَّ (ض) فَدِيْدًا. الرَّجُلُ: آواز بلند کرنا۔ دوڑنا الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا۔ فدت الابل: اونٹ کا زمین کو کھروں سے روندنا۔
فَدَّدَ. خرید و فروخت میں چلانا۔ تکبر و غرور سے چلنا۔
الفَدَّاد. متکبر۔ بہت چلانے والا۔ بہت روندنے والا۔ سینکڑوں سے ہزار تک اونٹوں کا مالک ج فَدَّادُوْن. الفَدَّادُوْن چرواہے۔

اُونٹ والے۔ گائے بیل والے کاشتکار اور ان کے علاوہ جن کی آواز کھیتی باڑی اور مویشی میں بلند ہوتی ہو۔

الفَدَّادَة. مؤنث۔ فَدَّاد. مینڈک، بزدل۔

فَدَحه (ف) فَدْحًا. الاَمْرُ او الحمل او الدَّيْنُ: کسی معاملہ کا یا حمل کا یا قرض کا گراں بار بنا دینا۔

اَفْدَح واسْتَفْدَح: الاَمْرَ: بوجھل پانا۔

الفادِح. مشکل جو بوجھل کرنے والا ہو۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِه اَمْرٌ فَادِحٌ ورَكِبَ دَيْنٌ فَادِحٌ"، اس پر امر گراں بار آ پڑا۔ اس پر قرض گراں بار ہو گیا۔

الفادِحَة. مصیبت ج فَوادِح.

فَوادِحُ الدَّهْرِ: مصائبِ زمانہ۔

فَدَخ (ف) فَدْخًا. الشَّيْئَ: توڑنا۔

العُوْدَ: تازہ لکڑی توڑنا۔

فَدَر (ض) فَدْرًا وفُدُوْرًا. اللحْمُ المَطْبُوْخُ: پکے ہوئے گوشت کا ٹھنڈا ہونا۔

فَدَّر. الحِجارَةَ: چھوٹے بڑے پتھر توڑنا۔

تَفَدَّر. الحَجَرُ: پتھر کا ٹوٹنا۔

الفَدْر. پہاڑی بکرا۔ ج فُدُوْر.

الفُدُور. پہاڑی بکرا ج فُدُر.

الفَدِر. بیوقوف۔ جلدی ٹوٹنے والی لکڑی۔

الفِدْرَة. پکے ہوئے گوشت کا سرد ٹکڑا۔ پہاڑ کا ایک حصہ۔ رات کا ایک ٹکڑا۔ ج فِدَرٌ.

الفَدَرَة. قوم سے علیحدہ رہنے والا۔ تنہا چلنے والا۔

الفَدَرُ. چاندی۔ موٹا لڑکا۔

الفادِر. پکا ہوا ٹھنڈا گوشت۔ پہاڑی بکرا۔ علیحدہ رہنے والی اُونٹنی ج فُدْر وفَوادِر وفُدُور.

الفادِرَة. مؤنث فادر۔ پہاڑ کی چوٹی پر بڑی چٹان۔

المَفْدَرَة. بہت سے پہاڑی بکروں کی جگہ۔

اَفْدَس. الرَّجُلُ: کسی کے گھر یا دروازہ پر مکڑیوں کا ہونا۔

الفُدْس. مکڑی۔ ج فِدَسَة.

الفَيْدَس. مٹکا۔ بڑا گھڑا۔

فَدَش (ن) فَدْشًا. رَاسَهُ. سر پھوڑنا۔

فَدَشه (ض) فَدْشًا. دفع کرنا۔

الفَدْش. مادہ مکڑی۔

فَدِعَ (س) فَدَعًا. ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْدَع) مؤنث (فَدْعَاء) ج فُدْع.

فَدَعَه (ف) فَدْعًا. کچلنا یا تھوڑا اکھاڑنا۔

فَدَّعَه. ٹیڑھے جوڑوں والا کر دینا۔

الفَدَع. ہاتھ یا پیر کے جوڑ میں کجی، جوڑوں کی کجی۔

الفَدَعَة. جوڑوں کی کجی کی جگہ۔

فَدَغه (ف) فَدْغًا. توڑنا۔

اِنْفَدَغ. ٹوٹنا۔ الشَّيُ اليَابِسُ: نرم ہونا۔

المِفْدَغ. توڑنے کا آلہ ج مَفادِغ.

فَدْفَدَ فَدْفَدَةً. آواز بلند کرنا۔ بھاگتے ہوئے دوڑنا۔

الفَدْفَدُ. سخت آواز والا۔ بلند آواز والا۔ بہت زیادہ روندنے والا۔ الفِدْفِدُ. جما ہوا دودھ۔

فَدَّكَ. القُطْنَ: روئی دھننا۔ فَدَّكَهُ القُطْنَ: روئی دھنوانا۔

فَدَمَ (ض) فَدْمًا. الاِبْرِيْقَ وعَلَى الاِبْرِيْقِ: چھاگل پر سر بند لگانا۔

فَدُمَ (ک) فُدُوْمَةً وفَدَامَةً. بیوقوف ہونا۔

فَدَّمَ واَفْدَمَ. فَمَ الآنِيَةِ: برتن پر سرپوش رکھنا۔

الفَدْم. کلام میں عاجز۔ بیوقوف۔ کم سمجھ۔ گاڑھے خون والا۔ ج فِدَام. گہرے سرخ رنگ والا مؤنث فَدْمَة.

الفِدَام والفَدَّام. چھوٹی سی چھلنی یا کپڑا جو لوٹے وغیرہ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ جو کچھ اس میں ہے صاف ہو جائے ج فُدُم.

الفَدَّام والفَدَّامَة والفَدُّوْم. بمعنی الفِدَام.

الفِدَام والفِدَامَة. چھینکا جو اُونٹ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ کاٹ نہ سکے یا کھا نہ سکے۔

المُفْدَمات. قبضے والے لوٹے۔ مٹکے۔

فَدَّنَ. الاِبلَ: اُونٹ کو موٹا کرنا۔ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو سرخ رنگنا۔

الفَدَن. سرخ رنگ۔ بلند عمارت ج اَفْدَان.

الفَدَان والفَدَّان. بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جتے ہوئے ہوں۔ ج فُدُن واَفْدِنَة وفَدَادِيْن. الفَدَان: کھیتی۔ و فِي المَسَاحَةِ: چار سو مربع زمین۔

الفَادِن. فِي اِصْطِلاحِ البنائيين سَاهِل: ج فَوَادِن.

الفَدَوْكَس. شیر۔ مضبوط مرد۔

فَدَى يَفْدِي فَدًى وفِدًى وفِدَاءً الرَّجُلَ مِنَ الاَسْرِ ونَحْوِهِ: مال وغیرہ دے کر چھڑانا۔ صفت فاعلی (فَادٍ) اور صفت مفعولی (مَفْدِيٌّ) کہتے ہیں "فَدَتِ المَرْأَةُ نَفْسَهَا مِنْ زَوْجِهَا" یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کر لیا۔

فَدَّى وفَدَّى تَفْدِيَةً. فلانا بنفسہ اپنے متعلق کہنا کہ میں تمہارے اوپر فدا کیا جاؤں۔

فَادَى فِدَاءً ومُفَادَاةً. الرَّجُلَ: چھوڑ دینا اور فدیہ لے لینا۔ چھڑانا۔

اَفْدَى اِفْدَاءً. فُلانًا الاَسِيْرَ: کسی سے قیدی کا فدیہ قبول کرنا الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔

تَفَادَى تَفَادِيًا القَوْمُ: ایک دوسرے پر فدا ہونا۔ بعض کا بعض کے ذریعے سے بچنا۔ الرَّجُلُ مِنْ كَذَا: پرہیز کرنا اور یکسو ہونا۔

اِنْفَدَى اِنْفِدَاءً. فدیہ دیا جانا۔

اِفْتَدَى. بِهِ: فدیہ دینا مِنْهُ بِكَذَا: پرہیز کرنا۔ کہتے ہیں افتدت المراة نفسها من زوجها یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کر لیا۔

الفَادِي: عیسائی عقیدہ کے مطابق حضرت عیسٰی علیہ السلام کا لقب یعنی بقول ان کے اپنی جان کریم دے کر انسانی جرائم کا فدیہ بنے۔

الفِدَائِي: خطرناک مقامات ومہمات پر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والا۔

المُفَادَاة. گرفتار قیدی کے بدلے قیدی کا تبادلہ کرنا۔

الفَدَاء. جسم۔ موٹاپا۔ ڈھیر۔ انبار جو گیہوں یا کھجور وغیرہ رکھنے کا برتن۔ تاجر کے سامان و غلے وغیرہ کی جگہ۔ ج اَفْدِیَة.

الفِدَاء والفَدَی والفِدَی. س۔ مال جو چھڑانے کے لیے دیا جائے کہا جاتا ہے "فِدًی لَكَ اَبِی وفِدَاكَ اَبِی" یعنی میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں اور اس جملہ سے دُعا اور اظہارِ محبت اور تعریف و توصیف کا ارادہ کرتے ہیں اور کبھی فعل محذوف ہوتا ہے اور صرف حرف با کو باقی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں "بِاَبِیْ التِلْمِیْذُ المُجْتَهِدُ" یعنی میں اس پر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔

الفِدْیَة. مال جو چھڑانے کیلئے دیا جائے ج فِدًی و فِدْیَات.

فَدَّ(ن) فَدًّا. سختی سے دھتکارنا۔

اَفَدَّت. الشَاةُ: ایک بچہ جننا۔ صفت (مُفِدٌّ و مُفِدَّةٌ) اور اگر یہی عادت ہو جائے تو اس کو (مِفْذَاذ) کہتے ہیں۔

تَفَذَّذَ واسْتَفَذَّ. بالاَمْرِ: خودرائی کرنا۔

الفَذُّ. س۔ اکیلا۔ جوئے کے تیروں سے پہلا تیر ج اَفْذَاذ وفُذُوْذ. و کَلِمَة (فَذَّة وفَاذَّة) کلمہ شاذہ۔

الاَفَذُّ. بے پر کا تیر۔ کہا جاتا ہے "اَکَلْنَا فَذَاذَی وفُذَاذَی وفَذَاذًا وفُذَاذًا" یعنی ہم نے جدا جدا ہو کر کھایا۔

فَذْ فَذْ فَذْ فَذَّةً. اچانک کودنے کے لیے سمٹنا۔

فَذْلَكَ فَذْلَكَةً. الحسابَ: فارغ ہونا۔

الفَذْلَكَة. س۔ میزانکل یا مفصل کا خلاصہ۔ حساب کا ہو یا کسی اور چیز کا (مولد)

فَرَّ(ض) فَرًّا وفِرَارًا ومَفَرًّا ومَفِرًّا. بھاگنا۔ پویہ دوڑنا۔

فَرَّ(ن) فَرًّا وفِرَارًا وفِرَارًا وفُرَارًا. الدَّابَّةَ: جانور کی عمر معلوم کرنے کیلئے دانتوں کو دیکھنا اِلَی الشَّیْئِ: جانا عَنِ الاَمْرِ: کھود کرید کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُرَّ الاَمْرُ جَذَعًا" معاملہ اپنی پہلی حالت پر لوٹ آیا۔
فَارَرْتُه. میں نے اُس کے حال کی اور اُس نے میرے حال کی تحقیق کی۔

اَفَرَّ اِفْرَارًا. رَاسَه بالسیف: تلوار سے سر پھاڑ دینا۔ اَفَرَّت الخَیْلُ او الاِبِلُ: اونٹ یا گھوڑے کا دودھ کے دانت گرنا۔ اَفَرَّه: بھگانا۔

تَفَارَّ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بھاگنا۔

تَفَرَّر. بالشَّیْئِ: ہنسنا۔

اِفْتَرَّ. البَرْقُ: بجلی کا چمکنا آہستہ آہستہ ہنسنا الشَّیْئَ: سونگھنا۔

الفَرُّ. س۔ بھاگنے والا۔ (واحد جمع مذکر و مؤنث) الفر: جمع ہے (فار) کی جیسے رَکْبٌ. جمع (راکب) کی۔ کہا جاتا ہے (هو فَرُّ قَوْمِهِ وفُرَّتُهُم) وہ اپنی قوم کا بہترین آدمی ہے۔

الفَرَّة والاَفَرُّ والاَفَرَّة. اختلاط۔ شدت مِنَ الحَرِّ و نَحْوِهِ: گرمی کی شدت اور اس کی ابتداء۔

الفِرَّة. مسکراہٹ۔

الاَفَرُّ. خوبصورت طریقہ سے ہنسنے اور مسکرانے والا۔

الفَرَّار والفَرُوْر والفُرَرَة والفَرُوْرَة. تیز بھاگنے والا۔ الفَرَّار. پارہ۔

الفَرُوْر والفَرِیْر والفُرَار. بھیڑ اور بکری کا بچہ۔ الفَرِیْر. مُنہ۔

المَفَرُّ. بھاگنے کی جگہ۔

المِفَرُّ. مِنَ الخَیْلِ: تیز گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو بھاگنے کے کام میں آئے۔

اَلْفَرْبِیُوْن. ایک کثیر پیدائش پودا جس کے پتوں سے زہریلا دودھ نکلتا ہے اور آنکھوں کے لئے اگر لگ جائے تو خطرناک ہوتا ہے۔

الفَرَأ والفَرَاء. جنگلی گدھا ج افراء وفراء اور عرب کا قول "کُلُّ الصَّیْدِ فِیْ جَوْفِ الفَرَا" بغیر ہمزہ کے مثل ہے۔ وہ شخص کہتا ہے جس کی بہت سی حاجتیں ہوں اور ان میں سے بڑی حاجت پوری ہو جائے اور اس مقصد کیلئے بھی بولا جاتا ہے کہ وہ باقی حاجتوں کے فوت ہونے کی پروا نہیں کرتا۔

اَمْرٌ (فَرِیٌّ) گھڑا ہوا۔ بڑا۔

فَرَتَ(ن) فَرْتًا. بدکار ہونا۔

فَرُتَ(ک) فُرُوْتَةً. الماءُ: پانی کا خوشگوار ہونا۔ میٹھا ہونا۔

فَرِتَ(س) فَرْتًا. ضعیف العقل ہونا۔

الفُرَات. ایک بڑا دریا ہے جو بحر فارس میں گرتا ہے۔ بہت میٹھا پانی۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ فُرَاتٌ ومِیَاهٌ فُرَاتٌ" الفرات: سمندر۔

الفُرَاتَان. فرات و دجلہ۔

فَرْتَكَ فَرْتَكَةً. چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا الشَّیْئُ: ریزہ ریزہ ہونا العَمَلَ: فاسد کرنا۔ بگاڑنا۔

اَلْفُرْنِیکَة. کھانے کے لئے ایک کانٹا۔

فَرْتَنَ فَرْتَنَةً. چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔

فَرْتَنَی: امت. القرنونة: سمندر کا جوش۔

الفَرْتَنَی. بجو کا بچہ۔ زانیہ۔

فَرَثَت(ن) فَرْثًا وانْفَرَثَت. الحُبْلَی: حاملہ عورت کا جی متلانا۔

فَرَثَ(ض) فَرْثًا. کَبِدَه: جگر پر مارنا۔

فَرِثَ(س) فَرَثًا. شکم سیر ہونا۔ القَوْمُ: متفرق ہونا۔

اَفْرَثَ وفَرَّثَ. الکَرْشَ: اوجھ کو چیر کر گوبر نکالنا الحُبُّ کَبِدَه: محبت کا جگر کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَفَرَّثَ. القَوْمُ: متفرق ہونا تَفَرَّثَتِ الحُبْلَی: حاملہ عورت کا جی متلانا۔

الفَرْث. گوبر جب تک اوجھ میں رہے ج فُرُوْث.

الفُرَاثَة. اوجھ کا گوبر۔

فَرْثَدَ فَرْثَدَةً. وجهه: چہرہ پر گوشت ہونا۔

فَرَجَ(ض) فَرْجًا وفَرَّجَ. الشَّیْئَ: کھولنا۔ کشادہ کرنا۔ الله الغَمَّ عَنْهُ: غم کو دُور کرنا۔ زائل کرنا۔

اَفْرَجَ. الغُبَارُ: غبار کا دُور ہونا۔ چھٹ جانا۔ القَوْمُ عَنِ المَکَانِ: علیحدہ ہو جانا۔ ہٹ

جانا۔ اَفْرَجَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا بچوں والی ہونا۔ صفت (مُفْرِجٌ)

تَفَرَّجَ۔ الغَمُّ: غم کا دُور ہونا۔

اِنْفَرَجَ۔ کھلنا الغَمُّ: غم کا دُور ہونا۔ مَا بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: کشادہ ہونا الرَّجُلُ مِنْ ضِيْقَةٍ: تنگی سے نجات پانا۔ رہائی پانا۔

الفَرْجُ۔ س۔ دو چیزوں کے درمیان خلل سرحد مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کا پھٹن۔ مِنَ الْإِنْسَانِ: شرمگاہ اور قُبل و دُبر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج فُرُوْج فَرْجُ الوَادِي: وادی کا بطن۔ فرج الطريق: راستہ کا درمیانی حصہ۔

الفَرَجُ والفُرُجُ تانت سے علیحدہ کمان۔ والفِرْجُ والفُرْجَةُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: بھید نہ چھپانے والا مرد۔

الفَرَجُ۔ کشادگی۔

الفُرْجَةُ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ ج فُرَجٌ۔

الفُرْجَةُ والفِرْجَةُ والفَرْجَةُ۔ سختی اور غم سے نجات۔

الفَرُّوْجُ۔ بچے کی قمیص۔ قبا جس میں پیچھے پھاڑ آگیا ہو۔ ج فَرَاوِيْجُ۔

والفَرُّوْجُ۔ مرغی کے چوزے ج فَرَاوِيْجُ واحد الفَرُّوْجَةُ۔

التِفْرِجَةُ۔ اُنگلیوں یا دو کھمبوں کے درمیان کا فاصلہ ج تَفَارِجُ والتِفْرَاجَةُ: کمزور بزدل ج تَفَارِيْجُ۔

الفَرِيْجُ۔ ظاہر کھلا ہوا۔ قَوْسٌ فَرِيْجٌ: تانت سے علیحدہ کمان۔

المُفْرَجُ۔ مقتول جو جنگل میں ہے اور اس کا قاتل معلوم نہ ہو۔ وہ شخص جس کے مال اولاد اور کنبہ نہ ہو۔

المُفَرَّجُ۔ کنگھی۔ وہ شخص جس کی کہنی بغل سے دُور ہو۔

الفِرْجَارُ۔ پرکار۔ کہا جاتا ہے خَطٌّ (فِرْجَارِيٌّ) یعنی گول دائرہ۔

الفِرْجَوْنُ۔ کھریرا۔

اِفْرَنْجَمَ اِفْرِنْجَامًا۔ گوشت کا اوپر سے جل جانا اور نہ بھننا۔

فَرِحَ (س) فَرَحًا۔ بِالشَّيْءِ: خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَارِحٌ وفَرِحٌ)

فَرَّحَهُ۔ خوش کرنا۔

اَفْرَحَهُ۔ خوش کرنا اَفْرَحَهُ الدين: بوجھل کرنا۔ غمگین کرنا۔ تم کہتے ہو "اَفْرَحَتْنِي الدُّنْيَا ثُمَّ اَفْرَحَتْنِي" یعنی دُنیا نے مجھ کو خوش کیا پھر غمگین بنا دیا۔ ہمزہ سب کے لیے ہے۔

الفَرْحُ۔ خوشی۔

الفَرْحَةُ والفُرْحَةُ۔ خوشی: خوشخبری۔ سنانے والے کا انعام عوام کے نزدیک اس انعام کو حُلْوَان اور بِشَارَةٌ کہتے ہیں۔

الفَرْحَانُ۔ خوشی والا۔ مؤنث فَرْحَى وفَرْحَانَةٌ ج فَرْحَى وفَرَاحَى۔

الفُرُوْحُ۔ خوشی والا۔ ج فُرُحٌ۔

المُفْرَحُ۔ ث۔ فقیر محتاج۔ گمنام نسب والا۔

المِفْرَاحُ۔ بہت زیادہ خوش (مذکر ومؤنث)

المَفْرُوْحُ۔ مسرور۔ جس پر خوشی کی جائے۔

فَرِخَ (س) فَرَخًا۔ اِلَى الْأَرْضِ: چمٹنا۔ الرَّجُلُ: گھبراہٹ دُور ہونا۔

فَرَّخَ۔ القَوْمُ: کمزور ہونا۔ گھبرانا فَرَّخَتِ الطَّائِرَةُ: پرندہ کا بچوں والا ہونا۔ صفت (مُفَرِّخٌ)۔ البَيْضَةُ: انڈے کا بچہ سے جدا ہونا۔

فَرَّخَ الشَّجَرُ: درخت کا پھوٹنا۔ الْأَمْرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہو جانا۔ الرَّوْعُ: خوف دُور ہونا۔

اَفْرَخَ۔ الرَّوْعُ: خوف دُور ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرِخْ رَوْعَكَ" یعنی اپنی گھبراہٹ کو دُور کرو اور دِل کو مطمئن کرو۔ اَفْرَخَتِ البَيْضَةُ والطَّائِرَةُ: بمعنی فرخت۔ اَفْرَخَ الْأَمْرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرَخَ القَوْمُ بَيْضَتَهُمْ" یعنی قوم نے اپنا بھید ظاہر کر دیا۔

اِسْتَفْرَخَ۔ الحمام: کبوتر کو بچے نکالنے کے لئے لینا الحمامُ: کبوتری کا بچہ والی ہونا۔

الفَرْخُ۔ پرندہ کا بچہ۔ چھوٹا پودہ یا حیوان مِنَ الشَّجَرِ: درخت کی جڑ میں جو پودے نکل آئیں۔ ج فِرَاخٌ واَفْرَاخٌ واَفْرُخٌ واَفْرِخَةٌ وفِرْخَانٌ وفُرُوْخٌ۔ الفَرْخُ: کمزور ذلیل دھتکارا ہوا آدمی۔ فَرْخُ الرَّأْسِ: دماغ۔

الفَرْخَةُ۔ پرندہ کا مادہ بچہ۔ ج فِرَاخٌ: نیزے کی چوڑی ناک۔

المُفْرَخُ۔ بچے نکالنے کی جگہ۔ ج مَفَارِخُ۔

فَرَدَ (ن) وفَرِدَ (س) وفَرُدَ (ک) فُرُوْدًا وانْفَرَدَ۔ اکیلا ہونا بِالْأَمْرِ: تنہا کام کرنا۔ فَرَدَ عَنِ الشَّيْءِ: علیحدہ ہونا۔

فَرَّدَ۔ لوگوں سے جدا ہونا۔ فقیہ ہونا۔

فَرَّدَ بِرَأْيِهِ: رائے میں اکیلا ہونا۔

اَفْرَدَ۔ الشَّيْءَ: جدا کرنا اِلَيْهِ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا بِالْأَمْرِ: تنہا کام کرنا۔ اَفْرَدَتِ الْأُنْثَى: ایک بچہ جننا۔ صفت (مُفْرِدٌ)

تَفَرَّدَ وانْفَرَدَ واسْتَفْرَدَ۔ بِالْأَمْرِ: بغیر نظیر کے تنہا ہونا۔ تنہا کام کرنا۔ واسْتَفْرَدَهُ: اکیلا پانا۔ ساتھیوں میں سے نکال لینا۔ اِنْفَرَدَ بِهِ: یکتا کو لینا جس کا کوئی ثانی اور مثیل نہ ہو۔

الفَارِدُ۔ فا۔ (الفَارِدُ والفَرَدُ) بیل۔

الفَارِدَةُ۔ مؤنث فَارِدٌ۔ بکری جو گھر میں اکیلی رکھی جائے۔ نَاقَةٌ فَارِدَةٌ: چراگاہ میں تنہا چرنے والی اُونٹنی ج فَوَارِدُ۔

الفَرْدُ۔ ایک طاق۔ ج فِرَادٌ۔ بے مثال ج اَفْرَادٌ وفُرَادَى۔ داڑھی کی ایک جانب۔ ایک تلوے کی جوتی ج اَفْرَادٌ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ فَرْدٌ" یہ منفرد چیز ہے۔

اَفْرَادُ النُّجُوْمِ وفُرُوْدُهَا۔ الگ الگ طلوع ہونے والے ستارے۔ اَفْرَادُ النَّاسِ بڑے لوگ۔

الفَرَدُ والفَرِدُ۔ ایک۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا سَيْفٌ فَرَدٌ وفَرِدٌ" یہ بے مثال تلوار ہے۔ "وشَيْءٌ فَرَدٌ وفَرِدٌ وفَرْدٌ وفُرُدٌ" یعنی یہ منفرد چیز ہے۔

الفَرْدَةُ۔ فرد کا مؤنث ج فَرْدَاتٌ واَفْرَادٌ وفِرَدٌ۔

الفَرْدَانُ۔ ایک۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ فَرْدَانٌ"

یعنی منفرد ہے اور مؤنث فَرْدَی. کہا جاتا ہے
لَقِیْتُہ [illegible] یعنی ہمارے ساتھ کوئی نہیں
تھا۔
الفُرْدُ تنہا جانے والا۔ کہا جاتا ہے جَاءُ وْا
(فُرَادَ وفُرَ [illegible] فُرَادًا وفُرَادَی)
یعنی اکیلے اکیلے آئے۔ واحد (فَرْدٌ وفَرِدٌ
وفَرِیْدٌ وفَرِدٌ)
الفَرِیْد. ایک یکتا۔ چھوٹا موتی جو سونے اور
بڑے موتیوں کے بیچ میں ہو۔ موتی۔ نفیس
جوہر ج فَرائِد
الفَرِیْدَة. مؤنث [illegible] نفیس جوہر۔
ریڑھ کی ہڈی کا وہ مہرہ جو دُم کی ہڈی سے ملا ہوا
ہے ج فَرائِد کہا جاتا ہے "اتی بالفرائد"
یعنی ایسے الفاظ جو فصاحت و بلاغت اور عربی
الاصل ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔
الفَرَّاد. موتیوں کا بیچنے والا۔
المُفْرَد. س۔ واحد اور اس کے مقابلہ میں جمع
ہے۔ جنگلی بیل۔
المُفَرَّد. مِنَ الذَّھَبِ: موتی لگا کر جدا کیا
ہوا۔
المُفْرِد. فا۔ کہا جاتا ہے "رَاکِبٌ مُفْرِدٌ"
سوار جس کے پاس اپنے اُونٹ یا گھوڑے کے
سوا نہ ہو۔
فَرْدَسَہٗ فَرْدَسَةً. پچھاڑ دینا۔ زمین پر پٹک
دینا۔
الفِرْدَوْس. باغ۔ جنت۔ سرسبز وادی (مذکر
ومؤنث) ج فَرَادِیْس. فِرْدَوْسُ النَّعِیْم:
ایک جنت کا نام ہے۔
الفَرْدَسَة. س۔ گنجائش۔
المُفَرْدَس. فا۔ کشادہ سینہ والا۔ صَدْرٌ
(مُفَرْدَس) کشادہ سینہ۔
کَرْمٌ مُفَرْدَسٌ اُلٹی لگی ہوئی انگور کی بیل۔
فَرَزَ (ض) فَرْزًا وافْرَزَ. الشَّیْءَ مِنْ
غَیْرِہٖ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا وافْرَزَ الصَّیْدُ
الصَّائِدَ: شکار کا شکاری کو فریب سے مارنے کا
موقعہ دینا۔ افرز فُلَانًا بِشَیْءٍ: خاص کرنا اور
کسی کو شریک نہ کرنا۔

فَرَّزَ تَفْرِزَةً. عَلَی بِرَأْیِہٖ: قطعی حکم لگانا۔
فَارَزَ. شَرِیکَہٗ: الگ کرنا۔
اِفْتَرَزَ. الْاَمْرَ: اپنے لوگوں کے مشورہ کے
بغیر فیصلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَرَزَ اَمْرَہٗ
دُوْنَ اَھْلِ بَیْتِہٖ" اس نے اپنے معاملہ میں
اپنے گھر والوں سے مشورہ کئے بغیر فیصلہ کر لیا۔
تَفَارَزَ. الشَّرِیْکَانِ الشِّرْکَةَ: شرکت کو
فسخ کرنا۔
الفَرْز. س۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی دو
ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔
الفَرْزَة. سخت زمین میں شگاف۔
الفَرِز. ٹیلہ کا راستہ۔ ساتھی کیلئے علیحدہ کیا ہوا
حصہ۔ ج اَفْرَاز وفُرُوْز.
الفُرْزَة. جدا کی ہوئی چیز کا ایک حصہ۔
الفُرْزَة. باری۔ فرصت۔ ٹیلہ کا راستہ۔
الفَارِز. فا۔ کَلَامٌ فَارِزٌ صاحب واضح
کلام۔ لِسَانٌ فَارِزٌ: فیصلہ کن زبان۔
الاِفْرِیْز. مِنَ الحَائِطِ: کارنس ج اَفَارِیْز
(دخیل)
الفَرَزْدَق. روٹی جو تنور میں گر پڑے۔ روٹی
کے ٹکڑے۔ گوندھے ہوئے آٹے کے
پیڑے۔ واحد (فَرَزْدَقَة) اور اس کی تصغیر
فُرَیْزِق یا فُرَیْزِد ج فَرَازِق اور قیاس کے
لحاظ سے فَرَازِدُ الفَرَزْدَق: لقب ایک مشہور
شاعر کا۔
تَفَرْزَعَ. الکَلَأُ: گھٹا گھٹا ہونا۔
الفُرْزُع. بنولہ۔
الفُرْزُعَة. فُرْزُع کا واحد۔ گھاس کا گٹھا ج
فَرَازِع.
فَرْزَلَہٗ فَرْزَلَةً. قید کرنا۔
الفِرْزِل. قید۔ ہتھکڑی لگانا۔ لوہا کاٹنے کی
قینچی۔
الفِرْزُل. موٹا آدمی۔
تَفَرْزَنَ. البَیْذَقُ: شطرنج میں پیادہ کا ملکہ بننا۔
الفِرْزَان. شطرنج کی ملکہ ج فرازین
(دخیل)
فَرَسَ (ض) فَرْسًا وافْتَرَسَ. الاَسَدُ

فَرِیْسَتَہٗ: گردن توڑ دینا۔ شکار کرنا۔ فَرَسَ
الذَّبِیْحَةَ رگ گلو کاٹ دینا۔ گردن جدا کرنا
الشَّیْءَ جدا جدا کرنا۔
فَرَسَ (ض) فِرَاسَةً. بِالعَیْنِ: ظاہر نظر
سے باطن کو معلوم کرنا۔
فَرُسَ (ک) فَرَاسَةً و فُرُوْسَةً و
فُرُوْسِیَّةً شہسواری میں ماہر ہونا۔
فَرَّسَہٗ. الشَّیْءَ: پھاڑنے کیلئے پیش کرنا۔
اَفْرَسَ. عَنْ بَقِیَّتِہٖ مَالٍ: مال لینا اور کچھ باقی
چھوڑ دینا الرَّاعِیَ: گلے کی حفاظت سے غافل
ہونا فُلَانٌ الاَسَدَ حِمَارَہٗ: اپنی نجات کیلئے
گدھے کو پھاڑنے کیلئے شیر کے سامنے کر دینا۔
تَفَرَّسَ. فِیْہِ: نظر جما کر دیکھنا۔ فِیْہِ الخَیْرَ:
کسی کے اندر علامت سے خیر پہچاننا الرَّجُلُ:
بتکلف شہسوار ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ
لَیْسَ بِفَارِسٍ و لٰکِنَّہٗ یَتَفَرَّسُ فلاں
شہسوار نہیں ہے لیکن وہ شہسوار بنتا ہے۔
الفُرْس وفَارِس. مملکت فارس کے
باشندے ان کے ملک کو (فارس) اور ان کی
زبان کو (الفارِسِیَّة) کہتے ہیں۔
الفَارِسِیُّ. فارس کی طرف نسبت۔ فُرْسٌ
کا واحد۔
الفِرْس. ایک قسم کی گھاس۔
الفَرَس. گھوڑا۔ گھوڑی۔ مذکر کو حصان اور
مؤنث کو حجرٌ کہتے ہیں اور بسا اوقات مؤنث
کے لیے (فرسة) بھی استعمال کرتے ہیں اور
فَرَسٌ کی جمع غیر لفظ سے خیل آتی ہے اور اسی
سے اَفْرَاس ہے۔ تین گھوڑوں کیلئے ثَلَاثَةُ
اَفْرَاسٍ اور تین گھوڑیوں کیلئے ثَلَاثُ اَفْرَاسٍ
کہیں گے اور جمع کثرت فُرُوْسٌ آتی ہے۔ اور
عرب کا قول "ھُمَا کَفَرَسَیْ رِھَانٍ" مثل
ہے ان دو شخصوں کیلئے جو کسی ایک مقصد کی
طرف مسابقت کریں اور کوشش اور فضل میں
برابر ہوں۔ فَرَسُ البَحْرِ: ایک دریائی جانور
ہے جو بڑے جسم اور بڑے سر کا ہوتا ہے اور اس
کی ٹانگیں اور دُم چھوٹی ہوتی ہے اور اُس کی ہر
ٹانگ میں چار کھر ہوتے ہیں اور اس کو فَرَسُ

النَّھرِ اور جَامُوسُ الْبَحْرِ بھی کہتے ہیں۔

الفُرَیْسَة. تصغیر فَرَس کی مؤنث کیلئے۔

الفُرَیْس. تصغیر فَرَس کی مذکر کیلئے۔

الفَرْسَة. فَرَس کا اسم مرة (والفِرْسَة) پھوڑا جو گردن میں ہوتا ہے۔

الفَارِس. فا۔ گھڑ سوار۔ گھوڑے والا ج فُرْسَان وفَوَارِس اور کہا جاتا ہے "هُوَ فَارِسٌ بِالْاَمْرِ" وہ معاملہ کا جاننے والا ہے۔

الاَفْرَس. شہسواری کا ماہر۔ زیادہ سمجھدار۔

اَبُوْ فِرَاس والفَرَّاس. شیر۔ الفَرَّاس: ذکی۔

الفَرِیْس. مقتول۔ کہا جاتا ہے ثَوْرٌ فَرِیْسٌ و بَقَرَةٌ فَرِیْسٌ ج فَرْسٰی. حلقہ جو رسی کے سرے پر باندھا جاتا ہے۔

الفَرِیْسَة. فریس کا مؤنث۔ جس کو شیر وغیرہ پھاڑ دیں۔

الفَرَانِس والفِرْنَاس. شیر۔ موٹی گردن والا۔ الفرناس: بہت زیادہ بہادر۔ دیہاتیوں کا چودہری۔ ج فَرَانِسَة.

المَفْرُوْس. گردن کے پھوڑے والا۔

الفَرُوْس. شیر۔

فَرْسَخ فَرْسَخَة. الشَّیئُ: کشادہ ہونا۔ (و تَفَرْسَخ وافْرَنْسَخ، البَرْدُ او المَرَضُ: سردی یا بیماری کی تیزی کا کم ہونا۔ تَفَرْسَخ وافْرَنْسَخ الهم عَنْهُ: غم کا دور ہونا۔ زائل ہونا۔

الفَرْسَخ. راحت۔ سکون۔ مدت طویل۔ ہمیشہ رہنے والی چیز۔ شگاف۔ فَرْسَخُ الطَّرِیْقِ تین میل ہاشمی۔ اور بقول بعض بارہ ہزار گز اور یہ تقریباً آٹھ کلومیٹر کے برابر ہوتا ہے ج فَرَاسِخ (کلمہ فارسیہ ہے) سراوِیْلُ (مُطَرْسَخَة) کشادہ شلوار۔

الفِرْسِن. اونٹ کے کھر کا کنارہ (مؤنث) ج فَرَاسِن.

رَجُلٌ (مُفَرْسَنُ) الوَجْهِ: پُر گوشت چہرہ والا مرد۔

فَرَشَ (ن ض) فَرْشًا وفِرَاشًا. الشَّیئَ: بچھانا فُلَانًا اَمْرًا: کشادہ کرنا الرَّجُلَ: جھوٹ بولنا الْاَمْرَ: پھیلانا عَنْهُ: ارادہ کرنا۔ تیار ہونا۔

فَرَشَا. النَّبَاتُ. نباتات کا زمین پر پھیلنا۔

فَرَّشَ. فُلَانًا بِسَاطًا: کسی کیلئے بچھونا بچھانا۔

فَرَّشَ الدَّارَ: فرش لگانا۔ اینٹ اور پتھر بچھانا الزَّرْعُ: پھیلنا اور پتوں کا بڑھنا الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔

اَفْرَشَهُ. بِسَاطًا: کسی کیلئے بچھونا بچھانا۔

اَفْرَشَ السَّیْفَ: تلوار کی دھار کا پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔ الشَّجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنی والا ہونا۔ عَنْهُ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا الرَّجُلُ: غیبت کرنا اور بری بات کہنا المَکَانُ: زیادہ پڑنے والا ہونا الشَّاةَ لِلذَّبْحِ: زمین پر ذبح کرنے کیلئے لٹانا الرَّجُلُ: بچھونے والا ہونا۔

تَفَرَّشَ. الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔

اِفْتَرَشَ. ذِرَاعَیْهِ: بازو پھیلانا الشَّیئَ: روندنا الطَّرِیْقَ: چلنا الرَّجُلُ: پچھاڑنا اِثْرَ فُلَانٍ: پیچھا کرنا عِرْضَهُ: بے عزتی کرنا الشَّجَّةُ الدِّمَاغَ: بغیر ٹوٹنے کے پھٹنا المَالَ: غصب کرنا الشَّیئُ: پھیلنا۔

الفَرْش. مص۔ بچھونا۔ کشادہ زمین چھوٹے چھوٹے درخت چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ (اور اس معنی کے لحاظ سے جمع نہیں) جھوٹ۔ کھیتی۔ جبکہ اس کے تین پتے نکل آئیں۔ وہ جگہ جہاں بکثرت نباتات ہوں۔ گائے بکری جو ذبح کے قابل نہ ہوں۔

الفَرْشَة. فَرْش کا اسم مرة عِنْدَ العَامَّةِ: بچھونا۔

الفِرْشَة. بچھانے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے هُوَ حَسَنُ الفِرْشَةِ یعنی وہ اچھی حالت میں بچھا ہوا ہے۔

الفَرَاش. زمین پر خشک شدہ کیچڑ مِنَ النَّبِیْذِ: شراب کے بلبلے۔ زبان کے نیچے دو سرخ رگیں۔ ڈولہ ہے جس سے لگام کو باندھتے ہیں الفَرَاش من الرِّجَالِ: بہت ہلکا پھلکا مرد۔

الفِرَاش. بچھونا۔ گھونسلہ۔ منہ کی جڑ میں زبان کی جگہ ج اَفْرِشَة وفُرُوْش.

الفَرَّاش. بہت بچھانے والا۔

الفَرَاشة. پتلی ہڈی یا پتلا لوہا۔ تھوڑا پانی مِن القفل: تالے کا جھڑ۔ کندھوں کا اٹھا ہوا حصہ اور (فَرَاشُ الدِّمَاغِ) کا واحد ہے اور فَرَاشُ الدِّمَاغِ ان پتلی پتلی ہڈیوں کو کہتے ہیں کہ جو کھوپڑی تک پہنچتی ہیں۔ الفَرَاشَة: پروانہ او چھی طبیعت کا مرد۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ اِلَّا فَرَاشَةٌ" اور یہ حقارت اور خست کے لیے مثل ہے ج فَرَاش.

الفَرِیْش. مِنَ النَّبَاتِ: زمین پر پھیلی ہوئی بیل۔ گھوڑی جس نے حال ہی میں بچہ دیا ہو۔ ج فَرَائِش.

المِفْرَاش. بچھونا۔

المِفْرَشة. کجاوہ پر بچھانے کا چھوٹا سا بچھونا۔ ج مَفَارِش.

المُفَرَّش. بع کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مُفَرَّشٌ" بغیر کوہان کے اونٹ۔

فَرْشَحَ فَرْشَحَةً وفَرْشَحٰی. ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ڈھیلے طریقہ سے رانوں کو زمین سے ملا کر بیٹھنا۔ قریب قریب کودنا۔

الفِرْشَاح. بے بارش کا بادل۔ بے ڈول بلند عورت۔ چوڑا کھر۔ کشادہ زمین (الفِرْشِیْح) عضو تناسل۔

فَرَصَ (ن) فَرْصًا. الشَّیئَ: کاٹنا۔ الجِلْدَ: چیرنا۔ پھاڑنا الفُرْصَةَ: فرصت پانا۔

فَرَصَ (ض) فَرْصًا. الرَّجُلَ: رگ گلو پر مارنا۔ شانہ کے گوشت پر مارنا۔

فُرِصَ فَرْصًا وفَرَصًا. شانہ کے گوشت میں درد ہونا۔

فَرَّصَ. النَّعْلَ: جوتے پر لوہے کی نوک سے منقش کرنا۔

فَارَصَهُ مُفَارَصَةً. فِی الشَّیئِ: نوبت بنوبت کرنا۔

اَفْرَصَتْهُ الفُرْصَةُ. فرصت ملنا۔ اَفْرَص وتَفَرَّصَ الفُرْصَةَ: مہلت پانا۔

تَفَارَصَ. القَوْمُ البِئْرَ: قوم کا کنوئیں پر

باری باری آنا۔

اِفترص۔ الفُرصة: موقع پانا۔ فرصت کو غنیمت جاننا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لا یفترِصُ اِحسانَہ وبرَّہ" یعنی فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا ہے۔

تفارص۔ الفُرصة: باری اور یہ اسم ہے۔ القومُ البئرَ کا۔ کہا جاتا ہے جاءَتْ فُرصَتُكَ مِنَ السقْیِ: یعنی تمہاری باری آئی۔ وقت مناسب۔ اِنتهز الفُرصةَ: فرصت کو غنیمت جاننا۔ ج فُرَص۔

الفُرصة والفِرصة والفَرصة: اُون یا روئی کا ٹکڑا۔

الفَرِیص۔ پانی کا شریک کہتے ہیں "هُوَ فَرِیصی" گلے کی رگیں۔ واحد (فَرِیصَة) ہے۔

الفَرِیصة۔ باری۔ پہلو اور مونڈھے یا پستان اور مونڈھے کے درمیان کا گوشت جو خوف کے وقت اُچھلنے لگتا ہے۔ کہا جاتا ہے ارتعدت فریصَةُ یعنی بہت گھبرایا "هُوَ ضخم الفَرِیصَتِه" یعنی وہ جری و بہادر ہے۔ ج فَرِیص و فَرائِص۔

المِفرَص۔ لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفارِص۔

المِفراص۔ لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفارِیص۔

الفِرصاد۔ سرخ رنگ۔ توت یا توت کا درخت۔

والفِرصِد والفِرصِید۔ انگور کا بیج۔

فَرَضَ (ض) فَرضًا۔ الخشبةَ وفیها: لکڑی کاٹنا، چھیدنا۔ الأمرَ: فرض کرنا۔ معین کرنا۔ لَهٗ کذا فِی الدِّیوانِ: عطیہ دینا۔ تنخواہ مقرر کرنا۔ لِفُلانٍ کذا: فرض مقرر کرنا۔ لَهٗ: وقت معین کرنا۔ اللّٰهُ الاَحکامَ علٰی عِبادِهٖ: واجب ٹھہرانا۔

فَرَضَتْ (ض) و فَرُضَتْ (ک) فُرُوضًا وفَراضَةً۔ البقرةُ: گائے کا عمر رسیدہ ہونا۔ صفت (فَارِض)

فَرُضَ (ک) فَراضَةً: عِلمِ فرائض کا جاننے والا ہونا۔

فَرَّضَ۔ الخشبةَ: لکڑی میں سوراخ کرنا۔ الاَمرَ: واجب کرنا۔

اَفرَضَ۔ فُلانًا شیئًا: دینا۔ لِفُلانٍ کذا: فرض قرار دینا۔ اَفرَضَتِ الماشیةُ: نصاب کو پہنچنا۔ زکوٰۃ کے قابل ہونا۔

اِفترضَ۔ اللّٰهُ الاَحکامَ علٰی عِبادِهٖ: واجب ٹھہرانا۔ القومُ: قوم کا ختم ہو جانا۔ الجُندُ: فوج کا تنخواہ لینا۔

الفَرض۔ س۔ مِنَ القوسِ: چلہ کمان کی جگہ۔ ج فِراض۔ الفَرض۔ اللّٰہ کا بندوں پر مقرر کیا ہوا قانون۔ اپنے پر لازم کی ہوئی چیز۔ علیہ: تنخواہ۔ تنخواہ دار فوج ج فُرُوض وفِراض۔

الفُرض۔ کاٹ۔

الاِفتِراضُ منطقیوں کے نزدیک۔ قضایا کے برعکس طرق میں سے ایک طریق۔

الفُرضة۔ مِنَ النَّهرِ: دریا کا دہانہ۔ لکڑی جس میں دروازہ کی چول ہو۔ مِنَ البحرِ: بندرگاہ۔ مِنَ القوسِ: کمان کا سرا جو تانت لگانے کیلئے کاٹا جائے۔ مِنَ الدواةِ: دوات میں سیاہی کی جگہ۔ فُرضَتهُ الجبلِ: پہاڑ کے وسط کی پست جگہ۔ ج فُرَض و فِراض۔

الفِراض۔ کپڑا۔ دریا کا دہانہ۔

الفارِض۔ فا۔ موٹا۔ پرانا ج فُرَّض مؤنث فَارِضة ج فَارِضات وفَوارِض۔

والفَرَضي والفَرِیض والفَرّاض: علمِ فرائض کا جاننے والا۔

الفَرِیضة۔ فرض۔ زکوٰۃ۔ مقرر کردہ حصہ۔ ج فَرائِض۔ عِلمُ الفرائِضِ: وہ علم جس میں وارثین کے حصص بیان کئے جائیں۔ اَصحابُ الفرائِضِ: وہ ورثہ جن کے حصے مقرر ہیں۔

المِفراض والمِفرَض: کاٹنے کے اوزار۔

المَفرُوض۔ س۔ اللہ کا حکم جو بندوں پر واجب ہو۔ کاٹا ہوا۔ محدود۔

الفِرض۔ ضم بوڑھی بکری۔

فَرَطَ (ن) فُرُوطًا: آگے بڑھنا۔ مقدم ہونا۔ فَرَطًا فِی الاَمرِ: کوتاہی کرنا۔ فرط منه القولُ: بغیر سمجھے بوجھے کہنا۔ منه شيءٌ: جاتا رہنا۔ عَلَیهِ فِی القَولِ: پیش دستی کرنا اور حد سے گزرنا۔ فَرَطَ علٰی فُلانٍ: جلدی کرنا اور تکلیف دینا۔ فَرَطَ: غالب ہونا۔ فَرَطَ اِلَیهِ رَسُولًا: قاصد بھیجنا اور جلدی کرنا۔ وَلَدًا: چھوٹا بچہ مرنا۔

فَرَطَ (ن ض) فَرطًا وفَراطةً القومَ: گھاس پانی کی طرف قوم سے پہلے جانا۔ صفت (فارِط) جمع فارِطُون وفُرّاط۔

فَرَّطَ۔ الشیءَ و فِی الشیءِ: ضائع کرنا۔ متفرق کرنا۔ فِی الشیءِ: کوتاہی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ فَرَّطَهٗ: چھوڑ دینا اور آگے بڑھ جانا۔ مدح یا ہجو کرنا اور حد سے گزرنا۔ عَنهُ: مہلت دینا۔ اِلَیهِ رَسُولًا: قاصد بھیجنا۔ اللّٰهُ عنه ما یکرَهُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔

اَفرَطَ۔ جانب زیادتی اور حد سے بڑھ جانا۔ جلدی کرنا۔ رَسُولًا: قاصد بھیجنا۔ الاَمرَ: بھولنا اور چھوڑنا۔ الاِناءَ: برتن کو لبالب بھرنا۔ بِیَدِهٖ اِلَی السیفِ لیستلَّهٗ: تلوار کھینچنے میں جلدی کرنا۔ علَی الرَّجُلِ: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا۔ فُلانٌ وَلَدًا: نابالغ بچے کا وفات پانا۔ الشیءَ: بھولنا۔ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ما اَفرَطَ مِنهُم اَحَدًا" یعنی کسی کو نہیں چھوڑا۔

فارَطَهٗ فِراطًا ومُفارَطةً: سبقت لے جانا۔ پا لینا۔

تَفرَّطَ۔ الشیءُ: وقت گزر جانا۔ الفرسُ الخیلَ: گھوڑے کا سابق ہونا۔ آگے بڑھ جانا۔

تَفارَطَ۔ آگے بڑھنا۔ القومَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ الشیءُ: وقت کا جاتا رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَفارَطَتِ الصَّلاةُ عَن وَقتِها" یعنی نماز اپنے وقت سے مؤخر ہو گئی۔ تفارَطَتهُ الهُمُومُ: غموں کا لاحق ہونا۔

اِنْفَرط. کھلنا۔
اِفْتَرط. وَلَدًا : چھوٹے بچّے کا مرنا۔
اِلَیْہِ فِیْ الْاَمْرِ : آگے بڑھنا۔ سبقت کرنا۔
کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُفْتَرط اِحْسَانُہ"
یعنی فلاں کے احسان کے فوت ہونے کا خوف
نہیں کیا جاتا۔
الفَرْط. س۔ افراط کا اسم ہے۔ ٹیلہ کا سرا۔
پہاڑی کی چوٹی۔ راستہ کا نشان۔ ج اَفْرُط
واَفْرَاط الفَرْط : وقت اور کہا جاتا ہے اٰتِیْتُہ
فَرْطًا : میں اس کے پاس چند دن کے بعد آیا
اور یہ پندرہ دن سے زائد اور تین دن سے کم
نہیں ہوتا۔ آتِیْكَ فَرْطَ یَوْمٍ اَوْ یَوْمَیْنِ
یعنی ایک یا دو دن کے بعد آؤں گا" وَلَا اَلْقَاہُ
اِلَّا فِیْ الفَرْط" یعنی چند ایام میں ایک مرتبہ
ملوں گا۔
الفُرْط. دامن کوہ۔
اَفْرَاط الصَّباح : صبح کی پہلی شعاعیں۔
الفَرْط. پانی کی طرف قوم سے آگے بڑھنے
والا۔ اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے
رَجُلٌ فَرْطٌ قَوْمٌ فَرْط اور اسی سے ہے "اَنَا
فَرطكم عَلَى الحَوْضِ" الفَرْط : پہلا
پہنچا ہوا اجر۔ جلد بازی۔ وہ کام جس میں کوتاہی
کی جائے۔ نابالغ بچّہ۔ کہا جاتا ہے "سَبَقَهٗ
فَرْطٌ كَثِیْرٌ" نابالغ بچّے مر گئے اور مردہ بچّہ
کے جنازہ کی دعائیں۔ کہتے ہیں ((اَللّٰھُمَّ
اَجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا)) یعنی اے اللہ اس کو
ہمارے لیے اجر بنا دے جو ہم سے پہلے پہنچ
جائے۔
الفُرْط. چھوڑا ہوا کام۔ حد سے گزرا ہوا۔ حد
سے تجاوز، ظلم و زیادتی۔ تیز گھوڑا جو سارے
گھوڑوں سے بڑھ جائے۔
الفَرْطَة و الفُرْطَة. نکلنا اور آگے بڑھنا۔ کہا
جاتا ہے "ھُوَ ذُوْ فَرْطَةٍ فِیْ الْبِلَادِ" یعنی
بہت سفروں والا ہے۔
الفُرَاطَة والماءُ الفُرَاط. پانی جو چند
قبیلوں کے درمیان مشترک ہو اور جو پہلے پہنچ
جائے اسی کا ہو جائے۔ بِئْرٌ فُرَاطَةٌ : بھی کہا
جاتا ہے یعنی مشترک کنواں تکلّم فِرَاطًا :
بے سمجھے بوجھے بولا۔
مَفَارِطُ البِلَاد : اطرافِ بلاد۔
فَرْطَح فَرْطَحَةً الشَّیْءَ : چوڑا کرنا۔
رَاسٌ فِرْطَاح و مُفَرْطَح: چوڑا سر۔
فَرْطَسَ الخنزیر: ناک لمبی کرنا۔
فُرْطُوْسَة و فِرْطِیْسَة. سور کی ناک۔
الفِرْطِیْسَة : ناک کا بانسہ۔ ج فَرَاطِیْس.
الفِرْطَاس. چوڑا۔
فَرَعَ (ف) فَرْعًا و فُرُوْعًا. الجَبَل : پہاڑ
پر چڑھنا الوَادِی : وادی میں اترنا الارض :
زمین میں چکر لگانا القَوْمَ : قوم سے شرافت اور
جمال میں فائق ہونا الفَرَسَ باللجام :
گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا رَاسَهٗ بِالعَصَا :
سر پر لاٹھی مارنا بَین القَوْم : روک بن جانا یا
اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَوَّلُ صَیْدٍ
فَرَعَهٗ" پہلا شکار ہے جس کا خون گرایا گیا ہے۔
فَرِعَ (س) فَرَعًا. کثرت سے بالوں والا
ہونا۔ صفت (افرع) مؤنث فَرْعَاءُ ج
فُرْعٌ.
فَرَّعَ. فِیْ الجبل : پہاڑ پر چڑھنا۔
مِنَ الجَبَل : پہاڑ سے اترنا بَیْنَهُمْ تفریق کرنا
المَسَائِلَ مِنْ ھٰذَا الاصْلِ : فروع کا استنباط
کرنا فِیْ الْاَرْضِ : زمین میں چکر لگانا۔
اَفْرَعَ. مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ سے اترنا بِالقَوْمِ:
قوم کے پاس نازل ہونا الشَّیْءُ : طویل و بلند ہونا
الْاَمْرَ : شروع کرنا اللجامُ الفَرَسَ : لگام کا
گھوڑے کو لہولہان کرنا۔ اَفْرَعَتِ الضَّبُعُ
الغَنَمَ اوفِی الغَنَمِ : بجو کا بکریوں میں تباہی
ڈالنا اور خون آلود کرنا۔ اَفْرَعَتِ الاِبِلُ :
اونٹنی کا پہلا بچّہ جننا القَوْمُ مِنْ سَفَرِھِمْ :
وقت سے پہلے سفر سے واپس آنا۔
الْاَرْضَ : زمین میں چکر لگانا الفَرَعَة : پہلا
بچّہ ذبح کرنا اَھْلَهٗ : کفیل ہونا۔
حَاجَتَهٗ اوسَفَرَهٗ : شروع کرنا (اُفْرِعَ)
بِفُلَانٍ : پکڑا جانا اور قتل کیا جانا۔
فَارَعَهٗ. کفایت کرنا اور انگیز کرنا۔
اِفْتَرَعَ. البِکْرَ : بکارت زائل کرنا۔
تَفَرَّعَ. القَوْمَ : گالی دینا۔ فائق ہونا۔
الشَّیْءُ : بلند ہونا۔ تَفَرَّعَتِ الاَغْصَانُ :
ٹہنیوں کا بہت ہونا المَسَائِل : اصول سے
متفرع ہونا الشَّیْءُ عَلَى الشَّیْءِ : مترتب
ہونا۔ مبنی ہونا۔
اِسْتَفْرَعَ. الشَّیْءَ : شروع کرنا الرَّجُلُ :
پہلے بچّہ کو ذبح کرنا۔
الفَرْعُ. س۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : اوپر کا حصّہ جو
اصل سے نکلا ہو جیسے فَرْعُ الشَّجَرَةِ :
منفعت بخش مال۔ الفَرْع فِیْ المَسَائِلِ
العِلْمِیَة : مسائل مستنبط جو کسی اصل سے نکلے
ہوں۔ فَرْعُ المَرْاَةِ : عورت کے بال فَرْعُ
القَوْمِ. سردار رئیس فَرْعُ الاُذُنِ : کان کا
اوپر کا حصہ ج فُرُوْع. الفَرْع : جوئیں واحد
(فَرْعَةٌ) اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَه عَلَى
فَرْعَیْ اَلیَتَیْهِ" چوتڑ کے اس حصے پر جو بیٹھنے
میں زمین پر لگتا ہے۔ الفَرْعُ : گھاٹی کی طرف
پانی بہنے کی جگہ ج فِرَاع.
الفَرَع. اونٹ یا بکری کا پہلا بچہ۔ جوئیں واحد
(فَرَعَة) تقسیم۔ کہا جاتا ہے تَرَاضَوْا
بِالفَرَعِ یعنی تقسیم پر راضی ہوگئے۔
الفَرَعَة. راستہ کی بلندی۔ پہاڑ کی چوٹی ج
فِرَاع.
الفَارِع. فا۔ خوبصورت۔ بلند۔ پست۔
الفَارِعَة. مؤنث فَارِع. فَارِعَةُ الجَبَل:
پہاڑ کا بلند حصّہ۔ ج فَوَارِع (فَارِعَةُ
الطَّرِیْق و فرعاؤہ) راستہ کی بلندی۔
المِفْرَع. لوگوں کے درمیان صلح کرانے
والا ج مَفَارِع.
المُفْرَع. ہر چیز کا طویل۔ کہا جاتا ہے
فُلَانٌ مُفْرَعُ الکَتِفِ" یعنی فلاں چوڑے اور
بلند مونڈھے کا ہے۔
فَرْعَنَ فَرْعَنَةً. الرَّجُلُ : تکبر کرنا۔ چالاک
ہونا۔
تَفَرْعَنَ. النَّبَاتُ : لمبی اور قوی ہونا۔ فُلَانٌ
عَلَيْنَا : سرکشی اور ظلم کرنا۔ فراعنہ کے اخلاق

کو اختیار کرنا۔
فِرْعَوْن و فُرْعُوْن و فُرْعَوْن، مصر کے بادشاہ کا لقب۔ شریر۔ سرکش۔ ج فَرَاعِنَه۔
فَرَغَ (ف،ن) و فَرِغَ (س) فَرَاغًا وفُرُوْغًا. مِنَ العَمَلِ :کام سے خالی ہونا۔ لَهٗ و اِلَیْهِ :قصد کرنا الرَّجُلُ فُرُوْغًا :مرنا۔
فَرَغَ دَمُهٗ :رائیگاں جانا، مطالبہ نہ کیا جانا مِنَ الشَّیْئِ :پورا کرنا۔ تمام کرنا الظَّرْفُ :برتن کا خالی ہونا (فَرْغًا) عَلَیْهِ المَاءَ :گرانا۔
فَرُغَ (ک) فَرَاغَةً. رنجیدہ ہونا۔ گھبرانا۔ فَرُغَتِ الطَّعْنَةُ :وسیع ہونا۔ صفت (فَرِیْغَة)
فَرِغَ (س) فَرَاغًا. المَاءُ :پانی کا گرنا۔
اَفْرَغَ وفَرَّغَ. المَاءَ :پانی گرانا الاِنَاءَ: برتن خالی کرنا الدِّمَاءَ :خون بہانا۔ کہا جاتا ہے " فَرَّغَ اللّٰهُ عَلَیْهِ الصَّبْرَ" یعنی اللہ اس کو صبر دے۔ افرغ الذهبَ و نحوَہ: سانچہ میں ڈھالنا۔
تَفَرَّغَ. کام سے خالی ہونا الاَمْرَ :کوشش کرنا۔
اِفْتَرَغَ. المَاءَ :اپنے اوپر پانی گرانا۔
اِسْتَفْرَغَ. قے کرنا مَجْهُوْدَهٗ لِکَذَا : طاقت صرف کرنا۔
الفَرْغُ. برتن کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ طَعْنَةٌ ذَاتُ فَرْغٍ" یہ نیزے کا زخم چوڑا ہے۔ قحط زدہ زمین۔ ج فُرُوْغ۔
الفِرْغُ. فراغت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ فِرْغًا او فَرْغًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔
الفَرِغُ. فارغ۔
الفِرَاغُ. ڈول کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے۔ برتن۔ بڑا پیالہ۔ جانور کے ایک طرف کا بوجھ۔ چوڑا نیزہ۔ کشادہ رفتار کا جانور ج اَفْرِغَة. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فِرَاغٌ" یعنی تیز رفتار وسیع القدم مرد۔
الفَرِیْغُ. چوڑا۔ ہموار زمین۔ کشادہ رفتار جانور ج فِرَاغ. رَجُلٌ فَرِیْغٌ :تیز زبان مرد۔
طَرِیْقٌ فَرِیْغٌ کشادہ راستہ۔ ضَرْبَةٌ فَرِیْغٌ و فَرِیْغَةٌ :تلوار کا کشادہ زخم جس سے خون بہے۔
الفَرِیْغَة. مؤنث فَرِیْغ. زیادہ پانی کا چھاگل۔
الاَفْرَغُ. فارغ۔ مؤنث فَرْغَاءُ طَعْنَةٌ فَرْغَاءُ کشادہ زخم۔
الفَرْغَان. کشادہ برتن۔
دِرْهَمٌ (مُفْرَغٌ ومُفَرَّغٌ) سانچہ میں ڈھلا ہوا جس پر ٹھپہ نہ ہو۔
فرس (مُسْتَفْرِغٌ) بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
اِنْفِرَاغٌ: بجلی والا جسم۔ نہ باتہ جسم بجلی کی لہر کا ہلکی گیس میں گزرنا۔
الفَرْفَحُ. نرم و چکنی زمین۔
اَلْفَرْفَحِیْنُ :ایک سبزی کا نام جو کھائی جاتی ہے۔
الفَرْفَخُ. لمبے پروالا۔ گیہوں کا چھلکن۔
الفُرَافِصُ والفُرَافِصَةُ. مضبوط شیر۔
فَرْفَرَ فَرْفَرَةً. تیز چلنا اور قدم قریب قریب رکھنا البَعِیْرُ :بدن کو جھاڑنا الرَّجُلُ فِی کَلَامِهٖ :خلط ملط کرنا اور بڑھانا الشَّیْئَ: جھاڑنا اور حرکت دینا۔ توڑنا الذِّئْبُ الشَّاةَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا الرَّجُلُ :غیبت کرنا۔ بے عزت کرنا فُلَانًا :فریاد کرنا۔ فَرْفَرَ الفَرَسُ اللِّجَامَ :سر سے علیحدہ کرنے کے لیے حرکت دینا۔
الفِرْفِرُ والفُرْفُرُ. چڑیا۔
الفِرْفِرُ والفُرْفُرُ والفُرَافِرُ والفُرْفُوْرُ. شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔ بھیڑیا بکری یا جنگلی گائے کا بچہ۔ جوان لڑکا۔ الفُرَافِرُ :بیوقوف۔ بہت بکواس کرنے والا۔
الفَرَسُ :گھوڑا اپنے منہ میں لگام کو حرکت دینے والا۔
الفِرْفَار. ایک درخت ہے جس سے پیالے بنائے جاتے ہیں اور جو آگ سے کم جلتا ہے۔
الفُرْفَار. شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔
فَرَقَ (ن ض) فَرْقًا و فُرْقَانًا. بَیْنَهُمَا : جدا کرنا البَحْرَ :سمندر کو پھاڑنا (فَرْقًا) الشَّعْرَ :بال میں مانگ نکالنا الطَّائِرُ :پرندہ کا بیٹ کرنا۔
فَرَقَ (ن) فُرُوْقًا. لَهُ الطَّرِیْقُ :راستہ کا واضح ہونا الاَمْرُ لِفُلَانٍ :روشن ہونا۔
فَرَقَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا درد زہ والی ہونا۔ لَهٗ عَنِ الشَّیْئِ: ظاہر کرنا۔
فَرِقَ (س) فَرَقًا. مِنْهُ :گھبرانا۔ کہا جاتا ہے " فَرَقٌ خَیْرٌ مِنْ حُبٍّ" خوف محبت سے بہتر ہے۔ یعنی تم سے لوگوں کا خائف رہنا تمہارے ساتھ محبت کرنے سے بہتر ہے۔
فَرِقَ الرَّجُلُ: موج میں داخل ہونا۔
اَفْرَقَ. الطَّائِرُ :پرندہ کا بیٹ کرنا۔ الطَّائِرَ :پرندہ سے بیٹ کرانا المَرِیْضُ مِنْ مَرَضِهٖ: مریض کا صحت یاب ہونا۔ غَنَمَهٗ :بکریوں کو ضائع کر دینا۔ کھو دینا۔
فَرَّقَ تَفْرِیْقًا و تَفْرِقَةً. الشَّیْئَ :جدا جدا کرنا الرَّجُلَ. خوف دلانا شَعْرَهٗ بِالمُشْطِ: کنگھے سے مانگ نکالنا۔
فَارَقَهٗ فِرَاقًا ومُفَارَقَةً. جدا ہونا۔
تَفَرَّقَ تَفَرُّقًا وتِفِرَّاقًا واِفْتَرَقَ وتَفَارَقَ. ضد ہے تَجَمَّعَ اور اِجْتَمَعَ وتَجَامَعَ کی کہا جاتا ہے " تَفَرَّقَتْ بِهِمُ الطُّرُقُ" یعنی ہر ایک ایک راستہ کو ہولیا۔
اِنْفَرَقَ. عَنْهُمْ :جدا ہونا لَهُ الطَّرِیْقُ: راستہ کا واضح ہونا۔
الفَرْقُ. س۔ مانگ۔ کتان۔
الفِرْقُ. لڑکوں کا گروہ۔ قسم۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ بکری وغیرہ کا گلہ۔
الفَرَقُ. س۔ گھبراہٹ۔ مانگ۔ صبح یا ابتداءِ صبح ج اَفْرَاق واَفْرُق. الفَرَقُ دو دانتوں کا فاصلہ فِی الخَیْلِ :گھوڑے کی ایک سرین سے دوسرے کی بلندی اور یہ غیر محبوب ہے۔
الفُرْقَان. س۔ ہر وہ چیز جس سے حق و باطل کے درمیان فرق ہو۔ دلیل۔ مدد صبح (یَوْمُ الفُرْقَانِ) جنگ بدر کا دن۔
والفُرْقُ. توراۃ۔ قرآن۔ الفَرْقُ ناپنے کا ایک برتن۔

الفُرْقَة. لوگوں کی ایک جماعت ج فِرَق.
الفِرقَة والفَراق. جدائی۔
الفَرَق والفِرق والفَارُوْق والفرُوق والفُرُوْق. بہت گھبرانے والا۔ مؤنث فَرَّقَةٌ وفَرُوْقَةٌ. نَبتٌ فِرَقٌ : متفرق نباتات یا چھوٹے چھوٹے جو زمین کو نہ ڈھکیں۔
الفرُوْقَة والفرُوْقَة والفارُوْقَة (مذکر و مؤنث) بہت گھبرانے والا۔ بزدل۔
الفَرِیْق. ریوڑ۔ فرقہ سے بڑی جماعت۔
فَرِیْقُ الخَیْل: آگے بڑھنے والا گھوڑا ج اَفْرِقَاء واَفْرِقَةٌ وفُرُوْق.
الفَرِیْقَة. بکریوں کا ریوڑ۔ ایک قسم کا کھانا جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔
الاَفْرَق. مانگ والا جس کے داڑھی کے بال یا پیشانی کے بال میں مانگ ہو۔ جس کے دانت جدا جدا ہوں۔ دِیْكٌ اَفْرَق :مرغ جس کی کلغی شاخ شاخ ہو۔ تَیْسٌ اَفْرَق :مینڈھا کہ جس کے سینگوں میں دُوری ہو۔ مؤنث فَرْقَاء.
الفَارِق. فا۔ مؤنث۔ فَارِقَةٌ ج فَوارِق و فارِقات: اَبر کا ٹکڑا جو بادل سے جدا ہو۔ دردِ زہ میں مبتلا اُونٹنی ج فَوارِق وفُرَّق وفُرُق وفُرَّاق.
الفَارِق. ہر وہ چیز جو حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے والی ہو۔
الفَارُوْق. وہ شخص جو اُمور میں فیصلہ کرے۔ لقب خلیفہء دوم (رض) کا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ (تفَارِیْق) مَتَاعِه :یعنی اس نے متفرق سامان کو اکٹھا کیا۔ "واَخَذَ حقَّه بالتفَارِیْق" یعنی اس نے اپنا حق تھوڑا تھوڑا کر کے لیا۔
المَفرِق والمَفرَق. مِنَ الطَرِیْق: راستہ کا وہ حصہ جہاں سے مختلف راستے نکلیں۔
مِنَ الشَعْر: مانگ ج مَفَارِق. کہا جاتا ہے وَقَّفَهُ عَلٰی مَفَارِقِ الحَدِیْثِ یعنی اس نے بات کی وجوہ واضحہ سے واقف کیا۔
الفَرْقَد. قطب شمالی کے قریب ایک روشن ستارہ کا نام اور اسی کے پہلو میں ایک دوسرا ہے جو اس سے کم روشن ہوتا ہے اور یہ دونوں فَرْقَدَان کہلاتے ہیں۔
مِنَ الاَرْض :سخت ہموار میدان۔
الفَرْقَد: نیل گائے کا بچہ ج فَرَاقِد.
فَرْقَع فَرْقَعَةً وفِرْقَاعًا. تیز دوڑنا۔ گوز کرنا۔ صفت (فِرْقَاعٌ) الاَصَابِعَ: انگلیاں چٹخانا فُلَانًا :گردن مروڑنا۔
تَفَرْقَع. انگلیوں کا چٹخنا۔
اِفْرَنْقَعَ. انگلیوں کا چٹخنا عَنْهُ :دُور ہونا۔ یکسو ہونا۔
الفُرْقَعَة. دُبر۔
فَرَكَ (ن) فَرْكًا. الثَوبَ :کپڑے کو ملنا۔ الشَيءَ عَنِ الثوبِ :کھرچنا الجَوْزَ ونَحْوَهُ :اخروٹ وغیرہ کو مل دل کر چھلکا اُتارنا۔
فَرِكَهُ (س) فَرْكًا وفِرْكًا وفُرُوْكًا و فِرِكَانًا. بغض رکھنا۔ اور کہا گیا ہے کہ زوجین کے ساتھ مخصوص ہے۔
فَرِكَتْ (س) فَرَكًا. الاُذُنُ :کان کی جڑ کا ڈھیلا ہونا۔ صفت (فَرِكَةٌ وفَرْكَاءُ)
فَرَّكَهُ. ملنے میں مبالغہ کرنا۔
فَارَكَهُ مُفارَكَةً :چھوڑنا۔
اَفْرَكَ. السُنْبُلُ :ملنے کے قابل ہونا۔
تَفَرَّكَ. چال یا گفتگو میں اٹکنا۔
(وانْفَرَكَ) ملا جانا۔ کہا جاتا ہے "اِنْفَرَكَ مَنْكِبُ فُلانٍ" یعنی فلاں کا مونڈھا اُکھڑ گیا۔
اِسْتَفْرَكَ. الحَبُّ فِي السُنْبُلَة: دانہ کا خوشہ میں سخت اور موٹا ہونا۔
الفِرْك. بغض۔ بغض زوجین۔
الفَرِیْك. چھلکا اُتارا ہوا۔ کہا جاتا ہے لَوْزٌ فَرِكٌ.
الفَارِك. فا۔ اِمْرَأَةٌ فَارِكٌ: شوہر سے بغض رکھنے والی ج فَوَارِك.
الفَرُوْك. بغض رکھنے والا۔ شوہر سے بغض رکھنے والی عورت۔
الفَرِیْك. ملا ہوا دانہ۔ غلہ جو ملا جائے اور گھی ملا کر پکایا جائے۔
المَفْرُوْك. مع مِنَ الاِبِل: وہ اُونٹ جس کے مونڈھے کی ہڈی اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہو اور مونڈھا چھد گیا ہو مِنَ الثِیَاب: بہت گہرا رنگا ہوا کپڑا۔
اَلفَرِیْکِیَّة :وہ کھانا جو چھلکا اتارے ہوئے دانوں سے بنایا جائے (دلیا)
المُفَرَّك. مع۔ چھوڑا ہوا۔ مبغوض۔
اَلمَفْرُوْكَة :وہ حلوہ جو میدہ، گھی اور چینی سے بنایا جائے اور اس پر چلغوزے اور بادام بکھیر دیئے جائیں۔
اَفْرَمَ. الاِنَاءَ. برتن کو بھرنا۔
الاَفْرَم. گرے ہوئے دانت والا۔
فَرَمَ یَفْرِمُ :گوشت کاٹنا۔ فَرَّمَ الوَلَدُ :بچوں کے دانت تبدیل ہونا۔ الفرمة :گوشت یا تمباکو کا ٹکڑا۔
الفَرمَان. پروانہ شاہی ج فَرَامِیْن.
الفُرْن. تنور۔ ج اَفْرَان.
الفَرَّان. تنور کا مالک۔ روٹی پکانے والا۔
الفَارِنَة. روٹی پکانے والی۔
الفُرْنِیُّ. گول موٹی روٹی واحد (فُرْنِیَّةٌ) سخت بدن کا آدمی۔
اَلفَرَنْكُ ج فَرَنْكَاتٌ ۔فرنک نامی معروف ملک فرانس کا سکہ۔
الفِرِنْد. انار دانہ۔ تلوار۔ جوہر تلوار۔ تلوار کا نقش ونگار۔ کہا جاتا ہے "سَیْفٌ فِرِنْدٌ" بے مثل تلوار ج فَرَانِدٌ. الفِرِنْد :ایک قسم کا کپڑا۔
الاِفْرِنْد. جوہر تلوار۔ نقش و نگار تلوار ج اِفْرِنْدات.
فَرِهَ (س) فَرَهًا. خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَرِهٌ)
فَرُهَ (ک) فَرَاهَةً وفُرُوْهَةً و فَرَاهِیَةً. ماہر ہونا۔ حاذق ہونا۔ خوش ہونا۔ سبک ہونا۔ صفت (فَارِهٌ) اَفْرَهَ. الرَجُل: چست و چالاک غلام لینا۔
اِسْتَفْرَهَ الدَوَابَّ :عمدہ جانور چھانٹنا۔
الفَارِه. چالاک۔ خوب کھانے والا۔ کہا جاتا

ہے "رَجُلٌ فَارِهٌ وجَارِيَةٌ فَارِهٌ" ج فُرَّهٌ وفُرَّهَةٌ وفُرْهَةٌ وفَرَهَةٌ و فُرُهٌ.
الفَارِهَة. مؤنث فَارِهٌ. خوبصورت جوان لڑکی ج فَوارِهُ وفُرُهٌ.
الاَفره. چالاک۔
فَرْهَدَ. پھولنا۔ فَرْهَدَتْ نفْسُه :تنگ ہونا۔
تَفَرْهَدَ. الغُلَامُ :لڑکے کا موٹا ہونا۔
الفُرْهُد والفَرْهَد والفُرْهُوْد موٹا تازہ لڑکا۔
الفُرْهُوْد. بکری یا پہاڑی بکری کا بچّہ ج فَرَاهِيْد.
فَرَّى تَفْرِيَةً الجُبَّةَ :جبہ پر پوستین لگانا۔
اِفْتَرَى. الفَرْوَ :پوستین پہننا۔
الفَرْوَة. مع بالوں کے سر کی کھال۔ عورت کا سربند۔ تاج۔ تونگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَه عَلٰى اُمِّ فَرْوَتِهٖ" اس کی چندیا پر مارا۔ سائل کا تھیلہ۔ اُونٹ کا بالوں کا کمبل۔
الفَرْو. پوستین جو بعض حیوانات کی کھال سے تیار کیا جاتا ہے۔ ج فِرَاءٌ.
الفَرَّاء. پوستین کا بنانے والا۔
فَرْوَز فَرْوَزَةً. مرنا۔
فَرَى يَفْرِى فَرْيًا. عَلَيْهِ الكَذِبَ :کسی پر جھوٹ باندھنا۔ الاَرْضَ :زمین میں چلنا۔ المَزَادَةَ :توشہ دان بنانا۔ البَرْقُ :بجلی چمکنا۔
فَرَىٰ و فَرَّىٰ. الشَّئَ :کاٹنا اور پھاڑنا۔
فَرِىَ يَفْرَى فَرًى. مدہوش ہونا۔ متحیر ہونا۔
اَفْرَىٰ. الشَّئَ :کاٹنا اور پھاڑنا۔ درست کرنا فُلَانًا :ملامت کرنا۔
تَفَرَّى تَفَرِّيًا وانْفَرِى اِنْفَرَاءً پھٹنا۔ کہا جاتا ہے " تَفَرَّتِ الاَرْضُ بِالعُيُوْنِ" زمین میں چشمے پھوٹ پڑے۔
اِفْتَرَىٰ اِفْتِرَاءً. عَلَيْهِ الكَذِبَ :کسی پر تہمت لگانا یا جھوٹ باندھنا۔
الفَرْيَة. فَرى کا اسم مرۃ۔ شور۔
الفِرْيَة. جھوٹ۔ تہمت ج فِرًى.

الفَرِىّ.
پھٹا ہوا۔ گھڑی ہوئی بات۔ عجیب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَفْرِىْ الفَرِىَّ" فلاں تعجب انگیز کام کرتا ہے اور اسی سے قرآن میں ہے (لَقَدْ جَئتِ شَيْئًا فَرِيًّا) یعنی تم نے ایسا کام کیا جس سے حیرت و تعجب ہے۔ مؤنث فَرِيَّةٌ اور کہتے ہیں "الفَرِيَّةَ الفَرِيَّةَ" یعنی جلدی جلدی۔
الفَرِىُّ والفَرِيَّة. کشادہ ڈول۔
الفَرَا. تعجب۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا (اَفْرَىٰ) الفِرى" یعنی جھوٹوں کا جھوٹ۔
فَزَّ (ن) فَزًّا. اکیلا ہونا عَنْهُ :جدا ہونا الظَبِىُ :ہرن کا گھبرانا ۂ :دھوکا دینا اور غالب آنا۔ ہوش اُڑا دینا ہ عَنِ مَكَانِهٖ گھبرا دینا اور جگہ سے ہٹا دینا۔
فَزَّ (ض) فَزِيْزًا. الجُرح :زخم سے خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
فَزَازَةً وفُزُوْزَةً. مضطرب ہونا اور بھڑک اُٹھنا۔
اَفَزَّهٗ. گھبرا دینا۔
اِفْتَزَّ عَلَيْهِ :غالب ہونا۔
تَفَازَّ. الرَجُلَانِ :ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِسْتَفَزَّهٗ. ہلکا جاننا۔ ذلیل سمجھنا۔ مضطرب کر دینا۔ گھر سے نکال دینا۔ قتل کرنا مِنَ الشَّئُ: نکالنا۔
الفَزّ. مں۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ نیل گائے کا بچّہ ج اَفْزَازٌ.
الفَزَّة. خوف و دہشت کی چھلانگ۔ کہا جاتا ہے قَعَدَ (مُسْتَفِزًّا) یعنی غیر مطمئن بیٹھنا۔
فَزَرَهٗ(ن) فَزْرًا. پھاڑنا۔ فسخ کرنا۔ توڑنا ہ بِالعَصَا: لاٹھی سے پیٹھ پر مارنا الشَّئَ مِنَ الشَّئَ: ایک چیز کو ایک چیز سے جدا کرنا۔
فَزَرَ(ن) فُزُوْرًا. پھٹنا۔
فَزِرَ(س) فَزَرًا. پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ پڑ جانا۔ صفت (اَفْزَر)
فَزَّر واَفْزَرَ. الشَّئَ :ریزہ ریزہ کرنا۔
تَفَزَّرَ وانْفَزَرَ. پھٹنا الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

الفِزْر. بکریوں کا چھوٹا سا ریوڑ۔ اور کہا گیا ہے کہ دس اور چالیس بکریوں کے درمیان بکری کا بچّہ۔ شیر ببر کا بچّہ۔ جڑ۔ غدود جو ران کے اوپر کے حصّے میں نکلے۔
الفِزَر. پھٹن۔ شگاف۔ گویا کہ یہ فِزْرَةٌ کی جمع ہے۔
الفُزُوْر. پھٹن۔ شگاف۔
الفُزْرَة. پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ۔ کشادہ راستہ۔ ج فُزَر.
الفَازِر. فا۔ کالی چیونٹی جس میں سرخی ہو۔ کشادہ طویل راستہ۔
الفَازِرَة. مؤنث فَازِر. ریگستان کا راستہ۔
الفَزْرَاء. مؤنث اَفْزَر. پُر گوشت عورت۔ قریب البلوغ لڑکی۔
الفَزَارَة. چیتا کی مادہ۔
المَفْزُوْر. مع۔ کبڑا۔ پیٹھ یا سینے میں گانٹھ والا۔
فَزَعَ (ف) فَزْعًا وفِزْعًا. مُنه :خوف کرنا۔
فَزِعَ (س) فَزَعًا. دہشت زدہ ہونا۔ خائف ہونا اِلَيْهِ :فریاد چاہنا۔ پناہ لینا الرَجُلُ :فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔ مِنْ نومه: بیدار ہونا (فَزْعًا)لِمَجْئُ فُلَان: کسی کے آنے کی وجہ سے تیاری کرنا۔
اَفْزَعَهٗ. خوف دلانا۔ گھبراہٹ دُور کرنا۔
اَفَزَعَ القَوْمَ :فریاد رسی کرنا ہ مِنَ النَوْمِ بیدار کرنا افزع عنه: گھبراہٹ زائل کرنا۔
فَزَّعَه۔ خوف دلانا۔
فَزَّعَ عَنْهُ. گھبراہٹ دُور کرنا۔
الفَزَع. مں۔ گھبراہٹ۔ فریاد رسی۔
الفُزْعَة. وہ شخص جس سے لوگ گھبرائیں۔
الفُزَعة. لوگوں سے بہت گھبرانے والا۔
الفَازِع. خائف۔ فریادی۔ ج فَزَعَةٌ.
الفَزِع والمُفَازِع. خائف۔ فریادی۔
الفَزَّاعَة. بہت گھبرانے والا۔ وہ شخص جو لوگوں کو بہت گھبرا دے۔ اُچکا (کھیت کا)
المَفْزَع والمَفْزَعَة. جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے " فُلَانٌ مَفْزَعٌ او مَفْزَعَةٌ لِلنَاسِ"

فلاں لوگوں کیلئے جائے پناہ ہے یعنی جب ان کو اہم معاملہ پیش آتا ہے تو اس کی پناہ لیتے ہیں۔ دونوں صیغے واحد جمع مذکر و مؤنث کے لیے مستعمل ہیں۔

المُفزَّع ۔بزدل۔ بہادر۔

فَسَأه(ف) فَسْأً ۔لاٹھی سے مارنا ہ عَن كَذا ۔روکنا (و فَسَّا تفْسِيئًا وتفْسِئةً)الثوبَ ۔کپڑا اپھاڑنا۔

فَسِئَ(س) فَسَأً ۔اُبھرے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ اُبھرے ہوئے پیڑو والا ہونا۔ صفت (اَفْسَأ)مؤنث فَسْآء۔

تَفَسَّأَةً ۔لاٹھی سے مارنا۔ تَفَسَّأ الثوبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ بوسیدہ ہونا المَرضُ فِيهِم: بیماری پھیل جانا۔

تَفاسأ تفاسُوا۔ الرَّجُلُ: پیٹھ اور چوتڑ کو ظاہر کرنا۔

الفُستُق والفُسْتَق ۔پستہ۔

الفُسْتُقِي ۔پستئی رنگ کا۔

الفُسْتَان ۔عورتوں کا ایک لباس بمنزلہ قباء کے ج فَسَاتِين۔

فَسَّج ۔پیشاب کرنے کیلئے ٹانگیں پھیلانا۔

اَفْسَج ۔عَنهُ: چھوڑنا۔

فَسَحَ(ف) فَسْحًا ۔کشادہ قدم رکھنا۔ لَهُ فِي السفر: پروانہء راہداری دینا۔ (فَسْحًا و فُسُوحًا)لَهُ فِي المَجلِس ۔کشادگی کرنا۔

فَسُحَ(ک) فَسَاحَةً ۔المَكَانُ وسیع ہونا۔ صفت (فَسِيحٌ وفُسَاحٌ وفُسُحٌ وفُسْحُم) مبالغہ کے لیے میم کی زیادتی کے ساتھ۔

اَفْسَحَ المَكَانُ وسیع ہونا۔

تَفَسَّحَ ۔کشادہ ہونا لَهُ ۔کشادگی کرنا۔

تَفَسَّحُوا فِي المَجَالِس و (تفاسَحُوا) ۔کشادگی کرو۔

فَسَّحَ ۔المكانَ: کشادہ کرنا لَهُ فِي المَجْلِسِ ۔کشادگی کرنا۔

اِنْفَسَحَ ۔المكانُ: کشادہ کرنا صَدْرُه: کشادہ دل ہونا۔

الفَسْح ۔مص۔ پروانہء راہداری۔

الفُسْحَة ۔گنجائش۔ مکانوں کے درمیان کشادگی ج فُسَح۔

الفَيْسَحِي ۔قدم کی چوڑائی۔ کہا جاتا ہے " هُوَ يَمْشِي الفَيْسَحِي "وہ کشادہ کشادہ قدم رکھ کر چلتا ہے۔

فَسَخَ(ف) فَسْخًا ۔جاہل ہونا۔ ضعیف العقل ہونا رَأي فُلان فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا الاَمْرَ او العقدَ: توڑ دینا الشَّيءَ جدا جدا کرنا العُوْدَ و المَفصل ۔لکڑی یا جوڑ کو جگہ سے ہٹا دینا الثوبَ عَنهُ: کپڑے کو اُتار دینا۔

فَسَخَ(ف) فَسْخًا و فَسِخَ(س) فَسْخًا الرَّأيُ: خراب ہونا۔

فَسَّخَهُ ۔فسخ میں مبالغہ کرنا۔

فَاسَخَه ۔العقدَاو البيعَ و(تَفاسَخا)العَقْدَ او البيعَ ۔عقد یا بیع کے توڑنے پر متفق ہونا۔ کہا جاتا ہے " تَفاسَخَتِ الاَ قاوِيْلُ "یعنی اقوال متناقض ہو گئے۔

اَفْسَخَ ۔الكِتابَ: بھولنا۔

تَفَسَّخَ ۔ٹکڑے ٹکڑے ہونا الشَّعْرُ عَنِ الجلد ۔بال کا کھال سے جھڑ جانا (اور یہ میت کے لیے خاص ہے)

اِنْفَسَخَ العَزمُ او العَقْدُ ۔ٹوٹنا۔

الفَسْخَة ۔فسخ کا اسم مرۃ۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے " رَجُلٌ فَسخَةٌ "یعنی کمزور بدن یا ضعیف العقل مرد۔

الفَسْخ و الفَسِيْخ ۔وہ شخص جو اپنی حاجات میں کامیاب نہ ہو اور اپنے امور کا انتظام نہ کر سکے۔ کمزور بدن یا عقل والا۔ کمزور جس کا ارادہ سختی یا مصیبت کے وقت ٹوٹ جائے۔

اَلْفَسْخُ: میت کے بعد روح جانوروں یا جمادات میں منتقل ہو جاتی ہے جس کو نظریہ آواگون بھی بولتے ہیں۔ (ہندو عقیدہ کے مطابق)

اَلْفَسِيْخُ ۔نمک لگائی مچھلی۔

فَسَدَ(ن ض) وفَسُدَ (ک) فَسَادًا وفُسُوْدًا ۔خراب ہونا۔ بگڑ جانا۔ صفت (فَسِيْدٌ)ج فَسْدیٰ و (فاسِدٌ)

اَفْسَدَهُ وفَسَّدَهُ ۔خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

فَاسَدَ ۔القَوْمُ ۔قوم کے ساتھ بدسلوکی کرنا۔ تَفَاسَدَ القَوْمُ: قطع رحمی کرنا۔ آپس میں مخالف ہونا۔

اِسْتَفْسَدَ ۔تباہی چاہنا القومَ بدسلوکی کرنا۔

الفَسَاد ۔مص۔ کھیل کود۔ ظلماً مال لینا۔

المَفْسَدَة ۔مصدر فساد یا سبب فساد ج مَفَاسِد۔

فَسَرَ(ن ض) فَسْرًا۔ الاَمْرُ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا المُغَطّي: ڈھکے ہوئے کو کھول دینا۔

فَسَرَ(ن ض) فَسْرًا و تَفْسِرَةً ۔ الطَبِيْبُ ۔طبیب کا قارورہ دیکھنا۔

فَسَّرَهُ ۔واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔

تَفَسَّرَ واسْتَفْسَرَ ۔ فُلانًا عَنِ الاَمْرِ و اِسْتَفْسَرَهُ الاَمْرُ: واضح کرانا۔ واضح کرنے کو کہنا۔

التَفْسِيْر ۔مص۔ تاویل۔ کشف۔ وضاحت۔ بیان شرح۔ ج تَفَاسِيْر ۔ و حرفا التفسير ۔اَے اور اَن ہیں اے سے مبہم کی تفسیر کی جاتی ہے جیسے "هٰذا عَسْجَدٌ اَیْ ذَهَبٌ"اور اَن سے معنی قول کی تفسیر کی جاتی ہے جیسے "نَادَيْتُكَ اَنْ اَفْعَلْ كَذَا"

التَفْسِرَة ۔مص۔ مریض کا پیشاب۔ ہر چیز جس سے دوسرے پر استدلال کریں۔

الفُسَّاط والفُسْطَاط والفِسْطَاط ۔خیمہ۔ اُون کا خیمہ ج فَسَاطِيْط والفُسْطَاط بالضَّمِّ: مصر قدیم کا علم ہے۔ ایک لغت اس میں فُسْتَات و فِسْتَات بھی ہے۔

الفَسِيْط ۔ناخن کا تراشہ واحد (فَسِيْطَة)

الفُسْطَان ۔دیکھئے فُسْتَان۔

الفَسْفَس والفَسْفَاس ۔بیوقوف۔ ایک بدبودار نباتات ج فَسَافِس و فَسَافِيْس۔

الفُسَافِس ۔مچھر۔

الفُسَيْفِسَاء ۔بچی کاری۔ رنگ برنگ کے

چھوٹے چھوٹے پتھر کے ٹکڑوں کو جوڑ کر مختلف اشکال وصورتیں بنانا۔
اَلْفِسْفِسَةُ : ایک قسم کا گھاس جس کو جانور کھاتے ہیں۔اس میں دوسری لغت اَلْفِصْفِصَةُ ہے۔اَلْفُسْفُوْسَةُ : پھنسی
فَسَقَ (ن ض)و فَسُقَ (ک) فِسْقًا و فُسُوْقًا. حق وصلاح کے راستہ سے ہٹ جانا۔ بدکار ہونا۔ صفت (فَاسِق) ج فَسَقَةٌ و فُسَّاقٌ و فَاسِقُوْن مؤنث فَاسِقَةٌ ج فَاسِقَاتٌ و فَوَاسِق (وانْفَسَق)الرُّطَبُ عَنْ قِشْرِهٖ : چھلکے سے علیحدہ ہونا۔
فَسَّقَهٗ. فسق کی طرف نسبت کرنا۔
الفِسْقِيَّة. حوض۔ وضو کرنے کی جگہ ج فَسَاقِيٌّ (دخیل)
الفُسَق والفَسَّاق والفِسِّيق: بڑا بدکار۔ اور کہا جاتا ہے"یا فُسَقُ " یعنی اَیُّھَا الفاسِق اور یہ ندا ہی کے لیے مخصوص ہے جیسے یا خُبَثُ .
الفَاسِقِيَّة. پگڑی باندھنے کا ایک مخصوص طریقہ۔ کہا جاتا ہے " تعَمَّمَ فُلَانٌ الفَاسِقِيَّةَ"
فَسَاق. بروزنِ قطام عورت کیلئے گالی ہے اور نداہی کی صورت میں مستعمل ہے۔کہاجاتا ہے "یَا فَسَاق" بمعنی'یا فَاسِقَةُ"
الفُوَيْسِقَة. فاسقة کی تصغیر۔چوہیا۔
اَلْفَاسِقِيَّةُ: اندھی گمراہی۔ضَرْبُ الْمَثَل۔ تَعَمَّمَ فُلَانٌ بِالْفَاسِقِيَّةِ: فلان اندھی گمراہی میں داخل ہوا۔
رَجُلٌ فُسْكُلٌ : مرد کمینہ۔کاہل۔
فَسِلَ (س)و فَسُلَ (ک) فَسَالَةً و فُسُوْلَةً و فَسِل. فرومایہ ہونا،کمینہ ہونا،بے مروت ہونا۔
فَسَلَ (ن)فَسْلًا. الصَّبِيَّ: بچے کا دودھ چھڑانا۔
اَفْسَلَ. الفَسِيْلَةَ: کھجور کے پودے کو اُکھیڑ کردوسری جگہ لگانا۔ قلم لگانا۔(اَفْسَلَ وفَسَّلَ)دَرَاهِمَهٗ ومَتَاعَهٗ. کھوٹا کردینا۔

اِفْتَسَلَ. الفَسِيْلَة. کھجور کے پودے کو اُکھیڑ کردوسری جگہ لگانا۔
الفُسَالَة. مِنَ الحَدِيْد ونَحْوِهٖ : لوہے کے ذرات جو کوٹتے وقت گریں۔
الفَسْل. س۔انگور کا قلم۔کمینہ۔بے مروت، ہر ردی چیز ج اَفْسُل وفُسُوْل وفِسَال وفُسْل وفُسُوْلَةٌ وفُسَلَاء واَفْسَال کہا جاتا ہے"دِرْهَمٌ فَسْلٌ ودَرَاهِم فُسُوْلٌ. "
الفِسْل. بیوقوف۔
الفَسِيْلَة. کھجور کا پودہ جوایک جگہ سے اُکھیڑ کردوسری جگہ لگایاجائے۔درخت کا قلم۔ ج فَسِيْل و فَسَائِل جج فُسْلان.
الفُسُوْلَة. س۔فتور۔
المَفْسُوْل. رذیل۔بے مروت۔
فَسَأَ يَفْسُوْ فَسْوًا وفُسَاءً. بلاآواز کے گوز کرنا۔
تَفَاسَى. گوز کرنے کے لیے چوتڑ اُٹھانا۔
الفُسَاء. س۔بلاآواز کے گوز۔ پھسکی۔
الفَسْوَة. ایک مرتبہ کی پھسکی ج فَسَوَات.
فَسَوَاتُ الضِبَاع: سانپ کی چھتری۔
الفَاسِيَة والفَاسِيَاء. گبریلا۔ج فَوَاسٍ.
الفَسُوّ والفَسَّاء. بہت گوز کرنے والا۔
المَفْسَى. دبر۔
اَلْفِيْسُولُوجِيَا اَوِ الفِيْزُلُوجِيا۔ اعضاء کے کاموں کا علم۔
فَشَّ (ن)فَشًّا. ڈکار لینا۔ آہستہ آہستہ پھونکنا الوَطْبَ: سربند کھول کر ہوا نکال دینا۔ مکھن نکالنا النَاقَة : اُونٹنی کو جلدی سے دوھنا البَابَ : دروازہ کو حیلہ سے بغیر کنجی کے کھولنا بَيْنَ القَوْمِ: چغل خوری کرنا۔
فُشَ. السِقَاءُ: ہوانکال دیاجانا۔
اِنْفَشَّ. الجُرْحُ :زخم کی سوجن ڈھل جانا اللَّبَنُ : دودھ جاری ہونا الرَجُلُ عَنِ الاَمْرِ: کاہل ہونا۔اِنْفَشَّتِ الرِيْحُ: دبانے سے ہوا کا مشک وغیرہ سے نکلنا عِلَّةُ فُلَانٍ : بیماری کا زائل ہونا۔
الفَشّ. س۔(والفُشُوْش) بیوقوف۔کمزور

رائے والا۔باطل پر فخر کرنے والا۔موٹا کمبل۔ درخت خرنوب۔ پانی رسنے کی جگہیں۔
الفَشوش. پانی ٹپکنے والی مشک۔
الفَشَّاش. صیغہ مبالغہ۔
الفَشِيْش. آواز اور اسی سے ہے" فَشِيْشُ الاَفْعَى " سانپ کے کھال کی آواز چلنے میں۔
الفَاشُوْش. ضعیف رائے اور کمزور ارادہ والا۔
رَجُلٌ (مُنفش)المَنْخَرَيْن: چھوٹے بانسہ کے ساتھ پھولے ہوئے نتھنوں والا۔
فَشَأَ (ف)فَشْأً. ناز کرنا۔
اَفْشَأَ. بزرگی جتانا۔گردن کشی کرنا۔
تَفَشَّأَ. المَرَضُ بِالقَوْمِ: قوم میں بیماری پھیل جانا۔
فَشَجَ (ض)فَشْجًا وفَشَّجَ وتَفَشَّجَ وانْفَشَجَ. الرَجُلُ اوِ البَعِيْرُ: مرد یا اُونٹ کا پیشاب کرنے کیلئے ٹانگیں پھیلانا۔
فشَخه (ف)فَشْخًا. ظلم کرنا۔بچوں کے کھیل میں طمانچہ مارنا۔ فَشَخَ فِي اللَّعِب: کھیل کود میں جھوٹ بولنا اور ظلم کرنا۔
فَشَّخَ. الرَجُلُ: جوڑوں کو ڈھیلا کرنا۔
اِنْفَشَطَ. العُوْدُ: ترلکڑی کا ٹوٹ جانا۔
فَشَعَت (ف)فَشْعًا. الذُرَة: چینا کے اطراف کا سوکھنا۔
اَلْفُشَاعُ وَالْفَشَّاعُ: امریکی علاقہ کا پودا جس کی ادویات بھی بنتی ہیں۔
فَشَغَه (ف)فَشْغًا. بلند ہو کر ڈھانپ لینا۔ ہٗ بالسَوْطِ :کوڑے سے مارنا۔ صفت (فَاشِغٌ) مؤنث فَاشِغَةٌ الشَّئُ : وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔
اَفْشَغَهٗ. بالسَوْطِ :کوڑے سے مارنا۔
فَشَّغَ. بمعنی فَشَغَ ہ النَوْمُ : نیند غالب آنا۔
تَفَشَّغَ. الشَّيْبُ فِيْهِ وتَفَشَّغَهٗ : بڑھاپا ظاہر ہونا البیوتَ : گھروں میں داخل ہونا۔ الرَجُلُ : موٹے کھردرے کپڑے پہننا۔
تَفَشَّغَتِ الغُرَّةُ: پیشانی کی سفیدی کا پھیل کر

آنکھ کو گھیر لینا۔
اِنْفَشَغ. الشَّیُ: کشادہ ہونا۔ بہت ہونا۔ ظاہر ہونا۔
الفَشْغَة. اسم مرۃ۔ عشق پیچاں۔ نرکل کا گودا۔ نَاصِیَةٌ (فَاشِغَةٌ وفَشْغَاءُ) پیشانی کے پھیلے ہوئے بال جو آنکھ کو ڈھانپ لیں۔
الفَشَاغ والفُشَّاغ. آکاس بیل۔
الفِشَاغ. کاہلی۔
الاَفْشَغ. مینڈھا جس کی سینگیں دائیں بائیں نکل گئی ہوں۔ رَجُلٌ اَفْشَغُ الاَسْنَان: مرد جس کے دانت پراگندہ ہوں۔ مؤنث فَشْغَاء ج فُشْغ.
المِفْشَغ. جو اپنے ساتھی کا بُرائی سے مقابلہ کرے۔
المُفْشِغ. بے خیر۔ بے فیض۔
فَشْفَش. کمزور رائے والا ہونا۔ خوب جھوٹ بولنا۔ غیر کی چیز کو اپنی طرف نسبت کرنا۔ صفت (فَشْفَاش) بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا۔
الفَشْفَاش. مِنَ النُوْقِ: اُونٹنی کہ جس کا دودھ دوہنے کے وقت پراگندہ نکلے۔
الفَشْفَاشَة. نرم چیز۔ کہا جاتا ہے "تَخْرجُ الزُبْدَةُ فَشْفَاشَةً" مکھن نرم نکلتا ہے۔
فَشِقَ (س) فَشَقًا. آدھی کو چھوڑ کر ساری کو دوڑنا۔ آدھی رہے نہ ساری پانا ہ۔ اچانک آنا الظَبْیُ: ہرن کا دُور دُور سینگوں والا ہونا۔ صفت (اَفْشَق) مؤنث فَشْقَاء.
فَشَقَ (ض) فَشْقًا. الشَّیُ: توڑنا۔
فَاشَقَهُ. اچانک آنا۔
تَفَشَّقَ. بِثَوْبٍ: کپڑے کو بدھی جیسا بنانا۔
الفَشْق. س۔ دوڑ۔ بھاگ۔ چستی۔
الفَشْك. کارتوس۔ واحد (فَشْكَةٌ) دخیل۔
فَشِلَ (س) فَشَلًا. کمزور و بزدل ہونا۔ صفت (فَشَلٌ وفَشِلٌ وفَشِيْلٌ) ج فُشْلٌ واَفْشَال.
فَشَلَ (ن ض) فَشْلًا. لِحْيَتَه: داڑھی پھٹکارنا۔
فَشَّلَتْ وتَفَشَّلَتْ وافْتَشَلَتْ. المَرْاَةُ: عورت کا پالکی کا پردہ بنانا۔ تَفَشَّلَ المَاءُ: پانی بہنا۔ الرَجُلُ مِنْهُمْ اِمْرَاَةً: نکاح کرنا۔
الفِشْل. پالکی کا پردہ۔ ہودج کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز۔ ج فُشُوْل.
المِفْشَل. ہودہ کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز ج مفاشل. المِفْشَل: وہ شخص جو غیر قوم میں شادی کرے تا کہ اولاد لاغر نہ ہو۔
التَفْشِيْل. س۔ تھن میں بقیہ دودھ۔ ج تَفَاشِيْل.
الاَفْشِيْن ج اَفَاشِيْن: رومی لوگوں کی نماز کا ایک حصہ۔
فَشَا يَفْشُو فَشْوًا وفُشُوًّا وفُشِيًّا خَبْرُهُ او فَضْلُهُ او سِرُّهُ: خبر یا فضیلت یا بھید ظاہر ہونا۔ پھیل جانا۔ فَشَتِ المَاشِيَةُ چراگاہ میں جانا اُمُوْرُهُم: اُمور کا متفرق ہونا۔ کہا جاتا ہے "فَشَتْ عَلَيْهِ ضَيْعَتُهُ" اس کی جائیداد کا انتظام بکھر گیا۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کس کو سنبھالے۔
اَفْشٰی اِفْشَاءً. الشَّیُ: پھیلانا۔ سِرَّهُ لِفُلَانٍ. ظاہر کرنا الرجُلُ: بہت جانوروں والا ہونا۔
تَفَشّٰی تَفَشِّيًا. المَرَضُ القَوْمَ و بِهِمْ: بیماری پھیلنا۔ تَفَشَّتِ القَرْحَةُ: زخم کا چوڑا ہونا۔
الفَشَاء. مویشیوں کی پیداوار اور زیادتی۔
الفَشْيَان. غشی۔
الفَشْوَة. عورت کی خوشبو کی ڈبیا۔
الفَاشِي. فا۔ مؤنث فَاشِيَةٌ ج فَوَاشٍ.
الفَوَاشِي. پھیلے ہوئے مویشی۔
التَفَشِّي. س۔ عِنْدَ اَهْلِ العَرَبِيَّةِ: حرف کا پڑھنا۔
فَصَّ (ض) فَصًّا وافْتَصَّ. كَذَا مِنْ كَذَا: جدا کرنا۔
فَصَّ (ض) فَصِيْصًا. الجُرْحُ: زخم کا بہنا العَرَقُ: پسینہ ٹپکنا الوَلَدُ: بچے کا آہستہ آہستہ رونا الجُنْدُبُ: ٹڈی کا آواز نکالنا۔
فَصَّصَ. الخَاتَمَ: انگوٹھی پر نگینہ لگانا۔ بِعَيْنِهِ: گھورنا۔
اَفَصَّ. اِلَيْهِ شَيْئًا. مِنْ حَقِّهِ: حق کا کچھ حصہ دینا۔
اِنْفَصَّ. مِنْهُ: جدا ہونا۔
الفَصّ. تثلیث الفاء: نگینہ (فتحہ فاعلیٰ ہے)
الفَصّ آنکھ کی سیاہی۔ لہسن کا جوا۔ اصل امر و حقیقت۔ امر۔ دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ فَصُّ المَاءِ: بلبلہ ج فُصُوْص و فِصَاص واَفُصّ.
الفَصَّاص. نگینہ لگانے والا۔
الفَصِيْص. صاف گٹھلی گویا روغن ملی ہوئی۔
فَصَحَ (ف) فَصْحًا. الصُبْحُ فُلَانًا: صبح ظاہر ہونا۔
فَصُحَ (ک) فَصَاحَةً. فصیح ہونا۔ خوش بیان ہونا۔ صفت (فَصِيْحٌ) الاَعْجَمِيُّ: عربی زبان میں گفتگو کرنا اللَبَنُ: دودھ سے جھاگ اُتار لینا۔ صفت (فَصْحٌ وفَصِيْحٌ)
فَصَّحَ. اللَبَنُ: بے جھاگ ہونا۔
اَفْصَحَ. فصاحت سے بولنا۔ فص[illegible] صبح ہونا۔ مراد کو ظاہر کرنا عَنْ كَذَا: خلاصہ کرنا۔ عَنِ الشَّیُ: ظاہر کرنا بیان کرنا مِنْ كَذَا: نکل جانا رہائی پانا الاَمْرُ: واضح ہونا۔ اللَبَنُ: دودھ کا بے جھاگ ہونا الصُبْحُ: صبح کی روشنی پھیلنا الفَرَسُ: گھوڑے کا صاف ہنہنانا البَوْلُ: پیشاب صاف رنگ کا ہونا۔ اَفْصَحَ النَصَارٰی او اليَهُوْد: ایسٹر کی عید ماننا۔ ایسٹر کی عید کا زمانہ آنا۔
تَفَصَّحَ. زُبان آور ہونا۔ اچھا خوش بیان ہونا۔ و تَفَاصَحَ. بتکلف فصیح ہونا۔
الفَصَاحَة. س۔ بیان۔ کلام کا تعقید سے خالی ہونا اور یہ متکلم کلام کلمہ تینوں کی صفت واقع ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ فَصِيْحٌ. كَلَامٌ فَصِيْحٌ كَلِمَةٌ فَصِيْحَة.
الفَصِيْح. صاحب فصاحت۔ ج فُصْحٌ و فُصَحَاء وفِصَاح. مؤنث فَصِيْحَة ج فِصَاح و فَصَائِح وفَصِيْحَات.

الفِصْح. عِنْدَ النَصَارٰی: ایسٹر۔ فِصْحُ الیَهُوْدِ: یہودیوں کے مصر سے نکلنے کی یادگار میں عید۔ کہا جاتا ہے "یَوْمٌ فِصْحٌ" بے بادل کا دن۔

المُفْصِح: واضح۔ یَوْمٌ مُفْصِحٌ: بے بادل کا دن۔

فَصَخَ(ف) فَصْخًا. عَنِ الأمْرِ: جان بوجھ کر غفلت کرنا۔ العُوْدَ او المَفْصِلَ: لکڑی یا جوڑ کو اکھیڑنا۔

فُصِخَ. فُلانٌ: خرید و فروخت میں نقصان اٹھانا۔

الفَصِیخ و الفَصِیْخَة و الفَاصِخَة: کمزور عقل۔ تا مبالغہ کے لیے ہے۔

فَصَدَ(ض) فَصْدًا و فِصَادًا. المَرِیْضَ: رگ کھولنا۔ لَهُ عَطَاءً: جاگیر دینا۔

(و افْتَصَدَ) رگ کھولنا۔

فَصَّدَ. الشَیْئَ: تھوڑے سے پانی میں بھگونا۔

اَفْصَدَتِ. الشَجَرَةُ: درخت کے کونپل نکلنا۔

تَفَصَّدَ. الدَمُ: خون بہنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَتَفَصَّدُ عَرَقًا" آیا اس حال میں کہ پسینہ بہہ رہا تھا۔

اِنْفَصَدَتِ. الشَجَرَةُ: درخت کے کونپل نکلنا۔ اِنْفَصَدَ الدَمُ: خون بہنا۔

الفُصْدَة و الفَصِیْدَة: کھجور خون کے ساتھ مخلوط کیا ہوا۔

الفَصِیْد: نشتر لگایا ہوا۔ آنت اور خون ملا کر بھونا ہوا۔

المِفْصَد: نشتر۔

فَصَعَ(ف) فَصْعًا. التَمْرَةَ: دو انگلیوں سے دبا کر چھلکا علیحدہ کرنا۔ عِمَامَتَهُ عَنْ رَاسِهِ: سر سے عمامہ اتارنا۔ الشَیْئَ: نرم کرنے کے لیے انگلیوں سے ملنا۔ (و فَصَّعَ) لَهُ بِكَذَا: دینا۔ فَصَّعَ الشَیْءَ مِنْ كَذَا: نکالنا۔ وَ فَصَّعَ الرُطَبَةَ: دو انگلیوں سے مل کر چھلکا علیحدہ کرنا۔

اِنْفَصَعَ. الشَیْءُ مِنْ كَذَا: نکلنا۔

اِفْتَصَعَ. حَقَّهُ مِنْهُ: اپنا کل حق زبردستی لینا۔

الفَصْعَان: ہمیشہ سر کھلا رکھنے والا۔

الفُصْعَاء: چوہیا۔

اَلْفُصْفُوْر: فاسفورس: اس کی دو اقسام ایک سفید اور دوسری سرخ۔ یہ زندگی کے لئے ضروری ہے۔ اس کے ساتھ ہڈیاں جوڑی جاتی ہیں۔ اس کے ساتھ کھاد بنائی جاتی ہے۔

فَصْفَصَ فَصْفَصَةً. الكَلامَ: جلدی بولنا۔ الدَابَّةَ: فصفصہ کھلانا۔

تَفَصْفَصَ. القَوْمُ عَنْ فُلانٍ: متفرق ہونا۔

الفِصْفِصَةُ: ایک قسم کی گھاس ہے جس کو جانور کھاتے ہیں اور جب تک تر ہو اس وقت تک یہ نام ہے ج فَصَافِص عوام "فِصَّه" کہتے ہیں۔

الفُصَافِص: قوی اور مضبوط ارادہ والا۔

الفُصْعُل: بچھو یا بچھو کا بچہ۔ نالائق۔

فَصَلَ(ض) فَصْلًا. الشَیْءَ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا اور اسی سے ہے "فَصْلَ الخُصُوْمَاتِ" یعنی جھگڑوں کا فیصلہ کرنا بَیْنَهُمَا: فاصلہ ہونا الوَلَدَ عَنِ الرَضَاعِ: بچے کا دودھ چھڑانا۔

القَرْفِيُّ والمُقْرِفُ: وہ شخص جس کے اندر سرخی جھلکتی ہو۔ المُقْرِفُ: خسیس۔ حقیر۔ جس کی ماں عربیہ ہو اور باپ غیر عرب۔ وجہٌ مُقْرِفٌ: بدصورت چہرہ۔
الاَقْرَفُ: بہت سرخی والا۔
القُرَافَةُ: درخت کی چھال۔
المَقْرِفُ: وہ جگہ جہاں سے چھال اُتار دی گئی ہو۔
المِقْرَافُ: بہت گناہوں کا ارتکاب کرنے والا۔ رَجُلٌ مُقَرْقَفٌ: تپلی کمر والا۔ سبک مرد۔
قَرْفَصَهٗ قَرْفَصَةً: پاؤں کے نیچے دونوں ہاتھ باندھنا۔
تَقَرْفَصَتِ العَجُوزُ: بڑھیا کا کپڑوں میں لپٹنا۔
القُرْفُصَی: مثلثة الفاء والقُرْفُصَاءُ والقُرْفُصَاءُ: اکڑوں بیٹھنا اور ہاتھوں کو ٹانگوں کے گرد باندھنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ القُرْفُصَی او القُرْفُصَاءَ" وہ اکڑوں بیٹھا۔
القُرَافِصُ: مضبوط۔
القَرَافِصَةُ: ڈاکو۔
قَرْفَطَ الرَّجُلُ: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔
اِقْرَنْفَطَ: سمٹنا۔
المُقَرْفَلُ: من الاطعمةِ: لونگ سے خوشبودار کیا ہوا۔
قَرَقَ (ن) قَرْقًا بِفُلَانٍ: دھوکا دینا۔
قَرَقَتِ الدَّجَاجَةُ: کڑکڑانا اور انڈے یا بچوں کو پروں کے نیچے کرنا۔

قَرِقَ (س) قَرَقًا: ہموار جگہ میں چلنا۔
القَرْقُ: بری جڑ۔ عادت۔ حقیر لوگ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ قِرْقٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی ایک جماعت آئی۔ ج اَقْرَاق۔
القرق: ایک کھیل ہے خط کھینچ کر گوٹیاں رکھ کر کھیلتے ہیں۔ خط کی صورت یہ ہے:

اَلْمَقْرُوْقُ: قرق زدہ
اَلْقُرْقُ: زیادہ شور سے بولنا۔
اَلْقُرْقُبُ: ایک چھوٹا پرندہ۔
(والقَرَق والقَرِق) ہموار جگہ۔
القَرْقَذَان والقَرْقَذُون: سنجاب۔
قَرْقَرَ قَرْقَرَةً البَعِيرُ: اونٹ کا بڑبڑانا۔
قَرْقَدَ الْخُبْزُ: روٹی خشک ہونا (سریانی لفظ)۔
قَرْقَرَتِ الحَمَامَةُ او الدَّجَاجَةُ: کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔ مرغی کا کڑکڑانا البَطْنُ: پیٹ گڑگڑانا۔ الرَّجُلُ فِي ضِحْكِهٖ: بہت زور سے ٹھٹھا مارنا۔ الشَّرَابُ فِي حَلْقِهٖ: آواز کرنا۔
القَرْقَرَةُ: س۔ کبوتر کی آواز۔ بہت زور کی ہنسی۔ چہرہ کی کھال (والقرقر) پست نرم زمین۔ ج قَرَاقِر۔
القَرْقَارُ: اونٹ کی بڑبڑاہٹ۔
القُرَاقِرُ والقُرَاقِرِيُّ: اچھی آواز سے حدی پڑھنے والا۔
القَرَاقِرَةُ: بہت بک بک کرنے والی عورت (والقَرْقَارَةُ) اونٹ کا جھاگ جو مستی کے وقت نکلتا ہے۔
القَرْقَارَةُ: لمبی گردن کا شیشے کا کپ۔
القُرْقُورُ: بڑی کشتی۔ ج قَرَاقِير۔
قَرْقَسَ الكَلْبَ وبِهٖ: کتے کو قُسْ قُسْ کہہ کے بلانا۔
القِرْقِسُ: مچھر کے بچے۔

القرقوس کشادہ میدان۔

القرقوز بکری کا چھوٹا بچہ

قرقش سخت چیز کھانا۔

القراقش نرم آٹے کو گوند کر گھی ملا کر چینی یا شکر ملا کر پکایا جائے تو میٹھی ٹکیہ۔ نرم آٹا (میدہ) کو مغز کے ساتھ ملا کر گھی میں تلی ہوئی شے۔ نرم ہڈیاں۔

قرقص بالجرو کتے کے پلے کو بلانا۔

القرقوص کتے کا پلا۔ ج قراقیص

قرقع قرقعة کھنکھٹانا۔

قرقف قرقفة من البرد کپکپی زدہ ہونا

قرقفه البرد کپکپی ڈالنا۔

الرجل فی الضحك والحمام فی الهدیر آدمی کا ہنسنے میں اور کبوتر کا غٹرغوں کرنے میں زیادتی کرنا۔

القرقف شراب۔ ٹھنڈا پانی (والقرقف) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

القرقوف درہم۔ شراب۔

دیك قراقف بلند آواز مرغ۔

القرقل والقرقل بے آستین کا کرتہ ج قراقل

قرقم الصبی بچے کو بری خوراک دینا۔

المقرقم وہ جو جوان نہ ہو اور قوت نہ پکڑ سکے۔

قرلی ایک چوکنا آبی پرندہ۔

قرم (ض) قرما وقروما ومقرما وقرمانا وتقرم الصبی والبهم تھوڑا تھوڑا کھانا شروع کرنا۔

قرم (ن) قرما الشئ چھیلنا الطعام کھانا الرجل گالی دینا۔ قید کرنا۔

قرم (س) قرما الی اللحم گوشت کا خواہش مند ہونا۔ کہا جاتا ہے "قرمت الی لقائه" اس کی ملاقات کا میں شائق ہوا۔

قرمه کھانا سکھانا۔ قرم واقرم الفحل سانڈ بننے کیلئے کام اور سواری سے فارغ رکھنا۔

استقرم البکر قبل اوانه وقت سے پہلے سانڈ بننا۔

القرم سر اونٹ کی ناک پر داغ جوئے کے تیر کی علامت۔ سانڈ جو سواری اور کام سے فارغ رکھا جائے۔ سردار عظیم۔ ج قروم۔

القرمة والقرمة اونٹ کی ناک کی کٹی ہوئی کھال۔

القرمة والقرام اونٹ کی ناک کاٹنے کا موقع القرام سرخ پردہ یا باریک کپڑا۔

القرامة اونٹ کی ناک سے کٹا ہوا چھوٹا ٹکڑا۔ روٹی کا وہ حصہ جو تنور میں لگا ہوا رہ جائے۔ عیب۔ اونٹ کا سینہ۔

الاقرم من الجمال اونٹ جو باندھا نہ جائے۔ ناک پر داغ لگا ہوا۔ مؤنث قرماء ج قرم۔

القرم ایک گھاس جو سفیدی اور موٹائی میں چنار کے درخت کی مانند ہوتی ہے۔

قرمد قرمدة الکتاب باریک لکھنا۔ قریب قریب لکھنا۔ قرمد فی المشی قریب قریب قدم رکھنا الشئ قرمد کا طلا کرنا (دیکھئے قرمد)

القرمد ہر وہ چیز جس کو زینت کے لیے کسی پر لگائیں۔ جیسے زعفران اور گچ وغیرہ۔ پختہ ٹھیکری۔ اینٹ (دخیل)

القرمود پہاڑی بکرا۔ پہاڑی بکری کا بچہ ج قرامید۔

القرمید اینٹ جس سے پلاسٹر کیا جائے جیسے گچ وغیرہ واحد قرمیدة (دخیل)

القرمیدة پہاڑی بکری ج قرامید

القرمز سرخ رنگ عند الاساکفة وہ کھال جو سرخ رنگ سے رنگی ہوئی ہو۔

القرمزیة کیڑوں کی ایک قسم۔

القرمزی جو سرخ رنگ کا ہو۔

قرمشه بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ قرمش الشئ جمع کرنا۔

القرمش والقرمش والقرمیش من الناس طرح طرح کے لوگ۔

قرمص و تقرمص سردی زدہ آدمی کا گرمی حاصل کرنے کیلئے گڑھے میں داخل ہونا۔

القرامص گرمی حاصل کرنے کے لیے گڑھے بنانا۔

القرماص والقرموص اندر سے چوڑا اور تنگ منہ کا گڑھا جس میں سردی زدہ گرمی حاصل کرتا ہے۔ بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ۔ کبوتر کا گھونسلہ۔ ج قرامیص۔ القرموص شکاری کا گڑھا۔ زمین میں پرندہ کا گھونسلہ۔

قرمط قرمطة الکتاب باریک اور قریب قریب لکھنا فی خطوه قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔

القرموط ایک قسم کی مچھلی۔ گبریلا کی گولی۔ ج قرامیط

القرامطة شیعوں کا ایک غالی فرقہ واحد قرمطی۔

قرمله پچھاڑنا۔

القرمل بے کانٹوں کا ایک کمزور درخت واحد قرملة۔

القرمل دو کوہان والا اونٹ۔ بہت اون والا اونٹ کا بچہ۔ ج قرامل

القرامل والقرامیل من الشعر والصوف بالوں یا اون کا بنا ہوا عورت کا موباف۔

قرن (ض) قرنا الشئ و بالشئ باندھنا۔ ملانا الثورین دو بیلوں کو ایک جوئے میں باندھنا البعیرین دو اونٹوں کو ایک رسی میں باندھنا۔

قرن (ن) قرانا الفرس دوڑنے میں پچھلی ٹانگوں کا اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پڑنا بین الشئ و الشئ جمع کرنا۔

قرن (س) قرنا ملی ہوئی بھنوؤں والا ہونا۔ صفت اقرن۔ قرن ذوالقرن بڑے سینگ والا ہونا۔

قرنه جمع کرنا۔ باندھنا۔ کہا جاتا ہے

"قُرِنَت الاساری فی الحبال" قیدی رسیوں میں باندھے گئے۔
قارنہ قراناً ومقارنۃً: ساتھی ہونا۔ ملنا۔
اِقْرِن بین الامرین: جمع کرنا۔ اقرن افصح ہے
الرجلین: دو تیر چلانا۔ دو قیدیوں کو ایک رسی میں لانا۔ سینگ والے مینڈھے کی قربانی کرنا۔ ہر رات میں ایک سلائی سرمہ لگانا
الدمُ فی العرق: خون کا رگ میں زیادہ ہونا اور جوش مارنا
افاطیر وجہ الغلام: لڑکے کے چہرہ پر پھنسیاں نکلنا
السماءُ: لگاتار برسنا۔ ہمسر ہونا۔ ایک رسی میں بندھے ہوئے دو اونٹ دینا
عن الطریق: راستہ سے ہٹ جانا۔ پھر جانا۔
علی غریمہ: قرضدار پر تنگی کرنا۔
اُقرنت الثریا: بلند ہونا
الدمل: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کے قریب ہونا
للامر: توانا ہونا
عنہ: عاجز ہونا۔
تقارن الرجلان: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔
اِقْترن الشیُ بغیرہ: متصل ہونا۔ ملنا۔
اِستقرن الدمل: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا
الدم فی العرق: خون کا رگ میں زیادہ ہونا
الرجل للامر: توانا ہونا
لفلان: ہمسر ہونا۔
القَرن: س- سینگ- والقرن فی الانسان: انسان کے سر کا وہ حصہ جہاں پر جانور کے سینگ نکلتا ہے
قرن الشمس: آفتاب کی پہلی شعاع
القرن من المطر: بارش کا جھلا۔ کہا جاتا ہے "ھو علی قرنی" وہ میری عمر کا ہے
القرن: سو سال ایک زمانہ کے لوگ۔ ایک گروہ کے بعد ایک گروہ۔ زمانہ کا ایک وقت۔ ج قُرُون۔
القرن: چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ قلعہ۔ عورت کے گیسو
القرن من الجراد: ٹڈی کے سر کے دو بال۔ درخت کی چھال کی بٹی ہوئی رسی۔ مال یا اون کا ایک گچھا۔ ج قرن وقران۔ والقرن من القوم: سردار ومن السیف: تلوار کی دھار- قرن الشیطان وقرناہ: شیطان کی رائے کے پابند وحید القرن: گینڈا۔
ذوالقرنین: بادشاہ اسکندر مکدونی کا لقب۔ منذر بن ماء السماء کا لقب۔
القِرن: کفو۔ ہمسر۔ مقابل۔ شجاعت یا علم میں نظیر۔ ج اقران
القرن: س دوسرے سے ملا ہوا۔ رسی جس میں دو اونٹ بندھے ہوئے ہوں۔ ترکش ج قران تلوار۔ تیر۔ ج قران
القران: قیدی کے باندھنے کی رسی ہل کے بیلوں کی گردن میں باندھنے کی چھال کی رسی۔ رسی جس کو باندھ کر اونٹ کو کھینچیں۔ ج قرن
حج کی ایک قسم جس میں عمرہ اور حج کا احرام ایک ساتھ باندھتے ہیں۔ ج قرانات
القرنۃ: ہر چیز کا اٹھا ہوا کنارہ۔ تلوار یا نیزہ کی دھار۔ ج قرن
القارن: فا- رجل قارن: تیر و تلوار سے مسلح- القارن: حج قران کرنے والا۔
القرین: دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ ساتھی۔ مصاحب۔ شوہر۔ نفس۔ ج قرناء
القرین العین: سرگیں آنکھ۔
القرانی: نزدیک۔ تانت۔ جو اونٹ کی کھال کی بٹی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "جاءوا قرانی" ملے ہوئے آئے۔
القرینۃ: قرین کا مؤنث۔ بیوی۔ نفس۔
قرینۃ الکلام: جو کلام کے مراد پر دلالت کرے ج قرائن: دور قرائن: آمنے سامنے کے مکانات۔
القرآن: شیشی۔
القرونی: ایک مرتبہ میں دو دو لقمے کھانے والا وہ جانور جس کی پچھلی ٹانگیں اگلی ٹانگوں کی جگہ میں دوڑنے میں پڑیں۔ وہ اونٹنی جس کے بیٹھنے میں دونوں گھٹنے مل جائیں (والقرونۃ) نفس۔

الاقرن: سینگوں والا۔ ملی ہوئی بھنوؤں والا۔ مؤنث قرناء۔ حیۃ قرناء: سانپ جس کے سر پر گوشت کے دو ٹکڑے ابھرے ہوئے ہوں۔
اقتران او اجتماع القمر بالشمس: سورج اور چاند اپنی اپنی جگہ پر ہوں اور زمین ان کے درمیان نہ ہو- اور سورج کو گرہن تب ہوتا ہے جس وقت وہ چاند کے ساتھ مل جائے۔
القرانیا: ایک درخت کا نام جس کے پھول خیمہ کی طرح ہوتے ہیں- اور اس کے پھل کھائے جاتے ہیں-
القرنیاء: لوبیا۔
المقرن: جواہل کا۔
المقرن: بلند کنارے والا جس کے لیے سینگ کے مشابہ بنایا جائے۔
المقرنۃ: مقرن کا مؤنث۔ چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو پاس پاس ہوں۔
القرنان: مرد دیوث۔
القرناء: سورۃ جو ہر رکعت میں پڑھی جائے۔
القیروان: گھوڑوں کا گلہ۔ تالا۔ فوج کا بڑا حصہ۔
القرنبی: لمبی ٹانگوں کا ایک کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے اور مثل ہے "القرنبی فی عین امہا حسنۃ" قرنبی اپنی ماں کی نگاہ میں اچھا معلوم ہوتا ہے۔
القرنب: جنگلی چوہا۔ چوہا۔ چوہے کا بچہ۔
القرنب: کمر۔
قرنس وقرنس البازی: باز کی آنکھوں کو سینا۔ قرنس الدیک: مرغ کی لڑائی سے بھاگ جانا۔
القرناس والقرناس: پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔ چرخے کا تکلا۔ القرنوس: موزے کی نوک۔ ج قرانیص
سقف مقرنس: سیڑھی کی طرز پر بنی ہوئی چھت۔

القَرَنْفُل والقَرَنْفُوْل. لونگ۔ واحد قَرَنْفُلَةٌ و قَرَنْفُوْلَةٌ.

المُقَرْفَل. مِنَ الاَطْعِمَةِ: لونگ ڈالا ہوا کھانا۔

قَرِهَ(س) قَرَهًا وتَقَرَّهَ جِلْدُهُ: کھال کا چھلنا یا بہت مار سے سیاہ ہونا۔ داد کی کثرت سے داغ داغ ہونا۔ صفت اَقْرَه. مؤنث قَرْهَاءُ ج قُرْهٌ.

القَارِهَا مِنَ الجِلْدِ: خشک کھال۔

القَرْهَب. بوڑھا بیل۔ مِنَ المَعْزِ: بہت اُون والی بکری۔ القَرْهَب. سردار قوم۔ بوڑھا۔

قَرَا يَقْرُو قَرْوًا اِلَيْهِ: قصد کرنا بِالرُّمْحِ فُلَانًا: نیزہ مارنا۔ صفت مذکر قَارٍ ج قُرَاةٌ وقَارُوْنَ صفت مؤنث قَارِيَةٌ ج قَوَارٍ و قَارِيَات قَرَا واسْتَقْرَى واقْتَرَى الاَمْرَ: تتبع کرنا۔ تلاش کرنا۔ اِسْتَقْرَى الدُّمَّلُ: پھوڑے کا پیپ والا ہونا۔

اَقْرَى اِقْرَاءً. پیٹھ میں درد ہونا۔

القَرَاء. پیٹھ۔ ج اَقْرَاء و قِرْوَان. کدو۔

القَرْو. س. نہر کی مانند لمبا حوض۔ زمین جس کو طے نہ کیا جا سکے۔ کولھو کی نالی۔ چھوٹا برتن۔ کھجور کے درخت کا نچلا حصہ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بنایا جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ کھوکھلا بانس۔ ایک ہی طریقے کی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُمْ قَرْوًا واحِدًا" میں نے ان کو ایک طریقہ پر چھوڑا۔ و "قَصِيْدَتَان عَلٰى قَرْوٍ واحِدٍ" دو قصیدے ایک ردیف پر "و تُرِكَتِ الاَرْضُ قُرُوًّا" تمام زمین پر بارش چھا گئی "اَصْبَحَتِ الاَرضُ قُرُوًّا واحِدًا" زمین کی سطح پانی سے ڈھک گئی۔ ج قُرُوٌّ واَقْرَاء واَقْرٍ وقُرِيٌّ.

القَرْو والقُرْوَة. خصیتین کی کھال کی کھنچاوٹ قُرْوَةُ الرَّاسِ. سر کا کنارہ۔

القَرُ والقَرْوَة والقِرْوَة والقُرْوَة کتے کا ٹھیکرا۔

القَرْوَاء. عادت۔ ڈبر۔ نَاقَةٌ قَرْوَاءُ: لمبے کوہان والی اُونٹنی (جمل اقرٰی نہیں کہا جاتا)

القَرْوَان. پیٹھ یا پیٹھ کا درمیانی حصہ ج قَرْوَانَات.

القَرْوَانِي. خصیتین کی کھال کی کھنچاوٹ والا۔

القَرْوِی. عادت۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰى قَرْوَاه" اپنی عادت پر لوٹ گیا۔

القَرِيُّ. ایک ہی طریقہ کی چیزیں۔ قَرِيُّ القَصِيْدَةِ: قصیدہ کا ردی۔

المَقْرٰى. ٹیلہ کی چوٹی۔ ج مَقَارٍ

المُقَرْوَرِی. لمبی پیٹھ والا۔

شَاةٌ مُقْرُوَّة. بکری کہ اس کے سر میں ایک لکڑی لگا دیتے ہیں تاکہ وہ اپنے دودھ کو نہ پی سکے۔

قَرَى يَقْرِي قِرًى وقَرَاء الضَّيْفَ. مہمان کی میزبانی کرنا (قَرْی وقَرْيًا) المَاءَ فِي الحَوْضِ. پانی حوض میں جمع کرنا البَعِيْرُ وكُلُّ مَا اجْتَرَّ. جگال کو جبڑے میں جمع کرنا الجُرْحُ: زخم کا بہنا المِدَّةُ فِي الجُرْحِ. زخم میں پیپ کا جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرَيْتُ فِي شِدْقِي جَوْزَةً" میں نے اپنے جبڑے میں اخروٹ کو چھپایا۔ قَرَى يَقْرِي قَرْيًا وقَرْيًا وتَقَرَّى واسْتَقْرَى البِلَادَ. تلاش کرنا۔ چکر لگانا۔

اَقْرَى اِقْرَاءً. گاؤں میں رہنا کسی شئے کو لازم رہنا اور اصرار کرنا (واسْتَقْرَى) مہمانی طلب کرنا۔

اِقْتَرَى. مہمانی طلب کرنا الضَّيْفَ: مہمان کی میزبانی کرنا البِلَادَ. تلاش کرنا اور چکر لگانا واقْتَرَى فُلَانًا بِقَوْلِهِ. تلاش کرنا۔

القِرٰى. مہمانی کا کھانا۔ پانی جو حوض میں جمع کیا جائے۔

القَرْيَة والقِرْيَة. جائیداد۔ گاؤں۔ لوگوں کی جماعت۔ ج قُرًى وقِرًى اور نسبت کے لیے قَرَوِيٌّ وقَرْيِيٌّ. قَرْيَةُ النَّمْلِ: چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ۔ قَرْيَةُ الاَنْصَارِ: مدینہ طیبہ والقَرْيَتَانِ: مکہ معظمہ اور طائف۔

القَرِيّ. جما ہوا دودھ۔ ٹیلہ سے باغ کی طرف بہنے والی نالی۔ نالی۔ ج اَقْرِيَةٌ واَقْرَاءٌ وقُرْيَان.

القَرِيَة. لاٹھی۔ چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ۔ بادبان کے اوپر کے حصہ کی لکڑی جو عرض میں لگائی جاتی ہے ج قَرَايَا.

القَارِي. فا. دیہاتی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنِيْ كُلُّ قَارٍ وبَادٍ" میرے پاس ہر ایک دیہاتی اور شہری آیا۔

القَارِيَة. قاری کا مؤنث۔ مکان لوگوں سے بھرا ہوا۔ تلوار کی دھار۔ نیزہ کا نچلا حصہ یا اوپر کا حصہ۔ ج قَوَارٍ کہا جاتا ہے "هُمْ قَوَارِي اللّٰهِ" وہ اللہ کے شہدا ہیں (والقَارِيَة) ایک پرندہ□ چھوٹی ٹانگوں اور لمبی چونچ کا جس کی پیٹھ سبز ہوتی ہے۔ ج قَوَارٍ وقَوَارِيّ.

القَارَاة. لوگوں سے بھری ہوئی جگہ ج قَارِيَات.

المِقْرَى والمِقْرَاة. ہر وہ جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

المِقْرَى والمِقْرَاء. میزبان۔ بہت مہمانی کرنے والا۔ مؤنث مِقْرَاة ومِقْرَاءٌ.

المِقْرَى والمِقْرَاة: بڑا پیالہ جس میں مہمان کے سامنے کھانا پیش کیا جائے۔ ج مَقَارٍ المَقَارِي. ہانڈیاں۔

قَزَّ(ن ض) قَزًّا. کودنے کے لیے سمٹنا۔ کودنا۔ قَزَّتْهُ نَفْسِيْ وقَزَّتْ عَنْهُ نَفْسِيْ: نفرت کرنا۔ انکار کرنا۔ (قَزًّا وتَقَزَّزَ) مِنَ الدَّنَسِ وكُلِّ مَا يُسْتَقْذَرُ ويُسْتَخْبَثُ: مکروہ جاننا۔ پرہیز کرنا۔ بچنا۔

القَزُّ. س. ریشم جس سے نکالا جائے۔

دُوْدُ القَزِّ. ریشم کا کیڑا۔ ج قُزُوْز (دخیل)

القَزُ والقِزُّ والقُزُّ والقَزَز والقُزَاز. گندگی سے بچنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي

طَعَامه قَزٌ ولا قَزٌ ولا قَزَازَة" اس کے کھانے میں ایسی کوئی چیز نہیں جس سے پرہیز کیا جائے اور اسے مکروہ سمجھا جائے۔
القَزَّاز. بڑا سانپ۔ اژدھا۔
القازّ. فا۔ شیطان۔
القَازُوْزَة. چھوٹی شیشی۔ طشت۔
القَزَّاز. ریشم بیچنے والا عِنْدَ العامة ریشم کے کیڑے کی تربیت کا ماہر۔
قَزَب (ن) قَزْبًا. بہت جماع کرنا۔
قَزِب (س) قَزَبًا. سخت ہونا۔
القَازِب. سوداگر۔
القِزْب. لقب۔
قَزْبَرَ قَزْبَرَةً. جماع کرنا۔
قَزَحَ (ف) قَزْحًا القِدْرَ. ہنڈی میں مسالہ ڈالنا۔ الشَّيْئُ. بلند ہونا۔
قَزَحَت قَزْحًا وقَزَحَانًا القِدْرُ. اُبلنا۔
قَزَّحَ القِدْرَ. ہانڈی میں مسالہ ڈالنا۔ قَزَّحَ الحديثَ. مزین کرنا۔ بغیر جھوٹ بولے ہوئے پورا کرنا۔ قَزَّحَ الشَّجَرَ بڑھنے کیلئے جڑ میں پیشاب ڈالنا۔
تَقَزَّحَ النَّبَاتُ او الشَّجَرُ. زیادہ شاخ دار ہونا۔
القَزْح س۔ کتے کا پیشاب۔ مسالہ۔
قَوْسُ قُزَحَ وقَوْسُ قُزَحٍ. دھنک۔ وہ شکل جو بادل میں مختلف رنگوں کی کمان کے مانند دکھائی دیتی ہے۔ قزح منصرف ہے اس لیے کہ قُزْحَة کی جمع ہے اور علم معدول کی تقدیر پر غیر منصرف ہے اور قزح کو قوس سے جدا استعمال نہیں کرتے پس "تَأمَّلْ قُزَحَ ما أبْيَنَ قَوْسَهُ" نہیں کہا جائے گا۔
القِزْح. مسالہ۔ پیاز کے بیج۔ سانپ کی بیٹ۔ ج قِزَاح۔
القُزْحَة. قوس قزح کے رنگ کی ایک دھاری ج قُزَح
القَزَّاح. مسالہ بیچنے والا۔
القَازِح فا سِعْرٌ قَازِحٌ. مہنگا بھاؤ۔ مؤنث

قَازِحَة ج قَوَازِح الماء. پانی کے بلبلے۔
التَّقَازِيح. مسالے۔
المِقْزَحَة. مسالہ کا برتن۔
القَزْحَلَة. کمان۔
قَزَعَ (ف) قُزُوعًا. دیر کرنا الظَّبْيُ. ہرن کا دوڑنا۔ بھاگنے میں چست ہونا۔
قَزَّعَ الرَّسُولَ لَهُ. قاصد بھیجنا الفَرَسَ. گھوڑے کو دوڑانے کیلئے آمادہ کرنا الشَّارِبَ. مونچھ کاٹنا الفَرَسُ. گھوڑے کا تیز دوڑنا رَأْسَهُ. سر مونڈنا اور کچھ اِدھر اُدھر چھوڑ دینا۔
قَزَعَهُ واَقْزَعَهُ للأمر. فارغ کر دینا اور دوسرے کام میں مشغول نہ کرنا۔ واَقْزَع لَهُ فِي القَوْلِ سخت سُست کہنا۔
تَقَزَّعَ الرَّأْسُ. سر متفرق جگہ سے مونڈا جانا۔
الفَرَسُ. گھوڑے کا دوڑنے کے لیے آمادہ ہونا القَوْمُ. قوم کا متفرق ہونا السَّحَابُ. بادل کھل جانا۔
القَزَع. بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ چھوٹے اُونٹ۔ بالوں کو کچھ مونڈنا کچھ چھوڑ دینا۔ وادی کا کوڑا کرکٹ۔ قَزَعُ السَّهْمِ. تیر کے پَر کا پتلا حصہ۔ ہر چیز جس کے متفرق ٹکڑے ہوں واحد قَزَعَة.
القَزَعَة. حرامی۔ ولد الزنا۔ بادل کا ٹکڑا۔ سر میں متفرق بال کٹے ہوئے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے ما عِنْدَهُ قَزَعَة یعنی اس کے پاس کچھ کپڑا نہیں۔
القُزْعَة والقُزَيْعَة. بالوں کا گچھا جو بچے کے سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے درمیان میں تھوڑے سے بال۔
قَوْسُ قُزَيْعٍ بمعنی قوس قزح۔
القَزَاع. چیتھڑے کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي السَّماءِ قَزَاعٌ" یعنی آسمان میں تھوڑا سا بھی بادل نہیں۔
الأَقْزَع مِن الكِبَاشِ. مینڈھا جس کے بال موسم بہار میں کہیں سے گر گئے ہوں

کہیں سے باقی رہ گئے ہوں۔
المُقَزَّع. تیز ہلکا پھلکا۔ وہ شخص جس کے سر پر کچھ تھوڑے سے بال ہوں۔ بشارت کے لیے مخصوص کیا ہوا مِنَ الخَيْلِ: پیشانی پر کم بال والا گھوڑا۔ رَجُلٌ مُقَزَّعٌ: وہ شخص جس کا مال برباد ہو جائے اور صرف چھوٹے اُونٹ رہ جائیں۔
المُقْزَعِلّ. تیز رو۔
قَزَلَ (ض) قَزْلًا وقَزَلَانًا. کودنا۔ لنگڑے کی چال چلنا۔
قَزِلَ (س) قَزَلًا. لنگڑا ہونا۔ صفت اَقْزَل (قزل بدترین لنگڑاہٹ ہے)
الأَقْزَل. بھیڑیا۔ باریک پنڈلی والا۔ ایک قسم کا سانپ۔
قَزَمَهُ (ض) قَزْمًا. عیب لگانا۔
قَزُمَ (س) قُزُمًا. کمینہ ہونا۔ لئیم ہونا۔
تَقَزَّمَ. کاموں میں زبردستی داخل ہونا۔
القَزَم. س۔ کمینگی۔ لئیمی۔ کوتاہی۔ ردی مال۔ حقیر لوگ (واحد جمع مذکر مؤنث) کہا جاتا ہے "هُو لاءِ قَوْمٌ قَزَمٌ مَا فِيهِمْ كَرَمٌ" یہ لوگ کمینہ ہیں ان میں کرم نہیں اور کبھی تثنیہ اور جمع اور مؤنث استعمال کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَزَمٌ و رَجُلَان قَزَمَان وامْرَأةٌ قَزَمَةٌ ورِجَالٌ قُزُمٌ واَقْزَامٌ و قَزَامَى ونِسَاءٌ قَزَمَاتٌ"
القَزْم والقَزِم والقُزُم. لئیم اور دنی مرد۔ مؤنث قَزْمَةٌ وقَزِمَةٌ وقُزُمَةٌ.
القُزْم والقُزَم. چھوٹے جسم والا بے خیر۔ جقُزُم واَقْزَام اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَزَمَةٌ وامْرَأةٌ قَزَمَةٌ چھوٹے جسم کا مرد۔ چھوٹے جسم کی عورت۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔
القُزَّام. لئیم لوگ۔
القُزَام. جس پر کوئی غالب نہ آئے۔ جلدی کی موت۔
سُودَدٌ اَقْزَم. سرداری جو خاندانی نہ ہو۔

القَزمَل. کوتاہ قامت بدصورت۔
قَزا يَقزُوْ قَزْوًا. الارض بعصَاهُ: زمین کو لاٹھی سے کریدنا الرَّجُلُ: عیب سے دُور رہنا۔ قُزَه (ایک کھیل ہے) کھیلنا۔
اَقْزَىٰ. بے عیبی کے بعد عیب دار ہونا۔
القُزَة. سانپ۔ عربوں کا ایک کھیل ج قُزات.
قَزَىٰ الرَّجلَ: پھاڑنا اور قتل کرنا (یائی ہے)
القِزْئ. لقب۔ کہا جاتا ہے "بِئسَ القِزْئ هذا" یہ بُرا لقب ہے۔
قَسَّ (ن) قَسًّا وقِسًّا وقُسًّا. چغل خوری کرنا القَوْمَ: بُرے کلام سے تکلیف پہنچانا (قَسًّا) السَّيرَ: دوڑنا ما على العَظْمِ: ہڈی پر کا گوشت کھانا اور گودا نکالنا (وقَسَّ الاِبِلَ) اُونٹوں کو اچھی طرح سے چرانا۔
قَسَّ و تَقَسَّسَ الشَّئَ: طلب کرنا اور ڈھونڈنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَسَّسَ اَصْوَاتَهُمْ بِاللَّيْلِ" اس نے رات میں ان کی آواز پر کان لگایا۔
قَسَّ قُسُوْسَةً وقِسِّيْسَةً پادری ہونا۔
اِقْتَسَّ الاَسَدُ: شیر کا خوراک تلاش کرنا۔ النَاقَةُ: اُونٹنی کا تنہا چرنا۔
القَسُّ. پادری، کاہن ج قُسُوْس. اُونٹوں کا مالک جو اُن سے جدا نہ ہو۔ پالا۔
القُسُس: عقلاء۔ ماہر۔
القُسَاس. سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ آرمینیا میں ایک پہاڑ ہے جس میں لوہے کی کان ہے اور اسی سے ہے السُّيُوْفُ القُسَاسِيَّة.
القَسَّاس: چغل خور۔
القَسِّيْس. پادری ج قِسِّيْسُوْن و قُسَّان واَقِسَّة و قَساوِسَته.
القَسِّيُّ. مِنَ الدَّرَاهِمِ: ردی دراہم۔
القَسَّة. چھوٹا گاؤں۔
القُسُوْسَة والقِسِّيْسَة: قسیس کا درجہ۔

قَسَبَ (ض) قَسْبًا الماءُ: پانی جاری ہونا۔
الشَّمْسُ: آفتاب غروب ہونے لگنا۔
قَسُبَ (ک) قُسُوْبًا وقُسُوْبَةً الشَّئُ: سخت ہونا۔
القَسْب. بہت سخت۔ خشک کھجور جو منہ میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ واحد قَسْبَة.
القُسَابَة. ردی قسم کی کھجور۔
القَسُوْب. چمڑے کا موزہ۔ القَسُوْب. چمڑے کے موزے (اس کا واحد نہیں)
القَسْبُ والقَسِيْبُ. ہر ایک لمبی اور مضبوط چیز۔
قَسِيْبُ المَاءِ: پانی کا بہاؤ آواز کے ساتھ۔
قَسْبَرَ قَسْبَرَةً. جماع کرنا۔
قَسَحَ (ف) قَسَاحَةً وقُسُوْحَةً. سخت ہونا الحَبلَ: رسی بٹنا۔
قَاسَحَهُ. سختی کے ساتھ معاملہ کرنا۔
القَاسِح والقُسَاح والمَقْسُوْح سخت اور موٹا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ قَاسِحٌ" موٹا کپڑا "رُمْحٌ قَاسِحٌ" ٹھوس مضبوط نیزہ۔
قَسَرَه (ض) قَسْرًا واقْتَسَرَهُ على الاَمْرِ: مجبور کرنا۔
قَسْوَرَ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا النَّبتُ: بکثرت ہونا۔
القَسْوَر والقَسْوَرَة. غالب۔ شیر۔ بہادر۔ قوی لڑکا ج قَسَاوِر وقَسَاوِرَة.
القَسْوَرَةُ: رات کا بڑا حصہ۔ ایک میدانی نباتات ج قَسْوَر.
القَسْوَرَة: تیر چلانے والا۔ شکاریوں کی جماعت۔
قَسَطَ (ض) قَسْطًا وقُسُوْطًا. ظلم کرنا۔ حق سے ہٹ جانا۔ صفت قاسِطٌ ج قُسَّاط وقَاسِطُوْن.
قَسَطَ (ن ض) قِسْطًا واَقْسَطَ الوَالِي: منصف ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَقْسَطَ فِي حُكْمِهِ واَقْسَطَ بَيْنَهُمْ والَيهِم" فیصلہ میں انصاف کیا۔ ان کے درمیان انصاف کیا۔ اَقْسَطَتِ الرِّيْحُ العِيْدَانَ: ہوا کا لکڑیوں کو خشک کر دینا۔
قَسِطَت (س) قَسَطًا العُنُقُ: گردن خشک ہونا الدَّابَّةُ: سیدھی ٹانگوں والا ہونا (قُسُوْطًا) العِظَامُ: لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا خشک ہونا۔
قَسَّطَ الشَّئَ: جدا جدا کرنا الاَغْرَاسَ: پودوں کے درمیان برابر فاصلہ کرنا الدَّيْنَ: قرض کی قسط مقرر کر دینا۔ کہا جاتا ہے قَسَّطَ الخَرَاجَ عَلَيْهِم والمَالَ بَيْنَهُمْ" یعنی خراج کا ان کے اوپر قسط مقرر کر دیا۔ اور مال ان کے درمیان تقسیم کر دیا۔
قَسَّطَ عَلىٰ عِيَالِهِ: اہل و عیال پر تنگی کرنا۔
اِقْتَسَطُوْا المَالَ بَيْنَهُمْ: تقسیم کرنا۔
تَقَسَّطَ القَوْمُ الشَّئَ بَيْنَهُمْ: برابر برابر تقسیم کرنا۔
القِسْط. انصاف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قِسْطٌ" وہ عادل ہے "هُمْ قِسْطٌ" وہ لوگ عادل ہیں۔ حصہ۔ مقدار۔ میزان۔ ترازو۔ پیمانہ نصف صاع کا۔ روزی۔ قسط مقرر کئے ہوئے قرض کا ایک حصہ ج اَقْسَاط.
القُسْط. عود ہندی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُسْطُ الرِّجلِ وقَسِيْطُهَا" جبکہ پاؤں سخت اور سیدھے ہوں کہ چلنے میں مڑتے نہ ہوں۔
القَسَط. اعضاء کی سختی یا خشکی۔
الاَقْسَط. خشک شدہ گردن والا۔ مؤنث قَسْطَاء ج قُسْط. رَجُلٌ قَسْطَاءُ: ٹیڑھا پیر۔ عُنُقٌ قَسْطَاءُ: خشک گردن۔ رُكْبَةٌ قَسْطَاءُ: خشک شدہ زانو جو مڑ نہ سکے۔ ج قِسَاط
القَسْطَان. غبار۔
القُسْطَان والقُسْطَانَة والقُسْطَانِيُّ والقُسْطَانِيَّة. قوسِ قزح۔ دھنک۔

المُقْسِط. اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اور معنی اس کے عادل کے ہیں۔
قَسْطَر الدَّرَاهِمَ: دراہم کو پرکھنا۔
القَسْطَر والقَسْطَار. مرد دانا و دوربین۔
القَسْطَرِيُّ. دراہم کو پرکھنے والا۔ مرد دانا۔ دوربین۔ بڑے ڈیل ڈول کا۔ ج قَسَاطِرة.
القُسْطَاس والقِسْطَاس. ترازو (جدید)
القَسْطَل والقَسْطَال والقُسْطُوْل والقَسْطَلَان. میدانِ جنگ کا گردوغبار۔ ج قَسَاطِل. اُمُّ قَسْطَل: مصیبت۔ موت۔ نَهْرٌ قِسْطَالٌ: بہنے میں شور کرنے والا دریا۔
القَسْطَلة. اُونٹ کی بڑبڑاہٹ۔
قَسْطَلَةُ المَاءِ: پانی بہنے کی آواز قَسَاطِلُ الخَيْلِ: گھوڑوں کی آوازیں۔
القَسْطَلَانِيَّة. شفق کی سرخی۔ غبار کی کثرت (والقَسْطَلَانِي) قوس قزح۔ دھنک۔
قَسْقَس قَسْقَسَةً. چرواہا ہونا۔ قَسْقَس الشَّيْءَ: ہلانا۔ قَسْقَسَ بِالْكَلْبِ: کتے کو قوسِ قوس کہہ کے بلانا۔
قَسَمَ (ض) قَسْمًا الشَّيْءَ: بانٹنا۔ تجزیہ کرنا۔
الدَّهْرُ القَوْمَ: متفرق کرنا فُلَانٌ اَمْرَهُ: اندازہ کرنا بَيْنَ النِّسَاءِ: بیویوں کی باری کی حفاظت کرنا۔
قَسُمَ (ک) قَسَامَةً. الغُلَامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔
قَسِيْمٌ. فا۔ خوبصورت۔
قَسَّمَ الشَّيْءَ: جزء جزء کرنا۔ تفریق کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَسَّمَ الدَّهْرُ القَوْمَ" زمانے نے قوم کو متفرق کر دیا الشَّيْءَ: حسین بنانا۔
قَاسَمَهُ. المَالَ: اپنے اپنے حصہ کو لینا۔
قَاسَمَهُ عَلَى كَذَا: قسم کھلانا۔
اَقْسَمَ بِاللّٰهِ: حلف اُٹھانا۔ قسم کھانا۔
تَقَسَّمَ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا الشَّيْءُ: جدا جدا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَقَسَّمَتْهُ الهُمُوْمُ" یعنی غموں نے اس کو پریشان خاطر کر دیا۔
وتَقَسَّمَ فُلَانٌ: فکر کرنا۔ سوچنا۔
تَقَاسَمَ القَوْمُ: آپس میں قسم کھانا (واقْتَسَمَ) القَوْمُ المَالَ: آپس میں تقسیم کرنا۔
اِنْقَسَمَ. تقسیم ہونا۔
اِسْتَقْسَمَ. تقسیم کرنے کو کہنا۔ فکر کرنا۔ سوچنا۔ اِسْتَقْسَمَهُ بِاللّٰهِ: قسم کھانے کو کہنا۔
القَسْم. مص عطیہ۔ رائے۔ شک۔ عادت۔ بارش۔ پانی۔ ہانڈی۔ گمان پیدا ہونا اور پھر قوت پا کر یقین ہونا۔ حَصَاةُ القَسْمِ: پانی تقسیم کرنے کی کنکری۔ اور یہ اس طرح پر کہ سفر کی حالت میں جب پانی کی کمی ہوتی تھی تو ایک برتن میں کنکری ڈالتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اتنا کہ کنکری چھپ جائے پھر ایک آدمی کو پینے کیلئے دیتے تھے اور پھر اسی طرح کرتے تھے اور یہ اس لیے تاکہ سب کو پانی برابر پہنچ جائے اور کسی کو شکایت نہ رہے۔
القِسْم. تقسیم شدہ چیز کا ایک حصہ۔ خیر کا حصہ۔ ج اَقْسَام ج اَقَاسِيْم.
القَسَم. اللہ تعالیٰ یا غیر اللہ کی قسم ج اَقْسَام.
القِسْمَة. اِقتسام کا اسم۔ حصہ۔ ج قِسَم.
اَلْقِسْمَةُ التَّوَافُقِيَّةُ: (علم حساب) چار نقاط جو ایک خط پر جمع ہوں اور اس کے برابر ہوں تو تقسیم موافقت ہے۔ وگرنہ تقسیم عدم موافقت ہے۔
قِسْمَةُ عَدَدٍ غَيْرِ صِفْرٍ عَلَى صِفْرٍ: (علم حساب) یہ تقسیم مستحیل ہے۔ یعنی صفر کے علاوہ عدد کو صفر پر تقسیم کرنا۔ صفر کی تقسیم صفر پر اس کا حاصل معین نہیں کوئی عدد بھی ہو سکتی ہے۔
القَسَمَة والقَسِمَة. خوبصورتی۔ چہرہ (والقَسِم) عطر فروش کا ڈبہ۔ ج قَسِمَات و قَسَمَات.
القَسَام. خوبصورتی۔ گرمی کی شدت۔
القَسَامَة. خوبصورتی۔ صلح۔ جماعت جو کسی چیز کیلئے قسم کھائے اور لے لے۔ قسم جو اولیاءِ مقتول کو دی جائے۔ کہا جاتا ہے "حَكَمَ القَاضِي بِالقَسَامَةِ" قاضی نے قسامت کا فیصلہ کیا اور قسامت اقسم کا اسم ہے جو مصدر کی جگہ پر استعمال ہوا ہے۔
القُسَامَة. صدقہ کا مال۔ تقسیم کرنے والا جس کو اپنے لیے خاص کر لے۔
القَسَامِيُّ. پہلی تہ پر کپڑے کو لپیٹنے والا۔ دو چیزوں کے درمیان کی چیز۔
القَسَّام. قاسم کا مبالغہ۔
القَسِيْم. حصہ۔ تقسیم شدہ شے کا ایک حصہ ج اَقْسِمَاء. تقسیم کرنے والا ج اَقْسِمَاء و قُسَمَاء: خوبصورت ج قُسُم.
القَسِيْمَة. قسیم کا مؤنث۔ عطر فروش کا ڈبہ۔ بازار۔ خوبصورت چہرہ ج قَسَائِم.
الاُقْسُوْمَة. حصہ۔ ج اَقَاسِيْم.
المَقْسَم والمِقْسَم. حصہ۔ ج مَقَاسِم.
المَقْسِم. تقسیم۔ تقسیم کرنے کی جگہ ج مَقَاسِم.
صَاحِبُ المَقَاسِمِ: نائب امیر اور وہ اموالِ غنیمت کا تقسیم کرنے والا ہوتا ہے۔
المُقْسَم. قسم۔
المُقَسَّم. مغ غمگین۔ خوبصورت۔ شَيْءٌ مُقَسَّمٌ: خوبصورت بنائی ہوئی چیز۔
القِسْمِل. شیر کا بچہ۔
اَقْسَنَ الرَّجُلُ: سخت ہاتھوں والا ہونا۔
اِقْسَأَنَّ اِقْسِئْنَانًا وقُسَاْنِيْنَةً العُوْدُ: لکڑی کا خشک اور سخت ہونا الرَّجُلُ: مرد کا بوڑھا ہونا اور خشک ہونا فِي العَمَلِ: کر گزرنا اللَّيْلُ: رات سخت تاریک ہونا۔
المُقْسَئِنُّ. جوانی کی انتہا اور بڑھاپے کی ابتدا میں ہونے والا۔
قَسَا يَقْسُوْ قَسْوًا وقَسْوَةً وقَسَاوَةً

وقَسَائَةً. سخت و درشت ہونا۔ صفت قاس ج قُسَاۃ اللَّیلُ: رات تاریک ہونا۔ الدِّرْھَمُ: درہم کھوٹا ہونا۔ صفت قَسِیٌّ۔

قَسّٰی تَقْسِیَۃً واَقْسٰی اِقْسَاءً الشَّیْءَ: سخت و درشت کرنا۔

قَاسٰی مُقَاسَاۃَ الالَمَ: تکلیف برداشت کرنا۔

القَسِیُّ. سخت مِنَ الدَّرَاھِمِ: کھوٹے درہم ج قِسْیَان. کہا جاتا ہے "عَشِیَّۃٌ قَسِیَّۃٌ"، ٹھنڈی شام "یَوْمٌ اوعَامٌ قَسِیٌّ" سخت دن یا سخت سال۔ گرمی یا سردی یا قحط کی وجہ سے "سِرْنَا سَیْرًا قَسِیًّا"، ہم تیز چال چلے۔

اَرْضٌ قَاسِیَۃٌ. بنجر زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ لَیْلَۃٌ قَاسِیَۃٌ. بہت تاریک رات۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَقْسٰی مِنَ الصَّخْرِ"، وہ پتھر سے زیادہ سخت ہے۔

المَقْسَاۃ. جو سخت بنا دے۔ کہا جاتا ہے "الذَّنْبُ مُقْسَاۃٌ لِلْقَلْبِ"، گناہ دل کو سخت کرنے کا سبب ہے۔

قَشَّ (ن) قُشُوْشًا. لاغری کے بعد تنومند ہونا فُلانٌ: لاغری کی چال چلنا مِنْ مَرَضِہٖ: مرض سے صحت یاب ہونا۔

قَشَّ (ن ض) قَشًّا النَّبَاتُ: نباتات کا خشک ہونا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ ہاتھ سے رگڑنا فُلانٌ: صدقہ کے ٹکڑے کھانا۔

قَشَّ (ن ض) قَشًّا وقَشَشَ. اِدھر اُدھر سے کھانا۔ قَشَّشَہٗ بِکَلامِہٖ: بدکلامی سے تکلیف پہنچانا۔

قَشَّ واَقَشَّ وانْقَشَّ القَوْمُ: چلا جانا۔ اَقَشَّ مِنَ المَرَضِ: مرض سے صحت یاب ہونا واَقَشَّتِ الأرْضُ: زمین میں زیادہ خشکی ہونا۔ اِنْقَشَّ القَوْمُ قوم کا متفرق ہونا۔

تَقَشَّشَ واقْتَشَّ ما وَجَدَ: سب کچھ کھا لینا۔

القَشُّ. س۔ بڑا ڈول۔ ردی قسم کی کھجور۔ گھر وغیرہ کا کوڑا کرکٹ۔

القِشَّۃ. بندریا۔ بندریا کا مادہ بچہ۔ چھوٹے جسم کی بچی۔ گبریلا کی مانند ایک کیڑا۔ کولتار استعمال کرنے میں جو چیتھڑا استعمال کیا جائے اور اس کو بعد میں پھینک دیا جائے۔

القَشِیْش. سانپ کی کھال کی آواز۔

القَشِیْش والقُشَاش والقُشَاشِیُّ پڑی ہوئی جو چیز اُٹھائی جائے۔

القَشَّاش. پڑی ہوئی چیزوں کو اُٹھانے والا (والقَشَّان والقَشُوْش) جو معمولی چیز کو اُٹھا کر کھا لے۔

المِقَشَّۃ. جھاڑو۔

قَشَبَ (ض) قَشْبًا فُلانًا لِسَمٍّ: زہر پلانا۔ قَشَبَ عَلَیْہِ. بہتان لگانا الرَّجُلَ: عار دلانا۔ عیب لگانا۔ بُری بات کہنا السَّیْفَ: تلوار پر صیقل کرنا الدُّخَانُ. دھوئیں کا نتھنوں کو بھر دینا۔ کہا جاتا ہے "قَشَبَنِی رِیْحُہٗ"، اس کی بو نے مجھ کو تکلیف دی۔ المَالُ: عقل زائل کرنا۔ الشَّیْءُ: فاسد کرنا۔ بگاڑ دینا۔ قَشَبَ لَہٗ: زہر پلانا۔ قَشَبَہٗ بِشَرٍّ: بُرائی سے یاد کرنا قَشَبَ الرَّجُلُ: نیک نامی یا بدنامی اختیار کرنا۔ قَشَبَ و قَشَّبَ الطَّعَامَ بِالسَّمِّ: کھانے میں زہر ملانا فُلانًا بِسُوْءٍ: ملوث کرنا قَشَبَتِ الرِّیْحُ فُلانًا: ہوا کا تکلیف دینا۔ قَشَّبَ الشَّیْءَ: میلا کچیلا کرنا۔

قَشُبَ قَشَابَۃً الشَّیْءُ: پاکیزہ ہونا۔ صاف ہونا۔

اِقْتَشَبَ. نیک نامی یا بدنامی حاصل کرنا۔

تَقَشَّبَ السَّیْفُ: تلوار کا زنگ خوردہ ہونا۔

اِسْتَقْشَبَہٗ. گندہ سمجھنا۔

القَاشِبُ. فا۔ درزی۔ کمزور نفس والا۔ واقعی عیوب بیان کرنے والا۔

القِشْبُ. گندہ۔

القِشْبُ. نفس۔ زنگ۔ سخت خشک۔ زہر مِنَ الطَّعَامِ: کھانے کا ردی حصہ ج اَقْشَابٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قِشْبٌ خِشْبٌ"، بے خیر آدمی۔ (خِشْب تابع مہمل ہے)

القِشْبَۃ. بے خیر۔ مرد خسیس۔

القُشَبُ. ہونٹ اور ہاتھوں کا پھٹ کر سخت ہو جانا۔ شدید ٹھنڈی ہوا لگنے کی وجہ سے۔

القَشْبُ. زہر۔ ج اَقْشَاب۔

القَشِبُ. نیا پرانا۔ سَیْفٌ قَشِبٌ: صیقل شدہ یا زنگ خوردہ تلوار۔

القَشِیْبُ. نیا۔ ستھرا۔ سفید ج قُشُبٌ وقُشْبٌ. سَیْفٌ قَشِیْبٌ: صیقل شدہ تلوار۔ زنگ خوردہ تلوار۔

القُشْبَانِیَّۃ. پرانی چادر۔

المُقَشَّبُ. غیر خالص۔ حَسَبٌ مُقَشَّبٌ و رَجُلٌ مُقَشَّبُ الحَسَبِ: مرد جس کا حسب خالص نہ ہو۔

القِشْبِرُ. ردی قسم کا اُون۔ اُون کا وہ حصہ جو صاف کرتے وقت گر جائے اور پھینک دیا جائے۔

القِشْبَارُ. سخت چھڑی۔ رَجُلٌ قِشْبَارُ اللِّحْیَۃِ و قِشْبَارُھَا: لمبی داڑھی والا۔

قَشْبَرَ. باریک بالن کو جمع کرنا۔

قَشَدَہٗ (ن) قَشْدًا. برہنہ کرنا۔ کھولنا۔

القِشْدَۃ. پتلا مکھن۔ بالائی۔ ایک بہت دودھ والا پودہ (والقُشَادَۃ) گھی کا تلچھٹ۔

قَشَرَہٗ (ن ض) قَشْرًا وقَشَّرَہٗ. کھال یا چھال اُتارنا القَوْمَ: بدشگونی لانا۔

قَشِرَ (س) قَشَرًا. موٹی کھال والا ہونا۔

تَقَشَّرَ و اِنْقَشَرَ. چھل جانا۔

اُقْتُشِرَ الرَّجُلُ: ننگا ہونا۔ صفت مُقْتَشِرٌ۔

القِشْرُ. چھلکا۔ لباس ج قُشُوْرٌ (والقُشَرُ) بالشت کے برابر ایک مچھلی۔

القُشْرَانِ. ٹڈی کے دونوں پر۔

القَشِرُ والقَشِیْرُ. بہت چھلکے والا۔ کہا جاتا ہے "تَمْرٌ قَشِرٌ وقَشِیْرٌ"، یعنی چھلکے والی کھجور۔

القشر. سخت سرخی۔

القِشْرة والقُشَرة والقُشُرة. بارش جو سطح زمین کو صاف کر دے۔ النشرة : منحوس۔

القِشْرة. چھال۔

القاشِر : فا مِنَ الخَيْلِ: گھوڑ دوڑ میں آخری گھوڑا۔

القاشِرة. قاشر کا مؤنث۔ پہلا زخم جو کھال کو پھاڑ دے۔ عورت جو اپنے چہرہ کو مل دل کر صاف کرے۔

اَلْقَشْرِيَاتُ: سخت اور مضبوط جسم والے جانور کچھ خشکی والے اور زیادہ پانی والے جیسے سرطان' مکڑی اور جھینگا مچھلی۔

القَاشُور والقَاشُورة مِنَ الاعوام: سخت قحط کا سال۔ سنةٌ قاشُورَة وقاشُور: قحط کا سال القاشُور: منحوس مِنَ الخيل: گھوڑ دوڑ کا آخری گھوڑا۔

القُشار. سانپ کی کھال۔

القُشارة. اُتارا ہوا چھڑا یا چھال۔

الاَقْشَر. چھلکا اُتارا ہوا۔ گرمی کی وجہ سے چھلی ہوئی ناک والا۔ سخت سرخی والا۔ ابرص۔ بہت سوال کرنے والا مِنَ الاَرْض: سرخ سفید زمین۔ مؤنث قَشْراء ج قُشْر. شجرة قشراء: کہیں کہیں سے چھلا ہوا درخت۔ حيّة قشراء کینچلی سے علیحدہ سانپ۔

القُشُور. چہرہ کو صاف کرنے والی دوا۔

المُقَشَّر. مع کہا جاتا ہے "جاء بالجواب المُقَشَّرِ" واضح جواب دیا "رَجُل مُقَشَّر" ننگا مرد۔

المِقْشَر. سوال میں اصرار کرنے والا۔

قَشَطَه (ض ن) قَشْطًا. لاٹھی سے مارنا۔

قشط عنه كذا: ننگا کرنا۔

قَشَّط. الرَجُلَ: لوٹنا۔ صفت مُقَشِّط.

تَقَشَّط وانْقَشَط. ننگا ہونا۔ تقشّطت وانْقَشَطَتِ السَّماءُ: صاف بے ابر ہونا۔

القِشْطَة. بالائی۔

القِشاط. برہنگی۔

القَشّاط. بہت لوٹنے والا۔

المِقْشَط. چھال یا کھال اُتارنے کا آلہ۔

المِقْشَطَةُ عند العَقّادِيْنَ: ریشم کے دھاگوں کو صاف کرنے کا آلہ۔

قَشَعَ (ف) قشعًا القَوْمُ: متفرق کرنا۔ قَشَعَتْ واَقْشَعت الرِيحُ السَحابَ: ہوا کا بادلوں کو پراگندہ کرنا۔ اَقْشَعَ القَوْمُ: متفرق ہونا۔ اقْشَعُوْا عَنِ الماءِ او المَكان: ہٹ جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔ اَقْشَع السَحابُ: بادل کھل جانا۔

قَشِعَ (س) قشعا الشئُ: خشک ہونا۔

اِنْقَشَع اللَيْلُ رات ختم ہونا۔

اِنْقَشَع و تَقَشَّعَ السَحابُ: بادل کھل جانا۔ تَقَشَّعَ القَوْمُ: متفرق ہونا۔ اِنْقَشَعَ القَوْمُ عَنِ اما كنهم: دُور ہونا۔ علیحدہ ہونا الهمُّ عَنِ القلب: دل سے غم کا زائل ہونا۔

القَشْع. س. پرانی پوستین۔ بیوقوف شتر مرغ کاپر۔ چمڑے کا خیمہ۔ ج قُشُوْع. پرانی مشک۔ بڑھاپے کی وجہ سے ڈھیلے گوشت والا از نبیل۔ نر بجو۔ خشک شدہ مٹی کا ٹکڑا۔ خشک کھال ج قِشَعٌ.

القَشْع و لقِشع کھل جانے والا بادل۔

القَشْع والقِشع والقَشَع. حمام کا کوڑا کرکٹ۔

القِشْعة. ج قِشَاع. القِشْعة ج قِشَعٌ: خشک کھال کا ٹکڑا۔ بادل کا ٹکڑا جو کھلنے کے بعد باقی رہ جائے۔ القَشْعة. قَشَع کا اسم مرة۔ پُرانی پوستین کا ٹکڑا۔ خشک شدہ مٹی کا ایک ٹکڑا۔ بڑھیا۔ بادِ شمالی۔

القَشِع. خشک۔ غیر مستقل مزاج۔ شاةٌ قَشِعةٌ: دُبلی پتلی بکری۔ اَراكةٌ قَشِعةٌ: گنجان بہت پتوں والا پیلو کا درخت۔

القِشَاع. بوسیدہ ٹکڑا۔ دھجی۔

القَشَاع. مادہ بجو کی آواز۔

القُشَاعة. رینٹ۔

القَشِيع من الكلاءِ: متفرق گھاس۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْشَعُ مِنْهُ" یعنی وہ اس سے اشرف ہے۔

اِقْشَعَرَّ جِلْدُهُ: کانپنا۔ سمٹنا۔ کھردرا ہونا۔ متغير اللَوْن ہونا۔ صفت مُقْشَعِرٌّ ج مُقْشَعِرُّوْن و قَشَاعِر. واِقْشَعَرَّت السَنَة: قحط ہونا۔ خشک سالی ہونا الاَرْض: زمین کا بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔ کہا جاتا ہے اِقْشَعَرَّ الشَعْرُ: خوف یا سردی کی وجہ سے رونگٹے کھڑے ہونا۔

المُتَقَشْعِر. بمعنی مُقْشَعِرّ.

القُشَعْرِيْرَة. کپکپی۔

القُشَاعِر. سخت کھال والا عمر رسیدہ۔

القُشْعُر. ککڑی۔

القَشْعَم. عمر رسیدہ (مرد یا عورت یا گدھ) موٹا عمر رسیدہ شیر۔ ج قَشَاعِم وقَشَاعِيْم.

القِشْعام والقَشْعمانُ والقُشْعُمان. بڑا نرگدھ۔ عمر رسیدہ مرد یا گدھ۔

القِشْعامَة. جال۔

القَشْعُوْم. چھوٹے جسم والا۔ چیچڑی۔

قَشِفَ (س) قَشَفًا وقُشُف (ک) قَشَافَةً.

وتَقَشَّف. بدحال ہونا۔ پھٹے پُرانے حال والا ہونا۔ تنگ گزران ہونا۔ گندہ جسم ہونا۔ صفت قَشْفٌ وقَشِفٌ وقشفٌ وتَقَشَّف: تنگ زندگی گزارنا۔ تَقَشَّف فِيْ لِباسِهِ: پیوند لگے ہوئے اور میلے کچیلے کپڑے پہننا۔

قَشَّفَ اللّٰهُ عَيْشَهُ: تنگ زندگی کر دینا۔

عامٌ اَقْشَفُ. سخت سال۔

قَشْقَشَهُ مِنَ الجَرَبِ اور الجُدَرِيْ. کھجلی یا چیچک سے صحت یاب کرنا۔

تَقَشْقَش. صحت یاب ہونا۔

القَشْقَشَة. س. گوشت بھوننے کی آواز۔

قَشَمَ (ن) قَشْمًا الطَعامَ: زیادہ کھانا۔ مزیدار خوراک کھانا۔

قَشَمَ (ض) قَشْمًا. الرَجُلُ فِيْ بَيْتِهِ: داخل ہونا۔

اِقْتَشَمَهُ. اِدھر اُدھر سے کھانا۔

القَشم والقِشم. زمین میں پانی بہنے کی نالی۔ گوشت جبکہ پک کر سرخ ہو جائے۔ **القِشم:** طبیعت۔ جسم۔ حال۔ ہیئت۔ چربی۔ جڑ۔ ج قُشوم۔

القُشام والقُشامَة: دستر خوان پر بچا ہوا بیکار حصہ۔

القَشِیم. خشک سبزی۔ ج قُشُم۔ موت۔

المَقْشَم. قَشم کا اسم ظرف۔ اور کہا جاتا ہے **مَا اصَابَتْ الإِبِل مَقْشَمًا.** اُونٹ نے چراگاہ کو نہیں پایا۔

القَشمر. پستہ قد۔ موٹا گٹھے ہوئے بدن والا۔

قَشا یَقْشُو قَشْوًا وقَشَی. العُوْدَ: لکڑی چھیلنا **الوَجْهَ:** چہرہ پونچھنا۔ اور کہا جاتا ہے **قَشَّاهُ عَنْ حَاجَتِه** یعنی اس کو اس کی حاجت سے باز رکھنا۔

اَقْشَی اَقْشاءً. تونگری کے بعد محتاج ہونا۔

تَقَشَّی الشَّیُٔ: چھل جانا۔

القَاشِی: فا۔ کھوٹا پیسہ۔

القُشاء. تھوک۔

القَشْوَة. کھجور کے پتوں کی ٹوکری جس میں عورتیں رُوئی یا عطر وغیرہ رکھتی ہیں ج قِشاء وقَشَوات۔

اَلْقِشْلَة: فوج کے اترنے کی جگہ۔

القَشْوان. کمزور۔ مؤنث قَشْوَانَة۔

القَشِّی مِنَ الدَّرَاهِم: کھوٹے دراہم۔

المَقْشُوُّ والمُقَشَّی. چھیلا ہوا۔

قَصَّ (ن) قَصًّا. الشَّعْر ونَحْوَه: قینچی سے بال وغیرہ کاٹنا **النَّسَّاجُ الثَّوبَ:** جھور کاٹنا۔ کان کے اطراف کو کاٹنا اور کہا جاتا ہے "مَا یَقُصُّ فِی یَدِهِ شَیٌ" کوئی چیز اس کے ہاتھ میں باقی نہیں رہتی (وَاَقَصَّ) **المَوْتُ فُلانًا:** قریب الموت ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَه حَتّٰی قَصَّهُ عَلَی المَوْتِ او اَقَصَّهُ مِنَ المَوْتِ" اس کو مارا یہاں تک کہ موت کے قریب پہنچا دیا۔ **قَصَّتْ واَقَصَّتِ الشَّاةُ** حمل ظاہر ہونا۔ صفت مُقِصٌّ ج مَقَاصُّ **اَقَصَّ الاَمِیْرُ فُلَانًا مِنْ فُلَان:** بدلہ لے لینا۔ **واَقَصَّ الرَّجُلُ مِنْ نَفْسِه:** اپنے آپ سے بدلہ لینے دینا۔

قَصَّ (ن) قَصَصًا عَلَیْهِ الخَبَرَ بیان کرنا **(قَصًّا و قَصَصًا) اَثَرَهُ:** آہستہ آہستہ پیروی کرنا۔

قَصَّصَ الشَّیَٔ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

قَاصَّ قِصَاصًا و مُقَاصَّةً الرَّجُلَ بِمَا کَانَ لَهُ قَبْلَهُ: بدلہ میں روک لینا۔ **قَاصَّه:** بدلہ لینا۔ قصاص لینا۔

تَقَصَّصَ اَثَرَهُ: پیروی کرنا **الکَلامَ:** یاد کرنا۔

تَقَاصَّ القَوْمُ: ایک دوسرے سے بدلہ لینا۔

اِنْقَصَّ. کٹ جانا۔

اِقْتَصَّ. اَثَرَهُ: تابعداری کرنا **مِنْ فُلَان:** قصاص لینا **الحَدِیْثَ:** روایت کرنا۔ نقل کرنا۔

اِسْتَقَصَّهُ. قصاص یا بدلہ لینے کو کہنا۔

القَصُّ. مص (والقَصَصُ) سینہ یا اس کی ہڈی۔ ج قِصَاص. **قَصَصُ الشَّاةِ:** بھیڑ کا کٹا ہوا اُون۔

القَصَّة. قَصَّ کا اسم مرۃ۔ چونا ج قِصَاص۔

القِصَّة. قَصَّ کا اسم نوع۔ بات۔ واقعہ۔ حالت۔ ج قِصَص واَقَاصِیص۔

القُصَّة. پیشانی کے بال۔ بالوں کا گچھا۔ ج قُصَص و قِصَاص۔

القَصَاص. ایک قسم کا درخت ہے جس کو شہد کی مکھی چاٹتی ہے۔ واحد قَصَاصَة۔

القِصَاص. گناہ کی سزا۔ بدلہ۔

القُصَاص. سر پر قینچی چلنے کی جگہ و **قُصَاص الشَّعْرِ: بِتَثْلِیْثِ القَاف:** بال نکلنے کی منتہا۔ آگے یا پیچھے کی جگہ۔

اَلقُصَّاص: وہ پودہ جس کو شہد کی مکھی چاٹے۔

القُصَاصَة. بال یا ناخن کا تراشہ۔

القَصِیص. سینہ کے بال نکلنے کی جگہ۔ ایک قسم کی نباتات جو سانپ کی چھتری کی جڑوں میں ہوتی ہے اور اس سے سر دھوتے ہیں۔ واحد قَصِیصَة۔ ج قَصَائِص۔

القَصِیصَة. اُونٹ کہ جس سے قافلہ کی پیروی کی جائے۔ **قِصَّة.** چھوٹا اُونٹ کہ جس پر کھانا اور اثاثہ لادیں۔ جماعت جو ایک جگہ میں جمع ہو۔ کہا جاتا ہے کہ "تَرَکْتُهُم قَصِیْصَةً وَاحِدَةً" یعنی میں نے ان کو ایک جگہ میں مجتمع حالت میں چھوڑا۔

القَاصُّ. فا۔ قصہ گو۔ خطیب۔ واعظ۔

القَصَّاص. اُجرت لے کر مجمع میں قصہ بیان کرنے والا۔ وہ شخص جو اُونٹ وغیرہ کے بال اُتارنے کا پیشہ کرتا ہو۔

المُقَصَّص. مف۔ پیشانی کے بالوں والا۔

رَجُلٌ مُقَصَّصٌ: بڑے سینہ والا۔

المَقَصُّ. اثر۔ نشان۔

المِقَصُّ. قینچی۔ ج مَقَاصُّ۔

قَصَبَ (ض) قَصْبًا. کاٹنا۔ **قَصَبَ الشَّاةَ:** بکری کے عضو کاٹنا **(قَصْبًا وقُصُوْبًا) البَعِیْرُ:** اُونٹ کا پانی پینے سے باز رہنا **الاِنْسَانَ وغَیْرَهُ:** پانی پینے سے باز رکھنا اور سیرابی سے پہلے روک دینا **الرَّجُلَ:** کسی کو گالی دینا۔

قَصَّبَهُ. گالی دینا۔ **قَصَّبَ الشَّعْرَ:** بالوں کو گھنگھریالے بنانا **الزَّرْعُ:** ڈنٹھل والی ہونا **فُلَانًا:** ہاتھوں کو گردن سے ملا کر باندھنا۔

اَقْصَبَ. المَکَانُ: نرکل والی ہونا۔ **الرَّاعِی:** چرواہے کے اُونٹوں کا پانی پینے سے باز رہنا۔

اِقْتَصَبَ الشَّیَٔ: اپنے لیے کاٹنا۔

القُصْب. پیٹھ۔ آنت۔ ج اَقْصَاب۔

القَصَب. ہر وہ جس میں پورے اور گرہیں ہوں جیسے بانس اور نرکل۔ **قَصَبُ السُّکَّر:** گنا۔ **القَصَب:** ہاتھ پاؤں کی ہڈیاں۔ گول اور لمبی جوف دار ہڈی۔ گودے والی ہڈی۔ حلق کی نالی۔ مستطیل۔ جوہڑ۔ چشمے سے پانی بہنے کی جگہ۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ مروارید آبدار تازہ۔ زبرجد آبدار تازہ۔ جو یاقوت سے مرصع ہو۔ کہا جاتا ہے "اَحْرَزَ قَصَبَ السَّبَقِ" یعنی

غالب رہا۔ اور اس کی اصل یوں ہے کہ میدانِ مسابقت میں ایک بانس گاڑ دیا کرتے تھے جو شخص آگے بڑھ جاتا تھا وہ اسے اُکھاڑ لیتا تھا تاکہ غالب رہنے کی علامت ہو۔

القَصْبَة. واحد ہے قصب کا۔ شہر کا یا مُلک کے شہروں میں بڑا شہر۔ گاؤں یا گاؤں کے درمیان نیا کھدا ہوا کنواں۔ بالوں کا لپٹا ہوا گچھا۔ **قَصبةُ الاِصْبع**: اُنگلی کا سرا۔ **قَصبةُ المَرِیٔ**: نرخرہ **قَصْبَةُ الانفِ**: ناک کا بانسہ۔ **قَصبةُ الرِئةِ**: پھیپھڑے کی نالی۔

القَصَبِیّ. السی کا باریک کپڑا ج **قَصَب**.

القَاصِب. فا۔ بانسری بجانے والا۔ قصابی۔ بادل بہت گرجنے والا۔ ج **قُصَّاب** (و**القَصِیب**) مِنَ الاِبل: پانی سے رُکنے والا اُونٹ۔ کہا جاتا ہے **بَعِیرٌ قَصِیبٌ** و **ناقةٌ قَصِیبٌ**.

القَصْبَاء. بہت سے بانس۔ نرکل یا بانس اُگنے کی جگہ۔ واحد **قَصْبَائَة**. **اجمةٌ قصباءُ** بہت نرکل یا بانسوں والی جھاڑی۔ نرکل یا بانس کا جنگل۔

القَصَّاب. بانسری بجانے والا۔ قصابی۔

القَصَّابَة. قصاب کا مؤنث۔ لوگوں کے عیوب بیان کرنے والا۔ ج **قَصَّاب**.

القُصَابَة: ج **قُصَّاب** (و**التَقْصِیبة** و**التَقْصِبَة**) ج **تَقَاصِب** و**تَقَاصِیب**: بالوں کا پیچیدہ گچھا۔ **القُصَّابَة**: بانسری۔

القَصِیبَة. نرکل کی پوری۔ بانس کی پوری۔ بالوں کا گچھا۔ ج **قَصَائب**.

القِصَابَة. قصابی کا پیشہ۔ بالوں کا پیچیدہ گچھا۔

القَصُوْب مِنَ الغَنَم: بھیڑ کہ جس کا اُون اُتار دیا جائے۔

المَقْصَبَة. بانس یا نرکل نکلنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "**اَرْضٌ قَصِبَةٌ و مِقْصَاب و مَقْصَبَةٌ**" بہت نرکل یا بانس والی سرزمین۔

المُقْصِب. فا۔ سبقت لے جانے والا۔ دودھ کہ جس پر گاڑھا جھاگ ہو۔

المُقَصَّب مفع مِنَ الثِیَاب: تہ شدہ کپڑا۔ **شَعْرٌ مُقَصَّبٌ**: گھنگھریالے بال۔

قَصْبَل قَصْبَلةَ الطعامَ: سب کھالینا۔

قَصَدَ (ض) **قَصْدًا الرَجُلَ ولَهُ والَیْهِ**: توجہ کرنا **الَیْهِ**: اعتماد کرنا۔ **قَصَدَ قَصْدَهٗ**: اسکی طرف جانا **فِیْ مَشْیِهٖ**: سیدھی چال چلنا۔ **فُلَانًا عَلَی الاَمْرِ**: مجبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "**اِقْصِدْ بِذَرْعِكَ**" یعنی ٹھہرو، توقف کرو (و **قَصَّدَ الشَیْئَ**) توڑنا۔ **قَصَدَ و قَصَّدَ الشَاعِرُ**: قصائد بنانا۔ **قَصَّدَ القَصَائِدَ**: مہذب کرنا۔ درست کرنا۔

قَصَدَ (ض) **قَصْدًا و اِقْتَصَدَ فِی الاَمْرِ**: درمیانہ روی کرنا **فِی النَفَقَةِ**: متوسط خرچ کرنا۔ **اِقْتَصَدَ فِیْ اَمْرِهٖ**: مستقیم ہونا۔

قَصُدَ (ک) **قَصَادَةُ البَعِیْرِ**: اُونٹ کا موٹا ہونا۔

اَقْصَدَهٗ. ٹھیک نشانہ پر نیزہ مارنا **الحَیَّةُ فُلَانًا**: سانپ کا کسی کو ڈس کر مار ڈالنا۔ **اَقْصَدَهُ السَهْمُ**: تیر مارنا اور اسی جگہ قتل کر دینا۔ **اَقْصَدَ الشَاعِرُ**: قصائد بنانا۔ کہا جاتا ہے "**اَقْصَدَ نِیْ الَیْكَ الاَمْرُ**" یعنی مجھے تیرے پاس آنے پر برانگیختہ کیا۔

تَقَصَّدَ الكَلْبُ وغیرہ: مرنا۔ **تَقَصَّدَهٗ**: ارادہ کرنا۔ کسی کو اس کی جگہ پر مار ڈالنا (و**اِنْقَصَدَ**) **الرُمْحُ**: نیزہ کا ٹوٹنا۔

القَصْد. مص۔ راستہ کی استقامت۔ میانہ روی۔ کہا جاتا ہے "**رَجُلٌ قَصْدٌ**" یعنی نہ تو بڑے ڈیل ڈول کا ہے اور نہ دُبلا "**طَرِیقٌ قَصْدٌ**" سیدھا راستہ **واِنَّهٗ عَلٰی قَصْدٍ** یعنی وہ ہدایت پر ہے "**و عَلَی اللهِ قَصْدُ السَبِیْلِ**" اللہ کے اوپر ایسے راستہ کا بیان کرنا ہے جو سیدھا ہو اور حق تک پہنچانے والا ہو و "**هُوَ قَصْدَكَ** او **قَصْدَكَ**" وہ تمہارے مقابل ہے۔

القَصَد مِنَ العَوسج ونَحْوِهٖ: نرم و نازک ٹہنیاں۔ ہر خار دار درخت اُگتے وقت۔ واحد **قَصَدَةٌ**. **القَصَد**: بھوک۔ **رُمْحٌ قَصِدٌ** و**قَصِیدٌ** و**اَقْصَادٌ**: ٹوٹا ہوا نیزہ۔

القَصِیْد مِنَ الشِعْرِ: تین سے لے کر زائد شعروں کی نظم اور بعض نے کہا ہے کہ سولہ سے لے کر زائد شعروں کی نظم۔ درست اور مہذب کی ہوئی نظم۔ **القَصِیْد**: موٹا گودا۔ خشک گوشت۔ لاٹھی۔ موٹی جوان اُونٹنی۔ موٹا کوہان۔

القِصْدَة. توڑی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج **قِصَد**.

القَصُوْد. موٹا گودا۔

القَصِیْدَة. مِنَ الشِعْرِ: سات یا دس اشعار سے زائد نظم۔ لاٹھی۔ قصید کا واحد۔ ج **قَصِیْد و قَصَائِد**.

القَاصِد. فا۔ **مِنَ السَفَرِ**: آسان اور قریب کا سفر۔ **طَرِیْقٌ قَاصِدٌ**: سیدھا راستہ۔ ج **قَوَاصِد**.

القَاصِدَة. قاصد کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "**بَیْنَنَا وبَیْنَ المَاءِ لَیْلَةٌ قَاصِدَةٌ**" ہمارے اور پانی کے درمیان ایک رات کی مسافت ہے جس میں نہ تعب ہے اور نہ تاخیر ج **قَوَاصِد**.

المُقْصَد. مفع۔ جو شخص بیمار ہو اور فوراً مر جائے۔

المَقْصِد. مکان۔ قصد۔ تم کہتے ہو "**بابك مقصدی**" تمہارا دروازہ میرے لیے جائے قصد ہے۔ ج **مَقَاصِد**.

رَجُلٌ مُقَصَّد و مُقْتَصِد. درمیانے جسم کا نہ موٹا نہ لاغر۔

المُقَصَّدَة. مفع۔ علامت جو اُونٹوں کے کان میں ہوتی ہے۔

القَصْدِیر. رانگا۔ ایک معدنی چیز ہے جس سے جڑائی اور قلعی کا کام لیا جاتا ہے۔ ایک ٹکڑے کو **قَصْدِیْرَة** کہتے ہیں۔

قَصَرَ (ن) **قُصُوْرًا الشَیْئُ**: ناقص ہونا۔ ارزاں ہونا **عَنِ الشَیْئِ**: رُکنا اور عاجزی کی وجہ سے چھوڑ دینا **عَنْهُ الغَضَبُ او الوَجَعُ**: غضب یا درد میں سکون ہونا **السَهْمُ عَنِ الهَدَفِ**: تیر کا نشانہ پر نہ پہنچنا **هٰذَا البُقْعَةَ**: مقصود کو نہ پہنچانا **الطَعَامُ**: بڑھنا **اللَحْمُ**: گراں ہونا (**قَصْرًا**) **قَیْدَ البَعِیْرِ**: تنگ کرنا **الصَلَاةَ و مِنَ الصَلَاةِ**: چار رکعت کے

بجائے دو رکعت پڑھنا الشیٔ: روکنا الستر: پردہ لٹکانا بہ اللیل: روکنا الدار: گھر کو دیواروں سے محفوظ کرنا اور کہا جاتا ہے "قصرت بکذا نفسك"، جبکہ تم شی قلیل کو مانگو۔

قَصرہ(ض) قَصرًا. فی بیتہ: قید کرنا۔ ہ علی الامر: لوٹانا۔ واپس کرنا۔ قصر الشیٔ علی کذا: منحصر کرنا۔ محدود کرنا۔ قصر نفسہ علی کذا: دوسرے کی طرف نگاہ نہ اُٹھانا الظلام: مختلط ہونا۔ وقصر علی نفسہ ناقةً: اپنے لیے خاص کرلینا۔ ناقہ کو مقصورة کہیں گے الشیٔ: چھوٹا کرنا۔

قَصُر (ک) قَصرًا وقِصرًا وقَصارةً. چھوٹا ہونا۔

قَصِر (س) قَصرًا. خشک گردن والا ہونا۔ گردن میں درد ہونا۔ صفت قَصِر واَقصر. مؤنث قصِرةٌ وقَصرآء.

قَصَّر. الشیٔ: چھوٹا کرنا الثوب: کپڑے کو ٹھکنا اور سفید کرنا فی العطیة: کم کرنا فی الامر: کوتاہی کرنا۔ قصّر عن الامر: باوجود قدرت کے رُکنا من شعرہ: بال چھانٹنا عن الشیٔ: طاقت نہ رکھنے کی وجہ سے چھوڑنا عنہ الوجع او الغضب: درد یا غصہ میں سکون ہونا۔

اَقصرہ. چھوٹا کرنا۔ طول کم کرنا فلانٌ: شام کے وقت داخل ہونا۔ اقصرت المرأة: چھوٹے چھوٹے بچے جننا۔ اقصر المطر: بارش رُک جانا الکلام: مختصر کلام کرنا من الصلاة: بجائے چار کے دو رکعت پڑنا (وتقاصر) عن الامر: باوجود قدرت کے باز رہنا۔ تقاصر الرجل: کوتاہی ظاہر کرنا۔ تقاصر الظل: سایہ کا سمٹنا۔ تقاصرت نفسہ: بتکلف چھوٹا بننا۔

تَقصّر. بفلان: مشغول ہونا۔

اِقتصر علی کذا: اکتفا کرنا۔ اِقتصرہ: گردن کی جڑ پکڑنا۔

اِستقصرہ. کوتاہ یا کوتاہی کرنے والا سمجھنا۔

القاصر. فا، ، قاصر گھاس سے دور اور بقول بعض ٹھنڈا۔ کلأ قاصر: گھاس کہ اس کے اور پانی کے درمیان میں کتے کی آواز کے پہنچنے کا فاصلہ ہو۔

القاصرة. (قاصر) کا مؤنث۔ امرأة قاصرة الطرف: عورت جو اپنی نگاہ کو صرف اپنے شوہر ہی پر مرکوز رکھے۔

القِصر. س بہت لکڑی۔ محل۔ قِصر المجد: مجد و شرافت کی کان۔ ج قُصور.

القِصر. چھوٹا پن۔

القَصر والقِصار والقُصار والقَصاری غایت۔ انتہا۔ کہا جاتا ہے "قَصرك او قُصارك او قَصارك ا قُصاراك اَنْ تفعل کذا"، تمہاری انتہائی طاقت یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔ کہا جاتا ہے "ابن عمی قصرةً او قُصرةً" وہ میرا اقربی چچازاد بھائی ہے۔

القصر والقصر والقُصری والقِصری والقصارة غلہ کا کوڑا کرکٹ جو چھلنی میں باقی رہ جائے۔ دائیں کرنے کے بعد خوشہ میں جو دانہ باقی رہ جائے۔

القِصری والقصری سانپ کی ایک قسم۔ والقُصری. آخرامر۔

القُصریان. پسلی کی دو ہڈیاں جو چنبر گردن کے قریب ہیں۔

القُصَّری والقصرّی. دائیں کرنے کے بعد خوشہ میں جو دانے باقی رہ جائیں۔ اور کہا جاتا ہے "رجل قصریٌ" یعنی خاص اور اسی کی نظیر ہے "رجل عُمیٌ" یعنی عام۔

القصَرة. لکڑی کا ٹکڑا۔ پرندہ کی دُم کی جڑ۔ گردن کی موٹی جڑ۔ ج قصر و اقصار وقصرات القصرة: کاہلی سستی۔

القُصارة. کشادہ۔ مضبوط مکان۔ قُصارة الارض: زمین کا زرخیز ٹکڑا۔

القِصارة. دھوبی کا پیشہ۔ پست قد عورت۔ کہا جاتا ہے امرأة قِص ة یعنی پست قد عورت۔

قَیصر. شاہانِ روم کا لقب ج قیاصرة.

التقصار والتقصارة ہار، مالاج تقاصیر. القصیر. چھوٹا۔ چھوٹے قد والا۔ سیل قصیر سیلاب جو وادی کو نہ بھرے۔ قصیر العلم کم علم۔ ج قصار و قصراء مؤنث قصیرة ج قصار و قصیرات و قصائر. الاحادیث القصار. جامع اور مفید باتیں۔

القصیرة والقصورة والمقصورة من النساء: وہ عورت جس کو گھر سے باہر نکلنے کی اجازت نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "هو ابن عمی قصیرة" وہ میرا اقربی چچازاد بھائی ہے۔

قیصر ج قیاصر: ہر رومی بادشاہ کا لقب۔

القصار. اسم مبالغہ۔ دھوبی۔

الاقصر اسم تفضیل۔ ج اقاصر و اقصرون مؤنث قُصری ج قُصر و قُصریات.

الاقیصر بعض عرب کے ایک بُت کا نام۔

المقصر والمِقصرة. دھوبی کا تختہ۔

المقصر والمقصر والمقصرة. شام۔ ج مقاصر ومقاصیر مقاصیر الطرق. راستے کے اطراف۔ واحد مقصرة. کہا جاتا ہے "داری جاری مقاصری" یعنی اس کا محل میرے محل کے مقابل ہے۔

المقاصر. درخت کی جڑیں۔ واحد مَقصُور.

المقصورة. مضبوط کشادہ مکان۔ حویلی۔ دُلہن کا مزین کمرہ۔ مقصورة الدار: کمرہ ج مقاصیر اور کہا جاتا ہے "هو ابن عمی مقصورةً" وہ میرا اقربی چچازاد بھائی ہے۔

قَصع (ف) قصعًا. پانی کے گھونٹ نگلنا۔ القملة بظفرہ: جوں کا ناخن سے مار ڈالنا۔ قصعت الرحی الحبَّ: چکی کا دانہ کو پیسنا۔ الرجل: ذلیل کرنا۔ حقیر کرنا۔ قصع الرجل او هامتہ: سر پر تھپڑ مارنا۔ قصِع وقصَع البیت: لازم رہنا الماءُ عطشہ: بجھانا۔ کہا جاتا ہے "قصع او قصع الشیطان فی قفاہ" یعنی غضبناک ہوا اور بدخلق ہوا۔ قصع وقصّع الجرح بالدم:

زخم کا خون سے بھرنا ... جگال کو لوٹا دینا۔ ... کپڑے میں لپٹنا۔ ... گوہ کا سوراخ کے منہ کو بند کر دینا۔ ... اگنا۔

... (س) ... (ک) ... جوان ہونے میں تاخیر ہونا۔ ... زخم کا خون سے بھرنا ... لازم رہنا ... جنگلی چوہے کا سوراخ سے مٹی نکالنا۔

... پیالہ۔ ج ... عات

القصّاع کاسہ ساز۔ پیالہ بنانے والا۔

القُصْعة ج قُصَع

والقُصَعاء والقصاعاء ج قواصع والقصيعاء جنگلی چوہے کا بل۔

الغلام القصيع مؤنث قصيعة ...

والقصع مؤنث ... مؤنث مقصوعہ دیر میں جوان ہونے والا۔

المقصع من السیوف شمشیر براں۔

اقْصَعلَتِ الشمسُ: آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔

القُصْعُل کمینہ۔ نااہل۔ بچھو۔ بچھو کا بچہ۔ بھیڑیے کا بچہ۔

قصف (ض) قصفًا الشيء توڑنا ٹوٹنا (قصفًا وقصيفًا) الرعد: بادل کا زور سے گرجنا البعیر: اونٹ کا دانت پیسنا اور بڑبڑانا۔

قصف (ن) قصفًا وقُصُوفًا کھانے پینے کھیل کود میں زیادہ مشغول رہنا۔

قصف (س) قصفًا العود کمزور وضعیف ہونا۔ صفت اَقصف وقصف ... لمبے ہونے کی وجہ سے جھک پڑنا الرمح ... کمزور و ضعیف ہونا الرمح: نیزہ کا عرض میں پھٹ جانا الناب: دانت کا آدھا ٹوٹنا۔ الق... بغیر جدا ہوئے ٹوٹنا۔

قصّفہ توڑ دینا۔

... نرم وباریک ہونا اقصفوا ... عاجز ہو کر چھوڑ دینا۔ ... قوم کا اکٹھا ہونا ... ٹوٹنا ... القوم قوم کا جھگڑے یا دھکم میں شور مچانا۔ ... اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ ... ٹوٹنا ... سیلاب کا رواں ہونا ... سستی کی وجہ سے چھوڑ دینا ... پے در پے آنا۔

القصف ... کھیل کود کھانے پینے میں مشغولیت۔ القصیف ... باجہ کی آواز۔ شور۔ کھیل کود کا اعلان۔

القصوف ... اونٹ کی بڑبڑاہٹ؛ اونٹ کے دانتوں کی آواز۔

القصفة شہسواروں کی جماعتوں کا ایک دوسرے پر دباؤ۔ سیڑھی کا پایہ من القوم: بھیڑ ہجوم ج قصف و قصفان۔

القاصف ... غد قاصف: بہت گرجنے والا بادل۔ ... قاصف او قاصفة: بہت تیز ہوا۔

القصف مرد سریع الانکسار۔ القصف البطن بھوک کی تاب نہ رکھنے والا

والقصیف دو برابر حصوں میں ٹوٹا ہوا۔

القصیف درخت کا ٹوٹا ہوا حصہ۔

الاقصف وہ شخص جس کا دانت آدھے حصہ سے ٹوٹ جائے۔

المقصف کھانے پینے کھیل کود کی جگہ ج مقاصف ...

قصقص ... توڑنا بالجرو: کتے کے پلے کو بلانا۔

تقصقص ... پیروی کرنا کلامہ: یاد کرنا۔

حیة قصقاص وقُصاقص خبیث سانپ۔

اسد او رجل قصاقص ج قصاقص و قُصاقصة و قصاقص وقُصقُصة موٹا پستہ قد شیر یا مرد۔

القصقص ... سینہ میں بال نکلنے کی جگہ۔ ... آواز۔

قصل (ض) قصلًا الشيء: کاٹنا۔ صفت فاعلی قاصل اور صفت مفعولی قصیلٌ ومقصولٌ الحنطة: گیہوں کا دائیں کرنا الدابة وعلیها: جانور کو کٹی کھلانا۔ چارہ دینا عُنُقَهٗ: گردن پر مارنا۔

تَقَصَّلَ وانْقَصَلَ کٹنا۔

اِقْتَصَلَ الشَّيْءَ: کاٹنا۔ کٹنا۔

اِقْصَالَّ بِهٖ: قبضہ کرنا بالمکان: اقامت کرنا۔

القَصَل (س) والقَصِلُ والقصل والقُصالة) گیہوں کا ردی حصہ جو پھینک دیا جائے یا دوبارہ دائیں کیا جائے۔ القِصْل بے خبر۔ بیوقوف۔ کمزور۔ مؤنث قِصْلَة۔

القَصْلَة والقِصْلَة۔ اونٹوں کا گلہ۔

سَیْفٌ قَاصِلٌ وقَصَّالٌ ومِقْصَلٌ۔ شمشیر براں۔ لِسَانٌ مِقْصَلٌ: تیز زبان۔ القَصَّال: شیر۔

القَصِیْل۔ سبز جو۔ جو کاٹ کر جانوروں کو چارہ دیا جائے۔ جماعت۔ ج قُصْلان۔ فقہاء کی اصطلاح میں قَصِیْل وہ کھیتی جو ابھی تیار نہ ہوئی ہو۔

المِقْصَلَة۔ مار ڈالنے کا ایک آلہ جس میں چھری ہوتی ہے اور مجرم کے سر پر گرتی ہے۔

القُصْلُبُ۔ قوی۔ توانا۔

قَصَمَ (ض) قَصْمًا الشيءَ: توڑنا الرجُلَ: ہلاک کرنا فلانٌ: سفر توڑ دینا اور واپس آنا اور کہا جاتا ہے "قَصَمَ اللّٰهُ ظَهْرَ الظالم" اللہ ظالم کی پیٹھ کو توڑ دے یعنی اس پر کوئی مصیبت نازل کرے "وقَصَمَ اللّٰهُ عُمْرَ الکافِرِ" اللہ نے کافر کی زندگی ختم کر دی۔

قَصِمَتْ (س) قَصَمًا سِنُّهٗ: اگلے دانت کا نصف سے ٹوٹنا۔

تَقَصَّمَ وانْقَصَمَ۔ ٹوٹنا۔

القَصَم۔ اگلے دانت کا نصف سے ٹوٹنا۔ ٹڈی کے انڈے۔ واحد قَصَمَة۔

القِصْمَة والقُصْمَة۔ ٹکڑا۔

القَصْمَة۔ قَصَم کا اسم مرۃ۔ سیڑھی کا پایہ؛

ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَتْ بِهِمْ قَاصِمَةُ الظَّهْرِ" یعنی ان پر ہلاکت واقع ہوئی۔

اَلْقَصِمُ والقَصِيْمُ. جلدی ٹوٹنے والا۔ کمزور۔

القَصِيْمَة. قَصِيْم کا مؤنث۔ ریتلی زمین جس میں کثرت سے غضا کے درخت ہوں۔ ج قَصِيْم وقُصُم وقَصَائِم. کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا يَحْطِبُوْنَ فِي الْقَصِيْمِ" وہ لوگ غضا درخت کی لکڑیوں کو چن رہے تھے۔

اَلْقَيْصُوْمُ ایک خوشبودار دوائی کا نام۔

القُصَم. ہر چیز کو توڑ دینے والا۔

الاَقْصَم. وہ شخص جس کا اگلا دانت ٹوٹا ہوا ہو۔ مؤنث قَصْمَاء ج قُصْم. القَصْمَاءُ مِنَ المَعْزِ: بکری جس کا سینگ ٹوٹ کر علیحدہ ہو گیا ہو۔

قَصْمَلَ الرَّجُلُ: چلنے میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا ۵: پھاڑ دینا الشَّیءَ: کاٹنا الطَّعَامَ: سب کھاجانا (وتَقَصْمَلَ) الفَصِيْلُ: قصمل کی بیماری والا ہونا (قُصْمُل) ایک بیماری ہے جو اُونٹوں کے بچوں کو ہوتی ہے جس سے وہ مر جاتے ہیں۔

القَصْمَلُ والقِصْمِل. مضبوط مرد۔

القِصْمِل: شیر۔ کہا جاتا ہے "اِلتَقَمَهُ القَصْمَلِي" یعنی بہت حرص سے کھایا۔

قَصَا يَقْصُو قَصْوًا وقُصُوًّا وقَصًا وقَصَاءً وقَصِيَ يَقْصَى قَصًا المَكَانُ: دُور ہونا۔ الرَّجُلُ عَنِ القَوْمِ: علیحدگی اختیار کرنا۔

قَصَا يَقْصُو قَصْوًا النَّاقَةَ او الشَّاةَ: اُونٹنی یا بکری کے کان کا تھوڑا سا کنارہ کاٹ دینا۔

قَصَّى تَقْصِيَةً النَّاقَةَ: بمعنی قَصَا يَقْصُو الاَظْفَارَ: ناخن تراشنا۔

قَاصَى مُقَاصَاةً الرَّجُلَ: دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَاصَانِي فَقَصَوْتُهُ" اس نے مجھ سے دُور ہونا چاہا میں اس سے زیادہ دُور ہوگیا اور یہ اِفعال مغالبہ میں سے ہے "هَلُمَّ أُقَاصِيْكَ أَيُّنَا أَبْعَدُ مِنَ الشَّرِّ" آؤ تم سے مقابلہ کریں دیکھیں ہم میں سے شر سے کون بعید ہے۔

اَقْصَى فُلَانًا عَنْهُ: دُور کرنا الشَّیءَ: انتہا پر پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلْنَا مَنْزِلًا لَا يُقْصِيْهِ البَصَرُ" ہم ایسی جگہ میں اُترے جس کی انتہا حد بصر سے خارج ہے۔

تَقَصَّى تَقَصِّيًا. دُور ہونا (وَاِسْتَقْصَى) المَسْاَلَةَ و فِيْهَا: مسئلہ کی تہ کو پہنچنا۔ وتَقَصَّاهُمْ: بعید لوگوں میں سے ایک ایک کو بلانا۔

القَصَا. س۔ دُور کا نسب۔ کنارہ۔ کہا جاتا ہے "حُطْنِي القَصَا" یعنی مجھ سے دُور ہو جا۔ و "ذَهَبْتُ قَصَاهُ" میں اس کی طرف چلا۔

القَصَا: اُونٹنی یا بکری کے کان کے کنارے سے تھوڑا سا کٹا ہوا حصہ (والقَصَاء) گھر کے سامنے کا صحن۔

القَصْوَة. کان کے اوپر کے حصہ پر داغ۔

القَصِّي. دور۔ ج اَقْصَاء مؤنث قَصِيَّةٌ ج قَصَايَا. کہا جاتا ہے "رَمَيْتَ المَرْمَى القَصِّي" یعنی تم گمان اور تاویل میں بہت دُور چلے گئے۔ القَصِيَّة: اصیل اُونٹنی۔ بد اصل اُونٹنی۔

القَاصِي. فا۔ دُور۔ بعید۔ قَاصُوْن واَقْصَاء.

القَاصِيَة. قاصی کا مؤنث۔ کنارہ۔ نَعْجَةٌ قَاصِيَةٌ: بوڑھی بھیڑ۔ القَاصِيَة مِنَ الشَّاءِ: ریوڑ سے علیحدہ ہونے والی بکری۔

الاَقْصَى. مؤنث قَصْوَاء و (المَقْصُوّ والمَقْصِيّ والمَقَصِّى) مِنَ الجِمَالِ: اُونٹ جس کے کان کا کنارہ ذرا سا کٹا ہوا ہو اور ایسے ہی شَاةٌ مَقْصُوَّةٌ و مُقَصَّاةٌ.

الاَقْصَى. اسم تفضیل۔ زیادہ دُور۔ ج اَقَاصٍ مؤنث قُصْوَى وقُصْيَا

لَاحَی لِحَاءً و مُلَاحَاةً الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا اور اسی سے مثل ہے "مَنْ لَاحَاكَ فَقَدْ عَادَاكَ" جس نے تم سے جھگڑا کیا اس نے تم سے دشمنی کی۔ فُلَانًا: دفع کرنا۔ منع کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
اَلْحَی اِلْحَاءً. قابل ملامت کام کرنا۔
العُوْدُ: چھیلے جانے کے قابل ہونا۔
تَلَحَّی تَلَحِّیًا. ٹھوڑی کے نیچے عمامہ لپیٹنا۔
تَلَاحَی تَلَاحِیًا الْقَوْمُ: باہم لعن کرنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ باہم ملامت کرنا۔ باہم بغض رکھنا۔ باہم جھگڑنا۔
اِلْتَحَی اِلْتِحَاءً. داڑھی اگنا۔ داڑھی رکھنا
العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔
اللَّحْیُ ۔جبڑا۔ داڑھی اُگنے کی جگہ لَحْیَانِ دونوں جبڑے لَحْیَا الْغَدِیْرِ: تالاب کے دونوں کنارے۔ ج اَلْحٍ و لُحِیٌّ.
اللِّحَاءُ ۔س۔ لکڑی یا درخت کی چھال۔ اور امثال عرب سے ہے "لَا تَدْخُلْ بَیْنَ الْعَصَا وَلِحَائِهَا" لاٹھی اور اس کی چھال کے درمیان داخل مت ہو ان دو دوستوں کے حق میں بولتے ہیں جن کے درمیان کوئی فساد نہ کرا سکے۔
اللِّحْیَانُ ۔ لمبی داڑھی والا۔ مؤنث لِحْیَانَةٌ
اللِّحْیَةُ. داڑھی۔ ج لِحًی و لُحًی اور نسبت کیلئے لِحَوِیٌّ. لِحْیَةُ الْحِمَارِ:

پرسیاؤشاں (نام ایک دوا کا) لِحْيَةُ التَّيْسِ: نام ایک نباتات کا جس کے پتے گندنا کے پتے کے مانند ہوتے ہیں لیکن اس سے بلند ہوتے ہیں۔
اَللِّخْيَان ۔ تھوڑا پانی ۔ سیلاب کے بنائے ہوئے گڑھے۔ واحد لِخْيَانَةٌ
اَلْاَلْخَى و اللِّخْيَانِيُّ ۔ لمبی یا بڑی داڑھی والا۔
لَخَّه (ن) لَخًّا طمانچہ مارنا لَخَّ الْخَبَرَ: پوری خبر معلوم کرنا فِي الْكَلَامِ: مشتبہ اور سربستہ بات کہنا۔ بالطیب: خوشبو لگانا فِي الْجَبَلِ: پہاڑ میں چپھا کرنا فِي الْحَفْرِ: کھودنے میں جھکنا۔
لَخِتْ لَخًّا و لَخِيخًا و لَخِخَت (س) لَخِخًا عَيْنُهُ: زیادہ آنسو اور موٹی پلکوں والا ہونا۔ صفت لَخِخَة
اِلْتَخَّ الْاَمْرُ: خلط ملط ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَخَّ عَلَيْهِ الْاَمْرُ" معاملہ ان کے اوپر خلط ملط ہو گیا۔
العُشْبُ: گھنی و گنجان ہونا۔
تَلَاخَّ الْوَادِي: تنگ وادی ہونا اور درختوں سے بھری ہوئی ہونا۔
وَادٍ لَاخٌّ تنگ اور گنجان درختوں والی وادی۔
اللخه ناک اِمْرَاَةٌ لَخَّةٌ: گندی بدبودار عورت۔ اَصْلٌ لَخُوخٌ عیب دار اصل۔
سَكْرَانُ مُلْتَخٌّ ۔ بدمست ۔ ہوش و حواس زائل شدہ وَادٍ مُلْتَخٌّ: بہت اور گنجان درختوں والی وادی۔
لَخَبَه (ف ن) لَخْبًا ولَاخَبَهُ مُلَاخَبَةً طمانچہ مارنا۔ الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
اللخب ۔ گوگل کا درخت۔ واحد لَخَبَةٌ۔
المُلَخَّب ۔ طمانچہ مارا ہوا۔ جھگڑوں میں پھنسا ہوا۔
اللخج ۔ آنکھ کی بری کیچڑ۔
اللخز ۔ تیز چھری۔
لَخِصَ (س) لَخَصًا ۔ اوپر کے موٹے پپوٹے والا ہونا۔ لَخِصَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کے ارد گرد کا متورم ہونا۔ شخص کی صفت اَلْخَصُ:

آنکھ کی صفت لَخْصَاءُ ۔ ج لُخْصٌ۔
لَخَّصَ الْكَلَامَ: مختصر کرنا ۔ خلاصہ کرنا۔ کھول کر بیان کرنا اور کہا جاتا ہے "لَخِّصْ لِي خَبَرَكَ" مجھ سے اپنی خبر کو تھوڑا تھوڑا بیان کرو۔
الشَّيْءَ: خالص لینا۔
اللَّخَص ۔ مص ۔ خلقتًا ۔ آنکھ کے پپوٹے کی موٹائی۔
اللَّخْصَة آنکھ کے اندر کا گوشت ۔ ج لِخَاص.
الاَلْخَص ۔ ظاہر ۔ مختصر۔
ضَرْعٌ لَخِصٌ ۔ زیادہ گوشت والا تھن جس سے دودھ مشکل سے نکلے ۔ وَرَجُلٌ لَخِصٌ: اوپر کے موٹے پپوٹے والا مرد ۔ اور کہا جاتا ہے "جَفْنٌ لَخِصٌ" موٹا پپوٹا۔
المُلَخَّص ۔ مع کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلَخَّصُ مَا قَالُوهُ" یہ لوگوں کے قول کا خلاصہ ہے۔
لَخَفَهُ (ف) لَخْفًا ۔ زور سے مارنا۔
اللَّخْف ۔ مص ۔ پتلے جھاگ۔
اللخفه ۔ سفید باریک پتھر ج لِخَاف.
لَخَمَهُ (ن) لَخْمًا طمانچہ مارنا لَخَمَ الشَّيْءَ: کاٹنا۔
لَخُمَ (ف) لَخْمًا الرَّجُلُ: پر گوشت چہرے والا ہونا۔
لَاخَمَهُ لِخَامًا و مُلَاخَمَةً ۔ باہم طمانچہ بازی کرنا۔
اللَّخْمَة سستی ۔ افسردہ دلی۔
رَجُلٌ لَخْمَةٌ ولَخِمَة افسردہ دل مرد ۔ لئیم۔
اللَّخْمَة سخت زمین میں دشوار گزار جگہ۔
اللخام ۔ ہذیان۔
لَخِنَ (س) لَخَنًا ۔ بدبودار ہونا الرَّجُلُ: فحش کلامی کرنا۔ بن ران وغیرہ میں بدبو ہونا۔ صفت اَلْخَنُ ۔ مؤنث لَخْنَاءُ ۔ ج لُخْنٌ.
لَخَّنَهُ: یا ابن اللخناء کہنا۔
اللَّخَن ۔ مص غیر مختون بچے کے قلفہ کی سپیدی۔

لَخَاه يَلْخُوهُ لَخْوًا ۔ ناک میں دوائی چڑھانا۔
لَخَاهُ يَلْخِيهِ لَخْيًا والْخَاهُ ۔ مال دینا ۔ ناک میں دوائی چڑھانا ۔ حلق میں دوا ٹپکانا۔
لَخِيَ يَلْخَى لَخًى ۔ ہرزہ سرائی کرنا ۔ بکواس کرنا۔
لَاخَى لِخَاءً و مُلَاخَاةً الرَّجُلَ: دوستی کرنا ۔ مخالفت کرنا ۔ باہم نرمی برتنا فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ اکسانا ۔ بھڑکانا بِهِ: چغل خوری کرنا۔
اِلْتَخَى اِلْتِخَاءً ۔ الصَّبِيُّ: ترکردہ روٹی کھانا اسم لَخَاء ہے۔
اللَّخَا واللَّخَى واللِّخَاء والمِلْخَى ۔ جس سے ناک میں دوا چڑھائی جائے۔
الاَلْخَى ۔ ہرزہ سرا ۔ بکواس کرنے والا (واللَّخْي مِنَ الْجِمَالِ) جس کا ایک گھٹنا دوسرے سے بڑا ہو۔
اللَّخْوَاءُ ۔ الاَلْخَى کا مؤنث ۔ عقاب کہ اس کی چونچ کے اوپر کا حصہ نیچے سے بڑا ہو۔
لَدَّ (ن) لَدًّا ولَادَّ لِدَادًا و مُلَادَّةً والَدَّ الرَّجُلَ: سخت جھگڑا کرنا اور غالب ہونا ۔ لَدَّهُ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا ۔ لَادَّ عَنْهُ: مدافعت کرنا۔
لَدَّ (ن) لَدًّا و لُدُودًا والَدَّ الرَّجُلَ: منہ کے کنارے سے دوا پلانا ۔ لَدَّا اللُّدُودَ: منہ کے کنارے سے پلائی جانے والی دوا تیار کرنا۔
اَلَدَّهُ: سخت جھگڑالو پانا اَلَدَّ بِهِ: ٹالنا ۔ کہا جاتا ہے اَلْدَدْتُ بِهِ: میں نے اس سے جھگڑا کرنے میں سختی کی۔
لَدَّ (س) لَدَدًا ۔ بہت جھگڑالو ہونا ۔ صفت اللَّدّ ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَلَدُّ بَيِّنُ اللَّدَدِ" یعنی وہ بہت ہی سخت جھگڑالو ہے۔
لَدَّدَهُ: حیران کرنا لَدَّدَ بِهِ: بدنام کرنا۔
تَلَدَّدَ ۔ متحیر ہونا ۔ دائیں بائیں دیکھنا فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا۔
اِلْتَدَّ ۔ منہ کے کنارے سے دوا پینا۔ عَنِ الشَّيْءِ: مائل ہونا ۔ ٹیڑھا ہونا۔
اللَّدّ ۔ مص ۔ بورا۔

اللدد ۔ سخت جھگڑالو۔
اللدُّ والالدُّ واللدود واللدید ۔ ج اَلِدّۃ و الاَلَدّ ۔ مؤنث لَدّاءُ ۔ ج لِداد ولُدّ. و الالندد والیلندد ۔ سخت جھگڑالو۔
اللدید و اللدود: دوا جو منہ کے کنارہ سے ٹپکائی جائے۔ اللدیدان: کانوں کے نیچے گردن کے دونوں طرف کے کنارے ہر چیز کے دونوں جانب۔ کہا جاتا ہے "مالہ عنہ محتدٌ ولا ملتدٌ" یعنی اس کیلئے کوئی چارہ نہیں۔
المتلدد ۔ گردن۔
لَدَحَہٗ (ف) لَدْحًا ۔ پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔
لَدَسَ (ن) لَدْسًا الشَّیْءَ: چاٹنا۔ ہٗ بیدیہ: مارنا۔ ہٗ بحجر: پتھر مارنا۔
لَدَّسَ الخُفَّ: پیوند لگانا۔ درست کرنا۔
اَلْدَسَتِ الارضُ: کچھ نباتات اگانا۔
اللدس ۔ سست و نرم۔
اللدیس ۔ موٹا۔ ج اَلْدَاس.
الملدس ۔ گٹھلی توڑنے کا پتھر ۔ ج ملادس.
لَدَغَہٗ (ف) لَدْغًا و تَلْدَاغًا ۔ ڈسنا۔ کہا جاتا ہے "لَدَغَہ بکلمۃ" یعنی اس نے اسے طعن و تشنیع کیا۔
اَلْدَغَ العقربَ فلانًا: ڈسنے کے لیے بچھو چھوڑنا۔ بچھو سے ڈسوانا۔
اللادغ ۔ فا۔ مؤنث لادغۃ ج لُدّغ.
اللدغۃ ۔ لدغ کا اسم مرۃ
اللداغ ۔ کانٹا یا اس کا نوکیلا کنارہ۔
اللداغۃ من الرجال: طعن و تشنیع کرنے والا۔
اللدیغ ۔ ڈسا ہوا (مذکر و مؤنث) ج لَدْغَی و لُدَغَاء ۔ اور کہا جاتا ہے "ہم قوم لَدْغَی ولُدَغَاء" وہ ایسے لوگ ہیں جو لوگوں پر طعن و تشنیع کرتے ہیں۔
المِلْدَغ ۔ وہ شخص جس کی عادت طعن و تشنیع کی ہو۔

لَدِکَ (س) لَدَکًا و لَدْکًا بہ: چپکنا۔
لَدَمَہٗ (ض) لَدْمًا ۔ طمانچہ مارنا۔ کسی بھاری چیز سے مارنا جس کی آواز سنائی دے۔ الخبزَ من المَلّۃ: روٹی کو بھوبھل سے نکالنا (ولَدَّمَ) الثوبَ: کپڑے میں پیوند لگانا درست کرنا۔
اَلْدَمَتْ علیہ الحُمّی: لگاتار بخار رہنا۔
تَلَدَّمَ ۔ بوسیدہ ہونا۔ پیوند لگانے کے قابل ہونا۔ الثوبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔
اِلْتَدَمَ ۔ پریشان و مضطرب ہونا اِلْتَدَمَتِ النساءُ: نوحہ و ماتم میں منہ پر طمانچہ مارنا۔
اِلتَدَمَہٗ مارنا اور ہٹانا۔
اللدم ۔ مص پتھر کے زمین پر گرنے کی آواز۔
اللَّدَم ۔ عزت۔ قرابت۔
اللادم فا۔ ج لَدَم (کخادم و خدم)
اللِدام ۔ پیوند۔
اللدّام ۔ پیوند لگانے والا۔
اللدیم من الثیاب: پیوند لگا ہوا کپڑا۔
الملدم ۔ بیوقوف۔ سست۔ پر گوشت اُمّ مِلْدَم: بخار (والمِلْدام) گٹھلی توڑنے کا پتھر۔
لَدُنَ (ک) لَدَانَۃً و لُدُونَۃً ۔ نرم ہونا۔ صفت لَدْنٌ ۔ مؤنث لَدْنَۃ ج لُدْن و لِدان.
لَدُنَتْ اخلاقُہٗ: نرم اخلاق ہونا۔
لَدَّنَ الشیءَ: نرم کرنا۔ ہٗ فی الامر: ٹھہرانا۔
لَدَّنَ ثوبَہٗ: تر کرنا۔
تَلَدَّنَ ۔ ٹھہرنا بالمکان: اقامت کرنا علیہ: دیر لگانا۔ کہا جاتا ہے "تَلَدَّنَتْ علیّ راحلتی" جبکہ وہ نہ چلے۔
اللُدْنُ من الطعام: خراب گیہوں جس کی روٹی اچھی نہ پکے اور کہا جاتا ہے "ہو لَدْنُ الخلیقۃ" وہ نرم طبیعت پسندیدہ اخلاق والا ہے۔
لَدُنْ و لَدَنْ و لُدُنْ و لَدِنْ و لُدْنْ و لَدْنِ.
عِنْدَ کے معنی میں ظرف زمان و مکان ہے۔ مگر عِنْدَ سے زیادہ قرب پر دلالت کرتا ہے اور اس سے اخص ہے۔ اور مبنی ہے۔ کہا جاتا ہے

"لی الیہ لَدَّۃ" مجھے اس کے پاس حاجت ہے۔
اَلَدّی اللداءَ ۔ زیادہ ہم عمر والا ہونا۔
لَدَی ۔ ظرف مکان ہے۔ مبنی ہے اور معنی میں لَدُنْ کے ہے۔
اللدۃ ہم عمر یا جس کی ایک ساتھ پرورش ہوئی ہو۔ کہا جاتا ہے "ہو لِدَتی" وہ میرا ہم عمر ہے۔ ج لِدات ولِدُون. اللدۃ وقت ولادت (۔ کلمہ یا مادہ وَلَدَ سے ہے) جیسے عِدَۃ وعد سے ہے۔
لَذَّ (س و ض) لَذَاذًا ولَذَاذَۃً الشیءُ: خوش مزہ ہونا۔ مرغوب ہونا۔ لذیذ ہونا۔ صفت لَذٌّ و لَذِیذٌ.
لَذَّ (س) لَذًّا و تَلَذَّذَ و اِلْتَذَّ الشیءَ و بہ و اِسْتَلَذَّ الشیءَ: لذیذ پانا۔
لَذَّذَہٗ ۔ لذیذ بنانا۔
تَلاذًّا ۔ ایک دوسرے سے لذت اٹھانا۔
اللذ ۔ مص لذیذ۔ مرغوب۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "رجل لَذٌّ" میٹھی گفتگو کرنے والا۔
اللذلذ ۔ زیادہ لذیذ۔
اللذّۃ خوشی ۔ مزہ ۔ حصول مرغوبات ۔ ج لذات
اللذات ۔ شراب۔
اللذیذ ۔ مرغوب۔ مزیدار۔ شراب۔ ج لِذّ و لِذاذ.
الملذ ۔ لذت کی جگہ۔ ج ملاذّ.
المَلَذّۃ خواہش۔ ج ملذات.
لَذَبَ (ن) لُذُوبًا و لاذب ملاذبۃ بالمکان: اقامت کرنا۔
لَذَجَہٗ (ن) لَذْجًا ۔ سوال میں اصرار کرنا لَذَجَ الماءَ: گھونٹ لگانا۔
لَذَعَ (ف) لَذْعًا فلانًا بلسانہ: زبان سے تکلیف پہنچانا۔ لَذَعَتِ النارُ الشیءَ: آگ کا جھلس دینا۔ جلا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَذَعَ الحُبُّ قلبَہ" محبت نے اس کے دل کو تکلیف پہنچائی۔ لَذَعَ البعیرَ: داغنے کے لوہے کے ایک کنارے سے داغنا الرجلُ بذکائہ: جلدی سمجھنا الطائرُ: پرندہ کا پھڑپھڑا کر

بازوؤں کو تھوڑا سا حرکت دینا۔
تَلَذَّعَ ۔دائیں بائیں متوجہ ہونا۔ذہین ہونا۔ تیز ذہن ہونا تَلَذَّعَتِ النَّارُ: آگ بھڑکنا۔
اِلْتَذَعَ . درد میں سوزش ہونا۔
اللَّاذِعة لاذع کا مؤنث ۔ج لَوَاذِع
لَوَاذِعُ الکَلَامِ: تکلیف دہ گفتگو۔کہا جاتا ہے "نَعُوْذُ بِاللهِ مِنْ لَوَاذِعِهٖ" ہم اس کی تکلیف دہ گفتگو سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔
اللَّذَّاع. اسم مبالغہ ۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَذَّاعٌ لَذَّاعٌ" یعنی بڑا اخلاف وعدہ۔اسلئے کہ زبان سے خیر کا وعدہ کرتا ہے پھر خلاف وعدگی کر کے تکلیف پہنچاتا ہے۔
اللَّوْذَعُ وَاللَّوْذَعِيُّ ۔تیز ذہن ۔تیز خاطر۔فصیح۔
اللَّاذِقِيَّةُ شام کے ایک شہر کا نام۔اور نسبت کے لیے لَاذِقَانِيٌّ و لَاذِقِيٌّ.
لَذْلَذَ ۔چست و پھرتیلا ہونا۔
اللَّذْلَاذ ۔چست و پھرتیلا۔بھیڑیا۔
لَذِمَهٗ (س)لَذَمًا الشَّيْءُ: تعجب میں ڈالنا۔ بوسہ دینا۔
لَذِمَ (س)لَذَمًا بِالْمَكَانِ: چمٹے رہنا بِالشَّيْءِ: حریص ہونا۔شیفتہ ہونا۔
اَلْذَمَهُ الشَّيْءَ و بِهٖ: حریص بنانا۔شیفتہ کرنا۔
ہٗ: بِفُلَانٍ: لازم کرنا اَلْذَمَ بِالْمَكَانِ: ثابت رہنا۔اور کہا جاتا ہے "اَلْذِمْ بِفُلَانٍ كَرَامَتَكَ" یعنی ہمیشہ کرو۔
اُلْذِمَ بِفُلَانٍ: فریفتہ کیا جانا۔
اللُّذَمَةُ . گھر سے جدا نہ ہونے والا ۔کسی چیز کے ساتھ ہمیشہ رہنے والا۔
رَجُلٌ لَذِمٌ و لَذُوْمٌ و مِلْذَمٌ بِالشَّيْءِ: چیز کا شوقین اَلْمِلْذَمُ: بہادر۔
اللَّاذَن واللَّاذَنَة گوند کی ایک قسم۔
لَذِيَ يَلْذَى لَذًى بِالْاَمْرِ: لازم ہونا۔جدا نہ ہونا۔شیفتہ ہونا۔
اَلَّذِيْ ۔اسم موصول ہے اور اس میں پانچ لغات ہیں اَلَّذِ واَلَّذْ واَلَّذِيُّ واللَّذِيّ وَلَذِيْ مؤنث اَلَّتِيْ (مادہ ل ت ی میں ذکر ہو چکا) تثنیہ اللَّذَانِ اللَّذا و اللَّذَانّ ج اَلَّذِيْنَ واللَّاؤُوْن واللَّاؤُوْا ۔اور بعضوں نے کہا ہے کہ اَلَّذُوْن حالت رفعی میں اور اَلَّذِيْنَ بہ حالت نصبی و جری میں۔اور اَلَّذِيْ کی تصغیر اللُّذَيَّا اور تثنیہ کی اللُّذَيَّانِ اور جمع کی اللُّذَيُّوْنَ.
لَزَّ (ن)لَزًّا و لِزَزًا و لِزَازًا .الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : باندھنا ۔ملانا ۔لازم کرنا الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملنا اَلْقَوْمُ: اکٹھا ہونا ۔بھیڑ کرنا۔
لَزَّهٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
ہٗ: اِلٰى كَذَا: مجبور کرنا۔
لَزَّزَ اللهُ فُلَانًا: مضبوط جسم والا بنانا۔
لَازَّ لِزَازًا و مُلَازَّةً ۔چمٹنا اور جھگڑے میں تنگ کرنا۔
اَلَزَّ الشَّيْءَ: باندھنا اور چمٹانا۔
اِلْتَزَّ بِهٖ: چمٹنا۔ملنا۔
اللِّزّ ۔س۔دروازہ کا حلقہ۔
اللِّزْزو واللِّزَاز ۔س۔دروازے کی بلی۔سخت جھگڑا۔
اَلْمِلَزّ: چمڑے یا سٹیل کی سوراخ دار واشل جو پیچ کے نیچے مضبوطی کے لئے ڈالی جاتی ہے۔اس کو روندل بھی کہتے ہیں۔
اللِّزّ . چمٹنے والا۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لِزُّ شَرٍّ و لَزِيْزُ شَرٍّ" فلاں شر کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اس سے جدا نہیں ہوگا۔
اَللَّزَّاب: سرو کے درختوں میں سے ایک بڑا درخت اس کے پتے شریان درخت کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں۔اس کی لکڑی عمدہ قسم کی لکڑی ہوتی ہے۔
عَيْشٌ لِزٌّ ۔تنگ زندگی۔
اللَّزِيْزَة لَزِيْز کا مؤنث ج لَزَائِز .اللَّزَائِز سینہ کی ہڈیاں۔
اَلْمِلَزّ ۔سخت جھگڑالو (۔مذکر و مؤنث)
لَزَأَ (ف)لَزْأً و اَلْزَأَ و لَزَّأَ: الْإِنَاءَ: برتن بھرنا اَلْمَاشِيَةَ جانور کو سیر کرنا لَزَأَ فُلَانًا: دینا۔کہا جاتا ہے "لَزَأَتْهُ اُمُّهٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔
تَلَزَّأَ الْإِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔
لَزَبَ (ن)لُزُوْبًا ۔مضبوطی سے قائم رہنا۔ بِهٖ: چمٹنا لَزَبَتِ السَّنَةُ خشک سالی ہونا۔قحط ہونا۔
لَزَبَتْ (ض)لَزْبًا .العَقْرَبُ فُلَانًا: بچھو کا ڈسنا۔
لَزِبَ (س)لَزَبًا و لَزُبَ (ک)لَزْبًا و لُزُوْبًا الطِّيْنُ: چکنے والی اور سخت ہونا لَزِبَ الشَّيْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
تَلَازَبَ الشَّيْءُ: تہ بتہ ہونا۔
اللَّزْب ۔تنگ راستہ۔
اللَّازِب ۔فا ۔ثابت۔کہا جاتا ہے "صَارَ الْاَمْرُ ضَرْبَةَ لَازِبٍ" یعنی لازم و ثابت ہو گیا طِيْنٌ لَازِبٌ: ہاتھ میں چپکنے والی مٹی۔
اللَّزِب ۔کم۔تھوڑا۔ج لِزَاب ۔کہا جاتا ہے "هُوَ عَزَبٌ لَزِبٌ" اس کے نہ جورو ہے نہ جاننا۔
اللَّزْبَة سختی۔قحط۔ج لِزَب و لَزَبَات سَنَةٌ لَزْبَةٌ: سخت سال۔
المِلْزَاب ۔بڑا کنجوس۔ج مَلَازِيْب.
لَزِجَ (س)لَزَجًا و لُزُوْجًا . لیس دار ہونا۔ چکنے والا ہونا۔صفت لَزِج .لَزِجَ الْعَسَلُ بِاِصْبَعِهٖ: شہد کا انگلی میں چپکنا۔
تَلَزَّجَ ۔چکنے والا ہونا الْبَقْلُ: نرم ہونے کی وجہ سے بعض کا بعض پر جھکنا الدَّابَّةُ البُقُوْلَ: سبزی کے لیے جانا۔
اللُّزُوْجَة چپک۔چسپیدگی۔
رَجُلٌ لَزِجَةٌ و لَزِجَةٌ لَزِيْجَةٌ ۔گھر ہی پر رہنے والا۔جدا نہ ہونے والا۔
لَزِقَ (س)لُزُوْقًا و اِلْتَزَقَ بِهٖ: چپکنا (لَزَقًا) الرِّئَةُ بِالْجَنْبِ: پیاس کی وجہ سے پھیپھڑے کا پہلو سے چپکنا۔
لَازَقَهٗ لِزَاقًا و مُلَازَقَةً ۔چپکانا۔
اَلْزَقَهٗ بِهٖ: چپکانا۔
لَزَّقَ الشَّيْءَ: چپکانا۔بغیر مضبوطی کے کام کرنا۔

اللِزْق قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِزْقِي او بِلِزْقِي" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللزاق س۔ جس سے چپکایا جائے۔ جیسے لیئی گوند وغیرہ ۔ لِزَاقُ الذَّهَبِ و لِزَاقُ الْحَجَرِ و لِزَاقُ الرُّخَامِ: دواؤں کے نام۔
اللزاق: جماع۔
اُذُنٌ لَزْقَاءُ۔ کان جس کا کنارہ سر سے ملا ہوا ہو۔
اللزُوق واللزُوق زخم کا مرہم جو اچھے ہونے تک چپکا رہے۔
اللزيق. قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَزِيْقِي" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللزيق۔ سمندری گھونگا۔
اَللَزْقَةُ دوا لے مقام پر مرہم وغیرہ لگائی گئی۔
اللزق و اللزيقاء و اللُّزَّيْقَى۔ خودرو گھاس جو بارش کی صبح میں پتھروں کے نیچے نکل آئے۔
اَلْمُلْزَق۔ خاندان میں ملا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔
لَزِكَ(س) لَزَكًا الجُرْحُ: بغیر اچھا ہوئے گوشت کا اوپر سے برابر ہو جانا۔ اور یا صواب لدک دال مہملہ سے ہے۔
لَزِمَ(س) لُزُوْمًا لُزْمًا ولِزَامًا و لَزَامًا و لِزَامَةً و لُزْمَةً و لُزْمَانًا الشَّيْءَ: لازم رہنا بَيْتَهُ: گھر سے جدا نہ ہونا ہ اَلْمَالُ: واجب ہونا اَلْغَرِيْمَ و بِهِ: قرض دار کو چمٹے رہنا الاَمْرُ: حکم واجب ہونا كَذَا عَنْ كَذَا لازم آنا۔ نتیجہ نکلنا (لَزْمًا) الشَّيْءَ جدا کرنا۔ ممیز کرنا۔
لَازَمَهُ لِزَامًا و مُلَازَمَةً۔ چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا۔
اَلْزَمَ اِلْزَامًا الشَّيْءَ: لازم کرنا ہ اَلْمَالَ والعَمَلَ او بِالْمَالِ و بِالْعَمَلِ: واجب کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْزَمْتُ خَصْمِي" یعنی میں اپنے خصم پر حجت میں غالب رہا۔
اِلْتَزَمَهُ ۔ بمعنی لَازَمَهُ فُلَانًا: گردن پکڑنا العَمَلَ او المَالَ: اپنے اوپر واجب کر لینا القَرْيَةَ او العُشْرَ او غَيْرَهُمَا: مال گزاری یا عشر کا ضامن ہونا (آخری معنی میں مولد ہے)
اِسْتَلْزَمَ الشَّيْءَ: لازم سمجھنا۔ چاہنا۔
اللِزَام س۔ موت۔ حساب۔ بہت چمٹنے والا۔ فیصلہ (واللَزِم) فیصلہ کرنے والا۔
لَزَامِ. بالبناء على الكسر لگاتار۔ پیوستہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرْبَةُ لَزَامِ" یعنی لگاتار مار۔
اللُزَمَة جدا نہ ہونے والا۔ چمٹا رہنے والا۔
اللُزُوْمِيَّة سم ہے لَزِمَ سے۔
اَلْمُلَازِمُ فوج میں، بحریہ کے اندر کمانڈر چھوٹا افسر جو کہ لفٹیننٹ کے برابر ہو۔
اللازِم۔ فا۔ مؤنث لَازِمَة جمع لَوَازِم۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الاَمْرُ ضَرْبَةَ لَازِمٍ" جیسا کہا جاتا ہے "ضَرْبَةَ لَازِبٍ"
المِلْزَم و المِلْزَمَة لوہے یا لکڑی کا شکنجہ ج ملازم.
المَلْزُوْم مف۔ لازم کیا ہوا۔
لَزَنَ(ن) لَزْنًا و لَزِنَ لَزَنًا و تَلَازَنَ القَوْمُ: ہجوم کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
اللزن س۔ سختی۔ عَيْشٌ لَزِنٌ: تنگ زندگی مَاءٌ لَزِنٌ: وہ پانی جو مشکل سے حاصل ہو۔ مَكَانٌ لَزْنٌ و لَزِنٌ و مَلْزُوْنٌ۔ بھیڑ والی جگہ۔
اللزْنَة واللزنة سختی لَيْلَةٌ لَزْنَةٌ: بھوک سردی یا خوف کی وجہ سے مصیبت کی رات۔ ج لِزَن.
زَمَانٌ اَلْزَن۔ سخت زمانہ۔
اللازَوَرْدُ واللاَّزْوَرْدُ (فارسی لفظ): ایک کان جس کو زیورات میں لگایا جاتا ہے۔ اس کی عمدہ قسم صاف شفاف نیلی سرخ اور سبزی مائل ہوتی ہے۔
اَللاَّزْوَرْدِيّ جو لازورد کے رنگ میں ہو۔
لَسَّ(ن) لَسًّا القَصْعَةَ: پیالہ چاٹنا۔ لَسَّتِ الدَّابَّةُ الكَلَأَ: چوپایہ کا زبان کی اطراف سے چرنا لِطَعَامٍ: کھانا۔
اَلَسَّ المَكَانُ: ابتداءً نباتات کا نکالنا۔
اللَّسَاس واللُّسَّاس۔ ایک سخت اور کھردری گھاس۔ اللُّسَاس: ہریاول جس کو جانور چر نہ سکے۔ اور اطراف زبان سے چرے۔
اللَّسُس۔ ہوشیار و ماہر اونٹ والے۔
لَسَبَتْهُ(ض) لَسْبًا الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ لَسَبَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا ہ بِلِسَانِهِ: برا بھلا کہنا۔ سخت سست کہنا۔
لَسِبَ(س) لَسَبًا بِهِ: چپکنا اَلْعَسَلَ: شہد چاٹنا۔
اَلْسَبَ الحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ سے ڈسوانا۔
رَجُلٌ لَسَّابَةٌ لِلنَّاسِ: لوگوں کو برا بھلا کہنے والا مرد۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَكَ لَسُوْبًا و لَسُوْبًا" یعنی کچھ نہیں چھوڑا۔
لَسَدَ(ض) لَسْدًا ولَسِدَ(س) لَسَدًا الإِنَاءَ: برتن چاٹنا العَسَلَ: شہد چاٹنا اُمَّهُ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
فَصِيْلٌ مِلْسَدٌ۔ بہت چاٹنے والا اور اونٹنی کا بچہ۔
لَسَعَهُ(ف) لَسْعًا ڈسنا۔ اور کہا گیا ہے کہ لَسَعَ ڈنگ سے ڈسنے کو اور لَدَغَ منہ سے ڈسنے کو کہتے ہیں۔ بچھو کیلئے تَلْسَع اور سانپ کیلئے تَلْدَغ کا استعمال ہے۔ لَسَعَهُ بِلِسَانِهِ: عیب لگانا۔ گفتگو سے تکلیف پہنچانا۔ لَسَعَ فِي الاَرْضِ جانا۔ سفر کرنا۔
اَلْسَعَ فُلَانًا عَقْرَبًا: بچھو سے ڈسوانا بَيْنَ القَوْمِ: دشمنی ڈالنا۔ بھڑکا دینا۔
لُسِعَ الرَّجُلُ: خانہ نشین ہونا۔
اللسّاع و اللسعة لوگوں کو گفتگو سے بہت تکلیف پہنچانے والا۔
اللسيع ڈسا ہوا۔ ج لَسْعَى و لُسَعَاءُ.
اللسُوع۔ بہت سے شگاف۔
المِلْسَع۔ ماہر راہبر۔
المُلَسَّعَة خانہ نشین جو گھر سے جدا نہ ہو۔
المُلَسِّعَة مقیم جماعتیں۔
لَسِقَ(س) لُسُوْقًا و التَسَقَ۔ چپکنا۔
اَلْسَقَ۔ چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِسْقِي و لَسِيْقِي" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللَّسُوق۔ دوا جو اچھے ہونے تک چپکی رہے۔
المُلَسَّق۔ خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔

لَسَمَ(ن) لَسْمًا۔ چکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَسَمَ لِسَامًا" یعنی کچھ نہیں چکھا۔
لَسِمَ(س) لَسَمًا۔ حیا یا عاجزی کی وجہ سے چپ رہنا۔
لَسِمَهُ لُسُومًا۔ لازم ہونا۔
اَلْسَمَه كَلَامًا : سمجھانا۔ کلام سکھانا. ہٗ الطَّرِيْقَ : راستہ اختیار کرانا ۔ اَلْسَم واِسْتَلْسَمَ الشَّيْءَ ہٗ:ڈھونڈھنا۔
لَسِنَ(س) لَسَنًا۔ فصیح و بلیغ ہونا۔
لَسَنَ(ن) لَسْنًا فُلَانًا: بہتر بیان والا ہونا۔ برائی سے یاد کرنا۔ گفتگو میں غالب آنا۔ لَسَنَتْه العَقْرَبُ: ڈسنا (وَلَسَّنَ) الشَّيْءَ: کنارہ کو زبان کے کنارہ کی مانند بنانا۔ زبان کی شکل کا بنانا اور تیز کرنا۔
لَاسَنَ مُلَاسَنَةَ الرَّجُلَ: جھگڑے اور گفتگو میں غالب ہونا۔
اَلْسَنَ فُلَانًا قَوْلًا او رِسَالَةً: پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَلْسِنِّي فُلَانًا وَاَلْسِنْ لِيْ فُلَانًا كَذَا و كَذَا" یعنی فلاں کو میری فلاں فلاں بات پہنچادو۔
تَلَسَّنَ عَلٰى فُلَان: جھوٹ بولنا۔ افترا کرنا الجَمَرُ: چنگاری سے زبان کی مانند شعلہ بلند ہونا۔
اللَّسْن۔ زبان۔ لغت۔ گفتگو۔
اللَّسَن۔ فصاحت۔
اللِّسَان ۔ زبان (مذکر و مؤنث) مذکر اکثر استعمال ہوتا ہے ج اَلْسِنَة واَلْسُن و لُسُنٌ و لِسَانَات لغت ۔ پیغام. لِسَانُ العَرَبِ: عرب کی زبان لِسَانُ القَوْم: قوم کا ترجمان۔ لِسَانُ الحَالِ: زبانِ حال یا کسی چیز کی ظاہری کیفیت۔ لِسَانُ الصِّدْقِ: اچھی شہرت۔ لِسَانُ المِيزَان ترازو کا وہ حصہ جو تولتے وقت ہاتھ سے پکڑا جائے۔ لِسَانُ النَّارِ: شعلہ۔ لِسَانُ الحَمَلِ و الثَّوْرِ و الكَلْبِ و السَّبُعِ و العَصَافِيْرِ: مختلف نباتات کے نام۔ والحُرُوْفُ اللِّسَانِيَة ر. ز. س. ش. ص. ض. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ لِسَانَيْن" یعنی فریبی دغا باز۔ منافق۔ غیبت کرنے والا "وَاَلْسِنَةُ النَّاسِ عَلَيْهِ حَسَنٌ" لوگوں کی ثنا و تعریف اس کے حق میں اچھی ہے۔
اللَّسِن۔ جو چیز زبان کی طرح نوکدار ہو (والاَلْسَن) فصیح بلیغ ۔ مؤنث لَسْنَاء ج لُسْنٌ.
المُلْسِن۔ فا۔ فصیح۔ بہت بولنے والا۔
المِلْسَن۔ پتھر جس کو دروازہ کے اوپر کے حصے میں لگا دیتے ہیں اور اس کے نیچے گوشت کا ٹکڑا رکھ دیتے ہیں۔ جب کوئی درندہ آتا ہے اور اس گوشت کو لینا چاہتا ہے تو پتھر گر پڑتا ہے اور دروازہ کو بند کر دیتا ہے جس میں درندہ بند ہو جاتا ہے۔
المُلَسَّن ۔مف۔ زبان کی طرح نوک دار بنایا ہوا۔
المُلَسِّن۔ فا۔ حیرت یا فکر کی وجہ سے زبان کو دبانے والا۔
المَلْسُوْن ۔ جھوٹا ۔ باتونی کام چور ۔ زبان بریدہ۔
لَسَا يَلْسُوْ لَسْوًا۔ تھوڑا کھانا۔
لَشَّهُ(ن) لَشًّا۔ دھتکارنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
اللَّش۔مس۔ ماش۔
لَشْلَش ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنا۔
الَشْلَاش ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنے والا۔
لَشَا يَلْشُوْ لَشْوًا. رفعت کے بعد خسیس ہونا۔
لَاشَىٰ مُلَاشَاةَ الشَّيْءَ : لاشئی کر دینا۔ معدوم کردینا (یہ لاشئی سے بنایا گیا ہے)
تَلَاشَى تَلَاشِيًا الشَّيْءُ معدوم ہونا۔ مضمحل ہونا۔
التَّلَاشِي ۔مص۔ اضمحلال۔
لَصَّ (س) لَصَصًا و لَصَاصًا و لُصُوْصِيَّة و لَصُوْصِيَّة ۔ چور ہونا۔
لَصَّ (ن) لَصًّا البَابَ: بند کرنا الشَّيْءَ: چرانا۔ خفیہ طریقہ سے کرنا۔
لَصَّصَ البُنْيَانَ: مضبوط بنانا ۔ لغت ہے رَصَّصَ میں۔
تَلَصَّصَ: چور ہونا۔ چوروں کی عادات اختیار کرنا۔
اللَّصُّ واللِّصُّ واللُّصُّ ۔ چور ۔ ج لُصُوْص واَلصَاص ولِصَصَة ولِصَاص مؤنث لِصَّة ج لِصَّات و لَصَائِص.
اَلصَص ۔مص۔ مونڈھوں کا یا داڑھ کا قریب قریب ہونا۔ اور یہ عیوبِ انسانی سے ہے۔
الاَلَصّ۔ قریب قریب مونڈھوں والا۔
اللَّصَّاء ۔ اَلَصّ کا مؤنث ۔ تنگ پیشانی ۔ وہ بکری جس کا ایک سینگ آئے اور دوسرا پیچھے ہو۔ ج لُصّ.
المَلَصَّة ۔ بہت چوروں والی سرزمین ۔ اسم جمع بمعنی لُصُوْص.
لَصِبَ (س) لَصَبًا. اَلجِلْدُ بِاللَّحْم: گوشت کا کھال سے لاغری کی وجہ سے چمٹنا۔ اَلْخَاتِمُ فِي الاُصْبَع: انگوٹھی کا انگلی میں تنگ ہونا۔ السَّيْفُ فِي الغِمْدِ: تلوار کا میان میں چمٹ کے رہ جانا۔
اِلتَصَبَ الشَّيْءُ: تنگ ہونا۔
اللِّصْب ۔ وادی میں تنگ جگہ۔ پہاڑ کی چھوٹی گھاٹی۔ ج لُصُوْب ولِصَاب.
اللَّصِب ۔ بخیل۔ تنگ اخلاق والا۔
اللَّوَاصِب ۔ گہرے تنگ کنوئیں۔
کہا جاتا ہے "سَيْفٌ مِلْصَابٌ" میان میں پھنس کے رہنے والی تلوار۔
طَرِيْقٌ مُلْتَصِبٌ ۔ تنگ راستہ۔
اللِّصْت واللَّصْت واللُّصْت چور ۔ ج لُصُوْت.
لَصَغَ (ف) لُصُوْغًا الجِلْدُ : کھال کا لاغری کی وجہ سے ہڈی پر خشک ہونا۔
لَصِفَ (س) لَصَفًا الجِلْدُ: کھال کا ہڈی پر خشک ہونا اور چمٹنا۔
لَصَفَ (ن) لَصْفًا الحِجَارَةَ: ترتیب سے جوڑنا (لَصَفًا و لَصِيْفًا و لُصُوْفًا)

لَوْنُهٗ: رنگ کا چمکنا۔

لَصِقَ (س) لَصْقًا و لُصُوْقًا والْتَصَقَ بِالشَّيْءِ: چپکنا۔

اَلْصَقَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: چپکانا۔ بِعُرْقُوْبِ الْبَعِيْرِ: زخمی کرنا۔

لَاصَقَهٗ مُلَاصَقَةً: چپکانا۔

اللِّصْق واللَّصِيْق۔ جو شخص یا چیز قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِصْقِيْ و بِلِصْقِيْ و لَصِيْقِيْ" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللَّصُوْق۔ زخم کا مرہم جو چپکا رہے۔ عضو پر باندھنے کی پٹی۔

الْمُلْصَق۔ مع۔ خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔ مؤنث مُلْصَقَةٌ۔

لَصْلَصَ الْوَتَدَ و نَحْوَهٗ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔

لَصَا يَلْصُو لَصْوًا. اَلْمَرْأَةَ: عورت پر تہمت لگانا۔ گالی دینا۔ لَصَاهُ و لَصَا اِلَيْهِ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔

لَصَى يَلْصِي لَصْيًا ولَصِيَ يَلْصَى لِصًى اِلَيْهِ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔ لَصَاهُ لَصْيًا: عیب لگانا۔ وَلَصِيَ الرَّجُلُ: گنہگار ہونا۔

اللَّصَاة عیب۔

لَضْلَضَ لَضْلَضَةً۔ دائیں بائیں بہت زیادہ التفات کرنا۔

اللَّضْلَاض۔ ماہر راہبر۔

لَضَمَهٗ (ن) لَضْمًا سختی کرنا۔ اصرار کرنا۔

لَضَا يَلْضُوْ لَضْوًا الرَّجُلُ: راہبری میں ماہر ہونا۔

لَطَّ (ض) لَطًّا الْبَابَ: دروازہ بند کرنا الشَّيْءَ: چھپانا السِّتْرَ: پردہ لٹکانا الرَّجُلَ حَقَّهٗ و عَنْ حَقِّهٖ: حق کا انکار کر دینا عَنْهُ و عَلَيْهِ الْخَبَرَ: پوشیدہ رکھنا بِالْاَمْرِ: لازم ہونا الشَّيْءُ بِكَذَا: چمٹانا۔ لَطَّتِ النَّاقَةُ بِذَنْبِهَا: اونٹنی کا دوڑنے میں دم کو رانوں میں دبا لینا۔

لَطَّهٗ (ن) لَطًّا بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا۔

اَلَطَّ عَلَيْهِ الْاَمْرَ: چھپانا الرَّجُلُ: جھگڑے یا معاملے میں سختی کرنا الْغَرِيْمُ: حق روکنا فُلَانًا: مدد کرنا۔ اَلَطَّ بِالْحِجَابِ: پردہ لٹکانا (وتَلَطَّطَ) حَقَّ فُلَانٍ: انکار کرنا۔ اور تین طا کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے تَلَطَّى حَقَّهٗ بھی کہا جاتا ہے۔

اِلْتَطَّ چھپنا الشَّيْءَ: چھپانا۔ اِلْتَطَّ بِالْمِسْكِ: مشک سے لت پت ہونا۔

اللِّطّ۔ س۔ اندرائن کے رنگین دانوں کا ہار۔ ج لِطَاط۔ اللَّطُّ: خصم.

اللِّطَّة واللَّطِيْطَة سویاں۔

اللَّطَط۔ قرض خواہ کا حق روکنا۔ دانتوں کا گرنا یا دانتوں کا گھدر جانا۔ چیز کا چھپانا۔

اللِّطَاط والمِلْطَاط۔ پہاڑ کی بالائی چوٹی کا کنارہ۔ پہاڑ کا پہلو۔

اللِّطَاط۔ وادی کا کنارہ۔

اللَّاطُّ فا (والمُلِطّ) خبیث۔ وہ شخص جس کے ساتھی بھی سب خبیث ہوں۔

الْاَلَطُّ۔ جس کے دانت گر گئے ہوں یا جس کے دانتوں کو کیڑوں نے کھا لیا ہو اور جڑیں باقی رہ گئی ہوں۔

المِلْطَاط۔ سمندر کا کنارہ۔ کشادہ راہ گزر گھر کا صحن۔ پلاستر کرنے والوں کی کرنی۔ بیلن۔ چکی یا ہتھ چکی۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ وادی کا کنارہ۔

المَلْطُوْط. مفع تَرْسٌ مَلْطُوْطٌ: اوندھی کی ہوئی ڈھال۔

لَطَاَ (ف) لُطُوْئًا ولَطِئَ لَطَأً بِالْاَرْضِ: زمین سے چمٹنا۔ لَطَأَهٗ بِالْعَصَا: پیٹھ پر لاٹھی سے مارنا۔

اللَّاطِئَة اچانک ہونے والا پھوڑا۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ چھوٹی ٹوپی جو سر سے چپک کے رہ جائے۔

اللَّطَا۔ بھیڑیا۔ شکاری۔

المِلْطَا والمِلْطَاة سر کے گوشت اور ہڈی کے درمیان باریک جھلی۔

لَطَثَهٗ (ن) لَطْثًا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ تھپڑ مارنا ؕ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔ لَطَثَ الشَّيْءَ: جمع کرنا الشَّيْءَ: بگاڑنا۔ خراب کرنا ؕ الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔

تَلَاطَثَ الْمَوْجُ: موجوں کا ٹکرانا الْقَوْمُ: ہاتھوں سے ایک دوسرے کو مارنا۔

الْمَلَاطِث۔ جسم کے وہ حصے جو مار یا بوجھ اٹھانے کی وجہ سے درد کر رہے ہوں۔

لَطَحَهٗ (ف) لَطْحًا۔ باطن کف دست سے مارنا۔ تھپکی دینا۔ لَطَحَ بِهٖ: زمین پر پٹک دینا۔

لَطَخَ (ف) لَطْخًا و لَطَّخَ الشَّيْءَ بِالْمِدَادِ و نَحْوِهٖ: آلودہ کرنا ؕ بِشَرٍّ: شر کی نسبت کرنا۔

تَلَطَّخَ۔ آلودہ ہونا بِاَمْرٍ قَبِيْحٍ: ملوث ہونا بِشَرٍّ: برائی کا ارتکاب کرنا۔

اللَّطْخ۔ س۔ تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے سَمِعْتُ لَطْخًا مِنْ خَبَرٍ میں نے تھوڑی سے خبر سنی "وفِي السَّمَاءِ لَطْخٌ مِنَ السَّحَابِ" آسمان میں تھوڑا سا بادل ہے۔

اللَّطِخ۔ گندی غذا کھانے والا۔ وہ چیز جو اپنے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں لتھیڑی گئی ہو۔

اللَّطُوْخ۔ جس سے کسی چیز کو آلودہ کریں۔

اللَّطْخَة بیوقوف۔ ج لَطْخَات۔

اللَّطِّيْخ۔ بیوقوف۔

لَطَسَهٗ (ن) لَطْسًا۔ طمانچہ مارنا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ لَطَسَ الشَّيْءَ: سخت کوٹنا ؕ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا الشَّيْءَ: سخت روندنا الْحَجَرَ بِالْحَجَرِ: پتھر کو پتھر سے مارنا۔

لَاطَسَهٗ مُلَاطَسَةً۔ آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔

تَلَاطَسَ الْمَوْجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا۔

المِلْطَس۔ ج مَلَاطِس. المِلْطَاس۔ ج مَلَاطِيْس: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ پتھر توڑنے کی سخت اور بڑی کدال۔ پتھر یا چکی میں کھودنے کا آلہ۔ اونٹ کا کھر۔

لَطَشَ يَلْطُشُ: ہاتھ کے ساتھ مارنا۔

لَطَّشَ الثِّيَابَ: کپڑے خراب کرنا۔

لَطَعَ (ف) و لَطِعَ (س) لَطْعًا. الشَّيْءَ بِلِسَانِهٖ: زبان سے چاٹنا فُلَانًا: پیچھے سے

لات مارنا۔ لطع الغرضَ: نشانہ لگانا فُلانًا
بالعصا لاٹھی مارنا عَینَہٗ: آنکھ پر طمانچہ مارنا
الکلبُ او الذئبُ الماءَ: پینا اِسْمَہٗ نام کو
دیوان سے مٹا دینا۔ دیوان میں نام لکھنا۔
لَطِعَتِ البِئرُ: کنوئیں کا پانی خشک ہو جانا۔ کہا
جاتا ہے "لَطِعَ اِصبعہ" یعنی مرگیا۔
لَطِعَ (س) لَطَعًا دانتوں کا گرنا اور جڑوں کا
باقی رہنا۔ صفت اَلْطَع.
تَلَطَّعَتِ الاِبِلُ: اونٹ کا بڑھاپے کی وجہ سے
بے دانت ہونا۔
اِلْتَطَعَ برتن یا حوض کا سب پانی پی جانا۔
الشَّیءَ: چاٹنا۔
اللطع: س۔ تالو۔ ج اَلْطاع.
اللطعاء. الالطع کا مؤنث۔ دبلی پتلی۔ ج
لُطع.
اللطع: س۔ ہونٹ کے اندر کی سفیدی۔
رَجُلٌ لُطَع: کمینہ آدمی۔
اللطّاع. کھا کر انگلیوں کو چاٹنے والا۔
لَطَفَ (ن) لُطفًا بفلانٍ و لِفُلانٍ: مہربانی
کرنا اللہ بالعبدِ وَلَہٗ: توفیق دینا۔ بچانا الشَّیَّ:
قریب ہونا۔
لَطُفَ (ک) لُطفًا و لَطافۃً: باریک ہونا۔
چھوٹا ہونا۔ صفت لَطِیف. کَلامُہٗ: نرم ہونا
اور کہا جاتا ہے "لَطُفَ عَنہُ" چھوٹا ہونا و
"لُطِفَ بہ" اس کے ساتھ مہربانی کی گئی۔
لَطَّفَ الشَّیءَ: نرم بنانا۔ باریک کرنا۔
لاطفَہٗ مُلاطفۃً۔ بھلائی کرنا۔ نرمی برتنا۔
نرم گفتگو کرنا۔
اَلْطَفَ السُّوالَ: خوبصورتی سے سوال کرنا۔
ہٗ بکذا: تحفہ دینا۔ بھلائی کرنا۔ اَلْطَفَ
الشَّیءَ بجَنْبِہ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔
تَلَطَّفَ۔ خاکساری کرنا بہٖ: حیلہ کر کے
بھیدوں کو معلوم کرنا الامرَ و فی الامرِ:
نرمی برتنا۔
تَلاطَفَ القَومُ: باہم میل ملاپ کرنا۔
تَلاطَفُوا فی الامرِ: باہم نرمی برتنا۔
اِسْتَلْطَفَہٗ لطیف پانا۔ اِسْتَلْطَفَ الشَّیءَ
بِجَنبِہ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔
اللَّطَف۔ بھلائی کرنا۔ تحفہ دینا۔ تحفہ۔ تھوڑا
کھانا۔ ج اَلْطاف۔ کہا جاتا ہے "ھٰؤُلاءِ
اَلْطافُ فُلانٍ" یہ لوگ فلاں کے اصحاب اور
اہل ہیں۔
اللطفۃ: تحفہ۔ ہدیہ۔
اللطف: س مِنْ قِبَلِ اللہِ: توفیق و عصمت
خداوندی۔ ج اَلْطاف.
اللطِیف۔ باریک۔ نرم۔ پاکیزہ۔ مہربان ج
لِطاف و لُطفاء. اللطِیف. اللہ تعالیٰ کے
اسماء حسنٰی میں سے ہے۔ یعنی بندوں کے ساتھ
بھلائی اور احسان کرنے والا نیز باریک سے
باریک اُمور کا جاننے والا۔ اللطِیفُ مِنَ
الکلامِ: کلام غامض جس کے معنی پوشیدہ
ہوں مِنَ الاجرامِ: نازک جسم۔
اللطّاف۔ بہت نرمی برتنے والا۔
اللطِیفۃ: لطیف کا مؤنث۔ نکتہ جس سے انبساط
پیدا ہو۔ ج لطائِف.
اللَّواطِف. مِنَ الاضلاعِ: سینہ کے
قریب پہلو کی ہڈیاں۔
اللطفان۔ مہربان۔ نرمی کرنے والا۔
التَّلطِیف۔ س عِندَ القراءِ: حرکت کو
حرف کی جانب جھکا دینا۔
لَطَمَہٗ (ض) لَطْمًا۔ تھپڑ مارنا ہٗ بکذا:
چپکانا۔ لَطَمَتِ الغُرَّۃُ الفَرَسَ: ایک جانب
چہرہ پر سفید داغ ہونا۔
لُطِمَ. الفرسُ: گھوڑے کے ایک رخسارہ پر
سفید داغ ہونا۔ صفت لَطِیم (مذکر و
مؤنث) ج لُطُم. لُطِمَ الرَّجُلُ: ظلم کیا جانا۔
لَطَّمَہٗ. زور سے تھپڑ مارنا۔ لَطَّمَ الکتابَ:
خط پر مہر لگانا۔
لاطَمَہٗ لِطامًا و مُلاطمۃً۔ تھپڑ مارنا۔
ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
تَلَطَّمَ وَجْھُہٗ: چہرے کا خاکستری رنگ کا
ہونا۔
تَلاطَمَتْ و اِلْتَطَمَتِ الامواجُ: موجوں
کا تھپیڑے مارنا القومُ: باہم طمانچہ مارنا۔
اللَّطْمۃ لطم کا اسم مرۃ ج لَطَمات.
اللَّطِیم۔ طمانچہ زدہ۔ ایک رخسارے پر
سفیدی والا گھوڑا۔ میدانِ گھوڑ دوڑ کا نواں
گھوڑا۔ مشک۔ جوان اونٹ۔ لڑکا جس کے ماں
باپ دونوں مرگئے ہوں۔
اللطِیمۃ: مشک۔ مشک کا نافہ۔ عطر فروشوں کا
بازار۔ ج لطائم.
المَلْطَم۔ رخسارہ۔
المِلْطَم۔ بچھانے کا چمڑا۔
المَلْطَم۔ وہ موقع جہاں پر سمندر کی موجیں
ٹوٹ جائیں۔
المُلَطَّم۔ مع۔ لئیم و ناکس۔
لَطَھَہٗ (ن ض) لَطْھًا۔ تھپڑ مارنا۔
لَطا یَلْطُو لَطْوًا۔ بارش وغیرہ سے کسی غار یا
پتھر کی پناہ لینا۔
لَطِیَ یَلْطَی لَطًی الرَّجُلُ: زمین سے چمٹنا۔
لَطِیَ یَلْطَی لَطَی الرَّجُلَ: بوجھل کرنا۔
فُلانًا بذلکَ: کسی چیز کے متعلق گمان کرنا۔
تَلَطّٰی تَلَطِّیًا عَلَی العَدُوِّ: دشمن کی غفلت
کا انتظار کرنا۔
اللطاۃ: زمین۔ جگہ۔ پیشانی یا پیشانی کا درمیانی
حصہ. لَطاۃُ الرَّجُلِ: مرد کا سامان۔ کہا جاتا
ہے "اَلْقٰی بِلَطاتِہٖ" اس نے اپنا بوجھ اتار دیا۔
اللُّطاۃ: چور جو تم سے قریب ہوں۔
المِلْطٰی و المِلْطاۃ: سر کی ہڈی اور گوشت
کے درمیان باریک جھلی۔
لَظَّہٗ (ن) لَظًّا و لَظِیظًا۔ لازم ہونا۔ اصرار
کرنا۔ لَظَّ بالشَّیءِ: چمٹے رہنا۔ لَظَّہٗ لَظًّا:
دھتکارنا۔
لاظَّہٗ لِظاظًا و مُلاظّۃً فِی الحَرْبِ:
اصرار کرنا۔
اَلَظَّ۔ اصرار کرنا المَطَرُ: لگاتار برسنا
بالمکانِ: اقامت کرنا بالشَّیءِ: چمٹے رہنا۔
اور جدا نہ ہونا۔
تَلاظَّ القومُ فِی الحَرْبِ: ایک دوسرے کو
ہٹانا۔
تَلَظْلَظَتْ تَلَظْلُظًا الحَیَّۃُ: سخت غصہ سے سر

ہلانا۔

اللَّط ۔س سخت عادت کا مرد ۔ کہا جاتا ہے "رَجلٌ لَطٌّ كَطٌّ" کظ تابع مہمل ہے۔

المَلْطَة پیغام۔

المِلَظّ والمِلْظاظ ۔ سخت اصرار کرنے والا۔

اللَظا۔ تھوڑی چیز۔

لَظْلَظت لَظْلَظَةً الْحيَّةُ رَاسها: سانپ کا سخت غصہ سے سر ہلانا۔

تَلَظْلَظت الْحيَّةُ: سانپ کا سخت غصہ سے لہرانا۔

اللظْلاظ مِنَ الرِّجال: درشت خو ۔ سختی کرنے والا۔ فصیح۔ يَوْمٌ لَظْلاظ: گرم دن۔

لَظِيت تَلْظى لَظًى النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔

لَظّى تَلْظِيَةً النَّارَ: آگ کا بھڑکانا۔

تَلَظَّتْ و اِلْتَظَتْ النَّارُ: آگ بھڑکانا۔

تَلَظّى و اِلْتظى فُلانٌ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

تَلَظَّتِ المَفازَةُ: بیابان میں گرمی کی بھڑک کا تیز ہونا اَلْحيَّةُ مِنَ السَّمِّ: پھنپھنانا۔

اللظى ۔س: آگ یا آگ کی بھڑک۔

لَظٰى مَعْرِفَةً: دوزخ۔ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

اَلَعَّ الْمَكانُ: ابتدائی روئیدگی کو اگانا۔

تَلَعّى اللُّعاعَ: ابتدائی روئیدگی کو کھانا۔ ابتدائی روئیدگی کو جمع کرنا (اصل تَلَعَّعَ ہے ایک عین کو یا سے بدل دیا گیا ہے)۔

اللُعاع۔ ابتدائی روئیدگی واحد لُعاعَة ہے اور اسی سے ہے "اِنَّما الدُّنْيا لُعاعَة" یعنی دنیا ابتدائی روئیدگی کی مانند ہے جس کے لیے بقا نہیں۔

اللُعاعَة کاسنی ۔ ارزانی سال ۔ دنیا ایک گھونٹ۔ لُعاعَةُ الْاِناءِ: برتن کا خالص حصہ اور کہا جاتا ہے "مَا بَقِي اِلّا لُعاعَةٌ" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہا۔ ج لُعاع۔

اللَّعّاعَة متکلف قوم سے سر نکالنے والا۔ کہا جاتا ہے "مُطْرِبٌ لَعّاعَةٌ"۔

اللَعَّةُ مِنَ النِّساءِ: خوبصورت پاک دامن عورت۔

عَسَلٌ مُتَلَعٌّ۔ شہد جس کا گاڑھے پن کی وجہ سے تار نہ ٹوٹے۔

لَعَبَ و لَعِبَ (س) لَعْبًا الصَّبِيُّ: رال ٹپکانا۔

لَعِبَ (س) لَعِبًا و لَعْبًا و لِعْبًا و تِلْعابًا کھیل کرنا۔ مزاح کرنا۔ لذت و تفریح کے لیے کوئی فعل کرنا۔ ایسا فعل کرنا جس پر کوئی نفع متصور نہ ہو بکذا کھیل کی چیز بنانا فِي الْاَمْرِ: سبک سمجھنا۔ لَعِبَتِ الرِّياحُ بِالدِّيار: گھروں پر ہوائیں قابض ہوگئیں یعنی مکانات ویران و برباد ہوگئے۔

لَعَّبَ۔ بمعنی لَعِب.

اَلْعَبَ بمعنی لَعِبَ هٗ: کھلانا یا کھیل کی چیز لانا الصَّبِيُّ: رال ٹپکانا۔

لَاعَبَه مُلاعَبَة. باہم کھیلنا۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود کرنا۔

تَلاعَبَ و تَلَعَّبَ بمعنی لَعِبَ کہا جاتا ہے "لَعِبَتْ بِهِمُ الْهُمُوْمُ و تَلَعَّبَتْ بِهِمْ" ان کے ساتھ غموں نے کھیل کود کیا یعنی ان پر غم واقع ہوئے۔

اِسْتَلْعَبَتِ النَّخْلَةُ: خرما باقی رہتے ہوئے دوبارہ شگوفہ دار ہونا۔

اللَعْبَة. لَعِب کا اسم مرۃ۔

اللِعْبَةُ. لَعِب کا اسم نوع۔

اللُعْبَة. کھیل۔ کھیل کی باری۔ کہا جاتا ہے "اُقْعُدْ حَتّٰى اَفْرُغَ مِنْ هٰذِهِ اللُّعْبَة" جب تک میں اس کھیل کی باری سے فارغ ہوں بیٹھو۔ جس سے کھیلا جائے جیسے شطرنج۔ گڑیا وغیرہ۔ بیوقوف جس کا مذاق بنایا جائے۔ کہا جاتا ہے "رَجلٌ لُعْبَةٌ" یعنی ایسا مرد جس سے کھیل و تفریح کیا جائے۔ ج لُعَب.

الْاُلْعُوْبَة. کھیل۔

اللُّعاب. منہ کی رال۔ لُعابُ النَّحْلِ: شہد لُعابُ الْحَيَّةِ و نَحْوِها: سانپ وغیرہ کا زہر۔ لُعابُ الشَّمْسِ: وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر کے وقت چلچلاتی دھوپ میں مکڑی کے جالے کی مانند فضاء میں اوپر سے نیچے اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اور اس کو مُخاطُ الشَّيْطان بھی کہتے ہیں۔

لُعابُ السَفَرْجَلِ و نَحْوِهِ: ایک قسم کی دوا ہے جو بہی کے بیج سے تیار کی جاتی ہے۔

اللُعابِيّ. لُعاب کی جانب منسوب۔

اللُعابِيَّة. چھلوں کا رس۔

اللَعِب ۔س کھیلنے والا۔

اللَعُوْب. ناز و انداز والی حسینہ۔ کہا جاتا ہے "جارِيَةٌ لَعُوْبٌ" ج لَواعِب و لَعائِب.

اللُعَبَة واللَعّاب واللِعِّيْب و التَلْعاب و التِلِعّاب و التَلْعابَة و التِلْعابَة و التِلِعاب و التِلِعّابَة و التِلْعِيْبَة و الْاُلْعُبان. بڑا کھلاڑی۔ بڑا مذاق کرنے والا۔ اللَعّاب: بازی گر۔

المَلْعَب. کھیل کی جگہ۔ ج مَلاعِب.

مَلاعِبُ الرِّيَاحِ: ہواؤں کی آمدورفت کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ فِي مَلاعِبِ الْجِنِّ" میں نے اس کو گمنام جگہ میں چھوڑ دیا۔

المِلْعَبَة والمُلْعِبَة. بے آستین کی قمیص کہ جس کو پہن کر بچے کھیلتے ہیں۔

المُلاعِب. فا۔ مُلاعِبُ ظِلِّه: ایک پرندہ ہے جس کی گردن چھوٹی ہوتی ہے اور بازو بڑے ہوتے ہیں۔

ثَغْرٌ مَلْعُوْب. رال بہانے والے دانت۔

لَعِثَ (س) لَعَثًا. ست ہونا۔ صفت اَلْعَثِ مؤنث لَعْثاء. ج لُعْث.

لَعْثَمَ و تَلَعْثَمَ فِي الْاَمْرِ: توقف کرنا۔ ٹھہرنا۔ غور سے دیکھنا۔ ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "سَأَلْتُه عَنْ شَيْءٍ فَلَمْ يَتَلَعْثَمْ" یعنی میں نے اس سے فلاں چیز کے متعلق دریافت کیا تو اس نے جواب دینے میں تاخیر نہیں کی "وَمَا تَلَعْثَمَ عَنْ شَيْءٍ" نہ تو وہ پیچھے ہٹا اور نہ تاخیر کی۔

لَعَجَ (ف) لَعْجًا الضَّرْبُ فُلانًا: تکلیف پہنچانا۔ اور کھال میں سوزش ہونا الشَّيءَ فِي

صَدْرِہٖ: کھٹکنا الحُبُّ او الحُزْنُ فِی قَلْبِہٖ: گرمی پھونکنا۔
لَاعَجَہ مُلَاعَجَۃً الْاَمْرُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔
اَلْعَجَ النَّارَ فِی الْحَطَبِ: آگ کو سلگانا۔
اِلْتَعَجَ۔ غم سے جلنا۔
اللاعج۔ فا۔ دِل سوز مُحبّت۔ ج لَوَاعِجَ۔
اللَّعَج۔ ہر جلانے والی چیز۔ مار کی تکلیف۔ جلن۔
لَعْذَمَ فِی الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ تامل کرنا۔
تَلَعْذَمَ عَنِ الْکَلَامِ: حیرت سے متردد ہونا۔ کہاجاتا ہے "قَرَأَ فَمَا تَلَعْذَمَ" اس نے پڑھا تو نہ تو ٹھہرا اور نہ متردد ہوا "وَمَا تَلَعْذَمْنَا شَیْئًا" ہم نے کچھ نہیں کھایا۔
اللَّعْذَمِی۔ لالچی۔
لَعَزَہٗ(ف) لَعْزًا۔ ہٹانا اور مکا مارنا۔ لَعَزَتِ النَّاقَۃُ فَصِیْلَھَا: بچے کو زبان سے چاٹنا الْمَرْأَۃَ: جماع کرنا۔
لَعَسَہٗ(ف) لَعْسًا۔ دانت سے کاٹنا۔
لَعِسَ(س) لَعَسًا۔ سیاہی مائل سرخ ہونٹ والا ہونا۔ خوبصورت سیاہ ہونٹ والا ہونا۔ صفت اَلْعَس مؤنث لَعْسَاء ج لُعْس۔ و لَعِسَت۔ الشَّفَۃُ سیاہی مائل سرخ ہونا۔ بہترین سیاہ ہونا۔
اللُّعْسَۃ۔ سیاہی مائل سرخ رنگ۔ کہاجاتا ہے "مَا ذُقْتُ لَعُوْسًا" میں نے کچھ نہیں چکھا۔
اللَّعُوْس۔ کم خوراک۔ حریص۔ بھیڑیا۔ ج لُعَاوِس۔
الْاَلْعَسُ مِنَ النَّبَاتِ: گنجان پودہ۔
الْمُتَلَعِّسُ مِنَ الرِّجَالِ: بہت کھاؤ۔
لَحْمٌ مَلْعُوْسٌ: کچا سرخ گوشت۔
تَلَعْسَمَ فِیْ اَمْرِہٖ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔
لَعِصَ(س) لَعَصًا الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ الرَّجُلُ فِی الْاَکْلِ وَالشُّرْبِ: بہت حرص سے کھانا۔ پینا۔ صفت لَعِص۔
تَلَعَّصَ عَلَیْنَا: سختی کرنا الرَّجُلُ: کھانے پینے میں بہت حریص ہونا۔
لَعَضَہٗ(ف) لَعْضًا بِلِسَانِہٖ: زبان سے لینا۔
اللَّعْوَض۔ گیدڑ۔
لَعَطَ(ف) لَعْطًا۔ دوڑنا۔ لَعَطَتِ الْاِبِلُ: گھروں کے اردگرد چرنا ہٗ: گردن کے عرض میں داغ لگانا ہٗ بِاَبْیَاتٍ: اشعار میں ہجو کرنا ہٗ بِسَھْمٍ او بِعَیْنٍ: تیر مارنا یا نظر بد لگانا ہٗ بِحَقِّہٖ: ٹال مٹول کرنا الْمَاشِیَۃُ النَّبَاتَ: جانور کا نباتات کو چرنا۔
اَلْعَطَ الرَّجُلُ: پہاڑ کے دامن میں چلنا۔
اِلْتَعَطَتِ الْاِبِلُ: چراگاہ میں دور نہ جانا اور گھروں کے اردگرد ہی چرنا۔
اللَّعْط۔ س۔ واحد الْاَلْعَاط۔ سیاہ یا زرد خطوط جو عورتیں اپنے چہرہ پر کرتی ہیں۔
اللُّعْط۔ دیوار یا پہاڑ کا پہلو۔ لُعْطُ الرَّمْلِ: ریت کا گوشہ۔ لُعْطُ الْجَبَلِ: دامن کوہ۔
اللُّعْطَۃ۔ اسم ہے لعط کا سیاہی یا زردی کا خط جو عورتیں اپنے رخسارے پر کرتی ہیں۔ بکری کے گردن کی سیاہی۔ شکرے کے چہرے کی تیرگی۔
اللَّعْطَاء۔ گردن میں سیاہ داغ والی بکری۔
الْمَلْعَط۔ گھروں کے اردگرد کی چراگاہ۔ ج مَلَاعِط۔
الْمُلَطَّعَۃ۔ فربہ دراز لڑکی۔
اَلْعَفَ و تَلَعَّفَ الْاَسَدُ او الْبَعِیْرُ: شیر یا اونٹ کا بار بار آنکھ کھولنا اور بند کرنا۔ غضبناک ہونا اور حملہ کے لیے تیار ہونا۔
لَعِقَ(س) لَعْقًا و لَعْقَۃً و لُعْقَۃً الْعَسَلَ و نَحْوَہٗ: شہد کو زبان یا انگلی سے چاٹنا۔ صفت لَاعِق ج لَعَقَۃ کہا جاتا ہے "لَعِقَ فُلَانٌ اِصْبَعَہٗ" یعنی مر گیا۔
اَلْعَقَ ولَعَّقَ۔ چٹانا۔ اَلْعَقَ النَّسَّاجُ الثَّوْبَ: ہلکے کتائی کے دھاگے سے بننا۔
اُلْتُعِقَ لَوْنُہٗ: رنگ سے متغیر ہونا۔
اللَّعْقَۃ۔ س۔ اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "فِی الْاَرْضِ لَعْقَۃٌ مِنْ رَبِیْعٍ" زمین میں تھوڑی سی سبزی ہے۔
اللُّعْقَۃ۔ س۔ چمچہ یا انگلی میں جتنا آئے۔ چاٹنے کے قابل چیزوں میں سے تھوڑا سا۔ کہاجاتا ہے "رَجُلٌ وَعِقٌ لَعِقٌ" یعنی لالچی مرد۔
اللُّعَاق۔ چاٹی ہوئی چیز کا وہ حصہ جو منہ میں باقی رہ جائے۔
اللَّعُوْق۔ ہر وہ چیز جو چاٹی جاسکے جیسے شہد، دوا وغیرہ۔ چٹنی۔ تھوڑا سا توشہ۔ کہاجاتا ہے "مَا مَعَنَا اِلَّا لَعُوْقٌ" ہمارے ساتھ صرف تھوڑی سی چیز ہے۔
الْمِلْعَقَۃ۔ چمچہ۔ ج مَلَاعِق۔
اللَّعْقِط۔ بدزبان عورت۔
لَعَلَّ۔ حرف مشبہ بالفعل میں سے ہے۔ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور توقع کا فائدہ دیتا ہے جیسے لَعَلَّ الْحَبِیْبَ قَادِمٌ اور خوف کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے جیسے "لَعَلَّ الشِّدَّۃَ نَازِلَۃٌ" اور ایسے ممکن کے ساتھ خاص ہے جس کے حصول کا وثوق نہ ہو۔ (مفردات امام راغب اصفہانی میں ہے کہ بعض مفسرین نے بیان کیا ہے کہ لَعَلَّ جب باری تعالیٰ عَزَّ اِسْمُہٗ کی طرف سے ہو تو وجوب کے معنی ہوتے ہیں۔ اور قرآن پاک کے بہت سے مواقع میں لَعَلَّ کی تفسیر کَیْ سے کی گئی ہے) اس کے لام اوّل کو حذف کر کے عَلَّ بھی کہا جاتا ہے اور اس پر ما کافہ بھی داخل ہوتا ہے جیسے لَعَلَّمَا اَضَاءَتْ لَکَ النَّارُ اور اس کے ساتھ جب یاء متکلم متصل ہو تو اکثر نون وقایہ نہیں لاتے۔ کہاجاتا ہے "لَعَلِّیْ" اور لَعَلَّنِیْ بھی۔
اللَّعْل۔ ایک مشہور نہایت بیش قیمت پتھر۔
لَعْلَعَ الْعَظْمَ و نَحْوَہٗ: ہڈی توڑنا الرَّعْدُ: بادل کا گرجنا السَّرَابُ: سراب کا چمکنا مِنَ الشَّیْءِ: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا مِنَ الْجُوْعِ: بھوک کی وجہ سے غمگین ہونا بِالْعَاثِرِ: پھسلنے والے سے لَعْ یا لَعْلَعْ یا لَعًا کہنا۔
تَلَعْلَعَ۔ ٹوٹنا مِنَ الْجُوْعِ: بلبلانا اور پیچ و تاب کھانا الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے کمزور ہونا السَّرَابُ: سراب کا چمکنا الْکَلْبُ:

کتے کا پیاس کی وجہ سے زبان لٹکانا۔

اللعلع. سراب۔ بھیڑیا۔ ایک حجازی درخت۔

اللعلاع. بزدل۔

عَسَلٌ مُتَلَعْلِعٌ. شہد جس میں لمبا تار نکلے۔

تَلَعْلَمَ فِي اَمْرِهٖ: دیر لگانا۔

اللعم. لعاب دہن۔

لَعْمَظَ لَعْمَظَةً و لَعَمَاظًا اللحم: ہڈی سے گوشت چھوڑنا۔

اللعمظ واللعموظ واللعموظة: بہت حریص و خواہش مند۔ ج لَعَامِظَة و لَعَامِيْظ. اُلْعُمُوْظ: طفیلی۔ صرف کھانے پر خدمت کرنے والا۔ رَجُلٌ لَعْمَظَةٌ. بہت حریص۔

اللعماظ. س۔ ڈینگ مارنے والا۔

لَعَنَ (ف) لَعْنًا فُلَانًا: لعنت کرنا۔ رسوا کرنا۔ گالی دینا۔ خیر سے بعید کرنا۔ دھتکارنا۔

لَعَنَ نَفْسَهٗ: عَلَيَّ لَعْنَةُ اللهِ کہنا۔ اپنے اوپر لعنت کرنا۔

لَعَّنَهٗ تَلْعِيْنًا. عذاب دینا۔

لَاعَنَهٗ لِعَانًا و مُلَاعَنَةً: ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔ الحَاكِمُ بَيْنَهُمَا: فیصلہ کرنا۔

اِلْتَعَنَ. اپنے اوپر لعنت کرنا (و تَلَاعَنَ) بعض کا بعض پر لعنت کرنا۔

اللعن. "وَاَبَيْتَ اللَّعْنَ" زمانہء جاہلیت میں بادشاہوں کیلئے سلام۔ یعنی اے بادشاہ تو ایسے فعل سے باز رہ جو مستحق لعنت ہو۔

اللعنة. لَعَنَ کا اسم مرة۔ لعنت۔ عذاب ج لِعَان و لَعَنَات.

اللعان واللعانية. اسم ہیں لعنت سے۔

اللان. فا. اَمْرٌ لَاعِنٌ: باعث لعنت۔

اللعّان. بہت لعنت کرنے والا۔

اللعنة. جس پر لوگ بہت لعنت کریں۔

اللعنه. جو لوگوں پر بہت لعنت کرے۔ ج لُعَن.

اللعين. لعنت کیا ہوا۔ گالی دیا ہوا۔ دھتکارا ہوا۔ بدبخت۔ مسخ کیا ہوا۔ رسوا۔ ہلاک شدہ۔ شیطان اڑکا (جو کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لیے کھڑا کیا جاتا ہے)

اللعينة. بمعنی ملعون جیسے رَهِيْنَةٌ بمعنی مَرْهُوْنٌ.

الملعنة. پائخانہ۔ ج مَلَاعِن (و اللاعنة) وسط راستہ۔

الملعون. ث۔ ج مَلَاعِيْن.

تَلَغَّى العَسَلُ: شہد کا گاڑھا ہونا اللُّغَاعُ ای اَوَّلُ النَّبَاتِ: ہریاول نکلنا۔ شروع ہونا۔

اَلْعَتِ الْاَرْضُ. ہریاول والی زمین ہونا۔

اللعو. بد خلق۔ کمینہ۔ لالچی۔ ج لِعَاء.

اللعوة. اللعو کا مؤنث۔ سر پستان کے اردگرد کی سیاہی۔ لَعْوَةُ الجُوْعِ: بھوک کی تیزی (واللعاة) کتیا۔ كَلْبَةٌ او ذِئْبَةٌ لَعْوَةٌ. لالچی کتیا یا مادہ بھیڑیا۔ ج لِعَاء و لَعَوَات.

اللعوة. سر پستان کے اردگرد کی سیاہی۔

اللاعي. جس کو ذرا سی چیز گھبراہٹ میں ڈال دے۔

اللاعية اللاعي کا مؤنث۔ ایک چھوٹا سا پودہ جس کا پھول زرد رنگ کا اور خوشبو عمدہ ہوتی ہے۔

اللعا. بہت حریص اور پھسلنے والے کیلئے۔ کہا جاتا ہے "لَعًا لَكَ" یعنی خدا تمہیں اُٹھائے اور "لَا لَعًا لَكَ" بددعا ہے یعنی خدا تمہیں نہ اُٹھائے۔

الالعاء. انگلیوں کی گرہوں کے جوڑ۔

لَعْوَق. کام میں جلدی کرنا۔

اللعوق. کم عقل۔ بیوقوف۔

لَغَبَ (ف ن) و لَغِبَ (ک) لَغْبًا و لُغُوْبًا و لَغِبَ (س) لَغَبًا. بہت تھکنا۔

لَغَبَ (ف) لَغْبًا. القَوْمَ: جھوٹی بات کہنا عَلَيْهِمْ. فساد ڈالنا اَلْكَلْبُ فِي الْاِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

لَغَّبَ والغب و تَلَغَّبَ السَّيْرُ فُلَانًا: بہت تھکا دینا۔ لَغَّبَ دَابَّتَهٗ: جانور پر اتنا لاد دینا جس سے تھک جائے۔ تھکا ہوا پانا اَلْغَبَ فُلَانًا: تھکا دینا۔ تَلَغَّبَ الْاِنْسَانَ وَالْحَيْوَانَ: دور بھگا دینا یا ہانک دینا کہا جاتا ہے "تَلَغَّبَتْهُمُ الْاَسْفَارُ و تَلَغَّبَتْ بِهِمِ القِفَارُ" یعنی سفر نے انہیں دور ڈال دیا میدانوں نے انہیں دور پھینک دیا۔ مطلب یہ کہ وہ دور چلے گئے تَلَغَّبَ سَيْرَ الْقَوْمِ: قوم کے تھکنے تک چلتا رہا تَلَغَّبَ الدَّابَّةَ: تھکا ہوا پانا۔

اللاغب. فا۔ کمزور۔ ج لُغَّب. کہا جاتا ہے "اَتَانَا سَاغِبًا لَاغِبًا" ہمارے پاس بھوکا تھکا ہوا آیا۔

اللاغبة. اللاغب کا مؤنث ج لَوَاغِب کہا جاتا ہے "رِيَاحٌ لَوَاغِب" یعنی نرم ہوائیں۔

اللغب اللغوب. کمزور۔ بیوقوف۔ اللغب اگلے دانتوں کا مسوڑھا۔ کلام فاسد۔ کہا جاتا ہے "اُكْفُفْ عَنَّا لَغْبَكَ" یعنی ہم سے اپنے کلام فاسد کو بند کرو۔ سَهْمٌ لَغْبٌ: خراب تراشا ہوا تیر۔

اللغب واللغب واللعب واللغيب. خراب پر۔ اللعب: گردن کے بال۔ کہا جاتا ہے اَخَذَ بِلَغَبِ رَقَبَتِهٖ یعنی اس نے اس کی گردن کے بال کو پکڑ لیا۔

اللغاب. خراب تراشا ہوا تیر۔

اللغابة واللغوبة. بیوقوفی۔ کمزوری۔

اللغيث. زہر ملائی ہوئی چیز جو گدھ کے پھنسانے کیلئے پھیلائیں۔ جَو ملا ہوا گیہوں (گوجئی)

اللغثون. ناک کا نتھنا۔ ج لغاثين.

لَغَدَ (ف) لَغْدًا الْاِبِلَ الْعَوَائِدَ: سیدھے راستہ پر اونٹوں کو لانا عَنْ كَذَا: روکنا فُلَانًا: کنارۂ گردن کے گوشت پر مارنا۔

اللغد ج اَلْغَاد. واللغدود واللغديد. ج لَغَادِيْد: حلق کا گوشت۔ حلق کا کوا۔ کان کے اندرونی حصہ کا زائد گوشت۔ کہا جاتا ہے "عِلْجٌ مِنَ الْاَوْغَادِ ضَخْمُ الْاَلْغَادِ"

المُتلَغِّد سخت غضبناک۔
اللَّغْذمیّ و المُتلَغْذِم بہت کھاؤ۔
لَغَزَ(ن) لَغْزًا الشَّیَٔ چیز کو اس کے صحیح طریقے سے پھیر دینا فِیْ یَمِیْنِہٖ قسم کھانے میں تلبیس سے کام لینا (وَالْغَز) الیَرْبُوْعُ حُجْرَہ: جنگلی چوہے کا سوراخ کو پیچ دار کھودنا۔ (لَغز وَالْغز فِی الْکَلَامِ وَالْغَز الْکَلَامَ کلام سربستہ کہنا۔ پیچ دار بات کہنا۔
لَاغَزَہٗ مُلَاغَزَۃً پہیلی جیسی گفتگو کرنا۔
اللُّغْز وَاللَغز وَاللُّغز چوہے یا جنگلی چوہے یا گوہ کا بل۔
اللُّغْزُ وَاللَغْز وَاللُّغَز ج اَلْغَازٌ. واللُّغَیْزاءُ واللُّغَّیْزیٰ والاُلْغُوْزَۃُ مِنَ الْکَلَامِ چیستان۔ معمہ۔ پہیلی۔ الالْغَاز پیچ دار اور مشکل راستے۔
اللَّغَّاز لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔
المُلْغِز مِنَ الْکَلَامِ پیچیدہ ودشوار کلام۔
لَغَطَ(ف) لَغْطًا و لِغَاطًا وَالْغَطَ ولَغَّطَ القَوْمُ شور کرنا۔
لَغَطَ(ف) لَغْطًا و لَغِیْطًا الْحَمَامُ اَو القَطَا کبوتر یا قطا کا غٹر غوں کرنا۔
اللَّغْط س۔ دروازے کے آگے کا صحن۔
(واللَّغط) آواز۔ شور۔ مبہم آواز جو سمجھ میں نہ آئے۔ ج اَلْغَاط.
لَغِفَ(س) لَغْفًا. الِانَاءَ برتن چاٹنا۔
الِادَامَ سالن کو لقمہ بنانا۔
لَغَفَ(ف) لَغْفًا الرَّجُلُ او لَاسَنُمرد یا شیر کا تیز نظر سے دیکھنا۔
لَاغَفَہٗ مُلَاغَفَۃً بوسہ دینا۔ دوستی کرنا۔
اَلْغَفَ تیز دوڑنا۔ نظر تیز کرنا۔ چوروں کے ساتھ رہنا اور ان کے مال و متاع کا محافظ بننا فُلَانًا الِادَامَ سالن کا لقمہ نگلوانا۔
ہُرا معاملہ کرنا اور ظلم کرنا۔ اَلْغَفَ عَلَیْہِ: سخت سست باتیں کہنا۔
اللَّغِفَۃ لقمہ۔
اللَّغِیف مرد کے خاص لوگ۔ چوروں کا ساتھی اور ان کے کپڑے وغیرہ کا محافظ۔ ج لُغَفاء.
اللَّغِیْفَۃ ایک قسم کا کھانا جس کو عَصِیْدَہ بھی کہتے ہیں۔
المَلْغَفَۃ چوروں کا گروہ۔
اللَّغْلَغَۃ کلام میں لکنت۔
لَغَمَ(ف) لَغْمًا البَعِیْرُ جھاگ پھینکنا ہٗ: منہ چومنا الرَّجُلُ غیر متقین خبر دینا۔
(ولَغَّم) فُلَانًا بالطِّیْبِ منہ پر خوشبو لگانا۔
لَغَمَ(س) لَغْمًا و لَغَمًا غیر یقینی خبر دریافت کرنا۔
لَغَمَ یَلْغَمُ الاَرْضَ اَوِ الْحَجَرَ بارودی سرنگ بچھانا۔
اللُّغْم بارودی سرنگ کبھی خشکی والی اور کبھی سمندری ہوتی ہے۔
اَلْغَمَ الذَّھَبُ و مَاشَابَھَہٗ مِنْ کُلِّ جَوْھَرٍ مُذَابٍ سونے وغیرہ میں پارہ ملایا جانا۔ صفت مُلْغَمٌ.
اِلْتَغَمَ الذَّھَبُ سونے کا پارہ سے ملنا۔
تَلَغَّمَ بِالطِّیْبِ ناک اور منہ پر خوشبو لگانا
القَوْمُ بِالْکَلَامِ گفتگو میں منہ کے کناروں کو ہلانا اَلْغَنَمُ بِالعُشْبِ و بِالشُّرْبِ :تر ہونٹوں والی ہونا۔
اللَّغَم تھوڑی خوشبو۔ زبان کی رگیں۔
اللُّغَام اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ لعاب۔
اللُّغْمَاء سفید منہ والی بکری۔
اللَّغِیْم بھید۔
المَلْغَم. ناک اور منہ اور ان دونوں کا اردگرد۔ ج مَلَاغِم
اِلْغَانَّ النَّبْتُ نباتات کا گنجان اور دراز ہونا
الاَرْضُ بہت گھاس والی زمین ہونا۔
اللَّغَن جوانی کا جوش۔
لَغَا یَلْغُوْ لَغْوًا بِکَذَا بولنا الشَّیُٔ باطل ہونا الرَّجُلُ محروم ہونا عَنِ الطَّرِیْقِ ہٹ جانا۔
لَغَا یَلْغُوْ لَغْوًا و لَغَا یَلْغٰی و لَغِیَ یَلْغٰی لَغًی و لَغَایَۃً و لَاغِیَۃً و مَلْغَاۃً فِیْ قَوْلِہٖ: غلطی کرنا۔ بغیر سمجھے بوجھے بولنا۔
لَغِیَ یَلْغٰی لُغًی بِالاَمْرِ مشتاق ہونا بِالْمَاءِ: بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا بِالشَّیِٔ چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا الطَّیْرُ: بِاَصْوَاتِھَا: پرندوں کا قومہ سر نکالنا۔ اور کہا جاتا ہے ھُمْ یَلْغَوْنَ فِی الْحِسَابِ وہ حساب میں غلطی کرتے ہیں۔
لَاغٰی مُلَاغَاۃً الرَّجُلَ ہنسی مذاق کرنا۔
اَلْغَی الشَّیَٔ باطل کرنا فُلَانًا محروم کرنا۔
اِسْتَلْغٰی فُلَانًا گفتگو کرانا۔ لغت سننا۔
اللَّغَا س۔ آواز۔ بیہودہ۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔
اللُّغَۃ ہر قوم کی کلام مصطلح جس سے وہ اپنے مقاصد کو ظاہر کرے۔ ج لُغًی و لُغَات و لُغُوْن اور نسبت کیلئے لُغَوِیّ. عِلْمُ اللُّغَۃِ: مفردات کے اوضاع کی معرفت کا علم۔ کُتُبُ اللُّغَۃِ فن لغت کی کتابیں۔ اَھْلُ اللُّغَۃِ فن لغت کے ماہرین اور کبھی عِلْمُ اللُّغَۃِ کا اطلاق علوم عربیہ کے سارے اقسام پر ہوتا ہے۔
اللَّغْو س۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کتے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ بِاللَّغْوِ و اِشْتَغَلَ بِاللَّغْوِ" وہ بیہودہ گفتگو اور افعال میں مشغول ہوا۔ قسم کھانے میں گناہ۔
اللَّاغِیَۃُ س۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کَلِمَۃٌ لَاغِیَۃٌ قبیح کلمہ۔
اللَّغَاۃ آواز۔
اللَّغْوٰی قطا پرندہ کا شور۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔
کہا جاتا ہے "اِسْمَعْ لَغْوَاھُمْ وَلَا تَخَفْ طَغْوَاھُمْ" ان کے بیہودہ کلام کو سنو اور ان کی سرکشی سے خوف مت کرو۔
لَفَّ(ن) لَفًّا الشَّیَٔ لپیٹنا۔ ملانا: جمع کرنا۔
اَلْمَیِّتَ فِیْ اَکْفَانِہٖ میت کو کفن میں لپیٹنا
الکَتِیْبَتَیْنِ دو لشکروں کو ملانا فِی الاَکْلِ: مختلف قسم کے کھانوں کو ملا کر بری طرح سے کھانا اور اسی سے ہے "اِنْ اَکَلَ لَفَّ وَاِنْ شَرِبَ اشْتَفَّ" اگر کھاتا ہے تو سب ہڑپ کر جاتا ہے اور اگر پیتا ہے تو سب صاف کر دیتا ہے
الشَّیَٔ بِالشَّیِٔ چیز کو چیز سے ملانا: جوڑنا ہٗ حَقَّہٗ: حق کا انکار کرنا۔ منع کرنا۔ لَفَّتِ

الْاَشْجَارُ گنجان ہونا۔
لَفَّ (س لَفًّا و لَفَفًا) پر گوشت رانوں والا ہونا۔ صفت اَلَفّ مؤنث لَفَّاء لُفّ۔
لَفَّفَ بمعنی لَفَّ۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔
لَافَّ الصَّقْرُ الصَّيْدَ: شکرے کا شکار پر ٹوٹ پڑنا اور پنجوں میں کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَافَفْنَا الْقَوْمَ" یعنی ہم قوم سے مل گئے۔
اَلَفَّ الطَّائِرُ رَاْسَهٗ: پرندہ کا پروں میں سر کو چھپالینا۔ الرَّجُلُ رَاْسَهٗ: جبے میں سر کو چھپالینا۔
اِلْتَفَّ و تَلَفَّفَ فِيْ ثَوْبِهٖ: کپڑے میں لپٹنا۔ عَلَيْهِ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ اِلْتَفَّ النَّبَاتُ: گنجان ہونا۔ لَهٗ عَلٰى حَنَقٍ: غضبناک ہو کر لپٹنا۔ الشَّيْءُ: گنجان ہونا۔
تَلَافَّ الْقَوْمُ: باہم ملنا۔
اللَّفّ. س۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِلَفِّهِمْ و بِلَفَّتِهِمْ" یعنی جماعت کے ساتھ سب آئے۔
اللِّفّ. پارٹی۔ گروہ۔ اکٹھی قوم۔ جو اِدھر اُدھر سے جمع کیا جائے۔ گنجان باغ۔ ج اَلْفَاف و لُفُوْف. کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ وَمَنْ لَفَّ لِفَّهُمْ او لَفَّهُمْ او لُفَّهُمْ" قوم آئی اور ان کے ساتھ ان کے لگے بندھے بھی آئے۔ "وَجَاءُوا اَلْفَافًا" مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت آئی۔ وَضَّةٌ لَفٌّ و لِفٌّ و لَفَّةٌ و لِفَّةٌ و لَفَّاء گنجان باغ۔
اللِّفَافَة. جو چیز کسی چیز پر لپیٹی جائے دل پر لپٹی ہوئی چربی۔ سگریٹ (مولدة) ج لَفَائِف.
اللَّفَف. کام کرنے والے کے بازو کی رگ کا مڑ جانا جس کی وجہ سے وہ کام میں بیکار ہو جاتا ہے۔ کھانے میں ملانا جلانا اور زیادہ کھانا جس چیز کو قوم یہاں وہاں سے جمع کرے۔
اللَّفِيْف. جھنڈ دار اور گنجان درخت مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت جس میں شریف و رذیل، فرمانبردار، نافرمان، قوی، کمزور سبھی قسم کے ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ لَفِيْفٌ" مخلوط رکھنا "هُوَ لَفِيْفُ فُلَانٍ" وہ فلاں کا دوست ہے "جَمْعٌ لَفِيْفٌ" ہر جگہ سے اکٹھا کیا ہوا۔
اَللَّفِيْفَة. مجموعہ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔ سگریٹ۔ ج لَفَائِف.
الْاَلَفّ. بازو کی ایک رگ۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ کاموں میں عاجز و سست۔ ملے ہوئے ابروؤں والا۔ لوگوں سے بھری ہوئی جگہ۔ مؤنث لَفَّاءُ ج لُفٌّ. فَخِذٌ لَفَّاءُ: موٹی ران۔
التَّلَافِيْف. گنجان گھاس مِنَ الْاَمْعَاءِ والدِّمَاغِ فِي اِصْطِلَاحِ الطِّبِّ: ایک کے اوپر ایک لپٹا ہوا۔
اَلْمِلَفّ والمِلْفَاف. چادر۔ لحاف۔ والمِلَفّ فِي اصطلاح عُلَمَاءِ الْكَهْرُبَائِيَةِ چکر جس پر تار لپیٹا جائے۔
المَلْفُوْف. منہ ایک قسم کی نباتات۔ واحد مَلْفُوْفَة.
لَفَا (ف لَفْوًا و لَفَا) الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ اللَّحْمَ عَنِ الْعَظْمِ: گوشت اتارنا۔ الرِّيْحُ السَّحَابَ عَنْ وَجْهِ الْاَرْضِ: بادلوں کو پراگندہ کر دینا۔ فُلَانًا عَنْ مُرَادِهٖ: رد کرنا۔ ہٹانا۔ غیبت کرنا۔ حَقَّهٗ: حق سے کم دینا۔ پورا حق دینا۔ بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا۔
لَفِيَ (س لَفًا) الشَّيْءُ: باقی رہنا۔
اَلْفَا اَلْفَاءً. الشَّيْءَ: باقی رکھنا۔
اِلْتَفَا الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھلکا اتارنا۔
اللَّفَاء: مٹی۔ تھوڑی چیز۔ حق سے کم۔
اللَّفِيْئَة. بغیر ہڈی کے گوشت کا ٹکڑا۔ ج لَفَايَا و لَفِيٌّ.
لَفَتَ (ض لَفْتًا) الشَّيْءَ: دائیں یا بائیں موڑنا۔ رِدَائَهٗ عَلٰى عُنُقِهٖ: چادر کو گردن پر موڑنا۔ فُلَانًا عَنْ رَاْيِهٖ: رائے سے پھیرنا۔ الرِّيْشَ عَلَى السَّهْمِ: پر کو تیر پر کیفما اتفق لگا دینا۔ الرَّاعِي الْمَاشِيَةَ: مارنا اور اس کی پروانہ کرنا کہ کس کو لگا۔ اللِّحَاءَ عَنِ الشَّجَرَةِ: درخت سے چھال اتارنا۔ الْكَلَامَ: لاپرواہی سے گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَفَتَهٗ بِكَذَا" یعنی اس نے اس کو دیا۔
لَفَّتَ الشَّيْءَ: موڑنا۔
اِلْتَفَتَ و تَلَفَّتَ اِلَيْهِ: چہرہ پھیرنا۔
اِلْتَفَتَ بِوَجْهِهٖ يُمْنَةً او يُسْرَةً: جھکنا۔
اللِّفْت. شلغم۔
اللِّفْت. چیز کی ایک جانب۔ گائے۔ بیوقوف عورت۔
اللَّفْت فِي التَّيْسِ: مینڈھے کے ایک سینگ کا ٹیڑھا ہونا۔ فِي الْاِنْسَانِ: بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔
اللَّفَات. بیوقوف۔ سخت خو۔
اللُّفْتَة. جانوروں کو ہمیشہ مارنے والا چرواہا۔
الْاَلْفَت. ایک پیچ دار سینگ والا بکرا۔ مضبوط ہاتھ والا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ بیوقوف۔ بھینگا۔ مؤنث لَفْتَاء. ج لُفْتٌ.
اللَّفُوْت. سخت خو۔ چغل خور عورت۔ اونٹنی جو دوہنے کے وقت بے قرار رہے۔ عورت جس کی نگاہ ایک جگہ نہ ٹھہرے۔
اللَّفِيْتَة. ایک قسم کا گاڑھا حلوا۔
الْمُتَلَفَّة. کندھے کی ہڈی کا اوپر کا حصہ۔
اِسْتَلْفَتَ. باہر نکالنا۔ چیز کی حقیقت کو پہنچنا۔ خبر کو چھپانا۔ حاجت روائی کرنا۔ تمام چارے کو کھانا۔
اَلْفَجَ. مفلس ہونا۔ بے مال و دولت ہونا۔ غم وغیرہ کی وجہ سے زمین سے چپٹے رہنا۔ فُلَانًا: محتاج بنانا۔ مجبور کرنا۔
اللَّفَج. ذلت۔
الْمُلْفَج و الْمُسْتَلْفَج. مفلس۔ لاغری کی وجہ سے زمین سے چپٹنے والا۔ الْمُسْتَلْفَجُ: خوف کی وجہ سے پراگندہ دل۔
لَفَحَ (ف لَفْحًا) فُلَانًا بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا۔ لَفَحَتْ (ف لَفْحًا و لَفَحَانًا) النَّارُ و السَّمُوْمُ بِحَرِّهَا فُلَانًا: جھلس دینا۔ نَارٌ لَفُوْحٌ و لَافِحٌ. جلانے والی آگ۔ ج لَوَافِح. کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ مِنَ الْحَرِّ لَفْحٌ و مِنَ الْبَرْدِ نَفْحٌ".
اللُّفَّاح. ایک قسم کا پودہ۔ واحد لُفَّاحَة.
لَفَخَهٗ. (ف لَفْخًا) فِي او عَلٰى رَاْسِهٖ

مارنا۔

اللفخ: مص سارے سر پر مارنا۔

لَفَظَ (ض) و لَفِظَ (س) لَفظًا الشَّیءَ و بِالشَّیءِ مِن فَمِه: منہ سے پھینکنا۔ ڈال دینا۔ صفت مفعولی لَفِیظ و مَلفُوظ البَحرُ دَابَّةً: دریا کا کنارے پر پھینک دینا فُلَانٌ نَفسَهٗ او عَصَبَهٗ: مرنا (عصب سے مراد تھوک ہے جو منہ سے چپٹ کر خشک ہو جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے "لَفَظَت اِلَینَا البِلَادُ اَهلَهَا" یعنی ہماری جانب نکال دیا "وَجَاءَ وَقَد لَفَظَ لِجَامَه" یعنی وہ آیا اس حال میں کہ پیاس اور تھکن کی وجہ سے تکلیف میں تھا (وتَلَفَّظَ) بِالکَلَامِ: بولنا۔

اللفظ: مص۔ کلمات جو بولے جائیں۔ کلام۔ ج اَلفَاظ۔

اللفظة: لفظ کا اسم مرۃ۔ کلمہ ج لَفَظَات۔

اللافظة: لافظ کا مؤنث۔ سمندر اس وجہ سے کہ جواہر کو پھینکتا ہے (ہا مبالغہ کیلئے ہے) چلی۔ دنیا۔

لافِظَة: سمندر۔ اور یہ علمیت اور تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

اللُّفَاظ: جو پھینکا جائے۔

اللُّفَاظ: ترکاری۔

اللفاظة: جو منہ سے پھینکا جائے۔ جو دستر خوان سے جھاڑا جائے۔ کسی چیز کا تھوڑا سا بقیہ۔ ج لُفَاظ و لُفَاظَات: کلام۔

اللفیظ: پھینکی ہوئی چیز۔

اللفظی: جس کا لفظ سے تعلق ہو۔

لَفَعَ (ف) لَفعًا. الشَّیبُ رَاسَهٗ: سارے سر کا سفید ہونا۔ لَفَعَتهُ النَّارُ: بھڑک اور شعلہ پہنچنا۔ لَفَّعَ بمعنی لَفَعَ الغُلَامَ: اپنی جانب کھینچ کر بغل گیر ہونا۔ فُلَانٌ: بہت کھانا اور کہا جاتا ہے "لَفَّعَ رَاسَهٗ" جبکہ ڈھانپ لے۔

تَلَفَّعَ: بڑھاپا آنا۔ تَلَفَّعَتِ النَّارُ: شعلہ بھڑکنا۔ الحُرُوبُ بِالشَّرِّ: سبھی کو گھیر لینا۔ المَالُ: مال یعنی مویشیوں کو چرنے سے نفع پہنچنا القَومُ عَلَی جَیشِ العَدُوِّ: دشمن کی فوج کو گھیر لینا اور سب کو قتل کر دینا (والتفع) الرَّجُلُ بِالثَّوبِ وَالشَّجَرُ بِالوَرَقِ: لپٹنا۔ ڈھک جانا والتَفَعَتِ الاَرضُ: سبزی سے ڈھک جانا۔ التُفِعَ لَونُهٗ: رنگ متغیر ہونا۔

اللفاع: چادر یا کمبل۔ اونٹنی کا تھنوں میں سے اگلے تھن۔

اللفاعة و اللفیعة: قمیص کا پیوند۔

الملفعة: چادر یا کمبل وغیرہ۔

لَفَقَ (ض) لَفقًا الثَّوبَ: کپڑے کو دوہرا کر کے سینا الاَمرَ: طلب کرنا اور نہ پانا۔ الصَّقرُ: شکار پر چھوڑا جانا اور شکار نہ کرنا۔

لَفَّقَ الحَدِیثَ: باطل سے مزین کرنا الرَّجُلُ: طلب کرنا اور نہ پانا الشُّقَّتَینِ: دونوں سیرے ملا کر سینا۔ اور کہا جاتا ہے "لَفَّقَ بَینَ الثَّوبَینِ" جبکہ دوہرا کر کے سیئے۔

تَلَفَّقَ بِهٖ: لاحق ہونا مَا بَینَهُم: درست ہونا۔

تَلَافَقَ القَومُ: معاملات درست ہونا۔

اللفق: چادر کے دو پاٹوں میں سے ایک پاٹ۔ اور دو آدمی جو جدا نہ ہوں۔ ان کے متعلق کہا جاتا ہے "هُمَا لِفقَانِ"

اللفاق: مطلوب کو نہ پانے والا۔

اللفاق: دو کپڑے جو ایک ساتھ ملا کر جوڑے گئے ہوں اور ان میں سے ہر ایک کپڑے کو لِفَاق کہتے ہیں۔

اللفیك و الالفك: اللفیك: بیوقوف۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔

لَفلَفَ: گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔ خوب اچھی طرح سے کھانا فِی ثَوبِهٖ: کپڑے میں لپٹنا۔

تَلَفلَفَ بِثَوبِهٖ: کپڑے میں لپٹنا۔

اللفلف و الفلاف (و الملفلف): کمزور کلام میں عاجز و درماندہ۔

لَفَمَت (ض) لَفمًا و تَلَفَّمَت وَالتَفَمَت المَرأَةُ: عورت کا نقاب ڈالنا۔ ناک پر نقاب باندھنا۔ تَلَفَّمَ بِعِمَامَتِهٖ: ڈھاٹا باندھنا۔

لَفَّمَتِ المَرأَةُ فَاهَا: منہ پر نقاب ڈالنا۔

لَفَمَهٗ: مضبوط باندھنا۔

اللفام: ناک کے اوپر کا نقاب۔

لَفَا یَلفُو لَفوًا فُلَانًا حَقَّهٗ: حق کم کرنا اللَّحمَ عَنِ العَظمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔

اَلفَاهُ اِلفَاءً: پانا۔

تَلَافَی الاَمرَ: تدارک کرنا۔

اللفیة: گوشت کا ٹکڑا۔ ج لَفَایَا۔

اللفاء: مٹی۔ خسیس۔ حقیر۔ اور کہا جاتا ہے "رَضِیَ فُلَانٌ مِنَ الوَفَاءِ بِاللَّفَاءِ" فلاں شخص اپنے پورے حق میں سے تھوڑے پر راضی ہو گیا۔

التلافی: خون کا بدلہ حاصل کرنا۔

لَقَّ (ن) لَقًّا عَینَهٗ: آنکھ پر ہاتھ سے مارنا۔ صفت لَاقٌّ ج لَقَقَة۔

اللق: سر زمین میں شگاف۔ بلند زمین۔ بہت بولنے والا۔ ہر تنگ اور لمبی زمین۔

اللققة: لاق کی جمع۔ تنگ منہ کے گڑھے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَقَّاقٌ بَقَّاقٌ" بہت باتونی

لَقَّبَ فُلَانًا بِکَذَا: لقب دینا۔

لَاقَبَهٗ: برے القاب سے گالی دینا۔

تَلَقَّبَ بِکَذَا: لقب پانا۔

تَلَاقَبَ القَومُ: ایک دوسرے کو برے لقب سے گالی دینا۔

اللقب: اصلی نام کے علاوہ کوئی دوسرا نام جو اپنے وضع اول کے اعتبار سے مدح یا ذم کی طرف مشعر ہو ج اَلقَاب۔

لَقَحَ (ف) لَقحًا النَّخلَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔

لَقِحَت (س) لَقحًا و لَقَحًا و لَقَاحًا النَّاقَةُ و نَحوُهَا: حاملہ ہونا۔ صفت لَاقِحٌ و لَقُوحٌ (لَقَحًا) الحَربُ: سکون کے بعد بھڑک اٹھنا۔

اَلقَحَ المَرأَةَ اَو النَّخلَةَ: حاملہ ہونا۔

اَلقَحَ النَّخلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔

الفحل الناقۃ: حاملہ کرنا۔ گابھن کرنا۔ صفت مفعولی مَلْقُوحَة۔ ج مَلاقِيح۔ اَلْقَحَ بَيْنَهُم شرًا: فساد پیدا کرا دینا۔ اَلْقَحَتِ الرِّيحُ الشَّجَرَ او السَّحَابَ: باردار کرنا۔

لَقَّحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔

تَلَقَّحَتِ النَاقَةُ: حاملہ نہ ہوتے ہوئے حاملہ جیسی معلوم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّحَ زَيْدٌ عَلَيَّ" زید نے میری طرف ناکردہ گناہ کی نسبت کی۔ بِيَدَاهُ: گفتگو کرنے میں دونوں ہاتھوں سے اشارہ کرنا۔

اِلْتَقَحَتِ الأُنثَى: مادہ منویہ کو قبول کرنا۔

اِسْتَلْقَحَتِ النَّخْلَةُ: نر کھجور کے شگوفہ کو مادہ کھجور میں ڈالنے کا وقت قریب آنا۔

اللِّقَاحُ: مص۔ نر کھجور کا شگوفہ جو مادہ کھجور میں ڈالا جائے۔

اللِّقَاحُ: لَقُوح کی جمع۔ گھوڑے اونٹ کا مادہ منویہ۔

اللَّقَحُ: مص۔ حاملہ ہونا۔

اللقحة: دوائی پلائی۔ عقاب۔ کوا۔ ج لِقَح و لِقَاح۔ اللقحة نفس۔ ج لِقَاح۔

اللِّقْحَةُ واللَّقْحَةُ: ج لِقَح و لِقَاح واللقوح ج لِقَاح و لَقَائِح: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

اللاقِح: فا۔ رِيحٌ لاقِحٌ: وہ ہوا جس سے درخت باردار ہو جائیں۔ وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کرلے۔ ج لَوَاقِح۔

اللَّقُوحُ: وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کر لے۔ ج لُقُح۔

اللَّوَاقِح والمَلاقِح: حاملہ عورتیں۔

اللَّوَاقِح مِنَ الرِّيَاحِ: درختوں کو باردار کرنے والی ہوائیں۔ بارش لانے والی ہوائیں۔

اللَّوَاقِح: کوڑے۔

المَلاقِح: حاملہ کرنے والے۔ واحد مُلْقِح۔ حاملہ عورتیں واحد مُلْقَحَة۔

المُلَقَّح: مع۔ آزمودہ کار۔

المَلاقِيح: مائیں۔ واحد مَلْقُوحَة۔ جنین۔

مادہ منویہ۔

لَقَزَهُ (ن) لَقْزًا: مکا مارنا۔

لَقَسَهُ (ن ض) لَقْسًا: عیب لگانا۔ صفت لاقِس۔

لَقِسَت (س) لَقَسًا نَفسُ فُلانٍ اِلَى الشَّئِ: دل کھنچنا۔ مائل ہونا۔ نَفْسُهُ مِنَ الشَّئِ: جی متلانا۔ صفت لَقِسَةٌ۔ و لَقِسَ بِالأَمرِ: سمجھنا۔ صفت لَقِس۔

لاقَسَ لِقَاسًا و مُلاقَسَةً: ایک دوسرے کو برے لقب دینا۔

تَلَقَّسَت نَفْسُهُ مِنَ الشَّئِ: تنگ ہونا۔

تَلاقَسَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

اللَّقْسُ واللاقِس: خارش۔

اللَّقِس: لوگوں کا مذاق اڑانے والا اور برے القاب دینے والا۔ بدخلق۔ ہر چیز کا لالچی۔ جو ایک طریقہ پر مستقل نہ رہے۔

المُلاقِس: صبر کرنے والا۔ شَنٌّ لَقِشٌ: پرانی مشک۔

لَقَصَ (ض) لَقْصًا الشَّئُ جِلْدَهُ: کھال کو جلانا۔

لَقِصَ (س) لَقَصًا الشَّئُ: تنگ ہونا۔

لَقِصَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔

اِلْتَقَصَ الشَّئَ: لینا۔

اللَّقِص: تنگ۔ شرارت میں جلدی کرنے والا۔ بہت باتونی۔

لَقَطَ (ن) لَقْطًا الشَّئَ: زمین سے اٹھانا العِلْمَ مِنَ الكُتُبِ: مختلف کتابوں سے حاصل کرنا الثَّوْبَ: پیوند لگانا الطَّائِرُ الحَبَّ: پرندہ کا چونچ سے چگنا۔ صفت لاقِط و لَقَّاط۔

لاقَطَه لِقَاطًا و مُلاقَطَةً: مقابل ہونا۔

لاقَطَ الفَرَسُ: چاروں ٹانگیں پکڑ لینا۔

اِلْتَقَطَ الشَّئَ: بغیر قصد و طلب کے مطلع ہونا۔ الشَّئَ: زمین سے اٹھانا اللقاط: جمع کرنا (و تَلَقَّطَ) الشَّئَ: ادھر ادھر سے جمع کرنا۔

اللَّقَط: اٹھائی ہوئی چیز۔ چھوارے وغیرہ کا نچھاور۔ واحد لَقَطَة۔ لَقَطُ المَعْدَنِ: سونے وغیرہ کے ٹکڑے جو کان میں ملیں۔ کہا جاتا ہے "فِي المَكَانِ لَقَطٌ لِلْمَاشِيَة" یعنی مکان میں جانور کے لیے تھوڑا سا چارہ ہے۔

اللَّقَطَة: ایک قسم کی اچھی سبزی جس کے جانور حریص ہوتے ہیں۔ ج لَقَط۔

اللُّقْطَة واللُّقَطَة: وہ چیز جو تم کو راستہ میں پڑی ہوئی ملے اور تم اٹھا لو یا وہ شئے متروک جس کا مالک معلوم نہ ہو۔

اللِّقَاط واللُّقَاط: خوشہ جس کو کھیتی کاٹنے والا خطا چھوڑ دے اور لوگ اس کو چن لیں۔ پڑی ہوئی چیز جو تمہیں ملے اور تم لے لو۔

اَللِّقاط: گرے ہوئے خوشوں کا جمع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَارُهُ بِلِقَاطِ دَارِي" اس کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔ و "لَقِيتُهُ لِقَاطًا" میں اس سے رودررو ملا۔

اللُّقَاطَة: گرے ہوئے خوشے۔ گری پڑی بے قیمت چیز۔ ج لُقَاط۔

اللاقِط: فا۔ کھیتی کٹنے کے بعد خوشے چننے والا۔ آزاد کردہ غلام۔

اللاقِطَة: لاقِط کا مؤنث۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "لِكُلِّ سَاقِطَةٍ لاقِطَةٌ" یعنی ہر کلمہ جو منہ سے نکلے اس کیلئے کوئی نہ کوئی سننے والا ہے (حفاظت زبان کی نصیحت کے موقع پر بولا جاتا ہے) اللاقِطَة: رذیل مرد یا عورت۔

لاقِطَةُ الحَصَى: پرندہ کا سنگدانہ۔

اللَّقَّاط واللَّقَّاطَة: بہت اٹھانے والا۔

اللَّقِيط: اٹھایا ہوا۔ نومولود بچہ جو پھینک دیا جائے۔

اللَّقِيطَةُ: لَقِيط کا مؤنث۔ رذیل مرد یا عورت ج لَقَائِط۔ کہا جاتا ہے: رَجُلٌ لُقَيْطَى خُلَيْطَى: چغلی کھانے کے لیے خبروں کے کھوج میں رہنے والا مرد۔

الأَلْقَاط: آوارہ و اوباش لوگ۔ تھوڑے متفرق لوگ۔

المَلْقَط: مطلب۔ دھات کی کان۔ کہا جاتا ہے یا مَلْقَطَانُ: یعنی اے بیوقوف۔ مؤنث مَلْقَطَانَة۔

المِلْقَط. جس سے اُٹھایا جائے جیسے دستپناہ۔ موچنا۔ ج ملاقط.
المِلْقاط. قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ مکڑی۔ ج مَلاقِیط.
المَلْقُوط. نو مولود پھینکا ہوا بچہ۔ جو اُٹھایا جائے۔ ج مَلاقِیط.
لَقَعَ (ف) لَقْعًا الشَّیءَ: پھینکنا فُلانًا بِعَیْنِه: نظر بد لگانا۔ لَقَعَتْهُ الْحَیَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ لَقَعَ فُلانًا: عیب لگانا لَقَعَهُ بِالْکَلامِ: کلام میں غالب آنا۔
لَقِعَ (ف) لَقَعانًا. تیز گزرنا (لَقْعًا) عیب دار ہونا۔
لاقَعَ فُلانًا بِالْکَلامِ: کلام میں غالب آنا۔
تَلَقَّعَ بِالْکَلامِ: بکواس کرنا۔
اُلْتُقِعَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔
اللُقّاع واللَقّاع. سبز رنگ کی مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے۔ واحد لُقّاعَة و لُقَّاعَة.
اللُقَعَة. اللُقّاعَه واللَقّاع والتِلِقّاع و التِلِقّاعَة. بیوقوف۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ برے لقب رکھنے والا۔ بہت باتونی۔ کہا جاتا ھے اِمْرَأَةٌ تِلِقّاع و مِلْقَعَة بیہودہ گو عورت۔
لَقِفَ (س) لَقْفًا و لَقَفانًا والْتَقَفَ الشَّیءَ: جلدی سے لینا۔
لَقِفَ (س) لَقَفًا الْحَوْضُ: نیچے سے گر کر وسیع ہونا۔ صفت لَقِفٌ الْحائِطُ: دیوار کا گرنا۔
لَقَّفَهُ الشَّیءَ: اُچکنے کیلئے پھینکنا ہ الطَّعامَ: نگلوانا۔ لَقَفَ الطَّعامَ: نگلنا الفَرَسُ: دو اگلی ٹانگوں سے سختی سے روندنا۔
تَلَقَّفَ الشَّیءَ: جلدی سے لینا الطَّعامَ نگلنا الحائِطُ او الحَوْضُ: دیوار یا حوض کا منہدم ہونا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّفَ مِنْ فِیهِ کَذا" جبکہ کسی سے سن کر یاد کرے۔
اللَقَف. س۔ کنوئیں یا حوض کا کنارہ۔ ج اَلْقاف. اللقف: بمعنی اِلْتِقاف و تَلَقُّف یعنی جلدی سے لینا۔

اللَقافَة. حذاقت۔ ہوشیاری۔
اللَقْف واللَقِف واللَقِیف مِنَ الرِّجالِ چست و زیرک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ثَقْفٌ لَقْفٌ و ثَقِفٌ لَقِفٌ و ثَقِیفٌ لَقِیفٌ."
لَقْلَقَ. اللَقْلاقُ: سارس کا آواز کرنا۔ لَقْلَقَتِ الْحَیَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔ لَقْلَقَ الشَّیءَ: حرکت دینا۔
تَلَقْلَقَ. الشَّیءُ: ہلنا۔ اللَقْلَق ج لَقالِق واللَقْلاق. سارس کی قسم کا ایک پرندہ ہے جس کی گردن اور ٹانگیں لانبی ہوتی ہیں اور سانپوں کو کھاتا ہے۔ ذکاوت اور فطانت کے ساتھ متصف ہے۔ اور اس کی کنیت "اَبُو حُدَیْج" ہے اللَقْلَق: زبان۔
اللَقْلاق. آواز۔ شور۔
اللَقْلَقَة. سارس کی آواز۔ ہر آواز جس میں حرکت و اضطراب ہو۔ اور کہا جاتا ہے "فِی لِسانِهِ لَقْلَقَةٌ" یعنی اس کی زبان میں رکاوٹ ہے۔ ج لَقالِق.
حُرُوفُ اللَقْلَقَة: ب، ج، د، ق، ط۔ طَرْفٌ مُلَقْلَق. تیز نگاہ جو ایک جگہ میں نہ ٹھہرے۔
لَقَمَ (ن) لَقْمًا الطَّرِیقَ وَغَیْرَهُ: راستہ کا دہانہ بند کرنا۔
لَقِمَ (س) لَقْمًا الطَّعامَ جلدی کھانا، ہڑپ کرنا۔
لَقَّمَهُ واَلْقَمَهُ الطَّعامَ لقمہ لقمہ کھلانا۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَمَهُ الْحَجَرَ" یعنی اس نے اسے خاموش کر دیا۔
تَلَقَّمَ الشَّیءَ: جلدی سے کھانا۔ ہڑپ کرنا۔ الْماءُ فِی بَطْنِهِ پانی کی زیادتی کی وجہ سے پیٹ میں بولنا۔
اِلْتَقَمَ الطَّعامَ: نگلنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَقَمَ اُذُنَهُ" یعنی چپکے چپکے کان میں بات کی۔
اللَقَم واللُقَم. راستہ کا بڑا حصہ۔ راستہ کا درمیان۔
اللَقْمَة. لَقِمَ کا اسم مرۃ۔
اللُقْمَة. ایک مرتبہ جتنا نگلا جائے۔ ج لُقَم.
اللَقِیم. لقمہ۔

التِلِقّام والتِلِقّامَة والتِلِقّام والتِلِقّامَة بڑے بڑے لقمے نگلنے والا۔
رَکِیَّةٌ مُتَلَقِّمَة. بہت پانی والا کنواں۔
لَقُنَ (ک) لَقانَةً. تیز فہم و ذکی ہونا۔
لَقِنَ (س) لَقْنًا و لَقَنًا و لَقانَةً و لَقانِیَةً وتَلَقَّنَ الْکَلامَ مِنْ فُلانٍ: بالمشافہ حاصل کرنا اور سمجھنا۔
لَقَّنَهُ الْکَلامَ: بالمشافہ سمجھانا۔
اَلْقَنَ الْکَلامَ: جلدی سے یاد کرنا۔
اللَقْن. ستون۔ کنارہ۔
اللَقانَة واللَقانِیَة. س۔ زود فہمی۔
اللَقِن. زود فہم۔ تیز سمجھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَقِفٌ لَقِنٌ" یعنی وہ سنی ہوئی چیز کو بہت جلدی سمجھنے اور یاد کرنے والا ہے۔
اللَقَن. لگن (دخیل)
اَللَّقَنُ: تانبے کا برتن ہاتھ دھونے کے لئے۔
اللَوَاقِن. پیٹ کا نچلا حصہ۔
لَقا یَلْقُو لَقْوًا فُلانًا: مبتلاء لقوہ کرنا۔
لُقِیَ لَقْوًا. مبتلائے لقوہ ہونا۔
اللَقْوَة. ایک بیماری ہے جس سے منہ ایک جانب کو ٹیڑھا ہو جاتا ہے (واللِقْوَة) مادہ عقاب۔ تیز عقاب۔ ج لِقاء واَلْقاء.
المَلْقُوّ. لقوہ زدہ۔
لَقِیَ یَلْقَی لِقاءً و لِقاءَةً و لِقایَةً و لَقائَةً و لُقْیانًا و لِقْیانًا و لِقْیانَةً و لُقِیًّا و لِقِیًّا و لَقْیَةً و لُقْیَةً و لُقًی فُلانًا: استقبال کرنا۔ پانا۔ دیکھنا۔ ملاقات کرنا۔
لَقّی تَلْقِیَةً فُلانًا الشَّیءَ: پھینکنا۔
لاقی لِقاءً و مُلاقاةً الرَّجُلَ: پانا۔ ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "لاقَی بَیْنَ طَرَفَی الْقَضِیبِ" شاخ کے دونوں کنارے موڑ کر ملانا اور کہا جاتا ہے "لُوقِیَ بَیْنَهُما"
اَلْقَی الشَّیءَ اِلَی الْاَرْضِ: ڈال دینا اِلَیْهِ الْقَوْلَ و بِالْقَوْلِ: پہنچانا عَلَیْهِ الْقَوْلَ: املاء کرانا۔ پہنچانا فِیهِ الشَّیءَ: رکھنا عَنْهُ الشَّیءَ: ڈال دینا اِلَیْهِ السَّمْعَ: کان لگانا اِلَیْهِ خَیْرًا: بہتر سلوک کرنا اِلَیْهِ بالًا: پروا کرنا۔ اور کہا

جاتا ہے "اَلْقَيْتُ اِلَيْهِ الْمَوَدَّةَ و بِالْمَوَدَّةِ" میں نے اُس سے محبت کی۔

تَلَقّٰی الشَّيْئَ بلنا۔ استقبال کرنا الشَّيْئَ مِنْهُ: سیکھنا تَلَقَّتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا حاملہ ہونا۔ صفت مُتَلَقٍ.

اِلْتَقٰی الشَّيْئَ ملنا (و تَلَاقٰی) الْقَوْمُ باہم ملنا۔ وتَلَاقَوْا باہم جھگڑا کرنا۔

اِسْتَلْقٰی عَلٰی قَفَاهُ چت سونا۔

اللَقٰی. پھینکی ہوئی چیز۔ ج اَلْقَاء.

اللَّقْيَة واللُّقْيَة. س. اللَّقْيَة لَقِيَ کا اسم مرۃ۔ ج لُقًی. کہا جاتا ہے "لَقِيْتُه لُقًی كَثِيْرَةً" میں نے اس سے بہت ملاقات کی۔

اللُّقٰی. پرندے۔ درد۔ تمام حیوان جو جلدی گابھن ہو جائیں۔

اللقیا. لِقَا کا اسم ہے۔

اَلتِّلْقَاءَ. لِقَاء کا اسم۔ ملاقات کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ تِلْقَاءَ هُ" یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا "و فَعَلَ الْاَمْرَ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهٖ" یعنی اس نے اس کام کو خود بخود بغیر کسی کے مجبور کیے ہوئے کیا۔

اللقاۃ راستہ کا درمیان۔

اللقِیَّ. خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ اور اکثر استعمال شر ہی کیلئے ہوتا ہے۔ مؤنث لَقِيَّة

اللقِيَ: آمنے سامنے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا لَقِيَّان و لَقِيَان" وہ دونوں آمنے سامنے آنے والے ہیں۔ "وَهُوَ شَقِيٌّ لَقِيٌّ" کے جملہ میں لقی تابع مہمل ہے۔

اللقَّاء. خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

اُلْاَلْقِيَّة. چیستان۔ پہیلی۔ ج اَلَاقِيّ.

اَلْاَلَاقِيُّ. سختیاں۔

المَلْقٰی و المُلْتَقٰی. ملنے کی جگہ۔

المَلَاقِي. مَلْقٰی کی جمع۔ مَلَاقِيّ

الْاَجْفَان. پپوٹوں کے ملنے کی جگہ۔

التَلَاقِي. س. يَوْمُ التَلَاقِي. قیامت کا دن۔

المُتَلَاقِي. فا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن۔

المُلْقٰی چیز ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْقَی الْكُنَاسَاتِ" یہ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔ و "فِنَاءُ فُلَانٍ مُلْقَى الرِّحَالِ" فلاں کا صحن دار کجاووں کے اتارنے کی جگہ ہے۔ کنایہ ہے اس سے کہ فلاں بڑا مہمان نواز ہے۔

المُلْقِي والمُلْقِي والمَلْقِيّ. خیر یا شر کے لیے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلْقًّى" فلاں مصائب سے آزمایا ہوا ہے۔ والشُّجَاعُ مُوَقًّى والجَبَانُ مُلَقًّى کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِي مُلَاقِيَّ" وہ میرا مقابل پڑوسی ہے۔

لَكَّهٗ(ن) لَكًّا. گدی پر مکا مارنا۔ بھینچنا۔

لَكَّ اللَّحْمَ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا

الشَّيْئَ بلانا الْجِلْدَ لک سے کھال رنگنا۔

اِلْتَكَّ الْوِرْدُ: گھاٹ پر آنے والوں کا بھیڑ کرنا الْعَسْكَرُ: لشکر کا آپس میں ملنا۔ ہجوم کرنا فِي كَلَامِهٖ: غلطی کرنا فِي حُجَّتِهٖ دیر لگانا۔

اللِكَاك. بھیڑ۔ اژدھام۔ سخت گوشت والی اُونٹنی ج لُكُك ولِكَاك.

اللَكّ. س۔ گوشت۔ ایک سرخ رنگ جس سے کھال رنگتے ہیں۔ ایک نباتات جس سے گوند بناتے ہیں عِنْدَ حُسَّابِ الْمُوَلَّدِيْنَ: لاکھ ج الْكَاك ولُكُوْك.

اللَكُّ واللُكُّ. نباتات مذکور کا عصارہ یا اس کی تلچھٹ۔ لک سے رنگی ہوئی کھال کا چھیلن۔ سخت و پر گوشت۔

اللكۃ. شدت۔

اللِكَاء. مِنَ الْجُلُوْدِ: لک سے رنگی ہوئی کھال۔ رَجُلٌ لُكِّيٌّ: موٹا و سخت گوشت والا آدمی۔

اللَكِيْك. گنجان لشکر۔ سخت گوشت۔ سخت اور موٹے گوشت والا۔ قطران۔ ایک کمزور درخت۔ ج لِكَاك.

المُلَكَّك. سخت موٹے گوشت والا۔

سَكْرَانُ مُلْتَكٌّ. مست جو مستی کی وجہ سے خشک ہو گیا ہو۔

لَكَأَ(ف) لَكْأً بِالسَّوْطِ فُلَانًا: کوڑے سے مارنا۔

فُلَانًا: پچھاڑنا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا الرَّجُلَ: پورا حق دینا۔

لَكِئَ(س) لَكَأً بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا بِفُلَانٍ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَلَكَّأَ تَلَكُّوْا عَلَيْهِ: عذر کرنا۔ بہانہ کرنا عَنِ الْاَمْرِ دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ہچکچانا۔

لَكَثَهٗ(ن) لَكْثًا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ لَكَثَ فُلَانًا: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔

لَكِثَ(س) لَكَثًا الْبَعِيْرُ: منہ میں پھنسیوں والا ہونا الْوَسْخُ عَلَيْهِ و بِهٖ: میل جمنا۔

اللَكَث. س۔ دودھ کا میل جو دودھ کے برتن کے کناروں پر جم جائے۔ اُونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ نَاقَةٌ لَكِثَةٌ. موٹی اُونٹنی۔

اللُكَاث. اُونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ چونے کے چمکنے والے پتھر۔

اللُكَاثِيُّ. بہت سفید۔

اللُكَّاث. چونہ بنانے والا۔

لَكَحَهٗ(ف) لَكْحًا. مکا مارنا۔

لَكَدَهٗ(ن) لَكْدًا. ہاتھ سے مارنا۔ ہٹانا۔

لَكِدَ(س) لَكَدًا الْوَسِخُ عَلٰی فُلَانٍ وبِهٖ: میں جمنا۔ چمٹنا۔ لَكِدَ الشَّعْرُ: بالوں کا گتھا ہوا ہونا۔

لَاكَدَ الْغُلَّ: طوق سے لگے رہنا قَيْدَهٗ: بیڑی کی وجہ سے اچھی طرح سے نہ چل سکنا فُلَانًا: لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَلَكَّدَ فُلَانٌ: موٹے گوشت والا ہونا۔ الشَّيْئُ: چمٹنا بِهٖ او عَلَيْهِ الْوَسْخُ: میل کا جم جانا فُلَانًا: گردن میں ہاتھ ڈالنا۔

اِلْتَكَدَ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: چمٹنا اور جدا نہ ہونا۔

اللَكِد. بد خلق۔ بخیل۔

الْاَلْكَد. کمینہ قوم سے ملا ہوا۔

المِلْكَد. کوٹنے کا دستہ۔

لَكَزَهٗ(ن) لَكْزًا. مکا مارنا۔

لَاكَزَهٗ. مکا بازی کرنا۔ ایک دوسرے کو مکا

مارنا۔

تلاکزا. ایک دوسرے کو مکا مارنا۔

اللکاز. چیتھڑا جس سے چرخی کے دھرے کو تنگ کرتے ہیں۔

اللکز. بخیل۔

الملکز. ذلیل۔ دروازوں سے ہٹایا ہوا۔

لکس. کہا جاتا ہے "رجل شکس لکس" یعنی مرد دشوار خو۔ سرکش نافرمان۔

لکشہ (ض) لکشا. مکا مارنا۔

لکصہ (ن) لکصا. مکا مارنا۔

لکعتہ (ف) لکعا العقرب: بچھو کا ڈسنا

لکع الرجل: سخت سست سنانا الولد: بچے کا دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "ترکتہ یلکع" میں نے اس کو کھاتا پیتا چھوڑا۔

لکع (س) لکعا و لکاعة. لئیم ہونا۔ بیوقوف ہونا (لکعا) علیہ الوسخ: میل جمنا۔ کہا جاتا ہے امرأة لکاع. مبنی علی الکسر: یعنی اے لئیمہ اور ندا ہی میں استعمال ہوتا ہے۔

رجل لکاع. لئیم وکمینہ مرد۔

اللکاعة. ایک قسم کا کانٹے دار پودہ۔ ج لکاع.

اللکع. پستہ قد۔

اللکع. کمینہ۔ اور کہا جاتا ہے نداء کی صورت میں یا لکع اور نداء تثنیہ کی صورت میں یا ذوی لکع. اور معرفہ کی صورت میں غیر منصرف ہوگا۔ اس لیے کلمہ الکع سے معدول ہے۔ اللکع: غلام۔ بیوقوف۔ گھوڑے کا بچہ۔ گدھے کا بچہ۔ چھوٹا بچہ۔ میلا کچیلا۔ گھوڑا۔ یا وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔

اللکعة. کمینی۔ گھوڑی۔

الالکع. مؤنث لکعاء ج لکع واللکوع واللکیع: کمینہ۔ الالکع: وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔

الملکعان. کمینہ۔ مؤنث ملکعانة.

اللکلك. پستہ قد (واللکالك) موٹا اونٹ۔

لکمہ (ن) لکما. مکا مارنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "لکم السیل عرض الجبل" سیلاب نے دامن کوہ میں نشان چھوڑا۔

لاکمہ ملاکمة. ایک دوسرے کو مکا مارنا۔

التکم. بعض کا بعض کو طمانچہ مارنا۔

تلاکما. ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔

اللکمة. گھونسا۔ مکا۔

رجل ملکم. بہت گھونسے مارنے والا۔

الملکوم. ج مظلوم۔

خف لکام و ملکم و ملکم. سخت کھر جو پتھر کو توڑ دے۔

الملکم. پیوند لگایا ہوا۔ چرمی موزہ۔

لکن (س) لکنا و لکنة ولکونة و لکنونة الرجل: گفتگو میں اٹکنا۔ ہکلانا۔ صفت الکن مؤنث لکناء ج لکن.

تلاکن فی کلامہ: ہنسانے کیلئے ہکلا کے بولنا۔

اللکنة. مص۔ ہکلا پن۔ تتلاہٹ۔

لکن. اس کی اصل لاکن ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) یہ کہ ثقیلہ سے مخففہ ہو اس صورت میں عمل باطل ہوتا ہے اور حرف ابتداء ہے دو جملوں پر داخل ہوتا ہے اور کبھی واو کے ساتھ بھی ہوتا ہے جیسے قام زید ولکن عمرو جالس.

(۲) یہ کہ اصل وضع سے خفیفہ ہو اور اس وقت یہ حرف عطف ہے اگر عطف جملہ علی الجملہ ہو تو واؤ لانا ضروری ہے۔ اور اگر اس کے بعد مفرد ہو تو واجب ہے کہ واؤ نہ آئے اور اس سے پہلے نفی یا نہی کا ہونا ضروری ہے جیسے "ما قام زید لکن عمرو" و" لا تضرب زیدا لکن عمروا"

اللکن. لگن۔ ج الکان (دخیل)

لکنّ. اس کی اصل لاکنّ ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اور یہ حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ اور استدراک یعنی دفع توہم کیلئے آتا ہے۔ جیسے "قام القوم لکن زیدا جالس" اور کبھی تاکید کیلئے جیسے لوزارنی زید لاکرمتہ لکنہ لم یجیء لا سے جو نفی سمجھ میں آتی تھی اس کی لکن سے تاکید ہوگئی۔

لکی یلکی لکی بہ: مشتاق ہونا۔ چمٹنا۔ صفت لک. لکی بالمکان: اقامت کرنا۔

اللاکی. عیب جو (لامك کا مقلوب ہے)

لم. حرف جزم ہے۔ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنے میں کر دیتا ہے۔ جیسے لم یاکل اس نے نہیں کھایا۔ اور لم پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے۔ لم کا عمل باقی رہتا ہے اور تقریر وتوبیخ کا فائدہ دیتا ہے جیسے "الم اقل لك" کیا میں نے تم سے نہیں کہا۔ اور کبھی ہمزہ اور لم کے درمیان واؤ اور فا بھی لاتے ہیں۔ جیسے افلم اقل لك او لم اودبك.

لمّا. تین صورتوں سے مستعمل ہے۔

(۱) لم کی طرح فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے مگر مندرجہ ذیل پانچ باتوں میں فرق ہے۔

(الف) حرف شرط کے ساتھ نہیں آتا مثلاً ان لما تقم نہیں کہا جائے گا۔ اور ان لم تقم کہنا جائز ہے۔

(ب) لما کے منفی میں استغراق ہے اور لم کے منفی میں انقطاع جیسے لم یکن شیئا مذکورا. اور اسی وجہ سے "لم یکن ثم کان" کہنا جائز ہے اور "لما یکن ثم کان" نہیں کہہ سکتے۔

(ج) لما کا منفی اکثر حال کے قریب ہوتا ہے بخلاف منفی لم کے۔

(د) لما کا منفی متوقع ہوتا ہے بخلاف منفی لم کے۔

(ہ) لما کے منفی کو قرینہ کی بنا پر حذف کیا جاتا ہے جیسے "فجئت قبورهم بدءا و لما"

یعنی لَمَّا اَکُنْ بَدْءًا قَبْلَ ذٰلِكَ اور "وَصَلْتُ اِلٰی بَغْدَادَ وَلَمْ" یعنی لَمْ اَدْخُلْهَا کہنا جائز نہیں۔

(۲) لَمَّا ماضی کے ساتھ مختص ہے۔ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں سے فعل ثانی کا وجود فعل اول پر موقوف ہے جیسے لَمَّا جَاءَ نِیْ اَکْرَمْتُهٗ اور اس صورت میں اس کو حرف وجود لوجود کہا جاتا ہے (اور بعض حرف وجوب لوجوب کہتے ہیں) اور بعضوں نے کہا ہے کہ یہ فعل کیلئے ظرف ہے جو غیر کے واقع ہونے سے واقع ہو۔ اور ایک جماعت نے کہا ہے کہ یہ حین کے معنی میں ظرف ہے۔

(۳) لَمَّا حرف استثناء ہے اِلَّا کے معنی میں۔ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے "اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ" ان لوگوں کی قرأت میں جو میم کو مشدد پڑھتے ہیں۔ اور ماضی لفظا پر داخل ہوتا ہے جیسے اَنْشُدُكَ اللّٰهَ لَمَّا فَعَلْتَ یعنی مَا اَسْاَلُكَ اِلَّا فِعلَكَ۔

لَمَّ (ن) لَمًّا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَ فُلَانٍ" یعنی اللہ تعالیٰ فلاں کے مختلف و پراگندہ امور کو درست کر دیں۔ لَمَّ بِفُلَانٍ کسی کے پاس آ کر نازل ہونا۔

لُمَّ فُلَانٌ: کچھ جنون لاحق ہونا۔ صفت مَلْمُوْم۔

اَلَمَّ۔ چھوٹے گناہوں کا مرتکب ہونا۔ الْغُلَامُ: بلوغ کے قریب پہنچنا۔ صفت مُلِمٌّ۔ اَلَمَّتِ النَّخْلَةُ: پختگی کے قریب ہونا بِهٖ مرضٌ: مرض لاحق ہونا بِالْقَوْمِ و عَلَی الْقَوْمِ: آ کر اتر پڑنا بِالْمَعْنٰی: سمجھ لینا بِالذَّنْبِ: گناہ کرنا الشَّیْءَ: قریب ہونا بِالْاَمْرِ: غور نہ کرنا بِالطَّعَامِ: کھانے میں اسراف نہ کرنا اور کبھی کَادَ کے معنے میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے "اَلَمَّ یَفْعَلُ کَذَا" بمعنی کَادَ یَفْعَلُ کَذَا۔

اِلْتَمَّ فُلَانًا: زیارت کرنا بِالْقَوْمِ: آ کر اترنا۔

اللَّامَّة۔ نظر بد۔ ہر گھبراہٹ اور خوف کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اُعِیْذُهٗ مِنْ كُلِّ هَامَّةٍ وَلَامَّةٍ" کہا جاتا ہے "هُوَ یَزُوْرُنَا لِمَامًا" وہ ہم سے ناغہ سے ملاقات کرتا ہے۔

اللَّمُّ۔ مس۔ بے شمار جماعت۔

اللَّمَمُ۔ تھوڑی سی دیوانگی۔ گناہ کے قریب ہونا۔ چھوٹے گناہ۔

اللِمَّا۔ ایک قسم کی مچھلی۔

اللَّمَّة۔ لَمَّ کا اسم مرۃ۔ سختی۔ جمع شدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ لَمَّةٌ مِنَ الْجِنِّ" یعنی اس پر جنات کا کچھ اثر پہنچا۔ اللَّمَّة زمانہ۔ اور کہا جاتا ہے "لِلشَّیْطَانِ لَمَّةٌ" یعنی شیطان کے لیے قربت ہے۔

اللُّمَّة۔ ساتھی۔ ہم سفر۔ کہا جاتا ہے "لَا تُسَافِرُوْا حَتّٰی تُصِیْبُوْا لُمَّةً" مت سفر کرو یہاں تک کہ ہم سفر پاؤ۔ مونس۔ (واحد و جمع)

اللِمَّة۔ بالوں کی زلف جو کانوں کی لو سے متجاوز ہو۔ پراگندہ بال۔ ج لِمَمٌ و لِمَامٌ۔

المِلَمُّ۔ ہر چیز میں سے سخت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِلَمٌّ" اپنے قبیلہ کے لوگوں کو جمع کرنے والا۔ "و رَجُلٌ مِلَمٌّ مِعَمٌّ" لوگوں کے امور کی اصلاح اور عموماً ان کے ساتھ بھلائی کرنے والا مرد۔

المُلِمَّة۔ دنیاوی مصیبتوں میں سے سخت مصیبت۔ درخت خرما جو پکنے کے قریب ہو۔

المَلْمُوْم۔ جس کو تھوڑی سی دیوانگی ہو۔ گول جمع کیا ہوا۔

کَتِیْبَةٌ مَلْمُوْمَةٌ۔ گنجان فوج۔ صَخْرَةٌ مَلْمُوْمَةٌ: سخت گول چٹان۔

لَمَاهُ وَلَمَا عَلَیْهِ (ف) لَمْأً۔ ہاتھ ڈالنا الشَّیْءَ: سب لے لینا۔ دیکھنا بِهٖ: مشتمل ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا یَلْمَأُ فَمُهٗ بِكَلِمَةٍ" یعنی کسی قبیح بات کے بولنے کو وہ کوئی بڑی بات نہیں سمجھتا۔

اَلْمَأَ۔ اللِّصُّ عَلَی الشَّیْءِ و بِالشَّیْءِ: چور کا کسی چیز کو چوری سے لے جانا عَلٰی حَقِّهٖ: حق کا انکار کرنا۔ اَلْمَأَتِ الدَّوَابُّ الْمَكَانَ: جانوروں کا جگہ کو خالی چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ بِالْاَرْضِ مَرْعًی فَهَاجَتِ الدَّوَابُّ فَاَلْمَأَتْهُ" زمین میں چراگاہ تھی چوپائے پل پڑے عَلَی الشَّیْءِ: مشتمل ہونا بِمَا فِی الْجَفْنَةِ: اپنے لیے خاص کر لینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ اَلْمَأَ مِنْ بِلَادِ اللّٰهِ" مجھے نہیں معلوم کہ کہاں گیا۔

تَلَمَّأَتْ تَلَمُّؤًا الْاَرْضُ بِهٖ و عَلَیْهِ: گھیر لینا۔ تَلَمَّأَ و اِلْتَمَأَ بِمَا فِی الْجَفْنَةِ و اِلْتَمَأَهٗ: اپنے لئے خاص کر لینا اور غالب ہونا۔

اُلْتُمِیَ لَوْنُ الرَّجُلِ: رنگ متغیر ہونا۔

المَلْمُوْنَة۔ جگہ جو لی جائے یا جہاں کوئی چیز پائی جائے۔ جال۔

لَمَجَ (ن) لَمْجًا الشَّیْءَ: منہ کے اطراف سے کھانا الْمَرْأَةَ: جماع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَمَجُوْا ضَیْفَهُمْ بِشَیْءٍ" انہوں نے اپنے مہمان کو ناشتہ نہیں دیا۔

تَلَمَّجَ الرَّجُلُ: غذا سے پہلے کچھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهٗ یَتَلَمَّجُ بِالطَّعَامِ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ کھانے کو چکھ رہا تھا۔

اللَّمَاجُ واللَّمُوْجُ تھوڑی خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّجْتُ عِنْدَهٗ بِلَمَاجٍ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں چکھا۔

المِلْجُ واللَّمِیْجُ۔ بہت کھانے والا۔ کہا جاتا ہے "سَمِجٌ لَمِجٌ و سَمِجٌ لَمِجٌ و سَمِیْجٌ لَمِیْجٌ" یعنی بہت برا۔

اللُّمْجَة۔ غذا سے پہلے کا ناشتہ۔ ج لُمَجٌ۔

المَلَامِجُ۔ منہ کے اردگرد۔

رُمْحٌ مُلَمَّجٌ۔ نرم و چکنا نیزہ۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا الْبَصَرُ: نگاہ اٹھنا الرَّجُلُ الشَّیْءَ وَاِلَی الشَّیْءِ: دزدیدہ نظر سے دیکھنا۔ اور اسم اللَّمْحَةُ ہے الشَّیْءَ بِالْبَصَرِ: نگاہ ڈالنا۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا و لَمَحَانًا و تَلْمَاحًا النَّجْمُ او الْبَرْقُ ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ صفت لَامِحٌ و لَمُوْحٌ و لَمَّاحٌ۔

لَامَحْتُهٗ۔ دزدیدہ نگاہی کرنا۔

لَمَّحَ تَلْمِیْحًا اِلَی الشَّیْءِ: اشارہ کرنا اَلْمَحَ

اِلٰی فُلَان : اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا الشَّیَّ : چمکدار بنانا۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا الرَّجُلَ: دکھانا۔

اِلتَمحَهٗ. نظر خفیف سے دیکھنا۔

اُلتُمِحَ بَصَرُهٗ: نگاہ جاتا رہنا۔

اللَمح. س۔ کہا جاتا ہے "لَاُرِیَنَّكَ لَمحًا بَاصِرًا" میں تم کو صاف و روشن معاملہ دکھاؤں گا۔ اکثر اس کا استعمال وعید کے موقع پر ہوتا ہے۔

اللمحة. جلدی کی نگاہ۔ اسم ہے لمح کا۔ مَلَامِح کا واحد۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُه لَمحَة البَرق" میں نے اس کو دیکھا اتنی دیر جتنی دیر میں ایک مرتبہ بجلی چمکتی ہے۔

اللَامِح. فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَامِحُ عِطفَیْه" یعنی وہ خودپسند ہے۔ اَبْیَضُ لَمَّاح. بہت زیادہ سفید۔

المَلَامِح. مشابہ۔ چہرے کے خط و خال۔ لمحہ کی جمع۔ کہا جاتا ہے "فِی فُلَان لَمحَة مِنْ اَبِیْه او مَلَامِح مِن اَبِیْه" فلاں میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔

لَمَخَهٗ(ف) لَمْخًا. طمانچہ مارنا۔

لَامَخَه مُلَامَخَةً و لِمَاخًا. ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔

تَلَمَّخ بِکَلَامٍ قَبِیح: بری گفتگو کرنا۔

لَمَدَهٗ(ن) لَمْدًا. فروتنی کرنا۔ انکساری کرنا۔

اَلِالْمَد واللمْدَان. عاجز۔ ذلیل۔

لَمَذَ(ن) لَمْذًا. منہ کے اطراف سے کھانا (لمج میں ایک لغت ہے)

لِمَاذَا. کلمہ مرکب ہے لام تعلیل اور ما استفہامیہ اور ذا اسم اشارہ سے۔

لَمَزَهٗ(ن ض) لَمْزًا. عیب لگانا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ ہٹانا۔ مارنا۔ لَمَزَهُ الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

لَامَزَهٗ. اشارہ کنایہ سے گفتگو کرنا۔

تَلَمَّزَهٗ. ڈھونڈنا۔ تَلَمَّزَ فِی السَّیْرِ: دوڑنا۔

اللَمَّاز واللُمَزَة. لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ سامنے عیب بیان کرنے والا۔ اللَمَّاز: چغل خور۔

اللُمَّاز. سامنے غیبت کرنے والے۔

لَمَسَهٗ (ن ض) لَمْسًا چھونا. لَمَسَ الشَّیْءَ: طلب کرنا الشَّیْءُ: چھونے کے قابل ہونا الْمَرْأَةَ: جماع کرنا زَیْدًا امْرَأَةً: نکاح کرا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ شُعَاعٌ یَکَادُ یَلْمُسُ البَصَرَ" اس کیلئے شعاع ہے جو نگاہ کو چکا چوند کردے۔

لَامَسَهٗ. ایک دوسرے کو چھونا۔ جماع کرنا۔

اَلْمَسَ فُلَانًا: ڈھونڈنے میں مدد کرنا۔ زَیْدًا اِمْرَأَةً: نکاح کرا دینا۔

تَلَمَّسَ الشَّیْءَ: بار بار طلب کرنا۔

اِلتَمَسَ الشَّیْءَ مِنْ فُلَان: مانگنا۔ طلب کرنا۔

اللَمَاسَة واللِمَاسَة. قریبی حاجت۔

اللَمْس. س حواس خمسہ ظاہرہ میں ایک حاسہ جس سے حرارت و برودت رطوبت یبوست معلوم ہوتی ہے۔

اللَمِیْس. نازک بدن عورت۔

اللَمُوْس. منہ بولا بیٹا یا جس کے حسب میں عیب ہو۔ کہا جاتا ہے کَوَاہ لَمَاس او کَوَاهُ المُتَلَمِّسَة یعنی مرض کی جگہ میں داغ لگا۔

المُلَامَسَة. س فِی البَیْع: کپڑے چھو کر بیع کو واجب سمجھنا۔

المَلْمَس. چھونا۔ چھونے کی جگہ۔

المَلْمُوْس. مف۔ کہا جاتا ہے "اِکَافٌ مَلْمُوْسُ الاَحْنَاءِ" پالان جس کی کجی وغیرہ ہموار کردی گئی ہو۔

المَلْمُوْسَات. قوۃ لامسہ کے مدرکات۔ اوائل محسوسات۔

اللَمُوْسَة. راستہ۔

صَحِیْفَةُ المُتَلَمِّس. بدبختی کیلئے مثل ہے۔ اس لئے کہ خط میں یہ لکھا ہوا تھا کہ جب متلمس آئے تو اس کو قتل کردو۔

لَمَصَ(ن) لَمْصًا العَسَلَ و شِبْهَهٗ: شہد کو انگلی کے کنارے سے لینا اور چاٹنا فُلَانًا چٹکی لینا: نقل اتارنا۔ عیب لگانا۔ منہ چڑانا۔ الصَّبِیُّ: پیشاب کردینا۔

اَلْمَصَ الشَّجَرُ: انگلی سے پکڑنے کے قابل ہونا۔ اَلْمَصَ الکَرْمُ: انگور کی بیل میں نرم انگور ہونا۔

اللَمْص. س۔ لوگوں کی غیبت کرنا۔

اللَامِص. انگور کی بیل کا محافظ۔

اللَمُوْص. جھوٹا۔ فریبی۔ غیبت کرنے والا چغل خور۔

لَمَطَهٗ (ن) لَمْطًا بِالرُّمْح: نیزہ مارنا۔ لَمِطَ فُلَانٌ: گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔

اِلتَمَطَ. بِحَقِّیْ: حق مار لینا۔

لَمَظَ(ن) لَمْظًا. کھانے پینے کے بعد زبان سے ہونٹ چاٹنا۔ کھانے کے بعد زبان سے دانتوں کے درمیان کا نکالنا فُلَانًا مِنْ حَقِّهٖ: حق میں سے کچھ دینا المَاءَ: زبان کے کنارے سے چکھنا۔

لَمَّظَه مِنْ حَقِّهٖ: حق میں سے کچھ دینا۔ کہا جاتا ہے "لَمَّظَ فُلَانًا لُمَاظَةً" تھوڑا سا چکھانا۔

اَلْمَظَهٗ. ہونٹوں پر پانی ڈالنا۔ اَلْمَظَهٗ عَلٰی فُلَان: غصہ دلانا۔ اَلْمَظَ فُلَانًا: آہستہ نیزہ مارنا البَعِیْرُ بِذَنَبِه: اونٹ کا ٹانگوں کے درمیان دُم کو دبانا الرَّجُلُ القَوْسَ: کمان پر تانت باندھنا۔

تَلَمَّظَ الرَّجُلُ: کھانے کے بعد زبان نکال کر ہونٹوں کو چاٹنا۔ کھانے کو منہ میں پھرانا۔ اور کہا جاتا ہے "تَلَمَّظَ بِذِکْرِه" یعنی عیب لگایا۔

تَلَمَّظَتِ الحَیَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔

اِلتَمَظَ الشَّیْءَ: جلدی سے منہ میں ڈالنا الطَّعَامَ: کھانا بِحَقِّهٖ: حق مار لینا بِالشَّیْءِ: لپٹنا بِشَفَتَیْهِ: ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ آواز نکلے۔

اِلْمَظَّ الفَرَسُ: نیچے کے ہونٹ پر سفیدی والا ہونا۔

اللمَاظ. تھوڑی سی چیز جو چکھی جائے۔ کہا

جاتا ہے "مَالَہ ـــ" اس کے پاس ایسی چیز بھی نہیں جس کو چکھے۔ "و مَا ذُقْتُ لَمَاظًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وشَرِبَه لَمَاظًا او لِمَاظًا" یعنی اس نے زبان کے کنارے سے چکھا۔

اللماظة. فصاحت۔ زبان کی روانی۔

اللُماظة. منہ میں بقیہ کھانا۔ تھوڑی سی چیز کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "مَا الدُّنْیا اِلّا لُمَاظَةُ اَیَّامٍ" دنیا صرف دنوں کا بقیہ ہے۔

اللمَظ. گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی۔

اللُمْظَة. گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی یا ہونٹوں کی سفیدی۔ دل کا سیاہ نقطہ تھوڑا سا گھی وغیرہ جس کو انگلی میں لے سکیں۔

الاَلمَظ مِنَ الخَیلِ: نیچے کے ہونٹ میں سفیدی والا گھوڑا۔

التلِمَّاظ. جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ مؤنث تِلِمَّاظَة. التِلِمَّاظه: بیہودہ بکواس کرنے والی عورت۔

مَلَامِظُ. الْاِنْسَانِ: منہ اور ہونٹ کا گردا گرد۔

المُتَلَمَّظ. تبسم کرنے کی جگہ۔

لَمَعَ (ف) لَمْعًا و لَمَعَانًا و لُمُوْعًا و لَمِیْعًا و تِلِمَّاعًا البَرْقُ وَغَیْرُہٗ: بجلی وغیرہ کا چمکنا۔ روشن ہونا۔ ضَرْعُ النَّاقَةِ: تھن کا دودھ اترنے کے وقت رنگین ہونا فُلَانٌ بِالشَّیٔ: لے جانا بِیَدِہٖ او بِثَوْبِہٖ او بِسَیْفِہٖ: ہاتھ یا کپڑا یا تلوار سے اشارہ کرنا الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْہِ: پرندہ کا بازو پھڑپھڑانا فُلَانٌ البَابَ: دروازے سے نکلنا۔

اَلْمَعَتِ الشَّاةُ بِذَنَبِھَا: بکری کا دُم اُٹھانا جس سے معلوم ہو کہ گابھن ہو گئی۔ صفت مُلْمِعَةٌ و مُلْمِعٌ الاُنْثٰی: پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا فُلَانٌ بِالشَّیٔ و عَلَیْہِ: اچک لینا۔ چرانا۔ لے جانا۔ اَلْمَعَتِ البِلَادُ: خشک گھاس والا ہونا یا بہت گھاس والا ہونا۔ اَلْمَعَ اِلٰی فُلَانٍ بِثَوْبِہٖ: کپڑے سے اشارہ کرنا الفَرَسُ و نَحْوُھَا: حمل کی وجہ سے تھنوں کا چمک اُٹھنا اور تھنوں کے سرے کا کالا ہونا الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْہِ: پرندہ کا بازو کو پھڑ پھڑانا۔

لَمَّعَ النَّسْجَ: مختلف رنگوں کا بننا۔

تَلَمَّعَ الشَّیَٔ وِالْتَمَعَہٗ اچک لینا البَرْقُ و غَیْرُہٗ: بجلی وغیرہ کا روشن ہونا۔ اِلْتَمَعَ القَوْمَ: لے جانا۔

اِلْتَمَعَ واُلْتُمِعَ لَوْنُہٗ: رنگ جاتا رہنا اور متغیر ہونا۔

اللامِع. فا۔ ج لُمَّعٌ. کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ لَامِعٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اللَّامِعَة. لامع کا مؤنث۔ بچہ کی چندیا جب تک نرم رہے۔ ج لَوَامِع.

اللُمْعَة. گھاس کا خشک شدہ حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔ تھوڑا سا گزارہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "مَعَہٗ لُمْعَةٌ مِنَ العَیْشِ" اس کے ساتھ تھوڑا سا گزارہ زندگی ہے جو اس کے لیے کفایت کر سکے مِنَ الجَسَدِ: جسم کے رنگ کی چمک۔ اور بقول بعض لُمْعَة خاص کر بدن کا سیاہ حصہ۔ اور بقول بعض ہر رنگ جو اصلی رنگ کے مخالف ہو۔ جسم کا وہ حصہ جو نہانے یا وضو کرنے میں خشک رہ جائے ج لُمَعٌ و لِمَاع.

اللمَّاع. لامع کا اسم مبالغہ۔

اللَمَّاعَة. عقاب۔ میدان جس میں سراب چمکے۔ بچے کی چندیا جب تک نرم رہے۔

اللَمُوْع. چمکنے والا۔ تیز جھپٹنے والا عقاب۔

الاَلْمَعُ والاَلْمَعِیُّ. تیز ذہن۔ تیز فہم۔

الاَلْمَعِیَّة. ذکاوت۔

کہا جاتا ہے ذَھَبَتْ نَفْسُہٗ لِمَاعًا اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔

التَلْمِیْع فِی الخَیْلِ وغَیْرِھَا: جسم کے رنگ کے مخالف داغ۔ ج تَلَامِیْع. کہا جاتا ہے "فِیْہِ تَلْمِیْعٌ و تَلَامِیْعُ" جب کہ جسم میں مختلف رنگ ہوں۔

مِلْمَعَا الطَّائِرِ: پرندہ کے دونوں بازو۔

المُلَمَّعُ مِنَ الخَیْلِ وَغَیْرِہٖ: جسم کے رنگ کے مخالف داغ والا۔

اَرْضٌ مُلْمِعَةٌ و مُلَمِّعَةٌ و مُلَمَّعَةٌ. زمین جس میں سراب چمکے۔

خَدٌّ مُلْمَع. چمک دار رخسارہ۔

الیَلْمَع. بے بارش کی بجلی۔ سراب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَکْذَبُ مِنْ یَلْمَعَ" فلاں سراب سے زیادہ جھوٹا ہے۔ اور اس سے جھوٹے کو تشبیہ دی جاتی ہے کہا جاتا ہے "اِنَّمَا ھُوَ یَلْمَعٌ" یعنی وہ جھوٹا ہے۔ ج یَلَامِع.

وَالیَلْمَع مِنَ السِّلَاحِ: چمکنے والے ہتھیار جیسے خود زرہ وغیرہ۔ ج یَلَامِع.

الیَلْمَعِیُّ. ذہین۔ تیز فہم۔ جھوٹ سچ ملانے والا۔

لَمَقَہٗ (ن) لَمْقًا و لُمُوْقًا. لکھنا۔ مٹانا۔

لَمَقَ عَیْنَہٗ: آنکھ ملنا۔ کانی کرنا۔ لَمَقَ اِلَیْہِ: دیکھنا اِلَیْہِ بِبَصَرِہٖ: دیر تک دیکھنا۔

تَلَمَّقَ. چکھنا۔

اللَمَاق. چکھنے کی تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ لَمَاقًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وَمَا بِالاَرْضِ لَمَاقٌ" زمین میں چراگاہ نہیں۔

لَمَقُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ فِی لَمَقِ الطَّرِیْقِ" یعنی راستہ کے وسط میں چلا۔

الیَلْمَق. روئی دار قبا۔ (دخیل)

لَمَكَ (ن) لَمْكًا العَجِیْنَ: نرم گوندھنا۔

تَلَمَّكَ البَعِیْرُ: اونٹ کا جبڑوں کو حرکت دیتے ہوئے کھانا۔

اللَمَاك. چکھنے کی چیز۔ صرف نفی ہی میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّكَ بِلَمَاكٍ" یعنی کچھ نہیں چکھا۔

اللَمَاك واللُمَاك واللُمْك. سرمہ۔

اللَمِیْك. سرمہ لگایا ہوا۔

الیَلْمَك. قوی جوان۔ مردوں ہی کے لیے خاص ہے۔ اور حرف یا زائد ہے۔

تَلَمَّلَ بِفَمِہٖ: کھانے کے بعد زبان کو ادھر ادھر پھرانا۔

اللَمَال واللُمَال. سرمہ۔

لَمْلَمَ الحَجر: پتھر کو گول گھڑنا۔الشَّیَٔ: جمع کرنا۔
تَلَمْلَمَ. گول ہونا۔ جمع ہونا۔
اللَمْلَم. بہت جمع شدہ فوج۔
اللمْلُوْم. جماعت۔
رَجُلٌ مُلَمْلَم و جَمَلٌ مَلَمْلَمٌ: گٹھے بدن کا مرد اور اُونٹ۔ شعر مُلَمْلَمٌ: تیل لگے ہوئے بال۔
المُلَمْلَمَ ۃ مُلَمْلَم کا مؤنث۔ ہاتھی کی سونڈ۔
لَمَا یَلْمُوْ لَمْوًا. الشَّیَٔ: سب لے لینا۔
اللمَة. جماعت۔ تین سے لے کر دس تک کے ساتھی۔ ہم عمر۔ ہم شکل۔ پیروی کے لیے نمونہ۔ ج لُمَات.
لَمِیَ یَلْمِی لَمْیًا و لَمِیَ یَلْمٰی لَمَی الغُلَامُ: لڑکے کا سیاہ ہونٹوں والا ہونا۔ صفت مذکر اَلمٰی. صفت مؤنث لَمْیًا.
اَلمَی اِلمَاءَ. اللّصُّ بِکَذَا: چور کا چپکے سے لے جانا۔ اڑا لے جانا۔
تَلَمَّتِ الْاَرْضُ بِهِ و عَلَیْهِ: حاوی ہونا۔ مشتمل ہونا۔
اُلتُمِیَ اِلتِمَاءً. لَوْنُهٗ: رنگ متغیر ہونا۔ بِهِ: اپنے لیے خاص کرنا اور غالب ہونا۔
اللمیٰ. بتثلیث اللام: ہونٹ کے اندرونی حصہ میں گندم گونی یا سیاہی۔
اَللَّامِیُون: گھاس کی قسم سے ایک پودا جس کے پتے گھنے پھول سفید یا گلابی ہوتے ہیں بے آباد زمین میں ہوتا ہے۔
الَالمٰی. گندم گوں یا سیاہ ہونٹ والا۔ رُمْحٌ اَلمٰیٌ مضبوط و گندم گوں نیزہ۔ ظِلٌّ اَلمٰی: گنجان سایہ۔ شَجَرٌ اَلمٰی. گنجان سایہ دار درخت۔ غُلَامٌ اَلمٰی: سرد تھوک والا لڑکا۔ مؤنث لَمْیَاء. ج لُمْیٌ. لِثَّةٌ لَمْیَاء: کم خون والا اور بقول بعض کم گوشت والا مسوڑھا۔
لَنْ. مضارع کے حروف ناصبہ میں سے ہے نفی اور استقبال کا فائدہ دیتا ہے جیسے "لَنْ اَفْعَلَ المنکر مَا بَقِیْتُ" جب تک زندہ رہوں گا امور منکرہ ہرگز نہیں کروں گا۔ اور دُعا کے موقع پر بھی آتا ہے جیسے "لن تزالُوْا مَلْجًا الفَقِیْر" ہمیشہ فقیر کے ملجا ہو۔
لَهٗ (ن) لَهًّا الشِّعْر: نازک و مستحسن شعر کہنا۔
لَهِبَتْ (س) لَهَبًا و لَهَبًا و لَهِیْبًا و لُهَابًا و لَهَابًا. النَّارُ: شعلہ بھڑکنا۔
لَهِبَ (س) لَهَبًا و لَهَبَانًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت لَهْبَان.
لَهَّبَ النَّارَ فَتَلَهَّبَتْ وَاَلْهَبَهَا فَالْتَهَبَتْ آگ بھڑکانا۔ یہاں تک کہ شعلہ ہو کر بھڑک اُٹھنا۔ اِلْتَهَبَ عَلَیْهِ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے جلنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَلَهَّبُ او یَلْتَهِبُ جُوْعًا" فلاں بھوک سے بھڑک رہا ہے۔
اَلْهَبَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں غبار اڑانا البَرْقُ: بجلی کا پیا پے کوندنا۔ اَلْهَبَ فِي الکَلَامِ: جلدی سے کہہ گزرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلْهَبَهٗ لِلْاَمْرِ" اس نے اس کو کام کے لیے اُکسایا۔
اللُهَاب. مص۔ پیاس۔
اللهَابَة. ایک قسم کی کملی جس میں پتھر رکھ کر ہودج یا بوجھ کے ایک جانب کو جھکاتے ہیں۔
اللِهْب. دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی یا پہاڑ کی دراڑ۔ ج اَلْهَاب و لُهُوْب و لِهَاب و لِهَابَة.
اللهَب. مص۔ بے دھوئیں کا شعلہ۔ بلند غبار۔
اللهَبَان. مص گرمی کی شدت۔ گرم دن۔ پیاس۔
اللُهْبَة. پیاس۔ خالص سفیدی۔
اللهِیْب. مص۔ آگ کی گرمی۔ المَلْهُوْب. حق کے نہ ملنے کی وجہ سے بھڑکنے والا۔
الاُلْهُوْب. گھوڑے کی دوڑ کی تیزی جس سے غبار اُڑے یا اس کے کھر سے آگ نکلے۔
المِلْهَب. نہایت خوبصورت۔
المُلْهِب. تیز دوڑنے والا غبار اڑانے والا گھوڑا۔
المُلَهَّب مِنَ الثِّیَاب: کم سرخی والا کپڑا۔
اللاهُوْت. خداوندی۔ اور اس کی اصل "لَاهٌ" بمعنی اللہ ہے واؤ اور تا کی زیادتی مبالغہ کیلئے ہے جیسے جبروت و ملکوت میں۔ عِلْمُ اللاهُوْت: عقائد متعلقہ ذات و صفات باری تعالیٰ کا علم۔ اللاهُوْتِیُّ عقائد متعلقہ ذات و صفات باری کا عالم۔
لَهِثَ و لَهَثَ لَهْثًا و لُهَاثًا الکَلْبُ وَغیرہ: کتے وغیرہ کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔
لَهِثَ (س) لَهَثًا و لَهَثَانًا و لَهَاثًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت مذکر لَهْثَان. صفت مؤنث لَهْثٰی.
اِلتَهَثَ الکَلْبُ: کتے کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔
اللُهَاث. مص پیاس کی جلن۔ موت کی سختی۔ تم کہتے ہو "هُوَ یُقَاسِی لُهَاثَ المَوْتِ" وہ موت کی سختی کو برداشت کر رہا ہے۔
اللهْثَة. تھکن۔ پیاس۔
لَهِجَ (س) لَهَجًا بالشَّیِٔ: شیفتہ ہونا۔ صفت لَهِج ولَاهَجَ الفَصِیْلُ اُمَّهٗ: چوسنا الفَصِیْل بامه: ماں کے دودھ پینے کا عادی ہونا۔ صفت لَاهِج.
لَهَّجَ القَوْمَ: کھانے سے پہلے تھوڑا سا ناشتہ کھلانا۔
اَلْهَجَ الرَّجُلُ: دودھ پینے کے عادی بچوں والا ہونا فُلَانًا بالشَّیِٔ: فریفتہ کرانا۔ شیفتہ بنانا۔
الفَصِیْلَ: منہ میں لکڑی باندھنا تاکہ دودھ نہ پی سکے (آخری معنی میں ہمزہ سلب کے لیے ہے)
اُلْهِجَ بِالشَّیِٔ: شیفتہ و فریفتہ ہونا۔
اِلْهَاجَّ اِلْهِیْجَاجًا الشَّیُٔ: گڈ مڈ ہونا۔
الهَاجَّتْ عَیْنُهٗ: اونگھ آنا۔ اِلْهَاجَّ اللَّبَنُ: دودھ کا ناقص طریقے سے جمنا۔
اللَّهْجَة. زبان یا نوک زبان۔ مادری زبان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فَصِیْحُ اللَّهْجَةِ و صَادِقُ اللَّهْجَةِ"
اللُّهْجَة. کھانے سے پہلے کا ناشتہ۔
المُلَهَّج. مع۔ وہ شخص جو سور ہے اور کام

کرنے سے عاجز ہو۔
لَهْوَجَ الشَّيْءَ: ملانا الأمر. ادھورا کرنا۔ مستحکم نہ کرنا الشِّوَاءَ: نیم پخت کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔ کہا جاتا ہے شِوَاءٌ مُلَهْوَجٌ. اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔ حَدِيْثٌ مُلَهْوَجٌ ورَایٌ مُلَهْوَج. غیر محکم بات ورائے۔
تَلَهْوَجَ الشَّيْءَ: جلدی کرنا اللحْمَ: گوشت کو نیم پختہ کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔
تَلَهْجَمَ بِالشَّيْءِ: شیفتہ ہونا الطَّرِيْقُ: واضح ہونا۔ چلنے والوں کے پیر کا نشان ہونا۔
اللَّهْجَم. کشادہ چلتا ہوا راستہ۔ بڑا پیالہ۔
لَهَدَهُ لَهْدًا الْحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ دبانا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْدٌ و لَهِيْدٌ. لَهَدَ دَابَّتَه: چوپایہ کو تھکانا۔ لاغر کرنا الشَّيْءَ: کھانا یا چاٹنا فُلَانًا: ذلیل کر کے ہٹانا یا پستان کی جڑ میں یا مونڈھے کی جڑ میں مارنا یا چھونا۔
لَهَّدَ فُلَانًا: بمعنی لَهَدَهُ اور تشدید تکثیر کیلئے ہے۔
اَلْهَدَهُ. ظلم کرنا۔ اَلْهَدَبِه: ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ اَلْهَدَ اِلَى الْاَرْضِ: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا بِفُلَانٍ: دو لڑنے والوں میں سے ایک کو پکڑ لینا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔
اللُّهَاد. ہچکی۔
اللَّهْد. مص۔ ایک مرض ہے جو انسان کی ٹانگ یا رانوں میں ہوتا ہے۔ صدمہ وغیرہ کی وجہ سے اُونٹ کے سینہ میں شگاف لگنا۔ سست و ناکارہ مرد۔
اللَّهِيْد. عاجز۔ تھکا ہوا۔
اللَّهِيْدَة. ایک نرم قسم کا حلوا۔
الْمُلَهَّد. مع "رَجُلٌ مُلَهَّدٌ" کمزور ذلیل۔ دروازوں سے دھکا دیا ہوا۔
اللَّهْذَب. ہمیشہ ثابت رہنے والی چیز۔
لَهْذَمَهُ. کاٹنا۔
تَلَهْذَمَهُ. کاٹنا تَلَهْذَم الشَّيْءَ: کھانا۔
اللَّهْذَم. تیز کاٹنے والا۔ تلوار۔ بھالا۔ دانت وغیرہ ج لَهَاذِم و لَهَاذِمَة.
اللَّهَاذِمَة. چوروں کی جماعت۔
لَهَزَ (ف) لَهْزًا الشَّيْءُ فُلَانًا: کسی چیز کا کسی کے اندر ظاہر ہونا الْقَوْمَ: قوم میں مل جانا۔
لَهَزَهُ الشَّيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْز. لَهَزَهُ بِالرُّمْحِ: سینہ میں نیزہ مارنا۔ لَهَزَ فُلَانًا: مکا مارنا اور بقول بعض کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا الْفَصِيْلُ ضَرْعَ اُمِّهٖ: دودھ پیتے ہوئے سر سے تھن کو مارنا۔
لَهَّزَهُ تَلْهِيْزًا. کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا۔
اللَّاهِز. فا۔ پہاڑ اور ٹیلہ جو راستہ کو تنگ اور دشوار گزار کر دے۔ اور جب دو پہاڑ اتنے قریب ہوں کہ ان کے درمیان کا راستہ تپلی گلی کی مانند ہو جائے تو ان دونوں پہاڑوں کو لاہزان کہیں گے۔
اللِّهَاز. چیتھڑا یا پچر جس سے چرخی وغیرہ کے سوراخ کو تنگ کریں۔
اللَّهِز. سخت۔
اللَّهْزَة. کان کے نیچے جبڑے میں ابھری ہوئی ہڈی۔
الْمِلْهَز. کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنے والا۔
الْمَلْهُوْز. مع۔ گٹھے بدن والا۔ جبڑے کی ہڈی پر داغ لگا ہوا۔
لَهْزَمَهُ. جبڑے کی ہڈی کو کاٹنا۔ لَهْزَمَ الشَّيْبُ خَدَّيْهِ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
اللِّهْزِمَة. کان کے نیچے جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی ج لَهَازِم.
لَهَسَ (ف) لَهْسًا الشَّيْءَ: چاٹنا (لحس میں لغت ہے) الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: بے چوسے ہوئے چاٹنا عَلَى الطَّعَامِ: حرص کی وجہ سے ہجوم کرنا۔
لَاهَسَ مُلَاهَسَةً عَلَى الطَّعَامِ: کھانے پر ہجوم کرنا الْقَوْمُ اِلَى الشَّيْءِ: سبقت کرنا اور ہجوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُلَاهِسُ بَنِيْ فُلَانٍ" جبکہ کھانے کے وقت پہنچ جائے۔
اللَّاهِس. جلد باز۔ چابک دست۔ ج لَوَاهِس.
اللُّهَاس و اللُّهَاسَة. تھوڑی خوراک۔
اللُّهْسَة. چاٹنے کے قابل چیز۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ عِنْدِيْ لُهْسَةٌ" تمہارے لیے میرے پاس کچھ نہیں۔
لَهْسَمَ مَا عَلَى الْمَائِدَةِ: دستر خوان سے سب کچھ کھا لینا۔
اللَّهَاسِم. وادی کی تنگ نالیاں واحد لُهْسُم.
لَهَطَهُ (ف) لَهْطًا. تھپڑ مارنا۔ لَهَطَ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔ لَهِطَ الثَّوْبَ: کپڑا سینا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پچھاڑنا۔ لَهَطَتْ اُمُّهُ بِهٖ: جننا۔
اللَّاهِط. فا۔ اپنے گھر کے دروازے پر چھڑکاؤ کرنے والا اور صاف ستھرا رکھنے والا۔
لُهْطَةٌ مِنَ الْخَبَرِ: افواہ جس کی نہ تم تصدیق کرو نہ تکذیب۔
لَهِعَ (س) لَهَعًا و لَهَاعَةً الرَّجُلُ: ہر ایک سے بے تکلف ہونا۔ صفت لَهِعٌ و لَهِعٌ و لَهِيْعٌ فِي الْكَلَامِ: خوب بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا۔
اللَّهَاعَة. غفلت۔
اللَّهِيْع. کارگزاری میں تیز۔
اللَّهِيْعَة. غفلت۔ سستی۔ کاہلی۔ خرید و فروخت میں سستی کرنا یہاں تک کہ نقصان ہو جائے۔
لُهِفَ لَهْفًا. ظلم کیا جانا۔
لَهِفَ (س) لَهْفًا. عَلَى مَافَاتَ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت لَهِفٌ و لَهِيْفٌ.
لَهَّفَ فُلَانٌ نَفْسَهٗ او اُمَّهٗ: وانفساه و اُمّیاه والهفاه کہنا اور کہا جاتا ہے "لَهَّفَ اُمَّيْهِ" یعنی اَبَوَيْهِ: یہاں پر لفظ ام کو اب پر غلبہ دیا گیا ہے اس لیے کہ ماں کی مامتا مشہور ہے۔ اور کہا جاتا ہے "لَهَّفْتُ اِلَيْكَ تَلْهِيْفًا" یعنی میں نے تجھ سے فریاد رسی کی۔
اَلْهَفَ. حریص ہونا۔ نہایت خواہش مند

ہونا۔

تَلَهَّفَ عَلَيْهِ: غمگین ہونا۔افسوس کرنا۔

اِلْتَهَفَتِ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔ اِلْتَهَفَ فُلَانٌ: کسی مصیبت کے نازل ہونے پر غم سے بھڑک اُٹھا۔

اللاهِف. فا۔ مظلوم۔ مضطر۔ فریادی۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث لَاهِفٌ و لَاهِفَةٌ. اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَا هِفُ الْقَلْبِ" وہ شکستہ دِل ہے۔

اللاهِفَة. لَاهِف کا مؤنث. ج لَاهِفَات ولَوَاهِف.

اللَّهْف. س۔ يَلْهَفُ فُلَانٌ: کلمہ ہے جس سے مافات پر افسوس کیا جاتا ہے یعنی فلاں پر کِس قدر افسوس ہے اور کہا جاتا ہے "يَا لَهْفِي عَلَيْكَ و يَا لَهْفَ و يالَهْفًا و يالَهْفَ اَرْضِيْ و سَمَاي عَلَيْكَ و يالَهْفَاه" یعنی تیرے اوپر افسوس ہے۔

اللهْفَان. افسوس کرنے والا۔ غمزدہ۔ مؤنث لَهْفَى ج لَهَافَى و لُهُف.

اللَّهْفَة. لَهَفَ کا اسم مرۃ۔ اور فوت شدہ کے افسوس کیلئے کہا جاتا ہے "يَا لَهْفَةُ و يَالَهْفَتَاهُ و يَالَهْفَتِيَاهُ"

اللَّهُوْف. موٹا۔ لمبا۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث اللَّهُوْفَة.

اللَّهِيْف. مضطر۔ افسوس کرنے والا و رَجُلٌ لَهِيْفُ الْقَلْبِ: سوختہ دل۔ ج لِهَاف.

المَلْهُوْف. غمگین جس کا مال ضائع ہو گیا ہو یا کوئی قریب فوت ہو گیا ہو۔ فریاد کرنے والا مظلوم رَجُلٌ مَلْهُوْفُ الْقَلْبِ: سوختہ دِل مرد۔

لَهَقَ (ف) ولَهِقَ (س) لَهْقًا و لَهَقًا الشَّيْءُ: بہت سفید ہونا۔

تَلَهَّقَ الشَّيْءُ: بہت سفید ہونا الرَّجُلُ: زیادہ گفتگو کرنا۔

اللُّهَاق. سفید یا سفید بیل۔ کہا جاتا ہے "اَبْيَضُ لُهَاقٌ او لِهَاقٌ" بہت سفید "وبَقَرَةٌ لِهَاقٌ" بہت سفید گائے۔

اللَّهِق واللَّهَق. سفید بیل۔ سفید۔ مؤنث لَهِقَةٌ و لَهَقَةٌ. ج لَهِقَاتٌ و لِهَاقٌ. کہا جاتا ہے "اَبْيَضُ لَهِقٌ و لَهَقٌ" بہت سفید۔

مُلَهَّقُ اللَّوْنِ: سفید رنگ والا۔

لَهْلَهَ لَهْلَهَةً. النَّسَّاجُ الثَّوْبَ: باریک بنا (هَلْهَلَ کا مقلوب ہے)

تَلَهْلَهَ الثَّوْبُ: باریک بنا ہوا ہونا الْكَلَاءُ: تھوڑی سی گھاس کے درپے ہونا۔

اللَّهْلَهُ مِنَ الثِّيَابِ او الْكَلَامِ او الشِّعْرِ: ردی کپڑا یا گفتگو یا شعر۔

اللُّهْلُه. بصورت۔ بَلَدٌ لُهْلُهٌ: کشادہ مقام جہاں سراب بہت ہوں۔ ج لَهَالِهُ (والُهْلُهَة) کشادہ زمین۔

اللَّهْلَهَة. کسی چیز سے رجوع کرنا۔ باریک بناوٹ۔

لَهِمَ (س) لَهْمًا و لَهِمًا الشَّيْءَ: ایک ہی مرتبہ میں نگلنا الْمَاءَ: گھونٹ لینا۔

اَلْهَمَهُ الشَّيْءَ: نگلوانا۔ اَلْهَمَ اللّٰهُ فُلَانًا خَيْرًا: وحی کرنا۔ سکھلانا۔ توفیق دینا۔ دِل میں ڈالنا۔

تَلَهَّمَ والتَهَمَ الشَّيْءَ: ایک ہی دفعہ میں نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ (التَهَمَهُ ہی بولا جاتا ہے)

اُلْتُهِمَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔

اِسْتَلْهَمَ اللّٰهَ خَيْرًا: اللہ سے خیر کے الہام کی دعا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَلْهِمُ اللّٰهَ الرَّشَادَ" اللہ سے رُشد و ہدایت کے الہام کی دُعا کرتا ہوں۔

اللِّهَام. بڑا لشکر۔

اللِّهْم. عمر رسیدہ۔ ج لُهُوْم.

رَجُلٌ لِهَمٌ ولَهِمٌ. کھاؤ۔ پیٹو۔

اللُّهْمَةُ مِنَ السَّوِيْقِ: ایک مرتبہ پھانکنے کی مقدار ستو۔

اللَّهِمُّ. بہت بخشش والا۔ بڑا دیالو۔ بڑا سمندر۔ کھاؤ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی و رَجُلٌ لَهِمٌ: مرد روشن رائے بخشش کرنے والا۔ کفایت کرنے والا۔ ج لَهِمُوْنَ (عورتوں کے وصف میں واقع نہیں ہوتا) رَجُلٌ لَهُوْمٌ. کھاؤ مرد۔

اللُّهَيْم و اُمُّ اللُّهَيْم. موت۔ بخار۔ مصیبت۔ اللُّهَيْم: کشادہ دیگ۔

الإلْهَام. س۔ اللہ کا انسان کے دِل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔

المِلْهَم والمُلْهَم مِنَ الرِّجَالِ: کھاؤ۔ پیٹو۔

لَهْمَسَ مَا عَلَى الْمَائِدَةِ: دستر خوان سے سب کچھ کھالینا۔

اللُّهْمُوْم. بڑا لشکر۔ سخی آدمی۔ عمدہ گھوڑا۔ بے شمار۔ بہت برسنے والا بادل۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج لَهَامِيْم و لَهَامِيْمُ النَّاسِ: سخی لوگ۔

اللَّهْمِيْم. سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔

لَهَّنَ الْقَوْمَ و لِلْقَوْمِ: ناشتہ کھلانا۔ سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

اَلْهَنَهُ. مسافر کو سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

تَلَهَّنَ الرَّجُلُ: ناشتہ کھانا۔

اللُّهْنَة. تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پر دے۔ ناشتہ۔ تحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے ج لُهَن.

لَهَا يَلْهُوْ لَهْوًا. الرَّجُلُ: کھیلنا: فریفتہ ہونا لَهْوًا و لُهُوًّا) الْمَرْأَةُ اِلَى حَدِيْثِ الرَّجُلِ: مانوس ہونا۔ پسند کرنا (لُهِيًّا و لِهْيَانًا) عَنِ الشَّيْءِ: غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ بھولنا۔

لَهِيَ يَلْهَى لَهًا بِكَذَا: محبت کرنا عَنْهُ: تسلی پانا۔ غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْهَ لَهُ كَمَا يَلْهَى لَكَ" تم بھی اس کے ساتھ ویسا ہی کرو جیسا وہ تمہارے ساتھ کرتا ہے۔

لَهَّاهُ تَلْهِيَةً عَنْ كَذَا: غافل کر دینا بِكَذَا: مشغول کرنا۔

لَاهَاهُ مُلَاهَاةً. قریب ہونا۔ جھگڑا کرنا۔

لَاهَى الشَّيْءَ: نزدیک ہونا الْغُلَامُ: دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔

الْھَاہُ اِلْھَاءً. اللَّعِبُ عَنْ کَذَا: غافل کرنا فُلانُ الشَّیْئَ: عاجزی سے چھوڑ دینا الرَّحیٰ و فِی الرَّحیٰ و لِلرَّحیٰ: چکی میں کول ڈالنا لَھَی الرَّجُلَ: بہتر اور کثیر عطیہ دینا۔

تَلَھّٰی تَلَھِّیًا بِکَذَا: کسی چیز پر توجہ یا اعراض سے دل بہلانا الشَّیْئُ: مشغول ہونا۔

تَلَاھٰی تَلَاھِیًا بِالْمَلَاھِی: کھیل کود میں مشغول ہونا القَوْمُ: باہم کھیلنا۔

اِلْتَھَی الرَّجُلُ بِالشَّیْئِ: کھیلنا بِغَیْرِہٖ: مشغول ہونا۔

اِسْتَلْھٰی اِسْتِلْھَاءً. صَاحِبَہٗ: ساتھی کا انتظار کرنا۔ ظَھرالشَّیْئُ: زیادہ لینا۔ نکلنا۔

اللُّھَاء. مقدار۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ لُھَاءُ مِائَۃٍ" وہ لوگ سو (۱۰۰) کی مقدار ہیں۔

اللَّھْو. کھیل کود۔ وہ چیز جس سے انسان لذت حاصل کرے۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔ ڈھول۔ فرزند۔

اللَّھَاۃ. حلق کا کوا ج لَھَوَات و لَھَیَات و لُھِیّ و لِھِیّ و لَھًا و لَھَاءٌ و لِھَاءٌ.

اللَّھْوَۃ. لَھَا کا اسم مرہ۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔

اللَّھْوَۃ واللُّھْوَۃ. پیستے ہوئے چکی میں ایک مرتبہ جتنی مقدار میں غلہ ڈالیں۔ عطیہ۔ بہتر و کثیر عطیہ۔ لپ بھر مال۔ ج لُھًی.

اللُّھْبَۃ. عطیہ یا بہتر و کثیر عطیہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَھُوٌّ عَنِ الْخَیْرِ" فلاں بھلائی سے بہت غافل ہے۔

اللَّھَوِیّ. لَھَاۃ کی طرف منسوب۔ والحَرْفَانِ اللَّھَوِیَّانِ: ق و ک۔

الاُلْھُوَّۃ والاُلْھِیَّۃ والتَّلْھِیَۃ. جس سے کھیل کود کیا جائے۔

المَلْھٰی. کھیل کود۔ کھیل کود کا زمانہ۔ کھیل کود کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مَلْھَی الْقَوْمِ" یعنی یہ ان کی اقامت کی جگہ ہے "وَھٰذَا مَلْھَی الْاَثَافِی" یہ پایہ دیگدان کی جگہ ہے۔

المِلْھٰی. کھیل کود کا آلہ۔ ج مَلَاہٍ. آلات

المَلَاھِی. آلاتِ موسیقی۔

لَھْوَج. مادہٗ ج میں گزر چکا۔

لَھْوَق لَھْوَقَۃً و تَلَھْوَق الرَّجُلُ: جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنا فِی الْعَمَلِ و الْکَلَامِ: ترک مبالغہ کرنا۔

رَجُلٌ لَھْوَقٌ: ڈینگ مارنے والا۔ جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنے والا۔

لَوْ. یہ حرف چھ طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) زمانہ ماضی میں شرط کیلئے جیسے "لَوْ جَاءَنِی لَاَکْرَمْتُہٗ" اگر وہ میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا۔ یہ تین باتوں کا فائدہ دیتا ہے۔ ایک شرط۔ دوسرے شرط کو زمانہ ماضی کے ساتھ مقید کرنا۔ تیسرے امتناع اور اسی وجہ سے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ حرف امتناع لامتناع ہے یعنی شرط کے منتفی ہونے کی وجہ سے جزاء منتفی ہوتی ہے مناطقہ نے اس کو ادوات اتصال قرار دیا ہے جیسے "لَوْ کَانَ زَیْدٌ حَجَرًا کَانَ جَمَادًا"

(۲) زمانہ مستقبل میں شرط کیلئے مگر یہ جازمہ نہیں جیسے "وَلَوْ تَلْتَقِی اَصْدَاءُ نَا بَعْدَ مَوْتِنَا" الخ۔ اور اس قسم میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ شرط جب مستقبل ہو تو لَوْ اِنْ کے معنی میں ہوتا ہے اور جب ماضی ہو تو حرف امتناع ہوتا ہے اور جب اس کے بعد فعل مضارع واقع ہو تو ماضی کے معنے میں ہو جاتا ہے جیسے لَوْ تَقُوْمُ اَقُوْمُ بمعنی لَوْ قُمْتَ قُمْتُ.

(۳) یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ اَنْ کے مگر یہ نصب نہیں دیتا۔ اور اکثر وَدَّ یَوَدُّ کے بعد واقع ہوتا ہے جیسے "وَدُّوْا لَوْ تَاْتِیْھِمْ" وہ تمنا کرتے ہیں کہ تم ان کے پاس آؤ "یَوَدُّ اَحَدُھُمْ لَوْ یُعَمَّرُ" ان میں ایک عمر دیے جانے کی تمنا کرتا ہے۔

(۴) یہ کہ تمنا کیلئے ہو۔ اس کا جواب منصوب اور فا کے ساتھ ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَاْتِیْنِیْ فَتُحَدِّثُنِیْ" تمنا ہے کہ تم میرے پاس آتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔

(۵) عرض کیلئے مانند اَلَا کے اس کا جواب بھی فاء سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا" اگر تم ہمارے پاس اُترتے تو بھلائی کو پہنچتے۔

(۶) تقلیل کیلئے جیسے "تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ" صدقہ کرو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

لَابَ یَلُوْبُ لَوْبًا ولُوَابًا و لَوَبَانًا الرَّجُلُ و البَعِیْرُ: مرد یا اونٹ کا پیاسا ہونا۔ پانی کے اردگرد بغیر اس تک پہنچے ہوئے گھومنا اسم اللَّوْبُ واللُّوْبُ واللُّؤُوْبُ واللُّوَاب.

لَوَّبَہٗ تَلْوِیْبًا. ملاب (ایک قسم کی خوشبو) ملنا (دیکھئے ملاب)

اَلَابَ اِلَابَۃً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اللَّائِب. فا۔ ج لُؤُوْبٌ و لُوْبٌ. کہا جاتا ہے "اِبِلٌ لُوْبٌ او نَخْلٌ لُوْبٌ و لَوَائِبُ" پیاسے پانی سے دور۔

اللُّوَاب. لعاب۔

اللُّوْبَاءُ واللُّوْبِیَاءُ واللُّوْبِیَا. لوبیا۔ لوبیا کی پھلی (دخیل)

اللُّوْبَۃ. جماعت جو دوسری جماعت کے ساتھ رہے مگر شریک مشورہ نہ کی جائے۔ سنگلاخ سوختہ ج لُوَب.

اللُّوْب. گوشت کا ٹکڑا جو دیگ میں پھرے۔ شہد کی مکھی۔

اللَّابَۃ. سنگلاخ سوختہ۔ ج لَابَاتٌ و لَابٌ.

اللَّابَۃ. کالے اونٹ جمع شدہ۔

المَلَاب. ایک قسم کی خوشبو جو زعفران کے مشابہ ہے۔

المُلَوَّب. مع۔ پیچ دار لوہا۔

اللَّوْلَب. پیچ۔ پیچ دار کیل۔ ج لَوَالِب.

اللَّوْلَبِی. لَوْلَب کی ہیئت پر ہو۔

المُلَوْلَب. سرمہ کی سلائی۔

لَاتَ یَلُوْتُ لَوْتًا الرَّجُلُ: بغیر پوچھے ہوئے خبر دینا الخَبَرَ: خبر کو چھپانا فُلَانًا: حق گھٹانا۔

اللَّات. زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

لَاتَ. حرف نفی ہے لَیْسَ کا عمل کرتا ہے مگر اس کے بعد دو معمول میں سے ایک ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً مرفوع محذوف ہوتا ہے جیسے "وَلَاتَ حِیْنَ مَنَاص" تقدیر عبارت کی یوں ہے "وَلَاتَ الْحِیْنُ حِیْنَ مَنَاص"۔

لَاثَ یَلُوْثُ لَوْثًا. العَمَامَةَ عَلٰی رَاسِهٖ: سر پر عمامہ لپیٹنا الضَبَابُ بِالْجَبَلِ: کہرے کا پہاڑ کو ڈھانکنا بِفُلَانٍ: پناہ لینا۔ لَاثَ بِهِ النَّاسُ: اردگرد جمع ہونا دَارَهٗ: ہمیشہ گھر میں رہنا الشَّیْئَ: منھ میں چبانا فِی الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا ثَوْبَهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑے کو کیچڑ میں لتھیڑنا الشَّیْئَ: بھگا کر ملانا۔

لَاثَ فُلَانٌ: گھومنا۔ کہا جاتا ہے "لَاثَ لَوْثًا مِنَ الْکَلَامِ" بات کو اس نے چبا چبا کے کہا صاف نہیں بیان کیا۔ "وَمَا لَاثَ فُلَانٌ اَنْ غَلَبَ فُلَانًا" وہ غالب آنے سے نہیں رکا۔

لَوِثَ یَلْوَثُ لَوَثًا فِی الْاَمْرِ: تاخیر کرنا۔

لَوَّثَ تَلْوِیْثًا الشَّیْئَ: بھگونا الْمَاءَ: گدلا کرنا ثِیَابَهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑوں کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔ التِّبْنَ بِالْقَتِّ: بھوسہ کو چارے میں ملانا فُلَانًا عَنْ کَذَا: روکنا الْاَمْرَ: مشتبہ کرنا۔

اَلَاثَ اِلَاثَةً مَالَهٗ بِفُلَانٍ: ودیعت رکھنا۔

اَلْوَثَتْ اِلْوَاثًا. اَلْاَرْضُ: خشک گھاس میں تر اگانا۔

تَلَوَّثَ تَلَوُّثًا ثَوْبَهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑے کا کیچڑ میں لتھڑنا زَیْدٌ بِعَمْرٍو: پناہ لینا اور نفع کی اُمید سے صحبت میں رہنا۔

اِلْتَاثَ اِلْتِیَاثًا عَلَیْهِ الْاَمْرُ: پیچیدہ ہونا۔ بِرِدَائِهٖ: لپٹنا فِی الْعَمَلِ: دیر کرنا فِی کَلَامِهٖ: حجت سے عاجز رہنا بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔ آلودہ ہونا الْبَعِیْرُ: اونٹ کا موٹا اور قوی ہونا فُلَانًا عَنْ کَذَا: روکنا۔

اللَّائِثُ. فا۔ شیر۔ نَبَاتٌ لَائِثٌ: آپس میں لپٹے ہوئے پودے۔

اللُّوَاثُ. تلچھٹ۔

اللُّوَاثَةُ. تلچھٹ۔ جماعت۔ وہ شخص جو ہر چیز میں آلودہ ہو جائے۔

اللَّوْثُ. س۔ قوت۔ برائی۔ زخم۔ کینہ کے مطالبات۔ کمزور ثبوت۔

اللُّوْثُ. ڈھیل ڈھال۔

اللَّیْثُ. گنجان نباتات۔

اللَّوْثَةُ. لَاثَ کا اسم مرۃ۔ بیوقوفی۔

اللُّوْثَةُ. ڈھیل ڈھال۔ تاخیر۔ بیوقوفی۔ زبان میں رکاوٹ۔ اثر جنون۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ لُوْثَةٌ" اس کے ساتھ جنون کا اثر ہے۔ گوشت و چربی کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ لُوْثَةٍ" سست و کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے: نَبَاتٌ لَیِّثٌ. گنجان پودہ۔

اللُّوَیْثَةُ. جماعت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ الْمَجْلِسَ لَیَجْمَعُ لُوَیْثَةً مِنَ النَّاسِ" مجلس مختلف قسم کی جماعتوں کو جمع کر لیتی ہے۔

الْاَلْوَثُ. ڈھیلا ڈھالا۔ قوی۔ سست۔ موٹی زبان والا۔ کمزور عقل والا۔ مؤنث لَوْثَاءُ. ج لُوثٌ۔

الْمَلَاثُ وَالْمِلْوَثُ. سردار شریف جس کی پناہ لی جائے۔ ج الْمَلَاوِثُ وَالْمَلَاوِثَةُ وَالْمَلَاوِیْثُ کہا جاتا ہے "هُمْ مَلَاوِثُ" یعنی وہ اشراف ہیں۔

وَاِنَّهٗ لَنِعْمَ الْمَلَاثُ لِلضِّیْفَانِ وہ مہمانوں کیلئے بہترین جائے پناہ ہے۔

الْمَلَاثُ. مرکز۔ وہ جگہ جس پر کوئی چیز گھومے۔

الْمُلَیَّثُ. موٹاپے کی وجہ سے سست۔ دِیْمَةٌ لَوْثَاءُ. لگاتار بارش جو گھاس کو بکھیر دے۔

لَاجَ یَلُوْجُ لَوْجًا الشَّیْئَ: منھ میں پھرانا۔

لَاحَ یَلُوْحُ لَوْحًا الشَّیْئُ: ظاہر ہونا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا النَّجْمُ: ستارہ کا نکلنا اِلَیْهِ: دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا الشَّیْئَ: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "لَاحَهٗ بِبَصَرِهٖ لَوْحَةً" جبکہ دیکھے اور پھر پوشیدہ ہو جائے الْعَطَشُ او السَّفَرُ فُلَانًا: متغیر کرنا۔ رنگ بدل دینا (لَوْحًا و لُوُحًا و لَوَاحًا و لُوُوْحًا و لَوَحَانًا) الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔

لَوَّحَ تَلْوِیْحًا دور سے اشارہ کرنا۔ لَوَّحَ بِسَیْفِهٖ: تلوار چمکانا بِثَوْبِهٖ: کپڑا بلند کر کے ہلانا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّحَ لِلْکَلْبِ بِرَغِیْفٍ فَتَبِعَهٗ" اس نے کتے کو روٹی ہلا کر دکھائی وہ پیچھے ہو لیا السَّفَرُ وَالْعَطَشُ فُلَانًا: چہرہ متغیر کر دینا الشَّیْبُ فُلَانًا: سفید بالوں والا کر دینا فُلَانًا بِالْعَصَا وَالسَّیْفِ وَالسَّوْطِ وَالنَّعْلِ: اٹھانا اور مارنا۔ الشَّیْئَ بِالنَّارِ: آگ سے گرم کرنا۔

اَلَاحَ اِلَاحَةً الشَّیْئُ: ظاہر ہونا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا النَّجْمُ: ستارے کا روشن ہونا بِسَیْفِهٖ او ثَوْبِهٖ: تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرنا بِحَقِّهٖ: حق مار لینا فُلَانًا: ہلاک کرنا مِنْهُ: خوف کرنا۔ پرہیز کرنا مِنَ الْقَوْلِ: شرمانا عَلَی الشَّیْئِ: اعتماد کرنا۔

تَلَوَّحَ. ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔

اِلْتَاحَ اِلْتِیَاحًا. پیاسا ہونا۔

اِسْتَلَاحَ فِی الْاَمْرِ اِسْتِلَاحًا. غور کرنا۔

اِسْتَلَاحَ: پیاسا ہونا۔

اللَّیَاحُ وَاللِّیَاحُ. صبح۔ جنگلی بیل۔ سفید اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "اَبْیَضُ لَیَاحٌ او لِیَاحٌ" خالص سفید۔

اللَّائِحَةُ لائح کا مؤنث۔ ظاہر ہونے والی۔ ج لَوَائِحُ. کہا جاتا ہے "نَظَرْتُ اِلٰی لَوَائِحِهٖ وَالْوَاحِهٖ" میں نے اس کی ظاہری شکل و صورت کو دیکھا۔ اللَّائِحَةُ رجسٹر۔ جس میں حساب درج کیا جائے۔ (مولدہ)

اللَّوْحُ. تختی۔ ہر چوڑی چیز لکڑی ہو یا ہڈی یا لوہا ج اَلْوَاحٌ. لَوْحُ الْجَسَدِ: ہاتھ اور ٹانگ کی ہڈی کے علاوہ ہڈی۔ یا ہر وہ ہڈی جو چوڑی ہو۔ ج اَلْوَاحٌ ج اَلَاوِیْحُ. اَلْوَاحُ السِّلَاحِ: چمکدار ہتھیار۔

اللُّوْحُ. پیاس۔ فضاء آسمانی۔

اِبِلٌ لُوْحَی: پیاسے اونٹ۔

التَّلْوِیْحَاتُ. کتاب کے حواشی و نوٹ۔

الْمُلْتَاحُ. دھوپ یا سفر کی وجہ سے متغیر رنگ والا۔

الْمِلْوَاحُ. لمبا۔ دبلا۔ جلد دبلی ہونے والی عورت۔ بڑی اور چوڑی چکلی ہڈی والا۔ اُلو جس

کی ٹانگ کو باز کے شکار کرنے کے لیے باندھ دیا جائے۔
المِلْوَاح والمِلْوَح والمِلْيَاح. جلدی پیاسا ہونے والا۔ ج مَلَاوِيح. کہا جاتا ہے "اِبِلٌ مَلَاوِيح" جلدی پیاسے ہونے والے اونٹ۔
قِدْحٌ مُلَوَّح: آگ سے متغیر شدہ تیر۔
لَاخَهُ يَلُوخُهُ لَوْخًا. ملانا۔
اِلْتَاخَ اِلْتِيَاخًا. ملا۔ **العَجِيْنُ:** گندھے ہوئے آٹے میں خمیر اُٹھنا۔
اللَّوَاخَة واللُّوَاخَة. مکھن دودھ سے ملا ہوا۔
لَوِدَ يَلْوَدُ لَوَدًا. سرکش ہونا۔ نافرمان ہونا۔
الأَلْوَد. سرکش۔ نافرمان۔ جو عدل کی طرف مائل نہ ہو۔ موٹی گردن۔ ج لُوْد.
لَاذَ يَلُوْذُ لَوْذًا و لَوَاذًا و لِوَاذًا و لُوَاذًا و لِيَاذًا. بِالجَبَلِ: پہاڑ میں چھپنا۔ پناہ گیر ہونا **بِالقَوْمِ:** پناہ میں آنا۔ **الطَّرِيْق بِالدَّارِ:** راستہ کا گھر سے متصل ہونا۔
لَاوَذَ لِوَاذًا و مُلَاوَذَةً بِفُلَانٍ: پناہ میں آنا **عَنْهُ:** فریب دینا **فُلَانًا:** مخالفت کرنا۔ **القَوْمَ:** مدارات کرنا۔ **القَوْمُ:** ایک دوسرے کی پناہ لینا۔ **بِالقَوْمِ:** گرد گھومنا۔
اَلَاذَ اِلَاذَةً بِالجَبَلِ و بِالقَوْمِ: بمعنی لَاذَ. **الطَّرِيْقَ بِالدَّارِ:** احاطہ کرنا اور متصل ہونا۔
اَلَاذَتِ الدَّارُ بِالطَّرِيْقِ: گھر کا راستہ سے متصل ہونا۔
اللَّوْذ. س۔ پہاڑ کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے **اِعْتَصَمَ بِلَوْذِ الجَبَلِ و بِالْوَاذِهِ** اس نے پہاڑ کے کنارے پناہ لی۔ وادی کا موڑ۔ کہا جاتا ہے "نَزَلُوْا بِلَوْذِ الوَادِي" وہ لوگ وادی کے گوشہ میں اُترے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَطُوْفُ فِي الْوَاذِ البِلَادِ" فلاں ملک کے اطراف میں پھرتا ہے "وَهُوَ لَوْذُهُ" وہ اس سے قریب ہے۔ ج اَلْوَاذ.
لَوْذَانُ الشَّيْءِ: جانب۔
اللَّوْذَانِيَّة. فریب دہی۔
اللَّاذَة. سرخ ریشمی کپڑا۔ ج لَاذ.
التَّلْوَاذ. اسم ہے بمعنی مُلَاوَذَة. کہا جاتا ہے "لَهُمْ تَلْوَاذٌ" یعنی بعض بعض کی پناہ لیتا ہے۔
لَوَاذُ الشَّيْءِ: قریب قریب۔ کہا جاتا ہے "لِيْ مِنَ الدَّرَاهِمِ مِائَةٌ او لَوَاذُهَا" میرے پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں۔
المَلَاذ. قلعہ۔ جائے پناہ۔
المَلَاوِذ. ازاریں۔ واحد مِلْوَذ.
المِلْوَذَة. جائے پناہ۔
اللُّوْرُ. گاڑھا دودھ۔ جو پیوسی اور پنیر کے درمیان ہو۔ جس کو اہل شام قَرِيْشَة کہتے ہیں۔
لَازَ يَلُوْزُ لَوْزًا. اِلَيْهِ: پناہ لینا **مِنْهُ:** رہائی پانا **الشَّيْءَ:** کھانا۔
لَوَّزَ تَلْوِيْزًا. التَّمْرَ: چھوارے میں بادام بھرنا۔
اللَّوْز. بادام۔ واحد لَوْزَة.
اللَّوْزَة. حلق میں کوے کے قریب کا گوشت اور وہ دو ہوتے ہیں۔ **اللَّوْزَتَانِ:** سرین کے دو گڑھے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَعَوِزٌ لَوِزٌ" یعنی وہ محتاج ہے۔ **لَوِز** تابع ہے۔
اللَّوْزِيّ. بادام کی شکل کا۔
المَلَاز. جائے پناہ۔
اَرْضٌ مَلَازَة. بادام والی سرزمین۔
المُلَوَّز. بادام سے بھری ہوئی کھجور۔ **وَجْهٌ مُلَوَّز:** حسین و ملیح چہرہ۔
اللَّوْزِيْنَج. ایک قسم کا حلوا۔ لوزینہ۔
لَاسَ يَلُوْسُ لَوْسًا. الحَلَاوَاتِ وغَيْرَهَا: کھانے وغیرہ کیلئے مٹھائی وغیرہ ڈھونڈنا۔ صفت لَائِس و لَؤُوس و لَوَّاس و اَلْوَس **الشَّيْءَ:** چکھنا **الشَّيْءَ فِي فَمِهِ:** منہ میں پھرانا اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوْسُ كَذَا" وہ اتنا نہیں دیتا۔
اللَّوَاسَة. لقمہ۔
اللُّوْس. جمع لَائِس کی (جیسے بَازِل و بُزْل) کھانا۔ کہا جاتا ہے مَا ذُقْتُ لَوُوْسًا او لَوَاسًا یعنی میں نے نہیں چکھا۔
لَاصَ يَلُوْصُ لَوْصًا. دروازے کی جھری سے دیکھنا **عَنْهُ:** الگ ہونا۔ ہٹنا۔
لَوَّصَ تَلْوِيْصًا. خالص شہد کھانا۔
لَاوَصَ مُلَاوَصَةً. دروازے کی جھری سے دیکھنا **اِلَيْهِ:** اس طرح دیکھنا گویا کسی ارادہ سے فریب دے رہا ہے **فُلَانًا عَنْ كَذَا:** فریب دینا **الشَّجَرَةَ:** درخت کو کلہاڑی سے کاٹنے کے ارادہ سے دائیں بائیں دیکھنا۔
اَلَاصَهُ اِلَاصَةً عَلَى الشَّيْءِ: گھمانا۔ چکر دینا۔ ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَصْتُ اَنْ آخُذَ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے اس سے کچھ لینے کا ارادہ نہیں کیا۔
اُلِيْصَ الرَّجُلُ: کپکپی زدہ ہونا۔
تَلَوَّصَ تَلَوُّصًا. لپٹنا۔ لوٹ پوٹ ہونا۔
اللَّوْص. س۔ کان یا سینہ کا درد۔
اللُّوَاص. شہد خالص۔
اللَّوْصَة. پیٹھ کا درد۔
المُلَاوِص. چاپلوسی کرنے والا۔ فریبی۔
لَاطَ يَلُوْطُ لَوْطًا الحَوْضَ: حوض کو مٹی سے لیپنا **الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ:** چپکانا **الإِنْسَانَ:** مارنا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "لَاطَ الشَّيْءُ بِقَلْبِيْ" چیز میرے دل میں جم گئی **فُلَانًا بِعَيْنٍ:** نظر بد لگانا **فُلَانًا بِسَهْمٍ:** تیر مارنا **فُلَانًا بِفُلَانٍ:** لاحق کرنا۔ نسبت کرنا **الشَّيْءَ:** چھپانا (لَاطًا) **فِي الأَمْرِ:** اصرار کرنا **لَوْطًا و لِوَاطَةً و لَاوَطَ و تَلَوَّطَ)** اغلام کرنا۔
لَوَّطَه تَلْوِيْطًا بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت کرنا۔
اِلْتَاطَهُ اِلْتِيَاطًا و اِسْتَلَاطَه اِسْتِلَاطَةً. منہ بولا بیٹا بنانا۔
اِلْتَاطَ حَوْضًا: اپنے لیے حوض میں مٹی لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَاطَ بِقَلْبِيْ" یعنی میرے دل میں جم گیا۔
اللِّيَاط. سود۔ بیاج۔
اللَّوْط. مص۔ چادر۔ پھرتیلا مرد۔ سود۔ چپکنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "اِنِّيْ لَاَجِدُ لَهُ فِي

قَلْبِيْ لَوْطًا" میں اپنے دل میں اس کی پیوستہ محبت کو محسوس کرتا ہوں۔

اَلْاَلْوَط. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْوَطُ بِقَلْبِيْ" وہ میرے دل کے ساتھ زیادہ چسپاں ہے۔

اَلْمُسْتَلَاط. منہ بولا بیٹا۔

لَاظَهُ يَلُوْظُهُ لَوْظًا. بمعنی لَاظَهُ.

اِلْتَاظَتِ الْحَاجَةُ: دشوار ہونا۔

اَلْمِلْوَظ. تچی یا کوڑا۔

لَاعَه يَلُوْعُه لَوْعًا. اَلْحُبُّ: بیمار کر دینا۔

لَاعَتِ الشَّمْسُ فُلَانًا. رنگ بدل دینا

(لَوْعًا و لُوُوْعًا) الرَّجُلُ: بزدل یا لالچی اور بداخلاق ہونا۔

لَاعَ يَلُوْعُ و يَلَاعُ لَوْعَة. گھبرانا۔ تنگدل ہونا۔ یا مریض ہونا۔ غم یا عشق سے دل جلنا۔

لَوَّعَهُ تَلْوِيْعًا. اَلْحُبُّ: بیمار کر دینا۔ عوام کہتے ہیں "لَوَّعَ فُلَانًا" یعنی عذاب دیا۔

اَلْاَعَته اِلَاعَةً الشَّمْسُ: رنگ بدل دینا۔

اَلثَّدْیُ: پستان کے سرے کا کالا اور متغیر ہونا۔

اِلْتَاعَ اِلْتِيَاعًا قَلْبُهُ: دل کا غم یا عشق سے جل اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ وهَاعٌ و لَاعٌ" یعنی بزدل اور خائف اور مؤنث کے لیے "هَاعَةٌ لَاعَةٌ"

اللَاع. خائف یا بزدل۔ مریض۔ ج لَاعُوْن ولَاعَةٌ والْوَاع.

اللاعة اللاع کا مؤنث۔ تیز خاطر۔ ج لَاعَات.

اللَّوْعَة. لَاعَ کا اسم مرۃ۔ غم یا عشق و محبت کی جلن۔ کہا جاتا ہے "فِي قَلْبِهِ لَوْعَةٌ" اس کے دل میں سوزش ہے۔ پستان کے سرے کی سیاہی۔

لَافَ يَلُوْفُ لَوْفًا الطَّعَامَ: کھانا یا چبانا۔

لَافَتِ الدَّابَّةُ الْكَلَأَ: چوپایہ کا سوکھی گھاس کھانا۔

اللُّوْف. سر مِنَ الْكَلَأ او الطَّعَامِ: غیر مرغوب گھاس یا کھانا۔

اللُّوْف. ایک قسم کا پودہ ہے جس کی جڑ میں جنگلی پیاز کی طرح نکلتا ہے۔ واحد لُوْفَة.

اللُّوْفِی. ایک قسم کی نباتات ہے جو پرانے اسہال کے لیے مجرب ہے۔

اللَّيِّف. خشک گھاس۔ (اصل اس کی لَيْوِف ہے)

اللُّوَافَة. پلیتھن۔

اللَّوَّاف. شطرنجی ساز۔ کہا جاتا ہے كَلَأٌ مَلُوْفٌ. بارش سے ترگھاس۔

لَاقَهُ يَلُوْقُهُ لَوْقًا نرم کرنا۔ لَاقَ عَيْنَهُ: آنکھ پر مارنا الدَّوَاةَ: دوات میں روشنائی درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوْقُ عِنْدَكَ" وہ تمہارے پاس نہیں ٹھہرتا ہے۔

لَوَّقَ تَلْوِيْقًا. الطَّعَامَ: گھی یا مکھن سے تیار کرنا۔

اللَّوْق. نرم کی ہوئی چیز۔

اللَّوَق. بیوقوفی۔

اللَّوْقَة. لَاقَ کا اسم مرۃ۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ لَوْقَةً" فلاں اسی وقت گیا۔ کہا جاتا ہے مَا ذَاقَ لَوَاقًا اس نے کچھ نہیں چکھا۔

اللُّوْقَة وَالْاَلُوْقَة. مکھن۔

الْاَلْوَق. بیوقوف۔

الْمِلْوَق. دوافروش کا چمچہ۔ (مولدۃ)

لَاكَ يَلُوْكُ لَوْكًا اللُّقْمَةَ لقمہ کو آہستہ چبانا اور منہ میں پھرانا الْفَرَسُ اللِّجَامَ: چبانا اور کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَلُوْكُ اَعْرَاضَ النَّاسِ" وہ لوگوں کی عیب گیری کرتا ہے وَالِكْنِيْ اِلَى فُلَانٍ میرا پیغام فلاں کو پہنچا دو۔

اللَّوَاك چبانے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذَاقَ لَوَاكًا"

اللَّوْلَاء. سختی و تکلیف۔ کہا جاتا ہے وَقَعَ فِي اللَّوْلَاءِ وہ سختی میں پڑا۔

لَوْلَا. حرف تحضیض و تندیم ہے۔ تین طریقوں سے مستعمل ہے۔

(۱) دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا فعلیہ ہوتا ہے اور اول کے وجود سے انتفاء ثانی پر دلالت کرتا ہے جیسے "لَوْلَا زَيْدٌ لَاَكْرَمْتُكَ" اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔ اور جب لَوْلَا کے بعد ضمیر واقع ہو تو ضمیر مرفوع ہونا چاہئے جیسے "لَوْلَا اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ"

اور لَوْلَایَ لَوْلَاكَ لَوْلَاهُ بہت کم سنا گیا ہے۔

(۲) اور تحضیض اور عرض کے لیے اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہے چاہے حقیقتا ہو یا تاویلا جیسے "لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ" کیوں تم اللہ سے استغفار نہیں کرتے۔ اور "لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْ اِلَى اَجَلٍ قَرِيْبٍ"

(۳) توبیخ اور تندیم کیلئے۔ اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہے جیسے "لَوْلَا جَاءُوْا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ" اور اصل لولاء کی لو ہے جو لا کے ساتھ مرکب ہے اور اس کیلئے جواب کا ہونا ضروری ہے۔ اور اس کے جواب میں لام اکثر آتا ہے مگر جبکہ منفی بلَمْ ہو تو لام کا داخل ہونا ممتنع ہے۔

اللَّوْلَب. دیکھو مادہ "لَوْب"

لَوْلَى لَوْلَاةً. پشت پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوْلَى مُدْبِرًا".

لَامَهُ يَلُوْمُهُ لَوْمًا و مَلَامًا و مَلَامَةً فِي كَذَا و عَلَى كَذَا: ملامت کرنا۔ صفت فاعلی۔ لَائِم وصفت مفعولی مَلُوْمٌ و مَلِيْمٌ.

لِيْمَ بِهٖ: کاٹا جانا۔

لَوَّمَا تَلْوِيْمًا. ملامت کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ لَوَّمَ لَامًا: حرف لام لکھنا۔

لَاوَمَه مُلَاوَمَةً و لِوَامًا. ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

اَلَامَهُ اِلَامَةً. ملامت کرنا۔ صفت فاعلی مُلِيْم اور صفت مفعولی مُلَام اور اسم الْمَلَامَة. ج مَلَاوِم. اَلَامَ الرَّجُلُ: مستحق ملامت فعل کرنا۔

تَلَوَّمَ تَلَوُّمًا فِي الْاَمْرِ: انتظار کرنا۔ دیر کرنا۔

تَلَاوَمُوْا. بعض کا بعض کو ملامت کرنا۔
اِلْتَامَ اِلْتِیَامًا. ملامت قبول کرنا۔
اِسْتَلَام اِسْتِلَامًا. مستحق ملامت ہونا۔ اِلٰی ضَیْفِهٖ: اچھا سلوک نہ کرنا اِلَیْهِمْ: ایسا فعل کرنا جس پر لوگ ملامت کریں۔
اللائِم. فا۔ ج لُوَّم و لُوَّام و لُیَّم.
اللائِمَة. لَائِم کا مؤنث۔ ملامت۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَقَّ اللائِمَة" مستحق ملامت ہے۔ ج لَوَائِم.
اللاّمُ. خوف۔ وجود۔ نزدیکی۔ ہر چیز کا سخت۔ حرف لام۔ ج لَامَات.
اللَوْم. مص۔ ملامت۔ خوف۔
اللُوم. لوم کا تخفیف شدہ۔
اللَوْم. بہت ملامت۔
اللَوْمٰی و اللوْمَاء. ملامت۔
اللامَة. خوف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلَامَةٍ" قابل ملامت فعل کیا۔
اللَوْمَة. لَامَ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلَوْمَةٍ" ایسا کام کرنا جس پر ملامت کی جائے۔
اللُوْمَة. جس کو لوگ ملامت کریں۔ انتظار۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْهِ لُوْمَةٌ" مجھے اس کا انتظار ہے۔
اللُوَمَة. جو لوگوں کو بہت ملامت کرے۔
اللَوَّام و اللوَّامَة. بہت ملامت کرنے والا۔ "النفسُ اللوَّامَة" وہ نفس جو کسی غلطی کے ارتکاب پر ملامت کرے۔
اللاَّمِیُّ. لام کی جانب منسوب۔
لَامِیَّةُ الْعَجَمِ. طغرائی کا قصیدہ لامیہ۔
لَامِیَّةُ الْعَرَبِ. شنفری کا قصیدہ لامیہ۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ اَلْوَمُ مِنْ فُلَانٍ". تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے۔
الْمُتَلَوِّم. فا۔ برے فعل کی وجہ سے قابل ملامت حاجت پوری کرنے کا منتظر۔
لَوَّنَ تَلْوِیْنًا الشَّیْءَ: رنگین کرنا البُسْرُ: پختگی کا اثر ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّنَ الشَّیْبُ فِیْهِ" بالوں میں سفیدی ظاہر ہوئی۔
تَلَوَّنَ الشَّیْءُ: رنگین ہونا۔ مختلف رنگ کا ہونا الرَّجُلُ: متلون مزاج ہونا۔
اِلْوَنَّ اِلْوِنَانًا. بمعنی تَلَوَّنَ.
اللَّوْن. جو ایک چیز کو دوسرے سے ممتاز کر دے۔ رنگ۔ ج اَلْوَان.
اللَوْن. قسم۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهٗ لَوْنٌ مِنَ الثِّیَابِ" اس کے پاس کپڑے کی ایک قسم ہے۔ "وَتَنَاوَلَ کَذَا وَکَذَا لَوْنًا مِنَ الطَّعَامِ" اس نے فلاں فلاں قسم کے کھانے کھائے۔ اور کہا جاتا ہے "اَتٰی بِاَلْوَانٍ مِنَ الْحَدِیْثِ" اس نے مختلف قسم کی باتیں کیں۔
التَلْوِیْن. مص۔ تفکہ اور تلذذ کیلئے مختلف قسم کے کھانے پیش کرنا۔ کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کو اختیار کرنا۔
الْمُتَلَوِّن. فا۔ جو ایک حالت و کیفیت پر قائم نہ رہے۔
لَاهَ یَلُوْهُ لَوْهًا و لَوْهَانًا و تَلَوَّهَ السَّرَابُ: چمکنا۔
اللاهَة. سانپ۔
لَوْهُ السرابِ و لَوْهَتُهٗ و لُوُوْهَتُهٗ. سراب کی چمک۔
لَوَاهُ (وَاوِیَّةُ الْعَیْنِ واللّٰهِ) یَلْوِیْهِ لَیًّا و لَیًّا و لِیَانًا ولِیَّانًا دَیْنَهٗ و بِدَیْنِهٖ: قرض میں ٹال مٹول کرنا فُلَانًا بِحَقِّهٖ: حق کا انکار کرنا۔
لَوِیَ یَلْوٰی لَوًی الْقِدْحُ او الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا المِعْدَةُ او الظَّهْرُ: معدہ کا درد والا ہونا۔ پیٹھ کا خمیدہ ہونا۔ صفت مذکر لَوٍ. صفت مؤنث لَوِیَةٌ. لَوِیَتْ لَوًی: الْحَیَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔
لَاوَتْ مُلَاوَاةً ولِوَاءً. الحَیَّةُ الحَیَّةَ: سانپ کا سانپ پر لپٹنا۔
اَلْوَی اِلْوَاءً الْقَوْمُ: ریت کے موڑ پر پہنچنا۔ الرَّجُلُ: خشک کھیتی والا ہونا۔ دوسرے کیلئے جو کھانا چھپا کر رکھا ہو اس کو کھانا۔ امیر کے جھنڈے کو سینا اَلْاَمِیْرُ لَهٗ لِوَاءً: امیر کا کسی کیلئے جھنڈا نصب کرنا البَقْلُ: سبزی کا مرجھانا فُلَانٌ: بہت تمنا کرنا بِیَدِهٖ او بِثَوْبِهٖ: ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا بِهٖ: لے جانا بِحَقِّ فُلَانٍ: حق کا انکار کرنا بِمَا فِی الْاِنَاءِ: اپنے لیے خاص کرنا بِهِمِ الدَّهْرُ: ہلاک کرنا بِکَلَامِهٖ: کلام میں تبدیلی کرنا النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ فُلَانٌ اللوَاءَ: بلند کرنا اور نصب کرنا۔
تَلَوّٰی تَلَوِّیًا الشَّیْءُ: مڑنا البَرْقُ فِی السَّحَابِ: بجلی کا بادل میں پراگندہ چمکنا۔
تَلَاوَوْا تِلَاوِیًا عَلٰی فُلَانٍ: جمع ہونا۔ وَتَلَاوِیًا ایک دوسرے پر لپٹنا۔
اِلْتَوٰی اِلْتِوَاءً الْقِدْحُ او الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا عَلَیْهِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا الشَّیْءُ: مڑنا لَوِیَّةً: دوسرے کے لیے کھانا چھپا کر رکھنا۔
اِسْتَلْوٰی بِهِمُ الدَّهْرُ: ہلاک کرنا۔
اللَّوُوْن و اللاّؤُوْ. الَّذِیْن کی جمع۔
اللاوِی. اسم فاعل۔ ج لَاوُوْن و لُوَاة.
اللاوِیُّ لاوی بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم علیہم السلام کی جانب منسوب۔
سِفْرُ اللاوِیِّیْن. موجودہ بائبل کی کتابوں میں سے ایک کتاب۔
اَللِّوَاء: فوج کا ایک عہدہ جو جنرل کے مساوی ہوتا ہے۔ جماعت کا قائد۔ شہروں میں سے ایک حصہ کا نام۔ خاص گنتی شدہ لشکر۔ اسی لئے امیر اللواء کا لفظ فوجی عہد کے لئے بولا جاتا ہے۔
اللِوَاء. جھنڈا۔ اور یہ رایت سے چھوٹا ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ لِوَاء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بڑے ہونے کی وجہ سے موڑ کے رکھا جاتا ہے اور ضرورت ہی کے وقت کھولا جاتا ہے۔ ج اَلْوِیَة و اَلْوِیَات. کہا جاتا ہے بَعَثُوْا بِالسِّوَاءِ وَاللِّوَاءِ.
اللَوٰی. مص۔ معدہ کا درد۔ پشت کی کجی۔
اللَوٰی: بمعنی اللاتی جمع اَلَّتِیْ.
اللُوٰی. باطل باتیں۔
اللِوٰی. ریت کا موڑ۔ یا ریت کی تنگ جگہ ج اَلْوَاء و اَلْوِیَة.

الَالْوَاء. وادی کے موڑ۔ مملکت کے اطراف۔
اللَوَّا ایک پرندہ۔
اللیَّاء مؤنث اَلْوی پانی سے دور جگہ۔
اللاوِیَاء ایک قسم کی گھاس داغ کرنے کا آلہ۔
اللَوَّة بدصورتی۔
اللَوَّة واللِیَّة عود جس کی دھونی دی جائے۔
اللّیَّة قرابتیں۔
اللاَتُ زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔
اللِوِیُّ خشک گھاس۔ مرجھائی ہوئی گھاس۔
اللُوَیُّ ایک درخت کا نام۔
اللَوِیَّة دوسرے کیلئے چھپا کر رکھا ہوا کھانا ج لَوایَا.
الَالْوی. سخت جھگڑالو۔ سخت جنگجو۔ تنہا۔ گوشہ نشین۔ مؤنث لَیَّاء. الَالْوی مِنَ الطَّرِیْقِ: دور کا غیر معروف راستہ۔ ٹیڑھا سینگ۔ خلقتًا مڑی ہوئی دم۔ ج لُیٌّ بالضَمِّ اور قیاس کے مطابق لِیٌّ کسرہ یاء کی مناسبت سے ہونا چاہئے۔ کہا جاتا ہے رَمَاهُ اللهُ بِاَخوی اَلْوی خدا اس کو بڑی مصیبت میں مبتلا کرے۔
لَوی (وَاوِیَّةُ الْعَیْن یائیه اللاَّم) یَلْوِیْ لِیًّا و لَوْیًا و لُوِیًّا الْحَبْلَ: رسی بٹنا۔ موڑنا الْغُلَامُ لڑکے کا بیس سال کا ہونا عَنِ الْاَمْرِ: سستی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَتِ اللیَالِی کَفَّهُ عَلَی الْعَصا" یعنی بوڑھا بنا دیا (لَیًّا و لَیَّانًا) اَمْرَهٗ عَنِّیْ پوشیدہ رکھنا سِرَّهٗ چھپانا الْحُزْنُ قَلْبَهٗ: پھیر دینا عَلَیْهِ: مڑنا یا انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ لَا یَلْوِیْ عَلٰی اَحَدٍ" وہ اس حال میں گزرا کہ نہ تو ٹھہرتا ہے نہ انتظار کرتا ہے۔ رَاسَهٗ او بِرَاسِهٖ پھیرنا یا اعراض کرنا۔ لَوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: حرکت دینا فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: فضیلت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَلْوِیْ ظَهْرَہٗ" جبکہ شدت بیان کرنی مقصود ہو۔
لَوّی تَلْوِیَةً. عَلَیْهِ الْاَمْرَ: دشوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّی اَعْنَاقَ الرِّجَالِ" یعنی ان کے اوپر غالب آگیا۔
اَلْوی اِلْوَاءً. بِرَاسِهٖ پھیرنا۔ اَلْوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا دم ہلانا۔
تَلَوّی تَلَوِّیًا و اِلْتَوی اِلْتِوَاء الْحَبْلُ: رسی کا بٹا جانا۔
تَلَوَّتِ الْحَیَّةُ کنڈلی مارنا۔
اِلْتَوی. الْاَمْرُ: دشوار ہونا عَنِ الْاَمْرِ: سستی کرنا۔
المَلَاوِی مڑے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے "سَلَکُوْا المَلَاوِیَ"
مُلْتَوی. الوَادِی وادی کا موڑ۔
اللَیَّة. لَوی کا اسم مرة۔ ج لَوِیً.
اَلْیَاتْ اِلْیَاءً. النَّاقَةُ او نٹنی کا سست چلنا۔
لَاتَهٗ یَلِیْتُهٗ لَیْتًا. عَنْ کَذَا روکنا۔ پھیرنا۔
لَاتَ زَیْدًا حَقَّهٗ حق کا گھٹانا۔
اَلَاتَهٗ اِلَاتَةً. عَنْ کَذَا روکنا۔ پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَاتَه مِنْ عَمَلِهٖ شَیْئًا" اس نے اس کے عمل میں کچھ کم نہیں کیا۔
اللِیْت. کنارہِ گردن۔ مثنی لِیْتَانِ ج اَلْیَات.
لَاتَ دیکھو۔ ل أ ت
لَیْتَ حرف تمنی ہے۔ مستحیل پر اکثر آتا ہے جیسے لَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ کاش جوانی لوٹتی۔ اور ممکن پر کم جیسے لَیْتَ العَلِیْلُ یَصِحُّ. کاش بیمار تندرست ہوتا اور یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور لَیْتَ کے ساتھ ما متصل ہوتا ہے۔ مگر پھر بھی اسماء ہی پر داخل ہوتا ہے اسی وجہ سے لیتما قام زَیْدٌ کہنا جائز نہیں اور اس وقت عمل وابطال عمل دونوں جائز ہیں عمل تو اختصاص بالاسماء کی وجہ سے اور ابطال عمل دوسرے حروف مشبہ بالفعل پر حمل کی وجہ سے۔ اور جب لَیْتَ کے ساتھ یا متکلم متصل ہو تو لَیْتَنِیْ و لَیْتِی دونوں کہا جاتا ہے۔ مگر لیتی نادر ہے۔
لَیَّثَ تَلْیِیْثًا و لُیِّثَ و تَلَیَّثَ تَلَیُّثًا الرَّجُلُ شیر جیسا ہونا۔
لَایَثَهٗ مُلَایَثَةً شیر جیسا معاملہ کرنا۔ شیر کی صفت میں فخر کرنا۔
اِسْتَلْیَثَ شیر جیسا ہونا۔
اللائِث شیر۔
اللَیْث شیر۔ ایک قسم کی مکڑی۔ قوت و شدت زبان آور بلیغ۔ ج لُیُوْث و مَلْیَثَةٌ.
اللَیْثَة شیرنی۔ مضبوط اونٹنی۔ ج لَیْثَات.
الَالْیَث بہادر۔ مؤنث لَیْثَاء ج لِیْث اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْیَثُ اَصْحَابِهٖ" وہ اپنے ساتھیوں میں زیادہ قوی اور مضبوط ہے۔
المِلْیَثُ مضبوط قوی۔
المُلَیَّثُ موٹا۔ خوار وذلیل۔
اللَیَاد تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَکْتُ لَهٗ لَیَادًا" میں نے اس کے لیے کچھ نہیں چھوڑا۔
لَازَ یَلِیْز لَیْزًا. الرَّجُلُ پناہ لینا۔
المَلِیْز جائے پناہ۔
لَیِسَ یَلْیَسُ لَیَسًا الرَّجُلُ دلیر و بہادر ہونا عَنْهُ غافل ہونا۔
لَیْسَ مختلف طریقے سے مستعمل ہے۔
(۱) نفی حال کیلئے۔ اور قرینہ سے حال کے علاوہ کی بھی نفی کرتا ہے جیسے "لَیْسَ خَلَقَ اللّٰهُ مِثْلَهٗ" اور یہ ایسا فعل ہے جس کی گردان نہیں آتی۔ اس کا وزن فَعِل ہے مگر عین کلمہ کو تخفیفًا ساکن کر دیا گیا ہے اور یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے جیسے "لَیْسَ زَیْدٌ قَائِمًا" اور اس کی خبر کا اس کے اوپر مقدم کرنا جائز نہیں اور کبھی اس کے ذریعہ سے استثناء کیا جاتا ہے جیسے "جَاءَ نِی الْقَوْمِ لَیْسَ زَیْدًا" اس صورت میں اسم ضمیر مستتر ہے اور جو اسم کے بعد میں واقع ہے وہ بنا بر خبریت کے منصوب ہے۔
(۲) یہ کہ خبر مع اِلّا کے ہو جیسے لَیْسَ الطِّیْبُ اِلَّا الْمِسْكُ.
(۳) یہ کہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو یا مبتدا و خبر پر کہ دونوں مرفوع ہوں اور اس صورت میں اسم ضمیر شان ہوگی اور جو جملہ کے بعد میں واقع

ہو گا وہ خبر ہو گا اور محلاً منصوب ہو گا۔ جیسے لَيْسَ يَقُوْمُ زَيْدٌ. لَيْسَ زَيْدٌ قَائِمٌ. اور لَيْسَ کی خبر میں تاکید نفی کیلئے باداخل کرتے ہیں اس صورت میں خبر لفظاً مجرور اور محلاً منصوب ہوتی ہے۔ جیسے لَيْسَ اللهُ بِظَالِمٍ.

تَلَيَّسَ الرَّجُلُ: صاحب قوت ہونا۔

تَلَايَسَ الرَّجُلُ تَلَايُسًا. نیک خو ہونا۔ عَنْهُ: چشم پوشی کرنا۔

الْأَلْيَس. نڈر۔ بہادر۔ اونٹ کہ جو کچھ لاد دیا جائے اُٹھا لے۔ خانہ نشین۔ شیر۔ نیک خو۔ مؤنث لَيْسَاءُ ج لِيْس کہا جاتا ہے "قَوْمٌ لِيْسٌ و لُوْسٌ" یعنی سخت قوم "وَابِلٌ لِيْس عَلَى الْحَوْضِ" حوض سے نہ جدا ہونے والا اونٹ۔

الْمُلَايِس. سست۔ دیر کرنے والا۔

لَاصَ يَلِيْصُ لَيْصًا. یکسو ہونا الشَّيْءَ: اکھیڑنے کے لیے ہلانا۔

اَلَاصَ اِلَاصَةً الشَّيْءَ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔ فُلَانًا عَنْ كَذَا: پھسلانا۔

لَاطَ يَلِيْطُ لَيْطًا. چمٹنا الشَّيْءُ بِقَلْبِهِ محبوب ہونا۔ دِل سے چپکنا فُلَانًا بِفُلَانٍ لاحق کرنا اللهُ فُلَانًا: لعنت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَلِيْطُ بِهِ النَّعِيْمُ" یعنی نعمت اس کے لائق نہیں۔

لَيَّطَ بِهِ تَلْيِيْطًا. چپکانا۔

اَلَاطَهُ اِلَاطَةً. چپکانا۔

اللِّيَاط. گچ۔ پائخانہ۔ سود۔ رنگ۔

اللَّيِّط. مس۔ رنگ۔

اللِّيْط. رنگ۔ کھال۔ عادت۔ ہر چیز کا چھلکا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ وَلِيْطُ الشَّمْسِ لَمْ يُقْشَرْ" یعنی میں اس کے پاس دن کے ابتدائی حصہ میں قبل اس کے کہ آفتاب کی سرخی زائل ہو آیا۔

اللِّيْطَة. نرکل بانس وغیرہ کا چھلکا جو چمٹا رہتا ہے۔ کمان۔ نیزے کا ڈنڈا۔ ج لِيْط و لِيَاط والْيَاط.

لَاعَ يَلِيْعُ لَيْعَانًا. زچ ہونا۔ بزدل ہونا۔ گھبرانا (لَوْعَةً ولَيْعَةً) الْجُوْعُ فُلَانًا: بھوک کا سوزش میں مبتلا کرنا۔

اَلَاعَ. زچ ہونا۔ تنگ دِل ہونا۔

رِيْحٌ لِيَاعٌ: تیز یا گرم ہوا۔

اللَّيْعَة. لَاعَ کا اسم مرۃ۔ لَيْعَةُ الْجُوْعِ: بھوک کی سوزش۔

لَاغَهُ يَلِيْغُهُ لَيْغًا. الشَّيْءَ: پھسلانا۔ لَاغَ الشَّيْءَ: لینے کے لیے پھسلانا۔

تَلَيَّغَ. بیوقوف ظاہر کرنا۔

اللِّيَاغَة. بیوقوف۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لِيَاغَةٌ: بیوقوف مرد۔

اللَّيْغ. کامل بیوقوفی۔ کہا جاتا ہے طَعَامٌ سَيِّغٌ لَيِّغٌ: خوشگوار کھانا۔

الْأَلْيَغ. صاف گفتگو نہ کر سکنے والا۔ بیوقوف مؤنث لَيْغَاء ج لِيغ اور اسی سے مثل ہے "دَرِّي بِمَا عِنْدَكِ يَا لَيْغَاءُ" اے بیوقوف عورت جو کچھ تیرے دِل میں ہے اس کو بیان کر۔

لَافَ يَلِيْفُ لَيْفًا. الطَّعَامَ: کھانا۔

لَيَّفَتْ تَلْيِيْفًا. فَسِيْلَةُ النَّخْلِ: بہت اور موٹی چھال والا ہونا۔ لَيَّفَ فُلَانٌ اللِّيْفَ: لیف کو بنانا۔ الْمُلَيِّفُ فُلَانًا: کسی کی کھال کو کھجور کے ریشے سے ملنا۔

اللِّيْف. کھجور کے درخت کی چھال۔ واحد لِيْفَة.

اللِّيْفَانِي. کھجور کی چھال کے مشابہ۔

لِحْيَةٌ لِيْفَانِيَّةٌ. گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی۔

الْمُلَيِّف. حمام میں کھجور کی چھال سے بدن کو ملنے والا ملازم۔

لَاقَ الدَّوَاةَ يَلِيْقُهَا لَيْقًا و لَيْقَةً. صوف ڈالنا۔ روشنائی درست کرنا۔ دوات کو مَلِيْقَة کہتے ہیں۔ لَاقَتِ الدَّوَاةُ: روشنائی کا صوف سے چمٹنا۔

لَاقَ يَلِيْقُ لَيْقًا و لِيَاقَةً و لَيَاقًا و لَيَقَانًا بِفُلَانٍ: پناہ لینا اور چمٹنا بِهِ الثَّوْبُ: بدن کے مناسب ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا لِقْتُ بَعْدَكَ بِأَرْضٍ" میں تیرے بعد کسی زمین میں نہیں رہا۔ "وَهٰذَا اَمْرٌ لَا يَلِيْقُ بِكَ وَلَا يَلِيْقُكَ" یہ کام تمہارے مناسب نہیں اور کہا جاتا ہے "مَا يَلِيْقُ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لئے یہ مناسب نہیں کہ تم ایسا کرو۔ و فُلَانٌ لَا يَلِيْقُ بِبَلَدٍ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔

لَيَّقَ الطَّعَامَ: کھانے کو نرم کرنا الثَّرِيْدَ بِالسَّمْنِ: زیادہ گھی ڈالنا۔

اَلَاقَ الدَّوَاةَ اِلَاقَةً. صوف ڈالنا۔ اور روشنائی درست کرنا فُلَانًا بِنَفْسِهٖ: اپنے ساتھ لگا لینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَا قَتْنِي الْبَصْرَةُ" یعنی میں بصرہ میں نہیں ٹھہرا "وَ فُلَانٌ يَا يُلِيْقُهُ بَلَدٌ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔ "و فُلَانٌ مَا تُلِيْقُ يَدُهُ شَيْئًا" یعنی فلاں کے ہاتھ میں کوئی چیز نہیں ٹھہرتی "وَهٰذَا سَيْفٌ لَا يَلِيْقُ شَيْئًا" یعنی یہ ایک تلوار ہے کہ ہر چیز کو کاٹ دیتی ہے۔

اِلْتَاقَ اِلْتِيَاقًا فُلَانٌ بِفُلَانٍ: دوستی کرنا۔ لَهُ: چمٹنا الرَّجُلُ: بے نیاز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِلْتَاقَ قَلْبِي بِفُلَانٍ" میرا دِل فلاں کے ساتھ لگ گیا۔

اِسْتَلَاقَهُ بِهٖ. چپکانا۔

اللِّيَاق. چراگاہ۔ ثابت قدمی۔ مستقل مزاجی۔

اللَّيَاق. آگ کا شعلہ۔

اللِّيق. ایک سیاہ چیز ہے جس کو سرمہ میں ملاتے ہیں۔

اللِّيَق. چھوٹے چھوٹے بادل کے ٹکڑے۔

اللِّيْقَة. اسم ہے لاق سے۔ دوات کا صوف دیوار میں لگانے کی مٹی۔ ج لِيَق.

لَيْقَنَ الشَّيْءَ: تیل لگانا۔ اللَّيْقُوْنَةُ: خاص تیل۔

وَجْهٌ مُلْتَاقٌ. خوبصورت و دِل پسند چہرہ اور اصل مُلْتَاقٌ بِهٖ ہے۔

لَا يَلَهُ مُلَا يَلَةً. رات کیلئے اُجرت پر لینا اور کہا جاتا ہے "عَامَلَهُ مُلَايَلَةً" لیل سے جیسے "عَامَلَهُ مُيَاوَمَةً" یوم سے۔

اَلَالَ الْقَوْمُ اِلَالًا وَ اَلْيَلُوْا اِلْيَالًا رات میں داخل ہونا۔

لَیْلٌ لَائِلٌ لمبی کالی رات۔ مہینے کی کالی رات۔
اللیْلِ رات (مذکر ومؤنث) ج اللیَالِی یا کی زیادتی کے ساتھ خلاف قیاس۔ اور لَیَائِل بھی کہا گیا ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ لَیْلٌ واحد معنی میں جمع کے ہے اور اس کا واحد لیلہ ہے جیسے تَمرٌ و تَمرۃٌ اور کہا گیا ہے کہ لیل مثل لیلۃٌ ہے جیسے کہ عَشِیٌّ و عَشِیَّۃٌ مگر فرق یہ ہے کہ لیل نہار کے مقابل ہے اور لیلہ یوم کے۔
اللیْلِیَّ لیل کی جانب منسوب۔ وہ شخص جو رات کو چلنا پسند کرے۔
لَیْلَی الْخَمرِ شراب کا اُٹھنا۔ اُمُّ لَیْلَی کالی شراب۔
لَیْلَۃٌ لَیْلَاء و لَیْلَی سخت کالی طویل رات جیسے لَیْلٌ لَائِلٌ۔
اللیْلَہ رات یا لیل کا واحد۔ ج لَیْلَات۔
لَیْلٌ اَلْیَل و مُلَیَّلٌ سخت کالی طویل رات مانند لَیْلٌ لَائِلٌ کے۔
اللِیم صلح۔ شکل و صورت میں مشابہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ لِیمُہ" وہ اس کے شکل و صورت میں مشابہ ہے۔
اللیْمُوْن لیمو (دخیل)
لَانَ یَلِیْنُ لِیْنًا و لَیَانًا و لِیْنَۃً نرم ہونا۔ صفت لَیِّنٌ و لَیْنٌ اور اسم اللیَان بمعنی نرمی۔
لَیَّنَ الشَّیْءَ تَلْیِیْنًا و اِلَانَہُ اِلَانَۃً و اَلْیَنَہُ اِلْیَانًا نرم کرنا۔ کہا جاتا ہے اَلَانَ لِلْقَوْمِ جَنَاحَہُ اس نے قوم سے نرم برتاؤ کیا۔
لَایَنَہُ مُلَایَنَۃً و لِیَانًا نرمی کرنا۔ نرم برتاؤ کرنا۔ مداہنت کرنا۔
تَلَیَّنَ الشَّیْءُ تَلَیُّنًا نرم ہونا لِفُلَانٍ خاپلوسی کرنا۔
اِسْتَلَانَ اِسْتِلَانَۃً الشَّیْءَ نرم سمجھنا۔ نرم پانا۔
اللیَان بس۔ آسودہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "وفِیْ لَیَانٍ مِنَ الْعَیْشِ" وہ آسودہ زندگی اور ناز ونعمت میں ہے۔
اللَّیِّن نرم۔ ج لَیِّنُوْن اور اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے رَجُلٌ ھَیِّنٌ لَیِّنٌ۔
اللِیْن بس۔ عجوہ کھجور کے علاوہ ہر ایک قسم کی کھجور کا درخت واحد لِیْنَۃٌ۔
اللیْنَۃ لَیِّن کا مؤنث۔ لان کا اسم مرۃ۔ تکیہ اور اس کو نرمی کی بنا پر لَیْنَۃ کہتے ہیں۔
اللِیْنَۃ بس۔ لان کا اسم نوع۔ کمزوری۔ ڈھیلا پن۔
اللَیَانَۃ نرمی۔
اللَیِّن نرم۔ ج لَیِّنُوْنَ۔ واَلْیِنَاء۔
الاَلْیَن نرم۔ ج الَالَاین بہت نرم۔
الْمَلْیَنَۃ نرمی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہُ لَذُو مَلْیَنَۃٍ" وہ نرمی و مہربانی والا ہے۔
الْمُلَیِّن مِنَ الْاَدْوِیَۃ قبض کشا دوا۔
اللنُوْفَر والنَیْلُوْفَر کنول کا پھول۔
لَاہَ یَلِیْہِ لَیْھًا چھپنا۔ بلند ہونا۔
اللِیْوَان ایوان۔ محل جو کشادہ ہو اور تین اطراف سے گھرا ہوا ہو۔
اللِیَاء۔ یَائِیَّۃُ الْعَیْنِ واللام ایک قسم کا سفید غلہ (واللیَّاءُ پانی سے دور جگہ۔

م : اَلْمِیْم بنیادی حروف میں سے چوبیسواں حرف - یہ حروف شفوی سے ہے -

م - حرف ہے جو جمع ذکور پر دلالت کرتا ہے - جیسے "ذٰلِکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَسْتَکْبِرُوْنَ فِی الْاَرْضِ" اور کبھی حرفِ قسم ہوتا ہے اور لفظ اللہ کے ساتھ مخصوص ہے - جیسے "مَ لِلّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ" اور کبھی حرفِ جر کے بعد استفہام ہوتا ہے جیسے "بِمَ وعَلَامَ" کیوں؟ اور اصل میں یہ ما استفہامیہ ہے جس میں سے الف محذوف ہے اور میم کی حرکت فتحہ کی باقی رہ گئی -

ما - دو قسمیں ہیں - حرفیہ واسمیہ -

حرفیہ کی چند قسمیں ہیں -

(۱) نافیہ - جیسے "مَا هٰذَا بَشَرًا"

(۲) زائدہ - جیسے "فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللهِ لِنْتَ لَهُمْ"

(۳) کافہ - جیسے "کَاَنَّمَا یُسَاقُوْنَ اِلَی الْمَوْتِ."

(۴) مصدریہ جیسے "وَضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ."

(۵) مصدریہ ظرفیہ جیسے "وَاَوْصَانِی بِالصَّلٰوةِ وَالزَّکٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا."

اسمیہ کی قسمیں حسب ذیل ہیں -

(۱) استفہامیہ - اور اس سے غیر ذوی العقول کے متعلق سوال ہوتا ہے جیسے "مَا عِنْدَكَ" تمہارے پاس کیا ہے - اور ذوی العقول کی صفات کے متعلق بھی سوال کیا جاتا ہے جیسے "مَا زَیْدٌ" اس کے جواب میں مثلاً عاقل یا احمق کہا جائے گا -

اور جب اس پر حرفِ جار داخل ہو تو الف محذوف ہوتا ہے اور فتحہ میم پر باقی رہتا ہے جیسے بِمَ و عَلَامَ اور کبھی میم ساکن کیا جاتا ہے -

(۲) موصولہ جیسے "ما عِنْدَکُمْ یَنْفَدُ وَمَا عِنْدَاللهِ بَاقٍ"

(۳) وہ جو جزا کے لیے ہو جیسے "مَا یَفْعَلْ اَفْعَلْ"

(۴) وہ جو تعجب کیلئے ہو جیسے "مَا اَحْسَنَ زَیْدًا."

(۵) وہ جو فعل کے ساتھ مصدر کی تاویل میں ہو جائے جیسے "بَلَغَنِیْ مَا صَنَعْتَ"

(۶) وہ جو نکرہ ہو اور اس کیلئے صفت لازم ہے جیسے "مَرَرْتُ بِمَا مُعْجِبٍ لَكَ"

(۷) وہ جو ابہام کیلئے ہو جیسے "اَعْطِنِیْ کِتَابًا مَا" یعنی کوئی کتاب مجھے دو - "جَاءَ لِاَمْرٍ مَا" کسی کام کیلئے آیا - اس کا نام ابہامیہ ہے - اور "غَسَلْتُهٗ غَسْلًا نِعِمَّا" کی تقدیر غَسَلْتُهٗ نِعْمَ الْغَسْلُ ہے -

الْمَاهِیَةُ مِنَ الْاَمْرِ اَوِ الشَّیْءِ: حقیقت طبیعت قوام شی یا ہر وہ چیز جو ماھو کے جواب میں واقع ہو -

الماء - دیکھئے موہ -

مَؤُجَ (ک) مُؤُوْجَةً بیوقوف ہونا -

الْمَاءُ: پانی کا کڑوا و کھاری ہونا -

الْمَاْجُ بیوقوف - مضطرب - اضطراب - کڑوا کھاری پانی -

مَادَ (ف) مَاْدًا النَّبَاتُ اَوِ الشَّجَرُ: نباتات کا لہلہانا - ترو تازہ ہونا - جڑ میں پانی بہتا ہوا ہونا - نرم و نازک ہونا -

اَمَادَ الرِّیُّ النَّبَاتَ: نباتات کو ترو تازہ کرنا -

اِمْتَادَ الْخَیْرَ: بھلائی حاصل کرنا -

الْمَادُ وَالْیَمْؤُوْدُ ترو تازہ و نرم و نازک - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَوْ غُصْنٌ مَادٌ وَ یَمْؤُوْدٌ وَ جَارِیَةٌ مَادَةٌ وَ یَمْؤُوْدٌ وَ یَمْؤُوْدَةٌ" نرم و نازک (مرد یا شاخ یا لڑکی)

الْمَیِّدُ نازک - ناز پروردہ -

مَارَ (ف) مَاْرًا السِّقَاءَ: وسیع کرنا بَیْنَ الْقَوْمِ: فساد کرا دینا - فساد پر اکسانا -

مَئِرَ (س) مَاْرًا الْجُرْحُ: زخم کا خراب ہونا اور سوجنا عَلٰی فُلَانٍ: دشمنی سوچنا -

اِمْتَارَ عَلٰی فُلَانٍ: کینہ کرنا -

مَاءَرَهٗ مِئَارًا و مُمَاءَرَةً مفاخرت کرنا -

ہٗ فِیْ فِعْلِهٖ: برابری کرنا - مَاءَرَ بَیْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا - فساد پر اکسانا -

تَمَاءَرَ تَمَاؤُرًا ایک دوسرے پر فخر کرنا -

الْمَئِرُ مِنَ الْاُمُوْرِ: سخت و دشوار (وَالْمِئَرُ) فساد انگیز -

الْمِئْرَةُ عداوت - چغل خوری - ج مِئَر.

اَمْرٌ مَئِیْرٌ سخت -

مَاسَ (ف) مَاْسًا عَلَیْهِ: غضبناک ہونا - بَیْنَ الْقَوْمِ: فساد انگیزی کرنا الدَّبَّاغ

الْجِلْدَ: چرم ساز کا کھال کو ملنا دلنا (و مَئِسَ (س) مَأْسًا) الْجُرْحُ: زخم کا کشادہ ہونا۔
الْمَأْس: ج مس۔ وہ شخص جو کسی کی نصیحت قبول نہ کرے۔
الْمَائِس والمَأْآس والمُؤُوْس والمِمْأَس والمِمْآس. چغل خور۔ فساد انگیز۔
مَاشَهُ(ف) مَاشًا عَنْهُ بِكَذَا: دفع کرنا۔ ہٹانا مَاشَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔ مطر کو مَئِيْش کہتے ہیں۔
مَئِقَ(س) مَأَقًا الصَّبِيُّ: سسکی لینا۔ صفت مَئِقٌ الرَّجُلُ: شدتِ غیظ سے رونیلکنا۔
أَمْأَق. سسکی لینا۔
اِمْتَاق. سسکی لینا غَضَبُهُ: سخت غضبناک ہونا اِلَى بِالْبُكَاءِ: رونا سا ہونا۔
اَلْمَأْق والمُؤْق والمُوْق ج آماق و اَمْآق و مَوَاق و مَآق. والمُؤْقِي والمَوْقِيء والمَأْقِي. ج مَآق: ناک کی طرف کا گوشۂ چشم۔ المُؤْق والمُوْق مِنَ الْاَرْضِ: زمین کے پست کنارے۔ ج آمان.
الْمَأْق: زیادتی گریہ۔
الْمَأْقَة. شرم و عار سے کراہت۔ شدت غضب۔ حمیت۔
الْمَئِق. جلدی رو پڑنے والا۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "انا تَئِقٌ وانْتَ مَئِقٌ" دو مختلف مزاج لوگوں پر بولی جاتی ہے اس لیے کہ تَئِق جلدی سے شرارت کرنے والے کو اور مَئِق جلدی سے رونے والے کو کہتے ہیں۔
الْمَأْقَه. سسکی۔ گریہ وزاری کرنا۔
الْمَوَاقِي. ناک کی طرف کے آنکھ کے گوشے واحد۔ مَاقِي.
مَأَلَ و مَئِلَ (ف س) و مَؤُلَ (ک) مُؤُوْلَةً و مَأَلَةً. موٹا ہونا۔ صفت مَئِلٌ و مَأْلٌ. کہا جاتا ہے "جَاءَهُ امر ما مَأَلَ لَهُ مَأْلًا" اس پر ایسا معاملہ آ پڑا جس کیلئے وہ تیار نہیں تھا اور نہ اس کو اس کا علم تھا۔
الْمَأْل. جائے پناہ۔

الْمَأْلَة. باغ۔ چکی۔ ج مِئَال.
الْمُمْتَئِل. لمبا سیدھا مرد۔
الْمَأْلَج. کرنی۔ کہگل کرنے کا آلہ ج مَآلِج (دخیل) اس کیلئے فصیح عربی الْمِسْيَعَة ہے۔
مَأْمَأَتْ مَأْمَأَةً. الشَّاةُ او الظَّبْيَةُ: بکری یا ہرن کا ممیانا۔
مَأَنَ(ف) مَأْنًا. الرَّجُلَ: ناف پر مارنا۔ چوکنا رہنا۔ پرہیز کرنا الْقَوْمَ: نان و نفقہ برداشت کرنا (اور مَانَ يَمُوْنُ اجوف واوی سے بھی مستعمل ہے "اَتَانِيْ هٰذَا الْاَمْرُ فَمَا مَأَنْتُ لَهُ اَوْ مَا مَأَنْتُ مَأْنَهُ" مجھے یہ معاملہ پیش آیا اور میں نے اس کی پروا نہیں کی۔ اور نہ مجھے اس کا علم ہوا۔ "وامْأَنْ مَأْنَكَ واشْأَنْ شَأْنَكَ" یعنی جو تمہیں اچھا معلوم ہو کرو "وانا اَمْأَنُهُ"
مَأَّنَ تَمْئِنَةً. الشَّيْءَ: تیار کرنا فُلَانًا: خبردار کرنا۔ جتانا (ومَاءَنَ) فِي الْاَمْرِ: غور کرنا؛ سوچنا۔
تَمَاءَنَ تَمَاؤُنًا الشَّيْءُ: پرانا ہونا۔ کہنہ ہونا۔
الْمَأْنَة. ناف۔ ناف کے گرد اگرد۔ ج مَأْنَات و مُؤُوْن. خلاف قیاس (جیسے بَدْرَة و بُدُوْر) (والْمَأْن) کمر۔ الْمَأْن: کدال۔
الْمُؤْنَة والْمَؤُوْنَة. خوراک۔ سختی و بوجھ ج مُؤَن.
الْمَئِنَّة. علامت۔
الْمَمْأَنَة. سزاوار۔ لائق۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَمْأَنَةٌ لِكَذَا" یعنی وہ اس کے مناسب ہے۔
مَا ايَمْؤُوْ مُؤَاءً السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
مَأَى يَمْأُوْ مَأْوًا. الْجِلْدَ: کھال کو پھیلانے کیلئے کھینچنا بَيْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا۔
تَمَأَّى تَمَئِّيًا الْجِلْدُ: کھال کھینچ کر چوڑی ہونا الشَّرُّ بَيْنَهُمْ: فساد پھیلنا۔
الْمَأْوَة. پست زمین ج مَأْو.
مَأَى يَمْأَى مَأْيًا. الْجِلْدَ: کھال کو کھینچنا۔ الْقَوْمَ: اپنے کو شامل کر کے سو (۱۰۰) پورا کرنا۔ قوم کو مَمْئِيُّوْنَ کہتے ہیں بَيْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا الشَّجَرُ: درخت کا پتوں والا ہونا۔
أَمْأَى اِمْآءً. الْقَوْمُ: سو (۱۰۰) ہونا۔ صفت مُمْؤُوْن. الْقَوْمَ: اپنے آپ کو شامل کر کے سو (۱۰۰) پورا کرنا۔
تَمَأَّى تَمَئِّيًا. السِّقَاءُ: کشادہ ہونا۔ کھنچنا۔ الشَّرُّ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد پھیلنا۔
الْمِائَة. سو (۱۰۰)۔ ج مِئَات و مِئُوْن و مُؤُوْن و مِأًى اور نسبت کے لیے مِئَوِيّ. لفظ ماءۃ میں الف لکھا جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا۔ کہا جاتا ہے "شَارَطَهُ مُمَاءَاةً" یعنی اس نے سو (۱۰۰) کی شرط کی جیسے کہا جاتا ہے شَارَطَهُ مُؤَالَفَةً یعنی ہزار کی شرط کی۔
مَتَّهُ(ن) مَتًّا. کھینچنا الْحَبْلَ: رسّی کو بغیر چرخی کے کھینچنا اِلٰى فُلَانٍ بِقَرَابَةٍ: تعلق پیدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَتَّ بَيْنَنَا رَحِمٌ مَاتَّةٌ" ہمارے درمیان قرابت قریبہ ہے ۵ قرابت ڈھونڈنا۔
مَاتَّ فُلَانًا: قرابت یاد دلانا۔
الْمَاتَّة. ج مَوَاتُّ والْمَتَات وسیلہ۔ قرابت۔ رشتہ داری۔
مَتَاهُ(ف) مَتْأً بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔
مَتَحَ(ف) مَتْحًا الْمَاءَ: پانی نکالنا الدَّلْوَ وبها: ڈول کھینچنا۔ صفت مَاتِح و مَتُوْح فُلَانًا: مارنا پچھاڑنا الشَّيْءَ: اکھیڑنا الشَّجَرَةَ: کاٹنا الْخَمْسِيْنَ: پچاس کے قریب ہونا۔
مَتَحَ و مَتَّحَ وامْتَتَحَ. الْجَرَادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین پر دم کو پٹکنا۔
اِمْتَتَحَ الشَّيْءَ: جڑ سے کھینچنا۔
تَمَتَّحَتْ الْاِبِلُ فِيْ سَيْرِهَا: اپنے ہاتھوں سے آرام لینا۔
الْمَتُوْح. پانی نکالنے والا۔ دُور۔ بِئْرٌ مَتُوْح قریب پانی والا کنواں۔
الْمَتَّاح. بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے يَوْمٌ مَتَّاحٌ و فَرْسَخٌ مَتَّاحٌ.

مَتَخَ(ن ض) مَتْخًا الشَّيْءَ اُکھیڑنا، کاٹنا الجَرَادُ ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے زمین پر دم مارنا بِالدَّلْوِ کھینچنا ہٗ بِالسَّهْمِ تیر مارنا فُلَانًا مارنا اور دور کرنا الشَّيْءُ بلند ہونا فِي الشَّيْءِ گڑنا بِسَلْحِهٖ بیٹ کرنا الشَّيْءَ بلند کرنا الخَمْسِيْنَ پچاس کے قریب ہونا الجَارِيَةَ جماع کرنا۔

اِمْتَاخَ الشَّيْءَ کھینچنا۔

عُوْدٌ مِتِّيْخٌ نازک لمبی لکڑی۔

المِتِّيْخَة چھڑی۔ لاٹھی۔ کوڑا۔

مَتَدَ(ن) مُتُوْدًا بِالْمَكَانِ اقامت کرنا۔

مَتَرَ(ن) مَتْرًا الشَّيْءَ کاٹنا الْحَبْلَ رسّی کھینچنا بِسَلْحِهٖ بیٹ کرنا الْجَارِيَةَ جماع کرنا۔

تَمَاتَرَ گرنا۔ تَمَاتَرُوا الشَّيْءَ کھینچنا۔

اِمْتَرَ اِمِّتَارًا الْحَبْلُ رسّی کھینچنا (اس کی اصل اِمْتَتَرَ ہے پہلی تاء کو میم سے بدل دیا گیا ہے)

المِتْر میٹر۔

اَلْمِتْيُوْرُوْ گِرَاف موسمی حالات کی تبدیلی کا پتہ بتانے کا آلہ۔

مَتَزَ(ن) مَتْزًا بِسَلْحِهٖ بیٹ کرنا۔

مَتَسَ(ض) مَتْسًا الشَّيْءَ اکھیڑنے کیلئے جھکانا (ن) (مَتْسًا) بِالْحَبْسِ پاخانہ کرنا۔

مَتِشَتْ(س) مَتَشًا عَيْنُهٗ آنکھ کا دھوپ یا بھوک کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت اَمْتَشُ مؤنث مَتْشَاءُ ج مُتْش

مَتَشَ(ض) مَتْشًا الشَّيْءَ انگلیوں سے بکھیرنا۔ جمع کرنا اَخْلَافَ النَّاقَةِ آہستہ آہستہ دوھنا۔ المَتْشُ و المَتَشُ جوانوں کے ناخن کی سفیدی۔

مَتَعَ(ف) مَتْعًا و مُتْعَةً بِالشَّيْءِ لے جانا۔

مَتَعَ(ف) مُتُوْعًا الشَّيْءُ لمبا ہونا النَّهَارُ دن کا بلند ہونا النَّبِيْذُ نبیذ کا سخت سرخ ہونا الرَّجُلُ زیرک ہونا السَّرَابُ دن کے ابتدائی حصہ میں بلند ہونا الحَبْلُ رسّی کا مضبوط ہونا (مَتْعًا و مُتْعًا) بِفُلَانٍ جھوٹ بولنا (مَتْعًا و مُتْعَةً) بِالشَّيْءِ لے جانا۔

مَتُعَ(ک) مَتَاعَةً الرَّجُلُ زیرک ہونا۔

مَتَّعَ الشَّيْءَ لمبا کرنا ہٗ اللهُ طویل عمر دینا۔ ہٗ اللهُ بِكَذَا مدت تک نفع اٹھانے دینا۔ الْمَرْأَةَ الْمُطَلَّقَةَ مطلقہ عورت کو متعہ دینا۔

اَمْتَعَهُ اللهُ بِكَذَا مدت تک نفع اٹھانے دینا۔ اور کہا جاتا ہے "اَبْقَاكَ اللهُ وَاَمْتَعَ بِكَ" یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے۔ اَمْتَعَ بِمَالِهٖ فائدہ اٹھانا عَنْ كَذَا بے نیاز ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَمْتَعَنِي بِفِرَاقِهٖ" اس نے اپنے فراق وجدائی کا سامان مجھے دیا۔

تَمَتَّعَ و اِسْتَمْتَعَ بِكَذَا و مِنْ كَذَا مدت تک فائدہ اٹھانا بِمَالِهٖ آسودگی کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔ تَمَتَّعَ حج تمتع کرنا۔

المَتْع و المُتْع مکر۔

المُتْعَة و المِتْعَة اسم ہے تَمْتِيْع کا۔ تھوڑا توشہ۔ تھوڑی خوراک۔ شکار یا کھانا جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَبْغِنِي مُتْعَةً اَعِيْشُ بِهَا" میرے لیے تھوڑی سی خوراک تلاش کرو جس سے زندگی بسر کر سکوں

المُتْعَة مشکیزہ، ڈول، رسّی۔ مُتْعَةُ الْمَرْأَةِ قمیص، ازار، چادر جو مطلقہ عورت کو دیا جائے اور اس کو مُتْعَةُ الطَّلَاقِ بھی کہتے ہیں۔ ج مُتَعٌ و مِتَعٌ

المَتَاع چاندی و سونے کے علاوہ سامانِ زندگی۔ ہر وہ چیز جس کو انسان پہنے یا بچھائے۔ ہر وہ چیز جس سے تھوڑا سا فائدہ اٹھایا جائے پھر فنا ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ" ج اَمْتِعَة جج اَمَاتِع و اَمَاتِيْع۔

اَلْمَاتِع ہر چیز کا لمبا۔ ہر چیز کا عمدہ۔ نہایت عمدہ۔ بہت سرخ شراب و سرکہ۔ جھکی ہوئی ترازو۔ مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ رَجُلٌ مَاتِعٌ افعال خیر میں کامل۔

مَتَكَ(ن) مَتْكًا الشَّيْءَ کاٹنا۔

مَاتَكَهٗ مُمَاتَكَةً فِي الْبَيْعِ بیع کی مہارت میں غالب ہونا۔

تَمَتَّكَ الشَّرَابَ گھونٹ گھونٹ پینا۔

المَتْك و المُتْك مکھی کی ناک۔ لیموں۔ سوسن۔ مَتْكُ الذُّبَابِ مکھی کی بیٹ۔

مَتَلَ(ن) مَتْلًا الشَّيْءَ ہلانا۔ زور سے ہلانا۔

مَتُنَ(ک) مَتَانَةً مضبوط و قوی ہونا۔ صفت مَتْنٌ و مَتِيْنٌ۔

مَتَنَ(ن) مُتُوْنًا بِالْمَكَانِ اقامت کرنا۔ الرَّجُلُ قسم کھانا۔ سفر کرنا بِفُلَانٍ پورے دن ساتھ چلنا الشَّيْءَ کھینچنا الْكَبْشَ مینڈھے کے بیضہ کو مع رگوں کے نکالنا ہٗ بِالسَّوْطِ کوڑے سے بہت مارنا۔

مَتَنَ(ن و ض) مَتْنًا وَامْتَتَنَ پیٹھ پر مارنا۔

مَتَّنَ الشَّيْءَ مضبوط بنانا الدَّلْوَ ڈول کو مضبوط باندھنا الْخَيْمَةَ خیمہ کو مضبوط کسنا الطَّعَامَ مصالحہ سے عمدہ بنانا لِمَنْ سَابَقَهٗ آگے بڑھنے والے سے یہ کہنا کہ فلاں مقام پر آگے بڑھ جاؤ اور میں تم سے آکر مل جاؤں گا۔

مَاتَنَ فُلَانًا ٹالنا۔ بہت دور کر دینا ہٗ فِي الشِّعْرِ مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا مُمَاتَنَةٌ" ان کے درمیان ہر چیز میں مقابلہ ہے "مَاتَنَ الرَّجُلَ" جیسا معاملہ اس کے ساتھ کیا گیا ہے ویسا ہی کرنا۔

تَمَاتَنَ الشَّاعِرَانِ فِي الشِّعْرِ باہم مقابلہ کرنا۔

المَتْن مص پیٹھ (مذکر و مؤنث) مَتْنُ الشَّيْءِ چیز کا ظاہری حصہ۔ مَتْنُ الْاَرْضِ زمین کا بلند و ہموار حصہ الطَّرِيْقِ راستہ کا وسط الْكِتَابِ کتاب کی اصل عبارت شرح و حاشیہ کے علاوہ اللُّغَةِ لغت کے اصول و قواعد اور اس کے مفردات۔ کہا جاتا ہے "سَارَ مَتْنَ النَّهَارِ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔ مَتْنَا الظَّهْرِ پیٹھ کے دونوں طرف کے پہلو ج مِتَان و مُتُوْن۔

المَتْنَة سخت و بلند زمین۔ مَتْنَةُ الظَّهْرِ پیٹھ کا پہلو۔ ج مِتَان و مُتُوْن۔

المَتِيْن مضبوط۔ قوی۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ

مَتِیْنٌ" مضبوط رسّی "وَرَایٌ مَتِیْنٌ و فِی رَایِہٖ مَتَانَۃٌ" سنجیدہ رائے۔ اس کی رائے میں سنجیدگی ہے اور متین اللہ تعالٰی کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے یعنی باری تعالٰی قوی و غالب ہے اس کو افعال میں مشقت اور کلفت لاحق نہیں ہوتی۔ ج مِتَان۔

اَلْمِتَان۔ دو ستونوں کے درمیان کا فاصلہ ج مُتُن۔

اَلتَّمْتِیْن س (والتِمْتَان) خیمہ کی رسیاں۔ ج تَمَاتِیْن۔

اَلْمَاتِن۔ فا۔ متن کتاب کا لکھنے والا۔

سَیْرٌ مُمَاتِن۔ سفر بعید۔ کہا جاتا ہے "سَارَ سَیْرًا مُمَاتِنًا" وہ تیز چلا۔

مَتِہَ (س) مَتَھًا۔ گمراہی میں مبتلا ہونا۔

مَتَہَ (ف) مَتْھًا الدَّلْوَ: ڈھول کھینچنا۔

تَمَتَّہَ۔ حیران ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ بغیر خوبی کے وصف کا طالب ہونا۔ تکبر کرنا۔ بعید ہونا۔ مبالغہ کرنا۔ گمراہی اور بیہودہ باتوں میں مشغول ہونا۔

تَمَاتَہَ عَنِ الشَّیْئِ: غفلت برتنا القَوْمُ: دور ہونا۔

مَتَا یَمْتُوْ مَتْوًا۔ الشَّیْئَ: کھینچنا۔ مَتَاہُ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

اَمْتٰی اِمْتَائً۔ بری چال چلنا۔ زیادہ رزق والا ہونا۔ بڑی عمر والا ہونا۔

تَمَتّٰی۔ لغت ہے تمطّی میں بمعنی انگڑائی لینا۔

مَتٰی۔ اسم استفہام ہے زمانہ کیلئے۔ اسم شرط ہے جملہ شرطیہ کے دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے مَتٰی اَضَعُ الْعِمَامَۃَ تَعْرِفُوْنِی۔

مَتٰی یَمْتِیْ مَتْیًا۔ الشَّیْئَ: کھینچنا۔

مَتَّ (ن) مَتًّا۔ العَظْمُ: ہڈی سے گودا بہہ جانا الزِقُّ والسِقَاءُ: ٹپکنا الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ آنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَمُتُّ" جبکہ کوئی موٹا آدمی آئے اور اس کی کھال پر موٹائی کی وجہ سے کچھ تیل کا سا اثر معلوم ہو۔ مَتَّ یَدَہٗ: رومال سے ہاتھ پونچھنا شَارِبَہٗ: مونچھ کی چکناہٹ کو ہاتھ سے پونچھنا

الْجُرْحَ: زخم سے پیپ اور مادہ فاسد کو صاف کرنا الْحَدِیْثَ: بات پھیلانا۔ نبتٌ مَثَّاثٌ: تر گھاس۔

مَثَجَ (ن) مَثْجًا الشَّیْئَ: ملانا فُلَانًا: کھلانا الْبِئْرَ: کنواں صاف کرنا بِالْعَطِیَّۃِ: بخشش کرنا۔

مَثَدَ (ن) مَثْدًا بَیْنَ الْحِجَارَۃِ: چھپ کر گھات میں بیٹھنا اور دیدبانی کرنا الرَّجُلَ: دیدبان مقرر کرنا۔

الْمَاثِد۔ فا۔ نگہبان۔ دیدبان۔

مَثَطَ (ن) مَثْطًا۔ ہاتھ سے زمین میں کسی چیز کو گاڑنا۔

مَثَعَتْ (ن س ف) مَثْعًا الْمَرْأَۃُ: عورت کا بری چال چلنا۔

تَمَثَّعَ۔ بجو کا چلنا۔

الْمَثْعَاء۔ بدبودار بجو۔

مَثَلَ (ن) مُثُوْلًا فُلَانًا: مانند ہونا القَمَرُ: ظاہر ہونا۔ غائب ہونا الرَّجُلُ: زمین سے چمٹنا۔ اپنی جگہ سے ہٹنا التِّمْثَالَ: مجسمے بنانا فُلَانًا بِفُلَانٍ: مشابہت دینا۔

مَثَلَ (ن ض) مَثْلًا و مُثْلَۃً بِالرَّجُلِ: عذاب دینا بِالْقَتِیْلِ: مثلہ کرنا۔ ناک، کان وغیرہ کاٹنا۔

مَثَلَ (ک ن) مُثُوْلًا بَیْنَ یَدَیْ فُلَانٍ: کسی کے سامنے کھڑا ہونا۔

مَثُلَ (ک) مَثَالَۃً۔ افضل ہونا۔

مَثَّلَ تَمْثِیْلًا الشَّیْئَ لِفُلَانٍ: ہو بہو تصویر بنانا الْحَدِیْثَ و بِالْحَدِیْثِ: بیان کرنا۔

مَثَّلَ بِفُلَانٍ عذاب دینا بِالْقَتِیْلِ: مثلہ کرنا الْمِثَالَ نمونہ بنانا التَّمَاثِیْلَ: مجسمے بنانا (تمثیلا و تِمْثَالًا) الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: مشابہت دینا۔

مَاثَلَہٗ مُمَاثَلَۃً۔ مشابہہ دینا۔ مَاثَلَہٗ بِفُلَانٍ: تشبیہ دینا۔

اَمْثَلَہٗ۔ فُلَانًا وَ بِہٖ: مانند بنانا الْحَاکِمُ فُلَانًا: قصاص میں قتل کرنا الْحَاکِمُ فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ: قصاص لینا۔

تَمَثَّلَ الْحَدِیْثَ و بِالْحَدِیْثِ: بیان کرنا الشَّیْئَ: مثال کا تصور کرنا لَہُ الشَّیْئُ: تصور ہونا بِالشَّیْئِ: مثال دینا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الْبَیْتُ مَثَلٌ یُتَمَثَّلُ بِہٖ" یہ شعر مثال ہے جس کی مثال دی جاتی ہے مِنْہُ: بدلہ لینا بَیْنَ یَدَیْہِ: سامنے کھڑا ہونا۔ تَمَثَّلَ مِثَالًا: نمونہ بنانا بِہٖ: مشابہ ہونا۔

اِمْتَثَلَ الْمَثَلَ و بِالْمَثَلِ: بیان کرنا الْاَمْرَ: فرمانبرداری کرنا الشَّیْئَ: نمونہ پر بنانا الطَّرِیْقَۃَ پے روی کرنا مِنَ الْقَاتِلِ: قصاص لینا۔

تَمَاثَلَ الشَّیْئَانِ: باہم مشابہ ہونا العَلِیْلُ مِنْ عِلَّتِہٖ: بیمار کا اچھے ہونے کے قریب ہونا۔

الْمِثْل۔ شبہ۔ نظیر۔ مشابہ۔ ج اَمْثَال (مذکر ومؤنث واحد تثنیہ جمع سبھی کیلئے آتا ہے) کہا جاتا ہے "ھُوَ و ھِیَ و ھُمَا و ھُمْ و ھُنَّ مِثْلُہٗ" اور مھم اَمْثَالُھُمْ بھی بولا جاتا ہے۔ و "فُلَانٌ مُسْتَرَادٌ لِمِثْلِہٖ" یعنی اس کے مانند طلب کیا جاتا ہے اور اس پر بخل کیا جاتا ہے اور ایسا ہی ہے "ھُوَ مُسْتَرَادَۃٌ لِمِثْلِھَا"

الْمَثَل۔ مشابہ۔ نظیر۔ (لغت ہے مثل میں) صفت۔ بات۔ کہاوت۔ (کہاوت کے الفاظ میں کسی قسم کا تغیر نہیں ہوتا) عبرت۔ دلیل۔ ج اَمْثَال۔

الْمُثْلَۃ۔ آفت۔ ناک یا کان کاٹنا۔ الْمُثْلَۃ والْمَثُلَۃ: سزا۔ عذاب۔ الْمَثُلَۃ اُمم ماضیہ کی عبرتناک سزائیں۔ ج مَثُلَات۔

المِثَال۔ مقدار۔ شبہ۔ قصاص۔ بستر۔ چیز ج اَمْثِلَۃ و مُثُل و مُثْل۔

المَثَالَۃ۔ فضیلت۔ اچھی حالت۔

الْاُمْثُوْلَۃ۔ شعر جو مثال میں پیش کیا جائے ج اَمَاثِیْل و اُمْثُوْلَات۔

اَلْمِثَالِیَّۃُ: ایک فلسفی مذہب جو چیزوں کی حقیقت کا انکار کرتے ہیں بقول ان کے یہ خیالی چیز ہے۔

اس کو اَلْعِنَادِیَّۃُ بھی بولتے ہیں۔

اَلتَّمَثُّلُ والتَّمْثِیْلُ فِی الْغِذَاءِ: غذا کی اصل صورت تبدیل ہو کر دوسری غذائیت والی شکل

بنا۔
التِمْثَال. تصویر۔ مجسمہ۔ ج تَمَاثِیْل.
المِثِیْل. شبیہ۔ نظیر۔ عمدہ۔ ج مُثُل.
المَاثِل. فا۔ ج مَثَلٌ جیسے خَادِم و خَدَم مِنَ الرُّسُوْمِ: مٹا ہوا نشان۔ کہا جاتا ہے مَثَلٌ مَاثِل.
المَاثِلَة. ماثل کا مؤنث۔ چراغ دان۔ ڈیوٹ۔
الاَمْثَل. افضل۔ ج اَمَاثِل و مُثُل. مؤنث مُثْلٰی. اَمَاثِلُ القَوْمِ: قوم کے برگزیدہ لوگ۔ الطَّرِیْقَةُ: المُثْلٰی: اشبہ بالحق طریقہ۔ اور کہا جاتا ہے اَلْمَرِیْضُ الیَوْمَ اَمْثَلُ: مریض کی حالت آج اچھی ہے۔
مَثِنَ(س) مَثَنًا. مثانہ میں پیشاب نہ رکنا۔ صفت اَمْثَنُ و مَثِنٌ. مؤنث مَثْنَاء و مَثِنَةٌ.
مَثَنَ(ن ض) مَثْنًا الرَّجُلَ: مثانہ پر مارنا۔
مُثِنَ مَثْنًا. مثانہ کی بیماری والا ہونا۔ صفت مَمْثُوْنٌ و مَثِیْنٌ.
المَثَانَة. پیشاب جمع ہونے کی جھلی۔ بچہ دانی۔ ج مَثَانَات.
مَجَّ(ن) مَجًّا الشَّرَابَ او الشَّیْئَ و بہ مِنْ فَمِهٖ: کلی کرنا۔ اور بطور استعارہ کے کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ تَمُجُّهُ الْاَسْمَاعُ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس کو کان سننا نہیں چاہتے۔
مَجَّجَ العِنَبُ: انگور کا پک کر میٹھا ہونا۔
اَمَجَّ العُوْدُ: لکڑی میں تری ہونا۔ الفَرَسُ: دوڑنے لگنا الرَّجُلُ: ملک میں پھرنا۔
اِنْمَجَّ. ٹپکنا۔
المَجّ. س۔ ماش کے دانے۔
المَاجّ. فا۔ جس کی بڑھاپے کی وجہ سے رال ٹپک رہی ہو۔ ج مُجَّاج و مَاجُوْج.
المَجَّاج. ٹہنی۔ شاخ۔
المُجَاج. تھوک۔ ماش کے دانے۔ مُجَاجُ النَّحْلِ شہد۔ مُجَاجُ العِنَبِ: شراب۔ مُجَاجُ المزن: بارش۔ کہا جاتا ہے "خبز مُجَاجًا" اس نے چینا کی روٹی پکائی۔

المُجَاجَة. تھوک۔ مُجَاجَةُ الشَّیْءِ: نچوڑ۔
المَجَج. باچھوں کا ڈھیلا ہونا۔ انگوروں کی پختگی۔
المَجَّاج. بہت کلی کرنے والا۔ کاتب۔
المَجّ. پتھر پر شہد کے نقطے۔
المَجَّة. مجّ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فِی الْاِنَاءِ اِلَّا مَجَّةٌ" برتن میں صرف کلی کے لائق پانی باقی رہا۔
المُجُج. شہد کی مکھیاں۔ مست لوگ۔
مَجَحَ(ف) مَجْحًا و مَجِحَ(س) مَجَحًا و تَمَجَّحَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ مَجَحَ الدَّلْوَ فِی البِئْرِ: ڈول کو کنوئیں میں حرکت دینا۔
المَجَّاح. متکبر۔
مَجَدَ(ن) مَجْدًا. بزرگوار ہونا فُلَانًا: بزرگی میں غالب ہونا الرَّاعِی الْاِبِلَ: چارے سے سیر کرنا۔
مَجَدَتْ(ن) مَجْدًا و مُجُوْدًا. الْاِبِلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا۔ صفت مَاجِدَة. ج مواجد و مُجَّد و مُجُد.
مَجُدَ(ک) مَجَادَةً. بزرگوار ہونا۔ صفت مَاجِد و مَجِیْد. ج اَمْجَاد.
مَجَّدَ و اَمْجَدَ. فُلَانًا: تعظیم کرنا۔ تعریف کرنا۔ بزرگی کی طرف نسبت کرنا العَطَاءَ: بہت بخشش کرنا لِفُلَانٍ مِنْ كَذَا: زیادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَمْجَدَهُ ذَمًّا و سَبًّا" اس نے اس کی بہت برائی کی بہت گالی دی "و نَزَلُوْا بِهِمْ فَاَمْجَدُوْهُمْ قِرًی" وہ لوگ ان کے مہمان ہوئے اور انہوں نے خوب خاطر تواضع کی۔ اَمْجَدَتِ الْاِبِلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا فُلَانٌ وَلَدَهُ و لِوَلَدِهٖ: بہترین ماؤں کا انتخاب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ قَوْمٌ اَمْجَدَهُمْ اَبُوْهُمْ" یہ لوگ وہ قوم ہیں جن کے باپ نے بہترین ماؤں کا انتخاب کیا ہے۔ اَمْجَدَ و مَجَّدَ الرَّاعِی الْاِبِلَ: چارے سے سیر کرنا۔

مَاجَدَهُ مِجَادًا و مُمَاجَدَةً. بزرگی میں مقابلہ کرنا۔
تَمَجَّدَ. بڑا بننا۔
تَمَاجَدَ. باہم فخر کرنا۔ بزرگی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاجَدُوْا فِیْمَا بَیْنَهُمْ" انہوں نے باہم فخر کیا۔
اِسْتَمْجَدَ. بزرگی طلب کرنا۔ عمدہ صفات میں ممتاز ہونا۔
المَجْد. س۔ عزت۔ بلندی۔ بلند زمین۔ ج اَمْجَاد.
المَاجِد. فا۔ بزرگی والا۔ اچھے اخلاق والا۔ شَیْءٌ مَاجِدٌ: بہت چیز۔ مؤنث مَاجِدَة. ج مَوَاجِد.
الاَمْجَد. اسم تفضیل۔ ج اَمَاجِد.
المَجِیْدِیّ. چاندی کا ایک سکہ۔ جو سلطان عبدالمجید کی طرف منسوب ہے۔
مَجَرَ(ن) مَجْرًا. پیاسا ہونا۔
مَجِرَ(س) مَجَرًا مِنَ المَاءِ و نَحْوِهٖ: پیٹ بھرنا اور سیراب نہ ہونا۔
مَجِرَت و اَمْجَرَتِ الشَّاةُ: پیٹ میں بچے کے بڑے ہونے کی وجہ سے لاغر اور بوجھل ہونا اور اٹھ نہ سکنا۔
مَاجَر مِجَارًا و مُمَاجَرَةً و اَمْجَر فُلَانًا فِی البَیْعِ: زیادہ لینا۔ سود لینا۔
المَجْر. س۔ اونٹ اور بکری کے پیٹ کا بچہ۔ پیٹ کے بچہ کا خریدا جانا۔ بڑا لشکر۔ جوا۔ زیادتی اور سود۔ ہر چیز کا بہت۔ عقل۔
المجر. س ملک ہنگری۔ ملک ہنگری کے رہنے والے سونے کے سکہ کی ایک قسم بکری کے پیٹ میں بچہ کی بڑائی۔
شَاةٌ مَجِرَةٌ. پیٹ میں بچہ کے بڑے ہونے کی وجہ سے دبلی بکری۔
الاَمْجَر. دبلے جسم بڑے پیٹ والا۔
المِجَار. اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔
المُمْجِر مِنَ النِّسَاءِ: جڑواں بچے جننے والی عورت۔ ج مَمَاجِر.
مَجَّسَهُ: مجوسی بنانا۔

تَمَجَّس. مجوسی ہونا۔
المَجُوس. آتش پرست یا آفتاب پرست واحد مَجُوسِي. اور مجوسی کا اطلاق کبھی جادوگر اور فلسفی پر بھی ہوتا ہے۔
المَجُوسِيَّة. المجوسیّ کا مؤنث۔ آتش پرستی یا آفتاب پرستی۔
مَجَعَ (ن مَجْعًا و مَجْعَةً و اِمتجع و تَمَجَّع. کھجوریں کھانا اور دودھ پینا۔
مَجِعَ (س) و مَجُعَ (ک) مَجَاعَةً. مخول کرنا۔ بے شرم ہونا۔
مَاجَعَهُ مُمَاجَعَةً. باہم مخول کرنا۔
مَجَّعَ تَمْجِيعًا. کھجور دودھ ملا ہوا کھلانا۔
اَمْجَعَ الْفَصِيلَ: اُونٹ کے بچے کو برتن سے دودھ پلانا۔
تَمَاجَعا. باہم مخول کرنا۔
المِجْع والمَجْع والمُجْعَة. جاہل۔
بیوقوف المِجْع: مخول کرنے والا۔
المَجْعَة والمِجْعَة والمُجْعَة والمَاجِعَة مخول کرنے والی بے حیا عورت۔
المُجْعَة والمِجْعَة. جاہل عورت۔
المَجَّاع والمَجَّاعَة والمُجَّاعَة. مخول کرنے والا۔ بے حیا۔
المَجِيع. کھجور دودھ ملا ہوا کھانا۔
المُجَاعَة. کھجور دودھ ملے ہوئے کھانے کا بقیہ۔
مَجَلَتْ (ن مَجْلًا و مُجُولًا و مَجِلَتْ (س) مَجَلًا و اَمْجَلَتْ يَدُهُ: کام کرنے سے آبلہ پڑنا (عوام بَقْبَقَتْ يَدُهُ) کہتے ہیں اَمْجَلَ الْعَمَلُ يَدَهُ: آبلہ ڈالنا۔
تَمَجَّلَ رَاسُهُ قَيْحًا دَمًا: خون پیپ سے بھرنا۔
المَاجِل. فا۔ پہاڑ کے دامن اور وادی کا پانی۔
المَجْل. س۔ آبلہ۔
المَجْلَة. آبلہ ج مِجَال و مَجْل (عوام بَفْرَقَة کہتے ہیں)
مَجَّ الْكِتَابَ: بے نقطہ اور بے اعراب کے لکھنا حَدِيثَهُ: صاف نہ بیان کرنا۔

المَجْمَاج. ڈھیلا ڈھالا۔ بہت اور موٹے گوشت والا۔
مَجَنَ (ن مُجُونًا. الشَّيْءُ: موٹا اور سخت ہونا۔ (مُجُونًا و مُجْنًا و مَجَانَةً) مخول کرنا اور بے حیا ہونا۔ صفت مَاجِن ج مُجَّان.
تَمَاجَنَ. باہم مخول کرنا۔
تَمَجَّنَ. بتکلف مخول کرنا۔ مخول کرنے والے کا سا عمل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَجَّنَ فِي كَلَامِهِ" اس نے اپنی گفتگو میں مخول کیا۔
المِجَّان. بہت مخول کرنے والا۔ بہت کافی کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَجَّانٌ" کافی اور بہت پانی۔
المَجَّان: مفت۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ او فَعَلَهُ مَجَّانًا" اس نے مفت لیا یا کیا "وَهٰذَا الشَّيْءُ لَكَ مَجَّانٌ" یہ چیز تمہارے لیے مفت ہے۔
يُوَزَّعُ مَجَّانًا وَلَا يُبَاعُ: مفت تقسیم کیا جائے بیچا نہ جائے۔
طَرِيقٌ مُمَجَّنٌ. لمبا راستہ۔
المُمَاجِن. اُونٹنی جو باوجود بہت جفتی ہونے کے حاملہ نہ ہو۔
المَنْجَنُون. رہٹ۔ بڑے ڈول کی چرخی۔ زمانہ۔ ج مَنَاجِين.
مَحَّ (ف ن مَحًّا و مَحَحًا و مُحُوحًا و مُحُوحَةً و اَمَحَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا الْاَثَرُ: نشان کا مٹنا الدَّارُ: گھر کا بے نشان ہونا۔
المَحُّ والمَاحُّ. پرانا کپڑا۔
المُحّ. خالص (والمُحَّة) انڈے کی زردی۔
المُحَاح. بھوک۔
الامَحّ. موٹا۔
المَحَّاح. بڑا جھوٹا۔ صرف باتوں سے خوش کرنے والا۔
مَحُتَ (ک مَحَاتَةً الْيَوْمُ: دن کا گرم ہونا۔
مَحَتَ (ف مَحْتًا فُلَانًا: غضبناک کرنا۔
المَحْت. گرم دن۔ ہر چیز میں کا سخت۔ عقلمند۔ تیز خاطر۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ

عَرَبِيٌّ مَحْتٌ بَحْتٌ" وہ خالص عربی ہے ج مُحَتَاء و مُحُوت.
مَحَجَ (ف مَحْجًا. الرَّجُلُ: تیز چلنا العُوْدَ او اللَّحْمَ: لکڑی یا گوشت چھیلنا اللَّبَنَ: دودھ بلونا الجِلْدَ: کھال کو نرم کرنے کے لیے ملنا الدَّلْوَ: کنوئیں میں ڈول کو ہلانا شَيْئًا عَنْ شَيْءٍ: پونچھنا الرِّيحُ الْاَرْضَ: غبار اڑا لے جانا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَحِجَ (س مَحَجًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔
مَاحَجَهُ مِحَاجًا و مُمَاحَجَةً. ٹال مٹول کرنا۔
المَحَّاج. بڑا جھوٹا۔
المَحَارِق. ح ورکو دیکھو۔
مَزَّاهُ تَمْزِيَةً. تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔ کہا جاتا ہے "مَزَّيْتُ مَتَاعَهُ حَتّٰى نَفَقْتُهُ لَهُ" میں نے اس کے سامان کی تعریف کی یہاں تک کہ اس کو رائج کر دیا۔

تَمَازَى الْقَوْمُ: قوم میں سے ہر ایک کا اپنی فضیلت کا دعوی کرنا۔

الْمَزْوُ والْمَزِيَّة. ج مَزَايَا والْمَازِيَة. ج مَازِيَات. علم۔ کرم۔ شجاعت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے امتیاز ہو جائے۔ خوبی۔ عمدگی۔

مَزِيَ يَمْزٰى. تکبر کرنا۔

مَزّٰى تَمْزِيَةَ الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ عَنِّي مَازِيًا و مُتَمَازِيًا" یعنی مجھ سے دور مخالف ہو کر بیٹھا۔

الْمُزْأَة. سرکش لوگ۔ مفرد مَازٍ

الْمَازِيَة. ج مَازِيَات. والْمَزِيَة. ج مَزَايَا. علم۔ کرم۔ شجاعت، شرافت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے ممتاز ہو جائے۔

الْمَزِيّ. مرد نوش طبع۔ زیرک۔

مَسَّ (ن س) مَسًّا و مَسِيْسًا و مِسِّيْسَى الشَّيْءَ: چھونا۔ پہنچنا الْمَرَضُ او الْكِبَرُ فُلَانًا: لاحق ہونا۔ مَسَّتِ الْحَاجَةُ اِلَى كَذَا مجبور کرنا مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ. شیطان نے مجھ کو ایذا و تکلیف پہنچائی۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَّتْ فُلَانًا مَوَاسُّ الْخَيْرِ او الشَّرِّ" یعنی فلاں کو خیر یا شر پیش آئے۔ "ومَسَّت بِكَ رَحْمٌ فُلَان" جبکہ تم دونوں کے درمیان قرابت قریبہ ہو۔

مُسَّ مَسًّا. جنون لاحق ہونا۔ صفت مَمْسُوْس. مَاسَّهُ مُمَاسَّةً و مِسَاسًا. چھونا۔ جماع کرنا۔

اَمَسَّهُ الشَّيْءَ: چھوانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَمَسَّ وَجْهَهُ الْمَاءَ او بَدَنَهُ الطِّيْبَ" چہرہ پر پانی لگایا یا بدن پر خوشبو۔

تَمَاسَّ الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کو چھونا۔

الْمَاسّ فا۔ حَاجَةٌ مَاسَّةٌ: شدید حاجت اور کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ رَحِمٌ مَاسَّةٌ" ان کے درمیان قرابت قریبہ ہے۔

مَسَاسِ. اسم فعل بمعنے امر یعنی تومہ چھو۔ اور کہا جاتا ہے لَا مَسَاسِ یعنی مت چھو۔

الْمَسُوْس مِنَ الْمَاءِ: پانی جو ہاتھوں سے لیا جا سکے۔ میٹھا صاف پانی۔ کھاری پانی۔ پیاس دور کرنے والا پانی۔ كَلَأٌ مَسُوْس: چرنے والے جانوروں کے لیے مفید گھاس۔

الْمَسِيْسَة: ایک حلوی کا نام۔

الْمِسّ. تانبا۔

الامَسّ. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَمَسّ مِنْ ذَاكَ بِكَذَا"۔

الْمَاسُوْس والْمَسُوْس. پاگل۔ مجنون۔ دیوانہ۔

مَسِيْسُ الْحَاجَة: حاجت کا مجبور کرنا۔

الْمَسَّاس بہت چھونے والا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ رَحِمٌ مَسَّاسَةٌ" یعنی ان کے درمیان بہت زیادہ قرابت قریبہ ہے۔

مَسَأَ (ف) مَسْأً و مُسُوْءًا. بیباک ہونا الْمَاشِي: دیر کرنا الْحَقَّ: حق کو دیر میں ادا کرنا الطَّرِيْقَ: راستہ کے درمیان میں چلنا۔ عَلَى الشَّيْءِ: عادی ہونا الرَّجُلَ بِالْقَوْلِ وَغَيْرِهِ: کسی کو گفتگو سے نرم کر دینا۔ دھوکا دینا (وَاَمْسَأَ) بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔

تَمَسَّأَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

مَسَحَ (ف) مَسْحًا الشَّيْءَ: پونچھنا۔ مریض کے لیے دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَسَحَ اللهُ مَابِكَ مِنْ عِلَّةٍ" یعنی اللہ تعالی تمہیں عافیت دیں اور مرض کو زائل کر دیں ہٗ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا ہٗ بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا ذَوَائِبَ الْمَرْأَةِ: کنگھی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَحَهُ او مَسَحَ رَاسَهُ" یعنی اس نے فریب دینے کیلئے نرم باتیں کیں۔ "مَسَحَ الْقَوْمَ قَتْلًا" قوم کو خوب اچھی طرح قتل کیا "و مَسَحَهُ الله" اللہ نے اس کو مبارک پیدا کیا۔ اللہ نے اس کو ملعون پیدا کیا۔ مَسَحَ فُلَانًا: مارنا۔ عُنُقَهُ: گلا کاٹنا الْاِبِلَ: اُونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا السَّيْفَهُ: تلوار سونتنا الْمَرْأَةَ: جماع کرنا۔

مَسَحَ (ف) مَسْحًا و مِسَاحَةً: پیمائش کرنا (مَسْحًا و تَمْسَاحًا) جھوٹ بولنا۔

مَسَحَ (ف) مُسُوْحًا فِي الْاَرْضِ: جانا۔

مَسِحَ (س) مَسَحًا. کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے رانوں کا چھل جانا۔

مُسِحَ بِالْعِتْقِ او الْكَرَمِ: کسی پر شرافت یا کرم کا اثر ہونا۔

مَسَّحَ الشَّيْءَ: پونچھنا۔ مَسَّحَهُ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا مَسَّحَ فُلَانًا: فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا الْاِبِلَ: اُونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا۔

مَاسَحَهُ مُمَاسَحَةً. فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا۔ مصافحہ کرنا هُ عَلَى كَذَا: معاہدہ کرنا۔

تَمَسَّحَ بِالْمَاءِ و مِنَ الْمَاءِ: غسل کرنا

الشَّيَّ: پونچھنا۔ و تَمَسَّحَهُ بِالْمَاءِ او الدُّهْنِ: نہلانا یا تیل ملنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَمَسَّحُ بِهِ"، فلاں اس کی بزرگی کی وجہ سے برکت حاصل کرتا ہے۔

تَمَاسَحَا. اتفاق کرنا۔ خرید و فروخت کرنے میں ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاسَحُوْا عَلٰی کَذَا" یعنی فلاں چیز پر سبھوں نے عہد و پیمان کیا "والتَقَوْا فَتَمَاسَحُوْا" وہ سب ملے اور باہم مصافحہ کیا۔

اِمْتَسَحَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

المِسْحُ. ٹاٹ۔ کمبل۔ اونی لباس جس کو زاہد لوگ تقشف کی بناء پر پہنا کرتے تھے۔ راستہ کا وسط ج اَمْسَاح و مُسُوْح۔

المَسْحَةُ. مسح کا اسم مرۃ۔ گیلے ہاتھ کا نشان۔ اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "عَلَيْهِ مَسْحَةٌ مِنْ جَمَالٍ او هُزَالٍ" اس کے اوپر جمال یا لاغری کا کچھ اثر ہے۔

المَسَحُ. مص۔ کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش۔

المِسَاحَةُ. مصدر يَمْسَحُ الْاَرْضَ کا اسم ہے عِلْمُ الْمِسَاحَةِ: وہ علم ہے جس میں مقادیر خطوط و سطوح و اجسام سے بحث کرتے ہیں۔

المَسِيْحُ. تیل لگا ہوا۔ ج مُسَحَاء و مَسْحٰی. لقب حضرت عیسیٰ کا۔ بہت سیاحت کرنے والا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ پسینہ۔ بہت سچا۔ کانا۔ گز۔ بہت جھوٹا۔ خوبصورت۔ بدصورت۔ بہت جماع کرنے والا مِنَ الدَّرَاهِمِ: گھسا ہوا درہم۔

المَسِيْحِيُّ. حضرت عیسیٰ کا تابع۔

المَسِيْحَةُ. سر کے دونوں جانب کے بال۔ گیسو۔ کنپٹی اور پیشانی کا درمیان۔ کمان۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج مَسَائِح۔

المَاسِحُ. فا۔ بڑا جھوٹا۔ بہت قتل کرنے والا۔

المَاسِحَةُ. الماسح کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی کرنے والی۔ ج مَوَاسِح۔

المَسَّاحُ. زمین کی پیمائش کرنے والا۔

المِسِّيْحُ. بڑا سیاح۔

الاَمْسَحُ. کھردرے کپڑے کی رگڑ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش والا۔ ہموار تلوے والا۔ بڑا جھوٹا مِنَ الْاَرْضِ: ہموار زمین ج اَمَاسِح: بڑا سیاح۔ کانا۔ مؤنث مَسْحَاء۔

المَسْحَاءُ. کنکریوں والی ہموار زمین۔ سرخ زمین۔ ج المِسَاح والمَسَاحِي: چھوٹے پستانوں والی عورت۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ مَسْحَاءُ الثَّدْيِ"۔

التِمْسَحُ. بڑا جھوٹا۔ فریب دینے کیلئے نرم بات کہنے والا۔ بڑا سرکش (والتِمْسَاح) مگرمچھ ج تَمَاسِح و تَمَاسِيْح۔

المِمْسَحُ والمِمْسَحَةُ جس سے پونچھا جائے۔

مَسَخَهُ (ف) مَسْخًا. بری صورت میں بدل دینا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "مَسَخَهُ اللّٰهُ قِرْدًا" اللہ نے اس کو بندر کی صورت میں بدل دیا۔

صفت مفعول مَسْخٌ و مَسِيْخٌ ج مُسُوْخ الكَاتِبُ: لکھنے میں بہت غلطی کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو لاغر کرنا الطَّعَمَ اللَّحْمَ: گوشت کو بے مزہ کرنا۔

اَمْسَخَ الوَرَمُ: ورم کا تحلیل ہونا۔

تَمَسَّخَ الغَزْلُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمَّسَخَتْ و اِنْمَسَخَتِ العَضُدُ: کم گوشت والا ہونا۔ اسم المَسَخ۔

اِمْتَسَخَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

المَاسِخِيُّ. کمان ساز۔

المَسِيْخُ. بدشکل مِنَ الطَّعَامِ بے مزہ یا بے نمک۔ بیوقوف۔

الاُمْسُوْخُ. ایک قسم کی نباتات جس کا دانہ چنے کے برابر ہوتا ہے۔

المَمْسُوْخُ. مث فَرَسٌ مَمْسُوْخٌ: سرین پر کم گوشت والا گھوڑا۔

اَلْمَسْخُ: اقسام تناسخ سے ہے۔ اس کے قائلین کا نظریہ ہے کہ حیوان ناطق (انسان) کا بدن غیر ناطق حیوان کے بدن سے مناسب اوصاف حاصل کر لیتے ہیں۔ جیسے اسد لفظ سے انسان میں شجاعت آ جاتی ہیں۔ ارنب (خرگوش) کے لفظ سے بزدلی آجاتی ہے۔

اَلْمَسْخَرُ ج مَسَاخِرُ: وہ شخص جس سے مذاق کیا جائے۔ اسی سے فعل: تُمُسْخِرَ عَلَيْهِ: اس سے مذاق کیا گیا اسی سے مساخر وہ کھیل و تماشے جو عید کے ایام میں کھیلے جاتے ہیں۔

مَسَدَ (ن) مَسْدًا الحَبْلَ: رسی بٹنا یا مضبوط بٹنا فِي السَّيْرِ: تھکانا۔

مَسِدَ البَطْنُ: پیٹ کا نرم و ہموار ہونا۔

مَسَّدَ الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ: سختی سے ہاتھ پھیرنا۔

المَسَدُ. کھجور کے ریشہ کی رسی۔ یا مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ کھجور کا ریشہ۔ لوہے کا دُھرا۔ ج مِسَاد و اَمْسَاد۔

المِسَادُ. شہد کا مشکیزہ۔ درشتگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْسَنُ مِسَادِ شَعْرٍ مِنْكَ" اس کے بالوں کی درشتگی تیرے بالوں سے اچھی ہے۔

المَمْسُوْدُ مث رَجُلٌ مَمْسُوْدٌ: گٹھے بدن کا مرد۔

سَاقٌ مَسْدَاءُ. اچھی ہموار پنڈلی۔

مَسَطَ (ن) مَسْطًا انگلی ڈال کر آنت میں سے نکالنا الثَّوْبَ: تر کرنا۔ پھر نچوڑنا فُلَانًا بِالسِّيَاطِ: کوڑے سے مارنا السِّقَاءَ: مشکیزہ سے جما ہوا دودھ انگلی سے نکالنا۔

المَاسِطُ. فا۔ کھاری پانی جو پیٹ کو صاف کر دے۔ ایک قسم کی گھاس جو گرمی کے زمانہ میں ہوتی ہے کہ جب اس کو اونٹ چرتا ہے تو اس کا پیٹ صاف ہوتا ہے۔

المَسِيْطُ. گارا۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔

المَسِيْطَةُ. گدلا پانی۔ تھوڑا پانی بہانے والی وادی۔

اَلْمِسَحُ شمالی ہوا۔
اَلْمَسْعِیُّ بہت سیر وسفر کرنے والا مرد۔
اَمْسَغَ و اِمْتَسَغَ الرَّجُلُ علیحدہ ہونا۔
مَسَكَ (ن ض) مَسْكًا چمٹنا۔ متعلق ہونا۔ بِالنَّارِ زمین میں گڑھا کھود کر راکھ سے آگ کو دبا دینا۔
مَسُكَ (ک) مَسَاكَةً السِّقَاءُ مشکیزہ کا پانی کو گرنے نہ دینا۔
مَسَّكَ بِهِ چمٹنا۔ مَسَّكَهُ مشک سے خوشبو دار کرنا۔
اَمْسَكَهُ روکنا۔ اَمْسَكَ بِهِ چمٹنا الشَّیْءَ عَلٰی نَفْسِهِ اپنے لیے حفاظت کرنا اللّٰهُ الْغَیْثَ بارش روکنا عَنِ الْاَمْرِ رکنا۔ باز رہنا عَنِ الْكَلَامِ خاموش رہنا۔
تَمَسَّكَ و تَمَاسَكَ و اِمْتَسَكَ بِهِ چمٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا تَمَاسَكَ اَنْ قَالَ كَذَا" یعنی وہ فلاں بات کہنے سے نہیں رکا۔ "وَ غَشِیَنِیْ اَمْرٌ مُقْلِقٌ فَتَمَاسَكْتُ" میرے اوپر ایک رنجیدہ معاملہ آ پڑا اس لیے میں رک گیا۔ "وَمَا بِهِ تَمَاسُكٌ" اس کے اندر کوئی خیر نہیں "وَامْتَسَكَ فِی الْبَلَدِ" وہ شہر میں ٹھہر ا رہا۔
اِسْتَمْسَكَ بِهِ چمٹنا عَنْ كَذَا باز رہنا بَوْلُهُ پیشاب بند ہونا الرَّجُلُ عَلٰی رَاحِلَتِهِ جم کر بیٹھنا۔
اَلْمَسْكُ س۔ کھال۔ ج مُسُكٌ و مُسُوْكٌ۔ ایک ٹکڑے کو "مَسْكَة" کہتے ہیں۔
اَلْمَسَكُ پانی روکنے کا بند۔ زمین کے طبقات۔ ہاتھی دانت یا ہڈی کے کنگن یا پازیب۔ کچھوے کی کھال۔ مچھلی کی ہڈی۔ واحد مَسَكَةٌ۔
اَلْمُسْكُ بقاء بدن کے مقدار کھانا پانی عقل کامل۔
اَلْمِسْكُ مشک۔ کستوری۔ یہ ایک جانور کا خون ہے جو اس کی ناف میں جمع ہوتا ہے اور اس جانور کو غَزَالُ الْمِسْكِ کہتے ہیں اور مشک کے ٹکڑے کو مِسْكَة کہتے ہیں۔ ج مِسَكٌ۔
مِسْكُ الْبَرِّ و مِسْكُ الْجِنِّ دو قسم کی نباتات۔ لفظ مِسْك فراء کے نزدیک مذکر ہے اور دوسرے ائمہ لغت کے یہاں مذکر و مؤنث دونوں۔
اَلْمُسْكَةُ جس سے تعلق کیا جائے۔ بقاء بدن کی مقدار کھانا پانی۔ عقل تام ورائے کامل۔ سخت کنواں جس میں من بنانے کی ضرورت نہ ہو ج مُسَك کہا جاتا ہے "مَافِيهِ مُسْكَةٌ" یعنی اس میں کوئی خیر نہیں "وَلَيْسَ لِاَمْرِهِ مُسْكَةٌ" یعنی اس امر کے لیے کوئی اصل نہیں جس پر اعتماد کیا جائے۔ "وَفِيهِ مُسْكَةٌ مِنْ خَيْرٍ" اس کے اندر خیر کا کچھ بقیہ ہے۔ "وَمَا فِی سِقَائِهِ مُسْكَةٌ مِنْ مَاءٍ" اس کے مشکیزہ میں تھوڑا سا بھی پانی نہیں۔
اَلْمُسُكَةُ و الْمُسْكَةُ بخل۔
اَلْمُسَكَةُ بخیل۔ وہ شخص جو کسی چیز سے چمٹے تو اس سے چھٹکارا نہ پا سکے۔ وہ شخص کہ جب کوئی اس کے مقابل ہو تو وہ بھاگ کھڑا ہو۔ ج مُسَك۔
اَلْمَسَاكُ پانی روکنے کا بند۔ بخل۔
اَلْمِسَاكُ بخل۔ روکنے والی چیز۔ تلوار وغیرہ کا دستہ اور کہا جاتا ہے "مَافِيهِ مِسَاكٌ" یعنی اس کے اندر خیر نہیں۔
اَلْمَسَاكَةُ و الْمِسَاكَةُ بخل۔
اَلْمَسَاكَاتُ وہ مقامات جہاں پانی کی حفاظت کی جائے۔
اَلْمُسْكَانُ بیعانہ۔ ج مَسَاكِيْن۔
اَلْمِسْكِيْن و الْمَسْكَنَة دیکھو مادہ سکن۔
اَلْمُسُكُ و الْمَسَّاكُ و الْمُمْسِكُ بخیل۔
اَلْمَسِيْكُ ج مُسُكٌ و الْمِسِّيْكُ بخیل۔ کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ مَسِيْكٌ و مِسِّيْكٌ" مشک جو پانی کو روکے بہنے نہ دے۔ "وَمَا فِيهِ مَسِيْكٌ" اس کے اندر خیر نہیں۔
اَلْإِمْسَاكُ مص۔ بخل۔
اَلْمَسِيْكَةُ و الْاَرْضُ الْمَسِيْكَةُ زمین جو سختی کی وجہ سے پانی کو جذب نہ کرے۔
اَلْمَسِيْكَةُ و الْمِسْكِيَّةُ ایک قسم کی نباتات۔
مَسَلَ (ن) مَسْلًا الْمَاءُ پانی بہنا۔
اِمْتَسَلَ السَّيْفَ تلوار سونتنا۔
اَلْمَسَلُ پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَمْسِلَةٌ و مُسُلٌ مُسْلَانٌ و مَسَائِلُ۔
مُسَالَا الرَّجُلِ مرد کے دونوں بازو یا داڑھی کے دونوں جانب یا مرد کے دونوں پہلو۔
مَسَالَةُ الْوَجْهِ حسن کے ساتھ چہرے کی لمبائی۔
اَلْمَسِيْلُ بہاؤ۔ دودھ وغیرہ کا آبی حصہ۔ تر ٹہنی۔ ج مُسُلٌ و اَمْسِلَةٌ۔ مَسِيْلُ الْمَاءِ پانی بہنے کی جگہ۔ س ی ل کے مادہ میں مذکور ہے۔
مُسْمِسَ مَسْمَسَةً و مِسْمَاسًا الْاَمْرُ مختلط ہونا۔ ملتبس ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَمْرِهِ فِی مِسْمَاسٍ" وہ اپنے معاملہ میں اشتباہ میں ہے۔
مُسْمِسَ الرَّجُلُ جنونی کیفیت لاحق ہونا۔
اَلْمِسْمَاسُ ہلکا۔
مَسَنَ (ن) مَسْنًا الرَّجُلُ بے باک ہونا۔ ہٗ مارتے مارتے گرا دینا الشَّیْءَ مِنَ الشَّیْءِ کھینچنا۔
مَسَا يَمْسُوْ مَسْوًا الْحِمَارُ گدھے کا اڑنا (و مَسّٰی تَمْسِيَةً) الرَّجُلُ کسی چیز کا وعدہ کر کے ٹالنا۔
مَسَّاهُ تَمْسِيَةً شام کے بہتر ہونے کی دعا دینا۔ یہ کہنا کہ تم نے شام کس طرح بسر کی۔ اور کہا جاتا ہے "مَسّٰی بِهِ اللَّيْلُ" جبکہ کوئی شخص شام کے وقت آئے۔
اَمْسٰی اِمْسَاءً و مُمْسًی شام میں داخل ہونا۔ کان کی طرح فعل ناقص ہو کر بھی مستعمل ہے۔ جیسے "اَمْسٰی زَيْدٌ ضَاحِكًا" یعنی زید شام کے وقت ہنس رہا تھا یا زید ہنس رہا تھا۔
اَمْسَاهُ اِمْسَاءً کسی چیز سے مدد کرنا۔ وعدہ کر کے ٹالنا۔
مَاسَاهُ مُمَاسَاةً مخول کرنا۔

اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً مَا عِنْدَ فُلَانٍ: کل لے لینا۔

الْمَسَاءُ ج اَمْسِیَة والْمُسٰی والْمِسْیُ شام ظہر سے مغرب تک کا وقت۔

الْاُمْسِیَّة. شام کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ اُمْسِیَّةَ اَمْسِ" میں کل گزشتہ شام کے وقت اس کے پاس آیا۔

الْمُمْسٰی. س. شام بسر کرنے کی جگہ۔

مَسٰی یَمْسِیْ مَسْیًا الشَّیْئَ: ہاتھ سے پونچھنا الْحَرُّ الْمَاشِیَةَ: گرمی کا جانور کو لاغر کرنا السَّیْفَ: تلوار سونتنا الرَّجُلُ: برے خلق والا ہونا۔

تَمَاسٰی و تَمَسّٰی الشَّیْئُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً. پیاسا ہونا۔

الْمَا[illegible] شخص جو کسی کی نصیحت نہ سنے [illegible] پلا مرد۔

الْمِسْو[illegible] جو بکری کے پیٹ سے نکالی جاتی ہے اس کو باریک کپڑے نچوڑ کر دودھ ڈال دیا جاتا ہے اس سے جبن (پنیر) بن جاتا ہے۔

التَّمَاسِی. س. مصیبتیں (اس کا مفرد نہیں)

مَشَّ (ن) مَشًّا الْعَظْمَ: ہڈی کے اطراف [illegible]سنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا اور کچھ چھوڑ [illegible] سارا دودھ دوہنا مَالَ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے لینا یَدَهٗ: ہاتھ سے چکناہٹ دور کرنے کیلئے پونچھنا فُلَانًا: دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا الشَّیْئَ: پانی میں حل کرنے کیلئے بھگونا۔

مَشَّشَ و تَمَشَّشَ الْعَظْمَ: ہڈی چوس کے گودا نکالنا۔

اَمَشَّ الْعَظْمُ: ہڈی کا گودے والی ہونا۔

اِنْمَشَّ لَهُ الشَّیْئُ: حاصل ہونا۔

اِمْتَشَّ الثَّوْبَ: کپڑا اتار لینا مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا مِنْ مَالِ فُلَانٍ: حصہ پانا الْعَظْمَ: چبائی ہوئی ہڈی کو چوسنا الْمُتَغَوِّطُ: پائخانہ کرنے والے کا پتھر یا ڈھیلے سے استنجا کرنا۔

الْمُشَاشُ. مُشَاشَة کی جمع۔ نرم زمین۔ اصل نفس۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَیِّنُ الْمُشَاشِ" فلاں نرم اخلاق ہے وَمُشَاشُ الرَّجُلِ: سفر و حضر کے خدام۔

الْمُشَاشَة. نرم ہڈی کا سرا۔ راستہ کہ جس میں خاک اور نرم سنگ ریزے ہوں۔ پہاڑ کہ جس میں چشمے ابل رہے ہوں۔ ج مُشَاشٌ.

مُشَاشَةُ الْقَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔

الْمَشُّ. س. کہا جاتا ہے "اَطْعَمَهٗ هَشًّا مَشًّا" اس نے اسے عمدہ خوراک کھلائی۔

الْمَشَشُ. سفیدی جو اُونٹ کی آنکھ میں ہو جاتی ہے۔

الْاَمَشُّ. مِنَ الْاِبِلِ: آنکھ میں سفیدی والا اُونٹ۔ مؤنث مَشَّاءُ ج مُشٌّ.

الْمَشُوْشُ. ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جیسے رومال، تولیہ وغیرہ۔

اَلْمَشَّاؤُنَ: ارسطو کے فلسفہ کو ماننے والے اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ارسطو اپنی تعلیمات چل کر پیش کرتے تھے۔ الْمَشَّائِیَّةُ: فلسفہ ارسطوا۔

مَشَجَه (ن) مَشْجًا بِکَذَا: ملانا کہا جاتا ہے "مَشَجَ بَیْنَهُمَا"

الْمَشَجُ والْمَشِیْجُ والْمَشْجُ والْمِشْجُ مخلوط ج اَمْشَاجٌ. الْاَمْشَاجُ: میل کچیل جو ناف میں جمع ہو جائے۔

اَمْشَحَتِ السَّمَاءُ: بادل کا کھل جانا السَّنَةُ: خشک سالی ہونا۔

مَشَرَ (ن) مَشْرًا الشَّیْئَ: ظاہر کرنا۔

مَشِرَ (س) مَشَرًا. اترانا۔ اکڑ باز ہونا۔

مَشَرَ و مَشَّرَ و اَمْشَرَ و تَمَشَّرَ الشَّجَرُ: شاخیں نکلنا مَشَّرَهٗ: پہنانا۔ مَشَّرَ الشَّیْئَ: تقسیم کرنا وَاَمْشَرَ الرَّجُلُ کھل کر دوڑنا بَدَنَهٗ: بدن کا پھولنا الْاَرْضُ: سبزی اگانا۔ و تَمَشَّرَ الرَّجُلُ: مستغنی ہونا یا دولت کا اثر ظاہر ہونا۔ تَمَشَّرَ لِاَهْلِهٖ شَیْئًا: کمائی کرنا یا اپنے اہل کے لیے لباس خریدنا الشَّجَرُ: سرسبز ہونا الْقَوْمُ: کپڑے پہننا۔

اِمْتَشَرَ الرَّاعِیُ وَرَقَ الشَّجَرِ: چرواہے کا لکڑی سے درخت کے پتوں کو کھینچنا۔

الْمِشْرُ مِنَ الرِّجَالِ: سخت سرخ مرد۔

الْمَشَرُ. نشان۔ کہا جاتا ہے "اَذْهَبَهٗ مَشَرًا" یعنی اس نے اس کو گالی دی۔ ہجو کیا۔ یا گالی سنوائی۔

الْمَشْرَة. نئی نکلی ہوئی نرم سبز ٹہنی۔ نیا نکلا ہوا پتا لکڑی سے جھکائے ہوئے پتے نئی نئی نکلی ہوئی گھاس اور کہا جاتا ہے "عَلَیْهِ مَشْرَةُ غِنًی" یعنی اس کے اوپر دولت مندی کا اثر ہے۔

مَشْرَةُ الْاَرْضِ و مَشَرَتُهَا. سبزی یا نئی نکلی ہوئی سبزی۔

اَرْضٌ مَاشِرَةٌ. بارش سے سیراب اور سبزی نکلی ہوئی زمین۔

الْاَمْشَرُ. چست و چالاک۔

الْمَوْشُوْرُ. دیکھئے مادہ وش ر۔

مَشَطَ (ض ن) مَشْطًا و مَشَّطَ الشَّعْرَ بالوں میں کنگھی کرنا۔ مَشَطَ الشَّیْئَ: ملانا الْبَعِیْرَ: اُونٹ پر کنگھی جیسے آلہ سے داغ لگانا۔

مَشِطَتْ (س) مَشْطًا یَدُهٗ: کام کرنے سے کھردرا ہونا یا پھانس چبھنا (و مَشَّطَتْ) النَّاقَةُ: دونوں پہلوؤں میں کنگھی جیسی چربی چڑھنا۔

اِمْتَشَطَ. کنگھی کیا ہوا ہونا۔ اِمْتَشَطَتْ الشَّعْرَ: کنگھی کرنا۔

الْمُشْطُ والْمَشْطُ والْمِشْطُ والْمُشُطُ والْمَشِطُ والْمُشُطُّ. کنگھی ج اَمْشَاطٌ و مِشَاطٌ.

الْمُشْطُ. کپڑا بننے کا ایک آلہ جو کنگھی کے مانند ہوتا ہے۔ اُونٹ کے بدن پر داغ کرنے کا کنگھی کے مانند آلہ۔ پست قدم کی پتلی پتلی ہڈیاں اور کبھی پورے قدم پر اطلاق ہوتا ہے۔ والْمُشْطُ ایک دریائی مچھلی جس کو مُلْطِیٌّ بھی کہتے ہیں۔

الْمِشْطَة. مَشَطَ کا اسم نوع۔

الْمِشَاطَة. مَشَّاطہ گری۔

المُشَاطَة. کنگھی کرنے میں گرے ہوئے بال۔

المَشَّاط. شانہ ساز۔

المَاشِطَة والمَشَّاطَة. کنگھی کرنے کا پیشہ کرنے والی۔

المَشِیْط. کنگھی کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شَعْرٌ مَشِیْطٌ وَلِمَّةٌ مَشِیْطٌ" کنگھی کئے ہوئے بال۔ کنگھی کی ہوئی زلف۔

المِمْشَط. کنگھی۔

المَمْشُوْط. مع. رَجُلٌ مَمْشُوْطٌ. پتلا و لمبا مرد۔

مَشِظَ (س) مَشْظًا ومَشَظًا. پھانس چبھنا۔ کہا جاتا ہے مَشِظَتْ یدہ: یعنی اس کے ہاتھ میں پھانس چبھ گئی۔ مَشِظَت الدَّابَّةُ: گوشت سے نمایاں پٹھوں والا ہونا۔

مَشَظَ (ن) مَشْظًا. البَلَدَ: شہر کو اقامت کے لیے پسند کرنا فُلَانًا: کچھ لے لینا۔

المَشْظ والمِشْظَة. پھانس۔ کانٹا جو ہاتھ میں چبھ جائے۔ کلہاڑی کو مضبوط کرنے کا پچر۔

المَشْظَة: مشظ کا اسم مرۃ مِنَ الْاَخْبَارِ مخفی خبریں جن کی تحقیق نہ ہو۔

قَنَاةٌ مَشِظَةٌ. نیا سخت نیزہ کہ جو لے اس کا ہاتھ چھل جائے۔

مَشَعَ (ف) مَشْعًا الشَّیْءَ: کمانا۔ اُچک لینا القُطْنَ: روئی تومنا الْغَنَمَ: بکری دوہنا بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا فُلَانًا بِالْحَبْلِ وَغَیْرِهٖ: رسی وغیرہ سے مارنا الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔

مَشَّعَ الشَّیْءَ: صاف کرنا۔ پونچھنا القَصْعَةَ: پیالہ میں سے سب کھالینا۔

اِمْتَشَعَ ثَوْبَ صَاحِبِهٖ: چھین لینا۔

مَافِی الضَّرْعِ او مَا فِی یَدِ فُلَانٍ: سب دودھ دوہنا یا سب کچھ ہاتھ سے لے لینا۔

السَّیْفَ: جلدی سے سونتنا (و تَمَشَّعَ) الرَّجُلُ: اپنے آپ سے گندگی کو دور کرنا۔ پتھر سے استنجا کرنا۔

المِشْعَة والمَشِیْعَة. تومی ہوئی روئی کا ٹکڑا۔

المَشُوْع. بہت کمائی کرنے والا ذِئْبٌ مَشُوْعٌ: بہت اچکنے والا بھیڑیا۔

مَشَغَه (ف) مَشْغًا. مارنا۔ عیب لگانا الرَّجُلُ: لکڑی وغیرہ آہستہ آہستہ کھانا۔

مَشَّغَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا عِرْضَ فُلَانٍ: آبرو میں داغ لگانا۔

المِشْغ. گیرو۔

المِشْغَة. بوسیدہ کپڑے کا ٹکڑا۔

مَشَقَ (ن) مَشْقًا. جلدی نیزہ مارنا۔ جلدی کام کرنا ہٗ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ الشَّعْرَ: بالوں میں کنگھی کرنا الْکَتَّانَ و نَحْوَهٗ: رانچھ میں ڈال کر خراب وردی حصہ کو علیحدہ کرنا۔ الشَّیْءَ: دراز ہونے کیلئے کھینچنا الثَّوْبَ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو تھوڑا سا دوہنا فِی الْکِتَابَةِ: بڑے بڑے حروف لکھنا۔ لکھنے میں جلدی کرنا اور کہا جاتا ہے "مَشَقُوْا حِیْلَهُمْ" یعنی انہوں نے کوچ کرنے میں جلدی کی۔

مُشِقَ مَشْقًا. پتلا و لمبا ہونا۔ دبلا اور کم گوشت والا ہونا۔ صفت مَشِقٌ و مَشِیْقٌ و مَمْشُوْقٌ.

مَشِقَ (س) مَشَقًا. رانوں کی رگڑ سے سوزش ہونا۔ صفت مَشِقٌ و اَمْشَقُ اور اسم المُشْقَة.

مَاشَقَهٗ مُمَاشَقَةً. گالی گلوچ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ مَاشَقَهُ الشَّیْءَ: کسی سے چیز کو کھینچنا۔

اَمْشَقَهٗ بِالسَّوْطِ: کوڑا مارنا اَمْشَقَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔

مَشَّقَ تَمْشِیْقًا الْاِبِلَ الْکَلَاَ: اونٹ کو گھاس چرانا۔

تَمَشَّقَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا الغُصْنُ: ٹہنی کا چھلنا اللَّیْلُ: رات کا ختم ہونا۔

اِمْتَشَقَ. چھین لینا۔ اچک لینا مَا فِی الضَّرْعِ: سارا دودھ دوہنا السَّیْفَ تلوار سونتنا فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا الْکَتَّانَ: رانچھ میں ڈال کر خراب وردی حصہ کو علیحدہ کرنا الشَّیْءَ: اپنے لیے لینا مَا فِی یَدِ الرَّجُلِ. سارا لے لینا۔

المَشْق. س. گیرو۔ اور کہا جاتا ہے "فِیْ قَدِّهٖ مَشْقٌ" اس کے قد میں لمبائی اور پتلا پن ہے۔

المِشْقَه والمُشَاقَة. رانچھ کا نکلا ہوا خراب وردی حصہ۔ المِشْقَة: روئی کا گالا۔ پرانا کپڑا ج مِشَق.

المُشْقَة. نئے کپڑے کی دھجی۔

المَشِیْ. پہنا ہوا کپڑا مِنَ الْخَیْلِ دُبلا گھوڑا۔

المَاشِق. فا۔ ج مُشَّق.

قَلَمٌ مَشَّاق. تیز چلنے والا قلم۔

ثَوْبٌ مِشَق و مُمَشَّق و اَمْشَاق. گیرو سے رنگا ہوا کپڑا۔

المَشْقَة. مَشَقَ کا اسم مرۃ۔ جانور کی ٹانگ میں رسی کا نشان۔

المَمْشُوْق. مع. کم گوشت کا مرد۔ مِنَ الْخَیْلِ: دبلا گھوڑا مِنَ الْقُضْبَانِ: پتلی لمبی شاخ۔ کہا جاتا ہے "قَدٌّ مَمْشُوْقٌ" لمبا پتلا قد۔ مؤنث مَمْشُوْقَةٌ.

التَّمَاشُق. جھگڑا۔

المِمْشَقَة. رانچھ۔ کتان وغیرہ کو صاف کرنے کا کنگھی کے مانند ایک آلہ۔ ج مَمَاشِق.

مَشَلَ (ن) مُشُوْلًا لَحْمُهٗ: گوشت کم ہونا (مَشْلًا) اللَّبَنَ: دودھ کم دوہنا (و اِمْتَشَلَ) السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

المَاشِل والمَمْشُوْل. دبلا پتلا۔ کم گوشت۔

المَشَل. کم دوہائی۔

المِمْشَل. نرمی سے دوہنے والا۔

المِشْلَوْز. میٹھی گٹھلی کا زرد آلو (یہ کلمہ مِشْمِش اور لَوْزٌ سے مرکب ہے)

المِشْمِش. زرد آلو۔ واحد مِشْمِشَةٌ.

مَشَنَه (ض) مَشْنًا. خراش لگانا۔ مَشَنَهٗ بِالسَّوْطِ: کوڑا مارنا ہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار مار کر کھال چھیلنا۔ مَشَنَ الْجَارِیَةَ: جماع کرنا (وامْتَشَنَ) النَّاقَةَ: سارا دودھ دوہنا۔ صفت

مَاشِن. ج مُشَّن. و اِمْتَشَنَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا الشَّيْءَ: اُچک کر اپنے لئے لے لینا ثَوْبَهٗ. کپڑا چھین لینا۔

مَشَّنَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بدکتے ہوئے دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاشَنَا جِلْدَ الظَّرِبَانِ" بدترین قسم کی آپس میں گالی گلوچ کرنا۔

المِشَان والمُشَان. ایک قسم کی کھجور یا عمدہ کھجور۔

اِسْتَمْشٰى الرَّجُلُ: مسہل دوا پینا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَمْشٰى بِكَذَا" جبکہ کوئی شخص مسہل لے۔

المَشْو والمَشُو والمَشِيُّ والمَشَاء. دست آور دوا۔

مَشٰى (ض) مَشْيًا و تِمْشَاءً. چلنا۔ بہت مویشی والا ہونا زَيْدٌ: ہدایت پانا اور اسم المِشْيَة (مَشَاءً) المَرْأَةُ او المَاشِيَةُ: بہت بچوں والی ہونا بِالنَّمِيْمَةِ: چغل خوری کرنا۔ بَطْنُهٗ: پیٹ چلنا۔

مَشّٰى تَمْشِيَةً. چلنا الرَّجُلَ: چلانا۔

اَمْشَى الرَّجُلَ: چلانا۔ اَمْشَاهُ الدَّوَاءُ: دست لانا (وامْتَشٰى) بہت مویشی کے بچوں والا ہونا۔

مَاشَاهُ مُمَاشَاةً. ساتھ چلنا۔

تَمَشّٰى. چلنا۔

تَمَاشَيَا. باہم مل کے چلنا۔

المِشْيَة. چال۔

المَشِيَّة. ارادہ۔ خواہش۔

المَاشِي: فا۔ ج مُشَاة و مَاشُوْن. چوپائے والا۔ المُشَاة: چغلی کھانے والے مِنَ العَسْكَرِ: پیدل دستہ۔

المَاشِيَةُ. مَاشِي کا مؤنث۔ مویشی. ج مَوَاشٍ.

المَشَّاء. بہت چلنے والا۔ چغل خور۔

المَمْشٰى. چلنے کی جگہ۔ غلام گردش ج مَمَاشٍ.

مَصَّ. (س ن) مَصًّا و تَمَصَّصَ و اِمْتَصَّ چوسنا.

اَمَصَّ اللَّبَنَ: چوسانا۔

المَصّ. س۔ قَصَبُ المَصِّ: گنا۔

المُصَّة والمُصَاص مِنَ الشَّيْءِ: خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمُ المُصَاصِ" و "هُوَ مُصَاصُ قَوْمِهِ" جبکہ نسب کے لحاظ سے خالص ہو۔ اور اس میں واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔

المُصَاصَة. جو چیز چوسی جائے۔

المَصَّاص. بہت چوسنے والا۔ پچھنے لگانے والا۔

المَصَّان. کمینہ۔ کمینگی کی وجہ سے بھیڑ بکری کے تھن میں منہ لگا کر چوسنے والا۔ اور گالی کے موقع پر مرد کے لیے یا مَصَّان اور عورت کے لیے یا مَصَّانَة کہا جاتا ہے۔

المَصَّان: پچھنے لگانے والا۔

المُصَّان. گنا۔

المَصُوْص. پختہ گوشت جو سرکہ میں ڈالا جائے۔

المَصِيْصَة. پیالہ۔

مَصِيْصُ الثَّرٰى: نمناک مٹی یا ریت۔

المِمَصّ. چوسنے کا آلہ۔

مَصَتَ (ن) مَصْتًا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔ النَّاقَةَ: ہاتھ ڈال کر بچہ دانی کو صاف کرنا۔

مَصَحَ (ف) مَصْحًا و مُصُوْحًا الشَّيْءُ: جاتا رہنا۔ منقطع ہونا بِالشَّيْءِ: لے جانا۔

مَصَحَتِ الدَّارُ: گھر کا نشان مٹ جانا۔

مَصَحَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا النَّبَاتُ: نباتات کا مرجھانا الكِتَابُ: کتاب کا مٹنا یا مٹنے کے قریب ہونا لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کا ختم ہونا (مَصَحَ) (ف) و مَصِحَ (س) مَصْحًا) الظِّلُّ: کم یا تنگ ہونا۔ صفت اَمْصَح.

مَصَّحَ و مَصَحَ و اَمْصَحَ اللّٰهُ مَرَضَكَ: صحت دینا۔ مرض کو زائل کرنا۔

المُصَاحَات. اونٹنی کے بچوں کی کھالیں جن میں کچھ بھر کر اونٹنی کے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ وہ سمجھے کہ اپنا ہی بچہ کھڑا ہے۔

مَصَخَ (ف) مَصْخًا الشَّيْءَ: کھینچنا۔

تَمَصَّخَ و اِمْتَصَخَ الشَّيْءَ: کھینچ کر نکالنا۔ و اِمْتَصَخَ الشَّيْءُ عَنِ الشَّيْءِ: جدا ہونا۔

اِمَّصَخَ الوَلَدُ: ماں کے پیٹ سے جدا ہونا۔

الاُمْصُوْخَة بردی کا سفید گودا۔ قومہ ثمام اور نصی کے پتے ج اُمْصُوْخ و اَمَاصِيْخ (بردی، ثمام اور نصی یہ سب نباتات کی قسمیں ہیں)

المَصُوْخَة. بکری جس کے تھن کی جڑ ڈھیلی پڑ گئی ہو۔

المُصَاخ. ایک قسم کی نباتات جس کے چھلکے پیاز کے مانند ہوتے ہیں۔

مَصَدَ (ن) مَصْدًا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ: بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا الشَّيْءَ: چوسنا۔ الرَّجُلَ: مطیع و فرمانبردار کرنا۔

المَصَاد بلند پشتہ۔ پہاڑ کی چوٹی ج اَمْصِدَة و مُصْدَان.

المَصْد والمَصَد. گرمی کی شدت۔ سردی کی زیادتی۔ بادل کی گرج۔ بارش۔ بلند پشتہ۔

المَصْدَة. بارش۔

مَصَرَ (ن) مَصْرًا. النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔

مَصَّرَ العَطِيَّةَ: بند کر دینا یا تھوڑا تھوڑا دینا

مَصَّرُوْا المَكَانَ: شہر بنانا الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔

تَمَصَّرَ المَكَانُ: شہر ہونا الشَّيْءُ او العَطَاءُ: کم ہونا القَوْمُ: پراگندہ ہونا الشَّيْءَ: پیچھا کرنا۔ تلاش کرنا (وامْتَصَرَ) النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔

المَاصِر. فا۔ دو چیزوں کے درمیان روک نَاقَةٌ او شَاةٌ مَاصِرٌ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری یا وہ جس کا دودھ دیر میں نکلے۔

المِصْر. دو چیزوں کے درمیان روک۔ دو ملکوں کے درمیان کی سرحد۔ شہر۔ گوشہ۔ ج اَمْصَار و مُصُوْر و مِصْر: ملک مصر۔

المِصْرَان: کوفہ و بصرہ۔

المِصْرِيّ. منسوب اِلٰى مِصْر. مصری

رہنے والا۔ مؤنث مِضرَّةٌ ج مَصارٍ و مَصارِیّ۔ کہا جاتا ہے خُمرٌ مَصارٍ و مَصارِیّ۔

المَصُوْر مِنَ الْاِبِلِ او الشَّاءِ: وہ اونٹنی یا بکری جس کا دودھ دیر میں نکلے۔ ج مِصَار و مَصَائِر و عَطاءٌ مَصُوْرٌ: تھوڑا عطیہ۔

المَصِیْر. آنت۔ ج اَمْصِرَةٌ و مُصْران. جج مَصارِیْن.

المُمَصَّر. گیرو سے رنگا ہوا۔

المُمَصَّرة. المُمَصَّر کا مؤنث۔ کتے ہوئے سوت کا گولا۔

مَصْطَكَ الدَّوَاءَ: دوا میں مصطگی ملانا۔

المَصْطَكی والمُصْطَكی والمُصْطَكاء مصطگی۔ ایک مشہور دوا کا نام ہے (دخیل)

مَصَعَ (ف) مَصْعًا البَرْقُ: بجلی کا چمکنا الدَّابَّةَ بِذَنَبِهَا: چوپایہ کا دم ہلانا فُلَانًا: کوڑا وغیرہ مارنا الفَرَسُ: آہستہ سے گزرنا الطَّائِرُ بذرقِه: پرندہ کا بیٹ کرنا المَرْأَةُ بالوَلَدِ: بچہ گرادینا فُؤَادُ فُلَان: جلد بازی یا خوف سے دل کا پراگندہ ہونا ہٗ: ملنا (مُصُوْعًا) لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کم ہونا یا سوکھ جانا۔ ناقہ کی صفت مَاصِعٌ و مَاصِعَةٌ مَاءُ الحَوْضِ: حوض کا پانی کم ہونا الرَّجُلُ فِی الْاَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔

اَمْصَعَ الطَّائِرُ بِذَرقِه: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ العَوْسَجُ: درخت عوسج کا پھل نکلنا المَرْأَةُ وَلَدَهَا: تھوڑا دودھ پلانا و اَمْصَعَتْ بِه: بچہ گرادینا القَوْمُ: بے دودھ والی اونٹنیوں والا ہونا لِفُلَانٍ بِحَقِّه: اقرار کرنا۔

مَصَّعَ القَضِیْبَ: چھال کو ٹہنی پر خشک ہونے کے لیے چھوڑ دینا۔

مَاصَعَ مِصَاعًا و مُمَاصَعَة. جنگ کرنا۔ مقاتلہ کرنا قِرْنَه: تلوار وغیرہ سے مارنا بِلِسَانِه: تہمت لگانا۔

تَمَاصَعَ القَوْمُ فِی الْحَرْبِ: باہم جنگ کرنا۔

اِنْمَصَعَ وامْتَصَعَ فِی الْاَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔ اِنْمَصَعَ الحِمَارُ: گدھے کا کان کھڑے کرنا۔

المَصْعُ. مص۔ ہانکنا۔ پھینکا جانا۔

المُصْعَة والمُصَعَة. ایک چھوٹا پرندہ۔ عوسج درخت کا پھل۔ ج مُصْعٌ و مُصَعٌ.

المَاصِعُ. فا۔ کھاری پانی۔ کم۔ گدلا۔ چمکیلا۔ پشت پھیرنے والا۔ مؤنث مَاصِعَةٌ.

المِصَعُ. تلوار باز۔ لڑکا جو بٹے ہوئے کپڑوں سے کھیل رہا ہو۔

المَصُوْعُ. خوفزدہ مرد۔

مَصَلَ (ن) مَصْلًا اللبنَ: پانی ٹپکنے کے لیے کپڑے میں لٹکانا مَالَهٗ: مال کو لغویات میں خرچ کرنا (مَصْلًا و مُصُوْلًا) الجُبْنَ و نَحْوَهٗ ٹپکنا الجُرْحُ: زخم کا رسنا۔

اَمْصَلَ مَالَهٗ. مال تباہ کرنا۔ لغویات میں خرچ کرنا الغَنَمَ: سارا دودھ دوہ لینا۔

اَمْصَلَتِ المَرْأَةُ: ناتمام بچہ گرادینا۔ صف مُمْصِلٌ.

المَصْلُ. مص۔ (والمَصَالَة والمُصَالَة) مِنَ اللَّبَنِ و نَحْوِه: دودھ وغیرہ سے ٹپکا ہوا پانی المُصَالَة: تھیلا یا مٹکے سے جو ٹپکے۔

المَاصِلُ. فا۔ تھوڑا دودھ یا تھوڑا عطیہ۔

المَصْلَاءُ. باریک بازوؤں والی عورت۔

المِمْصَلُ. دودھ وغیرہ سے پانی ٹپکانے کا برتن۔ لغویات میں مال تباہ کرنے والا۔

مَصْمَصَ المَاءَ: زبان کے کنارے سے حرکت دینا الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ صاف کرنا۔

المُصَامِصُ. ہر چیز کا خالص۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَمُصَامِصٌ فِی قَوْمِه" وہ اپنی قوم میں خالص النسب ہے۔

مَضَّ (س ن) مَضًّا و مَضِیْضًا الجُرْحُ فُلَانًا: دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا الکُحْلُ العَیْنَ بِحِدَّتِه: سرمہ کا آنکھ میں جلن پیدا کرنا الخَلُّ فَاهُ: سرکہ کا منہ کو جلا دینا الشَّیءُ فُلَانًا: تکلیف دہ غم میں مبتلا کرنا (مَضًّا) الشَّیءَ: چوسنا۔

مَضَّ (س) مَضَضًا مِنَ الشَّیءِ: دردمند ہونا۔ (مَضَضًا و مَضَاضَةً و مَضِیْضًا) مصیبت کے دکھ سے دردمند ہوا۔

اَمَضَّهُ الاَمْرُ: دردمند کرنا۔ جلن پیدا کر دینا۔ اَمَضَّهُ الجُرْحُ و نَحْوُهٗ: دردمند کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَمَضَّنِی کَلَامُ فُلَانٍ" فلاں کی گفتگو نے مجھ کو تکلیف پہنچائی "اَمَضَّهٗ جِلْدُهٗ" اس کی کھال کھجلائی۔

مَاضَّهٗ مِضَاضًا. لعنت ملامت کرنا۔

مَضَّضَ تَمْضِیْضًا. بہت کھاری پانی پینا۔ کھٹا دودھ پینا۔

تَمَاضَّ القَوْمُ: باہم جھگڑا کرنا۔

المَضُّ. مص۔ کُحْلٌ مَضٌّ: تیز جلن پیدا کرنے والا سرمہ۔ رَجُلٌ مَضُّ الضَّرْبِ: تکلیف دہ مار پیٹ والا مرد۔

المِضّ. ہونٹوں سے نہیں کے مانند کلمہ نکالنا اور کچھ امید بھی دلانا۔

مِضُّ و مِضَّ و مِضِّ مبنی و مِضٍّ مع التنوین: کلمہ ہے جو لا نفی کے معنی میں مستعمل ہے مگر اس کے ساتھ کچھ امید بھی ہو۔

المَضَّة اسم مرۃ۔ مؤنث المَضّ. اِمْرَأَةٌ مَضَّةٌ: عورت جو کسی مکروہ و مصیبت کو برداشت نہ کر سکے اَلبَانٌ مَضَّةٌ: کھٹے دودھ۔

المَضَض. مص۔ مصیبت کی تکلیف۔ کھٹا دودھ۔

المَضَاض. جلن۔

المُضَاض. خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِنْ مُضَاضِ القَوْمِ" فلاں قوم کا خالص ہے۔ بہت کھاری پانی جو پیا نہ جا سکے۔ آنکھ کی جلن۔

المَضَّاض. جلانے والا۔

مَضَحَ (ف) مَضْحًا و اَمْضَحَ عِرْضَهٗ: عیب لگانا۔ مَضَحَ عَنْهُ: دفع کرنا الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا الاِبِلُ: اونٹوں کا منتشر ہونا المَزَادَةُ: رسنا۔

مَضَدَ (س) مَضَدًا. کینہ رکھنا۔

مَضَرَ (ن) و مَضُرَ (ک) و مَضِرَ (س)

مَضْرًا و مَضَرًا و مُضُوْرًا النَّبِيْذُ او اللَّبَنُ: نبیذ یا دودھ کا کھٹا ہونا۔
مَضَّرَهٗ قبیلہ مضر کی طرف نسبت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَضَّرَ اللّٰهُ لَهُ الثَّنَاءَ" اللہ نے اس کی تعریف اچھی بنائی۔ مَضَّرَ مُضَرَ: ہلاک کرنا۔
تَمَضَّرَ قبیلہ مضر کی طرف منسوب یا اس کے مشابہ ہونا۔ قبیلہ مضر کی جنبہ داری کرنا۔ تَمَضَّرَتِ الْمَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا۔
لَبَنٌ مَضِرٌ و مَاضِرٌ و مَضِيْرٌ. کھٹا دودھ۔
و عَيْشٌ مَضِرٌ: آسودہ زندگی اور کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ خَضِرًا مَضِرًا او خِضْرًا مِضْرًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔ "اَخَذَهٗ خَضِرًا مِضْرًا و خَضِرًا مَضِرًا" یعنی اس نے اس کو ترو تازہ لیا یا بلا قیمت لیا۔
الْمَضِيْرَة. ایک قسم کا کھانا جو کھٹے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔
الْمُضَارَةُ مِنَ اللَّبَنِ: کھٹے دودھ کا پانی۔
مَضَغَ (ف ن) مَضْغًا الطَّعَامَ: چبانا۔
مَاضَغَهُ الْقِتَالَ او الْخُصُوْمَةَ: دیر تک لڑنا یا جھگڑنا۔
اَمْضَغَه و مَضَّغَه. چبوانا۔ اَمْضَغَ الثَّمَرُ: پھل کا چبانے کے قابل ہونا۔ اَمْضَغَ اللَّحْمُ: گوشت کا لذیذ ہونا اور کھایا جانا۔
الْمَضَاغ. چبانا (والْمُضَاغَة) جو چیز چبائی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَنَا مَضَاغٌ" ہمارے پاس چبانے کے لیے کوئی چیز نہیں۔
الْمُضَاغَة: چباتے چباتے آخر میں جو منہ میں باقی رہ جائے۔
الْمَاضِغ. فا۔ ج مُضَّغ.
الْمُضْغَة. گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مُضَغ و مُضَغُ الْاُمُوْرِ والْجَرَاحَاتِ: معمولی اور چھوٹے چھوٹے کام۔
الْمَضِيْغَةُ. ہڈی سے لگا ہوا گوشت۔ جبڑا۔ عضلہ۔ ج مَضِيْغ و مَضَائِغ.
الْمَضَّاغَه. بیوقوف۔ بہت چبانے والا۔

الْمَاضِغَانِ والْمَاضِغَتَانِ. دونوں جبڑے۔
الْمَوَاضِغ. ڈاڑھیں۔
مَضْمَضَ مَضْمَضَةً و مَضْمَاضًا و مِضْمَاضًا الْمَاءَ فِيْ فِيْهِ: پانی کو منہ میں پھرانا الثَّوْبَ وَغَيْرَهٗ: دھونا (و تَمَضْمَضَ) النُّعَاسُ فِيْ عَيْنِهِ: اونگھ کا اثر آنکھوں میں ہونا۔ تَمَضْمَضَ الْكَلْبُ فِيْ اَثَرِهِ: کسی کے پیچھے کتے کا بھونکنا۔
الْمِضْمَاض. جلن۔ ہلکا پھلکا مرد۔ نیند۔
الْمَضْمَضَة. مس۔ سانپ وغیرہ کی آواز۔ کلی۔
مَضٰى يَمْضِيْ و مَضَا يَمْضُوْ مُضُوًّا و مُضِيًّا الشَّيْءُ: گزر جانا (مُضُوًّا) سَبِيْلَهٗ و لِسَبِيْلِهِ: مرنا۔
مَضٰى يَمْضِيْ و يَمْضُو مَضَاءً و مُضُوًّا عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ جاری کرنا اور پورا کرنا۔ جس امر کو پورا کیا جائے اس کو مَمْضُوٌّ عَلَيْهِ کہتے ہیں۔ عَلَى الْبَيْعِ: بیع کو جائز رکھنا۔ مَضٰى مَضَاءَ السَّيْفِ: کاٹنا۔
اَمْضٰى اِمْضَاءَ الْاَمْرَ: انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَمْضَى الْحَاكِمُ حُكْمَهٗ" حاکم نے اپنے فیصلہ کو نافذ کیا الْبَيْعَ: بیع کو جائز رکھنا۔ اور اسی سے ہے "اِمْضَاءُ الصُّكُوْكِ والرَّسَائِلِ" یعنی دستخط کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَمْضَيْتُ لَهٗ" یعنی میں نے اس کو تھوڑی غلطی پر چھوڑ دیا یہاں تک کہ وہ انتہائی غلطی میں مبتلا ہو گیا پھر ایسے موقعہ پر اس کو سزا دی گئی کہ اس کے لیے کوئی عذر باقی نہ رہا۔
مَضّٰى تَمْضِيَةً الْاَمْرَ: نافذ کرنا۔
تَمَضّٰى الْاَمْرُ: نافذ ہونا۔ پورا ہونا الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔
الْمُضَوَاء. آگے بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى عَلٰى مُضَوَائِهٖ" وہ اپنی پیش قدمی میں آگے رہا۔
الْمَاضِي. فا: گزشتہ زمانہ عِنْدَ النُّحَاةِ وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانہ پر وضعًا دلالت کرے الْمَاضِي: تلوار۔ ج مَوَاضٍ.

الْمَضَّاء. پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ مَضَّاءٌ عَلٰى مَا عَزَمْتَ عَلَيْهِ" تم اپنے ارادہ کو پورا کرنے والے ہو۔
مَطَّ (ن) مَطًّا الشَّيْءَ: پھیلانا الدَّلْوَ: ڈول کھینچنا خَدَّهٗ: تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَطَّ شِدْقَهٗ" اس نے گفتگو میں چرب زبانی کی۔
الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو پھیلانا خَطَّهٗ او خُطْوَهٗ: دراز کرنا۔
مَطَّطَ الشَّيْءَ: سخت کھینچنا الرَّجُلَ: گالی دینا۔
تَمَطَّطَ. کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا دِبْسٌ يَتَمَطَّطُ لِخُثُوْرَتِهٖ" یہ شیرہ ہے جو گاڑھا ہونے کی وجہ سے چمٹتا ہے فِي الْكَلَامِ: رنگ برنگ کی گفتگو کرنا۔
الْمَطَاط. اونٹ کا گاڑھا کھٹا دودھ۔
الْمَطَّاط. ربڑ۔
الْمُطَيْطٰى والْمُطَيْطَاء والْمِطِيْطَاء. مغرورانہ چال۔ چلنے میں دونوں ہاتھ کا پھیلانا۔
الْمَطِيْطَة. گدلا۔ گاڑھا پانی۔ ج مَطَائِط.
مَطَحَهٗ (ف) مَطْحًا بِيَدِهٖ: مارنا۔
تَمَطَّحَ و اِمْتَطَحَ الْوَادِيْ: بہت اور بلند پانی والی ہونا۔
مَطَخَ (ف) مَطْخًا الْعَسَلَ: شہد چاٹنا الرَّجُلَ بِيَدِهٖ: مارنا عِرْضَهٗ: آبرو کو داغدار کرنا۔
الْمَاطِخ. فا۔ سست رفتار گھوڑا۔
الْمَطَّاخ. بیوقوف۔ مغرور۔ فحش گو۔ جھوٹا اور جھوٹے سے کہا جاتا ہے "مَطْخٍ مَطْخٍ اور مَطِخٍ مَطِخٍ" یعنی تیرا قول باطل ہے۔
مَطَرَتْ (ن) مَطْرًا و مَطَرًا اَمْطَرَتِ السَّمَاءُ: بارش ہونا السَّمَاءُ الْقَوْمَ: پانی برسانا و اَمْطَرَ الرَّجُلُ: پیشانی پر پسینہ والا ہونا۔ بارش میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُ فُلَانًا فَامْطَرَ و اِسْتَمْطَرَ" میں نے فلاں سے گفتگو کی تو اس نے سر جھکا لیا اور اس کی پیشانی پر پسینہ آ گیا۔ اَمْطَرَ الْمَكَانَ بارش شدہ پانا۔

مَطَرَ (ن مُطُوْرًا و مَطْرًا) الْفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا الْقِرْبَةَ: مشک کو بھرنا الطَّيْرُ: پرندہ کا تیزی سے اُترنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ وَلَا أَدْرِيْ مَنْ مَطَرَ بِهٖ" وہ گیا اور میں نہیں جانتا کہ اس کو کس نے پکڑ لیا (مُطُوْرًا) فِي الْأَرْضِ: جانا الْعَبْدُ: بھاگنا الشَّيْءُ: بلند ہونا۔

تَمَطَّرَ. بارش کے سامنے ہونا۔ بارش طلب کرنا الرَّجُلُ فِي الْأَرْضِ: جانا الطَّيْرُ: پرندہ کا تیزی سے اُترنا بِهٖ فَرَسُهٗ: لے کے تیز دوڑنا تَمَطَّرَتِ الْخَيْلُ: گھوڑوں کا تیزی سے آنا اور سبقت کی کوشش کرنا۔

اِسْتَمْطَرَ اللّٰهَ: بارش طلب کرنا الْمَكَانُ او الزَّرْعُ: بارش کے قابل ہونا الرَّجُلُ: بارش سے چھپنا۔ خاموش رہنا ثَوْبَةً: برساتی پہننا اِسْتَمْطَرَ فُلَانًا و مِنْ فُلَانٍ: عنایت و کرم کی التجا کرنا لِلسِّيَاطِ: کوڑوں کے درپے ہونا اور صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَسْتَمْطِرِ الْخَيْلَ" گھوڑوں کے درپے مت ہو۔

المَطَر. بارش ج أَمْطَار.

المُطْر. چینا کا خوشہ۔ عادت۔

المَطْرَة. بارش کی ایک بوچھاڑ (و المَطِرَة والمَطَرَة) عادت لِلْمَطَرَة: مشک۔ حوض کا وسط۔

المَطَار والمَطَارَة مِنَ الْآبَارِ: چوڑے منھ کا کنواں۔

المَطَّارُ مِنَ الْخَيْلِ: بہت تیز رفتار گھوڑا۔

الْمَطِر والمَاطِر والمَطِيْر. بارش والا۔

المَطِيْر: جس پر بارش ہو۔

سَحَابٌ مِمْطَارٌ. موسلا دھار برسنے والا بادل۔

المِمْطَر والمِمْطَرة. برساتی۔ عوام مَشَمَّع کہتے ہیں۔

المُتَمَاطِر. بادل جو تھوڑی دیر برسے اور پھر رک جائے۔

المُتَمَطِّر. تیز رفتار گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑے کا سوار۔ بارش کے بعد سیر کو نکلنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ مُتَمَطِّرًا" یعنی بارش کے بعد سیر کو چلا۔

المُسْتَمْطِر. فا۔ بارش کا منتظر۔

المُسْتَمْطَر. مف۔ بارش کیلئے کھلا میدان۔

المَطْرَان والمِطْرَان. پادریوں کا ایک بڑا عہدہ ج مَطَارِنَة و مَطَارِيْن.

مَطَعَ (ف) مَطْعًا و مُطُوْعًا فِي الْأَرْضِ: جانا اور گم ہونا الشَّيْءَ: اگلے دانتوں سے کھانا۔

المَاطِع. فا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "بَيَاضٌ مَاطِعٌ نَاطِعٌ" خالص سفید۔

تَمَطَّقَ الطَّعَامَ. چکھنا الرَّجُلُ: چٹخارہ لینا۔

تَمَطَّقَتِ الْقَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔

المَطِقَة. مٹھاس۔ کہا جاتا ہے "تَمْرُهُمْ لَهٗ مَطِقَةٌ" ان کے چھوارے میں مٹھاس ہے کہ کھانے والے چٹخارہ لیتا ہے۔

مَطَلَ (ن) مَطْلًا الْحَبْلَ: رسّی تاننا الْحَدِيْدَ: لوہے کو کوٹ کے بڑھانا۔ پگھلا کر چوڑا کرنا ہٗ حَقَّهٗ و بِحَقِّهٖ: ٹال مٹول کرنا الدَّيْنَ: قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا۔

اِمْتَطَلَهٗ حَقَّهٗ: ٹال مٹول کرنا۔ اِمْتَطَلَ النَّبَاتُ: لمبا اور گنجان ہونا۔

اِمْطَلَّ الشَّيْءُ: دراز ہونا۔

المَطْلَةُ والمُطْلَة. حوض کی تہ میں بقیہ پانی۔

المُطْلَة. تھوڑا سا پانی وغیرہ جو مشک سے گرے۔

المِطَالَة. لوہے کے پگھلانے کا پیشہ۔

المَطَّال. لوہے کو پگھلانے اور چوڑا کرنے والا (و المَطُوْل) بہت ٹالنے والا۔

المَطِيْلَة. کوٹ پیٹ کے چوڑا کیا ہوا لوہا۔

المِمْطَل. چور۔ لوہار کا گھن۔

المَمْطُوْل. مف۔ لمبا کیا ہوا۔ پھیلایا ہوا۔ ٹالا ہوا۔

مَطْمَطَ. گفتگو یا لکھنے میں سستی کرنا۔

تَمَطْمَطَ الْمَاءُ: گاڑھا ہونا۔

مَطَا يَمْطُوْ مَطْوًا. چلنے میں جلدی کرنا بِالْقَوْمِ: دیر تک چلانا۔

مَطِيَ يَمْطَى مَطًا. پھیلنا اور لمبا ہونا۔

أَمْطَى الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا۔ سواری بنانا أَمْطَاهُ الدَّابَّةَ: سوار کرانا۔

اِمْتَطَى الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔

تَمَطَّى. پھیلنا اور لمبا ہونا الرَّجُلُ: چلنے میں ہاتھوں کو پھیلانا اور انگڑائی لینا۔

المَطَا. س۔ پیٹھ۔ تثنیہ مَطَوَان ج أَمْطَاء.

المَطْو والمُطْو. شاخ جس کو چیر کر گٹھا باندھا جائے۔ ج مِطَاء و أَمْطَاء و مُطِيّ.

المِطْو: ساتھی۔ نظیر۔ کھجور کا گچھا۔ چینا کی بالی ج مِطَاء.

المُطَوَاء. بروزن غُلَوَاء. انگڑائی۔ لمبائی۔

المَطْوَة. مطا کا اسم مرة۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ مَطْوَةٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

المَطِيَّة. سواری۔ مذکر مؤنث دونوں کے لیے بعیر اور ناقة دونوں کو مَطِيَّة کہتے ہیں۔ ج مَطَايَا و مَطِيّ.

الْأُمْطِيّ. سیدھے لمبے قد والا۔ ایک قسم گوند کی جو کھایا جاتا ہے۔

مَظَّهٗ (ن) مَظًّا. ملامت کرنا۔

مَاظَّهٗ مِظَاظًا و مُمَاظَّةً. جھگڑا کرنا۔ گالی دینا مَاظَّ الْخَصْمَ: چمٹے رہنا۔

أَمَظَّهٗ. گالی دینا۔

تَمَاظُّوْا. باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

المَظّ. س۔ جنگلی انار کا درخت۔ ایک قسم کے گوند کا سرخ رنگ کا عصارہ۔

المَظَاظَة. سختی و بد مزاجی۔

مَظَعَ (ف) مَظْعًا و مَظَّعَ الْوَتَرَ: تانت کو خشک اور چکیلا کرنا۔

تَمَظَّعَ الْمَأْكُوْلَ: سب کا سب چاٹ جانا۔ الظِّلَّ: سایہ ڈھونڈتے پھرنا فِي الرَّعْيِ: چرانے کے وقت سے دیر کرنا۔

المُظْعَة. گھاس کا بقیہ۔

المَظْعَة. باقی ماندہ گفتگو۔

مَعَ و مَعْ. اسم ہے جو مضاف ہو کر مستعمل ہے اور ظرف ہے اور اس وقت اس کے تین

معانی ہوتے ہیں۔
(۱) اجتماع اور مصاحبت جیسے "اللہُ مَعَکُمْ" اور اَفْعَلُ ھٰذَا مَعَ ھٰذَا۔
(۲) وقتِ اجتماع۔ جیسے جِئْتُكَ مَعَ الْعَصْرِ۔
(۳) بمعنی عند۔ جیسے جِئْتُ مِنْ مَعَ الْقَوْمِ۔ اور بلا مضاف ہوتے ہوئے بھی مستعمل ہے اس وقت اس پر تنوین آتی ہے اور حال واقع ہوتا ہے اور یہی تثنیہ اور جمع کے لیے بھی آتا ہے۔ جیسے "جَاءَ زَیْدٌ وَ عَمْرٌو مَعًا وَ جِئْنَا مَعًا" اور نسبت کے لیے مَعِیٌّ اور اسی سے واو معیت ہے۔
مَعَّ(ن) مَعًّا الشَّحْمُ: چربی کا پگھلنا۔
مَعَتَ(ف) مَعْتًا الشَّیْءَ: ملنا دلنا۔
مَعَجَ (ف) مَعْجًا الفَرَسُ: نرمی کے ساتھ تیز رفتار ہونا۔ صفت مَعُوْجٌ. مَعَجَ الْبَحْرُ: سمندر کا موج مارنا السَّیْلُ: سیلاب کا تیز بہنا بِالْقَلَمِ فِی الدَّوَاةِ: قلم کو روشنائی لگنے کیلئے دوات میں ہلانا الفَصِیْلُ ضَرْعَ اُمِّہٖ: اونٹ کے بچہ کا دودھ اتارنے کے لیے تھن پر سر مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "الرِّیْحُ تَمْعَجُ فِی النَّبَاتِ" ہوا پودوں کو ادھر ادھر کر رہی ہے الْجَارِیَةَ: جماع کرنا الرَّجُلَ جنگ کرنا۔ تلوار مارنا۔ مَعَجَتِ النَّبَاتُ: لہلہانا۔
تَمَعَّجَ السَّیْلُ او الْحَیَّةُ: سیلاب یا سانپ کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔
الْمَعْجُ. مع۔ اضطراب۔ مقاتلہ۔ نرمی سے ہوا کا چلنا۔
الْمَعْجَةُ. مَعْج کا اسم مرۃ۔ جوانی کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ فِیْ مَعْجَةِ شَبَابِہٖ" اس نے یہ اپنی جوانی کے شروع میں کیا۔
الْمَعَّاجُ اسم مبالغہ۔ حِمَارٌ مَعَّاجٌ: دوڑنے میں ادھر ادھر ہونے والا گدھا۔
رِیْحٌ مَعُوْجٌ. تیز چلنے والی ہوا۔
فَرَسٌ مِمْعَجٌ. نرمی کے ساتھ تیز رفتار گھوڑا۔
مَعَدَ(ف) مَعْدًا الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا الشَّیْءَ: جلدی سے کھینچنا الرُّمْحَ: مرکز سے کھینچنا فِی الْاَرْضِ: دور تک جانا الشَّیْءُ: تباہ ہونا لَحْمَةً: گوشت کو اگلے دانتوں سے کھانا السَّیْفَ: تلوار سونتنا الرَّجُلَ: معدہ پر مارنا (مَعْدًا و مُعُوْدًا) بِالشَّیْءِ: لے جانا الدَّلْوَ و بِھَا: ڈول کھینچنا اور کنوئیں سے نکالنا۔
مُعِدَ. درد معدہ والا ہونا۔ صفت مَمْعُوْدٌ.
اِمْتَعَدَ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا۔
الْمَعْدُ. س۔ موٹا۔ نرم سبزی۔ تر و تازہ پھل۔ تیز رفتار اونٹ۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ تُعْدٌ وَلَا مَعْدٌ" اس کے پاس نہ قلیل ہے نہ کثیر۔
الْمَعَدُّ. پیٹ۔ پہلو۔
الْمَعِدَة والمِعْدَة. آنتوں میں پہنچنے سے پہلے کھانا ہضم ہونے کی جگہ۔ ج مَعِد و مِعَد.
الْمُتَمَعِّدَة. مِنَ الرُّطَبِ: تر و تازہ۔
تَمَعْدَدَ الْغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا الْمَرِیْضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا الْمَھْزُوْلُ: موٹا ہونے لگنا۔
مَعِرَ(س) مَعَرًا الرِّیْشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا النَّاصِیَةُ: پیشانی کے سب بال گر جانا الظُّفُرُ: ناخن کا چوٹ وغیرہ لگنے سے گر جانا۔
مَعَّرَ. مفلس ہونا وَجْھَہٗ: چہرہ کا غصہ سے بدلنا۔
اَمْعَرَ الرِّیْشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا الرَّجُلُ: محتاج ہو جانا۔ اَمْعَرَتِ الْاَرْضُ: کم نباتات والی ہونا الرَّجُلَ: مال چھین کر فقیر بنا دینا۔ القَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ بے سبزی والی زمین میں پڑنا الْمَوَاشِیُ الْاَرْضَ: چر کر صاف کر دینا۔
تَمَعَّرَ وَجْھُہٗ: چہرے کا رنگ بدل جانا رَاْسُہٗ: سر کے بال گر جانا۔
الْمَعَارَة. بد خلقی۔ غصہ کی وجہ سے ترش رو۔
الْمَعِر. کم بال یا کم پروں والا۔ چوٹ لگنے سے گرنے والا۔ ناخن۔ بے برکت بخیل مرد۔ کم گوشت والا۔ اَرْضٌ مَعِرَةٌ: کم نباتات والی زمین۔
الْاَمْعَر. کم بال والا۔ کم نباتات والی جگہ۔ چمڑے کا موزہ۔ جس کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث مَعْرَاءُ. ج مُعْر. نَاصِیَةٌ مَعْرَاءُ: بے بال کی پیشانی۔
الْمَمْعُوْر. مع۔ غصہ کی وجہ سے ترش روئی۔
مَعِزَ (س) مَعَزًا الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ صفت مَعِزٌ و مَاعِزٌ الرَّجُلُ: اپنے کام میں کوشش کرنا و اَمْعَزَ الرَّجُلُ: بہت بکریوں والا ہونا۔
مَعَزَ (ف) مَعْزًا. الرَّاعِی المعزی عَنِ الضَّانِ: بکریوں کو بھیڑوں سے جدا کرنا۔
تَمَعَّزَ وَجْھُہٗ: چہرہ کا سکڑنا الْبَعِیْرُ: تیز دوڑنا۔
اِسْتَمْعَزَ. کام میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا اَمْعَزَہٗ مِنْ رَجُلٍ یعنی کس قدر قوی اور سخت ہے۔ "وَمَا اَمْعَزَ رَایَہٗ" وہ کس قدر مضبوط رائے والا ہے۔
الْمَعْز والمَعَز. بکری۔ یہ اسم جنس ہے۔ واحد مَاعِز ج اَمْعُز و مَعِیْز. الْمَعَز: زمین کی سختی۔
الْاُمْعُوْز ج اَمَاعِز و اَمَاعِیْز والمَعِیْز و المِعْزٰی والمَعَاز. بکری۔ الْاُمعوز: تیس سے چالیس تک ہرنوں کی جماعت۔
الْمَاعِز. فا۔ معز کا واحد (جیسے صاحب و صحب) بمعنی بکرا بکری۔ اور کبھی بکری کو مَاعِزَة کہتے ہیں۔ جمع مَوَاعِز. الْمَاعِز والمَعِز والْمُسْتَمْعِز: اپنے کام میں کوشش کرنے والا۔ والمَاعِز: بکری۔ بکری کی کھال مرد تیز طبیعت چالاک دوسروں کو منع کرنے والا۔
الْمِعْزَاة. بکری۔
الْاَمْعَز. بہت کنکر پتھر والی سخت جگہ مؤنث مَعْزَاء ج مُعْز و مَعْزَاوَات وَ اَمَاعِز.
الْمَعَّاز. بکری والا۔ بکریوں کا چرواہا۔
الْمِعْزِیّ. بخیل جو مال جمع کرے اور سائل کو منع کرے۔
رَجُلٌ مُمَعَّزٌ. خلقتاً سخت کھال والا مرد۔
مَعَسَ (ف) مَعْسًا الشَّیْءَ: سخت ملنا

الرَّجُلَ: بے عزتی کرنا۔ نیزہ مارنا۔
المَعْس. دودھ۔ حرکت۔
المَعَّاس والمُتمعِّس. لڑائی میں پیش قدمی کرنے والا۔
مَعِص (س)مَعَصًا الرِّجْلُ: موچ والا ہونا یا بہت چلنے سے پٹھوں میں درد والا ہونا۔ صفت مَعِصٌ و مَعِيصٌ.
تَمَعَّصَ بَطْنُهُ: پیٹ کا دردمند ہونا۔الرَّجُلُ: شرمندہ ہونا۔
مَعِضَ (س) مَعَضًا و اِمْتَعَضَ مِنَ الْاَمْرِ: غضبناک ہونا اور کام کا دشوار ہونا۔ صفت مَعِضٌ و مَاعِضٌ.
مَعَّضَهُ و اَمْعَضَهُ. غضبناک کرنا۔ دردمند کرنا۔المَعْض الشَّيْءَ: جلانا۔
مَعَطَ (ف)مَعْطًا الشَّيْءَ: کھینچنا۔الرِّيْشَ: پر اکھیڑنا۔بحَقِّ فُلَانٍ: ٹالنا(وامتعط) السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔ مَعَطَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔الجَسَدُ: جسم کا بے بال ہونا۔
مَعِطَ (س)مَعَطًا و تَمَعَّطَ الذِئْبُ: بھیڑیے کا گرے ہوئے بال والا ہونا۔ صفت مَعِطٌ و اَمْعَطُ.
تَمَعَّطَ و اِمَّعَطَ و اِنْمَعَطَ و اِمْتَعَطَ الشَّعْرُ: بیماری کی وجہ سے بال گر جانا۔اِمَّعَطَ و اِمْتَعَطَ النَّهَارُ: دن کا دراز ہونا۔اِمْتَعَطَ رُمْحَهُ: نیزہ کھینچنا۔
المَعِط والاَمْعَط. جسم پر بے بال والا۔ مؤنث مَعْطَاء ج مُعْطٌ. ولِصٌّ اَمْعَطُ: بھیڑیے کے مشابہ چور۔رَمْلٌ اَمْعَطُ: بغیر نباتات کے ریگستان۔اَرْضٌ مَعْطَاءُ: بغیر نباتات والی زمین۔
مَعَقَهُ (ف)مَعْقًا. ڈگڈگا کے پینا۔مَعَقَ السَّيْلُ الْاَرْضَ: سیلاب کا زمین کو بہا لے جانا۔
مُعِقَ مَعْقًا. الرَّجُلُ: فاسد معدہ والا ہونا۔
مَعُقَ (ک)مَعْقًا و مَعَاقَةً النَّهْرُ: گہرا ہونا۔ صفت مَعِيْقٌ مؤنث مَعِيْقَةٌ.
اَمْعَقَ الْبِئْرَ: کنواں گہرا کھودنا۔

تَمَعَّقَ. گہرا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَمَعَّقَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا" یعنی اس نے ہم سے بدخلقی کی۔
المَعْق والمَعَق والمُعُق. گہرائی۔ ج اَمْعَاق و اَمَاعِق و اَمَاعِيْق. المَعْق: بدخلقی۔ بے نباتات والی زمین۔
مَعَكَ (ف)مَعْكًا الشَّيْءَ: ملنا۔الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔ بے عزتی کرنا فُلَانًا فِي الْخُصُوْمَةِ: غالب آنا۔ مَعَكَهُ دِيْنَهُ و بِدَيْنِهِ: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
مَعُكَ (ک)مَعَاكَةً بیوقوف ہونا۔
مَعَّكَهُ. زمین میں لوٹانا۔
تَمَعَّكَ. زمین میں لوٹنا۔
مَاعَكَهُ مُمَاعَكَةً بِدَيْنِهِ: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
المَعِك. بیوقوف۔ سخت جھگڑالو (والمِمْعَك) قرض کو ٹالنے والا۔
اَلْمَعْكَرُوْنَةُ: مشہور کھانے کا نام۔
اِبِلٌ مَعْكَى. بہت اونٹ۔
المَعْكُوْكَاءِ گرد و غبار۔ شور و غوغا۔ بدی۔
مَعَلَ (ف)مَعْلًا الشَّيْءَ. چھین لینا۔ اچک لینا الخَشْبَةَ: لکڑی چیرنا۔اَمْرَهُ: کام کو ساتھیوں سے پہلے کر لینا۔الرَّجُلُ: تیز چلنا۔الحِمَارَ: گدھے کو خصی کرنا۔ مَعَلَهُ و اَمْعَلَهُ عَنِ الشَّيْءِ: جلدی سے ہٹا دینا۔
اِمْتَعَلَ الرَّجُلَ: پے در پے نیزہ مارنا۔
المَعِل مِنَ النَّاسِ. پھرتیلا؛ جلدباز۔
المَعْل. س۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ مِنْهُ مَعْلٌ" تیرے لیے ضروری ہے۔
المَعَالَة. بدی۔
حِمَارٌ مَمْعُوْل. خصی کیا ہوا گدھا۔
مَعْمَعَ. جلدی کام کرنا۔الشَّيْءُ المُحْتَرِقُ: جلتی ہوئی چیز سے آواز نکلنا۔القَوْمُ: سخت جنگ کرنا۔ سخت گرمی میں چلنا۔الرَّجُلُ: گفتگو میں لفظ مع اکثر بولنا۔السَّمَاءُ الْمَطَرَ عَلَى الْاَرْضِ سخت بارش گرانا اور زمین کو صاف کر دینا۔

المَعْمَع. تیز خاطر عورت۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ مَعْمَعٍ" وہ امور پر صبر کرنے والا ہے۔
المَعْمَعَة. س۔ بانس وغیرہ جلنے کی آواز۔ لڑائی میں بہادروں کا شور۔ گرمی کی شدت ج مَعَامِعُ المَعَامِعُ: لڑائیاں اور فتنے۔
المَعْمَعِيُّ. جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو اور ہر ایک سے کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔
المَعْمَعَان والمَعْمَعَانِي مِنَ الْاَيَّامِ: سخت گرم۔المَعْمَعَان: سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ مَعْمَعَانِ الصَّيْفِ" یعنی وہ سخت گرمی میں آیا۔وَفِيْ مَعْمَعَانِ الشِّتَاءِ یعنی وہ سخت جاڑے میں آیا۔
مَعَنَ (ن)مَعْنًا النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا بِالْحَقِّ: حق کا انکار کرنا۔ حق کا اقرار کرنا۔(ضد)
مَعَنَ (ف)مَعْنًا و مَعُنَ (ک)مُعُوْنًا الْمَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ صفت مَعِيْن. مَعَنَ الفَرَسُ: گھوڑے کا دور تک دوڑنا المَطَرُ الْاَرْضَ: پے در پے بارش ہو کر سیراب کر دینا۔
مَعِنَ (س)مَعَنًا المَكَانُ او النَّبْتُ: پانی سے سیراب ہونا۔
اَمْعَنَ فِي الطَّلَبِ: ڈھونڈنے میں بہت مبالغہ کرنا فِي الْاَمْرِ: معاملے کی گہرائی میں پہنچنا۔ الضَّبُّ فِيْ جُحْرِهِ: گوہ کا سوراخ کے انتہائی حصے میں غائب ہونا الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں دور دور تک پہنچنا النَّظَرَ فِي الْاَمْرِ: نہایت غور کے ساتھ سوچنا الوَادِيُ: زیادہ بہتے ہوئے پانی والی ہونا لَهُ: بہت ہونا؛ کم ہونا بِالْحَقِّ: حق کا انکار کے بعد اقرار کرنا۔ انکار کرنا الْمَاءُ: پانی کا آہستہ آہستہ بہنا فُلَانٌ الْمَاءَ: پانی بہانا۔ اَمْعَنَتِ الْاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔
تَمَعَّنَ. ذلیل و حقیر ہونا۔
المَعْن. معن۔ ہر نفع اٹھانے کی چیز۔ بہت

کم۔ آسان۔ لمبا۔ کوتاہ۔ ادھوڑی۔ سرخ کھال جو ٹوکری وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔ ذلت۔ کھلے میدان کا پانی۔

المَعْنَۃ. معن کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَالَہُ سَعْنَۃٌ وَلَا مَعْنَۃٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

المَعْنِیُّ. بہت مال والا۔ کم مال والا۔

المَعَان. منزل۔

المَاعُوْن. بارش۔ پانی۔ ہر وہ خانگی سامان جس سے خود نفع اُٹھایا جائے اور دوسروں کو عاریت پر دیا جائے (جیسے ہانڈی چمچہ ڈول رسی سوئی وغیرہ وغیرہ) بھلائی۔ فرمانبرداری۔ زکوۃ عِنْدَ العَامَّۃِ. کاغذ کا دستہ یا رِم۔

المَعِیْن. بہتا ہوا پانی۔ اور کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَعِیْنٌ" جاری پانی "سِقَاءٌ مَعِیْنٌ" بہتے ہوئے پانی والا مشکیزہ۔ ج مُعُنَات و مُعُن.

المُعُنَات و المُعْنَان. پانی بہنے کی جگہ، وادی میں پانی کے نالے۔

کَلَأٌ مَمْعُوْنٌ. گھاس جس میں پانی جاری ہو رَوْضٌ مَمْعُوْنٌ: جاری پانی سے سیراب کیا ہوا باغ۔

تَمَعْنٰی یَتَمَعْنٰی. معنی سمجھنا۔ معنے بیان کرنا۔

مَعَا یَمْعُو مُعَاءً السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

اَمْعَی النَّخْلُ: پکنے کے بعد کچھ خشک کھجوروں والا ہونا البُسْرُ: گدر کھجور کا خوش مزہ ہونا۔

تَمَعَّی السِّقَاءُ: مشکیزہ کا تن جانا الشَّرُّ بَیْنَ النَّاسِ: برائی کا پھیلنا۔

المَعْو. تر کھجور جو کچھ خشک ہونے لگے۔ اونٹ کے نچلے ہونٹ کی پھٹن۔

المِعْیُ و المَعْیُ ج اَمْعَاء. و المِعَاءُ ج اَمْعِیَۃ آنت مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

مَغَثَ (ف) مَغْثًا الدَّوَاءَ فِی المَاءِ. دوا کو پانی میں نرم کرنا الرَّجُلَ: غیر تکلیف دہ مارنا۔ پچھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَغَثَتْهُمُ الحُمّٰی" ان کو بخار آ گیا۔ مَغَثَہٗ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔ مَغَثَ الشَّیْءَ: گڈمڈ کرنا عِرْضَ فُلَانٍ: عیب لگانا۔

مُغِثَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔

مَاغَثَہٗ مِغَاثًا و مُمَاغَثَۃً. جھگڑا کرنا۔

المَغْث. س۔ انگلیوں سے مل کر نرم کرنا۔ برائی۔ مقاتلہ ج مغاث.

المِغْث. سخت قسم کا پہلوان۔

المَغِیْث. گھاس جس کو بارش نے بچھا دیا ہو۔ شریر مرد۔

المُغَاث. چوڑے پتوں اور سفید پھولوں کا ایک درخت۔

المَمْغُوْث. بخار زدہ۔ بارش سے بچھی ہوئی گھاس۔

مَغَدَ (ف) مَغْدًا الشَّیْءَ. چوسنا۔ الفَصِیْلُ اُمَّہٗ: اونٹ کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا النَّبَاتُ: نباتات لمبی ہونا الرَّجُلُ فِی عَیْشِہٖ: آسودہ زندگی گزارنا شَعْرَہٗ: بال اکھیڑنا العَیْشُ البَدَنَ: موٹا تازہ کر دینا فُلَانٌ: کامل جوان ہونا الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

مَغَدَ (ف) و مَغِدَ (س) مَغْدًا البَدَنُ: بدن کا موٹا ہونا۔

اَمْغَدَ. دیر تک پینا الصَّبِیَّ: بچے کو دودھ پلانا۔

المَغْد. س۔ عَیْشٌ مَغْدٌ آسودہ زندگی۔

المَغْدُ: ببول کا گوند بیری کا گوند یبروج الضم (ایک دوا کا نام) اور بقول بعض بیگن۔ ایک پھل جو ککڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے باریک و نازک اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ بڑا ڈول۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہ۔ ہر موٹی لمبی چیز۔ موٹا اونٹ۔

مَغَرَ (ف) مَغْرًا فِی البِلَادِ: تیز جانا بِہٖ بَعِیْرُہٗ: لے کے تیز دوڑنا۔

مَغَرَ الثَّوْبَ. کپڑے کو گیرو سے رنگنا۔

اَمْغَرَہٗ بِالسَّہْمِ. آر پار کر دینا۔ اَمْغَرَتِ النَّاقَۃُ او نٹنی کا مرض کی وجہ سے سرخ دودھ والی ہونا۔ صفت مُمْغِر.

المَغْرَۃ و المَغَرَۃ. گیرو۔

المَغْر و المُغْرَۃ. غیر خالص سرخی کا رنگ۔

المَغَارَۃ. دیکھئے مادہ غور۔

الاَمْغَر. غیر خالص سرخ رنگ والا۔ وہ شخص جس کے چہرہ میں خالص سفیدی میں سرخی جھلکتی ہو۔

لَبَنٌ مَغِیْرٌ. سرخ دودھ خون ملا ہوا۔

المَمْغَرَۃ. وہ زمین جہاں سے گیرو نکلے۔

مَغَسَ (ف) مَغْسًا بِیَدِہٖ: چھونا ہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا المَرْأَۃَ: عورت سے جماع کرنا۔

مُغِسَ. آنتوں میں درد والا ہونا۔

مَغِصَ (س) مَغَصًا و مُغِصَ مَغْصًا آنتوں میں درد اور مروڑ ہونا۔ صفت مَمْغُوْص.

اَمْغَصَہٗ. مروڑ اور اینٹھن والا کرنا۔

تَمَغَّصَ بَطْنُہٗ: مروڑ اور اینٹھن لاحق ہونا۔ دردناک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَغَّصَ بَطْنِیْ" یعنی درد میں مبتلا کیا۔ "تَمَغَّصَنِی الشَّیْءُ و تَمَغَّصْتُ مِنْہُ" اس نے مجھے تکلیف دی۔

المَغْص. س۔ آنتوں میں مروڑ اور اینٹھن۔

المَغْص. عمدہ اونٹ ج اَمْغَاص. واحد مَغْصَۃ.

مَغَطَ (ف) مَغْطًا و مَغَطَ الشَّیْءَ: لمبا ہونے کے لیے کھینچنا۔

تَمَغَّطَ و اِمَّغَطَ الشَّیْءُ: کھنچنا و طویل ہونا۔

تَمَغَّطَ البَعِیْرُ: دوڑنے میں اگلے پیروں کو پھیلانا۔ الفَرَسُ: بہت زیادہ دوڑنا۔

اِمْتَغَطَ. کھینچنا اور طویل ہونا السَّیْفَ. تلوار سونتنا۔

المَمْغَط. انتہائی لمبا۔

مَغَلَ (ف) مَغْلًا و مَغَالَۃً بِالرَّجُلِ: چغل خوری کرنا۔

مَغِلَتْ (س) مَغَلًا عَیْنُہٗ: خراب ہونا۔ الحَامِلُ بِوَلَدِھَا: زمانۂ حمل میں دودھ پلانا۔ مَغَلَتْ (ف) و مَغِلَتْ (س) مَغْلًا

الدَّابَّة: چوپایہ کے پیٹ میں مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے درد ہونا۔ صفت مَغِلَةٌ و مَمْغُوْلَةٌ اوراسم المَغْلَة.

اَمْغَلَ القَوْمُ: مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے پیٹ میں درد والے جانور کا مالک ہونا الْحَامِلُ وَلَدَهَا: زمانہء حمل کا دودھ پلانا بِه عِنْدَ السُّلْطَان: چغل خوری کرنا۔

المَغْل والمُغَل. زمانہ حمل میں عورت کا دودھ المَغَل: آنکھ کا کیچڑ۔ج اَمْغَال.

المُغْل. ایک قوم کا نام۔ج مُغُوْل.

المَغْلَة. مغل کا اسم مرۃ فساد۔ سال میں دو مرتبہ بچے جننے والی بھیڑ یا بکری۔ج مِغَال..

المَغَالَة. مس خیانت۔ فریب۔

مَغْمَغَ اللحْمَ: گوشت کو نرم نرم چبانا۔ الْكَلَامَ: مبہم کہنا الشَّیُٔ: گڈمڈ کرنا فِی عَمَلِه: ناقص وردی طریقے سے کرنا الْاَمْرُ: خلط ملط ہونا الْكَلْبُ فِی الْاِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

مَغْنَطَ الْحَدِيْدِ۔ لوہا وغیرہ سے پلانا۔

اَلْمَغْنَطِيْسُ وَالْمَغْنَاطِيْسُ. ایک معدن جس میں لوہا و دیگر معاون جذب کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

اَلْمَغْنَوْلِيَة: شمالی امریکہ میں ایک درخت کی قسم جس کے بڑے بڑے خوبصورت پھول ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے بوئے جاتے ہیں۔

اَلْمَغِيْسِيَا وَالْمَنَازْيَا: بے ہوا و بے ذائقہ سفید مٹی۔ جس کے ساتھ علاج کیا جاتا ہے۔

الْمَغْنَطِيْس والمَغْنَاطِيْس. چمک پتھر۔

مَغَا يَمْغُوْ مَعْوًا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

الْمُغَاء والْمُغُوّ. بلی کی آواز۔

مَغَی يَمْغِی مَغْيًا. غیر مفہوم گفتگو کرنا۔

تَمَغَّی الْاَدِيْمُ. چمڑے کا ڈھیلا پڑنا۔

الْمَغْیُ مس فِی الْاَدِيْم: چمڑے کا ڈھیلا پن۔ فِی الْاِنْسَان: مذاقًا یا واقعی طور پر وہ کچھ کہنا جو اس کے اندر نہ ہو۔

مَفَجَ (ف) مَفْجًا الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔ رَجُلٌ مَفَاجَةً بیوقوف مرد۔

الْمَنْعَى وَالْمَنْعَاة: خبر مرگ۔ ج مَنَاعٍ۔
نَغَبَ (ف ن) نَغْبًا الرِّيقَ: تھوک نگلنا۔
نَغَبَ (ن) نَغْبًا الرَّجُلُ فِي الشُّرْبِ: گھونٹ گھونٹ پینا۔
نَغَبَ (ف) نَغْبًا الطَّائِرُ: پرندہ کا پانی پینا۔
النَّغْبَة وَالنُّغْبَة: گھونٹ ج نُغَب۔ النَّغْبَة: براکام۔
النَّغْبَقَة وَالنُّغْبُوْقَة: جانور کے پیٹ کی آواز۔
نَغَتَ (ف) نَغْتًا الشَّعْرَ: بال کھینچنا۔
النَّغث: دائمی سخت مصیبت۔
نَغَرَت (ف ض) و نَغِرَت (س) نَغِيْرًا و نَغَرَانًا الْقِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔
نَغَرَ و نَغِرَ نَغْرًا و نَغَرَانًا الرَّجُلُ عَلَى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَغِرَ عَلَيْهِ جَوْفُهُ" اس کا جوف اس پر بھڑک اٹھا۔ صفت مذکر نَغِر صفت مؤنث نَغِرَةُ النَّاقَةُ: اونٹنی کو

آواز دینا۔ بلانا۔
نَغِرَ (س) نَغَرًا مِنَ الْمَاءِ: بہت پانی پینا الرَّجُلُ: کینہ رکھنا۔
نَغَّرَ الصَّبِيَّ: بچے کو گدگدانا۔ بِالنَّاقَةِ: اُونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
تَنَغَّرَ الرَّجُلُ: غضب کی وجہ سے جوف کا بھڑک اٹھنا۔ عَنْ فُلَانٍ: دگرگوں ہونا یا غضبناک ہونا۔
اَنْغَرَتِ الْبَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔
تَنَاغَرَ الرَّجُلُ: ناواقف بننا۔
النَّغْرُ. س۔ کھاری پانی کا چشمہ۔
النُّغَرُ. بلبل۔ چڑیا کے بچے۔ ج نِغْرَان۔
النَّغَّارُ. بہت غضبناک۔ جُرْحٌ نَغَّارٌ: بہت خون بہانے والا زخم۔
المُنْغِرُ. بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آئے۔
المِنْغَارُ. بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آنے کی عادت ہو۔
نَغَزَ (ف) نَغْزًا الصَّبِيَّ: بچے کو گدگدانا۔ بَيْنَ الْقَوْمِ: ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا۔
النَّغَّازُ. فتنہ انگیز۔ تباہی لانے والا۔
نَغَشَ (ف) نَغْشًا و نَغَشَانًا. ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْغَشُ اِلَى فُلَانٍ" وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔ "وَشُقِيَ فُلَانٌ فَنَغَشَ" یعنی طاری ہونے کے بعد حرکت کی۔
تَنَغَّشَ وَانْتَغَشَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَغَشَ وَ تَنَغَّشَ الْمَكَانُ بَاَهْلِهِ وَالرَّاْسُ بِالْقُمَّلِ" جگہ اپنے لوگوں اور سر جوں سے بھر گیا۔
النَّغْشَةُ. نغش کا اسم مرۃ۔
النُّغَاشُ وَالنَّغَاشُ وَالنُّغَاشِيُّ. بہت پستہ قد۔ النُّغَاشُ: وذیل لوگ۔ عیار لوگ۔
نَغِصَ (س) نَغَصًا الْبَعِيرُ: سیراب نہ ہونا الرَّجُلُ: مراد پوری نہ ہونا۔
نَغَصَهُ (ف) نَغْصًا. پانی کا حصہ روک دینا یا پوری طرح سے پینے نہ دینا۔

نَغَّصَ وَاَنْغَصَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْعَيْشَ و نَغَّصَ عَيْشَهُ: زندگی مکدر کر دینا۔ ونَغَّصَ فُلَانًا: زندگی مکدر کر دینا۔ اَنْغَصَ فُلَانًا رَعِيَّةً: کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا۔
نُغِّصَ تَنْغِيصًا. خوشگواری کامل نہ ہونا۔
تَنَغَّصَ الْعَيْشُ: مکدر ہونا۔
تَنَاغَصَتِ الْاِبِلُ: ہجوم کرنا۔
النُّغْصَةُ. مراد پوری کرنے سے مانع ج نُغَص۔
نَغَضَ (ن ض) نَغْضًا و نُغُوضًا و نَغَضَانًا کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا۔ نَغَضُوْا اِلَى الْعَدُوِّ: مقابلے کے لیے اٹھنا الشَّيْءَ وبالشَّيْءِ: ہلانا۔ نَغَضَ نَغَضًا الشَّيْءُ: بہت ہونا السَّحَابُ: گھٹاٹوپ بادل چڑھنا۔
نَغَّضَ الشَّيْءَ: ہلانا۔
اَنْغَضَ الشَّيْءَ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ رَاْسَهُ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا۔
تَنَغَّضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔
النَّغْضُ. س۔ سر ہلانے والا۔ چلنے میں کانپنے والا۔
النَّاغِضُ. فا۔ ج نَغْضٌ. النَّاغِضُ مِنَ الْاِنْسَانِ: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے۔ غَيْمٌ نَاغِضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل (والنُّغْضُ) مِنَ الْكَتِفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔
النَّغَّاضُ مِنَ السَّحَابِ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل۔ رَجُلٌ نَغَّاضُ الْبَطْنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو۔
النُّغُوضُ. بڑے کوہان والی اُونٹنی۔
نَغِفَ (س) نَغَفًا الْبَعِيرُ: اُونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔
النَّغَفُ. س۔ اُونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے۔ واحد نَغَفَة النَّغَف: خشک رینٹ جو

ناک سے نکلے۔
نَغَقَ (ف ض) نُغَاقًا و نَغِيقًا الْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ النَّغَّاقُ. بہت کاؤں کاؤں کرنے والا۔
نَغِلَ (س) نَغَلًا الْجِلْدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا الجُرْحُ: فاسد ہونا زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا۔ نَغِلَتْ نِيَّتُهُ: نیت بری ہونا۔ نَغِلَ قَلْبُهُ عَلَيَّ: کینہ رکھنا بَيْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ چغل خوری کرنا وَجْهُ الْاَرْضِ: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا۔
نَغُلَ (ک) نُغُولَة المولود: نسبت بگڑنا۔
النِّغْلَة اسم مصدر ہے۔
اَنْغَلَ الْجِلْدُ: دباغت میں خراب کرنا۔ اسم النُّغْلَة۔
النَّغْلُ. گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور۔
النَّغَلُ. س۔ لوگوں کے درمیان فساد انگیزی۔ چغل خوری۔
النَّغَلَةُ. چغل خوری۔
النَّغْلُ والنَّغِلُ مؤنث نَغْلَةٌ و نَغِلَةٌ والنَّغِيْلُ بگڑا ہوا۔ حرامی بچہ۔
النُّغَيْلَةُ. ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
نَغَمَ (ض ن) و نَغِمَ (س) نَغْمًا و نَغَمَ و تَنَغَّمَ الرَّجُلُ: گانے میں سر نکالنا۔ نَغَمَ فِي الشَّرَابِ: تھوڑا سا پینا اور کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَمَهُ مُنَاغَمَةً. بہت آہستہ گفتگو کرنا۔
النَّغْمُ والنَّغَمُ. گانے میں سر۔ ج اَنْغَام۔ جج اَنَاغِيْم اور اسی سے اَنْغَامُ الْمُوْسِيْقِي ہے۔ آہستہ گفتگو۔
النَّغَّامُ. بہت سر نکالنے والا۔
النَّغْمَةُ والنَّغَمَةُ. نغم کا واحد۔ پڑھنے میں اچھی آواز۔ ج نَغَمَات۔
النُّغْمَةُ. گھونٹ۔ ج نُغَم۔
رَجُلٌ نَغُوْمٌ. اچھی آواز والا مرد۔

نَغَا يَنْغُوْ نَغْوًا و نَغَى يَنْغِي نَغْيًا وانْغَى اِلَيْهِ: قابلِ سمجھ بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فُلَانٌ فَمَا نَغَى بِحَرْفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَى الصَّبِيَّ: بچّے سے دِل پسند بات کرنا۔ الْمَرْأَةَ: عشق بازی کرنا الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔ غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ قریب ہونا المَوْجُ السَّحَابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْجَبَلُ يُنَاغِي السَّمَاءَ" یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے۔
تَنَاغَى الْقَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
النَّاغِيَة: کلمہ۔
النَّغْوَة والنَّغْيَة: سریلی آواز۔ اچھی گفتگو
النَّغْيَة: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَغْيَةً مِنْ كَذَا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے۔
نَفَّ(ن) نَفًّا الْاَرْضَ: بونا۔
نَفَّ(س) نَفًّا السَّوِيقَ: ستو پھانکنا۔
النَّفِيُّ: جس پر ستو چھانا جائے۔ ج نَفَانِيُّ۔
النَّفِيَّة والنُّفْيَة والنُّفَى: کھجور کے پتوں سے بنا ہوا گرا لی دستر خوان۔
النَّفِيف: اُونٹ کے پالان کا تنگ۔
النُّفَأ: نباتات کے متفرق قطعات۔ چھوٹے باغ یا اکٹھے بعض درخت جو بڑی بڑی گھاس سے بلند ہوگئے ہوں۔ واحد نُفَاَةٌ۔
نَفَتَتْ(ض) نَفْتًا و نَفَتَانًا و نَفِيتًا و نَافَتَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا بہت زور سے ابلنا۔ صفت نَفُوت۔ نفت و نَافَتَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے پھولنا۔ و نَفَتَ الدَّقِيقُ نَفْتًا: آٹے کا پانی ڈالنے سے پھولنا۔
النَّفِيتَة: آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا جائے۔
• اَلنَّفْتَالِيْن(کیمیا) کاربن اور ہیڈروجن سے مرکب ایک سفید بلوری مادہ جس کی ہوا طاقت ور ہوتی ہے رنگ دار چیزوں کے بنانے اور کیڑوں کی مدافعت کے لئے استعمال ہوتی ہے۔
نَفَثَ(ن ض) نَفْثًا و نَفَثَانًا الْبُصَاقَ مِنْ فِيهِ: مُنہ سے تھوک پھینکنا الْجُرْحُ الدَّمَ: زخم کا خون بہانا الرَّجُلُ: تھوکنا۔ نَفَثَتِ الْحَيَّةُ السَّمَّ: سانپ کا زہر نکالنا۔ نَفَثَ الْمَصْدُوْرُ: درد سینہ والے کا تھوک کھنکھار وغیرہ پھینکنا۔ الْقَلَمُ: لکھنا فُلَانًا: کسی پر جادو کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَثَ اللّٰهُ الشَّيْءَ فِي قَلْبِهِ" اللہ نے اس کے دِل میں ڈالا۔ و نُفِثَ فِي رَوْعِي او قَلْبِي كَذَا" مجھے فلاں چیز کا □ الہام ہوا۔ "و فُلَانٌ يَنْفِثُ عَلَيَّ غَضَبًا فلاں مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے۔
نَافَثَهُ مُنَافَثَةً: چپکے چپکے بات کرنا۔
النَّفْث: بس۔ بلغم۔ نَفْثُ الشَّيْطَانِ: غزل کے اشعار۔
النَّفْثَة: نفث کا اسم مرة۔ ج نَفَثَات۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ نَفَثَاتِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے اشعار کس قدر اچھے ہیں۔
النُّفَاثَة: تھوک وغیرہ جو درد سینہ والا پھینکے۔
النَّافِث والنَّفَّاث: جادوگر۔ مؤنث نَافِثَةٌ و نَفَّاثَةٌ۔
دَمٌ نَفِيثٌ: زخم سے بہا ہوا خون۔
المَنْفُوْث: م۔ رَجُلٌ مَنْفُوْثٌ: جادو کیا ہوا مرد۔
نَفَجَ(ن) نَفْجًا و نَفَجَانًا و نُفُوْجًا الْاَرْنَبُ او الْيَرْبُوعُ: خرگوش یا جنگلی چوہے کا دوڑ کر نکل بھاگنا۔ نَفَجَتِ الرِّيحُ: ہوا کا تیز چلنا الطَّرِيقُ بِالْقَوْمِ: راستہ میں قوم کا اچانک ظاہر ہونا۔
نَفَجَ نَفْجًا الْاِنْسَانُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا الْفَرُّوْجَةُ: مرغی کے بچّے کا انڈے سے نکلنا الْاَرْنَبَ وَغَيْرَهَا: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا الشَّيْءَ: بلند کرنا السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔
اَنْفَجَ الْاَرْنَبَ: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا الْحَالِبُ: دوھنے کے وقت برتن کو تھن سے جدا کرنا۔
تَنَفَّجَ وانْتَفَجَ: بلند ہونا الرَّجُلُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ تَنَفَّجَتِ الرِّيحُ عَلَى الْقَوْمِ: غفلت کی حالت میں تیز ہوا کا چلنا۔ اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبُ: خرگوش کا دوڑنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَفَجَتْ مِنْهُ الْاَرْنَبُ" اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبَ وَغَيْرَهَا" خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔
اِسْتَنْفَجَ الشَّيْءَ: نکالنا۔ ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا الَّذِي اِسْتَنْفَجَ غَضَبَكَ" یعنی کس چیز نے تمہیں غصہ دلایا۔
النَّافِج: فا۔ صَوْتٌ نَافِجٌ: سخت و بلند آواز۔
النَّافِجَة۔ النَّافِج کا مؤنث۔ بہت بارش والا۔ بادل۔ ہوا جو پہلے زور سے چلے۔ آخری پسلی۔ بیٹی۔ اس وجہ سے کہ وہ اپنے مہر سے باپ کے مال کو بڑھاتی ہے۔ مشک کا نافہ۔ مشک رکھنے کا برتن۔ ج نَوَافِج۔
النَّفَّاج: غیر واقعی صفات پر فخر و غرور کرنے والا۔ ڈینگ مارنا والا۔
النِّفَاجَة: چوبغلا۔
النَّفِيجَة: کمان۔ ج نَفَائِج۔
النَّفِيجُ: اجنبی شخص جو کسی قوم میں شامل ہو اور نہ مصلح ہو نہ مفسد۔ ج نُفُج۔ النُّفُج: بوجھل اور سست لوگ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نُفُجُ الْحَقِيبَةِ" وہ موٹے سرین والا ہے "و اِمْرَأَةٌ نَفْجُ الْحَقِيبَةِ" موٹے سرین والی عورت۔
الْاَنْفُجَانِي: قول میں افراط کرنے والا۔
المَنَافِج: چھوٹے تکیہ کے مانند ایک چیز جس سے عورتیں اپنے سرین کو بڑا ظاہر کرتی ہیں۔
بَعِيرٌ مُنْتَفِجٌ: کوکھ باہر نکلا ہوا اُونٹ۔
المَنْفُوج: کشادہ پہلوؤں والا اُونٹ۔
نَفَحَ(ف) نَفْحًا و نَفَحَانًا و نُفُوحًا و نُفَاحًا الطِّيبُ: خوشبو پھیلنا۔ نفحت الرِّيحُ: ہوا کا چلنا۔ ابتدائی ہوا کا چلنا۔ نَفَحَ الْعِرْقُ: رگ سے خون نکلنا۔ نَفَحَتِ الدَّابَّةُ

الرَّجُلَ: کھر کے کنارے سے مارنا۔نَفَحَ فُلَانًا بِالسَّيْفِ: آہستہ تلوار سے مارنا۔ نَفَحَهُ بِكَذَا: دینا۔نَفَحَ لِمَّتَهُ: کنگھا کرنا الشَّیْءَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نَافَحَهُ مُنَافَحَةً. جھگڑا کرنا۔نَافَحَ عَنْ فُلَانٍ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔

اِنْتَفَحَ بِفُلَانٍ: سامنے آنا۔اِنْتَفَحَ اِلٰی مَوْضِعِ كَذَا: واپس آنا۔

النَّفْحُ. س۔النَّفْحُ مِنَ الرِّيَاحِ سردی میں ہوا کا چلنا اور گرمی میں ہوا کے چلنے کو لفح کہتے ہیں۔

النَّفْحَةُ. نفح کا اسم مرۃ۔نَفْحَةُ الدَّمِ: خون کا فوارہ۔نَفْحَةُ الرِّيْحِ: ہوا کا جھونکا۔ نَفْحَةُ الطِّيْبِ: خوشبو کی بھڑک مِنَ الْأَلْبَانِ: خالص دودھ۔النَّفْحَةُ: عطیہ۔ ج نَفَحَات. کہا جاتا ہے نِيَّةٌ نَفْحٌ: بلند ارادہ۔

النَّفُوْحُ مِنَ النُّوْقِ: اونٹنی جس کے تھن سے بغیر دوھے ہوئے دودھ نکلے۔ مِنَ الْقِسِيِّ: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔رِيْحٌ نَفُوْحٌ: تیز چلنے والی ہوا۔

النَّفَّاحُ. بہت داد و دہش والا۔ طَعْنَةٌ نَفَّاحَةٌ: زور سے خون بہانے والا نیزہ۔

النَّفِيْحَةُ. دُور تک تیر پھینکنے والی کمان۔

النَّفِيْحُ والمِنْفَحُ. دخل در معقولات کرنے والا مرد۔

الْإِنْفَحَةُ والإِنْفِحَةُ والأَنْفَحَة والمِنْفَحَة. بکری کا بچہ جو ابھی صرف دودھ ہی پیتا ہو اس کے پیٹ سے ایک چیز نکالتے ہیں اور کپڑے میں لت پت کر لیتے ہیں پھر وہ پنیر کا مانند گاڑھا ہو جاتا ہے اور عوام اس کو مَجْبَنَة کہتے ہیں۔

نَفَخَ (ن)نَفْخًا و نَفَخَ بِفَمِهِ: منہ سے پھونک مارنا۔ کہا جاتا ہے نَفَخَ فِي النَّارِ و نَفَخَ النَّارَ. نَفَخَ الضُّحٰى: بلند ہونا۔ نَفَخَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا اچانک آنا۔اور کہا جاتا ہے "نَفَخَ شِدْقَيْهِ" یعنی اس نے تکبر کیا۔ "نَفَخَ الشَّيْطَانُ فِيْ اَنْفِهِ" شیطان نے اس کی ناک میں پھونک دیا۔ یعنی اس نے اپنے متعلق ایسی بڑھ چڑھ کر باتیں کہیں جو حقیقتًا اس کے اندر نہیں تھیں۔نَفَخَهُ الطَّعَامُ: سیر کرنا۔

تَنَفَّخَ. پھولنا۔

اِنْتَفَخَ. پھولنا۔اِنْتَفَخَ الشَّیْءُ: بلند ہونا النَّهَارُ: دن چڑھنا۔الرَّجُلُ: بڑا بننا۔ تکبر کرنا۔

النَّفْخُ. فخر۔ تکبر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْ نَفْخٍ.

النَّفَخُ. جانوروں کے ٹخنوں کا ورم جو چلنے سے کم ہو جائے۔

النُّفُخُ. جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ نُفُخٌ و جارِيَةٌ نُفُخٌ."

النَّفْخَةُ. نفخ کا اسم مرۃ۔ کھانے وغیرہ سے پیٹ کا پھولنا۔نَفْخَةُ الشَّبَابِ: کامل جوانی۔ نَفْخَةُ الرَّبِيْعِ: موسم بہار کی تروتازگی۔

النُّفَاخُ. ورم جو بیماری کی وجہ سے پیدا ہو۔

النُّفَّاخَةُ. پانی کا بلبلہ۔ مچھلی کے پیٹ میں ایک پھولی ہوئی چیز۔ج نُفَّاخَات.

النَّافِخُ. فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

النَّافُوْخُ. یافوخ کی تحریف ہے بمعنی چندیا۔

النَّفِيْخُ. س۔ جو شخص آگ پھونکنے پر مقرر ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَنْفَخَانٌ و اِنْفَخَانٌ و اُنْفُخَانِيٌّ و اِنْفَخَانِيٌّ: موٹائی کی وجہ سے پر گوشت مرد اور مؤنث تا کے ساتھ جمع کی صورت میں۔

المِنْفَاخُ والمِنْفَخُ. پھونکنی۔ لوہار کی دھونکنی۔ ج مَنَافِيْخُ و مَنَافِخُ. مَنَافِخُ الشَّيْطَانِ: شیطان کے وساوس۔

المَنْفُوْخُ. مف۔ بڑے پیٹ والا۔ موٹا۔ بزدل۔

نَفِدَ (س)نَفَدًا و نَفَادًا. الشَّیْءُ: نیست و نابود ہونا۔ ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفِدَ زَادُ الْقَوْمِ" قوم کا توشہ ختم ہو گیا۔

نَفَدَ (ن) نَفْدًا الْقَوْمَ: لوگوں سے آگے بڑھ جانا۔

اَنْفَدَ الْقَوْمُ: بے مال و بے توشہ ہونا۔ اَنْفَدَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔اَنْفَدَ الشَّیْءَ: نیست و نابود کرنا۔الْقَوْمَ: لوگوں کے درمیان گھس کر درمیان میں چلنا۔

نَافَدَهُ مُنَافَدَةً. باہم حاکم کے پاس جانا۔ جھگڑا کرنا۔ ایک دوسرے کی حجت کو نابود کرنے کی کوشش کرنا۔

اِنْتَفَدَ واسْتَنْفَدَ الشَّیْءَ: نیست و نابود کرنا۔

اِسْتَنْفَدَ وُسْعَهُ: پوری طاقت لگانا۔اِنْتَفَدَ الْحَقَّ: پورا حق لینا۔اللَّبَنَ: دودھ دوھنا اور کہا جاتا ہے "اِنْتَفَدَ مِنْ عَدُوِّهِ" یعنی اس نے اپنے دشمن سے پورا بدلہ لے لیا۔

تَنَافَدَ الْخَصْمَانِ اِلَى الْقَاضِيْ: فیصلہ کے لیے جانا۔تَنَافَدَ الْقَوْمُ: جھگڑا کرنا۔

الْمُنَافِدُ فَاخَصْمٌ مُنَافِدٌ: جھگڑے میں پوری طاقت صرف کرنے والا۔

الْمُنْتَفِدُ. فا۔ اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ مُنْتَفِدًا" وہ گوشہ نشین ہوا۔

الْمُنْتَفَدُ. مظ۔ کہا جاتا ہے "فِيْ هٰذَا الشَّیْءِ مُنْتَفَدٌ عَنْ غَيْرِهِ" اس چیز میں بہ نسبت غیر کے وسعت ہے "و فُلَانٌ مُنْتَفَدُ فُلَانٍ" یعنی جب ایک کے پاس سے سارا مال خرچ ہو جاتا ہے تو دوسرا اپنے مال سے اس کی مدد کرتا ہے۔

نَفَذَ (ن)نَفْذًا و نُفُوْذًا و نَفَاذًا الشَّیْءُ الشَّیْءَ: چھید کر پار ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفَذَ السَّهْمُ الرَّمِيَّةَ وفِيْهَا و مِنْهَا" تیر شکار سے چھید کر پار ہو گیا۔فُلَانٌ الْقَوْمَ: آگے گزر جانا۔(نفذ (ن)نُفُوْذًا و نَفَاذًا) الْاَمْرُ او الْقَوْلُ: جاری ہونا۔ نافذ ہونا۔ پورا ہونا۔ نَفَذَ الْمَنْزِلُ اِلَى الطَّرِيْقِ: متصل ہونا۔ نَفَذَ الطَّرِيْقُ: شاہراہ عام ہونا۔ صفت نافذ. نَفَذَ الْكِتَابُ اِلٰى فُلَانٍ: پہنچنا۔نَفَذَ الرَّجُلُ فِي الْاَمْرِ: جلدی کرنا۔ ماہر ہونا۔نَفَذَ لِوَجْهِهِ اپنی حالت پر گزرنا۔

نَافَذَهُ. فیصلہ کے لیے جانا۔

نَفَّذَ و اَنْفَذَ السَّهْمَ الرَّمِيَّةَ: تیر سے شکار کو

چھید کر پار کرنا۔ الْکِتَابَ اِلٰی فُلَانٍ: بھیجنا الْحَاکِمُ الْاَمْرَ: جاری کرنا۔ نافذ کرنا الرَّجُلُ الْقَوْمَ: وسط میں چلنا۔ آگے گزر جانا و اَنْفَذَ عَهْدَهٗ: عمل میں لانا۔
تَنَافَذَ الْقَوْمُ اِلَی الْحَاکِمِ: فیصلہ کے لیے حاکم کے پاس جانا۔
النَّفْذُ. جاری کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَمَرَ بِنَفْذِ الْکِتَابِ: اس نے کتاب کے لکھے ہوئے کے مطابق اجرا کا حکم دیا۔ پھٹن۔ نکلنے کی جگہ۔ رہائی کی جگہ۔ ج اَنْفَاذ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ طَعْنَةٌ لَهَا نَفْذٌ" یہ ضرب نیزہ ایسی ہے کہ آر پار ہے۔
النَّافِذ. فا۔ ہر کام کو کر گزرنے والا۔ طَرِیْقٌ نَافِذٌ: عام راستہ۔ اَمْرٌ نَافِذٌ: ایسا حکم جس کی فرمانبرداری کی جائے۔ النَّافِذ: یہ النَّوَافِذ کا واحد ہے۔ نوافذ جسم انسانی کے ہر سوراخ کو کہتے ہیں جیسے ناک، منہ وغیرہ۔
النَّافِذَة. النَّافِذ کا مؤنث۔ روشن دان۔ سوراخ۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ طَعْنَةٌ نَافِذَةٌ" یہ ضرب نیزہ آر پار ہے۔ ج نَوَافِذ.
النَّفَاذ و النُّفُوْذ. ہر کام کو کر گزرنے والا۔
النُّفْذَة. مہرہ۔ ج نُفَذ.
النَّفِیْذ. نافذ. اَمْرٌ نَفِیْذٌ: مانا ہوا حکم۔
الْمَنْفَذ. گزرگاہ۔ ج مَنَافِذ.
الْمَنْفِذ. کسی چیز کے جاری ہونے کی جگہ۔ ج مَنَافِذ. مَنَافِذُ الْاِنْسَانِ: جسم انسانی کے سوراخ جیسے منہ، ناک وغیرہ۔
الْمُنْتَفَذ. گنجائش۔ کشادگی۔
نَفَرَتْ (ض ن) نُفُوْرًا و نِفَارًا و نَفِیْرًا الدَّابَّةُ مِنْ کَذَا: چوپائے کا بدکنا۔ ڈر کر دور ہونا۔ صفت نَافِرٌ و نَفُوْرٌ.
نَفَرَ (ض) نَفْرًا. مِنْ کَذَا: نفرت کرنا۔ ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَرْتُ مِنْ صُحْبَةِ فُلَانٍ" مجھے فلاں کی صحبت ناپسند آئی عَنْ کَذَا: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ نَفَرَ اِلَی الشَّیْءِ: دوڑنا (نُفُوْرًا) الْعَیْنُ وغیرُهَا: آنکھ کا سوجنا (نَفْرًا) فُلَانًا: غالب آنا (نَفْرًا و نُفُوْرًا) الْحَاجُّ مِنْ مِنًی: مکہ کی طرف کوچ کرنا (نَفْرًا و نُفُوْرًا و نِفَارًا و نَفَرَانًا) الظَّبْیُ وغیرہ: ہرن کا بھاگنا اور دور ہونا (نِفَارًا و نُفُوْرًا و نَفِیْرًا) الْقَوْمُ لِلْقِتَالِ او الْاَمْرِ: چل پڑنا۔
نَفَّرَهٗ. بھگانا۔ نَفَّرَهٗ عَلٰی فُلَانٍ: کسی پر غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔ نَفَّرَ الشَّیْءَ و عَلَی الشَّیْءِ و بِالشَّیْءِ: غالب ہونا۔ نَفَّرَ عَنْ فُلَانٍ: برا لقب دینا
اَنْفَرَهٗ. بھگانا۔ اَنْفَرَ الْقَوْمُ: بھاگے ہوئے اونٹوں والا ہونا الْقَوْمُ فُلَانًا مدد دینا الْحَاکِمُ فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔
نَافَرَهٗ نِفَارًا و مُنَافَرَةً. فیصلے کے لیے جانا۔ حسب و نسب میں فخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَافَرْتُهٗ اِلَی الْقَاضِیْ فَنَفَّرَنِیْ عَلَیْهِ" میں اس کو قاضی کے پاس فیصلہ کے لیے لے گیا اس نے میرے غلبہ کا فیصلہ کیا۔
تَنَفَّرَ. کوچ کرنا۔
تَنَافَرَ الرَّجُلَانِ: باہم فیصلہ کے لیے جانا۔ باہم فخر کرنا الْقَوْمُ لِلْاَمْرِ: چل پڑنا۔
اِسْتَنْفَرَهٗ. بھگانا۔ اِسْتَنْفَرَ الْقَوْمَ: قوم سے مدد طلب کرنا۔ جنگ کیلئے کوچ کرنے کی درخواست کرنا الظَّبْیَ: ہرن کا بھاگنا۔ اِسْتَنْفَرَ فُلَانٌ بِثَوْبِهٖ: کپڑے لے جا کر گم کر دینا۔
النُّفْرُ. مص۔ النَّافِر کی جمع۔
النَّفْرُ و النَّفْرَة. بھاگنے والوں کا گروہ۔ جنگجو لوگوں کی جماعت۔ معاملہ میں آگے رہنے والوں کی جماعت۔ تین سے دس تک کی جماعت النَّفْرَة: نفر کا اسم مرۃ۔ نَفْرَةُ الرَّجُلِ: خاندان کہا جاتا ہے عِفْرٌ نِفْرٌ و عِفِرٌّ نِفِرٌّ تابع مہمل کے طور پر بمعنے خبیث و سرکش اور ایسا ہی عِفْرِیَةٌ نِفْرِیَةٌ و عِفْرِیْتٌ نِفْرِیْتٌ و عِفْرِیَةٌ نِفْرِیَةٌ.
النَّفَر. سارے لوگ۔ تین سے دس تک مردوں کی جماعت۔ ج اَنْفَار. کہا جاتا ہے "ثَلَاثَةُ نَفَرٍ او ثَلَاثَةُ اَنْفَارٍ" یعنی تین شخص۔ نَفَرُ الرَّجُلِ مرد کا قبیلہ۔
یَوْمُ النَّفْرِ والنَّفَرِ والنَّفِیْرِ او النُّفُوْرِ. حاجیوں کا منیٰ سے مکہ معظمہ کی طرف واپس ہونے کا دن اور وہ ذی الحجہ کی بارہویں تاریخ ہے۔
اَلنُّفْرَة. حکم۔ فیصلہ (والنُّفْرَة) نظر بد سے حفاظت کے لیے تعویذ وغیرہ۔
النِّفَار. مص۔ اڑیل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِی الدَّابَّةِ نِفَارٌ" چوپایہ میں اڑیل ہونے کی عادت ہے۔
النُّفَارَة. حکم۔ فیصلہ۔ مغلوب سے جو غالب لے۔
النَّافِر. فا۔ غالب۔ ج نُفَّرٌ و نُفَرٌ.
النَّافِرَة. النَّافِر کا مؤنث۔ نَافِرَةُ الرَّجُلِ و نُفُوْرَتُهٗ: مرد کا خاندان۔
النَّفُوْر والیَنْفُوْر و الْمُسْتَنْفِر. بھاگنے والا۔ بہت تیز بھاگنے والا۔
النَّفِیْر. مص۔ دس مردوں سے کم کی جماعت۔ کوچ کرنے والوں کی جماعت یا جنگجو لوگوں کا گروہ۔ النَّفِیْر: بگل (دخیل) ج اَنْفِرَة. والنَّفِیْرُ الْعَامُّ: دشمن سے مقابلہ کیلئے عوام کا اٹھ کھڑا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا هُوَ بِنَفِیْرِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا فخر کرنے میں مساوی نہیں۔
النَّافُوْر عیسائیوں کے نزدیک: قربان مقدس کا راز۔ مخصوص عبادتیں۔
النَّفَارِیْر. چڑا۔ چڑے۔ واحد نُفْرُوْر.
الْمُسْتَنْفَر. مفع۔ ڈرایا ہوا۔
الْمَنْفُوْر. مفع۔ مغلوب۔
نَفْرَجَ نَفْرَجَةً. بہت بات کہنا۔
النِّفْرِج والنِّفْرِجَة والنِّفْرَاج والنِّفْرَاجَة والنِّفْرِجَاء. بزدل۔ ڈرپوک۔
النِّفْرِیْج. بہت کہنے والا۔
نَفَزَ (ض) نَفْزًا و نُفُوْزًا و نَفَزَانًا الظَّبْیُ: ہرن کا کودنا۔ اچھلنا۔ چھلانگ مارنا الرَّجُلُ: مرنا۔
نَفَّزَهٗ. کودانا۔ نَفَّزَتِ الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا

عورت کا بچے کو اچھالنا۔ نَفَزَ وانفزَ السهمَ: تیر کی درستی کو دیکھنے کے لیے ناخن پر گھمانا۔
تَنافَزُوْا باہم اچھلنا کودنا۔
النَفِيْز والنفِيْزَة مکھن جو مٹکی میں اِدھر اُدھر لگا ہوا رہ جائے۔
النَيْفُوْز مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن چھلانگ مارنے والا۔
نَوَافِز الدَّابَّةِ جانوروں کی ٹانگیں۔
النُّفَّاز ایک قسم کا کھیل جس میں باہم کودتے ہیں۔
نفس (س) نفسًا و نفاسيةً بالشيءِ بخل کرنا علٰى فُلانٍ بخيرٍ حسد کرنا (نفاسةً) الشيءَ علٰى فُلانٍ نااہل سمجھنا۔
نَفَسَهُ (ن) نفسًا بنفسٍ (ای بعين) نظر بد لگانا۔
نَفِسَت (س) و نُفِسَتْ و نفسًا و نفاسةً و نِفاسًا۔ المرأةُ غُلامًا زچہ ہونا۔ بچہ جننا۔ نُفِسَ فُلانٌ پیدا ہونا۔ صفت مَنْفُوْسٌ۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ فُلانٌ هٰذا قَبْلَ اَنْ يُنْفَسَ" فلاں اس کا پیدا ہونے سے پہلے وارث ہوا۔
نَفُسَ (ک) نفاسةً و نِفاسًا و نُفُوسًا و نفسًا نفیس و مرغوب ہونا۔
نَفَّسَ تَنْفِيْسًا عَنْهُ الْكُرْبَةَ: غم دور کرنا۔ غم سے رہائی دینا۔ کہا جاتا ہے "نَفَّسَ فُلانًا" اس نے فلاں کو مہلت دی یا اس کے غم کو زائل کیا نَفَّسَهُ فِي الْاَمْرِ ترغیب دینا۔
نَافَسَ نفاسًا و منافسةً فلانًا فِي الْاَمْرِ: باہم فخر کرنا۔ باہم مقابلہ کرنا فِي الشَّيْءِ: مبالغہ کرنا۔ گراں قیمت کرنا۔ کرم میں مقابلے کی رغبت کرنا۔
اَنْفَسَ الشَّيْءُ نفیس ہونا الشَّيْءُ فُلانًا پسند آنا فُلانًا فِي الشَّيْءِ رغبت دلانا۔
تَنَفَّسَ سانس لینا الصُّبْحُ صبح کا روشن ہونا القَوْسُ کمان کا چٹخنا النَّهْرُ نہر میں زیادہ پانی ہونا النَّهَارُ دوپہر ہونا۔ الرَّجُلُ لمبی لمبی باتیں کرنا۔ الرَّجُلُ فِي الْاِنَاءِ: برتن بغیر جدا کیے ہوئے پانی پینا۔ تین سانس میں پانی پینا (اضداد میں سے ہے) حدیث میں ہے "اِنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَنَفَّسُ فِي الْاِنَاءِ وَنَهٰى عَنِ التَّنَفُّسِ فِي الْاِنَاءِ" جناب نبی ﷺ تین سانس میں پانی پیتے تھے اور ایک سانس میں پانی پینے سے منع فرماتے تھے اور کہا جاتا ہے "تنفَّسَ الصعداءَ" یعنی اس نے تھکن یا غم کی وجہ سے لمبے لمبے سانس لئے۔
تَنَافَسَ القَوْمُ فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ بطریق مقابلہ کے رغبت کرنا۔
النَفْسُ س۔ روح۔ خون۔ کہا جاتا ہے "وَفَقَ نَفْسُهُ" اس کا خون اچھل کر نکلا۔ بدن کہا جاتا ہے "هُوَ عَظِيْمُ النَّفْسِ" یعنی وہ بڑے جسم کا ہے۔ نظر بد۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ نَفْسٌ" یعنی اسے نظر بد لگی۔ شخص۔ نَفْسُ الشَّيْءِ: عَيْنُ شَيْءٍ اور یہ بطور تاکید بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ هُوَ نَفْسُهُ و بِنَفْسِهِ" یعنی وہ خود ہی آیا۔ نَفْسُ الْاَمْرِ: حقیقت امر۔ النَفْسُ: عظمت۔ ہمت۔ عزت۔ ارادہ۔ رائے۔ عیب۔ سزا۔ پانی۔
نفس سے مراد اگر روح ہو تو مؤنث ہے جیسے خَرَجَتْ نَفْسُهُ اور اگر شخص مراد ہو تو مذکر ہے جیسے عِنْدِيْ خَمْسَةَ عَشَرَ نَفْسًا ج اَنْفُسٌ و نُفُوْسٌ اور کہا جاتا ہے "فِيْ نَفْسِيْ اَنْ اَفْعَلَ كَذَا" میرا ارادہ ہے کہ ایسا کروں "وَفُلانٌ يُؤَامِرُ نَفْسَيْهِ وَ يُشَاوِرُهُمَا" یعنی فلاں اپنے معاملہ میں متردد ہے اور اس کی دو رائیں ہیں اور کسی پر استقلال نہیں "وَخَرَجَتْ نَفْسُهُ وَ جَادَ بِنَفْسِهِ" یعنی وہ مر گیا۔
النَفَسُ س۔ جھونکا۔ سانس۔ گنجائش۔ مہلت۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "اِعْمَلُوا الْخَيْرَ وَاَنْتُمْ فِيْ نَفَسِ الْبَقَاءِ" خیر کا عمل کرو۔ اس حال میں کہ تم کو زندگی کی مہلت حاصل ہے۔ لمبی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ كِتَابًا نَفَسًا" اس نے لمبا خط لکھا۔ گھونٹ جیسے "اِكْرَعْ مَا فِي الْاِنَاءِ نَفَسًا وَاحِدًا" برتن میں جو کچھ ہے اس کو ایک گھونٹ میں پی جاؤ۔ ج اَنْفَاسٌ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَرَابٌ ذُوْ نَفَسٍ" یعنی خوشگوار ہے۔
و نَفَسُ السَّاعَةِ: آخری زمانہ و نَفَسُ الشَّاعِرِ اَو الْمُؤَلِّفِ: طرز تحریر۔
النِفَاسُ مص۔ زچگی۔ ولادت کے بعد کا خون۔
النُفْسَةُ مہلت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ فِي الْاَمْرِ نُفْسَةٌ" تمہارے لیے معاملے میں گنجائش ہے۔
النَّافِسُ فا۔ حاسد۔ بیش قدر۔ نظر بد والا۔ جوئے کا پانچواں یا چوتھا تیر۔
النَفِيْسُ بہت مال۔ شَيْءٌ نَفِيْسٌ مرغوب و قیمتی چیز اور اس کے مقابلے میں خسیس آتا ہے۔ رَجُلٌ نَفِيْسٌ حاسد مرد۔
مَالٌ نَفِيْسٌ و مُنْفِسٌ و مُنْفَسٌ بہت مال۔
الْاَنْفَسُ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الثَّوْبُ اَنْفَسُ مِنْ ذَاكَ" یہ کپڑا اس سے بہتر ہے "وَهٰذَا الْمَكَانُ اَنْفَسُ مِنْ هٰذَا" یہ جگہ اس سے وسیع ہے "وَهٰذَا اَنْفَسُ مَالِيْ" یہ میرا مرغوب مال ہے۔
النُفَسَاءُ النَّفْسَاءُ والنَفَسَاءُ زچہ۔ مثنٰی نُفَسَاوَانِ ج نِفَاسٌ و نُفُسٌ و نُفْسٌ و نُفَّسٌ و نُفَّاسٌ و نَوَافِسُ و نُفَسَاوَاتٌ۔
النَفُوْسُ حاسد نگاہیں۔
الْمَنْفُوْسُ نو پید بچہ۔ شَيْءٌ مَنْفُوْسٌ: مرغوب چیز۔
الْمُنْفِسُ فا۔ بیش قدر چیز۔
الْمُتَنَفَّسُ سانس لینے کی جگہ۔
نَفَشَ (ن) نَفْشًا و نَفَّشَ الْقُطْنَ اَو الصُّوْفَ روئی یا اون دھننا۔
نَفَشَ نُفُوْشًا الْقَوْمُ ارزانی میں ہونا۔ فُلانٌ عَلَى الشَّيْءِ: کھانے کے لیے متوجہ ہونا۔
نَفَشَتْ (ض ن) و نَفِشَتْ (س) نفشا

الْاِبِلُ او الْغَنَمُ: اُونٹ یا بکریوں کا بغیر چرواہے کے لیے رات میں رنا۔ صفت نَافِشَةٌ و نُفَّاشٌ و نَوَافِش و نُفُش اور اسم النَفَش۔

اَنْفَشَ الرَّاعِيُ الْاِبِلَ: چرواہے کا اُونٹ کو رات میں چرنے کے لیے چھوڑنا۔

تَنَفَّشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا پروں کو جھاڑنا۔ تَنَفَّشَتِ الْاِبِلُ: اُونٹ کا بغیر چرواہے کے رات میں چرنا۔ تَنَفَّشَت و انْتَفَشَت الْهِرَّةُ: بلی کا بال کھڑے کرنا۔ وانْتَفَشَ الصُّوْفُ: دھنی ہوئی ہونا۔

النَفَش. دھنی ہوئی اون۔ متفرق سامان۔ کثرت کلام و کثرت دعوی۔ کہا جاتا ہے "بَلَدٌ ذُو نَفَشٍ" یعنی سرسبز و شاداب شہر۔ اِبلٌ او غَنَمٌ نَفَشٌ بغیر چرواہے کے رات میں چرنے والے اُونٹ یا بکریاں۔ نفش کا اطلاق صرف رات ہی میں چرنے پر ہوتا ہے اور ہَمل کا رات اور دن دونوں پر۔

النَفِيش. برتن میں متفرق سامان۔ کہا جاتا ہے "بَقَرٌ او غَنَمٌ نَفَشٌ و نَوَافِشُ و نُفَّاشٌ" رات میں بغیر چرواہے کے چرنے والی گائیں یا بکریاں۔

النَفَّاش. مغرور۔ پھلانے والا۔ ایک قسم کا بڑا لیموں۔

المُتَنَفِّش والمُنْتَفِش. پھولا ہوا اور نرم کہا جاتا ہے "اَنْفٌ مُتَنَفِّشٌ و مُنْتَفِشٌ" چپٹی ناک۔

نَفَصَ (ض) نَفْصًا و اَنْفَصَ بِبَوْلِه: پیشاب کرنا۔ نَفَصَ و اَنْفَصَ بِالْكَلِمَة: جلدی بولنا۔ اَنْفَصَ فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا۔ الشَّاةُ بِبَوْلِهَا: بکری کا تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔

الرَّجُلُ بِشَفَتَيْه: ہونٹوں سے اشارہ کرنا۔

النُفْصَة. خون کا فوارہ۔ ج نُفَص

النُفَاص. بکریوں کی ایک بیماری جس میں بار بار پیشاب آتا ہے یہاں تک کہ مر جاتی ہے۔

النَفِيص. خوش گوار پانی۔

المِنْفَاص. بہت ہنسنے والا۔

نَفَضَ (ن) نَفْضًا الثَّوْبَ: کپڑا جھاڑنا۔ الشَّجَرَةَ: درخت سے پھل گرانے کے لیے ہلانا الْوَرَقَ مِنَ الشَّجَرِ: پتے گرانا الْمَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔ نَفَضَتْهُ الْحُمّٰى: بخار آنا۔ کپکپانا۔ نَفَضَ الزَّرْعُ: آخری خوشہ نکالنا۔ نَفَضَتِ الْاِبِلُ: سارے بچے جننا الْمَرْاَةُ: بہت بچوں والی ہونا۔ نَفَضَ الْقَوْمُ: بے توشہ یا بے مال ہونا۔ نَفَضَ الطَّرِيْقَ: تلاش و جستجو کرنا۔ چوروں سے پاک کرنا الْقَوْمُ حَلَائِبَهُمْ: دودھ دینے والے جانوروں کا سارا دودھ نکال لینا۔ نَفَضَ الثَّوْبُ او الصِّبْغُ: رنگ کا مدھم پڑنا الْكَرْمُ: انگور کی بیل میں گچھے نکلنا فُلَانٌ: چاروں طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِذَا تَكَلَّمْتَ نَهَارًا فَانْفُضْ" جب دن میں گفتگو کرو تو اِدھر اُدھر دیکھ لو۔

نَفَضَ (ن) نُفُوْضًا الْمَرِيْضُ مِنْ مَرَضِه: بیمار کا صحت یاب ہونا۔

اَنْفَضَ الْقَوْمُ: تباہ شدہ توشہ یا ختم شدہ مال والا ہونا الْقَوْمُ زَادَهُمْ: توشہ کو ختم کر دینا۔ اَنْفَضَ فُلَانًا عَنْهُ: دور کر دینا۔ دوستی ختم کرا دینا۔ اِنْفَضَتِ الْاِبِلُ: سارے بچے جننا۔

نَفَّضَ الثَّوْبَ او الشَّجَرَةَ: کپڑا یا درخت جھاڑنا۔

اِنْتَفَضَ الثَّوْبُ او الشَّجَرُ: کپڑا یا درخت کا جھڑنا الْفَصِيْلُ مَا فِي الضَّرْعِ: اُونٹ کے بچے کا تھن سے سارا چوس لینا الْكَرْمُ: انگور کی بیل کا سرسبز ہونا۔

تَنَفَّضَ واسْتَنْفَضَ الْمَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔ اِسْتَنْفَضَ الْقَوْمُ: تامل کرنا۔ غور کرنا الشَّيْءَ: نکالنا الْاَمِيْرُ: جاسوس بھیجنا۔

النَفَض والنِفَاض والنُفَاض و النُفَاضَة: جھاڑے ہوئے سے جو گرے۔

النُفَاضَة: توشہ کا بقیہ جو جھاڑا جائے۔

النَفَض. پتے یا کھجور جو گریں۔ النِفَاض: اسم ہے اَنْفَضَ الْقَوْمُ زَادَهُمْ سے۔ النِفَاض: بچوں کا تہبند۔ ج نُفُض اور کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ نِفَاضٌ" اس پر کچھ بھی کپڑا نہیں۔

النُفْضَة والنُفَضَة والنَفَاض و النُفَضَاء بخار کی کپکپی۔ النُفْضَة: بارش جو کہیں ہو اور کہیں نہ ہو۔

النَفَضَة. جاسوسوں کی جماعت۔

النَفَضى والنِفِضَّى والنِفِّيْضَى کپکپی۔

النَّافِض. فا۔ جوڑی کا بخار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُ حُمَّى نَافِضٌ و حُمَّى نَافِضٍ و حُمَّى بِنَافِضٍ" اس کو جوڑی کا بخار آ گیا۔

ثَوْبٌ نَافِضٌ: مدھم رنگ کا کپڑا۔

النَفُوْضُ مِنَ النِّسَاءِ: بہت اولاد والی عورت۔

النِفْض. شہد کی مکھی کی بیٹ۔

النَفِيْضَة. جاسوسوں کی جماعت۔ ج نَفَائِض. النَفَائِض: کنکری پھینک کر آئندہ کی خبر دینے والے۔ دبلے اُونٹ۔

الْاِنْفَاض. مص۔ بھوک۔ حاجت۔

الْاَنَافِيض. درخت کے نیچے گرے ہوئے پھل۔ واحد اُنْفُوْضَة.

المِنْفَض. چھاج۔ سوپ۔ پنکھا۔ (والمِنْفَاض) چادر وغیرہ جسے بچھا کر پتے یا میوے جھاڑیں۔

المُنْفِضُ مِنَ الدَّجَاجِ: مرغی جو انڈے دے کر رک گئی ہو۔

المَنْفُوْض. مف۔ تپ و لرزہ زدہ۔

نَفِطَتْ (س) نَفَطًا و نَفْطًا و نَفِيْطًا يَدُهُ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔

نَفَطَ (ض) نَفْطًا غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

نَفَطَتْ (ض) نَفْطًا و نَفِيْطًا الْعَنْزَةُ: بکری کا چھینکنا الْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔

نَفَطَ الظَّبْيُ: ہرن کا آواز کرنا الرَّجُلُ: مبہم گفتگو کرنا۔

تَنَافَطَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔

تَنَفَّطَ غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

تَنَفَّطَتِ الْيَدُ: ہاتھ کا زخمی ہونا یا آبلہ والا

النَفْط و النِفْط. ایک قسم کا معدنی تیل جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے اور جس سے آگ جلانے کا کام لیتے ہیں اور اس سے علاج بھی کرتے ہیں۔ النَفْط. چیچک۔ آبلہ۔ آج کل کی زبان میں نِفْط کا اطلاق مٹی کے تیل پر بھی ہے۔

النَفْطَة و النِفْطَة و النَفِطَة. آبلہ چیچک۔

النُفَطَة. جلدی غضبناک ہونے والا۔

النَّافِطَة. بکری۔ يَدٌ نَافِطَةٌ: آبلہ دار ہاتھ رُغْوَةٌ نَافِطَةٌ: بلبلہ والے جھاگ۔

النَفَّاط. معدن سے نَفْط نکالنے والا۔ نَفْط پھینکنے والا۔ج نَفَّاطَةٌ و نَفَّاطُوْن.

النِفَاطَة و النَفَّاطَة. نَفْط کا معدن۔ ایک قسم کا چراغ۔ تانبے کا ایک آلہ جس سے نَفْط اور آگ پھینکا کرتے تھے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَفَّاطُوْنَ بِأَيْدِيْهِمْ النَفَّاطَات" نفط پھینکنے والے اس حال میں نکلے کہ ان کے ہاتھوں میں نفط پھینکنے کے آلات تھے۔ النَفَّاطَة: پھنسی۔

النَفْطَان. کھانسی کے مشابہ۔ غصہ کے وقت پھولنا۔

النَفِيْط و المَنْفُوْط. ہاتھ میں آبلہ والا۔ مؤنث نَفِيْطَة و مَنْفُوْطَةٌ.

نَفَعَهُ (ف) نَفْعًا بِكَذَا: نفع دینا۔

اِنْفَعَ الرَّجُلُ: لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔

اِنْتَفَعَ بِهِ و مِنْهُ: فائدہ اٹھانا۔

اِسْتَنْفَعَه. فائدہ طلب کرنا۔

النَفْع. فائدہ۔ نفع۔ خیر جو مطلوب تک پہنچنے کا ذریعہ ہو۔

النَفَاع و النَفِيْعَة. منفعت۔ فائدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَاضِرُ النَفِيْعَة" اس کا نفع موجود ہے۔

النَفْعَة. نَفَع کا اسم مرۃ۔ لاٹھی اس وجہ سے کہ اس کی مار سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ ج نَفَعَات.

النِفْعَة. نَفَع کا اسم نوع۔ چمڑے کا ٹکڑا جو توشہ دان کے دونوں جانب لگا ہوتا ہے ج نِفَع و نِفَع.

اَلنُّفَاعَة. ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے۔

النَّافِع. فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

اَلنَّفْعِي. منفعی مذہب کا قائل اَلنَّفْعِية: وہ مذہب جس کے ماننے والے خالص منفعت کے قائل ہیں۔

النَّافِعَة. جس چیز سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَفَعنِيْ فُلَانٌ بِنَافِعَة" فلاں نے مجھ کو کچھ بھی نفع نہیں پہنچایا۔

النَفَّاع. بہت فائدہ پہنچانے والا۔

النَفُوْع. بہت فائدہ پہنچانے والا۔ ج نُفُعٌ.

المَنْفَعَة. ہر چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ فائدہ۔ ج مَنَافِع. مَنَافِعُ الدَّارِ: گھر میں آرام کی چیزیں۔ جیسے کنواں اور دھونے دھانے کی جگہ وغیرہ۔

نَفِغَتْ (ف) نَفْغًا و نُفُوْغًا و نَفِغَتْ (س) نَفَغًا و تَنَفَّغَتْ يَدُهُ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔ کام کرنے کی وجہ سے سوج جانا۔

نَفَقَ (ن) نَفَاقًا و نَفِقَ (س) نَفَقًا الشَّئُ ختم ہونا۔ کم ہونا۔ نَفَقَ الْبَيْعُ: خرید و فروخت رائج ہونا۔ نَفَقَت السُّوْقُ: گرم بازاری ہونا۔

نَفَقَ (ن) نُفُوْقًا الرَّجُلُ او الدَّابَّةُ: مرنا۔ روح نکلنا الْجُرْحُ: زخم کا چھل جانا۔

نَفَقَ (ن) و نَفِقَ (س) نَفْقًا الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا۔ (ضد)

نَافَقَ مُنَافَقَةً و نِفَاقًا فِيْ دِيْنِهِ: دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنا۔ صفت مُنَافِق. نَافَقَ الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ داخل ہونا۔

اَنْفَقَ. محتاج ہونا۔ توشہ ختم ہونا الْمَالَ: خرچ کرنا السِّلْعَةَ: سامان رائج کرنا الْقَوْمُ: رائج تجارت والی قوم ہونا الرَّجُلُ: سامان کو رائج پانا۔

تَنَفَّقَ الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کو سوراخ سے نکالنا الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا (ضد)

اِنْتَفَقَ الرَّجُلُ: سرنگ میں داخل ہونا۔ الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ سوراخ سے نکلنا (ضد) الْيَرْبُوْعَ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکالنا۔

اِسْتَنْفَقَ الْمَالَ: مال ختم کرنا۔

اَلنَفَق. سرنگ۔ ج اَنْفَاق.

النَفِق. جلدی منقطع ہونے والا۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ نَفِقُ الْجَرْيِ: جلدی تھکنے والا گھوڑا۔

النِفَاق و الْمُنَافَقَة. س۔ منافق کا فعل۔

النَفَقَة. اِنْفَاق کا اسم۔ خرچ۔ ج نَفَقَات و نِفَاق و اَنْفَاق.

النَافِق. فا مِنَ الْبَضَائِع: رائج سامان۔

النَافِقَة. النَافِق کا مؤنث۔ مشک کا نافہ۔

النَافِقَاء ج نَوَافِق والنُفَقَه والنُفَقَاء جنگلی چوہے کے پوشیدہ سوراخوں میں سے ایک سوراخ۔

نَيْفَق السَرْوَال: پائجامہ کا نیفہ۔

المِنْفَاق. بہت خرچ کرنے والا۔

المُنَافِق. دِل میں کفر اور زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا۔

المَنْفَقَة. باعث رواج پذیری اور اسی سے ہے "الْيَمِيْنُ الْكَاذِبَةُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مَمْحَقَةٌ لِلْبَرَكَة" یعنی جھوٹی قسم سامان کو رائج کر دیتی ہے لیکن برکت کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔

نَفَلَ (ن) نَفْلًا. قسم کھانا الرَجلَ: کسی کو بغیر ارادہ ثواب کے عطیہ دینا۔ نَفَلَهُ النَّفَلَ: زائد عطیہ دینا۔ نَفَلَ الْقَائِدُ الْجُنْدَ: مال غنیمت تقسیم کرنا الرَّجُلَ عَنْ نَسَبِهِ: نفی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اُنْفُلْ عَنْ نَفْسِكَ اِنْ كُنْتَ صَادِقًا" یعنی جو کچھ تمہارے بارے میں کہا جاتا ہے اس کو دور کرو اگر تم سچے ہو۔

نَفَّلَهُ. قسم کھلانا۔ حصّہ سے زائد دینا۔ نَفَّلَهُ النَفلَ: غنیمت دینا۔ نَفَّلَ عَنْ فُلَانٍ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

اَنْفَلَهُ. النفل: غنیمت دینا۔ انْفَل لَهُ: قسم کھانا۔

تَنَفَّل: نفل نماز ادا کرنا عَلٰى اَصْحابه: مال غنیمت میں سے ساتھیوں سے زیادہ حصہ لینا۔

وَتَنَفَّلَ مِنْهُ الشَّئَ: طلب کرنا۔

اِنْتَفَل: نوافل پڑھنا۔ الشَّئَ مِنْ فُلَان: طلب کرنا مِنَ الْاَمْرِ والکلام: بیزار ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَالَ لِیْ قَوْلًا فَانْتَفَلْتُ مِنْهُ" اس نے مجھ سے ایک بات بیان کی تو میں نے اس سے بیزاری ظاہر کی مِنَ الْقَوْمِ: قوم کی مدد سے دور رہنا۔ اِنْتَفَلَ: عذر بیان کرنا۔ قسم کرنا۔

النَّفْل: فرائض و واجبات سے زائد کام واجبات و فرائض سے زائد کام جو کرنے کو کہا جائے۔

النَّفَل: غنیمت۔ ہبہ۔ زیادتی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نَفَلٌ عَلٰى ذَاكَ" اس چیز کو اس پر زیادتی ہے ج نِفَال وانْفال۔ النَّفَل ایک خوشبو دار قسم کی گھاس جس سے گھوڑے موٹے ہوتے ہیں واحد نَفَلَة۔

النَّافِلَة: غنیمت۔ عطیہ۔ فرائض و واجبات سے زائد کام۔ پوتا۔ ج نوافل کہا جاتا ہے "هُوَ كَثِيْرُ النَّوافِل" وہ بہت بخشش اور عطایا والا ہے۔

النُّفَل: قمری مہینے کی چوتھی یا پانچویں یا چھٹی راتیں۔

النَّوْفَل: بڑا فیاض۔ خوبصورت جوان۔ ج نَوْفَلُوْنَ. النَّوْفَل: سمندر۔ عطیہ۔ نر بجو۔

النَّوْفَلَة: نمک دان۔

النَّفْنَف: فضاء آسمانی۔ آسمان و زمین کا درمیان۔ دیوار کے بالائی اور زیریں حصے کے درمیان۔ کنوئیں کے کنارے سے تہ تک کا حصہ۔ پہاڑ کا دیوار کے مانند گوشہ۔ بیابان ج نَفَانِف و نَفَانِفُ الدَّار: گھر کے اطراف و نواحی (والنفناف) دو پہاڑوں کے درمیان کا خلا۔ دُور۔

نَفِهَ (ف) نُفُوْهًا الرَّجُلُ: کمزور دل۔ بزدل ہونا الجمل: دشواری کے بعد مطیع ہونا۔

نَفِهَتْ (س) نَفْهًا نَفْبِهَةً: تھکنا۔

نَفَّهَ و اَنْفَهَ النَّاقَةَ: اونٹنی کو تھکانا اور کہا جاتا ہے "اَنْفَهَ لَهُ مِنْ مَالِه" اس نے اس کو تھوڑا مال دیا۔

اِسْتَنْفَهَ الرَّجُلُ: آرام لینا۔

النَّافِهُ: تھکا ہوا۔ (والمنفوه) کمزور دل۔ بزدل۔

جَمَلٌ مُنَفَّهٌ: تھکا ہوا اونٹ۔

نَفَاهُ يَنْفُوْهُ نَفْوًا: لغت ہے نَفَاهُ يَنْفِيْهِ یائی میں۔

نُفَاوَةُ الشَّئِ و نُفَوْقُهُ: ہر چیز کا رَدی حصہ۔ چیز کا بقیہ۔ النُّفَوَة: جلاوطنی۔

نَفٰى يَنْفِي نَفْيًا الشَّئَ: انکار کرنا۔ نَفَاهُ عَنْهُ: علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ نَفَى الرَّجُلَ: قید خانہ میں قید کرنا الرَّجُلَ مِنْ بَلَدِه: جلاوطن کرنا۔ السَّيْلُ الْغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا کر لانا۔ السَّحَابَةُ مَاءَ هَا: بادل کا پانی برسانا۔

"نَفٰى يَنْفِيْ نَفْيًا و نَفَيَانًا الصَّيْرَفِيُّ الدَّرَاهِمَ" صراف کا درہموں کو پرکھنے کے لئے بکھیرنا۔ نَفَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔

نَفٰى يَنْفِيْ نَفْيًا و انْتَفٰى عَنْهُ: دور ہونا الشَّعْرُ: بال گرنا۔ و انْتَفَى الشَّئُ: نابود ہونا۔ انْتَفٰى مِنْ وَلَدِه: بچہ کا انکار کرنا۔ انْتَفٰى فُلَانٌ مِنْ فُلَان: کراہت کے ساتھ اعراض کرنا۔ ونَفَاهُ فَانْتَفٰى: اس نے اسے ہٹایا وہ ہٹ گیا۔

نَفَّاه: نفی کرنے میں مبالغہ کرنا۔

نَافَاهُ مُنَافَاةً: ایک دوسرے کو ہٹانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا يُنَافِيْ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے منافی و مخالف ہے۔

تَنَافٰى تَنَافِيًا الرِّجَالُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔ تَنَافَتِ الْاَشْيَاءُ: مخالف ہونا۔ متباین ہونا۔

نَفَاءُ الشَّئِ و نُفَاتُهُ و نَفِيَتُهُ و نَفِيَتُه و نُفَايَتُهُ و نُفَايَتُهُ و نَفِيَةُ: چیز کا وہ حصہ جو ردی ہونے کی وجہ سے دور کر دیا جائے۔ چیز کا بقیہ۔

النَّفْيَة: کا اسم مرة۔ نَفِی کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت یا پنیر دھوپ میں خشک کیا جائے یا ہوا میں پھیلایا جائے۔ ج نَفَيَات۔

النَّفْيَان: س۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔

النَّافِی: فا۔ دھتکارا ہوا۔ دور کیا ہوا۔ نابود کیا ہوا۔ جھاگ جس کو ہانڈی پھینکتی ہے۔ الْنَفِی: چکی سے نکلا ہوا آٹا۔ گھوڑوں کے سم سے بکھری ہوئی مٹی، کنکری وغیرہ۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔ ڈھال جو کھجور کے پتوں سے بنائی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا ابْنُ نَفِیٍّ" یعنی اس کے باپ نے بیٹا ہونے سے انکار کر دیا ہے۔

النَّفِيَّة: مؤنث۔ النَّفِيَّة: کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت یا پنیر دھوپ میں خشک کیا جائے یا ہوا میں پھیلایا جائے۔

الْمَنْفِیُّ: دور کیا ہوا۔ ہٹایا ہوا۔ دھتکارا ہوا فِی الْکَلام: اثبات کے خلاف۔

الْمَنْفٰى: جلاوطنی کی جگہ۔ ج منافٍ۔

نَقَّ (ض) نَقِيْقًا الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرانا (یہ لفظ مرغی، چکور، بچھو، شتر مرغ اور بلی وغیرہ کیلئے بھی مستعمل ہے) اور کہا جاتا ہے "نَقَّتْ ضَفَادِعُ بَطْنِه" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

اَنَقَّ: ٹرانے والا ہونا۔

النَّقَّاق: اسم مبالغہ۔ مینڈک۔

النَّقَّاقَة. النَّقَّاق کا مؤنث۔ مینڈکی۔

النَّقُوْق: چلانے والا۔ کہا جاتا ہے "ضِفْدَعٌ نَقُوْقٌ" ج نُقُق و نُقٌّ۔

النِّقْنِق: نر شتر مرغ ج النَّقَانِق۔ النُّقَيْقَات: چھوٹے آبی جانور جن کے جسم پر باریک بال ہوتے ہیں ٹھہرے پانی یا جاری پانی میں رہتے ہیں۔

نَقَبَ (ن) نقبا الحائط. دیوار میں سوراخ کرنا۔الخُفَّ. موزے میں پیوند لگانا۔فلانٌ فِي الْاَرضِ. جانا۔عن الْاَخْبَارِ. کھود کرید کرنا یا خبر دینا۔الثَّوْبَ. بغیر نیفہ کے پائجامہ بنانا۔الفرسُ. گھوڑے کا دوڑنے میں ٹانگیں اکٹھی کرنا اور کہا جاتا ہے "نَقَبَتِ النِّکْبَةُ فُلانًا" فلاں کو تکلیف پہنچی۔

نَقِبَ (س) نقبا الخفُّ المَلْبُوْسُ. پہنے ہوئے موزے کا پھٹا ہوا ہونا۔البعِیْرُ. اونٹ کا گھسے ہوئے کھر والا ہونا۔الرَّجُلُ. پہاڑی راستوں میں چلنا۔فِي الْبِلَادِ: سیر کرنا۔ ملکوں میں جانا۔

نَقَبَ (ن) نِقَابَةً و نَقِبَ (س) نقبا و نَقُبَ (ک) نقابةً علی القَوْمِ. سردار قوم ہونا (نِقَابَة او نقابة یا تو مصدر ہیں اور یا نِقابة بالکسر اسم ہے اور نَقَابَة بافتح مصدر ہے)

نَقَّبَ فِي الْاَرْضِ. بھاگتے ہوئے ملک میں گھسنا۔عَنِ الشَّيْءِ. خوب اچھی طرح کھود کرید کرنا۔

نَاقَبَهُ نِقَابًا و مُنَاقَبَةً. مناقب پر فخر کرنا۔

نَاقَبَهُ نِقَابًا: رُودَر رُو ملنا یا بغیر وعدے کے ملنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَرَدْتُ الْمَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

اِنْقَبَ فِي الْاَرْضِ. مُلک میں چلنا۔البَعِیْرُ. گھسے ہوئے کھر والا ہونا۔الرَّجُلُ. قوم کا سردار بنا۔فُلانٌ. گھسے ہوئے کھر والے اونٹ کا مالک ہونا۔

تنقَّب عن الشَّيْءِ: تفتیش میں مبالغہ کرنا۔

تَنَقَّبَت و انْتَقَبَتِ المرأةُ: عورت کا نقاب ڈالنا۔

النَّقْبُ. س۔ سوراخ۔ پہلو کا زخم (والنُّقْبُ) پہاڑی راستہ ج نِقَاب و اَنْقَاب نُقَبُ الْعَیْنِ. موتیابند کا علاج۔

النَّقْبُ و النُّقْبُ و النُّقَبُ. کھجلی۔

النِّقْبَةُ. نقاب ڈالنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ حَسَنَةُ النِّقْبَةِ" عمدہ طریقے سے نقاب ڈالنے والی عورت۔ عیزہ کہا جاتا ہے "اِنَّ عَلَیْهِ نُقْبَةً مِنْ کَذَا" اس کے اوپر یقیناً فلاں چیز کا اثر ہے۔

النُّقْبَةُ. ابتدائی خارش۔ زنگ۔ رنگ۔ چہرہ۔ سوراخ۔ ایک قسم کا کپڑا جو پائجامہ کی مانند باندھا جاتا ہے۔ج نُقَب۔

الاَنْقَابُ. کان (جمع ہے اس کا واحد نہیں)۔

النِّقَابُ. س۔ بڑا عالم۔ عورت کے منہ ڈھانکنے کا کپڑا۔ سخت زمین کا راستہ۔ پیٹ اور "فَرْخَانِ فِي نِقَابٍ" ضرب المثل ہے ان دو شخصوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو شکل و شباہت میں مشابہ ہوں اور کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهُ نِقَابًا" یعنی میں اس سے رو در رو ملا یا بغیر وعدہ کے ملا "وَرَدْتُ الْمَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر اچانک بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

النَّاقِبُ. فا۔ ایک بیماری کا نام جو دیر تک سوئے سے پیدا ہوتی ہے اور یا اس زخم کو کہتے ہیں جو پہلو میں ہوتا ہے اور اس کا منہ جوف کی جانب اندر کو ہوتا ہے۔

النَّاقِبَةُ. النَّاقِبُ کا مؤنث۔ مذکورہ بالا زخم۔

النَّقَّابُ. کاموں میں گھسنے والا۔ کاموں کو بہت دریافت کرنے والا۔

النَّقِیْبُ. قوم کا گواہ۔ قوم کا ضامن۔ قوم کا چودھری و سردار۔ نَقِیْبُ الْاَشْرَافِ عِنْدَ الْمُسْلِمِیْنَ لوگوں کے احوال کی تفتیش کرنے والا۔ ج نُقَبَاءُ النَّقِیْبُ. بانسری۔ ترازو کی زبان۔ چھدا ہوا۔ کَلْبٌ نَقِیْبٌ. کتا جس کے گلے میں سوراخ کر دیا گیا ہو تاکہ اس کی آواز پست ہو جائے اور ایسا بخیل آدمی کرتا ہے تاکہ کتے کی آواز سن کر مہمان نہ آ جائیں اور کھانا دینا پڑے۔

النَّقِیْبَةُ. مؤنث النَّقِیْبُ. نفس۔ عقل۔ طبیعت۔ مشورہ۔ رائے کا نفاذ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَیْمُوْنُ النَّقِیْبَةِ" فلاں پاک نفس ہے۔

المَنْقَبُ. جانور کے پیٹ میں سوراخ کرنے کی جگہ۔

المَنْقَبُ. پہاڑی راستہ۔ ج مَنَاقِب۔

المَنْقَبُ. پہاڑی راستہ۔ بہت بحث و تحقیقات کرنے والا عالم۔ (والمِنْقَبَةُ) نشتر جس سے جانور کی ناف میں سوراخ کیا جائے۔

المَنْقَبَةُ. پہاڑی راستہ۔ دو مکانوں کے درمیان تنگ راستہ۔ دیوار۔ عمدہ فعل۔ فخر۔ ج مَنَاقِب. مناقِبُ الْاِنْسَانِ: عمدہ خصائل اور شریف اخلاق۔

النِّقَابَةُ: محنت کشوں کی پارٹی۔ اپنے حقوق مشترکین کے دفاع کے لئے۔

نَقَتَ (ن) نقتا العظمَ. ہڈی سے گودا نکالنا۔

نَقَثَ (ن) نقثا و انْتَقَثَ العظمَ. ہڈی سے گودا نکالنا۔الشَّيْءَ الْمَدْفُوْنَ: کھود کر نکالنا۔نَقَثَ الرَّجُلُ فِي الْاَمْرِ او السَّیْرِ: دوڑنا۔الحَدِیْثَ: بات میں گڑبڑ کرنا فُلانًا بالکلامِ. بات سے تکلیف پہنچانا۔الارضَ بیدہ: کدال سے کھودنا۔عن الشَّيْءِ. کھود کرید کرنا۔

نَقَّثَ الرَّجُلُ. دوڑنا۔

تَنَقَّثَهُ. اپنی طرف مائل کرنا۔ مہربان بنانا۔

تَنَقَّثَ ضَیْعَتَهُ: جائیداد کی دیکھ بھال کرنا۔

نَقَّاثٌ. ہجو۔

النَّقْثُ. س۔ چغل خوری۔

نَقْثَلَ نَقْثَلَةَ الشَّیْخِ: بوڑھے آدمی کا خاک اڑاتے ہوئے چلنا۔

نَقَحَ (ف) نَقْحًا و نَقَّحَ العظمَ. ہڈی سے گودا نکالنا۔الجِذْعَ. تنے کی گرہیں چھیل کر صاف کرنا۔الشَّيْءَ. چھیلنا اور خالص کو ردی سے جدا کرنا۔

نَقَّحَ و اَنْقَحَ الکلامَ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔ نَقَّحَتِ السُّنُوْنُ الرَّجُلَ: کمزور کر دینا۔ اَنْقَحَ الرَّجُلُ. قحط یا فقر کی وجہ سے تلوار کی زیبائش اتار لینا۔

تَنَقَّحَ شَحْمُهُ. چربی کم ہونا۔

اِنْتَقَحَ العَظْمَ. ہڈی سے گودا نکالنا۔

النَّقْحُ. س۔ گرمی کے زمانے کا سفید بادل۔

النَّقَحُ. خالص ریت۔

التَنقِيح. مص۔ ظہور۔ معنی کے ساتھ الفاظ کا اختصار۔

نَقَخَه (ف) نَقْخًا. مارنا. نَقَخَ دِمَاغَهٗ: توڑنا۔

اِنْتَقَخَ الْمُخَّ مِنَ العَظْمِ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

النُقَاخ. ٹھنڈا صاف پانی۔ نیند۔ آرام۔ امن۔ وَنُقَاخُ كُلِّ شَيْءٍ: خالص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُقَاخُ الْعَرَبِيَّةِ" یہ خالص عربیت ہے۔

نَقَدَ (ن) نَقْدًا وتَنْقَادًا الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: پرکھنا الكَلَامَ: کلام کے عیوب و محاسن کو ظاہر کرنا۔ نَقَدَ فُلَانًا و لِفُلَانٍ الثَّمَنَ: نقد ادا کرنا۔ نَقَدَهٗ دِرْهَمًا: دینا۔ الطَّائِرُ الْفَخَّ او الحَبَّ: چونچ مارنا۔ الرَّجُلُ الشَّيْءَ وإلَى الشَّيْءِ بِنَظَرِهٖ: چپکے چپکے نظر ڈالنا۔ چپکے چپکے گھورنا۔ نَقَدَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔

نَقِدَ (س) نَقَدًا الضِّرْسُ او القَرْنُ: دانت یا سینگ کا ٹوٹنا۔ کرم خوردہ ہونا۔ صفت نَقِدٌ الحَافِرُ: کھر کا چھل جانا الجِذْعُ: تنہ کا کیڑوں کے کھانے سے کھوکھلا ہونا۔

اَنْقَدَ الشَّجَرُ: درخت میں پتے ہونا۔

نَاقَدَهٗ مُنَاقَدَةً: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔

تَنَقَّدَ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: دراہم وغیرہ پرکھنا۔

تَنَاقَدَ الدَّرَاهِمَ: دراہم پرکھنا اور کھوٹا علیحدہ کرنا۔

اِنْتَقَدَ الدَّرَاهِمَ: نقد وصول کرنا۔ کھوٹا علیحدہ کرنا الشِّعْرَ عَلَى قَائِلِهٖ: شعر کے عیوب ظاہر کرنا الكَلَامَ: کلام کی تنقید کرنا۔ عیوب و محاسن ظاہر کرنا الاَرَضَةُ الجِذْعَ: دیمک کا کھوکھلا کرنا۔ اِنْتَقَدَ الْوَلَدُ: لڑکے کا جوان ہونا۔

النَّقْد. مص۔ قیمت جو فوراً ادا کی جائے۔ درہم۔ ج نُقُوْدٌ. کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ نَقْدٌ" عمدہ کھرا درہم۔ النَّقْدَانِ: چاندی و سونا۔

النَقَد والنُقُد. کم گوشت والا۔ دیر سے جوان ہونے والا۔

النَقَد. مص۔ بھیڑوں کی ایک قسم جن کی ٹانگیں چھوٹی اور چہرہ بد شکل ہوتا ہے۔ واحد نَقَدَةٌ مذکر و مؤنث دونوں کیلئے ج نِقَادٌ و نِقَادَةٌ. النَقَد: کمینے لوگ۔ النَقَد مِنَ الصِّبْيَانِ: حقیر و ذلیل بچہ کہ جس پر جوانی کا اثر ظاہر نہ ہو۔ النَقَد والنُقُد ایک قسم کا درخت واحد نَقَدَةٌ و نُقُدَةٌ.

النَاقِد. فا۔ ج نَقَدَةٌ و نُقَّادٌ.

اَنْقَد والاَنْقُد. سیہی۔ اور امثال عرب سے ہے "بَاتَ بِلَيْلِ اَنْقَدَ" یعنی وہ سویا نہیں اس لئے کہ سیہی پوری رات نہیں سوتا۔

الاَنْقَد والاِنْقِدَان. کچھوا۔

النَقَّاد. دراہم وغیرہ کا پرکھنے والا۔ رَاعِي النَقَد (چھوٹی ٹانگ والی بھیڑ کا چرواہا)

مِنْقَادُ الطَّائِرِ: پرندے کی چونچ ج مَنَاقِيْد.

المُنْتَقَد. مصدر میمی بمعنے اِنْتِقَاد.

نَقَذَ (ن) نَقْذًا و نَقَّذَ وانْقَذَ فُلَانًا مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔

تَنَقَّذَهٗ واسْتَنْقَذَهٗ مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔

نَقِذَ (س) نَقَذًا. نجات پانا۔

النَقْذ. مص۔ سلامتی۔ پھسلنے والے کی سلامتی کی دعا کے لئے کہا جاتا ہے "نَقْذًا لَكَ" اور اس کی اصل "نَقَذَكَ اللّٰهُ نَقْذًا" ہے یعنی اللہ تمہیں محفوظ رکھے۔

النَقَذ. مص۔ چھڑایا ہوا۔ اور کہا جاتا ہے "مَالَهٗ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

النَقِيْذ. دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔

النَقِيْذَة. دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔ جیسے گھوڑا زرہ وغیرہ۔ ج نَقَائِذ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِيْذَةُ بُؤْس" وہ سختی سے چھڑایا ہوا ہے۔

الاَنْقَذ. سیہی۔

نَقَرَهٗ (ن) نَقْرًا. مارنا۔ نَقَرَ العُوْدَ او الدُّفَّ: بربط یا دف بجانا فُلَانًا: عیب لگانا الشَّيْءَ: چونچ سے سوراخ کرنا الطَّائِرُ البَيْضَةَ عَنِ الفَرْخِ: پرندہ کا بچہ نکالنے کیلئے انڈے میں سوراخ کرنا۔ نَقَرَ فِي الحَجَرِ: پتھر پر لکھنا فِي النَّاقُوْرِ: بگل میں پھونکنا الطَّائِرُ الحَبَّ: پرندہ کا اِدھر اُدھر سے دانہ چگنا الحَجَرَ او الخَشَبَ: لکڑی یا پتھر کھودنا۔ نَقَرَتِ الخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا: گھوڑوں کا کھروں سے کھودنا۔ نَقَرَ عَنِ الاَمْرِ: چھان بین کرنا۔ نَقَرَ فُلَانٌ: چٹکی بجانا۔ زبان کو تالو سے لگا کر آواز نکالنا۔ نَقَرْتُ بِالرَّجُلِ: قوم میں سے علیحدہ بلانا نَقَرَ السَّهْمُ الهَدَفَ: تیر کا نشانہ پر لگنا اور پار نہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمَى الرَّامِي الغَرَضَ فَنَقَرَهٗ" تیر پھینکنے والے نے نشانہ پر تیر لگایا۔

نَقِرَ (س) نَقَرًا عَلَى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ نَقِرَتِ الشَّاةُ: نقرہ کی بیماری والی ہونا۔ نَقِرَ فُلَانٌ: فقیر ہونا۔

نَقَّرَ الطَّائِرُ فِي المَوْضِعِ: انڈے دینے کیلئے نرم کرنا فُلَانٌ بِاسْمِ فُلَانٍ: جماعت کے درمیان نام لے کر پکارنا الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ: چھان بین کرنا عَلَى فُلَانٍ: عیب لگانا۔ اور بری معلوم ہونے والی باتوں کا ذکر کرنا۔ الطَّائِرُ الحَبَّ: پرندہ کا اِدھر اُدھر سے دانہ چگنا (تشدید مبالغہ کیلئے ہے)

نَاقَرَهٗ مُنَاقَرَةً و نِقَارًا. گفتگو میں لوٹ پھیر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ مُنَاقَرَةٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔

اَنْقَرَ عَنْهُ: رکنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَمَا اَنْقَرَ عَنْهُ حَتّٰى قَتَلَهٗ" اس نے اسے مارا اور نہیں رکا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔ وَاَنْقَرَ الرَّجُلُ: گنگنا کر آواز نکالنا۔ چٹکی بجانا۔ تَنَقَّرَ الشَّيْءَ: چھان بین کرنا عَلَى الاَهْلِ والمَالِ: بددعا کرنا۔ اور اَرَاحَنِي اللّٰهُ مِنْكُمْ و ذَهَبَ اللّٰهُ بِمَالِكُمْ (اللہ تعالیٰ مجھ کو تم سے راحت دیں اور تمہارے مال کو ضائع کردیں) کہنا۔

اِنْتَقَرَهٗ. پسند کرنا۔ اِنْتَقَرَ الشَّيْءَ: چھان بین

کرنا۔ اِنْتَقَرَهٗ واِنْتَقَرَ بِهٖ: قوم کے درمیان سے علیحدہ بلانا اَلْقَوْمَ و بِالْقَوْمِ: خاص خاص لوگوں کو بلانا۔ اِنْتَقَرَتِ الْخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا نَقْرًا: کھروں سے کھودنا۔ اِنْتَقَرَتِ السُّيُوْلُ نَقْرًا: سیلاب کا گڑھے کر دینا۔ اِنْتَقَرَ الشَّيْئَ: لکھنا۔

النَّاقِر. فا۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔ ج نَوَاقِر.

النَّاقِرَة النَّاقِر کا مؤنث۔ مصیبت۔ درست دلیل۔ ج نَوَاقِر اور کہا جاتا ہے "اَتَتْنِيْ عَنْهُ نَوَاقِر" اس سے مجھے تکلیف دہ باتیں پہنچیں۔ "وَاَخْطَأَتْ نَوَاقِرُهٗ" یعنی وہ راہ راست پر مستقیم نہیں رہا۔ "وَبَيْنَهُمْ نَاقِرَةٌ و نَقِرَةٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔

النَّاقُوْر. قومہ صور یا بگل۔ دل۔ ج نَوَاقِيْر.

النُّقَارَة. پتھر پر لکھنے سے جو باقی رہ جائے۔ چونچ بھر۔ اور کہا جاتا ہے "مَا تَرَكَ عِنْدِيْ نُقَارَةً اِلَّا انْتَقَرَهَا" میرے پاس جو کچھ تھا اس نے سب کچھ لکھ لیا۔

النَّقْر. مص۔ چٹکی کی آواز۔ پتھر کی کتابت۔

النِّقْر. کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

النَّقِر. غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِرٌ عَلَيْكَ" وہ تمہارے اوپر غضبناک ہے۔ نَقَرَه کی بیماری میں مبتلا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ بِمَوْضِعِ كَذَا نَقِرٌ" اس کے لئے فلاں جگہ میں پانی یا کنواں نہیں ہے۔ النَّقَر. مص۔ کہا جاتا ہے "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْعَقَرِ وَالنَّقَرِ" میں لنجا پن اور ضیاع مال سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

النَّقَرٰى. عیب۔ اور یہ نَقَر فعل کا اسم ہے اور کہا جاتا ہے "دَعَوْتُهُمُ النَّقَرٰى" میں نے ان لوگوں کو خاص طور سے بلایا۔ اور اس کے مقابلے میں "الجفلٰی" ہے جس کے معنے دعوت عامہ کے ہیں "بَنَاتُ النَّقَرٰى" وہ عورتیں جو ہر اُس شخص کی عیب جوئی کریں جو اُن کے سامنے سے گزرے۔

النَّقْرَة. نقر کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَثَابَهٗ نَقْرَةً" اس نے اُس کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا "وَمَا اَغْنٰى عَنِّيْ نَقْرَةً" اس نے مجھ کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا۔ اور یہ ہمیشہ نفی کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے۔

النِّقْرَة. گفتگو میں لوٹ پھیر۔ اور جھگڑا۔

النُّقْرَة. چھوٹا گول گڑھا۔ چاندی سونے کا پگھلایا ہوا ٹکڑا۔ آنکھ کا گڑھا۔ سرین کے وسط کا گڑھا۔ گردن کے پچھلے حصہ کا گڑھا۔ پرندہ کے انڈے دینے کی جگہ۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ ج نُقَرٌ و نِقَارٌ.

النقرة. النَّقِر کا مؤنث۔ پست زمین میں بلند جگہ۔

النُّقَرَة. ایک قسم کی بیماری ہے جو بکری اور گایوں کی ٹانگ میں لاحق ہوتی ہے۔

النَّقَّار اسم مبالغہ۔ امور اور خبروں کی چھان بین کرنے والا۔ پتھر یا لکڑی میں کھدائی کا کام کرنے والا۔ رکاب یا لگام میں نقش و نگار کرنے والا۔ اس کے پیشہ کو النِّقَارَة کہتے ہیں۔

النَّقَّار: ایک چھوٹا سا پرندہ جو درختوں پر چڑھ جاتا ہے اور سوراخ کر کے کیڑے نکالتا ہے۔

النَّقَّارَة. النَّقَّار کا مؤنث۔

النَّقِيْر. آواز۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ کھدا ہوا پتھر یا لکڑی۔ تنہ جس کو کھود کر سیڑھی جیسی بناتے ہیں۔ لکڑی کی جڑ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بناتے ہیں اور اس کی نبیذ تیز و تند ہوتی ہے۔

النَّقِيْر: اصلیت کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمُ النَّقِيْرِ" فلاں شریف الاصل ہے۔ بہت محتاج۔ ایک کالے رنگ کی مکھی۔ ج اَنْقِرَة.

النُّقَيْرَة. چھوٹی کشتی۔

الْاُنْقُوْر. کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

اَلتَّنْقِيْر. مص۔ سیٹی بجانے کے مشابہ آواز۔

المِنْقَر. کدال۔ چھینی۔ ج مَنَاقِر.

المُنْقُر والمُنْقَر. شراب بنانے کیلئے لکڑی کا کھدا ہوا برتن۔ ج مَنَاقِيْر (خلاف قیاس) تنگ مُنہ کا کنواں یا بہت پانی والا گہرا کنواں حوض۔

المُنْقِر. بہت کھٹا دودھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُنَقِّرُ الْعَيْنِ و مُنْتَقِرُهَا" وہ دھنسی ہوئی آنکھ والا ہے۔

المِنْقَار. کدال۔ چونچ۔ المِنْقَار: چرمی موزہ کی نوک مِنْقَارُ الدَّجَاجَةِ و مِنْقَارُ الْغُرَابِ: دو ستاروں کے نام۔ و مِنْقَارُ الْغُرَابِ: مونڈھے کی ایک ہڈی جس کو اَخْرَم بھی کہتے ہیں۔

نَقْرَدَ نَقْرَدَةً فِي الْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ مُنَقْرِدًا" کوئی تمہارے لئے ٹھہرانے والا نہیں۔

النِّقْرِس. پیر کے جوڑوں کا آماس۔ ہلاکت۔ بڑی مصیبت۔ ماہر رہنما۔ طبیب حاذق۔ گلاب کے پھول جیسی ایک چیز جس کو عورتیں بنا کر سر میں لگاتی ہیں ج نَقَارِس.

النِّقْرِيْس. ماہر رہنما۔ طبیب حاذق۔

نَقَزَ (ن ض) نَقْزًا و نَقَزَانًا و نِقَازًا الظَّبْيُ: ہرن کا کودنا۔ چھلانگ مارنا۔ صفت نَاقِزٌ: نَقَزَهٗ عَنْهُم دفع کرنا۔ ہٹانا۔ نَقَّزَتِ الصَّبِيَّ اُمُّهٗ: بچے کا اچھالنا۔ نَقَّزَ فُلَانًا: کودانا۔

اَنْقَزَ الرَّجُلُ: ہمیشہ صاف اور میٹھا پانی پینا۔ ردی مال جمع کرنا۔ نُقَاز کی بیماری والے جانوروں والا ہونا۔ اَنْقَزَ عَدُوَّهٗ: دشمن کو فوراً قتل کر دینا عَنِ الشَّيْئِ: رکنا۔ باز رہنا۔

اِنْتَقَزَتِ الشَّاةُ: نُقَاز کی بیماری والی ہونا۔

اِنْتَقَزَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ: ردی مال دینا۔

اِنْتَقَزَ لِفُلَانٍ شَرَّ الْاِبِلِ: کسی کیلئے بُرے اونٹ پسند کرنا۔ کہا جاتا ہے عَطَاءٌ نَاقِزٌ و ذُوْ نَاقِزٍ: گھٹیا عطیہ۔

النَّاقِزَة. النَّاقِزُ کا مؤنث۔ ج نَوَاقِز. نَوَاقِزُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی ٹانگیں۔

النُّقَاز بالضَّمِّ. طاعون کے مشابہ جانوروں کا ایک مرض۔

النَّقْز. خسیس مال۔ گھٹیا قسم کے لوگ۔

النُّقْز. کنواں۔

النَّقَز. لقب۔

النَّقَز. لقب؛ گھٹیا مال؛ رذیل اور ادنٰی درجہ کے لوگ واحد نَقَزٌ.

النِّقْز. صاف میٹھا پانی۔

النُّقَّاز والنَّقَّاز. ایک قسم کا پرندہ۔ چڑیوں

کے بچے۔ ج نَقَاقِيزُ.
المَنْقُوزُ. نُقاز کی بیماری والا۔ مؤنث مَنْقُوزَةٌ.
نَقَسَ (ن) نَقْسًا. النَّاقُوسُ بِالْخَشَبَةِ: لکڑی سے ناقوس بجانا النَّاقُوسُ: ناقوس بجا المرأةَ: جماع کرنا۔
نَقَسَ (ن) نُقُوسًا. الشَّرابُ: کھٹا ہونا۔ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔
نَقِسَه (س) نَقْسًا: عیب لگانا۔ تمسخر کرنا۔ نَقِسَتْ نَفْسُهُ: متلی آنا۔
نَقَّسَ فُلانًا: لقب دینا الدَّوَاةَ: دوات میں روشنائی ڈالنا۔ نَقَّسَهُمْ بِنَاقُوسِهِ: ناقوس بجا کر لوگوں کو بلانا۔
نَاقَسَهُ: عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا مُنَافَسَةٌ وَ مُنَاقَسَةٌ" ان کے درمیان مفاخرت اور عیب گیری ہے۔
اِنْتَقَسَ. ناقوس بجانا۔
النَّاقِسُ. فا۔ کھٹا۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ نَاقِسٌ او شَرَابٌ نَاقِسٌ" کھٹا دودھ یا کھٹی شراب۔
النِّقْسُ. ایک قسم کا ناقوس۔ کھجلی۔ ج نُقُسٌ رجلٌ نِقْسٌ. لوگوں کی عیب گیری کرنے والا اور لقب رکھنے والا مرد۔
النِّقْسُ. روشنائی۔ ج نِقَاسٌ و اَنْقُسٌ.
الاَنْقَسُ. باندی بچہ۔ کھجلی والا۔
النَّقُوسُ. ایک قسم کی نباتات۔
النَّاقُوسُ. لکڑی یا لوہے کا بڑا ٹکڑا جس کو چھوٹے ٹکڑے سے بجاتے ہیں اور کبھی گھنٹہ کے لئے ناقوس کا کلمہ استعمال کرتے ہیں۔
النِّقَاسَةُ. لقب دینا۔
نَقَشَ (ن) نَقْشًا. الشَّيْءَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا اور مزین کرنا العِذْقَ: کھجور کے خوشہ کو پکانے کیلئے کانٹوں سے مارنا الشَّوْكَةَ مِنْ رِجْلِهِ: پیر سے کانٹا نکالنا مَرْبِضَ الْغَنَمِ: بکری کے باڑہ کو کنکر کانٹے وغیرہ سے پاک صاف کرنا عَنِ الشَّيْءِ: نہایت وضاحت کرنا فَصَّ الْخَاتَمِ: انگوٹھی کے نگینہ پر نقش کرنا الشَّعْرَ بِالْمِنْقَاشِ: بال کو موچنے سے اکھیڑنا۔ الرَّحَى: چکی کے دندانے بنانا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا نَقَشَ مِنْهُ شَيْئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔
نَقَّشَ الشَّيْءَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا۔
نَاقَشَهُ الْحِسَابَ و فِي الْحِسَابِ: حساب کی تفصیل سختی سے لینا۔ نَاقَشَ فُلانًا: جھگڑا کرنا۔
الوَصِیْلَة: یمن کا ایک دھاری دار کپڑا ج وَصِیْل ووَصَائِل الوَصِیْلَة: اُونٹنی جو لگاتار دس سال تک بچے دے۔ بکری جو سات سال تک جڑواں مادہ بچے دے۔
المَوْصِل. ملنے کی جگہ۔ رسّی وغیرہ کی گرہ۔
موضع مَوْصِلُ البَعِیْرِ: چوتڑ اور اُن کا درمیانی حصہ۔المَوْصِل: عراق اور جزیرہ کے درمیان ایک شہر کا نام۔
المَوْصِلَان. شہر موصل اور جزیرہ۔
المَوْصُوْل. مع۔ بھڑ کی شکل کا ایک جانور۔
المُسْتَوْصِل ۔فا المُسْتَوْصِلَة مِنَ النِّسَاءِ اپنے بال میں دوسرے کے بال کو لگوانے والی عورت۔
وَصَمَ یَصِمُ وَصْمًا العُوْدَ او العَظْمَ: لکڑی یا ہڈی میں شگاف ڈالنا الشَّیَٔ: عیب لگانا ۔جلدی سے باندھنا۔
وَصَمَ الرَّاجُلُ: سستی و کاہلی اور اعضا شکنی والا ہونا فُلَانًا: دردناک کرنا۔ سست و کاہل کرنا
وَصَّمَتِ الحُمّٰی فُلَانًا: دردناک کرنا۔
تَوَصَّم. تکلیف اٹھانا۔
تَوَاصَمَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
الوَصَم. مرض۔
الوَصْم. س۔ لکڑی کی گانٹھ۔ عیب و عار۔ ج وُصُوْم.
الوَصْمَة عیب و عار۔ جسم کی سستی۔
الوَصِیْم. خنصر اور بنصر کے درمیان کشادگی۔
المَوْصُوْم. مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ

مَوْصُوْمُ الْحَسَبِ" عیب دار مرد۔
وَصْوَصَ عَیْنَهٗ: نظر جمانے کیلئے آنکھ چھوٹی کرنا۔ پردے کے سوراخ سے دیکھنا الجرُوْ پلے کا آنکھیں کھولنا وَصْوَصَتِ الْجَارِیَةُ: برقع سے سوائے آنکھوں کے دکھائی نہ دینا۔
الْوَصْوَصُ والْوَصْوَاصُ۔ آنکھ کے برابر پردہ وغیرہ کا سوراخ۔ چھوٹا برقع ج وَصَادِص و وَصَاوِیْص .الْوَصَاوِص: سطح زمین کے پتھر۔
وَصٰى یَصِی وَصْیًا عالی مرتبہ ہونے کے بعد خسیس ہونا الشَّیُٔ بِهٖ: متصل ہونا الشَّیَٔ بِآخَرَ: ملانا وَصْیًا و وَصَایَةً) الْمَكَانُ: متصل نباتات والی ہونا النَّبْتُ: بہت ہونا اور متصل متصل ہونا۔
وَصّٰى تَوْصِیَةً فُلَانًا بِكَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔ کسی کام کا اشارہ کرنا اِلَیْهِ بِالصَّلَاةِ: حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "وَصَّاهُ بِفُلَانٍ اَنْ یُحْسِنَ اِلَیْهِ" فلاں کے ساتھ اس کو احسان کرنے کا حکم دیا "وَصَّیْتُ لَهٗ بَعْدَ مَوْتِیْ" میں نے اس کو اپنے مرنے کے بعد مالک بنایا وَصّٰی اِلٰی فُلَانٍ: مرنے کے بعد اپنے مال و اولاد پر وصی بنانا فُلَانًا بِوَلَدِهٖ: مہربان بنانا۔
اَوْصٰى اِیْصَاءً فُلَانًا بِكَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔ حکم دینا لَهٗ بِكَذَا: کسی کیلئے کسی چیز کی وصیت کرنا اِلَیْهِ: وصیت جاری کرنے والا مقرر کرنا۔
وَاصَی الْبَلَدُ الْبَلَدَ: ایک شہر کا دوسرے شہر کے متصل ہونا۔
تَوَاصٰى تَوَاصِیًا الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔
اِسْتَوْصٰى اِسْتِیْصَاءً بِفُلَانٍ: وصیت کو قبول کرنا۔
الْوَصِیَّةُ اِیْصَاء کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ وَصِیَّتُهٗ" یہ اس کی وصیت ہے ج وَصَایَا۔ وَصَایَا اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کے احکام جو اس نے اپنے بندوں پر واجب کیے ہیں۔

الْوَصِیَّةُ: کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔ ج وَصِیٌّ۔
الْوَصَاةُ ج وَصًی والْوَصَایَةُ والْوِصَایَةُ وصیت کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔
الْوَصِیُّ (مذکر و مؤنث) وصیت کرنے والا۔ جس کو وصیت کی جائے۔ ج اَوْصِیَاء۔
الْوَاصِی۔ پیچیدہ گھاس اَرْضٌ وَاصِیَةٌ پیچیدہ گھاس والی زمین۔
وَضُؤَ یَوْضُؤُ وُضُوْءًا و وَضَاءَةً الشَّیُٔ: پاکیزہ و خوبصورت ہونا۔
وَضَاءَهٗ یَضُوْءُهٗ وَضْأً پاکیزگی و خوبروئی میں غالب ہونا۔
وَضَّأَ تَوْضِئَةً .بِالْمَاءِ: پاکیزہ کرنا۔ دھونا۔
وَاضَاهُ۔ پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاضَاهُ فَوَضَاهُ" اس نے اس سے پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
تَوَضَّأَ بِالْمَاءِ لِلصَّلَاةِ: وضو کرنا الْغُلَامُ وَالْجَارِیَةُ: بالغ ہونا۔
الْوَضُوْءُ۔ وضو کا پانی۔
الْوَضِیُٔ ج وِضَاء و اَوْضِیَاء والْوَاضِی ج وَضَاةٌ والْوُضَّاء ج وُضَاءُوْن و وَضَاضِیُٔ: پاکیزہ و خوبصورت۔
الْاَوْضَأُ: زیادہ خوبصورت و پاکیزہ۔
الْمِیْضَاةُ والْمِیْضَاءَةُ وضو کرنے کی جگہ۔ لوٹا۔
الْمُتَوَضَّأُ۔ وضو کرنے کی جگہ۔ پاخانہ کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔
وَضَحَ یَضِحُ ضَحَةً وَضِحَةً و وُضُوْحًا و تَوَضَّحَ واتَّضَحَ الْاَمْرُ او الْكَلَامُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت وَاضِح و وَضَّاح۔
وَضِحَ یَوْضَحُ وَضَحًا۔ برص کے داغوں والا ہونا۔
اَوْضَحَ الْاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا الْاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا اَوْضَحَتِ الشَّجَّةُ

فِی الرَّاْسِ زخم کا ہڈی کو ظاہر کر دینا۔
اَوْضَحَ فِیْ رَاسِهٖ: زخم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَیْنَ اَوْضَحْتَ" تم کہاں سے آئے۔
وَضَّحَ الْاَمْرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔
اِسْتَوْضَحَ اِسْتِیْضَاحًا عَنِ الْاَمْرِ: بحث کرنا هٗ الْاَمْرَ او الْكَلَامَ: وضاحت کرانا الشَّیَٔ و عَنِ الشَّیِٔ: آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا الشَّمْسَ: نگاہ تنگ کر کے گھورنا۔
الْوَضَحُ ۔س۔ روشنی و سپیدی صبح۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِیْ وَضَحِ الصُّبْحِ" وہ سفیدی صبح کے وقت آیا الْوَضَحُ: چاندنی۔ گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سپیدی۔ بڑھاپے کی سپیدی ۔ برص کی سپیدی کھر اور ہم ۔ کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ وَضَحٌ" مؤنث یا تثنیہ جمع نہیں لاتے جیسے "اِمْرَاَةٌ صَوْمٌ" میں مؤنث یا تثنیہ یا جمع نہیں لاتے الْوَضَحُ: دودھ ۔ چھوٹی چھوٹی گھاس ۔ چاندی کا زیور ۔ پازیب ۔ ج اَوْضَاح وَضَحُ الطَّرِیْقِ: شاہراہ وَضَحُ الْقَدَمِ: تلوے کی سپیدی اَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ: مختلف قبائل کی جماعتیں (اس کیلئے واحد نہیں)
الْوَضَحَةُ۔ گدھی۔
الْوَاضِحُ۔ فا۔ ظاہر۔ نمایاں۔ وَاضِحُ الْحَسَبِ: پاک صاف حسب والا الْوَاضِحُ مِنَ الْاِبِلِ: سفید اُونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔
الْوَاضِحَةُ۔ واضح کا مؤنث ج وَاضِحَات و اَوَاضِح۔ الْوَاضِحَةُ: دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوں۔
الْوَضَّاحُ۔ سفید رنگ والا۔ خوبصورت چہرہ والا۔ بہت مسکرانے والا۔ دن۔ النَّسَبُ الْوَضَّاحُ: پاک صاف نسب۔ بِكْرُ الْوَضَّاحِ: صبح کی نماز۔
الْوَضِیْحَةُ۔ مویشی۔ ج وَضَائِح۔
الْمُتَوَضِّحُ۔ فا۔ ظاہر ہونے والا۔ شاہراہ پر چلنے والا مِنَ الْاِبِلِ: سفید اُونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

وَضَخ يَضِخُ وَضْخًا الدَّلْوَ: ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔
اَوْضَخَ الدَّلْوَ: ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔
اَوْضَخَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا کم پانی والا ہونا۔
اَوْضَخَ بِالدَّلْوِ: کم پانی کھینچنا۔
وَاضَخَه وِضَاخًا و مُوَاضَخَةً: پانی کھینچنے یادوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔
تَوَاضَخَ الْقَوْمُ: پانی کھینچنے یادوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔
اَلْوَضُوْخ۔ پانی جو نصف ڈول تک ہو۔ پانی کھینچنے کی چیز۔
وَضِرَ يَوْضَرُ وَضَرًا: میلا کچیلا ہونا۔ چکناہٹ سے میلا ہونا۔ صفت مذکر وَضِر۔ صفت مؤنث وَضِرَةٌ و وَضْرَىٰ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَضِرُ الْاَخْلَاقِ و فِي اَخْلَاقِهِ وَضَرٌ" فلاں گندے اخلاق والا ہے۔
وَضَّرَهُ۔ میلا کچیلا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ نَقِيَّ الْعِرْضِ فَوَضَّرَهُ بِالدَّنَاءَةِ" وہ پاکیزہ آبرو والا تھا اور دناءت سے اس نے میلا کر دیا۔
اَلْوَضَرُ۔ س۔ چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل؛ پیالہ وغیرہ کا دھوون۔ پیالے میں کھانے کا اثر۔ ج اَوْضَار۔
اَلْوَضْرَىٰ۔ (ج الْوَضْرَاء) پہاڑ سے باہر نکلی ہوئی چٹان۔
وَضَعَهُ يَضَعُهُ وَضْعًا۔ کمینہ بنانا۔ ذلیل کرنا۔ وَضَعَ عُنُقَهُ: گردن پر مارنا۔ الْحَدِيْثَ: بات گھڑنا۔ الْكِتَابَ: تالیف کرنا۔ السِّلَاحَ فِي الْعَدُوِّ: مقاتلہ کرنا۔ ہ عَنْ فُلَانٍ: روکنا۔ الْجَنَابَةَ عَنْ فُلَانٍ: ناپاکی دور کرنا۔ عَصَاهُ: اقامت کرنا۔ وَضَعَتِ الْمَرْأَةُ خِمَارَهَا: بے اوڑھنی کے ہونا۔ صفت وَاضِع۔ وَضَعَ الشَّيْءَ بَيْنَ يَدَيْهِ: سامنے چھوڑ دینا۔ ہ فِي الطَّعَامِ کھانا۔ الْجِزْيَةَ او الْحَرْبَ: ساقط کرنا۔
وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا و مَوْضِعًا و مَوْضُوْعًا الشَّيْءَ: رکھنا۔ الشَّيْءَ مِنْ يَدِهِ: گرانا۔ فُلَانٍ مرتبہ سے گھٹانا۔ غَرِيْمَه: قرض دار سے کچھ چھوڑ دینا۔ وَضْعًا و مَوْضُوْعًا) الْبَعِيْرُ: سر جھکا کر تیز چلنا۔
وَضُعَ يَضَعُ وَضْعًا وَضَعَةً وَضِعَةً و وُضُوْعًا نَفْسَهُ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔
وَضَعَتْ وَضْعًا و وُضْعًا و تُضْعًا الْمَرْأَةُ حَمْلَهَا: جننا۔ صفت وَاضِع۔
وُضِعَ يُوْضَعُ و وَضُعَ ضَعَةً و وَضِيْعَةً فِي تِجَارَتِهِ: نقصان اٹھانا۔ صفت مَوْضُوْعٌ فِيهَا۔
وَضُعَ يَوْضُعُ ضَعَةً وضِعَةً و وَضَاعَةً لیئم ہونا۔ دنی ہونا۔ خسیس ہونا۔
وَضَّعَ الشَّيْءَ: جوڑنا۔ الْجُبَّةَ: روئی بھر کر سینا۔ وَضَّعَتِ النَّعَامَةُ بَيْضَهَا: شتر مرغ کا انڈوں کو تہ بتہ رکھنا۔ ہ: ذلیل کرنا۔
اَوْضَعَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔ الْبَعِيْرَ اونٹ کو تیز دوڑانا۔ اُوْضِعَ فِي تِجَارَتِهِ: تجارت میں نقصان اٹھانا۔
وَاضَعَهُ وِضَاعًا و مُوَاضَعَةً: شرط لگانا۔ ہ فِي الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں موافقت کرنا۔ وَاضَعَهُ الْبَيْعَ: بیع کو چھوڑنا۔ وَاضَعَه الرِّهَانَ: شرط باطل کرنا۔ اور تم کہتے ہو "هَلُمَّ اُوَاضِعْكَ الرَّأْيَ" یعنی آؤ تم مجھ کو اور میں تم کو اپنی رائے سے مطلع کروں۔
اِتَّضَعَ۔ ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ لیئم ہونا۔ حسب میں کم رتبہ ہونا۔ الْبَعِيْرَ رَاكِبُهُ: اونٹ کے سر کو جھکا کر سوار ہونا۔
تَوَاضَعَ۔ ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ خاکسار ہونا۔ تَوَاضَعَتِ الْاَرْضُ: پست ہونا۔ تَوَاضَعَ الْقَوْمُ عَلَى كَذَا: متفق ہونا۔ مَا بَيْنَنَا: دور ہونا۔
اِسْتَوْضَعَ اِسْتِيْضَاعًا مِنْهُ: گھٹانے کے لیے کہنا۔ فِي دَيْنِهِ: قرض میں نرمی طلب کرنا۔
اَلْوَضْع۔ س۔ جگہ۔ ج اَوْضَاع۔
اَلْوَضْعَة والوِضْعَة۔ جگہ۔ مرکز۔
اَلْوَاضِع۔ اَلْمَرْأَةُ وَاضِعٌ: بے اوڑھنی کے عورت۔ نَاقَةٌ وَاضِعٌ: ترش نباتات میں رہ کر چرنے والی اونٹنی۔
اَلْوَضِيْع۔ خسیس، دنی، امانت۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ عِنْدَهُ وَضِيْعَةً" میں نے اس کے پاس امانت رکھی۔
اَلْوَضِيْعَة۔ قیمت کی کمی۔ امانت۔ ترش نباتات۔ عشر یا خراج وغیرہ جو بادشاہ وصول کرے۔ منہ بولا بیٹا۔ لشکر کی ایک جماعت جو کسی مقام پر مقرر کی جائے اور وہ جنگ نہ کرے۔ ایسی کتاب جس میں حکمت کی باتیں لکھی جائیں۔ ایک قسم کا کھانا جس میں گیہوں کوٹ کر گھی ملا کر کھاتے ہیں ج وَضَائِع
اَلْوَضَائِع: مسافروں کا اسباب۔
اَلتَّوْضِيْع۔ س۔ کہا جاتا ہے "فِي كَلَامِهِ تَوْضِيْعٌ" اس کے کلام میں زنانہ پن ہے۔
اَلْمَوْضَعُ والمَوْضِع۔ س۔ رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِع۔
اَلْمَوْضِعَة۔ موضع میں ایک لغت ہے اور کہا جاتا ہے "لَهُ فِي قَلْبِي مَوْضِعَةٌ و مَوْقِعَةٌ" اس کی میرے دل میں محبت ہے۔
اَلْمَوْضُوْعَةُ: انجینئرنگ کا مصنوعی دعویٰ۔
اَلْمُوَضَّع۔ س۔ توڑا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔
اَلْمَوْضُوْع۔ س۔ مَوْضُوْعُ الْعِلْمِ: جس کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جائے۔ جیسے علم طب میں جسم انسان من حيث الصحة والمرض موضوع الكلام: گفتگو کا مرکزی نقطہ جس پر کلام جاری ہو۔ ج مَوَاضِيْع و مَوْضُوْعَات۔ اَلْاَحَادِيْثُ الْمَوْضُوْعَة: گھڑی ہوئی باتیں۔
وَضَفَ يَضِفُ وَضْفًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔
وَضَمَ يَضِمُ وَضْمًا اللَّحْمَ: گوشت کو تختہ پر رکھنا۔
وَضَمَ يَضِمُ وُضُوْمًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ قریب قریب ہونا۔ بَنُو فُلَانٍ عَلَى بَنِي فُلَانٍ فلاں کی اولاد فلاں کی اولاد کے پاس آئی۔

اَوْضَمَ اِيْضَامًا اللَّحْمَ وَ لِلَّحْمِ: گوشت کو تختہ پر رکھنا الشَّجَرَ: ایک دوسرے کے اوپر کرنا۔

اِسْتَوْضَمَهُ اِسْتِيْضَامًا. ظلم کرنا۔

الوَضَمُ. گوشت کاٹنے کا قصائی کا تختہ۔ ج اَوْضَام و اَوْضِمَة. کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ لَحْمًا عَلَى وَضَمٍ" اس نے ان پر مصائب ڈال کر ذلیل کر دیا اور دردمند بنا دیا۔

الوَضَم. لکڑی یا چٹائی جس پر گوشت کو مٹی سے بچانے کیلئے رکھا جائے۔ دستر خوان۔

الوَضِيْم. انگشت شہادت اور بنصر کے درمیان کا حصہ۔

الوَضِيْمَة. میت کا کھانا (والوَضْمَة) دو سو کے قریب لوگوں کی جماعت۔

المِيْضَمَة. گوشت کے تختہ کے رکھنے کی جگہ۔ ج مَوَاضِم.

وَضَنَ يَضِنُ وَضْنًا الشَّيْءَ: تہہ بہ تہہ رکھنا۔ ایک کو دوسرے پر موڑنا۔ دگنا کرنا۔ النَّسْعَ: بُننا۔

تَوَضَّنَ لَهُ: ذلیل وعاجز ہونا۔ محبوب ہونا۔

اِتَّضَنَ بِهِ: متصل ہونا۔

الوَضِيْنُ. تہ بتہ کیا ہوا۔ چوڑا اسٹر۔ بال یا تسموں سے بنا ہوا۔ اور بقول بعض ہودہ کا تنگ ج وُضُن.

المَوْضُوْنَة. باریک بنی ہوئی زرہ یا جواہر سے بنی ہوئی زرہ۔

المِيْضَنَة. کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا۔ ج مَوَاضِن.

المِيْضَانَة. زنبیل۔ ج مَوَاضِيْن.

وَطَّ يَوُطُّ وَطًّا الوَطْوَاطُ: چمگادڑ کا آواز کرنا۔ المَحْمِلُ: چرچرانا۔

وَطِئَ يَطَأُ وَطْأً الشَّيْءَ بِرِجْلِهِ: پیر سے روندنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے پر سوار ہونا۔ اَرْضَ عَدُوِّهِ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔

وَطَأَ يَطَأُ وَطْأً الشَّيْءَ: تیار کرنا۔ آسان کرنا۔

وَطُؤَ يَوْطُؤُ وَطَاءَةً و وُطُوْءَةً المَوْضِعُ: نرم ہونا۔

وَطَّأَ تَوْطِئَةً الشَّيْءَ بِرِجْلِهِ: پیر سے روندنا۔ الفِرَاشَ: بچھونا نرم کرنا۔ الاَمْرَ: درست کرنا۔ آسان کرنا۔ المَوْضِعَ: نرم بنانا۔ الشِّعْرَ وَ فِيْهِ: لفظاً و معناً قافیہ دہرانا۔

اَوْطَأَ اِيْطَاءً فُلَانًا الاَرْضَ و بِالاَرْضِ: روندوانا۔ اَوْطَأَهُ فَرَسَهُ: سوار کرانا۔ اَوْطَأَهُ عَلَى الاَمْرِ: موافقت کرنا۔ اَوْطَأَ الشِّعْرَ و فِي الشِّعْرِ: لفظاً و معنی قافیہ دہرانا۔

وَاطَأَ مُوَاطَأَةً فُلَانًا عَلَى الاَمْرِ: موافقت کرنا۔ فِي الشِّعْرِ: لفظاً و معنی قافیہ دہرانا۔

تَوَطَّأَ فُلَانًا بِرِجْلِهِ: کچلنا۔ روندنا۔ عَلَى الاَمْرِ: موافقت کرنا۔ القَوْمُ عَلَى الاَمْرِ: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔

اِتَّطَأَ اِتِّطَاءً وَ اِيْتَطَأَ اِيْتِطَاءً الشَّيْءُ: آسان ہونا۔ تیار ہونا۔ الاَمْرُ: درست ہونا اور انتہا کو پہنچنا۔

اِسْتَوْطَأَ الشَّيْءَ: نرم پانا۔

الوَطْءُ. س (والوِطَاءُ) پست و نرم زمین۔

الوِطَاءُ و الوَطَاءُ. فرش۔

الوَطْأَة. وطأ کا اسم مرۃ۔ قدم کی جگہ۔ بھینچ یا دباؤ۔

الوَطَائَة و الوُطُوْءَة. س۔ نرمی۔ آسانی۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّ وَطَائَةَ العَيْشِ" میں خوش عیشی کو پسند کرتا ہوں۔

الوَاطِئَة و الوَطَأَة. راستہ میں گزرنے والے لوگ۔ الوَاطِئَة: گری ہوئی کھجوریں۔

الوَطِيُّ. پست۔ نرم آسان۔ ہموار۔ روندا ہوا۔

الوَطِيْئَة. وَطِيٌّ کا مؤنث کھجور جس کی گٹھلی نکال کر دودھ میں گوندھیں۔ نرم عصیدہ (آٹا گھی ملا ہوا ایک کھانا) شکر پنیر ملا ہوا۔

المَوْطَأُ و المَوْطِئُ. قدم کی جگہ۔

المِيْطَأُ. پست و نرم زمین۔

المُوَطَّأ. ص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَطَّأُ الاَكْنَافِ" نرم اخلاق والا۔ فیاض مہمان نواز مرد "وَهُوَ مُوَطَّأُ العَقِبِ" وہ ایسا شخص ہے جس کے پیچھے بہت لوگ چلتے ہیں۔

الوَطْبُ. دودھ کی مشک ج اَوْطُب و وِطَاب و اَوْطَاب و جج اَوَاطِب. کہا جاتا ہے صفرت وِطَابُهُ یعنی مر گیا یا قتل کیا گیا۔

الوَطْبُ بڑی پستان۔ سخت دل والا مرد۔

الوَطْبَاءُ. بڑی پستان والی عورت۔

وَطَحَهُ يَطْحَهُ وَطْحًا و طِحَةً. ہاتھوں سے زور سے ہٹانا۔

تَوَاطَحَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ برائی یا جنگ کرنا۔ تَوَاطَحَتِ الاِبِلُ عَلَى الحَوْضِ: اونٹوں کا حوض پر ہجوم کرنا۔

الوَطَحُ. س۔ کھر یا چنگل میں لگی ہوئی مٹی وغیرہ۔

وَطَدَ يَطِدُ وَطْدًا الشَّيْءَ: مضبوط کرنا۔ پائیدار کرنا۔ بوجھل کرنا۔ صفت مفعولی وَطِيْد و مَوْطُوْد الاَرْضَ: سخت ہونے کے لیے کوٹنا۔ الشَّيْءَ اِلَيْهِ: ملانا۔ لَهُ مَنْزِلَةً: تیار کرنا۔ اِلَى الاَرْضِ: جھکانا دبانا۔ الشَّيْءُ: ثابت و قائم ہونا۔ چلنا۔ الصَّخْرَ عَلَى الغَارِ: تہ بتہ رکھنا۔

وَطَّدَ الشَّيْءَ: بمعنی وَطَدَهُ.

تَوَطَّدَ. مضبوط و ثابت ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَطَّدَهُ فَتَوَطَّدَ" اس نے اس کو مضبوط کیا پس وہ ہو گیا "وَتَوَطَّدَتْ لَهُ عِنْدَهُمْ مَنْزِلَةٌ" ان کے نزدیک اس کا مرتبہ قائم ہو گیا۔

الوَطِدُ و الوَطِيْدُ و المَوْطُوْدُ. مضبوط و ثابت۔

الاَوْطَادُ. بہت سے پہاڑ۔

الوَطِيْدَة. عمارت کی بنیاد۔ پایہ دیگدان ج وَطَائِد. کہا جاتا ہے "اَنْتَ مِنْ وَطَائِدِ الحَقِّ" تو سچائی کا ستون ہے۔ "وَلَهُ عِنْدَهُ وَطِيْدَةٌ" اس کے نزدیک اس کا مرتبہ ہے۔

المِيْطَدَة. درمٹ۔

المُتَوَاطِدُ. مضبوط۔ جما ہوا۔ سخت۔ ایک دوسرے کے پیچھے۔

الوَطَرُ. حاجت۔ مطلوب۔ ج اَوْطَار. کہا جاتا ہے "قَضَى مِنْهُ وَطَرَهُ و اَوْطَارَهُ" اس

نے اپنی حاجت پوری کرلی۔
وَطَسَهٗ یَطِسُهٗ وَطْسًا. چرمی موزہ وغیرہ سے ٹھوکر مارنا الشَّیْئَ: توڑنا۔ کوٹنا۔
تَوَاطَسَ. الْمَوْجُ: موجوں کا باہم ٹکرانا۔ الْقَوْمُ عَلَیَّ: بھیڑ کرنا۔
الوَطَّاس. چرواہا۔
الوَطِیس. تنور اور جو اس کے مشابہ ہو۔ میدانِ جنگ۔ کہا جاتا ہے حَمِیَ الْوَطِیسُ یعنی جنگ سخت ہوگئی۔ ج اَوْطِسَۃ و وُطُسٌ.
الوَطِیْسَة. معاملہ کی سختی۔
وَطَشَهٗ یَطِشُهٗ وَطْشًا. مارنا ہٗ عَنْ فُلَانٍ: ہٹانا۔ دور کرنا الْحَدِیْثَ او الخَبَرَ. کچھ بیان کرنا الْکَلَامَ: وضاحت نہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا وَطَشَ لَنَا بِشَیْئٍ" اس نے ہمیں کچھ نہیں دیا۔
وَطَّشَ الْحَدِیْثَ: کچھ بیان کرنا لَهٗ: گفتگو یا رائے یا عمل کو تیار کرنا ہٗ: تھوڑا سا دینا الْقَوْمَ عَنْهُ: ہٹانا فِیْهِ: اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَیْهِمْ" لوگوں نے اسے مارا اور اس نے ہاتھ نہیں اٹھایا سَاَلُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَیْهِمْ بِشَیْئٍ لوگوں نے اس سے مانگا اور اس نے کچھ نہیں دیا۔
وَطِفَ یَوْطَفُ وَطَفًا. گھنی ابروؤں اور لمبی پلکوں والا ہونا۔ صفت اَوْطَفُ. مؤنث وَطْفَاء ج وُطْفٌ. وَطِفَ الْمَطَرُ: زور سے برسنا۔
وَطَفَ یَطِفُ وَطْفًا. شکار وغیرہ کو بھگانا اور اس کے پیچھے پڑنا۔
الوَطَف. مص. اور کہا جاتا ہے فِی السَّحَابَةِ وَطَفٌ" جبکہ بادل لٹکے ہوئے ہوں۔
ظَلَامٌ اَوْطَفُ. سخت تاریکی۔ سَحَابٌ اَوْطَفُ: زمین سے قریب بادل۔ عَامٌ اَوْطَفُ فراخ سالی: عَیْشٌ اَوْطَفُ: خوشحال زندگی۔ سَحَابَةٌ وَطْفَاءُ: پانی سے بوجھل ہو کر لٹکا ہوا بادل۔
الوَطْفَة. تھوڑے بال۔

الوِطَاق. خیمہ۔ ج وِطَاقَات.
وَطَمَهٗ یَطِمُهٗ وَطْمًا. روندنا۔ وَطَمَ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
وَطِمَ یَوْطَمُ وَطَمًا و وُطِمَ الرَّجُلُ: پاخانہ روکنا۔
وَطَنَ یَطِنُ وَطْنًا و اَوْطَنَ اِیْطَانًا بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔
وَطَّنَ و اَوْطَنَ و تَوَطَّنَ واِتَّطَنَ و اِسْتَوْطَنَ الْبَلَدَ وطن بنانا۔ وَطَّنَ نَفْسَهٗ عَلَی الْاَمْرِ و لِلْاَمْرِ: آمادہ کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ تَوَطَّنَتْ نَفْسُه عَلٰی کَذَا: اس کا نفس فلاں پر برانگیختہ کیا گیا۔
وَاطَنَهٗ عَلَی الْاَمْرِ کسی کے ساتھ کوئی کام کرنے کو دل میں پوشیدہ کرنا۔
الوَطَن. جائے سکونت۔ اقامت گاہ۔ مویشی باندھنے کی جگہ۔ ج اَوْطَان.
المَوْطِن. وطن۔ میدان جنگ۔ ج مَوَاطِن.
المِیْطَان. غایت۔ انتہا۔ گھوڑ دوڑ کے میدان میں جہاں سے گھوڑے چھوڑے جائیں۔ اور آخری جگہ کو مِیْتَاءُ و مِیْدَاء کہتے ہیں۔
وَطْوَطَ. کمزور ہونا۔ جلدی بولنا۔
الوَطْوَاط. چمگادڑ۔ ایک قسم کی پہاڑی ابابیل ج وَطَاوِط ووَطَاوِیط. الوَطْوَاط: کمزور عقل والا آدمی۔ جلدی بولنے والا۔
الوَطْوَاطَة. جلدی بولنے والی۔ چیخنے چلانے والی۔
وَطَّی تَوْطِیَةً الشَّیْئَ: پست کرنا۔ مرتبہ گھٹانا۔
تَوَطَّی. پست ہونا۔ مرتبہ گھٹنا۔ وَطَّاَ و تَوَطَّاَ میں ایک لغت ہے۔
وَظَبَ یَظِبُ وُظُوْبًا الْاَمْرَ و عَلَی الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔ صفت وَاظِبٌ (وَظْبًا) الشَّیْئَ: روندنا۔
وَاظَبَ مُوَاظَبَةً عَلَی الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔
ہٗ عَلٰی خِدْمَةِ فُلَانٍ: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔
تَوَاظَبَتْ عَلَیْهِ الرِّیَاحُ: لگاتار پے در پے

آنا۔
المِیْظَب. گول تیز پتھر۔
المَوْظُوْب. مص. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْظُوْبٌ" ایسا مرد جس کے مال پر بار بار تباہی آئی ہو۔
وَظِرَ یَوْظَرُ وَظَرًا. موٹا و پُر گوشت ہونا۔ صفت وَظِرٌ.
وَظَفَ یَظِفُ وَظْفًا الْبَعِیْرَ: پاؤں کی رسی چھوٹی کرنا۔ پنڈلی پر مارنا الْقَوْمَ: پیروی کرنا۔ الشَّیْئَ عَلٰی نَفْسِهٖ: لازم کرنا۔ مقرر کرنا۔
وَظَّفَ. روزینہ مقرر کرنا۔ وظیفہ مقرر کرنا۔
وَظَّفَ عَلَیْهِ عَمَلًا: کام مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَظَّفَ لَهُ الرِّزْقَ وَلِدَابَّتِهِ الْعَلَفَ" اس نے اس کے لئے روزی اور چوپائے کے لیے چارہ مقرر کیا و وَظَّفَ عَلَی الصَّبِیِّ کُلَّ یَوْمٍ حِفْظَ اٰیَاتٍ مِنْ کِتَابِ اللّٰهِ اس نے بچے پر ہر روز چند آیتیں یاد کرنے کے لیے مقرر کیں۔
وَاظَفَهٗ: موافقت کرنا۔ ہمیشہ ساتھ رہنا۔
اِسْتَوْظَفَ. الشَّیْئَ: پورا لے لینا۔
الوَظِیْف. گھوڑے یا اونٹ وغیرہ کی پنڈلی کا پتلا حصہ ج وُظُفٌ و اَوْظِفَة. الوَظِیْفُ: سخت زمین پر چلنے پر قادر مرد۔ کہا جاتا ہے "جَائَتِ الْاِبِلُ عَلٰی وَظِیْفٍ وَاحِدٍ" اونٹ ایک دوسرے کے پیچھے گویا کہ ایک قطار میں آئے۔
الوَظِیْفَة. عمل معین۔ روزینہ۔ رزق وغیرہ عہد و شرط ج وَظَائِف و وُظُفٌ. اور بسا اوقات منصب اور خدمت کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "لِلدُّنْیَا وَظَائِف" یعنی دنیا بدلتی سدلتی رہتی ہے۔
الوَعُّ. گیدڑ۔ گیدڑ کی آواز کی نقل۔ بچہ کے رونے کی آواز۔
وَعَبَ یَعِبُ وَعْبًا الشَّیْئَ: سب لے لینا۔
اَوْعَبَ اِیْعَابًا الشَّیْئَ: سب لے لینا۔ جمع کرنا الْاَمْرَ: فارغ ہونا الرَّجُلَ: پوری زبان کاٹ لینا الشَّیْئَ فِی الشَّیْئِ: پورا داخل کر دینا

فِيْ مَالِهٖ فضول خرچی کرنا الْقَوْمُ پوری قوم کا نکل جانا۔

اِسْتَوْعَبَ اِسْتِيْعَابًا الشَّيْءَ سب لے لینا۔ جڑ سے اُکھیڑنا اَلْحَدِيْثَ پوری بات حاصل کرنا الْمَكَانُ او الوِعَاءُ الشَّيْءَ گنجائش ہونا۔

الوَعْبُ کشادہ راستہ۔ ج وِعَابٌ۔

الوَعِيْبُ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ وَعِيْبٌ و وِعَاءٌ وَعِيْبٌ" فراخ مکان۔ فراخ برتن۔

المُوْعَبُ کشادہ کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَوْعَبُ لِكَذَا" یہ فلاں چیز کے حاصل کرنے کے لائق ہے۔

وَعِثَ يَوْعَثُ وَعْثًا ووَعَثًا ووَعُثَ يَوْعُثُ وعُوْثَةً الطَّرِيْقُ راستہ دشوار گزار ہونا الْاَمْرُ گڑبڑ ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت وَعْثٌ و وَعِثٌ و مُوْعَثٌ وَاَوْعَثُ۔

وَعِثَتْ تَوْعَثُ و عَثًا يَدُهٗ ہاتھ ٹوٹنا صفت وَعْثَةٌ۔

وَعَّثَهٗ تَوْعِيْثًا عَنِ الْاَمْرِ باز رکھنا۔ روکنا۔

اَوْعَثَ سخت دشوار گزار راستہ میں پڑنا الرَّجُلُ خلط ملط کرنا۔ دشوار گزار راستہ میں چلنا فِيْ مَالِهٖ فضول خرچی کرنا۔ الْمُتَكَلِّمُ گفتگو سے عاجز ہونا الْاَمْرَ بگاڑنا۔ فاسد کرنا فُلَانًا دشوار گزار راستہ میں چلنے پر برانگیختہ کرنا۔

الوَعْثُ س۔ توڑی ہوئی ہڈی۔ لاغری۔ سخت دشوار۔ دشوار گزار راستہ۔ ہر مشکل کام ج وُعُثٌ و وُعُوْثٌ۔

الوَعْثَاءُ مشقت۔ تھکن۔ ہر بری خصلت۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ الْوَعْثَاءَ" یعنی گناہ کا ارتکاب کیا۔

الوُعُوْثُ سختی و برائی۔

المَوْعُوْثُ ناقص حسب والا۔

وَعَدَ يَعِدُ وَعْدًا وَعِدَةً و مَوْعِدًا و مَوْعِدَةً و مَوْعُوْدًا و مَوْعُوْدَةً فُلَانًا الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ وعدہ کرنا۔ وَعَدَتِ الْاَرْضُ عمدہ فصل ہونے کی اُمید ہونا (وَعِيْدًا) الرَّجُلَ دھمکی دینا الفَحْلُ: بڑبڑانا۔

اَوْعَدَهٗ اِيْعَادًا وعدہ کرنا۔ دھمکی دینا۔

وَاعَدَهٗ مُوَاعَدَةً ایک دوسرے سے وعدہ کرنا ہٗ الْمَوْضِعَ او الوَقْتَ وعدہ پورا کرنے کیلئے جگہ یا وقت مقرر کرنا۔

تَوَاعَدَ وَاتَّعَدَ الْقَوْمُ ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔

تَوَعَّدَهٗ دھمکی دینا۔

اِتَّعَدَ اِتِّعَادًا وعدہ قبول کرنا اور بھروسہ کرنا ہٗ دھمکی دینا۔

اِيْتَعَدَ يَاتَعِدُ فَهُوَ مُوْتَعِدٌ۔ اِتَّعَلَ ایک ضعیف لغت ہے۔

اِسْتَوْعَدَهٗ وعدہ کرانا۔

الوَعْدُ مص۔ بعضوں کے نزدیک اس کی جمع نہیں آتی اور بعض کے نزدیک اس کی جمع وُعُوْدٌ آتی ہے۔

العِدَةُ وعدہ۔

المَوْعِدُ مص۔ وعدہ۔ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ عہد۔ ج مَوَاعِدُ

المِيْعَادُ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ بمعنے مُوَاعَدَةٌ مَوَاعِيْدُ۔

اَمْوُعُوْدُ۔ اَلْيَوْمُ الْمَوْعُوْدُ قیامت کا دن۔

وَعَرَ يَعِرُ وَعْرًا فُلَانًا روکنا۔ ہٹانا (وَعُرَ و وُعُوْرًا و وَعِرَ يَوْعَرُ و وَيَعِرُ ووَعُرَ يَوْعَرُ و عَارَةً و وُعُوْرَةً) الْمَكَانُ سخت ہونا۔ دشوار گزار ہونا۔ صفت وَعْرٌ و وَعِرٌ الشَّيْءُ کم ہونا۔ صفت وَعْرٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَعْرُ الْمَعْرُوْفِ" مرد کم احسان و کم خیر۔

وَعَّرَ الْمَكَانَ سخت بنانا الرَّجُلَ روکنا۔ ہٹانا الْمُتَكَلِّمَاتِ کاٹ دینا۔

اَوْعَرَ اِيْعَارًا بِهِ الطَّرِيْقُ راستہ دشوار ہونا۔ سخت جگہ میں پہنچانا الرَّجُلُ سخت زمین میں پڑنا۔ کم مال والا ہونا الشَّيْءَ کم کرنا (و اِسْتَوْعَرَ) الْمَكَانَ او الطَّرِيْقَ دشوار و سخت پانا۔

تَوَعَّرَ الْمَكَانُ سخت ہونا الْاَمْرُ عَلَيَّ: سخت و مشکل ہونا الرَّجُلُ سختی کرنا فِي الْكَلَامِ گشتہ و متحیر ہونا ہٗ فِي الْكَلَامِ: حیران بنانا۔

الوَاعِرُ دشوار (والوَعْرُ اَوْعُرٌ و وُعُوْرٌ واَوْعَارٌ و وُعُوْرَةٌ۔ والوَعِيْرُ اَوْعَارٌ۔

الاَوْعَرُ سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَعْرٌ او طَرِيْقٌ وَعْرٌ او مَطْلَبٌ وَعْرٌ" سخت جگہ یا راستہ یا مطلب۔ الوَعْرُ خوفناک متوحش جگہ۔

الوَعْرِيُّ مِنَ الْكَلَامِ قلیل الاستعمال جو ثقیل اور ذوق پر گراں ہو۔

وَعَزَ يَعِزُ وَعْزًا و وَعَّزَ تَوْعِيْزًا و اَوْعَزَ اِيْعَازًا اِلَيْهِ فِيْ كَذَا اَنْ يَفْعَلَهٗ او يَتْرُكَهٗ: آگے بڑھ کر فعل یا ترک فعل کا اشارہ کرنا۔

وَعَسَ يَعِسُ وَعْسًا الشَّيْءَ روندنا ہٗ الدَّهْرُ تجربہ کار بنانا۔

اَوْعَسَ اِيْعَاسًا الْقَوْمُ ریگستان میں چلنا۔ رات میں چلنا۔ اَوْعَسَتِ الْاِبِلُ اونٹ کا چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔

وَاعَسَهٗ رات کے وقت چلنے میں مقابلہ کرنا۔ وَاعَسَتِ الْاِبِلُ چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔

الوَعْسُ س۔ نشان۔ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔ درخت کا نام جس کی لکڑی سے بربط اور رباب وغیرہ بناتے ہیں۔ ج اَوْعَاسٌ۔

الوَعْسَقُ ریت جس میں قدم دھنس جائیں اور چلنا دشوار ہو۔

الاَوْعَسُ وہ جگہ جہاں نرم ریت ہو اور چلنا دشوار ہو۔ ج وُعْسٌ واَوْعُسٌ وج اَوَاعِسُ۔

الوَعْسَاءُ نرم ریت کا ٹیلہ جس میں عمدہ سبزیاں پیدا ہوں۔

المَوْعِسُ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔

المِيْعَاس نرم ریت۔ زمین جس پر کوئی نہ کوئی چلا ہو۔ راستہ۔ ج مَوَاعِيْس.
المُوْعَس چلا ہوا راستہ۔
الوِعَاط سرخ یا زرد گلاب۔
وَعَظَه يَعِظُهٗ وَعْظًا وَعِظَةً نصیحت کرنا۔ توبہ کرانے والی اور اصلاحِ اخلاق پر برانگیختہ کرنے والی باتیں یاد دلانا۔
اِتَّعَظَ نصیحت قبول کرنا۔ نصیحت پر عمل کرنا۔
اَلوَعْظَةُ. وَعْظ کا اسم مرۃ۔ وعظ و نصیحت ج وَعْظَات.
العِظَة وعظ و نصیحت ج عِظَات.
الوَاعِظ فا۔ ج وَاعِظُوْنَ و وُعَّاظ.
الوَعَّاظ واعظ کا اسم مبالغہ۔
المَوْعِظَة وعظ کا اسم ہے۔ وعظ و نصیحت ج مَوَاعِظ.
وَعُفَ يَوْعُفُ وُعُوْفًا البَصَرُ نگاہ کا کمزور ہونا۔
الوَعْف سخت زمین جس میں پانی ٹھہر جائے ج وِعَاف.
وَعَقَ يَعِقُ وَعْقًا و وُعَاقًا و وَعِيْقًا الفَرَسُ گھوڑے کے چلتے ہوئے پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہونا۔
وَعِقَ يَعِقُ وَعْقًا عَلَيْهِ جلدی کرنا۔
وَعُقَ يَوْعُقُ وَعْقَةً و تَوَعَّقَ و اِسْتَوْعَقَ کمینہ خصلت والا ہونا۔ صفت وَعْقٌ و وَعِقٌ و وَعْقَةٌ و وَعِقَةٌ.
وَعَّقَهٗ مخالفت کرنا۔ روکنا۔ بدخوئی کی طرف نسبت کرنا۔ فاسد کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَعَّقَهُ الطَّمْعُ او الجَهْلُ" اس کو لالچ یا جہالت نے خراب کر دیا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَوْعَقَهٗ" وہ کس قدر جلد باز ہے۔
الوَعْقَة اسم مرۃ۔ بدخلقی۔ درشت خوئی۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ وَعْقَةٌ" اس کے ساتھ بدخلقی ہے یعنی وہ بدخلق ہے۔
الوُعَاق والوَعِيْق چلنے کے وقت گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ ہر چیز کی آواز۔

وَعَكَ يَعِكُ وَعْكًا و وَعْكَةً الحَرُّ گرمی تیز ہونا۔ وَاعَكَتْهُ الحُمّٰى تیز بخار چڑھنا۔ صفت مفعولی مَوْعُوْكٌ الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے تکلیف پہنچنا (وَعْكًا) الشَّيْءَ: توڑنا (وَاَوْعَكَ) الشَّيْءَ فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹ پوٹ کرانا۔
اَوْعَكَتِ الإبلُ عِنْدَ الحَوْضِ بھیڑ کرنا۔
تَوَعَّكَ بخار چڑھنا۔
الوَعْك ۔ (والوَعِك والمَوْعُوْك) بخار والا۔
الوَعْكَة ۔ وَعْك کا اسم مرۃ۔ ہوا کا رُکنا اور گرمی کا بڑھنا۔ دوڑنے میں سخت گرنا۔ میدان جنگ۔ مرض۔ وَعْكَةُ الحُمّٰى بخار کی تیزی۔ وَعْكَةُ الاَمْرِ معاملہ کی سختی۔ وَعْكَةُ الإبِلِ اونٹوں کے گلے۔
المَوْعُوْك ۔ بخار والا۔
وَعَلَ يَعِلُ وَعْلًا الرَّجُلُ اوپر سے جھانکنا۔
تَوَعَّلَ الجبلَ پہاڑ پر چڑھنا۔
اِسْتَوْعَلَ اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ اِسْتَوْعَلَتِ الاَوْعَالُ پہاڑی بکریوں کا پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔
الوَعْل والوَعِل والوُعِل پہاڑی بکرا۔ ج اَوْعَال و وُعُوْل و وُعُلٌ و وِعِلَة و مَوْعَلَة آخر کے دو اسم جمع ہیں۔ مؤنث وَعِلَة ج وِعِلَات و وِعَال الوَعْل شریف۔ جائے پناہ۔ ج اَوْعَالٌ و وُعُوْلٌ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ عَنْهُ وَعْلٌ" تجھے اس سے کوئی چارہ نہیں "وَهُم عَلَيْنَا وَعْلٌ وَاحِدٌ" وہ سب ہمارے خلاف عداوت میں متفق ہیں۔
الوَعْلَة پہاڑ میں بلند جگہ مِنَ القَمِيْصِ قمیص کا تکمہ۔ وَعْلَةُ الاِبْرِيْقِ لوٹے کا دستہ۔
المُسْتَوْعَل پہاڑ کی چوٹی پر پہاڑی بکرے کی جائے پناہ ج مُسْتَوْعَلات.
وَعَمَ و وَعِمَ يَعِمُ وَعْمًا الدِّيَارَ خوش باش کہنا اور اسی سے ہے "عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً" و عِمْ بِالخَيْرِ نیکی کی خبر دینا۔
الوَعْم ۔ پہاڑ میں نشان جو بقیہ رنگ کے

مخالف ہو ج وِعَام.
تَوَعَّنَ الشَّيْءَ پورا لے لینا۔ تَوَعَّنَتِ الدَّابَّةُ چوپائے کا انتہائی موٹا ہونا۔
الوَعْنُ و الوَعْنَةُ سخت زمین۔ زمین میں سفید جگہ جہاں کچھ نہ اُگے ج وِعَان. الوَعْنُ: جائے پناہ۔
وَعْوَعَ وَعْوَعَةً و وَعْوَاعًا الكَلْبُ او ابْنُ آوَى بھونکنا القَوْمُ شور مچانا القَوْمَ: قوم کو جھڑ جھڑا دینا۔
الوَعْوَاع ۔ لوگوں کی جماعت جو شور مچاتی ہو۔ بیہودہ گو۔ گیدڑ یا کتے کی آواز' دیدبان۔
الوَعْوَع گیدڑ۔ لومڑی۔ بلیغ خطیب۔ بیابان۔ دیدبان ج وَعَاوِع. الوَعَاوِع: دلاور لوگ۔ الوَعْوَعِيّ: خوش طبع تیز خاطر۔
وَعٰى يَعِي وَعْيًا الشَّيْءَ: جمع کرنا الحَدِيْثَ: قبول کرنا۔ غور کرنا۔ یاد کرنا الاُذُنُ سننا القَيْحُ فِي الجُرْحِ پیپ کا زخم میں جمع ہونا الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا العَظْمُ ہڈی کا ٹوٹنے کے بعد درست ہونا۔
اَوْعٰى اِيْعَاءً الكَلَامَ او الشَّيْءَ یاد کرنا۔ جمع کرنا الزَّادَ و نَحْوَهٗ: برتن میں رکھنا الرَّجُلَ و عَلَيْهِ: بخل کرنا (واسْتَوْعٰى اِسْتِيْعَاءً) الشَّيْءَ سارا لینا۔
الوَعْي ۔ پیپ (والوَعٰى) شور۔ اور کہا جاتا ہے "مَا لِي عَنْهُ وَعًى" مجھے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ "فَرَسٌ وَعًى" مضبوط و قوی گھوڑا۔
الوِعَاء والوُعَاء برتن ج اَوْعِيَة جج اَوَاعٍ.
الوَاعِي فا۔ وَاعِي اليَتِيْمِ یتیم کا والی و نگہبان۔
الوَاعِيَة. وَاعِي کا مؤنث آواز۔ چیخ۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَوْعٰى مِنْ فُلَانٍ وہ فلاں سے زیادہ یاد کرنے والا اور زیادہ سمجھدار ہے۔ "وَهُوَ اَوْعٰى مِنْ نَمْلَةٍ" وہ چیونٹی سے زیادہ جمع

کرنے والا ہے۔
الوَعِیُّ یاد کرنے والا۔ فقیہ۔
وِعَائِیَاتُ الْبُزُوْرِ وہ نبات جن کے بیج چھپے ہوئے ہوں۔ جیسے بادام وغیرہ۔
مَوْعِیُّ الرُّسْغِ مضبوط کلائی والا۔
وَغَبَ یَوْغَبُ وَغَابَةً و وُغُوْبَةً الْجَمَلُ اُونٹ کا موٹا ہونا۔
الوَغْبُ ردی سامان۔ موٹا اُونٹ۔ کمزور جسم والا۔ کمینہ۔ رذیل۔ ج اَوْغَاب و وِغَاب۔ مؤنث وَغْبَةٌ (والوَغَبَةُ) بیوقوف۔
وَغَدَ یَغِدُ وَغْدًا الْقَوْمَ خدمت کرنا۔
وَغُدَ یَوْغُدُ وَغَادَةً ضعیف العقل و کمینہ ہونا۔
وَاغَدَهٗ مُوَاغَدَةً کسی کے فعل کی نقل کرنا۔ وَاغَدَ فُلَانًا فِی السَّیْرِ رفتار میں مقابلہ کرنا۔
الوَغْدُ ضعیف العقل۔ بیوقوف۔ کمینہ۔ بچہ۔ قوم کا خادم۔ غلام۔ ج اَوْغَادٌ و وُغْدَان و وِغْدَان مؤنث وَغْدَةٌ۔ الوَغْدُ جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ شکار۔
وَغَرَ یَغِرُ وَغْرًا الْیَوْمُ سخت گرم ہونا۔
وَغَرَتْهُ الشَّمْسُ تیز دھوپ پڑنا (و وَغِرَ یَوْغَرُ و یَیْغَرُ وَغَرًا) صَدْرُهٗ عَلٰی فُلَانٍ غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
وَغَّرَهٗ تَوْغِیْرًا عَلَیْهِ کینہ رکھنے پر برانگیختہ کرنا۔
اَوْغَرَهٗ اِیْغَارًا غضبناک کرنا۔ اَوْغَرَ صَدْرَهٗ غصہ سے بھڑکانا الْمَاءَ پانی گرم کرنا هٗ اِلٰی کَذَا پناہ لینے پر مجبور کرنا الْخِنْزِیْرَ سور کے بالوں کو گرم پانی سے صاف کر کے ذبح کرنا۔ "اَوْغَرَ الْمَلِكُ لِرَجُلٍ اَرْضًا وَاَوْغَرَهٗ اَرْضًا" بغیر خراج کے زمین دینا الْقَوْمُ گرمی کے وقت میں داخل ہونا۔ اَوْغَرُوْا بَیْنَهُمْ مِیْغَرًا" باہم وقت مقرر کرنا۔
تَوَغَّرَ غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

الوَغْرُ و الوَغَرُ س۔ کینہ۔ دشمنی۔ وَغْرُ الْجَیْشِ لشکر کا شور۔
الوَغْرَةُ اسم مرة۔ گرمی کی بھڑک۔ کہا جاتا ہے لَقِیْتُهٗ فِیْ وَغْرَةِ الْهَاجِرَةِ میں نے اس سے دوپہر کی گرمی میں ملاقات کی۔
الوَغِیْرُ گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت (والوَغِیْرَةُ) گرم پتھروں سے گرم کیا ہوا دودھ۔
المِیْغَرُ وقت معین۔ وعدہ۔
وَغَفَ یَغِفُ وَغْفًا و وُغُوْفًا الْبَصَرُ نگاہ کمزور ہونا الرَّجُلُ جلدی چلنا اور دوڑنا۔
اَوْغَفَ اِیْغَافًا الرَّجُلُ جلدی چلنا اور دوڑنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا۔ بقدرِ کفایت کھانا کھانا۔ الْكَلْبُ کتے کا ہانپنا الطَّائِرُ پرندہ کا جلدی جلدی پر پھڑ پھڑانا۔
وَغَلَ یَغِلُ وُغُوْلًا فِی الشَّیْءِ داخل ہو کر چھپنا؛ جانا اور دور جانا (وَغْلًا و وُغُوْلًا و وَغَلَانًا) عَلَی الْقَوْمِ بغیر بلائے ہوئے شراب کی مجلس میں آکر پینا۔
اَوْغَلَ اِیْغَالًا فُلَانًا فِیْ کذا داخل کرنا فِی السَّیْرِ تیز چلنا فِی الْعِلْمِ و نَحْوِهٖ پوری طرح جدوجہد کرنا الْقَوْمُ دشمن کے ملک میں دور تک گھستے ہوئے چلا جانا (و تَوَغَّلَ) فِی الْبِلَادِ جانا اور دور تک جانا۔
الوَغْلُ س۔ سست فرومایہ کوتاہی کرنے والا بغیر بلائے ہوئے کھانے پینے میں آنے والا۔ جائے پناہ۔ ایک قسم کا دانہ جو کبوتر کھاتے ہیں۔ گنجان درخت ج اَوْغَالٌ (و الوَغِلُ) جھوٹا نسب کا دعوی کرنے والا۔ بدخوراک۔
الوَغَّالُ وصف بیان کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔ گراں فروش۔
المُوْغِلُ جلدی داخل ہونے والا۔
وَغَمَهٗ یَغِمُهٗ وَغْمًا مغلوب کرنا۔ وَغَمَ بِالْخَبَرِ خبر کو بغیر تحقیق کے بیان کرنا۔ وَغَمَ اِلَی الشَّیْءِ خیال جانا۔
وَغِمَ یَوْغَمُ وَغَمًا عَلَیْهِ کینہ رکھنا۔

اَوْغَمَهٗ کینہ ور بنانا۔
تَوَغَّمَ عَلَیْهِ غضبناک ہونا (و تَوَاغَمَ) الْاَبْطَالُ فِی الْحَرْبِ سخت جنگ کرنا۔ اور بقول بعض آڑی ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الوَغْمُ س۔ دل میں بیٹھا ہوا کینہ۔ لڑائی و مقاتلہ۔ نفس۔ بیوقوف۔ کھانے میں سے جو گر جائے ج اَوْغَامٌ۔ رَجُلٌ وَغْمٌ کینہ ور۔
تَوَغَّنَ تَوَغُّنًا جنگ میں پیش قدمی کرنا۔ عَلَی الْمَعَاصِیْ اصرار کرنا۔
الوَغْیُ و الوَغٰی شور و آواز۔ لڑائی۔
وَفَدَ یَفِدُ وَفْدًا و وُفُوْدًا و وِفَادَةً و اِفَادَةً اِلٰی او عَلَی الْاَمِیْرِ قاصد بن کر آنا۔ صفت وَافِدٌ ج وَفْدٌ و وُفُوْدٌ و وُفَّادٌ و وُفَّدٌ و اَوْفَادٌ۔
اَوْفَدَ اِیْفَادًا بلند ہونا عَلَیْهِ اوپر سے جھانکنا۔ تَوَفَّدَتِ الْاِبِلُ او الطَّیْرُ ایک دوسرے سے آگے نکل جانا۔
تَوَافَدَ الْقَوْمُ عَلَیْهِ اکٹھے وارد ہونا۔
اِسْتَوْفَدَ فِیْ قِعْدَتِهٖ غیر مطمئن بیٹھنا۔ (لغت ہے اِسْتَوْفَزَ میں) هٗ وفد بھیجنا۔
الوَفْدُ س۔ وَافِدٌ کی جمع۔ وہ لوگ جو اکٹھے کسی شہر میں جائیں۔ وہ لوگ جو کسی مشترکہ غرض کے لیے بادشاہ یا حاکم کے پاس جائیں۔ الوَفْدُ ریت کے ٹیلہ کی چوٹی۔ ج وُفُوْدٌ و اَوْفَادٌ۔
الوَافِدُ فا مِنَ الْاِبِلِ و نَحْوِهَا سب سے آگے رہنے والا۔ رخسارے کا وہ حصہ جو کھانا چباتے وقت اُبھر جاتا ہے۔
الوَفَّادُ بہت وفد والا۔
وَفَرَ یَفِرُ وَفْرًا وَفِرَةً لَهُ الْمَالَ زیادہ کرنا۔ پورا کرنا عِرْضَ فُلَانٍ حفاظت کرنا اور گالی نہ دینا۔ کہا جاتا ہے "وَفِّرْتُهٗ عِرْضَهٗ" جب کہ تم تعریف کرو اور عیب جوئی نہ کرو عَطَائَكَ رضامندی کے ساتھ واپس کر دینا یا کم سمجھ کر واپس کرنا الثَّوْبَ کپڑے کو کشادہ قطع کرنا (وَفْرًا و وُفُوْرًا وَفِرَةً و وَفُرَ یَوْفُرُ وَفَارَةً) الْمَالُ او الْمَتَاعُ مال یا سامان

بکثرت ہونا۔

وَفَّرَ تَوْفِيْرًا الشَّيْءَ: زیادہ کرنا لِفُلَانٍ عِرْضَهُ: حفاظت کرنا۔ گالی نہ دینا الْمَالَ: کمی نہ کرنا حِصَّةً مِنَ الْمَالِ: باقی رکھنا۔ عَلَيْهِ حَقَّهُ: پورا حق دینا الثَّوْبَ: کپڑا کشادہ قطع کرنا لِفُلَانٍ طَعَامَهُ: پوری خوراک دینا اللّٰهُ حَظَّهُ مِنْ كَذَا: کامل کرنا۔

اَوْفَرَ فُلَانٌ الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ پورا کرنا۔

تَوَفَّرَ عَلٰى كَذَا: ہمت صرف کرنا عَلٰى صَاحِبِهِ: حرمت وعزت کا پاس ولحاظ کرنا۔

تَوَافَرَ وَاتَّفَرَ الشَّيْءُ: زیادہ ہونا۔

اِسْتَوْفَرَ الشَّيْءَ: پورا کرنا الْحَقَّ: پورا حق لینا۔

اَلْوَفْرُ. س۔ توانگری مِنَ الْمَالِ اَوِ الْمَتَاعِ بہتات۔ کثرت۔ یا صرف مال ومتاع ہی کے لیے نہیں بلکہ ہر چیز کیلئے عام ہے۔ ج وُفُوْرٌ.

اَلْوَفْرَةُ. اسم مرۃ۔ کثرت۔ بہتات۔ کانوں تک لٹکے ہوئے بال ج وِفَارٌ.

اَلْوَافِرُ. فا۔ علم عروض کی ایک بحر۔

اَلْوَافِرَةُ. وافر کا مؤنث دنبہ کی بڑی چکی۔

اَلْاَوْفَرُ. کامل۔ تام۔ مکمل۔

اَلْوَفْرَاءُ. بھرا ہوا۔ مَزَادَةٌ وَفْرَاءُ: پوری کھال والا توشہ دان۔ اُذُنٌ وَفْرَاءُ: بڑا کان۔ اَرْضٌ وَفْرَاءُ: بہت گھاس ونباتات والی زمین۔ قَوْمٌ مُتَوَافِرُوْنَ. بہت لوگ۔

اَلْمُوَفَّرُ. مف۔ اَلْمُوَفَّرُ الشَّعْرِ: بہت اور لمبے بالوں والا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ عَلٰى اَحْسَنِ مُوَفَّرٍ" میں نے اس کو اچھی حالت میں چھوڑا۔

اَلْمَوْفُوْرُ. مف۔ مکمل چیز۔

اَوْفَزَهُ اِيْفَازًا. جلدی کرانا۔

وَافَزَهُ. جلدی کرنا۔

تَوَفَّزَ لِلْاَمْرِ: آمادہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "اَخَذَ يَتَوَفَّزُ عَلٰى فِرَاشِهِ" وہ بچھونے پر لوٹنے پوٹنے لگا۔

اِسْتَوْفَزَ اِسْتِيْفَازًا فِيْ قِعْدَتِهِ: غیر مطمئن بیٹھنا اور اٹھنے کے لیے تیار ہونا۔

اَلْوَفْزُ وَالْوَفَزُ. جلدی ج اَوْفَازٌ وَوِفَازٌ. مَكَانٌ وَفْزٌ: بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "نَحْنُ عَلٰى وَفْزٍ اَوْ وِفَازٍ اَوْ اَوْفَازٍ" ہم جلدی میں ہیں یا سفر کیلئے تیار ہیں۔

اَوْفَضَ اِيْفَاضًا. تیز چلنا اور دوڑنا ہُ: دھتکارنا الْاِبِلَ: اونٹوں کو جدا جدا کرنا لِلرَّجُلِ: بیٹھنے کے لیے فرش بچھانا۔

اِسْتَوْفَضَ اِسْتِيْفَاضًا. تیز چلنا اور دوڑنا۔ الْاِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا جلدی کرانا۔ دھتکارنا۔ جلاوطن کرنا۔

اَلْوَفْضُ وَالْوَفَضُ. س۔ جلدی ج اَوْفَاضٌ.

اَلْوِفَاضُ. چکی کے نیچے رکھنے کا چمڑا۔ وہ جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے ج وُفُضٌ.

اَلْوَفْضَةُ. اسم مرۃ۔ ترکش کے مانند چمڑے کا ایک برتن جس کا نچلا حصہ ہموار ہوتا ہے، چرواہے کا تھیلا۔ اوپر کے ہونٹ پر مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ ج وِفَاضٌ.

اَلْاَوْفَاضُ. لوگوں کی مختلف جماعتیں۔

نَاقَةٌ اَوْ نَعَامَةٌ مِيْفَاضٌ: تیز رفتار اونٹنی یا شتر مرغ۔

اَلْوَفْعُ. بلند عمارت یا بلند جگہ۔ ج اَوْفَاعٌ.

غُلَامٌ وَفَعٌ ج وِفْعَانٌ وَوَفَعَةٌ وَوَافِعَةٌ نوجوان لڑکا۔

اَلْوَفِيْعَةُ. قلم صاف کرنے کا چیتھڑا۔

اَلْوَفِيْعَةُ وَالْوَفْعَةُ. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ اَلْوَفِيْعَةُ وَالْوَفْعَةُ وَالْوِفَاعُ: شیشی کی ڈاٹ۔

وَفِقَ يَفِقُ وَفْقًا الْاَمْرَ: موافق پانا الْاَمْرُ: موافق ہونا۔

وَفَّقَ الْاَمْرَ: موافق کرنا ہُ اللّٰهُ: درست کرنا ہُ اللّٰهُ لِلْخَيْرِ: الہام کرنا بَيْنَ الْقَوْمِ اصلاح کرنا۔ وُفِّقْتُ لَهُ: اس نے مجھے پالیا، اس نے مجھ سے ملاقات کی۔

وَافَقَهُ وِفَاقًا وَمُوَافَقَةً. پانا ہُ فِيْ اَوْ عَلَى الشَّيْءِ: موافق ہونا بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ دو چیزوں کو جوڑنا۔

اَوْفَقَ الْقَوْمُ لَهُ: قریب ہونا اور سب کا متفق ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اُوْفِقَ لِزَيْدٍ لِقَاءُ نَا" زید سے ہم لوگوں کی ملاقات اچانک ہو گئی۔

اَوْفَقَ السَّهْمَ وَبِالسَّهْمِ: تیر چلانے کیلئے فوق کو تانت پر رکھنا (دیکھئے لفظ فوق) یہ اَفْوَقَ کا مقلوب ہے اور اصل کا استعمال بہت نادر ہے۔

تَوَفَّقَ. کوشش کامیاب ہونا۔ توفیق پانا۔

تَوَافَقَ الْقَوْمُ فِي الْاَمْرِ: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِتَّفَقَ الرَّجُلَانِ عَلَى الشَّيْءِ وَفِيْهِ: اتفاق کرنا۔ قریب ہونا۔ متحد ہونا۔ اِتَّفَقَ مَعَهُ: موافقت کرنا۔ الْاَمْرُ: واقع ہونا۔

اِسْتَوْفَقَ اِسْتِيْفَاقًا اللّٰهَ: اللہ سے توفیق مانگنا۔

اَلْوَفْقُ. س۔ دو چیزوں کی مطابقت۔ قدر کفایت۔ کہا جاتا ہے "كَسْبُهُ وَفْقُ عِيَالِهِ" اس کی کمائی اس کے اہل وعیال کے لیے کافی ہے کچھ بچتا نہیں۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ وَفْقًا" قوم اتفاق کر کے آئی "وَاَتَيْتُهُ وَفْقَ طَلْعَتِ الشَّمْسِ" میں اس کے پاس طلوع آفتاب کے وقت آیا۔

اَلتَّوْفِيْقُ. س۔ تَوْفِيْقُ الْهِلَالِ وَتَوَفَاقُهُ وَتَيْفَاقُهُ وَتِيْفَاقُهُ وَتَوَقُّقُهُ وَمِيْنَاقُهُ: نئے چاند کے نکلنے کا وقت۔

اَلْوَفِيْقُ. ہمراہی۔ ساتھی۔

اَلْمُوَفَّقُ. س۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانًا مُوَفَّقٌ" فلاں نیک آدمی ہے۔

وَفَلَ يَفِلُ وَفْلًا الشَّيْءُ: پھیلنا۔

وَفَّلَ تَوْفِيْلًا الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ پھیلنا۔

اَلْوَفْلُ. س۔ تھوڑی چیز۔

وَفَهَ يَفِهُ وَفْهًا النَّصْرَانِيُّ: خادم گرجا ہونا۔

اَلْوَافِهُ. گرجا کا ناظم ونگراں۔ سرپنچ۔

اَلْوِفَاهَةُ. گرجا کے ناظم کی تنخواہ۔

الوَفْهِيَة. گرجا کے ناظم کا رتبہ۔
وَفَى يَفِي وَفَاءً بالوَعْدِ او العَهْدِ: پورا کرنا۔ محافظت کرنا النَّذْرَ: نذر پوری کرنا الشَّيْءُ: طویل ہونا اور اسی سے ہے "مَاتَ فُلاَنٌ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" فلاں مر گیا اور تیری عمر دراز ہو رِيْشُ الجَنَاحِ: بازو کے پروں کا پورا ہونا (وُفِيًّا) الشَّيْءُ: کامل ہونا اور بہت ہونا الدِّرْهَم المِثْقَال: برابر ہونا۔ ہم وزن ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ لَا يَفِي بِذَاكَ" یہ چیز اُس کے برابر نہیں ہے۔
وَفَّى تَوْفِيَةً. الرَّجُلَ حَقَّهُ: پورا حق دینا۔
اَوْفَى اِيْفَاءً بالوَعْدِ: پورا کرنا النَّذْرَ نذر پوری کرنا الكَيْلَ: پورا ناپنا فُلاَنًا حَقَّهُ: پورا حق دینا المَكَانَ: آنا عَلَى المَكَانِ: اوپر سے جھانکنا عَلَى المِاَةِ: سو سے زائد ہونا عَلَى الشَّيْءِ و فِي الشَّيْءِ: اوپر سے جھانکنا۔
وَافَى مُوَافَاةً فُلاَنًا حَقَّهُ: پورا حق دینا الرَّجُلَ: آنا۔ اچانک آنا۔ وَافَاهُ الحِمَامُ او الكِتَابُ: موت کا آنا یا خط کا آنا۔
تَوَافَى تَوَافِيًا القَوْمُ: ساری قوم کا آنا۔
تَوَفَّى تَوَفِّيًا. پورا ہونا حَقَّهُ: پورا حق لینا۔ کہا جاتا ہے "تَوَفَّيْتُ مِنْ فُلاَنٍ مَالِيْ عَلَيْهِ" جو کچھ میرا حق فلاں پر تھا اس کو میں نے پورا لے لیا۔ المُدَّةَ: مدت کو پہنچنا الشَّيْءَ: کامل بنانا عَدَدَ القَوْمِ: پورا شمار کرنا۔ تَوَفَّاهُ اللّٰهُ موت دینا۔ تُوُفِّيَ فُلاَنٌ: فلاں مر گیا۔ اللہ کو مُتَوَفِّي اور بندے کو مُتَوَفّٰى کہیں گے۔
اِسْتَوْفَى اِسْتِيْفَاءً حَقَّهُ: کامل و پورا حق لینا۔
الوَفَاء. مص۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ عَنْ وَفَاءٍ" وہ مر گیا اور حقوق واجبہ کے پورا کرنے کے لائق مال چھوڑ گیا "وَمَاتَ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" وہ مر گیا اور تیری عمر دراز ہو۔
الوَفَى والمِيْفَى والمِيْفَاة. زمین کا بلند حصہ۔ المِيْفَى: تنور کا ڈھکنا۔ اینٹوں کے پکانے کا آوا۔
الوَفَاة. موت۔ ج وَفَيَات۔

الوَفِيّ. پورا۔ کامل۔ بہت وفا کرنے والا۔ حق دینے والا۔ حق لینے والا۔ ج اَوْفِيَاء۔
الوَافِي. فا۔ مؤنث وَافِيَةٌ. ایک درہم اور چار دانق عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: وہ شعر جس کے اجزاء پورے ہوں۔
المِيْفَاء. وفا کرنے والا۔
وَقَبَ يَقِبُ وَقْبًا الرَّجُلُ: متوجہ ہونا۔ آنا۔ گڑھے میں داخل ہونا۔
وَقَبَتْ وَقْبًا و وُقُوْبًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا الظَّلَامُ: تاریکی پھیلنا القَمَرُ: چاند کا گہن میں آنا الرَّجُلُ دھنسی ہوئی آنکھوں والا ہونا عَيْنَاهُ: آنکھوں کا دھنس جانا۔
اَوْقَبَ اِيْقَابًا. بھوکا ہونا الشَّيْءَ: پتھر کے گڑھے میں داخل کرنا النَّخْلُ: درخت خرما کے گچھوں کا بدبودار ہونا۔
الوَقْب. مص۔ پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔ روشن دان۔ جسم کا ہر گڑھا۔ جیسے آنکھ کا ج وُقُوْب و وِقَاب. الوَقْبُ: بیوقوف۔ کمینہ ج اَوْقَاب. الاَوْقَاب: گھر کا سامان۔
الوَقْبَان. بیوقوف۔ ج وَقْبَى.
الوَقْبَة. پتھر کی چٹان یا جسم میں گڑھا۔ بڑا روشن دان جس میں سایہ ہو۔ ثرید وغیرہ سے جو ٹپکے۔
رَكِيَّةٌ وَقْبَاء. گہرے پانی کا کنواں۔
القِبَة. اوجھ کا وہ حصہ جو پرت پرت ہوتا ہے۔
الوُقْبِيّ. بیوقوفوں کی صحبت کا حریص۔
المِيْقَب. کوڑی۔
المِيْقَاب. بہت شراب پینے والا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُمْ يَسِيْرُوْنَ سَيْرَ المِيْقَابِ" وہ لوگ دن رات لگاتار سفر کرتے ہیں۔
وَقَتَ يَقِتُ وَقْتًا الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔
وَقَّتَ الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔ کام کی مدت بیان کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَّتَ الاَمْرَ لِيَوْمِ كَذَا" اُس نے کام فلاں دن کے لیے مقرر کیا۔

الوَقْت. س۔ زمانہ کی مقدار ج اَوْقَات اَوْقَاتُ السَّنَةِ: سال کی فصلیں۔ وَقْتٌ مَوْقُوْتٌ و مُوَقَّتٌ: مقرر کردہ وقت۔
المَوْقِت. تعین۔ تعیین کا زمانہ۔ تعیین کی جگہ۔
المِيْقَات. وقت۔ وعدہ جس کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ اور کبھی اس مقام کیلئے بھی استعارہ کیا جاتا ہے جس میں اجتماع کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ ج مَوَاقِيْت.
المُوَقِّت. اوقات اور چاند کا اندازہ رکھنے والا۔
وَقُحَ يَقُحُ قِحَةً و قَحَةً و وَقِحَ يَوْقَحُ و قَحًا و قُحَ يَوْقُحُ وَقَاحَةً و وُقُوْحَةً. بے حیا ہونا۔ بے شرم ہونا۔ قبیح افعال پر جری ہونا۔ صفت وَقِحٌ حَافِرُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کے کھر کا سخت ہونا۔
وَقَّحَ الحَوْضَ: حوض کو مٹی اور پتھر سے درست کرنا حَافِرَ الدَّابَّةِ: پگھلی ہوئی چربی لگا کر چوپایہ کے کھر کو سخت کرنا۔
اَوْقَحَ واِسْتَوْقَحَ الحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا۔
تَوَاقَحَ. بے حیائی ظاہر کرنا۔
الوَقَاح (مذکر و مؤنث) بے شرم ج وُقُح و وُقَّح. حَافِرٌ وَقَاحٌ: سخت کھر۔
رَجُلٌ وَقِيْحُ الوَجْهِ: بے شرم مرد۔
المُوَقَّح. مف۔ مبتلائے مصائب۔ بَعِيْرٌ مُوَقَّحٌ: کام کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔
وَقَدَ يَقِدُ وَقْدًا و وَقَدًا و وُقُوْدًا و وَقَدَانًا و قِدَةً واتَّقَدَ. روشن ہونا النَّارُ: آگ جلنا۔ بھڑکنا۔ مشتعل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَدَتْ بِكَ زِنَادِيْ" تیری وجہ سے میری چقماق نے آگ دی۔ یعنی تیری وجہ سے میری کامیابی ہوئی۔ وَقَّدَ و اَوْقَدَ و تَوَقَّدَ واِسْتَوْقَدَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔ مشتعل کرنا۔ تَوَقَّدَتِ النَّارُ واِسْتَوْقَدَتْ آگ بھڑکنا تَوَقَّدَ الكَوْكَبُ: ستارہ کا روشن ہونا۔ چمکنا۔ کہا جاتا ہے اَبْعَدَ اللّٰهُ دَارَهُ وَاَوْقَدَ نَارًا اَثَرَهُ اللہ اس کے گھر کو دور کر

دے اور آگ میں اس کے اثر کو جلادے یعنی اس کو واپس نہ کرے۔

الوَقْد والوَقَد. س. آگ۔

الوَقْدَة. وَقَد کا اسم مرۃ۔ سخت گرمی کا زمانہ کہ دس دن یا نصف مہینہ ہے۔

القِدَة. س. جس کی تم پیروی کرو۔ اس معنی کے لحاظ سے اس کی اصل قِدْو ہے تا واؤ کے بدلہ میں ہے۔

الوِقَاد والوَقِيْد والوَقُوْد. ایندھن جس سے آگ سلگائی جائے۔

الوَقَّاد. اسم مبالغہ۔ كَوْكَبٌ وَقَّادٌ. بہت روشن ستارہ۔ رَجُلٌ وَقَّادٌ. تیز طبع روشن خاطر مرد۔

المُوْقِد ج مَوَاقِد والمُسْتَوْقِد: چولھا۔

زَنْدٌ مِيْقَادٌ. جلدی روشن ہونے والا چقماق۔

المتوَقِّد. فا۔ روشن۔ تیز طبع۔

وَقَذَهُ يَقِذُهُ وَقْذًا. پچھاڑنا۔ مہلک ضرب لگانا۔ صفت مفعولی وَقِيْذٌ و مَوْقُوْذٌ ۂ النُّعَاسُ: غلبۂ نیند کی وجہ سے متوالا ہونا (وَاَوْقَذَ) فُلَانًا: بیمار چھوڑنا۔

الوَقِيْذ. مہلک بیماری میں مبتلا۔ بوجھل سست۔ وَقِيْذُ الْجَوَانِح: غمگین دِل والا۔ مؤنث وَقِيْذَةٌ ج وَقَائِذ. الوَقَائِذ: بجھے ہوئے پتھر۔

المَوْقِذ. بدن کے اطراف۔ جیسے ٹخنہ۔ گھٹنا۔ کندھا۔ ج مَوَاقِذ.

وَقَرَ يَقِرُ وَقْرًا العَظْمَ: ہڈی کا پھاڑنا۔ وُقِرَ الْعَظْمُ: ہڈی کا پھٹنا۔ صفت مفعولی مَوْقُوْرٌ و وَقِيْرٌ (قِرَةً و وَقَارَةً و وَقْرًا و وَقُرَ يَوْقَرُ وَ قَارَةً و وَقَارًا) الرَّجُلُ: سنجیدہ وصاحب وقار ہونا۔ ثابت رہنا۔ وَقَرَ يَقِرُ وَقْرًا و وُقُوْرَةً فِيْ بَيْتِه: وقار کے ساتھ بیٹھنا۔

وَقِرَت تَقِرُ و وَقِرَتْ تَوْقَرُ وَقْرًا و وُقِرَتْ اُذُنُهٗ: بوجھل ہونا یا بہرا ہونا۔ صفت مَوْقُوْرَةٌ.

وَقَّرَ الشَّيْخَ: تعظیم کرنا فُلَانًا: زخمی کرنا الدَّابَّةَ: آرام دینا لِلشَّيْئِ: نشان بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَقَّرَتْنِي الْاَسْفَارُ" سفر نے مجھ کو مشاق بنادیا۔

اَوْقَرَ اِيْقَارًا و قِرَةً (شاذ) الدَّابَّةَ: چوپایہ پر بھاری بوجھ لادنا۔ اَوْقَرَت النَّخْلَةُ و اُوْقِرت سست پھل دار ہونا۔ صفت مُوْقِرٌ و مُوْقِرَة و مُوْقَرَة الدَّيْنُ فُلَانًا: قرض کا گرانبار کرنا۔

تَوَقَّرَ واتَّقَرَ. باوقار ہونا۔ بردبار ہونا۔

اِسْتَوْقَرَتْ اِسْتِيْقَارًا الْاِبِلُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔ بھاری بوجھ اٹھانا۔ اِسْتَوْقَرَ وَقْرَهٗ طَعَامًا: بوجھ بھر کھانا لینا۔

الوَقْر. س. پنڈلی کا شگاف۔ پتھر یا ہڈی وغیرہ میں گڑھا یا شگاف۔ ج وُقُوْر. کہا جاتا ہے "فِيْ صَدْرِهٖ وَقْرٌ" اس کے دل میں کینہ ہے۔

الوِقْر. بھاری بوجھ۔ پانی سے بوجھل بادل ج اَوْقَار.

الوَقْرَة. اسم مرۃ۔ پتھر یا ہڈی کا گڑھا یا شگاف۔ وَقْرَةُ الدَّهْرِ: زمانہ کی سختی ج وَقَرات الوَقَرات: نشانیاں۔

القِرَة. مص۔ بوجھ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اہل و عیال۔ بہت بوڑھا۔ بیماری کا وقت۔ ج قِرَات.

الوَقَرِيّ. بکری بھیڑوں کا چرواہا۔ یا ان کا جمع کرنے والا۔ گدھوں کا مالک۔

الوَقَار. سنجیدگی۔ بردباری۔ عظمت (والوَقُوْر) مِنَ الرِّجَالِ: سنجیدہ وصاحب وقار مرد۔

الوَقُوْر (مذکر و مؤنث) صاحبِ وقار۔ ج وُقُر.

الوَقِيْر. پھٹی ہوئی ہڈی۔ بھیڑوں کا ریوڑ۔ لوگوں کی جماعت۔ ذلیل بے عزت (و الوَقِيْرة) پتھر کی چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اُذُنٌ وَقِيْرَةٌ: بہرا کان یا بوجھل کان۔

المُوَقَّر. مفع۔ تجربہ کار۔ عقل مند جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنادیا ہو۔

المُوْقَر. پہاڑ کے پہلو میں نرم جگہ۔

المِيْقَار مِنَ النَّخْلِ: بہت پھل دار ج مَوَاقِيْر.

وَقَسَ يَقِسُ وَقْسًا الْجَرَبُ فِيْ بَدَنِهٖ: کھجلی پھیلنا الفَاحِشَةَ: بری بات کا ذکر کرنا بِالْمَكْرُوْهِ: تہمت لگانا الجِلْدَ: کھال چھیلنا۔ وَقَّسَ الاِبِلَ: کھجلی لگانا۔

الاَوْقَاس. مختلف لوگوں کی جماعت۔

وَقَشَ يَقِشُ وَقْشًا الرَّسْمَ: نشان کا مٹنا فُلَان: عطیہ پانا (وَاَوْقَشَ لَهٗ بِشَيْئٍ) کچھ تھوڑا سا دینا۔

تَوَقَّشَ. ہلنا۔

الوَقْش والوَقْشَة والوَقَشَة. آواز۔ حرکت۔ الوَقْش: عیب۔

الوَقْش و الوَقَش. آگ سلگانے کیلئے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔

الاَوْقَاش. مختلف قسم کے لوگوں کا گروہ۔

وَقَصَ يَقِصُ وَقْصًا عُنُقَهٗ: گردن توڑ دینا وَقَصَتِ العُنُقُ: گردن کا ٹوٹ جانا بِهٖ الدَّابَّةُ: گرا کر گردن توڑنا۔ وَقَصَ الشَّيْئَ: عیب لگانا۔ گھٹانا رَاْسَهٗ: نیچے سے دبانا۔

وُقِصَ الرَّجُلُ: ٹوٹی ہوئی گردن والا ہونا۔ صفت مَوْقُوْص.

وَقِصَ يَوْقَصُ وَقَصًا پیدائشی چھوٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَوْقَص مؤنث وَقْصَاء ج وُقْص اور کبھی گردن کی صفت میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُنُقٌ اَوْقَص و عُنُقٌ وَقْصَاء"

وَقَّصَ عُنُقَهٗ: گردن توڑ دینا عَلَى النَّارِ: چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ڈالنا۔

اَوْقَصَهٗ. اَوْقَص بنادینا (دیکھئے اَوْقَص)

تَوَقَّصَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا چلنے میں زور سے قدم ڈالنا۔

تَوَاقَصَ. کوتاہ گردن کی مشابہت کرنا۔

الوَقْص. س. عیب فِي العُرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں حرف ثانی متحرک کا گرا دینا جو زحاف کی ایک قسم ہے۔

الوَقَص. س۔ آگ سلگانے کی چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ج اَوْقَاص. کہا جاتا ہے "اَتَانَا اَوْقَاصٌ مِنْ بَنِیْ فُلَانٍ" ہمارے پاس بنو فلاں کے قبائل کے کچھ لوگ آئے۔

الوَقَّاص. پرندوں کے شکار کا جال۔ ج وَقَاصِیص. کہا جاتا ہے "خُذْا وَقَصَ الطَّرِیْقَیْنِ" دو راستوں میں سے قریب کا راستہ اختیار کرو۔

الوَقِیْصَة. گردن کی جڑ کی ہڈی کا سرا۔ ج وَقَائِص.

المَوْقُوص. ث فِی الْعَرُوْضِ: اصطلاح شعراء میں وہ وزن جس میں حرف ثانی متحرک گرادیا گیا ہو۔

وَقَطَهٗ یَقِطُهٗ وَقْطًا پچھاڑنا۔ مار کر کے ست کردینا۔ وُقِطَ فِیْ رَاسِهٖ: بوجھ محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَکَلْتُ طَعَامًا وَقَطَنِیْ" میں نے کھانا کھایا اور اس نے مجھے ست بنادیا اور سلادیا۔

وَقَطَ الصَّخْرُ: چٹان کا گڑھے والا ہونا۔

اِسْتَوْقَطَ اِسْتِیْقَاطًا الْمَکَانُ: لوگوں یا جانوروں کے روندنے کی وجہ سے گڑھے والی ہونا۔

الوَقْط والوَقِیْطَة. گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج اَوْقَاط.

الوَقِیْط. گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج وِقَاط و وِقْطان واِقَاط مار یا مرض یا شکم سیری کی وجہ سے ست۔ بے خوابی کی وجہ سے کسل مند ج وَقْطٰی و وَقَاطٰی مؤنث وقیط (مذکر کی مانند)

وَقَظَهٗ یَقِظُهٗ وَقْظًا. مہلک ضرب مارنا۔

وَقَظَ عَلَی الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔

الوَقِیْظ. وہ شخص جو اٹھنے پر قادر نہ ہو۔

وَقَعَ یَقَعُ وُقُوْعًا الشَّیُٔ مِنْ یَدِیْ: گرنا۔ الحَقُّ: ثابت ہونا الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ: واجب ہونا الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا الدَّوَابُّ: جانوروں کا بیٹھنا رَبِیْعٌ بِالْاَرْضِ: موسم خریف میں پہلی بار بارش ہونا اور اس کے لیے سَقَطَ کا لفظ نہیں بولا جاتا الطَّیْرُ عَلٰی شَجَرٍ اَوْ اَرْضٍ: پرندہ کا درخت یا زمین پر اترنا۔ صفت وُقُوْع ووُقَّع فِی الشَّرَكِ: جال میں پھنسنا فِیْ اَرْضٍ فُلَاةٍ: داخل ہونا الرَّجُلُ فِیْ عَمَلِهٖ: کام میں نرمی اختیار کرنا فِی الْعَمَلِ شروع کرنا الکَلَامُ فِیْ نَفْسِهٖ: اثر کرنا الْاَمْرُ: حاصل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ لَهٗ وَاقِعٌ" اس کو ایک حادثہ پیش آیا (وُقُوْعًا و وَقِیْعَةً) فِیْ فُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب نکالنا۔ غیبت کرنا۔ (وَقْعًا) اِلٰی کَذَا: جلدی جانا مِنْ کَذَا و عَنْ کَذَا: باز رہنا۔ الگ ہونا النَّصْلَ بِالْمِیْقَعَةِ: تیز کرنا۔ صفت مفعولی وَقِیْعٌ الْبَعِیْرَ: دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ لگانا (وَقْعًا ووَقْعَةً) بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقاتلہ میں مبالغہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَقَعَ عِنْدَ فُلَانٍ مَوْقِعًا حَسَنًا" اس نے فلاں کے نزدیک حصہ اور مرتبہ پایا "و وَقَعَ الْاَمْرُ مِنْهُ مَوْقِعًا حَسَنًا او سَیِّئًا" اس سے کام اچھے یا برے موقع میں واقع ہوا۔ "وفُلَانٌ لَیَسِفُّ وَلَا یَقَعُ" فلاں کام کے قریب ہوتا ہے اور عمل نہیں کرتا۔ "وَهٰذِهٖ نَعْلٌ لَا تَقَعُ عَلٰی رِجْلِیْ" یہ جوتا میرے پیر کے مناسب نہیں۔

وُقِعَ فِیْ یَدِهٖ: نادم و پشیمان ہونا (مانند سُقِطَ فِیْ یَدِهٖ کے)

وَقِعَ یَوْقَعُ وَقَعًا. ننگے پیر ہونا۔ سخت زمین یا پتھروں کی وجہ سے قدم کا درد مند ہونا۔ صفت وَقِعٌ.

وَقَّعَ الْوَبَرُ ظَهْرَ الْبَعِیْرِ: نشان ڈالنا المَطَرُ الْاَرْضَ: کہیں کہیں اگانا العَهْدَ او الفَرْمَانَ: شاہی مہر لگانا الْکِتَابَ او الصَّكَّ خط یا چیک پر دستخط کرنا الکَاتِبُ فِی الْکِتَابِ زوائد کو حذف کردینا الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا وَقَّعَ ظَنَّهٗ عَلَی الشَّیِٔ: اندازہ کرنا عَلٰی فُلَانٍ: گمان کرنا الصَّیْقَلُ عَلَی السَّیْفِ تیز کرنے کے لیے متوجہ ہونا الحِجَارَةَ حَافِرَةً: کھر کے سرے کو ٹکڑے ٹکڑے کردینا القَوْمُ: آخر رات میں آرام لینے کے لیے اتر پڑنا۔

وَاقَعَهٗ وِقَاعًا و مُوَاقَعَةً. جنگ کرنا۔ وَاقَعَ الْاُمُوْرَ: امور کے قریب ہونا اور ان کو سر انجام دینا۔

اَوْقَعَهٗ اِیْقَاعًا. واقع کرنا۔ اَوْقَعَ بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقابلہ میں مبالغہ کرنا بِهِ الشَّرَّ: بدی میں پھنسا دینا الدَّهْرُ بِهٖ: زمانہ کا سختیاں ڈالنا الرَّوْضَةُ: پانی روک لینا المُغَنِّیْ: سُر ٹھیک کرنا۔

تَوَقَّعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید لگانا۔

تَوَاقَعَ الْاَعْدَاءُ: دشمنوں کا باہم جنگ کرنا۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِسْتَوْقَعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید رکھنا۔ خوف کھانا السَّیْفُ: تلوار کا تیز کرنے کے قابل ہونا۔

الوَقْعُ. س۔ کسی چیز کی ضرب کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ وَقْعَ حَافِرِ الدَّابَّةِ ووَقْعَ الْمَطَرِ" میں نے چوپایہ کے کھر کی اور بارش کی آواز سنی۔ پہاڑ کی بلند جگہ۔ بارش کی امید دلانے والے بادل۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقْعَةٌ. کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ وَقْعٌ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" امیر کے نزدیک فلاں کی قدر و منزلت ہے۔

الوَقَعُ. س۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقَعَةٌ.

الوَقْعُ. بارش کی امید دلانے والا بادل۔

الوَقْعَة. وقع کا اسم مرۃ۔ لڑائی کی دھکا پیل۔ آخری رات کی نیند۔ دن میں ایک بار کی قضاء حاجت۔ وَقْعَ الطَّائِرِ سے اسم جب کہ وہ اڑتے اڑتے نیچے اترے۔ وَقْعَةُ السَّیْفِ: تلوار کا پڑنا۔ ج وَقَعَات.

الوِقْعَة. وقع کا اسم نوع۔

التَّوْقِیْعُ. س۔ کسی چیز کا وہم و گمان کرنا۔ آخر رات میں اترنا۔ کتاب سے فراغت کے بعد ضمیمہ لگانا۔ تَوْقِیْعُ السُّلْطَانِ: شاہی مہر۔ ج تَوَاقِیْع.

الاِیْقَاع. س۔ سروں کی موزونیت۔

الوَاقِع. فا۔ طَائِرٌ وَاقِعٌ: درخت پر یا گھونسلے میں رہنے والا پرندہ ج وُقَّعٌ و وُقُوْعٌ

کہا جاتا ہے رَجُلٌ وَاقِعُ الطَّيْرِ: نرم طبیعت مرد۔ النَّسْرُ الْوَاقِع: بنات النعش کے قریب ایک ستارہ۔

الْوَاقِعَة. واقع کا مؤنث لڑائی کی دھکا پیل۔ مصائب زمانہ میں سے ایک مصیبت۔ قیامت رَجُلٌ وَاقِعَةٌ. بہادر مرد۔

وَقَّاع. بروزن قَطَّامِ. دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ۔

الْوَقَاعَة. زمین کی سختی جس کی وجہ سے پانی جذب نہ ہو سکے۔

وِقَاعَةُ السِّتْرِ: پردہ لٹکانے میں زمین پر پڑنے کی جگہ۔

الْوَقِيْع. تیز کیا ہوا پھل۔ پتھروں سے رگڑ کھایا ہوا کھر۔ سخت جگہ جو پانی کو جذب نہ کرے ج وُقُع.

الْوَقِيْعَة. لڑائی اور مقاتلہ کا تصادم۔ لوگوں کی غیبت۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے ج وَقَائِعُ و وَقَائِع. وَقِيْعَةُ الطَّائِرِ: وہ جگہ جہاں پرندہ کے اترنے کی عادت ہو۔ وَقَائِعُ الْعَرَبِ: عرب کی لڑائیاں۔

الْوَقَّاع و الْوَقَّاعَة. لوگوں کی غیبت کرنے والا۔

الْمَوْقِع. گرنے کی جگہ ج مَوَاقِع. مَوَاقِعُ الْقَطْرِ: بارش ہونے کی جگہ۔ مَوَاقِعُ الْقِتَالِ: جنگ کی جگہ۔

مَوْقِعَةُ الطَّائِرِ: پرندے کے اترنے کی جگہ ج مَوَاقِع.

اَلْوَاقِعِيّ: واقعیہ مذہب کو ماننے والا۔ الواقعية ان لوگوں کا مذہب جو کہ مجردات کی حقیقت کے قائل ہیں۔

اَلْوَاقِعِيَّةُ فِي الْاَدَبِ: چیزوں کی حتی المقدور تصویر کشی حقیقت میں کرنا اگرچہ کچھ بد شکلی ہوتی ہے۔

الْمِيْقَعَة. ہتھوڑا۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے دھوتا ہے۔ چھری وغیرہ پر سان رکھنے کا لمبا پتھر۔ مِيْقَعَةُ الطَّائِرِ: پرندے کے اترنے کی جگہ اور اس کی الفت کی جگہ ج مَوَاقِع.

الْمُوَقِّع. فا. آہستہ قدم رکھنے والا۔ مہر شاہی کا محافظ۔ شاہی فرمان لکھنے والا۔

الْمُوَقَّع. مف. مصائب زدہ۔ رہ چلتا راستہ۔ تیز کی ہوئی چھری۔

الْمَوْقُوْع. مف. پتھروں سے رگڑ کھا کر ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا۔ قَدَمٌ مَوْقُوْعَةٌ: سخت قدم۔

وَقَفَ يَقِفُ وَقْفًا و وُقُوْفًا. ٹھہرنا۔ چپ چاپ کھڑا ہونا فِي الْمَسْأَلَةِ: شک کرنا الْقَارِئُ عَلَى الْكَلِمَةِ: وقف پڑھنا۔ کلمہ کے آخری حرف کو ساکن پڑھنا۔ وَقَفَ عَلَى الْاَمْرِ سمجھنا۔ مطلع ہونا (وَقْفًا) الدَّابَّةَ: ٹھہرانا کھڑا کرنا ہٗ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا الدَّارَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ: وقف کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَفَهَا لَهٗ وَعَلَيْهِ" اس نے اس کو اس کے لیے وقف کیا "وَقَفَ الْاَمْرَ عَلَى حُضُوْرِ فُلَانٍ" اس نے معاملہ کو فلاں کی موجودگی پر ملتوی کیا ہٗ عَلَى الذَّنْبِ خبردار کرنا الْقِدْرَ بِالْمِيْقَافِ: ہانڈی کے جوش کو ڈوئی سے کم کرنا عَلَيْهِ: معائنہ کرنا (وِقِّيْفَى) النَّصْرَانِيُّ: گرجا کی خدمت کرنا۔

وَقَّفَهٗ. کھڑا کرنا التُّرْسَ: ڈھال کے گرداگرد لوہے وغیرہ کا حلقہ بنانا الْمَرْأَةَ عورت کو کنگن پہنانا السَّرْجَ: زین کی اس طرح مرمت کرنا کہ پیٹھ کو زخمی نہ کرے۔ الْحَدِيْثَ: بیان کرنا الْقَارِئَ: وقف کے مواقع بتانا الْجَيْشَ. ایک دوسرے کے پیچھے کھڑا ہونا۔ وَقَّفَتِ الْمَرْأَةُ يَدَيْهَا بِالْحِنَّاءِ عورت کا ہاتھوں کو نقطے دار رنگنا۔ وَقَّفَ الدَّابَّةَ: ٹھہرانا۔ کھڑا کرنا فُلَانًا عَلَى ذَنْبِهٖ: خبردار کرنا۔

وَاقَفَهٗ مُوَاقَفَةً و وِقَافًا فِي الْحَرْبِ او الْخُصُوْمَةِ: ایک دوسرے کے مقابل کھڑا ہونا۔

ہٗ عَلَى كَذَا: ثابت قدم رہنے کو کہنا۔

اَوْقَفَهٗ. کھڑا کرنا۔ اَوْقَفَ الدَّارَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ. وقف کرنا الْجَارِيَةَ: لڑکی کو کنگن پہنانا عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا اور چھوڑ دینا۔
اَھْرَبَ الرَّجُلُ گھبرا کر یا بغیر گھبرائے ہوئے بھاگنے کی کوشش کرنا۔ دُور تک جانا فُلَانٌ فُلَانًا بھاگنے پر مجبور کرنا۔ الرِّیْحُ ہوا کا غبار اُڑانا۔

تَھَارَبُوْا باہم مل کر بھاگنا۔

الھَارِبُ بھاگنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ ھَارِبٌ وَلَا قَارِبٌ" اس سے کوئی بھاگنے والا ہے نہ قریب جانے والا یعنی وہ ناکارہ ہے۔

المَھْرَبُ بھاگنے کی جگہ، کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَنَا مَھْرَبٌ" یعنی فلاں شخص ایسا ہے جس کے پاس سختیوں میں ہم بھاگ کر جاتے ہیں۔

ھَرْبَجَ ھَرْبَجَۃً الْاَمْرَ بُرے طریقہ سے کرنا۔

الھَرَابِذَۃُ ہندوؤں کے بڑے بڑے لوگ بقول بعض ہندوؤں کے پنڈت، آتش پرستوں کی آگ کا خادم۔ واحد ھِرْبِذٌ۔

الھَرْبَذَۃُ ہلکی سے آہستہ چال۔

الھِرْبِعُ چست و چالاک چور، ہلکا پھلکا بھیڑیا ج ھَرَابِعُ۔

ھَرَتَ (ن ض) ھَرْتًا بالرُّمْحِ نیزہ مارنا۔ و ھَرَتَ اللَّحْمَ گوشت گلا کر پکانا الثَّوْبَ کپڑا پھاڑنا عِرْضَ فُلَانٍ آبروریزی کرنا۔

ھَرِتَ (س) ھَرَتًا الشِّدْقُ کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھَرَّتَ شِدْقَہٗ" اس نے اپنی باچھیں کھولیں۔

اَھْرَتَ اللَّحْمَ گوشت گلا کر پکانا۔

الھَرِتُ و الھَرَّاتُ و الھَرُوْتُ و الھَرِیْتُ شیر۔

الھَرِیْتُ کشادہ۔ کشادہ باچھوں والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔

الاَھْرَتُ کشادہ باچھوں والا۔ کہا جاتا ہے "اَسَدٌ اَھْرَتُ وَ اُسُوْدٌ ھُرْتٌ۔"

المُتَھَارِتُ بہت بکواس کرنے والا۔

المُھَرَّتُ شیر۔ کِلَابٌ مُھَرَّتَۃُ الْاَشْدَاقِ چوڑی باچھوں والے کتے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مَھْرُوْتُ الفَمِ" چوڑی باچھوں والا ہے۔ ج مَھَارِیْتُ۔

اَسَدٌ مُنْھَرِتُ الشِّدْقِ چوڑی باچھوں والا شیر۔

الھِرْتُ پرانا کپڑا۔

الھَرْثَمُ و الھُرَاثِمُ شیر۔

الھَرْثَمَۃُ ناک کے نتھنوں کے درمیان کی سیاہی۔ شیر۔

ھَرَجَ (ض) ھَرْجًا النَّاسُ فتنہ و فساد میں پڑنا البَابَ دروازہ کھلا ہوا چھوڑنا الفَرَسُ گھوڑے کا تیز دوڑنا فِی الْحَدِیْثِ جوڑ توڑ اور بہت باتیں کرنا۔

ھَرِجَ (س) ھَرَجًا الرَّجُلُ گرمی یا چلنے سے سانس چڑھنا۔

ھَرَّجَ بالسَّبُعِ ڈانٹنا۔ ڈرانا النَّبِیْذُ فُلَانًا مست کر دینا۔ عوام کہتے ہیں "ھَرَّجَ فِی الْحَدِیْثِ" اس نے ہنسی کی باتیں کیں۔

تَھَارَجَ الْقَوْمُ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِنْھَرَجَ فُلَانٌ مِنَ النَّبِیْذِ مست ہونا۔

اِسْتَھْرَجَ لَہُ الرَّأْیُ اس کی رائے کا قوی اور ہمہ گیر ہونا

الھَرْجُ فتنہ و فساد۔ آشوب۔

الھَرْجُ بیوقوف۔ ہر چیز سے کمزور۔

الھَرْجَۃُ. ھَرَجَ کا اسم نوع۔ نرم کمان ج ھِرَجٌ۔

الھَرَّاجُ اسم مبالغہ۔ فَرَسٌ ھَرَّاجٌ بہت دوڑنے والا گھوڑا۔

الھَرَّاجَۃُ. الھَرَّاجُ کا مؤنث۔ بے جوڑ اور بہت باتیں کرنے والی جماعت۔

فَرَسٌ مِھْرَجٌ و مِھْرَاجٌ بہت دوڑنے والا گھوڑا۔

الھِرْجَابُ و الھِرْجَبُّ لمبا۔ ج ھَرَاجِیْبُ۔

الھِرْجَشَۃُ عمر رسیدہ اونٹنی۔

الھَرْجَعُ باؤ لنگڑا۔

الھِرْجَفُّ درشت و نرم۔

ھَرْجَلَ الرَّجُلُ چلنے میں لڑکھڑانا۔ دور دور قدم رکھنا۔

الھَرَاجِیْلُ لمبے لمبے لوگ۔ موٹے موٹے اونٹ۔

الھَرْجَلُ لمبے قدم ڈالنے والا ج ھَرَاجِلُ۔

ھَرَدَ (ض) ھَرْدًا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔ ھَرَدَ اللَّحْمَ گوشت کو گلا کر پکانا الشَّیْءَ قادر ہونا عِرْضَہٗ بے آبروئی کرنا الشَّیْءَ خراب کرنے کے لیے پھاڑ ڈالنا۔

ھَرِدَ (س) ھَرَدًا اللَّحْمُ گوشت کا گل کر پکنا۔

ھَرَّدَ ہرد رنگا ہوا کپڑا پہننا اللَّحْمَ گوشت کو گلا کر پکانا۔ کہا جاتا ہے "ھَرَادَ الشَّیْءَ یُھَرِیْدُہٗ ھِرَادَۃً" یعنی اَرَادَ یُرِیْدُ اِرَادَۃً ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے جیسے اَرَاقَ و ھَرَاقَ۔

الھَرْدُ فتنہ و فساد۔

الھِرْدَبُّ شتر مرغ، مرد بے وقار و بے اعتبار۔

الھُرْدُ زرد کرکم۔ سرخ مٹی، ہلدی۔

الھُرْدِیُّ و الھُرْدِیَّۃُ ایک قسم کی گھاس۔

الھُرْدِیُّ ہلدی سے رنگا ہوا۔

رَجُلٌ اَھرَد الشَدَق: چوڑی باچھوں والا مرد۔
المَھرُوْد. ھُرد سے رنگا ہوا زرد کپڑا۔
ھَرْدَبَ ھَرْدَبَةً. سُست دوڑنا۔
الھِرْدَبَّة. بڑھیا۔ بزدل۔ بڑے پیٹ والا۔
ھَرْدَجَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔
الھِرْدِشَة. عمر رسیدہ اُونٹنی و بھیڑ، بڑھیا۔
ھَرَزَ(ض) ھَرْزًا. سختی سے چھونا۔ لکڑی سے مارنا۔
ھرِزَ(س) ھَرْزًا و ھَرُوْز. ہلاک کرنا۔ مرنا۔
تَھَرْوَز مِنَ الْجُوْع: بھوک سے ہلاک ہونا۔
ھَرَسَ(ن) ھَرَسًا الشَّئُ. سخت کوٹنا۔ الطَّعَامَ بہت کھانا۔
ھَرِسَ(س) ھَرَسًا بہت کھانے والا ہونا۔ چھپا کر کھانا۔
الھَرَاس بڑے کانٹوں کا ایک درخت واحد ھَرَاسَةٌ. ھَرَاسَةُ الْقَوْمِ قوم کی عزت۔ قوم کا سخت حملہ۔ کہا جاتا ہے "لبنیْ فُلَان ھَرَاسَةٌ فلاں کی اولاد کے لیے عزت و قہر ہے جس سے وہ اپنے دشمنوں کو تباہ کرتے ہیں۔
الھُرَاس بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الھَرْس بر۔ بلی۔
الھِرْس بلی۔ پرانا کپڑا۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔ مَکَان ھرِسٌ ہراس درخت اگانے والی جگہ۔ مؤنث ھرِسَةٌ.
الاَھْرَس. سخت گرانبار۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الھَرَّاس. اسم مبالغہ۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر، ہریسہ بنانے والا ہریسہ بیچنے والا۔
الھَرِیس. باریک کوٹا ہوا (و الھریسة) ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور کوٹے ہوئے گیہوں کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
رَجُلٌ مِھْرَسٌ بہت کھانے والا۔

المِھْرَاس. ہاون۔ المِھْرَاس: پتھر کا ہاون۔ اوکھلی۔ بہت کھانے والا اُونٹ۔ بھاری جسم کا اُونٹ۔ مرد جو رات میں چلنے سے نہ ڈرے۔ ج مَھَارِیْس.
ھَرَشَ(ن ض) ھَرْشًا الدَّھْرُ: زمانہ کا سخت ہونا۔
ھَرِشَ(س) ھَرشا. بد خلق ہونا۔
ھَرَّشَ بین الکلاب: کتوں کے درمیان بھڑکانا بَیْنَ النَّاس لوگوں میں فساد ڈالنا۔
ھَارَشَ مُھَارَشَةً و ھِرَاشًا بَعْضَ الکِلَاب علی بَعْضِھَا: بعض کو بعض پر بھڑکانا فُلَانٌ فُلَانًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَھَارَشَت وَاھْتَرَشَتِ الْکِلَابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَھَرَّشَ الغَیْمُ. بادل کھل جانا۔
الھِرَاش ھارش کا مصدر، جھگڑا۔ مقاتلہ۔
الھَرِش. سخت عادت والا۔ اکھڑ۔
المُھَارِش. فا۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ مُھَارِشُ العنان" ہلکی لگام والا گھوڑا۔
الھِرْشَبَّة بہت بڑھیا۔
ھَرْشَفت و اھْرَشَفت. الھِرْشَفَّةُ دوات کے صوف کا سوکھ جانا۔
الھِرْشَفُّ مِنَ الرِّجَالِ دبلا بوڑھا۔ بہت پینے والا۔ بہت بڑھیا۔
الھِرْشَفَّة. بہت بڑھیا۔ بوڑھی اُونٹنی۔ دوات کا خشک شدہ صوف۔
ھَرِصَ(س) ھَرَصا. خشک خارش والا ہونا۔
ھَرَّصَ الرَّجُلُ. خشک خارش کی وجہ سے بدن کا کھجک اٹھنا۔
الھَرَص بر۔ کیڑا۔ خشک خارش۔
الھَرِیْصَةُ پانی جمع ہونے کی جگہ۔
ھَرَضَ(ن) ھَرْضًا الثَّوْبَ کپڑا پھاڑنا۔
ھَرِضَ(س) ھَرضا. خشک خارش والا ہونا۔
ھَرَّضَ الرَّجُلُ. خشک خارش کی وجہ سے

بدن کا کھجک اٹھنا۔
ھَرَطَ(ن) ھَرْطًا عِرضَ فُلَان و فِیْ عِرْضِہٖ آبرو ریزی کرنا فِی الکَلَامِ: غیر مربوط اور بیہودہ کہنا۔
ھَرِطَ(س) ھَرَطًا. بیماری وغیرہ کی وجہ سے ڈھیلے گوشت والا ہونا۔
اَلْھَرْطَقَة عیسائیوں کے نزدیک۔ دین میں بدعت، اس کی طرف نسبت۔ ھرطوقی۔
تَھَارَطَا. ایک دوسرے کو گالی دینا۔
الھَرْط بر۔ (و الھِرْطُ) بہت دبلا گوشت۔ متمول مرد۔ دبلی بوڑھی بھیڑ۔ نَاقَةٌ ھِرْطٌ: عمر رسیدہ اُونٹنی۔ ج اَھْرَاط و ھُرُوْط.
الھِرْطَة. دبلی بوڑھی بھیڑ۔ بیوقوف۔ بزدل۔ کمزور ج ھِرَط.
الھَیْرَط بزم۔ الھِرْطَال. لمبے قد والا۔
الھُرْطُمَان ایک قسم کا غلہ۔
ھَرَعَ(ف) ھَرَعًا اِلَیْہِ: اضطراب کے ساتھ جلدی جانا۔
ھَرِعَ(س) ھَرَعًا الدَّمُ. خون کا جلدی بہنا۔
الرَّجُلُ تیز رفتار یا جلدی رونے والا ہونا۔
ھَرَّعَ الْقَوْمُ الرِّمَاحَ. قوم کا نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
ھُرِعَ وَھُرِّعَ الرَّجُلُ: چلنے میں جلدی کرنا۔
اَھْرَعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا اَلْقَوْمُ رِمَاحَھُمْ نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
اُھْرِعَ الرَّجُلُ خفیف العقل ہونا۔ غصہ یا کمزوری یا خوف یا سردی سے کانپنا۔ جلدی دوڑایا جانا۔ صفت مُھْرَعٌ اور کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ الشَّیْخُ یُھْرَعُ" بڈھا مضطرب ہو کر دوڑنے لگا۔
تَھَرَّعَتِ الرِّمَاحُ. نیزوں کا سیدھا ہونا۔
تَھَرَّعَ اِلَیْہِ جلدی کرنا۔
اِھْتَرَعَ العُوْدُ لکڑی توڑنا۔
اُسْتُھْرِعَتِ الْاِبِلُ حوض کی طرف دوڑنا۔
الھُرَاع اضطراب کے ساتھ تیز رفتاری۔

تیز ہانکنا۔
الْهَرْع. س۔ اضطراب کی چال۔ تیز ہانکنا۔
الْهَرِع. جلدی بہنے والا خون۔ رَجُلٌ هَرِعٌ جلدی رونے والا۔ تیز رفتار۔ مؤنث هَرِعَةٌ.
الْهَرْعَة والْهَرَعَة. جوں کے مانند ایک کیڑا۔ یا چھوٹی جوں، اور بقول بعض بڑی جوں۔
الْهَرِيْعَة. باریک ٹہنیوں والا درخت۔
الْمُهْرِع والْمِهْرَاع. شیر۔
الْمَهْرُوْع. پاگل۔ محنت و مشقت سے درماندہ۔
الْمُهْرَع. مث۔ لالچی۔
الْهَيْرَع. بزدل، بیوقوف، جلد باز۔ چست عورت رِيْحٌ هَيْرَعٌ و هَيْرَعَةٌ: تیز چلنے والی ہوا جو مٹی اڑائے۔
الْهَيْرَعَة. چرواہے کی بانسری اور اس کو يَرَاعَه بھی کہتے ہیں۔
هَرَف (ض) هَرْفًا بِفُلَانٍ: کسی پر تعجب کرتے ہوئے مدح میں مبالغہ کرنا۔ بغیر جانے بوجھے مدح کرنا۔ اور اسی سے ہے "لَا تَهْرِف بِمَا لَا تَعْرِف" جس کو تم جانتے نہیں اس کی مدح مت کرو۔ هَرَفَتْهُ الرِّيْحُ: ہوا کا اڑا دینا۔ وهَرَفَ السَّبُعُ: درندے کا لگاتار آواز نکالنا۔
هَرَّفَت تَهْرِيْفًا النَّخْلَةُ: جلدی پھل دار ہونا۔ هَرَّفَ الْقَوْمُ اِلَى الصَّلٰوةِ: نماز کیلئے جلدی کرنا۔
اَهْرَفَتِ النَّخْلَةُ: جلدی پھل دار ہونا۔
اَهْرَفَ الرَّجُلُ: مال نامی کا مالک ہونا۔
هَرَق (ف) هَرْقًا وَاَهْرَقَ الْمَاءَ: پانی گرانا۔
هَرَّقَ الْمَاءَ: پانی گرانا (تشدید کثرت کے لئے ہے) اور کہا جاتا ہے (هَرِّقْ عَلٰى جَمْرِكَ" یعنی اپنی جگہ پر قائم رہو، یہ ایک مقولہ ہے جو غضبناک آدمی سے کہا جاتا ہے مقصد یہ ہے کہ اپنے غصہ کی آگ کو بجھاؤ۔
هَرَاقَ الْمَاءَ يُهَرِيْقُهُ هِرَاقَةً. گرانا۔ اس کی اصل "اَرَاقَه يُرِيْقُهُ اِرَاقَةً" ہے۔ ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے۔ اور هَرَاقَه کی اصل هَرِيْقَه دَحْرَجَه کے وزن پر ہے۔ اور اسی وجہ سے مضارع میں يُهَرِيْقُه کی ہا کو فتحہ دیا جاتا ہے جیسا کہ يُدَحْرِجُه میں دال کو، اور امر کا صیغہ هَرِقْ کی اصل هَرِيْقْ ہے دَحْرِجْ کے وزن پر، ثقالت کی وجہ سے یا کے کسرہ کو نقل کر کے اجتماع ساکنین کی وجہ سے یا کو حذف کر دیا گیا۔ تثنیہ کا صیغہ هَرِيْقَا اور جمع کا هَرِيْقُوْا. اور کہا جاتا ہے "هَرِيْقُوا عَلَيْكُمْ اَوَّلَ اللَّيْلِ" وہ لوگ تمہارے پاس ابتدائی رات میں آئے۔
اور کبھی ہاء اور ہمزہ دونوں کو جمع کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "اَهْرَاقَه يُهْرِيْقُهُ اهْرَاقَه" سکون ہاء سے گویا کہ ہمزہ یاء کی حرکت کی عوض میں بڑھا دیا گیا ہے۔ اور اسی وجہ سے اس زیادتی سے فعل خماسی نہیں ہوتا۔ اسم فاعل کا صیغہ مُهْرِيْق اور اسم مفعول مُهْرَاق و مُهَرَاق.
تَهَارَقُوْا. بعض کا بعض پر پانی گرانا۔
اِهْرَوْرَقَ اِهْرِيْرَاقًا الدَّمْعُ وَالْمَطَرُ: آنسو یا بارش کا جاری ہونا۔
الْهِرْق. پرانا کپڑا۔
الْمُهْرَق. اَهْرَق کا اسم مفعول۔ صحیفہ۔ سفید ریشم کا کپڑا جس کو گوند سے چکنا کر کے لکھنے کے کام میں لاتے ہیں۔ چٹیل بیابان۔ کپڑا یا کاغذ چکنا کرنے کا آلہ۔ ج مهارِق.
الْمُهْرُقَان والْمِهْرَقَان والْمُهْرَقَان. سمندر۔ کنارۂ سمندر جہاں پانی چڑھے اور پھر اتر جائے اور کوڑیاں باقی رہ جائیں۔
مَطَرٌ مُهْرَوْرِقٌ. موسلا دھار بارش۔
هَرْكَلَ هَرْكَلَةً. سست اور ناز سے چلنا۔
جَمَلٌ اور جُلٌ هُرَاكِل موٹا اور بڑے جسم کا اونٹ یا مرد۔
الْهَرَاكِلَة. بڑی بڑی مچھلیاں، آبی کتے۔ بڑے چوتڑ والے دریائی جانور۔ سمندر کی موجوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ واحد هِرْكَلٌ.
الْهَرْكَلَةُ والْهَرْكَنَةُ والْهِرْكَلَةُ والْهِرْكَوْلَةُ والْهَرْكِيْل. خوبصورت اندام خوش رفتار عورت۔ بڑے سرین والی عورت۔
الْهَرْكَلَة. خرام ناز۔
الْهَرَل. پہلے شوہر کا بیٹا۔
هَرِمَ (س) هَرَمًا و مَهْرَمًا و مَهْرَمَةً. کمزور ہونا اور بہت بوڑھا ہونا۔ صفت هَرِمٌ. ج هَرِمُوْنَ و هَرْمٰى مؤنث هَرِمَةٌ ج هَرِمَات و هَرْمٰى.
هَرَّمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کر دینا۔ هَرَّمَ فُلَانًا تعظیم کرنا اللَّحْمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ يُهَرِّمُ عَلَيْنَا الْاَمْرَ اَو الْخَبَرَ" فلاں آیا اور ہمارے سامنے معاملہ کو یا خبر کو بڑا کر کے بیان کرتا ہے۔
اَهْرَمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کرنا۔ کمزور کر دینا۔
تَهَارَمَ الرَّجُلُ: بتکلف اپنے آپ کو بوڑھا ظاہر کرنا۔
اِسْتَهْرَمَهُ. بہت بوڑھا سمجھنا۔ بہت بوڑھا پانا۔
الْهَرْم. ایک قسم کی ترشی مائل نمکین گھاس۔ واحد هَرْمَةٌ. کہا جاتا ہے "هُوَ اَذَلُّ مِنْ هَرْمَةٍ" وہ ہرمہ گھاس سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔
الْهَرِم. بہت بڑھاپا۔ نفس و عقل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَا تَدْرِي بِمَا يُوْلَعُ هَرِمُكَ" تم نہیں جانتے ہو تمہارا نفس کس چیز پر فریفتہ ہے۔ قَدَحٌ هَرِمٌ: ٹوٹا ہوا۔ الْهَرِم: عمدہ رائے۔
الْهَرَم. س۔ انتہائی بڑھاپا۔
الْهَرَم عِنْدَ اَرْبَابِ الْمَسَاحَةِ: مخروطی شکل کی عمارت جس کی کرسی مثلث یا مربع یا بہت اضلاع والی ہو۔ ج اَهْرَام و هِرَام. اور اسی سے "اَهْرَامِ مِصْر" ہے جو اس لیے بنائے گئے تھے تاکہ بادشاہوں کے مدفن کا کام دیں۔
الْهَرَمُ ج اهرام و هرام (ھ) وہ جسم جس کے تین حصے اور سر ایک ہو۔ اور مضلع ان تین حصوں والے جو اس سر کے مقابل ہوں سے بنتا ہے۔

مشترک رأس ہرم کا راس ہے۔ اور مثلثات ہرم کے اطراف جانبی ہیں۔ اور مضلع ہرم کا قاعدہ ہے۔ اور ہرم ثلاثی، رباعی اور رخماسی ہوتا ہے جب اس کا قاعدہ مثلث، مربع یا خماسی ہو۔

الهِرْمِی. خشک لکڑی۔

الهُرْمَان. عقل۔ عمدہ رائے۔

اِبْنُ هِرْمَة. غیر منصرف۔ بڈھے بڈھیا کی آخری اولاد۔

الهَرِمَة. الهرِم کا مؤنث۔ شیرنی۔

الهَرُوْم. بدعادت۔ خبیث عورت۔

المَهْرَمة. مس۔ انتہائی بڑھاپا۔

الهَرَامِيت. پرانے کنوئیں۔

هَرْمَزَ هَرْمَزَةً الرَّجُلُ: کمینہ ہونا۔ آہستہ چبانا۔ ساتھی سے چھپا کر گفتگو کرنا اللقمَةَ لقمہ چبانا اور منہ میں پھرانا اور نہ نگلنا النَّارُ: آگ کا بجھنا۔

هَرْمَسَ هَرْمَسَةً وَجْهُهٗ: تیوری چڑھانا۔

الهَرْمَسَة. مس۔ لوگوں کا شور و چیخ۔

الهَرَامِسَة. ماہرینِ علم نجوم۔

الهِرْمَوْس. مضبوط رائے والا۔ تجربہ کار چالاک۔

الهُرَامِس. لوگوں پر سخت حملہ کرنے والا شیر۔

الهِرْمَاس. سخت حملہ کرنے والا شیر۔ چیتے کا بچہ۔

الهِرْمِيس. سخت حملہ کرنے والا شیر۔ گینڈا۔

هَرْمَطَ عِرْضَهٗ: بے آبروئی کرنا۔

اِهْرَمَّعَ اِهْرِمَّاعًا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ جلدی رونے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِهْرَمَّعَتِ العَيْنُ" جب کہ آنکھوں سے آنسو جلد نکل پڑے۔

فِيْ مَنْطِقِه: بہت بولنا۔ اِهْرَمَّعَ اِلَيْهِ: بتکلف رونا۔

الهِرْمَع. جلدی رونے والا۔ چال میں سرعت و سبکی۔

هَرْمَلَهٗ هَرْمَلَةً. بال اکھیڑنا هَرْمَلَ الشَّعْرَ والوَبَرَ والرِّيْش: اکھیڑنا۔ کاٹنا۔ هَرْمَلَ عَمَلَهٗ: بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ هَرْمَلَتِ العَجُوْزُ بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہونا الوَبَرُ: اونٹ کے بالوں کا گرنا۔

الهِرْمِل. بوڑھی اونٹنی۔ عمر رسیدہ عورت۔

الهُرْمُوْل. بالوں کا کچھ حصہ جو سر کے اطراف میں باقی رہ جائے ج هَرَامِيْل.

الهُرْمُوْلَة. کپڑے کا ٹکڑا جو پرانے کرتے کے دامن سے پھٹ جائے۔

هَرْنَفَ هَرْنَفَةً. آہستہ ہنسنا۔

المُهَرْنِفَة. کمزور آواز والی۔ رونے میں سست آواز والی۔

هَرْهَرَ هَرْهَرَةً الشَّيْءَ: حرکت دینا الرَّجُلُ: بے فائدہ ہنسنا بِالْغَنَمِ اَوِ الاِبِلِ بکریوں یا اونٹوں کو پانی پر بلانا یا گھاٹ پر لے جانا عَلٰى فُلَانٍ: دست درازی کرنا الضَّأْنُ: بھیڑ کا ممیانا (وَتَهَرْهَرَتِ) الرِّيْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔

الهِرْهِرُ. بوڑھی بکری۔

الهَرْهَرَة. مس۔ لڑائی میں ہندوؤں کے شور و غل کی نقل۔ بھیڑ کی آواز۔ هَرْهَرَةُ الاَسَدِ شیر کے دہاڑنے کی گونج۔

الهُرْهُرَة. انگور کی بیل کی جڑ میں انگور کا گرا ہوا دانہ۔

الهُرَاهِر. بہت دودھ اور پانی۔ شیر۔ ج هَرَاهِر.

الهَرْهَار. بہت دودھ اور پانی۔ بے فائدہ ہنسنے والا۔ دبلا گوشت۔ شیر۔

الهُرْهُوْر. بہت دودھ اور پانی۔ آواز دینے والا جاری پانی۔ ایک قسم کی کشتی۔ انگور کا بکھرا ہوا دانہ۔ بوڑھی بکری۔

الهِرْهِير. ایک قسم کی مچھلی۔ ایک خبیث قسم کا سانپ۔

هَرَاهٗ يَهْرُوْهُ هَرْوًا وتَهَرَّاهُ تَهَرِّيًا. لاٹھی سے مارنا۔ ڈنڈے سے مارنا۔

الهِرَاوَة. موٹا ڈنڈا۔ سونٹا۔ ج هَرَاوَى و هُرِيٌّ و هِرِيٌّ.

الهَرَّاء. ہروی کپڑوں کا بیچنے والا۔

هِرَاة. خراسان کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے هِرَوِيٌّ.

هِرْوَلَ. تیز چلنا۔ دوڑنا۔

هَرَاهُ يَهْرِيْهِ هَرْيًا. ڈنڈے سے مارنا۔

هَرَّى تَهْرِيَةً الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگنا۔

هَارَاهُ مُهَارَاةً. باہم ٹھٹھا کرنا۔

الهِرَاء. کھجور کا پودہ۔

الهُرْيُ. گیہوں وغیرہ جمع کرنے کا بڑا مکان ج اَهْرَاء.

هَزَّ (ن) هَزًّا الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: ہلانا مِنْ عِطْفِ فُلَانٍ: کام کیلئے ابھارنا۔ هَزَّ بِهِ السَّيْرُ سیر کی وجہ سے جلدی چلنا (هَزِيْزًا) الاِبِلَ: اونٹ کو حدی سے نشاط میں لانا الكَوْكَبُ: ستارہ کا ٹوٹنا۔

هَزَّزَهٗ تَهْزِيْزًا. ہلانا۔

اِهْتَزَّ. ہلنا الاِبِلُ: اونٹ کا حدی کی آواز سے چلنے میں جھومنا۔ اِهْتَزَّ اِلَيْهِ قَلْبُهٗ: خوش ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَهْتَزُّ لِلْمَعْرُوْفِ" وہ اچھے اعمال سے خوش ہوتا ہے المَاءُ فِيْ جَرْيَانِهٖ: پانی کا رواں ہونا الكَوْكَبُ فِيْ اِنْقِضَاضِهٖ: ستارہ کا جلدی ٹوٹنا اَلْاَرْضُ اگنا النَّبَاتُ: لہلہانا اور بڑھنا۔

تَهَزَّزَ. ہلنا۔ جھومنا۔

الهَزَّة. هَزَّ کا اسم مرة۔ اِمْرَاَةٌ هَزَّةٌ: برائی سے خوش ہونے والی عورت۔ جمع نِسَاءٌ هَزَّات.

الهِزَّة. هَزَّ کا اسم نوع۔ نشاط و شادمانی۔ ہانڈی کے جوش کی آواز۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ اونٹوں کی چال کی ایک قسم۔ انبساط و بحالی فرحت۔

الهَزِيْز. مس۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ ہوا کی سرسراہٹ۔

الهَزَائِز. سختیاں (اس کیلئے واحد نہیں)

المَهَزّ والمَهَزَّة. حرکت۔

هَزَاَهٗ يَهْزَاُهٗ هَزْءًا. توڑنا۔ هَزَاَ اِبِلَهٗ:

سردی سے مار ڈالنا۔اَحلَتَهٗ: ہلانا۔هَزَأَ زَیْدٌ: مرنا۔

هَزَأَ وهَزِئَ يَهْزَأُ هَزْأً و هُزْءًا وهُزُءًا وهُزُوءًا ومَهْزَأَةً بِفُلَانٍ و مِنْهُ: ٹھٹھا کرنا۔

هَزِئَ (س)هَزَءًا. مرنا۔

اَهْزَأَ اِهْزَاءً. سخت سردی میں داخل ہونا۔

اِبِلَهٗ: سردی سے مار ڈالنا۔اَهْزَأَتْ بِهٖ دَابَّتُهٗ: جلدی لے جانا۔

تَهَزَّأَ تَهَزُّءًا و تَهَازَأَ تَهَازُءًا و اِسْتَهْزَأَ اِسْتِهْزَاءً. ٹھٹھا کرنا۔

الهَازِئُ. فا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ مَفَازَةٌ هَازِئَةٌ بِالرَّكْبِ و هَزَّائَةٌ بِهِمْ" یہ بیابان دشوار گزار ہے۔و "غِدَاةٌ هَازِئَةٌ" بہت ٹھنڈی صبح۔

رَجُلٌ هزأةٌ. جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هُزْأَةٌ بَيْنَ النَّاسِ" یعنی لوگ اس سے ٹھٹھا کرتے ہیں۔

رَجُلٌ هُزَأَةٌ لوگوں سے ٹھٹھا کرنے والا مرد۔

الهَوْزَبُ. مضبوط و قوی اُونٹ۔ بڑی عمر کا اُونٹ۔ گدھ۔

الهَيْزَبُ. مضبوط شیر۔

هَزْبَرَهٗ. کاٹنا۔

الهِزَبْر والهِزْبَر والهُزَابِر. شیر۔

الهِزْبَرُ: موٹا۔ مضبوط قوی۔ ج هَزَابِر.

هَزْبَلَ هَزْبَلَةً. بہت محتاج ہونا۔

الهَزْبَلِيْل. بہت تھوڑا سا۔

هَزِجَ (س)هَزَجًا اَلْمُغَنِّي فِيْ غِنَائِهٖ: گویئے کا سُر سے گانا یا پڑھنا۔ بحر ہزج کے اشعار پڑھنا۔

هَزَّجَ. سُر سے گانا صَوْتَهٗ: پے در پے آواز نکالنا۔

اَهْزَجَ الشَّاعِرُ: بحر ہزج کے اشعار بنانا۔

تَهَزَّجَ. سُر سے گانا الصَّوْتُ: پے در پے ہونا تَهَزَّجَتِ القَوْسُ: آواز نکالنا۔

الرَّعْدُ: بادل کا گڑگڑانا۔

الهَزَجُ. مص۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ ترانہ۔ سُر۔ طرب انگیز آواز۔ ہر کلام جو متناسق ہو، اشعار کی ایک بحر کا نام۔ جانوروں کی ٹانگ پڑنے کی سرعت اور خفت۔

الهَزِجُ. طرب انگیز۔ کہا جاتا ہے "مُغَنٍّ هَزِجٌ" طرب انگیز گوتا۔ فَرَسٌ هَزِجٌ: گھوڑا جس کی ٹانگ جلدی اور ہلکی پڑے۔

الهَزِيْجُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔

الاُهْزُوْجَةُ. ترنم آمیز گیت ج اَهَازِيْجُ.

هَزَرَهٗ (ض)هَزْرًا بِالْعَصَا: ڈنڈے سے بہت مارنا۔هَزَرَ الشَّئَ: سخت چھونا فُلَانًا: جلا وطن کرنا۔ صفت مفعول مَهْزُوْرٌ و هَزِيْرٌ بِهِ الْاَرْضَ: پچھاڑنا لِفُلَانٍ: بہت دینا الرَّجُلُ: ہنسنا۔ حاجت کے لیے جلدی کرنا اَلْبَائِعُ: گراں کرنا۔ قیمت بڑھا دینا۔

الهَزَار. بلبل۔ ہزار داستان ج هَزَارَات.

الهِزْر. نقصان زدہ۔ بیوقوف۔ سخت۔

الهَزْرَة والهَزَرَة. نرم زمین ج هَزَرَات

الهَزَرَةُ: کاہل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ هَزَرَاتٍ" ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

رَجُلٌ مِهْزَرٌ. ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

هُزْرِفَ فِيْ عَدْوِهٖ: تیز دوڑنا۔

الهِزْرَاف والهُزَارِف والهُزْرُوف والهِزْرَوْف. تیز رفتار ہلکا پھلکا شتر مرغ۔

الهُزْرُوْفُ: بڑے جسم والا۔

هَزَعَ (ف)هَزْعًا. جلدی کرنا الشَّئَ: توڑنا۔

هَزَّعَهٗ تَهْزِيْعًا. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَهَزَّعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ لَهٗ: اپنے کو ناشناختہ بنانا تَهَزَّعَتِ الْمَرْاَةُ فِيْ مِشْيَتِهَا: ڈگمگانا الاِبِلُ فِيْ سَيْرِهَا: اُونٹ کا چلتے ہوئے جھومنا۔

اِنْهَزَعَ الشَّئُ: ٹوٹنا۔

اِهْتَزَعَ. جلدی کرنا۔ تھرکنا السَّيْفُ و نَحْوُهٗ: تلوار وغیرہ کا حرکت کرنا۔

الهَزَعُ. اضطراب۔

الهِزَاعُ. اکیلا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الْجَعْبَةِ اِلَّا سَهْمٌ هِزَاعٌ" ترکش میں صرف ایک ہی تیر ہے۔

الهَزَّاعُ. شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الهُزَعُ. شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الهَزِيْعُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ یا تہائی یا چوتھائی رات اور بقول بعض رات کی ایک ساعت۔ ج هُزُعٌ. الهَزِيْعُ: بیوقوف۔

الاَهْزَعُ. ترکش کا آخری تیر عمدہ ہو یا خراب۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ اَهْزَعُ" اس کے پاس کچھ نہیں "وَمَا فِي الدَّارِ اَهْزَعُ" گھر میں کوئی نہیں۔ "وَمَا بَقِيَ فِيْ سَنَامِ بَعِيْرِكَ اَهْزَعُ" تمہارے اُونٹ کے کوہان میں بقیہ چربی نہیں۔

الهَيْزَعَةُ. خوف۔ جنگ میں شور۔

المِهْزَعُ. درختوں کو توڑنے والا۔ کوٹنے کا آلہ۔

سَيْفٌ مُهْتَزِعٌ. بہت حرکت کرنے والی تلوار۔ فَرَسٌ مُهْتَزِعٌ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

هَزَفَتْهُ (ض)هَزْفًا الرِّيْحُ: ہلکا پانا۔ اُڑا لے جانا۔

هَزِقَ (س)هَزَقًا. چست ہونا فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا۔

اَهْزَقَ فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا۔

الهَزِقُ. چستی۔ سبکی۔ بادل کی تیز گڑگڑاہٹ۔

الهَزِقُ. سخت گر مِنَ الرِّجَالِ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

الهَزِقَةُ مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کو ایک جگہ پر قرار نہ ہو۔

المِهْزَاق. چنچل عورت، بہت ہنسنے والی۔

رَجُلٌ مِهْزَاقٌ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

هَزَلَ (ن)هَزْلًا و(س)هُزِلَ هَزْلًا و هُزْلًا و هُزَالًا. کمزور ہونا۔ دبلا ہونا۔

هُزِلَتْ حَالُ فُلَانٍ: تنگ ہونا الهُزَال جسم کی تشبیہ دیتے ہوئے) کہا جاتا ہے "لَهٗ فَضْلٌ جَزِيْلٌ و حَالٌ هَزِيْلٌ" اس کا فضل بہت زیادہ ہے اور حال پتلا ہے۔

هَزَلَ (ض) هَزْلًا فِيْ كَلَامِهٖ: ٹھٹھا کرنا۔ بکواس کرنا۔ بیہودگی کرنا الدَّابَّةَ: دبلا کرنا۔ اچھی طرح نگہبانی نہ کرنے کی وجہ سے کمزور کرنا۔ هَزَلَ الْقَوْمُ: دُبلے مویشی والا ہونا فُلَانٌ: جانوروں کے مرنے کی وجہ سے محتاج ہونا۔

هَزَّلَهٗ. لاغر ودبلا کرنا۔

هَازَلَ مُهَازَلَةً. بیہودگی کرنا فُلَانًا: ٹھٹھا کرنا۔

اَهْزَلَ فُلَانًا: کمزور کرنا (هَزَلَ میں ایک لغت ہے مگر زیادہ فصیح نہیں) کھلاڑی پانا الْقَوْمُ: دُبلے مویشی والی ہونا۔ سختی اور تنگی کی وجہ سے اپنے مال کو روک لینا۔

الْهُزَال. س۔ لاغری۔ دبلاپن۔

الْهَزَالَةُ. خوش طبعی۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ بَيْنَهُمَا هَزَالَةٌ" ان کے درمیان خوش طبعی ہے۔

الْهَزَّال والهَزِيْل. بہت دُبلا۔

الْهُزَيْلٰى. شعبدہ باز کا فعل

الْهَزْلٰى بہت سانپ (جمع ہے واحد نہیں)

الْهَزِيْل. دبلا۔ ج هَزْلٰى.

الْهَزِيْلَة. هُزَال سے اسم مشتق ہے۔ جیسے شَتَمَ سے شَتِيْمَةٌ. پھر هَزِيْلَة کا اطلاق اُونٹوں میں ہونے لگا۔ ج هَزَائِل و هَزْلٰى.

الْهَيْزَلَة. بڑا جھنڈا۔ کہا جاتا ہے "سَارُوْا وَ فِيْهِمْ هَيْزَلَةٌ" وہ لوگ چلے اور ان کے اندر بڑا جھنڈا تھا۔

الْمَهْزُوْل. لاغر شدہ ج مَهَازِيْل. اَرْضٌ مَهْزُوْلَةٌ: نرم زمین۔

الْمَهَازِل. خشک سالیاں۔

هَزْلَجَ هَزْلَجَةً. جلدی کرنا۔

الْهِزْلَاج. جلد باز۔ ہلکا پھلکا۔ بھیڑیا۔ ج هَزَالِج.

الْهَزْلَجَة. س۔ آوازوں کا اختلاط۔ جلدی۔

هَزَمَ (ض) هَزْمًا الْعَدُوَّ: دشمن کو شکست دینا الشَّيْءَ: ہاتھ سے دبا کر گڑھا ڈالنا فُلَانًا: ایسی ضرب مارنا کہ سرین سے ناف پر نکل آئے الْقَوْسُ: کمان کا آواز دینا لَهٗ حَقَّهٗ: حق کم کرنا الْبِئْرَ: کنواں کھودنا فُلَانًا: قتل کرنا (هُزُوْمًا) اللَّيْلُ: سفیدی صبح کا پھٹنا۔

هُزِمْتُ عَلَيْهِ: مہربان بنایا جانا۔

هَزَّمَ الْعَدُوَّ: دشمن کو شکست دینا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے)

تَهَزَّمَتِ الْقَوْسُ: کمان کا آواز دینا الرَّعْدُ: گرجنا السُّحُبُ بِالْمَاءِ: آواز کے ساتھ برسنا الْقِرْبَةُ: مشک کا خشک ہو کر پھٹنا۔ تَهَزَّمَ الْبِنَاءُ: عمارت کا گر پڑنا۔ اِنْهَزَمَ. شکست کھانا۔ العَصَا۔ لاٹھی کا چڑچڑا کر ٹوٹنا۔ الْجَيْشُ. شکست کھانا۔ اِهْتَزَمَتِ السَّحَابَةُ بِالْمَاءِ آواز کے ساتھ برسنا الْفَرَسُ: گھوڑے کا چلنا اس طرح پر کہ آواز سنائی دے۔ اِهْتَزَمَ الشَّاةَ: بکری کو ذبح کرنا الشَّيْءَ: سبقت کرنا۔ جلدی کھانا۔

اِسْتَهْزَمَ الْجُيُوْشَ: شکست دینا۔ شکست چاہنا۔ شکست خوردہ پانا۔

الْهَازِمَةُ. مصیبت ج هَوَازِم.

الْهَزْم. س۔ پست زمین۔ بغیر پانی کے پتلا بادل ج هُزُوْم.

الْهَزِم مِنَ الْخَيْلِ: مطیع۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ هَزِمٌ و فَرَسٌ هَزِمُ الصَّوْتِ" بادل کی گرج کے مشابہ آواز والا گھوڑا۔ غَيْثٌ هَزِمٌ: موسلادھار بارش۔

الْهَزَم. کمان کی آواز۔

الْهَزْمَة: اسم مرۃ۔ سینہ کا گڑھا۔ سیب وغیرہ کا گڑھا جو ہاتھ سے دبانے سے پیدا ہو۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا۔ پست زمین ج هَزْمٌ و هُزَمٌ و هَزَمَات. هُزُوْمُ الْجَوْفِ پیٹ میں دانہ پانی کی جگہ۔

قِدْرٌ هَزِمَةٌ. بہت اُبلنے والی ہانڈی۔

الْهَزُوْم. آواز دینے والی کمان۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ هَزُوْمٌ بَيِّنَةُ الْهَزَمِ" بہت آواز نکالنے والی کمان۔

الْهَزِيْم. گرج کی آواز۔ گرج۔ سخت آواز والا گھوڑا۔ غَيْثٌ هَزِيْمٌ: نہ رکنے والی بارش جَيْشٌ هَزِيْمٌ: شکست خوردہ لشکر۔

الْهَزِيْمَة. شکست ج هَزَائِم. الْهَزَائِم: بہت پانی والے کنوئیں۔ هَزِيْمَةُ الْفَرَسِ: سخت دوڑ کے وقت پسینہ کا نکلنا۔

الْهَيْزَم. سخت مضبوط۔ شیر۔

الْهِزِّيْمٰى. شکست۔

الْمُتَهَزِّم. فا۔ گرج۔ قَصَبٌ مُتَهَزِّمٌ و مُهَزَّمٌ ٹوٹا ہوا یا پھٹا ہوا نرکل۔ سِقَاءٌ مُتَهَزِّمٌ و مُهَزَّمٌ باوجود خشک ہونے کے تہ کی ہوئی مشک۔

الْمِهْزَام. کریلنی۔ چھوٹی لاٹھی۔ بنیٹھی۔ ج مَهَازِيْم.

هَزْهَزَهٗ هَزْهَزَةً. تابع کرنا۔ هَزْهَزَ الشَّيْءَ ہلانا۔

تَهَزْهَزَ الشَّيْءُ: ہلنا اِلَيْهِ قَلْبِيْ: خوشی سے اچھلنا۔

الْهُزَاهِز. بہت جاری ہونے والا پانی۔ بَعِيْر هُزَاهِز: تیز آواز والا اُونٹ۔

الْهَزَاهِز. فتنے جو انسان کو جھڑ جھڑا دیں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَهِدَ الْهَزَاهِزَ" فلاں جنگوں اور سختیوں میں حاضر ہوا ہے۔

الْهَزْهَاز. بہت جاری ہونے والا پانی۔ "سَيْفٌ هَزْهَاز" بہت چمکنے والی صاف تلوار۔

الْهُزْهُز. بہت جاری ہونے والا پانی۔ اور کہا جاتا ہے "مَاءٌ هُزْهُزٌ و هُزَاهِزٌ و هَزَاهِز" یعنی لہریں لینے والا پانی۔ "وَبِئْرٌ هُزْ هُزٌ" گہرا کنواں "وَعَيْنٌ هُزْهُزٌ" بہت پانی والا کشادہ چشمہ۔

الْهَزْهَزَة. س۔ جنگ وفتنہ بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے شَهِدَ فُلَانٌ الْهَزْهَزَةَ فلاں جنگ وفتنے میں حاضر ہوا۔

هَسَّ (ن) هَسًّا الشَّيْءَ: کوٹنا۔ توڑنا۔

هَسَّ (ض) هَسًّا. دل میں بات کرنا۔ الْكَلَامَ: چھپانا۔

الْهَسِيْس. ریزہ ریزہ کیا ہوا۔ پوشیدہ کلام۔ هَسِيْسُ الْجِنِّ وَ هَسَاسُهَا. بیابان میں

جِنّوں کی آواز۔

هَسْهَسَ هَسْهَسَةً المَاءُ: پانی کا لگاتار بہنا الدِّرْعُ او الْحُلِيُّ: زرہ یا زیور میں جھنکار ہونا الحَدِيْثَ: بات چھپانا۔

تَهَسْهَسَ الدِّرْعُ او الحُلِيُّ: زرہ یا زیور میں جھنکار ہونا۔

الهَسَاهِس. رات میں چلنا۔ هَسَاهِسُ النَّاسِ: آہستہ گفتگو۔

الهَسْهَاس. تمام رات بکریاں چرانے والا چرواہا۔ کام کے لیے ساری رات بیدار رہنے والا۔ قصائی۔ غیر مفہوم کلام۔ وسوسہ۔

الهَسْهَسَة. س۔ زیور یا زرہ کی جھنکار۔ نرم آواز والی چیز۔

هَشَّ (ن ض) هَشًّا وَرَقَ الشَّجَرِ: پتے جھاڑنا۔

هَشَّ (ض) هُشُوْشَةً الْخُبْزُ: روٹی کا نرم ہونا الرَّجُلُ: سست و کمزور ہونا۔

هَشَّ (س ض) هَشَاشَةً و هَشَاشًا مسکرانا۔ بھلائی پر خوش ہونا۔ شاداں ہونا۔ نشاط میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَشَشْتُ و هَشِشْتُ بِفُلَان و لِفُلَان و اَهِشُّ واَهَشُّ بِهٖ وَلَهٗ" میں فلاں سے خوش ہوا۔

هَشَّ (س) هَشَاشَةً و هُشُوْشًا الشَّيُّ: نرم اور ڈھیلا ہونا۔ صفت هَشٌّ. لکڑی کا نرم ہونا کہ جلدی ٹوٹ جائے۔

هَشَّشَهٗ. نرم سمجھنا۔ خوش کرنا۔ شاداں بنانا۔

اِهْتَشَّ لِكَذَا: خوش ہونا۔ خواہش مند ہونا۔

اِهْتَشَّ فُلَانٌ بِيْ: فلاں مجھ سے خوش ہوا۔

اسْتَهَشَّهٗ. ہلکا سمجھنا۔

خُبزٌ هَشَاشٌ. نرم روٹی۔

الهَشُّ. س۔ نرم ڈھیلا۔ خُبْزَةٌ هَشَّةٌ: نرم روٹی، اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هَشُّ المَكسرِ" فلاں مہربان اور نرم عادت والا ہے "وَفُلَانٌ هَشُّ الْوَجْهِ" فلاں ہنس مکھ ہے، اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ هَشٌّ" بہت پسینہ والا گھوڑا۔ "وَفَرَسٌ هَشُّ الْعِنَانِ" نرم لگام والا گھوڑا "وَاَنَا بِهٖ هَشٌّ" میں اس سے بہت خوش ہوں۔

قِرْبَةٌ هَشَّاشَةٌ. پانی ٹپکانے والی مشک۔ نَاقَةٌ هَشُوْشٌ اوشَاةٌ هَشُوْشٌ بہت دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔

الهَشِيْش. مانگنے سے خوش ہونے والا۔ نرم ڈھیلا ڈھالا۔ توڑا ہوا۔ چورہ کیا ہوا۔

هَشَرَ (ن) هَشْرًا النَّاقَةَ: اونٹنی کا سارا دودھ دوہ لینا۔

الهَشْر س۔ ہلکاپن۔ پتلاپن۔

الهَشْرَة. اکڑ۔ غرور۔

شَجَرةٌ هَشِرَةٌ و هَشُوْرٌ. درخت جس کے پتے جلدی گر جائیں۔

الهَيْشَرُ مِنَ الرِّجَالِ: نرم کمزور لمبا مرد۔

هَشَّلَتْ تَهْشِيْلًا النَّاقَةُ: تھوڑا دودھ اتارنا۔

اَهْشَلَ الرَّجُلُ: سواری کا جانور بغیر مالک کی اجازت کے دینا۔

اِهْتَشَلَ الفَرَسَ: گھوڑے پر بغیر مالک کی اجازت کے سوار ہونا۔

الهَشِيْلَة. سواری کا جانور جس پر بغیر مالک کی اجازت کے سوار ہوں مِنَ الْاِبِلِ وَغَيْرِهَا: غصب کیا ہوا اونٹ وغیرہ۔

الهَيْشَلَة. عمر رسیدہ موٹی اونٹنی۔

هَشَمَ (ض) هَشْمًا الشَّيْءَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "هَشَمَ الثَّرِيْدَ لِقَوْمِهٖ" اس نے اپنی قوم کے لیے روٹی کو توڑ کر شوربے سے تر کر کے ثرید بنایا۔ صفت هَاشِمٌ.

هَشَّمَ الشَّيُّ: توڑنے میں مبالغہ کرنا فُلَانًا: اکرام و تعظیم کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا۔

تَهَشَّمَ الشَّيُّ: ٹوٹنا الشَّجَرُ: خشک ہو کر ٹوٹنا الْاِبِلُ: اونٹ کا سست و کمزور ہونا فُلَانٌ الشَّيَّ: توڑنا الرَّجُلَ: اکرام و تعظیم کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا زَيْدًا: مہربان بنانا۔ رضامند کرنا عَلٰى فُلَانٍ: مہربان ہونا۔

تَهَشَّمَتِ الْاَرْضُ: بارش منقطع ہونے سے زمین کا خشک ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَهَشَّمَهٗ لِلْمَعْرُوْفِ" اس نے اس سے بھلائی طلب کی۔

اِنْهَشَمَ الشَّيُّ: ٹوٹنا۔ اِنْهَشَمَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا سست و کمزور ہونا۔

اِهْتَشَمَ النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِهْتَشَمَتْ نَفْسِيْ لَهٗ" میرا نفس اس کے سامنے مطیع و فرمانبردار ہو گیا اور بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔

الهَاشِمَة. الهَاشِم کا مؤنث۔ سر کا زخم جو ہڈی کو توڑ دے۔

الهِشَام سخاوت۔ بخشش۔

الهَشْم. س۔ قحط زدہ زمین۔ پست زمین ج هُشُوم.

الهَشِم. سخی۔ فیاض۔

الهُشُم. نرم پہاڑ۔ دودھ کے ماہر۔ دوہنے والے۔ واحد هَاشِم.

الهَشْمَة. هشم کا اسم مرۃ۔

الهَشَمَة. پہاڑی بکری۔ ج هَشَمَات.

الهَشِيْم. توڑا ہوا۔ ٹوٹی ہوئی خشک گھاس۔ خشک شدہ گھاس یا درخت۔ پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔ کہا جاتا ہے "نَبتٌ هَشِيْمٌ" جیسا کہا جاتا ہے "نَبتٌ عَامِيٌّ و حَطِيْمٌ" کمزور بدن والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَشِيْمٌ" کمزور بدن کا مرد۔ اور کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْاَرْضُ هَشِيْمًا" زمین کے درخت اور گھاس خشک ہو گئے اور ٹوٹ گئے۔

الهَشِيْمَة. زمین جس کے درخت خشک ہو گئے ہوں۔ خشک درخت۔

نَاقَةٌ مِهْشَامٌ. جلدی لاغر ہونے والی اونٹنی۔

كَلأٌ هَيْشُوْمٌ. نازک و نرم گھاس۔

هَشْهَشَ الشَّيَّ: ہلانا۔

الهَشْهَاش. اچھے اخلاق کا سخی مرد۔

هَاشَاهُ مُهَاشَاةً. ہنسی مذاق کرنا۔

هَصَّ (ن) هَصًّا الشَّيَّ: روند کر کچلنا۔ باریک کرنا۔ توڑنا۔ انگلیوں سے زور سے دبانا۔ صفت مفعولی هَصِيْص و مَهْصُوْص.

هَصَّصَ الرَّجُلُ: چمکدار آنکھوں والا ہونا

اچھی طرح آنکھیں کھولنا۔ گھورنا۔
اَلْهَاصَةُ. ہاتھی کی آنکھ۔
اَلْهَصُّ. س۔ سخت چیز۔
اَلْهَصِيْصُ الْمَهْصُوْصُ. روند کر کچلی ہوئی چیز۔ هَصِيْصُ النَّارِ: آگ کی چمک۔
هَصَبَ (ض) هَصْبًا. بھاگنا۔
هَصَرَ (ض) هَصْرًا الشَّيْئَ وبِالشَّيْءِ: کھینچ کر جھکانا الغُصْنَ و بِالغُصْنِ: ٹہنی کو جھکا کر توڑنا کہ دونوں ٹکڑے علیحدہ نہ ہوں۔ الشَّيْئَ: توڑنا۔ دفع کرنا۔ قریب کرنا قِرْنَهُ: دبانا اَلْاَسَدُ فَرِيْسَتَهُ: توڑ دینا۔
اِنْهَصَرَ وَاهْتَصَرَ. جھکنا۔ مڑنا۔ کھینچا جانا۔
اِهْتَصَرَ الْغُصْنَ: جھکا کر توڑنا کہ دونوں ٹکڑے علیحدہ نہ ہوں۔ اِهْتَصَرَ النَّخْلَةَ: کھجور کے خوشوں کو درست وہموار کرنا۔
تَهَصَّرَتْ اَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: لٹکنا۔
الهَصِرُ والهُصَرُ والهُصُوْرُ والهَصُوْرُ والهَاصِرُ والهُصَرَةُ والهَصُوْرَةُ والهَيْصَرُ والهَيْصَارُ والهَيْصُوْرُ والهَصَّارُ والمِهْصَرُ والمِهْصَارُ والمِهْصِيْرُ والمُهْتَصِرُ. شیر۔ رَجُلٌ هُصَرٌ: ہمسر کو بہت دبانے والا مرد۔
الهَصْرَةُ والهَصَرَةُ. افسوں کے مہرے جن سے عورتیں مردوں کو اپنے قابو میں رکھتی ہیں۔
الهَوَاصِرُ والهَوَاصِيْرُ. شیر جو شکار کو پھاڑ دیں اور توڑ دیں اور یہ هَصُوْرٌ کی جمع ہیں۔
هَصَمَهُ (ض) هَصْمًا. توڑنا۔
نَابٌ هَيْصَمٌ. ہر چیز کو توڑ دینے والا دانت۔
هَصْهَصَهُ هَصْهَصَةً. ہاتھ سے دبانا۔
الهُصْهُصُ والهُصَاهِصُ مضبوط آدمی یا شیر۔
الهَصْهَاصُ. چمکدار آنکھوں والا۔
المُهَصْهِصَةُ. رات میں چور کی آنکھ۔
هَصَا يَهْصُوْ هَصْوًا الرَّجُلُ: عمر رسیدہ اور بوڑھا ہونا۔
هَاصَاهُ مُهَاصَاةً. پیٹھ توڑ دینا۔

الاَهْضَاءُ. مضبوط و توانا لوگ۔
هَضَّ (ن) هَضًّا الشَّيْئَ: توڑنا اور باریک کرنا۔ صفت مفعولی هَضِيْضٌ و مَهْضُوْضٌ
هَضَّتِ الْاِبِلُ: اُونٹ کا تیز دوڑنا۔ هَضَّ فُلَانٌ الْمَشْيَ. عمدہ چال چلنا فُلَانًا: بھڑکانا۔ اُکسانا۔
هَضْهَضَ. زمین پر زور سے پاؤں مارنا۔
اِنْهَضَّ الشَّيْئُ: ٹوٹنا۔
اَهْتَضَّ الشَّيْئَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَضَّ نَفْسَهُ لِفُلَانٍ" وہ فلاں کے سامنے تابعدار ہوگیا اور بغیر انصاف کے راضی ہوگیا۔
الهَضَّاءُ. لوگوں کی جماعت۔ گھوڑوں کا گلہ۔
الهَضَّاضُ. اسم مبالغہ۔ فَحْلٌ هَضَّاضٌ جوانوں کی گردن توڑ دینے والا۔
الهَضَضُ. ٹوٹ۔
هَضَبَتِ (ض) هَضْبًا السَّمَاءُ: برسنا السَّمَاءُ الْقَوْمَ: اچھی طرح سے تر کر دینا۔
هَضَبَ الرَّجُلُ: سُست چال چلنا الْقَوْمُ فِي الْحَدِيْثِ: باتوں میں مشغول ہونا اور آواز بلند کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِهْضِبُوْا يَا قَوْمُ" یعنی بات چیت کرو۔
اَهْضَبَ الْقَوْمُ: پہاڑ کی چوٹیوں پر اترنا۔
اِهْتَضَبُوْا فِي الْحَدِيْثِ: باتوں میں مشغول ہونا اور آواز بلند کرنا۔
اِسْتَهْضَبَ الْجَبَلُ: پہاڑ کا زمین پر پھیلا ہوا ہونا۔ مستطیل ہونا۔
الهَضْبَةُ. زمین پر پھیلا ہوا پہاڑ۔ اکیلا لمبا پہاڑ۔ بلند زمین۔ بارش کی بوچھاڑ۔ ج هِضَبٌ و هَضْبٌ و هِضَابٌ و هَضَبَاتٌ وج اَهَاضِيْبُ. رَجُلٌ هَضْبَةٌ: بہت بولنے والا مرد۔
الهِضَبُّ. مضبوط و قوی۔ بہت پسینے والا گھوڑا۔
غَنَمٌ هَضِيْبٌ. کم دودھ والی بکری۔
الْاُهْضُوْبَةُ مِنَ الْمَطَرِ: بارش کی بوچھاڑ۔ ج اَهَاضِيْبُ.
رَوْضَةٌ مَهْضُوْبَةٌ. بارش سے سیراب باغ۔

هَضْجُ الْمَوَاشِي: اچھی طرح نہ چرانا۔
صِبْيَانٌ هَضِيْجٌ. چھوٹے بچے (اس کیلئے واحد نہیں)
هَضَلَ (ن ض) هَضْلًا بِالشِّعْرِ و بِالْكَلَامِ بہت کہنا۔
اَهْضَلَتِ السَّمَاءُ: برسنا الدَّلْوُ: ڈول کا کنوئیں میں ٹکرا کر پانی سے بھر جانا۔
الهَضْلُ. س۔ بہت۔
الهَضْلَاءُ. لمبے پستان والی عورت۔
الهَضَّالُ. حدی گانے والا۔
الهَيْضَلُ. ہتھیار بند جماعت۔ بڑا لشکر جَمَلٌ هَيْضَلٌ: موٹا بڑا لمبا اُونٹ۔
الهَيْضَلَةُ مِنَ النُّوْقِ: موٹی لمبی اُونٹنی۔ عمر رسیدہ۔ زیادہ دودھ دینے والی۔ ادھیڑ عورت۔ ہتیار بند جماعت۔ لوگوں کی آواز۔
هَضَمَ (ن) هَضْمًا الشَّيْئَ: توڑنا فُلَانًا: ظلم کرنا۔ غصب کرنا اور اسم الهَضِيْمَةُ. هَضَمَهُ حَقَّهُ: حق کم کرنا۔ هَضَمَ لَهُ مِنْ حَقِّهِ شَيْئًا رضامندی سے اپنے حق میں سے کچھ چھوڑ دینا لَهُ مِنْ مَالِهِ: دینا۔ هَضَمَتِ الْمِعْدَةُ الطَّعَامَ غذا کو جزو بدن ہونے کے قابل بنا دینا۔ هَضَمَ عَلَى الْقَوْمِ: اچانک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَا شَعَرُوْا بِنَا حَتّٰى هَضَمْنَا عَلَيْهِمْ" اُن کو ہماری اطلاع نہیں ہوئی اور ہم اچانک اُن کے پاس پہنچ گئے۔ "وَمَا هَضَمَ عَلَيْهِ" وہ اس سے قریب نہیں ہوا۔
هَضِمَ (س) هَضَمًا. نازک اور پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر اَهْضَمُ مؤنث هَضْمَاءُ ج هُضْمٌ. کہا جاتا ہے "فِي كَشْحِهِ هَضَمٌ" یعنی وہ بڑے پیٹ والا نہیں ہے یا اس کی کمر پتلی ہے۔ هَضِمَتِ الْخَيْلُ: گھوڑے کا اُٹھی ہوئی پسلیوں اور پچکے ہوئے پیٹ والا ہونا (اور یہ عیب ہے)
تَهَضَّمَهُ. ظلم کرنا۔ چھین لینا۔ ذلیل کرنا۔ توڑنا۔ تَهَضَّمَ لِلْقَوْمِ: مطیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَهَضَّمْتُ لَهُ نَفْسِيْ" یعنی میں اس سے

بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔

اِنْهَضَمَ الطَّعَامُ: غذا کا جزو بدن ہونے کے قابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ سَرِيْعُ الْاِنْهِضَامِ" یہ کھانا جلدی جزو بدن ہونے کے قابل ہے۔ الشَّيْءُ: ملنا۔

اِهْتَضَمَهُ: ظلم کرنا۔ چھین لینا۔ حق دبانا۔

الْهَاضِمُ۔ فا۔ شَيْءٌ هَاضِمٌ: نرم چیز۔

الْهَاضِمَةُ۔ الْهَاضِمُ کا مؤنث۔ غذا کو جزو بدن بنانے والی قوت۔

الْهَاضُوْمُ۔ کھانے کو ہضم کرنے والی دوا۔ اپنے مال کو خرچ کرنے والا۔ شیر۔

الْهَضَّامُ۔ اسم مبالغہ۔ کھانے کو ہضم کرنے والی دوا۔

الْهَضْمُ۔ مص۔ غذا کا جزو بدن ہونا۔

الْهَضْمُ والْهِضْمُ۔ پست زمین۔ بطن وادی ج اَهْضَامٌ و هُضُوْمٌ (والهَضَمُ و الْهَضَمَةُ) بخور کی ایک قسم۔

الْهَضُوْمُ۔ غذا کو ہضم کرنے والی چیز۔ يَدٌ هَضُوْمٌ: فیاض ہاتھ۔ ج هُضُمٌ اور کہا جاتا ہے "فِتْيَانٌ هُضُمٌ" خرچ کرنے والے جوان۔ "وَرَجُلٌ هَضُوْمُ الشِّتَاءِ" قحط کے زمانے میں خرچ کرنے والا مرد۔

الْهَضِيْمُ۔ توڑا ہوا۔ اِمْرَأَةٌ هَضِيْمٌ: پتلی کمر والی عورت۔ بَطْنٌ هَضِيْمٌ: پتلا پیٹ۔ قَصَبَةٌ هَضِيْمٌ: بانسری۔

الْهَضِيْمَةُ۔ ظلم۔ غصب۔ کھانا جو میت کے بعد کھلایا جائے۔ ج هَضَائِمُ۔

الْاَلْهْضَمُ۔ موٹے دانتوں والا۔ مؤنث هَضْمَاءُ ج هُضْمٌ۔ واَهْضَمُ الْكَشْحَيْنِ: پتلے پہلوؤں والا۔

الْيَهْضُوْمَةُ۔ خشک اور بان سے مرکب ایک خوشبو۔ قَصَبَةٌ مَهْضُوْمَةٌ: بانسری۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهُ مُتَهَضِّمًا" میں نے اس کو غمزدہ دیکھا۔

هَاضَاهُ مُهَاضَاةً۔ بیوقوف سمجھنا۔ حقیر جاننا۔

الْهَضَاةُ۔ گیسو۔ گدھی۔

الْاَهْضَاءُ۔ لوگوں کی جماعت۔

هَطَرَ (ض) هَطْرًا۔ الْكَلْبَ: لکڑی سے مار ڈالنا یا مارنا۔

تَهَطَّرَتِ الْبِئْرُ: ویران ہونا۔ گرنا۔ تَهَطَّرَ الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔

الْهَطْرَةُ۔ اسم مرۃ۔ غنی کے سامنے سوال کے وقت فقیر کی ذلت۔

تَهَطْرَسَ الرَّجُلُ: لچک لچک کر چلنا۔

هَطَعَ (ف) هَطْعًا و هُطُوْعًا۔ ڈرتے ہوئے جلدی پیش قدمی کرنا۔ ایک ہی طرف ٹکٹکی لگانا۔

اَهْطَعَ۔ گردن اٹھانا اور سر جھکانا فِي السَّيْرِ: ڈر سے جلدی چلنا۔

اِسْتَهْطَعَ الْبَعِيْرُ فِيْ سَيْرِهِ: اُونٹ کا دوڑنا۔

الْهَطِيْعُ۔ کشادہ راستہ۔

نَاقَةٌ هَطْعَى۔ تیز رو اُونٹنی۔

الْمُهْطِعُ۔ فا۔ ذلت اور عاجزی سے ایک ہی طرف نظر جمانے والا۔

هَطَفَ (ض) هَطْفًا الرَّاعِي: دوہنا۔ السَّمَاءُ: برسانا۔

الْهَطِفُ۔ بہت بارش۔

هَطَلَ (ض) هَطْلًا و هطلانًا و تَهْطَالًا الْمَطَرُ: متفرق طریقہ سے بڑی بڑی بوندوں والی لگاتار بارش ہونا۔ صفت مذکر هَاطِلٌ صفت مؤنث هَاطِلَةٌ ج هُطَّلٌ الْجَرْيُ الْفَرَسَ: پسینہ بہانا۔ هَطَلَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا آہستہ چال چلنا۔ هَطَلَ الرَّجُلُ: اپنی ضرورت سے پیدل چل کر جانا۔

هَطَلَتِ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ آنسو بہانا۔

تَهَطَّلَ الْمَطَرُ: بڑی بوندوں والی لگاتار بارش ہونا۔

تَهَاطَلُوا۔ عَلٰى كَذَا: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔

الْهَاطِلُ۔ فا۔ گنجان کھیتی۔

الْهَطَّالُ مِنَ الْمَطَرِ وَالسَّحَابِ: زور سے بڑی بوندوں سے برسنے والی بارش۔

الْهَطْلُ۔ مص۔ لگاتار آہستہ بارش۔ تھکن۔

الْهِطْلُ۔ بھیڑیا۔ چور۔ بیوقوف۔

دِيْمَةٌ هُطْلٌ۔ لگاتار بارش۔

الْهَطِلُ۔ بڑی بوندوں کی متفرق لگاتار بارش۔ کہا جاتا ہے مَطَرٌ هَطِلٌ و سَحَابٌ هَطِلٌ۔ کہا جاتا ہے دِيْمَةٌ هَطْلَاءُ بڑی بوندوں کی متفرق لگاتار بارش۔ اور "سَحَابٌ اَهْطَلُ" نہیں بولا جاتا۔ جس طرح "فَرَسٌ رَوْعَاءُ" تو کہتے ہیں مگر مذکر کے لیے "اَرْوَعُ" نہیں کہتے "اِمْرَأَةٌ حَسْنَاءُ" تو بولتے ہیں مگر مرد کو "اَحْسَنُ" نہیں کہتے۔

نَاقَةٌ هَطْلٰى۔ آہستہ رو اُونٹنی۔ کہا جاتا ہے "مَشَتِ الظِّبَاءُ هَطْلٰى" یعنی ہرنیاں آہستہ چلیں۔ اِبِلٌ هَطْلٰى و هَطَلٰى بغیر ساربان کے چھوٹے ہوئے اُونٹ۔

الْهَيْطَلُ۔ لومڑی۔ الْهَيْطَلُ: غازیوں کی قلیل جماعت۔ ماوراء النہر کے چند شہروں کا نام۔ ترکوں یا ہندوستانیوں کی ایک قوم ج هَيَاطِل و هَيَاطِلَة۔

الْهَيْطَلَةُ۔ پیتل یا تانبے کی دیگچی (دخیل)

هَطْلَسَ الشَّيْءَ: سارا لے لینا۔

تَهَطْلَسَ اللِّصُّ: چور کا حیلہ و فریب کرنا۔ الْمَرِيْضُ مِنْ عِلَّتِهِ: مریض کا بیماری سے افاقہ پانا۔ صحت یاب ہونا۔

الْهَطْلَسُ والْهَطَلَّسُ۔ بٹ مار۔ چور۔ بھیڑیا۔ بڑا لشکر۔

هَطْهَطَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا ہنہنانا الرَّجُلُ: تیز چلنا فِي الْعَمَلِ: جلدی کرنا۔

الْهَطَاهِطُ۔ گھوڑا۔

هَطَا يهطو هَطْوًا بكذا: پھینکنا۔

الْهُطٰى۔ پچھاڑ۔ سخت مار۔

هَعَّ (ن) هَعًّا و هَعَّةً۔ قے کرنا۔

هَفَّتْ (ض) هَفًّا و هَفِيْفًا الرِّيْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔ هَفَّ الرَّجُلُ: تیز چلنا الشَّيْءُ: سبک اور چمکدار ہونا۔

اِهْتَفَّ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔

اِهْتَفَّتْ اُذُنُهُ: کان کا سائیں سائیں کرنا۔

الهِفُ. کھیتی جس کے کاٹنے میں تاخیر ہو جائے اور اس کے دانے بکھر جائیں۔ چھوٹی مچھلیاں۔ پانی کے بڑے بڑے کالے کیڑے۔ واحد **هِفَّةٌ**: **والهِفُّ**: ہلکا پھلکا مرد۔ کہا جاتا ہے "**رَجُلٌ هِفٌّ**" کم شہد یا بے شہد کا چھتہ۔ ہر ہلکی چیز جس کے جوف میں کچھ نہ ہو۔ **سَحَابٌ هِفٌّ**: پتلا بے پانی کا بادل۔ کہا جاتا ہے "**مَا فِي بَيْتِكَ هِفَّةٌ و لَا سِفَّةٌ**" یعنی تمہارے گھر میں کھانے پینے کی کوئی چیز نہیں۔ **کہا جاتا ھے هَفَّتْ هَافَّةٌ مِنَ النَّاسِ**: قحط سالی کی وجہ سے لوگوں کی جماعت آگئی۔

الهَفَّاف. چمکدار **مِنَ الْاَجْنِحَةِ**: اُڑنے میں ہلکا **مِنَ الْقُمُصِ**: پتلی شفاف قمیص **مِنَ الحُمُرِ**: سبک و چست **مِنَ الظِّلَالِ**: ٹھنڈا سایہ۔ اور کہا جاتا ہے "**رَجُلٌ هَفَّافُ الْقَمِيصِ**" ہلکا پھلکا مرد۔

الهَفَّافَة. **الهَفَّاف** کا مؤنث۔ **رِيحٌ هَفَّافَةٌ**: خوشگوار یا تیز چلنے والی ہوا۔

الهَفَّان. نشان قدم۔ کہا جاتا ہے "**جَاءَ عَلٰى هَفَّانِهِ**" وہ اس کے نشان قدم پر آیا۔

جَارِيَةٌ مُهَفَّفَةٌ. پتلی کمر والی لڑکی۔

هَفَتَ (ض) هَفْتًا و هَفَاتًا الشَّئُ: خفت کی وجہ سے اڑنا۔ پست ہونا۔ باریک ہونا **الرَّجُلُ**: بلا سوچے سمجھے بہت بولنا۔

تهافتَ عَلَى الشَّئُ: لگا تار گرنا (اکثر اس کا استعمال شر میں ہوتا ہے) **اَلْفِرَاشُ عَلَى النَّارِ**: پروانہ کا آگ میں گرنا **النَّاسُ عَلَى الْمَاءِ**: ہجوم کرنا **القَوْمُ**: مر کر گرنا **الثَّوْبُ**: کپڑے کا بوسیدہ ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِنْهَفَتَ الشَّئُ: پست ہونا۔ ذلیل ہونا۔

الهَفَات. بیوقوف۔

الهَفْت. مص۔ پست زمین۔ بہت بیوقوفی۔ کسی چیز کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گرنا۔ **الهَفْتُ مِنَ الْمَطَرِ**: جلدی برسنے والی بارش **مِنَ الْكَلَامِ**: بلا سوچ و سمجھ کے بہت گفتگو۔

الهَفِيْتَةُ مِنَ النَّاسِ: بھوک یا سختی کے مارے ہوئے لوگ۔

المَهْفُوْت. حیران۔

تَهَفَّكَ. اضطراب کے ساتھ سست چال چلنا۔

المُتَهَفِّك. فا۔ اضطراب کے ساتھ سست چال چلنے والا (**والمُهَفَّك**) بہت غلطی اور گڑبڑی کرنے والا۔

هَفْهَفَ هَفْهَفَةً الرَّجُلُ: لاغر اندام و نازک ہونا **الشَّئُ**: ہلانا۔

تَهَفْهَفَ الرَّجُلُ: لاغر اندام و نازک ہونا۔

ظِلٌّ هَفْهَفٌ. ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو۔

الهَفْهَاف. پتلے پیٹ والا۔ پیاسا **مِنَ الْقُمُصِ وَالْاَجْنِحَةِ**: پتلا و شفاف۔ **ظِلٌّ هَفْهَافٌ**: ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو۔ **غُرْفَةٌ هَفْهَافَةٌ**: سایہ دار ٹھنڈا جھروکہ۔

المُهَفْهَفُ. پتلے پیٹ باریک کمر والا مؤنث **مُهَفْهَفَةٌ**.

هَفَا يَهْفُوْ هَفْوًا و هَفْوَةً و هَفَوَانًا تیز دوڑنا **الطَّائِرُ**: پر پھڑپھڑانا اور اُڑنا **الرَّجُلُ**: پھسلنا۔ بھوکا ہونا۔

هَفَتْ تَهْفُوْ هَفْوًا و هُفُوًّا الرِّيْشَةُ او الصُّوْفَةُ فِي الْهَوَاءِ: پر یا اون کا اِدھر اُدھر اڑنا **الرِّيْحُ بالصُّوْفَةِ**: ہوا کا اُون کو اِدھر اُدھر اڑانا۔ **هَفَا الْفُؤَادُ**: دِل دھڑکنا، فریفتہ ہونا **فُلَانٌ**: اوچھا ہونا۔ **هَفَا الظَّلِيْمُ**: شتر مرغ کا دوڑنا۔ اور کہا جاتا ہے "**هَفَا الْقَلْبُ مِنَ الْحُزْنِ او مِنَ الطَّرَبِ**" دِل غم سے پراگندہ ہوا یا خوشی سے قابو میں نہیں رہا۔

هَافَاهُ مُهَافَاةً. خواہش کی طرف مائل کرنا۔

الهَافِي. فا۔ بھوکا۔

الهَافِيَة. **الهافي** کا مؤنث ج **هَوَافٍ هَوا فِي الْإِبِلِ**: گم شدہ اُونٹ۔

الهَفَا. بارش جو کبھی برسے کبھی رک جائے۔

الهَفَاء. غلطی۔ لغزش۔

الهَفَاة. بارش۔ **رَجُلٌ هَفَاةٌ**: بیوقوف مرد۔

الهَفْوَة. لغزش ج **هَفَوَات**.

الْاَهْفَاء. بیوقوف لوگ۔

هَقَّ (ض) هَقًّا الرَّجُلُ: بھاگنا۔

هَقَعَ (ف) هَقْعًا الفَرَسَ: گھوڑے کو داغ دینا۔

تَهَقَّعَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا: نادانی برتنا۔ تکبر کرنا۔ فعل قبیح کا ارتکاب کرنا۔

تُهُقِّعَ. اوندھا ہونا۔

اِنْهَقَعَ. الرَّجُلُ: سخت بھوکا ہونا۔

اَهْتَقَعَهُ. باز رکھنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "**اِهْتَقَعَ فُلَانًا عِرْقُ سُوْءٍ**" فلاں کو بد اصلی نے عزت و شرافت تک پہنچنے سے روک دیا "**اِهْتَقَعَتِ الْحُمّٰى فُلَانًا**:" ایک دن ناغہ دے کر بخار آنا۔ **اِهْتَقَعَ الشَّئُ فُلَانًا**: دوبارہ لوٹ کر آنا۔

اُهْتُقِعَ لَوْنُهُ: خوف یا گھبراہٹ سے رنگ بدل جانا۔

الهُقَاع. غم یا بیماری کی وجہ سے غفلت۔

الهَقِع. لالچی۔ مؤنث **هَقِعَةٌ**.

الهَقْعَة. **هَقَعَ** کا اسم مرۃ۔ جوزا کے اوپر تین روشن ستارے جو دیگدان کے پایہ کے مانند ایک دوسرے سے قریب ہیں۔ **الهَقْعَة**: گھوڑے کے سینہ کے وسط میں دائرہ۔

الهُقَعَة. لوگوں کے درمیان بہت ٹیک لگانے والا یا لیٹنے والا۔

الهَيْقَعَة. تلوار کی جھنکار۔ تلوار کی جھنکار کی نقل۔ کہا جاتا ہے "**سَمِعْتُ لِلسُّيُوْفِ هَيْقَعَةً**" میں نے تلواروں کی جھنکار سنی۔ آواز سننے کے لیے خشک چیز کو خشک چیز پر مارنا۔ یا لوہے کو پتھر سے مارنا۔

المَهْقُوْع. ج **مِنَ الْخَيْلِ**: سینہ کے وسط میں دائرہ رکھنے والا گھوڑا۔

الهَاقِل. چوہا۔

الهِقْل. جوان شتر مرغ۔ لمبا بیوقوف۔ مؤنث **هِقْلَة**.

الهَقِل. بھوکا۔

الهَيْقَل. جوان شتر مرغ۔ گوہ۔

الهَيْقَلَة. ایک قسم کی چال۔ کہا جاتا ہے

"اَخَذَ يَمْشِي الْهَيْقَلَة."

هَقِمَ (س) هَقَمًا. بہت بھوکا ہونا۔ صفت هَقِم۔ بہت کھانا اور بد ہضمی نہ ہونا۔

تَهَقَّمَهُ. مغلوب کرنا۔ تَهَقَّمَ الطَّعَامَ: پے در پے بڑے بڑے لقمے نگلنا۔

الْهِقَمُّ. سمندر۔ بہت کھانے والا مرد۔

الْهَيْقَم. وسیع سمندر۔ سمندر کا شور۔

هَقَى يَهْقِي هَقْيًا. بکواس کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَهْقِي بِفُلَانٍ" فلاں فلاں کے ساتھ بک بک کرتا ہے۔ فُلَانًا: گالی دینا فُؤَادَهُ: دِل پراگندہ ہونا۔

اَهْقَاهُ اِهْقَاءً. خراب کرنا۔

هَكَّ (ن) هَكًّا. گوز کرنا الطَّائِرُ پرندہ کا بیٹ کرنا النَّعَامُ: شتر مرغ کا پاخانہ کرنا الشَّيْءَ: پینا۔ صفت مفعولی مَهْكُوْك و مَهْكِيْك۔

هَكَّهُ بِالرُّمْحِ: پیاپے نیزہ مارنا۔ هَكَّهُ بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا هَكَّتِ النَّبِيْذُ فُلَانًا: مست کرنا اللَّبَنَ: دودھ نکالنا فُلَانًا: لاغر کرنا النَّجَّار الخَرْقَ: بڑھئی کا سوراخ کو کشادہ کرنا الجَارِيَةَ: بہت جماع کرنا۔ هَكَّتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا گر جانا۔

هُكَّ الشَّيْءُ: گرایا جانا۔

تَهَكَّكَ الرَّجُلُ: مضطرب ہونا۔ الْاُنْثٰى: قریب الولادۃ ہونے کی وجہ سے تھن کا بڑا ہونا۔

اِنْهَكَّ الْبَعِيْرُ: بیٹھنے کے وقت زمین سے چمٹنا الرَّجُلُ: مست ہونا۔ اِنْهَكَّتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا گرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَنْهَكُّ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔

الْهَكُّ. س۔ فاسد العقل ج هَكَكَةٌ و اَهْكَاك. سخت بارش۔

الْهَكُوْك. ہنسی مذاق کرنے والا۔ کمزور کمینہ۔

اَحْمَقُ هَاكٌّ. انتہائی بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَكَّاكٌ بِالْكَلَامِ:" غلط کلام کو صحیح سمجھ کر بولنے والا۔

الْهَكَوَّك. موٹا۔ ہنسی مذاق کرنے والا۔ سخت جگہ۔ اور بقول بعض نرم جگہ۔

الْهَكِيْك. پیاہوا۔ مخنث۔

الْمَهْكُوْك. ج۔ کلام میں ہنسی مذاق کرنے والا۔ مسخرا۔

الْمُنْهَكَّة. دُشواری سے بچّہ جننے والی عورت۔

هَكَبَ (ض) هَكْبًا بِهِ: ٹھٹھا کرنا۔

هَكَدَ عَلٰى غَرِيْمِهِ: قرض دار پر سختی کرنا۔

هَكَرَ (ض) وهَكِرَ (س) هَكْرًا و هَكَرًا وهَكْرًا مِنْ كَذَا: سخت متعجب ہونا۔

هَكِرَ (س) هَكْرًا و هَكَرًا. اونگھنا۔

تَهَكَّرَ. تعجب کرنا۔ حیران ہونا۔

الْهَكِرُ. متعجب (والهَكُر) اونگھنے والا۔ کہا جاتا ہے مَا فِيْهِ مَهْكَرًا اَوْ مَهْكَرَةٌ: اس میں کوئی تعجب نہیں۔

هَكَعَ (ف) هُكُوْعًا. ٹھہرنا۔ مطمئن ہونا۔

هَكَعَتِ الْبَقَرُ تَحْتَ الشَّجَرِ: سخت گرمی میں درخت کے نیچے سایہ لینا الرَّجُلُ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ فَمَا يُدْرٰى اَيْنَ سَكَعَ وَاَيْنَ هَكَعَ" فلاں گیا نہیں معلوم ہے کہ کس طرف گیا اور کہاں اقامت کی۔ هَكَعَ اللَّيْلُ تاریکی پھیلانا فُلَانٌ بِالْقَوْمِ وَ اِلَى الْقَوْمِ شام ہونے کے بعد قوم کے پاس واپس آنا الرَّجُلُ: غم یا غصہ سے سر جھکانا اِلَى الْاَرْضِ: اوندھا ہونا عَظْمُهُ: درستی کے بعد ٹوٹنا۔

هَكِعَ (س) هَكَعًا واهْتَكَعَ. مطیع ہونا۔ گھبرانا۔ عاجزی کرنا۔

الْهُكَاع. کھانسی۔ تھکن کے بعد کی نیند۔

الْهَكُوْع. درخت کے نیچے سایہ لینے والی گایوں کا ریوڑ۔

الْهُكَعَة. بیوقوف۔

هَكَل تَهْكِيْلًا. الحِصَانُ او المَرْأَةُ: گھوڑے یا عورت کا اٹھلاتے ہوئے چلنا۔

تَهَاكَلَ الْقَوْمُ: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔

هَيْكَلَ الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا اور لمبا ہونا۔

الْهَيْكَل. لمبی اور بڑی نباتات یا درخت واحد هَيْكَلَة. بلند عمارت۔ موٹا (ہر جاندار) گرجا میں قربان گاہ۔ صورت۔ پیکر۔ مجسمہ ج هَيَاكِل. فَرَسٌ هَيْكَلٌ: بلند گھوڑا۔

هَكَمَ تَهْكِيْمًا فُلَانًا و لِفُلَانٍ: کسی کیلئے گانا۔

تَهَكَّمَتِ الْبِئْرُ و نحوها: کنوئیں کا گرنا۔

تَهَكَّمَ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: ٹھٹھا کرنا زَيْدًا: پیاپے نیزہ مارنا الرَّجُلُ: جھوٹی مغرورانہ چال چلنا اور ہر چیز میں مقدار سے بڑھ جانا۔ تَهَكَّمَ عَلٰى فُلَانٍ: سخت غضبناک ہونا عَلَى الْاَمْرِ الفَائِتِ: نادم ہونا الْمَطَرُ: ناقابل برداشت بارش ہونا لِفُلَانٍ: گانا لِفُلَانٍ: کسی کے لئے گانا بِفُلَانٍ: بہت یاد کرنا۔

الْهَكِم. لا یعنی امور میں پھنسنے والا۔ شریر۔

الْاُهْكُوْمَة. ٹھٹھا۔ استہزاء۔

الْمُتَهَكِّم والْمُسْتَهْكِم. مغرور۔

تَهَكَّنَ عَلَى الْاَمْرِ الْفَائِتِ: نادم ہونا۔

(هكا). هَاكَاهُ مُهَاكَاةً. اپنی عقل کو عاجز وناکام سمجھنا۔

الْاَهْكَاء. حیران لوگ۔

هَلْ. حرف استفہام بمعنے کیا جیسے "هَلْ طَلَعَ النَّهَارُ"، کیا دن نکل آیا۔ اور "هَلْ" نسبت ایجابیہ کے لیے مخصوص ہے جیسے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اور هَلْ لَمْ يَقُمْ زَيْدٌ" نہیں کہا جاتا۔ اور اگر نسبت سلبیہ سے استفہام مقصود ہو تو ہمزہ لاتے ہیں اور هَلْ ایسے اسم پر بھی داخل نہیں ہوتا جس کے بعد فعل ہو اسی لیے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اورهَلْ زَيْدٌ قَائِمٌ" کہنا تو جائز ہے مگر "هَلْ زَيْدٌ قَامَ" کہنا جائز نہیں۔

اور هَلْ جملہ شرطیہ پر بھی داخل نہیں ہوتا اس وجہ سے کہ اس میں ایجاب و نفی دونوں کا احتمال ہے اور اس جملہ پر بھی داخل نہیں ہوتا جس پر اِنَّ حرف تحقیق داخل ہو اس لیے کہ اِنَّ تقریر واقع کے لیے آتا ہے اور هَلْ استفہام کے لیے اور ان دونوں میں منافات ہے۔ اسی وجہ سے "هَلْ اِنْ قَامَ زَيْدٌ تَقُمْ" اور "هَلْ اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ" کہنا جائز نہیں۔ بخلاف ہمزہ کے کہ یہ استفہام میں اصل ہے اور اس میں

بڑی وسعت ہے۔

اورهَلْ جب مضارع پر داخل ہو تو استقبال کے لئے خاص کر دیتا ہے۔ اسی وجہ سے هَلْ تَذْهَبُ الْآنَ کہنا جائز نہیں۔

هَلَّ (ن) هَلًّا الْمَطَرُ: زور سے برسنا الهِلَالُ: نیا چاند نکلنا هَلَّ الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا لِلرَّجُلُ: خوش ہونا۔ چلانا۔

هَلَّلَ تَهْلِيْلًا. تسبیح پڑھنا هَلَلُوْيَا (عبرانی کلمہ ہے جس کے معنی ہیں "پروردگار کی تسبیح پڑھو۔" کہنا (دخیل) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا۔ اور هَيْلَلَة سے ماخوذ ہے جیسے بَسْمَلَة بِسْمِ اللّٰه پڑھنا اور حَوْقَلَة لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہنا۔ کہا جاتا ہے "سَبَّحَ فُلَانٌ وَهَلَّلَ" فلاں نے تسبیح پڑھی اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه. کہا۔ وَهَلَّلَ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ بھاگنا عَنْ قِرْنِهِ: پیچھے ہٹنا عَنْ شَتْمِهِ: گالی دینے سے رُک جانا۔ ہٹ جانا الْمُكَاتِبُ: لکھنا۔

هَالَّ هِلَالًا وَ مُهَالَّةً الْاَجِيْرَ: در ماہہ اُجرت مقرر کرنا۔ تم کہتے ہو "تَكَارَيْتُهُ مُهَالَّةً" یعنی ایک چاند سے دوسرے چاند تک جیسا کہ "مُشَاهَرَةً" یعنی ایک مہینہ سے دوسرے مہینہ تک۔

اَهَلَّ الهِلَالُ: نیا چاند نکلنا الشَّهْرُ مہینہ شروع ہونا۔ اَهَلَّ الْقَوْمُ الهِلَالَ: چاند دیکھتے وقت آواز بلند کرنا الصَّبِيُّ: بچے کا رونے میں آواز بلند کرنا الرَّجُلُ: نیا چاند دیکھنا السَّيْفُ بِفُلَانٍ: تلوار کا کاٹنا الْعَطْشَانُ: پیاسے کا تھوک جمع ہونے کے لیے زبان کو تالو سے ملانا اللّٰهُ السَّحَابَ: برسانا الشَّهْرُ: مہینہ کا چاند دیکھنا الْمُلَبِّي: تلبیہ کے وقت آواز بلند کرنا فُلَانٌ بِذِكْرِ اللّٰهِ: کسی نعمت یا کسی عجیب چیز کو دیکھ کر اللہ کے ذکر میں آواز بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَهَلَّ بِالتَّسْمِيَةِ عَلَى الذَّبِيْحَةِ" اس نے ذبیحہ پر اللہ کا نام لیا۔

اُهِلَّ الهِلَالُ: نیا چاند نکلنا الشَّهْرُ مہینہ شروع ہونا۔

تَهَلَّلَ الْوَجْهُ اَوِ السَّحَابُ: چمک اٹھنا۔ فُلَانٌ: خوشی سے دمکتے ہوئے چہرے والا ہونا تَهَلَّلَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا تَهَلَّلَتْ دُمُوْعُهُ: آنسو بہنا۔

اِنْهَلَّ الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ بارش ہونا۔ اِنْهَلَّتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا السَّمَاءُ بِالْمَطَرِ: برسانا۔

اِهْتَلَّ الْوَجْهُ وَالسَّحَابُ: چمک اٹھنا الرَّجُلُ: ہنسنے میں دانت ظاہر کرنا الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ برسنا۔

اِسْتَهَلَّ الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ برسنا السَّمَاءُ: پہلی بارش برسانا الْقَوْمُ الهِلَالَ: نیا چاند دیکھنا الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا الشَّهْرَ: مہینہ کا نیا چاند دیکھنا الْوَجْهُ: خوشی سے دمک اٹھنا الصَّبِيُّ: پیدائش کے وقت چلانا۔ اور ایسا ہی ہر بولنے والے کے آواز بلند کرنے کو اِسْتِهْلَال کہتے ہیں۔ وَاسْتَهَلَّتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔

اُسْتُهِلَّ الهِلَالُ: نیا چاند نکلنا۔ اُسْتُهِلَّ السَّيْفُ: سونتا جانا۔

اَلهِلَالُ. مصدر هَالَّ کا۔ نیا چاند۔ شروع مہینہ کی دو راتوں یا تین راتوں یا سات راتوں کے چاند کو ہلال کہتے ہیں۔ اور مہینہ کی آخری دو راتوں چھبیسویں اور ستائیسویں کے چاند کو بھی۔ اور ان کے علاوہ کے چاند کو قمر کہتے ہیں۔ وَالهِلَالُ عِنْدَ اَهْلِ الْهَيْئَةِ: پہلی رات کا چاند الهِلَالُ: تھوڑا پانی۔ شکار کو زخمی کرنے کا لوہا۔ سانپ۔ اور بقول بعض نر سانپ۔ سانپ کی کینچلی۔ جوتے کا تسمہ۔ دبلا اونٹ۔ غبار۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔ اُونٹ کا نشان۔ خوبصورت لڑکا۔ چکی وغیرہ کا کنارہ جبکہ ٹوٹ جائے۔ بوچھار۔ پہلی بارش۔ ج اَهِلَّة اور اَهَالِيْل (نادر)

اَلاَهَالِيْل. بارشیں۔ اس کے لیے واحد نہیں یا اس کا واحد اُهلول ہے۔

الهَلَال. پہلی بارش۔

الهَل. س۔ باریک بال۔ کپڑا۔

الهِلّ. نموداری۔ ماہ نو۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ فِي هَلِّ الشَّهْرِ" میں اس کے پاس نئے چاند طلوع ہونے کے وقت آیا۔

الهَلَل. خوف۔ ڈر۔ کہا جاتا ہے "هَلَكَ فُلَانٌ هَلَلًا" فلاں خوف کی وجہ سے ہلاک ہو گیا۔ پہلی بارش۔ مکڑی کا جالا۔ بارشیں۔ واحد هَلَّة.

هَلَّا. کلمہ تحضیض و تندیم ہے۔ مرکب ہے هَلْ وَلَا سے۔ اگر ماضی پر داخل ہو تو ترک فعل پر ملامت کے لیے جیسے هَلَّا آمَنْتَ یعنی تم ایمان کیوں نہیں لائے۔ اور اگر مضارع پر داخل ہو تو برانگیختہ کرنے کیلئے جیسے "هَلَّا تُؤْمِنُ" تم ایمان کیوں نہیں لاتے ہو۔

الهُلّى. خوشی جو غم کے بعد حاصل ہو۔

الهَلَّة. هَلَّ کا اسم مرة۔ هَلَل کا واحد۔ چراغ دان۔ اور کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ فِي هَلَّةِ الْقَمَرِ" میں اس کے پاس چاند کے طلوع کے وقت آیا (وَ مَا اَصَابَ هَلَّةً) اس نے کچھ نہیں پایا۔

الهِلَل. بارشیں۔ واحد هِلَّةٌ. اور کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا فُلَانٌ فَلَمْ يَاْتِنَا بِهِلَّةٍ وَلَا بِلَّةٍ" فلاں ہمارے پاس آیا اور کچھ نہیں لایا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ بِهِلَّيَانَ وَ بِذِيْ هِلَّيَانَ" وہ گیا اور نہیں معلوم کہاں گیا ہے۔

الهَلِيْلَة. زمین جس پر بارش ہوئی ہو اور اردگرد بارش نہ ہوئی ہو۔

المُهَلِّل. فا۔ وہ شخص جو اپنے ہمسر پر حملہ کرے پھر بزدلی کی وجہ سے ہٹ جائے۔

اِبِلٌ مُهَلَّلَةٌ: دبلے اور جھکے ہوئے اونٹ۔

المُهَلَّل. جھکا ہوا۔

هَلَبَهُ (ض) هَلْبًا. کسی کے بال اُکھیڑنا هَلَبَ ذَنَبَ الْفَرَسِ: گھوڑے کی دم کو کاٹنا هَلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: تر کرنا۔ یا لگاتار برسانا الْفَرَسُ: گھوڑے کا لگاتار دوڑنا۔ فُلَانٌ الْقَوْمُ بِلِسَانِهِ: ہجو کرنا۔ گالی دینا۔

هَلِبَ (س) هَلَبًا. بہت بالوں والا ہونا۔

اَهْلَبَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا لگاتار دوڑنا۔

اَهْلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: تر کرنا۔

تَهَلَّبَ وَانْهَلَبَ الشَّعْرُ: بال اُکھڑا ہوا

ہونا۔
اِهْتَلَبَ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا۔
لَيْلَةٌ هَالِبَةٌ. بارش والی رات۔
الهُلْب. بال۔ پلکیں۔ اور بقول بعض موٹی پلکیں۔ اور بقول بعض دم کے بال اور بقول بعض سور کے بال۔ واحد هُلْبَةٌ.
الهَلِب. بہت بالوں والا۔
الاَهْلَب. بہت بالوں والا۔ بے بال والا۔
ذَنَبٌ اَهْلَبُ: کٹی ہوئی دم۔ عَامٌ اَهْلَبُ بہت بارش والا سال۔ سرسبز سال۔ عيش اَهْلَبُ: کشادہ آسودہ زندگی۔
الهَلْبَاء. الاَهْلَب کا مؤنث۔ رَقَبَةٌ هَلْبَاء بہت بالوں والی گردن۔ کہا جاتا ہے "وَقَعْنَا فِي هَلْبَةٍ هَلْبَاء" ہم بڑی سخت مصیبت میں پڑ گئے۔
الهُلْبَة. هلب کا واحد۔ پیڑو۔ ایک ستارہ۔
هُلْبَةُ الشَّهْرِ: مہینے کا آخر۔ هُلْبَةُ الشِّتَاءِ او الزَّمَانِ: جاڑے یا زمانے کی سختی۔
الهَلَّاب. اسم مبالغہ۔ بہت ہجو کرنے والا۔ بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔ عَامٌ هَلَّابٌ: بہت بارش والا سال۔ يَوْمٌ هَلَّابٌ: ہوا اور بارش کا دن۔ الهَلَّاب والهَلِيْب والمُهَلِّب: جنوری کے مہینے میں بہت ٹھنڈے چند دن۔
اَلْهَلَّابَة. بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
الْاُهْلُوْب. فن۔ طریقہ۔ اسلوب ج اَهَالِيْب.
اَلْمُهَلَّبِيَّة: دودھ، پسے ہوئے چاول اور چینی کا حلوہ۔
هُلْبَّةُ الشِّتَاءِ او الزَّمَانِ: جاڑے یا زمانہ کی شدت۔
فَرَسٌ مَهْلُوْبٌ. دم کٹا گھوڑا۔
المُهَلَّب. ہجو کیا ہوا۔
هَلَتَ (ن) هَلْتًا الشَّيْءَ: چھیلنا۔
انهَلَتَ. چھیلا جانا۔ اور کہا جاتا ہے "انهَلَتَ يَعْدُو" وہ دوڑتا ہوا کھسک گیا۔

الهُلَاث. ڈھیلا پن۔
الهَلْثَى والهَلْثَاء والهِلْثَاء و الهَلَثَاءَة و الهِلْثَانَة والهُلْثَة. شور مچانے والی جماعت۔ الهَلْثَانَة والهِلْثَانَة: ڈھیلا پن۔
هَلَجَ (ض) هَلْجًا. ناقابل یقین خبریں دینا۔
اَهْلَجَ الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا۔
مَحْتَوِيَات كتَاب ' عَدد مَجلّة: کتاب یا صحیفہ کے موضوعات-

حيث- اَلْحَيْثِيَّاتُ: في القرارات والاحكام: قوانین واحکام میں وہ اسباب جن کی وجہ سے فرد جرم لگی ہو-

وہ اسباب جو بحیثیت کَذَا کے الفاظ سے شروع کیے جاتے ہیں-

حيد- اَلْحِيَادُ: کسی سے پھر جانا- دو مخالف دھڑوں میں سے کسی کی طرف جھکاؤ نہ کرنا (غیر جانبدار ہونا)

اَلْحِيَادُ الْاِيْجَابِيُّ: غیر جانبدار تحریک جس کے تحت بڑے مخالف ممالک سے الگ ہونا-

حيي- اَلْحَيوى: صحت بخش' زندگی بخش- **اَلْوَظَائِفُ الْحَيَوِية** صحت بخش کام **اَلْقُوَّة اَلْحَيَوِيَّةُ:** توانائی' طاقت' تازگی **مُوْرِدٌ حَيوِيٌّ:** زندگی گذارنے کے لئے ضروری چیز-اہمیت والے کام-میدان زندگی-

في الجغرافِيَةِ الطَّبعِيَة وَ السِّيَاسِيَة: زمین اور سمندری راستے جن کے ذریعے انسانی ترقی ہو سکتی ہے-

اَلْحَيَوِيَّة: مستعدی'الحیوی کی صفت-

خبر- اَلْاِسْتِخْبَار: چیزوں کی معلومات لینا اور سوال کرنا-

اَلْاِسْتِخْبَارَات: گورنمنٹ کے معلوماتی ذرائع جن کے ساتھ داخلی و خارجی امن کے متعلق کنٹرول کر سکے-

خثر- اَلتَّخَثُّرُ: دودھ کا جم جانا- خون کا جم جانا-

خدر- اَلتَّخْدِيْرُ: سن کرنا' بے ہوش کرنا- **مجازًا:** غفلت اور لا پرواہی کرنا-

اَلْمُخَدِّرَاتُ: نشہ آور چیزیں جن کے ساتھ جسم میں کمزوری' عقل میں لاشعوری اور ذہن میں خمول ہوتا ہے-

خرج- اَلْاِخْرَاج: نکالنا **(في القضاء)** دو فریقوں میں سے ایک کو فیصلہ میں جھگڑا سے لاتعلق قرار دینا-

الاخراج في علم الاحياء: جسم کو نقصان دینے والے مادوں کو نکالنا- جیسے پسینہ' کاربن گیس وغیرہ-

فِي الْمَسْرح والسينما: قصہ یا ڈرامہ کو سکرین یا ڈرامہ روم میں پیش کرنا-

فِي الْاَدب والطباعة: ادبی اور فنی جوہر ظاہر کرنا-

خرس- اَلْخَرْسَانَةُ: سیمنٹ بجری اور ریت کو ملانے والی مشین-اس کو **الباطون** بھی کہتے ہیں-

خرط- اَلْخَرْطُوشَةُ: کارتوس- اس کو **القشكه** بھی بولتے ہیں-

خص- اَلْاِخْتِصَاص: کسی ایک میں مہارت حاصل کرنا- کسی ایک کام کے لئے فارغ ہونا-

(في القضاء) اِخْتِصَاص محكمة: فیصلہ کرنے کی مکمل صلاحیت ہونا-

في النحو: نحو میں' ضمیر متکلم یا مخاطب کے بعد اسم ظاہر**معرفة** ذکر کیا جاتا ہے وہ فعل **اخص** کے ساتھ منصوب ہوتا ہے جس کو

وجوبا محذوف کہا جاتا ہے- اسم ظاہر کو المخصوص کا نام دیا جاتا ہے-
اَلتَخصُّصُ کسی علمی شعبہ کا ماہر ہونا- منفرد ہونا-
البحث العلمی یَتَطَلَّبُ التخصُّصَ: کسی خاص موضوع پر علمی مقالہ جس کے ذریعے اس موضوع پر مہارت حاصل کی جاتی ہے-
خصب- الاخصاب: کسی جگہ کا سر سبز ہونا- سرسبز کرنا فی علم الاحیاء: نرخلیہ کا مادہ مؤنث خلیہ میں مل جانا-
خضر- الخُضور: نباتات کا سرسبز مادہ-
اَلتُّخطِیطُ: لکیریں کھینچنا- نقش کرنا-
خطّ- تخطیط مَلْعَب کُرَۃ قَدَم: فٹ بال میدان کی حدود پر نشان لگانا فی المَسَّاحَۃ: مخصوص ہیئت میں نشانات لگانا جگہ کو تقسیم کرنے کے لئے-
عِلْم التخطیط: وہ علم جو معاشیات کے لئے اہداف متعین کرتا' پروگرام دیتا ہے اور مال لگانے اور اس میں احکام نافذ کرنے کا طریقہ بتاتا ہے اَلْمَخْطُوْط: ہاتھ سے لکھا ہوا-
کتابٌ مَخْطُوْطٌ: ہاتھ سے لکھی گئی کتاب- غیر مطبوعہ تالیف مَخْطُوْطٌ صَحِیْحٌ: مؤلف کا لکھا ہوا اصلی نسخہ جو طباعت کے لئے تیار ہو-
رِسَالَۃٌ مَخْطُوْطَۃٌ: ہاتھ سے لکھا گیا خط-
مَخْطُوْطَۃ مِصْرِیَۃٌ: مصری ہاتھ سے لکھی گئی غیر مطبوع کتاب- مؤلف کا نسخہ جو ہاتھ سے لکھا گیا نشر کرنے کے لئے تیار کیا گیا-
خطب- اَلْخِطَابَۃُ: پر اثر تقریر کرنے کا فن-
خفض- اَلتَّخْفِیْضُ: کمیشن' قیمت میں خاص کمی' رعایت' کم کرنا-
تَخْفِیْضُ الْاَسْعَار: نرخوں میں کمی کرنا-
تخفیض الاجور: مزدوری میں کمی کرنا-
تخفیض الحرارۃ: گرمی میں کمی کرنا-
تحفیض الاَعْبَاء: بوجھ (مشقت) میں کمی کرنا-

خل- اَلْمُخَلّلُ: اچار-
خلص- اَلتَّخْلِیْصُ: نجات دینا- چیز کو صاف کرنا- آمیزش سے پاک کرنا- سامان اور نرخ نکالنے کی بات کرنا-
اَلْمُخَالِصَۃُ: معاملہ میں صفائی برتنا- خالص دوستی کرنا- مقروض کو قرض ادائیگی سے بری قرار دینا-
خلو- اَلْاِخلاَءِ: مکان کو خالی کرنا- جیسے ہال کو لوگوں سے خالی کرانا- برتن کو خالی کرنا-
فی القانون: زمین کو چھوٹا کر مالک کو واپس کرنا-
خمر- اَلْخَمْرِیَّاتُ: وہ قصائد جن میں شراب کے اوصاف' برتن' شرابی مجالس اور شراب پینے والوں کے احوال وغیرہ کا تذکرہ ہوتا ہے- گذشتہ ادوار میں ادب عربی میں اس کو اشعار غنائیہ میں تشکیل دی گئی- ان میں سے سب سے زیادہ مشہور خمریات ابی نواس ہیں-
خیر- اَلتَّخْیِیْر: کسی کام کو فضیلت دینا- دو کاموں میں سے ایک کے انتخاب کا اختیار دینا-
دب- دَبَّب: ہتھیار تیز کرنا- مسلح کرنا-
دبج- اَلتَّدْبِیج: نقش کرنا- مزین کرنا- ریشمی کپڑا لگا کر زینت دینا- توبیج مقال: خوبصورت گفتگو- خوبصورت لکھائی کرنا اَلتَّدْبِیج فی اَلْبَدِیْع: کلام میں کنایۃ یا توریۃ کی صورت میں خوبصورت انداز اختیار کرنا- جیسے قول: اَلْقِرْش الاَبْیَض لِلْیوم الْاَسْوَد: سفید سکہ سیاہ دن کے لئے ہوتا ہے یعنی پیسہ مصیبت کے وقت کام آتا ہے-
دبر- اَلتَّدْبِیْرُ: امور کو منظم کرنا- تدبیر مَکِیْدَۃٍ کسی چال کو تیار کرنا- کہا جاتا ہے- تدبیر مُؤامرۃٍ سازش کی سوچ و بچار کرنا-
تَدْبِیْرُ خُطَّۃٍ: اسکیم بنانا تَدْبِیْرُ عُذْرٍ: بہانہ گھڑنا تَدْبِیْرُ مُوَاجِھَۃٍ: کسی چیز کی تمہید- فیصلہ کرنا اور کارروائی کرنا-
اَلْمَرا فی تَفْکِیْرٍ واللّٰہُ فی تَدْبِیْرٍ- انسان سوچ میں ہے اور اللہ فیصلہ کرنے والا ہے-

تَدْبِیْرُ المنزل: وہ علم اور فن جن کے ذریعے گھر کو صفائی' صحت اور معاشی اعتبار سے مرتب کرنا- اور یہ کام عورتوں کے ساتھ مخصوص ہے-
التدبیر ج تدابیر: وہ کارروائیاں جن کو حکومت نافذ کرتی ہے-
تَدْبِیْرٌ صِحِّیٌ: صحت بخش اعمال-
دبلج- دَبْلَجَ: فلم کو ایک زبان سے دوسری زبان میں منتقل کرنا- و فی المسرح (تھیٹر میں) ایک اداکار کی جگہ دوسرا اداکار لانا-
دجن- دَجَّنَ: جنگلی جانور کو مانوس کرنا-
اَلدَّخُوْلِیَّۃ: سامان تجارت پر داخلہ ٹیکس- داخل ہونے کی فیس-
درب- اَلْمَدَرِّبُ: ٹریننگ دینے کا انچارج- پیشہ ور ٹریننگ دینے والا- اَلْمُدَرِّبُ الریاضی: کھیلنے والوں کو اصول کھیل اور درزش سکھانے والا اور نگرانی والا- جو مقابلہ کرنے والی کھیل ٹیم کو میچ کی تیاری کے لئے میچ کی مشق کرائے مُدَرِّبٌ مُلاکِمٌ: باکسنگ کھیل کوچ-
مُدَرِّبُ فَرِیْقِ کُرۃِ قَدَم: فٹ بال ٹیم کا کوچ- جو باقاعدہ فوجیوں اور رضاکاروں فوجیوں کو لڑائی کے طرق سکھلائے-
و فی الادارۃ: مشاغل عامہ کی وزارت میں ملازمت- اس ملازمت کو دینے والا-
درج- اَلتَّدَرُّجُ: کسی کام کی طرف رفتہ رفتہ بڑھنا-
تَدَرُّجُ الحَرارۃ: گرمی کا رفتہ رفتہ آنا-
تَدَرُّجُ بَطِیْئٌ: سست روی سے چلنا- ملازمت میں آہستہ آہستہ ترقی کرنا-
فی بَعْضِ المِھَنِ الْحُرَّۃِ: (آزاد پیشوں میں) کسی قدیم پیشہ ور کی نگرانی مہارت اور پختگی حاصل کرنے کے لئے کام کی مشق کرنا- اسی سے یہ لفظ ہے-
اَلتَّدْرِیْج فِی الْمُحاماۃِ: وکالت کی پریکٹس کرنا-
درس- المَدْرَسَۃ: اَلْفَلْسفَۃ

المدرسیة: قرون وسطیٰ میں طرز تعلیم خاص کر فلسفہ اور اس کی اساس قیاس میں- اس کے مشہور اساتذہ درج ذیل ہیں-
انسلموس: ایلار دوس پطرس لومبار دس- البرتوس الکبیر. توما الاکوینتی. بناو نشورا. روجه باکون.
درع- دِرْعُ الرئاسة: سفید اون کا قمیص جس کو عیسائیوں کے سب سے بڑے عالم (پوپ) عیسائی بشپ' پادری اور عیسائی نمائندہ حضرات کو اس لئے عطاء کرتا ہے تاکہ ان کے گرجوں میں وردی ثابت ہو- لاطینی اس کو پالیوم اور یونانی موفوریم. کا نام دیتے ہیں-
دري- اَللاَّدَرِیَةُ: دینی فلسفی مذہب جو کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اس کی صفات و اسماء کی پوری معرفت کا نظریہ رکھتے ہیں- اس کو الصنوصیة بھی کہتے ہیں- اس کی ضد: الِاِنْکَارِیۃُ یا اَللاَّ اَدْرِیۃ ہے-
دعو- اَلِادِّعَاءُ: حق یا باطل کا دعویٰ کرنا- باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب ہونا- کسی چیز کے متعلق دعویٰ کہ یہ میری ہے- تمنا کرنا- فِی الْجَدْلِ والْمُنَاظَرۃ: بحث و مناظرہ میں دلیل دینا- فِی القضاء دعویٰ دائر کرنا-
اَلِاسْتِدْعَاءُ: کسی کو طلب کرنا- فِی القضاء والادارۃ: عدالت یا دفتر میں کتاب شکایت یا کتاب طلبی-
اَلْمُدَّعِي: اس چیز کا اظہار کرنے والا جو اس میں نہ ہو-
اپنے باپ یا قوم کے علاوہ کی طرف اپنے آپ کی نسبت کرنے والا- کسی چیز کی ملکیت کا دعویٰ کرنے والا- فِی القَضَاء: عدالت میں دعویٰ دائر کرنے والا-
اَلْمُدّیر العام او النَّائِبُ العام: کمشنر یا ڈپٹی کمشنر-
دفع- الدفع دور کرنا- ہٹانا-
دَفْعُ اللّٰہِ النَّاسَ بَعْضَھم بِبَعْض: اللہ تعالیٰ کا لوگوں کو روکنا ایک دوسرے کے ساتھ-
دَفْع العربَۃِ: گاڑی چلانا- اَلدَّفْعَ نَقْداً: مال دینا-
دَفْعُ الدَّیْنِ: قرض ادا کرنا- اَلدَّفْعُ ج دُفُوْعٌ: اپنے آپ پر محکمة کی طرف سے جاری حکم کو اپیل کے ذریعے روکنا-
دکت- دَکْتُوْرَۃٌ: ڈاکٹر بننا- ڈاکٹری- سب سے بڑی یونیورسٹی کی اعلیٰ سند جو اعلیٰ تعلیم کے دی جاتی ہے- جیسے آداب میں دَکْتُوْرَۃ.
"اَلدَّکْتُوْرَۃ الفَخْرِیَۃُ:" اعزازی سند ڈاکٹری جو سیاسی علمی اور دیگر امور کی وجہ سے تعظیماً دی جاتی ہے-
دل- اِلاسْتَدلاَلُ: کسی کام کی طرف رہنمائی لینا- بکذا: دلیل پکڑنا- نتیجہ اور خلاصہ نکالنا کہا جاتا ہے یُمْکِنُ الاسْتِدْلاَلَ مِنْ ذٰلِكَ اَنَّ...... " اس سے فلاں نتیجہ لیا جاسکتا ہے-
فی المنطق "منطق میں" ایک حقیقت سے دوسری حقیقت کی طرف ایسے فعل کے ساتھ منتقل ہونا جو ان دونوں کو ملاتا ہے-
ایک عقلی منظم بحث معلوم حقائق کے ذریعے' نا معلوم حقائق تک پہنچنے کے لئے-
دلت- دِلْتَا یونانی حروف تہجی میں سے چوتھا حرف- علم جغرافیہ میں: نہر کی دو یا زیادہ شاخوں کے درمیان ایک قطعہ- دریائے نیل کا نچلا حصہ- اَلدَّلْتُوْنِیَّۃ: آنکھ کی مرض جس میں رنگوں کی پہچان خاص کر سرخ اور سبز کی پہچان ختم ہو جاتی ہے- اس کو "عَمی الالوان" کہا جاتا ہے-
دمج- اَلِادْمَاجُ: داخل کرنا- ملانا- و فی الشعر: کلمۃ کو صدر بیت اور اول عجز کے درمیان داخل کرنا- اَلِانْدِمَاجِ: داخل ہونا- مستحکم ہونا- مل جانا- متحد ہونا- اِنْدِمَاجُ مُلاحَظَۃٍ فی نصٍّ: شرح کا نص میں داخل ہونا- اِنْدِمَاجِ حُزْنَیْنِ: دو غموں کا مل جانا-
اِنْدِمَاجُ اَقَلِّیَۃِ فِی مَجْمُوْعَۃِ: اقلیت کا سب میں متحد ہو جانا-
ایک اقتصادی کمپنی کا دوسری کمپنی سے متحد ہونا' یا اتحاد کرنا- فی اصطلاح الحُکَمَاءِ: طبع میں متحد اجزاء کا باہم اس قدر قریب ہونا کہ ان سے غیر متعلقہ جسم نکل جائے- جیسے لپیٹی ہوئی روئی دھننے کے بعد-
دمغ- اَلدِّماغُ اللاَّکترونی: العقل الالکتُرونی: البکُبران: مشین جس میں آلات ہوتے ہیں- وہ انسانی دماغ کی طرح حسابی اعمال کرتے ہیں-
دور- اُلْمُدِیْرِیَّۃ: مدیر کا منصب- اس منصب کی مدت- ایک ادارہ جو مدیر کے زیر حکم ہو-
مُدِیْرِیَّۃُ الدِّفاع: دفاعی ادارہ-
مُدِیْرِیَّۃُ الهَاتِفِ: ٹیلی فون کا ادارہ-
بعض ممالک میں: ایک جس کا سربراہ مدیر (گورنر) ہوتا ہے-
اُلْمُسْتَدِیْر: دائرہ کی شکل والا- گول جسم-
مِنْشَارٌ مُسْتَدِیْرٌ: گول آراء- طَاوِلَۃٌ مُسْتَدِیْرۃٌ: گول میز- مؤتمر المائدۃ المُسْتَدِیْرۃ: گول میز کانفرنس-
اَلْمُسْتَدِیْرۃُ: کئی سڑکوں کے درمیان گول چکر-
دول- دَوّلَ: لکھنا- اَلْمَدِیْنَۃَ: کسی شہر کو کئی ممالک کے درمیان مشترکہ (آزاد) شہر قرار دینا- وَالْاَرْضَ: زمین کو قومی ملکیت میں لینا-
القَضِیَّۃَ: فیصلہ کو ملکی سطح پر کرنا-
اَلْمُدَاوَلَۃُ: مشورہ کرنا- بات چیت کرنا-
فی القضاء: فیصلہ ہونے سے پہلے معاملہ رائے قائم کرنا- یکے بعد دیگرے فیصلے کرنا-
دوم- الدَّوَامُ: ہمیشگی- باقی رہنا- اَلدَوَامُ الرَّسْمِی: کام کا وقت اور اس کی مدت جو نظام اور قانون کے ساتھ ہو-
دَوَامًا 'علی الدَّوَام: بغیر وقفہ جاری کام-
دوي- اَلدَّایَۃُ: خادمہ 'بچہ کو پالنے والی-
دیم- اَلدِّیمقرَاطِیَّۃ: وہ سیاسی نظام جس میں عوام کی حکومت عوام پر ہوتی ہے- اس کو جمہوریت کہا جاتا ہے-
قِوَامُ الدِّیمقرَاطِیَّۃُ الحُرِّیَۃ والْمُسَاوَاۃ: جمہوریت کو درست رکھنے والی چیزیں- آزادی اور مساوات ہے-
حُرِّیَّۃ الصَّحَافَۃِ وَجْهٌ مِنْ وُجُوہ

الدِّيمقراطِيّة: آزادی صحافت جمہوریت کا ایک حصہ ہے-

ذبح-الذُّبحَة: دل کی بیماریوں میں سے ایک بیماری جس کا سبب سانس کی تنگی یا خون کی نالیوں کی بندش ہے- اس وجہ سے سینہ میں درد اور اختناق ہوتا ہے- **المَذْبَحَة:** انسانوں کا قتل عام جس میں وہ اپنا دفاع نہ کر سکیں-

ذکر- التَّذکارُ اوالتِّذکار: کسی شے کو یاد کرنا- کسی چیز کو حفظ کرنا- وظیفہ جیسے **هذه السُّبحه تَذکارُ الحج:** یہ تسبیح حج کا وظیفہ ہے- وہ تحفہ جو یاد دہانی کے لئے پیش کیا جائے- جیسے **اِقْبل هذه الجَوْهَرَةَ کَتِذکارٍ:** یہ گوہر یاد دہانی کے لئے قبول کیجئے-

تَذکَارُ الْمَوْتٰی: مردوں کی تعریف جلسے کی صورت میں- **تَذکَارُ اللّٰه:** اللہ کی مدح و ثنا کرنا-

راء- اَلرّائِيَةُ: ہر وہ قصیدہ جو راء کے ساتھ روایت کیا گیا ہو- ان میں سے مشہور قصائد رائیۃ درج ذیل ہیں:

رائية ابن عبدون: رائیہ ابن بواب الخطاط- رائیہ ابن الحسن التھامی-

رأس- اَلرَّأْسمالُ: تمام ملکیتی مال قطع نظر اس کی پیداوار سے جیسے **يُنفِقُ من رَأْسِمَالِهِ:** وہ اپنے سرمایہ سے خرچ کرتا ہے-

جیسے **قَدَّمَ الرأسمالَ لِمَشْرُوْعٍ:** منصوبہ کے لئے سرمایہ لگانا-

قِيمَةُ المالِ مَوْضُوعُ الدين: مال کی شان قرض کے موضوع میں ہے- یہ الفائدہ کے متضاد ہے-

اَلرَّأْسمال والعَمَلُ: پیداوار اور اصحاب مال سے جمع شدہ تمام مال-

مجازًا: رَأْسمَالُهُ عِلْمُهُ: آدمی کا سرمایہ اس کا علم ہے-

اَلرَّأْسمَالِيَّةُ: وہ اقتصادی نظام جس میں وسائل پیداوار جاری مال والوں کے لئے ہوں- سرمایہ دار لوگوں کی جماعت- سرمایہ دار ممالک-

رأي- الرأي: اصحاب الرأي وَالْقِيَاس: وہ فقہاء جو قرآن و حدیث سے احکام فتویٰ نکالتے ہیں اپنی ذاتی رائے استعمال کرتے ہوئے، قرآن و حدیث سے بڑا قیاس لیتے ہیں اور امور کے واقعات سے چھوٹا قیاس-

ربخ- اَلرَّابُوْخ ج الروابيخ: لکڑی رنگنے کا برچھ-

ربط- اَلرَّبط: ملانا اور جمع کرنا- **الرَّبطُ بَيْنَ الْأَلْوَانِ:** رنگوں کو ملانا- **في الفلسفه:** کسی وجہ سے ذہن مل جانے کی بنا پر دو معلوم چیزوں کے درمیان تعلق جوڑنا- **الرَّبْطَة:** ربط سے مرہ ہے-

رَبْطَة مَعْكُرُوْنَة: گٹھہ- جس کے ساتھ کسی چیز کو بند کیا جائے- جیسے لفافہ اور پگڑی-

رَبْطَة السَّاقِ: جوراب باندھنے کا تسمہ-

وِسَام ربطَة السَّاقِ: سب سے پرانا اور بڑا انگریزی تمغہ اچھی گھوڑ سواری پر سب سے پہلے اس تمغہ کے بانی بادشاہ ایڈورڈ (۱۳۴۸ء) تھے- **رَبْطَةُ العُنقِ:** گردن کے ارد گرد لپٹا ہوا کپڑا جس کا ایک حصہ سینہ پر ڈالا جائے-

اَلتَّرابُطُ: تعلق اور جوڑ- **ترابُطٌ بَيْنَ اَقْسَامِ مَوْضُوعٍ:** اقسام موضوع کے درمیان جوڑ-

في الفلسفة: فلسفہ میں: دو معلوم چیزوں کے درمیان تعلق کا قیام کسی وجہ سے ذہن میں ان کے مل جانے کے سبب- **في المنطق:** ایک سلسلہ کے افراد کے درمیان جامع تعلق-

ربع- اَلرَّبَّاعُ في الرِّيَاضَةِ: ورزش میں طاقت کا امتحان دینے کی خاطر ویٹ اٹھانے والا-

اَلرُّبَاعِيَّاتُ: چار چار اشعار کے مقطعات- جیسے **رُبَاعِيَّاتُ الْخيام:**

ربو- اَلتَّرْبِيَةُ: غذائیت دینا اور پرورش کرنا- بچوں اور مچھلیوں کو پالنا-

تَرْبِيَةُ الشَّبَابِ: نوجوانوں کی تہذیب و اصلاح-

اَلتَّرْبِيَةُ: انسان کے روحانی، عقلی اور بدنی طبعی رجحانات سے نکالنا اور مخصوص حالت و معین معاشرہ کے ساتھ ڈھلنے کی طاقت پہچانا- جیسے **"تَلَقّي تَرْبِيَةً حَسَنَةً"** اچھی تربیت لینا- **"أُسَالِيبَ في التَّرْبِيْبِ":** وہ علم و فن جو انسان کو مذکور معنی کی تربیت دے اور اصول تعلیم سکھائے-

رتب- اَلْمُرَتَّبُ: ترتیب دیا گیا موضوع- جس کی ترتیب لگ چکی ہو- ماہانہ تنخواہ-

رجأ- اَلْرُجِئَةُ: علم کلام میں گفتگو کرنے والے فرقہ کا نام جو صلح پسند لوگ تھے اور خلافت کے متعلق اختلاف کو اللہ کے سپرد کرتے تھے کہ وہ قیامت والے دن اس کا فیصلہ کرے گا-

رجح- اَلرُّجْحَانِيَّة في الفَلْسَفَةِ: ان لوگوں کا نظریہ جو دعویٰ کرتے ہیں کہ حقیقت تک پہنچنا محال ہے- ایک احتمال ہی ہے- اس واسطے ان کو احتمالیہ کہا جاتا ہے-

رجع- اَلرَّجْعِي: اَلرَّجْعِيَة: کی طرف منسوب-

افکارٌ رجْعِيَّةٌ: رجعی افکار **كَاتِبٌ رَجْعِيٌّ:** رجعی کاتب- پہلے پھل کے ختم ہونے کے بعد درخت اسی سال دوسرا پھل لائے- وہ قانون جو زمانہ ماضی یا سابقہ وقت کی باتوں پر مشتمل ہو-

اَلرَّجْعِيَّةُ: قدامت پسندی: وہ تحریک جو انقلاب کے سیاسی اور معاشرتی اصولوں کی ترقی کی مخالفت کرے- بلکہ روایتی اصول کو پکڑے اور گذشتہ تنظیموں کو زندہ کرنے کی کوشش کرے-

اَلرَّجْعِيَّةُ: اس شخص کا جو زمانہ کے تقاضوں کے نہ چلے اور پرانے بوسیدہ نظریہ پر ثابت قدم رہے-

رخي- الرخواءِ الرِّخو: نرم، ڈھیلا، حروف- اخوۃ درج ذیل ہیں- تاحافادال راس ش ص ظ انطا ابین الفاالسطر یں-

رد- اَلِاسْتِرْدَادُ: کسی چیز کی واپسی کا مطالبہ کرنا-

استرداد المبیع: فروخت کی گئی چیز کا واپس کرنے کا مطالبہ کرنا۔

دَعْوٰی الاسْتِرْدَادُ فی قَانُوْن الْمُرافعات: اپیل قانون کے ذریعے چھینا ہوا ملکیتی سامان واپس لینے کا مطالبہ کرنا۔

ردف- اَلْمُرادِفَاتُ: وہ الفاظ جن کے الفاظ مختلف ہوں اور معنی ایک ہو۔

رست- اَلرَّسْتُ: موسیقی کے اصلی ابتدائی سات مقامات۔

رسل- الارسال: چھوڑنا- پیغام بھیجنا- ایک جگہ سے دوسری جگہ کتاب وغیرہ بھیجنا- ریڈیو اور ٹی-وی کے ذریعے کلام اور تصویر دکھانا۔

اَلْاِرْسَالِیَّة: دینی و مذہبی جماعت جو لوگوں کو مذہب کی دعوت دے اور بشارت دے۔ فی التجارة: وہ سامان جو ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جائے۔ اَلْمُراسِلُ: خط و کتابت کرنے والا- صحافی جو اخبار یا خبر ایجنسی کو خبریں اور معلومات بھیج دے۔ اَلرَّسْمِی: رسم کی طرف منسوب- بمعنی حکومتی، ملکی۔ اَللِّبَاس الوردی: گورنمنٹ وردی۔

رسم- الرسمي عندالعامه: عوام الناس کے نزدیک: سنجیدہ آدمی- اس کی ضد المازح بمعنی مذاق کرنے والا۔ اَلرَّسْمِیُّوْنُ: حکم نافذ کرنے والے۔

اَلرَّسْمِیَّاتُ: وہ اصول و قواعد جن کو اصطلاحاً معاشرے میں بولا جاتا ہے۔

اَلتَّقَیُّدُ بالرَّسْمِیَّاتِ: قوانین کی پابندی کرنا۔

بِلاَرَسْمِیَّة: حکومتی اجازت کے بغیر۔

رشد- اَلرَّاشِدُ: سن تمیز و شعور کو پہنچنے والا- جس پر حق قانون نافذ ہو- دین حق پر سخت پابندی کے ساتھ قائم ہونے والا- اسی سے لفظ الخُلَفَاءُ الرَّاشِدُوْن۔ یعنی وہ صحابہ رسول جنہوں نے حکومت وقت اسلام کے مطابق نافذ کی۔ اَلْمُرْشِدُ: دین حق کی طرف صحیح رہنمائی کرنے والا۔

"مُرْشِدٌ ساحِلِيٌّ" "مرشد الميناء" بندرگاہ پر جہازوں کی آمد و رفت پر کنٹرول کرنے والا۔

فِي التَّصَوُّف: وہ نیک انسان جو عابد کو دین حق میں رہنمائی کرے۔

اَلْمُرشِدُ التَّرْبَوِیْ: جو اساتذہ کو اپنی نگرانی میں تدریس کرائے اور جو پڑھانے کے طرق بتائے۔

رصد- اَلرَّصَدُ: انتظار کرنا- گھات لگانا- مالیًا: کام یا منصوبے کو مکمل کرنے کے لئے معین مال مخصوص کرنا۔ اَلرَّصَدُ الجوی ج أرصاد: موسمی حالات کو معلوم کرنے کے لئے فضائی حالات پر نگاہ رکھنا- وہ تمام کام جو اس کی ریسرچ (تحقیق) کے لیے کئے جائیں۔

ارصاد الحساب: حساب چیک کرانا۔

اِرْصَادُ مبلغ مِنَ المَالِ لِكذا: مال تیار کرنا اور کسی کام کے لئے اس کو خاص کرنا۔

رصع- اَلتَّرْصِیْع: ہار پرونا- ہیرے موتی جوڑنا۔

رعب- اَرْعَبَ: کسی کو ڈرانا۔

رعي- اَلرِّعَایَة: مص مویشی چرانا جانوروں کی حفاظت کرنا- چرواہے کا پیشہ- عوام پر حکومت کرنا- رعاية الحقوق: حقوق کی حفاظت کرنا- بچوں کی نگرانی کرنا- سربراہی کرنا۔

جَرَتِ الحَفْلَة بِرِعَايَة فُلاَن: فلاں کی سربراہی میں جلسہ منعقد ہوا- کہا جاتا ہے:

معاملة الدُّوَل الاكثر رِعَايَةً: ممالک کا معاملہ زیادہ شان پر منتج ہوتا ہے۔

رفع- اَلْمُرافَعَة: وکیل عوام یا وکیل سرکار کا عدالت میں کیس کرنا یا دفاع کرنا- عدالتوں میں دفاع کا قانون۔ قَانُوْنُ الْمُرافعات المدنية: سول عدالتوں کے اصول۔

رفق- اَلْمُرْفَقُ: اپنے علاوہ کے ساتھ جوڑا گیا یا ملایا گیا۔

"مُسْتَنَدَاتٌ مُرْفَقَةٌ بِه" اس کے ساتھ سندیں کف ہیں- یعنی شہادتیں۔

اَلرَّفِیْقُ الاَبْیَضُ: سفید جنس غلام۔

رقب- اَلرَّقَابَة: چوکیداری اور خبردار کرنا- کہا جاتا ہے فُلاَن تَحْتَ الرَّقَابَة: فلاں زیر حراست ہے۔

الرَّقَابَةُ علي سكوك فُلاَن: فلاں کے کردار پر کڑی نگاہ ہے۔ اَلرَّقَابَةُ عَلی الاَسْعَار: چیزوں کے نرخ کے متعلق حکومت کے نمائندہ حضرات کو خبردار و آگاہ کرنا اور احتیاطی تدابیر کرنا۔

في الاقتصاد السياسي: حکومت اور مرکزی بینک (سٹیٹ بنک) کا سکہ کی قیمت پر کنٹرول کرنا- اس کا نام رَقَابَةُ الصَّرْف ہے۔

الرَّقَابَةُ الصُّحُفِيَّة: حکومت کے نمائندوں کا اخبارات و مجلات کی نگرانی کرنا تقسیم و توزیع سے پہلے۔

حَقُّ الرَّقَابَة: نگرانی کا حق

اَلْمُراقَبَة: حفاظت کرنا اور خبردار کرنا۔

مراقبة الحُرَّاس: چوکیداروں کی نگرانی میں حفاظت۔

مراقَبَة الاَشغال: کاموں کو دیکھنا۔

مراقبة العَمَلِيَّات الاِنْتِخابِيَّة: انتخابی کارروائیوں کی نگرانی کرنا اور انتظامی امور کرنا۔

مراقبة المطبوعات: طبع ہونے والی کتب کو چیک کرنا تقسیم سے پہلے- سنسیر شپ۔

مراقبة الاسعار: چیزوں کے نرخ کنٹرول کرنے کے معلومات حاصل کرنا اور اصلاح کے لئے تدابیر کرنا۔

برج فِي المطار: ائیرپورٹ ٹاور- کنٹرول روم۔

رقص- اَلرَّاقِصَة: پیشہ ور ناچنے والی۔

اَلْمَرْقَصُ ج مَرَاقِص: ناچنے کی جگہ۔

رقع- اَلتَّرْقِیْع: مص: کپڑے کو پیوند لگانا- جوڑ لگانا- (طب) جلے یا کٹے ہوئے مقام پر اپریشن کے ذریعے دوسری جگہ سے کاٹ کر گوشت کا ٹکڑا پیوند کرنا۔

رقم- اَلتَّرْقِیْم: حروف پر نقطے لگانا- نمبرنگ کرنا- نمبر لگانا۔ الارتكاز: ٹیک لگانا- حکومت پر قابض ہونا۔

نقطة الارتكاز: کرین کا مرکز انتقال- کام کرنے کا قاعدہ- کہا جاتا ہے اخذ الجیش

هذه الْمدينة نقطة ارتكاز: لشکر نے اس شہر کو مورچہ بنالیا-

اَلْمَرْكَزِيَّةُ: وفاقی ادارہ جو تمام حکومتی اداروں پر حکم چلائے اور ان کو متحد کرے جس کا ہیڈ کوارٹر دارالخلافہ ہوتا ہے- فِي الدُّوَلِ الْاِتِّحَادِيَةِ: وہ سیاسی نظام جس کے تحت وفاقی حکومت اپنی اتحادی ریاستوں کی اصلاحات کے لئے کام کرے-

اَللاَّمَرْكَزِيَّة: وہ نظام جس میں کچھ وفاقی اداروں کے لئے اصلاحات کر دی جائیں اور باقی اداروں کے لئے یہ اصلاحات نہ ہوں-

و في الدُّوَلِ الْاِتِّحَادِيَةِ: متحدہ ریاستوں کا مرکزی حکومت سے کچھ اصلاحات اور قوانین عدلیہ میں خود مختار ہونا-

(حی) ایک آلہ کے جز میں گول حرکت کو اسی کے دوسرے جز میں لمبی حرکت میں بدلنا-

رم- اَلتَّرْمِيْمُ: پرانی عمارت کو درست تعمیر دینا- کسی کام کی اصلاح کرنا-

رمي- اَلرِّمَايَةُ: تیر اندازی کرنا- نشانہ پر کارتوس گولی لگانا- نشانہ بازی کا کھیل- تیر اندازی کا پیشہ- نشانہ بازی کی تربیت دینے کے لئے معین جگہ-

رهب- الارهاب: خوف زدہ کرنا- اَعْمَالُ الْاِرْهَابِ: دھمکی، قتل اور دھماکہ کر کے خوف زدہ کرنا-

روت- اَلرُّوْتِينِيَّةُ: کسی کام کو بار بار معمول کے مطابق کرنا تاکہ اس کی عادت ہی بن جائے-

فِي عَمَلِ الْمُوظَّفِ رُوْتِيْنِيَّةٌ قَاتِلَةٌ: ملازم کے کام میں روٹین اس نوبت تک آجائے کہ اس کو ہلاک کر دے- لاَ يَزَالُ عَلٰى رُوتِيْنِيَّة: وہ اپنی روٹین پر ہمیشہ سے ہے-

روح- اَلرُّوْحِيَّة: وہ فلسفی مذہب جو روح کے وجود کو بصری سمجھتے ہیں- اس کے مقابلہ میں اَلْمادِّيَة ہیں- اَلْاِسْتِرَاحَةُ: آرام کی خاطر کام سے رکنا- وقفہ کرنا- تفریح ٹائم- دَخَنَ سِيْجارة خلال الْاِسْتراحَةِ: اس نے تفریح ٹائم میں سگریٹ نوشی کی- مسافروں اور سیاحوں کے آرام، کھانے سونے اور خوشحالی کے لئے عمارات-

رود- اَلْاِرَادَةُ: کسی چیز کے کرنے پر چاہت اور قدرت "فَرَضَ اِرَادَتَه" ارادہ لازم کرنا- بِاِرَادَةِ اللّٰهِ: اللہ کے حکم کے ساتھ- قُوَّةُ الْاِرَادَةِ: کسی کام کو کرنے یا نہ کرنے کا عزم- رغبت اور مقصود- اَلْاِرَادَةُ الْحَسَنَةُ: کسی اچھے یا برے کام کو کرنے کی صلاحیت-

اَلْمُرِيْدُ فِي التَّصَوُّفِ: اپنے ارادہ کو ترک کر کے اپنے شیخ کے حکم کو ماننا اور ریاضت و مجاہدہ میں اس کے تابع ہونا- یا وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کے اسماء کے ساتھ اللہ کی طرف تعلق جوڑے-

روض- اَلْمُرَوِّضُ: جانوروں کو کھیل تماشہ کی ٹریننگ دینے والا-

روق- اَلرِّوَاقِيَّةُ: ایک فلسفی مذہب جس کی بنیاد چوتھی صدی قبل مسیح زینون رواقی نے رکھی-

یہ مذہب حلولیہ اور مادیہ کی ایک شکل ہے جس میں کہا گیا ہے کہ وجود مادہ اور مادہ کو چلانے والی قوت سے مرکب ہے- اور اخلاق کی بنیاد عقل پر ہے جو کہ طبعی قوانین سے لیتی ہے نہ کہ خواہشات اور مصالح جو کہ ان کے مخالف ہیں-

روي- اَلرِّوَايَةُ: کسی حقیقی یا خیالی واقعہ کو بیان کرنا-

"وَصْلُ الشِّعْرِ الْجَاهِلِي اِلَى مُدَوِّنِيَة عن طَرِيقِ الرِّوَايَة" زمانہ جاہلیت کے شعروں کو یاد کر کے آئندہ نسل تک پہنچانا-

"اَبْطَالُ الرِّوَايَةِ" ناول و افسانہ نگار جس میں خیالی تصورات اور اشخاص کو حقیقی تصورات اور اشخاص کی طرح پیش کرتے ہیں اور ان کے درمیان گفتگو، عادات، طبائع، خواہشات اور جذبات کو ذکر کرتے ہیں-

تَمْثِيْلُ رِوَايَةٍ: ڈرامائی شاعری-

رِوَايَةٌ هُزَلِيَّةٌ: مزاحیہ کلام کا بیان-

هَزَةُ رِوَايَةٍ: من گھڑت خبر، خبر گھڑنا- گھڑا ہوا قصہ-

رِوَايَةٌ بُولِيسِيَةٌ: خطرناک کام اور جانبازی کے واقعات بیان کرنا- یا وہ کہانی جس میں جرائم کی تحقیق کا نظریہ ہو-

زبل- الزَّبَّالُ: خاکروب-

زرد- الزَّرْدَةُ: زرہ کا کڑا، زنجیر کا کڑا-

زركش- زَرْكَشَ: منقش کرنا: ملمع کرنا- مزین کرنا-

زل- اَلزَّلْزَالُ والزِّلْزَالُ: زلزلہ- سطح پر حرکت آنا جو مخصوص گہرائی اور معین مقام سے شروع ہوتی ہے-

زمل- اَلزَّمَالَةُ: کام، پڑھائی اور پیشہ میں ہم جماعت ہونا- ساتھی ہونے کی بنا پر اچھے تعلقات-

زهر- اَلزَّهْرِيَّةُ: پھولوں کے لئے گلدان- اس کو اَلْمَظْهَرِيَة بھی کہا جاتا ہے- زَهْرِيَّات کا واحد- انگوروں کی قسم جس کا پھول ظاہر ہو-

اَلزَّهْرِيَّاتُ: موسم ربیع کی میں قصائد ان میں سے زیادہ مشہور زهریه بدیع الزمان الهمداني اور زهریه صفی الدین الحلی ہیں-

زوج- اَلْاِزْدِوَاجِيَّة: شادی شدہ کی حالت یا صفت- مختلف طبیعتوں کے دو عناصر کا ملنا-

و في الحكم: دو حکومتوں کا کسی ء میں غیر قانونی طریقہ پر شریک ہونا جب کہ یہ حکم کے عیوب میں سے ہے-

زيد- اَلزَّيْدِيَّةُ: شیعوں کے ایک فرقہ کا نام جنہوں نے اپنا امام جناب زید بن علی بن الحسین کو بنایا- ان کی اکثریت ایران اور یمن میں آباد ہے-

سار- اَلسَّارُوْقِيم: فرشتوں کی صفوں میں پہلے آسمان پر روحانیوں کے نام-

سأل- اَلسُّؤَالُ ج اسئلہ: صدقہ طلب کرنا-

حدیث میں ہے: آپ نے زیادہ سوال کرنے سے منع فرمایا- کسی مخاطب سے پوچھنا- علم حاصل کرنا- یا معلومات کے متعلق وضاحت لینا-

اس کاالٹ: جواب ہے- طالب علم سے امتحان لینے کے لئے جواب پوچھنا-

اَلْمَسْؤُلُ ذمہ دار- کسی جماعت میں قیادت کے ذمہ دار اَنْتَ مَسْؤُل عن المُخَالَفَةِ: تم مخالفت کے متعلق ذمہ دار ہو-

حکومت کا نمائندہ:

عَلَيْكَ مُرَاجَعَةَ الْمَسْؤُلِيْن آپ حکومتی نمائندوں سے رابطہ رکھیں-

سبأ- اَلسَّبَئِيَّةُ: غالی شیعہ میں سے ایک جو کہ عبداللہ بن سبا کی طرف تھی-

سبت: سبتمبر: میلادی مہینوں سے نواں ماہ ہے-

اَلسَّبْتِيَّاتُ: رومیوں کی عیدیں جو کہ معبود ساتور توس کی عزت کے لئے منائی جاتی تھیں- ہر مزاحیہ جلسوں کے نام سے مشہور تھیں-

سبح- السَّبَاحَةُ: تیراکی السَّبَاحَةُ عَلي الظَّهرِ: پیٹھ کے بل تیراکی- بدنی ورزش جس مین کس میچ ہوتے ہیں اور فوائد ہوتے ہیں-

مُبَارات السَّبَاحَة فی الالعاب الاولمبية: اولمپکس کھیلوں میں تیراکی میچ-

اَلْمَسْبَحُ ج اَلْمَسَابِح: تیراکی کی جگہ- تیراکی کو تحفظ دینے کے لیے تیار کی گئیں عمارات-

سبع- اَلسَّبْعِيْنِيَّةُ: عہد قدیم کا یونانی ترجمہ جو سب سے زیادہ مشہور ہے- اس کام کو یہود نے مصر میں سرانجام دیا تھا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ بطلیموس نے تیسری صدی قبل مسیح ستر (۷۰) تراجم کروائے جو کہ ہمیشہ سے یونانی گرجوں اور ان کی برانچوں میں استعمال ہو رہے ہیں-

سبق- اَلْاَسْبَقِيَّةُ: اسبق کی طرف نسبت-

اَسْبَقِيَّةُ حَادِثٍ: کسی واقعہ کا سب سے پہلے ہونا-

وزمانا: سب سے زیادہ قدیم- عزت و آبرو کا ایک لقب رُتْبَةً: سب سے زیادہ حق-

اَلْمُسَابَقَةُ: مقابلہ- اَلْمُسَابَقَةُ فی الحساب: ریاضی کے موضوع میں مقابلہ طلباء- لکھائی، ڈرائینگ وغیرہ میں مقابلہ-

اَلْمُسْبَقُ آگے نکل جانے والا گھوڑا یا انسان- پہلے کیا گیا وعدہ پیشگی رقم-

ست- السِّتُّ: سردار عورت- سردار عورت کی اولاد- باندی کی اولاد-

سجل- التَّسْجِيل: ریکارڈ کرنا- لکھنا- محفوظ کرنا- رجسٹر میں اندراج کرنا- نوٹ کرنا-

اَلْمُسَجَّلُ: تحریر شدہ- رجسٹری شدہ- رجسٹرڈ-

اَلْمُسَجِّلَةُ: ٹیپ ریکارڈ-

سحق- اَلْمَسْحُوْقُ ج اَلْمَسَاحِيْقُ: دليلمَسْحُوْقُ ارز: چاول کا دلیا- پاؤڈر-

سخن- السَّخَانَة: ہیٹر-

سد- الِانْسِدَادُ: بند ہونا- اِنْسِدَادُ الْاَمْعَاءِ: انتڑیوں کا بند ہونا- اِنْسِدَادُ مَجْرىً: مائع چیز پانی وغیرہ کا گذر بند ہونا- شریانوں کا بند ہونا-

سر- اَلسَّرِيْرِى: پوشیدہ امراض کا علم رکھنے والا-

طِبٌّ سَرِيْرِى: پوشیدہ علاج معالجہ-

دُرُوسٌ سرِيْرِيَّةٌ: پوشیدہ اسباق-

اَلسَّرِيْرِيَّاتُ: مریض کی موجودگی میں طلباء کو مرض کے علاج پر پریکٹس کرانا- اس کا چند نظریات میں اسباق ہے-

اُسْتَاذُ السَّرِيْرِيَّات: طلباء کو علاج کی پریکٹس کرانے والا پروفیسر-

تَسْرِيْعَةٌ: بالوں کو کنگی کرنا- صاف کرنا اور مخصوص ترتیب کرنا-

سرع- التَّسَارُعُ: تیزی کرنا- جلدی کرنا-

سرق- السَّرَاقَةُ: ہاتھ والا آراء-

سري- الِاسْرَاءُ: رات کو چلنا- حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا مکہ سے بَيْتُ الْمَقْدس کی طرف رات کو براق پر جانا- قرآنی سورتوں میں سے ایک سورت-

سطر- اَلْمُسْطِرِين: آلہ تعمیر-

سعر- التَّسْعِيْرُ: س: نرخ مقرر کرنا- کسی ملک کی طرف سے اشیاء کے نرخ مقرر کرنا جس سے زائد قیمت پر فروخت کرنا منع ہوتا ہے-

التَّسْعِيْرَةُ: سامان کی قیمت مقررہ-

تَسْعِيْرَة جُمْرُكِيَّةٌ: سرکاری نرخنامہ-

سعف- الْاِسْعَافُ مص اَسْعاف المحتاج: ضرورت مند کی مدد کرنا-

اِسْعَافُ المريض: مریض کا علاج اور مالی مدد کرنا-

الاسعاف العام: حکومتی صحت والا ادارہ جو مریضوں اور آفت زدہ افراد کو ایمرجنسی حالات میں ایمبولنس گاڑیوں کے ذریعے طبی مراکز پر پہنچانے کا انتظام کرتا ہے-

سکر- اَلسَّكَاكِر: چینی سے تیار کردہ حلوی

السَّكَاكِرِى: حلوے والا-

كُلّ شي سكاكرى حُرّم عليه: ہر میٹھی چیز اس پر حرام کردی گئی ہے حلوی بنانے والا یا فروخت کرنے والا-

السُّكَّرِى: چینی والا الطَّعْمُ سُكَّرِىٌ: چینی والا کھانا- شوگر مرض والا-

الداء السُّكَّرى او البَوْل السَّكَّرى: شوگر مرض جس میں جسم بے چین ہوتا ہے اور پیشاب میں شوگر کی کثرت ہوتی ہے- اس کا علاج پرہیز اور انسولین دوائی کے ساتھ کیا جاتا ہے-

السُّكَّرِيَّةُ: چینی کا برتن-

سکن- اَلْمُسَكِّنَاتُ: اندرونی بیرونی استعمال کے لئے ادویات جو دردوں کو کم کرتی ہیں اور اعصاب کو سکون دیتی ہیں- ان میں سے ایک مورفین ہے-

مجازًا: جو علت سے ہٹادے- اور اس کو ختم نہ کرے جیسے جھوٹا وعدہ اور عارضی حل-

سلب- اَلسلبی: نفی اور انکار والا-

جَوَابٌ سَلْبِیٌ: نفی والا جواب- اس کا الٹ ایجابی ہے- غیر تعمیری نظریہ جو کسی نتیجہ تک نہ پہنچے-

الدِّفَاعُ السَّلْبِی: فضائی حملوں کے خلاف

بچاؤ اور حفاظتی اقدامات-
اسْلِبِيَّة: منفی کی صفت اور حالت- فلسفی اخلاقی مذہب جو ہر عقیدہ اور ہر ثابت شدہ حقیقت کا انکار کرتا ہے-
سلح- اَلتَّسْلِيْحَة: لوہے کا ڈھانچہ جس پر عمارت قائم ہو یا بنائے ہوئے اوزار ہوں-
تسليحة الاسمنت: سیمنٹ بھرا ہوا لوہا-
سلسل- التَّسَلْسُلُ: زنجیر کی شکل میں پرونا- تشبیہ کے طور پر کہا جاتا ہے-
تَسَلْسُلُ الماءُ: پانی جاری ہونا-
تَسَلْسُلُ الاَحْداثِ: پے در پے حادثات کا ہونا-
تَسَلْسُلُ الاَفْكار: نظریات کا باہمی تعلق ہونا-
اَلتَّسَلْسُلُ الادارى: وہ نظام جو محکوم کو حاکم کے ساتھ ملا دے خواہ وہ ملازم ہو یا ادارہ ہو- اس کا اطلاق اس بات پر ہوتا ہے کہ ایک ملازم کا دوسرے کے ساتھ معاملہ ہونا یا ایک ادارہ کا دوسرے ادارہ کے ساتھ معاملہ جاری ہونا-
سلف- اَلتَّسْلِيْف: قرض دینا-تَسْلِيف عَلٰى رَهْنٍ: گروی چیز پر قرض دینا- پیشگی دینا-تَسْلِيفٌ علٰى وَثِيْقَةِ النَّاسِ: ضمانت کے اعتماد پر قرض دینا- مال مطلوب کا ایک حصہ دینا-
اَلتَّسْلِيفُ علٰى بِضَاعَةٍ: سامان تجارت پر قرض دینا-
بَنْكُ التَّسليف: صنعت، تجارت اور زراعت میں ترقی کے لیے قرض دینا-
سلك- اَلسُّلُوكِ: کسی کام میں تصرف کرنا- تصرف کا طریقہ-
لاَمَه علٰى سُلُوكِه: کسی کے کردار پر ملامت کرنا-
انسان کی سیرت ولٰکن اِنَّه حُسْنُ السُّلُوكِ: بیشک وہ نیک سیرت ہے-
فی علم النَّفْسِ: آراء و احوال میں کائنات کے تصرف کا سبق-
فی التَّصَوُّف: معرفت الٰہیہ میں ریاضت کا طریقہ-

سلم- اَلْمُسَلَّمَاتُ: بنیادی ابتدائی معلومات جن کو بغیر دلیل قبول کیا جاتا ہے تاکہ ان کے ذریعے دوسرے قضیہ پر دلیل ہو سکے- وہ امور جن کے تسلیم کرنے کے خلاف کوئی رائے نہ ہو- کہا جاتا ہے هٰذَا مِنَ الْمُسَلَّمَاتِ: یہ تسلیم شدہ چیزوں سے ہے-
سم- اَلْمُسَامُ: چھوٹے سوراخ- حَجَرٌ ذُومَسامٍّ: سوراخ دار پتھر-
مُسامُ الجِلْدِ: چمڑے کے اندر سوراخ جن سے پسینہ آتا ہے-
سمح- اَلسَّمَاحَةُ: جود و کرم-مِنْ اَهْلِ السَّمَاحَةِ: فلاں سخی لوگوں سے ہے- نرمی کرنا-
سَمَاحَة الدِّين: دین کی نرمی- اسلامی القاب میں سے لقب جیسے: سماحة المُفتِي: "سَمَاحة الإمام": محترم مفتی محترم امام-
سمر- اَلْمِسْمَارِيَةُ: مسماریہ کتابت - یہ کتابت نہرین کے مابین ممالک میں شروع ہوئی- اس کے ابتدائی آثار قبل المسیح چوتھے ہزار سال میں معلوم ہوئے-
سمع-سَمْعِيٌّ بَصَرِيٌّ: وہ چیز جو سمع و بصر کو جمع کرے لَلطَّرِيقَةُ السَّمْعِيَّةُ وَالْبَصَرِيَةُ: وہ طریقہ تعلیم جس میں بچوں کے حواس پر زور دیا جاتا ہے اور ان کو بیک وقت سمع و بصر کے استعمال پر مجبور کیا جاتا ہے مثلاً تصویر دکھانا اور اس کے متعلق باتیں سنانا- جیسے ٹی- وی کا استعمال-
سمو-اَلسُّمُو: بلندی و شان- جیسے سُمُوُّالبَصَرِ: آنکھ کی بلندی-
مَجازاً: اعلیٰ و ارفع ہونا جیسے اعلیٰ اخلاق و ارفع شعور- عزت و احترام کا لقب- جیسے "سُمُوُّالاَمِيْرِ" محترم امیر-
سنس- سَنْسكريت: اس کا معنی: مہذب زبان- یہ ہندوستان والوں کی قدیم ترین زبان ہے جس میں ان کی قدیم کتب تحریر و تالیف کی گئیں-

سهل- اَلتَّسْهِيْلُ: نرمی و آسانی کرنا- تَسْهِيْلُ الاُمُور: امور کو آسان کرنا- و عندالقراء: قراء کے ہاں: ہمزہ کو ہمزہ اور ہاء کے درمیان پڑھنا-
عندالصرفيين: صرفیوں کے ہاں: ہمزہ کو اس کے اور ماقبل کی حرکت کے حرف کے درمیان پڑھنا جیسے اَلْخطِيْئَة کَالْخطِية: پڑھنا-
سهم- اَلْمساهِمُ: حصہ دار- ایک یا ایک سے زیادہ حصوں کا مالک کسی کمپنی میں-
دَعْوة المُساهِمِين: اِلَى الاِجْتِمَاع: کسی کام میں شریک کار افراد کو اجتماع میں شرکت کی دعوت-
اَلْمُسَاهَمَةُ: کسی کام میں شریک کار ہونا-
اَلْمُسَاهَمَةُ فى النَّفَقَاتِ: خرچہ جات میں حصہ دار ہونا-
سول- اَلسُّوُلُ: کسی چیز کو بچپن سے مانگنا- گداگری کرنا-
مَنْعُ السُّوُلِ فِى احياء من العَاصِمَةِ: دارالخلافہ کے محلوں میں گداگری کا منع ہونا- گداگری سے بچانا-
سوي- الِاسْتِوائِى: خط استواء کی طرف نسبت-
اَلْمِنْطَقَةُ الِاسْتِوَائِيَّةُ: خط استواء والا علاقہ-
اَلْمَنَاخ الِاسْتِوائِى: وہ فضا جس میں بلند حرارت، کثرت بارش ہو اور موسم نہ ہوں-
اَلتَّسْوِيَةُ: تمہید- ایک چیز کو دوسری کے برابر کرنا- جیسےتَسْوِيَة الاَرْضِ: زمین کو برابر کرنا-
علاقائی کمیٹی کے ہاتھ پر صلح کرانا- بذریعہ قانون صلح ہونا- وضع کو قوانین کے مطابق ڈھالنا-
اَلْمُسَاوَاةُ: ہم مثل اور برابر ہونا-
اَلْمُسَاوَاةُ السِّيَاسِيَّةُ وَالِاجْتِمَاعية: بنیادی نظریہ جس کے تحت تمام لوگوں کو سیاسی اور معاشرتی حقوق دیئے جائیں-
وَ فِى الْبَلاَغَة: لفظ معنی کی مقدار کے برابر

ہو-
اَلْمُسْتَوِیْ: برابر ہونے والا- بچھایا گیا-
"فُسحَۃٌ مُستوِیَۃٌ" برابر صحن- اسَطْحُ
المُسْتَوِی: برابر سطح جس پر دونوں خط برابر ہوں-
سیج- اَسِّیجَارَۃُ ج سجائر و سجایر: سگریٹ- اس کوالسیکَارَۃُ بھی کہا جاتا ہے-
اَلتَّسْیِیْرُ: کسی کی طرف حرکت کرنا- حرکت دینا- گھمانا- تَسِیْیرُ الآلَۃ: آلہ گھمانا-
عِندَالْمُتَکَلِّمِین وَالْفَلاَسفۃ: جبریہ ہیں-
سیل- اَلسَّیُولَۃُ: بہنے والا ہونا- سُیُوْلَۃُ المَاءِ: پانی بہنا-
سین- السینمائی: سینما کا ماہر- اَلْفَنُّ السینمائی: سینما کا فن- سینما کے کاموں میں کام کرنے والا اور حصہ دار-
شبع- الاشباع: پیٹ بھر کر کھلانا- "اِشْبَاعُ الجائع" بھوکے کو کھلانا- اشْبَاعُ الثَّوبِ: کپڑے کو رنگ کرنا-
راضی کرنا- (ك): جسم کو مرکبات سے کفایت کرنا-
عندالنحاۃ: حرکت کو کھینچنا کہ اس سے حرف پیدا ہونے لگے- جسے دراھم کے کسرہ کو دراھیم پڑھنا-
شبك- اَلشبا کۃ: کاغذ میں سوراخ کرنے کا آلہ-
الشَّبُکِیَۃ: مریض کی آنکھ کو پردہ میں رکھنے کے لیے پٹی-
اَلِاشْتِبَاكُ: ایک دوسرے کے ساتھ مل جانا-
اشتباك اسلاك حَدِیْدِیَّۃ: لوہے کی تاروں کا آپس میں مل جانا-
اشتِبَاك بالاَیْدِی اشتِبَاكٌ مُسلَحٌ: ہاتھوں سے اور ہتھیاروں سے لڑائی کرنا- عدم الاشتباك فی القتَال: لڑائی میں داخل نہ ہونا-
شبہ- التُّشبیہ: ایک چیز کو دوسری چیز سے مشابہت دینا-
تشبیۃ دور القلب بمضخۃ: دل کی دھڑکن کو پمپ کے ساتھ مشابہت دینا-
وَ فِی الْبیان: علم بیان میں: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ وصف میں ادات کے ذریعے ملانا-
شبي- اَلسَّبِیۃ: سریانی کلمہ ہے جس کا معنیٰ: اَلْاُسْبُوْعِیَۃ: یعنی ہفتہ کے دنوں میں نماز کی کتاب- یہ کتاب کروشنیہ روما میں ۱۷۷۲ کو طبع ہوئی- پھر عربی میں اس کی طباعت نئے سرے سے ہوئی-
شحم- اَلتَّشْحِیْمُ: ٹکراؤ کے مقامات میں آلات کے اندر چربی لگانا-
اَلْمَشْحَمَۃُ ج مَشَاحِم: رگڑ کا مقام جہاں گریس لگائی جاتی ہے- مشاحم سیارۃ: گاڑی کے اندر گریس لگانے کے مقامات-'
اَلْمِشْحَمۃ: گریس لگانے کا آلہ-
اَلشَّخْصِی: شخص کے ساتھ خاص- رَأیٌ شخصی: ذاتی رائے-
اَمْتِعَۃٌ شَخْصِیَّۃٌ: ذاتی سامان- شَخْصِیًّا: بذات خود- اَلاَحْوالُ الشخصیَّۃُ: وہ قوانین جو افراد کے احوال اور ان کی اہلیت کے متعلق ہوں- قَانونُ الاحوال الشخصیۃ: وہ قانون سازی جو ایسے مسائل پر مشتمل ہو جو دینی احکام کے متعلق ہوں جیسے شادی اور اولاد کے مسائل-
اَلشَّخصِیَّۃُ: جو ایک شخص کو دوسرے سے نمایاں کر دے- جیسے وَکان قَوِیَّ الشَّخصِیۃ: وہ طاقتور شخصیت والا ہے- "لا شَخصِیَّۃَ لہ": اس کی کوئی شخصیت نہیں-
شَخْصِیَّۃُ مُعتد: وہ اوصاف جن کے ذریعے کوئی آدمی خود بخود پہچانا جا سکے-
شَخْصِیَّۃ بارِزَۃٌ: وہ مشہور آدمی جو اپنی ملازمت' اثر و رسوخ اور اجتماعی مرکز کی وجہ سے معروف ہو-
حَضَرتْ شَخْصِیَّاتٌ عدیدۃ حفلۃ التدشین: بڑے بڑے لوگ جلسہ افتتاح میں شریک ہوئے-
وَ فِی القانون: وہ حق داری جس کا اعتراف کسی جماعت کے حق میں ہو جائے جس کی وجہ سے اس کو ایک قانونی حیثیت اور وجود مل جائے-
اَلتَّشْخِیصُ: نشانیوں اور علامتوں کی وجہ سے کسی شخص کی پہچان-
تَشْخِیصُ المَوتِ: کسی شخص کی زندگی کے متعلق تحقیق کرنا- (فی الطب) کسی مریض کی مرض کا تعین کرنا-
اَلتَّشْخِیصُ الرِّوائی: ڈرامہ کرنا-
شرح- شَرحُ الجُثَۃ: موت کی وجہ معلوم کرنے کے لئے یا علمی تحقیق کے لئے پوسٹ مارٹم کرنا-
اَلْمَشْرحَۃُ: پوسٹ مارٹم کا تختہ- پوسٹ مارٹم کا تختہ-
شرع- اَلشَّرْعِیَّۃُ: شرعی ہونا (شرعی کی صفت یا اس کا حال)
شَرْعِیَّۃُ عَقْد: عقد کا جواز- شَرعِیَّۃُ اجْراء: قانونی کارروائی-
اَلتَّشْرِیْعُ: قوانین جاری کرنا- سُلْطۃ التَشْرِیْع: قوانین جاری کرنے کی اتھارٹی-
تشریع العمل: "التشریع المالی" کسی زرعی زمین کے متعلق مجموعہ قوانین-
اَلتَّشْرِیْعِی: تشریع کی طرف نسبت-
عَمَلٌ تَشْرِیْعِی: قوانین سازی کا کام-
اِنتخابَاتٌ تَشْرِیْعِیَّۃٌ: قانون ساز جماعت کے الیکشن-
اَلْمَجْلِس التَشْرِیْعِی او السُّلطۃ التَشْرِیْعِیَّۃُ: وہ کمیٹی جو قوانین کو جاری کرنے کا نظم بناتی ہے-
اَلْمَشْرُوْعِیَّۃُ: قانونی ہونا- جائز ہونا-
مشروعیۃ حق: درست پلاننگ-
شرف- اَلتَشْرِیْفَاتُ: استقبال اور حکومتی جلسوں میں اصول و قواعد جن کا خاص خیال رکھا جاتا ہے (پروٹوکول) ان کو المراسم بھی کہا جاتا ہے- سجلُّ التَشْرِیفَات: زائرین کا رجسٹر جس میں وہ اپنی آراء اپنے ناموں کے ساتھ لکھتے ہیں- (وزیٹنگ رجسٹر)
شرق- الاشراق: اشراق الشمس:

سورج کو طلوع کرنا- سورج کا چمکنا- اشراق الوجہ چہرے کا خوشی سے چمکنا- چہرے کا خوبصورت ہونا- افلاطون کا جدید فلسفی نظریہ کہ یہ عالم اللہ تعالیٰ سے ایسے نکلتا ہے جیسے روشنی سورج سے نکلتی ہے-

اَلْاِشراقیّون اس کا واحد: اَلْاِشْراقی اس فلسفی مذہب کے پیروکار جو کہ مشرقی حکمت کے قائل ہیں- ان کا ہدف یہ ہے کہ یونانی فلسفہ جو افلاطون سے حاصل ہوا ہے اور ایرانی و دیگر فلسفہ جات میں مطابعت پیدا کی جائے-

شرك- الاشتراك: حصہ' شرکت-

الاشتراك فِي الحديث بات چیت میں حصہ- الاشتراك فِي الْاِضراب ہڑتال میں شرکت-

الاشتراك فِي الْاَرباح منافع میں شرکت-

الاشتراك في الجريده: رسالہ میں ممبری-

دفْعُ الاشتراك یکمشت یا قسط وار ادائیگی-

اشع- الاشعاع روشنی کی کرنیں پھیلنا- في المجاز فکری اور تمدنی انتشار ہونا-

اَلْاشْعاع الذرّی ذرات کا اڑنا اور فضا میں پھیلنا-

شعب- الشَّعبي عوامی "اِعْتِقادٌ شعبي" عوامی عقیدہ-

مظاهرة شَعْبِيّة عوامی جلوس- حكُومَةٌ شَعْبِيّة عوامی حکومت-

اجراءٌ شعبيٌّ عوام پسند کارروائی-

حيٌّ شعبيٌّ غریب خاندان-

لُغةٌ شعبيّةٌ عوامی لغت (غیر فصیح لغت)

الرقص الشعبي عوام کے رسوم و عادات کے مطابق ناچ (لوک ناچ) زعيم شعبي: عوام پسند قائد-

الشَّعبيّة عوامی مقبولیت- عوامیت-

تمتع بشَعْبِيّة كبيرة بڑی عوامی مقبولیت سے فائدہ اٹھاؤ- تضاء لَتْ لشَعْبِيّتُهُ شعبيّةٌ اُغْنِيَةٌ عوام میں انتشار-

شعر- اَلشُّعُور حواس کے ساتھ معلوم کرنا-

اَلشُّعُور بِالْبَرْدِ ٹھنڈک محسوس کرنا- اندرونی احساس جیسے خوشی محسوس کرنا-

رَقِيقُ الشُّعُور جذبہ- في علم النفس- بیداری کی حالت میں انسان کی عقلی حالت جو کہ معرفت' وجدان' خوف اور ارادہ پر قائم ہو-

غَابَ عَنِ الشُّعُورِ شعور سے بے خبر ہونا-

الاشعار اطلاع-

الاَشعار بالامر حکم کی اطلاع - وارننگ-

تُلُقِّي اِشْعَارًا وارننگ دی گئی- وہ تعلیمات جو خصوصی طور پر تحریراً اور بواسطہ اعلان دی گئی ہوں-

اِشْعَارٌ بالِاسْتِلام وصولی کارڈ-

اَلْاَشْعَرِيَّة ابوالحسن علی کی طرف منسوب کلامیہ فرقہ جو کہ معتزلہ سے الگ ہوئے- اصحاب نص و اصحاب عقل کے درمیان علم کلام میں مسلک اختیار کیا اور دعویٰ کیا کہ عقل کے ذریعے نص کو سمجھا جائے اس واسطے کہ عقل شریعت کی خادم ہے-

شفو- الشُّفرة خفیہ تحریر- خفیہ تحریر کا قاعدہ-

بَرْقِيَّةٌ مُرسَلَةٌ يَا شُفْرة خفیہ قاعدہ کے ساتھ بھیجی تار-

شك- الشَّكاكِين فلاسفہ کا ایک فرقہ جو دعویٰ کرتا ہے کہ عقل دلیل اثبات و نفی قائم کرنے سے عاجز ہے- اسلامی فلسفہ میں ان کو لاادریة کے نام کے ساتھ موسوم کیا جاتا ہے-

شكش- اَلشَّاكوش ج شواكيش: چھوٹا ہتھوڑا-

شكل- التشكيلات: تشكيلَةٌ کی جمع: فوجی دستے-

و في الادار قلاز مین کا تبادلہ کرنا-

شمع- الشمعةُ: ج الشَّمْع وہ ستون جن پر کسی چیز کو کھڑا کیا جاتا ہے- شَمْعَةٌ مِنْ رخام پتھر کے ٹکڑوں کا ستون-

شهق- اَلشُّهَاق والشَّاهُوق بلند آواز- چیخ- کھانسی-

شهو- اَلشَّهِيَّة کھانے کی چاہت- قابلیت-

شور- الاسْتِشارةُ: مشورہ طلب کرنا- عدالتی قانون میں وکیل سے رائے معلوم کرنا- طبیب سے جسمانی صحت کے متعلق رائے معلوم کرنا- طبیب سے جسمانی صحت کے متعلق رائے معلوم کرنا-

اَلْاِسْتِشَارَاتُ فِي الدِّيْمَقراطي پارلیمنٹ نظام میں' حاکم ملک اور ارکان پارلیمنٹ میں حکومت بنانے اور وزارتوں کی تقسیم کے بارے میں بحث-

اَلْمُسْتَشار جس سے مشورہ طلب کیا جائے- عدلیہ میں ایک عہدہ- وہ علمی شخص جس کی رائے فنی' سائنسی اور دفتری امور میں تسلیم کی جائے-

متحدہ جرمنی کے سربراہ کا لقب-

شوك- الشَّوْكِيّ شوک کی طرف نسبت- کاٹنے والا- اَلْحَبْلُ الشَّوْكِيّ ریڑھ کی ہڈی-

الشَّوايةُ گوشت بھوننے کا آلہ- کڑاہی- سیخ-

اَلشائعة: غیر یقینی مشہور خبر- راجت الشّائعات بے یقینی خبریں مشہور ہونا-

شيع- الاشاعة مشہور ہونے والی غیر یقینی خبر-

صال- الصَّالة استقبال روم- بڑا ہال روم جس میں لیکچر سنے جاتے اور نمائش لگائی جاتی اور فلمیں بنائی جاتی ہیں-

صبن- صوبن صابن کے ساتھ دھونا-

صحر- الصَّحْراوي جنگل والا-

نَبْتَةٌ صَحْراوِيَّة جنگل کی انگوری-

اَلْمناخُ الصَّحْراوِيُّ جنگل کی فضا جو دن کو اور موسم گرما میں سخت گرم ہوتی ہے اور رات کو اور موسم سرما میں سخت سرد ہوتی ہے-

صدر- الصّادِرات زرعی و صنعتی وغیرہ کی برآمدات-

صدْرُ الاسْلام اسلامی تاریخ کا ابتدائی دور جس کی تحریر پرانے مورخین نے نہیں کی- کچھ لوگوں نے اس کو نبیؐ حضرت ابوبکر اور

حضرت عمر کے دور تک کیا ہے۔
صحیح بات یہ ہے کہ اس کا وقت خلفاء راشدین ابو بکر، عمر، عثمان و علی کے عہد حکومت تک ہے۔
اَلْمُصَادَرَۃُ: چھاپہ مارنا۔ضبط کرنا۔
مُصَادَرَۃُ کِتَابٍ مَمْنُوْعٍ مِنْ تِلْمِیْذٍ: شاگرد سے منع شدہ کتاب ضبط کرنا۔
و فی القانون: قانونی اور عدالتی فیصلہ کے مطابق جائیداد ضبط کرنا۔ ''مُصَادَرَۃ السَّلَاحِ'' اسلحہ ضبط کرنا۔
مُصَادَرَۃُ الاملاك: جائیدادیں ضبط کرنا۔
صدق- اَلْمُصَدَّقَۃُ: تصدیق شدہ۔
اَلْمُصَدَّقَۃُ: تصدیق کے لئے سند۔
صدم- اَلِاصْطِدَامُ: دو چیزوں کا آپس میں ٹکرانا۔ اصْطِدَامُ سَیَّارَتَیْنِ: دو گاڑیوں کا ٹکراؤ۔(ایکسیڈنٹ)
التَصْرِیْحُ ج: تَصْرِیْحات: اظہار، پریس بیان، اجازت نامہ۔ صاف لفظوں میں کہنا۔ لائسنس۔
صرع- اَلْمُصَارِعُ: پہلوان۔ کشتی لڑنے والا۔
اَلْمُصارَعۃُ: گرانے کی کوشش کرنا۔ کشتی لڑنا۔ بچھاڑنا۔
اَلْمُصَارعَۃُ الْحُرَّۃُ: المصارعَۃُ الرُّوْمَانِیَّۃ: آزاد کشتی، انگریزی کشتی۔(فری شائل)
صرف- اَلْمَصْرِفُ ج مصارف: وہ مالی ادارہ جو قرض کا لین دین کرے، امانات سنبھالنے اور ان پر نفع دے۔ اس کو بنک کا بھی دیا جاتا ہے۔
اَلْمَصْرِفُ المرکزی: مرکزی بنک (سٹیٹ بنک) جو کہ نقدی جاری کرتا ہے اور اس کے تحفظات کا انتظام کرتا ہے۔
صعد- التَّصَاعُدِی: بلندی۔ حَرَکَۃٌ تصاعُدِیَّۃ: عظیم ترقی۔ فائِدَۃٌ تصاعُدِیَّۃٌ: اعلیٰ فائدہ۔
الضریبۃ التَّصاعدیَّۃ: زیادہ مبلغ کی وجہ سے زیادہ ٹیکس۔
صغر- اَلتَّصْغِیْرُ: مص فی الصرف: وہ کلمہ جس کے دوسرے حرف کے بعد یاء ساکنہ لگائی جائے پہلے حرف پر ضمہ اور دوسرے پر فتحہ لگایا جائے تاکہ تقلیل اور تحقیر پر دلالت کرے۔ اور کبھی تعجب پر بھی دلالت کرتا ہے۔
صفو- اَلتَّصْفِیَۃُ: کسی چیز کو صاف کرنا۔ ''تَصْفِیَۃ شَرَابٍ'' مشروب صاف کرنا۔
تَصْفِیَۃ مُغْلَی اَعْشَابٍ: چھلنی سے صاف کرنا۔
تَصْفِیَۃ الخِلافِ: اختلاف ختم کرنا۔ تَصْفِیَۃ الدین: قرض ادا کرنا۔ سامان کو کم قیمت و کم نرخ پر زیادہ فروخت کرنا(سیل لگانا)۔
تَصْفِیَۃُ الْحِسابِ: حساب صاف کرنا۔
تَصْفِیَۃ الشرکۃ: کمپنی کا حساب و کتاب مکمل کرنا۔
صلب- اَلْمصلَّبِیَۃ: راستوں کو صلیب کی طرز پر بنانا۔
صلح- اَلصَّلَاحِیَۃ: کام کرنے کے لیے تیاری کرنا۔ کام کرنے کی اہلیت۔
حکومت کرنے کی وہ مدت جو قانون کسی کو حکومت کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ صَلَاحِیَّۃ مُدِیْرِ الشُّرطَۃ: چیف پولیس کی مدت ملازمت۔
عدالتی اتھارٹی اہلیت جو دعویٰ میں غور و فکر کرنے اس کو پڑھنے اور فیصلہ کرنے کی قوت رکھتی ہو۔ اس کو اختصاص بھی کہا جاتا ہے۔
اُعْتُرِضَ عَلٰی صلاحِیَۃ المَحْکَمۃ: عدالت کی اہلیت پر اعتراض کرنا۔
صم- الصَّمَامُ: (گیس فلنگ مشین) گیس اور مائع چیزوں کو ان کے برتنوں میں بھرنے کا آلہ۔
صِمَامُ الْاَمانِ: برتنوں پر ڈاٹ۔
صنع- الصنائِعِیُّ: صنعت کار۔ ہنر مند۔
الاصطناعی: مصنوعی چیز(غیر طبعی)۔ جیسے ''حَرِیْرٌ اِصْطناعیٌّ'' مصنوعی ریشم۔
زُهُور اِصْطِناعِیَّۃٌ: مصنوعی پھول۔ مطَّاط اِصْطِناعِیٌّ: مصنوعی ربڑ۔
تَصَنُّعٌ: خلاف حقیقت فعل کرنا۔ تصنُّعُ القتال: بناوٹی لڑائی کرنا یا تکلیف کلام کرنا۔ بناوٹی لباس پہننا۔
فِی النَّقْدِ الادبی: کلام کو جھوٹ سے آراستہ کرنا۔ اور تکلف کر کے طبعی اور سادگی سے نکالنا۔
تَصْنِیْعٌ: صنعت کاری۔ تَصْنِیْع مِنْطَقۃ و بِلَادٍ: علاقہ و شہروں کو صنعتی بنانا۔
اقتصادی وسائل کے ساتھ امت کو صنعت کار بنانا مادہ اور صنعتی سامان کی طرف تبدیل کرنا۔
تَصْنِیْعُ النَّفْطِ: پٹرول کی صنعت کاری۔
تَصْنِیعُ الفواکِهِ: پھلوں کی صنعت کاری۔
فِی النقدالادبی: کلام کو آراستہ و جعلی بنانا۔
صوب- اَلِاصابَۃُ: جسم کو تکلیف اور زخم لگنا۔
اِصابَۃٌ مُمِیتَۃٌ: موت آور زخم یا تکلیف۔ متعدی امراض لگ جانا۔ جسے اصابَۃ لشلیل الاطفال: بچوں کے ہاتھ خرابی کی بیماری لگ جانا۔
آفت اور اچانک حادثہ جو مالی یا جسمانی نقصان کرے۔
اصَابَۃُ العملِ: کام کا نقصان۔
فِی الریاضۃ: کھیل میں وہ نشان جو کھیل والی ٹیم لگائے۔
صور- الصوری: ظاہری، غیر حقیقی۔
اِحْتِجاجٌ صُوْرِیٌّ: دکھاوے کا احتجاج۔ خلاف حقیقت کام۔
معْرِکَۃٌ صُوْرِیَۃٌ: جعلی مرکہ۔ التصوُّرْ: خیال کرنا، وہم کرنا۔
''لَیْسَ ذٰلِكَ سِویٰ تَصَوُّرَاتٍ'' یہ خیالات کے سوا کچھ نہیں۔
و فی الفَلْسَفۃ: تمام معانی کو سمجھنا اور معلوم کرنا جیسے لفظ درخت سے اس کا مکمل معنی سمجھنا۔
اس کا ضد: جو اس کے ساتھ معلوم کرنا۔
اَلتَّصَوَّرِیَّۃُ: فی الفلسفہ: وہ مذہب جن کا

خیال یہ ہے کہ کلیات صرف ذہن میں پائی جاتی ہیں-
اَلْمُصَوَّرَۃُ:کیمرہ-
صوف- اَلصُّوفِی: صوف کی طرف منسوب- نَسِیْجٌ صُوْفِی: صوفی لباس- التَّصَوُّفُ:اون پہننا-
وہ راستہ اپنانا جس پر عبادت گذار صوفیاء کرام چلے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ سخت زندگی گذارنا- لذات سے دور ہونا' برائیوں سے بچنا فضائل سے مزین ہونا تاکہ نفس کو پاک کریں اور روح کو بلند کریں-
صون-اَلصِّیَانَۃُ:بچاؤ اور حفاظت کرنا-
صِیانۃُ المحَاصِیْل: محصولات کی حفاظت کرنا- تنصیبات "عمارات اور شوارع پر نگرانی رکھنا' ان کی اصلاح کے لئے تیاریاں کرنا اور ان سے اچھی خدمت لینے کے لئے عہد رکھنا-
ضبط- الضَابِطَۃ:پولیس- عندالعلماء: کلی حکم جو اپنی جزئیات پر منطبق ہو-
الضَابطۃُ الْجمرکِیَّۃ:کسٹم ڈیوٹی آفیسر جو غیر قانونی در آمد شدہ یا بر آمد شدہ مال کو ضبط کرے-دفاع کرنے والی جماعت-
فِی الالیات:گاڑی کی ریس-
اَلْمُضْبَطۃُ: ج مضَابط:وہ رجسٹر جس میں قومی جلسوں کا ریکارڈ لکھا جائے-
ضخم-اَلتَّضَخُّمُ:بڑا ہونا- بھاری بھرکم ہونا- بڑے سائز کا ہونا- زیادہ ہونا- افراط- "تضخُّمُ الصَّوْت" آواز زیادہ ہونا- تضخِیم عدد المُوظفِیْن:ملازمین کی تعداد بڑھ جانا-
(فی عِلْمِ الطِّبّ) عوارض کی وجہ سے دل کا بڑھ جانا- چیزوں کی کمی کی وجہ سے نرخ بڑھ جانا-
تضخُّمُ النَّقد:کرنسی کی افراط-
ضر- الضَّرُوْرِیَات. ضَرُوریاتُ الحیَاۃ زندگی کی حاجات جن کے بغیر زندگی گذارنا ممکن نہیں-

ضرب- اَلْمُضَارِبۃ:مزاحمت کرنا- مقابلہ کرنا-
اَلْمضاربۃ التِجَارِیّۃ:تجارتی شرکت-
ضعف- اَلتَّضْعِیْفُ:بہ (گنا کرنا) و فی الحسَاب (حساب میں) ایک عدد اس جیسی میں جمع کرنا- جیسے ۴+۴=۸
فِی الصرف:علم صرف میں: ایک حرف پر دوسرے حرف کا اضافہ کر کے دونوں ہم جنس میں سے اصل کو زائد میں ادغام کرنا- جیسے: قَدَّمَ' اِحْمَرَّ کا
ضغط-اَلضَّاغِطَۃ:کمپریسر (گیس دبانے کا آلہ) روئی دبانے کا آلہ-
اَلضَّغْطُ:نچوڑنا-دبانا اور سختی کرنا-
اَلضَّغْطُ عَلَی الْیَدِ: ہاتھ دبانا- تحت الضَّغْط:پریشر کرنا- مجبور کرنا- عوامی رائے کے دباؤ میں آنا- انسانی جسم کے اجزاء کو جمع کرنے اور اعضاء بدن میں سے کچھ چھوٹا کرنے کا ذریعہ-
ضَغْطُ الدَّم:بلڈ پریشر-
ضیف- اَلْاِضَافَۃُ:ملانا- شامل کرنا-زائد کرنا-
اُدْخِلِ اِضَافاتٌ علی نصٍّ:زائد عبارتیں نص پر شامل کرنا-
و فی النحو:ایک اسم کی دوسرے اسم کی طرف نسبت پوشیدہ حرف جر کے معنی پر- اول اسم کو مضاف اور دوسرے کو مضاف الیہ کہا جاتا ہے- جیسے کِتَابُ المُعَلِّمِ: استاد کی کتاب فی المنطق:ارسطو کے مقولات میں سے چوتھا مقولہ- وہ یہ کہ دو چیزوں کی آپس کی نسبت کہ ان میں سے ایک کو تب سمجھا جاتا ہے جب دوسری چیز ہو- جیسے اَلْاُبُوَّۃُ و البُنُوَّۃ: باپ ہونا بیٹا ہونا- اضَافِیٌ:زائد چیز-
مَادَّۃٌ اِضَافِیۃ:زاہد پرید- جو دوسرے کے پیچھے لگایا جائے- جو دوسرے کے ساتھ ملحق ہو- جو اصل سے زائد ہو- نَفَقَاتٌ اِضافِیَّۃ: آمدن سے زائد نفقات-
ساعَاتٌ اضافیّۃ:مقررہ اوقات سے عمل کے زائد اوقات-
ضیق-اَلضَّائِقَۃُ:تنگی اور تنگ حالی ضَائِقَۃُ العَیْش:تنگ روزگار- اَلضَّائِقَۃُ المالِیَّۃ:مالی تنگی-
اَلطَّابُور ج طوابیر:فوج کی ایک جماعت- ہسپانوی لوگوں کی خانہ جنگی کے بعد سربیوں کی مددگار جماعت-
طبع- الطَّبْعَۃُ:پرنٹ شدہ حروف و کلمات- ایڈیشن- اَلطَّبْقِیَّۃُ:معاشرتی تنظیم جو لوگوں کو طبقات پر تقسیم کرے- اَلْمُطابقَۃُ:مماثلت اور ہم شکل ہونا- ایک دوسرے کے موافق ہونا-
المطابقۃ بَیْنَ شَیْئَیْن:دو چیزوں کو ایک دوسرے کے مقابل کرنا- و فِی الْبَدِیع المعْنَوِی:دو مخالف کلمات کو ان دونوں کی برابری کا لحاظ کرتے ہوئے وہ اس طرح کہ فعل کے مقابل فعل آئے اور اسم کے مقابل اسم آئے- جیسے یَضْحَكُ وَ یَبْکِی. یوْمٌ عَلَیْنَا و یوْمٌ لَنَا- وہ ہنستا ہے اور روتا ہے- ایک دن ہم پر اور ایک دن ہمارے لئے-
طربش- اَلطَّرْبُوش ج طَرَابِش: گول سرخ ٹوپی-
طرح- الطَّرحُ: پھینکنا- پیش کرنا- طَرْحُ السوال: سوال پیش کرنا- مقالہ پیش کرنا- مسئلہ پیش کرنا-
(علم الحساب): بڑی عدد سے چھوٹی عدد نکالنا- یعنی نفی کرنا- طرح الجنِین:نامکمل پیٹ کا بچہ ضائع- گرانا-
طرد- الطَّرْدُ: واپس کرنا دور کرنا' بطور سزا نکالنا-
طَرْدُ خادِمٍ:نوکر سزا دیکر نکالنا- طَرْدُ تلْمِیْذٍ:شاگرد کو سزا کی وجہ سے نکالنا- ترقی کا رجحان مسئلہ کے متعلق تمام لحاظ سے بحث کرنا-
طرْدٌ ج طُرُوْدٌ:بذریعہ ڈاک بھیجا گیا سامان-
طرق-الطَّوارِقُ:اس کا معنی:ملشمون میں

دیکھو-

طعن-اَلطَّعنُ: شک کرنا- اَلطَّعنُ بالرُّمحِ: نیزہ مارنا- جرح کرنا اور گالی دینا- اَلطَّعنُ فِي الْعِرضِ: عزت پر حملہ کرنا- رِسَالةُ طَعنٍ: حکومت، اداروں دین اور بڑی شخصیات کی طرف سے سختی کا حملہ-

اَلطَّعنُ ج طُعُون: کسی چیز پر اعتراض-

لُجنَةُ الطُّعُون النِّيَابِيَّةِ: انتخابی کاموں پر اعتراض کو دور کرنے والی کمیٹی-

مدعی علیہ جس پر فیصلہ ہو جائے گا اعلیٰ عدلیہ کی طرف اپیل کرنا تاکہ اس کے خلاف فیصلہ ختم کیا جائے-

طفح-اَلطَّفح ج طُفُوح: پھنسی-

طقم-اَلطَّقمُ ج طُقُوم، طُقُومَةٌ: جیکٹ، واسکٹ- یونیفام، سوٹ- خاص بیماریوں کی دوائیوں کا کورس-

طَقمُ والإِسنَانِ: مصنوعی دانتوں کی پلیٹ-

طَقمُ الفَرسِ: گھوڑے کا سامان-

طلب-اَلطَّلَبُ: ایک یا ایک سے زائد اشخاص کو اپنی چاہت کے متعلق اطلاع دینا- رغبت یا آرزو کے متعلق اظہار کرنا-

طَلَبُ المَعُونةِ: مدد مانگنا- طَلَبُ الإِستِخدام: خدمت گاری کی چاہت کرنا- ڈیمانڈ-درخواست-فرمائش-

بدفع عندالطلب: مطالبہ پر ادائیگی کرنا-

سجل الطَّلَبَاتِ: ضروریات اور شکایات پیش کرنے کے لئے رجسٹر-

اَلْبِضَاعةُ الْمَطْلُوبَةُ: طلب کیا گیا سامان-

سَلَّمَ الغَلَبَ: آڈر وصول پانا-

اَلْعَرضُ والطَّلَبُ: نمائش اور آڈر-

جملہ انشائیہ کی ایک قسم جیسے امر اور تمنی-

طلبُ المحال: ناممکن کی تلاش-

اَلطَّلَبَاتُ فِي قَانُونِ المُرافعات: اپیل کے قانون میں وہ اپیلیں جو مخالف پر حکم نافذ کرنے کے متعلق ہوں-

اَلطَّلَبِيَّةَ: سامان بھیجنے کا حکم دینا-

سَلَّمَ الطَّلَبِيَّةَ: سامان کو کسی کے سپرد کرنا-

طلع-اَلْمُطَالَعة: علم واطلاع کے لئے پڑھنا- اَلْمطالَعَةُ لَذَّةٌ و فائدةٌ: پڑھنا لذت بھی اور فائدہ بھی ہوتا ہے- في اصطلاح الحاکم: (عدلیہ کی اصطلاح میں): قانونی ریسرچ-

طلق-اَلْمُطْلَقِيَةُ: سیاسی نظام جس میں حاکم تمام اختیارات رکھتا ہو-

طنب- اَلإِطْنَابُ: مبالغہ کرنا- غلو کرنا-

اَلإِطْنَابُ فِي المدحِ: تعریف میں مبالغہ کرنا-کلام میں لمبی گفتگو کرنا-

اِطْنَابُ نَاشِرٍ: نثر لکھنے والے کا لمبا کلام-

فِي البيان: (علم بیان میں): زیادہ الفاظ جو تھوڑے معنی پر دلالت کریں-

طهر-اَلتَّطْهِيرُ: صفائی کرنا- تَطْهِيرُ الْمِيَاهِ: پانی صفائی کرنا- نفس کو میل سے پاک کرنا- مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق: ختنے کرنا- (فی الطب): تَطْهِيرُ الجُرحِ: ادویات کے ساتھ جراثیم کو ختم کر کے زخم کو صاف کرنا-

فِي السِّيَاسَةِ والإِدَارةِ: فساد کے اسباب کو ختم کر کے فساد پر قابو پانا-

طوب- اَلطُّوْبَاوِيُّ: کیتھولک گرجا جس شخص یا چیز کے محترم ہونے کا اعتراف تعزیم کے اعلان کے بغیر کرے-

طور-طَوَّرَ النسي: ایک ہیئت سے دوسری ہیئت کی طرف لے جانا- ایک حال سے اچھے حال کی طرف ترقی دینا- طَوَّرَ المجتمع: معاشرہ کو ترقی دینا-

تَطَوَّرَ: ایک ہیئت سے دوسری ہیئت کی طرف بدلنا- ایک حال سے دوسرے کی طرف ترقی پانا-تَطَوَّرَ المرض: مرض میں درستگی آنا-

اَلتَّطَوُّرُ: ایک حال سے دوسرے کی طرف آہستہ آہستہ منتقل ہونا-

تَطَوَّرَ الورم: ورم کا بدلنا-

تَطَوُّرُ الأَحْدَاثِ: واقعات میں تبدیلی-

اَلتَّطَوُّرُ الإِجْتِمَاعِي: معاشرتی- تَطَوُّرُ الجَرَاحَةِ: فن جراحی کی ترقی- في عِلْمِ الاحياء: تاریخی ادوار میں زندہ کائنات میں تبدیلی اور ترقی-

اَلتَّطورِيَّة: فلسفی یا علمی نظریہ جس میں ترقی کا ذکر اور تشریح ہے-

طوع-اَلْمُطَاوَعَة: طاقتور کی تاثیر سے لمبائی حجم اور شکل جسم میں تبدیلی اور جب یہ قوی زائل ہو جائیں تو سابقہ حالت میں واپس نہیں آسکتے-

طوف- اَلطَّائِفي: دینی فرقہ کی طرف منسوب-مذہب دین کا ماہر-

مَدْرَسَةٌ طَائِفِيَّةٌ: گروہی مدرسہ-

خِلَافٌ طَائِفِي: گروہی اختلاف- اپنے گروہ اور دین کے لئے متعصب- اَلطَّائِفِيَّةُ: معاشرتی اور سیاسی نظام بنانا جس کی بنیاد گروہ بندی پر ہو-

نبذالطائفية: گروہ بندی نظام کو ختم کرنا-

طوي-مِطْوَاةٌ: جیبی چاقو-

ظهر-التظاهر: باطن کا الٹ ظاہر کرنا-

اَلتَّظَاهُرُ بِالْفَرحِ: ظاہری طور پر خوشی ظاہر کرنا-

اَلتَّظَاهُرُ ج تَظَاهُرات: مظاہرہ، جلوس- اَلْمُظَاهَرَةُ: کسی انفرادی یا اجتماعی مطالبہ کے لئے جلوس نکالنا-

عبر-اَلإِعْتِبَارُ: مص: نصیحت حاصل کرنا اور عبرت لینا- رعایت اور نظر کرنا- صفت اور وصف-

باعتبارهم اَكْبَرهم سِنًّا: ان میں سے بڑی عمر کا خیال کرتے ہوئے- فرض اور انداز بیان-

هَذَا الأَمْرُ مَبْنِيٌّ عَلَى الإِعْتِبَارِ: یہ امر فرض پر مبنی ہے-

بمعنی: احترام جیسے يَسْتَحِقُّ الإِعْتِبَار: وہ احترام کا مستحق ہے-

شہری حقوق بحال کرنے یا سزا ختم کرنے کے ساتھ عزت واپسی-

اَلتَّعْبِيرُ: ما فی الضمیر کا اظہار کرنا- کسی بات کو واضح کرنا- اَلتَّعْبِيرُ عَنِ الفَرحِ: خوشی کا اظہار کرنا- اَلتَّعْبِيرُ عَنِ الرَّأيِ: اپنی رائے کا قد افراط سے دور مخص افراط نہ کرنے والا اظہار کرنا- تَعْبِيرُ الاحلام: خوابوں کی وضاحت کرنا-

اَلتَّعْبِيْرُ ج اَلتَّعَابِيْرُ:عبارت' الفاظ' کلام- تَعْبِيْرٌ مُوَفَّقٌ:کامیاب کلام- تَعْبِيْرٌ مَجَازِيٌّ: مجازی کلام-

عتب-اَلْعِتَابَا:جلی شعروں کی قسم-وہ آواز جس کے ساتھ یہ اشعار بولے جائیں-

عتم- اَلتَّعْتِيْمُ:روشنیاں بند کرنا- دشمن کو دھوکہ دینے اور صحیح نشانہ لگانے سے بچانے کے لیے روشنیاں بند کرنا-

عجن- اَلْمَعْجُوْنُ: ج مَعَاجِيْن:مختلف چیزوں سے آٹے کی طرح بنایا گیا مرکب- معجون یہ دوائی خوبصورتی اور صنعت کاری کے لئے استعمال ہوتی ہے- مَعْجُوْنُ الْاَسْنَان:دانتوں کی صفائی کے لئے کیمیائی پوڈر-

عد-اَلْاِعْدَادِي:تیاری والی چیز- پرائمری اور ثانوی کے درمیان تعلیم کا مرحلہ- اَلتَّعْدَادُ: گننا اور شمار کرنا-

تَعْدَادُ الْاِصْنَاف:اقسام کو شمار کرنا-

تَعْدَاد السُّكَّان:مردم شماری کرنا-

اَلْمُعَدَّاتُ:آلات' سامان' اسباب

مُعِدَّاتٌ حَرْبِيَّةٌ:جنگی آلات-

عدل-اَلتَّعْدِيْلُ:کسی چیز کی طبعیت اور اس کا جوہر تبدیل کیے بغیر اس میں تبدیلی کرنا-

نصر - الانصارُ: مددگار اس کا مفرد نصیر ہے۔ غیر مقرر لشکر جو کہ جماعتوں کی مدد کریں۔ وہ یثرب کے باشندے جنھوں نے حضرت نبی محمد ﷺ کی ہجرت کے بعد مدد کی۔
اس کا الٹ مہاجرین ہے۔
نضد - اَلْمُنَضِّدُ: کمپوزیٹر۔
نطح - نَاطِحَةُ السَّحَابُ: بلند و بالا عمارت جس کی عام طور پر دس منزلیں ہوتی ہیں۔
المُسْتَنْطِقُ: وہ قاضی جو ملزم حضرات کو طلب کرے اور گواہوں سے گواہی طلب کرے اور دلائل شہادت مرتب کرے۔
نظر - اَلْمُنَاظَرَةُ: انشاء پردازی کا ایک فن جس میں دو مخالف ایک دوسرے پر فخر کرتے ہیں۔ جیسے جاحظ کا "مُنَاظَرَةُ الرَّبِيع وَالخَرِيف" عوام الناس کے سامنے ادبی، سیاسی اور علمی وغیرہ موضوع پر دو شخصوں کا باہمی مباحثہ۔
نظف - اَلتَّنْظِيْفُ: آراستگی کپڑوں کو صاف کرنا اور ڈرائی کرنا۔ مَصْلِحَةُ التَّنْظِيْفَاتِ: کارپوریشن کی طرف صفائی کا اہتمام۔
نفث - النَّفَّاث - مُحَرِّك نفّاث: گاڑی کی ریس تیز کر کے دھواں نکالنے والا تاکہ گاڑی آگے چلے۔
طائرةٌ نفّاثةٌ: دھواں چھوڑنے والا طیارہ۔
نفذ - النُّفُوذ: کسی دوسری چیز میں داخل ہونا۔ دوسرے پر اثر ڈالنا اور حکومت کرنا۔ دوسروں سے اپنی رائے منوانا۔ کسی بڑے ملک کا چھوٹے ممالک پر غلبہ یا اثر ہونا۔
مناطقُ النُّفُوذ: بڑی طاقت کے زیر اثر ممالک۔ اَلْاِنْتِفَاضَةُ: کپکپی۔
نفض - انتفاضةُ برد: ٹھنڈ سے کپکپی۔ انتفاضةُ حمى: بخار کی کپکپی۔ سیاسی یا اجتماعی تحریک جس میں تیزی سے قوت اور بے چینی ہوتی ہے۔
انتفاضةُ الشَّعب: عوامی تحریک یا عوامی بے چینی۔
نفق - اَلْإِنْفَاقُ: خرچ کرنا۔ وہ کام جس پر ملک کا سرمایہ خرچ ہو۔
طُرُق الانفاق: خرچ کرنے کے راستے۔

نقب- التَّنقِیب: تلاش، جستجو، کھوج، معدنیات آثار اور مائع چیزوں کے متعلق زمین کے اندر سروے کرنا- اَلتَّنقِیب عَنِ النَّفط: پٹرول کی تلاش یا سروے-

نقل- النقالۃ: سٹیچر (مریضوں اور زخمیوں کو منتقل کرنے کی چارپائی)

الانتقالی: انتقال کی طرف منسوب- انتقال والا- ہمیشہ نہ جاری ہونے والا- آئندہ مرحلہ کی طرف لے جانے والا- جیسے انتقالی عہد: انتقالی وقت-

حکومۃ انتقالیۃ: نگران حکومت جو کہ نئی مستقل حکومت تک قانون جاری کرے-

احکام انتقالیۃ: وہ قوانین جو عارضی وقت تک نافذ کیے جائیں جب تک مستقل قوانین نہ بنائے جائیں-

نقہ- النَّقَاھَۃُ: بیماری سے تندرست ہونے کے بعد کمزوری، نقاہت- کمزوری کا دورانیہ-

نکر- النُّکران: نفی اور انکار- نکران الحق: حق کا انکار- نکران الجمیل: فضل کا اعتراف و اقرار نہ کرنا-

لا نکران: مسلم بات یہ ہے-

اَلإنکار: کسی کام یا واقعہ یا نظریہ کو نہ ماننا- انکار کرنا- و فی القانون: اقرار نہ ہونا-

انکار الجمیل: کسی فضل کا اعتراف یا اقرار نہ کرنا-

انکار الذات: کسی پر اپنے آپ کو قربان کرنا اور خود کو ترجیح نہ دینا-

نمل- النَّملیۃ: چیونٹیوں اور کیڑوں سے بچاؤ کے لیے ہوادار جالی دار- لکڑی یا معدن کی الماری جس میں کھانا پینا رکھا جاتا ہے- المنحل: چیونٹیوں کی بل یا بستی-

نمو- النَّموذجی: نموذج کی طرف منسوب- اسٹینڈرڈ کے مطابق یا اس کے مطابق- ہر چیز جس کو نمونہ (ماڈل) بنایا جاسکے-

قریۃ نموذجیۃ: مثالی گاؤں- صناعۃ نموذجیۃ: مثالی صنعت کاری-

نھز- الانتھازی: انتہاز کی طرف منسوب بمعنی موقع پرست-

اَلمُمارس الانتھازیَّۃ: موقع پرستی کی پریکٹس کرنے والا-

سیاسی انتھازی: موقع پرست سیاسی لیڈر-

اَلإنتھازیۃ: موقع پرستی-

نوب- الاستنابۃ فی القضاء: عدلیہ کو کسی دوسرے کام کی تحقیق یا [illegible] کے لیے نیابت دینا-

نوم- التَّنویم المغناطیسی: (مقناطیسی نیند): کسی شخص پر اشاری کلمات کے ساتھ اثر ڈالنا- جس کے ساتھ وہ لاشعوری طور پر اثر ڈالنے والے کے تابع ہوتا ہے اور اس پر نیند جیسی کیفیت ہوتی ہے- نیند آور دوائی دینا-

مَنوّم ج مَنوّمات: مادہ یا دوائی جو نیند آور ہو-

نون- التَّنوین عندالنُّحاۃ: وہ زائد نون ساکنہ جو کسی کلمہ کے آخر میں معرب (منصرف ہونے) کی صورت میں دو حرکت کے ساتھ لگائی جاتی ہے-

نوی- النووی: ایٹمی- طاقۃ نوویۃ: ایٹمی طاقت- اس کا اطلاق اس پر بھی ہوتا ہے جس میں ایٹم بم استعمال کیا جائے-

ھبل- اَلمَھبِل ج مَھابِل: عورت میں ٹیوب فرج سے رحم تک-

ھجر- اَلمُھاجر: اپنا وطن چھوڑ کر دوسرے وطن میں آباد ہونے والا-

اَلمُھَاجِرون: وہ لوگ جو مسلمان ہونے کے بعد مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے والے-

ھجع- المَھجع: سونے کی جگہ-

ھجن- الھَجَّان ج ھَجَّانۃ: خراب نسل کے گھوڑے پر سوار- بعض عرب ممالک میں ایک فوجی جماعت-

ھرمن- الھرمون ج ھرمونات: ہارمون ایک مادہ جسم جس کو بعض غدود جمع کرتے ہیں اور ان کو خون دیگر اعضاء کی طرف منتقل کر دیتا ہے اور اس سے انسان کو قوت اور چستی میں اضافہ ہوتا ہے-

ھزل- المَھزلۃ ج مھازل: جو مذاق پر ابھارنے یا مذاق کے ساتھ موصوف ہو- تمیز جس میں مذاق و کھیل کا پروگرام ہو- سنجیدہ جو کسی وجہ سے مذاق بن جائے اس موضوع پر بات حقارت کا مفہوم دیتی ہے-

ھزم- اَلإنھزامیۃ: شکست خوردہ ہونا- ان لوگوں کا نظریہ جو لڑائی سے الگ ہونا چاہتے ہیں-

ھلک- اَلإستھلاک: کھپت- خرچ کرنا- فنا کرنا- پیداوار والی چیزیں خریدنے پر توجہ دینا ان کو استعمال میں لاکر نفع حاصل کرنا- اس کے مقابلہ میں الانتاج ہے-

اَموال الإستھلاک: کھپت کے مال- کھپت شدہ چیزوں کی مقدار یا قیمت- اِستھلاک الطحین: آٹا کی صرف شدہ مقدار-

ھلم- اَلھُلام او الجلاتین: صاف چمکیلا جلیبی کی مانند ایک مادہ جو بے ذائقہ اور بے ہوا ہوتا ہے- ٹھنڈے پانی میں پھولتا ہے اور گرم پانی میں پگھلتا ہے لیکن ٹھنڈا ہونے کے بعد جم جاتا ہے- جانوروں کی ہڈیوں سے جوش دینے کے بعد نکالا جاتا ہے-

ھمج- اَلھمجیۃ: ترقی نہ پانا- عوام کی حالت جس کی وجہ سے وہ ترقی نہ پا سکیں-

ھمش- ھَمّش الکتاب: کتاب پر حاشیہ لکھنا-

ھور- اَلإنھیار: گرنا- انسانی پٹھوں میں کمزوری جس کی وجہ سے جسم میں تھکاوٹ، نیند میں بے چینی، ناامیدی، فکر اور غم ہوتا ہے-

ھوی- الھاوی ج ھواۃ: شوقین- الھوایۃ و المھوایۃ: رغبت سے کام کرنا بے پیشہ ہونے کے- شوق پسندی-

التَّھویۃ: مکان یا رہائش گاہ میں نئی ہوا ڈالنا- بدبو ختم کرنے کے لئے نئی ہوا ڈالنا-

ھیر- الھیرو علیفیۃ: یونانی کلمہ جس کا معنی- تصویروں والی مصری کتاب- اس کے اشارات فرانسیسی عالم شملون نے تیار کیا-

وتر- التوتر: تناؤ- دانت کی طرح سخت ہونا-

پٹھوں کا سخت ہونا- ٹینشن- تَوَتُّر الذِّهْنِ: ذہن کا کھچاؤ- ایک چیز یا موضوع کے متعلق سوچ- تَوَتُّر العلاقاتِ: تعلقات کشیدہ ہونا- فِي المِيكانِيكِ: دو طرفوں سے باندھے ہوئے جسم کی بدحالی والی تاثیر-

وثن- اَلْوَثَنِيَّةُ: بتوں کی پوجا کرنا-

وجب- اَلْإِيْجَابُ: فرض کرنا- لازم کرنا- تاکید اور اثبات-

اَلْإِيْجَابِي: لازم کام- تاکیدی کام- اَلْحِيَادُ الْإِيْجَابِي: مثبت ناوابستگی-

وجز- اَلْإِيْجَازُ: مختصر کلام کرنا- کم الفاظ زیادہ معانی والی کلام بولنا- اس کے مقابلہ میں الاطناب ہے-

وجه- اَلتَّوْجِيهِيَّةُ: بعض عرب ممالک میں ثانوی تعلیم مکمل کرنے کے بعد سند-

وحد- اَلْوَاحِدِيَّةُ: وہ فلسفی مذہب جو جہاں کی پیدائش کا ذریعہ ایک ہی چیز کو قرار دیتے ہیں- جیسے مادہ یا روح یا عقل-

اَلْمُوَحَّدَةُ: شام میں ثانوی تعلیم کی سند-

ودع- اَلْإِيْدَاعُ: رقم جمع کرنا- امانت رکھنا- فِي التِّجَارَةِ: درآمد شدہ- سامان محکمہ کے سٹور میں جمع کرانا- کسی شخص یا کمپنی کی طرف سے سامان فروخت کرنے کے لئے نمائش لگانا-

في القانون المدني جب قرض خواہ قرض قبول کرنے سے کسی وجہ سے انکار ہو تو مقروض کی طرف سے محکمہ یا ادارہ کے اکاؤنٹ میں رقم جمع کرانا-

في قانون الایجارات: اجر محکمہ یا ادارہ ڈاک میں رقم مزدور کے واسطے جمع کرا دے جب وہ وصول کرنے سے انکاری ہو-

فِي الْإِدَارَةِ: افراد کی طرف سے بطور ضمانت ادارہ میں رقم جمع کرانا تاکہ ان کے ذمہ کام جاری کیا جا سکے-

اِيْدَاعُ الْمُعَامَلَةِ دائرة كَذَا: معاملہ کو فلاں حلقہ میں پہچانا- اور اس کو رجسٹر کرانا-

اَلْإِسْتِيْدَاعُ: سامان کو عارضی طور پر سٹور میں رکھنا- کسی ادارہ کی طرف سے اپنے ملازم کی ملازمت کو وقت کے اندر کمی کرنا- افسر کی ملازمت کو وقت سے پہلے واپس لینا-

ورد- اَلتَّوَارُدُ: ایک دوسرے کے بعد حاضر ہونا-

تَوَارُدُ الْأَفْكَارِ وَ تَدَاعِيهَا: افکار و تصورات کا ایک دوسرے سے ملنا اور ایک دوسرے کو دعوت دینا-

ورن- الورنيش: ورنش تیل کی ایک قسم جو چیزوں کو ہوا کی تاثیر سے محفوظ رکھتی ہے-

وزع- اَلتَّوْزِيعُ: تقسیم کرنا- ہر شخص کو اس کا حصہ دینا- مختلف منافع مختلف مقامات پر دینا- پیداوار کنندہ کی طرف سے بالواسطہ صارف کو یا تاجر کو پہچانا- جیسے فلموں کی تقسیم-

تَوْزِيعُ الْبَرِيدِ: محکمہ ڈاک کی طرف سے بذریعہ ڈاکیا ڈاک تقسیم کرنا- توزیع الجوائز: مستحق حضرات کو انعامات دینا-

توزيع الْمَنْشُورَاتِ: طبع شدہ کتابیں تقسیم کرنا-

اَلْمُوَزِّعُ: تقسیم کنندہ جیسے اخبار تقسیم کرنے والا- ڈاک تقسیم کرنے والا-

وزن- اَلتَّوَازُنُ: جسم کا سیدھا ستون کی طرح کھڑا ہونا- طاقتور جسم کی تاثیر میں آ کر کسی جسم کا پرسکون حالت میں ہونا- جیسے کتب کے ڈھیر کا توازن-

مَجَازًا: مخالف فریقوں کا موافق ہو کر ملکی ماحول کو پر امن بنانا- مختلف محکموں اور اداروں میں ان کے حقوق و فرائض مقرر کرنا جن کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کی حدود سے باہر نہ ہوں- جیسے مقننہ' عدلیہ اور انتظامیہ کے درمیان توازن-

تَوَازُنُ الْمِيزَانِيَةِ: بجٹ میں توازن - یعنی آمدن و خرچ میں مساوات ہو-

التوازن الاِقْتِصَادِيَةِ: چیزوں کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لئے ان کی کمی بیشی کے اسباب کو درست رکھنا اور ان پر کنٹرول کرنا-

اَلْإِتِّزَانُ: جسم میں توازن ہونا- طاقتور جسم کی تاثیر میں آ کر پرسکون ہونا- مجازاً: خرچہ میں درمیانہ چلنا- عقلی ملکات میں موافقت ہونا-

اَلْمُوَازَنَةُ: وزن میں برابری- و فی النقد الادبی: دو ادیبوں کے درمیان تنقیدی مقابلہ- جیسے ابی تمام اور البحتری کے درمیان موازنہ-

موازنة سِعْرِ الصَّرْفِ في الاقتصاد: بینکوں کا غیر ملکی کرنسی خرید و فروخت کرنا-

اَلْمِيزَانِيَةُ: سالانہ آمدن و خرچ کا رجسٹر- سالانہ بجٹ-

وسع- الْمَوْسُوْعَة: دائرہ المعارف - (انسائیکلوپیڈیا)

اَلْمَوْسُوْعِي: موسوعہ کے متعلق- تمام معارف کو شامل- قَامُوْسْ مَوْسُوْعِي: موسوعہ کے متعلق- تمام معارف والی کو شامل لغت-

اَلْمَوْسُوْعِيُوْن: موسوعہ کے مؤلف- وہ شخص جس کی معلومات انسائیکلو پیڈیا جیسی ہوں جیسے جاحظ-

وسق- اَلْإِتِّسَاقُ: یکجہتی- یکسانیت- فی البلاغة: الفاظ و معانی کا مناسب ہونا-

وصف- اَلْوَصْفُ: کسی شخص یا چیز کی صفات کا ذکر کرنا- کسی چیز کی تصویر و منظر کشی مختصر طور پر تحریری یا تقریری انداز میں بیان کرنا-

اَلْوَصْفُ فِي الادب: ادبی' شعری اور نثری فن جو طبیعت کو نقل کرے اور اس کی منظر کشی کرے جیسا کہ ادیب اپنے حواس کے اندر آنے والی چیزوں کو اپنی قلم و زبان سے تعبیر کرتا ہے-

الْوَصْفَة: ڈاکٹر یا طبیب کا تجویز کردہ نسخہ - وہ کاغذ جس پر نسخہ جات لکھے جاتے ہیں-

وصل- اَلْإِيْصَالُ: وصولی رسید- لَدَيَّ إِيْصَالٌ مِنْكَ: میرے پاس تیری طرف سے وصولی رسید ہے-

اَلْمُوَاصَلَاتُ: بری بحری فضائی' بجلی اور ٹیلی فون کے ساتھ ذرائع رابطہ-

اَلْمُوَصِّلُ ج مُوَصِّلَاتٌ: بجلی لہر یا حرارت کو منتقل کرنے والا جسم-

وضع-اَلْوَضِيعِيَّة اوالمذهب الوَضعِي: وہ مذہب جوداعی کواس بات کی طرف لگاتا ہے کہ معرفت کوواقعیت اور تجربہ علمیہ پر قائم کیا جائے نہ کہ اشیاء کے جوہر پر-
اَلْمُوضُوعِيَّةُ: اصولِ پسندی
اَلْمُوضُوعِيَّةُ فِي الفَلْسَفَة: وہ مذہب فلسفی جو کہ حقیقتِ موضوعِيَّة کے متعلق بات کرتا ہے-
وطأ-اَلتَّوْطِئَة فِي الشِّعْرِ: قافیہ کو لفظاً اور معنیً دھرانا فِي الاَلْشاءو التأليف: مقالہ یا کتاب لکھنے میں مشغول ہونا-
وطن- الوطني: وطن والا- اَلنَّشِيدُ الوَطَنِي: وطن کا ترانہ وطن کی محبت کی بات کرنے والا- جو پورے وطن کی بات کرے مخصوص علاقہ کی بات نہ کرے-
اَلتَّرْبِيَّة الوَطَنِيَّة: وطن والی تربیت-
اَلْوَطَنِيَّة: وطن کی محبت اور اس کے متعلق جان نثاری-
اَلْمُوَاطِنِيَّة: مواطن کی صفت-
وظف-تَوَظَّفَ: کسی حکومتی یا ذاتی ادارے میں ملازمت کرنا-الموظف: کسی ادارے یا کمپنی وغیرہ میں ملازم-
وفق-اَلْاِتِّفَاقُ: افکار و نظریات و رغبات میں یکجہتی کسی امر پر افراد کی مفاہمت ہونا- آراء اور مقاصد تک پہنچنا-
اَلْاِتِّفَاقُ عَلٰى برنَامج اوخُطَّةٍ: کسی ایجنڈا یا سکیم پر اتفاق اَلْاِتِّفَاقُ: کسی چیز کا اچانک پیش آنا- دو یا دو سے زیادہ ممالک کا کسی مسئلہ پر معاہدہ-
اَلْاِتِّفَاقِيَة: دو یا دو سے زیادہ ملکوں کا بعض کاموں (تجارت ڈاک وغیرہ)
اِتِّفَاقِيَّة العمل: ایک دوسرے کے افراد کو کام کرنے کی تربیت کرنا-
التوافق: افکار، رغبات، طبائع اور میلان کا موافق ہونا- و في الموسيقى: موسیقی کا نغموں کے مطابق ہونا-
في علم النفس: وہ حالت جو شخص سے تقاضی کرتی ہے کہ وہ اپنی عادات و خیالات کو بدل دے-
وقت- التوقيت: وقت متعین کرنا- اوقات کی تعین کرنا- سورج کے گرد زمین کو گردش کا لحاظ کرتے ہوئے اوقات متعین کرنا جو کہ مختلف علاقوں میں مختلف ہوتے ہیں-
و في النحو: وہ تابع جو متبوع کے ثبوت کو پختہ کرنے کے لئے لایا جاتا ہے جیسے صَرَفَ المال كُلَّهُ:
ولي-الموالاة: کسی کا ساتھ دینا- مدد کرنا-
فِي السياسة: حکومت کی تائید کرنا-
وهم-اَلتَّوَهُّم: کسی کام کا خیال- غلط عقیدہ- بلا دلیل- عجیب و غریب سوچ جس کا خارج میں وجود نہ ہو-
ويس-اَلْوِيْسِكِي: گندم بنائی گئی مشروب-
باق-اَلْبَاقِة: قبہ، خوشہ گچھا-
يبس-اَلْيَابِسَة: بر، زمین اس کے مقابلہ میں پانی اور بحر (سمندر) ہیں-
يسر-اليساري: جانب- بائیں طرف-في السِّيَاسَة: بایاں گروپ جو لوگ ترقی یافتہ افکار کا پرچار کریں حقیقت حال کا خیال کیے بغیر معاشرہ میں تبدیلی کی دعوت دیتے ہیں-
ينا-يناير: جنوری کانون ثانی کا نام بعض عرب ممالک میں-
يوب-اَلْيُوبيلُ: ہر پچاس سال بعد یہودیوں کا بڑا مذہبی اجتماع اس وقت میں قرضوں سے بری ہونا ضروری ہے- جیسا کہ غلام حضرات کو آزاد کرنا ہوتا تھا-
عندالكاتوليك: پوپ کی طرف سے لوگوں کو معافی و بخشش جو کہ بڑے جلسوں میں ہوتی تھی- کسی واقعہ کا ذکر واقعات میں سے جیسے شادی اور پیشہ کا تجربہ- اس کی کئی اقسام الفضی (چاند والی) (۲۵ سال) الذهبي: سونے والا ۵۰ سال-
اَلْاَلْماسي: (کانسی)
يوس-اليوسفي اليوسف الهندي: مالٹا کی قسم سے ایک پھل دار درخت- یوسف آفندی کے نام سے مشہور ہے-
يول-يوليو: جولائی-

عربی کی ضرب الامثال

- اِبِلِی لَمْ اَبِعْ وَ لَمْ اَهَبْ:
میں نے اپنا اونٹ نہ فروخت کیا نہ تحفہ میں دیا۔
نہ حق جھگڑا کرنے والے ظالم سے یہ مثل بنائی گئی ہے۔

- یا اِبِلِی عُوْدِی الی مُبَارَكِ:
اے میرے اونٹ اپنے جگہ واپس لوٹ جا۔
یہ مثل اس شخص کے لئے ہے جو نفع مند کام چھوڑ کر جانا چاہے۔

- اَتی عَلَیهِمْ ذُوْاَتی:
ان پر اسی طرح مصیبت آئی جیسا کہ آیا کرتی ہے۔
یعنی انسانوں پر ملی جلی تکالیف آتی رہتی ہیں۔

- اَتَاكَ رَیَّانَ بِلَبَنِهِ:
دودھ سے سیراب ہو کر تیرے پاس لایا۔
یعنی بچا کھچا کھانا پینا تحفہ نہیں ہوا کرتا۔

- اَتَتْكَ بِخَائِنٍ رِجْلَاهُ:
خائن کے قدموں نے اُس کو تیرے پاس حاضر کر دیا۔
یعنی انسان کی غلطی اس کو برا انجام دکھا دیتی ہے۔

- اَتَتْكُمْ فَالِیَةُ الْاَفَاعِی:
تمہارے پاس سانپوں کا کیڑا آ چکا ہے۔
یعنی بڑی مصیبت کی انتظار کے لئے چھوٹی مصیب آنا۔

- یأْتِیكَ كُلُّ غَدٍ بِمَا فِیهِ:
کل آئندہ تیرے پاس اپنے اندر والا لائے گی۔
یعنی وقت کے ساتھ ساتھ نفع یا نقصان آتا ہی ہے۔

- و یأْتِیكَ بِالاَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ:
اور تیرے پاس وہ خبریں لائے گا جس کو تو نے زادِ راہ خرچ نہیں دیا۔
یعنی توقع کے بغیر معلومات آجاتی ہیں۔

- لا اٰتِیكَ حَتّٰی یَئُوبَ القَارِضَانِ:
پتوں کو توڑنے والا دو آدمیوں کے آنے تک میں تیرے پاس نہیں آؤں
گا۔
یہ مثل ہر صورت میں قطع تعلق والوں کے لئے ہے۔

- لا اٰتِیكَ سِنَّ الحِسْلِ:
گوہ کے دانت ٹوٹنے تک تیرے پاس نہ آؤں گا۔
یعنی میرے آنے کی توقع نہ رکھنا۔

- كُلُّ اٰتٍ قَرِیْبٌ:
ہر آنے والی چیز قریب ہی ہوتی ہے۔
یعنی کسی آنے والی چیز کو دور نہ سمجھا جائے۔

- ذاكَ اَحَدُ الاَحَدَیْنِ:
یہ دو منفردین میں سے ایک ہے۔
یعنی بے نظیر شخص ہے۔

- اَخَذَهُ بِرُمَّتِهِ:
اس کو اس نے رسی سمیت لے لیا۔
یعنی اصل کے ساتھ متعلقہ چیزیں بھی مفت مل جانا۔

- قَدْ یُؤْخَذُ الجَارُ بِذَنْبِ الجَارِ:
کبھی پڑوسی کے جرم میں پڑوسی گرفتار ہو جاتا ہے۔

- خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَیْهَا:
پتھر پر جو لگا ہے لے لو۔ یعنی کنجوس سے جو مل جائے غنیمت سمجھو۔

- خُذِ الْاَمْرَ بِقَوَابِلِهِ:
معاملہ کو اس کی پیش آمدہ چیزوں میں لو۔
یعنی کسی چیز کے آنے سے پہلے اس کی تیاری کرو۔

- خُذْ مِنَ الدَّهْرِ مَاصَفَی وَ مِنَ العَیْشِ ما كَفَی:
زمانہ سے صاف ستھری چیز لو اور روزی کفایت والی لو۔

- خُذْ مَا طَفَّ لَكَ:
قریب والی چیز کو پکڑو۔

- لا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْیَوْمِ لِغَدٍ:
آج کے کام کل تک مت لیٹ کرو۔

- آخر الدَّاءِ الْكَیُّ:

مرض کا آخری علاج داغ دینا ہے-
یعنی اگر کسی کو داغ دینے سے فائدہ نہ ہوا تو موت آچکی ہے-

• آخِ الْاَکْفَاءَ وَ دَاهِنِ الْاَعْدَاءَ:
ساتھیوں کا بھائی بنو اور دشمنوں سے ظاہری اخلاق پیش کرو-

• اَخُوكَ اَمِ الذِّئْبُ:
وہ تیرا بھائی ہے یا بھیڑیا-
یعنی تیرا خیر خواہ ہے یا بھوکے بھیڑیئے کی طرح ظلم کرتا ہے-

• اَخوكَ مَنْ صَدَقَكَ:
تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے خالص محبت کرے-

• اَخُوكَ مَنْ وَاسكَ بِنَشَبٍ لَامَنْ وَاسكَ بِنَسَبٍ:
تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے مال کے ساتھ ہمدردی کرے اور قرابت داری کے ساتھ تعاون نہ کرے- یعنی مالی تعاون کرنا بھائی چارہ ہے اور قرابت کا ذکر کرنا دوسرے بھائی کے لئے سود مند نہیں-

• اِنَّ اَخَا الْهَيْجَاءِ مَنْ يَسْعٰى مَعَكَ:
بیشک لڑائی والا وہ ہے جو تیرے ساتھ مل کر دوڑے-

• اِنَّ اَخَاكَ مَنْ اٰسَاكَ:
تیرا بھائی وہ ہے جو تیری مدد کرے-

• لِاَخِيْكَ عَلَيْكَ مِثْلُ الَّذِى لَكَ عَلَيْهِ:
تیرے بھائی کا تجھ پر اسی طرح حق ہے جس طرح تیرا اس پر-

• رُبَّ اَخٍ لَمْ تَلِدْهُ وَالِدَةٌ:
کئی بھائی ایسے جو ماں جنے نہیں-
سچے دوست کے لئے مثل ہے جو حقیقی بھائی سے زیادہ وفادار ہوتا ہے-

• اَدَبُ الْمَرْءِ خَيْرٌ مِنْ ذَهَبِهٖ:
آدمی کا علم اس کو اس کے سونے سے زیادہ سود مند ہوتا ہے-

• اَلْاَدَبُ مَالٌ وَاسْتِعْمَالُهٗ كَمَالٌ:
علم ایک دولت ہے اور اس سے کام لینے میں کمال ہے-

• نِعْمَ الْمُؤَدِّبُ الدَّهْرُ:
زمانہ سب سے اچھا ادب سکھانے والا ہے-

• مَاْرَبَةٌ لَاحَفَاوَةٌ:
کام کی وجہ سے عزت ہے نہ کہ پیار کی وجہ سے-

• لِلْاَرْضِ الْوَاطِئَةُ تَشْرَبُ مَاءَهَا وَ مَاءَ غَيْرِهَا:
نرم کی گئی زمین اپنے حصہ کا پانی اور غیر کے حصہ کا پانی جذب کر جاتی ہے-

• بِالْاَرْضِ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ:
زمین پر ہی تجھ کو تیری ماں نے جنا ہے-
یہ مثل غرور سے روکنے اور درمیان روی اختیار کرنے کے لئے ہے-

• لِلْاَرْضِ مِنْ كَاْسِ الْكِرَامِ نَصِيْبٌ:
سخاوت کرنے والوں کی طرف سے ان کے پیالے میں زمین حصہ لیتی ہے-

• وَ فِي الْاَرْضِ لِلْحُرِّ الْكَرِيْمِ مَنَادِحٌ:
زمین میں آزاد عزت دار کے لئے ذرائع آمدن بہت ہیں-

• لَا اَصْلَ لَهٗ وَلَا فَصْلَ:
اس کے پاس نہ تو خاندانی عزت ہے اور نہ حسن کلام-
اصل کا اطلاق حسب ونسبت پر ہوتا ہے- اور فصل کا قوتِ زبان پر-

• اَلْاَصِيْلُ يَجُوْدُ:
حضرت عبداللہ بن زبیر نے فرمایا: باعزت انسان ہی اپنی جان ومال قربان کرتا ہے-

• اَلْاَصِيْلُ يَعْمَلُ بِاَصْلِهٖ:
شریف النفس انسان اپنی شرافت کے مطابق کام کرتا ہے-

• آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ:
بھول جانا علم پر آفت ہے-

• اَكَلَ عَلَيْهِ الدَّهْرُ وَ شَرِبَ:
زمانے نے اس پر کھایا پیا ہے-
یعنی لمبی عمر پا کر عمر رسیدہ نے دنیا میں سب کچھ دیکھ لیا-

• اَكَلْتُمْ تَمْرِيْ وَعَصَيْتُمْ اَمْرِيْ:
تم نے میری کھجوریں کھائیں اور میری ہی نافرمانی کی-
یہ مثل بے قدرے انسان کے لئے ہے-

• آكُلُ لَحْمِيْ وَلَا اَدَعُهٗ لِاٰكِلٍ:
میں اپنا گوشت خود کھاؤں اور دوسرے کھانے والے کے لئے نہ چھوڑوں گا- یہ مثل اپنا فائدہ سوچنے والے کے لئے ہے-

• يَاْكُلُ التَّمْرَ وَ اُرْجَمُ بِالتَّمْرِ:
کھجوریں وہ کھا رہا ہے اور گٹھلیاں مجھے ماری جا رہی ہیں، یہ مثل اس پر ہے جو نفع خود لے اور بوجھ دوسرے پر ڈالے-

• يَاْكُلُنِيْ سَبُعٌ وَلَا يَاْكُلُنِيْ كَلْبٌ:
مجھے ایک درندہ کھاتا ہے کتا نہیں کھاتا-

• يَاْكُلُهُمْ بِضِرْسٍ وَ يَطَؤُهٗ بِظِلْفٍ:
ان کو داڑھوں سے کھاتا ہے اور سم سے روندتا ہے-
محسن کے ساتھ برائی سے پیش آنے پر مثل ہے-

• يَاْكُلُ بِالضِّرْسِ الَّذِىْ لَمْ يُخْلَقْ:
وہ اس ڈاڑھ کے ساتھ کھاتا ہے جو ابھی پیدا نہیں ہوئی-
بغیر نیکی تعریف سننے والے پر مثل ہے-

• غَيْرِيْ يَاْكُلُ الدَّجَاجَ وَ اَنَا اَقَعُ فِي السِّيَاجِ:
دوسرے مرغیاں کھاتے رہیں اور میں جھاڑی میں پڑا رہوں-

• اَكْلٌ وَحَمْدٌ خَيْرٌ مِنْ اَكْلٍ وَصَمْتٍ:
کھانا اور تعریف کرنا کھانے اور خاموش رہنے سے بہتر ہے- محسن کی

تعریف پر رغبت دینا مقصود ہے۔

• اَکْلاً وَ ذَمًّا:

کھانا اور مذمت کرنا۔ یہ اس پر مثل ہے جو نفع اٹھائے اور اس کو برا بولے۔

• رُبَّ اُکْلَةٍ تَمْنَعُ مِنْ اَکْلاَتٍ:

کبھی ایک لقمہ کئی لقموں سے روک دیتا ہے۔ یعنی غلط لقمہ سے بیمار ہو کر کھانے سے پرہیز کرنا پڑتا ہے۔

• آکَلُ مِنْ حُوْتٍ:

مچھلی سے زیادہ خوراک والا۔

• آکَلُ مِنَ الرَّحٰی:

چکی سے زیادہ کھانے والا۔

• آکَلُ مِنَ السُّوْسِ:

گھن سے زیادہ کھانے والا۔

• آکَلُ مِنْ ضَرْسٍ:

داڑھ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

• آکَلُ مِنَ النَّارِ:

آگ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

• حَتّٰی یُؤَلَّفَ بَیْنَ الضَّبِّ وَالنُّوْنِ:

یہاں تک کہ گوہ اور مچھلی اکٹھی ہو جائیں۔

دونوں متضاد الطبع ہیں ایک پانی سے گریز کرے اور دوسری (مچھلی) پانی میں زندہ رہے۔

• آلَفُ مِنْ حِمَامِ مَکَّةَ:

مکہ کے کبوتر سے زیادہ مانوس۔ مکہ میں پرندوں کا شکار حرام ہونے کی وجہ سے وہ انسانوں کے قریب ہے۔

• آلَفُ مِنَ الْحُمّٰی:

بخار سے زیادہ مانوس۔

کچھ وقفہ کے بعد بھی بخار لوٹ آتا ہے۔

• آلَفُ مِنْ کَلْبٍ:

کتے سے زیادہ مانوس۔

کتا اپنے وطن کو ترک کر کے مالک کے ساتھ جاتا ہے۔

• اُمٌّ فَرَشَتْ فَاَنَامَتْ:

ماں نے بستر بچھا اور سلا دیا۔

ماں کی طرح مشفق سربراہ کی تعریف میں مثل ہے۔

• اُمّ الاخرس تَعرِفُ بِلُغَاتِ الْخُرْسَانِ:

گونگے کی ماں گونگے کی رمز جانتی ہے۔

• اُمٌّ سَقَتْكَ الْغَیْلَ مِنْ غیرِ حَبَلٍ:

ماں نے تجھے حمل کا دودھ بغیر حمل کے پلایا۔

اس پر مثل ہے جو پہلے کسی کو مقرب بنالے پھر بغیر وجہ کے نکال دے۔

• اِلٰی اُمِّهٖ یَلْهَفُ اللَّهْفَانُ:

مصیبت زدہ اپنی ماں سے التجاء کرتا ہے۔

یعنی تکلیف کے وقت اپنے یاد آتے ہیں۔

• اَلْاَمْرِ یَعْرِضُ دُوْنَهُ الْاَمْرُ:

ایک کام کے سامنے دوسرا کام رکاوٹ بن جاتا ہے۔

یعنی انسانی زندگی میں مشکلات یکے بعد دیگرے ہیں۔

• اَمْرَ مُبْکِیَاتِكَ لاَ اَمْرَ مُضْحِکَاتِكَ:

رلانے والی باتوں پر غور کرو ہنسانے والی باتوں پر توجہ نہ دو۔

یعنی جو برائیوں سے آگاہ کرے اس کی سنو اور جو بے خوف کرے اس کی نہ سنو۔

• لِاَمْرٍ مَاجَدَعَ قَصِیْرٌ اَنْفَهٗ:

کسی سازش کے لئے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ یہ زباء کا مقولہ ہے۔ اس شخص کے لئے جو اپنے کام کو پورا کرنے کے لئے حیلہ سوچے۔

• لِاَمْرٍ مَایُسَوَّدُ مَنْ یَسُوْدُ:

جو سردار بنتا ہے تو اپنے حق کی بناء پر بنتا ہے۔

• لَیْسَ لِلاَمور بِصَاحِبٍ مَنْ لَمْ یَنْظُرْ فِی الْعَوَاقِبِ:

جو شخص انجام پر نگاہ نہ رکھے وہ معاملات کو نہیں سنبھال سکتا۔

• اَلْاَمِیْرُ مَنْ لاَ یَعْرِفُ الْاَمِیْرَ:

امیر وہ ہے جو دوسرے کو امیر نہ سمجھے۔

• یَاحَبَّذَا الْاِمَارَةُ وَلَوْ عَلَی الْحِجَارَةِ:

حکومت کس قدر بھلی ہے اگرچہ پتھروں پر۔

• تَاَمُّلُ الْعَیْبِ عَیْبٌ:

عیب تلاش کرنا بھی ایک عیب ہے۔

• مَنْ اَمِنَ الزَّمَانَ خَانَهٗ:

جس نے زمانہ کو امانت دی اس کی اس نے خیانت کی۔

یعنی زمانہ پر بے خوف مت ہو۔

• آمَنُ مِنْ حَمَامِ مَلَّةَ:

مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ بے خوف۔

کبوتر کو مکہ میں نہ شکار کیا جاتا ہے اور نہ پریشان کیا جاتا ہے۔

• اَمُنُ مِنَ الْاَرْضِ:

زمین سے زیادہ امین۔ کیونکہ زمین میں جو بیج ڈالا جاتا ہے وہی اگتا ہے۔

• اَلْمُؤْمِنُ بِشْرُهٗ فِیْ وَجْهِهٖ وَ حُزْنُهٗ فِی قَلْبِهٖ:

مؤمن کی خوشی چہرے پر عیاں ہوتی ہیں اور غم دل میں مخفی ہوتا ہے۔

• اَلْاِیْنَاسُ قَبْلَ الْاِبْسَاسِ:

مانوس کرنا دودھ دوہنے سے پہلے ہے۔ یعنی کسی سے کام لینا مقصود ہو تو نرم رویہ اختیار کرنا ہوگا۔

• لَیْسَ عَلَی الْاِنْسَانِ اِلاَّ مَا مَلَكَ:

انسان پر وہ چیز فرض ہے جو اس کے قبضہ میں ہے۔

- اَلْإِنْسَانُ عَبْدُ الْإِحْسَانِ:

انسان احسان کا غلام ہے۔

- اَلْإِنْسَانُ ابْنُ يَوْمِهٖ:

انسان وقت کا بندہ ہے۔

- اَلْإِنْسَانُ بِالتَّفْكِيْرِ وَ اللّٰهُ بِالتَّدْبِيْرِ:

انسان سوچ میں مشغول ہوتا ہے اور اللہ فیصلہ کرنے والا ہے۔

- كُلُّ اِنْسَانٍ وَهَمَّهٗ:

ہر انسان اپنے غم میں ہے۔

- اَنْفٌ فِي الْمَاءِ وَاسْتٌ فِي السَّمَاءِ:

ناک پانی میں اور دبر آسمان میں ہے۔

یعنی کم مرتبہ انسان بلند دعوی کرتا ہے۔

- اَنْفُكَ مِنْكَ وَ اِنْ كَانَ اَذَنَّ:

تیری تیری ہی ہے اگرچہ وہ پانی بہاتی ہو۔

یعنی تیری قوم کے کمزور لوگ تیری مدد کے مستحق ہیں۔

- اَنْفُكَ مِنْكَ وَ اِنْ كَانَ اَجْدَعَ:

تیری تیری ہی ہے اگرچہ کٹی ہوئی ہو۔

یعنی تیرا تعلق دار اگرچہ تجھ سے ناراض ہو مگر تجھ سے وابستہ ہے۔

- اَلْاَنَامُ فَرَائِسُ الْاَيَّامِ:

مخلوق حوادث کا شکار ہے۔

یعنی سب نے فنا ہونا ہے۔

- مَنْ تَاَنّٰى اَدْرَكَ مَا تَمَنّٰى:

جس نے تسلی سے کام کیا اس نے اپنی آرزو پالی۔

- كُلُّ اِنَاءٍ بِالَّذِيْ فِيْهِ يَرْشَحُ:

ہر برتن اپنے اندر کی چیز سے ٹپکتا ہے۔

- عَلٰى اَهْلِهَا تَجْنِي الْبَرَاقِشُ:

براقش (کتیا) اپنے ہی مالکوں کو تباہ کروالی ہے۔

یعنی آدمی کا عمل اس کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے۔

- آفَةُ الْمُرُوْءَةِ خُلْفُ الْوَعْدِ:

مروءت پر مصیبت وعدہ خلافی ہے۔

- آفَةُ الْجُوْدِ الْاِسْرَافُ:

سخاوت پہ آفت فضول خرچی ہے۔

- آفَةُ الْحَدِيْثِ اَلْكَذِبُ:

بات پر مصیبت جھوٹ بولنا ہے۔

- آفَةُ الْعِلْمِ اَلنِّسْيَانُ:

علم کی آفت بھول جانا ہے۔

- اَوَّلُ الْغَضَبِ جُنُوْنٌ وَ آخِرُهٗ نَدَمٌ:

غصہ کی ابتدا جنون اور انتہا پشیمانی ہے۔

- اَوَّلُ الْغَيْثِ قَطْرٌ:

بارش ایک قطرہ سے شروع ہوتی ہے۔

- اَوَّلُ الشَّجَرَةِ النَّوَاةُ:

درخت کی ابتداء گٹھلی سے ہوتی ہے۔

- لَسْتَ اَوَّلَ مَنْ غَرَّهُ السَّرَابُ:

تو پہلا شخص نہیں جس کو سراب (میدان میں چمکتی ریت پانی دکھائی دے) نے دھوکہ دیا ہے۔

- اِيْوَانُ كِسْرٰى:

نو شیروان محل:

یہ مثل عجیب و غریب قیمتی عمارت پر بولی جاتی ہے۔

یہ محل بیس سال میں تعمیر ہوا تھا۔

ب

- اَلْبِئْرُ اَبْقٰى مِنَ الرِّشَاءِ:

کنواں رسی سے زیادہ باقی رہتا ہے۔

- كَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِهٖ بِظِلْفِهٖ:

اپنی کھر کے ساتھ اپنی موت کریدنے والے کی طرح۔ یعنی اپنا نقصان خود کرنے والا۔

- كَالْبَاحِثِ عَنِ الْمُدْيَةِ:

چھری کھودنے والے کی طرح۔

پنی ہلاکت خود تلاش کرنے والے کی مثال۔

- اَبْخَرُ مِنْ اَسَدٍ:

شیر سے منہ کی بدبو والا۔

- اَبْخَرُ مِنْ صَقْرٍ:

شکرہ سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔

- اَبْخَرُ مِنْ فَهْدٍ:

چیتے سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔

- بَخَرُ الْفَمِ:

منہ سے بدبو کا ہونا۔

- اَبْخَلُ مِنْ مَادِرٍ:

فلاں مادر سے بھی زیادہ کنجوس ہے۔

- هٰذِهٖ بِتِلْكَ وَالْبَادِئُ اَظْلَمُ:

یہ (سزا) اس (عمل) کے بدلے ہے اور برائی کی ابتداء کرنے والا زیادہ ظالم ہے۔

- اَبْدَى الصَّرِيْحُ عَنِ الرَّغْوَةِ:

خالص دودھ جھاگ سے الگ ہو گیا۔

• کل مَبْذُوْلٍ مَمْلُوْلٌ:
زیادہ استعمال کی گئی چیز سے اکتاہٹ ہو جاتی ہے۔

• بالْبِرِّ یُسْتَعْبَد الْحُرُّ:
اچھے سلوک سے آزاد آدمی کو غلام بنایا جا سکتا ہے۔

• برِئَتْ قَائِبَةٌ مِنْ قُوْبٍ:
انڈہ چوزہ سے لاتعلق ہو گیا۔
یعنی بات بہت دور چلی گئی۔

• بَرْدُ غَدَاةٍ غَرَّ عَبْدًا مِنْ ظَمأٍ:
صبح کی ٹھنڈک نے آدمی کو پیاس کے متعلق دھوکہ دیا۔

• اَبْرَدُ مِنْ غِبِّ الْمَطَرِ:
بارش کے آئندہ دن سے زیادہ ٹھنڈا دن۔

• اَبْرَدُ مِنْ عَضْرَسٍ:
اولے سے بھی زیادہ ٹھنڈا۔

• اَبْرَدُ مِنْ فَلْحسٍ:
فلحس سے بھی زیادہ حق طلب کرنے والا۔

• بَرْضٌ مِنْ عِدٍّ:
بڑے خزانے سے تھوڑا۔

• اِنَّما هو كَبَرْقِ الخُلَّبِ:
وہ تو دھوکہ دینے والی بجلی کی طرح ہے۔
یعنی بادل آتا ہے مگر برستا نہیں۔

• مَا كُلُّ بَارِقَةٍ تَجُوْدُ بمائِها:
ہر چمکتا بادل اپنا پانی نہیں برساتا۔

• عَسَى البَارِقَةُ لا تُخْلِفُ:
امید ہے کہ چمکتا بادل وعدہ خلافی نہیں کرے گا۔
احسان کی امید پر یہ لفظ بولا جاتا ہے۔

• اَلَّذِیْ لاَ یُبْصِرُ مِنَ الصِّرْبَالِ یَکُوْنُ اَعْمٰی:
جو شخص چھلنی میں سے نہیں دیکھ سکتا اندھا ہوتا ہے۔

• اَبْصِرْ وَ سَمِّ قَلْعَكَ:
دیکھو اور اپنے لاٹری والے تیر پر نشان لگا۔
مخاطب کو نفع یا نقصان کی طرف توجہ دلانا۔

• اَبْصَرُ مِنْ عقابٍ:
عقاب سے زیادہ تیز نظر۔

• اَبْصَرُ مِنْ نَسْرٍ:
گدھ سے زیادہ تیز نظر۔

• اَبْصَرُ مِنَ الْوَطْوَاطِ فِي اللَّيْلِ:
رات میں چمگادڑ سے بھی زیادہ تیز نظر۔

• اَبْصَرُ مِنْ زَرْقَاءِ الْيَمَامَةِ:
یمامہ کی زرقاء سے زیادہ تیز نظر۔
زَرْقاء تین یوم کی مسافت سے دیکھ سکتی تھی۔

• لاَیُبِضُّ حَجَرہ:
اس کے پتھر (دل) کو پسینہ (اثر) نہیں آتا۔
یعنی شدید کنجوس سے خیر کی توقع نہیں۔

• اَبْطَأُمِنْ غُرابِ نُوْحٍ:
نوح کی کوے سے بھی زیادہ دیر کرنے والا۔
حضرت نوح نے کوے کو پانی اترنے کی خبر لینے کے لئے بھیجا مگر وہ واپس نہ آیا۔

• اَبْطَشُ مِنْ دَوْسَرٍ:
نعمان بن منذر کے لشکر دوسرے سے زیادہ تیز حملے والا۔

• بَطْنِي عَطِّرِي و سَائِرِي ذَرِيْ:
میرے پیٹ کو خشبو لگاؤ اور باقی حصہ بدن کو چھوڑ دو۔
اہم کو کرنے اور غیر اہم چھوڑنے کے لیے یہ ضرب مثل ہے۔

• اَلبِطْنَةُ تَأفِنُ القطنه:
زیادہ کھانا سمجھ کو ختم کرتا ہے۔

• مَا اَبْعَدَ مَافَاتَ وَ مَا اَقْرَبَ مَا يَأتِي:
جو فوت ہو گیا وہ دور گیا اور جو آئے گا بہت قریب ہے۔

• اَبْعَدُ مِنَ النَّجْمِ:
ثریا ستارے سے زیادہ دور۔

• اَبْعَدُ من بيضِ الاَنُوْقِ:
عقاب کے انڈوں سے بھی زیادہ دور
یعنی ناحاصل ہونے والی چیز۔

• اَبْعَدُ مِنْ بَناطِ الثُّرَيَّا:
ثریا پر لٹکی ہوئی چیز سے زیادہ دور۔

• اَبْعَدُ مِنْ مَنَاطِ الْعَيُوْقِ:
عیوق ستارے کے ساتھ لٹکی ہوئی چیز سے زیادہ دور۔

• اَلْبُعْدُ جفَاءٌ:
دوری ایک ظلم ہے۔ دور رہنے سے محبت میں کمی ہوتی ہے۔

• رُبَّ بَعِيْدٍ اَنْفَعُ مِنْ قَرِيْبٍ:
کئی دفعہ دور والا نزدیک والے سے زیادہ فائدہ میں ہوتا ہے۔

• اِنَّ الْبُغاثَ بِاَرْضِنا يَسْتَنْسِرُ:
ہمارے علاقہ میں بغاث (سبزی مائل سفید رنگ پرندہ) گدھ بن جاتا ہے
یعنی ہماری حمایت کے ساتھ ذلیل عزیز بن جاتا ہے۔

• اِنْ تَبْغِ عَلَيْكَ قَوْمُكَ لا يَبْغِ عَلَيْكَ القَمَرُ:
اگر تیری قوم تجھ پر ظلم کرتی ہے تو چاند تجھ پر ظلم نہ کرے گا۔
یہ مثل ایک بات سمجھانے سے پہلے دوسری پیش کرنے پر دی گئی ہے۔

• من ابتغاء الخير اتقاء الشرّ:
برائی سے بچنا بھی بھلائی تلاش کرنا ہے۔

• علی الباغی تدور الدوائر:
ظالم پر ہی مصائب (آفات) گرتی ہیں۔

• کمبتغی الصید فی عریسة الاسد:
شیر کی رہائش میں شکار تلاش کرنے والے کی طرح۔
غیر محل میں یا محال چیز کو تلاش کرنے والے کے لئے مثل ہے۔

• بقبقة فی زفزقة:
ہنسی میں شور و غل۔ یعنی لایعنی اور فضول گپ سے بولنا۔

• بقل شهر و شوك دهر:
ایک ماہ کا ساگ اور کانٹا ہمیشہ کا۔
یعنی کم خیر اور زیادہ شر والا آدمی۔

• ما استبقاك من عرّضك للاسد:
جس نے تجھے شیر کے سامنے ڈال دیا اس نے تجھ کو زندہ نہ چھوڑا۔ اس کے لئے مثل ہے جو تم کو برے انجام والے کام پر ابھارے۔

• لا یبقی شیء علی حاله:
کسی چیز کی ایک حالت نہیں ہوتی۔

• بقّ نعلیك و ابذل قدمیك:
اپنے جوتے محفوظ رکھو اور اپنے قدم مصروف رکھو۔
یعنی محنت کرو اور مال بچاؤ تاکہ حالات درست ہوں۔

• ابقی من وحی فی حجر:
پتھر پر لکھی ہوئی دانائی سے بھی زیادہ باقی رہنے والا۔

• ابقی من العصرین:
صبح و شام سے زیادہ باقی رہنے والا۔
یعنی صبح اور شام میں تبدیلی نہیں آتی۔

• ابقی من النسرین:
نسر طائر اور نسر واقع دو ستاروں سے زیادہ باقی رہنے والا۔

• ابقی من الدهر:
زمانہ سے زیادہ دیر پا باقی رہنے والا۔

• ابقی من الحجر:
پتھر سے زیادہ باقی رہنے والا۔

• باکر تسعد:
جلدی صبح اٹھا کرو نیک نصیب ہو جاؤ گے۔

• ابکر من الغراب:
کوے سے بھی زیادہ جلدی صبح اٹھنے والا۔
کوا سب پرندوں سے پہلے بیدار ہوتا ہے۔

• ما تبل احدی یدیه الاخری:
اس کا ایک ہاتھ دوسرے کو تر نہیں کرتا۔
یعنی کنجوس اپنے آپ کو بھی نفع نہیں دیتا۔

• بلغ منه المخنّق:
وانتہائی سخت تکلیف میں مبتلا ہے۔
مراد اس سے موت کو پہنچ چکا ہے۔

• بلغ الحزام الطّبیین:
تنگ پستان تک پہنچ گیا۔
مراد معاملہ انتہاء کو پہنچ چکا۔

• بلغ السّیل الزّبی:
سیلاب ٹیلوں تک پہنچ گیا۔
مراد: لوگ حد سے گذر چکے۔

• بلغ السّکّین العظم:
چھری ہڈی تک پہنچ گئی۔
مراد معاملہ خرابی تک چلا۔

• بلغ الدّماء الثّنن:
خون چوپایوں کے ٹخنوں تک پہنچ گیا۔
شر کے پھیل جانے کے لئے مثل ہے۔

• لو بلغ الرّزق فاہ لو لاّہ قفاہ:
اگر رزق اس کے منہ تک پہنچ تو پھر بھی منہ پھیر لے گا۔ محروم کے لیے مثل ہے۔

• ما عسٰی ان یبلغ عض النّمل:
امید ہے کہ وہ چیونٹی کے کاٹنے کے برابر بھی نہ پہنچے گا۔
اس کے لئے مثل ہے جس کے دھمکی کا اثر نہ ہو۔

• ابلغ من قسّ:
قس بن ساعدہ سے بھی زیادہ بلیغ ہے۔ قس دنیا عرب میں سب سے اول امّا بعد اور البیّنة علی المدّعی والیمین علی من انکر بولنے والا ہے۔

• ابله من الحباری:
حباری سے بھی زیادہ بے سمجھ۔ یہ پرندہ اپنے انڈے بھول کر دوسرے پرندوں کے انڈوں پر جا بیٹھتا ہے۔

• انّ البلاء مؤکّل بالمنطق:
مصیبت بولنے پر لگائی گئی ہے۔

• البلایا علی الحوایا:
آفات حوایا (اونٹ کی کوہان پر نمدہ) پر بھی آتی ہیں۔
یعنی تقدیر کے سامنے کسی کا زور نہیں۔

• بنان کفّ لیس فیها ساعد:
ہاتھ پر انگلیاں موجود ہیں اس میں کلائی نہیں۔ یعنی طاقت موجود مگر ہمت

مفقود۔

• اَنَا اِبنُ جَلا:

میں مشہور و معروف ہوں۔

• اَنَا اِبنُ جَلا وَطَلاَّعِ الثَّنايا. متى اَضَعُ العَمَامَةَ تعرفوني

میں جلا کا بیٹا ہوں گھاٹیوں پر چڑھ جانے والا۔ جب عمامہ اتاروں گا تو تم مجھے پہچان لوگے۔

• رُبَّ ابنِ عَمٍّ لَيسَ بِابنِ عَمٍّ:

کئی چچازاد بھائی چچازاد نہیں ہوتے۔ یعنی جو نفع نہ دے وہ کہاں کا بھائی ہے۔

• بِنْتُ صَفَا تَقُولُ عَنْ سَماعٍ:

بنت صفا (بازگشت) ہر آواز کا جواب دیتی ہے۔

ہر دعوت قبول کرنے والے کے لئے مثل ہے۔

• يَبْنِي قَصراً وَ يَهْدِمُ مِصْراً:

محل بناتا ہے اور شہر گراتا ہے۔

یعنی کم خیر اور زیادہ شر والا آدمی۔

• اَبْهٰى مِنَ القَمَرَيْنِ:

چاند سورج سے زیادہ خوبصورت۔

• بَالَ حِمَارٌ فَاسْتَبَالَ اَحْمِرَةً:

ایک گدھے نے پیشاب کر کے باقی گدھوں کو پیشاب کروادیا۔

اس قوم کے لئے مثال جو برے لوگوں کی تقلید کرتے ہیں۔

• بَالَتْ بَيْنَهُم الثَّعَالِبُ

ان کے درمان لومڑی نے پیشاب کردیا۔

اس قوم کے لئے مثل جن میں فساد واختلاف ہو جائے۔

• لَوْ كَانَ فِي الْبُوْمَةِ خَيْرٌ مَا تَرَكَها الصَّيَّادُ:

الو میں کوئی نفع ہوتا تو اس کو شکاری نہ چھوڑتا۔

• بَيْتِي يَبْخَلُ لاَ اَنَا

میرا گھر کنجوسی کرتا ہے میں نہیں۔

یعنی گھر خالی ہے۔

• اَبَادَ اللّٰه خَضْراءَ هُم:

اللہ تعالیٰ ان کی سرسبزی برباد کرے۔

بددعاء ہے۔

• كَانَتْ بَيْضَةُ الدِّيْكِ:

وہ مرغ کا انڈہ تھی۔ یعنی عرب عقیدہ کے مطابق مرغ ایک دفعہ انڈہ دیتا ہے۔ اب وہ چیز نایاب ہوگی۔

• بَيْضَةُ الْيَوْمِ خَيْرٌ مِنْ دَجَاجَةِ الغَدِ:

آج کا انڈا کل آئندہ کی مرغی سے زیادہ قیمتی ہے۔

بَيْضَةُ البَلَدِ: شہر کا بڑا آدمی

• دُوْنَهُ بَيْضُ الاَنُوقِ:

اس کے آگے عقاب کا انڈہ ہے۔ نایاب چیز کے لئے یہ مثل ہے۔

• ما كل بيضاء شَحْمَةٌ ولاَ كُلُّ سَوداءَ تَمْرَةٌ:

ہر سفید چیز چربی نہیں ہوتی اور نہ ہر سیاہ چیز کھجور ہوتی ہے۔

• مَنْ بَاعَ لِعِرْضِه اَنْفَقَ:

جو شخص اپنی عزت فروخت کرے گا وہ اس کی قیمت پالے گا یعنی کسی کو برا کہنے سے خود برا سنے گا۔

• بِعْتُ جارِي وَ لَمْ اَبِعْ دَارِي:

میں نے اپنا پڑوسی فروخت کیا ہے گھر نہیں فروخت کیا۔

• لا تَبِعْ نَقْدًا بِدَيْنٍ:

نقد کو ادھار کے بدلے میں نہ فروخت کر۔

• قد بَيَّنَ الصُّبْحُ لذى عَيْنَيْنِ:

آنکھوں والوں کے صبح روشن ہوگئی۔

• اَبْيَنُ مِنْ فَلَقِ الصُّبحِ او فَرَقِ الصُّبْحِ:

صبح کی روشنی سے زیادہ روشن۔

• اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرا:

بعض بیان جادو اثر والے ہیں۔

ت

• اَنَا تَئِقٌ وَ اَنْتَ مَئِقٌ فَكَيْفَ نَتَّفِقُ:

میں غصے والا ہوں اور تم گھبرانے والے ہو ہم میں کیسے اتفاق ہوگا۔ دو مختلف عادات لوگوں کے لئے ہے۔

• اِتْبِعِ الفَرَسَ لِجَامَهَا وَالنَّاقَةَ زِمَامَها

گھوڑے کے ساتھ لگام اور اونٹنی کے ساتھ نکیل بھی دو۔ یعنی مکمل احسان کے لئے اصل کے ساتھ متعلق اصل بھی دو۔

• اِتْبِعْ الدَّلْوَ بِالرِّشَاءِ:

ڈول کے ساتھ رسی بھی دو۔

• اَتْبَعُ مِنَ الظِّلِّ:

سایہ سے بھی زیادہ پیچھا کرنے والا۔

• لَوَ اتَّجَرْتَ بِالاَكْفَانِ ماماتَ اَحَدٌ:

اگر تو کفن کی تجارت کرتا تو کوئی نہ مرتا۔

• لاَ تِجارَةَ كَالْعَمَلِ الصَّالِحِ:

نیک کام جیسی تجارت نہیں ہو سکتی۔

• تَرَكَ ظَبْيٌ ظِلَّهُ:

ہرن نے اپنا سایہ چھوڑ دیا۔

وہ شخص جو آرام چھوڑ کر تنگی میں چلا جائے۔

• تَرَكْتُه عَلٰى اَنْقٰى مِنَ الرَّاحَةِ:

میں نے اس کو صاف ہتھیلی پر چھوڑا۔
یعنی اچھی حالت میں نہیں چھوڑا۔

- تَرَكْتُه عَلٰى مثل مِشْعَرِ مِنَ الاسَدِ:
میں نے اس کو شیر کے ہونٹ کے پاس چھوڑا۔

- تَرَكْتُهُمْ فِي حَيْصَ بَيْصَ او حَيْصٍ بَيْصٍ:
میں نے ان کو بھاگنے والا افراد میں پایا۔
کسی خطرناک کام میں پھنسے افراد کے لئے یہ مثل ہے۔

- مَاتَرَكَ الاَوَّلُ لِلاٰخِرِ شَيْئًا:
پہلے نے دوسرے کے لئے کچھ نہیں چھوڑا۔

- مَنْ تَرَكَ الشهوات عاش حُرًّا:
جس نے خواہشات کو چھوڑا اس نے آزاد زندگی گذاری۔

- لو ترك القطا لَيلاً لَنَام:
اگر رات میں چھوڑا جائے تو سو جائے۔
یہ اس شخص کے لئے مثل جو مصیبت پر مجبور کیا جائے یا ظلم پر ابھارا وہ ظلم کرنے لگے۔

- لا يَتْرُكُ السَّاقَ اِلاَّ مُمْسِكًا سَاقًا:
وہ ایک تنا چھوڑدے تو دوسرے کو پکڑتا ہے۔ مراد محتاط آدمی۔

- لا يَتْرُكُ الظَّبْيُ ظِلَّهُ:
ہرن اپنا سایہ نہیں چھوڑتا۔ مراد: مانوس چیز کو لازم رکھنا چاہئے۔

- اُتْرُكِ الشَّرَّيَتْرُكُكَ:
تم شر (برائی) کو چھوڑ دو وہ (برائی) تجھے چھوڑ دے گی۔

- تَرْكُ الجواب عَلَى الْجَاهِلِ جَوَابٌ:
جاھل کو جواب نہ دینا اس کو جواب ہے۔

- تَرْكُ مَالاَيَصْلُحُ اَصْلَحُ:
جو درست نہیں ہو سکتا اس کو اس کے حال پر چھوڑنا بہت اچھا ہے۔

- اِذَا تَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْكَلاَمُ:
جب عقل مکمل ہو جاتی ہے تو کلام کم ہو جاتی ہے۔

- تَمَامُ الرَّبِيْعِ الصَّيْفُ:
موسم بہار کے پورے ہونے پر گرم شروع ہوتی ہے۔

- اَتَمُّ مِنْ قَمرِ التَّمِّ:
پورے چاند (بدر) سے بھی زیادہ پورا۔

- اَلتمره والجمرة
(کھجور اور انگارا) یعنی نفع اور نقصان

- اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لاَ ذَنْبَ لَهُ:
گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ جیسا ہے۔

- تَاجُ الْمُرُوَّةِ التَّوَاضُعُ:
عاجزی شرافت کا تاج ہے۔

- اَتيَهُ مِنْ قومِ موسى:
قوم موسیٰ سے زیادہ حیران۔

ث

- ثَاطَةٌ مُدَّتْ بِمَاءٍ:
سڑی بدبودار کیچڑ پانی کے ساتھ ملادی گئی۔

- اثبت في الدَّارِ مِنَ الجوار:
گھر میں دیوار سے بھی حمار کہنے والا۔

- اَثبتُ مِنَ الوَسْمِ:
گوندنے کے نشان سے بھی زیادہ پائیدار

- مالهُ ثاغيةٌ و لاَرَاغيةٌ:
اس کے پاس نہ بھیڑ ہے اور نہ اونٹنی۔

- اثقلُ مِنْ رَضوى.
رضوی (مدینہ کے پہاڑ) سے بھاری۔

- اَثقلُ مِنْ تَوْدٍ:
بڑے پہاڑ سے زیادہ بھاری۔

- ثكلَتْكَ اُمُّكَ اَىَّ جَرْدٍ تَرْقَعُ:
تیری تجھ کو رو دے تو کون سے کپڑے کو پیوند لگا رہا ہے یعنی بے نفع آد

- الثَّكلى تُحِبُّ الثَّكلى:
گم شدہ بچے کی ماں گم شدہ بچے کی ماں کو پسند کرتی ہے۔

- لاَيُثمِرُ الشَّوكُ العنبَ:
کانٹا انگور کو پھل نہیں دیتا۔

- ثمره الجُبنِ لاربحٌ و لاخُسر:
بزدلی کا نتیجہ نہ نفع نہ نقصان۔

- لِكلِّ ثَوبٍ لاَبسٌ:
ہر کپڑے کو پہننے والا ہوتا ہے۔

- ثار حابلهم علٰى نابلهم:
ان کے جال والے نے ان کو تیر والے پر غصہ کیا۔

- اثور يحمى انفه بروقه
بیل بھی اپنی ناک کی حفاظت اپنے سینگوں سے کرتا ہے۔

ج

- اَجْبَنُ مِنْ نَعَامَةَ:
شتر مرغ سے زیادہ بزدل۔

- اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ:
صافر سے زیادہ بزدل۔
ساری رات سیٹی بجانے والا بزدل پرندہ۔

• اِنَّ الجَبان حَتفُ مِنْ فَوْقِه:
بزدل کی موت اوپر سے آتی ہے۔
یعنی نامرد انسان بھی موت کا شکار ہوتا ہے۔
• بجبهَةِ الصِير يُفْدىٰ حَافِرُ الفَرسِ:
گدھے کی پیشانی گھوڑے کے کھر کے فدیہ میں دی جاتی ہے۔
• اَنحجش لَمَّا فَاتَكَ الاَعْيار:
جب گدھے نہ ملیں تو ان کا بچہ حاصل کرو۔
• قد جدَّ اشياعُكم فَجدُّو
تمہارے ساتھیوں نے کوشش کی ہے تم بھی کوشش کرو۔
• مَنْ جَدَّ وَجَدَ:
جس نے کوشش کی اس نے پالی۔
• جدَّ لِامْرِئٍ يَجدُّلَك:
تم کسی آدمی کے لئے کوشش کرو وہ تمہارے لیے کوشش کرے گا۔
• جدُّكَ يَرْعىٰ نَعْمَكَ:
تیری کوشش تیرے چوپایوں کو چراتی ہے۔
• جدُّكَ لا كَدُّكَ:
تیری کوشش فائدہ مند ہے لیکن اصرار طلب فائدہ مند نہیں۔
• كُلُّ جدَّةٍ سَتُبْلِيهَا عِدَّةٌ:
ہر نئی چیز عن قریب اس کو مرور ایام بوسیدہ کردیں گے۔
• نِعمَ الجُدُوْدُ وَ لٰكِن بِئسَ مَا خَلَفُوْا:
آباء واجداد اچھے تھے مگر ان کی بعد والی نسل بری ثابت ہوئی۔
• لا جديد لِمَنْ لاخلَق لَهُ:
جس کے پاس پرانہ نہ ہو وہ بنا کہاں سے لائے گا۔
• جُدَيْدَةٌ في لُعَيْبَةٍ:
سنجیدگی والی بات کھیل کے انداز میں۔
• مَنْ اَجْدَبَ اِنْتجعَ:
جو قحط زدہ ہو جائے گھاس تلاش کرتا ہے۔
• وَ بعضُ الجَدْبِ اَمْرأُ لِلْهُزيْلِ:
بعض قحط سالی لاغر کے بڑی موافق ہوتی ہے۔ یعنی بعض لوگوں کو مالداری کے بجائے غریبی صحیح رہتی ہے۔
• جَدَحَ جُوَيْنُ مِنْ سويق غَيْرِه:
جوین نے اپنے غیر کا ستون گھولا ہے۔
• اَجْدىٰ مِنَ الغَيْثِ فِي اَوَانِهِ:
بروقت بارش سے زیادہ نفع مند۔
• جذْبُ الزمَامِ يَرِيْضُ الصِّعَابَ:
لگام کھینچنا بے سدھے کو سدھا دیتا ہے۔
• جِذْلُ حِكَاكٍ:
خارش کرنے کی لکڑی: اس سے مراد عقلمند آدمی کی درست رائے۔
• اَنَا بُذَيْلُها المُحلَّك و عُذَيقها المُرَجَّبُ:
میں ان کی خارش دور کرنے والی لکڑی اور چبوترے والا کھجور کا درخت ہوں۔
• كَلٌّ يَجُرُّ النَّارَ اِلىٰ قُرْصِه:
ہر شخص اپنی ٹکیا کی طرف آگ کھینچتا ہے۔
• اَجْرأُ مِنْ اُسَامَةَ:
اسامہ (شیر کا نام) سے زیادہ بہادر ہے۔
• اَجْرأُ مِنْ لَيْثٍ بخِفَّانَ:
خفان (جھاڑی برائے شیر) کے شیروں سے زیادہ بہادر۔
• اَجْرأُ مِنْ ذُبَابٍ:
مکھی سے زیادہ جرأت والا نہ مکھی ہر چھوٹے بڑے کے جسم پر بیٹھتی ہے۔
• اَجْرَدُ مِنْ صَلْعَة:
گنجے کے خالی بال سر سے بھی زیادہ ننگا۔
• اَجْرَدُ صَخْرَةٍ:
پتھر سے زیادہ صاف۔ اس واسطے کہ اس پر کوئی زراعت نیں ہوتی۔
• كَجَرادٍ لا يُبْقِي وَلايَذَرُ:
ٹڈی کی طرح جو نہ باقی رکھتی ہے اور نہ چھوڑتی ہے۔
• جَزْعٌ وَ اَوْشَالٌ:
سیراب ہونا اور تھوڑا پانی۔
کفایت شعاری پر رغبت کے لئے مثل ہے۔
• الجرع اروى وَالْوَشِيْفُ اَنقَعُ:
زیادہ پینا سیراب تو کر دیتا ہے اور لیکن چوسنا اور پینا زیادہ فرحت بخش ہے۔
• لاجُرمَ بَعْدَ النَّدَامَةِ:
پشیمانی کے بعد کوئی جرم نہیں۔
• اذا جَرىٰ المُذَكِّي حَسَرَتْ عَنْهُ الْحُمُرُ:
جب طاقتور گھوڑا چلتا ہے تو گدھے پیچھے رہ جاتے ہیں اصحاب خوبیوں کے لئے مثل ہے۔
• يَجْرِىَ بُلَيْقٌ وَ يُذَمُّ:
بلیق نامی گھوڑا دوڑتا ہے پھر بھی مذمت کیا جاتا ہے۔
• تَجْرِى الرِّيَاحُ بِمَالا تَشْتَهِى السُّفُنُ:
ہوائیں اس چیز کے ساتھ چلتی ہیں جس کو کشتی والے پسند نہیں کرتے۔
• اَجْرِالاُمُوْر عَلٰى اذْلالِها:
کاموں کو آسانی والے طریقوں پر چلا۔
• جَرْيُ المُذَكَّيَات غِلاءٌ:
اچھے گھڑوں کی دوڑ میلوں تک ہوتی ہے۔
• اَلْجَزَعُ عندالمُصِيبَةِ مُصِيبَةٌ اُخرىٰ:

مصیبت کے وقت گھبراہٹ دوسری مصیبت ہے۔

• جزاءُ جزاء سِنمّار:
اس کو سنمار جیسی سزا دی' نعمان بن امرائی القیس نے اپنے معمار سنمار اس کے بنائے محل سے گرادیا تاکہ دوسرا محل نہ بنائے۔

• جَزَيْتُهُ كَيْلَ الصَّاعِ بالصَّاعِ:
میں نے اس کو پیمانہ کا بدلہ پیمانہ سے دیا۔

• هذا جَزاءُ مُجِيرِ اُمِّ عَامِرٍ:
یہ بجو کو پناہ دینے والے کا بدلہ ہے۔
اعرابی نے بجو کو پناہ دی بجو نے اس کو قتل کر دیا۔

• اَلْجزاءُ مِنْ جِنْسِ الْعَمَلِ:
عمل کا بدلہ عمل جیسا ہوتا ہے۔ جیسا کرنا ویسا بھرنا۔

• تَجَشَّأَ لُقْمَانُ مِنْ غَيْرِ شِبْعٍ:
لقمان نے پیٹ بھرے بغیر ڈکاری۔
یعنی غریب ہو کر امیری ظاہر کرنا۔

• جَعْجَعَةٌ وَلاَ اَرٰى لَهَاطِحْنًا:
چکی کا شور مگر آٹا نظر نہیں آتا۔

• مَنْ جَعَلَ نَفْسَه عَظْمًا اَكَلَتْهُ الْكِلاَبُ:
جو اپنے آپ کو ہڈی بنالے اس کو کتے کھاتے ہیں۔

• لاتَجْعَلْها بَيْضَةَ الدِّيْكِ:
اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ۔
مشہور ہے کہ زندگی میں مرغا ایک دفعہ انڈا دیتا ہے۔

• زُرْتَنا مَرَّةً فی الدهر واحدة ثَنِّیْ ولا تجعليها بَيْضَةَ الدِّيْكِ:
اے محبوبہ تم نے ہم سے ایک دفعہ ملاقات کی دوبارہ ملو اور اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ۔

• جِلْدُ الْخِنْزِيْرِ لاَ يَنْدَبِغُ:
خنزیر کے چمڑے کو رنگا نہیں جاسکتا۔
یعنی اس شخص پر نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔

• اَجْفٰى مِنَ الدَّهْرِ:
زمانہ سے زیادہ بے وفا۔

• تَحْتَ جِلْدِ الضَّأْنِ قَلْبُ الاَذْوبِ:
بھیڑ کی کھال کے نیچے بھیڑیئے کا دل۔

• جَلِيْسُ الْمَرْءِ مِثْلُه:
آدمی کا ہم نشین اسی جیسا ہوتا ہے۔

• جَلّٰى مُحِمًّا نَظْرُهُ:
دوست اس کی نظر نے ظاہر کر دیا۔

• لاَيُجْمَعُ سَيْفَانِ فِی غَمْدٍ:
ایک میان میں دو تلواریں جمع نہیں ہو سکتی۔

• مَا يَجْمَعُ بين الاَرْوٰى وَالنَّعَامِ:
پہاڑی بکرا اور شتر مرغ جمع نہیں ہو سکتے۔
یعنی دو مخالف الطبائع اکٹھے نہیں ہوتے۔

• اَجْمَعُ مِنْ نَمْلَةٍ:
چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا۔

• مَنْ اَجْمَلَ قِيْلاً سمِعَ جَمِيْلاً:
جو اچھی بات کرے گا اچھی سنے گا۔

• اَلْجَمَلُ مِنْ جَوْفِهٖ يَجْتَرُّ:
اونٹ اپنے منہ سے جگالی کرتا ہے۔ یعنی انسان اپنے کسب سے روزی کھاتا ہے۔

• اَلْجُنُونُ فُنُوْنٌ:
جنون کی کئی اقسام ہیں۔

• لِكُلِّ جَنْبٍ مَضْجَعٌ:
ہر پہلو کے لئے سونے کی جگہ ہے۔

• لِكُلِّ جَنْبٍ مَصْرَعٌ:
ہر پہلو کے لئے گرنے کی جگہ یعنی موت ہے۔

• جَنَتْ عَلٰى اَهْلِهَا بَرَاقِش:
براقش کتیا نے اپنے مالکوں پر ہی ظلم کیا۔

• اِنَّكَ لاَ تَجْنِی مِنَ الشَّوْكِ الْعِنَبَ:
تم کانٹوں سے انگور نہ چنو گے۔

• اَجْنَاءُ هٰا اَبْنَاؤُهَا:
جرم کرنے والے اسی کے معمار ہیں۔
بے سوچے سمجھے کام کو مٹانے پر یہ مثل دی جاتی ہے۔

• هَلْ يَجْهَلُ فُلاَنًا الاّمَنْ يَجْهَلُ الْقَمَرَ:
فلاں سے ناواقف وہی ہوگا جو چاند سے ناواقف ہو۔

• اَلْجَهْلُ مَطِيَّةٌ مَنْ رَكِبَهَا ذَلَّ وَمَنْ صَحِبَهَا ضَلَّ:
جہالت ایک سواری ہے جو اس پر سوار ہوگا ذلیل ہوگا اور جو اس کے ساتھ رہے گا گمراہ ہوگا۔

• اَلْجَهْلُ شَرُّ الاَصْحَابِ:
جہالت بدترین ساتھی ہے۔

• اَجْهَلُ مِنْ عَقْرَبٍ:
بچھو سے بھی زیادہ جاہل۔ پتھر پر ڈنگ مار کر اپنے جسم کو ہی نقصان پہنچاتا ہے۔

• اَجْهَلُ مِنْ فِرَاشَةٍ:
پروانہ سے زیادہ جاہل وہ اپنے آپ کو ہلاک کر لیتا ہے۔

• عند جُهَيْنَةَ الْخَبَرُ الْيَقِيْنُ:

جھینہ کے پاس یقینی خبر ہے- حصین نامی شخص نے اپنے میزبان کو قتل کر د تو اس کے ساتھی نے اس کو قتل کر دیا تو بیوی نے حصین کے متعلق تو قاتل ساتھی یہ فقرہ بولا- معاملہ کی حقیقت معلوم ہونے پر بولا جاتا ہے-

- اَجْوَدُ مِن حَاتِم:
حاتم سے زیادہ سخی-
- اِنَّ الجَوَادَ قد یَعْثُرُ:
اصیل گھوڑا کبھی غلطی کر لیتا ہے-
یعنی تجربہ کار آدمی بھی کبھی لغزش کر لیتا ہے-
- اِنَّ الجواد عَیْنُه فرارُہٗ:
اصیل کی آنکھ دانت دیکھنے سے مستغنی کر دیتی ہے-
- لِکُلِّ جَوَادٍ کَبْوَۃٌ:
ہر اصل گھوڑے کو کبھی کبھی ٹھوکر لگتی ہے-
- جَاوِرْ مَلِکًا اَوْ بَحْرًا:
بادشاہ کا پڑوسی بن یا سمندر کا-
دولت اہل ثروت سے حاصل ہوتی ہے-
- کَمُجِیْرِ اُمِّ عَامِرٍ:
بچھو کو پناہ دینے والے کی طرح-
ایک اعرابی نے بچھو کو پناہ دی اور دودھ پلایا' بچھو نے اعرابی کو قتل کر دیا-
- مَنْ یَصنَعِ المَعْرُوْف مع غیر اَهْلِهٖ:
یلاقی الذی لاقی مُجِیْرُ اُمِّ عامر:
جو نااہل سے حسن سلوک کرتا ہے اس کے ساتھ وہی ہوگا جو بچھو کو پناہ دینے والے کے ساتھ ہوئی-
- اَلْمُستجیر بعمرو عند کُربته. کَالْمُسْتَجِیْرِ من الرَّمْضاءِ بالنَّارِ:
مصیبت کے وقت عمر سے پناہ لینے والا جیسے نرم زمین سے بچ کر آگ کے پاس جانے والا-
- اَلْجَارَ ثم الدَّارَ:
پہلے پڑوس کو دیکھے پھر گھر کو-
- الرَّفِیْقَ قَبْلَ الطَّرِیق:
راستہ سے پہلے ساتھی کو دیکھو-
- جَارُكَ الْاَدْنی لایَغْلُكَ الاَقْصٰی:
اپنے قریب ترین پڑوسی کا خیال کرو تم پر بعید ترین غالب نہ آئے گا-
- جاوزَ الحِزَامُ الطُّبْیَیْنِ:
تنگ پستان سے گذر گیا معاملہ بڑھ گیا-
- تَجُوْعُ الحُرَّۃُ وَلا تأكُلُ بثدیها:
آزاد عورت بھوک مرتی ہے لیکن اپنے پستان کی کمائی نہیں کھاتی یعنی دایہ نہیں بنتی-

- اَجِعْ كَلْبَكَ یَتْبَعْكَ:
اپنے کتے کو بھوکا رکھ تیرے پیچھے رہے گا-
- اَجْوَعُ مِنْ ذُوالة (الذئب)
بھیڑیئے سے بھیڑیئے زیادہ بھوک والا-
- اَجْوَعُ مِنْ كَلْبَةِ حَوْمِل:
حومل کی کتیا سے زیادہ بھوکا-
- اَجْوَعُ مِنْ قُرادٍ:
چیچڑی سے زیادہ بھوکا-
- مَنْ جَالَ نَالَ:
جو کوشش کرتا ہے پالیتا ہے-
- اَجْول مِنْ قَطْرَب:
قطرب جانور سے زیادہ چکر لگانے والا-
- جَوْلَه بَاطِلٍ سَاعَةٌ وَجَوْلَه الحق الی قیام الساعة:
باطل کا زمانہ ایک گھڑی اور حق کا زمانہ قیامت تک ہے-
- جَاءَ بِمُطْفِئَةِ الرَّضْفِ:
وہ گرم پتھر کو مات کرنے والا لایا-
- جَاءَ بالطِّمِّ وَالرِّمِّ:
وہ سمندر اور زمین کی تہہ کو لایا-
- جَاءَ الصِّیَانُ فالوی بالاسانید:
مشاہدہ آیا اور اسانید کو لے گیا-
- جَاءَ بماصأی وَ صَمَتَ:
وہ بولنے والا اور خاموش مال لایا-
- جَاءَ بِقَرْنَي حِمَارٍ:
وہ گدھے کے دو سینگ لایا-
یعنی جھوٹ اور ناممکن-
- جاء بذَاتِ الرعَكِ والصَّلِیْلَ:
وہ گرجنے والا اور آواز دینے والا لایا-
- جَاءَ نا ثِرًا اُذُنَیْهِ:
اپنے کانوں کو پھیلا کر آیا-
- جَاءَ نافِشًا عِفْرِیتَه:
اپنی کلغی کو پھیلا کر آیا-
- جَاءُوْ عَلی بَكْرَۃِ اِلیهم:
وہ سارے کے سارے آگئے-
- اذا جَاءَ الحَیْنَ حَارتِ العُیُون:
جب موت آئی تو آنکھیں حیران ہوں گی-
- اذا جاء القَدَرُ. غشی البصر:

جب تقدیر آ جائے تو آنکھ اندھی ہو جاتی ہے۔

- جَاءُ و اقضَّا قَضِيضا:

وہ سارے کے سارے آ گئے۔

- جاء القَوْمُ قَضِهم و قَضِيضهم:

قوم اور ساری کی ساری آ گئی۔

- جيفة لا تُعكر بحراً:

ایک مردار سمندر کو گدلا نہیں کرتا۔

ح

- مَن احبَ شيأ اكثَر ذِكره:

جو کسی چیز سے پیار کرے اس کو زیادہ یاد کرتا ہے۔

- لا اُحِبُ دَمِيْ فِيْ طَسْتِ ذهَب:

میں اپنا خون سونے کے طشت میں پسند نہیں کرتا۔

- حُبُّكَ الشيء يُعْمِيْ وَ يُصِمُّ:

تمہاری کسی چیز سے محبت اندھا اور بہرہ بنا دیتی ہے۔

اس کا مفہوم درج ذیل شعر میں ہے۔

- وَ عينُ الرّض عَنْ كُلِّ عَيب كُلِيْلَةٌ:

ولكن عَيْنُ السَّخَطِ تُبدي المَسَاوِيَا:

پسند کی نگاہ ہر عیب سے بند ہوتی لیکن ناراضگی کی آنکھ عیبوں کو ظاہر کرتی ہے۔

- اَلْحُبُّ اعمى:

محبت اندھی ہوتی ہے۔

- لَيس فِي الْحُبِّ مَشْوَرَةٌ:

محبت میں مشورہ کی ضرورت نہیں۔

- احبُّ شَيْءٍ اِلَى الانسَان مَا مُنِعَا:

سب سے محبوب چیز انسان کو وہ ہے جس سے روکا جائے۔

- رَئَيتُ النَّفسَ تَكرَه مالديها. وَ تَطْلُبُ كُلَ مُمْتَنِعٍ عَلَيْهَا:

میں نے نفس کو دیکھا کہ اپنے پاس موجود چیز پر راضی نہیں ہوتا اور ممنوع چیز کو طلب کرتا ہے۔

- مِن الحبَّة تَنْشَأ الشَجرَةُ:

دانہ ہی سے درخت پیدا ہوتا ہے۔

- كُلُّ حبَةٍ لَها كَيَّالٌ:

ہر دانہ کو پیمانہ میں بھرنے والا ہے۔

- حبلُك علَى غَارِبك:

تیری رسی تیرے کندھے پر ہے۔

یعنی تو اپنے کام میں آزاد ہے۔

- رُبَّ حَثِيثٍ مَكِيْثٌ:

بہت سے جلد باز لیٹ ہونے والے ہیں۔

- مافِي الحَجَر مَبْغًى:

پتھر میں کوئی مطلوب چیز نہیں۔

قلت خیر کے لئے بولا جاتا ہے۔

- اَلْمُحاجَزةُ قَبلَ المُنَاجَزةِ:

لڑائی سے بچاؤ لڑائی سے پہلے ہے۔

- انَّ الحديْدَ بالحَديْدِ يُفْلَحُ

لوہا لوہے سے کاٹا جاتا ہے۔

- وَ يُحدثُ مِنْ بَعْض الأُمور اُمُوْرٌ:

باتوں سے باتیں پیدا ہوتی ہیں۔

- حدِّثْ عَنْ مَعْنٍ ولاَ حَرَجَ:

معن سے روایت کر کوئی حرج نہیں۔

وسعت ظرفی والے کے لئے بولا جاتا ہے۔

- حدِّثْ عَنِ الْبَحْرِ وَلاَ حَرَج:

سمندر کی بات کر کوئی حرج نہیں۔

- حديْثُ خرَافَةَ: خرافہ کی بات

خرافہ نامی آدمی پر جن ایک دن مسلط رہے۔ لوگوں نے اس کی بات تسلیم نہ کی۔ ہر نا قابل تسلیم بات کو خرافہ کی بات کہا جاتا ہے۔

- الْحَدِيْثُ ذُوْشُجُو:

بات کی مختلف شاخیں ہیں۔

- الْحَادِيْ وَلَيْس لَهُ بَصِيْرٌ:

ہانکنے والا اور اس کے لئے اونٹ نہیں۔

یعنی ناحق کی طرف منسوب کے لئے ہے۔

- الْحذَرُ اَشَدُّ مِنَ الوقِيْعَة:

ڈر واقعہ میں مبتلا ہونے سے زیادہ سخت ہے۔

- انَّ الحذر لاَ يَدْفَعُ الْمَقْدُوْرَ:

احتیاط تقدیر کو نہیں روک سکتا۔

- احْذَر مِنْ قِرْلَيَ:

قرلی پرندہ سے زیادہ ڈرنے والا۔

یہ پرندہ پانی اور فضا سے ڈرتے ڈرتے شکار پکڑتا۔

- احْذَرُ مِن غُراب:

کوے سے زیادہ محتاط۔

- حْذَرُ مِنْ ذِئب:

بھیڑیے سے زیادہ چالاک۔

- كُلُّ الحذاء يَحْتوى الحافي الوَقِعُ:

ننگے پاؤں دریاؤں والا ہر قسم کا جوتا پہن لیتا ہے۔

• اَلْحُرُّ حُرٌّ وَ اِنْ مَسَّهُ الضُّرُّ:
عزت دار عزت دار ہی ہوتا ہے اگرچہ اس کو تنگی ہو۔

• حَرَّةٌ تَحْتَ قِرَّةٍ:
ٹھنڈک کے نیچے پیاس۔

• اَحَرُّ مِنْ نَارِ الْغَضَا:
غضی لکڑی کی آگ سے زیادہ گرم۔

• اَحَرُّ مِنَ النَّارِ:
آگ سے زیادہ گرم۔

• اَحَرُّ مِنْ مِرْجَلٍ:
ہنڈیا سے زیادہ گرم۔

• اَحَرُّ مِنْ دَمْعِ الْمِقْلَاتِ:
سوگوار ماں کے آنسوؤں سے زیادہ گرم۔

• اَلْحَرْبُ خُدْعَةٌ:
لڑائی دھوکہ ہے۔

• اَلْحَرْبُ سِجَالٌ:
لڑائی میں رد عمل ہے۔

• اَلْحَرْبُ غَشُوْمٌ:
لڑائی ظالم ہے۔

• اَحْرَزَ امْرَأً اَجَلُهٗ:
موت نے آدمی کو ذخیرہ کر لیا۔

• اَحْرَسُ مِنْ كَلْبٍ:
کتے سے زیادہ نگہبان۔

• اَلْحِرْصُ قَائِدُ الْحِرْمَانِ:
لالچ محرومی کی قائد ہے۔

• اَلْحَرِيْصُ مَحْرُوْمٌ:
لالچی محروم رہتا ہے۔

• اَحْرَصُ مِنْ نَمْلَةٍ:
چیونٹی سے زیادہ لالچی۔

• لَيْسَ الْحَرِيْصُ بِزَائِدٍ فِيْ رِزْقِهٖ:
لالچی اپنا رزق زیادہ نہیں کر سکتا۔

• اِنَّهٗ لَيُحَرِّقُ عَلَيَّ الْاُدَمَ:
وہ مجھ پر دانت پیتا ہے۔یعنی غصہ کرتا ہے۔

• حَرِّكْ لَهَا حُوَارَهَا تَحِنَّ:
اونٹنی کے بچے کو حرکت دے وہ بولے گی۔

• اَلْحَرَكَةُ بَرَكَةٌ:
حرکت میں برکت ہے۔

• اَلْحَزْمُ حِفْظُ مَا وُلِّيْتَ وَ تَرْكُ مَا كُفِيْتَ:
احتیاط قبضہ والی چیز کی حفاظت کرنا اور غیر ضروری چیز کو چھوڑنا ہے۔

• اَلْحَزْمُ ظَنٌّ بِالنَّاسِ:
احتیاط لوگوں کے ساتھ بدگمانی کرنا ہے۔

• اَحْزَمُ مِنَ الْحِرْبَاءِ:
گرگٹ سے زیادہ محتاط۔

• لَا يَحْزُنْكَ دَمٌ هَرَاقَهٗ اَهْلُهٗ:
تجھے وہ خون غم میں نہ ڈالے جس کو اس کے اہل نے بہایا ہو۔

• يَحْسَبُ الْمَطُوْرُ اَنَّ كُلًّا مُطِرَ:
بارش زدہ خیال کرتا ہے کہ ہر ایک پر بارش ہوئی ہے۔

• لَا حَسَبَ كَالتَّوَاضُعِ:
تواضع جیسی شرافت نہیں۔

• حَسْبُكَ مِنْ غِنًى شِبَعٌ وَرِيٌّ:
سیراب ہونا اور پیٹ بھرنا کافی مالداری ہے۔
یعنی قناعت کرو اور سخاوت کرو۔

• حَسْبُكَ مِنْ شَرٍّ سَمَاعُهٗ:
تجھے شر کو سن لینا ہی ہے۔

• اَلْحَسَدُ مَطِيَّةُ التَّعَبِ:
حسد تھکاوٹ کی سواری ہے۔

• مَنْ حَسُنَ ظَنُّهٗ حَسُنَ عَيْشُهٗ:
جس کا گمان اچھا ہو گیا اس کی زندگی اچھی ہو گئی۔

• حَسَنٌ فِيْ كُلِّ عَيْنٍ مَا تَوَدُّ:
ہر آنکھ میں وہی چیز اچھی ہے جس کو وہ پسند کرے۔

• حُسْنُ الظَّنِّ وَرْطَةٌ:
اچھا گمان ایک بھنور ہے۔یعنی حسن ظن کی بناء پر دھوکہ ہوتا ہے۔

• لِكُلِّ حَسَنٍ عَائِبٌ:
ہر نیک میں عیب والی چیز بھی ہوتی ہے۔

• اَلْحَسَنَةُ بَيْنَ السَّيِّئَتَيْنِ:
نیکی دو برائیوں کے درمیان ہوتی ہے۔
یعنی درمیانی راہ نیکی ہے۔

• اَحْسَنُ مِنَ الدُّنْيَا الْمُقْبِلَةِ:
آنے والی دنیا سے زیادہ اچھا۔

• اَحْسَنُ مِنَ النَّارِ:
آگ سے زیادہ خوبصورت۔

• اَحْسَنُ مِنَ الطَّاؤُسِ:
مور سے زیادہ خوبصورت۔

• اَحْسَنُ مِنَ الْبَرَامِكَةِ:
برمکی وزراء کے زمانہ سے زیادہ خوبصورت۔

- اَحْسَنُ مِنَ الشَّمسِ وَالْقَمرِ:
سورج اور چاند سے زیادہ خوبصورت-

- اَلْإِحْسَانُ يَقْطَعُ اللِّسَانَ:
احسان زبان کو بند کرتا ہے-

- اَحْشُك وَ تَرُوْثُنِي:
میں تجھے گھاس کھلاتا ہوں اور تو مجھ پر گوبر گراتا ہے-

- اَحشَفًا و سُوء كَيْلَة:
ایک تو ردی کھجور اور دوسرا کم پیمانہ-
یعنی دو طرفہ ظلم-

- اَلْحَصَاةُ مِنَ الْجَبْلِ:
کنکری پہاڑ کا ایک جزء ہے-

- كُلٌّ يَحْتَطِبُ فِي حَبْلِهِ:
ہر کوئی اپنی لکڑی میں رسی باندھتا ہے-

- كَحَاطِبِ لَيْلٍ:
رات میں لکڑیاں جمع کرنے والے کی طرح-

- حَظٌّ فِي السَّحَابِ وَ عَقْلٌ فِي التُّرَابِ:
نصیبہ آسمان پر اور عقل مٹی میں-

- حَظٌّ جَزِيْلٌ بَيْنَ شَدْقَي ضَيْغَمٍ:
بڑا حصہ شیر کی دو جبڑوں کے درمیان-
بڑی منفعت مگر شدید خطرات کے درمیان-

- الأَحْظِيَّة فَلاَ اَلِيَّة:
صاحب نصیب نہیں تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ بن-
اس مثل کی پوری عبارت یوں ہے-

- اِن لَّمْ تَكُونُوا خَظِيَةً ولا تكونيْ اَلِيَّةً (مُقَصِّرةً)
اس کا ترجمہ بالا نمبر میں تحریر ہو چکا-

- مَنْ حَفَرَ حُفْرَةً وَقَعَ فِيْهَا:
جس نے کسی کے لئے گڑھا کھودے گا اس میں گرے گا-

- مَنْ حفر حفيْرًا لِاَخِيْهِ كَان حَتْفُه فيه:
جس نے اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودا اس کی موت اس میں واقع ہوگی-

- تَحْفَظُ اَخَاكَ اِلاَّ مِنْ نَفْسِه:
اپنے بھائی کی حفاظت کرسکتا ہے مگر اس کی جان سے-
یعنی لوگوں کے شر سے بچا سکتا ہے اس کو خودکشی سے نہیں بچا سکتا-

- حَفِظْتَ شَيْئاً وَ غَابَتْ عَنْكَ اَشْيَاءُ:
ایک چیز کو تو نے یاد کیا اور دیگر چیزیں تجھ سے غائب ہو گئیں-

- حَافِظْ عَلَى الصَّدِيْقِ وَ لَو فِى الحريق:
دوست کی حفاظت کر اگرچہ آگ میں-

- اِحْفَظْ ما فى الوِعَاءِ لِشَدِّ الوِكَاءِ:
جو برتن میں ہے اس کی حفاظت کر تسمہ باندھنے سے-

- اَحْفَظُ مِنَ الارضِ:
زمین سے زیادہ حفاظت کرنے والا-

- اَلْحَفِيظُ تُحَلِّلُ الاَحْقَادَ:
غیرت دشمنی کو ختم کر دیتی ہے-
یعنی قومی حمایت آدمی کو اپنے عزیز سے ہمدردی دلاتی ہے-

- عند الشَّدَائِدِ تَذْهَبُ الاحْقَادُ:
سختیوں کے وقت مصائب ختم ہو جاتے ہیں-

- حَقٌّ يَضُرُّ خَيْرٌ مِنْ بَاطِلٍ يَسُرُّ:
تکلیف دہ حق خوش کن باطل سے بہتر ہے-

- اَلْحَقُّ خَيْرٌ مَا يُقَالُ:
حق اچھی چیز ہے جب تک کہا جائے-

- اَلْحَقُّ اَبْلَجَ وَالْبَاطِلُ الْجلجُ:
حق روشن ہے اور باطل خراب ہے-

- هذا حَقُّ مَنْزِلٍ بِتَرْكٍ:
یہ مقام چھوٹنے کے مقامات میں سے اچھا ہے-

- اَحْقَدُ مِنْ جَمَلٍ:
اونٹ سے زیادہ کینہ والا-

- مَنْ حَقَرَ حَرَمَ:
جس نے حقیر سمجھا وہ محروم رہا-

- اَحْقَرُ مِنَ التُّرَابِ:
مٹی سے زیادہ حقیر-

- مَا حَكَّ جِلْدَكَ مِثْلُ ظُفْرِكَ:
تیرے جسم کو تیرے ناخن کی طرح کوئی چیز نہ کھجلائے گی

- اذا حَكَكْتُ قَرْحَةً ادمَيْتُهَا:
میں نے جب کسی زخم کو کھجایا تو اس سے خون نکالا-
یعنی جب بھی کام شروع کیا اس کو مکمل کیا-

- تُحَكَّكَتِ العَقْرَبُ بِالاَفْعَى:
بچھو سانپ سے ٹکرایا-
یعنی اپنے سے زیادہ طاقتور سے ٹکرانا-

- اَحْكَمُ مِنْ لُقْمَانَ:
لقمان سے زیادہ دانا-

- اَلْحِكْمَةُ ضَالَّةُ المُؤْمِنِ:
دانائی مؤمن کی گم شدہ چیز ہے-

- اذا حَلَّتِ المَقَادِيرُ بَطَلَتِ التَّدْبِيْرُ:
تقدیریں اتر آئیں تو تدبیر بیکار ہو گئی-

- اَحَلُّ مِنْ لَبَنِ الاُمِّ:

ماں کے دودھ سے زیادہ حلال-

• حلب الدّهر اشطره:
اس نے زمانے کے تھنوں کو دوہا ہے-
یعنی خیر وشر کو آزمایا ہے-

• حلبْتُها بالسّاعد الاشدّ:
میں نے اس کو طاقتور کلائی سے دوہا-

• احْلب حلباً لك شطْرُهٗ:
اچھی طرح دھولے تیرا بھی حصہ ہے-

• حلوْبةٌ تثْمل ولا تُصرِّحُ:
ایسی دودھ دینے والی جو جھاگ والا دودھ دیتی ہے اور خالص نہیں دیتی-

• لستَ من احلاسها:
تو اس کے ساتھیوں سے نہیں-

• حلقتْ به عنقاءُ مغربٌ
عنقاء مغرب نے اس کا احاطہ کر لیا ہے-
یعنی ناپائیدار نے اس سے واسطہ ڈالا ہے-

• هم كالحلقة المُفرغة لايُدْرى اين طرفَاها:
وہ ڈھلے ہوئے حلقے کی طرح ہیں معلوم نہیں اس کے دونوں سرے کہاں ہیں-

• حلْمى احمُّ و اذُنى غير صمّاء:
میرا حلم بہرا اور میرے کان بہرے نہیں-

• احْلم من الاحْنف:
احنف سے زیادہ حکیم:

• الْحكيْم مطيّةُ الجهول:
بردبار جاہل کی سواری ہے-

• لاتكُنْ حلْوًا فتُسْترط ولا مُرًا فتُعقى:
نہ میٹھا بن کہ نگل لیا جائے اور نہ کڑوا کہ اگل دیا جائے-

• احلى من العسل:
شہد سے زیادہ میٹھا-

• احلى من نيل الْمرامِ:
حصول مراد سے زیادہ میٹھا-

• احْلى من حياةِ مُعاودةٍ
دوبارہ زندگی سے زیادہ میٹھا-

• الْحمْدُ مغنمٌ والْمذمّة مغرمٌ:
تعریف حاصل ہونا غنیمت ہے اور مذمت ملنا تاوان ہے-

• كان حمارًا فاسْتاتن:
وہ گدھا تھا گدھی بن گیا-
یعنی طاقتور تھا کمزور ہو گیا-

• احْمقُ منْ دُغة:
دغہ سے زیادہ احمق-

• احمقُ منْ رجلة:
رجلہ سے زیادہ بیوقوف-

• احْمقُ منْ عجل:
عجل سے زیادہ بیوقوف-

• احْمقُ منْ نُعامة:
شتر مرغ سے زیادہ بیوقوف-

• احمقُ منْ هبنّقة:
ھبنقہ سے بیوقوف- یہ شخص موٹی بکریوں کو خوب کھلاتا اور کمزور کو گھاس سے دور رکھتا-

• احْمقُ منْ ماضح الماء:
پانی چبانے والے سے زیادہ بیوقوف-

• احْمقُ من القابض على الْماء:
پانی پکڑنے والے سے زیادہ احمق-

• احْمقُ منْ ناطح الْماء:
پانی کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق-

• احْمقُ منْ لاطم الْارْض بخدّته:
اپنے رخساروں کو زمین پر مارنے والے سے زیادہ احمق-

• احْمقُ منْ ناطح الصّخر:
چٹان کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق-

• يحْملُ التّمرَ الى البصْرة:
بصرہ کی طرف کھجور لے جاتا ہے-

• لايُحمّلُ اللّٰه نفسا غير طاقتها:
اللہ تعالیٰ کسی جان پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا-

• لمْ يحْمل خاتمى مثْل خنْصرى:
میری کن انگلی کی طرح کسی نے میری انگوٹھی کو برداشت نہ کیا-

• انّما يُحْملُ الكلُّ على اهْل الْفضْل:
بوجھ اہل فضل پر ہی ڈالا جاتا ہے-

• ياحامل اذْكرْ حلاً:
اے بوجھ لادنے والے کھولنے کے وقت کو یاد کر- یعنی کام کا انجام نہ بھولنا چاہئے-

• احْملَ منَ الارْض:
زمین سے زیادہ بوجھ برداشت کرنے والے-

• حمى فجاش مرجله:
وہ گرم ہوا اور اس کی ہانڈی جوش مارنے لگی-

• يحْمى جوابيه نفيقُ الضّفدع:

مینڈک کی ٹرٹراس کے تالابوں کی حفاظت کرتی ہے-

• رُبَّ حامٍ لانفه و هو جادعُهٗ:

کئی اپنی ناک کی حفاظت کرنے کی صورت میں اس کو کاٹتے ہیں-

• حماك احمى لك:

تیرا گھر تیرا محافظ ہے-

• احمی مِنْ انف الاسد:

شیر کی ناک سے زیادہ محفوظ-

• احمی من مجیر الجراد:

ٹڈی کو پناہ دینے والے سے زیادہ محافظ-

• حانیة مُختضِبَةٌ:

مہربان خضاب لگانے والی عورت-

• الْحاجةُ تفْتقُ الحِیْلَة:

ضرورت حیلہ کو پیدا کرتی ہے-

• حالَ الجریضُ دُوْنَ القریض:

غم شعر کے آگے حائل ہو گیا- یعنی خوشی کے دن غمی آگئی-

• حالَ الاجلُ دُوْنَ الاملِ:

امید کے سامنے موت آئی-

• ن حالتِ القَوْسُ فسهْمِی صائبٌ

اگر میری کمان ٹیڑھی ہے تو میرا تیر نشانہ پر ہے-

دولت مند آدمی جس کی دولت ضائع ہو گی مگر کرم باقی ہے-

• رُبَّ حالٍ اَفْصَحُ [illegible]

کئی دفعہ حال زبان سے زیادہ فصیح ہوتا ہے-

• احْوَلُ مِن ابی قلمُوْن:

ابو قلمون (کپڑا) سے زیادہ بدلنے والا-

• احْولُ مِنْ ابی براقِش:

ابی براقش (پرندے) سے زیادہ رنگ بدلنے والا-

• الْحاوی لا یَنْجُو مِنَ الحیَّات:

سانپوں کے منتر والا سانپوں سے نجات نہیں پاتا-

• احْیر من ضبٍّ:

گوہ سے زیادہ حیران-

• حِیْلةُ لاحیْلَة لَهُ الصَّبْرُ:

جس شخص کے پاس کوئی حیلہ باقی نہ رہے وہ صبر کرے-

• مَا حِیْلَةُ الرامی اذا انْقَطع الوَتَر:

جب تانت ٹوٹ جائے تو تیر انداز کیا کرے-

• اذا حَانَ القَضَاءُ ضَاقَ الفَضَاءُ:

جب قضا (موت) آئے تو فضا تنگ ہو جاتی ہے-

• لَا تُحی البیْضَ وَ تَقْتُل الفراخ:

چوزہ کو قتل کر کے انڈا کو باقی مت رکھ-

یعنی بڑی چیز کو ضائع نہ کر-

• حیَّاك مَنْ خلا فوہ:

تجھے خالی منہ والے نے سلام کیا ہے-

• لاحَیٌّ فَیُرْجی و لا میتٌ فینْسی:

نہ زندہ کہ اس کی امید رکھی جائے اور نہ مردہ کہ اس کو بھولا جائے-

• احیا من فتاة:

نوجوان عورت سے زیادہ باحیا-

• احیا مِنْ مُخَدَّرة:

پردہ نشین سے زیادہ باحیا-

• احْیا مِنْ هدیٰ:

دلہن سے زیادہ باحیا-

• احْیا مِنْ ضبٍّ:

گوہ سے زیادہ زندگی والا-

• الْحیاءُ مِن الایمان

حیاء ایمان کا حصہ ہے-

خ

• امَّا خبَّتْ و امَّا برَّبتْ:

یا تیز دوڑ گئی یا بیٹھ گئی- بھلائی اور برائی میں تیز چلنے والا-

• اخبرته بعجری و بجری:

میں نے اس کو اپنے تمام رازوں کی خبر دے دی-

• تُخْبِرُ عنْ مجهولهِ مرْأتُهٗ:

اس کا ظاہر منظر اس کے خفیہ کی خبر دے رہا ہے-

• یُخْبرك ادنی الارضِ عنْ اقصاها

زمین کا ابتدائی حصہ اس کے انتہائی حصہ کی خبر دے رہا ہے-

• لَیْس الخبرُ کالمُعاینة

خبر آنکھوں کے دیکھے کی طرح نہیں-

• علی الخبیر سَقَطْتَ:

جاننے والے کے پاس پہنچے ہو-

• یَخْبط خبط عَشْواء:

اندھی اونٹنی کی طرح روند رہا ہے-

• اخْبَطُ مِنْ حاطِب اللَّیلِ:

رات کو لکڑیاں جمع کرنے والا سے زیادہ گڑبڑ کرنے والا-

• اَخْتَلُ مِن الذئب:

بھیڑیئے سے زیادہ دھوکے باز-

• مَنْ خَدَمَ الرِّجالَ خُدِمَ:

جس نے لوگوں کی خدمت کی اس کی خدمت کی گئی۔

• الْخاذِلُ اخو الْقاتِلِ:

رسوا کرنے والا قاتل کا بھائی ہے۔

• تُخرِجُ المقدحۃ ما فی قعرِ البُرمۃ:

چمچہ وہ نکالتا ہے جو ہنڈیا کے پیندے میں ہوتا ہے۔

• قد یخرج من الصدف غیر الدر:

کبھی سیپ سے موتی کے سوا کچھ اور بھی نکل آتا ہے۔

• لا تخرُجُ النفسُ منَ الاٰملِ حتی تدْخل فِی الاجل:

نفس امیدوں کے پھندے سے نہیں نکلتا جب تک موت کی حد میں داخل نہ ہو جائے۔

• دُونہ خرْطُ الْقَتادِ:

اس سے آسان تو قتاد کے کانٹوں کو سونتنا ہے۔

• اَلْخُروُفُ یَتَقلَّبُ علی الصُوفِ:

بھیڑ کا بچہ اون پر کروٹیں لیتا ہے۔

• اخرقُ منْ فاکشۃ الْغزْلِ

سوت توڑنے والی سے زیادہ احمق۔

• خرْقاءُ ذاتُ نِیقۃ:

پھوہڑ چستر سگھڑ بننے والی (خرقاء وہ عورت جو کام کو اچھی طرح کر نہیں سکتی ہے)

• خرْقاءُ عیَابۃ:

خود نہیں جانتی مگر دوسرے کے کام میں عیب نکالتی ہے۔

• اخر مِن الْقَابِضِ علَی الْماءِ:

مٹھی سے پانی پکڑنے والے سے زیادہ نقصان اٹھانے والا۔

• منْ خشِیَ الذّئبَ اَعدَّ کلْبًا

جو شخص بھیڑیے سے ڈرے اس کو کتے تیار کرنا چاہئے۔

• لاتُخاصِمْ منْ اِذا قالَ فَعلَ:

اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کہے تو کر گزرے۔

• ایَاکُم و خضراءَ الدّمنِ:

کوڑی پر اُگی ہوئی سبزی سے بچو۔

• الخطأ زاد العجول (خطا جلد بازی کی راہ ہے)

زادراہ کی طرح غلطیاں ساتھ لے کر چلنا۔

• مع الخواطیء سھمٌ صائبٌ:

خطاء کرنے والا تیروں کے ساتھ نشانہ پر بیٹھنے والا تیر بھی ہونا۔

• من الحسناء یُعطی مھرھا:

جو کسی حسینہ کو منگنی کا پیغام بھیجے گا اس کا مہر بھی ادا کرے گا۔

• اَخْطبُ مِنْ سحْبان وائلٍ:

سحبان قبیلہ باہلہ کا نہایت بلند فصیح وبلیغ شاعر اور خطیب تھا۔

لکلّ سُوال جواب

ہر سوال کا جواب ہے۔

• لیس المخاطر و محمودا و لو سلیما:

خطرہ میں کود پڑنے والا قابل تعریف نہیں ہوتا اگرچہ سلامت ہو۔

• خفت نِعامتُھُمْ:

ان کا شتر مرغ اور جلد کوچ کر گیا۔

• خفِّفْ طعَامكَ تأمنْ سقامكَ:

ہلکا پھلکا کھاؤ تاکہ بیماریوں سے محفوظ رہو۔

• اخف حطمًا من عصفورٍ:

چڑیا سے بھی زیادہ جلد طیش میں آجانا۔

• اخفُّ مِنْ یراعۃٍ:

نرسل سے زیادہ ہلکا۔

• اخفُّ مِنْ رِیْشۃٍ:

پر سے زیادہ ہلکا۔

• اَخفُّ من النَسیم:

باد نسیم سے زیادہ ہلکا۔

• اخفُّ مَن الْھباء:

غبار سے زیادہ ہلکا۔

• وھلْ یخْفٰی علی النّاسِ الْقمرُ

کیا لوگو! پر چاند بھی مخفی رہتا ہے۔

• ما عِنْدہٗ خلٌ و لا خمرٌ:

نہ اس کے پاس سرکہ ہے نہ شراب۔

• مَا اَنْت بخلٍّ ولاَ خمرٍ:

تیرے پاس نہ تو سرکہ ہے نہ شراب۔

• الخلاءُ تدْعُوْ اِلی السّلۃ:

فقر چوری کی طرف بلاتا ہے۔

• تَصَلَّصتْ قائبۃٌ منْ قُوْبٍ:

انڈہ چوزے سے نجات پا چکا ہے یعنی اپنی ذمہ داری سے آدمی نکل چکا ہے۔

• اِخْتلَطَ الْھابِلُ باالْقابِلِ:

جال والا تیر والے کے ساتھ مخلوط ہو گیا یعنی معاملہ بگڑ گیا۔

• اخْتلَطَ الْمرْعی بالْجملِ:

چڑیا ہوا اور اونٹ مخلوط ہو گئے۔

• اِخْتلَطَ الخاثِرُ بالزُّبادِ:

گاڑھا دودھ خراب دودھ کے ساتھ مل گیا۔

• خالِفْ نَفْسكَ تَسْترِحْ:

اپنے نفس کی مخالفت کرو تاکہ راحت پا جاؤ۔

• خالِفْ ھواكَ ترْشُدْ:

اپنی خواہش کے خلاف کرو تاکہ ہدایت پاؤ۔

- خالِف تُذکَر:

مخالف کرو تاکہ زیادہ ذکر کیا جائے۔

- اخلفُ منْ عرقوب:

عرقوب سے زیادہ وعدہ خلاف۔

- اخلفُ مِنْ نار الحباحِب:

جگنو کی آگ سے زیادہ وعدہ خلاف جو نہ سلگتی ہے اور نہ روشنی دیتی ہے۔

- خلق الله للحرب رجالاً:

اللہ تعالیٰ نے لڑائی کے لیے مرد پیدا کیے ہیں۔

- خلالكِ الجو فبيْضي واصفِري:

تیرے لیے میدان خالی ہو گیا ہے اب انڈے دے اور چہچہا۔

- لايَخلُو المرءُ مِنْ وَدُودٍ يُمْدَحُ وعدُوٌ يقْدحُ:

کوئی شخص بھی ایسا نہیں جو کسی تعریف کرنے والے دوست اور برائی کرنے والے دشمن سے خالی ہو۔

- خلِّ من قلَّ خيْرهُ لك في النّاسِ غيْره:

اس شخص کو چھوڑ جس میں بھلائی کم ہو یا نہ ہو لوگوں میں تجھے اس کے علاوہ مل جائیں گے۔

- خلِّ الحساب ليوْمِ الحسابِ:

حساب کو روز حساب کے لئے چھوڑ دو۔

- خلاءٌ وكَ أَقْنى لحيائِكَ:

تنہائی تیری حیا کی زیادہ محافظ ہے۔

- مَنْ لا يخاف احدًا لا تخافُهُ احدٌ:

جو کسی سے نہیں ڈرتا اس سے کوئی نہیں ڈرتا۔

- مَنْ خان هان:

جس نے خیانت کی ذلیل ہوا۔

- يارُبّما خان النصِيْحُ المؤتمنُ:

کبھی امانت دار خیر خواہ بھی خیانت کر جاتا ہے۔

- اخيب من قابض على الماء:

پانی کو مٹھی میں پکڑنے والے سے زیادہ ناکام۔

- اخيب من حُنَيْن:

حنین سے زیادہ ناکام۔

- لا خترت:

اگر تجھے اختیار دیا جاتا تو اختیار کر لیتی۔

- خيْرُ الأمور اوْ ساطُها:

معاملات میں میانہ روی بہترین چیز ہے۔

- خير الامور احمدها مغبَّةً:

بہترین کام وہ ہے جس کے انجام میں تعریف کی جائے۔

- خيْرَ اناءٍ يكِ تكفِيْن:

تو نے اپنے بہترین حالت ایسی ہے یعنی مستحق محروم اور غیر مستحق فیضیاب ہو رہے۔

- كَفاءُ الاناء:

برتن کو اوندھا کرنا۔

- خيْرُ اهْلِكَ منْ كفاكَ:

تیرا بہترین رشتہ دار وہ ہے جو تیرے لیے کافی ہو جائے۔

- خيْرُ البُيُوعِ نَاجِزٌ بناجِز

بہترین خرید و فروخت نقد ہے۔

- خيْرُ حالبيكَ تنْطحينا:

اپنے بہترین دوہنے والے کو سینگ مارتی ہے۔

- خير الْخِلال حفْظُ اللّسان:

بہترین خصلت زبان کی حفاظت کرنا۔

- خيْرُ سلاحِ المرْءِ ماوقاه

آدمی کا بہترین ہتھیار وہ ہے جو اس کو بچائے۔

- خيْرُ الاصْحاب منْ دلّكَ على الْخير

بہترین ساتھی وہ ہے جو تیری خیر کی طرف رہنمائی کرے۔

- خيْرِ عفْوٍ ماكان عندالقدرة:

بہترین معافی وہ ہے جو قدرت حاصل کرنے کے وقت دی جائے۔

- خيْرُ الْعلْم ما حضرك:

بہتر علم وہ ہے جو ضرورت کے وقت کام آئے۔

- خيْرُ الغنى القنوع:

بہترین مالداری قناعت ہے۔

- خيْرُ الكلامِ ماقلَّ ودلَّ:

بہترین کام وہ ہے جو مختصر اور مراد کو ظاہر کرنے والا ہو۔

- خير المالِ مانفع

بہترین مال وہ ہے جو نفع دے۔

- خيْرٌ من الخير فاعلهُ

اچھوں میں اچھا وہ ہے جو کام کرے۔

- خيْرُ النّاسِ من فرِحَ للناسِ بالْخيْرِ:

بہترین وہ ہے جو لوگوں کی بھلائی سے خوش ہو۔

- خير الوعظ مادرع:

بہترین وعظ وہ جو برائی سے ہٹائے۔

- الخيْرُ ابقى وان طال الزّمانُ به:

خیر باقی ہوتی ہے اگرچہ اس پر وقت گذر جائے۔

- ان خيْر الفقه ما حضرت به:

بہترین علم وہ ہے جو تو وقت پر حاضر کر سکے۔

- لاخیر فی اَرَبِ الْقاكَ فی لَهَب :

اس مقصد میں کوئی چیز نہیں جو تجھے شعاعوں میں ڈال دے۔

- لاخیر فی السَّرْفِ ولا سرف فی الْخیر :

اسراف میں کوئی بھلائی نہیں اور بھلائی میں اسراف نہیں۔

- لا خیر فی وُدِّیکونُ بشافع:

ایسی محبت میں کوئی بھلائی نہیں جو کسی سفارش کرنے والے کا ذریعہ ہو۔

- الخیلُ تجری علی مساویها

گھوڑا اپنے عیبوں کے باوجود چلتا ہے۔یعنی شریف آدمی تنگی کے باوجود سخاوت کرتا ہے۔

- الخیل اعْلَمُ بفُرسانها

گھوڑے اپنے سواروں کو خوب جانتے ہیں۔

- اخیلُ من غُرابِ

کوے سے زیادہ اترانے والا۔

- اخیل من دِیلِكِ:

مرغ سے زیادہ نازد کھانے والا۔

د

- دأماء لا یقطعُ باالامارت:

سمندر لکڑیوں کے بیڑہ سے طے نہیں۔

- ادبر غریرُهُ وَ اَقْبل لعریرهُ:

اس کی اچھی عبادت نے پیٹھ پھیرلی اور بدخلقی سامنے آگئی۔

- التدبیر نِصْفُ الْمعیْشة:

تدبیر آدھی روزی ہے۔

- کدابغةٍ و قدْ حلِمِ الْادیْمُ:

کھال رنگنے والی کی طرح جب کہ کھال فاسد ہو چکی۔

- حلم الحلْدُ:

کھال خراب ہو گئی اس میں کیڑے پڑکر سوراخ ہو گئے۔یعنی اصلاح کے وقت اصلاح نہ ہوئی خرابی بسیار کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا۔

- دخل فُضولی نارفقال حطب رطبٌ:

فضولی خواہ مخواہ دخل دینے والا۔

- یدخلُ شعْبانُ فی رمضان:

شعبان کو رمضان میں داخل کر رہا ہے۔یعنی بے سروپا باتیں کرتا ہے۔

- لاتدْخُلْ بَیْن البَصلة و قشْرِها

پیاز اور اس چھلکے کے درمیان مت گھسو۔

- لاتدْخُلنَّ بَیْنَ اللّصا ولِحائِها:

ڈنڈے اور اس کی چھال کے درمیان ہر گز داخل نہ ہو۔

- لکُلِّ درٍّ حَالِبٌ:

ہر دودھ کا کوئی دوہنے والا بھی ہے۔

- ادْرْها و انْ ابَتْ:

اس کو دو لو خواہ وہ انکار کردے۔یعنی ضرورت کو باصرار حاصل کر۔

- درُّ المفاسدِ اوْلٰی منْ جلب النَّعیْم:

مفاسد کو دفع کرنا نعمت حاصل کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔

- یدْرُجُ فی کُلِّ وکرٍ:

ہر گھونسلے میں گھس جاتا ہے۔

- اَلدَّراهِمُ مراهمٌ:

روپے مرہم کا کام کرتے ہیں۔

- اَلدَّراهمُ اَرْوَاحٌ تسیْلُ:

روپے بہتی ہوئی روحیں ہیں۔

- مَنْ لم یدارِ لِمشْطِ ینْتف لحِیْتة:

جو شخص کنگھی سے نرمی نہ برتے گا وہ اپنی ہی داڑھی کے بال اکھاڑے گا۔

- لا یُدْعیٰ للْحُلٰی اِلاَّ اخُوها:

بڑے معاملے کے لئے اس کا ماہر ہی بلایا جاتا ہے۔

- اُدْعُ الی طَعانك منْ تدعُوهُ الٰی جفانك:

اپنی تیترہ بازی کے لئے اسی کو بلاؤ جس کو اپنے پیالے پر دعوت دیتے ہو۔

- ارْفع الشرّ بعُوْدٍ اوْ عمُودٍ:

شر کو دفع کرو خواہ لکڑی سے یا لوہے کی سلاخ سے۔

- ادقُ من الهباء:

غبار سے زیادہ باریک۔

- ادقُّ مِن الْکُحلِ:

سرما سے زیادہ باریک:

- ادق مِن الدَّقیْقِ:

آٹے سے زیادہ باریک۔

- ادقُّ منْ حدِّالسَّیف:

تلوار کی دھار سے زیادہ باریک۔

- دلّ علی عاقلٍ اختارُهُ:

عقل مندی کا انتخاب عقل مندی کو ظاہر کر دیتا۔

- الدَّالُ علی الخیْر کفا علِه:

نیکی بتانے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔

- دَلیْلُ عقْلِ الْمرْءِ فِعْله و دلیْلُ عِلْمه قوْله:

آدمی کی عقل کی دلیل اس کا عمل ہے اور اس کے علم کی دلیل اس کا قول ہے۔

- لَیْس الدلْوُ اِلاَّ بالرَّشاء:

ڈول رسی کے بغیر کچھ نہیں۔

- دمِّثْ لِجنبك قَبْلِ النَّوْم مُضْطَجِعًا:

لیٹ کر سونے سے پہلے اچھے پہلو کے لئے بستر نرم کر لو یعنی حادثات سے پہلے تیار رہو۔

- دمعةٌ مِن عَوراء غنیمةٌ باردةٌ:
اندھی کی آنکھ سے ایک آنسو بھی غنیمت ہے۔

- ادنیٰ من الشسع:
تسمے سے زیادہ حقیر۔

- کُلّ دنیٍّ دونَهُ دنیٌّ:
ہر قریب سے درے کوئی قریب موجود ہوتا ہے۔

- ادنیٰ من حبل الوَرِید:
شہ رگ سے زیادہ قریب۔

- دُنیاكَ ما انت فیه:
تیری دنیا وہ ہے جس میں تو موجود ہے۔

- الدّهرُ یومان یومٌ لكَ و یومٌ علَیكَ:
زمانہ کے دو دن ایک دن تیرے نفع کا اور دوسرا دن ضرر۔

- لکُلّ دهرٍ الرجالُ:
ہر زمانہ کے لئے آدمی ہوتے ہیں۔

- ماالدّهرُ الاّ هکذا فاصْبر لهُ:
زمانہ ایسا ہی ہے لہٰذا صبر کرو۔

- یدهن من قارورةٍ فارغةٍ:
خالی شیشی سے تیل مل رہا ہے۔ یعنی وعدوں سے ہی خوش کرتا ہے۔

- بهِ داءُ ظبیٍ:
اس کو ہرن کی بیماری ہے۔ عرب کا خیال تھا کہ ہرن کبھی بیمار نہیں ہوتا۔

- لکُلّ داءٍ دواءٌ:
ہر مرض کی دوا ہوتی ہے۔

- بینهم داءُ الضرائر:
ان کے درمیان سوکنوں کی بیماری ہے۔

- دواءُ الدّهرِ الصبرُ علَیهِ:
زمانہ کی سختیوں کا علاج صبر کرنا۔

- ان دواءَ الشقّ ان تحوصه:
پھٹنے کی دوا ٹانکنا ہے۔

- نعم الدواء لشق ان تحف:
بہترین دوا پرہیز ہے۔

- انا دونَ هذا وفوق ما فی نفسك:
میں اس سے تو کم ہوں مگر تیرے دل کی بات سے اوپر ہوں۔

- کما تدینُ تُدانُ:
جیسا بدلہ دو گے ایسا بدلہ دیا جائے گا۔

- الدّینُ النصیحَةُ:
دین خیر خواہی کا نام ہے۔

- الدّین میسمُ الکرَام:
مکافات وحزا شریفوں کی علامت ہے۔

ذ

- ذئب استنعج:
بھیڑیا بھیڑ بن گیا۔

- الذّئبُ خالیًا اسدٌ
بھیڑیا خالی میدان میں شیر ہوتا ہے۔

- من لَم یکُن ذئبا اکلتهُ الذئابُ
جو بھیڑیا نہ بنے گا اس کو بھیڑیے کھا جائیں گے۔

- ما الذّبابُ و ما مَرقتُه:
کیا مکھی اور کیا اس کا شوربا۔ یعنی معمولی چیز کی کوئی حیثیت نہیں۔

- الذّبانُ یعرفُ وجه اللّبّان:
مکھیاں دودھ والے کے چہرے کو پہنچانتی ہے۔

- ذخارُ الرّجالِ اولی مِن ادّخار المالِ:
آدمیوں کا ذخیرہ کرنا مال کے ذخیرہ سے بہتر ہے۔

- ذقه تغبط:
چکھ کر دیکھ تو غبطہ کرے گا۔

- ذکّرتنی الطّعن و کُنتُ ناسیًا:
تو نے مجھے نیزہ یاد دلایا بلکہ میں بھولا ہوا تھا۔

- ذکر النعمة القدیمة علیك و انس النعمة الجدیدة لك
اپنے اوپر پرانی نعمت کو یاد رکھو اور اپنے لیے نئی نعمت کو بھول جاؤ یعنی پرانی نعمتوں پر شکر کرو اور نئی آسائش کی حرص نہ کرو۔

- اُذکُر مع کُلّ نعمة زوالها:
ہر نعمت کے ساتھ اس کے زوال کو بھی یاد کرو۔

- اُذکُر غائبًا یقترب:
غائب کا ذکر کرو قریب ہو جائے گا۔

- و کُن ذکورًا اذا کُنت کذوبا:
جھوٹا بنے تو یاد بھی رکھ۔

- ذلّ من لا سیف لهُ:
جس کے پاس تلوار نہیں وہ ذلیل ہو گیا۔

- لقد ذلّ من بالت علیه الثعالبُ
وہ ذلیل ہو گیا جس پر لومڑیاں موت گئیں۔ یعنی بت کی پوجا ذلت والی ہے۔

- ذلُّ لو اجدُ ناصرا:

بڑی ذلت ہے اگر مجھے مددگار مل جائے اس مہم کی مدد جستجو کو ذلت سمجھتا ہوں۔

- اذلّ من بیضة البلد:
شتر مرغ کے چھوڑے انڈے سے زیادہ ذلیل۔
- اذلّ من النّقد:
حقیر بکری سے زیادہ حقیر۔
- اذلّ من وتد:
میخ سے زیادہ ذلیل۔
- اذلّ من النّعلِ:
جوتے سے زیادہ ذلیل۔
- اذلُّ من الشّسع:
تسمہ سے زیادہ ذلیل۔
- اذلّ من الباسط:
فرش سے زیادہ ذلیل۔
- اذلُّ النّاس مُعتذِرُ الی لئیم:
سب سے زیادہ ذلیل وہ ہے جو کمینہ سے معذرت طلب کرے۔
- انّ الذلیل الّذی لَیستَ لہ عضُدٌ
ذلیل وہ ہے جس کا بازو نہ ہو۔
- ان الذّلیل من ذلّ فی سُلطانہ:
در حقیقت ذلیل وہ ہے جو اپنے اقتدار کی جگہ میں ذلیل ہو جائے۔
- لا ذنب لی قد قُلتُ للقوم استقُوا:
میرا کوئی گناہ نہیں۔ میں نے قوم سے کہہ دیا کہ پانی لے لو۔
- ماذنبی یداکَ اوکتلو فاکَ نفخ:
میرا کوئی قصور نہیں تیرے ہاتھوں نے اس کا منہ باندھا ہے اور تیرے منہ کے پھینک بھری ہے۔ مشکیزے میں کم پھونک بھرنے کی وجہ سے دریا میں ڈوبنے والے کے لئے مثال ہے۔
- ذھب امس بمافیہ:
کل اپنے حالات کے ساتھ گذر چکی۔
- ذھب الحِمار یَطلُب قرنین فعاد مصلُوم الاذُنین
گدھا سینگ لینے گیا تھا کان کٹوا کے لوٹا۔
- ذھب دمُہٗ درجَ الرّیاح اوادرجَ الرّیاح:
اس کا خون ہوا کے رستے گیا۔
- ذھب بین الصّحوۃ والسکرۃ:
وہ ہوش اور مدہوشی کے درمیان گیا۔
- ذھب فی السّمٰی:
وہ فضا میں چلا گیا۔
- ذھبت حیث لادیانھا:

گرم ہوا اپنی عادت کے مطابق چلی۔ یعنی آدمی عادت پر مجبور ہے۔

- انْ ذَھبَ عیرٌ فعیرٌ:
ایک گوخر نکل گیا تو ایک تو جال میں موجود ہے۔
- ذَھبُو تحت کُلّ کوکب:
وہ ہر ستارے کے نیچے گئے۔
- ذھبوا وتفرقوا یدی سبا اوایادی سبا
وہ اہل سبا کی طرح چلے گئے۔ یعنی سیلاب کی وجہ سے بکھر گئے۔
- یذھب العُرف بین اللہ والنّاس:
احسان خدا اور بندے کے درمیان چلتا ہے۔
- من یفعل العرف لا یعدم جوانزہ:
جو احسان کرتا ہے اس کا احسان نہیں مٹتا۔
- اذھبْ الی حیثُ القَتْ رحلَھا اُم قشعم:
وہاں جا جہاں ام قشعم نے اپنا کجاوہ ڈالا تھا۔
- وَمَنْ لم یذُدْ عن حوضہ ینھدم:
یعنی جو شخص اپنے تالاب کی مدافعت نہیں کرتا وہ منہدم ہو جاتا ہے۔
- کُلُّ ذات ذیل تختال
ہر دامن والی ناز و ادا سے چلتی ہے۔

ر

- رأسُ الدّین صِحّۃُ الیقین
اصل دین یقین کا صحیح ہونا۔
- کلّ رأس بہ صُداعٌ:
ہر سر میں درد ہوتا ہے۔
- رُبّ رأس حصیدُ لسان:
بہت سے سر زبان کی وجہ سے کاٹے جاتے ہیں۔
- کانّ علی رُؤسھم الطّیر:
گویا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوتے ہیں۔
- رای الکَوکَب ظُھرًا:
اس نے ظہر کے وقت ستارہ دیکھا۔
- اذا رأیت الرّیح عاصفۃ فتطأمنْ:
جب آندھی سخت دیکھو تو پست ہو جاؤ۔
- رآ الصادرُ والوارد
اس کو ہر آنے جانے والے نے دیکھا۔
- اُریھا السّھی تُرینی القمر:
میں اس کو سہا دکھا رہا ہوں اور وہ مجھے چاند دکھا رہی ہے۔ باریک باتوں کو نہیں سمجھتی۔
- یری الشّاھدُ مالا یرَی الغائبُ:

حاضر وہ کچھ دیکھ لیتا ہے جو غائب نہیں دیکھتا۔

• وما ترانی یا جمیل اراك:
جمیل جیسا تم مجھے جانتے ہو میں بھی تمہیں جانتا ہوں۔

• سوف ترای اذا انجلی الغبار أفرس تحتك ام حمار:
جب غبار پھٹ جائے گا تو عنقریب دیکھ لو گے تمہارے نیچے گھوڑا ہے یا گدھا۔

• ارانیها النمرۃ ارکها مطرۃ:
تو مجھے دیکھا کہ وہ چتکبرا ہے کہ میں تجھے دیکھادوں گا کہ وہ برس رہا ہے۔

• رأی الشیخ خیر من مشهد غلام:
بوڑھے کی رائے لڑکے کی موجودگی سے بہتر ہے۔

• لا رأی لمن لا یطاع:
اس شخص کی کوئی رائے نہیں جس کی اطاعت نہ کی جائے۔

• ان السرأی لیس بالتظنی:
رائے محض گمان ہی سے نہیں ہوتی۔

• ربك و صاحبك لاتکذب علیهما:
اپنے آقا اور دوست پر جھوٹ نہ لگاؤ۔

• کالربوط والمرعی خصیب:
بندھا ہوا اور چراگاہ سرسبز۔

• ان الرثیئة تفثاء الغضب:
دودھ غصہ کو ٹھنڈا کر دیتا ہے یعنی ناراض کو تحفہ راضی کرتا ہے۔

• رجع بخفی حنین:
وہ حنین کے موزے لے کر لوٹا یعنی دھوکہ کھانے والا انسان۔

• حتی یرجع الدر فی الضرع:
یہاں تک کہ دودھ تھنوں میں لوٹ جائے۔

• حتی یرجع السهم علی فوقه:
یہاں تک کہ تیر اپنے فوق پر لوٹ جائے۔

• الرجال اربعة:
آدمی چار ہی قسم کے ہیں۔

• هل یرتجی مطر من غیر سحاب:
کیا بادل کے بغیر بارش کی امید کی جاتی ہے۔

• لا ترج خیر من لا یرجو خیرك:
ایسے شخص پر خیر کی امید نہ رکھو جو تیری خیر کی امید نہیں رکھتا۔

• رحل یعض غاربا مجروحا:
کجاوہ بھی زخمی کوہان کو کاٹتا ہے۔

• ارحم من دونك یرحمك من فوقك:
اپنے سے نیچے پر رحم کرو تاکہ تم سے اوپر والے تم پر رحم کریں۔

• ارخص من التمر بالبصرۃ:
بصرہ میں کھجور سے زیادہ سستا۔

• ارخص من تراب:
مٹی سے بھی زیادہ سستا۔

• رد الحجر من حیث جاءك:
پتھر جہاں سے آیا وہیں لوٹا دو۔

• من یرد السیل علی ادراجه:
سیلاب کو اس کے بالائی راستوں کی طرف کون لوٹا سکتا ہے۔

• ادراج السیل:
بلندی سے آتی ہوئی سیلاب گذر گاہیں۔ ناممکن کے لئے کہا جاتا ہے۔

• بئس الردف لا بعد نعم:
ہاں کے بعد نہیں بہت برا تابع ہے۔

• اذا رزقك الله مغرفة فلا تحرق یدك:
جب اللہ نے تجھے چمچا دیا ہے تو تو اپنا ہاتھ مت جلا۔

• رزق الله لا کدك:
اللہ کا دیا رزق ہے تیری محنت نہیں۔

• رزمة و لا درۃ:
اونٹنی کی آواز نہیں مگر دودھ نہیں۔

• ارسل حکیما ولا توصیه:
عقلمند کو قاصد بناؤ اور اس کو وصیت نہ کرو۔

• لا رسول کالدرهم:
روپیہ جیسا کوئی قاصد نہیں۔

• الرشف انقع:
تھوڑا تھوڑا پینا زیادہ سیراب کرتا ہے۔

• رضیت من لغنیمة بالایاب:
میں واپس لوٹ آنے کی غنیمت پر راضی ہوں۔

• رضیت من الوفاء باللفاء:
میں تھوڑی سی وفاء پر راضی ہوں۔

• من رضی عن نفسه کثر الساخطین علیه:
جو اپنے نفس پر راضی ہو گیا اس نے اپنے پر ناراض ہونے والے زیادہ کر لیا۔

• اذا ترضیت اخاك فلا اخالك:
جب تو نے محنت سے اپنے بھائی کو راضی کیا گو اب وہ تیرا بھائی ہی نہیں۔

• رضنا الناس غایة لاتدرك:
لوگوں کی رضامندی ایسا مقصد ہے۔ جو کبھی حاصل نہیں ہو سکتا۔

• لا تکن رطبا فتعصر و لا یابسا فتکسر:
نہ اتنا تر ہو جائے کہ تجھے نچوڑ لیں اور اتنا خشک کہ مجھے توڑ دیں۔

• من استرعی الذئب ظلم:

جس نے بھیڑیئے کو چرواہا بنایا اس نے ظلم کیا۔

- مسرعی ولا اکولۃ:
چراگاہ موجود ہے مگر کھانے والی بکریاں موجود نہیں۔ جو مالدار کی دولت کو کوئی کھانے والا نہ ہو۔

- تحت الرغوۃ الصریح
جھاگ کے نیچے خالص دودھ موجود ہے۔

- من الرفش الی العرش:
بیلچہ کے کام سے تخت کے اوپر۔

- ترفض عند المحفظات الکتائف:
غیرت انگیز موقعوں پر کینے متفرق ہو جاتے ہیں۔

- ارفع من السماء:
آسمان سے زیادہ بلند۔

- الرفیق قبل الطریق:
راستے سے پہلے ساتھی۔

- بالرفاء والبنین:
موافقت اور بچوں کے ساتھ۔ شادی کرنے والے کے لئے دعاء ہے۔

- ارق من النسیم:
باد نسیم سے زیادہ لطیف۔

- ارق من الماء:
پانی سے زیادہ پتلا۔

- ارق من رقراق السراب
سراب کی چمک سے زیادہ لطیف۔

- ارق من الدمع الغمام:
ابر کے آنسوؤں سے زیادہ پتلا۔

- ارقب البیتامن الراقبۃ:
گھر کے محافظ اس کے محافظ ہی سے کر۔

- کالراقم علی الماء:
پانی پر لکھنے والے کی طرح بے وفا۔

- ارق علی ظلعك:
اپنے لنگڑے پن کا خیال رکھ کر چڑھو۔

- رکب جناحی النعامۃ:
وہ شتر مرغ کے بازوں پر سوار ہو گیا۔

- یرکب الصعب من لاذلول لہ:
سرکش پر سوار وہ ہو جس کے پاس سدھایا ہوا نہ ہوا۔

- من لم یرکب الاھوال لم ینل الآمال:
جو ہولناک اشیاء پر سوار نہ ہو گا وہ امیدیں نہ کر سکے گا۔

- کراکب اثنین:
دو سواروں کا سوار۔

- رمی الکلام علی عواھنہ:
اس نے کلام کو کھجور کی ٹہنیوں پر دے مارا۔

- رماہ اللہ بلیلۃ لا اخت لھا:
اللہ تعالیٰ اس پر ایسی رات لائے جس کی بہن کوئی دوسری رات نہ ہو۔

- رماہ اللہ من کل اکمۃ بعجر:
اللہ تعالیٰ اس کو ہر ٹیلے سے پتھر مارے۔

- رماہ باحقاف راسہ:
اس کے سر کی کھوپڑی دے مارا۔

- رماہ اللہ بثالثۃ الاثافی:
اللہ تعالیٰ اس کو چولہے کے تیسرے پتھر کے ساتھ مارے۔

- رماہ بدا لذئب:
اللہ تعالیٰ اس کو بھیڑیئے کی مرض میں مبتلا کرے۔ یعنی بھوک کی بیماری جو کہ بھیڑیئے کی مرض ہے۔

- رماہ بنبلۃ الصائب:
اس کو اپنے نشانے پر لگنے والے تیر سے مارا۔

- رمتنی بدائھا وانسلت:
اپنی بیماری میری طرف منسوب کر دی اور کھسک گئی۔

- لا ترم سھما یعسر علیك ردہ:
وہ تیر مت پھینک جس کا لوٹانا تجھ پر مشکل ہو۔

- قبل الرمی یراش السھم:
تیر پھینکنے سے پہلے اس کو پر لگایا جاتا ہے۔

- تملاء الکنائن:
تیر اندازی سے پہلے ترکش بھر لیے جاتے ہیں۔

- ما کل رامی غرض یصیب:
ہر نشانہ باز نشانہ پر مار نہیں سکتا۔

- قبل الرماء تملاء الکنائن:
تیر اندازی سے پہلے ترکش بھرا جاتا ہے۔

- رب رمیۃ من غیر رام:
کبھی تیر اندازی وہ بھی کر لیتا ہے جو تیر اندازی نہیں جانتا۔

- عند الرھان تعرف السوابق:
گھوڑ دوڑ کے وقت آگے نکلنے والے گھوڑے پہچانے جاتے ہیں۔

- استراح من لاعقل لہ:
جس کو عقل نہیں اس کے راحت پائی۔

- الرائد لا یکذب اھلہ:
پیش رو جاسوس اپنے لوگوں سے جھوٹ نہیں کہتا۔

- اروغ من ثعلبۃ:

لومڑی سے زیادہ چال باز۔

- اروغانا یا ثعالب وقد علقت بالحبال:
کیا اب بھی حیلہ بازی کرے گی اے لومڑی جب کہ تو جال میں پھنس چکی ہو۔

- اروی من حیة:
سانپ سے زیادہ سیراب۔

- اروی من ضب:
گوہ سے زیادہ سیراب۔

- الراویة احد الشاتمین:
نقل کرنے والی دو گالی دینے والی میں سے ایک ہے۔

- رب ریث یعقب فوتاً:
بسا اوقات دیر کرنا فوت کا نتیجہ ہے۔

- ان کنت ریحا فقد لاقیت اعصارا:
اگر تو ہوا تھا تو بگولے سے مل گیا۔ اپنے سے زیادہ خطرناک مقابلہ کرنے والا۔

- ان اردت المعاجزة فقبل المناجزة:
اگر آڑ لینا چاہتا ہے لڑائی یا فنا ہونے سے پہلے۔ صلح کرنے والے کے لئے بولا جاتا ہے۔

- ارید حباءه ویرید قتلی:
میں اس کو عطیہ دینے کا ارادہ رکھتا ہوں اور وہ میرے قتل کا ارادہ (رکھتا ہے) کرتا ہے۔

اذا اراد اللہ ھلاک نملة انبت لھا جناحین:
جب چیونٹی کی موت آتی ہے تو اس کے پر نکل آتے ہیں۔

من لم یردك فلا تردہ:
جو شخص تیرا ارادہ نہ کرے تو اس کا ارادہ نہ کر۔

- کم بین مرید و مراد:
ارادہ اور مراد میں بڑا فاصلہ ہے۔

ز

- جعل الزج قدام السنان:
اس نے زج کرائی کے سامنے لگا لیا حالانکہ اس کی جگہ ان کے پیچھے ہے۔

- ان لم تزاحم لم یقع فی الخرج شیئ:
اگر تو مزاحمت نہ کرتا تو خرجین پر کوئی چیز نہ پڑتی ہے۔

- من یزرع الشوك لا یحصد به العنبا:
جو کانٹے بوئے گا اس سے انگور نہیں کاٹے گا۔

- کما تزرع تحصد:
جیسا بوئے گا ویسا کاٹے گا۔

- ھو ازرق العین:
وہ نیلگوں آنکھ والا ہے۔

- لکل زعیم خصم:
ہر گمان کے لئے کوئی مقابل ہے۔

- زقه زق الحمامة فرخھا:
اس کو چگا دیا جیسے کبوتری اپنے بچے کو چوگاتی ہے۔

- اذا زل العالم زل بذلته عالم:
جب عالم پھسل جائے تو اس کے پھسلنے کی وجہ سے ایک جہاں پھسل جاتا ہے۔

- وزلة الرای تنسی زلة القدم:
رائے کا پھیلانا قدم کے پھسلنے کو بھلا دیتا ہے۔

- لکل زمان رجال:
ہر زمانے کے لئے کچھ لوگ ہوتے۔

- ھما زندان فی وعاء:
وہ دونوں ایک ہی برتن میں آگ سلگانے والے ہیں۔

- ازھی من وعل:
کوے سے زیادہ متکبر۔

- ازھی من طاؤس:
طاؤس سے زیادہ متکبر۔

- غبا تزدد حبا:
ایک دن چھوڑ کر زیارت کر تا کہ محبت زیادہ ہو۔

- زیت فی العجین لا یضیع:
روغن آٹے میں ضائع نہیں ہوتا۔

- زاد فی الطنبور نغمة:
اس نے طنبور میں ایک نغمے کا اضافہ کیا۔

- زین فی عینی والد ولدہ:
باپ کی نظر میں بیٹا خوبصورت ہوتا ہے۔
اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو اپنے اہل و عیال کو اچھا سمجھے۔

س

- ان سأل الحف و ان سئل سوف:
اگر وہ سوال کرتا ہے تو لپٹ جاتا ہے اور اگر اس سے سوال کیا جاتا تو ٹال دیتا ہے۔

- سألنی ام الخیار جملا۔ یمشی رویدا و یکون اولا:
ام خیار مجھ سے ایسا اونٹ مانگتی جو آہستہ چلے اور اول ہو۔

- سائل اللہ لا یخیب:

خدا سے مانگنے والا محروم نہیں رہتا۔

- سبّك من بلّغك السبّا
اسی نے تمہیں گالی دی جس نے تمہارے پاس گالی پہنچائی۔

- سخا و اصدق:
مجھے گالی دو اگر سچ کہو۔ سچ بولنے پر رغبت کے لئے بولا جاتا ہے۔

- ماله سبد و لا لبد:
نہ اس کے بال ہیں نہ اون۔

- سبق سيله مطره:
اس کا سیلاب اس کی بارش سے بھی پہلے آگیا۔

- سبق السيف العذل:
تلوار ملامت سے سبقت لے گئی۔

- سبق درّته غراره:
اس کے زیادہ دودھ کم دودھ سے سابق ہو گیا۔

- من سابق الدهر عثر:
جو زمانہ سے آگے بڑھے گا وہ پھسل جائے گا۔

- ما استتر من قاد الجمال
جو اونٹ کو کھینچ کر لے جائے گا وہ چھپا نہیں رہے گا۔

- سحابة صيف عن قليل تقشع:
گرمی کی بدلی جلد ہی چھٹ جاتی ہے۔ کم ٹھہرنے والے کے لئے مثال ہے۔

- لمّا اشتد ساعده رماني:
جب اس کی کلائی درست ہو گئی تو اس نے مجھے تیر مارا۔
احسان کے بدلے زیادتی کرنے والے کے لئے مثال ہے۔

- السرّ امانة:
راز ایک امانت ہے۔

سرّك من دمك
تیرا راز تیرے خون سے ہے۔

- ماله سارحة ولا رائحة
اس کے پاس نہ چرنے والے جانور ہیں نہ چر کر واپس آنے والے۔

- اسرع من البرق.
بجلی سے زیادہ تیز رفتار۔

- اسرع من البين:
جدائی سے زیادہ تیز رفتار۔

- اسرع من الطرف
نگاہ سے زیادہ تیز رفتار۔

- اسرع من اللمع:
نظر سے زیادہ تیز رفتار۔

- اسرع من لمع البصر
آنکھ جھپکنے سے زیادہ تیز رفتار۔

- اسرع من رجع الصدى
آواز سے بازگشت سے زیادہ تیز رفتار۔

- اسرع من اليد الى الفم
منہ کی طرف ہاتھ سے زیادہ تیز رفتار۔

- يسرق الكحل من العين
آنکھ سے سرمہ چرا لیتا ہے۔

- اسرى من الخيال
خیال سے زیادہ چلنے والا۔

- السعيد من كُفي
نیک بخت وہ ہے جس کو استغفار حاصل ہو گیا ہو۔

- بالساعد يبطش الكف:
کلائی کے ذریعہ ہاتھ مضبوط پکڑتا ہے۔

- ماله سعنة و لا معنة:
نہ اس کے پاس تھوڑا کھانا ہے نہ زیادہ۔

- من سعى رعى:
جو دوڑا وہ چر گیا۔

- رُبّ ساع لقاعد:
بعض آدمی بیٹھے ہوئے کے لئے دوڑتے ہیں۔

- يستف التراب ولا يخضع لاحد على باب
خاک پھونکتا ہے مگر کسی کے دروازے پر نہیں جھکتا۔

- سفيه لم يجد مسافها
سبک سر بیوقوف کسی گالی دینے والے سے واسطہ نہیں پڑتا۔

- حيثما سقط لقط:
جہاں کسی جا پڑا وہیں سے کچھ اٹھا لیا۔

- لكل ساقطة لاقطة
ہر گرنے والی چیز کو کوئی اٹھانے والی مل جاتی ہے۔

- يسقى من كل يد بكاس
ہر ہاتھ سے ایک پیالہ پی لیتا ہے۔

- ساقية لا تعكر بحرا
چھوٹی ہر سمندر کو گدلا نہیں کرتی۔

- سكت الفا و نطق خلفا
ہزار لحظہ خاموش رہا بولا تو غلط بولا۔

- السكوت اخو الرضا
خاموشی رضامندی کی طرح ہے۔

- رُبّ سكوت ابلغ من كلام:

بہت سی خاموشیاں کلام سے بلیغ ہوتی ہیں۔
- رُبما کان السکوت جوابا:

بسا اوقات خاموشی ہی جواب ہوتی ہے۔
- سلع الحباری سلاحة:

سرخاب کا پیٹ کرنا ہی اس کا ہتھیار ہے۔
- سلاح الضعفاء الشکایة:

کمزوروں کا ہتھیار شکایت ہی ہے۔
- اسلح من الحباری:

سرخاب سے زیادہ بیٹ کرنے والا۔
- السلطان ظل اللّٰه فی ارضه:

بادشاہ خدا کی سرزمین پر خدا کا سایہ ہے۔
- لاسلطان بلا رجال:

بغیر آدمیوں کے کوئی بادشاہ نہیں بنتا۔
- لیس لسلطان العلم زوال:

سلطان علم کو زوال نہیں۔
- من سلك الجد دامن العثار:

جو شخص ہموار زمین پر چلے گا وہ پھلنے سے محفوظ رہے گا۔
- ان سلمت من الاسد فلا تطمع فی صیده:

اگر تو شیر سے بچ جائے تو اس کے شکار کا لالچ نہ کر۔
- من سلمت سریرته سلمت علانیته:

جس کی باطنی خصلت درست ہوگی اس کا ظاہر بھی سالم ہوگا۔
- ان تسلم الجلة فالنسیب هدر:

اگر بڑے اونٹ بچ جائیں تو بوڑھی اونٹنیاں رائیگاں ہیں۔
- السلامة غنیمة:

سلامتی ایک غنیمت ہے۔
- ان السلامة منها ترك ما فیها:

اس کی سلامتی یہ ہے کہ اس میں جو کچھ ہے اس کو چھوڑ دیا جائے۔
- اسمح من لافظة:

پرندے سے زیادہ سخی جو اپنے پیٹ کا کھانا اپنے بچوں کا چگا دیتا ہے۔
- لقد اسمعت لو نادیت حیا:

اگر تو کسی زندہ پکارتا تو اس کو سنا دیتا۔
- اسمع جعجعة ولا اری طحنا:

چکی کی گڑگڑاہٹ تو سنتا ہوں مگر آٹا دکھائی نہیں دیتا۔
- ان تسمع بالمعیدی خیر من ان تراه:

تیر امعیدی کو سننا اس کو دیکھنے سے بہتر ہے۔المعیدی ایک بدشکل پہلوان تھا اس کو دیکھنا۔اچھا نہ لگتا تھا۔
- اذا لم تسمع فالمع:

جب تو سنا نہ سکے تو اشارہ ہی کر دینا۔
- اسمع ولا تصدق:

سن لے خواہ تصدیق نہ کر۔
- سامعا دعوت:

تو نے سننے والے کو پکارا ہے۔
- بین سمع الارض و بصرها:

زمین کے کان اور آنکھ کے درمیان۔
- اسمع من قراد:

چچڑی سے زیادہ سننے والا۔
- قد استسمنت ذاورم:

تو نے ورم والے کو موٹا سمجھ لیا۔
- سمنکم هریق فی اربمکم:

تمہارا گھی تمہاری کھال میں ہی انڈیل دیا گیا ہے۔
- اسمن من یغر:

یغر سے زیادہ فربہ۔
- من لی بالسانع بعد البارح:

کون میرے لیے مبارک ہوگا منحوس کے بعد۔
- کان سندانا فصار مطرقة:

وہ اہرن تھا پھر ہتھوڑا بن گیا۔
- اذا کنت سندانا فاصبر و اذا کنت مطرقة فاوجع.

اگر تو اہرن ہے تو صبر کر اور اگر ہتھوڑا ہے تو درد پہنچا۔
- اسهر من النجم:

ستارے سے زیادہ جاگنے والا۔
- اسهر من قطرب:

قطرب منجھرے سے زیادہ جاگنے والا۔
- سهم لك و سهم علیك:

ایک حصہ تیرے موافق دوسرا تیرے مخالف۔
- اساء سمعا فاساء اجابة:

اس نے غلط سنا اور غلط جواب دیا۔
- اساء کارهٌ ما عمل.

مجبور شخص نے برا کام کیا۔
- اساء رعیا فسقی:

اس نے بری طرح چرایا پھر پانی بھی پلا دیا۔
- سوء الظن من شدة الضن:

بدگمانی انتہائی دوستی کی وجہ سے ہوتی ہے۔
- سید القوم اشقاهم:

قوم کا سردار سب سے بدبخت ہوتا ہے۔

- ماكل سوداء تمرة:
ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔
- لو ذات سوار لطمتني:
کاش کہ کوئی کنگن والی عورت مجھے طمانچہ مارتی۔
- ماساواك بنفسه ماظلمك
جس نے تم کو اپنے نفس کے برابر رکھا اس نے تجھ پر ظلم نہیں کیا۔
- ساواك عبد غيرك.
تیرے غیر کا غلام تیرے برابر ہے۔
- ان استوى فسكين و ان اعوج فمنجل:
وہ اگر سیدھا ہو تو چھری ہے اور ٹیڑھا ہو تو درانتی ہے۔
- ستر و قمر لك: چلا جا چاند تیرے واسطے ہے۔

سيرة المرء تنبئى عن سريرته:
آدمی کی عادت اس کی باطنی شرافت کی خبر دیتی ہے۔
- سيرين في خرزة:
دو تسمے ایک سوراخ ہیں۔
- سال بهم السيل و جاش ساء الجر:
ان کو سیلاب نے بہا دیا اور ہم پر سمندر چڑھ آیا۔
- سيل به وهو لايدرى
اس کو بہا دیا گیا مگر اسے خبر بھی نہیں۔

ش

- اشأم من براقش:
براقش سے زیادہ منحوس۔
- اشأم من البسوس:
بسوس سے زیادہ منحوس۔
- اشأم من حفار:
قبر کھودنے والے سے زیادہ منحوس۔
- اشأم من داحس:
داحس سے زیادہ منحوس۔
- اشأم من رعيف الحولاء
حولاء کی روئی سے زیادہ منحوس۔
- اشأم طويس:
طویس سے زیادہ منحوس۔
- اشأم من عطر منشم:
منشم کے عطر سے زیادہ منحوس۔
- اشأم من غراب البين:
جدائی کے کوے سے زیادہ منحوس۔

- من شب على خلق شاب عليه:
جس کی فطرت پر کوئی جوان ہوا اسی پر بوڑھا ہوگا۔
- الشباب مطية الجهل:
جوانی جاہلیت کی سواری ہے۔
- الشبعان يفت للجائع فتا بطيئا:
پیٹ بھرا بھوکے کے لئے آہستہ روٹی توڑتا ہے۔
- ان هذا الشبل من ذاك الاسد:
یہ بچہ بھی اسی شیر کا ہے۔
- من اشبه اباه فما ظلم:
جو اپنے باپ کی مشابہ ہو اس نے زیادتی نہیں کی۔
- اشبه من الماء بالماء:
پر اس سے زیادہ مشابہ جیسے پانی سے پانی۔
- انه لا شبه به من التمرة بالتمرة:
وہ یقیناً اس سے زیادہ مشابہ ہے جیسے ایک کھجور دوسری سے۔
- ما اشبها حجل الجبال بالوان صخرها:
پہاڑوں کی چوکور اس کی چٹانوں کے رنگ سے کتنی مشابہ ہوتی ہے۔
- ما اشبه الليلة بالبارحة:
آج کی رات کل کی گذشتہ رات سے کس طرح مشابہ ہے۔
- الشبهة اخت الحرام:
شبہ حرام کی بہن ہے۔
- يشبع مرة و يأسو اخرى:
کبھی زخمی کرتا ہے کبھی غم خواری کرتا ہے۔
- اشجع من ليث:
شیر سے زیادہ بہادر۔
- اشجع من اسامه:
شیر سے زیادہ بہادر۔
- الشجاع موتى:
بہادر سے کتراتے ہیں۔
- ان لم يكن شحم فنفش:
اگر چربی نہ ہو تو اون ہی سہی۔
- شخب في الانا و شخبا في الارض:
دودھ ایک دھار برتن اور ایک زمین پر۔
- ولما اشتد ساعده رماني
جب اس کی کلائی مضبوط ہو گئی تو اس نے مجھ ہی پر تیر مارا۔
- اشد حزنا من الخنساء على صخر:
صخر پر غم کرنے والی سے خنساء سے بھی زیادہ غمگین۔
- للشدائد تذخر الرجال

سختیوں کے لئے آدمیوں کا ذخیرہ کیا جاتا ہے۔

- عند الشدائد تذهب الأحقاد:
مصیبت کے وقت دشمنان زائل ہو جاتی ہیں۔

- عند الشدائد تعرف الاخوان:
سختیوں کے وقت بھائی پہچانے جاتے ہیں۔

- شرّ ایام الدیك یوم تغسل رجلاه:
مرغ کے لئے بدترین دن وہ ہے جو بعد میں یاد آئے۔

- شرُّ الرای الدبریُّ:
بدترین سختی وہ ہے جو بعد میں یاد آئے۔

- شرّ الشدائد ما یضحك:
بدترین سختی وہ ہے جو ہنسانے والی ہو۔

- شرّ من الشر فاعله:
سو برائیوں کی ایک برائی۔ برائی کرنے والا۔

- شرّ من الموت ما یتمنی معه الموت:
موت سے بری وہ مصیبت ہے جس کے ہوتے ہی موت کی تمنا کی جائے۔

- شرُّ الناس من لیتقیه الناس:
بدترین آدمی وہ ہے جس سے لوگ پرہیز کریں۔

- شرُّ الناس من داراہ الناس بشرّہ:
بدترین آدمی وہ ہے جس کی ڈر کی وجہ سے لوگ اس کی عزت کرتے ہو۔

- شرُّ الناس مَنْ لایُبالی اَنْ یراہُ النّاسُ مُسِیئًا:
بدترین آدمی وہ ہے جو اس کے پروانہ کرے کہ لوگ اس کو بدی کرتے دیکھیں گے۔

- الشّراخبثُ ما اُوعیت من زاد:
برائی وہ سب سے زیادہ برا توشہ ہے جس کا تم نے ذخیرہ کیا۔

- الشرّ قلیلُهُ کثیرٌ:
برائی تھوڑی بھی زیادہ ہے۔

- انّ فی الشرّ خیارا:
شر میں کچھ خیر بھی ہوتی ہے۔

- لکلّ شرّ باعثٌ:
ہر شر کا کوئی اٹھانے والا ہے۔

- لا تشرب السّمّ اتّکالاً علی التریاق:
تریاق پر بھروسہ کر کے ظاہر نہ چوہو۔

- اشربُ من الهیم:
پیاسے اونٹ سے بھی زیادہ پینے والا۔

- اشربُ من الرمل:
ریت سے زیادہ پینے والا۔

- اشربُ من القمع:
قیف سے زیادہ سے پینے والا۔

- اشرط املكُ علیك امْ لكُ:
شرط زیادہ لازم ہے خواہ تیرے مخالف ہو یا موافق۔

- شرعُك ما بلّغك المحلّ:
تیری زادراہ ہے جو تجھے مقام تک پہنچا دے۔

- انّ الشّراك قُدّ من ادیمه:
تسمہ اپنی کھال سے ہی کاٹا گیا۔

- مَن اشتری الحمد لم یغبن:
جس نے تعریف خریدی اس نے خسارہ لے گیا۔

- من یشتری سیفی و هذا اثره:
میری تلوار کون خریدتا ہے اور یہ اس کا اثر ہے۔

- الامن یشتری سهرا بنوم:
کیسا کوئی خریدار ہے جو نیند کے بدلے بیداری کو خریدے۔

- اشتر بنفسك وللسُوق:
اپنے اور بازار کے لئے خریدو۔

- الشّعیر یؤکل ویذمّ:
جو کھایا جاتا ہے پھر اس کی مذمت بھی کی جاتی ہے۔

- شُعاعُ الشّمس لایخفی و نورُ الحق لایطفی:
آفتاب کی شعاعیں کو چھپایا نہیں جا سکتا اور حق کے نور کو بجھایا نہیں جا سکتا۔

- انْ یکن الشُغل جهدةً فانّ الفراغ مفسدةٌ:
شغل اگر مشقت میں ڈالتا ہے تو بیکاری باعث فساد ہے۔

- انّ الشفیق بسوء الظنّ مُولعٌ
یقیناً مہربان برے گمانوں کا حریص ہوتا ہے۔

- شفیتُ نفسی وجدعت نفی
میں نے اپنے نفس کو شفا دی مگر اپنی ناک کاٹ دی۔

- شقا فلان عصا قومه:
فلاں نے اپنی قوم کے اتحاد کو پارہ پارہ کر دیا۔

- مایُشقّ غُبارُهٗ
اس کا غبار چیرا نہیں جا سکتا۔

- شقشقة هدرت ثم قررت:
اونٹ کے منہ کا لر تھڑا ہے کہ پہلے آواز نکالی پھر ساکن ہو گیا۔

- انّ الشقی تری له اعلاما:
بدبخت کی تمام علامتیں دیکھ لو گے۔

- انّ الشّقی وفد الراجم:
بدبخت پر جم کا آنے والا بیشک بدبخت ہے۔

- لا یشکرُ اللّه منْ لا یشکرُ النّاس:

وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکر گزار نہیں جو لوگوں کا شکر گزار نہیں۔
• اشکر من برقه:
برقہ سے زیادہ شکر گزار۔
• تشکر الی غیر مصمت:
اس سے شکایت کر رہا ہے جو خاموش نہیں رہتا۔یا خاموش نہیں کرتا۔
• الشماتة لوم:
دوسرے کی مصیبت پر خوش ہونا کمینہ پن ہے۔
• لكل شمس مغرب
ہر سورج کو ڈوبنا ہے۔
• ما لی بشمس لاتدبنی:
میرے سورج کو کیا ہوا کہ مجھے گرم نہیں کرتا۔
• هو عندی باالشمال
وہ میرے بائیں ہے۔
• رب شانئة احفی من ام:
بہت سی دشمن عورتیں ماں سے زیادہ مہربان ہوتی ہیں۔
• شنشنة اعرفها من اخزم:
وہ خصلت ہے جو مجھے اخزم سے معلوم ہے۔
• شاهد لثعلب ذنبه
لومڑی کا گواہ اس کی دم ہے۔
• شاهد البغض النظر
بغض گواہ غضب ناک نظر ہے۔
• شهادات الفعال خیر من شهادات الرجال
کاموں کی شہادت لوگوں کی شہادت سے بہتر ہے۔
• اشهر من الشمس
سورج سے زیادہ مشہور۔
• اشهر من قمر
چاند سے زیادہ مشہور۔
• اشهر من البدر
کامل چاند سے زیادہ مشہور۔
• اشهر من الصبح
صبح سے زیادہ مشہور۔
• اشهر من فلق الصبح
ظہور صبح سے زیادہ مشہور۔
• اشهر من علم:
پہاڑ یا جھنڈے سے زیادہ مشہور۔
• اشهر من نار علی علم
پہاڑ پر آگ سے زیادہ مشہور۔

• اشهر من الابلق:
ابلق سے زیادہ مشہور۔
• اتشتهی و تشتکی:
کیا تو چاہتا ہے اور شکایت بھی کرتا ہے۔
• من شهوة التمر بمص النوی:
کھجور کی خواہش کے سبب گٹھلی کو چوستا ہے۔
• شب شوبا لك بعضه:
وہ بناؤ جس کا کچھ حصہ تمہارے لئے ہو۔
• شاب یشوب شوبا
بمعنی مرکب کرنا' ملانا۔
• ان شاورت العاقل حاز عقله لك
جب تو نے عقلمند سے مشورہ کیا تو اس کی عقل تمہاری ہو گی۔
• تشوف النهاس یظهر النحاسبا:
تانبے کو صاف کرنا تانبے کو اچھی طرح ظاہر کر دیتا ہے۔
• من الشوكة تخرج الوردة:
کانٹے ہی سے گلاب کا پھول نکلتا ہے۔
• الشاة مذبوحة لایولمها السلخ:
ذبح شدہ بکری کی کھال اتارنے سے اس کو تکلیف نہیں ہوتی۔
• كل شاة تناط برجليها:
ہر بکری کو اس کے پاؤں کے بل لٹکایا جاتا ہے۔
• لایكون ذالك حتی یشیب الغراب
ہر نہیں ہو سکتا جب تک مستفید نہ ہو جائے۔
• كل شیء و ثمنه:
ہر چیز کی ایک قیمت ہے۔
• بات یشتوی القراح:
خالص پانی کو ہی بھونتا رہا۔
• شیبك ناعیك
تیرے بالوں کی سفیدی تیری موت کا مخبر ہے۔

ص

• حبابتی تروی و لیست غیلا
میرا تلچھٹ سیراب کر دیتا ہے اتنا نہیں کہ زمین پر بہے۔
• عند الصباح یحمد القوم السری
صبح کے وقت قوم میں رات میں چلنے کی تعریف کرے گی۔
• من صبر ظفر:
جس نے صبر کیا وہ کامیاب ہوا۔
• الصبر حیلة من لاحیلة له:

صبر اس کا حیلہ ہے جس کا کوئی حیلہ نہیں-
- الصبر مفتاح الفرج:

صبر کشادگی کی کنجی ہے-
- اصبر من الوتد:

میخ سے زیادہ صابر-
- اصبر من الارض:

زمین سے زیادہ صابر-
- الصبي اعلم بمضخ فيه:

بچہ اپنے منہ چبانے کو خوب جانتا ہے-
- و ربما صحت الاجسام بالعلل

کبھی جسم بیماریاں کے سبب سے تندرست بھی ہو جاتے ہیں-
- صاحب الحاجة اعمٰی:

ضرورت مند ہمیشہ اندھا ہوتا-
- و صاحب البيت ادرٰی بالذی فيه:

مکان والا زیادہ بہتر جانتا ہے جو کچھ مکان میں ہے-
- صحيفة المتلمس:

متلمس کا خط: خود فریبی میں مبتلا ہو کر ہلاک ہونے والا-
- تصدا القلوب كما يصدا الحديد:

دل بھی اسی طرح زنگ آلودہ ہوتے ہیں جس طرح لوہا زنگ آلود ہوتا ہے-
- صدرك اوسع لسرك:

تیرا ہی سینہ تیرے راز کے لئے زیادہ ہے-
- صدور الاحرار قبور الاسرار:

شریفوں کے سینے رازیوں کی قبر ہوتے ہیں-
- صادف درء السيل درأ يصدعه:

سیلاب کی ٹکر ایسی ٹکر ہوتی ہے جو سیلاب کی ٹکر کو توڑ دے گی-
- من صدق الله نجا:

جو اللہ کے ساتھ سچا رہا اس نے نجات پائی-
- الصدق ينبیء عنك لا الوعيد:

عمل کی سچائی تمہاری خبر دے گی نہ دھمکی-
- اصدق من لفظ لحظ:

بات سے زیادہ سچی نگاہ ہے-
- اصدق من القطا:

قطا سے زیادہ سچا-
- صرح المحض عن الزبد:

خالص چیز جھاگ سے الگ ہو گئی-
- عند التصريح تريح:

بات کہنے کے وقت تو راحت پائے گا-
- الصريح تحت الرغوة

صاف چیز جھاگ کے نیچے ہے-
- من صازع الحق صرعه:

جو حق سے کشتی کرے گا حق اس کو پچھاڑ دے گا-
- لكل صارم نبوة لكل جوار كبوة لكل عالم هفوة:

ہر تلوار کبھی اچٹ جاتی ہے ہر گھوڑا کبھی ٹھوکر کھاتا ہے اور ہر عالم سے کبھی لغزش ہوتی ہے-
- اصعب من ردّ الشخب في الفرع:

دودھ کی دھار کو تھن میں لوٹا دینے سے زیادہ مشکل-
- كصفيحة المسن تشحدو لا تقطع:

سان کے پتھر کی طرح دھار کو تیز کرتا ہے اور خود نہیں کاٹتا-
- صفقة لم يشهدها حاطب:

ایسا سودا جس میں حاطب موجود نہیں تھا-
- اصفى من الدّمعة:

آنسو سے زیادہ صاف-
- اصفى من عين الديك:

مرغ کی آنکھ سے زیادہ صاف-
- اصفى من جنى النّحل

شہد سے زیادہ خالص-
- اصلح غيث ما افسد البرد

بارش نے درست کر دیا جس کو سردی خراب کر دی-
- وهل يصلح العطار ما افسد الدهر:

کیا عطار اس کی اصلاح کرے گا جس کو زمانے نے فاسد کر دیا-
- لا يصلح رفيقا من لم يبتلع ريقا:

وہ شخص رفیق بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا جو غصے کا تھوک نہ نگلے-
- ما لا يصلح نزكهٔ اخلع

جو درست نہ ہو سکے اس کو چھوڑ دے-
- اصلح نفسك يصلح لك الناس:

اپنے آپ کو درست کرے تمہارے لیے لوگ درست ہو جائیں-
- ربّ صلف تحت الرعدة:

گرجنے والے ابر کے نیچے بسا اوقات خالی بادل بھی ہوتے ہیں-
- اصمّ عما ساءه سميع:

سنتا ہے مگر ان باتوں سے بہرہ ہے جو اس کو بری معلوم ہوتی-
- صمصامه عمرو بن معديكرب:

عمرو بن معدیکرب کی تلوار-
- اصنعه صنعة من طبّ لمن حبّ:

اس کو ایسے بنا جیسے ایک تجربہ کار آدمی اپنے محبوب کے لئے بناتا ہے۔

- اَصْنع من النَحل:

شہد کی مکھی سے زیادہ کاریگر۔

- اَصْنع من ذو دالقزَ:

ریشم کے کیڑے سے زیادہ کاریگر۔

- اصاب تمرة الغُراب:

کوے کو بہترین چیز مل گئی۔

- مصائب قومٍ عند قومٍ فوائِدُ:

ایک قوم کے مصائب دوسری کے لئے فوائد ہوتے ہیں۔

- لَيس بصياحِ الغُرب يُحي المطر:

کوے کے پکارے بارش نہیں آسکتی۔

- هذا يصيد و هذا ياكُلُ السمك:

یہ شکار کرتا ہے اور مچھلی کھاتا ہے۔

- صَيْدَكَ لا تَحرمه:

اپنا شکار کرے اس سے محروم نہ رہ۔

- يا صَيْدَكَ اِنْ لم تحرمه:

وہ تیرا شکار ہے اگر تو اس کو محروم نہ کرے۔

- كُلُّ الصَيْد فِي جَوف الفرا:

تمام شکار گورخر کے پیٹ میں ہیں۔

- فى الصَيف ضَيَّتَ اللّبن:

تو نے دودھ کو گرمیوں ہی میں ضائع کر دیا۔

ض

- الضَجو تحلب العُلبة:

تنگ آتی ہوئی اونٹنی دودھ کا برتن بھر رہتی ہے۔

- اضطرَه السَيلُ اِلى العطْش

سیلاب نے اس کو پیاس سے مجبور کر دیا۔

- لا يضرب السَّحَاب نَبْعُ الكلاب:

کتوں کا بھونکنا بادل کو ضرر نہیں۔

- الضَرورات تبيع المخظورات:

ضرورتیں ممنوع چیزوں کو ضائع کر دیتی ہیں۔

- ضَرب اخماسًا لِا سُداس:

اس نے پانچویں دن کی باری والے اونٹ کو چھٹے دن والے کی باری بنا دیا۔

- اذا ضَربْت فَاوجع و اِذا زَجرت فَاسمِع:

وار کرے تو بھر پور اور جھڑکے تو اچھی طرح سنا دے۔

- انَكَ تضرب فى جديْد بارد

تو ٹھنڈا لوہا پیٹ رہا ہے۔

- اياكَ اَن يضرب لِسانَكَ عُنقَكَ:

اس بات سے بچو کو تمہاری زبان تمہاری گردن مارے۔

- ضرب [illegible] او جعُ:

دوست کی مار کا زیادہ دکھ ہوتا ہے۔

- انها لَضغثٌ على ابَالةِ:

وہ گٹھڑی پر ایک اور گٹھڑی ہے۔

- قدضَلَ منْ كانت العِميان تَهْديتهُ:

وہ کھویا گیا جس کی رہنمائی اندھے کرتے ہیں۔

- اضلُ من ضبَ:

گوہ سے زیادہ گمراہ۔

- انما يُضنُّ بالضَّنين:

بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے۔

- اضئ لى اَقْدَحْ لك:

تو میرے لیے روشن کر میں تیرے لیے جقاک سے آگ نکالوں گا۔

- لايضيع حقٌ وراءَهُ طَالِبٌ:

وہ حق ضائع نہیں ہوتا جس کے پیچھے طلبگار ہو۔

- لم يَضعْ منْ مَالك ما وَعظك:

تیرے مال میں وہ حصہ ضائع نہیں جس نے تیری خیر خواہی کی۔

- اَضيع مِنْ سِرَاجٍ فِي شمس:

دھوپ میں چراغ سے زیادہ ضائع۔

- اضْيع مَنْ غمدٍ بلاَنَصلٍ:

بغیر تلوار سے میان سے زیادہ بیکار۔

- اضْيع منَ قَمر الشّتاء:

جاڑوں کی چاندنی سے زیادہ بیکار۔

- اذا ضافكَ مكروهٌ فاقره صبرًا:

جب مصیبت مہمان ہو تو صبر سے اس کی ضیافت کرو۔

- اضيق من ظل الرمح:

نیزے کے سائے سے زیادہ تنگ۔

ط

- تَطَأْطَاء لَها تخْننْكَ:

مصیبت کے سامنے سر جھکالو تاکہ تم نشانہ خطا کر کے گذر جائے۔

- طَبيْبٌ يُداوى النَّاسَ وَ هُو مريض:

وہ طبیب ہے جو لوگوں کا علاج کرتا ہے اور خود مریض ہے۔

- يا طَبيبُ طبَّ نَفْسَكَ:

طبیب اپنا علاج کروائیں۔

- اَلطَبْعُ اَغْلبُ:

طبیعت زیادہ غالب ہوتی ہے۔

• طَرْفُ الفتیٰ یُخْبِرُ عن جَنَانِه اَوْ عن خَمِیْرِه:
جوان کی نگاہ اس کے دل کی خبر دیتی ہے یا اس کے ضمیر کی۔

• رُبَّ طَرْفٍ اَفْصَحُ مِنْ لِسَانٍ:
بہت سی نگاہیں زبان سے فصیح ہوتی ہیں۔

• اَلطَّرِیفُ خَفِیْفٌ وَالتَّلِیدُ بَلِیدٌ:
نئی چیز سبک اور لطیف ہوتی اور پرانی چیز ٹھس۔

• اَطْرِقْ کَرَا اِنَّ النَّعَامَةَ فِی الْقُرٰی:
(نظر جھکائے) گاؤں میں شتر مرغ موجود ہے۔ یعنی ذلیل بڑوں کے سامنے بڑی باتیں کرتا ہے۔

• لاَ تُطْعِمِ العَبدَ الکُرَاعَ فَیَطْمَعَ بالذراع:
غلام کو پاکھر مت کھلاؤ ورنہ وہ دست کی طمع کرے گا۔

• اَطْغٰی مِنَ السَّیلِ:
سیلاب سے زیادہ سرکش۔

• من طَالَبَ العُلیٰ من غیر کدٍّ سَیُدْرِکُها اِذا شاب الغُرَابُ:
جو بغیر مشقت اعلیٰ درجات حاصل کرتا ہے وہ اس وقت حاصل کرتا ہے جب کوا مستفید ہو جائے۔

• مَنْ طَلَبَ اَخًا بلاَ عَیْبٍ بقِیَ بِلاَ اَخٍ:
جو بے عیب بھائی تلاش کرے گا وہ بغیر بھائی کے ہی رہے گا۔

• مَنْ طَلَبَ عَظِیماً خَاطَرَ بعَظِیمٍ:
جو کوئی بڑی مہم تلاش کرے گا وہ بڑے خطرہ کا سامنا کرے گا۔

• مَنْ طَلَبَ شَیْئًا نَالَه کُلَّه اَوْ بَعضَهٗ:
جو کسی چیز کو طلب کرے گا وہ اس کے کل یا جز کو حاصل کرے گا۔

• تَطْلُبُ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ:
تو اصل کے بعد نشان ڈھونڈ رہا ہے۔

• لاَ اَطْلُبُ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ:
میں اصل کے بعد اثر طلب نہیں کرتا۔

• کُلُّهُم طَالِبُ صَیْدٍ:
سب ایک ہی شکار کے طالب ہیں۔

• رُبَّ طَلَبٍ جَرَّ اِلٰی حَرْبٍ:
بہت سی طلب لڑائی تک پہنچا دیتی ہے۔

• اِذا طَلَعَ سُهَیلٌ رُفِعَ کَیْلٌ وَوُضِعَ کَیْلٌ:
جب سہیل طلوع ہو گا تو ایک پیمانہ اٹھ جائے گا دوسرا رکھا جائے گا۔

• اِذا طَلَعَ القَمَرُ طَابَ السَّهَرُ:
جب چاند نکلے گا تو بیداری خوش حالی ہو جائے گی۔

• اَطْمَعُ مِنَ اَشْعَبَ:
أشعب سے زیادہ حریص۔

• اَطْمَعُ مِنْ طُفَیلٍ:
طفیل سے زیادہ حریص بغیر دعوت کے طفیل نامی کوفہ کا باشندہ دعوتوں میں چلا جاتا تھا۔

• مَنْ اَطَاعَ هَوَاه بَاعَ دِیْنَهٗ بِدُنْیَاه:
جس نے اپنی خواہش کی اطاعت کی اس نے اپنے دین کو دنیا کے بدلے فروخت کیا۔

• مَنْ اَطَاعَ غَضَبَه اَضَاعَ اَدَبَهٗ:
جس نے اپنے غصے کی اطاعت کی اس نے اپنا ادب ضائع کر دیا۔

• بیْنَ الْمطِیعِ وَبَیْنَ الْمدبِرِ العَاصِی:
فرمان بردار اور اوندھے نافرمان کے درمیان کر دیا۔

• مَن یَّطُلْ ذَیْلُهٗ یَتَنَطَّقْ بِه:
جس کا دامن دراز ہوتا ہے وہ اس کا پٹکا باندھتا ہے۔

• اَطْوَلُ مِنْ ظِلِّ الرُّمْحِ:
نیزہ کے سایہ سے زیادہ لمبا۔

• اَطْوَلُ مِن شهرِ الصَّومِ:
روزہ کے مہینے سے زیادہ لمبا۔

• اَطْوَلُ صُحبةً مِنَ الْفرقَدَیْنِ:
فرقدین سے بھی زیادہ طویل صحبت۔

• مَا عِنْدَه طَائِلٌ و لاَ نَائِلٌ:
نا اس کے پاس علم فضل ہے نہ عطیہ۔

• طَوَیْتُهٗ عَلٰی بِلاَلَتِهٖ اَوْ عَلٰی بَلاَلِه:
میں نے اس کو اس کی نمی پر ہی لپیٹ دیا۔

• لِکُلِّ طَیِّیٍ نُشْرٌ:
ہر لپیٹ کبھی کھلتا ہے۔

• اَطْیَبُ مِنْ نَفسِ الرَّبِیعِ:
موسم بہار کی ہوا سے زیادہ خوشگوار۔

• اَطْیَبُ مِنَ الحیَاةِ:
زندگی سے زیادہ خوشگوار۔

• طارت بِهِم الْعَنقَاءِ
ان کو عنقا اڑائے گا۔

• اَلطَّیرُ بالطَّیرِ یُصَادُ:
ایک پرندہ دوسرے پرندے کے ذریعے شکار کیا جاتا ہے۔

• اِنَّ الطُّیُورَ عَلٰی اَشْکَالِها تَقعُ:
پرندے اپنے ہم شکلوں پر پڑتے ہیں۔

• اَطْیَشُ مِنْ فَرَاشَةٍ:
پروانہ سے زیادہ طیش میں آنے والا۔

• يُطَيِّنُ عَيْنَ الشَّمْسِ:
چشمہ آفتاب پر مٹی ڈالتا ہے۔

ظ

• ظِئْرٌ رَؤُوْم خَيْر مِنْ اُمٍّ سَئُوْمٍ:
مہربان دایہ طول ماں سے بہتر ہے۔

• مِنَ الظَرْف جُوْد المُهْدىٰ بالظَرْفِ:
تحفہ دینے والے کی طرف سے برتن کی بھی سخاوت دانائی کی بات ہے۔

• اَلظَّفرُ بالضَّعِيفِ هَزِيمةٌ:
کمزور پر فتح پانا شکست ہے۔

• ظِلُّ السُّلْطان سَرِيْعُ الزَّوال:
بادشاہ کا سایہ صریع الزوال ہوتا ہے۔

• ظِلاَلُ صَيْفِ مَالها قَطَارٌ:
گرمی کے بادل میں قطار پیش۔

• ظُلْم مَرْءٍ يَصْرعَهُ:
آدمی کا ظلم ہی اس کو پچھاڑ دیتا ہے۔

• اَلظُّلْم مَرْتَعه وَ خِيْمٌ:
ظلم کی چراگاہ ناقص ہے۔

• اَظْلَمُ مِنْ حَيَّةٍ:
سانپ سے زیادہ ظالم۔

• اَظْلَمُ مِنْ اَفْعىٰ:
سیاہ سانپ سے زیادہ ظالم۔

• اَظْلَم من لَيْلٍ:
رات سے زیادہ سیاہ۔

• اَظْمَاءُ مِنْ رَمَلٍ:
ریت سے زیادہ پیاسا۔

• يُصبِحُ ظَمْآنَ وَ فِي الْبَحرِ فَمُهُ:
صبح ہوتی ہے تو پیاسا ہوتا حالانکہ منہ سمندر میں ہے۔

• ظَنُّ العَاقِلِ خُيْرٌ مِنْ يَقِيْنِ الْجاهِلِ:
عقل کا گمان جاھل کی یقین سے بہتر ہے۔

• مَا ظَنَّكَ بجَارِكَ قَالَ ظَنِّي بنفسي:
تیرا گمان اپنے پڑوسی کے متعلق کیا ہے کہا وہ گمان جو اپنی ذات کے متعلق ہے۔

• اَكْثرُ الظُنُون مُيُوْن
اکثر گمان فریب ہوتے ہیں۔

• عَنْ ظَهْرِ هَاتُحِلَ وَ قِرا:
اپنی ہی کمر کا بوجھ کھوج رہی ہے۔

• ظَاهِرُ العِتَاب خَيْرٌ مِنْ بَاطِنِ الْحقدِ:
ظاہری عتاب باطنی کینہ سے بہتر ہے۔

• وَ يبقَى الْوِدُّ مَا بَقِيَ العِتَابُ:
محبت اس وقت تک باقی رہے گی جب تک عتاب باقی ہے۔

ع

• عَبْدٌ و حلْىٌ فِيْ يَدَيه:
غلام اور اس کے ہاتھوں میں زیور۔

• عَبْدٌ و سُوِّمَ:
غلام اور بے مہد۔

• عَبْدُ غَيْرِكَ حُرٌّ مِثْلُكَ:
غیر کا غلام تمہاری آزاد ہے۔

• اَلعَبْد يُقْرَعُ بالعَصَا وَالْحُرُّتَكْفِيْهِ الاِشَارَةُ:
غلام کو ڈنڈے سے کھٹکایا جاتا ہے آزاد کو اشارہ کردیا جاتا ہے۔

• اَلْعَبْدُ مَنْ لاَعَبْدَلَهُ:
غلام وہ بھی ہے جس کا کوئی غلام نہ ہو۔

• فِي الْاِعْتِبَارِ غِنىً عَنِ الْاِخْتِيَار:
عبرت حاصل کرنے میں امتحان سے بے نیازی ہے۔

• اَلتَّعبيرُ نِصْفُ التِّجارَةِ:
پرکھنا آدھی تجارت ہے۔

• مَنْ عَتَبَ عَلَي الدَّهْرِ طَالَتْ مَعْتَبَتَهُ:
جس نے زمانہ پر عتاب کیا اس کا عتاب طویل ہوگیا۔

• اَلْعِتَاب خَيْرُ مِنْ مَكْتومِ الْحِقْدِ:
عتاب چھپے ہوئے کینہ سے بہتر ہے۔

• اَلْعِتَابُ قَبْل العِقَاب:
سزا سے پہلے عتاب کرو۔

• لاَ عِتَابَ بَعْدَ الْمَوْتِ:
موت کے بعد کوئی عتاب نہیں۔

• مُعَاتَبة الإِخْوان خَيْر مِنْ فَقْدِهم:
بھائیوں کی ناراضگی ان کے نہ ہونے سے بہتر ہے۔

• وَ فِي الْعِتَابِ حَيَاةٌ بَيْنَ اَقْوامٍ:
عتاب میں قوموں کی زندگی ہے۔

• رُبَّ عِتْقٍ شَرُّ مِن رِقٍّ:
بعض آزادی غلامی سے بدتر ہے۔

• عَثْرَةُ الْقَدمِ اَسْلَمُ مِنْ عَثْرةِ اللِّسَان:
قدم کی لغزش زبان کی لغزش سے زیادہ محفوظ ہے۔

• مَا كُلّ عَثْرةٍ تُقَال وَلاَ كُلُّ فُرْصةٍ تُنَالُ:

ہر لغزش واپس نہ لی جائے اور نہ موقع پھر ہاتھ آتا ہے۔

- لا یَعجز القَوم اِذا تعَاوَنُوا:

جب قوم میں باہم تعاون ہو تو وہ عاجز نہیں رہتی۔

- العجز ریبة:

عاجزی شک کی بنا پر ہے۔

- اَلعجلة فُرصَةِ العجزة:

